۲

مختصر اردو لغت

جلد دوم

(س تا ی)

سید عقیل عباس جعفری
مدیر اعلیٰ

اردو لغت بورڈ
قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان
ST-18-A، بلاک نمبر 5،
گلشن اقبال، کراچی

URDU DICTIONARY BOARD

۲

مختصر
اردو لغت

جلد دوم
(س تا ی)

سید عقیل عباس جعفری
مدیر اعلیٰ

اردو لغت بورڈ
قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان
ST-18-A، بلاک نمبر 5،
گلشن اقبال، کراچی

اشاعت اوّل : ۲۰۱۹ء

تعداد اشاعت : ۴۰۰

طابع : New Door Solutions (کراچی)

آئی ایس بی این : 978-96-9113-06-2

تزئین و حروف کاری : سیّد معراج علی نواب
ارشد محمود، سیّد امیر علی، سیّد ارشد علی، طاہر اقبال، محمد ریاض

قیمت : ۳۰۰۰ روپے (فی جلد)

اُردو لغت بورڈ
قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان
ST-18-A، بلاک نمبر 5، گلشن اقبال، کراچی

دیباچہ

''مختصر اُردو لغت'' کا خمیر اُردو لغت بورڈ کی بائیس جلدوں پر مشتمل عظیم الشان کاوش ''اُردو لغت (تاریخی اُصول پر)'' سے اٹھا ہے۔ بنیادی طور پر مختصر لغت ہونے کے باوجود الفاظ کے اندراج میں جامعیت کا تصور پیش نظر رہا تا کہ عمومی ضرورت کے تحت کسی لفظ کی تلاش میں زیر نظر لغت کو دیکھنے والا کوئی قاری مایوس نہ ہو۔ اس لغت میں موجودہ چلن کے مطابق بے دریغ استعمال ہونے والے انگریزی اور ہندی کے الفاظ کی تلاش عبث ہوگی۔ لوگوں کی زبان پر رواں اور تحریر میں ٹھونسے جانے والے الفاظ صرف انگریزی سے بے جا مرعوبیت، سہل پسندی اور کم علمی کا نتیجہ ہیں۔ البتہ اس کو حتی الامکان یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے کہ کسی بھی لفظ کے انتخاب و اندراج میں روایت پرستی اور تعصب نہ برتا جائے یعنی کسی لفظ کے صرف انگریزی، ہندی یا مغربی زبان سے درآمد ہونے کی بنا پر اُسے رد کر دیا جائے اور عربی و فارسی الفاظ کو بے وجہ قبول کر لیا جائے۔ شمس الرحمٰن فاروقی کے الفاظ میں اس سلسلے میں معیار کی تفہیم یوں کی جاسکتی ہے:

''نئے الفاظ و مصطلحات کی مثال کسی ملک میں آنے والے غیر ملکی جیسی ہے جو ہمارے یہاں شہریت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ نئے لوگ ملک میں آئیں، یہ اچھی بات ہے، لیکن یہ دیکھنا اشد ضروری ہے کہ ان کا آنا ضروری یا فائدہ مند ہے کہ نہیں؟ یا اگر ضروری یا فائدہ نہ بھی ہو تو نقصان دہ تو نہیں؟ تمام نئے مشکوک استعمالات اور الفاظ پر اسی انداز سے غور کرنا چاہیے اور اگر وہ غیر ضروری یا مضر ہیں تو ان کی مخالفت کرنا چاہیے یا کم سے کم اتنا ہو کہ ان کی ہمت افزائی نہ ہو۔ اگر ہمت افزائی کی کمی بلکہ گرم مخالفت کے باوجود کوئی لفظ ہمارے یہاں جم جاتا ہے تو یقیناً اس میں کوئی ایسی خوبی یا خوب صورتی ہے جس نے اسے مقبول کر دیا یا پھر وہ کوئی ایسی ضرورت پوری کر رہا ہے جس کا ہمیں احساس تھا، یعنی جسے انگریزی میں felt need کہتے ہیں۔''

اُردو ایک زندہ زبان ہے اس لیے تبدیلی لازمی امر ہے۔ نئے الفاظ کا داخلہ اور قدیم الفاظ کے متروک ہو جانے کا سلسلہ زبان کی زندگی کا ضامن ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود دنیا کی تقریباً ہر ترقی یافتہ زبان میں ''معیاری زبان'' کا ایک خیالی تصور ہوتا ہے۔ اس لغت کی تیاری میں اُردو زبان کے ایسے ہی تصور کے معقولی زاویوں سے استفادہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مختصر لغت کی ترتیب و تدوین میں درج ذیل امور پیشِ نظر رہے:

☆...... اندراجات کے سلسلے میں حروفِ تہجی، رموزِ اوقاف اور تلخیصات و اشارات کے لیے اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) کی پیروی کی گئی ہے۔ (تفصیلات آئندہ صفحات میں درج ہے)۔

☆...... اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) کی بنیاد پر مختصر لغت کی تیاری کے عمل کو فقط قطع و برید تک ہی محدود نہیں رکھا گیا بلکہ اس میں اضافے اور تصحیح کی اہم ذمے داری بھی ادا کی گئی ہے۔

☆...... اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) میں جو اہم اور کثیر الاستعمال الفاظ و محاورے درج ہونے سے رہ گئے تھے، انہیں بھی شامل کیا گیا ہے۔

☆...... شاعرانہ تراکیب، غیر ضروری سنسکرت اور انگریزی الفاظ کو درج نہیں کیا گیا۔

☆...... غیر ضروری اصطلاحات فنون کے اندراج سے گریز کرتے ہوئے صرف اور صرف اہم اور معروف اصطلاحات کو شامل کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات بالخصوص مدنظر رکھی گئی ہے کہ آیا اُس اصطلاح کا دائرہ استعمال مخصوص فن کی سرحد سے گزر کر زبان کے لغوی دھارے کا حصہ بن چکا ہے یا نہیں۔

☆...... لغت کی جان اور اس کا اصل کام معنی کا تعین ہے اس سلسلے میں بے حد احتیاط برتی گئی ہے۔

☆...... اندراجِ معنی میں مترادفات کے غیر ضروری استعمال سے ممکنہ حد تک اجتناب کیا گیا ہے اور جہاں جہاں ضرورت ہے سب سے پہلے تعریف درج کی گئی ہے۔

☆...... اُردو لغت کی پروف خوانی انتہائی توجہ سے کی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں مجلس ادارت کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

امید ہے کہ اپنے معیار اور جامعیت کی بدولت یہ قارئین کو عمومی ضروریات کے لیے دیگر لغات سے بے نیاز کردے گی۔

سید عقیل عباس جعفری

مدیرِ اعلیٰ

اُردو لغت بورڈ

رموزِ اوقاف

(الف) <= سکتہ Comma (،): وقفۂ صغریٰ

☆ معانی کے اندراج میں (ایک معنی کو دوسرے سے نمایاں یا علیحدہ ظاہر کرنے کے لیے بطور فصل).

(ب) <= وقفہ Semicolon (؛): نیم وقفہ

☆ قواعدی حیثیت درج کرنے کے بعد، لفظ کی متبادل شکل کے اندراج سے پہلے.

☆ قواعدی حیثیت میں "جمع" کے اندراج سے پہلے.

☆ معانی کے اندراج میں دو معانی کے درمیان نازک سا فرق ظاہر کرنے کے لیے.

(ج) <= رابطہ Colon (:): وقفۂ توضیحی

☆ قوسین میں مثال درج کرنے کے لیے لفظ "جیسے" کے بعد.

(د) <= ختمہ Full Stop (۰) وقفۂ کامل

☆ قواعدی حیثیت کے مکمل اندراج کے بعد.

☆ عمودی بریکٹ میں ماخذ درج کرنے کے بعد.

☆ نمبر شمار کے اندراج کے بعد.

☆ معانی کا اندراج مکمل کرنے کے بعد.

(ہ) <= قوسین یعنی ہلالی بریکٹ Bracket (small) ( ):

☆ عنوانات (Lables) کے اندراج کے لیے.

☆ وضاحت کے لیے.

☆ مثال کے لیے.

(و) <= عمودی بریکٹ Bracket (Large) [ ]: خطوط وحدانی

☆ ماخذ/ اشتقاق کے اندراج کے لیے.

☆ لفظ کا لسانی ماخذ درج کرنے کے لیے.

(ز) <= آڑا خط Oblique /

☆ بنیادی لفظ کے بعد اس کا، اور فعل مرکب کے بعد اس کے کلمۂ آخر یا کسی بھی اندراج میں متبادل درج کرنے کے لیے.

(ح) <= متبادلہ Alternate ~

☆ قواعدی حیثیت کے اندراج کے بعد لفظ کا متبادل املا درج کرنے کے لیے.

تلخیصات و اشارات

۱۔ قواعد :

اند = اسم مذکر	فت = فتحہ (زبر)
اسث = اسم مؤنث	کس = کسرہ (زیر)
صف = صفت	ضم = ضمہ (پیش)
م ف = متعلقِ فعل	مع = معروف
ف مر = فعل مرکب	مج = مجہول
ف ل = فعل لازم	معد = معدولہ
ف م = فعل متعدی	مغ = مغنونہ
ج = جمع	سک = سکون (جزم)
جج = جمع الجمع	شد = تشدید
	تن = تنوین۔

۲۔ زبانیں :

انگ	=	انگریزی۔
پ	=	پراکرت۔
پن	=	پنجابی۔
تر	=	ترکی۔
س	=	سنسکرت۔
سر	=	سریانی۔
ع	=	عربی۔
عبر	=	عبرانی۔
ف	=	فارسی۔
فر	=	فرانسیسی۔
لاط	=	لاطینی۔
یو	=	یونانی۔

۳۔ متفرق :

عو	=	عوام۔
عور	=	عورات۔

موجودہ لغت میں اختیار کردہ ترتیبِ تہجی

ا	آ	ب	بھ	پ	پھ	ت	تھ	ٹ	ٹھ
ث	ج	جھ	چ	چھ	ح	خ	د	دھ	ڈ
ڈھ	ذ	ر	رھ	ڑ	ڑھ	ز	ژ	س	ش
ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	کھ
گ	گھ	ل	لھ	م	مھ	ن	نھ	و	ہ
ء	ی	ے							

(س)

س اند.

ا. باعتبارِ صوت اُردو حروفِ تہجی کا انتیسواں حرف. حسابِ جمل میں ۶۰ کے عدد کا حامل. ۲. سوال کا مخفف.

سا (۱) حرفِ تشبیہ.

ا. مثل، مانند، مُشابہ، ہم سر، مطابق (اسم صفت اور حالیہ کی قائم حالت اور ضمائر کی محرف حالت پر). ۲. کنایات (کون، جون وغیرہ) کے آخر میں (جیسے: کون سا، کوئی سا).

سا (۲) لاحقہ: م ف.

ا. صفات کے آخر میں کثرت، قِلت، شِدّت یا ضعف اور دو اِسموں کے درمیان کثرت یا شِدّت ظاہر کرتا ہے. ۲. حسنِ کلام کے لیے زائد بھی اِستعمال کرتے ہیں. [س].

سا (۳) اند.

(موسیقی) سپتک کے سات سُروں میں سے پہلا سُر، کھرج.

سابع (کس ج ب) صف.

ہفتم، ساتواں. [ع].

سابِق (کس ب) صف: م ف.

ا. (مقابلۃً) پچھلا، متقدم، گزشتہ، ترتیب میں پہلے آنے والا، (لاحق کی ضِد). ۲. گزشتہ، گزرا ہوا زمانہ. [ع].

سابِق میں م ف. ا. گزشتہ زمانے میں. ۲. ابتدا میں، شروع میں.

سابِقَہ (کس ج ب، فت ق) اند: است.

ا. سابق کی تانیث. ۲. واسطہ، تعلق، ملاقات. ۳. (i) حرف یا کلمہ جو دوسرے الفاظ کے شروع میں داخل ہو کر ان کے معنیٰ میں کوئی اضافہ کرے. (ii) نام سے پہلے اضافہ کیا جانے والا کلمہ (تعظیم یا کے لیے). ۴. گزشتہ، پچھلا. [ع].

سابقہ پڑنا محاورہ. ا. کام پڑنا، واسطہ پڑنا. ۲. واقفیت ہونا، جان پہچان ہونا

سابِقِین (کس ج ب، ی مع) اند.

پہلے، اگلے زمانے کے لوگ، پرانے آدمی. [ع].

سابُودانَہ (و مع، فت ن) اند.

دیکھیے: ساگودانہ.

سات (۱) اند.

دیکھیے: ساتھ.

سات (۲) (الف) اند.

چھ کے بعد اور آٹھ سے پہلے کا عدد، ہندسوں میں (۷) لکھا جاتا ہے

(ب) صف. عدد کی مقررہ قیمت، مطابق یا مساوی. [س].

سات پانچ اند: است. ا. مکر و فریب، حیلہ بہانہ. ۲. چالاکی، طرّاری تیزی.

سات پانچ کرنا محاورہ. ا. عذر کرنا، تامّل کرنا، بہانے کرنا. ۲. حجت کرنا جھگڑا کرنا. ۳. مکر و فریب کرنا، دغا کرنا، عیاری سے کام لینا.

سات پشت است. آباؤ اجداد، اسلاف؛ (مجازاً) پورا خاندان پوری نسل.

سات پشتوں کو کھنگال ڈالنا محاورہ. پورے خاندان کو برا کہنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سات خون معاف ہونا محاورہ. ہر جرم اور گناہ بے باکی سے کر گزرنے کی آزادی ہونا.

سات سُر اند. موسیقی کے ساتوں سُر (سرگم یعنی کھرج، رکھب، گندھار، ھم، پنچم، دھیوت، نکھاد) سارے گاما پا دھانی سا.

سات سمندر پار فقرہ؛ م ف. بہت دور، دور دراز فاصلے پر.

سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا ف مر؛ محاورہ. (عور) ایسی سات عورتوں سے جن کے خاوند زندہ ہوں نیک شگون کے لیے شادی کا جوڑا قطع کرانا.

سات سُہیلی/سہیلیوں کا جُھمکا/گُچّھا اند. سات ستارے جو قطب ستارے کے گرد چکر لگاتے ہیں (کنایۃً) پروین، عقد ثریا، سات ستاروں کا گچھا.

ساتواں (سک ت) صف.
(ترتیب کے اعتبار سے) چھٹے کے بعد کا، ہفتم.

ساتوں (و ج) صف.
سات کا مجموعہ، یکجا سات کے سات، پورے سات.

ساتویں (سک ت، ی ج) صف.
ساتواں کی محرف حالت.

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا محاورہ. بہت مغرور ہونا، اترانا، گھمنڈ کرنا.

ساتھ (الف) م ف.
۱. معیت، رفاقت، میل ملاپ (اشخاص یا اشیا کا)، باہم ملنا جلنا. ۲. بشمول، ملا کر، شمار کر کے. ۳. (بطور صلہ) "سے" کی جگہ. ۴. یک جا، ایک مقام پر. ۵. بسمیت، ایک ہی وقت میں. (ب) امث. سنگت، ہم راہی. [س].

ساتھ لپیٹنا محاورہ. برائی میں شامل کرنا.

ساتھ والا صف. ۱. ہم راہی، ساتھی، رفیق ۲. پڑوسی، ہم سایہ؛ برابر والا.

ساتھ ہونا محاورہ. ۱. ہمراہ ہونا، شریک ہونا.

ساتھی اند.
۱. (کسی کام یا پیشے یا ہنر میں) شریک ۲. دوست، رفیق، ہم جولی. ۳. مددگار، معاون، ہاتھ بٹانے والا.

سائٹن (فت ٹ) امث.
کسی قدر دبیز ریشمی کپڑا جو ایک طرف سے چکنا اور چمک دار ہوتا ہے، اطلس کی طرح کا چکنا کپڑا. [انگ].

ساٹھ اند.
تین بیسی کے مساوی عدد (نیز اس کی قیمت) جو ہندسوں میں ۶۰ (چھ اور صفر) سے ظاہر کیا جاتا ہے، اکسٹھ سے پہلے اور اُنسٹھ کے بعد کی گنتی. [پ].

ساٹھا اند.
ساٹھ سال کا، ساٹھ سالہ بوڑھا جس کے قویٰ اچھے ہوں.

ساٹھا پاٹھا اند. ساٹھ برس کا مرد جس کے قویٰ درست ہوں، بزرگ مگر مضبوط، تن درست و توانا بوڑھا.

ساجِد (کس ج) صف.
سر جھکانے والا (نماز میں)، زمین پر ماتھا ٹیکنے والا، سجدہ کرنے والا. [ع].

ساجَن (فت ج) اند.
۱. محبوب، پیارا، محبت کرنے والا، عاشق. ۲. شوہر، خاوند. [س].

ساجھا اند.
۱. (i) (کسی چیز میں دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کی) شرکت، میل (ii) حصہ، بخرہ، بٹائی. ۲. (قانون) کاروبار، حصہ داری، شراکت [س].

ساجھی صف؛ امث؛ اند.
شریک، حصہ دار، رفیق کار، ہم کار. [پ].

ساجھے اند.
مشترکہ، ساجھا کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ساجھے دار اند. شریک، حصہ دار.

ساجھے کی ہنڈیا چوراہے پر (میں) پھوٹتی ہے کہاوت. شرکت کاروبار کامیاب نہیں ہوتا، شراکت کے کام میں ہمیشہ جھگڑا ہوتا ہے

ساچَق (فت چ) امث؛ ~ ساچیق.
دلہن کا لباس اور شیرینی، تیل، پھلیل وغیرہ اشیا جو شادی سے ایک روز پہلے دولھا کی طرف سے دلہن کے گھر بھیجی جاتی ہیں بری. [ت].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، فم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع

ساحِر (کس ح) اند.
جادوگر، ٹونے ٹوٹکے کرنے والا، افسوں گر. [ع].

ساحِرانَہ (کس ح، فت ن) صف.
جادوگروں کا سا، پُرفریب، جادو کا اثر رکھنے والا.

ساحِرَہ (کس ح، فت ر) است.
ساحر کی تانیث، جادوگرنی. [ع].

ساحِری (کس ح) است.
۱. جادوگری .۲. (مجازاً) عیاری، فریب کاری.

ساحِل (کس ح) اند.
۱. دریا یا سمندر کا کنارہ .۲. جائے سکون، (مجازاً) مقامِ نجات، منزل. [ع].

ساحِلی (کس ح) صف.
ساحل کی طرف منسوب، ساحل کا.

ساخْت (سک خ) است.
۱. بناوٹ، ترکیب؛ (مجازاً) ہیئت، شکل، ڈول .۲. حقیقت، عمل، صنعت، کاری گری .۳. (ادب) الفاظ کی ترتیب، ترکیب نحوی. [ف].

ساخْتَہ (سک خ، فت ت) صف؛ م ف.
۱. بنایا ہوا، تیار کیا ہوا .۲. مصنوعی، بناوٹی، نقلی، جعلی. [ف].

سادات اند؛ ج.
۱. سیّد کی جمع؛ (کنایۃً) حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد .۲. سردار، مالک. [ع].

سادِس (کس د) صف.
ششم، چھٹا. [ع].

سادَگی (سک د نیز فت) است.
۱. ظاہری زیبائش کا فقدان، بے رنگی، ٹیپ ٹاپ کی کمی .۲. بھولا پن، بے ہنری، سیدھا پن .۳. تصنع اور تکلف سے پاکی، خلوص، راست بازی، صاف دلی .۴. (ادب) آسان زبان و بیان.

سادَہ (فت د) صف مذ.
۱. کسی شے یا صفت سے خالی، عاری .۲. (i) زیبائش سے معرا. (ii) کورا، تحریر سے خالی؛ بے لکھا (کاغذ وغیرہ) .۳. بھولا بھالا، نادان سیدھا؛ صاف دل، معصوم .۴. خالص، آمیزش سے پاک .۵. آسان جس میں پیچیدگی نہ ہو. [ف].

سادہ دل صف. بھولا بھالا، صاف دل، بے کینہ.

سادہ دلی است. نادانی؛ صاف دلی.

سادہ کار صف؛ اند. ۱. سنار، سونے چاندی پر عمدہ اور نفیس کام بنانے والا، مرصع ساز .۲. (مجازاً) بے ریا، صاف، پاکیزہ.

سادہ لوح صف؛ اند. بے وقوف، احمق، نادان، بھولا.

سادہ لوحی است. کم عقلی، بے وقوفی، سادگی، بھولا پن.

سادْھنا (سک دھ) ف م.
۱. سوچنا، غور کرنا .۲. سنبھالنا، تھامنا، روکنا، قابو میں رکھنا .۳. اختیار کرنا گانٹھنا .۴. تولنا، جانچنا، موزوں بنانا، ایسا روکنا کہ اِدھر اُدھر ہلے. [س].

سادُھو (و مع) اند.
۱. جوگی، تارک الدنیا، ہندو درویش، فقیر منش، گھومتا پھرتا ہندو فقیر .۲. سیدھا سادھا، بھلا مانس. [س].

سار اند.
اونٹ. [ف].

سار بان اند. شتربان، اونٹ چلانے والا.

••• **سار** لاحقہ.
۱. لاحقہ کثرت ظاہر کرنے کے لیے جیسے کوہسار (جہاں پہاڑوں کی کثر ہو) .۲. (مرکب کے جزوِ آخر کے طور پر مستعمل).

سارا صف مذ.
سب، جملہ، تمام، کل، سالم. [پ].

سارا گھر سر پر اٹھا لینا محاورہ. بہت زیادہ شور و غل مچانا، چیخ چیخ باتیں کرنا.

سارْبان (سک ر) اند.
شتر بان، اونٹ والا، اونٹ کا رکھوالا (جو اونٹ کی مہار پکڑ کے ہے). [ف].

سارْجَنْٹ (سک ر، فت ج، سک ن) امذ.
(انسپکٹر سے نیچے درجے کا) پولیس افسر، ایک چھوٹا فوجی عہدہ دار. [انگ]

سارَس (فت ر) امذ.
طویل گردن لانبی چونچ اور لانبی ٹانگوں والا ایک پرند جو پانی کے کنارے رہتا ہے (اس کا جوڑا آپس میں محبت کرتا ہے، گہری محبت رکھنے کے لیے مشہور ہے) لم ٹنگو. [س].

سارس کی سی جوڑی مف. ہر وقت اور ہر دم ساتھ رہنے والے، ہم زاد کی مانند.

سارس کی سی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑی کہاوت. دونوں نکمے، نکمے کا دوست بھی نکما ہوتا ہے.

سارِق (کس ر) مف.
چور، چرانے والا. [ع].

سارَنگ (فت ر، غنہ) امذ.
۱. سری راگ کا دوسرا نام جو دوپہر کے راگوں میں گنا جاتا ہے. ۲. (i) سارنگی. (ii) رباب سے چھوٹا ایک ساز جو چنگ کی طرح بجایا جاتا ہے. ۳. شہد کی بڑی مکھی. [س].

سارَنگی (فت ر، غنہ) امث.
چھاتی سے لگا کر تاروں پر کمانچہ پھیر کر بجایا جانے والا ساز جس میں لکڑی کے خول پر چار تانت کی تانیں اور عموماً تیرہ طربیں ہوتی ہیں، نچکا، ٹچکی. [س].

ساری (۱) مف.
سب کی سب، پوری کی پوری، کل.

ساری خدائی ایک طرف، جورو کا بھائی ایک طرف کہاوت.
زن مرید کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ بیوی کے بھائی یا رشتہ داروں کے مقابلہ میں کسی کو اہمیت نہیں دیتا.

ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا کہاوت. ساری عمر فضول کاموں میں گنوائی/ ضائع کی.

ساری (۲) مف.
سرایت کیے ہوئے، نفوذ کرنے والا (عموماً جاری کا تابع)؛ اثر انداز. [ع].

سارے مف.
تمام، سب، سارا کی جمع اور مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سارے کا سارا م ف. کل، تمام.

ساڑُو/ ساڑھو (ومع) امذ.
سالی کا خاوند، ہم زلف. [س].

ساڑھی امث.
کم و بیش چھ گز لمبا اور سوا گز چوڑا عورتوں کا پہناوا جس کا دو تہائی حصہ کمر پر تہبند کی طرح لپیٹ کر بچا ہوا ایک تہائی اوپر سے بدن پر لپیٹ کے اس کا پلو دوپٹے کی طرح ڈالا جاتا ہے. [پ].

ساڑھے سابقہ؛ صفتِ عددی.
نصف ملا ہوا، آدھے سمیت (جیسے: ساڑھے تین)، تین اور اس کے بعد کے اعداد کا ساتھ بطور سابقہ مستعمل (ننانوے تک اکائی کا نصف اور تین سو کے اوپر سیکڑہ کا نصف). [س].

ساز (الف) امذ.
۱. سامان، اسباب، اثاثہ. ۲. (i) سامانِ طرب، آلاتِ رقص و سر (طبلہ، ڈھولک وغیرہ). (ii) سامانِ حرب و ضرب، اسلحہ. ۳. ربط ضبط، خلا ملا، موافقت، یکسانیت، ہم آہنگی. ۴. سازش، گٹھ جوڑ، بھگت. (ب) مف. موافق، مناسب. [ف].

ساز باز امث. گٹھ جوڑ، سازش (عموماً کسی کے خلاف).

ساز باز امث. گٹھ جوڑ، سازش (عموماً کسی کے خلاف).

ساز چھیڑنا محاورہ. باجا بجانے کا آغاز کرنا.

ساز گار مف. مبارک، موافق، لائق.

ساز و سامان امذ. اسباب، وسائل.

... ساز لاحقہ.
بنانے والا، گھڑنے والا، ڈھالنے والا، مرکب صفات جو اکثر فارسی میں ہوتے ہیں اور اکثر بطور اسم فاعل مستعمل ہیں.

سازِش (کس ز) امث.
خفیہ تدبیر یا کارروائی، کسی بُرے یا ناجائز مقصد کے لیے دو یا دو زیادہ افراد میں اتحاد و تعاون.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، مف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع

سازِشی (کس ز) صف.
سازش سے منسوب ؛ جعل ساز ، فریبی.

سازِندَہ (کس ز ، سک ن ، فت د) اند.
باجا بجانے والا ، طبلچی وغیرہ . [ف].

سازِینَہ (کس ز ، فت ن) اند.
نغمہ ، گیت ، دھن.

ساس اث.
بیوی یا شوہر کی ماں ، خوش دامن . [س].

ساس میری گھر نہیں ، مجھے کسی کا ڈر نہیں کہاوت. جب کوئی نگراں نہیں تو میں آزاد ہوں ، گھر میں بڑا بزرگ کوئی نہ ہو تو کسی قسم کا خوف نہیں رہتا.

ساعَت (فت ع) اث.
ا.وقت ، مدت ، زمانہ .۲.(کسی کام کے لیے) مناسب یا مبارک وقت.
۳.وقت کی کوئی اکائی ، گھنٹا ، لمحہ یا دقیقہ ، مختصر وقفہ ، تھوڑی دیر. [ع].

ساعِد (کس ع) اث : اند.
پہنچے سے کہنی کے نیچے تک کا حصہ ، کلائی ، ہاتھ . [ع].

ساغَر (فت غ) اند.
پیالہ ؛ (کنایۃً) شراب کا پیالہ ، جام . [ف].

ساغر و مینا اند. پیالہ و صراحی ، شراب کا سامان ؛ شراب کے برتن.

ساق اند.
ٹخنے سے گھٹنے تک کا حصہ ، پنڈلی . [ع].

ساقِط (کس ق) اند.
گرا ہوا ، رد کیا ہوا ؛ موقوف ؛ معزول ؛ مسترد ؛ زائل ، ضائع ؛ نامعتبر ، ناکارہ ، بیکار . [ع].

ساقط ہو جانا محاورہ. گر جانا ؛ ضائع ہو جانا.

ساقی اند.
ا.شراب کے جام بھر کر دینے والا جو ادب میں روایۃً ایک مرغوب و مطلوب کردار کے طور پر مذکور ہوتا ہے .۲. پانی پلانے پر مامور ، سقہ . [ع].

ساقیِ کوثر اند. روزِ قیامت جنتیوں کو مشہور نہر کوثر کی شراب پلانے والا ؛ (کنایۃً) حضور رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) و نیز بعض کے خیال میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات مبارک ہے.

ساقی گری اث. شراب کے جام تقسیم کرنے کی ذمہ داری ، پلانا.

ساقِیا (کس ق) اند.
شراب پلانے والے.

ساکِت (کس ک) صف.
خاموش ، چپ چاپ ، جو نہ بولے ؛ (مجازاً) جس سے کوئی خبر نہ پہنچے . [ع].

ساکت و صامت صف. چپ چاپ ، خاموش.

ساکِن (کس ک) صف.
ا.(کسی جگہ) بسنے والا ، سکونت رکھنے والا ، قیام کرنے والا ، باشندہ
۲.غیر متحرک ، ٹھہرا ہوا ؛ (قواعد صرف) حرف جس پر زیر ، زبر ، پیش وغیرہ حرکات میں سے کوئی حرکت نہ ہو . [ع].

ساکِنان (کس ک) صف ؛ ج.
بسنے والے ، رہنے والے ، باشندے.

ساکھ اث.
معاشی استحکام ، مالی اعتبار ، بھرم ، اعتبار ، بھروسا . [س].

ساکھ بنا لینا/ بنانا محاورہ. عزت بنانا ، اعتبار قائم کرنا.

ساگ اند.
سبزی (سویا ، میتھی ، پالک اور بتھوے وغیرہ کے پتے). [س].

ساگَر (فت گ) اند.
سمندر ، بحر . [س].

ساگُو (و مع) اند.
درخت جس سے ساگو دانہ حاصل کیا جاتا ہے.

ساگو دانہ اند. کھجور کے درخت سے مشابہ ایک درخت کی ٹہنیاں کاٹ کر انہیں پانی میں بھگو کر کوٹتے ہیں ان کا جو ست نکلتا ہے اس کو چھلنی سے گرم توے پر ڈالتے ہیں وہ بھن کر دانے دانے سا ہو جاتا ہے جو ساگو دانہ کہلاتا ہے.

ساگوان (سک گ) اند؛ است.
ایک قد آور درخت جس کی لکڑی مضبوط اور اعلیٰ قسم کی ہوتی ہے (میز کرسی بنانے نیز جہاز سازی میں استعمال ہوتی ہے)، ساگوان کی لکڑی. [س].

سال (ا) (الف) اند.
بارہ مہینے کی مدت، برس. (ب) م ف. سالانہ، سال میں، فی سال. [ف].

سال بھر م ف. تمام سال.

سال خوردہ صف. ۱. بوڑھا، معمر، تجربہ کار، خرانٹ. ۲. پرانا، بوسیدہ.

سال گرہ است. کسی شخص کی عمر (یا واقعے) کی ہر نئے سال کی تاریخ اور اس کا جشن (ہر سال ایک کلاوے میں یاد داشت کے طور پر گرہ لگا دی جاتی تھی).

سال نامہ اند. ۱. سال بھر کا حال، پورے سال کی روئداد. ۲. کسی جریدے کا سال بہ سال شائع ہونے والا خصوصی شمارہ.

سال نو اند. جنتری کی رو سے ایک سال کے ختم پر شروع ہونے والا تازہ یا اگلا سال، نیا سال.

سال (۲) اند؛ است.
۱. مکتب، مدرسہ، اسکول. ۲. جگہ، مقام، ظرف (جیسے: ٹکسال). [س]

سالا اند.
۱. بیوی کا بھائی، شوہر کا برادر نسبتی. ۲. کلمۂ دشنام. [س].

• • • سالا (۲) اند.
جگہ، مقام، گھر کے معنوں میں بطور لاحقہ مستعمل (دھرم سالا، گئو سالا).

سالار اند.
کسی جماعت یا گروہ کا سربراہ، سردار، افسر اعلیٰ. [ف].

سالار جنگ اند. سپہ سالار، جنگی لاٹ، فوجی افسروں کا خطاب.

سالاری است.
سالار کا عہدہ، سالار کا، مقام یا کام.

سالانَہ (فت ن) صف؛ م ف.
ہر سال، سال بہ سال، سال پیچھے.

سالِک (کس ل) صف.
۱. راہ چلنے والا، رہرو، مسافر. ۲. راہ طریقت پر چلنے والا، جو کسی مرشد کے زیر ہدایت ہو. [ع].

سالگِرَہ (سک ل، کس گ، فت ر) است.
دیکھیے: سال (ا) کے تحت.

سالِم (کس ل) صف.
کامل، پورا، ثابت، ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ، سلامت.

سالِمہ (کس ل، فت م) اند.
(کیمیا) کسی شے کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو اپنا وجود قائم رکھ سکے اور اس شے کی تمام خاصیتیں کرے، مالی کیول.

سالِمیَّت (کس ل، م، شدی فت) است.
سلامتی، صحت، بقا؛ تحفظ.

سالَن (فت ل) اند.
مسالے ڈال کر پکائی ہوئی شوربے دار ہنڈیا اور اس کا حاصل جسے عموماً روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں. [ع].

سالُو (وج) اند.
(پارچہ بافی) باریک جھتا گہرا عنابی رنگ کا کپڑا، سوہا، لال، زعفرانی.

سالوتَر (وج، فت ت) اند.
جانوروں کا معالج. [س].

سالُوس (وج) صف؛ اند.
۱. مکار، فریبی، دھوکا دینے والا، دھوکے باز. ۲. مکر، فریب، دھوکا.

سال ہا سال/سالہاسال (سک ل) م ف.
مدتوں، عرصے تک.

سالی است.
۱. بیوی کی بہن. ۲. بطور کلمۂ دشنام.

سام (ا) صف.
وہ وید منتر جو پرانے زمانے میں جنگ وغیرہ کے وقت گایا جاتا تھا. [س]

سام وید امذ. (ہندو) چار ویدوں میں سے ایک وید کا نام .

سام (۲) امذ.
نوح علیہ السلام کا پسر رشید اور عرب ، عبرانی اور اشوری وغیرہ اقوام کا جد امجد . [علم].

سامان امذ.
۱. اشیائے ضروری ، اثاثہ .۲. (i) انتظام ، اہتمام ، بندوبست . (ii) تیاری ، آمادگی ، تہیہ .۳. دنیاوی مال و متاع ، تعلقات دنیاوی .
۴. ہتھیار ، اوزار ، جنگ کا سامان . [ف].

سامانِ حرب امذ. ذخائر یا سامان (حملہ یا حملہ سے حفاظت کے واسطے).

سامان کرنا ف مر. کسی چیز کی درستی کے اسباب مہیا کرنا ، ضروری چیزوں کا مہیا کرنا ، تیاری کرنا .

سامْراج (سک م) امذ.
نظام حکومت جو نوآبادیات پر اپنا تسلط برقرار رکھنے کے لیے قائم کیا جائے ، ملوکیت کا نظام . [س].

سامْراجِیَت (سک م ، کس ج ، فت ی) امث.
ملوکیت ، شہنشاہیت .

سامَرِی (کس نیز فت م) امذ.
موسیٰ علیہ السلام کے عہد کا ایک جادوگر جس نے چاندی سونے کو ڈھال کر گوسالہ بنایا اور بنی اسرائیل سے کہا کہ وہ اس کی پرستش کریں ؛ (مجازاً) جادوگر ، ساحر . [ع].

سامِع (کس م) صف مذ (ج : سامعین).
سننے والا شخص (قاری کا نقیض) . [ع].

سامِعَہ (کس م ، فت ع) امذ.
سننے کی قوت ، سماعت .

سامِعِین (کس م ، ی مع) امذ.
سننے والے ، توجہ دینے والے .

سامْنا (سک م) امذ.
۱. (i) روبرو ، بالمقابل . (ii) مقابلہ ، ٹکراؤ ، جنگ . (iii) ملاقات ، مڈبھیڑ .
۲. منھ کی طرف کا رخ ، اگلا حصہ .۳. بے پردگی ، بے حجابی . [س].

سامنا کرا دینا / کرانا ف مر. کسی امر کی تصدیق کے لیے ایک کا دوسرے کے سامنے پیش کرنا ، مقابلہ کرانا .

سامنا کر دینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی کے روبرو ہونا ، کسی پردہ کرنے والے کا سامنے آنا .۲. مقابلہ کرنا ، مقابلے پر آنا .۳. برابری کرنا ، سوال و جواب کرنا .

سامنا ہونا ف مر؛ محاورہ. آنکھیں چار ہونا ، ملاقات ہونا .

سامْنے (سک م) م ف.
۱. مقابل ، روبرو .۲. نزدیک ، پیش نظر .۳. سیدھ میں ، سیدھا .

سامنے آنا محاورہ. ۱. مقابلہ کرنا .۲. روبرو ہونا ، پردہ ترک کرنا .

سامنے کا / کی صف. ۱. مقابل کا ، برابر کا : زمانہ ، قریب کا ، سامنے کا پیدا .۲. کھلا ہوا ، ظاہر .

سامنے کی بات امث. ۱. دیکھی ہوئی بات ، کل کی بات ، قریب زمانے کی بات .۲. روبرو کا ذکر ، روبرو کی بات ، آنکھوں دیکھا حال ، موجودگی کا واقعہ .۳. سہل اور آسان کام ، بدیہی بات .

سان لاحقۂ صفت ، مرکبات میں مستعمل.
دیکھیے : سا ، مانند ، مثل .

سان (۱) (الف) امث.
گول پتھر جس کو گھما کر اوزاروں پر باڑھ رکھتے ہیں ، باڑھ رکھنے کا پتھر ، سلی ، فساں . (ب) امذ. (عو) سنسان کی تخفیف ، سناٹا . [س].

سان گر امذ. (سان گری) سان لگانے والا ، دھار دار ، ہتھیاروں کی دھار سان پر گھس کر تیز کرنے والا کاری گر .

سان (۲) امث.
علامت ، اشارہ ، نشان ، سراغ ، پتا . [س].

سان نہ گمان م ف. اچانک ، بے خبری میں .

سان و گمان امذ. خیال و تصور .

سانْبَھر (مغ ، فت بھ) امذ.
ایک جھیل کا نام ہے جس کے پانی سے نمک بنایا جاتا ہے ، مراد : نمک . [س].

سانپ (غنہ) اند.
چکنی رسی کی طرح کا بغیر پاؤں کے ، پیٹ کے بل رینگنے والا موذی جانور جس کی دم پتلی اور بعض اقسام زہریلی ہوتی ہیں، ناگ ، افعی ، مار . [س] .

سانپ بن کر بیٹھنا محاورہ . مال و دولت کی حفاظت کرنا .

سانپ بن کر ڈسنا محاورہ . انتہائی تکلیف دینا ، شدید ذہنی اذیت میں جتلا کرنا .

سانپ بھی مرے اور لاٹھی (بھی) نہ ٹوٹے کہاوت . کام ہو جائے اور الزام بھی نہ آئے یا نقصان بھی نہ ہو .

سانپ (سا) لوٹنا محاورہ . بہت بے تابی ہونا ، بے چینی ہونا .

سانپ سونگھ جانا محاورہ . سانپ کا ڈسنا ؛ مرجانا ؛ خاموش ہو جانا ، دم بہ خود ہو جانا ، چپ سادھ لینا .

سانپ کا بچہ سنپولیا فقرہ . ظالم کا بیٹا ظالم ہوتا ہے .

سانپ کا کاٹا پانی نہیں مانگتا کہاوت . (سخت زہریلے) سانپ کا ڈسا ہوا فوراً مر جاتا ہے .

سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے کہاوت . جسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے وہ بہت محتاط ہو جاتا ہے ، مصیبت زدہ ادنیٰ تکلیف سے بھی ڈرنے لگتا ہے .

سانپ کا کاٹا سوئے ، بچھو کا کاٹا روئے کہاوت . سانپ کے کاٹے ہوئے پر بے ہوشی طاری ہوتی ہے اور بچھو کے کاٹے کو بہت تکلیف ہوتی ہے .

سانپ کو دودھ پلانا محاورہ . دشمن کو پالنا ، دشمن کی پرورش کرنا .

سانپ کی چھتری امث . کُکرمتا ، کھنبی .

سانپ کے بِل میں ہاتھ ڈالنا محاورہ . خطرہ کو دعوت دینا .

سانپ کے منہ میں چھچھوندر فقرہ . مصیبت بن جانا (کسی چیز یا شخص کا) انتہائی تکلیف دہ ہو جانا .

سانپ نکل گیا (اس کی) لکیر پیٹا کرو کہاوت . موقع ہاتھ سے جاتا رہا ، سوائے افسوس کے کچھ چارہ نہیں .

سانپن (مغ ، فت پ) امث .
۱. سانپ کی تانیث . ۲. بالوں کی لکیر (بھونری) جو بعض آدمیوں کی پشت پر اور گھوڑے کی ایال کے نیچے ہوتی ہے (یہ منحوس سمجھی جاتی ہے) .

سانٹ/ سانٹھ (غنہ) امث .
۱. مدد ، گٹھ جوڑ ، سازش . ۲. گرہ ، گانٹھ ، عقدہ . ۳. دشمنی ، عداوت خرمن کوب ، اناج گاہنے کا چوبی آلہ ؛ سنجوگ ، ملاپ ، اتفاق ، ربط ضبط . [پ] .

سانٹ گانٹھ امث . سازش .

سانٹ گانٹھ کرنا محاورہ . سازش کرنا ، سازباز کرنا .

سانٹا (مغ) اند .
۱. (بیل وغیرہ کو ہنکانے اور ہاتھی کو لڑائی پر ابھارنے کے لیے) چھی تازیانہ ، آروار ڈنڈا ، نیزہ یا آنکس وغیرہ ، ایک طرح کا ہتھیار ۲. ایک پودا جس کی باریک ٹہنیاں ہوتی ہیں ، سفید ، لال اور نیلے پھولوں کے اعتبار سے تین قسم کا ہوتا ہے . [س] .

سانجھ (غنہ) امث .
شام ، سورج ڈوبنے کا وقت . [س] .

سانجھ سویر/ سویرے م ف . صبح و شام .

سانجھا (مغ) اند .
ساجھا ، شراکت ، حصہ داری .

سانجھی (مغ) (الف) صف مذ .
شرکت دار ، ساجھے دار ، ساتھی . (ب) امث . (ہند) دسہرے کے موقع مندروں میں گوبر کی بنائی ہوئی مورتیاں (جو بتوں کی نمائندگی کرتی ہیں) .

سانچ (غنہ) امث .
سچائی ، صداقت ، سچ . [س] .

سانچ کو (کیا) آنچ (نہیں) کہاوت . سچ بے ضرر ہے ، سچ بولنے نقصان نہیں اٹھاتا .

سانچا/سانچہ (مغ ، فت چ) اند .
۱. قالب ، ڈھانچا ، فرما ، قالب جس میں ڈھال کر کوئی چیز تیار جائے . ۲. (جوتا سازی) جوتا ملگونے کا جوتے کی شکل کا بنا ہوا . ۳.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مونث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع

بچہ دانی، کوکھ. [س].

سانْجَق (مغ، فت ج) است.

بری، رسم حنا بندی، شادی کے موقع کی ایک رسم.

سانْچی (مغ) امذ.

سانچی کا پان، مراد: دیسی، خستہ اور عمدہ (پان). [س].

سانْچے (مغ) امذ؛ ج.

سانچا کی مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل).

سانچے میں ڈھال دینا / ڈھالنا محاورہ. قالب میں ڈال کر بنانا، سڈول اور خوب صورت بنانا.

سانچے میں ڈھل جانا/ ڈھلنا محاورہ. ہر وضع کے مطابق ہو جانا.

سانِحَہ (کس ن، فت ح) امذ.

پیش آنے والا واقعہ؛ (عموماً اندوہ ناک) واقعہ، حادثہ. [ع].

سانحہ ارتحال امذ. وفات پا جانے کا حادثہ.

سانْڈ (غنہ) امذ.

۱. بیل یا گھوڑا جسے نسل کی افزائش کے لیے تیار کیا جائے اور کسی کام میں نہ لایا جائے، بجار. ۲. کسی دیوی دیوتا کے نام پر آزاد چھوڑا ہوا بیل. ۳. (مجازاً) ہٹا کٹا، موٹا تازہ مرد، فربہ، توانا؛ آوارہ عیاش شخص، بے فکرا، غم و فکر سے آزاد. [س].

سانْڈا (مغ) امذ.

موٹے گرگٹ سے مشابہ جانور جس کے جسم پر بال نہیں ہوتے لیکن نگر کی طرح دم پر ہوتے ہیں ہاتھ پاؤں میں پانچ پانچ انگلیاں ہوتی ہیں اس کی چربی گھٹیا کے لیے مفید ہوتی ہے اس سے طلا بناتے ہیں. [س].

سانْڈْنی (غنہ، سک ڈ) است.

سواری کی اُونٹنی (خصوصاً) لمبے لمبے سفر کرنے والی اُونٹنی.

سانڈنی سوار صف. ۱. اُونٹ کی سواری جاننے والا ماہر اور مشاق شخص. ۲. قاصد جو تیز رفتار اُونٹنی پر سوار ہو کر خبر لے جائے، نامہ بر، پیغام رساں.

سانْس (غنہ) امذ؛ است.

۱. ہوا جو جان دار کے ناک یا منہ کی راہ سے پھیپھڑے کے اندر جاتی اور باہر آتی ہے. ۲. بھاپ، پھونک، معمولی، حرارت. ۳. (مجازاً) لمحہ، مختصر وقفہ (چھ سانس کے برابر). ۴. روح. [پ].

سانس اٹکنا محاورہ. سانس کا رُک جانا، سانس کی آمد و شد بند ہو جانا، دم گھٹنا، جاں بلب ہونا.

سانس اکھڑنا محاورہ. سانس کی آمد و رفت کا نظام بگڑ جانا، اُوپر ہی اُوپر سانس آنا، سانس قابو میں نہ ہونا؛ عالم نزع طاری ہونا.

سانس پورے ہونا محاورہ. موت کا قریب آنا، زندگی کا اختتام کو پہنچنا.

سانس پھولنا محاورہ. تنفس تیز ہونا، ہانپنا، بے اختیار جلد جلد سانس لینا، سانس قابو میں نہ رہنا.

سانس ٹوٹنا ف مر؛ محاورہ. ۱. سانس کے چلنے میں فرق آنا، دم ٹوٹنا، سانس اُکھڑ جانا؛ پھیپھڑوں کی ہوا ختم ہو جانا. ۲. (کبڈی) کبڈی کبڈی کہنے کا سلسلہ ٹوٹ جانا.

سانس چڑھنا محاورہ. ہانپنا، تنفس تیز ہونا، بے اختیار جلد جلد سانس لینا.

سانس لینا محاورہ. ۱. جینا، زندگی بسر کرنا. ۲. چلتے چلتے رُکنا، ٹھہرنا، تھمنا، وقفہ دینا.

سانس نہ لینا محاورہ. ۱. جلد مر جانا. ۲. خاموش ہو جانا، چپ سادھ لینا، خاموش رہنا، اُف نہ کرنا. ۳. دم نہ لینا، نہ ٹھہرنا، حرکت نہ کرنا.

سانْگ (غنہ) امذ.

۱. نقالی، بہروپ، بھیس. ۲. تمثیل، کھیل، ڈراما، تماشا؛ شعبدہ. ۳. مزاح، تمسخر، ٹھٹھول، مضحکہ.

سانگ بھرنا محاورہ. ۱. نقل کرنا، ناٹک رچانا، اداکاری کرنا. ۲. بہانہ کرنا، فریب کرنا، دھوکا دینا.

سانْنا (سک ن) ف م.

۱. کسی خشک چیز میں سیال کو ملا کر گوندھنا، یک جان بنانا، گوندھنا خصوصاً مٹی یا آٹا وغیرہ. ۲. کسی چیز سے ہاتھ پاؤں وغیرہ کو آلودہ کرنا، بھرنا، رنگنا. ۳. گندہ کرنا، خراب کرنا. [س].

سانْوَرا (مغ، فت و) صف.

دیکھیے: سانولا.

سانْوَلا (مغ، فت و) صف.

۱. (i) گندم گوں، سیاہی مائل؛ ملیح شخص. (ii) سفیدی اور سیاہی کے

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

درمیان کا رنگ، سیاہی مائل، بھورا. ۲. کالا، سیاہ، حبشی نژاد. [س].

سانولا پن اند. گندمی رنگ جیسا، کچھ کچھ سیاہی لیے ہوئے؛ (مجازاً) جھٹ پٹا، نیم تاریکی.

سانولا سلونا صف؛ مذ. گندم گوں، ملیح.

سانوَلی (مغ، فت و) اسث.

۱. ملگجی رنگ والی جو نہ گوری ہو نہ کالی، درمیانے رنگ کی. ۲. تانبے کے رنگ کی ملگجی، سبزی مائل.

سانول سلونی اسث. ۱. گندم گوں، ملیحہ، مشکی رنگت والی. ۲. (مجازاً) موہنی، خوب صورت، ملاحت والی.

ساوِترا (کس و، سک ت) اند.

(ہندو) سورج، آفتاب، سورج کے پجاری؛ شیوجی جنیو، سورج بنسی کا خاندان، اگنی کی ایک خاص شکل ساوتری کا بیٹا یا اس کی نسل سے، برہمن جس کے خرمن میں اناج ہو. [س].

ساوِتری (کس و، سک ت) اسث.

نیک، پاک. [س].

ساوَن (فت و) اند.

۱. (i) ہندی سال کا پانچواں مہینہ جس میں تیز بارش ہوتی ہے. (ii) موسم برسات، برسات کا زمانہ، ساون کی رُت. ۲. (مجازاً) برسات سے متعلق یا ساون کے مہینے میں گائے جانے والے گیت؛ ساونی، ملہار. [س].

ساون بھادوں اسث. ۱. برسات کا موسم، بھری برسات. ۲. جالی دار دیواروں کی عمارت جس کو دیکھنے سے بارش کا سماں محسوس ہو، دھوپ چھاؤں. ۳. ذرا سی دیر میں کچھ ذرا سی دیر میں کچھ؛ ناپائیدار.

ساون کی جھڑی اسث. ۱. لگاتار بارش، مسلسل بارش، لگاتار برسنے والا مینھ. ۲. (مجازاً) گریہ وزاری، زار و قطار رونا.

ساون کی جھڑی لگنا محاورہ. لگاتار مینہ برسنا، برسات کا زمانہ ہونا.

ساون کا اندھا اند. ہر آدمی اپنے تجربے کی روشنی میں کسی چیز کے بارے میں حکم لگاتا ہے.

ساون کی گھٹا اسث. برسنے والے بادل، برسات کے موسم کے گہرے بادل.

ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھنا / دِکھائی دیتا ہے کہاوت اگر کوئی دولت مند، مفلس ہو جائے تو امیری کی بُو اس کے دماغ سے نہیں جاتی، جو کیفیت نظر میں سما جاتی ہے وہی ہمیشہ پیش نظر رہتی ہے.

ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے کہاوت. دبلے آدمی یا ہمیشہ ایک حالت پر نظر آنے والے شخص کی بابت کہتے ہیں.

ساوُنی (فت نیز سک و) اسث.

۱. خریف کی فصل، برسات میں بوئی اور خزاں کے زمانے میں کاٹی جانے والی فصل. ۲. ساون کے مہینے میں کھلنے والا سرخ رنگ کا پھول ۳. ساون کے گیت (جو عموماً جھولے میں گائے جاتے ہیں). ۴. مٹھائی پھل، ترکاریاں، میوہ اور جھولے کا سامان جو منگیتر کی طرف سے دلہن کو ساون کے مہینے میں بھیجا جاتا ہے.

ساہِتی (کس ہ) اند.

علم معانی؛ الفاظ کے معنی و مراتب، عبارت کی شائستگی اور اس کے ممنوعات کے بیان کرنے کا علم، علم بلاغت.

ساہِتیَہ (کس ہ، سک ت، فت ی) صف؛ اند.

۱. ادب، لٹریچر. ۲. شرکت، میل، ساتھ، رشتہ، صحبت. [س].

ساہُو (وج) صف؛ اند.

۱. خیر خواہ، مربی، پشت پناہ، دوست، محسن. ۲. سوداگر، مہاجن، سیٹھ روپیہ قرض دینے والا. [س].

ساہوکار اند. ۱. دولت مند، مال دار، سرمایہ دار. ۲. قرض خواہ، مہاجن سودی روپیہ دینے والا. ۳. ایمان دار، خوش معاملہ، معتبر، دوست.

ساہوکاری اسث. ۱. لین دین (خصوصیت سے روپے پیسے کا) کاروبار ہنڈی کا کاروبار. ۲. بددیانت داری، کھرا پن.

سائبان (کس ء) اند.

۱. بارش اور دھوپ کے اثر سے بچانے کے لیے (خصوصیت سے آہنی چادروں کا) چھجا. ۲. کھیتوں، باغات وغیرہ میں پودوں، درختوں کو دھوپ کی تمازت سے بچانے والا گھاس پھوس کا چھپر، اُسارا. ۳. خیمے وغیرہ کے سامنے کپڑے یا بانات وغیرہ کا تنگیرا، شامیانہ. ۴. (مجازاً) سہارا امان، پناہ.

سائِر (کس ء) (الف) صف ؛ م ف.
ا. جملہ، کل، تمام، ہمہ، جمیع ٢. باقی، بچا ہوا، بقیہ ٣. سیر کرنے والا، گردش کرنے والا، پھرنے والا، گرداں؛ جسے قرار نہ ہو، سیلانی.
(ب) مث. چنگی، محصول، جو شہروں کے دروازوں پر لیا جاتا ہے. [ع].

سائِرَن (کس ء، فت ر) مذ.
گھگو، بھونپو. [انگ].

سائِز (کس ء) مذ.
ا. (کسی چیز کی) لمبائی چوڑائی، حجم، ضخامت، جسامت ٢. ناپ، پیمائش. [انگ].

سائِکالوجی / سائیکالوجی (کس ء، وج / ی مع) مث.
انسان کی فطرت اور سرشت کی خصوصیات کا علم، نفسیات، علم النفس. [انگ].

سائِکِل / سائیکل (کس ء، کس ک / ی مع) مث ؛ مذ.
دو پہیوں کی گاڑی جس پر بیٹھ کر پاؤں سے چلاتے ہیں، پیر گاڑی (بائسیکل کا مخفف). [انگ].

سائِل (کس ء) مذ ؛ ج سایل.
ا. دریافت کرنے والا، پوچھنے والا (کسی علمی مسئلے یا معالجے کے بارے میں) ٢. (مجازاً) بھکاری، گداگر، حاجت مند ٣. طالب، خواہاں، آرزومند. [ع].

سائِلَنسَر (کس ء، کس مج ل، سک ن، فت س) صف مذ.
خاموش کرانے والا، کسی چیز کی آواز کو کم کرنے یا ختم کرنے کا آلہ؛ گاڑی کا دود کش. [انگ].

سائِن (کس ء) مذ.
نشان، علامت؛ دستخط. [انگ].

سائن بورڈ مذ. اشتہاری تختہ، تشہیری بورڈ، دیوار پر لگانے کا تختہ جس پر اشتہارات چسپاں کیے جاتے ہیں.

سائِنٹِسٹ (کس ء، سک ن، کس ٹ، سک س) مذ.
دیکھیے: سائنس دان. [انگ].

سائِنٹِفِک (کس ء، سک ن، کس ٹ، ف) صف.
سائنسی، تکنیکی؛ منطقی، قابلِ فہم. [انگ].

سائِنس (کس ء، سک ن) مذ ؛ مث.
موجودہ نظام میں علم کے تین بڑے صیغوں میں سے ایک بڑا صیغہ جس کا موضوع حقائق اشیا کی دریافت اور تعلیم و تربیت ہے تاکہ قوانین قدرت تک رہنمائی اور صداقتوں تک رسائی حاصل کی جا سکے تجرباتی حکمت، علوم مادّی، کے مجموعے کا نام. [انگ].

سائنس داں مذ. سائنس کا جاننے والا، سائنس کا ماہر.

سائِنسی (کس ء، سک ن) صف.
سائنس سے متعلق یا منسوب؛ منطقی، قابلِ فہم.

سائی (١) مث.
ا. وہ نقدی جو کسی معاملے کے طے ہو جانے پر پیشگی بطور توثیق ادا کر دی جائے اور بعد میں اصل قیمت سے وضع کر لی جائے، بیعانہ، کسی چیز کی بنوائی کا وہ حصہ جو بنانے والے کو پیشگی دے دیا جائے، پیش داد ٢. ناچنے گانے والے کو پیشگی دی جانے والی اجرت. [س].

سائی (٢) مث.
گھسائی، رگڑائی (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل). [ف].

سائے / سایے مذ ؛ ج.
سایہ کی مغیرہ حالت نیز جمع (تراکیب میں مستعمل).

سائے / سایے سے بھاگنا محاورہ. وحشت ہونا، احتراز کرنا، کسی کی قربت سے بھاگنا، متنفر ہونا.

سائے / سایے کی طرح ساتھ پھرنا / رہنا / ہونا محاورہ. ہر وقت ساتھ لگے رہنا؛ ساتھ ساتھ پھرنا.

سائے / سایے میں آجانا / آنا محاورہ. حمایت یا پناہ میں آجانا؛ کسی آسیب کی زد میں آجانا.

سائے / سایے میں پلنا محاورہ. کسی کی حمایت میں پرورش پانا؛ خاصی عنایت میں رہنا.

سائیس (ی مع) مذ.
گھوڑے کی خدمت کرنے والا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغلوبہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سائیکی (ی مع) امث.
نفسی رجحان، سوچ، فکر؛ روح؛ ذات، نفسیات. [انگ].

سائیں (ی مع) امذ.
خدا ۲. آقا، مالک، شوہر ۳. درویش، فقیر؛ بھکاری. [مقامی + سندھی].

سائیں سائیں (ی مج، ی مج) امث.
بھاپ نکلنے کی آواز، ہوا کے چلنے کی آواز. [حکایت الصوت].

سائیں سائیں کرنا محاورہ. سناٹا چھانا، ویرانی برسنا.

سایَہ (فت ی) امذ.
۱. (i) روشنی کے سامنے کسی مجسم شے کے حائل ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہونے والی تاریکی، پرچھائیں، چھاؤں. (ii) تصویر کی تیرگی یا سیاہی، عکس، شبیہ. (iii) پرتو؛ ہم شکل، ثانی ۲. بھوت پریت یا جن وغیرہ کا اثر، آسیب ۳. (کسی بزرگ کی) نگرانی، سرپرستی، شفقت. [ف].

سایہ اٹھنا محاورہ. والدین کا انتقال ہو جانا؛ سرپرستی سے محروم ہونا، سرپرست کا مرجانا.

سایہ پڑنا محاورہ. ۱. پرچھاواں پڑنا، عکس پڑنا، پرتو پڑنا ۲. صحبت کا اثر ہونا، دوسرے کی خوبو آجانا، کسی کے زیر اثر رہنا ۳. آسیب ہونا.

سایہ دار صف. گھنا، چھتنار، درخت جس کے نیچے چھاؤں رہے.

سایہ سر پر قائم رہنا محاورہ. بزرگوں اور والدین کا زندہ رہنا؛ سرپرستی قائم رہنا.

سایہ سر سے اُٹھنا محاورہ. ماں یا باپ کا فوت ہو جانا؛ سرپرستی ختم ہو جانا، سرپرست کا وفات پا جانا.

سایہ عاطفت امذ. (مجازاً) مہربانی کی چھاؤں، شفقت، لطف و کرم، سرپرستی، حمایت.

سایہ فگن صف؛ امذ. سایہ ڈالنے والا؛ سائبان کا کام دینے والا؛ (کنایۃً) معاون.

سایہ کی طرح ساتھ رہنا محاورہ. ہمیشہ ساتھ رہنا؛ کسی وقت ساتھ نہ چھوڑنا.

سَب (فت س) (الف) صف.
۱. کل، تمام، جملہ، سارا، پورا ۲. ہر ایک، ہر قسم کا، ہر طرح کا. (ب) م ف. کلیۃً، تمام تر، سراسر، برابر، متواتر. [س].

سب کچھ صف؛ م ف. ۱. ہر چیز، کل مال و متاع، پورے کا پورا. ۲. (مجازاً) کرتا دھرتا.

سب کا / کے سب صف؛ م ف. تمام، کل، سارے کے سارے.

سَبّ (فت س، شد ب نیز بلا شد) امذ؛ امث.
لعن طعن، گالی، دشنام. [ع].

سب و شتم امذ. ظلم وستم، لعن طعن، جور و جفا.

سِباق (کس س) امذ.
۱. عبارت کا جو سلسلہ چلا آرہا ہو اُس کا معنوی اقتضا، ربط عبارت، اجزائے عبارت کی معنوی و باہمی مناسبت (عموماً بطور لاحقہ سیاق کے ساتھ مستعمل) ۲. آغاز، ابتدائیہ، افتتاحیہ. [ع].

سَبَب (فت س، ب) امذ.
۱. وجہ، موجب، کارن ۲. واسطہ، وسیلہ، ذریعہ ۳. دلیل، حجت. [ع].

سَبْت (فت س، سک ب) صف؛ امذ.
۱. سات، ہفت ۲. یہودیوں کا مقدس دن؛ سنیچر، ہفتہ. [ع].

سُبْحان (ضم س، سک ب) صف؛ امذ.
سب عیبوں سے پاک، مبرا، منزہ؛ مراد: ذات الٰہی.

سبحان اللہ فقرہ. ۱. (عربی فقرہ اردو میں مستعمل) اللہ کی ذات منزہ اور پاک ہے ۲. کسی کی تعریف اور خوبی بیان کرنے کے موقع پر، واہ واہ آفریں ۳. بطور طنز و تضحیک ۴. (استعجاب) حیرت کے اظہار کے لیے. ۵. ٹھیک ہے، بہتر ہے، درست ہے.

سبحانتیری قدرت فقرہ. ۱. بطور طنز و تضحیک ۲. حیرت کے اظہار کے لیے. ۳. تیتر کی بولی جس پر گمان کیا جاتا ہے کہ وہ ان الفاظ کا ورد کرتا ہے.

سُبْحانَہٗ فقرہ.
اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنے کے لیے (مرکبات میں مستعمل).

سُبْحانی (ضم س، سک ب) صف.
۱. سبحان سے نسبت رکھنے والا، سبحان کا، مراد: خدا کا، اللہ تعالیٰ کا. ۲. منزہ، پاک، بے عیب.

سُبْحَہ (ضم س، سک ب، فت ح) امث نیز امذ.
تسبیح، نیز تسبیح کا دانہ.

سَبَد (فت س، ب) امث نیز اند.
ٹوکرا یا ٹوکری جو عموماً پھول رکھنے کے لیے ہو. [ف].

سَبْز (فت س، سک ب) صف.
۱. ہرا، ہرا رنگ، اخضر. ۲. شاداب، تروتازہ. ۳. کچا، ناپختہ پھل.
۴. بار آور، ہرا بھرا، کامیاب، سرخ رو. [ف].

سبز باغ دکھانا/ دکھلانا محاورہ. جھوٹے وعدے سے بہلانا پھسلانا، جھوٹی اُمیدیں دلانا، فریب دینا، دھوکا دینا.

سبز چائے امث. ہری پتیوں والی چائے جو پانی میں جوشانے سے سبز اور دودھ میں گلابی رنگ دیتی ہے.

سبز قدم صف. ۱. باعث نحوست، منحوس. ۲. بدبخت، بدنصیب.

سبز ہلالی پرچم/ جھنڈا اند. پاکستان کا ہرا جھنڈا جس میں چاند اور تارہ بنا ہوتا ہے، ہرے اور سفید رنگ کا پاکستانی پرچم.

سَبْز (فت س، سک ب) اند.
سبزی/ سبزہ کی تخفیف (تراکیب میں مستعمل).

سَبْزَہ (فت س، سک ب، فت ز) اند.
۱. سبز رنگ کا، سبز رنگ، ہریالی، شادابی، روئیدگی، گھاس، گھاس کا تختہ. ۲. روئیدگی جو آغاز جوانی میں رخساروں پر رواں نکلنے اور مسیں بھیگنے سے چہرے پر نمایاں ہوتی ہے.

سبزہ زار اند. میدان جو سبزے سے ڈھکا ہو، گھاس کا قطعہ، ہرا بھرا جنگل، چراگاہ.

سَبْزِی (فت س، سک ب، کس ز) امث؛ صف.
۱. نباتات، گھاس پھوس، ہریالی، ہریاول، سبزہ. ۲. پتوں والی ترکاری، ساگ پات، ہری ترکاری. ۳. ہرا پن، ہرا رنگ، سبز رنگ. ۴. وہ رنگت جو رخساروں پر نیا خط نکلنے سے نمودار ہوتی ہے. ۵. خوش نمائی، سانولا پن، سانولی رنگت.

سبزی خور صف. جو گوشت سے پرہیز کرے، صرف سبزیاں ترکاریاں کھانے والا.

سبزی مائل صف. ہلکا سبز، سبز، سبز سا، قدرے سبز رنگ لیے ہوئے کوئی رنگ؛ سبزئی.

سِبْط (کس س، سک ب) اند.
۱. (i) بیٹی کا بیٹا، نواسا، دختر زادہ. (ii) بیٹے کا بیٹا، فرزند زادہ، پوتا
۲. آل اولاد، نسل، قبیلہ، کنبہ، گروہ. [ع].

سِبْطَین (کس س، سک ب، ی لین) اند.
سبط کا تثنیہ دونوں نواسے، مراد: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں نواسے یعنی حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما.

سَبْع (فت س، سک ب) صف.
سات، ہفت، سات کا عدد (۷). [ع].

سَبَق (فت س، ب) اند.
۱. درس کا وہ حصہ جو روز پڑھایا جائے، کتاب کا وہ حصہ جو طالب علم ایک وقت میں پڑھے. ۲. پند، نصیحت، ہدایت. [ع].

سبق آموز صف. ۱. تعلیم دینے یا سبق دینے والا؛ نصیحت کرنے والا.

سبق پڑھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی امر کی تعلیم دینا، درس دینا، سکھانا، اچھی بات بتانا. ۲. بہکانا، ورغلانا، اُکسانا، پٹی پڑھانا، غلط راہ بتانا.

سبق دینا محاورہ. ۱. سکھانا، درس دینا، پڑھانا. ۲. عبرت دلانا، مزہ چکھانا.
۳. نصیحت کرنا، تنبیہ کرنا.

سبق سکھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. درس دینا، صحیح بات بتانا. ۲. سزا دینا، عبرت ناک تجربے سے گزارنا.

سبق لینا محاورہ. کسی سے اکتساب علم کرنا، درس لینا، سیکھنا.

سبق ملنا محاورہ. نصیحت پکڑنا، ہدایت یا عبرت حاصل ہونا.

سَبَقَت (فت س، ب نیز سک، فت ق) امث.
۱. پیش قدمی، پیش روی، آگے نکل جانا. ۲. (کسی امر یا کام میں) پہل کرنا.
۳. فوقیت، برتری؛ شرف، بڑائی، بزرگی، عظمت. [ع].

سبقت لے جانا محاورہ. دوسرے سے آگے بڑھ جانا، فوقیت پانا، تقدم حاصل کرنا، برتری حاصل کرنا.

سُبُک (فت نیز ضم س، ضم ب) صف.
۱. ہلکا (گراں کی ضد)، خفیف، بے وزن، کم وزن. ۲. (i) نازک، باریک (کمیت کے اعتبار سے)، کمزور، ناتواں، ہلکا پھلکا. (ii) نازک (کیفیت کے اعتبار سے)، رواں، غیر ثقیل. (iii) باریک، پتلا (خط،

نقش وغیرہ). (iv) کم، تھوڑا (وقت کے اعتبار سے). ۳. (i) تیز، پھرتیلا، مستعد، چست. (ii) چالاک، عیار. ۴. جس پر کوئی بوجھ نہ ہو، آزاد، بے تعلق، بے فکر، بے پروا، مجرد. [ف].

سبک دوش صف. ۱. جس کا کندھا بوجھ سے ہلکا ہو، جس کے پاس کوئی بوجھ نہ ہو، مطمئن، آسودہ، سبک بار. ۲. کسی امر یا ذمہ داری سے فارغ ہو جانے والا، بری الذمہ، فارغ، کام سے الگ کرنا. ۳. (i) نجات حاصل کرنے والا، چھٹکارا پانے والا. (ii) لاتعلق، بے غم، آزاد، بے پروا.

سبک دوش کرنا محاورہ. ۱. ملازمت سے نکالنا، ذمہ داریاں واپس لے لینا، کام سے الگ کرنا. ۲. فارغ کرنا، بری الذمہ کرنا.

سبک دوش ہونا محاورہ. ۱. کنارہ کش ہونا، علیحدگی اختیار کرنا، فراغت پا لینا. ۲. مدت متعینہ کے بعد ملازمت سے فارغ ہونا، ذمہ داری سے فارغ ہونا.

سبک رو صف. تیز چلنے یا تیز دوڑنے والا، تیز، چالاک.

سُبُکی (ضم نیز س فت، سک ب) امث.

۱. ہلکا پن، غیر ثقیل. ۲. ذلت، توہین، بے عزتی، بے قدری، خفت شرمندگی. ۳. حقارت، تحقیر. ۴. وہ بات جو متانت و بردباری کے خلاف ہو، چھچھور پن. ۵. (i) آہستگی، نرمی، برابری، یکسانی؛ ہمواری. (ii) پتلا پن، نازکی، نزاکت. ۶. پھرتی، تیزی، عجلت، صفائی، مہارت.

سُبکی (ضم س، سک ب) امث.

۱. روتے میں اُوپر کی سانس جھٹکے کے ساتھ لینے کی ہیئت یا کیفیت، سسکی. ۲. وہ سانس جو آواز کے ساتھ جاں کنی کے وقت گلے سے رک رک کر نکلتی ہے، موت کی ہچکی، خرخر کی آواز.

سبکی بھرنا محاورہ. موت کی ہچکی لینا؛ رونے کے بعد سانس جھٹکے سے لینے کی کیفیت.

سُبُو (فت نیز ضم س، و مع) اند.

گھڑا، ٹھلیا، پیالہ، مٹکا، جام. [ف].

سبوتاژ (فت س، و مج، نیز مع) امث.

(سیاست) توڑ پھوڑ، شرارت انگیزی، تخریب، خلل اندازی، چلتے ہوئے کام میں رکاوٹ ڈالنا، کام خراب کرنا. [انگ].

سَبِیل (فت س، ی مع) امث.

۱. راہ، راستہ، سڑک. ۲. تدبیر، وسیلہ، ذریعہ، طریقہ؛ سبب، بندوبست. ۳. (i) پیاؤ، پانی، دودھ یا شربت مفت پلانے کی جگہ یا اہتمام. [ع].

سبیل لگانا محاورہ. ۱. پانی، شربت یا دودھ مفت پلانا، پیاؤ لگانا. ۲. کسی چیز کو لوگوں کے لیے وقف کر دینا، عام کر دینا، ارزاں کر دینا.

سبیل نکالنا محاورہ. راہ نکالنا، بندوبست کرنا، تدبیر سوچنا، وسیلہ بنانا.

سَبھا (فت س) امث.

۱. (i) محفل، مجلس، بزم. (ii) پنچایت. ۲. لوگوں کا گروہ جماعت جو کسی مشترکہ مقصد کے لیے قائم کی گئی ہو، سوسائٹی. ۳. اجلاس، کانفرنس جلسہ. [س].

سُبھاؤ (ضم س، و مج) (الف) اند.

۱. (i) اچھی خصلت، خوش اخلاقی، خوش خلقی، حُسن سلوک، اچھا برتاؤ (ii) عادت، خصلت، مزاج، طبیعت. ۲. (i) رنگ ڈھنگ، بناؤ توجہ، طور طریق، احتیاط. (ii) بہتری، عمدگی، خاصیت، خوش اسلوبی ۳. (تقاضا). (ب) صف. اچھی فطرت کا، اچھے اخلاق کا، اعلیٰ معیار کا [س].

سبھی (فت س) م ف.

سب کے سب، تمام، سب.

سَپاٹ (فت س) صف.

۱. مسطح، برابر، ہموار. ۲. خوش آئند کیفیات یا تاثرات و جذبات سے یکسر خالی، بے کیف، بے رنگ، بے لطف. ۳. سیدھا سادہ، معصوم. [س].

سَپاٹا (فت س) اند.

۱. دوڑ، طرارہ، فراٹا. ۲. تیزی. ۳. ضرب، مار، زد.

سِپارا/سپارہ (کس س) اند.

قرآن کے تیس پاروں میں سے کوئی ایک پارہ [ف].

سُپاری (فت نیز ضم س) امث.

۱. پھل جو بیر کے برابر اور نہایت سخت ہوتا ہے اسے کتر کر پان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں، چھالیا. [س].

سِپاس (کس س) امث.
ممنونیت، احسان مندی، شکر گزاری، تشکر. [ف].
سپاس نامہ امذ. توصیفی یا استقبالیہ تقریر جو معزز مہمان کے اعزاز میں منعقد ہونے والی رسمی تقریب میں پڑھ کر سنائی جائے، کسی کے اعتراف و تشکر میں پیش کی جانے والی تحریر.

سِپاہ (کس س) (الف).
فوج، لشکر، عسکر. (ب) امذ. سپاہی. [ف].

سِپاہی (کس س) امذ.
۱. فوجی آدمی، لشکری، جنگی آدمی، بہادر، عسکری ۲. پولیس کا آدمی، کانسٹیبل، سنتری.

سِپَر (کس س، فت پ) امث.
۱. ایک ہتھیار جو تلوار کی ضرب سے محفوظ رہنے کے لیے استعمال ہوتا تھا (عموماً کچھوے کی پیٹھ یا گینڈے کی کھال سے بنایا جاتا تھا)، پھری، ڈھال، آڑ، روک. ۲. پناہ، حفاظت؛ محافظ، مددگار.
سپر ڈال دینا/ڈالنا محاورہ. ہار ماننا، شکست قبول کرلینا، مغلوب ہو جانا.

سُپَر (ضم س، فت پ) صف؛ امذ.
بڑا، اعلیٰ، معیاری، عمدہ (چیز، آدمی وغیرہ). [انگ].
سپر پاور/طاقت امذ، امث. عظیم طاقت؛ دنیا کی سب سے بڑی اور ترقی یافتہ قومیں (روس، امریکہ، فرانس اور چین و برطانیہ وغیرہ).
سپر مین امذ. فوق البشر (جرمن فلسفی نیٹشے کے فلسفے کے مطابق وہ شخص جو فوق العادۃ قوتیں رکھتا ہو اور اخلاقی معیار سے بالاتر ہو)، غیر معمولی طاقت یا ہنر کا مالک انسان.

سُپَروائِزَر (ضم س، فت پ، سک ر، کس و، فت ز) صف؛ مذ.
کسی کام کی نگرانی کرنے والا، نگراں، منتظم افسر.

سِپُرد (ضم نیز کس س، ضم پ، سک ر) امث.
۱. تحویل، تفویض، حوالگی (تراکیب میں مستعمل). ۲. (قانون) رکھوالی، حراست. [ف].
سپرد خاک کرنا محاورہ. دفن کرنا، دفنانا.
سپرد کرنا ف م. ۱. سونپنا، تحویل میں دینا، تفویض کرنا. ۲. حراست میں دینا، حفاظت کی خاطر سونپنا.

سِپُردَگی (ضم نیز کس س، ضم پ، سک ر، فت د) امث.
۱. (i) تحویل، حوالگی. (ii) سونپنا، تحویل میں دینا، حوالے کرنا ۲. حراست، نظر بندی، قید. ۳. والہانہ پن، بے اختیاری، خود کو دوسرے کے حوالے کردینے کا جذبہ.

سُپْرِنْٹَنْڈَنْٹ (ضم س، سک پ، کس ر، سک ن، کس، مج ٹ، سک ن، کس مج ڈ، غنہ) امذ.
مہتمم، نگران کار، سربراہ کار، کسی ضلع، علاقے یا مخصوص حلقے کا منتظم، پولیس اور کسی اور محکمے میں افسر اعلیٰ. [انگ].

سُپْرِیم (ضم س، سک پ، ی مع) صف.
اعلیٰ، افضل، ارفع، سب سے بڑا، بہترین. [انگ].
سُپریم کورٹ امث. کسی ملک کی سب سے بڑی عدالت، عدالتِ عالیہ.

سَپْلائی (فت س، سک پ) امث.
بہم رسانی، کسی چیز کی رسد، فراہمی، ترسیل. [انگ].

سُپْنا (ضم نیز فت س، سک پ) امذ.
۱. (i) خواب. (ii) خیال، تصور. [س].
سپنا بُنتا محاورہ. خواب دیکھنا، خوابیدہ فضا میں رہنا، خواہش رکھنا، آرزو کرنا.

سِپَنْد (کس س، فت پ، غنہ) امذ.
رائی، کالی رائی، کالا دانہ جسے نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے بھی جلایا جاتا ہے. [ف].

سُپُوت (ضم نیز فت س، ضم پ) امذ.
نیک بیٹا، لائق اور سعادت مند فرزند. [س].

سِپَہ (کس س، فت پ) امث.
سپاہ، فوج.
سپہ سالار امذ. فوج کا سربراہِ اعلیٰ، جرنیل.
سپہ گری امث. سپاہی کا کام یا پیشہ، فن یا منصب، سپاہی یا فوجی ہونا.

سِپِہْر (کس مج س، پ، سک ہ) امذ.
آسمان، فلک، گگن.

سُپَید (فت نیز ضم س، ی مع، نیز ضم س، ی لین) صف.
۱. سفید. ۲. گورا، چٹا، صبیح. ۳. مراد: لاغر، کمزور، خوف یا ضعف کے

باعث جس کا رنگ اُڑ گیا ہو یا خون خشک ہو گیا ہو۔ [ف]۔

سُہیدَہ/سَہیدَہ (ضم س، ی مع، فت د نیز فت س، ی ج، فت د) اند۔
۱. روشنی، اُجالا، صبح کی روشنی۔ ۲. ایک قسم کا آم، سفیدہ۔ ۳. ایک درخت جس کا تنا اور چھال وغیرہ سفید ہوتے ہیں۔ ۴. وہ سفوف جو چہرے پر ملتے ہیں اور بچوں کی آنکھیں آشوب ہوتی ہیں تو آنکھ میں لگاتے ہیں، سفید رنگ جو تصویروں میں بھرتے ہیں۔

سہیدہ سحر اند۔ سفیدی یا روشنی جو طلوعِ آفتاب سے کچھ دیر پہلے نمودار ہوتی ہے۔

سُہَیدی (ضم س، ی مع نیز فت س، ی ج) امث۔
۱. روشنی، نور، صباحت، سفیدی۔ ۲. قلعی جس سے دیواروں کی پتائی کی جاتی ہے۔ ۳. مرغی کے انڈے کے اندر کا سفید حصہ۔ ۴. آنکھوں کے ڈلے کا سفید حصہ۔ ۵. آنکھوں کا وہ سفید رنگ جو رونے کی زیادتی کے سبب پیدا ہو جاتا ہے۔ [ف]۔

سَپیرا (فت س، ی ج) اند۔
سانپ پالنے اور پکڑنے والا، سانپوں کا تماشا دکھانے والا۔

سَپیرَن (فت س، ی ج، فت ر) امث۔
سپیرا کی تانیث، سپیرے کی بیوی۔

سَت (۱) (فت س) اند۔
۱. صداقت، راستی، سچائی۔ ۲. عصمت، پاک دامنی، پارسائی۔ [س]۔

سَت (۲) (فت س) امث۔
۱. زور، بل، بوتا، شکتی، طاقت۔ ۲. عرق، رس، نچوڑ۔ ۳. خمیر۔ ۴. جوہر، لُبِ لباب، نچوڑ، خلاصہ، اصل مطلب۔ ۵. جذبہ، جوش۔ ۶. خیر و برکت، فراغت۔ ۷. روح، جوہرِ حیات۔ [س]۔

سَت (۳) (فت س) اند۔
سات سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل)۔

ست خصمی صف، امث۔ ۱. (i) عورت جو سات یا متعدد شوہر کر چکی ہو۔ (ii) (کنایۃً) آوارہ عورت۔ ۲. (مجازاً) جائداد جو کسی شخص کی ملکیت نہ ہو بلکہ اُس پر ہر شخص کو اختیار ہو، وہ عہدہ جو کئی شخصوں کے ماتحت ہو۔

ست رنگا صف مذ۔ جس میں سات رنگ پائے جاتے ہوں؛ (مجازاً) جس میں بہت سے رنگ پائے جاتے ہوں۔

ست لڑا صف؛ اند۔ ۱. سات لڑی کا رسا ۲. گلے میں پہننے کا ایک زیور جس میں سات لڑیاں ہوتی ہیں۔

سُتا (ضم س) صف مذ۔
دبلا، کمزور۔

ستا ہوا صف۔ سکڑا ہوا، ستا ہوا؛ پچکا ہوا۔

سِتار (کس خف س) اند۔
مضراب سے بجایا جانے والا ایک ساز جس میں پہلے تین تار ہوتے تھے اب پانچ سے سات تک ہوتے ہیں۔ [ف]۔

سَتّار (فت س، شدت) صف؛ اند۔
۱. پردہ پوش، چھپانے والا، عیب ڈھانکنے والا ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ [ع]۔

ستارالعیوب صف مذ۔ عیبوں کا چھپانے والا؛ مراد: اللہ تعالیٰ۔

سِتاروں (کس س، وج) اند؛ ج۔
ستارہ کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل)۔

ستاروں پہ کمند ڈالنا محاورہ ترقی کی بلند ترین چوٹیوں کو چھو لینا غیر معمولی کارنامے انجام دینا، مشکل سے مشکل کام پر قابو پا لینا۔

سِتارَہ (کس س، فت ر) اند؛ ~ ستارا۔
۱. اُن کروں میں سے ایک کرہ جو رات کو آسمان پر قمقمے کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں، نجم، کوکب، تارا۔ ۲. (مجازاً) قسمت، نصیب، طالع ۳. وہ گول گول سنہرے اور روپہلے ٹکڑے جو جوتیوں یا لباس وغیرہ چمک دمک کے لیے لگائے جاتے ہیں۔ ۴. (قواعد) ستارے کا جیسا نشان جو حوالے کے لیے لفظوں پر بنا دیا جاتا ہے۔ [ف]۔

ستارہ شناس صف۔ منجم، اختر شناس، ہیئت داں، ستاروں کی چال آئندہ حالات کا اندازہ کرنے والا۔

سِتارے (کس س) اند؛ ج۔
۱. ستارہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل ۲. (مجازاً) اداکار؛ اہم شخصیت۔

ستارے توڑ لانا محاورہ۔ کوئی بہت بڑا کام انجام دینا، کوئی کارنامہ پیش کرنا

ستارے گننا محاورہ. نہایت بے قراری میں رات کاٹنا، رات بھر جاگتے رہنا (عاشق کا)، انتظار تنہائی یا فرقت میں رات بسر کرنا، تارے گننا.

سَتاسی (فت س، شدت) اند.
اَسّی اور سات کا مجموعہ، ٨٧ ـ تین کم نوے.

سِتان (کس س) نیم لاحقہ.
جگہ، موقع، مقام، بطور لاحقہ مستعمل. [ف].

سَتانا (فت س) ف م.
اذیت یا آزار پہنچانا، دُکھ دینا؛ رنج دینا؛ پریشان کرنا، دق کرنا، پیچھے پڑنا.

سَتّانوے (فت س، شدت، سک ن) صف.
(ریاضی) نوے اور سات کا مجموعہ (٩٧)، تین کم سو.

سَتّاوَن (فت س، شدت، فت و) صف.
پچاس اور سات کا مجموعہ (٥٧) تین کم ساٹھ. [س].

سِتائِش (کس س، کس خف ء) امث.
تعریف و توصیف، حمد و ثنا، سراہنا. [ف].

سَتائِشی (فت س، کس ء) صف.
تعریفی، توصیفی.

سُتائی (ضم س) امث.
١. (معماری) استر لگا کر کسی چکنے بٹے سے رگڑنا. ٢. (مجازاً) مار پیٹ، کھنچائی.

سَتّائیس (فت س، شدت، ی مع) صف.
بیس اور سات کا مجموعہ (٢٧)، تین کم تیس.

سَتّتر (فت س، ت، شدت بفت) صف.
ستر اور سات کا مجموعہ، ہفتاد و ہفت (٧٧)، تین کم اسی.

سَتْر (فت س، ت، نیز سک ت) اند.
١. پردہ ڈالنا، ڈھکنا، چھپانا. ٢. (اصطلاحاً) عورت یا مرد کا وہ مقام جس کا چھپانا واجب ہو اور جس پر برہنگی سے شرم آئے، چھپانے کی چیز، شرم گاہ. ٣. پردہ؛ حجاب؛ وہ چیز جس سے ستر ڈھکا جائے. [ع].

ستر پوشی امث. شرم گاہ کو ڈھکنے یا چھپانے کا عمل، ستر چھپانا.

ستر پوشی کرنا محاورہ. بات کو چھپانا یا پردہ پوشی کرنا، ظاہر نہ ہونے دینا.

سَتّر (فت س، شدت بفت) اند.
١. اُنہتر اور ایک کا مجموعہ (٧٠)، سات دھائیاں، ہفتاد. ٢. (اظہار کثرت کے لیے) بہت سے، بہتیرے، سیکڑوں. [س].

سَتْرَہ (فت س، سک ت، فت ر) اند.
دس اور سات کا مجموعہ (١٧)، تین کم بیس. [س].

سُتْرَہ (ضم س، سک ت، فت ر) اند.
کم سے کم ایک انگل موٹی اور ایک گز یا اس سے کچھ زائد لمبی لکڑی جو نمازی کھلی جگہ پر نماز پڑھتے وقت اپنے سامنے نصب کر لیتا ہے، آڑ، پردہ، اوٹ. [ع].

سُتْلی (ضم س، سک ت) امث.
سن یا سوت کی ڈوری. [س].

سِتَم (کس س، فت ت) اند.
١. ظلم، جور، ناانصافی، اندھیر، ناحق. ٢. غضب، قیامت. [ف].

ستم بالائے ستم فقرہ، م ف. ایک تکلیف یا پریشانی پر دوسری تکلیف یا پریشانی، ظلم پر ظلم، ایذا پر ایذا.

ستم ٹوٹنا محاورہ. ظلم ہونا، آفت آنا، مصیبت پڑنا.

ستم رسیدہ صف. وہ شخص جو ظلم کا نشانہ بنا ہو، ستم زدہ، مظلوم.

ستم ظریفی امث. ظرافت کے پردے میں ظلم کرنا.

ستم گر صف. ظالم، بے داد گر، موذی.

ستم گری امث. ظلم ڈھانا، جور و جفا کرنا، ظلم و ستم.

سِتَمْبَر (کس س، فت ت، سک م، فت ب) اند.
شمسی سنہ عیسوی کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے. [انگ].

سَتُّو (فت س، شدت، و مع) اند؛ ج.
بھنے ہوئے جو یا چنے کا آٹا جو عام طور پر موسم گرما میں پانی میں گھول کر اور کہیں نمک یا میٹھا ملا کر بھی پیا جاتا ہے؛ (مجازاً) معمولی غذا.

سُتْواں (ضم س، سک ت) صف.
١. ستی ہوئی، پتلی؛ نازک، (عموماً ناک کی صفت کے طور پر مستعمل).
٢. اُونچا مقام یا جگہ.

سَتْوانسا (فت س، سک ت، مغ) امذ.
۱. وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے میں پیدا ہو گیا ہو. ۲. ایک رسم جس میں حاملہ کے میکے سے جوڑا، مسی، عطر، تیل، کنگھی، پھولوں کا گہنا اور نقدی وغیرہ آتی ہے، میکے والے آ کر حاملہ کی گود میں سات قسم کی ترکاریاں، سات قسم کی مٹھائیاں، پھل ناریل میوہ اور کچھ روپے ڈالتے ہیں، گود بھرائی.

سُتُون (ضم س، و مع) امذ.
۱. گول، چوکور یا پہلودار تھم یا پایہ، تھونی، اینٹ، پتھر یا لوہے وغیرہ کا سم جس کا ایک سرا زمین میں اور دوسرا بلندی کی طرف ہوتا ہے، تھم، کھمبا، لاٹ، منارہ. ۲. (i) (استعارۃً) ارکان دین میں سے ایک رکن، اہم رکن، جزو لازم. (ii) اعیانِ سلطنت، اکابر، بزرگانِ دین؛ ماہرینِ فن. (iii) (مجازاً) بنیاد، سہارا، ذریعہ قوت. ۳. (نباتیات) پیڑ پودے کا وہ درمیانہ موٹا حصہ جس کے سہارے شاخ اور پتے پرورش پاتے ہیں. [س].

سَتْوَنْتی (فت س، سک ت، فت و، سک ن) صف مث.
باعصمت، نیک کردار اور پارسا عورت.

سَتّہ (فت س، شدت بلت) امذ.
تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر سات نشان یا نقطے ہوتے ہیں.

سِتّہ (کس س، شدت بلت) امذ.
چھے (۶). [ع].

سَتی / سَتّی (فت س، شدت) صف؛ امث.
۱. سچ پر قربان ہو جانے والی؛ پاک دامن، عفت و عصمت والی؛ ثابت قدم، وفادار، ساتھ دینے والی. ۲. (ہندو) ایک مذہبی رسم جس کے مطابق بیوہ عورت کو اپنے شوہر کے ساتھ زندہ جل جانا چاہئے، (کنایۃً) مرتے دم تک شوہر کا ساتھ دینے والی عورت. ۳. ستی ہونے کی رسم، ستی ہونا، جان کی قربانی دینا. [س].

ستی ساوتری صف مث. باوفا، پاک دامن.

سَتّیا ناس (فت س، شدت بکس نیز بلا شد) امذ.
تباہی بربادی، یکسر تباہ و برباد، خراب و خستہ، نام و نشان نہ رہنا. [س].

ستیاناس کرنا محاورہ. خراب کرنا، بگاڑنا، برباد کرنا.

سِتیزَہ (کس س، ی مج، فت ز) امذ.
لڑائی جھگڑا، اختلاف، جنگ، نزاع، مقابلہ.

ستیزہ کار/ گار صف. لڑنے والا، جنگ کرنے والا، نبرد آزما، برسرپیکار

سُتْھرا (ضم س، سک تھ) صف؛ امذ.
جس میں پاکی، صفائی، نفاست یا لطافت پائی جائے، صاف، پاکیزہ اُجلا؛ اچھا، اعلیٰ، خوب، نفیس. [س].

سُتھرائی (ضم س، سک تھ) امث.
۱. نفاست، اُجلا پن، صفائی ستھرائی؛ نفاست طبع، خوش سلیقگی، سگھڑاپا سگھڑپن. ۲. پاکیزگی، پاک ہونے کی حالت، طہارت.

سَٹ (فت س) م ف.
جھٹ، فوراً، جلدی سے، تیزی سے.

سَٹ پٹانا/ سٹپٹانا ف مر. ۱. حواس باختہ ہو جانا، گھبرا جانا، حیران ہونا. ۲. جواب نہ بن پڑنا، کسی بات یا سوال کے جواب میں جب کچھ سمجھ میں نہ آئے تو گھبرا جانا.

سَٹْر پَٹْر (فت س، ٹ، فت پ، ٹ) (الف) امث.
کام کاج، مصروفیت. (ب) صف؛ م ف. لشتم پشتم، جوں توں، کسی طرح ادھر اُدھر پھرنا.

سٹرپٹر کرنا ف م. چھوٹے موٹے کام کرنا، ادھر اُدھر پھرتے ہوئے کرنا، بے کار پھرنا.

سَٹَک (فت س، ٹ) امث.
۱. غائب ہونا، فرار، دوری. ۲. پھرتی، تیزی، خاموشی.

سٹک لینا محاورہ. چپکے سے نکل جانا، خاموشی سے کھسک جانا.

سَٹَکنا (فت س، ٹ، سک ک) ف م.
چپکے سے غائب ہو جانا، کھسک جانا، رفو چکر ہونا.

سُٹَکنا (ضم س، فت ٹ، سک ک) ف م.
حلق سے اتار لینا، ہضم کرنا، نگلنا، برداشت کر لینا.

سَٹّہ (فت س، فت ٹ بشد) امذ.
۱. تجارتی اشیاء کا لین دین جو زبانی یا قیاسی ہو اور ایک معینہ مدت گزرنے کے بعد عمل میں آئے اور نفع اور نقصان خریدنے والے ذمہ ہو. ۲. ایسا جوا جو قیاس پر کھیلا جائے.

سٹہ باز صف. پیداوار پر شرط لگانے والا، جوا کھیلنے والا، قمار باز.

سٹہ بازی امث. قمار بازی، شرط لگانا، جوا.

سِٹّی (کس س، شد ٹ) امث.
ہوش و حواس، اوسان، عقل، بوکھلاہٹ. [س].

سٹی گم کرنا محاورہ. بدحواس کر دینا.

سٹی گم ہونا محاورہ. سٹی بھولنا، حواس باختہ ہونا، گھبرا جانا.

سُٹّے لگانا محاورہ. سگریٹ یا بیڑی کے کش لگانا.

سٹھیا جانا محاورہ.
بڑھاپے کے سبب قوائے ذہنی کا کمزور ہو جانا، احمق ہونا، کم عقل ہو جانا، بہکی باتیں کرنا.

سَٹھیانا (فت س، سک ٹھ) ف ل.
کہن سالی کے باعث حواس باختہ ہو جانا، عقل جاتی رہنا.

سَج (فت س) امث.
۱. سجاوٹ، سنگھار، انداز، شکل، وضع. ۲. زیب و زینت، خوب صورتی، آرائش، سجاوٹ.

سج دھج امث. ۱. (i) دل کشی جو بناؤ سنگھار سے پیدا ہوتی ہے، آراستگی و زیبائی، بناؤ سنگھار، سجاوٹ. (ii) شان و شوکت، آن بان، زیب و زینت. ۲. وضع، ہیئت، روپ، روش، انداز، چھب.

سَجّاد (فت س، شد ج) صف؛ امذ.
۱. بہت زیادہ سجدے کرنے والا. ۲. حضرت امام زین العابدین ابن الحسین (جن کو سید سجاد بھی کہا جاتا ہے) کا اسم وصفی. [ع].

سَجّادَہ (فت س، شد ج، فت د) امذ.
۱. (i) جانماز، مصلیٰ. (ii) گدیلا، غالیچہ. ۲. روحانی یا دینی بزرگوں کی مسند، درویش یا پیروں کی گدی.

سجادہ نشیں صف. کسی دینی بزرگ، پیر یا درویش کی گدی پر بیٹھنے والا، کسی بزرگ کا خلیفہ، جانشین.

سجادہ نشینی امث. کسی دینی بزرگ، پیر یا درویش کی گدی پر بیٹھنا، کسی بزرگ کا خلیفہ یا جانشین ہونا.

سَجانا (فت س) ف م.
۱. مناسب ترتیب سے لگانا، آراستہ کرنا، بنانا، سنوارنا. ۲. (خانہ داری) خوانچے، میز یا دسترخوان پر رکابیاں وغیرہ چننا، خوان میں لگانا.

سُجانا (ضم س) ف م.
سوجنا متورم کر دینا، آماس کر دینا، پھلا دینا، ورم پیدا کر دینا.

سَجاوَٹ (فت س، و) امث.
آرائش، آراستگی، سج دھج، بناؤ سنگھار.

سَجْدَہ (فت نیز کس س، سک ج، فت د) امذ.
۱. تعظیم یا عقیدت میں زمین پر پیشانی رکھنا، پیشانی زمین پر ٹیکنا، عجز اور اطاعت کا اظہار. ۲. نماز کا ایک رکن جس میں پیشانی، ناک، ہاتھ، گھٹنے اور پاؤں کی انگلیاں زمین سے مس ہوتی ہیں، خدا کے سامنے سر جھکانا. ۳. قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام. [ع].

سجدہ ریز صف. سجدہ کرنے والا، بار بار سجدہ کرنے والا.

سجدہ شکر / شکرانہ امذ. شکرانے کا سجدہ، دوگانہ نفل جو اللہ کا شکرگزار ہونے کے لیے ادا کیا جائے، شکرگزاری.

سجدہ کرنا محاورہ. خاک ساری و فروتنی سے جھکنا، سر کو زمین پر رکھنا.

سجدہ گاہ امث. ۱. سجدہ کرنے کی جگہ، پیشانی ٹیکنے کا مقام. ۲. خاک کربلا یا لکڑی کی گول ٹکیہ جس پر شیعہ نماز کے وقت سجدہ کرتے ہیں.

سَجْع (فت س، سک ج) امذ.
۱. کبوتر یا قمری کی آواز یا خوش الحان پرندوں کی چہچہاہٹ. ۲. عبارت جس کے فقروں کے کلمات ہم وزن یا باہم مقفیٰ ہوں. ۳. نظم یا نثر کا وہ فقرہ جس میں کسی شخص کا نام بھی ہو اور اس کے علاوہ اس کے ظاہری معنی بھی درست ہوں، نام کو اس طرح سے سجانا کہ وہ شعر کا جزو مطلب ہو جائے. [ع].

سِجَل (کس س، فت نیز کس ج) صف.
۱. عمدگی اور سلیقے سے ترتیب دیا ہوا، آراستہ و پیراستہ. ۲. صاف، ستھرا، عمدہ؛ نفیس، آئینہ. [س].

سَجَن (فت س، ج) صف مذ.
۱. دوست؛ (مجازاً) دلبر، پیارا، من موہن، معشوق، محبوب، ساتھی، ہم خیال، ہم نوا. ۲. شوہر، پتی، خاوند. [س].

سَجْنا (۱) (فت س، سک ج) امذ.
پریتم، ساجن.

سَجنا (۲) (فت س، سک ج) ف ل.
۱. زیب دینا، پھبنا، موزوں ہونا. ۲. بنا سنورنا، آراستہ ہونا. ۳. ترتیب اور ڈھنگ سے لگنا، موزوں ہونا، مرتب ہونا. ۴. آراستہ کرنا، خوب صورت بنانا، سجانا.

سَجنی (فت س، سک ج) امث.
۱. معشوقہ، پیاری؛ بیوی. ۲. سہیلی، گوئیاں، آلی.

سُجُود (ضم س، و مع) امذ؛ ج.
سجدہ کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

سَجی (فت س) صف.
آراستہ، مزین، بارونق، سجاوٹ سے بھرپور.

سجی سجائی صف. آراستہ پیراستہ، بجی ہوئی.

سَجّی (فت س، شد ج) امث.
قبائلی لوگوں کا مہمان نوازی کے لیے تیار کیا گیا ایک قسم کا کھانا جو بھیڑ کے بچے کو روسٹ کر کے بنایا جاتا ہے.

سَجیلا (فت س، ی مع) صف مذ.
۱. سجا سجایا، آراستہ پیراستہ، بنا ٹھنا. ۲. خوب صورت، چھبیلا، خوش وضع.

سَجیلی (فت س، ی مع) صف مث.
۱. بجی ہوئی، آراستہ، خوب صورت. ۲. متناسب شکل و صورت.

سُجھانا (ضم س) ف م.
۱. کوئی نامعلوم یا نئی بات بتانا یا ذہن میں لانا، سکھانا، بتانا، آگاہ کرنا، اونچ نیچ سمجھانا. ۲. ظاہر کرنا، دکھانا، سمجھانا، بتانا، جتلانا.

سُجھاؤ (ضم س) امذ.
خیال، تجویز.

سُجھاؤ دینا محاورہ. تجویز دینا، خیال ظاہر کرنا.

سُجھائی دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. نظر آنا، معلوم ہونا. ۲. سمجھ میں آنا، زیرِ غور آنا.

سَچ (فت س) امذ.
حقیقت، واقعے کے مطابق، راست، درست، ٹھیک، حق. [س].

سچ تو یہ ہے فقرہ. حقیقت یہ ہے، سچ بات یہ ہے.

سچ کا زمانہ نہیں فقرہ. جھوٹ کا دور دورہ ہے، سچ کی کوئی قدر نہیں.

سچ کر دکھانا محاورہ. کسی امر کو صحیح ثابت کر دینا (قول سے یا عمل سے)

سچ مچ م ف. فی الحقیقت، واقعی، یقیناً، بالکل صحیح.

سَچّا (فت س، شد ج نیز بلا شد) صف مذ.
۱. راست گو، صادق القول، صادق. ۲. وفادار، مخلص، بے لوث. ۳. کھوٹ سے پاک، کھرا، اصل سونے یا اصل چاندی وغیرہ کا ۴. درحقیقت، واقعے کے مطابق. ۵. جس میں صحت و درستی پائی جائے، صحیح، خالص. ۶. حقیقی.

سچا موتی امذ. وہ قیمتی موتی جو سیپ کے اندر سے نکلا ہو، اصلی موتی

سَچّائی (فت س، شد ج نیز بلا شد) امث.
راستی، صداقت، دیانت.

سَچّی (فت س، شد ج) صف.
۱. بے میل، کھری، خالص. ۲. واقعی، سچ مچ، حقیقتاً. ۳. صاف ستھر جس میں کچھ رکھا نہ گیا ہو یا جو پہلے استعمال نہ کی گئی ہو، کوری.

سَحاب (فت س) امذ.
۱. بادل، گھٹا، ابر. ۲. (طب) پتلی اور ہلکی سنہری تہہ یا جھلی طبقہ قرنیہ کی بیرونی سطح پر پیدا ہو جاتی ہے، آنکھ کی ایک بیماری ۳. (ہیئت) ستاروں کا دھندلا گچھا، آسمان کے مختلف حصوں نظر آنے والے چھوٹے چھوٹے چمک دار دھبے جو الگ ا ستاروں میں تحلیل نہیں ہو سکتے. [ع].

سَحَر (فت س، ح) امث.
۱. طلوعِ آفتاب سے کچھ پہلے کا وقت، وہ وقت جب رات کا حصہ باقی ہو، تڑکا، بھور. ۲. سحری، رمضان شریف میں روزہ کی سے صبح صادق تک کھانے کا عمل. [ع].

سحر خیزی امث. علی الصباح یا منہ اندھیرے اٹھنا.

سِحْر (کس ج س، سک ح) امذ.
۱. جادو، منتر، ٹونا. ۲. اثر، تاثیر، کشش. [ع].

سحر انگیز صف. پرکشش، متاثر کرنے والا.

سحر بیاں صف. پرتاثیر تقریر کرنے والا، جس کے کلام یا بیان جادو کی سی تاثیر ہو.

سحر بیانی امث. خوش بیانی، جادو بیانی.

سَحَری (فت س، ح) (الف) صف.
صبح کا، صبح کے متعلق. (ب) امث. وہ کھانا جو رمضان میں رات کے آخری حصے سے صبح صادق تک روزہ رکھنے کے لیے کھایا جاتا ہے.

سَخا (فت س) امث.
فیاضی، بخشش. [ع].

سَخاوَت (فت س، و) امث.
فیاضی، بخشش. [ع].

سَخْت (فت س، سک خ) صف.
۱. جس کے مادّے یا بناوٹ میں بہت صلابت اور گٹھاؤ پایا جائے اور جس کا دبنا اور ٹوٹنا محال یا مشکل ہو، کڑا، ٹھوس، کرخت. ۲. مضبوط، محکم، پکا. ۳. تیز، شدید، زور دار، شدت والی. ۴. مشکل، کٹھن، دُشوار. ۵. گراں گزرنے والا، ناگوار، دُرشت. ۶. بد مزاج، تندخو، اکھڑ، سنگ دل. ۷. بہت، نہایت، ازحد. ۸. جس میں کیفیت کے اعتبار سے زیادتی پائی جائے. ۹. (کسی خصوصیت میں) پکا، کٹر، بہت بڑا. ۱۰. بخیل، کنجوس. [ف].

سخت جان صف. ۱. جس کی جان مشکل سے نکلے؛ (مجازاً) خراب سے خراب حالات میں زندہ رہنے والا، حد درجہ تحمل و برداشت کا مالک. ۲. سختیوں اور مشکلوں کو اِستقامت سے برداشت کرنے والا، جفاکش، محنتی، (طنزاً) بے حیائی سے زندہ رہنے والا.

سخت سست (الف) صف. درشت، ملامت آمیز. (ب) امذ. ڈانٹ ڈپٹ، لعنت ملامت، لعن طعن.

سخت سست کہنا محاورہ. برا بھلا کہنا، لعنت ملامت کرنا، ڈانٹنا، سختی سے پیش آنا.

سخت گیر صف. ۱. ذرا سی غلطی پر سخت سزا دینے والا، معمولی بات پر سخت گرفت کرنے والا، ظالم، جابر. ۲. جس کے رویے میں تندی اور تشدد پایا جائے، تند مزاج.

سَخْتی (فت س، سک خ) امث.
۱. کڑا پن، کرختگی، صلابت، نرمی کی ضد. ۲. (i) دُشواری؛ تکلیف، دُکھ، مصیبت. (ii) عسرت، تنگی، افلاس. ۳. تندی، تیزی، درشتی. ۴. زیادتی، ظلم، سخت گیری. ۵. شدت، انتہائی تکلیف دہ ہونے کی کیفیت یا حالت. ۶. مضبوطی، اِستحکام، پائداری؛ بے رحمی، سنگ دلی؛ بدمزاجی، اکھڑپن؛ تنبیہ، ڈانٹ؛ بداقبالی، ادبار.

سختی سے پیش آنا محاورہ. درشتی سے پیش آنا، بدمزاجی دکھانا، بے رحمی کا برتاؤ کرنا، سخت گیری کرنا.

سختی کرنا محاورہ. ستانا، ظلم کرنا، زیادتی کرنا، جبر کرنا.

سُخُن / سَخُن (ضم س، فت نیز ضم خ / فت س، ضم خ) امذ.
۱. نطق؛ کلام، گفتار. ۲. شعر، کلام موزوں. ۳. قول، مقولہ. ۴. معاملہ، بات. [س].

سخن پرور صف. ۱. عمدہ گفتگو کرنے والا، خوش گفتار؛ (مجازاً) شاعر، سخن دان، سخن فہم، سخن پرداز. ۲. باتیں بنانے والا، خوشامد پیشہ، اپنے قول پر اڑنے والا، خوشامدی.

سخن داں صف؛ امذ. کلام کا حسن و قبح سمجھنے والا، آداب کلام و اصول سخن سے واقف، خوش بیان؛ (مجازاً) شاعر.

سخن گسترانہ (الف) صف. ۱. شاعرانہ؛ تفنن آمیز، شوخ، شرارت آمیز. ۲. معترضانہ، اعتراض آمیز. (ب) م ف. شاعرانہ انداز میں، خوش بیانی کے ساتھ.

سخن ور / سخنور صف. سخن گو، خوش بیان؛ شاعر.

سَخی (فت س) صف.
سخاوت کرنے والا، فیاض، مخیّر، دریا دل، کریم، داتا. [ع].

سخی داتا صف. بہت زیادہ سخاوت اور فیاضی کرنے والا، بڑا فیاض.

سَدّ (فت س، شد د) امث (مرکبات میں دال مشدد).
رُکاوٹ، روک، بندش. [ع].

سدباب امذ. دروازہ بند کرنا؛ (مجازاً) کسی بات کی قطعی ممانعت یا روک تھام، انسداد. اف: کرنا / ہونا.

سد راہ / رہ صف؛ امذ. راستہ روکنے والا، حارج، مخل، مزاحم.

سَدا (فت س) م ف.
۱. ہمیشہ، دائم، مدام. ۲. برابر، مسلسل. [س].

سدا بہار (الف) : صف. ۱. (i) ہمیشہ ہرا بھرا اور سرسبز رہنے والا درخت ، جو ہر فصل میں پھلے پھولے ، ہمیشہ پھول لانے والا پودا . (ii) ہمیشہ شگفتہ رہنے والا پھول ، پھول جو ہر فصل میں پھولے .۲. (مجازاً) ہمیشہ جوان دکھائی دینے والا شخص ، ہمیشہ حسین و دلکش نظر آنے والا ؛ ہر وقت خوش باش اور شگفتہ مزاج رہنے والا . (ب) امث .ایک گھاس کا نام جو ہمیشہ سبز رہتی ہے .

سدا رہے نام اللہ کا فقرہ .اس عالم کی سب چیزیں فانی ہیں صرف خدا کی ذات ہی دائم ہے .

سدا سہاگن امث .ایسی عورت جس کا شوہر ہمیشہ اُس کے پاس رہے ، خوش بخت عورت ، شوہر کی چہیتی بیوی .

سِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی (کس س ، سک د ، فت ر ، ضم ۃ ، غم ا ، سک ل ، ضم م ، سک ن ، فت ت ، ابشکل ی) امذ.

۱. اسلامی روایات کے مطابق ساتویں آسمان پر بیری کے درخت کا نام جو حضرت جبریل علیہ السلام کا مقام اور ان کی پرواز کی انتہائی حد ہے ، (حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا اور کوئی اس مقام سے اوپر نہیں گیا) ۲. (مجازاً) ترقی کی آخری حد ، معراجِ کمال. [ع].

سُدَّہ (ضم س ، شد د بفت) امذ.

۱. گرہ یا گٹھلی جو رگوں ، آنتوں یا جسم کے کسی حصے میں پڑ جائے .

۲. موادِ غلیظ جو سخت پڑ کر آنتوں میں گرہ کی شکل کا ہو جائے . [ع].

سَدِید (فت س ، ی مع) صف.

دُرست ، راست ، ٹھیک ؛ مضبوط ، محکم . [ع].

سُدیش (ضم س ، ی مج) امذ.

اپنا ملک ، وطن . [س].

سُدیشی (ضم س ، ی مج) صف.

اپنے ملک یا وطن کا ، دیسی . [س].

سُدھ (ضم س) امث.

خبر ، آگاہی ، ہوش ، حواس ، خیال ، فکر ، دھیان . [س].

سُدھ بدھ کھونا محاورہ . بے ہوش ہو جانا ، بے خود ہو جانا ، ہوش و حواس جاتے رہنا .

سَدھا (فت س) صف.

سدھا ہوا ، مانوس کیا ہوا ، تربیت یافتہ (تراکیب میں مستعمل) .

سُدھار (ضم س) امذ.

اِصلاح ، درستی ، بہتری .

سِدھارنا (کس س ، سک ر) ف ل.

۱. چلا جانا ، روانہ ہونا ، رخصت ہونا ، سفر کرنا (طنز ، پیار یا تعظیم کے موقع پر مستعمل) .۲. (مجازاً) مر جانا ، کوچ کرنا ، دنیا سے رخصت ہونا [س].

سُدھارنا (ضم س ، سک ر) ف م.

سنوارنا ، درست کرنا ، اِصلاح کرنا ، ٹھیک بنانا . [پ : س].

سَدھانا (فت س) ف م.

۱. تربیت دینا ، شائستگی سکھانا ، مہذب بنانا .۲. (جانور کو) کوئی کام کرتب سکھانا ، مانوس کرنا ، ہلانا ، کام کے لائق بنانا .

سَدھایا (فت س) امذ.

تربیت دیا ہوا ، سِکھایا ہوا ؛ (جانور) ہلا ہوا ، مانوس ، سدھانا سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل) .

سدھایا ہوا صف مذ. تربیت یافتہ ، ہلا ہوا ، سیکھا ہوا، لائق ، سمجھ دار واقف .

سُدَھرنا (ضم س ، فت دھ ، سک ر) ف ل.

۱. درست ہونا ، ٹھیک ہونا ، راستی پر آنا .۲. سنبھلنا ، قرار پانا .۳. مرتب ہونا ، تیار ہونا .

سُڈول (ضم نیز کس س ، ولین) صف.

خوش نما اور متناسب وضع اور صورت کا ، اچھے ڈول کا ، خوش وضع خوب صورت. [س].

سَر (۱) (فت س) (الف) امذ.

۱. (i) جسم کا سب سے بالائی حصہ ، کھوپڑی نیز گردن سے اوپر کا حصہ. (ii) ماتھا ، پیشانی . (iii) دماغ ، ذہن .۲. (i) اِبتدا ، مبدا ، عنوان ، آغاز . (ii) کسی چیز کا بالائی حصہ ، چوٹی .۳. خیال ، دھیان

دھن ، سودا ، کسی کے ذمے ، کسی پر عائد .۴. (تحقیراً) خاک ، پتھر ، کچھ بھی نہیں . (ب) حرف جار ؛ م ف .۱. سرے پر ، کنارے پر .۲. اوپر ، پر . (ج) ختم ، خاتمہ .سابقہ . برتری ، تفوق ، آغاز ، شدت .

سر انجام دینا محاورہ. عمل میں لانا ، تکمیل کو پہنچانا ، مکمل کرنا ، پورا کرنا .

سر بازار م ف . بیچ بازار (میں) شارع عام پر ، سب کے سامنے ، علی الاعلان .

سربراہ اند .۱. راستے پر لگانے والا ، رہنما ، مراد : منتظم ، مہتمم ؛ کارگزار . ۲. افسر اعلیٰ ، سب سے بڑا عہدہ دار (کسی شعبے یا مملکت وغیرہ کا) .

سربراہی (الف) مث .۱. انتظام ، بندوبست ، اہتمام .۲. رہنمائی ، قیادت . ۳. دیکھ بھال ، سرپرستی ، کفالت . (ب) صف . سربراہ سے متعلق یا منسوب .

سربرآوردہ صف ؛ سرآوردہ .۱. سردار ، افسر ، ممتاز ، معزز .۲. مشہور ، خاص .

سربسجود صف ؛ م ف . سجدے میں جھکا ہوا سر ، سجدے میں سر جھکانے والا ، سجدے میں سر جھکائے .

سربریدہ صف . (باضافت) جسم سے الگ کیا ہوا سر ، وہ سر جو بدن سے کاٹ لیا گیا ہو .

سر بسر م ف .۱. اس سرے سے اس سرے تک ، اول سے آخر تک ، بالکل ، تمام پورے طور پر .

سر بکف صف ؛ م ف . ہتھیلی سر پر رکھے ہوئے ، جان دینے پر آمادہ ، مرنے پر تیار .

سر بلند صف .۱. بلند قامت ، اونچے سر والا ، دراز قامت .۲. معزز ، ممتاز ، عالی مرتبہ .

سر بلندی مث . عزت ، افتخار ، مرتبہ ، سرافرازی .

سربمہر صف . بند کر کے مہر لگایا ہوا ، سربستہ ، بند .

سر بند (الف) صف .۱. منھ بند کیا ہوا ، منھ ڈھکا ہوا ، بند .۲. جس کا راستہ مسدود ہو . (ب) اند . پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں ، سر پر لپیٹنے کا کپڑا ؛ پگڑی .

سر پرست اند . پرورش اور دیکھ بھال کرنے والا ، حامی و مددگار ، خبر گیری کرنے والا ، نگہبان ؛ خاندان کا بزرگ .

سر پرستی مث . دیکھ بھال ، نگہبانی ؛ حمایت ، امداد .

سرپنچ اند . پنچوں کا سردار ، چودھری ، میر مجلس ، پردھان ، صدر .

سرپوش اند .۱. ڈھکن خصوصاً رکابی اور پیالے وغیرہ کا ، ڈھکن ، ڈھکنا ، چپنی ؛ خوان پر ڈالنے کا کپڑا .

سر تابی مث . سرکشی ، نافرمانی ، حکم عدولی ، بغاوت .

سر تاپا م ف ؛ صف . سر سے پاؤں تک ، اول سے آخر تک .

سرتاج اند .۱. آقا ، سردار ، مالک .۲. شوہر نیز شوہر سے خطاب کا کلمہ .

سر تسلیم خم ہونا محاورہ . راضی برضا ہونا ، تابع فرمان ہونا .

سر چشمہ اند . (مجازاً) کسی بھی چیز کے نکلنے کی جگہ ، منبع ، مبدا .

سر حد مث ؛ (اند ؛ شاذ) .۱. کسی کی انتہائی حد ، انتہا ، وہ علامت جو ایک ملک یا علاقے کو دوسرے علاقے یا ملک سے الگ کرے (کسی علاقے کا) نیز آخری حصہ (کسی جگہ کا) ، کنارہ .۲. (مجازاً) حد فاصل ، فرق ، امتیاز .

سر خوشی مث . نشہ ، سرور ، کیف ، مستی .

سرخیل اند .۱. کسی جماعت یا گروہ کا سردار ، سرگروہ ، پیش رو ؛ لیڈر ، قائد .

سر دار اند . کسی جماعت کا قائد ، سرغنہ ، افسر ، حاکم ، امیر .

سر داری مث . امیری ، بزرگی ، حکومت ، افسری .

سر دست م ف .۱. فی الحال ، فی الوقت ، اس وقت ، اب ، ابھی ، بالفعل . ۲. فی الفور ، ہاتھ کے ہاتھ ، فوراً .

سر راہ م ف . راستے کے سرے پر ؛ راستے میں ، سڑک پر ، آتے جاتے .

سر زد ہونا ف مر . واقع ہونا ، صادر ہونا ، ظاہر ہونا ، عمل پذیر ہونا .

سر زمین مث . سطح گیتی ، زمین ، ملک ، علاقہ ، خطہ .

سر زنش مث . برا بھلا کہنا ، تنبیہ ، ملامت ، ڈانٹ ڈپٹ .

سر سبز صف .۱. ہرا بھرا ، تر و تازہ ، شاداب .۲. خوش و خرم ، خوش حال ، فارغ البال .

سر شار صف .۱. کناروں سے چھلکتا ہوا ، لبریز ، لبالب ، بھرا ہوا . ۲. نشے میں چور ، مست ، بے خود .

سرعام م ف . منظرعام پر ، سب کے سامنے ، بیچ بازار میں ، کھلم کھلا .

سر غنہ اند . کسی گروہ یا جتھے کا سردار ، پیشوا ، سرگروہ .

سر فراز صف .۱. سر بلند ، ممتاز ، معزز ، عالی مرتبہ .۲. اونچا ، اونچے قد کا ، بلند .

سرفراز کرنا / فرمانا محاورہ .۱. عزت بخشنا ، قدر افزائی کرنا ؛ قدم رنجہ

فرمانا، تشریف لانا .۲. دینا ، بخشنا ، عطا کرنا ، نوازنا .۳. (مجازاً) وصل سے محظوظ کرنا .

سر فرازی مث : ~ سرافرازی . سربلندی ، عزت ، بزرگی ، مرتبے میں ترقی .

سر فروش صف : اند . جان کی پروانہ کرنے والا ، جانباز ؛ بہادر ، دلیر ، شجاع .

سر فروشی مث . جانبازی ، دلیری ، بہادری .

سر فہرست صف ؛ م ف . فہرست کے شروع میں مندرج ؛ (مجازاً) سب سے مقدم ، سب سے اہم .

سَرکار (الف) مث .۱. خدمت ، دربار ، بارگاہ ، حضور ، بجی سجائی محفل وغیرہ (امرا و سلاطین وغیرہ کی) .۲. (i) عدالت ، کچہری . (ii) بادشاہی عدالت ، بادشاہی کچہری .۳. ریاست ، حکومت ، سلطنت ، راج ، مملکت ، گورنمنٹ (کل یا جزو) .۴. ملک کا چھوٹے سے چھوٹا اور پرگنہ و کلان سے بڑا حصہ ، کئی پرگنوں کا ضلع ، (ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت سے پہلے کی اِصلاح) .۵. (تعظیماً) سربلند یا دولت مند شخص ، رئیس .۶. (کنایۃً) معشوق ، محبوب ، منظور نظر .

(ب) اند .۱. حضرت آقا ، مالک وغیرہ (نوابین ، روسا اور علما وغیرہ کے لیے مستعمل) .۲. عزت کا خطاب ، حضور ، جناب والا .۳. سربراہ کار ، افسر .۴. دارالسلطنت ، راج دھانی .۵. (کنایۃً) رسول پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .۶. (کنایۃً) اولاد ، خاندان ؛ عزت ؛ مرتبہ .۷. (مجازاً) حضور رحمت خداوندی ، پیش مشیت ایزدی .

سر کردہ صف : اند .۱. سردار ، قائد ، افسر .۲. منتخب ، ممتاز ، نمایاں حیثیت رکھنے والا .

سر کش صف .۱. باغی ، نافرمان ، حکم عدولی کرنے والا ؛ مغرور .۲. منہ زور .

سر کشی مث . نافرمانی ، بغاوت .

سر کوبی مث . سر کچلنا ، سزا دینا ، گوشمالی ، تادیب .

سر گرداں صف . حیران ، پریشان ، مضطرب ، سراسیمہ .

سر گرم صف . گرم جوشی سے کام کرنے والا ، مستعد ، پرجوش ، محنتی ، فعال ، لگن اور جوش کے ساتھ کام میں مشغول .

سر گرمی مث . تیزی ، گرم جوشی ، مستعدی ، جوش ، کوشش بلیغ .

سر گزشت مث . آپ بیتی ، سر پہ گزرا ہوا ، بیتا ہوا واقعہ ، حالا زندگی ، واردات ، حال احوال ، سوانح عمری .

سر گوشی مث . سر کو کان کے پاس لے جا کر کچھ کہنا ، چپکے چپکے باتیں کرنا ، کان میں آہستہ آہستہ باتیں کہنا ، کانا پھوسی ، کھسر پھسر .

سرمو کس اضا . (الف) م ف . بال کی نوک کے برابر ، ذراسا ، رتی بھر ذرہ بھر ، ذرہ برابر . (ب) اند . رونگٹا ، رُواں ، روم .

سر نامہ اند . مکتوب الیہ کا پتا اور نشان جو لفافے پر یا خط کے شروع لکھا جائے .۲. خط یا مضمون وغیرہ کا عنوان ، سرخی .۳. نام کا پہلا حرف

سر نگوں صف . اوندھا ، سر کے بل جھکنا ؛ خجل ، شرمندہ ؛ شکست خوردہ

سر ورق اند . کتاب کا پہلا ورق ، ٹائیٹل پیج .

سر و سامان اند . مال و اسباب ، اشیائے ضروری ، لوازمات ، ساز و سامان

سر و کار اند .۱. واسطہ ، تعلق ، غرض .۲. کاروبار ، معاملہ ، کام .

سر ہو جانا / ہونا محاورہ .۱. کامیابی کے ساتھ انجام پر پہنچنا ، فتح ہونا جیت لیا جانا ، عبور ہونا ، فتح یاب ہونا .۲. پیچھے پڑنا ، درپے ہونا (کسی بات یا کام کے) ، اڑ جانا ، ضد کرنا ، ہٹ کرنا .

سَر (۲) (فت س) اند .

۱. تاج برطانیہ کی طرف سے نائٹ یا بیرون کا خطاب پانے والا شخص نائٹ یا بیرون کا لقب .۲. حضور ، جناب (خطاب کا اعزازی کلمہ) [انگ]

سِر (کس نیز فت س) (الف) اند .

۱. جسم کا سب سے بالائی حصہ ، کھوپڑی نیز گردن سے اوپر کا پورا حصہ

(ب) م ف . کسی کے ذمے ، کسی پر عائد . [س]

سر ابھارنا محاورہ . نمایاں یا ظاہر ہونا ، نمود پانا ؛ تکبر کرنا .

سر اٹھانا محاورہ .۱. جھکا ہوا سر اوپر کرنا ، سر اونچا کرنا ، سر ابھارنا .۲. چھوڑ کر لمحہ بھر کے لیے دوسری طرف توجہ کرنا ، کام کرتے کرتے دم لینا (کسی شغل میں) جھکی ہوئی گردن کو اوپر کرنا ، دوران کار میں دم بھر لیے ستانا ، فرصت یا مہلت پانا .۳. سرکشی کرنا ، حکم عدولی کرنا ، بغاوت کرنا مخالفت کرنا ، انحراف کرنا ، فتنہ برپا کرنا ، فساد اٹھانا .۴. اگنا ، پیدا ہونا .

سر اونچا کرنا ف مر : محاورہ .۱. بے باک ہو کر سامنے آنا ، روبرو ہونا سامنا کرنا .۲. عزت دینا ، سرخ رو کرنا .

سر اونچا ہونا محاورہ. سرافراز ہونا، معزز ہونا، سرخ رو ہونا.

سر آنکھوں پر/پہ م ف. بہ سروچشم، دل و جان سے، بخوشی، برغبت و رضا.

سر بھاری ہونا محاورہ. (بے خوابی، تھکن یا علالت کے باعث) سر بوجھل محسوس ہونا، سر گھومنا.

سر پانو / پاؤں / پانوں امذ. ابتدا و انتہا، آغاز و انجام، اوّل و آخر؛ اتا پتا، ٹھور ٹھکانا، معنی و مفہوم.

سر پانو نہ ہونا محاورہ. آغاز و انجام کا پتا نہ لگنا، ٹھور ٹھکانا نہ ہونا، ناقابل اعتبار ہونا، بے سروپا ہونا، بے بنیاد ہونا.

سر پٹخنا / پٹکنا محاورہ. ۱. (تکلیف، بے چینی یا اضطراب سے) سر کو دے دے مارنا، تلملانا، تڑپنا. ۲. بہت زیادہ سوچ بچار کرنا، غور و فکر کرنا، تلاش کرنا، جستجو کرنا. ۳. الٹا پھیرنا، واپس کرنا؛ غصے میں یا ناراضی میں پھینک دینا (کسی شے کو).

سر پر آنا ۱. بہت قریب آنا، نزدیک آجانا. ۲. جن بھوت وغیرہ کا کسی پر مسلط ہو کر اسے دیوانہ بنا دینا. ۳. ذمہ داری یا کفالت میں ہو جانا یا پڑ جانا. ۴. نازل ہونا (مصیبت، بلا وغیرہ)، بیتنا.

سر پر بٹھانا / بٹھلانا محاورہ. نہایت عزت و احترام سے پیش آنا، بہت آؤ بھگت کرنا، بے حد قدر و منزلت کرنا.

سر پر پانو رکھ کر بھاگنا محاورہ. بہت تیزی کے ساتھ فرار ہو جانا، ڈر کر یا سراسیمہ ہو کر تیزی کے ساتھ بھاگنا.

سر پر پڑنا محاورہ. ۱. ذمے ہونا، ذمہ داری یا کفالت میں آنا. ۲. مصیبت آنا، بلا نازل ہونا، بیتنا.

سر پر سوار ہونا محاورہ. کسی کے پاس ڈٹ کر بیٹھ جانا، پیچھا نہ چھوڑنا، پیچھے پڑ جانا، دل و دماغ پر مسلط ہونا، کسی بات کی دھن ہونا.

سر پر سینگ ہونا محاورہ. کوئی عجیب نشان ہونا، انوکھی علامت ہونا (کیا کے ساتھ بطور استفہام انکاری).

سر پیٹ لینا / پیٹنا محاورہ. ۱. سر پر ضرب لگانا، غصے کے مارے سر میں چوٹیں لگانا، دونوں ہاتھوں سے سر کو متواتر زد و کوب کرنا. ۲. نوحہ و ماتم کرنا یا مضطرب ہو ہو کر گریہ و زاری کرنا.

سر پیر کا ہوش نہ رہنا محاورہ. ہر بات سے بے خبر ہونا، انتہائی بے پروا ہونا.

سر پھٹول مث. سخت مار پیٹ، لٹھ بازی، ایسی لڑائی جس میں سر پھٹنے تک کی نوبت آجائے؛ (مجازاً) شدید نزاع.

سر پھرا صف. ۱. سرکش، نافرمان، ضدی، ہٹیلا. ۲. دیوانہ، باؤلا آدمی، خبطی. ۳. (مجازاً) ثابت قدم، دُھن کا پکا، مستقل مزاج.

سر پھوڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) کھوپڑی کو زخمی کرنا یا کسی چیز پر دے مارنا. (ii) (غم و حسرت وغیرہ سے) سر کو کسی چیز سے ٹکرانا، کھوپڑی یا سر کو دے دے مارنا. ۲. بہت جدوجہد کرنا، کوشش میں سخت مشقت جھیلنا، اپنی سی کرنے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھنا.

سر توڑ (الف) م ف. شدت کے ساتھ، پوری قوت کے ساتھ، تیزی و مستعدی کے ساتھ. (ب) صف. ۱. انتہائی، شدید، زوردار. ۲. سرپٹ، بہت تیز.

سر توڑ کوشش کرنا محاورہ. انتہائی کوشش کرنا، بہت زیادہ محنت سے کام لینا.

سر تھوپ دینا/تھوپنا محاورہ. ناحق ذمے لگانا، سر پر ڈالنا، سر منڈھنا.

سر جوڑ کے بیٹھنا /جوڑنا محاورہ. ۱. آپس میں مل کر بیٹھنا، باہم مشورہ کرنا، ایکا یا اتفاق کرنا، باہم ملنا، میل جول کرنا. ۲. جمع ہونا، اکٹھا ہونا، کسی کے خلاف سازش کرنا.

سر جھاڑ منھ پہاڑ / بھاڑ م ف. بال بکھرائے، بغیر کنگھی کیے، بغیر سنورے، اُجڑی ہوئی حالت میں، وحشیانہ حالت میں.

سر جھکانا محاورہ. ۱. عاجزی، انکساری سے گردن نیچی کرنا، تعظیم و تکریم کرنا. ۲. سجدہ کرنا، پرستش کرنا، معبود ماننا. ۳. شرمندگی کا احساس ہونا، شرم سے گردن جھکا لینا. ۴. دب جانا، اظہار اطاعت کرنا، حکم ماننا، انکساری سے سرخم کرنا، ہار ماننا.

سر جھکنا محاورہ. شرمندگی کے باعث سر نیچا ہونا، مغلوب ہونا، دبنا، عاجزی کا اظہار.

سر چڑھا صف. منھ لگا، گستاخ، مغرور، منھ زور.

سر چڑھا لینا / چڑھانا محاورہ. ۱. مان کرنا، چاؤ کرنا، عزت افزائی کرنا. ۲. منھ لگانا، بے تکلفی برتنا؛ گستاخ بنا دینا، بے ادب بنانا.

سر چڑھ کر / کے بولنا محاورہ. ظاہر کرنے پر مجبور ہونا، برملا بول پڑنا یا کہہ ڈالنا؛ بے خوف ہو کر بولنا، کسی بات کا اثر ازخود ظاہر ہونا، چھپائے نہ چھپنا.

سر چکرانا محاورہ. سر گھومنا، چکر آنا، نیم غشی اور ڈگمگاہٹ کی کیفیت ہو اور آس پاس کی چیزیں گھومتی ہوئی محسوس ہوں.

سر دھڑ کی بازی لگانا محاورہ. ۱. جان پر کھیل جانا، خود کو قربان کرنا. ۲. سخت محنت کرنا، جان توڑ کوشش کرنا.

سر دھننا محاورہ. ۱. بہت افسوس کرنا، رنج کرنا، تلملانا، پچھتانا، ماتم کرنا. ۲. مزے میں آکر جھومنا، لطف میں سر ہلانا، وجد کرنا، سرشار ہونا

سر سے ٹالنا محاورہ. ذمہ داری یا مصیبت سے کسی نہ کسی طرح جان چھڑانا؛ دُور دفع کرنا؛ پاپ کاٹنا.

سر سے سایہ اٹھنا/جانا محاورہ. کسی والی وارث کا مر جانا، لاوارث ہو جانا.

سر سے کفن باندھنا محاورہ. مرنے پر آمادہ اور مستعد ہونا؛ بے خوف موت کے خطرے کی طرف بڑھنا؛ جان پر کھیلنا.

سر سے گزرنا محاورہ. ۱. زندگی سے دست بردار ہونا، جان کی بازی لگانا، جان دینا. ۲. قامت سے اونچا ہو جانا، بہت بلند ہو جانا، قابو سے باہر ہو جانا. ۳. کسی معاملے کا انتہا پر پہنچ جانا.

سر کچل دینا / کچلنا محاورہ. سرکوبی کرنا، تباہ کر دینا، شکست دینا؛ مار ڈالنا؛ اصلی قوت زائل کر دینا.

سر سے گزرنا محاورہ. ۱. زندگی سے دست بردار ہونا، جان کی بازی لگانا، جان دینا. ۲. قامت سے اونچا ہو جانا، بہت بلند ہو جانا، قابو سے باہر ہو جانا.

سر کے بل / بھل م ف. ۱. سر نیچے اور سارا دھڑ اُوپر، سر کے سہارے، اوندھے منھ، سر کی طرف سے سجدہ کرنا، ڈنڈوت کرنا. ۲. ذوق و شوق سے، ادب و تعظیم، تابع داری اور مجبوری کے ساتھ. ۳. فوراً، اِسی وقت، جلدی سے. ۴. خوف و خطر کی وجہ سے، ڈر کر.

سر کھانا محاورہ. ۱. (بیکار بک بک سے) دماغ پراگندہ کرنا، بے معنی باتیں کرنا، شور غل یا بکواس سے ستانا، بلاوجہ پریشان کرنا، فضول غل مچانا، تنگ کرنا، بکواس کرنا. ۲. جان خطرے میں ڈالنا، مصیبت مول لینا، خود کو نقصان پہنچانا.

سر کھپانا محاورہ. ۱. بہت سمجھانا، فہمائش یا گفتگو میں اپنے دماغ کو تھکانا یا بوجھل کر لینا. ۲. (i) نہایت فکر اور تن دہی سے کام کرنا، سخت کوشش اور تدبیر سے اپنے آپ کو مصروف کرنا؛ کسی چیز کے متعلق خوب سوچنا، وفکر کرنا. (ii) ناحق کسی کام میں وقت ضائع کرنا یا خود کو بلاوجہ تھکا لینا

سر کھجانے کی فرصت / نہ ملنا / ہونا محاورہ. عدیم الفرصت ہونا بہت مصروف ہونا.

سر لینا محاورہ. ذمہ لے لینا (عموماً "اپنے" کے ساتھ مستعمل).

سر مارنا محاورہ. ۱. بہت سمجھانا یا کہنا، سمجھانے کی کوشش کرنا. ۲. چیخ کر اور گڑگڑا کر التجا کرنا، ناکامی سے پریشان ہوکر خوشامد اور عاجزی سے مطلب بیان کرنا. ۳. سر کو دے دے پٹکنا، سر کو کسی چیز سے ٹکرانا ۴. غور و فکر کرنا، سمجھنے کی کوشش کرنا. ۵. مصروفیت میں دل و دماغ کھپانا، ایسا یا اتنا کام کرنا جو دردِ سر ہو، (عموماً "سے" کے ساتھ)

سر منڈاتے ہی اولے پڑے / پڑ گئے کہاوت. آغاز ہوتے ہی نقصان پہنچا، شروع میں ہی کام بگڑ گیا، کام شروع ہوتے ہی خرابی پڑی.

سر نہ پیر م ف. آغاز نہ انجام، اتا نہ پتا، دلیل نہ ثبوت، بے اصل بے بنیاد.

سر نہوڑانا / نیہوڑانا ف مر؛ محاورہ. سر نیچا کر لینا، سر جھکانا.

سِرّ (کس س، شد نیز بلاشد) (الف) اند.

راز، بھید (ب) صف. جو چھپا ہوا ہو، مخفی. [ع].

سُر (ضم س) اند.

(موسیقی) منھ یا ساز کی اُونچی نیچی آواز کے ساتھ درجوں میں ہر ایک، آہنگ، درجہ، آواز کی بلندی و پستی.

سر تال سے م ف. موسیقی کے اصول کے مطابق، لے کے ساتھ

سر سنگیت اند. (موسیقی) گانا بجانا جو موسیقی کی تعلیم کے مطابق

سر ملانا محاورہ. ۱. (موسیقی) کسی آواز یا ساز کو دوسری سے ہم آ کرنا، معاون گلوکار یعنی آس دینے والے کا اپنی "آ آ آ" کی کو اصل گویے کے سر کے مطابق نکالنا؛ آواز ملانا، ساز کا سر موافق کرنا. ۲. ہم خیال ہونا، ہم نوائی کرنا، ساتھ دینا.

سَرا (۱) (فت س) امث؛ ~ سرائے.

۱. مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان (جس کی جگہ اب عموماً ہوٹل ہیں)، سرائے، مسافر خانہ، دھرم شالہ. ۲. (مجازاً) دنیا، جہان.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع

سَرا (۲) (فت س) اند.
گھر، خانہ، بطور لاحقہ تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: مہمان سرا.

سَرا (۳) (فت س) صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل؛ جیسے: نغمہ سرا، زمزمہ سرا.

سِرا (کس س) اند.
۱. کسی چیز کے شروع یا آخر کا کنارہ ۲. آغاز، ابتدا ۳. حصہ، جگہ.

سِرّاً (کس س، شدر، تن ا فت) م ف.
پوشیدہ طور پر، خاموشی کے ساتھ، چپکے سے، رازدارانہ (عموماً جہراً کے ساتھ مستعمل).

سَراب (فت س) اند.
۱. ریت یا تارکول جس پر دھوپ میں دور سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے. ۲. (مجازاً) معدوم، نیستی، فریب، دھوکا ہی دھوکا. [ع].

سَراپ (فت س) اند؛ امث.
بددعا، کوسنا. [س].

سَراپا (فت س) (الف) اند.
۱. قد و قامت ۲. وہ اشعار جن میں کسی کے اعضائے بدن کی تعریف سر سے پاؤں تک کی جائے. (ب) صف. سر سے لے کر پاؤں تک، ابتدا سے انتہا تک، ازل سے آخر تک؛ کلیۃً، بالکل، مجسم، مکمل.

سَرّاٹا (فت س، شدر) اند.
۱. (i) کسی چیز کی زوردار آواز، شور. (ii) تیزی کے ساتھ سرسر یا سرسراہٹ کی آواز تیز ہوا کی آواز ۲. پانی کی تیز دھار جس سے سرسر کی آواز نکلے، دھار آبشار ۳. پرند کے بازو کے وہ بڑے پر جن سے وہ اُڑتا ہے.

سِراج (کس س) اند.
۱. چراغ، روشنی، نور ۲. (کنایۃً) آفتاب. [ع].

سَراسَر (فت س، س) م ف.
اس سرے سے اُس سرے تک، کلیۃً، بالکل، تمام کا تمام. [ف].

سراسیمگی (فت س، ی مع، فت م) امث.
انتشار، دیوانگی کی کیفیت، پریشانی.

سَراسیمہ (فت س، ی مع، فت م). (الف) صف.
پریشان، حیران، مضطرب، متفکر، دیوانہ. (ب) م ف. پریشانی یا اضطراب کی حالت میں، گھبرا کر.

سُراغ (ضم س) اند.
۱. پتا، نشان، کھوج، علامت ۲. نقش قدم، آثار ۳. (i) دریافت، جستجو. (ii) سرا، ابتدا، آغاز. [ف].

سراغ رساں صف. جستجو کر کے پتا لگانے والا، نشان قدم یا آثار سے حقیقت دریافت کر لینے والا، کھوجیا.

سراغ رسانی امث. آثار، قیافے یا نشانات کی مدد سے واقعے کی حقیقت دریافت کرنا، تحقیقات کرنا، اصلیت کا پتا لگانا.

سراغ لگانا محاورہ. تحقیقات سے کسی بات یا شخص کا پتا چلا لینا، آثار یا نشان وغیرہ سے حقیقت واقعہ کا پتا دریافت کر لینا، تحقیقات یا جستجو کرنا.

سَرّانا (فت س، شدر) ف ل.
ہلکی ہلکی ہوا آنا، ہلکی ہلکی سانس آنا، ہوا کی وجہ سے درخت کے پتوں کا رگڑ کھا کے آواز دینا، چیونٹی یا جوں وغیرہ کا بدن پر آہستہ آہستہ چلتے معلوم ہونا، ہوا کا سائیں سائیں کرنا، ہوا کا لہرانا؛ کسی رقیق چیز کے جوش ہوتے وقت پانی کا آواز دینا، سرسرانا.

سَراہنا (فت س، سک ہ) ف م.
تعریف کرنا، توصیف یا قدردانی کرنا، شاباش کہنا، داد دینا.

•• **سَرائی** (فت س) امث.
گانا، بطور لاحقہ تراکیب میں مستعمل، جیسے: مدح سرائی، نغمہ سرائی.

سَرائے (فت س) امث.
مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان. مسافر خانہ.

سرائے فانی امث. فنا ہو جانے والا گھر؛ کنایۃً، دنیا.

سرائے کا کتا ہر مسافر کا یار کہاوت. غرض مند اور مطلب پرست ہر ایک سے گھُل جاتے ہیں، بے بنیاد لوگ ہمیشہ نئے طریقے بدلتے رہتے ہیں یعنی اپنے کو بڑا جانتے ہیں.

سَرایا (فت س) اند؛ ج.
۱. سریہ کی جمع ۲. اسلامی جنگ یا مہم جس کی قیادت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود نہ کی ہو بلکہ صحابی نے کی ہو. [ع].

سَرایَت (فت س، ی) امث.
۱. ایک چیز کے دوسری شے میں گھُل مل جانے، جذب ہونے، اثر انداز ہونے، سما جانے کا عمل، تاثیر، نفوذ، راسخ یا پیوست ہو جانا ۲. (طب) ایک انسان سے دوسرے انسان میں بیماری کا پہنچنا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مج = مجہول، مع = معروف، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سَرپَٹ (فت س، سک ر، فت پ). (الف) امث.
سواری) گھوڑے کی ایک تیز رفتار چال جس میں وہ سر اُوپر اُٹھا کر پیر ایک ساتھ اُٹھا کر دوڑتا ہے، چوکڑی، چہار تک، (مجازاً) تیز رفتاری.
ب) م ف ا. بہت تیز رفتاری کے ساتھ نہایت جلدی اور تیز دوڑتا ہوا.

سرپٹ دوڑنا محاورہ. تیز رفتاری سے جانا.

سُرت (ضم س، فت نیز سک ر) اند.
سدھ، دھیان، خبر؛ ہوش، عقل، شعور، سوجھ بوجھ. [س].

سَرٹیفِکٹ (فت س، سک ر، ی مع، کس ف، ک) اند؛ ~ سرٹیفکیٹ.
کسی امر کی توثیق یا تصدیق پر مشتمل تحریر، صداقت نامہ، سند، پروانہ. [انگ].

سَرجَری (فت س، سک ر، فت ج) امث.
جسم کی چیر پھاڑ کا عمل، جراحی. [انگ].

سَرجَن (فت س، سک ر، فت ج) اند.
عمل جراحی جاننے والا، آپریشن کرنے والا ڈاکٹر. [انگ].

سَرچارج (فت س، سک ر، ر) اند.
ا. زائد رقم، مزید رقم کا بار. ۲. بجلی کی فاضل رو. [انگ].

سَرچ لائٹ (فت س، سک ر، کس و) امث.
ا. بجلی یا بیٹری سے پیدا کی ہوئی وہ تیز رہنما روشنی جو دور کی چیز کو دیکھنے کے لیے دوربین شیشے کے ذریعے پھینکی جاتی ہے. ۲. (کنایۃً) حوالہ، رہنمائی. [انگ].

سُرخ (ضم س، سک ر) (الف) صف.
ا. جس کا رنگ شفق کی طرح ہو، لال رنگ کا، بھبوکا، چہچہا. ۲. (کنایۃً) کمیونسٹ نظریات کا حامل، اشتراکیت کا پیرو، سرخا. [ف].

سرخ باد/ بادہ اند. (طب) لال لال چکتے جو خون کی خرابی سے کھال پر ہو جاتے ہیں اور ان میں کھجلی اور جلن ہوتی ہے خصوصاً کانوں کے قریب خون کے جوش سے پیدا ہونے والا ورم، صفراوی ورم.

سرخ بتی امث. ا. لال رنگ کی باریک دستار. ۲. سڑک پر نصب لال رنگ کا ٹریفک سگنل کا نشان (جس کا مطلب یہ ہے کہ سواریوں کی آمد و رفت رکی ہوئی ہے).

سرخ سفید صف. گورا چٹا، گول مٹول، تن درست، موٹا تازہ.

سرخ کرنا ف مر. ا. جسم میں خون پیدا کر کے لال چقندر بنا دینا، کھال میں سرخی پیدا کر دینا، خوش خوراکی کے باعث سرخی آجانا. ۲. بہت غصہ دلانا، غصے میں منھ پر تمتماہٹ یا سرخی پیدا کر دینا. ۳. خوب بریاں کرنا پوری طرح سینکنا، کسی چیز کو اس طرح سینکنا یا گرم کرنا کہ اس پر سرخی نمودار ہو جائے.

سرخ ہونا ف مر. ا. لال ہو جانا. ۲. غصے میں لال ہو جانا، جوش میں بھر جانا. ۳. (طباخی) گھی یا تیل میں پکا کر لال کرنا. ۴. شرم آنا، جھجک ہچکچاہٹ پیدا ہونا، حجاب آنا، چہرے پر حیا کی سرخی دوڑ جانا.

سُرخا (ضم س، سک ر) اند؛ ~ سرخہ.
ا. گھوڑا جس کی کھال سفید، مائل بہ سرخی یا زعفرانی ہو نیز اس گھوڑے رنگ. ۲. ایک قسم کا آم جس کا چھلکا سرخ ہوتا ہے. ۳. (مجازاً) اشتراکیت پسند، اشتراکی، سوشلزم کا پیرو، کمیونسٹ (کیونکہ یہ خونی انقلاب کے قائل ہیں).

سُرخاب (ضم س، سک ر) اند.
سرخ رنگ کا ایک آبی پرندہ، چکوا، چکوی، سحام. ۲. (مجازاً) شان شوکت، اتراہٹ، خرچال. [ف].

سرخاب کا پر لگنا/ ہونا محاورہ. کوئی نادر یا انوکھی بات ہونا، کوئی امتیاز ہونا، کوئی خاص جوہر یا قابل ترجیح وصف ہونا (عموماً طنز کے موقع پر مستعمل).

سُرخُرُو (ضم س، سک ر، خ، و مع) صف.
ا. عزت و آبرو والا، بامراد، کامیاب. ۲. محترم و معزز. ۳. (وعدے ذمہ داری سے) عزت کے ساتھ فرض سے سبک دوش یا بری الذمہ
اف: کرنا/ ہونا.

سُرخُروئی (ضم س، سک ر، خ، و مع) امث.
کامیابی، عزت، آبرو، حرمت.

سُرخی (ضم س، سک ر) امث.
ا. سرخ رنگت، لال رنگت. ۲. (مجازاً) آنکھوں کے لال ڈورے ۳. مضمون، باب یا فصل وغیرہ کا عنوان، سرنامہ. ۴. (کتب خانہ)

مجموعہ الفاظ یا محاورہ جو کیٹلاگ کے اندراج کی ابتدا میں لکھے جاتے ہیں. ۵. چہرے، ہونٹوں یا ناخنوں کو لگانے کا سرخ رنگ ؛ خون.

سرخی مائل صف. لالی لیے ہوئے، تیز بھورا، جس میں کچھ سرخ رنگت شامل ہو.

سَرْد (فت س، سک ر) صف.
۱. ٹھنڈا، خنک (گرم کی ضد) ۲. جس میں شعلہ نور یا حدت نہ ہو. ۳. (i) بے جوش و خروش، ولولے سے خالی. (ii) نامرد، ڈھیلا، سست. ۴. مندا، دھیما، بے رونق. [ف].

سرد آہ امث. ٹھنڈی سانس.

سرد پڑنا محاورہ. بے رونق ہو جانا، جوش یا سرگرمی عمل باقی نہ رہنا، جوش واثر کا کم ہو جانا، کم وقعت اور بے اثر ہو جانا.

سرد جنگ امث. ۱. ذہنی یا دماغی لڑائی، نظریاتی جنگ ۲. سیاسی جنگ، زبانی جنگ، لڑائی جو بغیر اسلحہ کے لڑی جائے، ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈہ.

سرد خانہ امذ. ۱. ٹھنڈا تہ خانہ، مصنوعی طریقہ سے ٹھنڈا کیا ہوا کمرہ. ۲. کولڈ اسٹوریج ۳. مردہ خانہ، جہاں وقتی طور پر میت رکھی جائے.

سرد خانہ میں ڈالنا / رکھنا محاورہ. کسی کام کو عارضی طور پر روک دینا، ملتوی کرنا، کام میں دیر یا تاخیر کرنا، اِلتوا میں ڈال دینا.

سرد مہر صف. بے مروت، بے وفا، بے رحم، ظالم.

سرد مہری امث. بے رخی، بے مروتی، سنگ دلی.

سرد و گرم امذ. راحت اور تکلیف، نشیب و فراز، نرم و گرم، اُونچ نیچ.

سَرْدا (فت س، سک ر) امذ.
خربوزے کی طرح کا اور اُس سے کچھ بڑا اور کُھردرے چھلکے کا ایک پھل جس کا گودا خربوزے سے قدرے سخت ہوتا ہے. [سردہ کا ایک متبادل املا].

سَرْدائی (فت س، سک ر) امث.
(طب) دوا جو گرمی کے اثر کو دور کرنے کے لیے پی جائے.

سَرْدَہ (فت س، سک ر، فت د) امذ.
۱. سردا ۲. شراب کا پیالہ؛ شرابیوں کا صدر؛ کوئی پھل جو جلدی پکے. [ف].

سَرْدَئی (فت س، سک ر، فت د) صف.
۱. سبزی مائل زرد رنگ کا ۲. ٹھنڈا مشروب، سردائی.

سَرْدی (فت س، سک ر) امث. ۱. ٹھنڈک، خنکی، برودت ۲. جاڑے کا موسم ۳. لرزہ اور کپکپی (جو بخار کے ساتھ ہوتا ہے).

سردی چڑھنا محاورہ. لرزے کے ساتھ بخار آنا.

سَرْسام (فت س، سک ر) امذ.
(طب) ورم دماغ کا مرض جس میں شدت کا بخار ہوتا ہے اور مریض واہی تباہی بکنے لگتا ہے.

سَرْسامی (فت س، سک ر) صف.
۱. سرسام سے تعلق رکھنے والا، جو سرسام میں مبتلا ہو ۲. (کنایۃً) ذہنی کشمکش کا، اُتار چڑھاؤ والا، جنونی.

سَرْسَٹھ (فت س، سک ر، فت س) امذ.
ساٹھ اور سات کا عدد، ستر سے تین کم (عددوں میں) ٦٧.

سَرْسَرْ (فت س، سک ر، فت س، سک ر). (الف) امث.
۱. سائیں سائیں کی آواز ۲. تیز چلتی ہوئی چیز کی آواز؛ کسی رینگتے ہوئے جانور کی آواز. (ب) م ف. نہایت تیزی اور تیز رفتاری کے ساتھ. [حکایت الصوت].

سَرْسَرانا (فت س، سک ر، فت س) ف ل.
۱. سانپ نیز اسی قسم کے دوسرے کیڑوں کا رینگنا یا پیٹ کے بل چلنا. ۲. (i) ہوا کا سائیں سائیں کرنا؛ ہوا کے ہلکے ہلکے چلنے کی آواز. (ii) کسی چیز کے ہلنے کی آواز ۳. کسی کیفیت یا کسی بات سے خون میں جوش پیدا ہونا ۴. کلف دار یا کورا لٹھا یا ریشمی لباس کے رگڑ کھانے کی آواز.

سُرْسُرانا (ضم س، سک ر، ضم س) ف ل.
ناک کی ریزش بہنے کے سبب سڑکنا.

سَرْسَراہَٹ (فت س، سک ر، فت س، ہ) امث.
۱. (i) کسی کیڑے کے رینگنے کا احساس. (ii) کھجلی، خارش، چل. (iii) سانپ کے رینگنے کی آواز ۲. ہوا کے زور سے رگڑ کی آواز. ۳. جنبش، خیزش، تحریک، ہلچل، اُمنگ، تیزی ۴. پانی گرنے یا بہنے کی آواز. ۵. ریشمی کپڑوں یا کورے کاغذ کی آواز جو ایک دوسرے سے مس ہونے سے پیدا ہوتی ہے.

سَرسَری (فت س، سک ر، فت س) (الف). م ف؛ صف.
اجمالی طور پر یا مختصر طور پر، مختصراً یا مجملاً، معمولی طور پر. (ب) مث.
عدالت خفیفہ، عدالت جس میں چھوٹے چھوٹے مقدمات کیے جائیں.

سرسری طور ہو م ف. آسان طریقہ سے، رواروی میں، بغیر سوچے سمجھے، یونہی.

سرسری نظر مث. کسی چیز کو مجملاً دیکھنا، رواروی کی نظر.

سُرسُری (ضم س، سک ر، ضم س) مث.
۱. معمولی خیزش، جنبش. ۲. جوں کی طرح کا مگر اس سے کسی قدر موٹا سرخ کیڑا جو برسات کے موسم میں اناج میں لگ جاتا ہے، سوڑی سنڈی.
۳. بدن کی سنسناہٹ؛ آتش بازی کی چھچھوندر.

سَرسوں (فت س، سک ر، وج) مث.
زرد نیز سرخ رنگ کا ایک بہت چھوٹا سا بیج جس سے کھانے کا تیل نکلتا ہے اور جس کے پودے میں زرد رنگ کے پھول لگتے ہیں نیز اس کا پودا اور ساگ. [پ].

سرسوں پھولنا محاورہ. ۱. سرسوں کے پودے پر زرد رنگ کے پھول آنا، زرد ہی زرد نظر آنا. ۲. کسی کیفیت کا نظر میں سمانا، خوشی سے پھولے نہ سمانا، سرخوشی کے عالم میں ہونا.

سرسوں کا ساگ مذ. سرسوں کے پودے کے پتے اور ڈالیاں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں (رنگ سبز اور مزہ تیز اور قدرے تلخ ہوتا ہے).

سَرِشت (فت س، کس ر، سک ش) مث.
۱. فطرت، طینت، جبلت، خلقت، پیدائش. ۲. خو، عادت، خواص، خاصہ، انداز، ترکیب؛ بنیاد. [ف].

سَرِشتہ (فت س، کس ر، سک ش، فت ت) (الف) مذ.
۱. رواج، طریقہ، دستور. ۲. (i) دفتر، محکمہ. (ii) کچہری، عدالت. (ب) صف.
مربوط، ہم رشتہ، منسلک.

سرشتہ دار مذ. پیش کار، میر منشی.

سِرِشک (فت نیز کس س، کس ر، سک ش) مذ.
آنسو، اشک، قطرہ. [ف].

سَرطان (فت س، سک ر) مذ.
۱. جسم انسانی کی ایک بیماری جس میں خلیوں میں بگاڑ پیدا ہو کر خون کے سرخ سفید ذرات کا توازن بگڑ جاتا ہے، کینسر. ۲. کیکڑا، ایک آبی کیڑ جو عام مینڈک سے چھوٹا مکڑی یا بچھو سے مشابہ ہوتا ہے، خرچنگ، پنج پایہ، ہشت پا. ۳. چوتھے برج فلکی کا نام جو بہت سے ستارے ملنے سے کیکڑے کی شکل کا بن جاتا ہے. ۴. (کنایتہً) پریشان کن جان لیوا، مصیبت میں ڈالنے والا. [ع].

سُرعَت (ضم س، سک ر، فت ع) مث.
۱. جلدی، تیزی، پھرتی، تعجیل، شتابی. ۲. تیزی سے حرکت، تیز رفتاری [ع].

سرعت انزال مذ. (طب) نر کی ایک جنسی بیماری جس میں انزال بہت جلد ہو جاتا ہے.

سُرفہ (ضم س، سک ر، فت ف) مث.
کھانسی. [ع].

سَرقہ (فت س، سک ر، فت ق) مذ.
۱. کسی کے مال پر بلا اجازت یا تصرف اس طور پر کہ اسے پتا نہ چلے چرانے کا کام، چوری، قزاقی. ۲. (علم معانی) دوسرے کے کلام مضمون کو (بغیر ماخذ بتائے ہوئے) اپنے کلام میں شامل کر لینا. [ع

سِرکا (کس س، سک ر) مذ.
گڑ، گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھاتے ہیں، سرکہ.

سِرکار (فت س، سک ر) مث.
دیکھیے: سر (ا) کے تحت.

سرکار دوجہاں / دو عالم مذ. دونوں جہانوں کا سردار؛ (کنایتہً) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

سَرکاری (فت س، سک ر) (الف) صف.
حکومت کا، سرکار سے منسوب، حکومت سے متعلق. (ب) مث. بندوبست انتظام، سربراہی، مختاری.

سرکاری زبان مث. رائج الوقت تحریری زبان جس میں حکومت کام کیے جائیں.

سرکاری گواہ مذ. (قانون) عدالت کی کارروائی میں وہ شخص جو اپنے ساتھی مدعا علیہ کے بجائے حکومت کی طرف سے صفائی پیش کرنے لیے سامنے آتا ہے اور حکومت اس کا جرم معاف کر دیتی ہے.

سرکاری مہمان مذ. حکومت کا مہمان؛ (کنایتہً) قیدی.

سَرکانا (فت س، سک ر) ف م.
۱. کھسکانا، ایک طرف کرنا. ۲. چپکے سے غائب کر دینا، چھپا دینا، چرا لینا.

سَرکِٹ (فت س، سک ر، کس ج ک) اند.
۱. علاقہ، دائرہ عمل. ۲. کسی مقام کے چند برقی تنصیبات کا دائرہ کار جن میں ایک مین سوئچ یا جوائنٹ میں سوئچ کے تاروں سے برقی رو پہنچے نیز وہ پرزہ جس سے یہ سب تار متصل ہوں. [انگ].

سَرکَس (فت س، سک ر، فت ک) اند.
تربیت یافتہ آدمی (مرد و زن) اور سدھے ہوئے جانوروں کے حیرت انگیز اور سنسنی خیز جسمانی کرتبوں کا تماشا. [انگ].

سَرکِل (فت س، سک ر، کس ک) اند.
۱. حلقہ، دائرہ. ۲. (i) میدان عمل، دائرہ کار. (ii) انتظامی علاقہ (بیشتر مرکبات میں). [انگ].

سَرکُلَر (فت س، سک ر، ضم ک، فت ل) اند.
گشتی حکم نامہ، مراسلہ جو متعلقہ دفاتر یا افراد کو جاری کیا جائے. ۲. دَوری، دائرہ نما؛ دَوری راستے پر چلنے والا. [انگ].

سَرکنا (فت س، ر، سک ک) ف ل.
۱. ہٹنا، چپکے سے کھسک جانا، ٹل جانا. ۲. بھاگ جانا، رخصت ہونا، چلتا بننا. ۳. (i) کھسکنا. (ii) کپڑے یا چادر وغیرہ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا، چڑھ جانا.

سَرکَنڈا (فت س، سک ر، فت ک، سک ن) اند.
۱. ایک قسم کی لمبی اور پتلی پتی والی گھاس کے پھول کا ڈنٹھل جو دس بارہ فٹ لمبا اور ہاتھ کی انگلی کے برابر موٹا ہوتا ہے (عموماً چھپر اور بعض دیگر چیزیں بنانے میں کام آتا ہے)، نرکل. ۲. (تعلیم) نرکل کی ایک قسم جس سے قلم بنائے جاتے ہیں. [س].

سِرکَہ (کس س، سک ر، فت ک) اند. ~ سرکا.
گڑ، گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھاتے ہیں.

سَرگَم (فت س، سک ر، فت گ) امث.
۱. (موسیقی) ساز کے پردوں کی سات مختلف آوازیں، سات سروں کا مجموعہ. ۲. (مجازاً) کسی مسئلے کی ابتدائی منزل یا الف ب ت. [س].

سَرما (فت س، سک ر) اند.
سردی کا موسم، جاڑا، سردی. [ف].

سَرمائی (فت س، سک ر) صف.
جاڑے کا یا اس سے متعلق، سردی کے موسم کا.

سَرمایَہ (فت س، سک ر، فت ی) اند.
۱. دھن دولت، روپیہ پیسا اور سامان وغیرہ، نقد اور املاک، ذخیرہ. ۲. زر اصل، راس المال، پونجی. [ف].

سرمایہ افتخار اند. چیز جس پر فخر کیا جائے.

سرمایہ حیات اند. زندگی کی کمائی، تمام عمر کی کاوش کا حاصل.

سرمایہ دار صف. ۱. مال و دولت رکھنے والا، دولت مند، امیر، اہل ثروت. ۲. مالا مال (کسی چیز سے) کوئی شے وافر مقدار میں رکھنے والا، مال دار. ۳. کارخانے یا فیکٹری کا مالک یا بڑا سوداگر جس کی آمدنی کثیر ہو، امیر کبیر (مزدور کی ضد).

سرمایہ دارانہ صف. سرمایہ دار سے منسوب یا متعلق، سرمایہ داری کا.

سرمایہ دارانہ تنظیم/ نظام اند. معاشی نظام جس میں پیداوار اور تقسیم پیداوار کے ذرائع حکومت کے بجائے چند افراد کے قبضہ و اختیار میں ہوں.

سرمایہ کار صف. (بینکاری) کاروبار میں پونجی لگا کر دولت کمانے والا، سرمایہ لگانے والی اسامی.

سرمایہ کاری امث. صنعت و حرفت یا تجارت کے کاروبار میں روپیہ لگانے کا عمل، روپیہ لگانا.

سَرمَد (فت س، سک ر، فت م) (الف) صف.
ہمیشہ قائم رہنے والا، جس کو بقا اور پائداری ہو، مستحکم. (ب) اند. قادر مطلق، خدائے تعالیٰ. [ع].

سَرمَدی (فت س، سک ر، فت م) صف.
سرمد سے منسوب و متعلق، دائمی، دوامی.

سُرمگیں (ضم س، سک ر، فت م، ی مع) صف.
۱. جس میں سرمہ لگا ہو (آنکھ کے لیے مستعمل). ۲. سرمے کے رنگ کا، سیاہ.

سُرْمَہ (ضم س، سک ر، فت م) (الف) اند.

۱. ایک سیاہ چمک دار پتھر نیز اس کا میدے کا سا پیا ہوا سفوف جو تقویت چشم یا آرائش کے لیے آنکھوں میں لگاتے ہیں. ۲. سیسے یا سیاہ پتھر کی باریک سلائی جسے مشینوں سے گول ہموار لکڑی میں رکھ کر پنسل بناتے ہیں، پنسل کے اندر کی سلائی جو عموماً کوئلے اور سرمے وغیرہ سے بنائی جاتی ہے. (ب) صف. نہایت باریک سفوف. [ف].

سرمہ بنا دینا/ بنانا ف مر؛ محاورہ. ۱. پیس کر بالکل میدا سا کر دینا، ختم کر دینا، برباد کر دینا. ۲. محترم بنا دینا، باوقار کر دینا.

سرمہ چرانا محاورہ. بہت صفائی اور اُستادی کے ساتھ چوری کرنا یا دھوکا دینا، چوری میں مہارت رکھنا.

سرمہ دان/ دانی اند. سرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف، کحل دان، سرمہ رکھنے کی ڈبیا.

سرمہ کر دینا / کرنا محاورہ. پیس ڈالنا، سرمے کی طرح پیس ڈالنا؛ نام و نشان تک نہ چھوڑنا.

سُرْمئی (ضم س، سک ر، فت م) صف.

۱. سرمے کے رنگ کا، سرمہ گیں. ۲. ایک کبوتر جس کا رنگ سرمئی ہوتا ہے. ۳. مچھلی کی ایک قسم.

سرمئی تحریر امث. (مغلائی گری) سرمے کی دھاریاں جو آنکھ کے پپوٹے کی کوروں پر سلائی سے بنائی جاتی ہیں.

سُرْمے (ضم س، سک ر) اند.

سرمہ کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سرمے کی تحریر صف. سرمے کی وہ لکیر جو سلائی سے آنکھ میں کھینچتے ہیں، خط سرمہ.

سَرْنام (فت س، سک ر) صف.

مشہور، نام ور، ممتاز؛ خاندانی نام. [انگ].

سِرِنْج (فت س، کس ر، غنہ) امث.

آلہ جس سے ٹیکہ لگاتے ہیں، پچکاری. [انگ].

سَرِنْڈَر (فت س، کس نیز ج ر، سک ن، فت ڈ) اند.

سپردگی، دست برداری، قبول اطاعت. [انگ].

سُرَنْگ (ضم س، فت ر، غنہ) اند؛ امث.

۱. زیر زمین یا پہاڑ کے اندر کھود کر بنایا ہوا راستہ؛ (مجازاً) سوراخ کسی شے کے اندر بنایا جائے، نقب. ۲. زیر زمین نالی جس میں کی فوج کو اُڑانے کے لیے بارود بھر دیا جاتا ہے. [پ].

سرنگ بچھانا محاورہ. زمین کے اندر نالی بنا کر اس میں بارود بھرنا، بحری راستوں میں مسالے وغیرہ کی بارود سے بھری ہوئی نالی پھیلا

سَرْو (فت س، سک ر) اند.

۱. ایک سیدھا لمبا خوش نما سوئی کی طرح نکیلی پتیوں والا مخروطی شکل درخت جس کی شاخیں آپس میں ملی ہوئی نیچے سے اُوپر تک ایک مینار یا ستون کی سی شکل بناتی ہیں جو کہیں نیچے اور کہیں درمیان پھیلا ہوا اور اُوپر کی طرف مخروطی شکل میں نوک دار سا ہوتا ہے (شعرا اس سے قامت محبوب کو تشبیہ دیتے ہیں). ۲. (استعارۃ) معشوق نیز معشوق. [ف].

سرو اندام صف. خوش قامت، سرو قد، سرو کی طرح کا سیدھا اور

سرو قامت/ قد اند. پورے قد کے ساتھ استادہ (تعظیم کے لیے کھڑے ہونے کے موقع پر مستعمل)، بلند قامت.

سُرُوپ (ضم س، و مع) صف.

حسین، خوب صورت، سڈول. [پ].

سَرَوتا/ سروتہ (فت س، ولین نیز ج / فت ت) اند.

چھالیا، گنڈیریاں وغیرہ کترنے کا دہرے دستے کا دھار دار آہنی اوزار. [پ].

سُرُود (ضم نیز فت س، و ج نیز مع) اند.

(موسیقی) بغیر پردوں کا ستار، مضراب سے بجایا جانے والا باجا، بربط؛ (کنایۃً) نغمہ. [ف].

سُرُود (ضم س، و مع) اند.

گیت، نغمہ، راگ نیز گانا بجانا، چند افراد کا ایک ساتھ جوش و مستی میں طرب انگیز نغمے الاپنا.

سَرْوَر (فت س، سک ر، فت و) اند.

سردار، بادشاہ، امیر و حاکم، قائد، پیشوا. [ف].

سرورِ عالم/کائنات/کونین اند. مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

سُرُور (ضم س، و مع) اند.
۱. دل و دماغ کی شگفتگی یا سکون بخش کیفیت، خوشی، فرحت، انبساط، کیف، سرشاری. ۲. نشے کا چڑھاؤ، ہلکا سا نشہ جو پُر کیف ہو. [ع].

سرور آنا محاورہ. نشہ ہونا کیف طاری ہونا.

سَرْوَرِی (فت س، سک ر، فت و) امث.
سرداری، قیادت، حکومت، بادشاہت، پیشوائی.

سَرْوِس (فت س، سک ر، کس و) امث.
۱. ملازمت، نوکری. ۲. خدمت (رضاکارانہ ہو یا بہ اجرت) نیز اس خدمت کا عہدہ. ۳. خدمت عوام کا سرکاری یا پبلک محکمہ نیز اس کا کام (جیسے: سول سروس، ہوائی وغیرہ). ۴. کسی چیز، مشین وغیرہ کو ازسرنو بنانا، مرمت کرنا، درست کرنا. ۵. کھیل کے آغاز کرنے کا عمل (مثلاً ٹینس، بیڈمنٹن، اسکواش وغیرہ). [انگ].

سروس بک امث. محکمے کے دفتر کی وہ کتاب جس میں ملازم کی ملازمت، چال چلن، کارکردگی، چھٹیوں کی تفصیل اور ترقی وغیرہ کے متعلق باتیں درج ہوتی ہیں.

سَرُوش (فت س، و مج) اند.
۱. وحی لانے والا فرشتہ؛ جبرئیل علیہ السلام، فرشتہ؛ غیبی آواز، آسمانی آواز. ۲. (مجازاً) مژدہ، خوش خبری. [ف].

سَرَوْلی (فت س، و لین) اند.
ایک قسم کا قلمی آم جس کی قلم دہلی کے نواح میں قصبہ سرولی سے شروع ہوئی.

سَرْوے (فت س، سک ر) اند.
۱. (i) (زمین کی) پیمائش کا کام، مساحت (جغرافیائی یا طبقاتی مقاصد کے لیے). (ii) مساحت کا شعبہ نیز عملہ. ۲. کسی چیز، کام یا شعبے وغیرہ کا جائزہ، جانچ پڑتال تحقیقات یا اعداد و شمار کی فراہمی (اندازہ لگانے کے لیے). [انگ].

سِرْہانا/سِرْہانہ (کس نیز فت س، سک ر/فت ن) اند.
۱. سر کی طرف کا حصہ جدھر تکیہ ہوتا ہے، بالیں (پائنتی کا نقیض) ۲. تکیہ. [پ].

سَرْہَنْگ (فت س، سک ر، فت ہ، غنہ) امث.
۱. سردار فوج، کپتان، ہراول، سپہ سالار. ۲. سپاہی. ۳. پہلوان؛ اکھڑ. [ف].

سِری (کس س) امث.
بھیڑ بکری وغیرہ کا سر یا کلہ جو ذبح کر کے جسم سے جدا کر لیا جائے، ذبح کیے ہوئے جانور کا سر. ۲. (ہندو) (جناب اور حضور وغیرہ کی طرح) بزرگوں کے نام سے پہلے لکھنے کا ایک اعزازی کلمہ (جیسے: سری رام چندر). [س].

سری پائے اند. ذبح کیے جانور کا سر، کلہ اور پائے نیز اس کا سالن.

سِرے (کس نیز فت س) اند.
سرا، ابتدا، شروع (سرا کی مغیرہ حالت) تراکیب میں مستعمل.

سرے سے م ف. ۱. ابتدا سے، آغاز ہی سے، پھر سے. ۲. بالکل، کلیۃً، مطلق.

سَرِیا (فت س، کس نیز سک ر) اند؛ امث.
لوہے یا کسی اور دھات کی سلاخ یا لمبی چھڑی. [س].

سُرْیانی (ضم س، سک ر) امث.
ایک قدیم زبان، یہود و نصاریٰ کی مذہبی زبان، سامی نسل کی ایک قدیم شامی زبان.

سَرِیر (فت س، ی مع) اند.
۱. تخت شاہی، شاہی گدی یا مسند وغیرہ، سنگھاسن (مجازاً) بادشاہ یا حکومت. [ع].

سَرِیش (فت س، ی مج) اند.
جانوروں کے پٹھوں سے نکلی ہوئی لیس دار چیز جس سے لکڑی وغیرہ جوڑتے یا چپکاتے ہیں نیز تالیفی مسالہ. [ف].

سَرِیع (فت س، ی مع) صف.
(لفظاً) ہر کام میں جلد بازی کرنے والا، سرعت والا، جلد باز، عجلت پسند، سیماب طبع. [ع].

سریع الاثر/التاثیر صف. بہت جلد اثر کرنے والا، زود اثر، تیز و تند.

سریع الہضم صف. زود ہضم، جلد ہضم یا جزو بدن ہو جانے والا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سُریلا (ضم س، ی مع) صف.
دل کش آواز والا، خوش گلو، مترنم، خوش آواز.
سریلا پن اند. نغمگی، خوش الحانی، ترنم.

سُریلی (ضم س، ی مع) صف مث.
سُر اور نغمگی رکھنے والی، دل کش آواز والی.

سُرین (ضم س، ی مع) اند.
پٹھا، چوتڑ، کوت، سرون، کونسہ. [ف].

سَرِیَّہ (فت س، کس ر، شد ی بفت) اند.
دشمن کی نقل و حرکت کا جائزہ لینے کے لیے متعین فوج کا دستہ جس میں تین سے لے کر پانچ سو تک سپاہی ہوں. (حدیث) جہاد یا دفاعی اسلامی جنگ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود شریک نہ ہوں اور کسی صحابی کو سالار بنا کر بھیج دیا ہو. [ع].

سَڑا (فت س) صف.
۱. سڑا ہوا، جس میں سڑاند آ گئی ہو. ۲. گلا ہوا، بوسیدہ، خراب، پرانا دھرانا.
سڑا بسا صف. ۱. باسی جس میں بو پیدا ہو گئی ہو. ۲. پرانا، فرسودہ.

سِڑا (کس س) اند.
خبطی، سڑی، سودائی، پاگل، دیوانہ، جنونی.

سَڑانا (فت س) ف م.
۱. سڑنا کا متعدی، گلانا، بدبودار کرنا. ۲. کسی کو اتنی مدت جیل یا قید و بند میں ڈالے رکھنا کہ اس کی حالت غیر ہو جائے. ۳. ڈال رکھنا، رکھ چھوڑنا.

سَڑاند/ سَڑاندھ (فت س، غنہ) مث.
۱. سڑی ہوئی چیز کی بدبو یا تعفن. ۲. برائی، خرابی، نجاست، غلاظت. [س].

سُڑپ (فت نیز ضم س، فت ڑ) مث.
کسی رقیق چیز کے پینے یا جلد کھانے کی آواز، چسکی (تراکیب میں مستعمل). [حکایت الصوت].

سَڑسٹھ (فت س، سک ڑ، فت س، سک ٹھ) اند.
ساٹھ اور سات کا مجموعہ، تین کم ستر، ۶۷.

سَڑک (فت س، ڑ) مث.
۱. لوگوں کے پیدل یا سواری میں چلنے کا باقاعدہ بنا ہوا راستہ، شارع، گزرگاہ، عام راستہ. ۲. (مجازاً) روش، ڈھنگ، اسلوب. [پ].

سُڑکنا (ضم س، فت ڑ، سک ک) ف م.
۱. سڑ سڑ کر کے حلق میں اتار لینا، پی جانا. ۲. تلوار میان سے نکلنا؛ ناک میں دوائی چڑھانا.

سَڑَن (فت س، ڑ) مث.
۱. گلنے یا سڑنے کی کیفیت، سڑنا بسنا.

سِڑَن (کس س، فت ڑ) مث.
دیوانی، پاگل عورت، سڑی کی تانیث.

سَڑنا (فت س، سک ڑ) ف ل.
۱. (i) زیادہ عرصہ رکھا رہنے یا زیادہ گرمی کی وجہ سے اکثر کسی چیز کا گلنا، خراب ہونا، بدبو پیدا ہونا، داغ دار ہونا یا رنگ اور مزہ بدل جانے کے سبب ناقابل استعمال ہو جانا، بوسیدہ اور بے کار ہو جانا، گل جانا، بے کار اور نکما ہو جانا. (ii) بدبو پھیلنا، فضا کا آلودہ ہونا، عفونت.
۲. پڑے پڑے خراب و خستہ ہو جانا، ایک ہی جگہ پڑا رہنا، سخت اذیت برداشت کرنا، کرب ناک زندگی بسر کرنا. ۳. (مجازاً) جلنا، حسد کرنا.

سَڑی (فت س) صف.
بوسیدہ، خراب، گلی ہوئی، بدبودار.
سڑی گرمی مث. سخت گرمی.

سِڑی (کس س) صف.
پاگل، دیوانہ، مجنوں، مخبوط الحواس؛ (مجازاً) بے وقوف. [س].

سَڑِیل (فت س، سک ڑ، فت ی) صف.
۱. بے ڈھنگا، خراب، خستہ، ادنیٰ درجے کا، بہت معمولی، خراب و خستہ، ردی. ۲. فرسودہ، پرانا، دقیانوسی. ۳. بوڑھا، کمزور، لاغر.

سَزا (فت س) مث.
ایذا جو برائی کے عوض میں دی جائے، پاداش، برائی کا بدلہ. ۲. (مجازاً) قید. (ب) صف. زیب دینے والا، زیبا، لائق. [ف].
سزا بھگتنا محاورہ. کیے کا نتیجہ پانا، برے اعمال کا نتیجہ برداشت کرنا.
سزا ے موت مث. پھانسی کی سزا، سزا جس میں کسی جرم کے بدلے میں موت کے گھاٹ اتارنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

سزاوار صف. مستحق ، لائق ، اہل ، قابل ، مناسب .

سزا یافتہ صف. جو پہلے سزا پاچکا ہو ، جس نے سزا پائی ہو .

سُسْت (ضم س ، سک س) صف.
۱. ناتواں ، کمزور ؛ کاہل ، کام میں دیر لگانے والا ، احدی ؛ بے عمل .
۲. ناپائیدار ، ڈھیلا ۳. ماندہ ، نڈھال ، مضمحل . [ف] .

سست الوجود اند : صف . کاہل ، مضمحل اور نڈھال طبیعت رکھنے والا .

سَسْتا (فت س ، سک س) صف مذ.
۱. کم قیمت ، ارزاں ، کم داموں کا ۲. (i) کم قدر ، کم رتبہ ، غیر معیاری .
(ii) گھٹیا ، ادنیٰ درجے کا . [س] .

سستا چھٹنا/چھوٹنا محاورہ. کم نقصان اٹھانا ، آسانی سے جان بچنا .

سستا روئے بار بار ، مہنگا روئے ایک بار کہاوت. سستی چیز جلد خراب ہو جاتی ہے اور اس کو خریدنے کے بعد بار بار پریشانی ہوتی رہتی ہے جب کہ مہنگی چیز پر ایک دفعہ خرچ کرنے کے بعد سہولت رہتی ہے .

سَسْتانا (فت س ، سک س) ف ل.
۱. دم لینا ، آرام کر کے تازہ دم ہونا ، تکان دور کرنا ۲. ٹھہرنا ، قیام کرنا .

سَسْتی (فت س ، سک س) صف مث.
۱. ارزاں ، کم قیمت ۲. گھٹیا ، غیر معیاری ، نقصان دہ .

سستی شہرت امث. گھٹیا شہرت.

سُسْتی (ضم س ، سک س) امث.
۱. کاہلی ، ڈھیلا پن ، نڈھال ۲. کمزوری .

سِسْٹَم (کس س ، سک س ، فت ٹ) امذ.
طریقہ ، اصول ، نظام ، قاعدہ ، ضابطہ . [انگ] .

سُسُر (فت نیز ضم س ، ضم نیز فت س) امذ.
۱. شوہر یا بیوی کا باپ ، خسر . [س] .

سُسْرا (ضم س ، سک س) امذ.
۱. شوہر یا بیوی کا باپ ۲. کلمۂ تحقیر ، گالی .

سُسْرال (ضم س ، سک س) امث.
۱. بیوی یا شوہر کا کنبہ ، گھر یا خاندان . [س] .

سسرال کا کتا امذ. وہ داماد جو سسر کی روٹیوں پر پڑا رہے ، گھر داماد .

سُسْری (ضم س ، سک س) امث.
۱. ساس ۲. گالی ، کلمۂ تحقیر .

سِسَک (کس س ، فت س) امث.
ہچکی ، سسکی .

سسک سسک کر م ف. بہ وقت تمام ، بہت مشکل سے ، تکلیف وغیرہ کے ساتھ .

سِسْکارْنا (کس س ، سک س ، ر) ف م.
۱. سسکی بھرنا ، ہچکیاں لینا ۲. اذیت اٹھانا.

سُسْکارْنا (ضم س ، سک س ، ر) ف م.
۱. بچے کو پیشاب کراتے وقت منھ سے "سوسو" کی آواز نکالنا ۲. کتے کو کسی پر حملہ کرنے کے لیے اکسانا.

سِسْکاری (کس س ، سک س) امث.
سسکی ؛ کتے کو جھپٹانے یا لپکانے کی آواز .

سسکاری بھرنا محاورہ. آہِ سرد کھینچنا ، درد یا تکلیف سے منھ سے سس کی آواز نکالنا .

سِسْکانا (کس س ، سک س) ف م.
کسی چیز کے دینے میں بخل سے کام لینا ، کنجوسی کرنا ، تھوڑی تھوڑی دینا ، ترسانا ، پریشان کرنا ، اذیت دینا ، تکلیف پہنچانا ، دکھ پہنچانا .

سِسَکْتا (کس س ، فت س ، سک ک) صف مذ.
خاتمہ کے قریب ، اذیت میں ، تڑپتا ہوا ؛ روتا بسورتا ، ہچکیاں لیتا.

سِسَکْتی (کس س ، فت س ، سک ک) صف مث .
دم توڑتی ہوئی ، ذرا ذرا سانس لیتی ہوئی ، مرنے کے قریب ہونا (تراکیب میں مستعمل) .

سِسَکْنا (کس س ، فت س ، سک ک) ف ل.
۱. (i) (تکلیف میں) ہچکیوں کے ساتھ ذرا ذرا سا سانس لینا ، رُک رُک کر سانس لینا ، سخت اذیت سے گزرنا ، مسلسل دکھ درد اُٹھانا .
(ii) جاں کنی کی سی تکلیف میں مبتلا ہونا ، نزع کی کیفیت میں ہونا ، مرنے کے قریب ہونا . [س] .

سِسْکی (کس س ، سک س) امث.
۱. آواز جو تکلیف میں منھ بھینچ کر نکالی جائے ، سانس کو روک روک کر

رونے کی آواز، ہچکی، سسکاری .۲. نزع کی ہچکی، موت کی ہچکی . [س] .

سطح (فت س، سک ط) امث : اند .
ہر چیز کا بالائی رُخ، اوپری رُخ، میدان، نیز چھت، فرش .۲. (مجازاً) ظاہری مقام .۳. درجہ، حیثیت . [ع] .

سطح مرتفع امث . پہاڑی علاقہ، اونچی اٹھی ہوئی بلند سطح، وہ زمین جو اپنے گرد و پیش کی زمین سے بہت اونچی واقع ہوئی ہو .

سَطحی (فت س، سک ط) صف .
۱. اوپری، رواروی، سرسری، جس میں گہرائی نہ ہو، بے وزن ؛ عامیانہ .۲. سطح سے منسوب، سطح سے تعلق رکھنے والا، سطح کا، فرشی، زمینی .

سَطحِیَّت (فت س، سک ط، کس ح، شد ی بفت) امث .
کسی چیز کی سرسری یا اوپری شکل، سرسری پن، اوپری پن .

سَطر (فت س، سک ط) امث .
۱. ایک سیدھ میں لکھی ہوئی عبارت، حرفوں یا لفظوں کی قطار، لکیر، خط کھنچنا .۲. نوشتہ، تحریر، خالی جگہ جہاں کچھ تحریر کیا جائے . [ع] .

سَطوَت (فت س، سک ط، فت و) امث .
۱. رعب و دبدبہ، قہر، شان، حکومت کا وقار .۲. غلبہ، برتری، تسلط .

سُطُور (ضم س، و مع) امث : اند : ج .
سطریں، لکیریں .

سَعادَت (فت س، د) امث .
۱. نیک فالی، نیک اور اچھے اثرات ہونا (نحوست کی ضد) .۲. خوش قسمتی، اقبال مندی، خوش نصیبی .۳. نیک ہونا، سعید ہونا، نیکی، بھلائی (شقاوت کی ضد) . [ع] .

سعادت مند صف . نیک بخت ؛ مطیع، وفادار ؛ خدمت گزار (اولاد، خورد، یا خادم وغیرہ)، فرماں بردار ؛ خوش کردار .

سعادت مندی امث . فرماں برداری، نیک بختی .

سَعْد (فت س، سک ع) صف .
نیک، مبارک، برکت والا . [ع] .

سَعْدَین (فت س، سک ع، ی لین) اند .
(نجوم) دو مبارک سیارے، زہرہ و مشتری .

سَعْی (فت س، سک ع نیز ی مع) امث .
۱. دوڑ، دوڑنا .۲. محنت، دوڑ دھوپ، کوشش، جدوجہد .۳. (فقہ) حج اور عمرہ میں صفا اور مروہ پہاڑیوں کے درمیان چلنا اور کچھ حصے میں دوڑنا . [ع] .

سعی رائگاں امث . لا حاصل، ناکام کوشش، لاحاصل دوڑ دھوپ .

سَعِید (فت س، ی مع) صف .
۱. نیک بخت، خوش قسمت .۲. نیک، خوش کردار، اطاعت گزار، لائق، مبارک . [ع] .

سَعِیر (فت س، ی مع) اند .
دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ، بھڑکی ہوئی آگ، شعلہ . [ع] .

سَفّاح (فت س، شد ف) صف .
خون بہانے والا، آزادی دینے والا، فیاض، سخی ؛ فصیح، خوش تقریر ؛ خلیفہ عباس کا لقب . [ع] .

سِفارَت (کس س، فت ر) امث .
کسی ملک یا بادشاہ کی طرف سے نمائندگی نیز اس کا عہدہ، ایلچی گری، پیغام رسانی . [ع] .

سفارت خانہ اند . سفیر کی اقامت گاہ، کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو کسی دوسرے ملک میں ہو .

سفارت کار اند . سفیر، سفارت خانہ کا افسر اعلیٰ .

سِفارِش (کس نیز ضم س، کس ر) امث .
۱. کسی کی بھلائی یا مطلب برآری کے لیے دوسرے سے کلمات خیر کہنا، شفاعت، سعی، کوشش .۲. اچھا یا ضروری سمجھتے ہوئے کسی بات کی تجویز، وضاحت، تصدیق . [ف] .

سِفارْشی (کس س، سک ر) صف .
۱. جس کی سفارش کی جائے .۲. سفارش کرنے والا .

سفارشی ٹٹو اند . وہ شخص جو لیاقت نہ رکھتا ہو مگر اسے سفارش سے کوئی کام مل جائے، نالائق اور بے ہنر کارکن .

سَفّاک (فت س، شد ف) صف .
۱. خوں ریز، قاتل، بے رحم، ظالم، خونی .۲. (کنایۃً) محبوب،

معشوق ، دل ربا ، دل دار ، دل پسند . [ع] .

سَفّاکی (فت س ، شد ف) مث .
بے رحمی ، خوں ریزی ، ظلم .

سِفال (کس س) مذ .
۱. مٹی کا برتن .۲. خول ، غلاف ، تہ ، چھلکا جس پر بیل بوٹے بنے ہوں .
۳. مٹی ، مٹی کا ٹکڑا ، ٹھیکری ، ریت کا ذرہ . [ف] .

سَفاہت (فت س ، ہ) مث .
۱. بے وقوفی ، حماقت .۲. گھٹیا پن ، کمینہ پن . [ع] .

سُفتہ (ضم س ، سک ف ، فت ت) صف .
سوراخ دار ، پرویا ہوا (موتی یا دانہ وغیرہ) بیندھا ہوا .

سَفَر (فت س ، ف) مذ .
باہر جانا ، مسافرت ، سیاحت ، ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک جانا ، ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنا ، روانگی ؛ (مجازاً) مسلسل جدوجہد ، مطلوب کی طلب کا مسلسل شوق . [ع] .

سفر آخرت مذ . عقبیٰ کی طرف روانگی ، دنیا سے کوچ ، موت ، انتقال .

سفر خرچ مذ . ۱. زاد راہ ، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا خرچ ، خرچ راہ ، مسافرت کا خرچ .۲. بھتا ، الاؤنس ، مہیا کردہ خرچ .

سفر کرنا محاورہ . ۱. ختم ہو جانا ، رخصت ہو جانا ، باقی نہ رہنا .۲. مر جانا .
۳. ذہن اور دماغ کو دوڑانا ، خیالوں میں سیر و سیاحت کرنا ؛ غور و فکر کرنا ، تجربہ حاصل کرنا .

سفر نامہ مذ . روزنامچہ یا ڈائری اور بیاض جس میں بالعموم سفر کے حالات و مشاہدات تاریخ وار درج کیے جائیں ، سفر کے حالات و واقعات و مشاہدات پر مشتمل کتاب .

سفر و حضر مذ . ہر جگہ ، ہر وقت ، دیس پردیس ، ہمہ وقت .

سفر وسیلۃ الظفر / وسیلۂ ظفر فقرہ . سفر میں بہت فائدے ہوتے ہیں ، سفر کامیابی کا ذریعہ سفر سے منفعت ہو .

سفر مینا مث . زمین کھودنے ، سڑکیں ، پل بنانے اور سرنگ لگانے کا کام کرنے والا فوجی دستہ .

سَفَری (فت س ، ف نیز سک) صف .
۱. سفر سے منسوب ، سفر سے متعلق ، سفر کی .۲. سفر میں ساتھ رہنے والا ، مسافرت میں کام آنے والا ، عارضی .۳. مسافر ، کوچ کرنے والا ، سفر کرنے والا .

سِفلَہ (کس س ، سک ف ، فت ل) صف .
۱. کمینہ ، رذیل ، پاجی ، چھچھورا ، اوچھا ، کم ظرف ، کم حوصلہ .۲. پستی کم ظرفی کا ، پھوہڑ پن یا کمینگی کا ، گھٹیا . [ع] .

سِفلی (کس س ، سک ف) (الف) صف .
۱. پستی سے منسوب ، نیچے کا ، زمین کا ، ارضی .۲. کم درجے کا ، پست نیچ ، گھٹیا . (ب) مذ . منتر یا جادو جس میں شیطان ، دیوی ، دیوتاؤں یا روحوں سے استعانت کی جائے ، گنڈوں کا عمل ، جادو ٹونا .

سفلی عمل مذ . ایسا منتر یا عمل جس میں شیطانی اور ناجائز طریقے اور جھاڑ پھونک سے مدد لی جائے .

سِفنا / سِفنَہ (کس س ، سک ف ، فت ن) مذ .
مچھلی یا مگرمچھ کے اُوپر کا کھپرا ، فلس . [ع] .

سُفُوف (ضم س ، و مع) مذ .
پسی ، کٹی ہوئی چیز ، برادہ ، پھنکی ، چورن ، چٹکی . [ع] .

سُفَید (فت نیز ضم س ، ی مج نیز لین) صف .
۱. دودھیا بے رنگ کا جس پر عموماً ہر رنگ چڑھ جائے ؛ اُجلا ، گورا چٹا .
۲. بے نور (آنکھ کے لیے مستعمل) .۳. سادہ ، بغیر لکھا ، صاف . [ف] .

سفید پڑنا محاورہ . خوف یا غم سے چہرہ سفید ہونا ، ہوائیاں اڑنا .

سفید پوش صف . اُجلے کپڑے پہننے والا ، بھلا مانس ، شریف ، متوسط طبقے کا ، معزز شخص .

سفید پوشی مث . عزت داری کا بھرم ، رکھ رکھاؤ ، وضع داری .

سفید جھوٹ مذ . نرا جھوٹ ، بالکل جھوٹ ؛ یکسر جھوٹ ، قطعاً جھوٹ .

سفید و سیاہ کا مالِک ہونا محاورہ . مختار کامل ہونا .

سفید ہاتھی مذ . وہ شخص یا چیز جس کے اخراجات ناقابل برداشت حد تک زیادہ ہوں یا قابل اعتراض ہوں ، جس پر غیر ضروری خرچ کیا جا رہا ہو .

سَفیدا / سَفیدَہ (فت س ، ی لین / فت د) مذ .
۱. (نباتیات) چیڑ اور دیودار وغیرہ کی طرح ایک سیدھا درخت جس کا

موٹا ، چھال اور اندر کی لکڑی سفید ہوتی ہے ، (پتے چنار سے مشابہ اُوپر سبز اور نیچے سفید ہوتے ہیں) .۲. آسمان کی روشنی جو صبح صادق کے وقت پھیلتی ہے .۳. اشیائے تعمیر سے متعلق سخت چونا .

سفیدی (فت س ، ی لین) (الف) امث .
چٹا پن ، گورا پن ؛ بیاض ، صباحت .۲. وہ شفاف مگر گاڑھا سیال مادہ جو انڈے میں زردی کے چاروں طرف ہوتا ہے .۳. قلعی ، دیواروں اور چھتوں کی اندرونی سطح پر پھیرنے کا چونا .۴. کھریا مٹی ، چاک .۵. عورت کو پانی آنے کا مرض ، سیلان الرحم کی بیماری ، لیکوریا . (ب) صف . پوڈر ، منھ پر ملنے کا خوش بودار سفید سفوف جس سے چہرہ سفید ہو جاتا ہے .

سَفیر (فت س ، ی مع) امذ .
۱. ایلچی ، قاصد ، پیغام بر .۲. کسی ملک کا نمائندہ جو دوسرے ملک میں اپنے ملک کے مفادات کی نگرانی اور اس ملک سے تعلقات کی اُستواری کے لیے مقرر کیا گیا ہو . [ع] .

سَفینَہ (فت س ، ی مع ، فت ن) امذ .
۱. (i) کشتی ، کشتیاں . (ii) کشتیِ عمر رواں ؛ (کنایۃً) انسان کی زندگی .۲. اشعار یادداشتوں کی بیاض ، نوٹ بک . [ع] .

سَقّا (فت س ، شدق) امذ .
بہشتی ، پانی بھر کر لانے کا کام کرنے والا ، ماشکی . [ع] .

سُقراط (ضم س ، سک ق) امذ .
یونان کا ایک فلسفی اور منطق کا موجد جو حضرت مسیح سے (۴۶۹ سال) قبل یونان میں پیدا ہوا ، افلاطون اُس کا شاگرد تھا رسمی عقائد سے اختلاف کی بنا پر اُسے زہر کا پیالا پینا پڑا ؛ (مجازاً) عقل مند ، دانا . [علم]

سُقراطِیَت (ضم س ، سک ق ، کس ط ، فت ی) امث .
چالاکی ، تیزی ، ذہانت ، علمیت .

سُقم (ضم س ، سک ق) امذ .
۱. بیماری .۲. نقص ، عیب ، خرابی ، غلطی . [ع] .

سُقوط (ضم س ، و مع) امذ .
۱. زوال ، معزولی ، ہاتھ سے نکل جانا ، عدم تسلط ، جنگ ہارنا .۲. اُوپر سے نیچے آنا ، گر پڑنا خط کا گرنا . [ع] .

سَقّہ (فت س ، شدق بفت) امذ .
دیکھیے : سقا .

سَقیم (فت س ، ی مع) صف .
۱. بیمار ، مریض .۲. خراب ، بُرا .۳. کمزور ، ضعیف ، غیر معتبر (روایت ، کلام وغیرہ) .

سَکَت (فت س ، ک) امث ؛ امذ .
۱. قدرت ، طاقت ، قوت ، ہمت ، توانائی ، دم .۲. مجال ، مقدور ، بساط ، حوصلہ . [پ] .

سَکتَہ (فت س ، سک ک ، فت ت) امذ .
۱. (طب) ایک دماغی بیماری جس میں بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور مردے کی طرح حس و حرکت نہیں رہتی .۲. دم بہ خود رہنے کی کیفیت ، حیرت ، تعجب .۳. (i) وہ ہائے ہوز جو ساکن پڑھی جائے اور کسی لفظ کے آخر میں واقع ہو مثلاً آمدہ ، خردہ وغیرہ . (ii) (تجوید) قرأت میں آواز کا بند اور سانس کا جاری رہنا ، بغیر سانس توڑے ایک آن کے لیے آواز بند کرنا . (iii) (قواعد) اسما یا ضمائر وغیرہ کے بیچ میں چھوٹا وقفہ ، الٹا واو (،) . [ع] .

سکتہ طاری ہونا محاورہ . حیران ہونا ، دم بہ خود ہونا ، حیرت یا غلبۂ جذبات کے سبب دہشت زدہ ہونا .

سَکتے (فت س ، سک ک) امذ .
سکتہ کی مغیرہ حالت ؛ (تراکیب میں مستعمل) .
سکتے میں آجانا/ آنا محاورہ . متعجب ہونا ، حیران ہونا .
سکتے کا عالَم امذ . حیرت ، حیرت کا مقام ، خاموشی کا عالم .

سَکَرات (فت س ، ک) امث ؛ ج .
موت کی سختی ، جانکنی کی تکلیف ، عالمِ نزع . [ع] .

سِکریٹری (کس س مج ، سک ک ، ی مج ، کس ر ، فت نیز سک ٹ) امذ .
معتمد ، منشی ، ناظر . [انگ] .

سَکرِیٹرِیَٹ (فت مج س ، سک ک ، ی مج ، فت مج ٹ ، کس ر ، فت ی) امذ ؛ ← سیکریٹریٹ
حکومت کے دفاترِ اعلیٰ کا مجموعی نام جو مختلف سکرٹریوں کے تحت ہوتے ہیں ، سکرٹری کا دفتر ، محکمہ معتمدی ، نظامت اعلیٰ . [انگ] .

سُکَڑنا (ضم س، فت ک، سک ڑ) ف ل.
۱. بھچنا، سمٹنا، تنگ ہونا، حجم کا کم ہونا (پھیلنا کی ضد). ۲. سردی کے مارے سُن یا بے حس و حرکت ہونا، ٹھٹھرنا، اکڑنا، سمٹنا. ۳. (شکن پڑنا) جھٹے پڑنا، تشنج ہونا؛ کنجوسی کرنا؛ بچنا، کنارہ کرنا. ۴. شرم کے مارے بدن کو سمیٹنا. [پ].

سِکشَن (کس مج س، سک ک، فت ش) اند.
۱. کسی چیز کا ٹکڑا، قطعہ یا حصہ؛ (کتاب کا) باب یا حصہ؛ دفعہ (کسی ضابطے کی). ۲. فوج کی کمپنی کا حصہ، ٹولی، دستہ. [انگ].

سَکنا (فت س، سک ک) ف ل (قدیم).
فعل معاون کے طور پر مستعمل بہ معنی قابلیت ہونا، قوت ہونا، ممکن ہونا، کرسکنا. [س].

سِکنا (کس س، سک ک) ف ل.
آگ پر سینکا جانا، بھونا جانا، تپنا.

سَکنات (فت س، ک) اند؛ ج.
۱. سکنہ کی جمع، سکون، سکون کے حالات و کوائف، اُردو میں بیشتر حرکات کے ساتھ ترکیبِ عطفی میں استعمال ہوتا ہے (حرکات و سکنات).
۲. (تصوف) وحدت الوجود کا تصور. [ع].

سِکَنجبِین (کس س، فت ک، سک ن، فت ج، ی مع) امث.
(طب) سرکے اور شہد کا پکا ہوا شربت، لیموں کے رس کا مشروب (دواءً مستعمل).

سِکَندَر (کس س، فت ک، سک ن، فت د) (الف) اند.
مشہور یونانی فاتح جس نے ہندوستان، ایران اور چین کا کچھ حصہ بھی فتح کیا تھا، حضرت عیسیٰ سے تقریباً سوا تین سو سال قبل فوت ہوا، (تاریخ میں عموماً سکندرِ اعظم کے لقب سے یاد کیا گیا ہے). ۲. ذوالقرنین جن کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے اور سدِ سکندری برائے یاجوج ماجوج کے بانی تھے. (ب) صف. (کنایۃً) خوش نصیب، خوش بخت. [علم].

سِکَندَری (کس س، فت ک، سک ن، فت د) امث.
سکندر جیسی شان؛ (مجازاً) حکومت، سلطنت.

سِکَنڈ / سَیکِنڈ (کس س، فت ک، غنہ / ای لین، کس ک، غنہ) (الف) اند
منٹ کا ساٹھواں حصہ، ثانیہ. (ب) صف. دوسرا، دوسرے درجے کا. [انگ].
سکنڈ ہینڈ صف. استعمال شدہ، مستعملہ، برتا ہوا، پرانا.

سِکَنڈری / سیکِنڈری (کس س، فت ک، غنہ، فت ڈ / ی لین، کس ک غنہ، فت د) صف.
۱. پہلے درجے سے نیچے کا، ضمنی، ثانوی. ۲. دوسرا، درجے کا (پہلے درجے کے بعد). [انگ].

سَکَنَہ (فت س، سک ک، فت ن) اند.
سکون کی جگہ، مکان. [ع].

سَکَنی (فت س، سک ک) صف.
۱. موروثی، باپ دادا سے ملے ہوئے، پشتینی. ۲. سکونت کے لائق، رہنے کے قابل، رہائش کے قابل (مکان وغیرہ). [ع].

سُکُوت (ضم س، و مع) اند.
چپ، خاموشی؛ سناٹا، امن. [ع].
سکوت توڑنا محاورہ. خاموشی کو زائل کرنا، خاموشی کو دور کرنا.
سکوت طاری ہونا محاورہ. خاموشی چھا جانا.

سَکورا (فت س، و مج) اند.
مٹی کا پیالہ یا گہری رکابی.

سِکوڑنا (کس نیز ضم س، و مج، سک ڑ) ف م.
سمیٹ لینا، سکیڑنا؛ (مجازاً) کنجوسی کرنا، بخل کرنا، کسنا، کھینچنا. [پ].

سُکُون (ضم س، و مع) اند.
۱. آرام، اطمینان، قرار، چین. ۲. ٹھہراؤ، قیام، جمود. ۳. حرف ساکن کی مقررہ علامت یا حالت، جزم (^). [ع].
سکون بَخش صف. آرام دینے والا، باعثِ سکون.
سکون کا سانس لینا محاورہ. سکھ کا سانس لینا، چین کا سانس لینا، اطمینان ہونا.

سُکُونَت (ضم س، و مع، فت ن) امث.
۱. بود و باش، پڑاؤ، قیام، اقامت، رہنے کی جگہ. ۲. سکون، اطمینان، چین.

سِکّہ (کس س، شد ک بفت) اند.
۱. دھات وغیرہ پر نقش بٹھانے یا ڈھالنے والی کل، مہر. ۲. مقررہ وزن کا،

دھات کا بنا ہوا سرکاری نشان زدہ ٹکڑا جو بطور زرِ نقد کسی ملک میں رائج ہو، روپیہ، پیسا، اشرفی وغیرہ. ۳. بندوق کی گولی، چھرہ. ۴. وہ سرمہ جو لکڑی کی پنسل میں لکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے. [ع].

سکہ بٹھانا محاورہ. متاثر کرنا، اثر قائم کرنا، رعب قائم کرنا، دھاک بٹھانا، زیرِ اثر لے لینا.

سکہ بند صف. مسلمہ، مانا ہوا، معیاری؛ سربہ مہر.

سکہ بیٹھنا محاورہ. سکہ بٹھانا کا لازم، رعب قائم ہونا، دھاک بیٹھنا.

سکہ جمنا محاورہ. برتری اور کمال کا اثر قائم ہونا؛ مرعوب ہونا.

سکہ چلنا محاورہ. ا. حکم چلنا، رعب و داب قائم ہونا، سند مانا جانا، حکمرانی ہونا. ۲. زرِ نقد مانا جانا، بطورِ زر چلن ہونا.

سکۂ رائج الوقت اند. وہ سکہ جو کسی خاص زمانے میں کسی ملک میں چلتا ہو.

سُکیڑنا (ضم س، ی مج، سک ڑ) ف م.
تنگ کرنا، سمیٹنا، بھینچنا.

سَکِینَت (فت س، ی مع، فت ن) امث.
قرار، آرام، سکون. [ع].

سِکھ (کس س) اند.
بابا گرونانک کا پیرو شخص یا فرقہ، نانک پنتھی، گرونانک کا معتقد. [پ].

سُکھ (ضم س) اند.
چین، آرام، سکون، اطمینان، آسودگی، راحت، قرار. [س].

سکھ چین اند. آرام، سکون.

سکھ شانت / شانتی اند. چین، سکون.

سکھ کا سانس لینا محاورہ. مطمئن ہو جانا، فکر سے نجات پانا.

سکھ کا سب کوئی ساتھی کہاوت. خوش حالی کے زمانے میں ہر کوئی دوست بن جاتا ہے.

سِکھانا (کس س) ف م.
ا. تعلیم دینا، پڑھانا، تربیت دینا؛ ازبر کرانا، یاد کرانا سبق وغیرہ. ۲. ورغلانا، بہکانا، اُکسانا، ترغیب دینا. ۳. ہدایت کرنا، سمجھانا، بجھانا. ۴. ڈھب پر لگا دینا، سدھانا.

سُکھانا (ضم س) ف م.
ا. تری یا نمی دُور کرنا، خشک کرنا. ۲. (کنایۃً) کسی کو انتظار میں دیر تک بٹھائے رکھنا.

سِکھائے میں آنا محاورہ.
کسی کے کہنے یا اُکسانے کو مان کر اس پر عمل کرنا، بہکائے میں آنا.

سِکھلانا (کس س، سک کھ) ف م.
دیکھیے: سکھانا.

سِکھنی (کس س، سک کھ) امث.
سکھ عورت، سکھ کی بیوی.

سَکھی (فت س) امث.
سہیلی، ہم جولی، ساتھ کھیلنے والی. [س].

سُکھی (ضم س) صف.
جو آرام سے ہو، نچنت، خوش، آسودہ حال.

سَگ (فت س) اند.
کتا؛ (مجازاً) رذیل آدمی، بدکردار و بداطوار. [ف].

سگ باش برادر خرد/ خورد مباش فقرہ. (فارسی فقرہ اُردو میں مستعمل) چھوٹے بھائی کو بڑے کی اطاعت و فرماں برداری کرنی پڑتی ہے جو موجب زحمت ہے، بڑے بھائی کے مقابلے میں چھوٹے بھائی کی توقیر نہیں ہوتی.

سگِ لیلیٰ اند. لیلیٰ کا کتا؛ (کنایۃً) وہ جسے محبوبہ سے کوئی نسبت ہو، عزیز، پیارا.

سَگا (فت س) صف مذ.
ا. حقیقی، جو سوتیلا نہ ہو. ۲. (مجازاً) قریبی رشتہ دار، قرابت دار. [س].

سِگار (کس س) اند.
تمباکو کے خشک پتوں کی لمبی اور موٹی وضع کی پتی جسے سلگا کر کش لگاتے ہیں، چرٹ. [پر].

سَگائی (فت س) امث.
ا. رشتہ داری، قرابت، محبت. ۲. منگنی، نسبت. ۳. بیاہ، شادی.

سِگرٹ/ سِگریٹ (کس س، سک گ، کس ج را ی ج) اند؛ امث.
کاغذ میں لپیٹ کر کترے ہوئے تمباکو کی بنائی ہوئی پتی جسے ایک سرے سے سلگا کر کش لگاتے ہیں. [انگ].

سگرٹ/ سگریٹ ہر سگریٹ پھونکنا ف مر؛ محاورہ. کثرت سے سگریٹ پینا، بے تحاشا سگریٹ پینا.

سَگّڑ (فت س، گ) صف.
دور کا، ایک ہی خاندان کا، بطور سابقہ (تراکیب میں مستعمل). [س].

سگڑ دادا اند. دادا کا دادا، پردادا کا باپ.

سُگَند/ سُگَندھ (ضم س، فت گ، سک ن) (الف) امث.
خوش بو، مہک، اچھی بو. (ب) صف. (مجازاً) کھرا، اصلی، عمدہ. [س].

سِگنَل (کس س، سک گ، فت ن) اند؛ امث.
۱. اشارہ، نشان. ۲. نشان یا بتی جس سے راستہ بند ہونے اور کھلنے کا پتا چلتا ہے. ۳. پیغام (جو عموماً روشنی یا آواز کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے). [انگ].

سگنل بھیجنا محاورہ. پیغام بھیجنا، خبر دینا، اطلاع کرنا.

سگنل توڑنا محاورہ. سگنل کی خلاف ورزی کرنا، سرخ بتی کے روشن ہوتے ہوئے گاڑی گزار لے جانا.

سَگی (فت س) صف؛ امث.
۱. حقیقی، جو سوتیلی نہ ہو. ۲. (طنزاً) قریبی عزیز، چہیتی.

سَگے (فت س) اند؛ ج.
سگا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سُگھڑ (ضم س، فت گھ) صف.
۱. (i) خوش سلیقہ، ہنرمند، ذی شعور، اعلیٰ طبع. (ii) تراشیدہ، سڈول؛ خوب صورت عورت. ۲. ہوشیار، تجربہ کار، چالاک. ۳. کاری گر، دست کار؛ نیک، پارسا؛ خوش بیان؛ قابلِ تعریف. [س].

سُگھڑاپا (ضم س، سک گھ) اند.
ہنرمندی، سلیقہ شعاری.

سِل (۱) (کس س) امث.
ایک متعدی اور مہلک بیماری جس میں عموماً پھیپھڑوں کی کھانسی کے ساتھ بدن کو گھلا ڈالنے والا بخار ہو جاتا ہے، دِق. [ع].

سِل (۲) (کس س) امث.
۱. پتھر، برف یا کسی دھات وغیرہ کا چپٹا دل دار قطعہ نیز چٹان، تودہ وغیرہ. ۲. مسطح، کھردرا، رہایا ہوا مستطیل پتھر جس پر بٹے سے مسالا پیسا جاتا ہے. [س].

سل بٹا/ بٹہ اند. مسالا پیسنے کا مسطح پتھر اور اس کے اوپر کا چھوٹا پتھر.

سِلاجِت (کس س، ج) اند.
دیکھیے: سلاجیت.

سِلاجِیت (کس نیز فت س، ی مع) اند.
سیاہ یا سیاہی مائل کتھئی رنگ کا بودار گاڑھا مادّہ جو پتھر سے خودبخود رستا ہے اور دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے (بدن کے جوڑوں اور تقویت باہ کے لیے مفید ہوتا ہے)، سلارس. [س].

سِلاح (کس س) اند.
ہتھیار، آلاتِ جنگ. [ع].

سَلاخ (فت س) امث.
۱. کسی دھات وغیرہ کا پتلا اور لمبا ٹکڑا یا لوہے کی گول چھڑی، سیخ، سلائی. ۲. (سونے یا چاندی کا) ڈلہ؛ کھونٹا؛ چوب، سیدھی لکیر؛ دھاری. [س].

سَلاد (فت س) اند.
گوبھی کے پتوں سے مشابہ سبزی جو بغیر پکائے دیگر کچی یا اُبلی ہوئی ترکاریوں کے ساتھ کھائی جاتی ہے، ترکاریاں یا ساگ جو کچا کھایا جائے، ساگ کا کچومر، کاہو. [انگ].

سَلاسَت (فت س، س) امث.
روانی، سادگی، ہم واری، صفائی، فصاحت، کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا. [ع].

سَلاسِل (فت س، کس س) امث؛ ج. (الف) بطور جمع.
سلسلے؛ زنجیریں، کڑیاں. (ب) بطور واحد. زنجیر، بیڑی.

سَلاطِین (فت س، ی مع) اند؛ ج.
۱. بادشاہ، سلطان؛ بہت سے بادشاہ. ۲. شہزادے، پہلے بادشاہوں کی اولاد، شاہی خاندان کے لوگ.

سَلام (فت س) اند.
۱. تسلیم، بندگی، آداب، کورنش. ۲. معاف رکھیے اور باز آیا کی جگہ (نااُمیدی اور مایوسی کے موقع پر بھی مستعمل). ۳. نماز کا سلام جو نماز ختم کرتے وقت پہلے دائیں پھر بائیں طرف منھ پھیرتے ہیں.

۴. مسلمانوں کے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی یاد میں یا آپ کے روضۂ مبارک کی طرف رخ کر کے السلام علیک الخ پڑھنا، درودِ محمد ﷺ. ۵. سلامتی، امن و امان، تحفظ. ۶. خدائے تعالیٰ کا وصفی نام. ۷. (i) ایک قسم کی رثائیہ اور مدحیہ نظم جو غزل کی ہیئت میں ہوتی ہے اور جس میں عموماً معرکۂ کربلا کا ذکر ہوتا ہے. (ii) درود و سلام کے الفاظ یا مضمون پر مشتمل نعتیہ کلام. [ع].

سلام بولنا محاورہ. ۱. کسی کی جانب سے کسی کو سلام پہنچانا، (بالخصوص کسی کو ملاقات کے لیے بلاوے کے طور پر). ۲. کسی چیز کے ملنے یا پہنچنے کا شکریہ ادا کروانا.

سلام پیام/ پیغام اند. گفت و شنید، بات چیت؛ منگنی کی بات چیت، نسبت کا ذکر اذکار.

سلام پھیرنا ف م. نماز ختم کرنے کے لیے تشہد، درود و دعا کے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے منھ پہلے دائیں پھر بائیں جانب پھیرنا.

سلام دعا ہونا محاورہ. علیک سلیک ہونا، معمولی ملاقات ہونا، راستے میں اتفاق سے مل جانا، خیر و عافیت معلوم ہونا.

سلام دینا محاورہ. ۱. سلام پہنچانا. ۲. ملاقات کے لیے "بلانا"، صاحب لوگوں کا کسی کو اندر بلانے کی اجازت دینا.

سلام(و) علیک/ علیکم امث؛ اند؛ فقرہ. ۱. (بطور دعا) تم سلامت رہو، تم پر سلام ہو. ۲. بندگی، تسلیم، آداب، کورنش. ۳. صاحب سلامت، ملاقات، شناسائی، علیک سلیک.

سلام کرنا محاورہ. ۱. بندگی عرض کرنا، آداب کرنا، کورنش بجا لانا. ۲. ترک کرنا، چھوڑنا، دست بردار ہونا. ۳. خیرباد کہنا، رخصت ہونا. ۴. چالاکی یا ہنرمندی کا قائل ہو جانا، اُستاد، بڑائی. ۵. (طنزاً) قائل کرنا، کسی دعوے یا بچ کو ثابت کرنا.

سلام لینا ف م. ۱. (زبان یا اِشارے سے) سلام کا جواب دینا، سلام قبول کرنا. ۲. (کنایۃً) رخصت کی اِجازت دینا.

سلام ہے فقرہ. ۱. معاف ہی رکھیے، باز آئے. ۲. خدا محفوظ رکھے، خدا کرے کام نہ پڑے، خدا بچائے. ۳. خدا حافظ، الوداع کہنا.

سَلامَت (فت س، م) (الف) امث.

۱. آفاتِ ارضی و سماوی اور صدمات سے حفاظت، سلامتی، بچاؤ، امن، سالمیت. ۲. تن درستی، صحت. ۳. نیکی، پاکیزگی، بردباری. (ب) صف محفوظ، ثابت و سالم، زندہ، قائم، برقرار. (ج) م ف. بہ خیر و عافیت تن درستی کے ساتھ. (د) فقرہ. ۱. (دعائیہ) خدا سلامت رکھ، آفات سے محفوظ رہے، تن درستی کے ساتھ زندہ رکھے. ۲. (کلمۂ تہنیت) مبارک بابرکت. [ع].

سلامت رَہنا ف مر؛ محاورہ. ۱. صحیح سالم رہنا، زندہ رہنا. ۲. کمی یا نقصان سے بچنا، محفوظ رہنا، برقرار رہنا، باقی رہنا.

سَلامتی (فت س، سک نیز فت م) امث.

۱. حفاظت، بچاؤ، سلامت رہنے کی کیفیت، خیر و عافیت. ۲. صحت تن درستی. ۳. خدا کی طرف سے رحمت. ۴. زندگی، حیات؛ موجودگی قیام، برقراری؛ ایک قسم کا موٹا کپڑا.

سلامتی کونسل امث. اقوام متحدہ کے تحت ایک اِدارہ جو جملہ ممالک کی سلامتی اور جغرافیائی حدود میں کسی بیرونی حملے سے بچاؤ کا ذمہ دار ہے

سَلامی (فت س) (الف) امث.

۱. رقم، نقدی، جاگیر وغیرہ جو دولھا کو بیاہ کے موقع پر بطورِ تحفہ دی جاتی ہے، سلام کرائی. ۲. (i) فوج کا کسی حاکم یا معزز مہمان کو سلام کرنا سپاہ کا ہتھیار اُٹھا کر تعظیم دینا. (ii) بادشاہوں یا امراء کی تعظیم کے لیے چند بار توپوں یا بندوقوں کا فائر کرنا. (iii) رقاص کا اِسٹیج پر داخل ہو کر ناظرین کو بڑے ادب سے رقص کے انداز میں سلام کرنا. ۳. شاعر شہدائے کربلا کی شان اور توصیف و ثنا میں غزل نما نظم یعنی سلام لکھے، مجرئی. اف: دینا/ لینا/ ہونا.

سلامی داغنا محاورہ. تعظیم و تکریم کے لیے توپوں یا بندوقوں کا داغنا یا چلانا

سِلانا (کس س) ف م.

رفو کروانا، سلوانا، ٹانکے لگوانا، بخیہ کروانا.

سُلانا (ضم س) ف م.

۱. نیند میں محو کرنا، کسی صورت نیند مسلط کرنا (عموماً بچوں کو). ۲. (کنایۃً) مار ڈالنا، زہر کھلا کر مارنا، گلا گھونٹ دینا. ۳. دفن کرنا، گاڑنا، دبانا.

سِلائِڈ (کس ی ج س، و) امث: ~ سلائیڈ.

۱. شیشے یا سلولائڈ کی چھوٹی تختی جو خوردبین وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے ۲. پھسلواں جھولا. ۳. (کمپیوٹر). ۴. پردے پر منعکس کرنے کے لیے خورد فلمی تصویر یا چوکھٹا. [انگ].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

سَلائی (فت س) مث .
۱. کسی دھات کی گول پتلی سلاخ جو زیادہ لمبی نہ ہو. ۲. آنکھوں میں سرمہ یا کاجل لگانے کی گول پتلی سلاخ. ۳. جرّاحی کا آلہ. ۴. دیا سلائی ، ماچس . [س].

سلائی پھیرنا محاورہ. ۱. آنکھ میں سرمہ یا زخم میں دوا وغیرہ لگانے کے لیے سلائی کو گھمانا ، سرمہ لگانا ، دوا لگانا. ۲. گرم سلائی کے ذریعے اندھا کرنا ، نابینا کرنا.

سِلائی (کس س) مث .
۱. کپڑوں کو سوئی دھاگے سے جوڑنے کا عمل ، ٹانکا ، سوئی کا کام ، درزی کا کام یا پیشہ. ۲. کپڑے سینے کی اُجرت.

سَلْب (فت س ، سک نیز فت ل) اند .
۱. (i) معدوم ہونا ، نابود ہونا ؛ اِختتام ، عدم ، باقی نہ رہنے یا دُور ہونے کی حالت . (ii) دُور کرنے کی کیفیت ؛ جذب کرنا ، لے جانے یا مٹانے کا عمل. ۲. (i) چھین لینا یا معدوم کر دینا ، لوٹ لینا. (ii) دُور کرنا ، مٹا دینا ، چھین لے جانا.

سلب کرنا مت. چھین لینا ، زائل کر دینا ، ختم کر دینا.

سلب ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. چھن جانا ، معدوم ہونا ، ختم ہونا. ۲. گم ہو جانا ؛ خالی ہونا.

سِلِپ (کس س ، ل) مث .
پتلا لمبا ٹکڑا (عموماً کاغذ کا) ، پرچی ؛ (مجازاً) مطبع کے پروف. ۲. (کھیل) کرکٹ فیلڈ میں وہ جگہ جو وکٹ کے پیچھے "آف" کی سمت ہوتی ہے. [انگ].

سِلْپچی (کس س ، فت ل ، سک پ) مث .
چلمچی ، ہاتھ دھونے کا برتن.

سلَج (فت س ، ل) مث .
سالے کی بیوی.

سلجھا سُلجھایا (ضم س ، سک ل) صف مذ .
سلیم الطبع ، مہذب ، پٹا ہوا ، تجربہ کار ، جہاں دیدہ.

سُلْجھانا (ضم س ، سک ل) ف م .
۱. اُلجھے تاگوں یا بالوں وغیرہ کے بل کھولنا (اُلجھانا کا نقیض). ۲. ابہام ، اشکال دور کرنا ، پیچیدہ معاملے کا فیصلہ کرنا ؛ وضاحت کرنا ، سمجھانا ، حل کرنا.

سُلْجَھن (ضم س ، سک ل ، فت جھ) مث .
سلجھنے کی کیفیت ، حل (اُلجھن کا نقیض).

سُلْجَھنا (ضم س ، سک ل ، سک جھ) ف ل .
۱. سلجھانا کا لازم ، اُلجھے ہوئے دھاگوں یا بالوں کی گرہوں کا الجھاؤ دور ہونا ؛ فیصلہ ہونا ، حل ہونا ؛ صلح ہونا. ۲. صاف ہونا ، نکھرنا ؛ پیچیدگی رفع ہونا.

سَلْسَبِیل (فت س ، سک ل ، فت س ، ی مع) مث : اند .
۱. بہشت کی ایک نہر. ۲. خالص اور میٹھا پانی ؛ بہتا ہوا شفاف پانی. [ع].

سَلْسَلانا (فت س ، سک ل ، فت س) ف ل .
۱. خفیف کھجلی یا خارش ہونا. ۲. کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا ، رینگنا ، کلبلانا. ۳. پکتی ہوئی چیز میں رطوبت نمایاں ہونا ؛ خفیف پسینہ آنا.

سَلْسَلاہَٹ (فت س ، سک ل ، فت س ، ہ) مث .
۱. (i) خارش ، کھجلی . (ii) گدگدی. ۲. کیڑے کا رینگنا ، سرسراہٹ. ۳. خلش ، سنسناہٹ. ۴. پکے ہوئے گوشت یا ترکاری وغیرہ کی رطوبت ؛ تھوڑا سا پسینہ ؛ کھٹک ؛ شک وشبہ.

سِلْسِلَہ (کس س ، سک ل ، کس س ، فت ل) اند .
۱. زنجیر ، بیڑی. ۲. قطار ، لڑی ، یکے بعد دیگرے آنے والی یا باہم مماثل چیزوں کا تسلسل. ۳. نسل ، خاندان ، شجرۂ نسب. ۴. (i) ترتیب ، تنظیم. (ii) (کتب خانہ) فہرست کا کل عموماً بترتیب حروف تہجی ، کتاب الفہرس ، سلسلہ بندی ، ربط ، کڑیاں ملانا. ۵. تعلق ، واسطہ ، ربط ضبط. ۶. پیرانِ طریقت کی بیعت کے بعد یکے بعد دیگرے آنے والے جانشینوں کا تسلسل ؛ وسیلہ ، ذریعہ. ۷. ضمن ، ذیل ، معاملہ. ۸. (رسالے کتاب وغیرہ کی) جلد جو ایک صنف ، مضامین یا یکساں تقطیع وغیرہ پر شائع ہو ، سلسلۂ مجلدات یا مطبوعات. [ع].

سلسلہ جنبانی مث. ۱. زنجیر ہلا کر غفلت سے جگانا ؛ کسی بات یا کام کا آغاز ، ابتدا ، شروع. ۲. تحریک ، دوڑ دھوپ ، کوشش.

سلسلۂ نسب اند. خاندانی سلسلہ، نسل کا تسلسل یا تعلق.

سلسلہ وار (الف) صف. مسلسل، لگاتار، منسلک، مرتب. (ب) م ف. درجہ بہ درجہ، ترتیب سے، متواتر، ایک قطار یا تسلسل میں.

سُلطان (ضم س، سک ل) اند.
۱. کسی ملک یا ریاست کا والی، بادشاہ، حاکم. ۲. نشانی، دلیل. [ع].

سُلطانہ (ضم س، سک ل، فت ن) امث.
سلطان کی تانیث، ملکہ، شہزادی، بادشاہ کی ماں، بہن، بیٹی یا بیوی.

سُلطانی (ضم س، سک ل) (الف) صف.
سلطان کا، شاہ کا، سرکاری. (ب) امث. حکومت، بادشاہت، حکم رانی.

سلطانی گواہ اند. (قانون) ایسا ملزم جس کو پولیس سرکاری گواہ بنا کر عدالت سے سزا معاف کرا دیتی ہے، وعدہ معاف گواہ.

سَلطَنَت (فت س، سک ل، فت ط، ن) امث.
۱. حکومت، بادشاہت، عمل داری. ۲. علاقہ جو کسی خاص پارٹی یا فرد کے زیرِ نگیں ہو، مملکت، ریاست. ۳. جاہ و جلال، غلبہ، قدرت. [ع].

سَلَف (فت س، ل) صف.
۱. گزشتہ یا گزرا ہوا (زمانہ)، اگلا، پہلے کا، قدیم. ۲. اگلے زمانے کے بزرگ اور قابلِ احترام شخصیتیں، بزرگ، آباؤ اجداد. [ع].

سلف صالح/ صالحین اند. گزرے ہوئے نیک آباؤ اجداد، برگزیدہ لوگ؛ (مجازاً) صحابہ کرام اور تابعین اور تبعِ تابعین وغیرہ.

سُلَف (ضم س، فت ل) اند.
سودا، اسباب، سلف.

سُلفا (ضم س، سک ل) اند.
۱. سادہ تمباکو جس کو بھر بھرا کر کے چلم میں رکھتے ہیں اور اس پر آگ رکھ کر پیتے ہیں. ۲. بغیر توے کے تمباکو پینے کے ایک طریقے کا نام. [مقامی].

سِلفچی (کس س، فت ل، سک ف) امث.
چلمچی، ہاتھ منھ دھونے کا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں.

سَلفَو (فت س، سک ل، فت ف) اند.
گندھک، کبریت. [انگ].

سِلک (۱) (کس س، سک ل) امث.
۱. (i) ڈوری، تاگا، تار، رشتہ. (ii) لڑی، ہار. ۲. (مجازاً) سلسلہ، قطار. [ع].

سِلک گوہر/ گہر امث. موتیوں کی لڑی، محبوب کے دانت؛ نظم، اشعار کا سلسلہ وغیرہ.

سِلک (۲) (کس س، سک ل) اند.
ریشم، ریشمی کپڑا. [انگ].

سُلگانا (ضم س، سک ل) ف م.
۱. آگ روشن کرنا، آگ جلانا، جلانا. ۲. (i) (کنایۃً) رنج دینا (جدائی کے) غم میں مبتلا کرنا، دل میں سوزش پیدا کرنا. (ii) دل جلانا حسد میں مبتلا کرنا. ۳. فساد کی بنیاد ڈالنا. ۴. سگریٹ، حقہ وغیرہ کو آگ دکھا کر پینے کے قابل کرنا.

سُلگنا (ضم س، فت ل، سک گ) ف ل.
۱. آگ پکڑنا، آہستہ آہستہ جلنا، دھواں دیتے ہوئے جلنا. ۲. غم یا میں اندر ہی اندر کڑھنا. ۳. حقہ، سگریٹ وغیرہ کا جلنا یا پینے کے قابل ہونا. ۴. (i) رشک یا حسد کرنا، کسی سے جلنا. (ii) بہت بے چین ہونا، مضطرب رہنا، تڑپنا.

سَلما/ سَلمَہ (فت س، سک ل/ فت م) اند.
چاندی، سونے کے تار جن کو بٹ کر اور بل دے کر پوشاک اور پاپوش وغیرہ میں کارچوب کے کام میں لگاتے ہیں. [ف].

سلما/ سلمہ ستارے کا کام اند. چاندی کے گول چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جن پر سونا چڑھا ہوا ہوتا ہے اور چاندی سونے کے بٹے ہوئے تار (ان کو کپڑوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے)، کار چوبی کام، زردوزی.

سَلَّمَہٗ (فت س، شد ل بفت، فت م، ضم معکوس ہ) فقرہ؛ اند.
(سلامتی کی دعا، ہر زندہ شخص (مرد) کے لیے) (کنایۃً)، اللہ اس کو سلامت رکھے؛ صاحب زادہ، بیٹے. [ع].

سَلَّمَہا (فت س، شد ل بفت، فت م) فقرہ.
خدا سلامت رکھے (زندہ شخص (عورت) کے لیے سلامتی کی دعا)

سَلمٰی (فت س، سک ل، اجتکل ی) امث.
نازک اندام خوب صورت عورت ؛ (کنایۃً) محبوبہ. [ع].

سِلنا (کس س، سک ل) ف ل.
سیا جانا، رفو کرنا، ٹانکے لگنا.

سِلنڈر (کس س، فت ل، سک ن، فت ڈ) امذ.
۱. کسی دھات وغیرہ کا استوانی بیلن جو مشینوں میں استعمال ہوتا ہے، اُسطوانہ. ۲. دھات وغیرہ کا استوانی ظرف جو گیس وغیرہ بھرنے کے کام آتا ہے. [انگ].

سِلوانا (کس س، سک ل) ف م.
سلائی کروانا، ٹانکے لگوانا، سلائی کا کام لینا.

سَلوتَر (فت س، وج، فت ت) امذ.
سالوتر، جانوروں اور مویشیوں کا علاج نیز اس کا علم.

سِلوَٹ (کس نیز فت س، سک ل، فت و) امث.
۱. شکن، جھری، چنٹ، کپڑے وغیرہ کی سطح کی ہمواری کے بگاڑ کے نشان.
۲. تہ کی لکیر یا خط.

سَلوٹ (فت س، ومع) امث.
سلامی. [انگ].

سِلوَر (کس س، سک ل، فت و) امث.
۱. چاندی، روپا، نقرہ، سیم. ۲. المونیم. [انگ].

سلور جوبلی امث. کسی شخص یا ادارے وغیرہ کے پچیس سالہ کامیاب دور یا زندگی کا جشن. [انگ].

سُلوشَن (ضم س، ومع، فت ش) امذ.
محلول. [انگ].

سُلوک (ضم س، ومع) امذ.
۱. برتاؤ، عمل، رویہ. ۲. (تصوف) طلب قرب حق، حق تعالیٰ کا قرب چاہنا. ۳. خیر خواہی، بھلائی، نیکی، احسان. ۴. میل ملاپ، دوستی، محبت، اتحاد. ۵. راہ چلنا، روانہ ہونا، چلنا. ۶. داد و دہش، بخشش و عطا، مالی مدد. [ع].

سَلوگَن (فت س، وج، فت گ) امذ.
نعرہ، آوازہ، فقرہ، کلمہ. [انگ].

سَلونا (فت س، وج) صف؛ امذ.
۱. نمکین، نمکین چیز، مزے دار، دل کش. ۲. گندمی رنگ، ملاحت، گندمی رنگ کا، سانولا، ملیح، محبوبہ یا محبوب. ۳. خوش گوار، دل کش، مرغوب، من بھاونا. ۴. حسین، خوب صورت.

سَلونی (فت س، وج) امث.
۱. ملیح، دلکش، خوب صورت، گندمی رنگت والی. ۲. خوش گوار، دل لبھانے والی، دلچسپ (عموماً شام، موسم وغیرہ).

سلونی عید امث. بقر عید، عیدالاضحیٰ (میٹھی عید کے بالمقابل).

سَلوٰی (فت س، سک ل، اجتکل ی) امذ.
بٹیر جس کے پاؤں چھوٹے اور بازو بڑے ہوتے ہیں اور پروں پر بڑے بڑے خال ہوتے ہیں. [ع].

سَلہج (فت س، سک ل، فت ہ) امث.
برادر نسبتی کی بیوی، سالے کی بیوی. [س].

سِلّی (کس س، شد ل) امث.
۱. سل کی تصغیر، چھوٹی سل. ۲. ایک خاص قسم کے پتھر کا مستطیل ٹکڑا جس پر چاقو وغیرہ تیز کرتے ہیں، پتھری، سان لگانے کا پتھر، سنگ فساں.

سَلیبَس (فت س، ی لین، فت ب) امذ.
نصابِ تعلیم جو طلبا کو پڑھایا جاتا ہے، نصاب. [انگ].

سِلیپَر(۱) (کس خف س، ی مع، فت پ) امذ.
بے ایڑی کی جوتی، چپل کی وضع کا جوتا. [انگ].

سِلیپَر(۲) (کس خف س، ی مع، فت پ) امث.
ریل گاڑی کا وہ ڈبا جو دور کا سفر کرنے والے مسافروں کے سونے کے لیے مخصوص ہوتا ہے. [انگ].

سِلیٹ (کس س، ی ع) امث.
۱. سرمئی ہلکے نیلے رنگ کے پتھر کی تختی جس پر چاک (کھریا کی بتی) سے لکھتے ہیں اور مٹا دیتے ہیں. ۲. ایک طرح کی سرمئی رنگ کی چٹان جس کی بہت سی پرتیں ہوتی ہیں. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، ج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سِلیٹی (کس س، ی ج) صف.
۱. سلیٹ کے رنگ کا، سرمئی، خاکستری، سیاہی مائل سفید. ۲. ایک درخت جس کی لکڑی قدرتی طور پر سیاہی مائل ہوتی ہے. ۳. سلیٹ پر لکھنے والی مخصوص چاک. [انگ].

سَلِیس (فت س، ی مع) صف.
۱. آسان، سہل، عام فہم. ۲. نرم مزاج، شائستہ، مہذب، آسانی سے بات مان لینے والا. [ع].

سَلِیقَہ (فت س، ی مع، فت ق) اند.
۱. صلاحیت، انداز، قرینہ، خوش اسلوبی. ۲. شعور، ذوق، تمیز. [ع].

سلیقہ دار صف. باتمیز، باشعور، سمجھ رکھنے والا، سگھڑ.

سلیقہ شعار/ مند صف. تمیز دار، سلیقہ مند، سگھڑ.

سلیقہ شعاری/ مندی مت. تمیز داری، سلیقہ مندی، سگھڑپن.

سِلیکا (کس س، ی مع) اند.
ایک قسم کی سخت سفید بے رنگ معدنی شے جو اکثر قیمتی پتھروں اور معمولی پتھر میں پائی جاتی ہے، چٹانی قلم. [انگ].

سَلِیم (فت س، ی مع) صف.
۱. پاکیزہ، بے عیب، ٹھیک، درست، صحیح؛ صحت مند. ۲. بردبار، حلیم. ۳. آفت و مصیبت سے محفوظ. [ع].

سلیم الطبع صف. سلجھا ہوا، نیک طبیعت، باذوق، شائستہ، سنجیدہ.

سلیم شاہی مت. نازک اور خوش نما انی دار جوتیاں جو دلی میں بنائی جاتی تھیں (بعض اسے شاہ سلیم جہانگیر اور بعض حضرت شیخ سلیم چشتی سے موسوم کرتے ہیں).

سُلَیمان (ضم س، ی لین) اند.
بنی اسرائیل کے ایک جلیل القدر مشہور پیغمبر جو حضرت داؤد علیہ السلام کے فرزند تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کی ذات میں نبوت اور بادشاہت دونوں جمع کر دیں اور جن، ہوا، حیوانات اور پرندوں کو ان کے لیے مسخر فرما دیا (اردو میں بطور تلمیح بمعنی بادشاہ مستعمل).

سُلَیمانی (ضم س، ی لین) (الف) صف.
حضرت سلیمان سے منسوب یا متعلق، سلیمان کا. (ب) مت. ۱. (کنایۃً) بادشاہت، حکومت، عزت و احترام. ۲. زنار سلیمان، تسبیح جس میں سلیمانی پتھر کے دانے ہوتے ہیں.

سلیمانی ٹوپی مت. طلسم ہوش ربا کے ایک کردار عمرو عیار کی ایسی ٹوپی جسے سر پر اوڑھنے سے وہ دوسروں کی نظر سے چھپ جاتا تھا مگر دوسرے اسے دکھائی دیتے تھے؛ (کنایۃً) طلسمی ٹوپی.

سلیمانی نمک اند. (طب) ایک قسم کا خوردنی نمک جو ہاضمے کے لیے بہت مفید سمجھا جاتا ہے.

سَلِیمَہ (فت س، ی مع، فت م) صف مت.
سلیم کی تانیث، درست، صحیح، ٹھیک. [ع].

سَلِینگ (فت نیز کس س، ی ج، غنہ) اند.
لفظ یا محاورہ جو کسی خاص پیشے یا طبقے میں رائج ہو، عامیانہ، سوقیانہ غیر ثقہ، مبتذل. [انگ].

سِلیُوٹ (کس س، سک ل، ی ج، و مع) اند.
فوج اور پولیس وغیرہ کے سپاہیوں کا سلام جو مقررہ طریقے سے ہاتھ اٹھا کر کیا جاتا ہے. [انگ].

سَم (فت س) اند.
(موسیقی) آواز، تال، سُر جو آخری ضرب کے ساتھ وزن میں برابر ہو، مقررہ تال. [ع].

سَمّ (فت س، سک نیز شدم) اند.
زہر. [ع].

سم قاتل اند ۱. زہر قاتل، زہر جس سے جاں بری نہ ہو، مہلک زہر ۲. (مجازاً) بہت ضرر رساں، نہایت نقصان دہ، جان کا دشمن.

سُم (ضم س) اند.
گدھے اور خچر کا پاؤں جو سخت ہوتا ہے اور بیچ میں سے چرا یا پھٹا نہیں ہوتا (جو بیچ میں سے چرا ہوا ہوتا ہے اسے کُھر کہتے ہیں. جیسے گائے بھینس اور بھیڑ بکری وغیرہ کا). [ف : س].

سَما (۱) (فت س) اند.
آسمان، فلک، چرخ. [ع].

سَما (۲) (فت س) اند.
۱. (i) وقت، زمانہ، دور. (ii) مناسبتِ وقت، موقع. ۲. فصل، کھیتی

۳. کیفیت ، عالم ، حالت ۔۴. نظارہ ، منظر ، تماشا ۔

سَماج (فت س) امث ؛ امذ ۔

۱. انجمن ، سبھا ۔۲. گروہ ، جماعت ؛ معاشرہ ، سوسائٹی ۔۳. ساز و سامان ۔ [س] ۔

سماج دشمن صف ۔ معاشرے میں بگاڑ لانے والا ، ملک و قوم کو نقصان پہنچانے والا ۔

سَماجَت (فت س ، ج) امث ۔

منت ، گڑگڑانا ، خوشامد (عموماً منت کے ساتھ مستعمل) ۔ [ع] ۔

سَماجی (فت س) صف ۔

سماج سے متعلق ، سماج کا ، معاشرتی ، اجتماعی ، سوشل ۔

سماجی بہبود امث ۔ معاشرے کی بھلائی ، اجتماعی فلاح ۔

سَماجِیات (فت س ، کس ج) امث ۔

عمرانیات ، انسانی معاشرے (خصوصاً متمدن معاشرے) کے اِرتقا ، فطرت اور قوانین کا علم نیز معاشرتی مسائل کا مطالعہ ۔

سَماچار (فت س) امث ؛ امذ ۔

۱. خبر ، اطلاع ، پیغام ۔۲. واقعات ، روایات ۔ [س] ۔

سَمادھی (فت س) امث ۔

۱. (ہندو) سنیاسی جوگیوں کے زندہ دفن ہونے یا کسی مذہبی پیشوا یا راجہ کی جلی ہوئی ہڈیوں کی راکھ دفن کرنے کی جگہ اور اس پر اُٹھائی ہوئی تعمیر ۔۲. یوگ کا ایک عمل ، مراقبہ ، حبسِ دم ، یک سوئی اور محویت کی حالت ۔ [س] ۔

سَماع (فت س) امذ ۔

۱. کان لگانا ، سننا ۔۲. راگ ، قوالی ۔۳. حال جو راگ یا قوالی سن کر آجائے ، وجد ۔ [ع] ۔

سَماعَت (فت س ، ع) امث ۔

۱. سننا ، شنوائی ۔۲. سننے کی حس ، قوت سامعہ ۔۳. حاکم کا کسی مقدمے کی کارروائی سننا ، مقدمہ زیرِ سماعت ہونا ۔ [ع] ۔

سماعت گاہ امث ۔ کشادہ اور وسیع کمرہ جس میں جلسے وغیرہ منعقد ہوتے ہیں ، حصہ عمارت جہاں سامعین بیٹھیں ، (یونیورسٹی وغیرہ میں) عمارت جس میں درس ہوتے ہیں ؛ آڈیٹوریم ۔

سَماعی (فت س) صف ۔

۱. سنا ہوا ، شنیدہ ، روایتی ۔۲. (قواعد) (قیاسی کی ضد) لفظ جو قاعدۂ صرف کے مطابق نہ بنا ہو مگر اہلِ زبان اس کو بولتے ہوں اور اُن سے سنا گیا ہو ۔

سَماں (۱) (فت س) (الف) حرفِ تشبیہ ۔

مثل ، مانند ، برابر ، سا ۔ (ب) صف ۔ ایک جیسا ، یکساں ۔ [س] ۔

سَماں (۲) (فت س) امذ ؛ ~ سما (۲) ۔

۱. وقت ، زمانہ ، دور ۔۲. رت ، موسم ۔۳. عالم ، کیفیت ، حالت ۔۴. نظارہ ، منظر ۔۵. رونق ، بہار ، چہل پہل ۔۶. راگ رنگ کا مزہ ۔ [س] ۔

سماں باندھنا محاورہ ۔۱. رنگ جمانا ، لطف پیدا کرنا ، کیفیت پیدا کرنا ۔۲. پورا پورا نقشہ کھینچ دینا ، ہوبہو تصویر ، کھینچ دینا ۔

سماں بندھنا محاورہ ۔۱. رنگ جمنا ، کیفیت طاری ہونا ؛ (رقص و سرود وغیرہ کے باعث) محویت کا عالم ہونا ۔۲. پورا نقشہ کھنچ جانا ؛ کیفیت پیدا ہونا ، کسی کیفیت میں زور پیدا ہونا ۔

سَمانا (فت س) ف ل ۔

۱. پورا پورا کسی جگہ یا ظرف میں آجانا ، گنجائش پانا ، کھپنا ۔۲. بسنا ، گھر کرنا ، جاگزیں ہونا ۔۳. گھسنا ، داخل ہونا ، اندر بیٹھنا ۔۴. پختہ ارادہ ہونا ؛ مدنظر ہونا ۔۵. (آنکھ ، نظر ، نگاہ کے ساتھ) جچنا ، بھلا لگنا ، پسند آنا ۔ [س] ۔

سَماوات (فت س) امذ ؛ ج ؛ ~ سموات ۔

آسمان ، افلاک ۔ [ع] ۔

سَماوار (فت س) امذ ؛ ~ سماوَر ۔

دھات کا استوانی شکل کا ظرف جس کے بیچ میں ایک چمنی ہوتی ہے اور چمنی کے چاروں طرف گول حلقے میں پانی بھرا رہتا ہے ، نیچے کی طرف آگ رکھنے کی ایک تھالی ہوتی ہے ، اس میں پانی گرم کرتے ہیں ، چائے دم کرنے یا پانی گرم کرنے کا انگیٹھی دار ظرف ۔

سَماوَر (فت س ، و) امذ ۔

دیکھیے : سماوار ۔

سَماوی (فت س) صف ۔

۱. آسمانی ، فلکی ۔۲. علوی ، ملکوتی ، روحانی ، نہایت لطیف و پاکیزہ ۔

سَمائی (فت س) مث.
۱. گنجائش، کھپت. ۲. وسعت، پھیلاؤ. ۳. (i) حوصلہ، طاقت، ظرف. (ii) تحمل، برداشت.

سَمْبَنْدھ (فت س، سک م، فت ب، سک ن) مذ.
رشتہ، راہ و رسم. [س].

سَمْبَنْدھی (فت س، سک م، فت ب، سک ن) صف؛ مذ.
رشتہ دار، قرابت دار، متعلق، عزیز و اقارب. [س].

سِمْپوزِیَم (کس س، سک م، و مج، کس ز، فت ی) مذ.
فلسفیانہ مذاکرہ، کسی قسم کا مذاکرہ یا مباحثہ، (مختلف لوگوں کے) ان مضامین یا مقالات کا مجموعہ جو ایک ہی موضوع پر ہوں. [انگ].

سَمْت (فت نیز کس س، سک م) مث.
۱. جانب، رخ، طرف، جہت. ۲. راہِ راست. [ع].

سمت الراس مذ. ۱. (i) (ہیئت) آسمان میں وہ نقطہ جو دیکھنے والے کے ٹھیک سر کے اوپر ہو؛ مراد: وسطِ آسمان. (ii) آسمان تک کا سیدھا خط، عمودی خط. ۲. (مجازاً) اوجِ کمال، نقطۂ عروج. ۳. (مجازاً) سردار، حاکم، مرجعِ خلائق، مرکزِ شریعت.

سِمَٹ (کس س، فت م) مث.
شکن، سلوٹ، جُھریں.

سمٹ آنا محاورہ. اکٹھا ہونا، جمع ہونا، یک جا ہونا.

سِمَٹْنا (کس س، فت م، سک ٹ) ف ل.
۱. سکڑنا، چھوٹا ہو جانا. ۲. کام کا نمٹ جانا، تکمیل پانا، قابو میں آ جانا. ۳. اکٹھا ہونا، جمع ہونا، یک جا ہونا (بکھرنا کی ضد). ۴. سرک جانا، ایک طرف ہو جانا. ۵. مر جانا، رخصت ہونا. ۶. (مال و دولت وغیرہ کا) کم ہونا، ختم ہو جانا، گھٹنا. [س].

سَمَجھ (فت س، م) مث.
۱. عقل، دانش، فہم، ادراک. ۲. رائے، خیال.

سمجھ بوجھ مث. عقل و دانش، فہم و فراست.

سمجھ دار صف. عقل مند، ہوشیار، دانا، تجربہ کار.

سمجھ داری مث. عقل مندی، ہوشیاری، دانائی، سلیقہ مندی.

سمجھ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. حساب چکانا، نبٹ لینا. ۲. ذہن نشین کرنا/ہونا، سوچنا، فکر کرنا؛ مطلب جاننا. ۳. حساب کر لینا.

سمجھ میں آنا محاورہ. کسی بات کی تہ تک پہنچنا، جاننا، عقل میں سمانا

سَمْجھانا (فت س، سک م) ف م.
۱. (i) ذہن نشین کرنا، کسی طرح ذہن میں بات ڈالنا. (ii) نشیب و فراز سے آگاہ کرانا، واقف کرنا، مطلع کرانا. ۲. نصیحت کرنا، فہمائش کرنا. ۳. تنبیہ کرنا، خبردار کرنا، ڈرانا، دھمکانا. ۴. تسلی دینا، دلاسا دینا. ۵. خبر لینا ٹھیک کر دینا، حل کرنا.

سمجھانا بجھانا محاورہ. ۱. اونچ نیچ جتانا، متنبہ کرنا، نشیب و فراز سے آگاہ کرنا. ۲. افہام و تفہیم کرنا، فہمائش کرنا. ۳. راضی کرنا، آمادہ کرنا. ۴. کہنا، ذہن نشین کرنا.

سَمَجْھنا (فت س، م، سک جھ) (الف) ف ل.
۱. (i) جاننا، واقف ہونا، آگاہ ہونا. (ii) مفہوم ذہن میں آنا، مطلب ذہن نشین ہونا، کسی بات کی تہ تک پہنچنا. ۲. بات ماننا، نصیحت قبول کرنا قابو میں آنا، کہنے میں آنا. ۳. محتاط ہونا. (ب) ف م. ۱. خیال کرنا گمان کرنا. ۲. بدلہ لینا، انتقام لینا، حساب چکانا. ۳. باہم طے کر لینا فیصلہ کرنا، تصفیہ کرنا، قضیہ چکانا. ۴. کسی چیز کی حقیقت معلوم کرنا اور ادراک کرنا، جاننا. ۵. بازپرس کرنا، سزا دینا. ۶. خاطر میں لانا، اہمیت دینا. ۷. قرار دینا. ۸. حساب کرنا. [س].

سَمَجھوتا/ سَمَجھوتَہ (فت س، سک م، و لین، / فت ت) مذ.
ایسا فیصلہ یا تصفیہ جو فریقین کی باہمی رضامندی سے کیا گیا ہو، مصالحت، مفاہمت.

سَمْجھے (فت س، سک م) حرفِ تنبیہ بطور استفہام.
دیکھا، خیال میں آیا؟ معلوم ہوا؟ ہوش آیا؟ کچھ پتا چلا.

سَمْدَھن (فت س، سک م، فت دھ) مث.
دولھا اور دلھن کی مائیں (جو ایک دوسرے کی سمدھن کہلاتی ہیں). [س]

سَمْدھی (فت س، سک م) مذ.
دولھا اور دلھن یا میاں اور بیوی کے باپ (جو ایک دوسرے کے سمدھی کہلاتے ہیں). [س].

سَمْدھِیانہ (فت س، سک م، کس دھ، فت ن) اند.

سمدھیوں کا گھر، بیٹے یا بیٹی کی سسرال.

سُمْرَن (ضم س، سک م، فت ر) امث.

۱. یاد، دھیان؛ جپنا، ورد، وظیفہ. ۲. موتی بلور یا کانچ وغیرہ کی مالا جسے ہندو بطور تسبیح استعمال کرتے ہیں. ۳. بازو یا کلائی کا ایک زیور. [س].

سَمَری (فت س، م) صف مث.

۱. فیصلہ یا سماعت جو بہت عجلت سے بغیر زیادہ چھان بین یا تحقیقات کے کر دیا جائے، سرسری. ۲. خلاصہ، تلخیص. [انگ].

سِمِسْٹَر (کس س، کس مج م، سک م، فت ٹ) اند.

تدریسی اداروں خصوصاً جامعات کے نظامِ تدریس میں نصاب یا جزوِ نصاب کی تکمیل کا وقت یا میقات. [انگ].

سِمْسِم سِمْسِم (کس نیز فت س، سک م، کس نیز فت س) اند.

علی بابا چالیس چور کے مشہور قصے میں ایک بول جس کی تکرار سے خزانے کا دروازہ کھل جاتا. [حکایت الصوت].

سَمْع (فت س، سک م) اند؛ امث.

۱. کان، گوش. ۲. سننا، سننے کی قوت، سماعت، قوتِ سماعت، سننے کی حس. [ع].

سمع خراش صف. کان کھانے والا، کان پھاڑنے والا، ناگوار، گفتگو سے پریشان کر دینے والا، یاوہ گو.

سمع خراشی امث. بک بک کر کے دماغ پریشان کرنا، کان کھانا، دماغ چاٹنا.

سَمْعی (فت س، سک م) صف.

سمع سے منسوب یا متعلق، سننے سے متعلق.

سَمْعی بصری صف. سماعت اور بصارت سے متعلق، بیک وقت آواز اور تصویر کے استعمال سے تعلق رکھنے والے.

سَمْعِیّات (فت س، سک م، کس ع، شد ی) امث؛ ج.

سماعت کے متعلق علم؛ سماعت سے متعلق چیزیں یا باتیں.

سَمَک (فت س، م) امث.

۱. مچھلی، ماہی، حوت. ۲. (مجازاً) زمین کا سب سے نچلا طبقہ، تحت الثریٰ، پاتال. [ع].

سَمَن (فت س، م) امث.

چنبیلی، یاسمین. [ف].

سمن اندام / بر صف. سیم تن، صبیح، گورے بدن کا؛ (کنایۃً) حسین، محبوب.

سَمَن / سَمَّن (فت س، م / شد م بفت) اند.

(قانون) عدالت میں حاضر ہونے کا تحریری حکم، پروانۂ طلبی، بلاوا، اطلاع نامہ. [انگ].

سمن جاری کرنا محاورہ. (قانون) کسی کو طلب کرنا.

سِمِنْٹ (کس س، کس مج م، سک ن) امث: ← سیمنٹ.

تعمیری مسالا جو کھریا اور چونا وغیرہ ملا کر تیار کیا جاتا ہے، کھریا. [انگ].

سَمَنْد (فت س، م، سک ن) اند.

۱. گھوڑا جس کے جسم کا رنگ بادامی اور ایال اور دم و زانو سیاہ ہوں یا زانو اور اگلے پچھلے پاؤں کے بال سیاہ ہوں (یہ مبارک خیال کیا جاتا ہے). ۲. گھوڑا. [ف].

سَمَنْدَر (فت س، م، سک ن، فت د) اند.

ایک کیڑا جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی اس کی غذا ہے، اگر آگ سے باہر نکلے تو فوراً مر جاتا ہے. [ف].

سَمُنْدَر (فت س، فت نیز ضم م، سک ن، فت د) اند.

بحر، ساگر. [س].

سمندر پار م ف. سمندر کے دوسرے کنارے پر؛ (کنایۃً) بہت دور.

سَمُنْدری (فت س، فت نیز ضم م، سک ن، فت د) صف.

سمندر (بحر) سے منسوب یا متعلق، سمندر کا، بحری.

سمندری ڈاکو اند. بحری قزاق، بحری جہاز میں آ کر ڈاکا ڈالنے والا، بحری جہاز کو لوٹنے والا.

سَموات (فت س، مدم) اند؛ ج.
آسمان، افلاک. [ع].

سَموچا (فت س، ومع) صف؛ م ف.
کل، تمام، مکمل، پورا، سالم. [س].

سَمور/ سَمُّور (فت س، ومع/ ومع، نیز شدم) اند.
۱. نہایت نرم اور باریک پشم والا ایک جانور جس کی کھال سیاہی مائل سرخ ہوتی ہے. ۲. سمور کی بال دار کھال جو نہایت قیمتی ہوتی ہے اور جس کی پوستین بناتے ہیں. ۳. پوستین. [ع].

سَموسا/ سَموسہ (فت س، وج / فت س) اند.
۱. مثلث کی شکل کی کوئی چیز؛ تکونی شکل کی عمارت یا جگہ. ۲. تکونی شکل کا میدے یا آٹے کا پکوان جس میں قیمہ، آلو اور ترکاری وغیرہ بھر کر تلتے ہیں. ۳. چوکھونٹا بڑا رومال جسے سہ گوشہ کر کے کندھوں پر ڈال لیتے ہیں. [ف].

سَموم (فت س، ومع) امث.
گرم ہوا، لُو. [ع].

سُموم (ضم س، ومع) اند؛ ج.
زہر، خصوصاً وہ زہر جو جراثیم کے ذریعے جسم میں پہنچیں اور کسی خاص مرض کا باعث ہوں. [ع].

سَمونا (فت س، وج) (الف) ف م.
۱. ملانا، آمیز کرنا، کھپانا. ۲. (i) ٹھنڈے اور گرم پانی کو ملا کر معتدل کرنا. (ii) مختلف مزاج کی دو چیزوں کو ملانا یا ملا کر ان میں اعتدال پیدا کرنا، معتدل کرنا. ۳. جذب کرنا، سمیٹ لینا. (ب) ف ل. ۱. دو مختلف چیزوں کا مل کر اعتدال پر ہونا. ۲. جذب ہونا، ملنا. [س].

سَمویا ہُوا (فت س، وج، ضم ہ) صف مذ.
گرم پانی میں ٹھنڈا ملا کر معتدل کیا ہوا، نیم گرم، کنکنا پانی.

سَمّی (فت س، شدم) صف.
سم سے متعلق یا منسوب، زہریلا.

سَمَے (فت س، ی لین نیز مج) اند.
۱. وقت، زمانہ. ۲. موسم، فصل. ۳. منظر، کیفیت، سماں. [س].

سَمیت (فت س، ی مج) م ف.
ساتھ، ہم راہ، بشمول. [س].

سَمیٹ (فت س، ی مج) امث.
۱. (جسم کو) سکیڑنا، یک جائی. ۲. جامعیت، اختصار.
سمیٹ سماٹ کر م ف. ۱. ایک جگہ کر کے، اکٹھا کر کے، سب اٹھا کر. ۲. (مجازاً) جلد جلد تیار کر کے.
سمیٹ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. جمع کر لینا، اکٹھا کر لینا. ۲. سکیڑ لینا. ۳. تمام کرنا، نبیڑنا، نبٹا لینا. ۴. سنبھالنا.

سَمیٹنا (فت س، ی مج، سک ٹ) ف م.
۱. (i) فراہم کرنا، جمع کرنا، اکٹھا کرنا. (ii) پھیلی ہوئی چیز کو ایک جگہ کر لینا، یک جا کرنا. (iii) بٹورنا؛ حاصل کرنا. ۲. (i) سکیڑنا. (ii) (فاصلہ وغیرہ) چھوٹا کرنا، کم کرنا. ۳. (i) ختم کرنا، نبٹانا. (ii) خلاصہ کرنا اختتام کو پہنچانا. ۴. لپیٹنا. ۵. سنبھالنا. [س].

سَمیع (فت س، ی مع) صف.
۱. بہت سننے والا، فریاد سننے والا، سماعت کرنے والا. ۲. اللہ تعالیٰ ایک صفاتی نام. [ع].

سِمینار/ سیمیناو (کس مج س، ی مع) اند.
مجلسِ مذاکرہ، علمی و ادبی موضوع پر باہم اظہارِ خیال، علمی و تحقیقی مباحث سے متعلق اجتماع و اجلاس. [انگ].

سَن (۱) (فت س) اند.
عرصے اور زمانے کے شمار کا ایک قاعدہ سال، برس.
سنِ عیسوی صف؛ اند. دنیا میں رائج جنتری یا کیلنڈر کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے.
سنِ ہجری اند. قمری سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکۂ معظمہ سے مدینۂ منورہ کو ہجرت فرمانے کی تاریخ سے شمار کیا جاتا ہے.

سَن (۲) (فت س) اند.
ایک مشہور پودا جس کے ریشوں سے سُتلی، رسی اور بوریاں بناتے ہیں نیز اس پودے کی چھال (یہ پودا تین ساڑھے تین اُونچا ہوتا ہے اور اس کے پھول پیلے رنگ کے ہوتے ہیں). [س

سَن (۳) (فت س) امت.
فضا میں کسی چیز کے زور سے چلنے کی آواز، سنسناہٹ. [حکایت الصوت].
سن سن امت؛ م ف. ا. سن کی متواتر آواز ؛ سنسناہٹ کے ساتھ.
۲. چھوں پر سے رینگنے والے کیڑوں کی آواز.
سن سن کرنا محاورہ. ا. کپکپانا، لرزنے لگنا، کپکپاہٹ محسوس کرنا.
۲. سن سن کی آواز نکلنا، سنسنانا. ۳. سائیں سائیں کرنا، سناٹا ہونا، ویرانی برسنا، بے رونقی، اُجڑا اُجڑا سا نظر آنا.
سن سے م ف. جلدی سے، زناٹے سے.
سَن (فت س) اند.
سورج، گرمی، دھوپ، تمازت. [انگ].
سَن اسٹروک اند.
لُو کا اثر، گرمی کی شدت سے نقاہت اور غشی کا دورہ، لُو لگنا، حرارت یا بخار جو گرمی کی شدت سے پیدا ہو جائے. [انگ].
سِن (کس س، مرکبات میں شدن) اند.
عمر، عمر کی میعاد، زندگی کے سال. [ع].
سن بلوغ / بلوغت اند. بالغ ہونے کی عمر، جوانی کی عمر، سمجھ کی عمر، جوانی.
سن رسیدگی امت. زیادہ عمر ہونا، بڑھاپا.
سن رسیدہ صف. بوڑھا، معمر، بڑی عمر کا ؛ (مجازاً) پرانا، کہن سال، سال خوردہ.
سن شعور اند. ہوش سنبھالنے کی عمر ؛ (مجازاً) ابتدائے عمر، لڑکپن.
سنِ یاس اند. بڑھاپا، عورت کے ماہواری بند ہونے کی عمر.

سُن

سُن (۱) (ضم س) صف.
ا. بے حس و حرکت، شل، چپ چاپ، خاموش. ۲. حیران، ششدر، ہکا بکا. [س].
سُن کرنے والا/ والی صف. (جسم یا اس کے کسی حصے کو) بے حس و حرکت کرنے والا.

سُن (۲) (ضم س) ف م، حرف صحیحہ.
سننا کا مادہ اور صیغۂ امر (محاورات میں مستعمل).
سن رکھنا محاورہ. خبردار رہنا، متنبہ ہونا، باخبر اور ہوشیار رہنا. ۲. ذہن نشین کر لینا، سن کر یاد رکھنا.
سن گن امت. اڑتی خبر، خفیہ خبر، بات کی بھنک.
سن گن لینا محاورہ. در پردہ کسی کا راز معلوم کرنا، راز کی بات چھپ کر سننا، خاموشی سے پتا چلانا، کن سوئیاں لینا.
سُنا (ضم س) مذ.
سننا کا فعل ماضی مطلق نیز سنانا کا فعل امر (محاورات و مرکبات میں مستعمل).
سِنّا (کس س، شدن) اند.
چھلکا مچھلی یا مگر مچھ کی کھال پر جو گول گول پتلے اور چمک دار لگے ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک ٹکڑا، سفنا، کھپرا.
سَنّاٹا (فت س، شدن) اند.
ا. ہوا، آندھی، بارش یا اور کسی چیز کی تیزی سے اڑنے کی وحشت ناک آواز. ۲. خاموشی، ویرانی، ہو کا عالم، خاموش فضا. ۳. تیزی ؛ سختی ؛ زور.
۴. غصے کا جوش، ہیجان.
سَنّاٹے (فت س، شدن) اند.
سناٹا کی حالت مغیرہ (مرکبات میں مستعمل).
سناٹے میں آجانا محاورہ. ا. حیرت زدہ ہو جانا، ہکا بکا رہ جانا. ۲. ڈر جانا، سہم جانا.
سناٹے میں رہ جانا محاورہ. حیران رہ جانا، ہکا بکا رہ جانا.
سُنار (ضم س) اند.
زیور بنانے والا، زرگر، صراف. [س].
سنار اپنی ماں کی نتھ میں سے بھی چراتا ہے کہاوت. سناروں کی بے ایمانی پر طنز ہے کہ یہ کسی کو بھی نہیں بخشتے.
سنار ہٹا اند. وہ مقام جہاں سنار بہ کثرت بیٹھتے ہوں، سناروں کا محلہ یا بازار، صرافہ.
سِنان (کس س) امت.
تیز نوک، انی (تیر، برچھی یا نیزے کی). [ع].

سُنانا (ضم س) ف م.
۱. کان میں ڈالنا ، کہنا ، بیان کرنا .۲. آگاہ کرنا ، جتانا ، خبردار کرنا . ۳. گالیاں دینا ، برا بھلا کہنا .۴. کسی کے سامنے گانا ؛ کسی کے روبرو پڑھنا .۵. قرآن شریف لوگوں کے سامنے یا تراویح میں پڑھنا .

سَنّانا (فت س ، شدن) ف ل.
۱. بے فکر ہو کر سونا ، خراٹے لینا .۲. سائیں سائیں کی آواز نکالنا ، سنسنانا ، سرسرانا .

سُنانی / سُناؤنی / سُناونی (ضم س) امث.
خبر مرگ ، موت کی خبر جو پردیس سے آئے .

سُنائی (ضم س) امث.
اسماعت ، فریاد رسی ، داد رسی .۲. دیکھیے : سنائی .

سنائی دینا محاورہ . سنا جانا ، سن پڑنا .

سِنبَل (کس س ، مغ ، فت ب) امث.
(نباتیات) ایک درخت جس میں کپاس کی طرح ڈوڈے لگتے ہیں اور اس کی روئی تکیوں وغیرہ کے کام آتی ہے ، نرم و ملائم روئی .

سُنبُل (ضم س ، سک م بشکل ن ، ضم ب) امذ.
ایک خوش بودار سیاہی مائل بے پھول پھل گھاس جو گندھی چوٹی کی طرح ہوتی ہے (دواؤں میں مستعمل) ہے ، بالچھڑ ؛ شعرا معشوقوں کی زلف اور گیسو سے تشبیہ دیتے ہیں . [ع] .

سُنبُلہ (ضم س ، سک م بشکل ن ، ضم ب ، فت ل) امذ.
گیہوں یا جو کی بالی ، خوشۂ گندم .۲. (فلکیات) ، آسمان کا چھٹا برج جس میں چھبیس ستارے داخل ہیں اور اس کی شکل عورت کی ہے جو خوشۂ گندم ہاتھ میں لیے ہوئے ہے ، کنیا راس . [ع] .

سُنبَہ (ضم س ، مغ ، فت ب) امذ.
۱. لوہے اور دیگر دھات کی چیزوں میں ٹھوک کر سوراخ کرنے کا فولادی قلم ، پیچ ، برما .۲. توپ میں بارود یا گولہ ڈال کر اوپر سے ٹھوکنے کا چوبی گز.

سَنبھال (فت س ، مغ) امث.
دیکھ بھال ، احتیاط .

سنبھال کو / کے م ف . احتیاط سے ، دیکھ بھال کے ، سوچ سمجھ کر .

سَنبھالا (فت س ، مغ) امذ.
وہ وقتی افاقہ جو مریض کو مرنے سے پیشتر ہوتا ہے اور جس سے صحت کی امید ہو جاتی ہے ، پھر دفعۃً حالت بگڑ کر موت واقع ہو جاتی ہے .

سنبھالا دینا محاورہ . امید دلانا ، آسرا دینا ، سہارا دینا .

سنبھالا لینا محاورہ .۱. قریب المرگ مریض کا تھوڑی دیر کے لیے اچھا ہو جانا ، آدمی کا کسی قدر ہوش میں آ جانا .۲. احیاء ہونا ، دوبارہ تازہ ہو جانا ، اصلی حالت پر آ جانا .

سَنبھالنا (فت س ، مغ ، سک ل) ف م.
۱. تھامنا ، پکڑنا ، روکنا ، گرنے نہ دینا .۲. دیکھ بھال کرنا ، دست گیری کرنا ، سہارا دینا .۳. نادرست چیز کو درست کرنا ، سنوارنا .۴. ہاتھ میں لینا ، اختیار کرنا .۵. اہتمام کرنا ، انتظام کرنا .

سَنبھالے (فت س ، مغ) م ف.
احتیاط سے ؛ سنبھال کی مغیرہ صورت ؛ تراکیب میں مستعمل .

سنبھالے نہ/نہیں سنبھلنا محاورہ . قابو سے باہر ہونا ، حد سے باہر نکل جانا .

سَنبھَل (فت س ، مغ ، فت بھ) کلمۂ تنبیہ .
ٹھہر ، دیکھ ، ہوشیار ہو جانا .

سنبھل سنبھل کر م ف . احتیاط سے ، ہوشیاری سے ، عقل و دانائی سے .

سنبھل کر بیٹھنا محاورہ . آرام سے بیٹھنا ، اطمینان سے بیٹھنا .

سَنبھَلنا (فت س ، مغ ، فت بھ ، سک ل) ف ل.
۱. اُٹھنا ؛ تھمنا ، رکنا .۲. اصلاح ہونا ، ترقی کی جانب گامزن ہونا . ۳. گرنے سے بچنا ، محفوظ ہونا .۴. افاقہ ہونا ، آرام پانا ، بہتر ہونا . ۵. قرار آنا ، سکون ملنا ، مطمئن ہونا .۶. برداشت کرنا ، ہوش برقرار رکھنا ، قابو میں آنا .۷. خراب حالات سے دوچار ہونے کے بعد ان سے بچنے کے لیے کوشش کرنا ، بُرے حالات سے بچنا .

سَنپولا (فت س ، مغ ، وج) امذ.
۱. سپولا ، سانپ کا بچہ .۲. (مجازاً) تکلیف دہ چیز ؛ دشمن ، نقصان رساں .

سَنپولیا (فت س ، مغ ، وج ، کس ل) امذ.
سانپ کا بچہ ؛ (مجازاً) دشمن .

سَنہیرا (فت س، مغ، ی مج) اند.

سپیرا، سانپ پالنے والا، سانپ پکڑنے والا ؛ سانپ کا تماشا دکھانے والا.

سَنَت (فت س، ن) اند.

شمسی سال، جو نظام شمسی سے شمار کیا جاتا ہے.

سُنَّت (ضم س، شد ن بفت) مت.

ا. روش، دستور، رواج، طریقہ، عادت، راہ، قانون. ۲. (فقہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول، فعل یا فرمان. ۳. نماز کی وہ رکعتیں جو فرض نہیں ہیں اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرض نماز سے پہلے یا بعد پڑھی ہیں. ۴. ختنہ. [ع].

سنت ابراہیمی مت. (فقہ) عید الاضحیٰ پر حضرت ابراہیمؑ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے جانور کی قربانی.

سنت رَسُول مت. (فقہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریق زندگی.

سنت غیر موکدہ مت. (فقہ) وہ فعل جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمل کیا ہو اور بلا کسی عذر کے چھوڑا بھی ہو، کرنے والا مستحق ثواب اور نہ کرنے والا گنہ گار نہیں ہوگا نیز پانچ وقت کی نماز میں شامل آٹھ رکعات جو نماز عصر اور عشا میں شامل ہیں.

سنت موکدہ اند. ا. نماز کی وہ سنتیں جن کا ادا کرنا ضروری ہے اور ادا نہ کرنے پر مواخذہ ہوتا ہے. ۲. (فقہ) پانچ وقت کی نماز میں وہ بارہ رکعتیں جن کے ادا کرنے کی تاکید فرمائی گئی ہے.

سَنتالیس (فت س، مغ، ی مع) اند.

(ریاضی) سینتالیس ؛ سات اور چالیس کا مجموعہ.

سَنتان (فت س، سک ن) مت.

(ہندو) نسل، خاندان، اولاد، نوع، ذریت. [س].

سَنتَرا (فت س، سک ن، فت ت) اند ؛ ــ سنترہ.

(فواکہات) ایک قسم کا پھل جو نارنگی سے بڑا اور میٹھا ہوتا ہے، سنگترا.

سَنتَری (فت س، سک ن، فت ت) اند.

پہرہ دینے والا سپاہی، چوکی دار، پاسبان.

سَنتوس / سَنتوش (فت س، سک ن، و مع) اند.

ا. صبر، اطمینان، سکون، سکھ ؛ خوشی، مسرت. ۲. انگوٹھا اور چھنگلیا. [س].

سُنَّۃ (ضم س، شد ن بفت) مت.

دیکھیے : سنت.

سِنْٹ (کس مج س، غنہ) اند.

ا. (مالیات) امریکہ میں رائج سکے ڈالر کا سب سے کم قیمت سکہ جو ڈالر کا سوواں حصہ ہے. ۲. ولایتی عطر، خوشبو. [انگ].

سِنٹَرَل (کس مج س، سک ن، فت ٹ، ر) صف.

ا. درمیانی، وسطی، بیچ کا. ۲. صدر مقام سے متعلق، مرکزی. [انگ].

سنٹرل جیل مت. وفاقی حکومت کے زیر انتظام جیل خانہ.

سنٹرل گورنمنٹ اند. مرکز کی حکومت، وفاقی سرکار.

سَنٹی (فت س، سک ن) مت.

پتلی شاخ، بید، قمچی، چھڑی.

سنٹی گریڈ اند. سو حصوں میں تقسیم ہونے والا پیمانہ.

۰۰۰ سَنج (فت س، غنہ) صف.

(مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل)، تول، پرکھ، جانچ. [ف].

سَنجاب (فت س، مغ) اند.

ا. ترکستان کا ایک جانور جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اس کی پشم دار کھال سے پوستین بناتے ہیں یہ بہت حسین ہوتی ہے، بھوری گلہری قاقم، سائبریائی گلہری ؛ (مجازاً) قیمتی چیز. [ف].

سَنجاف (فت س، سک ن) مت.

ا. (خیاطی) ریشم یا گوٹے کی چوڑی گوٹ جو کسی کپڑے پر لگائی جائے، حاشیہ، تکوانا. ۲. (دھات کاری) تانبا، پیتل یا کسی بھی دھات میں اضافی کنارے بنانا، خوب صورتی کے لیے جوڑ لگانا.

سَنجافی (فت س، سک ن) صف.

وہ کپڑا جس کے گرد چوڑی گوٹ لگی ہو، کنارہ دار، حاشیہ دار.

سَنجوگ (فت س، سک ن، و مج) اند.

ا. (i) میل جول، گہری دوستی، قریبی تعلقات. (ii) بندھن، ملاپ. ۲. (i) مقام اتصال، سنگم. (ii) دن رات ملنے کا وقت، دونوں وقت کا ملنا، دن اور رات برابر ہونے کا وقت. ۳. قسمت، نصیب. ۴. اختلاط، ضم ہونا، پیوستگی، امتزاج. [س].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سَنجوگی (فت س، سک ن، و مج) (الف) اند نیز امث.
امیل جول، نفسانی خواہشات پر قابو رکھنے والا جوگی، اتحاد و یگانگت رکھنے والا جوگی، جوگی، سنیاسی، مرتاض، تارک الدنیا لیکن بعض اہل وعیال بھی رکھتے ہیں، وہ جوگی جو شادی کرے .۲. تیتروں کا جڑواں پنجرا جس کے دو خانے ہوتے ہیں ایک نر کے لیے اور ایک مادہ کے لیے. (ب) صف. (حیاتیات) عطفی، مواصلی، ملانے والا.

سَنجیدگی (فت س، سک ن، ی مع، فت د) امث.
متانت، توازن، وقار.

سَنجِیدَہ (فت س، سک ن، ی مع، فت د) صف.
۱. نچا تلا، موزوں، متوازن .۲. متین، باوقار، بردباد. [ف].

سَنجھلا (فت س، غنہ، سک جھ) صف مذ.
منجھلے سے چھوٹا، تیسرا، تیسرے نمبر کا. [س].

سِنچائی (کس س، مغ) امث.
کھیتی کو پانی دینے کا عمل، آب یاری.

سِنچری (کس ج س، سک ن، ضم چ) امث ؛ ~ سینچری.
(کرکٹ) ایک سو رن جو کرکٹ کا کھلاڑی ایک میچ کی ایک اننگ میں مسلسل بناتا ہے. [انگ].

سَنَد (فت س، ن) (الف) امث ؛ اند.
۱. ثبوت، دلیل .۲. اعتبار، بھروسا، وثوق .۳. مثال، نظیر .۴. سرٹیفکیٹ، ڈگری، صداقت نامہ (جو کسی کی علمی لیاقت، چال چلن، کارگزاری یا جسمانی حالت وغیرہ کے بارے میں دیا جاتا ہے) .۵. دستاویز.
۶. (حدیث) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصلی ارشاد یعنی حدیث سے پہلے کی تمام عبارت جس میں بیان کرنے والوں کا ذکر ہوتا ہے، سلسلہ راویانِ حدیث، روایت کرنے والا. (ب) صف. قابل اعتماد، معتبر، مستند، درست، صحیح، ٹھیک. [ع].

سند پکڑنا محاورہ. مستند سمجھنا، بطور نظیر و مثال پیش کرنا.

سند دینا محاورہ. ثبوت فراہم کرنا.

سند کارگزاری امث. کارکردگی کا صداقت نامہ، ملازمت کا سرٹیفکٹ، ملازمت کی چٹھی.

سند لانا محاورہ. مثال دینا، ثبوت پیش کرنا.

سند ماننا محاورہ. صحیح تسلیم کرنا، قابل تقلید مثال جاننا.

سندیافتہ صف. وہ شخص جس کے پاس کسی مطلوبہ استعداد کا باضابطہ تصدیق نامہ ہو، مستند، (اتائی کی ضد).

سُنْدَر (ضم س، سک ن، فت د) صف.
۱. خوب صورت، حسین، خوش نما .۲. نیک پارسا، باعصمت ؛ شریف ؛ عالی خاندان. [س].

سُنْدَرتا/سُنْدَرتائی (ضم س، سک ن، فت د، سک ر) امث.
خوب صورتی، حسن و جمال، دل کشی. [س].

سُنْدَری (ضم س، سک ن، فت د) امث.
۱. حسین عورت .۲. ستار کی طرہیں جو مختلف فاصلوں پر ستار مینڈھ پر لگی ہوتی ہیں جس سے مطلوبہ سر نکلتے ہیں، ہر راگ کے لیے سندریوں کو کھسکا کر مناسب فاصلوں پر رکھا جاتا ہے .۳. ایک درخت جس کی لکڑی سے جہاز بنتے ہیں.

سُنْدُس (ضم س، سک ن، ضم د) اند.
ایک قسم کی نہایت ملائم اور باریک دیبا، ریشم، اطلس جو بہشتیوں کا لباس ہوگا. [ع].

سِنْدُور (کس س، مغ، و مع) اند.
ایک سفوف جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے.

سَنَدی (فت س، ن) صف.
تصدیق شدہ، سند سے منسوب، سندیافتہ، جس کے پاس کسی امر ثبوت یا سرٹیفکیٹ ہو.

سَنْدیس (فت س، مغ نیز سک ن، ی مج) اند.
پیغام، خبر، اطلاع. [س].

سَنْدیسا / سَنْدیسَہ (فت س، مغ، ی مج/ فت س) اند.
پیغام، خبر، اِطّلاع.

سِنْدھو (کس س، سک ن، و مع) امث.
دریا، دریا سے سیراب ہونے والا علاقہ. [س].

سِنْدھی (کس س، سک ن) امث.
سندھ سے متعلق، سندھ کا رہنے والا، سندھ کی زبان.

سَنْدھیا (فت س، سک ن، دھ) امث .
(ہندو) برہمن ، چھتری اور ویش کا روزانہ نیم یعنی وہ دعا جو زوال اور غروب آفتاب اور ظہر کے وقت پڑھی جاتی ہے .

سُنْڈ (فت، غنہ) صف.
فربہ، موٹا، ہٹا کٹا.

سَنْڈا (فت س، سک ن) صف مذ.
۱. موٹا تازہ، فربہ. ۲. قوی ہیکل، زور آور ؛ (کنایۃً) ظالم، قاتل .

سَنْڈاس (فت س، سک ن) امذ.
۱. وہ پاخانہ جو کوٹھے پر یا سطح زمین سے خاصی بلندی پر ہو اور اس کا بول و براز نیچے آ کر ایک دہانے میں جمع ہو، اس کو مہتر باہر کی طرف سے صاف کر لیتا ہے. ۲. (کنایۃً) گندگی، بول و براز. [س].

سَنْڈاسی (فت س، سک ن) امث .
آگ کے اوپر سے گرم ظرف اتارنے کا چمٹا، گرم لوہا پکڑنے کا آلہ، سڑسی، سنسی .

سَنْڈی (فت س، سک ن) امث .
موٹی تازی، ہٹی کٹی، لحیم شحیم عورت (طنز اور پھبتی کے طور پر).

سُنْڈی (ضم س، سک ن) امث .
اناج میں پیدا ہونے والا کیڑا، سرسری.

سَنْسار (فت س، سک ن) امذ.
۱. دُنیا، عالم، جہاں، جگت، کائنات. ۲. پرتھوی، دُنیا کے لوگ، دنیا والے . [س].

سُنْسان (ضم س، سک ن) (الف) صف.
۱. غیر آباد جگہ، ویران، اُجاڑ. ۲. وہ جگہ جہاں اُداسی چھائی ہوئی ہو اور کہیں کوئی بولتا چالتا نہ ہو. ۳. خوف ناک، بھیانک. (ب) امذ، امث. پُرسکون، خاموشی. [س].

سِنْسَر (کس مج س، سک ن، فت س) امذ.
سیاسی، مذہبی یا انتظامی مصالح کی بنا پر کسی تقریر، تحریر وغیرہ پر تحدید و پابندی، روک ٹوک، احتساب. ۲. ناظر، محتسب، نکتہ چین، روک ٹوک کرنے والا. [انگ].

سنسر بورڈ امذ. ادارۂ احتساب، محکمہ احتساب، کچھ لوگوں پر مشتمل وہ جماعت یا ادارہ جو سرکاری طور پر کتابوں، فلموں، خبروں یا اخباروں کے مضامین کو قومی مفاد یا حکومت کے نقطہ نظر سے نامناسب قرار دے .

سنسرشپ امذ. احتساب؛ کسی تحریر کی طباعت و اشاعت پر جانچ پڑتال کی قدغن لگانا، طباعت و اشاعت سے قبل مسودے کی جانچ پڑتال کو لازم قرار دینا .

سنسر کرنا محاورہ. احتساب کی زد میں لانا، کسی خبر یا پروگرام وغیرہ کو نامناسب قرار دے کر خارج کر دینا، نکال دینا .

سَنْسْکار (فت س، غنہ، سک س) امذ.
۱. ریت، رسم، لوازمہ، قاعدہ، قانون، ضابطہ. ۲. تعلیم، گن، ہنر، جوہر. [س].

سَنْسْکِرت (فت س، غنہ، سک س، کس ک، ر) (الف) امث.
(ہندو) آریاؤں کی قدیم زبان جسے وہ دیوتاؤں کی زبان مانتے تھے .
(ب) صف. احتیاط سے بنا ہوا ؛ ساختہ ؛ بناوٹی، مصنوعی، مکمل، کمال کو پہنچا ہوا، شستہ ؛ سجا ہوا، مزین، آراستہ ؛ بہترین، نہایت اعلیٰ، پاک کیا ہوا، پوتر، صاف ستھرا ؛ سکھایا ہوا ؛ شادی شدہ . [س].

سَنْسْکِرتی (فت س، غنہ، سک س، کس ک، سک ر) (الف) امث.
تہذیب، ثقافت . (ب) صف. سنسکرت کا، سنسکرت سے منسوب و متعلق . [س].

سَنْسَنانا (فت س، سک ن، فت س) ف ل.
۱. کسی عصبی یا دماغی نقصان یا خوف یا تھکاوٹ کے باعث، ہاتھ پانو یا سارے بدن میں اندرونی طور پر ایک قسم کے ارتعاش جھنجھناہٹ اور سنسناہٹ کی سی کیفیت پیدا ہونا، جھنجھنانا . ۲. خوف زدہ ہو جانا، سناٹے میں آ جانا .

سَنْسَناہَٹ (فت س، سک ن، فت س، ہ) امث .
۱. تھرتھری، ارتعاش، جوش (خوشی یا غصے کی حالت میں) . ۲. ضعف یا خوف یا سنسنی کی خاص کیفیت جو ہاتھ پانو وغیرہ میں پیدا ہوتی ہے . ۳. کسی چیز کے فضا میں زناٹے سے گزرنے یا آواز . ۴. مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا گوشت وغیرہ پکنے یا پانی میں جوش آنے کی آواز . ۵. خوف سے سناٹے میں آ جانے کی کیفیت .

سَنسَنی (فت س، سک ن، فت س) امث:
ا.ضعف، سنسناہٹ، کپکپاہٹ .۲.خوف، ہراس .۳. ہیجان.
سنسنی پھیلانا محاورہ. خوف و ہراس پیدا کرنا، ہیجانی کیفیت پیدا کرنا.
سنسنی خیز صف. خوف و ہراس پھیلانے والا، ہیجانی.
سَنسی (فت س، سک ن) امث.
دھات کی گرم چیزوں کو پکڑنے کا قینچی کی وضع کا دسپنا یا چمٹا جس کے دستے لمبے منھ چھوٹا اور ضرورت کے لحاظ سے مختلف شکل کا بنایا جاتا ہے، سنڈاسی. [س].
سَنَک (فت س، ن) امث.
خبط، جنون، دیوانگی.
سنک سوار ہونا محاورہ. جنون ہونا، دیوانگی میں آجانا.
سَنکارنا (فت س، مغ، سک ر) ف م.
آنکھ مارنا، اشارہ کرنا، اکسانا، بلانا.
سَنکٹ (فت س، سک ن، فت ک) صف؛ امذ.
ا.سکڑا ہوا، تنگ؛ بھرا ہوا، بھرنا؛ قابل گزر یا دخل؛ تنگ راستہ، خاکنائے درہ .۲.(ہندو) دکھ، آفت، مُصیبت، بدقسمتی، کوفت. [س].
سِنکنا (کس س، فت ن، سک ک) ف م.
ناک سے رینٹ نکالنا، ناک صاف کرنا.
سِنکنا (کس س، غنہ، سک ک) ف ل.
آگ یا توے پر گرم ہو کر سُرخ ہونا.
سَنکی (فت س، سک ن) صف.
جس کے مزاج میں مالیخولیا کی کیفیت ہو، فتور عقل کا مریض.
سَنکھ (فت س، غنہ) امذ.
ا.ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند ہوتا ہے، ناقوس، نرسنگا؛ گھونگا .۲. بڑے گھونگے سے بنایا جانے والا پونگی کی شکل کا خول یا باجا جو قدیم زمانے سے مندروں میں پوجا پاٹ کے وقت یا اس کے اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے، ناقوس، گونگا.
سَنکھیا (فت س، غنہ، کس کھ) (الف) امث.
زہر کی ایک قسم، سُم الفار. (ب) صف .ا.(کنایۃً) مہلک، قاتل، مضر.
۲.(کنایۃً) ناگوار. [س].

سَنگ (۱) (فت س، غنہ) امذ.
ا.پتھر .۲.(مجازاً) وزن، بوجھ.
سنگ اسود امذ.(حجریات) وہ سیاہ پتھر جو کعبۃ اللہ کی دیوار میں نصب ہے، (طواف اسی مقام سے شروع کیا جاتا ہے)، حجرِ اسود.
سنگ آستان / آستانہ امذ. دہلیز یا چوکھٹ کا پتھر.
سنگ آمد و سخت آمد کہاوت. چار و ناچار کوئی کام کرنے یا ذمہ داری آپڑنے کے وقت بولتے ہیں.
سنگ بار صف، امذ؛ امث. پتھر پھینکنے والا، پتھر مارنے والا، پتھروں بوچھاڑ کرنے والا؛ پتھریلی زمین.
سنگ باری امث .ا. پتھروں سے مارنا، پتھراؤ، پتھروں کی بوچھاڑ کرنا.
۲.(مجازاً) مُشکلات، مصیبت.
سنگ بنیاد امذ. ا. وہ پتھر جو کسی عمارت کی تعمیر کے آغاز کے (عموماً کسی مشہور آدمی کے ہاتھوں) بنیاد (نیو) میں رکھا جاتا
۲.(کنایۃً) اساس، جڑ، نیو.
سنگ تراش صف؛ امذ. پتھر کاٹنے والا، پتھر کی چیزیں بنانے والا کاری پتھر کا مجسمہ بنانے والا، بت گر، بت تراش.
سنگ تراشی امث. عمارت اور دوسری ضروریات زندگی کے لیے پتھر کی چیزیں بنانے کا فن یا پیشہ؛ (مجازاً) بت گری.
سنگ جراحت امذ. دودھیا رنگ کا سنگ مرمر سے مشابہ چکنا ملائم بہت نرم قسم کا پتھر، اس کو پیس کر زخم پر ڈالنے سے فائدہ ہوتا سنگ زخم، حجر اعرابی.
سنگ چٹانا محاورہ. پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا، سان پر چڑھانا.
سنگ خارا / خارہ امذ. ایک قسم کا غیر معمولی سخت پتھر (بھورا یا جو کھریا کی چٹانوں کے درمیان ملا جلا پایا جاتا ہے، اس سے جلانے کا کام بھی لیا جاتا ہے، اندر سے فولاد کی طرح بھورا رنگ ہے اور باہر سفیدی کی ایک تہ جمی ہوتی ہے)، چقماق.
سنگ دان/دانہ امذ. پرند کا اصل معدہ جو اس کے پیٹ میں آنتو کے آخری حصہ میں لگا ہوتا ہے، اس میں باریک کنکر بھرے ہیں، جب پوٹے سے کھائی ہوئی غذا اس میں پہنچتی ہے تو کنکری

کی آپس کی رگڑ سے ہضم ہوتی رہتی ہے (ادویات میں بھی مستعمل).

سنگ دل صف ؛ اند. پتھر جیسے دل والا ؛ (کنایۃً) بے رحم ، ظالم ، جفاکار ، سخت دل .

سنگ دلی امث. ظلم وستم ، بے رحمی ، سخت دلی .

سنگ راہ اند. راستے کا پتھر؛ (کنایۃً) سدّ راہ ، مانع ، مزاحمت ، رکاوٹ .

سنگ ریزہ اند. کنکر ، پتھر کا چھوٹا سا ٹکڑا یا کھیرا.

سنگ سار صف .۱. پتھراؤ کرنا ، پتھروں سے مارنا ، سخت ضربیں لگانا . ۲. ایک قسم کی شرعی سزا (جس میں آدمی کو کمر تک زمین میں گاڑ کر پتھر مارتے تھے اور اس طرح اس کا کام تمام کر دیتے تھے).

سنگ سار کرنا محاورہ. پتھروں سے مارنا ؛ مراد: طعن وتشنیع کرنا ، ملامت کرنا ، نکتہ چینی کرنا ، پریشان کرنا ، دل دکھانا .

سنگ ساری امث .پتھر سے مارنا ، پتھر مار کر مار ڈالنا ، وہ سزا جو آدمی کو پتھر مار کر دی جائے .

سنگ گراں صف مذ. بھاری پتھر ؛ (کنایۃً) رکاوٹ .

سنگ مرمر اند. ٹھوس قسم کا سخت اور سفید چمک دار پتھر جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے .

سنگ میل اند. وہ پتھر جو راستوں پر مقامات منزل کا نام اور درمیانی فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے نصب کرتے ہیں ، (اس پتھر پر عموماً کوس ، فرلانگ اور میل کے اعداد لکھے ہوتے ہیں ، اب کلو میٹر رائج ہے)؛ (کنایۃً) نشان راہ .

سَنگ (۲) (فت س ، غنہ) اند.
۱. ساتھ ، رفاقت ، صحبت ، تعلق .۲. ساتھی ، ہم راہی ، رفیق ، دوست . ۳. کاروان سفر کے ہم راہی ، وہ لوگ جو ایک جلوس میں اکٹھے ہوں . [س].

سنگ سوتی تو لاج کیا کہاوت. ہم راہ سونے کے بعد کون سی شرم رہ جاتی ہے ، اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بے جا طور پر شرمائے .

سَنگات (فت س ، مغ) م ف .
ہم راہ ، ساتھ ، سے (معیت کے لیے).

سِنگار (کس س ، مغ) اند؛ امث.
۱. زیب و زینت ، آراستگی ، سجاوٹ ، سنگھار ، بناوٹ .۲. زیور ، لباس وغیرہ پہننا ، کنگھی چوٹی ، آرائش کا سامان ، آرائش ؛ زیبائش .۳. سفید پنکھڑیوں اور پیلی ڈنڈی والا بھینی خوشبو کا ایک پھول ، ہارسنگار . [س].

سنگار دان اند. وہ صندوقچہ ، پٹاری یا ڈبا جس میں عورتیں سامان آرائش رکھتی ہیں. (مثلاً: سرمہ ، مسی وغیرہ).

سَنگَت (فت س ، غنہ ، فت گ) امث .
۱. ہم جلیس ، پاس اٹھنے بیٹھنے والا ، دوست ، رفیق ، ساتھی ، میل جول رکھنے والا .۲. (موسیقی) گویے کے ساتھ باجا بجانے والے سازندے ، گویے ، ساتھ آواز ملانے والے .۳. جماعت ، ٹولی ، منڈلی. ۴. یک جائی ، شرکت ، ساتھ .۵. رنگ ، ڈھنگ ، انداز . [س].

سَنگْتَرہ (فت س ، غنہ ، سک گ ، فت ت ، ر) اند.
ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی .

سَنگُر (فت س ، غنہ ، ضم گ) امث .
دیوار جو لڑائی کے موقع پر بطور مورچہ بناتے ہیں ، روک ، رکاوٹ ، باڑھ .

سَنگْلاخ (فت س ، غنہ ، سک گ) صف .
۱. سخت پتھریلی زمین .۲. (مجازاً) مشکل ، کٹھن ، سخت ترین ، مضبوط .

سنگلاخ زمین امث . (کنایۃً) شعروادب میں استعمال کی جانے والی مشکل اصناف سخن جن سے نفس مضمون ساقط یا دشوار ہو جائے .

سَنگْلاخی (فت س ، غنہ ، سک گ) امث .
سختی ، پتھریلا پن .

سَنگَم (فت س ، غنہ ، فت گ) اند.
۱. ملن ، ملاپ ، اتصال .۲. مقام جہاں دو دریا ملتے ہیں .۳. آمیزہ ، مجموعہ .۴. (مجازاً) دوراہا ، تبدیلی ، دوری ، تغیر . [س].

سَنگْوانا (فت س ، غنہ ، سک گ) ف م.
۱. جمع کرنا ، اکٹھا کرنا ، بٹورنا ، سمیٹنا .۲. ترتیب دینا ، حفاظت کرنا ، نظر میں رکھنا ؛ سلیقے سے رکھنا .۳. پکڑنا ، قبضے میں کر لینا ، حاصل کرنا ، لینا . ۴. نمٹانا ، چکانا ، ختم کرنا (کام وغیرہ).

سَنگی (۱) (فت س ، غنہ) صف .
۱. ساتھ رہنے والا ، ساتھ دینے والا ، ہم نشیں ، ساتھی ، رفیق ، ہم راہی .
۲. معاون ، مددگار .

سنگ ساتھی اند. دوست احباب، ملنے جلنے والے.

سَنگی (۲) (فت س، غنہ) صف.
پتھریلا، پتھر کا بنا ہوا، پتھر جیسا مضبوط یا سخت.

سَنگیت (فت س، غنہ، ی مع) اند.
۱. گانا جو بہت سے آدمی مل کر گائیں، ساز اور رقص کے ساتھ گانے کا فن، کورس، گانا بجانا. ۲. موسیقی. [س].

سنگیت کار صف. موسیقار.

سَنگین (۱) (فت س، غنہ، ی مع) صف.
۱. پتھر سے بنا ہوا، پختہ، مضبوط، پائیدار. ۲. سخت تکلیف دہ، اذیت ناک، غیر معمولی، ناقابل برداشت. ۳. خطرناک، خوف ناک، شدید، سخت، کڑا.

سَنگین (۲) (فت س، غنہ، ی مع) امث.
ایک نوک دار چھری سے مشابہ ہتھیار جو بندوق کی نالی کے آگے چڑھایا جاتا ہے.

سَنگینی (فت س، غنہ، ی مع) صف: امث.
۱. مضبوطی، سختی، گرانی، پائیداری. ۲. مسئلے کی شدت.

سِنگھ (کس س، غنہ) اند.
ببر شیر، آسمان کا برج اسد، لقب جو ہندو راجپوت اور سکھ اپنے نام کے ساتھ لگاتے ہیں، نبض. (صف) بہادر، زور آور. [س].

سِنگھار (کس س، مغ) اند.
کنگھی، چوٹی، سرمہ، مسی اور زیور لباس وغیرہ سے بناؤ اور آرائش و زیبائش؛ (مجازاً) خوبصورتی.

سِنگھاڑا (کس س، مغ) اند.
ایک آبی پودے کا مشہور تکونا پھل جس کے کونے کانٹے کی شکل کے ہوتے ہیں (اس کا چھلکا سخت ہوتا ہے جو پک جانے کے بعد سیاہ ہو جاتا ہے اس کے اندر سفید مغز ہوتا ہے). [س].

سِنگھاسَن (فت نیز کس س، مغ، فت س) اند.
تخت جس کے پائے شیر کی شکل کے بنے ہوں؛ (مجازاً) شاہی تخت، راج گدی. [س].

سُنگھانا (ضم س، مغ) ف م.
ناک سے خوشبو یا بدبو محسوس کرانا، سونگھنے کے لیے دینا.

سَنگھٹن (فت س، غنہ، سک گھ، فت ٹ) اند.
(ہندو) اتحاد، تنظیم، گٹھ جوڑ، اجتماع (فرقہ وارانہ بنیادوں پر) ہندوؤں کی ایک فرقہ وارانہ تحریک جس کا آغاز ۱۹۲۲ میں ہوا تھا [س].

سُنَن (ضم س، فت ن) اند: امث: ج.
سنتیں. [ع].

سَننا (فت س، سک ن) ف ل.
۱. آلودہ ہونا، ملوث ہونا، مورد الزام ٹھہرایا جانا، سانا کا لازم ۲. (مجازاً) ملوث ہونا، بے وجہ مورد الزام ٹھہرایا جانا.

سُننا (ضم س، فت ن) ف م.
۱. کانوں سے کسی آواز کو معلوم و محسوس کرنا. ۲. برا بھلا سننا، طعن و سہنا. ۳. توجہ کرنا، دھیان دینا، کان دھرنا، سمجھ لینا. ۴. گانا یا شعر سننا. [س].

سَنوار (فت س، مغ) امث.
۱. (عور) بناؤ، درستی، اصلاح؛ (مجازاً) رحمت، مہربانی (بگاڑ اور کے بالمقابل). ۲. (طنزاً) پھٹکار، لعنت، مار.

سَنوارنا (فت س، مغ، سک ر) ف م.
۱. درست کرنا، اصلاح کرنا، مہذب بنانا، راہ پر آنا. ۲. ترتیب دینا سلیقے سے لگانا؛ سجانا ۳. آراستہ کرنا، زیب و زینت دینا.

سُنوانا (ضم س، سک ن) ف م.
دوسرے کے ذریعے یا دوسرے کی زبانی سنانا، بیان دلوانا، گوش گزار کروانا

سَنوَرنا (فت س، مغ، فت و، سک ر) ف ل.
۱. آراستہ ہونا، بنتا. ۲. سدھرنا، راہ راست پر آنا. ۳. درست ہونا، صحیح ہونا

سَنولانا (فت س، غنہ، سک و) ف ل.
۱. دھوپ سے چہرے کا رنگ سیاہی مائل ہو جانا، سانولا ہونا. ۲. ماند مدھم پڑنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

سَنُون (فت نیز کس س، و مع) امذ.
دانتوں کا منجن (Dentifrices).

سَنَہ (فت س، سک ن) امذ.
سن، عرصے اور زمانے کے شمار کا ایک قاعدہ سال، برس. [ع].

سنہ عیسوی صف. سن جو حضرت عیسیٰ مسیح کی پیدائش سے شروع ہوا؛ شمسی سال؛ سنہ میلادی.

سنہ ہجری امذ. وہ سنہ جو حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مکے سے مدینے ہجرت کر جانے کے دن سے شروع ہوتا ہے، سال ہجری قمری جنتری یا سال، اسلامی سال.

سُنَہْرا (ضم س، فت مج ن، سک ہ) صف مذ.
سونے کے رنگ کا، طلائی؛ (کنایۃً) حسین، قیمتی.

سُنَہری (ضم س، فت مج ن، سک ہ) امث.
سونے کے رنگ کا، طلائی؛ (کنایۃً) حسین، قیمتی.

سُنی (ضم س) امث.
سنا کی تانیث (تراکیب میں مستعمل).

سنی ان سنی کر دینا / کرنا محاورہ. ٹال جانا، آنا کانی کرنا، جان بوجھ کر نہ سننا.

سنی سنائی امث. افواہ، بے پر کی اڑانا، غیر معتبر، سنی ہوئی خبر جو آنکھوں سے نہ دیکھی ہو.

سُنّی (ضم س، شد ن) امذ.
اہل سنت والجماعت، پیرو سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. [ع].

سَنیّاس (فت س، سک ن نیز شد بکس) امذ.
(ہندو) دنیا کو ترک کرنا، جوگ، فقیری؛ بری عادتیں چھوڑ دینا. [س].

سَنیاسی (فت س، سک ن) امذ؛ صف.
۱. (ہندو) شخص جو دنیا سے الگ تھلگ رہے، تارک الدنیا، جوگی، سادھو.
۲. ہندو فقیر جو ننگ دھڑنگ بھیک مانگتے پھرتے ہیں.

سَنیچَر (فت س، ی مع، فت چ) امذ.
۱. (ہیئت) ایک ست رفتار سیارہ جو آفتاب سے نوے کروڑ میل کے فاصلے پر گردش کرتا ہے؛ زحل (جسے ہمیشہ منحوس تصور کیا جاتا ہے). ۲. جمعہ کے بعد اور اتوار سے پہلے کا دن، شنبہ، ہفتہ. ۳. (مجازاً) نحوست، بدبختی. [س].

سَنیما (فت نیز کس س، ی مع) امذ؛ ← سینما.
۱. کسی کہانی واقعے کی چلتی پھرتی بولتی چالتی تصویریں جو پردۂ سیمیں برقی آلے کی مدد سے دکھائی جاتی ہیں، فلم ۲. (مجازاً) عمارت جس میں فلم دکھائی جاتی ہے، فلم کدہ، سینما گھر. [انگ].

سِنَین (کس س، ی لین) امث.
نیزے کی نوک، نیزے کا پھل؛ (مجازاً) چھوٹا نیزہ، برچھی.

سَو (ولین) صف؛ امذ.
۱. ننانوے کے بعد کا عدد، دس کا دس گنا (۱۰۰)، صد ۲. بہت، بہ کثرت بہت زیادہ. [س].

سو بات کی اک/ ایک بات فقرہ. صاف اور سچی بات، خلاصہ کلام، قول فیصل.

سو باتیں سنانا محاورہ. بہت ملامت کرنا، برا بھلا کہنا.

سو پچاس صف. کئی، متعدد، بہت سارا، بہت سے.

سو جان سے م ف. دل و جان سے، کمال رغبت سے، ہر طرح سے، بہت زیادہ، پوری توجہ کے ساتھ.

سو دن چور کے ایک دن سادھ/ ساہ/شاہ کا کہاوت. جھوٹے کا جھوٹ اور چور کی چوری ایک نہ ایک دن پکڑی جاتی ہے.

سو سنار کی اک لہار/لوہار کی کہاوت. کمزور کی سو ضربوں پر زبردست کی ایک ضرب بھاری رہتی ہے، کار برآری کے لیے زور سے زیادہ ہنر یا تدبّر درکار ہوتا ہے.

سو فی صد ف م؛ فقرہ. پورا پورا، تمام کا تمام، سو میں سو، سولہ آنے.

سو میں ایک م ف. (کنایۃً) قلیل تعداد، بہت کم، ایک فی صد.

سُو (۱) (و مع) امث.
سمت؛ جانب، طرف، جہت. [ف].

سو بہ سو م ف. ہر طرف، ہر جانب، چاروں طرف، ہمہ جہت.

سُو (۲) (و مع) صف.
بدی، خرابی، برائی. [ع].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سوء اتفاق مث. ناموافق صورت حال، وقت کی عدم مطابقت، زمانے کی ناہنجاری، وقت کی ستم ظریفی.

سوء ادب صف. خلاف ادب، بے ادبی، بدلحاظی.

سوء ظن اند. بدگمانی، بدظنی.

سُو (و مع) حرف جزا.
ا. پس، تب، تو. ۲. لہٰذا، چنانچہ، بہر صورت، ہر چند. ۳. (کلام کو سیاق سے مسلسل اور مربوط کرنے کے لیے بطور حرف ربط مستعمل) جیسے، جس طرح. ۴. مگر، لیکن، یہ. ۵. وہی، ویسا ہی، وہ تو، وہ. [س].

سَوا (فت س) صف.
ایک اور اس کا چوتھائی حصہ، پوری چیز کے ساتھ اس کا چوتھائی مزید، گنتی میں ۱+۱/۴. [س].

سوا نیزے پر / پہ م ف. سوا نیزے کے فاصلے پر؛ (مجازاً) سر پر، بہت قریب.

سِوا (کس س) (الف) حرف استثنا.
بجز، جز. (ب) صف. زیادہ، بڑھ کر، دُونا. [پ].

سُوا (ضم س) اند.
ا. موٹی اور لمبی سوئی. ۲. موٹی نوک دار کیل جس سے لوہے، لکڑی یا پتھر میں سوراخ کرتے ہیں، سنبہ، سُنبی. [س].

سَواد (فت س) اند.
ا. سیاہی، تاریکی، اندھیرا. ۲. شہر کا گرد و پیش یا اطراف و جوانب، حوالی شہر، قرب و جوار، قریب، نزدیک، پڑوس، نواح. ۳. علاقہ، سرحد، تعلقہ، شہر، بستی. ۴. پڑھنے لکھنے کا ملکہ، لیاقت. [ع].

سواد خواں صف. کم پڑھا لکھا، مبتدی، کتاب پڑھنے والا؛ حرف شناس، قاری.

سُواد (ضم س) اند.
ا. ذائقہ، مزہ، لذت. ۲. لطافت، حسن. ۳. (مجازاً) ذوق؛ محبت، پیار، عشق، لگاؤ. [س].

سُوار (فت نیز ضم س) اند.
ا. شخص جو سواری کے جانوروں یا گاڑی وغیرہ پر چڑھا بیٹھا ہو، راکب (پیادہ کا نقیض)، چڑی لینے والا. ۲. رسالے یا پولیس کا ملازم جو گھوڑے پر سوار ہو کر خدمت انجام دیتا ہے.

سوار ہونا ف مر: محاورہ. ا. کسی سواری میں بیٹھ کر جانا، سواری کے جانور پر چڑھنا. ۲. روانہ ہونا، رخصت ہونا، جانا. ۳. طاری ہونا، حاوی ہونا، مسلط ہونا. ۴. نر کا مادہ پر چڑھنا، جفتی کھانا، جماع کرنا ("پر" کے ساتھ)

سُوارَت/سُوارَتھ (ضم س، فت ر) اند.
کار آمد، با مقصد. [س].

سُواری (فت نیز ضم س) مث.
ا. سوار ہونا، کسی جانور یا گاڑی وغیرہ پر چڑھ کر یا بیٹھ کر سفر کرنے کا فن سواری کرنے کا ہنر. ۲. سواری کا جانور، یا چیز مثلاً گاڑی وغیرہ جس سوار ہوا جائے، مرکب. ۳. سوار، راکب. ۴. سواری جس کے جلو میں بہت لوگ ہوں؛ جلوس. ۵. (مجازاً) آمد، تشریف آوری. ۶. پردہ نشین عورت بمعنی بیگم، بیوی (بہ صورت جمع مستعمل: سواریاں). [س].

سواری کرنا ف مر: محاورہ. ا. سواری پر چڑھنا، سوار ہونا، آسن جمانا چڑھنا. ۲. حکومت کرنا، حاوی ہونا، حکم چلانا.

سُواگَت (ضم س، فت گ) اند.
اِستقبال، خیر مقدم، آؤ بھگت. [س].

سُوال (فت نیز ضم س) اند.
ا. کسی علمی یا غیر علمی بات کا پوچھنا، اِستفسار، دریافت (جواب کا نقیض). ۲. مانگ، طلب؛ التجا. ۳. بھیک، گداگری. ۴. درخواست عرضی، اِستغاثہ. ۵. زیر بحث امر؛ قابل اعتراض مسئلہ یا معاملہ اعتراض. [ع].

سوال اٹھانا محاورہ. کسی بات کو معرض بحث میں لانا، زیر بحث لانا.

سوال بنانا محاورہ. کسی مسئلے یا معاملے کو پوچھنے کے لیے موزوں الفاظ مرتب کرنا؛ اِمتحانات کے لیے سوالات تیار کرنا.

سوال (و) جواب اند؛ ج. ا. بحث، مباحثہ، تکرار، حجت. ۲. پوچھ گچھ تحقیقات. ۳. (علم بدیع) ایک بیت یا ایک مصرعے میں سوال و جواب نظم کرنا.

سوال حل کرنا ف مر: محاورہ. ا. گتھی سلجھانا، مسئلے کو حل کرنا. ۲. (ریاضی)

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اجزا الگ الگ کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ مراد: ریاضی کے اصول پر عمل کر کے حساب کے سوال کا جواب نکالنا.

سوال دیگر جواب دیگر کہاوت. جب کوئی شخص سوال کے جواب میں ایسی بات کہے جو سوال سے تعلق نہ رکھتی ہو تو کہتے ہیں.

سوال ڈالنا محاورہ. التجا کرنا، درخواست کرنا.

سوال کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. پوچھنا، دریافت کرنا، اِستفسار کرنا؛ پوچھ گچھ، احتساب. ۲. خواہش کرنا، چاہنا، طلب کرنا.

سوال گندم جواب چنا ف مر؛ محاورہ. جب سوال سے بالکل مختلف بات جواب میں کہی جائے تو بولتے ہیں.

سوال نامہ اند. ان سوالات کی فہرست جن کے جوابات مطلوب ہوں، سوالات کی فہرست جو کسی مسئلے سے متعلق رائے عامہ معلوم کرنے کے لیے مرتب کیے گئے ہوں.

سُوالات (ضم نیز فت نیز ضم س) اند.
سوال کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

سُوالی (فت نیز ضم س) مف.
سوال سے منسوب یا متعلق؛ سوال کرنے والا، بھک منگا؛ مانگنے والا، فقیر، سائل.

سُوالِیہ (فت نیز ضم س، کس ل، فت ی) مف.
اِستفہامیہ، اِستفسارانہ، جواب طلب.

سوالیہ نشان اند. ا. علامت جو کسی جواب طلب جملے کے سامنے لگائی جاتی ہے (؟)؛ (مجازاً) اِستفہامیہ. ۲. (مجازاً) حل طلب مسئلہ، عقدۂ لاینحل، معمہ.

سُوامی (ضم س) اند.
ا. (ہندو) آقا، مالک؛ دیوتا. ۲. شوہر، خاوند. ۳. کسی مسلک کا مذہبی گرو، پیر، پیشوا. [س].

سَوان/سوؤاں (فت س، غنہ) مف.
گنتی میں ننانوے کے بعد آنے والا، بہ اعتبار ترتیب سو، سو سے منسوب.

سَوانِح (فت س، کس ح ن) اند؛ امث؛ ج.
ا. حادثات، سانحے، واقعات. ۲. حالاتِ زندگی، سرگزشت.

سوانح حیات / عمری اند. حالاتِ زندگی.

سوانح نگار مف. ا. کسی شخص کی زندگی کے حالات لکھنے والا، سوانح لکھنے والا، سیرت نگار. ۲. ملک یا ملک سے باہر کی خبریں قلم بند کرنے والا، سلطنتِ مغلیہ کے زمانے میں دور دور کے صوبوں میں عام خاص کارروائی اور اِنتظام وغیرہ کو قلم بند کرنے والا ایک بادشاہی افسر.

سَوانِحی (فت س، کس ح ن) مف.
سوانح سے منسوب یا متعلق، واقعاتی.

سوانحی خاکہ اند. زندگی کے واقعات کا شذرہ، ہلکا سا نقشہ، حالاتِ زندگی کے اشارات.

سَوانگ (فت س، غم و، غنہ) اند.
بہروپ، نقل.

سوانگ بھرنا / رچانا محاورہ. ڈھونگ کرنا، دھوکا دینا، روپ بدلنا.

سُواہا (ضم س) اند.
(ہندو) ایک کلمہ جو دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھانے کے وقت کہتے ہیں. [س].

سِوائے (کس س) (الف) حرف ربط.
سوا، علاوہ، بجز. (ب) مف. سوا، زیادہ، بڑھ کر.

سو بھاؤ (و مج) اند.
(ہندو) فطرت، عادت، خصلت، انداز؛ دل کو بھلا لگنا؛ پرکشش. [س].

سُوپ (۱) (و مع) اند.
اناج پھٹکنے اور صاف کرنے کا ظرف جو عام طور سے سرکی یا بانس کی تیلیوں سے بنایا جاتا ہے جس میں پیچھے کی طرف ایک سار اور دائیں بائیں ڈھلوان لگر ہوتی ہے آگے کا حصہ پھٹکی ہوئی چیز کا کوڑا نکالنے کے لیے کھلا رہتا ہے؛ چھاج، غلہ افشاں، چاولی. [س].

سوپ بولے تو بولے چھلنی بھی کیا بولے جس میں بہتّر چھید کہاوت. بے عیب اور عیب دار یا بد اور نیک کا مقابلہ بے معنی ہوتا ہے، جو خود کمزوریاں رکھتا ہو وہ دوسروں کے سدھار میں کیا حصہ لے گا.

سُوپ (۲) (و مع) اند.
اشیائے خوردنی کا نکالا ہوا عرق، یخنی، شوربا وغیرہ. [انگ].

سَوت (ولین) امث.
خاوند کی دوسری بیوی، سوتن، سوکن. [س].

سُوت (وع) اند.
۱. روئی یا اون سے کاتا ہوا تاگا؛ چاندی کا تار. ۲. (پیمانہ) ایک انچ کا آٹھواں حصہ، ایک بٹا آٹھ ۸/۱ انچ. [س].

سوت نہ کپاس اور جولاہے / کولی سے لٹھم لٹھا کہاوت. کسی چیز کا نہ وجود ہے نہ آثار یا اسباب (اس موقع پر مستعمل جب کہ کوئی بے وجود بات کو حقیقت مفروضہ سمجھ کر اس کی بنیاد پر کوئی کام یا گفتگو کرے).

سوت (وج) امث؛ اند.
۱. زمین کے وہ سوراخ یا نالیاں جن سے کنویں، ندیا یا دریا میں پانی اُبلتا رہے، چشمہ، منبع. ۲. نکاس کی جگہ، مخرج یا مصدر، نکلنے یا شروع ہونے کی جگہ. ۳. دریا وغیرہ کی وہ شاخ جو کٹ کر دوسری طرف چلی جائے. [س].

سوتا (وج) اند.
پانی کا چشمہ، ذخیرۂ آب یا سوت سے نکل کر بہنے والا پانی. [س].

سوتاپا (ولین) اند.
سوکن ہونے کا رشتہ، سوکن ہونا، نیز سوت کے رشتے کی جلن.

سَوتَن (ولین، فت ت) امث.
خاوند کی دوسری بیوی، سوکن. [س].

سُوتنا (وع، سک ت) ف م؛ ~ سونتنا.
۱. (i) اوپر سے نیچے کی طرف ایک یا دونوں ہاتھ سے دبا کر اس طرح ملنا کہ درمیان میں وقفہ نہ ہو. (ii) ہاتھ اوپر سے نیچے کی طرف پھیر کر نمی کو دور کرنا، تری صاف کرنا یا نچوڑنا. ۲. میان سے کھینچنا یا نکالنا (آہنی اسلحہ خصوصاً تلوار کے لیے مستعمل). ۳. چٹ کر جانا، صاف کر جانا (کھانا وغیرہ) ہڑپ کرنا؛ (مجازاً) لوٹ کھسوٹ لینا، کچھ باقی نہ چھوڑنا. ۴. (مجازاً) بے تحاشا زد و کوب کرنا؛ (لکڑی یا چمڑے وغیرہ سے) مارنا، بہت پیٹنا.

سُوتی (وع) صف.
سوت کا، سوت کے دھاگے کا بنا ہوا.

سوتے (۱) (وج) اند؛ ج.
سوئے ہوئے، خفتہ؛ (مجازاً) مردہ (تراکیب میں مستعمل).

سوتے جاگتے م ف. ہر وقت، ہر حالت میں، دن رات، رات دن

سوتے کا سوتا رہ جانا محاورہ. ۱. غافل پڑا رہنا اور وقت پر نہ چونکنا ۲. سو کر پھر جیتا نہ اُٹھنا، سوتے میں مر جانا، نیند کی حالت میں مر جانا

سوتے (۲) (وج) اند؛ ج.
سوتا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سوتے خشک ہونا ف مر؛ محاورہ. پانی کے چشمے کا بند ہو جانا، منبع سے پانی نہ نکلنا، ختم ہو جانا.

سَوتیلا (ولین، ی مج) (الف) اند.
سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا، بیٹا جو سوت سے پیدا ہو دوسری ماں یا دوسرے باپ (سوتیلے باپ) اور سوکن یا بیوی کے پہلے شوہر کے تعلق سے جو رشتہ ہو. (ب) صف. جو سگا اور حقیقی نہ ہو غیر حقیقی (باپ، بھائی وغیرہ).

سوتیلا باپ اند. (بیوہ یا مطلقہ) ماں کا دوسرا شوہر (جو اپنا حقیقی باپ نہ ہو).

سوتیلا بیٹا/لڑکا اند. بیوی کے پہلے شوہر یا شوہر کی دوسری بیوی کا بیٹا

سَوتیلی (ولین، ی مج) صف مث.
جو سگی اور حقیقی نہ ہو.

سوتیلی ماں اند. ماں جو حقیقی نہ ہو، باپ کی دوسری بیوی.

سُوٹ (وع) امث.
کوٹ اور پتلون (بیشتر ہم رنگ)؛ ایک ہی وضع یا رنگ کا مردانہ زنانہ جوڑا. [انگ].

سوٹ بوٹ اند. مغربی طرز کے کپڑے اور جوتے وغیرہ.

سوٹ کیس اند. پہننے کے کپڑے رکھنے کا بکس جو چمڑے کا ہوتا ہے

سُوٹا (وع) اند.
سگریٹ یا چرس کا کش، دم، سونٹا.

سوٹا لگانا محاورہ. کش لگانا، دم لگانا، سانس کے ساتھ چرس وغیرہ کا دھواں اندر کھینچنا.

سوتی (و مج) مث.
چھڑی نیز موسلی، کونڈی میں کوٹنے کا ایک اوزار.

سُوج (و مع) مث.
ورم، سوجن. [س].

سوج جانا ف م. ورم آ جانا، سوجن ہو جانا.

سُوج کر کپا ہونا محاورہ. بہت سوج جانا، بہت ورم چڑھنا.

سُوجا (و مع) صف مذ.
جس پر ورم ہو، متورم، سوجنا کا ماضی (تراکیب میں مستعمل).

سُوجَن (و مع، فت ج) مث.
جسم کے کسی حصے کے پھول جانے کی صورتِ حال، پھولن، ورم. [س].

سُوجْنا (و مع، سک ج) ف ل.
۱. سوجن چڑھنا، آماس یا ورم آنا، متورم ہونا. ۲. (کنایۃً) غصے یا بدمزاجی سے منہ پھولنا. [س].

سُوجی (و مع) مث.
گیہوں کا خشخاش کے دانوں کے برابر بنایا ہوا دلیا، روا. [س].

سُوجھ (و مع) مث.
۱. آنکھوں کی روشنی، بصارت، نظر. ۲. اونچ نیچ پہچاننے کی صلاحیت، سمجھ، عقل، ادراک، دور اندیشی، بصیرت.

سُوجھ بوجھ مث. عقل، سمجھ.

سُوجھنا (و مع، سک جھ) ف ل.
۱. دکھائی دینا، نظر آنا. ۲. محسوس ہونا، معلوم ہونا (آنکھ کے علاوہ دیگر حواس، آثار وغیرہ سے). ۳. ذہن میں آنا، خیال میں گزرنا. ۴. بصیرت پر واضح ہونا، سمجھ یا عقل میں آنا؛ تمیز یا امتیاز ہونا. ۵. مشغلہ ہونا؛ عمل میں لانا (طنز یا اعتراض کے موقع پر). ۶. عزم ہونا، دھن ہونا. [س].

سوچ (و مج) مذ؛ مث.
۱. غور و خوض، معاملے کے مختلف پہلوؤں یا نتائج پر گہری نظر ڈالنے کی صلاحیت، فکر. ۲. تصور، دھن، خیال. ۳. حزن، ملال، افسوس یا تعجب وغیرہ کے ساتھ کسی بات کا دھیان، فکر. ۴. تردد، تامل، تذبذب. ۵. رُخ جس سے کسی بات کو سوچا جائے، طریقِ فکر، اندازِ خیال. [س].

سوچ بچار مذ. غور و فکر؛ اُلجھن؛ خیال، دُھن.

سوچ میں پڑنا محاورہ. فکر مند ہونا، متفکر ہو جانا.

سوچا سَمجھا (و مج، فت س، سک م) صف.
سمجھا بوجھا، غور کردہ.

سوچْنا (و مج، سک چ) ف م.
۱. (i) معاملے کے مختلف پہلوؤں یا نتائج پر گہری نظر ڈالنا، غور و خوض کرنا، غور و فکر کر کے کوئی راستہ اختیار کرنا. (ii) پہلے سے سمجھ لینا، عاقبت اندیشی کرنا، نتیجے پر پہنچنا (غور و فکر کر کے). ۲. خیال کرنا، ذہن یا دل میں لانا (حالات یا واقعات وغیرہ). ۳. حزن و ملال، افسوس یا تعجب کے ساتھ کسی بات کا دھیان کرنا، تفکر کرنا. [س].

سوخْت (و مج، سک خ) مث.
۱. جلنے کی کیفیت، جلن، سوزش. ۲. کوفت جو حزن و ملال یا محبت نفرت اور حسد کے باعث دل و دماغ پر تا دیر طاری رہتی ہے، گھٹن، کڑھن.
۲. جلا ہوا، سوختہ. ۳. ضبط، منسوخ، وضع شدہ. [ف].

سوخْتَنی (و مج، سک خ، فت ت) صف.
جلنے یا جلانے کے قابل، پھونک دیے جانے کے لائق.

سوخْتَہ (و مج، سک خ، فت ت) (الف) صف.
۱. جلا ہوا. ۲. (i) غم و اندوہ سے پژمردہ، افسردہ، مغموم؛ عاشق. (ii) غم انگیز، جس میں سوز و گداز ہو. (ب) مذ. ایندھن جو کوئلہ بننے سے پہلے بجھ گیا ہو.

سُود (و مع) مذ.
۱. نفع، فائدہ (نقصان کی ضد). ۲. بہتری، بھلائی. ۳. رقم جو قرض دار سے نرخ مقرر کر کے (اصل سرمایے کے علاوہ) بطور منافع لی جائے، بیاج. [ف].

سود خور صف. سود پر روپیہ دینے والا، سود کھانے والا.

سود خوری مث. بیاج پر روپیہ چلانے کا عمل، بیاج کھانا، سود کھانا.

سود مند صف. فائدہ دینے والا، فائدہ مند، نفع بخش.

سود و زیاں مذ. نفع و نقصان، برا بھلا.

سَودا (۱) (ولین) اند.

۱. بیشتر کھانے پینے اور برتنے کا سامان یا جنس جو بازار سے خریدی جائے ، سامان تجارت . ۲. خریداری ، خرید و فروخت کا معاملہ . [ف] .

سودا سلف اند. خور و نوش کا سامان جو بازار سے خریدا جائے .

سودا کرنا ف مر؛ محاورہ. خرید و فروخت کرنا ، بھاؤ تاؤ کرنا ، قیمت یا نرخ چکانا .

سَودا (۲) (ولین) اند.

۱. اخلاط اربعہ میں سے ایک سیاہ خلط کا نام (بلغم سوختہ یا صفرائے سوختہ) جس کا مقام تلی ہے ، اس کے بڑھنے سے پاگل پن کے آثار ظاہر ہوتے ہیں (یہ طب یونانی کا تصور ہے) . ۲. جنون ، دیوانگی ، خبط . ۳. فریفتگی ، لگن . ۴. دھن ، خیال ، خواہش . [ف] .

سودا سر میں سمانا محاورہ. دھن سوار ہونا ، خبط ہونا .

سودا ہونا محاورہ. جنون یا خبط ہونا ، عشق ہو جانا ، محبت ہونا .

سَوداگَر (ولین ، فت گ) اند.

تاجر ، بیوپاری . [ف] .

سَوداگَری (ولین ، فت گ) (الف) امث .

خرید و فروخت ، تجارت ، کاروبار ، سودا بیچنے کا مشغلہ . (ب) صف . سوداگری سے متعلق ، بیوپار سے تعلق رکھنے والا ، تجارتی ، کاروباری .

سَودائی (ولین) (الف) صف .

خبطی ، سڑی ، وسواسی ، جنونی ، دیوانہ ، پاگل . (ب) اند ۱. مخبوط الحواس ، مجنوں ، بے وقوف ۲. عاشق ، فریفتہ .

سُودی (ومع) صف.

سود سے منسوب ، سود کا ، مراد : سود پر دی یا لی جانے والی رقم .

سُودیس/سُودیش (ضم س ، وغم ، ی مج) اند.

اپنا دیس ، اپنا ملک ، وطن ، اپنا گھر ، اپنی جگہ . [س] .

سُودیشی / سُدیشی (ضم س ، ی مج / غم و ، ی مج) صف .

اپنے ملک کا ، اپنے ملک یا دیس سے تعلق رکھنے والا .

سوڈا (ومج) اند.

۱. ایک سفید کھاری سفوف جو کیمیاوی عمل کے ذریعے سجی سے بنایا جاتا ہے (عام طور پر کھانے کا یا میٹھا سوڈا کہلاتا ہے) . ۲. سوڈے سے ہوا پانی ، سوڈا واٹر . ۳. ایک قسم کی سجی جو کپڑے دھونے کے کام آ ہے . [انگ] .

سوڈا واٹر اند. کل کے ذریعے ایک گیس کی آمیزش اور سوڈے کی لاگ سے مقرر طریقے پر بنایا ہوا مشروب جو بوتلوں میں بند کیا جاتا ہے جب بوتل کھولتے ہیں تو اس میں جوش آتا ہے ، سوڈے سے بنایا ہوا پانی

سُوَر (ضم س ، فت و) (الف) اند.

بھیڑ یا دنبے سے چھوٹا ایک جنگلی جانور (جس کی تھوتھنی کتے سے مشابہ دانت بہت تیز اور کھر چرے ہوئے ہوتے ہیں) ایک چوپایہ جو مسلمانوں کے نزدیک نجس اور حرام ہے ، خنزیر . (ب) صف . شریر بدمعاش ، حرام زادہ ، (بطور گالی مستعمل) . [مقامی] .

سور کا بچہ / جنا اند. (بطور گالی) حرام زادہ ، بدمعاش ، لچا ، شریر

سوراج (ومج) اند.

اچھا راج ، آزاد اقتدار ، اپنی حکومت ، جمہوری حکومت . حکومتِ اختیاری ، اپنے دیس میں اپنی حکومت . [س] .

سُوراخ (ومع) اند.

چھید ، روزن ، موکھا ، جھری ، درز ، دراڑ ، مسام ، منھ ، دہانہ . [ف

سُورَت (ومع ، فت ر) امث .

قرآن مجید کے ایک سو چودہ (چھوٹے بڑے) ابواب میں سے ایک باب .

سُورَج (ومع ، فت ر) اند.

۱. سیارہ جو سیاروں کے نظام کا مرکز کہلاتا ہے (خصوصا) نظام شمسی مرکز جس کے گرد زمین اور دیگر سیارے گردش کرتے ہیں (بہ ذات خود گرم اور روشن) ہے ، آفتاب ، شمس ، مہر . ۲. دھوپ . [س] .

سورج بنسی اند. (ہندو) راج پوتوں کا وہ فرقہ جو اپنے آپ کو سورج (دیوتا) کی اولاد میں خیال کرتا ہے (رام چندر جی اسی خاندان سے تھے)

سورج ڈھلنا محاورہ. ۱. سورج ڈوبنا ، سورج کا غروب ہونا . ۲. زوال ہونا عمر کا ڈھلنا .

سورج سوا نیزے پر ہونا محاورہ. گرمی کی شدت ہونا ؛ قیامت کے آثار نمایاں ہونا .

سورج کو چراغ دکھانا محاورہ. ۱. دانا کو دانائی کی بات بتانا ؛ کسی بڑے تجربہ کار کو کسی معمولی ہستی کا مشورہ دینا. ۲. عبث کام کرنا، بے کار امید باندھنا.

سورج گرہن / گہن اند. زمین اور سورج کے درمیان چاند کے حائل ہو جانے سے سورج کا جزوی یا کلی طور پر تاریک نظر آنا، کسوف.

سورج مکھی (الف) مث ؛ اند. سورج سے مشابہ ایک زرد رنگ کا پھول نیز اس کا پودا، گل آفتاب. (ب) صف. پیدائشی طور پر انتہائی سفید رنگت والے انسان جن کے سر کے بال، بھنویں اور پلکیں تک سفید ہوتی ہیں اور چندھیا کر دیکھتے ہیں.

سُوَرْگ (فت س، سک و، ر) اند.
۱. دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ، عالم بالا، آسمان ؛ جنت، بہشت. ۲. عقبیٰ، دوسرا جہاں نیز عالم ارواح. [س].

سُورما (مع، سک ر) صف.
۱. بہادر، جری، دلیر. ۲. (مجازاً) مرد میدان، نامی (کسی بھی فن کا). ۳. ہیرو. [س].

سُورَہ (مع، فت ر) اند؛ مث.
دیکھیے : سورت (سورۃ).

سوز (مج) اند.
۱. (i) تپش، جلن، تپن، جلنا. (ii) دکھ، رنج وغم، رقت کی کیفیت، آزردگی. ۲. درد ناک لہجہ، پر درد انداز، غم ناک لحن. ۳. شہدائے کربلا یا خاندان رسالت کے حال پر مشتمل قطعہ، رباعی یا مسدس کا ایک بند جو مجلس میں سلام اور مرثیے سے پہلے پڑھا جائے ؛ سر اور لے کے ساتھ فضائل یا مصائب کے اشعار پڑھنے کا طرز یا انداز. [ف].

سوز خواں صف. ایک خاص طرز پر مرثیہ پڑھنے والا، رثائی اشعار پڑھنے والا.

سوز و گداز اند. جلنے اور پگھلنے کی کیفیت ؛ (مجازاً) رنج وغم کی کیفیت جس سے رقت طاری ہو، رقت.

سوزاک (مج) اند.
ایک متعدی مرض جس میں پیشاب سوزش سے آتا ہے اور پیشاب کی نالی میں زخم پڑ جانے کی وجہ سے پیپ آتی رہتی ہے. [ف].

سوزاں (مج) صف.
جلانے یا جلنے والا، جلا ہوا، جلتا ہوا، بھڑکتا ہوا. [ف].

سوزِش (مج، کس ز) مث.
۱. سوختگی، جلن، کھولن. ۲. (مجازاً) تاثر جس سے دل نرم ہو کر آنسو نکل آئیں، رقت. [ف].

سوزَن (مج، فت ز) مث ؛ اند (شاذ).
سوئی. [ف].

سوزن کاری مث. سوئی سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام، کڑھائی کا کام، کشیدہ کاری.

سَوزْنی (مج، فت نیز سک ز) مث.
اوڑھنے بچھانے یا پہننے کا دہرا روئی بھرا کپڑا جس پر سوئی کا باریک کام ہو، سوئی کے کام کا بستر یا لباس، جا بجا سوراخ کر کے بیل بوٹے بنایا ہوا کپڑا ؛ غلاف، صدری.

سوزی (مج) مث.
جلنا یا جلانا، مرکبات میں مستعمل (جیسے : جاں سوزی وغیرہ).

سُوس (مع) مث.
۱. ملیٹھی. ۲. کیڑا جو اونی یا ریشمی کپڑے اناج یا لکڑی میں لگتا ہے، گھن. [ع].

سوسائِٹی (مج، کس ئ، م) مث.
۱. انجمن، جماعت، مجلس، سبھا. ۲. (i) صحبت، سنگت. (ii) ایک خاص زاویۂ نظر یا نقطۂ نظر رکھنے والے مہذب لوگ. ۳. معاشرہ، سماج. [انگ].

سُوسْمار (مع، سک س) اند.
۱. لمبی دم اور چھوٹے دانتوں والا ایک صحرائی جانور جو کیڑے مکوڑے کھاتا ہے جاڑے کے موسم میں نکلتا ہے (اس کی کئی قسمیں ہیں جیسے : چھپکلی اور گرگٹ وغیرہ). ۲. گھڑیال، مگر مچھ. [ف].

سُوسَن (مج نیز مع، فت س) مث ؛ اند.
زبان سے مشابہ پنکھڑیوں والا ایک پھول (جو بیشتر نیلا اور گاہے آسمانی، زرد یا سفید ہوتا ہے). [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سُوسَنی (وج نیز مع ، فت س) صف.
نیلگوں ، آسمانی ، ہلکا اودا (رنگ) .

سُوں سُوں (وم ، مغ ، وم) امث.
کسی چیز کو ناک سے سونگھتے وقت زور سے آواز نکالنا. [حکایت الصوت] .

سوشَل (وج ، فت ش) صف.
۱. معاشرتی ، اجتماعی یا جماعتی ، سماجی ، معاشرے سے متعلق ، سوسائٹی سے متعلق .۲. جماعت پسند ، جماعتی زندگی کا خوگر ، میل جول رکھنے والا ، ملنسار . [انگ] .

سوشَلِزم (وج ، فت ش ، کس ل ، سک ز) اند.
اشتراکیت ، ایک معاشرتی و معاشی نظریہ جس کے مطابق وسائل پیداوار اجتماعی یا سرکاری ملکیت میں ہونے چاہئیں اور پیداوار کی تقسیم و تبادلے کے معاملات پر قوم کا کنٹرول ہونا چاہیے . [انگ] .

سوشَلِسٹ (وج ، فت ش ، کس ل ، سک س) صف.
اشتراکیت کا قائل ، سوشلزم کا پیرو . [انگ] .

سوشیالوجی (وج ، سک ش ، وج) امث.
عمرانیات ، علم سماجیات . [انگ] .

سَوغات (ولین) امث ؛ اند (قدیم) .
تحفہ ، ہدیہ . [ف] .

سُوفار (وم) اند.
۱. تیر کے نچلے سرے پر وہ گہرا نشان یا شگاف جسے کمان کے تار پر رکھ کر چلاتے ہیں ، دہان تیر ، چٹکی .۲. سوئی کا ناکا . [ف] .

سوفِسْطا (وج ، کس ف ، سک س) اند.
جرح یا بحث کا ایسا طریقہ جس میں دلائل بظاہر درست مگر حقیقت میں نامعقول اور گمراہ کن ہوں نیز ایسے دلائل استعمال کرنے کا فن ، غلط استدلال . [ع] .

سوفِسْطائی (وج ، کس ف ، سک س) (الف) اند.
فلسفی یا فلسفیوں کا گروہ جس کے اصول کی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کو بالکل نہیں جانتا ، غلط استدلال کرنے والا ، یا غلط دلیل سے دھوکا دینے والا شخص . (ب) صف . سوفسطا سے منسوب .

سُوق (وم) اند.
بازار ، پینٹھ . [ع] .

سُوقِیانَہ (وم ، سک ق ، فت ن) صف.
بازاری ، بازاریوں کا سا ، عامیانہ ، عوام کا .

سوقیانہ پن اند. گھٹیا پن ، ابتذال .

سَوکَن (ولین ، فت ک) امث.
بیوی جو پہلی بیوی پر لائے جائے ، ایک خاوند کی دو بیویاں باہم سوکن کہلاتی ہیں .

سُوکھ (وم) اند.
سوکھنا سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل) . [س] .

سوکھ جانا ف ل. ۱. دبلا ہو جانا ، لاغر و نحیف ہوتا جانا ، بدن کا سوکھ جانا ؛ دق کا مرض لاحق ہونا .۲. پانی کم ہو جانا .۳. (لکڑی) کا خشک ہوجانا.

سوکھ کر / کے کانٹا ہو جانا محاورہ. نہایت دبلا اور لاغر ہو جانا نحیف و نزار ہو جانا .

سُوکھا (وم) صف مذ.
۱. خشک چیز جس میں کسی قسم کی نمی یا چکناہٹ نہ ہو (گیلا کی ضد) ۲. دبلا پتلا ، لاغر .۳. بیماری جس میں انسان دبلا ہو جاتا ہے (عموماً چھوٹے بچوں کو یہ بیماری لگ جاتی ہے) .۴. بارش کا نہ ہونا ، خشک سالی ، قحط .۵. (i) روکھا ، بغیر سالن کے . (ii) غیر دل چسپ بے لطف ، بے مزہ ؛ غیر مفید ، بے کار . [س] .

سوکھا پڑنا محاورہ. بارش نہ ہونا ، خشک سالی ہونا ، قحط پڑنا .

سوکھا جواب اند. صاف انکار ، واضح انکار .

سوکھا سڑا صف مذ. بے رونق ، بیمار ، کمزور ، دبلا .

سوکھا لگ جانا / لگنا محاورہ. (دکھ) یا بیماری سے بدن کا گھلنا دبلا پتلا ہوتا جانا ، دق کی بیماری کی حالت .

سُوکھنا (وم ، سک کھ) ف ل.
۱. خشک ہونا ، گھٹنا ، کم ہونا ، نمی دور ہونا .۲. انتظار کی تکلیف برداشت کرنا ، راہ دیکھنا .۳. تڑپنا ، بے چین ہونا (انتظار وغیرہ میں) .۴. دبلا

ہونا (خوف یا رنج وغم اور عشق وغیرہ سے). ۵. سکڑنا (حجم کا کم ہو جانا). [س].

سُوکھی (و مع) صف مث.
۱. خشک چیز، روکھی ۲. دبلی پتلی، لاغر، کمزور. [س].

سوکھی روٹی مث. خشک روٹی؛ معمولی غذا.

سُوکھے (و مع) صف.
سوکھا کی حالت مغیرہ یا جمع (تراکیب میں مستعمل).

سوکھے دھان / دھانوں (میں) پانی پڑنا محاورہ. ۱. نئے سرے سے زندگی پانا، جان میں جان آنا، جان پڑ جانا ۲. امید بر آنا، مطلب پورا ہونا ۳. تر و تازہ ہونا، شادابی حاصل کرنا.

سوکھے گھاٹ/گھاٹوں اتارنا محاورہ. محروم رہنا، مایوس رکھنا، ٹالنا.

سوگ (و ج) اند.
۱. ماتم (خاص کر میت یا فوت شدہ چیز کا)؛ مصیبت، غم، رنج ۲. رسم یا رسوم جو میت کے اظہار غم کے لیے ہو (جیسے: ماتم کی صف بچھانا، سیاہ لباس پہننا، مہندی وغیرہ نہ لگانا). [ف].

سوگ کرنا / منانا ف مر: محاورہ. ماتم کرنا، رنج وغم کی حالت میں رہنا، غم کرنا، مردے کے غم میں رسوم بجا لانا، صف ماتم بچھانا.

سَوگَند (و لین، فت گ، سک ن) مث.
قسم، حلف، عہد. [ف].

سوگند کھانا محاورہ. قسم کھانا، عہد کرنا، حلف اٹھانا.

سوگوار (و ج، فت گ) صف.
غم کی رسم یا رسوم بجا لانے والا، رنجیدہ، ملول، آزردہ. [ف].

سوگواری (و ج، فت گ) مث.
غمگینی، ماتم داری، غمی کی حالت.

سُول (و مع) مث: اند (قدیم).
۱. سنان، انی، برچھی کی نوک، قرولی، چھری، کانٹا، خار ۲. درد، چبھن، خلش، ٹیس، تپک، چمک، بے چینی. [س].

سَول (و ج) اند.
جوتے کا تلا، اپر کے بالمقابل. [انگ].

سِوِل (کس س، و) صف.
(ملٹری کا نقیض) غیر فوجی؛ ملکی؛ مالی، فوج داری، دیوانی یا انتظامی خلیق، مہذب؛ ملنسار، بھلامانس. [انگ].

سول حکومت مث. غیر فوجی حکومت، مارشل لا کا نقیض.

سول سروس اند. ملک کے انتظامی اُمور سے متعلق اعلیٰ ملازمت نیز امتحان، سرکاری ملازمت کا وہ شعبہ جس میں بڑے بڑے غیر فوجی عہدہ دار ہوتے ہیں.

سول نافرمانی مث. حکومت کی لگائی ہوئی پابندیوں کو توڑنا، حکومت کے احکام کی تعمیل سے بلا تشدد انکار، سرکاری احکامات کی خلاف ورزی.

سولَر (و ج، فت ل) صف.
سورج کا، سورج سے منسوب، شمسی (مرکبات میں مستعمل جیسے: سولر انرجی، سولر سیل وغیرہ). [انگ].

سولو (و ج، و ج) اند.
اکیلا، تنہا، گانا جو صرف ایک شخص گائے (کورس کی ضد). [انگ].

سولَہ (و ج، فت ل) صف.
دس اور چھ کا مجموعہ، پندرہ کے بعد کا عدد، چھ اور دس (۱۶)، شانزدہ (فارسی). [س].

سولہ آنہ/ آنے صف. (مجازاً) مکمل، پورا، بالکل، کلیتہ.

سولہ سنگار/سنگھار اند. عورتوں کی مکمل آرائش کا ساز و سامان، آرائش و زینت کی سولہ چیزیں جو پاک و ہند کی عورتوں سے مخصوص ہیں.

سولہ سنگار/ سنگھار کرنا محاورہ. بننا، سنورنا، آراستہ ہونا.

سُولی (و مع) مث.
۱. سیدھی نوک دار بلی یا کسی دھات کی سلاخ جسے زمین میں گاڑ کر گنہ گار یا مجرم کو اُس پر بٹھا دیا جائے تو وہ آہستہ آہستہ اُس کے جسم میں گھستی چلی جائے اور وہ تڑپ تڑپ کر جان دے دے ۲. (مجازاً) بلی جس میں رسی کا پھندا پڑا ہو اور مجرموں کو اُس پر لٹکایا جائے، پھانسی، دار ۳. پھانسی کا پھندا، رسی جس سے پھانسی دی جائے. [س].

سولی پر چڑھانا محاورہ. ۱. پھانسی دینا، دار پر چڑھانا ۲. نہایت تکلیف دینا، بہت اذیت پہنچانا، بہت سخت سزا دینا.

سولی پر/ پہ چڑھ جانا/چڑھنا محاورہ. پھانسی پانا، دار پر لٹکنا؛ (کنایۃً) مصیبت میں گرفتار ہونا، نہایت تکلیف و اذیت پانا یا سہنا.

سولی پر لٹکنا محاورہ. پھانسی کا پھندا اپنے گلے میں ڈالنا، پھانسی پانا؛ شدید اضطراب میں گرفتار ہونا.

سولی پر/ پہ نیند آنا محاورہ. انتہائی دکھ اور تکلیف یا خوف و ہراس کی حالت میں بھی نیند کا غالب ہونا.

سولھواں (وج، سک لھ) اند.
سولہ، پندرہ کے بعد کا.

سولھویں (وج، فت لھ، ی مع) امث.
سولہ کی ترتیبی صورت، سولھواں کی تانیث.

سِوُم (کس س، ضم و) صف؛ سوئم؛ سویم.
۱. تیسرا، تین سے متعلق ۲. مردے کا تیجا، مرنے کے بعد تیسرے دن کی فاتحہ جس میں قرآن خوانی کر کے اس کا ثواب مرنے والے کو بخشا جاتا ہے. [ف].

سومنات/ سومناتھ (وج، سک م) اند.
۱. جنوب مغربی ہندوستانی کے علاقہ گجرات میں ایک شہر کا نام جو کاٹھیاواڑ کے کنارے پر واقع ہے، اس میں شیوجی یا مہا دیو کا مندر، محمود غزنوی نے حملہ کر کے اسے فتح کیا مندر کے بت توڑ ڈالا، شہر کا نام اسی مندر کے نام پر پڑا ۲. (ہندو) بہت بڑا بت خانہ، مرکزی بت خانہ. [س].

سوموار (وج، سک م) اند.
اتوار کے بعد کا اور منگل سے پہلے کا دن، پیر، دوشنبہ. [س].

سُوں (وج) اند.
سے. [س].

سَوں (وج نیز لین) امث.
قسم، سوگند. [س].

سُونا (وج) صف مذ.
۱. خالی، غیر آباد، سنسان ۲. اُجاڑ، ویران، بے رونق، غیر محفوظ. [س].

سونا پڑا رہنا/ ہونا محاورہ. اجاڑ ہونا، ویران ہونا، بے چراغ ہونا، خالی رہنا، بے رونق یا سنسان رہنا.

سونا کر جانا محاورہ. کسی جگہ کو چھوڑ کر چلا جانا، ویران کر دینا.

سونا (۱) (وج) ف ل.
۱. (i) جاگنے کا نقیض، نیند آ جانا (ii) آرام کرنا ۲. مباشرت کرنا، ہم بستر کرنا ۳. مرنا، قبر میں لیٹنا، دفن ہونا ۴. سن ہونا، بے حس و حرکت ہونا ۵. غفلت و بے پروائی کا شکار ہونا، غافل ہونا، بے خبر ہونا. [س

سونا جاگنا محاورہ. روزمرہ کے امور بجا لانا، زندگی بسر کرنا.

سونا (۲) (وج) اند.
۱. زرد رنگ کی ایک قیمتی دھات، زر، طلا ۲. (کنایۃً) قیمتی، بہت اہم اعلیٰ. [س].

سونا اُگلنا محاورہ. حد درجہ زرخیز و نفع بخش ہونا.

سونا جانے کسے اور آدمی جانے بسے کہاوت. سونے کی پہچان کسوٹی پرکھنے سے اور آدمی کی پہچان پاس رہنے سے ہوتی ہے؛ حقیقت تجربے ہی سے معلوم ہوتی ہے، کھوٹے کھرے کا پرکھنے سے پتا چلتا ہے.

سونا چاندی امث. (کنایۃً) مال دولت، روپیہ پیسا.

سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے فقرہ. نہایت بدبخت اور بداقبال نسبت بولتے ہیں یعنی بھلائی کرتے برائی گلے پڑتی ہے، ہر کام نقصان ہوتا ہے.

سَونپنا (ولین نیز وج، غنہ، سک پ) ف م.
۱. حوالے کرنا، سپرد کرنا، حفاظت میں دینا، نگرانی میں دینا ۲. (i) دفن کرنا قبر میں رکھنا، مٹی میں دبا دینا (ii) کسی لاش کو زمین میں مدت معینہ کے لیے امانتاً رکھنا تاکہ اُسے کسی اور جگہ منتقل کیا جا سکے. (iii) روپیہ پیسہ امانت رکھنا ۳. نکاح کرنا، زوجیت میں دینا. [س].

سُونتنا (وج، غنہ، سک ت) ف م.
۱. کسی چیز یا جسم کے کسی حصہ کو اُوپر سے نیچے کی طرف ملنا، مالش کرنا ۲. تلوار کا میان سے باہر نکالنا ۳. مارنا، پٹائی کرنا (لکڑی، بید، وغیرہ سے)، خوب پٹائی کرنا ۴. کسی جگہ سے پانی باہر نکال پھینکنا ۵. صاف کرنا، پرند کا چونچ سے پروں کو صاف کرنا. ۶. چوسنا جذب کرنا. [س].

سونٹا (وج، مغ) اند.
۱. ڈنڈا، لکڑی جو قلندر، مجذوب اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں ۲. جادو کا

ڈنڈا، لکڑی کا وہ ٹکڑا جو جادوگر یا فقرا مافوق الفطرت مخلوقات پر اپنے عمل کے لیے استعمال کرتے ہیں یا جس پر کوئی عمل پڑھ کر پھونکتے ہیں. ۳. کوڑا، ہنٹر، ڈنڈا، عصا.

سونٹی (وج، مغ) مت.
۱. چھڑی، لکڑی، قچی.

سونٹے (وج، مغ) اند.
سونٹا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سونٹے مارنا محاورہ. پیٹنا، سزا دینا، مارنا.

سُونٹھ (وج نیز وع، مغ) مت.
سوکھی ہوئی ادرک، زنجبیل. [س].

سونٹھ کے بتاشے اند: ج. آٹے کی چھوٹی سی خستہ پوری جس میں چنے ڈال کر سونٹھ اور زیرہ وغیرہ کا پانی بھر کر کھاتے ہیں، گول گپے.

سَوندھا (وج نیز لین، مغ) صف مذ.
۱. مٹی یا مٹی کے کورے برتن پر پانی پڑنے سے نکلنے والی بھینی بھینی خوش بو والا، گرم بالو ریت یا آگ میں بھنی ہوئی چیز جیسی خوش بو والا، خوش بودار ۲. ایک مرکب خوش بودار مسالا جو سر کے بال دھونے یا کپڑوں وغیرہ میں لگانے کے کام آتا تھا. [س].

سوندھا پن اند. ۱. (i) مزہ، لذت، قدرتی ذائقہ، خوش بو. (ii) کورے برتن یا تازے بھنے ہوئے چنوں کی خوش بو. ۲. (مجازاً) لطافت، پاکیزگی.

سَوندھنا (ولین نیز ج، غنہ، سک وھ) ف م ہے سوندنا.
۱. ملانا، گڈمڈ کرنا، سانا، گوندھنا. ۲. کچے گوشت میں مسالا ملا کر دیغچی/ دیگچی میں بھونا.

سَوندھی (وج نیز لین، مغ) (الف) صف.
مزے دار، خوش بو والی، خوش ذائقہ، فرحت بخش، دل کش. (ب) مت.
خوشبودار مسالا جس سے سر کے بالوں کو دھوتے تھے.

سوندھی سوندھی م ف. دل کو خوش کرنے والی.

سُونڈ (وع، غنہ) مت.
ہاتھی کی لمبی ناک جو پیروں تک لٹکتی ہے، خرطوم. [س].

سُونڈی (وع، مغ) مت: اند.
اناج کا ایک سرخ چھوٹا کیڑا جس کا سر سونڈ نما ہوتا ہے.

سُوں سُوں (وع، غنہ، وع) مت.
۱. سانس کی آواز، ناک سڑکنے کی آواز ۲. بھاپ نکلنے کی آواز، بھپکے کی صدا ۳. کسی شے کے اُبلنے یا پکنے کی آواز ۴. سردی کی شدت کے رد عمل کی آواز، کپکپاہٹ کے تاثر کی آواز. ۵. آہستہ آہستہ رونے کی آواز، سسکیاں بھرنے کی آواز. ۶. جلتی لکڑی یا کوئلوں پر پانی ڈالنے سے پیدا شدہ آواز. [حکایت الصوت].

سوں سوں کرنا محاورہ. ناک سے ہوا دینا، ناک سے سانس نکالنا.

سَونف (ولین نیز ج، غنہ) مت.
ایک پودا، جس کے بیج خوش بودار اور ہاضم ہوتے ہیں، بادیان. [ع].

سُونگھنا (وع، غنہ، سک گھ) ف م.
ناک سے بو باس مہک معلوم کرنا، بو لینا.

سُونی (وع) صف مت.
سونا، اُجاڑ، ویران. [س].

سونے (وج) اند: ج.
سونا کی جمع اور مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سونے پر / میں سہاگا / سہاگہ محاورہ. ۱. حسن، خوب صورتی، آرائش کی کثرت. ۲. کسی خوبی خرابی یا برائی کے ساتھ دوسری خوبی خرابی یا برائی کا ہونا مزید براں. ۳. کسی فطری صلاحیت یا ہنر کی شہرت وغیرہ کا باعث ہونا ۴. سریع التاثیر، پر اثر.

سونے کا نولا / نوالہ اند. ۱. عمدہ غذا، لذیذ کھانا، مرغن خوراک؛ نعمت؛ دولت مندی کا اظہار؛ عیش و آرام. ۲. ناز و نعم، لاڈ پیار، ناز برداری. ۳. بڑا انعام، بھاری رقم.

سونے کا نوالا کھلانا شیر / قصائی کی نظر دیکھنا / ڈرانا کہاوت.
ناز برداری کرنا مگر حد سے نہ گزرنے دینا، مہربانی کرنا مگر رعب قائم رکھنا، لاڈ پیار کرنا مگر گستاخ نہ ہونے دینا، ہر طرح کے عیش و آرام کے ساتھ تربیت کرنا.

سونے کی تول مت. کانٹے کی تول، برابر اور نپا تلا وزن کرنے کا عمل

جس میں کوئی کمی بیشی نہ ہو ، پورا وزن ، ٹانکا ٹونک ، ایسا وزن جو بالکل ٹھیک ہو یعنی نہ کم نہ زیادہ بلکہ دونوں پلڑے برابر .

سونے کی چڑیا مث .ا. (کنایۃً) مال دار، دولت مند، دھن وان ، امیر، موٹی اسامی .۲. اہم شے ، نایاب، نادر چیز ، انوکھی اچھوتی شے ، عنقا .

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا/ لگنا محاورہ .کوئی قیمتی چیز ملنا ، کسی مال دار بے وقوف آدمی کا پھنسنا .

سونے کے مول فقرہ .(کنایۃً) گراں، قیمتی، مہنگا .

سونے میں پیلی/ زرد ، موتیوں میں سفید ہونا محاورہ .ا. کثرت سے زر و جواہر پہننا ؛ (کنایۃً) آراستہ و پیراستہ ہونا ، سولہ سنگار کرنا . ۲. دولت مند ہونا ، فارغ البال ہونا ، آسودہ حال ہونا ، بہت مال دار ہونا .

سونے میں تولا جانا محاورہ. بہت زیادہ قدر و منزلت یا عزت و احترام کیا جانا ، نہایت ناز و نعم اور عیش و آرام کرنا .

سونے میں ہاتھ ڈالو/ڈالوں تو مٹی ہو کہاوت .ا.کمال نحوست ، بہت بڑی بدبختی ، قسمت کی برائی ، ادبار .۲. دنیاوی معاملات و کاروبار میں بار بار ناکامی ، نقصان کے موقع پر بولتے ہیں .

سوہا (وج) (الف) صف .
لال ، سرخ (تیز سرخ رنگ) ، قرمزی .(ب) اند .ا. سرخ رنگ کا ایک کپڑا جو زیادہ تر اوڑھنی کے کام آتا ہے .۲. لباس عروسی ، شادی کا سرخ جوڑا ، شہانہ جوڑا .[س] .

سوہان (وج) اند .
ا. چیزوں کو گھس کر صاف کرنے کا خاردار یا دندانہ دار آلہ ، ریتی ، چھینی .۲. (کنایۃً) تکلیف ، پریشانی ، درد ، رنج ، دکھ ، صدمہ ، آزار ، اذیت ، ایذا . [ف] .

سوہان روح اند .اذیت ناک ، درد ناک ، وحشت ناک ، پریشان کن ، انتہائی تکلیف دہ .

سوہَن (وج ، فت ہ) صف .
خوب صورت ، حسین ، خوش نما . [س] .

سوہن حلوا اند .ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بہت سخت ہوتی ہے .

سوہنا (وج ، سک ہ) (الف) ف ل .
زیب دینا ، سجنا ، بھانا ، اچھا لگنا ، خوب صورت دکھائی دینا .(ب) صف خوب صورت ، سجیلا ، حسین ، پیارا . [س] .

سوہنی (وج ، سک ہ) صف مث .
پیاری ، خوب صورت ، سجیلی ، حسین ، دل فریب .

سوُء (وج) صف .
بدی ، خرابی ، فساد (تراکیب میں بطور سابقہ مستعمل) مزاج کی تبدیلی [ع] .

سوء اتفاق اند . بدقسمتی ، حالات کی ناموافقت ، موقع محل کی ناسازگاری (کنایۃً) بدنصیبی .

سوء ادب اند . بے ادبی ، گستاخی ، نامناسب بات ، غیر مستحسن رویہ

سوء ظن مث .خیال بے جا ، بدگمانی .

سوء ہضم اند .(طب) غذا کا بہ خوبی ہضم نہ ہونا ، بدہضمی ، کسی سبب سے نظامِ ہضم کا متاثر ہو جانا .

سوئٹر (وج ، کس ء ، فت ٹ) اند .
سوتی یا اُونی موٹی بنیان . [انگ] .

سُوئچ (وج ، کس ء) اند .
بٹن جس سے برقی آلات چلائے یا روکے جاتے ہیں . [انگ] .

سوئچ بورڈ اند .بٹن تختہ ، تختہ جس میں بہت سے برقی رو کے جوڑ کے بٹن لگے ہوں .

سوئم (وج ، کس ء) صف .
تیسرا ؛ تیسرے نمبر کا (کنایۃً) وفات کا تیسرا دن ، مردے کا تیجا تیجے کی رسومات ، رسم کل جو کسی کی وفات کے تیسرے روز کی جائے

سوئمبر (وج ، کس ء ، سک م ، فت ب) اند ؛ زمانہ قدیم میں .
(ہندو) اپنی پسند کا خاوند منتخب کرنے کا قاعدہ ، لڑکی کا اپنی سے شوہر منتخب کرنے کی رسم اور اس کی تقریب (ہندو راجاؤں عالی خاندان ہندوؤں میں یہ طریقہ رائج تھا کہ جب لڑکی شادی کرنا ہوتی تھی تو دن تاریخ مقرر کر کے اعلان کرایا جاتا کہ شادی کے خواہش مند آ کر اپنے کرتب اور ہنر دکھائیں

لڑکی جسے پسند کرے اس کے گلے میں مالا پہنا کر شادی کی جائے گی . [س] .

سُوئِمنگ (و مع ، کس ء ، م ، غنہ) امث .

پیراکی ، انسان یا جان دار کا پانی کی سطح پر آگے بڑھنا . [انگ] .

سوئمنگ پول امذ . نہانے کا تالاب .

سُوئی (و مع) امث .

ا. کپڑے سینے کا آلہ ، نوک دار آلہ جس میں تاگا پرو کر سینے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ سوزن .۲. ٹیکہ لگانے کا آلہ .۳. (i) کلوں اور اوزاروں یا آلات میں وہ نوک دار آلہ یا پرزہ جو کسی معین امر کو ظاہر کرے یا کسی معیّن نشان کو بتلائے . (ii) کل میں وہ نوک دار آلہ جس کی رگڑ سے مقید و مخفی آواز ظاہر ہونے لگتی ہے .۴. کونپل یا بیج کے پھوٹنے کی ابتدائی شکل جو ایک نوکیلی نرم ڈنڈی کی سی ہوتی ہے ، پھٹاؤ .۵. (کنایتہً) کانٹا ، خار ، پھانس .۶. لوہے کے ترازو کا وسطی نوک دار آلہ جس سے وزن کی صحت معلوم ہوتی ہے . [س] .

سوئی چبھونا محاورہ. ا. بے چین کرنا ، تکلیف پہنچانا ، ستانا ، اذیت دینا .۲. چپکے سے اشتعال انگیز یا مخالفانہ بات کہہ دینا ، طعنہ دینا ، چٹکی لینا ، طنز کرنا .

سوئی تاگا / تاگہ امذ . سینے پرونے اور کشیدہ کاری کا سامان .

سوئی کا ناکا امذ . ا. سوئی کا وہ سوراخ جو اس کے سرے پر ہوتا ہے اور جس میں تاگا پرویا جاتا ہے ، چشم سوزن .۲. بہت چھوٹی یا مشکل جگہ .

سوئی کے ناکے (میں) سے اونٹ گزر جانا/ نکلنا محاورہ . ناممکن بات ممکن ہو جانا ، محال و ناممکن کام کرنا .

سوئی لگانا محاورہ . آلۂ پچکاری یا انجکشن لگانے کی سوئی استعمال کرنا .

سُوئیاں (و مع ، کس ء) امث . سوئی کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

سوئیاں چبھنا محاورہ . ایسی تکلیف محسوس کرنا جو سوئی چبھنے سے ہوتی ہے .

سُوئیٹر (و مع ، ی مع ، فت ٹ) امذ .

دیکھیے : سوئٹر . [انگ] .

سِوَئیں (کس س ، فت و ، ی مع) امث ؛ ج .

ا. گندھے میدے کا بنا ہوا تار جس کو خشک کر کے بھون کر دودھ شکر وغیرہ ملا کر کھاتے ہیں .۲. آٹے کو گوندھ کر بنائے جانے والے مختلف شکل کے ٹکڑے جو بعد میں تل لیے جاتے ہیں ، نوڈل .

سویا(۱) (و ج) امذ .

ایک خوشبودار ساگ لاط : Anethum Sowa . [س] .

سویا(۲) (و ج) امذ .

سونا کا ماضی (تراکیب میں مستعمل) .

سویا سو چوکا، جاگا سو پایا / سویا سو، کھویا ، جاگا سو ، پایا کہاوت . جس نے غفلت کی اس نے نقصان اٹھایا ، جو ہوشیار رہا وہ فائدے میں رہا ، بہرحال سعی اور کوشش سے راحت ملتی ہے ، غفلت بری ، ہوشیاری اچھی .

سویا ہوا بھاگ جاگنا محاورہ . قسمت اچھی ہونا ، برے دن گزر کر اچھے دن آنا .

سِوَیّاں (کس س ، فت و ، شدی) امث ؛ ج .

سوئیں کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

سُوَیدا (ضم س ، ی لین) امذ .

کالا دانہ ؛ نقطۂ سیاہ ، سیاہ دھبا . [ع] .

سَوِیر (فت س ، ی ج) صف .

صبح ، تڑکا ، اول وقت ، علی الصباح . [س] .

سَویرا (ی ج) امذ .

ا. صبح ، تڑکا ، سحر .۲. دن کا اجالا ، روشنی ، نور .۳. وقت ، موقع .

سویرا ہے فقرہ . ا. وقت ہے ، دیر نہیں ہوئی ، ابتدائی حالت یا درجہ میں ہے . ۲. دن نکلنے والا ہے ؛ (کنایتہً) موقع ہاتھ سے جانے والا ہے .

سَویرے (فت س ، ی ج) امذ .

سویرا کی مغیرہ حالت ، صبح ، تڑکے ، طلوع آفتاب سے پہلے (تراکیب میں مستعمل) .۲. جلد ، پہلے ، وقت مقررہ سے پہلے .

سویرے سویرے م ف . علی الصباح ، صبح صبح .

سِوِیلِین (کس س ، ی مع ، سک ل ، فت ی) صف .

سول سے متعلق ، شہری ، ملکی نظم و نسق ، دیوانی و فوج داری محکموں سے متعلق . [انگ] .

سوئَم (وج، فت ی) صف.
دیکھیے: سوئم.
سوئمبَر (فت ج س، ی ج، سک م، فت ب) اند.
دیکھیے: سوئمبر.
سِہ (کس ج س) صف.
تین، ایک اور دو کا مجموعہ، دو کے بعد والا عدد، ۳؛ تراکیب میں مستعمل (جیسے: سہ روزہ، سہ ماہی وغیرہ). [ف].
سہ ابعادی صف. سہ طرفہ، تین اطراف طول، عرض اور عمق سے متعلق، طول، عرض اور عمق رکھنے والا.
سہ پہر مث. دوپہر کے بعد اور شام سے پہلے کا وقت، تیسرا پہر.
سہ چند صف. تگنا، تین گنا.
سہ روزہ صف. تین دن کے دورانیے کا، تین دنوں میں ایک بار، ہر تیسرے دن.
سہ شاخہ صف. ۱. تین شاخوں والا، پہلو یا اطراف والی شے، تین لمبی نوکوں والا ہتھیار، تین کونوں والا. ۲. شمع دان جس میں تین موم بتیاں لگانے کی جگہ بنی ہوتی ہے.
سہ شنبہ اند. منگل، پیر کے بعد کا دن.
سہ گوشہ صف. تکونیا، تین کونوں والا، تکون، مثلث.
سہ ماہی صف. ۱. تین مہینوں والا، تین مہینے کے عرصے پر مبنی، تین مہینے کی مدت پر مشتمل. ۲. رسالہ جو تین ماہ بعد شائع ہوتا ہے. ۳. رقم یا تنخواہ جو تیسرے مہینے ملتی ہو، رقم یا قسط جو تیسرے مہینے ادا کی جاتی ہو.
سَہا (فت س) تابع 'رہا' کے ساتھ مستعمل.
سُہا (ضم س) اند.
۱. بنات النعش یا دب اکبر کے تین ستاروں میں سے دوسرے ستارے کے قریب والا چھوٹا ستارہ، باریک اور بلند ستارہ، ایک نہایت ننھا مدھم ستارہ. [ع].
سَہار (فت س) مث.
۱. برداشت، صبر، سہنے کا حوصلہ، تحمل. ۲. قوت، طاقت، ڈھارس.
سَہارا (فت س) (الف) اند.
۱. مدد، اعانت، بھروسا. ۲. (i) ٹیک، روک، توڑا (پتھر یا لکڑی کے مثلث نما ٹکڑے جو دیوار سے آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں کہ ان پر چھجا یا سائبان رکھا جائے) نیز ستون، آڑ. ۳. ڈھارس، تقویت، اطمینان، قوت. ۴. وسیلہ، ذریعہ، آسرا. ۵. امید، توقع. (ب) صف. مدد کرنے والا، مددگار و معاون؛ حامی، پشت پناہ، حمایتی. [س]
سہارا بننا ف مر؛ محاورہ. اعانت کرنا، مددگار ہونا.
سہارا ٹوٹنا محاورہ. ناامید ہونا، مایوس ہو جانا.
سہارا دینا محاورہ. ۱. آس دلانا، اُمید بندھانا، تقویت دینا، تھامنا. ۲. امداد کرنا، مدد پہنچانا، حوصلہ بڑھانا. ۳. سنبھالنا، مدد کرنا؛ (کنایۃً) پشت پناہی کرنا، حمایت کرنا. ۴. آرام پہنچانا.
سہارا ڈھونڈنا/ ڈھونڈھنا محاورہ. امید لگانا، آسرا تکنا، وسیلہ تلاش کرنا مدد چاہنا.
سہارا لینا محاورہ. ۱. تقویت پانا، پناہ لینا. ۲. ٹیک لگانا. ۳. سنبھالا لینا، مریض کا دم آخر روبہ صحت نظر آنا؛ مریض کا صحت یاب ہونا. ۴. مدد لینا، حمایت حاصل کرنا. ۵. (کنایۃً) جواز بنانا، سبب ماننا.
سہارا ہو جانا/ہونا محاورہ. تقویت پانا، بچنا، محفوظ ہونا، مدد ملنا، اُمید بندھنا، گزر اوقات کا انتظام ہونا.
سَہارْنا (فت س، سک ر) ف م.
۱. اٹھانا، سہنا، برداشت کرنا. ۲. سنبھالنا، تھامنا، روکنا؛ برقرار رکھنا، مدد دینا.
سُہاگ (ضم س) اند.
۱. خاوند، شوہر؛ (مجازاً) خاوند کی حیات کا زمانہ، خاوند کا پیار، زوجیت کی خوش گوار حالت، شوہر کا زندہ ہونا. ۲. دولھا دلہن کا پہلی رات ساتھ سونا، صحبت، مجامعت، وصل، ملاپ. ۳. ناز، فخر، افتخار، عزت. [س]
سہاگ اجڑنا محاورہ. شوہر کا مر جانا، بیوہ ہونا، رانڈ ہو جانا.
سہاگ پڑا/پوڑا اند. ایک بہت بڑی کاغذ کی تھیلی جس میں سونے کی کنگھیاں، سہاگ کا عطر اور پھلیل منقش شیشوں میں سرخ کاغذ کی کٹوریاں لگی ہوئی تھیلی جس کے اندر خوش بو کی چیزیں ہوتی ہیں جسے دولھا والے بری کے دیگر سامان کے ساتھ دلہن کے گھر لے جاتے ہیں.

سہاگ رات مث. شب زفاف، شادی/ بیاہ کی پہلی رات، شب عروسی.

سہاگ لٹنا محاورہ. ۱. بیوہ ہونا، شوہر کا مرجانا. ۲. تباہ و برباد ہو جانا، اجڑ جانا، رونق ختم ہو جانا.

سُہاگا (ضم س) امذ؛ ~ سہاگہ.

۱. سفید رنگ کے ایک کھار کا نام جسے پہاڑوں سے لا کر پکاتے ہیں اور جو دھاتوں کے گلانے یا میل دور کرنے کے کام آتا ہے نیز بطور دوا بھی استعمال ہوتا ہے، تنکار، سوڈیم بوریٹ. ۲. میڑا، لکڑی کا گول چپٹا کافی موٹا اور وزنی آلہ جس سے کسان کھیت کی مٹی کے ڈلے ڑنے اور کھیت یا زمین کو ہموار کرتے ہیں، پٹیلا. [س].

سہاگا پھیرنا ف مر؛ محاورہ. (کاشت کاری) زمین ہموار کرنا، کھیت کے ڈھیلے پھوڑ کر سطح کو ہموار کرنا نیز تباہ و برباد کرنا.

سہاگن (ضم س، فت گ) امث.

عورت جس کا خاوند زندہ ہو، شوہر والی عورت. ۲. خوش قسمت (عورت)، چہیتی بیوی، بھاگوان، خوش نصیب.

سہالی (ضم س) امث.

چھوٹی روغنی تلی ہوئی میٹھی روٹی، پوری، کچوری. ۲. (مجازاً) عمدہ، خوش کن، مزے دار، من پسند بات یا شے (گالی کی ضد).

سِہام (کس س) امذ؛ ج.

تیر. ۲. حصہ، ٹکڑا (جائداد کا)؛ تقسیم. [ع].

سہانا (۱) (ضم س) (الف) صف؛ امذ.

حسین، خوب صورت، دلچسپ، رنگین، دل کش، پرکشش، عمدہ، یادگار، پرکیف، خوش گوار. (ب) ف ل. چمکنا؛ خوب صورت ہونا، دل کش بننا. (ج) ف م. دل کش بنانا، خوب صورت کرنا، چمکانا. [س].

سہانا (۲) (ضم س) ف ل.

زیب دینا، سجنا، بھلا لگنا، موزوں ہونا. ۲. پسند آنا، بھانا، اچھا لگنا. [س].

سہانی (ضم س) صف مث.

سہانا کی تانیث.

سہانے (ضم س) صف.

سہانا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

سہانے خواب امذ. خوب صورت اور دل کش خواب؛ (کنایۃً) رعنائی خیال، دل کش سوچ، خوش فہمی، خوش کن خیالات.

سَہْتا (فت س، سک ہ) صف.

سہنے کے لائق، قابلِ برداشت.

سہتا سہتا صف. نیم گرم، ایسا نیم گرم پانی جو قابلِ برداشت ہو، گنگنا.

سَہْج (فت س، سک ہ) صف.

۱. آسان، سہل، آہستہ آہستہ. ۲. بات، امر یا معاملہ جو ضروری نہ ہو، معمولی، غیر اہم، بے کار.

سہج پکے سو میٹھا (ہو) کہاوت. جس کام میں جلدی نہ کی جائے اس کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے.

سہج سہج م ف. آہستہ آہستہ، دھیرے دھیرے، سست رفتاری کے ساتھ، نرمی سے؛ آرام سے، اطمینان سے؛ برائے نام.

سِہْرا (کس مج س، سک ہ) امذ.

۱. موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں، مقیش یا چاندی سونے کے تاروں کے ساتھ جو بیاہ کے وقت دلہا دلہن کے سر پر باندھ کر منھ کی طرف چھوڑ دیتے ہیں جن سے چہرہ ڈھک جاتا ہے. ۲. نظم جو شادی بیاہ کے موقع پر شعرا، دولھا اور اس کے اعزہ کو خوش کرنے کے لیے لکھتے ہیں اور اس میں سہرے کی تعریف اور دولھا کے چہرے پر اس کی سجاوٹ کی شاعرانہ تمثیلیں اور تشبیہیں ہوتی ہیں. [س].

سہرا اپنے سر باندھنا محاورہ. خود کو کسی کام یا کارنامے کا حق دار قرار دینا.

سہرا بندی مث. سہرا باندھنے کی رسم.

سہرا بندھائی مث. سہرا باندھنے کا نیگ.

سہرا بندھنا محاورہ. کامیابی کا حق دار قرار پانا، کامرانی کا مستحق ہونا.

سہرا دیکھنا محاورہ. کسی کو دولھا بنا ہوا دیکھنا، کسی کی شادی کی خوشی میں شریک ہونا.

سہرا سر ہونا محاورہ. سب سے اہم کردار ادا کرنا، کسی پر کام کا دارومدار یا کامیابی کا انحصار ہونا، سرخ رو ہونا.

سُہْراب (ضم س، سک ہ) امذ.

ایران کے مشہور پہلوان کا نام (کنایۃً) بہادر، جری، طاقت ور. [ف: علم]

سِہْرے (کس ج س، سک ہ) اند.
سہرا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).
سہرے کے پھول کھلنا محاورہ. بیاہ کا وقت آنا، شادی کی مبارک نوبت آنا.
سَہْل (فت س، سک ہ) (الف) صف.
۱. آسان (مشکل کا نقیض). ۲. سرسری، غیر اہم، معمولی، حقیر. [ع].
سہلُ الحصول صف. آسانی سے دستیاب، آسان، عام، معمولی، آسانی سے مل جانے والا.
سہل انگار صف. کام سے جی چرانے والا، آرام طلب، تن آسان، بے پروا.
سہل انگاری امث. غفلت، بے پروائی، تساہل.
سہل پسند صف. مشکل پسند کا نقیض، آسان پسند.
سہل پسندی امث. آسان پسندی، محنت سے بھاگنا.
سہل ممتنع صف. نظم و نثر جو دیکھنے میں آسان نظر آئے لیکن اگر کوئی ویسی لکھنا چاہے تو بہت دشوار ہو.
سِہْلانا (فت نیز کس ج س، سک ہ) ف م.
آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا، چمکارنا، آہستہ آہستہ ملنا، تھپکنا؛ چاپلوسی کرنا، خوشامد کرنا. [س].
سَہْم (۱) (فت ج س، سک ہ) اند؛ امث.
خوف، ترس، ڈر. [ف].
سہم جانا محاورہ. ڈر جانا، خوف زدہ ہو جانا.
سَہْم (۲) (فت ج س، سک ہ) اند.
حصہ، نیز جز جو تقسیم میں کسی کو پہنچے. [ع].
سَہْما (فت ج س، سک ہ) صف مذ.
خوف زدہ، گھبرایا ہوا، بدحواس، ہراساں.
سہما دینا محاورہ. ڈرا دینا، خوف زدہ کرنا، ہراساں کرنا.
سَہَمْنا (فت ج س، سک نیز فت ہ، سک م) ف ل.
ڈرنا، ہراساں ہونا، خوف زدہ ہونا، گھبرانا، خوف کھانا.
سِہْنا (۱) (فت نیز کس ج س، سک ہ) ف ل.
۱. برداشت کرنا، اٹھانا، جھیلنا (دکھ، تکلیف). ۲. جھگتنا. ۳. ماننا، تسلیم کرنا. [پ].
سِہْنا (۲) (فت نیز کس ج س، سک ہ) ف م.
پرندوں کی مادہ کا اپنے انڈوں پہ بیٹھنا (مطلوبہ گرمی پہنچانا).
سَہْو (فت ج س، سک ہ) اند؛ امث.
۱. فراموشی، بھول چوک، ذہن سے نکل جانا. ۲. غفلت، بے پروائی، غلطی، فروگزاشت. [ع].
سہو کتابت اند. نقل نویسی یا کاپی نگاری کی غلطی جس کا مصنف سے تعلق نہ ہو.
سہو نظر اند. نگاہ کی غلطی، لغزش نگاہ، نظر کی چوک.
سَہْواً (فت ج س، سک ہ، تن ا) م ف.
غفلت سے، بلا ارادہ، بھولے سے، بے خیالی میں، غلطی سے.
سُہُولَت (ضم نیز فت س، و مع، فت ل) امث.
۱. آسانی، دشواری کا نقیض. ۲. آہستگی، تکلف اور تکان کے بغیر، اطمینان سے. [ع].
سہولت کار کسی امر میں مدد دینے والا، ساتھی، دوست، ہمدرد.
سِہی (فت نیز کس س) صف.
سرو سہی کی تخفیف، ایک سیدھے مخروطی خوش نما درخت کا نام (اس قامت کو معشوق کے قد سے تشبیہ دیتے ہیں). [ف].
سَہی (۱) (فت س) م ف؛ فقرہ.
صحیح، درست، بجا.
سَہی (۲) (فت س) م ف؛ فقرہ.
۱. مانا، فرض کیا. ۲. اچھا چلو یہی، یہی منظور، یوں ہی سہی. ۳. ہاں مگر، بے شک لیکن. ۴. بے پروائی ظاہر کرنا، کوئی توجہ نہ دینا، خاطر میں نہ لانا.
سُہَیل (ضم س، ی لین) اند.
۱. جنوبی آسمان کا سب سے روشن ستارہ جو حارس نامی جھرمٹ میں واقع ہے. ۲. (مجازاً) نمایاں؛ روشن.
سَہیلی (فت س، ی مع) امث.
۱. سکھی، ساتھ رہنے والی، ہم جولی. ۲. ہم عمر؛ کنیز.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

سَہیم (فت س، ی مع) صف۔
۱۔شریک، حصہ دار۔۲۔مثل، نظیر، مانند۔ [ع]۔

سی (۱) امث۔
۱۔درد یا دکھن یا چبھن کے اظہار کی آواز۔۲۔سردی کی شدت سے کپکپی کے ساتھ نکلنے والی آواز۔۳۔مرچ کی جلن محسوس ہونے پر منھ سے نکلنے والی آواز۔ [حکایت الصوت]۔

سی نہ کرنا محاورہ۔اُف نہ کرنا، تکلیف اور درد کو ظاہر نہ ہونے دینا۔

سی (۲) حرف تشبیہ۔
۱۔سا کی تانیث، مانند، مثل، نظیر، مشابہ۔۲۔کثرت و افراط کے اظہار کے لیے۔

سی (۳) امذ۔
سینا کا امر (تراکیب میں مستعمل)۔

سی سا / سلا کر م ف۔ سی کر، سی کے۔

سی (۴) حرف۔
انگریزی حروف تہجی کا تیسرا حرف (C)، اُردو میں بعض انگریزی مخففات میں ان الفاظ کا نمائندہ جو اس سے شروع ہوتے ہیں۔ [انگ]۔

سی، آئی، ڈی امذ۔کریمنل انویسٹیگیشن ڈپارٹمنٹ کا مخفف، خفیہ پولیس، نیز جاسوسی۔

سی(۵) صف۔
تیس، تین دہائیاں، بیس اور دس کا مجموعہ۔ [ف]۔

سی پارہ امذ۔۱۔کلام پاک کے تیس حصوں میں سے کوئی سا ایک حصہ، سپارہ۔۲۔(مجازاً) ٹکڑے ٹکڑے۔

سے (ی مج) حرف جار۔
کے ساتھ۔۲۔کو (علامت مفعول)۔۳۔کے باعث، کے سبب۔ ۴۔کے ذریعے۔

سِیاپا (کس س) امذ۔
غم، رنج، سوگ، ہائے، واویلا، رونا پیٹنا، آفت، مصیبت۔ [مقامی]

سَیّاح (فت س، شد ی) صف۔
بہت زیادہ سیاحت کرنے والا، بڑا سفر کرنے والا، سیر و سیاحت کرنے والا، جابجا پھرنے والا آدمی۔ [ع]۔

سِیاحَت (کس س، فت ح) امث۔
لمبا سفر، گشت، سیر کرنا، زمین پر چلنا پھرنا، گھومنا پھرنا۔ [ع]۔

سیاحت نامہ امذ۔دورانِ سفر لکھے جانے والے حالات؛ سفری حالات پر مبنی مضمون، سفرنامہ۔

سَیّاحی (فت س، شد ی) (الف) امث۔
سیاحت، مسافرت، سفر، سیر، گشت۔(ب) صف۔سیاحت کرنے والا، سیر و سیاحت سے تعلق رکھنے والا۔

سِیادَت (کس س، فت د) امث۔
۱۔قیادت، بزرگی، برتری، شرافت، سرداری۔۲۔حضرت فاطمہ رضی تعالیٰ عنہا کی نسل سے ہونے کا شرف۔۳۔حکومت، سلطنت، بالادستی۔ [ع]۔

سِیار (کس س) امذ۔
ایک صحرائی جانور جو لومڑی سے بڑا اور بھیڑیے سے چھوٹا ہوتا ہے، گیدڑ۔ [س]۔

سَیّار (فت س، شد ی) (الف) صف۔
زیادہ سیر کرنے والا، جابجا پھرنے یا گھومنے والا، مسافر۔(ب) امذ۔ پہیہ دار دخانی گاڑی۔(لوکوموٹیو)؛ گردش کرنے والا سیارہ۔ [ع]۔

سیار گاہ امث۔مصنوعی طور پر تیار کردہ آسمان اور سیاروں کا منظر جو بند کمرے میں پیش کیا جاتا ہے، منظرگاہ۔

سَیّارات (فت س، شد ی) امذ؛ ج۔
سیارہ (دیکھیے) کی جمع۔

سَیّارچہ (فت س، شد ی، سک ر، فت چ) امذ۔
۱۔چھوٹا سیارہ۔۲۔چھوٹا مصنوعی سیارہ۔

سَیّارگان (فت س، شد ی، سک ر) امذ۔
سیارہ (دیکھیے) کی جمع۔

سَیّارَہ (فت س، شد ی، فت ر) امذ۔
گھومنے والا؛ کوئی بھی بڑا جسم جو کسی مرکزی جسم کے چاروں طرف گھومے، ہر وہ سیارہ جو کسی ستارے کے گرد گردش کرتا ہے، ثابت کا نقیض، حرکت کرنے والا تارہ۔ [ع]۔

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سِیاسَت (کس س، فت س) امث.
ا. کسی ملک کا نظام حکومت، ملکی تدبیر و انتظام، طریقہ حکمرانی، حکومت کرنے کی حکمتِ عملی. ۲. کسی جرم کی سزا، سختی، قہر و غضب، جسمانی یا روحانی تکلیف. ۳. چالاکی، سیاسی جوڑ توڑ، ریشہ دوانی؛ دانش مندی، تدبیر. [ع].

سیاست دان صف. حکومت کے انتظامی امور کا جاننے والا، ملکی و شہری حقوق و فرائض سے واقفیت رکھنے والا، سیاسی امور و معاملات کو جاننے والا، سیاسی مدبر.

سیاست کرنا محاورہ. ا. سیاست میں حصہ لینا. ۲. چالاکی کرنا، چال بازی کرنا. ۳. سزا دینا، سختی کرنا.

سیاست مدن امث. شہری انتظام، شہری و ملکی انتظام، فلاح و بہبود کا علم، کسی ملک کے باشندوں اور حکومت کے حقوق و فرائض کا علم، شہریت.

سِیاسی (کس س) صف.
سیاست سے منسوب، ماہر سیاست، سیاست دان، سیاست سے نسبت رکھنے والے امور.

سیاسی پناہ امث. جانی تحفظ اور حقوق و مراعات جو سیاسی کشیدگی یا ہنگامی حالات کی صورت میں ایک ملک کے باشندے کو کسی غیر ملک میں وہاں کی حکومت کی جانب سے ازراہِ مہمان نوازی و پاس داری حقوقِ انسانی بہم پہنچائے جاتے ہیں.

سیاسی جماعت امث. لوگوں کا ایسا گروہ جس کی تنظیم کا مقصد ملکی حکومت کے نظم و نسق میں حصہ لینا ہوتا ہے.

سِیاسِیات (کس س، س) امث.
سیاست کا علم، نظم حکومت سے تعلق رکھنے والا علم، سیاسی مسائل، سیاست سے متعلق بحث.

سِیاق (کس س) اند.
ا. کلام کی روش، بات کا سلسلہ، فحوائے کلام، کسی عبارت میں کسی لفظ یا قول کے آگے پیچھے کا متن، مضمون کا ربط ضبط. ۲. موقع محل، ربط، سلسلہ. ۳. علم حساب، حساب کا قاعدہ. [ع].

سیاق و سباق صف. سلسلۂ کلام، آگے پیچھے کی عبارت یا کلام جس سے مفہوم متعین ہو، تسلسل.

سَیّال (فت س، شدی) صف.
ا. بہنے والا، رقیق، پتلا. ۲. جاری رہنے والا، رواں رہنے والا. ۳. (کنایۃً) دگرگوں، بے ترتیب، نامکمل. (ii) (مجازاً) ناپختہ، ڈانواں ڈول، غیر مستحکم. ۵. پگھلنے کے قابل. [ع].

سَیّالی (فت س، شدی) (الف) اند.
سیال پیما، سیال کی رفتار کا پیمانہ. (ب) صف. (کیمیا) پتلا پن، رقیق ہونا مائع شکل.

سَیّالِیَت (فت س، شدی، کس ل، فت ی) امث.
ا. رقیق ہونے کی حالت، سیالی. ۲. (مجازاً) پھیلاؤ، وسعت، ترقی

سِیان (فت س) اند.
ہوشیاری، عقل مندی، چالاکی؛ خود غرضی. [س].

سیان پت امث. دانائی، ہوشیاری، چالاکی، زیرکی، سمجھ داری، عقل مندی، عیاری، خود غرضی.

سَیّاں (فت س، شدی) اند.
(عو) شوہر، خاوند؛ (مجازاً) محبوب، پیارا.

سیاں (بھیں) بھئے کوتوال اَب ڈر کا ہے کا کہاوت. قریبی تعلق والے کے ذی اِختیار ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے.

سِیانا (کس س) صف مذ.
ا. (i) چالاک، دانا، ہوشیار. (ii) سمجھ دار، عقل مند. ۲. (i) لڑکا نوجوان، بالغ. (ii) بچوں کا عہد شیر خوارگی سے طفلی میں آنا، بڑا ہونا. ۳. جھاڑ پھونک کرنے والا، بھوت پریت اُتارنے والا، گنڈا تعویذ کرنے والا، عامل، کاہن. [س].

سیانا کوا اند. (کنایۃً) بڑا ہوشیار، بڑا چالاک.

سیانا کوا گو کھاتا ہے/کھائے کہاوت. زیادہ ہوشیاری دکھانے والا اکثر مصیبت کا شکار ہوتا ہے.

سِیانی (کس س) امث.
(عو) دانا، سمجھ دار، ہوشیار، چالاک، عیار.

سیانی ہونا محاورہ. بالغ ہونا، بلوغت کی عمر کو پہنچنا.

سیاہ (کس س) صف.
۱.سفید کی ضد ، کالا .۲. بے روشنی ، تاریک .۳. برا ، منحوس ، زبوں ، خراب .۴. گناہوں سے پُر ، داغ دار . [ف].
سیاہ باطن صف. دل میں کھوٹ رکھنے والا ، منافق ، مکار ، ریاکار ، کینہ پرور ، حاسد .
سیاہ بخت صف. بدقسمت ، برے نصیب والا .
سیاہ بختی امث. بدقسمتی ، بدنصیبی.
سیاہ جھنڈی امث. ماتمی جھنڈی ، کالی جھنڈی جو سوگ کی علامت سمجھی جاتی ہے .
سیاہ چشم (الف) اند. شکاری پرندوں کی ایک قسم .(ب) صف. بے مروت ، نامہربان ، ظالم .
سیاہ دل صف. ۱. بے رحم ، ظالم ، سخت دل ، سنگ دل .۲. بے وفا ، بے مروت ؛ عاصی ، گنہگار .
سیاہ دن اند. نحوست اور مصیبت کا زمانہ .
سیاہ رو صف. ۱. کالا ؛ مجنگ آدمی ، بدہیئت ، ڈراؤنا ، ڈراؤنا انسان ، کالا ، کالے چہرے والا .۲. (مجازاً) ذلیل ، رُسوا ، خوار ، بدنام ، کلنکی .
سیاہ (و) سفید (سپید) م ف. ۱. برائی بھلائی ، نیکی بدی .۲. تعمیر و تخریب ، بناؤ بگاڑ ؛ عدل وظلم .
سیاہ سفید کرنا محاورہ. تعمیر و تخریب کا اختیار رکھنا ، مختارِکل ہونا ، جو چاہنا کرنا خواہ برا خواہ بھلا .
سیاہ فام صف. کالے رنگ والا ، کالا کلوٹا .
سیاہ کار صف. عاصی ، گنہ گار ، فاسق ، فاجر ، سنگ دل .
سیاہ کاری امث. بدکاری ، فسق و فجور ، ظلم ، گنہ گاری .
سیاہ کرنا محاورہ. بہت زیادہ لکھنا (عموماً کاغذ ، دفتر ، دستہ ، ورق وغیرہ کے ساتھ تحریر کرنا) .
سیاہ ہونا محاورہ. لکھائی سے بھرا ہونا ، اتنا لکھا ہونا کہ کوئی جگہ خالی نہ ہو .
سیاہہ (کس س ، فت ہ) اند ؛ ~ سیاہا.
احکام شاہی کا روزنامچہ .۲. (مجازاً) سواد شہر یا سواد لشکر ؛ مراد : سیاہی جو دور سے شہر یا لشکر کے وجود کی خبر دیتی ہے ، لشکر کا دستہ .
۳. فہرست ، گوشوارہ ؛ کتاب جس میں روزانہ آمد و خرچ لکھا جائے ، بہی کھاتا . [ف].
سیاہی (کس س) امث.
۱. کالک ، کالاپن ، سفیدی کی ضد .۲. تاریکی ، اندھیرا ، روشنی کا نہ ہونا ، اُجالے کی ضد ، ظُلمت .۳. کسی چیز کے غیر واضح اور مبہم نقوش جو اُفق پر دور سے دکھائی دیتے ہیں ، مبہم نقوش و آثار ، سواد .۴. (مجازاً) نحوست ، پریشانی ، مصیبت ، ادبار ، بدبختی .۵. داغ ، دھبا ، سیاہی ؛ (کنایۃً) عیب ، نقص .۶. مرکب رقیق شے جس سے لکھا جائے ، روشنائی .
سیاہی پھوٹنا محاورہ. کسی چیز کا اتنا سیاہ ہو جانا کہ اُس کے خد و خال نظر نہ آسکیں ، گڈمڈ ہو جانا ، اپنی انفرادیت کھو دینا ، محو ہو جانا ، نیست و نابود ہو جانا .
سیاہی چوس اند. سیاہی چٹ ، جاذب کاغذ .
سیاہی دان اند. دوات .
سیاہی مائل صف. کالا رنگ لیے ہوئے .
سیب (ی مج) اند.
ایک مشہور خوش بودار اور لذیذ پھل جس میں آئرن کی بھرپور مقدار ہوتی ہے . [ف].
سیب ذقن/ زنخ اند. ٹھوڑی ، چاہ زنخداں ؛ محبوب کی ٹھوڑی .
سیپ (ی مع) امث.
۱. ایک دریائی کیڑے کا گھر (بعض کے اندر سے موتی بھی نکلتے ہیں) جس کا بالائی خول کھردرا اور اندرونی چکنا ہوتا ہے ، صدف .۲. آم کا پہلا ٹپکا جو شکل و شباہت میں سیپ جیسا ہوتا ہے .
سیپارا/ سیپارَہ (ی مع / فت ر) اند.
۱. تیسواں حصہ ، تیس حصوں میں سے ایک ؛ (کنایۃً) پارہ ، ٹکڑا ، جزو .
۲. قرآن مجید کا ایک جزو ، پارہ (قرآن شریف تیس پاروں پر منقسم ہے) .
سیپٹک (ی مج ، سک پ ، کس ٹ) اند.
زہرباد کی بیماری ، عفونت ، پیپ پڑنا . [انگ].
سیپل (ی مع ، فت پ) اند.
غلافی پتیاں جو پھول کے اطراف میں نیچے کی جانب ہوتی ہیں ، پیالہ گل .

سیپی (ی مع) امث.
ایک قسم کے دریائی کیڑے کا گھر جس کے اندر سے موتی بھی نکلتے ہیں، صدف.

سیپیا (ی مع، کس پ) امذ.
ا. مچھلی کی ایک قسم، مداد ماہی. ۲. (i) سفید رنگ جس میں نیلاہٹ یا شفق جھلکتی ہو. (ii) ہلکا زردی مائل کتھئی رنگ، کشمشی رنگ، بھورا. [انگ].

سیتا (ی مع) امث.
ا. ہل کی پھالی اور اُس سے کھیت کی جوتائی میں پڑنے والی لکیر.
۲. (ہندو) شری رام چندر جی کی بیوی؛ جانکی کا مشہور لقب جو متھرا کے راجہ کی بیٹی تھی. ۳. (مجازاً) پاک باز، پاک دامن، پارسا، باعصمت، عورت. [علم].

سیتا پھل امذ. ا. ایک عمدہ خوش ذائقہ گودے دار پھل جس کے بیج سیاہ اور چھلکا موٹا ہوتا ہے اور اس پر خانے بنے ہوتے ہیں رنگ سبز ہلکا زردی مائل ہوتا ہے، شریفہ. ۲. میٹھا گھیا، گول گھیا، گول کدو.

سیتَل (ی مع، فت ت) صف.
ا. ٹھنڈا، سرد، خنک، یخ. ۲. پرسکون، تسکی، مطمئن، ٹھنڈی. ۳. ایک نبات یا بید جس سے بورے بنتے ہیں. ۴. (ہندو) چیچک ماتا. [س].

سیتلا (ی مع، سک ت) امث.
ا. ایک متعدی بیماری جس میں تمام جسم پر پھنسیاں نکل آتی ہیں، چیچک، پھولوں والی بیماری. [س].

سیتلا آنا محاورہ. جان لیوا بیماری کا شکار ہونا، سیتلا کی وجہ سے موت واقع ہونا.

سَیٹ (ی لین) امذ.
ا. (i) یکساں قسم کی دو یا دو سے زائد چیزوں کا مجموعہ، ہم جنس اشیا کا جوڑ. (ii) مختلف چیزوں یا اجزا پر مبنی مجموعہ، اکائی جس کی تشکیل کئی اجزا سے ہو. ۲. فلم یا ڈرامے کا کوئی منظر (مصنوعی پس منظر کے ساتھ). ۳. (ٹینس) ایک بازی. ۴. قائم، مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا. [انگ].

سیٹ کرنا محاورہ. ا. جمانا، ترتیب دینا، سلیقے سے رکھنا. ۲. لڑکی پھنسانا، ڈورے ڈالنا.

سیٹ لگانا محاورہ. اسٹیج کو ڈرامے کے منظر کے مطابق پردوں اور دیگر لوازم سے آراستہ کرنا.

سِیٹ (ی مع) امث.
ا. نشست گاہ، بیٹھنے کی جگہ، چوکی، کرسی، نشست، مسند، گدی ۲. رکنیت، ممبری، (ممبری کی) کرسی یا حکومت کا کوئی منصب. [انگ

سَیٹلائٹ (ی لین، سک ٹ، کس ء) امذ، صف.
مصنوعی سیارچہ، مصنوعی سیارچے کے ذریعے نشر یا ترسیل. [انگ

سَیٹنگ (ی لین، کس ٹ، غنہ) امث.
ا. جماؤ، نشست. ۲. ترتیب و تزئین، سجاوٹ. [انگ].

سیٹنگ کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. (اشیا) ترتیب سے رکھنا. ۲. کسی معاملے کے لیے تیاری کرنا، معاملات طے کرنا.

سیٹی (ی مع) امث.
ہونٹوں کو گول کر کے یا دو انگلیاں منھ میں دے کر ایک خاص انداز سے نکالی جانے والی آواز جس میں سی کی آواز کا تسلسل ہوتا ہے ۲. ریل کے انجن یا کسی آلے وغیرہ کی علامتی آواز ۳. مہین آواز نکالنے کا آلہ جو عام طور پر مختلف قسم اور مختلف ساخت کا ہوتا ہے. [س].

سیٹی بجانا/ سیٹی مارنا ف مر؛ محاورہ. منھ سے مہین آواز نکالنا. ۲. اشارہ کرنا، علامتی آواز نکالنا؛ اودھم مچانا، بے پروائی دکھانا، مست یا فکر ہونا؛ غیر مہذب حرکت کرنا.

سیٹی (ی مج) امث.
عموماً گدے دار، ایک سے زیادہ آدمیوں کے بیٹھنے کی نشست، دیوان. [انگ].

سیٹھ (ی مج) امذ.
ا. بڑا سوداگر، مہاجن، صراف، کوٹھی والا، ساہوکار ۲. دولت مند رئیس، مال دار، امیر، (احتراماً) کسی کے نام کے ساتھ مستعمل. [س]

سیٹھا (ی مع) صف مذ.
ا. پھیکا، بے نمک مرچ کا، بدمزہ ۲. غیر دلچسپ، بے لطف ۳. بے رونق، بے رنگ.

سیٹھانی (ی مج) امث.
سیٹھ کی تانیث، سیٹھ کی بیوی.

سیٹھی (ی مع) صف مث .
ا. بے ذائقہ ، بدمزہ ، پھیکی ، بے لذت ۲. بے کیف ، بے لطف ، بے اثر .

سیج (ی مج) امث .
ا. پلنگ ، مسہری ، چھپر کھٹ ، چارپائی ، سونے کا تخت ، خواب گاہ .
۲. پھولوں کا بچھونا جو بستر پر بچھاتے ہیں ، فرش خواب ، پھولوں کی چادر . ۳. سجی ہوئی مسہری ، پھولوں بکھیرا پلنگ یا بستر ۴. مویشیوں کا گھاس پھوس یا پتوں وغیرہ کا بچھونا ، گھوڑے وغیرہ کی بچھالی .

سیج بچھانا محاورہ. وصل کا انتظام کرنا ، اہتمام کے ساتھ سونے کے لیے آرام دہ بستر بچھانا .

سینچنا (ی مع ، سک چ) ف م.
پانی دینا ، آب پاشی کرنا ، آبیاری کرنا .

سیخ (ی مع) امث .
ا. لوہے یا کسی اور دھات کی سلاخ ۲. لوہے کی پتلی سلاخ جو کباب سینکنے میں کام آتی ہے ، لوہے کی تیلی یا سلائی . [ف] .

سیخ پا ہونا محاورہ. ا. طیش میں آنا ، غصہ ہونا ، بہت زیادہ ناراض ہونا . ۲. گھوڑے کا بدکنا ، گھوڑے کا قابو میں نہ رہنا .

سیخ کباب اند : ج. کباب جو سیخ پر سینکے جائیں (یہ عموماً گول اور لمبے ہوتے ہیں) .

سَیِّد (فت س ، شدی بفت نیز بکس) اند .
ا. سردار ، پیشوا ، رہبر ، بزرگ ، امام . ۲. (کنایۃً) حضرت فاطمہ کی اولاد ، آلِ رسول ۳. خاندان سادات سے نسبت رکھنے والوں کے نام کا جزو . [س] .

سیدُالانبیا اند. سردار انبیا ، تمام نبیوں کے پیشوا ، مراد : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

سید الشہدا صف. شہیدوں کے سردار ؛ حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت امام حسینؓ کا لقب .

سید زادہ اند. سادات کی نسل ، حسبی نسبی سیّد ، سادات کا بیٹا .

سَیدانی (ی لین) امث .
سیّد کی تانیث ، سیّد عورت ، سیّدہ .

سَیِّدنا (فت س ، شدی بفت نیز بکس ی ، سک د) صف .
ہمارے سردار ، ہمارے راہبر (انبیا ، خلفا ، ائمہ اور بزرگان دین کے نام کے ساتھ احتراماً مستعمل) .

سَیِّدہ (فت س ، شدی بفت نیز بکس ، فت د) امث .
سیّد کی تانیث ، سیدانی ؛ جناب فاطمۃ الزہرا بنت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب . [ع] .

سِیدھ (ی مع) امث .
ا. سیدھاپن ، سیدھائی ، ٹیڑھ کی ضد ، (کجی کا نقیض) . ۲. رخ ، سمت جو بالمقابل ہو ، قطار میں خواہ فاصلے سے ہو ، متعاقب ، آگے . ۳. متوازی ، جواب میں . [س] .

سیدھ میں م ف. سامنے ، بالمقابل ، ہم رُخ ، برابر میں ، متوازی ، محاذی .

سیدھا (ی مع) (الف) صف .
ا. راست ، جس میں کجی نہ ہو (ٹیڑھے کا نقیض) . ۲. دایاں (بایاں یا الٹا کی ضد) . ۳. سامنے کا رُخ ، بالائی سطح ، اوپری حصہ ، بیرونی رُخ ، ابرا (الٹا کا نقیض) . ۴. بھولا بھالا ، نیک ، شریف ، نیک اطوار ، مسکین . ۵. ٹھیک ، آسان ، ابہام سے پاک ، واضح . ۶. سچا ، مخلص ، کھرا . ۷. (عور) موافق ، مہربان ، حسب مرضی . (ب) م ف. ا. براہ راست ، بغیر رکے ؛ بغیر رکاوٹ کے ، بلا جھجک . ۲. عمودی ، استادہ ؛ عموداً .

سیدھا سا صف. آسان ، سہل ، معمولی ، غیر مبہم .

سیدھا سادا/سادھا صف. بھولا بھالا ، سادگی پسند ، سادہ لوح ۲. معمولی ، واضح ، جس میں پیچیدگی اور الجھن نہ ہو ، غیر مبہم ۳. سچا ، تصنع اور بناوٹ سے پاک ؛ آسان .

سیدھا کرلینا/کرنا محاورہ. ا. راہ راست پر لانا ، گم راہی سے بچانا . ۲. غرور مٹانا ، قابو میں لانا ، سرکشی دور کرنا ، کس بل نکالنا . ۳. کجی دور کرنا ، خم نکالنا ، سنوارنا بنانا . ۴. (i) رخ کو سامنے لانا ، درست و ہموار کرنا ، حالت ٹھیک کرنا . (ii) استوار کرنا ، پنجے پر کھڑا ہونا .

سیدھا ہو جانا ف مر ؛ محاورہ. ا. راہ راست پر آنا ، اکڑ ختم ہو جانا ، سدھر جانا . ۲. موافق ہونا ، بہتر ہو جانا ، صحیح ہونا ، درست ہو جانا ، سازگار ہونا .

سیدھا ہونا محاورہ. ا. درست ہونا ، راہ راست پر آنا ۲. ادب وتمیز سے کام لینا ۳. استادہ ہونا ، بلند ہونا .

سیدھی (ی مع) صف مث .
سیدھا کی تانیث .
سیدھی اُنگلی/اُنگلیوں (سے) گھی نہیں نکلتا کہاوت .ملائمت اور نرمی سے کام نہیں چلتا ، سختی کیے بغیر بات نہیں بنتی .
سیدھی سادی/ سادھی مث .سیدھا سادھا کی تانیث .
سیدھی طرح (سے) م ف .ا. آہستگی سے ، نرمی اور ملائمت سے ، بآسانی .
۲. صاف صاف ، کھلم کھلا ، بغیر اینچ پینچ کے .
سیدھی مانگ مث .(عو) ناک کی سیدھ میں نکلی ہوئی مانگ (آڑی مانگ)
سیدھے (ی مع ، ی مج) صف .
سیدھا کی جمع اور مغیرہ صورت (مرکبات میں مستعمل) .
سیدھے سبھاؤ (الف) مذ .ا. دیکھیے : سیدھی طرح .۲. بھولپن سے ، بغیر کپٹ کے ، صاف دلی سے ، سادگی سے . (ب) م ف .ا. بے خیالی میں ، بے خبری میں ، بلاتامل .
سیدھے منھ م ف . نرمی سے ، ملائمت سے ، خندہ پیشانی سے .
سیدھے منھ (سے) بات کرنا محاورہ .متوجہ ہونا ، خلوص یا دل چسپی سے ملنا ، ہم کلام ہونا .
سَیر (ی لین) مث .
ا. چلنا پھرنا ، روانگی ، رفتار ، چال ، حرکت ، گردش .۲. تفریح ، گشت ، ہوا خوری ، ٹہلنا ، چہل قدمی .۳. تماشا ، دل لگی ، کیفیت ، پر لطف واقعہ ، ہنسی مذاق . [ع] .
سیر بین صف .تماشا دیکھنے والا ، مشاہدہ و مطالعہ کرنے والا .
سیر سپاٹا/ سپٹا مذ .گھومنا پھرنا ، ہوا خوری ، مٹرگشتی ، تفریح .
سیر کرنا محاورہ .ا. گھومنا پھرنا ، ہوا خوری کرنا ، مٹرگشت کرنا .۲. تماشا دیکھنا ، نظارہ کرنا .۳. لطف اُٹھانا ، محظوظ ہونا .۴. (تصوف) سالک کا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف جانا .
سیر گاہ مث . پر فضا مقام ، تماشا گاہ ، تفریح کی جگہ ، باغ ، باغیچہ .
سیر و تفریح مث . دل بہلاوا ، ہنسی دل لگی ، خوش و خرم ، خوشی ، خوش دلی ، گھومنا پھرنا .
سیر و سیاحت مذ .گھومنا پھرنا ، سیر و تفریح ، سیاحی .

سیر (۱) (ی مج) مذ .
ا. اسی (۸۰) تولے یا سولہ (۱۶) چھٹانک وزن کا پیمانہ .۲. کوئی مقررہ یا معینہ وزن جس پر اتفاق کر لیا گیا ہو . [س] .
سیر بھر صف .ایک سیر ، پورا سیر ، سیر کے وزن کی مقدار .
سیر کو سوا سیر (موجود ہے) کہاوت .زبردست کے لیے اس سے زیادہ زبردست موجود ہے ، ایک سے بڑھ کر ایک ، ہر فرعونے را موسیٰ .
سیر (۲) (ی مج) صف .
ا. چھکا ہوا ، پیٹ بھرا (کھانے پینے سے) .۲. مطمئن ، سیراب ، آسودہ (کسی چیز یا کسی عمل سے) . [ف] .
سیر چشم صف .ا. فراخ دل ، کشادہ طبیعت ، حوصلے والا ، دل والا .۲. مستغنی ، بے پروا ، طبعاً مطمئن .۳. قانع ، صابر .۴. چھکا ہوا ، نیت (ندیدہ کا نقیض) .
سیر حاصل صف . تسلی بخش ، اطمینان بخش ، مفید ، فائدہ مند ؛ زرخیز سرسبز و شاداب ، جس میں اچھی پیداوار ہو .
سیر کرنا (کر دینا) محاورہ .ا. چھکا دینا ، پیٹ بھرانا ، کھلانا .۲. بھرنا ، خواہش بر لانا ، پورا کرنا ؛ مستغنی بنانا .
سیر ہونا محاورہ . پیٹ بھرنا ؛ آسودہ ہونا ، دل بھر جانا .
سَیراب (ی مج) صف .
ا. پانی سے بھرا ہوا ، پر آب ، لبریز ، جل تھل .۲. پانی سے چھکا ہوا ، جس کی پیاس بجھ جائے (پیاسا کا نقیض) .۳. شاداب ، سرسبز ، تازہ ہرا بھرا ، پھلا پھولا .۴. (i) تر ، نم ، شاداب ، گیلا (خشک کا نقیض) .
(ii) (مجازاً) زرخیز ، نفع بخش ، پیداوار والا . [ف] .
سیراب کرنا محاورہ .ا. آبیاری کرنا ، سرسبز و شاداب بنانا .۲. خوش کرنا آسودہ حال بنانا ، مستغنی کرنا ؛ فیض پہنچانا .۳. پیاس بجھانا ، تشنگی دور کرنا
سیراب ہونا محاورہ .ا. تشنگی دور ہونا ، پیاس بجھنا ؛ سرسبز و شاداب ہونا .
۲. شوق پورا ہونا ، نیت بھرنا ، خواہش کا پورا ہونا .۳. فیض یاب ہونا ہدایت و رہنمائی حاصل کرنا .
سِیرت (ی مع ، فت ر) مث .
ا. عادت ، خصلت ، خو .۲. کردار کی پاکیزگی ، ذاتی وصف ، خوبی .۳.

سوانح عمری ، زندگی کے حالات و واقعات کا تذکرہ ؛ سوانح نگاری .
(ii) حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالات و واقعات زندگی کا تذکرہ ، سیرت نبوی . [ع] .

سیرت النبی/سیرت نبوی اند . نبی کی سیرت ؛ مراد : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ .

سیرت نگار صف . کردار و شخصیت کے بارے میں لکھنے والا ؛ سیرت تحریر کرنے والا ، کردار نگار ؛ بالخصوص نبی آخر الزماں کے حالات و واقعات زندگی تحریر کرنے والا .

سیروں (ی مج ، و مج ، غنہ) امث .
اند ؛ ج . کئی سیر ، کثیر ، زیادہ ، بہت زیادہ (تراکیب میں مستعمل) .

سیروں خون/ لہو بڑھنا محاورہ . بہت خوش ہونا ، خوشی کی وجہ سے چہرے پر رونق آنا .

سیری (ی مج) امث .
۱. تسکین ، سیرابی ، بھوک پیاس مٹ جانا ۲. ذرا اطمینان سے ، دم لے کر ، آسانی ، بے فکری ۳. شوق کا پورا ہونا ، تسکین ذوق ۴. جی بھرنا ، نیت بھرنا . [ف] .

سیری ہونا محاورہ . ۱. سیر ہونا ، رجنا ، پیٹ بھرنا ۲. اطمینان ہونا ، راضی ہونا ، خوش ہونا ، تسکین ہونا .

سیریز (ی مع ، ی مع) امث ؛ اند .
۱. سلسلہ ، کڑی ۲. تسلسل ، سلسلہ واریت . [انگ] .

سیریَل (ی مع ، کس ر ، فت ی) اند .
سلسلہ وار ، تسلسل ، ترتیب . [انگ] .

سیڑی/ سیڑھی (ی مع) امث .
۱. اوپر یا نیچے اُترنے چڑھنے کی شے جس میں قدم رکھنے کی جگہ بنی ہو (خواہ لکڑی کا ہو یا پختہ سنگی ، خشتی یا گلی ہو) زینہ ، نردبان ۲. زینے کا وہ حصہ جس پر قدم رکھا جائے ، قدم گاہ ، پایہ ، قدمچہ ۳. درجہ ، منزل ، مرحلہ ۴. ذریعہ ، وسیلہ ، واسطہ ، راستہ . [س] .

سیڑھی سیڑھی چڑھنا . درجہ بدرجہ ترقی کرنا .

سیڑھیاں (ی مع ، کس ڑھ ، غنہ) امث .
سیڑھی کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

سیڑھیاں پھلانگنا محاورہ . بہت تیزی سے کسی مقصد یا منزل کی طرف بڑھنا ، جلدی جلدی مدارج طے کرنا .

سیزْدَہ (ی مع ، سک ز ، فت د) صف .
تیرہ ، دس اور تین کا مجموعہ . [ف] .

سیزْدَہُم (ی مع ، سک ز ، فت د ، ضم م) صف .
تیرھواں ، تیرھویں ، سیزدہ سے متعلق یا منسوب .

سیزَن (ی مع ، فت ز) اند .
موسم ، رُت ، فصل ، زمانہ . [انگ] .

سیس (ی مع) اند .
۱. سر ، پیشانی ، ماتھا ۲. سر کا ایک زیور ، سیس پھول ۳. (زین سازی) گھوڑے کے چہرے کے ساز میں ماتھے پر لٹکنے والا مخروطی شکل کا چمڑے کا آویزہ . [س] .

سیس پٹی امث . (زرگری) مانگ کے دونوں طرف پیشانی کے بالوں کی پٹیوں کے کنارے کنارے لگانے کا سادہ یا جڑاؤ بنا ہوا زیور جو زنجیر کی لڑی یا پٹڑی کی شکل کا ہوتا ہے اور مانگ کے دونوں طرف کنپٹیوں تک جھالر کی طرح لٹکا رہتا ہے ، اس کے بیچ میں ایک ٹیکا ہوتا ہے ، چھپکا .

سیسا/ سیسَہ (ی مع / فت س) اند .
ایک مفرد دھات کا نام جو رانگ کی قسم سے ہے (جس سے بندوق کی گولیاں اور کھلونے بنتے ہیں) ، سکا ، سرب .

سیسہ پلانا محاورہ . ۱. مضبوط و مستحکم بنانا ۲. سیسہ پگھلا کر ڈالنا ، بیکار و معطل کرنا ۳. سیسے کے ذریعہ بھاری بنانا .

سیسہ پلائی (ہوئی) دیوار امث . انتہائی مضبوط ، پائیدار ، ناقابل شکست .

سیسَر (ی مج ، فت س) امث .
۱. وہ رسی وغیرہ جس میں تیر رکھ کر چلاتے ہیں ، کمان کا چلہ ۲. تاش کے ایک کھیل کا نام ۳. مکان وغیرہ کی منڈیر ، کنارہ ، کرسی ، کنگنی وغیرہ . [س] .

سیشَن (ی مج ، فت ش) صف .
۱. اجلاس ، جلسہ ۲. دور ، دورانیہ ۳. فوج داری عدالت . [انگ] .

سیشَن جج اند. فوج داری عدالت کا جج. [انگ].

سَیف (ی لین) امث.

تلوار، تیغ، لمبی تلوار. [ع].

سیف اللہ اند. اللہ کی تلوار، حضرت خالد بن ولیدؓ کا لقب.

سیف (ی مج) اند.

لوہے کی چھوٹی الماری جس میں زر و جواہر وغیرہ رکھے جائیں، مضبوط آہنی تجوری. [انگ].

سیفٹی (ی مج، سک ف) امث.

تحفظ، حفاظت، بچاؤ، خطرے سے محفوظ و مامون ہونے کی صورت. [انگ].

سیفٹی پن اند؛ امث. کنڈی یا کھٹکے دار بند سیفٹی، سوئی جس میں نوک سے اٹکانے کا دہرا کیا ہوا حفاظتی اہتمام ہوتا کہ چبھنے نہ پائے.

سَیکرِٹری/سیکریٹری (ی لین، سک ک، کس مج ر، فت نیز سک ٹ/فت ٹ) امث

کسی جماعت یا سرکار کا عہدے دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دیتا ہے. [انگ].

سَیکرِٹریٹ (ی لین، سک ک، کس مج ر، فت ٹ، کس ر، فت ی) اند.

سیکریٹری کا دفتر، کسی حکومت کے عمّال کا صدر دفتر یا دفتر کی عمارت. [انگ].

سَیکڑا (ی لین، سک ک) اند؛ ← سینکڑا، سیکڑہ.

ایک سو، دس ضرب دس کا حاصل، ننانوے کے بعد کا عدد. [س].

سَیکڑوں (ی لین، سک ک، و مج) صف.

سیکڑا (دیکھیے) کی جمع یا مغیرہ حالت اظہار کثرت کے لیے مستعمل، بہت زیادہ (تراکیب میں مستعمل).

سَیکڑوں پر بھاری ہونا محاورہ. بہت زیادہ بہادر ہونا، بہت بڑے مجمع یا لشکر پر غالب ہونا.

سَیکڑوں سنانا محاورہ. بہت برا بھلا کہنا، لعنت ملامت کرنا.

سَیکشَن (ی لین، سک ک، فت ش) امث؛ اند.

ا. کسی درجے یا جماعت کے تقسیم شدہ حصوں یا شعبوں میں سے ایک.
۲. (قانون) دفعہ، شق. [انگ].

سَیکَنڈ (ی لین، کس نیز فت ک، سک ن) (الف) اند.

ا. ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ، وقت کے پیمانہ کی اکائی. ۲. (کنایۃً) پل لمحہ. (ب) صف. دوسرا، ایک کے بعد والا. [انگ].

سیکنڈ کلاس صف؛ اند. سیکنڈ ڈویژن؛ دوسرے درجے کا گھٹیا، استعمال شدہ، پرانا نیز دوسرا درجہ (ریل کا).

سیکنڈ ہینڈ صف. دوسرے درجہ کا، گھٹیا، پرانا، استعمال شدہ (عموماً مال و اسباب).

سَیکِنڈری (ی لین، کس ک، سک ن، فت ڈ) صف.

دوسرے درجے کا، ثانوی؛ جزوی، ضمنی. [انگ].

سِیکیورٹی (ی مع، و مج، کس ر) امث؛ ← سیکیورٹی.

ا. حفاظت، بچاؤ، سلامتی؛ رازداری. ۲. ضمانت. [انگ].

سَیکُولَر (ی لین، و مع، فت ل) صف.

عقیدے کی مداخلت سے پاک، دین یا مذہب سے غیر متعلق، لادینی غیر مذہبی. [انگ].

سیکھ (ی مع) امث.

نصیحت، پند، ہدایت، سوجھ بوجھ کی بات، اچھی صلاح، نیک مشورہ [س].

سیکھا سکھایا/سیکھلایا (ی مع، کس س/سک کھ) صف؛ اند.

ا. چالاک، ہوشیار، تعلیم یافتہ. ۲. حاصل کردہ، جانا ہوا، سمجھا ہوا.

سِیکھنا (ی مع، سک کھ) ف م.

تعلیم پانا، تربیت حاصل کرنا، معلوم کرنا، پڑھنا.

سَیل (ی لین) اند؛ امث.

پانی کا تیز بہاؤ، سیلاب، طغیانی، بہاؤ. [ع].

سیل آب اند. پانی کا تیز بہاؤ، طغیانی، پانی کا طوفان.

سیل بلا امث. مصیبت کا ریلا؛ مراد: سخت مصیبت، بہت بڑی مصیبت.

سیل رواں اند. ایسا سیلاب جس میں روانی ہو؛ (استعارۃً) ہجوم جو سیلاب کی طرح آگے بڑھتا جائے.

سِیل (ا) (ی مع) امث.

مہر، خاتم، نیز لاکھ وغیرہ لگا کر سربند کرنے کے لیے مقررہ نشان. [انگ]

سیل بند صف: اند. سیل یا مہر لگا ہوا؛ (مجازاً) مستحکم، مضبوط، محفوظ، جس میں تغیر یا مداخلت نہ کی جاسکے.

سیل کرنا ف مر: محاورہ. ۱. بند کرنا، مقفل کر کے مہر لگانا، لاکھ وغیرہ لگا کر مہر چھاپنا، ممنوعہ قرار دینا. ۲. مضبوط و مستحکم بنانا، لاکھ لگا کر جمانا.

سِیل (۲) (ی مع) مث.
۱. نمی، تری، سیلن. ۲. رطوبت، رقیق مادہ. [س].

سیل جانا ف ل: محاورہ. تر ہونا، نم ہونا، گیلا ہو جانا.

سِیل (۱) (ی مج) اند.
۱. (i) کوٹھڑی، چھوٹا کمرہ، حجرہ. (ii) خفیہ مرکز. ۲. (برقیات) خانہ، خول، ایسا ڈبا یا ظرف جس میں کیمیائی طریقہ سے برقی رو پیدا کی جاتی ہے نیز برقی رو کے محفوظ ذخیرہ کا گول بیلن نما ڈبا جو بیٹریوں اور ٹرانسسٹرز وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے. [انگ].

سیل (۲) (ی مج) مث.
۱. بکری، روپیہ جو کسی چیز کی فروخت سے حاصل ہو. ۲. کسی چیز کو رعایتی قیمت پر فروخت کرنا. [انگ].

سِیلا (۱) (ی مع) صف.
ٹھنڈا؛ (کنایۃً) نرم، پرامن، نرم مزاج و خوش اخلاق.

سِیلا (۲) (ی مع) صف: اند.
گیلا، بھیگا ہوا، نم، تر.

سیلا (ی مج) اند.
چاول کی ایک قسم جس کی رنگت ہلکی زرد ہوتی ہے، وہ چاول جو دھانوں کو اُبال کر سکھانے کے بعد نکالتے ہیں. [س].

سَیلاب (ی لین) اند.
پانی کا تیز بہاؤ، طغیانی، دریا کا چڑھاؤ، پانی کا ریلا. ۲. (کنایۃً) کثرت، ہجوم، بھیڑ.

سیلاب آنا ف مر: محاورہ. ۱. شدت پیدا ہونا، بھرمار ہونا (جذبہ وغیرہ میں). ۲. ہجوم در ہجوم یا بڑی تعداد میں پہنچنا (آدمیوں وغیرہ کا).

سیلاب زدہ صف: اند. جسے سیلاب نے نقصان پہنچایا ہو، سیلاب میں تباہ ہونے والا، سیلاب سے متاثر.

سیلاب کے آگے بند باندھنا اند. کسی بڑی مصیبت کو روکنے کی سعی کرنا، دشواریوں کو ہٹانے کی کوشش کرنا.

سَیلابی (ی لین) صف.
۱. سیلاب سے منسوب، سیلاب کا، طوفانی. ۲. طغیانی، دریا کا چڑھاؤ، طوفان، باڑھ.

سَیلان (ی لین) اند.
۱. بہاؤ، روانی، رو، دوراں. ۲. (طب) جسم کی رطوبت کا غیر طبعی طور پر بہنا.

سیلان ابیض/سیلان الرحم اند. (طب) ایک نسائی مرض جس میں عورت کے رحم اور اندام نہانی سے سفید یا زردی مائل رطوبت خارج ہوا کرتی ہے، پرسوت، لیوکوریا.

سَیلانی (ی لین) صف.
۱. سیر کا شوقین، گھومنے پھرنے والا، وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے، جہاں گرد، سیاح، رمتا. ۲. آوارہ گرد، سڑکوں پر مارا مارا پھرنے والا، سیر و تفریح کا شوقین. ۳. گشتی، بہنے والا، رواں.

سیلانی جوڑا صف. ۱. موجی، لہری، من موجی، سیر و سیاحت کا شوقین، تماش بینی کا رسیا، سیر و تماشا میں مصروف و مشغول رہنے والا. ۲. اوباش، آوارہ مزاج، آوارہ گرد.

سَیلَبچی (ی لین، فت ل، سک ب) مث ہـ سیلابچی، سیلچی.
طشت، ہاتھ دھونے کا برتن.

سیلز (ی مج، سک ل) مث.
فروخت، سیل کی جمع (تراکیب میں مستعمل). [انگ].

سیلز ٹیکس اند. وہ محصول جو فروخت کی جانے والی چیزوں پر لگایا جائے.

سیلزمین اند. دکان کے مالک کا معاون، گاہکوں کو مال دکھانے اور بیچنے والا.

سَیلف (ی لین، سک ل) اند.
اپنے آپ، بہ ذاتِ خود (عموماً مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل). [انگ].

سیلف سروس مث. اپنا کام خود کرنا، اپنی مدد آپ.

سیلف میڈ اند. خود ساختہ، جس نے خود ترقی کی ہو.

سیلفی (ی لین، سک ل) مث ؛ مف.
خود اپنی تصویر لینا، خاص طور سے اسمارٹ موبائل فون یا ویب کیم سے.

سِیلَن (ی مع، فت ل) مث.
تری، رطوبت، نمی.

سِیلنا (ی مع، سک ل) ف ل.
بھیگنا، تر ہونا، نم ہونا، گیلا ہونا، نمی کا اثر قبول کرنا.

سِیلِنگ (ی مع، کس ل، غنہ) اند.
چھت. [انگ].

سیلنگ فین اند. چھت کا پنکھا.

سیلُوٹ (ی مج، و مع) اند؛ ~ سلیوٹ.
سلام، فوجی انداز کا سلام، پولیس یا فوج سے متعلق فرد کا سلام. [انگ]

سیلُون (ی مج، و مع) اند.
۱. کمرہ، ہال، استقبالیہ کمرہ. ۲. حجام کی دکان، حجامت خانہ. [انگ].

سِیلی (ی مع) مث.
۱. سیلا کی تانیث، تر، نم، گیلی. ۲. (کنایۃً) ٹھنڈی، بجھی ہوئی.

سِیلی (ی مع) مث.
۱. سیلا کی تانیث، تر، نم، گیلی. (کنایۃً) ٹھنڈی، بجھی ہوئی.

سیلی (ی مج) مث.
۱. بالوں، سیاہ ریشم یا کلاوا (تاگوں) کی ڈوری جسے اکثر جوگی گردن میں اور عورتیں آرائش کے لیے گلے یا ہاتھوں میں پہنتی ہیں، ڈوری، تار. ۲. جال، جالی، جھلملی. ۳. (i) پیٹ پر سینے سے ناف تک بالوں کی سیدھی لکیر جو طول میں ہوتی ہے. (ii) جانور کی گردن سے دم تک بالوں کی سیدھی لکیر. [مقامی].

سِیم (ی مع) مث.
چاندی، نقرہ (سفید رنگ کی ایک قیمتی دھات). [ف].

سیم تن مف. گورا چٹا، خوب صورت؛ (کنایۃً) معشوق، محبوب.

سیم و زر اند. چاندی، سونا، مال و دولت، روپیہ پیسا.

سیم (ی مج) مث.
۱. ایک سبزی کا نام جس کی چوڑی اور چپٹی پھلیاں اور بیج پکا کر کھاتے ہیں. ۲. زمین کی کھار جو زمین کے اندر پانی کی سطح بلند ہو جانے سے پیدا ہو جاتی ہے اور زمین کو ناقابلِ کاشت بنا دیتی ہے. [س].

سیم (و) تھور مث. زیر زمین سطح آب کا بلند ہو جانا اور نمکیات پانی کا نکلنا جس سے زمین ناقابلِ کاشت ہو جاتی ہے.

سیم زدہ مف؛ اند. ناقابلِ کاشت زمین، وہ زمین جسے کھار نے خراب کر دیا ہو یا جس پر مستقل پانی جمع رہتا ہو.

سِیما (۱) (ی مع) اند.
۱. ماتھا، پیشانی، جبیں. ۲. چہرہ، منھ، صورت، حلیہ. [ف].

سِیما (۲) (ی مع) مث.
حد، انتہا، سرحد، کنارہ. [س].

سِیما (۳) (ی مع) مث.
علامت، نشانی. [ع].

سِیماب (ی مع) اند.
۱. پارہ، ایک سیال دھات جس کا رنگ چاندی کی طرح سفید ہے، آگ پر نہیں ٹھہرتا جلد اڑ جاتا ہے جدا کرنے سے ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے اور پھر ملانے سے مل جاتا ہے. ۲. (کنایۃً) بے قرار مضطرب، بے چین. [ف].

سیماب صفت مف. ۱. سیماب کی طرح بے قرار؛ غیر مستقل مزاج، سیلانی، بے چین طبیعت رکھنے والا.

سِیمابی (ی مع) مف.
۱. پارے کے رنگ کا، پارے جیسا؛ (کنایۃً) بے قرار، مضطرب ۲. کبوتر کے ایک رنگ کا نام جو کاسنی یا سرمئی رنگ سے ملتا ہوا ہے. ۳. الماس کی ایک قسم جس میں چاندی کی سی جھلک ہوتی ہے رنگ پارے کی طرح ہوتا ہے.

سیمابی طبیعت مف. بے چین رہنے والا، چلبلا.

سیمپل (ی مج، سک م، کس پ) اند.
نمونہ، مثال، نظیر. [انگ].

سِیمُرغ (ی مع، ضم م، سک ر) اند.
ایک بڑا خیالی پرندہ جو قد و قامت میں بہت بڑا سمجھا جاتا ہے بعض کا یہ خیال ہے کہ اس میں تیس چڑیوں کے رنگ ملتے ہیں

اس کا جثہ تیس پرندوں کے برابر ہوتا ہے . [ف] .

سینٹر (ی مج ، کس خف م ، سک س ، فت ٹ) اند .
(تعلیمات) نصابوں کا معین وقت ، میقات ، نصاب مکمل کرنے کا مقررہ وقت . [انگ] .

سیمَل/سینبَل (ی مج ، فت م / ی مج ، مغ ، فت ب) اند .
ایک درخت ہے جس کے پھول کی کلی ابتدا میں لمبی پکائن کے پھل کی طرح ہوتی ہے اور درمیان میں گولر کی طرح ہو جاتی ہے اس کے پھل سے چکنی روئی نکلتی ہے . [س] .

سیمَل/سینبَل کی روئی مث . سیمل کا پھول جب پک کر پھٹ جاتا ہے تو اس سے روئی کی طرح ایک چیز نکل آتی ہے جسے سیمل روئی کہتے ہیں .

سیمِنٹ (ی مع ، کس م ، سک ن) اند : مث .
ایک خاص قسم کے پتھر کا کیمیاوی عمل سے بنا ہوا سفوف (جو تعمیرات میں استعمال ہوتا ہے اور چونے سے زیادہ مضبوط و پائدار ہوتا ہے) . [انگ] .

سیمی (ی مج) صف .
نصف ، آدھا ، نیم ؛ (تراکیب میں مستعمل) . [انگ] .

سیمی فائنل اند . (میچ) آخری میچ سے قبل کا کھیل .

سیمیں (ی مع) صف . (اضافت کے ساتھ باعلان ن) .
روپہلا ، چاندی کا ؛ (مجازاً) سفید ، براق ؛ حسین ، خوب صورت بدن .

سیمیناو (ی مج ، ی مع) اند .
کسی خاص موضوع پر مجلس مذاکرہ و مباحثہ ، ادبی و علمی اجتماع ، مطالعاتی مرکز . [انگ] .

سین (۱) (ی مع) اند .
حرف س کی ملفوظی شکل .

سین (۲) (ی مع) اند .
(i) منظر ، نظارہ . (ii) فضا ، فطرت کے مناظر . ۲. ڈراما یا داستان وغیرہ کے مختلف حصوں میں سے کسی ایک حصے کا بیان یا منظر ، ایکٹ کا وہ حصہ جس کے واقعات مندرجہ ایک وقت اور ایک مقام پر ظہور میں آئیں . ۳. تھیٹر وغیرہ کے پردوں پر مکان ، پہاڑ ، دریا باغ یا کسی واقعہ کی تصاویر یا مناظر جو بنائے گئے ہوں ، سنیما (بائسکوپ) کے پردۂ سیمیں پر یا تھیٹر کے اسٹیج پر جو واقعات و مناظر دکھائے جاتے ہیں نیز تاریخ کے صفحات پر بذریعۂ تحریر جو واقعات اور ان کی منظر کشی کی گئی ہو . [انگ] .

سِینا (ی مج) (الف) ف م .
سوئی دھاگے وغیرہ کے ذریعے کپڑے وغیرہ کے ٹکڑوں کو جوڑنا سلائی کرنا ، ٹانکنا ، ٹانکا بھرنا . (ب) اند . سینے کا کام ، سلائی ، سیون ، سینا سلانا ، سلائی کا کام . [س] .

سینا پرونا اند . سلائی کا کام ، سینے سلانے کی چیز .

سَینا (ی مج نیز ی لین) مث .
فوج ، گروہ ، جتھا ، سپاہ . [س] .

سینا (ی مج) ف م : ~ سہنا .
۱. پرندوں کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں کو پروں سے گرمی پہنچانا . ۲. پالنا ، پرورش کرنا . [س] .

سینت (ی مج ، غنہ) مث .
سینتنا سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل) .

سینت رکھنا محاورہ . بچانا ، بچا کر رکھنا ، جگا کر رکھنا ، حفاظت سے رکھنا .

سینت سینت کر م ف . حفاظت سے ، الگ الگ ، جوڑ جوڑ کر ؛ سنبھال سنبھال کر .

سَینتالیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف : اند .
چالیس اور سات کا مجموعہ (۴۷) . [س] .

سَینتنا (ی لین نیز مج ، غنہ ، سک ت) ف م .
۱. حفاظت اور ترتیب سے رکھنا ، سنگوانا ، اکٹھا کرنا . ۲. بچا کر رکھنا ، استعمال سے پرہیز کرنا ، جوڑنا ، الگ کرنا ، سنبھالنا .

سَینتیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف .
تیس اور سات کا مجموعہ (۳۷) ، تین کم چالیس . [س] .

سَینتیسواں (ی لین ، مغ ، ی سک س) صف .
وہ جو بلحاظ ترتیب چھتیس کے بعد آئے .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سینٹ (ی مج ، کس ج ن) امث :- سینیٹ.
(i) قدیم روما کی مجلسِ عمائد یا اکابر جسے قانون سازی اور فیصلۂ خصومات کے بھی اختیارات حاصل تھے. (ii) مدبران ملک کی جماعت ؛ جماعت فضلاء. ۲. مجلس قانون ساز کا ایوان بالا. ۳. یونیورسٹی کی مجلس منتظمہ یا مجلس عاملہ. [انگ].

سینٹ (ی مج ، سک ن) اند.
خوش بو ، باس ، بو ؛ (کنایۃً) ولایتی طرز کا عطر. [انگ].

سینٹَر (ی مج ، سک ن ، فت ٹ) اند :- سنٹر.
مرکز ، اجتماع گاہ. [انگ].

سینٹرَل (ی مج ، سک ن ، ٹ ، فت ر) صف :- سنٹرل.
مرکزی ، درمیانی ، متوسط. [انگ].

سینٹی گریڈ (ی مج ، سک ن ، کس ج گ ، ی مج) صف.
جس میں سو درجے ہوں یعنی سیلسیس (Celsius) تپش پیما کے درجے جن میں نقطۂ انجماد صفر اور نقطۂ جوش ۱۰۰ درجہ ہوتا ہے. [انگ].

سینٹی میٹَر (ی مج ، سک ن ، ی مع ، فت ٹ) اند.
دیکھیے : سنٹی میٹر.

سینچَری (ی مج ، سک ن ، فت چ) امث.
سو سال ، صدی ؛ (کرکٹ) سو رن ، سو کا کوئی سِٹ. [انگ].

سینچنا (ی مع ، مغ ، سک چ) ف م :- سینچنا.
کھیت یا باغ میں پودوں اور درختوں کو پانی دینا ، آب پاشی کرنا. [س].

سیند (ی مج ، مغ) امث.
کٹاؤ جو چوری کرنے کے لیے دیوار میں ڈالا جائے ، نقب.

سیند پڑنا / لگنا محاورہ. چوری کے لیے دیوار میں سوراخ کیا جانا ، نقب زنی ہونا ، نقب کے ذریعے مال چوری ہو جانا.

سیندھی (۱) (ی مج ، مغ) امث.
۱. جنگلی کھجور کا درخت (یہ درخت تاڑ سے ملتا جلتا ہے اس کے پھل کا مزہ ، چھلکا ، رنگ ، شکل اور گٹھلی دیسی کھجور کی طرح ہوتی ہے). ۲. سیندھی درخت کا رس جو نشہ آور ہوتا ہے.

سیندھی (۲) (ی مج ، مغ) اند.
سیندھ لگانے والا ، نقب زن.

سَینڈِل (ی لین ، سک ن ، کس ڈ) اند نیز امث.
کھلا جوتا جس میں ایڑی کی طرف پٹا لگا ہوتا ہے اور بکلس سے بند کیا جاتا ہے ، پٹے دار چپل. [انگ].

سَینڈوِچ (ی لین ، سک ن ، ڈ ، کس و) امث ؛ اند.
ڈبل روٹی کے دو ملے ہوئے توس جن کے بیچ میں انڈا ، قیمہ یا سبزی وغیرہ رکھ دی گئی ہو. [انگ].

سینری (ی مع ، سک ن) امث.
۱. منظر ، مناظرِ قدرت ، مظاہرِ قدرت. ۲. قدرتی مظاہرات کا منظر ، فطرت کا نظارہ. ۳. تماشا گاہ یا تھیٹر کا پردہ یا گھر میں آرائشی فریم جس پر مناظر فطرت بنے ہوں. [انگ].

سَینسَر (ی لین ، سک ن ، فت س) اند :- سنسر.
سرکاری طور پر کتابوں ، اخباروں یا فلموں وغیرہ کی جانچ پڑتال کر کے انہیں کلی یا جزوی طور پر مخرب الاخلاق ، باغیانہ یا خلافِ مفادِ عامہ قرار دیتے ہوئے ان پر پابندی لگانا نیز کتابوں وغیرہ کی سرکاری جانچ پڑتال. [انگ].

سینک (ی مع ، غنہ) امث.
۱. (مونج وغیرہ کی) تیلی ، لمبا تنکا (جیسے : جھاڑو کی تیلی). ۲. روئی یا روئی میں لپٹی ہوئی تیلی جسے عطر میں ڈبو کر کان کے اوپر رکھ لیتے ہیں. ۳. خلال ، دانت کریدنے کی سلائی. [س].

سینک (کا) سا صف. ڈبلا پتلا ، نحیف ، کمزور.

سینک سَلائی صف. ڈبلا پتلا ، نحیف ، کمزور.

سینک / سیک (ی مج ، غنہ) امث.
تپش ، گرمی ، آنچ ، حِدّت.

سینک لگنا محاورہ. گرمی کا اثر پہنچانا.

سَینکنا (ی مج ، غنہ ، سک ک) ف م.
۱. (آگ یا آنچ وغیرہ سے) گرم کرنا ، حرارت پہنچانا. ۲. (i) بھوننا ، بریاں کرنا. (ii) روٹی کو توے یا ہلکی آنچ پر پکانا. ۳. تاپنا ، اپنے جسم کو گرماہٹ پہنچانا.

سینگ (ی مع، غنہ) اند.
۱. حیوانوں کے سر پر نکلی ہوئی نوکیلی شاخ، قرن. ۲. علامت خاص، ٹیکا (جیسے: سر پر سینگ). [س].

سینگ سمانا محاورہ. پناہ ملنا، موقع ملنا، حفاظت کی جگہ پانا.

سینگ کٹا کر بچھڑا بننا / سینگ کٹا کر بچھڑوں میں (ملنا) داخل ہونا / دکھنا محاورہ. بڑی عمر کے آدمی کا چھوٹوں کی صحبت میں شریک ہونا، بڑا ہو کر بچوں کی سی حرکتیں کرنا.

سینگ نکلنا محاورہ. ۱. شاخ کا نمودار ہونا، ماتھے پر قرن نکلنا؛ جانوروں کا جوان ہونا، جوانی پر آنا. ۲. خصوصیت یا خوبی پیدا ہونا، امتیازی حیثیت حاصل ہونا.

سینگڑا (ی مع، غنہ، سک گ) اند.
۱. کھوکھلا کیا ہوا سینگ جس میں بارود رکھی جائے، بارود دان؛ (مجازاً) آلہ حرب و ضرب. ۲. سینگ کا بنا ہوا باجا جسے منھ سے بگل کی طرح بجاتے ہیں.

سینگی (ی مع، مغ) امث.
کھوکھلا سینگ جس کے ذریعہ بدن کی گرمی چوستے ہیں. پچھنا لگانے کا آلہ جو ایک کھوکھلا سینگ ہوتا ہے.

سینگی لگانا محاورہ. پچھنے لگانا جو فصد کھولنے کی طرح سوداویت کم کرنے کا ایک عمل ہے، کھوکھلے سینگ کے ذریعے بدن کی گرمی چوس لینا یا فاسد خون خارج کرنا.

سینگیاں (ی مع، غنہ، سک گ) امث.
سینگی کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل؛ کھوکھلا سینگ جس کے ذریعے بدن کی گرمی چوستے ہیں.

سِینما (ی لین نیز مع، سک ن) اند؛ امث.
متحرک فلم جو پردۂ سیمیں پر دکھائی جاتی ہے. [انگ].

سینما اسکوپ صف. (متحرک فلم) جو اس طریقے سے فلمائی گئی ہو کہ اس کے دکھانے کے لیے زیادہ چوڑے پردے کی ضرورت ہو، ایسے کیمرے سے بنائی فلم جو زیادہ وسیع منظر کو سمیٹ سکتی ہو.

سِینَہ (ی مع، فت ن) اند.
۱. گردن سے لے کر پیٹ تک کا وہ حصہ جس میں پسلیاں ہوتی ہیں، چھاتی، صدر. ۲. دل، قلب؛ باطن. ۳. پستان، چھاتی. ۴. (مجازاً) کسی شے کا وسطی حصہ یا اُبھار یا اندرونی حصہ. ۵. (مستورات) جمپر و کا سامنے کا حصہ. [ف].

سینہ اُبھار کر / تان کر / نکال کر چلنا محاورہ. سینہ تان کر چلنا، اکڑ چلنا، عورت کا چھاتیوں کا اُبھار دکھاتے ہوئے چلنا.

سینہ افگاری / فگاری امث. رنج، غم، افسوس.

سینہ بسینہ / بہ سینہ م ف. (زبانی روایت) ایک سے دوسر تک نسلاً بعد نسل پہنچتے ہوئے؛ تحریر میں آئے یا عام ہوئے بغیر؛ رازدارانہ ایک سے دوسرے یا ایک نسل سے دوسری تک منتقل ہوتے ہوئے.

سینہ بند اند. ۱. (i) ایسا لباس جسے عورتیں چھاتیاں ڈھکنے کے لیے استعمال کرتی ہیں، انگیا؛ محرم؛ چولی؛ چھوٹا کپڑا. (ii) عورت کے کفن میں وہ زائد کپڑا جس سے اس کی چھاتیاں باندھی جاتی ہیں ۲. لباس جو سردیوں میں چھاتی کو گرم رکھنے کے لیے پہنا جاتا ہے صدری؛ بنڈی. ۳. میدان جنگ میں سینے کی حفاظت کے لیے استعمال ہونے والا لباس؛ زرہ.

سینہ پیٹنا ف مر؛ محاورہ. رنج و غم کی حالت میں چھاتی پر زور سے ہاتھ مارنا، سینہ کوبی کرنا، ماتم کرنا.

سینہ پھٹ جانا / پھٹنا محاورہ. سینہ شق ہونا، دل پر سخت صدمہ گزرنا دل بے قابو ہونا.

سینہ پھلانا ف مر؛ محاورہ. ۱. چھاتی کو اُبھارنا؛ (مجازاً) غرور و تکبر مظاہرہ کرنا، شان و شوکت ظاہر کرنا. ۲. غصہ میں بھر جانا، غضب و غیظ کی حالت ظاہر کرنا.

سینہ جکڑنا محاورہ. (طب) ٹھنڈ لگنے یا بلغم کی زیادتی کی وجہ سے سانس لینے میں تکلیف ہونا.

سینہ چاک صف. (کنایۃً) غمگین، مصیبت زدہ، محبت میں دیوانہ، عاشق.

سینہ چیر کر دکھنا محاورہ. دل کا راز ظاہر کرنا، دل کی بات کہنا.

سینہ چھلنی ہونا محاورہ. صدموں کے باعث چھاتی کا پرداغ ہونا (کنایۃً) سخت زخمی ہونا؛ بہت رنج یا تکلیف پہنچنا.

سینہ زوری امث. ۱. سرکشی، زبردستی، دھینگا مشتی، ہیکڑی، جبر ۲. دلیری، دلاوری، بہادری.

سینہ زنی امث. رنج و غم کی وجہ سے سینے پر ہاتھ مارنا ، چھاتی پیٹنا ، ماتم کرنا .

سینہ سپر (الف) م ف. سینے کو ڈھال بنا کر ، مقابل ہو کر ، ڈٹ کر .
(ب) صف. معرکہ میں ڈٹنے والا ، خطرے کا مردانہ وار مقابلہ کرنے والا ، مدمقابل .

سینہ سپر ہونا محاورہ. ۱. وار جھیلنا ، خوف و خطر کے موقع پر ڈٹ کر کھڑا ہونا ، مقابل ہونا ، ڈٹ کر مقابلے میں آنا ، بے جگری اور بہادری دکھانا . ۲. حمایتی بننا ، مدد کرنا ، آڑے وقت میں کام آنا ، مشکل حالات میں ساتھ دینا . ۳. محافظ ہونا ، پشت پناہ ہونا ، بچاؤ کرنا .

سینہ کوبی امث. رنج و غم کی وجہ سے سینہ پیٹنا .

سِینی (ی مع) امث.
ہموار سطح کا ، اُبھرے ہوئے کناروں والا ؛ گول برتن ، تھال ؛ خوانچی ؛ ایک طرح کی گول کشتی . [ف] .

سِینے (ی مع) امذ.
سینہ کی مُغیرہ حالت نیز جمع (تراکیب میں مستعمل) .

سینے پر (پہ) پتھر رکھنا محاورہ. صبر کر لینا ، برداشت کر جانا .

سینے پر رکھا ہونا محاورہ. بوجھ محسوس ہونا .

سینے پر سانپ لوٹنا محاورہ. جلنا ، حسد سے جلنا ، غیض میں بھڑک اُٹھنا .

سینے پر مونگ دلنا محاورہ. جان بوجھ کر تکلیف پہنچانا .

سینے سے لگانا ف مر ؛ محاورہ. پیار سے لپٹا لینا ، عزیز رکھنا ، احترام کا اظہار کرنا ، پیار کرنا .

سینے میں دفن کرنا محاورہ. چھپانا ، پوشیدہ رکھنا ، راز میں رکھنا ، کسی پر ظاہر نہ کرنا .

سینے میں رکھنا محاورہ. چھپانا ؛ ظاہر نہ کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ راز رکھنا .

سینیارٹی (ی مع ، کس ی ن ، کس ر) امث.
(عمر ، تعلیم ، تنخواہ یا عہدے کے لحاظ سے) دوسروں پر برتری ، فضیلت ؛ بزرگی . [انگ] .

سینیٹ (ی مع ، ی مج) امذ ؛ امث.
دیکھیے : سینٹ . [انگ]

سینیٹر (ی مج ، ی مج ، فت ٹ) امذ.
سینٹ کا رکن ، سینیٹ کا ممبر . [انگ] .

سینئر / سینیئر (ی مع ، سک ن ، فت ی) صف.
۱. افضل ، اعلیٰ (بلحاظِ عمر ، تعلیم ، مدت ملازمت تنخواہ یا عہدہ وغیرہ) ۲. (i) یونیورسٹی وغیرہ کے آخری سال کا طالب علم . (ii) بڑی کلاس کا طالب علم . [انگ] .

سیو (ی مج) امذ.
۱. بیسن کی نمکین موٹی سیویاں جو تیل یا گھی میں تلی ہوتی ہیں . ۲. بیسن میدے کے میٹھے سیو جن پر شکر چڑھی ہوتی ہے . [س] .

سیوا (ی مج) امذ ؛ امث.
۱. خدمت . ۲. نگہ داشت ، دیکھ بھال ، رکھوالی ، حفاظت . ۳. فرماں برداری اطاعت . ۴. پرستش ، پوجا ، عبادت . ۵. ذکر ، یاد . ۶. بزرگ ، برتر قابل اطاعت . [س] .

سیوا کرنا محاورہ. ۱. خدمت بجا لانا ، خدمت کرنا . ۲. عبادت کرنا ، کرنا . ۳. حفاظت ، رکھوالی ، دیکھ بھال ، نگہ داشت .

سیوتی (ی مج ، سک و) امث.
ایک پھول اور اس کے پودے کا نام گل داؤدی ، (پھول سفید زعفرانی ، زرد اور صندلی مائل رنگ کے خوش بودار ہوتے ہیں پنکھڑیاں خاصی لمبی ہوتی ہیں) گل نسرین ونسترن . [س] .

سیوک (ی مج ، فت و) امذ.
۱. غلام ، خدمت گار . ۲. مرید ، چیلا . ۳. پجاری ، پرستش کرنے والا . [س]

سیوَن (ی مع ، فت و) امث.
۱. کپڑے کے دو ٹکڑوں کو سوئی تاگے سے ٹانکے لگا کر جوڑنے کا عمل سلائی ؛ ڈوب ٹانکا . ۲. دو حصوں کے ملنے کی جگہ ؛ درز ؛ جوڑ ؛ آلہ تناسل کے نچلے حصے میں گوشت یا کھال کا جوڑ . [س] .

سِیَہ (کس س ، فت ی) صف.
کالا ، اسود (سیاہ کی تخفیف) .

سیہ بخت صف. بدقسمت ، بدنصیب .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

سیہ بختی امث. بدنصیبی.

سیہ کار صف. گنہ گار؛ بدعمل، بدکار؛ فاسق و فاجر شخص.

سیہ کاری امث. بدعملی، گنہ گاری؛ فسق و فجور اور بدکاری؛ ظلم.

سیہہ / سیہی (ی مع، سک ہ / ی مع) امذ.
خارموش، ایک جانور جس کے جسم پر سخت بالوں کے ساتھ ساتھ لمبے چکنے لہریے دار کانٹے ہوتے ہیں. [س].

(ش)

ش حرف، مذ.
اُردو میں صوتی اعتبار سے حروف تہجی کا انتیسواں، فارسی میں سولھواں اور عربی کی ترتیب ابتث میں تیرھواں، حرف حساب جمل میں اس کی عددی قیمت ۳۰۰ (تین سو) مقرر ہے. حروف شمسی میں شمار کیا جاتا ہے (یعنی عربی الفاظ میں اس حرف سے پہلے ال آئے گا تو غیر ملفوظ رہے اور ش پر تشدید آ جائے گی جیسے: الشمس) وغیرہ میں.

ش ق درست ہونا محاورہ. صحیح تلفظ کے ساتھ بولنا، لب و لہجہ کا درست ہونا، الفاظ کا صحت تلفظ کے ساتھ ادا ہونا.

شاباش کلمۂ تحسین نیز امث.
۱. مرحبا، واہ واہ، سبحان اللہ. ۲. کیا کہنے، بہت خوب؛ طنزاً بطور کلمۂ توبیخ بھی مستعمل ہے.

شاباش دینا محاورہ. تعریف کرنا، حوصلہ بڑھانا، ہمت افزائی کرنا.

شاباشی امث. تحسین و آفرین، واہ واہ، مرحبا، سراہنا.

شاتِم (کس ت) صف.
سب و شتم کرنے والا، گالی دینے والا، برا بھلا کہنے والا، گستاخ. [ع].

شاخ امث.
ٹہنی، ڈالی. ۲. (i) سینگ یا سینگ نما شے. (ii) علم و فن وغیرہ کی ذیلی قسم یا سلسلہ. ۳. کسی بڑے ادارے یا تنظیم وغیرہ کا ذیلی ادارہ یا حصہ، برانچ. ۴. قسم، نوع، فرع. [ف].

شاخ آہو امذ. ۱. ہرن کا سینگ. ۲. (کنایۃً) جھوٹا وعدہ؛ گمان؛ ناپائیدار شے، معدوم چیز.

شاخ بر شاخ نکالنا محاورہ. مسلسل عیب جوئی کرنا.

شاخ دار صف. ۱. ٹہنی والا، ڈنڈی والا. ۲. جسم پر نکلا ہوا یا ابھرا ہوا کوئی عضو جو نوک دار ہو.

شاخ در شاخ صف، م ف. ۱. مسلسل، سلسلہ وار، یکے بعد دیگرے پے در پے. ۲. دور تک پھیلا ہوا، سلسلہ در سلسلہ؛ حکایت در حکایت.

شاخ لگانا محاورہ. ۱. ٹہنی کو زمین میں اُگنے کے لیے دبانا، قلم لگانا؛ کسی چیز کی ابتدا کرنا، بنیاد رکھنا. ۲. سینگی لگانا، جونک لگانا.

شاخ نَبات امث. ۱. مصری کے کوزہ کی وہ لکڑی جو کوزہ بنانے کے واسطے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں؛ (کنایۃً) مصری کی ڈلی، شیرینی، مٹھاس، میٹھی چیز.

شاخچَہ (سک خ، فت چ) امذ.
۱. چھوٹی ٹہنی، چھوٹی شاخ، چھڑی. ۲. طب (حیاتیات) انسانی بدن میں چھوٹی رگوں کا جال جو دل سے بدن میں خون پہنچانے کا کام کرتا ہے. ۳. (نباتیات) پھول کے اندر بیج میں پایا جانے والا چھوٹی چھوٹی شاخوں کا جال. ۴. (کنایۃً) تہمت، افترا.

شاخسار (سک خ) امذ.
۱. ٹہنیاں، شاخیں، گھنی شاخوں کا جھنڈ. ۲. جہاں کثرت سے ٹہنیاں یا ٹہنیوں والے درخت ہوں.

شاخسانَہ (سک خ، فت ن) امذ.
۱. جھگڑے کی بات یا قصہ. ۲. جھگڑا، بحث، فتنہ، بات میں بات، بات کا سلسلہ، ایسی گفتگو جس میں فساد پیدا ہو.

شاخَہ (فت خ) امذ.
۱. ٹہنی، شاخ. ۲. (نباتیات) جسم نباتی جس میں جڑ تنا اور پتا نہ ہو، مثلاً کائی وغیرہ، مضغہ. ۳. وہ لکڑی جس میں مجرم کا سر اور ہاتھ دے کر سزا دیتے ہیں؛ سینگ کی شکل کا پیالہ، سینگ. [ف].

... شاخہ صف.
بطور لاحقہ مستعمل، بمعنی شاخ والا.

شاخیں (ی مع) امث.
۱. شاخ کی جمع، ٹہنیاں، ڈالیاں؛ تراکیب میں مستعمل. ۲. سینگ،

خصوصاً ہرن کے سینگ .۳.ایک طرح کا پکوان جو میدے اور کھانڈ کو ملا کر بناتے ہیں .

شاد صف .

خوش ، مسرور . [ف] .

شاد باد کلمۂ دعائیہ .

خوش رہے ، خوش حال رہے ، سرسبز و آباد رہے .

شاد کام صف .کامیاب ، خوش حال ، خوش ، خرم .

شاداب صف .

۱.سرسبز ، ہرا بھرا ، ترو تازہ .۲.خوش و خرم ، آباد ، پر رونق ، گہما گہمی سے پر .

شادابی مث .

سرسبزی ، ترو تازگی .

شاداں صف .

خوش حال ، خوش و خرم ، مسرور .

شاداں و فرحاں صف .خوش و خرم ، خوش خوش ، بہت زیادہ خوش .

شادماں (سک د) صف .

خوش و خرم ، مسرور .

شادمانی (سک د) مث .

خوشی ، خرمی .

شادی مث .

۱.خوشی ، انبساط ، مسرت .۲. بیاہ ، تقریب عقد نکاح .

شادی بیاہ مذ .عروسی تقریبات ، رشتہ داری کا سلسلہ ، معاشرتی تعلقات .

شادی خانہ آبادی مث . بیاہ گھر بسنے کا ذریعہ ہے ، شادی گھر کی آبادی کا سبب بنتی ہے .

شادی شدہ صف .وہ جس کا بیاہ ہو چکا ہو .

شادی کرنا محاورہ . بیاہنا ، نکاح کرنا .

شادیٔ مرگ صف ؛ مث .۱.وہ موت جو کسی غیر متوقع اور غیر معمولی خوشی کے سبب واقع ہو جائے .۲.فرط خوشی سے مر جانے والا شخص جو غیر متوقع اور غیر معمولی خوشی حاصل ہونے کی وجہ سے مر جائے .

شادِیانَہ (کس د ، فت ن) مذ .

۱. باجا جو بیاہ یا کسی اور خوشی کے موقع پر بجایا جائے ، وہ ساز جو خوشی کے موقع پر بجایا جائے اور اس کی آواز سے خوشی کا اظہار ہو .۲.خوشی یا مبارک باد کا گیت جو فتح وہ شادمانی کے موقع پر گایا جائے .

شادیانہ بجانا محاورہ .خوشی کی نوبت بجانا ، فتح کا نقارہ بجانا ، ساز خوشی کے نغمے بجانا .

شاذ (الف) م ف .

کم کم ، کمی کے ساتھ ، بہت کم ، اتفاقیہ . (ب) صف .معدوم ، ناپید نایاب . [ع] .

شاذ و نادر (الف) م ف .کبھی کبھی ، گاہے گاہے . (ب) صف .کم ، بہت کم

... شار لاحقہ .

شاریدن (پانی گرانا ، ٹپکانا) سے امر جو بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : آبشار ، سرشار . [ف] .

شارِب (کس ر) صف .

پینے والا . [ع] .

شارْٹ (سک ر) صف .

پیمائش میں کم ؛ مختصر فاصلے کا . [انگ] .

شارٹ سَرکِٹ مذ .دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق .

شارٹ کٹ مذ .۱.نسبتاً مختصر یا بچت کا راستہ .۲.کسی کام کو جلد نمٹانے کی تدبیر .

شارٹ ہینڈ مذ .مختصر نویسی ، تقریر وغیرہ کو جلد سے جلد قلم بند کرنے کا فن .

شارِح (کس ر) صف .

شرح لکھنے والا ، تفصیل سے بیان کرنے والا . [ع] .

شارِع (کس ر) (الف) مث .

راستہ ؛ بڑی سڑک ؛ چوڑا راستہ ؛ شاہراہ ؛ بازار ؛ راہ راست ؛ (ب) مذ شریعت قائم کرنے والا ، مذہب لانے یا پھیلانے والا . [ع] .

شارع عام مث . راستہ جس پر ہر شخص کو چلنے کی اجازت ہو، راستہ ، شاہراہ .

شارِق (کس ر) صف .

چمکیلا ، روشن ، منور ؛ (کنایۃً) سورج . [ع] .

شارک (سک ر) امث.
سگ ماہی کی قسم کی لمبے جسم اور چپٹے پھیپھڑے والی بڑی سنہری مچھلی. [انگ].

شاستر (سک س، فت ت) اند.
۱. ہندوؤں کی مقدس کتاب جو دیوتاؤں کی طرف منسوب ہے جس میں ہندو دھرم کے اُصول و قوانین اور فلسفے وغیرہ کی باتیں لکھی ہوئی ہیں. ۲. (مجازاً) قانون ہنود، قواعد و ضوابط. [س].

شاستری (۱) (سک س، فت ت) امث.
۱. سنسکرت زبان، ۲. ہندی (سنسکرت رسم الخط، سنسکرت حروف).

شاستری (۲) (سک س، فت ت) صف.
شاستروں کا عالم، پنڈت؛ برہمنوں کا ایک گروہ؛ ہندو قانون کا عالم. [س].

شاطِر (کس ط) صف.
۱. شطرنج باز، کھلاڑی، استاد. ۲. چالاک، مکار، عیار، چال باز. [ع].

شاطِرانہ (کس ط، فت ن) صف؛ م ف.
شاطر سے منسوب، عیارانہ.

شاعِر (کس ع) صف مذ.
شعر کہنے والا، وہ شخص جو کسی جذبے، خیال، واقعے یا حادثے وغیرہ کو مؤثر انداز میں نظم کرے. [ع].

شاعرِ انقلاب اند. وہ شعر کہنے والا جو اپنی شاعری کے ذریعہ عامۃ الناس کے خیالات میں تبدیلی لا سکے.

شاعِرانہ (کس ع، فت ن) م ف؛ صف.
شعر و شاعری سے متعلق، شاعر کی طرح، مبالغہ آمیز، دل کش؛ خلاف حقیقت.

شاعرانہ چشمک امث. ہم عصر شاعروں کے درمیان باہمی طنز و نکتہ چینی، شاعروں کی آپس کی نوک جھونک، چوٹیں.

شاعِرہ (کس ع، فت ر) صف مث.
خاتون شاعر، شاعر عورت.

شاعِری (کس ع) امث.
فنون لطیفہ کی ایک لطیف شاخ، شعر کہنا، شاعر کا کام، نظم یا غزل کہنا، وہ منظوم ادب پارہ جو ردیف، قافیہ اور بحر کے التزام یا بغیر اس کے جذبات و احساسات کی ترجمانی کرتا ہو.

شافِع (کس ف) صف؛ اند.
شفاعت یا سفارش کرنے والا، مددگار؛ بخشش کے لیے سفارش کرنے والا؛ یہ لقب نبی کریم سرور کائنات سرکار دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہے. [ع].

شافعِ روزِ جزا / محشر اند. قیامت کے دن گناہوں کی بخشش کے لیے شفاعت کرنے والا.

شافِعی (کس ف) اند.
۱. اہلِ سنت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس شافعی؛ حدیث و فقہ کے امام اور مسلک شافعیہ کے بانی ہیں. ۲. امام شافعی کے مسلک کا پیرو، امام شافعی کے اجتہاد کی پیروی کرنے والے.

شافِعیّہ (کس ف، ع، شد ی بفت) صف.
شافعی مسلک کے پیرو.

شافی صف.
۱. شفا دینے والا، تن درست کرنے والا؛ مراد: اللہ تعالیٰ: خداوند عالم کا صفاتی نام ۲. تسلی بخش؛ مکمل، پورا. [ع].

شافی و کافی اند. تسلی بخش اور مکمل.

شاق صف.
۱. دشوار، مشکل، سخت، دوبھر. ۲. جو ناگوار گزرے؛ بار خاطر؛ برا محسوس ہونے والا، طبیعت پر بار ہونے والا. [ع].

شاق گزرنا محاورہ. ۱. برا لگنا، گوارا نہ ہونا؛ تکلیف دہ ہونا. ۲. دوبھر ہونا؛ پریشانی کا سبب ہونا.

شاقُول (و مع) اند.
(معماری) ایک ڈوری کے سرے پر بندھا ہوا لٹو جس کو لٹکا کر دیوار وغیرہ کی عمودی سیدھ دیکھی جاتی ہے نیز افقی طور پر تان کر چنائی کی سیدھ درست رکھی جاتی ہے، ساہول، سہاول، شاقل.

شاقّہ (شد ق بفت) صف.
سخت، مشکل، دشوار (تراکیب میں مستعمل). [ع].

شاکِر (کس ک) صف.
شکر کرنے والا ، نیک برتاؤ اور اچھے سلوک پر کسی کے احسان کو ظاہر کرنے والا ، احسان مند، شکر بجا لانے والا . [ع].

شاکر کو شکر موذی کو ٹکر کہاوت. شاکر کو خدا کی طرف سے نعمتیں ملتی ہیں اور موذی کو تکلیفیں پہنچتی ہیں .

شاکی صف.
کسی ناروا سلوک یا بات کے خلاف بے زاری یا افسوس ظاہر کرنے والا ؛ شکوہ کرنے والا ؛ فریادی ؛ شکایت یا گلہ کرنے والا . [ع].

شاگِرْد (کس گ، سک ر) اند.
علم و ہنر سیکھنے والا ؛ چیلا ؛ طالب علم ؛ تلمیذ . [ف].

شاگرد پیشہ اند. ۱.نوکر چاکر ، خدمت گار اور اوپر کا کام کاج کرنے والے ، طائفہ ملازمین .۲.عملہ ؛ ماتحتین .۳.ادنیٰ ملازمین کے رہنے کا مکان جو کسی کوٹھی یا بنگلے سے ملحق ہو ؛ سرونٹ کوارٹر.

شاگرد رشید اند. ہدایت یافتہ اور لائق شاگرد .

شاگِرْدی (کس گ، سک ر) امث.
کسی سے علم سیکھنا ؛ پیشہ یا ہنر کی تربیت لینا ؛ معلمی ، تلمذ .

شال امث.
چادر جو کشمیر میں دنبے کے بالوں سے بنائی جاتی ہے ؛ جامہ پشمین کی ایک قسم ، دوشالہ ؛ سادہ یا کڑھی ہوئی ، اونی ریشمی چادر . [ف].

شالا اند.
اکلمہ تحسین ، واہ کیا کہنے .۲.بڑا کمرہ ، مکان ، وسیع جگہ (بطور لاحقہ مستعمل ، جیسے : دھرم شالا وغیرہ . [س].

شام (۱) امث.
سورج غروب ہونے کا وقت ، مغرب کا وقت ، دن کا آخری اور رات کی ابتدا سے پہلے کا حصہ (صبح کے بالمقابل) . [ف].

شام پڑے م ف. مغرب کے وقت ، دن چھپنے پر .

شامِ غریباں امث. ۱.مصیبت و بے کسی کی شام ، شام جو وطن سے دور عالم بے کسی میں آئے .۲.محرم کی دسویں تاریخ کی شام کو برپا ہونے والی مجلس جس میں فرش اور روشنی وغیرہ کا اہتمام نہیں ہوتا نیز دسویں محرم کی شام .

شام منانا ف مر ؛ محاورہ. ۱.(ادبیات) کسی شاعر، ادیب، مفکر یا دانشور کے اعزاز میں شام کے وقت کوئی ادبی مجلس منعقد کرنا .۲.تفریح کے لیے شام کے وقت گھر سے باہر کسی پر فضا مقام پر جانا .

شام و سحر م ف. ہر وقت ، ہمیشہ ؛ دونوں وقت ، سارا دن .

شام (۲) امث.
۱.(آہن گری) دھات کا بنا ہوا کڑا یا حلقہ .۲.(قفل سازی) کنجی کے منھ کے گھر کا بنا ہوا پتر جو قفل کے سوراخ پر اس کی حفاظت اور مضبوطی کے لیے جڑ دیا جاتا ہے .۳.لکڑی یا چھڑی وغیرہ کے سروں چڑھایا جانے والا لوہے یا کسی اور دھات کا چھلے کی طرح کا خول بعض خول نوک دار بھی ہوتے ہیں .

شاما/شاماں امث.
ایک سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ ، ایک صحرائی پرندہ جو ہر وقت دم ہلاتا رہتا ہے جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے . [س].

شامَت (فت م) امث.
۱.پریشانی ، مصیبت ، وبال ، اُلجھن .۲.بدبختی ، بدنصیبی ، عذاب مصیبت میں مبتلا ہونے کی کیفیت . [ع].

شامت اعمال امث. بداعمالیوں کا پھل ، تباہی و بربادی جو اپنے اعمال کا نتیجہ ہو ، کیے کی سزا .

شامت آجانا/آنا محاورہ. بدبختی اور خرابی کے آثار ظاہر ہونا ، برے دن آنا ، مصیبت یا آفت میں مبتلا ہونا .

شامت بلانا/بلوانا محاورہ. مصیبت مول لینا ، بدبختی کو دعوت دینا .

شامت کا مارا/شامت مارا صف مذ. بدبخت ، بدنصیب ، خراب حال آفت زدہ ؛ مصیبت میں گرفتار .

شامِل (کس م) صف.
۱.محیط ، پھیلا ہوا ، گھیرے ہوئے ، چھایا ہوا .۲.شریک ، ساتھ ، اکٹھا ملا ہوا ، یک جا . [ع].

شامل حال اند ؛ م ف. ۱.ہر امر اور ہر حالت میں ساتھ .۲.باہم ، کر ، ساجھے میں ، شراکت میں .

شامل کر لینا/کرنا محاورہ. ۱.ملانا، شریک کرنا .۲. پیوند کرنا ، لگانا ، وصل کرنا .

شامل ہونا محاورہ. ۱.ملنا، شریک ہونا ؛ داخل ہونا ؛ محیط ہونا ۲.گھیرے میں لینا ؛ چھا جانا ، منطبق ہونا ؛ لاگو ہونا ۳.حصہ لینا ، ساجھی ہونا .

شاملات (کس م) صف.
۱.(i) وہ زمین جو بہت سے لوگوں میں مشترک ہو یا جس کے کئی حصہ دار ہوں ، جائیداد غیر تقسیم شدہ ، گاؤں کی مشترکہ اراضی . (ii) مضافات ، وہ علاقہ جو کسی آبادی سے ملحق ہو ۲.کسی چیز کے اجزا یا وہ شے جو کسی کے اجزا میں شریک ہو ۳. (سپہ گری) طرفین کا وار کے بدلے وار اور بچاؤ کے بدلے بچاؤ کرنے کا عمل .

شامّہ (شدم بفت) امث.
سونگھنے کی قوت ، وہ حس جس کے ذریعے بو کا احساس ہو . [ع] .

شامی امذ.
دیکھیے : شامی کباب . [مقامی] .

شامی کباب امذ. مسالہ اور دال وغیرہ ملا کر اور اُبال کر پسے ہوئے قیمے کی ٹکیا جسے کسی روغن میں تلا جاتا ہے .

شامیانا/شامیانہ (سک م/ فت ن) امذ.
دھوپ اوس و دیگر فضائی اثرات سے بچاؤ کرنے والا ، خصوصاً بانسوں، رسیوں وغیرہ کے ذریعے اوپر تانا ہوا کپڑا ، کپڑے کا سائبان جو چاروں طرف سے کھلا ہوا بارہ دری کی وضع کا ہوتا ہے ، کپڑے کا سایہ بان .

شامیانہ لگانا محاورہ. (عموماً کسی تقریب کے موقع پر) شامیانے کو بانسوں اور رسیوں کے ذریعے تان کر قابل استعمال بنانا .

شان امث .
۱.قدرت ، طاقت .۲. وقار ، توقیر ، عزت .۳.آن بان ؛ سج دھج ، ٹھاٹھ باٹ .۴.مرتبہ ، عظمت ، قدر و منزلت ، شکوہ .۵. رونق ؛ بہار ؛ چہل پہل . [ع] .

شان بڑھانا محاورہ. عزت افزائی کرنا ، وقعت بڑھانا .

شان بے نیازی امث. بے رخی کی ادا ، بے نیازی اور بے پروائی کی حالت .

شان دار صف .۱. عالی شان ، بہت بڑا ؛ آراستہ و پیراستہ ، خوش نما عظیم ، قیمتی ۲. وجیہ ، ذی وجاہت .

شان دکھانا/دکھلانا محاورہ. ۱.تجمل و شوکت ظاہر کرنا ، عظمت و قدرت کا مظاہرہ کرنا ۲. سج دھج ظاہر کرنا .

شان گھٹنا محاورہ. عزت میں فرق آنا ، وقار میں کمی آنا ، رتبے میں کمتر ہو جانا .

شان نزول امث .۱. آیات قرآنی کا اترنے کا سبب ، نازل ہونے کا موقع و محل یا پس منظر ۲. وجہ ، علت ، سبب ، محرک .

شان و شوکت امذ. رعب و دبدبہ ، ٹھاٹھ ، احتشام ، سج دھج .

شانْت (سک ن) صف ؛ امذ.
پرامن ، مطمئن ، پرسکون ؛ صابر ، قانع ؛ سادھو ؛ لائق . [س] .

شانْتی (سک ن) امث .
۱.اطمینان ، سکون ، امن ، آرام ، چین ، سکھ ۲.صبر ؛ تسلی ؛ ڈھارس .
۳.ضبط نفس ، خواہشات نفسانی پر قابو پانے کی حالت ؛ ترک دنیا .
[س] .

شانزْدَہ (غنہ، سک ز، فت د) صف .
پندرہ کے بعد کا عدد ، پندرہ اور ایک کا مجموعہ ، سولہ . [ف] .

شانْزْدَہُم (غنہ، سک ز، فت د، ضم ہ) صف .
شانزدہ سے منسوب یا متعلق ، سولھواں ، سولھویں .

شانَہ (۱) (فت ن) امذ.
۱. کندھا ، مونڈھا ، کھوا ، ہاتھ کا بالائی حصہ جو سینے کے اوپر گردن سے ملا ہوتا ہے ۲. ابھار ، دو چیزوں کے درمیان ابھرا ہوا سہارا ، کسی شے کا عرضی حصہ جو طول پر قائم ہو ۳. کرتے ، انگرکھے وغیرہ کا وہ حصہ جو مونڈھے پر رہتا ہے . [ف] .

شانہ اُتر جانا/ اُترنا ف مر ؛ محاورہ. مونڈھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹنا یا سرک جانا .

شانہ بٹھانا ف مر ؛ محاورہ. مونڈھے کی اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہڈی کو اپنی جگہ پر لے آنا .

شانہ بشانہ م ف. ساتھ ساتھ ، ہم راہ .

شانہ تھپتھپانا ف مر ؛ محاورہ. تسلی دینے کے لیے شانے پر ہاتھ رکھنا ، ہمت افزائی کرنا .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (ملفوظ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

شانہ ہلانا محاورہ. ا. میت کو قبر میں اُتارنے کے بعد تلقین پڑھتے وقت میت کے کاندھے کو آہستہ سے حرکت دینا ۲. کاندھے کو حرکت دے کر جگانا، بیدار کرنا.

شانہ (۲) (فت ن) اند.
بال سلجھانے کا دندانے دار آلہ، کنگھا، کنگھی. [ف].

شانے اند.
شانہ کی جمع یا حالت مغیرہ (تراکیب میں مستعمل).

شانے اُچکانا محاورہ. کندھے اٹھا کر بے پروائی یا لاعلمی کا اظہار کرنا.

شانے سے شانہ چھلنا محاورہ. بہت زیادہ بھیڑ ہونا، آدمیوں کا اتنا مجمع ہونا کہ گزرنا دشوار ہو جائے.

شانے سے شانہ ملا کر م ف. ساتھ ساتھ، قریب قریب، متحد ہو کر، یک جا ہو کر.

شاہ (الف) اند.
ا. کسی ملک، سلطنت یا مملکت کا خود مختار فرماں روا (خصوصاً جسے حکمرانی وراثت میں ملی ہو)، سلطان، بادشاہ. ۲. آقا، سردار، مالک، حاکم. ۳. آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (خصوصیت کے ساتھ امام حسینؓ) کا لقب، سید. ۴. خدا رسیدہ، بزرگ (فقیروں کا لقب). ۵. (i) تاش یا گنجفے کا میر. (ii) شطرنج کا میر؛ شطرنج کی کشت. (ب) صف. بڑا، بزرگ، عظیم تر، برتر، قوی؛ بہترین، عمدہ؛ اچھا، معیاری (کمیت یا کیفیت میں). [ف].

شاہِ اُمم اند. اُمتوں کا بادشاہ؛ مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم.

شاہ باز اند. دیکھیے: شہ باز.

شاہ بلوط اند. بلوط کی ایک قسم جس کی شکل گول اور چپٹی ہوتی ہے اور جو زیادہ شیریں اور لذیذ ہوتی ہے، (اس کا درخت دو قدِ آدم کے برابر اُونچا ہوتا ہے).

شاہ پارہ اند. دیکھیے: شہ پارہ.

شاہ تیر اند. دیکھیے: شہ تیر.

شاہ جہاں اند. دنیا کا بادشاہ، مشہور بادشاہ کا لقب.

شاہ خرچ صف. بہت خرچ کرنے والا، خرچیلا، بے دریغ خرچ کرنے والا، حد سے زیادہ سخی.

شاہ خرچی امث. بے دریغ خرچ کرنا، بہت خرچ کرنا، فضول خرچی.

شاہ دانہ اند. ا. بھنگ کا تخم، بھنگ کا بیج ۲. ایک قسم کا چھوٹا گٹھلی دار پھل آلو بالو، چیری ۳. بڑا موتی، تسبیح کا بڑا دانہ.

شاہ دولہ اند. پنجاب کے ایک مشہور بزرگ کا نام جن کا انتقال ۱۰۸۷ ہجری میں ہوا.

شاہ دولہ کا چوہا اند. شاہ دولہ کے مزار پر چڑھائے جانے والے بچوں میں سے کوئی بچہ (ان بچوں کے سر بہت چھوٹے ہوتے ہیں) (مجازاً) ناقص الخلقت چھوٹے سر اور تنگ پیشانی والا بچہ.

شاہ راہ امث. ا. بڑی سڑک، بڑا راستہ، شارعِ عام.

شاہ رگ امث :~ شہ رگ. گردن کی بڑی رگ، رگِ جاں، حبل الورید

شاہ زادہ اند. بادشاہ زادہ، بادشاہ کا بیٹا، شاہی خاندان کا لڑکا.

شاہ زادی امث. بادشاہ کی بیٹی، بادشاہ زادی، شاہی خاندان کی لڑکی

شاہ سوار اند. شہ سوار، شہسوار. گھوڑے کی سواری کا ماہر.

شاہ کار صف؛ اند ~: شہ کار، شہکار. بڑا کارنامہ، عظیم تخلیقی کارنامہ بہترین کام، استادانہ کام.

شاہ لولاک اند. (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم.

شاہ نشیں امث ~: شہ نشین. ا. بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ؛ (مجازاً) برآمدہ جو آگے نکلا ہوا ہو جس پر اکثر بادشاہ بیٹھ کر لوگوں کو درشن کرتے تھے، بادشاہ کی نشست کے طرز پر بنا ہوا ایک بڑا محراب دار طاق، اونچی جگہ یا نشست ۲. دالان کے اندر کا وہ اُونچا دالان جس کے چھوٹے چھوٹے در ہوتے ہیں، بیٹھنے کی کوئی اونچی جگہ یا چبوترہ

شاہاں اند؛ ج.
شاہ کی جمع؛ مرکبات میں مستعمل.

شاہانہ (فت ن) صف؛ م ف.
ا. بادشاہوں کے مرتبہ اور ان کی شان کے لائق، بادشاہوں کے مانند، نہایت شان دار ۲. متکبرانہ، پرغرور.

شاہانہ مزاج صف. نازک مزاج.

شاہد (کس ہ) صف، اند.
ا. (i) گواہ (جو کسی امر یا وعدے کی تصدیق یا تکذیب کرے).
(ii) دیکھنے والا، مبصر، ناظر ۲. (مجازاً) خوب صورت معشوق، محبوب.
[ع].

شاہد باز صف. عاشق، حسینوں سے محبت رکھنے والا، حسن پرست.

شاہدہ (کس ہ، فت د) امث.
شاہد کی تانیث؛ گواہی دینے والی عورت.

شاہراہ (سک ہ) امث.
دیکھیے: شاہ راہ، بڑا اور کشادہ راستہ، بڑی سڑک.

شاہراہ عام صف؛ امث. عام راستہ.

شاہکار (سک ہ) اند.
عظیم، سب سے زیادہ اہم، قابل قدر، بلند رتبہ، عظیم تخلیقی کارنامہ.

شاہنشاہ (فت ہ، سک ن) اند؛ ~ شاہنشہ، شہنشاہ.
بڑا بادشاہ جس کے ماتحت اور کئی بادشاہ ہوں، بادشاہوں کا بادشاہ، سلطان اعظم، مہاراج ادھیراج.

شاہنشاہی (فت ہ، سک ن) (الف) امث.
بادشاہی، سلطنت، حکومت، شہنشاہیت، بادشاہی نظام حکومت.
(ب) صف. شاہنشاہ سے متعلق یا منسوب، شاہنشاہ کا.

شاہی (الف) امث.
ا. بادشاہی، سلطنت، حکومت، بادشاہت ۲. بادشاہت کا زمانہ، خصوصاً ہندوستان میں مغلیہ عہد حکومت. (ب) صف. شاہ سے متعلق یا منسوب، بادشاہی، بادشاہ کا.

شاہی ٹکڑے اند؛ ج. ڈبل روٹی کے ٹکڑے جو گھی میں تل کر دودھ میں بھگوئے جاتے ہیں، اس کے بعد چینی (شکر) کا شیرہ بنا کر (جس میں زعفران یا رنگ بھی ملایا جاتا ہے) ان کو شیرے میں ڈبو دیتے ہیں اور اوپر سے خشک میوہ ڈال دیتے ہیں.

شاہین (ی مع) اند.
باز کی طرح کا ایک سفید رنگ شکاری پرندہ جس کی آنکھیں سیاہ ہوتی ہیں، (یہ بڑا بہادر اور تیز پرواز پرندہ مشہور ہے). [ف].

شائبہ (کس ء، فت ب) اند.
ا. ملاوٹ، آمیزش، آلودگی ۲. خفیف سی مقدار، ہلکا سا نشان؛ معمولی سا حصہ، ایک جزو ۳. شک، احتمال. [ع].

شائستگی (کس ء، سک س، فت ت) امث؛ ~ شایستگی.
ا. درستی، اصلاح، تربیت ۲. تمیز، اخلاق، تہذیب ۳. تہذیب و تمدن.

شائستہ (کس ء، سک س، فت ت) صف؛ ~ شایستہ.
ا. مستحق، لائق، سزاوار ۲. معقول، بااخلاق، مہذب. [ف].

شائع (کس ء) صف.
ا. آشکارا، ظاہر ۲. عام، پھیلا ہوا ۳. مشتہر، چھاپ کر مشتہر کیا ہوا، چھاپا ہوا. اف: کرنا، ہونا. [ع].

شائع کنندہ صف. چھاپ کر مشتہر کرنے والا، چھاپنے والا، ناشر.

شائق (کس ء) صف.
شوق رکھنے والا، شوقین، مشتاق، آرزو مند، طلب گار. [ع].

شائقین (کس ء، ی مع) صف؛ اند، ج.
شائق کی جمع، شوق رکھنے والے، شوقین.

شائگاں (کس ج ء)؛ ~ شایگاں. (الف) صف.
وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو؛ بہت بڑا (خزانہ) شاہی خزانہ، گنج شاہگاں. (ب) اند ا. (عروض) ایطاء، قافیے کا ایک عیب کہ قافیے میں حرف روی مختلف ہو اور اس کے بعد حرف یا حروف زائد کی تکرار ہو جیسے: دانا اور بینا یا چاہنا اور مانگنا ۲. وہ کام جو بادشاہ کے حکم سے بغیر اجرت کریں، بیگار.

شائیں (ی مج) امث.
کسی چیز کے تیزی سے ہوا میں سے گزرنے کی آواز، پھنکار.
[حکایت الصوت].

شائیں شائیں کرنا ف مر، محاورہ. ہوا میں کسی چیز کے تیزی سے گزرنے کی آواز پیدا ہونا.

شایان صف.
لائق، مناسب، موزوں، زیبا، سزاوار. [ف].

شایان شان صف. عظمت یا مرتبے کے مطابق، منصب اور درجے کے لیے موزوں، پھبتا، سجتا ہوا.

شایَد (فت ی) کلِ شک .
۱. احتمال یا امکان ہے ، ممکن ہے ۲. غالباً ، ظن ، غالب یہ ہے ، ہو سکتا ہے . [ف] .
شاید و باید م ف ؛ صف . جیسا چاہیے تھا ، جیسا شایان اور زیبا تھا ، مناسب و موزوں ، بہ خوبی .
شَب (فت ش) مث .
غروب آفتاب سے صبح تک کا وقت ، رات ، لیل ، رین . [ف] .
شب اسرا / اسریٰ مث . معراج کی رات .
شب باش صف . رات کی رات رہنے والا ؛ (کسی جگہ) رات بھر رہنا ، رات گزارنے والا .
شب باشی مث . رات کا قیام ، شب گزاری .
شب بخیر دعائیہ کلِ فقرہ . رات خیر سے گزرے ، رات کا رخصتی سلام .
شب برات مث . ۱. ماہ شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات . ۲. خوشی کا تہوار .
شب بے دار صف . ۱. رات بھر جاگنے والا ، جاگ کر رات گزارنے والا ، شب زندہ دار ۲. رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا ، تہجد گزار .
شب بے داری مث . ۱. رات کا جاگنا ، رت جگا ، بے خوابی ۲. رات کو جاگ کر عبادت کرنا .
شب بھر م ف . تمام رات ، ساری رات ، رات بھر .
شب تاب (الف) صف . رات کو چمکا دینے والا ، رات کو روشن کر دینے والا . (ب) مذ . رات کو چمکنے اور اڑنے والا کیڑا ، جگنو .
شب خوابی مث . ۱. رات کی پوشاک ، رات کو سوتے وقت پہننے کے کپڑے . ۲. رات کی نیند .
شب خون مذ ؛ - شبخوں . رات کا حملہ ، چھاپا ، رات کے وقت بے خبری میں دشمن پر حملہ .
شب خون مارنا محاورہ . رات کو حملہ کرنا ، بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا ، چھاپا مارنا .
شب خیزی صف . شب بیداری ، رات کو اٹھنا .
شب دیجور مث . اندھیری رات .
شب دیگ / دیغ مث . وہ سالن جو رات بھر دم دے کر پکایا جائے ایک خوش ذائقہ سالن جس کو زیادہ سلونا اور خوش بودار بنانے کے شلجم کی بٹیاں اور قیمے کے مسالے دار کباب بھی شریک کر دیے جاتے ہیں .
شب زفاف مث . دولھا دلہن کی پہلی رات ، سہاگ رات .
شب زندہ دار صف . رات بھر جاگنے والا ، شب بیدار ، رات بھر عبادت کرنے والا .
شب عاشور / عاشورہ مث . محرم کی نویں رات ، حضرت امام حسین کی شہادت کی رات .
شب قدر مث . لیلۃ القدر ، ایک نہایت متبرک رات جس کی عبادت ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ بابرکت خیال کی جاتی ہے ، (اس شب کے تعین میں اختلاف ہے مگر اکثر کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ رمضان المبارک کی ستائیسویں شب ہے) .
شب کور صف ؛ مذ . وہ جسے رات میں دکھائی نہ دے ، رتوندھیا .
شب کوری مث . آنکھ کی ایک بیماری جس سے رات کو دکھائی نہیں دیتا رتوندھا ، رتوندھی .
شب معراج مث . ماہ رجب کی ۲۶ اور ۲۷ تاریخ کی درمیانی رات جس میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کا شرف حاصل ہوا .
شب و روز م ف . رات دن ، ہر وقت ، لیل و نہار .
شَباب (فت ش) مذ .
۱. سن بلوغ سے تیس یا چالیس برس کی عمر تک کا زمانہ ، جوانی ، جوبن . ۲. نقطۂ عروج ، درجہ کمال ، عروج کا زمانہ .
شباب پر ہونا محاورہ . جوانی پر ہونا ، عروج پر ہونا .
شَبانَہ (فت ش ، ن) صف .
رات سے متعلق ، رات کا .
شبانہ روز (الف) مذ . ایک دن اور رات ، چوبیس گھنٹے کا وقت (ب) م ف . شب و روز ، رات دن ، ہر وقت ، لگا تار .
شَبانی (فت ش) مث .
بھیڑ بکریاں چرانے کا کام ، گلہ بانی .

شَباہَت (فت ش، ہ) امث.
ا.شکل وصورت کی مماثلث، مشابہت .۲.صورت، شکل، روپ.

شَبْد (فت ش، سک نیز فت ب) امذ.
ا.لفظ، بول، الفاظ .۲.کسی سادھو، مہاتما یا بزرگ کا تصنیف کردہ شعر یا گیت، دوہا، بھجن. [س].

شَبّر (فت ش، شد ب بفت) امذ.
حضرت امام حسن کا لقب. [ع].

شُبْرات (فت نیز ضم ش، سک ب) امث.
شعبان کی پندرھویں شب، دیکھیے: شب برات.

شَبِسْتان (فت ش، کس ب، سک س) امذ.
ا.شب باشی کی جگہ، رات بسر کرنے کا پرتکلف آراستہ ٹھکانا، خواب گاہ، خلوت خانہ، حرم سرا .۲.گھر، مکان، قیام گاہ، مسکن.

شَبکہ (فت ش، فت نیز سک ب، فت ک) امذ.
ا. (i) لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال، شکاری کا جال. (ii) کبوتروں کے پکڑنے کا جال جو لکڑی میں بندھا ہوا اور بہ شکل مثلث ہوتا ہے، چھپکا .۲.خانے دار نقش جس میں اعداد وغیرہ لکھے جائیں. [ع].

شَبکی (فت ش، فت نیز سک ب) صف.
آنکھ کے پردہ شبکیہ سے متعلق، شبکیہ کا.

شَبکِیّہ (فت ش، ب، کس ک، شد ی بفت) امذ.
آنکھ کا جال دار پردہ جو عصبہ مجوفہ کا پھیلاؤ ہوتا ہے اور سب چیزوں کا عکس اسی پردے پر منعکس ہوتا ہے.

شَبنَم (فت ش، سک ب، فت ن) امث.
ا.رات کی نمی، وہ رطوبت جو پانی یا پانی کی چھوٹی چھوٹی بوندوں کی شکل میں رات کو ہوا میں سے زمین پر نمودار ہوتی ہے، اوس .۲.ایک وضع کا سفید اور نہایت مہین کپڑا، ایک باریک ململ. [ف].

شَبنَمی (فت ش، سک ب، فت ن) (الف) صف.
شبنم کی طرف منسوب، شبنم جیسا نرم اور سفید، شبنم کا؛ شبنم آلود.
(ب) امث .ا.وہ کپڑا جو اوس سے بچنے کے لیے مسہری یا پلنگ پر تان دیا جاتا ہے .۲.(کپڑا) ایک وضع کا نہایت مہین اور باریک ململ.

شَبّو (فت ش، شد ب، و مع) امذ.
ایک سفید پھول جو رات کو خوشبو دیتا ہے نیز اس کا درخت.

شَبَہ (فت ش، ب) امذ.
ایک سیاہ چمک دار پتھر؛ سیاہ کم قیمت مونگا؛ پوت، شیشے کا گول ٹکڑا، شیشے کا موتی.

شُبْہات (ضم ش، سک ب) امذ؛ ج.
شبہ کی جمع، شکوک، خدشات.

شُبْہہ/شُبْہ (ضم ش، سک ب، فت ہ، ضم ش، فت نیز سک ب) امذ.
ا.شک، اشتباہ، گمان، احتمال. [ع].

شَبِّیر (فت ش، شد ب، ی مع) امذ.
حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹے کا نام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چھوٹے نواسے حضرت حسینؓ کو اسی نام سے پکارتے تھے. [ع].

شَبِینَہ (فت ش، ی مع، فت ن) (الف) صف.
شب کی طرف منسوب، رات کا؛ (مجازاً) باسی. (ب) امذ. حافظ کا تراویح میں ایک رات (یا چند راتوں) کے اندر پورا قرآن شریف ختم کرنا.

شَبِیہ (فت ش، ی مع) امث.
ا.مثل، نظیر، ہم شکل (شخص یا شے) .۲.(i) شکل وصورت کا نقشہ، پورٹریٹ. (ii) مشابہت، شباہت .۳.شکل، صورت .۴.پیکر، مجسمہ. ۵.عکس .۶.الفاظ میں بیان کیا ہوا نقشہ، لفظی تصویر .۷.کسی کی سیرت وکردار کا نقشہ جو لوگوں کے تصور میں ہو، امیج.

شُبھ (ضم ش) صف.
ا.اچھا، نیک، مبارک، مسعود. [س].

شبھ گھڑی امث .مبارک وقت، نیک ساعت.

شَپ (فت ش) امث.
چھی مارنے کی آواز، تلوار مارنے کی آواز، تیز چلنے کی آواز، پانی میں چلنے کی آواز. [حکایت الصوت].

شپ سے م ف. تیزی سے، جھٹ سے، آواز کے ساتھ.

شِپ (کس ش) امذ.
بحری جہاز. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

شپ یارڈ امذ. بحری جہاز بنانے کا کارخانہ، کارخانہ جہاز سازی.

شَپا شَپ (فت ش، فت ش) (الف) امث.

۱. تیر اور تلوار وغیرہ چلنے کی متواتر آواز ۲. (i) پانی کے چھپکے یا پانی میں گھسنے کی آواز. (ب) م ف. پے در پے، متواتر آواز کے ساتھ (تیر اور تلوار کا چلنا) ۲. چپڑ چپڑ، کھانے خصوصا چاٹنے کی آواز کے ساتھ.
۳. پانی سے اتنا بھرا ہوا کہ چلنے میں آواز پیدا ہو. [حکایت الصوت].

شَپّر (فت ش، شد پ بفت نیز خف پ) امذ: شپرک / شپرہ.

چمگادڑ، خفاش.

شَپڑ شَپڑ (فت ش، پ، سک ڑ، فت ش، پ) امث.

۱. جلد جلد پینے کی آواز ۲. تیز تیز چلنے کی آواز.

شَتّا (فت ش، شدت) امث.

بدوضع؛ چال باز، آوارہ، گستاخ، بے حیا، حرافہ.

شِتاب (کس ش)(الف) م ف.

جلد، بہ عجلت، بلاتوقف، فوراً. (ب) امث. جلدی، عجلت، تیزی.

شِتابا / شتابَہ (کس ش / فت ب) امذ.

بارود میں تر کیا ہوا کاغذ جس میں آگ لگا کر بارود کو اڑایا جاتا ہے، فتیلہ، بتی؛ (مجازاً) آگ بگولا، شعلہ.

شِتابی (کس ش) (الف) امث.

۱. جلدی، عجلت، تیزی. ۲. اضطراب، بے چینی، گھبراہٹ. (ب) م ف.
جلد، بہ عجلت، بلاتوقف.

شُتُر (ضم ش، ت نیز فت ت) امذ.

اونٹ. [ف].

شتر بان امذ. اونٹ ہانکنے والا، اونٹ والا، اونٹ کا رکھوالا، ساربان.

شتر بانی امث. اونٹ ہانکنے کا کام، اونٹ کی رکھوالی، ساربانی.

شتر بے مہار (الف) امذ. بے نکیل کا اونٹ جو آزاد اور بے قابو ہوتا ہے. (ب) صف. (مجازاً) ہر قسم کی پابندی سے آزاد، مطلق العنان، بے لگام، بے قابو، خود سر.

شتر دل امث. ڈرپوک، بزدل، بے حوصلہ، تھڑدلا.

شتر غمزہ امذ. ۱. نخرا، ناز بے جا، اٹھلاہٹ، ناز و ادا ۲. مکر، فریب، چالاکی، شرارت.

شتر کینہ (الف) صف. (کنایۃً) اونٹ جیسا کینہ پرور، منتقم مزاج سخت کینہ پرور، جس کے دل سے کینہ اور کپٹ کبھی نہ نکلے. (ب) گہری عداوت، دلی دشمنی.

شتر گاؤ امذ. ایک چوپایہ جس کی گردن اونٹ کی سی اور کھر بیل کے ہوتے ہیں، زرافہ.

شتر گربہ امذ. دیکھیے: دو غیر متناسب یا ناموافق چیزوں کو یک جا کرنا رطب و یابس یا بلند و پست کو جمع کرنا، قول یا فعل میں ناہمواری عدم توازن.

شتر مرغ امذ. قوت پرواز سے محروم ایک عظیم الجثہ پرند جس کے بعض اعضا اونٹ سے بہت مشابہ ہوتے ہیں، اس کی گردن بہت لمبی ہے، یہ بہت تیز دوڑتا ہے.

شتر مرغ کی طرح ریت میں سر دبانا محاورہ. حقائق کو تسلیم کرنے انکار کرنا، (شتر مرغ کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ریت میں سر چھپا یہ سمجھتا ہے کہ اس طرح وہ تعاقب کرنے والے کی نظروں سے پوشیدہ ہو گیا ہے).

شَتْم (فت ش، سک ت) امث، امث.

گالی، دشنام، بدکلامی. [ع].

شَٹَل (فت ش، ٹ) امذ: امث.

کم فاصلے کے سفر پر چلنے والی ریل یا بس وغیرہ. [انگ].

شٹل کاک امذ. پر لگی ہوئی گیند جو بیڈمنٹن (چڑیا بلے) کے کھیل استعمال ہوتی ہے، چڑیا.

شُجاع (ضم ش) صف.

بہادر، دلیر، جری، سورما. [ع].

شُجاعَت (ضم نیز فت ش، ع) امث.

دلیری، بہادری، مردانگی. [ع].

شَجَر (فت ش، ج) امذ.

درخت، پیڑ، روکھ. [ع].

شجر سایہ دار امذ. چھاؤں والا درخت، (مجازاً) مشفق و مہربان ہستی.

شجر کاری مث. درخت لگانا، درخت لگانے کا کام. [ف].

شجر ممنوع / ممنوعہ اند. ۱. بہشت کا وہ درخت جس کے قریب جانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو منع کیا گیا. ۲. (مجازاً) وہ چیز یا کام جس سے روک دیا گیا ہو یا منع کیا گیا ہو.

شجر و حجر اند. درخت اور پتھر، مراد: نباتیات و جمادات.

شَجْرَہ (فت ش، سک ج نیز فت، فت ر) اند.
۱. درخت، شجر، پیڑ، ایک درخت. ۲. (i) نقشہ یا تحریر جس میں کسی خاندان کے سب سے بزرگ شخص اور اس کی اولاد کا ترتیب وار نام اور بعض اوقات مختصر حالات بھی درج ہوں، نسب نامہ جو عموماً درخت کی شکل میں بھی بنایا جاتا ہے. (ii) وہ تحریر جس میں کسی سلسلۂ طریقت کے مشائخ کے نام سلسلہ وار درج ہوں (عموماً ہر مرید کو بیعت ہونے کے بعد دیا جاتا ہے تاکہ بیعت ہونے والا پورے سلسلہ کے بزرگوں سے واقف ہو جائے). ۳. نقشہ جو کسی معین پیمانے کے مطابق نہ بنایا گیا ہو لیکن ہر قطعۂ زمین جس کا اندراج خسرے میں ہوتا ہے اس میں مل جاتا ہے، نقشۂ کشت وار جس کو شجرہ کہتے ہیں (پٹواری کی کتاب).

شجرہ ملانا ف مر. اپنے نسب نامے کا کسی دوسرے نسب نامے سے پیوند لگانا، اپنے خاندان کو کسی اعلیٰ خاندان سے جوڑنا یا نسبت دینا.

شجرہ نسب اند. نسل اور خاندان کی اولاد کی ترتیب، سلسلۂ خاندان، اولاد در اولاد پیڑھیوں کی تفصیل، اصل و فروع.

شَجِیع (فت ش، ی مع) صف.
دلاور، دلیر، بہادر. [ع].

شَحامَت (فت ش، م) مث.
موٹاپا، موٹاپن، موٹا ہونا، موٹائی، فربہی. [ع].

شِحْنَہ (کس نیز فت ش، سک ح، فت ن) اند.
۱. شہر کا محافظ (حکومت یا حاکم کی طرف سے)، کوتوال. ۲. نگہبان، محافظ، چوکی دار، پاسبان، پولیس. [ع].

شَحِیم (فت ش، ی مع) صف.
موٹا، فربہ (عموماً لحیم کے ساتھ مستعمل، چربیلا، چربی والا، موٹا تازہ). [ع].

شَخْص (فت ش، سک خ) اند.
۱. (i) جسم (جو دکھائی دے)، بدن انسان. (ii) وجود. ۲. (i) آدمی، بشر. (ii) فرد، متنفس، ایک آدمی، اسی طرح دو چار چھ وغیرہ (جہاں شمار مقصود ہو اور کوئی خاص آدمی ذہن میں نہ ہو). [ع].

شَخْصی (فت ش، سک خ) صف.
۱. (i) کسی شخص کی ذات سے متعلق، ذات کا، نج کا، ذاتی، جسمی. (ii) نجی، خانگی یا کسی کی زندگی یا معاملات سے متعلق (جن کا دائرہ اثر کسی خاندان گروہ یا فرقہ تک محدود رہے، جیسے: شخصی قانون). ۲. شخص واحد کا، کسی ایک فرد یا آدمی کا. ۳. جسم سے متعلق، مادی، جسمانی، جسم رکھنے والا، (روحانی کے مقابل).

شخصی آزادی مث. آزادی جس میں ایک شخص اپنے نجی معاملات اور عقائد میں آزاد ہو.

شخصی حکومت مث. جمہوری حکومت کا نقیض، مطلق العنان حکومت جس میں بادشاہ یا حکمران کو ہر امر کا کلی اختیار حاصل ہو.

شَخْصے (فت ش، سک خ) اند.
ایک شخص، کوئی شخص.

شَخْصِیَّت (فت ش، سک خ) مث.
۱. انفرادی وجود، ذات، فرد، ہستی. ۲. ذاتی خصوصیات یا کردار، عادات و صفات کا مجموعہ. ۳. ذاتی عزت، وقار، حرمت، وقعت، شان، بزرگی، مرتبہ.

شَدّ (فت ش؛ شد د) اند.
۱. حروف کی دہری آواز ادا کرنا؛ تشدید لگانا، آواز کا اُتار چڑھاؤ. ۲. سختی، مضبوطی، استواری. [ع].

شد و مد اند. ۱. حروف کی دہری آواز ادا کرنا یا کھینچ کر پڑھنا. ۲. زور شور، شدت. ۳. دھوم دھام، جوش و خروش.

شد و مد سے م ف. زور سے، تیزی سے، سختی سے.

شُد (ضم ش) (الف) مث.
آغاز، ابتدا (کسی کام کی خصوصاً جنگ و مقابلہ کے لیے مستعمل).
(ب) (صف) مرا ہوا، گزرا ہوا.

شُد بُد (الف) مث. معمولی علم یا قابلیت، معمولی واقفیت، معمولی حرف شناسی.
(ب) صف. ۱. معمولی، تھوڑا بہت. ۲. معمولی تعلیم یافتہ، بہت کم پڑھا لکھا.

شد بد رکھنا محاورہ. معمولی واقفیت رکھنا، تھوڑا علم ہونا، تھوڑا بہت پڑھا لکھا ہونا.

شدبد ہونا محاورہ. تھوڑا سا علم ہونا، حرف شناسی ہونا.

شَدّاد (فت ش، شد د) مذ.
۱. قوم عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا اور بہشت کے مقابلے میں ایک باغ تعمیر کرایا تھا جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے (جب یہ باغ بن کر تیار ہوگیا تو وہ اسے دیکھنے گیا اور جوں ہی دروازے پر قدم رکھا اس کی روح جسم خاکی سے پرواز کر گئی).
(مجازاً) ظالم، بے رحم. [ع].

شِدّت (کس ش، شد د بفت) مث.
۱. زور، زیادتی، کثرت، افراط. ۲. سختی، ظلم، زیادتی. ۳. سخت پابندی، تاکید. [ع].

شُدَنی (ضم ش، فت د) صف؛ مث.
۱. ہونے والا (امر)، ہونے والی بات، قسمت کا لکھا، ہونی، جس کا وقوع لازمی ہو نیز ہونے والی بات یا وہ بات جو وقوع میں آچکی ہو، ہونے کے لائق. ۲. اتفاقی یا ناگہانی آفت.

شُدَہ (ضم ش، فت د). لاحقہ.
کیا ہوا (جیسے: منظور شدہ، طے شدہ وغیرہ) ترکیبات میں بطور جزو آخر مستعمل.

شدہ شدہ م ف. ہوتے ہوتے، آہستہ آہستہ، رفتہ رفتہ.

شَدِید (فت ش، ی مع) صف.
۱. بہت زیادہ، زور کا، محکم، مضبوط. ۲. سخت گیر، سختی کرنے والا. [ع].

شُدھ (ضم ش).
صاف، پاک، خالص، صحیح. [س].

شُدھی (ضم ش، شد دھ) مث.
ہندو بنانے کی تحریک، ہندو مذہب میں داخل کرنا، ہندو مذہب کی تبلیغ. [س].

شُدھی سنگٹھن / سنگھٹن مث. ہندو بنانے کی تحریک، ہندو مذہب میں داخل کرنا، ہندو مذہب کی تبلیغ.

شَذرات (فت ش، ذ نیز سک ذ) مذ؛ ج.
۱. شذرہ کی جمع. ۲. پراگندہ، بکھرے ہوئے، بکھری ہوئی چیزیں منتشر شے.

شَذرَہ (فت ش، ذ نیز سک ذ، فت ر) مذ.
ماہ نامے وغیرہ کے مدیر کی مختصر رائے جسے وہ اداریے کے علاوہ موضوعات حاضرہ پر قلم بند کرے. [ع].

شَر (فت ش) مذ.
۱. بدی، شرارت، فساد، فتنہ، خرابی (خیر کی ضد). ۲. تکرار، حجت جھگڑا. [ع].

شر انگیز صف. بدی یا فساد پیدا کرنے والا، شری، شریر، مفسد

شر انگیزی مث. فتنہ وفساد، شرارت، فتنہ پردازی.

شر پسند صف. شریر، مفسد.

شَراب (فت ش) مث.
(اصلاً) پینے کی چیز، خمیر کیا ہوا مشروب جس کے پینے سے انسان میں سرور اور نشہ پیدا ہوتا ہے، نشہ آور عرق جو بیشتر انگور، کھجور وغیرہ سے کشید کیا جاتا ہے، بادہ، صہبا، گلابی، خمر، دارو. [ع]

شراب خانہ مذ. جگہ جہاں شراب بنتی، فروخت ہوتی یا محفل سی جما پی جاتی ہے، مے خانہ، مے کدہ.

شراب خور صف؛ مذ. شراب کا عادی، رسیا، شرابی، بادہ نوش.

شراب طہور / طہورا مث. جنت کا وہ پاک، لطیف، شیریں اور آور مشروب جس کا قرآن میں ذکر ہے، جنت کی بے نشہ اور شراب، مشروب پاک.

شراب نوشی مث. شراب پینا، مے خواری.

شراب و کباب مذ. شراب اور لوازمات شراب جو بعد شراب کھاتے ہیں.

شَرابور (فت ش، و مع) صف.
۱. سرتا پا تربتر، سر سے پاؤں تک بھیگا یا ڈوبا ہوا، لت پت. ۲. بہ کثرت بہت زیادہ، لگاتار، مسلسل، متواتر (آنسو وغیرہ کی صفت کے طور مستعمل). [س].

شَرابی (فت ش) صف : اند .
شراب پینے والا ، نشے میں مست ، متوالا .

شَرّاٹا (فت ش ، شد ر) اند .
۱. زور سے مینھ برسنے یا ہوا چلنے کی آواز . ۲. پسینہ ، خون یا آنسوؤں وغیرہ کی دھار تیز زور کا بہاؤ ، سیلاب . [حکایت الصوت] .

شَرار (فت ش) اند : ج .
چنگاری ، آگ کی چنگاری .

شَرارَت (فت ش ، ر) مث .
۱. بدی ، بدبختی ؛ ایذا رسانی ؛ برائی . ۲. سرکشی ، فتنہ ، فساد . ۳. شوخی ، چلبلاپن ، بے باکی ، کوئی ایسی حرکت کرنا جس کا مقصد محض چھیڑنا یا پریشان کرنا ہو . [ع] .

شرارت سوجھنا محاورہ . کوئی ایسی بات سوجھنا جس سے جھگڑا پیدا ہو جائے .

شرارت کرنا ف مر : محاورہ . ۱. شوخی کرنا . ۲. فساد کرنا ؛ شورش برپا کرنا ؛ برائی کرنا ؛ دغا کرنا .

شَرارَتاً (فت ش ، ر ، تن ت بفت) م ف .
شرارت کے طور پر ، شیطنت سے ، بدذاتی سے .

شَرارَتی (فت ش ، ر) صف .
شرارت سے منسوب ، شریر .

شَرارَہ (۱) (فت ش ، ر) اند .
آگ کا پتنگا ، چنگاری . [ع] .

شَرارَہ (۲) (فت ش ، ر) اند .
ایک پائینچے کا زنانہ پاجامہ ، لہنگا ، گھاگھرا . [مقامی] .

شَرافَت (فت ش ، ف) مث .
۱. عزت ، وقار ، بزرگی ، نیک نفسی . ۲. اصالت ، اعلیٰ نسبی ، وصف ، خوبی . [ع] .

شرافت و نجابت مث . اعلیٰ نسبی ، اصالت ، خاندانی بزرگی .

شِراکَت (کس ش ، فت ک) مث .
۱. حصہ داری ، ساجھا ، اشتراک . ۲. شریک یا شامل ہونے کا عمل ، شمولیت ؛ شریک ہونا . ۳. (قانون) کاروبار کی ایسی تنظیم جس میں دو یا زیادہ اشخاص بہ حیثیت مجموعی کاروبار کرتے ہیں ، (نفع یا نقصان حصص کے تناسب سے تقسیم ہوتا ہے) . ۴. کمپنی ، شرکا کی جماعت . ۵. (کرکٹ) جیت کے لیے دو بلے بازوں کی متفقہ کوشش . [ع] .

شراکت نامہ اند . تحریری دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت اور شرائط وغیرہ درج ہوں ، پٹا ، حصہ داری .

شِراکَتی (کس ش ، فت ک) صف .
شرکت کا ، مشترکہ .

شَرائِط / شرایط (فت ش ، کس ء) مث : ج .
پابندیاں ، وعدے ، قول و قرار ، عہد و پیمان ، قیود ، شرطیں . [ع] .

شُرْب (ضم ش ، سک ر) اند .
۱. کسی رقیق شے کو حلق سے اتارنے کا عمل ، پینا ، کسی چیز کا پینا .

شَرْبَت (فت ش ، سک ر ، فت ب) اند .
۱. بعض دوسرے اجزا کے ساتھ مصری یا قند میں قوام کی ہوئی دوا کے طور پر پینے کی چیز ، شکر یا قند گھلا ہوا پانی ، میٹھی رقیق چیز . ۲. پھلوں کا میٹھا رس (انگور وغیرہ کا) . [ع] .

شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا/کر دینا محاورہ . غریبوں کی طرح صرف شربت پلا کر نکاح کر دینا ، برات یا مہمانوں کو خالی شربت پلا کر رخصت کر دینا ، کھانا نہ کھلانا ، نکاح پر کچھ خرچ نہ کرنا ، سادگی سے نکاح کرنا .

شَرْبَتی (فت ش ، سک ر ، فت ب) صف : اند .
۱. شربت کے رنگ کا ، ہلکا زرد رنگ جو کسی قدر سرخی مائل ہو یا اس رنگ کا ، ہار سنگار اور شہاب ملایا ہوا رنگ . ۲. (i) (آنکھوں کی صفت) شربت کے رنگ سے مشابہ . (ii) (کاغذ کی صفت) ایسے پیلے رنگ کا جو شربت کے رنگ سے مشابہ ہو . ۳. جس میں میٹھا رس بھرا ہو ، رسیلا ، رس بھرا ہوا .

شَرَح (فت ش ، ر) مث .
۱. تشریح ، توضیح ؛ (مجازاً) کتاب جس میں کسی کتاب کے معانی و مطالب کی تشریح کی گئی ہو ، تفسیر ، کھول کر کہنا . ۲. (i) نرخ ، در ، بھاؤ ، مال گزاری یا تنخواہ وغیرہ کا نرخ . (ii) اوسط ، تناسب . [ع] .

شرح پیدائش مث . کسی علاقہ کی آبادی میں خاص عددی تناسب اور ایک مدت مقررہ میں پیدائش کے ذریعے جو اضافہ ہو ، کسی آبادی میں بچوں کے پیدا ہونے کی فی صد شرح .

شرح صدر اند. سینہ کو کھول دینا یا کھل جانا : (مراد) حقیقت واضح کر دینا، نور ایمان سے سینہ کو بھر دینا ، عالم بالا کے فیضان یا علم لدنی کے لیے طبیعت کو مستعد اور آمادہ بنا دینا ، انشراح قلب .

شرح مبادله مث . کسی ایک ملک کے سکے کی کسی دوسرے ملک کے سکے سے باہمی تبادلہ کے لیے ہر دو سکوں کی قیمت یا نرخ .

شرح و بسط مث نیز اند. توضیح اور تفصیل .

شَرَر (فت ش ، ر) اند . چنگاری ، شرارہ ، شرار . [ع] .

شرر بار/فشاں صف. آگ برسانے والا ، چنگاریاں بکھیرنے والا .

شَرْزَه (فت ش ، سک ر ، فت ز) صف : اند : ~ شرزا .
طاقت ور ، تند ، غضب ناک . [ع] .

شَرْشَر (فت ش ، سک ر ، فت ش) مث : م ف .
(کسی رقیق شے خصوصاً خون یا پیشاب وغیرہ کے بہاؤ کی آواز) زور سے ، اس طرح کہ تلتلی بندھ جائے . [حکایت الصوت] .

شَرْط (فت ش ، سک ر) (الف) مث نیز اند .
١. چیز یا بات جس پر کسی امر کا انحصار ہو . ٢. جو بات موقع ومحل کے لحاظ سے ضروری ، لازمی یا مناسب ہو . ٣. قول وقرار ، عہد ، پیمان ، اقرار . ٤. قاعدہ ، ادب . ٥. بازی جس میں ہار جیت کی قید ہو . (ب) صف . ضروری ، لازمی . [ع] .

شرط بدنا محاورہ. شرط لگانا ، بازی لگانا : عہد کرنا.

شرط لگانا محاورہ. ١. بازی لگانا . ٢. قید لگانا .

شرط لگنا محاورہ. ١. بازی لگنا ، شرط بدنا ، شرط لگانا کا لازم . ٢. قید لگنا ، پابندی ہونا .

شرط یه (که) ہے فقرہ. اس شرط پر ، اس اقرار پر : لازم یہ ہے .

شَرْطِیّه (فت ش ، سک ر ، کس ط ، شد ی بفت) . صف .
١. شرط لگا کر ، از روئے شرط ، یقینی ، لازمی . ٢. جملے کی ایک قسم جس میں شرط و جزا دونوں موجود ہوں .

شرطیه علاج صف. یقینی علاج ، مجرب علاج ، تیر بہدف نسخے سے علاج کرنا.

شَرْع (فت ش ، سک ر) مث .
١. (i) رسول یا نبی پر خدا کا بھیجا ہوا دین، خصوصاً دین محمدی ﷺ، مذہب اسلام . (ii) دین یا مذہب کے احکام ، خصوصاً دین محمدی ﷺ ٢. قانون ، آئین ، مسلک . [ع] .

شرع پر چلنا محاورہ. شرع محمدی کے موافق کرنا ، احکام شرعی کی تعمیل کرنا

شرع محمدی مث . دین اسلام ، اسلامی شریعت ، قانون محمدی .

شرع میں شرم کیا/ کاہے کی/نہیں کہاوت. صاف بات کہنے یا کام کرنے میں پس و پیش نہ کرنا چاہیے .

شَرْعاً (فت ش ، سک ر ، تن ع بفت) م ف .
اسلامی شرع کی رو سے ، شریعت کے لحاظ سے .

شَرْعی (فت ش ، سک ر) صف .
١. شرع سے منسوب ، شرع کے حکم کے مطابق ، شریعت میں جس مذکور موجود یا مقرر ہے . ٢. شرع کا پابند .

شرعی احکام اند. شریعت محمدی ﷺ کے احکام ، قوانین اسلامی .

شرعی داڑھی مث . ایسی داڑھی جو شریعت کے مطابق ہو یعنی اس لمبائی کم از کم ایک مٹھی ہو ، مٹھی بھر لمبی ڈاڑھی .

شرعی عدالت مث . وہ کچہری جس میں شریعت کے مطابق فیصلے ہوتے

شرعی عیب اند . وہ افعال جو شرع کی رو سے معیوب و ممنوع جیسے: چوری ، قمار بازی وغیرہ .

شَرَف (فت ش ، فت نیز سک ر) اند .
١. بزرگی ، بڑائی : خوبی ، بھلائی . ٢. عزت ، فخر . ٣. (مقابلۃً) برتر ترجیح . فوقیت . ٤. کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں داخلہ (جو کے آغاز کے لیے مبارک اور نیک سمجھا گیا ہے) . ٥. بلندی ، عروج صعود . [ع] .

شرف باریابی اند. کسی کی خدمت میں حاضر ہونے کی عزت اور سعادت.

شرف بخشنا محاورہ. عزت عطا کرنا : ترجیح دینا ، فوقیت عطا کرنا.

شرف حاصل ہونا محاورہ. عزت حاصل ہونا ، مشرف ہونا .

شرف قبولیت مث . منظوری کی عزت .

شرف یاب صف . (باریابی وغیرہ یا کسی کام کی) عزت حاصل کرنے والا ، مشرف ، بزرگی پانے والا .

شرف یابی مث . شرف حاصل ہونا ، عزت و بزرگی حاصل ہونا ملاقات ہونا .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

شُرَفَا (ضم ش، فت ر) اند ؛ ج.
شریف کی جمع، شریف لوگ، اچھے لوگ. [ع].

شَرْق (فت ش، سک ر). (الف) اند.
۱. مشرق، پورب. ۲. خورشید، تاباں، چمک دار یا روشن سورج.
(ب) امث. چمک دمک، تاب ناکی. [ع].

شَرْقاً (فت ش، سک ر، تن ق بفت) م ف.
مشرق کی جانب، مشرق میں، مشرق سے، مشرق تک.

شرقاً غرباً صف. پورب سے پچھم تک، مشرق سے مغرب تک.

شَرْقی (فت ش، سک ر) صف.
شرق سے منسوب، مشرق کا، مشرق کی جانب، مشرقی، پوربی.

شرقی علوم اند. وہ علوم شرقی جو ایشیا میں رائج ہیں.

شَرْقِیَّہ (فت ش، سک ر، کس ق، شدی بفت) صف.
مشرق سے منسوب، مشرقی، مشرق سے متعلق، پورب سے وابستہ.

شِرْک (کس ش، سک ر) اند.
خدا کی ذات یا صفات میں کسی اور کو شریک کرنا، ایک سے زیادہ خدا کے ماننے کا عقیدہ، اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک جاننا. [ع].

شُرَکا/ شُرَکاء (ضم ش، فت ر) اند ؛ ج.
کسی کام میں شرکت کرنے والے، کسی تقریب میں شریک ہونے والے. [ع].

شِرْکَت (کس ش، سک ر، فت ک) امث.
ساجھا، حصہ داری، شریک ہونا، شمولیت، شامل ہونا. [ع].

شِرْکِیَہ (کس ش، سک ر، کس ک، شدی بفت) صف.
شرک سے منسوب، جس میں شرک پایا جائے.

شَرْم (فت ش، سک ر) امث.
۱. (i) ندامت جو خلاف مروت بات یا اپنی کسی کوتاہی یا جرم وغیرہ پر محسوس ہو (خصوصاً کسی کی نگاہوں میں ذلیل ہونے کے خیال سے)، خجالت، انفعال. (ii) ہچکچاہٹ یا تکلف جو کسی نئے شخص سے یا محبوب سے آنکھیں چار کرنے یا کلام کرنے میں محسوس ہو، حیا، حجاب، جھجک. [ع].

شرم اُٹھ جانا / اُٹھنا محاورہ. تکلف یا حجاب ختم ہو جانا.

شرم آنا محاورہ. ۱. حیا آنا، حجاب آنا، شرمانا. ۲. جھجکنا، شرمندہ ہونا، نظریں نیچی ہونا. ۳. خیال آنا؛ پاس ہونا، لحاظ مدِ نظر ہونا.

شرم حضور (الف) صف. آنکھ کا لحاظ، سامنا ہونے پر شرمانے والا، مروت یا شرم رکھنے والا، شرمیلا، حیا کوش. (ب) امث. آنکھ کی مروّت یا لحاظ، سامنے کی شرم یا خجالت.

شرم رکھ لینا / رکھنا محاورہ. عزت رکھنا، آبرو یا بھرم قائم رکھنا.

شرم سے (زمین میں) گڑ جانا محاورہ. بے حد شرمندہ ہونا، بہت پشیمان ہونا شرمندگی سے منہ چھپا لینا.

شرم سے کٹنا محاورہ. بہت شرمندہ ہونا، نہایت پشیمان ہونا.

شرم کرنا محاورہ. ۱. لحاظ کرنا، پاس کرنا، بھرم رکھنا، لاج رکھنا. ۲. حجاب کرنا، عار کرنا.

شَرْم ناک/ شرمناک صف. ۱. ایسا فعل جس سے خجالت اور شرم لاحق ہو. ۲. خجل، شرمندہ.

شرم کی بات ہے فقرہ. غیرت کا مقام ہے، افسوس کی بات ہے، تف ہے، لعنت ہے.

شرم کے مارے م ف. حیا سے، شرم کی وجہ سے، غیرت کے مارے.

شرم و حیا امث. حیا، لاج اور لحاظ.

شَرْما حُضُوری (فت ش، سک ر، ضم ح، و مع) امث.
لحاظ، پاس، آنکھ کی مروّت یا لحاظ.

شَرْما شَرْمی (فت ش، سک ر، فت ش، سک ر). (الف) امث.
شرم و لحاظ، دوسروں کی مروّت، لحاظ، پاس. (ب) م ف. شرم و لحاظ میں، مروت یا پاس خاطر سے، بات نبھانے کے لیے.

شَرْمانا (فت ش، سک ر) ف ل.
شرم کرنا، شرمندہ ہونا.

شَرْمْسار (فت ش، سک ر، م) صف.
نادم، خجل، پشیمان.

شَرْمْساری (فت ش، سک ر، م) امث.
شرمندگی، خجالت.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

شرم گاہ / گہ امث : - شرمگاہ، جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے، اندام نہانی.

شرم گیں / شرمگیں صف ۔ا۔ خجل، شرمندہ ۔۲۔ باحیا، حیادار.

شَرْمَنْدَگی (فت ش، سک ر، فت نیز کس م، سک ن، فت د) امث.
شرمندہ ہونے کی حالت، خجالت، ندامت، شرم.

شرمندگی اٹھانا محاورہ ۔ شرمندہ ہونا، خجالت اٹھانا.

شَرْمَنْدَہ (فت ش، سک ر، فت نیز کس م، سک ن، فت د) صف.
نادم، خجل، محجوب.

شرمندہ تعبیر نہ ہونا محاورہ ۔ حقیقی شکل میں (نہ) مل سکنا، گرفت میں نہ آ سکنا.

شرمندہ کرنا محاورہ ۔ ا۔ جھینپانا، خفیف کرنا، شرم سار کرنا ۔۲۔ ممنون احسان کرنا، احسان مند کرنا.

شَرْمِیلا (فت ش، سک ر، ی مع) صف مذ.
شرمگیں، شرم آلود، حیادار.

شَرْمِیلا پن امذ ۔ شرمیلا کا اسم کیفیت، شرمیلا ہونا.

شَرْمِیلی (فت ش، سک ر، ی مع) صف مث.
شرمیلا کی تانیث.

شَرُّو (فت ش، و مع) صف، امذ.
جن کی طبیعت میں شر ہو، شرّی، فسادی. [ع].

شُرُوع (ضم ش، و مع) امث.
کسی کام کی ابتدا، آغاز، اُٹھان. [ع].

شروع شروع میں م ف ۔ ابتدا میں، آغاز میں، پہلے پہل.

شروع کرنا محاورہ ۔ ا۔ کسی کام کی ابتدا کرنا، آغاز کرنا ۔۲۔ نیو رکھنا، بنیاد ڈالنا.

شُرُوعات (ضم ش، و مع) امث.
ابتدا، آغاز کار.

شِری (کس ش) امث.
ا۔ (i) احتراماً دیوتاؤں، بزرگوں اور مقدس کتابوں کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے (جیسے : شری بھگوان). (ii) عام لوگوں کے نام سے پہلے جن کا احترام درکار ہوتا ہے جناب یا صاحب کی جگہ استعمال کرتے ہیں. [س].

شری مان صف مذ؛ امذ : - شریمان ۔ا۔ (تعظیماً) جناب، قبلہ، حضور ۔۲۔ صاحب دولت، اقبال مند، حسین، سجیلا؛ بزرگوں اور رشی منیوں کے نام سے پہلے احتراماً استعمال کرتے ہیں.

شری مت صف مذ؛ امذ ۔ دیکھیے : شری مان.

شری متی صف مث؛ امث ۔ شری مت کی تانیث، محترمہ.

شَرّی (فت ش، شد ر) صف.
فساد کرنے والا، فسادی، جھگڑالو.

شِرٰی (کس ش، ابگل ی) امث.
خریدنا، بیچنا، خریداری، بیشتر بیع کے ساتھ مستعمل. [ع].

شِرْیان (کس نیز فت ش، سک ر) امث.
(طب) متحرک رگ جو دل سے بدن میں خون پہنچاتی ہے. وہ چھوٹی چھوٹی رگیں جو ایک رگ کے نیچے ہوتی ہیں اور ان میں خون زیادہ روح ہوتی ہے. [ع].

شَرِیر (۱) (فت ش، ی مع) صف.
ا۔ شرارت کرنے والا، چھیڑ چھاڑ کرنے والا، فسادی، شوخ، بے لگام، بے باک ۔۲۔ بدطینت، بدذات، سرکش. [ع].

شَرِیر (۲) (فت ش، ی مع) امذ.
بدن، جسم، قالب خاکی. [س].

شَرِیعَت/شَرِیعَۃ (فت ش، ی مع، فت ع) امث.
ا۔ قانون جو خدا نے بندوں کے واسطے مقرر فرمایا، قانون الٰہی ۔۲۔ قانون، دستور، دین، مذہب، سیدھا اور کھلا ہوا راستہ. [ع]

شَرِیف (فت ش، ی مع) (الف) صف.
ا۔ بڑے رتبے کا، بلند مرتبہ، معزز، گرامی قدر ۔۲۔ اعلیٰ، ارفع، محترم ۔۳۔ معتبر، قابل اعتبار ۔۴۔ (حیاتیات) اہم، خاص، مرکزی (عضو وغیرہ) ۔۵۔ نیک طبیعت، بھلا مانس ۔۶۔ مقدس، قابل احترام ۔۷۔ حلالی، جائز اولاد.
(ب) امذ ۔ا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسل کے کسی بھی فرد کا لقب ۔۲۔ (i) مکہ کے حاکم کا لقب، حاکم مکہ، شریف مکہ. (ii) سربراہ، سردار، حاکم، افسر. [ع].

شریف النفس صف. طبعاً نیک، بزرگ، بھلا مانس، نیک دل آدمی یا عورت.

شَرِیفانَہ فت ش، ی مع، فت ن) صف.
شریفوں کا سا، شریف آدمی کا، اچھا، عمدہ، ستھرا وغیرہ.

شَرِیفَہ (فت ش، ی مع، فت ف) امذ.
گودے دار ایک میٹھا پھل، (دیکھیے: سیتا پھل). [مقامی].

شَرِیک (فت ش، ی مع) صف؛ امذ.
۱. ملکیت و اختیار یا فائدے اور نقصان کے ساتھ کسی چیز میں حصہ دار، ساجھی، شامل. ۲. کسی فعل میں شرکت کرنے والا، کسی کام (خصوصاً کاروبار) کے چلانے یا انجام دینے میں ساجھی، ہم سر، برابر کا. ۳. شامل، ملا ہوا، جڑا ہوا. ۴. رفیق، ساتھی، معین و مددگار، ہم نوا. [ع].

شریک حیات/زندگی امث؛ امذ. زندگی کا رفیق یا ساتھی، مراد: بیوی یا شوہر.

شریک کار صف؛ امذ. ساتھ کام کرنے والا، رفیق کار، مددگار، معاون.

شِریمان (کس ش، ی مع) امذ.
دیکھیے: شری مان.

شِریمَتی (کس ش، ی مع، فت م) امث.
دیکھیے: شری متی.

شَڑَپ شَڑَپ (فت ش، ڑ، ش، ڑ) امث.
پانی پر ہاتھ یا پاؤں مارنے کی آواز. [حکایت الصوت].

شِسْت (فت نیز کس ش، سک س) امث.
۱. نشانہ، سیدھ، ہدف. ۲. تیر کے پچھلے سرے کی گرفت، زہ، چلہ کمان یا کمان. [ف].

شست باندھنا / لگانا محاورہ.
۱. سیدھ باندھنا، نشانہ درست کرنا؛ (کنایۃً) نظر جمانا، ٹکٹکی باندھنا. ۲. (مساحت) سطح مسطح کے مسطر سے نشان لینا.

شَسْتَر (فت ش، سک س، فت نیز سک ت) امذ.
۱. ہتھیار، جنگی اسلحہ. ۲. کانٹے یا گھاؤ ڈالنے کا ایک آلہ؛ تلوار؛ لوہا؛ حمد، بھجن. [س].

شُسْتگی (ضم ش، سک س، فت ت) امث.
صفائی ستھرائی، سلاست، عمدگی، اچھائی، خوبی؛ خالص ہونا.

شُسْتَہ (ضم ش، سک س، فت ت) صف.
۱. دھلا ہوا، پاکیزہ، صاف ستھرا، خالص، صاف، شفاف. ۲. (i) (مجازاً) سلیس، رواں (تحریر یا تقریر وغیرہ). (ii) مہذب، اعلیٰ (لوگ یا ان کا طرزِ عمل یا ذوق). [ف].

شستہ زبان امث. سلیس زبان، رواں اور پاکیزہ زبان، صاف اور خالص بولی.

شَش (فت نیز کس ش) صف عددی.
چھ (عموماً جزو اول کے طور پر تراکیب میں مستعمل). [ف].

شش پہل/ پہلو صف. جس کے چھے رُخ ہوں، چھے کونے والا.

شش جہات/ جہت امث؛ امذ. چھ اطراف یعنی مشرق، مغرب، شمال، جنوب اوپر، نیچے؛ (مجازاً) ہر طرف. (کنایۃً) دنیا، تمام عالم، ہر طرف.

شش عید امث. چھ روزے جو عید الفطر کے دوسرے دن متواتر یا کسی بھی دن سے شوال کے مہینے میں رکھے جاتے ہیں.

شش و پنج امذ. حیرانی، ادھیڑ بن، تردد، اندیشہ.

شِش (کس ش) امث.
کسی کو خاموش یا مخاطب کرنے کی آواز. [حکایت الصوت].

شَشْدَر (فت ش، سک ش، فت د) صف.
عاجز، حیران، متحیر، پریشان. [ف].

شَشُم (فت ش، ضم ش) صف ترتیبی.
چھٹا، حصہ، چھٹی چیز؛ ۲/۱.

شَشْماہی (فت ش، سک ش) امث.
نصف سال، چھ مہینے کی مدت نیز وہ رسالہ یا جریدہ جو ہر چھ ماہ بعد شائع ہو.

شِصْت (فت نیز کس ش، سک ص). (الف) امث.
۱. نشانہ، چلّہ. ۲. شست، انگشتانہ جو تیر انداز اپنے انگوٹھے کی حفاظت کے لیے پہنتا ہے، نیز مچھلی پکڑنے کا کانٹا. (ب) صف عددی. ساٹھ. [ف].

شَطّ (فت ش، شد نیز بلا شد ط) امث نیز امذ.
۱. ندی، نہر، نالا، دریا؛ دریا جو سمندر میں گرتا ہو. ۲. سمندر یا دریا کا کنارہ، ساحل. [ع].

شَطّاح (فت ش، شد ط) صف.
(عو) نہایت بے حیا، نہایت شوخ، حرافہ، چالاک، مکار.

شَطْرَنج (فت ش، سک ط، فت ر، غنہ) امث.
ایک کھیل جو چونسٹھ چوکور خانوں کی بساط پر دو رنگ کے ۳۲ مہروں سے کھیلا جاتا ہے. ہر رنگ میں آٹھ پیادے (پیدل) دو رُخ، دو فیل (ہاتھی) دو اسپ (گھوڑے) ایک وزیر (فرزین) اور ایک بادشاہ ہوتا ہے. ہر مہرے کا اپنا خانہ مقرر ہے اور چال کا طریقہ بھی مقرر ہے.

شطرنج باز صف. شطرنج کھیلنے والا، شطرنج کا کھلاڑی.

شطرنج بازی امث. شطرنج کھیلنا، شطرنج باز ہونا، شطرنج کا کھیل؛ (مجازاً) ذہانت، چالاکی.

شَطْرَنجی (فت ش، سک ط، فت ر، غنہ). (الف) صف.
شطرنج باز. (ب) امث. ۱. چو خانے والی موٹی دری یا فرش جس میں کئی رنگ ہوں مگر روئیں دار نہ ہو. ۲. شطرنج کے چوخانے والا کپڑا یا بساط جس پر شطرنج کھیلا جاتی ہے.

شعار
۱. (i) نشان، پہچان. (ii) وہ لفظ جس سے جنگی سپاہی اپنی فوج کے آدمی کو سوال کر کے پہچان لیتے ہیں، خفیہ نشانی یا خفیہ علامت، کوڈ. ۲. لباس، ظاہری وضع قطع. ۳. عادت، خصلت، چلن، طریقہ. ۴. رسم، دستور. [ع].

شعار بنانا ف مر: محاورہ. شعار کرنا، وتیرہ بنانا، دستور بنانا، عادت بنانا.

شعاری (کس ش) امث. شعار، بطور لاحقہ مستعمل.

شُعاع (ضم ش) امث.
۱. (سورج کی) روشنی، کرن، تجلی. ۲. کسی چیز کی چمک کا انعکاس، آب وتاب، چمک دمک. ۳. (مجازاً) فیضان، روشنی. ۴. (i) برقی رو یا ایٹمی طاقت جو دھاتوں کو کاٹنے کے لیے استعمال ہو. (ii) تاب کاری یا برقی رو جس سے انتہائی مہلک زخموں کو خشک یا مندمل کیا جاتا ہے. [ع].

شعاع پھوٹنا محاورہ. کرنیں یا تجلی پیدا ہونا، روشنی پھیلنا، ضیا پاش ہونا.

شَعائِر (فت ش، کس ء) اند: ج.
۱. نشانیاں، علامتیں. ۲. عبادتیں، قربانیاں. ۳. دستور، طور طریق، رسوم.

شَعَب (فت ش، ع) اند. بڑا قبیلہ، گروہ. [ع].

شِعْب (کس ش، سک ع) امث.
گھاٹی، درّہ، پہاڑی راستہ. [ع].

شُعَب (ضم ش، فت ع) امث: ج.
۱. شاخیں فروع ۲. (طب) قصبہ ریہ کی باریک باریک شاخیں پھیپھڑوں میں جاتی ہیں. [ع].

شَعْبان (فت ش، سک ع) اند.
آٹھواں اسلامی یا قمری مہینہ جو رجب کے بعد اور رمضان المبارک سے پہلے آتا ہے. [ع].

شُعْبَدَہ (ضم ش، سک ع، فت ب، د) اند.
ایسی بازی یا تماشا جس میں سحر جادو مکر وفن یا ہاتھوں کی صفائی ہو، نظر بندی؛ دھوکا، فریب گری. [ف].

شعبدہ باز صف. ۱. کرتب دکھانے والا، نظر بندی کرنے والا، بازی ۲. (مجازاً) مکار، عیار، فسوں گر.

شعبدہ بازی امث. شعبدہ باز کا کام یا پیشہ، بازی گری، چالاکی عیاری.

شُعْبَدے (ضم ش، سک ع، فت ب) اند: ج.
شعبدہ (دیکھیے) کی مغیرہ حالت نیز جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

شُعْبَہ (ضم ش، سک ع، فت ب) اند.
۱. شاخ، جزو، حصہ، ٹکڑا ۲. کسی ادارے کا کوئی حصہ یا ذیلی دفتر، محکمہ، صیغہ. ۳. (موسیقی) نغمہ جو کسی دوسرے نغمے سے پیدا ہو، راگنی جو راگ سے نکلی ہو ۴. خاندانی شجرے کی شاخ، کسی خاندان یا قبیلے شاخ. ۵. پھیپھڑوں کی باریک نالیاں.

شِعْر (کس ش، سک ع) اند.
(بالقصد موزوں کیا ہوا) سخن جس میں وزن اور قافیہ ہو اور دو ہم مصرعوں پر مشتمل ہو، موزوں کلام، بیت. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

شعر فہمی عالم بالا معلوم شد کہاوت ۔ (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) سخن فہمی کا حال معلوم ہو گیا کسی اچھے شعر یا کلام وغیرہ کی داد نہ ملے تو طنزاً اس موقع پر کہتے ہیں ۔

شعر کہنا محاورہ ۔ ۱ ۔ شعر تصنیف کرنا ، شاعری کرنا ، شعر تخلیق کرنا ۔

شُعَرا (ضم ش ، فت ع) اند ؛ ج ۔
سخن گو ، بہت سے شاعر ، شاعری کرنے والے لوگ ۔ [ع] ۔

شِعْری (کس مج ش ، سک ع) صف ۔
شعر سے متعلق یا منسوب ، شاعری کا ، منظوم ۔

شعری نشست امث ۔ محفل مشاعرہ ؛ شعر خوانی کی گھریلو محفل ، مشاعرہ ۔

شِعْرِیّت (کس مج ش ، سک ع ، کس ر ، شدی بفت نیز بلا شد) امث ۔
شعر کی لطافت ، دل آویزی ، خوبی ۔

شُعْلگی (ضم ش ، سک ع ، فت ل) امث ۔
شعلہ بھڑکنا ، شعلے کی خاصیت ، گرمی ، تپش ؛ (مجازاً) ولولہ ۔

شُعْلَہ (ضم ش ، سک ع ، فت ل) اند ۔
آگ کی لپٹ ، روشنی ، آنچ ، لو ۔ [ع] ۔

شعلہ بار صف ۔ ۱ ۔ آگ برسانے والا ، شعلہ برسانے والا ، جلا دینے والا ؛ (مجازاً) تیز و تند ۔ ۲ ۔ (مجازاً) تیز گفتار ، شعلہ بیاں ۔ ۳ ۔ (مجازاً) غضب ناک ، غصہ ور ۔ ۴ ۔ (مجازاً) دل دہلا دینے والا ۔

شعلہ بیاں صف ۔ گرم گفتار ، آتش بیاں ، جس کے کلام میں جوش و خروش بہت زیادہ ہو ۔

شعلہ بیانی امث ۔ شعلہ بیاں کا اسم کیفیت ، شوخیِ بیاں ، گرم گفتاری ؛ جوشیلے انداز میں تقریر کرنا ۔

شعلہ جوالہ اند ۔ ۱ ۔ چکر کھانے والا شعلہ ، آگ کی گیند کی طرح پھرنے والا شعلہ ، اگیا بیتال ؛ بنیٹی (لکڑی جو دونوں طرف جلا کر گھماتے یا پھیرتے ہیں) ۔ ۲ ۔ (کنایۃً) معشوق ۔

شعلہ زن صف ۔ جس سے شعلے نکلیں ، آگ برسانے والا ، بھڑکنے والا ؛ (مجازاً) تیزی پکڑنے والا ، تیز ، پرجوش ۔

شعلہ فشاں صف ۔ آگ برسانے والا ، جس میں سے آگ نکلے ، آگ اُگلنے والا ؛ تُند و تیز ، گرمی و حرارت سے پُر ۔

شعلہ مزاج صف ۔ غصہ ور ، تیز مزاج ، جلد طیش میں آ جانے والا تُندخُو ۔

شُعْلے (ضم ش ، سک ع) اند ، ج ۔
شعلہ (دیکھیے) کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل ۔

شعلہ اگلنا محاورہ ۔ ۱ ۔ آگ برسانا ۔ ۲ ۔ بے تکی باتیں کرنا ، غلط بیانی کرنا

شُعُور (ضم ش ، و مع) اند ۔
۱ ۔ کسی کام کو انجام دینے کا سلیقہ ، تمیز ؛ کسی کام کا ملکہ ۔ ۲ ۔ ہوشیاری سمجھ بوجھ ، احساس ، دانائی ۔ ۳ ۔ پہچان ، آگاہی ، پہچاننا ہر چیز کا ، عقل ، جاننا ؛ علم حاصل کرنا ۔ ۴ ۔ عمر کی وہ ابتدائی منزل جب انسان میں سمجھ اور احساس بیدار ہو یا شروع ہوا ہو ، بلوغ ۔ ۵ ۔ (نفسیات) نفس کی وسیع ترین کیفیت جس کے ماتحت تمام کیفیاتِ نفسی وقوف احساس ارادہ ہیں ۔ [ع] ۔

شعور آنا محاورہ ۔ سلیقہ یا سمجھ بوجھ پیدا ہونا ، واقفیت ہونا ، آگاہی ہونا ۔

شعور بیدار ہونا محاورہ ۔ ادراک پیدا ہونا ، سمجھ دار ہونا ، سمجھنے کے قابل ہونا ۔

شعور ہونا محاورہ ۔ احساس نیز سلیقہ ہونا ، تمیز ہونا ، سمجھ ہونا ۔

شُعُوری (ضم ش ، و مع) صف ۔
شعور سے منسوب یا متعلق ، جس میں شعور کا عمل دخل ہو ۔

شعوری عمل اند ۔ وہ کام جو بالقصد یا سوچ سمجھ کر کیا جائے ۔

شَعِیر (فت ش ، ی مع) اند ۔
جو ، اناج کی ایک قسم ، معمولی قسم کا ایک اناج ۔ [ع] ۔

شَغال (فت نیز کس ش) اند ۔
گیدڑ ، شگال ، سیال ، سیار ۔ [ف] ۔

شَغَب (فت ش ، غ) اند ۔
شور و غل ، فساد ، ہلڑ بازی ، (عموماً 'شور' کے ساتھ مستعمل) ۔ [ع] ۔

شَغَف (فت ش ، غ) اند ۔
۱ ۔ کمالِ رغبت ، بہت زیادہ لگاؤ یا دلچسپی ، لگاؤ ، لگن ، پسندیدگی ۔ ۲ ۔ مسرت ، دل بستگی ، شگفتگی ۔ [ع] ۔

شغف رکھنا محاورہ ۔ دلچسپی رکھنا ، شوق رکھنا ۔

شغف ہونا محاورہ ۔ لگاؤ ہونا ، دلچسپی ہونا ۔

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

شُغْل (فت نیز ضم ش، سک غ) اند.
ا. (i) پیشہ، کام دھندا، کام کاج، مصروفیت، ملازمت. (ii) تفریح یا دل بہلانے کا مشغلہ، کوئی کام جو دلچسپی یا وقت گزاری کے لیے کیا جائے، شوق، تفریح، دل بہلاوا، وقت گزاری. ۲. (تصوف) ذات و صفات کا تصور، مراقبہ، ذکر و فکر، تصور. ۳. شراب نوشی، شراب پینے کا مشغلہ. [ع].

شغل کرنا محاورہ. ا. تفریح طبع کے لیے کوئی کام اختیار کرنا، بے کاری کے خیال سے کوئی مشغلہ اپنانا، دل بہلانا. ۲. (تصوف) مراقبہ کرنا یا ذکر کرنا، یادِ الٰہی میں مصروف ہونا، (وظیفہ وغیرہ کا) ورد کرنا. ۳. کوئی کام یا پیشہ یا مشغلہ اختیار کرنا، عمل کرنا، عامل ہونا، کاربند ہونا. ۴. مے نوشی کرنا، شراب پینا.

شغل ہاتھ آنا محاورہ. ا. مصروفیت ہونا، مشغلہ ہاتھ لگنا، کام مل جانا. ۲. دلچسپی کا سامان ہونا.

شِفا (کس ش) اند.
ا. صحت، تن درستی، بیماری کے بعد تن درست ہونا. ۲. علاج، بیماری کی دوا. [ع].

شِفا بخش صف. شفا دینے والا، اچھا کرنے والا.

شفا خانہ اند. مریضوں کے علاج کی جگہ، دارالشفا، ہسپتال.

شفا دینا ف مر: محاورہ. صحت دینا، بیماری سے نجات دلانا.

شفائے کامل / کاملہ اند. مکمل صحت، صحت کاملہ، کلی صحت و تن درستی.

شفایاب صف. صحت یاب، تن درست.

شفایابی امث. صحت یابی، تن درستی، بیماری سے نجات پانا.

شَفَاعَت (فت ش، ع) امث.
ا. (i) سفارش؛ معافی کی سفارش. (ii) اللہ تعالیٰ سے گنہ گار کے بخشش کی سفارش. ۲. بخشش، معافی. [ع].

شفاعت کرنا ف مر: محاورہ. سفارش کرنا، بخشش کرنا، معاف کرنا.

شَفَّاف (فت ش، شد ف) صف.
ا. جس میں سے روشنی کی شعاعیں گزر جائیں، وہ چیز جس کے آر پار نظر آئے، منزہ. ۲. (i) صاف، اس قدر صاف کہ اس میں چمک پیدا ہو جائے، گرد و غبار غلاظت سے صاف اور پاک. (ii) کدورت بغض سے پاک، شک و شبہ سے بالاتر. [ع].

شَفَّافِیَّت (فت ش، شد ف، کس ف، شد ی بفت) امث.
ا. کسی چیز کا شفاف ہونا، صفائی، چمکیلا پن، عکس ریزی. ۲. شک و شبہ سے بالاتر ہونے کی کیفیت یا حالت.

شَفْتالُو (فت ش، سک ف و مع) (الف) اند.
ایک قسم کا بڑا آڑو، چپٹا آڑو. (ب) صف. سرخ سیاہی مائل رنگ کا. [ع].

شَفْتَل (فت ش، سک ف، فت ت) صف. مث.
بدکار، پلید اور آوارہ عورت. [مقامی].

شَفَتَین (فت ش، ف، ی لین) اند؛ ج.
دونوں ہونٹ، اوپر نیچے کے دونوں لب. [ع].

شِفْٹ (کس ش، سک ف) امث.
ا. تبدیلی، انتقالِ مکان، منتقلی. ۲. دفتر، کارخانے یا اسکول وغیرہ کے عملے کی دو یا دو سے زیادہ ٹولیوں کے یکے بعد دیگرے کام کرنے مقررہ وقت، نیز اس قسم کے عملے کی ہر ٹولی، اوقات کار کی تقسیم درجہ بندی. [انگ].

شَفْع (فت ش، سک ف) اند.
جوڑا، جفت؛ دو رکعت کی نماز. [ع].

شُفْعَہ (ضم ش، سک ف، فت ع) اند.
(قانون) وہ حق جو گھر یا زمین کی ہمسائگی سے حاصل ہوتا ہے. [ع]

شَفَق (فت ش، ف) امث.
ا. سُرخی جو طلوعِ آفتاب اور غروبِ آفتاب کے وقت اُفق پر نمودار ہوتی ہے، آسمانی سرخی. ۲. (کنایۃً) سرخی، ہونٹوں کی یا رخسار کی لالی. [ع].

شفق پھولنا / کھلنا محاورہ. ا. شفق کا آسمان پر نمودار ہونا؛ سرخی پھیل جانا. ۲. چہرے پر خوشی کی سرخی جھلکنا.

شَفْقَت (فت ش، سک ف، فت ق) امث.
مہربانی، کرم، نوازش، غم خواری، رحم، کسی پر مہربانی کرنا. [ع].

شِفَوی (فت نیز کس ش، فت ف) صف.
ا. شفہ سے منسوب، ہونٹوں سے متعلق یا ہونٹوں کا، لبی. ۲. (لسانیات)

دونوں ہونٹوں کی مدد سے ادا ہونے والے حروف .

شَفِیع (فت ش ، ی مع) صف .
شفاعت کرنے والا . [ع] .

شفیع الاُمَم صف . اُمتوں کی بخشش کی شفاعت کرنے والا ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب .

شفیع المُذنبین صف . جناب رب العزت میں گنہ گاروں کی سفارش کرنے والا ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب .

شَفِیق (فت ش ، ی مع) صف .
شفقت کرنے والا ، مہربان ، دوست ، ہمدرد . [ع] .

شَق (فت ش ، شد ق) (الف) صف .
شگاف دار ، پھٹا ہوا ، شگاف پڑا ہوا .(ب) اند . ا. شگاف ، دراڑ .۲. (i) کرتے یا قمیص وغیرہ کا گریبان ، کرتے وغیرہ کا آگے سے کھلا ہوا حصہ . (ii) گریبان . کرتے ، قمیص ، شیروانی وغیرہ کے اطراف کا کھلا ہوا حصہ ، چاک . [ع] .

شق القمر اند . چاند کا دو ٹکڑے ہونا ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک مشہور معجزہ جس میں آپ نے انگلی کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کردیے تھے .

شق کرنا ف مر . ا. پھاڑنا ، درز ڈالنا ، ٹکڑے کرنا ، چاک کرنا .۲. (سائنس) بھاری تیل کو توڑ کر ہلکا بنانا ، ایک طریقہ جس میں بھاری تیل کو بہت دباؤ کے تحت سخت حرارت پہنچائی جاتی ہے .

شق ہونا ف مر . پھٹنا ، شگاف پڑنا .

شِق (کس ش ، شد ق) مث .
ا. (i) ٹکڑا ، حصہ ، جزو ، شاخ . (ii) کسی ریاست یا صوبے وغیرہ کا حصہ ، ضلع یا تحصیل وغیرہ .۲. قسم ، صنف .۳. بخ ، جھگڑا ، وقت .۴. (قانون) قانون میں دفعہ کا ایک حصہ . [ع] .

شق لگانا محاورہ . بخ لگنا ، جھگڑا نکالنا .

شَقاوَت (فت ش ، و) مث .
ا. بدبختی ، نحوست (سعادت کی ضد) .۲. بختی ، سنگ دلی . [ع] .

شُقَّہ (ضم ش ، شد ق بفت) اند .
ا. چٹھی ، خط ، رقعہ ، پرزہ ، پرچہ ، ٹکڑا .۲. کسی حکمران ، امیر ، حاکم کی نوشت ، رقعہ ، پروانہ ، حکم ، وہ رقعہ جو کسی بادشاہ کی طرف سے امرائے شاہی کو لکھا جاتا ہے . [ع] .

شَقی (فت ش) صف .
ا. بدبخت ، بدنصیب .۲. ظالم ، سنگ دل . [ع] .

شَقیُ القلب صف . سنگ دل ، ظالم و جابر ، ستم گر .

شَقِیقَہ (فت ش ، ی مع ، فت ق) اند .
ا. آدھے سر کا درد ، آدھا سیسی .۲. پیشانی اور کان کے درمیان کی نرم جگہ ، کنپٹی .۳. وہ حصہ زمین جو ریت کے دو قطعات کے درمیان واقع ہو ، حدِ فاصل .

شَک (فت ش) اند .
ا. کسی چیز کے ماننے یا قبول کرنے میں تذبذب کی حالت ، عدم یقین شُبہ ، ریب . [ع] .

شک پڑنا محاورہ . شبہ ہونا ، گمان ہونا ، بدگمانی ہونا .

شک گزرنا محاورہ . شک پیدا ہونا ، شبہ ہونا ، بدگمانی ہونا .

شک و شبہہ اند . بے یقینی ، بدگمانی ، بے اعتباری .

شِکار (کس ش) اند .
ا. جانوروں ، مچھلیوں اور پرندوں کو ان کا گوشت کھانے کے لیے یا کسی اور غرض سے مارنے یا پکڑنے کا عمل .۲. پرندہ یا جانور وغیرہ جسے شکار کیا جائے یا کیا جاتا ہو ، صید ، نخچیر .۳. (کنایۃً) جو کسی شخص یا چیز سے مغلوب ہو ، مطیع .۴. مفت کا مال ، وکیلوں کا مؤکل ، سونے کی چڑیا . [ف] .

شکار بننا محاورہ . کسی مرض یا مصیبت میں مبتلا ہو جانا ، گرفتار ہو جانا .

شکار پھنسنا محاورہ . کسی شخص کا کسی فریب میں آنا .

شکار کرنا محاورہ . ا. کسی جانور کو کسی مقصد کے تحت عموماً غذا کے لیے مارنا یا جال وغیرہ کی مدد سے پھانسنا اور پکڑنا ؛ گرفت میں لینا .۲. (مجازاً) قابو میں لانا ، موہ لینا ، پھانسنا ، فریب دینا ، فریفتہ کرنا ، مطیع کرنا .

شکار کھیلنا محاورہ . ا. کسی جانور کو مارنا یا پکڑنا ؛ (مجازاً) کسی کو گرفتار کرنا

یا گرفت میں لانا .۲. پھندے میں پھنسانا ، فریب دینا .

شکار ہونا محاورہ .۱. مطیع ہونا ، مغلوب ہونا .۲. قابو میں آنا ؛ مصیبت میں گرفتار ہونا ؛ پنجے میں پھنسنا .

شِکاری (کس ش)(الف) اند.

۱. شکار مارنے یا کھیلنے والا ، صیاد ، شکار کرنے والا . (ب) صف . شکار کا کام دینے والا یا مدد دینے والا ، شکار سے نسبت رکھنے والا .

شِکایَت (کس ش ، فت ی) امث .

۱. (i) گلہ ، شکوہ . (ii) بدی ، برائی ، غیبت .۲. مرض ، بیماری ، جسمانی تکلیف ، دکھ . [ع] .

شکایت آمیز صف . پُرشکوہ ، شکایت کا پہلو لیے ہوئے .

شکایت کرنا محاورہ دکھڑا رونا ، گلہ کرنا ، شکوہ کرنا.

شِکایَتاً (کس ش ، فت ی ، تن ت بلفظ) م ف.

گلہ یا شکوہ کرنے کے لیے ، شکایت کے طور پر .

شِکایَتی (کس ش ، فت ی) صف.

شکایت کرنے والا ، جو شکایت کرنے کا عادی ہو .

شَکتی (فت ش ، سک ک) امث .

۱. طاقت ، قدرت ، تاب و تواں ، قوت .۲. صلاحیت ، قابلیت .۳. ہندو دیوتا کا نسوانی نصف اور فعال تخلیقی پہلو ، ہندوؤں کی دیوی جو مختلف ناموں سے ہوتی ہے مثلاً بھوانی ، کالی ، مہا کالی ، درگا جس کی پوجا کی جاتی ہے . [س].

شَکَر (فت ش ، ک نیز شد ک) اند.

۱. ایسی مٹھاس جو مختلف نباتات خصوصاً گنے سے تیار کی جاتی ہے اور مختلف قسم کی مٹھائیوں ، شربتوں اور کھانوں میں استعمال ہوتی ہے ، بورا ، کھانڈ ، چینی .۲. شیرینی ، مٹھاس ، میٹھا ہونا . [ف] .

شکر پارہ اند .۱. کبوتری شکل کی تلی ہوئی مٹھائی جس پر شکر چڑھائی ہوئی ہوتی ہے ، لوزات یا برفی کا ٹکڑا .۲. (مجازاً) محبوب ، پیارا .۳. کپڑے کا ایسا نمونہ جس میں کپڑے پر چھپائی کی صورت میں یا کٹے ہوئے چھوٹے چھوٹے مربع ٹکڑے ہوتے ہیں .۴. (پتنگ بازی) ایک قسم کی پتنگ جو چھوٹے چھوٹے مربع ٹکڑوں کی شکل میں بنائی جاتی ہے .

شکر خند (الف) اند. مسکراہٹ ، تبسم (جو میٹھا ، ہلکا اور پُرکشش ہو) (ب) صف . جس کی مسکراہٹ میں مٹھاس اور کشش ہو ، دل لبھانے والا ، دل کش ، نازک و شیریں .

شکر خورا / خورہ (الف) صف مذ. شکر کھانے والا ، مٹھائیوں اور مزے دار چیزوں کا دل دادہ ، تر مال کھانے والا . (ب) اند . ایک پرند جس کے بارے میں کہتے ہیں کہ شیرینی نہایت شوق سے کھاتا ہے اس رنگ کبوتر کی گردن کے رنگ کی طرح چمک دار اور نیلگوں ہوتا ہے

شکر خورے کو شکر مل رہتی / ہی جاتی ہے کہاوت . جو جس چیز شائق ہوتا ہے اس کے لیے ویسا ہی سامان مہیا ہو جاتا ہے .

شکردان / دانی اند . شکر یا چینی رکھنے کا چھوٹا برتن .

شکر رنجی امث . بدگمانی ، رنجش ، دوستوں میں عارضی رنجش .

شکر ریز صف .۱. (مجازاً) میٹھی باتیں کرنے والا ، شیریں سخن ، شیریں مقال .۲. حلوائی ؛ وہ روپیہ جو شادی کے موقع پر دولھا دلہن پر سے نچھاور کیا جائے ؛ تحفہ جات جو دولھا کی طرف سے دلہن کو بھیجے جائیں نظم ؛ گانا ؛ خوشی کے آنسو ؛ معشوق کے ہونٹ .

شکر قند/ قندی امث . ایک شیریں اور لذیذ ترکاری جو بیل دار بوٹی کی ہے ، (یہ سرخ اور زردی مائل سفید دو طرح کی ہوتی ہے زیادہ تر اُبال کر یا بھوبھل میں بھون کر کھاتے ہیں).

شکر گھولنا محاورہ . میٹھی میٹھی باتیں کرنا ، شیریں سخنی سے کام لینا.

شُکْر (ضم ش ، سک ک) اند .

۱. کسی عنایت اور نوازش کے سلسلے میں احسان ماننا .۲. خدا کا شکر ہے ، کلمۂ تشکر . [ع] .

شکر الحمد للہ فقرہ اللہ کا شکر و احسان ہے (عموماً کامیابی ، خوشی ، اقرارِ نعمت کے موقع پر نیز مزاج پرسی کے جواب میں یا چھینک آنے کے بعد بھی بولا جاتا ہے) .

شکر اللہ فقرہ . اللہ کا احسان ہے ، خدا کا شکر ہے .

شکر بجا لانا محاورہ . احسان ماننا ، شکر ادا کرنا .

شکر کا سجدہ اند . سجدہ جو خدا کے حضور کسی بات کے شکرانے کے لیے کیا جائے .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

شکر گزار صف. شکر ادا کرنے والا، احسان ماننے والا، ممنون.

شکر گزاری امث. احسان مندی.

شُکْو (ضم ش، سک نیز فت ک) اند.
۱. روشن، درخشاں، منور، چمک دار؛ سفید؛ خالص، بے داغ؛ قمری مہینے کا روشن حصہ. ۲. جمعہ کا دن. [س].

شکر وار اند. جمعہ کا دن.

شِکْرا / شِکْرَہ (کس ش، سک ک/فت ر) اند. ایک شکاری پرند جو باشے کی طرح ہوتا ہے اکثر شہپر اس کے کوتاہ ہوتے ہیں، مگر محنت و مشقت اٹھانے میں بڑا قوی ہوتا ہے.

شُکْراً (ضم ش، سک ک، تن رہفت) کلمۂ شکر.
شکر ہے. [ع].

شَکرانا/ شَکْرانَہ (فت ش، سک ک/ فت ن) اند.
اُبالے ہوئے چاول جن میں گھی، شکر اور ناریل وغیرہ ڈال کر نذر نیاز دلاتے ہیں (پرانے لوگ دعوت میں یہی کھلاتے تھے).

شُکْرانَہ (ضم ش، سک ک، فت ن) اند.
۱. شکر، شکر گزاری، نماز، روزے یا کسی اور شکل میں کسی احسان کا شکریہ ادا کرنا. ۲. (i) رقم جو کامیابی کے بعد حق محنت کے علاوہ وکیل، اس کے محرر یا پیروکار کو دی جائے. (ii) (طنزاً) روپیہ پیسا جو بغیر کسی محنت کے، کسی احسان کے بدلے میں لیا جائے، رشوت، ناجائز مطالبہ.

شکرانہ کی نماز امث. نفل نماز جو کسی منت یا مراد کے پورا ہونے پر پڑھی جائے.

شِکَرِین (کس ش، فت ک، ی مع) اند.
پانی میں کم گھلنے والا ایک کیمیائی سفید سفوف جو ۵۵۰ گنا شکر سے میٹھا ہوتا ہے. [انگ].

شُکْرِیَّہ (ضم ش، سک ک، کس ر، شدی بفت) اند.
شکر، سپاس (یہ خدا کے لیے نہیں صرف اس کے بندوں کا احسان ماننے کے موقع پر مستعمل ہے). منت پذیری کا اظہار، احسان ماننے کا اعتراف اور محسن کی تعریف. [ع].

شِکَسْت (کس ش، فت ک، سک س) امث.
۱. ٹوٹ پھوٹ، پچھاڑ، شکستگی. ۲. نقصان، زیاں، مضر اثر. ۳. ہزیمت، پسپائی، فتح کی ضد. ۴. خط شکستہ، خاص طرز تحریر میں مختلف مقررہ الفاظ کی شکل میں لکھا جاتا ہے. ۵. شکستہ، ٹوٹی پھوٹی، خستہ حال. [ف].

شکست خوردہ صف. ہارا ہوا، پسپا، مایوس.

شکست دینا محاورہ. ہرا دینا، ہرانا، زک پہنچانا.

شکست کھانا محاورہ. ہارنا، پسپا ہونا.

شکست و ریخت امث. ۱. ٹوٹ پھوٹ، نقصان. ۲. انتشار، بربادی.

شِکَسْتگی (کس ش، فت ک، سک س، فت ت) امث.
۱. ٹوٹ پھوٹ، خستگی. ۲. رنجیدگی، آزردگی، افسردگی، طبیعت کے مرجھانے کی کیفیت. ۳. بردباری، عاجزی، انکسار.

شِکَسْتَہ (کس ش، فت ک، سک س، فت ت) صف.
۱. (i) بوسیدہ، پرانا. (ii) ناکارہ، بے کار. (iii) پھٹا ہوا، مجروح، زخمی. ۲. ٹکڑا، حصہ، جزو. ۳. رنجیدہ، دل دکھا ہوا. ۴. ٹوٹا ہوا. [ف].

شکستہ پا صف. جس کے پانو ٹوٹے ہوئے ہوں، چلنے سے معذور؛ (مجازاً) عاجز، معذور، ناطاقت ور، بے قوت.

شکستہ حال صف. پریشان، خستہ حال.

شکستہ خاطر صف. پژمردہ طبیعت، افسردہ خاطر، مایوس، شکستہ دل، رنجیدہ.

شکستہ دل صف. جس کا دل ٹوٹا یعنی دُکھا ہوا ہو، غمگین، رنجیدہ؛ مایوس، بددل، نااُمید.

شکستہ دلی امث. مایوسی، رنجیدہ دلی.

شَکْل (فت ش، سک ک) امث.
۱. (i) چہرہ، صورت. (ii) شبیہ، حلیہ، سراپا. (iii) نقشہ، خاکہ، ڈھانچا. ۲. جسم، ہیکل، پتلا، پیکر (ہیولا کے مقابل). ۳. ڈھنگ، طور، طرح، عنوان. ۴. تدبیر، طریقہ. ۵. انداز، وضع، رنگ ڈھنگ. ۶. رخ، طور. ۷. حالت، گت، کیفیت. ۸. نوع، قسم. ۹. مثل، مانند. ۱۰. نقش جو نجومی یا رمال زائچہ بنانے کے لیے کھینچتا ہے. [ع].

شکل بگاڑنا محاورہ. صورت خراب کرنا، چہرے کو بد روپ بنانا، بری

تصویر کھینچنا : مار پیٹ کر حلیہ خراب کرنا ، بے عزتی یا آبرو ریزی کرنا .

شکل بنانا محاورہ. ۱. خاکہ کھینچنا ، نقشہ بنانا .۲. دوسرے کی نقل کرنا ، کسی اور کا بھیس اختیار کرنا ، روپ دھارنا ، وضع بنانا ، انداز اختیار کرنا .۳. چہرے سے کسی غم یا غصے وغیرہ کا اظہار کرنا ، چہرہ بگاڑنا ، منہ بنانا .

شکل بننا محاورہ. صورت نکلنا ، راستہ نکلنا ، تدبیر سوجھنا .

شکل چڑیلوں کی مزاج/ دماغ/ ناز ، پریوں کا کہاوت. (عو) بدصورتی پر یہ دماغ اور نازک مزاجی (جب کوئی بدصورت عورت ناز نخرے کرے تو کہتے ہیں).

شکل دینا محاورہ. صورت گری کرنا ، (کسی) صورت میں پیش کرنا ؛ طرز نکالنا ، معنی پہنانا .

شکل گم کرو فقرہ. (اظہار ناپسندیدگی کے لیے) دفع ہو جاؤ ، نظروں سے دور ہو جاؤ .

شکل نظر نہ آنا محاورہ. دستیاب نہ ہونا ، نایاب ہونا ، قحط ہونا .

شکل نکالنا محاورہ. ۱. تدبیر کرنا ، کسی کام کے انجام دینے یا کسی چیز کے تدارک کی صورت پیدا کرنا .۲. خوش نمائی اور خوب صورتی کے ساتھ ظاہر ہونا یا سامنے آنا .

شکل نکلنا محاورہ. تدبیر ہاتھ آنا ، طریقہ معلوم ہونا .

شکل و شباہت مث. صورت ، وضع قطع ، رنگ ڈھنگ ، نقشہ .

شکل و صورت مث. ظاہری شکل ، ہیئت .

شَکلاً (فت ش ، سک ک ، تن ل بفت) م ف.

ظاہری صورت کے لحاظ سے ، شکل کے اعتبار سے ، جہاں تک شکل کا تعلق ہے .

شِکَم (کس ش ، فت ک) اند.

۱. (i) پیٹ بطن .(ii) رحمِ مادر .۲. جوف ، اندرونی خلاء ، کھوکھلی جگہ .
۳. درمیانی ، زیریں حصہ . [ف].

شکم پا / پایہ صف ند. پیٹ کے بل چلنے والا یا رینگنے والا .

شکم پرور صف. پیٹ پالنے والا ، پیٹو ، بسیار خور .

شکم پری مث. پیٹ بھرنا ، کھا لینا .

شکم سیر صف. پیٹ بھرا ، آسودہ .

شکم سیر ہونا محاورہ. پیٹ بھرا ہونا ، آسودہ ہونا .

شکم مادر اند. بچہ دان ، رحم ، جوف جنین .

شِکَمی (کس ش ، فت نیز سک ک) صف.

۱. شکم سے منسوب ، پیٹ کا .۲. مادر زاد ، پیدائشی (جیسے: شکمی دیوانہ یا اندھا) .۳. (i) ذیلی ، تحتی ، ضمنی .(ii) ایسا کاشت کار جو اراضی کو کاشت کار سے لے کر جوتے بوئے .۴. پرخور ، پیٹو ، بڑے پیٹ جانور کے پیٹ کا پوست جو پوستین بنانے کے کام آتا ہے .

شِکَن (کس ش ، فت ک) مث : اند.

اچنٹ ؛ سلوٹ (کاغذ یا کپڑے وغیرہ کی) ؛ جھری ؛ چین (جسم کسی حصے خصوصاً پیشانی کی) ؛ پیچ ، بل (زلف کا) .۲. شکست ہراس ، یاس .۳. (طب) وہ جسمانی بناوٹ کی خصوصی چنٹ یا جھول وغیرہ جو بعض عضو پر ہوتا ہے .۴. جھول ، ناہمواری .۵. بستر کی سلوٹ ، چادر یا پلنگ پوش کا سکڑ جانا .۶. مرکبات میں جزو آخر کے طور توڑنے والا کے معنوں میں جیسے : بت شکن ، عہد شکن وغیرہ . [ف

شکن آلود صف. سلوٹ پڑا ہوا .

شکن پڑنا محاورہ. (پیشانی یا چہرے پر) بل پڑنا یا کسی چیز میں جھول یا سلوٹ پیدا ہو جانا ؛ (مجازاً) ناراضی یا پسندیدگی کا چہرے سے اظہار ہونا.

شِکَنجَہ (کس ش ، فت ک ، غنہ ، فت ج) اند.

۱. کسی چیز کو پھنسا کر کسنے یا دبانے والا ، ایک پیچ دار آلہ جس میں گنا یا لکڑی وغیرہ دبا کر کاٹتے یا پشتہ دبا کر چپکا کرتے ہیں ؛ گیرا بھینچنے کا وہ آلہ جس میں کوئی چیز رکھ کر دبائی جائے .۲. ایک اوزار جو حسب ضرورت چھوٹا بڑا مختلف قسم کا ہوتا ہے اور کسی چیز کو کر کسنے کے کام آتا ہے ؛ سنسی .۳. لکڑی کے کسی چوکٹے کی چولیں کرنے یعنی مضبوط بٹھانے کا اوزار .۴. مجرموں کو سخت سزا دینے آلہ جس میں ان کی ٹانگیں کس دی جاتی ہیں .۵. گرفت ، جکڑ ، پھنساؤ ، دباؤ .۶. کشتی کا ایک داؤں .۷. (مجازاً) عذاب ، اُلجھن ، دُکھ ، اذیت مصیبت ، پریشانی .۸. (قانون) عقوبت ، سختی ، تعذیب ، سزا . [ف]

شِکَنجے (کس ش ، فت ک ، سک ن ، ی مج) اند : ج.

شکنجہ کی جمع یا حالت مغیرہ (محاورات میں مستعمل) .

شکنجے میں آنا محاورہ. ا.سخت دکھ، تکلیف یا اذیت میں گرفتار ہونا. ۲.کسی کی گرفت، پکڑ یا دباؤ میں آنا، پھنسنا.

شکنجے میں جکڑ دینا/ جکڑنا محاورہ. سزا دینے کے شکنجے میں باندھنا، شکنجے میں ڈالنا؛ (مجازاً) گرفت میں لینا، مجبور کرنا، سخت قواعد و ضوابط کے تحت لانا.

شکنجے میں کسنا محاورہ. ا.شکنجے کے ذریعے سے سزا دینا، سخت سزا دینا، بے قابو کر دینا. ۲.گرفت میں لینا، پکڑنا، جکڑنا، پھانسنا.

شکنجے میں لانا محاورہ. گرفت میں لانا، پکڑ میں لانا، پھنسانا.

... شِکَنی (کس ش، سک نیز فت ک) مث.
بطور لاحقہ مستعمل، توڑنا (جیسے: دل شکنی، عہد شکنی وغیرہ). [ف].

شَکُور (فت ش، و مع) صف نیز اند.
ا.کثرت سے شکر کرنے والا. ۲.قدرداں، اللہ تعالی کا ایک صفاتی نام. [ع].

شُکُوک (ضم ش، و مع) اند؛ ج.
شک کی جمع. [ع].

شکوک پیدا کرنا محاورہ. شک ڈالنا، شک میں مبتلا کرنا.

شکوک و شبہات اند؛ ج. شک اور شبہے، بدگمانیاں.

شِکْوَہ (کس ش نیز فت ش، سک ک، فت و) اند.
شکایت، گلہ. [ف].

شکوہ سنج صف. شکایت کرنے والا، شاکی.

شکوہ شکایت مث. گلہ، شکایت.

شکوہ کرنا محاورہ. شکایت کرنا، گلہ کرنا.

شُکوہ (ضم ش، و مج) اند نیز مث.
شان و شوکت، دبدبہ، وقار. [ف].

شکّی (فت ش، شد ک) صف.
ا.شک و شبہ کرنے والا، عدم اعتماد کی بنا پر بات بات میں نی نکالنے والا آدمی. ۲.جس کو طہارت کی طرف سے اطمینان نہ ہو، وہمی. ۳.بدظن، بدگمان.

شکی مزاج اند. ہر ایک پر شک کرنے والا، وہمی.

شِکیب (کس ش، ی مج) اند.
برداشت، تحمل، صبر. [ف].

شِکیبا (کس ش، ی مج) صف.
برداشت کرنے والا، صبر کرنے والا.

شِکیبائی (کس ش، ی مج) مث.
صبر و ضبط، برداشت کرنا، تحمل سے کام لینا.

شَکِیل (فت ش، ی مع) صف.
اچھی شکل والا، خوب صورت؛ خوش وضع، حسین. [ع].

شَکِیلَہ (فت ش، ی مع، فت ل) مث.
اچھی شکل والی، خوب صورت، حسین عورت.

شِگاف (کس ش) (الف) اند.
ا.درز، دراڑ، دراز، جھری، دو چیزوں کا درمیانی تنگ فاصلہ. ۲.چیرا (جو زخم کو صاف کرنے یا خون نکالنے کے لیے دیا جائے) نشتر لگانے کا عمل. ۳.چراؤ جو قلم میں دیتے ہیں، وہ خط جو قلم میں ڈالتے ہیں. ۴.(کنایۃً) خامی، نقص، کمی. (ب) صف. مرکبات میں عموماً جزو آخر کے طور پر، پھاڑنے والا، چیرنے والا کے معنوں میں مستعمل ہے جیسے: خارا شگاف، فلک شگاف، زہرہ شگاف وغیرہ. [ف].

شگاف پڑ جانا/ پڑنا محاورہ. پھٹ جانا، دراڑ پڑ جانا.

شگاف دینا ف مر. نشتر لگانا، چیرا دینا، مواد نکالنے کے لیے زخم کو چیرنا.

شگاف ڈالنا محاورہ. پھاڑنا، چیرنا، چاک کرنا.

شِگَرف (کس ش، فت گ، سک ر) صف نیز اند.
ا.عجیب، نادر، تعجب خیز، حیرت انگیز. ۲.(تصوف) بزرگ، بلند مرتبت شخص، رندِ خدا مست، صوفی صافی. [ف].

شِگَرفی (کس ش، فت گ، سک ر) صف.
موزوں، مناسب؛ عمدہ، اچھا.

شِگُفت (کس ش، ضم گ، سک ف) مث.
ا.شگفتگی، کھلنے کی حالت، کشادگی. ۲.فرحت، تفریح. [ف].

شِگُفتگی (کس ش، ضم گ، سک ف، فت ت) مث.
ا.(پھول وغیرہ کا) کھلنا، کھلنے کی حالت یا عمل، شگفتہ ہونا. ۲.خوش مزاجی.

شِگُفتہ (کس ش، ضم گ، سک ف، فت ت) صف.
ا.کھلا ہوا، پھولا ہوا، کھلی ہوئی چیز (پھول، کلی وغیرہ). ۲.جس کے جزو

جدا جدا ہوں ، پھٹا ہوا .۳. (مجازاً) خوش ، مسرور ، تر و تازہ ، شاداب (پژمردہ کے مقابل) .۴. پُرکشش (تحریر ، تقریر وغیرہ) جس سے طبیعت کو تفریح ہو ، آسان اور خوش کن ، دلچسپ .۵. (کباب وغیرہ) زیادہ خستہ ، بکھرا ہوا ، جو بستہ نہ ہو .۶. پھینٹنے سے پھولا ہوا ، ہلکا ، پھوکا ، پھین دار . [ف] .

شگفتہ بیانی مث. خوش گوئی ، خوش بیانی ، شائستہ گوئی .

شگفتہ مزاج مذ. خوش دل ، شگفتہ ، خوش طبع .

شگفتہ مزاجی مث. خوش دلی ، شگفتگی ، خوش طبعی .

شُگُن (ضم نیز فت ش ، فت گ نیز ضم) مذ.

۱. سعد یا نحس حالات کے شگون .۲. منگنی ، رشتہ طے ہو جانا ، نسبت قرار پانا . [س] .

شِگوفَہ (کس نیز ضم ش ، و مع ، فت ف) مث.

۱. (i) بن کھلا پھول ، کلی ، غنچہ . (ii) پھول (خصوصاً میوہ دار درخت کا) .
۲. کونپل (شاذ) .۳. (i) (مجازاً) انوکھی یا نئی بات ، ہنسی یا تفریح کا سامان .
(ii) افواہ ، جھوٹی خبر ، بے بنیاد بات . [ف] .

شگوفہ چھوڑنا محاورہ. کوئی نئی بات (خصوصاً اپنے جی سے) کہنا یا کرنا جو ہنسی تفریح یا فتنہ کا باعث ہو ، کوئی فتنہ انگیز بات کہنا .

شگوفہ کھلانا محاورہ. ۱. پھول کھلانا ، بہار دکھانا .۲. نئی بات کہنا ، عجیب بات کرنا (جو فتنہ فساد کا باعث ہو) .

شگوفہ کھلنا محاورہ. ۱. کلی کھلنا .۲. فتنہ اٹھنا ، نئی بات نکلنا ، کوئی جھگڑا پیدا ہونا .

شُگُون (ضم ش ، و مع) مذ.

۱. (i) نیک و بد ساعت دیکھنے کا عمل ، فال . (ii) فال نیک کے طور پر رسم اور اس کی ادائیگی .۲. (i) نیگ ، نذرانہ . (ii) منگنی .۳. اچھا اثر ، آثار . [ف] .

شگون لینا محاورہ. فال نکالنا .

شگون ہونا محاورہ. ۱. کسی کام کا آغاز ہونا .۲. آئندہ کے لیے نیک یا بد فال بننا .۳. کسی مبارک رسم کا ادا ہونا ؛ منگنی ہو جانا .

شَلّ (فت ش ، شد ل) صف ؛ مذ.

۱. (i) پورا جسم یا جسم کا کوئی عضو (ہاتھ پاؤں وغیرہ) جو کسی عارضے کی وجہ سے سوکھ گیا ہو یا بے حس و حرکت ہو گیا ہو ، مفلوج ، لنجا ، اپاہج مفلوج آدمی وہ جس میں حس نہ ہو ، بے حس و حرکت . (ii) (کنایۃً) بے بس ، تھکا ہوا ، بے جان ، سست ، نڈھال (محنت یا مسافت کی سے) . (iii) (کنایۃً) بے کار ، جذبات سے عاری (دل وغیرہ) [ع] .

شَلْجَم (فت ش ، سک ل ، فت ج) مذ ؛ ← شلغم .

ایک پودا اور اس کی جڑ جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے (ترکاری کے طور کثرت سے مستعمل) بعض اس کا اچار ڈالتے ہیں .

شَلْجَمی (فت ش ، سک ل ، فت ج) صف.

۱. (i) شلجم سے منسوب ، مخروطی شکل کا ، شلجم کی طرح کا . (ii) (معماری) ایسا گنبد یا کلس وغیرہ جو شلجم کی شکل سے مشابہ ہو .

شَلَّخ (فت ش ، سک نیز فت ل ، شد ل نیز بلا شد) مث.

۱. بندوقوں یا توپوں کی باڑ جو سلامی کے واسطے یا کسی خوشی کے موقع چھوڑی جائے ، شلک .۲. عورت کی شرمگاہ . [ع] .

شَلْغَم (فت ش ، سک ل ، فت غ) مذ.

دیکھیے : شلجم .

شَلَنگ (فت نیز کس ش ، ل ، غنہ) مث.

چھلانگ ، جست ، زقند ، اچھلنا کودنا ، پھلانگنا . [مقامی] .

شَلنگ بھرنا/مارنا محاورہ. چھلانگ مارنا ، جست لگانا ، اونچا اُچھلنا .

شِلِنگ (کس ش ، ل ، غنہ) مذ.

برطانوی سکہ جو کہ پونڈ کا بیسواں حصہ ہے . [انگ] .

شِلِنگا (فت نیز کس ش ، ل ، غنہ) مذ.

دور دور کا ٹانکا ، لمبا ٹانکا .

شِلنگے (کس ش ، فت ل ، غنہ) مذ ؛ ج.

شلنگا کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

شلنگے بھرنا محاورہ.

سلائی میں دور دور ٹانکے لگانا ، موٹا موٹا سینا .

شلنگے مارنا محاورہ. سلائی میں دور دور ٹانکے لگا کر کچا کرنا .

شَلْوار (فت ش ، سک ل) مث.

کمر سے نیچے کے حصے تک کا لباس جو ایک گھیر دار پاجامے کی صورت

میں ہوتا ہے اور جس کی موری پہننے والے کی پسند کے مطابق چھوٹی یا بڑی ہوتی ہے اسے مرد اور عورتیں دونوں استعمال کرتے ہیں .

شُلوک (ضم خف ش ، و ج) اند .
رزمیہ نظم کے چار مصرعوں کا بند جس کا ہر شعر ارکان ہجی پر مشتمل ہوتا ہے . [س] .

شَلُوکا/ شَلُوکَہ (فت ش ، و مع / فت ک) اند .
۱. ایک وضع کا چھوٹا کرتا جو کمر تک لمبا اور اس کی آستینیں عموماً کہنی تک ہوتی ہیں ، نیم آستین . ۲. (عورتوں کے پہننے کا) کمری کی وضع کی چولی ، سینہ بند . [مقامی] .

شلیتا/ شلِیتَہ (فت ش ، ی مع / فت ت) اند ؛ ← خلیط .
ٹاٹ وغیرہ کا بڑا تھیلا جس میں سامان بھر کر اونٹ پر لادا جائے ، خیمہ ولوازمات/ خیمہ رکھنے کا تھیلا ؛ خریطہ .

شماتَت (فت ش ، ت) امث .
کسی کی برائی ، خرابی یا نقصان پر) اظہار خوشی ، استہزا یا ہنسنا ، (عموماً دشمن پر) خندہ زنی . [ع] .

شمار (ضم ش) (الف) اند .
گنتی ، تعداد . ۲. شمولیت ، شامل ہونا ، گردانا جانا ، کسی زمرے میں شامل کرنا . ۳. (i) حساب . (ii) (نجوم) حساب کتاب ، قیاس . ۴. لاحقۂ فاعلی ، تراکیب میں مستعمل (جیسے : اختر شمار وغیرہ) . [ف] .

شمار سے باہر م ف . بے شمار ، بے حساب ، ان گنت .

شمار (و) قطار میں م ف . صاحب حیثیت کے لیے مستعمل ؛ کسی قابل ہونا ، گنتی میں ، حساب میں ، زمرے میں . اف : آنا/ ہونا .

شمار کنندہ اند . گننے والا ، گنتی کرنے والا .

شمار میں لانا محاورہ . گننا ، خاطر میں لانا ، اہمیت یا وقعت دینا .

شمارَہ (ضم ش ، فت ر) اند .
گنتی ، حساب ؛ (مجازاً) حد . ۲. کسی اخبار یا رسالے کا علی الترتیب نمبروار پرچہ .

شماری (ضم ش) (الف) لاحقہ .
و دوم کے طور پر مرکبات میں مستعمل (جیسے : اختر شماری ، مردم شماری وغیرہ) .

شُماریات (ضم ش ، سک ر) امث .
علم اعداد ؛ اعداد جمع کرنے اور تجزیہ کر کے انہیں کارآمد بنانے کا علم ، اعداد و شمار .

شُمال/ شِمال (کس نیز ضم ش) اند .
جنوب کے مقابل ، قطب شمالی کی سمت ، اتر . [ع] .

شُمالی (ضم نیز کس ش) صف .
شمال کا ، شمال سے منسوب یا متعلق .

شَمّامَہ (فت ش ، شدم ، فت م) اند .
۱. سونگھنے کی چیز ، ایک کلولہ جس کو خوش بودار چیزوں سے ترکیب دے کر گول بنا لیتے ہیں ، اور ہاتھ میں رکھ کر سونگھتے ہیں ، دستنبو . [ع] .

شَمائِل (فت ش ، کس ء) اند ؛ ج .
۱. عادات و خصائل ، اخلاق ، خصلتیں ، عادتیں . ۲. حلیہ ، شکل ، وضع قطع ، صورت . [ع] .

شَمَر (فت ش ، م)
تالاب ، حوض ، حوزو ، جس گڑھے میں مینہ کا پانی جمع ہو جاتا ہے . [ف] .

شِمْر (کس ش ، سک م) اند .
۱. یزید بن امیر معاویہ کی فوج کے پیادوں کے سردار کا نام جو قاتلِ امام حسین تھا . ۲. (کنایۃً) شقی ، ظالم ، مردود ، ملعون ، رذیل ، نابکار . [ع ، عَلَم] .

شَمْس (فت ش ، سک م) اند .
سورج ، آفتاب ، مہر ، خورشید ، نیر اعظم . [ع] .

شمس الضحیٰ اند . ۱. دن چڑھے کا سورج ، چمکتا سورج . ۲. (کنایۃً) سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

شمس العلما اند . علما میں مثل آفتاب ، برطانوی حکومت ہند کا ایجاد کردہ خطاب جو عالموں کو دیا جاتا تھا .

شَمْسَہ (فت ش ، سک م ، فت س) اند .
۱. بیضوی شکل کا کسی قدر لمبائی لیے ہوئے نگینہ جو کنٹھے کے لیے قیمتی پتھر اور جواہرات کا تیار کیا جاتا ہے . ۲. (معماری) روشن دان ، تاب دان . ۳. چھوٹا سا پھندنا جو تسبیح میں لگاتے ہیں . ۴. سنہرا قرص جو قبے یا کلس میں لگاتے ہیں نیز چمک دار کلس .

شَمسی (فت ش، سک م) (الف) صف.
شمس سے منسوب، آفتاب سے متعلق. (ب) مت. رخصت جو چھ ماہ بعد شاہی زمانے میں دی جاتی تھی نیز ششماہی کی تنخواہ.

شمسی توانائی مت. سورج کی حرارت سے حاصل کی ہوئی توانائی.

شمسی سال مذ. عرصہ جس میں زمین اپنا چکر سورج کے گرد پورا کرتی ہے، یہ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۶ ثانیہ کا ہوتا ہے مگر عام طور پر ۳۶۵ دن کا شمار ہوتا ہے، آفتابی سال، سورج کے حساب کے مطابق سال.

شمسی نظام مذ. سورج اور سیاروں کی گردش کا نظام، سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ.

شَمشاد (فت نیز کس ش، سک م) مذ.
۱. ایک خوش قد درخت جس کے پتے آس اور انار کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں، شاخیں پریشان پھول سفید اور خوش بودار ہوتا ہے، اس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے جس کی کنگھیاں بھی بناتے ہیں جو بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتی ہیں. ۲. (کنایۃً) معشوق خوش قامت نیز کسی خاتون کا پروقار قد و قامت.

شمشاد قامت/ قد صف: مذ. لمبے قد کا، محبوب خوش نما و زیبا قد.

شَمشان (فت ش، سک م) مذ.
(ہنود) مرگھٹ، جہاں ہندو اپنے مردے جلاتے ہیں. [س].

شمشان گھاٹ مت. مردہ جلانے کی جگہ.

شَمشِیر (فت ش، سک م، ی مع نیز مج) مت.
شیر کے ناخن کی شکل کا ایک آہنی ہتھیار؛ خمیدہ تلوار، تلوار جو بیچ سے خم دار ہو، کٹار.

شمشیر بکف مذ. جس کے ہاتھ میں کھنچی ہوئی تلوار ہو، مقابلہ پر آمادہ.

شمشیر زنی مت. تلوار مارنا، تلوار چلانا، تلوار سے لڑنے جھگڑنے کا فن.

شَمع (فت ش، سک م) مت.
موم، کافور یا چربی کی بنی ہوئی بتی جسے روشنی کے لیے جلاتے ہیں، موم بتی؛ چراغ. [ع].

شمع دان مذ. ظرف جس میں موم بتی لگا کر روشن کرتے ہیں، بتی دان.

شمع رسالت مت. وہ ذات جس نے دین کی روشنی پہنچائی؛ (کنایۃً) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

شمع سحر/ سحری مت. صبح کا چراغ؛ جس کی زندگی بہت تھوڑی گئی ہو، جو عمر طبعی کو پہنچ چکا ہو.

شمع گل کرنا محاورہ. موم بتی بجھانا، اندھیرا کرنا؛ (مجازاً) مٹا نیست و نابود کرنا، مار دینا.

شمع محفل مت. موم بتی جو محفل میں روشن ہو؛ (کنایۃً) محفل کی رونق معشوق.

شمع ہدایت مت. ۱. ہدایت کی شمع؛ (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. ۲. رہنما، پیروی کے لائق، رہبر.

شَملَہ (فت ش، سک م، فت ل) مذ.
۱. سر سے باندھنے کی شال، عمامہ، پگڑی. ۲. طرّہ؛ عمامے کا پیچھے کی طرف لٹکا رہتا ہے. [ف].

شِملَہ مِرچ (کس ش، سک م، فت ل، کس م، سک نیز فت ر) مت.
مرچ کی ایک قسم جو گہری سبز پیلی یا لال، بڑی، موٹی اور گول ہے اور سبزی کی طرح پکا کر کھاتے ہیں، مختلف کھانوں میں خوش ذائقے کے لیے استعمال کرتے ہیں.

شُمُول (ضم ش، و مع) مذ.
شامل یا شریک ہونا، شمولیت، شرکت، چھا جانا. [ع].

شُمولِیَت (ضم ش، و مع، کس ل، فت ی) مت.
شرکت کرنا، چھا جانا.

شَمیم (فت ش، ی مع) مت.
۱. بو لینا. ۲. مہک، عطر، خوش بو. [ع].

شِنا (کس ش) مت.
پیراکی، پیرنا. [ف].

شِناخت (فت نیز کس ش، سک خ) مت.
۱. پہچان، آگاہی، واقفیت. ۲. شناسائی، جان پہچان. [ف].

شناخت پریڈ مت. (قانون) ملزم کی پہچان کے لیے صف بندی یا

شناخت کرانا ف مر. پہچان کرانا؛ تمیز کرانا.

شناخت کرنا ف مر: محاورہ. ۱. منسوب کرنا، ممیز کرنا. ۲. آگاہی حاصل ۳. پہچاننا، تمیز کرنا، جاننا، امتیاز کرنا، شناسا ہونا.

شَناختی (فت ش ، سک خ) صف .
شناخت کا ، پہچان کا .

شناختی کارڈ اند . ۱. وہ کارڈ جس سے کسی شخص کی شناخت یا تصدیق ہو سکے اس کارڈ میں اس کے حامل کا نام اور تصویر کے علاوہ کچھ اور ضروری حوالے بھی درج ہوتے ہے . ۲. کسی عمارت کے اوپر لگا ہوا بورڈ یا تختہ وغیرہ جس پر اس عمارت کا نام لکھا ہوتا ہے .

شَناس (فت ش) امث .
معرفت ، عرفان و آگاہی ، پہچان ، شناخت . [ف] .

•• **شناس** (فت ش) لاحقہ .
جاننے والا ، پہچاننے والا ، بطور لاحقہ مستعمل .

شَناسا (فت ش) صف .
جان پہچان والا ، دوست ، واقف کار ، پہچاننے والا . ۲. کسی چیز کو جاننے یا سمجھنے والا .

شَناسائی (فت ش) امث .
جان پہچان ، واقفیت ، صاحب سلامت .

شِناوَر (کس نیز فت ش ، فت و) صف ؛ اند .
تیرنے والا ، تیراک ، پیراک . ۲. (i) کسی بات کا جاننے والا ، آگاہ .
(ii) (کنایۃً) ماہر ، استاد (کسی فن یا علم کا) . [ف] .

شِناوَری (کس نیز فت ش ، و) امث .
پیراکی ، تیرنے کا عمل .

شناوری کرنا محاورہ .
مہارت دکھانا ، اُستادانہ کام کرنا ، مشاقی دکھانا .

شَنبَہ (فت ش ، سک م بشکل ن ، فت ب) اند .
جمعہ کے بعد آنے والا دن ، سنیچر ، ہفتہ ، یوم السبت . [ف] .

شَنجَرف (فت ش ، سک ن ، فت ج ، سک ر نیز فت ر) امث ؛ اند .
ایک معدنی شے جو گندھک اور پارہ کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے مصوری اور نقاشی وغیرہ میں کام آتی ہے (دوا کے طور پر بھی مستعمل) ، شنگرف .

شَنجَرفی (فت ش ، سک ن ، فت ج ، سک ر) صف ؛ امث .
شنجرف کے رنگ کا ، سرخ رنگ کا ، سرخ .

شَنْکا (فت ش ، غنہ) امث .
۱. ڈر ، خوف ، شک ، شبہ ؛ فکر ، گمان . ۲. اُمید ، غلطی ، کسی بات کو پہلے تسلیم کرنا ؛ ایک بحر یا وزن . [س] .

شَنْگ (فت ش ، غنہ) صف .
شوخ ، شریر ، دل لگی کرنے والا ، ظریف . [ف] .

شَنگَرف/شِنگَرف (فت ش ، غنہ ، فت گ ، سک ر نیز کس ش ، غنہ ، سک گ ، فت ر) اند ؛ امث .
ایک سرخ مرکب جو پارے اور گندھک سے بنتا ہے . [ف] .

شَنگَرفی/شِنگَرفی (فت ش ، غنہ ، فت گ ، سک ر نیز کس ش ، غنہ ، سک گ ، فت ر) صف .
شنگرف کے رنگ کا ، سرخ ، خوب لال ، شوخ رنگ .

شِنْوائی (کس نیز فت ش ، فت نیز سک ن) امث .
۱. سننے کا عمل یا قوت ، قوت سماعت . ۲. حاکم کے روبرو کسی دعوے یا درخواست وغیرہ کی سماعت ، عدالت کی کارروائی ، مقدمے کا سننا . ۳. توجہ ، التفات ، سنائی ، مبذولی ، رخ دینا .

شَنید (فت ش ، ی مع) امث .
۱. شنوائی ، سنائی ، سنوائی . ۲. سنا ہوا ، سنا سنایا . [ف] .

شَنیدَن (فت ش ، ی مع ، فت د) اند .
سننا ، سننے کا عمل . [ف] .

شَنیدَنی (فت ش ، ی مع ، فت د) صف .
سننے کے لائق ، سننے والی .

شَنیدَہ (فت ش ، ی مع ، فت د) صف .
سنا ہوا .

شَنیع (فت ش ، ی مع) صف .
۱. بُرا ، بد ، خراب ، ناپسندیدہ ، مکروہ . ۲. بدکار ، زانی ، کمینہ . [ع] .

شَنیعَہ (فت ش ، ی مع ، فت ع) صف .
بد ، بُرا ، مکروہ ، ناپسندیدہ . [ع] .

شَو (ولین) اند (قدیم) .
شوہر ، خاوند .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

شِیو (کس ش ، فت نیز سک و) (الف) اند.
ہندوؤں کے تین سب سے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک دیوتا کا نام ہلاک کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور اس کی سب سے زیادہ پرستش ہوتی ہے اس کی بیوی پاربتی یا کالی ہے ، شیو . (ب) صف . نیک ، موافق ، مبارک ، مہربان ، دوست ، خوش قسمت . [س].

شو (و ج) اند.
کھیل ، تماشا ، ڈرامے یا فلم وغیرہ کا اسٹیج یا پردۂ سیمیں پر دکھایا جانا .۲. ظاہر داری ، دکھاوا . [انگ].

شو بازی صف . دکھاوا ، نام و نمود ، نمائش .

شو بزنس اند . ایسا کام جس میں نمود و نمائش دکھاوا ہو یا جس کا تعلق اداکاری یا اشتہارات وغیرہ سے ہو .

شو روم اند . کشادہ کمرہ جس میں سامان فروخت بالخصوص قیمتی سامان خوب صورتی سے سجا کر لگایا جائے تاکہ اسے دیکھ کر لوگ خریدنے کی جانب مائل ہوں .

شو کیس اند . دکانوں یا گھروں وغیرہ میں چیزوں کی نمائش کے لیے رکھی جانے والی شیشے دار الماری .

شَوّال (فت ش ، شد و) اند.
قمری سال کا دسواں مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو عیدالفطر ہوتی ہے ، عید کا مہینہ ، عیدالفطر کا مہینہ . [ع].

شِوالا/شِوالَہ (کس ش / فت ل) اند.
مندر (جس میں خصوصاً شیوجی کی پوجا ہوتی ہے) ؛ ہنود کا معبد . [ع].

شَواہِد (فت ش ، کس ہ) اند ؛ ج.
دلیلیں ، حجتیں ، ثبوت نیز مثالی ، گواہیاں . [ع].

شوب (و ج) اند.
۱. دُھلائی ، کپڑا دھونے کا عمل ، دُھونا .۲. صابن اور پانی کا آمیزہ ، وارنش .۳. دستار ، صافہ ، پگڑی . [ف].

شوب پڑنا/ کھانا محاورہ .۱. کپڑے کا دھویا جانا .۲. قید بھگتنا ، قید ہونا .۳. دُھلا ہوا نظر آنا ، نکھرا ہوا معلوم ہونا .

شَوبھا (و ج) است.
۱. خوب صورتی ، حسن .۲. سجاوٹ ، آرائش ، زینت . [س].

شُوٹ (و مع) اند.
گولی مارنا ، فائر کرنا ؛ (فٹبال) گیند کو زور سے مارنا یا گول کی طرف پھینکنا (پاؤں سے) . [انگ].

شوٹ کرنا محاورہ .۱. جان سے مارنا ؛ گولی مارنا .۲. حد سے گزرنا (غصہ یا فشار خون وغیرہ) .۳. عکس بند کرنا (فلم یا ڈرامے وغیرہ کے منظر کو) .

شُوٹنگ (ضم ش ، کس ٹ ، غنہ) است.
۱. (فلم سازی) فلم کی تصویر کشی ، کسی لکھے ہوئے قصے یا کہانی کو تصویر کشی کے ذریعہ فلم میں ڈھالنا ، فلم بنانا .۳. تیر اندازی ؛ بندوق چلانا . [انگ].

شوخ (و ج) (الف) صف.
۱. چنچل ، شریر ، طرار .۲. گستاخ ، بے باک ؛ فتنہ انگیز .۳. چمکیلا ، تیز ، گہرا (رنگ) . (ب) اند .۱. (i) (مجازاً) معشوق ، محبوب . (ii) (تصوّف) محبوب حقیقی .۲. دل کش ، حسین . [ف].

شوخ ادا صف . جس کے ہر انداز میں شوخی اور چلبلا پن ہو ؛ (کنایۃً) محبوب ، دلبر .

شوخ چشم/ دیدہ صف ؛ اند .۱. بے حیا ، بے غیرت ، ڈھیٹ ، گستاخ .
۲. (مجازاً) دلبر ، محبوب .

شوخ رنگ صف . تیز رنگ کا ، چمکیلا ، رنگ جو بہت تیز ہو .

شوخ طبع/ طبیعت صف ، است .۱. شوخ مزاج ، متلون مزاج ، چنچل شوخ .۲. شرارت پسندی ، شوخ مزاجی ، خوش طبعی .

شوخ مزاج صف . جس کی طبیعت میں چلبلاہٹ ، تیزی اور طراری ہو ، شریر ، تیز طبع .

شوخ و شَنگ ست . چنچل ، شریر ، تیز و طرار (عموماً معشوق) .

شوخی (و ج) است.
۱. بے باکی ، گستاخی ، بے حجابی .۲. شرارت ، کھلنڈرا پن ، چلبلا پن .۳. رنگ کی تیزی ، چمک .

شوخی تحریر صف . تحریر کی تازگی و شگفتگی ، تحریر کی دل کشی اور بانکپن

شُودْر (و مع ، سک د) اند.
ہندوؤں میں ذات کے لحاظ سے سب سے نچلا (چوتھا طبقہ) یا نچلے طبقے کا آدمی ، اچھوت ، چوہڑا ، چمار قوم کا فرد . [س].

شور (وج) (الف) اند.
۱.(i) زور کی آواز ، غل ، غوغا ، چیخ پکار ، واویلا ؛ فتنہ ، آشوب ، ہنگامہ ؛ (مجازاً) نالہ ، آہ و فغاں ، فریاد . اف : کرنا ، ہونا . (ii) (عور) ڈانٹ پھٹکار ، غصہ ، خفگی سے چلانا .۲. زور ، تلاطم ، ولولہ ، جوش .۳.نمک ، کھاری نمک ؛ (کنایتہً) زیادتی ، بہتات ، فراوانی . (ب) صف .۱.کھاری ، نمکین .
۲.زمین جو کھار یا شورے کے سبب قابلِ کاشت نہ ہو ؛ (کنایتہً) بنجر ، اُجاڑ .۳. (مجازاً) متلاطم ، مواج ، ولولہ انگیز ، پرجوش . [ف] .

شور اُٹھنا محاورہ .شور اٹھانا کا لازم ،غل ہونا ، فتنہ انگیزی ہونا ، ہنگامہ ہونا ؛ دُھوم مچنا .

شور انگیز صف .شور اٹھانے والا ،شور کرنے والا ؛ ہنگامہ خیز ، فتنہ انگیز .

شور برپا ہونا محاورہ .شور برپا کرنا کا لازم ،غل ہونا .

شور پڑنا محاورہ .۱.غل مچنا ، ہنگامہ برپا ہونا ؛ دھوم ہونا .۲. ڈانٹ پھٹکار پڑنا ، فضیحتی ہونا .

شور دب جانا / دبنا محاورہ .خاموشی ہو جانا ، ہنگامہ ختم ہونا ، فتنہ فرو ہونا ، شورش مٹنا .

شور ڈالنا محاورہ .چیخنا چلانا ، غل مچانا ، ہنگامہ برپا کرنا ، اُچھل مچا دینا .

شور زمین امث .۱.کھاری زمین ، وہ زمین جو کھار یا تھور کے باعث قابلِ کاشت نہ ہو .۲. سنگلاخ زمین ، ایسی مشکل زمین جس میں اچھے شعر نکلنے کا امکان نہ ہو .

شور (اور) شرابا / شرابہ اند . ہنگامہ ، غل غپاڑا ، اودھم .

شور قیامت / محشر اند. قیامت کا شور ؛ (کنایتہً) بہت شور .

شور کرنا ف مر .۱.زور سے بولنا ، چیخنا چلانا ، غل مچانا نیز آہ و فغاں کرنا .
۲.(عور) دھمکانا ، گھڑکنا .

شور غل/غوغا اند . واویلا ، چیخ و پکار ، ہنگامہ .

شور ہونا محاورہ .۱. زور کی آواز پیدا ہونا ، غل مچنا ، ہنگامہ ہونا .۲. دھوم مچنا ، شہرت ہونا ، چرچا ہونا ، تعریف و توصیف ہونا .

شورا (ومع) اند .
دیکھیے : شوریٰ .

شوربا (وج ، سک ر) اند .
پکے ہوئے گوشت کا مسالا دار پانی ، سوپ ، بہت پتلا سالن یا رقیق شے . [ف] .

شوربا پتلا ہوگیا/ ہونا فقرہ . حالات بہت خراب ہوگئے ، صدمہ پہنچا ، معاملہ بہت بگڑ گیا .

شوربا چٹ صف . دیکھیے : شوربا چٹ ، خوشامدی .

شوربا حلال بوٹی حرام کہاوت .بڑی برائی اختیار کرنا چھوٹی سے پرہیز کرنا .

شوربہ (وج ، سک ر ، فت ب) اند .
دیکھیے : شوربا .

شورش (وج ، کس ر) امث .
۱. (i) بلند آواز ، چیخ پکار ، شور غل ، اودھم . (ii) (مجازاً) چرچا تذکرہ ، شہرت .۲. (i) ہنگامہ ، فتنہ و فساد ، جھگڑا . (ii) بغاوت ، سرکشی
۳. (i) آشفتگی ، پریشانی ، اضطراب . [ف] .

شورش برپا کرنا محاورہ . ہنگامہ برپا کرنا ؛ ولولہ یا جوش اُبھارنا ، اُمنگ پیدا کرنا

شورش برپا ہونا محاورہ . بغاوت ہونا ، سرکشی ہونا ، ہنگامہ ہونا ، فساد برپا ہونا

شورش پسند صف . ہنگامہ کرنے والا ، فسادی ، سرکش .

شورہ (وج ، فت ر) اند .
سفید رنگ کا ایک نمکین مرکب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں شامل کیا جاتا ہے ، پوٹاشیم نائٹریٹ . [ف] .

شورہ پشت صف . نافرمان ، جھگڑالو ، سرکش ؛ شوخ ، فسادی .

شُوریٰ/ شُورے (ومع ، الف ی) اند .
۱.مشورہ ، مشاورت ، صلاح .۲.قرآن مجید کے ایک سورہ کا نام . [ع]

شورے (وج) اند ؛ ج .
شورہ (دیکھیے) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

شورے کا پانی اند .شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی .

شورے کا تیزاب اند .شورہ اور گندھک کا تیزاب اور پانی ملا کر کشید شدہ تیزاب ، نائٹرک ایسڈ .

شوریدگی (وج ، ی مع ، فت د) امث .
۱. دیوانگی ، جنون ، آشفتہ سری ، برہمی ، پریشاں حالی .۲. شور و غل ہنگامہ ، فساد ؛ شرارت ، کج ادائی ، نافرمانی ، خودسری .

جان دینا. اف : پانا/ ہونا. ۳. توحید و رسالت کا اقرار، کلمہ شہادت پڑھنا. [ع].

شہادت کا کلمہ مث. (اشہدان لاالہ الا اللہ واشہدان محمدا عبدہ و رسولہ) اس کلمہ میں صرف خدا تعالیٰ ہی کے معبود ہونے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے.

شہادت کی انگلی مث. کلمے کی انگلی، انگشت شہادت، داہنے ہاتھ کی وہ انگلی جو انگوٹھے کے پاس ہوتی ہے.

شہادت ملنا محاورہ. ثبوت مہیا ہونا، گواہی دستیاب ہونا.

شہادت نامہ مذ. ا. کلمۂ شہادت جو کپڑے پر لکھ کر مردے کے کفن میں رکھ دیتے ہیں. ۲. وہ نظم یا نثر کی کتاب جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام اور شہدائے کربلا کی شہادت کا ذکر ہو. ۳. اردو شاعری میں مرثیے کی ایک قسم جس میں مثنوی کی طرز پر شہادت کا ذکر مسلسل ہوتا ہے. ۴. تحریری شہادت، گواہی، تصدیق نامہ.

شَہادَتَین (فت ش، و، ی لین) مث ؛ ج.
توحید اور رسالت دونوں کی تصدیق یا اقرار، وہ کلمہ جس میں توحید اور رسالت دونوں کی شہادت موجود ہو، کلمۂ شہادت.

شَہامَت (فت ش، م) مث ؛ مذ.
ا. بزرگی، بلندی، بڑائی، عظمت. ۲. شجاعت، بہادری، جواں مردی. [ع].

شَہانا (فت ش) صف ؛ مذ ؛ ~ شہانہ.
ا. شاہانہ، شاہی، بادشاہوں کے موافق یا لائق ؛ نوشاہ کا. ۲. نوشاہ کا جوڑا. ۳. شادی بیاہ یا خوشی کے موقع پر گایا جانے والا گیت. ۴. سرخ رنگ کی خاص قسم کی چوڑیاں.

شہانہ جوڑا مذ. شاہانہ لباس، دولہا کا جوڑا، سرخ پوشاک.

شہانہ وقت مذ. ا. شاہانہ وقت، سہ پہر، شام کا وقت. ۲. سہانا وقت.

شَہْباز (فت ج ش، سک ہ) مذ.
ا. سفید اور بڑا باز (شکاری پرندہ)، شاہین. ۲. خوب صورت، نوجوان ؛ شریف آدمی ؛ بہادر آدمی.

شَہپَر (فت ش، سک ہ، فت پ) مذ.
ا. پرند کے بازو کا سب سے بڑا اور مضبوط پر. ۲. (کنایۃً) عمل کی قوت یا طاقت.

شَہْتُوت (فت ج ش، سک ہ، و مع) مذ.
(طب و نباتیات) ایک درخت اور اس کا پھل (اس کی شاخیں لمبی اور لچک دار پتے پان کے برابر مگر کھردرے اور دندانے دار ہوتے ہیں) پتلا، لمبا میٹھا پھل لگتا ہے اس کے پتے ریشم کے کیڑے کی خاص غذا ہیں.

شَہْتِیر (فت ج ش، سک ہ، ی مع) مذ.
چوپہلو لمبی لکڑی جو موٹائی اور چوڑائی میں قریب قریب مساوی اور کم سے کم فٹ سوا فٹ اور لمبائی کم سے کم بارہ پندرہ فٹ ہوتی ہے تعمیرات میں کام آتی ہے، بڑی کڑی، شاہ ٹیک، دھنی.

شَہْد (فت ج ش، سک ہ) مذ.
ا. ایک قسم کا میٹھا شیرہ جسے مہال کی مکھیاں درختوں کے پھولوں، پھلوں اور پتوں کا رس چوس کر جمع کرتی ہیں. ۲. (مجازاً) بہت زیادہ میٹھی چیز جو شہد کی مانند شیریں ہو. [ع].

شہد کا چھتا مذ. شہد کی مکھیوں کا خانے دار گھر جس میں وہ شہد جمع کرتی ہیں، ماکھی کا چھتا.

شہد کی مکھی مث. ا. مکھی جو شہد جمع کرتی اور چھتا بناتی ہے. ۲. (کنایۃً) شخص جو سر ہو جائے اور پیچھا نہ چھوڑے، چمچچڑ، شخص کہ جہاں فائدہ دیکھے وہیں جا لپٹے.

شُہَدا/شہداٗ (ضم ش، فت ہ) مذ ؛ ج.
شہید کی جمع، وہ لوگ جو راہ خدا میں جہاد کرتے ہوئے مارے جائیں. [

شہدائے کربلا مذ ؛ ج. کربلا کے شہید، لوگ جو واقعۂ کربلا شہید ہوئے.

شُہْدا (ضم ش، سک ہ) مذ.
بدکار، بدمعاش، لچا، بازاری آدمی، آوارہ، غنڈا. [س].

شہدا پن مذ. بدمعاشی، بدچلنی.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

شَہر (فت ش، سک ہ) اند.
مہینہ، ماہ. [ع].

شَہر (فت مج ش، سک ہ) اند.
بڑی آبادی والی بستی جہاں عمارتیں، دکانیں اور سڑک وغیرہ بہ کثرت ہوں، قصبے سے بڑی بستی: آبادی، بستی، مقام. [ف].

شہر آشوب اند. ۱. شہر کے لیے فتنہ اور ہنگامہ. ۲. وہ نظم جس میں کسی شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہو یا شہر کے مختلف طبقوں کی مجلسی زندگی کے کسی پہلو کا نقشہ خصوصاً ہزلیہ، طنزیہ یا ہجویہ انداز میں کھینچا گیا ہو.

شہر بدر صف. جلا وطن، شخص جو حاکم کے حکم سے شہر سے نکال دیا گیا ہو.

شہر خاموشاں/ خموشاں اند. خاموش لوگوں کا شہر؛ مراد: قبرستان، گورستان.

شہر شہر اند. ہر شہر میں، مختلف شہروں میں، جابجا.

شہر میں اونٹ بدنام کہاوت. جو بدنام ہوتا ہے اسی پر پہلے شبہ کیا جاتا ہے یا الزام رکھا جاتا ہے، ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی عیب میں مشہور ہو.

شہریار اند. فرماں روائے شہر، بادشاہ، شاہ زادہ، ملک، سلطان، حاکم شہر، شہر کے مالک.

شُہرَت (ضم مج ش، سک ہ، فت ر) امث.
۱. میان سے تلوار نکالنا. ۲. چرچا، دھوم دھام ظاہر و آشکار کرنا. ۳. (i) نیک نامی، نام آوری، دھوم، ناموری، چرچا. (ii) بدنامی کی اشاعت، رسوائی کی دھوم، ذلت وخواری (نیک نامی کی ضد). [ع].

شہرت پانا محاورہ. مشہور ہونا، نام حاصل کرنا، نیک نامی حاصل کرنا.

شہرت یافتہ صف. مشہور و معروف، نامور.

شُہرَہ (ضم مج ش، سک ہ، فت ر) اند؛ ← شہرا.
چرچا، دھوم دھام، عموماً اچھے معنوں میں شہرت کی جگہ.

شہرۂ آفاق صف. دنیا میں مشہور، دور دور تک سب کو معلوم، غیر معمولی شہرت رکھنے والا.

شَہری (فت مج ش، سک ہ) (الف) صف.
شہر سے منسوب، شہر کا. (ب) اند. ۱. شہر کا رہنے والا، شہر کا باشندہ (قصباتی اور دیہاتی کے مقابلے میں)؛ (کنایۃً) شستہ آدمی شائستہ آدمی. ۲. کسی مملکت کا رکن جسے وہاں پیدا ہونے کی بنا پر قانوناً اس ملک کے قانون کے مطابق تمام حقوق حاصل ہیں کسی ملک کا قانونی طور پر باشندہ.

شَہرِیَّت (فت مج ش، سک ہ، کس ر، شدی بفت) امث.
کسی ملک کا باضابطہ توطن، شہری ہونا، شہری حقوق حاصل ہونا.

شَہزادَہ (فت مج ش، سک ہ، فت د) اند.
بادشاہ زادہ، بادشاہ کا بیٹا، شاہی خاندان کا لڑکا.

شَہزادی (فت مج ش، سک ہ) امث.
بادشاہ کی بیٹی، بادشاہ زادی، شاہی خاندان کی لڑکی.

شَہسَوار (فت مج ش، سک ہ، فت س) اند.
۱. گھڑ سواری کے فن کا استاد، گھوڑے کی سواری کا ماہر. ۲. (کنایۃً) کسی فن میں دسترس حاصل کرنے والا، کسی فن کو سیکھنے والا.

شَہسَواری (فت مج ش، سک ہ، فت س) امث.
گھڑ سواری، گھڑ سواری کی مشق، گھڑ سواری کا فن یا مہارت.

شَہکار (فت مج ش، سک ہ) اند.
بڑا کارنامہ، عظیم تخلیقی کارنامہ، کسی کام یا چیز کا بہترین نمونہ.

شَہلا (فت مج ش، سک ہ) صف.
۱. سیاہ آنکھ، بھیڑ کی آنکھ سے مشابہ آنکھ یا ایسی آنکھ جس میں نیلے بھورے یا سرخ رنگ کی جھلک ہو. ۲. نرگس کی ایک قسم جس کا پھول زرد ہونے کے بجائے سیاہ اور انسانی آنکھ سے مشابہ ہوتا ہے. [ع].

شَہنائی (فت مج ش، سک ہ) امث.
پھونک سے بجنے والا ایک ساز جو نوبت یا بارات کے ساتھ بجایا جاتا ہے، سُرنائی. [ف].

شَہَنشاہ (فت مج ش، فت ہ، سک ن) اند؛ ← شہنشہ.
شاہان شاہ، بادشاہوں کا بادشاہ، بڑا بادشاہ، سمراٹ، حکمرانِ اعلیٰ.

شَہَنشاہی (فت مج ش، فت ہ، سک ن) (الف) صف.
شہنشاہ سے متعلق یا منسوب، شہنشاہ کا. (ب) امث. سلطنت، بادشاہی حکمرانی، حاکیت.

شہَنْشاہِیَت (فت ج ش ، فت ہ ، سک ن ، کس ہ ، فت ی) امث .
شہنشاہی نظام حکومت ، ملوکیت ، سامراج .

شہَنْشَہ (فت ج ش ، فت ہ ، سک ن ، فت ش) اند : ـ شہنشاہ .
دیکھیے : شہنشاہ .

شہْوات (فت ج ش ، فت نیز سک ہ) امث : اند .
خواہشات ، آرزوئیں . [ع] .

شہوات نفسانی امث . جنسی خواہشیں ، لذات دنیوی کی خواہشیں .

شَہْوانی (فت ج ش ، سک ہ) صف .
شہوتی ، شہوت سے متعلق ، جنسیات سے منسوب ، جنسی ، عورت اور مرد کے ایک دوسرے سے میلان سے متعلق .

شَہْوَت (فت ج ش ، سک ہ ، فت و) امث .
نفسانی خواہش ، عموماً خواہش جماع . [ع] .

شہوت انگیز صف . نفسانی خواہش اُبھارنے والا ، جنسی رغبت دلانے والا .

شہوت پرست صف . عیاش ، نفس پرست ، بدکار ، جماع کار .

شہوت پرستی امث . نفس پرستی ، عیاشی .

شُہُود (ضم نیز فت ش ، و مع) اند : ج .
شاہد کی جمع . [ع] .

شُہُود (ضم ش ، و مع) اند .
۱. حاضر ہونا ، ظاہر ہونا ، آشکار ہونا ، موجود ہونا . ۲. (i) جو کچھ ظاہر ہے اور جسے انسان محسوس کر سکتا ہے ، ظہور (غیب کی ضد) ، نیز عالم شہود . (ii) (تصوف) درجہ جس میں جلوۂ حق بلکہ ہر شے میں عین حق نظر آئے یعنی ایسے درجے پر پہنچ جانا جہاں ہر چیز میں خدا نظر آئے ، دیدار خدا . [ع] .

شَہِید (فت ش ، ی مع) اند .
۱. دین اسلام کی خاطر جان دینے والا ، خدا کی راہ میں قربان ہونے والا ، امر حق پر جان دینے والا ، شہادت کا رتبہ پانے والا . ۲. ذات جس کا علم کامل ہو ، مراد : ذات الٰہی ، عالم الغیب ، خدا کا ایک وصفی نام . ۳. (کنایتہً) فریفتہ ، عاشق . ۴. شکستہ ، ٹوٹا ہوا (اشیا کے لیے مخصوص) .

شَہِیر (فت ج ش ، ی مع) صف .
شہرت رکھنے والا ، مشہور و معروف ، نامور . [ع] .

شی شی امث .
ایک طرح کی آواز جو کسی فرد واحد یا مجمع کو خاموش کرانے کے لیے منھ سے نکالی جاتی ہے . [حکایت الصوت] .

شَے (ی لین) امث .
۱. وجود محسوس ، حواس کے ذریعے جانا . ۲. نفیس یا نایاب چیز ، اہم چیز . [ع] .

شے لَطِیف امث . ۱. (تصوّف) جو چیز موجود ہونے کے باوجود دیکھنے اور سننے اور سونگھنے اور چھونے اور چکھنے میں نہ آسکے . جیسے : انفس میں عقل اور آفاق میں جوہر . ۲. عقل ، سمجھ .

شَیاطِین (فت ش ، ی مع) اند : ج (قدیم : واحد) .
شیطانوں کا گروہ ، بہت سے شیطان . [ع] .

شِیام (کس ش) (الف) صف .
سانولا ، ملیح ، سیاہ ، کالا . (ب) اند : امث . ۱. ایک درخت کے ڈوڈے جو گرم مسالے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ لاط Panicum Frumentuceum . ۲. کوئل ، سیاہ بیل ؛ سیاہ مرچ سمندری نمک . ۳. ہندوؤں کے اوتار کرشن جی کا لقب جن کا رنگ سانولا تھا . [س] .

شِیتَل (ی مع ، فت ت) (الف) صف .
ٹھنڈا ، سرد ، خنک . (ب) اند . ٹھنڈک ، خنکی ، سردی ؛ چاند . [س] .

شَیخ (ی لین نیز ج) اند .
۱. بوڑھا آدمی ، ضعیف ، بزرگ ، شخص جس کی عمر پچاس برس سے اوپر اور اسی برس سے نیچے ہو . ۲. سرگروہ ، پیشوا . ۳. عرب قبیلہ کا سردار ، امیر . ۴. (تصوّف) انسان جو شریعت و طریقت میں کامل ہو اور بیعت لیتا ہو ، مرشد ، پیر طریقت ، سجادہ نشین . ۵. سردار ، رئیس ؛ (اصطلاحاً) مسلمانوں کی (سید ، مغل ، پٹھان کی مانند) ایک ذات کا نام . ۶. (مجازاً) ملا خودغرض واعظ ، نصیحت کرنے والا . [ع] .

شیخ الجامعہ اند . وائس چانسلر ، یونیورسٹی یا دانش گاہ کا سربراہ .

شیخ چلی صف؛ اند. ۱. ایک بزرگ جن کا مقبرہ تھانیسر (ضلع کرنال بھارت) میں ہے جو چلّہ کشی کے بہت شائق تھے اس لیے یہ نام ہوا. ۲. ایک روایتی احمق جس کی بے وقوفیوں کے قصے لوگوں نے گڑھ رکھے ہیں. ۳. (مجازاً) احمق، مسخرا، خیالی دنیا میں رہنے والا.

شیخ چلی کا منصوبہ اند. (کنایۃً) خیالی پلاؤ، ہوائی قلعے بنانا، خیالی منصوبہ.

شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ کہاوت. جس چیز سے کسی کو تعلق نہ ہو وہ اس چیز کی حقیقت کیا بیان کر سکتا ہے، جب کوئی شخص خواہ مخواہ اس امر میں دخل دے جس کا اسے علم نہ ہو تو کہتے ہیں.

شَیخانی (ی لین نیز مج) مث.
شیخ کی بیوی، شیخ برادری کی عورت.

شیخی (ی مج) مث.
۱. شیخ ہونا، بزرگی، بڑائی. ۲. ڈینگ، بڑائی کا اظہار؛ کسی خوبی کا اظہار جو اس میں نہ ہو؛ بے جا اترانا، لن ترانی؛ فخر، تکبر، غرور.

شیخی باز صف. ڈینگیں مارنے والا، گھمنڈی.

شیخی بگھارنا محاورہ. ڈینگ مارنا، بے جا گھمنڈ کرنا، اِترانا.

شیخی خورا/ خورہ صف مذ. شیخی خور، ڈینگ مارنے والا.

شیخی کا منہ کالا کہاوت. غرور کا سر نیچا، شیخی باز کو شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے.

شیخی مارنا محاورہ. شیخی بگھارنا، شیخی جھاڑنا، اِترانا.

شیخی میں آنا محاورہ. اِترانا، پھولنا.

شَیخَین (ی لین نیز مج، ی لین) اند.
۱. (کنایۃً) حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ. ۲. (فقہ) امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف. [ع].

شَیدا (ی لین) صف.
عاشق، فریفتہ، فدائی، دل باختہ. [ف].

شَیدائی (ی لین) (الف) صف.
شیفتہ و شیدا ہونے والا، فریفتہ ہونے والا، عاشق؛ شوقین، شوخ مزاج. (ب) مث. عاشق ہونا، آشفتگی، شیفتگی، فریفتگی.

شِیدی (ی مع) (الف) اند.
حبشی، زنگی، افریقی نسل کا سیاہ فام آدمی. (ب) صف مث. سیاہ، کالی کلوٹی.

شِیر (ی مع) اند.
دودھ، لبن. [ف].

شیر خرما/ خورمہ اند. دودھ میں بھگوئے ہوئے چھوارے جس میں قند، خشک میوہ اور سویاں ملا کر گھی کا بگھار دیا جاتا ہے، مسلمانوں میں عید کی تقریب کا پرتکلف کھانا شمار کیا جاتا ہے، خرما اور دودھ میں پکی ہوئی سویاں.

شیر خوار صف. دودھ پینے والا، دودھ پیتا بچہ.

شیر خواری مث. بچے کے دودھ پینے کا زمانہ؛ دیکھیے: شیرخوارگی.

شیرِ مادَر (الف) اند. ماں کا دودھ. (ب) صف. ۱. (کنایۃً) حلال مباح، جائز، چیز حلال و مباح، ماں کے دودھ کی طرح حلال ۲. مرغوب، مانوس بات یا کلمہ جو زبان سے بار بار یا بے تکلف نکلے

شیر مال مث. میدے میں گھی ملا کر اور دودھ سے گوندھ کر تنور میں پکائی ہوئی خستہ روغنی روٹی جس میں چاشنی پیدا کرنے اور خمیر اٹھانے کے لیے حسب ضرورت نمک اور دہی ملایا جاتا ہے.

شیر و شکر صف. دودھ اور شکر کی طرح ملا ہوا، ملا جلا، ایک جان دو قالب، متحد، گھلا مِلا.

شیر و شکر ہو جانا محاورہ. گھل مل جانا باہم اختلاط ہونا، بہت دوستی ہونا

شَیر (ی مج) (الف) اند.
ایک قوی الجثہ پیلے رنگ کا درندہ جس کے جسم پر سیاہی مائل آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں اس کے دانت اور پنجوں کے ناخن لانبے ہوتے ہیں اور اسے جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں، باگھ، اسد، ضیغم، شیر ببر. (ب) صف ۱. بہادر، دلیر، جرات مند. ۲. نڈر، بے خوف، شہ پایا ہوا. [ف].

شیر ببر اند نیز صف. ایک قسم کا بہت بڑا اور طاقت ور شیر جس کی کمر پتلی اور گردن پر گھنے بال ہوتے ہیں اور دم گپھے دار ہوتی ہے اس کا رنگ خاکی ہوتا ہے یہ افریقہ اور جنوبی ایشیا میں پایا جاتا ہے.

شیر (اور) بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں کہاوت. نہایت انصاف ہے، بڑے چھوٹے کے ساتھ برابر کا برتاؤ ہے.

شیر خدا اند. حضرت علی کا لقب ، اسد اللہ .

شیر دل صف. دلیر ، بہادر ، شجاع ، جری ، پہلوان ، جواں مرد ، جنگ آور .

شیر کرنا محاورہ. دلیر کرنا ، کسی کا حوصلہ بڑھانا .

شیر کی خالہ امث. (کنایۃً) بلی.

شیر کی آنکھ/ نظر/ نگاہ سے دیکھنا اند. غضب آلود نظر سے دیکھنا.

شیر کے منھ میں ہاتھ دینا محاورہ. اپنی جان خطرے میں ڈالنا.

شیر ہونا محاورہ. ۱. کسی کا کسی پر دلیر ہونا ، رعب ڈالنا ، بپھرنا ، بے قابو ہونا. ۲. غالب ہونا ۳. تیز ہونا ، (ہمت ، حوصلہ وغیرہ) زیادہ ہونا .

شیرا (ی مع) اند.
دیکھیے : شیرہ .

شیرازہ (ی مع ، فت ز) اند.
۱. فیتہ جو کتاب کی جز بندی کے بعد پشتے کے دونوں طرف خوبصورتی اور سلائی کے جکڑا رہنے کے لیے لگا دیتے ہیں ، کتاب کے اجزا کی سلائی کے بند یا وہ بندش جس سے اجزا کی سلائی مضبوط اور ملی رہتی ہے. ۲. (مجازاً) سلسلہ ، ذریعہ اجتماع ؛ اتحاد ، مجموعہ بندی ۳. (کنایۃً) انتظام ، بند وبست . [ف].

شیرازہ بکھرنا محاورہ. ۱. اجزا کا منتشر ہونا ، ابتر ہونا ، اجزا کا یک جا یا متحد نہ رہنا. ۲. سلسلہ منقطع ہو جانا ، سلسلہ ٹوٹ جانا ، نظم وضبط کا خراب ہو جانا ، بدنظمی اور انتشار پیدا ہو جانا .

شیرازہ بندی امث. ۱. کتاب کے ورقوں کی جز بندی ، کتاب کی سلائی.
۲. اتحاد اور تنظیم ، یک جہتی .

شیرازی (ی مع) (الف) صف.
ایران کے شہر شیراز کا رہنے والا . (ب) اند. کبوتروں کی ایک قسم ، دوغلا کبوتر ، دومیلی نسل کا کبوتر جس کا رنگ عموماً عنابی یا لاکھی ہوتا ہے .

شیئرز/ شیرز (کس ج ش ، فت ی ، سک ر) اند.
حصے ، حصص ؛ (تجارت) مشترک سرمایے سے قائم ہونے والی کمپنیوں کے حصص جو سرمایہ مہیا کرنے والے حصہ داروں کے نام جاری کیے جاتے ہیں. [انگ].

شیرنی (ی مج ، سک ر) امث.
۱. شیر کی مادہ ۲. جوان ، بہادر اور طاقت ور عورت .

شیروانی (ی مج ، سک ر) امث.
لمبی پٹی یا کالردار جدید وضع قطع کی اچکن جس کا رواج اب عام ہے . [مقامی].

شیرہ (ی مع ، فت ر) اند.
۱. (i) رس جو پھلوں وغیرہ کو نچوڑ کر نکالا جائے ، نچوڑا ہوا رس . (ii) (طب) عرق جو کسی چیز کو پیس کر یا گھس کر نکالا جائے . ۲. شکر یا مصری وغیرہ کا قوام ، چاشنی ۳. راب کا نچوڑ ، پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے . [ف].

شیریں (ی مع ، ی مع) (الف) صف.
۱. میٹھا ، مزے دار ، مٹھاس والا ۲. پیارا ، عزیز ، چہیتا ، پرکشش ، دل کش ، عمدہ ۳. نرم ، خوش گوار ، ملائم . (ب) امث. ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کی بیوی کا نام جس پر فرہاد شیفتہ تھا . [ف].

شیریں بیاں صف. میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ، خوش گفتار ، فصیح البیان.

شیریں زباں صف. خوش بیان ، شیریں کلام ، میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا .

شیریں سخن/گفتار صف. خوش بیاں ، شیریں کلام ؛ (کنایۃً) محبوب.

شیریں کلام صف. میٹھی باتیں کرنے والا ، خوش گو ، شیریں مقال.

شیریں مقال صف. اچھی باتیں کرنے والا ، خوش کلام ، عمدہ اور دل موہ لینے والی باتیں کرنے والا .

شیرینی (ی مع ، ی مع) امث.
۱. مٹھائی ۲. مٹھاس ، میٹھا پن.

شیش (ی مع) اند.
۱. شیشہ ، کانچ ۲. پارہ.

شیش محل اند. مکان یا عمارت یا کمرہ جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں نیز ایوان شاہی کی مخصوص عمارت .

شیش (ی مج) اند.
دیکھیے : شیش ناگ . [س].

شیش ناگ اند. ناگوں کا راجہ ؛ (ہندو) کہتے ہیں کہ زمین کا سارا بوجھ اس کے سر پر رکھا ہوا ہے اس کے پھنوں کی تعداد ایک ہزار ہے وشنو بھگوان اس پر آرام فرماتے ہیں .

شِیشَم (ی مع ، فت ش) اند.
ایک درخت کا نام جس کی لکڑی عمارتی اور آرائشی سامان بنانے کے کام آتی ہے اور وزنی اور مضبوط ہوتی ہے . [مقامی] .

شِیشَہ (ی مع) اند.
ا.ایک خاص قسم کی معدنی ریت سے بنائی جانے والی نازک و مصفا شے ، جس کی اصلی مصفا حالت مانع نظر و روشن نہیں ہوتی (مصنوعی شیشہ ریت ، سوڈا ایش اور چونے کے ملانے سے بنتا ہے) کانچ ۲.کوئی نازک شے جو ذرا سی غفلت سے ٹوٹ جائے ، (کنایۃً) دل ۳. نالی ، عدسہ ، عینک اور اسی طرح دوسرے آلات میں لگا ہوا خاص قسم کا کانچ . ۴. آئینہ ، آرسی ۵. بوتل ، مینا ، کانچ کی صراحی ، شیشے کا خاص وضع کا بنا ہوا حقہ . [ف] .

شیشہ سازی مث .شیشہ بنانا ، شیشہ ساز کا پیشہ ، شیشے کے برتن بنانا.

شیشہ گر اند .شیشہ یا شیشے کی چیزیں بنانے والا ، نازک کام کرنے والا .

شیشہ گری مث .شیشہ یا شیشے کی چیزیں بنانے کا کام .

شِیشِی (ی مع) مث.
کانچ کی چھوٹی بوتل ، بچے کے دودھ پینے کی بوتل .

شِیشے (ی مع) اند.
شیشہ کی جمع نیز مـ تیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

شیشے میں اُتارنا محاورہ .ا. کسی عامل یا سیانے کا کسی بد روح ، جن ، دیو ، پری وغیرہ کو اپنے عمل کے ذریعے سے اتار کر شیشے کی بوتل میں بند کرنا ۲. (کنایۃً) قابو میں لانا ، منانا ، مسخر کرنا ، رام کرنا ، راضی کرنا ، غصہ دور کرنا ، چکنی چپڑی باتوں سے ہم نوا بنانا ، باتوں سے کسی کو ماننے پر مجبور کر دینا .

شیشے میں بال آنا ف مر؛ محاورہ .شیشے کا درک جانا ؛ (کنایۃً) کسی اچھی چیز میں برائی پیدا ہونا ، خرابی پیدا ہونا ، مجروح ہونا .

شَیطان (ی لین) (الف) اند.
ا.ایک جن کا نام جو فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا اس نے بوجہ غرور و سرکشی کے خدائے تعالیٰ کا حکم بابت سجدہ آدم نہیں مانا اس لیے درگاہ الٰہی سے راندہ ہوگیا اس کے بعد اس نے خلق خدا کو بہکانا شروع کر دیا ، ابلیس . ۲. بھوت پریت ، جن ، دیو وغیرہ ۳. روح خبیث ، پوشیدہ طاقت جو برائی کی طرف مائل کرتی ہے . (ب) صف : اند .ا. سرکش ، باغی ، شریر ، بدذات ، فسادی ۲. فتنہ انگیز ، بہکانے والا ، بھٹکانے والا ، بدکردار ، خبیث (آدمی) . [ع] .

شیطان (سر پر ، گردن پر) سوار ہونا محاورہ .غصہ یا ضد چڑھنا ، جن ، بھوت کا سایہ ہونا ، شرارت سوجھنا .

شیطان کی آنت مث .بہت لمبی چیز یا بات جو ختم ہونے کو نہ آئے ، بہت طویل کہانی یا داستان ، بڑی لمبی قطار جو ختم ہونے کو نہ آئے ، بے زاری کی حد تک چیز کی طوالت .

شیطان کی خالہ مث .فتنہ پرداز عورت ، لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت ، چالاک عورت .

شیطان کے کان بہرے فقرہ. (عو) یہ فقرہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ مقصود ہو کہ کہیں ہماری بات کوئی چغل خور نہ سن لے اور شہرت نہ پائے یا کسی خبر بد سننے کے موقع پر اس لیے کہ خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو نیز برا کلمہ کہنے سے پہلے بھی یہ فقرہ کہا جاتا ہے .

شیطان کے کان کاٹنا محاورہ. بہت شریر یا مفسد ہونا ، انتہائی چالاک ، عیار و مکار ہونا ، ہرفن .

شَیطانی (ی لین) (الف) صف.
ا. شیطان سے متعلق ، شیطان سے منسوب ۲. شریر ، فسادی ، مفسد . (ب) مث .شرارت ، بدمعاشی ، بدی ، برا کام .

شیطانی چکّر اند .ایک بُرائی سے دوسری برائی پیدا ہونا اور ایک دوسرے کی شدت میں اضافہ کرنا ، برے عمل کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ .

شَیطَنَت (ی لین ، فت ط ، ن) مث.
شرارت ، خباثت ، شوخی ، فتنہ ، فساد ، گمراہ کرنے کا کام .[ع] .

شِیعَہ (ی مع ، فت ع) اند.
ا. فدائی ، محب ، دوست دار ۲. پیروکار ، جماعت ، گروہ ، کسی کے پیچھے چلنے والا ۳. مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جانشین وصی اور خلیفہ بلافصل مانتا ہے نیز شیعہ مذہب کا پیرو .

شیفتگی (ی مج، سک ف، فت ت) امث.
عشق، محبت، عاشقی.

شیفتَہ (ی مج، سک ف، فت ت) صف.
۱. عاشق، فریفتہ، دلدادہ. ۲. دیوانہ، سرگشتہ، پاگل، باؤلا، حواس باختہ. [ف].

شیفُون (ی مج، و مع) امث.
مصنوعی ریشم سے بنا ہوا باریک کپڑا جو عموماً دوپٹوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے. [انگ].

شیل (ی مج) امذ.
گولا، بم کا گولہ. [انگ].

شیِلڈ (ی مع، سک ل) امث.
۱. ڈھال. ۲. انعام میں دی جانے والی ڈھال نما تختی جس پر سونے یا چاندی کا پترا ایک خاص انداز میں لگا ہوتا ہے. [انگ].

شیلف (ی مج، سک ل) امذ.
الماری کا خانہ، الماری کا تختہ (جس پر کتابیں یا کوئی اور سامان رکھا جائے). [انگ].

شَیمپُو (ی لین، سک م، و مع) امذ.
بالوں کو دھونے کا ایک خوش بودار محلول. [انگ].

شِین (ی مع) امذ.
ش، حرف تہجی کا نام، ش کا تلفظی املا.

شین قاف درست ہونا محاورہ. صوت و تلفظ درست ہونا، حروف کا صحیح مخرج کے ساتھ ادا ہونا، بول چال کا روز مرہ کے مطابق ہونا.

شیو (ی مج) امذ.
داڑھی یا داڑھی مونچھ دونوں کے بڑھے ہوئے بال نیز ان کا مونڈنا. [انگ].

شُیُوخ (ضم ش، و مع) امذ، ج.
۱. بزرگ، خدا رسیدہ لوگ، مشائخ، اساتذہ ۲. مسلمانوں کا ایک طبقہ جو عموماً اپنے نام کے آگے صدیقی، فاروقی وغیرہ لکھتا ہے. [ع].

شیوَن (ی مج، فت و) امذ.
نالہ و فریاد، نوحہ، زاری، آواز ماتم، واویلا. [ف].

شیوَہ (ی مج، فت و) امذ؛ ~ شیوا.
طور طریق، ڈھنگ، انداز، دستور، عادت، روش؛ ناز، کرشمہ. [ف]

شَیئِیَّت (ی لین، کس ء، شدی بفت) امث.
چیز ہونے کی حالت یا کیفیت.

(ص)

ص حرف: امذ.
۱. بلحاظ صوت اُردو حروف تہجی کا تیسواں حرف، تلفظ صاد اور صواد ہے جمل کے حساب سے نوے (۹۰) کے عدد کا قائم مقام، آدھا (ص) صا یعنی بغیر دائرہ علامت صحیح یا منظوری خیال کی جاتی ہے ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کے مخفف کے طور پر حضورؐ کے اسمِ گرامی اوپر لکھتے ہیں، ص. ۲. قرآن مجید کی اڑتیسویں سورت.

صابِر (کس ب) صف.
مصیبت میں صبر کرنے والا، برداشت کرنے والا، ضبط کرنے والا. [ع]

صابر و شاکر صف. راضی برضا رہنے والا، صبر و شکر سے کام لینے والا

صابُن (ضم نیز فت ب) امذ.
تیل، گھی اور چربی سے بنائی ہوئی ٹکیہ جو دھلائی، صفائی اور غسل وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے. [پرتگالی]

صابن دانی امث. صابن رکھنے کی ڈبیا.

صابن سا منہ میں گھلنا محاورہ. منہ سیٹھا اور بے مزہ ہونا، پھیکا پھیکا بد ذائقہ منہ ہونا.

صابُون (و مع) امذ.
دیکھیے: صابن جو زیادہ مستعمل ہے.

صاحِب (کس نیز فت ح) (الف) امذ.
۱. القاب جو اسماء کے بعد عزت و احترام کے لیے مستعمل ہے؛ کلمہ تعظیم تخاطب؛ مراد: حضرت، جناب، آپ. ۲. آقا، مالک، مخدوم، ۳. (i) شوہر، خاوند (بیشتر خطاب کے موقع پر). (ii) دوست، رفیق ساتھی، ہم نشیں. ۴. غیر معیّن شخص، شریف آدمی نیز ہر شریف شخص لیے کلمہ خطاب. ۵. یورپین، انگریز (جو مخدوم یا افسر ہو). (ب)

۱. جس سے کوئی چیز یا بات منسوب ہو ، رکھنے والا ، مالک یا قابض کے معنی میں (اضافت کے ساتھ یا بلا اضافت مستعمل) . [ع] .

صاحب اختیار امذ. جو اپنی مرضی سے کوئی کام کرے ، جسے انتخاب کا حق ہو ، جسے کسی قسم کا اختیار سپرد ہو ، خود مختار .

صاحب استطاعت صف ؛ امذ. اہلیت رکھنے والا ، قدرت رکھنے والا ، وہ جو کسی کی حاجت کو پورا کرنے کا اہل ہو ، خوش حال شخص .

صاحب استعداد صف ؛ امذ. استعداد رکھنے والا ، قابل ، لائق شخص .

صاحب اعتبار صف ؛ امذ. اعتبار کے قابل ، معتبر ، معزز ؛ وہ شخص جس پر بہت اعتبار کیا جائے .

صاحب اقبال صف. اقبال مند ، بااقبال ، خوش نصیب ، خوش قسمت .

صاحب اقتدار صف ؛ امذ. اقتدار رکھنے والا ، بااختیار ، طاقت ور ؛ وہ شخص جسے بہت سارے اختیارات حاصل ہوں ، حاکم .

صاحب اولاد صف. بچوں والا ، اولاد والا ، باپ یا ماں .

صاحب ایمان امذ. ایمان والا ، سچا مسلمان .

صاحب بصیرت صف. سمجھ دار ، دانا ، عقل مند شخص .

صاحب تدبیر صف. تدبیر کرنے والا ، مدبر ، دانش مند .

صاحب ثروت صف. دولت مند ، مال دار ، خوش حال .

صاحبِ جائداد صف. جائداد والا ، جس کے پاس زمین ، مکانات وغیرہ ہوں ، دولت مند ، امیر .

صاحبِ خانہ صف. گھر والا ، گھر کا مالک یا میزبان .

صاحبِ دیوان صف. ۱. شاعر جس کا مجموعۂ کلام مرتب یا شائع ہو گیا ہو . ۲. رجسٹرار ، سرکاری افسر ، انتظامی افسر نیز اعلیٰ فوجی عہدہ دار .

صاحبِ ذوق صف. ۱. طبع سلیم رکھنے والا ، خوش مذاق ، باذاق . ۲. شوقین ، عاشق مزاج . ۳. عارف کامل ، خدا رسیدہ ، صاحب حال .

صاحب زادہ امذ. ۱. (احتراماً یا مطلقاً) بیٹا ، لڑکا ، فرزند . ۲. شاہی خاندان کی اولاد نرینہ کا تعظیمی خطاب . ۳. ناتجربہ کار لڑکا یا نوجوان ، ناسمجھ بچہ .

صاحب زادی امث. صاحب زادہ کی تانیث ، معزز شخص کی بیٹی ، بیٹی ، لڑکی .

صاحب سلامت امث. ۱. علیک سلیک ، سلام دعا . ۲. معمولی تعارف ، جان پہچان ، ملاقات ، رسمی ملاقات . ۳. ملاقات کی رسوم کی ادائی ، دعا سلام .

صاحب صدر صف. جلسے کی صدارت کرنے والے کے لیے تعظیمی نیز خطابی کلمہ ، میر مجلس .

صاحبِ طرز صف. ادیب جس کا اپنا اسلوب ہو ، شاعر یا نثر نگار جو اپنے منفرد اور ناقابلِ تقلید اسلوب کے باعث اپنی مثال آپ ہو .

صاحب عالم امذ. شہزادوں کا لقب نیز خطابی کلمہ (عموماً دہلی کے شہزادوں کا) ولی عہد .

صاحبِ علم صف. جاننے والا ، عالم ، پڑھا لکھا .

صاحبِ فراش صف. بیمار جو چلنے پھرنے کے قابل نہ ہو اور بستر پر لیٹا رہے .

صاحب قِران امذ. (الف) صف. شخص جس کی پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری کا ملاپ ہو ، یعنی دونوں ستارے ایک برج میں ہوں ایسا شخص بہت نصیب ور سمجھا جاتا ہے ، اقبال مند ؛ خوش قسمت . (ب) امذ. ۱. ہندوستان میں مغلیہ حکومت کے سربراہ امیر تیمور نیز شاہ جہاں کا لقب (یہ دونوں قران السعدین کے وقت پیدا ہوئے تھے) . ۲. کامیاب اور نصیبہ ور بادشاہ ، بڑا بادشاہ ، شہنشاہ ، شاہ ہفت اقلیم نیز وہ بادشاہ جو چالیس برس یا اس سے زیادہ عرصہ تک حکمراں رہا ہو .

صاحبِ نصاب صف. مالی اعتبار سے خوش حال شخص جس کے پاس اتنا مال ہو جس پر زکوٰۃ فرض ہوتی ہے .

صاحبِ نظر صف. ۱. نظر والا ، کھرے کھوٹے کی پرکھ رکھنے والا ، دور اندیش ، دانا ، تمیز کرنے والا . ۲. علم یا فن کے عمیق اور مخفی پہلوؤں کو سمجھنے والا ، وسیع مطالعہ والا ، عالم جید .

صاحِبان (کس ح) امذ ؛ ج.
صاحب کی جمع .

صاحِبہ (کس ح ، فت ب) امث.
صاحب کی تانیث ؛ (تعظیماً) خواتین کے نام کے ساتھ مستعمل ، بیوی ، مالکہ وغیرہ . [ع] .

صاجِبی (کس ج) (الف) امث.
۱. حکومت ، سرداری ، شان و شوکت . ۲. کچہری ، عدالت ، سرکار . (ب) امذ.
۱. ایک نہایت لطیف قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا . ۲. ایک قسم کا بہت شیریں

انگور جو سیاہ ہوتا ہے.

صاد مذ نیز مث (شاذ).
ا. س : ایک حرف کا نام. ۲. (i) انتخاب، پسندیدگی، توثیق، تصدیق، منظوری، منظور کیے جانے کا دستخط یا نشان. (ii) کسی دعوت نامے کی فہرست یا بند پر اپنے نام کے آگے (ص) بنا دیتے ہیں جو اطلاع پانے کی علامت ہے. ۳. شعرا آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں، حلقۂ چشم (جو صاد کے مشابہ ہے). ۴. صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخفف (ص) جو حضورؐ کے اسم گرامی کے اوپر لکھتے ہیں. ۵. اُستاد اچھے شعر پر صاد بنا دیتا ہے. ۶. قرآن شریف کی ایک سورت کا نام. [ع].

صاد کرنا محاورہ. ا. صحیح سمجھنا، صحیح کا نشان (ص) بنانا، تصدیق کرنا، (اچھے شعر پر استاد کا) صحیح کی علامت ڈالنا. ۲. پسند کرنا، خوبی تسلیم کرنا، منتخب یا منظوری کرنا، منظور کر کے دستخط کرنا، پسندیدگی یا منظوری کی علامت بنانا، پسندیدگی کا اظہار کرنا. ۳. اطلاع پانے کی علامت بنانا (جو بیشتر صاد کے سرے (ص) کی شکل میں ہوتا ہے).

صادِر (کس د) صف.
ا. نکلنے والا، باہر آنے والا، (کسی جگہ سے) خارج ہونے والا. ۲. وقوع پذیر، ظاہر، واقع، سرزد. ۳. جاری، نافذ (قانون، حکم وغیرہ). [ع].

صادر فرمانا محاورہ. جاری کرنا، نافذ کرنا، پاس کرنا (قانون، حکم وغیرہ).

صادِق (کس د) صف.
ا. جو سچ کہے، سچا، راست گو، پاک باطن. ۲. جو نفس الامر کے مطابق ہو، خالص، اصل یا حقیقی، درست، ٹھیک. ۳. ظاہر، آشکار. [ع].

صادق القول/ الوعد/ الوعدہ صف. بات کا سچا، قول کا پورا، راست گو، وعدے کا سچا، وفادار.

صادق آنا محاورہ. منطبق یا چسپاں ہونا، (کسی پر کوئی بات) ٹھیک بیٹھنا، مطابق یا موزوں ہونا.

صادِقہ (کس د، فت ق) مث.
صادق کی تانیث، سچی، صدیقہ؛ درست. [ع].

صارِف (کس ر) صف.
ا. صرف کرنے والا، استعمال کرنے والا (کسی جنس وغیرہ کو)؛ خریدار، گاہک. ۲. (ایک طرف سے دوسری جانب) موڑنے والا، پھیرنے والا [ع].

صارِفِین (کس ر، ی مع) صف؛ ج.
صرف کرنے والے؛ گاہک، خریدار. [ع].

صارِم (کس ر) (الف) مث.
کاٹنے والی تلوار، تیز دھار والی تلوار. (ب) صف. بہادر، جری. [ع].

صاع مذ.
ایک وزن یا پیمانہ جو تقریباً تین یا ساڑھے تین سیر اور بعض کے نزدیک سیر ایک چھٹانک یا ۲۳۴ تولے کے برابر ہوتا ہے، جو یا گندم ناپنے کا ایک پیمانہ. [ع].

صاعِقَہ (کس خف ع، فت ق) مذ؛ مث.
گرنے والی بجلی جو زمین پر گرے، آسمانی بجلی، کڑک. [ع].

صاف (الف) صف.
ا. میل کچیل سے پاک، بے داغ، اُجلا، ستھرا. ۲. اصلی، خالص. ۳. پیچیدگی یا گنجلک سے پاک، واضح، غیر مبہم، صریح. ۴. مسطح، ہموار، چورس سپاٹ. ۵. کینہ اور کدورت وغیرہ سے پاک، بے لوث، بے کپٹ مخلص؛ سچا، دیانت دار، راست باز، کھرا. ۶. (i) خالی (ہر چیز سے) (ii) ختم، تمام. ۷. گندگی سے پاک، جھاڑا پونچھا ہوا؛ چھانا نتھارا ہوا. ۸. ایسا مطلع جب بادل نہ چھائے ہوں، بادل یا گرد و غبار سے خالی. ۹. جس کا پیٹ مادۂ کثیف یا مضر مواد سے پاک ہو. ۱۰. پڑھا جانے کے قابل؛ (مجازاً) خوش خط. ۱۱. ظاہر، آشکار، بدیہی یقینی. ۱۲. قطعی، حتمی (انکار یا تردید میں). ۱۳. سادہ، معصوم. (ب) ا. بالکل، کلیۃً، پورے طور پر، پورا پورا. ۲. کسی ابہام یا گنجلک کے واضح طور پر، صریحاً، کھلم کھلا. ۳. بے لاگ، بلا جھجک، بغیر کسی ہچکچاہٹ کے، سچ سچ. [ع].

صاف انکار کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی بات کا قطعی طور پر نفی میں جواب بالکل مکر جانا، بالکل نہ ماننا.

صاف بات مث. بے لاگ بات، کھری بات؛ آزادانہ رائے

صاف جواب دینا محاورہ. قطعی انکار کرنا، بالکل انکار کرنا، دو ٹوک دینا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جج

صاف ستھرا صف مذ. ۱. بہت صاف، میل کچیل سے بالکل پاک. ۲. ملاوٹ سے بالکل پاک، خالص، پاکیزہ.

صاف شفاف صف. بالکل صاف اور بے داغ؛ ایسا صاف جس میں آرپار نظر آئے.

صاف صاف (الف) م ف. ۱. سچ سچ، کھری کھری، بے لاگ، لگی لپٹی رکھے بغیر. ۲. علی الاعلان، کھلم کھلا، واضح طور پر. ۳. بالکل، پوری طرح، کلیۃً. (ب) صف. جس میں کوئی ابہام یا گنجلک نہ ہو، بالکل واضح.

صاف صاف سنانا محاورہ. بے نقط سنانا، گالیاں دینا؛ کھری کھری سنانا.

صاف صاف کہنا محاورہ. بے لاگ بات کرنا، کھری کھری کہنا، کھلی کھلی کہنا.

صاف کردینا/ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دھونا؛ میل کچیل نکالنا. ۲. (i) صیقل کرنا، جلا کرنا، اجالنا، شفاف بنانا. (ii) مانجھنا، شستہ بنانا، فصیح بنانا. ۳. جھاڑو دینا، بہارنا، گرد و غبار جھاڑنا، کوڑا کرکٹ نکالنا. ۴. مٹانا، زائل کرنا، محو کردینا، دور کرنا. ۵. برے جذبات یا خواہشاتِ نفسانی سے پاک کرنا، کدورت دور کرنا. ۶. سلجھانا، حل کرنا، ختم کرنا، رفع دفع کرنا. ۷. کھا پی کر ظرف خالی کر دینا؛ بالکل چٹ کر جانا، کھا جانا، پی جانا. ۸. حساب بے باق کرنا، رقم ادا کر دینا. ۹. مونڈنا (بالوں کو). ۱۰. آلائش نکالنا، مذبوحہ جانور کو بنانا. ۱۱. روانی بہم پہنچانا (جیسے: ہاتھ صاف کرنا).

صاف گو صف. سچا، کھری بات کہنے والا.

صاف گوئی مث. ۱. واضح اور غیر مبہم اظہار خیال، سلامت، ابہام یا گنجلک سے پاک بات کہنا. ۲. صاف صاف کہنا، کھری بات کہنا.

صاف نکل جانا محاورہ. ۱. پار ہو جانا. ۲. صدمے یا ضرر سے بچ کر چلا جانا، آدمیوں کے ہجوم یا خطرناک جگہ سے نکل جانا.

صاف ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) بہارا جانا، جھاڑا جانا؛ کھلنا، جاری ہونا. (ii) میل کچیل دور ہونا، شفاف ہونا. ۲. دل سے کینہ یا کدورت نکال دینا، بغض یا عداوت سے باز آ جانا. ۳. تباہ و برباد ہونا، منہدم ہونا، مسمار ہونا. ۴. مسودے کی نقل ہونا، درست کر کے لکھا جانا، اصلاح شدہ مسودے کا خوش خط لکھا جانا. ۵. ظاہر ہونا، عیاں ہونا، ابہام رفع ہونا، واضح ہونا. ۶. منجھنا، شستہ ہونا. ۷. (زبان یا تلوار کی نسبت) رواں ہونا، چلنا.

صافَہ/ صافَہ (فت ف) امذ.
سر سے باندھنے کا دوپٹا، پگڑی. [مقامی].

صافی (الف) امث.
۱. کپڑا جس سے پکڑ کر پتیلی وغیرہ چولھے سے اُتاری جاتی ہے، برتن وغیرہ صاف کرنے یا جھاڑنے پونچھنے کا کپڑا، دست مال، جھاڑن. ۲. کپڑا جس میں پان لپیٹ کر ڈبیا، پٹاری یا پاندان میں رکھتے ہیں. (ب) صف.
۱. پاک، کھرا، بے ریا. ۲. بے داغ، اُجلا. ۳. صاف، نتھرا ہوا، خالص.
۴. پاک صاف کرنے والا. [ع، ف].

صالِح (کس ل)(الف) صف.
۱. نیک، پرہیزگار، پاک دامن، پارسا؛ نیکوکار. ۲. برائی سے پاک، اچھا.
(ب) امذ. قوم ثمود کے ایک پیغمبر کا نام (جن کی دعا سے ایک اونٹنی (ناقہ) اللہ کی نشانی کے طور پر پہاڑ سے پیدا ہوئی تھی اور پھر اس کو ان کی اُمت نے مار ڈالا تھا جس کی سزا میں وہ اُمت عذابِ الٰہی کی سزاوار ٹھہری تھی). [ع].

صالِحَہ (کس ح ل، فت ح) صف مث.
نیک اور پرہیزگار عورت؛ اچھی (چیز). [ع].

صالِحِین (کس ح ل، ی مع) امذ؛ ج.
نیک اور پرہیزگار لوگ. [ع].

صامِت (کس م)(الف) صف.
۱. چپکا، خاموش، چپ چاپ. ۲. ہکابکا، حیرت زدہ، دم بخود. ۳. ساکت، ٹھہرا ہوا، پرسکون. (ب) امذ. (قواعد) حرف صحیح، مصمتہ. [ع].

صانِع (کس ن) صف؛ امذ.
۱. بنانے والا، پیدا کرنے والا، خالق، موجد، خالقِ کائنات، اللہ تعالیٰ.
۲. بنانے والا، پیشہ ور، کاری گر (اس معنی میں صناع مستعمل ہے).
[ع].

صائِب (کس ء) صف.
صواب و راستی پر مبنی، سیدھا؛ درست، صحیح؛ رسا. [ع].

صائب الرائے صف. ہر بات میں صحیح رائے قائم کرنے کی صلاحیت رکھنے والا، درست قیاس کرنے والا، دانا.

صائم / صایم (کس ء / فت ی) صف : اند۔
روزہ رکھنے والا، روزہ دار۔ [ع]۔

صَبا (فت ص) امث۔
پورب سے چلنے والی ہوا، پروا جو آدھی رات کے بعد چلتی ہے ؛ نسیمِ سحری تیز نہایت لطیف و خوش گوار ہوا۔ [ع]۔

صَباح (فت ص) امث : اند۔
صبح، فجر، سحر، تڑکا، سویرا۔ [ع]۔

صَباحَت (فت ص، ح) امث۔
چہرے کی سفید رنگت، گورا پن ؛ (مجازاً) خوب صورتی، خوب روئی۔ [ع]۔

صُبح (ضم ص، سک ب) امث۔
۱۔ رات کی تاریکی دور ہونے سے چاشت تک کا وقت، دن کے آغاز کا وقت، سحر، سویرا، تڑکا۔ ۲۔ (مجازاً) فجر کی نماز۔ [ع]۔

صبح بخیر دعائیہ فقرہ۔ صبح اچھی اور مبارک ہو (صبح کے وقت بطورِ دعا و سلام بولتے ہیں)۔

صبح دم / سویرے م ف۔ علی الصباح، تڑکے۔

صبح (و) شام م ف۔ ۱۔ بہت جلد۔ ۲۔ آٹھوں پہر، ہر وقت۔

صبح شام ہونا محاورہ۔ دن گنے جانا، موت کی گھڑیاں گنے جانا، مرنے کا انتظار ہونا۔

صبح صادق امث۔ صبح کی روشنی جو آفتاب نکلنے سے بہت پہلے مشرق کی طرف اُفق کے کناروں پر نمودار ہوتی ہے، صبح کی مستقل روشنی جو عارضی روشنی کے بعد نمودار ہوتی ہے۔

صبح کا بھولا/ بھٹکا شام کو/ گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے/ نہیں کہنا چاہیے کہاوت۔ اگر آدمی غلطی کے بعد اسے محسوس کرے اور راہِ راست پر آجائے تو قابلِ معافی ہے۔

صبح کاذب امث۔ روشنی جو رات کے پچھلے پہر آسمان پر ذرا دیر کے لیے نظر آتی ہے اور پھر غائب ہو جاتی ہے (اس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد صبحِ صادق ہوتی ہے)۔

صبح کس کا منھ دیکھا تھا / کس کا شکل دیکھی تھی فقرہ۔ جب کوئی کام بگڑ جائے یا خلافِ مرضی ہو یا کوئی ناگہانی صدمہ پہنچے تو یہ فقرہ کہتے ہیں، مطلب یہ ہوتا ہے کہ صبح جاگنے کے بعد سب سے کس منحوس کے چہرے پر نظر پڑی تھی جس کی نحوست کا یہ اثر ہوا ہے۔

صبح کی پوچھنا تو شام کی کہنا محاورہ۔ نہایت بے اوسان اور حواس باختہ ہونا، گھبرا جانا۔

صبح و شام بتانا / کرنا محاورہ۔ ٹال مٹول کرنا، حیلہ حوالہ کرنا۔

صبح ہونا ف مر : محاورہ۔ رات ختم ہونا، تڑکا نمودار ہونا، دن نکل آ

صَبْر (فت ص، سک ب) اند۔
۱۔ کسی صدمے، حادثے یا تکلیف کو خاموشی سے برداشت کرلینا، مصیبت کے وقت شکوہ یا نالہ و فریاد کرنے سے باز رہنا، مصائب یا مشکلات میں ضبط و تحمل سے کام لینا، برداشت، تحمل۔ ۲۔ قرار، چین، سکون اطمینان ؛ حلم، بردباری۔ ۳۔ توقف، تامل، جلدی کرنے سے گریز نفس کو روکنا۔ ۴۔ قناعت، اکتفا ؛ توکل، بھروسا۔ ۵۔ وبال، آفت، عذاب (جو کسی ظلم وغیرہ کی پاداش میں خدا کی طرف سے نازل ہو)۔ [ع]۔

صبر آجانا/ جانا محاورہ۔ اطمینان یا تسلی ہو جانا، ٹھنڈک پڑنا، نصیب ہونا، اضطراب ختم ہونا۔

صبر آزما صف۔ صبر آزمانے والا، قوتِ برداشت کا امتحان لینے والا

صبر پڑنا محاورہ۔ مظلوم کی آہ یا ضبط و خاموشی کے اثر سے ظالم کا عذاب نازل ہونا، خدا کی مار پڑنا۔

صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے فقرہ۔ صبر کا انجام اچھا ہوتا ہے۔

صبر کا گھونٹ پینا محاورہ۔ برداشت کرنا ؛ غصہ روکنا، تحمل سے کام

صبر کر لینا محاورہ۔ نااُمید ہو کے بیٹھ رہنا، مایوس ہو جانا۔

صبر کرنا محاورہ۔ ۱۔ نااُمید ہو جانا، مایوس ہونا ؛ ترک کرنا۔ ۲۔ برداشت کرنا، جور و ستم سہنا، مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ ۳۔ قناعت اکتفا کرنا، غنیمت جاننا۔ ۴۔ کسی کام میں توقف کرنا، تامل کرنا۔

صبر و تحمل اند۔ ضبط و برداشت ؛ قرار اور ٹھہراؤ۔

صبر و شکر کرنا محاورہ۔ کسی مصیبت یا بلائے ناگہانی پر چپ رہنا، تکلیف اور مصیبت میں خدا کا شکر بجا لانا۔

صِبغَت/ صِبغَۃ (کس ص، سک ب، فت غ) اند۔
رنگ۔ [ع]۔

صبغت/صِبغَة اللّٰہ اند. اللہ تعالیٰ کا رنگ ، قدرتی رنگ یا دین کا رنگ ؛ (مجازاً) خدا کی مرضی ، رضائے الٰہی.

صَبُوح (فت ص ، و مع) امث.
صبح (کے وقت پینے) کی شراب ، شراب جو دفعِ خمار کے لیے صبح کے وقت پی جائے. [ع].

صَبُوحی (فت ص ، و مع) امث.
صبوح ، صبح کو پینے کی شراب.

صَبُور (فت ص ، و مع) صف.
بہت صبر کرنے والا ، جس کو صبر کی عادت ہو ، صابر. ۲. اللہ کا ایک صفاتی نام. [ع].

صَبِیح (فت ص ، ی مع) صف مذ.
گورا چٹا ، سفید رنگت والا ، سفید رنگ (ملیح کی ضد). ۲. (مجازاً) حسین وجمیل ، خوب صورت ، دل کش. [ع].

صَحابَہ (فت نیز کس ص ، فت ب) اند ؛ امث.
.رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب ، لوگ جو بحالتِ اسلام آپ ﷺ کی خدمت میں باریاب ہوئے اور بحالتِ اسلام ہی وفات پائی. ۲. دوست ، یار ، رفیق. [ع].

صحابۂ کرامؓ اند ؛ ج. رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب.

صَحابی (فت ص) اند.
شخص جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں باریاب ہوا ہو اور مسلمان کی حیثیت میں وفات پائی ہو. [ع].

صَحابیات (فت ص ، کس ب) امث ؛ ج.
صحابیہ کی جمع.

صَحابِیَّت (فت ص ، کس ب ، شد ی بفت) امث.
صحابی ہونے کی حالت.

صحابیَہ (فت ص ، کس ب ، فت ی) امث.
صحابی کی تانیث.

صِحاح (کس ص) (الف) صف.
صحیح سالم ، مکمل ، پورا ، ثابت. (ب) امث. دیکھیے : صحاح ستہ. [ع].

صِحاح ستہ امث. حدیثِ صحیح کی چھ کتابیں جو اہلِ سنت والجماعت کے نزدیک معتبر اور مستند ہیں ان کے نام یہ ہیں (صحیح بخاری ، صحیح مسلم ، جامع ترمذی ، سننِ ابو داؤد ، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ.

صَحافَت (کس نیز فت ص ، فت ف) امث.
اخبار یا رسالے وغیرہ میں کالم یا مضمون لکھنے کا فن ، اخبار نویسی ، خبر بنانے کا فن ، اخباری کاروبار. [ع].

صَحافَتی (کس نیز فت ص ، فت ف) صف.
صحافت سے منسوب یا متعلق.

صَحافی (کس نیز فت ص) اند.
اخبار نویس ، مضمون نگار. [ع].

صَحائِف (فت ص ، کس ء) اند.
آسمانی کتابیں نیز اوراق ، صحیفے ، رسالے. [ع].

صُحْبَت (ضم نیز ع ص ، سک ح ، فت ب) امث.
۱. رفاقت ، ہم راہی ، ساتھ ، سنگت. ۲. پاس اُٹھنا بیٹھنا ، باہم نشست و برخاست ، دوستوں کا باہم مل بیٹھنا ، ہم نشینی ؛ جلسہ ، مجلس ، محفل ، نشست ، بزم. ۳. راہ و رسم ، ربط و ضبط ، میل جول ، دوستی ، ملاقات ، تعلق. ۴. ہم بستری ، جماع. ۵. (تصوف) نیک بزرگ یا پارسا لوگوں کے ساتھ نشست و برخاست. [ع].

صحبت رہنا محاورہ. ۱. قربت ہونا ، یک جائی یا ہم نشینی حاصل ہونا. ۲. بزم آرائی ہونا.

صحبت کا اثر ہوتا ہے فقرہ. پاس بیٹھنے سے کچھ نہ کچھ اثر ضرور ہوتا ہے ، جب کسی کا چال چلن کسی کے پاس بیٹھنے سے خراب ہوجائے تو کہتے ہیں.

صحبت کرنا محاورہ. جماع کرنا ، ہم بستری کرنا.

صحبت گرم ہونا محاورہ. گرم جوشی کے ساتھ کسی کے ساتھ مل بیٹھنا ؛ ملاقات ہونا ، محفل جمنا.

صحبت میں بیٹھنا محاورہ. محفل میں شریک ہونا ؛ (عموماً) نیک لوگوں کے ساتھ راہ و رسم رکھنا.

صحبتِ ناجنس امث. ایسا شخص یا محفل جو مزاج کے مطابق نہ ہو ، لوگ یا لوگوں کا حلقہ جن سے ذہنی ہم آہنگی نہ ہو.

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معدولہ ، مع (مضمومہ) ، ع = معروف ، ج = مجہول ، معد = معدولہ ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

صحبت یافتہ صف ؛ اند . بزرگوں یا علماء کی صحبت سے فیض اُٹھایا ہوا ، آدابِ مجلس سے واقف شخص ، مہذب .

صِحّت (کس ج ص ، فت ح مشد) مث .
ا. جسم کی وہ کیفیت جو معمول کے مطابق ہو ، بیماری سے نجات ، تن درستی ، شفا ، جسم کی بے عیبی . ۲. درستی ، ٹھیک ہونا ، تصحیح ، صحیح ہونا ؛ حقیقت کے مطابق ہونا . [ع] .

صحت افزا صف . صحت بڑھانے والا ، تن درستی کے لیے مفید .

صحت بخش صف . تن درستی کے لیے مفید ، شفا دینے والا ، اچھا کرنے والا .

صحت خانہ اند . ا. پیخانہ وہ جگہ جو رفعِ حاجت کے لیے بنائی گئی ہو ، طہارت خانہ . ۲. دوا دارو اور دیکھ بھال کے لیے مریضوں کے رکھے جانے کی جگہ ، شفاخانہ ، ہسپتال .

صحت مند / مندانہ صف . ا. عیب سے پاک ، ٹھیک ، درست ، صحیح . ۲. تن درست ، شفایاب .

صحت مندی مث . عیب سے پاک ہونا ، درست ہونا ؛ تن درستی .

صحت نامہ اند . مطبوعہ کتاب وغیرہ کے اغلاط کی فہرست مع تصحیح .

صحت یاب صف . صحت پانے والا ، تن درست ، شفایاب .

صَحْرا (فت ج ص ، سک ح) اند .
ریگستان ، جگہ جہاں پانی ، گھاس اور درخت وغیرہ کچھ بھی نہ ہو ، بیابان ؛ (مجازاً) ویرانہ ، اجاڑ ، جنگل . [ع] .

صحرا نورد صف . جنگلوں میں پھرنے والا ، مسافر ؛ خانہ بدوش .

صحرا نوردی مث . جنگل میں مارا مارا پھرنا ؛ (مجازاً) آوارگی .

صَحْرائی (فت ج ص ، سک ح) (الف) صف .
صحرا سے منسوب ، صحرا میں رہنے والا ، جنگلی . (ب) مث . قندیل جو ہوا میں نہیں بجھتی .

صُحُف (ضم ج ص ، ضم ح) اند ؛ ج .
ا. صحیفہ کی جمع ، الہامی کتابیں جو انبیا علیہ السلام پر اُتاری گئیں . ۲. کتابیں ، رسائل ، اوراق ، صفحات . [ع] .

صَحْن (فت ج ص ، سک ح) اند .
ا. چوطرفہ عمارت کے بیچ میں کھلی ہوئی کشادہ زمین ، انگنائی ، آنگن . ۲. رقبہ ، وسعت ، میدان ، احاطہ . [ع] .

صَحْنَک (فت ج ص ، سک ح ، فت ن) مث .
ا. (i) چھوٹی رکابی یا طباق (بیشتر مٹی کا) ؛ رکابی ، طشتری . (ii) (کنایۃً) تھوڑی سی دولت یا جاگیر وغیرہ . ۲. جناب فاطمہ زہرا کی نیاز نیز اس نیاز کا کھانا (جس میں عموماً پاک عورتیں ، پاک دامن اور سیدانیاں شریک کی جاتی ہیں) . [ع] .

صَحیح (فت ص ، ی مع) (الف) صف .
عیب یا غلطی سے مبرّا ، نقص سے پاک ، بے عیب . ۲. درست ، ٹھیک ، قاعدے اور ضابطے کے مطابق ، راست ، بجا . ۳. تندرست ، چنگا اچھا ، صحت مند . ۴. (ریاضی) سالم (عدد) ، عدد جس میں کسر نہ ہو . ۵. (اُصول حدیث) روایت یا حدیث جسے دیندار اور پرہیزگار لوگوں نے ہر زمانہ میں برابر روایت کیا ہو . (ب) مث . ا. تصدیق ، دستخط ۲. حدیث کی چھ یا سات کتابوں میں سے ہر ایک جیسے ، صحیح بخاری صحیح مسلم . (ج) اند . (قواعد) حروفِ علت کے علاوہ باقی تمام حرف حرفِ صحیح کہلاتے ہیں کیونکہ وہ متغیر نہیں ہوتے . [ع] .

صحیح الحواس / العقل صف . جس کے حواس درست ہوں ، جو امراضِ دماغی سے پاک ہو ، جس کا دماغ مختل نہ ہو ، جو پاگل نہ ہو ، ہوش مند .

صحیح العقیدہ صف . وہ جس کا عقیدہ درست ہو ، ایقان رکھنے والا عقیدے کا پکا .

صحیح النسب صف ؛ اند . جس کے شجرے میں کھوٹ نہ ہو ، بے نسب کا ، شریف آدمی ، نجیب الطرفین .

صحیح سالم صف . ا. تندرست ، جس میں کوئی جسمانی عیب نہ ، بھلا چنگا . ۲. جوں کا توں ، پورا کا پورا ، پورا اور کامل ، زندہ اور سلامت .

صحیح سلامت صف . تندرست ، زندہ ، آفات سے محفوظ .

صحیح کرنا محاورہ . ا. (i) اصلاح کرنا ، غلطی دور کرنا ، درست کرنا . (ii) راہِ راست پر لانا ، سدھارنا ، افعال و کردار ٹھیک کرنا . ۲. تصدیق کرنا ، دستخط کرنا . ۳. درج حساب کرنا ، لکھنا ، بہی کھاتے میں چڑ ۴. مارنا ، جڑنا ، لگانا (طمانچہ) . ۵. سطح کو ہموار کرنا . ۶. تحقیق کرنا گواہی یا ثبوت بہم پہنچانا یا ثابت کرنا .

صحیح معنوں میں م ف. بجا طور پر، در اصل، حقیقت میں، واقعی.

صَحِیفَہ (فت ص، ی مع، فت ف) اند.

۱. کتاب، رسالہ، چھوٹی کتاب نیز الہامی کتاب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی رسول پر اُتاری گئی ہو. ۲. خط، مکتوب، فرمان وغیرہ. ۳. ورق، صفحہ (لکھا ہوا). [ع].

صحیفہ الہامی/ آسمانی اند. خدا کی طرف سے نازل کی ہوئی کتاب.

صَخْرَہ (فت ص، سک خ، فت ر) اند.

۱. بیت المقدس کا وہ بڑا پتھر جو مدور دیوار پر اس طرح رکھا ہوا ہے کہ چھت بن گیا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شبِ معراج اسی مقام سے آسمانوں پر تشریف لے گئے تھے. ۲. سخت پتھر، چٹان. [ع].

صَد (فت ص) صف.

۱. ایک سو. ۲. (i) بیسیوں، سیکڑوں، زیادہ (تعداد کے لیے مستعمل).
(ii) بہت، نہایت. [ف].

صد افسوس فقرہ. بہت افسوس ہے، نہایت رنج کی بات ہے.

صد برگ صف- مذ اند. سیکڑوں پنکھڑیوں والا (پھول)، گیندا.

صد پا/ پایہ اند. کھنکھجورا، ہزار پا.

صد پارہ/ چاک صف؛ م ف. سیکڑوں جگہ سے پھٹا ہوا، پرزے پرزے، ٹکڑے ٹکڑے.

صد حیف فقرہ. صد افسوس، بہت افسوس ہے.

صد سالہ صف. سو سال کا نیز سو سال کی عمر کا.

صد شکر فقرہ. خدا کا شکر ہے کی جگہ مستعمل؛ خیریت گزری.

صَدا (فت ص) مث.

۱. (i) آواز، بازگشت؛ گونج. (ii) پکار، ندا. ۲. کلمات جو فقیر بھیک مانگنے کے لیے منہ سے نکالتا ہے، فقیر کے مانگنے کی آواز. [ع].

صدائے احتجاج مث. پرزور اعتراض، مخالفانہ آواز، اعتراض.

صدائے بازگشت مث. ۱. آواز جو پہاڑ یا گنبد وغیرہ سے ٹکرا کر واپس آتی ہے. ۲. (مجازاً) اثر؛ نقل، باقیات.

صدا بصحرا / بہ صحرا مث؛ م ف. صحرا میں دی جانے والی آواز؛ (کنایۃً) ایسی آواز جس کا کوئی جواب نہ ملے، بے سود آواز، ایسی بات جس کی شنوائی نہ ہو.

صدا بندی مث. آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل.

صدا دینا محاورہ. ۱. آواز نکالنا، چلانا، بولنا. ۲. بلانے کے لیے آواز دینا، پکارنا. ۳. فقیر کا پکار کر بھیک مانگنا.

صدا کار صف. آواز کا فنکار؛ آواز کے اتار چڑھاؤ سے بولنے والا؛ مغنی، گانے والا، گویا.

صدا کاری مث. آواز کا فن؛ گانے وغیرہ کا فن.

صدا لگانا محاورہ. فقیر کا پکار کر سوال کرنا، فقیر یا خوانچہ فروش وغیرہ کا آواز دینا.

صَدارَت (فت ص، ر) مث.

۱. بالانشینی، کسی جماعت، جلسے یا ملک کی سربراہی. ۲. جمہوری ملک میں سربراہِ مملکت یا صدر کا عہدہ. ۳. شاہی زمانے کے ایک عہدے کا نام جو وزارت کے قریب ہوتا تھا؛ چیف جسٹس کا عہدہ. [ع].

صَدارَتی (فت ص، ر) صف.

صدارت سے منسوب یا متعلق، صدر کی حیثیت سے کیا جانے والا.

صدارتی خطبہ صف. صدر کا حاضرین سے خطاب.

صدارتی طرز/ نظامِ حکومت مث. ایسا نظام حکومت جس میں وزیر اعظم کے بجائے صدر انتظامی سربراہ ہوتا ہے.

صَداقَت (فت ص، ق) مث.

۱. (i) سچائی؛ راست بازی؛ خلوص. (ii) حق ہونا، صادق ہونا.
(iii) گواہی، شہادت، ثبوت. ۲. حقیقت، سچ. [ع].

صداقت نامہ اند. کسی امر کی تصدیق یا توثیق کی سند، سرٹیفکیٹ.

صَدْر (فت ص، سک د) (الف) اند.

۱. سینہ، چھاتی. ۲. (سامنا، آگا) مکان کا سامنے کا رخ، مکان کا صحن. ۳. حاکم بالا کا دفتر یا اجلاس، مرکزی دفتر، ہیڈ کوارٹر. ۴. (i) بالانشین، میر مجلس. (ii) جمہوری ملک میں منتخب سربراہ مملکت، پریزیڈنٹ. ۵. چند دیہات، قصبات یا شہروں کا مرکزی مقام، صوبے یا ملک کا دارالحکومت، اعلیٰ عہدے دار کے رہنے کی جگہ؛ مستقر؛ ہیڈ کوارٹر. (ب) صف. ۱. بڑا اہم، نمایاں، خاص. ۲. بنیادی، اساسی، اصلی، مرکزی. [ع].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، رخ = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

صدر الصدور اند. (برصغیر کے شاہی دور میں) منصفِ اعلیٰ، چیف جج جسے اوقاف یا مذہبی امور کی نگرانی اور قاضی کی تقرری وغیرہ کا اختیار بھی ہوتا تھا، دیوان خالصہ؛ شاہی گھر کا محافظ.

صدر بازار اند. چھاؤنی کا بڑا بازار.

صدر دروازہ اند. (تعمیرات) مکان کا اصلی اور بڑا دروازہ جو بڑے مکانوں میں عام طور سے خوش نما تاج دار بنایا جاتا ہے.

صدر دفتر اند. سب سے بڑا دفتر، ہیڈ آفس، مرکزی دفتر.

صدرِ محفل اند. میر محفل، صدرِ جلسہ، صدر نشینِ بزم.

صدر مدرس اند. سب سے بڑا اُستاد یا معلم، ہیڈ ماسٹر.

صدر مقام اند. ۱. مرکزی جگہ، ہیڈ کوارٹر؛ دارالحکومت. ۲. کسی قصبے، شہر یا جلسے وغیرہ کی نمایاں اور ممتاز جگہ، مرکز.

صدرِ مملکت اند. کسی ریاست کا سربراہ؛ پریذیڈنٹ.

صدر نشین اند. میر مجلس؛ سردار، سربراہ، مسند نشین.

صَدْری (فت ص، سک د) (الف) امث.
ایک طرح کی مرزئی جو پوشاک کے اوپر پہنتے ہیں اور اس میں سینے پر بہت سی گھنڈیاں یا بٹن ہوتے ہیں اور اکثر بیل بوٹے اور زری کا کام بھی ہوتا ہے، کمری، واسکٹ. (ب) صف. صدر (سینہ) سے منسوب یا متعلق، سینے کا.

صَدَف (فت ص، د) امث.
ایک قسم کا چھوٹا سمندری جانور جس کے جسم پر ایک سخت خول ہوتا ہے جس کے اندر کی تہ کا مادّہ جم کر موتی بن جاتا ہے؛ سیپی، سیپ. [ع].

صدف پارہ اند. سیپ کا ٹکڑا، شاہکار.

صِدْق (کس ص، سک د) اند.
سچائی، راستی، سچ، کذب کا نقیض، خلوص. [ع].

صدق دل سے م ف. خلوص نیت سے، صاف دلی سے، تہ دلی سے، تہ دل سے.

صدقِ مقال اند. سچ بولنا، راست گوئی.

صدقِ نیت اند. خلوص نیت، صاف دلی.

صَدَقات (فت ص، فت نیز سک د) اند: ج.
صدقہ (دیکھیے) کی جمع. [ع].

صَدَقَہ (فت ص، سک د، فت ق) اند.
۱. چیز جو خدائے تعالیٰ کے نام پر دی جائے، خیرات. ۲. کھانا وغیرہ کسی کے سر سے اتار کر چوراہے میں رکھتے ہیں، اُتارا. ۳. طفیل بدولت، بزرگانہ عطیہ یا برکت، عنایت. [ع].

صدقہ اُتارنا محاورہ. کسی چیز کو کسی کے سر کے گرد پھرا کر یا جسم سے چھوا کر تصدق کرنا (ردِّ بلا کے لیے یا بلا رد ہونے پر).

صدقۂ جاری / جاریہ اند. ایسا کارِ خیر جس سے لوگوں کو ہمیشہ فیض اور فائدہ پہنچے (جیسے: مسجد، کنواں، مدرسہ وغیرہ بنوانا).

صدقہ فطر اند. عیدالفطر کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں یا چار سیر دینا واجب ہے.

صدقہ کرنا محاورہ. صدقہ اُتارنا، خیرات دینا، کوئی چیز قربان کرنا.

صدقہ گیا فقرہ. صدقے میں گیا، صدقے میں کام آگیا.

صَدْقے (فت ص، سک د) (الف) اند: ج.
۱. صدقہ کی جمع نیز اس کی حالت مغیرہ (تراکیب میں مستعمل). ۲. واری قربان، فدا، قربان جاؤں، فدا ہو جاؤں (تعریف و تحسین یا جوشِ محبت کے اظہار کے لیے مستعمل). (ب) م ف. طفیل میں، بدولت، برکت سے، عنایت سے.

صدقے (واری) جانا محاورہ. نثار ہونا، قربان ہونا (انتہائے محبت قدردانی و تعریف و تحسین کے اظہار یا خوشامد کے موقع پر مستعمل)

صدقے جائیے فقرہ. ۱. قربان ہو جانے کو جی چاہتا ہے. ۲. عورتیں جب صاف صاف مخاطب کی حماقت کے اظہار میں احمق یا بے وقوف لفظ کہنا نہیں چاہتیں تو کہتی ہیں آپ کے صدقے جائیے قربان جائیے (ماں، پھوپی یا بہن وغیرہ کی زبان سے).

صدقے میں م ف. ۱. طفیل میں، بدولت، برکت سے، عافیت سے ۲. صدقہ قرار دے کر، رد بلا کے طور پر، آئی گئی دور ہونے کے لیے

صدقے ہونا محاورہ. ازروئے محبت یا تعظیم کسی کے گرد پھرنا؛ جان کھیلنے کو تیار ہونا؛ نثار ہونا، واری ہونا.

صَدْمَہ (فت ص، سک د، فت م) اند.
۱. دھکا، ٹکر، تصادم؛ آسیب. ۲. ضرب، چوٹ، ٹھیس، کوفت، رنج و غم، آزار، اذیت، تکلیف، بلا، مصیبت. ۳. ضرر، نقصان؛ حادثہ، واقعہ؛ جوش و خروش؛ شدت. ۴. (i) (طب) جسم کے متعدد اعمال کی عمیق پستی کی حالت، دماغی یا قلبی جھٹکا. (ii) (طب) تحریک، ہیجان، تہیج، زور. [ع].

صدمہ اٹھانا / جھیلنا / سہنا محاورہ. ۱. تکلیف سہنا، اذیت برداشت کرنا؛ کسی کی موت یا حادثے کے واقع ہونے کا غم سہنا. ۲. ضرب یا مار برداشت کرنا، چوٹ کھانا؛ ٹوٹ پھوٹ جانا، نقصان اٹھانا.

صدمہ پہنچانا محاورہ. ۱. نقصان پہنچانا، اذیت دینا. ۲. ضرب لگانا، چوٹ دینا، ٹکر مارنا.

صدمہ پہنچنا محاورہ. ۱. تکلیف ہونا، دکھ ہونا، رنج پہنچنا، اذیت ہونا، دھچکا لگنا. ۲. (i) ٹھیس پہنچنا، زخم آنا، ٹکر لگنا. (ii) ٹوٹ پھوٹ ہونا. ۳. ضرر پہنچنا، نقصان پہنچنا.

صدمہ گزرنا محاورہ. آفت آنا، مصیبت پڑنا، حادثہ پیش آنا.

صُدُور (ضم ص، و مع) اند.
نفاذ، اجرا، نافذ یا جاری ہونا. ۲. باہر نکلنا، وقوع، ظہور، صادر ہونا، عمل میں آنا. ۳. آنا، پہنچنا، ہم دست ہونا. [ع].

صَدی (فت ص) (الف) مث.
سو برس کی تعداد، سو سال. (ب) صف. (حساب) سو کا، سو روپیہ کا.

صدی در صدی م ف. صدیوں تک، عرصہ دراز تک؛ (مجازاً) ہمیشہ، دائم.

صدِیق (فت ص، ی مع) (الف) اند.
سچا دوست، رفیق، ساتھی. (ب) صف. سچا، قابلِ اعتماد، وفادار. [ع].

صِدّیق (کس ص، شد د، ی مع) صف؛ مذ.
بہت سچ بولنے والا، ہمیشہ سچ بولنے والا. ۲. حضرت ابوبکرؓ (خلیفہ اوّل) کا مشہور لقب. ۳. سچا دوست. [ع].

صِدّیقہ (کس ص، شد د، ی مع، فت ق) صف؛ مث.
ہمیشہ سچ بات کہنے والی، بالخصوص حضرت عائشہؓ کا لقب. [ع].

صِدّیقی (کس ص، شد د، ی مع، شد ی بعد، کس ق) مث.
حضرت ابوبکر صدیق سے منسوب نیز ان کی نسل کا.

صِدّیقین (کس ص، شد د، ی مع) اند؛ ج.
برگزیدہ ہستیاں، اولیاً، لوگ جن پر خدا مہربان ہوا. [ع].

صَراحَت (فت ص، ح) مث.
۱. تصریح، وضاحت، تشریح، آشکارا ہونا. ۲. بیان اظہار. [ع].

صَراحَتاً/ صَراحَۃً (فت ص، ح، تن ۃ، بلت) م ف.
ازروئے تصریح، کھلم کھلا، علانیہ، وضاحت کے ساتھ.

صَراحَتی (فت ص، ح) مث.
تفصیلی، وضاحتی.

صُراحی (ضم ص) مث.
پانی، شراب یا رقیق شے کے رکھنے کا برتن جو لمبی گردن اور چھوٹے منہ کا اوسط درجے یا چھوٹے قد کا ہوتا ہے (عموماً مٹی اور گاہے دھات یا شیشے کا ہوتا ہے). [ع].

صراحی دار صف. صراحی کی شکل کا لمبوترا، صراحی نما.

صراحی دار گردن مث. لمبی اور خوش نما گردن (عموماً معشوقاؤں کی).

صِراط (کس ص) مث.
۱. راہ، راستہ. ۲. ایک پل کا نام (کہا جاتا ہے کہ قیامت میں ایک پل پر سے گزرنا ہوگا جو دوزخ پر بنایا گیا ہے جو بال سے باریک، تلوار سے تیز اور آگ سے زیادہ گرم ہوگا، نیک لوگ اس کو آسانی سے عبور کر کے داخلِ جنت ہوں گے اور بداعمال یا گنہ گار لوگ کٹ کٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے). [ع].

صراطِ مستقیم اند. سیدھا راستہ؛ (مجازاً) شریعتِ محمدیؐ، دینِ اسلام.

صراطِ مستقیم پر لگانا محاورہ. راہ راست پر لگانا، شریعتِ محمدیؐ پر چلانا.

صَرّاف (فت ص، شد ر) (الف) اند.
۱. سونا، چاندی روپیہ، پیسا پرکھنے والا، سکوں کا بیوپاری، نقدی کا تبادلہ اور لین دین کرنے والا شخص. ۲. زیورات کا کاروبار کرنے والا ساہوکار، سنار. (ب) صف. کھرا، معاملے کا صاف. [ع].

صَرّافَہ (فت ص، شد ر، فت ف) اند.
۱. صراف کا پیشہ یا کام، صرافی. ۲. صرافوں کا بازار، وہ جگہ جہاں سونے چاندی اور زیورات کا کاروبار ہوتا ہے. ۳. سامان فروخت کے ذخیرے کی منڈی. [ع].

صرافہ بازار اند. صرافوں کا بازار، سونے، چاندی اور زیورات کے کاروبار کی جگہ.

صَرّافی (فت ص، شد ر) است.
ا. صراف کا پیشہ، روپے پیسے کا یا سود بٹے کا کاروبار تیز چاندی سونے کا کاروبار. ۲. روپے پیسے کی خردہ کرائی کا فی صد محنتانہ، تڑائی، بھنائی، کھلا کرائی کا فی صد محنتانہ. ۳. مہاجنوں کا رسم الخط جس میں بہی کھاتہ وغیرہ لکھتے ہیں، مہاجنی.

صَرصَر (فت ص، سک ر، فت ص) است.
ا. تیز ہوا، آندھی، جھکڑ، طوفانی ہوا. ۲. (مجازاً) تباہی و بربادی، نیستی، موت. [ع].

صَرْع (فت ص، سک ر) اند؛ است.
مرگی کا مرض. [ع].

صَرْف (فت ص، سک ر) (الف) اند.
ا. (i) خرچ، استعمال، خرچ کرنا یا ہونا (آمدنی کی ضد). (ii) تمام، ختم، بسر. (ب) است. (قواعد) علم جس میں کلمے کی اصل، اشتقاق اور اس کے اعراب وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے، علم جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ہے، فعل کے صیغوں کی گردان. [ع].

صرف خاص اند. بادشاہ، نواب یا امیر وغیرہ کے ذاتی خرچ کی جائداد، رقم؛ شعبۂ شاہی جاگیر.

صرف نظر/ نگاہ کرنا محاورہ. جان بوجھ کرن نظر پھیرنا، نظر انداز کرنا، اہمیت نہ دینا.

صرف (و) نحو است. علم القواعد، زبان کے قواعد وضوابط، گرامر.

صِرْف (کس ص، سک ر) صف.
تنہا؛ فقط، محض، خالص. [ع].

صَرْفہ (فت ص، سک ر، فت ف) اند.
ا. خرچہ، خرچ بے جا، خرچ، اخراجات. ۲. کفایت شعاری، بخل، کنجوسی؛ کمی. ۳. بچانے اور محفوظ رکھنے کا خیال، (خرچ ہونے کا) افسوس، دریغ. ۴. ادل بدل، الٹ پلٹ، گردش. ۵. ایک ستارہ جو دنبال اسد پر واقع ہے.

صَرْفی (فت ص، سک ر) صف.
ا. (i) (قواعد) صرف (دیکھیے) سے منسوب، صرف سے متعلق (ii) علم صرف جاننے والا، صرف کا عالم. ۲. پرکھنے والا، جوہری.

صُرَّہ (ضم ص، شد ر بفت) اند.
پٹی نما تھیلی جس میں زر نقد بھر کر مسافر کمر سے باندھ لیتے ہیں، تھیلی، ہمیانی، توڑا، بٹوہ. [ع].

صَرِیح (فت ص، ی مع) (الف) صف.
کھلا، ظاہر، آشکارا، واضح؛ صاف. (ب) م ف. ا. (i) کھلم کھلا، علانیہ، برملا، واضح طور پر. (ii) جان بوجھ کر، دانستہ طور پر، عمداً، قصداً، منصوبے کے ساتھ. [ع].

صَرِیحاً (فت ص، ی مع، تن ح بفت) م ف.
واضح طور پر، کھلم کھلا، علانیہ، صاف طور پر.

صَرِیر (فت ص، ی مع) است.
ا. (سیٹھے کے قلم یا کلک کی) آواز (جو لکھنے میں کاغذ یا تختی وغیرہ کی رگڑ سے نکلتی ہے)، قلم کی آواز. ۲. دروازے کی چول کی چرچراہٹ ٹڈیوں کے اڑنے کی آواز (بھنبھناہٹ). [ع].

صُعُوبَت (ضم ص، و مع، فت ب) است.
مصیبت، دشواری، تکلیف، دقت، آفت. [ع].

صعوبت اُٹھانا / جھیلنا محاورہ. رنج سہنا، مصیبت جھیلنا، تکلیف یا تنگی برداشت کرنا.

صُعُود (ضم ص، و مع) اند.
ا. بلندی، چڑھائی (اوپر) چڑھنا. ۲. (مجازاً) ترقی، ارتقا. ۳. (حساب) کسی عدد کو کئی بار فی نفسہ ضرب دینا.

صِغار و کِبار (کس ص، و مع، کس ک) اند؛ ج.
صغیر و کبیر (دیکھیے) کی جمع، چھوٹے اور بڑے؛ لوگ، عوام الناس.

صَغائِر (فت ص، کس ء) اند؛ صف؛ ج.
صغیرہ (دیکھیے) کی جمع. [ع].

صِغَر (کس ص، فت غ) اند.
چھوٹائی، خردی، چھوٹاپن، چھوٹا ہونا. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

صغر سن/ سنی امث. خردسالی، بچپن، چھوٹی عمر کا.

صُغرا/ صُغریٰ (ضم ص، سک غ/ الف بشکل ی) صف؛ امث.
۱. سب سے چھوٹی، کبریٰ کی ضد، زیادہ چھوٹی چیز، چھوٹی لڑکی.
۲. حضرت فاطمہ صغریٰ کا لقب جو حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی تھیں. [ع].

صَغِیر (فت ص، ی مع) صف.
۱. چھوٹا، خرد. ۲. ادنیٰ، کم درجہ، حقیر. [ع].

صغیر السن/ سن صف. کم عمر، خرد سال، چھوٹا.

صغیر سنی امث. بچپن.

صَغِیرہ (فت ص، ی مع، فت ر) (الف) صف.
چھوٹی؛ چھوٹا. (ب) امذ. چھوٹا گناہ جو معاف کیے جانے کے قابل ہو. [ع].

صغیرہ گناہ امذ. چھوٹا گناہ جو معاف کیے جانے کے قابل ہو.

صَفّ (فت ص، شد ف بحالت اضافت) امث.
۱. قطار، پرا، لائن. ۲. نمازیوں کی قطار جس میں سب برابر اور ایک خط پر ہوں. ۳. (i) فرش، بوریا، لمبی چٹائی (جس پر دائیں بائیں، برابر متعدد اشخاص بیٹھ سکیں). (ii) (مجازاً) صف باندھنے کی جگہ.
۴. (مجازاً) گروہ، جماعت، حلقہ. [ع].

صف اوّل امث. ۱. نماز جماعت میں وہ قطار جو بالکل پیش نماز کے پیچھے ہوتی ہے. ۲. (مجازاً) اعلیٰ درجہ، ممتاز مقام.

صف آرا صف، امذ. جنگ کے لیے آمادہ، جنگ میں مقابلہ کرنے والا، فوج کشی کرنے والا، صف باندھنے والا (فوج کا).

صف آرا ہونا ف مر؛ محاورہ. لڑائی کے واسطے سپاہ کا پرا جمانا، لڑائی کے لیے تیار ہونا، مقابلے پر آنا.

صف آرائی امث. (میدان جنگ میں) پرا جمانا، جنگ کے لیے آمادگی، فوج کشی.

صف باندھنا محاورہ. ۱. قطار جمانا، پرا باندھنا، قطار میں کھڑے ہونا.
۲. فوج کشی کے لیے قطار قائم کرنا، لڑنے کے لیے تیار ہونا.

صف بستہ صف. پرا جمائے ہوئے، قطار باندھے ہوئے، لڑائی پر آمادہ.

صف بصف/ بہ صف م ف. صف سے صف ملا کر؛ ہر صف میں، قطار در قطار.

صف بندی امث. صفیں قائم کرنا؛ پرا جمانا، لڑائی کے لیے تیار ہونا.

صف در صف م ف. صف بہ صف؛ صف سے صف ملا کر، ہر صف میں.

صف شکن صف. صف توڑنے والا، صفوں کو تباہ کر دینے والا، ابتری ڈالنے والا، بہادر، سورما.

صف ماتم امث. ماتم کی قطار، فرش جس پر ماتم کرنے والے بیٹھیں.

صف ماتم بچھنا محاورہ. ماتم ہونا، کسی کی موت پر آہ و بکا، گریہ و زاری ہونا. اف: بچھانا/ بچھنا.

صَفا (فت ص) (الف) امث.
۱. (i) ستھرائی، پاکیزگی؛ آب و تاب، چمک دمک. (ii) ہمواری، چکناہٹ (جس کے باعث چیز پھسل جائے). ۲. خلوص، بے لوثی، پاک باطنی. (ب) صف. ۱. صاف و شفاف، بے لوث، کدورت سے پاک، پاکیزہ، مجلا، منور، چمکیلا ۲. خالی، غائب، غلط سلط. (ج) ف م.
۱. صاف، بے روک ٹوک، بے لاگ ۲. بالکل، یکسر. (د) امذ. ۱. مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام (یہ مروہ پہاڑی سے تقریباً دو سو قدم کے فاصلے پر ہے، حاجی ان پہاڑیوں کے درمیان سعی کرتے ہیں).

صفا چٹ صف. ۱. داڑھی مونچھ وغیرہ بالکل منڈی ہوئی، بالکل صاف.
۲. بالکل خالی.

صفا چٹ کرنا محاورہ. ۱. داڑھی مونچھ وغیرہ بالکل مونڈ ڈالنا. ۲. (i) بالکل خالی کر دینا، صاف کر دینا. (ii) پورا کھا جانا، کھا کر ختم کر دینا. (iii) نیست و نابود کرنا.

صِفات امث؛ ج.
صفتیں، اوصاف، خوبیاں، صفت کی جمع یا مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل). [ع].

صِفاتی (کس ص) صف.
صفات سے منسوب یا متعلق، ذاتی کی ضد.

صَفائی (فت ص) امث.
۱. میل کچیل دور کرنا یا ہونا، صاف کرنا یا ہونا، جھاڑ پونچھ، ستھراپا.

خراب مادے کا اخراج ، برائی سے پاکی ۳. چمک دمک ، آب و تاب ، نکھار ۴. ملاپ ، صلح ۵. کاٹ چھانٹ ، جیسے درختوں کی صفائی ۶. ڈھٹائی ، بے غیرتی ، بے شرمی ۷. خوبصورتی ؛ عمدگی .

صفائی پیش کرنا محاورہ. بے گناہی کی وضاحت کرنا ، عذر خواہی کرنا .

صفائی ستھرائی است . پاک صاف ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ پاکیزگی ، ستھراپن .

صفائی سے م ف . ۱. اچھی طرح سے ، خوبی کے ساتھ ۲. چالاکی سے ؛ استادی سے .

صفائی کرانا ف مر ؛ محاورہ. جھاڑ پونچھ کرانا ، صاف کرانا ؛ صلح کرانا ، مصالحت کرانا .

صَفایا (فت ص) اند.
۱. خاتمہ ، تباہی ، بربادی ۲. داڑھی مونچھ وغیرہ بالکل صاف ہونے کی حالت .

صفایا کر دینا/ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. (i) نیست و نابود کرنا ، خاتمہ کر دینا . (ii) نام و نشان مٹا دینا ، کچھ نہ چھوڑنا ۲. (داڑھی مونچھ وغیرہ) صاف کر دینا ، بالکل مونڈ ڈالنا .

صفایا ہو جانا/ ہونا محاورہ . خاتمہ ہو جانا ، کام تمام ہونا ، نیست و نابود ہو جانا .

صِفَت (کس ص ، فت ف) . (الف) است .
۱. خوبی ، اچھائی ، وصف ، گن ۲. خاص کیفیت ، فطرت یا عادت جو کسی شخص یا شے میں ہو ، خاصیت ، خصوصیت ، نشانی (اچھی یا بری) . ۳. مدح ، تعریف ، اوصاف ۴. (قواعد) لفظ جو کسی اسم کی خصوصیت ، حالت ، کیفیت یا کمیت ظاہر کرے ، (جیسے : اچھا آدمی ، مشکل کام ، چھوٹا مکان وغیرہ) . (ب) صف . مثل ، مانند ، مشابہ .

صفت ذاتی است . (قواعد) لفظ جو کسی شخص یا شے کی ذاتی یا اندرونی حالت یا خصوصیت ظاہر کرے (مثلاً ہلکا ، ٹھوس ، سبز ، چالاک) .

صَفَحات (فت ص ، فت نیز سک ف) اند ؛ ج.
صفحہ کی جمع ؛ کاغذ کے ورق کی ایک جانب .

صَفْحَہ (فت ص ، سک ف ، فت ح) اند .
۱. ورق کا ایک رخ ۲. سطح ، سامنے کا رخ ، بالائی حصہ . [ع] .

صفحۂ قرطاس اند . کاغذ کا ایک رخ ، کاغذ کا صفحہ .

صفحۂ ہستی اند . (کنایۃً) دنیا ، پردہ دنیا .

صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا محاورہ . دنیا کے پردے سے ناپید کر دینا ، بالکل ناس کر دینا ، نیست و نابود کر دینا .

صَفْحے (فت ص ، سک ف) اند ؛ ج .
صفحہ کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

صفحے کے صفحے سیاہ/ کالے کرنا محاورہ . بہت لکھنا ، بے تکان لکھنا .

صَفْدَر (فت ص ، سک ف ، فت د) صف ؛ اند .
(دشمن کے) لشکر کی صفوں کو چیر کر ان میں گھس جانے والا ، نہایت بہادر ، سورما ؛ حضرت علیؓ کا لقب .

صَفَر (فت ص ، ف) اند .
اسلامی قمری سال کا دوسرا مہینہ . [ع] .

صِفْر (کس ص ، سک ف) (الف) اند .
۱. (حساب) وہ نقطہ یا دائرہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے ، زیرو ۲. نہ ہونے کے برابر ، معدوم ، خالی ، تہی . (ب) صف . بے قیمت ، بے وقعت . [ع] .

صَفْرا (فت ص ، سک ف) اند .
زرد ؛ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جس کا رنگ زرد ہے پت ، زرد مادہ ، بادی کا پانی . [ع] .

صَفْراوی (فت ص ، سک ف) صف .
خلط صفرا سے منسوب یا متعلق ؛ زرد رنگ کا ، بادی صفت رکھنے والا

صفراوی مزاج صف . شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو تلخ مزاج .

صُفُوف (ضم ص ، و مع) است ؛ ج .
صف کی جمع ، صفیں . [ع] .

صُفَّہ (ضم ص ، شد ف بفت) اند .
۱. چبوترہ ، سایہ دار چبوترہ ، سائبان ۲. سایہ دار چبوترہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہجرت کے بعد مدینے میں پہنچنے پر

مبارک سے قریب حدود مسجد نبوی میں بے گھر مہاجرین کے لیے بنوایا تھا. [ع].

صَفی (فت ص) اند.

۱. دوست ؛ خالص ؛ برگزیدہ انسان ؛ حضرت آدم علیہ السلام کا لقب.

۲. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لیے خاص کر لے. [ع].

صفی اللہ اند. حضرت آدم علیہ السلام کا لقب.

صَفیر (فت ص، ی مع) امث.

(دلکش) آواز، (خصوصاً) پرندوں کی آواز ؛ سیٹی کی آواز. [ع].

صَفیری (فت ص، ی مع) صف.

۱. (آواز) جو سیٹی کی طرح نکلے ؛ ادائی میں سیٹی سے مشابہت رکھنے والے (حروف). ۲. گانے والا، نغمہ سنج.

صَفِیّہ (فت ص، کس ف، شد ی بفت) امث.

۱. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار کے لیے مخصوص ہو. ۲. برگزیدہ عورت، (علم) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے ایک کا نام.

صَلِّ (فت ص، شد ل بکس) م ف.

رحمت نازل فرما، درود وسلام بھیج (عموماً تراکیب میں مستعمل). [ع].

صل علٰی / علیٰ / علےٰ فقرہ. صل علٰی محمد ﷺ کا مخفف یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج ؛ سبحان اللہ، واہ واہ کیا کہنا کی جگہ مستعمل (مسلمان جب کوئی خوب صورت چیز دیکھیں یا خوشبو سونگھیں تو یہ فقرہ کہتے ہیں).

صَلا (فت ص) امث.

بلانے کی آواز (خاص کر دعوت یا کچھ دینے کے لیے) دعوت عام، صدا جس کا مخاطب غیر معیّن ہو. [ع].

صلا دینا محاورہ. دعوت دینا، بلانا ؛ مشورہ دینا.

صلائے عام امث. عام دعوت، عام اجازت.

صَلابَت (فت ص، ب) امث.

۱. سختی (عموماً جو معدے یا جگر کے مقام پر ہوتی ہے)، مضبوطی، استحکام، سنگینی. ۲. (مجازاً) رعب، دبدبہ، شان وشوکت، سخت گیری.

۳. پختگی، خوبی. [ع].

صَلاح (فت ص) امث.

۱. بھلائی، بہتری، راستی (کردار، حالت وغیرہ کی)، نیز فلاح، بہبود نیکی. ۲. نیکوکاری، بھلمنساہٹ، نیکی، ایمان داری. ۳. مشورت، مشورہ ۴. رائے، تجویز، مرضی. ۵. ارادہ، منصوبہ، منشا. [ع].

صلاح دینا محاورہ. مشورہ دینا، رائے، تجویز پیش کرنا.

صلاح کار صف. ۱. مشورہ دینے والا، مشیر، وزیر. ۲. زاہد، پرہیزگار، متقی

صلاح کرنا محاورہ. مشورہ کرنا، رائے معلوم کرنا.

صلاح لینا محاورہ. رائے لینا، مشورہ لینا، تدبیر معلوم کرنا.

صلاح مشورہ کرنا محاورہ. باہم مشورہ کرنا، تبادلہ خیال کرنا، ایک دوسرے کی رائے لینا، مل کر تدبیر کرنا.

صَلاحِیَّت (فت ص، کس ح، شد ی بفت) امث.

۱. (کسی شے یا شخص کے) درست ہونے کی صورت حال، درستی، بہتری، اصلاح، نیکی، پارسائی، خوبی. ۲. لیاقت، اہلیت، قابلیت.

صُلب (ضم ص، سک ل). (الف) اند : امث.

۱. ریڑھ کی ہڈی، پشت کے مہرے. ۲. (مجازاً) نطفہ، نسل نیز حسب شرف آبائی. (ب) صف. سخت، ٹھوس، مستحکم، مضبوط. [ع].

صُلبی (ضم ص، سک ل) صف.

۱. صلب سے منسوب یا متعلق، نسل کا، پشتینی نیز سگا (بیٹا وغیرہ).

۲. جائز (اولاد).

صُلح (ضم ص، سک ل) امث.

۱. میل ملاپ، مصالحت، آشتی، سمجھوتا، جنگ کی ضد. ۲. امن وامان. [ع].

صلح جو صف. صلح پسند، صلح کا متلاشی، صلح کا خواہاں.

صلح کرانا ف مر. مصالحت کرانا، فریقین میں جھگڑا ختم کرانا، ربط ضبط قائم کرانا.

صلح کرنا محاورہ. ۱. (i) لڑائی یا دشمنی کا خاتمہ کرنا، تعلقات بحال کرنا، باہمی موافقت قائم کرنا، دوستی کرنا. (ii) کسی کے درمیان امن قائم کرنا نیز عارضی صلح کرنا، کچھ عرصے کے لیے جنگ ملتوی رکھنا.

صلح کل (الف) امث. (اپنے پرائے) ہر شخص سے رواداری برتنا، (دوست،

شمن) کسی سے جھگڑا فساد نہ کرنا، بے تعصبی، سب سے ملاپ و آشتی، خواہی. (ب) صف: اند. مصالحت پسند، جس کی طبیعت میں آشتی ہو، سب کے ساتھ رواداری برتنے والا، امن پسند شخص.

صلح نامہ اند. باہمی مصالحت کا عہد نامہ، راضی نامہ.

صلح ہو جانا / ہونا محاورہ. مصالحت ہونا، میل جول ہونا، دوستی ہونا، جنگ نہ کرنے کا عہد ہونا.

صُلَحا / صُلَحاء (ضم ص، فت ل) اند: ج.
صالح (دیکھیے) جمع: نیک، پرہیزگار، متقی، پاک سرشت، نیک کردار، نیکوکار (لوگ). [ع].

صَلْصال (فت ص، سک ل) امث.
چکنی مٹی جس میں ریت ملی ہو، خشک کھنکھناتی مٹی، سوکھی اور سخت مٹی کہ جب اس پر انگلی مارو تو آواز نکلے. [ع].

صَلْعَم (فت ص، سک ل، فت ع) کلمۂ دعا.
صلی اللہ علیہ وسلم یا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تخفیف، جس کے معنی ہیں خدا ان پر (اور ان کی اولاد پر) رحمت اور سلامتی نازل کرے یہ آنحضرت ﷺ کے اسما و القاب کے ساتھ لکھا جاتا ہے.

صَلوات (فت ص، فت ل) امث.
ڈانٹ پھٹکار، طعن و تشنیع، دشنام، برا بھلا (عموماً بسکونِ لام مستعمل).

صَلواتیں (فت ص، ل نیز سک، ی مج) امث: ج.
صلوٰت کی جمع، طعن و تشنیع، گالیاں.

صلواتیں سنانا محاورہ. گالیاں دینا، طعن و تشنیع کرنا.

صَلوٰۃ (فت ص، ا بشکل و) امث.
۱. نماز (مسلمانوں کی). ۲. درود، دعا، رحمت. [ع].

صِلَہ (کس ص، فت ل) اند.
۱. انعام، عطا، بخشش؛ عوض، بدلہ؛ تحفہ، ہدیہ. ۲. (قواعد) (نحو) جملہ جو موصول کے بعد اس کے جواب میں واقع ہو. ۳. رشتہ داری، تعلق، پیوند، باہم مل جانا. [ع].

صلہ پانا محاورہ. اجر حاصل ہونا، عوض پانا، بدلہ ملنا.

صلۂ رحمی اند. خاندان والوں سے نیکی کا برتاؤ کرنا.

صلہ ملنا محاورہ. حسنِ خدمت یا کارگزاری کا انعام ملنا، معاوضہ ملنا.

صَلّی / صَلّے اللّٰہ عَلَیہ (وآلِہٖ) وَسَلَّم کلمۂ دعا.
خداوند عالم اُن پر اور اُن کی آل پر رحمت اور سلامتی نازل کرے (عربی جملہ اُردو میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء و القاب کے ساتھ مستعمل). [ع].

صِلے (کس ص) اند: ج.
صلہ کی جمع نیز اس کی حالت مغیرہ (تراکیب میں مستعمل).

صلے میں م ف.
بدلے میں، عوض میں، انعام کے طور پر.

صَلیب (فت ص، ی مع). (الف) امث.
۱. سولی، دار، چلیپا، ایک چوبی آلہ کا نام جس پر چڑھا کر مجرموں کو سخت اذیت دے کر سزائے موت دی جاتی تھی. ۲. سولی کی شکل پر بنی ہوئی لکڑی وغیرہ جو عیسائی اپنے گلے میں ڈالتے اور عمارات پر نصب کرتے ہیں، چلیپا، کراس، ٹائی؛ (مجازاً) عیسائیت. (ب) صف. تین کونوں والا؛ صلیب کی شکل کا. [ع].

صلیب پر چڑھانا ف مر: محاورہ. سولی پر چڑھانا.

صلیب پر چڑھنا ف مر: محاورہ. (کنایۃً) سخت اذیت میں مبتلا ہونا.

صَلیبی (فت ص، ی مع) صف.
۱. صلیب کی شکل کا، صلیب جیسا. ۲. عیسائیوں کا، نصاریٰ کا.

صلیبی جنگ امث. جنگ جو یورپ کے عیسائیوں نے مسلمانوں کے خلاف یروشلم (بیت المقدس) فتح کرنے کے لیے کی، مسیحی جہاد.

صُمٌّ بُکْمٌ (ضم ص، شدم بہ تن ضم، ضم ب، سک ک، تن م بضم نیز بلا تن) صف: ج.
گونگے بہرے، وہ لوگ جو کسی بات کا جواب نہ دیں؛ حواس باختہ (عربی ترکیب اُردو میں بطور واحد مستعمل). [ع].

صَمَد (فت ص، م) صف.
بے نیاز، جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

صَمَدِیَّت (فت ص، م، کس د، شدی بفت نیز بلا شد) امث.
۱. صمد کا اسم کیفیت، بزرگی، بے نیازی، حاجات سے پاک ہونا

۲. (تصوف) مقام جس پر پہنچ کر سالک صفات بشریت سے علیحدہ ہوجاتا ہے اور اس کو کسی چیز کی پروا نہیں رہتی.

صَمِیم (فت ص، ی مع) صف.
خالص، بے لوث، سچا. [ع].

صمیم قلب سے اند. خلوصِ دل سے، دل کی گہرائی سے.

صَنادِید (فت ص، ی مع) اند؛ ج.
بڑے یا ذی اثر لوگ، سردار، عمائد؛ (کسی شعبے کے) مشاہیر، رجالِ قوم، بہادر؛ شرفا؛ جواں مرد. [ع].

صَنّاع (فت ص، شد ن) صف.
بڑا صنعت گر، عظیم صانع، بہت بڑا کاری گر، نہایت ہنرمند، ماہرِ فن. [ع].

صناعِ ازل صف: اند. خدائے تعالیٰ (جس نے روزِ ازل ایک لفظ کن سے کائنات بنائی).

صَناعَت (فت ص، ع) امث.
۱. دست کاری، پیشہ، حرفہ، ہنر، کام، فن. ۲. (علمِ معانی و بیان) علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو، جیسے: منطق؛ (علم یا فن میں) نکتہ آفرینی. [ع].

صَنّاعی (فت ص، شد ن) امث.
۱. کاری گری، دست کاری، مہارتِ فن، کمالِ ہنر، ہنرمندی ظاہر ہونا (محسوسات یا معانی میں). ۲. (علمِ معانی و بیان) علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو، جیسے: منطق (علم یا فن میں) نکتہ آفرینی.

صَنائِع / صنایع (فت ص، کس ع / کس ی) اند؛ ج.
۱. صنعت کی جمع، کاری گری، صناعی، فن کاری. ۲. (بدیع) نثر و نظم کی لفظی یا معنوی خوبیاں، نظم و نثر کے وہ محاسن جو استعارہ و تشبیہ اور مجاز و کنایے سے پیدا ہوں، عموماً بدائع کے ساتھ مستعمل. [ع].

صنائع/صنایع بدائع اند؛ ج. شعری خوبیاں یا باریکیاں.

صَنْدَل (فت ص، سک ن، فت د) اند.
زرد رنگ کی ایک خوشبو دار بے ریشہ نیز سرخ رنگ کی بے خوشبو لکڑی جو گھسنے سے نہایت صاف نکلتی ہے، چندن. [ع].

صَنْدَلی (۱) (فت ص، سک ن، فت د) صف.
صندل کی لکڑی کا، صندل کے رنگ کا، بادامی، گندمی.

صَنْدَلی (۲) (فت ص، سک ن، فت د) امث.
۱. کرسی، چوکی، چھوٹا تخت. ۲. پیدائشی خواجہ سرا، نامرد (جس کے ابتدا سے عضوِ تناسل نہ ہو). [ف].

صَنْدُوق (فت ص، سک ن، و مع). (الف) اند.
۱. لکڑی یا لوہے وغیرہ سے بنا ہوا بڑا بکس، چوبی بکس، پیٹی، ٹرنک. ۲. تابوت، بکس جس میں مردے کو بند کرتے ہیں. (ب) صف. اُبھرا ہو، آگے کو نکلا ہوا. [ع].

صَنْدُوقچَہ (فت ص، سک ن، و مع، سک ق، فت چ) اند.
چھوٹا بکس (صندوق سے چھوٹا اور صندوقچی سے بڑا) اوسط سائز کا بکس.

صَنْدُوقچی (فت ص، سک ن، و مع، سک ق) امث.
چھوٹے سے چھوٹا صندوق.

صُنْع (فت نیز ضم ص، سک ن) اند.
۱. کاری گری، تخلیق، کام کرنا، پیدا کرنا، کسی چیز کو تیار کرنا. ۲. بنائی یا تخلیق کی ہوئی چیز، شے مصنوع. [ع].

صَنْعَت (فت ص، سک ن، فت ع) امث؛ اند.
۱. (i) پیشہ، ہنر، دست کاری. (ii) مہارت، فنی کمال، نکتہ آفرینی. (iii) خدائے تعالیٰ کا کمالِ تخلیق (جس میں طرح طرح حسن اور راز مضمر ہیں). ۲. بنائی ہوئی چیز، مصنوعی شے، مصنوعات. ۳. (بدیع) لفظی یا معنوی خوبی جو مقرر طریقوں سے کلام میں پیدا کی جائے، (معانی) کلام کا وہ حسن جو تشبیہ، استعارہ، مجاز یا کنایے سے پیدا ہو. [ع].

صنعت کار صف. ۱. کارخانہ دار، صنعت لگانے والا ۲. کاری گر، صناع، دست کار.

صنعت و حرفت اند. ہاتھ یا مشینوں سے کیا جانے والا کام، دست کاری.

صَنْعَتی (فت ص، سک ن، فت ع) صف.
صنعت سے منسوب، صنعت سے تعلق رکھنے والا، بنایا ہوا، مصنوعی.

صنعتی انقلاب اند. تبدیلی اور ترقی جو انیسویں صدی کے آغاز میں مشینوں کی ایجاد و استعمال سے صنعت و حرفت میں رونما ہوئی.

صِنْف (کس ص، سک ن) مث.
قسم، نوع، جنس. [ع].

صنف بندی مث. بلحاظِ اقسام الگ الگ کرنا.

صنف سخن مذ. شاعری کی قسم.

صنف شاعری مث. شاعری کی قسم، صنفِ سخن.

صنف مخالف مث. مخالف جنس، مرد یا عورت.

صنف نازک مث. عورت.

صنف کرخت مذ. (مجازاً) مرد.

صِنْفی (کس ص، سک ن) صف.
۱. صنف سے منسوب. ۲. جنسی خواہش سے تعلق رکھنے والا، جنسی.

صَنَم (فت ص، ن) مذ.
۱. بت، مورتی. ۲. (مجازاً) حسین، محبوب (مرد عورت دونوں کے لیے مستعمل). [ف].

صنم خانہ/ کدہ مذ. بت پرستوں کا عبادت خانہ جہاں مورتیاں رکھی ہوتی ہیں، بت خانہ.

صَنَمیات (فت ص، ن، سک م) مث.
دیو مالا، علم الاصنام، ہندوؤں کے دیوی دیوتا.

صَنوبَر (فت ص، وج، فت ب) مذ.
۱. چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس میں چلغوزے لگتے ہیں اور نہایت سیدھا ہوتا ہے. ۲. ایک قسم کا سرو جو مخروطی ہوتا ہے اور جس سے معشوق کے قد کو تشبیہ دیتے ہیں. [ع].

صَنوبَری (فت ص؛ وج، فت ب) صف.
صنوبر کی شکل کا، مخروطی، صنوبر کے پھل سے مشابہ، صنوبر کے رنگ کا، صنوبر کا بنا ہوا.

صَواب (فت ص) مذ.
۱. درست، راست، صحیح، خطا کا نقیض. ۲. خوبی، درستی، راستی، اچھائی.
۳. نیکی بھلائی، سچائی. [ع].

صواب دید / صوابدید مث. صلاح، مصلحت، اچھی، تجویز، مشورہ، جواب دہی.

صُوبائی (وج) مث.
صوبہ سے منسوب، صوبے سے متعلق.

صُوبَہ (وج، فت ب) مذ.
۱. کسی ملک کا وہ حصہ جو کئی پرگنوں اور ضلعوں پر مشتمل ہوتا ہے. ۲. (قدیم) صوبے کا حاکم. [ع].

صوبہ جات مذ؛ ج. صوبہ کی جمع.

صوبہ جاتی صف. صوبوں کا، صوبوں سے متعلق.

صوبہ دار مذ. ۱. صوبے کا حاکم. ۲. پیدل فوج کا ایک افسر جو جمعدار کے اوپر ہوتا ہے.

صَوت (ولین) مث؛ مذ.
آواز، لحن، لہجہ، نوا، صدا، آہنگ. [ع].

صَوتی (ولین) صف.
صوت سے منسوب یا متعلق.

صوتی اثر مذ. ۱. آواز کے زیر و بم وغیرہ کا تاثر یا اثرات. ۲. (ڈراما، فلم وغیرہ) بات چیت اور موسیقی کے علاوہ کوئی دوسری آواز جو مصنوعی طور پر پیدا کی جائے.

صَوتیات (ولین، کس ت) مذ؛ مث.
علوم و فنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں؛ علم الاصوات.

صَوتِیَہ (ولین، کس ت، فت ی) مذ.
(لسانیات) چھوٹی سی چھوٹی صوتی اکائی، انگریزی لفظ Phoneme کا ترجمہ.

صُور (وج) مذ.
۱. سینگ جسے بگل کی پھونک سے بجاتے ہیں، نرسنگھا، بگل. ۲. ہیبت آواز جس کے لیے کہا جاتا ہے کہ اسرافیل نام کا فرشتہ حکمِ الٰہی بلند کرے گا جس کی ہیبت سے سب لوگ مر جائیں گے (اور قیامت آجائے گی).

صور پھونکنا ف مر؛ محاورہ. قیامت کا اعلان کرنا، صور بجانا؛ (مجازاً) شور کرنا.

صُورَت (وج، فت ر). (الف) مث.
۱. شکل، چہرہ، منھ. ۲. (خال و خد کی مجموعی) ہیئت، جسم. ۳. شخص، نفر، فرد.

۴. موقلم یا عکس وغیرہ سے بنایا ہوا خاکہ، تصویر، نقش. ۵. بنیادی ڈھانچا، ڈول، ڈھچر، خاکہ، بنیاد. ۶. حالت، کیفیت، گت. ۷. تدبیر، تجویز، سبیل. ۸. ظاہر، باطن کا نقیض. ۹. (بناوٹ یا وضع قطع کے لحاظ سے) شکل، بھیس، روپ. ۱۰. آثار، علامت، نشان. ۱۱. موقع، محل، پہلو، گوشہ، زاویہ. ۱۲. طور، حال، اعتبار، لحاظ، حیثیت، طرح.
(ب) حرف تشبیہ، مثل، مانند. (ج) صف. (خد و خال وغیرہ میں) ملتا جلتا، مشابہ. [ع].

صورت احوال امذ؛ ج. ۱. ایک قسم کا محضر نامہ جو کسی دعوے کے ثابت کرنے کی غرض سے معزز لوگوں کے دستخطوں اور مہروں سے مرتب کرتے ہیں. ۲. حالات کا نقشہ.

صورت بدل جانا/ بدلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. حالت بدل جانا، انداز بدل جانا، ہیئت تبدیل ہو جانا. ۲. بھیس بدلنا، منھ بگاڑنا.

صورت بنانا ف مر؛ محاورہ. ۱. تصویر بنانا. ۲. منھ بنانا، غصے یا نفرت کا اظہار کرنا؛ روپ دھارنا. ۳. خاکہ بنانا. ۴. غریبی اور مسکینی ظاہر کرنا.

صورت بننا محاورہ. ۱. غیر متوقع حالت پیش آنا، کام بگڑنا. ۲. روپ دھارنا، اصل کی نقل کرنا. ۳. ذریعہ نکل آنا، تدبیر بن آنا.

صورت چڑیلوں کی مزاج پریوں کا کہاوت. وصف نہ ہونے پر اتنا گھمنڈ.

صورت حال امث. ۱. روئداد؛ سرگزشت؛ موجودہ حالت، کیفیت. ۲. تحریر جس میں کسی احوال کو ثابت کرنے کے لیے واقف کاروں کی مہر اور گواہیاں نکالیں، مسل.

صورت دکھانا محاورہ. ۱. ملاقات کرنا، شکل دکھانا، دیدار کرانا. ۲. مقابلے پر آنا، سامنا کرنا.

صورت گر صف. تصویر بنانے یا کھینچنے والا، مصوّر، نقاش.

صورت گری امث. صورت گر کا کام یا پیشہ، نقاشی، مصوری، مجسمہ سازی.

صورت ملنا محاورہ. شکل کا مشابہ ہونا، ایک سی شباہت رکھنا، ہم شکل ہونا.

صورت نظر آنا محاورہ. تدبیر سمجھ میں آنا، وسیلہ ہاتھ آنا، موقع ملنا عموماً بھلائی کا.

صورت نکالنا محاورہ. ۱. تدبیر کرنا، ذریعہ پیدا کرنا. ۲. پہلے سے زیادہ حسین نظر آنا یا ہو جانا.

صورت نکل آنا محاورہ. ۱. حسین ہو جانا، اچھی شکل ہونا. ۲. تدبیر نکل آنا ذریعہ پیدا ہونا. ۳. شکل سے کمزور نظر آنا؛ کمزور ہو جانا، لاغر ہو جانا.

صورت نہ شکل بھاڑ/چولھے میں سے نکل کہاوت. شکل تو بری تھی ہی کرتوت نے اس پر اور سیاہی پھیر دی، یعنی ہر طرح برا، نہایت بدصورت یا بے ہنر.

صُورتاً/صورۃً (و مع، فت ر، تن ت بفت) م ف.
شکل سے، بظاہر، ظاہری طور پر.

صُوری (و مع) صف.
صورت کا، صورت سے منسوب، ظاہری، مادّی؛ معنوی یا باطنی کی ضد.

صوری و معنوی صف. ظاہری و باطنی.

صُوف (و مع) امذ.
۱. بھیڑ بکری وغیرہ کا اون، نمدہ، پشم؛ پشمینہ، کمبل. ۲. (i) ایک قسم کا نفیس ریشمی کپڑا. (ii) ایک قسم کا دبیز جامہ، پشمینہ. [ع].

صوفا/ صوفہ (و ج/ فت ف) امذ.
۱. تکیہ دار اور آرام دہ کرسی جو بہ نسبت کرسی ذرا کم نیچی اور نسبتاً چوڑی ہوتی ہے (بیشتر اسپرنگ پر موٹے ابھرے ہوئے گدے جڑے ہوتے ہیں). ۲. چبوترہ، تخت. [ع].

صُوفی (و مع). (الف) امذ.
۱. اہل طریقت، مسلک تصوف کا پیرو، (تصوف) غیر اللہ سے دل کو پاک و صاف کر کے وجد و مراقبہ میں رہنے والا درویش، خواہشات نفسانی سے احتراز کرنے والا، ماسوا سے منھ موڑ کر عشق الٰہی میں ہمہ وقت مست رہنے والا. ۲. متقی، پارسا، پرہیزگار، بھگت، پاک صاف (گناہ سے). (ب) صف. پشم پوش، اونی کپڑا پہننے والا.

صوفی ازم امذ. صوفیانہ خیالات و عقائد کا مسلک.

صوفی منش صف؛ امذ. صوفیانہ مزاج رکھنے والا، درویشانہ طبیعت کا، متقی، پرہیزگار.

صُوفِیانَہ (و مع، کس نیز سک ف، ن) صف.
صوفی سے منسوب یا متعلق، صوفیوں کے جیسا. ۲. بھڑک سے مبرا، سادہ، ہلکا (لباس یا رنگ وغیرہ).

صوفیانہ شاعری مث. ایسی شاعری جس میں عشق مجازی کے بجائے عشقِ حقیقی یا مذہبی جذبات کی عکاسی کی گئی ہو یا جس میں متصوفانہ خیالات کا اظہار کیا گیا ہو.

صُوفِیَّہ / صُوفِیا (و مع، کس ف، شدی بفت نیز بلا شد) اند؛ ج.
غیر اللہ سے دل کو پاک رکھنے والے پرہیزگار و متقی لوگ. [ع].

صَولَت (و لین، فت ل) مث.
۱. رعب، ہیبت، دبدبہ. ۲. سطوت، غلبہ، حملہ. [ع].

صَوم (و لین) اند.
۱. روزہ. ۲. (لفظاً) بچنا، رکنا، باز رہنا. [ع].

صوم و صلوٰت / صلوٰۃ اند؛ مث. نماز اور روزہ.

صَومَعَہ (و لین، فت م، ع) اند؛ مث.
۱. عیسائیوں کا عبادت خانہ، گرجا گھر نیز راہبوں کی خانقاہ. ۲. (مطلق) عبادت خانہ، معبد.

صَہبا (فت ج ص، سک ہ) مث.
شراب سرخ نیز انگور سفید کی شراب؛ مطلق شراب. [ع].

صَیّاد (فت ص، شدی) اند.
شکار کرنے والا، شکاری؛ چڑی مار. [ع].

صیاد اجل اند. موت کا فرشتہ، ملک الموت، مراد: موت، اجل.

صِیام (کس ص) اند.
۱. روزہ، روزہ رکھنا. ۲. صائم کی جمع، روزے رکھنے والے. ۳. رمضان کا مہینہ. [ع].

صِیانَت (کس ص، فت ن) مث.
۱. نگہبانی، نگرانی، پاسبانی، حفاظت، نگہ داشت. ۲. (تصوف) گناہ سے بچنا، نفس کو برائی سے دور رکھنا. [ع].

صَید (ی لین) اند.
۱. شکاری کا کام یا پیشہ، شکار کرنا. ۲. جانور جسے شکار کیا جائے. ۳. (مجازاً) قیدی، گرفتار، مبتلا، پھنسا ہوا (کسی بھی امر میں). [ع].

صید افگن صف. شکار کرنے والا، شکاری.

صید زبوں صف. لاغر شکار، قید، بیمار یا کمزور قیدی؛ مجبور، معذور؛ گرفتار.

صَیرَفی (ی لین، فت ر) اند؛ صف.
۱. صراف، کھوٹے کھرے کو پرکھنے والا (عموماً سکہ؛ زیورات، ہیرے جواہرات). ۲. پیسوں کا لین دین کرنے والا؛ چال باز. ۳. (مجازاً) پرکھنے والا، نقاد.

صِیغَہ (ی مع، فت غ) اند.
۱. سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز. ۲. (i) شعبہ، شاخ نیز پیشہ یا ملازمت (ii) سلسلہ، رشتہ، تعلق، نسبت. (iii) (قانون) دفعہ؛ دفتر. ۳. (صرف) حروف اور حرکات و سکنات کی تعداد اور ترتیب کے لحاظ سے لفظ کی جو صورت ہو اس کا نام صیغہ ہے، تصریف، گردان، فعل کی صورت (مثلاً صیغۂ واحد، صیغۂ متکلم وغیرہ). ۴. کلمات عربی جو نکاح یا متعہ کے ایجاب و قبول میں یا طلاق میں پڑھے جاتے ہیں، (عموماً) اہل تشیع کا نکاح. [ع].

صیغہ راز میں رکھنا/ ہونا محاورہ. چھپائے رکھنا، راز کو کسی پر ظاہر ہونے دینا.

صَیقَل (ی لین، فت ق) مث.
قلعی، جلا، صفائی، آب و تاب، چمک. [ع].

صیقل کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. صاف کرنا، جلا دینا، چمکانا، زنگ دور کرنا ۲. پاک کرنا، بے عیب کرنا، خالص بنانا نیز ابھارنا (جذبات وغیرہ)

صَیہُونی (ی لین، و مع) صف؛ اند.
۱. یہود کا، یہودی. ۲. صیہون کا رہنے والا، تحریک صیہونیت کا حامی یا پیرو.

صَیہُونِیَت (ی لین، و مع، کس ج ن، فت ی) مث.
یہودیوں کی عالمگیر تحریک جس کا مقصد یہودیوں کے قومی وطن کا قیام تھا نیز یہودیت.

(ض)

ض اند.
بلحاظ اصوات اُردو حروف تہجی کا اکتیسواں، عربی کا پندرھواں اور فارسی

کا اٹھارواں حرف ؛ یہ حرفِ صحیح (مصمتہ) ہے ، تلفظ ضاد ہے ؛ اُردو والے ڈواد یا ضواد تلفظ کرتے ہیں ؛ اُردو میں اس کی آواز "ز" سے مشابہ ہے؛ حسابِ جمل میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کیے گئے ہیں . [ع] .

ضابِط (کس ب) صف .
۱. مستقل مزاج ، متحمل ، بردبار ، صابر . ۲. انتظام کرنے والا ، حفاظت کرنے والا ، حاکم ، مالک ؛ قابض . ۳. قانون قاعدے اور وقت کا پابند (شخص) ؛ (وہ کام) جو اُصول اور قاعدے کی پابندی کے ساتھ ہو . ۴. ہوشیار ، محتاط ؛ (حدیث) قوی حافظہ والا اور محتاط (راوی) . ۵. کنٹرول کرنے والا ، منضبط کرنے والا . [ع]

ضابِطگی (کس مع ب ، فت ط) مث .
قانون یا ضابطے کے مطابق ہونا ، باقاعدگی (مرکبات میں جزوِ دوم کے طور پر مستعمل) .

ضابِطہ (کس مع ب ، فت ط) مذ .
۱. (i) قاعدہ ، اُصول ، دستور ، آئین ، دستورالعمل . (ii) کلیہ ، فارمولا .
۲. (i) قانون ، قانون کی شق (دفعہ) . (ii) قانون کی کتاب . ۳. پولیس .

ضابطۂ اخلاق مذ . اخلاق کے اُصول ، اخلاقی اُصولوں پر مشتمل دستورالعمل .

ضابطۂ تحریر میں لانا محاورہ . لکھنا ، قلم بند کرنا .

ضابطۂ تعزیری مذ . جرم و سزا کا قاعدہ ، سزا دینے کا قانون .

ضابطۂ دیوانی مذ . (قانون) وہ قانون جو باہمی لین دین ، جائداد ، قرض ، وراثت وغیرہ کے معاملات سے متعلق ہو .

ضابطۂ فوجداری مذ . قانونِ فوجداری ، جرم و سزا سے متعلق قانون نیز اس قانون پر مشتمل کتاب .

ضابطۂ فوجداری مذ . قانونِ فوجداری ، جرم و سزا سے متعلق قانونِ نیز اس قانون پر مشتمل کتاب .

ضامِن (کس م) . (الف) صف : مذ .
(کسی قول یا فعل کے پورا ہونے کی) ضمانت دینے والا شخص ؛ (کسی بات کا) ذمہ دار ، کفیل . (ب) مذ . ۱. وہ کاغذ ، کپڑا یا اور کوئی چیز جو ایک بتہ کو دوسری بتہ کے زد سے بچانے کے لیے رکھا جائے . ۲. (i) وہ ترشی جس کے ذریعے دودھ جماتے ہیں ، مایۂ شیر . (ii) وہ چیز جو خمیر اٹھانے کے لیے استعمال کی جائے . [ع] .

ضامن بنانا محاورہ . کسی کو اپنا ذمہ دار یا کفیل مقرر کرنا .

ضامن ہونا ف مر . ذمہ دار بننا ، کفیل ہونا .

ضامِنی (کس مع نیز سک م) مث .
۱. ضمانت ، ذمہ داری ، کفالت . ۲. (عدالت) وہ تحریر جس میں کسی بات یا چیز کے واسطے اپنی ذمہ داری لکھی جائے . ۳. (مجازاً) آڑ ، اوٹ .

ضائِع (کس مع ، ء) صف :- ضایع .
۱. اکارت ، تباہ ، برباد ، غارت ، بے سود ، رائیگاں ، لاحاصل . ۲. تلف ، فنا . اف : کرنا/ہونا . [ع] .

ضائع جانا محاورہ . ۱. رائیگاں جانا ، برباد ہونا ، تلف ہونا . ۲. مرجانا .

ضَبْط مذ . ۱. تحمل ، برداشت ، صبر ، روکنا ، قابو میں رکھنا . ۲. انتظام ، نظم و نسق ، بندوبست ، نگرانی ، دیکھ بھال . ۳. ترتیب ، تدوین ، منضبط یا قلم بند کرنا . ۴. قابو ، اختیار . ۵. (سرکاری طور پر) قبضہ کرنا ، چھین لینا ، قرق کرنا (جائداد وغیرہ) . [ع] .

ضبطِ تحریر میں آنا / لانا محاورہ . لکھا جانا/لکھنا ، قلم بند کیا جانا/کرنا .

ضبطِ تولید مذ . اضافۂ نسل کو روکنا ، ایسا طریقہ اختیار کرنا کہ صحبت کے باوجود حمل نہ رہے ، ایسی تدبیر اختیار کرنا جس سے بچے پیدا نہ ہوں یا حسبِ منشا پیدا ہوں .

ضَبْطی (فت ض ، سک ب) مث .
قُرقی ، جائداد وغیرہ بحق سرکار ضبط ہو جانا ؛ (مطلق) چھین لیا جانا .

ضُحٰی (ضم ض ، ا بشکل ی) مذ .
چاشت یا صبح کے ناشتے کا وقت (تقریباً ۹ بجے صبح) ایک پہر دن چڑھے ؛ وہ کام جو چاشت کے وقت کیا جائے . [ع] .

ضَخامَت (فت ض ، م) مث .
حجم ، جسامت ، موٹاپا ، موٹائی ، دبازت . [ع] .

ضَخِیم (فت ض ، ی مع) صف .
بڑے حجم والا ، بڑی جسامت والا ، بہت بڑا ، موٹا ، دبیز . [ع] .

ضِد (کس ض ، اضافت میں تشدید) مث .
۱. دشمنی ، کینہ ، مخالفت ، بیر . ۲. (i) ہٹ ، اصرار ، اڑ . (ii) انانیت ،

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

غصہ. ۳. شے جو مدِ مقابل شے کے ساتھ جمع نہ ہو سکے، متضاد یا برعکس (چیز یا بات). [ع].

ضد پکڑنا/ کرنا محاورہ. ۱. اصرار کرنا، ہٹ کرنا، اڑ جانا. ۲. تکرار کرنا، جھگڑا کرنا.

ضِدَّن (کس ض، شد د بلت) صف مث.
ہٹ کرنے والی، ہٹیلی، اڑیل (عورت).

ضِدّی (کس ض، شد د) صف.
۱. اڑ کرنے والا، ہٹیلا، اڑیل. ۲. متعصب، نہایت پچ کرنے والا.

ضدی بن/ پنا اند. ہٹ کرنے کی عادت، اڑ جانے کا انداز.

ضَرب (فت ض، سک ر) مث (اند: قدیم).
۱. (i) مار، چوٹ، صدمہ، وار. (ii) مار پیٹ، مارنا. ۲. سکے پر ٹھپا لگانے یا سکہ ڈھالنے کا کام، ٹھپا، مہر (خصوصاً سکے پر). ۳. (حساب) دو عددوں یا پیمائشوں میں سے ایک کو دوسرے کی اکائیوں کے مطابق جمع کرنے کا قاعدہ. ۴. صوفیوں کا کسی اسم یا کلمے کو خاص جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے. ۵. (عروض) شعر میں دوسرے مصرعے کا آخری رکن. ۶. (موسیقی) مساوی وقفوں سے آواز میں بلندی اور پھر نسبتاً خاموشی کی کیفیت، آواز کے اتار چڑھاؤ کا مجموعہ. ۷. (فقہ) تیمم کے لیے دونوں ہتھیلیوں کو ایک ساتھ مٹی پر مقرر طریقے سے مارنا. ۸. نقصان، گھاٹا، ٹوٹا. ۹. جنگ، لڑائی (جب کہ "حرب" کے ساتھ آئے). [ع].

ضرب الامثال/ المثل مث؛ ج. اقوال یا جملے جو مثال کے طور پر مشہور ہوں، کہاوتیں.

ضرب آنا/ پڑنا محاورہ. ۱. چوٹ لگنا؛ (ساز پر) چوب پڑنا. ۲. زد پڑنا، نقصان پہنچنا، اثر پڑنا، متاثر ہونا.

ضرب دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. ضرر یا صدمہ پہنچانا، چوٹ لگانا. ۲. (حساب) کسی عدد کو دوسرے عدد کی اکائیوں کے برابر جمع کر کے حاصل جمع نکالنا.

ضرب کرنا محاورہ. ۱. تلوار مارنا، وار کرنا. ۲. (حساب). دیکھیے: ضرب دینا، ضرب لگانا. ۳. سکے پر مہر یا ٹھپا لگانا، سکہ ڈھالنا.

ضرب کھانا محاورہ. ۱. چوٹ کھانا، صدمہ اٹھانا. ۲. جھٹکا کھانا، دگنا ہونا، دو چند ہونا.

ضرب لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. وار کرنا، مارنا، کوٹنا. ۲. (تصوّف) کسی اسم کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے، خصوصاً اس طریقے سے اللہ کا نام لینا.

ضَرَر (فت ض، ر) اند.
۱. نقصان، مضرت، زیاں، گزند. ۲. ایذا، تکلیف، صدمہ. اف: پہنچانا/ پہنچنا/ دینا/ کرنا/ ہونا. [ع].

ضرر رَساں صف. نقصان پہنچانے والا؛ تکلیف دینے والا.

ضَرُور (فت ض، و مع). (الف) صف.
۱. بات جس کا ہونا یا کرنا لازم ہو، فرض، واجب، ضروری. ۲. مطلوب، درکار. (ب) م ف. ۱. (تاکید کے لیے) لازمی طور پر، یقیناً. ۲. (طنزاً) ہرگز نہیں، کی جگہ. [ع].

ضَرُورَت (فت ض، و مع، فت ر). (الف) مث.
حاجت، احتیاج. (ب) م ف. ضروری، لازماً. [ع].

ضرورت ایجاد کی ماں (ہوتی) ہے کہاوت. ضرورت کے سبب نئی نئی ایجادیں ہوئی ہیں.

ضرورت پڑنا ف مر. حاجت پیش آنا، کام پڑنا، کسی چیز کی احتیاج. موقع پڑنا؛ مجبوری ہونا.

ضرورت سب کچھ کرالیتی ہے/ میں سب روا ہے فقرہ. ضرورت وقت جو کچھ ہو سکتا ہے کیا جاتا ہے، نیک نامی بدنامی کی کچھ پروا نہیں ہوتی.

ضرورت کے وقت گدھے کو (بھی) باپ بناتے ہیں/ بنانا پڑتا ہے کہاوت. مجبوری میں ہر کسی کی خوشامد کرنی پڑتی ہے، عالم ناچاری آدمی کو سب کچھ کرنا پڑتا ہے، مجبوری کے وقت اپنے سے پست کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے.

ضرورت مند صف. حاجت مند، صاحب غرض؛ تنگ دست.

ضَرُورَةً (فت ض، و مع، فت ر، تن ۃ بلت) م ف؛ ~ ضرورتاً.
ضرورت سے، از روئے ضرورت، ناچار ہو کر. [ع].

ضَرُوری (فت ض، و مع). (الف) صف.
واجب، لازمی، تاکیدی، اہم. (ب) م ف. لازمی طور پر، یقیناً. [ما].

ضَرُوریات (فت ض، و مع، کس ر، شدی) امث : ج.
۱. چیزیں یا افعال جو کسی کام کے لیے لازم ہوں، ضروری چیزیں، لوازم. ۲. پیشاب، پاخانہ وغیرہ.

ضروریات زندگی امذ: امث. چیزیں جو انسان کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں، کھانا، کپڑا وغیرہ.

ضِعْف (کس مع ض، سک ع) صف.
عدد جو کسی چھوٹے عدد سے بلا کسر پورا تقسیم ہو جائے، چھوٹے عدد کا ضعف کہلاتا ہے، م - ۴۹، ۷ کا ضعف ہے اسی طرح ۵۶ اور ۶۳ بھی.
[ع].

ضُعْف (ضم نیز فت ض، سک ع) امذ.
۱. ناتوانی، کمزوری، نقاہت. ۲. کمی. ۳. عدم استحکام، ناپختگی، ڈھیلا پن.
[ع].

ضُعف آنا محاورہ. کمی واقع ہونا، کمزور ہو جانا، گھٹ جانا، غشی آنا.

ضَعیف (فت ض، ی مع) صف.
۱. (i) ناتواں، کمزور، بے طاقت. اف: کرنا / ہونا. (ii). بوڑھا.
۲. (قول، عمل، عقل یا رائے وغیرہ) غیر مستحکم، ناپختہ، ڈھیلا، ست.
۳. (حدیث) حدیث جس کے راویوں میں سے کوئی دروغ گو یا فاسق یا کسی اور طرح سے مطعون ہو، حدیث جو صحیح اور احسن نہ ہو.
[ع].

ضعیف الاعتقاد صف. کمزور اعتقاد والا، غیر پختہ ایمان و یقین والا، توہم پرست.

ضعیف الاعتقادی امث. اعتقاد کی کمزوری، توہم پرستی، سادہ لوحی.

ضَعیفَہ (فت ض، ی مع، فت ف) صف مث: امث.
ضعیف کی تانیث: بوڑھی، بڑھیا، کمزور عورت.

ضَعیفی (فت ض، ی مع) امث.
کمزوری؛ بڑھاپا.

ضَلالَت (فت ض، ل) امث.
گم راہی، غلط راستے پر پڑنا، سیدھی راہ سے بھٹکنا. [ع].

ضِلْع (کس ض، سک نیز فت ل) امذ.
۱. خط، لکیر، گوشہ (جو دو لکیروں کے ملنے سے پیدا ہو). ۲. چند تحصیلوں پر مشتمل علاقہ، صوبے کا وہ حصہ جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو نیز حاکم ضلع کا صدر مقام. ۳. (زمین کا) گوشہ، کونا، علاقہ.
۴. (معماری) تیار عمارت کا کوئی ایک رخ. [ع].

ضلع دار امذ- ضلعدار. ۱. ضلع کے زمینداروں سے (پٹواریوں کے ذریعے) مال گزاری وصول کرنے والا افسر؛ ضلع کے محکمۂ نہر کا ایک عہدہ دار؛ صیغۂ آبپاشی کا وہ افسر جو ضلع بھر کی آبپاشی کا حساب دیکھتا بھالتا ہے.
۲. جاگیر کا عامل؛ گانو کا کارندہ جو تحصیل وصول کرتا ہے.

ضِلْعی (کس ض، سک نیز فت ل) صف.
ضلع سے منسوب یا متعلق.

ضَمّ (فت ض، نیز شدم بحالت اضافت). (الف) امذ.
۱. دو چیزوں کا ملنا یا ملایا جانا، شامل کرنا یا ہونا، الحاق، پیوستگی، ادغام.
۲. (اعراب) پیش کی حرکت، ضمہ. (ب) صف. پیوستہ، مدغم، شامل، ملا ہوا. [ع].

ضم سورت / سورہ امذ. (فقہ) نماز میں سورۂ الحمد کے بعد کوئی اور سورت پڑھنا.

ضِماد (کس ض) امذ.
لیپ، دوا کو پانی یا کسی اور مائع میں ملا کر بدن پر لگانا، پٹی. [ع].

ضَمانَت (فت ض، ن) امث.
۱. ضامنی، ذمہ داری، کفالت، گارنٹی. ۲. (قانون) معاہدہ جس کو کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے اس شرط پر کرے کہ شخص ثالث اگر اپنے عہد کے ایفاء یا ادائے ذمہ داری میں قاصر رہے گا تو وہ (معاہدہ کرنے والا) اس عہد یا ذمہ داری کا ایفا کرے گا. ۳. ملزم کی رہائی کے لیے ضامنی. [ع].

ضمانت پر رہا کرنا ف مر. کسی کی ضامنی پر گرفتاری یا قید سے آزاد کرنا.

ضمانت دینا ف مر؛ محاورہ. ضامن ہونا، کسی کی ذمہ داری قبول کرنا، پکی یقین دہانی کرانا.

ضمانت ضبط ہونا محاورہ. ضامن سے شرط ضمانت پوری نہ ہونے کی صورت میں نقد روپیہ وصول کرنا.

ضمانت لینا محاورہ. ضمانت قبول کرنا، ضامنی طلب کرنا.

ضمانت ہونا محاورہ. کسی ملزم کا ضمانت پر رہا ہونا.

ضَمانَتی (فت ض، ن) صف: امذ.
ضامن، ذمہ دار، کفیل.

ضِمن (کس ض، سک م) اند.
.ذیل، درمیان، شمول، شرکت؛ (مجازاً) تسلسل .۲. (قانون) تحتی دفعہ، ذیلی دفعہ، قانون کی ضمنی دفعہ. [ع].

ضِمناً (کس ض، سک م، تن الف بلفت) م ف.
۱. (کلام یا کام وغیرہ کے) سلسلے میں، ضمنی طور پر، ثانوی حیثیت سے، فروعی طور پر، اصلاً کی ضد .۲. اشارۃً، کنایۃً.

ضِمنی (کس ض، سک م) (الف) صف.
ضمن سے منسوب یا متعلق، عارضی، فروعی، ثانوی (اصلی کی ضد).
(ب) امث (قانون) پولیس افسر کی جانب سے مقدمے کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ.

ضمنی انتخابات اند؛ ج. انتخابات جو پارلیمنٹ یا اسمبلی وغیرہ کی خالی نشستوں کو پر کرنے کے لیے متعلقہ حلقوں سے عمل میں لائے جائیں.

ضَمّہ (فت ض، شدم بلفت) اند.
(اعراب) پیش کی حرکت، جس کی علامت یہ ہے ـُـ. [ع].

ضَمیر (فت ض، ی مع). (الف) اند.
۱. دل، قلب، باطن، صحیح اور غلط میں تمیز کرنے کی اخلاقی حس، نیک و بد کا احساس، نیکی کا جذبہ .۲. (چھپا ہوا) راز، بھید .۳. (تصوّف) اندیشۂ دل اور اندرونِ دل اور جو کچھ دل میں گزرے اور خواطر دل نیز پوشیدہ چیز. (ب) امث. (قواعد) اسم جو اسم ظاہر کا قائم مقام ہو، یعنی وہ مختصر سا اسم جس سے متکلم یا حاضر یا غائب مراد لیا جاتا ہے مثلاً میں، تم، وہ وغیرہ. [ع].

ضمیر بیچنا محاورہ. کسی غرض سے جان بوجھ کر اپنے اصول کے خلاف عمل کرنا، کسی سے ذاتی فائدے کے حصول کے لیے حق و انصاف کے منافی کام کرنا، باطل کا ساتھ دینا.

ضمیر فروش صف. اپنا ایمان بیچنے والا، حرصِ دنیا میں باطل کی تائید کرنے والا، دنیوی فائدے کی خاطر جان بوجھ کر ظلم و جور یا ناحق کا ساتھ دینے والا.

ضَمیما / ضَمیمَہ (فت ض، ی مع / فت م) امث.
۱. (کسی چیز کے اصل یا ضروری حصّے پر بڑھا کر) شامل کیا ہوا، زائد شے جو اصل کے ساتھ شامل ہو، مستزاد، تتمہ، تابع .۲. (اخبار) معمول کے اخبار یا رسالے کے علاوہ وہ پرچہ جو کسی خاص ضرورت کے تحت مقررہ وقت کے خلاف شائع ہو، اخبار کی معمول سے الگ اشاعت زائد پرچہ. [ع].

ضَو (و لین) امث ؛← ضوء.
روشنی، چمک، آفتاب کی روشنی. [ع].

ضَو افشاں صف ؛← ضوفشاں. روشنی دینے والا، روشن، تاں ناک، منور.

ضَو افشانی امث ؛← ضوفشاں. کا اسمِ کیفیت، روشنی دینا، چمکنا.

ضَوابِط (فت ض، کس ب) اند؛ ج.
ضابطے، قواعد، قوانین. [ع].

ضِیا (کس ض) امث.
روشنی، نور، چمک، رونق. [ع].

ضیا پاش صف. روشنی بکھیرنے والا، ضوفشاں.

ضَیاع (فت ض) اند.
نقصان، تباہی، ہلاکت، ضائع ہونا. [ع].

ضِیافت (کس ض، فت ف) امث.
۱. (کسی کو مہمان کے طور پر) کھانا کھلانا، دعوت، مہمانی .۲. (مجازاً) حظ، لطف، تفریح کا ذریعہ یا سامان. اف: کرنا / ہونا. [ع].

ضیافت دینا محاورہ. دعوت کرنا، کھانے پر بلانا.

ضَیغَم (ی لین، فت غ) اند.
شیر ببر؛ (مجازاً) بہادر، جری. [ع].

ضِیق (ی مع). (الف) امث.
تنگی، گھٹن؛ محدودیت؛ انقباض، ناگواری .۲. مشکل، پریشانی، دشواری کوتاہی، کمی. (ب) صف. تنگ، محدود. [ع].

(ط)

ط حرف، امث.
صوتی اعتبار سے اردو حروف تہجی کا ۳۲ واں، عربی کا سولھواں فارسی کا انیسواں حرف جو حرف صحیح اور ترتیب ابجد میں نواں ہے عربی اور فارسی میں اسے طا اور اردو میں طوئے کہتے ہیں.

طا مث.
دیکھیے : ط ، عموماً تراکیب میں مستعمل.

طابع (کس ع ب) صف ؛ اند.
طبع کرنے والا ، چھاپنے والا . [ع].

طارِق (کس ر) اند.
رات کو آنے والا ؛ (کنایۃً) ستارۂ صبح . [ع].

طاری صف.
چھایا ہوا ، پھیلا ہوا ، مسلط ، غالب آنے والا .

طاعَت (فت ع) مث.
۱. (خدائے تعالیٰ کی) عبادات ، پرستش ، خدا کی بندگی .۲. اطاعت ، تابع داری ، فرماں برداری .۳. (تصوف) ماسوا اللہ سے روگرداں ہو کر حق میں مشغول ہونا . [ع].

طاعُون (و مع) اند.
ایک وبائی متعدی بیماری جس میں ایک پھوڑا بغل یا جانگھ میں نکلتا ہے اور اس کے زہر سے انسان بہت کم جانبر ہوتا ہے ، اس میں عموماً قے ، غشی اور خفقان کا غلبہ رہتا ہے ، یہ مرض پہلے چوہوں میں پھیلتا ہے پھر انسانوں میں آتا ہے ، یہ بیماری پسوؤں کے ذریعے پھیلتی ہے . [ع].

طاغُوت (و مع) .(الف) صف.
گمراہ ، سرکش ، شیطان (جو خدا سے منحرف ہو اور گمراہ کرے) . (ب) اند.
(فتح مکہ سے اور بت شکنی سے پہلے) مکے کے ایک بت کا نام ، ایک قوی ہیکل بت کا نام . [ع].

طاغُوتی (و مع) صف.
شیطان سے منسوب ، باطل پرست ، (احکام خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) سرکشی کرنے والا ، شیطانی .

طاق اند.
۱. (i) محراب . (ii) دیوار کے آثار میں خانہ داری کی معمولی چیزیں رکھنے کو محراب دار یا چوکور جگہ .۲. ایوان ، محل ؛ (کنایۃً) آسمان .۳. عدد جو دو سے تقسیم نہ ہو نیز دو سے تقسیم نہ ہونے والے عدد کا معدود ، جفت کی ضد ، فرد (زوج کا مقابل) . (ب) صف .۱. تنہا ، بیکس ، اکیلا .۲. یکتا ، بے مثل ، لاثانی ، ماہر . [ع].

طاق ہو (اٹھا) رکھنا محاورہ. پس پشت ڈال دینا ، ترک کرنا ، بھلا دینا چھوڑ دینا .

طاق عدد اند. عدد جو دو سے پورا پورا تقسیم نہ ہو سکے .

طاق نسیان اند. (کنایۃً) بھول ، فراموشی (غیر مستعمل چیز کو طاق پر اٹھا کر رکھ دینا) .

طاق ہونا محاورہ. ماہر ہونا ، یکتا ہونا .

طاقَت (فت ق) مث.
۱. قوت ، توانائی ، بل .۲. مجال ، تاب ، جرأت .۳. کسی کام کو کرنے کی قدرت ، برداشت .۴. قابلیت ، صلاحیت ، لیاقت ، استعداد .۵. بساط حیثیت ، ظرف .۶. موثر ہونا ، تاثیر ، اثر کرنے کی قدرت یا صلاحیت .۷. (i) اقتدار ، حکومت ، اختیار ؛ حریف ، فریق . (ii) (دشمن سے) مقابلے کا سامان ، اسلحہ اور فوج . [ع].

طاقت آزمائی مث. زور آزمائی ، قوت کا امتحان ، زور لگانا .

طاقت پرواز مث .۱. اڑنے کی طاقت ، اڑان کی قوت .۲. (مجازاً) اثر و تاثیر ، توسیع ، پھیلاؤ .

طاقت ور صف ؛ = طاقتور .۱. زور آور ، توانا ؛ برتر کارکردگی کی صلاحیت رکھنے والا .۲. مضبوط ، مستحکم .

طاقچہ (سک ق ، فت چ) اند.
چھوٹا طاق .

طالِب (کس ل) صف ؛ اند.
۱. طلب کرنے والا ، مانگنے والا ، خواہش کرنے والا ، آرزو مند ، خواست گار ، مشتاق .۲. تلاش کرنے والا ، جویا ، ڈھونڈنے والا .۳. مرید ، شاگرد معنوی . [ع].

طالب العلم / علم اند. علم پڑھنے ، سیکھنے والا ، علم کا طلبگار ، تعلیم حاصل کرنے والا شخص .

طالب العلمی/علمی مث. تعلیم پانا ، تحصیل علم نیز شاگردی ، تحصیل علم کا کام یا زمانہ .

طالب و مطلوب اند. عاشق و معشوق، حبیب و محبوب، باہم محبت کرنے والے

طالبات (کس ج ل) امث: ج.
تعلیم حاصل کرنے والی (لڑکیاں).

طالبہ (کس ج ل، فت ب) امث.
طالب کی تانیث، ڈھونڈھنے والی، جستجو کرنے والی نیز تعلیم حاصل کرنے والی (لڑکی وغیرہ).

طالع (کس ج ل). (الف) صف.
طلوع ہونے والا، نکلنے والا (سورج کی طرح)، اٹھنے یا ابھرنے والا.
(ب) اند. ۱. قسمت، بخت، نصیبہ، مقدر، تقدیر. ۲. (نجوم) برج، ستارہ یا درجہ جو پیدائش کے وقت یا (نجومی کے) کسی سوال کے استفسار کے وقت مشرق سے نمودار ہوتا ہو؛ (کنایۃً) قسمت، تقدیر. [ع].

طالع آزما صف. قسمت کو آزمانے والا، جدوجہد کرنے والا، کوشش کرنے والا.

طامع (کس ج م) صف.
طمع کرنے والا، لالچی، حریص. [ع].

طٰہٰ / طاہا اند.
قرآن پاک کے حروف مقطعات میں سے ایک لفظ؛ قرآن کے ایک سورہ کا نام جو اس لفظ سے شروع ہوتا ہے نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب.

طاہر (کس ہ) صف: اند.
۱. پاک، نجاست سے بری، آلائش اور عیب سے منزہ. ۲. (i) جس کا دل اور ضمیر برے خیالات سے پاک ہو، نیک، پرہیزگار؛ (عموماً) نبی، ولی وغیرہ. (ii) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب. [ع].

طاہرہ (کس ج ہ، فت ر) (الف) صف.
طاہر کی تانیث، پاک، صاف. (ب) امث. ۱. ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ زوجۂ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب ہے.
۲. جناب فاطمہ زہراؑ بنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب.

طہاری / طاہری (فت ذ / سک ہ) امث.
(طباخی) بگھارے ہوئے نمکین مسالے دار چاول جن میں آلو یا بڑیاں شامل ہوں. [مقامی].

طائر (کس ء) اند.
۱. اڑنے والا جانور، پرندہ چڑیا. [ع].

طائرانہ (کس ج ء، فت ن) صف: م ف.
طائر کے مانند، اڑتا ہوا؛ اچٹتا ہوا، سرسری (نگاہ وغیرہ کے لیے مستعمل)

طائرانہ نظر / نگاہ ڈالنا محاورہ. اچٹتی نگاہ ڈالنا، سرسری طور پر دیکھنا.

طائف (کس ء) صف: اند.
۱. (کسی جگہ کے) چاروں طرف پھرنے والا؛ (کعبۃ اللہ کا) طواف کرنے والا شخص، زائر. ۲. ایک مقام کا نام جو مکے کے قریب ہے. [ع].

طائفہ (کس ج ء، فت ف) اند.
۱. (i) جماعت، گروہ، آدمیوں کی پارٹی، ہم راہی لوگ، کارواں (ii) قوم، فرقہ، ملت، خاندان. ۲. (i) ناچنے گانے والوں کی ٹولی (جو عموماً خوشی کے موقع پر بلائی جاتی ہے). (ii) فنکاروں کا گروہ جگہ جگہ جا کر ثقافتی مظاہرے کرے.

طاؤس (و مع) اند.
بڑے مرغ کے برابر ایک پرند جو عموماً باغ اور جنگل وغیرہ میں رہتا ہے، اس کے پر ہرے نیلے پیلے اور سنہرے رنگ برنگے اور دم سبز اور سنہری چاند ہوتے ہیں، برسات میں دم کے پر پھیلا کر بڑی ترنگ سے ناچتا اور کوکتا ہے، مور. [ع].

طاؤس و رباب اند. رقص و موسیقی؛ (مجازاً) عیش و عشرت.

طِب (کس ط عموماً مرکبات میں شد ب) امث.
صحت و مرض کی تشخیص اور علاج کا علم، جسمانی علاج کا طریقہ جسمانی علاج (عموماً قدیم یونانی حکما کے وضع کردہ اصول پر) دواؤں سے علاج کا فن. [ع].

طب مغرب امث. ایلوپیتھی طریقۂ علاج، علاج بالضد.

طب یونانی امث. وہ طریق علاج جسے یونانی حکما نے رائج کیا مسلمانوں نے اختیار کر کے اسے بہت ترقی دی.

طبابت (کس ط، فت ب) امث.
طب کا پیشہ کام یا فن؛ علاج کرنا، ڈاکٹری؛ علاج کا علم. [ع].

طبّاخ (فت ط، شد ب) اند.
باورچی، کھانا پکانے والا، نان بائی. [ع].

طَباشِیر (فت ط ، ی مع)امث .
۱.ایک سفید نیلاہٹ لی ہوئی چیز کا نام جو بانس کے اندر سے نکلتی اور ادویات میں پڑتی ہے ، بنس لوچن .۲.کھریا ، کھریا مٹی ، چاک .۳.(مجازاً) سفیدی .

طَبّاع (فت ط ، شد ب)صف .
بہت تیز طبیعت والا ، ذہین ، ذکی . [ع] .

طِباعَت (فت نیز کس ط ، ع)امث .
چھاپنے کا فن ، چھپائی . [ع] .

طِباعَتی (فت نیز کس ط ، ع)صف .
طباعت سے منسوب ، چھپنے سے متعلق ، چھاپے کا .

طَباق (فت ط)امذ .
۱. سینی سے چھوٹا اور رکابی سے بڑا تسلا (دھات کا ہو یا مٹی کا) ، بڑی رکابی ، بڑی پلیٹ .۲. (نباتیات) سرپوش ، پودوں کا غلاف جو کیسہ کے راس پر ہوتا ہے اور کیسہ کے شگفتہ ہونے پر علیحدہ ہو جاتا ہے .
طباق سا صف .۱.طباق جیسا ، چوڑا چکلا .۲.طباق کی طرح مکمل گول (عموماً سورج کے لیے مستعمل) .

طِباق (کس ط)امذ .
نثر و نظم کی ایک خوبی جس میں دو اسم یا دو فعل ایسے لاتے ہیں جن کے معنی ایک دوسرے کے مخالف ہوں ، صنعت تضاد . [ع] .

طَبائِع (فت ط ، کس ئ)امذ :امث : ج .
طبیعتیں ، مزاج .

طَبع (فت ط ، سک ب)(الف) امذ .
۱.فطرت ، جبلت ، سرشت ، خمیر ، مزاج .۲. عادت ، خصلت ، نوعیت ، تخیل ، فکر (مصنف کا) . (ب) امث : امذ .۱. (چھاپا خانے میں) چھاپنے کا کام ، چھاپنا یا چھپنا نیز چھپی ہوئی چیز کا ایڈیشن .۲.مہر ، چھاپ ، سکہ ، نقش .اف : کرانا رکرنا رہونا . [ع] .
طبع آزمائی امث . ذہن و فکر کی جودت دکھانا ، اپنے فن کے جوہر دکھانا ؛ (عموماً) لکھنا (نظم و نثر) .
طبع رواں امث . طبیعت جو ہمہ وقت فن کے اظہار پر آمادہ ہو .
طبع شدہ صف . چھپا ہوا ، شائع شدہ .

طَبعاً (فت ط ، سک ب ، تن ع بفت) م ف .
فطری طور پر ، مزاج یا عادت سے ، خلقت کی رو سے .

طَبعی (فت ط ، سک نیز فت ب)صف .
۱.فطری ، خلقی ، ذاتی ، قدرتی .۲. (فلسفہ) حکمت کی وہ شاخ جس میں فطرتی ، مادی اور قدرتی خواص اشیاء کی تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے ، وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل کا حال بیان ہوتا ہے .
۳.(طبیعیات) علم طبیعیات کا ماہر ، طبیعیات داں .
طبعی عمر امث .قدرت کی مقرر کردہ عمر .
طبعی موت امث .فطری موت ، موت جو قدرتی طور پر واقع ہو .
طبعی میلان امذ .فطری جھکاؤ ، پیدائشی خواہش یا رغبت .

طَبعِیّات (فت ط ، سک ب ، کس ع ، شد ی)امث : امذ .
طبعی سے تعلق رکھنے والے (امور) ، فزکس ، علم طبیعیات .

طَبَق (فت ط ، ب)امذ .
۱.تھالی ، سینی ، خوان ، بڑی رکابی .۲.طبقہ ، خطہ ؛ تختہ .۳. تہ ، پرت ، سطح (عموماً زمین کی) .۴.گولا ؛ کرہ ، روئے زمین ، دنیا .[ع] .
طبق ساز امذ .سونے چاندی کے ریزے کوٹ کر ان کے ورق بنانے والا .

طَبَقات (فت ط ، ب نیز سک ب)امذ ؛ ج .
طبقہ کی جمع ، طبقے .
طبقات الارض امذ . (ارضیات) زمین کے طبقے ، علم طبقات الارض ، ایک علم کا نام جس میں زمین کی کھدائی کر کے اس کے تہ بہ تہ پرتوں سے برآمد ہونے والی اشیا و آثار سے قدامت کا پتا چلتا ہے ، جیالوجی ، ارضیات .

طَبَقاتی (فت ط ، فت نیز سک ب)صف .
گروہ سے تعلق رکھنے والا ؛ معاشرتی .
طبقاتی جنگ امث . کشمکش جو نادار اور زردار طبقوں کے درمیان مفادات کے تصادم کے باعث ہوتی ہے ، گروہوں کے درمیان ہونے والی جنگ .
طبقاتی کشمکش امث . سرمایہ دار اور محنت کشوں کے درمیان ایک مسلسل آویزش جس کی بنیاد اگرچہ معاشی عدم مساوات پر ہے لیکن اس کا

اظہار اقتصادی میدان کے علاوہ سیاسی کشمکش اور نظریاتی آویزش کی صورت میں بھی ہوتا ہے (عموماً اشتراکی مصنفین کے یہاں مستعمل).

طَبَقَہ (فت ط، ب نیز سک ب، فت ق) اند.
. انسانوں یا حیوانوں کا چھوٹا گروہ جو کچھ خصوصیات کے باعث دوسرے گروہ سے ممتاز اور الگ ہو .۲. (i) درجہ، منزل . (ii) رتبہ، حیثیت، پایہ .۳. تہ، پرت، تختہ، سطح (عموماً زمین کی) .۴. خطہ، (سطح زمین کا) حصہ .۵. الماری کے اندر کا تختہ (جس پر کتابیں یا کوئی اور سامان رکھا ہو)، شیلف . [ع].

طبقہ وارانہ صف: م ف .دیکھیے: طبقاتی، گروہی.

طبقہ واریت امث .طبقاتی ہونے کی حالت، دو مختلف طبقوں میں بٹنے کی کیفیت، امیری غریبی کی تفریق.

طَبْل (فت ط، فت نیز سک ب) اند.
بڑا ڈھول، دمامہ، نقارہ. [ع].

طبل بجنا ف مر: محاورہ .۱. ڈھول بجنا، نقارہ بجنا .۲. دھوم مچنا، شہرہ ہونا، ڈنکا بجنا.

طبل جنگ اند .نقارہ جو لڑائی کے لیے بجایا جاتا ہے.

طبل چی/ طبلچی اند .ڈھول بجانے والا، طبلہ بجانے کا ماہر، طبلہ بجانے کا استاد یا ماہر.

طَبْلَق (فت ط، سک ب، فت ل)(الف) اند.
۱. کاغذ وغیرہ کا بنا ہوا وہ بستہ جس میں بہت سے کاغذ رکھتے اور اسے چوطرفہ یا دوطرفہ اسی کاغذ وغیرہ کی لپیٹ سے بند کر کے فیتے وغیرہ سے باندھتے ہیں نیز وہ کاغذوں کا مٹھا جو ایسے بستے میں لپٹا ہوا ہو، کاغذوں کا بنڈل یا فائل نیز دفتر کا ریکارڈ، رجسٹر .۲. کاغذات کے بنڈل، رسالے یا اخبار پر اس کو بند رکھنے کے لیے لگایا جانے والا کاغذ، چٹ. (ب) امث .(موسیقی) ڈھول اور اس قسم کے باجوں کے منھ کا منڈھا ہوا چمڑا.

طَبْلَہ (فت ط، سک ب، فت ل) اند.
(موسیقی) ساز کے ساتھ بجانے کا مشہور باجا جو گملے کی شکل یا پیالہ نما، منھ کھال سے منڈھا ہوا جوڑی دار ہوتا ہے اور اصطلاحاً دایاں طبلہ، بایاں طبلہ کہلاتا ہے، جس میں بائیں کا منھ دائیں سے نسبتاً چوڑا ہوتا ہے، یہ باجا انگلیوں کی ضرب اور ہتھیلی کی تھاپ سے بجایا جاتا ہے. [ع]

طِبّی (کس ط، شد ب) صف.
طب سے منسوب، طب کا، حکیم یا ڈاکٹر سے تعلق رکھنے والا (امر) علم طب سے متعلق.

طبی تصدیق نامہ اند .طبیب یا ڈاکٹر کا جاری کردہ صداقت نامہ جو کسی شخص کی بیماری، شفایابی، صحت مندی یا انتقال کی تصدیق کرتا ہے میڈیکل سرٹیفکیٹ.

طبی معائنہ اند .کسی جسم یا چیز کی طبی جانچ پڑتال.

طَبِیب (فت ط، ی مع) اند.
۱. (کسی بھی) طریق علاج کا جاننے والا، معالج، ہر مرض یا عیب چارہ ساز، علم طب کا جاننے والا، ڈاکٹر .۲. یونانی طب کے اصول اور نسخوں سے تشخیص کرنے والا معالج، خاص طور پر نبض اور قارورہ سے مرض تشخیص کر کے نسخہ تجویز کرنے والا شخص، حکیم. [ع].

طبیعات (فت ط، ی مع) امث.
دیکھیے: طبیعیات.

طَبِیعَت (فت ط، ی مع، فت ع) امث.
۱. فطرت، جبلت، سرشت، خمیر، خلقی خاصیت .۲. عادت، خصلت، سیرت .۳. (مجازاً) ذہن، سمجھ، تخیل، فکر .۴. (مجازاً) مزاج، دماغ، نفس و روح کی مجموعی کیفیت (جو فطرت نہ ہو) .۵. جسمانی نظام (صحت و مرض کے اعتبار سے)، قوت جسمانی .۶. (مجازاً) دل، جی، نیت. [ع].

طبیعت اچاٹ ہونا محاورہ. دل بے زار ہونا.

طبیعت اکتا جانا / اکتانا محاورہ. بے زار ہونا، ملول ہو جانا، بے کلی پیدا ہو جانا.

طبیعت الجھنا/اولجھنا محاورہ. دل پریشان ہونا، جی گھبرانا، گھبراہٹ

طبیعت بحال(ٹھیک) ہونا محاورہ. مرض میں افاقہ ہونا، صحت ہونا

طبیعت بگڑنا محاورہ .۱. بیمار ہو جانا، مرض کا حملہ ہونا .۲. برہم ناراض ہونا، غصہ آنا .۳. متلی ہونا، جی متلانا.

طبیعت بھاری ہونا محاورہ. بیماری ہونا، درد سر یا حرارت ہونا، طبیعت میں خرابی ہونا.

طبیعت ٹھیک کرنا محاورہ. بگڑے ہوئے مزاج کو مار پیٹ کے یا ڈانٹ ڈپٹ کے یا کسی سخت عمل سے درست کر دینا، راہ راست پر لانا.

طبیعت صاف کرنا محاورہ. پٹائی کرنا، مرمت کرنا.

طبیعت صاف ہونا محاورہ. ۱. دل سے شکوہ شکایت یا عداوت و کینہ ختم ہونا. ۲. (مرض سے) افاقہ ہونا، صحت ہونا. ۳. (طنزاً) طبیعت جھک ہو جانا، مرمت ہونا، پٹائی ہونا، سزا ملنا، شیخی جاتی رہنا، اکڑ نکلنا.

طبیعت گری گری ہونا محاورہ. بخار کی آمد آمد ہونا، کچھ نہ کرنے کو دل چاہنا، طبیعت میں بھاری پن محسوس ہونا.

طبیعت مالش کرنا محاورہ. جی متلانا، طبیعت کا قے کرنے کی طرف مائل ہونا.

طبیعت مچلنا محاورہ. بے تاب ہونا، بے قرار ہونا، کسی بات یا شے کے لیے ضد کرنا؛ اچھی چیز کو دیکھ کے اس کے حصول کے لیے بار بار دل چاہنا.

طبیعت موزوں ہونا محاورہ. وزن شعر کا ادراک ہونا، طبیعت میں موزونیت ہونا، شعر کے وزن و بحر کا شعور ہونا.

طبیعتاً (فت ط، ی مع، فت ع، تن ت بفت) م ف.
فطرتاً، جبلی طور سے، طبیعت کے مطابق.

طبیعی (فت ط، ی مع) (الف) صف.
پیدائشی، فطری. (ب) اند. ۱. (فلسفہ) حکما کا وہ گروہ نیز وہ شخص جو مادے کو قدیم مانتا ہے اور خدا کے وجود کو تسلیم نہیں کرتا ۲. علم طبیعیات کا اُستاد، ماہر طبیعیات. ۳. (طب) صیدلی، تناقض کی ایک قسم، ایک عمل جو اُس وقت واقع ہوتا ہے جب کہ اجزا پانی میں حل پذیر نہ ہوں اور ایک صاف محلول نہ بنے. (ج) امث. حکمت کی ایک شاخ کا نام جس میں اجسام کے تغیر و تبدیل اور ان کی خاصیت کا حال بیان کیا جاتا ہے. [ع].

طبیعی خواص اند؛ ج. (کیمیا) ایسی خاصیتیں جو طبیعی تبدیلیوں سے متعلق ہوں.

طبیعی علوم اند؛ ج. وہ علوم جو مادہ کے حقائق سے بحث کرتے ہیں اور جن کی بنیاد مشاہدہ اور تجربہ پر ہوتی ہے ان میں کیمیا، حیاتیات اور طبیعیات وغیرہ شامل ہیں.

طبیعیّات (فت ط، ی مع، کس ع، شد ی تیز بلا شد) امث.
علم الاجسام (بہ شمول نباتات اور جمادات)، فزکس، مادے کے خواص و ماہیت، توانائی اور متعلقہ مسائل کا مطالعہ.

طبیعیّاتی (فت ط، ی مع، کس ع، شد ی تیز بلا شد) (الف) صف.
طبیعیات سے منسوب، طبیعیات کا. (ب) اند. علم طبیعیات کا اُستاد، ماہر طبیعیات.

طپش (فت ط، کس پ) امث ~ تپش.
۱. تڑپ، اضطراب، بے قراری، بے چینی ۲. (سورج کی کرنوں یا آگ کی لپٹ سے) گرمی، تمازت، حدت کی شدت یا سوزش.

طپنچا/ طپنچہ (فت ط، پ، سک ن/فت چ) اند.
تمنچہ، چھوٹی بندوق، پستول.

طرّاح (فت ط، شد ر) صف.
طرح ڈالنے والا، بنیاد رکھنے والا، نقاش و معمار، عمارت میں رنگ بھرنے والا، نمونہ بنانے والا. [ع].

طرّار (فت ط، شد ر) صف.
۱. بہت زیادہ زبان چلانے والا، عیار، تیز زبان، لسان؛ شوخ؛ زبان دراز ۲. تیز، چالاک، ہوشیار. [ع].

طرّاری (فت ط، شد ر) امث.
عیاری، چالاکی، تیز دستی، تیزی، گستاخی، زبان کی شوخی.

طراز (فت ط) اند.
۱. نقش و نگار، زیب و زینت، سجاوٹ، امتیازی لباس یا نشان. ۲. زردوزی کا کام، کارچوبی.

... طراز (فت ط) لاحقہ.
آراستہ کرنے والا، عمل میں لانے والا (کرنے والا) کے معنی میں بطور جزو دوم مستعمل.

طرازی (فت ط) امث.
آراستگی، سجاوٹ، نقش و نگار بنانا.

طَراوَت/طَراوَٹ (فت ط، و)امث.
(نباتیات کی) تر و تازگی، شادابی، سرسبزی ۲. ٹھنڈک، خنکی.
۳. (مجازاً) بہار، رونق، آب داری، خوبی، شگفتگی. [ع].

طراوت آنا محاورہ. ٹھنڈک پیدا ہونا.

طراوت بخشنا ف مر. تازگی دینا، فرحت دینا.

طَرَب (فت ط، ر)امث.
خوشی، نشاط، شادمانی، انبساط. [ع].

طرب انگیز صف. خوش کرنے والا، فرحت بخشنے والا، خوشی بڑھانے والا، سبب انبساط.

طَرَبِیَہ (فت ط، نیز سک ر، کس ب، شد ی بفت نیز بلا شد)امث؛ امذ.
نظم یا ڈراما جس سے دل میں طرب کا احساس پیدا ہو (المیہ کی ضد).

طَرح (فت ط، نیز سک ر)(الف)امث.
۱. طور، طریقہ، ڈھب، تدبیر ۲. دلکشی کا ڈھنگ، ناز، ادا، بانکپن، چھب؛ چہرہ مہرہ، وضع قطع ۳. بنیاد، بنا، تمہید ۴. وہ مصرع جو مشاعرے وغیرہ میں وزن اور قافیہ، ردیف مقرر کرنے کے لیے نمونے کے طور پر دیا جاتا ہے سب شرکائے مشاعرہ اسی پر طبع آزمائی کرتے ہیں ۵. روش، طرز، انداز، چلن ۶. قسم، نوع. (ب) م ف. طور پر، طریقے سے. [ع].

طرح دار / طرحدار صف. ۱. حسین، چھبیلا، آن، انداز والا، خوب صورت. ۲. منفرد اسلوب کا، تیکھے انداز کا ۳. (تزئیں لباس) رنگین دھاری دار ریشمی کپڑا، بناوٹ، دونوں طرف یکساں دھاریاں قریب قریب اور مختلف وضع کی ہوتی ہیں زیادہ تر زنانے پاجامے بنانے کے کام آتا ہے.

طرح داری امث. خوب صورتی، دل کشی.

طرح دینا محاورہ. نظر انداز کرنا، چشم پوشی کرنا.

طرح ڈالنا محاورہ. بنیاد ڈالنا، تدبیر کرنا.

طرح طرح کا/کی/کے صف. مختلف طرح کا، قسم قسم کا.

طرح نکالنا محاورہ. ۱. (شعر و سخن) غزل وغیرہ کے لیے نئی زمین پیدا کرنا ۲. نیا انداز اختیار کرنا، نئی روش اپنانا.

طَرحی (فت ط، نیز سک ر)صف.
وہ غزل یا اشعار جو مصرع طرح پر کہے گئے ہوں نیز وہ مشاعرہ جس میں طرح کا مصرع دیا گیا ہو.

طرحی مشاعرہ امذ. ایسا مشاعرہ جس میں شعرا پہلے سے مقرر کیے ہوئے کسی مصرع طرح پر غزل کہتے ہیں.

طَرْز (فت ط، سک ر)امذ؛ امث.
۱. طریقہ، روش، قاعدہ، دستور ۲. (اظہار یا ادائی مطلب کے لیے) ڈھنگ، انداز ۳. (نثر یا نظم کا) رنگ، اُسلوب ۴. موسیقی، دھن ۵. شکلیں، صورتیں ۶. شکل، ہیئت، وضع. [ع].

طرز ادا/ ادائی امث. کسی بات کو کہنے کا طریقہ یا انداز.

طرز تحریر امث. لکھنے کا انداز، تحریر کا طریقہ.

طرز لے اڑنا محاورہ. طرز اُڑانا، ہو بہو نقل کرنا، ڈھنگ سیکھ لینا.

طَرَف (فت ط، نیز سک ر)(الف)امذ؛ امث.
۱. کنارہ، گوشہ، حصہ ۲. (i) جانب، سمت، رخ. (ii) پاس، نزدیک (مجازاً) خدمت میں. (iii) لیے، واسطے، سمت. ۳. علاقے میں اطراف جوانب میں. (ب) صف. مقابل، مد مقابل، برابر، حریف [ع].

طرف دار / طرفدار صف. پاس داری کرنے والا، حمایتی، جانب

طرف داری/ طرفداری امث. جانب داری، پاس داری.

طرف سے م ف. نزدیک، خیال کے مطابق، حسابوں، (میرے والے، جانب سے.

طُرفَگی (ضم ط، سک ر، فت ف)امث.
ندرت، انوکھا پن، عمدگی، جانب سے.

طُرفَہ (ضم ط، سک ر، فت ف)صف.
نادر، انوکھا، عجیب، نیا. [ع].

طَرَفَین (فت ط، فت نیز سک ر، ی لین)امذ.
(کسی مقدمے یا معاملے کے) دونوں فریق.

طُرّم خان (ضم ط، شد ر بفت)امذ.
(طنزاً) اکڑو، شیخی بگھارنے والا؛ (تعریفاً) سورما، اکڑنے والا، [علم].

طُرّہ (ضم ط، شد ر بفت) صف؛ اند.

۱. بالوں کا گچھا جو پیشانی پر بل کھائے، (استعارۃً) ہر وہ چیز جو گچھے کی صورت میں پیشانی پر لہرائے، ہر وہ چیز جو زلف سے مشابہ ہو (جیسے سنبل یا درخت شمشاد کی نازک لٹکتی ہوئی شاخیں وغیرہ). ۲. (مقیش کے تاروں پھولوں یا موتیوں کا) گچھا، ہار (جو پگڑی ماتھے یا سینے پر ہو) ۳. پھندنا، گچھا (خاص کر ٹوپی وغیرہ کا). ۴. پگڑی کا پلہ جو سر کے اوپر نکلا ہوا ہوتا ہے اور عموماً کلف لگا کر کھڑا کر دیا جاتا ہے. ۵. عجیب بات، انوکھی بات، خوبی. ۶. امتیاز، خصوصیت. ۷. بھنگ کا وہ گھونٹ جو قدح کے بعد پیتے ہیں. [ع].

طرہ امتیاز اند. وہ صفت جو دوسروں سے ممتاز کرے، باعث امتیاز.

طرہ یہ کہ فقرہ. مزید براں، علاوہ بریں، زائد، مزید.

طَرِیق (فت ط، ی مع) اند.

۱. راہ، راستہ، سڑک ۲. طریقہ، روش، طرز، ڈھنگ ۳. رواج، دستور ۴. انداز، اطوار، طور. [ع].

طریق کار اند. کام کرنے کا طریقہ.

طَرِیقَت (فت ط، ی مع، فت ق) امث.

۱. راہ، باٹ، رستہ، ڈگر ۲. (تصوف) صوفیائے کرام کے مسلک کا نام جس میں عشق الٰہی کو تمام عبادات پر فوقیت حاصل ہے، شریعت کو قلب کی گہرائیوں میں محسوس کرنے کی کیفیت ۳. مذہب، شریعت، دین. [ع].

طَرِیقَہ (فت ط، ی مع، فت ق) اند.

۱. طَرِیق، روش، طرز، ڈھنگ ۲. قاعدہ، اصول ۳. راستہ، ترکیب ۴. صوفیوں کا مسلک، راہ سلوک. [ع].

طریقہ کار اند. کام کرنے کا انداز، کام کا اصول، ڈھنگ، قرینہ یا انداز.

طریقے کا صف. اچھے اوصاف کا حامل، پسندیدہ.

طَشت (فت ط، سک ش) اند.

۱. بڑی طشتری، کونڈا، تھال، لگن، پرات، تسلا ۲. ایک بڑا چوڑا چکلا ظرف جس میں قدیم زمانے میں مجرم کو لٹا کر اس کا سر اڑا دیا کرتے تھے ۳. ہاتھ دھونے کا برتن، چلمچی.

طشت ازبام صف. ظاہر، کھلا ہوا، مشہور، افشائے راز.

طشت ازبام کر دینا / کرنا محاورہ. راز کو ظاہر کر دینا، افشا کر دینا کسی بات کو کھول کر پیش کر دینا.

طَشتَری (فت ط، سک ش، فت ت) امث.

رکابی، تشتری.

طشتری لکھنا ف مر؛ محاورہ. (عملیات) کسی عامل کا چینی کی رکابی پر قرآن شریف کی آیتیں لکھ کر دینا (عقیدے کے مطابق جس کو دھو کر پینے سے کئی امراض رفع ہوتے ہیں).

طعام (فت ط) اند.

کھانا، غذا، خوراک. [ع].

طُعْم/طُعْمَہ (ضم ط، سک ع/ فت م) اند.

۱. کھانا، غذا، خوراک ۲. لقمہ، نوالہ.

طَعْن (فت ط، سک ع) اند.

۱. نیزے کا وار، نیزہ بازی ۲. عیب گیری، نکتہ چینی، بولی ٹھولی، لعن طعن، ملامت، عیب جوئی. [ع].

طعن آمیز صف. طنز یا ملامت سے بھرا ہوا.

طعن و تشنیع امث. طعنے، لعنت ملامت، طنز، جلی کٹی بات.

طَعْنَہ (فت ط، سک ع، فت ن) اند.

۱. نیزہ مارنا ۲. ایسی چبھتی ہوئی بات کہنا یا الزام لگانا جس سے ایسا محسوس ہو جیسے کسی نے نیزہ مار دیا، عیب گیری، طنز، ملامت. [ع].

طعنہ دینا محاورہ. ملامت کرنا، چھیڑنا، آواز کسنا، احسان یا نیکی کر کے اس کا ذکر کرنا، برا بھلا کہنا.

طعنہ زنی امث. طعنہ دینا، طعنہ مارنا.

طعنہ مارنا محاورہ. آوازہ کسنا، طعنہ زنی کرنا، اعتراض کرنا.

طُغرا / طُغرَہ (ضم ط، سک غ/فت ر) اند.

۱. ایک خم دار لیکن خوش نما خط، نظیر گیر تحریر خواہ وہ کسی کا نام یا دستخط ہو یا قرآن کریم کی آیت ہو یا کسی کا قول زریں، مونوگرام ۲. (کنایۃً) علامت، نشان.

طُغْیان (ضم ط، سک غ) اند.
حد سے بڑھ جانا، زیادتی کرنا، ظلم، حد سے گزر جانا. ۲. سیلاب، طوفان. [ع].

طُغْیانی (ضم ط، سک غ) (الف) مث.
اسیلاب، دریا کا چڑھاؤ. (۲) زور، زیادتی، شدت (ہوا، موسم وغیرہ کی). (ب) صف. پرزور، جوش سے بھرا ہوا، طاقت ور.

طِفْل (کس ط، سک ف) اند.
بچہ (عموماً) انسان کا بچہ خواہ شیر خوار ہو یا کسی قدر بڑا، لڑکا. [ع].
طفل تسلی مث. بہلاوا، دل بہلانے کی باتیں، جھوٹی تسلی.
طفل مکتب اند. مدرسے میں پڑھنے والا لڑکا؛ (کنایۃً) نوآموز، ناتجربہ کار.

طِفْلانَہ (کس ط، سک ف، فت ن) صف؛ م ف.
بچے یا بچوں کا، بچوں کا سا، بچے کے مانند.
طفلانہ حرکتیں مث؛ ج بچوں کی طرح کام یا باتیں.

طِفْلَگی (کس ط، سک ف، فت ل) مث.
طفلی، بچپن.

طِفْلی (کس ط، سک ف) مث.
بچپن، طفولیت، لڑکپن، کم عمری، نادانائی، کم سنی.

طُفُولِیّت (ضم ط، و مع، کس ل، شدی بفت تیز بلا شد) مث.
بچپن، چھٹپن، بالک پن، لڑکپن، کم عمری کا زمانہ. [ع].

طُفَیل (ضم ط، ی لین) (الف) اند.
واسطہ، ذریعہ، سبب، وسیلہ (عموماً میں یا سے کے ساتھ). (ب) م ف. بدولت، ذریعے، سبب سے، صدقے میں. [ع].

طُفَیلی (ضم ط، ی لین) (الف) صف.
۱. بن بلائے دعوت میں شرکت کرنے والا، ناخواندہ مہمان. ۲. وہ جس کا دار و مدار دوسرے پر ہو، وہ جس کا تکیہ کسی دوسرے پر ہو. ۳. (حیاتیات) جان دار مخلوق (کیڑا، پودا وغیرہ) جو دوسرے کی وجہ سے زندہ ہو، جس کا وجود دوسرے پر منحصر ہو. (ب) مث. طفیل ہونا، کسی دوسرے پر انحصار ہونا؛ (عموماً) ایک پودے کا دوسرے پودے سے غذا حاصل کرنا.

طِلا (۱) (کس ط) اند.
۱. سونا، زر سرخ. ۲. (مجازاً) زر و جواہر، مال و دولت، روپیہ پیسا [ف].
طلا کار صف؛ اند. وہ چیز جس پر نقش و نگار سونے کے بنے ہوں جس پر سنہرا کام ہو.
طلا کاری مث. سونے کا ملمع کرنا، سونے کے تاروں کا کام، سونے کا پانی چڑھانا، ورق بنانا.

طِلا (۲) (کس ط) اند.
(طب) ایک خاص روغن جو سستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لیے عضو پر ملتے ہیں، وہ رقیق شے جو جسم کے کسی حصے پر لگائی جائے مالش کی جائے، مالش کی دوا یا تیل. [ع].

طَلاق (فت ط) مث.
۱. (فقہ) نکاح کا فسخ ہونا، دو عادلوں کے حضور، مجلس واحد میں منکوحہ کو قیدِ نکاح سے آزاد کرنا، قیدِ نکاح سے آزادی و رست گاری.
۲. انکار؛ تردید؛ آزادگی؛ روانی، کشادگی. [ع].
طلاق احسن مث. (فقہ) طلاق جس میں مرد اپنی عورت کو ایک طلاق حالتِ طہر میں دے دے جس میں اُس سے جماع نہ کیا ہو اور یہ ایک طلاق دے کر چھوڑ دے تو عدت ختم ہونے کے ساتھ نکاح ٹوٹ جاتا ہے.
طلاق بائن مث. (فقہ) قطعی طلاق، تین مرتبہ کی طلاق، جدا کرنے والی طلاق جس میں رجوع نہیں ہوسکتا.
طلاق رجعی مث. (فقہ) ایسی طلاق جس کی مدت عدت میں خاوند اپنی عورت کو بلاتجدید نکاح کے بیوی بناسکتا ہے ایک طلاق کے آدمی کا بیوی کی طرف رجوع کرنا.
طلاق مغلظ/ مغلظہ مث. (فقہ) قطعی طلاق، وہ طلاق جس کے مطلقہ سے دوبارہ نکاح صرف اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ پہلے عورت کسی اور مرد سے نکاح کرے اور وہ مرد اس سے خلوت کے بعد اپنی مرضی سے اس کو طلاق دے دے یا اس مرد کا انتقال جائے، اس عمل کو عموماً حلالہ کہتے ہیں، یہ طلاق تین طلاقیں سے واقع ہوتی ہے.

طِلائی (کس ط)صف .
۱.سونے (کے رنگ) کا ، سنہری .۲.سونے کا بنا ہوا .۳.جس پر سونے کا کام کیا گیا ہو، جس پر سنہری یا سونے کے پانی کے نقش و نگار ہوں .
طلائی تمغا / تمغہ اند.سونے کا بنایا ہوا تمغہ جو اعلیٰ کارکردگی یا کسی مقابلہ میں اوّل درجہ حاصل کرنے والے کو دیا جائے .
طَلَب (فت ط ، ل)امث .
۱.جستجو ، تلاش ، کھوج .۲. مقصد ؛ خواہش ، آرزو ، چاہت ، شدید خواہش .۳. مانگ ، مطالبہ ، فرمائش ، ضرورت . [ع] .
طلب کرنا محاورہ .۱. بلانا ، پکار کر بلانا ، آواز دے کر بلانا .۲. چاہنا ، خواہش کرنا ، ڈھونڈنا .
طلب گار صف .طلب کرنے والا ، خواہش مند ، جستجو کرنے والا .
طُلَبا / طُلَباء (ضم ط ، فت ل)اند ؛ ج.
جستجو کرنے والے ، شاگرد .
طَلَبَہ (فت ط ، ل ، ب)اند ؛ ج.
طالب علم ، شاگرد (جو درس گاہوں میں تعلیم پاتے ہیں) .
طَلْبی (فت ط ، سک نیز فت ل)امث .
۱. بلاوا .۲. مانگ ، مطالبہ ، سوال .۳.سمن ، حاضر ہونے کا پروانہ.
طِلِسْم (کس ط ، ل ، سک س)اند.
۱. جادو ، ٹونا ، افسوں ، سحر ، منتر نیز لکھا ہوا کوئی اسم وغیرہ .۲. جادو یا منتر کے زور سے آباد کی ہوئی دنیا . [یو: طلسما کا معرب] .
طلسم اعظم اند.سب سے بڑا اور حیرت انگیز جادو یا جادو کا کارنامہ ، سب سے بڑا طلسماتی عالم .
طلسم باندھنا محاورہ.کوئی حیرت انگیز بات پیدا ہونا ، فریبِ نظر میں مبتلا کرنا، شعبدہ دکھانا ، لوگوں کو محو کر دینا ، حیرت زدہ کرنا.
طلسم ٹوٹنا محاورہ.جادو کا اثر زائل ہونا ؛ راز فاش ہونا .
طِلِسْمات (کس ط ، ل ، سک س)اند ؛ ج.
۱.طلسم کی جمع ، جادو ، عجیب و غریب تماشے ، حیرت انگیز مناظر یا چیزیں .۲. جادو کے اسم ، جادوئی کلمات جو کاغذ پر درج ہوں نیز جادو کا علم یا عمل .

طِلِسْمی (کس ط ، ل ، سک س)صف .
جادو کا ، جادو سے بنا ہوا .
طَلْعَت (فت ط ، سک ل ، فت ع)امث .
۱. رویت ، دیدار ، صورت ، رُخ .۲.طلوع ، روشن ہونا . [ع] .
طلعت زیبا بہ از خلعت دیبا کہاوت .اچھی صورت ، دیبا کی پوشاک سے اچھی ہے .
طُلُوع (ضم ط ، و مع)اند.
۱. (i) روشن ہونا ، ظاہر ہونا ، بلند ہونا ، نکلنا آسمان سے (عموماً چاند اور سورج ، صبح وغیرہ کا) . (ii) اُٹھنا ، چڑھنا (جوانی کا جوش یا نشہ وغیرہ) .۲. آغاز ، ابتدا ، شروع کرنا . [ع] .
طلوع ہونا محاورہ. (چاند ، ستارے یا سورج کا) اُبھرنا ، نمودار ہونا .
طَلِیعَہ (فت ط ، ی مع ، فت ع)اند.
ہراول ، فوج کا وہ دستہ جو دشمن کے حالات معلوم کرنے کے لیے آگے بھیجا جاتا ہے ؛ رات کو لشکر اور شہر وغیرہ کی محافظت کرنے والی فوج ، طلایہ .[ع] .
طَماچا/طَماچَہ (فت ط/ ج)اند - طماچا.
تھپڑ، لپڑ جو کسی کے گال پر لگائیں.
طَمّاع (فت ط ، شدم)صف
بہت زیادہ طمع کرنے والا ، بہت زیادہ لالچی ، بڑا حریص . [ف] .
طَمانْچا / طَمانْچَہ (فت ط ، مغ / فت چ)اند.
۱. (i) وہ ضرب جو ہاتھ پھیلا کر کسی کے گال پر ماری جائے ، تھپڑ . ۲. ہوا کا تھپیڑا . [ف] .
طمانچا / طمانچہ جڑنا محاورہ.تھپڑ مارنا .
طمانچا / طمانچہ مار کر منہ لال رکھنا محاورہ.مفلسی میں بھی خود داری قائم رکھنا ، غیرت مند ہونا .
طمانچا / طمانچہ مارنا ف مر؛ محاورہ.تھپڑ لگانا ؛ نیچا دکھانا ، ذلیل کرنا .
طَمانِیَت (فت ط ، کس ن ، فت ی)امث .
اطمینان ، تسلّی ، دل جمعی ، سکون خاطر . [ع] .
طمانیت بخش صف .اطمینان کے قابل ، تسلی بخش .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

طُمطُراق (ضم ط، سک م، ضم ط) اند.
تزک و احتشام، کروفر، شان وشوکت، دھوم دھام، رعب داب. [ف].

طَمَع (فت ط، م) امث.
لالچ، حرص؛ ہوس؛ چاہ؛ بہت زیادہ خواہش. [ع].

طَمَنچَہ (فت ط، م، سک ن، فت چ) اند.
تفنگچہ، چھوٹی بندوق، پستول. [ف].

طِناب (فت نیز کس ط) امث.
رسی، رسا، خیمے کی رسی. [ع].

طِنابیں (فت نیز کس ط، ی مج) امث؛ ج.
طناب کی جمع (تراکیب میں مستعمل)، خیمے کی رسی، ڈوری.

طنابیں کسنا/کھینچنا محاورہ. ۱. خیمے کے رسے یا رسیوں کو کھینچ کر باندھنا، دوری یا فاصلہ کم کرنا، نزدیک لانا، قریب تر کرنا. ۲. باز رکھنا، روکنا، منع کرنا، مزاحمت کرنا.

طَنّاز (فت ط، شد ن) صف.
۱. رفتار میں ناز و ادا دکھانے والا، اِٹھلا کر چلنے والا، عشوہ گر، شوخ، بے باک؛ (کنایۃً) معشوق. ۲. رمز و کنایہ میں بات کہنے والا، طنز کرنے والا؛ طنز نگار. [ع].

طَنبُورا / طَنبُورَہ (فت ط، مغ، و مع رفت ر) اند.
دیکھیے: تنبورہ، ایک قسم کا ستار.

طَنز (فت ط، سک ن) امث.
۱. ہنسی اُڑانا، ٹھٹھا، چھیڑ چھاڑ، تمسخر؛ رمز کے ساتھ بات کہنا. ۲. طعنہ، پھبتی. ۳. (تنقید) زندگی کے مضحک، قابلِ گرفت اور تنفر انگیز پہلوؤں پر مخالفانہ اور ظریفانہ تنقید. اف: کرنا/ہونا. [ع].

طنز آمیز صف. طنز بھرا، طنز سے معمور، طعن آمیز، طنز آلود.

طنز نگار صف. (ادب) طنزیہ تحریریں لکھنے والا، ظرافت نگار. [ف].

طنز و مزاح اند. ظریفانہ تنقید اور ظرافت.

طَنزاً (فت ط، سک ن، تن ز بفت) م ف.
طنز کے ساتھ، طعنہ کے طور پر، چھیڑنے کے لیے.

طَنزِیَّہ (فت ط، سک ن، کس ز، شد ی بفت نیز بلا شد) صف.
وہ بات یا تحریر جس میں طنز شامل ہو، طنز آمیز نیز طنز کے طور پر، طنزاً.

طَنطَنَہ (فت ط، سک ن، فت ط، ن) اند.
۱. دف اور دوسرے سازوں کی آواز یا جھنکار؛ (مجازاً) شان وشوکت، آن بان، کرّوفر. ۲. رعب داب، دبدبہ. ۳. غرور، گھمنڈ. ۴. غصہ، بدمزاجی. [ع].

طَواسِین (فت ط، ی مع) امث، اند؛ ج.
حروف مقطعات، طٰسٓ سے شروع ہونے والی قرآنی سورتیں؛ الواح تعلیم. [ع].

طَواف (فت ط) اند.
۱. گردش، پھیرا، گھومنا، چکر لگانا، کسی چیز کے گرد پھرنا. ۲. خانۂ کعبہ کے گرد سات بار چکر لگانا جو عبادت میں داخل ہے. اف: کرنا/ہونا. [ع].

طواف رجوع اند. مکۂ معظمہ سے رخصت ہونے کے وقت کا طواف، طوافِ صدر، طوافِ وداع.

طواف زیارت اند. بیت اللہ شریف کا طواف جو حج (اور عمرہ) کے ارکان میں سے ہے، حج میں یہ طواف عرفات سے واپس آنے کے بعد ادا جاتا ہے.

طَوالَت (فت ط، ل) امث.
۱. درازی، طول، لمبائی (وقت یا فاصلے دونوں کے لیے)، لمبا دراز ہونا. ۲. وقت یا توانائی زیادہ صرف ہونا، لمبا سلسلہ، دقت. ۳. دیر، تاخیر. [ع].

طَوائِف (فت ط، کس ء) (الف) اند؛ ج.
طائفہ کی جمع، گروہ، فرقے، جماعتیں، قومیں. (ب) امث. وہ عورت جو ناچنے گانے کا پیشہ کرتی ہو (چونکہ ناچنے گانے کا پیشہ کرنے والی عورتیں اکثر کسبی کا پیشہ بھی کرتی ہیں اس لیے یہ لفظ رنڈی، کسبی، بیسوا کے معنوں میں بھی آتا ہے). [ع].

طوائف/طوائف الملوک صف؛ اند. ایسا ملک یا گروہ جس میں کئی یا حکمران ہوں اور ان میں سے ہر ایک اپنا حکم چلائے، ایسا ملک کئی بادشاہوں یا حکمرانوں میں تقسیم ہو اور ہر ایک خودمختار افراتفری، بدنظمی.

طوائف/طوائف الملوکی مث. ایسی حالت یا زمانہ جس میں کسی خاص حکمران کا حکم نہ چلے بلکہ کئی امرا یا بادشاہ اپنا اپنا حکم چلائیں، ہلچل، بدنظمی، ابتری، سیاسی، انتشار، لاقانونیت.

طُوبٰی (و مع، ابشکل ی) اند.
خوشی، بشارت، خوش خبری؛ جنت کے ایک درخت کا نام جس کے خوش ذائقہ اور شیریں پھل اور خوشبو اہلِ جنت کو حاصل ہوگی، خوش بودار، اچھا، نفیس؛ نہایت پاک. [ع].

طَور (و لین) اند.
۱. حال، حالت، گت. ۲. وضع، ڈھنگ، روش، طرز، انداز. ۳. طرح، طریقہ، راہ (''پر'' یا ''سے'' کے بغیر بھی مستعمل). [ع].

طور طریق اند. وضع قطع، رنگ ڈھنگ، چال چلن، رویہ، برتاؤ.

طُور (و مع) اند.
جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جس کو طُور سینا اور طُور سینین کہتے ہیں، حضرت موسیٰؑ اس پہاڑ پر اللہ سے ہم کلام ہوئے. [ع].

طور سینا/سینین اند. اس پہاڑ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دیدارِ الٰہی کی درخواست کی تھی جس کے جواب میں ایک تجلی ہوئی تھی (بجلی سی چمکی تھی) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہوگئے تھے اور یہیں ان کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف بھی حاصل ہوا اور یہودیوں کی ہدایت کے لیے دس احکام شرعی ملے، کوہِ طور، کوہِ سینا.

طوطا (و مج) اند؛ ~ توتا.
ایک پرند جس کے پر عموماً سبز، چونچ سرخ اور بعض کے گلے میں رنگین طوق ہوتا ہے.

طوطا/ پالنا محاورہ. کسی پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کر کے بیماری کو طول دینا؛ سوزاک یا آتشک کی بیماری لگا لینا؛ ایسا کام ہاتھ میں لینا جس سے آدمی اور کاموں سے بیکار ہو جائے.

طوطا بڑھے مینا پڑھے، کہیں آدمی کے بچے بھی پڑھتے ہیں کہاوت. یہ طنزاً ان نالائق بچوں کی نسبت بولتے ہیں جو پڑھنے لکھنے سے جی چراتے اور مطلق دل نہیں لگاتے مقصد یہ ہے کہ جب پرندے پڑھ سکتے ہیں تو پھر انسان کو پڑھنا کیا مشکل ہے.

طوطا چشم صف. ضرورت پڑنے پر آنکھیں پھیر لینے والا، بے مروت، بے وفا.

طوطا چشمی مث. بے مروتی، بے وفائی، بے اعتنائی.

طوطا / طوطے مینا کی کہانی مث. خیالی قصہ، من گھڑت باتیں.

طُوطی (و مع) مث؛ اند.
ایک خوش آواز ایرانی پرندہ جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتا ہے اور شکر و شہتوت بہت رغبت کھاتا ہے نیز طوطا. ۲. فصیح البیان شخص. [ف].

طوطی بولنا محاورہ. ۱. شہرت ہونا، نام ہونا، دھاک بیٹھنا. ۲. (کسی کے ہاں) اثر و رسوخ حاصل ہونا.

طوطی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے/کوئی نہیں سنتا کہاوت. بہت شور غل میں کمزور آواز کو کوئی نہیں سن سکتا، بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے چھوٹے آدمی کی رائے پر کوئی توجہ نہیں دیتا ہے؛ بہت سے آدمیوں کے آگے ایک آدمی کی نہیں چلتی.

طوطے (و مج) اند؛ ج.
طوطا کی جمع یا حالت مغیرہ (تراکیب میں مستعمل).

طوطے اُڑ جانا/ اُڑنا محاورہ. ہوش اُڑنا، حواس باختہ ہونا، ٹپٹا جانا، گھبرا جانا، ہکا بکا ہو جانا.

طوطے کی طرح آنکھیں پھیرنا محاورہ. یکایک بے مروتی کا اظہار کرنا، یک لخت بے وفائی کرنا، بے پروائی کرنا.

طوطے کی طرح رٹنا محاورہ. بغیر سمجھے یاد کرنا، بار بار دہرانا.

طوعاً (و لین، تن ع بفت) م ف.
رضامندی سے، رغبت سے، راضی خوشی.

طوعاً و کرہاً م ف. خواہی نخواہی، چار و ناچار، جبراً قہراً.

طُوفان (و مع) (الف) اند.
۱. سیلاب، طغیانی. ۲. باد و باراں کی زیادتی، آندھی یا شدت کی بارش. ۳. جوش، زیادتی (کسی چیز یا کیفیت کی) بوچھار (گالیوں اور سوالوں وغیرہ کی). ۴. ہڑبونگ، ہنگامہ، شور، شورش. ۵. (کنایۃً) آفت، قہر، بڑی مصیبت. (ب) صف. کامل، ماہر؛ آفت کا پرکالہ، شریر بچہ، شرارتی بچہ. [ع].

طوفان اُٹھانا محاورہ. ۱. بہت زیادہ شور غل مچانا، ہنگامہ کرنا، واویلا کرنا. ۲. جوش میں لانا، شدت پیدا کرنا. ۳. تہمت لگانا، الزام دینا.

طوفان اُٹھ کھڑا ہونا محاورہ. شورش برپا ہونا، فتنہ پیدا ہونا، ہنگامہ ہونا.

طوفان آنا ف مر: محاورہ. ۱. سیلاب اُمنڈنا؛ فتنہ برپا ہونا، شورش پیدا ہونا. ۲. مصیبت یا آفت نازل ہونا، نشیب و فراز آنا.

طوفان بپا ہونا محاورہ. طغیانی آنا، سیلاب آنا؛ کسی چیز کی کثرت ہونا.

طوفان بدتمیزی امث. (کنایۃً) حد درجہ بے ہودگی، ہلڑ، اودھم، شور غل.

طوفان کھڑا کرنا محاورہ. ۱. بہتان لگانا، الزام دھرنا. ۲. ہنگامہ برپا کرنا، اودھم مچانا.

طوفان نوح اند. ایک طوفان باراں تھا جو بہت قدیم زمانے میں حضرت نوح علیہ السلام کے وقت لوگوں کے گناہوں کی صورت آیا.

طُوفانی (و مع) (الف) صف.
طوفان سے منسوب، طوفان جیسا، شدت کا، غضب ناک. (ب) امث. طوفان ہونے کی حالت، جوش، شدت.

طوفانی بارش امث. وہ بارش جو آندھی کے ساتھ آئے، شدید بارش.

طوفانی دورہ اند. کسی شخص کا وہ دورہ جس میں وہ کسی ایک جگہ پر بہت مختصر عرصے کے لیے قیام کرے اور آگے روانہ ہو جائے.

طَوق (و لین) اند.
۱. ہنسلی جو عورتوں کے گلے کا زیور ہے، کنٹھا. ۲. (عموماً) لوہے کا بھاری حلقہ جو مجرموں یا دیوانوں کے گلے میں ڈالتے ہیں تاکہ گردن نہ اُٹھا سکیں. ۳. وہ مدوّر نشان جو کبوتر، فاختہ یا توتے وغیرہ کے گلے میں قدرتی ہوتا ہے. ۴. (غلامی یا گرفتاری کے نشان کے طور) پٹا، گلوبند. [ع].

طوقِ غلامی اند. وہ طوق جو غلام کے گلے میں غلامی کی علامت بنا کے ڈالا جائے.

طُول (و مع) (الف) اند.
۱. درازی، طوالت (اختصار کا نقیض). ۲. فاصلہ، دوری. ۳. لمبائی، (عرض کا مقابل). (ب) صف. طویل، لمبا، دراز (قصہ، داستان وغیرہ) (مختصر کی ضد). [ع].

طول البلد اند. (جغرافیہ) دنیا کے نقشے (گلوب) پر کھینچے گئے عمودی خطوط (عرض البلد کا مقابل) کسی مقام کا فاصلہ کسی خاص نصف سے درجوں میں.

طول پکڑنا محاورہ. بڑھ جانا، طویل ہو جانا، وقت طلب ہو جانا.

طول دینا محاورہ. مختصر بات یا عمل کو بڑھانا، دراز کرنا، طویل بنانا؛ عرصہ لگانا.

طول و عرض اند. لمبائی چوڑائی؛ (مجازاً) رقبہ، جسامت، جگہ.

طُولاً (و مع، تن ل بفت) م ف.
لمبائی میں؛ لمبائی کی طرف.

طولاً عرضاً م ف. لمبائی چوڑائی میں، طول و عرض میں.

طُولانی (و مع) (الف) صف.
۱. لمبا، دراز، اونچا. ۲. غیر معمولی طور پر طویل (تقریر، سفر وغیرہ) (کنایۃً) اُکتا دینے والا. (ب) امث. ۱. کسی چیز کی لمبائی؛ درازی. ۲. (مدت یا کام کی) طوالت.

طُومار (و مع) اند.
۱. (i) طویل کہانی یا قصہ (جو ناگوار ہو جائے)، تحریروں یا بیانات مجموعہ. (ii) لپٹا ہوا کاغذ، کاغذ کا بنڈل، پلندہ. ۲. جھوٹی باتیں، آمیز بیان یا تحریر، من گھڑت قصہ کہانی، لمبی کہانی. [ع].

طومار باندھنا محاورہ. جھوٹی بات، بہت زیادہ بڑھا چڑھا کر بیان بہت مبالغے سے کام لینا؛ بہتان لگانا، فتنہ کھڑا کرنا.

طَوِیل (فت ط، ی مع) صف.
لمبا، دراز (مختصر کی ضد). [ع].

طویل العمر صف. زیادہ عمر کا، بڑی عمر کا.

طَوِیلہ (فت ط، ی مع نیز ج فت ل) اند.
چوپایوں خصوصاً گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ، اصطبل.

طَوِیلے (فت ط، ی مع نیز ج) اند: ج.
طویلہ کی جمع یا حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل.

طویلے کی بلا بندر کے سر کہاوت. قصور کسی کا اور مارا کوئی مصیبت کسی اور کی اور سر پڑی کسی دوسرے کے.

طٰہٰ (مد ط، ہ) (الف) امث.
قرآن کی ایک سورۃ کا نام جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہے. (ب) اند.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا خطاب (اللہ تعالٰی کی طرف سے).
[ع].

طَہارَت (فت ط، ر) امث.
۱. ظاہری اور باطنی نجاست سے دوری، پاکی. ۲. (شرع) وضو، غسل اور آب دست اور استنجا جس سے نجاست دور ہوتی ہے. ۳. صفائی، ستھرائی، پاکیزگی؛ (مجازاً) سلیقہ، تمیز. [ع].

طُہْر (ضم مج ط، سک ہ) امذ.
حیض سے پاکی نیز وہ مدت جس میں حیض نہ ہو، دو حیض کے درمیان کے ایام. [ع].

طَہُور (فت ط، ومع) (الف) صف.
۱. پاک وصاف، طاہر. ۲. صاف یا پاک کرنے والا. (ب) امذ. وہ چیز (پانی کی طرح) جس سے کوئی صاف یا پاک کرتا ہے، صفائی یا پاکی کا ذریعہ. [ع].

طَے (فت ط) (مضاف ہونے کی حالت میں شدی) امذ.
۱. (i) مسافت ختم ہونا، تمام ہونا، راستہ چلنا، گزرنا. (ii) لپیٹنا، ختم کرنا، کوتاہ کرنا. ۲. پورا کرنا، انجام کو پہنچانا. [ع].

طے شدہ صف. جس کا فیصلہ ہو چکا ہو، قرار دیا ہوا، متعین، مقرر.

طے کرنا محاورہ. ۱. راستہ چلنا، قطعِ مسافت کرنا، عبور کرنا، گزارنا. ۲. متعین کرنا، مقرر کرنا، فیصلہ کرنا. ۳. حل کرنا، انجام کو پہنچانا، نمٹانا، سر کرنا (مرحلہ یا معرکہ وغیرہ).

طے ہونا محاورہ. طے کرنا کا لازم، عبور ہونا.

طَیّار (فت ط، شدی) صف؛ امذ.
۱. بہت تیز اُڑنے یا دوڑنے والا (جانور) نیز پرندہ. ۲. حضرت جعفرؓ ابن ابی طالب کا لقب (جنگ موتہ میں جب وہ شہید ہوئے تو ان کے دونوں ہاتھ کٹ چکے تھے لہٰذا انھیں طیار فی الجنہ (یعنی بہشت میں اُڑ کر جانے والا) کا لقب دیا گیا. [ع].

طَیّارَہ (فت ط، شدی، فت ر) امذ.
اُڑنے والا جہاز، ہوائی جہاز.

طیارہ شکن صف؛ امذ. طیارہ توڑنے والا، جنگی طیارے کو گولہ باری کر کے تباہ کرنے والا (عموماً توپ، گن، میزائل وغیرہ).

طَیِّب (فت ط، شدی بکس نیز بفت) صف.
۱. پاک، حلال، پاکیزہ؛ (کنایۃً) جائز (مال و اسباب وغیرہ).
۲. (مجازاً) بہت اچھا، عمدہ، نفیس، پسندیدہ. [ع].

طَیْبَہ (ی لین، فت ب) امذ.
مدینہ منورہ کا نام. [ع: علم].

طَیِّبَہ (فت ط، شدی بکس نیز فت، فت ب) صف مث.
طیّب کی تانیث، پاک، پاکیزہ.

طَیْر (ی لین) امذ.
پرواز، اُڑان. [ع].

طَیْش (ی لین) امذ.
غضب، غصہ، شدید جھنجھلاہٹ، جوش، قہر. [ع].
طیش کھانا محاورہ. غصہ کرنا، جھنجھلانا، برافروختہ ہونا، پیچ و تاب کھانا.

طِینَت (ی مع، فت ن) امث.
۱. خلقت، سرشت، فطرت، جبلت. ۲. عادت، خو، مزاج، طبیعت. [ع].
طینت بے معنی سفالیت بے شراب کہاوت. کمالات باطنی کے بغیر زندگی اس شراب کے پیالے کی طرح ہے جو خالی ہو، بے مقصد زندگی بے کیف ہوتی ہے.

(ظ)

ظ امث.
بلحاظ اصوات اُردو حروف تہجی کا تینتیسواں، عربی کا سترھواں اور فارسی کا بیسواں حرف؛ یہ اُردو یا فارسی کے صرف ان الفاظ میں آتا ہے جو عربی الاصل ہیں؛ عربی میں اس کا نام ظا ہے جسے ظائے معجمہ یا ظائے منقوطہ بھی کہتے ہیں؛ یہ کلمہ کے شروع میں بھی آتا ہے اور درمیان و آخر کلمہ میں بھی جیسے ظاہر، اظہار اور غیظ وغیرہ اُردو میں اس کا نام ظوئے ہے اور اس کی آواز "ز" سے ملتی جلتی نکلتی ہے.

ظافِر (کس ف) صف.
فاتح. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مخ = (مخلوط)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ظالِم (کس ل) صف.
ا. ظلم کرنے والا، جور و جفا ڈھانے والا، سنگ دل، بے رحم، ستم گر.
۲. (استعارۃً) محبوب، بہت عزیز دوست. [ع].

ظالم کی رسّی دراز تھی/ ہوتی ہے کہاوت. جو ظلم و جور کرتا ہے اس کی عمر زیادہ ہوتی ہے.

ظالِمانَہ (کس ل، فت ن) صف؛ م ف.
ظلم سے بھرا ہوا، ظالم کے طریقے پر.

ظالِمِین (کس ل، ی مع) اند؛ ج.
بہت سارے ظلم کرنے والے.

ظاہِر (کس ہ) (الف) صف.
صاف، واضح، کھلا ہوا، جو پوشیدہ نہ ہو، عیاں (باطن کی ضد).
(ب) اند. ا. کسی چیز کا وہ رخ جو محسوس ہو یا نظر آتا ہو، کھلا ہوا رخ (اندرون، باطن کی ضد)، باہر کا رخ. ۲. اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفاتی میں سے ایک اسم. ۳. دکھاوا، نمائش. [ع].

ظاہر بین صف. غیر حقیقت شناس، اصلیت سے بے خبر، ظاہر کو دیکھنے والا، ظاہری حالت کا جاننے والا، جو باطن سے بے خبر ہو.

ظاہر کرنا محاورہ. ا. چھپی ہوئی چیز، بات یا راز سے پردہ اٹھا دینا، کھولنا، افشا کرنا، دکھانا، راز ظاہر کرنا، تشریح کرنا، وضاحت کرنا، مطلب ظاہر کرنا. ۲. (بناوٹ سے) دکھانا، پیش کرنا، نمائش کرنا.

ظاہر ہونا محاورہ. واضح ہو جانا، افشا ہونا، کھلنا.

ظاہِری (کس ہ) صف.
ظاہر کا، خارجی (باطنی کی ضد)، نمائشی، دکھاوے کا.

ظَرافَت (فت ظ، ف) امث.
ا. دل لگی، خوش طبعی، مزاح، خوش مزاجی، مسخرا پن، تمسخر. ۲. عقل مند ہونا، دانائی، زیرکی. [ع].

ظرافت نگار اند. مزاح نگار.

ظَرف (فت ظ، سک ر) اند.
ا. برتن. ۲. حوصلہ، ہمت؛ استعداد. [ع].

ظرف زمان اند. وہ اسم ظرف جو زمانے پر دلالت کرے مثلاً صبح، شام.

ظُرُوف (ضم ظ، و مع) اند؛ ج.
بہت سارے برتن.

ظروف ساز صف مذ. برتن بنانے والا.

ظَرِیف (فت ظ، ی مع) صف.
ہنسنے ہنسانے والا، خوش طبع، بذلہ سنج، لطیفہ گو. [ع].

ظَرِیفانَہ (فت ظ، ی مع، فت ن) صف؛ م ف.
ظرافت کا، مسخرے پن کا، مزاح کا پہلو لیے ہوئے.

ظَفَر (فت ظ، ف) امث.
کامیابی، فتح. [ع].

ظفر مند صف. فاتح، کامیاب، فتح مند.

ظفر موج صف. اتنا بڑا لشکر جس کی ہر موج سے فتح و ظفر کی نوید ہو (عموماً فوج کے ساتھ مستعمل).

ظفریاب صف. کامیاب، کامران، فتح مند.

ظفریابی امث. کامیابی، فتح مندی.

ظِل (کس ظ) (ترکیب عطفی و اضافی میں شد ل) اند.
ا. سایہ، پرچھائیں، عکس، پرتو. ۲. (تصوف) ظہورات اور تعینات کو کہتے ہیں. [ع].

ظل الٰہی/ظل سبحانی اند. خدا کا سایہ؛ (مجازاً) بادشاہ، بادشاہوں کا لقب.

ظل ہما اند. ہما نام کے خیالی پرند کا سایہ، کہتے ہیں کہ جس شخص پر وہ سایہ پڑ جائے اسے بادشاہی مل جائے.

ظَلَم (فت ظ، ل) امث.
تاریکی، ظلمت، اندھیرا. [ع].

ظُلم (ضم ظ، سک ل) اند.
ا. کسی بات میں کمی یا بیشی جو حق و انصاف کے خلاف ہو، ناانصافی، زیادتی. ۲. (قانون) استحصال بالجبر، کسی کی کوئی چیز زبردستی لے لینا. ۳. ستم، جور و تعدی، جفا، سختی. [ع].

ظلم ڈھانا محاورہ. ظلم توڑنا، ستم کرنا، آفت برپا کرنا.

ظُلُمات (ضم ظ، سک نیز ضم ل) امث؛ ج.
اندھیرا، تاریکیاں، اندھیرے (اُردو میں بطور واحد مستعمل).

ظُلْمَت (ضم ظ، سک ل، فت م) مث.
تاریکی، اندھیرا (نور کی ضد)، سیاہی. [ع].
ظلمت کدہ مذ. تاریکیوں کا گھر، جہاں بہت اندھیرا ہو، تاریک مقام؛ (مجازاً) دنیا.
ظَلُوم (فت ظ، و مع) صف.
بہت زیادہ ظلم کرنے والا، بڑا ظالم. [ع].
ظلوم و جہول صف. سخت ظالم اور جاہل، بڑا جابر و نادان، (کنایۃً) انسان.
ظَن (فت ظ) مذ.
یقین اور شک کے درمیان کی حالت، گمان (یقین کا نقیض). [ع].
ظِہار (کس ظ) مذ.
(لفظاً) پیٹھ، پشت، ہم پشت ہونا، موافق ہونا؛ (فقہ) ایک قسم کی طلاق جس میں خاوند کو اپنی بیوی کے متعلق اپنی ماں یا بہن کے مثل ہونے کا گمان ہو جائے یا بیوی کی پشت کو اپنی ماں یا بہن کی پشت سے تشبیہ دیتا ہے. [ع].
ظَہْر (فت ظ، سک ہ) مث.
پشت، پیٹھ. [ع].
ظُہْر (ضم ظ، سک ہ) (الف) مذ.
زوال آفتاب کا وقت، دوپہر کا وقت. (ب) مث. (فقہ) زوال آفتاب کے بعد کی نماز، وہ نماز جو زوال آفتاب کے بعد عصر سے پہلے پڑھی جاتی ہے. [ع].
ظُہْرانَہ (ضم ظ، سک ہ، فت ن) مذ.
دوپہر کا کھانا.
ظُہْرَین (ضم ظ، سک ہ، ی لین) مث.
ظہر کا تثنیہ، مراد: ظہر اور عصر کی نمازیں جو امامیہ فرقے کے لوگ عموماً ملا کر پڑھتے ہیں.
ظُہُور (ضم ظ، و مع) مذ.
۱. اظہار، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا؛ نمائش، نمود، دکھاوا ۲. جلوہ، تجلی. [ع].
ظہور پذیر ہونا ف مر. ظاہر ہونا، آشکارا ہونا، برآمد ہونا، نمایاں ہونا.
ظہورِ قدسی مث. کسی پاکیزہ یا متبرک شخصیت کا پیدا ہونا، کسی بزرگ یا ولی اللہ کا نمودار ہونا؛ (مجازاً) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش مبارک.
ظَہِیر (فت ظ، ی مع) صف.
یار و مددگار، پشت پناہ، حامی، حمایتی، دوست. [ع].

(ع)

ع مذ.
۱. صوتی اعتبار سے اُردو حروف تہجی کا چوبیسواں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارواں حرف صحیح (مصمت)، جس کا مخرج حلق ہے. اُردو میں اس کی آواز الف سے ملتی جلتی ہے اور بعض الفاظ میں الف کا بدل جیسے لال، لعل، حساب جمل یا ابجد میں اس کی قیمت ۷۰ ہے. اس کی کشید آنکھ سے ملتی جلتی ہے اس لیے عین کہلایا. یہ حرف قمری ہے. ۲. رکوع قرآنی کا اشارہ نیز علیہ السلام کا مخفف. ۳. مصرع کا اشارہ. [ع].
عابِد (کس ب) صف.
عبادت کرنے والا، عبادت گزار. [ع].
عابِدَہ (کس ب، فت د) مث.
عابد کی تانیث، عبادت گزار خاتون، پرہیز گار عورت. [ع].
عاجِز (کس ج) صف.
۱. بے بس، قاصر، جو کوئی کام کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو. ۲. تنگ، پریشان. [ع].
عاجز ہونا محاورہ. تنگ ہونا، پریشان ہونا.
عاجِزانَہ (کس ج، فت ن) صف؛ م ف.
عاجز کی طرح، مجبوروں اور بے بسوں کی طرح، مجبوری سے.
عاجِزی (کس ج) مث.
۱. خاک ساری، عجز، انکسار، منت و سماجت، خوشامد. ۲. مجبوری، بے بسی، ناچاری.
عاد مذ.
(ریاضی) عدد جو کسی دوسرے عدد معلوم کو پورا پورا تقسیم کر دے. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

عاد اعظم اند. (ریاضی) بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کر دے مثلاً ۱۵ ، ۲۰ اور ۲۵ کا عادِ اعظم ۵ ہے جو تینوں عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دیتا ہے .

عادَت (فت د) امث.
۱.خصلت ، خُو (جو غیر ارادی ہو) .۲.(i) طبیعت ، مزاج ، سرشت .
(ii) خاصہ ، خاصیت . [ع].

عادت بگاڑ دینا/بگاڑنا محاورہ. عادت خراب کرنا ، کسی ایسی چیز کا عادی بنانا جس کے نہ ملنے پر تکلیف ہو .

عادت چھوٹے دھوئے دھائے اور علت نہ جائے کہاوت. عادت کوشش سے چھوٹ جاتی ہے لیکن علت نہیں جاتی ، علت بری چیز ہے .

عادت سے مجبور ہونا محاورہ. بغیر دخل دیے نہ رہا جانا ، انسان جس شے کا عادی ہو بغیر اس کے چارہ نہ ہونا .

عادَتاً/ عادَۃً (فت د ، تن ت ہلت) م ف.
طبعاً ، معمولاً ، عادت کے مطابق .

عادِل (کس د) صف.
انصاف کرنے والا ، عدل کرنے والا ، منصف . [ع].

عادِلانَہ (کس د ، فت ن) صف ؛ م ف.
انصاف پر مبنی ، منصفانہ ، صحیح ، انصاف سے ، انصاف کے ساتھ .

عادی صف.
کسی چیز کی مستقلاً عادت رکھنے والا ، خوگر . [ع].

عادی مجرم اند. عادتاً جرم کرنے والا شخص ، پیشہ ور مجرم .

عار امث ؛ اند.
۱.ننگ ، شرم ، جھجک .۲.عیب ، ذلت ، بدنامی . [ع].

عار سمجھنا محاورہ. بُرا سمجھنا ، عیب سمجھنا .

عارِج (کس ر) صف.
اُوپر چڑھنے والا ؛ (مجازاً) بلند ہونے والا . [ع].

عارِض (کس ر) (الف) اند.
رخسار ، گال . (ب) صف .۱. پیش آنے والا ، پیدا ہونے والا ، لاحق (مرض وغیرہ) .۲.عرض کرنے والا ، عرض گزار . [ع].

عارِضَہ (کس نیز سک ر ، فت ض) اند.
مرض ، بیماری ، روگ .

عارِضی (کس نیز سک ر) صف.
۱.غیر مستقل ، چند روزہ ، وقتی ، اتفاقی .۲.اصلی کے برعکس .

عارِف (کس ر) صف ؛ اند.
۱.پہچاننے والا ، جاننے والا ، واقف .۲.ولی ، صوفی ، خداشناس ، شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات اور صفات اور اسماء اور افعال کا بینا کیا ہو . [ع].

عارِفانَہ (کس ر ، فت ن) صف ؛ م ف.
عارف سے منسوب ، عارف کی طرح ، خداشناسی سے متعلق ، صوفیانہ .

عارِفانَہ کَلام اند. کلام جس میں خدا یا معرفتِ الٰہی کا ذکر ہو .

عارِفَہ (کس ر ، فت ف) امث.
عارف کی تانیث ، خدا شناس عورت . [ع].

عاری صف.
۱.(کسی صفت سے) خالی ، محروم .۲.ننگا ، عریاں ، برہنہ . [ع].

عارِیَتاً/ عارِیَۃً (کس ر ، فت ی ، تن ت ہلت) صف ؛ م ف.
بطورِ قرض ، تھوڑی مدّت کے لیے نیز قرض ، ادھار .

عازِم (کس ز) صف ؛ اند.
عزم رکھنے یا کرنے والا ، کسی کام پر آمادہ اور تیار . [ع].

عاشِر (کس ش) صف ؛ اند.
دسواں ، دہم ، دسواں حصہ . [ع].

عاشِق (کس ش) صف ؛ اند.
۱.عشق کرنے والا ، فریفتہ ، شیدا .۲.(تصوف) عشقِ حقیقی میں غرق ، جس کو خودی کا خیال نہ ہو ، عارفِ کامل . [ع].

عاشق مزاج صف طبعاً عشق و محبت کی طرف مائل ، جلدی والہ و شیدا ہو جانے والا ، حسن پرست .

عاشِقانَہ (کس ش ، فت ن) صف ، م ف.
عاشقوں کا سا نیز عشق کی کیفیت یا مضمون کا ، عشق آمیز .

عاشِقی (کس ش) امث.
عشق ہونا ، فریفتگی ، دل دادگی ، شیفتگی .

عاشقی اگر نہ کیجیے تو کیا گھانس (گھاس) کھودیے کہاوت. جس نے عشق نہیں کیا وہ گھسیارے کے برابر ہے (عشق کی تعریف میں کہتے ہیں).

عاشُور (و مع) اند.
محرم کی دسویں تاریخ یا شروع کے دس دن ، عاشورہ ؛ دس محرم ، شہادتِ حضرت امام حسینؓ کا دن . [ع] .

عاشُورَا / عاشُورَہ (و مع / فت ر) اند.
حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا دن .

عاصِم (کس ص) صف ؛ اند.
۱. حفاظت کرنے والا ، گناہوں سے بچانے والا ، خود کو گناہ سے باز رکھنے والا .۲. (مجازاً) پارسا ، بے گناہ . [ع] .

عاصِمَہ (کس ص ، فت م) مت.
۱. پاک دامن عورت ، پارسا عورت .۲. محفوظ ، مدینہ منورہ کا لقب ، دارالسلطنت .

عاصی صف ؛ اند.
۱. گناہ گار ، خطا کار ، مجرم ، پاپی ؛ باغی ، نافرمان .۲. اُردو میں بطور انکسار ضمیر واحد متکلم "میں کی جگہ مستعمل". [ع] .

عاطِر (کس ط) صف.
۱. خوشبو دینے والا ، خوشبو پسند کرنے والا ، معطر ، خوش بودار .۲. پاکیزہ ، لطیف ، باذوق . [ع] .

عاطِف (کس ط) صف.
مہربانی یا شفقت کرنے والا ، مہربان . [ع] .

عاطِفَت (کس ج ط ، فت ف) مت.
مہربانی ، شفقت نیز مہربانی کرنا ، دوستی کرنا . [ع] .

عافِیَت (کس ف ، فت ی) مت.
۱. سلامتی ، تحفظ ، بچاؤ ، آرام ، سکون .۲. خیریت ، بھلائی . [ع] .

عاق صف.
۱. نافرمان ، سرکش ، عاصی ، ماں باپ یا اُستاد کا نافرمان .۲. اولاد جسے ماں باپ نافرمان قرار دے کر حقوق وراثت سے محروم کردیں . [ع] .

عاق کر دینا / کرنا محاورہ ۱. اولاد کو ترکے یا وراثت سے محروم کرنا ، حقِ وراثت یا رشتے سے خارج کرنا ، گھر سے نکال دینا .۲. قطع تعلق کرنا ، جدا یا الگ کرنا ، علیحدہ کرنا ؛ نکالنا نیز نامنظور کرنا ، نہ ماننا .

عاقِب (کس ق) صف ؛ اند.
۱. پیچھے آنے والا ، آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہٖ وسلم کا ایک نام .۲. سردار کا قائم مقام ، جانشین . [ع] .

عاقِبَت (کس ج ق ، فت ب) مت.
۱. (کسی فعل کا) نتیجہ ، انجام .۲. آخرت ، عقبیٰ ، اگلا جہاں ، قیامت (دنیا کے مقابلے میں) .۳. قیامت کا دن . [ع] .

عاقبت اندیش صف. انجام سوچنے والا ، دور اندیش ، ہوشیار ، مستقبل کی فکر کرنے والا .

عاقبت نااندیش صف. انجام نہ سوچنے والا ، عقبیٰ کی فکر نہ کرنے والا ؛ (کنایۃً) گنہگار .

عاقِل (کس ق) صف ؛ اند.
عقل والا ، دانش مند ، فہم و ادراک کا مالک ، ہوشیار آدمی ، صاحب عقل . [ع] .

عاقِلانَہ (کس ق ، فت ن) صف ؛ ف م.
۱. عاقلوں جیسا ، عقل مندی کا ، دانش مندانہ ، دور اندیشی کا .۲. عقل مندی سے ، ہوشیاری سے ، احتیاط کے ساتھ .

عاقِلَہ (کس ق ، فت ل) صف مت.
۱. عاقل کی تانیث ، عقل مند عورت ، سمجھ دار عورت .۲. سات انسانی قوائے مدرکہ میں سے ایک جس کا کام سوچنا سمجھنا اور چیزوں کا خاصہ دریافت کرنا ہے .

عاکِف (کس ک) صف ؛ اند.
اعتکاف کرنے والا ، عبادت کے لیے مسجد میں بیٹھنے والا ، گوشہ نشین شخص . [ع] .

عالَم (فت ل) اند.
۱. دنیا ، جہان ، کائنات .۲. خلق خدا ، مخلوق ، لوگ ، انواع مخلوقات . [ع] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

عالم ارواح اند. روحوں کا جہاں ، وہ دنیا جہاں روحیں رہتی ہیں .

عالم آرا صف. دنیا کو آراستہ کرنے والا ، جہاں آرا .

عالم آرائی مث. دنیا کو سجانا ، دنیا کو سجانے کی کیفیت .

عالم بالا اند. ۱. اس کائنات سے پرے روحوں اور فرشتوں کا جہان ، عقبیٰ (عالم سفلی یا زیریں کے مقابلے میں) . ۲. کُرّۂ زمین سے اوپر کا حصہ ، فضائے آسمانی .

عالم برزخ اند. جو دو مخالف چیزوں کے درمیان واقع ہو ، روحوں کے رہنے کا وہ مقام جو موت سے لے کر قیامت تک ہوگا ، جنت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام .

عالم پناہ صف: اند. جس کے پاس مخلوق کو پناہ ملے ، جہاں پناہ ؛ (کنایۃً) بادشاہ .

عالم رنگ و بو اند. مراد : دنیا ، موجوداتِ عالم .

عالم غیب اند. وہ عالم جو ہم سے پوشیدہ ہے ، عالم ارواح و ملائکہ .

عالم گزرنا محاورہ. کیفیت طاری ہونا ، عجیب حال ہونا ، مستی یا نشہ چھانا .

عالم گیر / عالمگیر صف: اند. ۱. دنیا کو فتح کرنے والا ؛ دنیا کو گرفت یا قبضے میں لینے والا ، آفاقی ، ہمہ گیر . ۲. دنیا میں یا دور دور تک پھیلنے والا ، دنیا کو اپنے اثر میں لینے والا ، عالمی . ۳. شاہی دور میں غیر منقسم ہندوستان کے مغل بادشاہ اورنگ زیب کا لقب .

عالم گیریت مث. آفاقیت ، ہمہ گیریت ، عالمی حیثیت .

عالم لاہوت اند. (تصوف) عالم ذاتِ الٰہی ، مرتبۂ ذات ، جہاں سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے .

عالِم (کس ل) صف: اند.

۱. صاحبِ علم ، جاننے والا ، دانا ، خبر رکھنے والا . ۲. کسی علم میں فضیلت ، اختصاص یا مہارت کی سند رکھنے والا ، فاضل ، بہت پڑھا لکھا شخص . [ع] .

عالم الغیب صف: اند. غیب کا جاننے والا ، عالم کل ، ہمہ داں ؛ مراد : اللہ تعالیٰ .

عالم باعمل صف: اند. عالم جو اپنے علم کے مطابق عمل بھی کرتا ہو .

عالم فاضل صف: اند. علم و فضیلت والا ، بہت پڑھا لکھا آدمی .

عالمانہ (کس ل ، فت ن) صف: م ف.

عالموں جیسا ، عالم کی طرح کا ، دانش مندانہ .

عالِمہ (کس ل ، فت م) مث.

۱. عالم کی تانیث ، جاننے والی ، علم رکھنے والی . [ع] .

عالَمی (فت ل) صف.

عالم سے منسوب یا متعلق ، آفاقی ، سارے جہاں کا ، دنیا بھر کا .

عالمی چیمپین اند. کسی مقابلے میں ساری دنیا کو شکست دینے والا ، سب کے مقابلے میں فتح مند .

عالَمین (فت ل ، ی مع) اند: ج.

عالم کی جمع ، دنیائیں . [ع] .

عالی صف.

۱. اونچا ، بلند ، برتر (درجہ شان و شوکت ، قدر و قیمت وغیرہ میں . ۲. (تعظیم کے واسطے) مرکبات میں مستعمل ، جیسے : مزاج عالی جناب عالی وغیرہ . [ع] .

عالی جاہ / عالیجاہ صف: اند. ۱. بلند مرتبہ ، اونچا ، شاہی . ۲. امرا اور حکام کو خطاب کرتے وقت بولتے اور لکھتے ہیں .

عالی جناب / عالیجناب صف ، اند. ۱. بلند رتبہ ، بلند مرتبہ (بطور احترام خصوصاً بزرگوں ، امیروں اور افسروں کے لیے) عزت والا ، بہت بڑا آدمی . ۲. (لفظاً) بزرگ و برتر ؛ مراد : آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

عالی شان / عالیشان صف. ۱. بلند اور شان دار ، عظیم الشان (عموماً عمارت یا اس کے کسی حصے کے لیے مستعمل) . ۲. اعلیٰ مرتبہ کا ، جاہ جلال اور ٹھاٹ باٹ والا شخص .

عالی ظرف صف: اند. بڑے ظرف والا ، کشادہ دل ، شریف ، تحمل والا (کم ظرف کی ضد) .

عالی ظرفی مث. عالی ظرف ہونا ، شرافت ، کشادہ دلی .

عالی مرتبت صف. بڑے رتبے والا ، بلند مرتبہ ، عظیم .

عالی مقام صف: اند. عالی قدر ، بلند مرتبہ .

عالی نسب صف. عالی نژاد ، اونچے گھرانے کا .

عالی وقار صف. بڑے تحمل والا ، بلند مرتبہ .

عالیَہ (کس ل ، فت ی) مث.

عالی کی تانیث : بلند ، اونچی ، قابلِ قدر . [ع] .

عام (۱) صف : اند .
۱. سب میں پایا جانے والا ، سب کو پہنچنے والا ، جو کسی جگہ یا حلقے کے لیے مخصوص نہ ہو ، سب میں جانا پہچانا ۲. رائج ، مروج ۳. عامۃ الناس کا ، تمام لوگوں کا ، جو کسی کے لیے مخصوص نہ ہو ۴. بازاری یا نچلے طبقے کے لوگ . [ع] .

عام (و) خاص اند . ہر شخص ، ہر ایک ، ادنیٰ و اعلیٰ ، غریب اور امیر ، ہر طبقے کے لوگ ، سب لوگ .

عام طور پر / سے م ف . بالعموم ، عموماً ، اکثر ، بیشتر .

عام فہم صف . سب کی سمجھ میں آنے والا ، جو عام لوگوں کی سمجھ میں آسکے ، آسان ، سہل (خصوصاً) زبان ، بیان اور اسلوب وغیرہ .

عام کر دینا / کرنا محاورہ . پھیلانا ، سب کے واسطے وقف کر دینا ، سب پر ظاہر کرنا ، دکھانا ، کسی چیز یا سلسلے کو مقبولِ عام بنانا .

عام (۲) اند .
سال (تنہا مستعمل نہیں صرف تراکیب میں آتا ہے) جیسے : عامُ الفیل . [ع] .

عام الحزن اند . غم کا سال ؛ سال جس میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ کا انتقال ہوا .

عام الفیل اند . ۵۷۰ عیسوی کا سال جس میں ابرہہ نے خانہ خدا ڈھانے کے لیے مکہ پر چڑھائی کی (چونکہ ابرہہ کے ساتھ پچاس ہزار ہاتھی بھی تھے اس لیے اس سال کا نام عام الفیل ہوا) .

عامّۃ (شدم بفت) امث .
عام کی تانیث ، سب میں پایا جانے والا ، سب کو پہنچنے والا ، (تراکیب میں مستعمل) .

عامۃ الناس اند . عوام ، ہر طبقے کے لوگ .

عامِر (کس م) صف : اند .
باد ، بھرا ہوا ، معمور نیز زرخیز (زمین وغیرہ) . [ع] .

عامِل (کس م) صف : اند .
کسی بات پر عمل کرنے والا ، عمل پیرا (پر اور کا کے ساتھ) ۲. تعویذ ، گنڈا ، جھاڑ پھونک یا جادو کرنے والا ، علوی یا سفلی عمل کا ماہر ، جن وغیرہ کو تسخیر کرنے والا ۳. حاکم ، گورنر ، امیر ۴. (قواعد) متعلقہ کلمے میں تغیر پیدا کرنے والا ۴. مسمریزم کا عمل کرنے والا . [ع] .

عامّہ (شدم بفت) صف .
عام کی تانیث ، سب جانب پھیلی ہوئی ، عام شے ، رائج ، مشہور و معروف .

عامِیانَہ (سک نیز کس ع م فت ن) صف .
۱. عام لوگوں کا ، جہلا یا کم علم عوام کا ، جاہلوں جیسا ، معمولی ، غیر اہم ۲. عام ، رائج ، مقبول عام ، عوامی ، عوام سے تعلق رکھنے والے .

عامیانہ پن اند . عامیانہ ہونے کی کیفیت ، حقیر ہونے کی کیفیت ، گھٹیا پن ، جہالت .

عائِد (کس ء) صف .
لوٹنے یا پھر کر آنے والا ، اُلٹ کر آنے والا ، عود کرنے والا ، اپنی جگہ واپس آنے والا . [ع] .

عائد کرنا محاورہ . وارد کرنا ، ذمے لگانا ، ذمہ دار ٹھہرانا .

عائد ہونا محاورہ . وارد ہونا ، واقع ہونا .

عائِلَہ (کس ع ء ، فت ل) اند .
خاندان ، کنبہ ، گروہ .

عائِلی (کس ء) صف .
خاندان سے متعلق ، خاندانی ، نسلی .

عائلی قوانین اند . (قانون) قوانین جن کا تعلق ازدواج سے ہو ، جن میں بچوں کی کفالت ، نان و نفقہ اور دوسری شادی کے مسائل حل کیے جاسکیں .

عَبا (فت ع) امث .
کپڑوں کے اوپر پہننے کا شیروانی کے طرز کا ڈھیلا ڈھالا قدرے لمبا لباس جس میں بٹن کی جگہ عموماً بند لگے ہوتے ہیں عام طور سے علما و شرفا پہنتے ہیں ، لبادہ ، چوغہ . [ع] .

عِباد (کس ع) اند .
عبد کی جمع ، بندے ، غلام . [ع] .

عِبادات (کس ع) امث : ج .
عبادت کی جمع .

عِبادَت (کس ع، فت د) امذ.
غلامی، بندگی ؛ (اصطلاحاً) خدا کی پرستش خصوصاً مذہبی ارکان جو خدا کی اطاعت اور پرستش کے لیے ادا کیے جائیں . [ع].
عبادت کرنا محاورہ. ہر وہ کام کرنا جو اللہ کی خوش نودی کا باعث ہو .
عبادت گاہ امث. عبادت کرنے کی مخصوص جگہ، معبد .
عبادت گزار صف. عبادت کرنے والا، صوم وصلوٰۃ کا پابند، عابد .
عبادت گزاری امث. عبادت کرنے کا عمل، عبادت .

عِبارَت (کس ع، فت ر) امث.
(زبانی یا تحریری) بیان، مضمون، تحریر، اسلوب (معنی یا مفہوم کے مقابل)، تعبیر، ترکیب، بیان کرنا ؛ نکل جانا ؛ گزر جانا ؛ مطلب جو نثر میں بیان کیا جائے . [ع].
عبارت آرائی امث. ۱. ایسے الفاظ، تراکیب اور اندازِ بیان اختیار کرنا جس سے تحریر میں رنگینی پیدا ہو جائے، عبارت کو سجانا اور سنوارنا . ۲. عبارت میں نفسِ مضمون کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، مبالغہ آمیزی، مبالغہ آرائی .

عِبارْتی (کس ع، سک نیز فت ر) صف.
عبارت سے منسوب یا متعلق، ریاضی کا سوال جو عبارت میں پوچھا گیا ہو، مثلاً : یہ سوال کہ ایک شخص کے گھر میں ۸ لڑکیاں اور ۶ لڑکے اور ۲ ملازم ہیں بتاؤ کل کتنے ہوئے؟ دوسری قسم اس کے بالمقابل عددی کی ہے، مثلاً : یہی سوال اس طرح بھی کیا جاسکتا ہے کہ ۸، ۶ اور ۲ کو جمع کرو .

عَبَث (فت ع، ب) صف ؛ م ف.
۱. بے کار، بے فائدہ، فضول، بے سود . ۲. بے وجہ، ناحق . [ع].

عَبْد (فت ع، سک ب) امذ.
بندہ، غلام، تابع، خدمت گزار، خدا کا بندہ . [ع].
عبداللہ امذ. اللہ کا بندہ .

عَبْدُہٗ (فت ع، سک ب، ضم د، و) امذ.
اس کا (اللہ کا) بندہ .

عَبْدِیَّت (فت ع، سک ب، شد ی مع بفت نیز بلا شد) امث.
عبد ہونے کی حالت، بندگی، غلامی .

عِبْرانی (کس ع، سک ب) امث.
بنی اسرائیل کی زبان اور رسم الخط . ۲. بنی اسرائیل (اہلِ کنعان) کی زبان جس کا تعلق سامی خاندان سے ہے اسی زبان میں توریت نازل ہوئی ۳. اسرائیل، یہودی، بنی اسرائیل . [ع].

عِبْرَت (کس ع، سک ب، فت ر) امث.
نصیحت ؛ خوف ؛ سبق حاصل کرنا، کسی تکلیف دہ واقعہ (حادثہ) کو دیکھ یا سن یا پڑھ کر نصیحت حاصل کرنا . [ع].
عبرت پکڑنا محاورہ. نصیحت حاصل کرنا، متنبہ ہونا، سبق حاصل کرنا .
عبرت حاصل کرنا محاورہ. نصیحت پکڑنا، سبق حاصل کرنا، آگاہ ہونا .
عبرت لینا محاورہ. نصیحت حاصل کرنا، سبق لینا .
عبرت ناک/ عبرتناک صف. جس سے آگاہی یا نصیحت حاصل ہو .
عبرت ہونا محاورہ. نصیحت ہونا، سبق ملنا .

عَبَقات (فت ع، ب) امذ ؛ ج.
خوشبوئیں، عطر بیزیاں .

عَبْقَری (فت ع، سک ب، فت ق) صف.
۱. نفیس، لطیف (خصوصاً فرش یا جامہ وغیرہ)، عجیب وغریب چیز، ہر وہ چیز یا شخص جس میں بزرگی، کمال اور زیبائی حیرت انگیز حد تک پائی جائے . [ع].

عُبُودِیَّت (ضم ع، و مع، کس د، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
بندگی، اطاعت ؛ بندہ ہونا، عبد ہونا، خادم ہونا، خدمت گزار ہونا . [ع].

عُبُور (ضم ع، و مع) امذ.
۱. راستہ، خصوصاً پانی کا راستہ یا پل وغیرہ پار کرنے کا عمل، گزر، طے گزرنا، پار اُترنا . ۲. (مجازاً) کسی علم یا فن پر حاوی ہونے کی حالت مہارت، وسیع النظری . [ع].
عبور حاصل کرنا ف مر. مہارت پیدا کرنا، کسی فن یا مضمون میں ماہر ہونا .
عبور رکھنا محاورہ. مہارت رکھنا، ماہر ہونا .
عبور کرنا ف مر. ۱. کسی راستے سے گزرنا . ۲. دریا پر سے پار اُترنا، پل پر سے گزرنا، دریا کو پار کرنا .

عُبُوری (ضم ع ، و مع) صف.
عارضی ، وقتی ، ہنگامی .
عبوری حکومت امث . عارضی حکومت ، دو مستقل حکومتوں کے درمیانی دور میں عارضی طور پر قائم ہونے والی حکومت .
عبوری دور امذ . تذبذب ، اُلجھنوں ، آزمائشوں اور تجربوں کا زمانہ .

عُبَید (ضم ع ، ی لین) امذ.
عبد کی تصغیر ، چھوٹا سا غلام ، کمتر بندہ ، عاجز بندہ ، غریب آدمی . [ع] .

عَبِیر (فت ع ، ی مع) امذ.
مشک ، گلاب اور صندل وغیرہ سے تیار کیا ہوا سفوف جو کپڑوں پر چھڑکتے ہیں ، ایک خوش بودار مرکب ، سفوف . [ع] .

عِتاب (کس ع) امذ.
سخت سست کہنا ، ڈانٹنا ڈپٹنا ، خفگی ، ناراضی ، غصہ ، جھڑکنا ، سخت کہنا ؛ ملامت کرنا . [ع] .
عتاب الہی امذ . قہر خدا ، غضب الٰہی .
عتاب نازل ہونا محاورہ . عذاب میں مبتلا ہونا ، اذیت کا شکار ہونا .

عِتْرَت (کس ع ، سک ت ، فت ر) امث .
آل ، اولاد ، قریبی عزیز و رشتہ دار . [ع] .

عَتِیق (فت ع ، ی مع) صف .
پرانا ، کہنہ ، قدیم ؛ آزاد . [ع] .

عَتِیقَہ (فت ع ، ی مع ، فت ق) امث ؛ امذ .
عتیق کی تانیث ، قدامت ، پرانا پن ، کہنگی . [ع] .

عُثْمان (ضم ع ، سک ث) امذ .
آنحضرت ﷺ کے اصحابِ کبار میں سے ایک صحابی کا نام (چونکہ آنحضرت ﷺ کی دو صاحبزادیاں آپ کے نکاح میں آئیں اس لیے ذوالنورین کا لقب ملا متمول اور سخی تھے اس لیے آپ کو عثمان غنی بھی کہتے ہیں . آپ کا شمار عشرۂ مبشرہ میں ہے . ۸۲ سال کی عمر میں شہید ہو کر وفات پائی . [ع] .

عَجائِب (فت ع ، کس ء) امذ ؛ ج .
تعجب یا حیرت میں ڈالنے والی چیزیں ، نادر یا عجیب باتیں . [ع] .

عجائب المخلوقات امث . وہ چیزیں جن کی پیدائش حیرت انگیز ہو ، جو پیدائش سے ہی تعجب خیز ہو .
عجائب روزگار صف ؛ امذ . بے مثال ، نادر ، نایاب ، لاجواب .
عجائب گھر امذ . جگہ جہاں عجیب و غریب و نادر چیزیں لوگوں کو دکھانے کے لیے رکھی جائیں .

عَجائِبات (فت ع ، کس خف ء) امذ ؛ ج .
۱. عجیب و غریب چیزیں ، نوادر . ۲. کرشمے ، کرتب . ۳. (طور واحد) عجیب و غریب بات .

عَجَب (فت ع ، ج) (الف) امذ .
۱. تعجب ، حیرت . ۲. عجوبہ ، حیرت انگیز . (ب) صف . انوکھا ، نرالا ، خوب ، عمدہ . [ع] .
عجب تیری قدرت ، عجب تیرے کھیل ، چھچھوندر لگائے چنبیلی کا تیل کہاوت . حیرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں .
عجب نہیں فقرہ . تعجب نہیں ، کچھ حیرت کی بات نہیں .

عِجْز (کس ع ، سک ج) امذ .
۱. ناتوانی ، ناچاری ، بے مقدوری ، درماندگی ؛ بے اختیاطی . ۲. منت و سماجت ، گڑگڑانا ، معافی طلبی ، درگزر کا طالب ہونا ، عاجزی . ۳. انکسار ، فروتنی ، عاجزی . [ع] .
عجز بیاں امذ . اظہار کی کوتاہی ، پوری طرح بیان نہ کر پانا ، سمجھانے میں کمی ہونا ، ابلاغ کی کمزوری ، بیان سے قاصر ہونا .
عجز و انکسار / انکساری امذ . عاجزی اور فروتنی ، منت سماجت کرنا ، گڑگڑانا ؛ تواضع سے پیش آنا .

عُجْلَت (ضم ع ، سک ج ، فت ل) امث .
جلدی ، جلد بازی ، تیزی ، پھرتی ، شتابی . [ع] .

عَجَم (فت ع ، ج) امذ .
(لفظاً) گونگا ، ژولیدہ بیان (عرب دوسرے ملکوں کے لوگوں کو فصاحت و بلاغت میں اپنا ثانی نہیں سمجھتے تھے اس لیے غیر عرب کو عجم اور وہاں کے رہنے والے کو عجمی کہتے تھے) مراداً عرب کے سوا کسی دوسرے ملک کے لوگ ، غیر عرب . [ع] .

عَجَمی (فت ع، ج) صف : اند.
عجم سے تعلق رکھنے والا، عجم کا باشندہ، فارس کا، عجم سے منسوب؛ غیر عرب، جو عربی نہ ہو.

عَجُوبَہ (فت ع، و مع، فت ب) اند.
عجیب و غریب چیز، نرالا، انوکھا. [ع].

عجوبۂ روزگار اند. زمانے کی نہایت عجیب چیز جس کے ساتھ کی دنیا میں نہ ملے، نادر چیز.

عَجْوَہ (فت ع، سک ج، فت و) اند.
کھجور کی ایک نوع جو مدینہ منورہ میں ہوتی ہے اور نہایت شیریں ہوتی ہے. [ع].

عَجیب (فت ع، ی مع) صف.
انوکھا، حیرت انگیز، طرفہ. [ع].

عجیب الخلقت صف. حیرت انگیز بناوٹ کا، انوکھی شکل کا، اصول فطرت سے ہٹی ہوئی خلقت والا؛ وہ آدمی یا جانور جو بے ہنگم یا کریہہ المنظر ہو اور اسے دیکھ کے ہنسی آئے یا خوف معلوم ہو یا عبرت حاصل ہو.

عجیب و غریب صف. انوکھا، نادر، نایاب؛ حیرت انگیز، تعجب خیز.

عَدالَت (فت ع، ل) مث.
۱. انصاف، داد رسی، عدل، عادل ہونا ۲. کچہری، کورٹ، انصاف کی کچہری. [ع].

عدالت دیوانی مث. عدالت (کچہری) جس میں جائداد یا حق کے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے.

عدالت عالیہ مث. کسی صوبے یا ریاست کی سب سے بڑی عدالت، ہائی کورٹ.

عدالت فوج داری مث. وہ عدالت (کچہری) جس میں مار پیٹ، قتل، چوری وغیرہ کے مقدمات فیصل کیے جائیں، فوج داری مقدمات کی عدالت.

عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا محاورہ. مقدمہ دائر کرنا، عدالت سے رجوع کرنا.

عدالت لگانا محاورہ. داد فریاد سننے کے لیے اجلاس لگانا، کچہری لگانا، مجمع لگانا.

عَدالَتی (فت ع، فت نیز سک ل) صف.
۱. عدالت (کورٹ) سے متعلق، عدالت کا ۲. حاکم مجاز.

عدالتی چارہ جوئی مث. انصاف کے لیے عدالت سے رجوع کرنا

عدالتی کارروائی مث. ایسی کارروائی جس میں حلفی شہادت وغیرہ لی جائے.

عَداوَت (فت ع، و) مث.
دشمنی، بغض، عناد، خصومت. [ع].

عداوت رکھنا محاورہ. کینہ رکھنا، بغض و عناد رکھنا، دشمنی رکھنا.

عداوت ہونا ف مر. بغض و کینہ ہونا، دشمنی ہونا.

عِدَّت (کس ع، شد د بفت) مث.
(شرع) وہ مدت جس میں عورت (مطلقہ اور بیوہ) کے لیے دوسرا نکاح منع ہے (مطلقہ کی عدت تین حیض یا تین مہینے، بیوہ کی چار مہینے دس روز، حاملہ کے لیے وضع حمل تک). [ع].

عدت میں ہونا محاورہ. بیوہ یا مطلقہ کا عدت کا زمانہ گزارنا، عدت میں بیٹھنا، عدت میں رہنا.

عَدَد (فت ع، د) اند.
۱. (ریاضی) عدد وہ چیز ہے جو اپنے مجموعہ حاشیتین کا نصف ہو، جیسے کہ پانچ اس کا حاشیہ اوّل ۴ اور حاشیہ دوم ۶ ہے ان کا مجموعہ ۱۰ اور جس کا نصف ۵، اکائی یا اکائیوں کا مجموعہ، ہندسہ، رقم، گنتی، شمار تعداد ۲. ایسی چیزوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں جو گنی جاسکیں (جیسے: قلم ۱۲ عدد، آم دس عدد، کپڑے ۶ عدد). [ع].

عَدْسَہ (فت ع، سک د، فت س) اند.
۱. آنکھ کا پردہ، مراد: آنکھ کی پتلی ۲. کسی انعطافی واسطے (خصوصاً شیشہ) کا ایسا ٹکڑا جس کی ایک یا دونوں سطحیں کروی ہوتی ہیں، لنس فوٹوگرافی کیمرے کا شیشہ جس سے کسی چیز کا عکس لیا جاتا ہے [ع].

عدسہ نما صف. عدسہ کی طرح، عدسہ جیسا.

عَدل (فت ع، سک د) (الف) اند.

۱. انصاف، داد گستری. ۲. برابری، تسویہ، درمیانی راہ اختیار کرنا. ۳. اللہ تعالیٰ کا ایک نام. (ب) صف. شاہد (گواہ) کی صفت کے طور پر مستعمل ہے، عادل، انصاف کرنے والا، گواہی دینے کے لائق. [ع].

عدل پرور صف. انصاف کرنے والا، منصف (عموماً حکمرانوں کے لیے مستعمل).

عَدلِیَہ (فت ع، سک د، کس ل، فت ی) مث.

محکمہ انصاف جو مجسٹریٹوں، ججوں اور عدالتوں پر مشتمل ہوتا ہے، قانونی چارہ جوئی کرنے والا ادارہ.

عَدَم (فت ع، د) اند.

۱. نیستی، معدوم ہونے کی حالت، نہ ہونا، نابودگی. ۲. (بطور سابقہ) کسی کام کے نہ کرنے یا کسی چیز کے نہ ہونے کی حالت، کسی امر کا نہ ہونا، جیسے: عدم توجہ، عدم تعمیل، عدم تشدد وغیرہ. [ع].

عدم ادائگی/ ادائیگی مث. ادا نہ کرنا (قرض وغیرہ)؛ کسی کام کی تکمیل یا انجام دہی وقت پر نہ کرنا.

عدم اعتماد اند. اعتماد نہ ہونا، بھروسا باقی نہ رہنا؛ ملک کے قانون ساز اداروں میں ارکین کی اکثریت کابینہ وزارت کی حکمتِ عملی کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ہے تو اراکین اس کابینہ کے خلاف اعتماد نہ ہونے کا ووٹ پیش کرتے ہیں، اگر ایسا ووٹ کثرت سے منظور ہو جائے تو وزارت مستعفی ہو جاتی ہے.

عدم تعاون اند. تعاون یا اعانت نہ کرنا، ایک دوسرے کی مدد نہ کرنا، آپس میں مدد نہ کرنا.

عدم دستیابی مث. میسر نہ ہونا، بہم نہ پہنچنا، حاصل نہ ہونا، ہاتھ نہ لگنا.

عدم کی راہ لینا محاورہ. مر جانا، دنیا سے اُٹھ جانا، عالم بالا کو پہنچ جانا.

عدم موجودگی مث. غیر حاضری، موجود نہ ہونا.

عَدَن (فت ع، د) (الف) اند؛ مث.

بہشت کا چوتھا درجہ جو زمرد سبز سے بنا ہے، بہشت کا باغ. (ب) اند.

۱. جزیرہ نما عرب کے جنوبی ساحل پر واقع ایک جزیرہ جہاں کا موتی مشہور ہے، جنوبی یمن کا دارالسلطنت اور مشہور بندرگاہ. ۲. دائمی سکونت ہمیشہ رہنا. [ع].

عَدنان (فت ع، سک د) اند.

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جدِ امجد کا نام جو فصاحت بلاغت کے لیے مشہور تھے.

عَدُو (فت ع، و مع) اند.

۱. دشمن، مخالف. ۲. (مجازاً) رقیب. [ع].

عُدُول (۱) (ضم ع، و مع) اند.

۱. (i) نافرمانی، سرتابی، انکار، روگردانی، انحراف (حکم، قول وغیرہ سے). (ii) اصل راہ سے ہٹنا، پھرنا، واپس ہونا، رجوع. [ع].

عدول کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نہ ماننا؛ ترک کرنا، نافرمانی کرنا ۲. واپس ہونا (راہ سے)، پھر جانا، پلٹنا؛ (مجازاً) رجوع کرنا.

عُدُول (۲) (ضم ع، و مع) اند؛ ج.

عدل کرنے والے لوگ.

عُدُولی (ضم ع، و مع) (الف) صف.

پھر جانے والا، نافرمان، سرکش، منحرف. (ب) اند. (تراکیب میں بطور جزوِ دوم مستعمل) جیسے: حکم عدولی).

عَدِیل (فت ع، ی مع) صف؛ اند.

۱. نظیر، مانند؛ ہم رتبہ، ہم سر، برابر کا؛ ہم وزن. ۲. انصاف کرنے والا، منصف، جج. ۳. جائز، ٹھیک، پورا؛ یکساں، برابر. [ع].

عَدِیم (فت ع، ی مع) صف؛ اند.

غیر موجود، نیست و نابود؛ نایاب، ناپید، کمیاب. [ع].

عدیم الفرصت صف. جسے بالکل فرصت نہ ہو، نہایت مصروف و مشغول شخص.

عدیم المثال / المثل صف. بے مثل، لاجواب، بے نظیر، بے مثال.

عدیم الوجود صف؛ اند. غیر موجود، نایاب، کمیاب؛ مراد: خدائے تعالیٰ.

عَذاب (فت ع) (الف) اند.

۱. (اللہ تعالیٰ کی جانب سے) گناہ کی سزا، بداعمالی کی پاداش (ثواب

کا نقیض). ۲. دکھ ، اذیت ، تکلیف ، رنج و غم .۳. مصیبت ، بلا ، وبال ، جنجال .۴. گناہ ، پاپ ، برائی . (ب) صف . تکلیف دینے والا ، ایذا دینے والا . [ع].

عذاب الٰہی اند . خدا کا قہر.

عذاب آنا محاورہ . خدا کا قہر نازل ہونا ، گناہوں کی سزا ملنا .

عذاب جھیلنا محاورہ . مصیبت اُٹھانا ، دکھ اُٹھانا ، تکلیف برداشت کرنا .

عُذْر (ضم ع ، سک ذ) اند .

۱. بہانہ، حیلہ، اعتذار، ٹال مٹول. ۲. (مجازاً) انکار، اعتراض، چوں و چرا ، انحراف .۳. معقول سبب ، جوازِ شرعی ، حجت .۴. معذرت ، طلبِ معافی نیز توبہ . [ع].

عذر کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. بہانہ کرنا ، حیلے حوالے سے کام لینا ، ٹال مٹول کرنا . ۲. معذرت کرنا ، انحراف کرنا ، پیشکش ٹھکرا دینا .۳. معافی طلب کرنا ، معافی مانگنا .

عذر گناہ بدتر (از) گناہ (گنہ) فقرہ. گناہ سے انکار گناہ سے بھی زیادہ برا ہے .

عذر لنگ اند . پوچ اور نامعقول عذر ، عذر بے جا ، ناقص عذر ، کمزور عذر .

عَذْرا (فت ع ، سک نیز فت ذ) (الف) امث .

۱. دوشیزہ ، کنواری لڑکی .۲. لقب حضرت زہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم . (ب) اند . (نجوم) برج سنبلہ ، برج سنبلہ کا نام . [ع].

عِراق (کس ع) اند.

۱. ملک کا نام جو ایران اور سعودی عرب کے درمیان سمندر کے ساحل پر واقع ہے. ۲. ہم واری ؛ یکسانیت . [ع].

عِراقی (کس ع) (الف) صف.

عراق سے منسوب ، عراق کا ، عراق کا باشندہ . (ب) اند . ۱. عراق عرب کا گھوڑا ، عربی گھوڑا . ۲. فارسی کا ایک مشہور شاعر .

عراق پر بس/زور نہ چلا گدھے (گدھا) کے کان اینٹھے کہاوت .

زبردست پر بس نہ چلا تو غریب کو مارنے / ستانے لگے ، دھوبی سے بس نہ چلے گدھے کے کان اینٹھے .

عَرَب (فت ع ، ر) اند .

۱. ایشیا کا ایک مشہور ملک ، ایک جزیرہ نما کا نام جس میں مکہ مکرمہ مدینہ طیبہ واقع ہیں. ۲. ملک عرب کا باشندہ ، اہل عرب .۳. اظہار بیان نیز فصاحت . [ع].

عَرَبی (فت ع ، ر) (الف) صف .

عرب سے منسوب ، عرب کا . (ب) اند. عرب کا باشندہ ، عرب قوم کا فرد .

عُرْس (ضم ع ، سک ر) اند .

۱. شادی کی دعوت ، طعام عروسی و نکاح ، طعام ولیمہ ، بیاہ کی ضیافت ۲. کسی صوفی بزرگ کا سالانہ فاتحہ اور فاتحہ کا جلسہ جو تاریخ وفات پر ہوتا ہے اور جس میں وابستگان و معتقدین جمع ہوتے ہیں . اف : کرنا/ منانا/ہونا . [ع].

عَرْش (فت ع ، سک ر) اند .

۱. (i) ایک جسم عظیم جو اپنی وسعت و بلندی کے سبب تمام عالم اجسام پر محیط ہے ، بعض اسے نویں آسمان پر اور اس سے بلند خیال کرتے ہیں ، کہتے ہیں کہ وہ نورالٰہی سے روشن ہے ، وہ جگہ جو نویں آسمان کے اوپر ہے جہاں خدا کا تخت ہے ، تخت الٰہی ، تخت (فرش کا نقیض).

(ii) چھت ، سقف . ۲. آسمان ، فلک . [ع].

عرش بریں اند . عرش اعظم ، بڑا تخت ، تخت الٰہی ، خدا کا عرش .

عرش پر دماغ ہونا محاورہ . عرش پر دماغ پہنچنا ، بہت مغرور ہونا .

عَرْشَہ (فت ع ، سک ر ، فت ش) اند .

۱. جہاز کی بالائی ، درمیانی یا نچلی سطح ، جہاز کی چھت ، بحری جہاز کی سطح مرتفع ، ڈیک ، تخت . ۲. کسی چیز کی بالائی سطح ، اوپری حصہ ، چھت .

عَرْصَہ (فت ع ، سک ر ، فت ص) اند .

۱. (i) مدت ، زمانہ ، دور . (ii) لمحہ ، ساعت ، منٹ . ۲. تاخیر ، درنگ ، دیر ، توقف . ۳. اثنا ، وقفہ ، دوران . [ع].

عرصہ پیکار اند . مدتِ جنگ .

عرصۂ حیات تنگ کر دینا/کرنا محاورہ . زندگی دوبھر کر دینا ، جینا مشکل کر دینا ، گزر بسر میں روڑے اٹکانا ، عاجز کر دینا .

عرصۂ حیات تنگ ہونا محاورہ. عرصہ حیات تنگ کر دینا کا لازم، جان ضیق میں ڈالنا.

عرصۂ دراز اند. لمبی مدت، طویل زمانہ.

عَرْض (فت ع، سک ر) اند؛ امث.
ا. چوڑائی، چوڑان، پاٹ، پہنائی (طول کا نقیض) .۲. ظاہر کرنا، پیش کرنا .۳. درخواست، گزارش، التجا. [ع].

عرض البلد اند. کسی مقام اور خط استوا کے مابین چوڑائی کا فاصلہ جو خطوط کے ذریعے درجوں اور دقیقوں میں بیان کیا گیا ہو.

عرض تمنا اند. اظہار مدعا، خواہش کا اظہار.

عرض داشت امث. درخواست، عرضی.

عرض کا صف. ایسا پاجامہ جس کے پائینچے کپڑے کو عرض کی طرف سے دہرا کر کے بنائے گئے ہوں، پورے پاٹ کا، ڈھیلے پائینچوں کا.

عرض کرنا ف مر؛ محاورہ. درخواست کرنا، التجا کرنا، دعا کرنا، کہنا، بیان کرنا.

عَرْضی (فت ع، سک ر) (الف) امث.
ا. تحریری درخواست، عرض داشت، التماس یا گزارش جو تحریری طور پر کی جائے .۲. چھوٹے کی طرف سے بڑے کو خط، عریضہ (شاذ).
(ب) صف. پھیلاؤ، وسعت (طولانی کا نقیض).

عُرْف (ضم ع، سک ر) اند.
ا. وہ مختصر نام جس سے عزیز و اقارب پیار سے بچے کو پکارتے ہیں اور وہ بعد میں اصل نام سے بھی زیادہ مشہور ہو جاتا ہے، وہ مختصر نام جس سے انسان مشہور ہو جائے .۲. پہچان، شناخت؛ (اصطلاح) عام طور پر مشہور، عوام میں جانا پہچانا. [ع].

عرف عام اند. عام بول چال، عام طور پر مشہور معنی.

عَرَفات (فت ع، ر، ریز سک) اند.
مکۂ معظمہ سے نو کوس (کم و بیش ۱۲ میل) کے فاصلے پر ایک کشادہ میدان کا نام، عرفہ حج کے دن (۹ ذی الحجہ کو) حاجی یہاں آ کر ٹھہرتے، دعائیں پڑھتے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور نماز ظہر و عصر ملا کر پڑھتے ہیں میدان عرفات میں ٹھہرنا حج کا اہم ترین رکن ہے. [ع].

عِرْفان (کس ع، سک ر) اند.
ا. شناخت، پہچان، آگہی، علم، واقفیت، خدائے تعالیٰ کی معرفت خدا شناسی .۲. حق آگہی، معرفت حقیقی. [ع].

عرفان ذات اند. عرفان نفس، خود آگہی، انسان کا اپنے نفس یا وجود کو پہچاننا، خود شناسی.

عَرَفَہ (فت ع، ر، ریز سک، فت ف) اند.
ا. ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ اس دن حاجی میدان عرفات میں جا کر قیام کرتے اور مقررہ مناسک حج بجا لاتے ہیں .۲. عید، بقرعید، محرم کی دسویں اور شب برات سے ایک روز پہلے کا دن، اس دن لوگ مردوں (خصوصاً جن کا انتقال اس سال میں ہوا ہو) کے نام کی فاتحہ دلاتے ہیں اور شیرینی اور کھانے تقسیم کرتے ہیں، عرفے کے دن فاتحہ دلانے کی ایک رسم. [ع].

عُرْفِیَت (ضم ع، سک ر، کس ف، فت ی) امث.
مشہور نام جو اصل نام کے علاوہ ہو.

عَرَق (فت ع، ر) اند.
ا. (i) وہ رطوبت جو کسی نباتی یا حیوانی جسم کے اندر پائی جائے (ii) کسی پھل کا نچوڑ، رس، افشردہ؛ (طب) کسی چیز کا کشید کیا ہوا پانی، دواؤں کی بھاپ سے بنایا ہوا پانی (جو بطور دوا استعمال کرتے ہیں) .۲. وہ رطوبت جو بدن کے مسامات سے خارج ہو، پسینہ. [ع].

عرق انفعال اند. وہ پسینہ جو شرمندگی کے باعث آئے، عرق ندامت.

عرق آلود/ آلودہ صف. ا. پسینے میں تر، پسینے میں ڈوبا ہوا .۲. پانی میں بھیگا ہوا، پانی میں تر بتر، مراد: پسینے میں بھیگا ہوا؛ عطر یا خوشبو میں بسا ہوا.

عرق ریزی امث. پسینہ بہانا، سخت محنت، جاں فشانی، تگ و دو.
اف: کرنا.

عرق گل/ گلاب اند. گلاب کا کشید کیا ہوا پانی.

عرق ندامت اند. شرمندگی اور خجالت کے باعث آنے والا پسینہ.

عِرْق (کس ع، سک ر) امث.
ا. رگ، نس، خون کی نالی .۲. (نباتیات) ریشہ باریک، خواہ درخت کا

ہو خواہ بچوں کا . [ع] .

عرق النسا اند . ۱.(طب) ایک رگ کا نام جو سُرین سے ٹخنے تک جاتی ہے . ۲.(طب) ایک قسم کا درد جو چڈھوں سے ٹخنوں تک پہنچتا ہے ، لنگڑی کا درد .

عُرْوَہ (ضم ع ، سک ر ، فت و) امث ، اند .

۱.صراحی کا دستہ . ۲.(مجازاً) ٹونٹی اور قبضے والا لوٹا یا بدنا وغیرہ . [ع] .

عروہ الوثقیٰ اند . ۱.مضبوط دستہ ؛ (مجازاً) ایمان محکم ، یقین راسخ ، پختہ یقین . ۲.قابل اعتماد ، محکم اور مضبوط شے یا وسیلہ ؛ (مجازاً) سچا مسلک .

عُرُوج (ضم ع ، و مع) اند .

۱.صعود ، اوپر چڑھنا ، بلند ہونا ، نزول کی ضد (خصوصاً کسی ستارے کا) .

۲. بلندی ، اوج ، ترقی ، ارتقا . [ع] .

عروج و زوال اند . بلندی و پستی ، ترقی و تنزل ، اونچ نیچ .

عَرُوس (فت ع ، و مع) امث .

دلہن (عربی میں اس لفظ کا اطلاق دولھا پر بھی ہوتا ہے مگر اُردو میں صرف دلہن کے لیے مستعمل ہے) . [ع] .

عروس البلاد اند . شہروں کی دلہن ، سب سے خوب صورت شہر .

عَرُوسی (فت ع ، و مع) (الف) صف .

عروس (دلہن) سے منسوب ، دلہن کا ، شادی کا . (ب) امث . شادی ، نکاح .

عَرُوض (فت ع ، و مع) اند .

۱. اوزان شعر کو جانچنے کا علم ، وہ علم جس میں شعر کے اوزان ، بحور ، زحافات کے اصول بیان کیے جاتے ہیں . ۲.مصرع اول کے آخری رکن کا نام . [ع] .

عروض شناس صف . عروض سے واقف ، عروض سے واقفیت رکھنے والا ، شاعری کے قواعد جاننے والا .

عُرْیاں (ضم ع ، سک ر) صف .

۱. بے لباس ، بے پردہ ، برہنہ ، ننگا ؛ کھلا ہوا ؛ (مجازاً) ظاہر . ۲.(مجازاً) فحش ، شرم ناک . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

عُرْیانی (ضم ع ، سک ر) امث .

۱. برہنگی ، ننگاپن . ۲.(مجازاً) تحریر میں جنسی معاملات کا کھلا اظہار و بیان فحش نگاری ، جنسی جذبات کو بھڑکانے والی تحریر .

عُرْیانِیَت (ضم ع ، سک ر ، کس ن ، فت ی) امث .

برہنگی ، ننگاپن ؛ (مجازاً) فحش نگاری .

عَرِیضَہ (فت ع ، ی مع ، فت ض) اند .

۱. عمر ، رشتے یا رتبے میں چھوٹے کی جانب سے بڑے کو لکھا جانے والا خط ؛ عرضی ، عرض داشت . ۲.عرضی جو حضرت فاطمہؓ ، خواجہ خضر یا امام آخرالزماں کے نام لکھ کر کسی مراد کے لیے دریا میں بہاتے ہیں . [ع] .

عَزا (فت ع) امث .

سوگ ، ماتم ؛ رونا پیٹنا ، پرسہ . [ع] .

عزا خانہ اند . ماتم کرنے اور غم منانے کی جگہ ، ماتم کدہ ؛ (کنایۃً) وہ مکان جس میں مرثیے پڑھے جاتے یا تعزیہ رکھا جاتا ہے ، امام بارگاہ .

عزا دار صف . میت یا شہدائے کربلا کا غم کرنے والا ، سوگ منانے والا ماتم کرنے والا .

عزا داری امث . میت یا شہدائے کربلا کا غم کرنا ، سوگ منانا ، ماتم کرنا .

عَزازِیل (فت ع ، ی مع) اند .

شیطان کا نام ، ابلیس . [ع : (علَم)] .

عَزائِم (فت ع ، کس ء) اند : ج .

ارادے ، پکے ارادے . [ع] .

عِزَّت (کس ع ، شد ز بفت) امث .

۱. آبرو ، حرمت ، بڑائی ، عظمت ، شان ، شرف ، توقیر . اف : کرنا / ہونا . ۲.غلبہ ، قوت ، (شاذ) . [ع] .

عزت اُتارنا محاورہ . بے عزت کرنا ، ذلیل و رسوا کرنا ؛ آبرو خراب کرنا آبروریزی کرنا .

عزت افزائی امث . قدر یا وقعت بڑھانا ، توقیر بلند کرنا ، مرتبہ زیادہ کرنا .

عزت بچانا محاورہ . آبرو کی حفاظت کرنا ، عصمت محفوظ رکھنا .

عزت پر ہاتھ ڈالنا محاورہ . کسی کی عزت آبرو پر حملہ کرنا ، کسی کو ذلیل

کرنے کی کوشش کرنا.

عزت خاک میں ملانا محاورہ. ۱. عزت برباد کرنا، ذلیل و رسوا کرنا.
۲. بداعمالیوں سے اپنی عزت ضائع کر دینا، آبرو کھو دینا.

عزت خاک میں مل جانا محاورہ. آبرو جاتی رہنا، عزت برباد ہو جانا، ذلیل و رسوا ہو جانا.

عزت دار صف. باعزت، معزز، ذی مرتبہ، باوقار، شریف.

عزت دینا محاورہ. آبرو بخشنا، معزز یا وقیع بنانا، قدر و منزلت کرنا، تعظیم و تکریم سے پیش آنا، احترام کرنا.

عزت کرنا محاورہ. ۱. تعظیم و تکریم سے پیش آنا، احترام کرنا، قدر کرنا.
۲. نام بلند کرنا، آبرو قائم رکھنا، وقار بڑھانا.

عزت لٹنا محاورہ. آبرو برباد ہونا؛ عصمت خراب ہونا.

عزت لوٹنا محاورہ. آبرو برباد کرنا؛ عصمت خراب کرنا، آبروریزی کرنا.

عزت مآب صف. ۱. بہت عزت دار، نہایت معزز. ۲. ایک تعظیمی کلمہ جو اراکین حکومت، وزیروں اور ججوں وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے.

عزت نفس مث. توقیر ذات، خودداری، غیرت مندی.

عِزرائیل / عِزرَئیل (کس ع، سک ز، ی مع / کس ع، سک ز، فت ر، ی مع) مذ.
چار مقرب فرشتوں میں ایک فرشتے کا نام؛ ملک الموت، روح قبض کرنے والا فرشتہ. [ع].

عُزلَت (ضم ع، سک ز، فت ل) مث.
خلوت، تنہائی، گوشہ نشینی. [ع].

عزلت پسندی مث. عزلت پسند ہونا، الگ تھلگ رہنا، تنہائی پسند کرنا، گوشہ نشین.

عزلت گزین/نشین صف. کنج تنہائی میں رہنے والا، گوشہ نشین؛ (کنایۃً) خلوت میں عبادت میں مشغول رہنے والا، عابد مرتاض.

عَزم (فت ع، سک ز) مذ.
ارادہ، قصد، نیت، منشا. اف: کرنا / ہونا. [ع].

عزم بالجزم مذ. پکا ارادہ، مصمم ارادہ.

عزم سفر مذ. کوچ کا قصد، سفر کی نیت کرنا.

عَزَّوَجَلَّ (فت ع، شد ز بفت، فت و، ج) صف.
غالب اور بزرگ (خدا تعالیٰ کی صفت کے طور پر مستعمل). [ع].

عُزّیٰ (ضم ع، شد ز، بشکل ی) مذ؛ مو.
دور جاہلیت میں عربوں کے ایک بت کا نام. [علم].

عَزِیز (فت ع، ی مع) صف؛ مذ.
۱. زبردست، صاحب قوت و اختیار، غالب، قادر، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. ۲. پیارا، محبوب. ۳. دوست، یار، ساتھی، آشنا (عموماً اپنے سے عمر میں چھوٹے کے لیے مستعمل). ۴. قرابت رکھنے والا، رشتہ دار.
۵. (i) گراں قدر، بیش بہا. (ii) بزرگ، گرامی، معزز. [ع].

عزیز رکھنا محاورہ. ۱. دوست سمجھنا، محبت کرنا، پیارا سمجھنا، قدر کرنا.
۲. ("سے" کے ساتھ) کسی مرغوب شے کے دینے میں تامل یا دریغ کرنا.

عزیز ہونا محاورہ. ۱. پیارا ہونا. ۲. ("سے" کے ساتھ) کسی شے کے دینے میں تامل یا دریغ ہونا.

عَزِیزی (۱) (فت ع، ی مع) مث (قدیم).
۱. دوستی، محبت، پیار. ۲. عظمت، تقدس.

عَزِیزی (۲) (فت ع، ی مع) مذ.
میرے عزیز، میرے پیارے.

عَزِیمَت (فت ع، ی مع، فت م) مث.
۱. (i) قصد، ارادہ، عزم. (ii) فتح کرنے یا حاصل کرنے کی کوشش ("پر" کے ساتھ). ۲. وہ دعا، منتر، افسوں یا عمل جس سے موکلوں کو طلب کیا جائے. [ع].

عُسر (ضم ع، سک س) مذ.
۱. تنگی، تنگ دستی، مفلسی. ۲. دشواری، سختی، تکلیف. [ع].

عُسرَت (ضم ع، سک س، فت ر) مث.
۱. تنگی، تنگ دستی، دشواری، مفلسی. ۲. قلت، کمیابی، کمی، کمیاب ہونا. [ع].

عَسکَر (فت ع، سک س، فت ک) مذ.
فوج، لشکر.

عَسکَری (فت ع، سک س، فت ک) (الف) صف.
عسکر سے منسوب، لشکری، فوجی. (ب) مذ. فوج کا سپاہی، فوجی.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (ملفوظہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

عَسَل (فت ع، سک س) اند.
شہد، انگبین. [ع].

عَسِیر (فت ع، ی مع) صف.
دشوار، مشکل. [ع].

عِشا (کس ع) مث :- عشاء.
ا. رات کی اندھیری، تاریک شب. ۲. رات کی فرض نماز جس میں وتر ہوتے ہیں جو مغرب کے بعد اور سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے، نمازِ خفتن. [ع].

عُشّاق (ضم ع، شد ش) اند : ج.
ا. عاشق کی جمع، چاہنے والے، عشق کرنے والے. ۲. راگ کے ایک مقام کا نام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے. [ع].

عِشائِیَہ (فت نیز کس ع، کس ء، فت ی) اند.
رات کا کھانا، ڈنر.

عَشایا (فت ع) مث : ج.
شامیں، شام کے اوقات.

عَشْر (فت ع، سک نیز فت ش) صف.
دس (۱۰) نو اور ایک کا مجموعہ، گنتی میں نو کے بعد کا عدد. [ع].

عُشْر (ضم ع، سک ش) اند.
ا. دسواں، دہم، دسواں حصہ. ۲. (شرع) زرعی پیداوار کا دسواں حصہ جو اسلامی حکومت وصول کرتی ہے. [ع].

عشر عشیر صف، اند. دسویں حصے کا دسواں حصہ، سواں حصہ؛ (مجازاً) تھوڑا سا حصہ، بہت ہی کم، قلیل.

عِشْرَت (کس ع، سک ش، فت ر) مث.
ا. (i) عیش، نشاط، فرحت، آرام. (ii) خوشی، خرمی، مسرت. ۲. حظِ نفسانی، ہم صحبتی، باہم مزے سے گزر جانا. [ع].

عشرت خانہ / کدہ اند. عیش و نشاط کا گھر، وہ مکان جہاں فرحت و انبساط کا سامان مہیا ہو.

عَشْرَہ (فت ع، ش نیز سک، فت ر). (الف) صف.
دس. (ب) اند. ا. مہینے کا دسواں دن. ۲. مہینے کے دس روز کا مجموعہ. ۳. دس سال کا مجموعہ، دہائی، دہا. ۴. محرم کی دسویں تاریخ، عاشورہ ۵. محرم کے پہلے دس دن. [ع].

عشرہ مبشرہ اند. وہ دس صحابی جنہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی زندگی میں ہی بہشت کی بشارت دی تھی اور وہ یہ ہیں ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، زبیرؓ، طلحہؓ، سعیدؓ، سعدؓ، ابوعبیدہؓ، اور عبدالرحمٰن بن عوفؓ.

عَش عَش اند. دیکھیے اش اش کلمۂ تحسین و آفرین، نہایت پسندیدگی یا خوشی کا اظہار، واہ واہ.

عش عش کرنا محاورہ. کلمۂ تحسین و آفرین زبان پر لانا، واہ وا کہنا تعریف کرنا.

عِشْق (کس ع، سک ش) اند.
ا. شدید جذبۂ محبت، گہری چاہت، محبت، پریم، پیار. ۲. (طب) ایک طرح کا جنون و سودا جو خوب صورت آدمی کو دیکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے. ۳. شوق، آرزو. [ع].

عشق الٰہی اند. اللہ کی محبت، عشق حقیقی.

عشق اور مشک چھپانے سے نہیں چھپتا کہاوت. محبت کا راز اور مشک کی خوشبو ظاہر ہو کر رہتی ہے.

عشق باز صف. دل پھینک، حسن پرست، عاشق مزاج، عیاش.

عشق بازی مث. عاشقی، حسن پرستی، عیاشی.

عشق بری بلا ہے کہاوت. محبت بری چیز ہے سب کچھ بھلا دیتی ہے

عشق پیچاں اند. ایک بیل کا نام جو درخت کے تنے اور شاخوں سے لپٹ جاتی ہے اور جس کا پھول سرخ، پتیاں باریک باریک ہوتی ہیں

عشق حقیقی اند. اصلی محبت؛ مراد: محبت الٰہی، عشق مجازی کا نقیض.

عشق لڑانا محاورہ. عشق بازی کرنا، محبت کا کھیل کھیلنا.

عشق مجازی اند. دنیوی محبوب یا معشوق کی محبت، عشق حقیقی کا نقیض

عِشْقِیَہ (کس ع، سک ش، کس ق، فت ی) صف.
عشق اور معاملات عشق سے تعلق رکھنے والا، عاشقانہ.

عِشْوَہ (کس نیز فت ع، سک ش، فت و) اند :- عشوۃ.
ناز و ادا، غمزہ، کرشمہ. [ع].

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

عشوہ طراز صف. عشوہ پرداز، ناز و کرشمہ دکھانے والا یا والی، دل فریب حرکات سے فریفتہ کرنے والا / والی.

عشوہ طرازی مث. ناز و انداز، محبوبانہ ادائیں دکھانا.

عَشِیر (فت ع، ی مع) صف.
دسواں حصہ ("عشر" کے ساتھ مستعمل). [ع].

عَصا (فت ع) اند. ۱. ہاتھ کی لکڑی، چوب دستی، لاٹھی. ۲. (مجازاً) سہارا، ٹیک. [ع].

عصا بردار صف. چوب دار جو بادشاہوں یا امیروں کی سواری کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں، یساول، بلم بردار.

عصائے پیر / پیری اند. وہ لاٹھی جو بوڑھے استعمال کرتے ہیں یا جس کے سہارے سے چلتے ہیں؛ (مجازاً) بڑھاپے کا سہارا، بوڑھے کا جوان لڑکا.

عصائے کلیم / موسیٰ اند. حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا جو انہوں نے فرعون کے سامنے پھینکا تو سانپ بن گیا.

عَصَب (فت ع، ص) اند.
پے، پٹھا (پٹھے یا اعصاب ایک قسم کے سفید باریک ریشے ہیں جو دماغ اور حرام مغز سے نکل کر تمام جسم میں پھیلتے ہیں اور حس و حرکت اور حواس خمسہ سب انھیں سے متعلق ہوتے ہیں).

عَصَبی (فت ع، ص) صف.
۱. عصب سے منسوب یا متعلق، پٹھے یا پٹھوں کا، اعصابی. ۲. کمزور اعصاب والا، بے حد زود حس، جلد مضطرب یا بے چین ہو جانے والا. [ع].

عصبی تناؤ اند. جسم کے پٹھے کا کھنچاؤ؛ مجازاً بے چینی.

عَصَبِیَت (فت ع، ص، کس ب، فت ی) مث؛ ← عصبیہ.
۱. گروہ بندی کی وجہ سے پیدا ہونے والی مضبوطی، قرابت کا لحاظ و خیال، اپنے مسلک یا گروہ کی وفاداری اور پاس داری. ۲. اپنوں کی بے جا حمایت اور دوسروں سے نفرت، تعصب. ۳. خویشی، وہ تعلق جو وراثت میں حصے کا مستحق کرے.

عَصْر (فت ع، سک ص) اند.
۱. زمانہ، دور، عہد. ۲. دن کا اخیر حصہ، سہ پہر. ۳. نماز عصر، ظہر اور مغرب کے درمیان کی نماز. [ع].

عصر حاضر اند. موجودہ زمانہ، دور حاضر.

عَصْرانَہ (فت ع، سک ص، فت ن) اند؛ م ف.
تیسرے پہر کی دعوت یا پارٹی جس میں عموماً چائے، بسکٹ، پھل وغیرہ ہوتے ہیں.

عَصْری (فت ع، سک ص) صف.
زمانے کا، زمانے سے متعلق، عہد کا، عہد یا زمانے کے مطابق، زمانی.

عِصْمَت (کس ع، سک ص، فت م) مث.
۱. اپنے آپ کو گناہ سے بچانا، لغزش و خطا سے پاک ہونا، پرہیزگاری، پارسائی، پاک دامنی. ۲. (علم کلام) وہ پاک دامنی جو ابتدائے پیدائش سے آخر عمر تک رہے یعنی گناہ سے عمر بھر بچا رہنا. [ع].

عصمت دری مث. عورت کی مرضی کے خلاف بے آبرو کرنا اس کے ساتھ جنسی فعل انجام دینا، زنا بالجبر، عورت کی آبرو ریزی.

عصمت فروش صف. جسم بیچنے والی، کسبی، طوائف، رنڈی.

عصمت فروشی مث. جسم بیچنے کا کام یا پیشہ، کسبی کا کام یا پیشہ.

عِصْیان (کس ع، سک ص) اند.
گناہ، پاپ، معصیت، جرم. [ع].

عَضَلات (فت ع، ض نیز سک ض) اند؛ ج.
گوشت اور پٹھوں سے مرکب عضو، گوشت کی مچھلیاں. [ع].

عَضَلَہ (فت ع، ض نیز سک ض، فت ل) اند.
گوشت کی مچھلی، گوشت اور پٹھوں سے مرکب عضو جس سے بدن میں حرکت ہوتی ہے. [ع].

عُضْو (ضم ع، سک ض) اند.
۱. بدن کا کوئی حصہ یا جزو. ۲. کسی جماعت یا تنظیم کا رکن، ممبر. [ع].

عضو معطل اند. ۱. جسم کا کوئی حصہ جو بیکار ہو جائے، ناکارہ چیز، بیکار شے. ۲. (مجازاً) کسی جماعت یا ادارے کا ایسا رکن یا عہدہ دار جس کے پاس نہ کوئی کام ہو نہ اختیار.

عَطا (فت ع) امث.
بخشش، انعام، فیض، سخاوت، کوئی چیز کسی کو دینا. [ع].
عطا فرمانا/کرنا ف مر. دینا، بخشنا، مرحمت کرنا.
عطا ہونا ف مر. بخشا جانا، عنایت ہونا، مرحمت ہونا.
عَطّار (فت ع، شد ط) صف.
عطر بیچنے والا، عطر فروش، تیل پھلیل اور دوسری خوشبویات بیچنے والا. [ع].
عُطارِد (ضم ع، کس نیز فت ر) اند.
(ہیئت) دوسرے فلک پر ایک سیارہ جس کو دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں علم و عقل کو اس سے متعلق سمجھا جاتا ہے، ہندی میں اسے بدھ کہتے ہیں. [ع].
عَطّاری (فت ع، شد ط) امث.
۱. عطر فروش کا کام یا پیشہ، عطر فروشی. ۲. دوا فروش کا کام یا پیشہ؛ دوا بنانے کا کام.
عَطائی (فت ع) اند.
کسی قسم کی سند رکھنے اور کسی کی شاگردی کیے بغیر کوئی مشغلہ اختیار کرنا؛ نیم حکیم؛ بے استاد؛ وہ شخص جس نے کسی استاد کے بغیر اپنے طور پر کوئی علم یا فن سیکھا ہو، بے سند، اتائی.
عِطْر (کس ع، سک ط) اند.
۱. خوش بو، بوئے خوش، سگند. ۲. خوشبودار چیزوں کا کشید کیا ہوا جوہر، لب لباب، خلاصہ، نچوڑ. [ع].
عطر بیز صف. خوش بو پھیلانے والا.
عطر پاش صف. عطر چھڑکنے والا، خوش بو چھڑکنے والا، خوش بو بکھیرنے والا.
عطر دان اند. عطر رکھنے کا ظرف، عطر کی شیشی.
عَطَش (فت ع، ط) امث.
پیاس، تشنگی. [ع].
عَطْف (فت ع، سک ط) اند.
۱. پھیرنا، موڑنا. ۲. مڑنا، پھرنا، گھوم جانا. ۳. "و" "اور" وغیرہ کے ذریعے ایک کلمے یا جملے کو دوسرے کے ساتھ ملانا یا ایک حکم میں شامل کرنا. [ع].
عَطُوفَت (فت نیز ضم ط، و مع، فت ف) امث.
مہربانی، شفقت، عاطفت. [ع].
عَطِیَّہ (فت ع، کس ط، فت ی) اند.
عطا، بخشش، عطا کی ہوئی چیز، تحفہ. [ع].
عِظام (۱) (کس ع) اند؛ ج.
ہڈیاں. [ع].
عِظام (۲) (کس ع) صف؛ ج.
بزرگ، بڑے. [ع].
عُظّام (ضم ع، شد ظ نیز بلا شد) صف.
بزرگ، بڑا، عظیم. [ع].
عَظَمَت (فت ع، ظ نیز سک ظ، فت م) امث.
۱. (کمیت و جسامت کے اعتبار سے) بڑائی. ۲. (i) (کیفیت کے اعتبار سے) بزرگی، بڑائی، برتری، شان و شوکت. (ii) قدر و منزلت، عزت. [ع]
عُظمیٰ (ضم ع، سک ظ، الف بشکل ی) صف مث.
اعظم کا مونث، سب سے بڑی، بزرگ ترین، بہت عظیم. [ع].
عَظِیم (فت ع، ی مع) صف.
۱. بڑا، بزرگ، صاحب عظمت، شان دار، جاہ و جلال والا. ۲. اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک اسم. [ع].
عظیم الشان صف. بڑی شان و شکوہ والا، بڑے مرتبے کا، بہت شان دار.
عظیم المرتبت صف. بڑے رتبے والا، اونچے درجے والا، بلند مرتبہ
عَفاف (فت ع) اند.
پارسائی، پرہیزگاری، پاک دامنی. [ع].
عِفَّت (کس ع، شد ف، بفت) امث.
پرہیزگاری، پارسائی، پاک دامنی. [ع].
عفت مآب صف. پارسا، پاک دامن، عفیفہ.
عِفرِیت (کس ع، سک ف، ی مع) اند.
دیو، خبیث جن، بھوت، شیطان. [ع].

عَفُو (فت ع، سک نیز ضم ف) اند.
معاف کرنا، معافی، درگزر، بخشش. [ع].

عفو و درگزر اند. خطا و قصور معاف کرنا.

عُفُونَت (ضم ع، و مع، فت ن) مث.
۱. سڑاند، بدبو، گندگی. ۲. متعفن ہونا، فاسد ہونا، بدبودار ہونا. [ع].

عُفِیَ عَنہٗ فقرہ.
اس (مرد) کی مغفرت ہو، اس (مرد) کے گناہ معاف ہوں، اکثر خطوط میں اپنے نام کے بعد انکسار سے لکھتے ہیں.

عَفِیفَہ (فت ع، ی مع، فت ف) صف؛ مث.
باعصمت، پاک دامن، پارسا عورت.

عِقاب (کس ع) اند.
سزا، عذاب، تکلیف. [ع].

عُقاب (ضم ع) اند.
۱. چیل سے مشابہ ایک طاقت ور بلند پرواز شکاری پرند. ۲. رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک سیاہ علم کا نام. [ع].

عُقابی (ضم ع) صف.
عقاب سے منسوب یا متعلق، عقاب جیسا.

عقابی نظر / نگاہ مث. بہت تیز نظر.

عَقائِد (فت ع، کس ء) اند؛ ج.
ایمان و یقین، اعتقادات، مذہب کے اصول. [ع].

عَقَب (فت ع، ق) اند؛ م ف.
پیچھا، پچھواڑی، پس پشت، پیچھے. [ع].

عَقَبی (فت ع، ق نیز سک ق) صف.
پیچھے کا، پچھلی طرف کا، پچھلا.

عُقبیٰ (ضم ع، سک ق، ابشکل ی) مث.
آخرت، دوسرا جہاں، عاقبت. [ع].

عَقْد (فت ع، سک ق) اند.
۱. (i) گرہ، گانٹھ، بندھن. (ii) گرہ لگانا یا باندھنا. ۲. معاہدہ، عہد و پیمان، قول و قرار. ۳. بیع، فروخت. ۴. نکاح، بیاہ. [ع].

عقد باندھنا محاورہ. نکاح کرنا، بیاہ کرنا.

عقد ثانی اند. دوسری شادی، دوسرا نکاح.

عقد کرنا ف مر. نکاح کرنا، بیاہ کرنا.

عقد میں آنا محاورہ. کسی مرد کی زوجیت میں آنا، مذہبی قاعدے کے مطابق کسی کی بیوی بننا.

عقد میں لانا محاورہ. کسی عورت کو مذہبی قاعدے کے مطابق اپنی بیوی بنانا.

عِقْد (کس ع، سک ق) اند.
لڑی، ہار. [ع].

عقد ثریا اند. سات ستاروں کا مجموعہ جو ہار کی طرح نظر آتا ہے، سات سہیلیوں کا جھمکا.

عُقْدَہ (ضم ع، سک ق، فت د) اند.
۱. گرہ، گتھی، گانٹھ. ۲. مشکل کام، امر دشوار، پیچیدہ مسئلہ. ۳. (i) (مجازاً) راز، بھید، پوشیدہ بات. (ii) معما، پہیلی، چیستاں، گورکھ دھندھا. ۴. الجھاؤ، بکھیڑا، پیچ. [ع].

عقدہ حل ہونا محاورہ. گرہ کھلنا، مشکل دور ہونا، پیچیدہ مسئلہ سمجھ میں آ جانا

عقدہ کشا صف. گرہ کھولنے والا، دقت دور کرنے والا، مشکل حل کرنے یا آسان کرنے واالا، پیچیدہ مسئلہ سلجھانے والا.

عقدہ کشائی مث. گرہ کھولنا، دقت دور کرنا، مشکل حل کرنا، پیچیدہ بات سلجھانا.

عَقْرَب (فت ع، سک ق، فت ر) اند.
۱. بچھو. ۲. (ہیئت) آسمان کا آٹھواں برج جو بچھو کی شکل کا ہے، برچھک. [ع].

عَقْل (فت ع، سک ق) مث.
وہ قوت جس کے وسیلے سے انسان برے بھلے کی تمیز اور دقائق اشیا کو حل کرے، خرد، سمجھ، فہم، دانش. [ع].

عقل بڑی کہ/یا بھینس کہاوت. کسی کی بے تکی بات پر مزاحاً کہتے ہیں.

عقل پر پتھر پڑنا محاورہ. عقل کا ستیاناس ہو جانا، عقل جاتی رہنا، کچھ سمجھ میں نہ آنا.

عقل ٹھکانے لگانا محاورہ. دماغ درست کر دینا.

عقل داڑھ مث. جبڑے کے سروں کے چار دانت جو جوانی میں نکلتے ہیں (یعنی سیانی عمر میں اور یہی ان کی وجہ تسمیہ بتائی جاتی ہے).

عقل دنگ رہ جانا / ہونا محاورہ. حیرت میں پڑنا، عقل کا عاجز ہونا، سخت حیرت ہونا، تعجب ہونا، حیران ہونا.

عقل سلیم مث. ذہانت مفیدہ، صحیح الدماغ ہونا، صحیح غور وفکر کا مادّہ.

عقل کا اندھا صف مذ. بے وقوف، احمق.

عقل کا اندھا اور گانٹھ کا پورا فقرہ مذ. بے وقوف مال دار، احمق دولت مند.

عقل کل مذ؛ مث. ۱. عقلِ اوّل، مراد: نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. ۲. (طنزاً) دانائے کل، بہت دانا. ۳. وہ مشیر جس کے مشورے اور رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں، ناک کا بال، مختارِ کل.

عقل کے پیچھے لٹھ/ڈنڈا لیے پھرنا / دوڑنا محاورہ. عقل کا دشمن ہونا، مسلسل احمقانہ باتیں کرنا.

عقل کے ناخن لو/لے فقرہ. ہوش میں آؤ، سمجھ کی بات کرو، بے وقوف نہ بنو.

عقل لڑانا محاورہ. بہت سوچنا، خوب غور وخوض کرنا.

عقل مند / عقلمند صف. خرد مند، دانا، ہوشیار، سمجھ دار.

عقل منداں را اشارہ کافیست کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل)، عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہوتا ہے، عقل مندوں کے لیے تفصیل کی ضرورت نہیں بلکہ وہ اشارے سے بات سمجھ جاتے ہیں.

عقل مندی / عقلمندی مث. دانائی، ہوش مندی، زیرکی، فراست.

عَقلی (فت ع، سک ق) صف.
۱. عقل کی طرف منسوب یا متعلق، عقل کے مطابق، عقل کا. ۲. ذہنی جس کا وجود خارج میں نہ ہو؛ غیر مادی اور مجرد.

عَقلِیَت (فت ع، سک ق، کس ل، فت ی) مث.
یہ نظریہ کہ علم صحیح کی بنیاد عقل پر ہے اور تعقل اور عقلی استدلال کے ذریعے حقیقت تک رسائی ہو سکتی ہے، تلاش حقیقت میں عقل ہی کی رہنمائی کو قبول کرنے کا مسلک یا رجحان.

عُقُوبَت (ضم ع، و مع، فت ب) مث.
۱. گناہ کی سزا، عذاب. ۲. سختی، مصیبت. [ع].

عقوبت خانہ مذ. عذاب دینے کی جگہ، سزا دینے کی جگہ، ٹارچر سیل.

عَقِیدَت (فت ع، ی مع، فت د) مث.
کسی بات کو درست اور حق جان کر اس پر دل جمانا، دل کا بھروسا اعتقاد، ارادت، خلوص ومحبت. اف: رکھنا/ ہونا. [ع].

عقیدت مند صف. عقیدت رکھنے والا، معتقد، خلوص ومحبت رکھنے والا

عقیدت مندی مث. عقیدت رکھنا، ارادت مندی، خلوص ومحبت.

عَقِیدَہ (فت ع، ی مع، فت د) مذ.
۱. ایمان، وہ دلی بھروسا یا اعتبار جو کسی امر یا شخص کو درست یا حق سمجھنے سے پیدا ہو، یقین، اعتقاد. ۲. مذہبی اصول پر اعتقاد، مذہبی یقین نیز وہ مذہبی اصول جن پر ایمان لانا ضروری ہو. اف: رکھنا/ ہونا. [ع].

عَقِیق (فت ع، ی مع) مذ.
ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر جو نگ بنانے اور پچی کاری وغیرہ کے کام آتا ہے، یہ سیاہ، زرد، نیلا اور سفید بھی ہوتا ہے؛ (مجازاً) لب محبوب اور بادۂ ناب. [ع].

عقیق یمن/ یمنی مذ. ملک یمن سے نکلنے والا عقیق جو اعلیٰ قسم کا ہوتا ہے، اس کا رنگ کلیجی جیسا سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے.

عَقِیقَہ (فت ع، ی مع، فت ق) مذ.
بال جو بچے کے سر پر ماں کے پیٹ میں پیدا ہو جاتے ہیں؛ مسلمانوں میں ایک رسم جو بچے کی پیدائش کے ساتویں دن منائی جاتی ہے جس میں بکرا یا بکری ذبح کیا جاتا ہے اور بچے کے سر کے بال منڈوا کر ان کی ہم وزن چاندی خیرات کی جاتی ہے، بچے کا نام رکھا جاتا ہے، موڈن. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

عَقِیل (فت ع، ی مع) صف.
عقل مند، زیرک، دانا، ہوشیار. [ع].

عَکّاس (فت ع، شد ک) صف؛ مذ.
۱. کسی حالت یا کیفیت کو ہو بہو ظاہر کرنے والا، مظہر. ۲. عکس اتارنے والا، تصویر کھینچنے والا، کیمرا مین، فوٹو گرافر. [ع].

عَکّاسی (فت ع، شد ک) مث.
۱. تصویر کشی، فوٹو گرافی. ۲. کسی حالت یا کیفیت کا ہو بہو اظہار.

عَکس (فت ع، سک ک) اند.
۱. اُلٹ، الٹا کرنا، منقلب کرنا. ۲. پرچھائیں، سایہ. [ع].
عکس اُتارنا محاورہ. تصویر اتارنا، ہو بہو نقشہ بنانا، فوٹو کھینچنا.
عکس بندی مث. فلم بنانا؛ فوٹو لینا.
عکس پڑنا محاورہ. سایہ یا چھوٹ پڑنا.
عَکسی (فت ع، سک ک) صف.
عکس سے منسوب یا متعلق، فوٹو کا، فوٹو لیا ہوا.
عُلا (فت نیز ضم ع). (الف) اند.
بلندی، بزرگی، علو. (ب) صف. بلند، بزرگ، اعلیٰ. [ع].
عَلّاتی (فت ع، شد ل) صف.
سوتیلا، سوتیلی (ماں کی طرف سے) وہ بہن بھائی جو ایک باپ اور دو ماں سے ہوں. [ع].
عِلاج (کس ع) اند.
۱. دوا دارو کرنا، معالجہ، تدبیر. ۲. دوا. ۳. (i) کسی خرابی یا دشواری کو رفع کرنے کا عمل، تدارک، روک. (ii) تدبیر، چارۂ کار. [ع].
علاج بالمثل اند. (طب) ایک طریق علاج جس میں صحت کی حالت میں جو دوائیں جن امراض کی علامات پیدا کر سکتی ہیں وہی دوائیں ان امراض کی علامت ظاہر ہونے پر مفید اور صحت بخش ہو سکتی ہیں اس طریق علاج میں دواؤں کے قلیل قطرات (عموماً دانہ دار میٹھی گولیوں میں) دیے جاتے ہیں، ہومیوپیتھی.
علاج کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دوا دارو کرنا، دوا دینا یا لینا. ۲. مزاج درست کرنا، سزا دینا، نمٹنا. ۳. تدبیر کرنا نیز تدارک کرنا.
علاج معالجہ اند. طبی علاج، دوا دارو، علاج اور تدبیریں جو مرض کے لیے کی جائیں.
عِلاقائی (فت نیز کس ع) صف.
علاقے کا، کسی خاص علاقے سے تعلق رکھنے والا.
عِلاقائِیَت (فت نیز کس ع، کس ء، فت ی) مث.
عصبیت یا منفی جانب داری کا وہ احساس جو کسی خاص علاقے کے لوگوں میں دوسرے لوگوں کے خلاف پایا جائے.
عِلاقَہ (فت نیز کس ع، فت ق) اند.
۱. (i) لگاؤ، تعلق، ربط ضبط، رشتہ (خواہ دوستی، دشمنی کا ہو یا کسی اور طرح کا). (ii) سروکار، واسطہ، نسبت، مناسبت، باہمی رابطہ. ۲. حد، سرحد نیز حدِ اختیار، دائرۂ اختیار. [ع].
عَلالَت (فت ع، ل) مث.
بیماری، روگ، عارضہ، مرض. [ع].
عَلامَت (فت ع، م) مث.
۱. (i) وہ چیز جو کسی امر یا چیز کے وجود کی طرف اشارہ کرتی ہو، نشان، پتا. (ii) (ادب) کوئی شے، کردار یا واقعہ جو بطور مجاز اپنے سے ماورا کسی اور شے کی نمائندگی کرے نیز استعارہ جو اپنی لغوی حدود سے ماورا کسی اور چیز کی نشان دہی کرے. ۲. پہچان، شناخت. ۳. (i) آثار، نشانی. (ii) دلیل، مظہر. ۴. (طب) مرض کی نشانی، بیماری کے آثار. [ع].
علامت پسندی مث. شاعری اور مصوری کی وہ روش یا طرز جس میں اشیا اور خیالات کو اصل رنگ میں پیش کرنے کے بجائے اشارات اور نشانات سے کام لیا جاتا ہے.
عَلامَتی (فت ع، فت م) صف.
علامت سے منسوب، اشاراتی.
عَلّامَہ (فت ع، شد ل، فت م). (الف) صف؛ اند.
۱. بہت جاننے والا، بڑا عالم، بہت دانا. ۲. (طنزاً) نہایت چالاک مرد، مکار آدمی. (ب) مث. نہایت عیار و چالاک عورت، حرافہ، بے باک اور شوخ چشم عورت. [ع].
عَلانِیَہ (فت ع، کس ن، شد ی بفت نیز بلا شد). (الف) م ف.
کھلم کھلا، کھلے خزانے، ظاہر طور پر. (ب) صف. کھلا ہوا، واضح، عیاں.
عِلاوَہ (کس نیز فت ع، فت و). (الف) م ف.
۱. مزید اور، اور بھی (اشتمال کے لیے مستعمل). ۲. بجز، سوا (استثنا کے لیے مستعمل). (ب) اند. وہ چھوٹا (اضافی) بوجھ یا سامان جو (سامان سے لدے اونٹ یا گھوڑے کے) اوپر رکھا ہو، بڑے بوجھ پر چھوٹا بوجھ، مزید اضافہ. [ع].

علاوہ ازیں م ف. اس کے ماسوا، مزید برآں.

عَلائِق / عَلایِق (فت ع، کس ء / کس ی) اند: ج.
۱. علاقہ کی جمع، تعلقات، محبتیں نیز ذرائع، وسیلے. ۲. تعلق رکھنے والا؛ مراد: وارث، قرابت دار.

عِلَّت (کس ع، شد ل بفت) مث.
۱. وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے وجود کا سبب ہو، وجہ، سبب. ۲. بیماری، روگ، مرض. ۳. لت، بری عادت. ۴. (فلسفہ) ایسی چیز جس کے وجود سے کسی دوسری شے کا وجود اور جس کے عدم سے اس دوسری شے کا عدم لازم آئے نیز اس شے کا نام جس پر کسی چیز کا وجود اور ہونا موقوف ہو. [ع].

علت لگا لینا / لگانا محاورہ. ۱. کسی چیز کی لت لگا لینا، بلاوجہ کسی چیز کی عادت ڈال لینا؛ جھگڑے میں پھنس جانا. ۲. الزام لگانا، تہمت دھرنا. ۳. اعتراض کرنا، خامی نکالنا، عیب جوئی کرنا، برائی یا نقص تلاش کرنا.

علت (و) معلول مث. سبب اور مسبب.

عَلیحدَگی (فت ع، مد ل، کس ح ح، فت د) مث.
۱. علیحدگی، جدائی، الگ ہونا. ۲. خلوت، تنہائی.

عَلَحِدَہ (فت ع، ل، سک ح، فت د) صف.
دیکھیے: علیحدہ.

عَلیحِدَہ (فت ع، مد ل، کس ح ح، فت د) صف.
۱. علیحدہ، الگ، جدا، مختلف منفرد. ۲. شمولیت سے باہر، شرکت سے خارج، بلاشرکت.

عَلیحِدَہ ہونا ف مر؛ محاورہ. الگ ہونا، جدا ہونا، باہم ایک دوسرے سے علیحدگی اختیار کرنا، بچھڑنا، چھوٹنا؛ بٹنا، مستعفی ہونا، ذمہ داری سے سبک دوش ہونا، عہدے سے ہٹنا، تقسیم ہونا، سرکنا، پلٹنا، پرے ہونا.

عَلَم (فت ع، ل) اند.
۱. کسی جماعت، حکومت یا فوج کا جھنڈا، پرچم، پھریرا. ۲. امام حسین یا شہدائے کربلا کے نام کا پنجہ اور پٹکا. ۳. (قواعد) اسم خاص، کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کا نام (جیسے: آدم، غالب، کراچی، قرآن وغیرہ). [ع].

علم اُٹھانا ف مر؛ محاورہ. جھنڈا اُٹھانا، پرچم لے کر چلنا نیز شہدائے کربلا کی یادگار میں علموں کا جلوس نکالنا، علم نکالنا.

علم بردار (الف) صف. کسی تحریک یا مقصد یا منصوبے کو آگے بڑھانے والا، کسی تحریک یا نظریے کا زبردست حامی، پرچارک. (ب) اند شخص جو فوجی نشان یا جھنڈا لے کر چلے؛ مراد: حضرت عباس معرکۂ کربلا میں فوج حسینی کے علم بردار تھے.

علم بغاوت بلند کرنا محاورہ. بغاوت کا اعلان کرنا، کسی تحریک یا جماعت سے اختلاف کی بنا پر اپنا الگ گروہ قائم کرنا.

علم دار صف؛ ~ علمدار. ۱. وہ شخص جو فوج کا جھنڈا لے کر آگے چلے، فوج کا کمانڈار. ۲. حضرت عباس ابن علی کا لقب جو کربلا میں امام حسین کے علم دار تھے.

عِلْم (کس ع، سک ل) اند.
۱. جاننا، آگاہی، واقفیت. ۲. مرتب مباحث کا وہ مجموعہ جو کسی خاص موضوع سے مخصوص ہو اور اس میں اس موضوع سے کسی خاص حیثیت اور اعتبار سے یا اس کے چند خاص عوارض ذاتیہ کے پیش نظر بحث جائے اور متعلقہ قضایا (مسائل) دلیل کے ساتھ بیان کیے جائیں کسی خاص فن کی ماہیت یا واقفیت، ہنر، جوہر. ۳. پڑھائی، تعلیم، علم سکھانا. [ع].

علم الاعداد اند. ہندسوں کا علم، ریاضی، حساب.

علم بیان اند. وہ علم جس میں ایک معنی کو مختلف اور متعدد طریقوں سے ظاہر کرنے سے بحث کی جاتی ہے، اس علم کا موضوع، لفظ اور اس کے معنی ہیں اور اس کا مدار تشبیہ، استعارہ اور مجاز مرسل وغیرہ پر ہے.

علم جفر اند. غیبی حالات سے آگاہ ہونے کا علم، وہ علم جس میں حروف و اعداد کے ذریعے سے احوال غیب دریافت کرتے ہیں.

علم دوست اند. علم کا قدر دان، علم اور صاحبان علم کا رفیق و ہمدرد علم کا شائق.

علم رمل اند. غیب دانی کا علم، وہ علم جس میں لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتاتے ہیں، رمالی.

علم عروض اند. شعر کے اوزان یا بحور کا علم، وہ علم جس میں شعر کے وزن اور تقطیع کرنے کے اصول و قواعد سے بحث کی جاتی ہے.

علم نفس/ نفسیات اند . وہ علم جس میں نفس کی حقیقت و ماہیت سے بحث کی جاتی ہے ، نفس سے متعلقہ باتوں کا علم .

عُلَما / عُلَماء (ضم ع ، فت ل) اند ؛ ج .
صاحبِ علم لوگ ، علم والے .

عِلْمی (کس ع ، سک ل) صف .
علم سے متعلق ، علم سے منسوب ، علم کا .

عِلْمِیَت (کس ع ، سک ل ، کس م ، فت ی) امث .
کسی چیز یا بات کا جاننا ، علم ہونا ، علمی قابلیت ، واقف کاری .

عُلُو (ضم ع ، ومع) اند .
بلندی ، عظمت ، رفعت ، برتری . [ع] .

علو مرتبت اند . رتبے کی بلندی ، درجے کی عظمت ، بزرگی .

عُلُوم (ضم ع ، و مع) اند ؛ ج .
بہت سے علم .

علوم جدید/جدیدہ اند ؛ ج . وہ علوم جو زمانۂ حال میں ایجاد ہوئے ہیں ، سائنس و دیگر عصری علوم .

عَلَوی (فت ع ، ل نیز سک) . (الف) اند .
حضرت علی (کرم اللہ وجہہ) کی وہ اولاد جو جناب سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن مبارک سے نہ ہو . (ب) صف . حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے متعلق یا منسوب .

عُلْوی (ضم ع ، سک ل) صف .
علو سے منسوب ، بلند ؛ (کنایۃً) آسمان ، روحانی ، نورانی ، آسمانی چیز .

علی (فت ع) (الف) صف .
بلند ، سب سے بالا ، اعلیٰ . (ب) اند . ۱ . خدا کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام . ۲ . حضرت ابو طالب کے بیٹے ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے چچازاد بھائی ، حضور اکرم ﷺ کی صاحبزادی جناب سیدہ فاطمہ الزہرا کے شوہر ، اسلام کے چوتھے خلیفہ . [ع] .

علیٰ / عَلٰے (فت ع ، ابشکل ی) حرف (مرکبات میں علی) .
، اوپر ، مرکبات میں مستعمل .

علیٰ/علے الاعلان م ف . واضح طور پر ، کھلم کھلا ، علانیہ ، صاف صاف .

علیٰ/علے الصباح/الصبح م ف . تڑکے ، بہت سویرے ، منھ اندھیرے ، صبح صادق کا وقت .

علیٰ / علے ہذا القیاس م ف . اسی قیاس پر ، اسی قاعدے کے مطابق ، اسی طرح .

عَلَیحِدگی (فت ع ، ی لین ، کس ح ، فت د) امث .
جدائی ، مفارقت ، تنہائی ، خلوت .

عَلَیحِدَہ (فت ع ، ی لین ، کس ح ، فت د) صف .
الگ ، جدا ، جداگانہ . [ع] .

علیحدہ کرنا محاورہ . ۱ . جدا کرنا ، الگ کرنا . ۲ . ہٹا دینا ، سبک دوش کر دینا ، برطرف کرنا ، موقوف کرنا . ۳ . چھانٹنا ، انتخاب کرنا .

عَلَیک (فت ع ، ی لین) امث ؛ م ف .
تجھ پر ، علیک السلام (تجھ پر سلام ہو) کی تخفیف .

علیک سلیک امث . سلام و جواب سلام ، صاحب سلامت ، سلام دعا ، دعا سلام .

عَلیگ (فت ع ، ی مع) صف .
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا تعلیم یافتہ ؛ (جس طرح آکسفورڈ کا تعلیم یافتہ آکسن اور کیمبرج کا کینٹب اور ندوۃ العلماء کا ندوی کہلاتا ہے) .

عَلِیل (فت ع ، ی مع) صف . بیمار ، ناساز ، نحیف و نزار . [ع] .

عَلِیم (فت ع ، ی مع) صف .
دانا ، جاننے والا ؛ خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام . [ع] .

عَلَیہ (فت ع ، ی لین) م ف .
اس پر ، اکثر ترکیب میں مستعمل ، جیسے مدعا علیہ ، معطوف علیہ ، معتمد علیہ ، رحمۃ اللہ علیہ . [ع] .

علیہ الرحمہ کلمۂ دعا . اس پر (اللہ کی) رحمت ہو ، (وفات پائے ہوئے بزرگانِ دین اور اولیاء اللہ کے لیے مستعمل) .

علیہ السلام کلمۂ دعا . اس پر سلام یعنی اللہ کی عنایت و رحمت ہو (یہ کلمہ انبیاء کرام کے لیے مستعمل) ہے .

علیہ الصلوۃ و السلام کلمۂ دعا . اس پر درود اور سلام ہو (یہ کلمہ انبیاء کرام کے لیے مستعمل) ہے .

عَلَیہِم (فت ع ، ی لین ، کس ہ) م ف .
علیہ کی جمع اور مرکبات میں مستعمل ، اُن پر . [ع] .

علیہم اجمعین م ف . ان سب پر .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

علیہم الرضوان کلمۂ دعا. ان سب پر خدا کی رضامندی ہو (صحابۂ کرام کے لیے مستعمل).

عَمّ (فت ع، شدم نیز بلا شد) اند.
چچا، باپ کا چھوٹا بھائی. [ع].

عم زاد صف. چچازاد، چچا کی اولاد، چچیرا بھائی یا بہن.

عَم (فت ع) اند.
قرآن پاک کے تیسویں سپارے کا نام "عَم یتساءلون" کا مخفف پارہ عم، سپارۂ عم.

عِماد (کس ع) اند.
چھت کو سہارنے والی لمبی لکڑی جو عموداً کھڑی کی جائے، ستون، کھمبا، سہارا دینے والی چیز، اڑواڑ، رکن. [ع].

عِمارت (کس ع، فت ر) امث.
۱. مکان، گھر، دکان یا کوئی بھی تعمیر جو دیواروں اور چھتوں پر مشتمل ہو. ۲. ساخت، تعمیر. [ع].

عَمّاری (فت ع، شدم) امث.
ہاتھی یا اونٹ پر سواریوں کے بیٹھنے کا چھتری دار کٹہرا، اونٹ کا محمل، ہودج. [ع].

عُمّال (ضم ع، شدم) اند.
حاکم، والی، جس کے سپرد کسی علاقے کا ملکی و مالی انتظام ہو.

عِمامَہ (کس نیز فت ع، شدم، فت م) اند.
۱. پگڑی، ایک وضع کی پگڑی جو عالموں، زاہدوں، صوفیوں سے مخصوص ہے. ۲. خود، لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں. ۳. تاج. [ع].

عَمائِدِین (فت ع، کس ء، ی مع) اند؛ ج.
قوم کے سردار، معززین شہر، بڑے لوگ، معزز ہستیاں.

عَمْد (فت ع، سک نیز فت م) اند.
قصد، ارادہ، نیت، عزم. [ع].

عَمْداً (فت ع، سک نیز فت م، تن د بفت) م ف.
جان بوجھ کر، دانستہ، قصداً، بالارادہ.

عُمْدگی (ضم ع، سک م، فت د) امث.
خوبی، بھلائی، اچھائی.

عُمْدَہ (ضم ع، سک م، فت د) صف. (مرکبات میں عمدہ مستعمل).
۱. اچھا، خوب، قابل تعریف، نفیس. ۲. اول درجے کا، اعلیٰ قسم کا. [ع]

عمدۃ الملک اند. ملک کا ستون، عہد مغلیہ کا ایک خطاب جو اعلیٰ ملکی عہدہ داروں کو دیا جاتا تھا.

عَمْرو (فت ع، سک نیز فت م) اند.
ابحاث و مسائل کے سمجھنے، سمجھانے کے لیے ایک فرضی نام جو اور بکر کی طرح فلاں شخص کی جگہ مستعمل ہے. ۲. داستان امیر حمزہ ایک کردار؛ (مجازاً) انتہائی چالاک و ہوشیار شخص. [علم].

عُمَر (ضم ع، فت م) اند.
جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی اور مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ کا نام. [علم].

عُمْر (ضم ع، سک م) امث.
۱. زندگی کی ابتدا سے لے کر انتہا تک کا یا کسی درمیانی منزل تک کا زمانہ. ۲. عرصہ، مدت. [ع].

عمر بڑی ہے فقرہ. کسی کے متعلق گفتگو ہو رہی ہو اور وہ اسی وقت آ تو ایسے موقع پر یہ فقرہ کہتے ہیں.

عمر بھر م ف. ساری زندگی، تا بہ حیات، تمام عمر.

عمر بڑی ہے فقرہ. بہت زندگی باقی ہے، بہت وقت پڑا ہے، زمانہ باقی ہے.

عمر جاوداں امث. ہمیشہ رہنے والی زندگی، کبھی نہ ختم ہونے والی عمر

عمر رسیدہ صف. بوڑھا، معمر، زمانہ دیدہ، عمر پر پہنچا ہوا.

عمر رفتہ صف. وہ زندگی جو گزر چکی، پچھلی زندگی، گزرا ہوا زمانہ بیتا ہوا وقت.

عمر رواں امث. گزرتی ہوئی زندگی، عمر جو ہر وقت و ہر لحظہ رواں جاتی ہوئی حیات.

عمر قید امث. (قانون) جیتے جی کی قید، عمر بھر کی قید، ساری زندگی قید، حبس دوام.

عمر گزارنا محاورہ. عمر بسر کرنا، عمر کاٹنا.

عمر گزر جانا/ گزرنا محاورہ. ۱. طویل مدت بیتنا، بہت زمانہ بیتنا عرصہ بسر ہونا. ۲. زندگی ختم ہو جانا، مر جانا، زندگی صرف ہونا.

عِمْران (کس ع، سک م) اند.
۱. حضرت موسیٰ کے والد کا نام نیز حضرت مریم کے والد کا نام. ۲. پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام. [علم].

عِمْرانی (کس نیز ضم ع، سک م) امت.
معاشرتی، معاشرے سے متعلق، انسانوں کی آبادی سے متعلق، عمرانیات سے متعلق یا منسوب.

عمرانی علوم امث. وہ علوم جو انسانی سماج اور سماجی تعلقات اور رشتوں کے مطالعے سے متعلق ہیں، معاشرتی علوم.

عِمْرانِیّات (کس ع، سک م، کس ن، شدی نیز بلا شد) امث.
انسانی معاشرت کا علم، لوگوں کے رہن سہن سے متعلق علم اور اس کے اُصول.

عَمْرو (فت ع، سک م، غم و) اند.
دیکھیے: عُمر.

عَمْروْ عَیّار کی زَنْبِیل امث. داستانِ امیر حمزہ کے کردار عمرو عیار کے پاس ایک تھیلا تھا جس کی یہ صفت بتائی گئی ہے کہ اس میں جو چیز ڈالی جاتی غائب ہو جاتی اور جس چیز کی خواہش کی جاتی وہ اس میں سے برآمد ہوتی؛ (مجازاً) جادو کا تھیلا.

عُمْرَہ (ضم ع، سک م، فت ر) اند.
فریضۂ حج کے علاوہ کسی وقت بھی عمرہ کی نیت کر کے احرام باندھ کر خانۂ کعبہ کا طواف اور سعی مابین صفا و مروہ. [ع].

عُمُق (ضم ع، م) اند.
۱. گہرائی. ۲. کنویں، دریا یا خندق وغیرہ کی گہرائی، بالائی سطح سے نچلی سطح تک کا فاصلہ. ۳. (مجازاً) معنوی تہ داری، معنی کی باریکی. [ع].

عَمَل (فت ع، م) اند.
۱. کام، فعل. ۲. کسی امر کی حسب ضابطہ انجام دہی یا بجا آوری، کارروائی. ۳. کسی کام کے آغاز سے انجام تک کا سلسلہ، مراحل کار. ۴. طریقۂ کار؛ کسی عامل کا عمل. ۵. اصول، قاعدہ، طریقہ. ۶. اثر، اثر اندازی، حرکت. ۷. (علوی) کسی اسم یا آیت وغیرہ کا ورد، وظیفہ. ۸. (سفلی) جادو منتر، افسوں، ٹونا (ورد یا وظیفے کے بالمقابل). ۹. ٹوٹکا، لٹکا، وہ جتن جو کسی بیماری کے دور کرنے یا کسی مقصد کے حاصل کرنے کے لیے کیا جائے. ۱۰. وقت (تعین وقت کے لیے). [ع].

عمل پڑھنا محاورہ. کسی دعا، منتر، افسوں وغیرہ کا حصولِ مقصد کے لیے خاص ترکیب وطریقہ سے ورد کرنا.

عمل پیرا صف. کسی بات پر عمل کرنے والا، کاربند رہنے والا.

عمل پھونکنا محاورہ. کسی دعا، منتر، افسوں وغیرہ کو کسی مقصد کے حصول کے لیے پڑھ کر دم کرنا، جھاڑ پھونک کرنا.

عمل تکثیف اند. بخارات کی بستگی کا عمل، بخارات کا بھاری یا بوجھل ہونے کا عمل، مادے کی شمولیت سے گاڑھے پن کا عمل، بخارات کے مائع بن جانے کا عمل.

عمل تکسید اند. ۱. (طبیعیات) میل کشی، میل دور کرنے کا طریقہ، مختلف دھاتوں کو تپا کر ان کا میل دور کرنا. ۲. (کیمیا) کیمیائی تبدیلی کے دوران کسی بھی عنصر یا آئن کے تکسیدی نمبر میں اضافے کو (الیکٹران کے ضائع ہونے سے) عمل تکسید کہتے ہیں اور وہ عنصر یا آئن تکسید شدہ کہلاتا ہے.

عمل تنفس اند. سانس لینے کا عمل.

عمل داری/ عملداری امث. ۱. حکومت، سلطنت، ریاست. ۲. (i) حدود سلطنت و ریاست، ملک کی سرحد، علاقہ. (ii) عہدِ حکومت، سلطنت کا زمانہ.

عمل دخل اند. حکومت، تسلط، قبضہ.

عمل درآمد اند. ۱. نفاذ، چلن، دوردورہ، رواج. ۲. کسی قانون، ضابطے، تجویز وغیرہ کے مطابق کام کرنا. ۳. اثر، دخل، قبضہ، تصرف.

عمل کرنا محاورہ. ۱. کاربند ہونا، بجا لانا، ماننا، تعمیل کرنا. ۲. دعا، جادو، منتر وغیرہ کا کسی مقصد کے حصول کے لیے پڑھنا، ورد کرنا، چلہ کھینچنا. ۳. قبضہ کرنا، تصرف میں لانا.

عَمَلاً (فت ع، فت نیز سک م، تن ل بلفت) م ف.
عملی طور پر، عمل کے لحاظ سے.

عَمَلَه (فت ع، فت نیز سک م، فت ل) اند.
۱. کسی محکمے یا کارخانے وغیرہ کا کارکن یا ملازمین، اسٹاف. ۲. عمارتی سامان، عمارت کا ملبہ، زمین کے علاوہ عمارت کا تمام ساز و سامان تعمیر.

۳.عمارت، تعمیر شدہ حصہ.

عَمَلی (فت ع، فت نیز سک م) صف.

۱.عمل سے منسوب یا متعلق، کام کا، جس پر عمل ہو سکے .۲.معمولی، روزمرہ کے استعمال کا .۳.جادو منتر وغیرہ کے ذریعہ بنایا ہوا؛ (مجازاً) نقلی، وضعی، بناوٹی .۴.جسے کام میں لایا جائے یا جسے کر کے دکھایا جا سکے (نظری کا نقیض).

عملی جامہ پہنانا محاورہ. کسی کام کو کر کے دکھانا، بروئے کار لانا.

عَمَلیات (فت ع، م، کس ل) اند: مث: ج.

۱.جادو ٹونے، دعا یا افسوں وغیرہ جو دفع آسیب وغیرہ مقاصد کے لیے کیا جائے .۲.کیے جانے والے، معمولات.

عَمّو (فت ع، شد م، و مع) اند.

چچا، باپ کا بھائی، تایا. [ع].

عَمُود (فت نیز ضم ع، و مع) اند.

۱.ستون، کھم، کھمبا .۲.(ہندسہ) وہ خطِ مستقیم جو کسی دوسرے خطِ مستقیم پر قائم ہو کر دو زاویۂ قائمہ بنائے .۳.گرز، لٹھ، ڈنڈا .۴.قارئین کی آسانی کے لیے اخبار یا کتاب کے صفحات کو خطِ مستقیم سے کئی حصوں میں عموداً تقسیم کر دیا جاتا ہے، ان میں سے ہر حصے کو استعارۃً عمود کہتے ہیں، خانہ، کالم. [ع].

عَمُوداً (فت ع، و مع، تن د بلفظ) م ف.

سیدھا، انتصابی حالت کا.

عَمُودی (فت ع، و مع) صف.

۱.زاویۂ قائمہ بناتا ہوا، سیدھا، انتصابی، ستون کی وضع کا خطِ مستقیم.
۲.سطحِ افق سے زاویۂ قائمہ بنانے والا، قائم (ہیئت) سمت الراس کا سمتیہ.

عُمُوم (ضم ع، و مع) اند.

عام، عام ہونا، خصوص کا نقیض، علی العموم، سرسری طور پر. [ع].

عُمُوماً (ضم ع، و مع، تن م بلفظ) م ف.

عام طور پر، اکثر، بیشتر.

عُمُومی (ضم م، و مع) (الف) صف.

عام. (ب) اند. عوام میں شامل، طبقۂ عوام کا ایک فرد، نچلے طبقے کا آدمی.

عُمُومیّت (فت ع، و مع، شد ی مع بلفظ) مث.

عام ہونے کی کیفیت یا حالت، ہمہ گیر ہونے کی صورتِ حال وغیرہ

عَمیق (فت ع، ی مع) صف.

۱.گہرا .۲.دقیق، دور رس. [ع].

عمیق نگاہی مث. ژرف نگاہی، باریک بینی، دقتِ نظر.

عُنّاب (ضم ع، شد ن) اند.

ایک میوہ جو جھڑبیری سے مشابہ ہوتا ہے، رنگ سیاہی مائل سرخ مزہ شیریں ہوتا ہے اکثر امراض میں بطور دوا مستعمل، اس کا شربت اور شیرہ بھی بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے. [ع].

عُنّابی (ضم ع، شد ن) صف: اند.

عناب سے منسوب، عناب کے رنگ کا، عناب کی مانند سرخ، گہرا سرخ.

عِناد (کس ع) اند.

۱.دشمنی، بیر، کینہ، مخالفت، سرکشی، کج روی، گمراہی .۲.(منطق) تناقض، ضد ہم دگر. [ع].

عَنادِل (فت ع، کس د) اند: ج.

بلبلیں. [ع].

عَناصِر (فت ع، کس ص) اند: ج.

۱.اجزائے ترکیبی، بنیادی اجزا .۲.(مجازاً) کسی گروہ کے افراد. [ع].

عِنان (کس ع) مث.

لگام، باگ ڈور؛ (مجازاً) اختیار. [ع].

عنانِ اقتدار مث. حکومت کی باگ ڈور، اختیاراتِ حکومت، اقتدار.

عِنایات (کس ع) مث: ج.

۱.عنایتیں، مہربانیاں .۲.بطور واحد عنایت کی جگہ، مہربانی، التفات عطا. [ع].

عِنایَت (کس ع، فت ی) مث.

۱.مہربانی، توجہ، شفقت، التفات .۲.لطف و کرم؛ ہدیہ یا تحفہ، وہ جو دی جائے. [ ]. اف: کرنا / ہونا. [ع].

عنایت ہو فقرہ. پھر مرحمت ہو، عطا ہو، مکرر ارشاد، دوبارہ پڑھیے، عموماً شعرا سے کہتے ہیں کہ مطلع پھر عنایت ہو یعنی پھر پڑھیے.

عِنَب (کس ع، فت ن) اند.
انگور. [ع].

عَنبَر (فت ع، سک م بشکل ن، فت ب) اند.
خاکستری رنگ کا ایک خوش بودار مادہ جو عنبر نامی مچھلی کے پیٹ سے نکل کر سطح آب پر جمع ہو جاتا ہے بعض وقت اس مچھلی کا شکار کر کے اس کے پیٹ سے بھی نکال لیتے ہیں، عمدہ خوش بو، شاہ بو، خوشبو. [ع].

عَنبَرِین (فت ع، سک م بشکل ن، فت ب، ی مع) صف.
عنبر کی سی خوش بو دینے والا، خوش بودار.

عِند (کس ع، سک ن) حرف: اسم ظرف.
نزدیک، پاس، سامنے، آگے، ساتھ (مرکبات میں بطور جزو اوّل مستعمل). [ع].

عند الطلب (الف) م ف. ۱. طلب کرنے کے وقت، مانگنے پر، ہر وقت مطالبہ. ۲. طلب کرنے پر، بلانے پر، طلب یا خواہش ہونے پر. (ب) صف. ۱. (مہر) جو عورت کے طلب کرنے پر فوراً دیا جانا ضروری ہو، معجّل. ۲. (ہنڈی، روپیہ وغیرہ) جو طلب کرنے پر فوراً ادا کیا جائے.

عند اللّٰہ م ف. ۱. خدا کے نزدیک، اللّٰہ کے نزدیک. ۲. خدا کی رضا کی خاطر، خدا کی راہ میں. ۳. برائے خدا، خدا کے واسطے، للّٰہ.

عَندَلِیب (فت ع، سک ن، فت د، ی مع) اند نیز امث.
ایک خوش رنگ و خوش نوا پرندہ جس کا سر سیاہ، پیٹھ خاکستری اور دم کے نیچے سرخی ہوتی ہے، بلبل. [ع].

عِندِیَّہ (کس ع، سک ن، کس د، شدی بفت) اند.
۱. رائے، خیال، کسی چیز کے متعلق دل میں پوشیدہ خیال. ۲. منشا، ارادہ، منصوبہ. [ع].

عندیہ دینا محاورہ. منشا بتانا، خیال یا ارادہ ظاہر کرنا، اپنی رائے کا اظہار کرنا، اپنی مرضی بتانا.

عُنصُر (ضم ع، سک ن، ضم نیز فت ص) اند.
۱. (i) جوہر (ہر شے کا)، اصل، بنیاد، مفرد شے، مرکب شے کا ہر جزو، عناصر اربعہ یعنی آگ، پانی، ہوا، مٹی میں سے ہر ایک. (ii) (کیمیا) وہ شے جسے کیمیائی ذریعے سے سادہ تر اجزا میں توڑا نہ جا سکے، جس میں تمام ایٹموں کا ایٹمی نمبر ایک ہی ہو (عنصروں کی تعداد سو (۱۰۰) کے قریب ہے). ۲. جزو، حصہ، رکن. ۳. مادہ. ۴. آتش اور آب اور خاک اور باد کو کہتے ہیں جن کو امہات سفلی بھی کہتے ہیں، واضح ہو کہ ظہور عنصر آتش کا اسم قابض سے ہے اور باد کا اسم حی سے اور آب کا اسم محی سے اور خاک کا اسم ممیت سے ہے. [ع].

عُنفُوان (ضم ع، سک ن، ضم ف) اند.
آغاز، ابتدا، شروع، ہر شے کا اول. [ع].

عنفوانِ شباب اند. جوانی کا آغاز، اٹھتی جوانی.

عُنُق (ضم ع، ن) امث: اند.
گردن. [ع].

عَنقا (فت ع، سک ن) (الف) اند.
لمبی گردن والا، ایک فرضی افسانوی پرندہ، بعض کے نزدیک سیمرغ. (ب) صف. نایاب، نادر، ناپید، معدوم، غائب. [ع].

عنقا ہونا محاورہ. غائب ہونا، ناپید ہونا، معدوم ہونا، نایاب ہونا.

عَنقَرِیب (فت ع، سک ن، فت ق، ی مع) م ف.
۱. بہت جلد (زمانہ مستقبل میں). ۲. (قرب مکان کے لیے) پاس، نزدیک. ۳. (قرب زمانہ کے لیے) نزدیک، قریب.

عَنکَبُوت (فت ع، سک ن، فت ک، و مع) امث.
ایک ہشت پایہ جانور (حشرہ) جو باریک جالا بن کر اپنا شکار پھانستا ہے، مکڑی. [ع].

عُنوان (ضم ع، سک ن) اند.
۱. طرح، طور، ڈھنگ، سبیل، پہلو. ۲. کسی نظم یا مضمون وغیرہ کا سرنامہ. ۳. کسی کلام وغیرہ کا مطلب و مقصد یا تعلقات وغیرہ کو متعین کرنے والا، موضوع. ۴. کسی موضوع کی سرخی. ۵. تمہید، ابتدا، آغاز؛ سرنامہ. [ع].

عَوام (فت ع) اند: ج.
۱. عام لوگ، تمام آدمی، خلق اللّٰہ، مخلوق، خواص کا مقابل. ۲. رعایا، پرجا؛ جہلا، بازاری آدمی. [عام کی جمع].

عَوامِل (فت ع، کس م) اند: ج.
۱. (قواعد) وہ لفظ جو دوسرے لفظ پر اثر ڈالے، اثر ڈالنے والے الفاظ. ۲. اسباب، وجوہات.

عَوامی (فت ع) صف.
عوام سے منسوب، عوام کا، عوام سے متعلق.

عَود (ولین) اند.
معاودت، لوٹنا، واپسی، بازگشت. [ع].
عود کر آنا ف مر. پلٹ آنا، لوٹ آنا.

عُود (و مع) اند.
ایک خوش بودار لکڑی جسے بطور بخور جلایا جاتا ہے اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں، سفید، سیاہ، زرد اور زمردی، عمدہ قسم کا عود پانی میں ڈوب جاتا ہے اسی لیے اسے عود غرقی بھی کہتے ہیں، اگر. [ع].

عَورَت (ولین، فت ر) مت.
۱.جسم کے وہ اعضا جن کے دیکھنے دکھانے سے شرم آئے (مرد کا ناف سے ٹخنے تک اور عورت کا تمام جسم باستثنائے چہرہ). ۲. زن، نار، انسان کی مادہ. ۳. بیوی، زوجہ، اہلیہ، گھر والی. [ع].
عورت اور ککڑی کی بیل جلد بڑھے کہاوت. ککڑی کی بیل کی طرح عورت بھی جلد جوان ہو جاتی ہے.
عورت پن مت. زنانہ پن، زنانہ خاصیت، عورتوں کی خصوصیت یا خاصیت.
عورت ذات مت. عورت، خصوصیت کے لیے لفظ ذات شامل کر لیا جاتا ہے، (مجازاً) کمزور.
عورت رہے تو آپ سے، نہیں تو سگے باپ سے کہاوت. عورت کی پاک دامنی اس کی اپنی طبیعت سے ہوتی ہے، عورت کسی کے قابو میں نہیں رہ سکتی اگر بدچلن ہو جائے تو باپ کی بھی پروا نہیں کرتی.
عورت کی ناک نہ ہوتی تو گو کھاتی کہاوت. عورت ناقص العقل ہوتی ہے.

عِوَض (کس ع، فت و) (الف) اند.
بدلہ، معاوضہ، اجر، جرمانہ، جزا، پاداش. (ب) م ف. بجائے، بدلے، لیے. [ع].

عِوَضانہ (کس ع، فت نیز سک و، فت ن) اند.
معاوضہ، بدلا.

عَون (ولین) (الف) اند.
مدد، معاونت. (ب) صف. مددگار، مدد کرنے والا، معاونت کرنے والا. [ع].

عَہْد (فت ع، سک ہ) اند.
۱. وقت، زمانہ، دور. ۲. حکومت یا سلطنت کی مدت، اقتدار. ۳. قول و قرار، قسم؛ وعدہ. ۴. باہمی فیصلہ، معاہدہ، باہمی اقرار. [ع].
عہد آفرین صف. جس سے نئے طریق و خیالات کا آغاز ہو، تاریخ ساز، نئے دور کا آغاز کرنے والا.
عہد شکن صف. وعدہ توڑنے والا، وعدہ خلاف، وعدے پر قائم رہنے والا.
عہد فراموش صف. وعدہ بھول جانے والا، وعدہ خلاف.
عہد نامہ اند. ۱. تحریری دستاویز جس میں کسی معاملے سے متعلق قول قرار، وعدے اور فریقین میں طے شدہ امور پر کاربند ہونے طریقے یا شرائط لکھی ہوئی ہوں. ۲. ایک مخصوص دعا کا نام جس انسان اپنے اعمال کا اقرار کرتے ہوئے طلب عفو و مغفرت کرتا عام طور پر اس دعا کو لکھ کر مردے کے ساتھ رکھ دیتے ہیں.
عہد و پیمان اند. قول و قرار، قسما قسمی، طے شدہ امور و شرائط، یا کسی قول و اقرار پر پابند رہنے کا پختہ وعدہ.

عُہْدَہ (ضم ع، سک ہ، فت د) اند.
۱. منصب، مرتبہ، حکومت وغیرہ کے اہم کام انجام دینے کی خدمت ۲. کسی منصب دار وغیرہ کی مخصوص جگہ، درجہ، مقام، منزل. ۳. ذمہ، ذمہ داری، سپردگی، تحویل.
عہدہ برآ ہونا محاورہ. ۱. فرض ادا کرنا، ذمہ داری سے سبک دوش ہونا ۲. مقابلہ کرنا، غلبہ حاصل کرنا.
عہدہ دار/عہدیدار صف. صاحب منصب، افسر، ذی مرتبہ، عالی مرتبت
عہدہ دینا محاورہ. کوئی خدمت کسی کے لیے نامزد کرنا، کوئی منصب دینا
عہدہ سنبھالنا محاورہ. منصب پر فائز ہونا.

عِیادَت (کس نیز فت ع، فت د) مت.
بیمار کے پاس جا کر اس کی مزاج پرسی کرنا. [ع].
عیادت کرنا ف مر. مریض کی حالت پوچھنا، بیمار پرسی کرنا، بیمار کو پوچھنا، مزاج پرسی کرنا.

عَیّار (فت ع، شدی) صف؛ اند.
۱. چالاک، ہوشیار، تیز و طرار. ۲. جاسوس، بعض داستانوں کا اہم کردار

سراغ رساں. ۳. فریبی، مکار، دھوکے باز. ۴. ٹھگ، چور. [ع].

عیارانہ (فت ع، شدی، فت ن) صف؛ م ف.
عیار کی طرح کا.

عیاری (فت ع، شدی) امث.
چالاکی، مکاری، فریب، ہوشیاری.

عیاش (فت ع، شدی) صف.
نفس پرستی اور عیش و عشرت میں زندگی گزارنے والا، بدکار، نفس پرست، اوباش. [ع].

عیاشی (فت ع، شدی) امث.
تماش بینی، عیش پرستی، اوباشی.

عیال (کس نیز فت ع) امذ.
۱. اہل خانہ، بیوی بچے، کنبہ جس کا کوئی شخص کفیل ہو. ۲. انحصار کرنے والے. [ع].

عیال دار/ عیالدار صف. بیوی بچوں والا، جس کے ذمے کنبے کی کفالت ہو.

عیاں (کس نیز فت ع) صف.
آنکھ سے دیکھنا؛ (مجازاً) ظاہر، کھلا ہوا، آشکارا. [ع].

عیاں کرنا ف مر؛ محاورہ. آشکارا کرنا، ظاہر کرنا.

عیاں ہونا محاورہ. آشکار ہونا، ظاہر ہونا.

عیب (ی لین) امذ.
برائی، نقص، کمی، خرابی. [ع].

عیب بیں صف. برائی پر نظر رکھنے والا، جو صرف برائی دیکھے، خوبی کو نظر انداز کرے.

عیب بینی امث. برائی تلاش کرنا، صرف برائی پر نظر رکھنا، عیب جوئی.

عیب پوشی امث. پردہ پوشی، برائی چھپانا، لوگوں کا عیب چھپانا.

عیب جو / چیں صف. برائی نکالنے والا، برائی ڈھونڈنے والا.

عیب جوئی امث. نکتہ چینی، برائی نکالنا، نقص تلاش کرنا.

عیب چیں صف. برائی ڈھونڈنے والا، خرابی پر نظر رکھنے والا، برائی نکالنے والا، نقائص و عیوب پر نظر رکھنے والا.

عیب دار صف. جس میں کوئی برائی یا نقص ہو، برائی یا نقص رکھنے والا.

عیب (بھی) کرنے کو ہنر چاہیے کہاوت. اگر سلیقے سے برا کام بھی کیا جائے تو وہ ظاہر نہیں ہوتا.

عیب نکالنا محاورہ. برائی ظاہر کرنا، نکتہ چینی کرنا.

عیبی (ی لین) صف.
شریر، بدذات، چالاک، بدطینت؛ عیب دار.

عید (ی مع) امث.
۱. (لفظاً) بار بار لوٹ کر آنے والا دن، خوشی کا وہ دن جو بار بار آئے، اہل اسلام کے نزدیک سب سے بڑا تہوار، عیدالفطر ماہ شوال کا پہلا دن جس میں مسلمان خوشیاں مناتے ہیں نیز عیدالاضحیٰ. ۲. خوشی کا تہوار. ۳. خوشی، جشن مسرت. [ع].

عیدالاضحیٰ امث. مسلمانوں کا ذی الحجہ کی دس تاریخ کو منایا جانے والا تہوار، اس دن حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی قربانی اللہ کی بارگاہ میں پیش کی تھی، اس کی یادگار کے طور پر مسلمان نماز پڑھتے، قربانی پیش کرتے اور خوشی مناتے ہیں، بقرعید، عیدِ قرباں، عیدِ اضحیٰ.

عیدالفطر امث. اہل اسلام کا سب سے بڑا تہوار جو رمضان کے اختتام کے بعد یکم شوال کو منایا جاتا ہے.

عید (کے) پیچھے ٹر فقرہ. عید سے دوسرے دن کی تقریبات؛ (کنایۃً) کسی کام کو بے محل یا وقت نکل جانے کے بعد کرنے کے موقع پر کہتے ہیں.

عید قرباں امث. عیدالاضحیٰ، اہل اسلام کا دوسرا بڑا تہوار جس میں سنت ابراہیمی کے تحت جانور ذبح کیے جاتے ہیں.

عید کا چاند امذ. ۱. رمضان المبارک کے بعد کا چاند، شوال کے مہینے کا چاند. ۲. (کنایۃً) وہ جو مدت کے بعد نظر آئے، وہ جو بہت کم یا کبھی کبھی نظر آئے، وہ شخص جسے عرصۂ بعید کے بعد عین انتظار یا حالت اشتیاق میں دیکھیں.

عید کا چاند ہو جانا/ ہونا محاورہ. بہت کم ملنا، بہت کم نظر آنا، گاہے گاہے ملنا، آرزو اور اشتیاق کے بعد ملنا.

عید گاہ/گہ امث. جگہ یا وسیع میدان جس میں عید کی نماز ادا کی جائے.

عید ملن مث. عید کے موقع پر ملاقات، عید ملنا، عید کی خوشی میں ایک دوسرے سے معانقہ کرنا.

عید ملنا محاورہ. عید کے دن آپس میں ایک دوسرے کو گلے لگانا.

عید منانا محاورہ. خوشی کرنا، جشن کرنا، عید کی تقریبات سے لطف اندوز ہونا.

عید نوروز مث. ایرانیوں کے سال کے پہلے دن کا تہوار.

عید ہو جانا/ ہونا محاورہ. بڑی خوشی ہونا، مراد بر آنا.

عِیدی (ی مع) مث.
۱. عید کا تحفہ، وہ رقم یا چیز جو بزرگ چھوٹوں کو عید کی خوشی میں دیتے ہیں. ۲. نظم جو عید یا کسی تہوار پر استاد لکھ کر اپنے شاگردوں کو دیتا ہے، شاگرد اس کے بدلے میں بطور حق استادی نذرانہ پیش کرتے ہیں، اس کاغذ اور نذرانے کو بھی عیدی کہتے ہیں. ۳. اشیاء، مٹھائی، نقدی وغیرہ جو عید کے موقع پر سسرال سے آئے یا سسرال میں جائے.

عیدی بھیجنا محاورہ. عید میں دلہن اور دولھا کے لیے ایک دوسرے کے گھر سے سامان اور نقدی بھیجا جانا.

عِیدَین (ی مع، ی لین) مث.
عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ.

عِیسائی (ی مع). (الف) صف.
حضرت عیسیٰ سے متعلق، عیسوی. (ب) مذ. حضرت عیسیٰ کا پیرو، شریعت عیسوی کا پابند، نصرانی، مسیحی.

عِیسائیت (ی مع، کس ئ، فت ی) مث.
عیسائی مذہب، عیسائی مذہب کے عقائد و افکار.

عِیسَوی (ی مع، سک نیز فت س) صف؛ مذ.
۱. عیسائی، مسیحی، حضرت عیسیٰ سے متعلق. ۲. سن جو حضرت عیسیٰ کی ولادت سے شروع ہوا.

عِیسیٰ (ی مع، ابشکل ی) مذ.
مشہور پیغمبر، حضرت مریم کے بیٹے کا اسم مبارک، آپ پر انجیل نازل ہوئی، خداوند عالم نے آپ کو اوپر اٹھا لیا، مشہور ہے کہ آپ چوتھے آسمان پر مقیم ہیں اور قرب قیامت پر پھر دنیا میں تشریف لائیں گے.
(مجازاً) زندہ کرنے والا، شفا دینے والا. [علم].

عیسیٰ بدین خود موسیٰ بدین خود کہاوت. ہر کوئی اپنے دین کو اچھا جانتا ہے، ہر ایک کا اپنا طریقہ یا مذہب ہوتا ہے.

عیسیٰ نفس صف. مردوں کو زندہ کرنے والا یا بیماروں کو شفا بخشنے والا.

عَیش (ی لین) مذ.
آرام، آسائش، خوشی، غم کا متضاد. [ع].

عیش اُڑانا محاورہ. مزے کرنا، عیش و عشرت میں زندگی بسر کرنا، رلیاں کرنا، حظ نفسانی حاصل کرنا، ہم بستر ہونا.

عیش پرست صف. بہت عیش کرنے والا، عیش و آرام میں زندگی کرنے والا.

عیش پرستی مث. عیاشی، نفس پرستی، اوباشی.

عیش کرنا محاورہ. مزے اڑانا، خوشی اور چین کرنا، لطف اٹھانا.

عیش کوش صف. نشاط و سرور میں مبتلا، آرام پسند، عیش و عشرت کرنے والا.

عیش و عشرت مذ. عیش و نشاط، زندگی کے مزے یا لطف، عیاشی، نفسانی خوشی.

عَین (ی لین). (الف) مذ.
۱. ع کا تلفظ، حرف 'ع' کا نام. ۲. آنکھ، چشم، نین. ۳. چشمہ، منبع. ۴. اصل، بنیاد، جڑ. ۵. حقیقت، جوہر. ۶. پرتو، ظل، مظہر، عکس. (ب) صف؛ م ف.
۱. بالکل، قطعاً، ٹھیک. ۲. خاص. ۳. ہو بہو، بجنسہ، یکسر، کلیۃً. ۴. اصلی، حقیقی. ۵. مطابق. [ع].

عین الیقین مذ. کسی امر کی کیفیت یا ماہیت جان لینے کے بعد کیفیت و ماہیت کا مشاہدہ، علم الیقین کے بعد کا درجہ.

عین غین صف. ۱. ہم شکل، ہم صورت، مشابہ، معمولی فرق والا، بھینگا وہ جس کی ایک آنکھ میں پھلی ہو. ۲. بے وقوف، بونگا، جاہل، گھامڑ، اُول جلول.

عین غین ہونا محاورہ. خرابی آ جانا، صحیح حالت پر نہ رہنا، حقیقت کا بدل جانا، غتربود ہو جانا، الٹ پلٹ ہو جانا.

عَینک (ی لین، فت ن) مث.
آنکھوں پر لگایا جانے والا، چشمہ. [ف].

عینک ساز اند. عینک بنانے والا، چشمے کا ماہر فن.

عَینکُو (ی لین، سک ن، و مع) صف.
ہر وقت عینک لگائے رہنے والا.

عَینی (ی لین) صف.
۱. نظر آنے والا، واضح، نمایاں، آنکھ سے متعلق. ۲. سگا، حقیقی.

عینی شاہد اند. چشم دید گواہ، وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے واقعہ دیکھا ہو.

عینی شہادت مث. چشم دید گواہی.

عَینِیَت (ی لین، کس ن، فت ی) مث.
۱. بالکل ایک ذات ہونے کی حالت، ایک جاننا، ایک سمجھنا. ۲. (تصوف) سالک کا اپنی ہستی کو ذات حق میں گم کر دینا، ہستی حق میں گم ہونے کی حالت. ۳. (فلسفہ) حقیقت، باطن، نفس، روح، وجود داخلی، موضوعیت. ۴. یہ عقیدہ کہ ساری دنیا میں خیال یا ذہن ہی حقیقی چیز ہے مادہ تو محض اس کا عکس ہے، تصوریت، مثالیت، تخیل پرستی.

عُیُوب (ضم ع، و مع) اند: ج.
بہت سارے عیب، برائیاں.

(غ)

غ اند.
۱. عربی حروف تہجی کا انیسواں، فارسی کا بائیسواں اور صوتی اعتبار سے اُردو کا پینتیسواں حرف جو غین کے نام سے موسوم ہے، تحریر میں حرف "ع" پر نقطہ لگا کر ممتاز کیا گیا ہے، اس لیے غین معجمہ یا منقوطہ کہلاتا ہے، یہ عربی میں حروف قمری میں شامل ہے.

غاب اند: ج.
جنگل، کچھار، بیشہ، نرکل یا سرکنڈے کا جنگل، نیستان. [ع].

غار اند.
۱. گڑھا، زمین کا کھوکھلا حصہ، کھوکھلی جگہ. ۲. پہاڑوں یا ان کے دامن کا وہ خلا جو طبیعی عوامل کے سبب واقع ہو جاتا ہے، کھوہ، گپھا. ۳. (استعارۃً) گہرا زخم، گھاؤ (پڑ جانا، کے ساتھ). [ع].

غارِ ثور اند. مکۂ معظمہ کے دائیں جانب تین میل کے فاصلے پر ثور پہاڑ میں واقع ایک غار، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جب مکے سے مدینے کی طرف ہجرت فرمائی تو حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ تین دن تک ایک غار میں قیام فرمایا تاکہ تعاقب کرنے والوں کے شر سے محفوظ رہیں.

غارِ حرا اند. مکۂ معظمہ سے شمال مشرق کی جانب تقریباً تین میل کے فاصلے پر کوہ حرا میں واقع ایک غار جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عبادت کے لیے جاتے تھے، اسی غار میں آپؐ پر نزولِ وحی کا آغاز ہوا.

غارَت (فت ر) مث.
تاخت و تاراج، لوٹ مار، (استعارۃً) تباہی، بربادی. [ع].

غارت کرنا محاورہ. ۱. تباہ کرنا، برباد کرنا. ۲. بگاڑنا، خراب کر دینا، تلف کرنا.

غارت گر صف. ۱. تباہ و برباد کرنے والا، لوٹ مار کرنے والا، لٹیرا، رہزن، ڈاکو. ۲. (حیوانیات) شکار پر گزران کرنے والا، شکار خور.

غارت گری مث. لوٹ مار، لوٹ کھسوٹ، تاخت و تاراج.

غارت ہو کلمۂ بد دعا. ۱. اُجڑ جائے، مِٹ جائے، تباہ و برباد ہو جائے. ۲. دفع ہو، دور ہو.

غارت ہونا محاورہ. ۱. ضائع ہونا، تلف ہونا، برباد ہونا. ۲. دفع ہو جانا، چلے جانا، دور ہو جانا. ۳. بگڑ جانا، خراب ہو جانا. ۴. مٹ جانا، نیست و نابود ہونا. ۵. بے معنی ہو جانا، فوت ہونا، مفقود ہو جانا.

غازَہ (فت ز) اند.
خوش بودار سفوف جو خوب صورتی کے لیے رخساروں پر مَلا جاتا ہے، سرخی پاؤڈر، گلگونہ. [ف].

غازی (الف) صف.
۱. اللہ کی راہ میں کافروں سے جنگ کرنے والا، دشمنِ دین سے لڑنے والا، مجاہد. ۲. بہادر، شجاع، جنگ جو. (ب) اند. مسلمان بادشاہوں یا فاتحوں کا لقب. [ع].

غاشِیَہ (کس ش، فت ی) اند.
۱. ڈھانکنے والی چیز، چادر، پردہ. ۲. قیمتی اور پرتکلف فرش، رنگین چادر یا جاجم جس پر گل کاری کی گئی ہو، سوزنی. ۳. چادر جسے تہ کر کے ایک

خاص انداز سے کندھوں پر ڈال دیتے ہیں کہ اس کے زردوزی کے کنارے اوپر رہتے ہیں. ۴. زین پر ڈالنے کا کپڑا، زین پوش، پوشش جو زین پر ڈالی جاتی ہے. ۵. قرآن مجید کی اٹھاسی ویں (۸۸) سورت کا نام جو تیسویں سپارے میں ہے. [ع].

غاشیہ بردار صف. ۱. المحکوم، مطیع، فرماں بردار، غلام ۲. بادشاہ یا رئیس کے گھوڑے کے زین پوش کا کونا پکڑ کر چلنے والا نوکر، سائیس؛ معمولی خدمت گار، ادنیٰ نوکر.

غاصِب (کس ص) صف.
ناجائز طور پر دوسرے کی املاک وغیرہ پر قبضہ کرنے والا، کسی کا حق مارنے والا. [ع].

غاصِبانَہ (کس ص، فت ن) صف؛ م ف.
غاصب کی طرح، غاصب جیسا، حق چھیننے والا.

غافِر (کس ف) صف.
گناہ بخشنے والا، مغفرت کرنے والا، درگزر کرنے والا. [ع].

غافِل (کس ف) صف.
۱. غفلت کرنے والا، بے پروا، بے فکر، غیر متوجہ ۲. بے خبر، بے ہوش، لاعلم. [ع].

غالِب (کس ل). (الف) صف.
۱. قوی، زبردست، زور آور ۲. غلبہ پانے والا، جیتنے والا، فاتح، زیر کرنے والا ۳. بالادست، فائق، مسلط، چھایا ہوا ۴. اکثر، بیشتر، زیادہ تر ۵. زیادہ، بہت زیادہ. (ب) م ف. شاید، قوی گمان ہے. [ع].

غالب آنا محاورہ. ۱. غلبہ پانا، سبقت لے جانا، جیتنا، زیر کرنا، بازی لے جانا ۲. زیادہ ہونا، طاری ہونا.

غالب ہے فقرہ. قوی گمان ہے، بہت ممکن ہے.

غالِباً (کس ل، تن ب بفت) م ف.
بہت ممکن ہے، قوی گمان ہے، شاید.

غالی صف. غلو کرنے والا، حد سے تجاوز کرنے والا، انتہا پسند، کٹر. [ع].

غالِیچَہ (ی مع، فت چ) اند.
خوش وضع چھوٹا قالین، قالین.

غالِیَہ (کس ل، فت ی) اند.
ایک مرکب خوش بو جو مشک، عنبر، کافور وغیرہ ملا کر تیار کی جاتی ہے؛ لخلخہ، خوش بو. [ع].

غاں غاں (مغ) امث.
کوے کی آواز، کاں کاں، کائیں کائیں. [حکایت الصوت].

غائِب (کس ء) صف.
۱. غیر موجود، غیر حاضر، پوشیدہ، مخفی، چھپا ہوا ۲. (قواعد) اسم جس ذکر اشارہ قریب یا بعید کے ساتھ کیا جائے، جیسے: یہ آیا، وہ گیا میں "یہ" اور "وہ". [ع].

غائب دماغ صف. جو کھویا کھویا رہتا ہو، بھلکو.

غائب ہونا ف مر. ۱. روپوش ہو جانا، چھپ جانا، پوشیدہ ہو جانا ۲. کھو جانا، گم ہو جانا، گم ہو جانا ۳. نایاب یا ناپید ہو جانا ۴. مٹ جانا، ختم ہونا، معدوم ہو جانا.

غائبانَہ (کس ء، فت ن). (الف) م ف.
پیٹھ پیچھے، عدم موجودگی میں، غیر حاضری میں. (ب) صف. ملے بغیر، دیکھے بغیر.

غائَت (فت ء)؛ ~ غایت. (الف) صف.
انتہائی، پایاں. (ب) امث. مطلب، مقصد. [ع].

غائِر (کس ء) صف.
گہرا، عمیق. [ع].

غائر نظری امث. باریک بینی، دقتِ نظری، بہت چھان پھٹک کے ساتھ.

غاؤں غاؤں (و مع، مغ، و مع، مغ) امث.
دودھ پیتے بچوں کے بولنے کی بے معنی آواز. [حکایت الصوت].

غائی صف.
۱. انتہائی، آخری؛ اصلی، حقیقی ۲. (شے یا عمل) جس کی کوئی غایت مقصد ہو، مقصدی.

غائیّت (کس ء، شد ی بفت) امث.
مقصدیت، (فلسفہ) یہ نظریہ کہ کائنات کے تمام متغیرات کسی غایت مقصد سے واقع ہوتے ہیں.

غایَت (فت ی). (الف) مث.
۱. غرض، مقصد، مطلب. ۲. انجام، انتہا، حد. (ب) صف. نہایت، انتہائی، بے حد، بہت. [ع].

غایت اولیٰ مث. اولین مقصد، بنیادی مقصد.

غایت درجہ صف؛ م ف. حد درجہ، نہایت، انتہائی، بہت زیادہ.

غُبار (ضم غ) مذ.
۱. ہوا میں اُڑنے والی گرد، خاک، دھول، گرد آلود ہونا. ۲. عداوت، دشمنی، غصہ. ۳. کدورت، میل، رنج، ملال، کینہ. ۴. دُھند، تاریکی، کہر کی کیفیت. [ع].

غبار اُٹھنا محاورہ. ۱. زمین سے گرد کا بلند ہونا، دُھول اُڑنا. ۲. رنج و ملال پیدا ہونا.

غبار آلود / آلودہ صف. گرد میں بھرا ہوا، خاک میں اٹا ہوا، دھندلا، غیر مصفا، میلا.

غبار چھٹنا ف مر. گرد یا دھند صاف ہونا.

غبارِ خاطر مذ. دل کی کدورت، رنج، ملال.

غبار نِکالنا محاورہ. ۱. کدورت دور کرنا، ملال رفع کرنا. ۲. بھڑاس نکالنا، غصہ اُتارنا، غم ہلکا کرنا.

غبار نکلنا محاورہ. غم ہلکا ہونا، رنج و ملال دور ہونا.

غُبّارا / غُبّارَہ (ضم غ، شد ب نیز بلا شد/ فت ر) مذ.
(i) باریک ربڑ کی بنی ہوئی وہ تھیلی جس میں ہوا یا گیس بھر کر پھلاتے اور اُڑاتے ہیں. (ii) ایک قسم کا ہوا میں اُڑنے والا ریشمی کپڑے یا کسی اور ہلکی چیز کا بنا ہوا تھیلا جس میں گرم ہوا یا ہائیڈروجن وغیرہ گیس بھر دی جاتی ہے اور نیچے ایک کشتی نما تختہ یا کھٹولا باندھا جاتا ہے جس میں آدمی بیٹھتے ہیں، اسے ڈوریوں کے ذریعے قابو میں رکھتے ہیں. [ف].

غُبارے سے ہوا نکلنا محاورہ. اصلیت ظاہر ہونا، شیخی کِرکری ہونا، غرور ٹوٹنا.

غَبغَب (فت غ، سک ب، فت غ) مذ؛ مث.
ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو خوب صورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے، ٹھوڑی. [ع].

غَبْن (فت غ، فت نیز سک ب) مذ.
خیانت، خورد برد، کسی کے سپرد کیے ہوئے مال میں چوری، بددیانتی؛ دھوکا، جعل سازی. [ع].

غبن کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. خیانت کرنا، خورد برد کرنا، چوری سے مال وغیرہ لے لینا. ۲. دھوکا دینا.

غَبی (فت غ) صف.
کند ذہن، کودن، کم عقل، احمق. [ع].

غَپاڑا (فت غ) مذ.
شور، غوغا، (''غل'' کے ساتھ مستعمل).

غَٹ (۱) (فت غ) مذ.
ہجوم، غول، جتھا.

غٹ پٹ صف. ۱. گتھم گتھا. ۲. (i) ایک دوسرے سے لپٹا ہوا، ہم آغوش. (ii) گڈمڈ، خلط ملط.

غَٹ (۲) (فت غ) مث.
نگلنے یا حلق میں اتر جانے کی آواز؛ قلقل مینا. [حکایت الصوت].

غٹ سے م ف. ایک سانس میں، ایک گھونٹ میں؛ (مجازاً) فوراً، جلدی سے.

غٹ غٹ مث. پانی یا کسی رقیق شے کے گلے سے نیچے اترنے کی متواتر آواز؛ صراحی سے پانی وغیرہ نکلنے کی مسلسل آواز.

غٹ غٹ پی جانا/ پینا محاورہ. تیزی سے پی جانا، بغیر سانس لیے جلد جلد پینا.

غَٹاغَٹ (فت غ، غ) مث.
دیکھیے: غٹ غٹ. [حکایت الصوت].

غُٹَرغُوں (ضم غ، فت ٹ، سک ر، و مع) مث.
۱. کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز. ۲. (i) (مجازاً) بے معنی آواز؛ بے کار، فضول. (ii) دودھ پیتے بچوں کے بولنے کی آواز، غوں غاں. [حکایت الصوت].

غَٹَک سے م ف. فوراً، جلد.

غُٹکنا (ضم غ، فت ٹ، سک ک) ف ل.
کبوتر کا مستی کی حالت میں آواز نکالنا، غٹرغوں کرنا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

غَچّا/ غچّہ (فت غ، شد چ/شد چ بفت) اند.
دھوکا، فریب، جھانسا، جل. اف: دینا/کھانا. [مقامی].

غچا/ غچہ دینا محاورہ. ضرب لگانا، چوٹ دینا: مصیبت میں ڈالنا، نقصان پہنچانا.

غَدّار (فت غ، شد د) صف.
۱.(i) باغی، مفسد: نمک حرام، خیانت کرنے والا: بے وفا، بد عہد. (ii) اپنے وطن یا قوم سے دشمنی کرنے والا، ملک کا دشمن. ۲. بہت بڑا، وسیع و عریض (مکان یا بستی کے لیے). [ع].

غَدّاری (فت غ، شد د) است.
۱. بغاوت، سرکشی: بد عہدی، بے وفائی. ۲. بڑائی، وسعت (شہر اور آبادی کے لیے).

غَدْر (فت غ، سک د) اند.
۱. ہنگامہ، بلوہ، بدامنی، بغاوت، سرکشی، بد عہدی. ۲. انگریزوں کے خلاف ہندوستانیوں کی ۱۸۵۷ء میں ہونے والی لڑائی جسے انگریزوں نے غدر قرار دیا. [ع].

غدر مچانا محاورہ. بغاوت کرنا، فتنہ یا ہنگامہ برپا کرنا، بدامنی پھیلانا.

غدر مچنا محاورہ. بدامنی پھیلنا، بغاوت ہونا، لوٹ مار ہونا، فتنہ برپا ہونا، افراتفری ہونا.

غُدُود (ضم غ، و مع) اند. گوشت کی گرہ، جسم میں موجود طبعی گانٹھ یا گلٹی جس سے لعاب یا کوئی اور رقیق مادہ خارج ہوتا ہے. [ف].

غِذا (کس غ) است.
کھانے کی چیز جس سے بدن کی پرورش ہوتی ہے، کھانا، طعام. [ع].

غِذائی (کس غ) صف.
غذا سے منسوب یا متعلق، غذا کا.

غذائی نالی است. جسم میں غذا کے گزرنے کی نالی جو منہ سے لے کر مقعد تک جاتی ہے، اس میں منھ، معدہ اور آنتیں شامل ہیں.

غِذائیّت (کس غ، ، شد ی بفت نیز بلا شد) است.
غذا ہونے کی حالت، غذا کی خاصیت یا اثر، کسی شے میں غذا کا عنصر ہونا

غُرّا / غُرّہ (ضم غ، شد ر/ شد ر بفت) اند.
چاند رات، قمری مہینے کی پہلی تاریخ: (مجازاً) ناغہ، تعطیل.

غَرابَت (فت غ، ب) است.
۱. عجیب و غریب ہونا، دور کی کوڑی لانا، عمومیت سے دور، ندرت انوکھا پن. ۲. اجنبی پن، نظم یا نثر نامانوس الفاظ لانا. [ع].

غَرارا/ غَرارَہ (فت غ/ر) اند.
۱. حلق میں پانی یا رقیق دوا ڈال کر غرغر کی آواز نکال کر کلی کرنا، غرغرہ، کلی. ۲. غرغرہ کرنے کی دوائیں. ۳. ڈھیلا ڈھالا کلی دار پاجامہ، ایک قسم کی پوشاک. ۴. ایک وضع کا پیراہن جو زرہ کے نیچے پہنتے ہیں جو بہت ڈھیلا ہوتا ہے. [ف].

غُرّان (ضم غ، شد ر) صف.
۱. غصے کی حالت میں چیخنے والا، ڈراؤنی آواز نکالنے والا، دھاڑنے والا، چنگھاڑنے والا: (مجازاً) تند، غضب ناک (بیشتر شیر کی نسبت بولتے ہیں). ۲. گرجنے والا، کڑکنے والا. [ف].

غُرّانا (ضم غ، شد ر) ف ل.
۱. بعض جانوروں، مثلاً: شیر، بلی، کتے وغیرہ کا غصے کی حالت میں غرغر کی آواز نکالنا. ۲. غصے کی حالت میں بولنا یا آواز نکالنا. ۳. بڑبڑانا مبہم آواز نکالنا. ۴. طیش میں آنا، جھلانا. ۵. (کنایۃً) کفرانِ نعمت کرنا جس سے فائدہ حاصل کرنا اسی کی برائی کرنا یا اُسے برا بھلا کہنا، گھرکنا

غُرّاہَٹ (ضم غ، شد ر، فت ہ) است.
غرانے کی آواز، غصے سے بولنے کی آواز.

غَرائِب (فت غ، کس ء) اند: ج.
۱. نادر اشیاء، عجیب و غریب چیزیں یا باتیں، عجائب. ۲. غیر واضح پیچیدہ کلام.

غَرْب (فت غ، سک ر) اند.
۱. سورج ڈوبنے کی سمت، مغرب، پچھم. ۲. ممالک جو مغرب کی طرف واقع ہوں بالخصوص یورپ. [ع].

غُرَبا/ غُرَباً (ضم غ، فت ر/ سک ر) اند: ج.
۱. غریب لوگ، مساکین، مفلسین. ۲. اجنبی آدمی، مسافر لوگ، پردیسی

غَرْباً (فت غ، سک ر، تن ب بفت) م ف.
مغرب کی طرف.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

غُربَت (ضم غ، سک ر، فت ب) مث.
۱. وطن سے دوری، سفر، پردیس، مسافرت .۲. بے کسی، کس مپرسی، اداسی .۳. مصیبت، پریشانی .۴. غریبی، مفلسی، تنگ دستی .۵. عجیب و غریب ہونا، انوکھا پن، نیا پن. [ع].
غربت زدہ صف. وہ شخص جو مسافرت کی صعوبت برداشت کر چکا ہو، مسافر، پردیسی، مصیبت زدہ.
غَربی (فت غ، سک ر) صف.
۱. مغرب کی سمت کا، پچھم .۲. مغربی ممالک کا، یورپ کا، مغربی. ۳. مغربی ممالک میں رہنے والا؛ مغرب کا باشندہ، مغرب کا رہنے والا.
غَرَض (فت غ، ر). (الف) مث.
۱. مطلب، مقصد، حاجت، خواہش، ارادہ، ہدف .۲. واسطہ، تعلق، ضرورت، پروا. (ب) کلمۂ خلاصۂ کلام. القصہ، حاصل کلام، قصہ مختصر، المختصر. [ع].
غرض اٹکنا / اٹکی ہونا محاورہ. ضرورت پڑنا، حاجت ہونا، کام پڑنا، حاجت برآری پر منحصر ہونا.
غرض رکھنا محاورہ. ۱. مطلب رکھنا، واسطہ رکھنا، سروکار رکھنا .۲. اُمید رکھنا، تمنا رکھنا، آرزو کرنا، آس میں ہونا.
غرض کہ فقرہ. الغرض، قصہ مختصر، خلاصہ یہ ہے کہ، مطلب یہ ہے کہ.
غرض کے لیے گدھے کو (بھی) باپ بنانا پڑتا ہے کہاوت. حاجت مند کو رذیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے، ضرورت مند کو ذلیل ترین کام کرنا پڑتا ہے.
غرض مند صف. حاجت رکھنے والا، ضرورت مند؛ مطلبی، خود غرض.
غرض و غایت مث. مقصد و مدعا، اصل مقصود.
غرض ہونا محاورہ. واسطہ ہونا؛ مطلب ہونا؛ پروا ہونا.
غَرَضی (فت غ، سک ر) صف.
ضرورت مند، حاجت مند؛ مطلبی، خود غرض.
غُرغُرانا (ضم غ، سک ر، ضم غ) ف ل.
۱. شیر، بلی، کتے وغیرہ کا غصے کی حالت میں غرغر کی آواز نکلنا .۲. طیش میں آنا، جھلانا، غصے کی حالت میں بولنا یا آواز نکالنا.

غَرغَراہَٹ (فت غ، سک ر، فت غ، ہ) مث.
۱. گلوگیر آواز، حلق سے نکلنے والی غرغر کی صدا، خرخراہٹ .۲. غرغر کی آواز جو پانی کے بہنے سے پیدا ہو.
غَرغَرَہ (فت غ، سک ر، فت غ، ر) مذ.
۱. موت کے وقت گلے سے نکلنے والی غرغر کی آواز .۲. منہ میں پانی بھر کر غرغر کی آواز نکالنا.
غُرفَہ (ضم غ، سک ر، فت ف) مذ.
۱. جھروکا، کھڑکی، دریچہ .۲. اوپر کا کمرہ، کوٹھری، بالاخانہ، بالاخانے کا برآمدہ. [ع].
غَرق (فت غ، سک ر). (الف) مذ.
ڈوبنا، پانی کا سر سے گزر جانا. (ب) صف. ۱. ڈوبا ہوا، غریق .۲. محو، کھویا ہوا، مستغرق، مدہوش. [ع].
غرق کرنا ف م: محاورہ. ڈبونا، تباہ کرنا.
غرق ہونا ف م: محاورہ. ۱. ڈوبنا، ڈوب جانا؛ تباہ ہو جانا .۲. محو ہونا، مستغرق ہونا، کھو جانا، منہمک ہونا.
غَرقاب (فت غ، سک ر). (الف) مذ.
۱. گرداب، بھنور، ورطہ .۲. سیلاب، ڈباؤ پانی، گہرا پانی. (ب) صف.
۱. ڈوبا ہوا، پانی میں ڈوبا ہوا .۲. محو، مستغرق، کھویا ہوا، مدہوش.
۳. گہرا، عمیق (پایاب کی ضد).
غُرُوب (ضم غ، و مع) مذ.
۱. چاند یا سورج کا چھپنا، ڈوبنا (طلوع کی ضد) .۲. چاند، سورج وغیرہ کے ڈوبنے کی جگہ یا سمت، مغرب، پچھم. [ع].
غُرُور (ضم غ، و مع) مذ. ۱. گھمنڈ، تکبر، نخوت، فخر .۲. (کنایۃً) خیال فاسد، وسوسہ، دھوکا. اف: کرنا / ہونا. [ع].
غرور ٹوٹ جانا / ٹوٹنا محاورہ. گمانِ باطل یا گھمنڈ ختم ہونا.
غرور کا سر نیچا کہاوت. مغرور انسان ذلیل ہو کر رہتا ہے.
غُرّہ (ضم غ، شد ر / فت غ، شد ر بفت) مذ؛ ~ غرا.
غرور، گھمنڈ، ناز. [ع].

غُرّہ (ضم غ، شد ر بفت) اند.
۱. ہر چیز کا اوّل، چاند رات، قمری مہینے کی پہلی تاریخ، ہر مہینے کی پہلی تاریخ؛ (مجازاً) فاقہ، ناغہ، تعطیل. ۲. گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک درم سے بڑی ہو، پیشانی کی سفیدی، سفیدی، چمک. [ع].

غَرِیب (فت غ، ی مع) صف.
۱. مسافر، پردیسی، اجنبی، بے وطن. ۲. مراد: مفلس، نادار، محتاج، بے سرو سامان. ۳. (مجازاً) بے کس، بے چارہ، مجبور. ۴. مسکین، عاجز، بے ضرر، بے زبان؛ سیدھا سادا، جو شریر نہ ہو. ۵. نادر، عجیب، انوکھا، اچنبھے والا. ۶. نامانوس، جس کا استعمال کم ہو بالخصوص لفظ. [ع].

غریب الدیار صف. وطن سے دور، پردیسی، مسافر.

غریب الغربا صف. ۱. مسافروں کا مسافر؛ مراد: غربت زدہ، مسافرت کا مارا ہوا، سفر کی صعوبتوں کا مارا ہوا. ۲. (کنایۃً) حضرت امام حسینؓ.

غریب الوطن صف. غریب الدیار، مسافر، پردیسی.

غریب الوطنی امث. وطن سے دوری.

غریب پرور صف. ۱. بے کس کی پرورش کرنے والا، غریب نواز. ۲. حکام یا اعلیٰ مرتبہ اشخاص کے لیے مستعمل، بندہ پرور.

غریب خانہ اند. ۱. مکان جہاں غریبوں اور اپاہجوں کو مفت رکھا اور کھانا دیا جاتا ہے، محتاج خانہ، لنگر خانہ. ۲. بطور انکسار، اپنے گھر کے لیے استعمال کرتے ہیں، میرا گھر، اپنی رہائش.

غریب کی جورو سب کی بھابی کہاوت. غریب کی چیز پر ہر شخص قبضہ کرنے کی کوشش کرتا ہے، غریب کی چیز پر سب لوگ حق جتانے لگتے ہیں

غریب نواز صف. غریب پرور، بے کس و لاچار کی پرورش کرنے والا.

غَرِیبانَہ (فت غ، ی مع، فت ن). (الف) صف.
غریبوں کے لائق، ادنیٰ درجے کا، بہت معمولی. (ب) م ف. غریبوں کی طرح، مسافر یا پردیسی کے مانند.

غَرِیبی (فت غ، ی مع) امث.
۱. مفلسی، ناداری، محتاجی. ۲. مسافرت، وطن سے دوری، پردیس. ۳. عاجزی، انکسار. ۴. سادگی، معصومیت.

غَرِیق (فت غ، ی مع) صف.
۱. ڈوبا ہوا، غرق. ۲. محو، مستغرق، مدہوش. [ع].

غریق رحمت صف. خدائے تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا، مغفور، مرحوم.

غریق رحمت کرنا محاورہ. مغفرت کرنا، جنت نصیب کرنا.

غَڑَپ (فت غ، ڑ) امث.
کسی چیز کے ڈوبنے یا یکایک اندر داخل ہونے کی آواز. [حکایت الصوت].

غَزا (فت غ) امث.
دین کے دشمنوں کے ساتھ جنگ، کافروں اور مشرکوں سے لڑائی، جہاد.

غَزال (فت غ) اند؛ ج: ~ غزالاں.
ہرن کا بچہ؛ ہرن، آہو، آنکھوں کی خوب صورتی کے لیے مشہور. [ع].

غَزالَہ (فت غ، ل) امث.
ہرن کا مادہ بچہ، ہرنی.

غَزالی (فت غ) صف.
۱. غزال سے منسوب، ہرن جیسا. ۲. ہرن کے رنگ کا (گھوڑا)، مرگا.

غَزَل (فت غ، ز) امث؛ اند (قدیم).
لغوی معنی عورتوں کے ساتھ بات چیت اور عشق بازی، (شاعری) صنف سخن جس میں عموماً حسن و عشق، وصال و فراق، شراب و شباب، یاس و حرماں اور تصوف و معرفت وغیرہ کی باتیں کہی جائیں لیکن غزل اس حد بندی کی پابند نہیں رہی اب اس میں ہر قسم کے موضوعات و مسائل نظم کیے جاتے ہیں غزل ہر بحر میں کہی جاتی ہے. اس کا ہر شعر عموماً جداگانہ مضمون کا حامل ہوتا ہے، اس کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے جس کے دونوں مصرعے ہم ردیف اور ہم قافیہ ہوتے ہیں. باقی اشعار کے مصرع ثانی میں قافیہ ہوتا ہے. آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو مقطع کہلاتا ہے. سب سے عمدہ شعر کو شاہ بیت کہتے ہیں. [ع].

غزل خواں صف؛ ~ غزلخواں. غزل پڑھنے والا، غزل سنانے والا، عاشقانہ کلام پڑھنے والا.

غزل سرا صف. ترنم سے غزل پڑھنے والا، غزل خواں.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

غَزْلَه (فت غ، سک ز، فت ل) اند.
مسلسل غزلیں جو ایک ہی زمین میں کہی گئی ہوں، (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل).

غَزْلِیات (فت غ، سک ز، کس ل) امث؛ ج.
غزل کی جمع، غزلیں.

غَزَوات (فت غ، ز) اند؛ ج.
غزوہ کی جمع.

غَزْوَه (فت غ، سک ز، فت و) اند.
۱.لڑائی جس میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی ہو .۲.لڑائی، حملہ. [ع].

غَسّال (فت غ، شد س) اند.
۱.مردوں کو غسل دینے والا.۲.نہلانے والا، عموماً حمام میں نہلانے کی خدمت پر مامور.

غُسْل (فت غ، سک نیز ضم س) اند.
۱.تمام بدن کا دھونا (خواہ کسی طریقے سے ہو) نہانا.۲.کسی چیز کو دھونا، (طب) دوا کو کسی خاص ترکیب سے دھونا اور اس کی اصلاح کرنا. [ع].

غسل جنابت اند. شرعی احکام کے تحت ناپاکی کے بعد نہانا.

غسل خانہ اند. ۱.نہانے کی جگہ کا کمرہ، نہلانے کی جگہ، حمام، (باتھ روم).۲.مغلیہ عہد میں بادشاہ کا وہ خصوصی کمرہ جہاں خاص معتمد ہی صلاح ومشورہ کے لیے بلائے جاتے تھے.

غسل دینا محاورہ. نہلانا، مردے کو نہلانا.

غسل صحت اند. بیماری سے صحت پا کر نہانا.

غسلِ کعبہ اند. کعبہ شریف کو دھونے کی تقریب جو حج کے موقع پر (۸ ذی الحجہ کو) منعقد ہوتی ہے.

غَش (فت غ) اند.
بے ہوشی، غشی، ہوش وحواس کا جاتا رہنا.

غش کھانا محاورہ. ۱.بے ہوش ہو جانا، ہوش وحواس غائب ہو جانا، چکرانا.۲.عاشق ہونا، فریفتہ ہونا.

غِشا (کس غ) امث؛ ~ غِشاء.
پردہ، پوشش؛ (طب) جھلی (یہ ایک عصباتی وربالطی عضو ہے، چوڑا لمبا اور نہایت باریک مگر سخت وسفید جو اعضا پر پھیل کر ان کی شکلوں کی حفاظت کرتا، ان کو حس عطا کرتا اور ایک عضو کو دوسرے سے وابستہ کرتا ہے). [ع].

غَشی (فت غ) امث.
بے ہوشی. [ع].

غشی طاری ہونا محاورہ. بے ہوش ہونا.

غَصْب (فت غ، سک ص) اند.
زبردستی کسی کا حق یا مال چھین لینا، ناجائز قبضہ، خیانتِ مجرمانہ. [ع]

غصب کرنا ف مر. ہتھیانا، ظلم یا زبردستی سے لینا، دوسرے کے مال اسباب یا جائداد پر جبراً قبضہ کرنا، کسی کا حق مار لینا.

غُصّه (ضم غ، شد ص بفت) اند؛ ~ غصا، غصا (قدیم).
۱.ناراضی، خفگی، غیظ، غضب، طیش، جھلاہٹ.۲.رنج وملال، غم اندوہ. [ع].

غصہ اتارنا محاورہ. چڑھے ہوئے غصے کو ٹھنڈا کرنا، کسی کو اپنے غصے کا نشانہ بنا کر جی ہلکا کرنا، دل کا بخار نکالنا.

غصہ آنا محاورہ. ناراض ہونا، خفا ہونا، جھلانا، تاؤ کھانا.

غصہ پینا/ پی جانا محاورہ. صبر وضبط سے کام لینا، جوشِ غضب کو روکنا، غصہ ضبط کرنا.

غصہ تھوک دینا/ تھوک ڈالنا محاورہ. ناگوار بات کو درگزر کرنا، خفگی ختم کر دینا، معاف کر دینا.

غصہ کرنا محاورہ. خفا ہونا، ناراض ہونا، برہم ہونا، غصہ ہونا.

غصہ ناک پر (دھرا) رہنا/ ہونا محاورہ. ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا، بات بات پر غصہ آنا، بہت جلد خفا ہو جانا.

غصہ نکالنا محاورہ. دل کا بخار نکالنا، بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا غصہ اُتارنا.

غصہ ور صف. وہ شخص جس کو جلد غصہ آئے تند مزاج، غصیلا.

غُصّے (ضم غ، شد ص) اند.
غصہ کی حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل (بعض مصنفین غصے کی جگہ غصہ، بھی لکھتے ہیں).

غصے میں م ف. حالتِ خفگی میں، برہمی کے عالم میں، رنجش میں، تیزی

میں، جوش میں.

غصے میں بھرا ہونا/ بھرنا محاورہ. نہایت طیش میں ہونا، سخت غصے میں ہونا، بہت برافروختہ ہونا.

غُصَیلا (ضم غ، ی لین) صف مذ.

۱. وہ شخص جس کو جلد غصہ آئے، بدمزاج غصہ ور. ۲. (i) غصے میں بھرا ہوا، بپھرا ہوا، بھڑکا ہوا، غضب ناک. (ii) تند و تیز.

غُصَیلی (ضم غ، ی لین) صف مث.

غصیلا کی تانیث، غصہ ور عورت، غصے والی.

غَضَب (فت غ، ض) (الف) اند.

۱. غصہ، خفگی، غیظ. ۲. قہر، عذاب. ۳. ظلم، زیادتی، اندھیر، زبردستی، سختی. ۴. شدید طور پر متاثر کرنے والے، ستم، آفت، قیامت. ۵. مشکل صورت حال، بلا، مصیبت، تباہی. (ب) صف، م ف. ۱. عجیب، نادر، انوکھا. ۲. بہت زیادہ، حد سے سوا. ۳. خوبی میں یکتا، کمال حسین، بہت زیادہ خوب صورت، بے مثل. ۴. (i) مضر، ضرر رساں، خطرناک. (ii) شرانگیز، بدطینت، فریبی، دغاباز. ۵. حیرت انگیز، تعجب خیز، بلا کا.

غضب ٹوٹنا محاورہ. مصیبت یا بلا نازل ہونا، آفت آنا.

غضب خدا کا فقرہ. ۱. اظہار حیرت و استعجاب کے لیے. ۲. اظہار نفرت کے لیے.

غضب ڈھانا محاورہ. ۱. آفت برپا کرنا، بہت ظلم و ستم کرنا، تباہی مچانا. ۲. کمال دکھانا، حیرت انگیز کام کرنا.

غضب کا صف مذ (مث: غضب کی). ۱. انوکھا، عجیب و غریب. ۲. لاجواب، بیان سے باہر. ۳. خوف ناک، بھیانک، تکلیف دہ. ۴. بہت تیز، غیرمعمولی، کسی خصوصیت میں بڑھا ہوا. ۵. شدید، سخت. ۶. آفت برپا کرنے والا، فتنہ انگیز، شوخ، پرستم. ۷. بہت زیادہ، بے حد، غیرمعمولی.

غضب ناک صف :- غضبناک. غصے میں بھرا ہوا، بہت برہم، نہایت خفا.

غضب ہونا محاورہ. ۱. امر نامناسب وقوع میں آنا، ناگوار کام یا بات عمل میں آنا، نقصان دہ کام یا بات واقع ہونا، مصیبت کا آپڑنا. ۲. کام خراب ہونا، خرابی کا باعث ہونا، تباہی آنا. ۳. بگڑ جانا، خفا ہونا، غصہ کرنا، ناراض ہونا، جھلانا. ۴. ستم ڈھایا جانا، مصیبت پیش آنا، نازل ہونا، آفت پڑنا، ناانصافی ہونا، ظلم و زیادتی ہونا.

غَضَنفَر (فت غ، ض، سک ن، فت ف) اند.

۱. شیر، اسد، ضیغم. ۲. (کنایۃً) بہادر، دلیر، شجاع. [ع].

غَفّار (فت غ، شد ف) اند.

بہت معاف کرنے والا، بڑا بخشنے والا، خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

غفارالذُّنوب صف. گناہوں کا بخشنے والا.

غَفّاری (فت غ، شد ف) امث.

غفار کا اسم کیفیت، بخشنا، گناہ معاف کرنا.

غُفران (ضم غ، سک ف) اند.

بخشش، مغفرت. [ع].

غَفلَت (ضم غ، سک ف، فت ل) امث.

۱. بے پروائی، بے توجہی، عدم توجہی، بھول چوک. ۲. بے خبری، مدہوشی، نیم خفتگی. ۳. اونگھ، غنودگی، نیند، غشی. [ف].

غفلت برتنا محاورہ. بے پروائی کرنا، بے توجہی کرنا.

غفلت شعار صف. غفلت سے کام لینے والا، مزاجاً غافل، بے خبر، بے پروا.

غفلت کی نیند سونا محاورہ. غافل ہو کر سونا، گہری نیند سونا.

غَفُور (فت غ، و مع) صف.

خطا بخشنے والا، گناہ معاف کرنے والا، خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام [ع].

غفورالرحیم صف. بخشش اور رحم کرنے والا، بخشنے والا مہربان، اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفاتی.

غَفِیر (فت غ، ی مع) صف.

چھایا ہوا، محیط، بہت زیادہ، بے شمار (عموماً "جم" کے ساتھ مستعمل) [ع].

غِلّ (کس غ، شد نیز بلا شد ل) اند.

۱. کینہ، کدورت. ۲. کھوٹ، آمیزش، ملاوٹ. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

غُل (ضم غ) اند.
۱. شور، غوغا، چیخ پکار. ۲. چرچا، دھوم، شہرت، شہرہ.

غُل (ضم غ) اند.
۱. شور، غوغا، چیخ پکار. ۲. چرچا، دھوم، شہرت، شہرہ.

غل اُٹھنا محاورہ. آوازیں بلند ہونا، شور مچنا، غل اٹھانا کا لازم.

غل غپاڑا/ غپاڑہ اند. ۱. شور و غوغا، چیخ پکار. ۲. شور و شر، ہنگامہ.

غل مچانا محاورہ. ۱. شور کرنا، چلانا، ہنگامہ کرنا. ۲. چرچا کرنا، تشہیر کرنا، اعلان کرنا.

غِلاظت (کس غ، فت ظ) امث.
۱. گندگی، نجاست، ناپاکی، بول و براز. ۲. میل کچیل، کثافت. [ع].

غِلاف (کس غ) اند.
۱. (i) خول، اوپر کا پردہ، پوشش. (ii) (حیوانیات) وہ جھلی، نسیج یا کھال جس سے کوئی عضو ڈھکا ہوا ہو. (iii) پرت یا تہ، بالائی سطح. ۲. (i) کسی شے کے ڈھانکنے کی پوشش، تکیہ وغیرہ کے اوپر چڑھانے کا کپڑا. (ii) بالا پوش، رضائی، لحاف، پوشش. ۳. (i) وہ پوشش جو ہر سال خانہ کعبہ پر چڑھائی جاتی ہے. (ii) کسی بزرگ کی قبر یا روضے کو ڈھانکنے والی چادر یا کپڑا. ۴. جزدان، کتاب وغیرہ رکھنے کا تھیلا یا کپڑا، بستہ. [ع].

غلاف دار صف. ۱. غلاف میں بند، غلاف چڑھا ہوا. ۲. جھلی وغیرہ سے ڈھکا ہوا.

غِلافی (کس غ) صف.
۱. غلاف سے منسوب یا متعلق، غلاف دار، غلاف نما. ۲. خوش نمائی کے ساتھ پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی (آنکھ کے لیے مستعمل).

غلافی آنکھیں امث: ج. بڑی بڑی جھکی ہوئی اور پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھیں، بھاری پپوٹوں اور گھنی پلکوں والی خوب صورت آنکھیں.

غلافی سموسا اند. پرت دار سموسا، ورقی سموسا، ایسے سموسے جن کا خول روغن کی لاگ سے تہ بہ تہ باریک پرت دار بیل کر بنایا جاتا ہے اور جو تلنے میں کھل کر کرارے ہو جاتے ہیں.

غُلام (ضم غ) اند.
۱. زر خرید چھوکرا جو بے تنخواہ گھر کا کام کاج کرے، زر خرید نوکر جو کسی عمر کا ہو. ۲. خادم، نوکر، خدمت گزار. ۳. اطاعت و فرماں برداری کرنے والا، تابع، فرماں بردار، اطاعت گزار. ۴. گنجفے کی چوتھی بازی کا نام جس کے پتوں کا رنگ سفید اور اس پر مورت کا چھاپا ہوتا ہے نیز تاش کی بازی کا وہ پتا جو دہلے سے بڑا اور بیگم سے کم قیمت ہوتا ہے اور اس پر غلام کی تصویر بنی ہوتی ہے. ۵. (بطور انکسار متکلم اپنے لیے استعمال کرتا ہے) بندہ، خاکسار، کمترین. [ع].

غلام کرنا / کرلینا محاورہ. نوکر بنانا، مطیع بنانا، تابع کر لینا.

غلام کی ذات بڑی بدذات کہاوت. غلام کمینہ ہوتا ہے.

غلام گردش امث. حرم خانہ اور دیوان خانہ کے درمیان کی دیوار، پردے کی دیوار؛ کوٹھی یا محل کے چاروں طرف کا برآمدہ، راہ داری.

غُلامانہ (ضم غ، فت ن) صف؛ م ف.
غلام کی طرح، غلام جیسا، خادمانہ.

غُلامی (ضم غ) امث.
غلام ہونے کی حالت، حلقہ بگوشی، بندگی، نوکری، خدمت گزاری؛ محکومی (آزادی کی ضد).

غلامی کا طوق اند. (کنایۃً) نہایت سخت غلامی جس میں غلام آقا کی مرضی کے خلاف سر نہ ہلا سکے، محکومی کی حالت اور نشانی.

غلامی کرنا ف مر. غلام کی حیثیت سے کام کرنا، اطاعت قبول کرنا، ملازمت کرنا.

غَلَبہ (فت غ، ل نیز سک ل، فت ب) اند.
۱. کثرت، فراوانی، زیادتی. ۲. حملہ، ہجوم، زور، شدت. ۳. جیت، فتح، بالادستی، قابو، تسلط. ۴. سبقت، برتری، فوقیت. [ع].

غلبہ پانا محاورہ. فتح پانا، غالب ہونا.

غَلَط (فت غ، ل) صف.
۱. نادرست، غیر صحیح، جو صحیح نہ ہو. ۲. جھوٹ، لغو. ۳. بھول چوک، غلطی، خطا. [ع].

غلط العام اند. (ادب) وہ غلط لفظ یا ترکیب وغیرہ جو غلط ہونے کے باوجود اہل علم اور مستند زبان دانوں میں مروج ہو.

غلط انداز صف. اچٹتا ہوا، جو نشانے پر ٹھیک نہ بیٹھے (تیر یا نگاہ)، غفلت یا بلا ارادہ لگنے یا پڑنے والا، مغالطے میں ڈالنے والا، سرسری، اوپری.

غلط بیانی مث. خلاف واقعہ بیان کرنا، دروغ گوئی، حقیقت کے خلاف بیان کرنا.

غلط سلط صف. اُلٹا سیدھا، نادرست، غیر محقق، اوٹ پٹانگ.

غلط فہمی مث. ۱. ناسمجھی، کج فہمی، نادانی ۲. حقیقت تک نہ پہنچنے کی کیفیت، مغالطہ، بات وغیرہ کو صحیح طور پر نہ سمجھنے کی کیفیت یا حالت، کچھ کا کچھ سمجھنا، شک، بدگمانی.

غَلطاں (فت غ، سک ل).
۱. لڑھکنے والا، گھومنے والا، لوٹنے والا، لوٹتا ہوا ۲. مبتلا، گرفتار، اُلجھا ہوا، پھنسا ہوا، بے تاب. اف: رہنا/کرنا/ہونا. [ف].

غلطاں (و) پیچاں صف. ۱. لڑھکتا ہوا، چکر کھاتا ہوا، لوٹتا ہوا ۲. متفکر، پریشان، سرگرداں ۳. ڈوبا ہوا، کھویا ہوا، مستغرق، اُلجھا ہوا، گم سم. اف: رہنا، کرنا، ہونا.

غَلَطی (فت غ، ل) مث.
۱. بھول چوک، خطا، لغزش، عدم صحت، غلط بیانی ۲. ناسمجھی، غلط فہمی، کسی امر یا شے کی حقیقت یا تہ تک نہ پہنچنا.

غلطی پکڑنا محاورہ. غلطیاں نکالنا، کمزوریاں ظاہر کرنا، خامیاں نکالنا، بھول چوک معلوم کرنا، عیب یا برائی نکالنا.

غُلغُلہ (ضم غ، سک ل، ضم غ، فت ل) اند.
۱. شور، غوغا، ہنگامہ ۲. شہرہ، دھوم، شہرت. [ع].

غلغلہ اُٹھنا محاورہ. شہرت ہونا، دھوم مچنا، شور و غوغا ہونا.

غُلّق/غُلَّک (ضم غ، شد ل بفت) اند.
روپیہ پیسا رکھنے کا ظرف یا ڈبا، گلک. [ع].

غِلْمان (کس غ، سک ل) اند: ج. (واحد: غلام).
۱. نوعمر خوب صورت لڑکوں کی مانند جنت میں خدمت کرنے والی ایک مخلوق، بہشت کے خوب صورت باشندے ۲. نوعمر خوب صورت لڑکا، امرد.

غُلُو (ضم غ، ومع) اند.
۱. شدت، اصرار (کسی امر میں) ۲. حد سے تجاوز یا آگے بڑھ جانے حالت و کیفیت ۳. (معانی و بیان) کسی کے متعلق بڑھا چڑھا ہوا یا حد سے گزرا ہوا بیان جو عقلاً اور عادتاً محال ہو، حقیقت سے دور. [ع].

غَلّہ (فت غ، شد ل بفت) اند.
۱. اناج، اَن، ناج، دانہ دُنکا جو زمین سے اُگے. [ع].

غلہ منڈی مث. (تجارت) وہ جگہ جہاں اناج لا کر فروخت کیا جاتا ہے، اناج کی منڈی یا بازار.

غُلّہ (ضم غ، شد ل بفت) اند.
مٹی کی خاص طریقے پر بنائی ہوئی گولی جسے غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں نیز ہر وہ ٹھوس چیز مثل ڈھیلا سنگ ریزہ وغیرہ جو غلیل میں رکھ کر چلائی جائے، گلولہ.

غَلیظ (فت غ، ی مع) (الف) صف.
۱. گاڑھا، غیر سیال (رقیق کی ضد) ۲. موٹا، دبیز، دل دار، گہرا (کیت و کیفیت کے اظہار کے لیے) ۳. کثیف، میلا، گدلا، گندہ، نجس، ناپاک. (ب) اند. گوہ، فُضلہ، پاخانہ، غلاظت. [ع].

غُلیل (ضم غ، ی ج) مث.
لکڑی یا دھات کا دو شاخہ (R) جس کے دونوں سروں پر ربڑ کی پٹیاں اور ان پٹیوں کے دوسرے دونوں سروں کو دو انگل چمڑے موٹے کپڑے میں باندھ دیتے ہیں، جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں، کمان، قوس. [ف].

غُلیلچی (ضم غ، ی ج، سک ل) اند.
غلیل انداز، غلیل چلانے والا، غلیل باز.

غَم (فت غ) اند.
۱. رنج، اندوہ، دکھ، ملال، الم، افسوس (خوشی کا نقیض) ۲. سوگ ماتم، گریہ و زاری ۳. فکر، پروا، پریشانی، اندیشہ. [ع].

غم اُٹھانا محاورہ. غم برداشت کرنا، غم جھیلنا، غم سہنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

غم اندوختہ صف. غم کا مارا ہوا، غم زدہ، غم کا شکار، غم سے بھرا ہوا، غم بردوش.

غم بانٹنا محاورہ. دکھ درد میں شریک ہونا، کسی کے رنج و تکلیف کو دور کرنے کی کوشش کرنا.

غم خوار صف. غم کھانے والا، دکھ درد کا شریک، ہمدرد.

غم خواری امث. دردمندی، دل داری، ہمدردی، رنج و ملال میں شرکت، غم کھانا.

غم زدہ صف. رنجیدہ، ملول، دکھیا، پریشاں حال.

غم غلط کرنا محاورہ. رنج و الم مٹانا، رنجیدہ دل بہلانا، رنج و ملال سے دھیان بٹانا، غم بھلانا.

غم غلط ہونا محاورہ. جی بہلنا، کسی خاص وجہ سے غم دور کرنا.

غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑنا/ ٹوٹنا محاورہ. یکبارگی بڑی سے بڑی مصیبت نازل ہونا، دفعۃً کسی غم سے دوچار ہونا.

غم کدہ امذ؛ ~ غمکدہ. ۱. غم کی جگہ، غم کا مکان، وہ جگہ جہاں کوئی افسوس ناک واقعہ ہوا ہو، غم خانہ. ۲. مقامِ غم، جس سے قلبِ عاشق مراد ہے.

غم کرنا محاورہ؛ ف مر. افسوس کرنا، غم منانا، سوگ منانا.

غم کھانا محاورہ. ۱. رنج و الم برداشت کرنا، دُکھ سہنا؛ رنج کرنا، صدمہ اُٹھانا. ۲. فکر کرنا، پروا کرنا، چنتا کرنا، پریشان ہونا. ۳. افسوس کرنا، رنجیدہ ہونا، (کسی کی تکلیف یا مصیبت سے متاثر ہو کر) کڑھنا. ۴. ضبط کرنا، صبر سے کام لینا.

غم گسار صف؛ ~ غمگسار. غم خوار، ہمدرد، دکھ درد کا بٹانے والا، مصیبت کا شریک، غم کھانے والا، دردمند، دل سوز.

غم گساری امث؛ ~ غمگساری. پرسشِ احوال، پرسشِ غم، غم خواری، ہمدردی.

غَم گین صف؛ ~ غگی، غمگین. مغموم، دل گیر، رنجیدہ، اُداس، ملول، اندوہ گیں، دکھی، آزردہ.

غم ناک صف؛ ~ غمناک. غم میں بھرا ہوا، رنجیدہ، ملول، مایوس، بیزار، دل برداشتہ.

غم و غصہ امذ. ناراضی، برہمی، غیظ و غضب.

غم ہلکا کرنا محاورہ. رنج دور کرنا، تکلیف سے نجات حاصل کرنا، درد میں کمی کرنا.

غَمّاز (فت غ، شدم) صف.
۱. ابرو یا آنکھ سے اشارے کرنے والا. ۲. چغل خور، عیب بیان کرنے والا یا ظاہر کرنے والا، جاسوس، سخن چیں. [ع].

غَمّازی (فت غ، شدم) امث.
چغل خوری، جاسوسی، لگائی بجھائی، اِدھر کی اُدھر کہنا؛ سازش.

غَمْزَہ امذ؛ ~ غمزا.
۱. آنکھ اور بھوں کا اشارہ، اَبرو کا اشارہ. ۲. ناز، نخرہ، دلربایانہ انداز، معشوقانہ انداز. [ع].

غَمی (فت غ) (الف) صف.
۱. دکھ، اداسی، آزردگی. (ب) امث. ۱. ماتم، سوگ، رنج، غم، دکھ (شادی کا نقیض). ۲. (کنایۃً) موت، مرگ. [ع].

غِنا (کس غ) امذ؛ امث.
۱. تونگری، دولت مندی، مال داری، ثروت، غنی ہونا. ۲. بے نیازی، بے پروائی، استغنا. ۳. گانا، نغمہ، گیت، راگ، موسیقی. [ع].

غَنائِم (فت غ، کس ء) امذ؛ ج؛ ~ غنیم.
جنگ میں ہاتھ آنے والا مال و اشیاء.

غِنائی (کس غ) صف؛ امذ.
۱. غنا (معنی نمبر ۳) سے منسوب، غنا پرداز، مترنم، نغمہ سے معمور.
۲. تونگری، مال داری، بے نیازی، استغنا.

غنائی کیفیت امث. نغمگی، موسیقیت، الفاظ کا رسیلا پن، خوش آہنگی.

غِنائِیَہ (کس غ، ء، فت ی) امذ؛ صف.
(موسیقی) مختلف بندشوں پر مشتمل ایک مسلسل نظم یا نظموں کا مجموعہ جو کسی موقع یا موضوع کی مناسبت سے لحن سے پڑھنے یا سازوں کے ساتھ گانے کے لیے موزوں کیا گیا ہو. [ع].

غُنْچَہ (ضم غ، سک ن، فت چ) امذ.
۱. کلی، بن کھلا پھول، گل ناشگفتہ، بندکلی. ۲. (مجازاً) معشوق کا دہن، دہن تنگ، دہن بستہ، پستہ دہن. [ف].

غنچہ چٹخنا/ چٹکنا محاورہ. کلی کا کھلنا، گل کا شگفتہ ہونا، پھول کھلنا.

غنچہ دہان/دہن صف. جس کا منھ غنچہ کی طرح ہو، غنچہ جیسے منہ والا، چھوٹے دہان والا؛ (کنایۃً) معشوق، محبوب.

غنچہ لب صف. کلی جیسے لب والا، جس کے ہونٹ کلی کی طرح تنگ ہوں؛ (کنایۃً) محبوب، معشوق.

غُنْڈا (ضم غ، سک ن) صف.
لچا، بدمعاش، شہدا، اوباش، فسادی، موالی. [مقامی].

غنڈا گردی امث. دنگا، فساد، لوٹ، مار، بدمعاشی.

غُنُود (ضم غ، و مع) صف.
غنودگی، اونگھ. [ف].

غُنُودگی (ضم غ، و مع، فت د) امث.
اونگھ، نیند کا خمار.

غُنّہ (ضم غ، شد ن بفت) اند.
وہ آواز جس کا مخرج ناک ہو، ناک سے نکالی جانے والی آواز، وہ آواز جو ناک کے نتھنوں سے نکلے. [ف].

غَنی (فت غ) صف.
۱. دولت مند، مال دار، امیر. ۲. بے نیاز، بے پروا، مستغنی. ۳. خدا کے اسما صفاتی میں سے ایک نام. ۴. (تصوف) جو کسی بات میں کسی کا محتاج نہ ہو بلکہ سب اس کے محتاج ہوں اور وہ سب سے بے نیاز ہو؛ (کنایۃً) اللہ تعالیٰ. [ع].

غَنِیم (فت غ، ی مع) اند.
لوٹنے والا، دشمن، حریف. [ع].

غَنِیمَت (فت غ، ی مع، فت م) (الف) امث.
وہ مال جو دشمن سے چھینا جائے، مفت حاصل ہونے والا، لوٹ کا مال، لوٹ. (ب) صف. بہتر، قدر کے قابل، مناسب، بہت کچھ، کافی. [ع].

غنیمت جاننا ف مر. بہتر جانا، قدر کرنا، عزت کرنا؛ قابل قدر سمجھنا، کافی سمجھنا.

غنیمت سمجھنا ف مر. مفت جاننا، غنیمت جاننا، بہتر جاننا، اچھا سمجھنا.

غنیمت ہونا محاورہ. قابل قدر ہونا، قابل شکر ہونا، کافی ہونا.

غَوّاص (فت غ، شد و) صف.
غوطہ لگانے والا، غوط خور؛ (کنایۃً) غوطے لگا کر موتی نکالنے والا ماہر. [ع].

غَوّاصی (فت غ، شد و) امث.
غوطہ لگانا، ڈبکی مارنا، غوطہ خوری؛ موتی نکالنے کے لیے دریا ڈبکی لگانا.

غَوث (و لین) (الف) صف.
فریاد کو پہنچنے والا، فریاد رس؛ حاجت روا. (ب) اند. (تصوف) ولایت کے ایک درجے کا نام جس پر پہنچ کر تمام اعضائے جسم یاد خدا مصروف رہتے ہیں، ولایت الٰہی کا ایک درجہ؛ ولی کامل. [ع].

غوث اعظم/الاعظم/ الثقلین/ پاک اند. بڑا فریاد رس؛ ولیوں کا سردار، مراد: شیخ عبدالقادر جیلانیؒ.

غَور (و لین) اند، امث.
۱. فکر، تامل، سوچ، گہری سوچ، توجہ، دھیان. ۲. گڑھا، پست زمیں غار. [ع].

غور طلب صف. سوچنے اور فکر کرنے کے قابل، توجہ کا مستحق.

غور کرنا ف مر. سوچنا، فکر کرنا؛ دھیان کرنا، توجہ کرنا؛ علاج معالجہ کرنا

غوطَہ (و مع، فت ط) اند.
۱. پانی کے نیچے جانے کا عمل، ڈبکی، پانی میں ڈوبنا یا ڈبونا، تیراک پانی کے اندر نیچے کی طرف چلا جانا. ۲. (i) سکوت کا عالم، استغراق کی حالت، محویت. (ii) فکر، اندیشہ، پریشانی. [ع].

غوطہ باز اند. ڈبکی لگانے والا، غوطہ خور.

غوطہ خور صف؛ اند. ۱. ڈبکی لگانے والا، پانی کے نیچے جا کر اوپر آجانے والا، ڈبکیا. ۲. سمندر سے موتی نکالنے والا.

غوطہ خوری امث. ڈبکی لگانے کا عمل، ڈبکی لگانا، غوطہ لگانا.

غوطہ دینا محاورہ. پانی یا رنگ وغیرہ میں ڈبو کر نکالنا، تر کرنا، بھگونا؛ پاک کرنا، طہارت کے خیال سے کسی نجس چیز کو کثیر پانی میں ڈبونا؛ آ کو دریا یا حوض میں ڈبونا یا ڈبکی دینا.

غوطہ کھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. ڈبکی لگانا، تہ آب جا کر اوپر نکل آنا. ۲. ڈوبنا، غرق ہونا، استغراق و محویت کی حالت میں ہونا. ۳. بھولنا، بھٹکنا؛ بیچ میں سے چھوڑ جانا. ۴. دھوکے میں مبتلا ہونا، جل میں آ جانا.

غوطہ لگانا محاورہ. ۱. ڈبکی مارنا، تہ آب جا کر اوپر آنا، ڈوبنا. ۲. کسی معاملے میں بہت غور کرنا، فکر و تردد کرنا.

غوطہ مارنا محاورہ. ۱. غوطہ لگانا: ڈبکی لگانا. ۲. غور کرنا، سوچنا، محویت کا عالم رہنا. ۳. (کشتی) بچکا دینا، نیچے جھک کر گرفت سے نکل جانا.

غَوغا (و لین) امذ.
۱. شور، ہنگامہ، غل غپاڑہ، ہلڑ. ۲. آدمیوں کا ہجوم، مجمع، بھیڑ؛ ٹڈی دل. [ع].

غُول (و مع نیز مج) امذ.
چھلاوا، بھوت، دیو، پریت، ایک قسم کی خیالی مخلوق جو آدمیوں کو کھا جاتی ہے.

غول بیابان/ بیابانی امذ. چھلاوا، بھوت پریت، مشہور ہے کہ رات کو روشنی دکھا کر لوگوں کو بہکاتا اور ڈراتا ہے؛ (کنایۃً) گمراہ کرنے والا.

غول (و مج) امذ.
۱. بھیڑ، مجمع، جھنڈ، جتھا، گروہ، جمگھٹ. ۲. فوج کا وہ حصہ جس میں بادشاہ یا سپہ سالار رہے (عموماً لشکر، سپاہ). [ف].

غُوں غاں (و مع، مغ) امث.
دودھ پیتے بچوں کی ہنکار یا بولی، غوغاں. [حکایت الصوت].

غِیاب (کس ج غ) امذ.
غیر موجودگی، غیر حاضری؛ حضور کا نقیض. [ع].

غِیاث (کس ج غ) (الف) امث.
فریاد رسی، داد رسی، کسی کے ساتھ انصاف کرنا، کسی کی فریاد کو پہنچنا.
(ب) صف. فریاد رس، مددگار، پشت پناہ. [ع].

غَیب (ی لین) (الف) امذ.
۱. جس کا ادراک مادی ذرائع سے ممکن نہ ہو، پوشیدگی، نامعلوم مقام یا شے؛ غیر موجودگی، اخفا، راز (شہود کی ضد). ۲. (تصوف) وہ مرتبہ جس میں سالک مراتب کثرت و موہومات صوری سے نہیں گزرتا اور اسے ہر شے میں حق نظر نہیں آتی، حضور کی منزل تک نہ پہنچنے کا عالم، باطن.
(ب) صف. ۱. غائب، اوجھل. ۲. پوشیدہ، مخفی؛ خفیہ، پراسرار. [ع].

غیب الغیب امذ. ۱. (تصوف) خداوند عالم کی ذات کا مرتبہ احدیث جو حواس ظاہری و باطنی سے ماورا ہے. ۲. عالم غیب یعنی ایسے اسباب پیدا کر دینا جو ماورائے وہم و گمان ہوں.

غیب داں صف؛ امذ. ۱. غیب کی باتوں اور پوشیدہ امور و اشیا سے واقف. ۲. پوشیدہ باتیں یا اسرار دریافت کرنے کا ماہر؛ ہمہ داں، عالم کل؛ پیش گوئی کرنے والا؛ رسول، نبی.

غَیبَت (ی مع، فت ب) امث.
۱. نظروں سے اوجھل، پوشیدہ ہو جانا، عدم موجودگی، غائب ہو جانا، غیر حاضری. ۲. (تصوّف) دل کا گم ہونا، خود فراموشی، بے خودی، حال میں آ جانا، وجد میں آنا.

غِیبَت (ی مع، فت ب) امث.
کسی کی عدم موجودگی میں اس کی بدگوئی، غیر حاضری میں عیبوں کا بیان، پیٹھ پیچھے کی برائی. [ع].

غیبت کرنا ف مر. پیٹھ پیچھے برائی کرنا، عیب جوئی کرنا.

غَیبی (ی لین) صف.
غیب سے منسوب، غیب کا، پوشیدہ؛ آسمانی، خدائی.

غیبی طاقت امث. غیب سے ملی ہوئی طاقت، وہ طاقت جس کی تحصیل کے اسباب معلوم نہ ہوں.

غَیر (ی لین) امذ.
۱. اجنبی، نامحرم، ناآشنا، ناواقف. ۲. رقیب، ایک محبوب کے متعدد چاہنے والے باہم حریف اور مدمقابل ہونے کی حیثیت میں ایک دوسرے کے غیر ہوتے ہیں. ۳. اپنی ذات کے علاوہ دوسری ہستی، دوسرا، اور. ۴. (تصوف) کائنات جس میں حق بہ صورت اعیان و اکوان مستتر ہے، ذات ایزدی کے علاوہ ہر شے، غیر اللہ، عالم کون، مرتبہ ماسوا اللہ تعالیٰ. ۵. اجنبی جیسا، غیرب؛ انجان، نامانوس. [ع].

غیر اختیاری صف. بلا ارادہ، لاشعوری، غیر ارادی، بلا مقصد.

غیر جانبدار صف. جو کسی کی پاس داری نہ کرے، جو کسی کا طرف دار نہ ہو جو کسی کا ساتھ نہ دے.

غیر جانبدارانہ صف. جانب داری کے ساتھ نہ ہونا، طرف داری کے طور پر نہ ہونا.

غیر جانبداری امث. کسی کی پاس داری نہ کرنا، طرف دار نہ ہونا، کسی کا ساتھ نہ دینا، غیر جانب دار ہونا.

غیر قانونی صف. خلاف آئین، قانون سے ہٹی ہوئی.

غیر کے ہاتھ م ف. دوسرے کی مدد سے، دوسروں کے سہارے.

غیر محسوس صف. ا. جو کسی حس کے ذریعے سے معلوم نہ ہو، حسی ادراک سے دور، نامحسوس. ۲. وہ جسے محسوس نہ کیا جا سکے.

غیر محفوظ صف. ا. حفاظت سے محروم، جو حفاظت میں نہ ہو. ۲. غیر مصدقہ، مشتبہ، مشکوک.

غیر مسلم صف. جس نے اسلام قبول نہ کیا ہو، جو مسلمان نہ ہو، کافر.

غیر معمول / معمولی صف. معمول کے خلاف، خلاف دستور، معمولاً جو حد مقرر ہو اس سے بڑھا ہوا.

غیر ملفوظ اند. وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے، جیسے: عبدالرحیم میں الف اور لام.

غیر ملکی صف؛ اند. اجنبی، پردیسی، دوسرے ملک کا.

غیر منقولہ صف مث. وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر منتقل نہ کی جا سکے جیسے: مکان، گاؤں وغیرہ، اٹل، قائم، غیر متحرک.

غَیرَت (ی لین، فت ر) امث.
ا. شرم، حیا، لاج، حمیت ۲. رشک، فخر، افتخار (عموماً تراکیب میں مستعمل). ۳. احساس عزت، عزت نفس کا لحاظ و خیال، مقدس اور محبوب چیز کا احساس. [ع].

غیرت دار صف. شرم والا، صاحب حیا، لاج رکھنے والا، خوددار.

غیرت سے گڑ جانا محاورہ. نہایت شرمندہ ہونا.

غیرت مند صف. غیرت والا، شرم و حیا والا، لاج والا.

غیرت مندی امث. غیرت مند ہونا، خودداری؛ حمیت.

غَیرِیَّت (ی لین، کس ر، شد ی بفت) امث.
ا. بے گانگی، اجنبی پن، مغائرت، اپنایت کے بالمقابل ۲. (تصوف) عالم کون، مرتبہ ماسواء اللہ، کائنات.

غیریت برتنا محاورہ. بے گانہ خیال کرنا، غیر جاننا، اجنبی سمجھنا، گانوں کا سا برتاؤ کرنا.

غَیظ (ی لین) اند.
طیش، تاؤ، غصہ، شدید غصہ، قہر. [ع].

غیظ و غضب اند. انتہائی طیش، غم و غصہ.

غَین (۱) (ی لین) اند.
"غ" حروف ہجا میں سے ایک حرف. [ع].

غَین (۱) (ی لین) اند.
(تصوف) حجاب رقیق، جو بہ سبب تصفیہ قلب کے کھل جاتا ہے اور وہ نور تجلی سے زائل ہوتا ہے. [ع].

غین ہونا محاورہ. نیند میں ہونا، مدہوش ہونا، بے خبر ہونا.

غِیں (ی مع) امث.
نشہ بازوں کی وہ مغرورانہ آواز جو نشے کی ترنگ میں نکلتی ہے حالت بے ہوشی، غنودگی کی آواز [حکایت الصوت].

غَیُور (فت غ، و مع) صف.
ا. بہت غیرت مند، بڑی غیرت والا، اپنی عزت کا پاس لحاظ کرنے والا. ۲. خوددار. ۳. بہادر، آن پر مرمٹنے والا ۴. بہت رشک کرنے والا ۵. خدا کا ایک صفاتی نام. [ع].

غیور قوم امث. حوصلہ مند امت، اپنی آن پر مرمٹنے والی قوم، بہادر اور غیرت والی قوم.

ف

ف امث.
ا. صوتی اعتبار سے اردو حروف تہجی کا چھتیسواں فارسی کا تئیسواں عربی کا بیسواں حرف بحساب جمل اس کی قیمت اسی (۸۰) ہے ۲. کسی بات کے نتیجے کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف، فائدے مخفف، ف: [ع].

فاتِح (کس ت) صف.
کامیاب، فتح مند، کسی ملک وغیرہ پر قبضہ کرنے والا، غلبہ پانے والا کھولنے والا. [ع].

فاتِحانَہ (کس ت، فت ن) صف.
فاتح کے طرز کا، فتح مندانہ.

فاتِحَۃُ الْقُرْآن (کس ح ت، فت ح، ضم ت، غم ا، سک ل، ضم ق، سک ر، مد ا) امث.
قرآن مجید کی سب سے پہلی سورت کا نام، سورہ فاتحہ.

فاتِحَہ (کس ت، فت ح) امث : اند.
۱. آغاز، ابتدا، کشائش ۲. قرآن مجید کی پہلی سورت "الحمد" کا نام.
۳. مردے کی روح کو ثواب پہنچانے کے لیے سورہ حمد، سورہ اخلاص وغیرہ مع درود شریف تلاوت کرنے کا طریقہ یا رسم یا تقریب. ۴. وہ نظم جو مجالس عزاء کے خاتمے پر طلب خیر کے لیے پڑھی جاتی ہے ان کے خاتمے پر مجالس کا پڑھنے والا "فاتحہ" کہتا ہے تو حاضرین سورہ حمد وغیرہ برائے ایصال ثواب پڑھتے ہیں اسی وجہ سے اس نظم کا نام فاتحہ ہو گیا.

فاتحہ پڑنا/ پڑھنا محاورہ. ۱. کسی ذات یا امر کے لیے طلب خیر کرنا، ثواب پہنچانے کی نیت سے سورۃ الحمد وغیرہ کی تلاوت کرنا، دعائے مغفرت کرنا. ۲. نیاز دینا؛ کسی خوشی پر حمد و شکر کے لیے آیات ربانی پڑھنا.
۳. کسی چیز سے ہاتھ اٹھانا، مایوس ہو جانا، ناامید ہو جانا، ہاتھ دھو بیٹھنا.

فاتحہ خوانی امث. مردے کی روح کو ایصال ثواب کے لیے سورہ فاتحہ پڑھنے کا عمل.

فاتحہ دلانا/ دلوانا/ دینا/ کرنا محاورہ. مردے کو ثواب پہنچانے کے لیے نیاز، نذر یا فاتحہ کے مراسم ادا کرانا، ایصال ثواب کے لیے قرآنی سورتیں پڑھنا اور پڑھوانا اور دعائے خیر کرنا.

فاتحہ نہ درود مر گئے مردود کہاوت. ایسے لاولد کی موت پر بولا جاتا ہے جو شریر یا بدمزاج بھی ہو جو لوگ فاتحہ درود کے قائل نہیں ان کے مرنے پر بولا جاتا ہے.

فاتحہ ہونا محاورہ. ایصال ثواب کے مراسم ادا ہونا؛ فاتحہ پڑھنا جانا.

فاتِر (کس ت) صف.
سست، کاہل، نکما، گڑ بڑ پیدا کرنے والا، فتور ڈالنے والا، کمزور، ضعیف. [ع].

فاتر العقل صف. وہ شخص جس کی عقل میں فتور آ گیا ہو، کم عقل، دیوانہ، پاگل، بے وقوف.

فاجِر (کس ج) صف.
بدکار، زناکار، گنہ گار. [ع].

فاحِش (کس ح) صف.
۱. حد سے گزرنے والا، بدکار، بدی میں حد سے گزر جانے والا، فاسق و فاجر ۲. شرم ناک، حیا سوز ۳. فاش، کھلا، ظاہر، آشکارا. [ع].

فاحِشَہ (کس ح، فت ش) (الف) صف، مث.
بدکار عورت. (ب) امث. زنا، بدکاری، گناہ، بدفعلی.

فاخْتا (سک خ) امث.
دیکھیے : فاختہ.

فاخْتائی (سک خ) صف : ~ فاختئی.
۱. فاختہ کے رنگ کا، سرخی مائل خاکستری رنگ کا ۲. سرخی مائل خاکستری رنگ کا گھوڑا.

فاخْتائیں (سک خ، ی مج) امث.
فاختہ کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

فاختائیں اڑانا محاورہ. افواہیں پھیلانا، بے بنیاد باتیں کہنا، واہی تباہی بکنا.

فاخْتَہ (سک خ، فت ت) امث.
۱. سرخی مائل خاکستری رنگ کا کبوتر سے قدرے چھوٹا پرندہ جس کی گردن میں کالی دھاری ہوتی ہے جسے طوق کہا جاتا ہے عموماً سرو کی عاشق مشہور ہے کوکو کی آواز نکالتی ہے، اس کی دوسری قسم قمری کہلاتی ہے. ۲. (کنایۃً) معشوق. [ف].

فاخْتَئی (سک خ، فت ت) صف.
خاکستری رنگ والا نیز خاکستری، خاکی رنگ کا نام.

فاخِر (کس خ) صف مذ.
۱. فخر کرنے والا، مغرور، متکبر ۲. تحفہ، نادر، بے مثل، بیش بہا. [ع].

فاخِرانَہ (کس خ، فت ن) صف : م ف.
فخر کرتے ہوئے؛ مراد : قیمتی، نادر، فخر کے احساس کے ساتھ.

فاخِرَہ (کس خ، فت ر) صف.
عمدہ، نادر، قیمتی، بیش قیمت.

فادَر (فت د) اند.
باپ، والد، پدر ۲. عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا پادری. [انگ].

فارِس (کس ر) اند.
شہسوار، گھوڑے کا سوار؛ (مجازاً) جنگ جو، بہادر، دلیر. [ع].

فارْس (سک نیز کس ر) اند.
ملک ایران کا قدیمی نام، ملک ایران کا ایک علاقہ تھا پھر پورے ایران کو فارس کہنے لگے. [ف].

فارْسی (سک ر) (الف) صف.
ملک فارس کے رہنے والے. (ب) مث. ایران کی زبان کا نام.
فارسی کی ٹانگ توڑنا محاورہ. غلط سلط فارسی بولنا یا لکھنا.

فارِغ (کس ر) صف.
۱. مطمئن، بے فکر، فارغ البال، آسودہ، بے نیاز ۲. خالی، آزاد، شخص جو کام سے فرصت پا چکا ہو. [ع].
فارغ البال صف. آسودہ حال، بے فکر، آزاد، مطمئن.
فارغ البال ہونا محاورہ. کسی کام کے تکملے سے مطمئن ہونا، مطمئن ہونا، بے فکر ہونا، خالی ہونا، فرصت ہونا.
فارغ البالی مث. آسودگی، خوش حال، بے فکری، آزادی.
فارغ التحصیل صف. حصولِ تعلیم یا تربیت سے فارغ، سند یافتہ.
فارغ خطی مث. ۱. مطالبہ مل جانے کا تحریری اقرار، بے باقی کی رسید، مطالبات کی مکمل ادائیگی کا تمسک ۲. لاتعلقی اختیار کرنے کی تحریر، کسی خاص تعلق سے آزادی ۳. ترکِ تعلقات کی دستاویز، طلاق نامہ.
فارغ کرنا محاورہ. رخصت کرنا، چھٹی دینا.
فارغ ہونا محاورہ. نمٹ جانا، مکمل کرلینا، فرصت پانا، نمٹنا، کر چکنا.

فارْم (۱) (سک نیز فت ر) اند.
۱. وہ چھپا ہوا کاغذ جس میں کوائف کے اندراج کے لیے خانے بنے ہوئے ہوں، خانہ پُری کے لیے مخصوص چھپا ہوا کاغذ ۲. (طباعت) وہ کاغذ کا تختہ جو ایک دفعہ میں چھپے، کاپی کا ایک چربہ، جز، فرمہ ۳. نقشہ، نمونہ، وضع قطع. [انگ].

فارْم (۲) (سک نیز فت ر) اند.
۱. قطعۂ اراضی جو کاشت کے لیے مخصوص کیا جائے اور ایک منتظم ماتحت ہو ۲. جانوروں اور پرندوں کی پرورش گاہ جو ایک منتظم ماتحت ہو. [انگ].

فارمُولا (سک ر، و مع) اند.
۱. ایسا اُصول یا تجویز جو اختلاف مقاصد و آراء میں موافقت پیدا کرے. ۲. قاعدہ، اُصول، طریقہ کار ۳. (ریاضی) الجبرا کے علامات میں قاعدہ یا اُصول ضابطہ ۴. (سائنس) علامات کے ذریعے سے کسی مادہ اجزاء ترکیبی کا اظہار؛ حقائق کے اظہار کے لیے بذریعہ علامات اعداد بنایا ہوا نقشہ یا جدول، قاعدہ ۵. نسخہ. [انگ].

فارْمیسی (سک ر، ی مج) مث.
۱. دواخانہ، دواؤں کی دکان ۲. دوا سازی خصوصاً طبی نسخوں مطابق. [انگ].

فارْمیکا (سک ر، ی مع) اند.
سخت اور مضبوط پلاسٹک کی تہ جو عموماً لکڑی کی چیزوں کی سطح چڑھائی جاتی ہے تاکہ وہ کیمیائی اثرات سے محفوظ رہیں. [انگ]

فارِن ہائِٹ/ ہَیٹ (کس مج ر، کس و / ی لین) اند.
ایک جرمن سائنس دان فارن ہائٹ سے منسوب مقیاس الحرارت کے متعلق یا مطابق. [انگ].

فارْوَرْڈ (سک ر، فت و، سک ر) (الف) صف.
آگے کا؛ (تجارت) آئندہ پیداوار یا حوالگی وغیرہ سے متعلق. (ب) اند. ۱. (کھیل) فٹ بال یا ہاکی وغیرہ کے کھیل میں اگلی لائن کا کھلاڑی ۲. شوخ، بے باک، آزاد خیال. [انگ].

فارُوق (و مع) (الف) صف.
حق و باطل میں فرق کرنے والا. (ب) اند. ۱. اسلام کے دوسرے خلیفہ حضرت عمرؓ کا لقب ۲. ایک تیزاب کا نام جس سے سونے چاندی کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں. [ع].

فارُوقی (و مع) (الف) صف.
۱. حضرت عمر فاروقؓ سے منسوب یا متعلق، حضرت عمرؓ کا ۲. حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد. (ب) مث. حضرت عمر فاروقؓ کی صفات.

فاسِخ (کس س) (الف) صف.
تباہ اور فاسد کرنے والا یا ہونے والا ، بیع وغیرہ کا فسخ کرنے والا ، ارادے اور قصد کا توڑنے والا . (ب) اند . (طب) وہ تفرقِ اتصال جس سے ہڈی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں . [ع] .

فاسِد (کس س) صف.
۱. فساد یا خرابی پیدا کرنے والا ، برا ، بگڑا ہوا ، ضرر رساں ، خراب ، نقصان دہ . ۲. (بیع وغیرہ) باطل ، ناجائز ، قانوناً بے اثر . ۳. شریر ، بدمعاش ، فسادی ، جھگڑالو . [ع] .

فاسد العقیدہ صف. جس کا عقیدہ درست نہ ہو ، خراب عقیدہ رکھنے والا ، بدعقیدہ .

فاسفُرَس/ فاسفورَس (سک س ، ضم ف ، فت ر/ سک س ، وج ، فت ر) اند.
ایک ٹھوس غیر دھاتی عنصر ، سفید فاسفورس نیم شفاف اور موم نما ہوتا ہے ، اس سے سفید بخارات نکلتے ہیں اور یہ اندھیرے میں چمکتا ہے ، ہوا میں مشتعل ہو جاتا ہے ، سرخ فاسفورس سفوف ہوتا ہے ، فاسفورس ہڈیوں اور دانتوں کا اہم جز ہے ، حیوانات اور نباتات کے لیے بہت اہم ہے ، یہ مرکب حالت میں پایا جاتا ہے . [انگ] .

فاسفیٹ (سک س ، ی مج) اند.
۱. ایک نمک جو فاسفوری تیزاب سے حاصل ہوتا ہے (اور خاص کر کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے) . ۲. چونے لوہے اور پھٹکری کے نمک جو اناج کے اجزا ہوتے ہیں . [انگ] .

فاسِق (کس س) صف مذ.
حسن و فلاح کے راستے سے منحرف ہو جانے والا ، گنہ گار ، بدکار ، دروغ گو ، جھوٹا . [ع] .

فاش صف ؛ م ف.
ظاہر ، آشکارا ، صریح ؛ کھلم کھلا ، علانیہ . [ف] .

فاش غلطی مث. صریح غلطی ، بہت بڑی غلطی ، بھاری غلطی .

فاش کرنا ف م. ظاہر کرنا ، آشکارا کرنا ، کھولنا .

فاش ہونا ف مر. ظاہر ہونا ، آشکارا ہونا ، کھلنا ، طشت از بام ہونا .

فاصِل (کس ص) (الف) صف.
جدا کرنے والا ، فرق کرنے والا ، الگ کرنے والا . (ب) اند . پردہ ، آڑ ، (حیاتیات) بعض خانے وغیرہ کو متعدد خانوں میں تقسیم کرنے والی آڑ . [ع] .

فاصِلَہ (کس ع ص ، فت ل) اند.
(i) دوری ، بعد . (ii) مسافت . (iii) فرق ، فصل ، (مدت وغیرہ کا) .

فاضِل (کس ض) صف.
۱. (i) صاحبِ علم و فضل ، عالم ، دانا . (ii) دوسروں پر فضیلت رکھنے والا ، فائق ، برتر . ۲. زیادہ ، بڑھا ہوا ، افزوں ، فالتو ، فضول ؛ حساب سے زائد ، ضرورت سے زائد . [ع] .

فاضِلانَہ (کس ض ، فت ن) م ف.
فاضل جیسا ، فضیلت والا ، عالمانہ .

فاطِر (کس ط) صف.
پیدا کرنے والا ، خالق . [ع] .

فاطِمَہ (کس ط ، فت م) امث.
۱. بچے کو دودھ نہ پلانے والی عورت ؛ بچے کو دودھ سے باز رکھنے والی عورت ؛ وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو . ۲. رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کا نام . [ع] .

فَاعْتَبِرُوْا یا اُولِی الْاَبْصار عربی فقرہ.
(قرآنی آیت) ترجمہ : پس اے آنکھوں والو (سمجھ والو)! عبرت حاصل کرو (عبرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں) . [ع] .

فاعِل (کس ع) اند.
۱. کسی کام کا کرنے والا ، جس سے کوئی فعل سرزد ہو . ۲. (قواعد) اسم جس سے فعل صادر ہو ، فعل کا کرنے والا . ۳. (کنایۃً) لوطی ، اغلام باز (عموماً مفعول کے ساتھ) . [ع] .

فاعل و مفعول اند. (قواعد) جو کام کرے اور وہ جس کے ساتھ کام کیا جائے ؛ (کنایۃً) فعلِ بد کرنے اور کرانے والا .

فاعِلانَہ (کس ع ، فت ن) م ف.
فاعل کی طرح ، عاملانہ ، موثرانہ .

فاقوں (وج) اند ؛ ج.
فاقہ کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

فاقوں کا مارا صف مذ. وہ جو فاقے کرتے کرتے دبلا ہوگیا ہو، فاقہ زدہ، نہایت بھوکا.

فاقوں مرنا محاورہ. بھوکوں مرنا، فاقوں سے ہونا، فاقے مرنا؛ کنگال ہونا.

فاقوں میں حرام بھی حلال ہو جاتا ہے کہاوت. مجبوری میں سب جائز ہو جاتا ہے.

فاقَہ (فت ق) مذ.

۱. کھانا نہ ملنا یا نہ کھانا، بھوکا رہنا. ۲. تہی دستی، افلاس؛ محتاجی. [ع].

فاقہ زدہ صف. بھوک کا مارا، کنگال، جسے عام طور پر کھانے کو نہ ملے.

فاقہ کشی مث. بھوکا رہنا، فاقے کی سختیاں سہنا، کھانے سے باز رہنا.

فاقہ مستی مث. تنگ دستی میں رنگ رلیاں، مفلسی میں عیاشی؛ لنگوٹی میں پھاگ.

فاکِہَہ (کس ج ک، فت ہ) مذ.

میوہ، پھل. [ع].

فال مث.

شگون، غیب کی بات، پیشین گوئی، نیک و بد امر کا شگون. [ع].

فال دکھانا / دکھلانا محاورہ. قرآن شریف یا کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک و بد کا شگون معلوم کرانا یا غیب کی بات دریافت کرانا.

فال دیکھنا / کھولنا محاورہ. قرآن شریف یا کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک و بد کا شگون معلوم کرنا یا غیب کی بات دریافت کرنا.

فال کھلوانا محاورہ. قرآن شریف یا کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک و بد کا شگون معلوم کرانا یا غیب کی بات دریافت کرانا، شگون نکلوانا.

فال نامہ مذ. وہ مخصوص کتاب جس سے فال نکالتے ہیں.

فالتو (سک ل، و مع) (الف) صف.

ضرورت سے زائد، فاضل، بیکار. (ب) مذ. پہاڑی لوگ؛ قلی، مزدور. [مقامی].

فالِج (کس ل) مذ.

۱. وہ بیماری جس میں عموماً نصف جسم اور کبھی کبھی پورا جسم بیکار ہو جاتا ہے، ادھرنگ. ۲. دو کوہان والا اونٹ جو بہت قیمتی ہوتا ہے اور عموماً بادشاہوں اور اُمرا کی سواری میں کام آتا ہے؛ پالہ. [ع].

فالج زدگی مث. فالج ہونے کی حالت، فالج میں مبتلا ہونا.

فالج زدہ صف. جسے فالج ہوا ہو، فالج کے مرض میں مبتلا، فالج کا مریض.

فالج گر جانا / گرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. فالج کا مرض ہو جانا. ۲. تباہ و برباد ہو جانا، بیکار ہو جانا، مفلوج و معطل ہو جانا.

فالسَہ (سک ل، فت س) مذ.

جھڑ بیری کے برابر ایک پھل جو اودے رنگ کا ہوتا ہے، اس سے شربت بھی تیار کیا جاتا ہے. [ف پالسہ سے مؤرد].

فالسَئی (سک ل، فت س، کس ء) (الف) مث.

۱. اودا رنگ جو نیل اور شہاب اور پھٹکری سے تیار کیا جاتا ہے، بینگنی رنگ. (ب) صف. فالسے کے رنگ کا.

فالُودَہ (و مع، فت د) مذ.

پکا ہوا اور جما ہوا نشاستہ جس کی باریک باریک سویاں کتر کے شربت میں ڈالتے ہیں. [ف].

فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے بلا سے کہاوت. اگر آسان کام میں بھی جی گھبرایا تو بلا سے، اگر بھلائی میں بھی برائی ہو تو ہوا کرے.

فام مذ.

رنگ (بیشتر مرکبات میں بطور جزو ثانی مستعمل) (جیسے: سیاہ فام گلفام، لالہ فام). [ع].

فانُوس (و مع) مذ.

۱. (i) بلور یا شیشے کا بنا ہوا شمع پوش جس میں پرانے زمانے میں شمعیں موجودہ دور میں بلب وغیرہ لگائے جاتے ہیں. (ii) باریک کپڑے کاغذ سے منڈھا ہوا پنجرہ کی شکل کا چراغ دان، قندیل. ۲. شیشے ڈھکن. ۳. روشن طبع، روشن خیال، کھلے ذہن کا مالک. [ف].

فانی صف.

۱. مٹنے اور نابود ہونے والا، فنا ہو جانے والا. ۲. نہایت بوڑھا. [ع]

فائِدَہ (کس ج ء، فت د) مذ.

۱. نفع، نقصان یا ضرر کا نقیض؛ (مجازاً) بھلائی، نیکی. ۲. نتیجہ، ثمرہ، حاصل پھل. ۳. غرض، مطلب، واسطہ، پیداوار، محاصل، آمدنی. [ع].

فائدہ اٹھانا محاورہ. پھل پانا، نفع حاصل کرنا، فیض حاصل کرنا، آرام پانا

فائدہ بخش اند. فائدہ دینے والا، سود مند، کارگر، مفید.

فائدہ مند اند. سود مند، مفید، کارگر.

فائر (کس ج ،) اند.
۱. پستول یا بندوق چلانا، توپ داغنا، توپ یا بندوق اور پستول وغیرہ کا چلانا یا چل جانا، دھماکا ہونا. ۲. آگ، شعلہ، آتش (تراکیب میں مستعمل). [انگ].

فائر اسٹیشن اند. آگ بجھانے والے عملے کا مرکز.

فائر بریگیڈ اند. آگ بجھانے کا عملہ.

فائر بندی امث. گولیاں چلانے کے عمل کو روک دینا، جنگ بندی.

فائر کرنا ف مر. گولی چلانا، گولہ باری کرنا، بندوق یا توپ داغ دینا.

فائرنگ (کس ، ، ر ، غنہ) امث.
فائر کرنا، گولی چلانا. [انگ].

فائز (کس ،)صف.
بامراد، کسی بلند درجے پر پہنچا ہوا، کامران، کامیاب. [ع].

فائق (کس ،)صف مذ.
فوقیت رکھنے والا، بہترین، برتر، برگزیدہ. [ع].

فائل (کس ،)اند؛ امث.
۱. کاغذات وغیرہ جو حوالے کے لیے ترتیب سے رکھے ہوئے ہوں، مسل. ۲. طبلق جس میں کاغذات و خطوط وغیرہ نتھی کر کے رکھے جائیں، دوتا، کور. [انگ].

فائل کرنا محاورہ. منسلک کرنا، مسل میں شامل کرنا، نتھی کرنا، تار میں ڈالنا.

فائن (کس ،)(الف) صف.
عمدہ، اعلیٰ، بڑھیا، نفیس، لطیف، اچھا. (ب) اند. جرمانہ، تاوان، ڈنڈ. [انگ].

فائن آرٹ اند. فنون لطیفہ، فن لطیف جو حسن جمال سے تعلق رکھتے ہیں (جیسے: مصوری، شاعری، مجسم سازی، موسیقی اور تعمیرات وغیرہ).

فاؤنٹن/فاؤنٹین پن (و مع ، سک ن ، کس ج ٹ / ی ج ، کس پ) اند.
قلم جس میں روشنائی بھری جاتی ہے، سوت قلم. [انگ].

فَبِہا (فت ف ، کس ج ب) م ف.
بس اس سے، بس یہاں تک، بس بہت مناسب، اصل مراد یہی ہے، بس مدعا یہی ہے. [ع].

فتّاح (فت ف ، شدت) صف.
۱. کھولنے والا، سر کرنے والا، فتح کرنے والا. ۲. اسمائے الٰہی میں سے ایک اسم. [ع].

فتاویٰ/ فتاوے (فت ف ، اشکل ی) اند.
شرعی احکامات، شرعی فیصلے، فقہ کے اوامر و نواہی. [ع].

فتح (فت ف ، سک ت) (الف) امث.
۱. کھولنا، کشائش. ۲. جیت، نصرت، فیروز مندی، کامیابی. (ب) اند. زبر کی حرکت، فتحہ. [ع].

فتح پانا محاورہ. ظفریاب ہونا، فتح مند ہونا، جیتنا.

فتح کرنا ف مر. جیتنا، غالب آنا، زیر کرنا، تسخیر کرنا.

فتح مبین امث. نمایاں کامیابی، کامیابی جس کی بشارت اللہ تعالیٰ نے صلح حدیبیہ کے بعد اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دی تھی، واضح فتح، نمایاں جیت، کھلی ہوئی فتح.

فتح مند صف. فاتح، جیتنے والا، ظفریاب.

فتح مندی امث. کامیابی، ظفریابی، جیت، غلبہ.

فتح و نصرت امث. جیت، کامیابی.

فتح یابی امث. جیت، ظفریابی، غلبہ، نصرت.

فتحہ (فت ف ، سک ت ، فت ح) اند.
زبر، زبر کی حرکت یا علامت. [ع].

فِتراک (کس ف ، سک ت) اند؛ امث.
چمڑے کے تسمے جو زین کے عقب میں دائیں بائیں جانب شکار یا سامان باندھنے کے واسطے لگے ہوتے ہیں، شکار بند. [ف].

فِترت (فت نیز کس ف ، سک ت ، فت ر) امث؛ ~ فترۃ.
۱. دو پیغمبروں کے درمیان کا زمانہ؛ مراد: سلسلہ وحی کا رک جانا. ۲. (مجازاً) ایک حاکم کی معزولی اور دوسرے کے تقرر کی درمیانی مدت، وقفہ. [ع].

فَتق (فت ف ، سک ت) اند.
۱. کشادہ کرنا، کھولنا، حل کرنا (مشکلات وغیرہ). ۲. (طب) جھلی میں تفرق اتصال واقع ہونا، مرض جس میں پردہ صفاق کے پھٹنے یا اس

کے کنج ران والے مقعد کے کشادہ ہو جانے سے کوئی چیز مثلاً آنت یا ثرب یا مائیت یا ریح وغیرہ فوطے میں اُتر آتی ہے یا کسی دوسرے مقام میں پھنس جاتی ہے، ہرنیا، بادخایہ۔ [ع].

فِتْنَہ (کس ف، سک ت، فت ن) اند.

۱. آشوب، بلا، شر، سختی. ۲. (i) جھگڑا، ہڑبونگ، فساد، ہنگامہ. (ii) بغاوت، سرکشی، فتور. ۳. گمراہی، کفر. ۴. مال و اولاد. ۵. عذاب و شر. ۶. گناہ، فسق و فجور. ۷. دیوانگی. ۸. شرارت؛ شریر، چالاک، شوخ. [ع].

فتنہ اُٹھنا محاورہ. قیامت برپا ہونا، فساد اٹھ کھڑا ہونا، ہنگامہ برپا ہونا، جھگڑا ہونا.

فتنہ انگیز صف. فتنہ اُٹھانے والا، جھگڑا پھیلانے والا، فسادی، شورش برپا کرنے والا.

فتنہ انگیزی امث. فتنہ انگیز کا اسم کیفیت، فتنہ اُٹھانا، فساد برپا کرنا، شورش برپا کرنا.

فتنہ برپا کرنا محاورہ. فساد اٹھانا، ہنگامہ برپا کرنا؛ جھگڑا کرنا.

فتنہ پردازی اند؛ امث. شرارت، فساد، جھگڑا.

فتنہ پرور صف. فساد کو ہوا دینے والا، فسادی، جھگڑالو.

فتنہ سامانی امث. جھگڑا، فساد.

فتنہ گر صف. فتنہ کھڑا کرنے والا، فتنہ ساز؛ (مجازاً) معشوق، شوخ.

فتنہ و فساد اند. لڑائی جھگڑا.

فِتْنی (کس ف، سک ت) امث.

چالاک وعیار عورت، مفسدہ، لڑاکا.

فَتْوا (فت ف، سک ت) اند.

دیکھیے: فتویٰ.

فُتُوَّت (فت نیز ضم ف، ضم ت، شد و بفت) امث.

۱. ایثار، سخاوت، مروّت، مردانگی، جواں مردی. ۲. (تصوف) ایثار خلق (دنیا اور آخرت میں). [ع].

فُتُوح (ضم ف، و مع) امث.

۱. فتح کی جمع. ۲. غیبی آمدنی، نذرانہ، منفعت جو محنت کے معاوضے کے علاوہ حاصل ہو. [ع].

فتوح غیب صف. غیب سے ملنے والی امداد.

فُتُوحات (ضم ف، و مع) امث؛ اند؛ ج.

۱. بہت سی فتحیں، بہت سی کامیابیاں، فتح کی جمع الجمع. ۲. نذرانے

فُتُور (ضم ف، و مع) اند.

۱. (i) سستی، اعضا کی سستی، ضعف، خرابی، خلل. (ii) نقص، خرابی کھوٹ؛ عیب. ۲. فتنہ، دنگا فساد، ٹنٹا، بلوا. [ع].

فتور آنا محاورہ. خرابی پیدا ہو جانا، نقصان ہونا، کمزوری ظاہر ہونا.

فتور ڈالنا محاورہ. مخل ہونا، رخنہ پیدا کرنا، رکاوٹ ڈالنا، فتنہ پیدا کرنا

فَتْویٰ (فت ف، سک ت، الف بشکل ی) اند.

فقیہوں کا شرعی حکم جو کسی امر کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں دیا جائے. [ع].

فتویٰ جاری کرنا ف مر. کسی اہم مسئلہ پر کتاب وسنت کی روشنی میں علماء کرام کا فیصلہ دینا.

فتویٰ دینا ف مر. شرعی حکم لگانا، کسی امر کے جواز یا عدم جواز کا حکم دینا، مفتی یا پنچایت کا مذہبی قانون کے مطابق حکم دینا.

فتویٰ صادر کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. فتویٰ دینا. ۲. (طنزاً) خواہ مخواہ شرعی جرم عائد کرنا.

فَتِیلا/ فَتِیلَہ (فت ف، ی مع/ فت ل) اند.

۱. بٹی ہوئی چیز، موٹی بتی جو چراغ آتش باز اور چولھے وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے. ۲. روئی یا کپڑے کی بتی جس میں دوا لگا کر ناک کان، فرج یا زخم میں رکھا جائے. ۳. توپ یا بندوق کا توڑا، بارود بتی. ۴. بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں وغیرہ میں دے کر اوپر سے سی دیتے ہیں. ۵. (i) بتی جو خوشبو کے لیے عود اور صندل سے تیار کی جاتی ہے (ii) دفعِ آسیب کے لیے جلائی جانے والی بتی، تعویذ کی بتی. [ع]

فِتِّین (فت نیز کس ف، شد ت، ی مع) صف.

۱. ذہین، تیزفہم، ہوشیار، ہر کام میں ماہر. ۲. چالاک، عیار.

فِٹ(۱) (کس ف) صف.

۱. کسی چیز کے ساتھ پوری مناسبت اور موافقت رکھنے والا، کسی میں ٹھیک طرح لگا ہوا یا جڑا ہوا، درست؛ ٹھیک، چست. ۲. موزوں سزاوار، اہل، لائق. اف: کرنا. [انگ].

فِٹ (۲) (کس ف) اند.
دورۂ بیماری (خصوصاً مرگی)، فالج، غشی وغیرہ کا. [انگ].

فُٹ (ضم ف) اند.
۱. بارہ انچ کا پیمانہ، گز کا تیسرا حصہ (انگریزی میں فٹ کی جمع فیٹ ہے لیکن اُردو میں فٹ اور فیٹ عام طور واحد اور جمع کی تخصیص کے بغیر استعمال کیے جاتے ہیں). ۲. پاؤں، قدم، پیر. [انگ].

فٹ بال/ بول/ فٹبال اند؛ مث. ۱. بڑی گیند جسے پیروں سے کھیلتے ہیں نیز فٹ بال کا کھیل. ۲. (استعارۃً) شخص یا چیز جس کو ٹھوکریں ماری جائیں یا کبھی اس طرف اور کبھی اس طرف پھینک دیا جائے اور کوئی اس کی بات نہ سنے.

فٹ پاتھ اند. پیدل چلنے کا راستہ جو پختہ سڑک کے دونوں طرف بنا ہوتا ہے اور سڑک سے قدرے اونچا ہوتا ہے، پارہ، پیدل چلنے والوں کا راستہ.

فُٹا (ضم ف) (الف) اند.
بارہ انچ کا پیمانہ. (ب) صف. فٹ سے منسوب اور متعلق.

فٹافٹ (فت ف، ف) مث: م ف.
پھٹا پھٹ، فوراً، جلدی سے، جھٹ پٹ.

فِٹَن (کس ف، فت ٹ) مث.
چار پہیوں کی گاڑی جو اوپر سے کھلی ہوئی ہوتی ہے اس میں عموماً دو گھوڑے جوتے جاتے ہیں. [انگ].

فَجا/ فِجا (فت نیز کس ف) اند.
اچانک حملہ کرنا، یکا یک آجانا. [ع].

فُجّار (ضم ف، شدج) اند؛ ج.
جر (دیکھیے) جمع؛ بدکار اور بدچلن اشخاص. [ع].

فِجائی (کس ف) صف.
اضطراری، فوری، دفعتہً ظہور میں آنے والا، اچانک یا بے ساختہ اظہار.

فُجائیہ (ضم نیز کس ف، کس ء، شدی بفت نیز بلا شد) صف؛ اند.
اضطراری جذبات ظاہر کرنے والا (حرف یا علامت).

فَجر (فت ف، سک ج) مث.
۱. پو پھٹنے کا وقت، تڑکا، صبح، سحر. ۲. فجر کی نماز، صبح کی نماز. [ع].

فُجُور (ضم ف، ومع) اند.
گناہ، گناہ گاری، بدکاری. [ع].

فَحّاش (فت ف، شدح) صف.
فحش باتیں یا کام کرنے والا، جنسی معاملات سے متعلق ننگی باتیں کرنے یا لکھنے والا، عریاں نگار. [ع].

فَحّاشی (فت ف، شدح) مث.
عریانی، بدکرداری، بے حیائی.

فُحش (ضم ف، سک ح) (الف) اند.
بدکاری، بے ہودگی، بے شرمی کی باتیں، گالی، بدکلامی؛ بے حیائی کی بات. (ب) صف. جس میں جنسی امور کا برہنہ اظہار ہوا ہو، عریاں، بے ہودہ. [ع].

فحش کلامی مث. گندی اور بے ہودہ باتیں، گالی گلوچ، بدکلامی.

فَخر (فت ف، سک خ) اند.
۱. (i) ناز، تعلّی، افتخار؛ گھمنڈ، غرور، تکبر. (ii) بزرگی، برتری، شرف. ۲. شکوہ، شوکت و افتخار، شان وشکوہ. [ع].

فخر انبیا اند؛ ج. نبیوں کا فخر، مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

فخر آدم اند. بنی آدم کا افتخار، نوعِ انسانی کے لیے باعثِ فخر؛ مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

فخر دوجہاں / دو عالم اند. دونوں جہاں کا فخر و ناز؛ مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

فخر کرنا ف مر. ۱. اپنے لیے قابلِ شرف سمجھنا، باعثِ عزت و بزرگی خیال کرنا. ۲. اترانا، گھمنڈ کرنا، غرور کرنا.

فَخرِیّۃً/ فَخرِیَّہ (فت ف، سک خ، کس ر، شدی بفت، تن ت بفت) م ف؛ صف.
۱. فخر سے، فخر کرتے ہوئے، نازاں ہوکر، جس میں فخر پایا جائے. ۲. نظم جس میں شاعر نے اپنی بڑائی بیان کی ہو.

فِدا (کس ف) صف؛ اند.
دوسرے کے عوض جان دینے والا؛ فدیہ دینا، قربان ہونا، نثار، صدقے، نچھاور؛ عاشق، فریفتہ، مفتون. [ع].

فدا ہونا ف مر؛ محاورہ. قربان ہونا، جان دینا؛ عاشق ہونا، فریفتہ ہونا.

فِدائی (کس ف) اند.
خود کو کسی پر قربان کرنے والا، جان نذر کرنے والا، سرفروش، جاں نثار؛ عاشق، سر دینے والا.

فِدْوی (کس ف، سک د، کس و، ی مع) صف؛ اند.
فدا ہونے والا، جاں نثار، قرباں ہونے والا، عموماً درخواست وغیرہ میں درخواست گزار اپنے نام کے بجائے لکھتا ہے، بندۂ عاجز، خاکسار. [ف].

فِدْیَہ (کس ف، سک د، فت ی) اند.
۱.مال یا روپیہ جو کسی اسیر کی رہائی کے لیے ادا کیا جائے، زرِ مخلصی، سربہا، صدقہ. ۲.صدقے، قربان، تصدق. ۳.جان کا معاوضہ، خوں بہا. ۴.کفارہ، شرعی احکامات سے انحراف کا تاوان (مثلاً: ایک روزہ بغیر عذر شرعی قضا کرنے کا کفارہ ساٹھ روزے پے در پے رکھنا ہوتا ہے). ۵.صدقہ فطر. اف: دینا/ لینا. [ع].

فَر (۱) (فت ف) اند.
آرائش و زیبائش، ٹیپ ٹاپ، بھڑک، شان و شوکت. [ع].

فَر (۲) (فت ف) مث؛ اند.
۱.سنجاب وغیرہ کے چمڑے سے بنا ہوا، پوستین، سمور، سنجاب. ۲.سفید تہ جو بیماری کی حالت میں زبان پر جم جاتی ہے. [انگ].

فَر (۳) (فت ف) مث.
تیزی سے اُڑنے کی آواز، تراکیب میں مستعمل. [حکایت الصوت].
فر سے م ف. تیزی سے، تیز قدموں سے، جلدی سے، فوراً.
فر فر (الف) م ف. جلد جلد، روانی سے، بلاتوقف، مسلسل، تیزی سے، تیز تیز، رواں. (ب) مث. ۱.ہوا یا سانس کے جلدی جلدی چلنے کی آواز. ۲.چمڑے کی پھرکی جس میں ڈور ڈال کر کھینچتے ہیں اور اس سے فرفر آواز نکلتی ہے.

فُرات (ضم ف) اند.
میٹھا اور شفاف پانی نیز مشہور دریا کا نام جو عراق میں (کوفے کے قریب) بہتا ہے جس کے کنارے کربلا واقع ہے. [ع].

فَرّاٹا (فت ف، شد ر) اند.
۱.کسی چیز کے اُڑنے کی یا ہوا کے تمانچوں کی آواز، ہوا کا تیز جھونکا. ۲.جلدی جلدی پڑھنے یا حرکت کرنے کا عمل یا آواز نیز تیزی ساتھ کوئی کام کرنے کا عمل. ۳.سانس کے تیزی سے چلنے یا ہانپنے آواز (خصوصاً گھوڑے کے لیے مستعمل).

فَرّاٹے (فت ف، شد ر) اند؛ ج.
فراٹا کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.
فراٹے بھرنا محاورہ. تیز دوڑنا، تیزی سے دوڑنا.

فَراخ (فت ف) صف.
۱.چوڑا، پھیلا ہوا، وسیع، کشادہ، عریض و طویل، تنگ کا مقابل ۲.بڑا، عالی، بلند. [ف].
فراخ حوصلگی مث. عالی ہمتی، کشادہ دلی.
فراخ دست صف. (کنایۃً) بہت خرچ کرنے والا، سخی نیز دولت مند.
فراخ دستی مث. ۱.فیاضی، سخاوت، ہاتھ کھلا رکھنا، دل کھول کر خرچ کرنا. ۲.دولت مندی، مال داری. ۳.(مجازاً) طاقت، قوت، اختیار.
فراخ دل صف. کشادہ قلب، بڑے دل والا، سخی؛ بلند حوصلہ.
فراخ دلی مث. کشادہ قلبی، بلند حوصلگی.

فَراخی (فت ف) مث.
۱.چوڑائی، پھیلاؤ، وسعت (تنگی کا مقابل). ۲.کشادگی، فراغت، آسودگی، خوش حالی.

فَراڈ (فت ف)(الف) اند.
فریب، دھوکا، دغا. (ب) صف. فریبی، دھوکا دینے والا، مکار، دغا باز. [انگ].

فَراڈِیا (فت ع ف، کس ع ڈ) صف؛ اند.
دغا باز، فریبی، دھوکا دینے والا شخص.

فَرار (فت ف) اند.
بھاگ جانے کا عمل، بھاگ نکلنا، بھاگ جانا، غائب ہونا. [ف]
فرار ہونا ف مر. بھاگ جانا.

فَراز (فت ف)(الف) صف.
اونچا، بلند. (ب) اند. ۱.بلندی، اونچائی. ۲.(کسی چیز کا) سب سے اونچا

سرا، چوٹی (خصوصاً پہاڑ کی). (ج) حرفِ جار. ۱. اوپر. ۲. آگے، سامنے (د) لاحقہ. مرکبات میں اونچا کرنے والا کے معنی دیتا ہے (جیسے: سرفراز، سرفرازی، گردنی، فراز). [ف].

فِراسَت (کس ف، فت س) امث.
۱. ہوشیاری، زیرکی، بات کو جلد سمجھ لینے کی صلاحیت، تیزفہمی، ذہانت. ۲. کسی شخص کی صورت دیکھ کر سیرت معلوم کر لینے کی صلاحیت، ذہانت کی تیزی. [ع].

فِراش (کس نیز فت ف) (الف) ف م.
بچھانا، پھیلانا (کسی سطح یا چیز پر). (ب) امذ. چیز جو بچھائی جائے، فرش، بساط، بستر (عموماً مرکبات میں جزوِ دوم کے طور پر مستعمل، جیسے: صاحبِ فراش). ۲. مٹی جس میں نمو دینے کی قوت ہوتی ہے، زرخیز مٹی، زمین پر بچھی ہوئی وہ نرم مٹی جس پر زراعت ہو سکتی ہے. ۳. (کنایۃً) زمین. [ع].

فَرّاش (فت ف، شد ر) امذ.
۱. فرش بچھانے والا، شخص جو فرش بچھانے اور روشنی وغیرہ کرنے کی خدمت انجام دیتا ہے، مکان کی آرائش کرنے اور آرائشی سامان کو قرینے سے جمانے اور اس کی نگہ داشت کرنے والا ملازم، صفائی کرنے والا، خاک روب. ۲. شخص جس کے ذمے خیموں کو گاڑنے اور کھڑا کرنے کی خدمت ہوتی ہے. ۳. ایک درخت جس کے پتے جھاؤ سے مشابہ ہوتے ہیں، ایک قسم کا صنوبر یا شمشاد. [ع].

فَراعِنَہ (فت ف، کس مع ع، فت ن) امذ.
مصر کے بادشاہ، مصر کے بادشاہوں کے لقب؛ (مجازاً) مغرور، متکبر؛ فرعون (دیکھیے) کی جمع.

فَراغ (فت ف) (الف) امذ.
۱. (i) کسی کام سے فراغت پانا، نجات، فراغت، چھٹی، آرام، فرصت. (ii) فارغ التحصیل ہونا، تعلیم مکمل کرنا. ۲. آسودگی، فارغ البالی، انبساطِ خاطر، سکھ، چین. [ع].

فراغِ بالی امث. فراغت؛ اطمینان، خوش حالی؛ اطمینانِ نفس، دل جمعی، بے فکری.

فَراغَت (فت ف، رغ) امث: امذ.
۱. فرصت، چھٹکارا، نجات، خلاصی. ۲. عیش و عشرت، آسودگی، خوش حالی؛ بے فکری، فارغ البالی. ۳. راحت، آرام، سکون، چین. ۴. رفعِ حاجت کرنے کا عمل، پاخانہ پھرنا. [ع].

فراغت پانا محاورہ. فرصت پانا، نجات پانا، فارغ ہونا.

فراغت سے م ف. ۱. فرصت سے، آرام سے، اطمینان کے ساتھ، سکون کے ساتھ، دل جمعی سے. ۲. آسودگی کے ساتھ، خوش حالی میں، ہنسی خوشی.

فراغت ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. فرصت ہونا، نجات ملنا، خلاصی ہونا، چھٹکارا ملنا. ۲. فارغ ہونا، فرصت پانا؛ نجات.

فِراق (کس ف) امذ.
۱. جدائی، ہجر، علیحدگی، فرقت (وصال کی ضد). ۲. خیال، فکر، دھن، تاک. ۳. محبوب سے جدائی کا زمانہ. ۴. (تصوف) مقامِ وحدت سے غیبت (یعنی سالک کا وطنِ اصلی (عالمِ بطون) سے عالمِ ظہور کی طرف نکلنا. [ع].

فَراک (فت ف) امذ: امث.
بچوں یا عورتوں کا ایک قسم کا انگریزی نیم آستین کرتا جس کا گلا کھلا ہوا اور لمبا ہوتا ہے. [انگ].

فَراموش (فت ف، وج) صف.
۱. یاد کی گرفت سے باہر، ذہن سے اترا ہوا، بھولا ہوا. ۲. بھول جانے والا، یاد نہ رکھنے والا (بطور لاحقہ مستعمل).

فَراموشی (فت ف، وج) امث.
بھول جانے کی حالت، بھول چوک.

فَرامِین (فت ف، ی مع) امذ؛ ج.
احکامات، حکم نامے، پروانے، شاہی حکم نامے؛ فرمان (دیکھیے) کی جمع.

فَرانسیسی (فت ف، مغ، ی مع) صف.
۱. فرانس جس سے یہ منسوب یا متعلق ہے، فرانس کا باشندہ، قوم فرانس. ۲. زبان جو فرانس میں بولی جاتی ہے، فرانسیسی زبان، فرنچ زبان.

فَراواں (فت ف) صف.
بہت، بہ کثرت، وافر، کثیر، زیادہ، بہت زیادہ. [ف].

فِراوانی (فت نیز کس ف) امث.
کثرت، افراط، بہتات، زیادتی.

فَراہَم (فت ف، ہ) صف.
اکٹھا، جمع، مہیا، جمع شدہ، حاصل. اف : کرنا/ ہونا. [ف].

فَراہَمی (فت ف، ہ) امث.
دستیابی، اکٹھا یا جمع کرنا، مہیا کرنا.

فَرائِض (فت ف، کس ء) اند ؛ ج.
۱. کارہائے منصبی جن کا بجا لانا ضروری ہو، ذمے داریاں. ۲. امور جو اللہ اور اللہ کے رسولؐ کی جانب سے واجب اور لازمی قرار دیے گئے ہوں، احکامات خداوندی، دینی اور مذہبی احکامات، امور دینیہ جن کا بجا لانا ضروری اور لازمی ہو. [ع].
فرائض منصبی اند. فرائض جو منصب اور عہدے کی رو سے ادا کرنے ضروری ہیں.

فَرائی (فت ف) ف م.
تلنا، کڑھائی وغیرہ میں گھی یا تیل گرم کر کے کچھ پکانا. [انگ].
فرائی پان/ پین اند. تلنے کا آہنی برتن، تلنے کا دستے دار چوڑا اور پھیلا ہوا ظرف، دستے دار چھوٹی کڑاہی.

فَرْبَہ (فت ف، سک ر، فت ب) صف.
موٹا، لحیم شحیم، جسیم، پرگوشت. [ف].
فربہ اندام صف. موٹے جسم کا حامل، جسیم، بھچس.

فَرْبِہی (فت ف، سک ر، کس ب) امث.
موٹاپا، موٹا ہونا، چربیلا.

فَرْتُوت (فت ف، سک ر، ومع) صف.
جس کی عقل زائل ہو گئی ہو، سترا بہترا، بہت بڑی عمر کا، بہت بوڑھا. [ف].

فَرْج (فت ف، سک ر) امث.
۱. شگاف، دراڑ، سوراخ. ۲. عورت کی شرم گاہ. [ع].

فِرِج (کس ف، ر) اند ؛ = فریج.
خنک ساز، یخ دان، سرد خانہ ؛ ریفریجریٹر کی تخفیف.

فَرْجاد (فت ف، سک ر) صف.
عقل مند، دانا. [ف].

فَرْجام (فت ف، سک ر) اند.
انجام، عاقبت، اِنتہا، آخر (اردو میں ترکیب کے ساتھ مستعمل). [ف].

فَرَح (فت ف، ر) امث.
خوشی، خرمی، شادمانی، انبساط. [ع].

فَرْحاں (فت ف، سک ر) صف.
خوش، شاداں، مسرور، مطمئن، آسودہ. [ع].

فَرْحَت (فت ف، سک ر، فت ح) امث.
خوشی، شادمانی، مسرت. [ع].
فرحت انگیز صف. سرور افزا، فرحت بخش، نشاط انگیز.

فَرُّخ (فت ف، شد ر بضم) صف.
۱. مبارک، مسعود، اقبال مند. ۲. خوب صورت، خوش شکل. [ف]
فرخ سیر صف. خوش اطوار، اچھی سیرتوں والا، اچھی عادتوں والا.

فَرْخُنْدَہ (فت ف، سک ر، ضم خ، سک ن، فت د) صف.
مبارک، خوش آئند، برکت والا، سعادت مند، نیک. [ف].

فَرْد (فت ف، سک ر) (الف) اند.
۱. شخص، تنِ واحد، ہستی، متنفس، ایک آدمی. ۲. کاغذ کا تختہ. (ب) امث. ۱. شعر، ایسا تنہا شعر جو کسی غزل، نظم، قصیدہ، قطعہ یا مثنوی کا جزو نہ ہو. ۲. کاغذ جس پر حساب کتاب درج کیا جاتا ہے، گوشوارہ. ۳. فہرست (اسماء، اشیاء وغیرہ کی). ۴. مسل، مقدمے کے کاغذات کی فائل فردِ جرم، فردوں کی مسل. (ج) صف. ۱. یکتا، بے مثل، یگانہ. ۲. اکیلا تنہا. ۳. (اظہار تعداد کے لیے) طاق، (زوج کی ضد)، ایک چیز دو میں سے ایک (جفت کا نقیض). [ع].
فرد جرم امث. (قانون) مسل کا وہ کاغذ جس پر مجرم کا جرم اور شہادت لینے کے بعد درج کی جائے.
فرد واحد اند. تن تنہا، صرف ایک شخص.

فَرْدا (فت ف، سک ر) اند.
۱. روز آئندہ، آج سے دوسرا دن، کل کا دن جو آئے گا، آنے والا کل. ۲. (مجازاً) روزِ قیامت، قیامت. [ف].

فَرداً (فت ف، سک ر، تن دبلت) م ف.
علیحدہ، الگ، جدا.
فرداً فرداً م ف. جدا جدا، الگ الگ، ایک ایک، ہر ایک.

فِردوس (کس ف، سک ر، ولین) امث.
۱. بہشت، جنت، خُلد. ۲. باغ، گلزار، گلشن. [ع].
فردوس بریں امث. بہشت کا اعلیٰ طبقہ، جنت کا سب سے بلند درجہ.
فردوس مکان / مکانی صف. شخص جس کا گھر جنت میں ہو، شخص جس کو مرنے کے بعد جنت نصیب ہوئی ہو (احتراماً اپنے سے بڑوں اور بزرگوں کے لیے ان کی وفات کے بعد کہتے ہیں).

فَردِیات (فت ف، سک ر، کس د) امث؛ ج.
فرد کی جمع؛ متفرقات، مفرد اشعار.

فَردِیَت (فت ف، سک ر، کس د، فت ی) امث.
انفرادیت، اکیلا پن.

فَرزانگی (فت ف، سک ر، فت ن) امث.
دانائی، عقل مندی، ہوشیاری.

فَرزانَہ (فت ف، سک ر، فت ن) صف.
دانا، عقل مند، زیرک، سیانا (دیوانہ کی ضد). [ف].

فَرزَند (فت ف، سک ر، فت ز، سک ن) اند.
بیٹا، پسر. [ف].
فرزند ارجمند اند. لائق، بیٹا، ہونہار بیٹا، پیارا اور قابلِ قدر بیٹا، مرتبے والا بیٹا.

فَرزَندی (فت ف، سک ر، فت ز، سک ن) صف.
۱. بیٹا یا بیٹی ہونے کی حالت، اولاد کا تعلق. ۲. متبنّیٰ کرنا، گود لینا.
فرزندی میں لینا / قبول فرمانا محاورہ. ۱. بیٹا بنانا. ۲. داماد بنانا، دامادی میں قبول کرنا.

فَرزِین (فت ف، سک ر، ی مع) اند.
۱. شطرنج کا سب سے بڑا مہرہ جس کی چال بساط کے ہر گھر اور ہر رخ ہوتی ہے، ایسی ہی اس کی زد اور مار ہے، وزیر. ۲. دانا، عاقل. [ف].

فَرَس (فت ف، ر) اند.
۱. گھوڑا، اسپ. ۲. ستاروں کے روشن مجموعے کا نام جس کی شکل گھوڑے کی جیسی ہے. [ع].

فِرِستادَہ (کس ف، ر، سک س، فت د) صف.
بھیجا ہوا؛ قاصد، ایلچی، سفیر. [ف].

فَرسٹ (فت ف، سک ر، س) صف.
۱. پہلا، اوّل، اعلیٰ. ۲. اگلا، مقدم؛ یکم؛ سابق. [انگ].
فرسٹ ایڈ مث. اولین امداد؛ مراد: ابتدائی طبی امداد، فوری امداد.
فرسٹ ڈویژن اند. اوّل نمبر، درجۂ اوّل، فرسٹ کلاس.
فرسٹ کلاس اند. درجۂ اوّل، پہلا درجہ؛ اعلیٰ درجے کا، عمدہ، چوٹی کا، اوّل درجے کا.

فَرسَخ (فت ف، سک ر، فت س) اند.
تقریباً ڈیڑھ کوس کا فاصلہ، فاصلے کا پیمانہ جو ۳ میل کی مسافت کے برابر ہو، اٹھارہ ہزار فٹ کا فاصلہ. [فرسنگ کا معرب].

فَرسَنگ (فت ف، سک ر، فت س، غنہ) اند.
فرسخ، میل. [ف].

فَرسُودگی (فت ف، سک ر، و مع، سک نیز فت د) امث.
۱. بوسیدگی، کہنگی، پُرانا پن. ۲. (ادبیات) کثرتِ استعمال سے کسی لفظ، ترکیب یا خیال کا اپنے اثر تازگی سے محروم ہو جانا. ۳. (ارضیات) ہوا یا مینھ کے اثر سے کسی چٹان کے کنارے گھس جانے یا ٹوٹ جانے کا عمل نیز سمندر کے پانی کا ساحل کی چٹانوں کو ٹکر مار مار کر توڑ دینے کا عمل.

فَرسُودَہ (فت ف، سک ر، و مع، فت د) صف.
۱. گھسا ہوا، پُرانا، کہنہ، گیا گزرا. ۲. تھکا ماندہ، خستہ. [ف].
فرسودہ خیال صف. قدامت پسند، پرانے خیال کا.

فَرش (فت ف، سک ر) اند.
۱. بچھانے کی چیز، بچھونا، چادر، دری اور جاجم وغیرہ. ۲. استر، زمین جس پر اینٹ، چونا، کنکر، پتھر، سیمنٹ وغیرہ بچھا دی گئی ہو تاکہ سطح ہموار ہو جائے، ہر وہ چیز جو فرش کی طرح مُسطح ہو، ہموار زمین. ۳. (i) سطحِ زمین، زمین. (ii) اندرونی سطح، نچلا حصہ. ۴. قدِ آدم یا اس سے بھی کم لمبی پتلی شاخوں کی ایک خود رو جھاڑی جو عموماً دریاؤں کے کنارے خصوصاً دریائے گنگا اور جمنا کے کناروں پر ہوتی ہے اس کی شاخیں عموماً ٹوکریاں بنانے کے کام آتی ہیں، جھاؤ. [ع].

فرش دیبا اند. رنگین اور دبیز قسم کے قیمتی ریشمی کپڑے کا بچھونا، بیش قیمت ریشمی کپڑا، دبیز اور جاذبِ نظر بچھونا.

فرش راہ اند. راستے کا فرش، راستے میں بچھا ہوا (کسی کے احترام، تعظیم کے موقع پر مستعمل).

فِرِشتوں (کس ف، ر، سک ش، و ج) اند.
فرشتہ کی جمع یا م تیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

فرشتوں کو خبر نہ ہونا محاورہ. مطلق خبر نہ ہونا، کسی کو کانوں کان خبر نہ ہونا، بالکل راز ہونا.

فرشتوں کے پر جلنا محاورہ. فرشتوں کا پہنچنا بھی محال ہونا، مجال نہ ہونا، حوصلہ نہ ہونا؛ رعب کے مارے آگے نہ جاسکنا.

فِرِشتَہ (کس نیز فت ف، کس ر، سک ش، فت ت) (الف) اند.
ا. خدا تعالیٰ کی وہ مقدس و معصوم مخلوق جس کو نور سے پیدا کیا گیا ہے. ۲. ملک الموت، فرشتہء اجل (موت یا شدید مرض کے سیاق میں بولتے ہیں).
(ب) صف. نیک، مقدس، معصوم، پاک، بہت نیک سیرت. [ف].

فرشتۂ اجل اند. موت کا فرشتہ.

فرشتہ سیرت/ صفت صف. فرشتوں جیسی عادت والا، نیک طینت، بھلا مانس، شریف، بھولا بھالا، فرشتہ خو.

فِرِشتے (کس نیز فت ف، کس ر، سک ش) اند.
فرشتہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

فرشتے دکھائی دینا/ نظر آنا صف. مرنے کا وقت قریب آنا، موت نظر آنا، فرشتے دکھائی دینا.

فَرْشی (فت ف، سک ر) (الف) صف.
ا. فرش سے متعلق، فرش سے نسبت رکھنے والا، زمینی. ۲. (عضویات) زیریں حصہ، نچلی سطح. ۳. زمین پر بسنے والا، زمین پر رہنے والا.
(ب) امث. ا. حقے کا نچلا حصہ یا پیندا جو بہت چوڑا ہوتا ہے اور اس میں پانی بھرا رہتا ہے. ۲. کرتے قمیص وغیرہ کے گریبان کی بوتام پٹی.

فرشی پاجامہ اند. کلی دار پاجامہ جس کے پائچوں میں کلیاں بڑھا کر چوڑے کر لیے جاتے ہیں اس کے پائنچے اتنے لمبے چوڑے اور کھلے ہوئے ہوتے ہیں کہ زمین پر لوٹتے ہیں.

فرشی سلام اند. سلام جو بہت جھک کر کیا جائے، تعظیمی سلام، نہایت ہی جھک کر کیا جانے والا سلام.

فرشی نشست امث. (شاعری) شعر و سخن کی مختصر محفل جو فرش منعقد کی جائے.

فُرصَت (ضم ف، سک ر، فت ص) امث.
ا. مہلت، موقع محل، وقت. ۲. خالی وقت، چھٹی؛ چھٹکارا، فراغت، رخصت. ۳. اطمینان، سکون، افاقہ، آرام. [ع].

فرصت پانا محاورہ. موقع یا وقت پانا، چھٹکارا حاصل کرنا، کام سے فراغت پانا.

فرصت میں م ف. خالی وقت میں، فراغت کے وقت؛ تنہائی میں، خلوت میں؛ دھیمے دھیمے، آہستگی میں.

فَرْض (فت ف، سک ر) اند.
ا. (فقہ) عمل جو دلیلِ قطعی سے ثابت ہو اور اس میں شبہ نہ ہو جیسے: نماز روزہ وغیرہ اس کا منکر کافر ہے اور تارک مستوجبِ عذاب، جس کا کرنا لازمی ہو. ۲. ضروری، لازمی، واجب. ۳. سنت اور نفل کے علاوہ وہ نماز جو پانچ وقت واجب کی حیثیت سے پڑھی جاتی ہے.
۴. ذمہ داری، ڈیوٹی، کارِ منصبی. [ع].

فرض ادا کرنا محاورہ. امر واجب بجا لانا، کارِ منصبی پورا کرنا، ڈیوٹی بجالانا.

فرض سے ادا ہو جانا محاورہ. ماں باپ کا اولاد کی شادی کر کے سبک دوش ہو جانا.

فرض شناس صف. ذمہ داری پہچاننے اور سمجھنے والا.

فرض شناسی امث. ذمہ داری سمجھنا، فرض کو پہچاننا، ایمان داری

فرض عین اند. ا. (فقہ) امر جس کا ادا کرنا ہر مسلمان پر انفرادی طور ضروری ہو (فرض کفایہ کی ضد). ۲. بہت ضروری (تاکید کے لیے)

فرض کرنا محاورہ. اپنے طور پر ماننا یا تسلیم کرنا، مثال کے طور پر کسی کو اصل کے طور پر مان لینا.

فرض کفایہ اند. ا. (فقہ) فرض جو کسی ایک مسلمان کے ادا کرنے سب کی طرف سے ادا ہو جائے (فرض عین کی ضد). ۲. کام جس کا بہت ضروری نہ ہو، ضروری ہو مگر ایک کے کرنے سے سب بری جائیں یا سب بری ہو جائیں.

فرض محال اند. ناممکن القیاس، ایسی چیزوں کا مان لینا جس کا واقع ہونا ممکن نہ ہو.

فَرضی (فت ف، سک ر) صف.
۱. خیالی، قیاسی، بے اصل، من گھڑت، فرض کیا ہوا. ۲. نقلی، مصنوعی، جعلی، وضعی، بناوٹی. ۳. کرتے یا قمیص کے گریبان کی پٹی.

فَرط (فت ف، سک ر) اند.
زیادتی، کثرت، بہتات، فراوانی، غلبہ. [ع].

فرط جذبات اند. شدت جذبات، جذبات کا تموج.

فِرعَون (کس ف، سک ر، ولین) اند.
۱. قدیم زمانے میں مصر کے بادشاہوں کا لقب. ۲. ولید ابنِ مصعب کا لقب جو حضرت موسیٰ کے زمانے میں مصر کا بادشاہ تھا، اس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا، حضرت موسیٰ اس کافر کی ہدایت کے لیے نشانیاں اور معجزات دے کر بھیجے گئے تھے لیکن وہ راہِ راست پر نہیں آیا آخر خدائے تعالیٰ کے قہر وغضب سے اپنے لشکر کے ساتھ دریائے نیل میں غرق ہو گیا. ۳. مغرور، متکبر، گھمنڈی، خودبین. ۴. (مجازاً) ظالم، جابر، سرکش، جفا کار، ستم گار، باغی. [ع].

فِرعَونِیَت (کس ف، سک ر، ولین، کس ن، فت ی) مث.
گھمنڈ، غرور، تکبر، بڑائی، اکڑ، سرکشی، ظلم.

فَرغُل (فت ف، سک ر، ضم غ) اند.
۱. لمبا روئی دار لبادہ، روئی بھرا ہوا چغہ، جاڑوں کا ایک لباس. ۲. کپڑا جو بچوں کو پہناتے ہیں اور جس میں ٹوپی بھی لگی ہوتی ہے.

فَرق (فت ف، سک ر) اند.
۱. جدائی، علیحدگی. ۲. فاصلہ، دوری، بُعد، ہجر، (قربت کی ضد). ۳. اختلاف، تفاوت، تضاد. ۴. امتیاز، تمیز. ۵. بیگانگی، غیریت. ۶. کمی. ۷. خلل، فتور. [ع].

فرق آ جانا/ آنا محاورہ. ۱. پہلی سی بات نہ رہنا. ۲. کمی ہو جانا، خلل واقع ہونا، خرابی ہونا، بگاڑ پیدا ہونا، پراگندہ ہونا، بے ترتیب ہو جانا.

فرق پڑنا محاورہ. ۱. شکر رنجی ہونا، اَن بن ہونا. ۲. اختلاف ہونا، تفاوت ہونا، میل نہ کھانا. ۳. تبدیلی آنا؛ کمی آنا، خرابی ہونا، خلل ہونا.

فرق کرنا محاورہ. ۱. جدا کرنا، الگ کرنا. ۲. یکساں نہ سمجھنا، تمیز کرنا. ۳. تبدیل کرنا، صورت بدل دینا، ہیئت تبدیل کرنا، حلیہ بدل دینا.

فُرقان (ضم ف، سک ر) اند.
۱. حق و باطل میں فرق کرنے والا، وہ چیز جو سچ اور جھوٹ میں تمیز کرے. ۲. کلام اللہ، قرآن کریم. ۳. قرآن پاک کی ایک سورہ کا نام. [ع].

فُرقَت (ضم ف، سک ر، فت ق) مث.
دوری، جدائی، علیحدگی، ہجر. [ع].

فِرقَہ (کس ف، سک ر، فت ق) اند.
قوم، گروہ، جماعت، جتھا، جرگہ، فریق، ٹولی. [ع].

فرقہ بندی مث. مذہب وغیرہ کے فرق کی بنیاد پر گروہ اور جتھا بنانے کا عمل، جماعت بنانا، کسی گروہ کی تنظیم، مذہبی گروہ بندی، گروہ بندی.

فرقہ پرست صف. اپنے فرقے کا خیال کرنے والا.

فرقہ وار صف. جماعت دار، طبقاتی.

فرقہ وارانہ م ف. گروہ بندی کا انداز، جماعت بندی، گروہ بندی کے طور سے.

فرقہ واریت مث. جماعت کی نوک جھوک، گروہی تعصب، طبقاتیت.

فِرِل (کس مج ف، ر) مث.
جھالر، سنجاف. [انگ].

فَرلانگ (فت ف، سک ر، غنہ) اند.
ایک میل کا آٹھواں حصہ، ۲۲۰ گز کا فاصلہ. [انگ].

فَرم (فت ف، سک ر) مث.
کارخانہ جس میں کئی حصہ دار ہوں، کمپنی. [انگ].

فَرما (فت ف، سک ر) اند؛ ~ فرمہ.
دیکھیے: فرمہ.

... فرما (فت ف، سک ر) صف؛ لاحقہ.
مرکبات کے آخر میں مستعمل، حکم دینے والا؛ جیسے کرم فرما، عنایت فرما.

فَرمان/فِرمان (فت ف، سک ر) اند.
حکم نامہ، بادشاہی حکم، وہ پروانہ جو بادشاہ کی طرف سے بڑے امراء کو لکھا جائے، منشور، سندِ شاہی، حکم. [ف].

فرماں بردار صف. تابع، مطیع ؛ نوکر، ملازم.

فرماں برداری امث. اطاعت گزاری، حکم کی بجا آوری.

فرماں روا صف. حکمران، حاکم، بادشاہ، رئیس، خود مختار، حکم چلانے والا.

فرماں صادر کرنا محاورہ. حکم نافذ کرنا، حکم جاری کرنا، حکم دینا.

فَرْمانا (فت ف، سک ر) ف م.
بولنا، کہنا، بیان کرنا؛ حکم دینا، ارشاد کرنا.

فَرْمائِش (فت ف، سک ر، کس ء) امث.
حکم، مانگ، طلب، گزارش؛ خواہش؛ تمنا، ایما، طلبی.

فَرْمائِشی (فت ف، سک ر، کس ء) صف.
۱. فرمائش کیا ہوا، درخواست کیا ہوا، حکماً منگوائی یا بنوائی ہوئی، طلب کی ہوئی. ۲. عمدہ، نفیس. ۳. (کنایۃً) سخت، تند و تیز، تڑاتڑ، پے بہ پے پڑنے والے (جوتے).

فَرْمُودات (فت ف، سک ر، و مع) امذ؛ ج.
ارشادات.

فَرْمُودَہ (فت ف، سک ر، و مع، فت د) صف مذ.
فرمایا ہوا، ارشاد کیا ہوا، قول، ارشاد، حکم، فرمان، پروانہ. [ف].

فَرْمَہ (فت ف، سک ر، فت م) امذ؛ ~ فرما.
۱. (طباعت) چھاپنے کے لیے سیسے کے حروف کی ترتیب دی ہوئی پلیٹ، ٹائپ کے حروف کا چوکھٹا یا پتھر وغیرہ پر جمائی ہوئی تحریر، چھاپنے کے لیے تیار کیا ہوا کاغذ کا ایک تاؤ. ۲. (طباعت) کتاب کا چھپا ہوا پورا تاؤ. ۳. قالب، سانچہ. ۴. (جوتا سازی) انگریزی وضع کا جوتا بنانے کا یا جوتے کی شکل کا بنا ہوا لکڑی کا قالب، سانچہ. [انگ].

فِرَنْٹ (فت نیز کس ف، فت ر، سک ن) صف.
۱. باغی، منحرف. ۲. ناراض، خفا. ۳. فوج کی سب سے آگے کی صف یا سب سے آگے کا حصہ، محاذ جنگ. ۴. قمیص کا وہ حصہ جو سینہ پر رہتا ہے، سامنے، کسی چیز کا اگلا حصہ، اگلا، سامنے کا. [انگ].

فِرَنْگ (فت نیز کس ف، فت ر، غنہ) امذ.
یورپ کا ملک، بلادِ یورپ کے لیے قدیم اصطلاح. [ف].

فِرَنْگَن (فت نیز کس ف، فت ر، غنہ، فت گ) امث.
یورپ کی عورت، انگریز عورت.

فِرَنْگی (فت نیز کس ف، فت ر، غنہ) (الف) امذ.
یورپ کا باشندہ، انگریز، گوری چمڑی والی ایک یورپی قوم. (ب) صف. یورپ کے ملک سے متعلق، یورپ کے ملک کا.

فِرَنْگِیانَہ (فت نیز کس ف، فت ر، غنہ، کس گ، فت ن) صف؛ م ف.
فرنگیوں کے طرز کا، فرنگیوں جیسا.

فِرْنی (کس ف، سک ر) امث.
پسے ہوئے چاولوں کی کھیر. [ف].

فَرْنیچَر (فت ف، سک ر، ی مع، فت چ) امذ.
لیٹنے بیٹھنے، چیزیں رکھنے یا سجانے کا گھریلو سامان یا دفاتر کی میز، کرسیاں، الماری وغیرہ کا مجموعی نام. [انگ].

فِرو (فت نیز کس ف، و مج) (الف) م ف.
زیر، نچلی طرف. (ب) صف. (مجازاً) کم رتبہ، ادنیٰ، معمولی، حقیر. [ف].

فروتر صف. کم تر، نسبتاً پست یا حقیر.

فروتنی امث. عاجزی، تواضع، انکساری (انانیت کی ضد).

فرو کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کم کرنا، دبانا، رفع کرنا، ختم کرنا، دور کرنا. ۲. جھکانا، نہوڑنا. ۳. تہہ میں اتارنا، نیچے اتارنا، اوپر سے نیچے جانا، ڈالنا.

فرو کش صف. ٹھہرنے والا، قیام کرنے والا، مقیم.

فرو گزاشت امث. بھول چوک، سہو، غلطی.

فرو مایگی امث. ۱. مجبوری، پستی. ۲. کمینہ پن، اوچھا پن.

فرو مایہ صف. کمینہ، رذیل، کم ظرف، اوچھا، کم حیثیت.

فرو ہو جانا/ ہونا محاورہ. کم کرنا، ختم کرنا، دور کرنا، جھکنا.

فَرُوٹ (فت ف، سک ر، فت و) صف.
سرپٹ، تیز، کسی راستے پر آگے کی طرف تیز بھاگنا. [فروٹ (انگ Forward کا موڑد].

فُروخْت (فت نیز ضم ف، و مج، سک خ) امث.
بیچنے کا عمل، بیچ، بیچنا. [ف].

فُروختنی (فت نیز ضم ف ، وج ، سک خ ، فت ت) صف .
فروخت کے لائق ، فروخت کی جانے والی .

فُرُود (ضم نیز کس ف ، و مع) (الف) م ف .
فرو ، نیچے ، زیر ، تحت ، آگے ، پائیں . (ب) اند . رکنا ، ٹھہراؤ ، قیام . [ف] .

فرود گاہ امث . اترنے کی جگہ ، جائے قیام ، منزل .

فَرْوَری (فت ف ، سک ر ، فت و) اند .
عیسوی سال کے دوسرے مہینے کا نام جو جنوری کے بعد اور مارچ سے پہلے آتا ہے جب سنہ ۴ پر تقسیم ہو تو یہ مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے ورنہ ۲۸ دن کا . [انگ] .

فُروز (فت نیز ضم ف ، وج) صف .
افروز کی تخفیف ، مرکبات میں بطور لاحقۂ مستعمل بمعنی : روشن کرنے والا ، آب و تاب یا چمک دمک بڑھانے والا . [ف] .

فُروزاں (فت نیز ضم ف ، وج) صف .
روشن ، منور ، چمکتا ہوا ، سوزاں ، چمک دار .

فِروش (کس نیز فت ف ، وج) صف .
بیچنے والا ، بطور لاحقۂ مرکبات میں مستعمل . [ف] .

... فُروشی (فت نیز ضم ف ، وج) امث .
فروخت کرنا ، بیچنا ؛ بطور لاحقۂ مرکبات میں مستعمل .

فُرُوع (ضم ف ، و مع) امث : ج .
۱. شاخیں ؛ (استعارۃً) ابتدائی امور و مسائل ؛ ذیلی یا تحتی باتیں ؛ شاخچے جو کسی اصل یا جڑ سے نکلیں یا پھوٹیں . ۲. کسی علم یا فن کے کلیات و مسلمات ، اصل سے متعلق امور ؛ مبادیات . ۳. (فقہ) ذیلی مسائل جو کسی کلیے سے اخذ کیے جائیں .

فُرُوعی (ضم ف ، و مع) صف .
ضمنی ، جزوی ، غیر اہم ، معمولی .

فُرُوغ (فت نیز ضم ف ، و مع) اند .
۱. زیب و زینت ، چمک ، رونق ، تاب ناکی . ۲. سربلندی ، عروج ، ترقی . ۳. اثر ، زیادتی ، شدت . [ف] .

فروغ پانا ف مر . شہرت پانا ، شہرت حاصل کرنا ، عزت پانا ، نام پانا .

فروغ دینا ف مر . چمکانا ، ترقی دینا ، بڑھانا ، رونق بخشنا .

فَرہاد (فت ف ، سک ر) اند .
فارسی رومان شیریں فرہاد کا ہیرو ، شیریں کا عاشق ، خسرو پرویز کا رقیب جو ایک نہر (جوئے شیر) کھودنے پر مامور کیا گیا تھا شیریں کی موت کی جھوٹی خبر پا کر تیشے سے سر مار کر مر گیا ؛ ادب میں ، اس کی طرف بطور عاشق جانباز اکثر تلمیح کی جاتی ہے ، کوہ کن . [علم] .

فَرہَنگ (فت ف ، سک ر ، فت ہ ، غن) امث .
۱. لغت ، معنوں کی کتاب ، الفاظ کے معنی بتانے والی کتاب . ۲. علم و فراست ، آگاہی ، دانائی ، سمجھ بوجھ . [ف] .

فَریاد (فت ف ، سک ر) امث .
۱. دہائی دینا ، نالہ و فغاں ، آہ و زاری کرنا ، مدد مانگنے کا شور . ۲. ظلم و زیادتی کی شکایت . ۳. نالش ، دادخواہی ، استغاثہ . [ف] .

فریاد رس صف . فریاد کو پہنچنے والا ، انصاف کرنے والا ، دادرس .

فریاد کو پہنچنا محاورہ . مدد کرنا ، دست گیری کرنا ، داد رسی کرنا ، انصاف کرنا ، فریاد سننا .

فَریادی (فت ف ، سک ر) صف .
فریاد کرنے والا ، دادخواہ ، انصاف چاہنے والا ، دہائی دینے والا .

فِریب (کس نیز فت ف ، ی مج) اند .
۱. دھوکا ، دغا ، مکر ، حیلہ ، طلسم ، عیاری . ۲. مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہو کر لبھانے والا کے معنی دیتا ہے . جیسے : دل فریب ، نظر فریب وغیرہ .

فریب دہی امث . فریب دینا ، دغا بازی ، مکر سے کام لینا .

فریب کھانا محاورہ . دھوکے میں آ جانا ، جال میں پھنسنا .

فریب میں آنا محاورہ . فریب کھانا ، دھوکا کھانا ، جال میں پھنسنا .

فریب نظر اند . کچھ کا کچھ دیکھنا ، آنکھ کا دھوکا ، نگاہ کا دھوکا ؛ مراد : فریب ، دھوکا ، وہم .

فَریبی (فت ف ، ی مج) صف .
دھوکا دینے والا ، مکار ، دغا باز .

فَرید (فت ف ، ی مع) صف .
یکتا ، بے مثل ، یگانہ ، بے نظیر ، لاثانی .

فَرِیضَہ (فت ف ، ی مع ، فت ض) اند.

۱. خدا کا حکم جو بندوں پر فرض کیا گیا ہو ، واجب ، لازم ، ضروری . ۲. فرض عبادت ؛ مراد : نماز . ۳. امر جس کا بجا لانا ضروری ہو ، ذمہ داری . [ف] .

فَرِیفتگی (فت ف ، ی مج ، سک ف ، فت ت) مث.

فریفتہ ہونے کی حالت ، شیفتگی ، گرویدگی .

فَرِیفتَہ (فت ف ، ی مج ، سک ف ، فت ت) صف.

عاشق ، دلدادہ ، گرویدہ ، شیدا .

فریفتہ کرنا محاورہ. دلدادہ بنا لینا ، عاشق بنانا ، لُبھانا ، شیفتہ کرنا .

فَرِیق (فت ف ، ی مع) اند.

۱. گروہ ، جماعت ، فرقہ . ۲. مقابلہ کرنے والے شخصوں یا گروہوں میں سے ایک ، مدعی یا مدعا علیہ . [ع] .

فَرِیقَین (فت ف ، ی مع ، ی لین) اند ؛ ج.

دو طبقے ، دونوں فریق ، دونوں گروہ .

فِریم (کس خف ف ، ی مج) اند.

۱. ڈھانچا ، چوکھٹا ، گھیرا . ۲. تصویر کا چوکھٹا . ۳. (مجازاً) حدود ، احاطہ ، حصار ، ماحول . ۴. (مجازاً) مسلسل فلم کا ایک چوکھٹا ، تصویر . ۵. تہہ دار کشتی نما چوکھٹا جس میں چھپائی کے لیے پلیٹ جمائی جاتی ہے . [انگ]

... فِزا (... کس ف) صف.

مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ، بمعنی بڑھانے والا ، زیادہ کرنے والا ، دو چند و دو بالا کرنے والا .

فُزُوں (ضم ف ، و مع) صف.

افزوں ، زیادہ ، بیش ، کثیر . [ف] .

فِزِیشَن (کس ف ، ی مع ، فت ش) صف.

طبی معالجے اور جراحی کا اجازت یافتہ معالج یا سرجن ، تشخیص اور علاج کی خصوصی مہارت رکھنے والا ، طبیب ، معالج ، ڈاکٹر یا سرجن . [انگ] .

فِزیوتھراپی (کس ف ، سک ز ، و مج ، کس تھ) مث.

مالش کے ذریعے علاج ، بغیر دواؤں کے مختلف قسم کی ورزش ، مالش ، غسل اور دھوپ کے ذریعے علاج . [انگ] .

فَساد (فت ف) اند.

۱. بگاڑ ، خلل ، خرابی ، تباہی . ۲. بلوا ، جھگڑا . [ع] .

فساد برپا کرنا محاورہ. جھگڑا کرنا ، فساد اٹھانا ، فتنہ کھڑا کرنا .

فساد خون اند. ۱. خون کی خرابی ، خون میں زہر یا سمیت پیدا ہونا . ۲. (مجازاً) نسلی خرابی ، نسلی برائی .

فساد ڈالنا محاورہ. تفرقہ پیدا کرنا ، نفاق ڈالنا .

فساد کی جڑ مث. فساد کا سبب ، جھگڑے کی بنیاد ، بہت فسادی

فساد کھڑا ہونا محاورہ. فتنہ برپا ہونا ، شورش اٹھنا ، جھگڑا ہونا ، ہنگامہ برپا

فَسادات (فت ف) اند ؛ ج.

جھگڑے ، فتنے ، خرابیاں .

فَسادی (فت ف) صف.

جھگڑا کرنے والا ، فساد کرنے والا ، فتنہ انگیز .

فَسانَہ (فت ف ، ن) اند.

کہانی ، قصہ ، داستان ، سرگزشت ، حال ، روداد .

فَسخ (فت ف ، سک س) اند.

۱. التوا ، ترک ، ارادے یا رائے کا بدل دینا ، منسوخ کرنا . ۲. کالعدم قرار دینا ، توڑنا ، ختم کرنا ، منسوخ کرنا (نکاح ، بیعت یا معاہدے کا) .

فِسق (کس ف ، سک س) اند.

(خدا کی) نافرمانی ، حکم عدولی ، گمراہی ، بدکاری ، بد اعمالی . [ع

فسق و فجور اند. بدکاری ، گمراہی ، بدچلنی .

فُسُوں (ضم ف ، و مع) اند.

جادو ، سحر .

فسوں گر صف. افسوں گر ، جادوگر ، ساحر .

فِشار اند. ۱. نچوڑنا . ۲. دباؤ ، بوجھ ڈالنا ؛ (استعارۃً) ذہنی یا مالی الجھن [ف] .

فشار خون اند. خون کا دباؤ ، بلڈ پریشر .

فِشاں (کس ف) صف.
جھاڑتا ہوا، جھاڑنے والا، چھڑکنے والا، برسنے والا، مرکبات میں بطور لاحقۂ فاعلی مستعمل ہو کر چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے.

فِشانی (کس ف) صف.
مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہو کر چھڑکنا کے معنی دیتا ہے.

فَصاحَت (فت ف، ح) امث.
۱. خوش بیانی، خوش کلامی، پرکشش انداز بیان، کلام یا گفتگو کی شستگی، سلاست و لطافت کلام. ۲. (علم معانی) کلام میں ایسے الفاظ ہونا جن کو اہل زبان بولتے ہوں، کلام کا خلاف محاورہ، غیر مانوس اور ثقیل الفاظ اور بھدّی ترکیبوں سے مبرا ہونا، کلام کا معیاری اور مستند محاورے کے مطابق ہونا. [ع].

فَصّاد (فت ف، شد ص) صف.
فصد کھولنے والا، جراح، مضر خون کا نکالنے والا. [ع].

فُصَحا (ضم ف، فت ص) صف؛ ج.
صاحبان فصاحت، فصیح لوگ، خوش گفتار لوگ.

فَصْد (فت ف، سک ص) امث.
جسم کی کسی رگ سے خون نکالنا، نشتر لگانا. [ع].
فصد کھولنا محاورہ. رگ سے خون لینا، رگ پر نشتر دینا.

فَصْل (فت ف، سک ص) امث.
۱. دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، جدائی، علیحدگی، دوری، بعد. ۲. موسم، رت. ۳. پیداوار، کھیتی. ۴. کتاب کا ایک حصہ، باب، ضمن. ۵. فرق، فاصلہ، (زمانے کا) فرق. ۶. فاصلہ (مکانی). ۷. درمیانی وقفہ، فاصلہ زمانی و مکانی. [ع].
فصل بہار امث. موسم گل، بہار کا موسم جو ہندوستان میں ۱۵ مارچ سے شروع ہوتا ہے، بسنت رت، پھول کھلنے کا زمانہ.
فصل پکنا محاورہ. غلہ، اناج یا کسی قسم کی پیداوار کا تیار ہونا.
فصل کاٹنا محاورہ. تیار کھیتی کاٹنا، پکی ہوئی کھیتی کو کاٹنا.

فَصْلی (فت ف، سک ص). (الف) صف.
فصل سے متعلق، موسمی. (ب) اند. سال جو فصلوں کے اعتبار سے حساب کیا جاتا ہے.

فَصِیح (فت ف، ی مع) صف.
۱. فصاحت سے کلام کرنے والا، خوش بیان، شیریں کلام شاعر یا ادیب، خوش گو. ۲. (i) (کلمہ یا کلام) جس میں فصاحت ہو، شستہ، شگفتہ (لفظ یا ترکیب). (ii) صاف، واضح، سادہ. [ع].
فصیح البیان صف. خوش بیان، شیریں کلام، فصاحت سے کلام کرنے والا، جس کے بیان میں سلاست اور روانی ہو.

فَصِیل (فت ف، ی مع) امث.
شہر یا قلعہ کی مستحکم و مضبوط چار دیواری جو غنیم کے حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے، شہر پناہ، بیچ کی مینڈ، چار دیواری، دیوار. [ع].
فصیل شہر امث. شہر کی چار دیواری، شہر پناہ.

فِضا (فت نیز کس ف) امث.
۱. (i) زمین اور آسمان کے درمیان کی وسعت خلائے بسیط. (ii) کسی جگہ کی ہوا. ۲. وسعت، کشادگی، سازگار ماحول؛ فراخی، موافق حالات. ۳. کیفیت، حالت. [ع].

فَضائِل (فت ف، کس ء) اند؛ ج.
بزرگیاں، نیکیاں، خوبیاں، برکتیں، کمالات. [ع].

فِضائی (فت نیز کس ف) صف.
فضا سے منسوب یا متعلق، فضا کا، ہوائی.
فضائی میزبان امث. وہ لڑکیاں جو ہوائی جہاز میں فضائی کمپنی کی طرف سے مسافروں کی دیکھ بھال کرتی ہیں، ایر ہوسٹس.

فِضائِیَہ (فت نیز کس ف، کس ء، فت ی) امث.
کسی ملک کی مسلح افواج کا وہ شعبہ جو ہوائی جہازوں پر مشتمل ہو، فضائی فوج کا محکمہ.

فَضْل (فت ف، سک ض) اند.
۱. مہربانی، عنایت، کرم. ۲. فضیلت، بڑائی، بزرگی. ۳. دانائی، علم، دانش. ۴. زیادتی، افزونی. [ع].
فضل ربی اند. میرے پروردگار کا فضل و کرم، ہٰذا من فضل ربی کا مخفف جس کے معنی ہیں "یہ میرے رب کے فضل سے ہے"؛ (طنزاً) ناجائز ذریعے سے کمائی ہوئی دولت.

فضل مولٰی (الف) کلمہ دعائیہ. (فقرا کی دعا) خدا خوش رکھے، خدا کی عنایت رہے. (ب) اند. خدا کی مہربانی، عنایت خدا، جیسے: فضل مولی از ہمہ اولی.

فضل و کرم اند. مہربانی و عنایت.

فُضْلَہ (فت نیز ضم ف، فت ض) اند.
ا. بچا ہوا، باقی ماندہ، بچا کھچا، بچی کچی چیز. ۲. پھوک، گٹھلی، چھلکے اور بیج وغیرہ. ۳. بدن سے خارج ہونے والی غلاظت، بول براز. [ع].

فُضُول (ضم ف، و مع). (الف) صف.
ا. فالتو، زائد، بے کار، ایسی چیز جو لغو اور بے مقصد ہو، غیر ضروری اشیا وغیرہ. ۲. بے فائدہ، بے کار، بے سود، غیر ضروری. ۳. زیادہ گو، بکی، بکواسی؛ بیہودہ (آدمی). (ب) م ف. بے فائدہ، بے کار. [ع].

فضول خرچ صف. ضرورت سے زیادہ خرچ کرنے والا، بے موقع اور بے جا خرچ کرنے والا، مسرف.

فضول خرچی مث. ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا، بے موقع اور بے جا خرچ کرنا، بے جا اسراف.

فُضُولیات (ضم ف، و مع، کس ل) مث؛ ج.
بیکار اور لغو باتیں یا کام، فضول چیزیں.

فِضّہ (کس ف، شد ض بفت) مث.
چاندی، نقرہ، سیم. [ع].

فَضِیحَت (فت ف، ی مع، فت ح) مث.
رسوائی، ذلت، بدنامی. [ع].

فضیحت کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. رسوا کرنا، ذلیل و خوار کرنا، بدنام کرنا. ۲. جھڑکنا، برا بھلا کہنا. ۳. جھگڑا کرنا، لڑنا جھگڑنا.

فضیحت ہونا ف مر؛ محاورہ. ا. رسوا ہونا، ذلیل ہونا، بدنام. ۲. جھڑکا جانا، دھتکارا جانا.

فَضِیحْتا / فَضِیحْتَہ (فت ف، ی مع، سک ح / فت ت) اند.
ا. لڑائی جھگڑا، ٹنٹا، فساد، تکرار. ۲. فضیحت، رسوائی، بدنامی. ۳. جھڑکی، ڈانٹ ڈپٹ، سرزنش.

فضیحۃ کرنا محاورہ. ا. لڑنا جھگڑنا. ۲. برا بھلا کہنا، جھڑکنا، لعن طعن

فَضِیحْتی (فت ف، ی مع، سک ح) مث.
ا. رسوائی، ذلت، بدنامی. ۲. لعنت، ملامت، گالی.

فَضِیلَت (فت ف، ی مع، فت ل) مث.
ا. بزرگی، بڑائی، بڑا درجہ. ۲. برتری، فوقیت، ترجیح. ۳. خوبی، شرف. ۴. علم، فضل. [ع].

فِطانَت (فت نیز کس ف، فت ن) مث.
زیرکی، دانائی، عقل مندی، ذہانت، ہوشیاری. [ع].

فِطْر (کس ف، سک ط) اند.
روزہ کشائی، افطار؛ عیدالفطر. [ع].

فِطْرانَہ (کس ف، سک ط، فت ن) اند.
دیکھیے: فطرہ.

فِطْرَت (کس ف، سک ط، فت ر) مث.
ا. (i) قدرتی طور پر پیدا کی ہوئی کائنات، آفرینش، قدرت، (ii) قدرتی حالات. (iii) قانون قدرت. (iv) طبیعت یا اقتضائے طبیعت جو پیدائشی ہو اور خارجی اثر سے پیدا نہ ہوا ہو، خمیر، سرشت. ۲. عیاری، چالاکی، فریب. [ع].

فِطْرَتاً / فِطْرَۃً (کس ف، سک ط، فت ر، تن ت / تن ۃ بفت) م ف.
فطرت کی رو سے، قدرتی طور پر، جبلی طور پر، طبعاً.

فِطْرَہ (کس ف، سک ط، فت ر) اند.
مقررہ شرعی مقدار کے مطابق اناج یا اس کی قیمت کے برابر رقم عیدالفطر کی نماز سے قبل بطور صدقہ دی جاتی ہے، صدقہ فطر. [ع].

فِطْری (کس ف، سک ط) صف.
ا. (i) طبعی، خلقی، جبلی، قدرتی. (ii) اصلی، حقیقی. ۲. بے ساختہ بے تکلف. ۳. عام توقع کے مطابق، معمول کے مطابق.

فَطِیر (فت ف، ی مع) اند.
تازہ گندھا ہوا آٹا، جس کا خمیر نہ کیا گیا ہو. [ع].

فَطِین / فِطِّین (فت ف، ی مع / کس ف، شد ط بکس) صف.
زیرک، ذہین، عقل مند، سمجھ دار، ہوشیار. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

فَعّال (فت ف، شد ع) صف.
۱. سارے کام انجام دینے والا، کردگار، خلاق. ۲. بہت کام کرنے والا، پھرتیلا، سرگرم عمل، مستعد. ۳. اثر کرنے والا، موثر، طاقت ور. [ع].

فَعّالِیّت (فت ف، شد ع بفت، کس ل، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
قوتِ عمل، سرگرمی، حرکیت.

فِعل (کس مع ف، سک ع) امذ.
۱. کام، عمل. ۲. (علم صرف) وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے اور جس میں تینوں زمانوں ماضی حال مستقبل میں سے کوئی ایک زمانہ موجود ہو. ۳. بے جا حرکت، چھن، کرتوت. [ع].

فعل اختیاری امذ. وہ کام جو عمداً سمجھ کے کیا جائے.

فعل امر امذ. (قواعد) وہ فعل جس میں مخاطب کو کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے.

فعل شنیع / شنیعہ امذ. بری حرکت، شرم ناک کام، جیسے: زنا کاری، قمار بازی وغیرہ.

فعل کرانا محاورہ. اغلام کرانا؛ زنا کرانا.

فعل کرنا محاورہ. ۱. کوئی کام کرنا، عمل کرنا. ۲. بدفعلی کرنا، بدکاری کرنا.

فِعلِیّت (کس مع ف، سک ع، کس ل، فت ی) امث.
کسی امر یا شے کا وہ طریقۂ عمل جس سے اس کا مقصد پورا ہو، مخصوص مقررہ عمل یا کام. ۲. عملی حالت. ۳. (قواعد) فعل ہونا.

فغاں (ضم ف). (الف) امث؛ امذ.
۱. بانگ، فریاد، مراد: شور، غل. ۲. نالہ، آہ زاری. [ف].

فِفتھ (کس ف، سک ف) صف.
نچواں، تراکیب میں مستعمل. [انگ].

ففتھ کالم امذ. ملک کے اندر دشمن کی حمایت کرنے والا گروہ، وطن کا غدار گروہ جو دشمن کے لیے جاسوسی وغیرہ کا کام کرے.

فُفرُو (فت ف، کس ف، شد ر، و مع) صف.
رفوچکر، غائب.

ففرو ہونا محاورہ. رفو چکر ہونا، غائب ہو جانا، بھاگ جانا.

فَق (فت ف) صف.
۱. خوف، حیرت یا بیماری کے سبب چہرے کا رنگ اُڑا ہوا ہونا، زرد، پھیکا. ۲. (مجازاً) ہکا بکا، حیران، پریشان. [ع].

فق ہو جانا / ہونا محاورہ. چہرے کا رنگ اڑ جانا، زرد پڑ جانا، ہوائیاں اُڑنے لگنا، حیران و پریشان ہو جانا، ہکا بکا رہ جانا، دنگ رہ جانا.

فَقار (فت ف) امذ.
ریڑھ کے ہڈی کے منکے، پیٹھ کے مہرے. [ع].

فَقاری / فَقارِیّہ (فت ف / کس ر، فت ی) صف.
فقار سے منسوب، ریڑھ کی ہڈی کا، ریڑھ کی ہڈی والے جانور.

فَقِیّا (فت ف، کس ق، شد ث) امذ.
کنگال، مفلس، فقیر.

فُقدان (ضم نیز کس ف، سک ق) امذ.
۱. خاتمہ، کم یابی، گم کرنا، گم ہونا؛ (مجازاً) کسی چیز کا نہ ہونا، عدم. [ع].

فَقر (فت ف، سک ق) امذ.
۱. قناعت و ریاضت کی زندگی، درویشی، توکّل. ۲. افلاس، غربت، محتاجی، تنگ دستی. ۳. (تصوف) مرتبہ فنا فی اللہ جس میں سالک کا وجود ظاہر اور دنیا اور آخرت میں نہ رہے اور عدم اصلی کی طرف راجع ہو. [ع].

فقر و غنا امذ. درویشی اور تونگری، غریبی اور امیری، تنگی اور فراخی.

فقر و فاقہ امذ. غربت اور بھوک، تنگی ترشی.

فُقَرا (ضم ف، فت ق) امذ؛ ج.
۱. غربا، مساکین. ۲. درویش لوگ، صوفیا کرام، بزرگان دین. [ع].

فِقروں (کس ف، سک ق، و مج) امذ؛ ج.
فقرہ کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

فقروں (فقرے) میں اُڑانا محاورہ. باتوں باتوں میں اڑا دینا، غیر اہم بنا دینا، دھوکا دینا، فریب دینا.

فِقْرہ (کس نیز فت ف، سک ق، فت ر) امذ.
۱. عبارت کا ایک ٹکڑا، جملے کا کوئی حصہ؛ جملہ. ۲. فریب کی بات، جھوٹی بات، جھانسا، دھوکا. ۳. ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا، پیٹھ یا گردن کا مہرہ. [ع].

فقرہ باز صف. ۱. باتوں باتوں میں عیاری کر جانا، جملے بازی سے کام لینے والا، فقروں کے ذریعے کام دکھا جانے والا. ۲. کسی پر طنزیہ فقرہ چست کرنے والا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

فقرہ بازی مث. ۱. جملے بازی، باتوں کے ذریعے عیاری، چالاکی، فریب، ہنسی مذاق. ۲. مزاحیہ یا طنزیہ بات کہنا، تفریحاً بیہودہ ہنسی مذاق کرنا.

فقرہ چست کرنا محاورہ. دل سے گھڑ کر کوئی بات کہہ دینا، آوازہ کسنا، طنز کرنا.

فقرہ کسنا محاورہ. فقرہ چست کرنا، آوازہ کسنا.

فِقری (کس نیز فت ف، سک ق) صف.
۱. ریڑھ کی ہڈی کا یا اس سے متعلق. ۲. ریڑھ کی ہڈی رکھنے والا، ریڑھ دار.

فِقرے (کس ف، سک ق) مذ.
فقرہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

فقرے بازی مث. ۱. چال بازی، عیاری، فریب دینے کے لیے عیاری اور مکاری کی باتیں. ۲. تفریح طبع کے لیے بے ہودہ ہنسی مذاق.

فقرے کسنا محاورہ. طعنے دینا، چبھتی ہوئی بات کہنا.

فَقَط (فت ف، ق). (الف) صف؛ م ف.
صرف، محض، تنہا، بس. (ب) مذ. بس، ختم، تمام شد، تمت (کسی تحریر کے اختتام پر). [ع].

فِقہ (کس ف، سک ق) مث؛ ← فقہ.
۱. آگہی، علم، دانش، سمجھ واقفیت. ۲. شرعی احکام اور مسائل کا علم، علم شریعت. [ع].

فُقَہا (ضم ف، فت ق) مذ؛ ج.
علم فقہ کے عالم. [ع].

فَقید (فت ف، ی مع) صف.
گم شدہ، مفقود؛ (مجازاً) نایاب، معدوم. [ع].

فقید المثال صف. بے مثال، عدیم النظیر، لاثانی، جس کی مثال نہ ہو، بے نظیر.

فَقیر (فت ف، ی مع) مذ.
۱. گداگر، بھکاری، بھک منگا. ۲. مفلس، محتاج، غریب. ۳. قناعت و ریاضت کی زندگی گزارنے والا، درویش، تارک الدنیا، قلندر. ۴. خاکسار، بندہ ناچیز (از راہ انکسار ضمیر متکلم کی جگہ مستعمل)، (مجازاً) عاشق. [ع].

فقیر بننا محاورہ. ۱. فقیر کا بھیس بدل لینا، درویش بن جانا، فقیرانہ وضع بنا لینا. ۲. کسی بزرگ دین کے نام کا درویش بننا، محرّم میں بچوں کو سبز کپڑے پہنا کر فقیرانہ بھیس بنانا.

فقیر منش صف. درویشانہ طبیعت رکھنے والا، جس کے مزاج میں سادگی اور انکساری ہو.

فقیر ہونا محاورہ. ۱. غریب ہونا، مفلس ہونا، نادار ہونا. ۲. خدا کی یاد میں یا کسی کے عشق میں تارک الدنیا ہو جانا، فقیری اختیار کرنا، جوگ

فَقیرانہ (فت ف، ی مع، فت ن) صف؛ م ف.
فقیروں کی مانند، درویشوں جیسا، درویشوں کی طرح، قلندرانہ، جوگیوں والا (پھیرا وغیرہ).

فَقیرنی (فت ف، ی مع، سک ر) مث.
۱. فقیری اختیار کرنے والی عورت. ۲. بھکارن.

فَقیری (فت ف، ی مع). (الف) مث.
۱. غریبی، محتاجی، مفلسی. ۲. ریاضت اور نفس کشی کا عمل، درویشی، ترک دنیا. ۳. سبز رنگ کا لباس جو عشرۂ محرّم میں بعض بزرگ پہنتے ۴. فقیر کو دیا جانے والا نذرانہ. (ب) صف. فقیر سے منسوب یا متعلق، فقیر کا، فقیرانہ.

فقیری کرنا محاورہ. فقیری اختیار کرنا، تارک الدنیا ہو جانا، دنیا کنارہ کشی اختیار کر لینا، گوشہ نشینی اختیار کرنا.

فَقیہ (فت ف، ی مع) صف.
ادراک وشعور رکھنے والا، علم فقہ کا عالم، علم دین کا فاضل، شرعی قوانین کا ماہر. [ع].

فُکاہی (ضم ف) صف.
ظریفانہ، مزاحیہ.

فکاہی ادب مذ. ظریفانہ اور مزاحیہ تحریریں اور تصانیف، ایسا ادب جس کا تعلق ظرافت و مزاح سے ہو.

فُکاہِیہ (ضم ف، کس ہ، فت ی) صف.
طنزیہ و مزاحیہ تحریریں اور تصانیف.

فِکر (کس ف، سک ک) امث: اند.
۱. اندیشہ، تردد، دغدغہ، الجھن. ۲. (i) دھیان، خیال. (ii) پروا.
۳. تدبیر. ۴. غور و خوض، سوچ بچار، تفکر. ۵. رنج، غم، اندوہ، پریشانی.
۶. (تصوف) اللہ کے ماسوا سب کو چھوڑ کر محض اللہ سے لو لگانا، مراقبہ، استغراق. ۷. رائے، خیال، عندیہ. ۸. ٹوہ، تاک، گھات. [ع].

فکر انگیز صف. سنجیدہ خیال یا سوچ کا اُبھارنے والا، غور و فکر پر مائل کرنے والا.

فکر رَسا امث: اند. رسائی حاصل کرنے والی سوچ، بلند پرواز فکر، وہ سوچ جو اصل مقصد تک پہنچ جائے.

فکر فردا امث: اند. آنے والی کل کی فکر، مستقبل کی فکر.

فکر کرنا ف مر: محاورہ. ۱. تردد کرنا، اندیشہ کرنا، غم کرنا. ۲. (i) غور کرنا، سوچنا (ii) (شعر کہنے کے لیے) غور کرنا. ۳. تدبیر کرنا. ۴. خیال کرنا، پروا کرنا.

فکر معاش امث: اند. روزی کی فکر، روٹی کمانے کا خیال.

فکر مند صف. متردد، غمگین، ملول، پریشان.

فکر مندی امث. (عو) فکر، خیال، سوچ، تفکر، تردد.

فکر میں رہنا محاورہ. دھیان لگا رہنا، فکر مند رہنا، تردد میں ہونا.

فکر میں گھلنا محاورہ. غم یا اندیشے سے نڈھال ہونا.

فِکرًا (کس ف، سک ک، تن ربفت) م ف.
سوچ کے لحاظ سے، فکری طور پر.

فِکری (کس ف، سک ک) صف.
فکر سے منسوب، سوچ سے متعلق، سوچ بچار کا حامل.

فکری اثاثہ اند. ذہنی کاوشیں، نظری نگارشات.

فِکرِیَّہ (کس ف، سک ک، کس ر، شدی بفت) اند.
قوت فکر، سوچنے کی قوت.

فِکسڈ ڈپازٹ (کس ف، سک ک، س، ڈ، کس ڈ، ز) اند.
وہ رقم جو بینک میں ایک مقررہ میعاد تک کے لیے رکھی جائے اور میعاد سے پہلے نکلوائی نہ جا سکے. [انگ].

فِکشَن (کس ف، سک ک، فت ش) اند.
۱. افسانہ، کہانی. ۲. افسانوں اور خصوصاً ناولوں پر مشتمل ادب. [انگ].

فِگار (کس ف) صف.
واماندہ، عاجز، گھائل، مجروح، مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے: سینہ فگار، دل فگار، (کنایۃً) عاشق. اف: کرنا / ہونا. [ف].

فِگَن (کس ف، فت گ) صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر، ڈالنے والا، پھینکنے والا یا گرانے والا کے معنی میں مستعمل؛ جیسے: جلوہ فگن، سایہ فگن، شعلہ فگن.

فُل (ضم ف) صف.
پورا، سب، پورے کا پورا، سب کا سب؛ بھرا ہوا، پورا (مرکبات میں مستعمل). [انگ].

فل اسٹاپ اند. علامتِ وقف، وقفِ مطلق، وہ علامت جو جملہ ختم ہونے کے بعد بنا دی جاتی ہے، ختمہ.

فَلاح (فت ف) امث.
۱. رست گاری، نجات، کامیابی، سرفرازی، سرخ روئی. ۲. بھلائی، بہتری، بہبودی، فائدہ، نفع. [ع].

فلاحِ دارین امث. دونوں جہاں کی بہتری، دین و دنیا کی بھلائی.

فلاح و بہبود امث. فائدہ اور بھلائی.

فَلّاح (فت ف، شد ل) اند.
کاشت کار، کسان، مزارع. [ع].

فَلاحی (فت ف) صف.
فلاح سے منسوب؛ بھلائی اور بہبود سے متعلق.

فلاحی ادارہ اند. غریبوں اور معذوروں وغیرہ کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والی تنظیم یا انجمن.

فلاحی مملکت امث. ایسا ملک جہاں تمام شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کی طرف سے سماجی خدمات اور سہولتیں مہیا کی جائیں.

فَلاکَت (فت ف، ک) امث.
۱. مفلسی، ناداری، غریبی، تنگ دستی. ۲. بدنصیبی، بدبختی، نحوست. [ع].

فُلاٹین (فت نیز ضم ف، ی لین) مث.
ایک قسم کا روئیں دار سوتی کپڑا. [انگ].

فُلاں (ضم ف) مذ.
وہ شخص یا چیز جو ذہن میں ہو لیکن اس کا نام لینا کسی وجہ سے مقصود اور مناسب نہ ہو. [ع].

فُلانا/ فُلانَہ (ضم ف/ فت ن) صف: مذ.
دیکھیے: فلاں، کوئی شخص، فلاں آدمی، فلاں شخص، فلاں چیز، بات یا معاملے کی نسبت بولتے ہیں.

فُلانی (ضم ف) مث.
کوئی عورت، فلاں عورت؛ کوئی چیز، فلانی چیز.

فِلٹَر (کس ف، سک ل، فت ٹ) مذ.
۱. ایک آلہ جس کے ذریعے رقیق چیز سے کثیف مادہ الگ کیا جاتا ہے.
۲. ایسا سگریٹ جس میں فلٹر لگا ہو. [انگ].

فِلِز (کس ف، ل) مذ.
وہ معدنی جوہر جو آگ میں پگھل جائے، جیسے: سونا، چاندی، لوہا، تانبا وغیرہ. [ع].

فِلِزّات (کس ف، ل، شدز) مذ.
معدنی چیزیں جو گلائی جاسکیں، جیسے: سونا چاندی.

فَلسَفَہ (فت ف، سک ل، فت س، ف) مذ.
وہ علم جو اشیاء کی ماہیت وحقیقت اور ان کے وجود کے اسباب وعلل پر بحث کرتا ہے، علمِ حکمت. [انگ].

فلسفہ بگھارنا محاورہ. دانائی ظاہر کرنا، عقل مندی جھاڑنا، تعلّی آمیز گفتگو کرنا.

فَلسَفی (فت ف، سک ل، فت س) صف.
علمِ فلسفہ جاننے والا، فلاسفر.

فِلفِل (کس ف، سک ل، کس ف) مث.
مرچ جو کئی قسم کی ہوتی ہے، عموماً کالی مرچ جو گول دانے کی شکل کی ہوتی ہے، سیاہ مرچ نیز مرچ. [ع].

فلفل دراز مذ. ایک درخت کا پھل جو دوا بنانے کے کام آتا ہے.

فَلَک (فت ف، ل) مذ.
آسمان، سما، زمین سے اوپر فضائے بسیط. [ع].

فلک بوس صف. آسمان کو چھونے والا، بہت بلند و بالا.

فلک شگاف صف. آسمان میں شگاف ڈالنے والا، آسمان تک پہنچنے والا، بہت بلندی تک جانے والا؛ (کنایۃً) زور دار، بلند بانگ.

فَلَکی (فت ف، ل) صف.
۱. فلک سے منسوب ومتعلق، آسمان والا، آسمانی، سماوی. ۲. علم ہیئت کا جاننے والا، ہیئت داں.

فلکی اجسام مذ؛ ج. سیارے، اجرامِ فلکی.

فَلَکِیات (فت ف، ل، کس ک) مث.
اجرامِ فلکی اور ان سے متعلق علم، آسمان اور اُس کے لوازم متعلق علم.

فِلْم (کس ف، سک ل) مذ؛ مث.
۱. وہ کہانی یا تصویر جو ایک خاص برقی مشین کے ذریعے سینما پردے پر دکھائی جاتی ہے ۲. سلولائیڈ یا پلاسٹک کی انتہائی حساس یا پردہ جسے کیمرے میں ڈال کر تصویریں اتارتے ہیں. [انگ]

فلم اسٹار مذ؛ مث. فلم میں کام کرنے والا یا کرنے والے افراد، فلمی ستارہ.

فِلْمی (کس ف، سک ل) مث.
فلم سے متعلق.

فُلُو (ضم ف، ومع) مذ.
انفلوئنزا کا مخفف، وبائی نزلہ و بخار. [انگ].

فَلِیپ (فت مع ف، ی لین) مذ.
کتاب کا گرد پوش یا سرورق یا اس کا کوئی جزو. [انگ].

فَلیتا/ فَلیتَہ (فت ف، ی مع/ فت ت) مذ.
دیکھیے: فتیلہ. [مقامی].

فَلَیٹ (فت مع ف، ی لین) مذ.
دو یا دو سے زائد منزلوں والی عمارت، دو یا دو سے زیادہ منزلوں عمارتوں کے رہائشی مکانات. [انگ].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

فَن (فت ف) اند . (تراکیب میں عموماً شدن کے ساتھ) .
دست کاری ، صنعت ، کاری گری ، صلاحیت جو فطری نہ ہو بلکہ تجربہ ، محنت اور مشق سے پیدا ہو .۲.خوبی ، قابلیت ، استعداد ۳.ہنر ، لیاقت ، صلاحیت ۴.علم و ہنر کا وہ شعبہ جس کی تکمیل میں قوائے متخیلہ اور قوائے دماغی سے کام لیا جائے . [ع] .

فن پارہ اند . کسی تحریر ، تقریر یا دستکاری کا نمونہ .

فن تحریر اند . لکھنے کا ہنر .

فن تعمیر اند . عماراتی فن ، تعمیر کا ہنر ، عمارت بنانے کا علم .

فن خطاطی اند . کتابت کا فن ، خوش خطی کا ہنر .

فن شاعری اند . شعر کہنے کا ہنر ، شاعری کا ہنر ، شاعری کے معائب و محاسن کا علم .

فن کار صف . کسی فن میں مہارت رکھنے والا ، کسی فن کو بطور پیشہ اختیار کرنے والا ، فلم ، کہانی یا ڈرامے میں کردار ادا کرنے والا .

فن کارانہ م ف ؛ صف . فنکاروں کی طرح ، ماہرانہ صلاحیتوں سے بھرپور .

فن کاری امث . صناعی ، کاری گری .

فن مختصر نویسی اند . خلاصہ نگاری ، مختصر تحریر کا فن : خلاصہ نگاری کا علم یا مہارت ، اختصار نویسی .

فن میں طاق / کامل یا یکتا ہونا محاورہ . کسی ہنر میں پوری طرح ماہر ہونا ، کسی فن میں مکمل مہارت رکھنا .

فَنا (فت ف) (الف) امث .
موت ، نیستی ، ہلاکت ، (بقا کی ضد) .۲. (تصوف) زوال تفرقہ و تمیز درمیان قدم اور حدوث کے ••• اس حالت میں جو کچھ کہ سالک سے قولاً یا فعلاً صادر ہوتا ہے وہ حق سے ہوتا ہے . (ب) صف . معدوم ، ہیچ ، نیست و نابود . [ع] .

فنا فی اللہ صف . (تصوف) وہ سالک جو اپنی خودی کو فنا کر کے عملاً و قولاً ذکر الٰہی میں کھو جائے .

فنا کرنا ف مر ؛ محاورہ . زندگی سلب کرنا ، مٹانا ، معدوم کرنا .

فنا ہونا ف مر ؛ محاورہ . تباہ ہو جانا ، مر مٹنا ، برباد ہونا ، مرنا ؛ عاشق ہونا ، مفتون ہونا .

فِنائِل (کس ج ف ، کس ء) اند .
ایک کیمیائی مادہ ، ایک کیڑے مار دوا جو مختلف سیال اور ٹھوس شکلوں میں مستعمل ہے . [انگ] .

فِنجان (کس ف ، سک ن) امث ؛ اند .
۱. قہوہ یا چائے پینے کی بلور یا چینی وغیرہ کی چھوٹی پیالی .۲. جوف ، گڑھا ، خلا ، ہڈی کے سرے پر پیالی نما جوف جس میں دوسری ہڈی بیٹھ جاتی ہے . [ع] .

فَنجائی (فت ف ، سک ن) اند .
سام دار پودے ، پھپھوندی یا کثیر خلوی پودے . [انگ] .

فَنڈ (فت ف ، سک ن) اند .
۱. پونجی ، سرمایہ جو کسی کام کے لیے مخصوص ہو .۲. کسی خاص کام کے لیے چندہ جمع کرنے کا کھاتا . [انگ] .

فُنون (ضم ف ، و مع) اند ؛ ج .
بہت سے ہنر ، کاری گری ؛ فریب ، مکر ، حیلہ ، دھوکا ؛ علم کی شاخ .

فنون لطیفہ اند . وہ فنون جو انسان کی جمالیاتی حس کی تسکین کرتے ہیں ؛ مثلاً : شاعری ، موسیقی ، مصوری ، رقص ، مجسمہ سازی ، فنون نفیسہ .

فَنّی (فت ف ، شد ن) صف .
فن سے تعلق رکھنے والا ، فن کا .

فنی مہارت اند . فنی استعداد ، مشاقی ؛ فنکارانہ صلاحیت .

فَوّارا / فَوّارَہ (فت ف ، شد و / فت ر) اند .
پانی کی پھوار ، پھوار پیدا کرنے والا آلہ یا کل ، ٹونٹی ، نلکا وغیرہ . [ع] .

فَوت (ولین) امث .
۱. کسی چیز کا جاتا رہنا ، گزر جانا ، کھو جانا ۲.نیست و نابود ، معدوم ، ختم . ۳.موت ، کسی ذی روح کا مر جانا . [ع] .

فوٹو (و مج ، و مج) اند .
عکسی تصویر . [انگ] .

فوٹو اسٹیٹ / سٹیٹ اند . فوٹوگرافی کا ایک آلہ جس کے ذریعے سے قلمی یا مطبوعہ تحریر کا ہو بہو عکس اتر آتا ہے ، کسی تحریر یا تصویر کا مشینی عکس .

فوٹو گرافر صف ، اند . کیمرے کے ذریعے عکسی تصویر کھینچنے والا ، عکاس .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

فوج (ولین) است.
۱. جنگی سپاہیوں کا گروہ، لشکر، بادشاہی لشکر. ۲. (مجازاً) انبوہ کثیر، جمگھٹا (اشیا یا اشخاص کا). [ع].

فوج داری صف؛ است. ۱. فوجدار کا منصب اور اس کا عمل. ۲. وہ محکمہ یا عدالت جہاں مار پیٹ، قتل غارت وغیرہ جیسے جرائم کے مقدمات فیصل ہوتے ہیں.

فوج ظفر موج اند. وہ فوج جس کو قدم قدم پر کامیابی نصیب ہو، فتح یاب لشکر، کامیاب لشکر.

فوجی (ولین) صف.
فوج سے متعلق، لشکری، جنگی، فوج والا؛ فوج کا سپاہی، فوج کا ملازم.

فوراً (ولین، تن رعلت) م ف.
جلدی سے، اسی وقت، جھٹ پٹ، اسی آن.

فوری (ولین) صف؛ م ف.
۱. زمانہ حال کی، جلدی کی، اتفاق. ۲. بہ عجلت جس کی تعمیل فوراً ہو، عجلت کا، جلدی کا.

فوز (ولین) اند؛ است.
کامیابی، نجات، فلاح، کامرانی، مقصد براری، مقصد پر پہنچنا، مطلب پانا، مراد پر پہنچنا، فتح یاب ہونا. [ع].

فوطہ (وج، فت ط) اند.
۱. خصیہ. ۲. تھیلی؛ (مجازاً) رقم، لگان، محصول، خراج. [ع].

فوق (ولین) (الف) م ف.
اوپر، پر (نیچے کی ضد). (ب) اند. ۱. بلندی، اونچائی. ۲. برتری، بڑائی، تفوق، ترجیح. [ع].

فوق البشر صف. وہ انسان جو اعلیٰ مثالی صفات کا حامل ہو، انسان کامل، انسان برتر.

فوقیت (ولین، کس ق، فت ی) است.
ترجیح، برتری، بلندی، افضلیت.

فولاد (ولین) اند.
۱. ایک قسم کا سخت جوہردار لوہا جو تلوار، بندوق وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے، پکا لوہا، اعلیٰ درجہ کا لوہا. ۲. (استعارۃً) بہت سخت، ٹھوس، سخت اور مضبوط چیز. [ف].

فولادی (ولین) صف.
فولاد سے منسوب، فولاد کا بنا ہوا، فولاد کا، فولاد والا؛ (مجازاً) بہت سخت، بہت مضبوط.

فولڈر (وج، سک ل، فت ڈ) اند.
بستہ یا دفتی جس میں کاغذات رکھ کر باندھ دیتے ہیں، تہ بہ تہ کاغذ لگانے کا بستہ. [انگ].

فوم (وج) اند.
جھاگ؛ مصنوعی اسفنج جو صوفوں، گدّوں اور گاڑی کی نشستوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے. [انگ].

فون (وج) اند.
ٹیلیفون، فون کرنے کا آلہ، دور دراز بات کرنے کا آلہ. [انگ

فونٹین پن/ پَین (ولین، سک ن، ی ج، سک ن، کس ج پ/ ی لین) اند.
ایسا قلم جس کے اندر روشنائی بھری جاتی ہے. [انگ].

فَہد (فت ج ف، سک ہ) اند.
چیتا، پلنگ، ایک درندہ جو سُرعتِ رفتار کے لیے مشہور ہے، شکار کے کھانے والا جانور. [ع].

فِہرِست (فت نیز کس ج ف، سک ہ، کس ر، سک س) است.
اشخاص، اشیا، کتابوں کے ابواب و مشتملات کے ناموں کی تفصیل. [ف].

فَہم (فت ج ف، سک ہ) است.
عقل، سمجھ بوجھ؛ ادراک، دریافت. [ع].

فہم و ادراک اند. عقل اور سمجھ، عقل اور دانائی، عقل و شعور.

فہم و فراست است. عقل اور سمجھ، عقل اور قیافہ.

فَہمائش (فت ج ف، سک ہ، کس ء) است.
۱. سمجھانے یا آگاہ کرنے کا عمل، دھونس، دباؤ سے سمجھانا، ۲. ہدایت، نصیحت، تاکید؛ تنبیہ. [ع].

فَہمی (فت ع ف، سک ہ) صف.
سمجھ، دانائی (بہ طور لاحقہ مستعمل جیسے: خوش فہمی، غلط فہمی وغیرہ).

فَہِید (فت ع ف، سک ہ، ی مع) امث.
سمجھ، عقل، رائے. [ف].

فَہِیدَہ (فت ع ف، سک ہ، ی مع، فت د) صف.
فہم و عقل رکھنے والا، سمجھ دار، عقل مند، ہوشیار، سمجھا ہوا.

فَہِیم (فت ع ف، ی مع) صف.
عقل مند، دانا، سمجھ دار. [ع].

فی (الف) حرف جار.
ہر ایک میں، ہر ایک سے، ہر ایک کے لیے. (ب) امث. کھوٹ، عیب، نقص، دھوکا، سازباز. [ع].

فی البدیہہ م ف. بے سوچے، فوراً، بے ساختہ طور پر، بغیر توقف، برمحل.

فی الحال م ف. اس وقت، ابھی، سردست، فوراً.

فی الفور م ف. فوراً، جلد، معاً، زود تر، جلدی سے، اسی وقت.

فی النار م ف. ۱. (بد دعا کے لیے) جہنم میں جائے، بھاڑ میں جائے. ۲. (بددعا کے طور پر) جہنمی، دوزخی، بدنصیب.

فی الوقت م ف. فی الفور، فوراً، ابھی، اسی وقت، دورِ حاضر میں، آج کل.

فی امان اللّٰہ م ف: کلمۂ دعا. (ایک کلمہ جو کسی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں) خدا حافظ، اللہ کی حفاظت میں، اللہ کی امان میں.

فی زمانا/ زمانہ م ف. ہمارے زمانے میں، آج کل.

فی سبیل اللّٰہ م ف. خدا کی راہ میں، خدا کے نام پر، اللہ کے راستے میں، اللہ کے لیے، اللہ کے واسطے.

فی صد/ فیصد م ف. ہر سیکڑے پر، ہر سو پر.

فی کس م ف. فی آدمی، ہر آدمی پر.

فَیّاض (فت ف، شدی) صف.
بڑا سخی، دریا دل. [ع].

فیاض ازل صف. (مراد) اللہ تعالیٰ.

فَیّاضی (فت ف، شدی) صف.
سخاوت، دریا دلی.

فیتا/ فِیتَہ (ی مع/ فت ت) امذ.
۱. ریشمی یا سوتی کپڑے کی پٹی جو بہت کم چوڑی ہوتی ہے. ۲. جوتے کا تسمہ، لیس. ۳. وہ پٹی جس سے پیمائش کرتے ہیں. ۴. مخصوص پلاسٹک کی پٹی جس پر آواز ریکارڈ کی جاتی ہے، ٹیپ. ۵. کیمرے کی فلم جس پر تصویر لی جاتی ہے. [پر].

فیتا/ فیتہ کاٹنا محاورہ. کسی تقریب کا افتتاح کرنے کے لیے اس ربن یا پٹی کو کاٹنا جو ایک مخصوص مقام پر لگی ہوتی ہے.

فِیڈ (ی مع) امث؛ امذ.
غذا، خوراک؛ دودھ یا بچے کی خاص غذا. [انگ].

فِیڈَر (ی مع، فت ڈ) امذ؛ امث.
۱. خوراک یا چارہ دینے کا برتن، کھرلی. ۲. بچوں کو دودھ پلانے والی بوتل. [انگ].

فِیرنی (ی مع، سک ر) امث.
دیکھیے: فرنی، ایک قسم کی کھیر جو دودھ، شکر اور پسے ہوئے چاولوں سے بنائی جاتی ہے.

فِیروز (ی مع نیز ع، وع) صف.
فاتح، کامیاب. [ف نیز ع].

فِیروزَہ (ی مع نیز ع، وع، فت ز) امذ.
ایک مشہور جواہر جس کا رنگ سبز، نیلگوں یا آسمانی ہوتا ہے. [ف].

فِیروزی (ی مع نیز ع، وع) صف.
فیروزہ کی طرف منسوب، فیروزے کا یا فیروزے کے رنگ کا، نیلگوں، آسمانی، زنگاری.

فِیس (ی مع) امث.
۱. اُجرت، محنتانہ، خصوصاً وہ اُجرت جو ڈاکٹر، اُستاد اور وکیل وغیرہ کو ادا کی جاتی ہے. ۲. وہ مقررہ رقم جو طالبِ علم درس گاہ میں ماہانہ ادا کرتے ہیں. [انگ].

فَیشَن (ی لین، فت ش) امذ.
۱. وضع، طرز، طور طریقہ. ۲. بناوٹ، تراش خراش، نمونہ. ۳. سج دھج، آن بان، خوش وضعی؛ (لباس کا) مروجہ انداز، جدید وضع. [انگ].

فیشن ایبل صف. مروجہ طرز کے لباس و آرائش سے مزین، سج دھج والا یا والی، خوش پوش.

فَیصَل (ی لین، فت ص) اند.
فیصلہ، تصفیہ. [ع].

فَیصْلَہ (ی لین، فت نیز سک ص، فت ل) اند.
۱. کسی قضیے، مقدمے یا جھگڑے وغیرہ کے طے کرنے کا عمل، تصفیہ. ۲. کسی معاملے کے تصفیے کے سلسلے میں حاکم یا عدالت کا حکم. [ع].

فَیض (ی لین) اند.
۱. فائدہ، نفع. ۲. کرم، بخشش، عنایت، مہربانی. [ع].

فیض عام اند. عنایت جو سب کے لیے ہو، عام لوگوں کا فائدہ، سب لوگوں پر کی جانے والی عنایت.

فیض یاب/ فیضیاب صف. فائدہ حاصل کرنے والا، نعمت پانے والا، عنایتوں سے بہرہ ور.

فَیضان (ی لین) اند.
فیض، بڑا فائدہ، کرم، عنایت، بڑی بخشش. [ع].

فَیکٹری (ی لین، سک ک، فت ٹ) امث.
کارخانہ جس میں مصنوعات تیار کی جاتی ہیں. [انگ].

فَیل (ی لین) اند.
مکر، فریب، دھوکا.

فِیل (ی مع) اند.
۱. ہاتھی، پیل. ۲. شطرنج کے ایک مہرے کا نام جس کو ہاتھی بھی کہتے ہیں جو بادشاہ اور وزیر کے ساتھ کے خانوں میں رکھا جاتا ہے اور بساط کے ہر گھر اور ہر رخ اس کی چال اور زد سیدھی نہیں بلکہ آڑی ترچھی ہوتی ہے.

فیل بان اند. ہاتھی کا رکھوالا، ہاتھی بان، مہاوت.

فیل (ی ع) صف.
پیچھے رہا ہوا، ناکامیاب، ناکام (بالخصوص امتحان میں). [انگ].

فِیلڈ (ی مع، سک ل) امث.
۱. کھیت، زمین نیز میدان؛ (عموماً) کھیل کا میدان (کرکٹ، وغیرہ کا). ۲. میدانِ جنگ، جنگاہ، میدانِ کارزار. ۳. (مجازاً) حلقۂ عمل. [انگ].

فیلڈ مارشل اند. زمینی فوج کا سب سے بڑا افسر.

فِیلڈر (ی مع، سک ل، فت ڈ) اند.
(لفظاً) کرکٹ کھلانے والا، (کرکٹ) وہ کھلاڑی جو میدان مقابل کو کھلاتا اور گیند کو روکتا یا پکڑتا ہے. [انگ].

فِیلڈِنگ (ی مع، سک ل، کس ڈ، غنہ) امث.
(کرکٹ) میدان میں گیند کو روکنا یا پکڑنا تاکہ حریف کھلاڑی کو رن بنانے سے روکا جاسکے یا آوٹ کیا جائے. [انگ].

فَیلسوف (ی لین، سک ل، و ع) امث.
۱. حکیم، دانا، دانش مند نیز فلسفی. ۲. (مجازاً) فریبی، دغا باز، مکار. [یو].

فِینائِل (ی مع، کس ء) امث.
ایک زہریلی دوا جسے کیڑے مکوڑوں اور جراثیم کو مارنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے. [انگ].

فیوز (کس ع ف، ی ع) اند.
فتیلہ، شتابہ، بتی، نلکی یا ڈوری جو آتش گیر مادے میں بھگو دی گئی ہو تاکہ اس میں آگ لگا کر بم یا پٹاخہ چھوڑا جائے یا کسی چیز کو سے اُڑایا جائے. [انگ].

فیوز اڑ جانا / اڑنا محاورہ. ۱. بہت تیز برقی حرارت سے فتیلے کا پگھل جانا جس سے برقی رو کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے. ۲. لایعنی بات حرکت کرنا، بے عقلی کی بات کرنا نیز کسی شخص کا خلاف معمول خاموش ہو جانا. ۳. ختم ہونا یا سرد پڑنا (کسی معاملے یا سلسلے کا).

فِیہِ (ی مع، کس نیز سک ہ) (الف) م ف.
اِس میں (بے جان شے میں)؛ اُس میں (جاندار شے میں)، اُس کے. (ب) امث. عیب، نقص، برائی.

فیہ مافیہ م ف. اس میں جو کچھ ہے وہ ہے، مضمرات؛ مشملات اندرونی اسباب.

ق

ق اند.
۱. عربی حروف تہجی کا اکیسواں، فارسی کا چوبیسواں، اُردو کا سینتیسواں (۳۷) حرف جسے قاف قرشت بھی کہتے ہیں، حساب جمل میں اس کے سو عدد مانے گئے ہیں. ۲. قطعے کو غزل قصیدے کے باقی اشعار سے الگ کرنے کے لیے دی جانے والی علامت، یہ علامت قطعہ بند کے آغاز میں دی جاتی ہے اور جہاں قطعہ بند ختم ہوتا ہے وہاں ایک لکیر لگا دی جاتی ہے. ۳. (تلفظ قاف) قرآن مجید کے ایک سورہ کا نام.

قاب (۱) مث.
بڑی رکابی، رکابی نما طباق، کوئی برتن جو کھانا رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، صحنک، تھال. [ت].

قاب (۲) اند.
قبضۂ کمان اور خانۂ کمان کا درمیانی حصہ، کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ، قوس یا کمان کا نصف، ایک ہاتھ کا فاصلہ. [ع].

قاب قوسین اند. دو کمان کا فاصلہ؛ مراد: بہت بہت قریب، دو کمان کا فاصلہ بلکہ اس سے بھی کم جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شبِ معراج مقامِ الٰہی سے باقی تھا؛ (مجازاً) قربِ الٰہی.

قابِض (کس ب) صف؛ اند.
۱. خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، نپی تلی روزی دینے والا. ۲. روکنے والا، پکڑنے والا، قبضہ کرنے والا، قبضہ رکھنے والا. ۳. (طب) قبض پیدا کرنے والا، وہ چیز جو قبض پیدا کرے. ۴. جان قبض کرنے والا، روح کھینچنے والا. [ع].

قابِل (کس ب) صف.
۱. سزاوار، اہل، لائق، مستحق. ۲. استعداد رکھنے والا، اہلیت رکھنے والا. ۳. لکھا پڑھا، عالم، فاضل. [ع].

قابل احترام صف. عزت کے لائق، حرمت اور توقیر کے قابل.

قابل اعتراض صف. نامناسب، غیر موزوں، مزاحمت کرنے اور عذر نکالنے کے لائق.

قابلِ اعتماد اند. لائقِ اعتماد، معتبر، بھروسے کے لائق.

قابلِ دید صف. دیکھنے سے تعلق رکھنے والا، دیدنی؛ (مجازاً) عمدہ، نہایت خوب صورت.

قابل غور صف. توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق، وہ بات جس کا سمجھنا فکر و تامل پر منحصر ہو.

قابلِ قدر صف. لائق تکریم، تعظیم کے لائق، قدر کے قابل.

قابِلِیَّت (کس ب، ل، شدی بفت) مث.
لیاقت، استعداد، اہلیت.

قابلیت بگھارنا محاورہ. کسی جاہل کا اس انداز میں گفتگو کرنا جیسے وہ بہت قابل ہے؛ (طنزاً) جاہل ہوتے ہوئے قابل ظاہر کرنے کی کوشش کرنا، بے جا قابلیت ظاہر کرنا.

قابو (و مع) اند.
۱. فرصت، موقع، مہلت. ۲. اختیار، بس، زور، مقدور. ۳. پہنچ، دسترس. [ت].

قابِیل (ی مع) اند.
حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس نے اپنے بھائی ہابیل کو حسد کی بنا پر قتل کر دیا تھا؛ تاریخ انسانی میں یہ پہلا قتل تھا. [علم].

قاتِل (کس ت) صف.
۱. قتل کرنے والا، ہلاک کرنے والا، خونی. ۲. (کنایۃً) معشوق، محبوب. [ع].

قاتِلَہ (کس ت، فت ل) صف مث.
قتل کرنے والی، قاتل کی تانیث.

قادِر (کس د) صف.
۱. قدرت رکھنے والا، اختیار والا، قابو رکھنے والا. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

قادر الکلام صف. جسے شاعری اور سخن گوئی پر قدرت حاصل ہو، جو ادائے معانی پر قادر ہو، زبان پر قدرت رکھنے والا، شعر گوئی پر قدرت رکھنے والا.

قادر مطلق صف. قادر علی الاطلاق، ہر کام پر قدرت رکھنے والا، مراد: خدا تعالیٰ.

قادِری (کس د، نیز سک د) اند.
مسلکِ قادریہ کا پیرو، شیخ عبدالقادر جیلانی کے سلسلۂ طریقت میں مرید شخص نیز شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب کوئی چیز.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

قادیانی (سک د) اند.
غلام احمد قادیانی کا پیرو، غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والا شخص یا فرقہ: ایک غیر مسلم اقلیت.

قارورَہ (و مع، فت ر) اند.
ا. شیشہ، شیشی، شیشے کا برتن، شیشے کا ظرف. ۲. ایک قسم کی پچکنی کی صورت کی شیشی جس میں مریض کا پیشاب طبیب کے معائنے کے لیے لے جاتے ہیں. [ع].

قارون (و مع) اند.
بنی اسرائیل کا ایک مال دار شخص جو نہایت کنجوس تھا اور جس نے اس قدر روپیہ جمع کیا تھا کہ چالیس خچر صرف اس کے خزانوں کی کنجیاں لے کر چلا کرتے تھے، حضرت موسیٰ نے اُسے حکم دیا کہ ہزار دینار پر ایک دینار زکوٰۃ دیا کر تو وہ ان سے منحرف ہوگیا، بالآخر حضرت موسیٰ کی بددعا سے زمین میں مع اپنے خزانوں کے دھنس گیا. [علم].

قارون کا خزانہ اند. (مجازاً) بہت بڑا خزانہ، بے انتہا دولت.

قارِئین (کس ع ر، ی مع) اند: ج.
بہت سے پڑھنے والے، مطالعہ کرنے والے.

قاری (الف) اند.
پڑھنے والا. (ب) صف. حروف کے مخارج کے موافق قرآن شریف پڑھنے والا، علمِ قرأت سے واقف. [ع].

قاسِم (کس س) اند.
ا. تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا. ۲. جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک نام. ۳. جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند ارجمند کا نام. ۴. امام حسن کے ایک فرزند کا نام جو اپنے حقیقی چچا امام حسینؑ کے ساتھ تیرہ سال کی عمر میں عاشور کے دن کربلا میں بھوکے پیاسے شہید ہوئے. [ع].

قاش امث.
ا. ٹکڑا، حصہ. ۲. پھل یا ترکاری کا لمبا تراشا ہوا ٹکڑا، پھانک، ٹکڑا (بعض پھلوں میں قدرتی طور پر قاشیں ہوتی ہیں، مثلاً نارنگی وغیرہ). [ت].

قاصِد (کس ص) اند.
ا. قصد کرنے والا، ارادہ کرنے والا. ۲. پیغام لے جانے والا، ایلچی، نامہ بر، سفیر. [ع].

قاصِر (کس ص) صف.
کوتاہی کرنے والا، مجبور، ناچار. [ع].

قاضی اند. ا. مسلمان منصف جو شرع کی رُو سے معاملات کا فیصلہ کرے، شرعی حاکم، شرعی فیصلے کرنے والا جج. ۲. نکاح پڑھانے والا مولوی. [ع].

قاضی الحاجات صف: اند. حاجت روا کرنے والا؛ مراد برلانے والا؛ اللہ تعالیٰ.

قاضی جی کیوں دبلے (ہو) شہر کے اندیشے سے/جی دبلے کیوں شہر کا اندیشہ کہاوت. ناحق غیروں کی فکر میں رہنے والے، بے موقع، اور بلاضرورت فکر کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں.

قاطِع (کس ط) صف مذ.
کاٹنے والا، قطع کرنے والا، رد کرنے والا. [ع].

قاعِدگی (کس ع، فت د) امث.
قاعدہ ہونا، قاعدے کے مطابق ہونا (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل).

قاعِدَہ (کس ع، فت د) اند.
ا. اصل، بنیاد. ۲. اصول قانون، آئین، ضابطہ. ۳. طرز، طریقہ، ڈھنگ. ۴. خصلت، عادت. ۵. بچوں کو پڑھانے کی ابتدائی کتاب جس میں حروف تہجی اور ان کے آسان مرکبات درج ہوتے ہیں، ابتدائی کتاب. [ع].

قاعدہ قانون اند. قاعدہ، طریقہ، ڈھنگ، اصول، قانون و دستور.

قاعِدے (کس ع) اند.
قاعدہ کی جمع یا مغیرّہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

قاعدے سے اند. دستور کے مطابق، سلیقے سے، ادب سے.

قاعدے کا پابند رہنا محاورہ. دستور کا پابند رہنا، قانون پر چلنا، ضابطے پر عامل ہونا.

قاف اند.
ا. حرف "ق" کا تلفظ یا نام. ۲. قصے کہانیوں میں ایک پہاڑ کا نام دنیا پر محیط اور دیوؤں، جنوں اور پریوں کا مسکن خیال کیا جاتا اسے کوہ قاف بھی کہتے ہیں. [ع].

قافِلَہ (کس ف، فت ل) اند.

۱. مسافروں یا تاجروں کا گروہ جو مل کر سفر کرے، کارواں. ۲. سوداگروں کا گروہ جو مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے. [ع].

قافِیَہ (کس ف، فت ی) اند.

پیچھے چلنے والا : (عروض) چند حروف و حرکات کا مجموعہ جس کی تکرار الفاظ مختلف کے ساتھ آخر مصرع یا آخر بیت یا دو فقروں کے آخر میں پائی جائے خواہ وہ الفاظ لفظاً مختلف ہوں یا معناً. [ع].

قافیہ باندھنا محاورہ. کسی لفظ کو قافیے کے طور پر دوسرے لفظ کے ساتھ شعر میں استعمال کرنا.

قافیہ پیما صف. اشعار کی گنتی بڑھانے کے لیے قافیے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر شعر کہنے والا، تُک بند.

قافیہ پیمائی امث. اشعار کی گنتی بڑھانے کے واسطے قافیے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر شعر کہنا، تُک بندی، قافیہ آرائی، محض قافیے کی مدد سے شاعری کرنا.

قاق (الف) اند: امث.

خشک گوشت، سکھایا ہوا گوشت. (ب) صف. (کنایۃً) نہایت دبلا، لاغر، ناتواں. [ت].

قاقُم (ضم ق) اند.

۱. ایک قسم کا نیولا جس کی کھال نہایت سفید اور ملائم ہوتی ہے. ۲. نیولے کی کھال جس سے پوستین بناتے ہیں. [ت].

قالَ (فت ل) ف م.

اس نے کہا (مرکبات میں مستعمل). [ع].

قال اند.

کہنا، گفتگو، بات چیت، مباحثہ، تقریر. [ع].

قالَِب (فت نیز کس ل) اند.

۱. سانچہ، وہ آلہ جس میں کوئی چیز ڈھالیں، ڈائی. ۲. جسم، تن، ڈھانچا ہیئت، شکل و صورت. ۳. (مجازاً) روپ، انداز. ۴. ڈھانکنے والی چیز، غلاف (عموماً جوتے کا). [ع].

قالِین (ی مع) اند.

۱. بڑا غالیچہ، ایک قسم کا قیمتی اونی فرش. [ف : ت ؟].

قالین بافی امث. قالین تیار کرنے کا عمل، قالین باف کا پیشہ.

قامَت (فت م) اند: امث (لکھنؤ).

۱. قد، ڈیل (طول میں)، جسم کی لمبائی، کسی چیز کی لمبائی. ۲. (فقہ) آغاز نماز کے وقت "قد قامت الصلوٰۃ" کہنا، اقامت تکبیر کا ایک فقرہ. [ع].

قامت زیبا اند. خوش نما قد، دل کش قد، محبوب کا قد.

قامُوس (و مع) اند.

۱. سمندر، گہرا دریا، دریائے عمیق. ۲. (کنایۃً) انسائیکلوپیڈیا، دائرۃ المعارف، فرہنگ، لغت. [ع].

قانِع (کس ع ن) صف: اند.

قناعت کرنے والا، اکتفا کرنے والا، صابر و شاکر، جو کچھ حصے میں آئے اسی پر صبر و شکر ادا کرنا. [ع].

قانُون (و مع) اند.

۱. وہ عام قواعد و ضوابط جن کا تعلق انسانوں کے افعال سے ہے اور جسے حکومت نافذ کرتی ہے. ۲. قاعدہ، دستور، ضابطہ. [ع].

قانون اپنے ہاتھ میں لینا محاورہ. حکومت کے بنائے ہوئے قانون کو توڑنا، قانون کا لحاظ نہ کرنا، غیر قانونی حرکت کرنا.

قانون توڑنا محاورہ. حکومت کے بنائے ہوئے قاعدے کے خلاف کام کرنا، دستور کی خلاف ورزی کرنا.

قانون جاری کرنا ف مر. حکومت کا اپنے بنائے ہوئے قانون کو نافذ کرنا نیز رعایا سے قانون پر عمل درآمد کرانا.

قانون داں اند. آئین سے واقف، دیوانی، فوج داری اور سرکاری قوانین سے واقف شخص، وکیل.

قانون شریعت اند. شریعت سے متعلق قانون، شریعت کے اصول و ضوابط.

قانون فطرت اند. فطرت کا قانون جس میں تغیر و تبدل ناممکن ہے.

قانُوناً (و مع، تن ن بفت) م ف.

قانون کی رو سے، قانون کے مطابق، ازروئے ضابطہ.

قانُونی (و مع) صف.

قانون بنانے والا، قانون جاننے والا.

قانونی چارہ جوئی امث. قانونی کارروائی، عدالت سے رجوع کرنا، قانون کا سہارا لینا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مج = مجہول، مع = معروف، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

قائِد (کس ء) اند.
۱. آگے کی طرف کھینچنے والا، قیادت کرنے والا. ۲. رہنما (قومی، سیاسی وغیرہ)، رہبر، سرگروہ. ۳. فوج کا سردار؛ حاکم. [ع].

قائد اعظم اند. ۱. سب سے بڑا رہنما. ۲. بانی پاکستان محمد علی جناح کا لقب.

قائد ایوان اند. (سیاست) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا رہنما، مجالس قانون ساز کا سربراہ.

قائد حزب اختلاف/مخالف اند. (سیاست) پارلیمنٹ یا اسمبلی میں مخالف پارٹی کا سربراہ.

قائِدانَہ (کس ء، فت ن) صف: م ف.
قائد کی طرح، رہنما جیسا، قیادت کا.

قائِدِین (کس ج ء، ی مع) اند: ج.
فوج کے سردار، حاکم؛ رستہ دکھلانے والے.

قائِل/ قایِل (کس ء/ فت ی) صف: اند.
۱. کہنے والا، بولنے والا، گویا. ۲. (اپنی خطا یا غلطی) تسلیم کرنے والا، اقرار کرنے والا، مان جانے والا، قبول کرنے والا، ہار ماننے والا. [ع].

قائل کرنا ف مر: محاورہ. ۱. منوا لینا. ۲. لاجواب کر دینا.

قائل ہونا محاورہ. ۱. قائل کرنا کا لازم، تسلیم کر لینا، مان لینا، ہار مان لینا. ۲. کسی کی استادی کو ماننا، کسی کے کمال فن کو تسلیم کرنا. ۳. اعتراف کرنا، معتقد ہونا، اعتقاد رکھنا.

قائِم/ قایِم (کس ء، فت ی) (الف) صف: اند.
۱. استادہ، سیدھا، عمودی، کھڑا ہوا. ۲. باقی، جس کو قیام ہو. ۳. ٹھہرا ہوا، ساکن، غیر متحرک. ۴. (فقہ) نماز میں قیام کرنے والا، کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والا. ۵. جاری، نافذ، برقرار. ۶. (مجازاً) قیام کرنے والا، ٹھہرنے والا، مقیم نیز موجود. [ع].

قائم شدہ صف. بنا ہوا، وجود میں آیا ہوا.

قائم کردہ صف. بنایا ہوا، وضع کیا ہوا، جاری یا نافذ کیا ہوا.

قائم کرنا ف مر: محاورہ. ۱. بنیاد ڈالنا، آغاز کرنا. ۲. کھڑا کرنا، تعمیر کرنا، نصب کرنا. ۳. بنانا، ایجاد کرنا. ۴. پیدا کرنا، وجود میں لانا. ۵. جاری کرنا. ۶. تشکیل دینا، بنانا (جماعت، گروہ وغیرہ).

قائم مقام صف. ۱. دوسرے کی جگہ عارضی طور پر کام کرنے والا، عارضی نمائندہ. ۲. دوسرے کی جگہ لینے والا، جانشین، ولی عہد، نائب. ۳. (قانون) نائب مناب، اس میں ولی نابالغ یا کمیٹی و محافظ اشخاص فاتر العقل داخل ہیں نیز وارث یا اور شخص (مجنوں یا مسلوب العقل) جو قانوناً یا وصیتاً تعلق منفعتی جائیداد متوفی میں رکھتا ہو.

قائم و دائم صف: اند. ہمیشہ باقی رہنے والا، بہت دیر تک برقرار رہنے والا.

قائِمَہ/ قایِمَہ (کس ء، فت م/ فت ی م) (تراکیب میں قائمۃ) (الف) اند.
۱. (اقلیدس) ۹۰ درجے کا زاویہ، سیدھی لکیر جو دوسری لکیر پر قائم دونوں زاویے برابر بنائے. ۲. سیدھا، عمودی، کھڑا.

قائمۃ الزاویہ اند. دیکھیے: قائمہ معنی نمبر ۱.

قُب (ضم ق) اند.
(کسی چیز کا) محدب شکل کا ابھرا ہوا حصہ، قبہ کی تخفیف؛ تراکیب مستعمل.

قَبا (فت ق) امث.
۱. چکن جو دہری اور چغے کی وضع کی ہوتی ہے، اس میں بٹنوں بجائے بند یا گھنڈی تکمہ ہوتا ہے، ڈھیلا ڈھالا اور قدرے لمبا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے. [ع].

قَباحَت (فت ق، ح) امث.
۱. خرابی، برائی، نقص، عیب. ۲. حرج، مضائقہ، رکاوٹ، تردد.

قَبالَت (فت ق، ل) امث.
بچہ جنانے کا کام، دایہ گری، قابلہ کا کام یا پیشہ. [ع].

قَبالَہ (فت ق، ل) اند.
مکان یا جائداد وغیرہ کا کاغذ یا سند جس سے ملکیت ثابت ہو، بیع نامہ، دستاویز ملکیت، فروخت کی تحریر.

قَبائِل (فت ق، کس ء) اند: ج.
ایک نسل کے آدمیوں کی جماعتیں، قومیں، ایک جدی لوگ؛ بہت سے گروہ؛ قبیلے.

قَبائِلی (فت ق، کس ء) صف.
قبائل سے منسوب یا متعلق کوئی شے یا شخص وغیرہ.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع

قُبَّہ/ قُبہ (ضم ق، شد ب بفت) اند.
کلس، برج، گنبد. [ع].

قُبح (ضم ق، سک ب) اند.
عیب، نقص، خرابی، بدشکل یا بھونڈا ہونا، بدصورتی، برائی، کراہیت. [ع].

قَبر (فت ق، سک ب) امث.
وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں، گور؛ مرقد، تربت. [ع].

قبر پر لات مارنا محاورہ. کسی بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا.

قبر کا حال مردہ (ہی) جانے کہاوت. جس پر گزرتی ہے وہی بہتر جانتا ہے.

قبر میں پانو(پاؤں) لٹکانا/ لٹکائے بیٹھنا محاورہ. مرنے کی عمر کو پہنچنا، زندگی سے جی سیر ہو جانا، موت کے قریب ہونا، عمر کی آخری منزل میں ہونا.

قبر میں کیڑے پڑنا محاورہ. مرنے پر عذاب میں مبتلا ہونا، مرنے کے بعد بھی چین نہ ملنا.

قَبرِسْتان (فت ق، سک ب، کس نیز ضم ر، سک س) اند.
وہ جگہ جہاں مردے دفن کیے جاتے ہیں، گورستان، وہ جگہ جہاں بہت سی قبریں ہوں.

قَبض (فت ق، سک ب) اند؛ امث.
۱. روک، رکاوٹ، گرفتگی، تنگی (دل یا طبیعت وغیرہ کی). ۲. قبضہ، دخل، پکڑنا، اپنے اختیار میں لانا. ۳. (طب) انتڑیوں کی گرفتگی یا اثر جس کی وجہ سے اجابت نہ ہو یا کم ہو، سکڑن، رکاوٹ، اینٹھن، پاخانہ نہ ہونا. [ع].

قبض ہونا ف مر. اجابت نہ ہونا، پیٹ میں اثر ہو جانا.

قَبضَہ (فت ق، سک ب، فت ض) اند.
۱. دخل، تصرف، ملکیت. ۲. قابو، اختیار. ۳. مٹھ، دستہ (تلوار، خنجر، کمان وغیرہ کا). ۴. لوہے یا پیتل کے بنے ہوئے جوڑ جو کواڑوں کو چوکھٹ سے اور صندوق کے دو حصوں کو ملا ہوا رکھنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں. [ع].

قبضہ جمانا ف مر؛ محاورہ. قابض ہو جانا، ملکیت حاصل کر لینا.

قَبضے (فت ق، سک ب) اند؛ ج.
قبضہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

قبضے میں لینا ف مر. تصرف میں ہونا، اختیار میں لینا.

قبضے میں ہونا ف ل. قابو میں ہونا، تصرف میں ہونا.

قَبْل (فت ق، سک ب) م ف.
آگے، پہلے، پیشتر، سامنے، پیش.

قبل از مرگ واویلا کہاوت. (لفظاً) وفات سے پہلے ہی رونا شروع کر دینا؛ مصیبت آنے سے پہلے شور فریاد کرنے کے موقع پر بولتے ہیں.

قبل از وقت م ف. مقررہ وقت سے پہلے.

قبل ازیں م ف. اس سے قبل، اس سے پیشتر، پہلے سے، پہلے ہی.

قبل مسیح م ف. (تاریخ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے پہلے کا زمانہ یا دور (سن عیسوی شروع ہونے سے پہلے کا زمانہ شمار کرنے کے لیے مستعمل).

قِبْلَتَین (کس ق، سک ب، فت ل، ی لین) اند.
دو قبلے؛ مراد: خانہ کعبہ اور بیت المقدس (قبلۂ اوّل).

قُبْلْوانا (ضم ق، ب، سک ل) ف م.
منوا لینا، قبول کرا لینا، اقرار کرانا، بات اگلوانا، قبولنا کا متعدی.

قِبْلَہ (کس ق، سک ب، فت ل) اند.
۱. جس کی طرف منھ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں، خانہ کعبہ، جس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جاتی ہے، قبلہ کی سمت. ۲. (کلمۂ تعظیمی) بزرگ یا عزیز شخص کے لیے. ۳. (طنزاً یا مزاحاً) بہت چالاک آدمی. [ع].

قبلہ رخ/ قبلہ رو صف؛ م ف. قبلے کی طرف، قبلے کی جانب، وہ جو قبلہ کی طرف منہ کیے ہوئے ہو، قبلہ کی سمت.

قبلہ رو کرنا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. نزع کے وقت بیمار کو قبلے کی طرف منہ کر کے لٹا دینا. ۲. نماز پڑھنے کے لیے منہ قبلہ کی طرف ہونا.

قبلہ عالم اند. بادشاہ یا بزرگ یا باپ کو مخاطب کرنے کا کلمۂ تعظیمی.

قبلہ گاہ امث؛ اند. ۱. جس کی طرف منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں خانۂ کعبہ، جس کی طرف منھ کر کے نماز پڑھی جاتی ہے، قبلہ کی سمت. ۲. پدر بزرگوار. ۳. (طنزاً) بزرگ، حمایتی.

قبلہ نما صف. ایک آلہ جس کے وسیلے سے قبلے کی سمت معلوم کرتے ہیں اس میں ایک پرزہ لگا ہوتا ہے جس کا رخ قبلے کی جانب ہوتا

ہے اور خفیف سی جنبش سے حرکت کرتا رہتا ہے، قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔

قبلہ و کعبہ اند. ا. دیکھیے : قبلہ گاہ، قبلہ گاہی ۲. بطور القاب خطوط میں بزرگوں کے لیے مستعمل۔

قُبُور (ضم ق، و مع) (الف) است ؛ ج۔
قبر جس کی یہ جمع ہے۔ (ب) اند. پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے۔

قُبول (فت نیز ضم ق، و مع) اند۔
ا. اقرار، تسلیم، منظور ۲. قبولیت، اجابت (دعا وغیرہ کی) ۳. مقبولیت، پسند کرنا ۴. رضا مندی، ماننا۔ [ع]۔

قبول دینا محاورہ. مان لینا، اقبال کرنا، کہہ دینا، اقرار کرنا۔

قبول صورت صف. گوارا شکل و صورت والا، نسبتاً اچھی صورت والا۔

قبول عام اند. مقبولیت اور پسندیدگی۔

قبول کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. پوری کرنا (دعا وغیرہ کا) ۲. پسند کرنا، منظور کرنا۔

قُبُولنا (فت نیز ضم ق، و مع، سک ل) ف ل۔
ا. ماننا، اقرار کرنا، تسلیم کرنا ۲. واضح کرنا، بتا دینا ؛ (پوشیدہ بات یا راز وغیرہ کا) انکشاف کرنا ۳. تسلیم کرنا ؛ منظور کرنا، ہاں کرنا، بولنا، بات کرنا۔

قبُولوا لینا/ قبُولوانا (فت نیز ضم ق، و مع، سک ل) ف م۔
اقرار کروانا، منوانا ؛ جرم تسلیم کروانا ؛ بات کہلوانا۔

قُبُولی (فت نیز ضم ق، و مع) است۔
کھچڑی سے مختلف چنے کی دال اور چاول کا ایک پکوان جس میں ایک حصہ چنے کی دال اور دو حصے چاول ہوتے ہیں، گھی میں بھون کر پکایا جاتا ہے۔ [مقامی]۔

قُبُولیّت (فت نیز ضم ق، و مع، شدی مع بلت) است۔
ا. قبول ہونا، مستجاب ہونا ۲. پسندیدگی ؛ قبول عام ؛ مقبولیت ۳. ماننا، تسلیم کرنا، رضا مندی۔

قبولیت کی گھڑی است. دعا کے قبول ہونے کا وقت، نیک ساعت۔

قِبّہ (کس ق، شد ب بلت) اند۔
ابھار دار گھنڈی جو ڈھال پر لگاتے ہیں۔

قُبّہ (ضم ق، شد ب بلت) اند۔
گنبد، کلس، کالر ؛ محراب۔ [ع]۔

قَبِیح (فت ق، ی مع) صف مذ۔
ا. برا، خراب، نازیبا، مکروہ ۲. معیوب، مذموم، قابل شرم ۳. (کنایتاً) ناجائز، حرام۔ [ع]۔

قَبِیحَہ (فت ق، ی مع، فت ح) صف مث۔
برائی والی، خرابی والی۔

قَبِیل (فت ق، ی مع است۔
ا. نوع ؛ جنس، قسم ۲. گروہ، جماعت، سلسلہ۔ [ع]۔

قَبِیلَہ (فت ق، ی مع، فت ل) اند۔
ا. ایک جد کی اولاد ؛ خاندان ؛ ایک نسل کے آدمیوں کی جماعت ۲. گروہ، جتھا ۳. نوع ؛ جنس ؛ شے۔ [ع]۔

قِتال (کس ق) است۔
ہتھیاروں کی لڑائی، خون ریزی، جنگ و جدل ؛ باہمی کشا کشی، معرکہ ؛ لڑائی کا میدان۔ [ع]۔

قَتّال (فت ق، شدت) صف مذ۔
بہت قتل کرنے والا، بہت بڑا قاتل، قتل کا مشتاق۔

قَتّالَہ (فت ق، شدت، فت ل) صف مث۔
قتال جس کی یہ تانیث ہے ؛ (کنایۃً) معشوق، محبوب۔

قَتل (فت ق، سک ت) اند۔
(کسی ہتھیار سے) انسان کو ہلاک کرنا ؛ جان سے مار دینا۔ [ع]

قتل بالعمد اند. ارادۂ قتل ؛ جان بوجھ کر قتل۔

قتل عام اند. بلا امتیاز لوگوں کو جان سے مار ڈالنا، بڑے پیمانے خوں ریزی۔ اف : کرنا/ہونا۔

قتل عمد اند. (قانون) جان بوجھ کر کسی ہتھیار سے مار ڈالنا ؛ بالارادہ قتل ؛ ارادتاً قتل۔

قتل کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. زیر کرنا، اپنے بس میں کرنا، نفس اور خواہشات

کو مارنا ۔۲۔ جان سے مار دینا ۔۳۔ محبوب کا ناز و ادا دکھا کے تڑپانا ، بے چین کرنا ۔

قتل گاہ/ گہ مث ۔ وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے ، مقتل ؛ میدانِ جنگ ۔

قتل و غارت گری مث ۔ جانی و مالی نقصان کرنا ۔

قَتْلا (فت ق ، سک ت) مذ ؛ ~ قتلہ ۔

۱۔ پھانک ، قاش ، ٹکڑا ؛ پارچہ ۔۲۔ کسی کھانے کی چیز کا گول تراشا ہوا ٹکڑا ۔ [مقامی] ۔

قَتْلَہ (فت ق ، سک ت ، فت ل) مذ ۔

دیکھیے : قتلا ۔ [مقامی] ۔

قَتْلی (فت ق ، سک ت) مث ۔

چھوٹا ٹکڑا ، پھانک ، قاش ۔

قَتِیل (فت ق ، ی مع) صف ۔

۱۔ مقتول ؛ جان سے گزرنے والا ، شہید ، جان سے مارا ہوا ؛ قتل کیا ہوا ، خون کیا ہوا ، ہلاک کیا ہوا ۔۲۔ (کنایۃً) گھائل ؛ زخمی ؛ بسمل ۔ [ع] ۔

قَحبا/ قَحْبَہ (فت مع ق ، سک ح / فت ب) مث ۔

بدکار عورت ، فاحشہ ، رنڈی ، چھنال ، کنچنی ۔ [ف] ۔

قحبا/ قحبہ خانہ مذ ۔ بدکاری کا اڈا ، رنڈیوں کا مسکن ، چکلا ۔

قَحْط (فت مع ق ، سک ح) مذ ۔

۱۔ خشک سالی ، کال ۔۲۔ (مجازاً) کسی چیز کی کم یابی بلکہ نایابی کے لیے مستعمل ۔ [ع] ۔

قحط الرِّجال مذ ۔ بھلے مانسوں اور لائق لوگوں کا کم پایا جانا ، آدمیوں کا کال ۔

قحط پڑنا ف مر ؛ محاورہ ۔ کال پڑنا ، کمیاب ہونا ۔

قحط سالی مث ۔ قحط کا زمانہ ، اشیائے خورنوش کی کمیابی کا دور ، سوکھا ۔

قَد (فت ق) مذ ۔

۱۔ انسانی جسم کی اونچائی (ایڑی سے لے کر چوٹی تک) ؛ حیوانوں کی اونچائی پیٹھ تک ، قامت ، ڈیل ، جسم کی لمبائی ۔ [ع] ۔

قد اونچا کرنا محاورہ ۔ حیثیت بڑھانا ؛ اہمیت دینا ۔

قدِ آدم صف ۔ آدمی کے قد کے برابر ۔

قد آور صف ۔۱۔ لمبے قد کا ، بڑے ڈیل ڈول یا تن و توش والا ، لمبا تڑنگا ۔
۲۔ مانی ہوئی حیثیت ، بڑی حیثیت ؛ قابل شخصیت ، ممتاز حیثیت ۔

قد کاٹھ مذ ۔ قد و قامت ، ڈیل ڈول ۔

قَدّاح (فت ق ، شد د) صف ۔

آنکھ ، ناک ، کان کا ماہر طبیب یا علاج کرنے والا ۔ [ع] ۔

قَدامَت (فت ق ، م) مث ۔

۱۔ قدیم ہونا ، پرانا پن ؛ (کنایۃً) تعلق اور ربط ضبط کا قدیم اور استوار ہونا ۔۲۔ بُعدِ زمانی ، گزرا ہوا ، بہت پرانا ۔۳۔ دقیانوسیت ، حال کے تجربے اور تہذیب کے خلاف بات (جدّت کی ضد) ۔۴۔ ازلیت و ابدیت ہمیشگی (اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص) ۔ [ع] ۔

قدامت پرست صف ۔ پرانی روایات کا ماننے والا ۔

قدامت پرستی مث ۔ پرانی روایات کو ماننا ، پرانی ڈگر پر چلنے کا عمل ۔

قدامت پسند صف ۔ قدامت پرست ، پرانی روایات کا ماننے والا ۔

قدامت پسندی مث ۔ قدامت پسند ہونا ؛ روایت پسندی ۔

قَدَح (فت ق ، د) مذ ۔

۱۔ بڑا پیالہ ، پیالہ ، بادیہ ۔۲۔ (مجازاً) شراب کا پیالہ ، ساغر ۔ [ع] ۔

قدح خوار صف ۔۱۔ شرابی ، بادہ نوش ؛ بہت زیادہ پینے والا ، خوب شراب پینے والا ۔۲۔ (مجازاً) شرابِ معرفت پینے والا ۔

قَدْح (فت ق ، سک نیز فت د) مث ۔

برا بھلا کہنا ؛ نکتہ چینی ؛ ہجو ؛ طعنہ زنی ؛ عیب گوئی (مدح کی ضد) ۔
۲۔ چیرنا ، پھاڑنا ؛ نشتر لگانا ؛ آپریشن ؛ عملِ جراحی ۔ [ع] ۔

قَدْر (فت ق ، د نیز سک د) مث ۔

۱۔ تقدیرِ الٰہی ، فرمانِ خدا ، تقدیر ، حکمِ الٰہی (عموماً قضا کے ساتھ مستعمل) ۔
۲۔ عزت ، وقعت ، توقیر ، مرتبہ ۔۳۔ بڑائی ؛ بزرگی ؛ برتری ؛ عظمت ۔
۴۔ اہمیت ؛ حیثیت ؛ درجہ ۔۵۔ برابر ، یکساں ، مساوی ۔۶۔ مقدار ؛ اندازہ ؛ تعداد ؛ حد ۔۷۔ (معاشیات) قوتِ تبادلہ ؛ اشیا کا تبادلہ اشیا سے ، شے جس سے تبادلہ کیا جا سکے ۔۸۔ طور ، اطوار ، طریقہ ۔۹۔ نظریہ جسے سب تسلیم کرتے ہوں ، کلیہ ۔۱۰۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام جو مکہ میں نازل ہوئی تھی ۔ [ع] ۔

قدر افزائی مث ۔ عزت افزائی ، ہمت افزائی ، قدر دانی ۔

قدر الو کی الو جانتا ہے ، ہما کو کب چغد پہچانتا ہے کہاوت ۔ اہلِ کمال کے قدرداں ناقدرشناس نہیں ہوتے ۔

قدر داں صف. عزت کرنے والا، اہمیت محسوس کرنے والا، قدر جاننے والا.

قدر دانی امث. ۱. سرپرستی، ہنر شناسی. ۲. احترام، وقعت، عزت افزائی. ۳. مہربانی.

قدر دانی عالم بالا معلوم شد . (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) قدردانی، انعام یا داد کی اُمید ہو اور نہ ملے تو کہتے ہیں.

قدر شناس صف. قدر جاننے والا.

قدر کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی شخص، چیز، جگہ وغیرہ کی اہمیت کو محسوس کرنا، عزت افزائی کرنا، ہنر کی داد دینا.

قدر کی نگاہ سے دیکھنا محاورہ. بہت زیادہ عزت و احترام کرنا.

قدر کھو دیتا ہے ہر بار/روز/وقت کا آنا جانا کہاوت. بہت میل ملاپ اور بے تکلفی ہو تو وہ عزت نہیں رہتی جو کبھی کبھی ملنے سے ہوتی ہے.

قدر کھونا محاورہ. عزت و وقعت کم کرنا، قدر و قیمت میں فرق ڈالنا، قدر گھٹ جانا، وقار جاتا رہنا.

قدر مشترک امث. دو چیزوں یا شخصوں میں یکساں پائی جانے والی صفت، مشترک بات.

قدر نعمت (است) بعد زوال کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) ہر چیز کی اہمیت کا اندازہ اس کے زوال کے بعد ہوتا ہے، کوئی نعمت چھن جائے تو اس کی قدر معلوم ہوتی ہے.

قدر و منزلت امث. بزرگی، عظمت، مرتبہ، احترام، عزت.

قدر ہونا ف مر؛ محاورہ. قدر کرنا کا لازم، عزت و احترام ہونا، قدردانی کی جانا.

قُدْرَت (ضم ق، سک د، فت ر) امث.

۱. (i) طاقت، قوت، زور. (ii) مجال؛ سکت. ۲. (i) امکانی قوت؛ دسترس؛ مقدور؛ عبور. (ii) قابو، اختیار. ۳. حوصلہ، ہمت، سکت. ۴. خدائی طاقت یا شانِ خداوندی، کرشمۂ قدرت، خدا کی ذات. ۵. (مجازاً) طاقت جس سے دنیا اور اس میں موجود ہر چیز پیدا ہوتی ہے.

قدرت رکھنا محاورہ. لائق ہونا، قابلیت کا حامل ہونا، استعداد رکھنا.

قدرت کا کارخانہ اند. دنیا، جہان، عالم، کائنات.

قدرت کا / کے کھیل اند. خدا کی قدرت کے کرشمے.

قدرت کی کاری گری امث. صنعتِ الٰہی، قدرت کی صناعی، شانِ خداوندی.

قُدْرَتی (ضم ق، سک د، فت ر) صف.

قدرت سے منسوب یا متعلق، فطری، طبعی، اصلی.

قدرتی گیس امث. زمین سے نکلنے والی گیس، معدنی گیس (کیمیائی طریقے سے تیار کردہ مصنوعی گیس کے مقابل).

قدرتی وسائل اند؛ ج. (معاشیات) عوامل قدرت، قدرتی اشیا (درخت، زمین، پانی، ہوا، مٹی وغیرہ).

قَدْرے (فت ق، سک د) م ف؛ صف.

تھوڑا سا؛ قلیل، ذرا، کچھ؛ کسی قدر.

قُدْس (ضم ق، سک نیز ضم د). (الف) امث.

طہارت، پاکی، پاکیزگی. (ب) اند. ۱. بیت المقدس، مقام ہیکل. ۲. حضرت جبرئیل علیہ السلام. [ع].

قدس سرّہٗ فقرہ. خدا اس کی قبر کو پاک کرے (مقدس متوفی بزرگوں کے نام کے بعد لکھا جاتا ہے).

قُدْسی (ضم ق، سک د). (الف) صف.

پاک، متبرک. (ب) اند. ۱. فرشتہ، پاک طینت انسان؛ ولی اللہ. ۲. (مراداً) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم.

قُدْسِیَہ (ضم ق، سک د، کس س، فت ی) صف؛ امث.

قدسی سے منسوب یا متعلق، فرشتوں کا سا، پاک بازانہ؛ پاک عورت، قدسی صفات رکھنے والی.

قَدْغَن (فت ق، سک د، فت غ) امث؛ اند.

۱. تاکید، تنبیہ. ۲. روک ٹوک، ممانعت، مناہی، پابندی، بندش. [ت؛ف].

قَدَم (فت ق، د) اند.

۱. پانو (پاؤں) (انگوٹھے کے سرے سے ایڑی کے کنارے تک). ۲. فاصلہ جو رفتار کی حالت میں دو پیروں کے درمیان ہو، گام. ۳. آنا جانا، آمد و رفت (کسی کے آنے کا شگون). ۴. (مجازاً) ذات دم، واسطہ (عموماً سے کے ساتھ). [ع].

قدم اٹھنا ف مر؛ محاورہ. چلنے کے ارادے سے پانو (پاؤں) اٹھنا حرکت کرنا؛ بھاگنا، راہِ فرار اختیار کرنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، رج = جمع، ج = جمع

قدم اکھڑنا ف مر؛ محاورہ. پانو زمین پر نہ جمنا ، ہارنا ، شکست ہونا .

قدم بڑھانا محاورہ. ۱. آگے بڑھنا ، چلنا ، آگے چلنا ۲. جلدی جلدی چلنا ، تیز چلنا ۳. اپنی حد سے تجاوز کرنا نیز زیادتی کرنا ، حد سے بڑھنا .

قدم بقدم (بہ قدم) م ف. ۱. پیروی کرتے ہوئے ، کسی کی روش پر چلتے ہوئے ، مانند ، مشابہ (افعال میں) ؛ یکساں چال ، مطابق ۲. تیز اور بے تکان رفتار کے ساتھ .

قدم بوسی مث. ۱. (تعظیماً) پانو چومنے یا پانو کو ہاتھ لگانے کا عمل ، پابوسی ۲. (کنایۃً) کسی بلند مرتبہ یا بزرگ شخص کی خدمت میں حاضر ہونے کا عمل ، بڑوں کی ملاقات .

قدم بہکنا محاورہ. ۱. پانو ٹھیک جگہ پر نہ پڑنا ، لڑکھڑانا ۲. استقلال میں فرق آنا ، استقامت نہ رہنا ، نیت کا ڈانواں ڈول ہونا ، ایمان میں خلل پڑنا ، تذبذب کا شکار ہونا .

قدم پڑنا محاورہ. کسی چیز پر پانو پڑنا ، قدم رکھا جانا .

قدم پکڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (تعظیماً) بزرگوں کے پانو چھونا یا چومنا ؛ منت کرنا ۲. کسی جگہ یا مقام کا اپنی کشش کے باعث گزرنے والے کو ٹھہرنے پر مجبور کر دینا نیز محض روک لینا ، آگے نہ بڑھنے دینا . ۳. جڑ پکڑ لینا .

قدم پھونک کے اٹھانا/رکھنا محاورہ. (کسی کام میں) بہت احتیاط سے کام لینا ، بہت سنجیدگی اور متانت کے ساتھ برتاؤ کرنا .

قدم جمانا محاورہ. ۱. جم کر کھڑا ہونا یا رہنا ، مستقل ہو کر رہنا ، مضبوطی سے کھڑے ہونا ۲. ٹھکانا بنانا ، ٹھہرنے کی صورت پیدا کرنا ، مستقل رہنا ، استقلال کے ساتھ کسی کام میں مصروف رہنا .

قدم ڈگمگانا محاورہ. پانو میں لغزش ہونا ، لڑکھڑانا .

قدم رنجہ فرمانا محاورہ. (تعظیماً) تشریف لانا ، کسی کے گھر تک آنے کی زحمت اٹھانا .

قدم زمین پر نہ رکھنا محاورہ. اکڑ کر چلنا ، بہت مغرور ہونا ، بہت اترانا .

قدم قدم پر م ف. ہر ایک قدم پر ، ہر ہر جگہ پر .

قدم لڑکھڑانا محاورہ. نشے یا نیند کے غلبے یا کمزوری کی وجہ سے پانو میں لڑکھڑاہٹ ہونا ، پیروں میں لغزش ہونا ، گرنے لگنا .

قدم لینا محاورہ. ۱. تعظیم کرنا ، تعظیماً پانو چھونا یا چومنا ۲. فضیلت یا کمال کا اعتراف کرنا ، کسی امر میں کسی کی بڑائی تسلیم کرنا ؛ شرارت یا فتنہ و فساد وغیرہ کے سلسلے میں استاد ماننا (طنزاً) ۳. منت سماجت کرنا ، خوشامد کرنا ، جھوٹی تعریفیں کرنا ، خوش کن باتیں کرنا ۴. استقبال کرنا .

قدم نہ رکھنا ف مر؛ محاورہ. (حقارتاً) کسی جگہ از راہِ نفرت بالکل نہ جانا .

قِدَم (کس ق ، فت د) امذ.

۱. دیرینگی ، قدامت ، کہنگی ، پرانا پن (حدوث کی ضد) ۲. ہمیشہ سے ہونا اور ہمیشہ رہنا ، ازلیت و ابدیت ، سرمدیت (خدا کی صفت) . [ع].

قُدَما (ضم ق ، فت د) امذ.

قدیم کی جمع ، پرانا ، پرانے زمانے کا . [ع].

قَدْمْچَہ (فت ق ، د ، سک م ، فت چ) امذ.

۱. بیت الخلا کے اندر کا وہ حصہ جس پر پانو رکھ کر رفعِ حاجت کے لیے بیٹھتے ہیں ، کھڈی کا پاکھا ۲. سیڑھی ، زینہ یا پایہ ، قدم رکھنے کی جگہ ، پیر رکھنے کی جگہ .

قَدْموں (فت ق ، سک د ، و مع) امذ ؛ ج.

قدم کی جمع نیز حالت مغیرہ ؛ تراکیب میں مستعمل .

قدموں پر سر رکھنا محاورہ. منت سماجت کرنا ، خوشامد کرنا ، نہایت عاجزی سے کہنا .

قدموں پر (میں) گرنا ف مر؛ محاورہ. پانو پڑنا ، منت سماجت یا خوشامد ، معافی کے لیے پانو پر گرنا .

قدموں تلے م ف. پانو کے نیچے .

قدموں تلے سے زمین نکل جانا محاورہ. گھبرا جانا ، حواس باختہ ہونا ، ہوش اڑ جانا .

قدموں سے لپٹنا ف مر؛ محاورہ. خوشی اور عقیدت کے اظہار کے محل پر پانو سے لپٹنا .

قدموں تلے کے نیچے جنت ہونا محاورہ. (حدیث شریف میں آیا ہے کہ ماں کے پانو کے نیچے جنت ہوتی ہے) ؛ مرتبہ بلند ہونا .

قدموں میں آپڑنا محاورہ. مطیع و فرماں بردار ہونا .

قدموں میں جان / دم دینا محاورہ. پانو پر سر رکھ کر جان دے دینا .

قُدُّوس (ضم نیز فت ق، شد د، و مع) صف مذ.
ہر نقص اور عیب سے پاک و منزہ، بڑا پاک، مبارک؛ اللہ کا ایک صفاتی نام۔ [ع].

قُدُّوسی (ضم نیز فت ق، شد د، و مع) صف مذ.
قدوس کی طرف منسوب، پاک و منزہ، پاک ہونا، نیک خو، فرشتہ صفت۔

قُدُوم (ضم ق، و مع) مذ.
پانو، پانو کے نشانات؛ سفر سے یا کسی جگہ سے واپس آنا نیز تشریف آوری، پہنچ، آمد، لوٹ آنا، واپس آنا۔

قِدْوَہ / قُدْوَہ (کس نیز ضم ق، سک د، فت و) صف.
نمونۂ عمل، جس کی پیروی کی جائے، پیشوا، سرگروہ، سرخیل۔ [ع].

قَدِیر (فت ق، ی مع) صف.
قدرت یا طاقت کا مالک؛ توانا؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ [ع].

قَدِیم (فت ق، ی مع). (الف) صف.
۱. پرانا، پرانے زمانے کا. ۲. (i) جس کی کوئی ابتدا نہ ہو، ہمیشہ کا، ازلی، جس سے پہلے عدم یا حدوث نہ ہو. (ii) جس کی ابتدا اور انتہا نہ ہو، ازلی و ابدی، سرمدی. ۳. آبائی، جدی، موروثی. (ب) مذ. ۱. پرانا زمانہ، عہدِ قدیم (سے کے ساتھ). ۲. کلاسیکل۔ [ع].

قَدِیمی (فت ق، ی مع) صف.
قدیم سے منسوب، پرانا؛ پرانے زمانے سے، عرصے کا؛ بوڑھا؛ گزشتہ.

قَذْف (فت ق، سک ذ) مذ.
۱. فحش گالی دینا، زنا کی تہمت لگانا. ۲. سنگ باری، پتھراؤ کرنا۔ [ع].

قَرَابَت (فت ق، ب) مث.
۱. خونی رشتہ، خویشی، رشتہ داری، نسبی، نزدیکی. ۲. قربت، ظاہری یا باطنی قربت، نزدیکی تعلق۔ [ع].

قرابت دار مذ. رشتے دار.

قرابت داری مث. رشتے داری.

قرابت رکھنا ف مر؛ محاورہ. رشتہ رکھنا؛ تعلق ہونا.

قَرَّابَہ (فت ق، شد ر، فت ب) مذ.
عرق وغیرہ رکھنے کا بڑا شیشہ، شیشۂ شراب، صراحی؛ (مجازاً) بڑا پیالہ۔ [ف]

قِرْأَت / قِرْأَة (کس ق، سک ر، فت ا) مث ؛ - قراۃ.
۱. پڑھنا، خواندگی. ۲. عربی حروف کو مقرر کردہ مخارج سے ادا کرنا نیز علم تجوید کے مطابق پڑھنا؛ علم تجوید. ۳. آیات یا ادعیہ کی تلاوت، قرآن مجید کا درست لہجہ میں پڑھنا۔ [ع].

قَرَار (فت ق) مذ.
۱. آرام، چین، سکون، راحت. ۲. ثبات، ٹھہراؤ، قیام۔ [ع].

قرار آجانا/ آنا محاورہ. اطمینان ہونا، سکون ہونا، اضطراب رفع ہونا، دل کا تھم جانا.

قرار پانا محاورہ. ۱. ٹھہرنا، مقرر ہونا، طے ہونا، تصفیہ ہونا، نمٹنا. ۲. (دن، وقت، مہینے کے ساتھ) دن مقرر ہونا، تاریخ ٹھہرنا، دن یا تاریخ تعین ہونا. ۳. باہمی وعدہ ہونا، عہد و پیمان ہونا. ۴. (نطفہ) ٹھہرنا، حمل رہنا. ۵. تاریخ ٹھہرنا، نسبت ٹھہرنا. ۶. چین پانا، آرام پانا، سکون ملنا.

قرار داد مث. ۱. عہد و پیمان، معاہدہ، کسی بات کا وعدہ؛ ریزولیشن، مباحثے کے بعد کی تجویز. ۲. کسی امر کا فیصلہ یا تجویز.

قرار واقعی م ف؛ صف. فی الحقیقت: جیسا چاہیے، ٹھیک، کامل، بخوبی.

قرار ہونا محاورہ. چین ہونا، دل جمعی ہونا، سکون ہونا، اطمینان خاطر ہونا.

قراقر ہونا مذ. ریح کی کثرت کی وجہ سے پیٹ کے بولنے کی آ پیٹ بولنا.

قَرَاقُل (فت ق، ق) مذ.
ایران و توران کا خونخوار وحشی سیاہ گوش۔ [ت].

قَرَاقُلی (فت ق، ق) مث.
سخت سردی میں پہنی جانے والی ایک قسم کی ٹوپی جو قراقل کی کھال سے بنائی جاتی ہے، جو عام طور پر بلوچی پہنتے ہیں.

قَرَان (فت ق) مذ.
چاندی کا ایک سکہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصہ ہوتا ہے۔[

قِرَان (کس ق) مذ.
۱. قریب ہونا، ملنا، اتصال جسمانی، نزدیکی، آپس میں دوست ہو ۲. حج اور عمرے کا باہم ادا ہونا، ایک ہی احرام سے عمرہ اور جانا. ۳. آفتاب کے علاوہ کوئی سے دو ستاروں کا ایک برج میں ہونا، دو سیاروں کا یک جا ہونا۔ [ع].

قران السعدین اند. دو مبارک ستاروں کا ایک برج میں یک جا ہونا، نیک ساعت؛ (مجازاً) دو نیک یا اچھے آدمیوں کا اجتماع.

قَراوُل (فت ق، ضم و) اند.
۱. بندوق سے شکار کرنے والا سپاہی، بندوقچی. ۲. فوج یا فوج کا وہ دستہ جو کئی کئی میل آگے بڑھ کر دشمن کی نقل و حرکت اور گرد و پیش کے حالات کی خبر رکھتا ہے یا وہ فوج جو لڑائی کے لیے جگہ مقرر کرنے کے لئے آگے جائے نیز سنتری؛ ہراول دستہ. ۳. شکار کھلانے والا، بھیلیا، چڑی مار. ۴. اسکاؤٹ. [ت].

قَراوُلی (فت ق، ضم و) اند: مث.
ہراول دستہ، جھڑپ کرنے والا، آگے جانے والا فوجی؛ نگہبانی.

قرائن/ قراین (فت ق، کس ء/ی) اند.
قرینہ کی جمع، قاعدے، اندازے. [ع].

قرائن و شواہد اند: ج. اندازے اور مثالیں؛ اندازے اور ثبوت.

قُرآن (ضم ق، سک ر، مدا) اند.
آخری آسمانی کتاب جو ایک سو چودہ سورتوں پر مشتمل اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بذریعہ وحی نازل ہوئی؛ کلام اللہ، کتاب اللہ. [ع].

قرآن اُٹھانا محاورہ. قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا.

قرآن پڑھنا ف مر. کلام اللہ کی تلاوت کرنا.

قرآن ٹھنڈا کرنا محاورہ. ۱. کلام اللہ کو سہواً زمین پر گرا دینا ۲. قرآن شریف کے پریشان اوراق کو پاک زمین میں دفن کرنا.

قرآنِ حکیم اند. (تعظیماً) حکمت والا قرآن کلام الٰہی.

قرآن خوانی مث قرآن کی تلاوت کرنا، ایصال ثواب کے لیے اجتماعی طور پر کلام پاک پڑھنا، اجتماعی طور پر قرآن پڑھنا.

قرآن سے نام نکالنا محاورہ. ایک مخصوص دعا پڑھ کے قرآن کھولنا اور صفحہ اول کے پہلے حرف پر بچے کا نام رکھنا.

قرآن شریف/کریم/مجید اند. (تعظیماً) قرآن مجید؛ کلام اللہ.

قُرآنی (ضم ق، سک ر، مدا) صف.
قرآن سے منسوب یا متعلق.

قرآنی دعائیں مث: ج. قرآن مجید میں درج اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کی گئی دعائیں یا التجائیں.

قُرب اند.
۱. (i) نزدیکی (ظاہری، باطنی، مکانی یا زمانی)، نزدیک آنا، قربت (بعد کی ضد). (ii) پہنچ، رسائی. [ع].

قرب قیامت اند. قیامت کی نزدیکی، حشر سے قربت.

قرب و جوار اند: م ف. گرد و نواح، آس پاس، اردگرد، ہمسائیگی، پاس پڑوس.

قُربان (ضم ق، سک ر). (الف) اند.
فدیہ جو قرب الٰہی کی غرض سے دیا جائے (خواہ جانور ہو یا کوئی اور شے)، صدقہ، بھینٹ. (ب) صف. نثار، فدا. [ع].

قربان جاؤں/ جا فقرہ. صدقے ہو جاؤں، نثار ہو جاؤں، (طنزاً و خوشامداً دونوں طرح مستعمل).

قربان گاہ مث. قربان کرنے کی جگہ، مذبح.

قُربانی (ضم ق، سک ر). (الف) مث.
۱. جانور جو حج یا عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدا کے نام پر ذبح کیا جائے. ۲. ایثار، کسی کے عوض اپنی جان قربان کرنا. (ب) صف: اند. ۱. نثار یا قربان ہونے والا. ۲. (مجازاً) وہ آدمی جس کو کوئی شخص اپنے فائدے کے لیے ہلاکت میں ڈالے.

قربانی کا بکرا اند. (مجازاً) اس شخص کو کہتے ہیں جسے کوئی شخص ذاتی فائدے کے لیے اپنا آلہ کار بنا کے خود فائدے میں رہے اور جس کو آلہ کار بنائے وہ نقصان اٹھائے.

قُربَت (ضم ق، سک ر، فت ب) مث.
۱. ظاہری یا معنوی نزدیکی، رشتہ داری. ۲. مباشرت، ہم بستری. [ع].

قُربیٰ (ضم ق، سک ر، الف بشکل ی) اند.
نزدیکی، خویشی، رشتہ داری. [ع].

قُرّت (ضم ق، شد ر بفت) مث. (تراکیب میں بشکل قرۃ).
مسرت، شادمانی، چمک دمک. [ع: قرۃ].

قرت العین/قرۃ العین مث. روشنیٔ چشم، آنکھوں کی ٹھنڈک، راحتِ جان؛ مراد: بیٹا یا بیٹی.

قُرص (ضم ق، سک ر) اند.
۱. ٹکیا، (عموماً) کسی دوائی وغیرہ کی، گولی، حب. ۲. سورج یا چاند کا گردہ، حلقہ، دائرہ. [ع].

قَرض (فت ق، سک ر) اند.
اُدھار، مستعار، واجب الادا (نقد کی ضد). [ع].

قرض حسن / حسنہ اند. قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو اور اگر مقروض ادا نہ کر سکے تو معاف ہے لیکن ادا کرنے کے قابل ہونے کے باوجود نہ ادا کرے تو گنہ گار.

قرض خواہ صف؛ اند. قرض دینے والا اور اس کی ادائگی کا مطالبہ کرنے والا، اُدھار دینے والا، قرض کا روپیہ وصول کرنے والا.

قرض دار / قرضدار صف. اُدھار لینے والا، مقروض.

قرض دار جھاتی پر سوار کہاوت. قرض دینے والا مقروض کو ہمیشہ دبائے رکھتا ہے.

قرض مؤید اند. قرض جو کسی کی تائید یا ضمانت کے بعد حاصل ہو، ضمانتی قرضہ.

قَرضہ (فت ق، سک ر، فت ض) اند.
دیکھیے: قرض، اُدھار.

قرضہ مقراض محبت ہے کہاوت. اُدھار محبت کی قینچی ہے، قرض لینے سے تعلقات خراب ہو جاتے ہیں.

قرضہ جات اند؛ ج. قرضے، بہت سارے قرضے.

قِرطاس (کس ق، سک ر) اند.
ا. کاغذ. ۲. کاغذ جس پر کوئی ایسی شکل بنی ہو جس سے ریاضیاتی یا کیمیائی نسبت ظاہر ہوتی ہو. ۳. مراد: تعویذ (قدیم). [ع].

قرطاس ابیض اند. سفید کاغذ (سیاست) تحریر جو کسی خاص موقع پر اطلاع عام کے لیے حکومت کی جانب سے شائع کی جاتی ہے (white paper کا لفظی ترجمہ).

قرطاس رائے اند. پوشیدہ رائے دینے کا کاغذ، کاغذ جس پر مختلف پارٹیوں کے انتخابی نشانات چھپے ہوئے ہوں اور جس پر رائے دہندہ مہر لگا کر اپنے نمائندے کا انتخاب کرتا ہے، بیلٹ پیپر وغیرہ.

قُرعہ (ضم ق، سک ر، فت ع) اند.
ا. تانبے، پیتل یا ہاتھی دانت وغیرہ کا پانسا جسے ڈال کر رمال غیب کی باتیں بتاتے ہیں، پانسا. ۲. فیصلہ مشکل ہونے کی صورت میں کاغذوں یا پرچیوں پر نام لکھ کر کسی کام کے کرنے والے یا انعام لینے والے کا نام نکالنا، آج کل یہ کام کمپیوٹر سے بھی لیا جاتا ہے. ۳. کوئی کتاب وغیرہ کھول کر قسمت کا حال بتانا؛ شرط؛ پانسے کی پھینک؛ فروخت بہ ذریعہ قرعہ اندازی. [ع].

قرعہ اندازی مث. فیصلہ مشکل ہونے کی صورت میں کسی ایک شخص تعین کے لیے پرچیوں پر نام لکھ کر ڈالنے کا عمل تاکہ جس شخص کے نام کی پرچی نکل آئے اسی کو فلاں چیز دی جائے یا فلاں کام سونپا جائے.

قرعہ ڈالنا ف مر. محاورہ. کسی ایک آدمی کے نام کی پرچی نکالنے کے لیے پرچیوں پر نام لکھ کر ڈالنا، قرعہ اندازی کرنا.

قرعہ نکل آنا / نکلنا محاورہ. قرعہ میں کسی کے نام کی پرچی نکلنا، قرعہ اندازی میں نام آنا.

قُرق (ضم ق، سک ر) اند.
جرمانے، قرضے کی وصول یابی کے سلسلے میں کسی کے مال یا جائداد کو نیلام کرنے کی غرض سے سرکاری تحویل میں لینا، ضبطی. [ت].

قرق کر لینا / کرنا محاورہ.
ضبط کرنا، کسی جرم خواہ قرضہ وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائداد کو ضبط کرلینا.

قرق ہونا محاورہ. کسی جرم یا قرضہ وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائداد کا ضبط ہونا.

قُرقی (ضم ق، سک ر) مث.
منقولہ یا غیر منقولہ مال یا اسباب کی ضبطی یا سرکاری قبضے میں ڈگری دار کو دلائے جانے کا عمل.

قرقی کرنا محاورہ. مال و اسباب، جائداد وغیرہ سرکاری قبضے میں ضبط کرنا.

قرقی ہونا محاورہ. مال و اسباب، جائداد منقولہ کا ضبط ہونا یا سرکاری قبضے میں آکر ڈگری دار کو دلایا جانا.

قِرمِز (کس ق، سک ر، کس م) اند.
چنے کے برابر ایک چھوٹا سا کیڑا جو بیر بہوٹی کی مانند جھاڑیوں پر ہوتا اور اس سے سرخ ریشم رنگا جاتا ہے. [س ( ) سے معرب

قِرمِزی / قرمِزی صف. قرمز سے منسوب ، لال ، سرخ ، ہلکی سی نیلاہٹ لیے ہوئے گہرے سرخ رنگ کا .

قرمزی رنگ اند. سیاہی مائل گہرا سرخ رنگ .

قَرْن / قَرَن (فت ق ، سک نیز فت ر) اند.
۱. زمانہ ، وقت ، عہد ، زمانے کا ایک حصہ .۲. سالہا سال کی مدت ، زمانۂ دراز ؛ جگ ، صدی .۳. دس ، بارہ ، تیس ، اسی یا ایک سو بیس برس کا زمانہ ؛ (عموماً) بارہ برس کا عرصہ .۴. سینگ . [ع].

قَرْنیا / قَرْنِیَہ (فت ق ، سک ر ، کس ن / فت ی) اند.
آنکھ کے ڈھیلے کا بیرونی پردہ . [انگ].

قَرَولی (فت ق ، ولین). (الف) مث.
شکاری چاقو ، ایک قسم کی چھری جو کمر میں باندھی جاتی ہے . (ب) اند.
پہرے دار ، سنتری ، محافظ ، چوکی دار .

قُرُون (ضم ق ، و مع) اند ؛ ج.
قرن (دیکھیے) کی جمع ؛ زمانے ، ادوار . [ع].

قرون اُولیٰ اند. اسلام کے ابتدائی زمانے یا دور.

قرون وسطیٰ/وسطےٰ اند. یورپ کی تاریخ میں سقوط روم (۴۱۰-۴۷۶ء) سے لے کر مسلمانوں کی تسخیر قسطنطنیہ (۱۴۵۳ء) تک کا زمانہ جس میں تعلیم نہایت ابتدائی نوعیت کی تھی لیکن فن تعمیر غالب ترین فن تھا اور یہ نہایت تاریک دور سمجھا جاتا ہے .

قُرَّہ (ضم ق ، شد ر بفت) مث.
روشنی ، نور نیز ٹھنڈک ، خنکی (عموماً آنکھ کی). [ع].

قَرِیب (فت ق ، ی مع). (الف) صف.
پاس ، نزدیک . (ب) م ف. لگ بھگ ، تقریباً .

قریب المخرج م ف. (حروف یا الفاظ) جن کا مادہ یا تلفظ ایک ہو .

قریب المرگ صف. موت کے قریب ، کوئی دم کا مہمان ، نزع میں پڑا ہوا

قریب تر صف. زیادہ قریب ، نزدیک تر .

قریب ترین صف. نہایت ہی قریب ، بہت ہی نزدیک .

قریب قریب م ف. لگ بھگ ، تقریباً ، ملتا جلتا .

قَرِیبی (فت ق ، ی مع) صف.
نزدیک کا .

قُرَیش (ضم ق ، ی لین) اند.
عرب کا ایک مشہور اور ذی عزت قبیلہ نیز اس کا کوئی فرد یا افراد (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے). [ع]

قُرِیشیا (ضم ق ، ی مج ، سک ش) اند.
۱. مٹی کا تیل ، کیروسین آئل .۲. ایک قسم کا لوہے کا نوک دار آلہ جس سے عورتیں جرابیں وغیرہ بنتی ہیں ، تاگے کی جالی بننے کا آلہ جو آر کی طرح ہوتا ہے . [کروشیا کا ایک املا].

قَرِین (فت ق ، ی مع). (الف) صف.
۱. پاس ، نزدیک ، قریب .۲. ملا ہوا ؛ ملحق . (ب) اند. ہم نشیں ، دوست . [ع].

قرین قیاس صف. سمجھ میں آنے والا ، (بات) جس کو عقل قبول کرے .

قَرِینَہ (فت ق ، ی مع ، فت ن) اند.
۱. (i) ایک چیز کی دوسری چیز سے پیوستگی یا مناسبت یا قربت ، باہمی تعلق . (ii) قیاس ، اندازہ ؛ علامت .۲. ڈھنگ ؛ وضع ؛ طور طریق ، انداز ؛ طریقہ .۳. موزونیت ؛ سلیقہ ؛ ترتیب . [ع].

قَرِینے (فت ق ، ی مع) اند ؛ ج.
قَرینہ کی جمع نیز حالت مغیرہ (تراکیب میں مستعمل).

قرینے سے م ف. خوش اسلوبی سے ، ترتیب سے ، سلیقے سے .

قرینے کی بات مث. موقع کی بات ، ٹھیک بات ، قاعدے کی بات ، مناسب بات .

قَرْیَہ (فت ق ، سک ر ، فت ی) اند.
گانو ، قصبہ ، دیہہ . [ع].

قریہ قریہ م ف. ہر قریہ میں ، دیہات دیہات ، جگہ جگہ .

قَزّاق (فت ق ، شد ز) اند.
شخص جو مسافر کا راستہ روک کر مال و اسباب لوٹ لے ، راہزن ، لٹیرا ، ڈاکو . [ت].

قزاق اجل اند. (کنایتہً) موت کا فرشتہ ، ملک الموت .

قَزّاقی (فت ق ، شد ز) مث.
لوٹ مار ، غارت گری .

قُزَح (ضم ق، فت ز) اند.
زرد ؛ سرخ یا سبز رنگ ؛ رنگوں کی ملاوٹ (اُردو میں قوس قزح کی ترکیب میں مستعمل). [ع].

قِزِل (کس ق، ز) صف.
سرخ، لال [ت].

قزل باش / قزلباش اند. (لفظاً) سرخ سر؛ اسماعیل صفوی شاہ ایران نے اپنے لشکریوں کے لیے بارہ گوشے کی سرخ ٹوپی مقرر کی تھی اس لیے ان لشکریوں کو قزلباش کہا جانے لگا، بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ قزلباش ان قیدیوں کی اولاد ہیں جنھیں تیمور نے شاہ اسماعیل کے والد کے کہنے سے آزاد کر دیا تھا یہ لوگ سرخ ٹوپیاں پہنتے تھے۔

قِس (کس ق) اند.
قیاس کرو، اندازہ کرو، تلاش کرو، ڈھونڈو؛ نکالو. [ع].

قس علیٰ ہٰذا فقرہ. (عربی فقرہ اردو میں مستعمل) اسی پر اور چیزوں کو قیاس کرو، اسی سے اندازہ کرو.

قَسّام (فت ق، شد س) صف.
بہت بڑا تقسیم کرنے والا نیز حصہ یا نصیب مقرر کرنے والا. [ع].

قسّام ازل صف: اند. ازل سے تقسیم کرنے والا، مراد: خدائے تعالیٰ، پروردگار عالم.

قَساوَت (فت ق، و) مث.
سنگ دلی، کٹھور پن، سخت دلی. [ع].

قَسائی (فت ق). (الف) اند.
قصاب، گوشت کاٹنے والا، ذبح یا حلال کر کے گوشت بیچنے والا، گوشت فروش. (ب) صف: مذ، مث. بے رحم، ظالم، سنگ دل. [ع: قصاب کا مورد].

قِسط (کس ق، سک س) مث.
۱. وہ روپیہ جو تھوڑا تھوڑا کر کے حسب قرارداد دیا جائے، مال گزاری کا وہ حصہ جو وقت معینہ پر دیا جائے، بانٹ. ۲. کسی چیز کا حصہ، جزو، کھنڈ، ٹکڑا. ۳. عدل، مساوات، انصاف. ۴. کسی قسط وار کہانی یا نشریے کا ہر حصہ (انگ: Episode). [ع].

قسط وار م ف. بالاقساط، قسط بہ قسط، قسط کے مطابق، مرحلہ وار.

قَسَم (فت ق، س) مث.
کوئی مقدس نام لے کر یا کسی چیز کی سوگند کھا کر کسی امر کا دلانے یا عہد و پیمان کرنے کا عمل، سوگند، حلف. [ع].

قسم پر قسم کھانا محاورہ. عہد پر عہد کرنا، بار بار قسم کھانا، حلف پہ حلف اٹھانا.

قسم کھانا محاورہ. کسی کا نام لے کر یا اس کا واسطہ دے کر کسی یقین دلانا یا کسی بات کی صداقت ثابت کرنا، حلف اٹھانا.

قِسْم (کس ق، سک س) مث.
۱. حصہ، ٹکڑا، جزو، کسی چیز کا پارہ. ۲. ایک جیسی خصوصیات رکھنے والی اشیاء یا افراد کا مجموعہ، صنف، نوع یا جنس، قبیل. ۳. طور، طرز، طرح، ڈھنگ، طریق. [ع].

قسم قسم کی / کے م ف. طرح طرح کے، مختلف نوع کے.

قِسمَت (کس ق، سک س، فت م) مث.
۱. تقدیر، مقدر، نصیب. ۲. حصہ، بخرہ. ۳. (i) مقدر کرنا، مقدور ہونا بانٹا جانا، بانٹنا، حصے میں آنا. (ii) (ریاضی) کسی رقم یا عدد کو کسی دوسری رقم یا عدد کی نسبت سے مساوی ٹکڑوں میں بانٹنے کا عمل. [ع].

قسمت آزمائی مث. کامیابی کے امکان یا بھروسے پر کوئی قدم اٹھانے کا عمل؛ نصیبے کی آزمائش.

قسمت پھوٹنا محاورہ. برے دن آنا، تقدیر بگڑنا، ادبار آنا.

قسمت کا پھیر اند. قسمت کی خرابی؛ مقدر کا چکر، تقدیر کا بگاڑ؛ بدبختی؛ ادبار.

قسمت کا دھنی صف. خوش قسمت؛ صاحب اقبال؛ خوش نصیب؛ بھاگوان؛ تقدیر والا.

قسمت کا لکھا اند. نوشتۂ تقدیر، مشیت ایزدی، تقدیر کا لکھا.

قسمت کے لکھے کو کوئی نہیں مٹا / میٹ سکتا کہاوت. قسمت لکھا پورا ہو کر رہتا ہے، قسمت کوئی نہیں بدل سکتا.

قَسَمِیَّہ (فت ق، س نیز سک س، کس م، فت ی) (الف) م ف: صف. قسم کھا کر، قسم سے، قسم کھا کر کہی ہوئی بات. (ب) اند. (قواعد) جس میں قسم کا ذکر ہو.

قِسّیس (کس ق، شد س، ی مع) اند.
عیسائیوں کا عالم دین، پادری؛ عیسائیوں کے اس عالم کو کہتے ہیں جو مبلغ بھی ہو۔ [ع].

قَسِیم (فت ق، ی مع) (الف) اند.
ا.تقسیم شدہ شے کا ایک حصہ (دوسرے حصے کے بالمقابل)۔ ۲. حصے میں شریک، شرکت دار، حصہ دار۔ (ب) صف. تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا، حصہ کرنے والا۔ [ع].

قِشر (کس ق، سک ش) اند.
ا.جسم نامی کی بیرونی بافت، چھلکا، چھال؛ کھال، جلد، پوست.
۲. بالائی پرت، بیرونی حصہ، باہر کا پرت یا چھلکا، خول۔ [ع].

قِشرَہ (کس ق، سک ش، فت ر) اند.
ا. چھلکا، پوست، بیرونی حصہ۔ ۲. (طب) بھیجے کی بیرونی تہ جس کا رنگ بھورا ہوتا ہے۔

قَشقَہ (فت ق، سک ش، فت ق) اند.
پیشانی پر صندل یا زعفران کے دو نشانات لکیروں کی صورت، ٹیکا، تلک جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔ [ف].
قشقہ کھینچنا محاورہ. پیشانی پر تلک لگانا، صندل یا زعفران کی دو لکیریں ماتھے پر کھینچنا؛ مراد: ٹیکا لگانا.

قَصّاب (فت ق، شد ص) صف؛ اند.
ا.گوشت کاٹنے والا، قصائی، بوچڑ، گوشت بیچنے والا۔ ۲. (مجازاً) ظالم، بے درد۔ [ع].

قِصاص (کس ق) اند.
(شرعی قانون) جان کے بدلے جان اور خون کے عوض خون لینا یعنی جتنی تکلیف کسی کو پہنچائی جائے، اس کے بدلے میں اتنی ہی تکلیف ظالم کو پہنچائی جائے۔ [ع].

قَصّاص (فت ق، شد ص) اند؛ ج.
بہت قصے کہانیاں سنانے والے، بڑے داستان گو، قصہ خوان۔ [ع]

قَصائِد (فت ق، کس ء) اند.
قصیدہ (دیکھیے) کی جمع، مدحیہ اشعار، قصیدے۔ [ع].

قَصائِص (فت ق، کس ء) اند؛ ج.
قصے، کہانیاں، حکایتیں۔ [ع].

قَصائی (فت ق) اند.
گوشت کاٹنے والا، گوشت بیچنے والا، بوچڑ؛ (مجازاً) ظالم، بے درد.

قَصبات (فت ق، سک ص) اند؛ ج.
چھوٹے شہر، بڑے گانو.

قَصبَہ (فت ق، سک ص، فت ب) اند.
چھوٹا شہر، بڑا گانو۔ [ع].

قَصد (فت ق، سک ص) اند.
ارادہ، نیت، عزم۔ [ع].

قَصداً (فت ق، سک ص، تن دبلت) م ف.
ارادۃً، جان بوجھ کر، دیدہ دانستہ، عمداً.

قَصر (فت ق، سک ص) (الف) اند.
ا.کم یا مختصر کرنا، چھوٹا کرنا، کوتاہ کرنا۔ ۲. ایوان، محل، بارگاہ۔ ۳. (حج) بال کترانا۔ ۴. کوتاہی۔ ۵. (عروض) رکن کا آخری ساکن گرا کر اس ساکن سے پیشتر والے متحرک کو ساکن کر دینا۔ (ب) صف. وہ نماز جو مسافرت کی حالت میں چار رکعت کی بجائے دو رکعت پڑھی جائے۔ [ع].

قِصَص (کس ق، فت ص) اند؛ ج.
قصے، کہانیاں، حکایتیں۔ [ع].

قُصُور (ضم ق، و مع) اند.
ا.(i) کمی، کوتاہی۔ (ii) خامی، نقص۔ ۲. خطا، غلطی، بھول چوک۔ [ع].
قصور وار صف. خطا وار، گنہ گار، قابلِ الزام.

قِصّہ (کس ق، شد ص بلت) اند.
کہانی، حکایت، داستان، افسانہ۔ [ع].
قصّہ پارینہ اند. پرانی کہانی، گزری ہوئی بات.
قصّہ پاک کرنا محاورہ. جھگڑا طے کرنا، قضیہ چکانا.
قصّہ تمام کرنا ف مر؛ محاورہ. داستان ختم کرنا.
قصّہ چھیڑنا محاورہ. کسی بات کا ذکر شروع کرنا، کسی امر کا تذکرہ کرنا.
قصّہ خواں اند. قصہ کہنے یا سنانے والا، داستان گو.

قصہ مختصر کر خلاصۂ کلام. القصہ، المختصر، خلاصہ یہ کہ.

قَصِیدَہ (فت ق، ی مع، فت د) اند.
نظم کی وہ صنف جس میں مدح، وعظ، نصیحت، تعریف بہار، بے ثباتیِ روزگار یا شکایت زمانہ کے مضامین بیان کیے جائیں، اس کے مطلع کے دو مصرعوں اور ہر شعر کے مصرع ثانی کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے، عموماً قصیدے میں مدحیہ مضمون ہوتا ہے. [ع].

قَصِیر (فت ق، ی مع) صف.
(لمبائی میں) چھوٹا، کوتاہ، پست قد، ادنیٰ، معمولی، پست. [ع].

قَضا (فت ق) امث.
۱.حکم، حکم خدا، حکم الٰہی جو مخلوقات کے حق میں واقع ہوا ہو، فرمانِ ازلی، مشیت الٰہی. ۲.(i) کسی فرض یا واجب عبادت کو اس کے مقررہ وقت کے بعد ادا کرنا. (ii) عبادت جس کا مقررہ وقت گزر گیا ہو. (iii) کسی فرض یا واجب عبادت کی بروقت ادائیگی میں ناغہ ہونا یا کرنا. ۳.قسمت، تقدیر. ۴.موت، اجل. [ع].

قضائے حاجت امث. پاخانہ پھرنا، بول و براز سے فراغت حاصل کرنا.

قضا را م ف. اتفاق سے، یکا یک، اتفاقاً.

قضائے عمری امث. وہ نماز جو ہر ایک وقت کے فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ حسب قرارداد وقت نماز قضا شدہ کے عوض پڑھتے ہیں.

قضا کرنا محاورہ. ۱.روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ کرنا. ۲.مرنا، انتقال کرنا.

قضا نماز امث. نماز جس کا وقت گزر گیا ہو، چھوٹی ہوئی نماز.

قضا و قدر امث: اند. وہ حکم جو باری تعالیٰ نے کل موجودات کی نسبت لگا دیے ہیں، قضا وہ حکمِ اجمالی ہے جو روزِ ازل تمام موجودات کی نسبت لگایا جا چکا اور قدر وہ حکم ہے جو اس حکم ازلی یعنی قضا کے موافق ہر فرد کی نسبت بتدریج و بالتفصیل ہوتا رہتا ہے، مشیتِ الٰہی، حکم الٰہی، تقدیر.

قضا ہونا محاورہ. روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا.

قُضات / قُضاۃ (ضم ق) اند: ج.
بہت سے منصف، بہت سے قاضی، شرعی حکام، قاضی کا منصب.

قَضِیَّہ (فت ق، کس ض، شدی بفت) اند.
۱.حکم، خبر، (منطق) جملہ جو صدق و کذب کا احتمال رکھتا ہو، جملہ ۲.منطقی یا علمی مسئلہ، متنازعہ فیہ مسئلہ یا معاملہ. ۳.بحث، مباحثہ، ۴.جھگڑا، جھنجھٹ. ۵.معاملہ. [ع].

قضیہ اٹھانا محاورہ. فساد برپا کرنا، جھگڑا کھڑا کرنا.

قضیہ چکانا محاورہ. جھگڑا پاک کرنا، جھگڑا نمٹنا، قصہ پاک کرنا

قَط (فت ق) اند.
چوڑائی میں تراشنا یا کاٹنا، قلم کی نوک کو کاٹنا. [ع].

قط دینا / لگانا محاورہ. قلم کی نوک قط گیر پر رکھ کر چاقو سے کاٹنا

قِطار (کس نیز فت ق) امث.
۱.صف، سلسلہ، پرا. ۲.شمار. ۳.زار کے ساتھ بطور تابع آ کر بہت کے معنی دیتا ہے. [ع].

قُطّاع (ضم ق، شد ط) اند: ج.
قاطع کی جمع، مرکبات میں مستعمل. [ع].

قطاعُ الطریق اند: ج. رہزنوں کا گروہ، لٹیرے، ڈاکو، بٹ مار (اردو میں جمع اور واحد دونوں طرح مستعمل).

قُطّامَہ (فت نیز ضم ق، شد ط، فت م) امث.
۱.فاحشہ، قحبہ، طوائف. ۲.حرام زادی، عیار، مکار. [ع].

قُطب (ضم ق، سک ط) (الف) اند.
۱.مقناطیس کے دو متقابل سرے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ۲.بیٹری کے سیل کے منفی یا مثبت سرے. ۳. (جغرافیہ) محور زمین کا شمالی اور جنوبی سرا، زمین کے دونوں سرے. ۴. (i) ولی اللہ جس کے انتظام اور نگہبانی کا مدار ہو، بہت بلند پایہ ولی، خدا رسیدہ بزرگ، اولیا اللہ کا ایک مرتبہ. (ii). قوم کا سردار یا سالار جس پر کسی مدار ہو. (ب) صف. افضل، برگزیدہ. [ع].

قطب از جا نمی/ نہ جنبد/ جنبد نہ جُنبد گُل محمد کہاوت. (فارسی) کہاوت اردو میں مستعمل (اس شخص کے لیے مستعمل ہے جو اپنے سے نہ ہلتا ہو یا کم حرکت کرتا ہو).

قطب جنوبی اند. (جغرافیہ) منطقۂ قطب جنوبی، جو بحرِ منجمد جنوبی ملا ہوا ہے.

قطب شمالی اند. اُتر تارا جو بحرِ منجمد شمالی پر واقع ہے نیز زمین کے محور کا وہ سرا جو اتر کی طرف واقع ہے، علاوہ ازیں بحرِ منجمد شمالی کا علاقہ، زمین کا انتہائی شمالی علاقہ جو برفستان ہے اور جہاں ۶ ماہ دن اور ۶ ماہ کی رات ہوتی ہے.

قطب مینار اند. ایک مینار جو قطب الدین ایبک نے پرانی دلی میں جسے آج کل مہرولی کہتے ہیں مسجد قبۃ الاسلام کے لیے بنوایا تھا یہ سرخ پتھر کا ہے، اس مینار کا اسلوبِ تعمیر اس کی نقاشی اور خطاطی اور اس کی عظمت اس کے خالص اسلامی ہونے کے شاہد ہیں، اس کا نام حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مقدس نام پر رکھا گیا؛ (مجازاً) بلند مینار.

قطب نما اند. قطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ، کمپاس جسے سمت معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے.

قُطبی (ضم ق، سک ط) صف.
قطب جنوبی یا قطب شمالی کا.

قُطبِیَت (ضم ق، سک ط، کس ب، فت ی) مث.
۱. غوثیت سے بڑے مرتبے کی ولایت. ۲. (کنایۃً) جگہ نہ چھوڑنے کی عادت، عموماً گھر میں بیٹھے رہنے کی خصلت.

قُطبَین (ضم ق، سک ط، ی لین) اند.
دونوں قطب یعنی قطبِ شمالی اور قطب جنوبی یا کسی جسم کے دو مقابل سرے، متضاد سرے، اضداد.

قُطر (ضم ق، سک ط) اند.
خطِ مستقیم، جو دائرے کے مرکز سے گزر کر اسے دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہوا اور محیط سے جا ملے. [ع].

قَطرا / قَطرَہ (فت ق، سک ط، فت ر) اند.
رقیق شے کی بوند، پانی کی بوند، بوند، برابر. [ع].

قطرہ قطرہ م ف. ایک ایک بوند، بوند بوند، ہر بوند.

قطرہ قطرہ دریا ہو ہی جاتا ہے کہاوت. تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے.

قَطع (فت ق، سک ط) اند.
۱. (i) کاٹنا، تراشنا، برید کرنا. (ii) (عموماً لباس وغیرہ کی) وضع، تراش، کاٹ، کٹ، انداز. ۲. انقطاع کا عمل یا منقطع ہونا، ختم ہونا، چھوٹنا. [ع].

قطع تعلق اند. لگاؤ نہ رکھنا، میل ختم کر دینا، کچھ علاقہ نہ رکھنا، کچھ غرض نہ رکھنا، ترک ملاقات کرنا، چھوڑنا.

قطع رحمی مث. رشتہ داروں سے بدسلوکی، عزیز و اقربا سے لاتعلقی.

قطع کلام اند. کسی کے سلسلۂ کلام کو منقطع کر کے اپنی بات شروع کر دینا، پوری بات سننے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا، بات چیت نہ ہونا.

قطع کلامی مث. بات کاٹنا؛ گفتگو میں خلل پیدا کرنا.

قطع نظر م ف. علاوہ، بجز، ماسوا، چھوڑ کر، باوجودیکہ، پھر بھی، بہرحال، مگر، تاہم.

قطع نظر کرنا محاورہ. نظر انداز کرنا، کسی چیز کا خیال چھوڑ دینا، کسی بات کو ترک کر دینا، صرفِ نظر کرنا.

قطع و برید مث. ۱. کاٹ چھانٹ، تراش خراش. ۲. (کپڑے کے لیے) کاٹ چھانٹ، تراش خراش، کتر بیونت.

قَطعاً (فت ق، سک ط، تن ع بفت) م ف.
ہرگز، اصلاً، یکسر، بالکل.

قِطعات (کس نیز فت ق، سک ط) اند.
۱. ٹکڑے، حصے، اجزا. ۲. علاقے، زمین کے قطعے. ۳. (ادبیات) دو یا دو سے زیادہ بیتوں کی نظم جو کسی ایک مضمون پر مشتمل ہوتی ہے، قطعہ کی جمع.

قِطعَہ (کس نیز فت ق، سک ط، فت ع) اند.
۱. کسی چیز کا ٹکڑا، پارہ، جزو. ۲. ملک یا اراضی کا حصہ، خطہ. ۳. دو شعر یا اس سے زیادہ جو بامطلع یا بلامطلع ہوں مگر مضمون میں ایک دوسرے سے متعلق ہوں، مطلع کے سوا باقی غزل یا قصیدے کا ایک حصہ جو متفق المضمون اور کم سے کم دو شعروں پر مشتمل ہو. [ع].

قطعۂ آراضی اند. قطعہ زمین، زرعی زمین، کھیت.

قَطعی (فت ق، سک ط) صف؛ م ف.
۱. قطع کرنے والا یعنی دلیل و حجت کا قاطع، آخری، ناطق، حتمی، فیصلہ کن. ۲. یقینی، بلاشبہ. ۳. مکمل، پورا پورا، کامل. ۴. درحقیقت، بے شک، سچ، حقیقت میں. ۵. بالکل، یکسر.

قَطْعِیَّت (فت ق، سک ط، کس ع، شد ی بفت) امث.
یقین و قطعی ہونا، تیقن، حتمی ہونا.

قَعْدَہ (فت ق، سک ع، فت د) امذ.
بیٹھنا؛ (فقہ) نماز میں ''التحیات'' پڑھتے وقت بیٹھنا، قعود. [ع].

قَعْر (فت ق، سک ع) امذ.
ا. کنوئیں کی تہ، کنوئیں یا دریا وغیرہ کی گہرائی؛ عمق، تھاہ، گہرائی. ۲. بڑا گڑھا. [ع].

قعرِ مذلت امذ. انتہائی ذلت.

قُعُود (ضم ق، و مع) امذ.
بیٹھنا؛ (فقہ) نماز میں ''التحیات'' پڑھتے وقت بیٹھنا، قعدہ. [ع].

قَفَس (فت ق، ف) امذ.
ا. (پرندوں کا) پنجرا، کابک. ۲. جال، پھندا؛ (مجازاً) قالبِ خاکی، جسم؛ (عور) قید خانہ. [ف].

قفسِ عنصری امذ. عنصر کا قفس؛ مراد قالب خاکی، جسمِ انسانی.

قُفْل / قُفُل (ضم ق، سک نیز ضم ف) امذ.
ا. لوہے کا آلہ جسے دروازے اور صندوق وغیرہ پر لگا کر بند کرتے ہیں اور جو چابی کے بغیر نہیں کھل سکتا، تالا. ۲. (عملیات) زباں بندی کی ایک دعا یا وہ عمل جو زباں بندی کے لیے کیا جائے. [ع].

قفل کھلنا ف مر؛ محاورہ. تالا کھلنا؛ رکاوٹ دور ہونا، ترقی کے لیے راستہ ملنا، راہ ہموار ہونا.

قفل لگنا محاورہ. تالا پڑنا، تالا بند ہونا؛ (مجازاً) زبان بند ہونا (عموماً 'منھ' کے ساتھ).

قُفْلی (ضم ق، سک ف) امث.
قلفی کا محرف اور زیادہ مستعمل ہے، وہ ظرف یا سانچا جس میں برف سے دودھ وغیرہ جماتے ہیں؛ (مجازاً) دودھ وغیرہ جو اس ظرف یا سانچے میں جمایا جائے.

قُقْنُس / قُقْنُوس (فت نیز ضم ق، سک ق، ضم ن / و مع) امذ.
ایک خیالی پرندہ جس کی بابت مشہور ہے کہ بہت خوش رنگ اور خوش آواز ہے، کہتے ہیں کہ اس کی چونچ میں تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہیں اور ہر سوراخ سے ایک راگ نکلتا ہے. [یو].

قُل (ضم ق) امذ.
ا. کہہ، بول. ۲. (مجازاً) قرآن شریف کی چار سورتیں جو لفظ قل شروع ہوتی ہیں یعنی سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق سورۂ ناس جو تیسویں پارے میں ہیں، انہیں چار قل بھی کہتے ۳. فاتحۂ سویم، تیجا، فاتحہ خوانی. ۴. خاتمہ، اختتام، موت. [ع]

قل پڑھنا محاورہ. ا. ردِ بلا کے لیے چار قل پڑھنا. ۲. ایصالِ ثواب لیے چار قل پڑھنا، فاتحہ خوانی کرنا.

قل کرنا محاورہ. ختم کرنا، کام تمام کرنا، مار ڈالنا.

قل ہو اللہ پڑھنا ف مر؛ محاورہ. ا. سورۂ اخلاص پڑھنا. ۲. پیٹ میں قراقر ہونا، نہایت بھوک لگنا (آنتوں کا).

قل ہونا ف مر؛ محاورہ. ا. عرس ہونا؛ فاتحۂ سویم ہونا، تیجا ہونا تمام ہونا، خاتمہ ہونا، حالت تباہ ہونا، ہلاکت کے قریب ہونا.

قَلا (فت ق) امث.
ا. اچھل، فریب. ۲. کرتب، کھیل؛ بازی گر کی وہ حرکت جس میں نیچا اور ٹانگیں اوپر کر کے سر کے بل اُلٹ جاتا ہے.

قلا بازی امث. ا. نٹ کی طرح دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر یا رکھے بغیر سر کے بل اُلٹ جانا، ڈھیکلی لگانا، لڑھکنی کھانا. ۲. بازی گری، کرتب.

قلا بازی کھانا محاورہ. ا. دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر یا رکھے بغیر سر بل اُلٹ جانا، ڈھیکلی لگانا. ۲. پلٹا کھانا، ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا؛ نظریے یا طرزِ عمل کا یکسر بدل لینا.

قُلاب (ضم ق، شد ل) امذ.
ا. مچھلی پکڑنے کا خم دار آہنی کانٹا. ۲. آنکڑا، حلقہ، کنڈا. ۳. وہ آلہ سے تندور سے روٹی نکالتے ہیں؛ پیالے کا کنڈا. [ع].

قُلابَہ / قُلاّبَہ (ضم ق، فت ب / ضم ق، شد ل، فت ب) امذ.
ا. مچھلی پکڑنے کا خم دار آہنی کانٹا. ۲. (i) (دروازے وغیرہ کا) حلقہ. (ii) وہ کنڈا جس میں کوئی چیز لٹکائیں. (iii) (ہاتھ کا) حلقہ. ۳. (دروازے وغیرہ کا) قبضہ. ۴. وہ آلہ جس سے تندور روٹی نکالتے ہیں؛ پیالے کا کنڈا. ۵. (تیر اندازی) کمان کی شست بار بار کھینچنا اور چھوڑنا. [ع].

قَلّاش (فت ق، شد ل) صف.
بھوکا ننگا، کنگال، مفلس. [ع].

قلاقند (فت ق، ق، سک ن) امث: اند.
کھوئے کی مٹھائی جو قند کو ملا کر تیار کی جاتی ہے.

قُلانچ (ضم ق، غنہ) امث.
گھوڑے، ہرن یا خرگوش وغیرہ کی جست، چوکڑی؛ چھلانگ، زقند.

قُلانچیں (ضم ق، مع، ی مخ) امث: ج.
قلانچ کی جمع، چوکڑیاں، زقندیں (تراکیب میں مستعمل).

قلانچیں بھرنا محاورہ. چوکڑیاں بھرنا، اُچھلنا کودنا، چھلانگیں لگانا.

قَلْب (فت ق سک ل)(الف) اند.
۱. وہ عضوِ رئیس جو گردشِ خون کو قائم رکھتا ہے اور سینے کے بائیں طرف دھڑکتا ہے، دل، من. ۲. ہر چیز کا وسط، درمیان؛ مرکزی حصہ. [ع].

قلب ماہیت امث. کسی شے کی حقیقت بدل جانا، اصل حالت میں یکسر تبدیلی آ جانا.

قَلْبی (فت ق، سک ل) صف.
دلی، دل کا، دل سے متعلق.

قِلّت (کس ق، شد ل بفت) امث.
۱. کمی (خواہ مقدار میں ہو یا کیفیت میں) (کثرت کا نقیض). ۲. عسرت، تنگی؛ وقت، دشواری. [ع].

قُلْچَہ (ضم ق، سک ل، فت چ) اند.
چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جائے، کلچہ.

قَلْع (فت ق، سک ل) اند.
۱. گرانا، ڈھانا، بیخ کنی کرنا. ۲. ایک معدن کا نام جس کی طرف منسوب کرتے ہوئے رانگ کو قلعی کہا جاتا ہے. [ع].

قلع (و) قمع اند. بیخ کنی، توڑ پھوڑ، اکھاڑ پچھاڑ، انہدام، مسمار کرنا.

قَلْعَہ (فت نیز کس ق، سک ل، فت ع) اند.
وہ سنگین اور مضبوط و محفوظ عمارت جس میں بادشاہ اپنے خدم و حشم کے ساتھ رہتا ہے یا جس میں فوج رہتی ہے، کوٹلہ، حصار؛ اونچا اور بڑا مکان. [ع].

قلعہ بند صف. قلعے میں پناہ لینے والا، محصور.

قلعہ دار اند. قلعے کا محافظ، قلعے کا افسر، کمیدان.

قلعۂ معلیٰ اند. رفیع الشان قلعہ؛ شاہی دور میں دہلی کے لال قلعہ کا نام.

قَلْعی (فت ق، سک ل) امث.
۱. ایک سفید رنگ کی ملائم دھات جو چاندی سے مشابہت رکھتی ہے اور تانبے، پیتل وغیرہ کے برتنوں پر ملمع کرنے اور مرکب دھات بنانے کے کام آتی ہے، رانگ، رانگا، ٹین. ۲. مکانوں پر پھیرنے کا چونا وغیرہ، سفیدی. ۳. ملمع، گلٹ، روغن نیز ظاہری چمک دمک. ۴. آئینہ بنانے کے لیے شیشے کی سطح پر کیمیاوی طریقے سے پارہ وغیرہ چڑھانے کا عمل. [ع].

قلعی اُتر جانا/ اُترنا محاورہ. ۱. برتن سے قلعی کا مٹ جانا؛ ملمع اُترنا. ۲. چھپی بات ظاہر ہو جانا، اصل حقیقت واضح کر دینا.

قلعی کھل جانا/ کھلنا محاورہ. ۱. ملمع اُتر جانا، قلعی اُڑ جانا. ۲. حقیقت معلوم ہونا، اصلیت ظاہر ہونا. ۳. بھید کھلنا، بھانڈا پھوٹنا. ۴. شیخی کرکری ہونا، دعویٰ ٹوٹنا.

قلعی گر صف: اند. برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا؛ صیقل کرنے والا.

قُلْفا/ قُلْفَہ (ضم ق، سک ل/ فت ف) اند.
ایک قسم کا ساگ جس کے پتے بیضوی لیس دار، شاخیں سبز سرخی مائل اور رطوبت دار، پھول سفید اور سیاہ ہوتے ہیں، خرفہ کا ساگ.

قُلْفی (ضم ق، سک ل) امث.
دودھ ملائی وغیرہ کی برف جمانے کا سانچا؛ سانچے میں جمائی ہوئی برف.

قَلَق (فت ق، ل) اند.
۱. بے قراری، بے آرامی، بے کلی، بے تابی. ۲. رنج، الم، اندوہ، فکر. ۳. افسوس، حسرت، پچھتاوا. [ع].

قِلْقاری (کس ق، سک ل) امث.
شیر خوار بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو.

قُلْقُل (ضم ق، سک ل، ضم ق) امث.
صراحی یا بوتل کے اندر سے پانی یا شراب وغیرہ کے نکلنے کی آواز. [حکایت الصوت].

قلقل مینا مث. بوتل یا صراحی میں سے شراب کے نکلنے کی آواز.

قَلَم (فت ق، ل) (الف) اند نیز مث.
۱. (i) (نرکل، سرکنڈے، پر یا دھات وغیرہ کا بنا ہوا) لکھنے کا آلہ، کلک، خامہ. (ii) لوحِ محفوظ پر لکھنے کا قلم قدرت، (عموماً لوح کے ساتھ مستعمل). (ب) صف. کاٹا ہوا، تراشا ہوا، بریدہ، تراشیدہ.
(ج) مث. ۱. کسی پودے کی ہری شاخ جو نیا پودا پیدا کرنے کے لیے درخت سے کاٹ کر زمین میں لگائی جائے. ۲. مردانہ کنپٹی پر اُگنے والے بال جو استرے سے تراش دیئے گئے ہوں. ۳. کسی چیز کا لمبا ٹکڑا یا سلاخ (جیسے: نوشادر کی قلم، قلمی شورے کی قلم وغیرہ). ۴. پیوندِ درخت، وہ شاخ جو دوسرے درخت کی شاخ میں لگائی جاتی ہے اور جب جم جاتی ہے تو کاٹ دی جاتی ہے اور نیا پیڑ تیار ہو جاتا ہے. [ع].

قلم برداشتہ صف؛ م ف. فی البدیہہ، بے تکلف؛ بے ساختہ؛ جلدی جلدی (لکھنا).

قلم بنانا ف مر؛ محاورہ. ۱. قلم کو تراش کر لکھنے کے قابل کرنا، قلم تراشنا. ۲. کنپٹی کے اوپر کے بالوں کو قینچی یا استرے سے درست کرنا. ۳. ایک خاص قسم کی سلائی کرنا.

قلم بند صف. لکھا ہوا، مرقوم، تحریر شدہ.

قلم بند کرنا ف مر. تحریر میں لے آنا، لکھنا؛ درج کرنا.

قلم توڑ دینا محاورہ. قلم کے ذریعے کوئی ایسا شاہکار پیش کرنا جس کی مثال پیش نہ کی جا سکے، بے نظیر نظم یا نثر لکھنا کہ کوئی مقابل میں قلم نہ اٹھا سکے.

قلم دان/ قلمدان اند. وہ لمبی سی صندوقچی جس میں قلم دوات چاقو وغیرہ رکھتے ہیں.

قلم رو/ قلمرو مث؛ اند. ملک، سلطنت، مملکت، عمل داری.

قلم زد صف. کاٹی ہوئی تحریر، منسوخ کیا ہوا.

قلم زد کرنا ف مر. کسی لکھی ہوئی چیز کو قلم سے کاٹ دینا، کسی تحریر کو منسوخ کر دینا.

قلم کار صف. ۱. (i) لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا؛ منشی؛ متصدی؛ محرر، کلرک. (ii) لکھنے والا؛ ادیب؛ انشا پرداز. ۲. مصور؛ نقاش.

قلم کرنا محاورہ. کاٹنا، تراشنا؛ قطع کرنا؛ دو ٹکڑے کرنا.

قلم لگانا محاورہ. ۱. پودے سے شاخ کاٹ کر زمین میں لگانا تاکہ ایک اور پودا پیدا ہو جائے. ۲. (i) ایک شاخ کا دوسری میں پیوند کرنا. (ii) ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ملا دینا، پیوند کرنا.

قلم ہونا محاورہ. ترشنا، قطع ہونا، کٹنا، دو ٹکڑے ہونا.

قَلْماؤ (فت ق، سک ل، وج) اند.
کسی مادے کے سلاخ یا قلم کی شکل میں تبدیل کرنے یا ہونے کا عمل.

قَلْمی (فت ق، ل نیز سک ل) صف.
۱. ہاتھ کا لکھا ہوا (مطبوعہ کا نقیض). ۲. تحریری. ۳. قلم سے نسبت والا. ۴. اس درخت کا پھل جس میں قلم لگائی گئی ہو.

قلمی دوستی مث. باہمی خط و کتابت کے ذریعے کی جانے والی دوستی.

قلمی نام اند. وہ فرضی نام جو کوئی شخص اپنی تصانیف میں اختیار کرے.

قلمی نسخہ اند. ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب (مطبوعہ نسخہ کی ضد)، مخطوطہ.

قُلْمیں (فت ق، ل نیز سک ل، ی ج) مث؛ ج.
مردانہ کنپٹیوں پر چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال، قلم کی (تراکیب میں مستعمل).

قَلَنْدَر (فت ق، ل، سک ن، فت د) اند.
۱. (تصوّف) وہ شخص جو روحانی ترقی یہاں تک کر گیا ہو کہ اپنے اور علائقِ دنیوی سے بے خبر اور لاتعلق ہو کر ہمہ تن خدا کی ذات طرف متوجہ رہتا ہو اور تکلفاتِ رسمی کی قیود سے چھٹکارا پا گیا عشقِ حقیقی میں مست فقیر. ۲. دین و دنیا سے آزاد آدمی، رند، لاأبالی. ۳. بے نوا، تہی دست آدمی. [ف].

قَلَنْدَرانَہ (فت ق، ل، سک ن، د، ن) صف؛ م ف.
قلندر جیسا، قلندر کی مانند، درویشانہ.

قُلی (ضم ق) اند.
۱. باربرداری کا کام کرنے والا، حمال، خصوصاً وہ شخص جو ریلوے اسٹیشن پر مسافروں کا مال و اسباب اٹھاتا ہے، مزدور. ۲. غلام. [ت].

قَلْیا (فت ق، سک ل) اند.
سادہ گوشت کا گھی میں بھنا شوربہ دار سالن. [ع].

قلیل (فت ق، ی مع) صف.
۱. مقدار یا تعداد کے اعتبار سے کم، تھوڑا. ۲. چھوٹا، خرد، کوتاہ. [ع].
قلیل المیعاد صف. وہ شے یا کام جس کی میعاد کم ہو، جو تھوڑی مدت تک جاری رہے، عارضی.

قلیہ (فت ق، کس نیز سک ل، فت ی) اند.
سادہ گوشت کا گھی میں بھنا شوربہ دار سالن؛ سالن جس میں سبز ترکاری ڈال کر پکایا ہوا ہو. [ع].

قُم (ضم ق) امر.
اُٹھ کھڑا ہو، اُٹھ بیٹھ؛ جی اُٹھ، کلمۂ قم باذن اللہ کا پہلا لفظ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے کو زندہ کرتے وقت یہ کلمہ کہا کرتے تھے یعنی اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا).

قِمار (کس ق) اند.
بازی جس میں شرط لگائی جائے، بازی جس میں نقد کے لین دین کی شرط ہو، جوا. [ع].
قمار باز صف. شرط لگا کر بازی بدلنے والا، جواری، جوا کھیلنے والا.
قمار بازی مث. جوا کھیلنا، شرطیہ بازی، جوا.
قمار خانہ اند. جوئے کا مرکز، جوئے کا اڈا.

قُماش (ضم نیز کس ق) اند.
۱. ڈھنگ؛ وضع؛ انداز؛ طور؛ قسم؛ جنس؛ نوع. ۲. گھر کا مال و اسباب، مال و متاع، اثاثہ، سامان، متاع خانہ. [ع].

قمچی (فت ق، سک م) مث.
۱. پتلی لچکیلی چھڑی، سنٹی، بید؛ درخت کی ہری اور بغیر پتوں کی پتلی شاخ. ۲. کوڑا، چابک. [ت].

قمر (فت ق، م) اند.
چاند، چندرما، ماہ (تیسری تاریخ سے مہینے کے آخر تک قمر اور اس سے پہلے ہلال کہلاتا ہے). [ع].

قمری (فت ق، م) صف.
قمر سے منسوب، چاند والا؛ وہ سال جو چاند کی چال کے موافق قرار دیے گئے ہیں، ہجری سن (شمسی سال کے مقابل).

قُمری (ضم ق، سک م) مث.
کبوتر یا فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرند جس کی آواز گونج دار ہوتی ہے. [ع].

قمع (فت ق، سک نیز فت م) اند.
توڑنا، پھوڑنا، مارنا، زخمی کرنا، خوار کرنا، نیست و نابود کرنا، بیخ کنی. [ع].

قُمقام (فت نیز ضم ق، سک م) (الف) مث.
تلوار، بڑا چھرا. (ب) صف. قوم کا سردار. [ع].

قُمقُمہ (ضم ق، سک م، ضم ق، فت م) اند.
شیشے کی چھوٹی قندیل جس میں بتی روشن کر کے لٹکا دیتے ہیں، ایک وضع کا گول فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں، بجلی کا بلب یا گھی، شیشے کا گولا جس کو آرائش کے لیے چھتوں میں لٹکاتے ہیں. [ع].

قمہ (فت ق، م) اند.
لوہے کا ایک دھار دار آلہ، جسے عموماً عزادارانِ حسین ماتم میں سر پر مارتے ہیں. [ع].

قمیص (فت ق، ی مع) مث؛ اند.
بے کلی کا کرتا، ایک وضع کا پیراہن؛ جدید وضع کا کرتا جس میں کف ہوتے ہیں، کفوں اور گریبان میں بٹن ہوتے ہیں اور کالر ہوتا ہے، آستین کبھی آدھی بھی ہوتی ہیں، کف دار کُرتا. [ع].

قنات (فت ق) مث.
کپڑے کی دیوار یا اوٹ جسے زمین پر کھڑا کرنے کے لیے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بانس سلے ہوتے ہیں، کپڑے کی بنی ہوئی اوٹ نیز خیمہ، دیوار کا قائم مقام پردہ. [ت > ع].

قناعت (فت ق، ع) مث.
تھوڑی چیز پر رضا مندی، جو کچھ مل جائے اس پر صبر کر لینے کی خو (ہوس کی ضد). [ع].
قناعت بڑی دولت ہے کہاوت. قانع آدمی ہمیشہ خوش رہتا ہے.
قناعت پسند صف. ہمیشہ قناعت سے کام لینے والا، ہر چیز پر قناعت کرنے والا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، معد = معدولہ، مج = مجہول، مع = معروف، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

قناعت پسندی امث. سیر چشمی، نیت سیر ہونا، قناعت کی عادت، تھوڑی چیز کو بہت جاننا.

قَند (فت ق، سک ن) (الف) امذ.
۱. سفید دانے دار شکر. ۲. ایک دانے دار مٹھائی جو قند اور مادے سے تیار کی جاتی ہے اور کونڈے وغیرہ میں جما کر قاشیں تراش لیتے ہیں، قلاقند. (ب) صف. (استعارۃً) نہایت شریں. [ع].

قندِ مکرر امذ. ۱. دو مرتبہ صاف کیا ہوا قند جو بہت عمدہ اور شفاف ہوتا ہے، دوبارہ صاف کیا ہوا قند. ۲. (مجازاً) عمدہ بات جو دوبارہ کہی یا سنی جائے، کلام کا اعادہ.

قِندِیل (کس نیز فت ق، سک ن، ی مع) امث.
شیشے کا بنا ہوا ایک ظرف جس میں بتی روشن کر کے زنجیر سے لٹکا دیتے ہیں، ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جو عموماً محرم میں تعزیوں اور سبیلوں پر لٹکاتے ہیں، چراغ، وہ ظرف جس میں چراغ جلاتے ہیں؛ وہ ظرف جس میں تیر رکھتے ہیں. [ع].

قُنُوت (ضم ق، و مع) امث.
۱. طاعت؛ دعا؛ فرماں برداری؛ قیام. ۲. ایک دعا جو عشاء کے وقت وتر نماز کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے. [ع].

قنوتِ نازلہ امث. مصائب و خطرات اور آفات و حادثات سے نجات کے لیے پڑھی جانے والی قرآنی دعائیں.

قُنُوطی (ضم ق، و مع) صف.
قنوط سے منسوب، زندگی کا تاریک پہلو دیکھنے والا، ناامید.

قُنُوطِیَت (ضم ق، و مع، کس ط، فت ی) امث.
ہر شے کے صرف برے یا تاریک پہلو دیکھنا، یاسیت پسندی، مایوسی، ناامیدی، یاس.

قُوا (ضم ق) امذ؛ ج.
قوتیں، طاقتیں، اعضائے جسمانی کے معمولی عمل. [ع].

قَواعِد (فت ق، کس ع) (الف) امذ؛ ج.
اصول، گر، دستور، قاعدے. (ب) امث. گرامر، صرف و نحو.

قواعد نویس صف. قواعد لکھنے والا، صرف و نحو یا گرامر کے اصول و ضوابط لکھنے والا، قواعد نگار.

قَوّال (فت ق، شد و) صف؛ امذ.
گانے والا، صوفیانہ اور حقانی چیزیں یا کلام گانے والا، ایک مخصوص مقررہ انداز میں صوفیانہ اشعار گانے والا. [ع].

قَوّالی (فت ق، شد و) امث.
صوفیانہ غزل یا اشعار، گانا بجانا جو اکثر صوفی بزرگوں کے مزار یا صوفیوں کی مجلس یا کسی بزرگ کے عرس کے موقع پر ہوتا ہے، محفلِ سماع.

قِوام (کس ق) امذ.
۱. پانی میں گھول کر پکایا ہوا گڑ یا شکر جس میں تار اٹھنے لگے، شیرہ، چاشنی. ۲. وہ شے جس کے سبب کسی شے کا قیام ہو، خمیر، مادہ. ۳. تمباکو کا ست جو پان میں کھانے کے لیے مشک عنبر اور دوسرے خوش بودار مسالے ملا کر تیار کیا جاتا ہے. ۴. گاڑھا پن، گاڑھا ہونا، مادے کی نیم مائع صورت. [ع].

قَوانِین (فت ق، ی مع) امذ؛ ج.
قاعدے، ضابطے، آئین، دستور.

قُوَّت (ضم ق، شد و بفت) امث؛ ~ قوۃ.
۱. حرکت و عمل کی اہلیت، توانائی، جسمانی زور، اقتدار، اختیار، مشکل کاموں کو انجام دینے کی قابلیت یا استطاعت، قدرت (کام کر کی قابلیت کا نام اصطلاح میں قوت ہے)، طاقت، زور، قوی زبردست ہونا، صاحبِ زور ہونا. ۲. سہارا، مدد، اعانت، تقویت. [ع].

قوتِ ارادی امث.
ارادہ کر لینے کی قوت یا طاقت، کسی بات کا فیصلہ کر لینے کی قوت ارادے کی مضبوطی.

قوت بازو صف؛ امذ. ۱. بازو کا زور؛ (مجازاً) جسمانی محنت یا زور. ۲. کی طاقت؛ مراد: معاون، مددگار، سہارا، خود پر بھروسا.

قوت بخش صف. تقویت پہنچانے والا، طاقت دینے والا.

قوت پکڑنا محاورہ. زور پکڑنا، قوت حاصل کرنا، طاقت و توانائی حاصل کرنا.

قوتِ حافظہ امث. یاد رکھنے والی قوت، دماغ کا وہ حصہ جہاں مشاہدات مرتسم و محفوظ رہتے ہیں اور بہ وقتِ ضرورت یاد آ جاتے ہیں، یادداشت.

قوتِ گویائی امث. بولنے، بات کرنے کی قدرت.

قوتِ مدافعت مث. (طب) جسم کی وہ قوت جو مرض کو دفع کرتی ہے وہ قوت جو فضلات کو بدن سے نکال دیتی ہے.

قورما/ قورمہ (وج، سک ر، فت م) امذ.
گھی میں بھونا ہوا گوشت جس میں ہلدی اور ترکاری وشوربہ نہیں ہوتا، بھنا ہوا گوشت، بغیر ترکاری کا گوشت. [ت].

قوس (ولین) (الف) مث.
ا.کمان جس میں تیر جوڑ کے نشانے پر لگاتے ہیں.۲. نامکمل دائرے کا وہ حصہ جو وتر اور محیط دائرہ کے کسی حصے سے گھرا ہوا ہو، نامکمل دائرہ.
۳.(کنایۃً) جسم نسوانی کی گولائی. (ب) امذ. آسمان کے نویں برج کا نام جو کمان کا ہم شکل مانا گیا. [ع].

قوس قزح مث. دھنک یا رنگین کمان کی شکل جو آسمان پر بارش ہو چکنے کے بعد کبھی کبھی سورج نکلنے پر نظر آتی ہے، آفتاب کی شعاعیں جب بارش کے باریک قطروں میں سے گزرتی ہیں تو پھٹ کر سات رنگ پیدا کرتی ہیں جن سے روشنی مرکب ہے.

قوسین (ولین، ی لین) مث.
ا.قوس کا تثنیہ، کمان یا ہلال کی شکل کے وہ دو نشان جس سے عبارت میں کام لیا جاتا ہے ان کی شکل یہ ہے ( ) بریکٹ.۲. دو کمانیں؛ مراد: ابرو.۳. دو کمان کا فاصلہ؛ دیکھیے: قاب قوسین.

قول (ولین) امذ.
ا. بات، سخن، گفتار، بات چیت، بیان.۲.عہد، پیمان، وعدہ، اقرار، قسم. [ع].

قول و عمل امذ. طور طریق؛ راہ و روش؛ اطوار؛ گفتار و کردار، کہنا اور کرنا.

قول و فعل امذ. گفتار و کردار، طور طریق، رنگ ڈھنگ، چال چلن، راہ و روش.

قول و قرار/ قسم امذ. عہد و پیمان؛ قسما قسمی.

قولاً (ولین، تن بفت ل) م ف.
زبانی، زبان سے، قول کے اعتبار سے.

قولاً و عملاً م ف. زبانی، زبان سے، گفتار و کردار دونوں اعتبار سے.

قُولَنج (ولین نیز مع، فت نیز کس ل، سک ن) امذ.
(طب) وہ شدید درد جو قولون نامی آنت میں پیدا ہوتا ہے؛ انسانوں اور گھوڑوں وغیرہ کے پیٹ کا شدید درد. [ع].

قوم (ولین) مث.
ا.آدمیوں کا گروہ، جماعت.۲.فرقہ؛ خاندان؛ قبیلہ.۳.کسی خطۂ ارض میں رہنے والا وہ گروہ جس میں نسلی، لسانی اور تاریخی وحدت پائی جاتی ہو اور جو ایک نظام کے تحت متحد ہو. [ع].

قوم پرست صف. اپنی قوم کا پاس کرنے والا، وطنیت کے نظریے کا قائل.

قوما (وج) امذ.
طویل غیر طبعی غفلت؛ غیر طبعی گہری نیند؛ خوابِ غفلت؛ بے ہوشی. [انگ]

قومہ (ولین، فت م) امذ.
(فقہ اسلامی) نماز کا ایک رکن، نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا. [ع].

قومی (ولین) صف.
قوم سے منسوب، قوم کا.

قومی اثاثہ امذ.
قومی ساز و سامان، قومی اسباب، قومی دولت، وہ مال و متاع اور قدرتی وسائل جو کسی گروہِ انسانی یا ملک کو حاصل ہوں.

قومی اسمبلی مث. ملک کی قانون ساز مجلس، وضعِ قوانین کی قومی مجلس، مجلسِ شوریٰ.

قومی پرچم امذ. کسی ملک کا باضابطہ اختیار کیا ہوا جھنڈا جو اس کی شناخت ہو، قومی نشان یا پھریرا.

قومی ترانہ امذ. کسی قوم یا ملک کا سرکاری طور پر اختیار کیا ہوا نغمہ جو خاص موقعوں پر ساز کے ساتھ گایا جاتا ہے، وہ گیت جو پوری قوم کے احساسات اور اس کی روایات کا ترجمان ہو اور جس کا احترام اور تقدس اجتماعی اور قانونی طور پر مسلم ہو.

قومی زبان مث. زبان جو سرکاری طور پر کسی قوم کی زبان قرار دی جائے اور جو ملک میں ہر جگہ کبھی اور بولی جائے، قوم یا ملک کی مشترک بولی.

قومی ورثہ امذ. قومی میراث، وہ مال و متاع یا خصوصیات جو کسی قوم کو اپنی اگلی پشتوں سے پہنچیں.

قومیانا (ولین، سک م) ف ل.
ا.قومی بنانا، قومی ملکیت میں لینا، سرکاری تحویل میں لینا.۲.قومی رنگ میں رنگنا، قومی رنگ دینا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، وج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

قومیت (و لین، شد ی مع بلت) مث.
ا.نسل، اصل، ذات .۲.کسی ملک کا باشندہ ہونے کی حیثیت یا قانونی تصدیق، شہریت.

قُوَّہ (ضم ق، ش و بلت) اند.
ا. طاقت، قوت، زور .۲. زور طاقت یا قوت رکھنے والا ؛ (کنایۃً) حاکم بااختیار، مقتدر .۳. (طبیعیات) تفاعل بالقوت، توانائی یا حرکت جو کسی شے سے ظاہر ہو، صلاحیت و استعداد جو کسی شے میں پائی جائے، مثلاً: کسی دھات میں برقی رو کو آسانی گزارنے کی صلاحیت . [ع].

قوی (فت ق) صف.
ا.توانا، زور آور، طاقت ور، موثر .۲.قادر و توانا (اسمائے الٰہیہ میں سے ایک اسم) .۳.مضبوط، استوار، مستحکم، پائیدار . [ع].

قوی العمل مث. بہت موثر، جس کا عمل یا اثر تند و تیز ہو.

قوی ہیکل صف. ہٹا کٹا، قوی جثہ؛ زور آور، قد آور.

قہّار (فت ق، شدہ) صف.
ا.زبردست قہر والا، سب کو مغلوب رکھنے والا، شدید عذاب نازل کرنے والا (اسمائے الٰہی میں سے ایک) .۲. چیرہ دست، ظالم، جابر، قاہر، بہت ظالم. [قاہر کا صیغۂ تفضیل].

قہّاری (فت ق، شدہ) مث.
قہر، قاہری، مغلوب رکھنے کی قوت، قہاریت.

قہّاریّت (فت ق، شدہ، کس ر، فت ی) مث.
قہر و غضب، قاہری، قہر و غضب کی حالت یا کیفیت.

قہر (فت ج ق، سک ہ) اند.
ا.غضب، غصہ، خشم، طیش .۲.غلبہ، زبردستی، زور آوری، چیرہ دستی .
۳.آفت، قیامت، شامت، مصیبت .۴.عذاب، غضب. [ع].

قہر آلود / قہر آمیز صف. غصے سے بھرا ہوا.

قہر دُرویش بجان / برجان دُرویش کہاوت. غریب آدمی غصہ کرے گا تو کسی کا کیا لے گا اپنی ہی جان کو عذاب میں ڈالے گا، غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے، کسی کی مجبوری یا بے بسی کے موقع پر بولتے ہیں.

قہر نازل ہونا محاورہ. ناگہانی مصیبت سے واسطہ پڑنا، غضب اترنا

قَہراً (فت ج ق، سک ہ، تن ربلت) م ف.
جبر سے، زور ظلم سے، مجبوری سے، چار و ناچار؛ زبردستی، مجبوراً

قَہرمان (فت ج ق، سک ہ، ر) صف؛ اند.
ا. صاحب غلبہ، جبری و زبردست؛ پہلوان؛ بہادر، دلیر .۲. سربراہ، کارفرما، منتظم .۳. ظالم؛ غضب ناک .۴.قوت، طاقت، اختیار؛ بدی کی طاقت. [ف].

قَہقَہا (فت ج ق، سک ہ، فت ق) اند.
دیکھیے: قہقہہ. [قہقہہ کا ایک املا].

قَہقَہہ (فت ج ق، سک ہ، فت ق، ہ) اند
ٹھٹا، کھلکھلا کر ہنسنا، زور کی ہنسی، قہ قہ کی آواز. [قہ قہہ (حکایت الصوت)]

قَہقَہے (فت ج ق، سک ہ، فت ق) اند؛ ج.
قہقہہ کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

قَہقَہے لگانا/مارنا محاورہ. ٹھٹا مارنا، کھلکھلا کر ہنسنا؛ آواز کے ساتھ ہنسنا.

قَہوہ (فت ج ق، سک ہ، فت و) اند؛ ~ قہوا.
کوفیا نامی پودے کے بیج جن کو بھون کر کیمیائی طریقہ سے سفوف تیار کیا جاتا ہے اور مشروب کے طور پر پیا جاتا ہے؛ بغیر دودھ کی چائے. [ع].

قے (فت ق) مث.
اُبکائی کے ساتھ کھایا ہوا اُگل دینا، الٹی، استفراغ، طبیعت کی خرابی کے بعد غذا وغیرہ کا پیٹ سے منھ کے راستے باہر نکلنا. [ع].

قِیادت (کس ق، فت د) مث.
رہنمائی، رہبری کرنے کا عمل، رہنمائی نیز سربراہی. [ع].

قِیاس (فت ج ق) اند.
ا. ذہن میں دو چیزوں کے درمیان موازنہ یا برابر کرنے کا عمل، کسی چیز کی مثال سے اندازہ کرنے کا عمل .۲. (i) تخمینہ، اندازہ؛ جانچ (ii) خیال؛ گمان؛ فکر؛ سوچ .۳.فہم، سمجھ، دانست. [ع].

قیاس آرائی مث. اندازہ یا تخمینہ لگانے کا عمل؛ اندازہ لگانا؛ قیاس خیال دوڑانا؛ گمان کرنا.

قیاس کرنا محاورہ. ۱. اندازہ کرنا ؛ جانچنا ؛ ذہن میں کسی چیز کو کسی چیز کے برابر ٹھہرانا. ۲. گمان کرنا ؛ خیال کرنا ؛ سمجھنا نیز تسلیم کرنا ، ماننا .

قیاس لگانا محاورہ. اندازہ لگانا ، خیال کرنا .

قِیاسی (کس ج ق) صف.

۱. قیاس سے منسوب ؛ خیالی ؛ ذہنی ؛ تصوری ؛ گمان پر مبنی ؛ مفروضہ ؛ غیر حقیقی. ۲. (قواعد) عام قاعدے کے مطابق بنایا ہوا کلمہ یا تعریف ، (سماعی کی ضد).

قِیافہ (کس ج ق ، فت ف) اند.

۱. وہ اندازہ جو شکل ، صورت ، حرکات و سکنات یا کسی علامت یا شگون سے لگایا جائے ، اٹکل ، قیاس ، اندازہ . ۲. وہ علم جس میں چہرے مہرے وغیرہ کے خط و خال و علامات سے بھلا بُرا شگون لیتے اور صاحبِ علامات کے اقوال و افعال و احوال سے بحث کرتے ہیں . [ع] .

قیافہ شِناس صف ؛ اند. ۱. علمِ قیافہ جاننے والا ، جوتشی . ۲. حالات ، شکل ، سیرت وغیرہ سے حقیقت کو پہچاننے والا .

قیافہ شِناسی مث. علمِ قیافہ نیز علمِ قیافہ سے واقفیت ، قیافہ سے پہچاننا .

قِیام (کس ج ق) اند.

۱. کھڑے ہونے یا اٹھنے کا عمل ، قائم ہونا ، کھڑے ہونا . ۲. (فقہ) نماز میں کھڑا ہونا ، نماز کا وہ حصہ جس میں نمازی کھڑا ہوتا ہے ، قعود کی ضد . ۳. سکونت ، بسیرا ؛ ٹھہرنے کا عمل ، پڑاؤ . ۴. ثبات ، استحکام ، بقا ، استقلال ، استقامت (تبدل کی ضد) . ۵. سکون ، قرار ، تزلزل کی ضد . [ع] .

قیام عمل میں آنا ف مر. کسی انجمن یا سوسائٹی وغیرہ کا قائم ہونا .

قیام کرنا محاورہ. ۱. کسی مقام پر اُترنا ، ٹھہرنا ، فروکش ہونا ، سکونت اختیار کرنا ، رہنا سہنا . ۲. نماز کے لیے کھڑا ہونا ، نماز پڑھنا .

قیام و طعام اند. رہنا سہنا ، کھانا پینا ، قیام مع طعام .

قِیامَت (کس ج ق ، فت م) (الف) مث.

۱. کھڑے ہونا ، وہ وقت یا دن جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے ، روزِ حشر ، یومُ الحساب . ۲. سب کے مرنے اور نیست و نابود ہونے کا دن . ۳. بلا ، آفت ؛ مصیبت ؛ انوکھی بات ؛ امرِ عجیب . ۴. (i) قہر ؛ غضب ؛ ستم ؛ ظلم . (ii) فتنہ انگیز بات ؛ ہنگامہ خیز امر یا معاملہ . (ب) صف . برائے اظہار کثرت ، بہت ، بدرجۂ غایت ، ازحد ، کمال . [ع] .

قیامت برپا کرنا محاورہ. فتنہ اُٹھانا ، فساد مچانا ، ہنگامہ کرنا .

قیامت ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا محاورہ. آفت برپا ہونا ، حشر ٹوٹنا ، شامت آنا نیز بہت خفگی ہونا .

قیامت خیز صف. قیامت اُٹھانے والا ، قہر توڑنے والا ، ستم ڈھانے والا .

قیامتِ صُغریٰ مث. چھوٹی قیامت ، موت کا وہ عالم جو موت کے بعد ہر شخص کو انفرادی طور پر لاحق ہوتا ہے ؛ (مجازاً) مصیبت ، آفت .

قَید (ی لین) مث.

۱. اسیری ؛ حبس ، قبضہ ؛ گرفت . ۲. (مجازاً) زنداں ، جیل خانہ ؛ بندش ، گرفتاری . [ع] .

قید اٹھا دینا محاورہ. پابندی یا شرط دور کرنا .

قیدِ بامشقّت مث. وہ سزا جس میں سزا یافتہ مجرم سے کوئی سخت کام لیا جائے ، جسمانی مشقت کا کام لیا جائے (قیدِ محض کی ضد) .

قید خانہ اند. قیدیوں کے رہنے کی جگہ ، زندان ، مجرموں کے سزا بھگتنے کا مکان ، جیل .

قید کرنا محاورہ. ۱. محبوس کرنا ، اسیر کرنا ، گرفتار کرنا ؛ پنجرے یا جیل میں ڈالنا . ۲. ضبط کرنا ، پابند کرنا ، یاد کرنا .

قید و بند مث. شرط و پابندی نیز اسیری اور بندش ، گرفتاری و ممانعت .

قَیدی (ی لین) صف ؛ اند.

۱. (i) اسیر ، محبوس ، مقید . (ii) گرفتار ، پکڑا ہوا . ۲. سزا یافتہ ، مجرم .

قیراط (ی مع) اند.

ایک وزن جو درہم کے بارھویں حصے یا آدھے دانگ یا چار جو کی مقدار کے برابر ہوتا ہے ، جواہرات کے تولنے میں کام آتا ہے . [ع] .

قَیس (ی لین) اند.

لیلیٰ کے عاشق کا نام جو قبیلۂ عامر سے تھا ، مجنوں . [ع] .

قَیصَر (ی لین ، فت ص) اند.

۱. سلطان ، شہنشاہ . ۲. وہ بچہ جو ابھی اپنی ماں کے پیٹ میں ہو اور اس کی ماں مر جائے اور اسے ماں کا پیٹ چیر کر نکالا جائے ، چونکہ روم کا حکمراں آگسٹس اسی طرح پیدا ہوا تھا اور بہت زبردست اور اقبال مند تھا . ۳. روم کے بادشاہوں کا لقب . [ع] .

قِیف (ی مع) اند: امث.
ایک ظرف جس کا منھ اوپر سے کھلا ہوا ہوتا ہے اور نیچے ایک نلکی لگی ہوتی ہے، اس کے ذریعے سے رقیق چیز بوتلوں اور ٹنکیوں وغیرہ میں آسانی سے بھر دی جاتی ہے. [ع].

قِیل (ی مع) اند.
کہا گیا نیز بات؛ کلام، (عموماً) قیل وقال کی ترکیب میں مستعمل. [ع].

قیل و قال امث. ۱. بات چیت، باہم گفتگو. ۲. رَدّ و کَد، بحثا بحثی، بحث وتکرار.

قَیلُولَہ (ی لین، ومع، فت ل) اند.
کھانا کھانے کے بعد قدرے لیٹنا، دوپہر کو کھانے کے بعد آرام کرنا، دوپہر کا سونا. [ع].

قِیما (ی مع) اند.
دیکھیے: قیمہ.

قِیمَت (ی مع، فت م) امث.
۱. زر کی وہ مقدار جو کسی شے کے بدلے میں دی جائے، مول، دام، بھاؤ، نرخ. ۲. لاگت. ۳. اُجرت، معاوضہ. ۴. قدر، درجہ.

قیمتِ خرید امث. (معاشیات) زر کی وہ مقدار جو کسی چیز کے بدلے میں دی جائے.

قِیمتاً (ی مع، فت م، تن ت بفت) م ف.
قیمت کے ساتھ، قیمت لے کر، معاوضہ لے کر.

قِیمتی (ی مع، فت نیز سک م) صف.
۱. زیادہ مول کا، بیش بہا، گراں بہا، قیمت والا. ۲. عمدہ، نفیس، قابلِ قدر.

قِیمَہ (ی مع، فت م) اند.
ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت جس سے کباب، کوفتے اور بعض دوسرے سالن اور کھانے تیار کیے جاتے ہیں. [ع].

قیمہ کرنا ف مر؛ محاورہ. کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا، تلوار سے کچلا کرنا، بہت مارنا.

قِینچ (ی لین، غنہ) صف.
کٹا ہوا، قطع کیا ہوا. [قینچی کا موّرد].

قِینچی (ی لین، مغ) امث.
۱. کپڑا یا کاغذ وغیرہ کترنے کا آلہ، مقراض. ۲. (کشتی) وہ داؤ جس حریف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر اسے مجبور کر دیا جاتا (یہ اصطلاح شمشیر زنی میں بھی مستعمل ہے).

قینچی چلانا ف مر؛ محاورہ. قینچی سے کترنا نیز درزی کا پیشہ کرنا بُرید کرنا (عموماً مضامین وغیرہ میں کاٹ کر مختصر کر دینا.

قینچی چلنا ف مر؛ محاورہ. قینچی چلانا کا لازم، قینچی کا رواں ہونا، کترا تراشنا نیز کٹنا (کسی چیز کا).

قینچی سی / کی طرح زبان چلنا محاورہ. فرفر زبان چلنا، تیز تیز تڑاق تڑاق بولنا، دوسرے کی بات کاٹنے کو جلد جلد بولنا.

قُیُود (ضم ق، ومع) اند: امث، ج.
بندشیں، پابندیاں، قدغن، روک ٹوک، سزائیں. [قید کی جمع]

قَیُّوم (فت ق، شدی، ومع) صف.
۱. قائم بالذات، بہت قائم ہونے والا، ہمیشہ رہنے والا، بہت اصلاح امور کرنے والا. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

ک

ک اند.
تلفظ "کاف" اُردو حروف تہجی کا اکتالیسواں (بشمول ہائیہ الفاظ) عربی کا بائیسواں اور فارسی کا پچیسواں حرف (جو صحیح مصمت ہے) حسابِ جمل میں اس کے بیس عدد فرض کیے گئے ہیں، ھ کے ساتھ ہو کر ایک علیحدہ صوتی حرف "کھ" شمار کیا جاتا ہے.

کا حرف اضافت مذ.
(قواعد) اضافت کے تمام معانی میں مستعمل ہے (جیسے: سونے کا گلاس، کراچی کا باشندہ، شیر کا پنجہ (بطور تشبیہ) دل کا کنول (بطور استعارہ) قیامت کا سماں.

۰۰۰ کا لاحقہ.

کابُک (فت نیز ضم ب) امث.
کبوتروں کا کاٹھ یا کھپچیوں کا بنا ہوا ڈربا نیز بٹیروں کا تیلیوں بنا ہوا ڈربا؛ (مجازاً) ہر چھوٹے پرند کا ڈربا. [ف].

کابلی (ضم نیز سک ب) صف.
کابل (علم) سے منسوب ؛ کابل کا باشندہ ؛ کابل کا بنا ہوا (سامان وغیرہ).
کابلی چنا اند. ایک قسم کا سفید چنا جو قدرے بڑا ہوتا ہے.
کابُوس (و مع) اند.
ڈراؤنا خواب جس میں بدن جکڑا ہوا محسوس ہوتا ہے ، آدمی ہیبت سے چیخنا چاہتا ہے مگر آواز نہیں نکلتی، سوتے میں ڈر جانے کی بیماری. [ع].
کابِین (ی مع) اند.
وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر زوجہ کو دیتا ہے یا دینے کا اقرار کرتا ہے ، مہر. [ف].
کابینہ (ی مع ، فت ن) اند.
کسی حکومت کے وزیروں کی جماعت ، مجلس وزراء ، دارالشوریٰ ، بابِ حکومت. [انگ].
کاپی است.
۱. تار یا دھاگے سے سلے ہوئے چند اوراق ، (عموماً مجلد) نوٹ بک.
۲. نقل ، اصل سے ہو بہو مشابہ. ۳. چھپنے کے لیے کتابت شدہ اوراق ، جلد ، نسخہ. [انگ].
کاپی کرنا محاورہ. ۱. اصل مضمون کو دیکھ دیکھ کر دوسرے کاغذ پر لکھنا ، نقل کرنا. ۲. کسی عبارت ، تحریر ، تصویر کی من و عن نقل. ۳. نقل اتارنا ، کسی کا انداز یا لہجہ اختیار کرنا.
کاتِب (کس ت) اند.
۱. لکھنے والا شخص ، جس نے کوئی چیز لکھی یا نقل کی ہو ، منشی ، محرّر. ۲. کتابت کا پیشہ کرنے والا ، کتابت کرنے والا ، خوش نویس. [ع].
کاتبِ تقدیر اند. (کنایۃً) خدا تعالیٰ.
کاتِک (کس ت) اند.
بکرمی سال کا ساتواں مہینہ جو تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک ہوتا ہے ، ترکیبات میں بھی مستعمل ہے اور منفرد بھی.
کاتنا (سک ت) ف م.
چرخے یا مشین پر روئی ، اون یا ریشم سے سوت دھاگے بنانا.
کاٹ است ؛ اند.
۱. (i) (تلوار وغیرہ کی) برش ، کاٹنے کی قوت و صلاحیت. (ii) تیزی ، چبھن. ۲. تراش ، قطع ، بیونت. ۳. عداوت ، بیر ، دشمنی ، مخالفت. ۴. دفعیہ (جادو وغیرہ کا) توڑ.
کاٹ پیٹ / چھانٹ است. ۱. قطع و برید ، چیر پھاڑ. ۲. درخت کا چھانٹاؤ ، کتر بیونت. ۳. (حساب میں) کمی بیشی ، کٹوتی. ۴. ترمیم و تنسیخ. ۵. تراش خراش ، جوڑ توڑ ، ساز باز ، مکر و فریب.
کاٹ دار صف. تیز دھار والا ، تیز ، سریعُ الاثر.
کاٹ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کاٹنا ، تراشنا. ۲. کسی کی برائی کرنا ، بدگوئی کرنا ، برا بھلا کہنا.
کاٹ کھانا محاورہ. ۱. ڈسنا ، منھ مارنا ، ڈنک مارنا (سانپ ، بچھو وغیرہ کا).
۲. انسان یا کسی جانور کا دانتوں سے کاٹنا. ۳. نقصان پہنچانا. ۴. (کنایۃً) کسی چیز یا شخص کے ذکر پر یکا یک برہم ہو جانا.
کاٹ کھانے کو دوڑنا محاورہ. ویران اور اجاڑ معلوم ہونا ؛ (مجازاً) تکلیف دینا. ۲. غصے سے بولنا ، تند مزاجی سے پیش آنا ، بد مزاجی دکھانا ، بات بات پر آمادۂ جنگ ہونا.
کاٹا صف.
کاٹا ہوا ؛ ڈسا ہوا. [پ].
کاٹا کوٹی است. کاٹ پیٹ ، ترمیم تنسیخ.
کاٹنا (سک ٹ) ف م.
۱. (i) دھار دار آلے وغیرہ سے کسی شے کا کوئی جزو الگ کرنا ، قطع کرنا ، تراشنا ؛ (قینچی وغیرہ سے) کترنا. (ii) ذبح کرنا. ۲. خوش وضع اور ہموار بنانے کے لیے غیر ضروری حصے کو چھانٹ دینا ، چھنٹائی کرنا ، جیسے : بال کاٹنا ، شاخ کی زرد پتیاں کاٹنا وغیرہ. ۳. (کپڑا) بیونتنا (جیسے : قمیص کاٹنا ، پاجامہ کاٹنا ، تراشنا ، قطع کرنا وغیرہ). ۴. ڈنگ مارنا ، ڈسنا ؛ (مجازاً) ایذا پہنچانا. [پ].
کاٹنے کو دَوڑنا محاورہ.
۱. تلخی اور تند مزاجی سے پیش آنا ، جھلانا ، غصے میں بھر کر ایذا رسانی پر آمادہ ہونا. ۲. ویران ، اجاڑ ، سنسان اور مہیب محسوس ہونا.
کاٹُو (و مع) صف.
کاٹنے والا ، مار کاٹ کرنے والا. [پ].

کاٹو (و مج) اند.
لو یہ کاٹ لو ، جاؤ نالش کر دو ، چلو دور ہٹو جو کچھ کرنا ہو کر لو (ایک طرح کی گالی).

کاٹو تو خون/ لہو نہیں/ بدن میں کہاوت. خوف یا صدمے سے ہکا بکا رہ جانے سے رنگ اڑ جانے کے موقع پر مستعمل، مترادف: ہکا بکا رہ گیا، چہرے کا رنگ اڑ گیا، خاموش ہو کر منہ تکنے لگا، ہوش و حواس اڑ گئے وغیرہ.

کاٹے اند، ج.
کاٹا کی جمع نیز حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل.

کاٹے کا منتر نہیں فقرہ. کسی کی ایذا رسانی کا دفعیہ یا مداوا نہ ہو سکنے پر یا بڑے عیار کی زد سے محفوظ نہ ہونے کے موقع پر مستعمل.

کاٹے نہ/نہیں کٹنا محاورہ. جان کا عذاب ہونا، دوبھر ہونا، جھیلا نہ جانا، مشکل سے طے ہونا (وقت، مرحلہ).

کاٹھ اند.
لکڑی، سوکھی لکڑی، چوبِ خشک. [پ].

کاٹھ کا الّو مف: اند. محض بے وقوف، احمق.

کاٹھ کباڑ اند. فضول سامان؛ (عموماً) گھر کی بے کار چیزیں.

کاٹھی مث.
۱. لکڑی؛ لکڑی کی بنائی ہوئی نشست جو زین سے مشابہ لیکن اس سے قدرے بڑی ہوتی ہے اور سوار کے لیے اونٹ وغیرہ کی کمر پر کس دی جاتی ہے. ۲. جسامت، ہاڑ، جسم، قد و قامت نیز قالب، ڈھانچا، پنجر.

کاٹھیاواڑ (سک ٹھ) اند.
جزیرہ نما گجرات کا ایک حصہ، پاکستان کے جنوب مشرق میں ایک مشہور علاقہ جہاں کے گھوڑے مشہور ہیں. [علم].

کاٹھیاواڑی مف.
کاٹھیاواڑ کا، کاٹھیاواڑ کا رہنے والا.

کاج (۱) اند.
(کرتے، قمیص، کوٹ، شلوکہ وغیرہ میں) بنایا ہوا سوراخ جس میں بٹن پھنساتے ہیں. [س].

کاج (۲) اند.
کام، دھندا، معاملہ نیز کام کا تابع. [س].

کاجَل (فت ج) اند.
نباتاتی تیل کے چراغ کا دھواں جو چراغ کے اوپر لٹکے ہوئے ٹھیکرے یا کسی اور چیز پر لے کر (پار کر) یوں ہی یا چکنا کر کے سلائی سے آنکھ میں لگایا جاتا ہے؛ (مجازاً) سرمہ. [س].

کاجل کی کوٹھری میں جو جائے گا وہ منہ کالا کر کے آئے گا کہاوت. بری جگہ یا بدنامی کی جگہ جانے سے بدنام ہی ہوگا.

کاجُو (و مع) اند.
ایک درخت ہے جس کے پتے کٹھل اور کھرنی کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں نیز اس کا پھل، ایک طرح کا خشک میوہ جو کچا اور بھون کر کھایا جاتا ہے. [س].

کاجی مف؛ اند.
کام کرنے والا، محنت کش، کام میں جت جانے والا، جفاکش، کام کا آدمی، کارکن؛ جفاکش آدمی؛ کارگیر، دست کار. [س].

کاخ اند.
بلند عمارت، (عموماً) محل، ایوان، قصر. [ف].

کاذِب (کس ذ) مف.
۱. جھوٹا، دروغ گو، مفتری (صادق کی ضد). ۲. (مجازاً) نقلی، لغو، بیہودہ، باطل. [ع].

کار (۱) اند.
۱. کام، فعل، ہنر، شغل، مشغلہ، پیشہ، دھندا. ۲. لکڑی وغیرہ پر نقاشی وغیرہ، صنعت، دست کاری، مینا کاری.

کارآمد (الف) مف. کام کا، کام آنے والا، فائدہ مند، مفید. (ب) اند. (ضرورت میں) کام آنا.

کار برآری مث. حاجت روائی، مطلب پورا کرنا، حصول مطلب نکالنا یا نکلنا، ضرورت پوری کرنا یا ہونا.

کاربند مف. تعمیل کرنے والا، عمل میں لانے والا، پابندی اور معمول کے ساتھ (کسی کام کو) انجام دینے والا، حکم کا پابند.

کارپرداز صف. کام کرنے والا، مہتمم، منتظم، کارکن، کارندہ، گماشتہ، کام سنوارنے والا، ایجنٹ.

کارچوب (الف) اند. ۱. لکڑی کا چوکھٹا، وہ چوکھٹا یا ڈھانچا جس پر کپڑا تان کر زردوزی یا کڑھائی کا کام کرتے ہیں. ۲. کشیدہ، زردوزی، کشیدہ کاری، چکن کا کام، گل کاری. (ب) صف. زردوزی یا کشیدہ کاری کا کام کرنے والا

کارچوبی (الف) صف. کاڑھا ہوا، چکن کے کام والا، زردوزی کیا ہوا، کام دار. (ب) مت. ۱. کارچوب کا کام، کشیدہ کاری، زردوزی، کپڑے پر چاندی یا سونے کے دھاگے سے گل بوٹے بنانا. ۲. کپڑا جس پر گل بوٹے کاڑھے گئے ہوں.

کارخانہ اند. ۱. کام کرنے جگہ، چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا ٹھکانا، صنعتی کام کرنے کی عمارت یا جگہ، کارگاہ، فیکٹری ۲. کوٹھی نیز دکان؛ ساز و سامان، اسباب، اثاثہ.

کارخانۂ قدرت اند. دنیا و کاروبارِ دنیا، مظاہراتِ فطرت، دنیا میں ہونے والے معاملات.

کارِ خیر اند. نیک کام، بھلائی کا کام.

کارروائی مث. ۱. ضروری یا حسبِ ضابطہ، کام کا اجرا، حاجت برآوری. ۲. عمل، تدبیر، اقدام (رائے یا منصوبے کے مطابق) عمل درآمد، تعمیل (اصول و احکام). ۳. (کسی واقعے کی) صورتِ حال، معاملہ، عدالت، روبکار، سازش، کارستانی.

کارزار مث؛ اند. جنگ، معرکہ، لڑائی، مقابلہ.

کارساز (الف) صف. ۱. کام پورے کرنے والا، حاجتیں برلانے والا؛ (خدا یا دیوتا کے لیے) کام بنانے والا، کام سنوارنے والا. (ب) اند. اللہ، خدائے تعالیٰ.

کارفرما صف. ۱. کام بتلانے والا، کام لینے اور دینے والا، حاکم، منتظم، صاحبِ اختیار. ۲. کارندہ، کارکن. ۳. اثر انداز، موثر. ۴. (زردوزی) چودھری.

کارفرمائی مث. کام لینا، کام دینا، کام کرانا؛ اثر قبول کرنا؛ احکامات دینا.

کارکردگی مث. ۱. کام کی انجام دہی، تجربہ کاری، کام کرنا. ۲. (کیے ہوئے کام کی خوبی، اچھائی اور مقدار وغیرہ.

کارکن اند. کام کرنے والا، کارندہ، مہتمم، عملہ (ایک یا زیادہ).

کارگاہ/ گہ اند. ۱. وہ جگہ جہاں کام کیا جائے، کام کرنے کی جگہ، کارخانہ. ۲. جولاہوں کا کپڑا بننے کا گڑھا، کرگہ، کپڑا بننے کی نشیبی جگہ.

کارگر صف. ۱. (i) موثر، باثر، تیر بہدف، تاثیر بخش. (ii) فائدہ مند، مفید. ۲. کام انجام دینے والا، کام پورے کرنے والا، ہنرمند.

کارگزار (الف) صف. کام کرنے والا، کام میں ہوشیار، فعال، مستعد. (ب) اند. کارندہ، نوکر، سرکاری نوکر (جسے کوئی خاص کام یا شعبہ سپرد ہو).

کارگزاری مث. کام انجام دینا، کارکردگی، حسن و خوبی کے ساتھ کسی کام کی تکمیل.

کارِ منصبی اند. سپرد کیا گیا کام، وہ کام جو عہدے کے مطابق ملا ہو.

کارنامہ اند. ۱. کوئی بہت بڑا کام، یادگاری کام، وہ بڑا کام جو مدتوں یاد رہے. ۲. تصویروں کا مرقع؛ جنگ نامہ. [ف].

کارِ نمایاں اند. بڑا کام، اہم کام؛ غیر معمولی کام، عظیم کام.

کار و بار اند. کام کاج، بیوپار، مشاغل، دھندے.

کار و باری صف. کاروبار سے متعلق، کاروبار کرنے والا.

کار (۲) مث.
خودکار مشینی گاڑی جو پٹرول، ڈیزل یا گیس کی قوت سے چلتی ہے. [انگ].

کاربَن (سک ر، فت ب) اند.
ایک غیر معدنی، کیمیائی مادہ جو گیس، مائع اور ٹھوس حالتوں میں پایا جاتا ہے. [انگ].

کاربن کاپی مث. کاربن کاغذ سے نکالی ہوئی تحریر یا تصویر؛ (مجازاً) ایسی منعکس تحریر یا تصویر جس پر اصل کا گمان ہو. [انگ].

کارتُوس (سک ر، و مع) اند.
گولی، موٹے کاغذ وغیرہ کے خول کی بنی ہوئی نلکی جس کے سرے پر چھرے اور باقی میں بارود بھری ہوتی ہے اور اسے بندوق وغیرہ میں رکھ کر چلاتے ہیں. [انگ].

کارپوریشَن (سک ر، و مج، ی مج، فت ش) مث.
۱. تجارتی یا سماجی ادارہ جو سرکاری فرمان سے یا لوگوں کے باہم اشتراک سے قائم کیا جائے. ۲. بڑے شہروں میں شہری انتظام کا ادارہ، میونسپلٹی یا میونسپل کمیٹی سے زیادہ بڑا اور بااختیار ادارہ. [انگ].

کارٹُون (سک ر، و مع) اند.
اصل سے ملتا جلتا خطوط یا لکیروں کا بنایا ہوا خاکہ یا تصویر جس سے مزاح کا رنگ پیدا ہو، اخبارات و رسائل میں چھپنے والے اور پردۂ سیمیں پر دکھائے جانے والے تفریحی یا مزاحیہ یا طنزیہ خاکے۔ [انگ].

کارڈ (سک ر) اند.
۱۔ دبیز کاغذ، گتا، خط لکھنے کے لیے دبیز کاغذ کا ٹکڑا، با تصویر یا تصویری پوسٹ کارڈ۔ ۲۔ ملاقاتی کارڈ جس پر نام پتا وغیرہ لکھا ہوتا ہے۔ ۳۔ شادی بیاہ یا دیگر تقریبات کا دعوت نامہ۔ ۴۔ تاش یا گنجفے کا پتا۔ ۵۔ شناختی کارڈ، شناخت نامہ۔ [انگ].

کارَسْتانی (فت ر، سک س) امث.
ہوشیاری، ہنرمندی، چالاکی؛ عیاری؛ سازش۔

کارک (سک ر) اند.
بوتل کی ڈاٹ جو بلوط کی قسم کے ایک درخت کی چھال کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ [انگ].

کارَن (فت ر)۔ (الف) م ف.
وجہ سے؛ واسطے؛ لیے؛ غرض سے؛ خاطر سے۔ (ب) اند۔ ۱۔ علت، سبب؛ باعث؛ واسطہ؛ ذریعہ۔ [س].

کارِنْدَہ (کس ر، سک ن، فت د)۔ (الف) اند.
۱۔ منشی؛ منیجر؛ کارکن؛ مختار ۲۔ گماشتہ؛ ایجنٹ؛ نمائندہ۔ (ب) صف۔ کام کرنے والا؛ محنتی کارکن، مزدور۔

کارْوَاں (فت نیز سک ر) اند؛ امث.
۱۔ اونٹوں کی قطار؛ گھوڑوں کا گلہ۔ ۲۔ قافلہ؛ مسافروں کی جماعت؛ سوداگروں کا گروہ۔ [ف].

کاری صف.
۱۔ شدید؛ سخت؛ گہرا؛ مہلک؛ کام تمام کرنے والا؛ بھاری۔ ۲۔ بھرپور؛ پورا پورا؛ کارگر، مؤثر۔

کاریز (ی مع) امث.
(کاشت کاری) زمین کے اندر پانی بہنے کا راستہ، کھیت وغیرہ میں پانی دینے کی نالی، گول نہر۔ [ف].

کاری گر / کاریگر (ی مع، فت گ) اند.
۱۔ ہنرمند؛ دستکار شخص؛ کام بنانے والا ۲۔ نائی؛ باورچی؛ موچی؛ معمار؛ لوہار وغیرہ۔ ۳۔ ماہرِ فن، اپنے کام میں استاد، ہوشیار، کام نکالنے والا۔ [ف].

کارِی گَری / کارِیگری امث۔ کاریگر کا کام؛ ہنرمندی؛ مہارت۔

کاڑھا اند.
جوش دے کر پی جانے والی دوا، جوشاندہ۔

کاڑْھنا (سک ڑ) ف م.
کپڑے پر بیل بوٹے بنانا، کشیدہ یا جالی بنانا۔ [س].

کاسِب (کس س) صف.
۱۔ محنت سے کمائی کرنے والا؛ کسب کرنے والا، مزدور۔ ۲۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔ ۳۔ ریاضت و عبادت میں بسر کرنے والا۔ [ع].

کاسْت (سک س) امث.
گھٹنے گھٹانے کا عمل، گھٹاؤ، کمی (کم کے ساتھ مستعمل)۔ [ف].

کاسْٹِک (سک س، کس ٹ) اند.
چاندی؛ پارے؛ پوٹیشیم اور جست وغیرہ سے تیار کیا ہوا ایک مرکب جو عموماً زخم وغیرہ کے بدگوشت اور جراثیم کو کاٹنے اور زہریلے کیڑوں کے کاٹے کا زہر مارنے کے لیے جسم پر لگایا جاتا ہے، اس کی زیادتی سے کھال جل جاتی ہے۔ [انگ].

کاسْٹِیُوم (سک س، کس ٹ، ی مع، و مع) اند؛ امث.
غسل کا مختصر لباس، پیرنے کا لباس۔ [انگ].

کاسْنی (سک س) امث.
سلاد کے پتوں سے مشابہ ایک بوٹی، ایک طرح کی سورج مکھی۔ (ب) صف۔ سرخی مائل نیلا بنفشی، ہلکا اودا، سوسنی (رنگ)۔ [ف].

کاسَہ (فت س) اند.
۱۔ (i) پیالہ؛ پیمانہ؛ جام؛ کٹورا۔ (ii) بھیک کا ٹھیکرا، کشکول۔ ۲۔ نقارہ؛ طبل؛ ڈھول؛ جلترنگ۔ ۳۔ خاصہ؛ امرا و روسا کا خاص کھانا۔ [ف].

کاسۂ سر اند۔ کھوپڑی؛ سر کا خول۔

کاش حرف تمنا.
کیا اچھا ہو، کیا اچھا ہوتا۔ [ف].

کاشانہ (فت نہ) اند.
جھونپڑا، گھر، مکان، آشیانہ، گھونسلا. [ف].

کاشت (سک ش) اند.
۱.کھیتی، زراعت. ۲. بوائی، بیج بونا فصل لگانا. ۳.افزائش نسل، پرورش. [ف].

کاشت کار / کاشتکار اند. کسان، اسامی، مزارع، کھیتی باڑی کرنے والا مزدور.

کاشِف (کس ش) صف.
(پوشیدہ شے یا امر کو) کھولنے والا، ظاہر کرنے والا. [ع].

کاشی (الف) مت.
۱.اینٹ پر نقاشی کر کے شیشے کا برادہ اس میں جذب کرنے کا عمل جس سے اس پر چینی کا شبہ ہونے لگتا ہے، کاچی. ۲.شیشے کی تہ چڑھی ہوئی ایک پتلی اینٹ جس پر نقش و نگار بنے ہوتے ہیں. (ب) اند. کاشان جگہ کا باشندہ. [ف].

کاشی پھل اند. گول کدو، میٹھا کدو.

کاشی کاری مت. عمارت کی استرکاری پر چینی کا کام بنانا نیز کاشی گر کا پیشہ.

کاظِم (کس ظ) صف.
۱.غصہ پی جانے والا، ضبط کرنے والا، نرم مزاج. ۲.امام موسیٰ رضا کا لقب. [ع].

کاغذ (فت غ) اند.
پتر یا ورق جس پر لکھتے اور چھاپتے ہیں؛ قرطاس. ۲.خط، مکتوب. [ع].

کاغذ سا صف. ورق سا، پتلا، باریک، نازک، نہایت ہلکا.

کاغذ سیاہ کرنا محاورہ. لکھنا، (عموماً) بے کار اور بے مصرف لکھنا، نکمی باتیں تحریر کرنا.

کاغذ کا پیٹ بھرنا محاورہ. بے دلی یا مجبوری سے کچھ لکھنا، محض خانہ پری کے لیے رسماً کچھ لکھنا، وقت گزاری کے لیے کچھ لکھنا.

کاغذ کی کشتی/ ناؤ مت. ۱. (کنایۃً) ناپائیدار چیز یا عمل، بے سود تدبیر؛ دھوکے دھڑی کا کام، بے فائدہ کام. ۲. وہ ناؤ جو کاغذ کی تہیں موڑ کر بچے بناتے ہیں.

کاغذ کی ناؤ پانی ہو نہیں بہتی/ چلتی کہاوت. کسی چیز یا امر کی ناپائیداری کے لیے مستعمل.

کاغذات (فت نیز سک غ) اند؛ ج.
عموماً دستاویزات، تحریری شہادتیں.

کاغذات نامزدگی اند. وہ فارم اور اسناد وغیرہ جو کسی ادارے کی ممبری کا امیدوار متعلقہ حاکم یا عہدہ دار کے دفتر میں مقررہ وقت کے اندر پیش کرتا ہے.

کاغَذی (فت غ) صف.
۱.کاغذ سے منسوب، کاغذ کا، کاغذ کا بنا ہوا. ۲. (i) پتلے چھلکے کا جیسے کاغذی لیموں، کاغذی بادام وغیرہ. (ii) مہین یا پتلے یا جسامت کا.

کاف اند.
حرف ک کا تلفظ. [ع].

کاف و نون اند. ۱.حرف کُن، کہا جاتا ہے کہ جب یہ کلمہ روزِ ازل خدائے تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تو دنیائے ممکنات وجود میں آ گئی؛ (مجازاً) روزِ آفرینش، روزِ ازل.

کافِر (کس نیز فت ف). (الف) اند.
۱. خدا کو نہ ماننے والا شخص، منکرِ خدا، بے دین، ملحد، وجودِ خداوندی سے انکار کرنے والا. ۲. (مجازاً) معشوق، محبوب. [ع].

کافُور (ومع) اند.
۱.سفید اور تیز خوشبو کا گوند (ریزش) جو اس نام کے درخت کی سفید لکڑی سے نکلتا ہے، کھلا رہنے سے اور آنچ پا کر اڑ جاتا ہے، عموماً مردے کے جسم پر ملتے ہیں، پھوڑے پھنسی کے مرہم میں ڈالتے ہیں اور اونی کپڑوں میں رکھتے ہیں جس سے کیڑا نہیں لگتا. ۲. جنت میں موجود تین چشموں میں سے ایک کا نام. [ع].

کافور کر دینا/ کرنا محاورہ. ۱.دور کرنا، زائل کر دینا، مٹا دینا ۲.مردے کو کافور کے پانی سے غسل دینا.

کافور ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱.کافور کرنا کا لازم، دور ہونا، دور ہٹنا، زائل ہونا، غائب ہونا ۲. بھاگ جانا، رفو چکر ہو جانا، چمپت ہونا، فرار ہو جانا. ۳.سفید ہونا ۴. بے جوش ہونا، بیزار ہونا، اُکتا جانا.

کافی (۱) صف.
۱. کفایت کرنے والا، بہ قدر ضرورت، جس سے کام نکل جائے.
۲. بہت، وافر، جس کے بعد ضرورت نہ ہو. [ع].
کافی ہو جانا/ ہونا محاورہ. مکتفی ہونا، کام نکل جانے کے قابل ہونا.
کافی (۲) مث.
(موسیقی) برصغیر پاک و ہند کی موسیقی کی چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام نیز پنجابی اور سندھی کے باقافیہ اشعار جن میں عموماً تصوف کے مضامین بیان کیے جاتے ہیں اور غزل کے طور پر گائے جاتے ہیں جیسے بلھے شاہ کی کافیاں. [مقامی].
کافی (۳) مث. ایک قسم کا دانہ سفید نخود جیسا جس کا قہوہ بنا کر پیتے ہیں (یہ افریقہ کے جنگلوں کے علاقے کافہ میں پیدا ہوتا ہے) نیز وہ قہوہ جو کافی سے تیار کیا جاتا ہے. [انگ].
کافی ہاؤس اند. کافی پینے کا ٹھکانا، قہوہ خانہ، کافی گھر، کافی خانہ، وہ جگہ جہاں بہت سے لوگ کافی پیتے ہوں. [انگ].
کاک (۱) مث.
۱. روغنی ٹکیہ یا روٹی جو بغیر پانی کے گھی میں گوندھ کر پکائی جاتی ہے، یہ ہاتھ کی ہتھیلی کے برابر چوڑی موٹی اور ٹھوس ہوتی ہے؛ بسکٹ، کیک، چوکا.
۲. (i) ٹکیا جو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی تناول کرتے تھے، قطب الاقطاب کے کھانے کی چھوٹی سی روٹی جو اب اس درگاہ کا تبرک ہے.
(ii) چھوٹی میٹھی روٹی یا نان (جو درگاہ وغیرہ پر نذر دی جاتی ہے). [ف].
کاک (۲) اند.
ایک قسم کی لکڑی کا درخت جو ہلکی ہوتی ہے اور جس کی پوست سے ڈاٹیں بناتے ہیں نیز اس لکڑی کی بنی ہوئی ڈاٹ. [انگ].
کاکا (۱) اند.
۱. برادر کلاں، بڑا بھائی، بڑا چچازاد بھائی. ۲. قدیمی خانہ زاد، گھر کا بوڑھا غلام. [ف].
کاکا (۲) اند. ۱. چھوٹا بچہ، چھوٹا لڑکا؛ سکھ یا راجا یا سرداروں کے بیٹے کا کلمہ تخاطب. ۲. باپ کا چھوٹا بھائی، چاچا، چچا. [س].
کاکا نہ کرے ساکا، ساکھا کہاوت. چچا جھگڑا نہیں کرتا، چچا کے اولاد نہ ہو تو بھتیجے کو متبنّی بنا لیتا ہے.

کاک ٹیل (ی ع) اند.
ایک قسم کی شراب، وہ شراب جو مختلف شرابوں کی آمیزش سے بنائی جاتی ہے اور جس کا ذائقہ تلخ اور شیریں ہوتا ہے. [انگ].
کاک روچ/ کاکروچ (سک ک، وع) اند.
لال بیگ، تل چٹا. [انگ].
کاکُل (ضم ک) مث؛ اند.
سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال؛ (مجازاً) زلف. [ف].
کاکُلوت (سک ک، وع) مث.
۱. لالچ، حرص ۲. خواہش، آرزو، تقاضا (فرط محبت کا). [س].
کاکُلوتی (سک ک، وع). (الف) مث.
ماتا، (ماں کی) محبت.
کاگ (۱) اند.
دیکھیے: کاک (۲)، کارک، ڈاٹ.
کاگ (۲) اند.
کوّا.
کاگا اند. کوّا، زاغ.
کاگا سب تن کھائیو اور چن چن کھائیو ماس دو نین (نیناں نہ/ مت کھائیو کہ موہے پیا ملن کی آس کہاوت.
(پوربی بھاشا کا مشہور دوہا جو کہاوت کے طور پر مستعمل ہے) عاشق عورت کوّے سے خطاب کرتی ہے کہ سارا بدن کھا لینا آنکھیں نہ کھانا کہ انہیں پیا کے دیکھنے کی امید ہے.
کال (۱) اند.
۱. قحط (خصوصاً اجناس کا)، (بارش نہ ہونے سے) اناج کا فقدان.
۲. (کسی چیز کی) کمی، قلت، نایابی. ۳. وقت، زمانہ، موسم. [س].
کال پڑنا محاورہ. قحط پڑنا، خشک سالی ہونا، توڑا ہونا، کمی ہونا، کسی چیز کی نایابی ہونا.
کال (۲) (الف) صف.
۱. سیاہ، کالا نیز تاریک، اندھیرا. ۲. کالا یا گہرا نیلا رنگ؛ آنکھوں کا کالا حصہ؛ ناگ کی سیاہ اور نہایت زہریلی قسم.

کال کوٹھری/ کوٹھڑی مث .۱.قید خانے کا اندھیرا کمرہ ، چھوٹی سی کوٹھری ، کوٹھری جس میں ہوا اور روشنی کا گزر نہ ہو .۲.قید تنہائی .

کال (۳) مث .
(فون پر کسی کا) بلاوا ، گفتگو ، ٹیلی فون پر بات ، رابطہ قائم کرنا .[انگ] .

کال بیل مث .طلبی کی گھنٹی ، بلاوے کی گھنٹی .

کال گرل مث . وہ فاحشہ جو ٹیلیفون کے ذریعہ ملنا منظور کرے یا بلائی جائے ، کسبی ، پیشہ کرنے والی لڑکی .

کالا صف .
۱.سیاہ ، کوئلے یا کاجل کے رنگ کا ، سیاہ فام ، اسود ۲. بے نور ، تاریک ، اندھیرا ۳. (قدیم) رسوا ، ذلیل ، بے عزت . [س] .

کالا بھٹ/ بھجنگ صف .بھٹی کی طرح ، نہایت کالا ، بہت کالا ، کالے رنگ پر پھبتی .

کالا بھجنگ صف .نہایت کالا ، کالا بھٹ ، بالکل کالا .

کالا پانی اند .۱. خلیج بنگال میں جزائر انڈمان جہاں برصغیر پر انگریزوں کی حکمرانی کے دور میں شدید جرائم کے مجرم اور عمر بھر کے قیدی سزا کے طور پر بھیجے جایا کرتے تھے وہاں کی آب و ہوا بہت خراب تھی ، صحت کے لیے بے حد مضر ، اسی سزا کو سمندر پار دیس نکالے کی سزا کہتے تھے ؛ حبس دوام بہ عبور دریائے شور .۲. (کنایۃً) نہایت دور دراز اور تکلیف دہ علاقہ .

کالا پتھر اند .۱. حجر اسود (جو خانہ کعبہ میں نصب ہے اور اسے طواف کعبہ کے وقت بوسہ دیتے ہیں) .۲. (جغرافیہ) آتش فشانی لاوے سے بنی ہوئی سیاہ رنگ کی ستون نما چٹان جو بیشتر زمین کی ستونی تہوں میں پائی جاتی ہے .

کالا توا صف . بالکل سیاہ ، بہت کالا ، اُلٹے توے کی طرح کالا ، کالی رنگت پر پھبتی .

کالا جادو اند .ایسا جادو یا منتر جو شیطان کی استعانت سے کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے استعمال کیا جائے ، سفلی عمل .

کالا دھن اند . ناجائز طریقے سے کمائی ہوئی دولت ، غیر قانونی دولت ، لوٹا یا چرایا ہوا یا رشوت کا مال . وہ روپیہ جو انکم ٹیکس سے بچنے کے لیے حکومت سے چھپا کے جمع کیا جائے .

کالا علم اند . جادو ٹونے اور گنڈوں کا علم ، سفلی علم ، کالا جادو .

کالا قانون اند . وہ قانون جس میں انصاف نہ ہو ، من مانی یا کسی ایک گروہ کے فائدے کے لیے بنایا جانے والا قانون ، جمہوریت کے خلاف ظلم و تشدد پر مبنی قانون ، غیر منصفانہ قانون .

کالا منھ (الف) کلمۂ تنفر و تحقیر .
۱. (برہمی کے موقع پر مستعمل ، کوسنے یا بددعا کے طور پر) خدا تجھے رسوا اور روسیاہ کرے ، بدنام ہو ، رسوا ہو .۲. (i) جا دور ہو ، دفان ہو . (ii) دور ، ایسی تیسی . (ب) اند . اُس شخص کا چہرہ جو جرم و خطا میں ملوث ہو . اف : کرنا / ہونا .

کالا نمک اند . سیاہ رنگ کا نمک جو ہاضمے کے لیے بہت اچھا ہوتا ہے ، سیاہ رنگ کا نمک جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ، سیاہی مائل گہرے سرخ رنگ کا پہاڑی نمک .

کالبُد (سک ل ، ضم ب) اند .
۱. جسم ، تن بدن ، ڈھانچا ، قالب ، انسان یا حیوان کا ۲. ہیئت ، بنیادی شکل ؛ (مجازاً) ڈھانچا ، قالب . [ف] .

کالِج (کس ل) اند .
وہ تعلیم گاہ جس میں ثانوی جماعتوں کے بعد کا نصاب پڑھایا جاتا ہے اعلیٰ جماعتوں کی درس گاہ جو کسی یونیورسٹی سے ملحق ہو . [انگ] .

کالَر (فت ل) اند .
۱. اچکن اور قمیص وغیرہ کے گلے کی پٹی ۲. قمیص کے گریبان پر اوپر سے چڑھائی جانے والی عموماً ذرا سخت پٹی ، گلوپوش ۳. چمڑے کی خمدار پٹی . [انگ] .

کالرا/ کالرَہ (سک ل/ فت ر) اند .
وبائی مرض جو خاص جراثیم کے جسم میں داخل ہونے سے پھیلتا ہے اور جس میں قے اور دست ہوتے ہیں ، ہیضہ . [انگ] .

کَالْعَدَم (فت ک ، ضم ا ، سک ل ، فت ع ، د) صف .
نہ ہونے کی شکل ، نہ ہونے کے برابر ، بالکل محو ، ختم اور فنا ، ناپید ، گویا کہ ہے ہی نہیں .

کالَک (فت ل) مث .
۱. (i) سیاہی ، کلونس . (ii) ظلمت ، اندھیرا ۲. رسوائی ، بدنامی ، کلنک ، عیب . [س] .

کالک منھ کو/ میں لگانا محاورہ. بدنام کرنا، رسوا کرنا.

کالک منھ کو ملنا محاورہ. شرمندہ ہونا، خجل ہونا.

کالم (فت ل) امذ.

۱. ہر وہ چیز جو ستون کی شکل رکھتی ہو، اخبار یا کتاب کے صفحے کی عمودی اور افقی تقسیم، جتنے حصے بنائے جائیں ان میں سے ہر ایک، خانہ. ۲. (صحافت) اخبار یا رسالے کا کسی خاص مستقل عنوان کے تحت لکھا جانے والا سلسلہ مضمون. ۳. فوج کی صف بندی کی تقسیم جو سکشن، پلاٹون اور کمپنیوں میں ہو، فوج کے پانچ دستوں میں سے ہر ایک، فوج کا پرا. ۴. حصہ، خانہ. [انگ].

کالم نگار/ نویس امذ. اخبار کا کالم لکھنے والا، اخبار یا جرائد میں مضمون لکھنے والا.

کالنَّقشِ فِی الحَجَر (فت ک، غم ا، ل، شدن بفت، سک ق) صف؛ م ف.

پتھر کی لکیر کی طرح پائیدار، نہ مٹنے والا نقش.

کالَونج/ کالَونجھ (ولین، غنہ) امث؛ - کالونس.

کالک، کلونس، سیاہی. [مقامی].

کالَونس (ولین، مغ) امث.

دیکھیے: کالونج.

کالُونی (ومع نیز وج) امث.

۱. کسی شہر یا قصبے کا نوآباد حصہ؛ نواحی بستی. ۲. کسی قوم کی نوآبادی جو دوسری قوم کی نگرانی میں یا اس کے زیر اثر ہو، وہ علاقہ جس کا کوئی غیر قوم استحصال کرے، نوآبادی. [انگ].

کالی (الف) صف.

۱. سیاہ فام، کوئلے یا تارکول کے رنگ کی؛ کالا اسود کی تانیث.
۲. بے نور، تاریک. (ب) امث. ۱. (ہندو) کالے رنگ کی درگا بھوانی دیوی، شیوجی کی استری، کالی دیوی، کالی مائی.

کالی آندھی امث. وہ آندھی جس کے گرد و غبار سے ایسا اندھیرا چھا جائے جس سے سورج چھپ جائے.

کالی بلا امث. ۱. نہایت کالی چڑیل ۲. (کنایۃً) نہایت کالی بدصورت یا ڈراؤنی صورت کی عورت. ۳. (مجازاً) خوف ناک مصیبت، وبال جان.

کالی بھیڑ صف. منافق، بدمعاش، بدچلن، غنڈا، جو نامعلوم طریقے سے نقصان پہنچاتا ہے (انگریزی بلیک شیپ کا ترجمہ).

کالی زبان صف. بری زبان یا سیاہ زبان والا، وہ شخص جس کی بددعا اور کوسنا بہت جلد اثر کرتا ہو، بدگو، بدفال.

کالی کلوٹی صف. نہایت سیاہ، تیز کالے رنگ کی (عورت).

کالی کلوٹی، بینگن لوٹی فقرہ. نہایت سیاہ، کالی عورت، بہت سیاہ اور کالی عورت یا لڑکی کو چڑانے کے لیے بھی کہتے ہیں.

کالی کھانسی امث. ایک قسم کی خشک اور جراثیمی کھانسی جس میں بلغم وغیرہ نہیں نکلتا اور بار بار دیر تک انسان کھانستا رہتا ہے، عموماً بچوں کو ہوتی ہے.

کالی گھٹا امث. سیاہ رنگ کے گہرے بادل، سیاہ رنگ کی بدلیوں کا چھا جانا، گھرا ہوا گہرا بادل.

کالی ماتا امث. کالی دیوی، شیوجی کی استری.

کالی مرچ امث. کالے رنگ کی گول مرچ جو گل عباس کے بیج کے برابر اور شکل میں مشابہ ہوتی ہے، سیاہ مرچ، فلفل سیاہ.

کالے امذ.

کالا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

کالے بادل چھانا محاورہ. ناامیدی و مایوسی کا دور دورہ ہونا، جبر و ظلم کی حکمرانی ہونا.

کالے بال والی امث. (مجازاً) نوعمر، نوجوان عورت.

کالے پانی بھیجنا محاورہ. (قانون) جلاوطن کرنا، عبور دریائے شور کرانا، کالے پانی کی سزا دینا.

کالے کوسوں صف؛ م ف. کالے کوس، بہت دور، دور دراز ملک کو.

کالیا (سک ل) صف مذ.

وہ شخص جس کا رنگ سیاہ ہو، کالے رنگ کا آدمی.

کام (۱) امذ.

۱. مقصد، مراد، مطلب، غرض. ۲. زبان کے اوپر کی چھت، تالو؛ (مجازاً) جبڑا، حلق. [ف].

کام (۲) امذ.

۱. فعل؛ عمل؛ اقدام، کار. ۲. کسب معیشت کا وسیلہ یا ذریعہ (ملازمت؛

خدمت ؛ محنت ؛ مزدوری ؛ بیوپار ؛ کاروبار ، دھندا ؛ (پیشہ) .۳.روزمرہ یا مقررہ وقت کا کام ، وظیفہ ، شغل .۴.سروکار ، واسطہ .۵.(i) صنعت ؛ (فن میں) قدرت اور جدت ، دست کاری ، فن پارہ ، شاہکار . (ii) زردوزی ، گل کاری ، نقاشی ، بیل بوٹے .۶.کارکردگی ، کارگزاری . ۷.حوصلہ ؛ ہمت . [س] .

کام آ پڑنا محاورہ .۱.(کسی سے) غرض وابستہ ہونا .۲.وقت کا سامنا ہونا ، مرحلہ پیش آنا ، مشکل پیش آنا .

کام آنا محاورہ .۱.(وقت پر) مفید مطلب ہونا ، کارآمد ہونا ، فائدہ دینا ، سود مند ہونا .۲. مارا جانا ، مرجانا ، جان دے دینا .۳. مددگار ہونا ؛ آڑے آنا ؛ مدد کرنا .

کام بگاڑنا محاورہ .کام خراب کرنا ، مطلب میں خلل ڈالنا ؛ ساکھ خراب کرنا ؛ بے عزتی کرنا .

کام بنانا ف مر ؛ محاورہ .بگڑا کام ٹھیک کر دینا ، مطلب نکالنا ، مقصد پورا کرنا ، کوئی چیز بنانا .

کام بننا محاورہ .درست ہونا ، مطلب نکلنا .

کام پڑنا محاورہ .۱.تعلق ہونا ، پالا پڑنا ، واسطہ پڑنا .۲.غرض اٹکنا ، ضرورت پیش آنا .

کام پیارا ہے چام پیارا نہیں کہاوت .انسان کی قدر کام سے ہوتی ہے ، شکل وصورت سے نہیں .

کام تمام کرنا محاورہ .ختم کر دینا ، مار دینا ، کام مکمل کرنا .

کام تمام ہونا محاورہ .۱. مارا جانا ، خاتمہ ہونا ، مر جانا .۲.ساری بضاعت کا خاتمہ ، تباہی ، بربادی ہو جانا ، گور کنارے ہونا .

کام چلانا محاورہ .کسی طرح کام بنانا یا کام نکالنا ، گزارہ کرنا .

کام چور صف .کام سے جی چرانے والا ، محنت سے بھاگنے والا .

کام چور نوالے حاضر کہاوت .ست یا خود غرض شخص جو کھانے یا لینے کو آ جائے اور محنت سے جان بچائے .

کام چوری امث .محنت سے دور بھاگنا ، محنت سے جی چرانا ، کام سے جان بچانا .

کام دار اند .کارندہ ، منتظم ، کام کرنے والا .

کام دانی امث .۱.ایک وضع کی کڑھائی جو سوئی میں بادلہ پرو کر کی جاتی ہے .۲.بادلے کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے ، بوٹی اور ترنج کی کڑھائی .

کام دکھانا محاورہ .۱. کارگر ہونا ، وقت پر کام آ جانا ، نئی بات پیدا کرنا کارنامہ انجام دینا .۲.کارگزاری کا معائنہ کرانا ، کام کی پڑتال کرانا .

کام دھندا اند .گھریلو یا بیوپار وغیرہ کے کام ، کام کاج .

کام سے کام رکھنا محاورہ .اپنے کام سے تعلق رکھنا ، دوسرے کے کام سے غرض نہ رکھنا ، دخل اندازی نہ کرنا .

کام کا صف مذ .۱. کارآمد ، مفید مطلب .۲.کام کرنے والا .

کام کاج اند .کاروبار ، اشغال ؛ کام دھندا .

کام کا نہ کاج کا دشمن (سیر بھر) اناج کا کہاوت .وہ شخص جو کھانے میں کسر نہ کرے اور کام سے دور بھاگے ؛ ست ؛ کاہل ، مفت خورا اور لیمو نچوڑ کی نسبت کہتے ہیں .

کام کرنا محاورہ .۱.کام کی طاقت یا صلاحیت پانا ؛ کام تمام کرنا ؛ قصہ فیصل کرنا ، (خود کو یا کسی اور کو) مار ڈالنا .۲.اثر کرنا ، تاثیر دکھانا ، کارگر ہونا .۳.کارنامہ انجام دینا ، بڑا کام کرنا .۴.کارفرما ہونا .

کام کرنے کی سو راہیں ، نہ کرنے کی ایک نہیں کہاوت .کام صدق نیت سے کیا جائے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں اگر نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا .

کام لینا محاورہ .کام میں لانا ، اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنا اختیار کرنا ، عمل درآمد کرنا ، کام کرانا ، خدمت لینا ، چارج لینا دفتر وغیرہ کا کام سنبھالنا .

کام میں لانا محاورہ .استعمال کرنا .

کاما اند .
وقف کی خفیف علامت جو جملہ تمام ہونے سے پہلے عبارت میں ایسی جگہ لگائی جاتی ہے جہاں جملے کا کوئی جزو ختم ہو ، یہ علامت چھوٹے سے الٹے واو (،) کی صورت میں ہوتی ہے . [انگ] .

کامدار (سک م) (الف) اند .
کارکن ؛ مہتمم ؛ کارندہ خصوصاً خرید و فروخت پر مامور شخص ؛ زمیندار کی

طرف سے زمینوں کی دیکھ بھال اور انتظام وغیرہ کرنے والا . (ب) صف . زردوزی کی کڑھائی کا (لباس ، جوتا ، ٹوپی وغیرہ) .۲.کام کرنے والا ملازم یا اجیر وغیرہ) ، کارکن .

کامْدانی (سک م) (الف) مث .
بادلے کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے ، بوٹی اور ترنج کی کڑھائی . ب) صف .کامدانی کے کام کا کپڑا .

کامْران (سک م) صف .
کامیاب ، خوش نصیب ، خوش قسمت .

کامْرانی (سک م) مث .
کامیاب ہونے کی حالت یا کیفیت .

کامْرُوپ (سک م ، دمع) صف .
خوب صورت ، دلربا . [س] .

کامِل (کس م) صف .
ا.جس میں اپنی نوع کے جزئیات کے اعتبار سے کوئی نقص وغیرہ نہ ہو ، مکمل ، پورا ، تمام (ادھورا کی ضد) ، کل .۲.(اپنے علم یا فن میں) ماہر ، اُستاد ، ماہر عالم .۳. عارف ؛ خدا رسیدہ . [ع] .

کامل الایمان صف .ایمان دار ، ایمان والا ، مکمل یقین رکھنے والا .

کامل یقین اند . پورا بھروسہ ؛ کامل اطمینان ، یقین کامل ، جس میں شک یا وسوسہ کا شائبہ نہ ہو .

کاملاً م ف .پورے طور پر ؛ اوّل سے آخر تک ؛ مکمل طور پر .

کاملیت مث .تکمیل ، مکمل ہونا ، کامل ہونے کا حالت .

کامِنی (کس م) مث .
ا.حسینہ و جمیلہ ، پیاری کامی عورت ، نازک اندام عورت .۲. نازک اور پتلی دبلی ، چھریرے بدن کی .۳.ایک درخت کا نام جس کی لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے اور جس کے پھول بھینی بھینی خوش بو دیتے ہیں بھینی اور تیز مہک کا پھول نیز اس کا پودا جو ہمیشہ سبز رہتا ہے . [س] .

کامنا مث .آرزو ؛ تمنا ؛ خواہش . [س] .

کامنہ صف مث .کامن (دیکھیے) کی تانیث ، چھپی ہوئی ؛ مخفی .

کامْیاب (سک م) صف .
ا.جس کی مراد پوری ہوگئی ہو ، جس کا مطلب پورا ہوگیا ہو .۲. جو مقصد و مراد کے مطابق ہو ؛ خاطر خواہ .۳. (امتحان میں) پاس . [ف] .

کامْیابی (سک م) مث .
جیت ، فتح ، کام گاری ، کارگر ہونا ، پسندیدہ ہونا .

کان (۱) مث .
ا.زمین کے اندر یا پہاڑوں میں بغیر انسانی صنعت کے پیدا ہونے والی قدرتی چیزوں کی جگہ جہاں سے دھات ، جواہرات ، پتھر کے کوئلے وغیرہ نکالے جاتے ہیں ، معدن ، کھان ، معدنیات کا قدرتی ذخیرہ .۲. (مجازاً) سرچشمہ ، منبع ، کسی خصوصیت سے بطور خاص متصف شخصیت . [ف] .

کان کن صف ؛ اند . زمین کھود کر کان کا ذخیرہ نکالنے والا ، کان کھودنے والا .

کان کنی مث .کان نکالنے کی غرض سے زمین کی کھدائی ، کان کھودنا ، کان کھودنے کا پیشہ ، کان کا ذخیرہ نکالنے کے لیے زمین کو کھودنا .

کان (۲) اند .
ا. سننے کا عضو ، گوش ، اُذن .۲. سامعہ ، سننے کی قوت .۳. (مجازاً) توجہ ، التفات .۴. (i) چوگوشیا چیز کے ایک گوشے کا عیب ؛ چار کونوں والی چیز ، چارپائی وغیرہ کی ٹیڑھ ، بل ، ٹیڑھ ، کجی ، ناہمواری . (ii) کونا ، نوک . [س] .

کان ایٹھنا/ اینٹھنا محاورہ .سزا دینا ، دھمکانا ، ڈانٹنا پھٹکارنا ، سزا دینے کے لیے کانوں کو پکڑ کر موڑنا .

کان آواز پر لگے رہنا محاورہ .آہٹ پر دھیان ہونا ، کسی کی آمد کا انتظار ہونا .

کان بجنا محاورہ . بغیر کسی کے پکارے یا بلا کسی آہٹ کے کان میں خواہ مخواہ سنائی دینا ، کانوں میں سائیں سائیں ہونا ، باجا سا بجنا (یہ ایک قسم کی کان کی بیماری ہے) .

کان بھرنا محاورہ . بدگمان کرنا ، لگائی بجھائی کرنا ، کسی کے دل میں کسی کی طرف سے برائی ڈالنا ، غیبت کرنا .۲. سنتے سنتے اُکتا جانا .

کان پر جوں نہ رینگنا محاورہ . بہت بے پروا ہونا ، بالکل پروانہ کرنا ، یکسر غافل یا بے خبر ہونا ، کوئی اثر قبول نہ کرنا .

کان بڑی آواز سنائی نہ دینا محاورہ . بہت شور غل مچنا ، ہنگامہ بپا ہونا ، ہلڑ بازی میں نہ سن سکنا .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

کان پک جانا ف مر؛ محاورہ. ا. سنتے سنتے اُکتا جانا، ناگوار گزرنا، سننے سے بیزار ہو جانا، سن سن کر تنگ آ جانا. ۲. کان سے پیپ بہنا.

کان پکڑنا محاورہ. ا. کسی کے کمال کا اعتراف کرنا: اپنی عاجزی کا اظہار کرنا؛ ہار ماننا (کسی کو کسی فن میں اپنے سے افضل سمجھ کر کسی کی برتری کا اعتراف کرنا؛ اطاعت کر لینا. ۲. توبہ کرنا، باز رہنے کا قول دینا، ترک کرنے کا عہد کرنا. ۳. دونوں ہاتھوں کو دونوں ٹانگوں کے بیچ سے نکال کر گردن جھکائے ہوئے کانوں پر ہاتھ رکھنا، بنچ بنانا، (سزا کے طور پر) مرغا بنانا، کان پکڑوانا. ۵. تنبیہ کرنا، ڈانٹنا، پھٹکارنا، سزا دینا.

کان پکنا محاورہ. ا. کان سے پیپ خارج ہونا. ۲. اکتا جانا، باتوں سے تنگ آ جانا.

کان پھٹنا محاورہ. ا. شور غل کا سخت ناگوار گزرنا، کانوں کو غل اور چیخ پکار وغیرہ سے صدمہ پہنچنا. ۲. بوجھ سے یا کھینچنے سے کان کا کٹ جانا، کان کی لو کا چر جانا.

کان دبا کر / کے م ف. چپکے سے، بے چوں و چرا، خوف زدہ ہو کر.

کان کا / کے پردہ اند. کان کے اندر کی وسطی جھلی جو نہایت نازک ہے اور جس میں بہت چھوٹے چھوٹے سوراخ ہیں جو آنکھ سے نظر نہیں آتے؛ (کان کا) ڈھولنا.

کان کاٹنا محاورہ. ا. سبقت لے جانا، مات کرنا، فوقیت رکھنا؛ نیچا دکھانا. ۲. کان کا زیور اُتار لینا، کان میں پہنے ہوئے زیور کا صفایا کر دینا.

کان کی لو بھرنا محاورہ. نزع کا عالم ہونا، مرنے کا وقت قریب آنا.

کان کھانا محاورہ. بکواس سے دماغ پریشان کر دینا، ستانا، دق کرنا، تکلیف دینا.

کان کھجانے کی فرصت نہیں فقرہ. ذرا فرصت نہیں، بالکل فرصت نہیں.

کان کھڑے ہونا محاورہ. چوکنا ہونا، ہوشیار رہنا.

کان میں پھونکنا محاورہ. ا. خاموشی کے ساتھ کسی سے کچھ کہہ دینا، چپکے سے کان میں بات ڈال دینا. ۲. لگائی بجھائی کرنا، کسی کی غیبت یا بدگوئی کرنا. ۳. کوئی دعا منتر وغیرہ پڑھ کر کان میں پھونک مارنا (کہا جاتا ہے کہ اس طرح دعا اور منتر جلد اثر کرتے ہیں).

کان میں تیل ڈال کے بیٹھنا محاورہ. بالکل بے خبر ہونا، سنی کی ان سنی کر دینا، ذرا بھی توجہ نہ دینا.

کان میں روئی دے کے بیٹھنا محاورہ. بے خبر ہونا، غافل ہونا، بے فکر ہونا.

کانا(۱) صف مذ.

ا. جس کی ایک آنکھ جاتی رہی ہو یا اس میں ٹینٹ ہو، یک چشم، کانڑا کسی بیماری کے سبب ایک آنکھ سے محروم ہو جانا. ۲. داغی پھل، جس پھل میں کوئی خرابی آ گئی ہو یا کیڑا لگ گیا ہو. [س].

کانا دجال اند. ایک غیر معمولی شخص جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ شر کا علم بردار ہوگا اور اس وقت ظاہر ہوگا جب قیامت قریب ہوگی، داہنی آنکھ سے کانا ہوگا، بڑا عیب دار کانا (بول چال).

کانا کھدرا صف. وہ شخص جو کانا ہو اور اس کے منہ پر سیتلا کے داغ بھی ہوں؛ ناقص اور عیب دار چیز (بیشتر پھل) جس میں سوراخ ہو گئے ہوں

کانا مجھے سہائے نہیں کانے بن بھائے نہیں کہاوت. ایک شخص سے نفرت کرنا اور بغیر اس کے رہ بھی نہ سکنا.

کانا(۲) اند.

کان میں مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے، جیسے: کانا پھوسی

کانا باتی مث. کان سے منھ لگا کر چپکے سے بات کہنے کا عمل، (جب کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو)، سرگوشی، کانا پھوسی.

کانا باتی کر / کو فقرہ. بچوں کو بہلانے کا ایک کلمہ، جس کی صورت یہ ہے کہ بچے کے کان کے پاس منھ لے جا کر یہ کلمہ کہتے ہیں اور کر پر آواز کو زوردار کر کے "ر" کو کھینچتے ہیں جس کی آواز بچے کے کان کے پردے سے ٹکراتی ہے تو گدگدی سے پیدا کرتی ہے اور وہ ہنس دیتا ہے.

کانا پھوسی مث. سرگوشی، کھسر پھسر، چپکے چپکے کان میں باتیں کرنا خفیہ مشورہ.

کانْپ (غنہ) مث.

کانپنے کی کیفیت، کپکپی، تھرتھری. [س].

کانپ اٹھنا محاورہ. لرز جانا، کپکپا جانا، خوف سے تھرا جانا، رعشہ طاری ہو جانا، ڈر جانا، خوف زدہ ہو جانا.

کانپنا (مخ، سک پ) ف ل.
لرزنا، تھرتھرانا، رعشہ ہونا، ڈرنا، خوف کھانا. [س].

کانٹ (مخ) امث.
دیکھیے : کاٹ.

کانٹ چھانٹ امث. ۱. ترمیم و تنسیخ. ۲. حساب میں کمی بیشی. ۳. پودوں کی درستی، تراش خراش. ۴. تصحیح، درستی.

کانٹا (مخ) اند.
۱. سوئی کی طرح چبھنے والا نوک دار تنکا جو بعض نباتات (جیسے گلاب اور کیکر وغیرہ) میں پیدا ہوتا ہے، خار، سولی، کنڈا. ۲. سونا، چاندی اور دوائیں وغیرہ تولنے کی چھوٹی ترازو، کانٹا بڑے ترازو کو بھی کہتے ہیں. ۳. ترازو کی ڈنڈی کی سوئی، میزان کی سوئی. ۴. پنجے سے مشابہ دھات سے بنی چیز جس میں آگے کی طرف چند تنکے سے ہوتے ہیں اور ان کی نوکوں سے گوشت، پھل، آلو یا مرّبے وغیرہ اُٹھا کر کھاتے ہیں، عام طور سے چھری کے ساتھ مستعمل. ۵. مچھلی کی باریک نوک دار ہڈی جو سوئی کی طرح چبھتی اور گڑتی ہے، خار ماہی. ۶. ساہی یا سیہہ نیز بحری خارپشت کے خاروں میں سے ہر ایک خار جو دفاع کے موقع پر اسے نیزے کی انی کا کام دیتا ہے. ۷. ریل گاڑی کو ایک پٹری سے دوسری پٹری پر منتقل کرنے کا آنکڑا، ٹرین کو ایک پٹری سے دوسری پر لے جانے کا میکانیکی عمل. ۸. مچھلی وغیرہ پکڑنے کا نوک دار اور آگے کی طرف سے جھکا ہوا آنکڑا. ۹. کانوں میں گوشوارے اٹکانے کا ہک یا تار. ۱۰. زبان کا کھردرا پن، جو پانی نہ ملنے یا خشکی کی شدّت سے ہوتا ہے، زبان کی خشکی جو حرارت یا پیاس کے باعث ہو جاتی ہے، پیاس کی شدّت کے موقع پر بولتے ہیں، حلق میں کانٹے پڑ گئے یا زبان میں کانٹے پڑ گئے. ۱۱. گھنٹے یا گھڑی کی سوئی. ۱۲. غم کا کانٹا؛ (استعارۃً) خلش، غم، چبھن. ۱۳. پن، ہک.

کانٹا سا چبھنا محاورہ. پھانس لگنا، خلش ہونا، تکلیف دینا.

کانٹا سا نکل جانا محاورہ. بہ آسانی کسی تکلیف سے رہائی پانا، کسی چیز کا غم یا درد دور ہو جانا، چین پڑ جانا.

کانٹا لگنا محاورہ. ۱. کانٹا چبھنا؛ پھندا لگنا؛ گلا خشک ہو جانا. ۲. ناگوار معلوم ہونا.

کانٹا ہو جانا / ہونا محاورہ. ۱. لاغر ہو جانا، بہت دبلا ہو جانا. ۲. چبھنا، باعثِ آزار ہونا، ناگوارِ خاطر ہونا.

کانٹوں (مخ، ورج) اند : ج.
کانٹا کی جمع مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

کانٹوں بھری سیج صف مث. تکلیف دہ بستر، مشکلات اور الجھنوں سے پر؛ (مجازاً) وہ کام یا چیز جس میں راحت کم اور آلام و مصائب زیادہ ہوں.

کانٹوں پر گھسیٹنا محاورہ. ۱. گنہ گار کرنا، شرمندہ کرنا (انکار کے طور پر اس وقت مستعمل جب کوئی کسی کی تعریف کرے یا بڑا چھوٹے کی تعظیم کرے وغیرہ). ۲. سخت آزار پہنچانا، اذیت دینا، تکلیف پہنچانا.

کانٹوں پر/پہ لوٹنا محاورہ. مضطرب رہنا، بے قرار رہنا، بے چین رہنا.

کانٹوں میں گھسیٹنا محاورہ. ناقابلِ برداشت تکلیف دینا؛ کسی کی مبالغہ آمیز تعریف کرنا، منھ پر تعریف کرنا، بلاوجہ تعریف کرنا، کسی کے سامنے بہت تعریف کر کے شرمندہ کرنا.

کانٹی (مخ) امث.
۱. ضرب کا نشان (X) جو کسی عبارت وغیرہ میں قابلِ اعتراض بات پر لگایا جاتا ہے. ۲. کانٹوں دار جھاڑی، خاردار جھاڑی. ۳. مچھلی پکڑنے کا آنکڑا. ۴. سویٹر وغیرہ بنانے کی سلائی کی نوک. [س].

کانٹے (مخ) اند.
دیکھیے : کانٹا جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے اور ترکیبات میں مستعمل ہے.

کانٹے بچھانا محاورہ. مشکلات پیدا کرنا، ایذا رسانی کا سامان کرنا، ایذا پہنچانا، کاربرآری میں رکاوٹیں ڈالنا.

کانٹے بونا محاورہ. (اپنے یا کسی کے حق میں) برا کرنا، بدی کرنا، نقصان پہنچانا، آزار دینے کا اقدام کرنا.

کانٹے پڑنا محاورہ. پیاس کے مارے زبان یا حلق یا منھ خشک ہو جانا.

کانٹے دار صف. کانٹوں سے بھرا ہوا، کانٹوں سے پر.

کانٹے کا صف. ۱. جچا تلا، شاندار، گراں قدر، اعلیٰ قسم کا. ۲. (مقابلے کے موقع پر) جس میں دونوں فریق یکساں زور صرف کریں، کھرا کھیل جس میں ملی بھگت یا جانب داری نہ ہو.

کانٹے کی طرح چبھنا محاورہ. تکلیف دہ ہونا ؛ پھانس لگنا ؛ باعث تکلیف ہونا ، خلش انگیز ہونا .

کانٹے کی طرح سوکھنا محاورہ. نہایت لاغر ہونا ، کمال لاغر ہونا .

کانجی (مغ) امث .
۱. رائی ، زیرے ، نمک وغیرہ سے بنا ہوا کھٹا پانی ، گاجر مولی وغیرہ کے اچار کا پانی ، کھٹا مانڈ . ۲. چاولوں کا کلپ جو کپڑے پر دیا جاتا ہے ، چاول کا دھوون ، چاولوں کی پیچ . [س] .

کانجی ہاؤس امذ. آوارہ یا آزاد چھوڑے ہوئے لاوارث جانوروں کو بند کرنے کا سرکاری باڑا ، جانوروں کو بند کرنے کا محکمہ جو جرمانہ اور جانور کی کھلائی (چارہ وغیرہ) کے پیسے لے کر چھوڑتا (آزاد کرتا) تھا .

کانچ (۱) (مغ) امث .
جب کسی سبب سے مقعد کے عضلات کمزور ہو کر ڈھیلے پڑ جاتے ہیں تو پاخانہ کرتے وقت باہر نکل آتے ہیں ، یہ ایک مرض ہے ، طب میں اسے خروج المقعد کہتے ہیں . [س] .

کانچ (۲) (مغ) امذ.
ریت اور سجی سے بنا ہوا شیشہ ، شیشہ . [س] .

کاندھا (مغ) امذ.
کھوا ، شانہ ، کندھا ، مونڈھا . [س] .

کاندھا دینا محاورہ. ۱. (تابوت کو) کاندھے پر اٹھانا ، جنازے کو کاندھا دینا . ۲. سہارا دینا ، مدد دینا . ۳. پہلوتہی کرنا ، ٹال جانا .

کاندھے (مغ) امذ ؛ ج.
کاندھا کی جمع اور مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

کاندھے پر رکھ کر بندوق چلانا محاورہ. دوسرے کی مدد سے کوئی کام کرنا (دوسرے کے ساتھ) .

کانڑا (مغ) امذ.
وہ شخص جس کی ایک آنکھ نہ ہو ، کانا .

کانڑا مجھے بھاوے/ بھائے نہیں اور کانڑے بن سہاوے/ سہائے نہیں کہاوت. ایک شخص سے نفرت کرنا اور بغیر اس کے رہ نہ سکنا .

کانڑی (مغ) صف مث .
۱. وہ عورت جس کی ایک آنکھ جاتی رہی ہو ، کانی . ۲. کڑکھائی ترکاری .

کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے ، اوروں کی پھلی دیکھ بکھانے کہاوت. اپنا عیب کیسا ہی بڑا ہو معلوم نہیں ہوتا مگر دوسرے کا معمولی عیب بھی بڑا معلوم ہوتا ہے .

کانڑی کھدری امث. جس کے آنکھ نہ ہونے کے علاوہ بھی عیب ہوں ، کانی کھدری ، عیب والی ، کانی .

کانسا (۱) (مغ) امذ.
۱. راجا ، اُمرا اور نوابین کا کھانا ، خاصہ . ۲. رانگ اور تانبے سے بنی ہوئی دھات ، کانسی . [س] .

کانسا (۲) (مغ) امذ ؛ – کانسہ.
۱. پیالہ ، بڑا پیالہ ، طشت ، کاسہ . ۲. بھیک کا ٹھیکرا . [کانسا ، ع : کاس (کاسہ) کا بگاڑ] .

کانسٹیبل (کس ن ، سک س ، کس ٹ ، ی مج ، ب) امذ ؛ – کانشٹیبل.
(پولیس کا سپاہی) محافظ ، نگراں . [انگ] .

کانسی (مغ) امث .
۱. رانگ اور تانبے سے مل کر بنی ہوئی دھات . ۲. ایک قسم کا رنگ ، کانسہ کا رنگ . [س] .

کانفرنس (سک ن ، فت ف ، کس ر ، ی مع ، سک ن) امث .
کسی موضوع پر تبادلۂ خیال کے لیے بڑا جلسہ یا اجتماع ، مذاکرہ ، مسائل و معاملات کے بارے میں صلاح مشورے کی جماعت نیز جماعت کا اجلاس جو تبادلۂ خیالات کی غرض سے ہو . [انگ] .

کانکریٹ (غنہ ، سک ک ، ی مع) امث ؛ – کنکریٹ.
کنکر اور سیمنٹ کا مرکب جو عمارتوں کی تعمیر میں کام آتا ہے ، بجری اور سیمنٹ سے مرکب عمارتی مسالا . [انگ] .

کانکنی (سک ن ، فت ک) امث .
کان کھودنا ، کان کھودنے کا عمل . [س] .

کانگرو (غنہ ، سک گ ، و مع) امذ.
ایک دودھ پلانے والا تھیلی دار چوپایہ جس کا پچھلا حصہ بہت مضبوط

ہوتا ہے (جو آسٹریلیا میں ہوتا ہے اور تھیلی میں یہ اپنے بچے کو بٹھا کر گھومتا پھرتا ہے) اگلے پیر چھوٹے اور پچھلے پیر بڑے ہوتے ہیں. [انگ].

کانگڑی (فتہ، سک گ) امث.
مٹی کی انگیٹھی جس کے اوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے، موسم سرما میں عام طور پر کشمیری اسے گلے میں لٹکائے رہتے ہیں، برنی. [مقامی].

کانوں (و ج) امذ.
کان کی جمع نیز حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل.

کانوں سنی امث. خود اپنے کان سے سنی ہوئی (بات).

کانوں کان م ف. (کسی دوسرے کے کان میں خبر یا آواز پہنچانے کی تاکید کے موقع پر) مطلق، ہرگز.

کانوں کان خبر نہ ہونا محاورہ. یکسر بے خبر ہونا، مطلق خبر نہ ہونا، بالکل ناواقف ہونا، محض لاعلم ہونا.

کانوں میں انگلیاں ٹھونس/دے لینا محاورہ. کسی کی آواز نہ سننے کی غرض سے کانوں کو بند کر لینا، آواز مہیب سے بچنے کے لیے کان بند کر لینا؛ ذرا بھی توجہ نہ دینا، عدم توجہ سے کام لینا؛ بے رخی و بے اعتنائی برتنا.

کانوں میں تیل ڈال کر/کے بیٹھنا محاورہ. چپ سادھ لینا، خاموشی اختیار کرنا، خود کو بے خبر ظاہر کرنا، بالکل نہ سننا؛ اپنے آپ کو بے خبر بنا لینا.

کانوِنٹ/کانوینٹ (سک ن، کس ج و، سک ن/سک ن، ی ج، فتہ) امذ.
وہ درس گاہ جہاں عیسائیت کی تعلیم دی جاتی ہو، وہ مدرسہ جہاں عیسائیوں کا طریقہ تعلیم رائج ہو، عیسائی مدرسہ. [انگ].

کانی صف مث.
وہ عورت جس کی ایک آنکھ بیکار ہو.

کانی کو کانا پیارا رانی کو رانا پیارا کہاوت. جو جیسا ہوتا ہے ویسے ہی کو پسند کرتا ہے.

کاوا امذ: - کاوہ.
گھوڑے کی ایسی گردش جس میں اُس کے قدموں سے زمین پر دائرہ بن جائے. [ف].

کاوِش (کس و) امث.
۱. تلاش، جستجو؛ (کسی کام کی جدوجہد یا اہتمام میں زحمت و صعوبت کی برداشت؛ کرید، کھوج، کھودنا. ۲. تلاش، جستجو اور محنت سے انجام دیا ہوا کام، خون پسینہ ایک کر کے کسی کام کا تکملہ. [ف].

کاہ امث.
۱. کٹی ہوئی سوکھی گھاس، گھاس پھوس، تنکا. ۲. (مجازاً) بے حقیقت. [ف].

کاہَکشاں (سک ہ، فت ک) امث.
دیکھیے: کہکشاں.

کاہِش (کس ہ) امث.
۱. تخفیف، کمی، نقصان، گھس جانا، ضیاع. ۲. لاغری، دبلاہٹ، کمزوری، ضعف. ۳. (i) (مجازاً) تکلیف، ایذا (جس میں جسم گھلنے لگے). (ii) مشقت، جان کھپانا. [ف].

کاہِل (کس ہ) صف.
سست، آرام طلب، کام چور. [ع].

کاہل الوجود امذ. سست، یکسر کاہل، مضمحل اور نڈھال طبیعت رکھنے والا.

کاہِلی (کس ج ہ) امث.
سستی، مجہولیت.

کاہِن (کس ہ) امذ.
۱. پیش گوئی کرنے والا، قیافہ شناس، نجومی، غیب کی خبر بتانے کا دعویٰ کرنے والا؛ معرفت اسرار الٰہی کا دعوے دار. ۲. (نصاریٰ) نصرانیوں کا معلم، نصاریٰ کے دین کا پیشوا، یہود اور بت پرستوں کے دین کا پیشوا. [ع].

کاہی امذ.
ہلکا سبز مائل بہ سیاہی رنگ، اتنا گہرا سبز رنگ جس میں ہلکی سیاہی جھلکنے لگے.

کاہے کلمۂ استفہام (قدیم).
کیوں، کس لیے، کاہے کو، کس وجہ سے (قدیم ادبیات میں تنہا اور تجدید میں مستعمل).

کاپیدہ (ی مع ، فت د) صف .
۱. گھِسا ہوا ، گھسا ہوا . ۲. (مجازاً) دبلا ، لاغر .

کائنات (کس ئ ،) مث (بطور واحد) .
۱. دنیا ، جہاں ، عالم ، کل مخلوقات ، موجودات . ۲. جمع پونجی ، سرمایہ .

کائی مث .
وہ چکنی گیلی سبزی جو اکثر بند پانی پر یا برسات میں بھیگی ہوئی اینٹ کی دیواروں پر جم جاتی ہے ، پانی کا جالا ، ایک قسم کی پھپھوندی . [س] .

کائیاں (کس ،) صف .
چالاک ، تیز طرار ، ہوشیار ، عیار . [مقامی] .

کائیں کائیں (ی مج ، ی مج) مث .
۱. کوّے کی آواز . ۲. شور غل ، چیخ پکار ، کان پڑی آواز سنائی نہ دینا . [حکایت الصوت] .

کایا مث .
تن ، بدن ، جسم . [س] .

کایا پلٹ مث . صورت شکل ، مزاج ، ہیئت ، بھیس یا طبیعت وغیرہ کا بالکل بدل جانا ، تبدیلی (مذکورہ چیزوں میں) ، انقلاب ، تغیر .

کایا پلٹنا محاورہ . شکل صورت یا بھیس وغیرہ کو کچھ سے کچھ کر دینا ، قلب ماہیت ، چولا بدلنا .

کَب (فت ک) ظرف زماں .
۱. کس وقت ، کس دن ، کس گھڑی ، کس تاریخ کو ، کس زمانے میں ، کتنی دیر پہلے یا بعد ، کس دفعہ . ۲. وقت گزرنے کے بعد ، کام ہونے کے بعد کی جگہ مستعمل . ۳. (مستقبل بعید کے غیر معلوم زمانے کے لیے) نہ جانے کتنے دنوں میں یا کتنی مدت کے بعد . [س] .

کب تک م ف . کس وقت یا مدت تک ؛ (مجازاً) کہاں تک ، کس حد تک ، تابہ کے ، کتنی بار تک .

کب سے م ف . ۱. (i) کس وقت یا مدت سے ، خدا جانے کتنے دنوں سے . (ii) (مجازاً) بہت پہلے سے ، بہت دیر یا زمانے سے ، بہت مدت سے .

کب کا / کی م ف . ۱. کس زمانے کا ، کس مدت کا . ۲. (مجازاً) بہت پہلے ، اس وقت سے کافی پہلے ، عرصہ ہوا ، زمانہ ہوا .

کب کے م ف . بہت دیر پہلے ، بہت دیر سے ، بہت پہلے سے .

کُب (ضم ک) مذ .
۱. (بڑھاپے یا کسی وجہ سے) انسان کی پیٹھ کی کجی ، ٹیڑھ ، جھکاؤ ، خمیدگی کے باعث انسان کی کمر کا ابھار ، ریڑھ کی ہڈی پر گومڑے یا کوہان کی سی شکل . [س] .

کب نکل آنا / نکلنا ف مر . کوزہ پشت ہونا ، خمیدہ پشت ہونا ، کوبڑ نکل آنا ، کبڑا ہو جانا .

کَباب (فت ک) (الف) مذ .
گوشت کے پارچے یا قیمہ کے گولے یا ٹکیاں جنھیں مرچ مسالے کے ساتھ سیخ پر لگا کر یا توے میں رکھ کر سینکتے یا تل لیتے ہیں .
(ب) صف . (کنایۃً) جلا بھنا ہوا ، سوختہ ، بریاں . [ف] .

کَباڑ (فت ک) مذ .
ٹوٹا پھوٹا اسباب ، استعمال شدہ سامان (جو بیکار ہو) ، کوڑا کرکٹ . [س] .

کباڑ خانہ مذ . مختلف قسم کے پرانے اور ٹوٹے پھوٹے سامان کا گودام .

کَباڑا (فت ک) (الف) مذ .
ٹوٹا پھوٹا سامان ، کباڑ ؛ (مجازاً) ہر وہ شے جو ٹوٹے پھوٹے سامان کی طرح بے مصرف اور ردی ہو . (ب) صف . استعارۃً خراب ، خستہ ، فضول ، بیکار .

کباڑا ہونا محاورہ . تباہی ہونا ، بربادی ہونا ، بری حالت ہو جانا .

کَباڑی (فت ک) مذ .
کاٹ کباڑ بیچنے اور خریدنے والا شخص ، ٹوٹے پھوٹے اور پرانے سامان کا لین دین کرنے والا دکان دار .

کَباڑیا / کَباڑیہ (فت ک ، سک نیز کس ڑ / فت ی) مذ .
ٹوٹا پھوٹا سامان کا لین دین کرنے والا آدمی .

کَبِد (فت ک ، کس نیز سک ب) مذ ؛ مث .
۱. جگر ، کلیجا . ۲. قلب ، دل . [ع] .

کَبَڈّی (فت ک ، ب ، شد ڈ) مث .
ایک کھیل کا نام جو میدان یا کھلی جگہ پر کھیلا جاتا ہے اس میں دو گروہ

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بنائے جاتے ہیں اور درمیان میں ایک حد ہوتی ہے جس میں سے ایک گروہ کا لڑکا دوسرے گروہ کے کسی لڑکے کو جا کر چھوتا ہے اگر چھو کر واپس آ جائے تو جیت جاتا ہے ، اس کھیل کے کھیلنے والے عموماً لنگوٹی باندھتے ہیں . [س] .

کِبَر (کس ک ، فت ب) اند .
بڑی عمر کا ہو جانا ، بڑھاپا ، پیری .

کبر سن صف : اند . ا . کہن سال ، بوڑھا ، پیر ، عمر رسیدہ . ۲ . بڑھاپا ، پیری ، عمر رسیدگی .

کِبْر (کس ک ، سک ب) اند .
ا . غرور ، تکبر ، گھمنڈ ، غرّہ ، کبر و نخوت . ۲ . بزرگی ، بڑائی ، عظمت ؛ شرافت ، نجابت . [ع] .

کبر و نخوت اند . غرور ، تکبر ، گھمنڈ .

کَبْرا (فت ک ، سک ب) صف مذ .
سیاہ اور سفید ، چتی دار رنگ کا ، چتکبرا . [س] .

کُبْریٰ (ضم ک ، سک ب ، اشکل ی) صف مث .
سب سے بڑی ، بہت بڑی ، بڑی بزرگ تر عورت .

کِبْرِیا (کس ک ، سک ب ، کس ر) (الف) اند .
اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام . (ب) امث . بزرگی ، عظمت ، بڑائی . [ع] .

کِبْرِیائی (کس ک ، سک ب ، کس ر) امث .
عظمت ، شان و شوکت .

کُبْڑا (ضم ک ، سک ب) صف مذ .
کوبڑ والا ، ٹیڑھی پشت والا ، جس کی پیٹھ ٹیڑھی اور آگے کو جھکی ہوئی ہو .

کُبْڑی (ضم ک ، سک ب) صف مث .
ا . عورت جس کی کمر جھکی ہوئی ہو . ۲ . ٹیڑھی ، خمیدہ . ۳ . (امث) ٹیڑھی چھڑی یا لکڑی .

کَبْک (فت ک ، سک ب) اند .
دیکھیے : چکور ، تیتر کی قسم کا ایک پرندہ جس کی چونچ اور پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے (شعرا اس کی رفتار سے معشوق کی چال کو تشبیہ دیتے ہیں) . [ف] .

کبک دری اند . خاکستری رنگ اور سفید دھاریوں کا پہاڑی چکور جو عام چکور سے بڑا ہوتا ہے ، چکور کی ایک نوع جو اٹھلاتا ہوا چلتا ہے .

کَبُوتَر (فت ک ، و مع ، فت ت) اند .
فاختہ سے بڑا ایک پرند جو عموماً اڑانے کے لیے پالا جاتا ہے (اگلے زمانوں میں اس سے نامہ بری کا کام لیا جاتا تھا) .

کبوتر باز صف : اند . کبوتر پالنے اور اڑانے والا ، کبوتر اڑانے کی شرطیں بدنے والا .

کبوتر بازی امث . کبوتر پالنا اور اڑانا ، ایک کھیل ، شرط کے طور پر کبوتر اڑاتے ہیں ، ایک بازی جس میں دوسروں کے کبوتر پھانسنے کا مقابلہ ہوتا ہے .

کَبُوتَری (فت ک ، و مع ، سک ت) امث .
ا . کبوتر کی تانیث . ۲ . (کنایۃً) خوبصورت ، حسین (عورت) .

کَبُود (فت ک ، و مع) (الف) صف .
نیلا ، نیلگوں . (ب) اند . وہ گھوڑا جس کا رنگ نیلگوں ہوتا ہے ، (یہ منحوس سمجھا جاتا ہے) . [ف] .

کَبیدگی (فت ک ، ی مع ، فت د) امث .
رنج ، ملال ، رنجیدگی .

کَبیدَہ (فت ک ، ی مع ، فت د) صف .
رنجیدہ ، ملول ، آزردہ .

کبیدہ خاطر صف . جس کے دل میں گھٹن ہو ، آزردہ دل ، ملول .

کبیر (فت ک ، ی مع) صف .
ا . (منزلت یا صورت میں) بڑا ، بزرگ . ۲ . خدائے تعالیٰ کے اسمائے صفاتی میں سے ایک اسم . [ع] .

کَبیرا / کَبیرَہ (فت ک ، ی مع ، فت ر) (الف) امث .
کبیر کی تانیث ؛ (مجازاً) بڑا گناہ (جس کی حد مقرر ہو) . (ب) صف . بڑا ، بہت بڑا .

کَبھی (فت ک) م ف .
ا . کسی وقت ، گاہے ، کوئی دم ، کوئی دم کو . ۲ . کسی زمانے میں ، سابق میں ، پہلے زمانے میں ، کسی حال یا صورت میں . ۳ . ہرگز قطعی . ۴ . (استفہام

انکاری کے موقع پر) نفی فعل کے لیے، جیسے: کبھی تمہارے باوا نے بھی دیکھا ہے.

کبھی تولہ کبھی ماشہ کہاوت. غیر مستقل یا متلون مزاج ہے، کبھی کچھ کبھی کچھ، ایک حالت برقرار نہیں ہے.

کبھی کا م ف، مذ. کسی زمانے یا وقت کا، پہلے کا، مدت کا، عرصہ پہلے.

کبھی کا دیا کام آیا فقرہ. کبھی کوئی نیک کام کیا تھا جس کے طفیل مصیبت یا بلا ٹل گئی.

کبھی کبھار م ف. کبھی کبھی، بعض اوقات، بھولے بھٹکے، کسی روز.

کبھی کبھی م ف. کبھی کبھار، وقتاً فوقتاً.

کبھی کے دن بڑے کبھی کی رات/ راتیں کہاوت. دنیا ایک حال پر قائم نہیں، کبھی ترقی ہے کبھی تنزل.

کَپ (۱) (فت ک) (الف) مذ.

۱. پیالہ، پیالی، فنجان (خصوصاً کنڈے والی). ۲. کسی دھات کا عموماً چاندی یا سونے کا (چھوٹا یا بڑا) پیالہ یا گلاس نما ظرف جو حسن کارکردگی یا ہم پیشہ لوگوں کے مقابلے میں بہتر کام کرنے والے کو انعام میں دیا جاتا ہے. [انگ].

کَپ (۲) (فت ک) مذ.

لرزہ، تھرتھراہٹ؛ کانپنا. [س].

کُپّا (ضم ک، شد پ) مذ.

چمڑے یا جھلی کا پھولا ہوا چھوٹے منھ کا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں (عموماً چرمی ظرف). [س].

کپا سا ہو جانا ف مر؛ محاورہ. نہایت موٹا یا فربہ ہو جانا؛ پھول جانا، سوج جانا.

کَپاس (فت ک) مث.

بغیر اوٹی ہوئی روئی، بنولے سمیت روئی نیز اس کا پودا یا درخت.

کَپاسی (فت ک) (الف) صف.

کپاس یا اس کے پودے یا پھول سے منسوب، ہلکا زرد رنگ کا. (ب) مذ. ایک رنگ کا نام جو مثل کپاس کے پھول کے ہلکی زردی لیے ہوتا ہے، نیلاہٹ جھلکتا ہوا زرد رنگ.

کَپْتان (فت ک، سک پ) مذ.

۱. ایک فوجی افسر جو لیفٹننٹ سے اوپر اور میجر سے نچلے درجہ کا ہوتا ہے ۲. کھیل کی ٹیم کا سردار، قائد، لیڈر. [انگ].

کَپْتانی (فت ک، سک پ) مث.

کپتان کا عہدہ اور کام، سرداری؛ سربراہی؛ رہنمائی.

کَپَٹ (فت ک، پ) مث نیز مذ.

۱. بغض، عناد، کینہ؛ دشمنی، منافقت. ۲. چھل، فریب، دھوکا. [س].

کَپّڑ (فت ک، شد پ ہفت نیز بلا شد) مذ (قدیم).

کپڑا (دیکھیے) کا مخفف؛ مرکبات میں مستعمل.

کَپْڑ چھان/چھن صف. ۱. کپڑے کا چھنا ہوا، خوب باریک اور میدہ سا چھنا ہوا؛ (کنایۃً) خالی، کنگلا. ۲. غیر محسوس، جیسے چھو نہ سکیں یا ادراک نہ کر سکیں (سفوف)؛ گہرا، عمیق (مشورہ).

کَپْڑ کوٹھ/ کوٹھا مذ. خیمہ، تنبو.

کَپْڑا (فت ک، سک پ) مذ.

(سوت ریشم اُون یا نائیلون وغیرہ کا) بنا ہوا پارچہ جو خاص طور پر لباس کے علاوہ اور بہت سے کاموں میں آتا ہے. [س].

کپڑا لتا / لتہ مذ. کپڑا اور پہننے اوڑھنے سے متعلق دوسرا چھوٹا موٹا سامان لباس وغیرہ.

کَپْکَپا اُٹھنا محاورہ.

کانپ اُٹھنا، لرز جانا، تھرتھرا جانا.

کَپْکَپانا (فت ک، سک پ، فت ک) ف ل؛ ف م.

تھرتھرانا، پورے جسم میں لرزہ یا رعشہ پڑنا.

کَپْکَپاہَٹ (فت ک، سک پ، فت ک، ہ) مث.

کپکپانے کی کیفیت؛ تھرتھری، رعشہ، لرزہ، کپکپی.

کَپْکَپی (فت ک، سک پ، فت ک) مث.

تھرتھری، لرزہ، کانپنا، جسم میں رعشے کی سی کیفیت جو سردی یا خوف سے طاری ہوتی ہے.

کپکپی چڑھ آنا / چڑھنا محاورہ. شدید سردی؛ لگنا؛ تھرتھرانا، خوف سے کانپنا.

کھُورا (فت ک ، و مع) اند .
جانور کا خصیہ ؛ خصوصاً بکرے یا مینڈھے کا . [پ] .

کھُوری (فت ک ، و مع) اند .
ایک خوش مزہ پان ، ایک قسم کا پان جو سفید رنگ کا ہوتا ہے ، کافوری پان ، چھوٹے سائز کا خوش مزہ پان .

کُپّی (ضم ک ، شد پ) مث .
چھوٹا کپا ، تیل رکھنے کا چھوٹا سا چرمی یا ٹین کا ظرف نیز مشین میں تیل ڈالنے کا دھات کا بنا ہوا ظرف جس میں تیل نکلنے کے لیے ایک باریک نلکی ہوتی ہے .۲. تانبے یا پیتل کا وہ ظرف جس میں سپاہی بارود رکھتے ہیں . ۳. چرخی یا بیلن گراری جس سے وزنی سامان بلندی پر کھینچا جاتا ہے .

کُتّا (ضم ک ، شد ت) اند .
۱. کلبی نسل کا بھونکنے والا گوشت خور چوپایہ جس کی بہت سی قسمیں ہیں ، چوکیداری اور سراغ رسانی کا کام بھی کرتا ہے . ۲. کتے کی طرح پاجی ، ذلیل (ایک طرح کی گالی) . ۳. طالب ؛ آرزومند ؛ مانگنے والا ؛ حریص ؛ لالچی . ۴. (مجازاً) وہ پرزہ جو کسی مشین وغیرہ کے دوسرے پرزوں کو حسب ضرورت روکتا ہے ؛ گھوڑا ، گیرہ . [پ] .
کتا بھی اپنی گلی/اپنے گھر میں شیر ہوتا ہے کہاوت . اپنے علاقے میں ہر شخص کی جرأت بڑھ جاتی ہے ؛ حمایتیوں کو دیکھ کر سب کے حوصلے بڑھ جاتے ہیں ، اپنے ٹھکانے پر موجود ہو تو انسان کا حوصلہ بڑھا ہوا ہوتا ہے .
کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے کہاوت . کتے تک میں صفائی کا اتنا مادہ ہے کہ بیٹھنے سے پہلے اپنی دم سے زمین جھاڑ لیتا ہے ، کوئی شخص صفائی کا خیال نہ رکھے تو کہتے ہیں .
کتا کھانسی مث . کھانسی کی ایک قسم ، شدید کھانسی ؛ کالی کھانسی .

کِتاب (کس ک) مث .
۱. لکھے یا چھپے ہوئے اوراق کا مجموعہ ، پوتھی . ۲. کتابت شدہ ، نوشتہ ، ضبط تحریر میں لایا ہوا ، لکھا ہوا ؛ لکھت ، تحریر شدہ . ۳. قرآن پاک نیز توریت ، انجیل یا زبور وغیرہ . ۴. بیاض . ۵. بہی کھاتہ ؛ رجسٹر . ۶. نوشتہ ، نامۂ اعمال ، وہ کاغذ جس پر کراماً کاتبین ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں . [ع] .

کِتابَت (کس ک ، فت ب) مث .
۱. تحریر ، لکھائی ؛ نقل نویسی ، لکھنا نیز نوشتہ . ۲. (چھپائی کے لیے) کسی مضمون وغیرہ کو خوش نویسی کے اُصول سے لکھنے کا کام ، خوش نویسی ؛ کاپی نویسی ، خوش خط لکھنا . ۳. خط ؛ نوشتہ . ۴. (فقہ) مال معین کی ادائیگی پر آقا کی طرف سے غلام یا کنیز کی آزادی ؛ آزادی نامہ . [ع] .

کِتابچَہ (کس ک ، سک ب ، فت چ) اند .
چھوٹی کتاب ؛ مختصر کتاب ؛ کوئی مضمون یا مقالہ جو کتابی صورت میں ہو .

کِتابی (کس ک) صف .
۱. (i) کتاب سے منسوب ؛ مکتوبی ؛ لکھا ہوا ؛ (مجازاً) قابل وثوق . (ii) تحریری ، لکھی جانے والی (زبان) ، قواعدی (بول چال کے مقابل) . ۲. (i) قرآن پاک کے علاوہ کسی اور آسمانی کتاب پر عمل کرنے والا یا اسے واجب التعمیل ماننے والا ، اہل کتاب . (ii) کتاب الٰہی یا وحی سے منسوب . ۳. لمبا (چہرہ) .

کِتابیات (کس ک ، ب) مث ؛ ج .
۱. کتابیہ کی جمع . ۲. حوالوں کی کتابوں کے ناموں کی فہرست جو عموماً کسی مقالے کے ساتھ لگائی جائے .

کَتارا (فت ک) اند .
۱. کچی املی ، کتارا ، املی کی کچی پھلی . ۲. کٹار ، خنجر .

کَتان (فت ک) (الف) مث .
۱. ایک وضع کا چکنا کتھئی رنگ کا چپٹا دانہ جس سے تیل نکلتا ہے ، السی ، السی کا بیج . ۲. ایک باریک ریشمی کپڑا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ چاندنی میں چاک چاک ہو جاتا ہے ، بہت باریک کپڑا جس سے روشنی چھن کر نکل جائے . [ف] .

کُتُب (ضم ک ، ت) مث ؛ اند .
کتابیں ، (تراکیب میں مستعمل) جیسے کتبِ علمیہ ، کتبِ ریاضی ، کتب دینیات وغیرہ .
کتب بینی مث . کتابوں کا مطالعہ ؛ پڑھنے کی عادت .

کتب خانہ اند. ۱. کتاب گھر، وہ جگہ یا عمارت جہاں پڑھنے کے لیے کتابیں جمع رہیں؛ لائبریری. ۲. کتابوں کے بکنے کا مقام؛ کتب فروش کی دکان.

کَتْبَہ (فت ک، سک ت، فت ب) اند.
وہ عبارت جو کسی عمارت یا قبر پر بطور یادگار تحریر یا کندہ ہو؛ کتابہ؛ تختی؛ لوح. [ف > ع].

کَتْخُدا (فت ک، سک ت، ضم خ) (الف) اند.
۱. گھر والا؛ شادی شدہ. ۲. محلے وغیرہ کا سربراہ یا چودھری؛ بادشاہ.
(ب) صف. شادی شدہ (لڑکا یا لڑکی).

کَتْخُدائی (فت ک، سک ت، ضم خ) امث.
شادی، بیاہ، نکاح.

کَتّر (فت ک، شدت بفت) امث.
کپڑے کا چھوٹا سا پارچہ؛ کترن؛ دھجی.

کَتْرا (۱) (فت ک، سک ت) (الف) صف مذ. (مث: کتری)
کاٹنے والا، بطور لاحقہ فاعلی. (ب) اند. ٹین یا لوہے وغیرہ کو کاٹنے کی بڑی قینچی.

کَتْرا (۲) (فت ک نیز ضم، سک ت) صف.
۱. دانتوں یا کسی چیز سے ریزہ ریزہ کیا ہوا. ۲. ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا، بے ربط. ۳. چوہے کی نسل کا ایک جانور جو درختوں اور پیڑ پودوں کو کاٹ ڈالتا ہے.

کَتْرانا (فت ک، سک ت) ف ل.
۱. رستہ کاٹ کر (دوسری طرف سے) نکل جانا، ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے پر چلا جانا. ۲. کنارہ کرنا؛ گریز کرنا؛ بچنا.

کَتْربیونت (فت ک، ت، سک ر، کس ع ب، ی ع، وع، غنہ) امث.
۱. (i) کپڑے کی تراش؛ کاٹ، کپڑا کاٹنا (سلنے کے لیے). (ii) کاٹ چھانٹ، قطع و برید. ۲. (i) (سودے سلف یا محاصل وغیرہ میں سے) کچھ بچانے کا عمل، (خرید و فروخت میں)، کچھ نقد یا جنس کی کٹوتی؛ خورد برد. (ii) کمی؛ تخفیف؛ کٹوتی. (iii) کسی مضمون کے اصل الفاظ میں تخفیف؛ تحریف؛ ترمیم. ۳. (چال بازی سے) جوڑ توڑ؛ کاٹ چھانٹ. ۴. سوچ بچار؛ اُدھیڑبن.

کتربیونت کرنا محاورہ. ۱. کفایت شعاری کرنا؛ گھٹانا، بچت کرنا. ۲. اُدھیڑبن میں رہنا. ۳. سودے سلف سے کم وبیش کر کے بچانا؛ خیانت کرنا؛ تغلب کرنا. ۴. کسی چیز کی کاٹ چھانٹ کر کے تغیر وتبدل سے کام لینا، نئی صورت دے دینا، اختراع کرنا. ۶. حذف وتخفیف کرنا، ترمیم وتنسیخ سے کام لینا.

کتر ڈالنا محاورہ. دانت یا چونچ سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹنا، کاٹ ڈالنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، حصے بخرے کرنا.

کَتْرَن (فت ک، سک ت، فت ر) امث.
۱. (کتری ہوئی) دھجی یا ٹکڑا، تراشہ، چھیچھن؛ پٹی. ۲. حصہ، جزو (Section).

کَتَرْنا (فت ک، ت، سک ر) ف م.
قینچی یا سروتے وغیرہ سے کاٹنا، ٹکڑے کرنا. [س].

کُتَرْنا (ضم ک، فت ت، سک ر) ف م.
دانتوں سے کسی چیز کا کچھ حصہ کاٹنا، دانتوں سے کاٹ کر ٹکڑے کرنا. [پ]

کَتَرْنی (فت ک، ت سک ر) امث.
کاٹنے یا کترنے کا اوزار؛ قینچی.

کُتْکا (ضم ک، سک ت) اند؛ ← کتکہ.
۱. چوب دستی، ڈنڈا، بھنگ گھونٹنے کا سوٹا، گتکا. ۲. (لوہاری) ڈھبری کی چوڑیاں یا پیچ، مادہ پیچ جو کابلے کے پیچوں کے ساتھ کس جائیں.

کِتْنا (کس ک، سک ت) م ف.
۱. کس قدر، کس مقدار میں؛ انداز یا تعداد کے مطابق. ۲. کسی قدر؛ قدرے، تھوڑا؛ نسبتاً کم. ۳. کس حد تک، کہاں تک؛ بے مفید؛ کم حیثیت، کس درجہ. [پ: س].

کِتْنی (کس ک، سک ت) صف؛ م ف.
کتنا کی تانیث؛ تراکیب میں مستعمل.

کِتْنے (کس ک، سک ت) م ف؛ ج.
کتنا کی مغیرہ صورت نیز جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

کتنے ہانی میں ہو / ہے / ہیں فقرہ. کیا حیثیت ہے؛ کتنی اہمیت ہے؛

اصلیت کیا ہے ؛ کتنا ظرف ہے ؛ کس قدر حوصلہ ہے ؛ کہاں تک دستگاہ ہے ؛ کتنی قدرت ہے .

کُتّوں (ضم ک ، شدت ، وج) اند ؛ ج.
کتا کی مغیرہ حالت نیز جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

کتوں کو دُوں پر تجھے نہ دوں کہاوت . چیز ضائع کی جاسکتی ہے مگر دشمن کو نہیں دی جاسکتی ، جسے کوئی چیز دینے کو دل نہ چاہے اور وہ ضد کرے تو کہتے ہیں .

کُتّی (ضم ک ، شدت) مت .
کتا کی تانیث ؛ مادۂ سگ ؛ کتے کی مادہ ، کتیا (بطور گالی بھی مستعمل).

کُتّے (ضم ک ، شدت ، ی مج) اند ؛ ج.
کتا کی م تیرہ حالت اور جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

کتے بلی (کا) شیر ہونا محاورہ . بے حیثیت لوگوں کا بھی منھ آنے لگنا .

کتے کی دم (کو) بارہ برس زمین میں گاڑو / گاڑی (تو بھی) ٹیڑھی ہی / رہے گی / نکلی کہاوت . طبیعت اور فطرت کی کجی کوشش سے نہیں جاتی ، بدطینت پر صحبت کا کچھ اثر نہیں ہوتا (لاکھ کوشش کے باوجود جب کوئی تبدیلی واقع نہ ہو تو کہتے ہیں).

کتے لوٹنا محاورہ . ۱. خاک اُڑانا ؛ غیر آباد اور ویران ہونا . ۲. صفائی نہ ہونا ؛ گندگی ہونا .

کُتیا (ضم ک ، سک ت) مت .
۱. مادہ سگ ، کتے کی مادہ ؛ کتی . ۲. (حقارۃً) کم حیثیت .

کَتھا (فت ک) مت .
۱. احوال ، روئداد ، سرگزشت . ۲. بیان ، طول طویل بیان ، ایسی لاطائل بات جس سے اکتاہٹ ہو . ۳. داستان ، لمبی کہانی . ۴. (ہندو) رشیوں کے حالات اور وعظ و پند جو برہمن بیان کرتے ہیں . [س].

کتھا سنانا ف مر ؛ محاورہ . داستان بیان کرنا ؛ کہانی سنانا ؛ حال احوال کہنا .

کَتّھا (فت ک ، شد ت) اند ؛ - کتھ .
کیکر یا اور کسی درخت کی چھال کا عرق جو پان کے ساتھ کھانے کے لیے چھال کو اُبال کر نکالا اور نتھار کے جمایا جاتا ہے . [س].

کَتھک (فت ک ، تھ) اند .
۱. (ہندو) گانے بجانے اور ناچنے کا کام کرنے والوں کی ایک ذات کا نام ، گویا ، نچنیا شخص ؛ ناچنے والا لڑکا . ۲. لوک ناچ کی ایک قسم جس میں جسم کی حرکات و سکنات یعنی اداکاری کے ذریعے قصہ یا کہانی کی منظرکشی کی جاتی ہے . [س].

کَتھئی (فت ک ، شد تھ بفت) صف .
کتھے کے رنگ کا ، سرخی مائل بھورا .

کَٹ (۱) (فت ک) اند .
۱. کاٹنا سے مشتق ؛ مرکبات میں مستعمل . ۲. کاٹا ہوا .

کٹ جانا ف مر ؛ محاورہ . ۱. شرمندہ ہو جانا ، خجل ہونا ، پانی پانی ہو جانا . ۲. گزر جانا ، بیت جانا ، بسر ہو جانا . ۳. کٹنا ؛ قطع ہونا .

کٹ حجتی مت . خواہ مخواہ کی بحث ، بحث برائے بحث ، ضد سے کام لینا .

کٹ / کنا / کھنا صف ؛ مذ ؛ کٹ کھنا . ۱. کاٹ کھانے والا ، کاٹنے کو دوڑنے والا . ۲. (مجازاً) بہت غصہ ور ، غصے میں بھرا ہوا ، (شخص) جو پھاڑ کھانے کو دوڑے . ۳. چال ، چالاکی . ۴. کسی چیز کو درمیان میں جگہ جگہ سے تھوڑا تھوڑا سا کاٹ کر بنائے ہوئے خلا ؛ پیچ .

کٹ ملا اند . کم تعلیم یافتہ اُستاد ، نیم ملا ، ادھورے علم کا واعظ یا پیش امام وغیرہ ، تنگ نظر و تنگ دل .

کَٹ (۲) (فت ک) اند .
کاٹ ، کاٹھ ، لکڑی ، تراکیب میں مستعمل جیسے : کٹ پتلی وغیرہ .

کَٹ (۳) (فت ک) اند .
۱. (i) کٹائی ؛ کاٹ ؛ قطع ؛ تراش (عموماً) مرکبات میں مستعمل . (ii) وضع ؛ طرز . ۲. (کرکٹ) : بوجا ، اوپر سے نیچے آتی ہوئی گیند کو زمین پر گرنے یا کسی چیز پر لگنے سے پہلے دونوں ہاتھوں سے دبوچ لینا ، ترچھے بلے سے ضرب لگانا . ۳. ضرب ؛ زخم . [انگ].

کٹ پیس اند . تھان سے اُتارے جانے والے یا تراشے جانے کے بعد کپڑے کا بچا ہوا ٹکڑا یا پارچہ ؛ تھان سے اتارا ہوا کپڑے کا نمونہ .

کٹ ورک اند . ۱. ایک وضع کی کشیدہ کاری جو کپڑے کو تراش کے کی جاتی

ہے . ۲. قینچی کا کام ؛ تراشنا ؛ تراشے جمع کر کے کتاب تالیف کرنا .

کُٹ (۱) (ضم ک) امذ .
ایک درخت کی جڑ جس کا رنگ کالا اور مزہ ایلوے کی طرح تلخ ہوتا ہے قسط ہندی (بطور دوا اور اونی کپڑے کو کیڑے سے بچانے کے لیے مستعمل) . [س] .

کٹ بدیا امث . گوشمالی ، زدوکوب ، مار پیٹ .

کُٹ (۲) (ضم ک) امث .
سروتے سے چھالیا وغیرہ کاٹنے کی آواز .

کَٹا (فت ک) (الف) امذ .
قتل ؛ خوں ریزی ؛ کاٹا کوٹا . (ب) صف . کاٹا ہوا ، قطع یا جدا کیا ہوا (بیشتر مرکبات میں مستعمل) نیز بطور جزو دوم جیسے : کن کٹا ، دُم کٹا وغیرہ .

کٹا پٹا / پھٹا / چھٹا صف مذ . ۱. جگہ جگہ سے کاٹا ہوا ؛ قلم زد کیا ہوا ؛ ابتدائی شکل کا ، کچا پکا . ۲. مٹا مٹا سا ؛ غیر واضح .

کُٹا (ضم ک) صف مذ .
کوٹا ہوا ، موسلی ، بٹے یا کسی لوہے کے اوزار سے ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ، کوبیدہ ، جیسے : کٹا گوشت ؛ کٹا تمباکو وغیرہ (تراکیب میں مستعمل) .

کَٹّا (فت ک ، شدٹ) (الف) صف مذ .
۱. طاقت ور ، زور آور ، تندرست و توانا ، فربہ (بیشتر ہٹا کٹا کے ساتھ مستعمل) . ۲. (اپنے نظریے مسلک یا مذہب) میں) استحکام رکھنے والا ، راسخ العقیدہ ؛ متعصب ؛ کٹر . (ب) امذ . ۱. سنگ دل ؛ شقی القلب . ۲. پتھر ؛ سخت اور ٹھوس چیز ، بند . ۳. گٹا . ۴. ایک مرض کٹا ہے جو منھ کے اندر زبان میں زخم پڑ جاتا ہے یا پھوس وغیرہ کا مجموعہ جو ہاتھ میں آ سکے ؛ مٹھا ، گٹھا . ۵. پانی روکنے کا بند (جو دریا وغیرہ میں باندھتے ہیں) . ۶. آدھی بوری ؛ چھوٹی بوری . ۷. موٹی جوں . ۸. بھینس کا نر بچہ ، کٹڑا . [س] .

کَٹار (فت ک) امث (قدیم: امذ) .
۱. تیز دھار کا چھوٹا اور دو دھاری تکونا خنجر (جسے کمر پر باندھتے ہیں) . ۲. نیولے سے مشابہ (ایک درندہ جانور) ؛ کٹاس ؛ کھیکھر . ۳. شیر کے ناخن کی شکل کی تلوار . ۴. (لباس) سوتی یا ریشمین انگشتیا کور کا بنا ہوا ململ کی قسم کا ساڑھی کے لیے تیار کیا ہوا کپڑا . [س] .

کَٹاری (فت ک) امث .
چھوٹا کٹار ، کٹار کا متبادل .

کَٹاکَٹ (فت ک ، ک) امث .
تسلسل کے ساتھ کسی سخت چیز کے کاٹے جانے کی آواز .

کَٹاؤ (فت ک ، وج) امذ .
۱. کاٹنے یا کٹنے کا عمل ، کاٹا یا کٹنا (عموماً طبعی اثرات سے) قدرتی گڑھا جو قدرتی عمل یعنی دریا کے بہاؤ یا زمین کے دھنسنے سے برابر ہو گیا ہو . ۲. (مجازاً) قتل و خون ؛ قتل عام ؛ کٹا چھنی . ۳. تراشنے سے بنی ہوئی ساخت ، وضع ، شکل . ۴. (i) (سلائی) سوتی ریشمی کپڑے یا زری کے پھول بوٹے کتر کر کپڑے پر ان کی ٹکائی ؛ ٹکت ، کپڑے پر کٹاؤ ، کیکری کا کام . (ii) گل کاری .

کَٹائی (فت ک) امث .
۱. (کسی شے کو کاٹنے یا اس کے کٹنے کا عمل (جیسے : زمین کی کٹائی ، تراش ، کاٹ ، پہاڑ کی کٹائی ؛ درختوں کی کٹائی ؛ کسی دھات کی کٹائی وغیرہ) ، کاٹنا . ۲. (بیل بوٹے وغیرہ بنانے کے لیے) پتھر یا دھات وغیرہ کی ترشائی . ۳. (کاشت کاری) کھیت سے فصل کاٹی جانے کا کام ؛ فصل وغیرہ کا کاٹنا ، فصل کاٹے جانے کا عمل . ۴. کاٹنے کی اُجرت یا معاوضہ . ۵. بھٹ کٹیا ، ایک بوٹی ، کٹاون .

کُٹائی (ضم ک) امث .
کوٹنے یا کوٹے جانے کا عمل ؛ کوٹنا .

کَٹّر (فت ک ، شدٹ بفت) صف .
۱. (رائے ، عقیدہ یا نظریے میں) سخت یا مستحکم اور پختہ ، کٹا . ۲. سنگ دل ؛ بے رحم ؛ بے مروّت . ۳. اپنی ضد پر جمنے والا ، اڑیل ، ضدّی ، متشدد ، سخت ، جارح . [س] .

کٹڑپن / پنا امذ سختی ؛ اڑیل پن ، ضد ، ہٹ دھرمی ، شدت پسندی .

کَٹْڑا (۱) (فت ک ، سک ٹ) امذ .
بھینس کا نر بچہ ، بچھڑا .

کَٹْرا (۲) (فت ک، سک ٹ) اند؛ - کٹرہ.
مکانوں سے گھرا ہوا بند کوچہ، ایسی گلی جس کے سامنے کا سرا بند ہو اور راستہ دائیں بائیں کی گلی سے نکلے. ۲. لکڑی کا بنا ہوا کونڈا یا لگنی، کٹھرا.

کُٹْر کُٹْر (ضم ک، فت ٹ، ضم ک، فت ٹ) امث.
کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز. [حکایت الصوت].

کَٹْرِیا (فت ک، ٹ، سک ر) امث.
چھوٹی سی کٹاری.

کِٹْکِٹانا (کس ک، سک ٹ، کس ک) ف م.
۱. دانت پیسنا یا بھینچنا، کچکچانا (برہمی، خفگی یا سردی کی وجہ سے). ۲. کپکپانے کی وجہ سے دانت بجنا؛ کٹ کٹ کی آواز نکلنا.

کُٹْکُٹانا (ضم ک، سک ٹ، ضم ک) ف ل.
مرغ یا مرغی کا کٹ کٹ کرنا.

کُٹْکی (ضم ک، سک ٹ) امث.
۱. ایک کڑوی اور کالے رنگ کی گرہ دار جڑ جو دواؤں میں کام آتی ہے؛ خربق سیاہ. ۲. ایک ناکارہ دانہ جو عموماً دالوں اور غلہ میں ملا ہوتا ہے. ۳. مچھر کی طرح کا لیکن مچھر سے بہت چھوٹا ایک کیڑا، ایک قسم کا کیڑا. ۴. (پتنگ بازی) دانت سے ڈور میں لگایا ہوا نشان جس سے جلد ٹوٹ کر پتنگ کٹ جائے. ۵. چمڑے میں سلائی کے لیے سوراخ کرنے کا باریک نوک کا اوزار.

کَٹْلِٹ (فت ک، سک ٹ، کس ل) اند.
کٹلس، قیمہ بھرے، پسے ہوئے آلوؤں کی تلی ہوئی ٹکیاں، مخروطی شکل کے قیمے بھرے آلو کے کباب جو ایک مرغوب یورپین کھانا ہے. [انگ].

کَٹْلَری (فت ک، سک ٹ، فت ل) امث؛ ج.
(گھریلو استعمال کے) کاٹنے کے آلات: چھری، چاقو، کانٹا وغیرہ نیز ان چیزوں کا کارخانہ. [انگ].

کَٹْلِس (فت ک، سک ٹ، کس خف ل) اند.
گوشت کا بھنا ہوا یا اُبلا ہوا ٹکڑا (دیکھیے: کٹلٹ). [انگ].

کُٹُم (فت نیز ضم ک، ضم ٹ) اند.
کنبہ، خاندان، گھرانا؛ برادری، قبیلہ. [س].

کَٹْنا (فت ک، سک ٹ) ف ل.
۱. تراشا جانا، بُریدہ ہونا، ترشنا. ۲. گزرنا، بیتنا، بسر ہونا. ۳. شدّت یا کثرت سے پڑنا، شدید و کثیر ہونا. ۴. (i) وضع ہونا، منہا ہونا، مجرا ہونا، حساب میں لگنا. (ii) پورا پورا تقسیم ہونا، منقسم ہونا. ۵. کترانا، نظر چرانا، بچ کر نکلنا. ۶. علیٰحدہ ہونا، الگ ہونا، دور ہونا. ۷. شرمندہ ہونا، خجل ہونا، ندامت کا شکار ہونا. ۸. ہلکا یا پھیکا پڑ جانا، اُتر جانا، (رنگ وغیرہ کا). ۹. (i) غیرت میں ڈوبے جانا، شرم سے مرے جانا، اندر سے زخمی اور افسردہ ہونا. (ii) بہت رنجیدہ ہونا، شدّت سے غمگین ہونا. ۱۰. پتنگ یا کنکوے کی ڈور کا رگڑ کھا کر ٹوٹ جانا. ۱۱. جلنا، حسد کرنا، رشک کرنا. ۱۲. ریل گاڑی کا ٹرین سے جدا ہونا، ٹرین سے علیحدہ کیا جانا. ۱۳. قطع مسافت ہونا، راستہ طے ہونا. ۱۴. بیجا صرف ہونا، مفت زیر بار ہونا، روپیہ ضائع ہونا. ۱۵. (کاشت کاری) کھیتی میں درانتی پڑنا، فصل کاٹی جانا، فصل کی کٹائی ہونا. ۱۶. (ناک کے ساتھ) رسوائی ہونا، بے عزّتی ہونا، بدنام ہو جانا.

کُٹْنا (۱) (ضم ک، سک ٹ) ف ل.
کوٹا جانا، کوبیدہ ہونا، پیٹ پیٹ کر ہموار کیا جانا، مار کھانا.

کُٹْنا (۲) (ضم ک، سک ٹ) اند.
مردوں کو عورتوں سے اور عورتوں کو مردوں سے ملوانے والا دلال، بھڑوا. [س].

کُٹْنی (ضم ک، سک ٹ) (الف) امث.
کسی عورت کو مرد سے یا مرد کو عورت سے ملوانے کے لیے یا دور کرنے کے لیے، ورغلانے والی عورت، لگائی بجھائی کرنے والی، دلالہ؛ نائکہ، عورتوں کو بھگا لے جانے والی عورت. (ب) صف. لگائی بجھائی کرنے والی، لُتری.

کَٹُّو (فت ک، شد ٹ، وج) صف مث.
۱. پیار میں بچی یا بلی اور گلہری سے مخاطب کرنے کا کلمہ؛ پیاری. ۲. (سلینگ) معشوقہ؛ (معشوقہ کو مخاطب کرنے کا کلمہ) جانِ من.

کَٹوتی (فت ک، ولین) امث.
۱. منہائی، مجرائی، وضع کر لینا، کمی. ۲. (بنکاری) لین دین کا کام

سرانجام دینے کا حق ، رعایتی حق ، چھوٹ ، ڈسکاؤنٹ .۳. (نیارا گری) میل کا وزن جو کسی دھات کے صاف کرنے میں اصلی وزن سے خارج کر دیا جائے ، کروا .

کَٹورا (فت ک ، وج) :- کٹورہ (الف) اند .

(کسی دھات ، خصوصاً المونیم ، تانبے ، پیتل ، چاندی یا سونے کا) چوڑے منہ اور پھیلے ہوئے پیندے والا پیالا . (ب) صف .۱. کاٹ لینے والا ، کٹ کھنا .۲. (کنایۃً) کھلا ہوا پھول . [س] .

کٹورا/سی آنکھیں امث . بڑی بڑی آنکھیں جو خوبصورتی کی علامت سمجھی جاتی ہیں .

کَٹورْدان (فت ک ، وج ، سک ر) اند .

ڈھکنے والا کسی دھات کا بنا ہوا برتن (اس میں اوپر تلے کٹورا نما کئی برتن ہوتے ہیں اور یہ اس کے پہلوؤں میں لگی ہوئی سلاخوں یا پٹیوں سے جڑے رہتے ہیں) ، ناشتہ دان .

کَٹوری (فت ک ، وج) امث .

۱. چھوٹا کٹورا ، دھات کی بے دستے کی پیالی .۲. انگیا کے جوڑ اور سلائی کے اس حصے کا نام جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ، غلاف پستان .۳. چاندی ، پیتل وغیرہ کی گول گول ، ننی ننی کٹوریاں جو آرائش کے لیے لباس میں ٹانکی جائیں .۴. گول ، کٹوری کی طرح کا ؛ (مجازاً) گول کٹوری نما شے جیسے آنکھ یا پھول .۵. پیتل کا چھوٹا کٹوری نما پلڑا ، تولنے کے چھوٹے کانٹے کا پلڑا جو کٹوری نما ہوتا ہے .۶. جھنڈے کے اوپر کی کلغی یا قرصِ طلائی .

کَٹّہ (فت ک ، شد ٹ بفت) اند .

(معماری) پشتہ جو تالاب یا نہر کے پانی کو روکنے کے لیے اینٹ ، پتھر اور چونے وغیرہ سے تعمیر کیا جاتا ہے ، بند ، پشتہ بند . [مقامی] .

کَٹْہرا (فت ک ، فت ربع ٹ ، سک ہ) اند :- کٹہرہ .

۱. عموماً لوہے یا لکڑی کا جنگلا جو حفاظت کے واسطے مکان کے چاروں طرف یا چھت یا زمین گھیرنے اور حد باندھنے کی غرض سے لگا دیتے ہیں .۲. لکڑی (یا لوہے) کا پنجرہ جس میں پرندوں یا درندوں کو بند رکھتے ہیں .۳. لکڑی کا وہ جنگلا جو عدالت میں ہوتا ہے اور دورانِ جرح ملزم ، اور گواہوں وغیرہ کو اس میں کھڑا کر کے سوالات کیے جاتے ہیں .
۴. لکڑی کا کام جو پلنگوں کے سرہانے یا پائنتی پر کرتے ہیں ، کٹہرا جو پلنگ کے چاروں طرف بنا دیتے ہیں .۵. لکڑی کی بنی ہوئی جالی دار باڑ ، چوبی جنگلا . [س] .

کَٹی امث .

کٹنا سے مشتق صیغہ صفت بمعنی کٹی ہوئی ؛ تراکیب میں مستعمل .

کٹی انگلی پر پیشاب نہ کرنا محاورہ . مصیبت اور پریشانی میں خفیف ہمدردی بھی نہ کرنا .

کٹی پتنگ کی طرح ڈولنا محاورہ . بہت زیادہ ڈگمگانا ، لڑکھڑانا ، متزلزل ہونا .

کُٹی (۱) (ضم ک) امث .

درویشوں کی کٹیا یا زاہدوں کی جھونپڑی ، خس پوش مکان ، کُٹیا . [س] .

کُٹی (۲) (ضم ک) امث .

۱. کوٹی ہوئی چیز ، باریک کی ہوئی چیز .۲. پیر فقیر کی درگاہوں پر لے جانے والی میٹھی اور مرغن چوری جس میں گیہوں کے دردرے آٹے کے علاوہ گھی شکر اور خشک میوہ جات بھی شامل ہوتے ہیں .

کُٹّی (ضم ک ، شد ٹ) امث .

۱. گنڈاسے سے (باریک باریک) کٹا ہوا چارا .۲. پر کٹا ہوا کبوتر ، وہ کبوتر جس کی دُم اور پر کاٹ کر کبوتر باز اُڑتے ہوئے کبوتروں کو دکھاتے ہیں .۳. ایک کلمہ جو بچے دوستی القط کرتے وقت انگوٹھے کے ناخن کو دانتوں سے کٹک کر کہتے ہیں ، دوسرا طریقہ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی چھنگلیا (چھوٹی انگلی) دوسرے کے داہنے ہاتھ کی چھنگلیا میں حلقہ بنا کر اپنی اپنی طرف کھینچتے ہیں ، کبھی ساتھ ساتھ زبان سے بھی کہتے ہیں ، عداوت ، علاحدگی ، دوری . [پ : س] .

کَٹے (فت ک) صف ، ج .

کٹا کی مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

کٹے پر لُون/ نمک چھڑکنا/ لانا محاورہ . تکلیف پر اور تکلیف دینا ، زخم پر نمک چھڑکنا .

کٹے کٹے رہنا صف . دور دور رہنا ، الگ الگ رہنا ، بے رُخی برتنا .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کَٹیا (فت ک، کس ٹ) مث.
لکڑی یا مٹی کا چھوٹا برتن، کٹھیا ۲. بھینس کا مادہ بچہ.

کُٹیا (ضم ک، سک ٹ) مث.
چھوٹی کٹی، جھونپڑی.

کَٹیلا (فت ک، ی مع) مذ.
۱. کاٹ دار، کاٹ کرنے والا ۲. چُبھنے والا، لبھانے والا. [پ].

کَٹیلی (فت ک، ی مع) صف.
۱. تیز، کاٹ کرنے والی، چبھنے والی ۲. دل میں اُتر جانے والی، اثر کرنے والی ۳. خاردار، پرخار، کانٹوں بھری.

کَٹھ (فت ک) مذ: - کٹ.
کاٹھ کا مخفف تراکیب میں مستعمل.

کٹھ پتلی مث: - کٹ پتلی.
۱. لکڑی کی مورت گڑیا جس کا کھیل دکھاتے ہیں ۲. (مجازاً) دوسرے کی عقل اور اشاروں یا رائے پر چلنے والا، بے اختیار آدمی دوسروں کے ہاتھوں میں کھیلنے والا، (خواہ مرد ہو یا عورت) ۳. نازک لڑکی، دُبلی پتلی عورت.

کٹھ پتلی ریاست مث. ایسا علاقہ یا ریاست جو کسی دوسرے ملک کے زیر اثر ہو، بظاہر آزاد مگر دوسرے کے تابع، بے بس.

کٹھ ملا مذ. سطحی علم والا، ہٹ دھرم مولوی.

کُٹھالی (ضم ک) مث.
۱. چاندی سونا وغیرہ گلانے کا مٹی کا بنا ہوا پیالہ نما ظرف، بوتہ، تھالی. ۲. پتھر کی اوکھلی جو زمین میں گڑی ہوتی ہے اور اس میں غلہ ڈال کر موسل سے کوٹتے ہیں، اوکھلی ۳. چھوٹا پیالہ ۴. کیتلی نما برتن جو دو فٹ لمبا اور فٹ قطر کی گولائی میں گریفائٹ یا آتشی مٹی اور کاربورنڈم سے تیار کیا جاتا ہے اس میں مختلف دھاتیں یا کچا لوہا پگھلایا جاتا ہے؛ انگیٹھی، بھٹی ۷. (کنایۃً) آزمائش، امتحان، جانچ. [س].

کَٹھرا (فت ک، سک ٹھ) مذ.
۱. لکڑی کا بڑا اور چوڑا ظرف ۲. محلہ، چھوٹا بازار، منڈی ۳. بھینس کا نر بچہ، کٹڑا ۴. ڈھانچہ. [س].

کُٹھریا (ضم ک، فت ٹھ، سک ر) مث.
چھوٹا کمرہ، چھوٹی کوٹھری، جھونپڑی.

کَٹھل (فت ک، ٹھ) مذ.
ایک درخت نیز اس کا پھل، یہ درخت چالیس پچاس فٹ اونچا ہوتا ہے پھل بڑا کچھ لمبا اور گودے دار ہوتا ہے، یہ پھل درخت کے تنے اور شاخوں میں نکلتا ہے، سانپ کے کاٹے کو کٹھل جہاں تک ممکن ہو کھلایا جائے تو زہر اتر جاتا ہے، کیتھ. [س].

کَٹِھن (فت ک، کس نیز فت ٹھ) (الف) صف.
دشوار، مشکل، سخت، دشوار. [س].

کَٹھنائی (فت ک، سک ٹھ) مث.
دشواری، سختی، مشکلات.

کَٹھور (فت ک، و ج) صف.
۱. سنگ دل، بے رحم، بے حس، ظالم ۲. سخت، کڑا، مضبوط. [س].

کٹھور پن مذ. سنگ دلی، ظلم، بے رحمی، سختی.

کُٹھیا (ضم ک، سک ٹھ) مذ.
غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا ظرف، اناج کی کوٹھری، کٹھلا. [س].

کَثافت (فت ک، ف) مث.
۱. میلا پن، نجاست، گندگی، غلاظت ۲. (سائنس) کسی جسم کے اکائی حجم میں مادّہ کی وہ مقدار (یا کمیت مادّہ) جو اس کے حجم کی ایک اکائی میں موجود ہو. [ع].

کثافت اضافی مذ. (سائنس) ایک نسبت جو ظاہر کرتی ہے کہ کوئی چیز پانی کے مقابلے میں کتنے گنا بھاری ہے، کسی چیز کی کثافت کو جو نسبت پانی کی کثافت سے ہوتی ہے اُسے کثافت اضافی کہا جاتا ہے، وزن مخصوص.

کَثرَت (فت ک، سک ث، فت ر) مث.
۱. زیادتی، بہتات، کثیر ہونا ۲. بھیڑ، ہجوم، ریل پیل، ازدحام. [ع].

کثرت استعمال مث. بہت زیادہ استعمال، بہت زیادہ کام میں لانا زیادہ برتنا.

کَثیر (فت ک، ی مع) صف مذ.
بہ کثرت، کثرت سے، بہ افراط، بے شمار، بہت زیادہ، بسیار، (قلیل کی ضد). [ع].

کثیرالاضلاع صف. (ہندسہ) کئی ضلعوں یا خطوط مستقیم سے گھری ہوئی چار سے زیادہ خطوط والی شکل، وہ جس کے بہت سے پہلو ہوں.

کَثیف (فت ک، ی مع) صف، مذ.
۱. کثافت والا، میلا، گندا، گدلا (لطیف کی ضد). ۲. دبیز، ٹھوس، بھاری. ۳. (مجازاً) نجس، گندہ، ناپاک. [ع].

کَج (فت ک) (الف) صف.
کب، ٹیڑھا، خمیدہ (راست کی ضد). (ب) مث. کجی، خمیدگی، ٹیڑھا پن. اف: کرنا/ہونا. [ف].

کج ادا صف. بدخلق، بے مروّت، بے وفا، مغرور، ناز نخرے والا؛ (مجازاً) محبوب.

کج ادائی مث. ۱. بے مروّتی، بے وفائی، بدخلقی، بے رخی. ۲. دشمنی، عداوت، برائی، بدی. ۳. (مجازاً) بانکپن.

کج بحثی مث. اُلٹی سیدھی باتیں، نامعقول گفتگو، فضول باتیں، کٹ حجتی.

کج خلقی مث. بداخلاقی، بدخوئی، اکھڑپن، بدمزاجی.

کج روی مث. غلط روی، ٹیڑھی راہ پر چلنا، غلط راستے پر چلنا، بے راہ روی.

کج فہم صف. بے عقل، بے وقوف، ناسمجھ.

کج کلاہ/کجکلاہ صف مذ. ۱. ٹیڑھی ٹوپی والا؛ بانکا، (کنایۃً) معشوق، اکڑ کی وجہ سے ٹیڑھی ٹوپی پہننے والا. ۲. مغرور؛ (کنایۃً) بادشاہ.

کج کلاہی/کجکلاہی مث. ٹوپی کو ترچھا پہننا، ٹوپی کو ٹیڑھا رکھنا، بانکپن، خودنمائی، بادشاہی.

کج مج صف. ۱. ٹیڑھا میڑھا، پیچیدہ، اُلجھا ہوا، غیر واضح. ۲. وہ جس کی زبان اچھی طرح نہ چل سکے، وہ شخص جو اچھی طرح بات نہ کر سکے؛ بچے کی گفتگو.

کج نظری مث. ٹیڑھی نگاہ سے دیکھنا، بھینگا پن.

کُجا (ضم ک) م ف.
کہاں، کس جگہ (اُردو میں عموماً دو برابر چیزوں کے مقابلے کے موقع پر بولتے ہیں)؛ نفی کے معنوں میں بھی بولتے ہیں. [ف].

کجا راجہ بھوج، کجا گنگا تیلی / تیلی کہاوت. کہاں راجہ بھوج اور کہاں گنگا/گنگو تیلی، چہ نسبت خاک را باعالم پاک (جہاں حیثیت کا زیادہ فرق ہو وہاں بولتے ہیں).

کَجاوا/کَجاوَہ (فت ک/فت و) امذ.
سواریوں کے بیٹھنے کے لیے اونٹ کی کمر کے دونوں طرف لگی ہوئی ہودے یا ٹوکرے کی وضع کی نشستیں جس میں ایک ایک یا دو دو سواریاں بیٹھ سکیں، ایک طرح کی کاٹھی یا محمل. [ف].

کَجرا (فت ک، سک ج) امذ.
سیاہی، کاجل، کجلا.

کَجراری (فت ک، سک ج) صف، مث.
کاجل لگی ہوئی، کالی سیاہ، کاجل دار (آنکھ).

کَجلا (فت ک، سک ج) (الف) امذ.
۱. کاجل کی تصغیر. (ب) صف. سیاہ رنگ کا، کالا (قدیم).

کَجلانا (فت ک، سک ج) ف ل.
۱. آگ کا تقریباً بجھ جانا، بجھتے وقت آگ پر ایک قسم کی سیاہی آجانا، آگ کی حدت کم ہونا، آگ بجھنے سے پہلے اس کی تیزی میں کمی آنا.
۲. دھندلانا؛ سیاہ پڑ جانا؛ سانولا جانا، سیاہی آجانا.

کَجلوٹی (فت ک، سک ج، و لین) امث.
کاجل رکھنے کی ڈبیا.

کَجی (فت ک) امث.
۱. خمیدگی، ٹیڑھا پن؛ بے اعتنائی، بے رُخی. ۲. (کنایۃً) بدی، برائی. [ف].

کجی نکالنا محاورہ. درست کرنا، سیدھا کرنا.

کَچ (۱) (فت ک) صف.
بودا، کمزور، خام، ناپختہ؛ کچا کا مخفف؛ تراکیب میں مستعمل.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کچ دلا صف مذ. کچے اور کمزور دل کا، بودے دل کا؛ کم ہمت؛ بزدل، حوصلہ ہارنے والا.

کچ دلی مث .۱.کچ دلا کی تانیث؛ کم ہمت؛ بزدل عورت .۲. بزدلی؛ کم ہمتی؛ بودا پن.

کچ دھات مث .کچی دھات، دھات کی ایک قسم، خام معدنی مواد، معدن یا کان سے نکلی ہوئی کچی دھات.

کَچ (۲) (فت ک) اند.

کانچ، شیشہ، کاچ کا مخفف تراکیب میں مستعمل.

کچ لون مث. (مینا کاری) مینا بنانے کا مسالا جو کانچ میں حسبِ ضرورت رنگ اور ایک قسم کی کھار کی لاگ ملا کر تیار کیا جاتا ہے.

کَچ (۳) (فت ک) اند.

چاقو یا چھری سے پھل یا سبزی وغیرہ کو گودنے کی آواز .۲. (کنایۃً) بک بک؛ جھگڑا؛ تکرار .۳. غصے میں دانت پیسنے کی آواز.
اف: کرنا/ ہونا. [حکایت الصوت].

کِچ (کس ک) مث.

کیچڑ میں چلنے کی آواز؛ تراکیب میں مستعمل، جیسے: کچ کچ وغیرہ. [حکایت الصوت].

کچ کچ ہونا محاورہ. کیچڑ ہونا، دلدل بن جانا؛ کچ کچ کی آواز پیدا ہونا.

کُچ (ضم ک) اند؛ مث.

عورتوں کے پستان، چھاتی، چھاتی کی بھٹنی. [س].

کَچّا (فت ک، شد چ) صف مذ.

۱. خام؛ نارسیدہ؛ ناپختہ (پکا کی ضد) .۲. جو اچھی طرح پکا نہ ہو، ادھ گلا .۳. (i) نابالغ، نوعمر، کمسن (ii) جو ماہر کامل نہ ہو؛ مبتدی، اناڑی .۴. نرم، نازک .۵. حمل جس کی مدت مقررہ پوری نہ ہوئی ہو، وہ بچہ جو قبل از وقت پیدا ہو جائے .۶. بیرونی اثرات جو اصلی حالت میں دیر تک قائم نہ رہے، پانی یا کسی کیمیائی اثر سے تبدیل ہو جائے؛ ناپائیدار، جلد ماند پڑ جانے والا .۷. پھوڑا جو پکا نہ ہو، زخم جو ہرا ہو. ۸. ریت اور مٹی کا بنا ہوا، ناپختہ مکان، گارے کی چنائی کی ناپختہ تعمیر .۹. ادھورا سیا ہوا، عارضی طور پر لمبے لمبے ٹانکوں سے سلا ہوا. ۱۰. کم زور، بودا .۱۱. بغیر بٹا ہوا تاگا (سوت اور تاگے کے لیے) .۱۲. بغیر پکا یا بغیر اُبالا ہوا. (اناج یا دودھ وغیرہ) .۱۳. وہ خط یا تحریر جو ابتدائی حالت میں ہو؛ جس میں پختگی نہ ہو. [س].

کچا پکا صف مذ. ۱. کچھ کچا کچھ پکا؛ ادھ پکا؛ ادھ کچرا؛ ناقص .۲. ادھورا، نامکمل .۳. جو پختہ نہ ہو، گزارے کے لائق .۴. غیر معتبر، غیر یقینی (پکا کی ضد) .۵. صحیح صحیح حال؛ کل کیفیت .۶. ناتجربہ کار؛ جسے دست گاہ نہ ہو

کچا پن/ پنا اند. خامی؛ کمزوری؛ ناپختگی.

کچا چبا جانا/ چبانا محاورہ. کچا کھا جانا (دھمکی کے طور پر)؛ جان سے مار دینا، ہلاک کر ڈالنا.

کچا چٹھا اند. ۱. صحیح صحیح حال، کُل کیفیت، حقیقت حال، اصل حقیقت. ۲. تاجر کا کچا کھاتا جس میں مال کی بکری پسند کی شرط کے ساتھ لکھی جائے؛ جاکڑ بہی؛ تاجر کا ابتدائی کھاتا.

کچا چٹھا بیان کرنا محاورہ. الف سے ی تک سب کچھ کہہ دینا، ڈھکا چھپا سب بتا دینا، سچا سچا.

کچا چٹھا کھولنا محاورہ. راز فاش کرنا؛ اصل حقیقت بیان کر دینا.

کچا ریشم اند. (کتائی سوت) کوئے پر سے اتارا ہوا اور بغیر صاف کیا ہوا ریشم.

کچا لوہا اند. ۱. خام لوہا، بغیر صاف کیا ہوا لوہا، تازہ؛ کان سے نکلا ہوا لوہا .۲. نرم؛ نرم دل.

کَچالُو (فت ک، ومع) اند.

۱. اروی کی ایک قسم جو بطور ترکاری استعمال کی جاتی ہے .۲. ایک وضع کی چاٹ جو امرود، سیب، اُبلے ہوئے آلو اور کیلے وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر بناتے ہیں.

کَچاند/ کَچاہَند (فت ک، غنہ/ فت ک، و، غنہ) مث.

(طباخی) سالن کے کچے پن کی بو، پکی ہوئی یا تلی ہوئی چیز کے کچا رہ جانے کی بو.

کَچرا/ کَچرَہ (فت ک، سک چ فت ر) اند.

۱. کوڑا کرکٹ، بیکار چیزوں، ناکارہ چیزوں کا ڈھیر .۲. (پٹرول میں ملاوٹ یا انجن کی صفائی نہ ہونے کے سبب) انجن میں جمع ہونے والا میل یا چیکٹ. [س].

کچرا دان اند. کوڑا کرکٹ ڈالنے کا برتن یا ٹوکری.

کَچَر کَچَر (فت ک، ج، سک ر، فت ک، ج) امث.
۱. کچے پھل یا ادھ کچرے گوشت کے چبانے کی آواز. ۲. بک بک، تیز تیز باتیں کرنا. اف: کرنا/مچانا/ہونا. [حکایت الصوت].

کَچَری (فت ک، سک چ) امث.
خربوزے کی نوع کا ایک چھوٹا پھل جس پر سبز اور زرد دھاریاں ہوتی ہیں، مزے میں ہلکا تلخ اور پھیکا ہوتا ہے، کھٹ مٹھا ہوتا ہے، گوشت کے گلانے میں کام آتا ہے. [پ: س].

کچری کھانے دن ہلانے کھڑے بھاتے گھر کو آئے کہاوت. جو کچھ کمایا، کھایا پیا خرچ کردیا اور ہاتھ جھاڑ کر گھر کو واپس آگئے.

کِچْکِچا کر م ف.
دانت بھینچ کر؛ خوب زور لگا کر؛ یکبارگی؛ یک دم.

کِچکِچانا (کس ک، سک چ، کس ک) ف م.
غصے سے دانت پیسنا، زور لگانا.

کِچکِچاہَٹ (کس ک، سک چ، کس ک، فت ہ) امث.
دانتوں کا پیسنا یا بھینچنا، دانت زور سے بھینچنا (عاشق کی کمال خواہش بوس و کنار کے لیے).

کُچَل (ضم ک، فت چ) سابقہ.
کچلنا کا حاصل مصدر؛ تراکیب میں مستعمل جیسے: کچل جانا، کچل دینا، کچل ڈالنا وغیرہ.

کچل دینا ف مر. ۱. زور کم کرنا؛ پامال کرنا، پامال کرنا، پسپا کرنا، دبا دینا. ۲. موٹا موٹا کوٹنا.

کُچلا/ کُچَلَہ (۱) (ضم ک، سک چ/ فت ل) اند.
ایک زہریلا پھل، ایک نباتی زہر جو دوا میں مستعمل ہے. [س].

کُچلا (۲) (ضم ک، سک چ) اند.
کچلنا کا ماضی، کچلی ہوئی چیز، تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: کچلا جانا، کچلا کرنا وغیرہ.

کچلا بنا دینا/ بنانا محاورہ. قیمہ کرنا، کچومر نکالنا؛ مارنا پیٹنا.

کچلا جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. مسلا جانا؛ روندا جانا؛ مارا جانا؛ پیٹا جانا. ۲. برباد ہو جانا؛ تباہ ہو جانا. ۳. زیر بار ہونا.

کُچَلنا (ضم ک، فت چ، سک ل) (الف) ف م.
۱. مسلنا؛ روندنا؛ پامال کرنا. ۲. کسی وزنی چیز سے ایسی ضربیں لگانا کہ جسم اندر سے مسخ ہو جائے، اندرونی طور پر چوٹ لگانا. ۳. کسی چیز کو موٹا موٹا پیسنا، کوٹ کر نرم یا ریزہ ریزہ کرنا. ۴. بہت مارنا پیٹنا.
(ب) ف ل تیز ف م. کچلا جانا؛ مسلا جانا؛ روندا جانا.

کُچلی (۱) (ضم ک، سک چ) صف مث.
کچلا کی تانیث؛ تراکیب میں مستعمل.

کچلی ہوئی صف. پامال کی ہوئی، روندی ہوئی؛ مصیبت زدہ.

کُچلی (۲) (ضم ک، سک چ) امث.
وہ نوکدار دانت جو سامنے کے دانتوں اور ڈاڑھوں کے درمیان ہوتے ہیں. [پ: س].

کُچلیاں (ضم ک، سک چ، کس ل) امث؛ ج.
کچلی کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

کچلیاں پھوٹنا ف مر؛ محاورہ. کچلیاں نکلتے وقت مسوڑوں کا متورم ہونا.

کَچنار/ کَچنال (فت ک، سک چ) امث.
ایک قد آور درخت جس میں کاسنی اور سرخ پھول کھلتے ہیں اور اس کی کلیاں بطور سبزی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہیں. [س].

کَچوری (فت ک، و مج) امث.
۱. ماش کی پسی ہوئی دال کی مسالے دار پوری جو پھولی ہوئی اور خستہ ہوتی ہے. ۲. تمباکو کی ایک قسم، امانت خانی زردے کی ٹکیا. [س].

کَچوکا (فت ک، و مج) اند.
۱. نوک دار چیز سے گودا ہوا نشان. ۲. طعن، تشنیع، طنز. ۳. ٹھیس؛ ضرب؛ جھٹکا (مجازاً) نشتر زنی؛ احساسِ ندامت، ملامت.

کچوکا دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) اچار یا مربے کے پھل وغیرہ پر سوئے جیسی نوک دار چیز کا گودا ہوا نشان لگانا. (ii) گودنا؛ نوک دار چیز چبھونا. ۲. طعن و تشنیع کرنا؛ طعن دینا.

کَچوکنا (فت ک، و مج، سک ک) (الف) ف م.
۱. نوک دار چیز چبھونا؛ کچوکا دینا؛ پھونکنا. ۲. ٹہوکے دینا؛ چھیڑ چھاڑ کرنا؛ گدگدانا. ۳. طنز کرنا، تشنیع کرنا، طعن کرنا، ٹوکنا. (ب) اند.

اچار یا مربہ ڈالنے کے پھل یا ترکاری کو گودنے کا کانٹا ، کوچنا ، کچوکنے والی چیز .

کَچوکے (فت ک ، وج) اند : ج .

کچوکا کی مـ تیرہ حالت نیز جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

کچوکے دینا محاورہ . طنز کرنا ، طعنے دینا ، ایذا پہنچانا ، ملامت کرنا .

کچوکے لگانا محاورہ . ا . کوئی نوک دار چیز چبھونا ، نشتر لگانا . ۲ . طعنے دینا

کَچومَر (فت ک ، وج ، فت م) اند .

ا . کیری ، پیاز ، ٹماٹر ، گاجر ، مولی ، ہری مرچ ، ہرا دھنیا وغیرہ باریک باریک کاٹ کر یا کوٹ کر اس میں لیموں یا کھٹائی اور نمک ڈال کر بنائی جانے والی کچی چٹنی ؛ سلاد . ۲ . ایک طرح کا اچار ، سادہ اچار جو صرف نیبو کے رس یا سرکہ میں تیار کیا جاتا ہے .

کچومر کر دینا / کرنا محاورہ . ا . بھرکس نکالنا ، تباہ حال کر دینا ، ہلاکت کے قریب پہنچا دینا ، شدت سے کچلنا ، مار مار کر ادھ موا کر دینا . ۲ . چورا چورا کر دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ، کچورنا . ۳ . توڑ پھوڑ کر حلیہ بگاڑ دینا ، تباہ کر دینا .

کچومر نکالنا محاورہ . ا . توڑ پھوڑ کر حلیہ بگاڑ دینا . ۲ . خوب مارنا پیٹنا ؛ بھرکس نکالنا .

کچومر نکلنا محاورہ . ا . کچومر نکالنا کا لازم ؛ کچلا جانا . ۲ . تباہ حال ہو جانا ، مفلس و قلاش ہو جانا .

کَچہری (فت ک ، فت ج ، سک ہ) مث .

ا . وہ جگہ یا عمارت جہاں حاکم بیٹھ کر انصاف کرتا ہے (عدالت اور کورٹ کے ساتھ بھی مستعمل) ، عدالت ، انصاف گاہ . ۲ . دفتر ، محکمہ . ۳ . منصفی کا عہدہ ، جج . ۴ . اجلاس ؛ دربار ؛ مجمع ؛ انبوہ . [س]

کَچّی (فت ک ، شدج) صف : مث .

کچا کی تانیث ؛ مرکبات میں مستعمل .

کچی بات اند . جھوٹی بات ، ناقابل اعتبار بات ؛ ناپائیدار امر .

کچی بولی مث . دیہاتی بولی یا بول چال .

کچی پکی مث . ا . ادھ کچری ، نیم پختہ ؛ ناکارہ . ۲ . اچھی بری ؛ جھوٹی سچی ؛ تمام ؛ سب . ۳ . ناپختہ ؛ ٹوٹی پھوٹی ؛ جس پر دسترس نہ ہو (پکی کی ضد) .

کچی دھات مث . کچ دھات ؛ خام دھات ؛ کانوں سے نکلی اور بغیر صاف کی ہوئی دھات .

کچی رسید مث . رسیدی ٹکٹ کے بغیر وصولیابی کی یادداشت ، عارضی رسید ، مشروط صداقت نامہ .

کچی عمر مث . کم سنی ، چھوٹی عمر ؛ ناسمجھی کی عمر (بلوغت کی ضد) .

کچی کرنا محاورہ . جھٹلانا ، شرمندہ کرنا ؛ کوتاہی کرنا .

کچی کلی مث . منھ بند کلی ؛ (مجازاً) دوشیزہ ، نابالغہ ، باکرہ .

کچی کلی توڑنا محاورہ . (عم) نابالغہ کے ساتھ ہم بستری کرنا .

کچی کلی کچنال کی توڑت من پچھتائے کہاوت . ناقابل استعمال چیز کے لینے کا کوئی فائدہ نہیں .

کچی گولیاں کھیلنا محاورہ . نادان ہونا ؛ ناتجربہ کار ہونا ؛ ناپختہ ہونا .

کچی لکڑی مث . تازہ ، نرم اور ہری لکڑی ؛ (کنایتہً) کم عمر لڑکا یا لڑکی جو صحبت اور تعلیم کا اثر جلد قبول کرے .

کچی لکڑی جدھر / جس طرف جھکاؤ / موڑو ، جھک / مڑ جائے گی کہاوت . ناسمجھ کو جس راستے پر چلاؤ آسانی سے چل جاتا ہے بچپن ہی میں جس طرح چاہو تربیت کرو .

کچی نیند مث . نیند جو اچھی طرح بھری نہ ہو ، جس میں ذرا سی آہٹ سے آنکھ کھل جائے ؛ شروع کی نیند .

کَچّے (فت ک ، شدج ، ی ج) اند : ج .

کچا کی جمع نیز مـ تیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

کچے دھاگے سے / میں بندھنا محاورہ . کمزور اور غیر مستحکم ہونا ؛ مطیع و فرمانبردار ہونا .

کچے گھڑے کی مث . (مجازاً) دیسی شراب ؛ ٹھرا اور تاڑی وغیرہ .

کچے گھڑے کی پینا محاورہ . دیسی شراب پینا ؛ نادانی سے کوئی فعل کرنا .

کُچیلا (ضم ک ، ی لین) صف مذ .

میلا ؛ گندہ (میلا کے تابع کے طور پر مستعمل) .

کُچھ (ضم ک ، سک چھ) صف .

ا . ذرا ؛ کسی قدر ؛ تک ؛ تھوڑا سا ؛ قدرے ؛ معمولی . ۲ . (تعداد یا مقدار کے لیے) چند ؛ بعض . ۳ . کوئی چیز ؛ کوئی جنس . ۴ . کوئی بات ، نکتہ یا

مصلحت، بھید. ۵. کوئی. ۶. بالکل؛ مطلق؛ قطعاً. ۷. کوئی اور بات، امر دیگر، کچھ اور. ۸. تھوڑا بہت، کسی قابل. [پ: س].

کچھ آنا ہے نہ جانا ہے کہاوت. نالائق ہے؛ نکما ہے؛ کسی کام کا نہیں.

کچھ بن نہ آنا/ پڑنا محاورہ. کوئی بات نہ بننا، کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا؛ کچھ اور کچھ میں نہ آنا.

کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اُوپر سے قند پڑا/ ملا قند کہاوت. خوبی دونی ہوگئی، مزہ دونا ہوگیا، سونے پر سہاگہ.

کچھ دو اور کچھ لو فقرہ. باہمی افہام و تفہیم.

کچھ دیر کا / کی مہمان ہونا محاورہ. قریب المرگ ہونا؛ چند دنوں یا لمحوں کی زندگی ہونا.

کچھ کا کچھ م ف. اصل کے یکسر خلاف یا برعکس، امید یا اندازے کے برخلاف، دگرگوں، پہلے سے مختلف.

کچھ کھاکے سو رہنا محاورہ. زہر یا سنکھیا وغیرہ کھا کے مرجانا؛ خودکشی کرنا.

کچھ لو اور کچھ دو فقرہ. دیکھیے: کچھ دو اور کچھ لو.

کچھ لوہا کھوٹا، کچھ لوہار کہاوت. خطا دونوں کی ہے، کچھ اُس کی غلطی کچھ اِس کی؛ دونوں اس ناخوشگوار صورت حال کے ذمہ دار ہیں.

کَچّھا (فت ک، شد چھ) اند.
جانگیا؛ نیکر؛ وہ پاجامہ جس کے پائنچے چھوٹے اور گھٹنے سے اوپر ہوتے ہیں. [س].

کَچھار (فت ک) اند.
دریا کے قریب کی نشیبی زمین، ترائی جس میں اکثر شیر رہتا ہے، ترائی کا علاقہ. [س].

کَچھوا (فت ک، سک چھ) اند.
ایک چار پاؤں کا آبی جانور جس کا جسم ایک سخت خول میں چھپا رہتا ہے. [س].

کُحل (ضم ک، سک ح) اند.
سرمہ جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے. [ع].

کَد / کَدّ (۱) (فت ک/ فت ک، شد د) امث؛ اند.
۱. اصرار، ضد، ہٹ. ۲. دشمنی، کینہ، عداوت، مخالفت، بغض، بیر. [ع].

کد و کاوش امث. چھان بین، تلاش، کوشش، جستجو.

کَد (۲) (فت ک) اند.
دیکھیے: کدہ؛ گھر، مکان. [ف].

کد خدا اند. ۱. گھر کا مالک، صاحب خانہ، مالک مکان. ۲. (مجازاً) سردار، آقا، مکھیا. ۳. شادی شدہ.

کد خدائی امث. شادی، بیاہ، تاہل، گھر گرہستی پن.

کُدال (ضم ک) امث، اند.
زمین کھودنے کا ایک نوک دار اوزار جس میں پھاوڑے کی طرح کا چوبی دستہ لگا ہوتا ہے.

کُدالی (ضم ک) امث.
دیکھیے: کدال، جس کی یہ تصغیر ہے.

کدالی نہ پھاوڑا بڑا کھیت ہمارا کہاوت. شیخی بہت، پاس کچھ نہیں، ڈینگ مارنے اور شیخی بگھارنے والے کی نسبت بولتے ہیں.

کَدَر (فت ک، د) اند.
گندگی؛ میلا پن؛ کدورت؛ گدلاپن؛ عداوت، دل کا غبار. [ع].

کَدِر (فت ک، کس د) صف.
۱. میلا، گندہ، گدلا. ۲. (کنایۃً) تلچھٹ، آلودگی. [ع].

کُدکَّڑ (ضم ک، فت د شد ک بفت) صف.
اُچھل کود کرنے والا.

کُدکَڑا (ضم ک فت د، سک ک) اند.
چھلانگ، چوکڑی، کھیل کود، اُچھل کود.

کُدکَڑے (ضم ک، فت د، سک ک) اند؛ ج.
کدکڑا کی جمع، چھلانگیں، چوکڑیاں، تراکیب میں مستعمل.

کدکڑے لگانا/ مارنا محاورہ. کودتے پھاندتے پھرنا، اچھلتے پھاندتے چلنا، کودنا پھاندنا.

کَدَم (فت ک، د) اند.
ایک قسم کا درخت اس کا پھول خوش رنگ اور خوش بودار ہوتا ہے. [پ: س].

کَدو (فت ک نیز شد د ، و مع) اند.

ا. ایک قسم کی گول اور لمبوتری ترکاری، لوکی، ہرا گھیا، اس کے سوکھے خول کو تونبی کہتے ہیں. ۲. (طنزاً) نفی کے لیے؛ بطور دشنام مستعمل. [ف].

کدو دانہ اند. کدو کے بیج کی شکل کے کیڑے جو معدے میں پیدا ہو جاتے ہیں اور پاخانے کے ساتھ پیٹ سے خارج ہوتے ہیں.

کدو کش اند. لوہے، پیتل وغیرہ کا دھار دار سوراخوں والا ظرف جس پر کدو یا گاجر وغیرہ رگڑنے سے اس کے باریک ریشے نیچے رکھے ہوئے برتن میں گرتے ہیں.

کُدُورَت (ضم ک، و مع، فت ر) امث ؛ اند.

ا. گدلا پن، میل، گندگی. ۲. (مجازاً) کینہ؛ دشمنی. ۳. رنجش، ملال. [ع].

کَدَہ (فت ک، د) اند.

ٹھکانا، آماج گاہ، جگہ، مقام، گھر، خانہ (مرکبات میں بطور لاحقہ ظرفیت مستعمل).

کِدَھر (کس ک، فت د ھ) م ف.

ا. کس طرف، کہاں، کس جگہ. ۲. کس شمار میں، کس گنتی میں (قدیم). ۳. کہیں، کسی طرف. [پ: س].

کدھر آنکلے فقرہ. جب کوئی دوست مدت کے بعد ملے تو تعجب اور حیرت سے کہتے ہیں.

کدھر سے آفتاب نکل آیا فقرہ. جب کوئی دوست مدت کے بعد ملے تو تعجب اور حیرت سے کہتے ہیں.

کَذا (فت ک) م ف.

اس طرح، اُس طرح، ایسا ہی ہے.

کِذاب (کس ک) اند.

جھٹلانا، انکار کرنا، جھوٹ بولنا، جھوٹ، دروغ گوئی. [ع].

کَذّاب (فت ک، شد ذ) صف مذ.

بہت جھوٹ بولنے والا، بڑا جھوٹا. [ع].

کَذائی (فت ک) صف.

جیسا یا جیسی کہ ہو، موجود، معلوم، مفہوم (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل).

کِذْب (کس ک، سک ذ) اند.

جھوٹ، دروغ. [ع].

کَر (۱) (فت ک) (الف) اند.

کرنا کا امر، تراکیب میں مستعمل. (ب) حرف عطف. ا. کے، دو افعال کے درمیان اظہار کے لیے. ۲. کی طرح. (ج) م ف. کر کے.

کر بھلا، ہو بھلا، انت بھلے کا بھلا کہاوت. نیکی کرنے والا فائدے میں رہتا ہے، نیکی کا انجام نیک ہوتا ہے.

کر دکھلانا/ دکھانا ف م. وقوع میں لانا، انجام پر پہنچانا، عمل کر کے دکھانا.

کر گزرنا محاورہ. کسی کام کو کر کے چھوڑنا، کر ڈالنا.

کَر (۲) (فت ک) (الف) صف.

جو سن نہ سکے، بہرا، گراں گوش. (ب) اند. ارادہ، قصد، خواہش، آرزو؛ طاقت، قوت؛ شان وشوکت؛ چین، سکھ. [ف].

کر و فر اند. شان وشوکت، رعب داب، تزک و احتشام.

کَرا (فت ک) اند.

کیا، کرنا کا ماضی (تراکیب میں مستعمل).

کرا دھرا اند. کیا دھرا، افعال؛ کام.

کَراٹے (فت ک) اند.

ایک جاپانی کھیل کا نام، خالی ہاتھوں سے لڑنے کا ایک طریقہ جس کی باقاعدہ تربیت حاصل کی جاتی ہے. [جاپانی].

کِراچی (کس ک) امث.

سامان لادنے کی (لکڑی کی بنی ہوئی) گاڑی؛ چھکڑا نیز مال گاڑی کا کھلا ہوا ڈبا، ویگن.

کَرّار (فت ک، شد ر) صف.

ا. زور سے یا بار بار حملہ کرنے والا، دشمن پر تابڑ توڑ حملہ کرنے والا، (کنایۃً) بہت بہادر، سورما. ۲. حضرت علی کا لقب کرم اللہ وجہہ. [ع].

کَرارا (فت ک) صف.

ا. سخت، کڑا، مضبوط. ۲. گھی میں بھونا ہوا، خستہ. ۳. زور آور، تنومند، تگڑا. ۴. (کنایۃً) مزے دار، دلچسپ. ۵. (کنایۃً) دلیر، جری، بہادر. ۶. تازہ اور سخت، پژمردہ کی ضد (عموماً پان کے لیے مستعمل). [س].

کرارا پن اند. ۱. سختی، کرختگی نیز مضبوطی، شدت (عموماً آواز کے لیے مستعمل) ۲. خستگی، بھربھراپن.

کَراری (فت ک) صف: مث.
۱. ''کرارا'' کی تانیث، مضبوط، سخت چیز ۲. تنومند، تگڑی، زور آور. ۳. دل کش، پرکشش؛ چنچل، شوخ ۴. دلچسپ، مزیدار، چٹپٹی.

کِرام (کس ک) صف: ج.
۱. کریم کی جمع، بخشنے والے، سخی، فیاض (عموماً) بزرگ کے احترام کے لیے ۲. شریف، حلیم، نرم مزاج، مہربان. [ع].

کَرامات (فت ک) مث (نیز اند) جمع نیز واحد.
۱. کرامت کی جمع، خرق عادت جو کسی ولی سے ظاہر ہو (عموماً کشف کے ساتھ مستعمل) ۲. انوکھی بات، تعجب انگیز بات، کرامات، کرشمہ، ایسے امور کا وقوع جو عموماً ممکن نہ ہو ۳. (i) فیضان، عنایت، بخشش، اثر، عطیہ، صبر و ضبط کا ثمر، دعاؤں کا حاصل. (ii) بزرگیاں، نوازشیں ۴. خوبی، عمدگی، بڑائی، فضیلت، کوئی حیرت انگیز بات.

کَراماتی (فت ک) صف.
۱. کرامات سے منسوب، کرامات سے متصف، انہونی بات دکھانے والا، کرامت دکھانے والا (عموماً ولی اللہ وغیرہ) ۲. وہ جو کسی کرامت یا معجزہ کے باعث واقع ہوا ہو یا وجود میں آیا ہو.

کِرام کاتِبِین/کِراماً کاتِبِین (کس ک، تن م بفتم، کس ج ت، ی مع /کس ک، تن م بفت کس ج ت، ی مع) اند.
وہ فرشتے جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ہر آدمی کے ساتھ دائیں بائیں تعینات ہیں اور اس کی نیکیاں اور برائیاں لکھتے رہتے ہیں.

کَرامَت (فت ک، م) مث.
۱. عظمت، بزرگی ۲. عنایت، بخشش، عطیہ ۳. خوبی، عمدگی، انوکھاپن. ۴. فیض، اثر. [ع].

کرامت دکھانا/دکھلانا محاورہ. کرشمہ دکھانا، عجیب و غریب کام کرنا.

کَرامَتی (فت ک، م) صف.
''کرامت'' سے منسوب، کرامت دکھانے والا، کسی کرامت کے نتیجے میں واقع یا پیدا ہونے والا.

کَراں (فت ک) اند.
کنارہ، حد، انتہا. [ف].

کراں تا کراں م ف. ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک، یہاں سے وہاں تک، ہر جگہ، چاروں طرف.

کَرانا (فت ک) ف م.
دوسرے سے کوئی کام لینا، کروانا، بنوانا.

کِرانا (کس ک) اند.
بیچنے کے لیے رکھی جانے والی چیزیں، اشیائے خوردنی برائے فروخت، مختلف قسم کے نمک مسالے نیز جڑی بوٹی اور خشک میوے وغیرہ. [س].

کِرانْت (فت ک، غنہ) اند.
آرہ، آری. [س].

کرانْتی (کس ج ک، سک ن) مث.
(مجازاً) انقلاب، بڑی تبدیلی، اُلٹ پھیر.

کِرانَہ (کس ک، فت ن) اند.
مختلف قسم کے نمک مسالے بیچنے کے لئے رکھی جانے والی چیزیں، اشیاء خوردنی برائے فروخت مختلف قسم کے نمک مسالے نیز جڑی بوٹی اور خشک میوے وغیرہ.

کَراہ (۱) (فت ک) مث.
مختلف اور دبی آواز جو درد، تکلیف یا بیماری کے سبب نکلے، ہائے، آہ.

کراہ اُٹھنا محاورہ. کراہنا، درد یا تکلیف کی شدت کے سبب آواز نکالنا، آہ بھرنا، چیخ اٹھنا؛ آہ نکلنا.

کَراہ (۲) (فت ک) اند.
کراہت، ناپسندیدگی، ناخوشی، بیزاری، مجبوری.

کَراہَت (فت ک، ہ) مث.
نفرت، بیزاری، ناپسندیدگی، گھن. [ع].

کراہت آنا محاورہ. گھن آنا، بیزاری ہونا، نفرت ہونا.

کَراہْنا (فت ک، سک ہ) ف ل.
کسی مرض یا زخم کی شدت سے دردناک آواز نکالنا، آہ آہ کرنا.

کَراہیَت (فت ک، کس ہ، فت ی) امث.
دیکھیے : کراہت ؛ ناپسندیدگی، گھن.

کراہیت ہونا محاورہ. بیزاری ہونا ؛ نفرت ہونا ؛ گھن آنا.

کِرائے (کس ک) امذ ؛ ج.
کرایہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

کرائے دار صف. دیکھیے : کرایہ دار، کرائے کے مکان میں رہنے والے.

کرائے کا صف. اُجرت پر دیا جانے یا استعمال ہونے والا (مکان وغیرہ).

کرائے کا ٹٹو امذ. پیسوں کی خاطر ہر طرح کا کام کرنے پر رضا مند، اُجرت پر کام کرنے والا، مزدوری لے کر ہر طرح کا کام کرنے والا.

کِرایَہ (کس ک، فت ی) امذ.
کسی چیز کے استعمال کرنے کا معاوضہ یا اُجرت (مکان، گاڑی، جانور وغیرہ کی)، بھاڑا، اُجرت. [ع].

کرایہ بھاڑا امذ. اجرت اور مزدوری.

کرایہ پر لینا محاورہ. کوئی شے یا مکان کو کسی معینہ رقم کے عوض اپنے استعمال کے لیے لینا.

کرایہ دار صف ؛ امذ. کرایہ ادا کر کے کسی مکان میں رہنے والا، کرایہ پر رہنے والا.

کرایہ نامہ امذ. دستاویز جس پر مالک مکان کرایہ دار سے عہد نامہ لکھواتا ہے، کرایہ کا اقرار نامہ، رسید.

کَرْب (فت ک، سک ر) امذ.
جسمانی تکلیف و ذہنی کوفت، تکلیف، بے چینی، بے کلی، اضطراب. [ع].

کرب میں مبتلا ہونا محاورہ. نہایت تکلیف میں ہونا.

کرب ناک صف. دکھ دینے والا، تکلیف دہ.

کرب و بلا امث. ۱. وہ جگہ جہاں حضرت امام حسینؓ مع اپنے رفقا کے شہید ہوئے، "کربلا". ۲. (مجازاً) اذیت ناک مصیبت، سخت ذہنی و جسمانی آزمائش.

کَرْبَل (فت ک، سک ر، فت ب) امث.
دیکھیے : کربلا.

کَرْبَلا (فت ک، سک ر، فت ب) امث.
۱. عراق میں ایک مقام جہاں حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء نے شہادت پائی تھی. ۲. (i) (کنایۃً) وہ جگہ جہاں لاشیں بکھری پڑی ہوں مقتل. (ii) مقام جہاں پانی میسر نہ ہو. ۳. (کنایۃً) مصیبت، بلا.

کِرْپا (کس ک، سک نیز کس ر ج ر) امث.
(ہندو) مہربانی، عنایت، کرم. [س].

کِرْپان (ضم نیز کس ک، سک ر) امث.
چھوٹی تلوار جس سے قربانی کی جائے یا بھینٹ چڑھائی جائے، یہ عموماً سکھوں کے پاس ہوتی ہے نیز تلوار، شمشیر. [س].

کَرَت (فت ک، ر) (الف) امث ؛ امذ.
کام، فعل، عمل. (ب) ف م. کرتے ؛ کرتا ہے، (پوربی، دیہاتی بولی میں مستعمل). [س].

کَرْتا (فت ک، سک ر) صف ؛ امذ.
۱. کرنے والا، بنانے والا، خالق، مراد : خالق مطلق. ۲. (کنایۃً) مالک، مختار، وارث. [س].

کرتا دھرتا امذ. ۱. کرنے والا، فاعل، بااختیار، مطلق اختیار رکھنے والا. ۲. (کنایۃً) مختار، منتظم، مالک.

کُرْتا (ضم ک، سک ر) امذ.
اوپر کے جسم پر پہننے کا قدیم وضع کا ڈھیلا ڈھالا، چھوٹے دامن اور پوری آستینوں کا لباس جس کے کف نہیں ہوتے.

کَرْتار (فت ک، سک ر) امذ.
پیدا کرنے والا، خالق حقیقی، خدا. [س].

کَرْتَب (فت ک، سک ر، فت ت) امذ.
۱. فعل، عمل، کھیل. ۲. ہنر (ورزش جسمانی، سپہ گری وغیرہ سے مخصوص) داؤ پیچ، طریقے. ۳. شعبدہ بازی. ۴. عیاری، مکاری. ۵. کمال ؛ اچھا کام. ۶. کرتوت، بری حرکت. [س].

کَرْتَبی / کَرْتَبیا (فت ک، سک ر، فت ت / سک ب) صف.
۱. ہنر دکھانے والا، مشاق (عموماً سپہ گری کا). ۲. حیرت انگیز، حیران کن، تعجب خیز. ۳. (طنزاً) چالاک، عیار، شعبدہ باز.

کَرْتُوت (الف) (فت ک، سک ر، و مع) (الف) امذ.
۱. فعل، کام. ۲. برے کام، ناشائستہ حرکت یا حرکات، بری حرکتیں. ۳. ٹونا ٹوٹکا، اشاروں کنایوں سے قابو میں کر لینے کا فن. (ب) امث.

۱. چال ، عیاری ، مکاری .۲. (مجازاً) بیہودہ حرکت ، شرارت . [س] .

کُرْتَہ (ضم ک ، سک ر ، فت ت) مذ .
دیکھیے : کرتا ، قمیض ، بغیر کفوں کی قمیص . [ف] .

کُرْتی (ضم ک ، سک ر) مث .
۱. بے آستینوں کا اونچا کرتا جسے عورتیں انگیا کے طور پر پہنتی ہیں ، سینہ بند ، چھوٹی قمیص ، عورتوں کا کرتہ ، چھوٹا کرتا .۲. فوجی وردی کی جاکٹ ، وردی .

کِرْچ (کس ک ، فت نیز سک ر) مث .
ریزہ ، نکیلا ٹکڑا (کسی ہڈی یا شیشے وغیرہ کا) . [س] .

کِرْچی (کس ک ، سک ر) مث .
ٹکڑا ، ریزہ . [س] .

کرچی کرچی ہونا ف مر : محاورہ . ریزہ ریزہ ہونا نیز نڈھال ہونا ، اندر سے ٹوٹ پھوٹ جانا .

کَرْچھا (فت ک ، سک ر) مذ .
لوہے کا ایک ڈنڈی دار پیالے کی شکل کا ظروف جس میں گھی وغیرہ گرم کرتے ہیں ، بڑا چمچہ ، ڈوئی .

کَرْچھی (فت ک ، سک ر) مث .
چھوٹا کرچھا ، کفگیر .

کَرَخْت (فت ک ، ر ، سک خ) صف .
۱. (i) سخت ، کڑا . (ii) خشک نیز جو بے حس یا بے خبر ہو گیا ہو . ۲. (کنایۃً) ناگوار ، سمع خراش ، درشت ، تلخ . [ف] .

کَرَخْتَگی (فت ک ، ر ، سک خ ، فت ت) مث .
سختی ، کھرا پن ، درشتی ، کڑا پن .

کَرَخْتی (فت ک ، ر ، سک خ) مث .
دیکھیے : کرختگی .

کِرْدار (کس ک ، سک ر) مذ .
۱. روش ، چال چلن ، سیرت .۲. فعل ، عمل ، کام .۳. (مرکبات میں بطور لاحقہ) کردار کی نوعیت کو ظاہر کرنے کے لیے .۴. ناول یا ڈراما کی شخصیت وہ افراد جن کو کہانی کے واقعات پیش آتے ہیں نیز ایکٹر کا پارٹ یا کام .

کردار ادا کرنا ف مر : محاورہ . خوش اسلوبی سے کام انجام دینا ، سلیقے سے کام کرنا ؛ بہتر طور پر کوئی کام سرانجام دینا ، ڈرامے وغیرہ میں کوئی پارٹ کرنا .

کردار سازی مث . کردار بنانا ، شخصیت کو سنوارنا بنانا .

کردار کشی مث . شخصیت کو برا بھلا کہنا ، شخصیت کو مسخ کر کے پیش کرنا .

کردار نگاری مث . شخصیت پر روشنی ڈالنا ، سیرت نگاری ، کردار نویسی ، کسی کی شخصیت کی اچھائی یا برائی بیان کرنا .

کِرْدْگار (کس ک ، سک ر ، د) مذ .
کارساز ، کام بنانے والا ؛ مراد : خدائے تعالیٰ ، اللہ تعالیٰ کا نام ؛ کرتار .

کَرْدَہ (فت ک ، سک ر ، فت د) صف .
۱. مرکبات میں بطور لاحقہ ، جیسے : سرکردہ ، کارکردہ .۲. کیا ہوا . [ف] .

کردہ کار صف . تجربہ کار ، واقف کار .

کِرِسْمِس (کس ک ، ر ، سک س ، کس م) مذ .
عیسائیوں کا ایک تہوار جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کے دن (۲۵ دسمبر) کو منایا جاتا ہے ، بڑا دن . [انگ] .

کُرْسی (ضم ک ، سک ر) مث .
۱. لکڑی ، لوہے یا کسی اور پائدار چیز کی ایسی نشست گاہ جس پر ایک آدمی پیر لٹکا کر آرام سے بیٹھ سکے عموماً اس کے چار پائے ، دو بازو (بعض کے نہیں ہوتے) اور پشت ہوتی ہے ، بیٹھنے کی جگہ لکڑی یا لوہے کا تختہ لگا دیتے ہیں یا بید وغیرہ سے بن دیتے ہیں ، اچھی قسم کی کرسیوں میں گدے بھی لگے ہوتے ہیں .۲. پیڑھی ، پشت ، نسل .۳. (کنایۃً) درجہ ، عہدہ ، مرتبہ ، عزت . [ع] .

کرسی دینا محاورہ . ۱. مکان کی بنیاد کو حسب ضرورت سطح زمین سے اونچا بنانا .۲. (کنایۃً) تعظیم و تکریم کرنا ، تعظیماً کسی کے واسطے کرسی چھوڑ کر کھڑا ہونا .

کرسی سنبھالنا محاورہ . منصب یا عہدہ پر فائز ہونا ، عہدہ کی ذمہ داریاں قبول کرنا ، جو کام سپرد کیا گیا ہو اس کی انجام دہی پر راضی ہونا .

کرسی نشین صف . ۱. کرسی پر بیٹھنے والا .۲. (مجازاً) صدر نشیں ، معزز (دربار میں) مقام پانے والا ، عالی قدر ، قابل احترام ، برحق .

کِرِشماتی (کس نیز فت ک، کس ر، سک ش) صف.
کرشمہ سے منسوب، عجیب، انوکھا نیز شعبدہ باز، کراماتی.

کِرِشمہ (کس نیز فت ک، کس ر، سک ش، فت م) امذ.
۱. اچانک ظہور پذیر ہونے والی کیفیت یا غیر معمولی کام، اعجاز. ۲. آنکھ یا ابرو کا اشارہ. ۳. ناز، نخرہ. ۴. (i) عجیب بات، انوکھی بات. (ii) خوبی، کمال، ناز و انداز. (iii) معجزہ، شعبدہ، کرامت. [ف].

کَرفیُو (فت ک، سک ر، کس ج ف، و مع) امذ.
ہنگاموں یا بدامنی کی روک تھام کے لیے گھر سے باہر نہ نکلنے کا سرکاری حکم، عام خانہ بندی. [انگ].

کرفیو لگنا ف مر: محاورہ. خانہ بندی کا حکم جاری ہونا.

کِرَک (کس ک، سک ر) امث.
خوراک میں ریت وغیرہ کی آمیزش جو دانتوں میں آجائے، کرکل. [حکایت الصوت].

کَرکَٹ (فت ک، سک ر، فت ک) امذ.
کوڑا، گھاس، پھوس، خار و خس. [س].

کِرکٹ (کس ک، سک ر، کس ک) امذ.
ایک میدانی کھیل جسے گیند بلے سے کھیلتے ہیں ..... دونوں طرف تین تین وکٹیں گڑی ہوتی ہیں، یہ کھیل دو ٹیموں کے درمیان ہوتا ہے، ہر ٹیم میں گیارہ کھلاڑی ہوتے ہیں، ایک ٹیم کا ایک کھلاڑی گیند پھینکتا ہے اور بقیہ کھلاڑی میدان میں فیلڈنگ کرتے ہیں، دوسری ٹیم کے دو کھلاڑی وکٹوں کے قریب کھڑے ہوتے ہیں جن میں سے ایک کھلاڑی گیند کو بلے سے مارتا ہے گیند دور جا پڑے تو یہ دونوں کھلاڑی وکٹوں کے درمیان دوڑتے ہیں اور (دوڑیں) بناتے ہیں. [انگ].

کِرکٹَر (کس ک، سک ر، کس ج ک، فت ٹ) صف: امذ.
کرکٹ کھیلنے والا، کرکٹ کا کھلاڑی. [انگ].

کَرکِر (فت ک، سک ر، کس ک) م ف.
سخت چیز کو دانتوں سے چبانے کی آواز. [حکایت الصوت].

کِرکِر (کس ک، سک ر، کس ک) امث.
آواز جو ریت یا کنکر یا شیشہ ملی ہوئی چیز کو دانتوں سے چبانے میں ہوتی ہے. [حکایت الصوت].

کِرکِرا (کس ک، سک ر، کس ر) صف مذ.
۱. ریت کنکر ملا ہوا، کھسکھسا، خاک ملا ہوا. ۲. (کنایۃً) بے مزہ بے لطف، خراب، خستہ، بے ذائقہ. [س].

کرکرا کر دینا محاورہ. خراب کر دینا، بے مزہ کر دینا.

کُرکُرا (ضم ک، سک ر، ضم ک) صف مذ.
گھی یا تیل میں بھنی ہوئی چیز جو خستہ ہو جائے اور جس کے چبانے میں کرکر کی آواز نکلے. [س].

کُرکُراہَٹ (ضم ک، سک ر، ضم ک، فت ہ) امث.
۱. آواز جو کرکری چیز چبانے میں نکلتی ہے، خشکی. ۲. ایک قسم کی آواز جو لاؤڈ اسپیکر شروع کرتے ہوئے نکلتی ہے.

کِرکِری (کس ک، سک ر، کس ک) صف مث.
۱. کرکراہٹ والی، ریتیلی. ۲. (مجازاً) ہیٹی، ذلت و خواری، رسوائی بے عزتی.

کرکری کر دینا / کرنا محاورہ. ذلیل کر دینا، بے عزت کر دینا، شرمندہ کر دینا.

کُرکُری (ضم ک، سک ر، ضم ک). (الف) امث.
پیچش، مروڑ. (ب) صف. ۱. بھربھری، خستہ، کراری: دبلی پتلی، ٹیڑھی میڑھی، ذہنی کوفت کے باعث اندر سے ٹوٹ پھوٹ جانے کے قریب ۲. کراری آواز، کڑک دار آواز، رعب دار آواز، پاٹ دار آواز [پ: س].

کرکری ہڈی صف مث. نرم اور ملائم ہڈی جو چبائی جا سکے.

کِرکِل (کس ک، سک ر، فت ک) امث.
کرکری، کنکری. [مقامی].

کر کے م ف.
۱. کرتے ہوئے، دے کر، رکھ کے. ۲. دیکھتے ہوئے، بہ نسبت.

کَرگَہ (فت ک، سک ر) امذ.
(پارچہ بافی) کھڈی، جلاہوں کے کپڑا بننے کی جگہ، کپڑا بننے کا کارخانہ. [ف].

کر گزرنا محاورہ. باز نہ آنا، کر ڈالنا، کسی کام کو کر کے چھوڑنا: انتہائی مشکل کام کا کرنا.

کَرگَس (فت ک، سک ر، فت گ) اند.
گدھ. [ف].

کَرگَہ (فت ک، سک ر، فت گ) اند.
کپڑا بننے کی مشین، وہ چیز جس پر تاگے تانے اور بانے کے طور پر لگائے جاتے ہیں اور آدمی اس میں تاگا گھما کر اور ایک دندانے دار چیز سے اُسے کستا ہے.

کُرلانا (ضم ک، سک ر) ف ل.
پرندوں کا دردناک آواز نکالنا، چیل یا باز کا آوازیں نکالنا، پرندے کا چیخنا.

کَرَم (۱) (فت ک، ر) اند.
۱. سخاوت، بخشش، نیک عمل، کارخیر. ۲. عنایت، مہربانی، مروّت. [ع].
کرم فرما صف. مہربان، شفیق (اظہار تپاک کے لیے).
کرم فرمانا ف مر؛ محاورہ. تشریف لانا؛ مہربانی کرنا، عنایت کرنا.
کرم کرنا محاورہ. ۱. عنایت فرمانا، نوازش کرنا، مہربانی کرنا. ۲. فضل کرنا، رحم کرنا. ۳. قدم رنجہ فرمانا، تشریف لانا. ۴. (طنزاً) معاف کرنا، مستثنیٰ کرنے کی معنوں میں بھی مستعمل ہے.

کَرَم (۲) (فت ک، ر) اند.
(قدیم) گوبھی. [ف].
کرم کلا اند. ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا صرف پتے ہی پتے ہوتے ہیں.

کَرْم (فت ک، سک ر) امث.
۱. فعل، عمل، کام. ۲. قسمت، نصیبہ، تقدیر. [س].
کرم کے بلیا بکائی کھیر ہو گیا دلیا کہاوت. بدقسمت آدمی کے اچھے کام بھی برے ہو جاتے ہیں.
کرم میں لکھا ہونا محاورہ. نوشتہ تقدیر ہونا.

کِرْم (کس ک، سک ر) اند.
کیڑا. [ف].
کرم خوردہ صف. کیڑا لگا ہوا، بوسیدہ، جسے کیڑوں نے کھا لیا ہو، گھن لگا ہوا.

کَرَّمَ اللہُ وَجْہَہٗ (فت ک، شد ر بفت، فت م، ضم ا، ل، شد ل بفت، ضم ہ، فت و، سک ج، فت ہ، ضم ہ) فقرہ بکلمہ دعا.
خدا نے اس کے چہرے کو بزرگی دے (یہ فقرہ حضرت علیؓ کے نام کے بعد مستعمل ہے).

کِرمِچ (کس ک، سک ر، کس م) اند.
ولایتی ٹاٹ، ایک قسم کا ٹاٹ جو عموماً ترپال بنانے کے کام آتا ہے، کینوس. [س].

کِرمَک (کس ک، سک ر، فت م) اند.
دیکھیے: کرم کی تصغیر، چھوٹا کیڑا. [ف].
کرمک شب تاب اند. رات کو روشن کر دینے والا کیڑا، جگنو، پٹ بیجنا، رات کو چمکنے والا چھوٹا کیڑا.

کَرموں (فت ک، سک ر، و مع) اند؛ ج.
کرم کی جمع، تراکیب میں مستعمل، قسمت، نصیب.
کرموں جلی صف مث. جس کی قسمت خاک میں مل گئی ہو، (دہلی) بدبخت، بدنصیب.

کَرَن (فت ک، ر) اند.
کان، گوش، سمع، سرون. [س].
کرن پھول اند. کان کا زیور، گوشوارہ، آویزہ گوش، کان کا ایک زیور جو گنبد نما ہوتا ہے اور اس کے نیچے موتی لٹکتے ہیں.

کِرَن (کس ک، فت ر) امث.
۱. شعاع، روشنی کے خطوط جو کسی تابناک سے نکلتے ہیں. ۲. سنہری یا روپہلی تاروں کی بنی ہوئی لیس جو بھاری دوپٹوں کے آنچلوں یا کامدار ٹوپی پر لگاتے ہیں. [س].
کرن پھوٹنا محاورہ. سورج وغیرہ سے کرن کا نکلنا، چمکنا، چمک پیدا ہونا.

کَرنا (فت ک، سک ر) ف ل.
۱. بنانا. ۲. ادا کرنا، پایہ تکمیل کو پہنچانا، بجا لانا. ۳. ٹھہرانا، چکانا، مقرر کرنا، متعین کرنا. ۴. بیوی بنانا، شادی کر لینا. ۵. مارنا، چلانا، کوئی خطرناک اقدام کرنا، دو دو ہاتھ کرنا. ۶. کارخانہ کھولنا، دکان کھولنا، کاروبار کرنا. ۷. بگاڑنا، نقصان پہنچانا. [س].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، معد = معدولہ، مع = معروف، مج = مجہول، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کَرَنٹ (۱) (فت ک، ر، سک ن) اند.
برقی رو. [انگ].

کرنٹ دوڑ جانا محاورہ. جذبہ برانگیختہ ہونا؛ طبیعت میں تقویت کی لہر دوڑ جانا.

کَرَنٹ (۲) (فت ک، ر، سک ن) صف.
حالات حاضرہ، جدید رجحان، نئی تبدیلی، چالو، جاری، حاضر. [انگ].

کَرَنج (فت ک، ر، سک ن) اند.
ایک خاکی رنگ کا پھل اور اس کا درخت. [س].

کَرَنجا (فت ک، ر، سک ن) اند.
نیلی چکی والا، ازرق چشم، بلی کی سی آنکھوں والا. [س].

کَرَنجی (فت ک، سک ر، سک ن) صف مت.
نیلی (آنکھوں کے لیے).

کَرَنسی (فت ک، ر، سک ن) امث.
سکہ رائج الوقت، روپیہ پیسا، سرکاری نوٹ. [انگ].

کرنسی نوٹ اند. کاغذی سکہ، زر کاغذی، سرکاری نوٹ جو لین دین میں نقدی کی طرح مروج ہو.

کَرنَل (فت ک، سک ر، فت ن) اند.
فوجی رجمنٹ کا اعلیٰ افسر. [انگ].

کَرَنہار (فت ک، ر، سک ن) صف.
۱. کرنے والا. ۲. پیدا کرنے والا، خالق.

کَرنی (۱) (فت ک، سک ر) امث.
۱. فعل، کام، اعمال. ۲. مشیت، ارادۂ الٰہی. ۳. کرتوت، حرکات ناشائستہ. ۴. سعی، کوشش.

کرنی کا پھل اند. کیے کی سزا، کرتوت کا نتیجہ.

کَرنی (۲) (فت ک، سک ر) امث.
(معماری) چنائی کے کام میں رددوں پر گارا یا چونا پھیلانے اور دیوار وغیرہ پر استرکاری کرنے کا اوزار. [س].

کَرنیل (فت ک، سک ر، ی مع) اند.
فوجی رجمنٹ کا اعلیٰ افسر. [انگ].

کَرْوا (فت ک، سک ر) اند.
(ہندو) مٹی کا ٹونٹی دار برتن، بدھنا؛ چھوٹا گھڑا، ٹھلیا. [س].

کروا چوتھ امث. ہندوؤں کا ایک تہوار جو کاتک کی چوتھی تاریخ کو ہوتا ہے اور اس میں سہاگنیں برت رکھ کر پانی کے بھرے کروے کو پوجتی ہیں.

کَرْوانا (فت ک، سک ر) ف م.
کرنا کا متعدی المتعدی، کرانا؛ دوسرے سے کوئی کام لینا.

کَرُّوبی (فت ک، شد ر، و مع) اند.
مقرب فرشتہ، اعلیٰ درجے کا فرشتہ (اردو میں عموماً اس کی جمع کروبیاں مستعمل ہے). [ع].

کَرْوَٹ (فت ک، سک ر، فت و) امث.
۱. پہلو، لیٹے ہوئے انسان کا دایاں یا بایاں پہلو. ۲. پہلو بدلنا. ۳. (مجازاً) طور، ڈھنگ، طریق. ۴. (مجازاً) طرح، صورت، حالت. ۵. (مجازاً) انقلاب، تبدیلی. ۶. پہلو، بغل. [س].

کروٹ بدلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لیٹ جانا، پہلو بدلنا. ۲. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لٹا دینا. ۳. (مجازاً) منقلب ہو جانا، پھر جانا، پلٹی کھانا.

کروٹ کروٹ م ف. ہر ایک کروٹ میں، ہر ہر پہلو پر.

کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے فقرہ. (دعا) خدائے تعالیٰ مغفرت کرے؛ جنت میں جگہ دے.

کَرْوَٹیں (فت ک، سک ر، فت و، ی مع) امث؛ ج.
کروٹ کی جمع؛ محاوروں میں مستعمل.

کروٹیں بدلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کبھی اِس طرف کی کروٹ لینا کبھی اُس طرف کی، بستر پر بے قرار رہنا، تڑپنا، بے کل اور بے چین رہنا. ۲. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لٹا دینا.

کَرور (فت ک، و مع) صف.
دیکھیے: کروڑ.

کَروڑ (فت ک، و مع) صف.
۱. سو لاکھ، (ہندسوں میں: ۱۰۰۰۰۰۰۰). ۲. (مجازاً) بے حد، بے شمار. [س]

کروڑ پتی صف. کروڑ روپے کا مالک ؛ بے انتہا دولت مند، نہایت مال دار.

کروشیا (ضم مج ک، و مج، کس ش) اند.
ریشمی یا سوتی تاگے کی بنائی جو مڑی ہوئی نوک والی سوئی سے کی جاتی ہے اور جس سے میز پوش اور ٹی کوزی وغیرہ بناتے ہیں، سوزن کاری. [انگ].

کَرّوفَر (فت ک، شد ر، و مج، فت ف) اند؛ امث.
شان وشوکت، تزک و احتشام، ٹھاٹ باٹ.

کَرَونْدا / کَرَونْدَہ (فت ک، ولین نیز مج / مغ / فت د) اند.
ایک خاردار درخت اور اس کا پھل، اس میں جوہی کی طرح کے سفید پھول لگتے ہیں، اس کے پھل کھٹے اور چھوٹے بیر کے برابر بہت خوب صورت ہوتے ہیں جن کا کچھ حصہ سفید اور کچھ ہلکا اور گہرا گلابی ہوتا ہے، اچار اور چٹنی کے کام آتے ہیں اور سالن میں بھی پکتے ہیں.
[س].

کُرَوی (ضم ک، فت نیز سک ر) صف.
کرے کی شکل والا، مدور، گول.

کُرَہ (ضم ک، فت ر) اند.
۱. گول چیز، گولا، گیند. ۲. (جغرافیہ) روئے زمین کا نقشہ جو گولے کی شکل میں بنایا جاتا ہے، گلوب. [ع].

کَرْہاً (فت ک، سک ر، تن و ہفت) م ف.
کراہت سے ؛ ناگواری سے، باول ناخواستہ (بالعموم ''طوعاً و کرہاً'' کی ترکیب میں مستعمل).

کَری (فت ک) امث.
گوشت، مچھلی یا انڈوں وغیرہ کا مسالے دار سالن. [انگ].

کُرّی (ضم ک، شد ر) صف.
(طب) چپنی ہڈی، غضروف، یہ ایک سفید شے ہے جو ہڈی سے نسبتاً نرم اور مڑنے والی لیکن جسم کے باقی تمام اعضاء سے سخت ہوتی ہے یہ ہڈی اور گوشت وغیرہ نرم اعضا کے درمیان قائم رہ کر نرم اعضا کو سخت اعضا کی رگڑ اور مضرت سے محفوظ رکھتی ہے. [س].

کَرے (فت ک) ف م.
کرنا کا صیغہ مضارع، محاورات و امثال اور تراکیب میں مستعمل.

کرے کوئی بھرے کوئی کہاوت. قصور کوئی کرے اور خمیازہ کسی اور کو بھگتنا پڑے.

کِرْیا (کس ک، سک ر) امث.
۱. کام، فعل؛ عمل. ۲. (ہندو) تجہیز و تکفین. [س].

کریا کرم اند. (ہندو) مردے کو کفنانے اور جلانے وغیرہ کی مذہبی رسوم؛ میت کی آخری رسوم. ۲. (مجازاً) خاتمہ، ختم. اف: کرنا/ہونا.

کِرْیانہ (کس ک، سک ر، فت ن) اند.
۱. خوردہ فروشی کا سامان، پنساری کی چیزیں، پرچون. ۲. ریزگاری، چھوٹے سکے. ۳. (طنزاً) چھوٹے بچے.

کُرید (ضم ک، ی مج) امث.
چھان بین، تلاش، جستجو، تجسس، کاوش. [س].

کرید کرید کر پوچھنا/ دریافت کرنا محاورہ. ہر ایک پہلو سے دریافت کرنا.

کرید میں رہنا / لگے رہنا محاورہ. کسی کا راز معلوم کرنے کی تلاش میں رہنا، کسی کی برائی کی تلاش میں رہنا، ٹوہ میں رہنا، تجسس میں رہنا.

کُریدنا (ضم ک، ی مج، سک د) ف م.
۱. لکڑی یا کسی نوک دار چیز یا پنجوں وغیرہ سے زمین یا کسی چیز کے اوپر کا حصہ کھودنا. ۲. کھرچنا. ۳. پرندوں کا اپنی چونچ یا پنجوں سے زمین کو کھرچنا یا مٹی کوڑے وغیرہ کو الٹ پلٹ کرنا. ۴. خلال کرنا (دانت کے ساتھ مخصوص). ۵. (مجازاً) ہر بات کی تفتیش کرنا، چھان بین کرنا، تفحص کرنا، ہنڈی کی چنتی کرنا. ۶. (آگ یا راکھ کو) تلے اوپر کرنا، الٹ پلٹ کرنا. [س].

کریڈٹ (کس مج ک، ی مج، کس ڈ) اند.
۱. نیک نامی، اچھی شہرت. ۲. مالی اعتبار، ساکھ. ۳. قرض، اُدھار. ۴. (بنکاری) مجرائی رقم (جو کھاتے میں جمع کرانے والے کے نام سے چڑھائی جائے)، جمع، وصول. [انگ].

کریڈٹ کارڈ اند. بینک وغیرہ کا اجرا کردہ کارڈ جس کی بنا پر سودا وغیرہ قرض لیا جاسکتا ہے.

کرِیز (کس ج ک، ی مع) مث.
سلوٹ، چنٹ، پتلون وغیرہ میں استری کر کے بنائی جانے والی شکن، تہ کرنے کا نشان .۲. (کرکٹ) وہ لکیر جو بولر کی پوزیشن کی حد مقرر کرتی ہے نیز وہ لکیر جس کے آگے بیٹس مین یا بلے باز نہیں جاسکتا ورنہ رن آؤٹ ہوجائے گا. [انگ].

کُریز (ضم ک، ی مع). (الف) مث.
۱. پرندوں کا پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا، پرانے پر گرانا، پر جھاڑنے کی حالت .۲. (مجازاً) تبدیلی کا عمل. (ب) مذ. (مجازاً) ایسا بٹیر جو پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالتا ہے، یہ لڑنے میں زبردست ہوتا ہے. [ف].

کَریلا (فت ک، ی ج). (الف) مذ.
ایک سبزی، ایک قسم کی کڑوی ترکاری جو بیل میں لگتی اور صورت میں کھردری ہوتی ہے. (ب) صف. (مجازاً) بہت زیادہ کڑوا. [س].

کریلا اور نیم چڑھا کہاوت. عموماً اس بد مزاج آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو کسی نمایاں وجہ سے زیادہ بدمزاج ہو جائے.

کَرِیم (فت ک، ی مع). (الف) مذ.
کرم کرنے والا، بخشنے والا؛ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، بزرگ و برتر. (ب) صف. سخی، فیاض. [ع].

کرِیم (کس ج ک، ی مع) مث.
۱. ملائی، بالائی .۲. چہرے وغیرہ پر ملنے یا دانت صاف کرنے کی خوشبودار گاڑھی چیز جو ملائی کی طرح ہوتی ہے. [انگ].

کَریمی (فت ک، ی مع) مث.
بزرگی، سخاوت، فیاضی، مہربانی.

کِرین (کس ک، ی ج) مث.
بھاری بوجھ اُٹھانے کی ایک بڑی مشین؛ کسی چیز کو جرثقیل کے ذریعے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا. [انگ].

کَرِیہ / کَریہہ (فت ک، ی مع) صف.
جس سے کراہت آئے، مکروہ، گھناؤنا. [ع].

کڑ (فت ک) مذ.
۱. بجلی کے کڑکنے کی آواز .۲. دانتوں سے سخت چیز چبانے کی آواز [حکایت الصوت].

کڑ کڑ بولنا محاورہ. کسی سخت چیز کا چباتے وقت آواز دینا.

کڑا (فت ک). (الف) صف مذ.
۱. (نرم کا نقیض) سخت .۲. بے رحم، کٹھور، ظالم .۳. طاقت ور، زورآور تگڑا .۴. کرخت، درشت .۵. (مجازاً) بے رو رعایت، اعلیٰ معیار پر مبنی .۶. تند، تیز، طبیعت پر گراں، بار خاطر .۷. مضبوط، ڈھیلا کی ضد .۹. سختی جھیلنے والا، مستقل مزاج .۱۰. کٹھن، دشوار .۱۱. سختی سے برتاؤ کرنے والا، سخت گیر. (ب) مذ. ۱. سونے چاندی وغیرہ کا حلقے کی شکل کا زیور جو عورتیں کلائی یا پنڈلی میں پہنتی ہیں .۲. کنڈا، قلابہ، کنڈی، حلقہ جو دروازے میں لگایا جاتا ہے. [س].

کڑا پہرہ مذ. سخت نگرانی، وہ پہرہ چوکی جو کڑی ہو، جس میں ڈھیل نہ ہو.

کڑا وقت مذ. مصیبت کے ایام، برا وقت، مشکل کا زمانہ، قحط سالی.

کڑاڑ (فت ک) مذ.
۱. کنارہ؛ دریا کے کنارے جگہ جگہ مٹی کٹ جانے سے اُبھرنے والے ٹیلے .۲. دریا کا کنارہ.

کڑاکا (فت ک) مذ.
۱. زور کی آواز، گھن گرج، بجلی اور بادل کی کڑک، زور سے گرجنا .۲. سخت زمانہ؛ (کنایۃً) فاقے کی تکلیف، بالکل غذا نہ کھانا .۳. کوڑے پڑنے کی آواز .۴. تیز و تند آواز؛ سموں کی آواز (دوڑتے وقت).

کڑاکے (فت ک) مذ؛ ج.
کڑاکا کی مغیرہ حالت نیز جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

کڑاکے کا صف مذ. ۱. سخت، شدت کا، بہت زیادہ شدید .۲. کرارا چبانے میں آواز دینے والا.

کڑاکے کی سردی مذ. شدید سردی کا موسم، جس میں دانت بھی بجتے ہوں.

کڑاہی/کڑائی (فت ک) مث.
ایک بڑا پھیلا ہوا آہنی برتن جس میں حلوہ وغیرہ پکاتے اور پوریاں اور مٹھائیاں وغیرہ تلتے ہیں. [س].

کَڑَک (فت ک، ڑ). (الف) امث.
۱. کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا چٹخنے کی آواز. ۲. بجلی کے کڑکنے کی آواز. ۳. سخت اور مہیب آواز، زوردار آواز. ۴. سختی، کرارا پن، کرختگی.
(ب) صف: اند. ۱. (کنایۃً) طاقت ور، توانا، جان دار. ۲. تیز، شدید (قدیم).

کڑک چائے امث. دیر تک پکائی ہوئی تیز چائے، گاڑھی اور تیز چائے.

کڑک دار صف. گرج دار، زوردار؛ سخت، کرارا؛ کڑا.

کڑک کر / کے م ف. کڑاکے کی آواز سے، سخت آواز سے، گرج کر، ڈپٹ کر، اونچی رعب دار آواز سے.

کُڑَک (ضم ک، فت ڑ) امث.
انڈوں کا جھول دے کر فارغ ہونے والی مرغی جو انڈے سینے کے لیے تیار ہو. [س].

کڑک ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. بانجھ ہو جانا. ۲. معطل ہونا، مفلوج ہو جانا؛ قرق.

کَڑْکا (فت ک، سک ڑ) اند.
۱. بجلی کی تیز و تند آواز، کڑک، رعد. ۲. رجز خوانی، میدان جنگ میں اپنے بادشاہ اور امرا کی مدح سرائی کرنا، جے کار لگانا، جے بولنا، حمایت میں نعرہ لگانا. ۳. بلند آواز سے بولنا. ۴. قلاش، مفلس.

کَڑَکْتا (فت ک، ڑ، سک ک) صف مذ.
کڑکڑاتا، زوردار، شدید ترین.

کڑکتا ہوا صف مذ. گرج دار، کڑکڑاتا.

کَڑَکْتی (فت ک، ڑ، سک ک) امث.
کڑکتا کی تانیث؛ تراکیب میں مستعمل.

کڑکتی دھوپ امث. شدّت کی دھوپ، تیز دھوپ.

کَڑْکَڑ (فت ک، سک ڑ، فت ک) امث.
۱. کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز. ۲. کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز. ۳. انگلیوں یا ہڈیوں کے چٹخنے کی آواز. [حکایت الصوت].

کُڑْکُڑ (ضم ک، سک ڑ، ضم ک) امث.
مرغیوں کے ہنکانے کی آواز (حکایت الصوت).

کَڑْکَڑا (فت ک، سک ڑ، فت ک) صف مذ.
۱. سخت، کڑا، مضبوط، کرارا. ۲. کھولتا ہوا، جوش کھاتا ہوا، کڑکڑاتا ہوا.

کَڑْکَڑاتا (فت ک، سک ڑ، فت ک) صف مذ.
شدّت کا، زور کا، زوردار؛ تراکیب میں مستعمل.

کڑکڑاتا جاڑا اند. سخت سردی، شدّت کا جاڑا.

کَڑْکَڑاتی (فت ک، سک ڑ، فت ک) امث.
کڑکڑاتا کی تانیث (تراکیب میں مستعمل).

کڑکڑاتی سردی امث. سخت سردی، شدّت کا جاڑا.

کَڑْکَڑانا (فت ک، سک ڑ، فت ک). (الف) ف م.
۱. گھی یا تیل کو تیز آنچ پر خوب گرم کرنا، کھولانا. ۲. باجے وغیرہ کو زور سے بجانا. ۳. دانت پیس کر آواز نکالنا. ۴. کواڑ وغیرہ کھڑکانا. (ب) ف ل.
۱. بجلی کا کڑکنا. ۲. دانتوں کا آپس میں رگڑ کھا کر آواز دینا، کٹکٹانا. ۳. کسی سخت چیز کا ٹوٹتے وقت آواز دینا. ۴. دیوار وغیرہ کا دھماکے کے ساتھ ڈھینا نیز گرتے وقت کڑکڑ کی آواز پیدا ہونا؛ تیورانا. ۵. انگلیوں یا ہڈیوں کا چٹخنے کی آواز نکالنا.

کُڑْکُڑانا (ضم ک، سک ڑ، ضم ک) ف ل.
۱. انڈے دینے کے دنوں میں یا انڈا دیتے وقت مرغی کا بولنا. ۲. (کنایۃً) بڑبڑانا، چپکے چپکے برا بھلا کہنا.

کَڑَکْنا (فت ک، ڑ، سک ک). (الف) ف ل.
۱. تڑخنا، تیز آواز سے چٹخنا، کسی کپڑے کا آواز کے ساتھ پھٹنا. ۲. زور سے بولنا، جوش یا غصے سے بولنا. ۳. مہیب اور ڈراؤنی آواز نکالنا، گرجنا (بجلی اور بادل کا). ۴. کمان سے تیر چلنے کی آواز ہونا. ۵. تیز رفتاری سے نکلنا، زناٹے کے ساتھ جانا. (ب) صف. تڑخ جانے والا، پھٹ جانے والا. [پ: س].

کَڑْکی (فت ک، سک ڑ) امث.
مفلسی، غربت، افلاس؛ ابتری.

کُڑُکّی (ضم ک، فت ڑ، شد ک) امث.
آلہ جس سے لڑکے چھوٹی چھوٹی چڑیاں یا چوہیا پکڑتے ہیں. [مقامی].

کڑکی لگانا محاورہ. کبوتر پکڑنا؛ پھندے میں لینا.

کَڑوا (فت ک، سک ڑ) صف مذ.
۱. تلخ، بدمزہ، کسیلا (میٹھا کی ضد) .۲. تیز، تند، حقے کا تمباکو جو تیز ہوتا ہے (ہلکے میٹھے تمباکو کے مقابل) .۳. بے حد نمکین .۴. (استعارۃً) بدمزاج، تندخو، ترش رو .۵. (استعارۃً) خفا، ناخوش .۶. (استعارۃً) ناقابلِ برداشت، ناگوار . [س].

کڑوا تیل اند. سرسوں کا تیل، روغنِ تلخ نیز تارہ میرا کا تیل.

کڑوا کریلا صف. بہت کڑوا؛ (کنایۃً) نہایت بدمزاج.

کڑوا کریلا اور نیم چڑھا کہاوت. بدمزاج آدمی تو تھے ہی خلافِ طبع بات نے اور بدمزاجی بڑھا دی (بہت زیادہ بدمزاج کے لیے مستعمل).

کڑوا کڑوا تھو (تھو) میٹھا میٹھا ہپ (ہپ) کہاوت. اچھی چیز لے لینا، بری چیز رد کر دینا، آسان کام اختیار کرنا، مشکل کام سے بچنا.

کڑوا کسیلا صف مذ. (مجازاً) تلخ و ناگوارِ طبع، ناقابلِ برداشت.

کڑوا گھونٹ اند. ناگوار بات یا امر؛ ناقابلِ برداشت چیز.

کَڑواہٹ (فت ک، سک ڑ، فت ہ) امث.
تلخی، کڑواپن.

کَڑوی (فت ک، سک ڑ) صف مث.
۱. تلخ، کسیلی، بکھٹی، بدمزہ .۲. ناگوار، ناپسند.

کڑوی روٹی/ کھچڑی امث. حاضری کا کھانا جو مردے کے گھر والوں کے دوسرے عزیز کم سے کم ایک دن اور زیادہ سے زیادہ تین دن تک بھیجتے ہیں.

کَڑی (فت ک) (الف) صف مث.
۱. کڑا کی تانیث، سخت، زوردار، سخت نشہ آور .۲. بہت زیادہ .۳. کاٹنے والی چیز، تیز دھار کی چیز (تلوار وغیرہ) .(ب) امث .۱. آنچ، مصیبت .۲. (i) لوہے وغیرہ کا چھوٹا حلقہ جو زنجیر اور زرہ میں ڈالتے ہیں . (ii) (مجازاً) سلسلہ، سلسلہ وار .۳. شہتیر، دھنی .۴. سخت مصیبت .۵. مشکل، کٹھن، دشوار .۶. خشم ناک، غضب ناک، قہر آلود .۷. ایک زیور یعنی پائل کے حلقے جنھیں کڑیاں کہتے ہیں .۸. ایک طرح کا سالن جو بیسن اور دہی کی شمولیت سے تیار ہوتا ہے.

کڑی دھوپ امث. تیز دھوپ، شدت کی دھوپ.

کڑی سے کڑی ملنا محاورہ. سلسلہ بہ سلسلہ، سرے سے سرا ملنا، تسلسل قائم ہونا، مربوط ہونا.

کڑی نظر/ نگاہ امث. غصے کی نظر، خفگی کے تیور.

کڑی نظر رکھنا ف مر؛ محاورہ. سخت نگرانی رکھنا.

کَڑے (فت ک) اند؛ ج.
۱. سخت شدید (کڑا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل) .۲. ہاتھوں کا زیور، کڑا کی جمع .۳. مضبوط.

کڑے کوس اند. دشوار گزار راستہ؛ طویل فاصلہ.

کَڑِیاں (فت ک، کس ڑ) امث؛ ج.
۱. چھت کے چھوٹے شہتیر، کڑی کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل. ۲. زنجیر کے حلقے .۳. (مجازاً) سلسلہ، ترتیب، جزو.

کڑیاں ملانا ف مر؛ محاورہ. سلسلہ قائم کرنا، مربوط کرنا.

کَڑْیَل (فت ک، سک ڑ، فت ی) (الف) اند.
آگ کا بڑا ٹھیکرا. (ب) صف. طاقت ور، قد آور.

کُڑْھ (ضم ک، سک ڑھ) اند.
افسوس، رنج، دکھ، کڑھن (تراکیب میں مستعمل).

کڑھ کڑھ کر م ف. رنج اور دکھوں میں مسلسل مبتلا رہتے ہوئے؛ اندر ہی اندر جل کر؛ رنجیدہ ہو کے.

کَڑھاؤ (فت ک) اند.
پھیلے ہوئے منھ کا ناند، لوہے کا گول ٹب، کھنساروں اور اسی قسم کے پیشہ وروں کا ایک آہنی ظرف، بڑی کڑھائی.

کَڑھائی (۱) (فت ک) امث.
دیکھیے: کڑاہی.

کَڑھائی/ کڑہائی (۲) (فت ک) امث.
۱. کپڑے پر سلائی کے ذریعے پھول بوٹے بنانا، کشیدہ کاری سوزن کاری .۲. کاڑھنے کی اُجرت.

کُڑھَن (ضم ک، فت ڑھ) امث.
رنج، کوفت.

کَڑھنا (فت ک، سک ڑھ) ف ل.
کاڑھا جانا؛ بیل بوٹے بننا، تزئین ہونا.

کُڑھنا (ضم ک، سک ڑھ) ف ل.
۱. رنجیدہ ہونا، افسوس کرنا، جی جلانا. ۲. (کنایۃً) دل سوزی کرنا، ہمدردی کرنا. [س].

کَڑھی (فت ک) مث.
دہی اور چھاچھ میں بیسن اور مسالے گھول کر پکایا ہوا سالن جس میں بیسن کی پھلکیاں بھی ڈالی جاتی ہیں.

کڑھی کا (سا) اُبال امذ. جلد فرو ہونے والا، وقتی (جوش یا غصہ)، عارضی برہمی، جلد ختم ہونے والا غصہ.

کَژ (فت ک) صف.
کج، ٹیڑھا، خمیدہ (مرکبات میں مستعمل).

کژ دم امذ. ۱. بچھو، عقرب. ۲. ایک قسم کی ورزش جس میں زمین پر اوندھے ہو کر دونوں ہاتھ زمین پر برابر ٹیک کر اپنے جسم کا تمام وزن ان پر سنبھالتے ہیں. [ف].

کَس (۱) (فت ک) امذ.
۱. آدمی، شخص، فرد، کوئی. ۲. (کنایۃً) مددگار، والی، سہارا. [ف].

کس مپرس صف. ایسا شخص جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو، بے قدر، ہیچ.

کس مپرسی مث. وہ حالت جس میں کوئی پرسان حال نہ ہو، بے کسی، بے آسرا ہونا.

کس و ناکس امذ. ادنیٰ و اعلیٰ، خاص و عام، ایرا غیرا، ہر ایک، ہر کوئی.

کَس (۲) (فت ک) امذ.
۱. طاقت، زور، بل، تاب. ۲. تلوار کی لچک جس سے اس کی خوبی معلوم ہوتی ہے. ۳. سونے کو کسوٹی پر لگانا، سونے کو تپانا، امتحان کرنا، جانچ کرنا، پرکھ، جانچ. ۴. پہاڑی بارش کا پانی بہنے والا نالہ. ۵. مضبوطی، استحکام، تقویت. [س].

کس بل امذ. ۱. زور، طاقت، قوت. ۲. کمانی یا شمشیر اور تلوار وغیرہ کا جھک جانا اور پھر اپنی اصلی حالت پر آ جانا.

کس بل نکالنا محاورہ. نس نس سیدھی کر دینا، کسی کے غرور کو توڑ دینا، ہر طرح قابو میں کر لینا.

کس بل نکلنا محاورہ. نخرے ڈھیلے ہونا، کس بل نکل جانا.

کس کس کے م ف. ۱. لبالب، پوری طرح سے. ۲. خوب جانچ پرکھ کے.

کَس (۳) (فت ک) امر.
کسنا کا امر، مرکبات میں مستعمل جیسے: کس باندھ، "کمر کس"، کس دینا، کس جانا وغیرہ.

کس کو/کے م ف. کھینچ کر، مضبوطی سے، سختی سے.

کِس (کس ک) کلمۂ استفہام.
۱. کون (شخص، چیز، جگہ وغیرہ کے لیے). ۲. استعجاب و حیرت کے لیے. ۳. زیادتی کے اظہار کے لیے (عموماً "سے" اور "کا" کے ساتھ). ۴. اظہار خوبی کے لیے.

کس باغ/کھیت کا/کی بتھوا/مولی ہو فقرہ. میرے سامنے تم کیا بیچتے ہو، تم کوئی حقیقت نہیں رکھتے.

کس بلا کا ہے فقرہ. غضب کا ہے، انتہا کا ہے، بہت زیادہ ہے (خوبی یا برائی کی زیادتی کے اظہار کے لیے مستعمل).

کس چڑیا کا نام ہے فقرہ. کسی شخص یا چیز کو بے وقعت ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں، (لاعلمی اور ناواقفیت کے اظہار کے لیے مستعمل).

کس چکی کا پسا کھاتے ہو/کھاتا ہے فقرہ. کسی کی اچھی صحت کو دیکھ کر کہا جاتا ہے.

کس قدر م ف. حد درجہ، بیش قدر، کسی درجہ.

کس کام کا/کی فقرہ. بے مصرف، فضول، بے کار، بے معنی.

کس منھ سے م ف. ۱. کس طرح، کیسے، کس دلیل یا ثبوت پر. ۲. کس برتے پر، کس خوبی پر.

کُس (ضم ک) مث.
(فحش، بازاری) عورت کی شرم گاہ، کسی مادہ کا اندام نہانی، چوت، فرج، قبل. [ف+س].

کَسا (فت ک) صف.
۱. تنا ہوا، کسنا (دیکھیے) سے ماخوذ؛ تراکیب میں مستعمل، جیسے: کسا جانا، کسا ہوا وغیرہ. ۲. پھنسا ہوا، چست، تنگ لباس. ۳. (بدن کے لیے) سخت (ڈھیلا کی ضد).

کسا کسایا صف مذ. ۱. کھنچا کھنچایا، اچھی طرح تانا ہوا. ۲. تیار، لیس، سجا سجایا. ۳. چار جامہ، یا زین لگا ہوا یا گاڑی میں جتا ہوا (گھوڑا).

کَساد (فت ک) مث.

(زر کی کمی یا قیمت کی زیادتی کی وجہ سے) کسی چیز کی مانگ نہ ہونا، بازار کا سرد ہونا یا مندا ہونا، بے رونقی، بے رواجی. [ع].

کساد بازاری مث. ۱. لین دین یا بازار کی سرگرمی میں کمی، اہمیت کم ہو جانا، طلب یا مانگ کا ماند پڑ جانا، بازار کا مندا ہونا، دام گر جانا.

کَسالَت (فت ک، ل) مث.

۱. کاہلی، سستی، الکسی، الکساہٹ. ۲. تکان، کسل مندی. [ع].

کِسان (کس ک) مذ.

(زمین میں ہل چلا کر) غلّہ اُگانے والا، کھیتی باڑی کرنے والا، کاشت کار. [س].

کَساو/ کَساؤ (فت ک، وج) مذ.

۱. تانبے یا کانسی وغیرہ کے برتن میں ترش چیز رکھنے سے پیدا ہو جانے والا اثر. ۲. کسیلا پن، بدمزگی.

کَساوَٹ (فت ک، و) مث.

۱. تناؤ، کھچاؤ. ۲. تنگی، چستی، کساو. ۳. کمر باندھنے کا انداز. ۴. سونے چاندی کا کسوٹی پر لگانا. ۵. تلوار کی لچک.

کَسْب (فت ک، سک نیز فت س) مذ.

۱. کسی چیز کا حاصل کرنا، حصول، کمائی. ۲. وہ چیز جو محنت و ریاضت سے حاصل کی جائے (جو وہبی نہ ہو). ۳. ہنر، فن. ۴. پیشہ، کام. ۵. تگ و دو، ریاضت و محنت، حصول معاش کے لیے کوشش، جدوجہد. ۶. فاحشہ کا پیشہ. [ع].

کسب کمال کن که عزیز جهان شوی کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) صاحبِ کمال ہی کو عزت ملتی ہے.

کسب معاش مذ. روزی کمانا، روزی کا حصول، معاش کی فراہمی، ذریعۂ آمدنی.

کَسْبی (فت ک، سک س) (الف) صف.

۱. کسب سے منسوب یا متعلق، حاصل کی ہوئی، کمائی ہوئی (وہبی کی ضد) ۲. محنت و مشقت جھیل کر عبادت کرنے والا، مرتاض. (ب) مث پیشہ کمانے والی، کوٹھے پر بیٹھنے والی، زن بازاری، رنڈی، طوائف.

کَسْتُو (فت ک، سک س، و مع) مذ (قدیم).

کستوری، مشک.

کَسْتُوری (فت ک، سک س، و مع) مث.

۱. ایک خوشبو جو ہرن کے ناف سے حاصل ہوتی ہے، مشک، نافہ. [س].

کَسْٹَرْڈ (فت ک، سک س، فت ٹ، سک ر) مذ.

انڈے اور دودھ اور چینی سے بنا ہوا آمیزہ جس میں ایک قسم کا خوشبو دار کھانے کا پاؤڈر شامل کر کے گاڑھا کر لیا جاتا ہے اور ضرورتاً کیک یا کسی بھی قسم کے پھل ڈال دیتے ہیں ٹھنڈا ہونے پر کھایا جاتا ہے (انگریزی کھانے میں ایک میٹھا پکوان). [انگ].

کَسْٹَم (فت ک، سک س، ف ٹ) مذ.

چنگی، محصول، محصولاتِ درآمد برآمد. [انگ].

کَسْر (فت ک، سک س) (الف) مذ.

(قواعد) زیر کی حرکت، زیر کی آواز، زیر، کسرہ. (ب) مث. ۱. توڑنا توڑ پھوڑ، شکستگی. ۲. (ریاضی) صحیح عدد کا کوئی حصہ یا جزو، اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے (حساب کا ایک قاعدہ). [ع].

کسر اعشاریہ مث. (ریاضی) وہ کسر جس کا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت ہو اس کے لکھنے کا طریقہ بھی الگ ہے جیسے ۵/۱۰ کو ۰٫۵، ۳/۱۰ کو ۰٫۳، اور ۷/۱۰ کو ۰٫۷ لکھا جائے گا.

کسر شان مث. شان کے خلاف، عزت کے منافی، وہ بات جس سے آدمی کی عزت و آبرو میں فرق آئے، بے وقری، بے وقعتی.

کسر نفسی مث. اپنے آپ کو کم رتبہ ظاہر کرنا، عاجزی، انکسار.

کَسَر (فت ک، س) مث.

۱. نقص، خرابی. ۲. کمی، کوتاہی. ۳. نقصان، گھاٹا، خسارہ. ۴. بچوں کے پیٹ کا خلل، بدہضمی. [ع].

کسر اُٹھا نہ رکھنا محاورہ. کوشش میں کمی باقی نہ چھوڑنا، کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا، کوتاہی نہ کرنا.

کسر نکالنا محاورہ. ۱. انتقام لینا، بدلہ لینا. ۲. کمی پوری کرنا، خسارہ پورا کرنا.

کَسْرَت (فت ک، سک س، فت ر) امث.
ورزش، ریاضت. [ع].

کَسْرَتی (فت ک، سک س، فت ر) صف.
کسرت و ورزش کے متعلق یا منسوب، ورزشی.

کَسْرَہ (فت ک، سک س، فت ر) امذ.
(قواعد) کسر، زیر کی حرکت، حرف کے نیچے کی حرکت، علامت. [ف:ع].

کسرۂ اضافت امذ. (قواعد) وہ زیر جو فارسی تراکیب میں اضافت کے لیے استعمال ہوتا ہے جس سے کا / کی کے معنی نکلتے ہیں.

کِسْریٰ (کس نیز فت ک، سک س، اجتل ی) امذ.
شاہانِ عجم کے بادشاہوں کا لقب، بادشاہ، ایران کے قدیم بادشاہوں کا لقب.

کَسْریا (کس خف ک، فت س، سک ر) صف.
زرد رنگ کا، زعفرانی، کیسری.

کَسَک (فت ک، س) امث.
ہلکا ہلکا درد، ٹیس، ہلکی تکلیف، چبھن، خلش.

کَسَل (فت ک، س نیز سک) (الف) امذ.
۱. سستی، کاہلی. ۲. تکان، کمزوری. ۳. بے کاری، ماندگی. (ب) صف. ناساز، بدمزہ. [ع].

کسل مند صف. ۱. ناساز، بدمزہ، نادرست، بگاڑ، خرابی (طبیعت یا مزاج کے لیے مستعمل). ۲. تھکا ماندہ. ۳. بیمار، علیل. [ع:ف].

کسل مندی امث. سستی، کاہلی؛ علالت، بیماری.

کُسُم (ضم ک، س) امذ.
ایک پھول جس سے شہاب یعنی گہرا سرخ رنگ نکلتا ہے اور کپڑے رنگے جاتے ہیں. [س].

کَسْمَسانا (فت ک، سک س، فت م) (الف) ف ل.
۱. بے قرار ہونا، اکتاہٹ یا انقباض کی بنا پر اعضا کا اضطراری طور پر جنبش کرنا، پہلو بدلنا، بے چینی محسوس کرنا. ۲. لہرانا، حرکت کرنا بل کھانا. ۳. پہلو بدلنا، کروٹ لینا. ۴. اکتانا، گھبرانا، الجھن محسوس کرنا ۵. انگڑائی لینا، بدن کو سمیٹنا، مچلنا. ۶. قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا، تلملانا (ب) امث. جھرجھری، اضطراب، بے کلی، الجھن، مصیبت. [س].

کَسْمَساہَٹ (فت ک، سک س، فت م، ہ) امث.
بے کلی، بے چینی، کسل مندی، اضطراب.

کَسْنا (فت ک، سک س) (الف) ف م.
۱. تاننا، کھینچنا. ۲. کسی چیز کو کھینچ کر باندھنا، مضبوط باندھنا، جکڑنا، کس کے باندھنا، دبا کر باندھنا. ۲. سونے چاندی کا کھرا کھوٹا پن پرکھنا تاڑنا، جانچنا. ۳. آدمی کو امتحاناً مشکل امور میں آزمانا، آزمائش کرنا جانچنا، کسی سخت یا لالچ کے کام میں آزمائش کرنا. ۴. (i) پکاتے وقت پانی کا چھینٹا دے کر گھی اور مسالے کے ساتھ گوشت کو خوب بھوننا (ii) سالن کا پانی خشک یا جذب کرنا. ۵. سواری کے لیے گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ پر زین باندھنا، ہاتھی پر عماری اور ہودے کا باندھنا. ۶. دبانا بھینچنا. ۷. کسی پرزے کے پیچ کو گھما کر گرفت مضبوط کرنا. ۸. چست کرنا (فقرہ، پھبتی وغیرہ)، اچھالنا. (ب) ف ل نیز ف م. ۱. تلوار کا لچک کھانا، لچک جانا، تلوار کو لچکا کر آزمانا. ۲. بندھا ہونا، پھنسا ہوا ہونا کسا جانا. ۳. تنا، کھنچنا. ۴. مصیبت میں مبتلا ہونا، پھنسا ہونا، گرفتار ہونا اس طرح بندھا ہوا کہ ہل نہ سکے. ۵. گرفت مضبوط ہونا، کسی چیز کو ایسا پھانس لینا کہ وہ ہل نہ سکے. (ج) امذ. ۱. پلنگ کسنے کی ڈوری. ۲. بڑا بٹوہ جس میں چھالیا وغیرہ رکھی جاتی ہے، کپڑے کا گول نیفے والا ڈوریاں پرویا ہوا بٹوہ. [پ:س].

کِسُو (کس ک، و مع) ضمیر.
دیکھیے: کسی.

کَسْوانا (فت ک، سک س) ف م.
کسی چیز کو کھینچ کر بندھوانا، عموماً ڈھیلی چارپائی کو کسوانا، ایسا بندھوانا کہ ہل نہ سکے.

کِسْوَت/کسوۃ (کس ک، سک س، فت و) امث.
۱. لباس، پوشاک، پوشش. ۲. صاف ستھرا کپڑے کا ٹکڑا، زخم پر باندھنے کی پٹی، کپڑا. [ع].

کَسَوٹی (فت ک، ولین) امث.
۱. وہ سیاہ پتھر جس پر سونے، چاندی کو گھس کر کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں، محک. ۲. (مجازاً) جانچ یا پرکھ کا معیار. [س].

کسوٹی پر پورا اُترنا محاورہ. جانچ میں کھرا ثابت ہونا، معیار کے مطابق ہونا.

کُسُوف (ضم ک، و مع) امذ.
سورج گرہن. [ع].

کِسْوَہ (کس ک، سک س، فت و) امذ؛ امث.
۱. کھال، جلد، چھلکا، چھال، غلاف وغیرہ. ۲. زخموں پر باندھنے کی پٹی. [ع].

کسوہ کعبہ امذ. کعبے کا غلاف، غلاف بیت اللہ.

کِسی (کس ک) ضمیر.
۱. کوئی ایک، کوئی چیز، آدمی، بات وغیرہ (تنکیر یا عمومیت کے لیے عموماً حروف مغیرہ کے ساتھ). ۲. وہ شخص جس کا نام نہ لیں اور قرینے سے اس کی طرف اشارہ ہو، شعرا اس لفظ سے کبھی معشوق کبھی عاشق کبھی رقیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں. ۳. وہ شخص جس کا علم نہ ہو، شخص غیر معلوم کے ذکر کے لیے مستعمل.

کسی اور بھروسے نہ رہنا / بھولنا محاورہ. یہ مت سمجھنا کہ کوئی اور تمھاری مدد کرے گا، بہت نہ اُترانا، بہت گھمنڈ نہ کرنا.

کسی ایک کروٹ بیٹھ جانا محاورہ. معاملہ ایک طرف ہو جانا، مسئلہ حل ہو جانا.

کسی بات کی کمی نہیں فقرہ. ہر چیز موجود ہے، امیر ہیں.

کسی پہلو م ف. کسی طرح سے، بہر طور، کسی طریقے سے.

کسی شمار قطار میں نہیں کہاوت. بالکل بے حقیقت.

کسی کا دبا نہیں کھاتا فقرہ. (دہلی) کسی کا محتاج نہیں، دست نگر یا ذلیل نہیں.

کسی کا کیا جاتا ہے فقرہ. کسی کا کیا نقصان ہوتا کسی کا کچھ نہیں بگڑتا.

کسی کا گھر جلے (اور) کوئی تاپے کہاوت. اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو لوگوں کی تباہی سے بھی فائدہ اُٹھانے کی کوشش کرے.

کسی کام کا نہ ہونا محاورہ. محض نکما اور بے کار ہونا، عضو معطل ہونا.

کسی کروٹ چین / کل نہ آنا محاورہ. کسی پہلو چین نہ آنا، کسی طور قرار نہ آنا، کسی پہلو آرام نہ آنا.

کسی کو ف م؛ فقرہ. کسے راہ؛ شخص معلومہ و مفہومہ کو، معشوق کو.

کسی کو خیال میں نہ لانا محاورہ. کسی کی پروا نہ کرنا، کسی کو کچھ نہ سمجھنا، کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا.

کسی کی آئی مجھ کو آجائے کہاوت. (کوسنا) دوسرے کی موت مجھ کو آجائے، غصے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بددعا دینا.

کسی کی روح پیاسی تھی فقرہ. جب پانی کا بھرا ہوا گھڑا یا مٹکا خودبخود ٹوٹ جائے تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں.

کسی کی نہیں سنتا محاورہ. کسی کی بات نہیں مانتا، بے پروا ہے، کسی کے سمجھانے پر عمل نہیں کرتا.

کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا محاورہ. کسی سے غرض اور سروکار نہ رکھنا، کسی بکھیڑے میں نہ پڑنا، بے لوث ہونا.

کسی لائق ہونا محاورہ. کسی قابل ہونا، کسی ہنر، لیاقت میں کامل ہونا کسی کمال پر فائز ہونا، لائق و فائق ہونا.

کسی نہ کسی طرح م ف. کسی نہ کسی صورت، بہرصورت، کسی نہ کسی طور پر.

کسی وقت م ف. کسی مرحلے پر، کسی لمحہ.

کَسّی (فت ک، شد س) امث.
مٹی کھودنے کا ایک آلہ، پھاوڑا، کدال. [س].

کَسے (فت ک) ضمیر.
کوئی ایک شخص، چیز یا بات.

کسے باشد م ف. کوئی آدمی ہو، کوئی ہو، خواہ کوئی ہو، کوئی کیوں نہ ہو.

کِسے (کس ک) کلمۂ استفہامیہ.
کس شخص یا کسی چیز کو، کس کو.

کَسیرا (فت ک، ی مج) امذ.
تانبے، پیتل یا کانسی کے برتن بنانے والا اور بیچنے والا، برتن بیچنے والا [س].

کَسیلا (فت ک، ی لین) صف مذ.
بدمزہ، بکٹھا.

کسیلا پن مذ. کسیلا ہونا، زبان اور حلق کو پکڑنے والی بدمزگی، کساؤ.

کَسِیلا (فت ک، ی مع) صف مذ.
مضبوط بدن کا، طاقت ور، مضبوط؛ سخت، کسا ہوا.

کَسیلی (فت ک، ی لین) صف مث.
کڑوی، بدمزہ، ناگوار مزے والی، کس والی، بکٹھی.

کَش (فت ک) (الف) امر بطور لاحقہ.
کھینچنے والا؛ برداشت کرنے والا (مرکبات میں مستعمل، جیسے: محنت کش، جفاکش وغیرہ). (ب) مذ حقّہ؛ سگریٹ وغیرہ کا دم یا گھونٹ. [ف].

کش لگانا/ لینا ف مر/ محاورہ. حقّے یا سگریٹ وغیرہ کا دم لگانا یا کھینچنا.

کش مکش مث. کشاکش، کھینچا تانی؛ اُلجھن.

کُش (ضم ک) امر بطور لاحقہ.
جان سے مار دینے والا؛ مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل، جیسے: جراثیم کش، ادویات کش وغیرہ. [ف].

کُشا (ضم ک) امر بطور لاحقہ.
کھولنے والا؛ بطور لاحقہ بھی مستعمل، جیسے: عقدہ کشا، دل کشا. [ف].

کُشاد (ضم ک) (الف) سابقہ.
کھلنا، کھولنا؛ بطور سابقہ مرکبات میں بھی مستعمل. (ب) صف. کشادہ، وسیع، فراخ، کھلا ہوا. (ج) مث. مطلب کا حاصل ہونا، کامیابی، حصول مقصد. [ف].

کُشادگی (ضم ک، فت د) مث.
۱. وسعت، چوڑائی، کشایش، گنجائش، پھیلاؤ. ۲. دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، فصل. ۳. (کنایۃً) فیاضی، خوش حالی، بہتری، فراخی. ۴. ہوا دان؛ روشن دان، کھلے ہوئے حصے.

کُشادَہ (ضم ک، فت د) صف.
۱. کھلا ہوا. ۲. پھیلا ہوا، چوڑا. [ف].

کشادہ پیشانی/ جبیں (الف) صف. چوڑی پیشانی؛ مراد: وہ شخص جو ہمیشہ خوش رہے، خوش دل، ہنس مکھ، خندہ رُو، خندہ پیشانی. (ب) مث. خوش خلقی، خندہ روئی.

کشادہ دل صف. ۱. صاف دل، دل میں میل نہ رکھنے والا، وسیع القلب، سخی، فیاض. ۲. خندہ رو، خوش مزاج، بشاش.

کشادہ دلی مث. ۱. کشادہ دل ہونا، صاف دلی، خوش مزاجی، بشاشت، خندہ روی. ۲. وسعت قلبی، بلند حوصلگی، کشادہ نظری.

کَشّاف (فت ک، شد ش) صف.
کھولنے والا، ظاہر کرنے والا، تشریح یا توضیح کرنے والا، پردہ اُٹھانے والا. [ع].

کَشاکَش (فت ک، ک) مث.
۱. کھینچا تانی، چھینا جھپٹی. ۲. پریشانی، کشمکش، اُلجھن. ۳. ہاتھا پائی، دست و گریبان ہونا، جھڑپ.

کَشاں (فت ک) (الف) م ف.
کھینچتے ہوئے، کھینچتا ہوا. (ب) صف. ۱. کھینچنے والا. ۲. کھنچا ہوا، مائل، ملتفت.

کشاں کشاں م ف. ۱. کھینچتے ہوئے، گھسیٹتے ہوئے؛ آہستہ آہستہ. ۲. (کنایۃً) کھنچے کھنچے، بے اختیارانہ.

کُشائِش/ کُشایَش (ضم ک، کس ا/ضم ک، فت ی) مث.
کھولنا، کشادگی، وسعت، فراخی.

... کُشائی (ضم ک) مث.
کشا کا اسم کیفیت، بطور لاحقہ مرکبات میں مستعمل.

کِشت (کس ک، سک ش) مث.
۱. کھیت، کھیتی، بویا ہوا کھیت، زراعت. ۲. (شطرنج) شطرنج کے شاہ کا ایسے خانہ میں ہونا کہ اگر اس جگہ دوسرا مہرہ ہوتا تو مارا جاتا، شہ، بادشاہ پر زد. [ف].

کشت زار مث. کاشت کی ہوئی جگہ، کھیتی، بویا ہوا ہرا بھرا کھیت.

کشت زعفران مث. ۱. زعفران کا کھیت جو نہایت زرد رنگ ہوتا ہے نیز کوئی ایسی چیز یا جگہ جسے دیکھ کر فرط مسرت سے خود بخود ہنسی آئے، ہنسی کا مقام، ہنسی کا عمل. ۲. (کنایۃً) ایسی چیز یا جگہ جہاں وفور مسرت سے یا جسے دیکھ کر خود بخود ہنسی آئے.

کُشت (ضم ک، سک ش) اند.
قتل، خوں ریزی، مار دھاڑ. [ف].

کشت و خون اند. خوں ریزی، قتل و غارت گری.

کُشتگاں (ضم ک، سک ش، فت ت) صف: ج.
قتل کیے ہوئے، مقتول، مارے ہوئے؛ (مجازاً) عشاق، دیوانے.

کُشتم کُشتا (ضم ک، سک ش، فت ت، ضم ک، سک ش) اند.
گتھم گتھا ہونا، لپٹ پڑنا، دھکم پیل، کشتی جیسی صورت.

کُشتنی (ضم ک، سک ش، فت ت) صف.
گردن مارنے کے قابل، گردن زدنی، مار ڈالنے کے لائق.

کُشتوں (ضم ک، سک ش، وج) صف: ج.
کشتہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

کشتوں کے پشتے لگا دینا محاورہ. لاشوں کا ڈھیر لگا دینا، بے حساب آدمیوں کو قتل کرنا، قتل عام کرنا.

کشتوں کے پشتے لگ جانا محاورہ. لاشوں کا ڈھیر ہو جانا، بہت سے آدمیوں کا مارا جانا، مقتولوں کا انبار لگ جانا.

کِشتہ (کس ک، سک ش، فت ت) (الف) مث.
ایک مرکب خوشبو کا نام جو صندل، مشک، لوبان اور گلاب سے بنتی ہے اور آگ پر جلانے سے خوشبو دار دھواں دیتی ہے. (ب) صف نیز اند.
بویا ہوا، کاشت کیا ہوا.

کُشتہ (ضم ک، سک ش، فت ت) (الف) صف.
۱. ذبح کیا ہوا، مقتول، مارا ہوا. ۲. (کنایۃً) مٹایا ہوا، ستایا ہوا.
(ب) اند. دھاتوں، مثلاً: سونا، چاندی، تانبا وغیرہ یا جواہرات یا پارے کی پھنکی ہوئی شکل جو راکھ ہو جاتی ہے، اور اسے بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے.

کشتہ بنانا ف مر؛ محاورہ. دھات کو پھونک کر دوا بنانا، خاکستر کرنا نیز مار مار کے ادھ موا کر دینا.

کَشتی (فت نیز کس ک، سک ش) مث.
۱. ناؤ، سفینہ، بجرہ. ۲. کشتی نما ظرف، کشتی کی طرح کا برتن، شراب پینے کا کشتی نما پیالہ، جام شراب. ۳. کسی بھی دھات شیشے یا لکڑی کی مستطیل یا بیضوی شکل کی ٹرے. [ف].

کشتی بان اند. کشتی چلانے والا، ملاح، کھویا، ناخدا.

کشتی پار لگانا محاورہ. کشتی کو ساحل تک لے جانا؛ مشکل حل کرنا.

کشتی رانی مث. ناؤ کھینا، کشتی چلانا.

کشتی نما صف. کشتی سے مشابہت رکھنے والی، کشتی کی طرح کی.

کشتی نوح مث. ۱. حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جس کی روایت یوں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی بددعا سے دنیا میں پانی کا طوفان آیا تھا، خدائے تعالیٰ نے حضرت نوح کو ہدایت کی تھی کہ ایک کشتی بنائیں اور جب طوفان آئے تو اپنے بیوی بچوں اور ایمان دار لوگوں سمیت اس کشتی میں بیٹھ جائیں، جب طوفان آیا تو ساری دنیا غرقاب ہوگئی لیکن نوح کی کشتی کو کوئی ضرر نہ پہنچا. ۲. (کنایۃً) جائے پناہ، وہ جس پر تکیہ کیا جا سکے.

کُشتی (ضم ک، سک ش) مث.
دو پہلوانوں کا بغیر ہتھیار کے ہاتھ پیروں کے داؤ پیچ سے ایک دوسرے کو پچھاڑنے کے لئے دو بدو مقابلہ کرنا، زور آزمائی کے لیے گتھم گتھا ہونا، دو حریفوں میں داؤں پیچ کی لڑائی.

کشتی لڑنا ف مر. دو پہلوانوں کا باہم گتھ جانا، زور آزمائی کرنا.

کَشٹ (فت ک، سک ش) اند.
۱. دکھ، مصیبت، تکلیف. ۲. محنت، مشقت. ۳. افلاس، غربت. [س]

کشٹ اُٹھانا محاورہ. مصیبت برداشت کرنا، تکلیف سہنا، زحمت اٹھانا

کَشِش (فت ک، کس ش) مث.
۱. کھینچنے کی قوت، کھچاوٹ، کھینچ، قوت کشش. ۲. کھنچاؤ، لگاؤ، دل کشی رغبت، دل ربائی ناز و کرشمہ. ۳. (کنایۃً) تکلیف، مصیبت، تنگی، پریشانی

کشش ثقل مث. (طبیعیات) وہ قوت جو اجسام کو بہ ہیئت مجموعی فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے، اپنے مرکز جانب کھچاوٹ.

کَشف (فت ک، سک ش) اند.
۱. انکشاف کرنا کھولنا، ظاہر کرنا، عیاں کرنا، نمایاں کرنا، بیان کرنا اظہار کرنا. ۲. ظاہر ہونا، انکشاف. [ع].

کشف القبور اند. (تصوّف) عمل کے ذریعے سے مردوں کا حال معلوم کرنا یا ہونا ، جو صوفیہ کی ایک کرامت سمجھی جاتی ہے ، بزرگ مزار (قبر) کے قریب ذکر کی حالت میں بیٹھتے ہیں تو صاحب قبر کی کیفیت معلوم ہو جاتی ہے .

کشف الٰہی اند. حق کے سوا کسی وجود کو تسلیم نہ کرنا .

کشف و کرامات امث. اعجاز و تصرف ، خرق عادت .

کشف ہونا محاورہ. ظاہر ہونا ، کھلنا .

کَشکول (فت ک ، سک ش ، وج) اند.

کاسہ ، بھیک مانگنے کا پیالہ ، کاسہ گدائی . [ع] .

کِشمِش (کس ک ، سک ش ، کس م) امث.

سکھائے ہوئے انگور جن میں بیج نہیں ہوتے اسے لوگ عام طور سے میوے کے طور پر استعمال کرتے اور بطور دوا کے بھی کام میں لاتے ہیں . [ع] .

کِشمِشی (کس ک ، سک ش ، کس م) صف.

کشمش کے رنگ کا ، کشمش کے رنگ سے ملتا جلتا ، سرخی مائل سیاہ (رنگ) ، جس کی سیاہی میں سرخی جھلکے .

کَشمَکش (فت ک ، سک ش ، فت م ، ک) امث.

۱. کھینچا تانی ، کشا کش ، کشیدگی ، رکاوٹ .۲. مجادلہ ، لڑائی ، جھگڑا ، تکرار . ۳. مخمصہ ، بکھیڑا ، الجھاؤ ؛ غم و اندوہ .۴. اضطراب ، پریشانی ، مصیبت ، مشکل .۵. کوشش ، تگ و دو ، سعی ، جدوجہد.

کشمکش میں ڈالنا محاورہ. الجھن میں مبتلا کرنا ، مخمصے میں ڈالنا ، گومگو میں مبتلا کرنا .

کشمکش میں پڑنا محاورہ. مخمصے میں پڑنا ، الجھ جانا ، الجھن میں مبتلا ہونا .

کَشمِیر (فت ک ، سک ش ، ی مع) اند نیز امث.

ایک مشہور سرسبز و شاداب پہاڑی علاقے اور ملک کا نام جو پنجاب کے شمال و مشرق میں واقع ہے اور اپنی بعض غیر معمولی مصنوعات کے لیے مشہور ہے .

کَشمیرا/ کَشمیرَہ (فت ک ، سک ش ، ی مع رفت ر) اند.

وادی کشمیر کا تیار کردہ معمولی گرم کپڑا ، سوتی تانے اور اونی بانے کا بنا ہوا موٹی قسم کا اونی کپڑا جو کشمیر میں غربا کے لیے تیار کیا جاتا تھا .

کَشمِیری (فت ک ، سک ش ، ی مع) (الف) صف.

۱. کشمیر (علم) سے منسوب ، کشمیر سے متعلق کوئی شے . (ب) اند. کشمیر کا باشندہ ، کشمیر کا رہنے والا . (ج) امث. کشمیر کے باشندوں کی زبان .

کشمیری بے پیری جس میں لذت نہ شیری (نہ منجا نہ پیڑھی) کہاوت . بعض کا خیال ہے کہ کشمیری بے وفا اور نادار ہوتے ہیں ، کشمیری ایسے چھینٹوں کا برا مانتے ہیں ، کشمیریوں کے بارے میں یہ پرانا خیال ہے ، اب ایسا خیال کرنا درست نہیں ہے .

کُشَن (ضم ک ، فت ش) اند.

عموماً صوفوں اور کرسیوں وغیرہ میں استعمال کے لیے گول یا چوکور گدا نما سیٹ جس میں روئی یا کوئی اور نرم چیز بھری ہوتی ہے ، گدی . [انگ] .

کُشُود (ضم ک ، و مع) (الف) امث.

۱. (i) کھلنا ، ظاہر ہونا ؛ (مجازاً) کسی مشکل یا مسئلے کا حل . (ii) فراخی ، پھیلاؤ ، کشادگی .۲. مطلب حل ہونا ، مراد پوری ہونا ، کامیابی ، فائدہ . ۳. مسرت ، خوشی .۴. (تصوف) کشف ، مکاشفہ . (ب) صف. کھلا ، پھیلا ہوا ، کشادہ اور عریض . [ف] .

کِشوَر (کس ک ، سک ش ، فت و) اند.

ملک ، اقلیم . [ف] .

کشور کشائی امث. ملک فتح کرنے کا عمل .

کِشور / کِشورا (کس ک ، وج) صف.

۱. نوعمر ، نوجوان (جو پندرہ سال سے کم ہو) .۲. ہندوؤں کے ناموں میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: نند کشور ، نول کشور) . [س] .

کَشی (فت ک) امث.

۱. کھینچنا ؛ برداشت کرنا .۲. قلمکاری ، دیواروں اور دروازوں پر نقش گری . [ف] .

... کَشی (فت ک) لاحقہ.

کھینچنا ، تراکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (مثلاً : بادہ کشی ، دل کشی وغیرہ) . [ف] .

... کُشی (ضم ک) لاحقہ.

مار ڈالنا ، مرکبات میں جزوِ دوم کے طور پر مستعمل (مثلاً: خود کشی) . [ف] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، وج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (ملفوظہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کَشِید (فت ک ، ی مع) (الف) امث .
ا. کسی چیز کا عرق نکالنے کا عمل . ۲. کھچاؤ ، بل ، چنٹ . ۳. شکر رنجی ، ملال . ۴. (کنایۃً) شراب . ۵. سوئی اور تاگے سے کاڑھنے کا عمل .
(ب) صف مست . کھینچی ہوئی ، نکالی ہوئی ، بنائی ہوئی (شراب وغیرہ) .
[ف] .

کشید شدہ صف . کھینچا یا نکالا ہوا ؛ (کنایۃً) صاف کیا ہوا .

کشید کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا. کھینچنا ، نچوڑنا ، سوتنا ، عرق نکالنا . ۲. اخذ کرنا ، حاصل کرنا ، لینا .

کَشِیدگی (فت ک ، ی مع ، فت د) امث .
ا. کھچاوٹ ، شکر رنجی ، ملال . ۲. کھینچا تانی ، جھگڑا ، تنازع . ۳. بے چینی ، اضطراب ، فشار ، دباؤ ، اعصابی تناؤ . ۴. درازی ، لمبائی (قد وغیرہ کی) .

کَشِیدَہ (فت ک ، ی مع ، فت د) (الف) صف .
ا. (i) کھنچا ہوا ، تنا ہوا (ابرو وغیرہ) . (ii) کھینچا ہوا ، کشید کیا ہوا ، نتھارا ہوا . ۲. دراز ، لمبا (قد وغیرہ) . ۳. ملول ، رنجیدہ ، خفا . ۴. برا ، خراب ، ابتر ، فساد آمادہ . ۵. ہاتھ سے کھینچا یا بنایا ہوا ، خطوط یا رنگوں کے ذریعے تیار کیا ہوا ، لکیروں کے ذریعہ بنایا ہوا (نقش تصویر وغیرہ) ، عکسی کی ضد . ۶. دراز کیا ہوا ، کھینچ کر پڑھا جانے والا ، اشباعی (حرف وغیرہ) . ۷. مرکبات میں جزو اول کے طور پر ، (جیسے: کشیدہ قامت) نیز جزو دوم کے طور پر مستعمل ، (جیسے: خط کشیدہ) . (ب) امذ .
ا. سوئی اور تاگے سے کاڑھا ہوا سوت ، ریشم یا اون کے تاگے سے بیل بوٹے بنانے کا کام ، کشیدہ کاری ، کڑھائی . ۲. کپڑا جس پر کڑھائی سے گلکاری کی گئی ہو . [ف] .

کشیدہ کاری امث . کپڑے پر پھول بیل بوٹے کاڑھنے کا کام یا صنعت ، سوزن کاری ، کڑھائی .

کَعْب (فت ک ، سک ع) امذ .
ا. (ریاضی) کسی عدد کی تیسری قوت یعنی کسی عدد کو اسی عدد سے دو بار یا تین سے ضرب دینے کا عمل . ۲. ٹخنا ، ٹخنے کی ہڈی ، گٹا .

کَعْبَتَین (فت ک ، سک ع ، فت ب ، ی لین) (الف) امث .
پانسوں کی جوڑی جس پر ایک سے لے کر چھے تک کے عدد کھدے ہوتے ہیں ، قمار بازی میں مستعمل . (ب) امذ . مکہ معظمہ اور بیت المقدس .
[ع] .

کَعْبَہ (فت ک ، سک ع ، فت ب) امذ ؛ ~ کعبۃ .
(لفظاً) مکعب عمارت جس کا طول ، عرض اور بلندی مساوی ہو ؛ (مراداً) مکے میں مربع عمارت جس میں حجر اسود نصب ہے ، یہ تمام مسلمانوں کا قبلہ ہے اسی کی طرف منھ کر کے نماز ادا کرتے ہیں . [ع] .

کعبۃ اللہ امث . خانۂ خدا ، اللہ کا گھر ، بیت اللہ جو مکے میں ہے .

کَف (۱) (فت ک) امذ ؛ امث .
ا. جھاگ ، پھین (جو کسی انسان یا کسی اور جان دار کے منھ سے جوش جذبے یا غصے کے موقع پر نکلے ، دریا کی سطح پر پیدا ہو یا ہانڈی کے جوش کھانے سے پیدا ہو) . ۲. لعاب ، تھوک . [ف] .

کف اُڑانا محاورہ . غصے یا کسی جذبے یا جوش کی حالت میں منھ سے جھاگ نکالنا .

کف دریا امذ . ا. دریا کا جھاگ ، سمندر کا پھین .

کَف (۲) (فت ک) امذ ؛ امث . (تراکیب میں شدف کے ساتھ بھی مستعمل) .
ا. (i) ہتھیلی ، پنجہ ، مٹھی ، پیر کا تلوا ، جوتے کا پتابہ . (ii) مٹھی بھر مقدار . ۲. (مجازاً) ہاتھ . ۳. روکنا ، باز رکھنا . [ع] .

کف افسوس ملنا محاورہ . ہاتھ ملنا ، افسوس کرنا ، پچھتانا .

کف پا امذ . تلوا ، پانو کا تلوا .

کف دست (الف) امذ ؛ امث . ہاتھ کی ہتھیلی . (ب) صف . چٹیل بے آب و گیاہ ، جہاں دور تک درخت یا آبادی کا نشان تک نہ ہو (میدان بیابان کی صفت کے طور) .

کف گیر امذ ؛ ~ کفگیر . دیگ یا دیگچے میں کھانا پکانے اور نکالنے کا لمبے دستے والا بڑا چمچ جو عموماً سوراخ دار ہوتا ہے ، ڈوئی .

کُفّار (ضم ک ، شدف) امذ .
غیر اللہ کی پرستش کرنے والے ؛ کافر (رک) کی جمع . [ع] .

کَفّارَہ (فت ک ، شد نیز بلا شدف ، فت ر) امذ ~ کفارا .
ا. شرعاً کسی گناہ کا عوض جس سے گناہ کی تلافی ہو جائے ، گناہ دھو دینے والا عمل . ۲. تلافی ، بدلہ ، عوض . [ع] .

کفارہ ادا کرنا محاورہ. ۱. گناہ کا عوض دینا، خطا کا بدلہ دینا. ۲. تلافی کرنا، بدلہ دینا.

کَفالَت (فت نیز کس ک، فت ل) امث.
۱. اپنے ذمے کوئی بار یا کام لینا؛ (عموماً) نان نفقہ، خرچ وغیرہ کا ہونا. ۲. ضمانت، زرِضمانت، سیکورٹی. [ع].

کفالت کرنا محاورہ. (عموماً اخراجات کا) ذمے لینا، بار اٹھانا، کفیل ہونا.

کفالت میں لینا محاورہ. سرپرستی قبول کرنا، ذمے داری قبول کرنا، ولی بننا.

کِفایَت (کس ک، فت ی) امث.
۱. کافی ہونا، ضرورت کے مطابق ہونا. ۲. بچت، فائدہ. ۳. وجہِ معاش، روزگار. ۴. جزرسی نیز کنجوسی. [ع].

کفایت شعار صف. جزرس، کم خرچ کرنے والا، بچت کرنے والا.

کفایت شعاری امث. جزرسی، بچت کرنے کا عمل.

کفایت کرنا محاورہ. ۱. کافی ہونا، ضرورت کو پورا کرنا. ۲. اکتفا کرنا، بس کرنا ("پر" کے ساتھ).

کفایت لفظی امث. لفاظی سے بچنا، لفظوں کی بچت، کم الفاظ استعمال کرنا.

کِفایَہ (کس ک، فت ی) امذ.
کافی ہونا، جو سب کی طرف سے ادا کیا جائے (عموماً فرض کے ساتھ). [ع].

کَفتار (فت ک، سک ف) (الف) امذ.
۱. کتے سے مشابہ ایک قوی الجثہ درندہ، اس کی خاکستری جلد پر سیاہ داغ یا خطوط ہوتے ہیں بیشتر غاروں میں رہتا ہے اور مردہ جانوروں پر زندگی بسر کرتا ہے. ۲. وہ شخص جو مردوں کے کفن اتارے. (ب) امث. ڈائن، چڑیل؛ جادوگرنی. [ف].

کَفچَہ (فت ک، سک ف، فت چ) امذ.
۱. چھوٹا کفگیر، بڑی ڈنڈی کا چمچہ نما ظرف جس سے ہنڈیا میں سے سالن وغیرہ نکالتے ہیں عموماً تہ میں لگی چیز کھرچنے کا کام لیا جاتا ہے. ۲. چمڑے کی ٹوپی، جو غلیل میں اور شکاری پرندوں کے سر یا آنکھوں پر باندھی جاتی ہے نیز چلہ، تانت. ۳. سانپ کا پھن. [ف].

کُفر (ضم ک، سک ف) امذ.
۱. (i) (فقہ) اللہ کے وجود سے انکار، اللہ کو نہ ماننا، خدا کے وجود کا انکار، شرعِ اسلامی سے عمداً گریز، اسلام کی ضد، بے دینی، گمراہی. (ii) اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری، کفرانِ نعمت. ۲. (لفظاً) چھپانا، دبا لینا. ۳. شدید گناہ، بڑا جرم. ۴. ہٹ، ضد. [ع].

کفر بکنا محاورہ. اللہ یا اس کے دین سے انکار یا مذمت کے الفاظ زبان سے ادا کرنا، کفر کی باتیں کرنا، کلماتِ کفر منھ سے نکالنا.

کفر توڑنا محاورہ. دین دار بنانا نیز مطیع کرنا، مرید بنانا؛ نیچا دکھانا، ضد، ہٹ یا پندار کو زائل کرنا.

کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے کہاوت. بڑی مشکل سے منایا، راضی کیا، بالآخر مہم سر ہوئی، مرحلہ طے پایا.

کفر ٹوٹنا محاورہ. ۱. ضلالت یا ظلمت چھٹنا، گمراہی یا سیاہی دور ہونا. ۲. کسی بات کا آخرکار مان لیا جانا، نامکمل بات یا کام کا انجام پانا.

کُفران (ضم ک، سک ف) امذ.
۱. کفر، انکار (ایمان کے مقابل). ۲. کسی نعمتِ خداوندی کا انکار، ناشکری، احسان فراموشی، ناسپاسی. [ع].

کفرانِ نعمت امذ. نعمت کو جھٹلانا، کسی نعمت خداوندی کا انکار کرنا، ناشکری.

کَفش (فت ک، سک ف) امث.
۱. جوتی، پاپوش، پیزار. ۲. ایک خاص قسم کی جوتی جسے زیرپائی بھی کہتے ہیں. [ف].

کفش بردار امذ. جوتی اٹھانے والا، خدمت گار (کنایۃً)، ادنیٰ درجے کا خادم.

کفش پا امث. جوتی.

کفش دوز امذ. جوتی بنانے والا، موچی؛ جوتے گانٹھنے والا، جوتا ٹانکنے والا؛ جوتوں کی مرمت کرنے والا.

کَفگِیر (فت ک، سک ف، ی مع) امذ.
دیکھیے: کف گیر.

کَفَن (فت ک، ف) امذ.
میت کو پہنانے کے بغیر سلے کپڑے جو ہر مذہب میں اس کے رواج اور قاعدے کے مطابق ہوتے ہیں، مُردے کو لپیٹنے کا کپڑا. [ع].

کفن (سر سے) باندھنا / لپیٹنا ف مر: محاورہ. مرنے کو تیار رہنا ، جان پر کھیلنا ، سر ہتھیلی پر رکھنا ، لڑائی پر جاتے ہوئے کفن کی علامت کے طور پر سفید کپڑا سر سے لپیٹنا.

کفن پوش صف. جس نے کفن پہن رکھا ہو ، جان دینے پر آمادہ ، مرنے کے لیے تیار.

کفن پھاڑ کر بولنا محاورہ. (تحقیراً) دفعتاً بول اٹھنا ، بہت زور سے بولنا ، بے قرار ہو کر بولنا ؛ اس طرح چیخ کر بولنا کہ دوسرا ڈر جائے.

کفن چور اند. ۱. وہ شخص جو قبر کھود کر مردے کا کفن چرا کر لے جائے. ۲. ایسا لوٹ کھسوٹ کرنے والا جو جسم پر کپڑے تک نہ چھوڑے ، بہت منافع خور ، دوسروں کا مال کھا جانے والا. ۳. (بازاری) بدذات ، ملعون ؛ شریر ؛ حرام زادہ ؛ سنگ دل ، بے رحم.

کفن دفن اند. مردے کو کفنانا اور دفن کرنا ، تجہیز و تکفین ، تکفین و تدفین.

کفن میلا نہ ہونا محاورہ. وفات کو تھوڑے دن گزرنا ، موت کو تھوڑی مدت گزرنا.

کَفْنانا (فت ک ، سک ف) ف م.
مُردے کو غسل دے کر کفن پہنانا.

کَفْنی (فت ک ، ف نیز سک ف) امث.
۱. کفن کے کپڑے میں سے ایک کپڑا جو مرد اور عورت کے لیے مشترک ہے اور بطور کرتا کے میت کو پہناتے ہیں. ۲. وہ بغیر آستینوں کا بغیر سلا کرتا جو نوزائیدہ بچے کے گلے میں اس خیال سے پہناتے ہیں کہ اس کی عمر دراز ہو.

کُفُو (ضم ک ، سک ف نیز و مع) (الف) صف.
رتبے اور معاشرت و تہذیب وغیرہ میں مماثل ، ہم نسب ، ہم رتبہ ، برابر. (ب) اند. قبیلہ ، خاندان ، برادری. [ع].

کَفِیل (فت ک ، ی مع) صف ؛ اند.
۱. کفالت کرنے والا ، (عموماً) خاندان بھر کی کفالت کرنے والا شخص. ۲. ضامن ، ذمے دار ، مددگار. [ع].

کفیل ہونا ف مر: محاورہ. ضامن ہونا ، ذمہ دار ہونا ، مددگار ہونا.

کِک (کس ک) امث.
۱. پیر کی ٹھوکر ؛ (خصوصاً) فٹ بال کو ٹھوکر سے مارنا. ۲. موٹر سائیکل وغیرہ کا انجن چلانے کے لیے بالعموم پیر سے دبائی جانے والی کل. [انگ].

کُک (ضم ک) اند.
باورچی ، خانساماں. [انگ].

کُکَر (ضم ک ، فت ک) اند.
بھاپ کے دباؤ سے کھانا پکانے کا ڈھکن دار اور سیٹی لگا ہوا خاص دیگچا یا ظرف. [انگ].

کُکُرْمُتّا (ضم ک ، ضم نیز فت ک ، سک ر ، ضم م ، شد نیز بلا شدت) اند.
۱. ایک قسم کی سفیدی مائل پھپھوند جو برسات میں اُگ آتی ہے کے سر پر چھتری سی ہوتی ہے ، کھمبی ، سانپ کی چھتری. ۲. (مجازاً) طفیلی نیز برساتی ، عارضی ، معمولی.

کُکْرَوندا / کُکْروندَہ (ضم نیز فت ک ، سک ک ، و مع نیز لین مغ / فت د) اند.
تین یا چار بالشت لمبا ایک بدبودار خود رو پودا نیز اس کا پھل ، بطور دوا مستعمل. [مقامی].

کَکّڑ (فت ک ، شد ک بفت) اند.
۱. چلمے کا بھربھرا تمبا کو جسے خشک اور تر دونوں طرح ملا کر بناتے ہیں. ۲. لمبے میچے کا حقہ ، مٹی کا بڑا حقہ. ۳. (کنایۃً) دبلا پتلا ، حقیر آ (جیسے : حاجی ککڑ). [مقامی].

کُکّڑ (ضم ک ، شد ک بفت) اند.
۱. مرغا. ۲. (مجازاً) بوڑھا آدمی. ۳. ہرن کی ایک قسم جو کتے کی طرح بھونکتا ہے. [س].

کُکڑوں کُوں (ضم ک ، سک ک ، و مع ، و مع) (الف) امث.
مرغ کے بولنے کی آواز ، مرغ کی اذان. (ب) اند. (کنایۃً) مرغ ککڑ. [حکایت الصوت].

کَکڑی (فت ک ، سک ک) امث.
ایک قسم کی لمبی اور پتلی سبزی بطور سلاد استعمال ہوتی ہے دونوں طرح کھاتے ہیں. [پ].

کِکِیانا (کس ک ، سک ک) ف ل.
۱. بندر کی طرح چلانا. ۲. چنگھاڑنا ، چیخنا.

کَگار (فت ک) اند.
نکلا ہوا حصہ ، اُٹھا ہوا سرا ، دیکھیے : کگر.

کَگو (فت ک ، گ) امث.
ا.(i) کنارہ ، سرا ، حاشیہ . (ii) سامنے کو یا اوپر کو نکلا ہوا سرا ، اٹھا ہوا کنارہ .۲. سلامی دار چھت کے اوپر کا کنارہ .۳. دیوار یا منڈیر کے آثار کو تنگ یا چوڑا کرنے یا خوش نمائی کو چنائی میں چھوڑا ہوا چھوٹا کسکہ .۴. دھار ، باڑھ . [مقامی].

کَل (۱) (فت ک) امث ؛ صف.
ا.(i) گزرا ہوا دن ، آج سے پہلے کا دن . (ii) ماضی میں ، زمانہ قریب میں ، تھوڑے ہی دن پہلے .۲.(i) آج کے بعد کا دن ، اگلا دن جو آنے والا ہو . (ii) (مستقبل قریب میں) زمانہ قریب میں .
۳. روز قیامت. [س].

کل پر / پہ رکھنا محاورہ. ٹالنا ، ٹال مٹول کرنا ، التوا میں ڈالنا.

کل کا م ف ؛ صف (مث : کل کی). ا. کم عمر ، ناتجربہ کار .۲. گزرے ہوئے قریبی زمانے کا ، چند روز یا کچھ مدت پہلے کا.

کل کلاں کو صف ؛ م ف. آئندہ زمانے میں ؛ کچھ دن بعد.

کل کی بات امث. ابھی کی بات ، حال کا ذکر ، تھوڑے دنوں کا ذکر.

کَل (۲) (فت ک) امث.
ا. سکون ، قرار ، چین .۲. ڈھب ، طور ، طرح .۳. رُخ ، پہلو ، کروٹ .۴. عادت .۵. لمحہ ، ذرا کی ذرا . [س].

کل پڑنا محاورہ. چین ملنا ، قرار آنا.

کَل (۳) (فت ک) امث.
ا.(i) مشین . (ii) پنجرے کا وہ خانہ جس میں پرندوں کے پکڑنے کے لیے چٹخنی لگی ہوتی ہے .۲. باگ ڈور ، رگ ، قابو میں رکھنے کا وسیلہ .
۳. مشینری ، کارخانہ .۴. (مجازاً) ڈھانچا ، تنظیم .۵. سمت . [س].

کل پرزے اند ؛ ج. ا. مشینری اور اس کے پرزے .۲. (کنایتہً) اعضا.
۳. رگ رگ ، جوڑ جوڑ .۴. کسی ادارے کی مشینری چلانے والے.

کل دار (الف) اند. چہرہ شاہی سکہ ، کل کے ذریعے بنا ہوا سکہ . (ب) صف مذ . ا. پنجرا جس میں چڑیوں کے پکڑنے کی کل لگی ہوتی ہے .۲. چانپ دار (بندوق ، توپ) (توڑے دار کے بالمقابل) .۳. جس میں پیچ لگے ہوں اور تہ ہو سکے ، پیچ دار.

کل گھمانا محاورہ. مشین چلانا ؛ کسی کے رُخ کو کسی خاص سمت کی طرف موڑ دینا ، دباؤ ڈال کر یا متاثر کر کے کوئی خاص کام لینا ، اپنی منشا کے مطابق کٹھ پتلی کی طرح نچانا.

کَل (۴) (فت ک) اند.
"کالا" کا مخفف ، مرکبات میں جزوِ اوّل کے طور پر مستعمل.

کل چڑی امث. (مجازاً) سیاہ فام عورت ، چڑیل.

کل منہا / کل موہا صف مذ (مث : کل مُنی). کالے منھ کا ، سیاہ فام ؛ (مجازاً) کم بخت ، بدنصیب.

کُل (۱) (ضم ک) (الف) صف ؛ م ف (مضاف وغیرہ کی حالت میں شدل).
ا. تمام ، سب ، پورا ، سب کو ملا کر یا جوڑ کر (مقدار و تعداد ظاہر کرنے کے لیے) .۲. کسی مرکب کے جزو اول کے طور پر بہ معنی تمام ، سارا .
۳. صرف ، فقط .۴. ہر ، ہر ایک ، سب ، تمام . (ب) اند . ا. کوئی شے جو پوری یا سالم یا مکمل ہو ، جزو کے مقابل .۲. سب ، تمام ، (مجازاً) دنیا ، کائنات ، اہل عالم . [ع].

کل کا کل صف ؛ م ف. سب کا سب ، پورے کا پورا ، تمام و کمال ، سارا.

کل کائنات امث . ا. کل مخلوقات ، تمام عالم ، ساری دنیا ، سب کچھ ، سب کا سب ، سارے کا سارا .۲. (مجازاً) ساری جمع پونجی ، تمام سرمایہ ، کل بساط.

کل وقتی صف. پورے وقت کا ، دفتر وغیرہ میں پورے وقت کام کرنے والا.

کُل (۲) (ضم ک) اند.
خاندان ، کنبہ ، ذات ، برادری . [س].

کَلا (۱) (فت ک) امث ؛ اند.
ا.(i) مغلیہ عہد کے الٰہی سکے کا سولھواں حصہ . (ii) بہت چھوٹا حصہ ؛ ذرّے کا آٹھواں حصہ .۲. چھل ، فریب ، چال ، دھوکا ، شعبدہ .۳. صنعتی علوم یا فن جو ۶۴ ہیں ، دست کاری .۴. گن ، صفت . [س].

کلا کار صف. ہنر مند ، فن کار ، آرٹسٹ.

کلا کاری امث. ہنر مندی ، فن کاری ، ادا کاری.

کلا ونت اند. پیشہ ور گویا، مغنی؛ ڈوموں کا ایک طبقہ.

کَلا (۲) (فت ک) اند.
۱. درخت کی کونپل جو کلی کی طرح پہلے نکلتی اور بعد میں اس میں سے بڑے بڑے پتے نمایاں ہوتے ہیں. ۲. ایک قسم کی بند گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا؛ دیکھیے: کرم کلا. [س].

کَلّا (۱) (فت ک، شد ل) اند. ~ کلہ.
جبڑا، گال، گال کے اندر کا حصہ. [رک: کلہ].

کلا پھلانا محاورہ. گالوں میں ہوا بھرنا؛ خفگی یا ناراضی سے گال پھلانا؛ مغرور ہونا.

کلا توڑ صف. ۱. برابر کا، ۲. دندان شکن.

کلا ٹھلا اند. زبان درازی؛ (مجازاً) شان و شوکت، رعب داب.

کلا توڑنا محاورہ. مغلوب کرنا.

کلا چلے ستر بلا ٹلے کہاوت. کھانے پینے سے آدمی توانا تندرست رہتا ہے.

کلا گرم کرنا محاورہ. کچھ کھانا.

کلا گرم ہونا محاورہ. کچھ کھانے کو مل جانا.

کَلّا (۲) (فت ک، شد ل) حرف نفی و انکار.
ہرگز نہیں اردو میں عام طور پر "حاشا و کلا" مستعمل. [ع].

کِلاّ (کس ک، شد ل) اند.
کیل، کیلا.

کِلاب (کس ک) امث.
کتے، کلب کی جمع. [ع].

کَلابتّو (فت ک، ب، شدت، و مع) اند.
ریشم یا سوت کے ڈورے کے ساتھ بنا ہوا سونے چاندی کا تار جو زردوزی کے کام آتا ہے. [ت: کلابتون].

کِلاس (کس ج ک) امث؛ اند.
۱. اسکول یا کالج وغیرہ کے طلبا کا درجہ، جماعت. ۲. (سینما، ٹرین، جہاز وغیرہ کا) درجہ. ۳. قسم، نوع. ۴. طبقہ، جماعت، گروہ. [انگ].

کلاس روم اند. وہ کمرہ جس میں استاد، طلبہ کو پڑھاتے ہیں.

کلاس فیلو اند. ہم جماعت، ہم سبق.

کلاس لینا محاورہ. ۱. طلبا کی جماعت کو درس دینا، پڑھانا. ۲. (سلینگ) ڈانٹنا، ناراض ہونا، خفا ہونا، غصے کا اظہار کرنا.

کِلاسِک (کس ج ک، کس س) ~ کلاسیک (الف) صف.
(ادبیات) اعلیٰ درجے کا، مستند، قدیم اور معیاری. (ب) اند. ادبیات عالیہ، ادب عالیہ. [انگ].

کِلاسِکَل (کس ج ک، کس س، فت ک) صف ~ کلاسیکل.
(ادب و فن) قدیم، مستند، اعلیٰ درجے کا، ٹکسالی، کلاسکی. [انگ]

کِلاسِکی (کس ج ک، کس س) صف؛ ~ کلاسیکی.
(ادب و فن) اعلیٰ درجے کا، مستند، ٹکسالی، مسلم الثبوت.

کَلاشنکوف (فت ک، ش، سک ن، و لین) امث.
روسی ساخت کی خودکار بندوق، جدید بندوق. [انگ].

کَلال (فت ک) اند؛ ~ کلار.
ہندوؤں کا ایک فرقہ جو شراب کشید کرنے اور فروخت کرنے کا پیشہ کرتا ہے نیز اس فرقے کا فرد؛ شراب تیار کرنے اور بیچنے والا، مے فروش.

کَلام (فت ک) اند (بعض نے مؤنث بھی استعمال کیا ہے).
۱. بات، گفتگو، بات چیت. ۲. (قواعد) وہ عبارت جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے مرکب ہو. ۳. وہ علم جس کے ذریعے عقائد کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرتے ہیں، علم کلام. ۴. نظم، سخن منظوم، شعر شاعری. ۵. عذر، اعتراض، حجت. ۶. شبہ، شک. [ع].

کلام الٰہی / اللہ اند. اللہ کا کلام یعنی قرآن مجید.

کلام پاک اند (عموماً بلا کسرۂ اضافت). قرآن مجید.

کلام کرنا محاورہ. ۱. بولنا، گفتگو کرنا، بات چیت کرنا. ۲. (i) بحث کرنا حجت کرنا، اعتراض کرنا، جھگڑنا. (ii) شبہ کرنا، شک کرنا.

کلام مجید اند (عموماً بلا کسرۂ اضافت). کلام اللہ، قرآن شریف.

کلام ہونا محاورہ. ۱. گفتگو ہونا، بات چیت کرنا، ذکر ہونا. ۲. شک ہونا شبہ ہونا؛ عذر ہونا.

کَلامی (فت ک) صف؛ اند.
۱. (i) بات یا گفتگو کا، زبانی. (ii) لسانی. ۲. علم کلام سے متعلق؛

کلام کا ماہر. ۳. بطور لاحقہ بھی مستعمل (جیسے : خود کلامی).

کَلاں (فت ک، غنہ) صف.
۱. جسامت میں بڑا، بھاری، وزنی. [ف].

کُلانچ (ضم ک، غنہ) مث : ~ قلانچ
چوکڑی، چھلانگ، زقند. [قلانچ کا ایک املا].

کَلاوَہ (فت ک، و) مذ : ~ کلابہ، کلاوا.
۱. (i) سرخ اور زرد گنڈے دار رنگا ہوا کچا سوت جو شادی بیاہ اور تعویذ گنڈوں اور دوسری تقریبات میں کام آتا ہے. (ii) سوت کی گکڑی ؛ کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو. ۲. وہ رسی جو ہاتھی کی گردن میں ڈال کر فیل بان اس میں اپنے پیر جماتا ہے. [ف].

کُلاہ (ضم ک) مث : ~ کُلَہ.
۱. ٹوپی، پگڑی. ۲. مخروطی شکل کی ٹوپی جسے پہن کر اوپر سے پگڑی باندھتے ہیں. ۳. تاج شاہی (ان معنوں میں بعض قدیم شعرا نے مذکر لکھا ہے). [ف].

کلاہ باراں مذ. ایک چھتری نما نباتات جو برسات میں اُگتی ہے، کُکرمت، سانپ کی چھتری، کھمبی.

کِلائِمَکس (کس مج ک، کس، فت مج م، سک ک) مذ.
نقطۂ عروج، خصوصاً کسی قصے، واقعے یا افسانے کا انتہائی نقطۂ کمال. [انگ].

کَلائی (فت ک) مث.
ہاتھ کی کہنی سے لے کر پنچے سے اوپر تک کا حصہ نیز وہ حصہ جو ہاتھ کے جوڑ کے قریب ہے اور جس جگہ عورتیں چوڑیاں پہنتی ہیں، پہنچا. [س].
کلائی اترنا محاورہ. کلائی کا اپنے جوڑ سے ہٹ جانا.

کَلَب (فت ک، ل) مذ.
۱. انجمن جو کسی خاص مقصد یا کھانے پینے، اور کھیلنے وغیرہ دوسری قسم کی دلچسپیوں کے لیے قائم کی جائے، انجمن ؛ وہ جگہ جہاں انجمن کے ارکان اکٹھے ہوتے ہوں، تفریح کے لیے جمع ہونے کی جگہ. [انگ].

کَلْب (فت ک، سک ل) مذ.
۱. کتا، سگ. ۲. (طب) ایک شدید اور متعدی بیماری جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے، ہلکاؤ، آب ترسی. ۳. (ہیئت) آسمانی ستاروں کا مجموعہ جو کتے کی شکل میں واقع ہے. [ع].

کِلْبِل (کس ک، سک ل، کس ب) مث.
۱. کیڑوں کا حرکت کرنا، رینگنا. ۲. (مجازاً) بہت بچے کچے، بہت سارے چھوٹے چھوٹے بچے، چینگی پوٹے. [حکایت الصوت (ذیلی)].

کُلْبُل (ضم ک، سک ل، ضم ب) مث.
کلبلاہٹ، جنبش، حرکت. [حکایت الصوت (ذیلی)].

کِلْبِلانا (کس ک، سک ل، کس ب) ف ل.
کیڑوں کا رینگنا، کیڑے مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا.

کُلْبُلانا (ضم ک، سک ل، ضم ب) ف ل.
۱. سوتے میں جنبش کرنا، آہستہ آہستہ حرکت کرنا. ۲. کیڑے مکوڑے کا آہستہ آہستہ حرکت کرنا. ۳. بے چین ہونا، گھبرانا، مضطرب ہونا. ۴. ترنگ میں آنا، گدگدانا.

کُلْبُلاہَٹ (ضم ک، سک ل، ضم ب، فت ہ) مث.
آہستگی سے حرکت کرنے کی کیفیت ؛ (مجازاً) بے چینی، بے قراری.

کُلْبَہ (ضم ک، سک ل، فت ب) مذ.
۱. چھوٹا سا مکان، تنگ و تاریک حجرہ، جھونپڑا. [ف].
کلبہ احزان مذ. ۱. حزن یا رنج و الم کا گھر، غم کدہ، غم کا گھر. ۲. ہجران، محبوب.

کَلَپ (فت ک، ل) مذ : ~ کلف.
کلف جو کپڑوں پر دھونے کے بعد لگاتے ہیں تاکہ وہ ہموار رہیں. [س].

کِلِپ (کس ک، ل) مذ.
۱. کسی چیز کو پکڑنے یا اکٹھا کرنے کا چھوٹا سا لوہے کا آلہ جو تھوڑے سے فرق کے ساتھ کئی قسم کا ہوتا ہے. ۲. عورتیں بالوں کو جمانے یا موڑنے کے لیے استعمال کرتی ہیں. [انگ].

کَلْپانا (فت ک، سک ل) ف ل.
دکھ پہنچانا، ستانا، تڑپانا.

کَلْپْنا (فت ک، ل، سک پ) ف ل.
کوفت میں بسر کرنا، غم کرنا، تڑپنا، دکھ پانا.

کَلْجُگ (فت ک، سک ل، ضم ج) اند.
(ہندو) چوتھا جگ جو چار لاکھ بتیس ہزار برس اور پاپ کا زمانہ مانا گیا ہے، زمانۂ فساد کا قرن، بہت برا وقت، بدی اور گناہ کا زمانہ.

کِلَچ (کس خف ک، فت ل) اند
موٹر کا ایک پرزہ جسے رفتار میں لانے اور رفتار کو کم کرتے وقت پیر یا ہاتھ سے دباتے ہیں، (یہ انجن اور پہیوں کے درمیان رابطے کو ختم کرنے یا ان کے درمیان رابطہ پیدا کرنے کا کام کرتا ہے). [انگ].

کَلْچَر (فت ک، سک ل، فت چ) اند.
کسی گروہ کے عادات و اخلاق، عقائد، علوم و فنون اور اس کے رہن سہن کے طور طریق اور رسم و رواج، ثقافت، تہذیب، تمدن. [انگ].

کُلْچَہ (ضم ک، سک ل، فت چ) اند؛ ← کلچا.
خمیر یا معمولی آٹے کی پھولی ہوئی روٹی جو چپاتی سے کسی قدر دبیز اور چھوٹی ہوتی ہے اس میں گھی اور عموماً دودھ کی آمیزش بھی ہوتی ہے. [ف]

کَلَّر (فت ک، شد ل بفت) (الف) صف مت.
(کاشت کاری) وہ زمین جس میں کھار زیادہ ہو اور کاشت کے قابل نہ ہو، اوسر، بنجر، زمین شور. (ب) اند. شور، کھار. [س].

کِلَرْک (کس ک، فت ل، سک ر) اند.
دفتر کا کام کرنے والا بابو، منشی. [انگ].

کِلَرْکی (کس ک، فت ل، سک ر) مت.
کلرک کا کام، دفتری بابو کے فرائض.

کَلْڑی (فت ک، سک ل) اند.
(ماہی گیری) جسامت اور ساخت کے لحاظ سے جھینگوں کے تین گروہوں میں سے دوسرے گروہ کے جھینگے جو پہلے نمبر جیارو سے چھوٹے ہوتے ہیں. [مقامی].

کَلَس (فت ک، ل) اند.
ا. گنبد کے اوپر کی کلغی، قبہ لوہے یا پیتل یا تانبے کا سنہری ملمع کیا ہوا قبہ. ۲. لوہے، تانبے یا پیتل وغیرہ کا چھوٹے منہ کا گھڑا. [س].

کَلْس (فت ک، سک ل) اند.
دھات کا کشتہ، پھکی ہوئی دھات. [انگ].

کِلْس (کس خ ک، سک ل) اند.
چونا. [انگ: Cale].

کَلْسا (فت ک، سک ل) اند.
تانبے لوہے یا پیتل وغیرہ کا تنگ منھ کا بڑا گھڑا، گگرا، گاگر.

کَلْسانا (فت ک، سک ل) ف م.
(کیمیا) کسی مادہ کو کشتہ کرنا، پھونک کر یا جلا کر چونا بنانا، کشتہ بنانا.

کِلْسانا (کس ک، سک ل) ف م.
جلانا، تڑپانا.

کِلَسْنا (کس ک، فت ل، سک س) ف ل.
ا. درد محسوس کرنا؛ رونا ۲. جلنا بھننا، غصہ کرنا.

کِلْسی (کس ک، سک ل) صف.
چونے کا، چونے سے متعلق.

کَلْغی (فت ک، سک ل) مت.
ا. طرّہ جو بطور آرائش، ٹوپی یا تاج میں لگاتے ہیں. ۲. تاج کی طرح پروں کا گچھا جو بعض پرندوں کی چوٹی پر ہوتا ہے، تاج. ۳. گھوڑے کے چہرے کے ساز کا زیور جو خوش نمائی کے لیے سر کے اوپر کے چمڑے پر لگایا جاتا ہے. ۴. پھول کا درمیانی حصہ جس میں زیرہ دار سلائیوں کا گچھا ہوتا ہے، زیرہ گیر. ۵. کلس، قبہ. [ت].

کَلَف (۱) (فت ک، ل) اند.
پکا ہوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑوں کو اکڑانے کے لیے لگاتے ہیں. [ف].

کلف اتر جانا محاورہ. اکڑ ختم ہو جانا.

کَلَف (۲) (فت ک، ل) اند.
ا. سیاہ داغ جو چاند پر نظر آتا ہے. ۲. چہرے کی جھائیاں، چھپ. [ع]

کُلْفَت (ضم ک، سک ل، فت ف) مت.
رنج، تکلیف، مشقت. [ع].

کلفت دور ہونا محاورہ. کدورت کا جاتا رہنا، بغض و عداوت کا مٹ جانا

رنج و تکلیف ختم ہونا، سکون و آرام میسر آنا.

کِلِک (کس ک، ل) اذ.
ہلکی کھٹکے کی آواز؛ کیمرے کا بٹن دبانے کی آواز. [انگ].

کِلْک (کس ک، سک ل) اذ؛ امث.
قلم، خامہ، قلم کا نیزہ. ۲. نرکل، سرکنڈے کا قلم؛ سرکنڈے کے ٹکڑے جس سے ٹوکری وغیرہ بناتے ہیں. [ف].

کِلْکاری (کس ک، سک ل) امث.
۱. دل کو اچھی لگنے والی چیخ، فرط مسرت سے باریک آواز میں بے ساختہ نکلی ہوئی چیخ، بے ساختہ اور اچھی آواز (عموماً شیر خوار ننھے بچوں کی آواز).

کلکاری بھرنا محاورہ. بہت زیادہ شوخی دکھانا؛ (کلام میں) ہنسی مذاق کی باتیں کرنا.

کلکاری مار کے ہنسنا محاورہ. شیر خوار بچوں کا زور سے ہنسنا.

کلکاری مارنا محاورہ. چیخ مارنا، چلانا، قہقہہ لگانا.

کَلْکَتّہ (فت ک، سک ل، فت ک، شد ت بفت) اذ.
بنگال کا مشہور شہر، حسب ذیل تراکیب میں مستعمل. [علم].

کَلْکَٹَر (فت ک، ل، سک ک، فت ٹ) اذ.
جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا؛ ضلع کا سب سے بڑا حاکم جو نظم و نسق قائم کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے، (اور وہ مالی معاملات میں عدالتی اختیارات کا حامل ہوتا ہے، حاکم، ڈپٹی کمشنر، تعلقہ دار. [انگ].

کَلْکَٹَری (فت ک، ل، سک ک، فت ٹ) صف.
کلکٹر سے منسوب، کلکٹر سے متعلق امور.

کِلْکِل (کس ک، سک ل، کس ک) امث.
ا. فضول کا جھگڑا، حجت، بحث و تکرار ۲. بک بک، شور غل، چیخ پکار. [س]

کِلْکِلانا (کس ک، سک ل، کس ک) ف ل.
چڑچڑانا، بدمزاج اور ترش رو ہونا.

کُلْکُلانا (ضم ک، سک ل، ضم ک) ف ل.
کلکاری مارنا، چیخنا، چلانا.

کَلِمات (فت ک، کس ل) اذ.
کلمے، اچھے لفظ، باتیں، شیریں اقوال.

کَلِمَن (فت ک، کس ل، فت م) اذ.
ترتیب ابجد کے آٹھ کلموں میں سے چوتھا کلمہ، ک ل م ن کا مجموعہ.

کَلْمُوا (فت ک، سک ل، ضم م) صف؛ ~ کلموہا، کلمونہا، کلمہا.
کالے منہ والا؛ (مجازاً) بدبخت، منحوس، نحوست سے پر، برا.

کَلْمُوہی (فت ک، سک ل، و مع نیز ضم و) صف مث.
بدبخت، منحوس (عورت)، بری عورت.

کَلْمُونی (فت ک، سک ل، و مع نیز ضم و) صف مث.
دیکھیے: کلموہی.

کَلِمَہ (فت ک، کس نیز سک ل، فت م) اذ؛ ~ کلمۃ.
۱. (قواعد) بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے، بامعنی بول. ۲. لفظ، قول، بات؛ فقرہ. ۳. (شرع) جملہ جو بالعموم ایمان کے اقرار کے لیے ادا کیا جائے (لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ). [ع].

کلمۂ اضافت اذ. (قواعد) وہ لفظ جو ایک اسم کا دوسرے اسم کے ساتھ تعلق ظاہر کرے، حرف اضافت.

کلمہ پڑھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ زبان سے ادا کرنا، ایمان لانا، اسلام قبول کرنا. ۲. کلمۂ توحید کا ورد کرنا، خدا کا نام لینا. ۳. ماننا، معتقد ہونا، دم بھرنا، اطاعت کرنا. ۴. (i) کسی کے کمال یا ہنر کا اقرار کرنا، کسی کی خوبیوں کی تعریف کرنا. (ii) کسی چیز کی خوبی یا برتری تسلیم کرنا. ۵. (i) کسی کا نام جپنا، کسی کا نام یاد کرتے رہنا. (ii) کسی بات کی رٹ لگانا.

کلمۂ شہادت اذ. ۱. مراد: دوسرا کلمہ (اشہدان لاالہ الا اللہ و اشہدان محمداً عبدہ و رسولہ)، (اس میں چونکہ شہادت یعنی گواہی دی جاتی ہے اس لیے اسے کلمۂ شہادت کہتے ہیں). ۲. قبرستان کی طرف جنازہ لے کر چلتے وقت پڑھا جانے والا ورد (جس کے جواب میں ہم راہی دوسرے کلمے کا ورد کرتے ہیں).

کلمۂ طیب / طیبہ اذ. پاک کلمہ؛ مراد: لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ.

کلمۂ کفر اذ. ایسی بات جس سے کفر لازم آئے، ایسے الفاظ جو خدا اور

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اس کے رسول اور دین اسلام کی شان میں گستاخی کے ہم معنی ہوں.

کلمہ کی انگلی مث. سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس کی انگلی (سبابہ)؛ انگشت شہادت.

کلمہ گو صف؛ امذ. ۱. دین اسلام کا پیرو، مسلمان. ۲. کلمہ پڑھنے والا، حلقہ بہ گوش، دم بھرنے والا.

کُلَن (ضم ک، فت ل) امذ.

کان اور ناک وغیرہ کے اندر ہلکی ہلکی تپک جو مسلسل گھٹتی بڑھتی رہتی ہے؛ سلسلاہٹ، ہلکا درد.

کِلْنا (کس ک، سک ل) ف ل.

۱. ٹوٹکے سے سانپ کا قابو میں آنا. ۲. جادو یا منتر کے اثر سے منھ بند ہونا، بولنے سے باز رہنا.

کَلَنْک (فت ک، ل، غنہ) امذ؛ — کلنگ.

۱. داغ، دھبا؛ (مجازاً) عیب، رسوائی، تہمت. [س].

کلنک کا ٹیکا/ ٹیکہ امذ. بدنامی یا رسوائی کا داغ، ذلت و رسوائی.

کلنگ (فت ک، ل، غنہ) امذ.

دیکھیے: کلنک.

کُلَنْگ (ضم ک، فت ل، غنہ) امذ.

۱. سارس سے مشابہ ایک مٹیالے رنگ کا آبی پرند جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور جو لق لق سے بڑا ہوتا ہے. ۲. اصیل مرغ (ٹٹی کا نقیض). ۳. (مجازاً) لمبی لمبی ٹانگوں والا آدمی. [ف].

کِلو (کس ک، وج) امذ.

۱. ہزار کی تعداد کو ظاہر کرنے کے لیے انگریزی کے ذریعے درآمد شدہ الفاظ خصوصاً پیمانہ جات کے لیے مستعمل (جیسے: کلومیٹر، کلوگرام). [انگ].

کَلُّو (فت ک، شد ل، ومع) صف مذ؛ امذ.

۱. کالے رنگ کا آدمی، کالا، عام طور پر سیاہ فام کو پکارنے کا نام (بطور تحقیر بھی مستعمل).

کَلُّو (فت ک، شد ل، وج) صف مث؛ امث.

کالے رنگ کی عورت، سیاہ فام عورت.

کِلْوانا (کس ک، سک ل) ف م.

عمل یا منتر پڑھ کر حصار کرانا یا بند کرانا، مکان کے کونوں میں عمل پڑھ کر کیلیں گڑوانا تاکہ وہاں آسیب نہ آسکے.

کَلُوٹا (فت ک، ومع) صف مذ.

بہت کالے رنگ کا، کالا سیاہ، سیام فام، عموماً ''کالا کلوٹا'' مستعمل (بطور تحقیر بھی مستعمل ہے).

کُلوخ (ضم ک، ومع) امذ.

مٹی کا سخت ڈھیلا، پکی یا کچی اینٹ کا ٹکڑا. [ف].

کِلورو فارْم (کس نیز کس ک، وج، وج، سک ر) امذ؛ — کلورا فارم.

ایک رقیق بے رنگ دوا جس کے سونگھنے سے بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے. [انگ].

کِلورِین (کس نیز کس ک، وج، ی مع) امث.

ایک زردی مائل سبز اور بدبودار گیس، دھاتی عنصر. [انگ].

کُلوز (ضم نیز ک، وج) م ف؛ صف.

قریب، نزدیک. [انگ].

کلوز اپ امذ. قریب سے لی ہوئی تصویر.

کِلوگرام (کس ک، وج، کس ک) امذ.

ایک ہزار گرام کا وزن یا پیمانہ. [انگ].

کِلول (فت نیز کس ک، وج) امث.

۱. اچھل کود، کھیل کود. ۲. دل لگی، چہل، چھیڑ چھاڑ؛ خوش طبعی. [س].

کَلَونجی (فت ک، ولین نیز وج، مغ) امث.

بیج پیاز سے مشابہ سیاہ رنگ کا تخم جس کی بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے، مسالوں کے ساتھ نیز دواءً مستعمل، سیاہ دانہ. [س].

کَلَونْچ (فت ک، ولین، غنہ) امث.

۱. سنول کی قسم کی مچھلی، اس کا رنگ سنول کی نسبت کسی قدر کالا ہے. ۲. سیاہی، کالک.

کَلَونْس (فت ک، ولین، غنہ) امث.

۱. کالک، سیاہی. ۲. (مجازاً) کلنک؛ داغ؛ رسوائی؛ بدنامی.

کِلوواٹ (کس ک، وج) امذ.

ایک ہزار واٹ (برقی طاقت کی اکائی). [انگ].

کُلَہ (ضم ک، فت ل) امث.

کلاہ کی تخفیف؛ ٹوپی؛ تاج. [ف].

کَلَّہ (فت ک، شد ل بفت) اند.
ا.(i) سر؛ کھوپڑی، کلہ مستعمل ہے. (ii) جانور کی سری جسے لوگ پکا کر کھاتے ہیں. ۲. جبڑا، گال، رخسار. [ف].
کلہ بہ کلہ م ف. مقابلے پر، برابری کے ساتھ، آمنے سامنے، منھ در منھ.
کلہ تازہ / گرم کرنا محاورہ. (عور) کچھ کھانا پینا، خصوصاً منھ میں پان کا بیڑا دبانا، پان کھانا.
کُلہاڑا (ضم ک، سک ل) اند.
لکڑی چیرنے کا بڑا آلہ جس کے سرے پر لوہے کا ایک بڑا ٹکڑا ہوتا ہے جو ایک طرف سے موٹا اور دوسری طرف سے دھاردار ہوتا ہے اور اس میں لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے. [س].
کُلہاڑی (ضم ک، سک ل) مت.
لکڑی چیرنے کا چھوٹا آلہ، چھوٹا کلہاڑا.
کُلہَڑ (ضم ک، سک ل، فت ہ) اند.
مٹی کا چھوٹا آب خورہ. [س].
کُلُّہُم (ضم ک، شد ل بضم، ضم ہ) صف؛ م ف.
ا.کل ملا کر، مجموعی طور پر، کل، فقط. ۲. سب، پورا، تمام، پوری طرح، سب کا سب.
کُلہِیا (ضم ک، سک ل، کس ہ) مت؛ - کلھیا.
دیکھیے: کلیا. (i) ہانڈی نما چھوٹا گول برتن (ii) چھوٹا مٹی کا برتن جس میں پرندوں کا دانہ پانی رکھتے ہیں.
کَلی (فت ک) مت.
ا. بے کھلا پھول، غنچہ، شگوفہ. ۲. کپڑے کا مثلث نما کترا ہوا ٹکڑا جو کرتوں، پاجاموں اور انگرکھوں میں ڈالتے ہیں. ۳. پرند کا چھوٹا سا پر جو شروع میں نکلتا ہے اور جس پر کھال نہیں ہوتی ہے، نیا پر. [س].
کلی چٹکنا محاورہ. کلی کا پھول بننا، غنچے کا شگفتہ ہونا.
کلی کھلنا ف مر؛ محاورہ. کلی کا پھول بننا، غنچے کا شگفتہ ہونا؛ دل کی گرفتگی رفع ہونا، فرحت حاصل ہونا.
کُلّی (۱) (ضم ک، شد ل) صف.
ا.مکمل، پورا، تمام، سارے کا سارا. ۲. (منطق) جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شامل ہوں، (جزوی یا جزئی کا نقیض). [ع].
کُلّی (۲) (ضم ک، شد ل) مت.
پانی یا کوئی اور رقیق شے منھ میں بھر کر اُگل دینا، غرارہ، پانی سے منھ کی صفائی. [س].
کُلّے پیٹنا محاورہ.
منھ پیٹنا، اپنے چہرے پر تھپڑ مارنا (غصہ یا رنج وغم کی وجہ سے).
کُلْیا (ضم ک، سک ل) اند؛ - کلھیا.
ا. (i) ہانڈی نما چھوٹا مٹی کا برتن. (ii) وہ ظرف جس میں کتھا چونا یا رنگ وغیرہ رکھتے ہیں. ۲. (مجازاً) تنگ کوچہ، پتلی گلی، گلیارا؛ گوشہ، کونا.
کُلّیا (ضم ک، شد ل) اند؛ جمع.
کلا نیز کلہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.
کُلِّیات (ضم ک، شد ل بکس) اند؛ مت.
ا. (منطق) مجرد تصورات، تعقلات (جزئیات کے بالمقابل). ۲. کسی شخص کی تصانیف خصوصاً نظم کا مجموعہ جس میں غزلیات کے ساتھ دوسری تمام اصناف سخن بھی شامل ہوں.
کَلْیان (فت ک، سک ل) اند.
ا. بھلائی، فائدہ. ۲. خوشی، سکھ، اطمینان. ۳. (موسیقی) ایک راگ جو دیپک کا آٹھواں پتر ہے اور جو رات میں گایا جاتا ہے. [س].
کَلْیاں (فت ک، سک ل) اند.
ا.کلی کی جمع؛ مرکبات ومحاورات میں مستعمل. ۲. (شاعری) چار یا چار سے زیادہ مصرعوں پر مشتمل بند، کڑی، چار بیتہ.
کَلیجا / کَلیجہ (فت ک / ی مع، فت ج) اند.
ا. جسم میں داہنے طرف واقع سب سے بڑا غدود جس میں پت پیدا ہوتا ہے، جگر. ۲. (مراداً) دل یا سینہ. ۳. (کنایۃً) پیٹ. ۴. نہایت عزیز اور قیمتی چیز، متاع زندگی؛ پیارا عزیز شخص. ۵. ہمت، جرأت، حوصلہ، طاقت، دلیری، بہادری. [س].
کلیجا / کلیجہ پکڑ کر بیٹھ جانا ف مر؛ محاورہ. صدمے سے سینہ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جانا؛ انتہائی پریشانی اور صدمے کی حالت میں ہونا، صدمے سے نڈھال ہونا.

کلیجا / کلیجہ پھٹنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دل پھٹ جانا، کسی کی مصیبت دیکھ نہ سکنا؛ رحم آنا، ترس آنا. ۲. شدید صدمہ ہونا، جگر ٹکڑے ٹکڑے ہونا.

کلیجا / کلیجہ تھام لینا / تھامنا محاورہ. دل تھام لینا، بے تابی کی شدت سے جگر پکڑ لینا، سخت بے چین ہونا.

کلیجا / کلیجہ ٹھنڈا ہونا محاورہ. دل کو اطمینان ہونا، تسلی ہونا، چین پڑنا.

کلیجا / کلیجہ جلنا محاورہ. ۱. کوفت ہونا، مایوس و غمگین ہونا. ۲. رنج اُٹھانا، غم برداشت کرنا.

کلیجا / کلیجہ چھلنی کرنا محاورہ. طعن و تشنیع سے بہت زیادہ تنگ کرنا، نہایت دکھ پہنچانا، جگر چھلنی کرنا.

کلیجا / کلیجہ مسوس کر / کے رہ جانا محاورہ. صدمے کو خاموشی سے برداشت کرنا، کلیجا تھام کر رہ جانا، دل پکڑ کر رہ جانا.

کلیجا / کلیجہ منھ کو / تک آنا محاورہ. ۱. انتہائی قلق اور اضطراب ہونا، کلیجا اُلٹنا. ۲. قے کی وجہ سے کلیجا اُلٹنا، بیماری میں تکلیف زیادہ ہونا.

کَلیجی (فت ک، ی ج) مت.
کلیجہ کی تانیث.

کَلیجے (فت ک، ی ج، ی ج) مذ.
کلیجا کی مغیرہ حالت یا جمع، تراکیب میں مستعمل.

کلیجے پر پتھر (پتھر کی سل) دھرنا / رکھنا محاورہ. انتہائی صبر و ضبط سے کام لینا، برداشت کرنا.

کلیجے سے لگا (کر) رکھنا محاورہ. نہایت عزیز رکھنا، احتیاط اور حفاظت سے رکھنا.

کلیجے سے لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. سینے سے لگانا، چھاتی سے فرطِ محبت کے باعث چمٹا لینا. ۲. نہایت عزیز رکھنا، حد درجہ پیار کا اظہار کرنا.

کلیجے کا ٹکڑا مذ. (کنایۃً) نہایت عزیز، نہایت پیارا، لختِ جگر؛ مراد: فرزند.

کلیجے میں ٹھنڈک پڑنا محاورہ. دل کو قرار آجانا، چین آجانا، تسلی ہونا.

کِلید (کس نیز فت ک، ی مع) مت؛ مذ.
۱. کنجی، چابی. ۲. خلاصہ، شرح، حل. ۳. وضاحتی نکتہ. ۴. ٹائپ رائٹر کی کنجی جس پر حرف لکھے ہوتے ہیں اور ٹائپ کرتے وقت انگلی سے دباتے ہیں. [ف].

کِلیدی (کس نیز فت ک، ی مع) صف.
کلید سے منسوب یا متعلق؛ مرکزی، اہم یا بنیادی حیثیت کا.

کَلیسا (فت ک، ی مع) (الف) مذ.
عیسائیوں کا عبادت خانہ، گرجا گھر. (ب) مت. کلیسائیت، کلیسائی نظام. [یو].

کُلیل (ضم ک، ی ج) مت.
۱. حیوانوں اور پرندوں کی اچھل کود، چوکڑی. ۲. چہل، نشاط، مزہ.

کُلیل بھرنا محاورہ. اچھل کُود کرنا، چوکڑیاں بھرنا، چہل کرنا.

کَلیم (فت ک، ی مع) صف؛ مذ.
۱. کلام کرنے والا، ہم سخن، بات کرنے والا. ۲. حضرت موسیٰ کا لقب کو وطور پر اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے. [ع].

کلیم اللہ مذ. اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والا؛ مراد: حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب.

کلیم (کس ج ک، ی ج) مذ.
(قانون) دعویٰ، حق کا مطالبہ، استغاثہ، نالش. [انگ].

کلینڈر (فت ج ک، ی ج، سک ن، فت ڈ) مذ.
صفحات کا مجموعہ جس میں سال بھر کی تاریخیں اور مہینے درج ہوتے ہیں، جنتری، تقویم. [انگ].

کِلینَر (کس ک، ی مع، فت ن) مذ.
۱. صفائی کرنے والا؛ موٹر یا ریل گاڑی کے انجن میں صفائی ستھرائی وغیرہ کا کام کرنے والا. ۲. لانڈری میں کام کرنے والا، کپڑوں کی صفائی کرنے والا، کپڑے دھونے اور استری کرنے والا. [انگ].

کِلینک (کس ج ک، ی مع، کس ن) مذ.
ادارہ جہاں مریضوں کا علاج معالجہ کیا جائے، شفاخانہ، مطب. [انگ].

کُلِّیہ (ضم ک، شد ل بکس، شد ی مع بفت) مذ.
۱. کل، تمام، سب. ۲. (فلسفہ) تصور یا ادراک جو ایک نوع کے کل افراد حاوی ہو، ادراک کلی. ۳. اُصول، قاعدہ. ۴. شعبہ. ۵. ریاضی یا سائنس کے کسی اُصول کو حرفی صورت میں ظاہر کرنا، سائنس کے کیمیاوی کو حروف یا نشانات کے ذریعے ظاہر کرنا، فارمولا. ۶. کسی علم کی شاخ شعبہ، کالج یا یونیورسٹی. [ع].

کُلِّیَۃً (ضم ک، شد ل بکس، فت ی، تن ت بفت) م ف.
بالکل، قطعی طور پر، تمام و کمال، پورے طور سے، اُصولاً. [ع].

کُلْھڑ (ضم ک، شد ل بفت) اند.
۱. مٹی کا پیالہ، کوزہ. ۲. (دہلی) ایک وضع کی آتش بازی؛ (مجازاً) اُجڈ، جاہل اور بے ڈول آدمی.

کُلْھیا (ضم ک، سک لھ) مث.
دیکھیے کلیا.

کلیا میں گڑ پھوڑنا محاورہ. کوئی کام چھپا کر کرنا، راز داری کے ساتھ کام کرنا.

کَم (۱) (فت ک) صف؛ م ف.
۱. (i) تعداد، مقدار میزان میں، پیمائش یا مدت میں تھوڑا. (ii) کسی صفت، خوبی، برائی یا رتبے میں دبتا یا گھٹا ہوا، مقابلۃً فروتر، معیار سے نیچے.
۲. بد، برا؛ چھوٹا، حقیر، سبک. ۳. شاذ و نادر، کبھی کبھار، باید و شاید.
۴. نہیں، بالکل نہیں، نہ ہونے کے برابر. ۵. مرکبات میں جزو اول کے طور پر (نفی، خامی اور کمی وغیرہ کا مفہوم ادا کرنے کے لیے مستعمل، جیسے: کم آمیز، کم اوقات، کم رتبہ وغیرہ. [ف].

کم از کم م ف. تھوڑے سے تھوڑا.

کم اصل صف. بدنسل، بدذات، کمینہ.

کم اصل/ ذات، سے وفا نہیں (اور اصل سے خطا نہیں) کہاوت. کمینے آدمی سے کسی بھلائی یا وفا کی اُمید نہیں رکھنی چاہیے.

کم بخت/ کمبخت اند. ۱. بدقسمت، بے نصیب، شامت کا مارا. ۲. بطور کلمۂ دشنام. ۳. ہمدردی یا بے تکلفی کے موقع پر، نادان، ظالم وغیرہ کے معنوں میں مستعمل (بطور تکیہ کلام بھی مروج). ۴. رشک، ہمدردی یا بے تکلفی کے موقع پر ظالم کے معنوں میں مستعمل.

کم بختی/ کمبختی مث. ۱. بدقسمتی، نحوست نیز مصیبت، آفت، شامت.
۲. درگت، بگاڑ، ستیاناس.

کم تر (الف) صف؛ - کمتر. ۱. بہت تھوڑا؛ (مقابلۃً) درجے یا حیثیت وغیرہ میں چھوٹا یا تھوڑا ناچیز، حقیر. ۲. (مقابلۃً) تعداد، مقدار یا کیفیت میں تھوڑا، کم حیثیت. (ب) م ف. شاذ و نادر، نہ ہونے کے برابر، کبھی نہیں.

کم ترین/ تریں/ کمترین صف نیز اند. ۱. (درجے یا حیثیت وغیرہ میں) سب سے چھوٹا یا بہت زیادہ چھوٹا، نہایت حقیر. ۲. سب سے کم یا بہت تھوڑا. ۳. کاتب یا متکلم بطور انکسار، خاکسار، فدوی وغیرہ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں.

کم خرچ صف. تھوڑا خرچ کرنے والا، کفایت شعار؛ کنجوس.

کم خرچ بالا نشین کہاوت. اس کام یا چیز کی نسبت بولتے ہیں جس پر خرچ کم آئے یا جو قیمت میں کم مگر برتنے اور دیکھنے میں عمدہ ہو، جو قیمت میں کم مگر افادیت میں بہتر ہو.

کم زور/ کمزور صف. ۱. (i) جس میں طاقت کم ہو، ضعیف، ناتواں، دبلا، ناطاقت. (ii) جس کے وصف یا صفت یا خاصیت میں کمی ہو، مہارت یا استعداد میں کم. ۲. (i) غیر موثر، بودا، بے جان (بات، دلیل وغیرہ). (ii) ناقص، غیر معیاری، پھسپھسا، خراب. ۳. غیر اطمینان بخش، ناقابل اعتبار، غیر واضح.

کم زور پڑنا محاورہ. غیر مؤثر ہونا، بودا ہونا.

کم زوری/ کمزوری مث. ۱. ضعف، نقاہت؛ بودا پن. ۲. نقص، خرابی، خامی. ۳. کوئی پسندیدہ بات یا چیز وغیرہ جس سے گریز کرنا کسی کی طاقت سے باہر ہو.

کم سخن صف. کم گو، کم بولنے والا، خاموش طبیعت.

کم سن/ کمسن صف. عمر میں چھوٹا، چھوٹی عمر کا، نابالغ، بچہ.

کم سنی/ کمسنی مث. نوعمری، چھوٹی عمر، بچپن، لڑکپن کا زمانہ، ناسمجھی اور نادانی کی عمر.

کم ظرف صف؛ اند. ۱. حوصلے اور ہمت میں پست، کم حوصلہ، کم ہمت.
۲. کمینہ، رذیل.

کم ظرفی مث. اوچھا پن، کمینگی، خباثت، پست ہمتی؛ کم حوصلگی.

کم عقل صف. عقل و دانش سے کورا، بے وقوف، نادان، ناسمجھ.

کم علم صف. کم پڑھا لکھا، ناواقف، ان پڑھ، جاہل.

کم علمی مث. کم پڑھا لکھا ہونا، ان پڑھ ہونا، جاہل ہونا.

کم عمر صف. کم سن، چھوٹی عمر کا، نوعمر.

کم عمری مث. کم سنی، چھوٹی عمر.

کم قیمت صف. کم دام کا ، سستا ، ارزاں ، گھٹیا ، معمولی ، کم حیثیت .

کم کرنا ف مر؛ محاورہ. گھٹانا ، تخفیف کرنا ؛ منہا کرنا ، کاٹنا ؛ سست کرنا ، (رفتار) آہستہ کرنا ؛ اختصار کرنا ، مختصر کرنا .

کم گو صف ؛ اند . کم بولنے والا نیز شاعر جو کم یا کبھی کبھار شعر کہتا ہو .

کم مائیگی / مایگی مت. تھوڑی پونجی ہونا ، کم حیثیت ہونا ، ناداری .

کم نظر صف. کمزور یا تنگ نظر رکھنے والا ، جس کی نگاہ تیز یا دور رس نہ ہو ؛ (کنایۃً) بے توجہی برتنے والا ، بے پروا .

کم و بیش م ف . ا. تھوڑا بہت ، نسبتاً کم ، تقریباً ، تھوڑے فرق کے ساتھ . ۲. کمی اور زیادتی .

کم و کاست مت. کمی اور گھاٹا (عموماً بے اور بلا کے ساتھ مستعمل) .

کم ہمت صف. ا. بزدل ، ڈرپوک ، کم حوصلہ . ۲. کنجوس ، تھڑدلا ، بخیل .

کم ہونا ف مر؛ محاورہ. ا. کم کرنا کا لازم ، تھوڑا ہونا ، گھٹنا (مقدار یا تعداد میں) ، وزن میں پورا نہ ہونا . ۲. زور گھٹنا ، یکسر ختم ہونا ، زوال ہونا (کیفیت وغیرہ) . ۳. ادنیٰ ہونا ، حقیر ہونا ، کمتر ہونا .

کم یاب / کمیاب صف. کم حاصل ہونے والا ، وہ چیز جو کم پائی جائے ، نادر .

کَم (۲) (فت ک) ضمیر استفہامیہ نیز اند .

وزن ، حجم یا تعداد میں کتنا ، کس قدر ، بہت (عموماً کیف کے ساتھ مستعمل) . [ع] .

کَما (فت ک) حرف تشبیہ .

مانند ، مثل ، جیسا کہ عربی مرکبات کے جزو اوّل کے طور پر مستعمل ہے . [ع] .

کَماحَقُّہٗ (فت ک ، ح ، شدق بضم ، ضم معکوس و) م ف .

جیسا کہ اس کا حق ہے ، ٹھیک ٹھیک ، موزوں ، بہ خوبی ، جیسا کہ چاہیے .

کَماد (فت ک) اند .

گنا .

کُمار (ضم ک) اند .

کنوارا ، بن بیاہا . [س] .

کُماری (ضم ک) مت .

کنواری ، نوجوان لڑکی . [س] .

کَمال (فت ک) (الف) اند .

ا. ہنر ، خاص خوبی یا وصف ، جوہر ، لیاقت . ۲. (i) کرتب ، اعجاز ، کرشمہ . (ii) حیرت انگیز بات ، انوکھی بات . ۳. تکمیل ، عروج ، انتہا ، تمام (ب) صف ؛ م ف . بہت زیادہ ، نہایت ، انتہا درجے کا ، پوری طرح . [ع]

کمال حاصل کرنا محاورہ. لیاقت یا قابلیت حاصل کرنا ، کسی کام میں بڑھ کر ہنر پیدا کرنا ، مہارت حاصل کرنا .

کمال حاصل ہونا محاورہ. ہنر یا فن حاصل ہونا ، کسی کام میں مہارت حاصل ہونا .

کمال دکھانا محاورہ. ہنر ، جوہر یا کسی کرتب کا مظاہرہ کرنا ؛ کرامت دکھانا ، کرشمہ دکھانا .

کمال کا م ف ؛ صف. کسی بات میں بہت اچھا ، بہت عمدہ ، اعلیٰ درجے کا ، عجیب و غریب شے .

کمال کرنا محاورہ. ہنر یا ہوشیاری یا لیاقت کا اظہار کرنا ، حیرت انگیز بات کرنا ؛ غضب کرنا .

کمال کو پہنچنا محاورہ. کسی کام کا پورا ہونا ، ختم ہونا ؛ کسی فن یا پیشے کو پوری طرح حاصل کر لینا .

کَمان (۱) (فت ک) مت .

ا. (لشکری) حکم . ۲. فوج کی سالاری ، سرداری ، قیادت . [ف] .

کمان دار اند. فوج کا سردار ، لشکر کا قائد ، کمانڈر ، فوجی افسر اعلیٰ .

کمان سنبھالنا محاورہ. ذمے داری قبول کرنا ، معاملے کو دیکھنا ، کام ہاتھ میں لینا .

کَمان (۲) (فت ک) مت .

ا. تیر چلانے کا قوسی شکل کا ایک آلہ ، قوس (شعرا محبوب کی بھوؤں سے تشبیہ دیتے ہیں) اور جس کے ذریعے تیر یا غلہ نشانے پر مارتے ہیں ۲. دھنک ، قوس قزح . ۳. محراب ، ڈاٹ ، طاق ، دائرے کا کوئی حصہ ، قطع دائرہ . ۴. آسمان کے بارہ برجوں میں سے نویں برج کا نام ۵. (کنایۃً) کوزہ پشت ، کب ، جھکی ہوئی کمر ، کبڑا پن . [ف] .

کمان ابرو صف. جس کے ابرو کمان کے مانند ہوں ، کمان جیسی بھنویں رکھنے والا ، ہلالی بھوؤں والا ؛ (کنایۃً) حسین ، خوب صورت .

کمان سے نکلا تیر اور منھ سے نکلی بات پھر نہیں آتی کہاوت. بہت سوچنے سمجھنے کے بعد بات کہنی چاہیے (ایسے محل پر بولتے ہیں جب بے احتیاطی سے کوئی بات بولتا ہو اور وہ غلط ہو).

کَمانا (فت ک) ف م نیز ف ل.
۱.محنت سے روزی پیدا کرنا، رزق یا روپیہ حاصل کرنا، تجارت یا ملازمت کے ذریعہ دولت حاصل کرنا.۲.کسی فعل کا مرتکب ہونا، ذمہ لینا، سر لینا. ۳.زمین کو کئی بار کھود یا جوت کر زرخیز بنانا، زمین تیار کرنا.۴. چمڑے کو ملائم اور صاف بنانا یا استعمال کے لیے تیار کرنا، دباغت کرنا. ۵.طاقت سلب کر لینا، کمزور کر دینا. [س].

کَمانچہ (فت ک، سک ن نیز مغ، فت چ) اند.
۱.چھوٹی کمان.۲.محراب، طاقچہ.۳.روئی دھننے کا آلہ، دھنکی.

کَمانڈ (فت ک، سک ن) اند.
۱.حکم، بولی (جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں) نیز فوجی دستہ، ضلع یا علاقہ (جو کسی سپہ سالار کے زیرِ حکم ہو).۲.عبور، دسترس، اختیار. [انگ].

کَمانڈر (فت ک، سک ن، فت ڈ) اند.
کمان دار، سپہ سالار، فوج کا ایک بڑا افسر، امیر فوج. [انگ].

کَمانڈو (فت ک، سک ن، وج) اند.
دست بہ دست لڑنے والا چھاپا مار فوجی سپاہی. [انگ].

کَمانی (فت ک) است.
۱.گاڑی کے جھٹکے سنبھالنے کی قوس نما آہنی پٹی جو دھرے اور گاڑی کے ڈھانچے کے بیچ میں دھرے کے اوپر جڑی رہتی ہے اور گاڑی کے جھٹکے کے ساتھ دبتی اور ابھرتی ہے.۲.عینک کے تال بٹھانے کا خانہ یا عینک کے شیشوں کا گھر نیز تالوں سے کانوں جانے والی ڈنڈیاں، فریم.۳. بڑھئی کی وہ لکڑی جس سے برما چلاتے ہیں. ۴.سارنگی وغیرہ بجانے کا گز.

کَماؤ (فت ک، ومع) صف.
۱.کمانے والا، محنتی، روپیہ پیسا یا روزی کمانے والا، کسب معاش کرنے والا (نکھٹو کی ضد).۲.(کنایۃً) خاوند، پتی.

کماؤ پوت اند. کسب معاش کرنے والا بیٹا، کمائی کرنے والا بیٹا، کما کر کھلانے والا بیٹا، سپوت.

کَمائی (فت ک) است.
۱.(i) کمانے کا عمل یا حاصل، آمدنی جو محنت سے حاصل ہو.(ii) کام، محنت مزدوری.۲.دولت، مال، جمع پونجی.۳.(مجازاً) محنت کا پھل، فرزند، بیٹا یا بھائی وغیرہ.

کمائی پھونکنا محاورہ. دولت بے جا صرف کرنا، سرمایہ لٹانا.

کمائی کرنا محاورہ. ۱.دولت یا روزی پیدا کرنا، کمانا.۲. پانا، حاصل کرنا.

کمائی لٹانا محاورہ. پونجی ضائع کرنا.

کَمبَخت (فت ک، سک م، فت ب، سک خ) صف.
دیکھیے کم بخت (کم کے تحت).

کَمبَختی (فت ک، سک م، فت ب، سک خ) است.
دیکھیے کم بختی (کم کے تحت).

کمبختی آنا محاورہ. برے دن آنا، بلا کا سامنا ہونا، آفت نازل ہونا، مصیبت پڑنا.

کَمبَل (فت ک، سک م، فت ب) اند.
بھیڑ کے بالوں وغیرہ سے بنا ہوا اوڑھنے کا کپڑا جو سردی سے محفوظ رہنے کے واسطے جسم کو ڈھانپنے کے کام آتا ہے، موٹی لوئی. [س].

کمبل بن کر چمٹ جانا محاورہ. پیچھے پڑ جانا، کسی صورت نہ چھوڑنا.

کَمپا (فت ک، سک م) اند.
لمبی چھڑ جس میں لاسہ لگا کر پرندوں کو پکڑتے ہیں. [مقامی].

کَمپارٹمنٹ (فت ک، سک م، ر، ٹ، کس مج م، سک ن) اند.
۱.کسی عمارت کے متعدد کمروں میں سے ایک کمرا یا خانہ جو پردہ یا اوٹ لگا کر بنا دیا جائے، (عموماً) ریل کا ڈبا یا بحری جہاز وغیرہ کا چھوٹا کمرہ.۲.خانہ، درجہ.۳.شعبہ واری نظام. [انگ].

کَمپاس (فت ک، سک م) است.
۱.زمین کی پیمائش میں زاویوں کے ناپنے کا آلہ، عرض و طول پر مبنی اشیا کی پیمائش کا ایک آلہ.۲.ایک آلہ جو مقناطیسی سوئی کے ذریعے اُفق کی سمت معلوم اور متعین کرتا ہے، قطب نما، قبلہ نما نیز انعکاس کے وسیلے سے زاویہ کی پیمائش کرنے کا آلہ، پرکار. [انگ].

کَمپاونڈ/کمپاؤنڈ (فت ک، سک م، وج، سک ن/ومع) اند.
احاطہ، جس کے بیچ میں مکان، کارخانہ یا کوئی عمارت ہو (عموماً ان معنوں میں برصغیر میں مستعمل). [انگ].

کَمپاؤنڈر (فت ک ، سک م ، و ج ، سک ن ، فت ڈ) اند .
دوا ساز ، دوا بنانے والا ، نسخہ باندھنے والا ، عطار .

کَمپاؤنڈری (فت ک ، سک م ، و ج ، سک ن ، فت ڈ) امث .
کمپاونڈر کا کام یا پیشہ ، مریضوں کے لیے طبیب کے نسخے کے مطابق دوا بنا کر دینا .

کَمپَنی (فت ک ، سک م ، فت پ) امث .
۱. اشیا کی فروخت یا اشیا سازی کا کاروبار کرنے والا بڑا ادارہ ، فرم ، کاروباری ادارہ ، تجارتی مرکز (انفرادی یا کئی افراد کی شراکت سے) . ۲. (کنایۃً) انگلستان کے سوداگروں اور ساہوکاروں کی جماعت ، ایسٹ انڈیا کمپنی . [انگ] .

کمپنی باغ اند . سرکاری باغ ، لوگوں کی سیر کے لیے بنایا ہوا باغ .

کمپنی بہادر اند . (ایسٹ انڈیا) کمپنی کا افسر ، کپتان یا میجر کا ایک خطاب ؛ (کنایۃً) ایسٹ انڈیا کمپنی .

کَمپوز (فت ک ، سک م ، و ج) اند .
۱. (طباعت) ٹائپ کے حروف ملانا یا جوڑنا ترتیب سے . ۲. (موسیقی) گانے کی دھن یا طرز بنانا . [انگ] .

کَمپوزَر (فت ک ، سک م ، و ج ، فت ز) اند .
(موسیقی) گیتوں یا نغموں کی دھن بنانے والا ، راگوں کا موجد ، موسیقار . [انگ] .

کَمپوزِنگ (فت ک ، و ج ، کس ز ، غنہ) امث نیز اند .
(طباعت) ٹائپ کے حروف کو الفاظ کی شکل میں جمانے یا جوڑنے کا کام ، کمپیوٹر پر ٹائپنگ کا کام . [انگ] .

کَمپِیٹِیشَن (فت ک ، سک م ، ی مع ، ی مع ، فت ش) اند .
مقابلہ ، عموماً امتحان میں مقابلہ ، مقابلے کا امتحان . [انگ] .

کَمپیئرِنگ (فت ک ، سک م ، کس مع پ ، ی ج ، کس ر ، غنہ) امث .
(ریڈیو ، اسٹیج ، ٹیلیوژن وغیرہ کے) کسی پروگرام کی تمہید یا پروگرام میں حصہ لینے والوں کا تعارف پیش کرنا نیز ان کے درمیان رابطہ برقرار رکھنے کا عمل . [انگ] .

کَمپیوٗٹَر (فت ک ، سک م ، کس پ ، ی تحت ، و مع ، فت ٹ) اند .
خودکار مشین جو حساب کتاب اور بعض دوسرے امور کو مرتب کرنے کا کام کرے اور انھیں محفوظ رکھے ، منطق کا عمل . [انگ] .

کَمتَر (فت ک ، سک م ، فت ت) صف .
دیکھیے : کم کے تحت ، کم تر .

کَمتَرِین (فت ک ، سک م ، فت ت ، ی مع) صف .
دیکھیے : کم کے تحت ، کم ترین .

کَمتی (فت ک ، سک م) . (الف) صف .
(عم) تعداد یا مقدار میں کم ، تھوڑا . (ب) امث . ۱. گھٹاؤ . ۲. کم ہونا ، کمی

کَمخواب (فت ک ، سک م ، و معد) امث .
ایک قیمتی ریشمی کپڑا ، بادلے کے تار یا زربفت کے تار تانے بانے میں شامل ہوتے ہیں . [ف] .

کَمَر (فت ک ، م) امث .
۱. جسم میں پیٹھ کا نچلا اور کولھے کے اوپر کا حصہ . ۲. حصۂ لباس جو کمر پر رہتا ہے ؛ پٹکا ، پیٹی . ۳. پشت ، پیڑھی ، نسل . ۴. کسی چیز کا درمیانی حصہ ، وسط ، بیچ کا حصہ ، میان ؛ پہاڑ کا درمیانی حصہ . [ف] .

کمر باندھ لینا/ باندھنا ف مر ، محاورہ . ۱. (کسی کام کے لیے) تیار ہونا لیس ہونا ، مستعد یا آمادہ ہونا ، پختہ ارادہ کرنا (پر ، پہ یا میں کے ساتھ) ۲. کمر سے دوپٹہ یا پٹکا باندھنا ، کمر کو کسی چیز سے کسنا ، مضبوطی سے باندھ لینا . ۳. سفر کی تیاری کرنا ، سفر کے لیے آمادہ ہونا ، جانے لیے تیار ہونا . ۴. بھروسا کرنا ، تکیہ کرنا ، انحصار کرنا ، اُمید رکھنا .

کمر بستہ صف . کمر باندھے ہوئے ، مستعد ، آمادہ ، کسی کام کی انجام دہی کے لیے تیار ہونا .

کمر بند اند . ۱. ازاربند ، پاجامہ یا شلوار کے نیفے کی ڈوری یا کپڑ کی پٹی جس کی مدد سے اسے کمر سے باندھا جا سکے ، ناڑا . ۲. پیٹی ، پٹکا

کمر پٹرا / تختہ ہو جانا / ہونا محاورہ . کمر کا اکڑ جانا ، سخت ہو جانا

کمر توڑ دینا ف مر ؛ محاورہ . ۱. کمر شکستہ کرنا ، کسی ضرب سے کمر کو کر دینا ، کمر پر شدید ضرب لگانا . ۲. ہمت یا قوت عمل ختم کر دینا زور ختم کر دینا . ۲. بے سہارا کر دینا . ۳. بے یار و مددگار کر دینا ، مر بے سہارا کر دینا .

کمر ٹکانا محاورہ . قیلولہ کرنا ؛ آرام کرنا ، تھوڑی دیر لیٹنا .

کمر ٹوٹ جانا / ٹوٹنا ف مر : محاورہ . ۱. کمر کا شکستہ ہو جانا . ۲. ہمت ٹوٹ جانا ، سہارا ختم ہو جانا ، آس جاتی رہنا ، مایوس ہو جانا .

کمر ٹھوکنا محاورہ. پیٹھ ٹھوکنا ، ہمت افزائی کرنا ، شاباشی دینا ، تعریف کرنا ، آفرین کرنا ، سراہنا .

کمر سیدھی کرنا محاورہ. ۱. کمر کو زمین سے لگا کر لیٹنا ، تھوڑی دیر آرام کرنا. ۲. قیلولہ کرنا.

کمر کس اند. ڈھاک کا گوند ، چنیا گوند ، آس کا گوند جو کمر کو طاقت دیتا ہے .

کمر کسنا محاورہ. کسی کام کے لیے مستعد یا تیار ہونا ، پختہ ارادہ کرنا .

کَمْرا (فت ک ، سک م) اند.
۱. خلوت خانہ ، حجرہ ، کوٹھڑی ، مکان کا ایک حصہ . ۲. ریل گاڑی یا جہاز کا درجہ ، کیبن .

کَمَرْشَل / کَمَرْشِیل (فت ک ، م ، سک ر ، فت ش / ی ج) صف.
تجارتی ، تجارت سے متعلق . [انگ].

کَمْرَک / کَمْرَکھ (فت ک ، سک م ، فت ر) اسث ؛ اند.
ایک درخت یا اس کا پھل جو شش پہلو ہوتا ہے ، پکنے پر زرد رنگ اور مزے میں ترش وشیریں ، لاط: Averrhca Carambola. [س].

کَمْرَہ (فت ک ، سک م ، فت ر) اند.
دیکھیے : کمرا.

کمرۂ ملاقات اند. ڈرائنگ روم ، دیوان خانہ ، بیٹھک .

کَمْزور (فت ک ، سک م ، وج) صف.
۱. ناتواں ، ضعیف ، نحیف . ۲. (کنایۃً) کم اہل ، انتظامی اُمور میں کم حوصلہ ، جو حالات کا ڈٹ کر مقابلہ نہ کر سکے . ۳. (i) نڈھال ، بے جان ، بہت لاغر . (ii) ناپختہ غیر استوار ، ناپائدار . ۴. کم لیاقت ، پڑھائی یا کارکردگی میں پیچھے ، مطلوبہ لیاقت یا مہارت سے کم استعداد رکھنے والا .

کَمْزوری (فت ک ، سک م ، وج) اسث .
۱. ناطاقتی ، ناتوانی . ۲. خرابی ، برائی ، کمی .

کَمْسِن / کم سن (فت ک ، سک م ، کس س) صف .
کم عمر ، نوعمر ، چھوٹا .

کَمِشْنَر (فت ک ، کس م ، سک ش ، فت ن) اند.
۱. متعدد اضلاع یا کمشنری کا حاکم یا نگراں جسے خصوصی طور پر عدالت مال کے اختیارات حاصل ہوتے ہیں اور کسی کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر کے اوپر ہوتا ہے . ۲. کسی ادارہ کا نگراں یا منتظم اعلیٰ . [انگ].

کَمِشْنَری (فت ک ، کس م ، سک ش ، فت ن) اسث .
۱. کئی ضلعوں کا حلقہ ، صوبے کا وہ حصہ جو کئی ضلعوں پر مشتمل ہو . ۲. کمشنر کا دفتر . ۳. کمشنر کا کام یا اس کا عہدہ .

کَمَک (فت ک ، م) اسث .
گمک ، ڈھول کی آواز ، طبلے کی آواز .

کُمَک (ضم ک ، فت م) اسث .
۱. مدد ، سہارا . ۲. مزید فوج یا جنگی ساز و سامان جو میدان جنگ میں سپاہیوں کی مدد کے لیے بھیجی جائے ، فوجی امداد . [ف].

کمک پہنچانا محاورہ . مدد دینا .

کمک مانگنا محاورہ . مدد مانگنا ، امداد طلب کرنا .

کُمْکُم (ضم ک ، سک م ، ضم ک) اند.
زعفران . [س].

کُمْلانا (ضم ک ، سک م) ف ل .
۱. (درخت ، پھول پتے وغیرہ کا) مرجھانا ، تازگی جاتی رہنا . ۲. (چہرے وغیرہ کا) افسردہ ہو جانا ، نڈھال ہو جانا ، غم گین ہونا ، مرجھانا ، پژمردہ ہونا .

کُمْلاہَٹ (ضم ک ، سک م ، فت ہ) اسث .
تازگی ختم ہو جانا ، کملانے کی حالت ؛ افسردگی ، اُداسی .

کَمْلی (فت ک ، سک م) اسث .
چھوٹا کمل ، کمبل .

کَمَنْٹری (ضم مج ک نیز فت ، کس مج م ، سک ن ، فت مج ٹ) اسث .
کھیل پر رواں تبصرہ ، کھیل کا مفصل بیان . [انگ].

کَمَنْد (فت ک ، م ، سک ن) اسث .
۱. ایک پھندے والی لمبی اور مضبوط رسی جسے کسی کو گرفتار کرنے یا پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے . ۲. رسّوں کا بنا ہوا زینہ یا اسی کی سیڑھی جو بلند مقام پر چڑھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں . ۳. (مجازاً) رسائی کا ذریعہ ، پہنچنے کا وسیلہ . [ف].

کمند ٹوٹنا محاورہ. حوصلہ پست ہو جانا ؛ آسرا ختم ہو جانا .

کموڈ (فت ک ، و ج) اند .
ڈھکن دار اسٹول یا کرسی جس میں رفع حاجت کے لیے ایک ظرف بھی ہوتا ہے . [انگ] .

کُمْہار (ضم ک ، سک م) اند ~ کمار .
ا. مٹی کے برتن بنانے والا .۲. ایک پردار کیڑا جو مٹی کا گھر بناتا اور اس میں انڈے رکھتا ہے ، ایک قسم کی بھڑ . [ ] .

کمہار پر بس نہ چلا گدھیا کے کان اینٹھے کہاوت . کسی کے کیے کی دوسرے کو سزا دینا ، زبردست پر زور نہیں چلتا کمزور کو دباتے ہیں .

کُمْہاری (ضم ک ، سک م) امث .
ا. کمہار کی بیوی ، کمہارن .۲. (کمہاری) ایک پردار کیڑا جو مٹی کا گھر بناتا اور اس میں اپنے انڈے رکھتا ہے .

کَمی (فت ک) امث .
ا. کم ہونے کی حالت ، قلت ، نقصان ، گھاٹا .۲. کوتاہی ، کسر ، خامی ، نقص .
۳. (i) مقدار یا قیمت وغیرہ میں گراوٹ ، گھٹاؤ . (ii) (درجے یا حیثیت یا کیفیت میں) کمتر ہونا ، انحطاط ، زوال .۴. (مصدری معنوں میں) کم ہونا.

کمی آنا محاورہ . گھٹنا ، کم ہونا ، نقصان ہونا .

کمی بیشی امث . کم یا زیادہ کرنا ، گھٹاؤ بڑھاؤ ، کمی زیادتی .

کمی کرنا محاورہ . ا. کوتاہی کرنا ، کسر چھوڑنا .۲. کم کرنا ، مختصر کرنا .۳. تھوڑا ہونا ، کمزور ہو جانا .

کَمّی (فت ک ، شدم) صف .
چھوٹی ذات کا ، نچلا کام کرنے والا .

کمی کاری اند . معمولی کام انجام دینے والا.

کَمْیاب (فت ک ، سک م) صف .
کم دستیاب ہونے والا ، نادر ، کم ملنے والی .

کَمِّیَت (فت ک ، شدی مع بفت) امث .
مقدار جو تولی یا ناپی جائے ، جو گنی جائے (کیفیت کی ضد) . [ع] .

کُمیٹی (فت نیز ضم ک ، ی ج) امث .
ا. چند لوگوں کی انجمن جو کسی خاص مقصد اور کام کے لیے تشکیل دی جائے .
۲. کمیٹی کا اجلاس ، جلسہ .۳. میونسپلٹی ، بلدیہ .۴. رقم پس انداز کرنے ایک مخصوص طریقہ جس میں چند افراد مل کر ہر ماہ ایک مخصوص رقم کرتے ہیں اور پھر شامل افراد کو ایک ایک کر کے ان کی جمع کردہ ان کو ملتی ہے وہ ساری رقم دے دیتے ہیں عرف عام میں اسے بیسی ہیں ، ماہانہ بچت کا ایک طریقہ .

کمیٹی بٹھانا محاورہ . کسی خاص معاملے وغیرہ میں افرادی مجلس تحقیق کرانا .

کَمیدان (فت ک ، ی مع) اند .
کپتان کا ماتحت فوجی عہدے دار . [ت] .

کَمیرا (فت ک ، ی ج) اند .
(عموماً کاشت کاری یا صنعت وغیرہ میں) اُجرت پر محنت مزدوری کرنے والا ، مزدور ، خدمت گار .

کَمیری (فت ک ، ی ج) امث .
خادمہ ، کام کرنے والی .

کَمیشَن (فت ک ، ی مع ، فت ش) اند : امث .
ا. (i) چند افراد کی جماعت جسے کسی خاص امر یا امور کی تحقیق کا اختیار دیا گیا ہو . (ii) کوئی ایک یا ایک سے زائد اشخاص جن کو عدالت جانب سے کسی امر کی تحقیق یا معائنہ کرنے یا شہادت لینے کا اختیار حاصل ہو .۲. عدالت کی جانب سے کسی کام کے کرنے کا اختیار دینے کا حکم ہو .۳. معاوضہ یا فی صدی رقم جو کسی شخص کو اس کے حق کے طور پر دیا جائے . [انگ] .

کمیشن ایجنٹ اند . دلال ، آڑھتیا جو کمیشن (حق المحنت) پر چیز کی خرید و فروخت اور دوسرے تجارتی معاملات کو طے کرائے .

کمیشن بٹھانا محاورہ . کمیشن مقرر کرنا ، تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرنا .

کَمیلا (فت ک ، ی ج) اند .
جانور ذبح کیے جانے کی جگہ ، مذبح خانہ . [س] .

کَمین (ا) (فت ک ، ی مع) صف : اند .
ا. کمینہ ، بدخصلت ، اوچھا ، کم ظرف .۲. نیچ قوم کا ، کم ذات ، نیچ کرنے والا .

کَمِین (۲) (فت ک، ی مع) مث.
۱. دشمن یا شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا، گھات میں ہونا. ۲. گھات لگانے کی جگہ، کمین گاہ. [ع].

کمین گاہ/گہ مث. گھات لگانے کی جگہ.

کَمِینگی (فت ک، ی مع، سک ن) مث.
کمینہ پن، ذلالت، کم ظرفی، اوچھا پن، سفلہ پن.

کَمِینَہ (فت ک، ی مع، فت ن) صف؛ مذ.
۱. ذلیل، بدخصلت. ۲. قابل مذمت، خراب. ۳. رذیل اخلاق والا، بدشعار، اوچھا، کم ظرف. [ف].

کمینہ پن مذ. کمینگی، ذلالت، اوچھا پن، کم ظرفی.

کَمِینی (فت ک، ی مع) صف مث.
۱. کمین سے منسوب، ذلیل، اوچھی، خراب، بداصل. ۲. نیچ ذات کی، کم اصل. ۳. کمینہ پن، کمینگی.

کَمِینے (فت ک، ی مع) صف.
کمینہ کی جمع یا مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل).

کَمیُونِٹی (فت ک، سک م، و مع، کس ٹ ن) مث.
افراد کا کوئی گروہ یا طبقہ جو کسی ایک خاص فرقے یا نظریہ پر کاربند ہوتا ہے، کسی ایک مذہب یا پیشے کے افراد، برادری، قوم، ایک جیسے لوگوں کا گروہ. [انگ].

کَمیُونِزم (فت ک، سک م، و مع، کس ن، سک ز) مذ.
اشتمالیت، مساوات، مواخات، املاک کو قوم کی مشترکہ ملک بنانے کا اصول (جس کی رو سے افراد کو حسب قابلیت اور حسب ضرورت حصہ دیا جائے). [انگ].

کَمیُونِسٹ (فت ک، سک م، و مع، کس ن، سک س) مذ.
اشتمالیت کا ماننے والا، کمیونزم کا حامی، کمیونزم کا پیرو. [انگ].

کُمھار (ضم ک) مذ.
دیکھیے: کمہار.

کُمھلانا (ضم ک، سک ھ) ف ل.
مرجھا جانا. [س].

کَن (۱) (فت ک) مذ.
۱. ریزہ، ذرہ، ٹکڑا. ۲. شگوفہ، کلی، کونپل. ۳. راز، بھید، پیچیدگی. ۴. (کاشت کاری) غلہ، اناج، فصل تیار ہونے پر غلہ کی قیمت کا اندازہ. ۵. آدھا، کونا، گوشہ. [س].

کن انکھی/ انکھیا مث. نیم نگاہ، دزدیدہ نگاہ، ترچھی نظر.

کن انکھیوں سے دیکھنا ف مر؛ محاورہ. آنکھ کے گوشوں سے دیکھنا، چوری چوری دیکھنا، ترچھی نگاہ سے دیکھنا، نظر بچا کے دیکھنا.

کَن (۲) (فت ک) مذ؛ مث.
۱. انداز، طور، دھج. ۲. فن، کرتب، داؤ، پینترا. [مقامی].

کَن (۳) (فت ک) مذ.
کان کا مخفف؛ مرکبات میں جزو اول کے طور پر مستعمل ہے، کن کٹا، کن سلائی.

کن ٹوپ مذ. ایک قسم کی بڑی ٹوپی جو دونوں کانوں کو ڈھک لے.

کن سلائی مث. کنکھجورے کی طرح کا ایک رینگنے والا کیڑا جو برسات میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے اور مشہور ہے کہ کان میں گھس جاتا ہے، کنکھجورا، ہزار پایہ.

کن سوئی مث. خفیہ باتیں یا نعرہ لگانے کا عمل، سننا.

کن سوئیاں لینا محاورہ. چھپ کر باتیں سننا، خفیہ طور پر بھید یا ٹوہ لینا.

کن کٹا صف. ۱. جس کا کان کٹا ہو، بوچا. ۲. کان کاٹنے والا، ایک فرضی وجود (بچوں کو ڈرانے کے لیے کہتے ہیں کہ کن کٹا آ جائے گا).

کن کھجورا مذ. ایک لمبا زہریلا کیڑا جو اپنے نوک دار پاؤں جلد میں گاڑ دیتا ہے.

کن میلا / کن میلیا صف؛ مذ. کان کی صفائی کرنے والا.

کَن (۴) (فت ک) مذ.
کھودنے والا مرکبات میں لاحقے کے لیے مستعمل ہے، جیسے: کوہ کن، گورکن، کان کن وغیرہ). [ف].

کِن (کس ک) صف.
کس کی جمع. ''کس'' کے معنوں میں بطور واحد. [س].

کُن (۱) (ضم ک) امر.
فارسی مصدر ''کردن'' سے صیغۂ امر، مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے. [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کُن (۲) (ضم ک) عربی کان سے صیغۂ امر.
ہو جا، پیدا ہو جا، وجود میں آ جا. [ع].

کُن فکان فقرہ. ہو پس وہ ہو گیا، (اردو اور فارسی میں آخری نون کا عموماً اعلان نہیں کرتے)، مراد: ابتدائے آفرینش، عالم ازل نیز عالم موجودات، مراد: اللہ تعالیٰ کی قوت تخلیق سے ہے.

کُن فیکون فقرہ. ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے، (کن فیکون میں بعض اوقات ن کا اعلان نہیں کرتے)؛ مراد: اللہ تعالیٰ کی قوت تخلیق سے ہے.

کَنّا (فت ک، شد ن) اند.
۱. کنلا، سرا، نگر. ۲. پتنگ کا کمر بند جس کا ایک سرا کانپ کے وسط میں ٹھڈے کو ملا کر اور دوسرا نیچے پتے کی نوک کے پاس ٹھڈے میں باندھا جاتا ہے، اس کے بیچ ڈور باندھتے ہیں. ۳. جوتے کے کناروں کی سلائی. [س]

کِنار (فت نیز کس ک) امث؛ اند.
۱. کنارہ، سرا، ساحل، گوشہ، طرف. ۲. آغوش، پہلو، بغل، گود.
۳. (ان معنوں میں زیادہ تر (فتحہ ک) سے بولتے ہیں) بغل میں لینا، پہلو میں بٹھانا، سینے سے لپٹانا. [ف].

کِنارا (کس نیز فت ک) اند.
کونہ، طرف، گوشہ؛ حاشیۂ فیتہ جو دو شالوں، چادروں کے جوڑوں وغیرہ پر لگاتے ہیں.

کِنارَہ (فت نیز کس ک، فت ر). (الف) اند؛ ← کنارا.
۱. گوشہ، کونا، کھونٹ، کنج. ۲. (i) سرا، حد، انتہا، انجام. (ii) ساحل، لب (دریا). (ب) امث. ۱. گوٹ، کناری نیز تھان کی کور، چوڑی گنی.
۲. دوری، علیحدگی، بے تعلقی. [ف].

کنارہ پکڑنا محاورہ. علیحدہ ہونا، بچنا (سے کے ساتھ).

کنارہ کرنا محاورہ. ۱. بچنا، پرہیز کرنا. ۲. علیحدگی یا دوری اختیار کرنا، چلا جانا، رخصت ہو جانا.

کنارہ کش صف. دوری، علیحدگی اختیار کرنے والا، الگ تھلگ، ترک کر دینے والا، بے تعلق.

کنارہ کش ہونا محاورہ. علیحدگی اختیار کرنا، الگ ہونا، چھوڑ دینا، دست بردار ہونا، باز آنا.

کنارہ کشی امث. علیحدگی، بے تعلقی، دوری.

کنارہ کشی (اختیار) کرنا محاورہ. علیحدگی اختیار کرنا، الگ ہو جانا، قطع تعلق کرنا.

کِناری (فت نیز کس ک) امث.
۱. پانچ چھ انگل چوڑا گوٹا جو عورتیں دوپٹوں کے کناروں پر لگاتی ہیں، لپکا.
۲. پہیے کا حلقہ یا گھیرا، چھلنی کا گھیرا، حلقہ.

کِنارے (کس ک) صف؛ م ف.
کنارہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل؛ سرے پر، ایک طرف کو، پرے ہٹ کر، علیحدہ.

کنارے کرنا محاورہ. (کسی کو) علیحدہ کرنا، جدا یا الگ کرنا، دور کرنا.

کنارے کنارے م ف. الگ الگ؛ پہلو میں؛ بیچ سے ہٹ کر، ایک طرف.

کنارے لگانا محاورہ. کشتی یا جہاز کو ساحل پر لگانا یا کھڑا کرنا، دریا پار اتارنا؛ مدد کرنا، حد کو پہنچانا.

کنارے لگنا محاورہ. ۱. منزل تک پہنچنا. ۲. الگ ہو جانا، رخصت ہو جانا.

کَنال (فت ک) اند.
(کاشت کاری) زمین کا پیمانہ جو بیس مرلے کے برابر اور بیگھ کا چوتھا حصہ ہوتا ہے. [پن].

کُنالی (ضم ک) امث.
مٹی کی بنی ہوئی ہانڈی جس میں آٹا وغیرہ رکھتے ہیں، مٹی کی کونڈی جس میں آٹا گوندھتے ہیں، کونڈالی.

... کُنان (ضم ک) لاحقہ.
کرتا ہوا (بطور جزو دوم؛ تراکیب میں مستعمل). [ف].

کِنایات (کس ک) اند؛ ج.
اشارے، پوشیدہ باتیں؛ مراد: رمز، مجاز.

کِنایۃً (کس ک، فت ی، تن ت بفت) م ف.
اشارے سے، اشارۃً، ضمناً، مجازاً. [ع].

کِنایَہ (کس ک، فت ی) اند.
۱. اشارہ، جو بات کھل کر اور براہ راست نہ کہی جائے. ۲. (بیان) استعارے کی ایک قسم جس میں حقیقی معنی دلالت کریں غیر حقیقی معنی کی طرف اور کلام میں یہی حقیقی معنی مراد لیے جائیں. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

کُنبا / کُنبَہ (ضم ک، سک م بشکل ن / فت ب) اند.
قبیلہ، گھرانا، خاندان، بال بچے، اہل وعیال، لڑکے بالے، آل اولاد. [س].

کَنپٹی (فت ک، سک ن، فت پ) امث.
ابرو کے متوازی کان اور ماتھے کے بیچ کا حصہ. [س].

کَنپٹیاں (فت ک، سک ن، فت پ، سک ٹ) اند.
کنپٹی کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

کنپٹیاں پھڑکنا محاورہ. غصہ کی حالت میں کن پٹی کی رگوں کا اچھلنا.

کَنٹر (فت ک، سک ن، فت ٹ) اند.
مینا، شراب انڈیلنے کا صراحی نما ظرف. [انگ].

کَنٹرول (فت ک، سک ن، ٹ، و مع) اند.
۱. قابو، حکومت، تسلط، حکم دینے کا اختیار ۲. قید، حد بندی، روک تھام، پابندی، بندش (خصوصاً روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمت یا تقسیم، نقل وحمل یا ان کی مقدار خرید پر). [انگ].

کنٹرول رکھنا محاورہ. قابو میں رکھنا، بس میں رکھنا، زیرِ نگرانی رکھنا، تصرف میں رکھنا، اختیار میں رکھنا.

کنٹرول روم اند. کمرہ جہاں سے انتظامی احکامات جاری کیے جائیں، جگہ جہاں سے حالات کو قابو میں رکھنے کی ہدایات جاری کی جائیں، (ہنگامی حالات میں افسران اپنے ماتحتوں کو ہدایات جاری کرتے ہیں).

کنٹرول کرنا محاورہ. قابو میں رکھنا، روک تھام کرنا، پابندی لگانا، قبضہ میں رکھنا، ہاتھ میں رکھنا، اختیار میں رکھنا.

کَنٹریکٹ (فت ک، سک ن، کس ر ٹ، ی مع، سک ک) اند.
معاہدہ، ٹھیکا، کاروباری کا معاہدہ. [انگ].

کَنٹریکٹر (فت ک، سک ن، کس ر ٹ، ی مع، سک ک، فت ٹ) اند.
ٹھیکے دار. [انگ].

کَنٹوپ (فت ک، سک ن، و مع) اند.
بڑی ٹوپی یا ٹوپا جو پہننے پر کانوں تک آئے. [ ].

کَنٹین (فت ک، سک ن، ی مع) اند.
کسی ادارے وغیرہ سے متعلق کھانے پینے کا چھوٹا ہوٹل، ریسٹورنٹ. [انگ].

کَنٹھ (فت ک، غنہ) اند.
۱. گردن، گلا ۲. حلق ۳. حلق کی وہ ہڈی جو سن بلوغ میں ابھر آتی ہے اور اس سے آواز کسی قدر بھرا جاتی ہے ۴. (i) ہار، مالا، کنٹھا. (ii) پرندوں کے گلے کا طوق. [س].

کَنٹھا (فت ک، سک ن) اند.
۱. گردن میں پہننے کا چاندی یا سونے کا لڑی کی طرح کا زیور بعض میں موتی یا جواہرات بھی ٹکے ہوتے ہیں کنٹھ مال، (جادو وغیرہ کے اثرات سے بچنے یا منت کے طور پر بھی گلے میں پہنتے ہیں) ۲. پھولوں کا گجرا جس میں کلیاں گندھی ہوتی ہیں ۳. پرندوں کے گلے کا طوق ۴. عموماً تینتیس موٹے دانوں کی تسبیح جسے فقرا ہاتھ میں رکھتے یا گلے میں ڈال لیتے ہیں. [س].

کَنٹھی (فت ک، سک ن) امث.
۱. چھوٹا کنٹھا، سونے یا مونگے کے دانوں کا ہار، موتیوں کی لڑی ۲. لکڑی کے دانوں یا کسی درخت کے بیجوں کی مالا ۳. پرندوں کے گلے کا طوق. [س].

کُنج (۱) (ضم ک، غنہ) اند.
گوشہ، کونا. [ف].

کُنج (۲) (ضم ک، غنہ) اند.
درختوں کا جھنڈ، ایسی جگہ جو درختوں سے گھری ہوئی ہو. [س].

کُنجَد (ضم ک، سک ن، ضم نیز فت ج) اند.
تل (جس کا تیل نکالا جاتا ہے). [ف].

کَنجَر (ضم ک، غنہ، فت ج) (الف) اند.
ایک خانہ بدوش نیچ ذات کی قوم (یا اس کا فرد) جو سرکیاں چھینکے وغیرہ بنا کر بیچتی ہے، جنگلی جانور کا شکار کرتی اور مردار گوشت اور سانپ وغیرہ کھاتی ہے، یہ قوم بھیک بھی مانگتی ہے، کنجن. (ب) صف. (استعارۃً) کمینہ، رذیل. [مقامی].

کنجر خانہ اند. جگہ جہاں اوباش رہتے ہوں.

کَنجری (فت ک، غنہ، سک ج) امث.
کنجر کی جورو، کنجر قوم کی عورت جو بیشتر ناچنے گانے کا پیشہ کرتی ہے.

کُنجڑا (ضم ک، فتہ، سک ج) اند.
ہندوؤں میں ایک قوم جو سبزی اور پھل بیچتی ہے نیز اس قوم کا فرد، ترکاری اور پھل بیچنے والا. [س].
کنجڑا قصائی اند: ج. (کنایۃً) اوئی درجے کے لوگ، گھٹیا لوگ، عوام.
کُنجِشک (ضم ک، سک ن، فت نیز کس ج، سک ش) امث.
چڑیا جو ویرانے کے بجائے گھروں میں گھونسلے بناتی اور رہتی ہے، گرگریا، عصفور. [ف].
کَنجُوس (فت ک، فتہ، ومع) صف.
بخیل، خسیس، شوم، تنگ دل. [س].
کنجوس مکھی چوس صف. انتہا درجے کا کنجوس.
کَنجُوسی (فت ک، فتہ، ومع) امث.
بخل، خست، تنگ دلی.
کَنجی (فت ک، فتہ) صف مث.
(عموماً آنکھوں کی صفت) نیلگوں، کرنجی، نیلی. [مقامی].
کُنجی (ضم ک، فتہ) امث.
ا قفل کھولنے کا اوزار، چابی، کلیہ. ۲. حل، شرح. ۳. سبب، علت نیز ذریعہ. [س].
کنجی ہاتھ میں آنا محاورہ. سبب یا ذریعہ معلوم ہونا، کسی چیز یا کیفیت کی اصل معلوم ہو جانا، قابو میں ہونا.
کَنچ (فت ک، فتہ) اند.
کانچ، شیشہ. [ ].
کَنچا (فت ک، سک ن) اند.
بچوں کے کھیلنے کی کانچ کی گولی، شیشہ کی گولی (عموماً کنچے مستعمل).
کَنچَن (۱) (فت ک، سک ن، فت چ) اند.
سونا، زر، طلا. [س].
کَنچَن (۲) (فت ک، سک ن، فت چ) اند.
۱. (i) کنجر قوم یا اس کا کوئی فرد جو گانے بجانے کا پیشہ کرتے ہیں. (ii) کنچنیوں کا مالک؛ ولدالزنا، حرامی، بھڑوا. ۲. ایک قسم کی چڑیا کا نام. [مقامی].

کَنچَنی (فت ک، سک ن، فت چ) امث.
کنچن قوم کی عورت، ناچنے گانے اور پیشہ کرانے والی عورت.
کُند (ضم ک، سک ن) صف.
۱. (i) موٹی دھار والا جس کی دھار کاٹنے کے قابل نہ ہو، وہ چاقو چھری یا تلوار جو تیز دھار نہ ہو. (ii) (دانتوں کے لیے) ازکار رفتہ، ناکارہ، کمزور. ۲. (طبیعت، ذہن، قویٰ وغیرہ) سست، کاہل، بے کار، ٹھس (رواں کی ضد). [ف].
کند ذہن صف. موٹی عقل کا، غبی، ٹھس، جس کی یادداشت کمزور ہو (ذہین کی ضد).
کند کرنا محاورہ.
بے کار کر دینا، ناکارہ بنا دینا، موتھرا کر دینا، کم اثر و کمزور کر دینا.
کُندا (ضم ک، سک ن) اند ~ کندہ.
دیکھیے: کندہ کا ایک املا. [ف].
کُندَن (ضم ک، سک ن، فت د) (الف) اند.
۱. اعلیٰ قسم کا صاف کیا ہوا سونا، سچا سونا، خالص سونا، چمکیلا. ۲. خالص سونے کا ورق. ۳. کھرا پن؛ (کنایۃً) اصلیت، جوہر. (ب) صف. بے میل، خالص، کھرا، پاک وصاف، بے عیب. [س].
کندن بنا دینا ف مر؛ محاورہ. کیمیاوی طریقہ سے تانبے کو زر خالص بنا دینا، کھرا کر دینا، پاک وصاف کر دینا، اوئی کو اعلیٰ بنا دینا، کایا پلٹ دینا.
کندن بننا محاورہ. ۱. نکھر جانا، پاک وصاف ہو جانا. ۲. قابل قدر ہونا، قیمتی ہونا.
کَندَہ (فت ک، سک ن، فت د) صف.
کھدا ہوا، نقش کیا ہوا، لکھا ہوا (کھود کر)، منقش. [ف].
کندہ کار اند. پتھر وغیرہ پر کھدائی کرنے والا، نقش و نگار کھودنے والا، حکاک.
کندہ کاری امث. کندہ کار کا کام، نقاشی، قلم کاری، حکاکی.
کندہ کرانا ف مر. نقش کرانا، کھدوانا (لوح، مہر وغیرہ).
کندہ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نگینہ یا پتھر وغیرہ پر کھدائی کرنا، نقاشی کرنا. ۲. کھودنا، کھود ڈالنا، اکھاڑ پھینکنا.

کُنْدَہ (ضم ک، غنہ، فت د) اند.
۱. (i) درخت کا تنا یا موٹی لکڑی کا سالم حصہ، شہتیر، کُنھا، کاٹھ. (ii) لکڑی کا وہ سالم ٹکڑا جس پر گوشت یا اسی قسم کی کوئی چیز کاٹی جاتی ہے اور عموماً قصاب استعمال کرتے ہیں. (iii) سوراخ دار موٹی لکڑی جس میں مجرم کے پانو بطور سزا ڈالتے ہیں. ۲. بندوق کی موٹھ جو عام طور پر کسی قدر مثلث نما لکڑی کی بنی ہوتی ہے، بندوق کا دستہ یا قبضہ. ۳. پانچے کی تین گوشوں کی لمبی کلی جو پانچے کا گھیر بڑھاتی ہے، تریز؛ پتنگ کا ہر ایک گوشہ جو عرض میں ہوتا ہے، کانپ کے سروں کے قریب کا حصہ؛ پرند کا بازو، شہپر (عموماً جمع میں). [ف].

کندہ ناتراش / ناتراشیدہ اند. بے تمیز، ان پڑھ، جاہل، اجڈ.

کُنْدی (ضم ک، سک ن) امث.
موگری جس سے دھوتے وقت کپڑوں پر ضرب لگائی جاتی ہے. ۲. مرمت، پٹائی، زد و کوب. [س].

کُنْدے (ضم ک، سک ن) اند؛ ج.
کندہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل، لکڑی کے موٹے ٹکڑے.

کندے باندھنا محاورہ. اڑنے کے لیے پرند کا بازوؤں کو ملانا، پرواز کا قصد کرنا، پرواز کرنا.

کَنْدھا (فت ک، سک ن) اند.
۱. جسم میں بازو کا اوپر کا حصہ جو سینے سے جڑا ہوتا ہے، کھوا، مونڈھا. ۲. کرتے یا قمیص کا وہ حصہ جو کندھوں پر رہتا ہے اور جہاں آستین جوڑی جاتی ہے. [س].

کندھا دینا محاورہ. ۱. جنازے کو کندھے پر لینا، میت کے ڈولے کو کندھے پر اٹھانا ۲. مدد دینا، سہارا دینا.

کندھا ملا کر م ف. برابر میں، مقابلے پر.

کَنْدھوں (فت ک، سک ن) اند؛ ج.
کندھا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

کندھوں پر بوجھ نہ ہونا محاورہ. بے فکری ہونا، ذمہ داری نہ ہونا، اطمینان و سکون ہونا، فکر و تردد سے آزاد ہونا.

کندھوں پر لینا محاورہ. اپنے ذمے لینا، ذمہ داری اٹھانا.

کَنْدھے (فت ک، سک ن) اند؛ ج.
کندھا کی جمع اور مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

کندھے اچکانا محاورہ. لاپروائی کا اظہار کرنا، لاعلمی کا اظہار کرنے کے لیے کندھوں کو ہلکی سی جنبش دینا، بے تعلق ہونا، ناآشنائی کا اظہار کرنے کے لیے کاندھوں کو حرکت دینا یا ہلانا، واسطہ نہ ہونا.

کندھے سے کندھا ملا کر م ف. ساتھ ساتھ، مل جل کر.

کُنْڈا (ضم ک، سک ن) اند.
۱. چھوٹا یا بڑا حلقہ یا وہ قوس نما کانٹا یا کڑا جس میں زنجیر ڈالتے ہیں یا کوئی اور چیز پھنساتے ہیں. ۲. دروازے کی کنڈی کا سرا لگانے کا حلقہ، بڑی کنڈی. ۳. (قفل سازی) قفل کے کھلنے اور بند ہونے والا حصہ جو عموماً قوس کی شکل کا ہوتا ہے اور اسی کی بندش رکاوٹ کا کام دیتی ہے.

کَنْڈَکْٹَر (فت مج ک، سک ن، کس مج ڈ، سک ک، فت ٹ) اند.
ریل گاڑی یا بس وغیرہ میں ٹکٹ چیک کرنے والا اور کرایہ وصول کرنے والا. ۲. (برقیات) موصل، وہ تار یا شے جس سے بجلی کا کرنٹ گزر سکے. [انگ].

کُنْڈَل (ضم ک، سک ن، فت ڈ) اند.
۱. (i) حلقہ، دائرہ یا چکر. (ii) بالوں کا چھلا یا گھونگر، زلفوں کا حلقہ. (iii) دائرہ یا انداز جو سانپ اپنے جسم سے بیٹھتے وقت بناتا ہے. ۲. چاند کا حلقہ، ہالہ. [س].

کنڈل مارنا محاورہ. ۱. (عموماً سانپ کا) اپنے جسم سے حلقہ بنا کر بیٹھنا، کنڈلی مارنا. ۲. گھیرنا، حلقے میں لینا.

کُنْڈْلا (ضم ک، سک ن، ڈ) اند.
بڑا حصار، کنڈل، بڑا حلقہ، دائرہ.

کُنْڈَلی (ضم ک، سک ن، فت ڈ) امث.
۱. چھوٹا حلقہ. ۲. (ہیئت) جنم پتری، زائچہ.

کنڈلی مار کر / مارے بیٹھنا محاورہ. سانپ کا اپنے جسم کو جلیبی کی طرح بنا کر بیٹھنا، گول چکر دے کر بیٹھنا.

کَنْڈَم (ضم ک، سک ن، فت ڈ) صف.
ایسی چیز یا شخص جو کسی کام کا نہ ہو، بے کار؛ قابل ملامت، مذموم؛ ناکارہ، نکما؛ رد کیا ہوا. [انگ].

کُنڈی (ضم ک، سک ن) امث.
دروازے کے پٹوں یا پٹ کو بند رکھنے والی زنجیر نیز اس کا حلقہ جس میں وہ پھنستی ہے، چھپکا، دروازے کا کھٹکا، چھوٹا کنڈا. [س].
کنڈی لگانا محاورہ. دروازے کے پٹ بند کر کے زنجیر لگا دینا، دروازہ بند کر دینا.

کَنڈِیشَن (فت ک، سک ن، ی مع، فت ش) صف.
حالت، کیفیت، صورت حال. [انگ].

کَنڈِیشنَر (فت ک، سک ن، ی مع، سک ش، فت ن) امث.
بالوں کو سنوارنے درست اور ہموار کرنے والا مادّہ جو عموماً خوشبو دار ہوتا ہے. [انگ].

کَنڈِکٹَر/کَنڈَیکٹَر (فت ک، سک ن، ی لین، سک ک، فت ٹ) امذ.
ا.بس وغیرہ میں ٹکٹ چیک کرنے اور کرایہ وصول کرنے والا ۲.(برقیات) موصل، وہ تار یا شے جس سے بجلی کا کرنٹ گزر سکے. [انگ].

کَنز (فت ک، سک ن) امذ.
خزانہ، گنج. [ع].

کَنَستَر (فت ک، ن، سک س، فت ت) امذ.
ٹین کا چوکور ڈبا جو اونچائی میں زیادہ چوڑائی میں کم ہوتا ہے اور عموماً مٹی کا تیل یا گھی وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے. [انگ].
کنستر بجانا محاورہ. اِطلاع دینا، مطلع کرنا، شور غل کرنا.

کانسٹیبل (سک ن، س، ی مج ٹ، کس ب) امذ.
سپاہی. [انگ].

کَنسَرٹ (فت ک، سک ن، فت س، سک ر) امذ.
محفلِ رقص و سرود، موسیقی کا پروگرام. [انگ].

کَنْ سَلائی (فت ک، سک ن، فت س) امث.
کیڑا جو عموماً کان میں داخل ہو جاتا ہے؛ (مجازاً) دبلی پتلی، سینک سلائی، بہت کمزور.
کَنْ سُوئیاں لینا محاورہ. چھپ کر باتیں سننا، کسی بات کی ٹوہ لینا.

کُنِشت (ضم نیز فت ک، کس ن، سک ش) امذ.
بت پرستوں، آتش پرستوں یا یہودیوں کا معبد، بت کدہ، آتش کدہ، غیر مسلموں کی عبادت گاہ. [ف].

کَنعاں (فت ک، سک ن) امذ.
فلسطین کا قدیم نام جو حضرت یعقوب کا مسکن تھا اور حضرت یوسف کی جائے پیدائش (شعراء کے یہاں ماہ کنعاں سے حضرت یوسف اور پیرِ کنعاں سے حضرت یعقوب مراد ہیں). [علم].

کَنفَرم (فت ک، سک ن، فت ف، سک ر) امذ؛ صف.
(لفظاً) تصدیق یا توثیق کرنا (بیان، شہادت یا کسی بات کی)، منظوری دینا؛ (مجازاً) پکا، تصدیق شدہ، توثیق کردہ. [انگ].

کَنفیوز (فت ک، سک ن، کس مج و، و مع) صف.
پریشان، درہم برہم. [انگ].

کَنَک(۱) (فت ک، ن) امث؛ امذ؛ ~ کنکا.
ا.پتھر وغیرہ کا ریزہ، اناج کا دانہ، چھوٹی سی کنکری یا تنکا ۲.(کاشت کاری) ٹوٹا ہوا چاول جو دھان صاف کرتے وقت نکلتا ہے، چاول کا چورا، کنکی. [س].

کَنَک (فت ک، کس نیز فت ن) امذ؛ امث.
گیہوں، گندم، بھنا ہوا گیہوں، اناج. [س].

کَنکَر (فت ک، غنہ، س، فت ک) امذ.
ا.ایک قسم کا پتھر جسے بھٹی میں پکا کر سفیدی بنائی جاتی ہے اور اصلی حالت میں سڑکیں بنانے کے کام آتا ہے ۲.پتھر کا چھوٹا ٹکڑا، سنگ ریزہ. [س].
کنکر پتھر امذ. ا.اینٹ یا پتھر کے چھوٹے ٹکڑے ۲.(مجازاً) ردّی یا واہیات چیزیں، الابلا، حقیر، کم قیمت.

کَنکَری (فت ک، غنہ، فت نیز سک ک) امث.
ا.(i) کنکر کا چھوٹا ٹکڑا، سنگ ریزہ، روڑی. (ii) بجری.

کَنکرِیٹ (فت ک، غنہ، سک ک، ی مع) امذ.
ا.کنکر، ریت اور سیمنٹ کا مرکب جو تعمیرات اور سڑکوں کے بنانے میں کام آتا ہے ۲.حقیقی، جامد، ٹھوس، پختہ. [انگ].

کَنکشَن (فت ک، ن، سک ک، فت ش) امذ.
ا.رشتہ، تعلق، ربط ۲.بجلی یا ٹیلی فون وغیرہ کی لائن یا ترسیل. [انگ].

کُنکُنا (ضم ک، سک ن، ضم ک) صف مذ.
ہلکا گرم، گنگنا، نیم گرم.

کَنکَوّا (فت ک، سک ن، فت ک، شد و) اند.
کاغذ کا بنا ہوا، پتنگ، گڈی. [مقامی].

کَنکی (فت ک، سک ن) امث.
ٹوٹے ہوئے چاول، چاول کا چورا، ٹوٹا. [س].

کَنکھجُورا (فت ک، سک ن، فت کھ، و مع) اند :- کن کھجورا.
دیکھیے : کن کھجورا. [س].

کِنگ (کس ک، غنہ) اند ؛ صف.
بادشاہ، شاہ، بادشاہ جیسا ؛ بڑا، عظیم. [انگ].

کَنگال (فت ک، غنہ) صف.
مفلس، نادار، تباہ حال. [س].

کنگال ہونا محاورہ. بے وسیلہ ہونا، بے سہارا ہونا ؛ بے زر ہو جانا، غریب ہونا.

کُنگُر / کُنگُرَہ (فت نیز ضم ک، غنہ، ضم نیز فت گ / فت ر) اند.
دندانہ نما محراب جو دیوار کے اوپر بنا دیتے ہیں، فصیل یا دیوار کے اوپر محرابی شکل کی ایک آرائشی تعمیر، وہ طاقچے جو خوب صورتی کے واسطے شہر کی فصیل یا قلعے کی دیوار وغیرہ کی منڈیر میں بنائے جاتے ہیں ؛ (کنایۃً) کسی چیز کی بلندی کا سرا، بلند ترین مقام. [ف].

کَنگلا (فت ک، غنہ، سک گ) اند.
محتاج، مفلس، فاقہ زدہ، کنگال. [س].

کَنگلی (فت ک، غنہ، سک گ) امث.
مفلس و محتاج عورت ؛ فاقہ زدہ عورت، بھوکی.

کَنگَن (فت ک، غنہ، فت گ) اند.
کلائیوں میں پہننے کا جڑاؤ یا کنگورے دار زیور. [س].

کَنگنا (فت ک، غنہ، سک گ) اند.
(ہندو) کلاوے کا ڈورا جو شادی میں پھیروں کے وقت دولھا کی داہنی کلائی اور دلہن کی بائیں کلائی میں شگون کے طور پر باندھتے ہیں، اس میں لوہے کا چھلا، ٹوٹی کوڑی، سپاری کی ڈلی اور کالا دانہ وغیرہ بھی بندھا ہوتا ہے. [س].

کَنگُورا / کنگورہ (فت ک، سک ن، و مع / فت ر) اند.
چھجا جو عمارت کی چھت کے قریب باہر نکلا ہو. ۲. کنگورے سے مشابہ ریشم یا تاگے کا کام، سنگھاڑا. [ف].

کَنگھا (فت ک، غنہ) اند.
۱. بالوں کو سلجھانے اور سنوارنے کا آلہ جس کے دندانے کسی قدر کھلے ہوئے ہوتے ہیں. ۲. کپڑا بننے کے سوت کو درست کرنے کا باریک انگلیوں سے مشابہ دندانے دار آلہ. [س].

کَنگھی (فت ک، غنہ) امث :- کنگی.
۱. چھوٹا کنگھا جس کے دونوں رخ پر دندانے ہوتے ہیں، مختلف وضع اور سائز کا ہوتا ہے، سینگ. ۲. بنتے وقت کپڑے کی بنائی کو درست کرنے کا آلہ جس میں کنگھی کی طرح دندانے ہوتے ہیں. ۳. (ماہی گیری) مچھلی کی ریڑھ کی ہڈی جس کی بغلیوں میں دو طرفہ کنگھی کے سے دندانے دار کانٹے ہوتے ہیں. [س].

کنگھی چوٹی کرنا محاورہ. عورتوں کا بالوں کو سنوارنا، بناؤ سنگار کرنا، بننا سنورنا.

کنگھی کرنا ف مر : محاورہ. کنگھی پھیرنا، بال سنوارنا.

کُنمُنانا (ضم ک، سک ن، ضم م) ف ل.
اضطراب محسوس کرنا، بے چین ہونا، کسمسانا، جزبز ہونا، پس و پیش کرنا، ہچکچانا. ۲. حرکت کرنا، سوتے میں پہلو بدلنا.

کُنِنْدَہ (ضم ک، کس ن، سک ن، فت د) صف.
کرنے والا کے معنی دیتا ہے اور مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے : شمار کنندہ، انتخاب کنندہ وغیرہ). [ف].

کُنوار (۱) (ضم مج ک، مغ) اند.
ہندی بکرمی سال کا چھٹا مہینا ؛ فصلی سال کا پہلا مہینا جو انگریزی مہینے ستمبر کے وسط میں شروع ہوتا ہے. [س].

کُنوار (۲) (ضم مج ک، مغ) اند.
کنوارا کی تخفیف ؛ تراکیب میں مستعمل. [س].

کنوار ہت / پتا اند. کنوار پنے کا مان، کنوار پنے کی آبرو، بن بیاہا ہونا.

کنوار پن / پنا اند. بن بیاہا ہونے کی حالت یا کیفیت.

کُنوارا (ضم مج ک، مغ) صف مذ.
بن بیاہا، غیر شادی شدہ نوجوان. [س].

کُنواری (ضم ک، مغ) صف مث.
۱. بن بیاہی، نا کتخدا. ۲. (مجازاً) اچھوتی، غیر استعمال شدہ.

کُنواں (ضم ک، مغ) اند.
پانی حاصل کرنے کے لیے زمین میں گہرا کھودا جانے والا گول گڑھا جس پر لکڑی کا گول چکر رکھ کر پختہ اینٹوں سے منڈیر بنا دی جاتی ہے، اس کو کنواں کہتے ہیں.

کنواں پیاسے کے پاس نہیں جاتا کہاوت. جو چیز مطلوب ہو وہ طالب کے پاس نہیں پہنچتی بلکہ طالب خود اس کے پاس پہنچتا ہے، ضرورت پوری کرنے کے لیے ضرورت مند ہی کو زحمت اُٹھانی پڑتی ہے.

کنواں کھودنا محاورہ. جدوجہد کرنا، سخت محنت مشقت کر کے روزی کمانا.

کَنوتی (فت ک، و ج) امث :۔ کنوئی.
کان، (خصوصاً) چوپائے مثلاً گھوڑے اور ہرن وغیرہ کا کان، تیز دوڑنے والے جانوروں کا کان جو دوڑ میں اوپر اٹھے رہتے ہیں.

کُنْوَر (ضم ک، مغ، فت و) (الف) اند.
ا. بیٹا، خصوصاً راجہ کا بیٹا، شہزادہ، راج کمار. (ب) صف. مسلم راجپوت یا راجا مہاراجا کے خاندان سے تعلق رکھنے والے کا لقب یا ایک خطاب جو نام سے پہلے بولا یا لکھا جاتا ہے. [س].

کِنْوَل (فت نیز کس ک، مغ، فت و) اند.
ا. دریائی پودے کا پھول جو سطح آب پر کھلتا ہے، نیلوفر. ۲. فانوس کی ایک قسم، کنول یا کھلے ہوئے پھول سے مشابہ ایک فانوس جس میں موم بتی یا بلب لگا کر روشن کرتے ہیں. ۳. کنول کے مشابہ کاغذ یا ابرک سے بنا ہوا چراغ دان جس میں موم بتی لگا کر روشن کرتے ہیں. [س].

کَنّوں (فت ک، شد ن، و ج) اند: ج.
کنا کی جمع نیز مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل).

کنوں سے اُکھڑ جانا/اُکھڑنا محاورہ. ا. پتنگ کے کنے ٹوٹ کر اُکھڑ جانا. ۲. جلد ناراض ہو جانا، سخت ناراض ہو جانا، جلدی برہم ہو جانا.

کَنْوِنْشَن/ کنوینشن (فت ک، سک ن، کس ج و، سک ن، فت ش) اند.
اجتماع، کسی جماعت کا رسمی اجتماع. [انگ].

کُنووں (ضم ک، مغ، و ج) اند: ج.
کنواں کی جمع نیز مغیرہ حالت: (تراکیب میں مستعمل).

کنووں میں بانس ڈالنا محاورہ. بہت زیادہ تلاش وجستجو کرنا، کھوج لگانا، جستجو میں کاوش کرنا.

کُنویں (ضم ک، مغ، ی ج) اند: ج.
کنواں کی مغیرہ حالت اور جمع: تراکیب میں مستعمل.

کنویں جھکوانا/ جھنکوانا ف مر: محاورہ. بہت تلاش کرنا، تھکانا دیوانہ وار پھرانا.

کنویں کا مینڈک اند. (مجازاً) محدود معلومات و تجربات کا حامل، بہت معمولی تجربات کا مالک: مراد: کوتاہ نظر، لاعلم، بے خبر.

کنویں میں پھینکنا / دھکیلنا / ڈھکیلنا محاورہ. مصیبت میں پھنسانا بری جگہ لڑکی لڑکا بیاہ دینا، لڑکی کا رشتہ غلط لوگوں میں کرنا.

کُنْہ (ضم ک، سک ن) امث.
ا. حقیقت، ماہیت، اصلیت. ۲. کسی بات کی باریکی، نزاکت، راز ۳. انتہا، غایت، چیز کا آخر. [ع].

کَنی (فت ک) امث.
ا. ریزۂ الماس، ہیرے کا ریزہ، ہیرے کا بہت چھوٹا ٹکڑا، ریزہ. ۲. اُبلے ہوئے چاول کا اندرونی کچا پن جو کھاتے وقت یا ہاتھ سے ملنے کے بعد دانوں کی شکل معلوم ہوتا ہے.

کنی رہ جانا محاورہ. چاولوں کا پوری طرح نہ پکنا، چاولوں کا تھوڑا سا کچا رہ جانا.

کَنّی (فت ک، شد ن) امث.
ا. کپڑے کا آڑا پن جو قطع کرنے پر ایک طرف سے کان کی طرح لٹک جائے. ۲. دھجی جو پتنگ کے گوشے کی جانب کانپ میں باندھی جاتی ہے تاکہ پتنگ وزن میں برابر ہو کر سیدھی اُڑے.

کنی کاٹنا / کترانا محاورہ. کترانا، بچ کر نکل جانا.

کَنّے (فت ک، شد ی) اند: ج.
کنا کی جمع اور مغیرہ حالت: تراکیب میں مستعمل.

کنے ڈھیلے ہونا ف مر: محاورہ. ا. پتنگ کے کنوں یا جوتوں کے کنوں کا ڈھیلا ہو جانا. ۲. غرور یا جوش فرو ہو جانا: کمزور ہو جانا.

کَنیّا (فت ک، ن، شد ی) امث: کنیاں، کنیا.
ا. کنواری، کم سن لڑکی، لڑکی. ۲. بیٹی، دختر. [س].

کنیا دان اند. ۱. لڑکی کو بیاہ دینا، بیٹی کی شادی، بیاہ. ۲. جہیز نیز وہ روپیہ جو بیٹی کے بیاہنے یا جہیز میں دینے کے لیے جمع کیا جائے.

کَنیانا (فت ک، سک ن) ف م.
۱. پتنگ کا ایک طرف کو جھک جانا، کنی کھانا. ۲. کسی وجہ سے شرمانا، جھینپنا، شرمندہ ہونا. ۳. کترانا، بچنا، کنی کاٹنا، پہلوتہی کرنا.

کُنیَت (ضم ک، شد ن، ی مع، فت ی) مث.
اصل نام کے علاوہ وہ نام جس کے پہلے اب، ابو، ابن، ام، بنت وغیرہ موجود ہوں (جیسے: ابوطالب، اُم ہانی). [ع].

کَنیز (فت ک، ی مع) مث.
۱. خدمت گار عورت، باندی، لونڈی. ۲. اپنی ذات کو کم مرتبہ یا کم حیثیت ظاہر کرنے کے لیے خاکسار کمترین کی جگہ، عموماً خط عرضی وغیرہ کے خاتمے پر مستعمل. [س].

کَنیسَہ (فت ک، ی مع، فت س) اند.
یہودیوں اور عیسائیوں کی عبادت گاہ، گرجا، گرجا گھر، کلیسا. [ع].

کُنَین (ضم مع ک، ی لین) مث.
ایک کڑوی دوا جو ملیریا یا بخار کے لیے مفید ہوتی ہے؛ (کنایۃً) بہت تلخ شے. [انگ].

کَنھیّا (فت ک، نھ، شد ی) اند.
ہندوؤں کے ایک اوتار سری کرشن جی کا لقب (کنایۃً) خوب صورت، ملیح، حسین.

کُو (و مع) مث؛ اند.
گلی، کوچہ، راستہ، محلّہ. [ف].

کو بہ کو م ف:- کوبکو، گلی گلی؛ جگہ جگہ، دربدر، جابجا.

کو (و مع) حرف.
۱. علامتِ مفعول. ۲. سے، ساتھ. ۳. کسی اسم، کیفیت، جذبہ، ارادہ اور حالت وغیرہ کی نسبت ظاہر کرنے کے لیے، چاہا جانے یا جتلا ہونے کے اظہار کے لیے (عموماً) جملۂ اسمیہ میں). ۴. واسطے، لیے. ۵. اضافت کے لیے (بجائے، کا، کی، کے). ۶. (i) میں، کے لیے. (ii) تا، تک، کی طرف، کے نزدیک. ۷. میں، کے وقت، دن، گھڑی وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے. ۸. والا، قصد و ارادہ کے اظہار کے لیے عموماً فعل کے ساتھ. ۹. برابر سے، ایک جیسا، ہم وزن (مساوات ظاہر کرنے کے لیے). [پ].

کَوّا (۱) (فت ک، شد و) اند.
۱. ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو قد میں کبوتر سے بڑا ہوتا ہے ہندو پاک میں بہ کثرت ہے؛ زاغ. ۲. (مجازاً) چالاک، ہوشیار، سیانا؛ لالچی. [س].

کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا / بھولا کہاوت. جو شخص اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرتا ہے وہ اپنی سابقہ حیثیت کو بھی برباد کرتا ہے یا دوسروں کی نقل کر کے نقصان اٹھاتا یا بگڑ جاتا ہے.

کوا سفید ہو جانا محاورہ. امر محال کا وقوع پذیر ہونا، ناممکن کا ممکن ہو جانا.

کَوّا (۲) (فت ک، شد و) اند.
گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں تالو سے آگے کوّے کی شکل میں لٹکا ہوا ہوتا ہے، حلق کا کوّا. [مقامی].

کوآپریٹو/کوآپریٹیو (و مج، مد، سک پ، ی مع، کس ٹ، سک و) اند.
باہمی امداد کا، امداد باہمی کا ادارہ، مشترک. [انگ].

کُوار (ضم ک) اند - کنوار.
اسوج، بکرمی سمبت کے سال کا ساتواں مہینا. [س].

کُوارٹر (ضم ک، سک ر، فت ٹ) اند.
۱. چوتھائی، پاؤ، ۱/۴ حصہ. ۲. مقام، ٹھکانا، یک منزلہ چھوٹا مکان، چھاؤنی. [انگ].

کوارٹر فائنل اند. ٹورنامنٹ میں کسی کھیل کے ابتدائی مقابلے کے بعد اور نیم حتمی مقابلے (سیمی فائنل) سے پہلے کا مرحلہ.

کِواڑ (کس ک) اند (قدیم).
۱. دروازہ، کھڑکی یا روشندان وغیرہ کو بند کرنے یا کھولنے کا پٹ. ۲. دروازہ. ۳. (استعارۃً) سینے کا ایک حصہ، پہلو. ۴. رکاوٹ، بندش، روک. [س].

کَواکِب (فت ک، کس ک) اند؛ ج.
(ہیئت) نجوم، ستارے، تارے، سیارے. [ع].

کُوالِٹی (ضم ک، فم و، کس ل، ی مج) مث.
قسم، نوعیت، صفت، خوبی، معیار. [انگ].

کُوالِیفائی (ضم ک، فم و، ی مع) ف ل.
اہل ثابت ہونا، اہل قرار دیا جانا، پاس کرنا، کامیاب ہونا. [انگ].

کُوالِیفائِیڈ (ضم ک، فم و، ی مع، کس ء) صف.
مستند، سندیافتہ، تربیت یافتہ. [انگ].

کُوالِیفِکیشَن (ضم ک، فم و، ی مع، کس ف، ی مج، فت ش) مث.
اہلیت، صلاحیت، قابلیت یا اہلیت کی سند. [انگ].

کَوائِف (فت ک، کس ء) اند: ج.
کیفیتیں، کیفیات، تفصیلات: احوال، وقائع. [ع].

کوایجُوکیشَن (و مج، ی مج، و مع، ی مج، فت ش) مث.
مخلوط تعلیم، لڑکے اور لڑکیوں کی ایک ساتھ تعلیم و تدریس، مخلوط تعلیمی نظام جس میں لڑکے لڑکیاں ایک ساتھ درس لیتے اور تعلیم حاصل کرتے ہیں. [انگ].

کوب (و مج) لاحقہ.
کوٹنے والا، توڑنے والا، ٹھوکنے والا کے معنی میں عموماً بطور جزو دوم تراکیب میں مستعمل. [ف].

کوبْرا (و مج، سک ب) اند.
ایک قسم کا سیاہ پھن دار نہایت زہریلا سانپ. [انگ].

کُوپَن (و مع، فت پ) اند: مث.
۱. اصل کاغذ سے الگ کیا جانے والا وہ حصہ جو اس کا مثنیٰ یا یادداشت یا رسید ہو، پرچی. ۲. کسی ضابطے کے تحت کسی شے کے حصول کے واسطے جاری کردہ سندی کاغذ، کسی چیز کے حصول کے لیے تصدیق شدہ کاغذ. [انگ].

کُوپے (و مع) اند.
ریل گاڑی کا دو نشستوں والا ڈبا یا کیبن، دو آدمیوں کے لیٹنے کے لیے کیبن. [انگ].

کوتاہ (و مج) صف: ~ کوتہ.
(i) چھوٹا، ناٹا، مختصر (قد و قامت، مقدار اور طول و عرض کی پیمائش میں عموماً مرئی چیزوں کے ساتھ مستعمل). (ii) مختصر، چھوٹا (عمر، قصہ، وقت وغیرہ یعنی غیر مرئی چیزوں کے ساتھ مستعمل). [ف].

کوتاہ اندیش صف. بغیر سوچے سمجھے کام کرنے والا، جو دور اندیش نہ ہو: (مجازاً) نادان، کم عقل، کم فہم.

کوتاہ اندیشی مث. کم سوچنا، کم فہمی، عاقبت نااندیشی، نادانی.

کوتاہ قامت صف. چھوٹے قد والا، ٹھگنا، پستہ قد، بونا (قد آور کی ضد).

کوتاہ قامتی مث. پستہ قد ہونا، بونا یا ٹھگنا ہونا.

کوتاہ نظری مث. کم نظری، کم فہمی، تنگ نظری.

کوتاہی (و مج) مث: ~ کوتہی.
۱. (لفظاً) کمی، خامی، چھوٹا ہونا: (کنایۃً) اختصار. ۲. توجہ میں کمی، غفلت، عدم توجہ، بے پروائی. ۳. نارسائی، ناکامی. ۴. نقصان، قلت، کسر.

کوتاہی کرنا محاورہ. ۱. کمی کرنا، کسر چھوڑنا نیز قصور کرنا. ۲. غفلت برتنا، بے پروائی کرنا، توجہ نہ دینا، خیال نہ کرنا.

کوتاہی ہونا محاورہ. کمی ہونا: غفلت ہونا نیز قصور سرزد ہونا.

کَوتُک (و لین، ضم نیز فت ت) اند.
۱. (i) کرتوت، کام، عمل، فعل، اطوار (عموماً برے معنوں میں). (ii) کرتوت، بدکرداری، برا کام، لچھن، حرکت. ۲. (جرائم پیشہ) کودن، نااہل. ۳. شدید خواہش، شوق: چہل، دل لگی: تیوہار: تماشا، نظارہ: گانا، ناچنا: شادی کے موقع پر ایک رسم تاگے یا چھلے کی: شادی کا تاگا یا چھلا. [س].

کوتَل (و مج، فت ت) اند.
۱. گھوڑا جو ساز اور دیگر سامان زیب و زینت سے آراستہ ہو لیکن صرف نمود و نمائش کے لیے بادشاہوں یا امیروں کے جلوس کے آگے آگے ساتھ ساتھ چلتا ہو اور اس پر کوئی سوار نہ ہو، خاص قسم کا گھوڑا. ۲. خالی، بغیر سوار کا (گھوڑا نیز دیگر سواریوں کے لیے مستعمل).

کوتْوال (و مج، سک ت) اند.
۱. محافظ، قلعہ دار. ۲. محافظ شہر، پولیس کا افسر جس کے ماتحت شہر کا بڑا تھانہ ہو. [س].

کوتوالی (وج ، سک ت) (الف) امث .
شہری پولیس کا سب سے بڑا تھانہ ، شہر کی پولیس کا محکمہ ، پولیس اسٹیشن .
(ب) صف .کوتوال سے منسوب ، کوتوال جیسا ، پولیس افسر کا .

کُوٹ (ومع) امر .
کوٹنا کا امر ، تراکیب میں مستعمل نیز بطور تابع جیسے : کاٹ کوٹ .

کوٹ (کوٹ) کر / کے بھرنا محاورہ .ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ، اتنا بھرنا جس سے زیادہ ممکن نہ ہو ، اچھی طرح سے داخل یا شامل کر دینا ، (کسی خوبی یا صفت وغیرہ کا) بہت زیادہ پایا جانا یا موجود ہونا .

کوٹ (۱) (وج) امذ .
ا.قلعہ ، گڑھ ، شہر پناہ ، حصار . [س] .

کوٹ (۲) (وج) امذ .
ا.انگریزی وضع کا آستین دار لباس جو عموماً کمر سے تھوڑا نیچے تک آتا ہے ، مختلف وضع قطع کا ہوتا ہے . [انگ] .

کوٹ (۳) (وج) امذ .
رنگ و روغن وغیرہ کا ایک ہاتھ یا ایک دفعہ پھیری جانے والی تہ .

کوٹا (وج) امذ :- کوٹہ .
مختص یا معین حصہ ، حصہ رسد ، جس کو کوئی فرد واحد یا کوئی جماعت ادا کرنے پر مجبور یا پانے کی مستحق ہو . [انگ] .

کوٹا سسٹم امذ .کسی کم ترقی یافتہ علاقے کے رہنے والوں کو آگے لانے کے لیے مخصوص شرح سے تعلیم اور نوکریوں کے شعبے میں ملنے والے استحقاق یا حصہ دینے کا نظام .

کوٹنا (ومع ، سک ٹ) ف م .
ا.(ضرب لگا کر) چورا کرنا ، ریزہ ریزہ کرنا .۲.مارنا پیٹنا ، زدوکوب کرنا ، زخمی کرنا ، ضرب لگانا .۳. غلے کو اوکھلی میں ڈال کر چھلکا وغیرہ دور کرنا ، اناج وغیرہ کا ڈنڈے مار کر دانہ اور بھوسا الگ کرنا . [پ] .

کوٹنگ (وج ، کس ٹ ، غنہ) امث .
تہ (رنگ روغن پلاسٹک وغیرہ کی) . [انگ] .

کوٹھا (وج) امذ .
ا.چھت ، بام .۲.(i) بالا خانہ ، مکان کے اوپر کا کمرہ .(ii) (مجازاً) طوائف کا بالا خانہ ، رنڈی کا مکان . [س] .

کوٹھری (وج ، سک ٹھ) امث .
ا.ایک کمرے کا چھوٹا گھر ، چھوٹا کمرا جس میں عموماً ایک ہی دروازہ ہوتا ہے .۲.گودام ، اناج ذخیرہ کرنے کی جگہ ، اسٹور نیز گودام کا حصہ (مختلف قسم کے اجناس کے لیے) .

کوٹھڑیا (وج ، فت ٹھ ، سک ڑ) امث .
چھوٹی کوٹھڑی ، بہت مختصر سا کمرہ .

کوٹھوں (وج) امذ : ج .
کوٹھا کی جمع اور م. نیز ہ صورت ، بہت سے کوٹھے ، بہت سی چھتیں (تراکیب میں مستعمل) .

کوٹھوں چڑھنا محاورہ .شہرت پانا ، مشہور ہو جانا ، زبان زد عام ہونا .

کوٹھی (وج) امث .
مغربی وضع کا بنا ہوا پختہ اور خوب صورت مکان ، بنگلہ ، امیروں کے رہنے کا مکان . [پ] .

کوٹھے (وج) امذ .
کوٹھا کی جمع یا م. نیز ہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

کوٹھے والی امث .مراد : طوائف ، رنڈی ، فاحشہ .

کوثَر (ولین ، فت ث) امذ .
ا.بہشت کی ایک نہر کا نام ، چشمہ اور حوض کا نام (ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل) .۲.قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام . [ع] .

کُوچ (ومع) امذ : امث .
ا.روانگی ، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ، سفر .۲. وفات رحلت ، موت . [ف] .

کوچ کر جانا / کرنا محاورہ .ا.روانہ ہونا ؛ سفر اختیار کرنا ، چل دینا .
۲.مر جانا ، دنیا سے گزر جانا .

کوچ (وج) امث .
ا. پالکی گاڑی ، سواری گاڑی ، بس یا گاڑی جو آرام دہ ہو اور جلد از جلد اپنے مقام پر پہنچائے .۲.استاد ، سکھانے والا . [انگ] .

کوچَک (ومع ، فت چ) صف .
چھوٹا (کلاں اور بزرگ کا نقیض) خرد ، کوتاہ .۲. (موسیقی) بارہ مقامات موسیقی میں سے چوتھے مقام راگ کا نام ، یہ راگ پہر دن رہے تک گایا جاتا ہے .

کُوچَہ (ومع ، فت چ) اند .
۱. گلی ، تنگ راستہ ، راہ گزر .۲. بستی ، محلہ . [ف] .

کوچہ گرد صف . آوارہ ، بے کار ، گھومنے پھرنے والا ، واہی تباہی پھرنے والا .

کوچہ گردی امث . مارا مارا پھرنا ، آوارہ پھرنا ؛ گلی گلی پھرنا .

کوچی (۱) (ومع) امث :- کوچی .
سفیدی کرنے کا مونج کا بنا ہوا برش نما آلہ ، پچاری ، کوچی . [س] .

کُود (ومع) امث .
جست ، چھلانگ ، کودنا . اف : لگانا ، مارنا .

کود پڑنا ف مر : محاورہ .۱. بغیر سیڑھی وغیرہ کے اوپر سے نیچے آ جانا ، کسی معاملے یا بات میں بے جا دخل دینا .

کود پھاند امث .۱. کودنا ، اچھل کود .۲. شرارت ، دھما چوکڑی ، اودھم .

کَودَک (ولین ، فت د) اند .
لڑکا ، بچہ ، طفل ، نوعمر ، چھوٹا بچہ ، نابالغ لڑکا ، طفلک . [ف] .

کُودنا ف ل .
۱. اُچھلنا ، جست لگانا ، چھلانگ مارنا ، پھاندنا ، اُچک کر کسی چیز کو پار کرنا . ۲. خوشی ظاہر کرنے کے لیے چھلانگیں لگانا ، خوشی کے مارے اُچھلنا ، خوشی منانا .۳. اترانا ، گھمنڈ کرنا ، پھولنا (پر کے ساتھ) .۴. دخل دینا ، ٹانگ اڑانا . [س] .

کودنا پھاندنا ف مر : محاورہ .۱. اُچھلنا ، پھلانگنا ، اُچک کر پار کرنا . ۲. شرارت کرنا ، اودھم مچانا ، دھما چوکڑی مچانا ، خوشی کے مارے چھلانگیں مارتے پھرنا .

کوڈ (وج) اند .
۱. ضابطہ ، مجموعۂ قوانین .۲. اشاروں کا کلام ، بری اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ ، خفیہ لغت ، مختصر کرنا ، خفیہ لغت میں پیغام بھیجنا . [انگ] .

کوڈ نمبر اند . پوشیدہ خفیہ نمبر ، رازدارانہ شناختی نمبر .

کوڈ ورڈ اند . پوشیدہ یا خفیہ لفظ جس کا مفہوم غیر نہ سمجھ سکے ، خفیہ لغت ، رمزیہ اصطلاحی لفظ .

کَوَر (فت ک ، و) اند .
ڈھکنا ، بالا پوش ، سرپوش ، اوپر سے ڈھکنے والی چیز ، غلاف ، کاپی کتاب کا سرورق . [انگ] .

کور (۱) (وج) امث .
فوج کا ایک دستہ (جس میں دو یا تین ڈویژن ہوتے ہیں) ، فوجی دستہ . [انگ] .

کور کمانڈر اند . ایک بڑا فوجی افسر ، فوجی دستوں کا سربراہ ، تین ڈویژن فوج کا افسرِ اعلیٰ .

کور (۲) (وج) امث .
۱. کنارا ، نگر ، سرا .۲. (i) ناخن کا نوک دار ٹکڑا ، کھال کا ٹکڑا جو ناخنوں کے جڑوں میں ان کے گرد نکل آتا ہے ، کنی ، حاشیہ ، کپڑے کے کنارے پر بنی ہوئی پٹی جو عموماً ڈیڑھ انچ تک چوڑی ہوتی ہے . [س] .

کور (۳) (وج) صف .
اندھا ، بصارت سے محروم ، نابینا . [ف] .

کور چشم صف . اندھا ، نابینا ، جسے دکھائی نہ دے .

کور ذوق صف . بدمذاق ، بدذوق ، خوش مذاقی سے عاری ، حسِ لطیف سے عاری (باذوق کا نقیض) .

کورا (وج) صف (مث : کوری) .
۱. مٹی کا برتن جس میں پانی نہ ڈالا گیا ہو ، غیر مستعملہ ، آوے سے نکلا ہوا . ۲. بغیر دھلا (سوتی کپڑا) .۳. (کاغذ) بغیر لکھا ، صاف ، سادہ .۴. صاف (انکار کے لیے) ، کھرا ، قطعی .۵. بے بہرہ ، خالی .۶. صاف ، شفاف ، بے داغ ، جس پر میل یا دھبا نہ ہو ، کھلا ہوا (عموماً آسمان کے لیے) . ۷. نرا ، خالی ، محض .۸. نااہل ، بے صلاحیت .۹. ناتجربہ کار ، اناڑی . ۱۰. بن بیاہا ، کنوار ، کنواری ، اچھوتی .۱۱. پورا ، مکمل .۱۲. بے کیف ، بے مزہ . ۱۳. خشک ، سوکھا .۱۴. بے مروت ، بدلحاظ ، بے حیا .۱۵. پاک صاف . ۱۶. جس پر کسی قسم کا عمل نہ کیا گیا ہو ، بہ حالتِ اصلی . [س] .

کورا ہنڈا انذ. کنوارا یا کنواری، غیر شادی شدہ، جسے کسی نے ہاتھ نہ لگایا ہو.

کورا جواب مف. بالکل انکار، صاف منع، صاف جواب.

کورا صفحہ / کاغذ انذ. سادہ صفحہ یا کاغذ جس پر کچھ نہ لکھا گیا ہو؛ (مجازاً) کند ذہن، کج فہم، عقل و شعور سے نا آشنا.

کورانہ (وج، فت ن) مف؛ م ف.
۱. اندھوں کی طرح، نا سمجھوں جیسی. ۲. اندھا دھند، غیر عاقلانہ، بلا سوچے سمجھے.

کورانہ تقلید مث. اندھی پیروی، اندھا اعتقاد، کسی کے نقشِ قدم پر چلنا.

کورٹ (وج، سک ر) مث؛ انذ.
۱. کچہری، عدالت. ۲. صحن، انگنائی، احاطہ؛ کھیل کا میدان. ۳. دربار، شاہی عدالت، دیوان شاہی. [انگ].

کورٹ مارشل انذ. فوجی عدالت، جنگی یا جہازی افسروں یا ملازمین کے مقدمات فیصل کرنے والی عدالت.

کورٹ مارشل ہونا محاورہ. فوجی عدالت کے حوالے کیا جانا، فوجی عدالت سے سزا ملنا.

کورس (وج، سک ر) انذ.
۱. کسی درجہ کا مقررہ نصاب جس کی تکمیل پر طالب علم کو سند دی جاتی ہے، نصابِ تعلیم. ۲. کسی دوا وغیرہ کے استعمال کی مقررہ مدت. ۳. گھڑ دوڑ کا میدان، بازی گاہ، میدان. ۴. کھانے کی اشیا کا دور، دعوت وغیرہ میں یکے بعد دیگرے کھانوں کی پیش کش، کھانے کا سلسلہ. [انگ].

کورَس (وج، فت ر) انذ.
افراد کا مل کر گانا. [انگ].

کورَم (وج، فت ر) انذ.
کسی ادارہ، جماعت یا انجمن کی مجلس میں امور طے کرنے یا جلسہ ہونے کے لیے اس کے اراکین کی کم از کم مقررہ تعداد. [انگ].

کَورْن (ولین، سک ر) انذ.
غلہ، دانہ، اناج نیز اس کا پودا، تراکیب میں مستعمل. [انگ].

کورن فلاور/ فلور انذ. میدہ، آٹا، مکئی کا آٹا.

کورن فلیکس انذ. کٹا ہوا مکئی، ایک قسم کا دلیہ جو ناشتے کے طور پر استعمال ہوتا ہے.

کورنش (وج، سک ر، کس ن) مث.
جھک کر سلام کرنا، شاہی سلام جو بہت جھک کر کیا جاتا ہے، مجرا.

کورنش بجا لانا محاورہ. آداب بجا لانا، تعظیماً جھک جانا، تسلیم عرض کرنا، سلام کرنا.

کُوڑ (مع) مف؛ ~ کوڑھ.
کند ذہن، بے وقوف، احمق، پھوہڑ، کوڑھ مغز.

کوڑ مغز مف. بے وقوف، کند ذہن، غبی، بدسلیقہ، کمزور حافظے والا، کم عقل.

کوڑ (وج) انذ؛ ~ کوڑھ.
ایک مرض جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا گل کر ہڈی کا ساتھ چھوڑ دیتے ہیں، برص، جذام.

کُوڑا (مع) انذ.
۱. خس و خاشاک، گھاس پھوس، کچرا. ۲. کوڑا ڈالنے کی جگہ، کوڑے کا ڈھیر، کوڑی. ۳. (کنایۃً) ناقص چیز، خراب اور بے کار چیز. [س].

کوڑا کرکٹ انذ. ۱. کوڑا؛ بے کار، بے وقعت شے. ۲. بے کار چیز.

کوڑا ہونا محاورہ. ضائع ہو جانا، خراب ہو جانا، ناکارہ بن جانا.

کوڑا (وج) انذ.
سوار کے جانوروں خصوصاً اونٹ اور گھوڑے کو چلانے، مارنے یا سزا دینے کا ایک چابک جو عموماً چمڑے کے فیتوں کو گوندھ کر بنایا جاتا ہے، چابک، تازیانہ، سونٹا یا ڈنڈا جس میں لچک دار تسمے یا ڈوریاں لگی ہوں. [پ: س].

کَوڑی (ولین) مث.
۱. سمندر کے کیڑوں کے چھوٹے چھوٹے خول، ایک قسم کا چھوٹا صدف جو کسی زمانے میں خرید و فروخت کے سلسلے میں سکے کا کام دیتا تھا،

دیکھی زیورات میں بھی مستعمل تھا. ۲. (i) پرانے زمانے کا سب سے چھوٹا سکہ، (مجازاً) بہت تھوڑی پونجی، بہت معمولی رقم. (ii) رقم، نقدی، روپیہ پیسا، مال و دولت؛ (مجازاً) انعام، بخشش. ۳. (i) سینے کی ہڈی کے نیچے کا گڑھا جو فم معدہ کے اوپر ہوتا ہے، کولے اور پسلی کے درمیان کا حصہ جسم، فم معدہ. (ii) ٹیٹوا، گلے کا اُبھرواں حصہ. [س].

کوڑی کا صف: م ف. ا. بے قدر، معمولی، نکما، بے کار؛ ذلیل؛ ارزاں، بہت سستا؛ بے حیثیت. ۲. سودمند، کسی کام کا، کسی مصرف کا (نفی کے ساتھ).

کوڑی کوڑی اند. ایک ایک پیسا، ایک ایک پائی.

کوڑی کوڑی کا / کو محتاج صف. ایک ایک پیسے کو ترسنے والا، نہایت مفلس.

کوڑی کی عزت ہو جانا محاورہ. بے عزت ہو جانا، بے وقار و بے وقعت ہو جانا، بات بگڑ جانا.

کوڑی لانا محاورہ. بہت آگے کی سوچنا، دور اندیش ہونا.

کُوڑی (وسع) امث.
کوڑا خانہ، گھورا، جگہ جہاں کوڑا ڈالتے ہیں.

کوڑی کے دن پھرنا محاورہ. ناکارہ چیز کا کارآمد ہونا؛ ذلیل کا باعزت ہونا، گھورے کے دن پھرنا، بے قدر چیز کی قدر ہونا.

کوڑے (وج) اند.
کوڑا کی جمع (چابک، درہ)، تراکیب میں مستعمل.

کوڑے برسانا محاورہ. لگاتار کوڑے مارنا، سخت سزا دینا.

کوڑے کھانا محاورہ. بہت پٹنا، کوڑے کی سزا برداشت کرنا، کوڑے کی مار سہنا، سخت مصیبت اٹھانا.

کوڑے لگانا محاورہ. کوڑے برسانا، درے مارنا.

کوڑے مارنا ف مر؛ محاورہ. سخت سزا دینا، درے مارنے کی سزا بجا لانا، پٹائی کرنا.

کَوڑیا (ولین، کس ج نیز سک ژ) صف.
جو کوڑیاں پہنے ہوئے ہو یا کوڑیوں سے ڈھکا ہوا ہو.

کَوڑیا لا / کوڑیالہ (ولین، کس ج نیز سک ڈ / فت ل) (الف) صف مذ. ا. چتکبرا سانپ، سفید اور سیاہ بندکیوں والا. ۲. (کنایۃً) مال دار متموّل، دولت مند. (ب) اند. ایک سفید چتیوں والا کالا سانپ جو نہایت زہریلا ہوتا ہے.

کوڑیوں (ولین، کس ج نیز سک ڑ، وج) امث؛ ج.
کوڑی کی جمع؛ مرکبات میں مستعمل.

کوڑیوں کے مول م ف؛ صف. نہایت سستا، ارزاں، بے قدر و قیمت.

کوڑیوں کے مول بکنا محاورہ. بہت سستا بکنا، مفت بکنا، بے قدری کے ساتھ فروخت ہونا.

کوڑیوں کے مول بیچنا محاورہ. نہایت ارزاں فروخت کرنا، بہت سستا بیچنا.

کوڑیوں میں م ف. بہت سستا، معمولی خرچ یا کم لاگت میں.

کوڑِیوں (وج، کس ج نیز سک ڑ، وج) صف؛ م ف.
بیسیوں، بہ کثرت، بہت زیادہ، بہتات، کثیر.

کُوڑھ (وسع) صف؛ اند.
احمق، نادان، بیوقوف.

کوڑھ مغز صف. کم عقل، کند ذہن، بیوقوف، نادان، موٹی عقل والا.

کُوڑھ (وج) اند؛ امث؛ ← کوڑ.
ایک خبیث مرض جو فساد خون سے عارض ہوتا ہے اور اس میں یا بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں وغیرہ جھڑنے لگتی ہیں، جذام نیز برص؛ (مجازاً) ایسی علت جو بدن کو بد بنا دے. [س].

کوڑھ پڑ جانا محاورہ. جذام یا برص کی بیماری میں مبتلا ہو جانا (عموماً بددعا کے طور پر کہتے ہیں).

کوڑھ میں کھاج کہاوت. مصیبت پر مصیبت، آفت پر آفت، مشکل در مشکل، ستم بالائے ستم.

کوڑھی (وج) صف.
کوڑھ کے مرض میں مبتلا شخص، کوڑھ کا مریض، جذامی، مبروص.

کُوزَہ (۱) (وسع، فت ز) اند.
خمیدہ پشت، کبڑا، مرکبات میں مستعمل. [ف].

کُوزَہ (۲) (وسع، فت ز) امذ.
۱. (i) آب خورہ، پانی پینے کا چھوٹا ظرف جو چوڑے منھ کا ہوتا ہے. (ii) مٹی کا برتن ۲. مصری کا کوزہ، کوزہ میں جمایا ہوا شکر کا ڈلا. [ف].

کوزہ گر امذ. کوزہ بنانے والا، مٹی کے برتن بنانے والا، کوزہ ساز، کمہار، کاسہ گر.

کوزہ گری امث. مٹی کے برتن بنانے کا کام یا فن، کمہار کا پیشہ.

کُوزے (وسع) امذ: ج.
کوزہ کی جمع یا مغیرہ حالت: مرکبات میں مستعمل.

کوزے میں دریا بند کرنا محاورہ. کسی طویل مضمون کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا، چھوٹی چیز میں بڑی چیز کو سمونا.

کُوس (وسع نیز وج) امذ.
نقارہ، دھونسا، طبل. [ف].

کوس (۱) (وج) امذ.
۱. راستے کی ایک حد معین کا نام جس کی لمبائی بعض کے نزدیک دو میل کے برابر اور بعض کے نزدیک چار ہزار یا تین ہزار گز ہے، رائج الوقت گز کے مطابق ۲۳۴۲ ۱/۳ گز کا کوس مانا گیا ہے (مختلف علاقوں میں مختلف پیمائش ہوتی ہے)، فرسخ کا تیسرا حصہ. ۲. پتھر یا نشان جو فاصلے کا اندازہ کرنے کے لیے لگائے جاتے ہیں، سنگِ میل، سنگ نشان. [س].

کوس (۲) (وج) امذ.
آستین کا جوڑ، آستین کا کف، کلائی بھر کا زائد کپڑا جو کسی کمی کی وجہ سے یا خوب صورتی کے لیے آستین میں الگ سے سلواتے ہیں، آستین پر کٹی ہوئی پٹی. [س].

کوس پڑنا محاورہ. آستینوں کے آگے جوڑ ڈالا جانا تاکہ طول بڑھ جائے، کف لگنا.

کوس (۳) (وج) امذ.
کوسنا کا فعلِ امر اور حاصل مصدر، مرکبات میں مستعمل.

کوس کوس کر/کے کھا جانا/کھانا محاورہ. بد دعائیں دے دے کر تباہ کر ڈالنا.

کوسْنا (الف) (وج، سک س) (الف) امذ.
بد دعا. (ب) ف م. بد دعا دینا، برا بھلا کہنا. [س].

کوسْنے (وج، سک س) امذ: ج.
کوسنا کی جمع یا مغیرہ حالت؛ مرکبات میں مستعمل.

کوسنے دینا محاورہ. بد دعائیں دینا، بہت برا بھلا کہنا.

کوسوں (وج، وج) (الف) امذ: ج.
بہت سے کوس، میلوں؛ کوس کی جمع (تراکیب میں مستعمل). (ب) م ف.
بہت دور تک، دور دور تک.

کوسوں دور م ف. الگ تھلگ، بہت دور.

کوسوں دور بھاگنا محاورہ. بہت دور رہنا، بے تعلق رہنا.

کوسوں دور رہنا محاورہ. پاس نہ پھٹکنا، وحشت کرنا، بچنا، الگ رہنا.

کوسَہ (وج، فت س) امذ.
شخص جس کی ڈاڑھی نہ ہو یا تھوڑی سی ڈاڑھی صرف ٹھوڑی پر ہو اور رخساروں پر نہ ہوں، چھدری ڈاڑھی والا. [ف].

کوش (وج) صف.
مرکبات میں جزو آخر (لاحقہ) کے طور پر آ کر، کوشش کرنے والا، محنت کرنے والا یا اقدام کرنے والا کے معنی دیتا ہے. [ف].

کوشاں (وج) صف: امذ.
کوشش کرنے والا، سعی کرنے والا، تگ و دو کرنے والا، دوڑ دھوپ کرنے والا.

کوشِش (وج، کس ش) امث.
سعی، دوڑ دھوپ، جدوجہد.

کوشَک (وج، فت ش) امذ.
قصر، محل، ایوان، اونچی عمارت. [ف].

کوفت (وج، سک ف) امث.
۱. ضرب لگانا، کوٹنا، کٹائی، ٹھکائی، ضرب. ۲. کبیدگی، رنجیدگی. ۳. مایوسی، افسوس، بے کیفی. ۴. تھکن، تکان، ماندگی. ۵. الجھن، پریشانی، دردسری. ۶. برتن وغیرہ کی سطح پر فولادی قلم کی نوک سے پھول پتے کھودنے اور ان کو سونے چاندی سے بھرنے کا کام. [ف].

کوفت اُٹھانا محاورہ. تکلیف یا صدمہ برداشت کرنا، مصیبت سہنا.

کوفت آمیز صف. تکلیف دہ، ملال انگیز.

کوفتہ (و مج، سک ف، فت ت) (الف) صف.
ا. کوٹا ہوا. ۲. (i) مارا پیٹا ہوا، چوٹ کھایا ہوا؛ تھکا ماندہ. (ii) آسیب رسیدہ، آزار کشیدہ، رنج دیدہ. (ب) اند. کٹے ہوئے یا معمولی پسے ہوئے گوشت میں مسالے ملا کر بنائے ہوئے گولے اور ان کا سالن، قیمہ کے گول کباب اور ان کا سالن. [ف].

کوفتہ کرنا محاورہ. کوٹنا، ٹکڑے ٹکڑے بنا ڈالنا، ریزہ ریزہ بنا دینا، پچکا دینا.

کوفتہ ہونا محاورہ. ا. کوفتہ بننا، کباب بننا. ۲. ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پس جانا.

کُوفی (و مع) صف؛ اند.
ا. کوفے کا رہنے والا، کوفے کا باشندہ؛ (مجازاً) بے وفا اور سنگ دل شخص. ۲. عربی رسم تحریر کا ایک طرز جو کوفے کی طرف منسوب ہے، خط کوفی.

کُوک (۱) (و مع) مث.
ا. دل خراش آواز، غم بھری آواز، چیخ، جھلاہٹ. ۲. سریلی آواز، میٹھی آواز، خوش الحانی، آواز یا گانے میں مٹھاس ہونا. ۳. کوئل، مور اور فاختہ وغیرہ کی آواز.

کوک پڑنا محاورہ. رونے پیٹنے کی آواز بلند ہونا، گریہ و زاری کا شور ہونا.

کُوک (۲) (و مع) مث.
کسی کل مشین کا شور یا آواز، گھنٹے یا گھڑی وغیرہ کی کمانی یا چکر کا لپٹاؤ جو چابی کے ذریعے سخت کیا جاتا ہے، اس کی قوت سے یہ آلے چلتے ہیں، فنر کا لپیٹ، چابی، کنجی.

کوک (۱) (و مج) اند.
عورتوں سے محبت، عیاشی، شہوت، عورت سے لذت اُٹھانا. [س].

کوک شاستر اند. کتاب جس میں عورتوں کی اقسام، عیب و خوبی اور ان سے مجامعت اور لطف اندوزی کے طریقے وغیرہ درج ہوں، بھوگ بلاس.

کوک (۲) (و مج) مث.
دیکھیے: کوکھ.

کوک جلی صف. دیکھیے: کوکھ جلی.

کوکا (۱) (و مج) اند؛ مث.
دودھ شریک بھائی، دودھ پلانے والی (انا، دائی) کا لڑکا.

کوکا (۲) (و مج) اند.
ا. پتلی کیل، چھوٹی پریگ، پھلی دار کیل. ۲. (عور) ناک میں پہننے کا زیور جو پھلی دار کیل نما ہوتا ہے. [س].

کوکا بیلی اند. گل نیلوفر.

کوکا (۳) (و مج) اند.
ایک درخت جس کی پتیاں دواؤں میں استعمال کی جاتی ہیں، اس سے کوکین بھی حاصل کی جاتی ہے. [انگ].

کَوکَب (ولین، فت ک) اند.
ستارہ، تارا. [ع].

کَوکَبہ (ولین، فت ک، ب) اند.
ا. ستارہ. ۲. شان و شکوہ، کروفر، حشمت و فوج. ۳. (مشعلچی) بلندی پر لٹکا ہوا گیس یا بجلی کی روشنی کا ہنڈا.

کَوکَبی (ولین، فت ک) مث.
ثوابت یا بروج سے متعلق.

کَوکْ ٹیل (ولین، سک ک، ی مج) مث.
دیکھیے: کاک ٹیل. [انگ].

کُوکْنا (۱) (و مع، سک ک) ف ل.
ا. (i) کوئل کا بولنا. (ii) قمری اور فاختہ کا بولنا. (iii) پرندوں کا چہچہانا (iv) مور کا چیخنا. ۲. چیخنا، نالہ و زاری کرنا، درد کی آواز نکالنا. [س]

کُوکنا (۲) (و مع، سک ک) ف م.
گھڑی یا مشین کو چابی دینا.

کُوکَنار (و مع، فت ک) اند.
خشخاش کا ڈوڈا، پوست خشخاش جو بطور دوا اور مختلف طریقے سے ہلکے نشے کے لیے استعمال ہوتا ہے، پوست کا ڈوڈا، پودا. [س].

کوکنی (وج، کس ک) صف۔
چھوٹا، ننھا، خرد؛ ادنیٰ درجے کا، گھٹیل، گھٹکا۔ [س]۔

کُوکُو (مع، مع) مث۔
۱۔ فاختہ، قمری اور کوئل وغیرہ کی آواز۔ ۲۔ کبوتر اُڑاتے وقت کبوتر باز کی آواز۔ [حکایت الصوت]۔

کوکو کرنا محاورہ۔ نالہ و زاری، فریاد کرنا، چیخنا، چلانا، پکارنا۔

کوکو (وج، وج) مث۔
قہوہ، ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ [انگ]۔

کوکہ (وج، فت ک) مذ؛ مث۔
رضاعی بھائی یا بہن۔ [ت]۔

کوکین (وج، ی مع) مث۔
ایک نشہ آور اور سن کر دینے والی دوا جو سفید سفوف ہوتا ہے۔ [انگ]۔

کوکھ (وج) مث۔
۱۔ پہلو کے نیچے کی جگہ جہاں ہڈی نہیں ہے۔ ۲۔ کسی چیز کا پہلو، کنارہ۔ ۳۔ پیٹ، شکم، بطن۔ ۴۔ (مجازاً) اولاد۔ ۵۔ بچہ دانی، رحم، گربھ۔ [پ: س]۔

کوکھ اُجاڑنا محاورہ۔ تباہ و برباد کر دینا، بچوں کو قتل کر دینا، ختم کر دینا۔

کوکھ اُجڑ جانا / اجڑنا محاورہ۔ اولاد کا مر جانا، نسل ختم ہو جانا نیز تباہ و برباد ہو جانا۔

کوکھ آباد رہے فقرہ۔ (عور) ایک دعا اولاد زندہ رہے۔

کوکھ جلی صف مث۔ عورت جسے اولاد کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو؛ بد دعا کے طور پر بھی بولتے ہیں، کوکھ اُجڑی۔

کوکھ خالی ہونا محاورہ۔ اولاد کا وفات پانا، اولاد سے محروم ہو جانا۔

کوکھ کی آگ / آنچ مث۔ ماں کی ممتا، مادری محبت۔

کوکھ کی آنچ سہی جاتی ہے پیڑو کی آنچ نہیں سہی جاتی کہاوت۔ اولاد کے مرنے پر صبر آجاتا ہے مگر خاوند کی موت برداشت نہیں ہوتی۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا محاورہ۔ سہاگن اور صاحب اولاد ہونا۔

کوکھ ہری ہونا محاورہ۔ حمل قرار پانا، بچے پیدا ہونا۔

کول (وج) مذ۔
کوئلہ (پتھر کے کوئلہ کے مفہوم میں بات چیت میں مستعمل)، اردو میں کوئلہ لکڑی اور پتھر دونوں کے لیے مروج۔ [انگ]۔

کول تار مذ:- کولتار، رال، قیر لک کا تیل، تارکول۔

کَولا (ولین نیز وج) مذ۔
۱۔ دروازے کے ادھر اُدھر کی دیوار، دروازے کے دونوں پہلو، پاکھے کا سرا۔ ۲۔ چولھے کے دروازے کا وہ حصہ جس میں لکڑیاں یا ایندھن ڈال کر جلاتے ہیں اور جو دو چھوٹی دیواروں پر مشتمل ہوتا ہے، چولھے کے دہن کا بغلی حصہ، پکھوائی۔ ۳۔ (مجازاً) کونا، گوشہ، کنارہ۔ ۴۔ اناج کی پولی جو کاٹنے والے کو دی جائے۔ ۵۔ دونوں باہوں کا حلقہ کولی، بغل، گود، آغوش۔ ۶۔ چھوٹا سنگترا، نارنگی کی ایک قسم۔ [س]۔

کولا (وج) مذ۔
دیکھیے: کوئلا / کوئلہ۔

کولا ہونا محاورہ۔ جل کر سیاہ پڑ جانا، کوئلے کی مانند ہو جانا۔

کُولا (مع) مذ۔
انسان کی پیٹھ کی طرف ران کے اوپر کا حصہ، کمر بند باندھنے کی جگہ، پٹھا، سرین، چوتڑ۔ [س]۔

کولا اُترنا محاورہ۔ کولھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔

کولا مٹکانا محاورہ۔ مٹک کر چلنا، ناز و انداز سے چلنا۔

کولا ہلانا محاورہ۔ حرکت کرنا۔

کولاب (وج) مذ۔
تالاب، جھیل، چشمہ۔ [ف]۔

کولتار (وج، سک ل) مذ۔
پتھر کے کوئلے سے کشید کیا ہوا سیاہ رنگ کا مادہ۔ [انگ]۔

کولڈ (وج، سک ل) صف۔
ٹھنڈا، سرد (تراکیب میں مستعمل)۔ [انگ]۔

کولڈ اسٹوریج مذ۔ برف خانہ، سرد خانہ۔

کولڈ ڈرنک مذ۔ ٹھنڈا مشروب۔

کولڈ وار مث۔ سرد جنگ، شدید مخالفت جس میں حریف کو اقتصادی

طور پر نقصان پہنچانے کے لیے پروپیگنڈہ کیا جائے ۔

کُولَر (وسع ، فت ل) اند ۔
پانی یا مکان کے کمروں کو ٹھنڈا کرنے کی مشین ، خنک ساز ۔ [انگ] ۔

کونسا / کونسہ (وج ، سک ل / فت س) اند ۔
کوئلہ ۔ [س] ۔

کولَن (وج ، فت ل) اند ۔
ایک تحریری علامت جس میں اوپر تلے دو نقطے (:) ہوتے ہیں ، تفصیل و اقتباس کی علامت ، وقف توضیحی ؛ تفصیلیہ ، رابطہ ۔ [انگ] ۔

کَولی (ولین) مث ۔
دونوں ہاتھوں کا حلقہ ، آغوش ۔

کولی بھرنا محاورہ ۔ ا ۔ دونوں ہاتھوں سے گھیر کر بیچ میں لینا ، آغوش میں لینا ۔ ۲ ۔ (کشتی) حریف کی کولی کو ہاتھ کے الٹیٹ سے پکڑ لینا اور پھر داؤ کرنا یا اچکا کر گرا دینا ۔

کُولے (وسع) اند : ج ۔
دیکھیے : کولا کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ۔

کولے سے آلگنا محاورہ ۔ پہلو سے لگ کر بیٹھ جانا ؛ لڑکی کا ناراض ہو کر میکے میں آ جانا ، گھر میں بیٹھ جانا ۔

کولے سے لگانا محاورہ ۔ بے جا حمایت کرنا ، پناہ دینا ؛ پاس رکھنا ، پاس بلا لینا ۔

کولے مٹکانا محاورہ ۔ اٹھلا کر چلنا ، ناز و انداز سے چلنا ۔

کَولیسٹرول (ولین ، ی ج ، سک س ، کس ج ٹ ، ولین) مث ۔
ایک قسم کی الکحل جو جسم کے خلیوں اور مائعات میں پائی جاتی ہے اور جس سے شریانوں میں سکڑن کا عمل پیدا ہوتا ہے ۔ [انگ] ۔

کُولہا (وسع) اند :- کولھا ۔
دیکھیے : کولا ، انسان کی پیٹھ کی طرف ران کے اوپر کا حصہ ۔

کولھو (وج ، وسع) اند ۔
ا ۔ تیل نکالنے کی قدیم وضع کی کل جو ایک بھاری موسل والی بڑی اوکھلی کی وضع کی ہوتی ہے ، اس موسل کو ایک بیل گھماتا ہے جس سے تلہن کچلی جاتی ہے اور تیل نکل آتا ہے ۔ ۲ ۔ (کاشت کاری) زمین ہموار کرنے کا بیلن کی شکل کا ہل ۔ [س] ۔

کولھو کا بیل صف مذ ۔ ا ۔ بیل جو کولھو میں جوتا جائے ؛ (مجازاً) ایک ہی جگہ چکر کھانے والا ، گھوم پھر کر اسی جگہ لوٹ آنے والا ، آگے نہ بڑھنے والا ؛ سخت محنت کے باوصف دین و دنیا سے بے خبر ۔ ۲ ۔ (مجازاً) ہر وقت کام میں لگا رہنے والا ، بہت زیادہ محنتی ۔

کولھو کا بیل بنانا محاورہ ۔ انتہائی کام لینا ، مستقل کام کرانا ۔

کولھو کے بیل کی طرح چلنا محاورہ ۔ نہایت محنت اور مشقت کا کام کرنا ، مصیبت اٹھانا ، غلاموں کی طرح کام میں لگا رہنا ، دن رات کام میں لگا رہنا ۔

کولھو میں پیلنا محاورہ ۔ ا ۔ کولھو میں ڈال کر تیل یا رس نکالنا ۔ ۲ ۔ سخت اذیت دینا ، دکھوں میں مبتلا کر کے مار ڈالنا ، سزائے موت دینا ۔

کُولھے (وسع) اند : ج ۔
دیکھیے : کولھا کی جمع نیز مغیر بحالت (تراکیب میں مستعمل) ۔

کولھے سے لگنا محاورہ ۔ نزدیک رہنا ؛ حمایت میں آنا ، پناہ میں ہونا ناراض ہو کر حمایتی کے پاس پہنچنا ۔

کوما (۱) (وج) اند ۔
(قواعد) عبارت میں ٹھہراؤ کے لیے ، فقرے کی حد بندی کرنے والی علامت ، مختصر وقفہ ۔ [انگ] ۔

کوما (۲) (وج) اند ۔
(طب) وہ بیماری جس میں آدمی بظاہر مردہ نظر آتا ہے ، سکتہ ، طویل بے ہوشی ، غیر طبعی گہری نیند ، غفلت کی نیند ، گہری غنودگی ۔ [انگ]

کوما میں چلا جانا محاورہ ۔ (طب) ہوش سے بے ہوشی کی حالت میں ہو جانا ، بے ہوش ہو جانا ۔

کومَل (وج ، فت م) (الف) صف ۔
نازک ، نرم ، لطیف ، ملائم ۔ (ب) اند ۔ (موسیقی) ہلکا سُر ، اُترا سُر ، وہ سُر جو سدھ سُر سے ایک درجے نیچے اتارا ہوا ہو ۔ [س] ۔

کومَلتا (وج ، فت م ، سک ل) مث ۔
نزاکت ، لچکیلا پن ، خوب صورتی ۔

کَون (۱) (ولین) اند ۔
ا ۔ ہونا ، ہستی ، وجود ، تخلیق ، نئی چیز پیدا ہونا ۔ ۲ ۔ دنیا ، جہاں ، عالم ۔ [ع]

کون و مکاں اند ۔ دنیا ، جہاں ، عالم ۔

کَون (۲) (ولین) صف.

ا.کسی شخص یا ذات کی حیثیت و نوعیت معلوم کرنے کے لیے کلمہ استفہام (ذوی العقول کے لیے مستعمل) .۲.کسی شے کی حیثیت ، نوعیت ، مقدار معلوم کرنے کے لیے سوالیہ کلمہ ، کلمہ استفہام (برائے غیر ذوی العقول) .۳.مشتبہ حالت میں کسی کو ٹوکنے اور روکنے کا کلمہ . ۴.حقیقت ، حیثیت معلوم کرنے کا کلمہ ، حقیقت کیا ہے؟ کیا چیز ہے؟ کی جگہ مستعمل .۵.کون سا کی جگہ مستعمل .۶.کیا .۷.کوئی .۸.اظہار نفی کے لیے ، استفہام ، انکاری ، کوئی نہیں .۹. (استفسار کے لیے) کوئی ہے (بے مثل و بے مانند ظاہر کرنے کے لیے یعنی کوئی نہیں) .۱۰.کتنا (کتنی ، کتنے) (ظرف زماں کے ساتھ) .۱۱.کیسا (کیسی ، کیسے) .۱۲. کسی فعل کے ساتھ اس کی نفی کے لیے بحالت متکلم ، یعنی میں یا ہم ایسا نہیں کرتے یا کریں گے کی جگہ ، کسے غرض پڑی . [پ:س].

کون بشر ہے فقرہ.ہم نہیں جانتے .

کون جانے فقرہ.خدا معلوم ، کسے خبر ، کسی کو نہیں معلوم ، کوئی نہیں جانتا .

کون سا صف مذ.ا.کسی مجموعے میں سے کسی ایک کے متعلق استفسار یا تخصیص وتعین کے لیے استفسار .۲.کیا ، کوئی نہیں کی جگہ مستعمل .

کون سی مت.کون سا ، جس کی تانیث ہے .

کون سی چکی کا پسا / پیسا کھایا ہے فقرہ.کس چکی کا کھایا ہے ، عموماً موٹے آدمی کی نسبت کہتے ہیں .

کون سی حدیث میں آیا ہے فقرہ.کس قاعدے اور قانون سے جائز ہے یعنی یہ بات درست نہیں .

کون سی کسر باقی رکھی ہے فقرہ.کیا کچھ نہیں کیا ، سب کچھ کر ڈالا ، چھوڑا کیا .

کون سے لعل لگے ہیں فقرہ.کیا خاص بات ہے ، کیا خوبی ہے ، کوئی خوبی نہیں .

کون کتنے پانی میں ہے فقرہ.کس کی کیا حیثیت ہے ، کیا وقعت ہے ، کیا مرتبہ ہے ، کتنی اہمیت ہے ، معلوم ہو جائے گا .

کون کسی کے ساتھ مرتا ہے کہاوت.کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا ، مرنے والے سے لاکھ محبت ہو کوئی اس کے ساتھ نہیں جا سکتا ، کوئی کسی کے ساتھ نہیں مرتا ، سب لاچار ہیں .

کون کہتا ہے کہاوت.ایسا کرنے کو کسی نے نہیں کہا ، ایسا نہیں کرنا چاہیے ، میں نہیں کہتا ، کوئی نہیں کہہ سکتا ، کسی کی مجال نہیں کہ کوئی کچھ کہہ سکے ، کس نے کہا ، اگر کوئی کہتا ہے تو غلط کہتا ہے .

کون ہوتا ہے فقرہ.کیا تعلق ہے ، کیا رشتہ ہے .

کون ہو/ ہوں/ ہے کلمۂ استفہام.کیا لگتا ہے ، کیا رشتہ ہے ، کیا تعلق ہے (واسطے ، حیثیت اور رشتہ کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے) .

کون ہے فقرہ.ہے کوئی ایسا ، کوئی نہیں .

کون (وج) مت.

ا.(لفظاً) مخروطہ ؛ (کنایۃً) آئس کریم کی ایک قسم جو بسکٹ کی بنی ہوئی تکون یا قیف میں بھری ہوتی ہے ، کون آئس کریم .۲.مخروطی ٹھوس شکل کی ڈھیری بانٹ جو دھرے کی گرفت کے لیے سائیکل وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے . [انگ].

کونا (وج) امذ؛ ~ کونہ.

ا.گوشہ ، زاویہ ، کھونٹ .۲.سرا ، کنارہ .۳.مکان وغیرہ کا چھوٹا سا حصہ ، الگ تھلگ مقام ، تنگ مکان ، گوشہ .۴.طرف ، جانب .۵.پوشیدہ مقام ؛ مکان کا وہ حصہ جہاں ہر ایک کی نظر نہ پہنچ سکے .۶.ٹھکانا . [س].

کونا کترا/ کھترا/ کھدرا امذ.بل ، سوراخ ، کونا ، پوشیدہ اور خالی جگہ .

کونا کونا چھان ڈالنا/ چھاننا/ مارنا محاورہ.خوب تلاش کرنا ، ہر جگہ ڈھونڈنا .

کونپل (وج ، مغ ، فت پ) امث.

کوپل ، شگوفہ ، کلی ، پتی جو تازہ پھوٹی ہو . [س].

کونپل آنا/ پھوٹنا محاورہ.نئے نئے پتے نکلنا ، کلیاؤ ہونا .

کُونج (وم ، غنہ) امث.

کلنگ کی ایک قسم ، ایک آبی پرندہ ، جو سردی کے موسم میں پاک و ہند میں آتا اور قطار بنا کر اڑتا ہے . [س].

کُونجی (وم ، مغ) امث.

ا.مکان کی دیواروں پر سفیدی پھیرنے کا مونجھ وغیرہ کا بنا ہوا برش نما آلہ نیز گھوڑے کا بدن صاف کرنے کا برش ، کوچی .۲.(مجازاً) موقلم ،

تصویر میں رنگ بھرنے کا برش.

کونجی بھرنا محاورہ. کسی سیال شے کا برش کے ذریعے لگایا جانا، لیپ کیا جانا، پلستر ہونا.

کونجی پھیرنا محاورہ. کسی سیال کا برش کے ذریعے لگانا، لیپ کرنا.

کَونْد (ولین، غنہ) امث.

(بجلی کی) چمک، بجلی کا لپکا، آنکھوں کو خیرہ کرنے والی روشنی، نیز چمک دمک.

کَونْدا (ولین، مغ) اند.

بجلی کی چمک بالخصوص جس میں آواز نہ ہو، روشنی کا لپکا، جو اکثر برسات میں ہوتی ہے؛ (کنایۃً) ہر وہ روشنی جو اچانک چمکے اور غائب ہو جائے.

کَونْدنا (ولین، غنہ، سک د) ف ل.

بجلی چمکنا، بجلی کا لپکنا.

کُونْڈا (ومع، مغ) اند.

ا. تسلے کی طرح کا مٹی یا دھات وغیرہ کا گول کم گہرا برتن. ۲. (مجازاً) نذر نیاز کی تقریب جس میں مٹھائی حلوہ وغیرہ جسے عموماً کونڈوں میں رکھتے ہیں، نذر، نیاز (خصوصاً امام جعفر صادق کی نیاز جو اکثر رجب کے مہینہ کی ۲۲ اور ۲۷ تاریخ کو ہوتی ہے، جمع میں مستعمل).

کونڈا کر دینا محاورہ. تباہ و برباد کر دینا، ختم کر دینا، بہت زیادہ نقصان پہنچانا.

کونڈا کرنا محاورہ. ا. کسی بزرگ کے نام کی نذر دلانا. ۲. نقصان پہنچانا، دیوالیہ نکال دینا.

کونڈا ہونا محاورہ. ا. کونڈا کرنا کا لازم؛ نیاز ہونا. ۲. نقصان ہونا، دیوالیہ نکل جانا.

کُونْڈی (ومع، مغ) امث.

ا. دیکھیے: "کونڈا تسلے کی طرح کا برتن؛ بھنگ گھوٹنے کا برتن. ۲. مٹی اینٹ وغیرہ سے بنا ہوا چھوٹا حوض نیز حسب ضرورت لمبائی چوڑائی کی چار دیواری جس کے اندر کوڑا کرکٹ پھینکتے ہیں.

کونڈی سونٹا اند. بھنگ گھوٹنے کے آلات، پیالہ اور ڈنڈا وغیرہ.

کُونْڈے (ومع، مغ) اند؛ ج.

"کونڈا" کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل)؛ نذر و نیاز یا اس کا سامان.

کونڈے کا آشنا اند. لالچی، مطلب کا دوست، کھانے کا یار.

کونڈے کرنا محاورہ. کسی کے نام کی نیاز دلوانا.

کُونْڑ (ومع، مغ) اند.

(کاشت کاری) بیج بونے کے لیے ہل کی نوک سے بنائی ہوئی نالی ہل کے پھل کا دیا ہوا شگاف.

کَونْسِل (۱) (ولین، سک ن، کس نیز فت س) امث.

انجمن مشاورت نیز مجلس، جماعت ۲. وائسرائے اور اس کے مشیروں کی جماعت اور اس کا اجلاس. ۳. (i) کسی ملک یا علاقے کی دستور ساز جماعت، ایوان، نمائندگان، اسمبلی. (ii) وہ جماعت جو کسی راجہ نواب کی نابالغی کے زمانے میں ریاست کا انتظام کرتی ہے ۴. (مجازاً) مشورہ کرنے کی جگہ.

کَونْسِل (۲) (ولین، سک ن، کس نیز فت س) (الف) امث.

ا. صلاح مشورہ، تجویز، چند آدمیوں کا مل کر کسی بات کو طے کرنا ۲. منصوبہ، تدبیر. (ب) اند. ا. پیروکار کر، وکیل، مشیر قانونی، سفیر، قونصل نیز وہ برطانوی افسر جو کسی دوسرے شہر میں تجارتی معاملات کی نگرانی کرتا ہے ۲. قدیم روما میں چیف مجسٹریٹ کو کہتے ہیں. [انگ].

کَونْسُل (۳) (ولین، سک ن، ضم س) امث.

قونصل، نائب، کارپرداز (جو ممالک غیر میں کسی سلطنت کی طرف سے اپنی رعایا اور تجارت کے حقوق کی نگرانی کے لیے مقرر ہوتا ہے) سفیر سے کم درجے کا عہدہ دار، تراکیب میں مستعمل. [انگ].

کونسل خانہ اند. قونصل خانہ، سفارت خانہ.

کَونْسَلَر (ولین، غنہ، سک س، فت ل) امث.

ا. کسی مجلس مشاورت، اسمبلی یا ایوان نمائندگان کا رکن. ۲. مشیر، صلاح کار؛ قانونی مشیر، بیرسٹر. ۳. بلدیہ کا رکن. [انگ].

کَونْسُلَر (ولین، سک ن، ضم س، فت ل) اند.

قونصلر، سفیر، ایلچی، سفارت کار. [انگ].

کونَہ (وج، فت ن) اند.
طرف، کنار، گوشہ، زاویہ، جانب.

کونے (وج) اند؛ ج.
دیکھیے: کونا کی جمع اور مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

کونے کونے اند. ہر طرف، جگہ جگہ، جہاں تہاں.

کَونیات (ولین، سک ن) مف.
۱. کائنات کا علم، کائنات سے متعلق تحقیق کہ کس طرح وجود میں آئی، وہ علم جو وجود کائنات کے اسباب و علل سے بحث کرتا ہے.
۲. (مجازاً) دنیا، سوچ کا نیا انداز.

کَونَین (ولین، ی لین) اند؛ ج.
دونوں جہاں، دنیا و آخرت، دنیا اور عاقبت. [ع].

کَوّوں (فت ک، شدو، وج) اند؛ ج.
کوا (ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو ہندوستان و پاکستان میں عام ہے) کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

کووں کی برات مث. ۱. کووں کا ہجوم (اطفال). ۲. بے ڈھنگے آدمیوں کا مجمع، جس میں بہت زیادہ شور غل ہو، جہاں بے تکا شور غل ہو.

کووں کے کوسے / سے بیل / ڈھور نہیں مرتے کہاوت. کسی کے برا چاہنے سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا.

کوہ (وج) اند.
۱. پہاڑ، جبل، وہ سنگلاخ قطعہ جو زمین سے اونچا ہو. ۲. (کنایۃً) عظیم، بڑا. [ف].

کوہ الم گرنا محاورہ. بڑی مصیبت ٹوٹ پڑنا.

کوہ پیکر مف. پہاڑ جیسے جسم والا، بڑا، قوی جثہ.

کوہ پیما مف مذ. پہاڑ کی چوٹی تک پہنچنے والا، پہاڑ پر مہم کے طور پر چڑھنے والا.

کوہ پیمائی مث. پہاڑ کی چوٹی تک پہنچنا، پہاڑ کی چوٹی کو سر کرنا، پہاڑ پر چڑھنا.

کوہ سار / کوہسار اند. سلسلۂ کوہ، پہاڑوں کا سلسلہ، پہاڑی علاقہ، جہاں بہت سے پہاڑ ہوں.

کوہ ستان / کوہستان اند. پہاڑی علاقہ، وہ مقام جہاں پہاڑ بکثرت ہوں.

کوہ شکن مف. پہاڑ توڑنے والا، بہت طاقت ور، بہت زوردار، پرجوش؛ تباہ کن، تہ و بالا کر دینے والا.

کوہ صفا اند. مکۂ معظمہ کی ایک مشہور پہاڑی، یہ پہاڑی اس وقت بیت اللہ کے اندر ہے، اس کے مقابل تھوڑے فاصلے پر مروہ نامی پہاڑی ہے، ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان حاجی سعی کرتے ہیں.

کوہ طور اند. ملک شام کی وہ مشہور پہاڑی جس پر خداوند تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی تجلی دکھائی تھی، جس کے اثر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو گئے تھے اور کوہ طور جل کر سرے کی مانند سیاہ ہو گیا تھا.

کوہ قاف اند. ۱. ایک مشہور پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں، ریاست آرمینیا میں واقع ہے، یہاں کی عورتیں اپنی خوب صورتی کے لیے مشہور ہیں، اس پہاڑ سے بہت سی اساطیری روایتیں بھی وابستہ ہیں. ۲. (مجازاً) وہ جگہ جہاں انسان کا گزر ممکن نہ ہو، پرانے قصے کہانیوں میں پریوں کا مسکن بتایا جاتا ہے.

کوہ قاف کی پری مف مث. (مجازاً) خوب صورت و انتہائی حسین عورت.

کوہ کنی مث. پہاڑ کھودنا، سخت محنت، مشقت؛ کوشش، دشوار کام انجام دینا، ناممکن کام کر دکھانا.

کوہ نور اند. ایک مشہور ہیرے کا نام (جس کے برابر دنیا میں اب تک کوئی ہیرا نہیں ہے).

کوہ و دمن اند. پہاڑ اور پہاڑ کا دامن، وادی.

کوہان (وج) اند.
۱. اونٹ یا بیل وغیرہ کی پشت کا ابھرا ہوا حصہ. ۲. زین کے آگے اور پیچھے کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ، ہرنا. [ف].

کوہَچَہ (وج، سک ہ، فت چ) اند.
ابھری ہوئی زمین، ٹیلا، پہاڑی، ٹیکری، چھوٹا پہاڑ.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، وج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک = سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کوہسار (و ج ، سک ہ) اند : کہسار.
دیکھیے : کوہ سار.

کوہستان (و ج ، کس ہ ، سک س) اند.
دیکھیے : کوہ ستاں علاقہ یا سلسلہ.

کوہکن (و ج ، سک ہ ، فت ک) اند.
دیکھیے : کوہ کن.

کوئل (و ج ، کس ج ہ) امث.
سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ جو کوے سے بہت چھوٹا ہوتا ہے ، مگر اس کی دم کوے کی طرح لمبی ، اکثر آموں کے موسم میں نظر آتا ہے اور کو کو کی آواز لگاتا ہے . [س].

کوئلا/کوئلہ (و ج ، کس خف ہ، فت ل) اند.
جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور جو دوبارہ جلانے کے کام میں استعمال کیا جا سکتا ہے نیز کان سے نکلا ہوا وہ سیاہ نباتی مادہ جو جلانے کے کام آتا ہے اور عموماً پتھر کا کوئلہ کہلاتا ہے . [س].

کوئلوں (و ج ، کس خف ہ ، و ج) اند.
کوئلا کی جمع ، مرکبات و محاورات میں مستعمل.

کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے کہاوت. برے کام میں پڑنے کا انجام بدنامی ہے ؛ جس کام کے کرنے سے ناحق بدنامی ہو اس کی نسبت بولتے ہیں.

کوئی (و ج) صف.
۱. (i) ایک بھی (شے) . (ii) ایک بھی (شخص) . ۲. (i) نا معلوم یا معین شخص یا ذات ، ایک (شخص یا وجود) . (ii) غیر معلوم یا نامعلوم یا غیر معین شے ، بات یا امر ، ایک (چیز یا بات وغیرہ) . ۳. (استفہام انکاری کے لیے) کیا ، کیا ممکن ہے (یعنی نہیں) . ۴. (نفی کے لیے) کبھی نہیں ، ہرگز نہیں (بطور استفہام انکاری) . ۵. کسی طرح کا . ۶. کچھ بھی ، بالکل . ۷. تحقیر کے لیے . ۸. کچھ ، بعض (تعداد وغیرہ کے لیے) . ۹. کتنا ، کس قدر ، بڑا . ۱۰. حیثیت یا حقیقت یا مرتبہ وغیرہ معلوم کرنے یا معین کرنے کے لیے . ۱۱. صرف ، مشکل سے . ۱۲. کچھ ، چند ، (وقت یا زمانے کی کمی ظاہر کرنے کے لیے) . ۱۳. کچھ (رتبہ یا حیثیت کے لحاظ سے) ، اہم (شخص یا شے) . ۱۴. شاذ و نادر ، خال خال . ۱۵. (اظہار حیرت کے لیے) کیسا . [پ : س].

کوئی آگے نہ کوئی پیچھے کہاوت. لاولد ، بے اولاد ، جس کا کوئی والی وارث نہ ہو اس کی نسبت کہتے ہیں.

کوئی پوچھتا نہیں فقرہ. کوئی پرسان حال نہیں ، کوئی توجہ نہیں دے رہا ، کوئی خبر نہیں لیتا.

کوئی تو پوچھے گا کہاوت. کسی کو تو ضرور رحم آئے گا ، کوئی تو دریافت کرے گا.

کوئی جئے کہ مرے ان کو اپنے کام سے کام کہاوت. خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کو کسی کے رنج و راحت کی پروا نہ ہو ، کسی کے غرض مندانہ رویے کو ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں.

کوئی دم کا / کی مہمان صف. جلد رخصت ہونے والا ، عن قریب مرنے والا ، قریب بہ مرگ.

کوئی دن م ف. چند روز ، تھوڑے دنوں کے لیے.

کوئی دن جاتا ہے فقرہ. بہت جلد ، مستقبل قریب میں ، کچھ دیر نہیں لگے گی.

کوئی کل سیدھی نہیں کہاوت. ہر بات میں پیچ ہے ، کوئی پہلو ٹھیک نہیں.

کوئی کوئی صف : م ف. اکا دکا ، ایک آدھ ، خال خال ، شاذ و نادر.

کُوے (و مع) امث : اند.
کو (- کوچہ) جس کی یہ اضافی شکل ہے نیز کو + ے / ے (حرف اضافت ، مرکبات میں مستعمل. [ف].

کوے یار امث : اند. محبوب کی گلی ، دوست کا کوچہ.

کَوے (و لین بعد) اند.
کوا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ مرکبات میں مستعمل.

کوے اڑانا محاورہ. فضول شغل میں وقت گزارنا ، بے کاری میں وقت کاٹنا.

کوے کوسا کریں کھیت ہکا کریں کہاوت. ناحق کی بددعا کچھ اثر نہیں رکھتی.

کوے ہکنی مف: مث. وہ عورت جس کی خدمت کوے اڑانے کی ہو، نہایت ادنیٰ درجے کی ملازمہ، (اگلے زمانے کی ایک سزا تھی کہ راجا اپنی رانی سے ناراض ہو تو اس کا سر منڈوا کر کوے اڑانے کو بٹھا دیا کرتے تھے).

کویا (وج) اند - کویہ.
آنکھ کے ڈھیلے کا کنارہ، گوشۂ چشم. [س].

کوِیتا (فت ک، ی مع) مث :- کوتا.
شاعری، نظم، کلام. [س].

کَہ (فت ج ک) اند.
۱. کاہ کی تخفیف، مرکبات میں بطور جزو اول (سابقہ) مستعمل، جیسے: کہربا، کہکشاں وغیرہ. ۲. چھوٹا، کم رتبہ (عموماً "مہ" کے ساتھ مستعمل). [ف].

کِہ (کس ک) حرف، حرف بیان.
۱. یہ کسی بات کی وضاحت یا بیان کے لیے جملۂ بیانیہ کے شروع میں آتا ہے. ۲. "گویا"، "جیسے" کے محل پر. ۳. "جو" کے معنی میں. ۴. "یا" کی جگہ. ۵. چونکہ کے معنی میں. ۶. برائے علت و سبب، کیونکہ، اس لیے کہ، کی جگہ. ۷. "بلکہ" کے معنی میں. ۸. ناگاہ، اچانک، یکایک، فوراً، اسی دم کے معنوں میں. ۹. جملۂ معترضہ کی ابتدا میں. ۱۰. کسی بات کا نتیجہ ظاہر کرنے کے لیے. ۱۱. برائے تقابل (دو چیزوں کی صفات وغیرہ میں). ۱۲. برائے اظہار مقصد، تاکہ کے معنی میں.

کَہہ (فت ج ک) امر.
کہنا کا فعل امر، مرکب افعال و تراکیب میں مستعمل.

کہہ اٹھنا محاورہ. بے سوچے سمجھے کچھ کہہ دینا، بے اختیار کہہ دینا.

کہہ بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. فوراً کچھ کہنا (بیشتر برا بھلا کے معنی میں مستعمل).

کہہ سن رکھنا محاورہ. کسی کو فہمائش کرنا، وصیت کرنا.

کہہ سن کر / کہے م ف. سمجھا بجھا کر، بات چیت کر کے؛ منت کر کے، خوشامد کر کے.

کہہ لینا ف مر. کہنا کی تاکید یا تکمیل فعل کے لیے، کسی بات کو طے کر کے اس کا اظہار کر دینا.

کہہ مکرنی مث. ایک قسم کی پہیلی جس میں ایک بات کہہ کر اس سے مکر جاتے ہیں اور دوسرا مطلب بیان کرتے ہیں، گویا ایک ہی پہیلی کے دو جواب ہوتے ہیں اور دونوں صحیح ہوتے ہیں، مثلاً: وہ آوے تو شادی ہووے اس بن دوجا اور نہ بھاوے میٹھے لاگیں وا کے بول اے سکھی ساجن نا سکھی ڈھول.

کَہا (فت ک) اند.
۱. کہا ہوا، بات، قول، مقولہ. ۲. پیغام، فرمان، حکم.

کہا سنا اند. جو کچھ برا بھلا منہ سے نکلا یا کسی کی نسبت اپنے کانوں سے سنا ہو؛ خطا، قصور، جرم، تقصیر؛ گلہ، شکوہ.

کہا سنا معاف کرانا محاورہ. کسی سے اپنا قصور معاف کروانا، خطا بخشوانا (رخصت ہوتے وقت یا مرتے وقت).

کہا سنا معاف کرنا محاورہ. قصور معاف کرنا (کسی سے رخصت ہوتے وقت یا مرتے وقت کہتے ہیں).

کَہار (فت ک) اند.
ہندوؤں کا ایک نیچ خدمتی فرقہ جس کا کام پانی بھرنا، پانی پلانا، برتن مانجنا، ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنا ہے نیز اس فرقے کا فرد، مہرا، ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنے والا، ادنیٰ خدمت گار. [س].

کَہاری (فت ک) مث.
کہار کی مزدوری؛ ڈولی اٹھانے کی اجرت.

کَہالَت (فت ک، ل) مث.
سستی، کاہلی. [ع].

کَہاں (فت ک) حرف استفہام.
۱. کس جگہ، کس طرف، کدھر. ۲. کب. ۳. (استفہام انکاری کے لیے) نہیں. ۴. (مقابلے کے لیے دو چیزوں میں تفاوت یا دوری و بعد ظاہر کرنے کے لیے) کوئی نسبت نہیں، کچھ تعلق نہیں وغیرہ کے مفہوم میں. ۵. کیسے، کس طرح، کیوں، کیونکر. [س].

کہاں تک / تلک م ف. ۱. کب تک، کتنی دیر تک، کس عرصے تک، تا بہ کے. ۲. کتنی دور تک، کتنے فاصلے یا مسافت تک. ۳. کتنا، کس حد تک کس قدر.

کہاں راجہ بھوج اور کہاں گنگا / گانگلا / کنگوا / گانگنا / تیلی کہاوت. چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ، ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت، اچھے کا برے سے کوئی مقابلہ نہیں.

کہاں سے ٹپک پڑے فقرہ. اچانک کہاں سے آ پہنچے (اتفاقاً کوئی آ جائے تو کہتے ہیں).

کہاں سے کہاں م ف. ۱. کس مقام سے کس مقام تک، پستی سے بلندی تک یا بلندی سے پستی تک، بری حالت سے اچھی حالت تک یا اچھی حالت سے بری حالت تک (تبدیلی ظاہر کرنے کے لیے). ۲. بہت دور تک، بہت آگے. ۳. بہت دور، معلوم جگہ.

کہاں کا صف مذ. ۱. کیسا، کس کام کا. ۲. کس جگہ کا، کس علاقے کا. ۳. کس حیثیت کا، کس مرتبے کا، کیا حقیقت ہے (عموماً اظہار تحقیر کے لیے). ۴. کب، کون سا، کس زمانے کا (برائے نفی).

کہاں کا کہاں م ف: کلمۂ استفہام. ۱. کس کس جگہ، ہر جگہ. ۲. اظہار تعجب کے لیے، بطور انکار. ۳. کسی کو آنے یا جانے سے دفعۃً روکنے یا ڈانٹنے کے لیے.

کہاں کہاں م ف: کلمۂ استفہام. ۱. کس کس جگہ، ہر جگہ. ۲. اظہار تعجب کے لیے، بطور انکار. ۳. کسی کو آنے یا جانے سے دفعۃً روکنے یا ڈانٹنے کے لیے.

کہاں یہ کہاں وہ فقرہ. ان کا کیا مقابلہ، ان کا کوئی مقابلہ نہیں.

کَہانَت (فت نیز کس ک، فت ن) امث.

فال گوئی، غیب کی بات بتانا، پیش گوئی کرنا؛ وہ علم جس کے ذریعے پیش گوئی کرتے یا غیب کی باتیں بتاتے ہیں مثلاً علم نجوم وغیرہ. [ع].

کَہانی (فت ک) امث.

۱. (ادب) قصہ، افسانہ، داستان، حکایت. ۲. زندگی کا کوئی واقعہ یا واقعات، سرگزشت، بیتی ہوئی بات، حال احوال. ۳. پرانی بات، من گھڑت بات، بے بنیاد واقعہ.

کہانی سنانا ف مر: محاورہ. ۱. قصہ بیان کرنا، سرگزشت بیان کرنا، حال احوال بتانا. ۲. ذکر کرنا، یاد کرنا، یاد رکھنا.

کہانی گھڑنا ف مر: محاورہ. اپنے دماغ سے کوئی بات یا قصہ بنانا؛ قصہ گھڑنا، جھوٹ بولنا، ہرزہ سرائی کرنا، بے بنیاد بات کہنا.

کَہاوَت (فت ک، و) امث.

۱. (ادب) کسی واقعے یا قصے وغیرہ کا نتیجہ جو گنے بندھے الفاظ میں بطور مثال بیان کیا جائے، کوئی فقرہ، مصرع یا مقولہ جو بطور نظیر زبان اور مشہور ہو، مثل، ضرب المثل. ۲. قول، کہنا، بات. [س].

کَہْتَر (فت نیز ک، سک و، فت ت) صف.

زیادہ چھوٹا؛ کم تر؛ چھوٹا، ادنیٰ، بہت حقیر. [ف].

کَہْتَری (فت نیز ک، سک و، فت ت) امث.

۱. چھوٹا ہونا، خردی، چھوٹا پن؛ گراوٹ، گھٹیا پن، عاجزی.

کَہْتے (فت نیز ک، سک و) ف م.

کہنا کا حالیۂ ناتمام بہ حالتِ جمع یا مغیرہ مرکبات میں مستعمل.

کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی کہاوت. کسی کو کچھ کہنے سے باز نہیں رکھا جا سکتا، کسی کی زبان کو بند نہیں کیا جا سکتا، کہنے والے کو کوئی نہیں روک سکتا.

کُہْر (ضم ک، سک نیز فت و) امث: امذ.

فضا کے وہ آبی بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھندی پیدا کر دیتے ہیں، کہاسا، کہرا. [س].

کہر آلود صف. جس پر دھند چھائی ہوئی ہو، کہر میں ڈھانپا ہوا، دھند سے بھرا ہوا، دھندلا.

کہر پڑنا ف مر: محاورہ. کہر کا نظر آنا، کہر کا نمودار، اوس گرنا.

کُہْرا (ضم نیز ک، سک و) امذ.

دیکھیے: کہر.

کُہْرام (ضم نیز ک، سک و) امذ.

۱. بہت سے آدمیوں کی ایک ساتھ گریہ و زاری، رونا پیٹنا، بہت سے آدمیوں کا ایک ہی مصیبت پر اکٹھا رونا دھونا. ۲. ہنگامہ یا شور غل. [س]

کہرام مچنا ف مر: محاورہ. ۱. ماتم بپا ہونا، واویلا ہونا، رونے پیٹنے کا شور بلند ہونا. ۲. تہلکہ پڑنا، ہنگامہ برپا ہونا.

کَہْرُبا (فت ک، سک و، ضم ر) امذ.

۱. ایک درخت منجمد گوند جو پتھر کی طرح سخت ہوتا ہے، اس کا رنگ عموماً زرد ہوتا ہے، اسے کپڑے یا چمڑے وغیرہ پر رگڑنے سے اس میں مقناطیسی یا برقی قوت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ گھاس کے تنکوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے. ۲. (نگینہ گری) ایک سرخی مائل نیلے رنگ کا قیمتی پتھر.

کَہْرُبائی (فت ک، سک ہ، ضم ر) (الف) صف.
ا. کہربا کا بنا ہوا، کہربا کا. ۲. کہربا جیسے رنگ کا، پیلا، زرد. ۳. مقناطیسی، کشش رکھنے والا. ۴. برق، بجلی کا. (ب) امث. ا. برقی قوت، برقی رو، بجلی. ۲. کشش، جاذبیت.

کُہْسار (ضم مع ک، سک ہ) امذ.
پہاڑ، پہاڑی سلسلہ، پہاڑی علاقہ، پہاڑی جگہ. [ف].

کَہْف (فت مع ک، سک ہ) امذ.
ا. غار، کھوہ، پہاڑ کے اندر ایک قسم کا خلا یا جوف. ۲. پناہ، پناہ گاہ. [ع].

کہف الورٰی/کوریٰ امذ. فانی مخلوقات کی پناہ گاہ، دنیائے فانی کی پناہ گاہ؛ مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم.

کَہْفَہ (فت مع ک، سک ہ، فت ف) امذ.
چھوٹا غار یا گڑھا، کسی شے کا کھوکھلا حصہ، جوف، خلا. [ع].

کَہْکَشاں (فت مع ک، سک ہ، فت ک) امذ، امث.
وہ لمبی سفیدی جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر دور تک گئی ہوئی نظر آتی ہے (بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار) ہے، آکاس گنگا. [ف].

کَہْلا بھیجنا ف مر؛ محاورہ. کسی سے زبانی پیغام بھیج دینا، کسی کی معرفت پیغام دینا، دعوت دینا، پیغام پہنچوانا. ۲. کہلوانا.

کَہْلانا (فت مع ک، سک ہ) (الف) ف م.
ا. کسی عبارت کو منھ سے نکلوانا؛ کوئی بات اگلوانا. ۲. موسوم کرانا، نام رکھوانا، مشہور کرانا. ۳. کسی کی معرفت کہنا، پیغام بھیجنا. (ب) ف ل. موسوم ہونا، مشہور ہونا، زبان زد ہونا.

کَہْلوانا (فت مع ک، فت نیز سک ہ، سک ل) ف م.
ا. کوئی عبارت یا بات منھ سے نکلوانا. ۲. پیغام دلوانا، کسی کی معرفت کہلانا.

کَہْنا (فت مع ک، سک ہ) ف م.
ا. (کسی مفہوم یا مطلب کو زبان سے) ادا کرنا، منھ سے بامعنی آواز نکالنا، بولنا. ۲. بتانا، ظاہر کرنا، عرض کرنا؛ احساس دلانا. ۳. پوچھنا، سوال کرنا، دریافت کرنا. ۴. جواب دینا. ۶. (شاعری) تصنیف کرنا، لکھنا، موزوں کرنا، جوڑنا، گھڑنا، شعر وغیرہ بنانا. ۷. ثابت کرنا. ۸. فرمانا، ارشاد کرنا. ۹. بحث کرنا، تکرار کرنا، حجت کرنا. [س].

کہنا آسان ہے، کرنا مشکل کہاوت. کوئی وعدہ کر کے یا بات کہہ کر نبھانے میں وقت پیش آتی ہے، وعدہ کرنا آسان ہے پورا کرنا مشکل.

کہنا (اور) سُننا کہاوت. ا. ڈانٹ ڈپٹ کرنا. ۲. بہکانا، سکھانا، ورغلانا. ۳. جواب دینا، وکالت کرنا. ۴. بات چیت کرنا، بولنا چالنا، گفتگو کرنا. ۵. گلہ شکوہ کرنا. ۶. بیان کرنا، اظہار کرنا. ۷. منت سماجت کرنا، سمجھانا، بجھانا. (ب) امذ. اثر و رسوخ، رسائی، دخل، اختیار، پہنچ، سفارش.

کُہْنَگی (ضم مع ک، سک ہ، فت ن) امث.
پرانا پن، قدامت، قدیم ہونا، بوسیدگی، کہن سالی.

کُہْنَہ (ضم مع ک، سک ہ، فت ن) صف.
پرانا، قدیم، سال خوردہ، دیرینہ، فرسودہ؛ تجربہ کار، مشاق. [ف].

کہنہ سال صف. بڑی عمر والا، کہن سال.

کہنہ سالی امث. بڑھاپا، پیری، ضعیفی؛ پرانا پن.

کہنہ مشق صف. ماہر، تجربہ کار، پرانے، منجھے ہوئے.

کُہْنی (ضم ک، سک ہ) امث.
کلائی اور بازو کا درمیانی جوڑ جس کے ذریعے ہاتھ مڑتا اور حرکت کرتا ہے، مرفق، آرنج.

کہنی مارنا ف مر؛ محاورہ. ا. کسی کو سامنے سے ہٹانے یا پہلو میں بیٹھے ہوئے کو اشارہ یا تنبیہ کرنے کے لیے کہنی سے ہٹانا، دھکیلنا، دھکا دینا. ۲. کہنی سے اشارہ کرنا آگاہ کرنا، متوجہ کرنا.

کَہْنے (فت مع ک، سک ہ) امذ.
دیکھیے: کہنا کی تعریفی شکل (تراکیب میں مستعمل).

کہنے سننے ہو / میں آجانا محاورہ. بہکانے پر کاربند ہونا؛ دشمن وغیرہ کی بات کا اعتبار کرلینا، کسی کی شکایت یا چغل خوری پر بغیر تحقیق یقین کر لینا.

کہنے کو م ف. ۱. بظاہر، دیکھنے میں برائے نام، قول کی حد تک، عرفِ عام میں مشہور، محض نام کا.

کہنے کی بات / باتیں، ہے / ہیں فقرہ. ۱. بے اصل بات، بے حقیقت قول یا دعویٰ، حقیقت سے لاتعلق بات ہے، غلط بات ہے، زبانی جمع خرچ ہے، ڈھکوسلا ہے. ۲. ظاہری امر یا حالت، دکھاوا. ۳. قابلِ بیان امر، کہنے کے لائق بات.

کہنے میں آجانا محاورہ. فریب میں مبتلا ہو جانا، جھانسے میں آجانا، دھوکے میں پھنس جانا، بہکانے میں آجانا.

کَہو (فت ک، وج) انشائیہ.
کہنا جس سے یہ امر ہے اور بطور استفسار مستعمل، بتاؤ، فرماؤ.

کہو کھیت کی سنے کھلیان کی کہاوت. سوال کچھ جواب کچھ، جواب سوال کے برعکس دینا.

کُہُولَت (ضم ک، و مع فت ل) امث.
ادھیڑ عمری، آغازِ پیری، جوانی اور بڑھاپے کے درمیان کا زمانہ، سستی، کاہلی، الکسی.

کَہُوں حرفِ استفہام.
کہنا کی مغیّرہ صورت؛ (تراکیب میں مستعمل).

کہوں تو ماں ماری جائے نہ کہوں (نہیں) تو باپ (باوا) کتا کھائے کہاوت. ایسی بات جس کے بیان کرنے میں بھی مصیبت اور ظاہر نہ کرنے میں بھی آفت ہو، کسی طرح چین یا چھٹکارا نہیں.

کَہی (فت ک) امث.
کہا کا متبادل صیغہ تانیث؛ تراکیب میں مستعمل.
کہی سنی امث. بے بنیاد بات، غیر یقینی امر.

کَہے (فت ک) امذ.
کہا، جس کی یہ محرف شکل ہے، بمعنی کہنا.
کہے دینا محاورہ. ظاہر کرنا، بتانا، آگاہ کر دینا، آشکارا کر دینا.

کَہِیں (فت ک، ی مع) م ف.
۱. کسی جگہ، کسی مقام پر. ۲. کسی جگہ بھی، کسی ایک جگہ بھی. ۳. مبادا، اتفاقاً، ایسا نہ ہو، شاید. ۴. (استفہامِ انکاری) ہرگز نہیں، بھلا. ۵. (تنزل یا ترقی اور ترجیح ظاہر کرنے کے موقع پر) مقابلے میں بہت زیادہ. ۶. (تاکید کے لیے، تنبیہ و ہدایت کے طور پر) سمجھ لو جان لو، دیکھ لو. ۷. کسی طرح، بہر طور (اظہارِ تمنا، دعا یا بد دعا کے طور پر مستعمل). ۸. کسی حال میں، بہر نوع، کسی حالت میں. ۹. کبھی کسی وقت، گاہے.

کہیں اوس سے بھی / چاٹے، پیاس بجھتی / بجھی ہے کہاوت. چیز ضرورت کے مطابق ہونی چاہیے، زیادہ کی ضرورت کو تھوڑی چیز پورا نہیں کر سکتی.

کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں کہاوت. ہر بات اپنے وقت پر مناسب ہوتی ہے، بوڑھوں کی تربیت نہیں ہو سکتی، ہر کام یا فن کی تحصیل کا زمانہ مقرر ہے، اس کے گزرنے کے بعد اس کا حصول مشکل ہوتا ہے.

کہیں تل دھرنے / کو / کی، جگہ نہیں فقرہ. بالکل جگہ نہیں یعنی بڑی کش مکش اور ہجوم ہے.

کہیں جا کر / کے م ف؛ فقرہ. بڑی مشکل سے، بہ وقت تمام.

کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے کہاوت. خاص خاص لوگوں سے کوئی راز کی بات پوشیدہ نہیں رہتی.

کہیں کا صف. ۱. بہت زیادہ، اول نمبر کا، پرلے درجے کا، بہت بڑا (بطور طنز و تحقیر اور ہلکی سی تنبیہ).

کہیں کا نہ / نہیں رکھا فقرہ. ۱. کسی کام کا نہ چھوڑا، تباہ کر دیا، برباد کر دیا. ۲. بے عزت کرنا، بے آبرو کرنا.

کہیں کوؤں کے کوسے سے ڈھور مرتے ہیں کہاوت. کسی کے برا چاہنے سے برا نہیں ہوتا.

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا کہاوت. ان مل، بے جوڑ، بے میل رشتہ، غیر متعلق باتوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا مختلف چیزوں کا مجموعہ.

کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوتا ہے کہاوت. اپنوں کو چھوڑنا مشکل ہے، رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا، اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے.

کَہِیں (فت ک، ی مج) امد؛ ج.
کہنا سے مضارع صیغہ جمع، (تراکیب میں مستعمل).

کَہِیے (فت ک، ی مع) کلمہ طلبیہ؛ فقرہ.
۱. یوں سمجھیے کہ، غنیمت ہے کہ. ۲. کہنا، جس سے یہ جمع تعظیمی ہے، بتائیے، جواب دیجیے.

کَئی (۱) (فت ک) صف.
چند، دو چار، کتنے ہی، متعدد، بہت سے. [س].

کَئی (۲) (فت ک) صف.
(فارس کے بادشاہوں کا لقب) سے منسوب، کیانی، شاہانہ، بادشاہی.

کی (۱) (ی مع) حرف، حرف جار.
حرف اضافت، عموماً مضاف (جو مونث ہو) اور مضاف الیہ (خواہ مذکر ہو یا مونث) کے درمیان آتی ہے.

کی خاطر م ف. کے لیے، کے واسطے.

کی (۲) (ی مع) حرف.
علامت تصغیر، جیسے: بوند سے بندکی وغیرہ؛ علامت حاصل مصدر یا علامت اسم آلہ، جیسے: چوسنا سے چسکی؛ علامت وصفیت، جیسے پھرنا سے پھرکی وغیرہ. [س].

کی (۳) (ی مع) ف ماضی، مث (مذ: کیا).
کرنا کا ماضی.

کی (۴) (ی مع) مث.
چابی، کنجی. [انگ].

کی بورڈ امذ. ٹائپ رائٹر پر بنے ہوئے حروف کے نشانات جن کو انگلیوں سے دبایا جاتا ہے تو مطلوبہ حروف چھپتے ہیں، کلیدی تختہ.

کے م ف.
استفہام عددی، کتنے. [س].

کے رکعت کا فائدہ! فقرہ. کوئی فائدہ نہیں، کوئی نفع نہیں، کے رکعت کا ثواب.

کَے (ولین) امذ.
شہنشاہ، بڑا بادشاہ، ایران کے شہنشاہوں کا لقب. [ف].

کے (ی مج) حرف.
۱. اسماء جمع سے پہلے بجائے کا، کے استعمال ہوتا ہے. ۲. (برائے عطف) دو فعلوں کے درمیان بجائے کر.

کیا (فت مج ک، ی تحت) کلمہ استفہام.
۱. (استفسار امر کے لیے) آیا، چہ. ۲. (استفسار شے کے لیے، حقیقت جاننے کے لیے) حقیقت کیا ہے، ماہیت یا حیثیت کیا ہے. ۳. کون سا، کون سی. ۴. کیسا، کس طرح کا، کس نوعیت کا. ۵. نہ صرف، نہ محض ۶. زور بیان کے لیے یا کسی عجیب بات کے اظہار کے لیے بیانیہ کلمہ ۷. (تحسین و آفریں کے لیے) خوب، عمدہ، بہت اچھا. ۸. سنی ان سنی کر دینے کے موقع پر، بطور نقل ۸. کیا مطلب، کیا غرض، کیا واسطہ ۹. (تنفر، بے زاری یا لاتعلقی کا اظہار کرنا) مضائقہ نہیں، پروا نہیں. [س].

کیا ہاتھ / پاؤں میں مہندی لگی ہے کہاوت. جب کوئی آنے میں حیلہ و حوالہ کرتا ہے تو اُس کی نسبت کہا کرتے ہیں.

کیا ہدی / ہدڑی، کیا ہدی / ہدڑی، کا شوربا کہاوت. بے حقیقت اور بے حیثیت شے کے لیے بولتے ہیں، انتہائی کم حیثیت، انتہائی بے حقیقت.

کیا خوب فقرہ. ۱. (i) واہ، کیا کہنا ہے، سبحان اللہ (تحسین یا تعجب کے موقع پر مستعمل). (ii) ہوش میں آؤ، چہ خوش (کسی کے طور یا رویے پر اظہار حیرت کے طور پر). ۲. کتنا اچھا، کس قدر موزوں، بالکل درست. ۳. بیشتر شعر کی تعریف میں مستعمل.

کیا سرخاب کا پر لگا ہے کہاوت. کیا آپ کو کوئی فضیلتِ خاص حاصل ہوئی ہے، کیا کوئی نرالی یا نایاب چیز ہے.

کیا گزری فقرہ. کیا بیتی، کیوں بسر ہوئی، کیا واقعہ پیش آیا کیا وقت پیش آئی (جس وقت کوئی مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے تو لوگ اس کا حال پوچھنے کے وقت اس کلمہ کو زبان پر لاتے ہیں).

کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے کہاوت. کیوں نہیں بولتے؛ کیوں خاموشی اختیار کی ہے، کس لیے گونگے سے بن گئے ہو.

کیا لینا (ہے) کہاوت. کوئی غرض نہیں؛ بے مصرف ہے، بے کار ہے.

کیا مجال (ہے) کہاوت. کیا مقدور، کیا حوصلہ، ہمت نہیں ہے.

کیا مصیبت ہے فقرہ. کیا مشکل ہے، بڑی مشکل یا مصیبت میں پھنسے ہیں (بے زاری کا اُکتاہٹ کے موقع پر مستعمل).

کیا منھ (ہے) فقرہ. کیا حقیقت و حیثیت ہے، کیا مقدور ہے، کیا مجال ہے (مقابلے یا مسابقت کے اظہار کے لیے).

کیا منھ اور کیا مسالا کہاوت. جب کوئی ایسا کام اپنے ذمے لے جس کو وہ نہ کرسکے یعنی وہ اس کا اہل نہ ہو تو اسے کہتے ہیں.

کیا منھ دکھاؤ گے کہاوت. کیا جواب دو گے، کس طرح سرخ رو ہو گے، کیوں کر سامنے آؤ گے.

کیا منھ میں گھونگنیاں ہیں کہاوت. بولتے کیوں نہیں، کیوں چپ ہو.

کیا ننگی نہائے (گی) کیا نچوڑے (گی) کہاوت.
مفلس کے پاس کیا دھرا ہے.

کیا ہوا فقرہ. ۱. کیا پیش آیا، کیا حال ہوا، کیا بیتی. ۲. یوں ہوا کی جگہ (عموماً کسی واقعہ کو دہراتے وقت مستعمل). ۳. (طنزاً) کیا بگڑ گیا، کچھ نقصان نہیں ہوا، کیا کرلیا، کچھ فرق نہیں پڑا. ۴. کہاں چلا گیا، کہاں گم ہوگیا، کہاں رہ گیا. ۵. کچھ تعجب نہیں، کوئی انوکھی بات نہیں. ۶. کیا بات ہے، کیا معاملہ ہے، سمجھ کیوں زائل ہوگئی (عموماً حیرت اور افسوس کے موقع پر مستعمل). ۷. کیا مضائقہ ہے، کیا ڈر ہے.

کیا ہوتا فقرہ. ۱. کیا اثر ہوتا، کیا فائدہ ہوتا، کچھ بھی نہ ہوتا، ذرا اثر نہ کرتا. ۲. کس مرتبے پر ہوتا، کون شے ہوتا، کیا چیز ہوتا. ۳. کیا بگڑ جاتا، کس بات میں فرق آجاتا. ۴. کیسی مصیبت ہوتی، مصیبت پڑ جاتی، غضب ہو جاتا. ۵. حسرت اور تمنا کے واسطے، کیا خوب ہوتا، کیا اچھا ہوتا.

کیا ہوگیا فقرہ. ۱. افسوس، تعجب اور حیرت کے موقع پر کہتے ہیں. ۲. خبط ہوگیا، دیوانہ ہوگیا، سودا ہوگیا. ۳. انقلاب عظیم ہوگیا کی جگہ مستعمل. ۴. کیا مرض ہوگیا؛ کیا نقصان ہوگیا؛ کیا فائدہ ہوا کی جگہ.

کیا ہی م ف. ۱. (اظہار کثرت و افراط کے لیے) بہت ہی، بہ کثرت، بہت زیادہ، بے حساب. ۲. تعجب و افسوس اور مبالغہ کے اظہار کے لیے. ۳. (تعریف و تحسین یا طنز کے لیے) نہایت عمدہ، مبارک.

کیا ہے کلمۂ استفہام. ۱. (i) کیا چیز ہے، اصلاً کیا ہے. (ii) کس چیز کا نام ہے. ۲. کیا تعلق ہے، کیا واسطہ ہے. ۳. کس بات کا ہے. ۴. (i) نہیں ہے کی جگہ مستعمل، کچھ نہیں ہے. (ii) بطور استفہام انکاری کیا رکھا ہے، کچھ نہیں رکھا، فضول ہے. ۵. بطور استفہام انکاری یعنی کچھ بھی نہیں ہے، بے حقیقت ہے، بے وقعت ہے. ۶. کیسا ہے، کس طرح کا ہے. ۷. کیا مضائقہ ہے، کیا ڈر ہے، کیا اندیشہ ہے. ۸. یہی ہے کی جگہ (استفہام اقراری). ۹. کیوں ہے، کس واسطے ہے ۱۰. جب کوئی نام لے کر پکارتا ہے تو جواباً کہتے ہیں، کیا کہتے ہو، کیا کام ہے.

کیا یاد کرو گے فقرہ. بہت یاد کرو گے، مدت تک یاد رکھو گے.

کِیا (کس ک) (الف) مذ. ۱. تخلیق کیا، بنایا، پیدا کیا. ۲. سر انجام دیا ۳. فعل امدادی کے طور پر کسی کام کی تکمیل کے لیے. ۴. پیش آئے کردار ادا کیا، برتاؤ کیا. (ب) اند. عمل، کام.

کیا دھرا اند. ۱. کرتوت، اعمال. ۲. محنت کا حاصل، محنت.

کیا کرایا اند. ۱. کرتوت، اعمال. ۲. محنت کا حاصل، محنت.

کیا کرایا خاک میں مل جانا / ملنا محاورہ. جو کچھ کیا تھا سب بیکار جانا، محنت ضائع ہونا.

کِیاری (کس ک) امث.
۱. کھیت یا باغ کا وہ ہر ایک چھوٹا حصہ جو پانی دینے کے واسطے بنالیتے ہیں، قطعۂ باغ، تختہ باغ، وہ چھوٹا سا قطعہ جس میں پودے اور پھلواریاں لگی ہوں ۲. وہ مستطیل یا مربع گڑھا جس میں نمک یا شورہ جماتے ہیں. [مقامی].

کیبِل (ی مج، کس ب) اند.
۱. وہ تار (برقیہ) جو سمندر پار بھیجا جائے. ۲. تاروں کی بٹی ہوئی رسی (ریڈیو، ٹیلیفون وغیرہ کی). ۳. تاروں کے ذریعے نشریات، صارفین کے ٹی وی سیٹ تک پہنچانے کا نظام. [انگ].

کیبن (ی مج، کس ب) اند.
۱. جھگی، کوٹھڑی، مراد: لکڑی کا عارضی چھوٹا مکان جو عموماً ساحل پر سیاحوں کے لیے بنایا جاتا ہے، ہٹ. ۲. لکڑی کی چھوٹی سی دکان کھوکھا. ۳. (خصوصاً) بحری جہاز کا پرائیوٹ یا پبلک کمرہ، حجرہ، دفاتر

میں کارکنوں کے لیے الگ الگ کمرے۔ [انگ]۔

کیبنٹ/کیبِینٹ (ی مع، کس ب، کس مع ن) امث۔
۱۔ کابینہ، مجلس وزراء، وزراء کی جماعت۔ ۲۔ چھوٹی الماری یا بکس جس میں دراز یا خانے بنے ہوں (عموماً کتابیں یا مسودات وغیرہ رکھنے کے لیے)۔ [انگ]۔

کیبنٹ ڈویژن امذ۔ کابینہ کے افسران کا بڑا محکمہ۔

کَیپ (ی لین) امث۔
۱۔ ٹوپی۔

کَیپسُول (ی مع، سک ب، وبع) امذ۔
۱۔ (طب) باریک جھلی کا خول جس میں بدمزہ دوا بھر دی جاتی ہے تاکہ آسانی سے نگلی جا سکے۔ ۲۔ (i) (نباتیات) خشک بیج کا خانہ جو پکنے پر کھل جاتا ہے، ڈوڈا، قبہ۔ [انگ]۔

کیتکی (ی مع، فت نیز سک ت) امث۔
ایک خوش بودار پودے کا نام جو کیوڑے کے پودے سے مشابہ اور اس کا پھول انڈے کی مانند ہوتا ہے۔ [س]۔

کیتلی (ی مع، سک ت) امث۔
ایک ٹونٹی دار اور ڈھکنے دار برتن جس میں چائے یا پانی کو جوش دیتے ہیں۔ [انگ: Kettle کا مورد]۔

کِیٹ (ی مع) امذ؛ امث۔
۱۔ چیکٹ، چراغ کی گاد، حقے کا میل، ہر وہ میل جو روغن کی تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔ ۲۔ (نیاری) چاندی کا میل جو پگھلانے میں جل کر علیحدہ ہو جائے۔ ۳۔ (آتش بازی) بارود کا گل، شورے یا گندک کا جلا ہوا کوئلا یا مادہ؛ پھلجھڑی یا مہتابی کی بارود کا جلا ہوا مادہ۔ [س]۔

کَیٹلاگ (ی لین، فت ٹ نیز سک ٹ) امذ۔
کتب و رسائل کی فہرست جو ترتیب تہجی یا کسی معقول اُصول پر حوالے کے لیے مرتب کی گئی ہو، کتابوں کے بارے میں معلومات کا اشاریہ۔ [انگ]۔

کَیٹلاگ کارڈ امذ۔ موٹے کاغذ کا وہ ٹکڑا (کارڈ) جس پر کسی کتاب کے متعلق مکمل معلومات درج کی جائیں۔

کِیجیے/کیجیے (ی مع/کس ج) امر۔
(احتراماً) کروں یا کریں کی جگہ مستعمل۔

کَیچ (ی لین) امذ۔
۱۔ پکڑ، گرفت، (کرکٹ) کرکٹ میں گیند کو تھپنے کا موقع یا کامیابی۔ ۲۔ (انجینئرنگ) بریکٹ، روک، بلی، اڑانی۔ [انگ]۔

کیچ آؤٹ امذ۔ (کرکٹ) اگر بلے باز کے بلے یا دستانے سے لگ کر گیند اُچھلے اور مقابل ٹیم کا کھلاڑی اسے فضا میں پکڑ لے تو اس کی باری ختم ہو جاتی ہے۔

کیچ پکڑنا/کرنا ف مر؛ محاورہ۔
۱۔ (کرکٹ) بلے یا دستانے سے لگ کر اچھلنے والی گیند کو پکڑنا (جس کے بعد کھلاڑی کی اس اننگ میں باری ختم ہو جاتی ہے)۔ ۲۔ (مواصلات) وصول کرنا، اپنی جانب کھینچ لینا (پیغام، آواز وغیرہ)۔ ۳۔ پکڑنا، گرفت میں لینا (کسی بھی چیز کو)۔

کِیچ (ی مع) امث۔
۱۔ گیلی مٹی، گارا، دلدل، غلیظ مٹی، سڑی مٹی۔ ۲۔ میل جو آنکھوں کے گوشوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ ۳۔ (کاشت کاری) کھیت کی مٹی جو پانی سے گھل گئی ہو اور ہل چلانے کے مقابل نہ رہی ہو۔

کَیچَپ (ی لین، فت چ) امذ۔
چٹنی عموماً ٹماٹر کی چٹنی۔ [انگ]۔

کَیچَر (ی لین، فت چ) صف؛ امذ۔
۱۔ (لفظاً) پکڑنے والا؛ (کرکٹ) کیچ لینے والا کھلاڑی۔ ۲۔ عورتوں کا بالوں کو ایک جگہ روکنے کے لیے لگائی جانے والی پلاسٹک، دھات وغیرہ کی بنی چٹکی یا آلہ، کلپ۔ [انگ]۔

کِیچَڑ (ی مع، فت چ) امث؛ امذ؛ ← کیچ۔
۱۔ گیلی مٹی، دلدل، گل۔ ۲۔ آنکھوں کا میل، چیپڑ۔ ۳۔ تلچھٹ، گاد، درد۔

کیچڑ اُچھالنا محاورہ۔ کسی کو عیب لگانا، بدنام کرنا۔

کیچلی (ی مع، سک چ) امث۔
دیکھیے: کینچلی۔

کیچوا (ی ج، مغنہ و، سک چ) اند.
۱. ایک لمبا اور سرخ رنگ کا پتلا کیڑا جو عام طور پر برسات میں نم ناک زمین میں پیدا ہو جاتا ہے، اس کے پیٹ کی مٹی رات میں چمکتی ہے (عام طور پر مچھلی پکڑنے کے چارہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے) .۲. ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا جو معدے کی خرابی کے باعث پیدا ہو جاتا ہے اور جس کی شکل اور لمبائی مٹی میں پائے جانے والے کیچوں کی طرح ہوتی ہے، کرم شکم .۳. (استعارۃً) کسی کمزور و لاغر شخص کو حقارت سے کہتے ہیں. [مقامی].

کَیخُسرو (ی لین، ضم خ، سک س، و ج) اند.
ملک فارس کا بادشاہ خسرو پرویز جو شیریں پر عاشق تھا (ادبیات میں مستعمل). [علم].

کَید (ی لین) اند.
۱. مکر، فریب، حیلہ، دھوکا، بداندیشی .۲. داؤ؛ خفیہ تدبیر .۳. غداری؛ کینہ؛ جنگ. [ع].

کیدُو (ی ج، و مع) اند.
وارث شاہ کی مشہور لوک داستان ہیر رانجھا کا ایک برا کردار (بطور تلمیح مستعمل). [علم].

کَیرا (ی لین) صف؛ اند.
۱. بھینگا .۲. کرنجے رنگ کا، وہ جس کی آنکھ نیلی یا فاختہ کے رنگ کی ہو؛ ہلکا نیلا، خاکستری (آنکھ وغیرہ). [س].

کیراٹ / کیرٹ (ی ج / فت ر) اند.
سونے اور جواہرات تولنے کے لیے وزن. [انگ].

کیرالین مث.
ایک قسم کا عمدہ ریشمیں کپڑا. [انگ].

کِیرتَن (ی مع، فت ت) مث.
۱. (ہنود) بھجن، گیت نیز سکھوں کی قوالی جس میں گرو گرنتھ کے اشلوک گائے جاتے ہیں.

کَیرِکٹر (ی لین، کس ر، سک ک، فت ٹ) اند؛ ~ کیریکٹر.
۱. کردار، چال چلن، سیرت، سرشت .۲. اداکار یا اداکارہ کا مجموعی کردار یعنی پارٹ، سیرت، کردار .۳. اداکار، فرد تمثیل. [انگ].

کَیرَم (ی لین، فت ر) اند.
ایک کھیل جو ایک چکنے چوکور تختے پر کھیلا جاتا ہے (جس کی دیواریں کم و بیش دو انچ کے بقدر اٹھی ہوتی ہیں اور اس کے چاروں کونوں میں خانے ہوتے ہیں جن کے نیچے جالی دار تھیلیاں لگی ہوتی ہیں اس کھیل میں سفید و سیاہ رنگوں کی نو نو گوٹیں اور ایک سرخ گوٹ ہوتی ہے (جسے کوئن کہتے ہیں) اس کے علاوہ ایک بڑی گوٹ (اسٹرائیکر) ہوتی ہے جس کی ضرب سے اپنے رنگ کی گوٹوں کو سوراخ میں ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے، یہ کھیل ایک وقت میں دو چار آدمی کھیلتے ہیں، جو ٹیم اپنی گوٹوں کو خانوں میں پہلے ڈال دے وہ ایک بورڈ جیت جاتی ہے.). [انگ].

کیرم بورڈ اند.
ایک تختہ جس پر قرص نما گوٹوں سے کھیلتے ہیں.

کیروسِین (ی ج، و ج، ی مع) اند.
مٹی کا تیل، گھاس لیٹ. [انگ].

کَیری (۱) (ی لین) مث.
۱. چھوٹا کچا آم، امی، امیا .۲. ایک زیور جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں، یہ کیری کے مشابہ ڈبیا کی وضع کا بنایا جاتا ہے .۳. پھول جو کیری کی شکل کے بنائے جاتے ہیں. [س].

کَیری (۲) (ی لین) صف مث.
۱. کرنجی، نیلی یا خاکستری (عموماً آنکھ) .۲. (کنایۃً) بے شرم، بے حیا بے غیرت.

کیریَر (۱) (ی ج، کس ر، فت ی) اند.
۱. معاش، پیشہ، روزگار، ملازمت، ترقی کرنے کا ذریعہ .۲. دور، زمانہ ماضی یا حال کے کام کی رفتار .۳. (برقیات) رفتار، رو. [انگ].

کیریَر (۲) (ی ج، کس ر، فت ی) اند.
بائیسکل کا وہ حصہ جس پر اسباب یا سامان رکھ سکتے ہیں. [انگ].

کَیریکٹر (ی لین، ی ج، سک ک، فت ٹ) اند. ~ کریکٹر.
۱. کردار، چال چلن، سیرت .۲. اداکار یا فرد تمثیل کا مجموعی کردار

پارٹ ۔ [انگ] ۔

کیڑا (ی مع) اند ۔
۱۔ رینگنے والا جانور ، حشرہ ، کرم ، گھن ، سنڈی وغیرہ ۔۲۔ جوں ، کھٹمل ، (اس معنی میں جمع کے ساتھ مستعمل) ۔۳۔ بہت چھوٹا ، ننھا بچہ ، نوزائیدہ بچہ ۔۴۔ (کنایۃً) خبط ، تمنا ، شوق ۔۵۔ جرثومہ ۔۸۔ (کنایۃً) کسی ایک ہی کام میں مشغول یا کسی ایک ہی مقام یا ماحول میں رہنے والے کے لیے مستعمل ، کسی چیز میں کیڑے کی طرح لگے رہنا ۔ [س] ۔

کیڑا کلبلانا محاورہ ۔۱۔ علت اُبنہ کا زور ہونا ، خواہش نفسانی کی شدت ہونا ، چل مٹوانے کو جی چاہنا ، بولس ہونا ۔۲۔ دورہ پڑنا ، بے چینی ہونا ، پریشانی ہونا ، تکلیف ہونا ۔

کیڑا لگنا محاورہ ۔۱۔ دیمک یا گھن لگنا ، کیڑے کا کسی چیز کو خراب کر دینا ۔ ۲۔ کتاب ، ریشمی یا اونی کپڑے یا دانت وغیرہ کو کیڑے کا کھا جانا ۔

کیڑی (ی مع) مث ۔
۱۔ جونک کی طرح کا ایک کیڑا ۔۲۔ چیونٹی ۔

کیڑے (ی مع) اند : ج ۔
۱۔ کیڑا کی جمع اور اس کی مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل ۔۲۔ عیوب ، نقص ، خرابیاں ۔

کیڑے پڑنا محاورہ ۔۱۔ کسی چیز میں سڑ جانے کے سبب کرم پیدا ہو جانا ۔ ۲۔ نقص پیدا ہونا ، عیب ہونا ، خرابی واقع ہونا ۔

کیڑے پڑ جائیں / پڑیں فقرہ ۔ (بددعا) گلے ، سڑے برباد ہو ، ناکارہ ہو جائے ۔

کیڑے مار صف مث ۔ کرم کش ، کیڑے مارنے والی (دوا) ۔

کیڑے مکوڑے اند : ج ۔۱۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے ، حشرات الارض ۔ ۲۔ باریک باریک ، اُلٹے سیدھے الفاظ یا تحریر جو پڑھے نہ جا سکیں ۔

کیڑے نکالنا محاورہ ۔ نقص نکالنا ، عیب نکالنا ۔

کیس (ی مع) اند ۔
تھیلی ، تھیلا ، بٹوا ۔

کیس (۱) (ی مج) اند ۔
۱۔ معاملہ ، وقوعہ ، قضیہ ۔۲۔ حال ، صورت ، حقیقت ؛ نظیر ، حوالہ ۔۳۔ (i) (طب) کسی بیمار کی حالت مرض ، واقعہ یا حادثہ مرض ، بیماری کی نوعیت کا کوئی حادثہ ۔ (ii) (طب) مریض ، روگی ، (عموماً) نفسیاتی مریض ، ذہنی مریض ۔۴۔ مقدمہ ، دعویٰ مقدمہ ، زیر عدالت میں بیان واقعہ جو عدالت بالا کے لیے تیار کیا گیا ہو ، نالش ۔۵۔ معاملہ ، مسئلہ نیز اُلجھن ، گتھی وغیرہ ۔۶۔ مراد : زچگی یا زچگی کا معاملہ ۔۷۔ (قواعد) حالت ، تعلق ، نسبت ، رشتہ ۔ [انگ] ۔

کیس اسٹڈی مث ۔
فراہم شدہ معلومات کی بنیاد پر کسی شخص وغیرہ کو سمجھنے کی کوشش ، علاج کے لیے مریض کی کیفیات کا مطالعہ ۔ [انگ] ۔

کیس ہسٹری مث ۔ زیر علاج مریض سے متعلق معلومات جو ضروری علاج معالجے کے تعین میں مددگار ہوں نیز کسی فرد کے شجرۂ نسب ، ذاتی تاریخ یا کوائف کی دستاویز ۔

کیس (۲) (ی مج) اند ۔
۱۔ خانہ ، پیٹی ، بکس ، ڈبیا ، ڈھکنا ، تھیلی ، دان ۔۲۔ سیسے کے حروف جمانے کا خانہ دار بکس ، ٹائپ جمانے کا فریم ، سانچا ، حروف دان ۔ [انگ] ۔

کیس (۳) (ی مج) اند ۔
۱۔ (i) سر کے بال ۔ (ii) مراد : لمبے بال ۔۲۔ مرغ کی کلغی ۔ [س] ۔

کیسا (ی لین) صف مذ ۔
۱۔ کس قسم کا ، کس طرح کا ۔۲۔ کس چیز کا ، کس بات کا ۔۳۔ کس قدر ، کتنا ۔۴۔ کس کام کا ، کس مطلب کا ، بے سود ، بے فائدہ ہے ۔۵۔ کس طرح کا ، کس ڈھنگ سے ، کس انداز سے ۔۶۔ کیا ذکر ، کیا مذکور ۔۷۔ کہاں کا ، کاہے کا ۔۸۔ (استفسار کے لیے مستعمل) کیوں ، کس لیے ، کس وجہ سے ۔۹۔ کجا ، دور کنار ۔۱۰۔ اظہار تعجب کے لیے ، عجیب وغریب ، حیرت انگیز ۔۱۲۔ کس طرح کا ، عموماً مزاج پرسی کے لیے (جیسے : اب آپ کا مزاج کیسا ہے) ۔ [پ] ۔

کیسا ہی م ف ۔ کتنا ہی ، کسی قدر ، کسی قسم کا ہی ، کسی بھی طرح کا ۔

کیسٹ (ی مج ، کس س) مث : اند ۔
ایک طرح کی چپٹی مستطیل ؛ (عموماً) پلاسٹک کی بنائی ہوئی چیز جس میں مقناطیسی فیتہ لپٹا ہوا ہوتا ہے جس میں آواز یا تصویر بھری یا محفوظ

کی جاتی ہے ۔ [انگ] .

کیسَر (ی مج ، فت س) امث .
۱. ایک قسم کا نہایت خوشبودار زردی مائل پھول ، مثل زعفران (لاط: Crocus Sativus) .۲. زرد رنگ ، زعفرانی رنگ . [غالباً س] .

کیسَری (ی مج ، سک س) صف . زعفرانی ، زرد .

کیسَرِیا (ی مج ، فت س ، کس ر) (الف) صف .
زرد رنگ کا . (ب) اند . زعفرانی .

کیسُو (ی مج ، و مع) اند .
ایک پھول جو پانچ پنکھڑیوں کا ہوتا ہے اور ہر پنکھڑی شیر کے ناخن سے مشابہ ہوتی ہے ، ڈھاک . [مقامی] .

کِیسَہ (ی مع ، فت س) اند .
۱. تھیلی ، خریطہ ، جیب .۲. ایک وضع کی کڑھی ہوئی تھیلی جس کو ہاتھ میں پہن کر بدن کا میل صاف کرتے ہیں ، کپڑے کا جھانواں ، کھیسا .۳. (حیاتیات) جھلی دار لفافہ یا غلاف . [ف] .

کَیسی (ی لین) صف مث .
۱. کس طرح کی ، کس قسم کی .۲. کسی شخص یا چیز کی مختلف حالت دکھانے یا ظاہر کرنے کے موقع پر مستعمل .۳. کس طرح ، کس ڈھنگ سے .۴. کس کام کی ، محض بے کار ہے .۵. کتنی ، کس قدر ، نہایت .۶. چاہے جس طرح کی ، کتنی ہی .۷. کہاں کی ، کس کی .۸. مراد : جیسی .۹. کیا ذکر ، کیا مذکور .

کیسی رہی فقرہ . کسی اچھے کام کی داد طلب کرتے وقت کہتے ہیں نیز بدلہ لینے کے لیے کسی کو نقصان یا تکلیف پہنچانے کے موقع پر مستعمل .

کَیسے (ی لین) صف مذ ؛ ج ؛ م ف .
۱. کیسا کی مغیرہ صورت اور جمع ، تراکیب میں مستعمل ، کس بنا پر ، کیوں نہیں ہے ، کیسے نہیں ہے .۲. کس طرح ، کس حالت میں ، کیوں کر .۳. کس قدر ، کتنے ، نہایت .۴. کس طرح کے ، کس کام کے (افسوس کے طور پر) .

کیسے کیسے صف مذ ؛ م ف ؛ ج . ۱. کس کس طرح کے .۲. قابل قدر یا نادرۂ روزگار لوگ .

کَیش (ی لین) اند .
نقد ، نقدی ، روپیہ پیسا . [انگ] .

کیش بک امث . بینکاری ، حساب داری) نقدی کے حساب کی بیاض ، کتاب زرنقد ، روکڑ بہی .

کیش کرانا ف مر ؛ محاورہ .۱. چیک ، ڈرافٹ یا تمسکات وغیرہ دے کر نقدی حاصل کرنا ، بھنانا .۲. فائدہ اٹھانا .

کیش (ی مج) اند .۱. مذہب ، دین ، اعتقاد .۲. (i) تیردان ، تیروں کے رکھنے کا تلوا ، ترکش . (ii) تیر پھینکنے کا آلہ .۳. فوج کشی کا ایک عصری آلہ جو دبابہ کی شکل کا ہوتا تھا اور اس سے دیواریں منہدم جاتی تھیں .۴. مرکبات میں بطور جزو دوم ، صفت فاعلی کے معنوں میں مستعمل . [ف]

کَیشِیَر (ی لین ، ی مع ، فت ء) صف .
خازن ، خزانچی ، خزانہ دار . [انگ] .

کَیف (ی لین) (الف) اند .
۱. وہ عرض جو بذات خود تقسیم قبول نہ کرے جیسے سیاہی یا سفیدی وغیرہ ۲. مستی ، نشہ ، سرور .۳. حالت ، کیفیت ، نشاطی کیفیت .۴. کسی شے وہ صفت یا حالت جس کی کمی بیشی کی تمیز صرف عقل سے تعلق رکھتی (جیسے : گرمی ، ٹھنڈک ، مزہ ، بو ، رنگ یا علم وجہل وغیرہ) . [ع] .

کیف آگیں صف . سرور سے بھرا ہوا ، نشہ آور ، نشاط آور .

کیف آور صف . نشہ لانے والا ، سرور پیدا کرنے والا .

کیف و کم اند . کیفیت وکمیت ، کس طرح اور کتنا .

کَیفَر (ی لین ، فت ف) اند .
بدی کا بدلہ ، پاداش ، سزا ، برائی کا بدلہ ، مکافات . [ف] .

کیفر کردار اند . کیے کی سزا ، عمل کی پاداش .

کیفر کردار تک/کو پہنچانا محاورہ . بدی یا برائی کے انجام تک پہنچانا بدلہ لینا ، سزا دلوانا .

کیفر کردار کو پہنچنا محاورہ . سزا کو پہنچنا ، کیے کی سزا پانا .

کَیفی (ی لین) صف .
۱. کیفیت یا خاصیت سے متعلق ، نوعی ، نوعیتی (کمی کی ضد) .۲. سرشار

مست ، مخمور .

کَیفے (ی لین) اند.
ریستوران ، قہوہ خانہ ، چائے پینے کی جگہ . [انگ] .

کیفے ٹیریا اند. ہوٹل جہاں گاہک خود ہی ضرورت کی چیز نکال کر استعمال کرتا ہے ، اپنی خدمت خود کرتا ہے ، وہ ہوٹل جہاں کوئی بیرا نہیں ہوتا .

کَیفِیَّت (ی لین ، کس ف ، شدی بفت) مث.
ا. (i) کسی شے کی حالت (کمیت کی ضد) . (ii) حال ، احوال ، ماجرا . ۲. تفصیل ، توضیح ، تشریح . ۳. بہار ، رونق ، جوبن ، سُرور ، لطف ، مزہ . ۴. لطف ، مزہ ، نشہ ، سُرور نیز لطف یا سُرور کی حالت ، بے خودی ، محویت کا عالم . ۵. وجد اور حال کی وہ حالت جو عموماً صوفیوں پر طاری ہوتی ہے . ۶. طبیعت کی ترنگ ، جوش ، ولولہ . ۷. کتاب کے اجزا کی ترتیب ، درستگی . [ع] .

کیفیت آنا محاورہ . ا. لطف محسوس ہونا ، مزہ آنا . ۲. بہار یا رونق کا عالم ہونا .

کیفیت دینا محاورہ . لطف یا مزہ دینا .

کیفیت طاری ہونا محاورہ . بے خودی چھانا ، وجد طاری ہونا .

کَیفِین (ی لین ، ی مع) اند.
قہوے یا چائے کے درختوں کا نباتی قلوی جز ، کافین ، قہوین . [انگ] .

کَیقُباد (ی لین ، ضم ق) مف : اند.
عادل ، برحق ؛ عجم کا بادشاہ جس نے سو سال تک حکومت کی ، دہلی کے بادشاہ معزالدین کا لقب جو امیر خسرو کا ممدوح تھا . [ف] .

کیک (ی مج) اند.
ا. ایک ولایتی مٹھائی جو میدہ/آٹا ، مکھن ، انڈا شکر ڈال کر سانچے کے ذریعے تنور میں مختلف طرح سے تیار کی جاتی ہے . اکثر مزین اور کسی قسم کا قوام چڑھا ہوتا ہے . ۲. کسی چیز کی ٹکیا . [انگ] .

کیکاؤس (ی مج ، و مع) اند.
(لفظاً) عادل و نجیب ؛ (مجازاً) ایران کا ایک مشہور بادشاہ جو رستم کے زور پر ساری عمر افراسیاب سے لڑتا رہا . [ف] .

کیکٹس (ی مج ، سک ک ، فت ٹ) اند.
ایک باریک خاردار پودا ، ناگ پھنی . [انگ] .

کِیکَر (ی مع ، فت ک) اند.
درمیانے قد کا درخت جس کے پتے باریک ، کانٹے پتلے لمبے اور پھول زرد رنگ کے خوشبودار ہوتے ہیں اور چھال پتلی صاف اور سبزی مائل ہوتی ہے عموماً ریتیلی اور کنکریلی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے ، ببول کا درخت . [مقامی] .

کِیکَری (ی مع ، فت نیز سک ک) مث.
ا. چھوٹا کیکر ، کیکر کا پودا . ۲. ایک قسم کی سلائی جو کپڑے کو کتر کر کلی دار شکل کی پھلکاری یا کنگرے سے اس کے اندر بنا دیے جاتے ہیں (یہ کیکر کے پتے یا آرے کے دندانوں سے مشابہ ہوتی ہے) . ۳. (سنگ تراشی) مثبت کاری کے کام میں سہرے کے اوپر حاشیے کی کور پر بنے ہوئے تکونے نقش .

کیکری بنانا / کاڑھنا ف م . کپڑے پر کنگرے بنانا .

کیکڑا (ی مج ، سک ک) اند.
ا. ایک آبی کیڑا جس کے دس پیر ہوتے ہیں ، عام طور پر سمندروں میں پایا جاتا ہے صاف پانی اور بعض حالات میں خشکی پر بھی ملتا ہے . ۲. برج سرطان . [پ] .

کِیل (ی مع) مث.
ا. دو چیزوں میں جوڑ بٹھانے والی سلاخ خواہ دھات کی ہو یا کسی اور شے کی ، لوہے کی کھونٹی ، میخ ، کوکا . ۲. لوہے یا لکڑی کی میخ جو چکی میں لگی ہوتی ہے ؛ (کنایۃً) مرکز . ۳. جمی ہوئی پیپ کا ڈورا جو پھوڑے پھنسی یا مہاسوں سے نکلتا ہے . ۴. ناک کے نتھنے میں جڑاؤ یا سادہ زیور ، لونگ ، پھلی . ۵. لمبی کتری ہوئی چھالیا یا لونگ وغیرہ جو گلوری بند رکھنے کے واسطے لگا دیتے ہیں . ۶. گاجر کے اندر کی جڑ . ۷. سلاخ نما میخ جو سائیکل یا گاڑی کے پہیے کی پٹی پر لگی ہوتی ہے . ۸. میخ جو جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ہے تاکہ پھسلنے سے بچ جائے . ۹. منتر . [س] .

کیل ٹھوک دینا / ٹھوکنا محاورہ . کسی سخت چیز میں کیل گاڑنا ، بندش لگا دینا .

کیل دینا محاورہ . ا. جادو یا منتر کے زور سے کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا ، منھ بند کرنا . ۲. مکان کے کونوں میں منتر پڑھ کر کیلیں

گاڑنا تاکہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو. ۳. کیل جڑنا یا ٹھونکنا، کیل لگانا؛ قابو میں لانا، بس میں کرنا، دو چیزوں کو کیل سے جوڑنا. ۴. آنے جانے سے روک دینا، کسی چیز میں گاڑ دینا. منجمد کر دینا.

کیل کانٹا/کانٹے اند. ۱. ہتھیار، اوزار، اسلحہ نیز طور طریقے، بچوں کا ایک کھیل جس میں چھپ کر اور چھپا کر دیواروں، کواڑوں اور ٹھیکیوں وغیرہ پر لکیریں یا نقطے ڈالتے ہیں پھر میعاد مقررہ کے بعد انہیں گنا جاتا ہے جس فریق کی لکیریں زیادہ ہوتی ہیں وہ جیت جاتا ہے. ۲. ایک قسم کا زیور. ۳. گھسیٹ، گھسیٹواں لکھا ہوا، خراب لکھائی. ۴. (i) پرزے. (ii) عناصر، اجزا. ۵. اختیار، انتظام.

کیل کانٹے سے لیس م ف. مسلح ہتھیار بند؛ ضروری ساز و سامان یا اوزاروں کے ساتھ تیار.

کیل نکالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. پھنسی یا مہاسے کو دبا کر اس کے اندر سے پیپ کا خشک مادہ نکالنا؛ گڑی ہوئی میخ کو باہر کھینچنا. ۲. مار مار کے بھرکس نکال دینا، خوب ٹھیک بنانا.

کِیلا (ی مع) اند.
۱. کھونٹا، بڑی میخ. ۲. گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے نکیلے دانت جن کے ذریعے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں، داڑھ اور دانت کے درمیان کا دانت، کچلی.

کیلا (ی مج) اند.
ایک مشہور پھل اور اُس کے درخت کا نام، پکا کیلا بطور پھل اور کچا بطور ترکاری کھایا جاتا ہے. [پ: س].

کَیلشِیَم (ی لین، سک ل، کس ش، فت ی) اند.
(کیمیا) ایک کیمیاوی عنصر، چونے کی اساس، چونا. [انگ].

کَیلکُولیٹَر (ی لین، سک ل، و مع، ی مج، فت ٹ) اند.
حساب کرنے والا آلہ، حسابی مشین، حساب کار. [انگ].

کِیلنا (ی مع، سک ل) ف م.
۱. کیلیں جڑنا یا ٹھونکنا. ۲. کیل پر منتر پڑھ کر سانپ کو کاٹنے سے باز رکھنا، منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا (تاکہ وہ کاٹ نہ سکے). ۳. (i) مکان کے کونوں میں عمل پڑھ کر کیلیں گاڑنا تاکہ وہاں آسیب یا جن پری کا اثر نہ ہو. (ii) مکان کے کونوں میں عمل پڑھ کر کیلیں گاڑنا، جادو ٹونے کے ذریعے مکان سحر زدہ کرنا. ۴. (i) جادو یا منتر سے کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا، منھ بند کرنا؛ (مجازاً) کسی کام ارادے سے روکنا، باز رکھنا.

کَیلنڈَر (ی لین، کس ل، سک ن، فت ڈ) اند.
۱. سالانہ تاریخوں کا نقشہ جو دنوں کے حساب سے مرتب کیا جاتا ہے، جنتری، تقویم. ۲. جدول، نظام الاوقات (عموماً) درس گاہوں کا حساب کا رجسٹر. [انگ].

کِیلی (ی مع) امث.
۱. لکڑی کی کھونٹی؛ کھونٹی جو کنواں چلانے والے جوٹ جوڑنے میں کی رسی اور جوئے کے درمیان لگا کر کنواں چلاتے ہیں، چرس کے رسے کی بیلوں کے جوئے میں جوڑنے والی چوبی میخ. ۲. کیل دھرے کے سوراخ میں لگاتے ہیں تاکہ پہیے باہر نہ نکل جائیں. (i) چکی کے نیچے کے پاٹ کے مرکز پر جڑی ہوئی چھوٹی میخ جس کے ذریعے اوپر کا پاٹ گھومتا ہے، کلوا، مانی. (ii) وہ کھونٹی جس کوئی چیز گردش کرتی ہے، محور. ۴. مطلق کیل. ۵. ایک گیت جو عام طور پر مالی گاتے ہیں (کنویں سے ڈول کھینچتے ہوئے).

کَیمپ (ی لین، سک م) اند.
فوجیوں کے ٹھہرنے یا تربیت حاصل کرنے کی جگہ، چھاؤنی، پڑاؤ. [انگ].

کَیمپَس (ی لین، سک م، فت پ) اند.
احاطہ، میدان؛ کسی تعلیمی ادارے کا علاقہ (عموماً یونیورسٹی کا). [انگ]

کَیمپِنگ (ی لین، سک م، کس پ، غنہ) امث.
پڑاؤ ڈالنا، رہنے کے لیے عارضی مکان بنانا یا خیمے لگانا. [انگ].

کَیمرا / کَیمَرَہ (ی لین، سک م/فت ر) اند.
تصویر یا عکس اتارنے کا آلہ، فوٹو گرافی کا آلہ؛ عکس گیر، عکاس. [انگ]

کیمِسٹ (ی مج، کس م، سک س) اند.
کیمیاداں، دوا ساز، دوا فروش. [انگ].

کیمِسٹری (ی مج، کس م، سک س، ٹ) امث.
کیمیا، علم کیمیا. [انگ].

کیمو تھیراپی (ی مج ، و مج ، ی مع) مث .
(طب) کیمیائی ذرائع سے بیماری کا علاج .

کیمُو فِلاج (ی لین ، ضم م ، و غم ، کس ج ف) انذ .
(فوج) دوران جنگ میں اپنے سامان حرب اور فوجی مقامات کو دشمن کے ہوا بازوں کی نظر سے چھپانے کی ایک تکنیک (اس میں مکانوں کی چھتیں ، موٹر لاریاں اور جہاز وغیرہ پر ہرا رنگ چڑھا کر اس پر سیاہی مائل مٹیالے دھبے ڈال دیتے ہیں اور میدان میں کھڑی ہوئی گاڑیوں پر جالی لگا دیتے ہیں تاکہ چیزوں کی آسانی سے شناخت نہ ہو سکے اور نقصان یا تباہی کے امکانات کم ہو جائیں) ؛ ماحول کے مطابق اپنا رنگ بدل لینا . [انگ] .

کیمیا (ی مع ، کس م) (الف) مث .
۱. جوہر جو جسم کی ماہیت کو بدل دے مثلاً رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنا دے ، ایک اکسیر جس کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اس سے سونا بن جاتا ہے . ۲. (مجازاً) اکسیر ، رسائن ؛ (کنایۃً) راکھ ، خاکستر . ۳. (i) ادنیٰ دھات کو اعلیٰ دھات بنانے کی روایتی صنعت ، جیسے : رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا ، صنعت زر سازی . (ii) (مجازاً) ادنیٰ کو اعلیٰ یا ناقص کو کامل بنانے والی کوئی شے . ۴. اشیاء کے خواص معلوم کرنے ان کے اجزا کو ملانے اور جدا کرنے کا علم ، وہ علم جس سے مادوں کو ملانے ان کے تبدیل کرنے نیز ان کے مفرد اور مرکب ہونے کا حال معلوم ہوتا ہے ، کیمسٹری . ۵. (کنایۃً) نایاب ، نادر شے . (ب) صف . نہایت مفید ، تیر بہدف نیز حصول مقاصد کا ذریعہ . (ج) انذ . ۱. کیمیاوی شے ، وہ شے جو کیمیاوی عمل سے حاصل ہو یا اس میں استعمال کی جائے ، کیمیکل . ۲. سونا ، چاندی وغیرہ . [ع] .

کیمیا بنانا محاورہ . ۱. رسائن بنانا ، چاندی سونا بنانا ، معمولی چیز سے قیمتی چیز بنانا . ۲. مطلب حاصل کرنا ، نہایت آسانی سے روزی حاصل کرنا .

کیمیا داں صف . علم کیمیا کا عالم ، کیمیا کا ماہر .

کیمیا گر صف . ۱. کیمیا بنانے والا ، سونا بنانے والا ، رسائنی . ۲. (مجازاً) مکار ، چالاک .

کیمیا گری مث . کیمیا گر کا کام یا پیشہ ، سونا بنانے کا فن ، کیمیا سازی .

کیمیا ہو جانا / ہونا محاورہ . سونا ہو جانا ؛ کندن ہونا ؛ برگزیدہ ہونا ، بیش قدر اور آبرو مند ہونا .

کِیمیاوی (ی مع ، کس م) صف .
۱. کیمیا سے منسوب یا متعلق ، کیمیکل . ۲. اشیا جو عمل کیمیا سے حاصل ہوں یا اس میں استعمال کی جائیں .

کِیمیائی (ی مع ، کس م) صف : انذ .
دو یا دو سے زیادہ عناصر کے ملاپ سے پیدا ہونے والا (اثر وغیرہ) ، سونا بنا دینے والا ، کندن کر دینے والا ؛ (استعارۃً) قدر افزائی کرنے والا .

کیمیائی اجزا انذ ؛ ج . عناصر جو اشیا یا اجسام کی ساخت یا ترکیب میں شامل ہوں ، مفردات جن سے مل کر مادی مرکبات وجود میں آتے ہیں .

کیمیائی عمل مث . (کیمیا) دو یا زیادہ عناصر کے ملاپ سے پیدا ہونے والا اثر ؛ مختلف مادی اجزا کے مخصوص حالات کے زیر اثر پیدا ہونے والے اثرات .

کیمیائی عناصر انذ : ج . اجزا جس سے مل کر مادی اشیا وجود میں آتی ہیں ، وہ مادی اجزا جو اشیا یا اجسام کی ساخت یا ترکیب میں شامل ہوں .

کیمیائی کھاد مث . (کاشت کاری) مختلف کیمیاوی مرکبات سے تیار کردہ کھاد ، مصنوعی کھاد (قدرتی کھاد کا بدل) .

کَیمیکل (ی لین ، ی مع ، فت ک) صف .
علم کیمیا یا کیمیائی عمل سے متعلق ، کیمیاوی . [انگ] .

کَینال (ی لین) مث .
نہر . [انگ] .

کَینٹ (ی لین ، سک ن) انذ .
فوجی چھاؤنی ، کسی شہر سے ملحق انتظامی تقسیم کے لیے چھاؤنی کا علاقہ (سٹی City کا نقیض) . [انگ] .

کَینٹین (ی لین ، سک ن ، ی مع) مث .
کسی دفتر یا ادارہ کے لیے اپنی دوکان جہاں کھانے پینے کی چیزوں خصوصاً چائے کا انتظام ہو . [انگ] .

کینچُلی (ی مج ، فتہ ، سک چ) مث ؛ ~ کیچلی .
۱. سفید جالی نما شفاف جھلی یا پوست جو سانپ کی جلد پر ہوتی ہے . ۲.

(مجازاً) چولا ، مصنوعی خول . [پ : س] .

کینچلی بدلنا محاورہ . ۱. سانپ اور بعض دیگر حشرات کا پرانا پوست چھوڑ کر نیا پوست لانا . ۲. (مجازاً) چولا بدلنا ، نیا روپ دھارنا .

کینچوا (ی مج ، فتہ ، سک چ) امذ .
دیکھیے : کیچوا .

کَینڈا (ی لین ، مغ) امذ .
۱. ڈول ، نمونہ ، انداز ، دھج . ۲. ڈھانچا ، جسامت ، ڈیل ڈول ، جثہ . ۳. سانچا ، قالب . ۴. سلیقہ ، قرینہ . [مقامی] .

کَینڈی (ی لین ، سک ن) امث .
چاکلیٹ اور بسکٹ کے آمیزے سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جو بچے شوق سے کھاتے ہیں ، چوسنے کی میٹھی گولیاں . [انگ] .

کَینسَر (ی لین ، سک ن ، فت س) امذ .
مرض سرطان . [انگ] .

کِینُو (ی مع ، و مع) امذ .
سنگترہ کی طرح ایک ترشاوہ پھل جس کا چھلکا اتار کر پھانکیں کھائی جاتی ہیں . [مقامی] .

کَینوَس (ی لین ، سک ن ، فت و) امذ ؛ امث .
ولایتی ٹاٹ جس سے بادبان اور خیمے تیار کیے جاتے ہیں اور جس پر تصویر بنائی جاتی ہے ، کرمچ ، پلاس . [انگ] .

کِینَہ (ی مع ، فت ن) امذ .
۱. عداوت ، دشمنی ، بیر ، حسد ، کھوٹ ، کپٹ ، نفاق . ۲. بدلہ ، انتقام . [ف] .

کینہ پرور صف . دشمنی رکھنے والا ، بیری ، دشمن .

کینہ پروری امث . دشمنی رکھنا ، بیر رکھنا ، بغض رکھنا .

کینہ رکھنا ف مر ؛ محاورہ . بغض و عناد رکھنا ، بیر رکھنا ، دشمنی رکھنا .

کینہ ور صف . بغض و عداوت رکھنے والا ، دشمن ، بیری ، حاسد .

کِیُوب (کس ک ، ی مج ، و مع) امذ .
۱. ایسی ٹھوس شے جو یکساں لمبائی ، چوڑائی اور بلندی رکھتی ہو ، مکعب . ۲. چوکور ٹکیہ جو کھانے میں مرغ مصنوعی ذائقہ پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے . [انگ] .

کِیُوبِک (کس ک ، ی مج ، و مع ، کس ب) امذ .
مکعبی ، مکعب سے متعلق ؛ ایسی مقرون شے جو لمبائی ، چوڑائی اور موٹائی رکھتی ہو ، لمبائی (چوڑائی اور موٹائی کی پیمائشوں کا حاصل ضرب) . [انگ] .

کیوڑا / کیوڑہ (ی مج ، سک و / فت ڑ) امذ .
۱. ایک پودا اور اس کا پھول جس کی خوش بو بہت تیز اور عمدہ ہوتی ہے ۲. کیوڑے کا عرق جو کھانوں میں خوش بو کے لیے ڈالا جاتا ہے . [س]

کِیُوسِک (کس ک ، ی مج ، و مع ، کس س) امذ .
پانی کے بہاؤ کو ناپنے کی اکائی جو ایک مکعب فٹ فی سیکنڈ شمار کی جاتی ہے . [انگ] .

کیوَل (ی مج ، فت و) صف : م ف .
صرف ، فقط . [س] .

کِیُوں (کس ک ، ی مج ، و مع) حرف استفہام .
۱. کس لیے ، کس واسطے . ۲. (تخاطب یا استفسار کے موقع پر) کیا بات ہے ، کیا سبب ہے . ۳. کیسے ، کیوں کر . ۴. اس لیے کہ ، کیونکہ . (کیا خیال ہے) کی جگہ ، یہ تو بتاؤ ، ذرا غور تو کرو ، انصاف سے کہو . ۶. کیا . ۷. کیسا . ۸. استفہام انکاریہ کے موقع پر . [س] .

کیوں بے ندائیہ فقرہ ؛ کلمہ استفہام . تنبیہ و تحقیر کے لیے تخاطب کے موقع پر مستعمل ، کم تر درجے کے آدمی کی ندا کا جواب بھی ہوتا ہے ، بے تکلف دوستوں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے اور اگر کوئی کام قول کے مطابق ہو جائے تو کہتے ہیں .

کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو فقرہ . بلاوجہ کیوں شرمندہ کرتے ہو؛ کوئی زیادہ تعریف کرے تو جواباً کہتے ہیں .

کیوں کر / کے م ف . دیکھیے : کیونکر .

کیوں کہ م ف ؛ - کیونکہ . دیکھیے : کیونکہ .

کیوں مرا جاتا ہے / مرے جاتے ہو فقرہ . کیوں جلدی کرتے ہو کیوں گھبراتے ہو .

کیوں نہیں ف م . ضرور ، ایسا ہی یقیناً ، بے شک ، کون نہیں سراہتا

کِیُونکر (کس ک ، ی مج ، مغ ، فت) م ف ؛ - کیوں کر .
۱. کیسے ، کس وجہ سے ، کس بنا پر ، کس لیے ، کس دلیل سے . ۲. کس ڈھنگ

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

سے ، کس انداز سے ، کس طور سے ، کس طرح .۳. اس لیے کہ ، اس وجہ سے کہ ، کیونکہ .۴. کب ، کیسے .

کیُونکہ م ف :- کیوں کہ .
۱. اس لیے کہ ، اس سبب سے کہ ، اس واسطے ، اس وجہ سے .۲. کس طرح ، کیسے .

کھ

کھ (فت کہ) حرف .
صوتی اعتبار سے اردو حروف تہجی کا چالیسواں حرف ، ہندی کا دوسرا حرف ، اس کی صوت کبھی کبھی عربی کی صوت " خ " سے بدل جاتی ہے اور اس کا بدل بھی ہے ، جیسے : خر ، کھر ، خرانٹ ، کھرانٹ وغیرہ میں ، ہندی میں ش سے بدل جاتا ہے ، مثلاً : سکھ (سش) ، دکھ (دش) .

کھا صیغۂ امر .
کھانا کا امر ، تراکیب میں مستعمل .

کھا بیٹھنا محاورہ . غبن کرنا ، رقم دبا لینا .

کھا جانا ف مر : محاورہ . ۱. نگل جانا ، ہڑپ کر جانا ، چٹ کر لینا .۲. مال مار لینا ، ہضم کر جانا .۳. (i) گلا دینا ، ختم کر دینا . (ii) (کسی اثر یا کسی کے اثر سے) ختم کر دینا ، مٹا دینا ، زائل کر دینا ، نظر لگ جانا .
۴. تباہ و برباد کر دینا ، ختم کر دینا ، مٹا دینا ، ملیامیٹ کر دینا ، اجاڑ دینا .۵. مار ڈالنا ، قتل کر دینا .۶. چھوڑ جانا ، بھول جانا .۷. غائب کر دینا ، اڑا لے جانا .

کھا کے ڈکار نہ لینا کہاوت . پرایا مال بالکل ہضم کر جانا .

کھاتا مذ :- کھاتہ .
۱. حساب کی کتاب ، آمد و خرچ کے حساب کا روزنامچہ ، لین دین کے حساب کتاب کا رجسٹر .۲. (استعارۃً) حصہ ، شعبہ ، سلسلہ .۳. پٹواری کی وہ کتاب جس میں گانو کی زمین کا حساب مع کیفیت تقسیم درج ہو .۴. حساب کتاب کا رجسٹر ، لین دین ، بیوپار . [س] .

کھاتا دار مذ . ۱. زمین دار ، زمین داری میں شریک ، تعلقے میں حصہ دار .۲. وہ آدمی جس کا لین دین کسی بینک یا ساہوکار وغیرہ سے چلتا ہو .

کھاتا کھلنا محاورہ . ۱. لین دین ہونا ، حساب کتاب چلنا ، ادھار کا سلسلہ قائم ہونا .۲. حساب کتاب دیکھا جانا ؛ جانچ پڑتال کا عمل شروع ہونا .

کھاتا کھولنا ف مر : محاورہ . ۱. کسی تاجر یا ساہوکار کے ساتھ لین دین کرنا ، کاروباری تعلق رکھنا .۲. بنک میں حساب کتاب رکھنا ، بینک سے حساب کتاب شروع کرنا .

کھاتا صف ؛ مذ .
کھانا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل .

کھاتا پیتا صف . خوش حال ، فارغ البال ، آسودہ حال .

کھاتے (۱) مذ .
حساب کی کتاب ، آمد و خرچ کے حساب کا روزنامچہ ، کھاتا کی جمع اور م نیز ہ صورت ، تراکیب میں مستعمل .

کھاتے میں ڈالنا محاورہ . حساب کتاب میں درج کرنا ، حساب میں لگا لینا ؛ کسی کے سر تھوپ دینا .

کھاتے (۲) مذ ؛ ج .
کھاتا کی جمع نیز م نیز ہ صورت ، تراکیب میں مستعمل .

کھاتے پیتے صف مذ ؛ ج . خوش حال ، آسودہ حال ، صاحب مقدور .

کھاتے کماتے صف ؛ م ف . خوش حال روزگار سے لگے ہوئے .

کھاتے ہیں نانی کے ٹکڑے کہلاتے ہیں دادی کے پوتے کہاوت . کھاوے کسی کا کہلاوے کسی کا ، خرچ کسی کا نام کسی کا .

کھاٹ مث .
۱. پلنگ ، چارپائی .۲. تختہ یا پلنگ وغیرہ جس پر لاش کو لے جاتے ہیں ، جنازہ . [س] .

کھاٹ پکڑنا محاورہ . مجبور و لاچار ہو جانا ، بہت کمزور ہو جانا ؛ سخت بیمار پڑ جانا .

کھاٹ توڑنا محاورہ . بے کار بیٹھے رہنا ، نکما پڑا رہنا ، کچھ نہ کرنا .

کھاٹ کٹنا محاورہ . مجبوری لاحق ہونا ، مجبور لاچار ہونا ، بیماری ہونا .

کھاٹ کھٹولا مذ . ساز و سامان جو لیٹنے اور سونے کے کام آتا ہے (جیسے : تخت اور پلنگ وغیرہ) ، گھر کا ساز و سامان ، اسباب ، بوریا بندھنا .

کھاٹ نکلنا محاورہ. جنازہ اٹھنا.

کھاجا اند:- کھاجہ.
۱. پتلے پھینٹے ہوئے میدے کا گھی میں چھنچھنایا ہوا موٹا چیلا جو تلنے میں اسفنج کی شکل کا بن جاتا ہے، ایک مزے دار مٹھائی، پھیلا، گھیور. ۲. کھائے جانے کے قابل غذا، خوراک، کھائی جانے والی چیز. [س].

کھاد اند: مث.
حیوانی فضلہ یا بعض نباتاتی و جماداتی اجزاء جنہیں سڑا گلا کر یا کسی کیمیائی عمل سے تیار کر کے کھیت وغیرہ میں مٹی کو طاقت ور بنانے کے لیے ڈالتے ہیں اور یہی پودوں کی غذا بھی بنتا ہے. [پ: س].

کھادر (۱) (فت د) اند.
۱. (کاشت کاری) دریا کی ترائی کا حصہ، دریا کی تلیٹی جس میں نمی رہتی ہے، جس کے سبب گھنی جھاڑیاں اور چھوٹے پودے پیدا ہو جاتے ہیں جس سے وہ کھیتی کے لائق نہیں رہتی، کچھار. ۲. نشیبی زمین جس میں برسات کا پانی اِدھر اُدھر سے آ کر جمع ہو جائے، پانی جذب ہونے کے بعد قابل کاشت اور اچھی قسم میں شمار ہوتی ہے، چاولوں کی کاشت کے لیے کارآمد زمین. [س].

کھادر (۲) (فت د) صف (شاذ).
۱. موٹا سفید دیسی کپڑا، کھدر. ۲. (کنایۃً) موٹا، سُست، کم کام کرنے والا.

کھادی اند: مث.
موٹا، دیسی کپڑا؛ موٹا کھردرا.

کھادی پوش صف. کھدر پوش، کھدر پہننے والا.

کھار (الف) اند.
۱. معدنی یا کیمیائی مادہ جس میں شوریت ہو اور جو مختلف کاموں میں ہلکی تیزابی خاصیت کے لیے استعمال کیا جاتا ہو، شور، سجی، ریہ، پوٹاش، نمک، سوڈا. ۲. (طباخی) گوشت وغیرہ گلانے کا نمک، نوسادر وغیرہ ملا کر بنایا ہوا مسالا. (ب) صف. نمکین، شوریلا، کھارا، کھاری.
(ج) مث. ۱. نمک یا شورے کی خاصیت یا تاثیر، شوریت. ۲. (کنایۃً) ملاحت، نمک. [س].

کھارا صف مذ.
۱. نمکین، شور، کڑوا. ۲. تلخ، ناگوار.

کھاری صف.
نمکین، شور، ناگوار حد تک نمکین.

کھاری پانی اند. پانی جس میں نمک یا شورے کے اجزا ملے ہوئے ہوں اور بعض قسم کے پودوں کے لیے مفید نہ ہو، نمکین پانی (میٹھا پانی کے مقابل).

کھاری پن اند. کھاری ہونے کا مزہ، نمکینی، شوریت.

کھاری نمک اند. نمک کی ایک قسم جو عام استعمال سے تیز ہوتا ہے اور بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے.

کھاڑی مث.
سمندر کا وہ حصہ جو تین اطراف سے خشکی سے گھرا ہوا ہو اور دور تک چلا گیا ہو، خلیج، کھار، کھاری.

کھال (۱) مث.
۱. انسان یا حیوان کے جسم کی بیرونی پرت، جلد، پوست. ۲. حیوان چڑا؛ چرم. ۳. بالائی پرت، چھلکا، چھال. ۴. چڑے کی دھونکنی. [س]

کھال اتارنا محاورہ. ۱. کینچلی بدلنا، بعض جانوروں کا ناقص پوست کو دور کرنا. ۲. کچھ نہ چھوڑنا، خوب لوٹنا، گاہک سے زیادہ دام وصول کرنا ۳. کھال ادھیڑنا، گوشت سے پوست کا جدا کرنا. ۴. سزا دینا، تکلیف پہنچانا؛ نقصان کرنا.

کھال ادھیڑنا محاورہ. ۱. بہت مارنا، چمڑی ادھیڑنا. ۲. پوست کا گوشت سے جدا کرنا، کھال اتارنا. ۳. بہت زیادہ دق کرنا، ازحد پریشان کرنا ۴. زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کرنا، بری طرح لوٹ کھسوٹ مچانا.

کھال کھچوانا/کھنچوانا محاورہ. سخت سزا دلوانا، جسم سے پوست الگ کروا دینا.

کھال کھینچنا محاورہ. ۱. کھال اتارنا، پوست کا جلد سے الگ کرنا ۲. جان سے مار دینے کے لیے کھال اتروانا، سخت سزا دینا، بری گت بنانا، جان سے مار ڈالنا، کچھ بھی نہ چھوڑنا.

کھال موٹی ہونا محاورہ. کسی بات کا اثر نہ ہونا، بے حسی ہونا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

کھال میں رہنا محاورہ. حد سے نہ بڑھنا، حیثیت و مرتبے کے مطابق رہن سہن رکھنا، آپے سے باہر نہ ہونا.

کھال میں مست رہنا/ہونا محاورہ. موجودہ حالت میں خوش رہنا، مفلسی میں خوش رہنا، غریبی کو ہنستے کھیلتے ٹالنا.

کھال نوچ لینا / نوچنا ف مر: محاورہ. ۱. کچھ بھی نہ چھوڑنا، سب کچھ لے لینا. ۲. جان سے مار ڈالنا، پریشان کرنا.

کھال (۲) امث: اند.
۱. خلیج، کھاڑی. ۲. (i) نہر، کھائی. (ii) پانی کے بہاؤ کا کٹاؤ. ۳. آبپاشی کے لیے کھیتوں کے درمیان بنائی جانے والی چھوٹی کیاری یا نالی، اکثر ان کیاریوں میں پانی بھرا رکھا جاتا ہے تاکہ نمکیات پانی میں حل ہو کر زمین کی نچلی گہری تہوں میں چلے جائیں.

کھان امث.
زمین کے نیچے کا وہ طبقہ جہاں سے کوئی دھات وغیرہ نکلتی ہو: کان؛ (کنایۃً) معدن، مخزن، پوٹ. [س].

کھانا (الف) اند.
۱. طعام، غذا، خوراک ۲. ضیافت، دعوت. (ب) ف م. ۱. کسی شے کو چبا کر حلق سے نیچے اتارنا، نگلنا. ۲. (مجازاً) غم سہنا: مصیبت اٹھانا. ۳. (تلوار، لکڑی یا کسی اور چیز کی) ضرب کھانا، زخم کھانا، چوٹ یا مار کھانا. ۴. (نصیب یا مقدر کی گردش) سہنا یا برداشت کرنا، ٹھوکریں کھانا. ۵. (مجازاً) تباہ برباد کرنا، مٹانا، ختم کرنا. ۶. ہڑپ کرنا، نگل جانا، قبضہ کرلینا، ہضم کرلینا. ۷. ڈسنا، ستانا، تکلیف پہنچانا. ۸. (جی یا جان کے ساتھ) پریشان کرنا، تنگ کرنا. ۹. (قسم یا حلف) اٹھانا، عہد کرنا. ۱۰. رشوت لینا: اثر قبول کرنا (سردی یا اوس وغیرہ کا)؛ کھوکھلا کر دینا؛ سننا (گالی). [پ: س].

کھانا اور غرانا محاورہ. محسن کشی کرنا، احسان فراموشی کرنا، احسان بھلا کر احسان کرنے والے کو دھمکانا.

کھانا پینا (الف) اند. کھانا پانی، خوراک، غذا، طعام، دانہ پانی. (ب) ف م. ۱. کھانا اور پینا، خورونوش. ۲. دعوت و مدارات میں شرکت.

کھانا پینا حرام ہونا محاورہ. کھانا پینا چھوٹ جانا.

کھانا پینا گانٹھ کا نری سلام علیک کہاوت. سب سے ملنا مگر کسی قسم کی غرض نہ رکھنا.

کھانا چننا ف مر: محاورہ. (احتراماً) دسترخوان پر کھانا لگانا، کھانے پینے کی اشیاء کو دسترخوان یا میز پر قرینے سے لگانا.

کھانا حرام ہو جانا / ہونا محاورہ. کھانے کی طرف سے طبیعت میں کراہت پیدا ہو جانا.

کھانا زہر مار کرنا محاورہ. جبراً کھانا کھانا، غصے میں کھانا، مجبوری سے کھانا.

کھانا ہضم نہ ہونا محاورہ.
چین نہ پڑنا، صبر نہ آنا، اطمینان نہ ہونا.

کھانْچا (مغ) اند: ~ کھانچہ.
۱. (i) مرغ کے بند کرنے کا بانس وغیرہ کی تیلیوں کا بنا ہوا مخروطی شکل کا بڑا ٹوکرا، ٹاپا، جھابا. (ii) کبوتروں کی چھتری، اڈا. ۲. پنجرہ، قفس. ۳. مخروطی شکل کا ٹوکرا، ایک خاص قسم کی زنبیل نما بانس وغیرہ کی تیلیوں سے بنا ہوا ٹوکرا، گہوارہ. ۴. بانس وغیرہ کی تیلیوں سے بنا ہوا ڈھکن، سرپوش. ۵. گڑھا، شگاف، دراڑ. ۶. کمی، گنجائش، خلا. ۷. دیوار کی کجی، کب، ابھار، خالی جگہ. ۸. گوشہ، پہلو. ۹. (نجاری) لکڑی کی سطح پر چھوٹا ترچھا کٹاؤ، دندانہ. [س].

کھانْچی (مغ) امث.
چند کھپچیاں جوڑ کر بنائی ہوئی پھیلے منھ کی ٹوکری.

کھانْچے (مغ) اند: ج.
کھانچا کی جمع اور مغیرہ صورت، تراکیب میں مستعمل.

کھانچے دار صف. ۱. پھٹواں، چرا ہوا، شگافتہ، زاویے نما، پھیلواں. ۲. غیر مسلسل، بے ربط.

کھانْڈ (فتہ) امث.
گڑ کی شکر، بورا، کچی شکر نیز شکر. [س].

کھانڈ کی روٹی جہاں توڑو وہاں میٹھی کہاوت. اچھی چیز ہر جگہ سے اچھی ہوتی ہے، اچھی چیز کا ہر جز اچھا ہوتا ہے.

کھانْڈا (مغ) اند.
۱. تلوار کی ایک قسم جو سیدھی اور دو رخی ہوتی ہے، اس کی نوک مثلث

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نما ہوتی ہے .۲. قصائی کا بغدا . [س] .

کھانسنا (خفہ ، سک س) ف ل .
سانس کی رکاوٹ یا گھٹن دور کرنے کے لیے کھر کھر کی آواز نکالنا ، کھنکارنا ، کھانسی کی آواز نکالنا ، گلے کی خراش دور کرنے کے لیے آواز نکالنا . [پ : س] .

کھانسی (مغ) امث .
سانس کی رکاوٹ اور تنگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماری ، سرفہ ، گلے کی کھاج یا خراش ، کھرا . [پ : س] .

کھانے امذ : ج .
کھانا کی جمع اور محرف شکل ؛ تراکیب میں مستعمل .

کھانے کمانے کے ڈھنگ امذ : ج . (مجازاً) کسی کو بے وقوف بنا کر پیسا بٹورنے کے ہتھ کنڈے یا طریقے .

کھانے کو بسم اللہ کام کو استغفراللہ / نعوذ باللہ کہاوت . کام چور ، کام سے بچنے کے لیے بہانے بازی اور کھانے کو سب سے پہلے موجود .

کھانے کو دوڑنا محاورہ . بدمزاجی سے پیش آنا ، بدسلوکی کرنا ، تند مزاجی دکھانا ، بے جا طور پر ستانا .

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور کہاوت . ظاہر کچھ اور باطن کچھ ، ظاہر و باطن میں تضاد ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں .

کھانے کھیلنے کے دن امذ : ج . بے فکری کا زمانہ ، بچپن اور لڑکپن کا زمانہ ، عنفوان شباب کا زمانہ ، عیش و آرام کا زمانہ .

کھاوے : ← کھائے .
کھانا کا فعل مضارع ؛ مرکبات و محاورات میں مستعمل .

کھاوے چنا ، رہے بنا کہاوت .
کھانے پر کم خرچ کرنے سے آدمی امیر ہو جاتا ہے ؛ چنا کھانے والا طاقتور ہوتا ہے .

کھاؤ (وج) صف .
۱. بہت کھانے والا ، پرخور ، پیٹو .۲. رشوت لینے والا ، رشوت خور .

کھاؤ پیر صف . بہت کھانے والا ، پیٹو ، بسیار خور .

کھاؤ (وج) امر .
کھانا کا فعل امر ؛ مرکبات و محاورات میں مستعمل .

کھاؤ من بھاتا ، پہنو جگ بھاتا کہاوت . کھانا اپنی پسند کا اچھا ہوتا ہے اور کپڑا دوسرے کی پسند کا (جو دوسروں کو اچھا لگے) ؛ کھانا اپنی مرضی کے مطابق کھانا چاہیے اور پہننا فیشن کے مطابق چاہیے .

کھاؤں کھاؤں (وع ، مغ ، وع) امث .
۱. ڈرانے دھمکانے یا غصہ ظاہر کرنے کے وقت دانت کچکچا کر نکالی جانے والی آواز ، غراہٹ .۲. تکا فضیحتی ، تو تو میں میں ، دنگا فساد [حکایت الصوت] .

کھاؤں کھاؤں کرتا ہے فقرہ . بہت غصے میں بھرا ہے .

کھائی (۱) امث .
۱. گہرا گڑھا ، کھڈ .۲. قلعہ اور شہر پناہ یا باغ وغیرہ کے گردا گرد کھودا ہوا گڑھا ، خندق .۳. گڑھا جو عمارت کی بنیاد ڈالنے کے لیے کھودا جائے . [س] .

کھائی (۲) امث .
دیکھیے : کھانا کا حاصل مصدر نیز ماضی مونث ؛ مرکبات و محاورات مستعمل .

کھائی بھلی کہ مائی کہاوت . کھانا ماں سے زیادہ پیارا ہوتا ہے ، کی محبت نہیں بلکہ اس کے ناز و نعم کی محبت ہوتی ہے .

کھائی کھلائی امث . دعوت و ضیافت ، خاطر مدارات ، کھانا پینا ، طعام اور لوازمات ، رہن سہن .

کھائی کھیلی صف مث . چالاک ، عیار ، حرافہ ، جنسی معاملات آزمودہ کار (عورت) ، کھلاڑ .

کھائے امذ : ج .
کھانا کا فعل مضارع اور ماضی مذکر کی جمع ؛ مرکبات و محاورات مستعمل .

کھائے (کھاوے) بکری کی طرح ، سوکھے لکڑی کی طرح کہاوت . بہت کھانے کے باوجود لاغر رہنے والے نسبت کہتے ہیں ، باوجود اچھا اور کھانے کے دبلا پتلا ہے ، بہت کھاتا ہے .

کھائے تو پچھتائے ، نہ کھائے تو پچھتائے کہاوت. شادی بیاہ کے بارے میں کہتے ہیں ، جو کرے وہ پچھتائے جو نہ کرے وہ بھی پچھتائے ، کسی طرح انسان کی تسلی نہیں ہوتی ہے .

کھائے جانا محاورہ. ۱. تباہ کرنا ، برباد کرنا ، نیست و نابود کرنا. ۲. ستانا ، تنگ کرنا ، پریشان کرنا. ۳. بے قرار کرنا ، بے چین کرنا. ۴. گھلانا ، گھٹانا .

کھائے کے گال / کا منہ اور نہائے کے بال نہیں چھپتے کہاوت. آسودگی اور خوش حالی کی حالت چھپی نہیں رہتی .

کھایا صف : اند.
کھانا کا فعل ماضی یا حالیہ تمام : مرکبات میں مستعمل .

کھایا بڑی کہ سایا کہاوت. کھانا اچھا یا روپیہ جمع کرنا ، دولت کی بڑائی اور برتری ظاہر کرنے کے موقع پر مستعمل .

کھایا پیا اند. خوراک ، غذا ، نوش کیا ہوا کھانا پینا ، ہضم کیا ہوا .

کھایا پیا اگل دینا ف مر : محاورہ. قے کرنا : چھپایا ہوا یا عمر بھر کی کمائی پیش کر دینا ، سب کچھ بتا دینا یا ظاہر کر دینا .

کھایا پیا اگلوانا محاورہ. نکلوا لینا ، پائی پائی وصول کر لینا ، سب راز پوچھ لینا یا معلوم کر لینا .

کَھپ (فت کھ) اند.
(دکن) شکن ، پیچ ، خم ، گھونگھر . [مقامی] .

کھپ دار صف. شکن در شکن ، پیچ و خم والا ، گھونگھریالا ، لہریا .

کھبّا (فت کھ، شد ب) صف مذ.
۱. بایاں ، الٹا ، الٹے ہاتھ کی طرف کا (دایاں کی ضد) ۲. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا . [پنجا] .

کُھب جانا ف مر : محاورہ. ۱. چبھ جانا ، گڑ جانا ، جم جانا ، گھس جانا. ۲. نقش ہو جانا ، سما جانا ، بس جانا. ۳. پسند آنا ، اچھا لگنا ، آنکھوں کو بھا جانا .

کُھبنا (۱) (ضم کھ، سک ب) ف ل.
۱. کھب جانا ، چبھنا ، گڑنا ، گھسنا. ۲. بسنا ، سمانا ، گھلنا ملنا ، گھر کرنا . ۳. پسند آنا ، اچھا لگنا ، بھانا . [س] .

کُھبنا (۲) (ضم کھ، سک ب) صف مذ.
کھب جانے والا ، دل میں گھر کرنے والا ، طرح دار .

کَھپ (فت کھ) امث .
۱. خلل ، کھنڈت ، فساد. ۲. شور غوغا ، ہنگامہ . [پنجا] .

کَھپاچ (فت کھ) امث .
۱. بانس کا ٹکڑا ، پھانس. ۲. نہایت دبلا پتلا .

کھپا دینا / کھپانا (فت کھ) ف م .
۱. (i) سلیقے سے صرف کرنا ، قرینے سے خرچ کرنا : لگانا ، صرف کرنا . (ii) استعمال کرنا ، کام میں لانا ، مصرف میں لے آنا. ۲. سمانا ، بھر دینا ، سمویا جانا. ۳. جذب کرنا ، شامل کرنا. ۴. فروخت کرنا ، بیچنا. ۵. تکلیف دینا ، گھلا دینا ، برا حال کرنا. ۶. گنوانا ، ضائع کرنا ، تلف کرنا. ۷. برباد کرنا ، تباہ کرنا ، ختم کر دینا ، کام تمام کر دینا ، مار ڈالنا. ۸. چپکی کرنا . ۹ کام پر لگا دینا ، ملازمت میں لینا .

کَھپَت (فت کھ، پ) امث .
۱. (i) سمائی ، گنجائش ، جگہ . (ii) کام سے لگنا. ۲. گزارہ ، نباہ . ۳ فروخت ، بکری. ۴. استعمال ، صرف ، خرچ ، لگ جانا ، مصرف میں آنا. ۵. مانگ ، طلب .

کَھپّٹ (فت کھ، شد پ بفت) صف.
کھوسٹ ، بہت بوڑھا ، بہت بوڑھی ، کھاپڑ .

کَھپَچ (فت کھ، پ) امث .
بانس کا ٹکڑا ، کھپچی .

کَھپچا (فت کھ، سک پ) اند.
لکڑی کی پھیلے ہوئے منہ کی ڈوئی ، لکڑی کا کفگیر : بڑا چمچا جس سے دیگ میں سے سالن وغیرہ نکالتے ہیں .

کَھپچَر (فت کھ، سک پ، فت چ) امث .
۱. (ٹوکری سازی) ٹوکری بنانے کے لیے بانس کی تراشی ہوئی پتلی پتلی پٹیاں ۲. بانس کا ٹکڑا .

کَھپَچّی (فت کھ، پ، شد چ) امث .
۱. بانس کا چرا ہوا یا لمبائی میں کٹا ہوا ٹکڑا ، بانس کی تیلی جسے عموماً چیزیں بنانے اور تعمیر وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں ، کھپچا ، کھپچ ، کھپاچ . ۲. تیلی. ۳. (مجازاً) دبلا پتلا ، لاغر .

کَھپّر (فت کھ، شد پ بفت) اند.
۱. جوگیوں اور فقیروں کا تونبا، کاسہ گدائی، کشکول. ۲. ٹھیکرا، بخوردان. [س].

کَھپْرا (فت کھ، سک پ) اند.
۱. (i) (معماری) اینٹ کی طرح کا چوڑا مستطیل نما مٹی وغیرہ کا ظرف جس کے طول میں کنارے ڈول دار ہوتے ہیں اور عرضی کناروں پر داب کے لیے نشان بنے ہوتے ہیں، کھپریل کا نیچے کا چوڑا حصہ. (ii) مٹی یا پتھر یا کسی مسالے وغیرہ کا چوکور اور مستطیل ظرف جو چھتوں کے چھانے اور دیواروں یا فرشوں کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے، ٹائل. ۲. ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں کو لگ جاتا ہے. ۳. چوڑے پھل کا تیر. ۴. چھال، پوست: مچھلی اور سانپ وغیرہ جانوروں کی جلد کے اوپر کے گول گول پتر، فلس. ۵. بالائی تہ، چھلکا، پرت، پتر. ۶. مٹی کا ٹھیکرا. [س].

کَھپْری (فت کھ، سک پ) است.
۱. تونبی، بھیک مانگنے کا پیالہ، کشکول. ۲. کچھوے کی پیٹھ کے اوپر کا سخت توا. ۳. مٹی کا چھوٹا ٹھیکرا، مٹی کا ٹھیکرا جس پر روٹی پکاتے ہیں.

کَھپْرَیل (فت کھ، سک پ، ی لین) اند: است.
۱. (معماری) مکان کی چھوائی میں استعمال ہونے والا مٹی وغیرہ کا ظرف. ۲. کھپروں سے بنی ہوئی چھت. ۳. مکان جس کو کھپروں سے پاٹا گیا ہو، کھپروں کی چھت والا مکان.
کھپریل ڈالنا محاورہ. کھپروں سے چھت یا مکان بنانا.

کَھپْلی (فت کھ، سک پ) است.
وہ پپڑی جو زخم کے مندمل ہونے کے بعد اس کے اوپر جم جاتی ہے، کھرنڈ.

کَھپْنا / کَھپْ جانا (فت کھ، سک پ) ف ل.
۱. استعمال ہونا، کام میں آنا، صرف ہونا، خرچ ہونا. ۲. گزر جانا، ختم ہونا. ۳. (i) جذب ہونا، سمانا، گھل مل جانا، خشک ہونا. (ii) گھل مل جانا، نباہ ہونا: گزارہ ہونا. ۴. بک جانا، فروخت ہو جانا، کھپت ہونا. ۵. رنج و غم میں گھلنا، براحال ہونا. ۶. مر جانا. ۷. شرمانا، جھینپنا، منفعل ہونا، پشیمان ہونا. ۸. زیب دینا، موزوں ہونا، پھبنا. ۹. چل جانا، کامیاب رہنا. ۱۰. ٹھکانے سے لگنا، مناسب جگہ پہنچ جانا.

کَھپْ جانا / کَھپْنا (فت کھ، سک پ) ف ل.
۱. چبھنا، گڑنا. ۲. سمانا، بس جانا، نقش ہو جانا. ۳. گھل مل جانا.

کَھتّا (فت کھ، شد ت) اند: ~ کھتہ.
۱. گڑھا، کھائی. ۲. ذخیرہ کرنے کی جگہ، گودام. [س].

کُھتْرا (فت کھ، سک ت) اند.
بل، سوراخ، پوشیدہ جگہ (عموماً کونا کے ساتھ مستعمل).

کَھتْری (فت کھ، سک ت) اند.
ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے دوسری ذات جو سپاہی ہوتی ہے، اس ذات کا ایک فرد. [س].

کُھتْری (ضم کھ، سک ت) صف مت.
داغ دار، چیچک دار: (مجازاً) عیب دار، ناقص.

کَھتّی (فت کھ، شد ت) است.
(کاشت کاری) اناج وغیرہ کا ذخیرہ رکھنے کے لیے زمین کے بنی ہوئی محفوظ اور بند جگہ، زمین دوز گڑھا.

کَھٹ (۱) (فت کھ) (الف) است.
دو سخت چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز: ٹکرانے کی مانند: کھٹا عموماً مرکبات میں مستعمل. (ب) م ف. جلدی، فوراً، تیزی سے، ترت.
کھٹ پٹ است. ۱. متواتر ٹکراؤ کی آواز، دو چیزوں کے باہم ٹکرانے مسلسل صدا: باہمی تصادم سے پیدا ہونے والی آواز. ۲. بھاری قدموں سے چلنے کی آواز، جلد جلد اور متواتر ٹاپ پڑنے یا جوتوں آواز، چاپ، آواز پا. ۳. گڑبڑ، برہمی. ۴. لڑائی، جھگڑا، مار پیٹ.
کھٹ پٹ کرنا ف مر: محاورہ. ۱. ٹاپوں کی آواز نکالنا، چلنے میں جوتوں کھڑاؤں وغیرہ کی آواز نکالنا، بھاری قدموں سے چلنا. ۲. جھگڑا کرنا، لڑنا.
کھٹ پٹ ہو جانا / پٹ ہونا ف مر: محاورہ. لڑائی جھگڑا ہو جانا: ان ہو جانا، ناراضگی ہونا.
کھٹ سے م ف. ۱. فوراً، جلدی، ترت. ۲. آواز کے ساتھ، کھٹکے کے ساتھ.
کھٹ کھٹ کرنا ف مر: محاورہ. ۱. کھٹ کھٹ کی آواز نکالنا. ۲. تیز چلنا (جس سے جوتوں کی آواز آئے). ۳. لڑنا، جھگڑنا.

کَھٹ (۲) (فت کھ) اند.
کھاٹ کا مخفف: عموماً مرکبات میں مستعمل.

کھٹ پلنگا اند. معمولی چارپائی.

کَھٹ (۳) (فت کھ) اند.
کھٹا کا مخفف؛ عموماً مرکبات میں مستعمل.

کھٹ مٹھا صف مذ. ترشی مائل میٹھا، چاشنی دار، کھٹے اور میٹھے مزے والا خوش ذائقہ.

کُھٹ (ضم کھ) امث.
۱. کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز، کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز. ۲. بچوں کے کٹی کرنے کا اعلان یا اشارہ، کٹ. ۳. (مجازاً) دوستی کا خاتمہ، ترک تعلق، کٹی.

کھٹ بڑھئی / بڑھیا امث. ایک چھوٹے پرند کا نام جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور جو درخت وغیرہ میں سوراخ بنا کر رہتا ہے، ہد ہد، کٹھ پھوڑا.

کَھٹّا (فت کھ، شد ٹ) (الف) صف مذ.
۱. ترش، کھٹائی والا، جس میں کھٹاس یا تیزابیت ہو. ۲. خراب، بدمزہ.
(ب) اند. ایک ترش پھل کا نام جو چکوترے کی مانند ہوتا ہے، لیموں کی ایک قسم. [س].

کھٹا کھانا محاورہ. ۱. بیزار ہونا، متنفر ہونا، ناراض ہونا، خفا ہونا. ۲. زک پانا، زچ ہونا. ۳. سخت سست باتیں سننا، گالیاں کھانا.

کھٹا مٹھا/میٹھا صف؛ اند جھاڑی بوٹی کے بیر جو کھٹ مٹے ہوتے ہیں.

کھٹا میٹھا ہونا محاورہ. دل للچانا، منھ میں پانی بھر آنا.

کھٹا ہو جانا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. مزے کا ترش ہو جانا. ۲. اچار کا تیار ہو جانا. ۳. رنج پہنچنا، مایوس ہو جانا، دل بیزار ہو جانا. ۴. کھانا سڑ جانا.

کَھٹارا (فت کھ) اند.
۱. سامان یا پتھر وغیرہ ڈھونے کا چھکڑا، ٹھیلا. ۲. خراب وخستہ یا پرانی گاڑی، وہ گاڑی جو چلنے میں چرچوں قسم کی آواز نکالے، چھکڑا.

کَھٹاس (فت کھ) امث.
۱. کھٹا ذائقہ، کھٹا پن، ترش ذائقہ، ترشی. ۲. (کنایۃً) خفگی، ناراضگی، بدمزگی.

کَھٹاک (فت کھ) اند.
دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز، کسی چیز کے گرنے یا ٹوٹنے کی آواز، کھٹکا، کڑاکا.

کھٹاک سے م ف. ۱. کھٹ کی آواز کے ساتھ، کھٹا کے سے. ۲. فوراً، جھٹ پٹ.

کَھٹاکَھٹ (فت کھ، کھ) (الف) امث.
۱. دو سخت چیزوں کے باہم ٹکرانے یا کسی چیز پر چوٹ پڑنے کی آواز. ۲. چلتے وقت جوتوں سے متواتر نکلنے والی آواز. ۳. گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز. (ب) م ف. متواتر آواز کے ساتھ، جلدی سے، تیزی کے ساتھ.

کَھٹائی (فت کھ) امث.
۱. ترشی، کھٹاس، کھٹا پن، حموضت، وہ چیز جس میں کھٹاس ہو، کھٹی چیز. ۲. کیری کی خشک کی ہوئی پھانک یا پھانکیں یا ان کا سفوف، امچور. ۳. کسی ترشی سے تیار کیا ہوا محلول؛ میل کاٹنے کے لیے تیزاب ملا ہوا پانی.

کھٹائی میں پڑنا محاورہ. تاخیر کی نذر ہونا، ملتوی ہو جانا، جھمیلے میں پھنسنا، کام میں توقف یا تاخیر ہونا، کسی چیز کے ملنے میں دیر ہونا.

کھٹائی میں ڈال دینا/ ڈالنا محاورہ. ۱. دیر لگانا، ملتوی کرنا، ٹال مٹول کرنا، بہانہ کرنا، جھمیلے میں پھنسانا. ۲. زیور کو نکھارنے کے لیے تیزاب وغیرہ سے بنے ہوئے مسالے میں ڈالنا.

کَھٹرپَٹر (فت کھ، ٹ، سک ر، فت پ، ٹ) امث.
کھٹ پٹ کی آواز، شور غل. [حکایت الصوت].

کَھٹک (فت کھ، ٹ) امث.
۱. کسی کھردری چیز کی چبھن؛ (مجازاً) خلش، ٹیس. ۲. (موسیقی) سریلی آواز کا موزوں جھٹکا، ٹکری. ۳. ملال، رنج، گلہ، شکوہ، رنجش. ۴. دھڑکا، اندیشہ، فکر.

کھٹک جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. چبھ جانا؛ دل میں اثر کر جانا. ۲. ناگوار گزرنا، برا لگنا.

کَھٹکا (فت کھ، سک ٹ) اند.
۱. وہ ہلکی اور مدھم آواز جو چیزوں کے ٹکرانے یا کسی چیز کے گرنے سے پیدا ہو، کھٹ کھٹ کی خفیف آواز، کھڑکا. ۲. پانو کی چاپ، آہٹ. ۳. خلش، کھٹک، چبھن. ۴. پھل دار درخت میں باندھا ہوا کھوکھلے بانس کا ٹکڑا یا ٹین کا ڈبہ وغیرہ جسے رسی یا ڈور کے ذریعے ہلاتے رہتے ہیں تاکہ اس کی آواز سے ڈر کر کوئی پرندہ درخت پر بیٹھ

کر پھل نہ کھائے. ۵. (i) بلی جو دروازے وغیرہ میں لگاتے ہیں، چٹخنی، کنڈی. (ii) سوئچ، بٹن. (iii) (قفل، بندوق وغیرہ کا) کتا، کمانی، اسپرنگ. (iv) ٹک، کانٹا. ۶. ایک اسپرنگ دار بٹن جسے انگلی دبا کر کھٹ کھٹ کی آواز پیدا کرتے ہیں. ۷. پرندوں یا جانوروں کو پکڑنے کا کمانی دار آلہ.

کھٹکا لگا رہنا محاورہ. فکر و تشویش رہنا، اندیشہ رہنا، دھڑکا لگا رہنا.

کھٹکا ہونا ف مر، محاورہ. ۱. آہٹ ہونا، کھٹ کھٹ کی آواز ہونا. ۲. فکر ہونا، تردّد ہونا، اندیشہ ہونا.

کَھٹکانا (فت کھ، سک ٹ) ف م.

زنجیر ہلانا، دستک دینا، دروازہ کھٹکھٹانا. [س].

کَھٹکنا (فت کھ، ٹ، سک ک) ف ل.

۱. کھڑکنا، بجنا، کھٹ کی آواز نکلنا. ۲. (مجازاً) چبھنا، خلش کرنا، خلش کا اثر ظاہر ہونا؛ کسی نوک دار چیز کا گھسنا، ٹیس پیدا ہونا. [حکایت الصوت].

کُھٹکنا (ضم کھ، فت ٹ، سک ک) ف م.

۱. کسی جانور کے بچے کا انڈے سے باہر نکلنے کے لیے اسے اپنی چونچ سے پھوڑنا. ۲. (i) (باغ بانی) بیج کا غلاف یعنی اوپر کا چھلکا پھٹاؤ کی نوک کے پاس سے پھٹنا یا چٹخنا. (ii) (باغ بانی) بڑھنے والے پودوں کی اوپر کی کونپل توڑنا، بدھیانا. ۳. (i) کسی بیج کی گری نکالنے کے واسطے دانتوں سے دبا کر چھلکا جدا کرنا تاکہ گری ثابت نکل آئے. (ii) چونچ مار کر اڑا دینا، چونچ سے توڑ لینا. [س].

کَھٹکھٹانا (فت کھ، سک ٹ، فت کھ) ف م.

۱. دروازے کی کنڈی وغیرہ ہلا کر آواز پیدا کرنا، دروازہ کھڑکھڑانا، دستک دینا. ۲. آگاہ کرنا، جتانا، خبردار یا ہوشیار کرنا. ۳. ضرب لگا کر آواز پیدا کرنا، اس طرح ہلانا کہ آواز پیدا ہو؛ کھٹ کھٹ کر کے مشین وغیرہ چلانا.

کُھٹّل (فت کھ، شد ٹ بفت) صف.

وہ جس کی دھار کند ہو، کند، کھنڈا. [س].

کَھٹمَل (فت کھ، سک ٹ، فت م) اند.

ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کیڑا جو چارپائیوں وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے اور آدمی کا خون چوستا ہے، کھٹ کیڑا. [س].

کَھٹولا (فت کھ، و مع) اند.

۱. چھوٹا پلنگ، چھوٹی چارپائی، چوکور چوکی نما نیچی نشست. ۲. پالنا جھولا، پنگوڑہ. ۳. گاڑیوں وغیرہ میں بیٹھنے کے لیے بنا ہوا چوکھٹا، کسی سواری وغیرہ میں خاص انداز سے بنی ہوئی نشست. [س].

کَھٹُولْنا (فت کھ، و مع نیز مع، سک ل) اند.

چھوٹا پلنگ؛ بچوں کے لیے بنا ہوا کھٹولا، پالنا، ایک قسم کا جال.

کَھٹُومَر / کَھٹُومْرا (فت کھ، و مع، فت م) اند.

(اچار سازی) چھ مزوں کی چٹنی کی طرح تیار کی ہوئی کھٹی چیز؛ کھٹی اور چٹ پٹی قسم کی کھانے کی چیزیں وغیرہ تیار کرنے والا پیشہ ور؛ طرح کے اناج ملا کر اور خاص طریقے سے کھٹا کر کے پکائی ہوئی ایک قسم کی غذا. [س].

کَھٹّی (فت کھ، شد ٹ) صف.

کھٹا کی تانیث، مرکبات میں بھی مستعمل. [مقامی].

کھٹی ڈکاریں آنا ف مر؛ محاورہ. بدہضمی کی وجہ سے بدبودار ڈکاریں آنا

کَھٹّے (فت کھ، شد ٹ) صف، اند.

کھٹا کی جمع یا مغیرہ حالت، مرکبات میں مستعمل.

کھٹے میٹھے دن اند؛ ج. ۱. کڑوے کسیلے دن، برے دن؛ خراب موسم. ۲. ایام حمل، حمل کا زمانہ.

کھٹے میٹھے کو جی چاہنا محاورہ. ۱. لذیذ غذا کی خواہش ہونا. ۲. حاملہ عورت کو کھٹائی کی رغبت ہونا.

کَھٹیا (فت کھ، سک ٹ) امث.

چھوٹا پلنگ، چھوٹی چارپائی، پلنگڑی، چھوٹی کھاٹ. [س].

کھٹیا اُٹھنا محاورہ. جنازہ نکلنا.

کھٹیا سے لگ جانا / لگنا محاورہ. بیمار پڑنا، صاحب فراش ہو جانا نحیف و نزار ہو جانا، کھٹیا کھڑی کرنا.

کُھجانا (ضم کھ) (الف) ف م.

جلد کی بے چین کرنے والی خلش یا سلسلاہٹ کو ناخنوں یا انگلی

کھردری چیز سے سہلا کر یا ہلکے ہلکے کھرچ کر مٹانا. (ب) ف ل. کھجلی پیدا ہونا، خارش اُٹھنا، جلانا. [س].

کَھجلا (فت کھ، سک ج) مذ.
ا. کھاجا، گھیور؛ میدے کی بنی ہوئی ایک قسم کی پرت دار خستہ اٹنگی مٹھائی. ۲. خستہ، پرت دار پراٹھے کی قسم کا ایک پھیکا پکوان جسے عموماً رمضان کے مہینے میں سحری کے وقت استعمال کرتے ہیں. [س].

کُھجلانا (ضم کھ، سک ج) (الف) ف م.
دیکھیے: کھجانا، جلد کی خلش یا سلسلاہٹ مٹانا، کھجانا. (ب) ف ل. کھجلی پیدا ہونا، خارش اُٹھنا، چل اُٹھنا، چلچلانا.

کُھجلی (ضم کھ، سک ج) مث.
ا. جسم یا کسی عضو میں کسی وجہ سے پیدا ہونے والی سوزش جس میں کھجانے کی خواہش زور کرتی ہے، خارش، چل. ۲. ایک متعدی بیماری جس میں سارے بدن پر سرخ مہین دانے یا ہاتھوں کی گھائیوں اور جنگاسوں میں موٹے پیپ دار دانے نکل آتے ہیں، ان میں چل اُٹھتی اور کھجانے سے پانی یا پیپ ٹپکتی ہے. ۳. سزائے جسمانی پر آمادہ کرنے والی بات. [س].

کَھجُور (فت کھ، و مع) مث.
ایک ریگستانی تناور درخت کا نام اس کا پھل نہایت میٹھا ہوتا ہے. [س]

کَھجُوری (فت کھ، و مع) صف.
کھجور سے منسوب، کھجور کی وضع کا، کھجور کے پتوں سے بنا ہوا.

کھجوری چوٹی مث. خاص وضع کی لہر یا گندھی ہوئی چوٹی جس کی گندھاوٹ کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی پٹی کی بناوٹ سے مشابہ ہو، مینڈھی.

کَھچ (فت کھ) مث.
ا. کسی گیلی یا پلپلی چیز کے اندر کسی شے کے داخل ہونے کی آواز، جسم میں کسی آلے کے کھبنے یا گھسنے کی آواز. ۲. بھیڑ کی حالت؛ مجمع، بھیڑ، ڈھیر پھلوں پتوں وغیرہ کا؛ ضرب، دھماکا. [حکایت الصوت].

کِھچ (کس کھ) مث؛ مذ.
کھنچنا (دیکھیے) کا امر تراکیب میں مستعمل.

کَھچا (فت کھ) صف.
جڑا ہوا، ملا ہوا، لگا ہوا، اکٹھا ہوا ہوا؛ مجمع.

کھچا کھچ (الف) صف. ا. بہت زیادہ مجمع ہونا، اتنی کثرت سے بھرنا کہ پھر اور لوگوں کی گنجائش نہ رہے، گنجائش سے زیادہ. ۲. چقا چق، ہتھیاروں کے جسموں پر چلنے اور گوشت میں گھسنے کی آواز. ۳. ٹھنس ٹھنسا کر، ٹھس کر، پوری طرح لد کر.

کِھچا (کس کھ) صف.
کسا ہوا، تنا ہوا؛ گراں، تیز؛ مہنا، چڑھا ہوا، کھنچنا (دیکھیے) کا ماضی تراکیب میں مستعمل.

کِھچاوٹ (کس کھ، فت و) مث.
ا. تناؤ، کساؤ، اینٹھن، کھچاؤ. ۲. لکیر ڈالنے کا عمل، کاجل یا سرمے کی لکیر. ۳. رکاوٹ، کشیدگی، آزردگی.

کِھچاؤ (کس کھ، و مج) مذ.
ا. تناؤ، کساؤ، کشیدگی. ۲. کشش، کھینچ، جاذبیت. ۳. کشیدگی، ناراضگی.

کِھچائی (کس کھ) مث.
ا. کھچاوٹ؛ کھینچنے کی مزدوری ۲. ڈانٹ ڈپٹ.

کِھچڑا (کس کھ، سک چ) مذ.
گوشت، گیہوں اور مختلف اناجوں کو ملا کر پکایا ہوا ایک نمکین کھانا جو کھچڑی کی طرح کھایا جاتا ہے، حلیم. [س].

کِھچڑی (کس کھ، سک چ) (الف) مث.
ا. دال اور چاول ملا کر پکایا جانے والا ایک نمکین کھانا جو روٹی کے بغیر کھایا جاتا ہے. ۲. ملے جلے سیاہ و سفید بال. (ب) صف. ا. خلط ملط، گڈمڈ، ملا جلا. ۲. کئی زبانوں کو ملا کر بولنا، دو یا زیادہ زبانوں کے الفاظ ملا کر بیک وقت استعمال کرنا. [س].

کھچڑی بال مذ؛ ج. سیاہ و سفید ملے جلے بال.

کھچڑی پکنا محاورہ. ا. دال چاول ملا کر پکانا ۲. سازش ہونا، خفیہ صلاح و مشورے ہونا، چہ می گوئیاں ہونا. ۳. بے چینی پیدا ہونا، ہلچل ہونا، کھلبلی مچنا، افراتفری مچنا.

کھچڑی ہونا ف مر؛ محاورہ. بے ترتیب ہونا، گڈمڈ ہونا، الٹ پلٹ

جانا ، کھنڈت پڑنا .

کِھچنا (کس کھ ، سک چ) ف ل .

ا. تننا ، کسا جانا ، جکڑا جانا نیز نصب ہونا .۲. کسی خارجی قوت یا اثر سے بے اختیار کی جانب حرکت میں آنا .۳. کنارہ کش ہونا ، دور رہنا ، بچنا ، آزردہ ہونا ، کشیدہ ہونا .۴. (عرق ، تیل وغیرہ کے لیے) نکلنا ، کشیدہ ہونا .۵. لگنا ، طول پکڑنا ، دراز ہونا عرصہ لگنا .۶. (جانا ، روح ، طاقت وغیرہ کے ساتھ) باہر آنا ، نکلنا .۷. مائل ہونا ، رجوع ہونا ، کسی کی کشش سے اس کی طرف مجبور ہو کر چلا جانا ؛ (مجازاً) جتلا ہونا .
۸. اکڑنا ، اترانا ، بننا ، مغرور ہونا ، اکڑ دکھلانا ، کشیدہ خاطر ہی رہنا .
۹. مشکل سے بسر ہونا ، بہ دقت گزارا ہونا (عموماً زندگی کے ساتھ) .
۱۰. تیزی یا بہتات سے کسی شے کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا .
۱۱. بھاؤ کا بڑھنا ، نرخ کا زیادہ ہونا ، مہنگا ہونا ، چڑھنا .۱۲. (نقشہ ، فوٹو ، تصویر) اترنا .

کُھدانا (ضم کھ) ف م .

دیکھیے : کھدوانا .

کُھدائی (ضم کھ) (الف) امث .

ا. کھدنے کا عمل ، کھودنے کا فعل .۲. پتھر ، لکڑی وغیرہ میں نقش و نگار اور بیل بوٹے ، نقش کاری ، میناکاری .۳. کھودنے کی اُجرت ، کھدوائے کی مزدوری . (ب) امث . آلہ جس سے کھودنے کا کام کیا جائے ، کھدائی کرنے کا آلہ .

کُھدْبُد (فت نیز ضم کھ ، سک د ، فت نیز ضم ب) امث .

ا. کسی چیز کے اُبلنے یا پکنے کی آواز .۲. (مجازاً) کھلبلی ، کلبلاہٹ ، چلبلاپن ، چلبلاہٹ . [حکایت الصوت] .

کَھدْبَدانا (فت نیز ضم کھ ، سک د ، فت نیز ضم ب) ف ل .

اُبلنا ، جوش کھانا ، کھولنا .

کَھدّر (فت کھ ، شد د بفت) (الف) اند .

موٹا سفید کپڑا ، دیسی کپڑا ، دستی کھڈی پر بنا ہوا موٹا کپڑا ، گاڑھا .
(ب) صف . موٹا ، کھردرا . [س] .

کھدر پوش صف مذ . کھدر کا لباس پہننے والا .

کُھڈْرا (ضم کھ ، سک د) صف مذ .

ا. کھردرا ، ناہموار ، اونچا نیچا .۲. شخص جس کے چہرے پر چیچک نشان ہوں .۳. کونا ، گوشہ . [س] .

کَھدْکنا (فت کھ ، سک د) ف ل .

کھولنا ، اُبلنا یا پانی پڑنے سے ایک قسم کی ہلکی آواز پیدا ہونا ، کھدبدانا . [حکایت الصوت] .

کُھدْنا (ضم کھ ، سک د) ف ل .

ا. کسی آلے وغیرہ سے زمین یا کسی اور شے کی سطح کا ہٹایا جانا ، گڑھا کیا جانا ، کھودا جانا .۲. جوتا جانا .۳. منہدم کیا جانا ، تباہ ہونا ، برباد ہونا ڈھایا جانا ، مسمار ہونا .۴. جڑ سے نکالا جانا ، ختم کر دینا .۵. نقش کیا جانا لکھا جانا ، کندہ کیا جانا .

کُھدْوانا (ضم کھ ، سک د) ف م .

دیکھیے : کھودنا ، کا متعدی .

کَھدیرْنا (فت کھ ، ی مج ، سک ر) ف م .

دیکھیے : کھدیڑنا .

کَھدیڑْنا (فت کھ ، ی مج ، سک ڑ) ف م .

ا. (i) بھگانا ، نکالنا ، ہنکانا ، دھتکارنا ، باہر کرنا . (ii) پیچھا کرتے ہوئے بھگانا ، رگیدنا .۲. الٹ پلٹ کر دینا ، تلاش میں سارا سامان اجاڑ دینا ؛ کھرچنا ، کریدنا .۳. زبردستی نکالنا ، بھگانا ، نکال باہر کرنا . [س] .

کَھڈ (فت کھ) (الف) اند .

ا. (i) غار ، کھائی ، گہرا گڑھا . (ii) دو پہاڑوں کے بیچ کا خلا .۲. ندی ، پہاڑی نالا ، کھالا . (ب) صف . بوڑھا آدمی . [س] .

کَھڈّا (فت کھ ، شد ڈ) اند .

گڑھا ، غار ، کھائی . [س] .

کَھڈّی (فت کھ ، شد ڈ) امث .

(پارچہ بافی) گڑھا ، بالخصوص وہ گڑھا جس میں جولاہے پانو لٹکا کپڑا بنتے ہیں .۲. کپڑا بننے کا آلہ یا کل ، کرگہ .

کُھڈّی (فت کھ ، شد ڈ) امث .

پاخانے میں بیٹھنے کے لیے دونوں پانو رکھنے کی قدر بلند جگہ

درمیان کی خالی جگہ، قدمچہ. [س].

کُھر (ضم کھ) مذ.

۱. چوپایوں کے پانو کا وہ نچلا اور سخت حصہ جو ناخنوں کے بجائے ہوتا ہے، سم. ۲. (تحقیراً) آدمی کا پاؤں. [س].

کَھرا (فت کھ) صف: مذ.

۱. خالص، بے میل، ملاوٹ سے پاک؛ (مجازاً) بے عیب؛ خصوصاً بغیر کھوٹ کا سونا یا چاندی وغیرہ (کھوٹا کی ضد). اصل نسل کا، جس کے شجرہ نسب میں کسی غیر نسب کا میل نہ ہو، اصلی. ۲. راست باز، صادق، سچا، صاف گو. ۳. پاکیزہ، نفیس، صاف ستھرا، بہترین؛ (مجازاً) بے عیب. ۵. نقدی کا، فوری ادائیگی کا، دغابازی سے پاک. ۶. لین دین کا صاف، خوش معاملہ، حساب بے باق کرنے کے لیے ہر وقت تیار. ۷. مٹی کا ظرف جو زیادہ پک گیا ہو؛ مسالہ جو آگ پر رکھے جانے کے قریب ہو؛ جائز، مستحکم. [س].

کھرا پن مذ. ۱. خالص ہونا، کھرا ہونے کی حالت یا کیفیت. ۲. دیانت داری، خوش معاملگی، صاف گوئی، سچائی.

کھرا کرنا محاورہ. ۱. روپیہ یا اشرفی پرکھنا، پرکھنا، چشنی لگانا. ۲. کسی طرح فروخت کر کے پیسے وصول کرنا، نقدی حاصل کرنا.

کھرا کھوٹا/کھونٹا صف. برا، برا بھلا، ایسا ویسا.

کھرا کھوٹا پرکھنا محاورہ. اچھے برے کو آزمانا، برے بھلے کی جانچ کرنا.

کُھرا (ضم کھ) مذ.

۱. پکی جگہ جہاں بیٹھ کر نہاتے یا کپڑے وغیرہ دھوتے یا پانی کے گھڑے رکھتے ہیں، حوضی. ۲. جوتے یا سینڈل کی ہیل؛ کھوج، نشان، اتا پتا.

کُھرّا (ضم کھ، شد ر) صف.

۱. کھردرا. ۲. درشت، سخت، اکھڑ، بے مروت، بدذوق. ۳. خشک کھانسی.

کَھراند/کَھرایند (فت کھ، مخذ/فت ء، سک ن) مث.

پیشاب کی بو، کسی بھی چیز کی بدبو خصوصاً پیشاب وغیرہ کی. [س].

کَھرَب (فت کھ، ر) مذ.

۱. سو ارب کا حسابی عدد، سو ارب کے برابر عدد؛ (کنایۃً) بے شمار، بے حساب. ۲. چھوٹے قد کا بونا. [س].

کُھرپا (ضم کھ، سک ر) مذ: - کھرپنا.

گھاس چھیلنے کا آلہ، چھیلنے اور تھالا بنانے کا اوزار جس میں لکڑی کا ٹکڑا اسے پکڑنے کے لیے لگا ہوتا ہے. [س].

کھرپا بہادر صف مذ. (کنایۃً) احمق، بے وقوف، بھوندو، وہ بے وقوف اور احمق جو اپنے آپ کو بہت بہادر سمجھتا ہو.

کُھرپی (فت کھ، سک ر) مث.

۱. چھوٹا کھرپا. ۲. چمڑا چھیلنے یا کاٹنے کا آلہ.

کَھرَج (فت کھ، سک نیز فت ر) مذ.

۱. (موسیقی) ہندی موسیقی کا سب سے پہلا سر جو سب سے پست ہے، اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوئی اس لیے اچل یا قائم سر کہلاتا ہے (مور کی آواز کی مانند آواز جس کا مخرج ناف ہے). ۲. دھیمے لہجے میں بولنا، دبی ہوئی آواز. [س].

کُھرچائی (ضم کھ، سک ر) مث.

رگڑائی، چھلائی (دیوار سے رنگ وغیرہ کو اتارنا نیا رنگ کرنے کے لیے).

کُھرچَن (ضم کھ، سک ر، فت چ) مث.

۱. چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کے پیندے میں زیادہ خشک ہو کر لگ جاتی ہے. ۲. مٹھائی بنانے کی کڑھائی میں کناروں پر جم جانے والی مٹھائی کی پرت. ۳. (مجازاً) خالی معدے میں بھوک کے سبب ہونے والی، دکھن؛ تکلیف. ۴. (کنایۃً) تکلیف، دکھن؛ کسی صدمے کے سبب دل میں اٹھنے والی ہوک. ۵. (کنایۃً) بچا کھچا پس ماندہ مال. ۶. (کنایۃً) سب سے اخیر کا بچہ، پیٹ کی پوچھن. [س].

کھرچن باقی ہے فقرہ. ابھی کچھ باقی ہے، جائداد میں کچھ ہے، سب ختم نہیں ہوئی.

کُھرَچنا (ضم کھ، فت ر، سک چ) ف ل.

۱. چھیلنا، رگڑنا. ۲. کریدنا. ۳. موڈنا. ۴. مٹانا، ختم کرنا. ۵. چبھن یا تکلیف پہنچانا. [س].

کُھرَچوانا (ضم کھ، فت ر، سک چ) ف م.

چھلوانا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کُھرْدَرا (ضم کھ، سک ر، فت د) صف.
ا. ناہموار، دانے دار، اُونچا نیچا .۲. دُرشت، خشک، سخت مزاج، کسی کے کام نہ آنے والا. [س].
کھردرا پن امث .ا. ناہمواری، کھردرا ہونے کی حالت، کھردراہٹ.
۲. درشتی، اکھڑپن.

کُھرْدَراہَٹ (ضم کھ، سک ر، فت نیز ضم، فت ہ) امث.
کھردرا ہونا، کھردرا ہونے کی حالت.

کُھرْدَری (ضم کھ، سک ر، فت د) صف؛ امث.
ناہموار، اونچی نیچی؛ ناقص.

کَھرْسا (فت کھ، سک ر) امذ.
ا. خشک موسم؛ گرم موسم .۲. سوکھا، خشک سالی؛ قحط، کال. [مقامی].

کِھرْسا (کس کھ، سک ر) امذ.
ا. (گھوسی) گائے یا بھینس وغیرہ کے حمل کے زمانہ کا دودھ جو تھنوں میں آجاتا ہے نیز بچہ پیدا ہونے کے بعد پہلے دو تین روز کا دودھ جو گرم کرنے سے پھٹ جاتا ہے، گلورا، نیا دودھ، پیوسی، کھیس.
۲. پیوسی سے تیار کیا جانے والا پکوان، دہی سے تیار کیا جانے والا ایک قسم کا کھانا. [س].

کَھرْسائی (فت ک، سک ر) امث.
چری یعنی جوار جو برسات سے پہلے بوئی جاتی ہے تاکہ گرمی کے موسم میں مویشیوں کو ہرا چارہ مل سکے.

کَھرْکَھرا (فت کھ، سک ر، فت کھ) (الف) امذ.
ا. خرخرہ، گھوڑے کا بدن ملنے کے لیے ایک قسم کا آہنی برش .۲. بانس کا وہ ٹکڑا جو پھل دار درختوں پر پرندوں کو ڈرانے کے لیے باندھ دیتے ہیں اور اسے ہلاتے رہتے ہیں تاکہ اس کی آواز سے کوئی پرند درخت پر بیٹھ کر پھل نہ کھائے، کھٹکا. (ب) صف مذ. کھردرا، ناہموار.
[حکایت القوت].

کُھرْکُھرا (ضم کھ، سک ر، ضم کھ) صف.
ناہموار، کھردرا. [س].

کَھرْکَھرانا (فت کھ، سک ر، فت کھ) ف ل.
ا. کھٹ کھٹ کرنا، کھڑکھڑانا .۲. کسی نوک دار چیز کا کسی دوسری چیز سے رگڑ کھانا.

کَھرْکَھراہَٹ (فت کھ، سک ر، فت کھ، ہ) ف ل.
گاڑی یا مشین کی آواز.

کُھرْکُھری (ضم کھ، سک ر، ضم کھ) امث.
ا. کھردری، ناہموار .۲. کھردری؛ (مجازاً) دندانے دار .۳. گلے کی خراش سے پیدا ہونے والی کھانسی، کھر کھانسی .۴. کرخت، کھری (آواز).

کَھرَل (فت کھ، ر) امث.
ا. (طب) دوائیں، زعفران یا مسالا پیسنے کا پتھر کی ناؤ کی شکل کا ہوا اوکھلی کی قسم کا چھوٹا ظرف .۲. جلی ہوئی سخت مٹی جو چاندی کو کرکھرا کرنے سے چاندی اور سیسے کے اجزا سے حاصل ہوتی ہے ایک قسم کا کشتہ .۳. (تیاری) سونا پکایا ہوا تیزاب جس میں چاندی کے اجزا شریک ہوں. [س].

کُھرْلی (ضم کھ، سک ر) امث.
ا. مویشیوں کو چارہ ڈالنے کی مٹی یا لکڑی کا بنا ہوا مستطیل شکل ظرف نیز مویشیوں کے باندھنے کی جگہ، اخور .۲. غرباء، مزدوروں کے رہنے کا کوٹھری نما کمرہ. [س].

کُھرَنْچ (ضم کھ، فت ر، سک ن) امث.
کھرچنے کا نشان یا لکیر، کسی قسم کی خراش یا رگڑ سے پڑنے والا نشان، کھرونٹ، خراش، کھرینچ. [س].

کُھرَنْڈ (ضم کھ، فت ر، سک ن) امذ.
ا. پپڑی جو زخم مندمل ہونے کے وقت چھلکے کی طرح جم جاتی ہے .۲. (مجازاً) جمی ہوئی گندگی یا میل جو جم کر سخت ہوگیا ہو. [س].
کھرنڈ آنا محاورہ. زخم پر خشک پپڑی کا جمنا.

کَھرونْچنا (فت کھ، وج، سک چ) ف م.
نوچنا، کھسوٹنا، خراش لگانا.

کَھرونْچا (فت کھ، وج، مغ) امذ.
ا. ناخن یا کسی چیز سے لگنے والی خراش.

کَھرونْچنا (فت کھ ، و ج ، غنہ ، سک چ) ف م.
۱. ناخن یا پنجوں سے خراش لگانا .۲. کھرچ کر مٹانا ، رگڑ کر صاف کرنا .

کَھری (فت کھ) صف :مث.
۱. عمدہ ، صاف ستھری .۲. (مجازاً) سیدھی ، خوب صورت ، تصنع اور بناوٹ سے پاک . [س] .

کھری بات مث . صاف بات ، سچی بات جس میں کسی کی طرف داری اور لگی لپٹی نہ ہو ، دوٹوک بات .

کھری سنانا محاورہ . سچ سچ کہہ دینا ، حقائق بیان کر دینا ، صاف صاف سنانا ، صاف سنانا ، لگی لپٹی نہ رکھنا ؛ برا بھلا کہنا .

کھری کھری سنا دینا / سنانا محاورہ . سچی سچی بات کہہ دینا .

کُھرّی (ضم کھ ، شد ر) صف .
۱. بغیر بستر کی (چارپائی یا کھاٹ وغیرہ) ، بغیر فرش کی چوکی .۲. بے مزہ ، روکھی پھیکی ، جس میں کوئی لطف نہ ہو .

کَھرے (فت کھ) صف : ج .
۱. اصل ، خالص ، بے میل ، جن کے شجرۂ نسب میں کوئی کھوٹ نہ ہو (تراکیب میں مستعمل) .۲. سچے ، راست گو ، صاف صاف کہہ دینے والے لگی لپٹی نہ رکھنے والے .

کھرے کرنا محاورہ . روپے بنانا ، حاصل کرنا ، دھوکا دے کر مال و دولت اینٹھنا .

کھرے کھوٹے صف . اچھے اور برے ، نیک و بد ، کارآمد اور ناکارہ .

کھرے کھوٹے پرکھنا محاورہ . اچھے برے کو جانچنا ، پرکھنا ، برے بھلے کی تمیز کرنا ، کسوٹی پر کسنا .

کَھرْیا (فت کھ ، سک ر) مث .
ایک قسم کی سفید مٹی جس میں چونے کے اجزا غالب ہوتے ہیں عمدہ قسم کے برتن بنانے کے لیے مٹی میں ملائی جاتی ہے . [س] .

کُھرْیا (ضم کھ ، سک ر) اند .
۱. کپڑے میں چنٹیں ڈالنے کا ڈبیا کے ڈھکنے کی وضع کا اوزار جو عام طور پر چوبی ہوتا ہے ، چنوٹی .۲. املی کا بیج جس سے چنٹ ڈالتے ہیں ؛ چھوٹا ظرف جس میں دہی رکھتے ہیں . [س] .

کَھریرا / کَھریرَہ (فت کھ ، ی ج / فت ر) اند .
گھوڑے کے بدن کی مٹی صاف کرنے کا ایک آہنی آلہ ، جو جلد کے بالوں کا میل مٹی صاف کرنے کو جھانویں کی طرح تمام بدن پر رگڑ کر پھیرا جاتا ہے ، کھرکھرا .

کَھڑا (فت کھ) صف مذ .
۱. (i) استادہ ، پیروں پر قائم ، نمایاں . (ii) مقابل ، سامنے ، ٹھہرا ہوا ، روبرو ، حاضر . (iii) برقرار ، قائم .۲. (i) بلاتوقف ، پوچھ گچھ کے بغیر ، بے روک ٹوک ، بے حساب کتاب . (ii) اوپر کو اُٹھا ہوا ، تنا ہوا .
۳. حائل ، رکاوٹ ڈالنے والا ، درمیان میں موجود ، مزاحم ، روکنے والا ، بیچ میں آنے والا .۴. چھایا ہوا ، پھیلا ہوا ، چھتا ہوا .۵. بغیر کٹا ہوا ، اُگا ہوا کھیت .۶. کچا ادھ گلا ، نیم پختہ ، سخت ، کرا .۷. کچی سلائی کیا ہوا ، ٹانکا ہوا .۸. چلتا حساب .۹. بے تکان ، بے پوچھے .۱۰. کوئی مقصد یا مرتبہ حاصل کرنے کے لیے دوسروں کے مقابل میدانِ عمل میں آنے والا ، رکنیت کا امیدوار .

کھڑا رہنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. راہ دیکھتے رہنا ، منتظر رہنا ، راہ تکنا .۲. فاقہ اور بھوک پیاس کے باوجود برقرار رہنا ، بھوک پیاس برداشت کرنا ، پامردی اور برداشت سے کام لینا .۳. ٹھہرنا ، قیام کرنا .۴. رُکنا ، ٹھہرا رہنا (پانی وغیرہ کے لیے ، بہنا کے مقابل) .۵. مقابل ٹھہرنا ، جمنا ، ڈٹا رہنا ، جم کر مقابلہ کرنا .

کھڑا زبر اند . (املا و قواعد) فتحہ ، وہ چھوٹا الف جو عربی رسم الخط میں بعض حروف کے اوپر زبر کی جگہ لکھا جاتا ہے ، جیسے رحمٰن ، یحیٰی وغیرہ میں .

کھڑا زیر اند . (املا و قواعد) کھینچ کر پڑھا جانے والا کسرہ یا زیر ، وہ زیر جو کھڑی لکیر کی طرح کسی حرف کے نیچے بناتے ہیں اور یائے معروف کی طرح پڑھا جاتا ہے کسرہ بشکل الف جو حروف کے نیچے لگایا جاتا ہے اور یائے معروف کی آواز دیتا ہے جیسے : بذاتہ ، بعینہ میں ، الف تحتی .

کھڑا کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. بستر سے اُٹھانا ، اچھا کرنا ، تن درست کرنا ، بیماری وغیرہ سے .۲. بلند کرنا .۳. گاڑنا ، نصب کرنا .۴. عمارت

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مغ = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

وغیرہ بنانا ، عمارت تعمیر کرنا ، تعمیر کے لیے سیدھا گاڑنا ، جمانا . ۵. کارخانہ وغیرہ قائم یا جاری کرنا . ۶. (i) تان لینا ، سخت کرلینا . (ii)(تمش) ذکر کو اِستادہ کرنا . ۷. مقرر کرنا ، مامور کرنا . ۸. گھڑ لینا ، وضع کرلینا ، بنانا . ۹. قائم کرنا ، اُٹھانا (مقدمہ یا جھگڑا وغیرہ) : پیچھے لگا دینا . ۱۰. سلائی کرنا ، سیدھی سلائی سے کپڑے کو تیار کرنا ، پختہ سلائی سے پہلے ٹانکے لگانا . ۱۱. قائم کرنا ، ادا کرنا ، بجا لانا (نماز کے لیے مستعمل) . ۱۲. اُگانا ، پیدا کرنا ، ۱۳. مقابل لانا . ۱۴. خیال میں بنانا ، وضع کرنا ، گھڑنا (بت وغیرہ کے لیے) . ۱۵. پیدا کرنا ، لانا . ۱۶. ٹھہرانا ، روکنا . ۱۷. کمانا ، حاصل کرنا . ۱۸. بنانا ، قائم کرلینا ، (عمارت وغیرہ کے لیے مستعمل) .

کھڑا کھیل فرخ آبادی کہاوت . زناکاری ، بغیر نکاح یا عہد و پیمان کسی عورت سے تعلقات قائم کرنا ، ناجائز تعلقات ، تھوڑی دیر کا جنسی تعلق ، بغیر کسی جھمیلے کے وقتی عیاشی .

کھڑا مسالا / مصالحہ اند . (عور) مسالہ جو سالن وغیرہ میں سالم یا کتر کر ڈالا گیا ہو ، ثابت مسالہ (پسے ہوئے کے مقابل) .

کھڑا نقشہ اند . کھڑے نقوش یا خد و خال ، ایسے خد و خال جن میں خمیدگی کم ہو اور نزاکت کی جگہ صلابت کا تاثر ملے خصوصاً لمبوترا چہرہ اور ستواں ناک .

کھڑا ہونا محاورہ . ۱. کھڑا کرنا کا لازم ، اِستادہ ہونا . ۲. خدمت میں حاضر ہونا ، موجود ہونا ، سامنے رہنا . ۳. قائم یا برقرار ہونا . ۴. ظاہر ہونا ، نکلنا ، اُبھرنا . ۵. اُٹھنا ، ہمت پکڑنا ، سنبھلنا . ۶. جھگڑا یا مقدمہ وغیرہ اُٹھنا ، بنیاد پڑنا . ۷. متعین یا مقرر ہونا ، فائز ہونا . ۸. گھوڑے کا چراغ پا ہونا ، الف ہونا . ۹. شروع یا جاری ہو جانا ، چل پڑنا (رُکی ہوئی چیز کا) . ۱۰. ٹھہرنا ، تھمنا ، رُکنا . ۱۱. ذکر کا استادہ ہونا ، تیزی ہونا . ۱۲. کمربستہ ہونا ، آمادہ ہونا . ۱۳. گڑنا ، نصب ہونا . ۱۴. چھانا ، نازل ہو جانا . ۱۵. کسی شے پر قائم ہونے کی حالت میں ہونا ، اوپر ہونا ، سطح سے بلند ہونا . ۱۶. حاصل ہونا ، ہاتھ لگنا . ۱۷. اسمبلی وغیرہ کی رکنیت کے لیے اُمیدوار بننا . ۱۹. کچی سلائی سے قمیص وغیرہ کی صورت تیار ہوجانا ، سلنے والے کپڑے کا ڈول بننا ، شکل نکلنا .

کَھڑاواں / کَھڑاؤں (فت کھ / و ج) امث .
لکڑی کی چپل جس میں پانو اٹکانے کے لیے فقط ایک کھونٹی یا پٹا ہوتا ہے (اسے عموماً وضو کرنے یا نہاتے وقت پہنتے ہیں) ، لکڑی چپل نما جوتی ، چوبی نعلین .

کَھڑبَڑ (فت کھ ، سک ڑ ، فت ب) امث .
۱. کسی سوکھی چیز ، پتوں وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ . ۲. (مجازاً) شور غل ، غپاڑہ ، اودھم . ۳. کسی ٹھوس چیز یا دھات کی چیزوں کے آپس ٹکرانے کی آواز . [حکایت الصوت] .

کھڑبڑ کرنا ف مر : محاورہ . کھڑکھڑ کی آواز پیدا کرنا ، برتن یا کسی والی چیز کا آپس میں ٹکرانا ، شور کرنا .

کَھڑبَڑاہَٹ (فت کھ ، سک ڑ ، فت ب ، ہ) امث .
کھڑکھڑ کی آواز ہونا ، کھڑکھڑاہٹ . [حکایت الصوت] .

کُھڑبیچ / کُھڑبینچ (ضم کھ ، سک ڑ ، ی ج / غنہ) امذ .
۱. (عو) عیب ، نقص ، نکتہ چینی ، حجت . ۲. ادھیڑ پن .

کھڑبیچ/بینچ نکال دینا / نکالنا محاورہ . مین میخ نکالنا ، عیب کرنا ، نکتہ چینی کرنا .

کَھڑتَل (فت کھ ، سک ڑ ، فت ت) صف .
۱. اکھڑ ، ان گھڑ ، کھرا . ۲. لگی لپٹی نہ رکھنے والا ، صاف گو .

کَھڑَڑ (فت کھ ، ڑ) امث .
کھڑکھڑ کی آواز سے ، خرر خرر کی آواز سے . [حکایت الصوت] .

کَھڑَک (۱) (فت کھ ، ڑ) امث : ~ کھڑکنا .
۱. کھڑکنا کا حاصل مصدر ؛ تراکیب میں مستعمل . ۲. کدال کی آواز پتھریلی زمین پر پڑنے سے نکلے .

کَھڑَک (۲) (فت کھ ، ڑ) امث .
وہ تکلیف جو آنکھیں دکھنے یا آنکھ میں کوئی چیز پڑ جانے سے ہوتی ہے ، چبھن ، رڑک ، کھٹک ، پھڑک .

کَھڑَک (۳) (فت کھ ، ڑ) امث : ~ کھڑکنا .
۱. پتھریلی ، یا کنکریلی سخت زمین ، بے آب و گیاہ علاقہ . ۲. سوکھ سخت ہو جانے والا ، کھڑنک . ۳. پہاڑی اور بلند مقام پر پایا جانے

والا ایک درخت . ۴. قدیم زمانے کا ایک ریشمی کپڑا جس پر تصاویر منقش ہوتی تھیں اور خواتین کے استعمال میں آتا تھا . [مقامی] .

کَھڑْکا (فت کھ ، سک ڑ) امذ .
۱. کھڑکنا کا حاصل مصدر ؛ تراکیب میں مستعمل . ۲. کھڑکنے کی آواز ، کھکا ، کھڑکھڑاہٹ . ۳. بانس کا جھوجرا ٹکڑا یا ٹین کا خالی ڈبا جس کو درخت میں لٹکا دیتے ہیں اور اسے ہلا کر پرندوں کو اُڑاتے ہیں ، کھٹکا .

کَھڑْکانا (فت کھ ، سک ڑ) ف م .
زنجیر ہلنا ، دستک دینا ، کنڈی کھٹکھٹانا ، زنجیر کو کسی دوسری چیز سے ٹکرا کر آواز پیدا کرنا . ۲. جھڑکنا ، لعن طعن کرنا ، آڑے ہاتھوں لینا . ۳. ڈرانا ، چونکانا ، بدکانا ، ہوشیار کرنا ، متنبہ کرنا . ۴. بجانا . ۵. (مجازاً) حرکت دینا ، حرکت میں لانا ، استعمال میں لانا .

کَھڑْکنا (فت کھ ، ڑ ، سک ک) ف ل .
۱. کسی خشک چیز مثلاً سوکھے پتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا ، کھڑکھڑ یا کھر کھر کی آواز کرنا . ۲. کسی ٹھوس یا سخت چیز یا برتن وغیرہ کا آپس میں ٹکرانا . ۳. تلوار وغیرہ کے ٹکرانے کی آواز ہونا ، کھانڈا بجنا ، کھٹکنا . ۴. (مجازاً) ڈھولک وغیرہ کا بجنا ، گانا بجانا ہونا .

کِھڑْکی (کس کھ ، سک ڑ) امث .
۱. دریچہ ، جھروکا . ۲. مکان میں (دروازے اور روشن دان کے علاوہ) بنایا گیا چھوٹا سا دروازہ جو روشنی اور ہوا کے لیے اور کہیں معمولی آمد و رفت کے لیے ہوتا ہے . ۳. پنجرے کا دروازہ . ۴. چھوٹے کواڑ مع چوکھٹا . [س] .

کَھڑْکَھڑاتا (فت کھ ، سک ڑ ، فت کھ) صف مذ .
آواز کرتا ہوا ، بجاتا ہوا ؛ (مجازاً) سخت کلف دار .

کَھڑْکَھڑانا (فت کھ ، سک ڑ ، فت کھ) ف م .
۱. کھٹ کھٹ کرنا ، کنڈی یا کواڑ بجانا ، کھٹکھٹانا . ۲. آڑے ہاتھوں لینا ، خبر لینا ؛ جھڑکنا ، ڈانٹنا . ۳. کسی خشک یا سخت چیز کا ، کھڑکھڑ کی آواز پیدا کرنا . ۴. (مجازاً) حرکت دینا ، حرکت میں لانا ، حرکت .

کَھڑْکَھڑاہَٹ (فت کھ ، سک ڑ ، فت کھ ، و) امث .
۱. سوکھے پتوں یا سخت چیزوں کے آپس میں ٹکرانے کی آواز ، کھڑکھڑ ، کھڑبڑ . ۲. کسی دھات کی یا سخت چیزوں کے ٹکرانے سے پیدا ہونے والی آواز .

کَھڑی (فت کھ) امث ؛ صف مث .
۱. کھڑا کی تانیث . ۲. جو دال پوری گلی نہ ہو ، ثابت جس کے دانے سالم ہوں (ڈلی کی ضد) .

کھڑی بولی امث . اُردو زبان کا ایک نام (اودھی ، قنوجی ، برج اور بندیلی وغیرہ کھڑی بولی کہلاتی ہیں) .

کھڑی کرنا ف م ؛ محاورہ . قائم کرنا ، تیار کر دینا .

کھڑی ناک امث . ستواں ناک جو خوب صورتی کی علامت سمجھی جاتی ہے (چپٹی ناک کے مقابل) .

کَھڑے (فت کھ ، ی مج) امذ ؛ ج .
کھڑا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

کھڑے پائنچوں کا امذ . پائنچوں کی سیدھی تراش ، کھڑی تراش کا (پاجامہ وغیرہ) (آڑی تراش کے مقابل) .

کھڑے پیر کا روزہ رکھنا محاورہ . برابر کھڑے رہنا ، بیٹھنے کا نام نہ لینا (کوئی مسلسل کھڑا رہے تو کہتے ہیں کہ کیا کھڑے پیر کا روزہ رکھا ہے) .

کھڑے کا / کے کھڑا رہ جانا محاورہ . حیران یا مبہوت رہ جانا .

کھڑے کھڑے م ف . ۱. فوراً کے فوراً ، جلد ، بلا تاخیر ؛ اُسی وقت ، اُسی حالت میں . ۲. لمحے بھر کو ، تھوڑی دیر کو . ۳. دیر تک کھڑے رہ کر یا دیر تک انتظار کر کے .

کُھڑَنْچ (ضم کھ ، ی مج ، غنہ) امث : ← کھرنچ .
۱. چھل جانے سے جسم پر خفیف زخم آنا ، خراش ، کھرونٹ . ۲. کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے اُلجھ کر پھٹ جائے ، کھونچ . ۳. کینہ ، بغض ، بے جا تکرار ؛ نکتہ چینی .

کَھسْرا (فت کھ ، سک س) امث .
دیکھیے : خسرہ . [س] .

کُھسُر پُھسُر / پُھسُر (ضم کھ ، ضم نیز فت س ، سک ر ، ضم پھ ، فت س / ضم پ ، فت س) امث .
آپس میں ، چپکے چپکے باتیں کرنا تا کہ کوئی اور نہ سنے ؛ کانا پھوسی ، کانا باتی ، سرگوشی . [حکایت الصوت] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کھسر پھسر / پھسر کرنا ف مر؛ محاورہ. سرگوشی کرنا ، کانا پھوسی کرنا ؛ چری گوئیاں کرنا.

کِھسَک (کس کھ، فت س) امذ.
کھسکنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

کھسک جانا محاورہ.
۱. (i) سرک جانا ، ہٹ جانا. (ii) پھسل جانا ، جگہ سے ہٹ جانا. ۲. آنکھ بچا کر نکل جانا ، چپکے سے چلتا ہونا ، دبک کر چلا جانا ، سٹک جانا.

کھسک لینا محاورہ. خاموشی سے چلے جانا ، چپکے سے نکل لینا ، ٹہل لینا ، سٹک جانا.

کِھسْکا (کس کھ، سک س) امر مذ.
کھسکانا کا امر اور ماضی (تراکیب میں مستعمل).

کھسکا دینا ف مر؛ محاورہ. ٹہلا دینا ، ٹالنا ، چلتا کر دینا ؛ کھسکانا ، سرکانا.

کھسکا لینا ف مر؛ محاورہ. سرکا لینا ، ہٹا لینا ، سرکانا ، کھسکانا.

کِھسْکانا (کس کھ، سک س) ف م.
۱. خاموشی سے ، چپکے سے پرے کرنا ، بغیر آواز کے ہٹا لینا. ۲. دوسری جگہ بھیج دینا ؛ چلتا کرنا ، ٹالنا. ۳. اُڑا دینا ، غائب کر دینا ، چرانا. ۴. نزدیک لانا ، سرکانا قریب کرنا.

کِھسَکْنا (کس کھ، فت س، سک ک) ف ل.
۱. (i) جاتا رہنا ، زائل ہو جانا. (ii) عقل کا زائل ہونا ، تھوڑا سا پاگل ہونا، خبطی ہونا. ۲. سرک جانا ، جگہ سے ہٹ جانا ، ڈھے جانا ، گر پڑنا. ۳. چلے جانا ، روانہ ہو جانا. ۴. نظر بچا کر چلے جانا ، رفو چکر ہو جانا ، آگے بڑھنا. [س].

کَھسُوٹ (فت کھ، وج) امث.
نوچنا ، بال اُکھاڑنا ، چھیننا (تراکیب میں مستعمل). ۲. کشتی کا ایک داؤ ، کھسوٹنا.

کھسوٹ ڈالنا ف مر؛ محاورہ. جھنجھوڑ دینا ، گھسیٹنا.

کھسوٹ لینا ف مر؛ محاورہ. نوچ لینا.

کَھسُوٹْنا (فت کھ، وج، سک ٹ) ف مر.
۱. نوچنا ، بال نوچنا ، بال اُکھاڑنا. ۲. زبردستی لے لینا ، چھیننا ، ہتھیانا. ۳. پھول پتے وغیرہ سونتنا ، اکھاڑنا ، توڑنا ، نوچنا ، تراشنا.

کِھسْیانا (کس کھ، سک س) (الف) صف مذ.
۱. روہانسا ، رو دینے والا ، رُنکھا ، ناراض. ۲. شرمندہ ، نادم ، خجل ، خفیف. (ب) ف ل. جھینپنا ، شرمندہ یا خفیف ہونا ، چڑچڑانا. [پ].

کھسیانا ہونا ف مر؛ محاورہ. رونے کے قریب ہونا ، روہانسا ہو جانا ، رنجیدہ ہو کر رونے لگنا ؛ نادم ہونا.

کِھسْیانی (کس کھ، سک س) صف مث.
کھسیانا کی تانیث.

کھسیانی بلی کھمبا نوچے کہاوت. جسے غصہ آ رہا ہو وہ دوسروں پر اپنی جھلاہٹ اُتارتا ہے ، بے بسی میں آدمی دوسروں پر غصہ اُتارتا ہے.

کھسیانی ہنسی امث. زبردستی کی ہنسی ، بناوٹی ہنسی ، ایسا ہنسنا جس میں غصے اور شرمندگی کی کیفیت ہو.

کھسیانی ہنسی ہنسنا محاورہ. زبردستی ہنسانا ، دکھاوے کے لیے ہنسنا ، خفت مٹانے کے لیے ہنسی کا منہ بنانا ، بلا سوچے سمجھے ہنسنا.

کِھسْیاہَٹ (کس کھ، سک س، فت ہ) امث.
شرمندگی ، خجالت ، ندامت.

کُھسَّہ (ضم کھ، شد س بفت) امذ.
۱. ایک وضع کا جوتا جو پنجاب سے منسوب ہے. ۲. ایک وضع کا غلاف جو چوپایوں کے کھروں پر چڑھا دیتے ہیں تاکہ چلنے میں ان کے نشان نہ پہچانے جا سکیں.

کَھکّا (فت کھ، شد ک) امذ.
۱. پنجابیوں کی فوج کا وہ آدمی جسے مغلیہ حکومت کے سقوط کے زمانے میں سرکاری خاکی پوشاک ملی تھی ، خاکی. ۲. بوڑھا ، بزرگ ؛ برگزیدہ ، سردار.

کَھکارْنا (فت کھ، سک ر) ف ل ؛ ~ کھنکارنا.
دیکھیے : کھنکارنا.

کُھکَّل (ضم کھ، شد ک بفت) صف.
کھوکھلا ، اندر سے خالی ؛ فرسودہ.

کَھکوڑْنا (فت کھ، وج، سک ڑ) ف م.
پنجوں سے کھودنا ، کریدنا ، اُلٹ پلٹ کر تلاش کرنا. [س].

کَھکیڑ (فت کھ، ی مع) امث :- کھکھیڑ.
۱. مشقت یا مصیبت، سختی، صعوبت، رنج، زحمت. ۲. لڑائی، جھگڑا.

کَھگ (فت کھ) امث.
۱. وہ چیز جو بلندی میں حرکت کرے : طرۂ دستار : اڑنے والی چیز، پرواز کرنے والی چیز، ہوا میں معلق رہنے والی چیز. ۲. ہوا میں اڑنے والا کیڑا، ہوا میں حرکت کرنے والا، چڑیا، پرند. ۳. سورج، چاند، ستارے، اجرام فلکی. [س].

کَھل (۱) (فت کھ) (الف) امث.
۱. تیل نکالی ہوئی سرسوں، السی، بنولے، تل یا سرسوں وغیرہ کا پھوک، کھلی جو چوپایوں کی غذا کے طور پر کام آتی ہے. ۲. تلچھٹ، گاد. ۳. گھاس، چری اور پودے جو جانوروں کے چارے کے لیے کام آئیں. (ب) اند. ۱. غلہ، گودام. ۲. گڑھا (کان یا دیگر کاموں کے لیے کھودا جانے والا (گڑھا). ۳. کھیل، تفریح، تماشا. ۴. کمینہ، شرپسند، خراب آدمی، ظالم، فساد انگیز. [س].

کھل بنولہ اند. بنولے کی کھلی، بنولوں سے تیل نکالنے کے بعد بچنے والا فضلہ یا پھوک.

کَھل (۲) (فت کھ) امث.
مٹی کے برتن کے ٹوٹنے کی آواز : تباہی بربادی : دھماکے، شور. [حکایت الصوت].

کھل بل امث :- کھلبلی. افراتفری، بھگدڑ، شور و غل.

کھل بل / بلی ہونا محاورہ. بھگدڑ مچنا، شور غل، بھگدڑ مچنا، افراتفری ہونا، بے اطمینانی، بے سکونی.

کِھل (۱) (کس کھ) اند.
کھلنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

کھل اُٹھنا ف مر؛ محاورہ. کھلنا، کھل جانا، خوش ہونا، خوشی کا اظہار کرنا.

کِھل (۲) (کس کھ) امث.
ہنسنے کی آواز (تراکیب میں مستعمل). [حکایت الصوت].

کھل کھلا کر / کے ہنسنا محاورہ. قہقہہ مارنا : زور سے ہنسنا : بہت ہنسنا : کھلکھلانا.

کُھل (ضم کھ) امر.
کھلنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

کھل پڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. بے حجاب یا بے تکلف ہو جانا، منکشف ہو جانا، شرم کو درمیان سے اُٹھا دینا، چھپانے کی بات کہہ ڈالنا. ۲. کسی چیز کا کھل کر گر جانا، بکھر جانا.

کھل جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. پھٹ جانا، چر جانا، الگ الگ ہو جانا، قلعی کھل جانا، حقیقت واضح ہو جانا. ۲. بے تکلف ہو جانا، گھل مل جانا. ۳. کسی بند چیز کا کھلنا، وا ہونا، بند نہ رہنا. ۴. دروازے یا کھڑکی کے پٹ کھلنا.

کھل جا سم سم فقرہ؛ اند. ایک داستانی منتر کے الفاظ جن کے پڑھنے سے بند دروازہ خود بخود کھل جاتا : (مجازاً) کسی مسئلے کے حل یا کنجی کے لیے بطور تلمیح مستعمل.

کھل کر / کے م ف. ۱. اچھل کر، چار زانوں ہو کر، آرام سے : بے تکلف ہو کر. ۲. جی بھر کے، حسبِ دل خواہ، جی کھول کے. ۳. بے تکلفانہ، بلا جھجک، آزادانہ. ۴. شرم یا لحاظ کے بغیر، بے تکلفی کے ساتھ، جرأت مندی سے. ۵. علانیہ، علی الاعلان، کھلے طور پر. ۶. صاف طور پر، کھلے الفاظ میں. ۷. بلا قبض و امساک کشادہ (اجابت کے لیے).

کھل کر بات کرنا محاورہ. واضح الفاظ میں گفتگو کرنا، لگی لپٹی رکھے بغیر کہنا

کھل کر / کے برسنا محاورہ. خوب جھما جھم برسنا، زور سے مینہ برسنا.

کھل کھیلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کھلم کھلا کوئی معیوب کام کرنا، آزادانہ کسی فعل کا ارتکاب کرنے لگنا : یکسر آزاد ہو جانا : شرم و لحاظ اٹھا کر کوئی کام کرنا.

کِھلا (کس کھ) صف مذ. کلی سے پھول بنا، کھلا ہوا، شگفتہ (تراکیب میں مستعمل).

کھلا جانا ف مر؛ محاورہ. بہت خوش ہونا، باغ باغ ہونا، پھولا نہ سمانا.

کُھلا (ضم کھ) صف مذ.
۱. بے بندھا، بغیر کسا ہوا (بند کا نقیض). ۲. بے ڈھکا، ننگے سر

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۳. بغیر بند کیے، (سربستہ کی ضد). ۴. لمبا چوڑا، وسیع، کشادہ. ۵. ننگا، عریاں، بے حجاب. ۶. بے ابر موسم. ۷. بے قید، آزاد، آزادانہ، بے روک. ۸. تتر بتر، بکھرا ہوا پھیلا ہوا (مقفل کا نقیض). ۹. ظاہر (باطن کی ضد). ۱۰. کھلم کھلا، علانیہ، صریح، واضح. ۱۱. بڑا؛ ہوا دار؛ وسیع.

کھلا جھوٹ اند. سفید جھوٹ، ایسا جھوٹ جو بالکل عیاں ہو.

کھلا خط اند. خط جو بند نہ ہو، وہ خط جو کسی خاص شخص کے نام ہو لیکن سب لوگوں کے پڑھنے کے لیے اخبار وغیرہ میں شائع کرا دیا جائے (مہر بند یا نجی کی ضد).

کھلا دُشمن اند. علانیہ مخالفت کرنے والا دشمن، ظاہر دشمن جو جرأت کے ساتھ سامنے آ کر مقابلہ کرے.

کھلا ڈلا / ڈھلا صفت مذ. ۱. بے تکلف، جو لیے دیے نہ رہے. ۲. جس میں کوئی ابہام یا اینچ پیچ نہ ہو، صاف، واضح، صریح. ۳. کھلا کھلا، ڈھیلا ڈھالا.

کھلا کھلا م ف: صف. ۱. واضح، صاف صاف، بیّن، صریح. ۲. دور دور؛ قدرے فاصلے سے. ۳. فراخ، وسیع، کشادہ (جیسے: کھلا کھلا صحن). ۴. کھرا، بے لاگ.

کھلا ہونا محاورہ. اچھی طرح حیض آنا، حیض کے خون کا بخوبی خارج ہونا.

کھَلا بَلی (فت کھ، ب) امث.
دیکھیے: کھلبلی؛ بھگدڑ مچنا، افراتفری ہونا، گھبراہٹ، ہلڑ، بدحواسی.

کِھلاڑ (کس کھ) صف.
۱. کھلاڑی، کسی کھیل میں بہت شوق رکھنے والا اچھا کھلاڑی، کھیلنے کا شوقین. ۲. کھیلنے والی، مردوں کے ساتھ کھیلنے والی، عیاشی میں ماہر، شوخ، چنچل، کھلاڑن، بدکار عورت، چھنال عورت.

کِھلاڑی (کس کھ) صف.
۱. کھیل یا کرتب جاننے والا، کھیل کا ماہر و شوقین. ۲. کسی فن یا ہنر میں طاق، اچھا فن کار. ۳. جوا یا کوئی بازی کھیلنے والا، جواری، قمار باز.

کِھلانا (۱) (کس کھ) ف م.
۱. (i) کوئی چیز کھانے کو دینا، نوش کرانا، کھانا پیش کرنا. (ii) کھانا دینا، تواضع کرنا، دعوت یا ضیافت کرنا. ۲. پٹوانا، ضرب لگوانا.

کِھلانا (۲) (کس کھ) ف م.
۱. پھسلانا، کھیل کود میں لگا کر بہلانا. ۲. بچے وغیرہ کو کھیل میں لگانا؛ ماں یا دایہ وغیرہ کا بچے کو بہلانا. ۳. سانپ کو منتر کے زور سے خوش کرنا، کسی طرح قابو میں لانا، سانپ کو رکھنا اور اس کی حفاظت کرنا.

کِھلانا (۳) (کس کھ) ف م.
۱. وا کرنا، کھولنا، شگفتہ کرنا (پھول، گلزار وغیرہ کا). ۲. دانہ دانہ الگ کرنا. ۳. کھیلیں کرنا یا پھلانا. ۴. خستہ کرنا، بھربھرا کرنا.

کِھلائی (کس کھ) امث.
۱. (i) غذا، خوراک، کھانا. (ii) کھانے کا عمل، خورش. ۲. بچوں کو پالنے پوسنے اور انھیں کھلانے والی ملازمہ، دایہ، انا، آیا. ۳. لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو، گود کی کھلائی.

کھلائی پلائی امث. ۱. (i) کھانے پینے کی قیمت؛ کھانا کھلانے کی اُجرت. ۲. کھانے کا عمل، کھانا پینا.

کِھلائے (کس کھ) امر.
کھلانا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

کھلائے سونے کا نوالا دیکھے شیر کی نگاہ سے کہاوت. والدین کو چاہیے کہ بچوں کو اچھے سے اچھا کھلائیں مگر ادب و تہذیب سکھانے میں کوئی رعایت نہ برتیں.

کھلانے کا نام نہیں، رُلانے کا نام ہے کہاوت. حسن سلوک اور حسن خدمت کی کوئی داد نہیں دیتا مگر بری بات کی فوراً گرفت ہو جاتی ہے.

کَھلبَلانا (فت کھ، سک ل، فت ب) (الف) ف ل.
۱. بے چین ہونا، گھبرانا. (ب) ف م. بے چین، پریشان یا سراسیمہ کرنا، کھلبلی ڈالنا.

کَھلبَلی (فت کھ، سک ل، فت ب) امث.
۱. شورش، شور و شر، ہلڑ. ۲. اضطراب جو کسی پریشان کن امر یا حادثے کی وجہ سے پیدا ہو، بوکھلاہٹ، بدحواسی، بے قراری. ۳. بھگدڑ، افراتفری، ہلچل.

کھلبلی مچ جانا / مچنا محاورہ. بے چین ہونا، افراتفری ہونا.

کُھلتا صف مذ.
کھلنا سے صفت ؛ کھلتا ہوا ؛ صاف (رنگ) ؛ تراکیب میں مستعمل.

کھلتا ہوا رنگ صف مذ. گندمی رنگ کی طرف مائل مگر جس میں سانولا پن ہو، قدرے گورا رنگ، سفیدی مائل رنگ، نسبتاً صاف رنگ.

کِھل کِھل (کس کھ، سک ل، کس کھ) امث.
ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز ؛ مراد : طنز یا تمسخر. [حکایت الصوت].

کھل کھل ہنسنا محاورہ. زور سے ہنسنا، ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز سے ہنسنا.

کِھل کِھلا (کس کھ) صف ؛ م ف.
کھلکھلانا سے صفت ؛ تراکیب میں مستعمل.

کھل کھلا کر/کے م ف. ۱. زور کی ہنسی کی آواز کے ساتھ، گدبدا کر، یک بارگی.

کھل کھلا کر ہنسنا محاورہ. آواز کے ساتھ زور سے ہنسنا، ٹھٹھا مار کر ہنسنا، قہقہہ لگانا، قہقہہ مارنا، بہت ہنسنا.

کِھل کِھلانا (کس کھ، سک ل، کس کھ) ف م.
زور سے ہنسنا، ٹھٹھا لگانا، ہی ہی، ٹھی ٹھی کرنا، بے قابو ہو کر ہنسنا، بہت ہنسنا ؛ (کنایۃً) مسرور و شادماں ہونا.

کِھل کِھلاہٹ (کس کھ، سک ل، کس کھ، فت ہ) امث.
ہنسی، ٹھٹھا، مسکراہٹ، خوشی کی کیفیت.

کُھلّم کُھلّا (ضم کھ، شد ل بفت، سک م، ضم کھ، شد ل) صف ؛ م ف.
۱. علانیہ، صاف، واضح، بیّن، بالاعلان. ۲. سب کے سامنے، کھلے طور پر (چوری چھپے کی ضد). ۳. کھل کر، سامنے آ کر.

کھلم کھلا کہنا محاورہ. بلا روک ٹوک کہنا، بے جھجک کہنا، برملا اظہار کرنا.

کَھلنا (کَھل جانا) (فت کھ، سک ل) ف ل.
ناگوار ہونا، دوبھر ہونا، بوجھ لگنا، برا لگنا.

کِھلنا ف ل.
۱. کلی کا پھولنا، شگفتہ ہونا، کلی کا پھول بننا، پھول آنا. ۲. (مجازاً) ہنسنا، خوش ہونا. ۳. نکھرنا، سنورنا. ۴. چاول یا دال کا پکنے کے بعد چھٹکا ہوا یا بکھرا ہوا ہونا. ۵. دیوار اور مکان وغیرہ کا شق ہونا، مکان پھٹنا، مکان میں شگاف پڑنا. ۶. روشنی یا چاندنی پھیلنا، تاروں کا روشن ہونا. ۷. سرور ہونا، نشے کا گہرا ہونا. ۸. زیب دینا، پھبنا، نمایاں ہونا. ۹. ٹکڑے ٹکڑے، پارہ پارہ یا کھیل کھیل ہونا. ۱۰. بھن کر پھول بننا یا چھلکا چٹخنا. [پ].

کُھلنا (ضم کھ، سک ل) ف ل.
۱. کسی بندھی ہوئی یا کسی ہوئی چیز کا وا ہونا، کھل جانا. ۲. کسی بند یا سربند چیز کا باز ہونا (جیسے : صندوق کھلنا، ڈبا کھلنا). ۳. ظاہر یا عیاں ہونا، آشکار ہونا، منکشف ہونا، سمجھ میں آنا، معلوم ہونا، واضح ہونا. ۴. بے پردہ ہونا، نمایاں ہو جانا. ۵. بخیہ یا سلائی اُدھڑ جانا، سلائی کا ڈھیلا پڑنا. ۶. معاملہ حل ہونا، کسی پیچیدہ یا مشکل بات کا سلجھنا، واضح ہو جانا. ۷. پھٹنا، دراڑ پڑنا، شگاف ہونا، دو ٹکڑے ہونا. ۸. پھندے یا بندھن سے نکلنا، رسی تڑانا. ۹. شروع ہونا، جاری ہونا. ۱۰. بہنے لگنا. ۱۱. حجاب دور ہونا، بے تکلف ہونا، خاموشی دور ہونا، بے تکلف ہو کر دل کی بات کہنا. ۱۲. چوڑا، وسیع یا فراخ ہونا. ۱۳. بادل یا گھٹا کا چھٹنا، مطلع صاف ہونا. ۱۴. رہا ہونا، آزاد ہونا، پابندی سے نجات پانا ؛ قید سے رہائی پانا، بند سے آزاد ہونا (خصوصاً جانور کا). ۱۵. پھبنا، زیب دینا، سجنا، موزوں ہونا. ۱۶. (اٹکنا اور رکنا کا نقیض) بحال ہونا، سلسلہ جاری ہونا، اڑاؤ نکل جانا. ۱۷. دروازے، قفل، پھندے یا کھٹکے وغیرہ کا وا ہونا. ۱۸. گرہ سے جانا، کھویا جانا. ۱۹. روک یا قابو نہ رہنا، لگام نہ رہنا. ۲۰. مہکنا، خوش بو دینا، معطر ہونا. ۲۱. رونق یا جوبن پر آنا، نکھرنا. ۲۲. کتاب، فہرست یا رجسٹر نکلنا، دفتر دیکھا جانا. ۲۳. الگ یا جدا ہونا، علیحدہ ہونا. ۲۴. جکڑن یا گرفتگی دور ہونا ؛ نرمی یا لچک پیدا ہونا. [س]

کِھلَنڈْڑا / کِھلَنڈْرا (کس کھ، فت ل، سک ن، و/ ڑ) صف مذ.
۱. کھیل کود یا لہو و لعب میں مشغول یا منہمک رہنے والا، کھلاڑی. ۲. لاابالی، بے فکرا، غیر سنجیدہ، ہنسنے ہنسانے والا ؛ کھیل کا شوقین. ۳. لاابالی پن، بے فکرا ہونا، غیر ذمہ دار، غیر سنجیدہ ہونا.

کھلنڈڑا پن اند. کھلنڈرا ہونا، لاابالی ہونا، غیر سنجیدہ ہونا.

کِھلواڑ (کس کھ، سک ل) امث.
کھلی، کھیل، مذاق.

کھلواڑ کرنا محاورہ. ہنسی مذاق کرنا، ٹھٹھول کرنا.

کھلونا (کس کھ، و ج) امذ.
ا. مٹی، لکڑی یا دھات وغیرہ کی بنی ہوئی وہ چیز جس سے بچے کھیلتے ہیں. ۲. (مجازاً) نمائش اور بہلاوے کی کوئی چیز، دکھاوے کی چیز. ۳. (کنایتۃً) کوئی سہل اور آسان چیز جسے جس طرح چاہیں برتیں.

کَھلی (فت کھ) امث.
بنولہ، تلہن یا سرسوں کا پھوک یا کھوج جو تیل نکالنے کے بعد بچ جاتا ہے.

کِھلّی (کس کھ، شد ل) امث.
ہنسی مذاق، ٹھٹھا، تمسخر، چُہل؛ بے جا ہنسی. [پ].

کھلی اُڑانا محاورہ. احمق بنانا، مذاق اڑانا، ہنسی اڑانا، مذاق کرنا، چھیڑنا.

کُھلی (ضم کھ) صف مث.
کھلا کی تانیث (تراکیب میں مستعمل).

کھلی چھٹی ملنا محاورہ. کُلّی آزادی حاصل ہونا، ہر طرح آزاد ہونا، پوری آزادی ملنا.

کھلی چھوٹ امث. حد سے زیادہ آزادی، مکمل آزادی.

کھلی فضا امث. گرد و غبار سے پاک فضا، خوش گوار قدرتی فضا.

کھلی کتاب امث. (مجازاً) ایسے حالات جو سب کے سامنے ہوں؛ واقعات جو کسی سے پوشیدہ نہ ہوں؛ مراد: ہر طرح واضح، نمایاں، ظاہر اور عیاں صفحات.

کُھلے (ضم کھ) امذ؛ ج.
کھلا کا صیغۂ جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

کھلے بندوں م ف. بے دھڑک، بے باکانہ، آزادانہ، کھلم کھلا.

کھلے دل سے م ف. فراخ دلی سے، سخاوت کے جذبے کے ساتھ.

کھلے ڈلے م ف. کھل کر، آزادانہ.

کھلے سر صف؛ م ف. ننگے سر، ٹوپی، دوپٹہ یا چادر وغیرہ اوڑھے بغیر؛ (مجازاً) پریشانی یا بدحواسی کے عالم میں.

کھلے عام م ف. واضح طور پر، ظاہری طور پر، سرِعام، کھلم کھلا، علی الاعلان.

کھلے لفظوں میں م ف. ا. علانیہ، کھلم کھلا، کھلے خزانے. ۲. صاف صاف الفاظ میں، وضاحت کے ساتھ.

کَھلیان (فت کھ، سک ل) امذ.
(کاشت کاری) جگہ جہاں غلے کا انبار لگا ہو؛ غلے کی کوٹھی؛ جگہ جہاں غلے کو بھوسے سے الگ کرتے ہیں یعنی گاہتے ہیں، خرمن. [س].

کَھم (فت کھ) امذ.
ا. (معماری) محراب کا پایہ یا ستون جو محراب کی چنائی اور اس کے اوپر کی عمارت کا وزن اٹھائے رہتا ہے، تھم، رکن، ممب. ۲. لکڑی، پتھر یا دھات کا مدور، چو پہل، شش پہل یا ہشت پہل ستون، کھمبا.

کَھمبا (فت کھ، سک م) امذ.
لکڑی، پتھر یا دھات کا ستون.

کھمبا نوچنا محاورہ. دور سے دھمکانا، ڈرانا، کمزوروں پر غصہ اتارنا (کھسیانی بلی کھمبا نوچے (کہاوت) سے استنباط).

کُھمبی (ضم کھ، سک م) امث.
ایک قسم کی سفید نبات جو برسات میں خود بخود اُگ آتی ہے، کُکرمتا، سانپ چھتری. [س].

کَھن (فت کھ) امث.
ثابت برتن یا کھرے سکے کی آواز؛ چوڑیوں کے باہم ٹکرانے کی آواز؛ خوشی کی ہنسی؛ خوب صورت ہنسی. [حکایت الصوت].

کھن کھن امث. چھن چھن کی آواز، چھن چھن، کھرا پن. (ب) م ف. جھن جھن کی آواز کے ساتھ، چھنا چھن.

کھن کھنانا ف ل. بجنا، آواز دینا؛ (کنایتۃً) غنغناہٹ سے بات کرنا.

کَھن (۲) (فت کھ) امذ؛ ← کھنڈ.
ا. منزل، درجہ، بالا. ۲. مکان یا دکان کا اندرونی حصہ. ۳. مکان، گھر، ٹھکانا. [مقامی].

کَھنا کَھن (فت کھ، کھ) م ف.
کھنکھناہٹ سے، کھن کھن کی آواز کے ساتھ. ۲. مسلسل، متواتر، لگاتار، تیزی سے. ۳. چھن چھن کی آواز سے، بجا کر، چٹکی لگا کر. (ب) صف مث. کسی برتن وغیرہ یا کسی کھری چیز کے بجنے کی آواز.

کَھنب (فت کھ، سک م بشکل ن) امذ.
ستون، کھم، کھمبا، عماد، رکن.

کِھنچ (کس کھ، سک ن) امث.
کھنچنا کا حاصل مصدر (تراکیب میں مستعمل).

کھنچ آنا ف مر؛ محاورہ. جمع ہو جانا، سمٹ آنا؛ تیزی سے پہنچنا، لپکنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

کھنچ جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. دور ہٹنا، تعلق کم ہو جانا، تعلقات کشیدہ ہو جانا. ۲. اکٹھا ہو جانا، جمع ہو جانا.

کِھنچاؤ (کس کھ، مغ، و مج) مذ.
۱. علیحدگی، لاتعلقی. ۲. تناؤ، تندی، ہیجان.

کِھنچائی (کس کھ، مغ) مث.
(مجازاً) کسی پر چوٹیں کرنے یا طنز کرنے کا عمل، زچ کرنے کا عمل، سرزنش.

کِھنْچنا (کس کھ، غنہ، سک چ) ف ل.
۱. کسا جانا، تننا، جکڑا جانا. ۲. رُکنا، دور رہنا، کنارہ کش ہونا، الگ رہنا، اجتناب کرنا. ۳. طول پکڑنا، دراز ہونا، عرصہ لگنا. ۴. صورت پذیر ہونا، بننا، نقل ہونا، اترنا، عکس اترنا. ۵. کشش ہونا، کسی کی کشش اور جاذبیت کے باعث اس کی طرف رجوع ہونا.

کِھنچے (کس کھ، مغ) مذ؛ ج.
کھنچا کی مغیرہ حالت نیز جمع (تراکیب میں مستعمل).

کھنچے کھنچے رہنا محاورہ. دور دور رہنا، کٹے کٹے رہنا، بے رخی برتنا، کبیدہ خاطر رہنا.

کَھنْدانا (فت کھ، مغ) مذ.
کنجی کے منھ کا کٹاؤ جو قفل کے ہڑ کے آگے بڑھانے اور پیچھے ہٹانے کے لیے بنایا جاتا ہے، دانت، دانتا، دندانہ جو تلوار یا چھری کی دھار میں پڑ جاتا ہے.

کُھنْدَلْنا (ضم کھ، مغ، فت د، سک ل) ف م.
پانو کے نیچے روندنا، پامال کرنا، زیر و زبر کرنا، کچلنا. [س].

کَھنْڈ (۱) (فت کھ، غنہ) مذ.
۱. حصہ، بھاگ، کل کا جزو، ٹکڑا. ۲. منزل، درجہ، مکان پر مکان، مالا. ۳. مکان کا اندرونی حصہ. ۴. (i) زمین کا کوئی حصہ، قطعہ زمین. (ii) خطہ، ملک، دیس، ضلع، (جیسے روہیل کھنڈ). ۵. کتاب کا کوئی حصہ، باب. ۶. پدماوت کے گیت. ۷. دھوبیوں وغیرہ کے بنائے ہوئے گیت، راگ. ۸. سات آسمانوں میں سے کوئی آسمان، فلک، طبق. [س].

کَھنڈَت (فت کھ، سک ن، فت نیز کس ڈ) مث.
۱. بگاڑ، شکست و ریخت، خلل، انتشار. ۲. بکھرا ہوا ہونا، پراگندگی، تتر بتر ہونا. [س].

کھنڈت ڈالنا محاورہ. خلل ڈالنا، رکاوٹ ڈالنا.

کَھنْڈَر (فت کھ، مغ، فت ڈ) مذ.
ٹوٹا پھوٹا مکان، ویران مکان، ویرانہ، خرابہ. [س].

کھنڈر ہوجانا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. ٹوٹ پھوٹ جانا، شکست و ریخت کا شکار ہونا.

کَھنْڈْرات (فت کھ، غنہ، سک ڈ) مذ؛ ج.
کسی عمارت کے بچے کھچے آثار، عمارت یا بستی کے باقیات، آثار قدیمہ.

کُھنْڈْلا (ضم کھ، غنہ، سک ڈ) مذ.
۱. (تحقیراً) ٹوٹا پھوٹا مکان، جھونپڑا، گھروندا. ۲. لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹ گئے ہوں، کھونڈا. ۳. درخت کی کھوہ. ۴. پودوں کو لگنے والا ایک کیڑا.

کِھنْڈْنا (کس کھ، غنہ، سک ڈ) ف ل.
پراگندہ ہونا، بکھرنا، نمایاں ہونا، تتر بتر ہونا، پھیلنا.

کَھنْڈْوی (فت کھ، غنہ، سک ڈ) مث.
۱. (لفظاً) ٹکڑے ٹکڑے، قتلے، قاشیں (عموماً جمع میں). ۲. (مجازاً) بیسن سے تیار کیا جانے والا ایک سالن، کھنڈویوں کا سالن.

کُھنَّس (ضم کھ، شد ن بفت) مث.
حسد، دلی عداوت، کڑھن، غصہ، دل میں نفرت، دشمنی. [س].

کَھنَک (فت کھ، ن) مث.
دھات کے برتن وغیرہ کے ٹکرانے کی آواز؛ روپے کی باج یا پرکھنے کی آواز، مٹی یا کانچ کے ثابت برتن کی آواز.

کھنک دار صف. مترنم، خوش آہنگ؛ جھنکار رکھنے والا.

کَھنْکار (فت کھ، مغ) مث.
گلا صاف کرنے کی آواز، کھانس کر اشارہ کرنے کی آواز.

کَھنْکارْنا (فت کھ، مغ، سک ر) ف م.
۱. کھانسنا، کھانسی اٹھنا. ۲. دانستہ کھانسنا، گلا صاف کرنا. ۳. (کنایۃً) کسی امر کی طرف اشارہ کرنا، وجود کا احساس دلانا، اظہار موجودگی. ۴. کھانس کر آواز دینا، آگاہ کرنا.

کَھنَکْتی (فت کھ، ن، سک ک) صف مث.
کھنکتا (کھنکنا سے صفت) کی تانیث، (تراکیب میں مستعمل).

کھنکتی ہوئی آواز است. آواز جس میں گھونگھرو بجنے کا تاثر ہو، کھنک دار آواز.

کَھنکَڑ (فت کھ، مغ، فت ک) صف.
بالکل خشک.

کَھنکنا (فت کھ، ن، سک ک) ف ل.
برتنوں وغیرہ کا ٹھنٹھنانا، جھنکار ہونا، پرکھتے وقت روپوں کا بجنا، آواز نکلنا، کھڑکنا.

کَھنکھناتی صف ست.
کھنکھنانا کی تانیث (جیسے: کھنکھناتی آواز، کھنکھناتی پایل وغیرہ).

کَھنکھنانا (فت کھ، سک ن، فت کھ) ف م؛ ف ل.
۱. بجانا، روپیہ بجانا، جھنجھنانا. ۲. کسی دھات سے بنی ہوئی چیز کا جھنجھنانا نیز چوڑیوں کا بجنا.

کَھنکھناہَٹ (فت کھ، سک ن، فت کھ، ہ) است.
جھنجھنانے، ٹھنٹھنانے یا کھڑکنے کی آواز، جھنکار.

کَھنگال ڈالنا ف مر؛ محاورہ.
کھنگالنا کی تکمیل فعل، چھان ڈالنا، پوری طرح جانچ پڑتال کرنا.

کَھنگالنا (فت کھ، مغ، سک ل) ف م.
۱. برتن، کپڑے یا کسی اور چیز کو ایک یا دو بار صرف پانی ڈال کر دھو لینا یا غوطہ دے کر نکال لینا؛ کسی ظرف میں پانی ڈال کر ہلانا. ۲. اچھی طرح تحقیق کرنا، چھان بین کرنا، پوری طرح ڈھونڈنا، بالاستیعاب نظر ڈالنا. ۳. ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالنا.

کَھنگر (فت کھ، مغ، فت گ) اند.
ٹوٹی پھوٹی یا جلی ہوئی اینٹیں، کھنجو اینٹیں، بدہیئت اور جلی ہوئی اینٹیں. [مقامی].

کھو (وج) ف م نیز ف ل.
کھونا کا فعل امر نیز مادہ (مرکبات میں مستعمل).

کھو بیٹھنا محاورہ. ضائع کر دینا، برباد کر دینا، گنوا دینا، کھو دینا.

کھو جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. گم ہو جانا، غائب ہو جانا. ۲. (i) حیران ہو جانا، دنگ رہ جانا. (ii) محو ہو جانا، (خیال وغیرہ میں) ڈوب جانا.

کھو دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) ضائع کر دینا، برباد کر دینا، غارت کر دینا. (ii) گنوا دینا.

کَھوا (فت کھ) اند.
کندھا، مونڈھا، شانہ. [س].

کھوپ (وج) است.
۱. غار، کھوہ، گڑھا؛ کونا؛ کھنڈ؛ خلا، درز. ۲. لمبی سلائی، لمبا بخیہ. [س].

کھوپْرا (وج، سک پ) اند.
ناریل کی گری. [س].

کھوپْری / کھوپڑی (وج، سک پ) است.
سر کے اوپر کا حصہ، کاسہ سر، سر کی ہڈی، جمجمہ.

کھوپڑی بھنا جانا محاورہ.
(ضرب سے) سر چکرا جانا؛ چندیا میں سخت درد ہونا، شدید اذیت پہنچنا.

کھوٹ (وج) است؛ اند.
۱. ملاوٹ، میل، آمیزش، خصوصاً چاندی سونے میں کسی کم قیمت دھات کا ملاؤ نیز وہ کم قیمت دھات جو سونے یا چاندی میں ملا دی جائے. ۲. کینہ، بغض. ۳. خرابی، برائی، نقص، عیب، سقم. [س].

کھوٹ ملانا / ملا دینا ف مر؛ محاورہ. خالص سونے چاندی میں کوئی ادنیٰ دھات ملا دینا؛ خلل ڈالنا، ناقص کرنا.

کھوٹ نکالنا محاورہ. عیب جوئی کرنا، نکتہ چینی کرنا، نقص ظاہر کرنا.

کھوٹا (وج) صف مذ.
۱. جس میں کسی قسم کا کھوٹ یا نقص ہو، کھوٹ ملا ہوا، جو خالص نہ ہو، زر غیر خالص، جعلی (کھرا کا نقیض). ۲. نکما، ناقص، ناکارہ، بے کار. ۳. جھوٹا، دغاباز، مکار، بے ایمان.

کھوٹا بیٹا کھوٹا پیسا (برے) بعض وقت کام آجاتا ہے کہاوت. عیب دار چیز سے بھی بعض اوقات خوب کام نکلتا ہے.

کھوٹا سکہ اند. ۱. سکہ جو چلنے کے قابل نہ ہو، جعلی سکہ، ناقص سکہ. ۲. ناکارہ چیز.

کھوٹا کرنا محاورہ. بنی بات کا بگاڑنا، کام بگاڑنا؛ خارج ہونا، رکاوٹ ڈالنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

کھوٹا کھرا صف. اچھا برا، نیک و بد، اصلی و نقلی.

کھوٹا ہونا محاورہ. بنی بات کا بگڑنا، کام خراب ہونا؛ کسی کام یا امر میں حرج واقع ہونا، رکاوٹ ہونا.

کُھوٹی (و مع) امث: ~ کھونٹی.
۱. چھوٹی میخ کیل، گھنڈی. ۲. کیل جو دیوار میں چیزیں لٹکانے کے لیے لگاتے ہیں.

کھوٹی (و مج) صف مث.
کھوٹا کی تانیث، جو خالص نہ ہو؛ ناقص؛ نکما، شرارتی، بدذات.

کھوٹی قسمت امث. برا مقدر، بدنصیبی، کم بختی.

کھوج (و مج) (الف) امذ.
پیروں کا نشان، نقشِ قدم، نقش. (ب) امذ؛ امث. ۱. (i) تلاش، جستجو، تجسس. (ii) کرید، جانچ پڑتال، تحقیق، چھان بین. [س].

کھوج لگانا محاورہ. پتا لگانا، سراغ لگانا، ٹھکانا معلوم کرنا.

کھوجنا (و مج، سک ج) ف م.
۱. ڈھونڈنا، تلاش کرنا، سراغ لگانا. ۲. دریافت کرنا. [س].

کھوجی (و مج) امذ.
کھوج نکالنے والا، سراغ لگانے والا، سراغ رساں؛ پانو کے نشانات سے سراغ لگانے والا.

کھودا (و مج) مذ.
کھودنا کا صیغۂ ماضی (مرکبات میں مستعمل).

کھودا پہاڑ نکلا چوہا/ نکلی چوہیا کہاوت. محنت بہت کی اور حاصل بہت کم ہوا.

کھودنا (و مج، سک د) ف م.
۱. کسی جگہ کو گہرا کرنے کے لیے وہاں کی مٹی وغیرہ نکالنا، گڑھا کرنا، کھدائی کرنا. ۲. کھوکھلا یا خالی کرنا. ۳. مہر یا چپراس وغیرہ میں حروف کندہ کرنا، منبت کاری یا نقاشی کرنا، نقش بنانا، کندہ کرنا. ۴. تلاش و تفحص کرنا، تفتیش کرنا، تحقیق کرنا. [س].

کھوسا (و مج) امذ.
۱. چھلکا، کھال، پوست. ۲. ایک قسم کا جوتا، معمولی چمڑے کا بنا ہوا جوتا.

کُھوسٹ (و مع، فت س) (الف) صف.
۱. (i) بہت بوڑھا، بوڑھا پھوس، کہن سال، بہت ضعیف. (ii) بہت بوڑھی، کہن سال، بہت ضعیف (عورت). ۲. بہت پرانی، فرسودہ. بہت بوڑھا آدمی، پیر فرتوت، بہت نحیف و نزار بوڑھا. [س].

کھوسنا (و مج، سک س) ف م.
۱. کھوسنا، نوچنا. ۲. چھیننا، جھپٹنا، ہاتھ مارنا، اچکنا. ۳. کسی چیز کو کسی چیز میں اڑسنا، گھسیڑنا، اٹکا دینا، الجھانا. [س].

کھوکلا (و مج، سک ک) صف مذ.
کمزور، بودا. [س].

کھوکلی (و مج، سک ک) صف مث.
اندر سے خالی.

کھوکھا (و مج) (الف) امذ.
۱. (i) دکان جو سڑکوں کے کناروں پر صندوق کی شکل میں بنا لیتے ہیں، (عموماً لکڑی کا) کیبن. (ii) کوٹھڑی، چھوٹا کمرہ. ۲. گتے یا ہلکی لکڑی کا صندوق جس میں سامان وغیرہ بند کرتے ہیں. (ب) صف. کھوکھلا، پولا، خالی. [س].

کھوکھلا (و مج، سک کھ) صف.
۱. اندر سے خالی، جوف دار، بے مغز، پولا، تھوتھا. ۲. خلا دار، خراب، ناقص، فرسودہ، خستہ. ۳. (i) بے جان، بے روح، بے معنی، مہمل، بے اثر، بے فائدہ (عموماً لفظ اور نعروں وغیرہ کے لیے مستعمل). (ii) بناوٹی، ظاہری، جھوٹا، جذبات سے عاری، دکھاوے کا.

کھوکھلی (و مج، سک کھ) صف؛ امث.
اندر سے خالی، بے مغز، کیڑا کھائی ہوئی، کرم خوردہ.

کھول (و مج) امث.
کھولنے کا عمل، کھولنا، واشگافی. [س].

کھول دینا ف مر؛ محاورہ.
ظاہر کر دینا، فاش کر دینا (راز وغیرہ).

کھول کر/کے م ف. ۱. (i) واضح طور سے، صاف صاف، ظاہر کر کے. (ii) آزادانہ، بے روک ٹوک نیز اچھی طرح، بخوبی. ۲. صاف صاف، واضح.

کھول کیسہ کھا ہریسہ کہاوت. روپیہ خرچ کرنے سے ہی لطف حاصل ہوتا ہے، گرہ کا زر خرچ کر اور دنیا کا مزہ اٹھا.

کَھولانا (و لین) ف م.
۱. ابالنا، جوش دینا. ۲. (i) (کنایۃً) غصہ دلانا، خفا کرنا. (ii) جلانا، غم دینا.

کَھولاو (و لین، و ج) اند.
اُبلنے یا جوش کھانے کی کیفیت یا حالت.

کَھولتی (و لین، سک ل) صف مث.
نہایت گرم.

کھولتی ہوئی صف مث.
۱. پر جوش؛ غضب ناک. ۲. نہایت گرم.

کَھولَن (و لین، فت ل) امث.
۱. اُبال، جوش. ۲. جلن، سوزش نیز ٹیس، چبھن. ۳. (i) حرارت جو جوش کھانے سے پیدا ہوتی ہے، گرمی. (ii) جلانے کی خاصیت یا کیفیت. ۴. تاؤ، غصہ، طیش.

کَھولْنا (و لین، سک ل) ف ل.
۱. اُبلنا، جوش کھانا، نہایت گرم ہونا. ۲. غصہ کرنا، تاؤ کھانا، پیچ و تاب کھانا، جلنا. [س].

کھولْنا (و ج، سک ل) ف م.
۱. کسی بندھی ہوئی چیز (پھندے، گرہ وغیرہ) کا باز کرنا، وا کرنا، زلفوں کے خم یا پیچ کا سلجھانا. ۲. (i) کسی بند چیز کا وا کرنا (جیسے دروازہ، آنکھیں وغیرہ). (ii) وضاحت سے بیان کرنا، تفصیل سے بتانا، کہنا. ۳. فاش کرنا، بھانڈا پھوڑنا. ۴. پردہ اٹھانا یا ہٹانا، پوشش وغیرہ سرکانا، ننگا کرنا، لہرانا. ۵. کسی پیچیدہ یا مشکل مسئلے کو حل کرنا. ۶. جاری کرنا، قائم کرنا (کارخانے میں) کام کی ابتدا کرنا. ۷. ہتھیار وغیرہ کا جسم سے الگ کرنا. ۸. ڈھکن وغیرہ ہٹانا (ہانڈی وغیرہ). ۹. کسی ہوئی چیز کو گھما گھما کر ڈھیلا کرنا. [س].

کھولی (و ج) امث.
چھوٹا کمرہ، کوٹھڑی، کٹیا.

کھونا (و ج) (الف) ف م.
۱. گنوانا، گم کرنا. ۲. ضائع کرنا، برباد کرنا. (ب) ف ل. (i) گم ہونا، بھٹک جانا. (ii) بہت مصروف ہونا، منہمک ہونا. [س].

کھونْپ (و ج، غنہ) امث.
لمبے لمبے ٹانکے، لمبی لمبی سلائی، تیپچی، ٹوپا، سیون، شلنگا. [س].

کھونپ بھرنا ف مر: محاورہ. ۱. موٹا موٹا سینا، لمبی لمبی سلائی کرنا، معمولی سلائی کرنا. ۲. کپڑے کے ٹوٹے ٹانکے یا پھٹے ہوئے حصے کو سینا، رفو کرنا.

کُھونْٹ (و مع، غنہ) (الف) امث؛ اند.
۱. کونا، گوشہ، زاویہ، سمت، جانب، پہلو. ۲. چادر یا دوپٹے کا کنارہ، پلّو.
(ب) م ف. (کسی) کی طرف، کی جانب. [س].

کُھونْٹا (و مع، مغ) اند.
۱. گھوڑے، مویشی وغیرہ کو باندھنے کی بڑی میخ نیز خیمے کی میخ. ۲. (مجازاً) وسیلہ، سہارا، آسرا، کسی پر انحصار ہونا.

کھونٹا مضبوط ہونا محاورہ. سہارا قوی ہونا، کسی زبردست شخص کی پشت پناہی حاصل ہونا، پشت پر کسی بڑی شخصیت کا ہونا.

کُھونْٹی (و مع، مغ) امث.
گول اور نوکیلی زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ بالشت لمبی لکڑی جس کا کچھ حصہ دیوار وغیرہ میں کپڑے یا چیزیں لٹکانے کے واسطے گاڑ دیتے ہیں نیز چھوٹی میخ، کیل.

کُھونْٹے (و مع، مغ) اند: ج.
کھونٹا کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

کھونٹے سے باندھنا ف مر: محاورہ. میخ سے باندھنا (عموماً) کسی نامعقول آدمی کے ساتھ لڑکی کی شادی کرنا؛ پابند کر دینا؛ نکاح یا شادی کر دینا.

کھونٹے سے بندھنا ف مر: محاورہ. ۱. میخ سے بندھنا؛ پابند ہونا. ۲. نکاح یا شادی ہونا.

کھونْچ (و ج، غنہ) امث.
۱. کھونپ، کپڑے کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے الجھ کر پھٹ جائے، پھٹن، کھونچا. ۲. خراش.

کھونْچا (و ج، مغ) اند.
بڑی کھونچ؛ کپڑے کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے وغیرہ لگنے سے پھٹ جائے، خراش.

کُھونڈنا (و مع، غنہ، سک د) ف م.
۱. کھندلنا، پامال کرنا، روندنا، پیروں سے مسلنا، پانو سے کُچلنا.
۲. (i) (مجازاً) ڈھونڈنا، تلاش کرنا، چھان مارنا. (ii) گھومنا پھرنا. [س].

کُھونڈا (و مع، غنہ) امذ.
ڈنڈا، عصا، لاٹھی. [مقامی].

کُھونڈی (و مع، مغ) امث.
لاٹھی، عصا، چھڑی.

کَھوں کَھوں (ولین نیز مع) امث.
کھانسنے کی آواز، کھانسی کی آواز. [حکایت الصوت].

کھوہ (و مج) امث.
۱. گپھا، پہاڑ کا غار، غار. ۲. (تنے وغیرہ میں) خالی جگہ، گڑھا، سوراخ.

کھوئی (و مج) صف مث.
کھویا کی تانیث، جو گم ہو گئی ہو.

کھوئی کھوئی سی مث. کسی خیال میں گم اپنے سے بے خبر، ازخود رفتہ.

کھوئے (و مج) امذ: ج.
کھویا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

کھوئے کھوئے سے رہنا ف مر: محاورہ. کسی خیال میں محو رہنا، طبیعت کا بند ہونا.

کَھوے (فت کھ) امذ: ج.
کھوا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

کھوے سے کھوا چھلنا ف مر: محاورہ. انبوہ کثیر کے باعث کندھے سے کندھے کا رگڑ کھانا، بہت بھیڑ ہونا، بہت زیادہ مجمع ہونا. [س].

کھویا(۱) (و مج) امذ.
جوش دے کر رطوبت خشک کیا ہوا دودھ، دودھ کا ماوا. [س].

کھویا(۲) (و مج) صف: امذ.
گم، ضائع، برباد؛ کوئی چیز یا شخص جو کھو گیا ہو نیز بے کار فضول چیزیں.

کھویا کھویا (سا) صف مذ. کسی خیال میں ڈوبا ہوا، اپنے سے بے خبر، مدہوش.

کھویا کھویا رہنا ف مر: محاورہ. کسی خیال میں محو رہنا، انقباض رہنا، پریشان، فکرمند ہونا.

کھویا ہوا صف. ۱. ازخود رفتہ، اپنی حالت سے بے خبر، کسی خیال میں محو. ۲. گم شدہ، ضائع شدہ، برباد کردہ.

کِھوَیّا (کس کھ، فت و، شد ی) امذ.
کشتی چلانے والا، ناؤ کھینے والا.

کھیپ (ی مج) امث.
۱. (i) اینٹ یا مٹی وغیرہ کے بوروں کو کئی کئی چوپایوں پر بار بار لاد کر لانا، کسی جنس کی ایک خاص مقدار جس کا اضافہ مجموعے میں کیا جائے، بوجھ، بار. (ii) وقفے وقفے سے پہنچنے والی رسد. ۲. (سلینگ) بیرون ملک سے لایا جانے والا سامان جس پر کسٹم کے محصولات ادا نہ کیے جائیں؛ اسمگل شدہ سامان. ۳. بہت بڑی تعداد. [س].

کھیپیا (ی مج، کس پ) امذ.
۱. جو سفر پر جائے؛ جاتری؛ بحری مسافر. ۲. بیرون ملک سے کسٹم کے محصولات بچا کر سامان لانے والا شخص، اسمگلر.

کھیت (ی مج) امذ.
۱. ایک قطعۂ زمین جس میں زراعت کی جائے، زیر کاشت زمین کا ٹکڑا، کشت. ۲. میدان جنگ، میدان کارزار. ۳. چاندنی، زمین پر پھیلی ہوئی چاندنی، مہتاب کی نور افشانی. [س].

کھیت کھلیان امذ. کھیتیاں، زرعی اراضی، مزروعہ زمینیں.

کھیت ہونا محاورہ. لڑائی میں مارا جانا.

کھیتی (ی مج) امث.
۱. کاشت کاری، زراعت، اناج اگانے کا کام یا پیشہ، کسانی. ۲. فصل، غلہ یا اناج کی فصل. ۳. (مجازاً) آل اولاد، متعلقین.

کھیتی باڑی امث. کاشت کاری، زراعت.

کِھیر (ی مع) امث.
۱. ایک میٹھا کھانا جسے دودھ اور چاولوں سے مختلف طرح سے پکاتے ہیں، شیر برنج؛ فیرنی (کھانے کے بعد میٹھے کے طور پر مستعمل). ۲. دودھ. [س].

کِھیرا (ی مع) امذ.
ایک چھوٹی اور موٹی ککڑی جس کا چھلکا گہرا بھورا اور ہرا بھی ہوتا ہے، اس کے کنارے کاٹ کر رگڑنے سے سفید رطوبت نکلتی ہے اور اس طرح اس کی کڑواہٹ دور ہو جاتی ہے، یہ کچا کھایا جاتا ہے (ایک قسم کی سبزی). [س].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کھیری (ی مع) مث.
۱. جانور کے تھنوں سے اوپر کا وہ گوشت جس میں دودھ بنتا ہے اور رہتا ہے، باکھ کا گوشت نیز تھن. ۲. نوعمر جانور. [س].

کھیس (۱) (ی مع) مث.
گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے بعد مادہ مویشی کے تھنوں سے تین دن تک نکلتا ہے اور اُبالنے سے اس کی کھیلیں سی بن جاتی ہیں، پیوسی. [سندھی + س].

کھیس (۲) (ی مع) مث.
دانت نکال کر ہنسنا، دانت نکالنا؛ بندر کی طرح چڑ چڑانا؛ غصے میں یا کھسیانے ہو کر ہنسنا. [س].

کھیس (ی مج) مذ.
ایک وضع کا موٹا کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے، اس میں بناوٹ کے بیل بوٹے ہوتے ہیں، دوسوتی کا چادرا. [پن].

کھیسا (ی مع) مذ.
دیکھیے: کیسہ. [ف: کیسہ کا بگاڑ].

کھی کھی مث.
ہنسنے کی آواز خصوصاً ناگوار آواز. [حکایت الصوت].

کھیل (ی مع) مث.
۱. بھنے ہوئے چاول، چنے، جوار یا مکئی وغیرہ کا پھلا، کھلا ہوا چاول، بھنا ہوا اناج جو پھول گیا ہو، پھلی. ۲. (مجازاً) تھوڑی سی چیز، مقدار قلیل، دانہ. [س].

کھیل اڑ کر منھ میں نہ پہنچنا/ نہ جانا ف مر. کوئی چیز نہ کھانا، کچھ منہ میں نہ پڑنا.

کھیل کھیل کر دینا / کرنا محاورہ. ریزہ ریزہ کر دینا، خستہ کر دینا، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، نہایت خستہ بنا دینا.

کھیل کھیل ہونا محاورہ. ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، پارہ پارہ ہو جانا، کھل جانا.

کھیل (ی مج) مذ.
۱. بازی، لہو و لعب، تماشا. ۲. تماشا جو کرتب کر کے دکھایا جائے، نٹ بازی، شعبدہ بازی، سوانگ، ناٹک وغیرہ. ۳. کوئی تفریحی عمل یا مشغلہ، دل بہلاوا، سیر تماشا، مشغلہ، شغل. ۴. سہل، آسان، سہج نیز معمولی کام، بات یا چیز. ۵. کاری گری، نیرنگ سازی، نیرنگی، کرشمہ. [س].

کھیل بگڑ جانا / بگڑنا محاورہ. کام خراب ہونا، بنا بنایا کام بگڑنا.

کھیل تماشا مذ. ۱. تماشا جو کرتب کر کے دکھایا جائے اور کھیل کود وغیرہ. ۲. کھیل کی باتیں، تفریح کا مشغلہ. ۳. آسان کام، سہل کام، کھیل.

کھیل جانا محاورہ. ۱. ایسے کام کی جرأت کرنا جس میں ہلاکت کا خوف ہو، جان جوکھوں یا ہلاکت میں ڈال دینا (سر یا جان کے ساتھ مستعمل). ۲. ہلاک ہو جانا، مر جانا. ۳. حواس باختہ، بے حال ہو جانا، جان دے دینا. ۴. گنجفے کے سب پتوں کو کھیل جانا.

کھیل ختم پیسہ ہضم فقرہ. تماشا ہو چکا اب جائیے، کسی کام، بات یا امر کے مکمل یا ختم ہونے یا بچوں کو ٹالنے کے لیے کہا جاتا ہے، کسی معاملے میں تشنگی رہ جانے پر بھی کہا جاتا ہے، کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے بغیر اس کے ختم کر دینے کا اعلان.

کھیل سمجھنا محاورہ. ۱. بے وقعت سمجھنا، بے قدر جاننا، مذاق سمجھنا، تفریح جاننا. ۲. کسی کام کو تفریح کا سامان سمجھ کر آسان یا سہل جاننا.

کھیل کود مذ. کود پھاند، اچھل کود، لہو و لعب.

کھیل کھیلنا محاورہ. ۱. بازی کرنا، تماشا دکھانا، کرتب ظاہر کرنا. ۲. وقت کاٹنے کے لیے کوئی شغل کرنا. ۳. کوئی کام بے توجہی اور بے پروائی سے کرنا.

کھیل ہاتھ لگنا محاورہ. کوئی مشغلہ یا دل کا بہلاوا ہاتھ آنا.

کھیلنا (ی مج، سک ل) ف م.
۱. بازی کرنا، تفریحاً اچھل کود کرنا، بھاگنا دوڑنا. ۲. وقت کاٹنے یا جی بہلانے کے لیے کوئی شغل کرنا، دل بہلانا، لطف لینے کے لیے کسی شے کو کھلونے کی طرح برتنا. [س].

کھیلنا کودنا محاورہ.
مشغلوں میں لگے رہنا، اُچھل کود کرنا، لہو و لعب میں وقت گزارنا.

کھیلنے (ی مج، سک ل) مذ.
کھیلنا کی مغیرہ صورت؛ تراکیب میں مستعمل.

کھیلنے کُودنے کے دِن ہونا محاورہ. دیکھیے : کھیلنے کھانے کے دن ہونا .

کھیلنے کھانے کے دِن ہونا محاورہ. لطف اٹھانے کا زمانہ ہونا ، ناسمجھ ہونا .

کھینا (ی مج) ف م.

ناؤ چلانا ، چپو کے وسیلے سے کشتی لے جانا ، بانس یا چپو کی مدد سے کشتی چلانا . [س] .

کھینچ (ی لین نیز مج نیز مع ، غنہ) امث .

۱. (i) کشش ، کھنچاؤ ، تناؤ . (ii) کھینچنے کا عمل . ۲. (پتنگ بازی) پتنگ کی ڈور کو پیچ لڑانے میں تیزی سے کھینچنے عمل (ڈھیل کی ضد) .

کھینچ تان کر / کے م ف. دقت یا کوشش کے ساتھ ، زبردستی ، بہ تکلف ، توڑ مروڑ .

کھینچ کھانچ کر / کے ف م. ۱. کھینچ کھینچ کر ، زور لگا کر . ۲. زبردستی ، بہ تکلف .

کھینچا (ی لین نیز مج ، مع) ف م.

کھینچنا کا صیغۂ ماضی نیز حالیہ تمام ؛ تراکیب میں مستعمل .

کھینچا تانی امث. ایک چیز کو دو شخصوں کا اپنی اپنی طرف کھینچنا ، کشاکش ، اینچا کھینچی ؛ بحث مباحثہ ، باہمی کشمکش .

کھینچا کھانچی امث. کشمکش ، کشاکش ، اینچا تانی .

کھینچنا (ی لین نیز مج نیز مع ، غنہ ، سک چ) ف م.

۱. کسی چیز یا شخص کو زبردستی کسی طرف لانا یا لے جانا ، گھسیٹنا ، اینچنا . ۲. کشید کرنا ، عرق نکالنا ، مقطر کرنا ، چوآنا . ۳. (i) نخوت یا غرور کے باعث علیحدہ رہنا ، غرور کرنا ، اکڑنا ، اپنے آپ کو کھینچنا . (ii) روٹھنا ، ناراض ہونا . ۴. بنانا ، تیار کرنا (تصویر ، فوٹو ، نقشہ وغیرہ) . ۵. اپنی طرف یا کسی جانب کھینچنے پر مجبور کرنا . ۶. زور سے کش لگانا (حقہ وغیرہ کا) . ۷. لمبا سانس لینا ، سانس کا طول کھینچنا (آہ و نالہ وغیرہ) . ۸. بڑھا کر بولنا یا پڑھنا . [س] .

کھیوَن ہار / ہارا (ی مج ، فت و) امذ .

۱. کشتی کھینے والا ، کھویا ، مانجھی ، ملاح . ۲. (مجازاً) مشکلوں سے نجات دینے والا ، مشکل کشا .

(گ)

گ (گاف) حرف مذ .

اُردو حروفِ تہجی کا (بشمول ہائیہ حروف) اکتالیسواں ، فارسی کا چھبیسواں اور ہندی کا تیسرا حرف صحیح اسے کافِ عجمی یا کافِ فارسی بھی کہتے ہیں ، یہ کبھی ج سے اور کبھی ک سے بدل جاتا ہے ، جمل میں اس کے عدد بھی ک کے برابر یعنی بیس شمار کیے جاتے ہیں .

گا (۱) امذ .

(قواعد) فعل مستقبل کے صیغوں کے آخر میں مستعمل ، جیسے : آئے گا ، جائے گا ، کھائے گا وغیرہ میں .

گا (۲) امذ : مذ .

گانا (رک) کا صیغۂ امر اور حرفی صورت مثلاً : گا بجا کر ؛ گا گا کر وغیرہ .

گابھ (سک بھ) امذ .

مادہ چوپایوں کا حمل ، حیوانات کا حمل ، انسانی حمل . [س] .

گابھِن (فت بھ) صف مث .

۱. مادہ حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو ، حاملہ مادہ جانور . ۲. حاملہ عورت . [س] .

گات (۱) (الف) امذ .

۱. عورت کی دونوں چھاتیوں کی ہیئت ، پستانوں کا اُبھار ، عورت کا سینہ . ۲. عورت کے اوپر کا دھڑ . [س] .

گات (۲) امث .

پھبن ، خرام ، چال ، رفتار ، شوخی و طراری . [س] .

گاج امث .

(پارچہ بافی) باریک قسم کا خانے دار اور کھلی بناوٹ کا ریشمی یا سوتی کپڑا (عموماً زنانہ لباس کے کام آتا ہے) . [انگ] .

گاجا امذ .

باجا کا تابع .

گاجا باجا امذ . دیکھیے : باجا گاجا جو زیادہ مستعمل ہے .

گاجَر (فت ج) امث .

نارنجی اور اودی رنگ کی ایک مخروطی جڑ والی ترکاری جو کچی اور پکائی ہوئی

دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے اس کا مربہ اور اچار بھی بنایا جاتا ہے اور حلوہ بھی بنتا ہے۔ [پ]۔

گبھر سول مث۔ (مجازاً) بے وقعت، بے قدر یا کم قیمت چیز۔

گبھر سول کی طرح کاٹنا محاورہ۔ بے دردی سے قتل کرنا، بے دریغ قتل کرنا، قتل عام کرنا، کشتوں کا ڈھیر لگا دینا۔

گاجے اند: ج۔

گاجا کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل جیسے گاجے باجے۔

گاجے باجے سے م ف۔ دھوم دھام سے، بہت شاہانہ انداز سے۔

گاد مث۔

۱۔ تلچھٹ ۲۔ دریا کی تہہ میں بیٹھی ہوئی مٹی۔ [س]۔

گاد بیٹھنا ف مر۔ تلچھٹ کا ایک جگہ جمع ہونا یا تہ میں بیٹھ جانا۔

گادنا (سک د) ف م۔

۱۔ دبانا، بھینچنا ۲۔ بھرنا، ٹھونسنا۔ [س]۔

گاڈر (فت ڈ) اند۔

(معماری) لوہے وغیرہ کا بڑا شہتیر جو مکانوں اور پلوں وغیرہ پر ڈالتے ہیں۔ [انگ]۔

گار لاحقہ۔

کسی لفظ کے آخر میں بطور لاحقہ استعمال ہو کر وصفیت کے معنی دیتا ہے، (جیسے: طلب گار، پرہیز گار، گنہ گار، ستم گار وغیرہ میں)۔ [ف]۔

گارا اند۔

۱۔ گندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنتے، پلستر کرتے یا برتن بناتے ہیں، گلاوا، گلابہ، تعمیر کے لیے مٹی کا تیار کیا ہوا مسالہ ۲۔ (شکاریات) شیر کے شکار کی غرض سے باندھا جانے والا جانور؛ شیر کا مارا یا کھایا ہوا جانور جس کو وہ تھوڑا تھوڑا دو تین دن میں کھاتا ہے۔ [مقامی]۔

گارا بنانا / کرنا محاورہ۔ (معماری) چنائی کے لیے مٹی میں پانی ملا کر نرم یا لوچ دار بنانا۔

گارڈ (سک ر) اند۔

۱۔ پہرے دار، سنتری، محافظ، دوران سفر ریل گاڑی کا ذمہ دار افسر، ریل گاڑی کا نگراں ۲۔ چند سپاہیوں کی جماعت یا دستہ جو حفاظت کے لیے ہو۔ [انگ]۔

گارڈ آف آنر اند۔ سربراہان مملکت وغیرہ کو دی جانے والی سلامی یا وہ فوجی دستہ جو کسی بڑی شخصیت کو سلامی دیتا ہے۔

گارنٹی (فت ر، سک ن) مث۔

ضمانت، کفالت، ذمہ داری۔ [انگ]۔

گارنٹی لینا ف مر؛ محاورہ۔ ضمانت لینا، ذمہ داری قبول کرنا۔

۔۔۔گاری لاحقہ۔

فارسی لاحقہ فاعلی "گار" اور لاحقہ نسبتی ی سے مرکب، (جیسے: پرہیزگاری، رستگاری اور گنہ گاری وغیرہ میں)۔

گاڑ اند۔

گاڑنا کا امر نیز مغیرہ صورت بحذف علامت مصدر (تراکیب میں مستعمل)۔

گاڑ دینا ف مر؛ محاورہ۔ زمین میں دفن کرنا، گاڑنا۔

گاڑنا (سک ڑ) ف م۔

۱۔ زمین وغیرہ کے اندر دبانا، دفن کرنا، قید میں رکھنا ۲۔ (کنایۃً) ملیامیٹ کرنا، بھول جانا ۳۔ (i) دبا کر نصب کرنا، داخل کرنا۔ (ii) پودا لگانا۔ ۴۔ گڑونا، پیوست کرنا۔

گاڑی مث۔

۱۔ آدمیوں کے سوار ہونے یا سامان لادنے کے کام میں آنے والی سواری جسے کسی ذریعے سے کھینچ کر یا دھکیل کر چلایا جائے ۲۔ ہاتھ سے کھینچنے یا چلانے کی مغربی طرز کی ٹرالی یا چھوٹی گاڑی جو سامان لانے لے جانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۳۔ ریل گاڑی کا ڈبا، ٹرین، ریل گاڑی۔ [س]۔

گاڑی اٹکنا ف مر؛ محاورہ۔ کسی کام میں رکاوٹ پڑ جانا، کسی کام کا دشواری کے سبب پورا نہ ہونا۔

گاڑی بھر صف۔ گاڑی کی لمبائی چوڑائی کے مطابق، گاڑی کے مطابق کشادہ۔

گاڑی چلنا محاورہ۔ کام کا جاری رہنا، گزر ہونا۔

گاڑھی دھکیلنا محاورہ۔ کسی نہ کسی طرح کام چلانا۔

گاڑی کھینچنا ف مر؛ محاورہ۔ گاڑی چلانا، بوجھ یا کسی کام کی ذمہ داری نبھانا، لشتم پشتم گزارہ کرنا۔

گاڑھا (الف) صف مذ.
۱. دبیز، موٹا، غف (کپڑے وغیرہ کے لیے). ۲. مائع جس میں پانی کی مقدار کم ہو، غلیظ، زیادہ کثافت والا، پتلا یا رقیق کی ضد. (ب) مذ. ٹھونک کر بُنا ہوا ایک غف کپڑا، کھڈی کا بُنا ہوا کپڑا، کھدر وغیرہ.
[س].

گاڑھا کپڑا مذ. دبیز، موٹا یا غف کپڑا، ٹھکی ہوئی بناوٹ کا کپڑا.

گاڑھا کرنا ف مر: محاورہ. کسی مائع کو غلیظ بنانا، شدت پیدا کرنا، سختی کرنا، مشکل کرنا.

گاڑھی مث.
موٹی، گھنی، گہری، دبیز، کثیف؛ مضبوط، پکی.

گاڑھی چھننا محاورہ. ۱. بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا. ۲. آپس میں بہت محبت ہونا، گہری دوستی ہونا. ۳. بے تکلفی اور مذاق میں کچھ کہنا، یونہی دل لگی کے طور پر کچھ کہنا.

گاڑھی دوستی صف مث. بہت میل جول، پکا یارانہ، پکی دوستی، پُرخلوص دوستی.

گاڑھی کمائی مث. مال و دولت وغیرہ جو بڑی محنت و تگ و دو سے حاصل ہو، گاڑھے پسینے کی کمائی.

گاڑھے مذ: ج.
گاڑھا کی جمع نیز مغیرہ صورت؛ تراکیب میں مستعمل.

گاڑھے پسینے کا/ کی پیسہ/ کمائی مذ؛ مث. بڑی محنت اور مشقت سے حاصل کی ہوئی رقم وغیرہ.

گاڑھے کا کرتہ مذ. گاڑھے کے کپڑے سے تیار کیا ہوا کرتا، موٹے کپڑے کا کرتا، معمولی کرتا.

گاز مث: ~ گاج.
(پارچہ بافی) کپڑے کی ایک قسم جو خانے دار ریشمی یا سوتی کپڑا ہوتا ہے. [انگ].

گاف مذ.
۱. اردو حروف تہجی کے (بشمول ہائیہ حروف) اکتالیسویں حرف گ کا تلفظی نام. ۲. (کنایۃً) بکواس، بے ہودہ باتیں، حد سے گری ہوئی باتیں، غیر اخلاقی باتیں.

گاگر (فت گ) مث.
پانی رکھنے کا مٹی یا دھات وغیرہ کا گلے دار بے پیندے کا گھڑا یا مٹکا.
[س].

گال مذ.
رخسار، عارض، کلا. [س].

گال پچک جانا محاورہ. کلے کی کھال کا اندر کی طرف پچک جانا، دبلا ہو جانا.

گال پھلانا ف مر: محاورہ. ۱. گالوں میں ہوا بھر کر اُبھارنا، تاننا. ۲. رنجیدہ ہونا، غصہ کرنا؛ ناراض ہونا، برہم ہونا، روٹھنا.

گالا مذ.
۱. دھنکی ہوئی صاف روئی کی تھوڑی سی مقدار کا گولا یا پہل. ۲. (کنایۃً) نہایت سفید. ۳. کوئی گولا سی گیلی اور سفید شے.

گالف (سک ل) مذ.
ایک لمبی ڈنڈی کے چونچ دار بلے اور ربر کی چھوٹی ٹھوس گیند سے عموماً گھاس پر کھیلا جانے والا ایک بدیسی میدانی کھیل جو دو اشخاص کے مابین کھیلا جاتا ہے، باری باری ہر شخص کھیلتا ہے اور گیند کو بلے سے مار کر ایک چھوٹے سے گڑھے میں ڈالتے ہیں. [انگ].

گالم گفتار (فت ل، سک م، ضم گ، سک ف) مث.
دیکھیے: گالم گلوچ.

گالم گلوچ (فت ل، سک م، فت گ، و ج) مث.
گالی گلوچ، دشنام دہی، فحش کلامی کرنا.

گالی مث.
دشنام، بدزبانی، فحش بات. [س].

گالی بکنا ف مر: محاورہ. کسی کو برا بھلا کہنا، بدزبانی یا فحش باتیں کرنا.

گالی دینا ف مر: محاورہ. بری بات منھ سے نکالنا، دشنام، بدزبانی کرنا، فحش بکنا، لغو باتیں کرنا.

گالی کھانا محاورہ. دشنام سننا، کسی کے منھ سے بری یا فحش بات سننا.

گالی گلوچ/ گلوج مث. دیکھیے: گالم گلوچ، گالیاں دینا، فحش کلامی کرنا.

گالیاں (کس ل) مث: ج.
گالی کی جمع؛ (مرکبات میں مستعمل)، شادی بیاہ کے موقع پر گائے جانے

والے وہ گیت جن میں سمدھیانے والوں کے لیے ہلکی پھلکی گالیاں نظم ہوتی ہیں اور جو صرف تفریحِ طبع کے لیے گائے جاتے ہیں ، وہ گالیاں جو شادی بیاہ میں میراثنیں سمدھیانے والوں کو گیتوں میں سناتی ہیں .

گالیاں پڑنا ف مر. گالیاں دی جانا ، برا بھلا کہا جانا .

گالیاں دینا/ سنانا محاورہ. بدزبانی کرنا ، برا بھلا کہنا ؛ بدکلامی کرنا ، سخت سست کہنا .

گالیاں کھانا محاورہ. اپنے خلاف کسی سے فحش باتیں سننا ، گالیاں سننا ، برا بھلا سننا ، دشنام سننا ، ہدف ملامت بننا ، سخت سست سننا .

گالیوں (کس ل ، وج) امث : ج.
گالی کی جمع اور مغیرہ شکل ؛ (مرکبات میں مستعمل) .

گالیوں پر اتر آنا/ اتر پڑنا محاورہ. یہاں تک بڑھ جانا کہ برا بھلا کہنے لگ جانا ، گالیاں دینے لگنا ، بدزبانی کرنے لگنا .

گالیوں کی بوچھار/ بوچھاڑ کرنا/ لگانا محاورہ. لگاتار گالیاں دیے جانا ، مسلسل دشنام دینا .

گام اند.
ایڑی سے انگوٹھے تک کی لمبائی ، پانو کی لمبائی ؛ چلتے وقت دونوں پاؤں کے درمیان کا فاصلہ ؛ مراد : آدھ گز کا فاصلہ . [ف] .

گام زن/ گامزن صف. تیز رو ، تیز رفتار ؛ چلنے والا ، چلتا ہوا خصوصاً تیزی کے ساتھ .

گام زن ہونا ف مر. قدم بڑھانا ، چلنا ، رواں ہونا .

گاما اند.
یونانی حروف تہجی کا تیسرا حرف ، کسی سائنسی درجہ بندی میں تیسرا مقام ، درجہ یا شق (تراکیب ابجد میں ج کا متقابل) . [یو < انگ] .

گاما ریز/ شعاعیں امث ؛ ج. تابکار مادے سے خارج ہونے والی اور اجسام میں نفوذ کرنے والی بہت چھوٹے طول موج کی شعاعیں جن کے خارج ہونے سے مرکزے کی توانائی کم ہو جاتی ہے .

گامچی (سک م) امث.
گھوڑے کے سم سے قریب کا حصہ ، ٹخنے اور سم کا درمیانی حصہ .

۰۰۰ گاں لاحقہ.
مرکبات میں آ کر معانی ذیل میں مستعمل ہے ، حرف لیاقت جیسے شائگاں ، تعین عدد کے لیے جیسے دوگاں . [ف] .

گانا (الف) ف م.
۱. منھ سے سر یا سریلی آواز نکالنا ، سریلے بول بندھے ہوئے سروں میں نکالنا ، نغمہ سرائی کرنا ، لہکنا. ۲. (کنایۃً) اپنے مطلب کی بات کہنا ، اپنی کہے جانا . ۳. (کنایۃً) بیہودہ باتیں کرنا ، بکنا ، بکواس کرنا. (ب) اند. نغمہ ، سرود ، نشید . [س] .

گانا بجانا (الف) ف م. نغمہ سرائی کرنا ، گیت یا راگ گانا اور ساز بجانا. (ب) اند. راگ رنگ ، گیت اور موسیقی .

گانا رونا کس کو/ کسے نہیں آتا کہاوت. ایسی باتیں سب جانتے ہیں.

گانا نہ بجانا باد باد کے رجھانا کہاوت. باتوں سے خوش کرتے ہیں ، عیش و عشرت کا کوئی سامان نہیں ، کام کوئی نہ کرنا محض باتوں سے خوش کرنا.

گانٹھنا (غنہ ، سک تھ) ف م.
۱. پرونا. ۲. جوڑنا ، ساتھ باندھنا ، گرہ لگانا ، ایک مربوط سلسلے میں منسلک کرنا.

گانٹھ (غنہ) امث .
۱. تاگا ، ڈوری اور رسی وغیرہ کو بل دے کر بنایا ہوا بندھن یا حلقہ جو کسا جا سکتا ہو ، گرہ ، بند ، عقدہ . ۲. گٹھڑ ، پارسل ، گٹھا ، بنڈل . ۳. ہاتھ پانو کی انگلیوں کی گرہ ، جوڑ . ۴. گنے یا مکئی کے تنے کی پور یا گرہ . ۵. (i) سونٹھ یا ہلدی کی گانٹھ ، ہلدی کی پور . (ii) (کنایۃً) بنا ، بنیاد ، جڑ ، اصل سبب علت . ۶. عہد و پیمان ، قول و قرار ، باہمی معاہدہ . ۷. جیب ، کیسہ ، بٹوا ، ذاتی ملکیت یا قبضہ . ۸. سدہ ، جیسے : "پیٹ میں گانٹھیں ہیں". [س] .

گانٹھ باندھنا ف مر: محاورہ. گرہ لگانا ؛ یاد رکھنا ، خیال رکھنا .

گانٹھ پڑ جانا/ پڑنا محاورہ. گرہ لگنا یا لگ جانا ، رکاوٹ پیدا ہونا ، ان بن ہونا.

گانٹھ دینا محاورہ. کسی چیز میں گرہ لگانا .

گانٹھ کا پورا اند. دولت مند ، مال دار ، امیر.

گانٹھ کا پورا ہیئے/ عقل کا اندھا صف. بے وقوف مال دار ، سادہ لوح امیر آدمی .

گانٹھ کھولنا ف مر: محاورہ. گرہ کھولنا ، سلجھانا ، مسئلے کا حل نکالنا ، عقدہ حل کرنا ، تذبذب اور رکاوٹ دور کرنا .

گانٹھ لینا محاورہ. قبضے میں کر لینا ، قابو میں کرنا .

گانٹھ میں باندھنا محاورہ. ۱. اپنے قبضے میں کر لینا ، اپنی جیب میں ڈالنا . ۲. نصیحت یا مطلب کی بات یاد رکھنا ، عبرت حاصل کرنا .

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

گانٹھ (گرہ) میں پیسہ، (کوڑی) نہیں بانکے ہولو کی سیر کہاوت. مفلس شوقین کی نسبت کہتے ہیں.

گانٹھ میں دام تو سب کریں سلام کہاوت. پیسہ پاس ہو تو سب عزت کرتے ہیں.

گانٹھنا (فتہ، سک ٹھ) ف م.
۱. گرہ دینا، باندھنا، ٹانکنا. ۲. سینا؛ مرمت کرنا. ۳. (i) کسی کو اپنے ساتھ ملا لینا، ہم خیال کرلینا، اپنے مطلب پر لانا (بیشتر "کو" کے ساتھ)، پرچانا، اپنے ڈھب پر لانا. (ii) ڈورے ڈال کر راغب کرنا، پھانسنا، پٹانا. [س].

گانجا/ گانجھ (مغ/ فت ج) اند.
بھنگ کی قسم کا ایک پودا اور پودے کے پتے اور بیج جو نشہ آور ہوتے ہیں اور چلم میں رکھ کر پیے جاتے ہیں نیز بھنگ کے پودوں کی پھول دار شاخیں جن کے پتوں پر رال دار مادہ لگا ہوتا ہے. [س].

گانڈ (غنہ) امث.
بدن کا وہ سوراخ جس سے پاخانہ خارج ہوتا ہے، مقعد، کون. [س].

گانڈو (مغ، ومع) اند.
۱. (فحش بازاری) مرد جسے فعل بد کرانے کا شوق ہو، علت اُبنہ رکھنے والا، بوسیا، ایک گالی. ۲. ڈرپوک، بزدل، نامرد، مخنث.

گانڑ (غنہ) امث.
۱. (فحش؛ بازاری) گانڈ، مقعد، دبر. ۲. (کنایۃً) کولھے، پچھایا.

گانڑ پھٹنا محاورہ. (فحش؛ بازاری) بہت زیادہ ڈرنا، دہشت بیٹھنا، خوف سے جان نکلنا، حد درجہ خوف زدہ ہونا.

گانڑ میں انگلی کرنا محاورہ. (فحش؛ بازاری) دق کرنا، ستانا.

گانڑ میں گھسا رہنا / گھسنا محاورہ. (فحش؛ بازاری) ہر دم ساتھ رہنا، خوشامد کے مارے ہر وقت کسی کے پاس رہنا، خوشامد کے لیے ساتھ ساتھ لگے پھرنا.

گانڑ میں مرچیں لگنا محاورہ. (فحش؛ بازاری) بے حد ناگوار گزرنا، از حد برا لگنا؛ تلملانا؛ تر بھر ہونا، جھلانا، غضب ناک ہونا.

گانو (مغ، ومع) اند.
دیکھیے: گاؤں جو زیادہ مستعمل ہے. [س].

گانوں (مغ، ومع) اند.
دیکھیے: گانو، گاؤں؛ چھوٹی بستی یا آبادی.

... گانہ (فت ن) صف مذ.
بطور لاحقہ مرکبات میں اعداد کے بعد آتا ہے اور تعین یا شمار اعداد پر دلالت کرتا ہے، (جیسے: سہ گانہ، پنج گانہ وغیرہ). [ف].

گانے اند؛ ج.
بہت سے گیت؛ نغمے نیز گانا کی مغیرہ حالت و جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

گاو (الف) اند.
۱. بیل، نرگاؤ. ۲. ایک برج کا نام، برج ثور. (ب) امث. گائے. [ف].

گاو بادشاہ اند. (ہیئت) ایک برج کا نام ہے جو بیل کی شکل سے مشابہ خیال کیا جاتا ہے، برج ثور.

گاو زمیں امث. (ہندو) وہ گائے جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے اور جب تھک کر زمین کو ایک سینگ سے دوسرے سینگ پر بدلتی ہے تو بھونچال آتا ہے، گاو ثری.

گاو سامری امث. بچھڑا جو سامری نے سونے کا بنایا تھا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے پاؤں کی مٹی اس کے منھ میں ڈالی تھی جس کی وجہ سے وہ بولتا تھا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر گئے تو اس نے بنی اسرائیل کو اس بچھڑے کی پوجا پر لگا دیا.

گاو عنبر/ عنبریں امث. گائے کی شکل کا ایک دریائی جانور اس کی آنتوں میں خاکستری رنگ اور خوشبودار مادہ ہوتا ہے جسے عنبر کہتے ہیں.

گاودی / گاؤدی (سک و، ومج) صف؛ اند.
احمق، بے وقوف. [ف].

گاہ (الف) م ف.
کبھی؛ کسی وقت، بعض وقت. (ب) امث. جگہ، مقام؛ وقت؛ باری. (ج) لاحقہ. لاحقہ ظرف زماں، جیسے: صبح گاہ، سحر گاہ وغیرہ، نیز لاحقہ ظرف مکان وغیرہ جیسے: خواب گاہ وغیرہ. [ف].

گاہ بگاہ/ بہ گاہ/ بے گاہ (بیگاہ) م ف. کبھی کبھی، وقت بے وقت.

گاہک (فت ہ) اند.
خریدار، مول لینے والا، خریدنے والا. [س].

گاہے م ف.
کبھی کسی وقت.

گاہے بگاہے / بہ گاہے م ف. کبھی کبھی، کبھی کبھار.

گاہے چنیں، گاہے چناں فقرہ. کبھی کچھ کبھی کچھ.

گائتری (کس، سک، ت) مث:- گایتری.
(ہنود) رگ وید کا ایک منتر جو وظیفے کے ساتھ صبح وشام پوجا کے وقت دل ہی دل میں پڑھا جاتا ہے. [س].

گائڈ (کس ج، و) مذ.
۱. راستہ دکھانے والا، رہنما، رہبر؛ وہ شخص جو سیاحوں یا عجائب گھر کی سیر کرنے والوں کو تاریخی اہمیت کی عمارات اور عجائبات کی خصوصیات سے روشناس کراتا ہے. ۲. وہ کتابچہ جو کسی معاملے میں رہنمائی کرے. [انگ].

گائڈ لائن مث. رہنما اصول، ایسے ضوابط جن سے ہدایت حاصل ہو. [انگ].

گائک (کس و) صف: مذ.
گانے والا، گاَیک، (خصوصاً) وہ گانے والا جو موسیقی کے بیشتر رموز سے واقف ہو.

گائکی (کس و) مث.
گانا، گانے کا فن.

گاؤ (۱) (و ج) مث.
گائے.

گاؤ پلنگ مذ. زرافہ.

گاؤ خر مذ. بڑا گدھا، بہت بے وقوف، نادان.

گاؤ زبان مث. ۱. ایک روئیدگی یا بوٹی جو گز بھر کے قریب لمبی بلکہ اس سے بھی بڑی بڑی ڈالیاں زمین پر بچھی ہوتی ہیں، پتے اس کے کھردرے اور ان پر ابھرے ہوئے اجزا گائے کی زبان سے مشابہ ہوتے ہیں، لسان الثور. ۲. ایک قسم کی لمبوتری روٹی جو گائے کی زبان سے مشابہ ہوتی ہے.

گاؤ سالہ مذ. بچھڑا.

گاؤ کشی مث. گائے کو ذبح کرنا.

گاؤ گاہ، ماہی ہر ماہ، بز ہر بگاہ کہاوت. طبیبوں کا قول ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی مچھلی مہینے میں ایک بار اور بکری کا گوشت ہر روز کھانا چاہیے.

گاؤ (۲) (و ج) مذ.
گول کی مغیرہ صورت سے مشتق؛ (تراکیب میں مستعمل)؛ جیسے: گاؤ تکیہ، گاؤ دم وغیرہ.

گاؤ تکیہ مذ. بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں.

گاؤ دم (الف) صف. وہ شکل یا چیز جو ایک سرے پر موٹی اور دوسرے سرے پر بہ تدریج پتلی ہو، مخروطی، لمبوترا (جیسے گاجر وغیرہ). (ب) مث. ۱. ایک باجے کا نام، ایک گاؤ دم پتلی لمبی نلکی جس میں پھونک سے آواز پیدا کرتے ہیں، قرنا، بگل، نرسنگھا. ۲. تکونی، مخروطی.

گاؤ دمی صف. گاؤ دم کی شکل یا وضع کا، مخروطی.

گاؤ دیدہ (الف) مث. کلیجے کی طرح کی بیضوی شکل کی لذیذ خستہ روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے. (ب) صف. بڑی آنکھوں والا، خوبصورت.

گاؤدی (و ج) صف:- گاودی.
بے وقوف، احمق، گھامڑ. [ف].

گاؤن (و مع) مذ.
۱. خاص قسم کا جبہ جسے وکیل، پروفیسر، جج اور ڈگری لینے کے وقت فارغ التحصیل طالب علم پہنتے ہیں. ۲. ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی وضع کا (خصوصاً زنانہ) لباس. ۳. پوشاک جو رات کو سوتے وقت یا غسل کرنے کے بعد پہنتے ہیں. [انگ].

گاؤں (و ج) مذ:- گانو.
چھوٹی بستی یا آبادی، قریہ، موضع، دیہہ.

گاؤں اور کا، ناؤں اور کا کہاوت. چیز کسی کی اور نام کسی کا، بے گانی چیز سے اپنی شہرت.

گاؤں تمھارا ناؤں ہمارا کہاوت. خرچ کسی کا شہرت کسی کی.

گاؤں میں بڑی مری، اپنی اپنی سب کو پڑی کہاوت. مصیبت کے وقت کوئی کسی کی مدد نہیں کرتا، سب کو اپنی اپنی پڑی ہوتی ہے.

گائے (الف) مث.
بیل کی مادہ. (ب) صف. (کنایۃً) غریب، بے زبان، بے چارہ، سیدھا. [س].

گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے کہاوت. انسان کو اپنے اہل و عیال بوجھ محسوس نہیں ہوتے ، اپنی چیز ناگوار نہیں گزرتی .

گائے گو/ گوبر کھائے گی اور بیٹی/ کنواری بر مانگے گی کہاوت. چودھویں صدی کے متعلق کہتے ہیں کہ نہایت خراب زمانہ ہے ، نہایت بے شرمی کا وقت آگیا ہے .

گائیڈ (ی مع) اند.
ا. رہنما ، سیاحوں کو سیر کرانے والا .۲. وہ کتاب جو کسی معاملے میں رہنمائی کرے (گائڈ بک (رک) کی تخفیف) .۳. ڈنڈا یا سلاخ وغیرہ جو کسی چیز کی حرکت یا رفتار کا نظام قائم رکھے نیز مشین کے آلات کو قابو میں رکھنے یا ان کا رخ بدلنے والا پرزہ . [انگ] .

گائڈ بک مت. وہ کتاب جو کسی معاملے میں رہنمائی کرے .

گائڈ لائن مت. ا. رہنما اُصول ، رہنمائی .۲. وہ لائن یا روش جو ایک کم عرض پٹی کی صورت میں گھاس وغیرہ صاف کر کے اس غرض سے بنائی جاتی ہے کہ اُس پر کھڑے ہو کر فائر لائن کو آگ لگائی جاسکے . ایسا جنگل کو مزید جلنے سے بچانے کے لیے کیا جاتا ہے ، وہ لکیر جو کسی حد کو ظاہر کرے ، حد بندی .

گایک (فت ی) اند.
گانے والا ، گویّا . [س] .

گَبر (فت گ ، سک ب) اند.
ا. زرتشت کا پیرو ، آگ کی پوجا کرنے والا ، آتش پرست ، پارسی ، کافر .۲. خود ، زرہ بکتر . [ف] .

گَبرُو (فت گ ، سک ب ، و مع) (الف) صف مذ.
نوجوان ، نوخیز ، وہ جوان آدمی جس کی ابھی داڑھی نہ نکلی ہو ، لڑکا . (ب) اند. (ہنود) دولھا ، نوشہ ، جس کی شادی ہو رہی ہو . [س] .

گَپ گَپ (فت گ ، س ب ، فت گ) مت.
وہ آواز جو نگلنے میں نکالی جائے ، گپ گپ . [حکایت الصوت] .

گَپ (فت گ) مت.
ا. (i) جھوٹی بات ، افواہ . (ii) بات چیت .۲. بکواس ، بک بک ، بے تکی بات نیز سرگزشت ، داستان ، افسانہ .۳. شیخی ، ڈینگ ، بڑ ، مبالغہ آمیز گفتگو . [س] .

گپ اُڑانا محاورہ. ا. جھوٹی خبر مشہور کرنا ، فضول بات کرنا ، بے پر کی اُڑانا . ۲. ہنسی مذاق کی باتیں کرنا .

گپ باز اند. بے پر کی اُڑانے والا ، فضول باتیں کرنے والا ، بکواسی .

گپ بازی مت. گپ شپ ، فضول باتیں ، بک بک نیز جھوٹی بات مشہور کرنا .

گپ شپ مت. ہنسی مذاق یا دل لگی کی بات ، گفتگو .

گپ شپ لڑانا محاورہ. ہنسی مذاق کی باتیں کرنا.

گپ مارنا محاورہ. جھوٹ بولنا ، شیخی بگھارنا ، بکواس کرنا .

گپ ہانکنا محاورہ. گپ شپ اڑانا .

گُپ (ضم گ) (الف) صف .
ا. گہرا ، گھپ ، بہت زیادہ (خصوصاً اندھیرے کے لیے مستعمل) . ۲. چھپا ہوا ، پوشیدہ ، مخفی .۳. خاموش ؛ سنسان . (ب) مت. وہ آواز جو حالتِ غشی یا نیم بے ہوشی میں کان میں آتی ہے .

گپ چپ (الف) صف . ا. خاموش .۲. پوشیدہ ، چھپا ہوا . (ب) مت . ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے .

گَپا گَپ (فت گ) (الف) مت.
جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز ، غپا غپ . (ب) م ف. جلدی جلدی آواز کے ساتھ (کھانا وغیرہ نگلنے کے لیے) . [حکایات الصوت] .

گُپت (ضم گ ، سک نیز فت پ) (الف) صف .
مخفی ، چھپا ہوا ؛ (کنایۃً) پراسرار .۲. محفوظ ، بچا ہوا ؛ خفیہ جو نظر نہ آئے ، نہاں . (ب) م ف . در پردہ ، مخفی طور پر . (ج) اند. ا. پوشیدہ بات ، راز . ۲. (قواعد) جو بیان نہ کیا جائے ، جو سمجھا جائے . [س] .

گُپتی (ضم گ ، سک پ) (الف) مت .
ا. (i) وہ پتلی تلوار جو دستی چھڑی میں پوشیدہ ہوتی ہے ؛ چھپی ہوئی تلوار ، تیغی کارد . (ii) ایسا عصا جس کے اندر تلوار پوشیدہ ہو .۲. (لکھنؤ) پوشیدہ مال و دولت ، خفیہ مال .۳. پوشیدگی ؛ چھپا ہوا زمانہ ؛ حفاظت کا ذریعہ ؛ حفاظت ، بچاؤ . (ب) صف. پوشیدہ ، مخفی ، خفیہ .

گَپ سے م ف.
تیزی سے ، جلدی سے (کوئی چیز کھانے کے سلسلے میں) .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ = (مغنونہ) ، سک = سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گپ گپ / گپاگپ (فت گ ، سک پ) اند نیز م ف.
جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز ، جلدی جلدی آواز کے ساتھ (کھانا وغیرہ نگلنے کے لیے). [حکایت الصوت].

گپّی (فت گ ، شد پ) صف.
فضول باتیں کرنے والا ، شیخی باز ، چھوٹا.

گپیں (فت گ ، ی مج) مث ؛ ج.
جھوٹی باتیں ، افواہیں ، گپ کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل.

گپیں ہانکنا محاورہ. فضول باتیں کرنا ، دل لگی کی باتیں کرنا.

گُپھا (ضم گ) مث.
۱. غار ، کھو. ۲. چھپنے کی جگہ. [س].

گُپّھا (ضم گ ، شد پھ) اند.
پھندنا ، جو ریشم یا چاندی سونے کے تاروں کو اکٹھا کر کے ٹوپی میں لٹکاتے اور بوٹ میں بھی باندھتے ہیں ، مانگ کے ارد گرد اُبھار کر بنائے ہوئے بال ، گچھے دار بال بنانا ، پھولوں کا گچھا. [س].

گُپّھے (ضم گ ، شد پھ) اند ؛ ج.
گپھا کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل.

گپھے دار صف. وہ جس کے اوپر بالوں یا کسی چیز کا گچھا ہو ، ابھار والا ، پھندنے دار. [ف].

گت (فت گ) مث.
۱. حالت ، کیفیت. ۲. (موسیقی) وہ دھن جو رقص کے ساتھ بجائی جائے ، آواز کی چال. ۳. رفتار ، چال. ۴. ڈھنگ ، طرز ، انداز.

گت بنانا محاورہ. ۱. بری وضع اختیار کرنا ، بری حالت کرلینا ، درگت بنانا کی تخفیف. ۲. (i) برا حال کرنا ، درگت بنانا ، حلیہ بگاڑنا. (ii) مارنا ، پیٹنا ، سزا دینا.

گت بننا محاورہ. ۱. بری وضع اختیار کرنا ، بری حالت کرلینا ، حالت بگڑنا. ۲. درگت بننا ، حلیہ بگڑنا ، برا حال ہونا.

گت بنوانا محاورہ. گت بنانا کی متعدی المتعدی ، حلیہ خراب کروانا.

گت نکالنا ف مر. ایجاد کرنا ، جوڑنا ، بنانا ، دھن نکالنا.

گت ہونا محاورہ. ۱. بری حالت ہونا ، برا درجہ ہونا. ۲. نجات ہونا. ۳. معلوم ہونا. ۴. کام میں آجانا ، خرچ ہو جانا ؛ بک جانا ، کوڑے ہو جانا ؛ اچھی طرح کریا کرم ہو جانا ؛ پیٹا جانا.

گتّا (فت گ ، شد ت) اند.
کاغذ کا موٹا پٹھا جس سے خصوصاً کتابوں کی جلدیں باندھتے ہیں. [پ].

گُتھ (ضم گ) اند.
گتھنا کا امر ، تراکیب میں مستعمل.

گتھ جانا ف مر ؛ محاورہ. ۱. بھڑ جانا ، گتھم گتھا ہو جانا. ۲. اُلجھنا ، پھنسنا ، لپٹنا ، بدسلیقگی سے جگہ جگہ سیا جانا.

گُتھانا (ضم گ) ف م.
۱. اُلجھانا ، پھنسانا. ۲. پریشان کرنا ، گھبرا دینا نیز اُلجھا دینا ؛ متفکر کر دینا.

گُتّھم گُتّھا (ضم گ ، شد تھ بفت ، سک م ، ضم گ ، شد تھ) (الف) ؛ مث.
(لڑنے میں) ایک دوسرے سے لپٹ جانے کی کیفیت ، ہاتھاپائی ، کولی. (ب) صف ؛ م ف. بھڑے ہوئے ، آپس میں ملے ہوئے ، گڈمڈ.

گتھم گتھا ہونا محاورہ. لڑنے میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا ، بھڑ جانا یا چمٹ جانا.

گُتھنا (ضم گ ، سک تھ) ف ل.
۱. باہم لپٹ پڑنا ، لپٹ جانا ، بدن کو بدن سے مس کرنا. ۲. پرویا جانا ، نتھی ہونا ، گندھ جانا ، جڑ جانا ، ملنا. ۳. بھڑ جانا ، گتھم گتھا ہو جانا ، لڑائی میں دو آدمیوں یا دو مرغوں وغیرہ کا باہم لپٹ پڑنا. [س].

گُتھی (ضم گ ، سک تھ) مث.
۱. وہ گرہ جو تاگے ، ڈور یا تار وغیرہ کے اُلجھ جانے سے پڑ جاتی ہے. ۲. (کنایۃً) اُلجھن ، پریشانی. ۳. تھیلی. [انگ].

گتھی سلجھانا ف مر ؛ محاورہ. ۱. عقدہ حل کرنا ، مشکل آسان کرنا ، مشکل دور کرنا. ۲. پڑی ہوئی گرہ کھولنا.

گتھی سلجھنا محاورہ. عقدہ حل ہونا ، مشکل آسان ہونا ، مشکل دور ہونا.

گٹّا (فت نیز کس گ ، شد ٹ) اند ؛ — گٹا.
۱. ہتھیلی اور کلائی کے درمیان کی گول ہڈی ، ٹخنے کے جوڑ یا کلائی کے جوڑ پر ابھرواں ہڈی ، کلائی کا جوڑ. ۲. (i) ماتھے کا نشان جو سجدوں کی کثرت سے پڑ جاتا ہے. (ii) ہروقت کی رگڑ سے بدن کے کسی عضو پر سخت ابھرواں نشان یا داغ. ۳. سخت ڈلا یا ڈھیلا.

گٹّا (ضم نیز کس گ، شد ٹ) (الف) امذ.
کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا، کنل ٹھیکرا. (ب) صف. گٹا، بونا، پست قد، ٹھگنا، ٹنڈا، لنجا. [س].

گٹار (کس گ) امذ.
چھ تاروں کا ایک انگریزی ساز جو انگلیوں یا مضراب سے بجایا جاتا ہے. [انگ].

گٹاگٹ (فت گ) (الف) امذ؛ ~ غٹاغٹ.
جلد جلد پینے کی آواز، قلقل مینا، چھوٹے منھ کے برتن سے پانی انڈیلنے کی آواز. (ب) م ف. گٹ گٹ کی آواز کے ساتھ، بہت جلد، جلدی جلدی پینے میں منھ سے نکلنے والی آواز.

گِٹ پِٹ (کس گ، سک ٹ کس پ) امث.
۱. انگریزی زبان کے لہجے اور اس کی بات چیت کی نقل نیز انگریزی زبان. ۲. (کنایۃً) ایسی بات جو سمجھ میں نہ آسکے، نامانوس گفتگو. [حکایت الصوت].

گٹر (فت گ، ٹ) امث؛ امذ.
گندے پانی کی نکاسی کی پختہ نالی یا راستہ، موری. [انگ].

گُٹکا (ضم گ، سک ٹ) امذ.
۱. بڑی گولی، چھوٹی گیند. ۲. ایک قسم کا مسالا یا چبینا جس میں جوز جوتری، کتھا، لونگ، الائچی، چھالیہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں. ۳. شطرنج کا مہرہ، چوسر کی نرد، گوٹ. ۴. (اینٹ سازی) جدید وضع کی چھوٹی قسم کی اینٹ جو چکنی مٹی کو خوب کما کر اور خاص طریقے سے پکا کر تیار کی جاتی ہے. ۵. (نجاری) اڑنگا، دروازے کے پٹ یا پٹوں کو کھلا رکھنے کی روک یا آڑ. [س].

گِٹکی (کس گ، سک ٹ) امث.
چھوٹا گٹا، چھوٹا ڈھیلا.

گٹ گٹ (فت گ، سک ٹ، فت گ) امث.
۱. پانی کی آواز جو ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈیلنے سے ہوتی ہے؛ وہ آواز جو کسی رقیق شے کے جلد جلد پینے سے نکلتی ہے. ۲. ٹیلی گراف سے نکلنے والی آواز. [حکایت الصوت].

گٹّہ (فت نیز کس گ، سک ٹ، شد ٹ بفت) امذ.
دیکھیے: گٹا.

گَٹّی (فت گ، شد ٹ) امث.
۱. (معماری) پتھر، اینٹ وغیرہ کے سخت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے. ۲. پتھر کا چونا، بغیر بجھایا چونا. ۳. پیاز یا لہسن کی پوتھی یا گرہ. ۴. نیل کا ٹکڑا جو مربع کاٹا جاتا ہے.

گِٹّی (۱) (کس گ، شد ٹ) امث.
ریل جس پر تاگا لپیٹا جاتا ہے، تاگے کی پھرکی.

گِٹّی (۲) (کس گ، شد ٹ) صف مث.
چھوٹے قد والی، ٹھگنی.

گُٹّے (ضم نیز کس گ، شد ٹ) امذ.
گٹا کی جمع نیز مغیرہ صورت؛ تراکیب میں مستعمل.

گٹّے کھیلنا ف مر؛ محاورہ. بچوں کا کھیل جو پتھر وغیرہ کے گول ٹکڑوں سے (زمین پر خانے بنا کر) کھیلا جاتا ہے، گٹے کا کھیل کھیلنا.

گَٹھ (فت گ) (الف) امذ.
۱. بڑا بقچہ، بندھا ہوا گچھا، بنڈل. ۲. لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ جو تین گز کے برابر ہوتا ہے. (ب) امث. گانٹھ، روئی کپڑے وغیرہ کا بڑا بقچہ.

گٹھ بندھن امذ. ۱. (ہندو) شادی کی ایک رسم یا طریقہ، دولھا دلھن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے، گٹھ جوڑا. ۲. گٹھ جوڑ (دو آدمیوں کا) یک دل ہونا، ربط ضبط، میل جول، اتفاق و اتحاد.

گٹھ جانا محاورہ. ۱. باہم مل جانا، شریک ہونا، جڑنا. ۲. پھنسنا، بندھنا.

گٹھ جوڑ امذ. (عموماً سازش کے لیے) دو یا زیادہ آدمیوں کا ربط ضبط.

گٹھا (فت گ) صف (شاذ).
گٹھا ہوا زیادہ مستعمل ہے.

گٹھا ہوا صف. مضبوط، کسرتی نیز سخت (بدن کے لیے مستعمل).

گَٹّھا (فت گ، شد ٹھ) امذ.
گھاس یا لکڑیوں وغیرہ کا پشتارہ.

گٹھانا (فت گ) ف م.
۱. جوڑنے یا ملنے کی وجہ یا عمل؛ جوڑنا، ملانا. ۲. جوتا سلوانا، پیوند لگوانا یا مرمت کرانا.

گَٹھر/ گَٹّھر (فت گ، ٹھ/ شد ٹھ بفت) امذ.
بڑی گٹھڑی.

گَٹھری/ گَٹھڑی (فت گ، سک ٹھ) امث.
ا. بُقچی، پوٹ، بڑی پوٹلی. ۲. (کنایۃً) بوجھ، بار (گناہوں کا). ۳. وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں سکڑ یا سمٹ کر گٹھڑی کی طرح ہو گئے ہوں، جسم کا ایسا سمٹنا کہ گٹھڑی معلوم ہو (نشے، کمزوری یا بے ہوشی کے باعث).

گٹھری/ گٹھڑی باندھنا ف مر؛ محاورہ. ا. سفر کے لیے تیار ہونا. ۲. متفرق چیزوں کو ایک جگہ کرنا؛ مال جمع کرنا.

گُٹّھل (ضم گ، شد ٹھ بفت) (الف) صف.
ا. (i) بڑی گٹھلی والا. (ii) گانٹھ دار، جس میں گانٹھیں پڑی ہوئی ہوں.
۲. (i) کند، غبی، کوڑھ مغز. (ii) کند، سست (عموماً طبیعت کے لیے).
۳. (کنایۃً) غیر فصیح، بوجھل. ۴. سخت، بستہ، جما ہوا. (ب) امذ. بڑا ڈھیلا؛ بڑی گانٹھ؛ گومڑ، آماس؛ جماؤ؛ غدود.

گُٹھلی (ضم گ، سک ٹھ) امث.
ا. پھل کا سخت بیج جیسے: آم، آڑو، بیر، کھجور کا. ۲. (i) گرہ جو بدن کے کسی عضو میں پیدا ہو جاتی ہے، گلٹی، اُبھرا ہوا غدود. (ii) آماس، گومڑا؛ سخت پھوڑا نیز عورتوں کے پستانوں کی گلٹی. ۳. وہ گرہ (جو خمیر کرنے یا گوندھنے کے وقت) آٹے وغیرہ میں میں پڑ جاتی ہے.

گَٹھنا (فت نیز ضم گ، سک ٹھ) ف ل.
ا. (i) باہم مل جانا، شریک ہو جانا، جڑنا. (ii) ملنا، مل جانا (عموماً گٹھ جوڑ کر کے، سازش کر کے). (iii) ملا ہونا، مرکب ہونا. ۲. بننا، تیار ہونا (منصوبے، سازش وغیرہ). ۳. سلنا، پیوند لگنا، موٹا ٹانکا بھرا جانا. ۴. میل ملاپ بڑھا لینا، دوست بنا لینا. ۵. (i) چست بندش والا، مربوط، ہم آہنگ. (ii) بندھنا، منجھی ہونا، راسخ ہو جانا. ۶. نشے کا چڑھنا. ۷. آواز ملنا، ہم آہنگ ہونا.

گَٹھوانا (فت گ، سک ٹھ) ف م.
سلوانا، مرمت کروانا، (جوتا وغیرہ).

گَٹّھی (فت گ، شد ٹھ نیز بلا شد) امث.
ا. گانٹھ، گرہ؛ (کنایۃً) جیب. ۲. پیاز لہسن وغیرہ کی گرہ، پوتھی.

گَٹھیا (فت گ، سک ٹھ) امث.
جوڑوں کا درد، وجعِ مفاصل.

گَٹھیلا (فت گ، ی مع) صف مذ.
ا. گرہ دار، گانٹھوں والا. ۲. خوب مضبوط، قوی، گٹھا ہوا (جسم کے لیے مستعمل).

گَج (۱) (فت گ) امذ.
ا. ہاتھی، فیل. ۲. کولھے، سرین. [س].

گَج (۲) (فت گ) امث.
دیکھیے: گچ (مع تحتی الفاظ).

گج کاری امث. چونے کا کام، چونے گچی کا کام، پلستر کرنا.

گج کرنا ف مر؛ محاورہ. پلستر کرنا.

گَجَر (فت گ، ج) امذ.
ا. گھڑیال، بڑا گھنٹہ. ۲. پہر کا باجا، چار، آٹھ اور بارہ بجے گھنٹوں کا مکرر بجنا (پہلے زمانے میں صرف صبح کے وقت گجر بجایا جاتا تھا اب ہر ۴، ۸، ۱۲ گھنٹوں پر بجایا جاتا ہے). ۳. (مجازاً) صبحِ صادق کا وقت. ۴. الارم، بیدار کرنے والی گھنٹی. [س].

گَجر بجنا ف مر؛ محاورہ. گھنٹے کا مکرر بجنا، صبح کی گھڑیال بجنا؛ (کنایۃً) صبح ہونا، تڑکا ہونا.

گجر دم م ف. بہت سویرے، منھ اندھیرے، گجر بجنے کے وقت، علی الصباح.

گَجَر (فت گ، ج) امذ.
گاجر کی تخفیف؛ تراکیب میں مستعمل.

گجر بھتا/ بھتہ امذ. کدوکش کی ہوئی گاجریں جو چاولوں اور دودھ کے ساتھ یا صرف دودھ میں اُبالی جاتی ہیں (پکی ہوئی شکل میں گجریلا بھی کہا جاتا ہے).

گُجَر (ضم نیز گ، فت ج) امث.
گوجر قبیلے کی عورت، گجری، گوجریا؛ مراد: خوب صورت عورت.

گَجرا (فت گ، سک ج) امذ.
ا. قریب قریب گتھا ہوا پھولوں کا ہار. ۲. پھولوں کا گہنا جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں، پھولوں کا کنگن. [س].

گُجراتی (ضم گ ، سک ج) (الف) صف .
گجرات (علم) سے متعلق ، گجرات سے تعلق رکھنے والا ، گجرات کا باشندہ .
(ب) مث .۱. گجرات کی زبان ، کاٹھیاواڑی .۲. تلوار کی ایک قسم .۳. ایک ریشمی کپڑا جو گجرات میں بنتا تھا .۴. ایک طرح کی آتش بازی .

گَجرے (فت گ ، سک ج) مذ : ج .
۱. گجرا کی جمع اور مغیرہ صورت ؛ تراکیب میں مستعمل .۲. کبوتر کی ایک قسم .
گجرے پرونا ف مر : محاورہ . پھولوں کو کسی تاگے یا تار میں یکجا کرنا ، ہاتھ پر باندھنے یا بالوں میں لگانے کے لیے گجرا تیار کرنا ؛ بارش کی جھڑی سے قطروں کا لڑی کی صورت برسنا .

گُجَریا (ضم گ ، فت ج ، سک ر) (الف) مذ .
گوجر ، دودھ والا ، گوالا . (ب) مث . گڑیا جیسی حسین خوب صورت لڑکی .

گَجریلا (فت گ ، سک ج ، ی مع) مذ .
دیکھیے : گجر بھتا / بھتہ .

گَجَک (فت گ ، ج) مث .
(ع) ایک شیرینی جو صاف تل اور گڑ یا کھانڈ کی چاشنی سے ملا کر تیار کی جاتی ہے : گزک : تل شکری .

گِجگِجا (کس گ ، سک ج ، کس گ) صف مذ .
۱. گیلا ، نم دار ، ایسا نرم جو ناگوار ہو .۲. نیم پختہ ، کچا کچا .

گَجگَجانا (فت گ ، سک ج ، فت گ) ف م .
۱. کھڑکنا ، بجھناتا ، بھن بھن کی آواز نکالنا .۲. جگمگانا ، چمکنا (قدیم) .
۳. بیج کا پھلی میں آواز دینا ، خشک بیجوں کا پھلی میں آواز کرنا ؛ بہت کاروبار ہونا ؛ بہت آباد ہونا ، چہل پہل ہونا .

گَجگَجی (فت گ ، سک ج ، فت گ) مث .
نرم ، لجلجی .

گُجَیئی (ضم گ ، فت ج ، ی مع) مث .
گیہوں اور جو ملا ہوا اناج ، ملواں گیہوں اور جو .

گَچ (فت گ) (الف) مث .
۱. سفیدی اور دریا کی ریت سے تیار کیا ہوا چونا جو پلاسٹر میں استعمال کیا جاتا ہے .۲. پکا فرش یا چھت . (ب) صف .۱. مضبوط ، مستحکم .۲. ہضم نہ ہونے والا ، سخت ، ثقیل ، دیر ہضم . [س] .
گچ کاری مث . پتھر ، چونے اور گچ کا کام ، پلاسٹر کا کام .
گچ کرنا ف مر . دیوار یا فرش وغیرہ پر پلاسٹر کرنا .

گِچ پِچ (کس گ ، سک چ ، کس پ) (الف) مث .
آدمیوں کی کثرت ، اژدحام . (ب) م ف .۱. بہ کثرت ، کھچا کھچ ، بہت زیادہ .۲. پاس پاس ، ملا ہوا ، گنجلک .

گُچّھا (ضم گ ، شد چھ) مذ .
۱. چند پھولوں یا پھلوں کا درخت کی ایک شاخ میں پاس پاس لگا ہونا ، خوشہ .۲. اناج کی بالی .۳. ایک نوع کی بہت سی چیزوں کا اکٹھا گندھا ہونا .
۴. پھندنا ، لچھا ، جھالر .۵. وہ حلقہ جس میں متعدد کنجیاں ہوں .۶. لچھیا ، لچھی ، تاگوں کا ڈھیر . [س] .

گُچّھم گُچّھا (ضم گ ، شد چھ فت ، سک م ، ضم گ ، شد چھ) صف .
ملا ہوا گتھا ہوا ، جڑا ہوا .

گَچھنا (فت گ ، سک چھ) ف م .
پوچھنا ، کا تابع .

گُچھے (ضم گ ، سک چھ) مذ : ج .
گچھا کی جمع ، (تراکیب میں مستعمل) پھولوں یا پھلوں کے خوشے .
گچھے دار صف . جس میں گچھے پڑے ہوں ، پھندنے والا .

گَد (فت گ) مث .
۱. مارنے کی آواز .۲. زمین پر گرنے کی آواز دھم ؛ لگاتار ، اناپ شناپ .
[حکایت الصوت] .

گَدا (فت گ) صف : مذ .
مفلس ، نادار ، غریب ؛ فقیر ، بھکاری ، گداگر . [ف] .
گداگر مذ . بھیک مانگنے والا ، پیشہ ور فقیر ، بھکاری .
گداگری مث . بھیک مانگنے کا کام ، فقیروں کا پیشہ ، فقیری .

گَدّا (۱) (فت گ ، شد د) مذ .
۱. بستر جو دوہرے کپڑے میں روئی بھر کر تیار کیا گیا ہو .۲. چھوٹی توشک جو بطور مسند بچھائی جائے . [ ] .

گَدّا (۲) (فت گ ، شد د) مذ .
۱. (گیند بازی) کسی اچھلنے والی چیز یا گیند کا بلندی سے زمین پر گر کر

اوپر کی طرف اُچک جانے کا عمل .۲. پتنگ لڑانے کے ایک پیچ کا نام جس میں پتنگ کا سر نیچا کر کے زور سے کھینچتے اور حریف کی پتنگ کی ڈور کے جھول پر ڈور ملا کر ایک دم ڈھیل دے دیتے ہیں .

گُدّا (ضم گ ، شد د) امذ .

۱. درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ جو اِدھر اُدھر پھیل گئی ہو .۲. مکا ، گھونسا .
۳. پٹخنی ، پٹخ دینا . [مقامی] .

گُداخت (ضم گ ، سک خ) امث .

۱. کسی ٹھوس جسم کو آنچ کے ذریعہ پگھلانے یا مائع بنانے کا عمل ، پگھلاؤ .
۲. خستگی ، لچک ، نرمی ، رطوبت . [ف] .

گُداختہ (ضم گ ، سک خ ، فت ت) صف .

پگھلایا ہوا ، گلا ہوا ، نرم نیز گھلا ہوا ، تحلیل شدہ . [ف] .

گُداز (ضم گ) (الف) امث .

۱. پگھلاہٹ ، پگھلنے کا عمل .۲. نرمی ، ملائمت .۳. (مجازاً) دل گداز ، جاں گداز . (ب) صف مذ .۱. پگھلا ہوا ؛ (کنایۃً) حساس .۲. (مجازاً) کسی قدر موٹا اور نرم ، ملائم .۳. موٹا ، گدرایا ہو پتلا کی ضد . [ف] .

گدازپن امذ . گداز ہونے کی کیفیت ، نرمی ، ملائمت .

گداز کرنا ف مر : محاورہ .۱. پگھلانا ، گھلانا .۲. نرم کرنا ، ملائم کرنا ، حساس بنانا .

گداز ہونا ف مر : محاورہ . گداز کرنا کا لازم ؛ پگھلنا ، گھلنا ، نرم ہونا ، پسیجنا ، نرماہٹ .

گُدازنا (ضم گ ، سک ز) ف م .

گلانا ، پگھلانا .

گُدازیَت (ضم گ ، سک ز ، فت ی) امث .

(آہن گری) پگھلنے یا پگھلانے کی کیفیت ، ڈھلنے کی صلاحیت وغیرہ .

گَدا گَد (فت گ ، گ) (الف) امث .

پے در پے مارنے کی آواز . (ب) م ف . لگاتار ، پے در پے ، اوپر تلے .
[حکایت الصوت] .

گُدانا (ضم گ) ف م : گدوانا .

بدن پر بیل بوٹے بنوانا .

گَدائی (فت گ) (الف) امث .

۱. بھیک مانگنے کا عمل یا پیشہ ، بھیک مانگنا .۲. مفلسی ، محتاجی . (ب) صف مذ .
بھیک مانگنے والا فقیر .

گَدْبَد (فت گ ، سک د ، فت ب) (الف) م ف .

اوپر تلے ، پے در پے . (ب) امث . اوپر تلے گرنے کی آواز ، وہ آواز جو پیہم لکڑی مارنے سے پیدا ہوتی ہے . [حکایت الصوت] .

گَدْبَدا (فت گ ، سک د ، فت ب) (الف) صف مذ .

موٹا ، جسیم ، فربہ اندام .

گَدْبَدی (فت گ ، سک د ، فت ب) صف مث .

موٹی ، فربہ اندام ، جسیم ، بھاری بدن والی .

گَدَّر (فت گ ، شد د بفت) صف مذ .

۱. گدرایا ہوا ، نیم پختہ ، پکنے کے قریب ، ادھ پکا (پھل اناج وغیرہ) .
۲. بھرا بھرا ، موٹا ، فربہ ؛ نرم ، ملائم .

گَدْرا (فت گ ، سک د) صف مذ .

۱. ادھ پکا ، پکنے کے قریب .۲. بھرا بھرا جسم ، موٹا ، فربہ .

گَدْرانا (فت گ ، سک د) ف ل .

۱. پھل کا پک جانے کے قریب ہونا .۲. (کنایۃً) جوانی پر آنا ، جوبن پر آنا ، پھولنا پھلنا .۳. (مجازاً) موٹا ہو جانا ، فربہ ہو جانا .

گَدْراہَٹ (فت گ ، سک د ، فت ہ) امث .

۱. فربہی جو سڈول اور جاذب نظر ہو .۲. (کنایۃً) سختی اور نرمی کی درمیانی حالت .

گَدْرائی (فت گ ، سک د) امث .

گدازی ، گدرانے کی کیفیت ، گدرا پن .

گَدْرایا (ہوا) (فت گ ، سک د) صف مذ .

جوانی میں بھرا ہوا ، گداز (بدن کے لیے مخصوص) .

گُدْڑا (ضم گ ، سک د) امذ .

پرانے کپڑوں کا بنا ہوا لباس ، فقیروں کی گدڑی .

گُدْڑی (ضم گ ، سک د) امث .

۱. (ا) فقیروں کا جبّہ جس میں رنگ برنگ کے پیوند لگے ہوتے ہیں .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

(ii) کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور کترنیں جوڑ کر بنایا ہوا بستر، فقیروں کا پھٹا پرانا اوڑھنا بچھونا.

گدڑی پوش اند. گدڑی پہننے والا ، موٹا جھوٹا پہننے والا ؛ (مجازاً) فقیر، درویش ، صوفی.

گدڑی (میں) کا لال / لعل صف ؛ اند. غریب گھرانے میں پرورش پانے والا شخص جو کسی علم و ہنر یا حسن و جمال میں آپ اپنی مثال ہو ، مراد : نالائقوں کے درمیان رہ کر بھی نہایت لائق ، ادنیٰ طبقے میں پیدا ہو کر بھی اعلیٰ ، غریب کا لائق بیٹا.

گُدڑیا (ضم گ ، فت د ، کس ڑ) (الف) صف ؛ اند.
شخص جو گدڑی پہنے رہے ، پھٹے حال رہنے والا ، پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا ، خیمے اور فرش کرائے پر چلانے والا . (ب) مث . (تحقیراً) گدڑی ، چھوٹی گدڑی ، بڑی گدڑی کی ضد.

گَدکا (فت گ ، سک د) اند.
۱. لکڑی کا سونٹا جو چمڑے سے مڑھا ہوا ہوتا ہے ، یہ عموماً پھری (ایک قسم کی ڈھال) کے ساتھ پٹا یا بانا کھیلنے میں استعمال ہوتا ہے . ۲. ڈنڈے یا لکڑی کی تلوار سے کھیلا جانے والا ایک کھیل.

گُدگُدا (ضم گ ، سک د ، ضم گ) صف مذ.
۱. نرم ، ملائم (بستر وغیرہ کے لیے) ، لچک دار . ۲. موٹا ، فربہ ، گدرایا ہوا.

گُدگُدانا (ضم گ ، سک د ، ضم گ) (الف) ف م.
۱. انگلیوں سے کسی شخص کے جسم کے ایسے حصوں کو سہلانا یا آہستہ آہستہ چھونا کہ اسے ہنسی آ جائے . ۲. (کنایۃً) شوق دلانا ، ابھارنا ، آمادہ کرنا ، اکسانا . (ب) ف ل . (کنایۃً) جوش مارنا ، ترنگ میں آنا.

گُدگُداہٹ (ضم گ ، سک د ، ضم گ ، فت ہ) مث.
۱. دیکھیے : گدگدی جو زیادہ مستعمل ہے . ۲. نرمی ، ملائمت ، گداز پن . ۳. (طب) ہلکی سی خلش ، خلش کا خوشگوار احساس . ۴. بیقراری.

گدگدائے وہاں تک جہاں تک ہنسی آئے کہاوت. مذاق اور دل لگی وہیں تک اچھی ہے جہاں تک ناگوار نہ گزرے.

گُدگُدی (ضم گ ، سک د ، ضم گ) (الف) مث.
کیفیت جو بغل ، تلوے یا پیٹ وغیرہ میں انگلیوں کے مس کرنے یا جھانویں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے اور عموماً ہنسی آ جاتی ہے ، کلبلاہٹ . ۲. شوق ، اُمنگ ، جوش ، آرزو . (ب) صف مث . موٹی ، فربہ اندام (عورت کے لیے مستعمل).

گدگدی کرنا ف مر ؛ محاورہ. گدگدانا ، ہنسانے کے لیے انگلیوں کو بدن کے حساس اعضا سے مس کرنا . ۲. چھیڑنا ، اکسانا نیز خواہش پیدا کرنا.

گدگدی ہونا محاورہ. ۱. گدگدی کرنا کا لازم ، ہنسی پر مائل ہونا . ۲. خواہش پیدا ہونا ، امنگ ہونا.

گَدلا (فت گ ، سک د) صف مذ.
۱. گاد ، مٹی ، کیچڑ وغیرہ ملا ہوا ، غیر شفاف ، گندہ ناصاف پانی (پانی کے لیے مخصوص) . ۲. (کنایۃً) مکدّر ، میلا نیز رنجیدہ ، ناراض . ۳. دھندلا ، غیر واضح ، مٹا مٹا . ۴. گاڑھا ، غلیظ.

گدلا پن اند. گدلا ہونے کی حالت ، میلا پن ، آلودگی.

گَدلانا (فت گ ، سک د) ف ل نیز ف م.
گدلا کرنا ، گدلا ہونا ، میلا کرنا ، میلا ہونا.

گَدلی (فت گ ، سک د) صف مث.
۱. میلی ، گندی ، غلاظت آمیز . ۲. ملگجی ، کالی (رنگت).

گُدنا (ضم گ ، سک د) (الف) ف ل.
سوئی سے ہاتھوں یا بازوؤں میں چھید کر کے نیل یا سرمہ بھرا جانا ، کھُدنا ، کچو کے لگائے جانا . (ب) اند. نشان جو گودنے سے جسم پر پڑ جاتے ہیں.

گَدّی (فت گ ، شد د) (الف) مث.
۱. کپڑے یا چمڑے وغیرہ کا روئی دار تکیہ نما گدا ، گدیلا . ۲. موٹر کار ، بگھی وغیرہ کی نشست گاہ جس پر سوار بیٹھتا ہے . ۳. کپڑوں کا گول لمبا سا پتلا تکیہ جسے عورتیں حیض کے دنوں میں استعمال کرتی ہیں . ۴. روئی دار کپڑ جو گھوڑے یا ہاتھی کی پیٹھ پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں . ۵. (i) (کنایۃً) تخت شاہی ، مسند حکومت نیز اقتدار ، حکومت . (ii) کسی پیر ، درویش سادھو وغیرہ کی مسند ، نشست گاہ ، سجادہ . (iii) دکان دار کی نشست پھڑ ، تھڑا . ۶. تنور میں روئی لگانے کی گول یا چوکور گدی جس میں پھونس بھرا ہوتا ہے ، رفیدہ.

گدّی نشیں صف . ۱. جو تخت حکومت پر بیٹھے ، تخت نشین ، برسر اقتدار فرماں روا . ۲. پیروں یا فقیروں کا اجازت یافتہ جانشین ، سجادہ نشین.

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گُدّی (ضم گ، شد د) مث :- گدی.
گردن کا پچھلا حصہ. [پ].

گدی سے زبان کھینچ لینا/ کھینچنا ف مر: محاورہ. منہ سے زبان نکالنا تا کہ مجرم کو حد درجہ اذیت پہنچے (بد کلامی، بد زبانی یا بد فالی کی سزا جو بادشاہوں اور راجاؤں کی طرف سے دی جاتی تھی)، سخت سزا دینا.

گدی کھجانا محاورہ. شرمندہ ہونا.

گدی میں عقل ہے فقرہ. دیر فہم ہے، وقت نکل جانے کے بعد بات سمجھتا ہے، احمق ہے، بیوقوف ہے.

گَدیلا (فت گ، ی مع) مذ :- گدیلہ.
ا. روئی کا موٹا گدا جو بطور بستر استعمال ہوتا ہے. ۲. دوہرا کپڑا جس کے اندر روئی بھر کر بخیہ کرتے ہیں اور جاڑوں میں اس کا لباس بناتے ہیں، دگلا. ۳. روئی دار گدا جس کو ہاتھی کی پیٹھ پر رکھ کر نیچے طناب سے باندھتے ہیں.

گِدْھ (کس گ، سک دھ) مذ :- گد.
ایک مردار خور پرند. [س].

گَدھا (فت گ) (الف) مذ.
سفید یا خاکستری رنگ کا جانور جو گھوڑے اور خچر سے چھوٹا ہوتا ہے اور بوجھ لادنے یا سواری کے کام آتا ہے. (ب) صف مذ. (مجازاً) احمق، بے وقوف، نالائق، بد سلیقہ. [پ].

گدھا گاڑی مث. بوجھ ڈھونے کی گاڑی جس میں گدھا جوتا جاتا ہے.

گَدھوں (فت گ، و مع) مذ.
گدھا کی جمع نیز اس کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

گدھوں سے بدتر صف. نہایت بُرا، بہت کم عقل، بہت ہی احمق.

گدھوں کا / کے ہل پھروانا محاورہ. تباہ و برباد کروا دینا، اجڑوانا.

گَدھی (فت گ) (الف) مث.
گدھا کی مادہ. (ب) صف مث. (مجازاً) بیوقوف، نا سمجھ عورت.

گدھی بھی جوانی میں بھلی لگتی ہے/ معلوم دیتی ہے کہاوت. جوانی میں بدصورت بھی خوب صورت لگتا ہے.

گَدھے (فت گ) مذ.
ا. گدھا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل. ۲. (کنایۃً) بے وقوف، کم عقل، نالائق آدمی.

گدھے پر چڑھانا / سوار کرنا ف مر: محاورہ. رسوا کرنا، بدنام کرنا، سزا دینا (پرانے زمانے کی ایک سزا کہ مجرم کا منہ کالا کر کے الٹا گدھے پر سوار کر کے سارے شہر میں پھرایا کرتے تھے).

گدھے پر کتابیں لادنا محاورہ. بے وقوف کو علم سکھانا، ایسے کو علم سکھانا جو اس پر عمل نہ کر سکے.

گدھے کو باپ بنانا محاورہ. اپنی غرض پر ذلیل سے ذلیل آدمی کی بھی خوشامد کرنا.

گدھے کی دم مث. (کنایۃً) گدھے کا بچہ، احمق، بے وقوف.

گدھے کے سر سے سینگ کہاوت. کسی چیز کا نام و نشان معدوم ہونا کی جگہ مستعمل، ایسے غائب ہونا کہ کبھی تھے ہی نہیں.

گدھے گھوڑے برابر کہاوت. ادنیٰ اور اعلیٰ میں تمیز نہ کرنا، اہل ہنر اور بے ہنر کو یکساں سمجھنا.

گدھے لوٹنا محاورہ. ویرانی ہو جانا، غیر آباد ہونا، چہل پہل نہ رہنا.

گَڈْ (فت گ) مذ: مث.
دو یا زیادہ آدمیوں کا باہمی اتحاد. ۲. کاغذوں کا مجموعہ، بنڈل؛ (کنایۃً) ڈھیر. [مقامی].

گڈ مڈ صف. ملا جلا، مخلوط، رلا ملا.

گَڈّا (فت گ، شد ڈ) مذ.
(عو) چھکڑا، بوجھ لادنے کی گاڑی.

گُڈّا (۱) (ضم گ، شد ڈ) مذ.
(پتنگ بازی) پھندنے دار بڑی پتنگ، کنکوا.

گُڈّا (۲) (ضم گ، شد ڈ) مذ.
ا. کپڑے وغیرہ کا بنا ہوا آدمی کی صورت کا پتلا جس سے بچیاں کھیلتی ہیں. ۲. (مجازاً) تضحیک یا تحقیر کی چیز؛ رسوائی کی علامت. [س].

گَڈْریا (فت گ، ڈ، سک ر) مذ.
مویشیوں کے گلوں کو چراگاہوں میں لے جانے اور ان کو چرانے کی خدمت انجام دینے والا، چرواہا. [س].

گَنمڈانا (فت گ، سک ڈ، فت م) ف ل.
باہم ملنا، خلط ملط ہونا.

گَڈولنا (فت گ، وج نیز مع، سک ل) اند.
بچے کو چلنا سکھانے کی گاڑی (لکڑی کے ایک چوکھٹے میں پہیے لگا کر اس کے سہارے بچے کو کھڑا کر دیتے ہیں، چوکھٹا آگے کو لڑھکتا ہے اور بچے کو خود بخود پانو اٹھانے پڑتے ہیں).

گَڈّی (فت گ، شد ڈ) مت.
۱. شاخ اور پتے دار ترکاری، پان، گھاس یا تنکے وغیرہ کے چو پتے یا چیاں جو یکجا بندھے ہوئے ہوں، مٹھا، بنڈل. ۲. تاش کے (۵۲) پتوں کا مجموعہ. ۳. کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ (چوبیس کاغذ کا ایک دستہ ہوتا ہے). ۴. کرنسی نوٹ جو ایک جگہ تلے اوپر رکھے ہوں، ایک ہی قیمت کے نوٹ.

گُڈّی (۱) (ضم گ، شد ڈ) مت.
۱. ایک وضع کی چوکور یا مربع پتنگ جس میں پچھلا نہیں ہوتا نیز پتنگ کے معنی میں مستعمل. ۲. ہڈیوں کے جوڑ. [مقامی]

گڈی چڑھنا محاورہ. بول بالا ہونا، عروج حاصل ہونا.

گُڈّی (۲) (ضم گ، شد ڈ) مت.
دیکھیے: گڈیاں جو زیادہ مستعمل ہے، گھٹنے کی ہڈی. [س]

گُڈّے (ضم گ، شد ڈ) اند.
گڈا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

گڈے گڑیا کی شادی مت. ۱. (مجازاً) بچوں کا کھیل؛ جلد بازی میں کیا جانے والا کام. ۲. ایسی شادی جو بلا سوچے سمجھے قبل از وقت کی جائے.

گُڈّیاں (ضم گ، شد ڈ بکس) مت؛ ج.
بھیڑ، بکری وغیرہ کے ٹخنوں کے جوڑ کی ہڈیاں اور نلیوں کی چولیں (جو پائے وغیرہ میں ڈالی جاتی ہیں).

گَڈھ (۱) (فت گ) اند.
۱. قلعہ، حصار. ۲. مکان، مقام.

گَڈھا (فت گ، شد نیز بلا شد ڈھ) اند.
گڑھا، غار، کھڈ.

... گُذار (...ضم گ) لاحقہ؛ - دیکھیے: گزار.
۱. مرکبات کے آخر میں بطور لاحقہ ادا کرنے والا کے معنی دیتا ہے (جیسے: شکر گذار، سجدہ گزار). ۲. رسائی، گذر نیز آمد و رفت.

گُذارا (ضم گ) اند؛ - گزارہ.
۱. گزر بسر، نباہ، گوارا. ۲. راستہ، رہ گزار نیز آمد و رفت، گزر، رسائی؛ پہنچ، سمائی، گزرنے کا امکان.

گُزارِش (ضم گ، کس ر) مت.
عرض، بیان، پیش کرنا، درخواست، التجا.

گُذارنا (ضم گ، سک ر) ف م؛ - گزارنا.
۱. ادا کرنا. ۲. بسر کرنا، رہنا، بود و باش اختیار کرنا. ۳. آر پار کرنا. ۴. گرنا، ڈھانا؛ توڑنا (ظلم و ستم وغیرہ).

گُذارَہ (ضم گ، فت ر) اند؛ - گزارا.
۱. گزر بسر، وجہ معیشت. ۲. وظیفہ، خرچ. ۳. پہنچ، رسائی. ۴. چارہ، چھٹکارا. ۵. آمد و رفت، آنا جانا.

... گُذاری (...ضم گ) مت.
گذار کا اسم کیفیت بطور لاحقہ مستعمل، جیسے: کارگذاری، خدمت گذاری، اطاعت گذاری وغیرہ.

گُذاشت (ضم گ، سک ش) مت.
چھوڑ دینا، ضبطی یا قرقی بحال کرنا، واگزاشت.

گِذاف (ضم نیز کس گ) اند؛ - گزاف.
بے ہودہ گفتگو، بکواس، جھوٹ؛ شیخی، ڈینگ (عموماً لاف و گذاف کی ترکیب میں مستعمل). [ف]

گُذَر (ضم گ، فت ذ) اند؛ - گزر.
۱. رسائی، پہنچ. ۲. رستہ، گزرگاہ. ۳. پار کر جانا، عبور کرنا، جانا، گزرنا. ۴. بسر اوقات.

گذر اوقات مت. ۱. گزر بسر، وقت گزاری. ۲. روزی، معاش.

گذر بسر مت. گذر اوقات، ذریعہ معاش.

گذر جانا محاورہ. ۱. بیت جانا، نکل جانا، چلے جانا. ۲. مر جانا، انتقال کر جانا. ۳. آگے نکل جانا، سبقت لے جانا، کسی خاص درجے یا منزل

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، وج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سے گزر جانا ۔۴۔ بسر ہونا ، گزر اوقات ہونا ، تکلیف پہنچنا ، رنج ہونا ، صدمہ ہونا ۔

گذرگاہ امث : اند ۔ ا۔ گزرنے کی جگہ ، راستہ ، راہ داری ۔۲۔ شارع عام ، عام راستہ ۔

گُذرنا (ضم گ ، فت ذ ، سک ر) ف ل :- گزرنا ۔
ا۔ جانا ، چلنا ۔۲۔ مرنا ، انتقال کرنا ؛ ختم ہونا ، ہو چکنا ۔۳۔ بیتنا ، مصیبت پڑنا ۔ ۴۔ گزرے ہوئے زمانے میں ہونا ؛ بسر ہونا ، وقت بیتنا ۔۵۔ سامنے آنا ، مطالعے میں آنا ۔۶۔ تجاوز کرنا ، آگے جانا ۔۷۔ وقوع میں آنا ، آتے جاتے رہنا ، پیش آنا ۔۸۔ مفہوم کی تکمیل کے لیے بطور امدادی فعل مستعمل (جیسے : کر گزرنا وغیرہ) ۔۹۔ معلوم ہونا ، کھلنا ، لگنا ، محسوس ہونا ۔

گُذشت (ضم گ ، فت ذ ، سک ش) امث ۔
گزرا ہوا واقعہ ، بیتا ہوا ماجرا وغیرہ ۔ [ف] ۔

گُذشتنی (ضم گ ، فت ذ ، سک ش ، فت ت) صف ۔
گزرنے کے لائق ، جانے والا ؛ (مجازاً) فانی ، ناپائیدار ۔

گُذشتہ (ضم گ ، فت ذ ، سک ش ، فت ت) (الف) صف ۔
ا۔ گذرا ہوا ، بیتا ہوا ، جو ختم ہو گیا ہو (زمانہ وغیرہ) ۔۲۔ پچھلا ، سابقہ ، گزرا ہوا ۔ (ب) اند ۔ ماضی ، زمانہ ماضی ۔

گذشتہ را صلوٰت/ صلوٰۃ آئندہ را احتیاط فقرہ ؛ کہاوت ۔ (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) جو گزر گئی سو گزر گئی ، جو ہونا تھا ہو گیا ، آئندہ کے لیے احتیاط رکھیں ۔

گَر (فت گ) حرف شرط ۔
اگر جس کا مخفف ہے ؛ جب ۔ [ف] ۔

گرچہ حرف شرط ۔ اگرچہ کا مخفف ۔

گر قبول افتد زہے عزو شرف کہاوت ۔ (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو یہ میرے لیے عزت اور شرف کی بات ہو گی ۔

۔۔۔ گر (۔۔۔ فت گ) لاحقہ ۔
گار کا مخفف ، تراکیب کے آخر میں آکر بنانے والا ، کرنے والا نیز صاحب اور والا کے معنی دیتا ہے ۔ (جیسے : ستم گر ، بازی گر وغیرہ) ۔

گِر (کس گ) اند ۔
گرنا کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل ۔

گر پڑ کر / کے م ف ۔ ا۔ گرتا پڑتا ، اُفتاں خیزاں ۔۲۔ بمشکل تمام ، جوں توں کر کے ، جیسے تیسے ۔

گر پڑنا ف مر ؛ محاورہ ۔ ا۔ ڈھ جانا ، گر جانا ، منہدم ہو جانا ، ٹوٹ جانا (مکان وغیرہ) ۔ (ii) زمین پر آپڑنا ، نیچے آرہنا ، گر جانا ، مرنا ۔۲۔ ٹوٹ پڑنا ، کسی چیز کے لینے پر نہایت مائل ہونا نیز لالچ کرنا ۔۳۔ بے ہوشی یا کمزوری کے باعث بیٹھنے کی کوشش میں گر جانا ۔

گر جانا ف مر ؛ محاورہ ۔ ا۔ گر پڑنا ، نیچے آرہنا ۔۲۔ کم تر ہو جانا ، بے وقعت ہو جانا ، ذلیل اور رُسوا ہونا ۔۳۔ بھاؤ قیمت وغیرہ کا گھٹنا ، کم ہونا ، ارزاں ہو جانا ۔

گر کر اُٹھنا ف مر ؛ محاورہ ۔ تنزل کے بعد ترقی کرنا ، ٹھوکر کھا کر سنبھلنا ، ناکامی کے بعد بھی ہمت سے کام لینا ، سنبھلنا ، حوصلہ کرنا ۔

گُر (ضم گ) اند ۔
ا۔ اصول ، اُسلوب ، سلیقہ ۔۲۔ نکتہ ، باریک بات ۔۳۔ حساب کا قاعدہ جس میں غلطی نہیں ہو سکتی ، کلیہ ، فارمولا ۔۴۔ ترکیب ، تدبیر ، طریقہ ۔ ۵۔ ہنر ، فن ۔ [س] ۔

گِرا (کس گ) صف مذ ۔
گرا ہوا ، افتادہ ؛ (کنایۃً) محتاج ، ذلیل ۔

گرا پڑا صف مذ ۔ (لفظاً) زمین پر گرا یا پڑا ہوا ، افتادہ ؛ (کنایۃً) کم حیثیت ، حقیر ، معمولی ، ناکارہ ، بے کار ۔

گرا دینا ف مر ؛ محاورہ ۔ ا۔ نیچے لانا ، زمین پر ڈالنا ، گرانا ۔۲۔ ڈھا دینا ، مسمار کر دینا ، توڑ دینا ۔۳۔ تقطیع سے خارج کرنا ، حذف کر دینا ۔

گرا ہوا صف مذ ۔ ا۔ پست ، رکیک ، کم تر درجے کا ۔۲۔ نیچے کی طرف جھکا ہوا ، ڈھلکا ہوا ۔

گَرّا (فت گ ، شد ر) اند ۔
ا۔ پہیے کی شکل کا ایک پرزہ جو اکثر مشینوں میں ہوتا ہے اور جسے ہاتھ سے گھمایا جاتا ہے ۔۲۔ چار ہاتھ لمبی اور ایک بالشت چوڑی لکڑی جو پہیے میں دھری کی طرح کام کرتی ہے ۔ [مقامی] ۔

گِراب (کس گ) اند :- گراپ.
توپ کا وہ گولا جس میں بہت سی گولیاں اور چھرّے بھرے ہوتے ہیں نیز بڑا چھرّا.

گراری (فت گ) امث.
۱. (i) پہیے کی شکل کا دندانے دار ایک پرزہ یا آلہ. (ii) پہیا جس پر رسی کے ذریعے سے کنویں سے ڈول نکالتے ہیں، کنویں کی چرخی.
۲. تاگا لپیٹنے کی ریل، ٹیپ لپیٹنے کی چرخی. [س].

گراس (فت گ) اند.
ایک سو چوالیس چیزوں کے مجموعہ کا نام، بارہ درجن، گروس. [انگ].

گِراف (کس مع گ) (الف) اند.
(ریاضی) کاغذ پر ایک ہی جسامت کے چھوٹے چھوٹے چوخانوں کا مجموعہ جس پر لکیروں یا نقطوں وغیرہ کے اُتار چڑھاؤ سے کسی کیفیت یا حالت کے گھٹاؤ بڑھاؤ کو ظاہر کیا جاتا ہے، ترسیم، شرح. [انگ].
گراف اوپر کی طرف جانا محاورہ. شرح بڑھنا، کسی مقدار یا تعداد میں اضافہ کا اظہار ہونا.
گراف گرنا محاورہ. ۱. کسی تعداد یا مقدار کی کمی کا اظہار، شرح گھٹنا. ۲. عزّت میں کمی واقع ہونا.

گِرام (کس مع گ) اند.
وزن کرنے کا ایک انگریزی پیمانہ، ایک مکعب سنٹی میٹر مقطّر پانی کا وزن جب وہ کامل کثافت رکھتا ہو اور خلا میں تولا جائے. [انگ].

گِرامر (کس مع گ، فت م) امث.
کسی زبان کی صرف ونحو، عام قواعد. [انگ].

گِراموفون (کس مع گ، و مع) اند.
ایک باجا یا مشین جس پر صدا بند ریکارڈ چلانے سے وہی آواز سنائی دیتی ہے. [انگ].

گِرامی (کس نیز فت گ) صف مذ.
۱. بیش بہا، قیمتی؛ (مجازاً) بہت عزیز، پیارا. ۲. بزرگ، معظّم، مکرم، معزز. [ف].

گِراں (کس نیز فت گ) صف.
۱. وزنی، بھاری، ثقیل. ۲. ارزاں کا نقیض، مہنگا، بیش قیمت، بیش بہا. ۳. ناگوار، تکلیف دہ، اجیرن، دوبھر، (بیشتر پر کے ساتھ). ۴. دشوار، مشکل. ۵. کسی چیز کی کثرت، شدت اور اہمیت ظاہر کرنے کے لیے. [ف].
گراں بار/ گرانبار صف. بھاری بوجھ کا، وزن دار، بوجھ سے لدا ہوا، باردار؛ بہت متاثر، مغلوب.
گراں بہا صف. ۱. بہت قیمتی، بیش قیمت. ۲. (مجازاً) عمدہ، قابلِ قدر.
گراں خاطر صف. ۱. آزردہ، بیزار، مکدر، اُکتایا ہوا. ۲. ناگوار طبع، دوبھر.
گراں ڈیل/ گرانڈیل صف. موٹا تازہ، بھاری بھرکم، لمبا تڑنگا، لحیم شحیم.
گراں قدر/ گرانقدر صف. ۱. جس کی قدر و قیمت زیادہ ہو، زیادہ مالیت کا. ۲. عمدہ، نفیس، بہترین. ۳. عالی مرتبہ، معزز، قدر و قیمت والا.
گراں گزرنا محاورہ. ناگوار ہونا، برا لگنا، ناپسند ہونا.
گراں گوش صف. اونچا سننے والا، بہرا.
گراں مایہ / گرانمایہ صف. ۱. بیش بہا، قیمتی، نفیس. ۲. صاحبِ قدر و منزلت، بڑا آدمی جو صاحبِ عزت ہو.

گِرانا (کس گ) ف م.
۱. اوپر سے نیچے ڈالنا، پھینک دینا، اونچی جگہ سے نیچے لانا، بلندی سے نشیب میں پہنچانا. ۲. اُٹھے ہوئے پردے، نقاب یا چلمن وغیرہ کو نیچا کرنا. ۳. (مجازاً) مغلوب کرنا، زیر کرنا، پچھاڑنا. ۴. (مجازاً) مرتبہ گھٹانا، نیچا دکھانا، ذلیل کرنا. ۵. ڈھانا، مسمار کرنا، منہدم کرنا. ۶. حمل کا قبل از وقت ضائع کرانا، اسقاط. ۷. (قواعد) محذوف کرنا.

گرانٹ (کس گ، سک ن) امث.
امدادی رقم جو کسی ادارے خصوصاً سرکار کی طرف سے ماہانہ یا سالانہ یا ایک ہی مرتبہ دی جائے، مالی اعانت، مالی امداد. [انگ].

گِرانی (کس نیز فت گ) امث.
۱. بھاری پن، وزنی ہونا (سبکی کا مقابل). ۲. پیٹ میں غذا ہضم نہ ہونے سے طبیعت میں بھاری پن ہونا، بدہضمی، بوجھ. ۳. (i) سر میں بھاری پن ہونا، کسل مندی. (ii) دل پر بوجھ کی کیفیت یا حالت؛ (کنایۃً) برائی، بدی، بدگمانی. ۴. کم یابی، قحط، خشک سالی. ۴. مہنگائی، گراں فروشی.

گِراوَٹ (کس گ، فت و) امث.
پستی، تنزل.

گِراؤ (کس گ، وج) اند.
۱. گرنے کی حالت یا کیفیت، گراوٹ. ۲. درجہ حرارت کا کم ہونا. ۳. کمی، گھٹاؤ، خاص طور پر قیمت میں. ۴. طبیعت کا بوجھل پن، اضمحلال، کمزوری. ۵. پستی، ذلت.

گِراؤنڈ (کس گ، ومع، غنہ) امث.
میدان، زمین. [انگ].

گِرائیں (کس گ ج ی مع) اند.
اپنے گانو کا آدمی، ہم وطن، ملکی. [پن].

گَرَب (فت گ، سک ر) اند.
دیکھیے: گربھ.

گُربَہ (ضم گ، سک ر، فت ب) امث.
شیر کی نوع سے مگر بہت چھوٹا ایک گوشت خور گھریلو جانور جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں، بلی، بلاؤ. [ف].

گربہ پائی سے م ف. آہستہ چال سے، دبے پانو.

گربہ کشتن روزِ اوّل/ نہ کہ بعد نہ ماہ کہاوت. (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) بغاوت یا سرکشی کو ابتدا ہی میں کچل دینا چاہیے، مخالف یا برائی کو پہلے ہی دن روک دینا چاہیے.

گربہ مسکین صف. (مجازاً) بھولا بھالا؛ بہ ظاہر بھلا مانس مگر بہت شریر، مسکین صورت شریر، ایسا شخص جو دیکھنے میں سیدھا سادا مگر حقیقت میں شریر ہو.

گَربھ (فت گ، سک ر) اند.
پیٹ، رحم، بچہ دانی، حمل. [س].

گِرتا پڑتا م ف. ۱. افتاں و خیزاں، گر پڑ کر، گر گر کر سنبھلتا ہوا. ۲. جوں توں کر کے، بمشکل تمام.

گَرَج (فت گ، فت نیز سک ر) امث؛ اند.
۱. بادلوں کے ٹکرانے کی آواز؛ بادل یا بجلی کی آواز؛ زور کی آواز، مہیب آواز، کڑک. ۲. زور کی چنگھاڑ، چیخ (شیر یا ہاتھی وغیرہ کی). [س].

گرج دار صف. زوردار، بارعب، جس میں کڑک ہو.

گِرجا (کس گ، سک ر) اند.
عیسائیوں کا عبادت خانہ، کلیسا. [پر].

گَرَجنا (فت گ، ر، سک ج) ف ل.
۱. تیز ہوا کی رگڑ سے بادلوں کا بجلی کے ساتھ غلغلہ پیدا کرنا، کڑکا کرنا، کڑکنا. ۲. چلا کر بولنا، کڑک کر بولنا. ۳. شیر کا دہاڑنا؛ ہاتھی کا چنگھاڑنا. ۴. غصہ ہونا، خفا ہونا (پہ کے ساتھ). [س].

گَرد (فت گ، سک ر) امث.
۱. غبار، دھول، مٹی. ۲. (مجازاً) بے حقیقت، ہیچ، ماند. [ف].

گرد آلود/آلودہ صف. جس پر دھول پڑی ہوئی ہو، خاک سے اٹا ہوا.

گرد باد اند. پھرنے والی ہوا، غبار آلود ہوا، بگولہ، غبار کا جھکڑ.

گرد بیٹھنا محاورہ. غبار کا تہ نشین ہونا، خاک کا نیچے جمنا. ۲. آندھی کا کم ہونا.

گرد بھی نہ پانا محاورہ. نام نشان نہ ملنا، سراغ لگانے میں ناکام ہو جانا.

گرد پوش اند. ۱. وہ کپڑا یا غلاف جو کسی چیز مثلاً پلنگ، صندوق، زین وغیرہ پر گرد سے محفوظ رہنے کے لیے بچھا دیا جاتا ہے، گرد سے محفوظ رکھنے والا غلاف. ۲. کتابوں کی جلد پر چڑھایا جانے والا وہ رنگین اور موٹے کاغذ کا کور جو گرد و غبار سے محفوظ رکھنے کے لیے چڑھایا جاتا ہے.

گرد جھاڑنا محاورہ. ۱. مارنا، سزا دینا. ۲. تنقیح کرنا، چھانٹنا، چھٹائی کرنا، غیر ضروری انبار سے کام کی چیز نکالنا.

گرد راہ اند. راستے کی دھول، بے وقعت.

گرد کو/تک نہ پہنچنا/لگنا محاورہ. ہم سری نہ کر سکنا، مقابلہ نہ کر سکنا، پیچھے رہ جانا.

گرد و غبار اند. خاک، دھول، مٹی.

...گَرد (...فت گ، سک ر) صف مذ.
پھرنے والا، گھومنے والا، بطور لاحقہ مرکبات میں مستعمل.

گِرد (کس گ، سک ر) (الف) م ف.
آس پاس، اطراف، ادھر ادھر، چاروں طرف. (ب) صف. مدوّر، گول. [ف].

گرد (و) پیش اند. آس پاس، اطراف، ماحول.

گرد پھرنا ف مر: محاورہ. ۱. چکر لگانا، اطراف کا گشت کرنا ۲. صدقہ وغیرہ ہونے کے لیے کسی کے گرد سات چکر کاٹنا.

گرد (و) نواح اند. آس پاس کا علاقہ، پڑوس، قرب و جوار.

گَرْدا (۱) (فت گ، سک ر) اند.
(عو) دھول، گرد، غبار.

گردا باد صف. ۱. غبار آلودہ ۲. (مجازاً) تباہ، ویران ۳. (مجازاً) بے خبر، بے ہوش.

گِرْدا (کس گ، سک ر) اند.
۱. گول حلقہ، گول چیز، گھیرا، گھیراؤ، پھیر، چکر ۲. خمیری اور موٹی چھوٹی روٹی ۳. (سان گری) سان کا چاک ۴. (نجاری) تختے پر لکیریں ڈالنے کی گول منہ کی نہانی لگا ہوا رندہ، گولک.

گردا گرد م ف. اطراف میں، اردگرد، چاروں طرف.

گِرْداب (کس گ، سک ر) اند.
پانی کا چکر، بھنور، گھمن گھیری. [ف].

گَرْدان (فت گ، سک ر) مث.
۱. چکر، پھیری، دور، پھراؤ ۲. کسی عمل کی تکرار، ورد، اعادہ ۳. (صرف) فعل کے صیغوں مثلاً ماضی، مضارع، حال اور مستقبل وغیرہ کی ترتیب.
۴. دہرانا، بار بار پڑھنا، رٹ، آموختہ کی تلاوت، قرآن شریف کا دور. [ف].

گردان کرنا محاورہ. ۱. چکر دینا، گھمانا ۲. کسی کلمے کو بار بار دہرانا، رٹ لگانا.

گَرْداں (فت گ، سک ر) صف.
۱. پھرنے والا، گھومنے والا ۲. پلٹا ہوا، الٹا ہوا، (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل). [ف].

گَرْداننا (فت گ، سک ر، ن) ف ل.
۱. (صرف) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو ترتیب سے پڑھنا، صیغوں کی تعریف کرنا ۲. خیال کرنا، سمجھنا ۳. تسلیم کرنا، فرض کرنا، ماننا ۴. لپیٹنا، جزدان کے اندر رکھنا، غلاف میں رکھنا ۵. قرار دینا ۶. دہرانا، دور کرنا.

گِرْداوَر (کس گ، سک ر، ف و) مث: ← گرد آور.
محکمہ مال گزاری و بندوبست کا ایک عہدہ دار جو دورہ کر کے پٹواری کے کام کی جانچ کرتا ہے، پٹواریوں کے حلقہ یا چنگی کا افسر گشت.

گِرداوری (کس گ، سک ر، فت و) مث.
۱. گرداور کا کام یا عہدہ ۲. نگرانی، پاسبانی.

گَرْدِش (فت گ، سک ر، کس د) مث.
۱. دوری حرکت، چکر، دور، پھیر، گھماؤ ۲. انقلاب، زمانے کا تغیر؛ حالات کی تبدیلی ۳. قسمت کی برگشتگی، بدنصیبی، بدبختی، ادبار ۴. کسی عمارت کے اطراف کا مسقف رستہ، غلام گردش ۵. (معاشیات) لین دین کے لیے، بازار میں زر یا روپے کا چلن. [ف].

گردش ایام/دوراں مث. وقت کی ستم گاری، مصیبت و ابتلا کا زمانہ، زمانے کا تغیر، انقلاب.

گردش کرنا/ کھانا محاورہ. گھومنا، چکر لگانا، پھرنا.

گردش میں آنا/ ہونا محاورہ. مصیبت میں پھنسنا، چکر میں آنا، ادبار میں پھنسنا.

گَرْدَن (فت گ، سک ر، فت د) مث.
۱. سر اور تن کا درمیانی حصہ، جسم کا ایک بہت اہم عضو جو سر اور جسم کے درمیان ہوتا ہے، گلو، گلا، عنق ۲. صراحی یا مینا وغیرہ کے اوپر کا تنگ حصہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے. [ف].

گردن اُڑا دینا/ اُڑانا محاورہ. ۱. سر تن سے جدا کر دینا، گردن کاٹنا، سر قلم کرنا؛ قتل کرنا، مار ڈالنا ۲. غارت کرنا، خاتمہ کر دینا، ملیا میٹ کر دینا.

گردن اکڑانا محاورہ. رعب اور دبدبہ دکھانا، اترانا، غرور کرنا.

گردن اُونچی ہونا ف مر: محاورہ. گردن اوپر اُٹھنا (شرم یا ندامت سے) جھکا ہوا سر اونچا ہونا، بار احسان سے نکل سکنا.

گردن پر م ف. ذمے، سر پر.

گردن پر چھری/ خنجر پھیرنا/ چلانا محاورہ. ۱. ذبح کرنا، گلا کاٹنا.
۲. صریح ظلم کرنا، سخت نقصان پہنچانا.

گردن پر خون ہونا محاورہ. کسی کے قتل کا گناہ سر پر ہونا، قتل کا مجرم ہونا.

گردن پکڑنا محاورہ. گردن گرفت میں لانا، گردن جکڑ لینا، حاوی ہو جانا، تابع کر لینا، مسلط ہو جانا.

گردن پھنسانا محاورہ. گردن کو پھندے میں پھنسانا ؛ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا ؛ ذمہ لینا ، جواب دہ بننا ، ذمہ دار ہونا .

گردن توڑ بخار امذ . (طب) دماغ کے پردوں کی سوجن اور سوزش (انگ : Meningitis) بخار کی ایک قسم جس میں گردن اکڑ جاتی ہے .

گردن جھکانا ف مر؛ محاورہ .۱. گردن نیچی کرنا ، گردن خم کرنا ، سر جھکانا . ۲. دوسرے کی گردن نیچے کرنا ، زیر کرنا ، مغلوب کرنا .۳. حکم مان لینا ، سر تسلیم خم کرنا ، اطاعت کرنا ، شرمندہ ہونا ، نادم ہونا .۴. ادب کرنا ، لحاظ کرنا ؛ ادب سے سلام کرنا ، آداب بجا لانا . ۵. شرمندہ کرنا ، زیر بار احسان کرنا .

گردن چھڑانا محاورہ .۱. غلامی سے آزادی حاصل کرنا ، رہائی پانا ، آزاد ہونا ، نجات پانا ، خلاصی ہونا .۲. مصیبت سے رہائی پانا ، نجات پانا .

گردن دبانا محاورہ .۱. گردن دبوچنا .۲. مجبور کرنا ، زبردستی کرنا .

گردن ڈالنا محاورہ .۱. (تھکاوٹ ، شرمندگی ، عاجزی یا مجبوری سے) گردن نیچی کرنا ، سر جھکانا .۲. ہار ماننا ، شکست تسلیم کرنا .

گردن ڈھلکنا ف مر؛ محاورہ . گردن کا لٹک جانا ، گردن کا منکا ڈھلنا جو مرنے کی علامت تصور کی جاتی ہے .

گردن زدنی صف .۱. جس کی گردن اڑا دینا ضرور ہو ، مار ڈالنے کے قابل ، کشتنی ، واجب القتل .۲. (مجازاً) قابلِ سزا ، مردود ، قابلِ مذمت .

گردن مارنا محاورہ .۱. سر اڑا دینا ، قتل کرنا ، ہلاک کرنا .۲. نیست و نابود کرنا ، ختم کرنا .

گردن مروڑنا / مڑوڑنا محاورہ . گلا گھونٹنا ، ٹینٹوا دبانا .

گردن میں باہیں ڈالنا محاورہ . دونوں ہاتھوں سے کسی کے گلے لگنا .

گردن میں ہاتھ دینا محاورہ .۱. پیار کرنا ، محبت ظاہر کرنا .۲. گردن پکڑ کر نکال دینا .

گردن میں ہاتھ ڈالنا محاورہ . محبت سے کسی کے گلے میں باہیں ڈالنا .

گردن ناپنا ف مر؛ محاورہ .۱. درزی کا گردن کی پیمائش کرنا .۲. گردن پکڑنا ، مارنا پیٹنا ، سزا دینا .۳. (لکھنؤ) گردن پکڑنا ، مجرم ، گردانا .

گردن ہلانا محاورہ .۱. انکار کرنا ، نہیں کہنا (اس صورت میں گردن دائیں بائیں ہلاتے ہیں) .۲. اقرار کرنا ، ہاں کہنا (اس صورت میں گردن اوپر نیچے ہلاتے ہیں) .

گَرْدَنی (فت گ ، سک ر ، فت د) امث .
۱. گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے لے کر پٹھوں تک پڑا رہتا ہے
۲. کشتی کے ایک داؤ یا پیچ کا نام .

گُرْدُوارا / گُرْدُوارَہ (ضم گ ، سک ر ، ضم نیز سک د / فت ر) امذ .
سکھوں کی عبادت گاہ . [س] .

گَرْدُوں (فت گ ، سک ر ، و مع) امذ .
۱. آسمان ، فلک ، چرخ .۲. چھکڑا ؛ بیل گاڑی ، رتھ ، بہلی . [ف] .

گَرْدَہ (فت گ ، سک ر ، فت د) امذ .
۱. (مصوری) ایک قسم کا سفوف جو نقاش یا مصور سوئی سے چھیدے ہوئے کاغذ کے ذریعے نقش یا تصویر کا خاکہ اتارنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ، ایک قسم کا سفوف جو تصویر کو ایک کاغذ سے دوسرے کاغذ پر اتارنے کے لیے استعمال کیا جائے .۲. (مصوری) خاکہ ، نقشہ ، گردہ کے ذریعے کاغذ پر اُترا ہوا خاکہ . [ف] .

گِرْدَہ (کس گ ، سک ر ، فت د) امذ .
۱. (i) کوئی مدوّر شے ، گول چیز ، قرص ، ٹکیا . (ii) حلقہ ، گول گچھا (پھولوں اور پتوں وغیرہ کا) .۲. دور ، احاطہ ، دائرہ .۳. گول کپڑا جو عورتیں پاندان کی تھالی میں رکھتی ہیں . [ف] .

گُرْدَہ (ضم گ ، سک ر ، فت د) امذ .
۱. جسم میں موجود دو غدود نما اندرونی اعضا میں سے کوئی ایک جو پیٹ کے پچھلے حصے کے جوف میں واقع ہوتے ہیں ، دونوں گردوں کا کام جگر سے وریدوں کے ذریعے مائعیت کو جذب کرنا اور پیشاب کو مثانے میں بھیجنا ہوتا ہے .۲. (مجازاً) جرأت ، حوصلہ ، دلیری ، بہادری ، ہمت دل گردہ . [ف] .

... گَرْدی (...فت گ ، سک ر) امث .
پھرنا ، گھومنا ؛ مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ، جیسے : آسماں گردی وغیرہ . [ف] .

گِرْدی (کس گ ، سک ر) امث .
پاندان کے اندر بچھانے کا گول کپڑا .

گِرڈ (کس گ، ر) اند.
۱. (برقیات) خلائی نلی کے اندرونی اجزا میں سے ایک. ۲. ریل کی لائنوں یا بجلی کے تاروں وغیرہ کا جال. [انگ].

گُرز (ضم گ، سک ر) اند.
ایک آہنی وزنی ہتھیار کا نام جو اوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے. [ف].

گُرُس / گرُز (ضم مج گ، ضم ر) اند.
بارہ درجن، ۱۴۴ چیزیں. [انگ].

گُرُسنگی / گُرِسنگی (ضم گ، ضم نیز فت ر، سک س، فت ن / ضم گ، سک ر، کس نیز سک س، فت ن) امث.
بھوک، اشتہا.

گُرُسنہ / گُرِسنہ (ضم گ، ضم نیز فت نیز کس ر، سک س، فت ن / ضم گ، سک ر، کس نیز سک س، فت ن) صف.
بھوکا. [ف].

گُرُسنہ / گُرِسنہ چشم امث. ۱. حریص، لالچی، ندیدہ، بھکاری ۲. بخیل، کنجوس، کمینہ.

گِرِفت (کس گ، کس نیز فت ر، سک ف) امث.
۱. (i) کسی چیز کو پکڑنے یا تھامنے کا عمل، پکڑ. (ii) پکڑنے کا انداز یا طریقہ. (iii) پکڑ (گناہ اور خطا کے لیے) مواخذہ. ۲. اعتراض، حرف گیری، نکتہ چینی. ۳. باز پرس، سرزنش. ۴. روک ٹوک، دارو گیر، پکڑ دھکڑ. ۵. (i) قبضہ، قابو، دسترس، (ii) تسلط، غلبہ. ۶. پکڑنے کی جگہ، دستہ، قبضہ، موٹھ. [ف].

گرفت ڈھیلی پڑنا / ہونا محاورہ. ۱. بندش، کمزور ہو جانا، پکڑنے کی قوت کم ہو جانا. ۲. پابندی کم ہو جانا، تسلط کمزور ہو جانا.

گرفت کرنا محاورہ. ۱. پکڑنا، تھامنا. ۲. روکنا، ٹوکنا، مزاحمت کرنا؛ کھوٹ نکالنا. ۳. اعتراض کرنا، نکتہ چینی کرنا، حرف گیری کرنا.

گرفت میں آنا محاورہ. ۱. پکڑا جانا، چنگل میں آنا. ۲. قابو میں آنا، بس میں ہونا.

گِرِفتار (کس گ، کس نیز فت ر، سک ف) صف.
۱. پکڑا ہوا، قیدی، اسیر، محبوس. ۲. پھنسا ہوا، گھرا ہوا، مبتلا. ۳. (مجازا) عاشق، فریفتہ؛ ناجائز تعلق رکھنے والا. [ف].

گرفتار کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. پکڑنا، قید کرنا، ماخوذ کرنا. ۲. مبتلا کرنا، پھنسانا.

گِرِفتاری (کس گ، کس نیز فت ر، سک ف) امث.
۱. پکڑ، مواخذہ. ۲. قید، اسیری، نظر بندی.

گِرِفتہ (کس گ، کس نیز فت ر، سک ف، فت ت) صف.
۱. گرفتار، بند، گھٹا ہوا؛ (مجازا) افسردہ، مغموم، ملول. ۲. پکڑا ہوا، اور گرفتار؛ مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل. [ف].

گُرگ (ضم گ، سک ر) اند.
بھیڑیا، ایک مشہور، درندہ. [ف].

گرگ باراں دیدہ صف؛ اند. بھیڑیا جس نے بارش دیکھی ہو؛ (مجازا) تجربہ کار، خرانٹ، آزمودہ کار (برے معنوں میں مستعمل).

گُرگا / گُرگہ (ضم گ، سک ر/ فت گ) اند.
۱. (i) ادنیٰ درجے کا کارکن؛ خدمت گار، نوکر، برتن دھونے والا اور مشعلچی وغیرہ معمولی ملازم. ۲. ہرکارہ، جاسوس، ایجنٹ. ۳. (لکھنؤ) شریر، بدمعاش، غنڈا. [س].

گُرگابی (ضم گ، سک ر) امث.
ایک وضع کا مردانہ جوتا جو بغیر بند کے ہوتا ہے. [ف].

گِرگِٹ (سک گ، سک ر، فت نیز کس گ) اند.
بڑی چھپکلی کی نوع کا ایک جانور جو آفتاب کی طرف رخ کر کے بیٹھتا ہے اور اپنا رنگ سرخ، زرد، نیلا بدلتا رہتا ہے، حربا، آفتاب پرست. [س].

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا محاورہ. ۱. ایک حال پر قائم نہ رہنا، کچھ سے کچھ ہو جانا، حالت تبدیل کرتے رہنا. ۲. غصے کے مارے لال پیلا ہونا.

گِرِل (کس مج گ، کس ر) امث.
لوہے کی جالی یا جنگلا جو کھڑکی وغیرہ میں لگایا جاتا ہے. [انگ].

گَرْم (فت گ، سک نیز فت ر) صف.
۱. تپتا ہوا، جلتا ہوا، جس کا درجۂ حرارت زیادہ رہتا ہو (سرد کی ضد). ۲. سخت، تند، (مزاج اور طبیعت کے لیے) تیز. ۳. خفا، ناراض. ۴. بہت زیادہ، بے حد (تپاک کے لیے). ۵. گرمی پیدا کرنے والی،

حرارت غریزی کو بڑھانے والی (دوا وغیرہ کی خاصیت کے لیے) .
۶. پُراثر ، جوشیلا ، پُرجوش . ۷. (سلینگ) چائے یا کافی وغیرہ کا کوئی گرم مشروب . [ف] .

گرم بازاری مث .۱. بیوپار کی کثرت ، بکری کی زیادتی ، خرید و فروخت کی کثرت ، لین دین کی فراوانی (کساد بازاری کی ضد) .۲. رونق ، گہما گہمی .۳. مانگ ، طلب .۴. چلن ، رواج .

گرم جوشی مث .۱. جوشیلا ربط ضبط ، گہرا تپاک .۲. ولولہ ، شدت .

گرم خون اند. جوانی کا خون ، جوش مارتا ہوا خون .

گرم سرد اند. (مجازاً) نشیب و فراز ، حوادثِ زمانہ ؛ بُرا بھلا ، نیک و بد ؛ مصیبت و راحت (گرم و سرد زیادہ مستعمل ہے) .

گرم مزاج صف. صفراوی مزاج ؛ (کنایۃً) تُندخُو ، بدمزاج ، غصیلا ، مغلوب الغضب

گرم مزاجی مث. تندخوئی ، بدمزاجی ، غصیل پن .

گرم مسالا / مسالہ / مصالح / مصالحہ اند. زیرہ ، سیاہ مرچ ، لونگ ، الائچی ، دارچینی وغیرہ کا مجموعہ جسے سالن میں خوش بو اور لذت کے لیے ڈالتے ہیں .

گرم و سرد اند؛ حادثاتِ زمانہ ، زمانے کے نشیب و فراز ، زندگی کے خوش گوار یا ناخوش گوار واقعات .

گرم و سرد دیکھنا محاورہ. زمانے کی اونچ نیچ برداشت کرنا ، بُرا بھلا وقت دیکھنا ، زندگی کے تجربات سے گزرنا ، تجربہ کار ہونا .

گرم ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. تپ جانا ، کسی شے میں حرارت کا اضافہ ہونا . ۲. چولہوں میں آگ سلگنا ، چولہے روشن ہونا (پکانے کے لیے) ۳. عروج پر ہونا ، پُررونق ہونا ، مشہور ہونا .۴. مستی پر آنا ، جنفتی کی خواہش ہونا .۵. برافروختہ ہونا ، ناراض ہونا ، غصہ کرنا .۶. برپا ہونا ، جمنا ، رنگ پر آجانا .

گَرما (فت گ ، سک ر) اند.
۱. گرمی کا موسم (سرما کی ضد) .۲. سردے سے مشابہ اور سردے ہی کے اقسام میں سے ایک بڑا لمبوترا میٹھا پھل جس کا درخت بیل کی صورت کھیت میں پھیلا ہوتا ہے .[ف] .

گرما گرم صف ؛ م ف .۱. بہت گرم ، بھاپ اُٹھتا ہوا ، جلتا ہوا ، تازہ بہ تازہ گرم کیا ہوا .۲. پُرزور ، پُرجوش ، زوردار .

گرما گرمی مث .۱. تیزی ، شدت .۲. چہل پہل ، رونق ، پرتپاک استقبال . ۳. جوش و خروش ، ہنگامہ خیزی .۴. ہنگامہ ، لڑائی .

گَرمانا (فت گ ، سک ر) (الف) ف ل .
۱. غصے میں آنا ، جھنجھلانا ، خفا ہونا ، غصے میں بھرنا .۲. جوش میں آنا ۳. جوش پیدا کرنا ، جوش میں لانا . (ب) ف م .۱. گرم کرنا ، حرارت میں اضافہ کرنا .۲. غصے میں لانا ، غصہ دلانا .

گَرماہَٹ (فت گ ، سک ر ، فت ہ) مث .
حرارت ، جسمانی حرارت کا خوش گوار احساس ، پُھرتی ، چستی .

گَرمائی (فت گ ، سک ر) (الف) مث .
۱. گرمی یا حرارت کا احساس . (ب) صف . گرمی والا ، موسم گرما سے تعلق رکھنے والا .۳. (مجازاً) غصیلی ، خشم گیں .

گَرمی (فت گ ، سک ر) مث .
۱. حرارت ، تپش ، حِدّت .۲. آگ جیسا اثر ، جلن ، سوزش .۳. موسم گرما ۴. شدتِ تپاک ، محبت کا جوش .۵. شوخی ، طراری .۶. تیزی ، تندی ۷. غصہ ، ناراضگی .۷. رونق ، لطف انگیزی .۸. شباب ، خواہشِ نفسانی .

گرمی چڑھ جانا / چڑھنا محاورہ .۱. کسی گرم دوا کے منفی اثرات کے سبب دماغ متاثر ہونا ، دماغ میں گرمی کا اثر ہو جانا .۲. (مجازاً) تکبر پیدا ہونا .

گرمی دانہ / دانے اند؛ ج. چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم کے اثر سے بدن پر نکل آتے ہیں .

گرمی گفتار مث . پُرجوش اندازِ گفتگو ، جوش اور ولولہ پیدا کرنے والی گفتگو یا انداز (عموماً تحریر و تقریر کے لیے مستعمل) .

گرمی ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. تپش ہونا ، گرمی پڑنا ، تمازت ہونا ، گرمی کا موسم ہونا .۲. جوش و ولولہ ہونا ، اثر انگیزی ہونا .

گَرَن (فت گ ، ر) اند.
چکی کے پاٹ کے گرداگرد چکی کی باڑھ کا اندرونی حصہ جس میں آٹا گرتا ہے ، مٹی کا بنا ہوا گھیرا ، گرنڈ .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

گِرنا (کس گ، سک ر) ف ل.
۱. اوپر سے نیچے کی طرف حرکت کرنا، فضا سے زمین پر آنا. ۲. جھڑ جانا (دانت، بال، سینگ وغیرہ). ۳. منہدم ہونا، ڈھینا (مکان کا). ۴. کسی چیز پر حد درجے مائل ہونا، فریفتہ ہونا. ۵. کسی مرض کا حملہ ہونا (نزلہ، فالج وغیرہ). ۶. ٹپکنا، ڈھلکنا (آنسو وغیرہ). ۷. طلب و خواست گاری سے کسی چیز کی طرف مائل ہونا، انتہا کی حرص و طمع، لالچ کرنا. ۸. کسی دوسرے دریا سے جا ملنا، پڑنا (پانی وغیرہ کا). ۹. جڑ سے اُکھڑ جانا، ڈھینا. ۱۰. بے قدر ہونا، ذلیل ہونا، رسوا ہونا. ۱۱. بھاؤ کم ہونا، نرخ گھٹنا. ۱۲. لیٹ جانا، دراز ہونا، پڑ جانا. ۱۳. (عروض) کسی مصرع میں ایک حرف کا وزن سے خارج ہو جانا. ۱۴. اسقاط ہونا (حمل). [پ + س].

گَرَنتھ (فت گ، ر، خف) اند.
۱. کتاب، پوتھی. ۲. سکھوں کی مقدس کتاب جو گرو نانک سے منسوب ہے. [س].

گَرَنڈ (فت گ، ر، خف) اند.
دیکھیے: گرزن.

گُرو (ضم گ، و مع) اند.
۱. (ہندو) پنڈت. ۲. (i) محترم، معزز، مذہبی پیشوا، گھر کا بزرگ. (ii) پیر و مرشد. ۳. (i) اُستاد، معلم، درس دینے والا. (ii) ہنر سکھانے والا، کسی فن کا ماہر، جس سے کوئی فن، ہنر سیکھا جائے. ۴. دانا، عقل مند، معلم، ہوشیار، خرانٹ. [س].

گرو بڑا کہ چیلا فقرہ؛ کہاوت. ایک سے ایک بڑھ کر ہے، ایک سے ایک خوب، ایک سے ایک پہنچا ہوا.

گرو بنا گت نہیں اور شاہ بنا پت نہیں کہاوت. کوئی قابلیت اور ہنر کے بغیر کامل نہیں ہوسکتا اور عزت و جاہ کے بغیر کوئی بادشاہ نہیں بن سکتا.

گرو کیجیے جان کے، پانی پیجیے چھان کے کہاوت. گرو سوچ سمجھ کر بنانا چاہیے اور پانی چھان کر پینا چاہیے.

گرو گھنٹال اند. ۱. گرو جو اپنے گلے میں گھنٹہ ڈالے ہو؛ وہ مہنت جس کے آگے گھنٹہ بجتا چلے؛ وہ پرستش کرنے والا جو گھنٹہ بجائے. ۲. (مجازاً) بہت بڑا کامل اُستاد. ۳. بدمعاشوں کا سرغنہ، بڑا چالاک اور خرانٹ، مفسد، چال باز، عیار، چلتا پرزہ.

گِرْوانا (کس گ، سک ر) ف م.
پھنکوانا، نیچے ڈلوانا، پٹخوانا، دے مارنا؛ مسمار کروانا، منہدم کروانا.

گُرُوپ (ضم گ، و مع) اند.
۱. چیزوں یا اشخاص کا مجموعہ. ۲. کسی معاشرے میں ایسے لوگ جو مشترک اقدار یا رشتوں سے باہم منسلک ہوں مثلاً نسل، قوم یا پیشہ، جماعت، گروہ یا فریق، زمرہ وغیرہ. ۳. کئی آدمیوں کی ایک ساتھ تصویر، گروپ، فوٹو. [انگ].

گِروہ (ضم گ، و ع) اند.
۱. جماعت، آدمیوں کا جتھا، ٹولی. ۲. فرقہ، جرگہ. ۳. لشکر، فراہم شدہ فوج. ۴. قسم، درجہ. ۶. صنف، جنس. [ف].

گروہ بندی مث. ۱. فرقہ واریت. ۲. درجہ بندی، جماعت بندی.

گِرْوی (کس گ، سک ر). (الف) صف.
رہن، گرو، بدھک. (ب) مث. وہ چیز جو گروی رکھی جائے. [ف].

گروی رکھنا محاورہ. رہن رکھنا، کوئی چیز جو رہن رکھی جائے.

گِرْوِیدَہ (کس گ، سک ر، ی مع، فت د) صف.
فریفتہ، دلدادہ، عاشق، والہ و شیدا.

گِرِہ (کس گ، کس نیز فت ر) مث.
۱. بندھن، گانٹھ، عقدہ. ۲. جیب، پاکٹ؛ (مجازاً) قبضہ ملکیت، تحویل. ۳. گز کا سولھواں حصہ، تین انگل کی چوڑائی. ۴. ہلدی، ادرک، سونٹھ وغیرہ کی جڑ، گٹھی. ۵. بند کے اخیر کا شعر، ٹیپ کا شعر؛ مصرع طرح پر مصرع لگا کر بنایا ہوا شعر. ۶. پیچیدگی، مشکل، دشواری. [ف].

گرہ باندھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گرہ لگانا، گانٹھ لگانا. ۲. کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے رومال یا پگڑی وغیرہ میں گانٹھ لگانا؛ بخوبی یاد رکھنا، دل پر نقش کر لینا.

گرہ پڑ جانا / پڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. اُلجھنا. ۲. گانٹھ لگنا. ۳. کسی کی طرف سے کسی کے دل میں رنجش پیدا ہونا، دل میں فرق آنا. ۴. مسئلہ پیدا ہونا، مشکل پیش آنا، رکاوٹ پڑنا.

گرہ دار صف. ۱. بہت سی گانٹھوں والا ؛ بل کھایا ہوا، گٹھیلا. ۲. پیچ دار، الجھا ہوا، مشکل.

گرہ دینا محاورہ. ۱. گانٹھ لگانا، گرہ باندھنا. ۲. کسی بات یا کسی کام کے یاد رکھنے کے لیے کمربند یا کسی کپڑے کے کونے میں گانٹھ لگانا. ۳. سالگرہ کی تقریب پر ایک گرہ اور سرخ تاگے میں باندھنا.

گرہ سے م ف. جیب سے، پاس سے (اپنی، تمہاری، ان کی وغیرہ کے ساتھ).

گرہ سے جانا محاورہ. اپنی جیب سے خرچ ہونا، ذاتی نقصان ہونا.

گرہ کٹ اند. جیب کترا.

گرہ کھلنا ف مر: محاورہ. گتھی سُلجھنا ؛ مسئلہ حل ہونا.

گرہ کھولنا ف مر: محاورہ. ۱. (i) گانٹھ کھولنا، بندھی ہوئی چیز کھولنا. (ii) عقدہ وا کرنا، گتھی سلجھانا. ۲. مشکل حل کرنا، عقدہ کشائی.

گرہ لگانا ف مر: محاورہ. ۱. گانٹھ باندھنا. ۲. (شاعری) ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگانا، تضمین کرنا.

گرہ لگنا ف مر: محاورہ. گانٹھ لگنا.

گرہ میں باندھ (کر) رکھنا محاورہ. ۱. بہت حفاظت سے رکھنا، سنبھال کر رکھنا ؛ ہر وقت خیال رکھنا. ۲. اچھی طرح یاد رکھنا.

گرہ میں باندھنا محاورہ. ۱. کسی چیز کو اپنے قابو میں کرلینا، قبضے میں لینا. ۲. ذہن نشین کرنا، یاد رکھنا.

گِرِہستَن (کس گ، سک ر، فت ہ، سک س، فت ت) مث.
گھر بار والی عورت، سگھڑ، سلیقہ مند عورت، بیوی.

گِرِہستی (کس گ، کس نیز سک ر، فت ہ، سک س) (الف) صف: اند.
دنیادار، عیال دار، گھر بار والا، بال بچوں والا. (ب) مث. ۱. خانہ داری، گھر کے کام کاج، گھر کی دیکھ بھال، گھرداری. ۲. گھر بار، اہل و عیال. ۳. اثاث البیت، گھر کا سامان، گھریلو اسباب.

گِرَہَن (کس گ، فت ر، سک ہ) اند.
۱. پکڑنا، لینا، قبول کرنا. ۲. سورج یا چاند کا زمین کے درمیان میں آجانے سے جزوی یا کلی طور پر تاریک ہو جانا، کسوف، خسوف، گہن. ۳. (مجازاً) تاریکی، اندھیرا. [س].

گرہن لگنا ف مر: محاورہ. ۱. گرہن کی زد میں ہونا، گرہن کا شکار ہونا. ۲. عیب لگنا، داغ لگنا.

گَری (فت گ) مث.
یہ لفظ مرکبات میں بطور جزو دوم آ کر حالت، پیشہ یا کام ظاہر کرتا ہے اور کرنا اور بنانا کے معنی بھی دیتا ہے (جیسے: آہن گری، بازی گری کاری گری، وغیرہ).

گِری (۱) (کس گ) مث.
۱. کھانے کے قابل مادّہ یا مغز جو بیج کے توڑنے پر اس کے اندر سے نکلتا ہے جیسے بادام یا اخروٹ وغیرہ کی گری، مغز.

گِری (۲) (کس گ) مث.
بطور لاحقہ بمعنی پہاڑ جیسے: رتنا گری، دھول گری وغیرہ میں. [س].

گِری (۳) (کس گ) مث.
گرنا کا صیغہ ماضی مونث (تراکیب میں مستعمل.).

گری پڑی (ہوئی) صف مث. ۱. زمین پر گری اور پڑی ہوئی. ۲. (مجازاً) بے حقیقت، کم حیثیت، ادنیٰ، ہیچ.

گری ہوئی صف مث. ۱. پست، نیچی. ۲. گھٹیا، ناشائستہ، ہیچ، غیر اخلاقی.

گُرّی (ضم گ، شد ر نیز بلا شد) مث.
ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ، ریڑھ کا منکا، مہرا.

گِرے (کس گ، ی مج) اند: ج.
گرا (گرنا کا صیغہ ماضی) کی جمع نیز مغیرہ حالت، مرکبات میں مستعمل.

گرے پڑنا محاورہ. ٹوٹے پڑنا، ہجوم کرنا، حاصل کرنے کے لیے بیتاب ہونا.

گرے پڑے اند: ج. زمین پر گرے اور پڑے ہوئے ؛ (مجازاً) حقیر بے حقیقت، ذلیل، خوار.

گِریاں (کس گ، سک ر) صف.
روتا ہوا، غم زدہ، ملول، آنسو بہانے والا.

گِریباں (کس گ، ی مع نیز مج) اند.
لباس یا کرتے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے اور چھاتی کے وسط میں ہوتا ہے (اکثر تکمے دار).

گریبان پکڑنا ف مر: محاورہ. گریبان میں ہاتھ ڈالنا؛ سخت تقاضا کرنا.

گریبان پھاڑنا ف مر: محاورہ. گریبان ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ وحشت سے کپڑے پھاڑنا، دیوانہ ہونا.

گریبان چاک صف. جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو، گریباں پھاڑے ہوئے؛ (مجازاً) دیوانہ، سودائی.

گریبان میں جھانک کر دیکھنا / جھانکنا محاورہ. اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا؛ شرم سے گردن نیچی کرلینا.

گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا محاورہ. اپنا محاسبہ کرنا؛ اپنا جائزہ لینا.

گریجویشن (کس مع گ، ی لین، ضم ج، ی مج فت ش) اند.
فارغ التحصیل ہونا، گریجویٹ ہونا، سند حاصل کرنا (بیچلر کی). [انگ].

گریڈ (کس گ، ی مج) اند.
درجہ، مرتبہ، تنخواہ یا امتحان میں کامیابی وغیرہ کی درجہ بندی. [انگ].

گُریز (ضم گ، ی مج) امث.
۱. بھاگنا، فرار. ۲. علیحدگی، اجتناب، پرہیز، دُوری. ۳. (شاعری) قصیدے میں تمہید کے بعد اصل مضمون کی طرف متوجہ ہونا، تشبیب کے بعد مدح کی طرف آنا.

گریز پا صف: م ف. ۱. بھاگنے کے لیے تیار، فرار پر آمادہ. ۲. (مجازاً) ناپائیدار، بے ثبات، کمزور.

گریز کرنا ف مر: محاورہ. بھاگنا، اجتناب کرنا، احتراز کرنا.

گُریزاں (ضم گ، ی مج) صف.
۱. بھاگنے پر آمادہ، بھاگتا ہوا. ۲. متنفر، محترز. [ف].

گِریس (کس گ، ی مع) امث.
مشین میں ڈالنے کا روغن، چربی، چکنائی، کل پرزوں کو چکنا کرنے کا گاڑھا تیل ملا ہوا مادہ. [انگ].

گِرین کارڈ (کس گ، ی مع، سک ر) اند.
امریکہ میں قیام کرنے کا اجازت نامہ، امریکی اقامت نامہ. [انگ].

گِریوی (کس گ، ی لین) امث.
پکاتے وقت گوشت سے نکلنے والا عرق، سالن، مسالا جو کھانے میں پڑا ہو. [انگ].

گِریَہ (کس گ، سک ر، فت ی) اند.
رونا، آنسو بہانا، آہ و زاری، رقت.

گریہ و زاری امث. رونا چیخنا، دھاڑیں مار کے رونا؛ آہ و زاری، واویلا، کہرام. اف: کرنا/ ہونا.

گُڑ (ضم گ) اند.
۱. گنے کے رس کا سخت قوام، گنے کا قوام اور منجمد کیا ہوا شیرہ، قندِ سیاہ. ۲. (کنایۃً) مٹھاس، شیرینی. [س].

گڑ انبہ اند. گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں، میٹھا اچار جس میں آم اور سرکہ وغیرہ پڑتا ہے.

گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دے / دو کہاوت. جو کام آسانی اور نرمی سے نکل سکتا ہے اس میں سختی نہیں کرنا چاہیے.

گڑ کھائیں / کھاؤں، گلگلوں سے پرہیز کہاوت. ایک ڈھنگ کا کام کر کے دوسرے اسی ڈھنگ کے کام سے انکار کرنا؛ بڑی برائی کی پروا نہ کرنا اور چھوٹی سے بچنا.

گڑ نہ دے تو گڑ کی سی بات تو کہے کہاوت. اگر سلوک نہ کر سکے تو نرمی سے تو بولے، فائدہ نہ پہنچائے تو میٹھی باتیں تو کرے.

گڑ ہوگا تو مکھیاں بہت آجائیں گی کہاوت. دولت ہوگی تو حاجت مند بہت آ جائیں گے.

گڑا (فت گ) صف مذ.
گڑا ہوا، دبا ہوا؛ مرکبات میں مستعمل.

گڑا جانا محاورہ. حد درجہ شرمندہ ہونا، شرم سے مرا جانا.

گڑبڑ (فت گ، سک ڑ، فت ب) (الف) امث.
۱. اُلجھن، دشواری، جھمیلا، جھنجھٹ. ۲. جھگڑا، ہنگامہ، فساد، خلفشار. ۳. بے قاعدگی، بدنظمی، بے ترتیبی، ابتری. ۴. رُکاوٹ، خلل. (ب) صف. ۱. درہم برہم، تہ و بالا. ۲. ٹیڑھا، پیچیدہ، اُلجھا ہوا. ۳. گڈمڈ، خلط ملط.

گڑبڑ کرنا ف مر: محاورہ. ۱. دھوکے بازی کرنا. ۲. بکھیڑا ڈالنا. ۳. خرابی پیدا کرنا، حالت بگاڑنا.

گڑبڑ گھٹالا اند. اُلجھن میں ڈالنے والا معاملہ، جھمیلا، بکھیڑا، گھپلا.

گڑبڑانا (فت گ، سک ڑ، فت ب) (الف) ف ل.
گھبرانا، پریشان ہونا، سٹپٹانا. (ب) ف م. گھبرا دینا، سٹ پٹا دینا.

گَڑبَڑی (فت گ، سک ڑ، فت ب) امث.
کھلبلی، افراتفری، ہنگامہ، اضطراب.

گڑ جانا ف مر: محاورہ. ۱. گڑنا، کانٹے یا نشتر وغیرہ کا جسم میں چبھ جانا، پیوست ہو جانا. ۲. زمین میں داخل ہو جانا، دب جانا، دھنس جانا، دفن ہو جانا. ۳. نہایت شرمندہ ہو جانا، ازحد نادم ہونا، خجالت کے مارے سر نہ اٹھا سکنا. ۴. جم جانا، اڑ جانا، قائم ہو جانا.

گُڑگُڑ (ضم گ، سک ڑ، ضم گ) امث.
۱. حقہ پیتے ہوئے پانی کے بولنے کی آواز، حقہ پینے کی آواز. ۲. پیٹ میں ریاحوں کے دوڑنے کی آواز. [حکایت الصوت].

گِڑگِڑا کَر م ف. عاجزی سے منہ بگاڑ کر: منت سماجت کے ساتھ، رو رو کر.

گَڑگَڑانا (فت گ، سک ڑ، فت گ) ف ل.
۱. بادل کا گرجنا. ۲. طبل یا توپ وغیرہ کا بجتے یا چھوٹتے وقت آواز نکالنا، دھماکا کرنا. ۳. پہاڑ، چٹان وغیرہ کا سرکتے ہوئے آواز نکالنا. ۴. آنتوں کی حرکت سے پیٹ کا آواز نکالنا.

گِڑگِڑانا (کس گ، سک ڑ، کس گ) ف ل.
عاجزی کرنا، منت سماجت کرنا، معافی تلافی چاہنا. [س].

گُڑگُڑانا (ضم گ، سک ڑ، ضم گ) ف ل: ف م.
حقہ سے آواز نکالنا، حقہ پینا نیز حقے کی طرح آواز نکالنا.

گَڑگَڑاہَٹ (فت گ، سک ڑ، فت گ، ہ) امث.
۱. پیٹ کے بولنے کی آواز، قراقر. ۲. (i) گاڑی، مشین وغیرہ کے چلنے کی آواز. (ii) بھونچال کی آواز. ۳. بادلوں کے ٹکرانے کی آواز، گرج. ۴. گولیاں چلنے کی آواز، توپ چھوٹنے کی لگاتار آواز.

گُڑگُڑی (ضم گ، سک ڑ، ضم گ) امث.
حقے کی ایک قسم، چھوٹا حقہ.

گَڑنا (فت گ، سک ڑ) ف ل.
۱. دفن ہونا، زمین میں دب جانا. ۲. نصب ہونا، قائم ہونا، کھڑا ہونا. ۳. ڈٹنا، جم جانا، چپک جانا. ۴. چبھنا (کانٹا وغیرہ)، دھنسنا، گھسنا، پیوست ہونا. ۵. (مجازاً) شرمندہ ہونا، نادم ہونا، خجل ہونا، شرمسار ہونا.

گُڑَنبا/گُڑَنبہ (ضم گ، فت ڑ، غنہ/فت ب) امذ.
قند کے شیرے میں پکائے ہوئے کچے آم کے قتلے (بعض لوگ پکے آم کا بھی پکاتے ہیں) اور شیرے میں قدرے میدہ یا روا گھی میں بھون کر ملا دیتے ہیں.

گَڑوا (فت گ، سک ڑ) امذ.
۱. رقیق شے خصوصاً پانی رکھنے یا کسی بڑے برتن سے نکالنے کا ظرف جو مختلف شکل اور سائز کا ہوتا ہے، ہر قسم کی دھات کا اور ناریل کے خول اور تونبے کا بھی بنا ہوتا ہے، لوٹا. [س].

گَڑوانا (فت گ، سک ڑ) ف م.
زمین میں دبوانا، دفن کرانا.

گَڑوی (فت گ، سک ڑ) امث.
چھوٹا برتن جو ہندو پانی کے لیے استعمال کرتے ہیں، لٹیا.

گُڑہَل (ضم گ، سک ڑ، فت ہ) امذ.
۱. ایک درخت اور پھول (نیز اس کا پھل) جس کے پتے برگ توت کے مانند لیکن ان سے چھوٹے اور پھول سرخ رنگ گلنار سے مشابہ لیکن اس سے بڑا ہوتا ہے، اس کے پھول دواؤں اور شربت میں استعمال ہوتے ہیں. ۲. (کڑھت) جوتی کے اوپر کا پھندنا جو گڑہل کے پھول کے مشابہ ہوتا ہے، پھندنا. [س].

گَڑے (فت گ) صف.
دیکھیے: گڑنا کا حالیہ تمام، گڑا (ہوا) کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

گڑے مردے اُکھاڑنا/اکھیڑنا محاورہ. پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا، سوئے ہوئے فتنے کو جگانا، دبی بات کو چھیڑنا.

گُڑِیا (ضم گ، کس نیز سک ڑ) امث.
۱. کپڑے یا پلاسٹک وغیرہ کی بنی ہوئی پتلی جس سے بچپن میں لڑکیاں کھیلتی ہیں. ۲. (مجازاً) چھوٹی، ننھی، چھوٹے قد کی دھان پان. ۳. (بچی کو پیار سے کہتے ہیں)، خوب صورت، پیاری. [س].

گڑیا جیسی/سی صف مث. خوب صورت، پیاری (لڑکی).

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

گڑیا کا کھیل اند. سہل یا آسان کام، کھیل تماشا.

گڑھ (فت گ) اند.
۱. قلعہ، حصار، کوٹ. ۲. نگر، علاقہ، جگہ، مقام. ۳. ظرفیت کے لیے مرکب میں، خصوصاً اسمائے خاص میں جزو دوم کے طور پر (جیسے: علی گڑھ، اعظم گڑھ وغیرہ). [س].

گڑھا (۱) (فت گ) اند.
۱. کھدی ہوئی زمین، قعر؛ گھائی، کھائی، غار، کھوہ. ۲. بڑے منھ کا سوراخ جو بہت زیادہ گہرا نہ ہو. ۳. گور، قبر. ۴. حلقے، پچکی ہوئی جلد. ۵. پیٹ، شکم، معدہ. ۶. (کنایۃً) گہرا نشان جو ہنستے وقت رخسار میں پڑ جائے. ۷. ہاتھ کی ہتھیلی کی گہرائی.

گڑھا بھرنا ف مر؛ محاورہ. غار بند کرنا، گڑھے کو مٹی سے پر کرنا. ۲. روکھا سوکھا.

گڑھا (۲) (فت گ) صف.
بنایا، تراشا یا ڈھالا ہوا، (تراکیب میں مستعمل).

گڑھا بھوا ( ) پیٹ میں ڈالنا، بری بھلی چیز کھا کر پیٹ کی گی کو بجانا.

گڑھت (فت گ، ڑ ھ) مث.
۱. گھڑنے کا انداز، بناوٹ، وضع، ہیئت، شکل. ۲. گھڑی ہوئی بات، بنائی ہوئی چیز.

گُڑھل (ضم گ، فت ڑ ھ) اند.
دیکھیے: گڑہل.

گڑھنا (فت گ، سک ڑ ھ) ف م.
دیکھیے: گھڑنا، بنانا، ڈھالنا (زیور یا کوئی دھات).

گڑھی (فت گ) مث.
۱. دیکھیے: گڑھ کی تصغیر، چھوٹا قلعہ، کوٹلہ. ۲. قصبات اور دیہات میں کچی چار دیواری جس میں برجیاں بھی ہوتی ہیں.

گُڑھی (ضم گ) مث.
(رنگ سازی) کسی محلول میں غیر محلول ذرہ، وہ چھوٹا سا گڑھا جو رنگنے کے بعد نمایاں ہو جاتا ہے اور رنگائی کا عیب سمجھا جاتا ہے، پھکی.

گڑھے (فت گ) اند، ج.
دیکھیے: گڑھا کی جمع نیز مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل).

گڑھے پڑنا محاورہ. (بیماری کی وجہ سے) آنکھوں کے نیچے حلقے بن جانا.

گز (فت گ) اند.
لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ یا آلہ جو عموماً لکڑی یا لوہے کی سلاخ پر مبنی ہوتا ہے اس کی لمبائی تین فٹ یا چھتیس انچ ہوتی ہے. [ف].

گز بھر م ف: صف. ایک گز، ایک گز کے برابر.

گز بھر کا صف مذ. (کنایۃً) چھوٹی اور مختصر چیز کے مقابلے میں طول طویل، بہت لمبا، لمبی چوڑی چیز کے مقابلے میں چھوٹی، حقیر.

گز بھر کی صف مث. دیکھیے: گز بھر کا کی تانیث.

گز بھر کی زبان مث. اُس لڑکی کو کہتے ہیں جو بہت باتیں کرے، زبان دراز.

گزا (فت گ) صف مذ.
گز کا، گز والا، صفت عددی کے ساتھ مستعمل (جیسے: دوگزا، ڈھائی گزا).

گُزار (ضم گ) صف :- گزارہ.
گزارنے یا ادا کرنے والا کے معنوں میں مرکبات کا جزو دوم (جیسے خدمت گزار، گوش گزار وغیرہ).

گُزارا (ضم گ) اند.
۱. (i) گزر بسر، گزر اوقات. (ii) نباہ. ۲. وہ رقم جو گزر اوقات کے لیے ملے، وجہ معیشت.

گُزارِش (ضم گ، کس ر) مث.
عرض، بیان؛ درخواست (خاکساری ظاہر کرنے کے لیے).

گُزارِشات (ضم گ، کس ر) اند؛ ج.
دیکھیے: گزارش کی جمع، درخواستیں، عرضیاں، التجائیں.

گُزارْنا (ضم گ، سک ر) ف م.
۱. بسر کرنا، کاٹنا. ۲. پیش کرنا، داخل کرنا، سامنے رکھنا (عرضی وغیرہ).

گُزارَہ (ضم گ، فت ر) اند.
۱. گزر بسر، نباہ. ۲. وہ رقم جو گزر اوقات کے لیے ملے، وجہ معیشت ۳. اُترائی، گھاٹ کا کرایہ.

گزارہ کرنا محاورہ. زندگی گزارنا، گزر بسر کرنا؛ کام چلانا.

گُزاری (ضم گ) امث.
تراکیب میں جزو دوم کے طور پر پورا کرنا کے معنوں میں مستعمل، (جیسے: کارگزاری).

گُزاشت (ضم گ، سک ش) امث :- گذاشت.
واگزار کرنا، قبضے سے چھڑانا، چھوڑنا (جائداد وغیرہ).

گزاف (فت گ) امذ.
بکواس، ہرزہ گوئی، جھوٹ، کذب وافترا، فریب (عموماً لاف کے ساتھ مستعمل). [ف].

گزَٹ (فت گ، ز) امذ.
۱. ہفتہ وار یا یومیہ خبرنامہ، اخبار. ۲. وہ اخبار، خبرنامہ یا رسالہ جس میں سرکاری ضروری اعلانات، احکام اور ملازمین سرکار کے تقرر، تبدیلی وغیرہ سے متعلق خبریں درج ہوں، راج پتر.

گُزَر (ضم گ، فت ز) امذ.
۱. باریابی، رسائی، پہنچ. ۲. آنا جانا، آمد و رفت. ۳. عبور، اترائی، پار. ۴. راستہ، سڑک.

گزر اوقات/ بسر (کنایۃً) امث. گزارہ، بسر اوقات، نباہ، ذریعۂ معاش.

گزر جانا محاورہ. چلا جانا، راستے سے نکل جانا.

گزر گاہ امث. راہ، راستہ، گزرنے کی جگہ.

گزر ہونا محاورہ. کسی طرف جا نکلنا، اتفاق سے جانا. ۲. نباہ ہونا. ۳. جن، پری، بھوت وغیرہ کا کسی کے سر پر آنا یا سایہ ہونا.

گزرا فقرہ.
باز آیا.

گُزران (ضم گ، سک ز) امث :- گزراں.
۱. بسر اوقات، گزارہ. ۲. ایام زندگی، زمانہ عمر.

گُزَرنا (ضم گ، فت ز، سک ر) ف ل.
۱. بیتنا، بیتا پڑنا، تکلیف یا رنج وغیرہ پہنچنا (پر کے ساتھ). ۲. دنیا سے کوچ کر جانا، ختم ہو جانا. ۳. (i) زندگی یا دن کا بسر ہونا، کٹنا (ii) فاصلہ طے ہونا. ۴. واقع ہونا، پیش آنا. ۵. شک، ارادہ، خوف، خیال پیدا ہونا، خیال آنا یا تازہ ہونا.

گُزری (۱) (ضم گ، سک نیز فت ز) امث.
وہ بازار جو دن ڈھلے سڑک کے کنارے لگتا ہے، پینٹھ.

گُزری (۲) (ضم گ، سک ز) امث.
دیکھیے: گزرا، گزرنا کا ماضی کی تانیث، ماجرا پیش آیا، معاملہ ہوا، مصیبت پیش آئی؛ (تراکیب میں مستعمل).

گزری سو دل ہی پر گزری فقرہ. سب صدمے دل ہی پر اٹھائے زبان سے اُف تک نہ کی.

گُزَشت (ضم گ، فت ز، سک ش)
فارسی مصدر گذشتن کا ماضی تراکیب میں مستعمل بمعنی گزرا.

گزشت آنچہ گزشت کہاوت.
(فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) جو کچھ ہوا سو ہوا، جو کچھ گزرنا تھا سو گزر گیا، جو ہونا تھا ہوگیا اب اس کا کیا ذکر یعنی ماضی پر افسوس کرنا لاحاصل ہے.

گُزشتگاں (ضم گ، فت ز، سک ش، فت ت) امذ؛ ج.
گزرے ہوئے، مرے ہوئے لوگ، اسلاف.

گُزشتہ (ضم گ، فت ز، سک ش، فت ت) صف.
گزرا ہوا، پچھلا، سابقہ (واقعہ، زمانہ، بات وغیرہ).

گزشتہ را صلوۃ/ صلوات، آئندہ راہ احتیاط کہاوت. (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) گزری ہوئی باتوں کو بھول جاؤ اور آئندہ کے لیے احتیاط رکھو.

گزَک (فت گ، ز) امث.
کٹے ہوئے تل اور کھانڈ یا گڑ سے تیار کی ہوئی ایک خستہ مٹھائی جو سردی کے موسم میں استعمال کی جاتی ہے. [ف].

گزَند (فت گ، ز، سک ن) امث.
دکھ، تکلیف، رنج، مصیبت. [ف].

گزند پہنچانا محاورہ. کسی کو صدمہ، دکھ یا رنج پہنچانا، زخم لگانا.

گزند پہنچنا محاورہ. دکھ یا صدمہ پہنچنا، آزار یا پریشانی میں مبتلا ہونا.

گزی (فت گ) امث.
ادنیٰ قسم کا ایک سوتی دیسی کپڑا جو موٹا اور گھٹیا قسم کا ہوتا ہے عموماً کھڈی پر بنا جاتا ہے، کھدر. [ف].

گَزِیدَگی (فت گ، ی مع، فت د) امث.
ڈسے جانے کی کیفیت، وہ جگہ جہاں کسی جانور نے ڈسا ہو، ڈنک مارنا، کاٹنا نیز مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: سگ گزیدگی).

گَزِیدَہ (فت گ، ی مع، فت د) صف.
کاٹا ہوا، ڈسا ہوا عموماً مرکبات کے جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے: سگ گزیدہ وغیرہ).

گُزِیدَہ (ضم گ، ی مع، فت د) صف.
چنا ہوا، پسند کیا ہوا، منتخب، پسندیدہ.

گُزِیر (ضم گ، ی مع) امذ.
۱. چارہ، علاج، تدبیر ۲. (مجازاً) پناہ، بچاؤ، قرار.

گُزِیں (ضم گ، ی مع) صف.
پسند کرنے والا، چننے والا، اختیار کرنے والا کے معنوں میں مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: جاگزیں، پناہ گزیں وغیرہ).

گُسار (ضم گ) صف.
کھانے یا پینے والا کے معنوں میں مرکبات کے جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: غم گسار وغیرہ). [ف].

گُساری (ضم گ) امث.
کھانا یا پینا کے معنوں میں مرکبات کے جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے: غم گساری وغیرہ).

گُستاخ (ضم گ، سک س) صف.
۱. بے باک، شوخ، بے شرم ۲. بری باتوں میں جری، بدتمیز، بدزبان.
۳. سرکش، نافرمان. [ف].

گُستاخانَہ (ضم گ، سک س، فت ن) صف؛ م ف.
جس میں شوخی یا بے ادبی شامل ہو، بے باکانہ، دلیرانہ، نڈر ہو کر.

گُستاخی (ضم گ، سک س) امث.
۱. شوخی، بے باکی، بے شرمی؛ بدتمیزی ۲. تحقیر، حقارت، شرارت.
گستاخی معاف ہو فقرہ. جملہ معترضہ کے طور پر جب کوئی شخص کوئی بات خلاف تہذیب یا دوسرے کے خلاف مزاج زبان سے ادا کرتا یا کسی دوسرے کی بات کو ٹوک یا روکتا ہے تو یہ کلمہ ادا کرتا ہے.

گُستَر (ضم گ، سک س، فت ت) صف.
بچھانے والا، کسی چیز کی افراط کرنے والا، عموماً مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: عدل گستر، کرم گستر وغیرہ). [ف].

گُسِل (ضم گ، کس س) صف.
توڑنے والا، ٹوٹنے والا یا تباہ کرنے والا کے معنوں میں مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے: جاں گسل وغیرہ). [ف].

گَشت (فت گ، سک ش) امذ.
۱. سیر، تفریحاً گھومنا پھرنا ۲. دور، چکر ۳. دورہ پولیس یا کسی حاکم کا.
۴. مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے: گلگشت، مژگشت وغیرہ). [ف].
گشت کرنا محاورہ. ۱. دورہ کرنا، چکر لگانا، گھومنا پھرنا ۲. پولیس، فوج یا حاکم وغیرہ کا نگرانی اور دیکھ بھال کے لیے دورے پر جانا، چل پھر کر معائنہ کرنا ۳. سیر کرنا، تفریحاً گھومنا پھرنا.

گَشتَہ (فت گ، سک ش، فت ت) صف.
پھرا ہوا، بدلا ہوا، آیا ہوا، (عموماً) مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، (جیسے: سرگشتہ، گم گشتہ وغیرہ).

گَشتی (فت گ، سک ش) صف.
۱. (i) گھومنے پھرنے والا، مارا مارا پھرنے والا، آوارہ. (ii) بدچلن بدکردار، گاؤں گاؤں پھرنے والی رنڈی ۲. جسے تمام متعلقہ لوگوں کے نام جاری کیا جائے، عام اطلاع نامہ، سرکار (جیسے: گشتی حکم وغیرہ) [ف].

گُفت (ضم گ، سک ف) امث.
کہنا، ذکر کرنا، بیان کرنا، عموماً تراکیب میں مستعمل (جیسے: گفت وشنید) بات چیت. [ف].
گفت و شنید امث. ۱. آپس میں کہنا سننا، بات چیت، گفتگو، ذکر اذکار ۲. تکرار، حجت، سوال جواب.

گُفتار (ضم گ، سک ف) امث.
۱. بول چال، گفتگو، کلام ۲. گویائی، تکلم ۳. گالی کا مرادف، جیسے گالی گفتار بجائے گالی گلوچ ۴. مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل (جیسے: شیریں گفتار وغیرہ).

گفتار کا غازی اند. صرف بات کرنے والا، منھ سے بہت کچھ کہنے والا لیکن عملاً کچھ نہ کرنے والا.

گُفتگُو (ضم گ، سک ف، ت، و مع) مث :- گفت گو.
ا. بات چیت، بول چال، تقریر، کلام ۲. شک، شبہ ۳. تامل، ہچکچاہٹ.

گُفتَہ (ضم گ، سک ف، فت ت) صف.
کہا ہوا.

گِفٹ (کس گ) اند.
تحفہ، سوغات. [انگ].

گگرا (فت گ، گ نیز سک گ) اند.
پیتل، تانبے یا کانسی وغیرہ کا بنا ہوا بڑا گھڑا.

گگن (فت گ، گ) اند.
آسمان، فلک. [س].

گَل (۱) (فت گ) اند.
ا. مچھلی پکڑنے کا کانٹا، ہک ۲. گال کی تخفیف؛ تراکیب میں مستعمل (جیسے: گل پھولا، گل تکیہ وغیرہ). [س].

گل چھپے اند؛ ج. مردوں کے وہ بال جو ٹھوڑی کے بال منڈوانے کے بعد رخساروں پر چھوڑ دیتے ہیں.

گَل (۲) (فت گ) اند.
دیکھیے: گلا کا مخفف؛ تراکیب میں مستعمل. [س].

گل پھڑا/ گلپھڑا اند. مچھلی کے جبڑے سے ملا ہوا سر کے حصے کے پیچھے دونوں طرف سرخ رنگ کا کنگھی نما عضو.

گَل (۳) (فت گ) مث.
بات، بات چیت، کہنا، معاملہ، دھندا، مسئلہ. [پن: مقامی].

گَل (۴) (فت گ) امر.
ا. ملائم، سڑا ہوا، پگھلا ہوا (گلنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل) ۲. روپے وغیرہ کا ضائع ہونا ۳. گوشت کا سڑ جانا، عضو کا بے کار ہونا ۴. بوسیدہ ہونا.

گل جانا ف مر؛ محاورہ. ا. گھلنا، پگھلنا، رقیق ہونا ۲. چاول، گوشت یا ترکاری وغیرہ کا زیادہ پک کر نرم ہو جانا ۳. سڑنا، داغ لگنا پھل وغیرہ کا خراب ہو جانا ۵. بوسیدہ ہونا، کپڑے وغیرہ کا پرانا اور خراب ہو جانا.

گل سڑ جانا محاورہ. سڑ جانا، خراب ہو جانا.

گِل (کس گ) مث.
گیلی مٹی، نرم مٹی، رطوبت زدہ زمین، دلدل. [ف].

گُل (۱) (ضم گ) (الف) اند.
ا. دیکھیے: پھول ۲. داغ یا نشان جو کسی دھات کو گرم کر کے جسم پر دیا جائے نیز گودنے یا کھرونچے وغیرہ کا نشان ۳. جانور یا پرند کے جسم پر اس کے رنگ سے مختلف رنگ کا گولائی لیے ہوئے دھبا، نشان یا چتی ۴. چراغ یا شمع وغیرہ کی بتی کا جلا ہوا سرا ۵. (کنایۃً) محبوب، معشوق، دلبر ۶. وہ پھول جو کپڑے پر کاڑھتے ہیں ۷. کسی لجلجی چیز کی لگدی، جیسے: ٹوتھ پیسٹ کی ٹیوب سے نکالا ہوا پیسٹ. [ف].

گل افشاں صف :- گل فشاں. (لفظاً) پھول برسانے والا، پھول بکھیرنے والا، گل ریز؛ (مجازاً) اچھی باتیں کرنے والا، خوب صورتی سے باتیں کرنے والا، خوش گفتار، خوش بیاں.

گل افشانی کرنا ف مر؛ محاورہ. خوش بیانی سے کام لینا، لچھے دار باتیں کرنا نیز طنزاً مستعمل.

گل اندام صف. جس کا بدن پھول کی طرح رنگین و نازک ہو، نزاکت و حسن کا پیکر؛ مراد: محبوب، معشوق.

گل باڑی مث. باغ، باغیچہ.

گل بدن (الف) صف. پھول جیسے رنگ کا اور لطیف و نازک جسم والا، گلاب کے پھول جیسا حسین و جمیل؛ مراد: معشوق، محبوب. (ب) اند. (پارچہ بافی) مختلف وضع کا دھاری دار اور پھول دار ریشمی اور سوتی کپڑا جو کسی زمانہ میں وسط ایشیا کے علاقے سے براہِ کابل ہندوستان میں آتا تھا.

گل بوٹا/ گل بوٹے اند؛ ج. ا. پھول اور پودے؛ مراد: سجاوٹ، آرائش، زیبائش، بناؤ، سنگار ۲. نقش و نگار.

گل پاشی مث. پھول برسانا، پھول بکھیرنا.

گل پوش صف. پھولوں سے لدا ہوا، پھولوں سے ڈھکا ہوا، پھولوں سے مزین؛ ایسا لباس پہنے ہوئے جس پر پھول اور نقش و نگار یا پھول جیسے نشانات بنے ہوں.

گل تراشی مث. گل کترنا، گل کاٹنا؛ انوکھی باتیں کرنا، نئے نئے شعبدے یا حیلے ایجاد کرنا.

گل چیں صف. ۱. پھول توڑنے یا چننے والا، باغباں، باغ کا مالی. ۲. (استعارۃً) استفادہ کرنے والا، فائدہ اٹھانے والا.

گل دان اند. ظرف جس میں پھول یا پھولوں کا گلدستہ رکھا جاتا ہے.

گل دستہ اند. ۱. مختلف پھولوں کا گچھا، ان شاخوں کا بندھا ہوا گچھا جن پر پھول کھلے ہوں. ۲. محراب یا طاق جہاں اذان دیتے ہیں. ۳. خصوصی رسالہ جس میں عموماً شعرا کا طرحی کلام شائع ہو.

گل دینا محاورہ. (شناخت کے لیے یا سزا کے طور پر) نشان ڈالنا.

گل رُخ / گلرُخ صف اند. جس کا چہرہ پھول جیسا ہو؛ (کنایۃً) حسین و جمیل خوب رو.

گل رعنا اند. ۱. ایک پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے اور دوا کے طور پر مستعمل ہے. ۲. (مجازاً) حسین و جمیل: خوب رو، محبوب، معشوق.

گل رنگ / گلرنگ صف. ۱. پھول کے رنگ کا، گلابی، سرخ پھول جیسا، ارغوانی. ۲. (مجازاً) نازک و حسین، بہت خوب صورت، محبوب، دلبر.

گل رنگ بنانا ف مر؛ محاورہ. خوب صورت رنگین بنانا، سجانا، مزین کرنا.

گل رُو / گلرو صف. پھول جیسے چہرے والا، گل رخ؛ (مجازاً) حسین و جمیل.

گل ریز صف. ۱. پھول بکھیرنے والا، پھول کی بارش کرنے والا، گل بار، گل افشاں. ۲. ایک قسم کی آتش بازی یعنی پھل جھڑی، گل فشاں.

گل زار / گلزار اند. ۱. جگہ جہاں کھلے ہوئے پھولوں کی بہتات ہو، گلستاں، چمن، گلشن. ۲. (مجازاً) چہل پہل کی جگہ، پر رونق جگہ، بارونق مقام. ۳. (خطاطی) ایک خط کا نام جس میں حرفوں کے اندر بیل بوٹے بناتے ہیں، خط بیاں، خط گزار. ۴. ایک راگ کا نام.

گل سرسبد اند. پھولوں کی ٹوکری کا عمدہ اور سب سے اوپر کا پھول، چیدہ اور عمدہ پھول؛ مراد: ممتاز، بہترین سب سے عمدہ.

گل صحرائی اند. جنگل میں کھلنے والا پھول؛ (کنایۃً) شخص جس کی قدر نہ کی گئی ہو، جو گمنامی میں ہو، جس کی خوبی کو کوئی نہ جانے.

گل عذار صف. جس کے رخسار پھول کے رنگ کے ہوں؛ (مجازاً) حسین معشوق.

گل فام اند. پھول کے رنگ کا، خوب صورت؛ (کنایۃً) معشوق.

گل قند اند. گلاب کی پتیوں اور شکر سے تیار کیا ہوا ایک مرکب.

گل کدہ اند. وہ جگہ جہاں پھولوں کی کثرت ہو، پھلواری، گلزار، گلستان.

گل کھلانا ف مر؛ محاورہ. ۱. پھول کھلانا، شعبدہ بازی کرنا. ۲. آفت یا مصیبت ڈالنا، رنج و الم میں مبتلا کرنا. ۳. ثمرہ دینا، رنگ لانا، نتائج پیدا کرنا. ۴. صنعت یا حسن کاری کرنا. ۵. شوشہ چھوڑنا، شگوفہ کھلانا.

گل کھلنا محاورہ. ۱. گل کھلانا کا لازم، پھول کھلنا یا شگفتہ ہونا. ۲. کوئی عجیب یا انوکھا کام ہونا، عجیب واقعہ پیش آنا. ۳. آفت آنا، مصیبت میں مبتلا ہونا.

گل گوں (الف) صف. ۱. گلاب کے رنگ کا، گلابی، سرخ. ۲. (مجازاً) جام، شراب. (ب) اند. شیریں کا گھوڑا جس کا رنگ سرخی مائل تھا، عمدہ اور چالاک گھوڑا، سرخ گھوڑا.

گل نار / گلنار اند. ایک درخت جو انار سے مشابہ ہوتا ہے اور اس میں بڑے بڑے پھولوں کے سوا جو گلاب کی مانند ہوتے ہیں پھول نہیں لگتا، انار کا پھول؛ (کنایۃً) سرخ شوخ رنگ رکھنے والا.

گل و گلزار صف. ۱. پھول بوٹے، ہرا بھرا سبزہ، سبزہ کی جگہ، خوب صورت جگہ. ۲. پر رونق، پر بہار، آباد. ۳. سجا ہوا، خوب صورت، مزین. ۴. عروج شباب (کا زمانہ).

گل ہونا محاورہ. چراغ، آگ یا روشنی وغیرہ کا بجھ جانا، بجھ جانا، بے نور ہونا.

گُل (۲) (ضم گ) مث.
گولا یا گولی کا مخفف، بطور سابقہ مستعمل.

گل چھرے / چھڑے اند؛ ج. مزے، عیش و طرب، تفریح.

گل چھرے اُڑانا محاورہ. مزے اڑانا یا کرنا، عیش اڑانا، عیش کرنا.

گل گوتھنا صف مذ. (بچے کی صفت) بھرے ہوئے گالوں والا، موٹا تازہ، فربہ.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (ملفوظ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گلا (۱) (فت گ) اند.

۱.انسان یا جانور کی گردن کا اگلا حصہ ، گلو .۲.حلق ، نرخرا .۳.کرتے یا اچکن وغیرہ کا وہ چاک یا حلقہ جو گردن کے لیے بنایا جاتا ہے ، گریبان کے اوپر کا حصہ نیز پورا گریبان .۴.کسی ظرف مثلاً صراحی ، گھڑے یا دیگچی وغیرہ کا وہ حصہ جو اس کے منھ اور پیٹ کے درمیان ہوتا ہے ، گردن .۵.(مجازاً) آواز ، لحن ، سر . [س].

گلا بیٹھ جانا / بیٹھنا محاورہ. آواز حلق سے پوری طرح نہ نکلنا ، آواز کا بہت بھاری ہو جانا ، آواز بھرا جانا.

گلا پکڑنا محاورہ. ۱.گردن پکڑنا ، ٹینٹوا دبانا ، مغلوب کرنا .۲.تنگ کرنا ، تکلیف دینا ، ستانا .۳.کسی کسیلی کھٹی یا کچی چیز یا ناقص اور تیز تمبا کو وغیرہ کا حلق میں سوزش پیدا کرنا.

گلا پھاڑ پھاڑ کر م ف. چیخ چیخ کر ، چلا چلا کر ، زور زور سے.

گلا پھاڑنا محاورہ. (حقارۃً) زور سے چیخنا ، چلا کر بولنا یا گانا ، بے سری اور زوردار آواز نکالنا.

گلا دبانا محاورہ. ۱.گلا گھونٹنا ، زور سے گلا پکڑنا ، سانس بند کر دینا .۲.منھ بند کرنا ، آواز نکالنے یا بات کرنے سے روکنا.

گلا کاٹنا محاورہ. ۱.خودکشی کرنا .۲.ذبح کرنا ، قتل کرنا .۳.ظلم کرنا ، ستم کرنا ، ستانا .۴.دھوکے بازی سے کسی کا مال مارنا ، حق تلفی کرنا ، کسی کا حق چھیننا.

گلا گھوٹنا / گھونٹنا محاورہ. ۱.دم گھونٹ کر مار دینا .۲.گلا بھینچنا .۳.بولنے سے جبراً روکنا ، منھ بند کر دینا.

گلا (۲) (فت گ) صف مذ.

خوب پکا ہوا ، گھلا ہوا نیز بوسیدہ ، سڑا ہوا.

گلا سڑا صف مذ؛ (مث: گلی سڑی). بوسیدہ ، خراب و خستہ ، سڑا بسا ، ناکارہ.

گِلا (کس گ) اند؛ ــ گِلہ.

شکایت ، شکوہ.

گلّا (فت گ ، شد ل) اند.

ظرف جس میں دوکان دار بکری کی نقدی رکھتے ہیں ؛ چھوٹے منھ کا برتن جس میں نقدی رکھتے ہیں ؛ غلک ، گولک.

گُلاب (ضم گ) اند.

۱.ایک خوب صورت اور خوش بودار پھول نیز اس کے پودے کا نام ، پھول عموماً ہلکا سرخ (گلابی) ہوتا ہے ، سرخ ، زرد اور سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے .۲.گلاب کے پھولوں کا عرق جو کھانوں میں خوشبو کے لیے اور امراض میں دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے . [ف: گُل + آب کا مخفف].

گلاب پاش اند. صراحی نما ظرف جس میں گلاب کا عرق بھر کر چھڑکتے ہیں.

گلاب پاشی مث. گلاب کا عرق چھڑکنا ، گلاب کی پتیاں نچھاور کرنا.

گلاب جامن مث. ۱.جامن کی ایک قسم جس میں سے گلاب کی سی خوشبو آتی ہے .۲.کھوئے میں تھوڑا میدہ ملا کر بنائے ہوئے گلگلے گھی میں تل کر اور شیرے میں ڈبو کر بنائی ہوئی ایک مٹھائی.

گُلابی (ضم گ) (الف) صف.

۱.گلاب کے رنگ کا ، ہلکا سرخ ، گلگوں نیز گہرا پیازی .۲. ہلکا ، کم کم ، خوش گوار جو شدت نہ رکھتا ہو (جیسے : گلابی جاڑا وغیرہ) . (ب) اند. گلاب کے پھول کا رنگ ، ہلکا لال رنگ ، ہلکی سرخی . (ج) مث. شراب کا گلاس ، شراب کا پیالہ ، ساغر ، جام.

گلابی اُردو مث. جو عربی اور فارسی کے ثقیل و غریب الفاظ اور دور از کار تشبیہ و استعارات سے پاک ہو.

گلابی جاڑا اند. ۱.خفیف سا جاڑا جو موسم سرما کے آخر اور موسم بہار کے آغاز میں ہوتا ہے ، موسم بہار کا آغاز جب ہلکی سردی ہوتی ہے. ۲.موسم سرما کا آغاز جب ہلکی سردی پڑتی ہے.

گِلاس (کس گ) اند.

۱. پانی ، شربت یا شراب وغیرہ پینے کا لمبا ظرف جو شیشے یا دھات کا بنا ہوا ہوتا ہے .۲.شیشے کا لمبا پیالہ نما ظرف یا ہانڈی یا کنول جو شمع پر چڑھاتے ہیں ، جو پیالے کی شکل کا ظرف ہوتا ہے اسے دیوار پر آویزاں بھی کرتے ہیں .۳.عینک کا شیشہ .۴.گھڑی یا فوٹوگراف وغیرہ کا شیشہ. ۵.شیشہ ، آئینہ . [انگ].

گُلال (ضم گ) اند.

سرخ رنگ کا سفوف جو ہولی کے تہوار پر ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں . [س].

گَلانا (فت گ) ف م.
۱. کسی دھات کو زیادہ آنچ دے کر پگھلانا. ۲. سڑانا، بوسیدہ کرنا. ۳. گوشت ترکاری وغیرہ کو اتنا پکانا یا اُبالنا کہ وہ نرم ہو جائے، گداز کرنا. [س].

گَلاوَٹ (فت گ، و) مث.
۱. گل جانے کی حالت، گداز پن، ملائمت، گلائی، گلاؤ. ۲. (مجازاً) دھیما پن، نرمی.

گَلپھڑا (فت گ، سک ل، فت پھ) مذ؛ - (ج: گلپھڑے).
مچھلی کے جبڑے سے ملا ہوا سر کے حصے کے پیچھے؛ دونوں طرف سرخ رنگ کا کنگھی نما عضو.

گُلَتّھی (ضم گ، فت ل، شد تھ) مث.
۱. گرہ، عقدہ، اُلجھاؤ، پیچیدگی. ۲. چاول جو پکنے میں آپس میں گُتھ گئے ہوں یا گولے بن گئے ہوں (یہ پکانے کی ایک خامی ہے). ۳. زیادہ پانی میں پکے ہوئے نرم چاول جو عموماً مریض کو دیے جاتے ہیں.

گِلٹی (کس گ، سک ل) مث.
سخت قسم کا اُبھار جو کسی مرض سے، گلے، سینے، بغل یا کسی دوسرے عضو بدن میں پیدا ہو جائے، بغیر منھ کا پھوڑا یا گانٹھ جو مرض کے طور پر پیدا ہو جائے. ۲. گلے یا جسم کے کسی اور حصہ کا غدہ یا گانٹھ جو فطری طور پر پایا جاتا ہے، غدود. [مقامی].

گُلْدَسْتَہ (ضم گ، سک ل، فت د، سک س، فت ت) مذ؛ - گل زار.
۱. مختلف پھولوں کا گچھا، ان شاخوں کا بندھا ہوا گچھا جن پر پھول کھلے ہوں. ۲. خصوصی رسالہ جس میں عموماً شعراء کا طرحی کلام شائع ہو.

گُلزار (ضم گ، سک ل) (الف) مذ.
۱. جگہ جہاں کثرت سے پھول کھل رہے ہوں، چمن، گلشن، پھلواری. ۲. (خطاطی) ایک خط کا نام جو پھول بوٹوں کی شکل میں لکھا جاتا ہے، خطِ بہار، خطِ گلزار. ۳. (ب) صف. بارونق، آباد، معمور.

گلزار بنانا محاورہ. ۱. آباد کرنا، چہل پہل کرنا، رونق بخشنا. ۲. مشکل آسان کر دینا.

گُلِسْتان (ضم گ، سک نیز کس ل، کس نیز سک س) مذ.
جگہ جہاں پھول بہ کثرت ہوں، چمن، گلزار، پھلواری.

گِلِسِیرِین (کس گ، ل، س، ی مع) مث؛ - گلیسرین.
(نباتیات) حیوانی اور نباتی روغنوں سے حاصل کیا جانے والا ایک بے رنگ، بے بو، قدرے میٹھے ذائقہ والا لِلْکھلی قسم کا ایک مرکب جو چربی و تیل کی صابن سازی سے اخذ کیا جاتا ہے بطور محلول استعمال ہوتا ہے، دواءً مستعمل. [انگ].

گُلْشَن (ضم گ، سک ل، فت ش) مذ.
۱. ایسا باغ جہاں کثرت سے پھول کھلے ہوں، چمن، گلزار، پھلواری. ۲. رونق یا مسرت اور خوشی کی جگہ، نشاط و عشرت کا مقام.

گُلفام (ضم گ، سک ل) صف.
گلاب کے پھول کے رنگ کا، گلاب جیسا رنگین، سرخ و سفید؛ (مجازاً) نازک، حسین، محبوب.

گِلگِلا (کس گ، سک ل، کس گ) صف مذ (مث: گلگلی).
لجلجلا، ڈھیلا ڈھالا.

گُلگُلا (ضم گ، سک ل، ضم گ) مذ.
آٹے میں شکر یا گڑ وغیرہ گھول کر تیل یا گھی میں تلا ہوا ایک شیریں پکوان.

گُلگوتھنا (ضم گ، سک ل، و مج، سک تھ) صف.
گول مٹول، خوب صورت (بچے کی صفت) بھرے ہوئے گالوں والا، موٹا تازہ، فربہ.

گُلَم (ضم گ، فت ل) مذ.
وہ سختی جو پیشانی یا سر پر کسی چوٹ سے پیدا ہو جاتی ہے، گومڑا.

گَلنا (فت گ، سک ل) ف ل.
۱. سڑنا، بوسیدہ ہونا، داغ دار یا بدبودار ہونا، خراب ہو جانا. ۲. پگھلنا، ملائم ہو جانا. ۳. پک کر نرم ہونا، کھانے کے قابل ہونا، پکنا. ۴. ضائع ہونا، برباد ہونا. ۵. بگڑنا، خراب ہو جانا، بدشکل ہو جانا. [پ + س].

گُلنار (ضم گ، سک ل) (الف) مذ؛ - گل نار.
ایک قسم کا انار کا درخت جس میں پھل نہیں لگتا صرف پھول آتے ہیں. (ب) صف. شوخی لیے ہوئے سرخ رنگ.

گلنار ہونا محاورہ. رنگ سرخ ہو جانا، چہرہ تمتما جانا.

گُلُو (ضم گ، و مع) اند.
۱. دیکھیے : گلا، گردن. ۲. آواز عموماً مرکبات میں (جیسے : خوش گلو وغیرہ). [ف].

گلو بند اند. ۱. عموماً اونی یا ریشمیں پٹکا جو مرد سردیوں میں گلے میں ڈالتے ہیں بعض سر پر بھی لپیٹ لیتے ہیں، مفلر. ۲. کپڑا جو بال ترشواتے وقت، کھانا کھاتے وقت گلے میں باندھ کر لٹکاتے ہیں. ۳. گلے میں پہننے کا زیور سادا اور جڑاؤ دونوں طرح کا ہوتا ہے عام طور پر پٹری دار اور نیچے کی کور پر گھنگرو کی جھالر ہوتی ہے اور جڑاؤ میں موتیوں کی.

گلو خلاصی امث. کسی جھگڑے یا مصیبت وغیرہ سے رہائی، چھٹکارہ، کسی پریشانی یا الجھن سے نجات پانا.

گلو کار اند. ۱. (امث : گلوکارہ) گانے والا، گویا، مطرب، مغنی.

گلو کاری امث. گانا گانا، گلوکار کا کام یا پیشہ.

گلو گیر صف. ۱. گلے یا گردن میں پھنسا ہوا، گلے سے لپٹا یا لٹکا ہوا. ۲. گلا پکڑنے یا گھونٹنے والا. ۳. گتھم گتھا، دست و گریباں، گلے میں اٹک جانے والا، رندھی ہوئی، گلے میں پھنسی ہوئی جو بہ مشکل گلے سے نکلے (آواز، لہجہ وغیرہ). ۴. اتہام یا الزام دھرنے والا.

گلو گیر ہو جانا / ہونا محاورہ. رندھا ہو جانا، رنجیدہ ہو جانا، گڑگڑانا.

گِلّو (کس گ، شد ل، و مج) امث.
۱. (بچوں کو بہلاتے وقت) گلہری، کٹو، جیسے : آ جا ری گلو آ جا میرے ننھے کا جی بہلا جا.

گُلوب (ضم گ، و مج) اند.
۱. ایک گولا جس پر کرۂ زمین کا نقشہ دیا ہوا ہوتا ہے، کرہ، کرہ ارض. ۲. (تشکیلی) لیمپ کی چمنی کا چینی یا شیشے کا مدور سرپوش جو خاص خاص قسموں کے لیمپوں میں لگا ہوتا ہے، برقعۂ فانوس. [انگ].

گِلَوری (کس گ، و لین) امث.
بنایا ہوا پان جو ایک خاص وضع پر لپیٹا جاتا ہے، بیڑا. [پ + س].

گلوری دبانا محاورہ. کھانے کے لیے پان منھ میں رکھنا.

گُلُوکوز (ضم گ، و مع، و مج) اند.
(طب) انگور سے کیمیائی طریق پر تیار کی ہوئی شکر جو قوت پہنچاتی ہے. [انگ].

گَلّہ (فت گ، شد ل بفت) اند.
۱. چوپایوں کا ریوڑ. ۲. جھنڈ؛ غول. ۳. دوکان دار وغیرہ کا نقدی رکھنے کا ظرف، غلہ. [ف].

گلہ بان اند. چرواہا، گڈریا، گلے کا نگران و نگہبان.

گلہ بانی امث. بھیڑ بکریاں چرانا، ریوڑ ہانکنا، گلہ بانی کا کام یا پیشہ؛ (مجازاً) پاسبانی، رہنمائی، ہدایت.

گِلَہ (کس گ، فت ل) اند.
شکایت، شکوہ، اُلاہنا. [ف].

گلہ جاتا رہنا محاورہ. شکایت باقی نہ رہنا، صفائی ہو جانا.

گلہ شکوہ اند. شکوہ شکایت، ناراضگی.

گلہ کرنا محاورہ. شکوہ کرنا، شکایت کرنا.

گلہ ہونا محاورہ. شکایت ہونا، شکوہ ہونا، ناراضگی ہونا.

گِلَہری (کس گ، فت ہ ل، سک ہ) امث.
۱. چوہے کی مانند ایک جانور جس کی دم موٹی روئیں دار ہوتی ہے، رنگ میلا سفیدی مائل، اس کی پیٹھ پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں عموماً درختوں پر رہتی ہے. ۲. (مجازاً) ننھی سی بچی، کٹو.

گَلی (۱) (فت گ) امث.
محلّہ یا بستی کا تنگ راستہ جس میں دو رویہ مکان بنے ہوں، کوچہ، تنگ سڑک. [س].

گلی کوچہ اند. گلی گلی، مراد: ہر رہ گزر، ہر راستہ.

گلی گلی م ف. ہر گلی کوچہ میں، جگہ جگہ، ہر کوچہ میں.

گلی (۲) (فت گ) صف مث.
گلی ہوئی، بوسیدہ، خراب، ناقابلِ استعمال، خستہ.

گِلّی (کس نیز ضم گ، شد ل نیز بلا شد) امث.
۱. لکڑی کا چھوٹا سا ہموار کیا ہوا ٹکڑا جس کے دونوں سرے نکیلے بنائے جاتے ہیں، لڑکے ڈنڈے سے مار کر کھیلتے ہوئے ڈنڈا کے ساتھ مستعمل. ۲. (پنہاری) چکی کے اوپر کے پاٹ کے سوراخ کے بیچ میں آڑا لگا ہوا لکڑی کا ٹکڑا جس کے بیچ میں ایک سوراخ ہوتا ہے جس میں نیچے کے پاٹ کی کیلی رہتی ہے، مانی. ۳. مخروطی شکل کی گول چھوٹی لکڑی. [س].

گلی ڈنڈا اند. لڑکوں کا ایک کھیل جس میں گلی کو ڈنڈے سے مار کر اُچھالا اور دُور پھینکا جاتا ہے ، دوسرے کھلاڑی گلی کو واپس اس کی جگہ گچی (ایک چھوٹا سوراخ) پر لوٹانے کی کوشش کرتے ہیں پہلے گو چنے (Catch) کی کوشش کرتے ہیں اگر گوچ نہ سکے تو گلی کو اٹھا کر رکھے ہوئے ڈنڈے پر پھینک کر مارا جاتا ہے اس میں کامیابی گلی کو ڈنڈے کو مارنے پر لوٹانے والے کی جیت سمجھی جاتی ہے .

گَلے (فت گ) اند.
گلا کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

گلے پر چھری پھرنا محاورہ. جان سے مارا جانا ، ظلم ہونا ، حق تلفی ہونا .

گلے پڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گلے کا ہار بننا؛ کسی شخص ، چیز یا مصیبت وغیرہ کا پیچھے لگنا. ۲. کوئی چیز بلا رضا و رغبت کسی کے ذمے پڑنا ، حصے میں آنا ، ملنا. ۳. کوئی بُری بات سر تھوپنا ، کسی فعل کا ذمہ دار قرار دینا . ۴. کسی بات کے لیے کسی کے پیچھے پڑنا ، مُصر ہونا. ۵. بے رضا و رغبت نکاح میں آنا .

گلے سے لگائے رکھنا محاورہ. نہایت پیار اور محبت کے سبب چھاتی سے چمٹائے رکھنا ، الفت کے مارے جدا نہ ہونے دینا .

گلے سے لگنا محاورہ. بغل گیر ہونا ، چھاتی سے لگنا ، ہم کنار ہونا ، ہم آغوش ہونا؛ ملنا ، لپٹنا.

گلے کا تعویذ اند. ۱. وہ تعویذ جو گلے میں ڈالتے ہیں ؛ (کنایۃً) ہروقت ساتھ رہنے والا. ۲. نہایت عزیز چیز جسے چھوڑنے کو دل نہ چاہے ، بہت متبرک چیز ، یادگار چیز جس کو الگ نہ کرے ، کمال حفاظت سے رکھنے کے لائق چیز.

گلے کا طوق اند. (مجازاً) اجیرن ، بارِ خاطر ، وبالِ جان .

گلے کا ہار اند. ۱. ہار جو گلے میں پہنا جائے. ۲. (i) (بچہ) جو ہروقت ماں سے چمٹا رہے. (ii) نثار یا فدا ہونے والا ، گرویدہ نیز عزیز ، پیارا ، دم کا ساتھی. (iii) زبردستی گلے پڑنے والا ، پیچھے لگنے والا ، دامن گیر ، سر ہو جانے والا. ۲. وبالِ جان .

گلے کا ہار بننا محاورہ. ہر وقت ساتھ رہنا ، چمٹے رہنا .

گلے گلے م ف. ۱. گلے تک. ۲. ہر طرح ، خواہ کچھ بھی ہو ، ہر حال میں .

گلے گلے پانی (الف) اند. اتنا پانی جس میں انسان گلے تک ڈوب جائے ، ڈباؤ پانی. (ب) م ف. چاہے لبوں پر جان ہی کیوں نہ ہو ، خواہ کچھ بھی ہو ، ہر حالت میں ، ہر طرح.

گلے لگانا محاورہ. ۱. پیار یا محبت سے سینے سے لگانا ، معانقہ کرنا ، چمٹانا ، بغل گیر ہونا. ۲. محبت جتانا ، تسلی دینا .

گلے لینا محاورہ. مول لینا ، قبول کرنا ، ذمہ دار بننا ، اپنے سر لینا.

گلے ملنا محاورہ. ۱. گلے ملانا کا لازم ؛ بغل گیر ہونا ، ہم آغوش ہونا ، لپٹنا. ۲. سلوک کرنا. ۳. باہم متصل ہونا ، قریب آنا .

گلے ملوانا محاورہ. گلے ملنا کا تعدیہ ، صلح صفائی کروانا ، دو حریفوں میں سمجھوتا کرانا .

گلے میں پھندا پڑنا ف مر؛ محاورہ. کھانے پینے میں لقمہ حلق میں پھنس جانا یا اُچھو لگنا ، کسی چیز کا حلق میں اٹک جانا ؛ دقت اور دشواری محسوس ہونا .

گلے میں جان اٹکنا محاورہ. نزع کا عالم ہونا ، مرنے کے قریب ہونا .

گلے میں ڈھول ڈالنا محاورہ. مصیبت مول لینا ، اپنے لیے خود مشکل پیدا کرنا .

گلے میں ہڈی اٹکنا محاورہ. مصیبت کا سامنا ہونا ، پریشانی میں مبتلا ہونا .

گِلیسِرِین (کس گ ، ی مع ، کس س ، ی مع) امث.
دیکھیے: گلسیرین. [انگ].

گِلیشِیَر (کس گ ، ی مج ، کس ش ، فت ی) اند.
برف باری کے عمل سے برف کا بہم شدہ بہت بڑا انبار جو پہاڑوں سے آہستہ آہستہ نیچے سرک آئے ، یخ تودہ . [انگ].

گِلیم (کس نیز فت گ ، ی مع) صف.
۱. اون کا بنا ہوا کپڑا جسے اوڑھا جائے ، کملی ، کمل. ۲. فرش پر بچھانے والا اون کا بنا ہوا کپڑا ، ایک قسم کا فرش یا قالین ، معمولی قسم کا اونی قالین . [ف].

گلیم پوش صف. ۱. کمبل پوش فقیر ، درویش. ۲. (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی سیاہ کمبل استعمال فرماتے تھے اس لیے کالی کملی والے اور گلیم پوش وغیرہ القاب سے حضور کی ذاتِ مقدس مراد لیتے ہیں).

گَم (فت گ) اند.
۱. پانی میں حل پذیر چپکنے والا ایک مادّہ جو بعض درختوں سے خارج ہوتا ہے اور مصنوعی طور پر تیار کیا جاتا ہے، گوند. ۲. شکر لپٹی ہوئی مٹھائی جو اندر سے ربڑ کی طرح ہوتی ہے، چیونگ گم. [انگ].

گُم (ضم گ) صف.
۱. کھویا ہوا. ۲. رائیگاں، بے کار؛ بے حقیقت. ۳. ضم، مدغم. ۴. نظروں سے اوجھل، غائب، غیر حاضر. ۵. سرگرداں، حیران، ششدر. ۶. محو، غرق، بے خود. [ف].

گم راہ صف. ۱. بھٹکا ہوا، راستے سے ہٹا یا بھولا ہوا، بہکا ہوا. ۲. دین سے پھرا ہوا، بے راہ، سرکش، منحرف.

گم راہی است. کج روی، بے راہ روی، بھٹکنا.

گم سم صف. خاموش، بے حس و حرکت، چپ چاپ.

گم شدہ صف. ۱. کھویا ہوا، بھٹکا ہوا، راستہ بھولا ہوا. ۲. مفرور، بھاگا ہوا، راہِ فرار اختیار کرنے والا، غائب.

گم صم صف. گونگا، بہرا، خاموش، چپ چاپ؛ ہکا بکا، ششدر و حیران؛ سکتے کی کیفیت.

گم صم رہ جانا / رہنا محاورہ. خاموش اور چپ رہ جانا؛ حیران و ششدر رہ جانا.

گم کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. چھپانا، غائب کرنا. ۲. بُھلانا، فراموش کرنا، کھونا. ۳. چُرانا.

گم نام صف. ۱. غیر مشہور، غیر معروف. ۲. بے نام و نشان، جس پر کوئی نام اور پتا نہ ہو، جس کا کوئی اتا پتا نہ ہو، جس کا سراغ نہ لگ سکے.

گم نامی است. گم نام ہونے کی حالت یا کیفیت.

گُمان (ضم گ) اند.
۱. شک شبہ، احتمال، وہم. ۲. خیال، قیاس، رائے. ۳. غرور، تکبر، زعم، پندار. ۴. خوف و خطر، ڈر، پروا. [ف].

گمان غالب اند. ایسا خیال جو یقین کے قریب ہو، کم و بیش پختہ یقین.

گمان گزرنا محاورہ. شک و شبہ ہونا، خیال میں آنا، خیال کرنا.

گمان ہے فقرہ. خیال ہے، اغلب ہے، یقین ہے.

گُمانا (ضم گ) ف م.
کھونا، ضائع کرنا، گم کرنا.

گَمبھیر (فت گ، سک م، ی مع) صف.
۱. بھاری، وزنی، بوجھل؛ عمیق، گہرا. ۲. (i) باوقار، پراثر. (ii) تشویش ناک، الجھا ہوا. ۳. متحمل، سنجیدہ، دُور اندیش.

گَمبھیرتا (فت گ، سک م، ی مع، سک ر) است.
۱. سنجیدگی، متانت، تحمل. ۲. شان و شوکت، بھاری بھرکم ہونے کی حالت، رعب و دبدبہ.

گُمٹی (ضم گ، سک م) است.
۱. چھوٹا گنبد. ۲. گنبد دار عمارت، اونچی چھت کی عمارت. ۳. قلعے کا وہ حصہ جس پر توپیں چڑھاتے ہیں اور جو بہ شکل دائرہ آگے کو نکلا ہوا اور بغیر پٹاؤ کا ہوتا ہے، اسے گرگج کہتے ہیں. ۴. مٹھ جس میں عموماً فقیر وغیرہ رہتے ہیں، کٹی، خانقاہ. ۵. (کڑھت) نوک دار، ابھار، پھول کے درمیان میں ابھرا ہوا حصہ. ۶. بغیر منھ کی سخت پھنسی جو نہ پکے نہ پھوٹے، دب جانے اور بیٹھ جانے کے بعد بھی دنوں تک سخت رہے، گنٹھیا، دنبل.

گُمراہ (ضم گ، سک م) صف.
۱. بھٹکا ہوا، راستے سے ہٹا ہوا، بھولا یا بہکا ہوا، کج رو، منحرف، سرکش. ۲. دین سے پھرا ہوا، بے دین، بے راہ. ۳. الگ الگ، بے ترتیب؛ منتشر، بکھرا ہوا.

گمراہ کن صف. گم راہ کرنے والا، بھٹکانے والا، مغالطہ دلانے والا.

گُمراہی (ضم گ، سک م) است.
راہ سے ہٹ جانا، گم راہ ہونے کے حالت، کج روی، ضلالت؛ لامذہبیت، بے دینی.

گُمشُدگی (ضم گ، سک م، ضم ش، فت د) است.
گم ہو جانے کی حالت یا کیفیت، معدوم ہو جانا، اوجھل ہو جانا، غائب ہو جانا، کھویا جانا.

گُمشُدہ (ضم گ، سک م، ضم ش، فت د) صف.
کھویا ہوا، گم ہو جانے والا یا گم ہو جانے والی.

گَمَک (فت نیز ضم گ، فت م) امث.
۱. ڈھول، ڈھولک، طبلے یا باجے کی گونج دار آواز، تھاپ، خصوصاً بائیں پکھاوج کی آواز. ۲. آواز کی گونج دار جنبش جو گانے والے کے گلے سے پیدا ہو، آواز کی گونج. ۳. بادل کی گرج، کڑک.

گَمْلا (فت گ، سک م) امذ.
ایک چوڑے منھ کا گہرا اور مختلف سائز کا ظرف جو عموماً مٹی کا بنا ہوتا ہے جس میں مٹی بھر کر پودے لگاتے ہیں. [پ].

گُمْنام (ضم گ، سک م) صف.
غیر معروف، جسے کوئی نہ جانتا ہو یا جو اپنے نام کو چھپائے.

گَن (فت گ) امث.
بندوق، رائفل، پستول. [انگ].

گِن (کس گ).
گننا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل. [س].

گن گن کر / کے م ف. ۱. ایک ایک کرکے، پے در پے، بار بار شمار کرکے، حساب کرکے. ۲. (وقت گزارنے کی نسبت) زحمت یا شوق کے ساتھ؛ جوں توں کرکے؛ انتظار کے ساتھ؛ مصیبت یا مشکل سے.

گن گن کر / کے دن کاٹنا / گزارنا محاورہ. مصیبت سے دن یا عمر گزارنا.

گُن (ضم گ) امذ.
۱. (i) اچھی عادت یا خصلت، وصف، صفت، جوہر، خوبی، کمال؛ مدح و ثنا، توصیف و تعریف. (ii) اعمالِ نیک. ۲. عقل، سمجھ، ذاتی وصف، عمل. ۳. (برے معنوں میں) کرتوت، لچھن. ۴. (ریاضی) ضرب نیز حاصلِ ضرب، دگنا (مرکبات میں). [پ + س].

گن گانا محاورہ. بہت تعریف کرنا.

گُنا (ضم گ) صف.
(برائے ضرب و تضعیف) مرتبہ، بار، چند (جیسے: دو گنا (دگنا)، تین گنا (تگنا) وغیرہ یہ کسی عدد کے بعد نیم لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے. [س].

گَنّا (فت گ، شد ن) امذ.
بانس کے درخت کی وضع کا پودا جو رسیلا اور میٹھا ہوتا ہے اس کے رس سے گڑ، شکر، کھانڈ وغیرہ بنائی جاتی ہے. [س].

گِنانا (کس گ) ف م.
شمار کرانا، گنوانا، گننے کا کام دوسرے سے کرانا؛ تفصیل سے بیان کرنا، ایک ایک کرکے بیان کرنا، پوری طرح واضح کرنا. [س].

گُناہ (ضم گ) امذ.
۱. خطا، قصور، لغزش. ۲. ایسا فعل جس کا کرنے والا مستحق سزا ہو، جرم، فعلِ ممنوعہ، بری بات. ۳. (شرع) ایسا فعل کرنا جو شرعاً ممنوع ہو اور کرنے والا عذاب کا حق دار ہو، نافرمانی کرنا. [ف].

گناہ بے لذت امذ. گناہ جس میں کوئی فائدہ یا لذت نہ ہو، ایسی برائی جس میں کوئی لطف یا فائدہ بھی نہ ملے.

گناہ دھل جانا / دھلنا محاورہ. گناہ بخش دیا جانا، خطا معاف ہو جانا.

گناہ سر لینا محاورہ. گناہ اپنے سر لینا، پھٹے میں ٹانگ اڑانا، اپنے ذمے الزام لینا، اپنی گردن پر وبال لینا؛ جو کام ہو نہ سکے اسے اپنے سر لینا.

گناہ صغیرہ امذ. وہ گناہ جس کا برا اثر کم سے کم ہو، معمولی گناہ، ادنیٰ گناہ (گناہِ کبیرہ کے بالمقابل).

گناہ کبیرہ امذ. بڑا جرم، بہت بڑا گناہ، شریعت کی رو سے ایسا فعل جس کے ارتکاب پر حد مقرر ہو یا اس کے بارے میں وعید ہو یا دلیل قطعی کے ساتھ اس کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو یا ایسا فعل جو دین کی ہتک حرمت کا موجب ہو.

گناہ کرنا محاورہ. ایسے فعل یا اعمال کا مرتکب ہونا جس کی مذہب میں ممانعت ہو، خطا کرنا، قصور وار ہونا.

گناہ گار امذ. (شریعت) جو ایسا فعل کرے جو شرعاً ممنوع ہو، وہ جو ایسا کام کرے جس کا حکم نہ ہو، عاصی، دوشی، پاپی.

گناہ گار ٹھہرانا / ٹھیرانا محاورہ. مجرم قرار دینا، قصور وار، تجویز کرنا ملزم ٹھہرانا.

گناہ گار کرنا محاورہ. گناہ گار بنانا، شرمندہ کرنا.

گناہ گار ہونا محاورہ. ایسے فعل کا مرتکب ہونا جو حلال و جائز نہ ہو مجرم و قصور وار ہونا، گرفتار بلا و مصیبت ہونا، عذاب میں پڑنا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گُنبد (ضم گ، سک م بشکل ن، فت ب) اند.

مدوّر چھت جو عموماً مساجد و مقابر میں بنی ہوتی ہے، برج نما چھت، ابھرواں چھت. [ف].

گنبد خاکی اند. قبر، مزار، مرقد.

گنبد خضرا اند. ۱. سبز گنبد؛ (کنایۃً) آسمان. ۲. پیغمبرِ اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روضۂ مقدس جس کا گنبد سبز رنگ کا ہے.

گنبد مینا اند. آبگینہ نما گنبد؛ مراد: آسمان.

گَنبِھیر (فت گ، سک م بشکل ن، ی مع) صف. ← گمبھیر.

۱. گمبھیر، گہرا؛ (مجازاً) سنجیدہ، متین، بردبار، بھرم یا عزت رکھنے والا.

۲. سنجیدہ؛ بڑا متین؛ ہوشیار، ذہین.

گَنِت (فت گ، کس ن) (الف) مث.

حساب، شمار؛ عدد، ہندسہ، گنتی. (ب) صف. گنا ہوا، شمار کیا ہوا. [س].

گِنتی (کس گ، سک ن) مث.

۱. کسی چیز کی تعداد معلوم کرنے کا عمل، گننے یا شمار کرنے کا عمل، شمار.

۲. تعداد، حساب، مقدار. ۳. معتبر یا کسی قابلِ لحاظ زمرے میں شمولیت، قدر و قیمت، اہمیت. ۴. معائنہ، پڑتال، سرشماری. [س].

گنتی کے / کی صف مذ مث. چند، جو بہت تھوڑی تعداد میں ہوں.

گنتی کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. شمار کرنا، گننا، تعداد معلوم کرنا. ۲. حاضری لینا.

گَنج (۱) (فت گ، غن) اند.

۱. (عموماً قیمتی اشیاء کا) ذخیرہ یا مخزن، خزانہ، دفینہ، کنز. ۲. منڈی، آبادی، بستی. ۳. بازار جہاں غلہ فروش غلہ جمع کر کے فروخت کرتے ہیں، اناج منڈی. ۴. چھوٹی سی آبادی، بستی، جیسے: پہاڑ گنج، گلشن گنج وغیرہ. [ف].

گنج بخش صف؛ اند. ۱. خزانہ بخشنے والا، بہت بڑا فیض اور سخی، لکھ داتا.

۲. حضرت مخدوم علی ہجویری کا لقب جن کا مزار لاہور میں ہے، انہیں داتا گنج بخش کہتے ہیں.

گنج پرکار اند. وہ ظرف جس میں پرکار اور متعلقہ اوزار رکھتے ہیں.

گنج حکیم اند. (کنایۃً) سورہ فاتحہ جو قرآن مجید کی پہلی سورت ہے.

گنج خوبی اند. اچھائیوں کا خزانہ؛ (مجازاً) اچھی صفات سے متصف شخص؛ بہت خوبیوں والا شخص؛ مراد: حسن، خوبی.

گنج شکر اند. (لفظاً) شکر کا انبار، بہت شیریں، بہت لذیذ اور میٹھا، لقب حضرت بابا فریدالدین جن کا مزار پاک پٹن شریف ضلع ساہیوال میں ہے.

گنج گراں مایہ اند. گنج گراں بہا، گنج بے بہا، قیمتی خزانہ، بیش بہا خزانہ.

گَنج (۲) (فت گ، غن) اند.

سر پر بال نہ جمنے اور گر جانے کا مرض، گنجا پن، بالخورا؛ قدرتی طور پر بالوں کا سر سے جھڑ جانا. [س].

گَنجا (فت گ، سک ن) صف مذ.

۱. (وہ شخص) جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجے سر والا. ۲. (وہ سر) جس کے بال جھڑ گئے ہوں.

گُنجان (ضم گ، غن) صف.

۱. گھنا، شاخ در شاخ، بھرا بھرا، گھچ پچ. ۲. (ڈاڑھی مونچھ وغیرہ) جس میں گھنے بال ہوں، گھنی. ۳. (i) (علاقہ یا بستی وغیرہ) جہاں آبادی زیادہ ہو اور مکانات قریب قریب واقع ہوں، گھنی (آبادی). (ii) پرہجوم، کثیرالتعداد، گھنا یا گھنی. [پ].

گنجان آباد صف. (علاقہ یا بستی وغیرہ) جہاں آبادی زیادہ اور مکانات قریب قریب واقع ہوں، زیادہ آبادی والا.

گُنجائِش / گُنجایِش (ضم گ، غن، کس / کس ی) مث.

۱. سمائی، کھپت، سمانے کی جگہ، وسعت. ۲. موقع، محل، جگہ. ۳. ڈھیل، چھوٹ. ۴. بساط، مقدور. ۵. بچت، کفایت، بچت کا راستہ. ۶. نفع، فائدہ. ۷. قابل وصول مالگزاری، وہ خراج جو وصول ہو سکے. ۸. (طبیعیات) برقی بار کو ذخیرہ کرنے کی صلاحیت، وہ برقی تار جو موصل کی قوت میں اضافہ کرے. [ف].

گَنجفَہ (فت گ، سک ن، کس ج، فت ف) اند؛ ← گنجیفہ.

ایک کھیل جو تاش کے پتوں کی طرح کھیلا جاتا ہے، اس کا پتا تاش کے برخلاف گول گتے کی شکل اور اوسط درجے میں روپے سے ڈیوڑھا یا سوایا ہوتا ہے، گنجفے کی آٹھ بازیاں (رنگ) اور چھیانوے پتے ہوتے ہیں اور تین کھلاڑیوں میں کھیلا جاتا ہے. [ف].

گُنجلک (ضم گ، فنہ، سک ج، فت ل) (الف) امث.

۱. (عبارت یا معنی میں) پیچیدگی، اُلجھاؤ ۲. الجھیڑا، اُلجھن، بکھیڑا.

(ب) صف. الجھا ہوا، پیچیدہ، مبہم. [ف].

گنجی (فت گ، سک ن) صف مث.

وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں، وہ چندیا جس پر بال نہ ہوں.

گنجی کبوتری محل/ محلوں/ باغوں، میں ڈیرا کہاوت. بدقسمت اور بدصورت کا یہ رتبہ؛ نااہل کو اعلیٰ رتبہ ملنے کے موقع پر مستعمل.

گنجے (فت گ، سک ن) اند.

گنجا (دیکھئے) کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب و محاورات میں مستعمل.

گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے/ جو کھجاتے کھجاتے مر جائے کہاوت. خدا ظالم کو صاحب اختیار اور کمینے کو صاحب ثروت نہ کرے (ورنہ وہ غریبوں کو بہت ستائے گا).

گنجے کو خدا ناخن نہیں دیتا کہاوت. نااہل کو خدا بااختیار نہیں کرتا.

گنجے کو ناخن ملنا محاورہ. کمینے یا نااہل کو اختیار حاصل ہو جانا.

گنجیفہ (فت گ، سک ن، ی مع، فت ف) اند.

(دیکھیے) گنجفہ. [ف].

گنجینہ (فت گ، سک ن، ی مع، فت ن) اند.

۱. مخزن، خزانہ، دفینہ ۲. مخزن، گودام، ذخیرہ گاہ ۳. ذخیرہ، انبار، مجموعہ.

گنجینہ معنی اند. بہت سے معنی و مفہوم کا خزانہ یا مخزن. [ف].

گند (فت گ، سک ن) امث؛ اند.

۱. بدبو، تعفن، سڑاند، بساند ۲. نجاست، گندگی، غلاظت، ناپاکی؛ فضلہ ۳. خراب چیز، کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک ۴. جھگڑا، بکھیڑا جو ناگوار طبع ہو.

گند اچھالنا محاورہ. کسی پر شرم ناک الزامات لگانا، بدنام کرنا، کیچڑ اچھالنا.

گند پھیلانا محاورہ. کوڑا کرکٹ پھیلانا؛ ماحول کو گندہ کرنا؛ بدنظمی پھیلانا.

گند ڈالنا محاورہ. میلا کرنا، کوڑا کرکٹ پھیلانا؛ جھگڑا بکھیڑا ڈالنا، شرارت کرنا؛ بدانتظامی کا موجب ہونا.

گند مچانا محاورہ. گندگی پھیلانا، گندی حرکت کرنا.

گندا (۱) (فت گ، سک ن) صف مذ.

ناپاک، نجس، غلیظ، میلا، بدبودار. [ف].

گندا انڈا اند. ۱. وہ انڈا جو خراب ہو گیا ہو، سڑا ہوا انڈا، باسی انڈا جس کے اندر بو پڑ گئی ہو ۲. (مجازاً) بدچلن یا خراب اولاد ۳. خراب اور نکمی چیز.

گندگی (فت گ، سک ن، فت د) امث.

بساند، بدبو، عفونت؛ ناپاکی، میل کچیل، نجاست، غلاظت.

گندگی پھیلانا ف مر؛ محاورہ. ۱. بدبو پھیلانا، سڑاند پھیلانا ۲. کسی جگہ کو میلا اور غلیظ کرنا، نجاست پھیلانا ۳. نامہذب گفتگو کرنا ۴. برے خیالات پھیلانا.

گَندُم (فت گ، سک ن، ضم د) اند.

گیہوں، کنک. [ف].

گندم رنگ / گوں صف. گیہوں کے رنگ کا، گندمی، سانولا، سلونا.

گَندُمی (فت گ، سک ن، ضم د) صف.

گندم سے منسوب، گندم جیسا، گندم کے رنگ کا، سانولا.

گَندَہ (فت گ، سک ن، فت د) صف.

۱. ناپاک، نجس، پلید ۲. بدبودار، سڑا ہوا، غلیظ، گدلا، ناصاف ۳. بد، برا، بیہودہ. [ف].

گندہ کام اند. ناپاک اور نجس کام؛ میلا یا غلیظ عمل یا پیشہ؛ خراب یا برا فعل، حرام، زنا، بدکاری.

گندہ کرنا ف مر؛ محاورہ. میلا کرنا؛ ناپاک کرنا؛ خراب کرنا؛ عفت میں داغ لگانا، عصمت میں بٹا لگانا؛ آلودہ جرم کرنا؛ کسی جرم کی سزا میں قید یا جرمانہ کرانا.

گندہ نمک صف. نمک حرام، احسان فراموش، غدار.

گندی (۱) (فت گ، سک ن) صف مث.

گندا کی تانیث.

گندھارا (فت گ، سک ن) صف.

دریائے کابل اور دریائے سندھ کا درمیانی علاقہ، گندھار سے منسوب تہذیب و تمدن کے لیے مشہور. [علم].

گندھارا آرٹ اند. صنعت دست کاری وغیرہ جو گندھارا سے منسوب ہے.

گَندھک (فت گ، سک ن، فت د) امث.
ایک ہلکا پیلا ٹھوس عنصر جو دھات نہیں ہے اور آسانی سے جلنے لگتا ہے جلتے وقت نیلگوں شعلے تیز بو جس سے گھٹن پیدا ہو خارج کرتا ہے. یہ تیزاب اور بارود بنانے کے کام آتا ہے دوا کے طور پر خصوصاً جلدی امراض میں بہت کام آتا ہے. [س].

گندھک کا تیزاب اند. ایک قسم کا تیزاب جو بہت تیز ہوتا ہے. [س].

گُندھنا (ضم گ، غنہ، سک د ھ) ف ل.
گوندھنا کا لازم، گتھا ہونا.

گُندھوانا (ضم گ، غنہ، سک د ھ) ف م.
گوندھنا جس کا یہ متعدی ہے.

گَنڈا (فت گ، سک ن) اند؛ - گنڈہ.
رنگین کچا تاگا جس پر دعا یا منتر پڑھ کر دم کرتے ہیں، بعض لوگ نیلا یا سیاہ رنگ کا ڈورا نظر گزر کے لیے بغیر دم کیے ہوئے بھی ہاتھ یا گلے میں ڈال دیتے ہیں، کلاوہ ۲. وہ طوق جو بعض پرندوں (مثلاً طوطا، فاختہ) کے گلے میں ہوتا ہے، کنٹھ، کنٹھا ۳. پٹا جو گھوڑے کے گلے میں ڈالا جاتا ہے، کوڑیوں اور گھنگریوں وغیرہ کا حلقہ جو جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں. [س].

گنڈا تعویذ اند. عمل و عملیات مثلاً جھاڑ پھونک، فلیتہ گنڈا تعویذ وغیرہ، وہ مجموعی سامان جو عملیات سے متعلق ہیں.

گَنڈاسا (فت گ، مغ) اند.
کُٹی کاٹنے کا آلہ جانوروں کا چارا گنڈیریوں کی شکل میں کاٹنے کا اوزار تیز تیر جس کی موٹھ بڑی ہوتی ہے. [س].

گُنڈلی (ضم گ، غنہ، سک ڈ) امث.
۱. سانپ کی بیٹھک جس میں وہ حلقہ بناتا ہے. ۲. کپڑے وغیرہ کا گول بنایا ہوا حلقہ.

گنڈلی مارنا محاورہ. سانپ کا اکٹھا ہو کر بیٹھنا، چھوٹا حلقہ بنانا.

گَنڈے (فت گ، سک ن) اند.
گنڈا (دیکھیے) کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

گنڈے دار صف. ۱. حلقہ دار، جس کی گردن میں طوق ہو. ۲. دو رنگا، گنگا جمنی. ۳. کوئی ایسا کام جس میں ناغہ ہو اور مسلسل نہ ہو، غیر مسلسل، بے ترتیب.

گَنڈیری (فت گ، مغ، ی مع) امث.
گنے کی چھوٹی پوری، چھلے ہوئے گنے کا چھوٹا ٹکڑا ۲. کسی چیز کا چھوٹا گول ٹکڑا، گانٹھ، گرہ.

گنڈیری دار صف. کوئی ایسی چیز جو رنگ برنگ کی ہو، مختلف رنگوں کا؛ حقے کا نیچا جس کی بناوٹ میں گرہیں ہوں.

گُنگ (ضم گ، غنہ) صف.
۱. جو بول نہ سکے، بولنے سے معذور، گونگا. ۲. (مجازاً) کان میں بھنبھناہٹ کی آواز، سماعت سے عارضی طور پر محروم، بات سننے سے قاصر (کان میں پانی بھر جانے کی وجہ سے). ۳. (مجازاً) عارضی طور پر کند. [ف].

گَنگا (فت گ، غنہ) امث.
بھارت میں ایک مشہور دریا جو سلسلہ کوہ ہمالیہ کے گنگوتری نامی ایک پہاڑ سے نکل کر مختلف علاقوں سے گزرتا ہوا خلیج بنگال میں گرتا ہے، ہندو اس دریا کو نہایت مقدس مانتے ہیں؛ (مجازاً) دریا. [س].

گنگا اشنان اند. دریائے گنگا میں نہانا خصوصاً ہردوار یا دوسرے تیرتھ استانوں کے سالانہ میلے وغیرہ کے موقع پر.

گنگا الٹی بہنا محاورہ. اُلٹی بات یا کام ہونا، اصل واقعے کے متضاد یا برخلاف ہونا، اصل سے ہٹ کر ہونا.

گنگا بہنا محاورہ. فیض جاری ہونا.

گنگا جل اند. دریائے گنگا کا پانی جسے ہندو پوتر (مقدس) مانتے ہیں.

گنگا جمنا (الف) امث. بھارت میں دو دریاؤں کے نام جن کو ہندو مقدس سمجھتے ہیں، ان میں سے اول گنگوتری پہاڑ سے اور دوسرا جمنوتری سے نکلا ہے. (ب) صف. دو رنگا، سنہرا روپہلا، رنگ برنگا.

گنگا جمنی صف. ۱. سونے اور چاندی کا بنا ہوا، (وہ چیز) جس پر طلائی

اور نقرئی دونوں کام ہوں. ۲. سنہرا روپہلا، دو رنگا. ۳. ملا جلا، مخلوط.
۴. (مختلف زبانوں کے الفاظ سے) مخلوط.

گنگا نہانا ف مر؛ محاورہ. ۱. گنگا پر جا کر اشنان کرنا، گنگا میں نہانا، گناہ سے پاک ہونا، مشکل حل ہونا، مصیبتوں سے نجات پانا. ۲. مشکل کام سرانجام دینا، محنت و مشقت سے فراغت پانا. ۳. پوتر ہوجانا، گناہ سے پاک ہو جانا، ثواب کمانا.

گُنگا (ضم گ، مغ) صف.
وہ شخص جو زبان سے بول نہ سکے، گونگا؛ (مجازا) چپ، خاموش.

گَنگال (۱) (فت گ، غنہ) اند.
دھات کا بنا ہوا پانی رکھنے کا بڑا برتن، گاگر.

گَنگال (۲) (فت گ، غنہ) صف.
غریب، مفلس، کنگال.

گُن گُن (ضم گ، سک ن، ضم گ) امث.
آہستہ آہستہ گانا یا پڑھنا؛ بھنبھناہٹ؛ اپنے آپ باتیں کرنا؛ ناک میں بولنا. [حکایت الصوت].

گُنگُنا (۱) (ضم گ، سک ن، ضم گ) صف مذ.
آواز جو ناک سے نکلے، ایسا شخص جو ناک میں بولے غنغنا.

گُنگُنا (۲) (ضم گ، سک ن، ضم گ) صف مذ.
نیم گرم، کنکنا.

گُنگُنانا (ضم گ، سک ن، ضم گ) ف م؛ ف ل.
۱. ترنم کے ساتھ دھیمی آواز سے گانا، منھ ہی منھ میں گانا. ۲. ناک میں بولنا، غنغنانا.

گُنگُناہَٹ (ضم گ، سک ن، ضم گ، فت ہ) امث.
گنگنانے کا عمل یا کیفیت، غنغناہٹ.

گِننا (کس گ، سک ن) ف م.
۱. شمار کرنا، گنتی کرنا، کسی چیز کی تعداد معلوم کرنا. ۲. جاننا، خیال کرنا، سمجھنا، ماننا. ۳. قابل توجہ سمجھنا، خاطر میں لانا، اہمیت دینا.

گَنوار (فت گ، مغ) اند.
۱. گانو کا باشندہ، دیہاتی، دہقان، قصباتی. ۲. جاہل، ان پڑھ، اجڈ.
۳. (مجازا) غیر مہذب، غیر متمدن، ناشائستہ، بدسلیقہ. [س].

گنوار پن اند. ۱. جہالت، اُجڈپن. ۲. ناشائستگی، اکھڑپن.

گَنوارُو (فت گ، مغ، و مع) صف.
۱. گانو کا، دیہاتی، گنواروں کا. ۲. گنواروں کا سا، بھدا، بھونڈا، بدنما.
۳. بدتہذیب، بدسلیقہ، پھوہڑ. ۴. جاہلانہ، غیر مہذبانہ.

گِنوا لینا ف مر. گنوانا، شمار کرا لینا؛ کوئی چیز گنوا کر لینا، پوری پوری رقم وصول کرنا، پورا پورا حساب لے لینا.

گَنوانا (فت گ، مغ) ف م.
ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا.

گِنوانا (کس گ، سک ن) ف م.
۱. گنتی کرانا، شمار کرانا. ۲. شامل کرانا، زمرے میں رکھنا.

گُنَہ (ضم گ، فت ن) اند.
معصیت، خدا و رسول کی نافرمانی، قصور، خطا، جرم، عصیان.

گنہ کبیر/ کبیرہ اند. بڑا گناہ، بھاری جرم.

گنہ کرنا ف مر؛ محاورہ. خدا کی نافرمانی کرنا، کوئی ایسا کام کرنا جس کے کرنے سے شریعت نے منع کیا ہو، ناجائز کام کرنا.

گنہ گار صف. عاصی، بدکار، خدا کی نافرمانی کرنے والا.

گُنَہگار (ضم گ، فت ن، سک ہ) صف.
گناہ کرنے والا، عاصی، بدکار، خدا کی نافرمانی کرنے والا.

گنہگار کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گناہ میں مبتلا کرنا. ۲. شرمندہ کرنا، ملزم ٹھیرانا، الزام دھرنا.

گنہگار ہو جانا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. عاصی ہو جانا، گناہ کا مرتکب ہونا، معصیت کا مرتکب ہونا.

گِنی (کس گ).
گننا کا فعل ماضی نیز حالیہ تمام مؤنث؛ مرکبات میں مستعمل.

گنی بوٹی مہار/ نپا شوربا کہاوت. ایسے موقع پر بولتے ہیں جب قلیل آمدنی کی وجہ سے بہت کھینچ تان کے خرچ پورا کیا جائے یا کنجوسی کے ساتھ خرچ کیا جائے؛ صرف گزارے کے قابل آمدنی.

گنی چنی صف مث. کم، چند، معدودے چند، تعداد میں تھوڑی، خاص خاص، چنے ہوئے، انتخاب کیے ہوئے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گنی گنائی صف سد. گنی ہوئی، مقررہ تعداد میں، محدود تعداد، تھوڑی تعداد میں.

گُنی (ضم گ) صف سد.
چند، مرتبہ، بار وار، باری (تعداد یا مقدار کے ساتھ مستعمل، مثلاً: دوگنی، تین گنی).

گِنّی (کس گ، شد ن) اند.
سونے کا انگریزی سکہ جو ۲۱ شلنگ کے برابر ہوتا تھا، اشرفی (اب یہ سکہ رائج نہیں رہا). [انگ].

گنیش (فت گ، ی ج) اند.
(ہندو) شیوجی اور پاربتی کے بیٹے کا نام جو دانائی کا دیوتا اور مشکل کشا مانا جاتا ہے، اس کا سر ہاتھی کی شکل کا ہوتا ہے. [س].

گُو (و مع) اند.
غلاظت، پیخانہ، گوہ، فضلہ. [س].

گو اُٹھانا محاورہ. نجاست ہٹانا؛ بہت خدمت کرنا؛ نہایت اعتقاد کی وجہ سے گندا اور ذلیل کام کرنا.

گو کھانا محاورہ. ۱. حماقت کا کام کرنا؛ نقصان اور ندامت اُٹھانا، غلط کام کرنا ۲. حرام کھانا، رشوت کا پیسا کھانا؛ برا کام کرنا. ۳. بیہودہ بکنا. ۴. حرام کام کرنا، بدفعلی کرنا.

گو (۱) (و ج) صف.
فارسی گفتن سے صیغہ امر؛ مرکبات میں کہنے والا کے معنوں میں مستعمل؛ جیسے: حق گو، کم گو.

گومگو (الف) اند. ایسی حالت کہ کسی بات کا کہنا یا کام کرنا بھی مشکل اور نہ کہنا اور نہ کرنا بھی دشوار ہو، کشمکش، کہے بنے نہ بغیر کہے بنے، تذبذب کا عالم، تذبذب، تردد. (ب) صف. مبہم، ناقابل بیان، پیچیدہ، ناگفتہ، پوشیدہ.

گو (۲) (و ج) حرف ربط.
اگرچہ، ہرچند، گرچہ. [ف].

گُوار (فت نیز ضم گ، و معد) مث.
ایک پودا جس کی کچی پھلیوں کی بھجیا بھی پکا کر کھاتے ہیں، مویشیوں کا دودھ بڑھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے. [س].

گوار کی پھلی مث. اس پودے کا پھل، وہ چھیمی جس میں سے گوار نکلتی ہے اور کچی کو پکا کر کھاتے ہیں.

گُوارا (فت نیز ضم گ) صف.
۱. موافق طبع، پسندیدہ؛ لذیذ، خوش مزہ ۲. لطیف، خوش ذائقہ، زود ہضم. [ف].

گوارا کرنا ف مر؛ محاورہ. (کسی شخص سے) راضی ہونا، (کسی چیز کو) پسند کرنا، قبول کرنا، برداشت کرنا، ماننا، منظور کرنا.

گوارا ہونا ف مر؛ محاورہ. برداشت ہونا، پسند ہونا، سہا جانا.

گُوال (ضم ج گ) اند.
گائے پالنے والا، گائے کا دودھ نکالنے اور بیچنے والا، گھوسی، گوالا. [س].

گَوالا (فت گ) اند.
مویشیوں کو پالنے اور دودھ کا کاروبار کرنے والا؛ گھوسی، گوال.

گَوالَن (فت گ، ل) مث.
گوال یا گوالے کی تانیث؛ دودھ بیچنے والی، گھوسن.

گَواہ (فت گ) اند.
کسی امر کی شہادت دینے یا ثبوت بہم پہنچانے والا، شاہد، گواہی دینے والا، شہادت دینے والا. [ف].

گواہ چست مدّعی سست کہاوت. جس کا کام ہے وہ پروا نہیں کرتا، دوسرے کو فکر ہے.

گواہ لانا محاورہ. صفائی یا ثبوت میں گواہ پیش کرنا، شہادت پیش کرنا.

گَواہی (فت گ) مث.
گواہ کا بیان، شہادت، توثیق، تائید.

گواہی دینا محاورہ. ۱. اقرار کرنا، تصدیق کرنا. ۲. (دل کا) کسی خیال کی تائید کرنا.

گوبھی (و ج) مث.
ایک چھوٹا پودا یا اس کا پھول جو ترکاری کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اس کے پتے بڑے بڑے اور تعداد میں کم اور پھول رنگ میں سفید، گھنا ہوا اور چھتری کی مانند کافی بڑا ہوتا ہے. [س].

گوبھی کا پھول اند. (مجازاً) بہت بڑا، پھولا ہوا منہ یا ناک وغیرہ.

گوپال (و لین) اند.
۱. گوالا، چرواہا، گایوں کو پالنے والا ۲. کرشن جی کا لقب، بھگوان.

گوپی (و مج) امث.
دودھ بیچنے والی، گوالوں کی لڑکیاں جن کے ساتھ کرشن جی بچپن میں کھیلا کرتے تھے. [س].

گوتم (و لین نیز مج، فت ت) (الف) اند.
۱. بدھ یا ساکیا منی کا نام جو بدھ مذہب کا بانی تھا ۲. چھتریوں کے ایک خاندان کا نام جو گوتم اوّل کی نسل سے ہے. (ب) صف. گوتم سے منسوب، گوتم کی نسل سے متعلق یا وابستہ. [س].

گُوتھنا (و مع، سک تھ) ف م.
۱. (i) پرونا، لڑی بنانا، گوندھنا. (ii) (علاقہ بندی) زیور کے علیحدہ علیحدہ حصوں کو ایک ڈورے میں منسلک کرنا ۲. برے طریقے سے موٹا موٹا سینا یا باہم ملا کر جوڑنا. [س].

گوٹ (۱) (و مج) امث.
۱. چادر وغیرہ کے گردا گرد یا کپڑے وغیرہ کے دامن پر لگی ہوئی پٹی جو لباس کے کنارے پر یا گردا گرد لگاتے ہیں، گوٹ آڑی اور سیدھی دونوں طرح کی لگتی ہے، کناری ۲. کلائی بند، کنگن، چوڑی ۳. وہ لکڑی جو تخت یا صندوقچے وغیرہ کے گردا گرد وصل کرتے ہیں. [س].

گوٹ (۲) (و مج) امث.
چوسر یا پچیسی نیز کیرم، لوڈو وغیرہ کھیلنے کا مہرہ، نرد. [س].

گوٹ پیٹنا محاورہ. چوسر، لوڈو وغیرہ کے کھیل میں کسی گوٹ (مہرہ) کو خارج یا ساقط قرار دے دینا.

گوٹ لال ہونا محاورہ. ۱. پچیسی یا لوڈو وغیرہ کی گوٹ کا سب خانوں میں پھر کر اُٹھ جانا ۲. کامیاب ہونا.

گوٹا / گوٹہ (و مج) اند.
سونے چاندی اور ریشم کے تاروں سے بنا ہوا فیتا یا زری کی تیار کی ہوئی گوٹ یا کناری جو عموماً عورتوں کے لباس پر زینت اور خوش نمائی کے لیے ٹانکی جاتی ہے اس کا عرض آدھ انچ سے لے کر بالشت بھر بلکہ بعض اوقات اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے.

گوٹا / گوٹہ کناری اند. ۱. گوٹا اور کناری جو چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بنی جاتی ہے، لباس کی تزئین کا سامان. ۲. لباس جس میں گوٹا کناری لگا ہوا ہو، مزین لباس.

گُوجَر (و مع، فت ج) (الف) صف.
گجرات سے منسوب یا متعلق. (ب) اند. راجپوتوں کی ایک ادنیٰ ذات یا اس کا کوئی فرد، دراصل یہ لوگ قوم کے اہیر یا گوالے ہیں، متھرا ان کا منبع ہے، کنھیا جی کے زمانے میں گائیں چرایا کرتے تھے اس وجہ سے ان کا نام یا لقب گوجر پڑ گیا، گوالا، چرواہا. [پ : س].

گُود (و مع) اند.
مغز، گودا. [س].

گود (و مج) امث.
۱. آغوش، کنار، پیٹ کا زانو ۲. (کنایۃً) آگے کا دامن. [س].

گود آباد ہونا محاورہ. صاحبِ اولاد ہونا، ماں بننا.

گود بھرائی امث. گود بھرانے یا بھرنے کا عمل یا اس کی رسم.

گود بھرنا / بھری جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. حمل کے ساتویں مہینے میں رسم کے مطابق قرابت دار عورتوں کا جمع ہو کر حاملہ کو دلہن بنانا اور اس کی اوڑھنی کی جھولی میں سات قسم کے میوے، سات قسم کی ترکاریاں، پان کا بیڑا اور نقدی وغیرہ ایک رومال میں باندھ کر رکھنا، عورتیں اس سے شگون لیتی ہیں کہ اس حاملہ کی گود ہمیشہ اولاد سے بھری پری رہے. ۲. سرسبز و شاداب کرنا نیز صاحبِ اولاد کرنا، حاملہ کرنا ۳. کسی چیز سے دامن بھرنا.

گود بھری (الف) صف مث. جس کی گود یا آغوش میں بچہ ہو؛ (کنایۃً) بچے والی، صاحب اولاد. (ب) امث. دیکھیے: گود بھرائی، گود بھرنے کا عمل.

گود بھری رہے فقرہ. عورتوں کے لیے ایک دعائیہ کلمہ، اولاد کی جانب سے شاد و آباد رہے، اولاد زندہ سلامت رہے.

گود خالی ہونا محاورہ. ۱. کسی عورت کا بے اولاد ہو جانا یا ہونا، (عموماً) شیر خوار بچہ مر جانا، اولاد کا فوت ہو جانا ۲. لاوارث ہونا، مٹنا، ختم ہونا، نام لیوا باقی نہ رہنا.

گود کا بچہ اند. شیر خوار بچہ، ننھا بچہ، وہ بچہ جو گود میں ہو، گود کا کھلایا بچہ.

گود کھلانا محاورہ. (بچہ) گود میں لینا، بچے کی پرورش کرنا؛ گود میں لے کر بہلانا؛ بچے کی ماں بننا.

گود لینا ف مر: محاورہ. ا. آغوش میں لینا، گود میں بٹھانا؛ خاطر داری کرنا. ۲. متبنّیٰ بنانا، لے پالک بنانا؛ (عموماً) بے اولاد عورت کا کسی دوسرے بچے کو اپنا بچہ اختیار کرنا.

گود میں کھلانا محاورہ. لاڈ پیار سے پرورش کرنا، محبت سے پالنا.

گود ہری بھری رہنا محاورہ. اولاد زندہ سلامت رہنا.

گُودا (۱) (و مع) اند.

ا. (i) نلیوں اور ہڈیوں کا اندرونی ملائم مادّہ. (ii) سر کا مغز، بھیجا. ۲. (i) کسی پھل، ترکاری یا بیج وغیرہ کا وہ نرم حصہ جو چھلکے کے اندر ہوتا ہے. (ii) ٹکڑا (ڈبل روٹی وغیرہ کا)، موٹی روٹی کا اندرونی نرم حصہ، ڈبل روٹی کا نرم حصہ سخت چھلکا کاٹ دینے کے بعد باقی رہ جاتا ہے. (iii) کسی چیز کا اندرونی حصہ، پودوں کے بیچ کی نس. ۳. (i) (مجازاً) اصل، جوہر، اصل چیز، اہم چیز. (ii) لبِ لباب، خلاصہ. [س].

گودام (و مع نیز ضم گ، و لم) اند.

ا. سامان رکھنے کی جگہ، کوٹھی اسٹور نیز جہاز کا پچھلا یا نچلا حصہ جہاں سامان رکھا جاتا ہے. ۲. (مجازاً) ذخیرہ، ڈھیر. [انگ].

گُودَڑ (و مع، فت د) اند.

ا. کپڑے کے ٹکڑے جو بننے میں ناکارہ ہو جائیں یا کسی اور طرح کٹ پھٹ جائیں. ۲. پھٹے پرانے بوسیدہ کپڑے، چیتھڑے. ۳. پرانی روئی جو لحاف، گدے یا تکیے وغیرہ سے نکالی جائے. ۴. (کنایۃً) وہ میل جو نیند کے خمار کی حالت میں آنکھوں سے برآمد ہوتا ہے. ۵. (کنایۃً) نکمّی اور ناکارہ یا ردی چیز، فضول چیز. ۶. ایک قسم کا نہایت نرم ریشمی کپڑا.

گودڑ کا لال/ لعل اند. ا. مراد: ایسا شخص جو شریف اور نجیب ہو کر مفلسی میں گرفتار ہو یا وہ حسین یا صاحبِ کمال جو پھٹے پرانے لباس میں ہو، چھپا رستم. ۲. کوئی عمدہ یا قیمتی چیز جو خراب حالت یا مقام میں ہو.

گودڑ میں لال/ لعل نہیں چھپتا کہاوت. قابل آدمی چاہے غریب ہی ہو شہرت پا جاتا ہے، سچائی چھپ نہیں سکتی.

گودْنا (۱) (و مع، سک د) ف م: ~ گوڑھنا.

ا. (i) گڑونا، چھیدنا، چبھونا. (ii) زمین کو کھود کر نرم یا پولا کرنا. (iii) کھودنا، جسم کے کسی حصے پر سوئی سے کچوکنے کے بعد نقش و نگار میں سرمہ یا تیل بھرنا. ۲. (مجازاً) کچوکے لگانا، طنز کرنا، لعن طعن سے دل کو صدمہ پہنچانا. ۳. کانٹے، سوئے یا اور کسی نوک دار آلے سے پھل، ترکاری یا گوشت وغیرہ میں آہستہ آہستہ ہر طرف سوراخ کرنا تاکہ مسالا یا مربے کا شیرہ اندر تک سرایت کر سکے.

گودْنا (۲) (و مع، سک د) اند.

ا. (i) اچار یا مربا ڈالنے کے پھل اور ترکاریوں کو گودنے کا آلہ، کچوکنا. (ii) ایک اوزار جس سے ٹھٹیرے کھودتے ہیں. ۲. نقش و نگار یا نشان جو سوئی وغیرہ سے گودنے کے بعد جسم پر بنائے گئے ہوں. ۳. طعنے مہنے.

گودوں (و مع) امت: ج.

گود کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

گودوں کھلانا محاورہ. لاڈ پیار سے پرورش کرنا.

گُودَہ (و مع، فت د) اند.

دیکھیے: گودا، مغز.

گودی (۱) (و مع) امت.

ا. آغوش. ۲. (کنایۃً) آگے کا دامن.

گودی (۲) امت.

ا. بندرگاہ کا وہ حصہ جہاں جہاز پر ساز و سامان لادا یا اتارا جاتا ہے، دھکا، جیٹی. ۲. وہ جگہ جہاں جہازوں کی مرمت کی جاتی ہے نیز جہاں جہاز بنائے یا توڑے جاتے ہیں، ڈاک. ۳. ریلوے انجن دھونے کا حوض جو پٹریوں کے بیچ میں بنا ہوتا ہے. [مقامی].

گوڈا (و مع) اند.

ا. گھٹنا، زانو، ٹانگ کا درمیانی جوڑ. ۲. (مجازاً) پایہ (کرسی وغیرہ کا). [مقامی؛ پن].

گوڈنا (و مع، سک ڈ) ف م.

کھودنا، زمین کو بوائی کے لیے نرم یا پولا کرنا.

گُوڑی (و مع) امت.

(قصائی) ہاتھ یا پیر کی پوری سربند نلی یا نلیاں جن میں گودا بھرا ہوتا ہے، گودے دار نلی یا ہڈی، پیر اور گھٹنے کے درمیانی کی نلی.

گوڈی (و مع) امت.

(کاشت کاری) زمین کھودنے یا مٹی کو کسی چیز سے اُوپر نیچے کرنے کا عمل (خصوصاً بوائی کے لیے).

گوڑے (وج) اند، ج.
گوڑا کی جمع تراکیب میں مستعمل.

گوڑے گوڑے م ف. گھٹنے گھٹنے، گھٹنوں تک.

گور (وج) امث.
۱. قبر. ۲. دشت، صحرا، جنگل. [ف].

گور غریباں اند. وہ قطعۂ زمین جہاں مسافروں یا غریبوں کی قبریں ہوں، قبرستان جہاں پردیسی اور غیر معروف اشخاص دفن کیے جائیں، عرف عام میں کوئی قبرستان.

گور (و) کفن اند. تجہیز و تکفین.

گور کن اند. ۱. قبر کھودنے والا، وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا اور مردہ دفن کرنا ہو. ۲. بجو.

گور کنی اند. گورکن کا کام یا پیشہ، قبر کھودنے کا پیشہ.

گورا (وج) (الف) صف مذ.
۱. (i) اُجلے، صبیح رنگ والا، سفید اُجلے رنگ کا، صاف رنگت والا. (ii) (کنایۃً) حسین، خوب صورت. (iii) سرخ (جب مویشی کے لیے استعمال ہو). (ب) اند. یورپین یا انگریز سپاہی یا سنتری، یورپین، انگریز؛ فرنگی؛ ادنیٰ درجے کا انگریز. [س].

گورا چٹا صف مذ. بہت گورا، سرخ و سفید؛ (کنایۃً) خوب صورت.

گُوردْوارَہ (ضم گ، سک ر، فت نیز ضم د، و، ر) اند.
گرودوارہ، سکھوں کی عبادت گاہ.

گورِستان (وج، کس ر، سک س) اند.
قبرستان، مردوں کے دفن ہونے کی جگہ. [ف].

گورکھ دَھنْدا/ دَھنْدھا (وج، فت ر، سک کھ، فت دھ، غنہ) اند.
۱. ایک قسم کا تالا جس کے کھولنے میں وقت اور عقل درکار ہوتی ہے، قفل ابجد، قفل وسواس. ۲. ایک قسم کا پھندا جس میں گرہیں ہوتی ہیں اگر ایک خاص جگہ سے کھولا جائے تو تمام پھندے ازخود کھل جاتے ہیں؛ اسی طرح بچوں کے دوسری قسم کے کھیل جن کا سمجھنا مشکل اور اس کے لیے عقل درکار ہو؛ ایسا الجھاؤ جس کا سلجھنا مشکل ہو؛ (کنایۃً) بکھیڑے کا کام، پیچیدہ معاملہ یا عقدہ. ۴. (i) (کنایۃً) بکھیڑا، جھگڑا، جنجال. (ii) وہ چیز جو انسان کو مشکل میں ڈالے. ۵. رہنے کا طریقہ، رہائش، بھول بھلیاں.

گورِلا (وج نیز ضم گ، و، فم، کس ر، شد ل) اند.
دنیا کا سب بڑا بندر جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے بدن پر بہت زیادہ بال ہوتے ہیں؛ بن مانس، جنگلی انسان. [انگ].

گورنَر (فت گ، و، سک ر، فت ن) اند.
۱. کسی ملک کے صوبے یا ریاست کا حاکمِ اعلیٰ، صوبائی انتظامی افسرِ اعلیٰ، والی، نواب، عامل. ۲. مشین کا لٹو، وہ پرزہ جس کے ذریعے مشین کو گیس پہنچتی ہے. [انگ].

گَورَنمِنْٹ (فت گ، و، سک ر، ن، کس نیز ضم م، سک ن) امث.
۱. کسی ریاست یا مملکت یا اس کے کسی حصے کے نظم و نسق کا ادارہ، حکومت سرکار. ۲. وہ علاقہ جس پر حکومت کی جائے، ملک، مملکت. ۳. انتظام مملکت، راج، طرزِ حکومت. [انگ].

گَوری (ولین) امث.
۱. (ہندو) شیوا جی کی زوجہ پاروتی دیوی کا نام. ۲. نوجوان لڑکی، باکرہ دوشیزہ. [س].

گوری (وج) (الف) صف مث.
اُجلے رنگ والی، گورے رنگ کی، سرخ و سفید. (ب) امث. گورے رنگ کی عورت؛ (کنایۃً) حسین عورت، محبوبہ.

گوری چٹی صف مث. سرخ و سفید؛ (کنایۃً) خوب صورت (عورت)

گوری کا جوبن چٹکیوں میں جائے کہاوت. مال کے ستیاناس ہوجانے کے موقع پر بھی کہتے، نمونے میں کوئی چیز ختم جائے تو کہتے ہیں حسن یا جوانی یوں ہی رائیگاں جاتی ہے ناپائیدار ہوتی ہے.

گوریلا (۱) (وج، ی مع) اند.
دیکھیے: گورِلا. [انگ].

گوریلا (۲) (وج، ی مع) اند.
چھاپا مار، شخص یا سپاہی جو بے قاعدہ لڑائی میں حصہ لے، غیر منظم فوج کا ایک سپاہی. [انگ].

گُوز (وج نیز مع) اند.
گندی ہوا جو مقعد سے آواز کے ساتھ خارج ہو، پاد، ریاح. [ف]

گوسالَہ (وج، فت ل) اند.
گائے کا ایک سالہ بچہ، گائے کا بچہ، بچھڑا.

گوسپند/ گوسفند (و ج ، سک س ، فت پ ، سک ن / فت ف ، سک ن) اند : امث .
بھیڑ ، بکری ، دنبہ ، بکرا (نر و مادہ دونوں کے لیے مستعمل ہے) . [ف] .

گوش (و ج) اند .
سننے کا عضوِ بدن ، کان ، اُذن . [ف] .

گوش بگوش / گوش بہ گوش م ف . ۱. (لفظاً) ایک کان سے دوسرے کان تک یعنی پوری طرح ، اچھی طرح کان دے کر ، پوری توجہ سے ۲. روایت کے طور پر ، روایتاً .

گوش گزار کرنا محاورہ . سنانا ، بتانا ، مطلع کرنا ، آگاہ کرنا ، کان میں ڈالنا .

گوشت (و ج ، سک ش) اند .
۱. کسی جاندار کے جسم کا وہ نرم حصہ جو کھال اور ہڈیوں کے درمیان ہوتا ہے ، لحم ، ماس ، ہڈیوں کے اردگرد کا حصہ . ۲. (i) حیوان کا گوشت ، گائے ، بکری اور دیگر حلال جانور کا گوشت . (ii) پکا ہوا گوشت ، سالن . [ف] .

گوشت پوست اند . گوشت اور کھال ؛ (کنایۃً) تمام اعضا ، پورا جسم .

گوشت خوار / گوشت خور صف . گوشت کھانے والا ، وہ جس کی خوراک گوشت ہو ، (سبزی یا گھاس کھانے والوں کے مقابل) .

گوشت سے ناخن جدا نہیں ہوتا کہاوت . عزیز یا قریبی رشتہ داروں میں قطع تعلق نہیں ہوسکتا ، جدا نہیں ہوتے .

گوشک (و ج ، فت ش) اند .
۱. (حیوانات) بیرونی کان کا چوڑا بالائی حصہ . ۲. (نباتیات) چھوٹی پتی جیسا زائدہ جو کسی پتی کے ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ہو .

گوشمال (و ج ، سک ش) اند : امث .
سزا کے طور پر کان اینٹھنا ؛ تنبیہ ، تادیب ، سرزنش . [ف] .

گوشمالی (و ج ، سک ش) امث .
سزا کے طور پر کان اینٹھنا ، تنبیہ . ۲. اہلِ ہنر کا کسی اہم کام کے انجام دیتے وقت استاد کو یاد کر کے اپنے کان پکڑنا . اف : کرنا / ہونا .

گوشوارہ (و ج ، سک ش ، فت ر) اند .
۱. کان کا بالا ، بالی ، آویزہ ، بندا . ۲. وہ موتی جو سیپ کے اندر سے ایک ہی نکلتا ہے در یتیم ، بڑا موتی ؛ تاج کا موتی . ۳. (i) خلاصہ حساب ، چٹھا بہی ، میزان ، جوڑ . (ii) کسی کاغذ کا خلاصہ یا اختصار ، معلومات نیز اعداد و شمار کی فہرست یا جدول پٹی .

گوشہ (و ج ، فت ش) اند .
۱. کونا ، کنج . ۲. جانب ، سمت ، پہلو ، طرف . ۳. پلو ، سرا ، کنارہ (چادر یا کپڑے وغیرہ کا) . ۴. آنکھ کا کونا ، کویا . ۵. (مجازاً) خلوت ، تنہائی کی جگہ ، تخلیہ . ۶. کسی چیز کا باہر کو نکلا ہوا حصہ یا سرا ، کھونٹ . ۷. رہنے کی جگہ ، مکان ، رہائش (توشہ کے ساتھ مستعمل) . ۸. رُخ ، پہلو ، زاویہ . ۹. (صحافت) کسی مجلّہ کے وہ صفحات جو مخصوص نگارشات کے لیے مختص کیے جائیں یا کسی شاعر یا ادیب کے لیے مخصوص کیے جائیں . [ف] .

گوشہ اختیار کرنا محاورہ . تارک الدنیا ہونا ، خلوت نشیں ہونا .

گوشۂ تنہائی اند . تنہائی کی جگہ ، خلوت گاہ .

گوشۂ جگر اند . لختِ جگر ؛ (کنایۃً) بہت عزیز ، بہت پیارا ، جگر گوشہ ، اولاد .

گوشۂ عافیت اند . امن کی جگہ ، پرسکون جگہ .

گوشہ نشیں صف . تنہائی میں رہنے والا ، سب سے الگ رہنے والا ، خلوت نشیں ؛ تارک الدنیا .

گوشہ نشینی امث . تنہائی میں رہنا ، سب سے الگ رہنا ، خلوت نشینی ، عزلت ، تنہائی .

گوکھرو (و ج ، سک نیز ضم کھ ، و ج) اند .
۱. دھنک یا مقیش وغیرہ کا گھونٹا موڑا ہوا مختلف اقسام کا گوٹا (عورتیں لباس میں اسے زیبائش کے لیے ٹانکتی ہیں) . [س] .

گول (و ج) صف .
۱. کوئی چیز جو مدوّر ہو ، مدور کروی نیز دائرہ دار ، چکردار . ۲. مبہم ، مشکوک ، پیچیدہ . ۳. معدوم ، غائب . ۴. (i) بے کار ، فضول (مجازاً) موٹی عقل ، موٹا ، بھدا ، بے ڈول . [س] .

گول کر جانا / کرنا محاورہ . (کسی بات یا چیز کو) موقوف یا ملتوی کرنا ، ٹال دینا ، کسی بات کو ٹالنے کے لیے خاموشی اختیار کر لینا .

گول گپا (الف) اند . چھوٹی پھولی ہوئی خستہ پوری جو سونٹھ زیرے کے پانی کے ساتھ کھائی جاتی ہے ، پانی پوری ، سونٹھ کے بتاشے . (ب) صف . پھولا ہوا ، پُرگوشت ، موٹا تازہ ، فربہ ، تن درست ، توانا .

گول مال (الف) اند . ۱. اُلٹ پلٹ ، خلط ملط . ۲. سازش ، سانٹ گانٹھ ، چکر . (ب) صف . پیچیدہ ، مبہم .

گول مٹول صف. چھوٹے قد کا، مدور، پر گوشت جسم والا، موٹا.

گول مول صف. ۱. گولائی لیے ہوئے، مدور، گول مٹول. ۲. موٹا تازہ، گول مٹول، فربہ. ۳. (محاورۃً) مبہم، جس میں گھماؤ پھراؤ ہو، غیر واضح.

گول (وج) اند.
نشان، ہدف، (فٹ بال، ہاکی وغیرہ) دو کھمبوں کے درمیان کا خطِ مستقیم جس سے گیند گزر جانے پر ہار جیت ہوتی ہے، ایک بار کی جیت. [انگ].

گول کیپر اند. (ہاکی، فٹ بال) گول کا محافظ، گول کو بچانے والا، گول ہونے سے بچانے والا کھلاڑی.

گولا (۱) (وج) اند: ← گولہ.
۱. لوہے، مٹی وغیرہ کی بنی ہوئی گول مدور چیز، گیند کی مانند گول چیز. ۲. کپڑے یا ربڑ کی وہ گیند جو زمین پر پھینکنے سے اچھلتی ہے، بڑی گول گیند. ۳. منکا. ۴. اون یا تاگے کی گولی، پیچک. ۵. ریاح جو پیٹ میں گولے کی شکل میں اٹھ کر درد پیدا کرتے ہیں، باؤ گولہ. [س].

گولا (۲) (وج) اند.
مدور بڑی گولی جو توپ میں رکھ کر مارتے ہیں؛ دیکھیے: گولہ.

گولائی (وج) مث.
گول ہونے کی حالت، کسی چیز کا گول ہونا.

گولڈ (وج، سک ل) اند.
سونا، زر، طلا؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

گولڈ میڈل اند. سونے کا تمغہ جو چاندی کے تمغے سے بڑا اور پلاٹینم کے تمغے سے چھوٹا سمجھا جاتا ہے اور انعام کے طور پر دیا جاتا ہے، طلائی تمغہ، تمغۂ زر.

گولڈن (وج، سک ل، فت ڈ) صف.
سنہرا، سونے کا، سنہری، طلائی؛ (کنایۃً) قیمتی، عمدہ. [انگ].

گولڈن جوبلی مث. جشنِ زریں، پچاس سالہ جشن، طلائی جوبلی، جشنِ پنجاہ سالہ.

گولر (وج، فت ل) اند.
ایک تناور درخت اور اس کا گول پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے اس درخت میں پھول نہیں ہوتا نیز بڑ وغیرہ کا پھل (لاط: Ficus Glomerata). [س].

گولف (وج، سک ل) اند.
ایک کھیل جس میں ایک سخت چھوٹی سی گیند کو ایک خاص وضع کی بنائی ہوئی لکڑی سے ضرب لگا کر مخصوص گڑھے میں ڈالتے ہیں، گاف. [انگ].

گولک (وج، فت ل) مث.
ظرف جس میں سوراخ ہوتا ہے جس میں بکری کی رقم یا چندہ کی ہوئی رقم یا کسی بھی طرح کے پیسے جمع کیے جاتے ہیں، گلک، غولک.

گولہ (وج، فت ل) اند.
لوہے کی بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں، توپ کا گولہ. [ف].

گولہ بارود اند. گولیاں اور بارود وغیرہ جو توپ، رائفل اور دوسرے آلاتِ حرب میں استعمال کی جاتی ہیں.

گولہ باری مث. ۱. کثرت سے گولے پھینکنے یا توپ چلانے کا عمل. ۲. (مجازاً) طنز کے تیر چلانے کا عمل.

گولی (وج) مث.
۱. سیسے کی مدور یا مستطیل بنی ہوئی چیز جو بندوق، پستول وغیرہ میں رکھ کر مارتے ہیں. ۲. دوا کی چھوٹی گول یا چپٹی ٹکیا، قرص یا حب. ۳. لاکھ یا شیشے وغیرہ کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں، کنچا. ۴. افیون کی گولی جسے افیونی کھاتے ہیں.

گولی چلانا محاورہ. گولی مارنا، بندوق اور پستول وغیرہ داغنا.

گولی دینا ف مر: محاورہ. ۱. دوا کی ٹکیہ کھلانا، دوا کی گولی دینا. ۲. پٹی پڑھانا، پٹانا؛ فریب دینا، دھوکا دینا.

گولی لگنا ف مر: محاورہ. گولی جسم میں پیوست ہونا، گولی سے زخمی ہونا، گولی کا نشانہ بننا.

گولی مارنا ف مر: محاورہ. ۱. بندوق یا پستول وغیرہ کی گولی سے زخمی یا ہلاک کرنا، جان سے مار دینا. ۲. (کسی چیز سے) بے تعلق یا بے پروا ہو جانا، کسی کام سے ہاتھ کھینچ لینا.

گولی مارو فقرہ: کلمۂ نفرت. چھوڑو، جانے دو، لعنت بھیجو، دفع کرو.

گولے (وج) اند: ج.
گولا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

گولیاں (وج، کس ل) مث: ج.
۱. گولی کی جمع، دوا وغیرہ کی چھوٹی گولی (تراکیب میں مستعمل). ۲. کانچ کی بنی ہوئی گولیاں جس سے بچے کھیلتے ہیں، کنچے.

گُومڑ (و مع ، فت م) اند.
دیکھیے : گومڑا جو زیادہ مستعمل ہے.

گُومڑا (و مع ، سک م) اند.
۱. (جسم خصوصاً سر پر کسی چوٹ کا) ورم ، سوجن ، اُبھار. ۲. (لکڑی یا درخت وغیرہ کی) گانٹھ ، گری ، اُبھار.

گومگو (و مج ، فت م ، و مج) اند.
(کہنے اور نہ کہنے کے سلسلے میں) تذبذب اور دھکڑ پکڑ ، کسی بات کے کہنے نہ کہنے کی حالت ، کہنے میں پس و پیش یا دوسہ ، شک شبہ ، تذبذب ، کشمکش. (ب) صف. ۱. راز جس کے انکشاف میں تذبذب ہو ، تذبذب آمیز ، مخفی ، خفیہ.

گَون (و لین) اند.
۱. خصوصاً انگریز یا یورپین عورتوں کا لمبا اور ڈھیلا ڈھالا ایک لباس جو اوپر سے پہنا جاتا ہے. ۲. خاص وضع کا چغہ جو جج ، وکیل اور سند یافتہ طلبا وغیرہ خاص مواقع یا تقریبات میں زیب تن کرتے ہیں. [انگ].

گون (و مج) مث.
ایک قسم کا لمبا اور بیچ میں سے کھلا ہوا سامان لادنے کا موٹے کپڑے کا تھیلا جو عموماً چھکڑی یا پالان کے اوپر بیل یا لدو جانور کی کمر پر دونوں طرف لٹکا ہوا ڈال دیا جاتا ہے ، دو رخی بوری. [س].

گُونا گُوں (و مع ، و مع) صف.
طرح طرح کا ، مختلف قسم کا ، وضع وضع کا نیز رنگ بہ رنگ ، بوقلمونی.

گُونتھنا (و مع ، غنہ ، سک تھ) ف م.
گوتھنا ، پرونا ، شامل کرنا ، نتھی کرنا.

گُونج (و مع ، غنہ) مث.
۱. (i) آواز جو گنبد یا بند مکان میں دیر تک سنائی دیتی ہے ، آواز بازگشت. (ii) گرج ، بھاری یا رُعب دار آواز. ۲. شیر کی آواز یا ڈکار. ۳. (کسی تحریر یا اسلوب کی) نقالی ، اثر ؛ تکرار. ۴. شہرت ، دھوم نیز غل.

گُونجنا (و مع ، غنہ ، سک ج) ف ل.
۱. کسی جگہ ، گنبد یا مکان میں کسی آواز کا ٹکرا کر دیر تک قائم رہنا ، آواز ٹکرا کر واپس آنا. ۲. کوئی جگہ یا مکان آواز سے بھر جانا ، آواز یا بات کا خوب پھیلنا ، شہرہ ہونا. ۳. بلند ہونا ، اُٹھنا (آواز وغیرہ کا).

گوند (و مج ، غنہ) اند.
۱. ایک چیپ دار مادہ جو درختوں کے تنوں سے نکلتا ہے اور خشک ہو کر ڈلیاں بن جاتا ہے (یہ مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے) اس کی ڈلیوں کو پانی میں بھگونے سے لیس دار مادہ حاصل ہوتا ہے جو کاغذ وغیرہ چپکانے کے کام آتا ہے. ۲. اصلی گھی میں بھون کر کھانڈ کے قوام میں پکائی ہوئی غذا جو اکثر زچہ کو طاقت کے واسطے کھلاتے ہیں (اس میں عموماً ناریل ، بادام ، چھوہارے ، کشمش ، سونٹھ ، سوجی ، مکھانے ، کیکر کا گوند ، پانچوں مغز وغیرہ کوٹ کر ملاتے ہیں) ، گوند کھانے. [غالباً ، س].

گوندنی (و مج ، غنہ ، سک د) مث.
مولسری کی طرح کا ایک پیڑ اور اس کے زرد رنگ کا پھل جو گچھے کی شکل میں ہوتا ہے جو بہت لیس دار اور میٹھا ہوتا ہے ، گوندی (لاط : Cordia Rothi).

گُوندھنا(۱) (و مع ، غنہ ، سک دھ) ف م.
۱. کسی خشک چیز (مٹی یا آٹا وغیرہ) کو پانی میں سان کر ہاتھوں سے دبانا یا ملنا ، ماندنا ، آٹے میں پانی ملا کر روٹی بنانے کے قابل کرنا ، میدے یا کسی چیز کے برادے میں پانی یا کوئی رقیق شے وغیرہ ملا کر ملنا. [س].

گُوندھنا(۲) (و مع ، غنہ ، سک دھ) ف م.
۱. بالوں کی لڑیاں بنانا ، سر کے بالوں کی لڑیاں بنا کر باہم بننا ، چوٹی کرنا. ۲. کئی تاگوں یا تاروں کو گھما کر اس طرح ایک دوسرے پر چڑھاتے ہوئے پھنسانا کہ ایک لڑی سی بن جائے ، پرونا ، موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں بنانا ، سہرا ، گجرا وغیرہ بنانا. [س].

گُونگا (و مع ، مغ) صف : اند.
شخص جو بولنے سے معذور ہو ، جو زبان سے بول نہ سکے ، شخص جو قوتِ گویائی سے محروم ہو.

گُونگی (و مع ، مغ) مث.
عورت جو بول نہ سکتی ہو ، بولنے سے معذور عورت ، گویائی سے محروم عورت.

گونگی بہری مث. عورت جو نہ سن سکے اور نہ بول سکے ، بولنے اور سننے کی طاقت سے محروم عورت ؛ (کنایتہً) کم گو ، چپ رہنے والی.

گُونگے (و مع ، مغ) اند : ج.
گونگا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل.

گونگے کا گڑ کھانا محاورہ. کچھ بیان نہ کرسکنا ، چپ سادھنا.

گُونہ (و مع ، فت ن) اند.
۱. رنگ ، گوں. ۲. ایک سرخ پوڈر ، غازہ ، گلگونہ. ۳. قسم ، نوع ، صنف ، جنس ، طرح. ۴. طور ، طرز ، ڈھنگ ، وضع ، طرح. (ب) م ف ؛ صف.
کسی قدر ، کچھ ، ذرا سی. [ف].

گُوہ (و مع) اند ؛ ~ گو.
پاخانہ ، فضلہ ، چرک ؛ (کنایۃً) بہت میلا ، گندا ، گوبر. [پ].

گوہ کھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. حرام کی کھانا ، رشوت خور ہونا ؛ اغلام کرنا ، حرام کاری کرنا ، منھ کالا کرنا. ۲. جھک مارنا ، بے ہودہ بکنا. ۳. جھوٹ بولنا ، دروغ گوئی کرنا.

گوہ میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اُٹھالے / اٹھالیں کہاوت. خسیس اور بخیل آدمی کے بارے میں بولتے ہیں.

گوہ سے نکال کر موت میں ڈالنا محاورہ. بہت ذلیل کرنا ، رُسوا کرنا.

گُوہانجنی (و مع ، فت ، سک ج) است.
آنکھ کی وہ پھنسی جو پلک کے نیچے (از روئے روایت گوہ کو ٹوکنے سے) نکل آتی ہے ، انجن ہاری ، گنجیا ، گوہائی.

گوہَر (و لین ، فت ہ) اند.
۱. موتی. ۲. قیمتی پتھر جیسے یاقوت یا ہیرا وغیرہ. ۳. کسی شخص یا شے کی اصل ، اصل نسل ، مادّہ ، ماہیت ، جوہر. ۴. آدمی کی چھپی ہوئی خوبیاں ، عقل و دانش ، پوشیدہ صلاحیت ، آب یا جوہر شمشیر. [ف].

گوہر آبدار صف. چمک دار موتی ، تاب دار موتی.

گوہر بے بہا اند. قیمتی موتی ، گوہر نادر ، انمول موتی ؛ (کنایۃً) باوقعت ، نایاب شے.

گوہر مقصود اند. مراد ؛ مقصد ، دُرِ مقصود ، اُمید ، اصل مقصد.

گوہر نایاب اند. انمول موتی ، بہت قیمتی موتی ؛ (مجازاً) خاص شے.

گوہر یکتا اند. ۱. دُرِ یکتا ، گوہر نایاب ، قیمتی موتی. ۲. (کنایۃً) نایاب شخصیت ، بڑا آدمی.

گوئی است.
بولنے یا کہنے کا عمل (جیسے : حق گوئی ، راست گوئی وغیرہ) بطور لاحقہ مستعمل. [ف].

گُوئیّاں (ضم گ ، ضم و ، کس ء ، شد ی) است.
گُیاں ، سہیلی. [مقامی].

گویا (و مع) (الف) صف.
۱. (i) بولنے والا (گونگا کی ضد). (ii) خوب بولنے والا ، چرب زبان ، بہت بولنے والا. (ب) م ف. ۱. غالباً ، ظاہراً ، واضح طور پر. (ج) حرف تشبیہ. جیسے : مانند ، ہو بہو ، طرح ، جیسا ، بمثل.

گویا ان تلوں میں تیل نہیں فقرہ ؛ کہاوت. بے مروّت اور طوطا چشم آدمی کے بارے میں بولتے ہیں ، بالکل روکھا اور بے مروّت.

گوَیّا (فت گ ، و ، شد ی) صف.
گایک ، گانے والا ، کلاونت. [ف].

گویائی (و مع) است.
۱. نطق ، گفتار ، بول چال ، بات چیت ، گفتگو. ۲. بولنے کی طاقت ، ناطقہ. ۳. خوش گفتاری ، خوش کلامی ، شگفتہ گفتگو. [ف].

گویم مشکل وگرنہ گویم / نگویم مشکل کہاوت.
(فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) اس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کا کہنا بھی مشکل ہو اور نہ کہنا بھی مشکل ہو.

گَہ / گَہہ (فت ع گ) (الف) م ف.
گاہے ، کبھی ، کسی وقت. (ب) است. جگہ ، مقام (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل).

گُہَر (ضم گ ، فت ہ) اند ؛ ~ گوہر.
قیمتی پتھر ، جوہر ؛ موتی ، مروارید.

گہر آبدار اند. چمک دار موتی.

گُہر سَنج صف. موتی تولنے والا ؛ (کنایۃً) خوش بیان ، سخن سنج.

گَہرا (فت ع گ ، سک ہ) صف مذ.
۱. جو سطح سے نیچے کی طرف عمق رکھتا ہو ، عمیق. ۲. جو درمیان سے نیچا ہو ، مقعر (گٹھی دار کی ضد). ۳. شدید ، سخت (صدمہ یا رنج وغیرہ). ۴. مضبوط ، پکا ؛ گہری صلح ، گہرا تعلق. ۵. گاڑھا رنگ جس میں سیاہی جھلکتی ہو. [س].

گھوانی (فت ج گ، سک و) امث.
گھرا پن، عق.

گھری (فت ج گ، سک و) صف مث.
گھرا کی تانیث، مرکبات میں مستعمل.

گھرے (فت ج گ، سک و) صف.
گھرا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

گھما گھم / گھما گھمی (فت ج گ، سک و، فت گ، و / سک و) امث.
چہل پہل، گرم بازاری، رونق، دھوم دھام. [س].

گہن (فت ج گ، فت و) اند.
۱. چاند یا سورج کا جزوی یا کلی طور پر تاریک ہو جانا، اگر ہلال کے وقت چاند زمین اور سورج کے درمیان آ جائے تو سورج یا اس کا کچھ حصہ سیاہ ہو جاتا ہے یہ سورج گرہن یا کسوف کہلاتا ہے. ۲. (مجازاً) داغ، عیب، کلنک، دھبا. [س].

گہنا / گہنہ (فت ج گ، سک و) اند.
جواہرات یا سونے، چاندی کی بنی ہوئی چیز یا پھولوں کا گجرا وغیرہ جو زیبائش کے لیے پہنا جائے، زیور. [س].

گہوارہ (فت ج گ، سک و، فت ر) اند.
۱. جھولے نما کھٹولا جس میں شیر خوار بچوں کو جھلاتے اور سلاتے ہیں، پالنا، جھولا، مہد. ۲. چار پائی جس پر محراب نما لکڑیاں باندھ کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں. ۳. (مجازاً) پرورش گاہ، نشو ونما کی جگہ. [ف].

گئو (فت گ، وبع) (الف) امث.
گائے. (ب) صف. (کنایۃً) فرماں بردار؛ بھولا بھالا، سیدھا سادہ.

گئو سالہ / شالہ اند. گایوں کے رہنے کی جگہ (خصوصاً عمر سے اتری ہوئی یا آوارہ گایوں کے لیے).

گئی (فت گ) صف مث.
گیا کی تانیث، گزری ہوئی، رفتہ، گزشتہ، تراکیب میں مستعمل.

گئی گزری صف مث. ۱. بری، خراب، ناقص. ۲. بے کار، نکمی، ناکارہ. ۳. حقیر، بے وقعت، کم حیثیت، کم مایہ. ۴. پرانی، فرسودہ.

گئے (فت گ) مذ؛ ج.
گیا کی جمع مذکر؛ تراکیب میں مستعمل.

گئے تھے نماز بخشوانے / معاف کرانے / الٹے روزے گلے پڑے کہاوت. ایک مشکل سے بچنا چاہا، دوسری مشکل اس سے زیادہ آ پڑی، ایک کام سے عذر کیا دوسرا کام اور سپرد ہوا، الٹے لینے کے دینے پڑ گئے.

گئے گزرے / گزرے (الف) صف مذ. برے، بے کار، نکمے، حقیر، بے وقعت. (ب) فعل ماضی. کسی کام کے نہ رہے، کسی قابل نہ رہے، برباد ہوئے.

۰۰۰ گے مذ؛ ج.
گا کی جمع، اسے فعل کے آگے لگا کر فعل مستقبل اور صیغہ جمع مذکر بناتے ہیں.

گیا (فت گ) (الف) صف.
۱. گزشتہ، گزرا ہوا، ماضی. ۲. جانے والا، روندا (آیا کے ساتھ). (ب) ف ل. ۱. جانا کا ماضی، چلا گیا، جاتا رہا. ۲. (کسی کام یا عمل کے سلسلے میں) مجبور ہو جانا، گوارا نہ ہونا. ۳. کوئی واسطہ اور تعلق نہ رہا. ۵. کام کا نہ رہا، ناکارہ ہوا، بے کار ہوا.

گیا گزرا (الف) صف مذ. ۱. گزرا ہوا، بیتا، رفتہ و گزشتہ. ۲. جو اپنی صفات یا خصوصیات کھو چکا ہو، جس میں خوبی نہ ہو؛ جو پستی یا تنزل میں ہو، خستہ حال؛ بزدل؛ فقیر و حقیر، ناتواں، بے قدر، خراب، برا، بدتر، تباہی کی حالت میں. (ب) م ف. افلاس میں، تنگ دستی میں، مفلسی میں، کم سے کم، گئے درجے میں. (ج) ف مر. ۱. باز آیا. ۲. کسی کام کا نہ رہا، کسی قابل نہ رہا.

گیا گزرا ہونا ف مر؛ محاورہ. بے کار ہونا، ناکارہ ہونا.

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں کہاوت. (مشہور شاعر میر حسن کا مصرع بطور ضرب المثل مستعمل) جو موقع ہاتھ سے نکل جائے وہ پھر میسر نہیں آتا، پچھتاوا اور افسوس رہ جاتا ہے.

گیابھ (کس گ، ی تحت) اند.
جانور کا حمل، گائے بھینس بکری وغیرہ کے پیٹ میں بچہ ہونے کی حالت، گابھ.

گیابھن (ی تحت، فت بھ) امث.
حاملہ جانور، گابھن.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

گیارواں (کس گ، ی تحت، سک ر) صف.
گیارہ حصوں میں سے آخری، گیارواں نمبر.

گیارہ (کس گ، ی تحت، فت ر) صف.
دس اور ایک کا مجموعہ، دس سے ایک زیادہ، بارہ سے ایک کم، (ہندسوں میں) ۱۱. [س].

گیارھویں (کس گ، ی تحت، سک رہ، ی مج) (الف) صف مث.
گیارہ سے منسوب؛ گیارھواں کی تانیث. (ب) مث. حضرت محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی غوث الاعظمؒ بڑے پیر کی نیاز جو ربیع الثانی کی گیارہ تاریخ کو ہوتی ہے نیز اس تاریخ کی تقریب.

گیارھویں (کس گ، ی تحت، سک رہ، ی مج) صف مذ.
دس کے بعد کا، گیارہ سے نسبت رکھنے والا، گیارھواں کی مغیرہ صورت.

گیان (کس گ، ی تحت) مذ.
۱. عقل، فہم، فراست، سمجھ، دانائی، زیرکی. ۲. علم، واقفیت، دانش. ۳. معرفت الٰہی، کشف یا معرفت، علم وعرفان. [س].

گیان دھیان مذ. الٰہیات کے بارے میں غور وفکر، معرفتِ الٰہی کی محویت، مراقبہ، الوہیت کے مسائل میں انہماک.

گُیاں (ضم گ، شدی) مث.
سکھی سہیلی، کھیل کا ساتھی.

گیاہ (کس گ) مث.
گھاس، ہری گھاس، سبزہ، دوب. [ف].

گیت (ی مع) مذ.
گانا، راگ، نغمہ، سرود. [س].

گیت کار مذ. گیت کہنے والا، گیت لکھنے والا، گیت نویس.

گیت مالا مذ. ایک سے زیادہ گیتوں کا مجموعہ، گیتوں کا کوئی انتخاب.

گیت نویس مذ. گیت لکھنے والا، گیت کار.

گیتا (ی مع) مث.
۱. راگ، گیت، بھجن. ۲. ایک نام جو اکثر مباحثے یا تذکرے یا ملفوظات وغیرہ کی قسم کی ہندی کتابوں کا رکھا جاتا ہے نیز بھگوت گیتا جس میں معرفت الٰہی کا ذکر ہے. ۳. چرچا، بحث مباحثہ، ذکر، تذکرہ؛ مقولہ، قول. [س].

گیتی (ی مج) مث.
عالم، جگت، سنسار، دنیا؛ (مجازاً) زمین.

گید (ی مع) مث.
آنکھ کے کونے میں جمع ہو جانے والی گندگی، آنکھ کا میل، چیپڑ، کیچ.
[مقامی].

گیدڑ (ی مع، فت د) مذ.
۱. کتے سے مشابہ اور قدرے چھوٹا ایک درندہ جو خصوصاً جاڑے میں رات کے وقت تنہا یا گروہ کے ساتھ بولتا ہے، شغال، سیار. ۲. (مجازاً) بزدل، کم ہمت، پست. [س].

گیدڑ بھبکی / بھپکی مث. گیدڑ کی طرح غرّا کر حملہ کرنے کی دھمکی جو محض دکھاوے کی ہوتی ہے، خالی خولی دھمکی.

گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے کہاوت. کوئی بڑا کارنامہ آدمی کو ہمیشہ زندہ رکھتا ہے خواہ اس کی طبعی عمر کم ہی کیوں نہ ہو.

گیدڑ کی کمبختی (شامت / موت) آتی ہے تو شہر کی طرف بھاگتا ہے کہاوت. جب برے دن آتے ہیں تو الٹی ہی تدبیر سوجھتی ہے.

گیر / گیئر (ی لین) مذ.
دندانے دار چکر یا پہیوں کا جوڑ، جوڑ کا دندانہ نیز وہ پرزہ جو پہیے کو موڑ سے ملاتا ہو. [انگ].

گیر (ی مع) مذ.
پکڑو. [ف].

...گیر (ی مع) لاحقہ.
لینے والا، پکڑنے والا، نیز قبضہ کرنے یا فتح کرنے والا، تراکیب میں مستعمل. [ف].

گیرا (ی مع) (الف) صف.
۱. گرفت میں لانے یا لینے والا، پکڑنے والا. ۲. پیچوں پر کسا ہوا پہیہ وغیرہ. ۳. پکڑنے والا، بطور لاحقہ تراکیب میں مستعمل. (ب) مذ.
۱. (آہنگری) ایک آہنی اوزار جس میں کوئی چیز پکڑ کر کس دی جائے حسبِ ضرورت چھوٹا بڑا مختلف قسم کا ہوتا، بانک، شکنجہ، ہتھکل. ۲. کتاب

کے پٹھے کو کس کر دبانے کا کل، شکنجہ ۔۳. (نباتیات) مونے حساس ریشۂ حاسد پودے کا حسی عمل یا اس کا حساس غدودی رُواں جس میں حس کی قوت موجود ہوتی ہے ۔۴. لامس جانوروں کا آگے کو نکلا ہوا عضو جس سے وہ ٹٹولتے یا کسی شے کو پکڑنے میں مدد لیتے ہیں. [ف].

گیراج (ی لین) اند: مت :- گیراج.
۱. وہ جگہ جہاں موٹر کار یا دوسری گاڑیوں وغیرہ کی مرمت کی جاتی ہو، موٹر کاروں کا گودام ۔۲. موٹر گاڑی وغیرہ کھڑی کرنے کی جگہ، موٹر خانہ. [انگ].

گیرائی (ی لین) مت.
۱. گرفت، پکڑ؛ جکڑ بندی (مجازاً) تسلط ۔۲. پکڑ دھکڑ کا دفتر؛ خفیہ پولیس یا اس کا محکمہ ۔۳. ٹھگ رٹھگی، وہ محکمہ جس میں ٹھگوں کے پکڑنے کا کام ہوتا ہے.

گیرُو (ی مج، نیز ی لین، و مع) اند.
ایک قسم کی لال مٹی جس سے اکثر جوگی وغیرہ اپنے کپڑے رنگتے ہیں. [پ].

گیرُوا (ی مج، سک ر) صف.
گیرو کے رنگ کا، جسے گیرو میں رنگا گیا ہو، جوگیا رنگ کا.

گیس (ی لین) اند: مت.
۱. (i) مادہ جو بھاپ یا بخارات کی شکل میں پایا جاتا ہے اور کئی طرح کا ہوتا ہے. (ii) کوئلے کی کانوں میں پایا جانے والا زود احتراقی ہوا اور گیس کا آمیزہ جو ایندھن کے طور پر اور چولھوں میں عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے، قدرتی گیس جو سوئی گیس کے نام سے بھی پاکستان میں جانی جاتی ہے ۔۲. ایک وضع کی لالٹین جو باریک تاروں کی بیضوی بتی چڑھا کے اسپرٹ سے گرم کرنے اور پھر لیمپ کی ٹنکی میں لگے ہوئے پمپ میں ہوا بھرنے سے مٹی کا تیل گیس بننے سے جلتی ہے، پیٹرومیکس گیس کا ہنڈا ۔۳. ہائیڈروجن وغیرہ جو غبارے میں بھری جاتی ہے. ۴. زہریلی گیس جس سے آنسو بہنے لگتے ہیں اور کچھ دیر کے لیے بصارت زائل ہو جاتی ہے، اشک آور گیس، آنسو گیس ۔۵. ریاح، ریح نیز ریح کی بیماری. [انگ].

گیس (کس ج گ، فم ی) اند.
قیاس، اندازہ نیز اندازہ کرنا، انکل سے بتانا؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

گیس پیپر اند. (تدریس) قیاس اور اندازے پر مبنی امتحانی پرچہ، کسی امتحان کے متوقع سوالات کا پرچہ.

گیسُو (ی مج، و مع) اند: ج.
سر کے لمبے بال (خصوصاً عورتوں کے). [ف].

گیسو سنوارنا ف مر: محاورہ. کنگھی کرنا، بال درست کرنا، زلفیں بنانا.

گیسوؤں والا صف: اند. ۱. لمبے لمبے بالوں والا، خاص انداز کی زلفیں رکھنے والا ۔۲. (کنایۃً) محبوب، پیارا، دلبر، دل ربا، معشوق.

گیگلا (ی مج، سک گ) صف مذ.
بھولا، سادہ لوح، کم عقل، پھوہڑ.

گیگلی (ی مج، سک گ) صف مت.
گیگلا جس کی یہ تانیث ہے، بھولی، کم عقل، بے وقوف، غبی، احمق عورت.

گیل (ی مع) مت.
گیلا پن، نمی. [س].

گیلا (ی مع) صف مذ.
جس میں نمی یا تری ہو، بھیگنے کے بعد جو ابھی خشک نہ ہوا ہو، نم، تر، بھیگا ہوا. [س].

گیلری (ی لین، سک ل) مت :- گیلیری.
۱. مکان یا کمرے یا تھیٹر وغیرہ کے آگے بنی ہوئی گزرنے یا بیٹھنے کی اونچی جگہ، راہداری، برآمدہ، غلام گردش ۔۲. تنگ راستہ یا کمرہ جہاں عموماً تصاویر یا نوادرات کی نمائش یا فروخت ہوتی ہو، تصویر خانہ. [انگ].

گیلن (ی لین، فت ل) مت.
سیال یا رقیق شے ناپنے کا پیمانہ جو عموماً دو سیر دس چھٹانک یا چار کوارٹ کے مساوی ہوتا ہے، مائعات کا پیمانہ. [انگ].

گیلی (ی مع) صف مت.
نم، تر، بھیگی ہوئی.

گیلی لکڑی مث. نم لکڑی جس میں لچک ہوتی ہے؛ (مجازاً) قابلِ اصلاح (بچہ) جس کی عادات پختہ نہ ہوئی ہوں اور اسے حسبِ منشا راستے پر لگایا جا سکتا ہے۔

گیلے (ی مع) اند؛ ج.
گیلا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل۔

گیلے میں سونا، سوکھے میں سلانا محاورہ. خود تکلیف اٹھا کر دوسرے کو آرام پہنچانا۔

گیند (ی مج، غنہ) مث؛ اند.
چمڑے، کپڑے یا ربڑ وغیرہ کا وہ گولہ جس سے بچے کھیلتے ہیں اور ہاکی، کرکٹ یا ٹینس وغیرہ کے کھیل میں مختلف جسامت کا استعمال ہوتا ہے۔
[س]۔

گینڈا (ی مج نیز لین، مغ) اند.
۱. ہاتھی کے پاٹھے کے برابر اور بھینسے سے مشابہ موٹی کھال کا ایک نہایت طاقت ور جانور، جس کی ناک پر ایک سینگ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔ ۲. (کنایتہً) بھاری جسم کا، تن و توش والا، بہت موٹا۔ [س]۔

گینگ (ی لین، غنہ) اند.
گروہ، جماعت، ٹولی؛ (عموماً) سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث لوگوں کا گروہ۔ [انگ]۔

گیہوں (ی مج، و مع) اند.
سفید یا بھورے رنگ کا ایک مشہور غلہ جو ایک طرف سے مخروطی ہوتا ہے اور دوسری طرف سے بیچ میں جڑی ہوئی کھال کی طرح خط ہوتا ہے اس کے آٹے سے روٹی پکائی جاتی ہے جو کھانے میں استعمال ہوتی ہے، گندم، کنک۔ [س]۔

گیہوں دے کر گاجریں کھائیں کہاوت. (کسی ضرورت سے) عمدہ چیز دے کر ادنیٰ چیز (بدلے میں) لینا بے وقوفی ہے۔

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پستا/ بس جاتا ہے کہاوت. برے کے ساتھ اچھا بھی نقصان اٹھاتا ہے، زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا جاتا ہے۔

(گھ)

گھ (فت گھ) حرف مذ.
صوتی اعتبار سے اردو حروفِ تہجی کا (بشمول ہائیہ حروف) بیالیسواں حرف جو تحریر میں "ھ" کی شمولیت کی وجہ سے "گ" کی ہائیہ شکل کہلاتا ہے، دیوناگری میں چوتھا مصمتہ ( ) ہے، یہ کلمے کے شروع، وسط اور آخر میں بھی آتا ہے۔

گھات (۱) مث.
۱. تاک، داتو، (کام یا عمل کا) مناسب وقت یا موقع، کمیں، کمیں گاہ۔ ۲. دھوکا، فریب، چال بازی۔ ۳. وہ جگہ جہاں دشمن یا شکار کے انتظار میں بیٹھیں، کمیں گاہ۔ ۴. ڈھب، ڈھنگ، طور طریقہ۔ ۵. ایسا موقع یا تدبیر جس سے کسی کو شک نہ ہو، خفیہ تدبیر۔ ۶. گر، نکتہ، رمز۔ ۷. قابو، اختیار۔ ۸. غرض، مقصد، مطلب۔ ۹. (مجازاً) جادو، ٹونا، چھومنتر، موٹھ؛ دشمنی۔ [س]۔

گھات لگانا/ لگائے بیٹھنا محاورہ. کسی کی تاک میں چھپ کر بیٹھنا، موقع تاکنا۔

گھات (۲) اند.
۱. (i) قتل، ہلاکت، بربادی، تباہی۔ (ii) غارت، زخمی کرنا، ضرب لگانا۔ ۲. صدمہ، ضرب، آزار، ایذا۔ ۳. (حساب) حاصل ضرب، گن پھل۔
[س]۔

گھاتا/ گھاتہ (الف) اند.
۱. کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے، چنگا، روگھن، لبھاؤ، گھلوا۔ ۲. ایک قسم کا کھلونا۔ (ب) مف. مفت، زاید۔

گھاٹ (الف) اند.
۱. (i) دریا یا تالاب وغیرہ کے کنارے پر بنی ہوئی سیڑھیاں، جہاں پانی بھرتے اور نہاتے دھوتے ہیں، پانی بھرنے یا نہانے دھونے کی جگہ، وہ سیڑھیوں دار مقام جہاں لوگ نہاتے ہیں۔ (ii) ساحل پر وہ مقام جہاں سے دریا کو پار کریں، وہ مقام جہاں سے کشتی پر سوار ہوں یا اتریں۔ (iii) دریا یا تالاب وغیرہ کے کنارے پانی پینے کی جگہ، مشرب، آب خورہ۔

(iv) دریا یا تالاب وغیرہ کے کنارے وہ مقام جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں، دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی جگہ. ۲. تلوار کا خم، خم شمشیر، باڑھ سے اوپر کا حصہ. ۳. مقام، منزل، راستہ، سمت، رخ. ۴. (i) راہ، راستہ. (ii) دشوار گزار پہاڑی راستہ، گھاٹی، درۂ کوہ، پہاڑ. [س].

گھاٹ اُتارنا ف مر: محاورہ. ۱. ساحل تک پہنچانا، دریا کو عبور کرانا، پار کرانا. ۲. (تلوار یا موت وغیرہ الفاظ کے ساتھ) ہلاک کرنا، قتل کرنا. ۳. (مجازاً) کسی جگہ یا حالت تک پہنچادینا.

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا محاورہ. جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا، مختلف ملکوں کا سفر کرنا، جہاں دیدہ اور تجربہ کار ہونا.

گھاٹا اند.
۱. نقصان، خسارہ، زیاں، ٹوٹا. ۲. کمی. [س].

گھاٹی مت.
دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ، درّہ؛ وہ میدان یا نشیبی زمین جو پہاڑوں یا پہاڑوں کے درمیان واقع ہو، پہاڑوں کا نشیب. [س].

گھاٹے اند: ج.
گھاٹا (رک) کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

گھاٹے کا سودا اند. ایسا تجارتی معاملہ جس میں خسارہ ہو؛ (مجازاً) وہ کام جس میں نقصان اٹھانا پڑے، نقصان کی بات.

گھاس مت :- گھانس.
۱. خود رو نرم روئیدگی جو عموماً جانوروں کے چارے کے کام آتی ہے، کاہ، گیاہ، پھونس، تنکا. ۲. (مجازاً) بے وقعت شے، بے حقیقت چیز، ناکارہ شے. [س].

گھاس بھوس/پھونس اند. ۱. سوکھی ہوئی گھاس یا تنکے. ۲. خس و خاشاک، کوڑا کرکٹ، بے حقیقت شے.

گھاس ڈالنا محاورہ. کسی کو کوئی اہمیت دینا، کسی کو توجہ کے قابل سمجھنا.

گھاس کھانا ف مر: محاورہ. ۱. جانوروں کا چارہ کھانا، گھاس چرنا، گھاس کو بطور خوراک لینا.

گھاس کھودنا ف مر: محاورہ. ۱. زمین سے گھاس نکالنا یا اکھاڑنا. ۲. عقل و دانش کے خلاف کام کرنا؛ ذلیل کام کرنا، حقیر کام کرنا، بے فائدہ کام کرنا، لاحاصل محنت کرنا. ۳. بے سوچے سمجھے جلدی جلدی پڑھنا، پھوہڑ پنے سے کوئی کام کرنا.

گھاگ صف؛ اند :- گھاگھ.
۱. بوڑھا تجربہ کار، پرانا اور تجربہ کار، خرانٹ، کارآزمودہ، جہاندیدہ. ۲. سیانا، ہوشیار، چالاک. [س].

گھاگرا / گھاگڑہ (سک گ، / فت ر) اند :- گھاگھرا.
۱. لہنگا. ۲. ایک دریا کا نام. [س].

گھاگھ صف.
بوڑھا تجربہ کار؛ خرانٹ؛ چالاک، ہوشیار.

گھامڑ (فت م) صف.
گرمی کی ماری ہوئی (گائے)، وہ بدحواس اور ہر وقت ہانپنے والی گائے جسے گرمی مار گئی ہو. ۲. جس کے ہوش ٹھکانے نہ ہوں، بے وقوف، احمق، گاؤدی، بدھو. ۳. پھوہڑ، بدسلیقہ، اُجڈ، بھونڈا، بھدا، بے ڈھنگا. [س].

گھان اند.
۱. (i) اناج کی وہ مقدار جو ایک دفعہ چکی یا اوکھلی میں ڈالی جائے. (ii) کٹے ہوئے گنّے یا تلوں اور سرسوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کولھو میں ڈالی جائے. (iii) چنوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھاڑ میں بھوننے کے لیے ڈالی جائے. ۲. پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑھائی میں تلنے کے واسطے ڈالی جائے. ۳. گنّے کے رس کی وہ مقدار جو ایک بار گڑ بنانے کے واسطے کڑھائی میں ڈالی جائے. ۴. دفعہ، موقع، باری، وار. ۵. صنعتی کام کے مال کی ایک مقدار جو بوقت واحد کام میں لائی جائے. ۶. دولت جو ایک دم سے ہاتھ آجائے، اس معنی میں بڑا گھان مستعمل ہے. [س].

گھائل (کس ء) صف :- گھایل.
۱. زخمی، مجروح، زخم رسیدہ. ۲. (مجازاً) عشق کا مارا، دل فگار. ۳. (مجازاً) فریفتہ، دل دادہ. [س].

گھاؤ (و ج) اند.
۱. گہرا زخم. ۲. (مجازاً) نقصان، ٹوٹا، خسارہ. [س].

گھاؤ بھرنا محاورہ. ۱. زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا. ۲. ٹوٹا پورا ہونا، نقصان کی تلافی ہونا.

گھائی(۱) مت.
۱. دو انگلیوں کے درمیان جڑ کی جگہ، انگوٹھے اور انگلی کے درمیان کا زاویہ.

۲. وہ زاویہ جو درخت کے تنے اور شاخ سے پیدا ہوتا ہے. ۳. کسی مشین یا پیچ کے سلسلہ وار نقطوں یا خطوط کا درمیانی فاصلہ (مثلاً دندانے دار پہیے کے دندانوں کے درمیان کا فصل). ۴. ڈھلان یا جھکاؤ کا درجہ، ڈھال. ۵. (پورب) پانچ کا مجموعہ، پنجہ، پانچ عدد. ۶. چولہے کا وہ حصہ جہاں روٹی سینکی جاتی ہے، بغلی.

گھبرا (فت گھ، سک ب)
گھبرانا سے ماخوذ: تراکیب میں مستعمل.

گھبرا جانا ف مر: محاورہ. ۱. بدحواس ہو جانا، بوکھلا جانا، مضطرب ہو جانا، سراسیمہ ہو جانا، پریشان ہو جانا. ۲. خوف زدہ ہو جانا، ڈر جانا.

گھبرا کر/کے م ف. پریشان ہو کر، مضطرب ہو کر.

گھبرانا (فت گھ، سک ب) (الف) ف ل.
۱. مضطرب ہونا، بدحواس ہونا، بوکھلانا، پریشان ہونا، ڈر جانا. ۲. عاجز اور بے چارہ ہونا. ۳. اچاٹ ہونا، دل برداشتہ ہونا. (ب) ف م. حواس باختہ کرنا، بوکھلا دینا، سراسیمہ کرنا، پریشان کرنا، ڈرا دینا. [س].

گھبراہٹ (فت گھ، سک ب، فت ہ) امث.
۱. بے اوسان یا حواس باختہ ہونے کی کیفیت، بدحواسی، بوکھلاہٹ، اضطراب، بے قراری، بے چینی. ۲. خفقان، تپاک قلب.

گھبرو (فت گھ، سک ب، و مع) صف.
نوجوان، نوخیز، جس کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو. [س].

گھپ (ضم گھ) صف.
۱. نہایت تاریک. ۲. بے حد اندھیرا، سخت تاریکی. [س].

گھپ اندھیرا اند. مکمل تاریکی، سخت اندھیرا، گہری ظلمت.

گھپلا (فت گھ، سک پ) اند.
۱. گڑبڑ، جھمیلا، جھگڑا. ۲. (حساب میں) غلطی، ہیر پھیر، دھاندلی.

گھٹ (فت گھ) صف.
کم (گھٹنا کا حاصل مصدر؛ تراکیب میں مستعمل). [س].

گھٹ (ضم گھ)
گھٹنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

گھٹ گھٹ کر رونا ف مر: محاورہ. آنسو اور چیخ کو دباتے ہوئے رونا، چپکے چپکے رونا

گھٹ گھٹ کر مرنا محاورہ. تنگی اور تکلیف برداشت کر کے جان دینا، بے کسی اور کسمپرسی کی حالت میں مرنا.

گھٹا (فت گھ) امث.
کالا اور گہرا بادل، ابر سیاہ، بدلی، سحاب، بادلوں کا ہجوم. ۲. (مجازاً) غبار، کدورت، جیسے: غم کی گھٹا. [س].

گھٹا اٹھنا محاورہ. ابر چھانا، بادلوں کا آنا، بادلوں کا افق سے اُٹھ کر آسمان پر پھیلنا.

گھٹا برسنا ف مر: محاورہ. موسلادھار بارش ہونا، زور کا مینھ برسنا.

گھٹاٹوپ اندھیرا امث. تاریک اندھیرا، رات کی سیاہی.

گھٹا چھانا محاورہ. سیاہ بادلوں کا چاروں طرف آسمان پر گھر آنا.

گھٹانا (فت گھ) ف م.
۱. (i) کم کرنا. (ii) لمبائی میں کمی کرنا. ۲. نرخ کم کرنا، بھاؤ اُتارنا، قیمت توڑنا. ۲. مرتبہ کم یا پست کرنا، درجہ کم کرنا، وقعت کم کرنا، گھٹیا سمجھنا. ۳. (ریاضی) تفریق کرنا. [س].

گھٹاؤ (فت گ، و مج) اند.
۱. کمی، قلت، تخفیف، تنزل. ۲. طول میں چھوٹا ہونا.

گھٹن (ضم گھ، فت ٹ) امث.
۱. دم گھٹنے اور دم رکنے کی کیفیت، ماحول کی گھٹن. ۲. جس کی وہ کیفیت جو ہوا بند ہونے سے پیدا ہوتی ہے، حبس. [س].

گھٹنا (فت گھ، سک ٹ) ف ل.
۱. تھوڑا ہونا، کم ہونا. ۲. تنزل ہونا، زوال ہونا، رتبہ کم ہونا. ۳. بھاؤ کم ہونا، مندا ہونا، نرخ کم ہونا. ۴. (i) چھوٹا ہونا، کوتاہ ہونا؛ گر جانا، پست ہو جانا. (ii) طول میں کم ہونا، لمبائی کوتاہ ہونا. [س].

گھٹنا (۱) (ضم گھ، سک ٹ) ف ل.
۱. کھرل ہونا، پسنا، حل ہونا. ۲. خوب گھل مل جانا، گل کر ہریسہ ہو جانا، اچھی طرح مخلوط ہو جانا. ۳. رگڑا یا گھسا جانا؛ پالش ہونا. ۴. سر منڈانا، استرہ پھرنا اس طرح کے سر یا داڑھی کے بالوں کی کھونٹی بھی نہ رہے. ۵. دم رُکنا، کسی تنگ و تاریک جگہ میں دم اُلٹنا. ۶. خاموشی اور ضبط کی کوفت اُٹھانا، ضیق میں ہونا، جی گھبرانا. ۷. بھرنا، سمانا، اَٹنا. ۸. بہت موافقت ہونا، خوب نبھنا، گھل مل کر باتیں ہونا. [س].

گُھٹنا (۲) (ضم گ، سک ٹ) اند.
ران اور پنڈلی کے درمیانی جوڑ کے اوپر کا حصہ، گوڈا. [س].

گُھٹنے (ضم گ، سک ٹ) اند: ج.
گھٹنا کی جمع نیز مغیرہ صورت: تراکیب میں مستعمل.

گھٹنے ٹیکنا محاورہ. کسی کے آگے جھک جانا، سرخم کر دینا: شکست مان لینا.

گُھٹی (ضم گ) صف مث.
گھٹنا کا ماضی مؤنث: تراکیب میں مستعمل.

گُھٹّی (ضم گ، شد ٹ) مث.
۱. وہ دست آور رقیق دوا جو نوزائیدہ بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے پلائی جاتی ہے. ۲. عادت، طبیعت، خصلت.

گھٹی میں پڑنا محاورہ. خمیر یا فطرت میں ہونا، سرشت میں پایا جانا.

گھٹی میں ہونا محاورہ. بچپن سے کسی بات کا عادی ہونا، سرشت میں ہونا، جبلت میں ہونا، مزاج میں ہونا.

گَھٹیا (فت گ، سک ٹ) صف.
۱. کم قیمت کا، ادنیٰ قسم یا درجے کا، ارزاں. ۲. نیچ، کمینہ، ارزل.

گھٹیا پن/ پنا اند. ذلالت، کمینگی، اوچھا پن، گری ہوئی حرکت کرنا.

گِھچ پِچ (کس گ، پ) (الف) مث.
بھیڑ، جمگھٹ: بہت گنجان اور پاس پاس لکھا ہوا. ۲. گنجان پن. (ب) صف.
باہم پیوست، قریب، نزدیک، باہم ملحق و منسلک.

گَھر (فت گ) اند.
۱. کسی فرد یا خاندان کے رہنے کی جگہ، رہائش گاہ، جائے سکونت، مکان، مسکن. ۲. (i) ٹھور، ٹھکانا، جگہ: اڈا، مرکز. (ii) دفتر، پڑاؤ، جیسے (تار گھر، ڈاک گھر). ۳. گھونسلا، آشیانہ، پرندوں کے بسیرا کرنے کی جگہ. ۴. امن کی جگہ، جائے پناہ، آرام و راحت سے بسر کرنے کا مقام. ۵. چوسر، پچیسی یا لوڈو میں بنے ہوئے چار خانوں کے درمیان کا بڑا خانہ جس میں گوٹ جانے سے گوٹ پکی ہو جاتی ہے اس کو چاروں رنگوں کا گھر کہتے ہیں. ۶. دیس، وطن. ۷. گھر کے تمام افراد، اہلِ خانہ، خاندان: کنبہ: (کنایۃً) اپنے لوگ، عزیز و اقارب. ۸. (ہیئت) سیارے کا دائرۂ گردش سے اس کا مقام، گھر یا منزل کہتے ہیں، برج. ۹. اُون یا تاگے کی بُنائی میں وہ پھندے جو بننے میں سلائی پر ڈالے جاتے ہیں، سوئٹر. ۱۰. (مجازاً) قبر، گور، ابدی آرام گاہ. [پ].

گھر آباد کرنا محاورہ. ۱. شادی کرنا، بیاہ کرنا، نکاح کرنا. ۲. دلہن کو ساتھ سلانا، ہم بستر ہونا: گونا کرنا، ملاوا کرنا: بسنا، رہنا، ٹھہرنا.

گھر آئی لچھمی کو لات مارنا اچھا نہیں ہوتا کہاوت. جو ملتا ہوا سے نہیں چھوڑنا چاہیے، اچھے موقعے کو نادانی سے کھونا نہیں چاہیے، جو ملے وہ لے لینا چاہیے.

گھر بار(وار) اند. گھر اور گھر کا ساز و سامان، مال و متاع: بال بچے، خاندان، کنبہ.

گھر بسانا ف مر: محاورہ. گھر آباد کرنا، شادی بیاہ کرنا.

گھر پھونک (کر / کے) تماشا / تماشہ دیکھنا محاورہ. اپنا گھر خود تباہ کرنا، اپنی تباہی پر خوش ہونا، نقصان اٹھا کر بھی خوش ہونا.

گھر جلے کسی کا تاپے کوئی کہاوت. کسی کو نقصان پہنچے اور کوئی اس سے فائدہ اُٹھائے، کوئی برباد ہو اور کوئی اس پر خوش ہو.

گھر جمائی/ گھر جنوائی/ جوائی (الف) اند. وہ داماد جو سسرال میں رہے، گھر داماد. (ب) مث. بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے گھر رکھنا.

گھرداری مث. خانہ داری، گھر گرہستی، گھر کے کاموں کی مصروفیت.

گھر داماد اند. وہ داماد جو اپنی سسرال میں رہے، شوہر جو بیوی کے والدین کے گھر رہتا ہو، سسرال میں رہنے والا مرد.

گھر سر پر اُٹھانا محاورہ. بہت شور غل مچانا، شور برپا کرنا، گھر میں اودھم مچانا، ہنگامہ بپا کرنا.

گھر کا اُجالا صف مذ. گھر کی رونق، نہایت عزیز ہستی: (کنایۃً) بیٹا، لڑکا.

گھر کا باوا آدم نرالا ہے کہاوت. ہر بات نئی ہے، ہر بات نرالی ہے، اس گھر کی ہر بات انوکھی ہے.

گھر کا بھیدی اند. وہ شخص جو گھر کے سارے راز جانتا ہو، اندرونی معاملات سے آگاہ، رازدان.

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے کہاوت. رازدار کی دشمنی بڑا نقصان پہنچاتی ہے اس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی رازدار فتنہ برپا کر دے.

گھر کاٹ کھانے / کاٹنے، کو دوڑتا ہے / کاٹنے کھاتا ہے فقرہ. ایسے موقع پر مستعمل جب دل غمگین ہونے کی وجہ سے گھر بھیانک اور ویران معلوم ہو، پریشانی میں کوئی چیز بھی اچھی نہیں لگتی، گھر میں رہنے سے وحشت ہوتی ہے.

گھر کا راستہ بھول جانا محاورہ. بدحواسی سے گھر کا راستہ یاد نہ رہنا، کہیں ایسا جی لگنا کہ گھر جانے کا خیال بھی نہ آنا.

گھر کا کھروا ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. گرہستی برباد ہو جانا، گھر کا تباہ ہو جانا، گھر کا سامان منتشر ہو جانا. ۲. غبن یا خیانت سے گھر تباہ ہو جانا.

گھر کا نہ گھاٹ کا اند: م ف. بے ٹھکانا، بے مصرف، کسی لائق نہیں، وہ جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو.

گھر کی مرغی دال برابر کہاوت. گھر کی عمدہ چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی، صاحب کمال آدمی کی اپنے گھر میں قدر نہیں ہوتی.

گھر گرستی/ گرہستی مت. ۱. انتظام خانہ داری، گھریلو کام، گھربار کے کام کاج. ۲. گھر کا اسباب، گھر کی چیزیں، گھرداری.

گھر گھسنا صف: مذ. گھر میں گھسے رہنے والا، زیادہ وقت گھر میں رہنے والا، خلوت گزیں.

گھر میں جھاڑو پھرنا محاورہ. گھر کا سب مال اسباب لٹنا یا چوری ہو جانا، گھر کا صفایا ہونا، تباہی آ جانا.

گھر میں نہیں (ہیں) دانے اماں/ بڑھیا/ بی بی چلیں بھنانے کہاوت. مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں.

گھر والا اند. ۱. مکان کا مالک، صاحب خانہ. ۲. شوہر، میاں، پتی.

گھر والی مت. ۱. وہ عورت جو گھر کی مالک ہو، مکان کی مالکہ. ۲. بیوی، اہلیہ، بیگم، خاتون خانہ.

گِھر (کس گھ)
دیکھیے: گھرنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

گھر آنا ف مر. امنڈ آنا، چھا جانا، جھوم کر آنا، ہجوم کر لینا.

گھر جانا ف مر: محاورہ. چاروں طرف سے گھیرے میں آ جانا، نرغے میں آ جانا، محصور ہو جانا.

گھر کر اٹھنا ف مر: محاورہ. گھر آنا، چاروں طرف چھا جانے کے بعد بلند ہونا.

گھرانا/ گھرانہ (فت گھ، ن) اند.
۱. خاندان، کنبہ، خانوادہ. ۲. سلسلہ، نسب، پیڑھی، پشت، نسل، اولاد.

گِھراؤ (کس گھ، و ج) اند.
۱. گھرا ہوا ہونے کی حالت یا کیفیت، احاطہ. ۲. گھیراؤ، محاصرہ. ۳. چھانا، محیط ہونا. ۴. پھیلاؤ، وسعت.

گُھرکنا (ضم گھ، فت ر، سک ک) ف م.
سخت آواز سے تنبیہ کرنا، ڈانٹنا، ڈپٹنا، جھڑکنا، سرزنش کرنا. [س].

گُھرکی (ضم گھ، سک ر) مت.
جھڑکی، ڈانٹ، ڈپٹ، دھمکی.

گِھرنا (کس گھ، سک ر) ف ل.
۱. (ا) گھیرے میں آنا، نرغے میں آنا، محصور ہونا، بند ہونا، (ہجوم وغیرہ میں) پھنسنا. ۲. چھانا، (ابر کا) امنڈنا، جھومنا. ۳. (مجازاً) رنج و الم میں مبتلا ہونا.

گِھرنی (کس گھ، سک ر) مت.
۱. چرخی، گھمانے کا آلہ، پہیا، کنویں سے پانی نکالنے کی چرخی. ۲. رسی وغیرہ بٹنے یا کپڑا بننے کی کل. ۳. جہاز پر بھاری سامان چڑھانے اور اتارنے کا آلہ، جرثقیل.

گَھروا (فت گھ، سک ر) اند.
گھر کی تصغیر بالتحقیر، چھوٹا گھر، کٹیا، جھونپڑا.

گَھروندا (فت گھ، و لین، مغ) اند.
مٹی کا چھوٹا سا گھر جو بچیاں گڑیاں کھیلنے کے لیے بنا لیتی ہیں؛ وہ گھر جو بچے گیلے ریتے کے اندر پانو رکھ کر سوکھا سا بنا لیتے ہیں اور پھر اسے کھیل کر توڑ ڈالتے ہیں؛ (مجازاً) چھوٹا ناپائدار گھر. [پ].

گَھریلو (فت گھ، ی ج، و مع) صف.
۱. گھر کی طرف منسوب، گھر سے متعلق، گھر کا، خانگی. ۲. گھر میں رہنے والی، گھربار والی؛ (مجازاً) سیدھی سادی. ۳. خانہ ساز، گھر کا بنا ہوا، گھر میں تیار کیا ہوا. ۴. گھر میں پالا ہوا، پالتو، اہلی (چرند، پرند وغیرہ جانور).

گھریلو مصنوعات اند: ج. گھر میں بنائی ہوئی اشیا، گھریلو صنعت کی چیزیں.

گُھڑ (ضم گھ) اند.
گھوڑا کا مخفف، تراکیب میں مستعمل. [س].

گھڑ دوڑ مث. ۱. گھوڑوں کی دوڑ، گھوڑوں کا شرط بد کر دوڑانا. ۲. (مجازاً) مقابلہ، سابقت.

گھڑ سوار مذ. وہ جو گھوڑے پر سوار ہو، گھوڑے پر سوار سپاہی، گھوڑے کی سواری کرنے والا.

گھڑ سواری مث. گھوڑے پر چڑھنا اور دوڑنا، گھوڑا دوڑانا، گھوڑے پر سوار ہونے کی مہارت: گھوڑے پر سوار ہو کر گھومنا پھرنا.

گھَڑا (فت گھ) مذ.
مٹکے سے چھوٹا اور چھوٹے منھ کا پانی رکھنے کا برتن، پانی رکھنے کا پیندے دار چھوٹے منہ کا مٹی کا برتن، گگری. [س].

گھَڑَت (فت گھ، ڑ) مث.
۱. بناوٹ، ساخت. ۲. من گھڑت یا گھڑی ہوئی بات، جھوٹی بات، ایسی بات جس میں اصلیت نہ ہو. [س].

گھَڑگھَڑاہَٹ (فت گھ، سک ڑ، فت گھ، و) مث.
۱. گھڑ گھڑ کی آواز جو چکی، مشین یا گاڑی وغیرہ کے چلنے سے پیدا ہوتی ہے. ۲. بادل کے گرجنے کی آواز، گھن گرج. [حکایت الصوت].

گھَڑنا (فت گھ، سک ڑ) ف م.
۱. بنانا، وضع کرنا، ساخت کرنا. ۲. ڈھالنا، بنانا. ۳. جھوٹی بات یا جھوٹا قصہ گانٹھنا، بات بنانا، افسانہ تراشی کرنا. [س].

گھَڑولی (فت گھ، و ج) مث.
چھوٹا گھڑا: (مجازاً) ایک قسم کے گیت جو شادی کی ایک خاص رسم کے موقع پر گائے جاتے ہیں (اس رسم میں دولھا کی بہن اور بہنوئی وغیرہ کسی کنویں سے پانی بھر کے لاتے ہیں). [س].

گھَڑوں (فت گھ، و ج) مذ: ج.
دیکھیے: گھڑا کی جمع، تراکیب میں مستعمل. [س].

گھڑوں پانی پڑ جانا محاورہ. نہایت شرمندہ ہونا، شرم کے مارے پسینوں میں ڈوب جانا، شرم سے پسینے پسینے ہو جانا.

گھَڑونچی (فت گھ، و ج نیز لین، مغ) مث.
پانی کے گھڑے یا مٹکے رکھنے کی تپائی یا چوکی وغیرہ جس کے بیچ میں گھڑا رکھنے کے لیے خلا ہوتا ہے. [س].

گھَڑی (فت گھ) (الف) مث.
۱. دن رات کا ساٹھواں حصہ، ایک گھنٹے کا حصہ، ۲۴ منٹ کا وقفہ، ۶۰ پل. ۲. لمحہ، لحظہ، ساعت، پل، موقع. ۳. وقت، سماں، زمانہ. ۴. وقت بتانے کا آلہ. (ب) م ف. کبھی، کسی لمحے، کسی وقت. [پ].

گھڑی بھر م ف. ذرا دیر، تھوڑی دیر.

گھڑی بھر میں م ف. دم بھر میں، آناً فاناً، فوراً، جلدی، ایک دم، سرعت سے.

گھڑی دو گھڑی م ف. تھوڑی دیر، ذرا دیر.

گھڑی کی چوتھائی میں م ف. (مزاحاً یا بطور مبالغہ) لمحے بھر میں، فوراً سے پیشتر، ابھی کے ابھی، فی الفور.

گھڑی گھڑی م ف. بار بار، لمحہ بہ لمحہ، لحظہ لحظہ، رہ رہ کر.

گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت کہاوت. کبھی بہت مہربان کبھی بہت نامہربان، ذرا سی بات میں خوش ذرا سی بات میں ناراض.

گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشا کہاوت. کبھی کچھ کبھی کچھ، لمحے لمحے میں مزاج کو بدل لینے والا، غیر مستقل مزاج.

گھَڑْیال (۱) (فت گھ، سک ڑ) مذ.
۱. سات دھاتوں سے بنایا جانے والا یا برنجی گھنٹہ جو چپٹا تھالی کی شکل کا بھی ہوتا ہے اور جوف دار بھی جس کو موگری مار کر بجایا جاتا ہے اُلٹے پیالے کی شکل کا بھی ہوتا ہے جس میں لٹکن ہوتا ہے عموماً امیروں کے دروازوں پر یا مندروں میں بجاتے ہیں. ۲. رقاص (پنڈولم) یا بجلی سے چلنے والا گھنٹہ جو میناروں وغیرہ پر آویزاں ہوتا ہے اور ہر گھنٹے پر بجتا ہے. [پ].

گھَڑْیال (۲) (فت گھ، سک ڑ) مذ.
مگرمچھ، نہنگ. [س].

گھَڑْیاں (فت گھ، سک ڑ) مث: ج.
دیکھیے: گھڑی کی جمع: تراکیب میں مستعمل.

گھڑیاں گننا محاورہ. بے چینی سے انتظار کرنا، کسی کے لیے وقت کا حساب کرنا.

گھَس (فت گھ) مث.
دیکھیے: گھاس کا مخفف، تراکیب میں مستعمل.

گھس کھدا (الف) اند. ۱. گھاس کھودنے والا، گھسیارا، چر کٹا. ۲. اناڑی، جاہل، مطلق، ناشائستہ آدمی. (ب) صف. ادنیٰ، کمینہ، کم قدر، رذیل؛ کم رو، بد رونق، نادان، بے وقوف، احمق، ناکارہ.

گِھس (کس گھ) امت.
دیکھیے: گھسنا سے فعلِ امر؛ تراکیب میں مستعمل.

گھس پٹی امت. ۱. رگڑ. ۲. مار کٹائی، زد و کوب.

گھس گھس امت. ۱. سست اور تاخیری کارروائی، بے جا رکاوٹ. ۲. گھسنے کا عمل، تکھائی. ۳. پرانا پن، فرسودگی.

گھس گھس کر چلنا محاورہ. (جوتے کا) بہت عرصے تک کام دینا، بڑا مضبوط ہونا؛ آہستہ آہستہ چلنا؛ کپڑے کا خوب اور مدت تک کام دینا، کپڑے کا اخیر تک مضبوط اور دیرپا رہنا.

گُھس (فت گھ) امر.
دیکھیے: گھسنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

گھس آنا ف مر. زبردستی یا بغیر اجازت اندر چلا آنا، داخل ہو جانا، پوچھے بغیر گھر میں داخل ہونا.

گھس پڑنا محاورہ. بے کھٹکے کسی کے مکان میں داخل ہونا؛ کسی کام میں بے دھڑک ہاتھ ڈال بیٹھنا، کسی کام میں بے فکر و اندیشہ دخیل ہو جانا، بے سمجھے بوجھے کسی کام کو شروع کرنا.

گِھسا (کس گھ) صف مذ.
فرسودہ، پرانا، تراکیب میں مستعمل.

گھسا پٹا صف مذ. پرانا، فرسودہ، استعمال شدہ.

گِھسّا (کس گھ، شد س) اند.
۱. رگڑنے کا عمل چاہے زمین پر ہو یا فرش پر، رگڑ، رگڑا، ہاتھ کی رگڑ. ۲. مرد کے عضوِ تناسل کا عورت کی فرج میں آنا جانا، رگڑا. ۳. صدمہ، ضرب، دھکا. ۴. بھرا، دھوکا، گرفت. ۵. رگڑ جو ایک پتنگ کی ڈور سے دوسرے پتنگ کی ڈور پر پڑتی ہے. ۶. گھوڑے کو سدھانے کا تختہ جو تقریباً چار چھ انچ موٹا ہوتا ہے اور گاڑی کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے اس کے ذریعے گھوڑا گاڑی کھینچنے کی مشقت اٹھانے کا عادی ہو جاتا ہے. ۷. کشتی کے فن میں ایک داؤ. ۸. کلابتو بٹتے وقت سلائی یا ڈھوک کو ہاتھ کی رگڑ سے چکر دینے کا عمل جو کاریگر پنڈلی کے اوپر لگا کر دیتا ہے.

گِھسانا (کس گھ) ف م.
گھسوانا، رگڑ لگانا، رگڑا دینا. [س].

گُھسانا (ضم گھ) ف م.
اندر داخل کرنا، گھسیڑنا، اٹانا، سمانا، بھرنا.

گِھسائی (کس گھ) امت.
رگڑنے یا رگڑنے جانے کا عمل، رگڑائی.

گِھسَٹ (کس گھ، فت س) اند.
گھسٹنا کا امر، تراکیب میں مستعمل.

گھسٹ گھسٹ کے م ف. زمین پر پڑے بہ دقت گھستے ہوئے.

گِھسَٹتے پھرنا محاورہ.
۱. مارے مارے پھرنا، دربدر پھرنا، کھنچے کھنچے پھرنا. ۲. لیے لیے پھرنا، ہم راہ رکھنا، ساتھ لے کر پھرنا.

گِھسَٹنا (کس گھ، فت س، سک ٹ) ف ل.
۱. لیٹے ہوئے بہ دقت آگے بڑھنا (خصوصاً) چلنے سے معذوری کی حالت میں. ۲. کھنچنا، کھنچ کر آنا یا جانا. [س].

گِھسْنا (کس گھ، سک س) (الف) ف ل.
۱. رگڑ کھا کر مٹ جانا، فرسودہ ہونا، بگڑنا. ۲. رگڑ کھا کر جھڑ جانا. ۳. تھوڑا ہونا، (وزن میں) کم ہونا. (ب) ف م. ۱. کسی چیز کو رگڑ رگڑ کر پیسنا، کھرل کرنا. ۲. رگڑنا، مس کرنا تاکہ گرمائی پیدا ہو جائے. [س].

گُھسْنا (ضم گھ، سک س) ف ل.
۱. اندر جانا، داخل ہونا، گھس جانا. ۲. حریف کی فوج میں داخل ہونا، مداخلت کرنا، دخل دینا، بیچ میں پڑنا؛ مکان میں بے حکم داخل ہونا. [س].

گِھسی (کس گھ) صف مت.
دیکھیے: گھسا کی تانیث، تراکیب میں مستعمل، استعمال شدہ، پرانی.

گھسی پٹی صف مت. استعمال شدہ، ناکارہ، پرانی.

گَھسْیارا (فت گھ، سک س) صف؛ اند.
۱. گھاس کھودنے والا، چرکٹا، گھاس بیچنے والا، گھاس چھیلنے والا. ۲. ادنیٰ، کمینہ، رذیل، کم رو، بدہیئت؛ اناڑی، جاہل مطلق، ناشائستہ، نادان، احمق، بیوقوف.

گھسیٹ (فت گھ، ی مع) (الف) است.
۱. گھسیٹنے کا عمل ۲. وہ نشان یا لکیر جو کسی شے کے زمین پر گھسیٹنے سے پڑ جائے ۳. رواروی میں لکھی جانے والی تحریر؛ جلدی جلدی یا تیزی سے لکھی ہوئی تحریر؛ بدخط تحریر. (ب) صف. تیزی سے لکھا ہوا، جلدی جلدی لکھا ہوا، گھسیٹا ہوا.

گھسیٹ گھسیٹ کر م ف. کھینچ کھینچ کر، زبردستی، زمین پر رگڑتے ہوئے.

گھسیٹنا (فت گھ، ی مع، سک ٹ) ف م.
۱. زمین پر گرا کر کھینچنا، زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا، کشاں کشاں لے جانا، رگیدنا ۲. شریکِ حال کرنا؛ (آفت میں) پھنسانا ۳. (تلوار کے لیے) نیام سے کھینچنا، نکالنا، سونتنا ۴. جلدی جلدی لکھ مارنا، برا بھلا تیزی سے لکھ دینا، زیادہ غور و فکر کیے بغیر تیزی سے لکھ ڈالنا. ۵. چوسنا، جذب کرنا.

گھسیڑنا (ضم گ، ی مج، سک ڑ) ف م.
۱. اندر داخل کرنا، ایک چیز کو دوسری چیز میں ٹھوس دینا ۲. (مجازاً) بلاوجہ بیچ میں لانا.

گھگھو (ضم گ، شد گ نیز بلا شد، و مع) (الف) اند.
۱. اُلّو، بوم، اُلّو کی ایک قسم ۲. مٹی کے ایک کھلونے کا نام جو پھونکنے سے بجتا ہے ۳. اُلّو کی ہوک، فاختہ کی کُوکُو؛ دُخانی کارخانوں کے انجن کی آواز، بھونپو (ب) صف؛ اند. (کنایۃً) بے وقوف، احمق، سادہ لوح، بھولا.

گھگی (کس گھ، شد گ نیز بلا شد) است.
خوف یا دہشت کے باعث یا روتے روتے سانس کے رک رک کر نکلنے کی حالت، آواز رندھنے کی حالت، روتے وقت منہ سے نکلنے والی آواز (عموماً بندھنا کے ساتھ مستعمل). [س].

گھگی بندھ جانا / بندھنا محاورہ. ۱. روتے روتے سانس بند ہونے لگنا، روتے روتے گلے سے آواز کا رک رک کر نکلنا ۲. (ڈر کے مارے) بول نہ سکنا، سکتے کا عالم ہو جانا، گھگیانے لگنا.

گھگیانا (کس گھ، گ) ف ل.
۱. گھگی بندھ جانا، خوف یا دہشت کے باعث سانس کا منہ سے رک رک کر نکلنا ۲. گڑگڑانا، عاجزی یا منت سماجت کرنا.

گھل (ضم گھ) مذ.
دیکھیے: گھلنا کا صیغۂ امر؛ تراکیب میں مستعمل. [س].

گھل جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. پگھل جانا ۲. گداز ہو جانا، ملائم یا نرم ہو جانا. ۳. دبلا ہو جانا، لاغر ہو جانا، جسم پر گوشت نہ رہنا ۴. گھل مل جانا، شامل ہو جانا، اچھی طرح تحلیل ہو جانا.

گھلا (ضم گھ) صف مذ.
۱. گھلا ہوا، پگھلا ہوا ۲. نرم، ملائم، گداز ۳. اچھی طرح لگا ہوا، سجا ہوا (کاجل، سرمہ).

گھل بِلا صف مذ. ۱. بے تکلف، یک جانا ۲. گداز، ذود فہم، رواں (شعر) ۳. خوب ملا ہوا، حل کیا ہوا، تحلیل شدہ.

گھلانا (ضم گھ) ف م.
۱. گھسنا، رگڑنا، ضائع کرنا، گھٹانا ۲. جلانا، تکلیف میں مبتلا کرنا، اذیت دینا ۳. مضمحل کرنا، ناتواں کرنا، تحلیل کرنا، اذیت پہنچانا. ۴. رقیق کرنا، پتلا کرنا.

گھلاوَٹ (ضم گھ، فت و) است.
۱. گداز، لطافت، نرمی نیز دل کشی ۲. آمیزش، ملاوٹ، شمولیت. ۳. سرمہ یا کاجل لگانے کا عمل یا حسن، وہ کیفیت یا زیبائش جو اچھی طرح کاجل لگانے سے ہوتی ہے.

گھلنا (ضم گھ، سک ل) ف ل.
۱. گھل جانا، گداز ہونا ۲. حل ہونا، تحلیل ہونا، نہایت آمیز ہونا ۳. پتلا پڑ جانا، رقیق ہو جانا ۴. فکر، غم یا بیماری میں کمزور ہو جانا، لاغر ہونا، دبلا ہونا. ۵. پلپلا ہونا، نرم پڑنا، ملائم ہونا. ۶. گھل مل جانا، ملنا جلنا، محبت پیار رکھنا.

گھلنا ملنا ف مر؛ محاورہ. ۱. باہم خوب مل جانا، ایک دوسرے میں حل ہو جانا، شامل ہو جانا ۲. ارتباط پیدا کرنا، یارانہ گانٹھنا، بے تکلف ہونا.

گُگلوبٹ (ضم گ، شد ل بضم، فت ب) اند.
سیاسی سرپرستی میں غنڈہ گردی کرنے والا.

گَھم (فت گھ) اند.
آسمان.

گُھما (ضم گھ).
دیکھیے: گھمانا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

گھما پھرا کر / کے م ف. ۱. الٹ پلٹ کر کے، اِدھر اُدھر کر کے. ۲. سیاق و سباق تبدیل کر کے، بدل کے، توڑ مروڑ کے، گول مول کر کے.

گھما گھما کر باتیں کرنا محاورہ. گول مول باتیں کرنا، غیر واضح اور مبہم باتیں کرنا، پیچ در پیچ بات کرنا، ایسی باتیں کرنا جو سمجھ میں فوراً نہ آ سکیں.

گُھمانا (ضم گھ) ف م.
۱. چکر دینا، پھرانا. ۲. کسی کو گھما پھرا کر حیران اور سرگشتہ کرنا، راہ گم کرانا. ۳. سیر کرانا، گشت کرانا. ۴. رخ موڑنا، راستہ بدل دینا. ۵. کوئی لفظ یا بات استعمال کرنا، ادا کرنا، کہنا خصوصاً (کسی کو دھوکا دینے یا نقصان پہنچانے کے لیے).

گُھماؤ (ضم گھ، وج) اند.
۱. پھیر، چکر، موڑ. ۲. نامکمل گولائی. ۳. حیلہ، فریب، دھوکا. ۴. (کاشت کاری) زمین کا وہ ٹکڑا جسے بیلوں کی ایک جوڑ دن بھر میں جوت ڈالتی ہے، ایک جوٹ بیل سے ایک دن کی جتائی یا ہلائی.

گَھمبیر (فت گھ، سک م، ی مع) صف.
دیکھیے: گمبھیر. [س].

گُھمَر (ضم گھ، فت م) امث.
چکی کی آواز، گھر گھر. [حکایت الصوت].

گُھمَڑ (ضم گھ، فت م) اند.
(عو) سوجن یا ورم جو سر پر کسی قسم کی ضرب لگنے سے پیدا ہو، گومڑا.

گَھمَس (فت گھ، م) امث.
حبس، گرمی اور اُمس کی وہ کیفیت جو ہوا کے بند ہونے سے پیدا ہوتی ہے، دھوپ کی گرمی.

گَھمسان (فت گھ، سک م) (الف) اند.
۱. بڑی لڑائی، معرکۂ عظیم. ۲. قتل عام، عام قتل و غارت. ۳. جنگ اور خوں ریزی کا زور، معرکہ آرائی کا وفور. ۴. لاشوں کے انبار، کشتوں کے پشتے؛ بربادی، تباہی، غارت گری؛ ویرانی. ۵. بھیڑ، اژدحام، ہجوم.
(ب) صف. ۱. زیر وزبر، تہ و بالا. ۲. شدید (صرف لڑائی کے لیے مستعمل).

گھمسان کا رن اند. ۱. شدید لڑائی، معرکے کی لڑائی. ۲. بڑی لڑائی کا میدان، میدان جنگ.

گھمسان کا رن پڑنا محاورہ. کشتوں کے پشتے لگ جانا، جان توڑ کر لڑنا.

گھمسان کی (جنگ) لڑائی امث. بڑی بھاری لڑائی، بڑا معرکہ، جنگِ عظیم، انبوہ اور کشاکش کی لڑائی.

گَھمَنڈ (فت گھ، م، غنہ) اند نیز امث.
۱. نخوت، غرور، مان، تکبر، کبر. ۲. خود نمائی، خود پسندی، نمود، دکھاوٹ نیز فخر، ناز، شیخی. [س].

گھمنڈ نکال دینا محاورہ. غرور ختم کرنا، زور ڈھا دینا، نیچا دکھا دینا، بل نکال دینا.

گُھمَنڈ (ضم گھ، فت م، سک ن) اند.
بادلوں کا جمگھٹا، ہجوم، بادلوں یا دھوئیں کا گھرنا یا چھانا. [س].

گُھمَنڈنا (ضم گھ، فت م، غنہ، سک ڈ) اند.
بادل یا دھوئیں کا گھرنا یا چھانا، اَبر چھا جانا.

گَھمَنڈی (فت گھ، م، سک ن) (الف) صف.
اِترانے والا، متکبر، مغرور، خود پسند نیز شیخی خورا. (ب) اند. مغرور یا شیخی باز آدمی.

گُھمیر (ضم گھ، ی مج) امث.
دورانِ سر، چکر، دردِ سر.

گُھمیری (ضم گھ، ی مج) امث.
چکر، دورانِ سر.

گھمیری کھانا محاورہ. چکرانا، گھومنا، چکر کھانا.

گَھن (فت گھ) اند.
۱. آسمان، چرخ. ۲. بادلوں کے ہجوم، گھنے بادل. ۳. بڑا اور وزنی ہتھوڑا جسے دونوں ہاتھ سے پکڑ کر لوہا وغیرہ کوٹتے ہیں. ۴. وہ باجا جو چوٹ اور ہاتھ کی ضرب سے بجایا جاتا ہے. [س].

گھن چکر اند. ۱. گردش آسمانی. ۲. چکر کھانے والا، محرک، گھومنے والا. ۳. بہت گھومنے والا، گردش کرنے والا، بہت پھرنے والا، آوارہ گرد. ۴. وہ شخص جس کی عقل چکر میں رہے، بے وقوف، احمق، کم عقل، نادان.

گھن چکر بننا محاورہ. گھومنا، چکر کھانا؛ الجھن میں پڑنا، پریشانی میں پڑنا.

گھن گرج (الف) امث. (لفظاً) بجلی کے کڑکنے یا بادل کے گرجنے کی آواز، مراد: زور دار آواز، کڑک، زور کی کڑک. (ب) صف. بادل کی طرح گرجنے اور کڑکنے والا، گرجتا کڑکتا ہوا، زور کی آواز والا.

گھن گھور (گھنگھور) اند. کالا خوف ناک بادل، گہری ڈراؤنی گھٹا، برسانے والا بادل، بہت سیاہ بادل.

گِھن (کس گھ) امث.
۱. (کسی مکروہ یا گندی چیز کو دیکھ کر) جی اوپر تلے ہونا یا طبیعت بے کیف ہونا، کراہت، نفرت. ۲. ناپسندیدگی، نفرت یا بیزاری. [س].

گھن آنا ف مر: محاورہ. کراہت محسوس ہونا؛ متلی آنا؛ ناپسندیدگی ہونا.

گُھن (ضم گھ) اند.
۱. ایک کیڑا جو لکڑی کو کھا کر برادہ بنا دیتا ہے نیز وہ کیڑا جو غلے میں لگ جاتا ہے جیسے: سُرسُری، ڈھوڑا وغیرہ. ۲. (مجازاً) کوئی اندرونی روگ، بیماری، غم یا فکر جو بدن کو گھلاتا جائے اور پنپنے نہ دے. [س].

گھن کی طرح گیہوں کے ساتھ پسنا محاورہ. کسی کی وجہ سے سزا پانا.

گھنا (فت گھ) صف مذ.
۱. گھن کا، گھن دار، گنجان، گہرا. ۲. (قصبات) بہت سا، ات گت، الغاروں، ڈھیر سا؛ (مجازاً) بڑا. [س].

گھنا اندھیرا اند. گہرا اندھیرا، گہری تاریکی.

گُھنّا (ضم گھ، شد ن) صف مذ.
بات کو بہ خوبی سمجھ کر کسی غرض سے انجان بننے والا، مکرا؛ دل میں بات یا بغض رکھنے والا، منھ چھپا، منافق. [س].

گِھناؤنا (کس گھ، وج) صف.
جس سے کراہت محسوس ہو یا گھن آئے، نفرت ہو.

گِھناؤنی (کس گھ، سک و) صف مث.
دیکھیے: گھناؤنا جس کی یہ تانیث ہے.

گھنبیر (فت گھ، سک ن بشکل م، ی مع) صف.
۱. گہرا، عمیق (دریا وغیرہ). ۲. گنجلک، دگرگوں. ۳. بردبار، حلیم، متین.

گھنٹا (فت گھ، سک ن) اند.
۱. کسی دھات کا توا وغیرہ جسے موگری سے بجاتے ہیں. ۲. لٹکانے کی کٹوری نما تال جس کے بیچ میں ایک ٹھکن ہوتا ہے اور تال کے ہلنے سے باج کی آواز دیتا ہے، اونٹ یا بیل وغیرہ کے گلے میں لٹکانے کی گھنٹی. ۳. وقت بتانے اور باج بجانے کی بڑی گھڑی جو عموماً دیوار وغیرہ میں لٹکاتے یا بنیاد میں نصب کرتے ہیں. ۴. ساٹھ منٹ یا ڈھائی گھڑی کا وقت.

گھنٹا گھر اند. وہ اونچا مینار جس میں چاروں طرف بڑی بڑی سوئیاں اور نشانات ہوتے ہیں اور ہر طرف سے وقت بتاتے ہیں.

گھنٹوں (فت گھ، سک ن، وج) اند؛ ج؛ م ف.
گھنٹہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، دیر تک، بہت دیر میں، تاخیر سے؛ تراکیب میں مستعمل، جیسے: گھنٹوں انتظار کرنا، گھنٹوں میں وغیرہ.

گھنٹہ (فت گھ، سک ن، فت ٹ) اند.
دیکھیے: گھنٹا.

گھنٹی (فت گھ، سک ن) امث.
چھوٹا گھنٹہ.

گھنٹے (فت گھ، سک ن) اند؛ ج.
گھنٹا / گھنٹہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

گُھنڈی (ضم گھ، سک ن) امث.
۱. کپڑے کی گول (سلی ہوئی) گٹھلی سی جو حلقے یا کاج میں لگ جاتی ہے (دونوں حصوں کو ملا کر گھنڈی تکمہ کہتے ہیں) بٹن کی ایجاد سے پہلے بھی گریبان کو بند کرنے کے لیے استعمال ہوتی تھی. ۲. کسی چیز کا کوئی گول ابھرا ہوا حصہ جیسے گھڑی میں کوک بھرنے کی چابی کا موٹا سرا یا بلب روشن کرنے کا بٹن وغیرہ. [مقامی].

گُھنگھچی (ضم گھ، فتہ، سک گ) امث.
سرخ اور گول، کالے منہ کا بیج جو تسبیح کے دانے کے برابر ہوتا ہے اور اس سے سونا تولتے ہیں، رتی.

گھنگرالا (ضم گھ، غنہ، سک گ) صف مذ.
گھونگر والا، بل کھایا ہوا (بال وغیرہ).

گھنگرو (ضم گھ، غنہ، سک گ، ومع) مذ.
۱. مٹر کے برابر یا اس سے کچھ بڑا دھات کا بنا ہوا گول دانہ (خول والا) جو ہلنے سے بجتا ہے نیز اسی قسم کے دانوں سے بنا ہوا ایک زیور جو اکثر ناچنے والیاں / والے ناچتے وقت پہنتے ہیں، زنگلہ. [س].

گھنگنی (ضم گھ، غنہ، سک گ) مث.
ابلے ہوئے چنے، لوبیا یا گیہوں جو بعض تقریبات میں تقسیم کیے جاتے ہیں (عموماً جمع میں مستعمل).

گھنگنیاں (ضم گھ، غنہ، سک گ، کس ن) مث؛ ج.
گھنگنی کی جمع، تراکیب میں مستعمل، چنے وغیرہ کے ابلے ہوئے دانے جو نمک مرچ، کھٹائی ملا کر کھائے جاتے ہیں.

گھنگنیاں منہ میں بھر کر / بھرے بیٹھنا محاورہ. چپ سادھ لینا، خاموش بیٹھنا، کسی بات کا جواب نہ دینا.

گھنگور (فت گھ، غنہ، ومع) صف.
دیکھیے: گھن گھور، نہایت سیاہ اور مہیب (بادل، گھٹا وغیرہ).

گھنگولنا (فت گھ، مغ، ومع) مذ.
۱. (i) پانی کو ہاتھ سے اچھی طرح چاروں طرف ہلانا، پانی کو ہاتھ سے متھنا، کسی رقیق چیز خصوصاً پانی میں ہاتھ ڈال کر چاروں طرف چلانا، گھمانا اور ہلانا جس سے جمی ہوئی چیز پانی میں حل ہو جائے. (ii) گھولنا، خوب ہلانا. ۲. الٹ پلٹ کرنا (کسی چیز یا مقصد کی تلاش میں). ۳. چھری، چاقو وغیرہ پیٹ میں مار کے ہاتھ کو گھما دینا. [س].

گھنگھنیاں (ضم گھ، غنہ، سک گھ، کس ن) مث؛ ج.
دیکھیے: گھنگنیاں؛ تراکیب میں مستعمل.

گھنگھور (فت گھ، مغ، ومع) صف.
۱. نہایت سیاہ، خوف ناک، مہیب، ڈراؤنی آواز والا (بادل وغیرہ). ۲. گہرا، شدید، کڑا، سخت (کوئی حالت یا کیفیت). ۳. معرکے کا، گھمسان کا، زور کا.

گھنی (فت گھ) صف مث.
۱. گنجان، پاس پاس، متصل. ۲. جس کی شاخیں یا ریشے وغیرہ بہت پاس پاس ہوں یا بہت سے ہوں (درخت، پودے وغیرہ). ۳. گنجان سایہ (جس میں دھوپ نہ چھنے، چھانوں کے لیے مستعمل).

گھنّی (ضم گھ، شد ن) (الف) صف مث.
۱. دل میں بات رکھنے والی، کینہ پرور (عورت). ۲. مکار، چالاک، تیز.
(ب) مث. چپ، خاموشی.

گھنیرا (فت گھ، ی ج) صف مذ.
۱. بہت، بے حد، زیادہ، زیادہ مقدار میں، وافر. ۲. گہرا، سیاہ. ۳. گھنا، گنجان، جس کی شاخیں پاس پاس اور بہت سی ہوں (درخت).

گھنیری (فت گھ، ی ج) صف مث.
۱. گھنی، گہری. ۲. بہت زیادہ سیاہ جس میں روشنی کا گزر نہ ہو (گھٹا، رات وغیرہ).

گھوٹ (وج) مث.
گھوٹنے کا عمل، گھٹائی، گھوٹنا؛ جس کا احساس. [س].

گھوٹ گھوٹ کر / کے م ف. نہایت باریک کر کے، اچھی طرح رگڑ یا کچل کے، ملا کر.

گھوٹا (وج) مذ.
۱. (i) کسی سطح کو چکنا کرنے کا پتھر یا مہرہ وغیرہ (خاص کر کاغذ گھوٹنے کا). (ii) (نگینہ گری) سان کی سطح کو کھردرا بنانے کا چوبی اوزار، جب نگینوں کی گھسائی سے سان کی سطح چکنی ہو جاتی ہے تو اس اوزار سے رگڑ کر اس کو کھردرا بناتے ہیں. ۲. چار ابرو کا صفایا، سر، داڑھی وغیرہ کی استرے سے گھٹائی. ۳. (حلوائی) چاشنی وغیرہ گھوٹنے کا کھچا، ڈوئی یا ڈابی وغیرہ. ۴. بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا، موسل؛ گھٹی ہوئی بھنگ، ٹھنڈائی.

گھوٹالا / گھوٹالہ (وج نیز ضم گھ، فم و، فت ل) مذ.
کچھ کا کچھ جو پریشانی یا نقصان کا باعث ہو، گھپلا، گڑبڑ.

گھوٹنا (وج، سک ٹ) ف م؛ - گھونٹنا.
۱. کسی چیز کو کھرل، کونڈی وغیرہ میں ڈوئی یا گھوٹے وغیرہ سے چلا کر باریک کرنا. ۲. (گلا) اتنا دبانا کہ دم رکنے لگے (گردن) مروڑنا، گلا دبانا کہ سانس رکنے لگے یا رک جائے.

گھور (۱) (ومع) مذ.
کوڑے کرکٹ کا ڈھیر، گندگی، غلاظت؛ (کاشت کاری) کھیت کی گھاس، جڑیں اور جھاڑی کا سمیٹا ہوا انبار.

گھور (۲) (و مع) (الف) اند.
تا کنا، نظر بازی نیز غصے کی نظر، تیز نظر۔ (ب) م ف. گھور کر، نظر گاڑھ کر، غصے کی نظر سے، طیش بھری نگاہ سے، برہمی سے، ناراضگی سے.

گھور کر / کے دیکھنا ف مر: محاورہ. غصے کی نظر سے دیکھنا، تیز نظر سے دیکھنا نیز نہایت انہماک سے دیکھنا.

گھور (و ج) صف.
بہت زیادہ، شدت کا، نہایت ڈراؤنا، خطرناک، خوف ناک، گہری تاریکی. [س].

گھور اندھیرا اند. شدت کی تاریکی، مہیب اندھیرا، گہری اور خوف ناک تاریکی.

گُھورا (و مع) اند.
۱. گندگی اور کوڑے کرکٹ کا ڈھیر، گو، غلاظت. ۲. کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، کھتا. [س].

گُھورنا (و مع، سک ر) ف م.
۱. غور سے نظر جما کر دیکھنا، آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا، تاکنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا. ۲. غصے کی نظر ڈالنا، برہمی سے دیکھنا، خفگی یا عداوت کی نگاہ سے دیکھنا، خشم گیں نگاہوں سے دیکھنا.

گھوڑ (و ج) اند.
گھوڑا، بار برداری اور سواری میں کام آنے والا ایک مشہور چوپایہ گدھے یا ٹٹو سے مشابہ مگر ان سے بڑا اور خوب صورت، مختلف رنگوں کا ہوتا ہے.

گھوڑ دوڑ مث. دیکھیے: گھڑ دوڑ.

گھوڑ سوار اند. دیکھیے: گھڑ سوار.

گھوڑ سواری مث. دیکھیے گھڑ سواری.

گھوڑا (و ج) اند.
۱. بار برداری اور سواری میں کام آنے والا ایک مشہور چوپایہ گدھے یا ٹٹو سے مشابہ مگر ان سے بڑا اور خوب صورت جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے، تانگہ اور بگھی وغیرہ کو کھینچنے اور چلانے کا کام بھی کرتا ہے. ۲. بندوق کے پٹاخے پر مارنے والا گھوڑے کے چہرے کی وضع کا پرزہ جس کی ضرب سے پٹاخے کا مسالہ بھڑک اٹھتا ہے اور بارود میں آگ لگا دیتا ہے، بندوق کا طوطا، کتا. ۳. شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو ہر بازی میں دو ہوتے ہیں اور بادشاہ کی صف میں فیل کے برابر بٹھائے جاتے ہیں (یہ مہرہ ڈھائی گھر آڑا چلتا ہے). [پ + س].

گھوڑا گھاس سے یارانہ / یاری، کرے تو بھوکا مرے / کرے گا تو کھائے گا کیا کہاوت. معاملے کی جگہ مروت برتنے سے نفع نہیں ہوتا، کوئی شخص اگر اپنے کام کے نفع کی کچھ پروا نہ کرے تو گزارہ ناممکن ہے؛ مزدور مزدوری نہ لے تو بھوکا مر جائے؛ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا.

گھوڑی (و ج) مث.
۱. مادہ اسپ. ۲. لکڑی کے قدمچے یا پائیدان جن میں دو تین سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں، جو مکانات کی تعمیر یا پتائی وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں.

گھوڑی چڑھانا محاورہ. برات چڑھانا.

گھوڑی چڑھنا محاورہ. گھوڑی چڑھانا کا لازم؛ دولہا بن کر دولہن کے گھر جانا.

گھوڑے (و مع) اند: ج.
گھوڑا کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

گھوڑے بیچ کر سونا محاورہ. گہری نیند سونا، سکون و اطمینان سے سونا، بے فکری کی نیند سونا (اکثر جمع میں مستعمل)، طنزاً یا مزاحاً غافل سونے والوں کے لیے مستعمل.

گھوڑے دوڑانا محاورہ. ۱. سخت محنت کرنا، سعی بلیغ کرنا، پوری کوشش کرنا. ۲. (کسی بات کو) بہت شہرت دینا یا بہت عمل میں لانا.

گھوڑے گدھے (کو) ایک لاٹھی ہانکنا محاورہ. اچھے برے سب لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک کرنا.

گُھوس (و مع) اند: - گھونس.
۱. ایک قسم کا بڑا چوہا جو زمینوں کو کھوکھلا کر دیتا ہے. ۲. رشوت، منہ بھرائی.

گھوس (و ج) اند.
دودھ بیچنے والوں کی ایک ذات؛ اس قوم کا ایک فرد، گوالا، گھوی. [س].

گھوسی (و ج) اند.
گائے، بھینس رکھنے، چرانے اور ان کا دودھ بیچنے والا، گوالا. [س].

ر ک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مونث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

گھول (وج) امث.
پانی میں حل کیا ہوا محلول ؛ گھلی ہوئی چیز.

گھول کر پلانا محاورہ. ۱. (تسخیر کے لیے) پانی میں حل کر کے کوئی چیز مثلاً تعویذ، گنڈا یا دوا وغیرہ پلانا. ۲. آسان بنا کر دل و دماغ میں اُتار دینا، پوری طرح ذہن نشین کر دینا.

گھولا (وج) امذ.
۱. پانی میں حل کی ہوئی افیون، افیون کا محلول، گھولوا. ۲. ایک قسم کی مچھلی.

گھولم گھولا (وج، فت ل) امذ.
گھولی ہوئی افیون، گھولا ؛ سخت مشکل.

گھولنا (وج، سک ل) ف م.
۱. رقیق چیز میں حل کرنا، محلول بنانا. ۲. ایک چیز کو دوسری چیز میں گڈ مڈ کرنا، مخلوط کرنا.

گھوم (ومع) امذ.
۱. چکر، گھماؤ، پھیر. ۲. بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ دونوں ہاتھ دائیں بائیں پھیلا کر گھومتے ہیں اور ''جھائیں مائیں'' کہتے جاتے ہیں. ۳. گھومنے کی جگہ، جس جگہ ایک سمت سے دوسری سمت گھوما جائے، موڑ.

گھوم پھر کر / کے م ف. پھر پھرا کر ؛ ہر پھر کر.

گھوم جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. ایک جھلک دکھا کر گزر جانا، نظر میں پھر جانا. ۲. مڑ جانا. ۳. چکرا جانا، گھمیری آ جانا.

گھوم کر / کے م ف. چکر کھا کر، واپس مڑ کر، پلٹ کر.

گھوم گھام امث. ۱. بے فائدہ مٹر گشت، آوارہ گردی. ۲. وہ راستہ جس میں پھیر ہو.

گھوم گھام کر م ف. پھر پھرا کر، گھوم پھر کر، ہر پھر کے.

گھومتا گھامتا (ومع، سک م، م) م ف.
پھرتا پھراتا، گردش کرتا.

گھومڑ (ومع، فت م) امذ.
سوجن یا ورم جو سر پر کسی قسم کی ضرب کا ہو، گومڑ، گومڑا.

گھومنا (ومع، سک م) (الف) ف ل.
۱. گردش کرنا، چکر لگانا. ۲. چلنا، گھومنے پھرنے کے لیے جانا، سیر و تفریح کے لیے جانا ؛ مارا مارا پھرنا. ۳. ایک رخ سے دوسرے رخ مڑنا.
(ب) صف. گھومتا ہوا، چکر لگاتا ہوا، چکر لگانا. [س].

گھونپ (وج، غنہ) امر.
گھونپنا کا امر، تراکیب میں مستعمل.

گھونپنا (وج، غنہ، سک پ) ف م.
۱. نوک دار چیز کی نوک گھسیڑنا، چبھونا. ۲. موٹا جھوٹا بری طرح سینا، گوڑ گانٹھنا.

گھونٹ (ومع، غنہ) (الف) امذ ؛ امث.
۱. رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے، جرعہ نیز پانی وغیرہ کی بہت کم مقدار. ۲. حقے کا دم، کش. (ب) م ف. تھوڑا تھوڑا کر کے، گھونٹ بھر. [س].

گھونٹ بھرنا محاورہ. چسکی لینا، تھوڑا سا پینا ؛ حقے کا ایک دم لگانا.

گھونٹ پی کر رہ جانا محاورہ. ضبط کر کے رہ جانا.

گھونٹ گھونٹ م ف. تھوڑی تھوڑی مقدار میں، ایک ایک گھونٹ، تھوڑا تھوڑا.

گھونٹنا (ومع، غنہ، سک ٹ) ف م.
گھونٹ بھرنا، حلق کے نیچے اتارنا.

گھونٹنا (وج، غنہ، سک ٹ) ف م.
کھرل یا کونڈی میں خوب باریک کرنا، کچلنا، مگونا، حل کرنا، گھوٹنا.

گھونس (ومع، غنہ) امذ.
۱. چوہے کی طرح کا ایک جانور جو چوہے سے ذرا بڑا ہوتا ہے، گھوس.
۲. (مجازاً) رشوت.

گھونسا (ومع، مغ) امذ.
۱. مکا، ڈگ، دھموکا، گھوسا. ۲. (کنایۃً) ضرب، چوٹ، صدمہ.

گھونسلا/ گھونسلہ (وج، غنہ، سک س) امذ.
۱. جھونجھ، چڑیوں اور پرندوں کا گھر (عموماً تنکوں سے بنا ہوا)، آشیانہ، جھونجھ. ۲. (مجازاً) چھوٹا سا مکان، گھروندا، جھونپڑا.

گھونسلا بنانا ف مر: محاورہ. تنکے وغیرہ جوڑ کر بسیرے کی جگہ بنانا، کسی پرند کا کہیں گھر بنانا.

گھونسم گھانسا/ گھونسا (وسع، سغ/ فت س) اند.
ایک دوسرے کو گھونسے مارنے کا عمل.

گھونسے (وسع، سغ) اند: ج.
دیکھیے: گھونسا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

گھونسے برسانا ف مر: محاورہ. مکے مارنا: صدمہ پہنچانا.

گھونسے مارنا محاورہ. گھونسے برسانا: صدمہ پہنچانا.

گھونگا (وغ، سغ) اند.
۱. ایک دریائی یا سمندری کیڑا جو چکر کی صورت میں سیپی یا گھونگے کے خول میں لپٹا رہتا ہے، خول خشک ہو جاتا ہے اور اس کو پھونک کر چونا بناتے ہیں. ۲. دریائی یا سمندری کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند اور گنبد نما پیچ دار ایک جانب سے کھلا اور دوسری جانب سے بند ہوتا ہے، سیپی، سنکھ. [س].

گھونگٹ (وسع، سغ، فت گ) اند.
۱. چادر، دوپٹے وغیرہ کا منھ کے آگے جھکا ہوا یا نقاب کی طرح پڑا ہوا پلو. ۲. پردہ، حجاب، روک. ۳. دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار، گھوگس. ۴. ستے یا مزدور وغیرہ کی اندھیری، شرم، حیا: عضوِ تناسل کے آگے کی کھال جو ختنہ میں کاٹی جاتی ہے.

گھونگٹ کاڑھنا محاورہ. دوپٹہ یا چادر کا کنارہ اتنا کھینچنا کہ چہرہ پلو کی آڑ میں رہے، گھونگٹ نکالنا، پردہ کرنا.

گھونگٹ کرنا محاورہ. ۱. پردہ کرنا، گھونگٹ نکال لینا: گھوڑے کا اپنی گردن پیچھے کی طرف موڑنا. ۲. فوج کا پسپا ہونا.

گھونگٹ نکالنا محاورہ. دوپٹے کے کنارے کو کھینچ کر منھ پر لانا.

گھونگر (وسع، سغ، فت گ) اند:- گھونگھر.
بالوں کا قدرتی پیچ، بالوں کا حلقہ. [س].

گھونگرو (وسع، غنہ، سک گ، وسع) اند:- گھونگھرو.
دیکھیے: گھنگرو.

گھونگھٹ (وسع، سغ، فت گھ) اند:- گھونگھٹ.
دیکھیے: گھونگٹ.

گھونگھرو (وسع، غنہ، سک گھ) اند.
دیکھیے: گھنگرو.

گھی امث اند.
۱. دہی کو بلو کر نکالی ہوئی چکنائی، رواز یا ملائی کو بھون کر یا مکھن کو تا کر نکالا ہوا روغن نیز، دیکھیے: بناسپتی گھی ۲. نرم، ملائم. [س].

گھی چپڑی صف مث. گھی لگی ہوئی: مراد: اچھا کھانا (روکھی سوکھی کے مقابل).

گھی سنوارے سالن کو/ سالنا اور بڑی بہو کا نام/ ناؤ کہاوت. کام کوئی کرے اور نام کسی اور کا ہو تو کہتے ہیں.

گھی سیدھی انگلیوں نہیں نکلتا کہاوت. نرمی سے کام نہیں چلتا، سختی کیے بغیر کوئی بات نہیں بنتی.

گھی شکر ہونا محاورہ. گھل مل جانا، ایک دوسرے سے منسلک ہو جانا، آپس میں بہت میل جول ہونا، شیر و شکر ہونا.

گھی کہاں گیا کھچڑی میں کہاوت. جو مال اپنی ذات پر یا یگانوں پر خرچ ہو جائے یا جو دولت کسی اپنے ہی کام میں صرف ہو اس کا ملال نہیں ہوتا.

گھی کے چراغ جلانا محاورہ. مراد بر آنے کی خوشی میں روشنی کرنا، خوشی منانا، خوشی کی تقریب منعقد کرنا، جشن منانا.

گھیا (کس گھ) (الف) اند.
۱. لوکی، کدو. ۲. گول کدو جس کا گودا پیلا ہوتا ہے. (ب) صف. نرم، ملائم، گھی کی طرح کا. [س].

گھیاں (ضم گھ، شد ی) امث.
اروی، گھویاں.

گھیر (ی ع) (الف) اند.
۱. محیط، دور، پیٹا. ۲. پشواز، انگرکھے، پائجامے وغیرہ کا پھیلاؤ. ۳. (i) حلقہ، دائرہ، چکر، احاطہ، رقبہ. (ii) (معماری) عمارت کے گرد چھوڑا ہوا صحن. ۴. گھر جانے یا گھرا ہونے کی کیفیت، گھراؤ، محاصرہ. (ب) صف. گول، کھلا، الزام، شکایت، تنبیہ. [س].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

گھیر دار صف. بڑے گھیر والا ، چوڑے ، کشادہ ، پھیلے ہوئے دامن کا .

گھیر گھار کر/کے م ف. ادھر ادھر سے سمیٹ سماٹ کر نیز قابو میں لاکر ، زبردستی .

گھیرا (ی مج) اند.

۱. حلقہ ، دائرہ ، کنڈل .۲. احاطہ ، چکر ، باڑا ، رقبہ وغیرہ .۳. دور ، محیط .

گھیراؤ (ی مج) اند.

۱. باہم مل کر دباؤ ڈالنا ، بچ کر نکلنے نہ دینا .۲. محاصرہ ، زغہ ، ہجوم ، آدمیوں کا حلقہ .

گھیراؤ جلاؤ مث. گھیرنے اور جلانے کا کام یا عمل .

گھیرنا (ی مج) (الف) ف م.

۱. (i) چاروں طرف سے محاصرہ کرنا ، احاطہ کرنا . (ii) راستہ روکنا ، قابو میں لانا .۲. چار دیواری یا جنگلہ بنانا ، باڑ لگانا .۳. پکڑنا ، جکڑنا .

گھیکوار (ی مع ، ضم ک) اند.

ایک پودے کا نام جس کے پتوں میں لیس ہوتا ہے اور وہ آنکھ کی دوائی میں اکثر کام آتا ہے ، اس میں پتہ علیحدہ نہیں ہوتا البتہ اس کے پتوں کے کناروں پر کانٹے ہوتے ہیں ، اس کا گودا نہایت ملائم ہوتا ہے ، چنانچہ اسی وجہ سے گھی اور گواری سے مشابہت دی گئی ہے . [س].

(ل)

ل اند.

تلفظ ''لام'' ہے ، اُردو حروف تہجی کا تینتالیسواں ، عربی کا تیئیسواں اور فارسی کا ستائیسواں حرف صحیح (مصمت) ؛ کلمات کے شروع میں بھی آتا ہے اور درمیان و آخر میں بھی جیسے : لوگ ، قلم ، مال وغیرہ جمل کے حساب سے تیس (۳۰) عدد کا قائم مقام ہے .

••• **ل** لاحقہ.

۱. وصفیت کے معنی میں ، جیسے : بوجھل ..... توندل ..... وغیرہ .۲. (حروف مصوت کے بعد) اسمیت کے معنوں میں ، جیسے : دیکھ بھال ، میل جول ، بول چال وغیرہ .

ل (کس ل) سابقہ.

لیے ، واسطے ، برائے ، جیسے : للہ ، لہذا ، لغایت وغیرہ میں . [ع].

لا (۱) اند.

۱. لانا کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل .۲. چل ، آ کی جگہ ، متوجہ کرنے کا کلمہ .۳. لاکر یا لا کے کی تخفیف (فعل مرکب متعدی میں مستعمل) جیسے : لا بٹھایا ، لا اُتارا وغیرہ .

لا (۲) مث.

تہ ، پرت ، پردہ جیسے : یک لا ، دو لا ؛ مقراض ، لاف وگزاف کا مخفف . [ف].

لا (۳) مذ.

۱. (i) نہ ، نہیں ، نا ، بغیر ، انکار ، کلمہ نفی بطور سابقہ مستعمل . (ii) لفظاً لا کی شکل (ایک جسم کے دو ٹکڑے ہونے یا بیچ میں خط پڑ جانے سے) . (iii) نیست ، نہ ہونے کے برابر ، معدوم ، بے حقیقت ، بے وجود .

۲. ''لا الہ الا اللہ'' میں سے لا الہ کوئی اللہ نہیں ہے کی تخفیف .۳. (جبر و مقابلہ) ، مقدار نامعلوم کی علامت یا قائم مقام .

لا اُبالی (الف) صف. ۱. (i) بے پروا ، بے فکر ، غافل تیز نڈر ، بے باک . (ii) آزاد منش ، رند مشرب . (iii) شوخ ، گستاخ ، بے شرم ، بے لحاظ .

۲. (مجازاً) بے نیاز ، خدائے تعالیٰ .۳. (مجازاً) معمولی ، سرسری ، بے مقصد . (ب) اند. (تصوف) وہ شخص جو کسی شے سے خوف نہ رکھے ، جو کچھ سلوک میں اُس کو پیش آوے وہ کہے اور کرے .

لا اُبالی پن اند. بے پروائی ، بے باکی .

لا اعلم اند. میں نہیں جانتا ، جب کسی شاعر کا نام یا تخلص معلوم نہ ہو تو نام کی جگہ لکھ دیتے ہیں .

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کلمہ طیبہ. اللہ کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے رسول ہیں .

لا پتار پتہ صف. جس کا پتا نہ ہو ، مفقود ، گم ، غائب .

لاپروا صف. دیکھیے : بے پروا اور خیال نہ کرنے والا ، جسے کسی بات کی پروا نہ ہو ، بے خبر ، غافل .

لاپروائی مث. دیکھیے : بے خبری ، غفلت ، نڈر پن ، بے خوفی .

لاتعلق صف. کوئی تعلق یا علاقہ نہ رکھنے والا، غیر متعلق، الگ، بے تعلق.

لاجواب صف. ۱. جس کا جواب نہ ہو، بے نظیر، لاثانی، بے مثال، یکتا، اعلیٰ. ۲. جس سے جواب نہ بن پڑے، جواب سے معذور.

لاحصل (الف) صف، م ف. ۱. جس سے کچھ حاصل نہ ہو، بے سود، بے کار، بے نتیجہ، بے فائدہ ۲. جو کسی طرح حاصل نہ ہو، جس کا حصول ناممکن ہو. (ب) اند. وہ آراضی جس سے کوئی پیداوار یا آمدنی نہ ہو.

لاحول مث. ۱. لعنت، پھٹکار نیز کلمہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا مخفف جو شیطان کو دفع کرنے کے لیے پڑھا جاتا ہے ۲. اظہار نفرت کے لئے مستعمل، حقارت کا کلمہ ۳. بری بات پر تاسف ظاہر کرنے کے لیے بھی مستعمل.

لاحول پڑھنا محاورہ. ۱. نفرت ظاہر کرنا، لعنت بھیجنا ۲. چیز گم ہو جانے پر لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا (کہا جاتا ہے کہ اس کلمے کی برکت سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے).

لا حول ولا قوت/ قوۃ کلمہ نفرت. لاحول، شیطان کو بھگانے نیز اظہار نفرت اور بے زاری کے موقع پر مستعمل.

لاحول ولا قوۃ الا باللہ فقرہ. ۱. (عربی فقرہ اردو میں مستعمل) خدا کے سوا کسی میں زور و توانائی نہیں؛ مراد: شیطان، بھوت، جملہ خبائث اور غصے کو دفع کرنے کی غرض سے نیز اظہار نفرت کے لیے مستعمل. ۲. رباعی کا ایک وزن.

لادوا صف. جس کی دوا نہ ہو، لاعلاج، بے درماں، جو (شخص یا مرض) علاج کے لائق نہ ہو؛ (مجازاً) جس سے کوئی تدبیر نجات نہ مل سکے.

لادین صف؛ اند. جس کا کوئی دین یا مذہب نہ ہو، بے دین، دہریہ، ملحد.

لاریب م ف. یقیناً، بے شک، بلاشبہ.

لازوال صف. جس کو زوال نہ ہو، غیر فانی، مستقل، ہمیشہ رہنے والا، ازلی، ابدی.

لاشریک صف، اند. جس کا کوئی شریک نہیں؛ مراد: خدائے تعالیٰ جو واحد (و) احد ہے.

لاشریک لہ فقرہ. (خدائے تعالیٰ) اُس کا کوئی شریک نہیں.

لاشعور اند. ذہن کا وہ حصہ جس میں موجود جبلتوں، محرکات، تمثالوں اور تصورات تک شعوری طور پر رسائی ممکن نہیں.

لاشعوری صف. دیکھیے: لاشعور سے منسوب، لاشعور کا.

لاعلاج صف. لادوا، جس کا علاج نہ ہو، بے درماں.

لاعلم صف. جو جانتا نہ ہو، جسے معلوم نہ ہو، جسے (کسی بات کی) خبر نہ ہو، ناواقف.

لاعلمی مث. جہالت، بے خبری، ناواقفیت، علم نہ ہونا، آشنائی نہ ہونا، معلوم نہ ہونا.

لاقانونیت مث. (سیاست) قانون کے خلاف عمل درآمد؛ (مجازاً) بغاوت و سرکشی.

لامتناہی صف. غیر محدود، جس کی حد و انتہا نہ ہو، بے انتہا، بے نہایت.

لامحالہ م ف. یقیناً، بالضرور نیز مجبوراً.

لامحدود صف. جس کی حد و انتہا نہ ہو، حد بندی سے پرے، حدود سے ماورا، بے حد و حساب.

لامکان اند. عالم قدس یا عالم الٰہی جو مکانیت اور جہت سے بری ہے، الوہیت، ربوبیت.

لاوارث صف. وہ (شخص) جس کا کوئی والی وارث نہ ہو، نگوڑا ناٹھا.

لاولد صف. جس کے اولاد نہ ہو، جس سے کوئی پیدا نہ ہوا ہو.

لاہوت اند. (تصوف) عالم ذات الٰہی جس میں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے، گنج مخفی، مقام محویت.

لایزال صف؛ اند. ہمیشہ رہنے والا، بے زوال، پائدار؛ قدیم، ازلی ابدی (عموماً خدا تعالیٰ کے لیے مستعمل).

لایعنی صف. بے معنی، بے سروپا، لغو، مہمل؛ فضول.

لابھ اند.
فائدہ، نفع، سود. [س].

لات(۱) مث.
(حیوان یا انسان کا) پانو، پیر نیز ٹھوکر، پانو کی ضرب.

لات رسید کرنا محاورہ. ٹھوکر مارنا، لات سے مارنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

لات کھانا محاورہ. لات سے پٹنا ٹھکرایا جانا ، دولتی کھانا ؛ ذلیل ہونا ، رسوا کیا جانا .

لات مارنا ف مر؛ محاورہ. پانو کی ٹھوکر لگانا ، پانو سے ضرب لگانا .

لات (۲) اند.

عرب جاہلیت کے تین مشہور اور بڑے بتوں میں سے ایک بت کا نام جو طائف میں نصب اور بنی ثقیف کا معبود تھا ؛ (مجازاً) بت .

لاتوں (و ج) امث ؛ ج.

لات (۱) کی جمع نیز مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

لاتوں کے بھوت/ دیو باتوں سے نہیں مانتے کہاوت. جوتی خورا زبانی سمجھانے سے نہیں سمجھتا ، بد آدمی پٹے بغیر نہیں مانتا ، شریر یا سرکش مار پیٹ ہی سے درست ہوتا ہے.

لاتیں (ی ج) امث ؛ ج.

دیکھیے : لات (۱) کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ، ٹانگیں .

لاتیں کھانا محاورہ. لاتوں سے پٹنا ، ٹھکرایا جانا ، رد کیا جانا ، فراموش کیا جانا .

لاٹ (۱) امث .

۱. آگ وغیرہ کی اونچی لو ، جوالا مکھی ، شعلے کی لپٹ ، شعلہ .۲. پتھر ، لوہے یا اینٹوں کا اونچا ستون ، کھمبا یا مینار جو بطور یادگار ، نمائش یا علامت بنا ہوا ہو جیسے اشوک کی لاٹ یا قطب کی لاٹ یا لاٹھ) .۳. چکر کا مرکزی کیلا ، محور ، دھری ، دھرا (جیسے چکی یا گھڑی وغیرے کا محور) .

لاٹ (۲) امث .

چیزوں کا ڈھیر ، تھوک ، گڈا ، گٹھا ، بنڈل . [انگ] .

لاٹ (۳) اند.

۱. امیر ، رئیس ، دولت مند شخص ، بڑا انگریز ، گورا افسر .۲. صوبے کا حاکم اعلیٰ ، گورنر جنرل ، وائسرائے . [انگ] .

لاٹ صاحب اند. لفٹنٹ گورنر ، گورنر یا گورنر جنرل ، وائسرائے .

لاٹو (فت ٹ) صف .

لاٹ کی صورت میں نیلام کرنے والا ، بیچنے یا نیلام کرنے کے لیے سامان کا ذخیرہ رکھنے والا . [انگ] .

لاٹری (سک ٹ) امث .

نمبر پڑے ہوئے ٹکٹوں میں سے قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے ٹکٹ یا کسی اور ذریعہ سے جس کے ٹکٹوں کی فروخت سے حاصل شدہ رقم میں سے انعامات تقسیم کرنے کا کاروبار یا مشغلہ . [انگ] .

لاٹھ (۱) امث .

دیکھیے : لاٹ (۱) ، ستون ، مینار ، کھمبا . [س] .

لاٹھی امث .

اوسط درجے کی موٹی اور قدرے لمبی لکڑی (عموماً بانس کی) ، عصا ، چوب دستی .

لاٹھی ٹیکنا محاورہ. لاٹھی کا سہارا لینا ، بہ مشکل چلنا .

لاٹھی چارج اند. لوگوں کو ہٹانے کے لیے پولیس وغیرہ کا لاٹھیوں سے حملہ .

لاج امث ؛ اند.

۱. (i) حیا ، شرم ، لحاظ ، غیرت ، حجاب ، عار . (ii) شرمندگی ، خجالت .

۲. عزت ، آبرو ، ناموس ، حرمت . [پ] .

لاج آنا محاورہ. شرم محسوس ہونا ، شرم آنا .

لاج رکھ لینا/ رکھنا محاورہ. بھرم رکھنا ، آبرو بگڑنے نہ دینا ، عزت بچانا ، شرم رکھنا .

لاجْوَرْد (سک ج ، فت و ، سک ر) (الف) اند.

فیروزے کی قسم کا مگر اس سے زیادہ عمدہ ، مور کی گردن کے رنگ کے مشابہ جوہردار پتھر ، سنہری نقطوں والا زیادہ قیمتی اور پسندیدہ سمجھا جاتا ہے اسے پیس کر تصاویر وغیرہ اور دواؤں میں بھی استعمال کرتے ہیں .

(ب) صف. نیلا ، نیلے رنگ کا . [ف] .

لاجْوَرْدی (سک ج ، فت و ، سک ر) (الف) صف .

لاجورد کے رنگ کا ، نیلا ، نیلگوں ، نیلے رنگ والا . (ب) اند. سبز طاؤسی رنگ ، نیل کی رنگت کا چمکیلا رنگ .

لاجوں (و ج) امث ؛ ج.

لاج کی جمع نیز مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل .

لاجوں مرنا محاورہ. شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا ، بہت شرمندہ ہونا ؛ جیسے : اپنی ٹانگ کھولیے اور آپ ہی لاجوں مریے (مشہور کہاوت) .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، سک سکون (جزم) ، مغ (مغنونہ) ، مع = معدولہ ، مج = مجہول ، و ج = معروف ، مع = معروف ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

لاجونتی (سک ج، فت و، سک ن) امث.
۱. شرمیلی، باحیا، پاک دامن عورت. ۲. چھوئی موئی کا پودا.

لاچا اند:~ لاچہ.
ریشمی تہبند. [پن].

لاچین (ی مج) اند.
۱. ایک قسم کا شاہین شکاری جو بحری کی طرح شکار کرتا ہے مگر طاقت میں اس سے کم ہوتا ہے، دوڑی. ۲. نوکر، غلام. [تر].

لاحق (کس ح) (الف) صف.
۱. پیچھے سے آ کر ملنے والا، بعد میں آنے والا (سابق کی ضد). ۲. وابستہ، چمٹا ہوا، پیچھے لگا ہوا. (ب) اند. ۱. آگے پیچھے، سیاق و سباق. [ع].
لاحق ہونا محاورہ. ۱. چمٹنا، لپٹنا، وابستہ ہونا. ۲. (بیماری) لگنا، (مرض) لگ جانا.

لاحقہ (کس مج ح، فت ق) (الف) صف.
۱. بعد میں آنے والا یا بعد کو پیوست ہونے والا، چسپاں، وابستہ، ملحقہ. ۲. (قواعد) کسی کلمے یا جزو کلمہ کے بعد وہ حرف یا ادھورا یا پورا لفظ جس سے ایک کلمہ بن جائے یا جو نحوی شکل بنانے میں کام آئے.
لاحقہ لگانا محاورہ. کسی لفظ یا کلمے کے آخر میں کوئی لفظ یا کلمہ جوڑ دینا.

لاخ لاحقہ.
کلمہ ظرف جو کثرت یا جگہ پر دلالت کرتا ہے (عموماً ترکیب میں مستعمل جیسے: سنگلاخ) کثرت کی جگہ، کلمہ ظرفیت.

لاد امث.
۱. (گدھے یا خچر وغیرہ کا) بھار، لدا ہوا بوجھ. ۲. (کشتی) ایک داؤ جس میں حریف کو کولھے یا کندھے پر اٹھا لیتے ہیں. [س].
لاد چلنا محاورہ. کوچ کرنا، بوریا بستر سمیت کر رخصت ہونا نیز دنیا سے سدھارنا.
لاد دینا محاورہ. زبردستی بوجھ ڈالنا، کسی کو بہت کام یا خدمات سپرد کرنا.

لادنا (سک د) ف م.
۱. (جانور، گاڑی، چھکڑے یا آدمی وغیرہ پر) سامان وغیرہ رکھنا، بہت سا بوجھ رکھنا. ۲. (کھیت وغیرہ یا ذخیرے کی جگہ سے) منڈی میں بھیجنا. ۳. (i) (مجازاً) کسی کے ذمے عائد کرنا، سر تھوپنا، زبردستی ٹھونسنا.
(ii) طاری کرنا.

لادی امث.
۱. دھوبی کی گٹھڑی، دُھلائی کے کپڑوں کی گٹھڑی. ۲. لد جانے کے قابل، بھار، بوجھا.

لادے لادے پھرنا محاورہ.
بوجھ اُٹھائے اِدھر اُدھر پھرنا، کاندھوں پر اُٹھائے پھرنا.

لاڈ اند:~ لاڑ.
۱. پیار، دُلار، اعتدال سے زیادہ محبت، ناز، نخرا، چوچلا.
لاڈ اُٹھانا محاورہ. نخرے برداشت کرنا، ناز اُٹھانا.
لاڈ پیار اند. بے جا پیار محبت، ناز نخرا.
لاڈ کرنا محاورہ. (عموماً بچے کا) چوچلے کی اداؤں کا اظہار کرنا، بے جا محبت کرنا، پیار کرنا، چمکارنا، چومنا.

لاڈلا (سک ڈ) صف؛ اند.
۱. پیارا، ناز پروردہ، محبوب، چہیتا (بچہ). ۲. (طنزاً) لڑکا جو ماں باپ کی محبت سے آوارہ اور بد راہ ہو گیا ہو. ۳. پیار بھرا، محبت والا، نرم.

لاڈلی (سک ڈ) صف امث.
پیاری، دُلاری، چہیتی بیٹی.

لاڈو (و مج) صف امث.
پیاری (بیوی یا بیٹی) نیز دلہن (عموماً پیار سے لڑکیوں کو کہتے ہیں).

لارا اند.
آس، امید نیز عذر، بہانہ وغیرہ. [مقامی: پن].
لارا لپا اند. جھوٹا وعدہ، لیت و لعل، ٹال مٹول، حیلہ بہانہ.

لارڈ (سک ر) اند.
برطانوی امرا کا لقب اور کلمہ توقیر جو امارت، بزرگی اور بڑائی کو ظاہر کرتا ہے نیز مالک، آقا. [انگ].

لاری امث.
(ریل کے اوسط درجے کے ڈبے سے قدرے چھوٹی) مال برداری سواری کی گاڑی جو عموماً سڑک پر پٹرول وغیرہ سے چلائی جاتی ہے بس یا ٹرک نیز لمبی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں. [انگ].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

لاری اڈا اند. بسیں کھڑی کرنے کا وہ مقام جہاں سے مسافر (عموماً) ایک جگہ سے دوسری جگہ آتے جاتے ہیں.

لارے اند؛ ج.
لارا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

لارے لپے دینا محاورہ. جھوٹے وعدے کرنا، ٹال مٹول کرنا، حیلہ حوالہ کرنا، بہانے بنانا.

لازِم (کس ز) (الف) صف.
۱. ہمیشہ کسی سے لگا رہنے والا، وابستہ؛ مراد: واجب، ضرور، فرض؛ لابد. ۲. (قواعد) فعل جو فاعل پر تمام ہو جائے اور اسے مفعول کی ضرورت نہ ہو. (ب) اند. ضروری چیز، مقتضا نیز سر، ذمہ، تعلق [ع].

لازم آنا محاورہ. ضروری ہو جانا، یقینی نتیجہ نکلنا.

لازم و ملزوم صف. ۱. ایک دوسرے کے لیے ضروری، ایک دوسرے پر موقوف، (دو چیزیں) جن میں ایک دوسرے سے جدائی ناممکن ہو.
۲. واجب، ضروری، لابد.

لازم ہونا محاورہ. ضروری ہونا، فرض ہونا.

لازماً (کس مع ز، تن الف) م ف.
ضروری طور پر، یقیناً، بلاشبہ.

لازِمہ (کس مع ز، فت م) اند.
امر یا سامان جو کسی کام وغیرہ کے لیے ضروری ہو، جوڑ یا میل کی چیز، منجملہ ضروریات، ضروری اسباب.

لازِمی (کس مع ز) صف.
لازم، ضروری، لابدی.

لاسا (الف) اند؛ = لاسہ.
۱. ایک چپکتا ہوا لعاب دار مادہ جو خاص کر بڑ کے دودھ سے بنایا جاتا ہے (عموماً چھوٹے پرندوں کو پکڑنے کے لیے جال وغیرہ میں مستعمل)، ایک قسم کا سریش. ۲. دام فریب؛ (مجازاً) جال میں پھنسانے والی بات، مانوس کرنے والا فعل یا قول. ۳. لت، عادات، چسکا. (ب) مث. (مجازاً) لگن، لگاؤ، اشتیاق. [س].

لاسٹِک (سک س، کس ٹ) مث؛ اند.
لچکیلا سوت جس کے اندر کے ربڑ پر روئی یا ریشم کا دھاگا یا مصنوعی کپڑا چڑھا دیا جاتا ہے، ربڑ کی ڈوری، فیتہ یا بند. [انگ].

لاش مث.
۱. مردہ، مردہ جسم، نعش؛ میت، جنازہ. ۲. (مجازاً) موٹا تازہ جسم (طنز و تحقیر کے موقع پر). [ت].

لاشوں (و مع) اند؛ ج.
لاش کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

لاشوں پر لاشیں گرنا محاورہ. بہت قتل و غارت گری ہونا، لاشوں کا ڈھیر لگنا، گھمسان کا رن پڑنا.

لاشَہ (فت ش) اند.
۱. لاش، جسم مردہ. ۲. جسم، تن، بدن؛ لاغر، نحیف، دُبلا. [ف].

لاشے اند؛ ج.
لاشہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

لاشے گرنا محاورہ. مرنا، جاں بحق ہونا.

لاطینی (ی مع) صف؛ مث.
روم یا وہاں کے باشندوں سے منسوب؛ (خصوصاً) رومیوں کی زبان جس میں یونانی مخلوط ہے، لیٹن، رومن، رومیوں کی قدیم زبان. [انگ].

لاغَر (فت نیز کس غ) صف.
دبلا پتلا، نحیف و ناتواں، کمزور. [ف].

لاف مث؛ اند.
۱. شیخی، ڈینگ، خود ستائی، بکواس. ۲. ضد، زورا زوری، اکڑ. [ف].

لاف زن صف. شیخی باز، ڈینگ مارنے والا، بڑبولا.

لاف زنی مث. شیخی نیز دعویٰ کرنا.

لاف (و) گزاف مث. لغو دعویٰ، فضول ڈینگیں.

لاک مث.
ایک وضع کا گوند جس کو سرخ رنگ کے کیڑے پیدا کرتے ہیں.

لاک اند (شاذ).
تالا، قفل. [انگ].

لاک اپ امذ. حوالات تھانے کے اندر عارضی قید خانہ جہاں ملزموں کو عارضی طور پر مقدمہ قائم ہونے تک رکھا جاتا ہے.

لاکر (فت ک) امذ.
قفل دار دراز کا ڈبا یا الماری جس میں حفاظت کے لیے زیور وغیرہ رکھتے ہیں.

لاکڑا کاکڑا (سک ک، سک ک) امذ.
سوکھے کی بیماری جس میں انسان بہت دبلا ہو جاتا ہے عموماً چھوٹے بچوں کو یہ بیماری ہوتی ہے. [مقامی].

لاکھ (۱) (الف) صف؛ امذ.
۱. سو ہزار، ہندسوں میں ۱۰۰۰۰۰. ۲. بہ کثرت، سیکڑوں، ہزاروں، بے شمار، ان گنت. (ب) م ف. کتنا ہی، ہر چند، بھتیرا. [س].

لاکھ پردوں میں چھپا کر رکھنا محاورہ. بہت احتیاط کرنا.

لاکھ جتن کرنا محاورہ. بہت تدبیریں کرنا، بہت کوشش کرنا.

لاکھ دو لاکھ کی پروا نہ کرنا کہاوت. روپے پیسے کو خاطر میں نہ لانا.

لاکھ روپے کا / کی م ف. بہت قیمتی، قابلِ قدر.

لاکھ سر مارنا محاورہ. ہزار جتن کرنا، بھتیری کوششیں کرنا.

لاکھ کا گھر خاک ہو جانا/ ہونا محاورہ. بالکل تباہ ہو جانا، بھاری نقصان کا ہو جانا.

لاکھ میں م ف. ۱. ہزاروں میں، سیکڑوں میں، کروڑوں میں. ۲. سیکڑوں ہزاروں کے سامنے، چوری چھپے نہیں علی الاعلان، ڈنکے کی چوٹ پر، کھلم کھلا، سب پر عیاں.

لاکھ (۲) امث.
ایک سرخ رنگ کا صمغی مادہ (جسے آنچ دکھا کر کاغذ وغیرہ پر ٹپکاتے اور اس پر مہر لگاتے ہیں چوڑیاں اور زیورات بنانے میں استعمال کرتے ہیں)؛ ایک چھلکے نما کیڑے کی جمی ہوئی اور خشک رال جسے وہ بعض درختوں کی پتلی شاخ پر ٹپکاتا ہے اور اسے مقرر کیمیاوی طریقے سے صاف کر لیتا ہے. [س].

لاکھ لگانا ف مر؛ محاورہ. مہر بند کرنا، مہر لگانا؛ چپ کرانا، سمجھانا.

لاکھ جمانا ف مر؛ محاورہ. پان کھا کر اس کی سُرخی ہونٹوں پر جمانا.

لاکھا امذ.
۱. لاکھ کا سرخ رنگ؛ پان کھا کر ہونٹوں پر جمائی ہوئی سرخی کی تہ، جسے عورتیں ہونٹوں پر خوب صورتی کے لیے جماتی ہیں.

لاکھا جمانا ف مر؛ محاورہ. پان کھا کر اس کی سرخی ہونٹوں پر جمانا.

لاکھوں (وج) صف؛ ج.
لاکھ (۱) کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

لاکھوں پر بھاری ہونا محاورہ. بے نظیر، جس کا کوئی مقابلہ نہ کر سکے.

لاکھوں جتن کرنا محاورہ. بہت تدبیریں کرنا، بہت کوششیں کرنا.

لاکھوں میں م ف. ۱. بہت سوں میں، بہت سارے لوگوں میں، مجمع میں. ۲. ضرور، بالضرور. ۳. علی الاعلان، اعلانیہ، ڈنکے کی چوٹ پر.

لاکھوں میں ایک صف؛ م ف. بہت سوں میں ایک، منتخب روزگار.

لاکھوں میں کھیلنا محاورہ. بہت دولت مند ہونا، بہت پیسا ہونا.

لاگ امث؛ امذ.
۱. ربط، تعلق، علاقہ، وابستگی. ۲. لگن، انس، محبت، عشق، دل بستگی. ۳. چاٹ، چسکا، شوق، مزہ، لپکا. ۴. عداوت، بیر، دشمنی. ۵. کشاکش، بحث، مقابلہ. ۶. رشک، حسد، جلن، رقابت. ۷. ٹانک (جو زیور وغیرہ میں رکھی جاتی ہے). ۷. مار، چوٹ، ضرب. [س].

لاگ لپیٹ امث. ۱. رو رعایت، طرف داری، حمایت، جانب داری، لحاظ.

لاگت (فت گ) امث.
۱. (کسی چیز کی تیاری کا) خرچ، صرفہ. ۲. بغیر کسی منافع کے اصل قیمت، مول، ٹھیک قیمت.

لاگت آنا ف مر؛ محاورہ. کسی چیز کی تیاری پر صرفہ آنا، خرچ آنا روپے پیسا لگنا.

لاگو (وج) صف؛ امذ.
۱. (کسی بات یا کام کے لیے) پیچھے پڑا ہونا، مصر، آمادہ. ۲. مشتاق آرزو مند، خواہاں، چاہنے والا. ۳. کسی خاص مقام پر (چوٹ کرنے کی) تاک میں بیٹھنے والا.

لاگو کرنا ف مر؛ محاورہ. جاری کرنا، نفاذ کرنا.

لاگو ہونا محاورہ. ۱. پیچھے پڑنا، دشمن ہونا، بیری ہونا. ۲. نافذ العمل ہونا، عمل درآمد ہونا. ۳. خواہش مند ہونا، خواہاں ہونا، خواہش رکھنا.

لال (۱) (الف) صف !~ لعل.

۱. سرخ، احمر، سوہا (خواہ تمازتِ آفتاب سے ہو یا آنچ یا لال رنگ سے).
۲. غصے میں بھرا ہوا، غضب ناک. (ب) اند. ۱. ایک نوع کا بڑا یاقوتِ رمانی، لعل، ہیرا، قیمتی پتھر. [ف + ع].

لال اُگلنا محاورہ. عجیب و غریب دل کش یا فیض رساں باتیں کرنا، اس انداز سے بولنا کہ منھ سے پھول جھڑیں.

لال انگارا صف. ۱. نہایت سرخ، دہکتا ہوا. ۲. شوخ، چنچل. ۳. غصے میں بھرا ہوا، غضب ناک، خشم گیں، لال انگارا.

لال بیگ اند. ایک چھوٹے اور گول سر کا پردار سرخ کیڑا جس کی پشت تختی یا ڈھال کی طرح ہوتی ہے، کاکروچ.

لال بھبوکا / بھبھوکا صف. ۱. نہایت شوخ اور سرخ، نہایت سرخ، شعلہ بھبوکا. ۲. (کنایۃً) غصے میں لال (چہرے وغیرہ کے ساتھ).

لال پیلا ہونا محاورہ. غصے میں بھرنا، نہایت غضب ناک ہونا.

لال جڑے ہونا محاورہ. بہت خوبیاں ہونا.

لال کردینا/ کرنا محاورہ. ۱. سرخ کرنا. ۲. خون میں نہلا دینا، سرخ کر دینا.

لال گلال اند. انتہائی سرخ، بہت سرخ.

لال لگنا محاورہ. بیش قیمت ہونا، نادر اور انوکھا ہونا.

لال ہونا محاورہ. ۱. سرخ ہونا. ۲. غضب ناک ہونا، غصہ ہونا، طیش میں آنا. ۳. پچیسی کی گوٹ کا تمام خانوں سے پھر کر اٹھ جانا.

لال (۲) (الف) اند.

(مجازاً) بیٹا، فرزند، بچہ، لڑکا. (ب) صف. ۱. پیارا، دُلارا، چہیتا، (مجازاً) معشوق. ۲. شخص جو بولنے کی قوت سے محروم ہو گونگا، خاموش، عاجز. [س].

لالا (۱) (الف) اند !~ لالہ.

۱. مہاجن، ساہوکار، بنیا. ۲. (ہندو احترام کا کلمہ) صاحب، جناب، حضرت، میاں، مسٹر، بابو. ۳. (کلمہ مخاطب پر احتراماً بزرگوں کے لیے) والدِ ماجد، پدرِ بزرگوار کے لیے. ۴. خسر، سسرا. ۵. (i) بچہ، صاحبزادہ، ننھا منا. (ii) پیارا، محبوب، عزیز. [س].

لالا (۲) (الف) اند.

ملازم جو مالک کے بچوں کی تربیت کرے. (ب) صف. روشن، چمکنے والا (لولو کے ساتھ استعمال ہوتا ہے). [ف].

لالٹین (سک ل، ی لین) مث.

ٹین وغیرہ کے پھیلے ہوئے پیالہ نما پیندے اور ڈھانچے سے بنایا ہوا لیمپ نما چراغ جو چمنی لگا کر جلایا جاتا ہے. [انگ].

لالچ (فت ل) اند؛ مث.

۱. حرص، طمع. ۲. ترغیب، پھسلاوا. [س].

لالچ بری بلا ہے کہاوت. حرص سے بڑھ کر کوئی چیز بری نہیں.

لالچ میں آنا محاورہ. دامِ حرص میں پھنسنا، طمع میں آنا، دَم میں آنا.

لالچی (سک ل) صف؛ اند.

لالچ کرنے والا (شخص)، لالچ خورا.

لالوں (وج) اند؛ ج.

لال کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

لالوں لال صف؛ اند. ۱. سرخ، پوری طرح سرخ، رنگین. ۲. آسودہ حال، خوش و خرم، مگن.

لالوں لال ہونا ف مر؛ محاورہ. نہایت شوخ ہونا؛ سرخ و شاداب ہونا، لال کی آب و تاب رکھنا.

لالہ (۱) (فت ل) اند.

دیکھیے: لالا.

لالہ (۲) (فت ل) اند.

۱. ایک نہایت سرخ پھول جس کے درمیان سیاہ داغ ہوتا ہے، گلِ لالہ.
۲. (کنایۃً) لبِ معشوق نیز عاشق کا داغ دار دل. ۳. گلِ لالہ سے مشابہ چراغ جس میں موم بتیاں وغیرہ روشن ہوں، پہلے اُمراء کی محفلوں میں خصوصاً مشاعروں میں جلایا جاتا تھا. [ف].

لالہ رُخ صف. سرخ چہرے والا؛ مراد: معشوق، حسین، محبوب، دلربا، جس کے رخسار لالہ جیسے سرخ ہوں.

لالہ زار اند. لالے کے پھولوں کا کھیت، باغ؛ گلزار.

لال مث.
۱. سرخ رنگت، سرخی، چیز جس کے لگانے سے کوئی چیز سرخ ہو جائے، شہاب کا چورا جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں. ۲. سرخ روئی، آبرو، عزت، نیک نامی، ساکھ. ۳. آنکھوں کی سرخی.

لالے امذ: ج.
دیکھیے: ۱. لالہ (۲) کی جمع نیز مغیرہ صورت. ۲. آرزو، تمنا، ارمان.

لالے پڑنا محاورہ. ۱. آس ٹوٹنا، ناامید ہونا ۲. کمال حسرت و آرزو ہونا، میسر نہ آسکنے کا داغ دل میں ہونا ۳. مصیبت میں پھنسنا، بلا میں مبتلا ہونا ۴. (کسی چیز کی) نہایت قلت ہونا، کمی ہونا، میسر نہ آنا. ۵. مشکل ہونا، کھکھیڑ ہونا، دوبھر ہونا، پریشان کن ہونا، دشوار ہونا.

لام (۱) امذ؛ مث.
۱. دیکھیے: ل، ایک حرف کا نام، حرف "ل" کا تلفظ. ۲. شیخی، لاف و گزاف (عموماً کاف کے ساتھ، دیکھیے: لام کاف). [ع].

لام کاف امذ. لعنت ملامت، طعن و تشنیع، گالی گفتار، دشنام طرازی، بدزبانی، گالی گلوچ.

لام (۲) امذ.
۱. سوار، پیدل وغیرہ اسلحہ بند فوج، فوج کا دستہ، بریگیڈ. ۲. (مجازاً) جنگ، لڑائی، لڑائی کا میدان. [مقامی].

لام باندھنا محاورہ. ۱. فوج بھرتی کرنا، لڑائی کے لیے لشکر جمع کرنا، چڑھائی کرنا. ۲. سلسلہ باندھ دینا؛ (کوئی کلمہ) پے در پے اور لگاتار کرنا؛ قطار بنا دینا.

لام بندی مث. فوج کشی، حملہ.

لامسہ (کس ج م، فت س) مث.
جسم کی وہ حس جو چیزوں کو چھو کر ان کی سختی، نرمی اور گرمی، سردی وغیرہ محسوس کرتی ہے، چھونے کی قوت.

لامع (کس ج م) صف.
چمکنے والا، روشن، درخشاں، تاباں، تابدار.

لامی/لامیہ (کس م، شدی بفت) صف.
حرف ل سے متعلق یا منسوب؛ وہ (قصیدہ) جس میں حرف روی ل ہو.

لان امذ.
گھاس کا قطعہ؛ سبزہ زار، گھاس کا قطعہ جس کی گھاس کاٹ کر ہموار کر دی گئی ہو. [انگ].

لانا ف م.
۱. کسی چیز یا شخص کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے آنا، حاضر کرنا، موجود کر دینا. ۲. ایک حالت سے دوسری حالت پر لے آنا، ایک صورت حال سے چھڑا کر دوسری صورت حال پیدا کرنا؛ ڈھب پر لانا. ۳. (کوئی لفظ وغیرہ) تقریر یا تحریر میں استعمال کرنا، ادا کرنا یا استعمال کرنا، تحریر کرنا پیش کرنا، بیان کرنا. ۴. آنے دینا. ۵. شامل کرنا، رکھنا، جگہ دینا، ملانا انضمام، اشتراک. ۶. اختیار کرنا (اسلام وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۷. خرید کر لانا، مول لینا. ۸. پیدا کرنا، بیان کرنا، ظاہر یا نمایاں کرنا سامنے لانا. ۹. بطور لاحقہ نیز مصادر کے تعدیے کی علامت جیسے: رلانا (رونا سے) جلانا (جلنا سے) پلانا (پینا سے) سلانا (سونا).

لانبا (مغ) صف مذ.
دیکھیے: لمبا.

لانبی (مغ) صف مث.
دیکھیے: لمبی.

لانچ (غذ) مث.
سیر و تفریح، سفر یا جنگی جہاز کی بڑی برقی یا دخانی کشتی. [انگ].

لانڈری (غذ، سک ڈ) مث.
کپڑوں کی دھلائی کی دکان یا فیکٹری جس میں گاہکوں کے کپڑے رسید دے کر لیے جاتے اور ہاتھ یا مشین سے دھو کر یا دھلوا کر مقرر وقت پر دیے جانے کا اہتمام ہوتا ہے. [انگ].

لانگ (۱) (غذ) مث.
(لباس) دھوتی کا سرا جو آگے سے ٹانگوں کے بیچ میں سے پیچھے کر کی لپیٹ میں گھوس لیا جائے. [س].

لانگ (۲) (غذ) صف.
لمبا، طویل، تراکیب میں مستعمل. [انگ].

لانگ جمپ مث. لمبی چھلانگ، ایک جست میں زیادہ فاصلے کو لانگھ جانا ہوتا ہے (اسکولوں وغیرہ میں ایک قسم کا کھیل).

لانگ مارچ مث. ۱. تیزی کے ساتھ بغیر بیچ میں پڑاؤ کیے ہوئے پیدل سفر. ۲. (سیاسیات) احتجاجی سفر، احتجاجاً کوئی طویل سفر پیدل کرنا.

لانگھنا (خنہ، سک گ) ف ل.
ا. پھلانگنا، چھلانگ مارنا، اچھلنا کودنا .۲. عبور کرنا، پار کرنا، اوپر سے جانا یا گزرنا.

لاو اند.
جھنڈا، نشان، علامت. [ف].

لاو لشکر اند. فوج اور اس سے متعلق ساز و سامان، انبوہ سپاہ؛ ہجوم.

لاوا اند.
ا. گرم سیال مادہ جو کوہ آتش فشاں پھٹنے پر اس کے دہانے سے بہہ نکلتا ہے اور بعد میں جم جاتا ہے .۲. جذبات کی شدت. [انگ].

لاوا اُبلنا محاورہ. جوش پیدا ہونا؛ آتش فشاں کا پھٹ پڑنا.

لاوا پکنا محاورہ. انتقام کے جذبے کا زور کرنا، بدلہ لینے کے لیے بے چین رہنا.

لاوَن (فت و) اند.
دال، سالن یا ترکاری وغیرہ جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے.

لائبریری (کس ء، سک ب، ی مج) امث.
دیکھیے: کتب خانہ. [انگ].

لائبریرین (کس ء، سک ب، ی مج، سک ر، فت ی) اند.
لائبریری کا مہتمم اور محافظ، مہتمم کتب خانہ. [انگ].

لائٹ (۱) (کس ء) امث.
روشنی. [انگ].

لائٹ ہاؤس اند. روشنی کا مینار جو عموماً بحری اور ہوائی جہازوں کی رہ نمائی کے لیے بنایا جاتا ہے. [انگ].

لائٹ (۲) (کس ء) صف.
ہلکا، سبک، ہلکا پھلکا. [انگ].

لائٹر (کس ء، فت ٹ) اند.
پٹرول اور چقماق سے جلایا جانے والا ایک چھوٹا سا آلہ جس سے سگریٹ وغیرہ سلگاتے ہیں، روشنی دینے والا، جلانے والا آلہ. [انگ].

لائحہ (کس ء، فت ح) اند.
ا. فہرست، نوشتہ، نامہ مفصل .۲. ضابطہ، دستور .۳. روشنی، شعلہ، چمک دمک.

لائحہ عمل اند. کام کرنے کا پروگرام، دستور العمل.

لائسنس (کس ء، فت ج س، سک ن) اند.
حکومت وغیرہ کی طرف سے دیا جانے والا اجازت نامہ، اجازہ، پروانہ. [انگ].

لائق (کس ج ء) (الف) صف.
ا. (کسی کام کی) لیاقت یا قابلیت رکھنے والا، قابل، اہل .۲. (i) موزوں واجب، ضروری، شایاں، مناسب. (ii) روا، جائز، مباح .۳. سزاوار، قابل، مستحق .۴. ذی جوہر، ہنرمند، ہوشیار، دانا، عالم، گرامی قدر. ۵. جتنا چاہیے اتنا، جیسا چاہیے ویسا، کافی، حسب ضرورت. (ب) امث.
علمیت، لیاقت، قابلیت، اہلیت، صلاحیت. [ع].

لائق فائق صف. لیاقت میں فوقیت رکھنے والا، بڑا لائق.

لائن (کس ء) امث.
ا. (i) لکیر، خط. (ii) قطار، سلسلہ، صف. (iii) سطر، مصرع .۲. ریل، لوہے کی پٹری (جس پر ریل یا ٹرام چلتی ہے) .۳. گفتگو وغیرہ کا سلسلہ یا موضوع .۴. ڈور، سلسلہ؛ ٹیلی فون، ٹیلی گراف یا بجلی کا تار؛ (مجاز) رابطہ .۵. حد؛ حد بندی .۶. شعبہ، پیشہ، شغل. [انگ].

لائن حاضر کرنا محاورہ. پولیس کے محکمے میں کسی فرد کو سرزنش یا اس کے خلاف تفتیش کے لیے بلانا.

لائننگ (کس ء، کس ن، خنہ) امث.
استر (جو کپڑے کے نیچے لگایا جاتا ہے). [انگ].

لاؤ (۱) (و مج) امر.
دیکھیے: لانا کا فعل امر، حسن کلام کے لیے زاید، اچھا، چلو کا مترادف.

لاؤ (۲) (و مج) امث.
ا. چرس کھینچنے کی موٹی رسی، موٹا رسا؛ کوئی ایسی چیز یا آلہ جو کسی چیز کو حاصل کرنے، متحرک کرنے اور کام میں لانے میں مدد کرے.
۲. ناؤ کا رسا، گن.

لُاؤڈ اِسپیکر (ضم، ضم و، سک ڈ، کس ا، سک س، ی مج، فت ک) اند.
برقی قوت کے ذریعے آواز کو اونچا کرنے والا آلہ، آلہ مکبر الصوت. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

لاؤ لشکر (ئ ، فت ل ، سک ش ، فت ک) اند .
فوج مع ساز و سامان ، لشکر اور اس کے ہمراہی ؛ (مجازاً) لوگوں کا ہجوم ، بھیڑ بھڑکا .

لآل (فت ل ، ممدوود) اند : ج .
موتی ، مروارید ، گوہر .

لآلی (فت ل ، ممدوود) اند : ج .
موتی ، گوہر ، مروارید . [ع] .

لَب (فت ل) (الف) اند .
۱ . (i) انسانی جسم میں منھ کے دہانے کے دونوں کنارے ، ہونٹ ، شفت ، کنارہ (عموماً بطور جمع مستعمل) . (ii) کسی جانور یا حیوان کے ہونٹ . ۲ . موچھوں کے وہ بال جو ہونٹ کے کنارے سے متصل ہوتے ہیں ، (عموماً جمع میں مستعمل جیسے : لبیں بڑھ گئی ہیں) . ۳ . کسی شے کا کنارہ (عموماً دریا ، ساحل ، کاغذ یا کپڑے وغیرہ کا) حاشیہ . (ب) امث .
۱ . دونوں ہاتھوں کی گنجائش ، دونوں ہاتھوں کو ملا کر بنائی گئی اوک یا اوکھ ، لپ . [ف + س] .

لب بام صف : م ف . چھت یا کوٹھے کے کنارے پر ، چھت کی منڈیر پر ؛ (مجازاً) زوال پذیر ، مائل بہ غروب .

لب بستگی امث . خاموشی ، چپ سادھنے کا عمل .

لب بہلب / لب بہ لب صف : م ف . ۱ . منھ سے منھ ملائے ہوئے ؛ مراد : مقابل ، سامنے ، منھ در منھ ، روبرو ، آمنے سامنے . ۲ . منھ بند کیے ہوئے ، خاموش .

لب پر آنا / پہ آنا ف مر : محاورہ . زبان پر آنا ، کچھ کہا جانا ، ہونٹوں سے نکلنا ، زبان پر جاری ہونا .

لب دریا (الف) اند . دریا کا کنارا ، ساحل . (ب) م ف . دریا کے کنارے ، دریا پر .

لب دم م ف : صف . جان کنی میں ، مرنے کے قریب .

لب ریز / لبریز اند . بھرا ہوا ، پر ، لبالب ، کناروں سے اوپر تک بھرا ہوا .

لب سڑک م ف : ظرف . (عو) سڑک کے کنارے پر ، سڑک سے ملا ہوا .

لب سینا محاورہ . زبان بند رکھنا ، خاموش کر دینا ، زبان پر بندش لگا دینا .

لب کشا صف . اظہار خیال کرنے والا .

لب کشائی امث . بات کرنا ، زبان کھولنا ، کچھ کہنا .

لب کھولنا محاورہ . بولنا ، بات کرنا ، بات چیت کرنا .

لب گور صف : م ف . مرنے کے قریب .

لب و لہجہ اند . انداز گفتگو ، لفظ ادا کرنے اور آواز نکلنے کا انداز (بولنے یا لکھنے میں) لفظوں کا استعمال اور ان کی ادائگی .

لُب (ضم ل) اند .
۱ . (ہر چیز کا) جوہر ، ست ، اصل ، مغز ، گودا ، مینگ ، خالص . ۲ . عقل ، دانش جو وہم و تخیل سے پاک ہو .

لب لباب اند . خلاصے کا بھی خلاصہ ، ماحصل ، مغز ہی مغز ، اصلی جوہر ، اصل مقصد .

لَبادَہ (فت ل ، د) اند .
جاڑے کے موسم میں لباس کے اوپر کا ڈھیلا ڈھالا پنڈلی تک لمبا جامہ ، جبہ ، دگلا ، فرغل (بیشتر روئی بھرا ہوا یا اونی) . [ف] .

لبادہ اوڑھ لینا / اوڑھنا ف مر : محاورہ . اوپر سے پہن لینا ، اصل حالت چھپا لینا ، اصل حلیہ بدل لینا ، ظاہری صورت گری و آرائش کا سہارا لینا .

لِباس (کس ل) اند .
۱ . پوشاک ، کپڑے ، جامہ ، پوشش . ۲ . روپ ، شکل ، بھیس . [ع] .

لباس عُرُوسی کس صف (ضم ع ، و مع) اند .
دلہن کا جوڑا ، سہاگ کا جوڑا ، شادی کے وقت دلہن کے پہننے کا لباس ، سہانا جوڑا .

لباس فاخرہ اند . قابل افتخار لباس ، قیمتی کپڑے .

لَبالَب (فت ل ، ل) اند : صف .
منھ تک بھرا ہوا ، کناروں تک پر ، لبریز .

لَبَد (فت ل ، ب) اند (قدیم) .
ہونٹ ، لب . [مقامی] .

لَبْدار (فت ل ، سک ب) اند .
کیچڑ ، دلدل ، وہ مٹی جو دریا چھوڑ جائے . [س] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

لَبڈَڑ (فت ل، سک ب، فت ڈ) مذ.
(کاشت کاری) لعاب دار مٹی اور پانی جس میں سے نکلنا مشکل ہو جائے، دلدل، کھانچا.

لَبڈھَڑ (فت ل، سک ب، فت ڈھ) مذ.
غلیظ، گاڑھا.

لَبڈھَڑا (فت ل، سک ب، فت ڈھ) مذ.
تلچھٹ، درد، بچا کھچا رقیق حصہ.

لِبرٹی (کس مج ل، فت ب، سک ر) مث.
(سیاسیات) شخصی آزادی، جمہوری نظام حکومت اور آزادی (پابندی کا نقیض).

لِبَرل (کس ل، سک ب، فت ر) صف.
(سیاسیات) کھلے ذہن کا مالک، وسیع القلب، کشادہ نظر، شخص یا گروہ جو انفرادی آزادی، جمہوری نظام حکومت اور آزاد تجارت کا حامی ہو، جاگیرداری اور رجعت پسند کے مقابل، آزاد. [انگ].
لبرل ہونا محاورہ. آزاد خیال ہونا، غیر جانب دار ہونا.

لَبریز (فت ل، سک ب، ی مج) صف.
لبالب، کناروں تک بھرا ہوا، پر، معمور. [ف].
لبریز کرنا/ ہونا محاورہ. پر کرنا، بھرنا.

لَبڑ (فت ل، ب) صف.
جھوٹا، بے ہودہ بکواس کرنے والا، حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل. [س].
لبڑ سبڑ (الف) صف مث. ۱. بغیر جی لگائے کام کو نمٹانے کی خاطر جلد جلد کرنا، بدنظمی، کسی کام کا جلد اور بدنظمی سے کرنا. (ب) م ف. پھوہڑ پن سے، بدسلیقگی کے ساتھ، بلا غور و خوض.

لَبلَب (فت ل، سک ب، فت ل) صف.
اکم عقل، بے وقوف ۲. چپچپاہٹ، لسلساہٹ، چیپ ۳. سنگ دان، پتھری.

لَبلَبا/ لَبلَبہ (فت ل، سک ب، فت ل، ب) مذ.
چیپ دار، لیس دار، چپکنے والا؛ (طب) معدے اور ڈیوڈینم (آنت کا ایک حصہ جو معدے کے ساتھ ملا ہوتا ہے) کے درمیان مسریق میں واقع غدہ جس کی نالی ڈیوڈینم میں کھلتی ہے، پیٹ کے نیچے کا ایک غدود. [پ].

لِبلِبی (کس ل، سک ب، کس ل) مث.
ہر وہ کھٹکا جسے دبانے سے کوئی چیز حرکت میں آئے خصوصاً بندوق وغیرہ کی کمانی، گھوڑا (جس کے دبانے سے گولی چلتی ہے). [حکایت الصوت].

لَبَن (فت ل، ب) مذ.
دودھ. [ع].

لَبوں (فت ل، و مج) مذ: ج.
لب کی جمع، (ترکیبات میں مستعمل).
لبوں تک آنا محاورہ. نزع کی حالت ہونا؛ گلہ شکوہ زبان پر آنا.

لَبیب (فت ل، ی مع) صف.
۱. دانا، عقلمند مرد، سوجھ بوجھ والا، ذہین، سمجھ دار ۲. خالص، کھرا. [ع].

لَبَّیک (فت ل، شد ب، ی لین) کلمۂ ایجاب.
۱. (i) (عربی فقرہ اردو میں مستعمل) (حاضر ہوں تیری بارگاہ میں)، تیرے حضور حاضر ہوں، کھڑا ہوں، آپ نے پکارا تو میں آگیا، پکارنے کا تعظیمی جواب آپ کی خدمت میں بار بار حاضر ہوں (مخدوم یا آقا کی خدمت میں) نہایت ادب سے اپنے کو پیش کرتا ہوں؛ حج کا احرام باندھنے کے بعد سے حج کے ارکان پورے کرنے تک حاجی اس کا ورد کرتے ہیں اور عمرے کا احرام باندھنے کے بعد بھی کہتے ہیں لبیک اللّٰھم لبیک. (ii) (جواب ندا میں) ہاں، جی، بھلا. (iii) خیر مقدم کرتا ہوں، آیئے، تشریف لایئے ۲. جی ہاں، ٹھیک ہے، منظور قبول. [ع].
لبیک کہنا ف مر؛ محاورہ. ۱. حج یا عمرے کے دوران میں تلبیہ (لبیک اللّٰھم لبیک) پڑھنا ۲. ساتھ دینا، مدد کرنا ۳. ساتھ ہو لینا (خصوصاً ملک الموت کے ساتھ دنیا سے رخصت ہو جانا).

لَبیں (فت ل، ی مج) مث: ج.
۱. دونوں ہونٹ، جیسے لبیں بند ہونا ۲. مونچھوں کے بال جو ہونٹ کے کنارے پر ہوتے ہیں اور کتوائے جاتے ہیں.

لُبھانا (ضم ل) (الف) ف م.
۱. مائل کرنا، گرویدہ بنانا، موہ لینا ۲. لالچ دینا، پرچانا، رغبت دینا.
۳. بہکانا، ورغلانا، پھسلانا. (ب) ف ل. گرویدہ ہونا، ریجھنا، فریفتہ ہونا.

لُبھاؤ (ضم ل) اند.
۱. کھانے کی چیز جو خریدار کو سودا لینے کے بعد اوپر سے ملے یا وہ خود مانگ کرلے، روکن، چونگا، گھاتا ۲. لبھانے کا عمل یا ترغیب. [اتگ].

لَپ (فت ل) امث.
۱. پیالہ جیسی وہ شکل جو دونوں ہاتھ ملانے سے بن جاتی ہے. ۲. مقدار جو دونوں ملی ہوئی ہتھیلیوں میں آجائے، مٹھی بھر مقدار. [س].

لَپ (فت ل) امث.
بہت تیزی سے لپاک جھپاک کوئی کام کرنے کا عمل، پھرتی، ترکیبات میں مستعمل. [حکایت الصوت].

لپ جھپ (الف) امث. ۱. تیزی، تیز دستی، جلدی، پھرتی. ۲. ہاتھ کی چالاکی، ہاتھ کی صفائی، بازی گری. (ب) م ف. جلدی جلدی، تیزی کے ساتھ. (ج) صف. ہیر پھیر کرنے والا، بہت پھرتیلا، تیز، چالاک، ہوشیار.

لپ لپ م ف. ۱. جلدی جلدی، تیزی کے ساتھ، لپاک جھپاک. ۲. زبان سے چاٹنے یا پوپلے منھ سے کھانے یا بغیر چبائے، نگلنے کی آواز، کتے کی طرح کھانے کی آواز چپڑ چپڑ. ۳. چراغ کی بتی کی متواتر بھڑک.
۴. تالاب، دریا وغیرہ کے پانی کی کنارے سے ٹکرانے کی آواز.

لُپ (ضم ل، سک پ) امث.
کسی ملائم چیز کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز، جنبش کرنے کی آواز.
[حکایت الصوت].

لپ لپ امث. کسی ملائم چیز کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز، مقعد کے کھلنے بند ہونے کی آواز، حرکت کی کیفیت.

لپ لپ کرنا ف مر: محاورہ. خوف کے مارے کانپنا، تھرتھرانا، حرکت کرنا، ہلنا.

لپ لپانا ف ل. حرکت کرنا، تھرتھرانا.

لَپّا (فت ل، شد پ) اند.
۱. سیپٹ، چانٹا، لپڑ (عموماً ڈگی کے ساتھ مستعمل) ۲. کترن، ٹکڑا، چھپی.
[مقامی].

لپا ڈگی / ڈکی امث. ڈک اور تھپڑ کی لڑائی، چانٹا چٹول، جوتم پیزار، مار پیٹ.

لِپا (کس ل) صف.
جو (مٹی، گوبر وغیرہ سے) لیپا گیا ہو، لپائی کیا ہوا (عموماً "پتا" کے ساتھ مستعمل).

لپا پتا صف مذ. لپائی کیا ہوا، پوتا ہوا.

لَپاٹی (فت ل) صف مذ: = لباڑی.
جھوٹا، دروغ گو، لپاڑ.

لَپاٹیا (فت ل، کس ٹ) اند.
بہت جھوٹ بولنے والا، کذاب، بطال.

لَپاڑیا (فت ل، سک ڑ) صف مذ.
دیکھیے: لپاٹی، جھوٹا، دروغ گو.

لِپْ اِسْٹِک (کس ل، سک پ، کس ا، سک س، کس ٹ) امث.
(رنگ اور خوشبو وغیرہ سے بنی ہوئی) سرخ بتی جس سے عورتیں اپنے ہونٹوں پر لالی (سرخی) جماتی ہیں. [انگ].

لَپاک جَھپاک (فت ل، جھ) م ف.
جلدی جلدی، بہت تیزی کے ساتھ، لپ جھپ.

لِپائی (کس ل) امث.
کہگل، پلاسٹر، استرکاری، پتائی. ۲. لیپنے کی اُجرت یا معاوضہ.

لپائی ہونا امث. پلستر ہونا، پوتا جانا یا کہگل ہونا، استرکاری ہونا.

لَپَٹ (فت ل، پ) امث.
۱. (i) شعلے، آگ، آنچ وغیرہ کی گرمی کا اثر، لپک. (ii) (مجازاً) گرمی، حرارت ۲. لُو، پا، بادِ سموم کا جھونکا، گرم ہوا، لُو جو یکایک تیزی کے ساتھ ہوا کے جھونکے کے ساتھ آئے، بھپکا؛ خوش بو جو ہوا کے ساتھ آئے، مہک، باس، سوگند.

لِپٹانا (کس ل، سک پ) ف م.
۱. ہم آغوش کرنا، چمٹانا، بدن سے چمٹانا. ۲. چپکانا، جوشِ محبت میں گلے لگانا اور چمٹانا، پیار کرنا. ۳. لپیٹنا، ملفوف کرنا.

لپٹ جھپٹ (فت ل، پ، جھ، پ) امث.
(پھرتی کے ساتھ) اُچھل کود، چلت پھرت وغیرہ.

لِپَٹنا (کس ل، فت پ، سک ٹ) (الف) ف م.
۱. (i) (کسی سے) چمٹنا، چھاتی سے لگنا، گلے میں باہیں ڈالنا، بانہوں میں دبوچنا، گود میں لینا، پیار کرنا. (ii) گتھنا، کشتی کرنا، پکڑنا، لڑنا.
۲. کسی کے ساتھ لگنا، پیچھا کرنا، سر ہونا، مضبوط گرفت سے پکڑنا.
۳. (i) (ایک چیز کا دوسری چیز کے اوپر) چمٹ جانا، بیٹھ جانا، گتھ جانا، گز جانا؛ (سانپ کی طرح) حلقہ بناتے ہوئے چڑھ جانا. (ii) ایک چیز کا دوسری میں اُلجھ جانا، پھنسنا، اٹک کر رہ جانا. (ب) ف ل. ۱. (ہمہ تن) مشغول ہونا، (کسی کام میں) لگنا، مصروف ہونا. ۲. ہم رائے بنانے پر اصرار کرنا، مزاحم یا مصر ہونا، زبردستی ہم خیال بنانے پر مصر ہونا.
۳. جلا ہونا، لیپے میں آنا، آلودہ یا ملوث ہونا.

لَپڑ (فت ل، پ) امث.
گھمال میل کی آواز؛ تراکیب میں مستعمل. [حکایت الصوت].

لپڑ سپڑ / شپڑ / گھپڑ م ف؛ امث. جلدی جلدی، تیزی اور گھبراہٹ کے ساتھ، بے ڈھنگے پن سے کیا ہوا کام (عموماً کھانے یا بولنے کے لیے مستعمل).

لپڑ لپڑ م ف. لپ لپ، بے سوچے سمجھے تیزی کے ساتھ (عموماً کھانے یا بولنے کے لیے مستعمل).

لپڑ لپڑ کرنا محاورہ. چپڑ چپڑ کرنا، بکواس کرنا، بے ہودہ بکنا، کان کھانا.

لَپَّڑ (فت ل، شد پ بفت) امذ.
(عو) تھپڑ، چانٹا، طمانچہ. [مقامی].

لپڑ جمانا ف مر؛ محاورہ. تھپڑ لگانا، دھول جمانا.

لَپک (فت ل، پ) امث.
۱. تیزی سے جلدی جلدی قدم اٹھا کر بڑھنے کی صورت حال، تیز چال، دوڑ، جھپٹ، چھلانگ. ۲. پھدکنے یا دھڑکنے کی کیفیت، پھدکی، دھڑکن، تڑپ، جنبش؛ جیسے: نبض کی لپک. ۳. شعلے کی گرمی جو یکایک دور سے اثر انداز ہوتی ہے، لپٹ، لوہ. ۴. چمک، چمکیلی چیز یا تیز روشنی کی چھوٹ، چھلک؛ (بجلی وغیرہ کا) کوندا. ۵. پھوڑے یا زخم وغیرہ کی تپک، ٹیس. ۶. مڑنے تڑنے، دبنے، اُچھلنے کی صلاحیت، لچک.
۷. (کسی چیز کو موقع پا کر) لپک لینے یا اُڑا لینے کا کام، چوری.

لپک جھپک (الف) امث. تیزی، طراری، چستی، چالاکی، جلد بازی.
(ب) م ف. جلد بازی سے، تیزی کے ساتھ.

لپک لینا محاورہ. ۱. موقع پا کر قبضہ کر لینا، چھین لینا، کسی چیز کو جھپٹ کر حاصل کرنا. ۲. اُچک لینا، اُچھلتی ہوئی چیز کو ہاتھوں پر لینا.

لَپکا (۱) (فت ا، سک پ) امذ.
۱. بری عادت ولت، خو، چاٹ، شوق، چسکا. ۲. چھلانگ، کود. ۳. بدمعاش، لفنگا، شہدا. ۴. چھینا جھپٹی، چھین جھپٹ. ۵. بجلی کا کوندا، چمک.

لَپکا (۲) (فت ا، سک پ) صف؛ م ف.
لپک کے، تیزی کے ساتھ، دوڑ کر.

لَپَکنا (فت ا، پ، سک ک) ف ل.
۱. تیزی سے قدم اُٹھا کر چلنا، جلدی جلدی کسی طرف بڑھنا، دوڑنا، جھپٹنا. ۲. بھڑکنا، بڑھنا. ۳. چھینٹا، اپنے قبضے میں لانا. ۴. نیچے گرنے سے پہلے دبوچ لینا، اُچکنا، نیچے گرنے نہ دینا؛ جیسے: گیند لپکنا.
۵. (شعلے یا بجلی وغیرہ کا) چمکنا، تڑپنا، بھڑکنا، گرمی سے جلانا، آنچ کا تیز ہونا. ۶. حملہ کرنا، حربہ کرنا.

لِپنا (کس ل، سک پ) ف ل.
۱. پلستر ہونا، گوبری یا استرکاری ہونا، لپائی کی جانا، پوتا پھرنا.
۲. (کسی سطح کا) کسی چیز سے بھرا ہونا (سطح پر کوئی چیز) بہ کثرت ہونا.
۳. (مجازاً) ذمے ہونا، منطبق ہونا، صادق آنا؛ تھپنا، تہمت لگنا؛ چپک جانا. [س].

لِپّی (کس ل، شد پ) امث.
رسم الخط. [مقامی].

لِپی پُتی (کس ل، ضم پ) صف مث.
۱. (وہ جگہ وغیرہ) جس کی لپائی پتائی ہو چکی ہو. ۲. (مجازاً) خوب بناؤ سنگھار یا میک اپ کی ہوئی.

لِپے پُتے (کس ل، ضم پ) صف مذ.
لپا پتا کی مغیرہ صورت : (کنایۃً) بہت بناؤ سنگھار کیا ہوا، نہایت آراستہ کیا ہوا، بہت سجایا ہوا.

لَپیٹ (فت ل، ی مج) امث.
۱. لپیٹے جانے کی صورت حال، پیچ، بل، تہ. ۲. گھیر، گھیرا، حلقہ، دور. ۳. غلاف، بندھن، پردہ. ۴. مصیبت، آفت، پھنا. ۵. (بات یا کام وغیرہ) ہیر پھیر، چال، فریب : (دو رخی سے پیدا شدہ) ابہام. ۷. جھپٹ، زد، ضمن (عموماً "میں" کے ساتھ). ۸. (کشتی) خود حریف کے اوپر ہونے کی حالت میں چت کرنا اور داہنا پاؤں اس کے سینے پر رکھ دینا.

لپیٹ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. لپیٹنا، ڈھانکنا، غلاف، پوشش. ۲. اُلجھا لینا، پھنسا لینا. ۳. جرم میں شریک کر لینا.

لپیٹ میں آنا محاورہ. زور میں آنا، پھنس جانا، چکر میں آنا.

لَپیٹنا (فت ل، ی مج، سک ٹ) ف م.
۱. (i) کسی گول یا چوکور چیز پر طرح چڑھانا، چوطرفہ بل دے کر باندھنا. ۲. تہ کرنا، موڑنا. ۳. (کسی چیز کو) چھپانے کے لیے کسی چیز پر بطور پوشش یا غلاف چڑھانا، ڈھانکنا. ۴. فیصلہ کرنا، مختصر کرنا، ختم کرنا. ۵. ضمن میں شامل کرنا، (ایک چیز کے ساتھ دوسری چیز کو) کھانا، گڈمڈ کرنا. ۶. آلودہ یا ملوث کرنا (کسی بات خصوصاً جرم الزام یا تکلیف وغیرہ میں) شامل کرنا.

لَپیٹے جَھپیٹے میں آجانا محاورہ.
بھوت پریت کا سایہ ہو جانا، بھوت پریت کا اثر ہو جانا.

لَپیٹے میں م ف. لپیٹ میں، لپیٹے میں.

لَت (۱) (فت ل) امث.
لات (۱) کی تخفیف : تراکیب میں مستعمل.

لَت (۲) (فت ل) امث.
بری عادت جو جڑ پکڑے، راسخ عادت، لپکا، دھت. [س].

لت پت صف. آلودہ، لتھڑا ہوا، شرابور، سنا ہوا.

لت پڑنا ف مر؛ محاورہ. بری عادت پڑنا، عادی ہو جانا.

لَتّا (فت ل، شدت) امذ؛ ـــ لتہ.
پھٹا پرانا کپڑا، پارچہ، کپڑا، چیتھڑا.

لتاڑ (فت ل) امث.
لاتیں ماری جانے کا کام : مراد : لعنت ملامت، سرزنش، پھٹکار، دھتکار.

لَتاڑنا (فت ل، سک ڑ) ف م.
۱. دھتکارنا، سرزنش کرنا، ڈانٹنا، دھمکانا : ذلیل کرنا. ۲. پیروں سے روندنا، لاتیں مارنا، پامال کرنا.

لَتّر (فت ل، شدت بفت) امذ.
مسئلہ، جھگڑا، جھمیلا. [س].

لُتّرا (ضم ل، سک ت) صف مذ.
۱. چغل خور، لگائی بجھائی کرنے والا، اِدھر کی اُدھر لگانے والا : خوشامدی، چاپلوس. ۲. نکالا ہوا، بدر کیا ہوا، دفع کیا ہوا. ۳. بکواسی، بکی. [س].

لَتَر لَتَر (فت ل، ت، سک ر، فت ل، ت) صف.
جلدی جلدی، تیزی کے ساتھ (گفتگو یا زبان وغیرہ کے لیے مستعمل).

لُتری (فت ل، سک ت) صف مث.
لگائی بجھائی کرنے والی، چغل خور عورت.

لَتّے (فت ل، شدت) امذ؛ ج.
لتا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

لتے لینا محاورہ. ملامت و سرزنش کرنا، آڑے ہاتھوں لینا، لتاڑنا، پیچھے پڑ جانا، خوب خبر لینا، ناک میں دم کر دینا، پردہ دری کرنا.

لَتھ (فت ل، سک تھ) امذ.
دیکھیے : لت، کا ایک املا.

لَتھ پَتھ (فت ل، سک تھ، فت پ، سک تھ) صف.
دیکھیے : لت پت.

لِتھڑا (کس ل، سک تھ) صف مذ.
آلودہ، سنا ہوا، بھرا ہوا.

لِتھڑنا (کس نیز فت ل، فت تھ، سک ڑ) ف ل.
آلودہ ہونا، ملوث ہونا.

لَتھیڑنا (فت ل، ی مج، سک ڑ) ف م.
۱. آلودہ کرنا، سانتا. ۲. ملوث کرنا. [س].

لَٹ (فت ل) امث.
بالوں کی لٹ ، منجملہ گندھے ہوئے یا ایک دوسرے سے چپٹے ہوئے بالوں کی لڑی . [س] .

لُٹ (ضم ل) اند.
لٹنا (دیکھیے) کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل .

لٹ جانا محاورہ. لوٹ لیا جانا ، لٹنا پٹنا ، چھن جانا ، برباد ہو جانا ، تباہ ہو جانا .

لِٹانا (کس ل) ف م.
۱. (کسی شخص یا چیز کو) کھڑے یا بیٹھے (یا لیٹے) سے سیدھا کر کے زمین یا فرش وغیرہ پر دراز کرنا ۔۲. چت کرنا ، پچھاڑنا ، زمین وغیرہ پر گرانا .
۳. قبر میں ڈالنا ؛ بچے کو سلانا .

لُٹانا (ضم ل) ف م.
۱. خدا کی راہ میں خرچ کر دینا ۔۲. بخش دینا ، بانٹنا ، بخشش کر دینا ۔۳. اپنا مال ضائع کرنا ، روپیہ برباد کرنا ، اڑانا ، روپیہ پیسا بے جا صرف کرنا ؛ فضول خرچی کرنا ۔۴. نچھاور کرنا ، وارنا ۔۵. بکھیرنا ، ضائع کرنا ، برباد کرنا .

لُٹّس (ضم ل ، شدث بفت) امث.
لوٹ مار ، غارت گری ، چھینا جھپٹی .

لَٹَک (فت ل ، ٹ) امث.
۱. (i) لٹکنے کی کیفیت ، لٹکاؤ ، لٹکنے کا حسن ، لٹکنے کی آن بان ، بانکپن .
(ii) لٹکنے کا سہارا ، وہ چیز جس میں کوئی چیز لٹکے یا لٹکائی جائے .
۲. چٹک لٹک ، ناز و انداز ، آن بان ، ادا ، بانکپن ۔۳. محبت ، دل بستگی .
۴. دیوانگی ، مجذوبانہ کیفیت .

لٹک جانا محاورہ ۱. بیماری کے سبب بہت لاغر اور کمزور ہو جانا .
۲. پھانسی یا سولی پر چڑھنا .

لَٹْکانا (فت ل ، سک ٹ) ف م.
۱. کوئی چیز بلندی پر اس طرح ٹانگنا یا باندھنا یا رکھنا کہ وہ نیچے کی طرف جھکی رہے ، آویزاں کرنا ، ٹانگنا ، اوپر سے نیچے کی طرف جھکانا ۔۲. پھانسی پر چڑھانا ، گلے میں پھندا ڈال کر لٹکانا ۔۳. (i) جھوٹی امیدیں دلاتے رہنا ، انتظار میں رکھنا ، جھوٹے دلاسے دیتے رہنا ۔ (ii) ایک ہی کام میں الجھائے رکھنا ؛ مقدمے کا ملتوی رکھنا ، جھلانا ، طوالت دینا ؛ کھڑا رکھنا ۔۴. پہننا .

لَٹْکَن (فت ل ، سک ٹ ، فت ک) اند.
۱. وہ چھوٹی گھڑونچی جسے زمین پر رکھنے کے بجائے کسی چیز میں لٹکا دیتے ہیں ۔۲. وہ زیور جو پہننے پر لٹکتا رہے ، جیسے : بلاق ، بندا ، جھمکا ، کرن پھول وغیرہ ۔۳. جھاڑ فانوس ، قلمیں ، آویزے وغیرہ ۔۴. گھنٹے کا لنگر ، پنڈولم ، شاقول ۔۵. ہر لٹکتی جھولتی چیز جیسے : جھولا ، رسیوں کی مدد سے بنایا جانے والا پنجرہ جس میں کوئی بھی چیز اتاری یا چڑھائی جاسکتی ہے .

لَٹَکْنا (فت ل ، ٹ ، سک ک) ف ل.
۱. آویزاں ہونا ، معلق ہونا ، ٹنگنا ۔۲. اِٹھلاتے ہوئے چلنا ، اِٹھلانا ، مٹکتے ہوئے چلنا .

لُٹْنا (ضم ل ، سک ٹ) ف ل.
۱. تباہ ہونا ، برباد ہونا ۔۲. لوٹا جانا ، مال و اسباب چھینا جانا ۔۳. بے رونق ہو جانا ، ویران ہونا .

لَٹّو (فت ل ، شدٹ ، و مع) (الف) اند.
۱. لکڑی وغیرہ کا ڈنڈی دار ایک گول کھلونا جو مقرر طریقے سے بنا ہوا تاگا لپیٹ کر زمین وغیرہ پر پھینکنے اور پھرانے سے گھومتا اور چکر کھاتا ہے نیز پھرکی جو ہینڈل پکڑ کر گھمانے سے گھومتی ہے ۔۲. (معماری) دیوار وغیرہ کی سیدھ معلوم کرنے کا آلہ ، شاقول یا سول کا لٹکن جو ڈوری میں بندھا ہوا کسی دھات یا پتھر کا بنا ہوا لٹو ہوتا ہے جس کو اصطلاحاً گولا کہتے ہیں ۔۳. دروازہ کھولنے کا گھنڈی دار کھٹکا . (ب) صف.
(مجازاً) شیفتہ ، فریفتہ . [س] .

لٹو ہونا محاورہ. فریفتہ ہونا ، عاشق ہونا .

لَٹیا (فت ل ، سک ٹ) امث.
چھوٹا لوٹا ؛ پیتل کا پانی پینے کا چھوٹا ظرف .

لٹیا ڈبو دینا / ڈبونا محاورہ. ۱. (i) بات بگاڑنا ، پت کھونا . (ii) بے عزت کرنا ، توہین کرنا ۔۲. نقصان پہنچانا ، تباہ کر دینا ، ساری پونجی ضائع کر دینا .

لیٹر (ی مع ، فت ٹ) اند.
مائعات کی پیمائش کے میٹرک نظام کا ایک پیمانہ جو ایک کلوگرام وزن کے برابر ہوتا ہے . [انگ] .

لُٹیرا (ضم ل، ی مج) اند.
لوٹ لینے والا، رہزن، چور، (دھوکے سے) دوسرے کے مال پر قبضہ کرنے والا.

لَٹھ (فت ل، سک ٹھ) اند.
۱. (i) (ہاتھ کی) موٹی لاٹھی، عصا (بانس یا لکڑی کا)، چوب دستی. (ii) دھات وغیرہ کی بنی ہوئی لاٹھی. ۲. (مجازاً) جاہل، اُجڈ، جنگلی، وحشی. [س].

لٹھ لے کر / لے کے پیچھے پڑنا محاورہ. مارنے پیٹنے پر تلا ہونا، سخت مخالف ہونا.

لٹھ مارنا ف مر؛ محاورہ. سخت بات کہنا، درشتی سے جواب دینا، بے رو رعایت کھری کہنا.

لَٹّھا(۱) (فت ل، شد ٹھ) اند.
۱. (i) لکڑ، کڑی وغیرہ. (ii) وہ لکڑی جس میں ٹھیلے یا بھارکس کا ڈھرا بٹھایا یا پیوست کیا جاتا ہے جو ڈھرے کی پکڑ اور مضبوطی کے لیے بطور پشتی وان کام دیتا ہے اور ڈھرے کو ٹیڑھا ہونے اور ٹوٹنے سے بچاتا ہے، بھوزا. ۲. (کنایۃً) بہت موٹا. [س].

لَٹّھا(۲) (فت ل، شد ٹھ) اند.
خوب موٹا گف (غف) بناوٹ کا صاف شفاف سفید کپڑا (عموماً پاجامہ، چادر اور کفن وغیرہ کے لیے مستعمل). [انگ].

لَٹّھم لَٹّھا (فت ل، شد ٹھ بفت، فت ل، شد ٹھ) اند.
لٹھ بازی، لاٹھیوں سے لڑائی.

لَٹّھیا (فت ل، شد ٹھ) امث.
چھوٹی لاٹھی. [س].

لَج (فت ل) امث (قدیم).
شرم، حیا. [ع].

لج پال صف. ۱. شرمیلا، حیا کوش. ۲. لاج رکھنے والا، عزت کا محافظ. [س].

لَجاجَت (فت ل، ج) امث.
گڑگڑانا، عاجزی، منت سماجت، خوشامد. [ف].

لَجانا (فت ل) (الف) ف ل.
شرمگیں ہونا، شرمانا. (ب) ف م. شرمندہ کرنا. [ع].

لِجْلِجا (کس نیز فت ل، سک ج، کس نیز فت ل) صف مذ.
پلپلا، نرم، ملایم، چیپ دار، لچک دار، دبنے سکڑنے والا.

لِجْلِجانا (کس ل، سک ج، کس ل) (الف) ف ل.
پلپلانا، نرم ہونا؛ مراد: مزاج کا نرم ہو جانا، خوشامد کرنا. (ب) ف م. نرم کرنا.

لِجْلِجی (کس نیز فت ل، سک ج، کس نیز فت ل) صف مث.
۱. لجلجا کی تانیث، پلپلی، نرم ۲. لیس دار، چپچپی؛ (مجازاً) غلیظ، گندی.

لَجیلی (فت ل، ی مع) صف مث.
شرمیلی، باحیا. [ع].

لَچ (فت ل) امث.
لچکنے کی کیفیت، لچک نیز لبدڑا پن، حسبِ ذیل تراکیب میں مستعمل. [س].

لچ لچا امث.
۱. اتنا نرم اور چپلا کہ دبانے یا مٹھی میں لینے سے جس کا حجم نہ بنے، لبدڑا لبدڑ. ۲. (مجازاً) (وہ شخص) جو اِتنا نرم ہو کہ کسی بات پر قائم نہ رہے، غیر مستحکم. ۳. ہلکا، سبک، بے وزن. (ب) اند. لعاب دار، سالن، وہ سالن جو نہ تو شوربے دار ہو اور نہ نرا خشک بلکہ گھی کے شوربے یا صرف لعاب پر اُتار لیا جائے. [س].

لُچ (ضم ل) (الف) صف.
۱. ننگا، عریاں، برہنہ. ۲. (i) لچا، بدمعاش، بدچلن، آوارہ، شہدا. (ii) (قدیم) دیوانہ، آوارہ گرد. (ب) اند. لوچ، چسپیدگی، دل کو لگنا.

لُچّا (ضم ل، شد چ) صف مذ؛ - لچی.
۱. (i) بدچلن، آوارہ، لفنگا، بدمعاش نیز بے شرم، بے حیا اوباش (ii) اُچکا، ٹھگ؛ جواری، قمار باز. ۲. عیب دار، برا، خراب. ۳. ننگا برہنہ؛ (مجازاً) بے سرو سامان، مفلس.

لچا / لچہ لفنگا صف؛ اند. شریر و بدمعاش، بے ننگ و نام.

لَچَر (فت ل، ج) صف.
ا. بے معنی، بے ربط، لغو، پوچ (تحریر یا بات وغیرہ). ۲. بے ہودہ، کمینہ، فضول. ۳. اناڑی، بے وقوف، سادہ لوح.
لچر پنا اند. بیہودگی، کمینگی.

لَچَک (فت ل، ج) اند.
ا. دب کر، کھنچ کر، پھیل کر، جھک کر، مڑ کر، مروڑ پا کر جسم کے اپنی اصلی حالت پر آجانے کا عمل یا قوت جسے مختلف الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے، جیسے: کپکپاہٹ، لہراہٹ، بار بار جھکنے اور اُٹھنے کی کیفیت، لرزش، چک، جھٹکا، موج وغیرہ. ۲. (کسی امر یا شے میں دوسری شے یا امر کی) گنجائش نیز نرمی. [س].
لچک دار/ لکچدار صف. ا. وہ (چیز) جس میں لچک ہو، لچکیلا؛ (مجازاً) ایک حالت یا صورت سے دوسری حالت یا صورت اختیار کرنے والا، نرمی کی گنجائش رکھنے والا، حالات کے مطابق بدلنے والا. ۲. (معاشیات) تغیر پذیر، ایک حالت پر برقرار نہ رہنے والا.

لَچْکا (فت ل، سک ج) اند.
ا. جھٹکا، ہچکولا نیز موج، چک. ۲. زری کی تیار کی ہوئی گوٹ جو دو انگل سے چار انگل تک چوڑی ہو، چوڑا گوٹا.

لَچْکانا (فت ل، سک ج) ف م.
لچکنا کا متعدی، جھکانا نیز ہلانا، مٹکانا.

لَچَکْنا (فت ل، ج، سک ک) ف ل.
ا. کسی نرم شے کا جھک کر یا دب کر اپنی جگہ یا اپنی حالت پر واپس آجانا. ۲. مڑنا، بل کھانا، جھکنا (شاخ کی طرح)؛ (مجازاً) مٹکنا، ناز و ادا سے چلنا.

لَچْکِیلا (فت ل، سک ج، ی مع) صف.
ا. لچک دار، جس میں لچک ہو. ۲. (i) (مجازاً) جس میں ایک امر پہلو کے علاوہ دوسرے پہلو کی گنجائش ہو، سکڑنے اور پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والا. (ii) لچکا ہوا، ناپائیدار، وزن پڑنے سے لچک جانے والا. [س].

لُچّہ (ضم ل، شد ج بفت) صف؛ اند.
دیکھیے: لچا.

لَچّھا (فت ل، شد چھ) اند؛ - لچھہ.
ا. سوت، ریشم یا دھجیوں وغیرہ کے بہت سے (سلجھے یا اُلجھے ہوئے) تاروں کی لڑیوں کا مجموعہ، گچھا (جیسے سوت کی انٹی، پھندنا، کلائی میں پہننے کا ریشمی تاروں کا حلقہ). ۲. (ادرک، پیاز وغیرہ سے) تار کی طرح باریک کتری ہوئی یا بنائی ہوئی سبزی یا پکوان. ۳. ایک قسم کی مٹھائی جس میں شل ریشم کے کھانڈ کے باریک تار ہوتے ہیں جنھیں ریشم کے لچھے کہتے ہیں. [مقامی].

لَچْھمی (فت ل، سک چھ) امث.
دیکھیے: لکشمی جو زیادہ مستعمل ہے، دولت نیز دولت کی دیوی. [س].

لَچّھَن (فت ل، شد چھ بفت) اند.
ا. آثار، نشان، علامت، شناخت جس سے کسی شخص کے حالات یا انجام کا اندازہ ہو سکے، بیشتر جمع کے طور پر مستعمل. ۲. علامت، نشانی، چال ڈھال، طور طریق، عادت، خصلت، اعمال، کرنی، کرتوت (عموماً برے معنوں میں مستعمل). ۳. برتاؤ، سلوک، رویہ، طرز، سجاؤ. ۴. گن، وصف، خوبی، اچھائی، صفت، بڑائی. ۵. رنگ روپ، رونق، حسن. ۶. اقبال. ۷. عیب، کلنک، اوگن، بدنامی نیز لچھن. [س].

لَچّھَہ (فت ل، شد چھ بفت) اند.
دیکھیے: لچھا.

لَچّھی (فت ل، شد چھ) امث.
دیکھیے: لچھا معنی نمبر ا.

لَچّھے (فت ل، شد چھ) اند.
لچھا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.
لچھے دار صف. ا. باریک تاروں کے گچھے یا لڑیوں کی شکل کا. ۲. حلقے یا پرت والا نیز گھنگریالا. ۳. مسلسل، لگاتار، علی الاتصال، پے در پے، تابڑ توڑ، متواتر (عموماً گالی). ۴. جس میں بات سے بات نکلے، پیچیدہ، لپیٹواں، پیچ در پیچ؛ مزے دار یا بناوٹی (عموماً گفتگو وغیرہ کے لیے مستعمل). [ف].

لِحاظ (کس ل ح) اند.
ا. (کوئی بات یا امر) نگاہ میں رکھنے کا عمل، خیال، دھیان، توجہ.

۲. پاس داری ، رعایت ، مروت ؛ پاسِ ادب ، حفظِ مراتب . ۳. شرم ، حیا ، غیرت ، حمیت . ۴. (i) (کسی سے) پردہ ، حجاب ، شرم . (ii) جھجک (دل کی بات کہنے میں) ، رکاوٹ ، تکلف وغیرہ (کسی کام کے کرنے میں) . ۵. حیثیت ، اعتبار (اکثر سے کے ساتھ) . [ع] .

لِحاف (کس ج ل) اند .
اوڑھ کر سونے کی لمبی چوڑی رضائی جس میں زیادہ مقدار میں روئی بھری گئی ہو . [ع] .

لَحْد (فت ل ، سک نیز فت ح) امث .
قبر کا وہ حصہ جس میں مردہ رکھا جاتا ہے ، صندوق ، بغلی ، قبر ، مزار . ۲. وہ کم گہرا گڑھا جو گھر وغیرہ میں مردے کو نہلانے کے لیے کھودا جائے . [ع] .

لَحْظَہ (فت ج ل ، سک ح ، فت ظ) اند ؛ م ف .
کن انکھیوں سے دیکھنے کا وقفہ ؛ پل ، لمحہ ، پلک جھپکنے کا عرصہ ؛ مراد : آنِ واحد ، دم کے دم . [ع] .

لحظہ (بہ) لحظہ م ف . دمبدم ، ہر دم ، ساعت بہ ساعت ، لمحہ بہ لمحہ .

لَحْم (فت ج ل ، سک ح) اند .
گوشت . [ع] .

لَحْمِیّات (فت ج ل ، سک ح ، شد ی مع بفت) اند ؛ ج .
دیکھیے : لحمات ، پروٹین .

لَحْن (فت ج ل ، سک ح) اند .
۱. سریلی آواز ، خوش گلوئی . ۲. (موسیقی) نغمہ آہنگ ، راگ ، سر . [ع] .

لحن داؤد/ داؤدی اند . حضرت داؤد علیہ السلام کی معجزانہ خوش نوائی کی طرف تلمیح ، مراد : دل کش لہجہ ، دل نشین صوتی آہنگ .

لَحِیم (فت ل ، ی مع) اند .
جس کے جسم پر گوشت خوب چڑھا ہو ، فربہ ، موٹا ، پر گوشت (عموماً شحیم کے ساتھ مستعمل) .

لحیم شحیم صف . نہایت موٹا ، بہت ہی فربہ .

لَخْت (فت ل ، سک خ) اند .
ٹکڑا ، جزو ، (کسی چیز کا) حصہ . [ف] .

لخت جگر اند . جگر کا ٹکڑا ؛ مراد : بیٹا ، بیٹی ، اولاد یا ذرّیت کا کوئی فرد .

لخت لخت صف ؛ م ف . پارہ پارہ ، پاش پاش ، ٹکڑے ٹکڑے .

لَخْلَخا / لَخْلَخَہ (فت ل ، سک خ ، فت ل /خ) اند .
۱. (طب) تقویت دماغ نیز رفع بے ہوشی کے لیے خاص مقرر اجزا سے بنائی گئی خوش بو نیز اس خوشبو کا ظرف (جس میں رکھ کر اسے سنگھاتے ہیں) . ۲. قمقمہ ، قندیل . [حکایت الصوت] .

لخلخا سنگھانا ف مر ؛ محاورہ . چند خوش بو دار چیزوں کے مجموعے کو کسی مریض کو سنگھانا .

لَخ لَعْنَت (فت ل ، سک خ ، فت ل ، سک ع ، فت ن) کلمۂ زجر وتوبیخ .
کسی شخص سے اظہار بیزاری اور نفرین کے موقع پر اس کی طرف پھیلا ہوا ہاتھ دکھلا کے کہتے ہیں (خصوصاً اہل سندھ کا روزمرہ) . [ع] .

لَد (فت ل) .
لدنا کا فعل امر ؛ تراکیب میں مستعمل .

لد پھند کر/ کے م ف . خوب لد کر ، اسباب ساتھ لے کر .

لَدا (فت ل) .
لدنا کا فعل ماضی نیز حالیۂ تمام (تراکیب میں مستعمل) .

لدا پھندا صف مذ . (بوجھ سے) بوجھ میں دبا ہوا ، اسباب ساتھ لیے ہوئے .

لَدْنا (فت ل ، سک د) ف ل .
۱. بوجھ یا اسباب رکھا جانا ، بار ہونا ، لادا جانا . ۲. پھلوں یا پھولوں سے بھرا ہونا ، بہت سا پھل پھول آنا ، بہ کثرت پیدا ہونا .

لَدُنّی (فت ل ، ضم د ، شد ن) اند .
وہ چیز یا علم جو اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے کسی کو بغیر اس کی سعی و کوشش سے عطا کرے ، وہ علم جو وحی یا الہام سے حاصل ہو .

لَدْوانا (فت ل ، سک د) ف م .
کسی جانور یا گاڑی وغیرہ پر سامان رکھوانا ، بہت سا بوجھ رکھ دینا .

لَدّھڑ (فت ل ، شد د مع بفت) صف .
۱. بھاری ، بوجھل ، بدنما ، بھدا . ۲. وہ کپڑا جو پیوندوں کی وجہ سے بھاری ہوگیا ہو . ۳. بہت موٹا . ۴. بھدی سمجھ کا ، کند ذہن . ۵. سست ، کاہل .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

لَڈّو (فت ل، شد ڈ، و مع) مذ.
۱. گولہ، ڈلا، ڈھیلا ۲. ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن، بکتی، کھوئے اور روے وغیرہ سے گیند کی شکل کی بنائی جاتی ہے۔ [س].
لڈو بانٹنا ف مر؛ محاورہ. کسی خوشی یا منت کی تقریب پر دوستوں اور رشتے داروں میں لڈو تقسیم کرنا.

لُڈّی (ضم ل، شد ڈ) مث.
پنجاب کا ایک مشہور لوک ناچ، بہت سے لوگ مل کر آگے پیچھے ایک دائرے میں حرکت کرتے ہیں۔ [پن].

لَذائِذ / لَذایِذ (فت ل، کس ء/کس ی) مث؛ ج.
لذتیں، مزے، ذائقے، لذات؛ لذیذ چیزیں.

لَذّت (فت ل، شد ذ بفت) مث.
۱. حظ، لطف ۲. مزہ، ذائقہ نیز مزے دار چیز۔ [ع].
لذت کام و دہن مث. کھانے پینے کا مزہ، خور و نوش کا لطف.

لَذِیذ (فت ل، ی مع) صف.
۱. مزے دار، خوش ذائقہ ۲. خوش گوار، پر لطف، دلچسپ ۳. ایک صحرا نشین قوم۔ [ع].

لُر (ضم ل) صف.
احمق، بے وقوف، اُجڈ، بدسلیقہ، بدتمیز۔ [ف].

لَرز (فت ل، ر) مث.
لرزنے کی کیفیت، لرزش، تھرتھراہٹ، کپکپاہٹ.
لرز اٹھنا / جانا محاورہ. تھرا جانا، کانپ جانا، ڈر جانا.

لَرزا (فت ل، سک ر) مذ.
کپکپی جو خوف یا بیماری کی حالت میں ہوتی ہے، تھرتھراہٹ، رعشہ، (مجازاً) شدید خوف.

لَرزاں (فت ل، سک ر) صف؛ ہم ف.
کانپنے والا، تھرتھرانے والا، کانپتا ہوا؛ (مجازاً) بہت خائف۔ [ف].

لَرزانا (فت ل، سک ر) مذ.
۱. ہلانا، جنبش دینا، حرکت دینا ۲. کپکپا دینا، ہلا دینا؛ (مجازاً) خوف زدہ کر دینا.

لَرزِش (فت ل، سک ر، کس ز) مث.
لرزنے کی کیفیت، کپکپی، تھرتھری، جنبش، رعشہ؛ (مجازاً) خوف۔ [ف].

لَرزنا (فت ل، ر، سک ز) (الف) ف ل.
۱. خوف، غصے یا سردی وغیرہ سے تھرتھرانا، کانپنا، بدن میں رعشہ ہونا؛ (مجازاً) ڈر جانا ۲. ہلنا، جنبش میں آنا. (ب) مث. لرزہ، جنبش، زلزلہ.

لَرزَہ (فت ل، سک ر، فت ز) مذ.
۱. کپکپی جو خوف یا بیماری کی حالت میں ہوتی ہے، تھرتھراہٹ، لرزش، رعشہ؛ (مجازاً) شدید خوف ۲. سردی اور کپکپی کے ساتھ ہونے والا بخار، جاڑا بخار۔ [ف].
لرزہ انگیز صف. خوف سے کپکپی پیدا کرنے والا، رونگٹے کھڑے کر دینے والا.
لرزہ براندام صف. شخص جس کے جسم پر کپکپی طاری ہو، تھرتھر کانپنے والا، نہایت خائف.
لرزہ خیز صف.
دیکھیے: لرزہ انگیز.
لرزہ طاری ہونا محاورہ. تھرتھراہٹ ہونا، کانپنے لگنا؛ خوف چھانا.

لَرزِیدَہ (فت ل، سک ر، ی مع، فت د) صف.
کانپا ہوا، تھرتھرایا ہوا؛ (مجازاً) سہما ہوا.

لَڑ (فت ل) مث.
تاگا جس میں موتی وغیرہ پروئے ہوں، رسی یا ڈور کا ایک بٹا ہوا تار جس کو دوسرے تار سے ملا کر رسی یا ڈور بناتے ہیں، لڑی، ہار، ڈور۔ [س].

لَڑ (فت ل) مث.
لڑنا سے فعل امر؛ مرکبات میں مستعمل.
لڑجانا محاورہ. ۱. ٹکرا جانا، مقابل ہو جانا؛ نڈر ہو کر ٹکر لینا، متصادم ہو جانا ۲. ایک شاعر کے شعر یا ایک مضمون نگار کے مضمون کا دوسرے مضمون سے اتفاقاً مطابق ہو جانا، توارد ہو جانا.

لَڑا (فت ل) صف، مذ.
ایک یا زیادہ لڑی والا، تراکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل.

لڑاکا (فت ل) صف.
لڑنے جھگڑنے والا، جھگڑالو، جنگ جو، تند مزاج.

لڑاکا طیارہ اند. تیز رفتار جنگی ہوائی جہاز جو خاص کر فضائی جنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے.

لڑاکو (فت ل، و مع) صف مذ.
دیکھیے: لڑاکا، لڑائی جھگڑا کرنے والا.

لڑانا (فت ل) ف م.
۱. جھگڑا کرانا، مار پیٹ کرانا (دو یا زیادہ آدمیوں یا جانوروں کو) آپس میں بھڑا دینا، باہم فساد کرانا، اختلاف پیدا کرانا. ۲. کشتی کرانا، زور کرانا، مقابلہ کرانا. ۳. موازنہ کرنا. ۴. ملانا، سامنے کرنا، گھورنا (آنکھ سے آنکھ یا نظر سے نظر ملانا یا لڑانا). ۵. (پتنگ باز) پیچ کرانا، گھِستا بازی کرانا. ۶. آزمانا، کرنا.

لڑائی (فت ل) مث.
۱. (i) ہاتھا پائی، مار پیٹ. (ii) (فوجوں یا قوموں کی) جنگ، معرکہ آرائی، رزم. (iii) زور آزمائی، مقابلہ. ۲. تکرار، جھگڑا، تو تو میں میں. ۳. دشمنی، بیر، عداوت؛ رنجش، بگاڑ. اف: کرنا / ہونا.

لڑائی بھڑائی مث. جنگ و جدل، جھگڑا، فساد، دنگا.

لڑکا (فت ل، سک ڑ) (الف) اند.
۱. بچہ، چھوکرا، بالک. ۲. بیٹا، فرزند، اولاد. (ب) صف. چھوٹا، ناتجربہ کار، نادان، ناسمجھ. [س].

لڑکانا (ضم ل، سک ڑ) ف م.
کسی چیز (عموماً گول چیز) کو سطح زمین وغیرہ پر آہستہ سے آگے کی طرف بڑھا دینا، کسی چیز کو ڈھلکانا.

لڑکپن (فت ل، ڑ، سک ک، فت پ) اند.
۱. بچپن، طفلی، کم سنی کا زمانہ. ۲. کم فہمی، ناسمجھی، نادانی.

لڑکی (فت ل، سک ڑ) مث.
۱. بچی؛ بیٹی، دختر. ۲. کنواری، دوشیزہ.

لڑکی کی بیل اور ککڑی کی بیل برابر ہوتی ہے کہاوت. لڑکی (لڑکے کے مقابلے میں) بہت جلد بڑھتی اور جوان ہوتی ہے، جس طرح سے ککڑی کی بیل جلد بڑھ کر پھیل جاتی ہے اسی طرح لڑکیاں دیکھتے دیکھتے بڑھ کر جوان ہو جاتی ہیں.

لڑکھڑانا (فت ل، سک ڑ، فت کھ) (الف) ف ل.
۱. بہکتے ہوئے قدم پڑنا، ڈگمگانا (ضعف یا مستی وغیرہ سے). ۲. ڈانوا ڈول ہونا، متزلزل ہونا. ۳. (مجازاً) نیت بگڑنا، ایمان میں فرق آنا، بہکنا. ۴. زبان سے رک رک کر الفاظ نکلنا، ہکلانا (زبان کے ساتھ مستعمل) (ب) م ف. متزلزل کر دینا، اس طرح ہلانا یا جھنجھوڑنا کہ جگہ سے ہٹا دیا جائے. [س].

لڑکھڑاہٹ (فت ل، سک ڑ، فت کھ، ہ) مث.
ڈگمگاہٹ، تزلزل، لغزش.

لڑنا (فت ل، سک ڑ) ف ل؛ ف م.
۱. جھگڑنا، تکرار کرنا. ۲. (i) جھگڑا کر کے روٹھنا، خفا ہونا، ناراض ہونا (ii) برا بھلا کہنا، شکوہ کرنا. ۳. مار پیٹ کرنا. ۴. جنگ کرنا، ہتھیاروں سے مقابلہ کرنا. ۵. آمنے سامنے ہونا، بھڑنا، ملنا. ۶. نبرد آزما ہونا (انتخابات وغیرہ میں) مقابلہ کرنا، حصہ لینا. [س].

لڑنا بھڑنا / جھگڑنا ف مر. آپس میں بحث و تکرار کرنا، لڑائی جھگڑا کرنا، باہم جنگ و جدل کرنا.

لڑوانا (فت ل، سک ڑ) ف م.
جھگڑا کرانا، فساد کرانا.

لڑی (فت ل) مث.
۱. تاگا یا ڈوری جس میں پھول یا موتی وغیرہ پروئے ہوں، موتیوں وغیرہ کی مالا. ۲. سلسلہ، تسلسل، تواتر، جھڑی، لڑی. ۳. بالوں کی لٹ لڑ. اف: باندھنا/ بنانا/ گوندھنا.

لڑی میں پرونا ف مر؛ محاورہ. زنجیر یا تاگے میں منسلک کرنا؛ سلسلے میں لگا دینا، یک جا کرنا.

لُڑھکانا (ضم ل، سک ڑھ) ف م.
۱. ڈھلکانا، گرانا. ۲. (مجازاً) فیل کرنا، ناکام کرنا.

لُڑھکنا (ضم ل، فت ڑھ، سک ک) ف ل.
۱. بے اختیار الٹنا پلٹنا یا کروٹیں بدلنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا

ڈھلکنا ، پھسلنا .۲. بے اختیار لیٹنا ، لوٹ لگانا ، لیٹ کر سو جانا .
۳. (i) (مجازاً) مر جانا ، انتقال کر جانا . (ii) ناکام ہونا ، فیل ہونا .
[س].

لُڑھکنی (ضم ل ، سک نیز فت ڑھ ، فت نیز سک ک) مث.
لڑھکنے کا عمل یا کیفیت ، لوٹنی .

لَزِج (فت ل ، کس ز) صف.
چکنے والا ، چپچپاہٹ والا ، لیس دار ، چیپ دار ، لعاب دار ، سریش کی مانند چپچپا.

لِسان (کس ل) مث.
۱. زبان .۲. بولی ، بھاشا . [ع].

لسان العصر صف. اپنے وقت کا فصیح البیان ، اپنے وقت کا ترجمان ، اپنے عہد کا ممتاز زبان داں ، برطانوی دور حکومت میں ہندوستانی دانش وروں اور زبان دانوں کا ایک لقب یا خطاب .

لَسّان (فت ل ، شد س) صف.
۱. (i) بہت بولنے والا ، باتونی ، چرب زبان . (ii) خوش گفتار ، شیریں زبان ، فصیح البیان .۲. ماہر لسانیات ، علم زبان کا ماہر . [ع].

لِسانی (کس ل) صف.
زبان (بولی) سے متعلق یا منسوب ، زبان کا ؛ علم زبان سے منسوب .

لِسانیات (کس ل ، ن) مث ؛ مذ.
علم زبان کے متعلق (مسائل یا امور وغیرہ) ؛ علم اللسان ، زبان کی تاریخ اور تشکیل وغیرہ کا علم ، زبانوں کا تقابلی مطالعہ .

لِسْٹ (کس ل ، سک س) مث.
فہرست . [انگ].

لِسَڑنا (کس ل ، فت س ، سک ڑ) ف ل.
لتھڑنا ، آلودہ ہونا .

لس جانا/ لِسْنا (کس ل ، سک س) ف ل.
لتھڑنا ، آلودہ ہونا . [س].

لِسَوڑا / لِسوڑہ (کس ل ، وج نیز لین/ فت ڑ) مذ.
ایک نہایت چیپ دار پھل اور اس کے درخت کا نام ، اس کے پھل چھوٹے بیر کے برابر ہوتے ہیں اور گچھوں میں لگتے ہیں ، پکنے پر پھل میں لیس دار گودا ہو جاتا ہے جو گوند کی طرح چپکتا ہے ، کچے پھل کا اچار بھی بناتے ہیں . [س].

لَسّی (فت ل ، شد س) مث.
پانی ملا ہوا دودھ ، چھاچھ یا دہی اور پانی کا مرکب مشروب (جس میں عموماً برف ، نمک یا چینی ملا کر پیتے ہیں) . [س].

لسی بنانا محاورہ. کچومر نکال دینا .

لَشتَم پَشتَم / لَشٹَم پَشٹَم (فت ل ، سک ش ، فت ت ، فت پ ، سک ش ، فت ت / فت ل ، سک ش ، فت ٹ ، فت پ ، سک ش ، فت ٹ) صف ؛ م ف.
جوں توں کر کے ، جیسے تیسے ، بری بھلی طرح ، بہر حال ، بہر طور ، بہ مشکل .

لَشکارا (فت ل ، سک ش) مذ.
چمک دمک ، جھلکارا ، آب و تاب . [مقامی].

لشکارے مارنا محاورہ.
چمکنا ، چمک دمک دکھانا ، جھلملانا .

لَشکَر (فت ل ، سک ش ، فت ک) مذ.
۱. فوج ، سپاہ .۲. بھیڑ ، ہجوم ، ازدحام . [ف].

لَشکَری (فت ل ، سک ش ، فت ک) (الف) مذ.
۱. فوج کا سپاہی ، فوجی .۲. (ب) صف. لشکر سے منسوب یا متعلق ، فوجی ، جنگی .

لشکری زبان مث. وہ زبان جو لشکر والے بولتے ہیں اور عموماً مختلف زبانوں کا مجموعہ ہوتی ہے ، کئی دیسوں کی ملی جلی زبان ، مراداً : اردو (اپنے آغاز سے متعلق غلط فہمی کی بناء پر) .

لَطافَت (فت ل ، ف) مث.
۱. عمدگی ، خوبی .۲. نفاست ، پاکیزگی ؛ صفائی (کثافت کی ضد) .
۳. نزاکت ، خوب صورتی .۴. تازگی .۵. (گفتگو کی) فصاحت ، سلاست ، روانی . [ع].

لَطائِف (فت ل ، کس ء) مذ ؛ ج.
۱. خوبیاں ، باریکیاں ، نکتے .۲. چٹکلے ، ظریفانہ باتیں ، لطیفے .

لطائف غیبی مذ ؛ ج. وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو غیب سے ظہور میں آئیں یعنی خاص اللہ تعالی کی طرف سے بلا واسطہ پہنچیں .

لُطف (ضم ل، سک ط) اند.
۱. مہربانی، عنایت، کرم، شفقت ۲. عمدگی، خوبی، اچھائی ۳. مزہ، لذت. [ع].
لطف اندوز صف. مزہ لینے والا، لذت حاصل کرنے والا.
لَطِیف (فت ل، ی مع) صف.
۱. پاکیزہ، نفیس، صاف شفاف (کثیف کی ضد) ۲. (i) نرم، ملائم، نازک. (ii) ہلکا، سبک ۳. پرلطف، دلچسپ، مزے دار. [ع].
لَطِیفَہ (فت ل، ی مع، فت ف) اند.
۱. دل چسپ بات، ظرافت کی چھوٹی سی مگر معنی خیز بات، چٹکلا، بذلہ. ۲. تعجب انگیز بات، شگوفہ، عجوبہ، انوکھی چیز.
لطیفہ چھوڑنا محاورہ. کوئی انوکھی بات گھڑ کر بیان کرنا؛ تعجب یا فتنہ انگیز بات کہنا، شگوفہ چھوڑنا.
لُعاب (ضم ل) اند.
۱. زبان سے رسنے والی رطوبت یا نمی، منھ سے نکلنے والی رطوبت، رال، تھوک ۲. مسالے دار گاڑھا شوربا جس میں پانی کی مقدار نہ ہونے کے برابر ہو ۳. وہ جھاگ یا لیس وغیرہ جو کسی چیز کو پانی میں بھگو کر ہاتھ سے ملنے کے بعد سطح پر پیدا ہو. [ع].
لعاب دار صف. ۱. چپچپا، لیس دار؛ شوربے دار ۲. (مجازاً) چکنا، چمک دار کاغذ.
لَعْب/ لَعِب (فت ل، سک ع/ کس ع) اند.
کھیل (جو بیشتر وقت گزاری کے لیے کھیلے جاتے ہوں)، کھیل کود، بہلاوا، سیر تماشا. [ع].
لُعْبَت (فت نیز ضم ل، سک ع، فت ب) اند.
گڑیا، پتلی، مجسمہ، تصویر؛ کھلونا؛ (مجازاً) لڑکی. [ع].
لَعْل (۱) (فت ل، سک ع) اند.
۱. ایک سرخ قیمتی پتھر ۲. (کنایۃً) معشوق کے ہونٹ. [ع].
لعل جڑے ہونا محاورہ. ممتاز یا انوکھا ہونا.
لعل لگ جانا/ لگنا محاورہ. ۱. انوکھا پن ہونا، ندرت ہونا، کوئی عجیب و غریب وصف ہونا ۲. جواہرات سے مرصع ہونا، قیمتی؛ ممتاز ہونا، عالی مرتبہ ہونا.

لعل لگے ہونا محاورہ. انوکھا ہونا، ممتاز ہونا (عموماً کون سے یا کیا ایسے کے ساتھ مستعمل).
لَعْل (۲) (فت ل، سک ع) صف؛ اند.
دیکھیے: لال (۲)، پیارا، دلارا؛ (مجازاً) بیٹا.
لَعْن (فت ل، سک ع) مث؛ اند.
۱. پھٹکار، (خدا کی) مار، نفرین ۲. سخت وست، جھڑکی، سرزنش (بیشتر طعن کے ساتھ). [ع].
لعن طعن مث. لعنت و ملامت، مذمت، برا بھلا کہنا.
لَعْنَت (فت ل، سک ع، فت ن) مث.
پھٹکار، نفریں، سخت سست، برا بھلا. [ع].
لعنت بھیجنا محاورہ. ۱. برا بھلا کہنا، سرزنش کرنا نیز کوسنا، بددعا دینا ۲. کنارہ کشی کرنا، اجتناب کرنا، چھوڑنا.
لعنت بھیجو فقرہ. ذکر نہ کرو، دفع کرو، چھوڑو، جانے دو.
لعنت ملامت مث. برا بھلا، سخت سست.
لعنت ملامت کرنا محاورہ. برا بھلا کہنا، سخت سست کہنا، ذلیل کرنا شرمندہ کرنا.
لعنت ہے فقرہ. شرمندہ کرنے یا اظہار نفرین کے موقع پر مستعمل.
لَعْنَتی (فت ل، سک ع، فت نیز سک ن) (الف) صف.
۱. ملعون، مردود، منحوس، قابلِ لعنت، جس پر پھٹکار برستی ہو، پھٹکارا ہوا ۲. شامت زدہ، بدنصیب. (ب) مث. دیکھیے: لعنت، پھٹکار.
لَعِین (فت ل، ی مع) صف.
ملعون، مردود، پھٹکارا ہوا. [ع].
لُغات (ضم ل) اند؛ مث.
۱. لغت بہ معنی لفظ کی جمع الفاظ ۲. کتابیں جن میں الفاظ کے معانی وغیرہ حروف تہجی کی ترتیب سے درج ہوں، فرہنگیں، لغتیں.
لُغارِتھم/ لُغارِثم (ضم ل، کس ر، سک تھ/ ث) اند.
ریاضی کی ایک جدول، حاشیہ. [انگ].
لِغایَت/ لِغایَہ (کس ل، فت ی) م ف.
تک، اس سرے تک، آخر تک، انجام تک. [ع].

لُغَت (ضم ل، فت غ) اند؛ امث.
۱. (کسی زبان کا) لفظ؛ (عموماً) لفظ جس کے معنی متعین اور قابلِ اندراج ہوں. ۲. کسی زبان کے وہ اصوات و کلمات جن کے ذریعے آدمی اپنا مطلب ادا کرے، بولی، زبان. ۳. (کسی زبان کے) لفظوں کی فرہنگ جو حروفِ تہجی وغیرہ کی ترتیب سے مرتب کی گئی ہو، ڈکشنری. [ع].

لغت داں اند. لغت کو جاننے والا.

لغت نویس مف. کسی زبان کے الفاظ و محاورات کو ترتیب دے کر کتابی شکل دینے والا، لغت لکھنے والا.

لغت نویسی امث. لغت نویس کا کام یا منصب، لغت لکھنا.

لَغزِش (فت ل، سک غ، کس ز) امث.
۱. پھسلن، رپٹن. ۲. (i) لرزش، لڑکھڑاہٹ؛ (مجازاً) عدم استقلال، جگہ سے ہٹنا. (ii) ٹھوکر. ۳. خطا، نسیان، بھول چوک. ۴. (مجازاً) نقص، عیب، غلطی، بہکنا. [ف].

لَغزِیدَہ (فت ل، سک غ، ی مع، فت د) مف.
پھسلا ہوا، لڑکھڑایا ہوا، ڈگمگایا ہوا، کپکپایا ہوا.

لَغو (فت ل، سک غ) مف.
بے ہودہ، واہیات، بے فائدہ، بکواس (شخص، شے یا بات وغیرہ). [ع].

لُغَوی (ضم ل، فت غ) مف؛ اند.
لغت سے منسوب یا متعلق، اصلی، ازروئے لغت حقیقی معنی، لفظی معنی. [ع].

لغوی معنی اند. لفظی یا اصلی معنی، حقیقی معنی.

لَغوِیات (فت ل، سک غ، کس و) اند.
بے کار اور فضول باتیں یا کام، بے ہودگیاں.

لَغوِیَّت (فت ل، سک غ، کس و، شدی بفت نیز بلا شد) امث.
بے ہودہ حرکت، فضول بات یا کام، بکواس.

لَف (فت ل) (الف) اند.
۱. (i) لپیٹنے یا اکٹھا کرنے کا عمل، لپیٹنا، ملفوف کرنا. (ii) (بدیع) صفتِ لف و نشر کا پہلا جزو یعنی کلام میں چند چیزوں کا بیان کرنا، پھر اُن کے مناسبات کا ذکر کرنا. ۲. (طب) تپشِ ہذیان وغیرہ کو کم کرنے کے لیے مقررہ طریقے سے مریض کو چادروں اور کمبلوں میں لپیٹ دینے کا عمل نیز وہ چادریں اور کمبل جن میں لپیٹا جائے.
(ب) صف. لپٹا ہوا، لپیٹا ہوا نیز تہ کیا ہوا؛ شامل، منسلک. [ع].

لف و نشر اند. (بدیع) لغوی معنی لپیٹنا اور پھیلانا، نظم یا نثر میں چیزوں کا مفصل یا مجمل ذکر کرنا، اس کے بعد چند اور چیزوں کا ذکر کرنا جو بالترتیب یا بلاترتیب پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں.

لَفّاظ (فت ل، شد ف) صف؛ اند.
۱. بہت زیادہ بولنے والا، باتونی، لفظوں سے کھیلنے والا. ۲. وہ شخص جو اپنی علمیت یا قابلیت کا بے جا دعویٰ کرے یا خود کو قابل جتائے. [ع].

لَفّاظی (فت ل، شد ف) امث.
۱. باتیں بنانا، فضول گوئی. ۲. بھاری بھرکم الفاظ و تراکیب اور غیر مانوس الفاظ و محاورات سے بھری ہوئی گفتگو جس کے ذریعے سامع یا قاری کو متاثر یا مرعوب کرنے کی کوشش کی جائے. ۳. علمیت یا قابلیت کا بے جا دعویٰ.

لِفاف (کس ل) اند.
غلاف یا پوشش؛ (ریاضی) ایک منحنی جو قبیل کے ہر رکن کو مس کرتا ہے اور جو اپنے ہر نقطے پر قبیل کے کسی نہ کسی رکن سے مس ہوتا ہے. [ع].

لِفافا/ لِفافَہ (کس ل/ فت ف) اند.
۱. (i) کاغذی غلاف جس میں چٹھی رکھ کر پوسٹ باکس میں ڈال دیتے ہیں، کور. (ii) اوپر کا خول یا پوشش جس کے اندر جسم مخفی ہو، لپیٹنے کی چیز، جس میں کچھ لپیٹا جائے، ظاہری لباس. ۲. سفید چادر یا کپڑا جو مردے کے بدن پر لپیٹا جاتا ہے جس میں رکھ کر مردے کی تدفین کی جاتی ہے، پوٹ. ۳. بناوٹ، ظاہری شان، دکھاوا؛ دھوکے کی ٹٹی. [ع].

لفافا/ لفافہ دیکھ کر مضمون بھانپ جانا محاورہ. ظاہر سے باطن کا حال جان لینا.

لِفٹ (کس ل، سک ف) امث.
۱. اٹھانا نیز (سامان یا لوگوں کو) اوپر چڑھانے اور نیچے اُتارنے کی کل

جو بجلی سے چلتی ہے اور عموماً کئی منزلہ عمارتوں میں نصب ہوتی ہے۔
۲. کسی پیدل کو اپنی سواری میں بٹھانا۔ [انگ]۔

لفٹ دینا محاورہ. ۱. کسی پیدل چلنے والے کو اپنی سواری میں بٹھا لینا۔
۲. اہمیت دینا؛ اہم سمجھنا، توجہ کی نظر سے دیکھنا۔

لِفٹِیننٹ / لِفٹِیننٹ (کس ل، سک ف، کس ٹ، سک ن / کس ل، سک ف، کس ٹ، فت ن، سک ن) اند.
۱. حاکمِ صوبہ؛ (طنزاً) بڑا حاکم. ۲. (فوج) کپتان سے نیچے کا افسر، نائب کپتان۔ [انگ]۔

لَفڑا (فت ل، سک ف) اند.
(عو) جھگڑا، پھڈا نیز مصیبت، وبال۔ [مقامی]۔

لَفظ (فت ل، سک ف) اند؛ امث.
۱. (i) آواز جو منھ سے نکلے، کلمہ جو زبان سے نکلے (بیشتر بامعنی)؛ فقرہ، بات. (ii) لب و لہجہ، تلفظ نیز طرزِ بیان. ۲. قول، وعدہ، اقرار۔ [ع]۔

لفظ بلفظ / بہ لفظ م ف.
ایک ایک لفظ، تفصیل وار، بغیر کسی حرف کی تبدیلی کے، جوں کا توں۔

لَفظاً (فت ل، سک ف، تن ظ بفت) م ف.
لغوی طور سے، لفظ کے حقیقی معنی کے طور پر، ازروئے لغت۔

لَفظوں (فت ل، سک ف، و ج) اند؛ ج.
لفظ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل۔

لفظوں سے کھیلنا محاورہ. لفاظی کرنا، ہیر پھیر سے کام لینا، لفظوں میں اُلجھائے رکھنا۔

لفظوں میں جان ڈالنا محاورہ. الفاظ کے معنی کو اُجاگر کر دینا، گفتگو کو مؤثر بنا دینا، نئے معنی پہنانا۔

لَفظی (فت ل، سک ف) صف.
۱. لفظ سے متعلق، لغوی، اصلی، حقیقی. ۲. لفظوں کے اُلٹ پھیر سے متعلق، لفظوں کا، جس میں معنی و مفہوم سے غرض نہ ہو، بے معنی، غیر حقیقی۔

لَفَنگا (فت ل، ف، فغ) صف مذ.
بدمعاش، شہدا، اوباش؛ شیخی باز۔

لفنگا پن اند. بے ہودگی، بداطواری۔

لَق (فت ل) صف.
صاف، جس میں بال نہ ہوں۔

لُق (ضم ل) صف.
بے بالوں کا۔ [ع]۔

لَقّار / لَقّا (فت ل / فت ل، شد ق) اند.
ایک نوع کا کبوتر جس کی دم کاغذی پنکھے یا تاڑ کے پتے کے مانند اور اُوپر کو اُٹھی ہوئی اور گردن پیچھے کو جھکی ہوتی ہے۔

لِقا (کس ل) امث.
۱. دید، دیدار، درشن؛ ملاقات. ۲. چہرہ، صورت (جیسے: مہ لقا، وغیرہ) [ع]۔

لَقَب (فت ل، ق) اند.
نام جو کسی پسندیدہ، ناپسندیدہ کام کی وجہ سے مشہور ہو گیا ہو یا اپنایا جائے، وصفی نام۔ [ع]۔

لَق لَق / لَقلَق (فت ل، ل) اند.
۱. ایک آبی پرندہ جس کی ٹانگیں بھوری لمبی اور چونچ بہت چوڑی لمبی ہوتی ہے، سارس. ۲. چوڑے منھ کی بوتل یا صراحی وغیرہ کے سے عرق یا پانی وغیرہ کے نکلنے کی آواز۔

لُقمان (ضم ل، سک ق) اند.
۱. ایک مشہور حکیم جن کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے، حکمت و دانائی کے لیے مشہور ہیں. ۲. (مجازاً) بہت دانا، عقل مند، بڑا تجربہ کار؛ (طنزاً) اُستاد۔ [ع]۔

لقمان کو حکمت / عقل سکھانا محاورہ. ۱. عقل مند کو تدبیر بتا ۲. فضول کام کرنا۔

لُقمَہ (ضم ل، سک ق، فت م) اند.
۱. کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منھ میں ڈالی جائے، نوالہ. ۲. مراد روزی، رزق، کمائی۔ [ع]۔

لقمۂ اَجل بن جانا / بننا محاورہ. مر جانا، مارا جانا، قتل ہونا۔

لقمۂ تر اند. ۱. عمدہ اور لذیذ غذا، اچھی غذا. ۲. (مجازاً) آسان شکار یا نعمت وہ چیز جو آسانی سے حاصل ہو جائے نیز مفت کی چیز۔

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع

لقمہ دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. گفتگو کے دوران ٹوکنا، بیچ میں بولنا، دوسرے کی بات میں دخل دینا، بات کاٹنا. ۲. قرآن شریف یا کوئی اور چیز سناتے وقت صاحب قرأت کی بھول چوک کی نشان دہی کرنا. ۳. رائے دینا، مشورہ دینا.

لُقمی (ضم ل، سک ق) امث.
۱. میدے یا روے (سوجی) کی پتلی پوری کی چوکور شکل میں موڑ کر اس کے اندر قیمہ وغیرہ بھر اور تل کر تیار کی ہوئی غذا. ۲. پان کی گلوری.

لُقمے (ضم ل، سک ق) اند؛ ج.
لقمہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ (تراکیب میں مستعمل)، نوالے.

لَقّ و دَقّ (فت ل، شد نیز بلا شدق، وج، فت د) صف.
۱. سخت اور ہموار زمین جس میں نہ درخت ہوں نہ سبزہ نہ آدم زاد، ویران، چٹیل (میدان). ۲. (مجازاً) بہت پھیلا ہوا، وسیع و عریض. [ع].

لَقوہ (فت ل، سک ق، فت و) اند.
ایک مرض جس میں منھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور چہرہ پھر جاتا ہے، ایک اعصابی مرض جو گردن اور چہرے سے متعلق ہے (فالج کی ایک ہلکی قسم). [ع].
لقوہ مار جانا محاورہ. لقوے کے مرض میں مبتلا ہونا، منھ کا ٹیڑھا ہونا، منھ پھر جانا.

لَقّہ (فت ل، شدق نیز بلا شد) اند.
۱. دھوئیں کی وہ مقدار جو ایک دفعہ ہی بلند ہو. ۲. دھوئیں کا ستون جو جلتی آگ سے بلند ہو. ۳. بادل کا ٹکڑا.

لُک (۱) (ضم ل) اند.
۱. آگ کا شعلہ؛ شہاب ثاقب، آسمان پر کوئی روشنی؛ بھٹی کی لو؛ گرم ہوا. ۲. سرکنڈے کے بالوں کا گچھا جو چٹائی بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے جو شمع کی طرح جلتا ہے چونے اور قلعی میں ملایا جاتا ہے. [س].

لُک (۲) (ضم ل) (الف) اند.
وارنش، چمک، پالش، جلا، روغن. (ب) امث. (رنگ کاری) لکڑی کی درزوں میں بھرنے کا مسالا، چھوب، لُپّن (مجازاً) اُمید، لو. [ف].

لُکا چھپی (ضم ل، پ) امث.
لکنے چھپنے کا عمل، خفیہ واردات، چھپ کر، خاموشی سے، ڈھکی چھپی صورت میں.

لُکانا (ضم ل) ف م.
چھپانا، پوشیدہ کرنا، اخفا کرنا.

لَکَد (فت ل، ک) امث.
لات، ٹھوکر، دُلتی. [ف > ع].

لَکَڑ (فت ل، ک) صف.
ایک کلمہ جو لفظ پر کی طرح رشتے کی دوری ظاہر کرنے کے واسطے آتا ہے، دور کا رشتہ ظاہر کرنے والا (تراکیب میں مستعمل).
لکڑ دادا صف، اند. سگڑ دادا کا باپ، دادا کا دادا.

لَکّڑ (فت ل، ک نیز شد) اند.
۱. شہتیر، کڑی، لمبی اور موٹی لکڑی. ۲. کاٹھ کا اُلو، کندۂ ناتراش، بے وقوف؛ سخت دل، کٹھور. [س].
لکڑ ہارا صف مذ. لکڑیاں بیچنے والا، لکڑیاں کاٹنے یا چننے والا.

لَکَڑ بگّا/ بھگّا (فت ل، ک، سک ڑ، فت ب، شدگ / فت بھ، شدگ) اند.
ایک درندہ جو کتے سے بڑا ہوتا ہے اور اس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں، بھیڑیے کی قسم کا ایک جنگلی جانور.

لَکڑی (فت ل، سک ک) (الف) امث.
۱. درختوں کے سوکھے تنے اور ٹہنیاں جو جلانے یا چیزیں بنانے کے کام آتی ہیں. ۲. عصا، لاٹھی، سونٹی، چھڑی. (ب) صف. ۱. نہایت سوکھا ہوا، نہایت دبلا. ۲. سخت، بے لچک. [س].
لکڑی ہو جانا یا ہونا محاورہ. نہایت دبلا یا لاغر ہونا (عموماً سوکھ کر، کے ساتھ مستعمل).

لَکشمی (فت ل، سک ک، ش) امث.
۱. وشنو کی بیوی کا لقب جو دولت اور خوب صورتی کی دیوی سمجھی جاتی ہے. ۲. دولت، مال و زر؛ کامیابی؛ خوشی؛ خوش نصیبی. [س].

لُکَن (ضم ل، فت ک) امث.
چھپنے کا فعل، چھپنا؛ اوجھل ہونا، پوشیدہ ہونا.

لکن میٹی مث. آنکھ مچولی، چھپن چھپائی.

لُکنا (ضم ل، سک ک) ف ل.
چھپنا، پوشیدہ ہونا، آڑ میں ہونا. [س].

لُکنت (ضم ل، سک ک، فت ن) مث.
ہکلا پن، تتلاہٹ، توتلا پن نیز خوف یا گھبراہٹ کے باعث رُک رُک کر بولنا، صاف لفظ ادا نہ ہوسکنے کی کیفیت. [ع].

لکنت آنا ف مر؛ محاورہ. ہکلا پن ہونا، تتلاہٹ آنا؛ خوف کی وجہ سے حرف زبان پر نہ آنا، زبان لڑکھڑانا.

لِکورِیا (کس ل، و مج، کس ر) مف.
سیلانِ رحم؛ عورتوں کا جریان. [انگ].

لکّہ (فت ل، شد ک بلت) مذ؛ ~ لکّا.
ا. ٹکڑا (عموماً ابر کا یا دھوئیں کا). ۲. داغ، دھبّا. [ف].

لکیر (فت ل، ی مع) مث.
ا. نشان جو خط کی شکل میں کسی چیز کی سطح پر پڑ جائے، ریکھا، دھاری، لائن. ۲. سطر. ۳. سانپ کے چلنے کا نشان.

لکیر پیٹنا محاورہ. ا. پرانے رسم و رواج اور دستور پر چلنا، ایک ہی روش اپنائے رکھنا. ۲. وقت نکل جانے کا افسوس کرنا، ہاتھ ملنا، پچھتانا.

لکیر کا فقیر صف مذ. ا. پرانی روش کا دل دادہ، پابندِ روایت، عقل سے کام نہ لینے والا. ۲. کسی شے پر فریفتہ.

لکیر کھنچنا ف مر؛ محاورہ. خط یا دھاری پڑنا، دھاری بننا؛ حد بندی ہونا؛ قلم پھرنا، کاٹا جانا.

لکھ (فت ل) مذ.
لاکھ (سو ہزار) کی تخفیف، تراکیب میں مستعمل.

لکھ پتی صف. جس کے پاس لاکھ یا لاکھوں روپیہ ہو؛ (مجازاً) بہت دولت والا، دولت مند، مال دار، بڑی حیثیت کا مالک.

لِکھ (کس ل) مذ.
لکھنا کا امر، تراکیب میں مستعمل.

لکھ پڑھ کر ڈبونا محاورہ. ضائع کرنا، تباہ کرنا.

لکھ رکھو فقرہ. یاد رکھو، یقینی سمجھو.

لکّھا (فت ل، شد کھ) مذ؛ صف.
لاکھوں کا (ہجوم وغیرہ کے لیے). ۲. بیش قیمت، قیمتی.

لِکّھا (کس ل، شد کھ نیز بلا شد) مذ.
ا. لکھنا کا ماضی، تحریر کیا، رقم کیا (تراکیب میں مستعمل). ۲. لکھا ہوا کی جگہ، نوشتہ، تحریر شدہ، مرقوم. ۳. حکمِ قضا و قدر، تقدیر. ۴. خط، دستخط، تحریر.

لکھا پورا ہونا محاورہ. نوشتۂ تقدیر کا بعینہٖ عمل میں آنا، ہونے والی بات کا ظہور میں آنا.

لِکھاری (کس ل) مذ؛ صف؛ ~ لکھاڑی.
قلمکار، لکھنے والا، مصنف.

لِکھانا (کس ل) ف م.
ا. تحریر کرانا، لکھوانا، املا کروانا؛ لکھنے کی مشق کرانا. ۲. دستاویز کرانا نوشتہ لینا، تحریری اقرار لینا. ۳. کسی چیز کا حق ملکیت اپنے نام کرانا.

لِکھاوٹ (کس ل، فت و) مث.
لکھائی، لکھنے کا طریقہ یا ڈھنگ.

لِکھائی (کس ل) مث.
ا. لکھنے کا عمل، تحریری کام یا لکھنے کا طرز. ۲. کتابت، طرزِ کتابت ۳. لکھنے کی مزدوری یا اُجرت، لکھنے کی محنت.

لِکھت (کس ل، فت کھ) مث.
ا. کتابت، تحریر، خطاطی، لکھاوٹ، لکھائی. ۲. اقرار نامہ، سند، دستاویز، کاغذات، تمسک.

لکھت پڑھت مث. ا. آپس میں تحریری اقرار ہونے کا عمل، اقرار نامہ لکھا جانا، تحریری عہد و پیمان یا دستاویز لکھے جانے کا عمل، کسی امر واقعے کا اندراج.

لکّھن (فت ل، شد کھ بلت) مذ. (قدیم).
لچھن، علامت، آثار، چال چلن.

لِکھنا (کس ل، سک کھ) ف م.
ا. رقم کرنا، تحریر کرنا، قلم بند کرنا، تحریر میں لانا. ۲. کتاب یا رجسٹر وغیرہ میں درج کرنا، روزنامچے پر چڑھانا. ۳. تصنیف یا تحریر کے ذریعے اظہارِ خیال کرنا. ۴. خوش نویسی کرنا، خط کی مشق کرنا، کتابت کرنا کوئی چیز کسی کے نام کرنا. [س].

لکھنا لکھانا ف مر؛ محاورہ. کوئی چیز تحریر کرنا، تصنیف و تالیف کرنا.

لکھنؤ (فت ل، سک کھ، فت ن، و مع) اند.
ایک شہر کا نام جو صوبہ اتر پردیش کا دارالسلطنت ہے (ادبیات میں دہلی اسکول کے مقابل مستعمل).

لِکھوانا (کس ل، سک کھ) ف م.
املا کروانا، تحریر کرانا (لکھنا کا متعدی).

لِکھی (کس ل، شد نیز بلا شد کھ) امث؛ صف.
۱. معیّن، مقررہ، طے شدہ، پیشتر (مدّت کے لیے مستعمل). ۲. تحریر کی ہوئی، رقم کردہ، نوشتہ، لکھی ہوئی.

لِکھے (کس ل) اند؛ ج.
لکھا کی مغیرہ حالت اور جمع (تراکیب میں مستعمل).

لکھے کو رونا محاورہ. قسمت کا گلہ یا شکوہ کرنا.

لکھے موسیٰ پڑھے خدا کہاوت. ایسی تحریر کی نسبت مستعمل جو کسی سے پڑھی نہ جائے، ایسی باریک یا خراب تحریر لکھنا کہ اپنے سوا دوسرا نہ پڑھ سکے.

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل کہاوت. جو پڑھا لکھا نہ ہو لیکن اپنی فضیلت کا دعویٰ کرے اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو لکھا پڑھا تو نہ ہو مگر چال ڈھال عالموں جیسی بنائے رکھی ہو.

لگ (۱) (فت ل) حرف جار؛ م ف (قدیم).
۱. تک، تلک. ۲. پاس، قریب. [س].

لگ بھگ م ف. قریب قریب، نزدیک، پاس.

لگ (۲) (فت ل) ف ل.
لگنا کا فعلِ امر؛ تراکیب میں مستعمل.

لگ جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. مل جانا، جڑ جانا، متصل ہو جانا، قریب آ جانا. ۲. (تکلیف، مصیبت وغیرہ) آ جانا، لاحق ہو جانا. ۳. اثر کر جانا. ۴. چھو جانا. ۵. مصروف ہو جانا، کام میں لگ جانا، مشغول ہو جانا. ۶. (i) (مہینا یا دن) شروع ہو جانا. (ii) سلسلہ شروع ہو جانا. ۷. (i) (دل، طبیعت وغیرہ) مائل ہو جانا. (ii) بہل جانا. ۸. (دل کو) بھا جانا، پسند آ جانا. ۹. عادت ہو جانا. ۱۰. الزام آ جانا. ۱۱. متعدی مرض کا ایک سے دوسرے کو ہو جانا، جل جانا؛ دیمک یا گھن یا کپڑے کا کھا جانا. ۱۲. چوٹ آ جانا.

لگ جائے (گیا) تو تیر ورنہ تکا کہاوت. کوشش کرنی چاہیے کامیابی ہو یا نہ ہو، انسان کو ثابت قدم رہنا چاہیے، ہمت نہیں ہارنا چاہیے.

لگ کر/ کے م ف. پے در پے، برابر، مسلسل، بلاناغہ، مستقل مزاجی سے، شوق اور جذبے سے.

لگا (فت ل) (الف) م ف.
(سے) لے کر. (ب) صف. ۱. ملا ہوا، ساتھ، ہم راہ؛ چسپاں، پیوستہ. ۲. گلا سڑا ۳. لگانا کا فعل امر نیز لگنا کا فعل ماضی، تراکیب میں مستعمل.

لگا بندھا صف مذ. مقرر کیا ہوا، ٹھہرایا ہوا، معیّن.

لگاتار (الف) م ف. متواتر، پے در پے، برابر، مسلسل. (ب) صف. پیہم، مسلسل.

لگا دینا محاورہ. ۱. چغلی کھانا، ایسی بات کہنا جس سے دلوں میں فرق پڑ جائے بہکا دینا، ورغلا دینا، اُکسا دینا. ۲. گھات میں بٹھا دینا. ۳. (کسی عہدے پر) مقرر کر دینا. ۴. خرچ کر دینا. ۵. مار دینا. ۶. بازی پر رکھ دینا. ۷. تنور میں روٹیاں چپکا دینا.

لگا رہنا محاورہ. ۱. ساتھ رہنا، ہم راہ رہنا، پیچھے پیچھے رہنا. ۲. لپٹا رہنا، چمٹا رہنا، چپکا رہنا. ۳. پیچھے پڑا رہنا، سر رہنا. ۴. مصروف رہنا، مشغول رہنا، کسی کام میں جٹا رہنا. ۵. کسی کام یا بات کا جاری رہنا، ہوتا رہنا. ۶. باقی رہنا، بچا رہنا، ثابت رہنا. ۷. گھات میں رہنا، تاک میں رہنا. ۸. نزدیک رہنا، موجود رہنا. ۹. جما رہنا، مستقل رہنا، مقرب رہنا، مصاحب بنا رہنا.

لگا لگایا صف مذ. ۱. جڑا جڑایا، بنا بنایا، لگا ہوا. ۲. جما جمایا. ۳. صرف شدہ، خرچ میں آیا ہوا؛ جیسے: لگا لگایا روپیہ اکارت گیا.

لگا لینا محاورہ. ۱. مائل کر لینا، فریفتہ کر لینا، یار بنا لینا ۲. عادی بنا لینا، لت لگا دینا. ۳. چمٹا لینا، لپٹا لینا، (دل کے ساتھ) اپنا لینا. ۴. ساتھ کر لینا، ہم راہ کر لینا. ۵. کام پر رکھنا، نوکر رکھنا.

لگا ہوا صف. ۱. ملا ہوا، پاس، قریب، متصل. ۲. مصروف، مشغول. ۳. گھات میں بیٹھا ہوا. ۴. ہلا ہوا، سدھا ہوا؛ مانوس. ۵. منتظر،

اُمیدوار . ۷. عادی ، خوگر ، لگو ، جیسے : لگا ہوا شیر یا کتا . ۸. وابستہ .
۹. داغی : جیسے : لگا ہوا پھل .

لگّا (فت ل ، شد گ) اند .
۱. لمبا بانس ، لمبی چھڑی . ۲. ٹیڑھی لکڑی جو لمبی لکڑی میں باندھتے ہیں اور اس سے پیڑ پر سے پھل توڑنے کا کام لیتے ہیں . ۳. ایک لمبا بانس جس میں پتلی پتلی لکڑیاں باندھتے اور اس سے پتنگ لوٹنے کا کام لیتے ہیں . ۴. ناؤ کھینے کا چپو ، ڈانڈ : ناؤ کی بلی ، ناؤ کا لمبا بانس .
۵. لاگ ، پیار ، محبت ، دوستی ، لگاؤ . ۶. ربط ضبط ، تعلق ، آشنائی .
۷. برابری ، ہم سری : مشابہت : مناسبت . [س] .

لگّا کھانا محاورہ . ہم پلہ ہونا ، ہم سر ہونا ، برابری کرنا ، ہم سری کرنا ، نسبت رکھنا (بیشتر نفی کے ساتھ مستعمل) .

لگام (فت ل) امث .
۱. گھوڑے کو قابو میں رکھنے والی رسی یا تسمہ جس کے سرے گھوڑے کے منھ کے ساز کے حصے میں جس کو دہانہ کہتے ہیں بندھے ہوتے ہیں اور درمیانی حصہ سوار کے ہاتھ میں رہتا ہے ، عنان ، باگ . ۲. لوہے کی بنی ہوئی وہ چیز جس میں تسمہ باندھ کر گھوڑے کے منھ میں اسے قابو رکھنے کے لیے لگا دیتے ہیں ، دہانہ .

لگام دینا / ڈالنا ف مر : محاورہ . ۱. گھوڑے کے منھ میں دہانہ چڑھانا .
۲. روکنا ، تھامنا ، قابو کرنا .

لگام کھینچنا ف مر : محاورہ . ۱. گھوڑے کو روکنے کے لیے باگ کسنا .
۲. احتیاط کرنا .

لگام ہاتھ میں ہونا محاورہ . (کسی شخص یا کام پر) اختیار حاصل ہونا .

لگان (فت ل) اند .
۱. (کاشت کاری) وہ آمدنی جو مالک کو زمین سے وصول ہو ، زمین کا خراج ، وہ محصول جو اسامی ، مقبوضہ اراضی کے استعمال یا دخل کی بابت زمین دار یا سرکار کو ادا کرے . ۲. گھاٹ پر کشتیوں کے ٹھہرنے کی جگہ .

لگانا (فت ل) ف مر .
۱. جوڑنا ، ملانا . ۲. مس کرنا ، چھونا . ۳. کاشت کرنا ، بونا ، (درخت ، پودا) نصب کرنا . ۴. شامل کرنا ، نتھی کرنا ، منسلک کرنا ، ملحق کرنا ، ساتھ جوڑنا .
۵. مارنا ، جڑنا ، ضرب پہنچانا . ۶. ذمہ دھرنا ، مقرر کرنا ، عائد کرنا . ۷. بھڑانا ، پاس لانا ، متصل کرنا : سواری یا گھوڑا وغیرہ تیار کر کے قریب لانا .
۸. چپڑنا ، ملنا (خوشبو : مرہم وغیرہ) . ۹. (ساحل یا منزل وغیرہ پر) پہنچانا . ۱۰. صرف کرنا ، اُٹھانا ، خرچ کرنا . ۱۱. سودا پھیلا کر رکھنا ، بیچی جانے والی چیزوں کو نکال کر رکھنا : جیسے : دکان لگانا ، بازار لگانا ، ہاٹ لگانا .
۱۲. قرار دینا ، تجویز کرنا . ۱۳. لٹکانا ، آویزاں کرنا . ۱۴. چپکانا ، چسپاں کرنا.
۱۵. (خیمہ ، شامیانہ وغیرہ) نصب کرنا ، کھڑا کرنا . ۱۶. عائد کرنا (الزام وغیرہ) ، تھوپنا . ۱۷. بند کرنا ، بھیڑنا . ۱۸. لیپنا ، تھوپنا (صندل ، مہندی وغیرہ) . ۱۹. مقرر کرنا ، (ملازمت پر) مامور کرنا ، کام دلانا . ۲۰. وقت صرف کرنا . ۲۱. کسی کو پھسلا کر یا باتوں میں لگا کر اپنے ساتھ کر لینا
۲۲. بنانا ، قائم کرنا . ۲۳. قیمت تجویز کرنا ، مول ٹھہرانا . ۲۴. ترتیب سے رکھنا ، قرینے سے رکھنا ، سجانا . ۲۵. اُکسانا ، ورغلانا ، بھڑکانا ، مشتعل کرنا چغلی کھانا ، بہکانا . ۲۶. (i) مقرر کرنا ، (ملازمت پر) مامور کرنا ، کام دلانا.
(ii) کسی جگہ تعینات کرنا .

لگاوَٹ (فت ل ، و) امث .
۱. تعلق ، علاقہ ، وابستگی . ۲. (i) معشوقوں کی دل لبھانے والی حرکات محبت آمیز باتوں سے اپنی طرف مائل کرنے کا انداز . (ii) میلان لگاؤ ، محبت ، چاہت ، اخلاص و محبت کی سرگرمی . ۳. نمائشی محبت ، دکھاوے کا پیار .

لگاؤ (فت ل ، وج) اند .
۱. تعلق ، واسطہ ، نسبت . ۲. دلی وابستگی ، شیفتگی ، محبت ، پیار . ۳. راہ و رسم میل ملاپ ، ربط ضبط . ۴. رجحان ، میلان طبع . ۵. مناسبت ، ہم آہنگی .

لگائی (فت ل) صف : امث .
۱. لگائی ہوئی ، بھڑکائی ہوئی (آگ) . ۲. آگ لگانا یا بھڑکانا .

لگائی بجھائی امث . ادھر کی بات اُدھر اور اُدھر کی ادھر کہہ کر دلوں میں فرق ڈال دینا ، چغل خوری .

لُگائی (ضم ل) امث .
۱. عورت . ۲. بیوی ، منکوحہ ، زوجہ . ۳. آشنا عورت ، داشتہ . [س] .

لگتا (فت ل ، سک گ) (الف) صف .
چھوتا ہوا ، ملا ہوا ، چسپاں ، ملتا جلتا ، مطابق ، مشابہ : جچتے یا کھپنے والا

کاٹ کرنے والا ، زخم ڈالنے والا : خراب ، گندہ ، قرین قیاس ، ناگوار ، موثر . (ب) اند . (کنایۃً) رشتے دار ، عزیز ، متعلقین .

لگتا ہے فقرہ . ایسا معلوم ہوتا ہے ، محسوس ہوتا ہے .

لُگدی (فت ل ، سک گ) امث .
کسی پسی ہوئی گیلی چیز کی گولی یا ٹکیا ، لبدی . [س] .

لَگُّو (فت ل ، ضم مع شد گ) اند .
۱. ایک نوع کا باز یا شکرا جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں جو لوہے کی سلاخ کی طرح ہوتی ہیں . ۲. ڈنڈا ، سونٹا ، چھڑی ، وہ سونٹا جس پر لوہے کے حلقے چڑھے ہوں ، لوہے کی سلاخ .

لگڑ بگا / بھگا اند . بھیڑیے کی قسم کا ایک جانور ، ایک نوع کا چیتا جو اکثر کتوں کو اٹھا کر لے جاتا ہے ، کہتے ہیں کہ یہ شیرنی اور بھیڑیے کے میل سے پیدا ہوتا ہے .

لگن (۱) (فت ل ، گ) امث .
۱. لگاؤ ، تعلق ، وابستگی . ۲. انہماک ، دھن ، اُمنگ ، ولولہ ، دھیان . ۳. عشق ، محبت ، پیار ، پریت . ۴. گھڑی ، ساعت ، وقت . ۵. (مجازاً) بیاہ ، شادی .

لگن (۲) (فت ل ، گ) اند : امث .
۱. تانبے یا پیتل کا چھچلا ظرف جس کے کنارے قدرے اٹھے ہوتے ہیں عموماً آٹا گوندھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، تسلا ، پرات . ۲. شمع کی تھالی جس میں موم پگھل پگھل کر گرتا ہے . [ف] .

لگنا (فت ل ، سک گ) ف ل .
۱. (i) ملنا ، ساتھ ساتھ ہونا ، قریب قریب ہونا ، جڑنا . (ii) شامل ہونا (قطار یا لائن وغیرہ میں) . ۲. مشغول ہونا ، مصروف ہونا . ۳. (i) معلوم ہونا ، محسوس ہونا . (ii) دکھائی دینا ، نظر آنا (iii) محسوس ہونا (جاڑے ، گرمی یا بھوک وغیرہ کے ساتھ) اثر ہونا . ۴. فکر ہونا ، دھیان ہونا . ۵. مندنا ، بند ہونا (آنکھ کے لیے مخصوص) . ۶. جل جانا ، داغ لگ جانا . ۷. اُگنا ، پیدا ہونا ، پھلنا . ۸. موزوں ہونا ، زیب دینا . ۹. کھپنا ، استعمال ہونا . ۱۰. چوٹ آنا ، زخم آنا . ۱۱. معلوم ہونا (پتے یا خبر کے ساتھ) . ۱۲. چھوت کی صورت میں بیماری کا عارض ہونا . ۱۳. درس گاہ یا دفتر وغیرہ میں کام شروع ہونا ، کھلنا . ۱۴. (انبار وغیرہ کی صورت میں) جمع ہونا. ۱۵. رچ جانا ، رچنا (مہندی وغیرہ کا) . ۱۶. (i) حاجت ہونا (پیشاب یا پاخانے کی) . (ii) خواہش ہونا (غذا کی) جیسے بھوک لگ رہی ہے . ۱۷. کسی چیز یا شخص کے گرد منڈلانا . ۱۸. آویزاں ہونا ، ٹنگنا ، چسپاں ہونا . ۱۹. ترتیب سے رکھا جانا ، سجایا جانا ، چنا جانا (دستر خوان وغیرہ) . ۲۰. گزرنا (وقت ، عرصہ ، زمانہ) . ۲۱. داؤ پر رکھا جانا ، بازی پر اڑا جانا ، مقرر ہونا . ۲۲. آغاز ہونا ، شروع ہونا . ۲۳. بطور فعل امدادی جیسے : لعل لگنا ، قلم لگنا وغیرہ وغیرہ . ۲۴. جماع کرنا . [س] .

لگی (فت ل) امث .
۱. عشق ، چاہت ، آرزو ، تمنا ، خواہش ، اچھا ، لگن ، دلچسپی ، لگاؤ .
۲. بھوک ، گرسنگی ، پیاس وغیرہ .

لگی بندھی صف مث . ۱. سیدھی سادی ، دوٹوک ، صاف صاف ، مقررہ اصول وضوابط کی پابند . ۲. لگی ہوئی ، مقرر کی ہوئی ، طے شدہ .

لگی تو روزی نہیں تو روزہ کہاوت . انتہائی افلاس ظاہر کرنے کے لیے مستعمل .

لگی لپٹی صف . طرف داری کی ، جانب داری یا پاس داری کی ، خوشامد کی ، کسی کے دل کی سی بات .

لگی لپٹی رکھنا محاورہ . ۱. جانب داری یا رعایت برتنا ، طرف داری کرنا . ۲. صاف نہ کہنا ، شک اور شبے میں رکھنا ، گول مول بات کہنا .

لگی لپٹی کہنا ف مر : محاورہ . جانب دارانہ بات کہنا ، صاف بات نہ کہنا ، انصاف کی نہ کہنا .

لگی لگائی صف مث . لگی ہوئی ، طے شدہ ، مقرر .

لگے (فت ل) م ف . صیغہ
فعل امدادی یا فعل معین "لگنا" کا ماضی مطلق صیغہ جمع ، ملے ہوئے ، پاس ، نزدیک ، قریب ، ساتھ ، ہم راہ ، سلسلے کے ساتھ ، تراکیب میں مستعمل .

لگے بغلیں جھانکنے فقرہ . کچھ نہ سوجھا ، یہ فقرہ لاجواب ہو کر سر جھکا لینے کے معنی میں بولا جاتا ہے .

لگے ہاتھ / ہاتھوں م ف . ساتھ کے ساتھ ، اسی وقت ، اسی سلسلہ عمل کے دوران ، لگتے ہاتھ .

لَلّا (فت ل نیز شد ل) اند.
ا. بالک، بالا، بچہ، ببوا، کم سن، نوعمر. ۲. بے وقوف، گاؤدی، بدھو. [س].

لَلْچانا (فت ل، سک ل) ف م.
ا. لالچ کرنا، طمع کرنا، دل کا بے اختیار راغب ہونا. ۲. گمراہ کرنا، ڈھکانا. ۳. خواہش کرنا، آرزو کرنا، تمنا کرنا.

لَلْچاہَٹ (فت ل، سک ل، فت ہ) است.
لالچ، طمع، حرص؛ خواہش، آرزو.

لِلتَّعَجُّب (کس ل، سک ل، فت ع، ج) کلمۂ فجائیہ.
اظہار حیرت وتعجب کے لیے مستعمل.

لَلَک (۱) (فت ل، ل) است.
ا. اُمنگ، شوق، چاؤ، آرزو، تمنا. ۲. فوری جوش (پانی کا ہو یا کسی جذبے کا)، ولولہ. ۳. دھن، خیال تصوّر. [س].

لَلْکار (فت ل، سک ل) است.
ا. سخت آواز جس سے رعب و دہشت طاری ہو، ڈپٹ، دھمکی، تنبیہ وتہدید کی آواز، ڈراؤنی آواز. ۲. مقابلے کے لیے پکارنے کی آواز. [س].

لَلْکارْنا (فت ل، سک ل، ر) ف م.
ا. نعرہ مارنا، آواز لگانا. ۲. کڑک کر بولنا، سخت یا رعب دار آواز سے پکارنا، ڈپٹنا. ۳. مقابلے کے لیے حریف کو بلند آواز سے طلب کرنا.

لَلّو (فت ل، شد ل، و مع) اند.
احمق، بدھو، گنوار، للا.

للو پنجو صف. معمولی، حقیر.

لَلّو (فت ل، شد ل، و ع) است.
ا. (حقارۃً) جیب، زبان. ۲. بولی، بول چال. ۳. چٹور پن، زبان کا مزہ، چاٹ. [س].

للو پتو است. خوشامد درآمد، چکنی چپڑی باتیں، چاپلوسی.

لِلّٰہ (کس ل، شد ل بہ) م ف.
ا. خدا کے واسطے، خدا کے لیے، خدارا. ۲. خدا کی راہ میں، رضائے الٰہی کے لیے، خدا کے نام پر. ۳. خدا واسطے کا، للّٰہی، بلاوجہ. [ع].

لله الحمد کلمۂ ثنائیہ. سب تعریف خدا کے لیے ہے، خدا کا شکر ہے.

لِلّٰہی (کس ل، شد ل، بہ) صف؛ م ف.
ا. خدا کے نام پر، نام خدا؛ (کنایۃً) مفت. ۲. قسم کھا کر، قسمیہ ۳. خدا واسطے کا، بلاوجہ.

لِلّٰہِیَّت (کس ل، شد ل بہ، کس ہ، شد ی بفت) است.
رضائے الٰہی میں محو ہو جانا، رضائے خداوندی میں ڈوبنا، خدا کی ذات میں فنا ہونے کی حالت یا کیفیت.

لِلْیانا (فت نیز کس ل، کس ل) ف م.
ا. منت سماجت کرنا، چاپلوسی کرنا. ۲. خواہش کرنا، للچانا، حرص کرنا.

لَم (۱) (فت ل) صف.
لمبا کا مخفف، طویل، دراز، تراکیب میں مستعمل. [س].

لم بوترا صف. بیچ میں سے گول اور موٹا اور دونوں سروں پر سے سکڑا ہوا، بیضوی یا ایسا لانبا جو بدنما ہو.

لَم (۲) (فت ل) حرف نفی.
نہیں، نہ.

لم یزل صف. غیر فانی، ہمیشہ رہنے والا، لازوال.

لَمْبا (فت ل، سک م) صف.
ا. دراز، طویل. ۲. بلند، اونچا. ۳. دراز قد، طویل القامت. ۴. بہت کثیر، زیادہ. [س].

لمبا تڑنگا صف مذ. موٹا تازہ اور دراز قد، لمبے قد کا اور موٹا تازہ.

لمبا چوڑا صف مذ. ا. دراز اور وسیع، بہت کشادہ، طویل و عریض ۲. طول طویل. ۳. کثیر، زیادہ.

لمبا کرنا محاورہ. ا. طول یا درازی میں بڑھانا، دراز کرنا، کھینچ کر طویل کرنا ۲. روانہ کرنا، چلتا کرنا، رخصت کرنا.

لمبا ہاتھ مارنا محاورہ. بڑا فائدہ اٹھانا، زیادہ رقم ہاتھ آنا (دھوکا دھڑی سے)

لمبا ہونا ف مر؛ محاورہ. ا. دراز ہونا، طویل ہونا. ۲. چل دینا، رفو چکر ہونا ہوا کھانا، ٹہل جانا.

لَمْبان (فت ل، سک م) است.
درازی، لمبائی، طول.

لَمبائی (فت ل، سک م) امث.
۱. درازی، طوالت، لمبان ۲. بلندی، اونچائی، ارتفاع.
لمبائی چوڑائی امث. لمبان چوڑان؛ طول وعرض.
لَمبُو (فت ل، سک م، و مع) صف مذ.
لمبا، دراز قامت.
لَمبُوترا (فت ل، سک م، و مع، فت نیز سک ت) صف.
۱. جس کی چوڑائی کم اور لمبائی زیادہ ہو، بیچ میں سے چوڑا اور ایک طرف یا دونوں طرف سے لمبا ۲. اسطوانہ نما، اسطوانی، بیلن کی شکل کا نیز بیضوی.
لَمبُوتری (فت ل، سک م، و مع، فت نیز سک ت) صف مث.
۱. لمبی، جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو ۲. بیضوی.
لَمبی (فت ل، سک م) صف مث.
دراز، طویل.
لمبی تان کر سونا محاورہ. اطمینان سے سونا، بے فکر ہو کر سونا، گہری نیند سونا.
لمبی تاننا محاورہ. غافل ہو کر دیر تک سونا، بے فکری سے سونا.
لمبی تڑنگی صف مث. دراز قد، ڈیل ڈول والی.
لمبی چوڑی صف مث. طول طویل، بہت لمبی.
لمبی چوڑی ہانکنا محاورہ. شیخی بگھارنا، ڈینگیں مارنا؛ طویل داستان سنانا، قصہ باندھنا.
لَمبے (فت ل، سک م) صف مذ؛ ج.
لمبا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.
لمبے بنو (ہو) فقرہ. چل دو، چلتے پھرتے نظر آؤ.
لمبے لمبے سانس لینا محاورہ. گہرے گہرے سانس لینا.
لمبے ہونا محاورہ. رفو چکر ہونا، بھاگ جانا، چل دینا.
لَمپ (فت مج ل، سک م) امذ؛ - لیمپ.
۱. برقی چراغ جو نشست یا سہارے کے ساتھ ہوتا ہے ۲. ایک قسم کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی یا ہانڈی ہوتی ہے، اور جو تیل اور بتی سے روشن ہوتی ہے ۳. چراغ جو تجربہ گاہوں میں استعمال ہوتا ہے. [انگ].

لَمحات (فت ل، سک م) امذ؛ ج.
لمحہ کی جمع، لمحے.
لَمحَہ (فت ل، سک م، فت ح) امذ.
پلک جھپکانے کا وقفہ، ایک پل، دقیقہ؛ (مجازاً) بہت تھوڑا سا وقت. [ع].
لمحہ بہ لمحہ م ف. آہستہ آہستہ، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ.
لمحہ فکریہ امذ. پریشان ہونے کی گھڑی نیز سوچنے کا وقت، غور و فکر کا مقام.
لمحہ لمحہ م ف. پل پل، ہر لمحہ، ہر وقت، ہمیشہ.
لَمڈُور (فت ل، سک م، و مج) امث.
۱. وہ لمبی ڈوری جس سے مچھلی پکڑتے ہیں، ڈگن ۲. دیکھیے: لمڈورا جو زیادہ مستعمل ہے.
لَمڈُورا (فت ل، سک م، و مج) امذ.
لمبی ڈور جو پتنگوں کے بڑھانے میں چھوٹتی ہے.
لَمس (فت ل، سک م) امذ.
۱. کسی چیز کو ہاتھ وغیرہ سے چھونے کا عمل یا کیفیت ۲. کسی چیز کو چھو کر محسوس کرنے کی قوت، وہ قوت جس سے نرمی، سختی اور سردی، گرمی وغیرہ کو محسوس کیا جاتا ہے، قوت لامسہ. [ع].
لَمع (فت ل، سک م) امذ.
روشنی کا لپکا، نور، چمک، چمکنا. [ع].
لَمعَہ (فت ل، سک م، فت ع) امذ؛ امث.
۱. چمکارا، چمک، کوند ۲. کرن، شعاع، چھوٹ ۳. خیرہ کن روشنی، تب وتاب (سورج کی). [ع].
لَن (فت ل) حرف.
عربی کا حرف نفی جو صرف مضارع میں استعمال ہوتا ہے، ہرگز نہیں، عربی میں کلمہ نفی، نہ، مت، ہرگز نہیں. [ع].
لَن تَرانی (فت ل، سک ن، فت ت) فقرہ؛ امث.
۱. (عربی فقرہ اردو میں بطور اسم مستعمل) تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا،

ایک قرآنی تلمیح جس کے مطابق جب حضرت موسیٰ نے دیدار الٰہی کے لیے عرض کیا تو اس کے جواب میں ارشاد الٰہی ہوا ، (مجازاً) خود ستائی ، تعلّی ، ڈینگ .۲. وہ بات جو کسی تعریف میں بہت بڑھا چڑھا کر کہی گئی ہو ، مبالغہ آمیز کتھا کہانی .

لَن تَرانیاں (فت ل ، سک ن ، فت ت ، کس ن) امث .
لن ترانی کی جمع ، ڈینگیں ، شیخیاں .

لُنج (ضم ل ، مغنہ) (الف) صف : اند .
۱. شخص جس کے ہاتھ کی انگلیاں ٹیڑھی ہوں اور وہ پنجے سے کوئی کام نہ کر سکے ، اپاہج .۲. لنگڑا ، لولا ، پیروں سے معذور . (ب) امث . ہاتھ پانو کی معذوری یا ہاتھ یا انگلیوں کا ٹیڑھا پن . [س] .

لُنجا (ضم ل ، سک ن) صف مذ .
۱. پانو سے معذور .۲. شخص جس کے ہاتھ کی انگلیاں ٹیڑھی ہوں اور وہ پنجے سے کوئی کام نہ کر سکے ، اپاہج . [س] .

لَنچ (فت ل ، سک ن) اند .
دوپہر کا کھانا یا دوپہر کے کھانے کی دعوت ، ظہرانہ . [انگ] .

لَنڈ (فت ل ، سک ن) اند .
(فحش ، بازاری) مرد کا عضوِ تناسل ، ذکر (بطور دشنام) . [س] .
لنڈ پر مارنا محاورہ . (فحش) بے وقعت سمجھنا ، غیر اہم گردانا ، کچھ اہمیت نہ دینا .

لُنڈ (ضم ل ، سک ن) (الف) صف .
کٹا ہوا (جسم) ، بے سر کا (دھڑ) ؛ کٹا ہو ؛ بے پتوں اور بے ٹہنیوں کا سوکھا ہوا ، ٹھنٹ (درخت ، ٹہنی وغیرہ) . (ب) اند . سر کٹا ہوا دھڑ .
لنڈ منڈ صف مذ . ۱. جس کا سر ، داڑھی اور مونچھیں منڈی ہوئی ہوں ، صفا چٹ .۲. بے پتوں اور شاخوں کا درخت نیز بے پتوں کی شاخ ، ٹھنٹ (درخت وغیرہ) .۳. (مجازاً) قلاش ، بے سر و سامان ، تنگ دست .
۴. بے پر و بال (پرند) ، جس کے پر جھڑ گئے ہوں یا اکھاڑ لیے گئے ہوں .

لُنڈا (۱) (ضم ل ، سک ن) صف .
۱. (i) کٹا ہوا (سر یا دھڑ وغیرہ) . (ii) دم کٹا (جانور) .۲. جس کے بال یا پر نہ ہوں ، بے بال و پر .۳. جس میں پتے یا شاخیں نہ ہوں .
لنڈا منڈا صف . ۱. جس پر پتے نہ ہوں .۲. قلاش نیز تباہ و برباد ، بے سروسامان .

لُنڈا (۲) (ضم ل ، سک ن) اند .
پرانے ، سستے اور عموماً گرم کپڑوں کا بازار .

لَنڈورا (فت ل ، مغ ، و مع نیز مج) صف مذ .
۱. بے دم کا (پرندہ) .۲. (مجازاً) جس کی شادی نہ ہوئی ہو ، مجرد .۳. تنہا ، اکیلا ، بے یار و مددگار .۴. جس کے سر یا مونچھ وغیرہ کے بال نہ ہوں ، صفا چٹ ؛ گنجا . [س] .

لُنڈھانا (ضم ل ، مغ) ف مر .
۱. (i) کسی سیال شے کو برتن میں سے گرانا ، ضائع کرنا ، اسراف سے کام لینا . (ii) خم کے خم خالی کرنا یا پی جانا ؛ ضرورت سے زیادہ شراب استعمال کرنا .

لِنک (کس ل ، مغنہ) اند .
۱. دو چیزوں کو جوڑنے یا وابستہ کرنے والا ، آنکڑا ، دو چیزوں آدمیوں میں تعلق قائم کرنے والا .۲. رابطہ ، تعلق . [انگ] .

لَنکا (فت ل ، سک ن) امث .
۱. سری لنکا ، سراندیپ ، ایک ملک کا نام جس میں رام اور راون کی لڑائی ہوئی تھی نیز ایک قلعے کا نام جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ سونے کا تھا .۲. دیووں اور پریوں کے ایک فرضی مقام کا نام [س] .
لنکا ڈھانا محاورہ . آفت برپا کرنا ، قیامت ڈھانا ، برباد کرنا ، تباہ کرنا .
لنکا میں جو ہے باون گز کا / میں چھوٹے سے چھوٹا وہ بھی باون گز کا کہاوت . ایسے مقام کے لیے مستعمل جہاں سب کے سب بلا کے فتنہ پرداز اور مغرور ہوں .

لَنگ (۱) (فت ل ، مغنہ) (الف) صف .
جس کا پانو ٹوٹا ہوا ہو یا اس میں کوئی نقص ہو ، لنگڑا ، لولا . (ب) اند . پانو کا نقص ، لنگڑاپن ، (مجازاً) کوئی خرابی یا نقص . [ف] .

لَنگر (فت ل ، مغنہ ، فت گ) (الف) اند .
۱. لوہے کا ایک نوک دار وزن جو بحری جہاز میں رسے یا زنجیر سے

باندھ کر رکھا جاتا ہے اور جہاں جہاز ٹھہراتا ہو وہاں اسے سمندر میں گرا دیتے ہیں نیز وہ وزنی پتھر جسے چھوٹی کشتیوں کو کھڑا کرنے کے لیے رسے سے باندھ کر سمندر میں لٹکا دیتے ہیں. ۲. جہاز یا قافلے کا ٹھہرنا، ٹھہراؤ، قیام. (ii) وزنی زنجیر (عموماً مجرموں کے پانو کی). ۳. ڈور میں بندھا ہوا پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے آپس میں لڑاتے ہیں. ۴. (سلائی) کوک، شلنگا، کپڑے کی کئی موڑنے کو لگائے ہوئے لمبے ٹانکے. ۵. کھانا جو غریبوں اور فقیروں کو کھلایا جائے، اللہ واسطے کھانا کھلانا. ۶. مقام جہاں سے روزانہ کھانا تقسیم کیا جاتا ہو، فقیروں، غریبوں، محتاجوں، ضرورت مندوں اور مسکینوں کے لیے روزانہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ. [ف].

لنگر اُٹھانا محاورہ. جہاز یا کشتی کے لنگر کو پانی سے نکالنا، کشتی یا جہاز کا رسا کھول کر اسے آگے چلانا، کشتی کا روانہ ہونا.

لنگر انداز صف. ٹھہرا ہوا (خصوصاً دریا یا سمندر میں).

لنگر انداز ہونا محاورہ. لنگر انداز کرنا کا لازم، ٹھہرنا (بحری جہاز کا)؛ رُکنا، اُترنا (مسافروں کا).

لنگر خانہ اند. جگہ جہاں روزانہ محتاجوں، فقیروں، مسافروں اور مسکینوں کے لیے کھانا تقسیم ہو، خیرات خانہ.

لنگر ڈال دینا/ ڈالنا محاورہ. ۱. بحری جہاز کے لنگر کو پانی میں گرانا تاکہ جہاز یا کشتی کو ٹھہرایا جاسکے، کشتی کو لنگر انداز کرنا. ۲. بحری جہاز کا ٹھہر جانا، لنگر انداز ہونا، رُکنا. ۳. بھاری ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ڈالنا، کسی کے ہاتھ پیروں میں یا گھوڑے وغیرہ کے پانو میں کوئی وزنی چیز باندھنا تاکہ وہ بھاگ نہ سکے. ۴. (سلائی) دور دور بخیہ کرنا، فاصلے سے سینا.

لَنگڑ (فت ل، غنہ، شد گ بفت) اند.
لنگڑا.

لنگڑ دین صف. (تحقیراً و مزاحاً) وہ شخص جو ایک ٹانگ سے معذور ہو، جو لنگڑا کر چلتا ہو، لنگڑا، جس کی ٹانگ میں لنگ ہو.

لَنگڑا (فت ل، غنہ، سک گ) اند؛ صف.
۱. ایک پانو یا ٹانگ سے معذور، جس کا ایک پانو بے کار ہو یا سوکھ گیا ہو؛ (کنایۃً) کمزور، بودا. [س].

لنگڑا لولا صف. ہاتھ اور پانو دونوں اعتبار سے ناقص؛ مراد: نامکمل، کمزور.

لَنگڑانا (فت ل، غنہ، سک گ) ف ل.
پانو کا برابر نہ پڑنا، لنگ کرنا، لنگ کرتے ہوئے چلنا. [س].

لَنگڑی (فت ل، غنہ، سک گ) مث.
لنگڑا کی تانیث، ایک ٹانگ سے معذور.

لنگڑی چال مث. آہستہ آہستہ چلنا، رُک رُک کر چلنا، سست روی.

لنگڑی مارنا ف مر؛ محاورہ. ٹانگ اڑا کر گرا دینا.

لَنگڑے (فت ل، غنہ، سک گ) اند؛ ج.
لنگڑا کی جمع اور مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل).

لَنگوٹ (فت ل، مغ، و ج) اند؛ ← لنگوٹا/ لنگوٹہ.
۱. (i) کم عرض کپڑے کی پٹی جو پہلوان، سادھو یا فقیر لوگ، اپنی شرم گاہ کو چھپانے کے لیے باندھتے ہیں، کاچھا، ایسا لباس جو نہ صرف شرم گاہ کو چھپاتا ہو بلکہ کولھوں کو بھی ڈھک لیتا ہے. (ii) ایک لمبا تکون کپڑا جو چھوٹے بچے کی شرم گاہ کو چھپانے کے لیے استعمال کرتے ہیں، پوتڑا، کلوٹ.

لنگوٹ باندھنا محاورہ. ۱. کاچھا کسنا. ۲. کشتی لڑنے کو مستعد ہونا. ۳. ہمت کرنا، حوصلہ مندی سے کام لینا.

لنگوٹ کا پکا اند؛ صف. ۱. بدکرداری سے بچا رہنے والا، حرام کاری سے دور رہنے والا، کردار کا پختہ. ۲. (مجازاً) محتاط، فرائض کی ادائی میں پختہ، ذمہ دار، دیانت دار.

لنگوٹ کسنا ف مر؛ محاورہ. لنگوٹ باندھنا، مقابلے کے لیے تیار ہونا، کشتی کے لیے آمادہ ہونا.

لَنگوٹا / لَنگوٹہ (فت ل، مغ، و ج/ فت ٹ) اند.
دیکھیے: لنگوٹ.

لَنگوٹی (فت ل، مغ، و ج) مث.
لنگوٹا کی تصغیر، لنگوٹ کے مقابلے میں چھوٹی پٹی جو صرف شرم گاہ کو ڈھکتی ہے.

لنگوٹیا/ لنگوٹیہ (فت ل، مغ، وج، کس ٹ/ فت ی) اند.
۱. لنگوٹ بند، لنگوٹ باندھے رہنے والا ۲. گہرا یار، بچپن کا دوست.
لنگوٹیا یار اند. لڑکپن کا دوست، بچپن سے ساتھ کھیلا ہوا، ہم جولی، بے تکلف دوست.

لنگور (فت ل، مغ، وج) اند.
ایک نوع کا بندر جس کا منھ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے، یہ عام بندر سے زیادہ طاقت ور ہوتا ہے. [س].

لنگی (ضم ل، مغ) امث.
کپڑا جو کمر سے لے کر گھٹنوں یا پنڈلیوں تک باندھتے ہیں، تہ بند. [س].

لَو (۱) (ولین) امث.
آگ کا چھوٹا شعلہ، لپٹ، جوت، روشنی، دمک ۲. چراغ یا شمع کا شعلہ، زبانِ شمع. [س].
لو دینا محاورہ. ۱. شعلہ پیدا کرنا، بھڑکنا ۲. بے حد چمک دکھانا، چھوٹ یا لپک دینا (عموماً جواہرات وغیرہ کے لیے استعمال کرتے ہیں).

لَو (۲) (ولین) امث.
۱. دھیان، خیال، دُھن، اشتیاق، آرزو، لگن ۲. یک سوئی؛ دل کا لگاؤ یا میلان. [پ].
لو لگانا محاورہ. ۱. خیال باندھنا، تصور قائم کرنا؛ مراقبہ کرنا ۲. محبت کرنا، عشق کرنا، دل لگانا ۳. دل چسپی لینا، بھرپور توجہ دینا، راغب ہونا.

لَو (۳) (ولین) امث.
۱. کان کے نچلے حصے کی نوک جس میں صرف گوشت ہوتا ہے (اور جس میں سوراخ کر کے بُندے وغیرہ پہنے جاتے ہیں)، کپیا، بنا گوش. ۲. (مجازاً) زبان کی نوک. [مقامی].

لُو (وج) امث.
گرم ہوا جو گرمی کے موسم میں چلتی ہے، بادِ سموم. [س].
لو لگنا محاورہ. لو کا اثر ہونا، گرم ہوا کا اثر پڑنا، لو سے متاثر ہونا.

لو (وج) امث.
۱. پکڑو، سنبھالو ۲. خطاب یا ندا کے لیے، سنو، دیکھو، اِدھر توجہ کرو. ۳. کسی شخص سے گواہی یا تصدیق چاہنے کے لیے، کسی سے کسی مسئلے بات میں تصدیق چاہنا ۴. تعجب یا حیرت کے اظہار کے لیے ۵. خیریت معلوم کرنے کے لیے؛ استفسار کے لیے ۶. جتانے، آگاہ کرنے ہوشیار کرنے کے لیے ۷. کلام کو خوب صورت بنانے کے لیے نیز تکیہ کلام کے طور پر، تماشا دیکھو ۸. کسی بات کے غیر اہم ہونے کو ظاہر کرنے کے لیے.
لو اور سُنو فقرہ. حیرت انگیز بات سنانے کے موقع پر کہتے ہیں عجیب بات ہے.
لو جی فقرہ. ۱. جتانے یا آگاہ کرنے کے لیے ۲. تعجب اور حیرت ظاہر کرنے کے لیے.

لِوا (کس ل) اند.
فوج کا نشان، عَلَم، جھنڈا. [ع].

لَواحِق (فت ل، کس ح) اند؛ ج.
۱. متعلقین، رشتہ دار، ملنے جلنے والے، عزیز و اقربا وغیرہ ۲. نوکر چاکر، متوسلین ۳. (قواعد) حروف یا الفاظ جو دوسرے الفاظ کے آخر میں آ کر ایک نئے معنی پیدا کر دیتے ہیں، لاحقہ ۴. کسی کے ساتھ آنے چیزیں، منسلکات. [ع].

لَواحِقین (فت ل، کس ح، ی مع) اند؛ ج.
عیال و اطفال، متعلقین، لواحق کی جمع الجمع.

لَوازِم (فت ل، کس ز) اند؛ ج.
۱. ضروری چیزیں، ضروری مال و اسباب، ضروری سامان ۲. امور میں دوسرے امور کے ساتھ لزوم پایا جاتا ہو، چیزیں جو دوسری چیز کے لیے ناگزیر ہوں، ضروری امور. [ع].

لَوازِمات (فت ل، کس ز) اند؛ ج.
ضروری سامان، لازمی اسباب، ضروری اشیاء؛ لوازم کی جمع.

لَوازِمَہ (فت ل، کس ز، فت م) اند.
ضروری چیزیں، سامان، اسباب.

لِواطَت/ لِواطَہ (کس ل، فت ط) امث.
امرد بازی، اغلام، لونڈے بازی. [ع].

لَوّامَہ (فت ل، شد و، فت م) صف.
۱. بہت ملامت کرنے والا؛ مراد: وہ نفس جو انسان کو برے کام کرنے پر ملامت کرتا ہے. [ع].

لِوانا (کس ل) ف م.
۱. خریداری کے لیے ہموار کرنا؛ کوئی چیز اپنے ساتھ لے جانے کی ترغیب دینا، لے جانے کے لیے راضی کرنا. ۲. اٹھوانا (جیسے: مزدور پر لوا لاؤ).

لوبان (وج) اند.
ایک درخت کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوش بو دیتا ہے. اف: جلانا/ سلگانا. [ع].

لوبیا/ لوبِیَہ (وج، کس ب/ فت ی) اند.
ماش کی قسم سے ایک غلہ جس کا رنگ سفید اور گلابی ہوتا ہے، اس کی کچی پھلیاں گوشت میں پکاتے اور دانوں کو گھنگنیاں کر کے کھاتے ہیں، اس کی دال بھی استعمال ہوتی ہے. [ف].

لوتھ (وج) مث.
۱. مردہ جسم، لاش، نعش. ۲. لوتھڑا، جثہ. [س].

لوتھڑا (وج، سک تھ) اند.
۱. گوشت کا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو، گوشت کا پارچہ. ۲. بلغم یا منجمد خون وغیرہ کا ٹکڑا. [س].

لَوٹ (ولین) مث.
بازگشت، واپسی پلٹنا، (عموماً تراکیب میں مستعمل).

لوٹ آنا ف مر. واپس آنا، پلٹ آنا.

لوٹ پوٹ مث. ۱. (طباعت) دو رخی چھپائی، کسی ورق کو دونوں طرف چھاپنا. ۲. لڑھکتا ہوا، لوٹنیاں کھاتا ہوا.

لُوٹ (ومع) مث.
۱. کسی سے لڑ بھڑ کر یا چھین جھپٹ کر لیا ہوا مال یا سامان، مال غنیمت. ۲. زبردستی یا ظلم سے کسی کا مال لینا، چھین جھپٹ، غارت گری، تاراجی. [س].

لوٹ پڑنا محاورہ. چھینا جھپٹی ہونا، جو جس کے ہاتھ لگے لے بھاگنا؛ بربادی ہونا.

لوٹ کا مال اند. چوری کا مال، زبردستی لیا ہوا مال. ۲. مال غنیمت؛ (مجازاً) مفت کا مال، نہایت سستا مال.

لوٹ کھسوٹ مث. غارت گری، رہ زنی، ڈاکا زنی.

لوٹ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. مال و اسباب چھین لینا، مال و متاع زبردستی لے لینا، تاراج کر دینا. ۲. (مجازاً) فریفتہ کر لینا، موہ لینا، عاشق کر لینا.

لوٹ مار مث. قتل و غارت، مار کاٹ.

لوٹ مچانا محاورہ. چھینا جھپٹی کرنا، غارت گری کرنا.

لوٹ (وج) (الف) مث.
۱. اِدھر اُدھر لڑھکنا، لڑھکنی. ۲. ریلا، پانی کا ریلا، پانی کی رو. (ب) صف. کسی چیز کی خواہش میں نہایت بے قرار، فریفتہ، راغب، مائل، عاشق. [س].

لوٹ پوٹ صف. ۱. لوٹنیاں کھاتا ہوا، تڑپتا ہوا، مچلتا ہوا (بے قراری و بے تابی کے ساتھ). ۲. فریفتہ، عاشق. ۳. مضطرب، بے قرار، بے قابو (رنج و غم سے یا ہنسی سے). ۴. اتھل پتھل، الٹ پلٹ، درہم برہم.

لوٹ پوٹ ہو جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. تڑپ جانا، پھڑک جانا، بے تاب ہو جانا؛ فریفتہ ہو جانا. ۲. ہنسی وغیرہ سے دہرا یا بے قرار ہونا، بے قابو ہو جانا. ۳. الٹ پلٹ ہونا، درہم برہم ہونا، اتھل پتھل ہو جانا.

لوٹ پیٹ کر م ف. مشکلوں کے بعد، جیسے تیسے، جوں توں کر کے، زور مار کر.

لوٹ جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. لڑھک جانا، لڑھکنیاں کھانا، تڑپ جانا. ۲. (بچے کا) ضد کرنا، مچل جانا. ۳. فریفتہ ہو جانا، عاشق ہو جانا. ۴. (ہنستے ہنستے) بے حال ہو جانا، (ہنسی وغیرہ سے) بے قابو ہو جانا.

لوٹ لگانا محاورہ. ۱. لوٹنا پوٹنا، کروٹیں بدلنا، لوٹنی لگانا. ۲. کسی چیز کے لیے مچلنا، تڑپنا.

لوٹا (وج) اند.
ایک قسم کا ٹونٹی دار پانی رکھنے کا برتن جو دھات یا مٹی کا بنا ہوا ہوتا ہے، آفتابہ، نیز پیتل کا گڑوا، بڑی لٹیا.

لُوٹا لُوٹ (ومع، ومع) مث.
لوٹ کھسوٹ، غارت گری، لوٹ مار، رہ زنی.

لَوٹانا (و لین) ف م.

۱. واپس کرنا. ۲. کسی آدمی کو الٹا پھیرنا، واپس بھیجنا. ۳. واپس لے جانا. ۴. دہرانا، کوئی عمل دوبارہ کرنا. ۵. الٹ پلٹ کرنا، الٹانا، پلٹانا، اوپر تلے کرنا، موڑنا.

لوٹَن (و مع، فت ٹ) (الف) صف.

لوٹنے والا، تڑپنے والا، پھڑکنے والا، قلا بازیاں کھانے والا، پچھاڑیں کھانے والا. (ب) امذ. ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دیں تو وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے، قلا بازیاں کھانے والا کبوتر.

لَوٹنا (و لین، سک ٹ) (الف) ف ل.

واپس ہونا، پھرنا، بازگشت کرنا، مراجعت کرنا. (ب) ف م. الٹنا، پلٹنا، رخ بدلنا (کپڑے وغیرہ کا).

لُوٹنا (و مع، سک ٹ) ف م.

۱. غارت گری کرنا، مال و متاع وغیرہ زبردستی چھیننا، تاراج کرنا. ۲. تباہ کرنا، برباد کرنا؛ اجاڑنا، ویران کرنا. ۳. عاشق بنانا، فریفتہ کرنا. ۴. حاصل کرنا؛ (مزے) اڑانا، حظ اٹھانا. ۵. مہنگا بیچنا، زیادہ قیمت لینا، ٹھگنا. ۶. مال مارنا، غبن کرنا، دھوکے یا ناجائز طریقے سے روپیہ لینا.

لوٹنا کھسوٹنا ف مر؛ محاورہ. بری طرح غارت گری مچانا، بے تحاشا لوٹنا.

لوٹنا (و مع، سک ٹ) ف ل.

۱. کروٹیں بدلنا، لڑھکنا، لڑھکنیاں کھانا، خاک یا مٹی میں کروٹیں لینا یا لیٹنا. ۲. پچھاڑیں کھانا، مچلنا، ضد یا ہٹ کرنا. ۳. صدمے، درد یا اذیت سے تڑپنا، پھڑکنا، بے قرار ہونا، مضطرب ہونا، تلملانا. ۴. عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، شیدا ہونا، دل دے بیٹھنا. ۵. پیروں میں بچھ جانا؛ (مجازاً) گرنا پڑنا. ۶. وجد میں آنا، حال آنا.

لوٹنیاں (و مع، سک ٹ، کس ن) امث؛ ج.

تراکیب میں مستعمل.

لوٹنیاں کھانا محاورہ. قلا بازیاں کھانا، تڑپنا، بے قرار ہونا، کروٹیں لینا، پھڑکنا، پچھاڑیں کھانا.

لوٹنی لگانا محاورہ.

۱. لوٹنیاں کھانا، زمین پر کروٹیں بدلنا، تڑپنا، لڑھکنا. ۲. چکر لگانا، گھومنا پھرنا.

لَوٹھا (و لین) صف. (الف) صف مذ.

جوان، مسٹنڈا، ہٹا کٹا، موٹا تازہ. (ب) صف مث. موٹی تازی، صحت مند، خوب تن درست؛ مراد: گداز بدن کی جواں لڑکی. [س].

لَوث (و لین) امذ.

۱. ملاوٹ، آمیزش. ۲. (مجازاً) داغ، دھبا؛ آلودگی، گندگی. ۳. میل کچیل. [ع].

لوچ (و مع) (الف) امذ.

۱. چیپ، لیس، چپچپاہٹ. ۲. گندھے ہوئے آٹے کا لیس یا چپکاؤ عمدہ قسم کے گیہوں کے آٹے میں زیادہ ہوتا ہے. ۳. نرمی، ملائمت گداز پن، نزاکت. ۴. لچک. ۵. حسن و خوبی کی کشش. [س].

لوچ دار صف. ۱. لیس دار، چپچپا. ۲. نرم، ملائم، جس میں گداز پایا جاتا نیز نازک.

لوچ دار آواز صف مث. گٹکری دار، مترنم آواز.

لوچَن (و مع، فت چ) (الف) امث.

آنکھ، دیدہ، چشم. (ب) صف. (مجازاً) روشن، منور. [س].

لَوح (و لین) امث.

۱. لکھنے کی تختی لکڑی کی ہو یا پتھر کی، پٹی. ۲. پتھر کی وہ سل یا تختی جو قبر کے سرہانے نصب کی جاتی ہے اور اس پر مرنے والے کی تاریخ وفات وغیرہ لکھی جاتی ہے، لوح مزار. ۳. (i) کتاب کا پہلا صفحہ، سرورق (ii) سرنامہ، عنوان. ۴. تختی جس پر کسی عمل یا جادو وغیرہ کے نقش کھینچے گئے ہوں نیز لوح طلسم. [ع].

لوح محفوظ امث. ۱. عرش الٰہی پر وہ تختی جس پر خداوند عالم نے ازل سے ابد تک رونما ہونے والے تمام واقعات و حادثات درج فرما دیے ہیں نیز علم الٰہی.

لوڈ (و مع) امذ.

بوجھ، بار، وزن. [انگ].

لوڈ کرنا محاورہ. ۱. لادنا، بھرنا. ۲. (بندوق) بھرنا، (کارتوس) بھرنا

لوڈَر (و مع، فت ڈ) صف مذ.

سامان اٹھانے والا، لادنے والا. [انگ].

لُوڈو (و مع ، وج) اند.
گھریلو کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے اس میں سولہ نردیں ہوتی اور چوپڑ کے ہر فرد میں اٹھارہ اٹھارہ خانے ، اس کھیل میں پانسا ہوتا ہے جس کے ہر رخ پر عددی نشانات بنے ہوتے ہیں جو ایک سے شروع ہو کر چھ پر ختم ہوتے ہیں . [انگ] .

لوری (وج) مث .
سریلے بول جو بچے کو سلانے کے لیے گیت کے طور پر ماں دھیمے سروں میں گاتی ہے . [س] .

لوری دینا محاورہ. بچے کو سلانے کے لیے گیت یا گیت جیسی کوئی چیز یا کہانی وغیرہ سنانا ، نیند کی کیفیت پیدا کرنا .

لَوڑا (ولین) اند.
(فحش : بازاری) مردانہ آلہ تناسل ، ذکر . [س] .

لَوز (ولین) مث.
۱. بادام .۲. ایک قسم کا حلوا جسے بادام اور پستے سے تیار کرتے ہیں .
۳. حلوے یا مٹھائی کا چوکور ٹکڑا جس کی لمبائی زیادہ ہو اور نوکیں نکلی ہوں ، لوزات یا شکر پاروں کی شکل . [ع] .

لَوزِیات (ولین ، کس ز) اند ؛ ج.
حلوے کی ایک قسم خصوصاً بادام کا حلوا .

لُوسَن (و مع ، فت س) مث.
ایک گھاس جو گھوڑوں اور مویشیوں اور بھیڑوں کا ایک اعلیٰ قسم کا چارہ ہے . [انگ] .

لوشَن (وج ، فت ش) مث.
زخم دھونے کی دوا ، جلدی امراض دور کرنے یا رنگ صاف کرنے کا عرق وغیرہ . [انگ] .

لُوط (و مع) اند
ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم کے خاندان سے تھے ، ان کی قوم میں لواطت عام تھی ، وہ لوگ حضرت لوط کے بار بار منع کرنے پر بھی اس سے باز نہ آئے اور ان پر خدا کا عذاب نازل ہوا اور ان کا شہر سدوم اُلٹ گیا . [علم] .

لُوطی (و مع) صف.
حضرت لوط کی قوم کا فرد ؛ (مجازاً) اغلام باز ، لونڈے باز .

لوفَر (وج ، فت ف) صف مذ.
۱. شوقین مزاج ، کھلنڈرا ، اوباش ، آوارہ گرد ، بدمعاش .۲. موکیشن (بے تسمے کے) جوتے کی طرح کا بے ایڑھی کا جوتا . [انگ] .

لوک (۱) (وج) اند.
۱. (ہندو) دنیا ، جہان ، عالم ؛ طبقہ .۲. لوگ ، عوام ، خلقت ، اشخاص .
۳. دیوتاؤں کا مکان یا ٹھہرنے کا مقام . [س] .

لوک ادب اند. نظمیں ، افسانے ، کہانیاں ، اخلاقیاتی محاورے اور گیت وغیرہ جو سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں اور جن کا تعلق عامۃ الناس سے ہوتا ہے .

لوک گیت اند. گیت جو عوام میں مقبول چلے آ رہے ہوں ، عوامی گیت یا نغمے .

لوک ورثہ اند. کسی خاص جگہ ، علاقے یا ملک کے رہنے والوں کے آثار و باقیات (مثلاً عمارات ، رہن سہن کے طریقے ، رسم و رواج وغیرہ) ، عوامی میراث .

لُوکا (و مع) اند.
۱. آگ کا شعلہ .۲. لکڑی کا جلتا ہوا ٹکڑا .

لوکاٹ (وج) اند.
ایک کھٹ مٹھا زرد رنگ کا پھل جو زرد آلو سے مشابہ ہوتا ہے . [جاپانی] .

لَوکی (ولین) مث.
ایک سبزی ، لانبا کدّو ، گھیا . [س] .

لوکَل (وج ، فت ک) اند.
مقامی ، دیسی . [انگ] .

لوگ (وج) اند ؛ ج.
۱. بہت سے آدمی ، اشخاص ؛ افراد .۲. عزیز و اقارب ، رشتہ دار ، متعلقین .

لوگ باگ اند. عام لوگ .

لُولا (وسع) صف مذ. (مؤ: لولی).
۱. جس کے ہاتھ بے کار ہو گئے ہوں، لنجا. ۲. پیروں سے اپاہج، لنگڑا. [س].

لَولاک (ولین) ع.
" لَولاکَ لَما خَلَقتُ الْاَفلاک " یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اگر آپ نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو (بھی) پیدا نہ کرتا (یہ الفاظ حضور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی شان میں کہے گئے ہیں). [ع].

لُولُو (۱) (وسع، وسع) مذ.
موتی، گہر، مروارید. [ع].

لُولُو (۲) (وسع، وسع) (الف) مذ.
ایک فرضی ڈراؤنی چیز کا نام، ہیّا وہ ڈراؤنی صورت جو بچوں کو ڈرانے کے لیے بناتے ہیں؛ (مجازاً) بھوت پریت، ہوا. (ب) صف. بے وقوف، احمق، باؤلا، الو، خبطی.

لولو (وج، وج) مث.
بچوں کا آلۂ تناسل، بھنو، للو، لولی.

لولی (وج) مث.
ناہید، زہرہ سیارہ؛ (کنایۃً) خوب صورت، نازک؛ ناچنے والی عورت. [ف].

لَومَت (ولین، فت م) مث.
ملامت، سرزنش. [ع].

لومڑ (وج، فت م) مذ.
ایک درندہ جو بلی سے بڑا ہوتا ہے، اس کی دم گچھے دار ہوتی ہے، روباہ، ثعلب.

لومڑی (وج، سک م) مث.
ایک چھوٹے سے جانور کا نام جو بلی کے برابر ہوتا ہے (کنایۃً) عیار، مکار، گربۂ مسکین، بگلا بھگت. [س].

لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کیجئے کہاوت.
چھوٹے سے کام کے لیے بہت انتظام کرنا چاہیے، ادنیٰ کام میں بھی بڑا انتظام چاہیے.

لُون (وج نیز وسع) مذ.
نمک. [س].

لونا (وج) (الف) صف.
سلونا، نمکین؛ کھاری، شور. (ب) مذ. ۱. شور جو دیواروں یا زمین پر پیدا ہوتا ہے. ۲. زمین جس میں لون پیدا ہوتا ہے.

لُونج (وسع) صف.
معذور، لنگڑا، لنج.

لُونجی (وسع، سغ) صف.
لنجا کی تانیث.

لَوَند (فت ل، و نیز کس، سک ن) صف؛ مذ.
۱. چال باز، عیار، عشوہ گر، طناز. ۲. (i) اوباش، آوارہ؛ کاہل، ناکارہ (ii) جاہل، بے وقوف. ۳. بے شرم، بے حیا، جسے نہ خوف خدا ہو نہ لوگوں کا ڈر؛ مراد: سپاہی جو دوسروں کا مال چھین لیتا ہے. ۴. شرابیوں میں طفیلی مہمان، مفت کی پینے والا. ۵. عشوہ طراز و طناز (عورت) ۶. آزاد، بے لگام. [ف].

لَونڈا (ولین نیز وج، سغ) مذ.
کسی گیلی چیز کا ڈلا، خصوصاً مکھن، مٹی یا ریت کا ڈھیلا. [س].

لَونڈا (ولین نیز وج، سغ) (الف) مذ.
۱. لڑکا جس کی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو. ۲. بیٹا، پتر، پوت، پسر ۳. غلام، بردہ، داس. ۴. کام کاج کرنے والا لڑکا، گھر کا کام کاج کرنے والا لڑکا. ۵. مردوں کا معشوق، بدفعلی کرانے والا لڑکا آوارہ لڑکا. (ب) صف. ۱. نادان، ناتجربہ کار. ۲. چھچھورا، خام، ناپختہ شخص. [س].

لَونڈی (ولین نیز وج، سغ) مث.
۱. لڑکی؛ مراد: زر خرید لڑکی، باندی، داسی، کنیز، ملازم لڑکی. ۲. لڑکی دختر، چھوکری؛ بیٹی.

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی ، بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی کہاوت. عیب دار کا عیب جتایا جائے تو وہ برا مانتا ہے ، بے عیب کو عیب لگایا جائے تو وہ ہنس کر ٹال دیتا ہے ، شریف اور رذیل میں ظرف کا فرق ہوتا ہے .

لَونڈے (ولین نیز ج ، مغ) اند : ج.
لونڈا کی جمع نیز مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل (تراکیب میں مستعمل).
لونڈے باز اند. لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنے والا ، امرد پرست ، لوطی .
لونڈے بازی امث. اغلام ، بدفعلی ، لواطت .
لونڈے لپاڑے / لپاڑیے اند : ج. گپی لونڈے ، جھوٹ بولنے والے لڑکے ، لاپروا لڑکے .

لَونڈِیا (ولین ، مغ ، کس ڈ) امث .
۱. لڑکی ، چھوکری ، چھوٹی لڑکی (پیار یا حقارت سے) . ۲. بیٹی ، دختر .

لَونگ (ولین نیز ج ، غنہ) امث .
۱. گرم مسالے کے ایک درخت کی کلی جو بہت خوش بودار اور ذائقے میں بہت تیز ہوتی ہے اور جسے کھلنے سے پہلے توڑ کر سکھا لیا جاتا ہے ، کرن ، قرنفل . ۲. ناک یا کان کے ایک زیور کا نام جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ، ناک کی کیل . [س].
لونگ چڑا/ چڑے اند. ایک قسم کا پکوڑا ، پھلکی اور کباب جو بیسن میں نمک مرچ کی آمیزش سے سیخ پر سینکا جاتا ہے اور نمک مرچ کی پھلکی اور پھیکی پھلکیوں کے ساتھ پیاز اور چٹنی سے روکھے کھائے جاتے ہیں .

لُونی (و مع) (الف) امث .
۱. دیواروں کی اینٹوں کا شور جو تعمیر میں کھار دار مٹی یا کھاری پانی کے استعمال سے پیدا ہوتا ہے اور جھڑنے لگتا ہے ، ریہو . ۲. نمکینی ، ملاحت .
(ب) صف. کھاری ، شور زدہ .

لوہا (و ج) (الف) اند.
۱. ایک خاکستری رنگ کی دھات جو معدنی ڈھیلوں کو پگھلا کر حاصل کی جاتی ہے اس سے آلات ، اوزار اور ہتھیار بنائے جاتے ہیں ، آہن ، حدید . ۲. سکہ ، دھاک . ۳. سختی میں لوہے سے مشابہ شے . ۴. مضبوطی اور وزن میں لوہے کی طرح بھاری ، وزنی ، بھاری . [س].
لوہا ماننا محاورہ. رعب کھانا ، برتری تسلیم کرنا ، اہمیت تسلیم کرنا ، مرعوب ہونا ، کسی کے سامنے عاجز ہونا .

لوہار (و ج) اند.
لوہے کی چیزیں بنانے والا ، لوہے کا کام کرنے والا ، حداد .

لوہاری (و ج) امث .
۱. لوہار کا کام ، لوہے کی چیزیں بنانا .

لوہے (و ج) اند : ج.
لوہا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .
لوہے کو لوہا (ہی) کاٹتا ہے کہاوت. کسی کو زیر کرنے کے لیے اسی جیسا آدمی چاہیے ، طاقت ور کو طاقت ور مارتا ہے .
لوہے کے چنے چابنا/ چبانا محاورہ. بہت کٹھن کام کرنا ، مشکل کام کرنا ، سختی جھیلنا .

لوئی (۱) (و ج) امث .
۱. ایک وضع کا پتلا کمبل جو عموماً کشمیر یا سرد علاقوں میں بنا جاتا ہے ، اونی چادر . ۲. عزت کا کپڑا ؛ پگڑی ، عمامہ ، دوپٹہ وغیرہ ؛ (مجازاً) عزت ، آبرو . [س].
لوئی اتارنا ف مر ؛ محاورہ. بے حیا ہو جانا ، بے شرم بن جانا .
لوئی اترنا محاورہ. لوئی اتارنا کا لازم ، بے عزت ہونا .

لوئی (۲) (و ج) (الف) امث .
گندھے ہوئے آٹے کی ایک روٹی کے لائق گلدی جو پیڑا بنانے کو آٹے سے توڑی جائے ، گندھے ہوئے آٹے کا چھوٹا پیڑا . (ب) م ف .
منھ اندھیرے ، علی الصباح .

لَویں (فت ل ، ی ج ، غنہ) امث : ج.
لو کی جمع ؛ کانوں کی لویں (تراکیب میں مستعمل) .

لَہات (فت ل) اند.
گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں لٹکا ہوتا ہے ، کوا ، حلق کا کوا . [ع].

لَہاتی (فت ل) صف.
حلق سے ادا ہونے یا نکلنے والا، حرف یا آواز جس کا مخرج حلق ہو.

لَہاتیہ (فت ل، کس ت، فت ی) اند.
(تجوید) حلق سے نکلنے یا ادا ہونے والے حروف.

لُہار (ضم ل) اند (قدیم).
لوہار کا مخفف.

لَہالوٹ (فت ل، وج) صف: اند.
لہلوٹ، فریفتہ، رغبت رکھنے والا، عاشق.

لَہب (فت ل، ہ) اند.
۱. شعلہ. ۲. شعلہ بغیر دھوئیں کے؛ اڑتی ہوئی چیز (مٹی) وغیرہ. [ع].

لَہجہ (فت مج ل، سک ہ، فت ج) اند.
۱. لفظ ادا کرنے کی آواز، تلفظ، طرزِ کلام، بولنے کا انداز. ۲. بول چال، زبان؛ محاورہ. ۳. خوش گوار آواز، لے، سر. ۴. (ادب) اسلوب، اندازِ تحریر، طرزِ نگارش. [ف].
لہجہ نرم رکھنا/ کرنا محاورہ. اندازِ گفتگو میں نرمی پیدا کرنا، دھیمے پن کے ساتھ بات کرنا.

لِہٰذا (کس ل، مد ہ) م ف.
اسی واسطے، اسی لیے، اس لیے، پس، الغرض. [ع].

لَہر (فت مج ل، سک نیز فت ہ) امث.
۱. پانی کا وہ سلسلہ جو ہوا کی تحریک سے سطحِ آب پر نمودار ہوتا ہے، موج، ہلکورا. ۲. ہوا یا آواز وغیرہ کی موج. ۳. امنگ، ترنگ، من کی موج، جوش. ۴. (i) سرور، بے خودی، حال، وجد. (ii) کیفیت، حالت. ۵. خیال کی رو، وہم، دھیان تیز یاد. ۶. (i) کپکپی، تھرتھری، لرزش، اعضا کی وہ جنبش جو کتے کے کاٹنے یا سانپ کے ڈسنے سے ہوتی ہے، کسی مرض یا زہر کے اثر وغیرہ کا دور، بیماری کا ابھار. (ii) (طبیعیات) اہتزاز، ارتعاش. ۷. زیر و بم؛ آواز کا اتار چڑھاؤ. ۸. سبزے یا پودوں وغیرہ کی جنبش، کسی لچک دار چیز کا لہرانا، لہلہاہٹ.
اف: اٹھنا / آنا. [س].

لہر بہر ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. خوشی و خرسندی کا حاصل ہو جانا کام بن جانا؛ اقبال یاور ہو جانا نیز (دولت وغیرہ کی) افراط ہونا ریل پیل ہونا. ۲. چہل پہل ہونا، بھیڑ بھاڑ ہونا، رونق لگنا. ۳. خوب بارش ہو جانا، کھل کر برس جانا، رحمتِ الٰہی کا نازل ہو جانا.
لہر دوڑانا محاورہ. کسی کیفیت کا نفوذ کرانا، جوش، امنگ وغیرہ پیدا کرنا
لہر دوڑنا محاورہ. کسی کیفیت کا نفوذ کر جانا، رو آنا.
لہر میں ہونا محاورہ. خوش گوار کیفیت میں ہونا، سرشاری کے عالم میں ہونا

لَہرانا (فت مج ل، سک ہ) (الف) ف ل.
۱. ہلکورے لینا، موج مارنا، ہلکورنا پانی کا تیز ہوا کے جھونکوں کا پے بہ پے آنا. ۲. ہلنا، جنبش کرنا، لہلہانا. ۳. ہوا کی وجہ سے کسی ہلکی چیز کا اڑنا ہلنا جلنا، پھڑپھڑانا. ۴. ترنگ میں آنا، جوش میں ہونا. ۵. خم کھانا ۶. جھومنا، رقص کرنا. ۷. چھا جانا، اُمڈنا، پھیل جانا (رنگ وغیرہ) ۸. بجنا. (ب) ف م. ۱. جھنڈے وغیرہ کو ہلانا. ۲. ترنگ میں لا سرشار کرنا. ۳. کسی امر یا کام پر مائل کرنا، راغب کرنا.

لَہراہَٹ (فت مج ل، سک ہ، فت ہ) امث.
لہرانے کی کیفیت یا عمل، جنبش؛ مراد: گیت کے بول، لے، ترنگ.

لَہراؤ (فت مج ل، سک ہ، وج) اند.
۱. موجیں مارنے یا لہرانے کی کیفیت. ۲. جھکاؤ، خمیدگی.

لَہری (فت مج ل، سک ہ) اند.
۱. لہر کی طرف منسوب، لہر کا. ۲. وہ (شخص) جو اپنی طبیعت کے کہنے چلے اور کسی اور کی پروا نہ کرے، من موجی؛ زندہ دل، خوش طبع ۳. دھاری دار، لہریا.

لَہرِیا (فت مج ل، سک ہ، کس ر) صف: ~ لہریہ.
۱. آڑی ترچھی دھاریوں کا، لہردار، دھاری دار. ۲. خنجر نما نشان متواتر بنے ہوئے ہوں، نکیلی شکلوں کا زنجیرہ، مثلثوں سے بنی بیل، بل کھاتی ہوئی لکیر. ۳. (i) (چھپ کاری) پانی کی لہر کی شکل چھاپا یا چھپائی. (ii) (لوہاری) لہر کی شکل کا بنا ہوا ٹھپا.

لہریں (فت ج ل، سک ہ، ی ج) امث ؛ ج.
لہر کی جمع ؛ مرکبات میں مستعمل.
لہریں اُٹھنا محاورہ. (دریا یا سمندر میں) تلاطم ہونا، تموج پیدا ہونا ؛ کسی جذبے یا خیال کا سلسلہ جاری ہونا.

لہریہ (فت ج ل، سک ہ، کس ر، فت ی) اند.
۱. چھوٹی لہر نیز خم، لہروں کی شکل سے مشابہہ. ۲. کوندا. ۳. کپڑوں پر لہردار ڈیزائن.

لہسن (فت ج ل، سک ہ، فت نیز ضم س) اند.
۱. سوسن کے خاندان کا ایک پودا نیز اُس کی جڑ جو باہم ملے ہوئے ہلالی جووں کا شلغمی شکل کا مجموعہ ہوتی ہے اور مسالے میں استعمال کی جاتی ہے. ۲. سُرخ یا سیاہ داغ جو گردن یا رُخسار وغیرہ پر پیدائشی طور پر ہوتا ہے، پدم. [س].

لہسنیا/ لہسنیہ (فت ج ل، سک ہ، فت س، کس ن/ فت ی) (الف) صف.
لہسنی، لہسن کا. (ب) اند. ایک قیمتی پتھر یا نگینہ جس کا عموی رنگ سُرخ ہوتا ہے یہ سفید، پیلے اور ہرے رنگ کا بھی ہوتا ہے (جس پر تین دھاریاں ہوں وہ اعلیٰ سمجھا جاتا ہے اور ڈھائی سوت کا کہلاتا ہے). [س].

لہک (فت ج ل، ہ) امث.
۱. (i) شعلہ، لپٹ، لاٹ. (ii) چمک، درخشندگی. ۲. (i) بے چینی کی کیفیت، اضطرار. (ii) وجد یا حال کی کیفیت، استغراق، کیف. ۳. ہوا سے سبزے اور شاخوں کے لہرانے کی کیفیت، لہلہاہٹ، بہار، لہکنا. ۴. مہک ؛ جھومنا ؛ جذبہ، جوش.
لہک لہک کر/ کے م ف.
امنگ اور ترنگ کے ساتھ، خوش ہو ہو کر، وجد اور کیفیت کے ساتھ جھوم جھوم کے (پڑھنا، گانا وغیرہ).

لہکانا (فت ج ل، سک ہ) ف م.
۱. اُکسانا، بھڑکانا، کسی کام پر اُبھارنا، شہ دینا. ۲. چکوانا، جھکوانا، کسی چیز کو جھومنے کی حالت میں لانا.

لہکنا (فت ج ل، فت ہ، سک ک) ف ل.
۱. چہکنا، چہچہانا، نغمہ سرا ہونا نیز خوش ہونا. ۲. لہلہانا، موج مارنا ؛ سبزے وغیرہ کا لہرانا، جھومنا.

لہلوٹ (فت ج ل، سک ہ، و ج) صف.
۱. بے قرار، بے تاب، وہ جو کسی کی چیز کو دیکھ کر بے تاب ہو جائے اور جس طرح ممکن ہو اس کو حاصل کرنا چاہے نیز فریفتہ، فدا. ۲. نادہند، لچڑ، قرضہ لے کر واپس نہ کرنے والا.

لہلہا (فت ج ل، سک ہ، کس ل). (الف) صف.
موجیں مارتا ہوا، لہراتا ہوا، ہلورے لیتا ہوا. ۲. تر و تازہ، شاداب، گہرے سبز رنگ کا. (ب) اند. سبزے وغیرہ کے لہرانے اور لہلہانے کی کیفیت.
لہلہا اُٹھنا محاورہ. ۱. خوشی سے کھل اُٹھنا، لہرانا، خوشی سے جھوم اُٹھنا. ۲. تر و تازہ ہونا، ہرا بھرا ہونا.

لہلہاتا (فت ج ل، سک ہ، فت ل) صف.
۱. لچکتا ہوا، جنبش کرتا ہوا، لہراتا ہوا. ۲. سرسبز و شاداب، ہرا بھرا، تر و تازہ. ۳. جوانی میں بھرا ہوا، نوخیز.

لہلہاتی (فت ج ل، سک ہ، فت ل) صف مث.
بل کھاتی ہوئی، لہراتی ہوئی، لچکتی ہوئی.

لہلہانا (فت ج ل، سک ہ، فت ل) ف ل.
۱. کھیت یا سبزے کا ہوا سے ہلنا، لہرانا، موج مارنا، سرسبزی و شادابی کا جوش مارنا. ۲. سرسبز و شاداب ہونا، ہرا بھرا ہونا، شگفتہ ہونا. [س].

لہلہاہٹ (فت ج ل، سک ہ، فت ل، فت ہ) امث.
۱. لہرانے کی کیفیت. ۲. شادابی، سرسبزی، سیرابی، تر و تازگی.

لہنا (فت ج ل، سک ہ) (الف) اند.
۱. بھاگ، قسمت، نصیب، بہرہ. ۲. فائدہ، حاصل، نفع. ۳. (i) ساجھا، شراکت، حصہ، قسمت کا حصہ. (ii) کسی کو دیا ہوا روپیہ وغیرہ جو وصول کرنا ہو، اُدھار دیا ہوا روپیہ پیسا. (ب) صف. سزاوار. (ج) ف م. لینا، حاصل کرنا، پانا. (د) ف ل. اچھی حالت میں ہونا ؛ سرسبز ہونا، پھلنا، پھولنا ؛ حاصل ہونا، ملنا ؛ مفید ہونا ؛ ظاہر ہونا. [س].

لَہنگا (فت ج ل، سک ہ، مغ) اند :۔ لہنگہ.
عورتوں کا ایک پاٹ کا بڑے گھیر والا پاجامہ، گھاگرا. [مقامی].

لَہُو (فت نیز ضم ل، و مع) اند.
۱. خون، سیال جو رگوں میں گردش کرتا ہے. ۲. (مجازاً) اپنا، یگانہ، ایک دادا یا باپ کی اولاد، قریبی رشتہ دار. ۳. (کنایۃً) خمیر، سرشت، فطرت.

لہو اُترنا محاورہ. ۱. خون کا اوپر سے نیچے کی طرف آ جانا. ۲. غصے سے آنکھیں لال ہونا.

لہو بولنا محاورہ. ۱. قتل کا چھپ نہ سکنا، ظاہر ہو جانا، ثابت ہو جانا. ۲. خون کا جوش مارنا، ولولہ پیدا ہونا، خون کا رگوں میں دوڑنا.

لہو پانی ایک کرنا محاورہ. ۱. کام میں سخت محنت اُٹھانا، جدوجہد کرنا. ۲. جان ہلکان کرنا، اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا، اپنی جان کو نہایت تکلیف دینا (رنج یا غصے سے)، بہت رنج اُٹھانا. ۳. نہایت طیش کھانا، بہت زیادہ غصہ کرنا، بگڑنا، خفا ہونا. ۴. نہایت غصہ دلانا، جلا کر کباب کرنا؛ ستانا، تکلیف دینا. ۵. خون اور پانی ملانا، خونابہ کرنا.

لہو پانی ہونا محاورہ. ۱. خون کا رقیق ہونا، خون کا پتلا پڑنا، رائے گاں جانا؛ برداشت کیا جانا. ۲. جان کا کھپایا جانا؛ سخت آزار کا جھیلنا. ۳. جان پر بننا، آفت آنا، مصیبت نازل ہونا.

لہو تھوکنا محاورہ. مرض سِل میں مبتلا ہو کر مرنا، سخت آزار سہنا، خون کی قے کرنا، تپ دق ہونا، سل ہونا.

لہو ٹپکنا محاورہ. ۱. خون کے قطرے گرنا. ۲. غصے سے آنکھیں سرخ ہو جانا (عموماً آنکھوں کے لیے مستعمل). ۳. جسم سے خون جھلکنا، سرخ و سفید ہونا، جسم میں افراط سے خون ہونا. ۴. کوڑھ ہونا، جلدی امراض کے سبب مواد ٹپکنا.

لہو رُلانا / رُولانا محاورہ. خون کے آنسو رُلانا، کسی کو بہت رُلانا، انتہائی صدمہ یا تکلیف پہنچانا، بہت پریشان کرنا.

لہو گرم رکھنا محاورہ. جوش برقرار رکھنا، مستعد رکھنا.

لہو لگا کر / کے شہیدوں میں داخل ہونا / ملنا / نام کرنا محاورہ. ۱. ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا، زبردستی نام وروں میں شامل ہونا. ۲. اپنے آپ کو بلاوجہ خرابی میں ڈالنا، آفت میں پڑنا، بلا سر لینا. ۳. کسی کی محبت میں مل جانا دوسرے کی وضع اختیار کرنا.

لہو لوہان / لُہان صف. خون میں لتھڑا ہوا، خونم خون، خون میں لت پت، (شخص) جس کا تمام بدن زخمی ہونے کی وجہ سے خون آلودہ ہو.

لہو میں نہانا محاورہ. بہت زخمی ہونا.

لَہْو (فت ج ل، سک ہ) اند.
۱. کھیل، کھیل کود، بازی، شغل؛ غافل کرنے کی چیز. ۲. دف، سرود وغیرہ. [ع].

لہو و لعب اند. کھیل کود، شغل جس سے تفریح ہو؛ ہنسی مذاق، عیش نشاط.

لِئی (کس ل) مث.
۱. گھلا ہوا آٹا جو آگ پر پکا کر گاڑھا اور لیس دار کیا گیا ہو اور جو کاغذ وغیرہ چپکانے کے کام میں آئے، لیپی. ۲. گاڑھا آمیزہ.

لِیے (کس ل) م ف :۔ لے.
واسطے، خاطر، سبب، برائے.

لیے پھرنا محاورہ. ۱. تذکرہ کرنا، بار بار ذکر کرنا، بار بار کہنا. ۲. ساتھ لے کر پھرنا، ہم راہ لے جانا، ہر وقت ساتھ رکھنا؛ ذہن میں الجھن رکھنا.

لیے دئے / دیے / دیئے م ف. ۱. ہچکچاہٹ یا بے دلی کے ساتھ، نہ چاہتے ہوئے بھی. ۲. لین دین.

لیے دیے / دئے / دیئے رہنا محاورہ. خود دار اور غیور ہونا، رکھ رکھاؤ کے ساتھ رہنا، اجتناب برتنا، خود داری کرنا.

لَئِیم (فت ل، ی مع) صف.
کمینہ، ناکس، فرومایہ نیز بخیل. [ع].

لَے (ی لین) مث.
۱. (i) آواز موزوں، سُر، آہنگ، لہجہ. (ii) (سازگری) راگ کے ماتروں کو مدد دینے والی آواز، ہوا کے صدمہ تموّج کی گنتی کا اصطلاحی نام، سُر کا توازن یعنی سُر کے تموّج کی متوازن آواز. (iii) (موسیقی)

تال کی دس قسموں میں سے آٹھویں قسم . ۲. شوق ، آرزو ، تمنا ، لگن ، دھن . ۳. ترنگ ، جوش و جذبہ . ۴. تسلسل ، سلسلہ ، عادت .

لے (کس مج ل) (الف) امر.
۱. پکڑ ، گرفت کر . ۲. تنبیہ و خطاب پر زور دینے کے لیے ، سُن ، متوجہ ہو ، جان ، آگاہ ہو ، سنبھال ، قابو میں کر . ۳. بس . ۴. اچھا ، خیر . ۵. دیکھ کی جگہ . ۶. اب کی جگہ . (ب) م ف . لے کر .

لے اُڑنا محاورہ . ۱. بات کو عام کر دینا ، تشہیر کرنا ؛ لے کر رفو چکر ہو جانا ، لے کر بھاگ جانا ، تیزی کے ساتھ چلانا . ۲. مدہوش یا متوالا کر دینا ، نشے میں ہوش و حواس کھو دینا ، بے خود کر دینا . ۳. (i) مزہ دوبالا کر دینا ، رونق بڑھا دینا ، زیادہ مزین کر دینا ، دل کشی میں اضافہ کر دینا . (ii) کسی کیفیت میں تیزی یا شدت پیدا کر دینا . ۴. لے جانا ، پہنچا دینا . ۵. طرز یا ڈھنگ حاصل کر لینا ، نقل اُڑا لینا نیز افشا کر دینا . ۶. چھین لینا ، غصب کر لینا .

لے بیٹھنا محاورہ . ۱. اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا ، اپنے ساتھ دوسرے کو بھی لے ڈوبنا ؛ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی گرا دینا . ۲. دبا بیٹھنا ، قبضے میں کر لینا ، اپنے بس میں کر لینا ، آستنوں میں دبا لینا . ۳. ایسی بات کا تذکرہ شروع کرنا جو بے محل ہو . ۴. کوئی کام شروع کرنا ، کوئی مشغلہ اپنانا ، کوئی شغل شروع کرنا . ۵. کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا .

لے بھاگنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. عورت کو بھگا کر لے جانا . ۲. کسی کی طرز اُڑا لینا ، بغیر سیکھے کوئی بات حاصل کر لینا ، کسی فن کو مکمل طور پر نہ سیکھنا ؛ کچھ سیکھ کر رہ جانا .

لے پالک اند . بچہ جسے لے کر پال لیا ہو ، گود لیا ہوا لڑکا یا لڑکی ، متبنیٰ .

لے جانا ف مر ؛ محاورہ . ۱. لے کر چلے جانا ، بہکا کر لے جانا ، ساتھ لے کر جانا . ۲. ٹھہرنے نہ دینا ، بیٹھنے یا رہنے نہ دینا . ۳. سلب کر لینا ، چھین لینا ، لے لینا . ۴. جیتنا ، سبقت لے جانا . ۵. ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے کر روانہ ہو جانا ، دوسرے ملک کو مال لادنا ؛ چوری کر لینا .

لے دے کر / کے م ف . ۱. بڑی کوشش سے ، خدا خدا کر کے ، آخر کار ، بالآخر . ۲. فقط ، صرف . ۳. اور تمام چیزوں کو چھوڑ کر یا تمام چیزوں میں سے . ۴. بچا کھچا ، باقی ساقی .

لے دے کرنا محاورہ . ۱. سرزنش کرنا ، لعنت ملامت کرنا ، ڈانٹنا ڈپٹنا ، مار پیٹ کرنا . ۲. خوب کوشش کرنا ، جدوجہد کرنا ، تقاضے پر تقاضا کرنا .

لے دے ہونا محاورہ . لعنت ملامت نیز اعتراض ہونا .

لے ڈالنا محاورہ . ۱. مول لے لینا ، خرید کر رکھنا . ۲. چھیں بلوا دینا ، عاجز کر دینا ، مات کر دینا ، برا حال کر دینا . ۳. آڑے ہاتھوں لینا ، خبر لے ڈالنا . ۴. شامل کر لینا .

لے ڈوبنا محاورہ . ۱. اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا یا نقصان پہنچا دینا . ۲. ڈبو دینا ، غرق کر دینا ، تباہ کر دینا ، غارت کر دینا .

لے کر / کے چاٹنا محاورہ . بے کار ہونا (کسی چیز کا) (بطور استفسار مستعمل) کیا اسے لے کر میں چاٹوں گا .

لے لینا محاورہ . ۱. چھین لینا ، زبردستی لے لینا ، غصب کر لینا ، مار لینا . ۲. خرید لینا ، اپنا کر لینا . ۳. کسی چیز کے لینے کا کام ختم کر لینا . ۴. سنبھال لینا ، قابو میں کر لینا . ۵. پھیر لینا ، لوٹا لینا . ۶. الگ کر لینا . ۷. قبضہ کر لینا ، اپنے اختیار میں کر لینا .

لیا (کس ل) ماضی .
لینا کا ماضی .

لیا دیا اند . اعمال کا نتیجہ ، نیک کاموں کا پھل ، وہ نیکی جو کبھی کی ہو .

لیا دیا آگے آنا / کام آنا محاورہ . کرنی کا پھل ملنا ، نیکی کا اچھا نتیجہ ملنا .

لیا دیا رہنا محاورہ . کم آمیز ہونا ، بے تکلف نہ ہونا .

لیاقت (کس ل ، فت ق) امث .
۱. کسی امر یا کام کی استعداد ، قابلیت ، صلاحیت . ۲. ہنر ، جوہر ، گن ، وصف ، خوبی ، فضیلت . ۳. استطاعت ، حیثیت ، مقدور . ۴. حوصلہ ، ظرف ، سمائی ، تاب . ۵. دانائی ، ہوشیاری . ۶. شائستگی ، تہذیب ، تمیز . [ع] .

لیاقت رکھنا محاورہ . صلاحیت رکھنا ، صاحب استعداد ہونا .

لیبارٹری (کس مج ل ، کس مج ر ، سک ٹ) امث .
عموماً سائنسی آلات اور مشینوں سے لیس تجربہ گاہ . [انگ] .

لیبَر (ی مج ، فت ب) امث .
محنت ؛ (اصطلاحاً) مزدور ، صنعتی کارکن . [انگ] .

لیبر روم اند. زچہ خانہ، ہسپتال کا وہ کمرہ جہاں زچگی کا انتظام ہو.

لیبِل (ی مج، کس ب) اند.
ا. کاغذ، کپڑے، گتے یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا جس پر نام، پتا اور مارکہ وغیرہ چھاپ کر یا لکھ کر چپکایا یا آویزاں کیا جاتا ہے، چٹ، شناختی نشان یا ٹھپا. ۲. (مجازاً) دکھاوے کی شے، نمائشی. [انگ].

لیبل چسپاں کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی جماعت سے منسوب کرنا، کسی زمرے میں شامل کرنا.

لیبل چسپاں ہونا محاورہ. کسی زمرے میں شامل ہونا، کسی گروہ یا جماعت سے نسبت ہونا، نام دیا جانا.

لیپ (ی مج) مت.
لیپنا سے امر، تراکیب میں مستعمل. [س].

لیپ پوت مت. ا. کسی گاڑھی چیز کو سطح پر لگانے کا عمل، لپائی پتائی، درستی، سنوار، اصلاح. ۲. باتیں بنا کر کسی امر پر پردہ ڈالنا، پردہ پوشی. ۳. ظاہری نمائش، سنگھار پٹی.

لیپ پوت کرنا محاورہ. ا. کسی بات یا امر کا چھپانا، پردہ پوشی کرنا. ۲. عیب چھپانا، بدنمائی کو چھپانا.

لیپ (ی مج) اند.
پانی یا روغن ملا کر اوپر سے لگائی جانے والی دوا، ضماد؛ پلستر. [س].

لیپا پوتی (ی مع، و مج) مت.
ا. قلعی یا چونا وغیرہ پھروانا. ۲. عیب، نقص یا الزام کو چھپانا یا اس کی تاویل کرنا.

لیپنا (ی مع، سک پ) ف م.
ا. لیپ لگانا، قلعی کرنا، سفیدی کرنا؛ کوئی گاڑھی چیز پھیرنا یا لگانا. ۲. چھپانا، کسی عیب والی بات کو مخفی کرنا. [س].

لیپنا پوتنا ف مر؛ محاورہ. ا. پلستر کرنا، مٹی سے زمین لیپنا. ۲. بہت سارا گوٹا ٹھوپ لینا، ضرورت سے زیادہ آرائش کرنا.

لیپنے کا نہ پوتنے کا صف مذ.
نکما، بالکل بے کار، کسی کام کا نہیں.

لَیت (ی لین) حرف تمنا.
کاش، کاش کہ. [ع].

لیت و لعل م ف. ٹال مٹول، آج کل، بہانہ، عذر، حیلہ حوالہ، وعدہ وعید.

لیت و لعل کرنا محاورہ. ٹال مٹول کرنا.

لیتڑا (ی مع، سک ت) اند؛ — لیترا، لیتوا.
پھٹا پرانا جوتا، گھسا ہوا اور بہت پرانا جوتا. [ع].

لیتھڑا (ی مع، سک تھ) اند.
چیتھڑا، پھٹے ہوئے کپڑے لتے.

لیتھو (ی مع، و مج) صف؛ مت.
(طباعت) لیتھو گرافی. [انگ].

لیتھو پریس/ گراف/ گرافی مت. (طباعت) پتھر سے چھپائی، وہ طریقہ چھپائی جس میں لکھی ہوئی عبارت کو پتھر یا دھات کی پلیٹ پر نقل کرتے ہیں اور پھر پلیٹ، مشین یا کل میں لگا کر چھاپ دیتے ہیں (بلاک پرنٹنگ کے مقابل).

لیٹ(۱) (ی مج) (الف) صف.
دیر کر کے آیا ہوا یا آنے والا، دیر میں آنے والا، جسے دیر ہو گئی ہو (ب) م ف. دیر سے، بے وقت، وقت کے بعد. [انگ].

لیٹ (ی مج).
لیٹنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

لیٹ جانا ف مر؛ محاورہ. ا. پڑ جانا، دراز ہو جانا. ۲. بے عمل ہو جانا سپاٹ ہو جانا، بے روح، بے جان ہو جانا. ۳. کنایہ ہے کسی کے آگے عجز و انکسار کرنے سے، ہار ماننا.

لَیٹَر (ی لین، فت ٹ) اند.
ا. چٹھی، خط، مکتوب، مراسلہ یا نامہ وغیرہ کا انگریزی مترادف تراکیب میں مستعمل. ۲. ابتدائی حروف. [انگ].

لیٹر بکس اند (شاذ). ڈبا یا صندوق جو محکمہ ڈاک کی طرف سے راستے میں رکھا جاتا ہے تاکہ بھیجے جانے والے خطوط اس میں ڈال دیے جائیں، نیز وہ چھوٹا ڈبا جو گھر کے دروازے پر اسی مقصد کے لیے لگایا جاتا ہے.

لیٹر (ی مع) اند.
میٹرک سسٹم میں مائع ناپنے کا ایک پیمانہ جو تقریباً ایک سیر سے کچھ زیادہ ہوتا ہے. [انگ].

لیٹرین (ی مج، ی مع) اند؛ مث.
جائے ضرور خصوصاً جو کسی کیمپ، ہسپتال یا بیرکوں میں ہو، پاخانہ. [انگ].

لیٹنا (ی مج، سک ٹ) ف ل.
۱. دراز ہونا، سیدھا، کروٹ سے یا اوندھے ہو کر پڑنا، کمر سیدھی کرنا. ۲. آرام کرنا، سونا ۳. (مجازاً) پیروں پڑنا، قدموں میں گرنا، گڑگڑانا، خوشامد کرنا.

لیجیے (ی مع، ی مج) امر.
۱. (توجہ یا خطاب کے لیے احتراماً مستعمل) سنیے، دیکھیے، ملاحظہ کیجیے. ۲. قصہ مختصر کی جگہ ۳. کسی کام کے اختتام یا تکمیل کے اظہار کے لیے.

لیچڑ (ی مع، فت چ ج) صف.
۱. نادہند، قرضہ لے کر مشکل سے ادا کرنے والا؛ بدمعاملہ، لے لوٹ؛ کنجوس، بخیل ۲. ضدی، اڑیل، چپک جانے والا، پیچھے پڑ جانے والا. [مقامی].

لیچڑپن اند. کاہلی، سستی، بخل، لیچڑ ہونا.

لیچی (ی مع) مث.
ایک کھردرا چھلکے والا سرخی مائل پھل، مزے میں شیریں اور ترش ہوتا ہے. [چینی/جاپانی].

لید (ی مع) مث.
گھوڑے گدھے یا ہاتھی کا فضلہ. [مقامی].

لیڈ (ی مج) اند؛ ج (شاذ).
رانگ، سیسہ، سیسہ کی گھنڈی یا گنکا وغیرہ. [انگ].

لیر (ی مع) مث.
کپڑے کی لمبی اور پتلی سی کترن، کپڑے کی دھجی نیز کاغذ کی کترن. [مقامی].

لیر لیر کرنا محاورہ. پھاڑ ڈالنا، دھجیاں کرنا، پرزے کر ڈالنا، پرخچے اڑا دینا.

لیز (ی مع) مث.
ایک طرح کا معاہدہ، اجارہ، پٹہ، ٹھیکے کا کاغذ. [انگ].

لیزر (ی مج، فت ز) مث.
(طبعیات) روشنی کی طاقت ور شعاعیں جو طبعیات کی جدید دریافت ہے اور جس سے مختلف شعبوں میں کام لیا جا رہا ہے، ایک جدید عمل سے روشنی کی مرتکز کی ہوئی طاقت ور شعاعیں. [انگ].

لَیس (۱) (ی لین) صف.
۱. وردی اور ہتھیاروں وغیرہ سے آراستہ، کیل کانٹے سے درست، کمربستہ، سجا ہوا ۲. مستعد، آمادہ، تیار ۳. ٹھیک ٹھاک، آراستہ، درست ۴. کسی خوبی یا زیور وغیرہ سے آراستہ، مزین. [س].

لَیس (۲) (ی لین) مث.
۱. گوٹا کناری، چوڑی پٹی ہوئی چمک، کلابتوں کا فیتہ جو طلائی اور نقرئی ہوتا ہے اور آدھ انگل سے پانچ چھ انگل تک چوڑا ہوتا ہے، بیل ۲. فیتہ. [انگ].

لیس (ی مج) اند.
۱. چیپ، چپچپاہٹ ۲. چپکنے والا مادہ، چپچپاہٹ، گوند کی خاصیت. [مقامی].

لیس دار صف. چپچپا، لعاب دار، چپکنے والا.

لیف (ی مع) مث.
۱. کھجور وغیرہ کی چھال، کھجور کی باریک چھال، ریشہ ۲. (تشریح) عضلات یا رباطات کا ریشہ. [ع].

لیفٹیننٹ (ی مج، سک ف، ی مع، فت ن، سک ن) اند.
(عسکری) کمانڈر سے نیچے کا افسر، نائب کپتان، قائم مقام نائب. [انگ].

لیک (۱) (ی مع) مث.
۱. لکیر ۲. قدموں کے نشانوں سے پڑ جانے والی لکیر یا پٹی، بٹیا، پگ ڈنڈی ۳. (مجازاً) راہ، رسم، طریقہ، مسلک وغیرہ. [س].

لیک (۲) (ی مع) صف.
رساؤ، اخراج، ٹپکاؤ. [انگ].

لیک (ی مج) حرف استدراک.
لیکن ، مگر ، تاہم .

لَیکچر (فت مج ل ، سک ک ، فت چ) مذ ؛ لکچر.
کسی درس گاہ ، یونی ورسٹی ، کالج وغیرہ میں زبانی درس ، کسی موضوع پر تقریر ، خطبہ ؛ (مجازاً) لمبی گفتگو ، طول کلامی . [انگ] .

لیکچر پلانا محاورہ. (عو) سننے والے کی مرضی و منشا کو نظر انداز کر کے اس کے سامنے لمبی چوڑی تقریر کرنا.

لَیکچرار (فت مج ل ، سک ک ، فت چ) صف.
یونیورسٹی یا کالج میں درس دینے والا ، استاد ، (پروفیسر) . [انگ] .

لیکِن (ی مج ، کس ک) حرف استثنا.
پر ، مگر ، ولے . [ف] .

لیکوریا (ی مع ، و مج ، کس مج ر) مذ.
سیلان رحم ، رحم سے سفید پانی آنا ، ایک نسائی مرض جس میں عورت کے رحم اور اندام نہانی سے سفید زردی مائل رطوبت خارج ہوا کرتی ہے . [انگ] .

لیکیج (ی مع ، ی مج) مذ.
رساؤ ، رسنا . [انگ] .

لیکھ (ی مع) مث ؛ ← لیک.
۱. چھوٹی جوں ، جوں کا انڈا . ۲. تحریر ، خط (قدیم) . ۳. حساب ، گنتی .
۴. ریت ، روایت ، رسوم . [س] .

لیکھ (ی مج) مذ.
۱. لیکھا ، لکھا ہوا ، نوشتہ ، قسمت کا لکھا ، قسمت . ۲. تحریر ، خط (قدیم) .
۳. حساب ، گنتی . [س] .

لیکھا (ی مج) مذ ؛ مث .
۱. (i) حساب ؛ حساب کتاب . (ii) لکھنا ، تحریر کرنا . ۲. پکی بہی ، پکا حساب .
۳. بھاگ ، قسمت ، نوشتہ تقدیر . ۴. معاملہ ، برتاؤ ، طریقہ ، دستور .
۵. لت ، دھت ، عادت . [س] .

لیکھَت (ی مج ، فت کھ) صف.
صاحب قلم ، لکھنے والا ، ادیب ، لیکھک . [س] .

لیکھک (ی مج ، فت کھ) مذ.
لکھنے والا ، ادیب ، قلم کار ، صاحب قلم . [س] .

لیکھیں (ی مع ، ی مج) مث ؛ ج.
لیکھ کی جمع ، جوؤں کے انڈے .

لیکھیں پڑنا محاورہ. سر میں چھوٹی جوئیں پیدا ہونا .

لیگ (۱) (ی مع) مث.
۱. انجمن ، متحدہ جماعت . ۲. مسلم لیگ کا مخفف . [انگ] .

لیگ (۲) (ی مع) مث.
کم و بیش تین میل کے مساوی فاصلہ . [مقامی] .

لَیل (ی لین) مث.
رات ، شب ، رین . [ع] .

لیل و نہار مذ. رات دن ، روز و شب .

لَیلا (ی لین) مث.
لیلیٰ ، معشوقہ ، خوب صورت حسین و جمیل عورت ؛ (خصوصاً) مجنوں معشوقہ .

لیلائے شب مث. خوب صورت رات (رات کو خوب صورت عورت سے استعارہ کرتے ہیں) .

لیلا (ی مع) مث.
۱. جلوہ ، تماشا . ۲. عیش و نشاط ، سیر و تماشا ، تفریح . [س] .

لَیلَۃ (ی لین ، فت ل) مث.
رات (جیسے لیلۃ القدر) ، فضیلت والی رات ، برکتوں اور رحمتوں رات . [ع] .

لیلۃ القدر مث. قدر و منزلت والی رات ، شب قدر ، ماہ رمضان کے آخر عشرے کی طاق راتوں میں سے ایک نہایت مبارک رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے (عموماً ستائیسویں شب) جس میں عبادت کرنا افضل بتایا گیا ہے اور جس میں قرآن شریف نازل ہوا.

لیلیٰ / لیلے (ی لین ، الف بشکل ی) مث ← لیلا .
شب رنگ ، سیاہ فام ، سانولی ؛ (مجازاً) معشوقہ ، حسین عورت مجنوں کی محبوبہ کا نام .

لَیمپ (ی لین نیز مج، سک م) اند.
بجلی، گیس یا تیل سے جلنے والا روشنی کا آلہ یا چراغ دان جس کی بہت سی قسمیں ہیں، ایک قسم جس میں بتی اور چمنی وغیرہ ہوتی ہے، فانوس دار چراغ، قندیل. [انگ].

لیمُو / لیموں (ی مع نیز مج، و مع) اند.
ترنج کے نوع کا گول رسیلا پھل جس کا ترش عرق عام طور پر کھانوں میں استعمال ہوتا ہے نیز اس کے عرق سے مشروب بھی بنایا جاتا ہے. [ف].

لیمو کی طرح نچوڑنا محاورہ. (بیماری کا) نہایت کمزور کر دینا، نہایت لاغر کر دینا، سکھا دینا.

لیمو نچوڑ (الف) صف: اند. طفیلی، مفت خور؛ مطلب پرست شخص.
(ب) صف. خوشامدانہ، مطلب پرستانہ.

لیمیا (ی مع) امث.
حبس دم کرنے کا علم، سانس روک کر زندہ رہنے کا علم. [ف].

لیمی نیشن (ی مج، ی مج، فت ش) امث.
کوئی ورق دار ساخت. [انگ].

لین (ی لین) امث.
۱. (i) قطار، صف. (ii) صف بندی. ۲. (i) حد، مینڈ نیز حد بندی کا خط یا نشان. (ii) لکیر، دھاری، خط؛ سطور؛ ڈوری، رسی. ۳. لوہے کی پٹری، ریل کی سڑک. ۴. (i) چھاؤنی، کیمپ، لشکر گاہ. (ii) فوج یا پولیس کے رہنے کا مکان. [انگ].

لین ڈوری امث. ۱. ڈیرا خیمہ، نوکر چاکر وغیرہ جو لشکر کے آگے جا کر اُترنے کا انتظام اور اہتمام کرتے ہیں، وہ خیمہ جو آگے پہنچ کر کھڑا کیا جاتا ہے، وہ فوجی سامان جو کوچ سے پہلے روانہ کیا جاتا ہے. ۲. سلسلہ، قطار. ۳. (i) نشانی، آثار، کسی کام کے آغاز کی نشانی. (ii) آغاز، شروع؛ ابتدا، آمد.

لِین (ی مع) (الف) امث.
نرمی، ملائمت، (جیسے یا صوت کی). (ب) اند. ۱. (قواعد) واو اور یائے تحتانی ساکن جس کا ماقبل مفتوح ہو. [ع].

لین (ی مج) اند.
لینے کا عمل (جیسے لین دین).

لین دین اند. ۱. داد و ستد، لینا دینا. ۲. حساب کتاب. ۳. خرید و فروخت. ۴. کاروبار، تجارت. ۵. سروکار، تعلق، واسطہ. ۶. برتاؤ، معاملہ.

لینا (ی مج) (الف) ف م.
۱. (i) حاصل کرنا، پانا، وصول کرنا، صرف میں لانا، اخذ کرنا. (ii) عوض میں حاصل کرنا، بدلے میں وصول کرنا. (iii) اینٹھنا، کمانا، حاصل کرنا. (iv) فائدہ اُٹھانا، فلاح کو پہنچنا. (v) پانا، حاصل کرنا (نمبر، درجہ وغیرہ). ۲. قبول کرنا، بھرتی کرنا، وصول کرنا، اُٹھانا (ٹیکس، جزیہ، اُجرت وغیرہ). ۳. خریدنا، مول لینا. ۴. جا پکڑنا، جا لینا (کسی مقام یا منزل کو) قریب پہنچ جانا، گرہن کرنا. ۵. سلب کرنا، قبض کرنا، نکالنا (جیسے جان، روح وغیرہ). ۶. (i) آ گھیرنا، جکڑنا، شکنجے میں لینا، متاثر کرنا. (ii) سر کرنا، فتح کرنا، قبضہ کرنا، تسخیر کرنا، جیتنا. ۷. قابو میں کرنا، بس میں کرنا، قبضے میں لانا، بے بس کرنا. ۸. (i) کھانا یا پینا. (ii) خصوصاً دوا. (iii) نوش کرنا نیز چسکی بھرنا (گھونٹ وغیرہ). ۹. انتخاب کرنا، چننا، چھانٹنا. ۱۰. ساتھ لگانا، ساتھ رکھنا، معیت میں لانا. ۱۱. ملانا، شریک کرنا، شامل کرنا. ۱۲. (i) چرانا، چوری کرنا. (ii) چھیننا، غصب کرنا، دبا لینا، مار لینا. ۱۳. (i) اختیار کرنا. (ii) چننا (مضمون وغیرہ). ۱۴. منظور کرنا، اپنانا، قبول کرنا. ۱۵. پہنچنا، جانا، رسا ہونا، طے کرنا، مسافت پوری کرنا. ۱۶. کرائے پر حاصل کرنا. ۱۷. پردہ کرنا. ۱۸. کروانا (کام، خدمت وغیرہ). ۱۹. سیکھنا، حاصل کرنا. ۲۰. پکارنا (نام و خطاب وغیرہ سے) مخاطب کرنا. ۲۱. چکانا، برابر کرنا (انتقام اور بدلہ وغیرہ کے ساتھ). ۲۲. دعویٰ کرنا (کسی کے ساتھ) رہنمائی کرنا، پیشوائی کرنا، راستہ دکھانا. ۲۳. چھیڑنا، آغاز کرنا، شروع کرنا. ۲۴. خون کرنا، جان مارنا، آفت ڈھانا. ۲۵. لگوانا، (انجکشن، ٹیکہ، پچھنے، نشتر وغیرہ). ۲۶. (i) اُٹھانا، برداشت کرنا، سہارنا. (ii) اُوپر اُٹھا کر رکھنا، کرنا (اونچا، نیچا کرنے کے لیے). ۲۷. غور کرنا، پیش نظر رکھنا، موضوع بحث بنانا. ۲۸. بھرنا، سمیٹنا (دامن میں). ۲۹. موڑنا (سر کے بال). ۳۰. اُڑانا، خراب کرنا،

غلل ڈالنا (نیند ، وقت ، مہلت وغیرہ میں) . ۳۱. اُدھار کرنا ، رکھنا ، بہلانا نیز گودی چڑھانا (بچے کو) ؛ کھلانا ، کھلوانا ، یاد دلانا (قسم وغیرہ) ؛ گزارنا ، بتانا (دن) ؛ واپس کرنا ، ہٹانا (چیز وغیرہ) ؛ طرز اُڑانا .

(ب) اند . وہ روپیہ جو لینا ہو ؛ قرضہ ، اُدھار ، محصول وغیرہ . [س] .

لینا ایک نہ دینا دو/ دونی فقرہ ؛ کہاوت . حاصل نہ حصول ، غرض نہ مطلب نیز مفت کی علت ، ناحق کی مصیبت ، بیٹھے بٹھائے ، خواہ مخواہ .

لینا دینا (الف) ف م . لین دین . (ب) اند . ا . حساب کتاب . ۲. طرز ، سلوک ، معاملۂ حیات . ۳. واسطہ ، تعلق . ۴. بھلا برا ، بھلائی برائی .

لِینَت/ لِینَۃ (ی مع ، فت ن) امث .

ا . (i) نرمی ، ملائمت . (ii) ہم واری نیز شائستگی . ۲. (طب) پلپلا پن ، نرم ہونا .

لِینْڈ (ی مج ، مخ) اند .

ا . آدمی یا ہاتھی وغیرہ کا سوکھا ہوا سخت فضلہ ، موٹی لینڈی ، کتے کا سوکھا ہوا پاخانہ . ۲. (اونٹ ، بکری وغیرہ کا) گوبر ، گندگی . [س] .

لینڈی (ی مج ، مخ) (الف) امث .

بھیڑ بکری یا انسان وغیرہ کا پاخانہ جو قبض کی حالت میں نکلتا ہے اور سوکھا ہوا اور سخت ہوتا ہے . (ب) اند . لینڈی کتا ، بازاری کتا .

(ج) صف . ڈرپوک ، نامرد .

لینڈی کتا اند . عام کتا ، بازاری کتا ، آوارہ پھرنے والا کتا ، بزدل کتا .

لِینَن (ی مع ، فت ن) اند .

ایک خاص قسم کا سوتی کپڑا جو عموماً چادروں اور عام سستی پوشاک میں استعمال ہوتا ہے . [انگ] .

لِینو ٹائپ (ی لین ، و مج ، کس ہ) امث .

(طباعت) ایک مشین جس میں پوری پوری سطریں ڈھل کر نکلتی ہیں ، مونو کے بالمقابل جس میں سے ایک ایک حرف ڈھل کر نکلتا ہے (عموماً اخبار چھاپتے ہیں) سطری چھاپا . [انگ] .

لینے (ی مج) اند ؛ ج .

لینا کی مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

لینے آنا محاورہ . استقبال کرنا ، آگے بڑھ کر پزیرائی کرنا .

لینے دینے میں نہ ہونا محاورہ . کسی معاملے میں سروکار نہ رکھنا ، بے تعلق اور بے غرض ہونا .

لینے کے دینے پڑنا محاورہ . ا . جان کے لالے پڑنا ، مصیبت پڑنا ۲. سخت مشکل میں ہونا ، سخت وقت ہونا . ۳. نفع کی جگہ نقصان ہونا .

لینے میں نہ دینے میں کہاوت . محض بے تعلق اور بے سروکار ، برے میں نہ بھلے میں .

لِیوَر (ی مع ، فت و) اند .

وہ مضبوط ڈنڈا یا دھات کی سلاخ جو بھاری یا جمی ہوئی چیز کو اٹھانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ، بیرم ، مشین میں لگی ہوئی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھا سکے ، کھٹکے یا کمانی دار پرزہ . [انگ] .

لیوِل (ی مج ، کس نیز فت و) (الف) اند .

ا . زمین کے نشیب و فراز جانچنے کا آلہ ، معماروں کا وہ اوزار جس سے سطح کی ہم واری کا اندازہ کرتے ہیں ، گنیا . ۲. (i) سطح ، کسی خصوصیت کے مختلف مدارج یا تدریجی سطحوں میں سے کوئی سطح . (ii) پانی وغیرہ کی سطح کی اونچائی جس سے اس کی مقدار کا اندازہ ہو ، (مجازاً) مقدار ۳. (ذہنی ، اخلاقی یا سماجی) حیثیت ، درجہ ، رتبہ ، اوقات . ۴. (تعلیمی) درجہ ، معیار . ۵. سیدھ . (ب) صف . ہم وار ؛ مساوی ، برابر کا . [انگ] .

لھ

لَھ (فت لھ) حرف .

صوتی اعتبار سے اُردو حروفِ تہجی کا چوالیسواں حرف ، یہ کلمے کی ابتدا اور وسط میں آتا ہے ؛ جیسے : لھسوڑا ، کولھو .

م

م (میم) اند .

ا . صوتی اعتبار سے اُردو حروفِ تہجی کا پینتالیسواں ، عربی کا چوبیسواں فارسی کا اٹھائیسواں حرف جسے میم تلفظ کرتے ہیں ، یہ شفوی یعنی ہونٹوں سے ادا ہونے والا حرف ہے . حسابِ جمل میں اس کے چالیس عدد مقرر ہیں . حرف میم عام طور پر مسیح ، میلادی ، متوفی ، محمد میل ، میٹر ، مثال ، مثلاً اور کسی وغیرہ کی تخفیف کے لیے آتا ہے

بعض اوقات املا میں ن غنہ مخلوط بہ ب کی جگہ لکھا جاتا ہے ، جیسے : کنبھ (کبھ) ، کھنبا (کھمبا) کنبوہ (کبوہ) . علامت نفی ؛ جیسے مبادا ، مکن وغیرہ . [ع] .

م ، وقف لازم کی علامت ہے .

ما (۱) مث .

۱. ماں .۲. (کنایتہً) جڑ ، بنیاد ، خاص حصہ ، اصل شے ؛ ماں کا مخفف .

ماجائی مث : صف . سگی بہن ، خواہر حقیقی .

ماجایا مذ : صف . سگا بھائی ، برادر حقیقی .

ما سے سوا چاہے سو (پھاپھا) کُٹنی (کہلائے) کہاوت . والدہ سے زیادہ محبت جتانا خالی از علت نہیں ہوتا ، ماں کی محبت سے کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے .

ما مارے تو بھی ما ہی پکارے کہاوت . اپنوں کی فریاد اپنوں ہی سے کی جاتی ہے ، اپنوں کی سختی بھی بری نہیں لگتی ، جس طرح بچہ ما سے کیسا ہی پٹے مگر ما ، ما کہتا جائے گا .

ما مرے موسی جیے کہاوت . یعنی ما مر جائے گی تو خالہ پال لے گی یعنی ما اور خالہ میں کچھ فرق نہیں ہے .

ما (۲) مذ .

(موسیقی) موسیقی کے سات سروں میں سے ایک سر . [س] .

ما (۳) ضمیر شخصی .

ہم (جمع متکلم نیز واحد متکلم بھی مستعمل) . [ف] .

ما بدولت فقرہ . (کلمۂ نخوت جس کو بادشاہ اپنی ذات کے لیے استعمال کرتے تھے) .

ما و شما مذ . ہم اور تم ؛ (مجازاً) ہر کس و ناکس ، معمولی لوگ .

ما (۴) حرف ، حرف موصول .

(حرف نفی) نہیں ، نہ ، مت ؛ (کلمۂ استفہام) کیا ، کیا چیز ؛ (اسم موصول) جو جو کچھ ، کوئی چیز ، تراکیب میں مستعمل . [ع] .

مابعد (الف) صف : مذ . ماقبل کی ضد ، جو بعد میں آوے ، پیچھے آنے والا ، پچھلا . (ب) م ف . اس کے بعد ، بعدازاں .

مابعد الطبیعات مذ . (فلسفہ) وہ علم جس میں ذات و صفات باری اور اس کے متعلقات سے بحث کی جاتی ہے .

مابقا/بقی صف . ۱. جو کچھ باقی رہ گیا ہو ، بچا ہوا ، باقی ، بقایا . ۲. پس ، خوردہ ، جھوٹا کھانا .

مابین (الف) م ف . وسط میں ، بیچ میں . (ب) حرف جار . درمیان ؛ مشترک طور پر ، ملا کر . [ع] .

ماتحت (الف) م ف . زیر حکم ، تابع فرمان . (ب) صف . وہ ملازم جو کسی کے زیر حکم کام کرے ، نائب ، مددگار ، نچلے درجہ کا ملازم .

ماتحتی (الف) مث . کسی کے زیر حکم کام کرنا ، محکوم ہونا . (ب) صف مث . دیکھیے : ''ماتحت'' جس کی طرف یہ منسوب ہے .

ماتقدم صف : م ف . جو پہلے گزرا ہو ، مذکورہ بالا ، پہلے ، قبل .

ماحصل مذ . ۱. جو حاصل ہو ، نتیجہ ، حصول ، ثمرہ .۲. خلاصہ ، لب لباب . ۳. (معاشیات) مجموعی آمدنی . [ع] .

ماحضر مذ . ۱. کھانا جو موجود ہو ، جو کچھ حاضر ہوا ، کھانا وغیرہ .۲. جو کچھ حاضر یا موجود ہو . [ع] .

مادام صف . ہمیشہ ، قائم و دائم ، مدام . [ع] .

ماسوا (الف) حرف استثنا . اس کے علاوہ ، بہ جز ، علاوہ ازیں ، ماورا . (ب) مذ . ۱. (تصوف) ذات باری تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے ، کائنات ، موجودات ، مخلوقات ، جن و انس .۲. معشوق مجازی .

ماشاء اللہ کلمۂ تحسین و آفرین . ۱. خدا نے جو چاہا ؛ مراد : یہ خدا کی خاص عنایت کے بغیر ممکن نہ تھا .۲. (طنزاً) کیا کہنا ، سبحان اللہ .۳. چشم بددور ، خدا نظر بد سے بچائے .

مافات مذ . جو گزر گیا ، وہ جس کے کرنے کا وقت گزر گیا . [ع] .

مافوق مذ . جو اوپر ہو ، اعلیٰ ، برتر ، بلند ، بالا . [ع] .

مافوق الانسان صف مذ . انسانوں سے بلند ، وہ شخص جو فوق العادات قوتیں رکھتا ہو اور اخلاقی معیار سے بالاتر ہو .

مافوق الفطرت مث . جو فطری قوتوں سے بالاتر قوتوں کا نتیجہ ہو اور علت معلول کے قانون سے آزاد ہو ، خرق عادات یا معجزہ ، کرشمہ ، غیر معمولی بات .

مافی الضمیر مذ . جو کچھ دل میں ہو ، دل کی بات ، نیت ، ارادہ ، منشا ، خواہش .

مافیہا م ف. جو کچھ اس میں ہے، جو کچھ زمین و آسمان میں ہے.

ماقبل صف. جو پہلے ہو، پہلے کا، مابعد کی ضد، پہلا، پہلے.

مالاینحل صف. جو حل نہ ہو سکے، نا قابلِ حل، اَدق، بطور مخفف لاینحل. [ع].

ماورا/ ماوراُ (الف) صف: اند. ۱. جو کچھ پس پشت ہو، اُدھر، پرے، باہر. ۲. حد سے زیادہ (بطور سابقہ، انگ: Ultra کا ترجمہ). ۳. (تصوف) جو کچھ ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا ہے، ماسوائے اللہ؛ مراد: موجودات، مخلوقات. (ب) حرف استثناء. علاوہ، بہ جز، سوا.

ماورائی صف. مادّے سے بالاتر، نا قابلِ فہم.

ماورائیت مث. نا قابلِ فہم یا مادے سے بالاتر ہونے کی حالت.

ما(۴) حرفِ نفی.
نہ. نہیں.

مابین (ی لین) م ف.
بیچ میں، درمیان میں.

ماپ مث: اند (قدیم).
ناپ، پیمانہ.

ماپا صف مذ.
جس کی پیمائش کی گئی ہو نیز پیمائش کرنے والا.

ماپا شوربہ اور گنی ڈلیاں کہاوت. کھانے پینے کی چیزوں کی کمی؛ کفایت شعاری، سوچ سمجھ کر خرچ کرنا، خِست.

ماپنا (سک پ) ف م.
۱. پیمائش کرنا، لمبائی چوڑائی کا تخمینہ کرنا، ناپنا. ۲. (مجازاً) اندازہ کرنا، جانچ کرنا.

مات (الف) مث.
۱. مر گیا، موت؛ (مجازاً) شکست، ہار، بازی کی ہار. ۲. شطرنج میں کشت (شہ) کے بعد بادشاہ کو اگر کوئی بچنے کی جگہ نہیں ملتی تو اس کو مات کہتے ہیں. (ب) صف. ۱. ہارا ہوا؛ شکست کھایا ہوا، بازی ہارا ہوا. ۲. (مجازاً) بے رونق، ہیچ، بے رنگ، ماند. [ف].

مات دینا محاورہ. ۱. ہرانا، مغلوب کرنا، شکست دینا. ۲. نیچا دکھانا، شرمندہ کرنا، خجل کرنا، نادم کرنا، منفعل کرنا؛ بے رونق اور ماند کرنا

مات کھانا محاورہ. ۱. ہارنا، زک اُٹھانا. ۲. ماند پڑنا، ہیچ نیز خجل ہونا

مات ہونا محاورہ. ۱. مات کرنا کا لازم، شکست ہونا. ۲. شطرنج یا بیت بازی میں ہار ہونا، بازی ہاتھ سے جانا. ۳. بے رنگ ہونا، بے رونق ہونا ماند ہونا، مدھم ہونا.

ماتا(۱) مث.
۱. (i) ماں. (ii) بڑی عورت کو پیار یا عزت سے پکارنے کا کلمہ ۲. چیچک، سیتلا. [س].

ماتا پتا اند؛ ج.
۱. (ہنود) ماں باپ، والدین. ۲. بزرگ، آقا، مالک، مائی باپ.

ماتا(۲) صف مذ.
۱. مست، متوالا، مدہوش. ۲. بھرا ہوا، بھرپور، جوبن کا متوالا، جوبن میں مست. ۳. شگفتہ، شاداب؛ کامل، پورا؛ بالغ، جوان. [س].

ماترا (سک ت) مث.
۱. (i) ناگری رسم الخط کے اعراب نیز حرکت، حروفِ علّت کی علامت. (ii) (پنگل) ایک خفیف حرفِ علّت کے تلفظ کو ادا کرنے میں وقت لگتا ہے وقت کی اس اکائی کو ماترا کہتے ہیں. (iii) (موسیقی) سُر ۲. مقدار، کسی چیز کی مقررہ حد نیز تھوڑی سی چیز. ۳. ماپ، پیمائش ذرّہ؛ عنصر؛ لمحہ لحظہ؛ جز، حصّہ؛ دوا کی خوراک؛ مال و متاع؛ جائیداد، دولت؛ شیشہ؛ زیور، گہنا؛ مادہ.

ماترائی (سک ت) صف.
ماترا سے متعلق، ماترا کا، اعراب یا حرکت والا.

ماتم (فت ت) اند.
۱. مرنے کا غم، سوگ، مجلس عزا، جہاں لوگ غم منانے کو جمع ہوں ۲. گریہ وزاری، نوحہ، کہرام. ۳. (i) غم، رنج، حزن والم. (ii) افسوس سر پیٹنا. ۴. شہدائے کربلا کی عزا داری میں چھاتی پیٹنا، سینہ کوبی اف: کرنا/ہونا. [ع].

ماتم زدہ صف. سوگ وار، ماتمی، عزادار.

ماتم کُناں صف. گریہ زاری کرتا ہوا، ماتم کرتا ہوا.

ماتمی (فت ت) صف.
۱. ماتم سے متعلق (لباس وغیرہ کے لیے).
ماتمی چہرہ اند. غمگیں صورت، غم زدہ چہرہ، ایسا چہرہ جس سے غم کے آثار نمایاں ہوں.
ماتمی لباس اند. ماتمی پوشاک، وہ لباس جو اظہارِ غم کے لیے پہنا جائے.

ماتھا اند.
۱. سر کا اگلا حصہ جو بھوؤں کے اوپر ہوتا ہے، پیشانی ۲. کسی چیز کا اوپری سامنے کا حصہ. [س].
ماتھا ٹھنکنا محاورہ. کسی ناگوار امر کے وقوع سے پہلے اس بُرے اثرات کا احساس ہو جانا، کسی ایسی بات کا دل میں گزرنا جس سے کچھ اندیشہ و خطرہ ہو، کسی آفت کے آنے سے پہلے اس کے پیش آنے کا اندازہ ہو جانا.
ماتھا رگڑنا محاورہ. ۱. سجدے پر سجدے کرنا، پیشانی گھسنا، جبیں سائی کرنا؛ کسی کا لوہا ماننا، خود کو عاجز و بے یار و مددگار جاننا؛ انتہائی تعظیم و تکریم کا مظاہرہ کرنا ۲. (کنایۃً) خوشامد کرنا، عاجزی کرنا.

ماتھے اند؛ ج.
ماتھا کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.
ماتھے پر بل پڑنا / ڈالنا محاورہ. چیں بہ جبیں ہونا، غصہ ہونا، ناگواری کا اظہار کرنا.
ماتھے ہونا محاورہ. قبضے ہونا، سر ہونا، قبضے لگا دیا جانا.

ماٹ اند.
۱. بڑا مٹکا، خُم، بڑا گھڑا ۲. (رنگ ریز) نیل کا حوض، نیل کا ہودہ. [س].

ماٹی مث؛ (قدیم).
۱. مٹی، خاک ۲. زمین، دھرتی. [س].
ماٹی پھانکنا / پھنکنا محاورہ. حسد کرنا، جلنا، دشمنی کرنا، بیر کرنا؛ پریشان ہونا.
ماٹی کے لال صف مذ. دھرتی کے لال، وطن کے سپوت.

ماٹھو (و مع) اند.
بندر، بوزنہ؛ مسخرہ آدمی، ظریف، بھانڈ، کم عقل، بے وقوف آدمی، بھولا آدمی.

ماٹھی صف.
کمزور؛ بدقسمت. [پنجا].

مآثِر (فت م، مد ا، کس ث) اند؛ ج.
اچھی یادگاریں، اچھے کام. [ع].

ماثُور (و مع). (الف) صف.
۱. اثر قبول کیا ہوا ۲. منقول، نقل کیا ہوا، وہ جو حدیث سے معلوم ہو، وہ جو نسلاً بعد نسلٍ نقل کیا جائے. (ب) مث. تلوار. [ع].

ماثُورَہ (و مع، فت ر) مث.
وہ باتیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں (دعائیں وغیرہ).

ماجِد (کس ج) صف مذ.
۱. بزرگ، قابلِ احترام، بزرگی والا ۲. اسمائے حُسنیٰ میں سے ایک اسم، اللہ تعالیٰ کا ایک وصفی نام. [ع].

ماجِدَہ (کس ج، فت د) صف مث.
ماجد کی تانیث، معظمہ، قابلِ تعظیم عورت، زنِ بزرگوار.

ماجْرا (سک ج) اند.
۱. سرگزشت، احوال، جو کچھ گزرا ۲. واقعہ، حادثہ، واردات ۳. معاملہ، قضیہ، کیفیت، مقدمہ. [ع].

ماجوج (و مع) اند.
حضرت یافث ابن نوح علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام نیز اس کی قوم و اولاد جو طوفانِ نوح کے بعد کوہ الطائی کے شمال میں رہ پڑی تھی، یہ قوم قیامت کے نزدیک خروج کرے گی. [سریانی].

ماجھی اند.
ملاح، کشتی بان، مانجھی، ناؤ کھینے والا.

ماچا اند.
۱. اونچی اور بڑی چارپائی ۲. وہ اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر کھیت کے پرندوں کو اُڑاتے ہیں، مچان. [س].

ماچِس (کس چ) مث.
دیاسلائی، دیاسلائی کی ڈبیا. [انگ].

ماچی مث.
۱. چارپائی، چھوٹا پلنگ. ۲. وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب رکھنے کے لیے ہوتا ہے. ۳. گاڑی کے پیچھے کی وہ جگہ جس پر نوکر یا بچہ بیٹھ جاتا ہے. ۴. ایک قسم کا بیلوں کا جوا جو دو لکڑیوں سے بنا ہوتا ہے اور ہل چلاتے وقت بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے. [س].

ماحی صف.
۱. محو کرنے والا، نیست و نابود کرنے والا، مٹانے والا. ۲. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک وصفی نام. [ع].

ماخَذ (فت خ) اند.
۱. وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز اخذ کی جائے، اخذ کرنے کی جگہ. ۲. وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے، منبع، سرچشمہ، مخرج. ۳. بنیاد، اصل، مرکز، جڑ. ۴. (قواعد) مادّہ. [ع].

ماخُوذ (و مع) صف.
۱. اخذ کیا ہوا، وہ (چیز) جو کہیں سے لی گئی ہو. ۲. لیا گیا، پکڑا ہوا، گرفتار. [ع].

مادام مث.
خاتون، بیگم، محترمہ. [انگ: MADAM کا مؤرد].

مادَر (فت د) مث.
ماں، والدہ. [ف].

مادر پدر آزاد صف. بالکل عریاں، ننگا، بے حجاب نیز نہایت آزاد خیال.

مادر چود صف. (دشنام) جس نے اپنی ماں کے ساتھ زنا کیا ہو.

مادر زاد صف. ۱. پیدائشی، جنم کا، فطرتی، جبلی. ۲. ایک ماں کی اولاد، ماں جایا.

مادر علمی کس صف. مث. مادر علم، تعلیم گاہ، درس گاہ؛ مراد: جامعہ، یونیورسٹی.

مادر وطن مث. وطن مالوف، پیارا وطن.

مادَرانَہ (فت د، ن) صف؛ م ف.
مادر سے منسوب، ماں کی طرح.

مادَری (فت د) صف مث.
مادر کی طرف منسوب، ماں کی، پیدائشی.

مادری زبان مث. وہ زبان جو بچہ اپنے ماں باپ سے سیکھے، گھر کی زبان، اپنی بولی، ماں کی زبان.

مادَہ (فت د) صف مث.
نر کی ضد (جانداروں کے لیے مستعمل). [ف].

مادّہ (فت د شد) اند.
۱. (i) کسی چیز کی اصل، وہ شے جس سے کوئی چیز تیار کی جائے. (ii) مواد، مسالا (کسی کتاب وغیرہ کے لیے). (iii) کئی نوع رکھنے والی چیز، جنس (جیسے آگ، ہوا، پانی وغیرہ). ۲. فطری صلاحیت، استعداد، قابلیت، طبعی جوہر. ۳. مواد، انسان کے جسم کے اندر کی غلیظ رطوبت، پیپ وغیرہ؛ خلط ردی جو اپنی اصلی طبیعت سے بدل گئی ہو اور بدن میں بگاڑ پیدا کرے. ۴. وہ جو حجم اور وزن رکھتا ہے، جسم، روح کی ضد. ۵. (تاریخ گوئی) ایسی عبارت، فقرہ یا مصرع یا شعر جس کے حروف کے اعداد بحساب جُمّل جمع کرنے سے کسی واقعہ کی تاریخ نکلے. [ع].

مادہ پرست اند. مادّے کو سب کچھ سمجھنے والا، دہریہ، خدا کا منکر.

مادہ پرستی مث. روحانیت کی ضد، مادیت نیز یہ نظریہ کہ دنیا میں سوائے مادے کے جوہر موجود نہیں.

مادہ تولید اند. (طب) افزائش نسل کا مادہ، تولیدی مادّہ، پیدائش کا مادّہ، منی

مادّی (ی مع شد د) (الف) صف.
مادّہ سے منسوب، مادّے کا نیز ذاتی، اصلی، خلقی. (ب) اند. مجرد کی ضد، مادّی دنیا.

مادّیت (شد د بکس، شد ی بفت) مث.
۱. وہ نظریہ جس کی رو سے سوائے مادّے کے دنیا میں کوئی جوہر موجود نہیں ہے، مادّہ پرستی. ۲. جسمانیت، جسمیت. ۳. (فن) اشیا کے ظاہری اور طبعی حسن پر زور دینا، اشیا کے مادی پہلو پر زور دینا.

مادین (ی مع) مث.
ا. نر کی ضد، مادہ، مؤنث. ۲. (نباتیات) پھول کا وہ حصہ جس کے اندر بیضہ دان ہوتا ہے اور جس میں پھول کا بیضہ ہوتا ہے. [ف].

مادھو (فت دھ، سک و نیز و مج نیز لین). (الف) صف.
موسم بہار کے متعلق، بہار کا؛ شہد کا بنا ہوا، شہد جیسا. (ب) اند.
ا. بیساکھ کا مہینہ (اپریل، مئی)، موسم بہار، شیرینی، مٹھاس. ۲. موسیقی بھیروں کا چھٹا پتر. [س].

ماڈل (فت ڈ) اند.
ا. نقشہ، مجسمہ (عمارت وغیرہ کا). ۲. نمونہ جس کی تقلید کی جائے، مثال نیز آدرش. ۳. اشتہاری فلموں میں کام کرنے والی عورت یا مرد. ۴. بناوٹ، ساخت، ڈیزائن (موٹر گاڑیوں کے لیے مستعمل). [انگ].

ماذنہ (فت ذ، ن) اند.
اونچی جگہ یا سیڑھی دار چوکی جس پر کھڑے ہو کر اذان دی جاتی ہے، اذان گاہ. [ع].

مار(۱) اند.
ا. سانپ، ناگ، افعی. ۲. (کنایۃً) نفیری، بگل جو بل کھائی ہوئی ہو. [ف].

مارِ آستین اند. آستین کا سانپ؛ وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے.

مار خور اند. ۱. ایک قسم کا جنگلی بکرا جس کے سینگوں کا طول چار فٹ ہوتا ہے اور یہ گلگت اور کوہِ سلیمان میں پایا جاتا ہے، سانپ کھانا اسے مرغوب ہوتا ہے. ۲. وہ پرندہ جو سانپ کا شکار کر کے بھی کھاتا ہو اور مُردار کا گوشت بھی کھا لیتا ہو.

مار گزیدہ صف. سانپ کا کاٹا ہوا، سانپ کا ڈسا ہوا.

مار گنج اند. ۱. خزانے کا سانپ، عام روایت کے مطابق وہ سانپ جسے خزانے کے دفینے پر بطور طلسم بٹھا دیتے ہیں. ۲. (کنایۃً) مال دار بخیل.

مار(۲) مث.
ا. (i) چوٹ، ضرب. (ii) پٹائی، زد و کوب. ۲. سزا، تعزیر. ۳. مصیبت، آفت. ۴. غضبِ الٰہی، عذاب. ۵. صدمہ، دھچکا. ۶. نقصان، خسارہ، گھاٹا. ۷. (i) لڑائی، جھگڑا، معرکہ. (ii) لوٹ، غارت. ۸. تہدید، تخویف، دھمکی، ڈراوا. ۹. لعنت، پھٹکار. ۱۰. علاج معالجہ، دفعیہ، توڑ، روک. ۱۱. توڑ، زد، فاصلہ (بندوق وغیرہ کا). ۱۲. چال، دھوکا. ۱۳. (کنایۃً) لالچ، طمع.

مار بیٹھنا محاورہ. ۱. بے سوچے سمجھے مارنا، یکایک مارنا، بلا تامل زد و کوب کرنا، کسی اسلحے سے ضرب لگا دینا. ۲. پیٹ دینا، ٹھونک دینا، گت بنا دینا. ۳. غصب کر لینا، کسی کا مال ہتھیا لینا، مار لینا.

مار پڑنا ف مر: محاورہ. ۱. زد و کوب ہونا، پٹائی ہونا، سزا ملنا. ۲. قہر نازل ہونا، غضب ٹوٹنا. ۳. سخت آفت آنا، مصیبت پڑنا.

مار پیٹ مث. لڑائی جھگڑا، زد و کوب، جوتی پیزار، لپاڈگی.

مار پیچھے سنوار ہونا محاورہ. لڑائی کے بعد صلح ہونا، ذلت کے بعد عزت ہونا.

مار دھاڑ مث. ۱. شور غل، ڈانٹ ڈپٹ، لڑائی، جنگ و جدل کشت و خون. ۲. مار پیٹ، زد و کوب، جھگڑا. ۳. ڈانٹ ڈپٹ، زجر و توبیخ.
اف: کرنا / ہونا.

مار ڈالنا محاورہ. ۱. ہلاک کر دینا، قتل کر دینا، جان لے لینا. ۲. فریفتہ کر لینا، عاشق بنا لینا، موہ لینا، گرویدہ کر لینا. ۳. تباہ کر دینا.

مار کٹائی / کوٹ مث. مار پیٹ، زد و کوب، مار دھاڑ.

مار کھانا محاورہ. ۱. سزا پانا، پٹنا، زد و کوب سہنا. ۲. شکست کھانا نقصان اٹھانا. ۳. (i) دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ کر لینا؛ مال دبا لینا. (ii) فریب یا دھوکے سے کچھ حاصل کر لینا یا بچا لینا.

مار گرانا محاورہ. ۱. (i) مار کر گرا دینا، ہلاک کر دینا، مار ڈالنا. (ii) پچھاڑ دینا، پٹک دینا. ۲. تباہ کر دینا، ختم کر دینا.

مار لینا محاورہ. ۱. (i) غصب کر لینا، غبن کرنا، ناجائز طور پر قبضہ کر لینا، دبا لینا. (ii) دھوکے یا چالاکی سے وصول کر لینا، حد سے زیادہ رقم لینا، ہتھیا لینا. ۲. فتح کر لینا، جیت لینا. ۳. مغلوب کر لینا، شکست دے دینا. ۴. قابو میں کر لینا، مطیع کر لینا. ۵. لوٹ لینا، غارت کرنا. ۶. زخم لگا لینا، (فقرہ) اس نے چاقو مار لیا، زخمی کرنا، ہلاک کرنا. ۷. (ہاتھ کے ساتھ) شرط بدنا (فقرہ) ہاتھ مار لو.

مار مار کر / کے بھرکس نکال دینا محاورہ. بہت مارنا.

مار مارنا محاورہ. پٹائی کرنا، زد و کوب کرنا، سزا دینا.

مارا صف مذ (صف مث: ماری).
ا. مقتول، کشتہ، مارا ہوا. ۲. دکھی، (تکلیف وغیرہ میں) جتلا. ۳. تباہ شدہ، برباد، مٹا ہوا، جو ملیا میٹ ہو گیا ہو. ۴. ڈسا ہوا، گزیدہ.

مارا پھرنا محاورہ. آوارہ پھرنا، ٹھوکریں کھاتے پھرنا، بھٹکتے پھرنا.

مارا جانا ف مر: محاورہ. ۱. قتل ہونا، ہلاک ہونا، جان سے جانا. ۲. ضائع ہونا، رائیگاں جانا، کھو جانا، (روپیہ) ڈوبنا، نقصان ہونا. ۳. مصیبت میں پھنسنا، آفت میں پڑنا. ۴. برباد ہو جانا، تباہ ہو جانا، تلف ہو جانا. ۵. ذلیل و خوار ہونا، مردود ہونا.

مارا دھاڑی م ف. جی چاہے یا نہ چاہے، طوعاً و کرہاً، مجبوراً.

مارا مار (الف) م ف. ۱. جلدی سے، تیزی سے. ۲. پے در پے، پیہم. (ب) مث. ۱. کثرت، زیادتی، افراط. ۲. زد و کوب، مار دھاڑ، پے در پے حملہ یا ضرب.

مارا مارا پھرنا محاورہ. ادھر ادھر چکر لگانا، آوارہ پھرنا، ٹھوکریں پھرنا، بھٹکتے پھرنا، بے کار پھرنا.

مارا ماری مث. مار دھاڑ، زد و کوب، لڑائی.

مارا ہوا صف. ۱. کشتہ، گھائل، زخمی. ۲. تباہ کیا ہوا، برباد کیا ہوا. ۳. چرایا ہوا، غضب کیا ہوا.

مارتے (سک ر) صف مذ.
مارنا کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

مارتے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہے / پکڑا جا سکتا ہے کہنے کا منہ نہیں پکڑا جاتا / کی زبان نہیں پکڑی جاتی کہاوت. بدزبان کی زبان نہیں روکی جا سکتی، کسی کو کوئی بات کہنے سے نہیں روکا جا سکتا.

مارتے مارتے بھرکس نکال دینا محاورہ. بہت مارنا.

مارٹر (سک ر، فت ٹ) مث: اند.
۱. چھوٹی توپ جس سے گولا بہت اونچا جاتا ہے. ۲. ہاون، اوکھلی. [انگ].

مارجرین (سک ر، فت ج، ی مع) اند.
نقلی مکھن جو خوردنی تیل اور حیوانی چربی کو دودھ وغیرہ میں ملا کر بنایا جاتا ہے. [انگ].

مارچ (۱) (سک ر) اند.
عیسوی سال کا تیسرا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے. [انگ].

مارچ (۲) (سک ر) مث.
کوچ، روانگی؛ (فوج کی تربیت یافتہ) چال، رفتار. [انگ].

مارچ پاسٹ اند. معائنہ کرنے والے افسر یا سلامی کے چبوترے کے سامنے سے فوج کا سلامی دیتے ہوئے گزرنا. اف: کرنا/ہونا.

مارشل (۱) (سک ر، فت ش) اند.
سب سے اونچے درجے کا فوجی عہدے دار، سپہ سالار، جنرل سے اوپر کا فوجی افسر. [انگ].

مارشل (۲) (سک ر، فت ش) صف.
فوجی، عسکری؛ جنگی، حربی. [انگ].

مارشل لا اند. فوجی قانون، فوجی حکومت جس میں عام قانون معطل ہو جاتا ہے.

مارفائن (سک ر، کس ء) اند.
جوہر افیون، افیون کا ست. [انگ].

مارفیا (سک ر، کس ف) اند.
مارفائن، افیون کا ست، جوہر افیون. [انگ].

مارفین (سک ر، ی مع) اند.
دیکھیے: مارفائن. [انگ].

مارک (سک ر) اند.
۱. نشان، علامت. ۲. امتحان کے سوالات کے نمبر؛ کوئی نشان وغیرہ جو ناخواندہ آدمی دستخط کی جگہ بنائے؛ داغ، دھبا، معیار سے بلند. ۳. (دوا وغیرہ کی) معینہ مقدار ظاہر کرنے کے نشان جو شیشی پر بنے ہوتے ہیں؛ (مجازاً) دوا کی معینہ مقدار خوراک. [انگ].

مارک شیٹ مث. وہ کاغذ جس پر امتحان میں حاصل کردہ نمبروں کی تفصیل درج ہوتی ہے.

مارکا (سک ر) اند: ← مارکہ.
۱. وہ نشان جو کسی سلطنت کی طرف سے سلطنت کی علامت ظاہر کرنے کے لیے بنائیں، جیسے: شیر سلطنت برطانیہ کی علامت ہے. ۲. وہ علامت جو کوئی تجارتی کمپنی یا کارخانہ اپنی مصنوعات کے لیے مقرر کرے؛ جیسے: مٹی کے تیل کے ڈبوں پر ہاتھی کی تصویر بناتے اور اس کو ہاتھی مارکہ کہتے ہیں، ٹریڈ مارک، تجارتی نشان.

مارکٹ (سک ر، کس ک) مث نیز اند: ← مارکیٹ.
بازار، منڈی، خریداروں کا حلقہ جس میں مال بکتا ہو. [انگ].

مارکر (سک ر، فت ک) اند.
۱. نشان لگانے والا؛ وہ موٹا قلم جس سے نشان لگایا جائے. ۲. کھوجی. [انگ].

مارشکہ (سک ر، فت ک) انذ.
۱. علامت، پہچان، امتیازی نشان، شعار. ۲. وہ علامت جو کوئی تجارتی کمپنی یا کارخانہ اپنی مصنوعات کے لیے مقرر کرے، تجارتی نشان.

مارکیٹ (سک ر، ی مع) انذ.
دیکھیے: مارکٹ.

مارملیٹ / مارملیڈ (سک ر، فت م، ی مج) انذ.
نارنگی کا یا بعض اور پھلوں کا مربا. [انگ].

مارنا (سک ر) (الف) ف م.
۱. زدوکوب کرنا، مارنا پیٹنا، مار لگانا. ۲. ضرب لگانا، چوٹ لگانا، جڑنا (تھپڑ وغیرہ). ۳. قتل کرنا، ہلاک کرنا، جان لینا. ۴. فتح کرنا، تسخیر کرنا، سر کرنا. ۵. برباد کرنا، تباہ کرنا. ۶. (شطرنج وغیرہ) حریف کے مہرے یا نرد یا گوٹ کو پیٹنا. ۷. غبن کرنا، خورد برد کرنا، غصب کرنا، ہتھیا لینا، ناجائز طور پر حاصل کرنا. ۸. پٹکنا، دے مارنا. ۹. (تیر، بندوق وغیرہ) سر کرنا، چلانا، چھوڑنا، فیر کرنا. ۱۰. کوئی چیز مارنے کے لیے پھینکنا، پھینک کر مارنا. ۱۱. نشانہ لگانا. ۱۲. تیزی کم کرنا، چرپراہٹ دبانا، اثر گھٹانا. ۱۳. سخت الجھن میں ڈالنا، ستانا، پریشان کرنا، دق کرنا، ناک میں دم کرنا. ۱۴. شرمندہ کرنا، احسان. ۱۵. دفعتہً زوردار آواز نکالنا، شور کرنا؛ چیخ مارنا. ۱۶. فریفتہ کر لینا، موہ لینا، لبھانا. ۱۷. خواہشات نفسانی کو دبانا، قابو میں رکھنا. ۱۸. رگڑنا، پٹکنا، ٹکرانا (سر وغیرہ). ۱۹. اغلام کرنا. ۲۰. مس کرنا، چھونا، (ہاتھ سے) (تیمم) ضرب لگانا. ۲۱. سزا دینا، تعزیر دینا، ڈانٹنا، جیسے: استاد کا شاگرد کو مارنا یا تنبیہ کرنا وغیرہ. ۲۲. (آنکھ) جھپکانا، مٹکانا. ۲۳. لے کے نہ دینا، مکر جانا، لے لوٹ ہو جانا؛ جیسے: قرضہ مارنا، آتا ہوا مار لینا. ۲۴. دبانا، زیر کرنا، مغلوب کرنا، کم کرنا؛ جیسے: پیاز یا لہسن کی بو مارنا. ۲۵. کم کرنا، گھٹانا، کھونا؛ جیسے: زیادہ گھی بھوک مار دیتا ہے. ۲۶. اثر کم کرنا، زور توڑنا دبانا، جیسے: آگ کو آگ مارتی ہے. ۲۷. کند کرنا، ٹھنڈا کرنا؛ جیسے: دھار مارنا. ۲۸. کمانا، حاصل کرنا، اچک لینا، چرانا؛ جیسے: آج بھی سودے میں اس نے چار پیسے مار ہی لیے. ۲۹. بجھانا، زور گھٹانا؛ جیسے: شہوت مارنا، شوق مارنا. ۳۰. جھکانا، جھونک دینا؛ جیسے: تول میں ڈنڈی مارنا. ۳۱. پینا، روکنا، ہضم کرنا؛ جیسے: غصہ مارنا. ۳۲. ڈسنا کاٹنا، ڈنک مارنا. ۳۳. آنا، معلوم دینا، محسوس ہونا؛ جیسے: یہاں تو بو مارتی ہے. (ب) انذ. مارنے کا عمل، زدوکوب، پٹائی. [س].

مارنا پیٹنا / دھاڑنا / کوٹنا ف مر؛ محاورہ. زدوکوب کرنا، مار کٹائی کرنا.

مارنے (سک ر).
مارنا کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

مارنے مرنے پر اتر آنا / تل جانا / کو تیار ہونا محاورہ. سخت غصے ہونا، طیش میں آنا، لڑنے جھگڑنے لگنا.

مارنے والے سے جلانے والا بڑا ہے کہاوت. اس محل پر بولتے ہیں جب دشمن کسی برائی یا ہلاکت میں جہاں تک ممکن ہو کوشش کر چکے اور خدا کی مہربانی سے کچھ نقصان نہ پہونچے، خدا کی حفاظت دشمنوں کی مخالفت پر غالب ہے.

ماروت (و مع) انذ.
ان دو فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو چاہ بابل میں اوندھے لٹکے ہوئے ہیں، دوسرے کا نام، "ہاروت" ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ دونوں ایک طوائف زہرہ پر عاشق ہو گئے اور اسے آسمان پر جانے کا علم سکھا دیا، وہ تو زہرہ سیارہ بن گئی اور یہ دونوں قیامت تک چاہ بابل میں مقید رہیں گے یہ لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے.

ماروں (و مع) ف م.
مارنا سے فعل مضارع کا صیغۂ واحد متکلم، تراکیب میں مستعمل.

ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ کہاوت. بے تکی یا بے محل بات، سوال کچھ جواب کچھ.

ماروں مار (و مع) م ف. فوراً، بہ عجلت، تمام، پھرتی سے، تیزی سے.

ماری امث.
ضرب، مار، پٹائی.

ماری ماری پھرنا محاورہ. مارا مارا پھرنا، جس کی یہ تانیث ہے؛ خراب و خستہ حالت میں پھرنا.

مارے (الف) کلمۂ علت، م ف.
سبب سے، باعث، وجہ سے (عموماً "کے" کے ساتھ). (ب) (فعل مضارع صیغۂ واحد غائب و حاضر). لگائے، لگائے، پیٹے، ضرب لگائے، قتل کرے، ہلاک کرے، جان لے، تراکیب میں مستعمل.
(ج) صف. مارے ہوئے، مرکبات میں مستعمل، جیسے: شامت مارے، مصیبت مارے.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، مد = ممدودہ، مغ = (مغنونہ)، سک = سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مارے اور رونے نہ دے کہاوت. زبردست فریاد بھی نہیں سنتا، ظلم و جبر کرتا لیکن چیخنے چلانے کی اجازت تک نہ دینا، حدر درجہ جبر و ظلم کرنا.

مارے باندھے کا سودا اند. مجبوری کا معاملہ، زبردستی کا کام.

مارے ڈالنا محاورہ. بہت ستانا، پریشان کرنا، بے چین کرنا.

مارے نہ چوہی نام فتح خاں کہاوت. مفت میں بہادر مشہور ہو گئے، اس کے متعلق کہتے ہیں جسے کوئی ایسی چیز مل جائے جس کا وہ اہل نہ ہو.

مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ جانا / لوٹ پوٹ ہونا محاورہ. بہت ہنسی آنا، ہنسی کی شدت سے بے تاب ہو جانا.

ماڑ اند.
ابلے ہوئے چاولوں کا پانی، پیچ.

ماڑا صف.
بودا، کمزور، ناتواں، کم طاقت، نحیف، زار؛ لاغر، دبلا، پتلا؛ بوڑھا، ضعیف، پیر فرتوت؛ غریب، مسکین، بے چارہ؛ مفلس، نردھن، نادار، کنگال، تنگ دست، نکما، خراب، برا، کھوٹا جیسے: ماڑا گھی، حقیر، بے قدر، سبک، خفیف، ہیچ؛ کمینہ، دونا، کم درجے کا، ادنیٰ؛ علیل، مریض، ناخوش، جیسے: ماڑا جی ہے؛ تھوڑا سا، ذرا سا، رتی بھر، مقدار قلیل؛ نالائق، اناڑی.

ماڑی (۱) امث.
۱. مکان کے اوپر کی منزل، بالا خانہ، اٹاری، بام. ۲. (i) دو منزلہ مکان، بنگلہ، بلند عمارت. (ii) محل، حویلی.

ماڑی (۲) امث.
اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی، پیچ، مانڈ؛ کلف، اہار.

ماس (۱) اند.
۱. مہینا. ۲. چاند، ماہ، قمر. [س].

ماس (۲) اند.
۱. گوشت، لحم. ۲. سالن، قلیہ. [س].

ماس نوچنا ف مر؛ محاورہ. ۱. بوٹیاں کاٹنا، بھنبوڑنا، گوشت اتارنا. ۲. کسی کو دق کر کے اس سے اپنے صرف کے لیے روپیہ لینا، کسی سے حیلے بہانے سے روپیہ اینٹھنا، کھانے کو مانگنا.

ماسا اند (قدیم).
۱. مہینا (عموماً مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل؛ جیسے: بارہ ماسا وغیرہ).

ماسٹر (سک ر، فت ٹ) (الف) اند.
۱. تعلیم دینے والا، استاد، معلم. ۲. اعلیٰ تعلیمی ڈگری یا سند، ماسٹر آف آرٹس یا سائنس کا مخفف نیز اس ڈگری کا حامل (شخص). (ب) صف.
۱. ماہر، کامل فن. ۲. بچہ، لڑکا. ۳. مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل، بہ معنی بڑا، اعلیٰ. [انگ].

ماسٹر پیس اند. چوٹی کی چیز، اعلیٰ درجے کی صنعت یا کاریگری، (فنکار کی) بہترین تخلیق، شاہکار.

ماسٹرنی (سک ر، فت ٹ، سک ر) امث.
استانی، معلمہ.

ماسٹری (سک س، فت ٹ) امث.
استاد کا کام یا پیشہ، معلمی.

ماسِک (کس س) اند.
نقطہ جس پر شعاعیں انحراف یا انعکاس کے بعد جمع ہوں، وہ نقطہ جس سے شعاعیں نکلتی ہوئی معلوم ہوں، بیضوی شکل کا مرکز، نقطۂ ماسکہ. [ع].

ماسک (سک س) اند.
مصنوعی چہرہ، ایک قسم کی نقاب؛ گیس وغیرہ سے بچاؤ کے لیے چہرے پر پہنی جانے والی نقاب. [انگ].

ماسک اوڑھنا / پہننا / چڑھانا / لگانا ف مر؛ محاورہ. چہرے پر نقاب ڈالنا، مصنوعی چہرہ لگانا؛ جذبات و احساسات کو (کسی چیز کے پردے میں) چھپانا، اصل حقیقت کو پوشیدہ رکھنا.

ماسِکہ (کس س، فت ک) اند.
۱. وہ قوت جو غذا کو معدے میں ہضم کے واسطے روکتی ہے. ۲. (مجازاً) سکت، قوت. [ع].

ماسی امث.
۱. ماں کی بہن، خالہ. ۲. گھریلو کام کاج کرنے والی، عموماً، جز وقتی ملازمہ. [پ + س].

ماش اند.
۱.ایک قسم کا مونگ سے بڑا غلہ جو نہایت لیس دار ہوتا ہے، اس کی تین قسمیں ہیں سفید، سیاہ اور سبز، اڑد .۲. جادو کرنا . [س] .
ماش کا پتلا اند. ۱. (کنایۃً) گورا چٹا، خوبصورت .۲. عورتیں صدقہ اتارنے کے لیے ماش کا پتلا چوراہے پر رکھ دیتی ہیں .
ماش کے آٹے کی طرح آکڑنا/ اینٹھنا/ پھولنا محاورہ. بہت زیادہ غرور کرنا، اترانا، نخوت دکھانا .
ماشاءَ اللّٰہ (فت ء، غم ال، شد ل ہ) کلمۂ تحسین و آفرین.
دیکھیے : ما (۴) کے تحت الفاظ . [ع] .
ماشکی (سک ش) اند.
مشک لے کر پانی بھرنے والا، سقہ، بہشتی .
ماشہ (فت ش) اند.
۱. آٹھ رتی کا وزن، ایک تولے کا بارھواں حصہ .۲. دلالوں کی اصطلاح میں چونی، چار آنے . [س] .
ماشہ بھر صف. ۱. ایک ماشے کی مقدار، پورا آٹھ رتی .۲. تھوڑا سا، ذرا سا، رتی بھر، ایک حبہ، شمہ بھر .
ماشہ تولہ ہونا محاورہ. متلون مزاج ہونا، ایک حالت پر نہ رہنا، بہت نازک مزاج ہونا .
ماضی (الف) صف.
گزرا ہوا، گزشتہ . (ب) اند: مت . گزشتہ زمانہ، گزرے ہوئے دن .
(ج) مت . (صرف) مصدر کا وہ صیغہ جس سے زمانۂ گزشتہ ظاہر ہو، وہ فعلی صورت جو زمانۂ گزشتہ سے تعلق رکھے . [ع] .
ماضی احتمالی مت . وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک پایا جائے ؛ جیسے : وہ آیا ہوگا .
ماضی استمراری مت . وہ ماضی جس سے زمانہ گزشتہ میں فعل کا تواتر پایا جائے ؛ جیسے : وہ آتا تھا .
ماضی بعید اند: مت . ۱. دور کا گزرا ہوا زمانہ، قدیم زمانہ .۲. (قواعد) وہ ماضی جس سے دور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے ؛ جیسے : وہ آیا تھا .
ماضی قریب مت . ۱. قریب کا گزرا ہوا زمانہ، تھوڑے عرصے قبل کا زمانہ .۲. (قواعد) وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے : آیا ہے .
ماضیہ (کس ض، فت ی) صف.
بیتا ہوا، گزرا ہوا، گزشتہ، گزرے ہوئے زمانے کا .
ماعُون (و مع) اند.
گھر میں برتنے کی چیزیں مثلاً برتن ہانڈی یا خانگی اشیا، گھر میں عام استعمال کی چیزیں . [ع] .
مافیا (کس ف) اند.
مجرموں کا ایک منظم بین الاقوامی گروہ، خفیہ طور پر اثر و رسوخ اور دباؤ سے کام لینے والا گروہ (لفظاً) دھونس دینے والا . [انگ] .
ماق اند.
گوشۂ چشم، آنکھ کا کویہ، آنکھ کا وہ کویہ جو ناک کی طرف ہے . [ع] .
ماکُول (و مع) اند.
کھایا ہوا؛ کھانے کی چیز، غذا . [ع] .
ماکُولات (و مع) اند؛ ج.
کھانے کی چیزیں .
ماکھی مت.
۱. مکھی، ماچھی، نچھل، مگس، شہد کی مکھی .۲. ایک قسم کا معدنی پتھر جو دواؤں میں کام آتا ہے، سونا مکھی . [مکھی کا ایک املا] .
ماگھ اند.
ہندوؤں کے سال کا گیارھواں مہینہ (مطابق جنوری، فروری) . [س] .
مال(۱) اند.
۱. (i) دھن، دولت، نقدی، روپیہ پیسہ . (ii) دفینہ .۲. وہ چیز جو کسی کی ملکیت ہو اور جس پر دوسرے کو حق تصرف نہ ہو، ملکیت .۳. مال گزاری، لگان، وہ محصول جو سرکار زمین داروں پر لگائے .۴. جنس، چیز، شے .
۵. (کنایۃً) حقیقت، ہستی، اصل .۶. بیش قیمت شے، قیمتی چیز .
۷. مویشی، چوپایہ .۸. عمدہ اور لذیذ غذا، اچھا کھانا .۹. حسین شخص ؛ خوب صورت عورت ؛ حسین اور نو عمر نوچی .۱۰. اسباب، سامان .
۱۱. (i) غلہ، اجناس . (ii) سوداگری کی چیزیں، اشیائے تجارت .
۱۲. (ریاضی) کسی عدد کو فی نفسہٖ ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہوتا

ہے جیسے ۱۶ کا عدد ۴ کا مال ہے. ۱۳. کسی چیز کے بنانے کا مسالا یا ضروری سامان. [ع].

مال اُڑانا محاورہ. ۱. لذیذ اور عمدہ غذائیں کھانا، اچھے اچھے کھانے کھانا. ۲. فضول خرچی کرنا، روپیہ برباد کرنا، روپیہ صرف کرکے عیش کرنا. ۳. روپیہ خورد برد کرنا، خیانت کرنا، غبن کرنا.

مال پانی اند. روپیہ پیسہ، دولت، سرمایہ، مال و متاع.

مال حرام اند. ناجائز کمائی، ناجائز طریقوں سے کمایا ہوا مال، ناجائز مال، چوری کا مال؛ مفت کا مال.

مال خانہ اند. وہ جگہ جہاں سامان جمع رکھا جائے، گودام؛ تھانے کا وہ اسٹور جہاں ملزموں کے سامان جمع کر لیے جاتے ہیں.

مال دار صف. دولت مند، امیر، صاحبِ جائداد.

مال زادہ اند. حرام کا بچہ، رنڈی کا بیٹا، حرامی؛ بھڑوا (ایک گالی).

مال زادی امث. ۱. زنِ فاحشہ، رنڈی، کسبی. ۲. ایک قسم کی سخت گالی، چھنال، حرام زادی، قطامہ. ۳. کٹنی، دلالہ.

مال غنیمت اند. ۱. دشمن کا مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے. ۲. (کنایۃً) لوٹ کا مال، مفت کا مال.

مال غیر منقولہ اند. وہ مال جو اپنی جگہ قائم رہے اور سرک نہ سکے؛ جیسے: زمین مکان، کھیت وغیرہ، اٹل دھن.

مال گاڑی محاورہ. وہ ریل گاڑی جس میں صرف مال و اسباب لادا جاتا ہے.

مال گزار اند. ۱. (قانون) وہ شخص جو زمین کا لگان ادا کرے، مال گزاری ادا کرنے والا. ۲. گاؤں کا وہ چودھری جو زمین داروں سے محاصل وصول کر کے داخل سرکار کرے، نمبر دار.

مال گزاری امث. (قانون) زمین کا سرکاری محصول، لگان.

مال گننا محاورہ. خاطر میں لانا، باوقعت سمجھنا.

مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلے ہولی کہاوت. اور کے مال کو برباد کرکے آپ لذت اُٹھانا.

مال مارنا محاورہ. ۱. غصب کرلینا، کسی کا مال و زر فریب دے کر اپنے تصرف میں لانا، غبن کرنا، خورد برد کرنا. ۲. دوسروں کا روپیہ پیسہ ہتھیانا. ۳. چوری کرنا، سرقہ کرنا. ۴. بے محنت و مشقت روپیہ پیسہ حاصل کرنا.

مال و متاع اند. دھن دولت، مال و اسباب، روپیہ پیسہ اور سامان.

مال مسالا/ مسالہ اند:- مصالح. ۱. کسی چیز کو تیار کرنے کا ضروری سازو سامان. ۲. پکوان میں استعمال ہونے والی اشیا مثلاً نمک، مرچ، لہسن پیاز وغیرہ.

مال مست صف. دولت کے نشے میں چور، دولت پر مغرور.

مال مسروقہ اند. چرایا ہوا مال، چوری کا مال، سرقہ کیا ہوا مال.

مال مفت اند. محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال، بن داموں ملا ہوا مال.

مال مفت دل بے رحم کہاوت. اس موقع پر بولتے ہیں جب پرایا مال بے دریغ خرچ کیا جائے یا مفت کا روپیہ بے دردی سے صرف کیا جائے.

مال منقولہ اند. (قانون) وہ مال یا جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکے؛ جیسے: روپیہ، زیور، مویشی وغیرہ.

مال مویشی اند. چوپائے، گائے، بیل، بھینس، بکری، گھوڑا وغیرہ.

مال و منال/ متاع اند. دھن دولت، مال و اسباب، ساز و سامان، روپیہ پیسہ اور جائداد.

مال(۲) امث.

۱. مالا، ہار. ۲. وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرنے کے لیے لگی رہتی ہے. ۳. وہ رسہ یا چمڑا جو کلوں میں پہیوں کو چلانے کے لیے لگایا جاتا ہے؛ کوئیں کا موٹا رسہ.

مال(۳) امث.

ٹھنڈی سڑک، خیابان؛ ایک مخصوص سڑک کا نام. [انگ].

مال(۴) ف م.

مرکبات میں بطور جزو دوئم آ کر ملنے والا، رگڑنے والا، مروڑنے والا کے معنی دیتا ہے؛ جیسے: گوش مال، رومال، پامال وغیرہ میں. [ف].

مالا(۱) اند نیز امث.

۱. سونے، موتی یا پھولوں کا ہار. ۲. الفاظ کی فہرست یا مجموعہ. [س].

مالا پھرانا/ جپنا محاورہ. تسبیح پڑھنا، سمرن کرنا.

مالا(۲) اند.

۱. بالا خانہ، عمارت کی منزل. ۲. (شکاری) جنگلی جانور یا شیر کا رات کے وقت شکار کرنے کے لیے درخت کے اوپر گھات میں بیٹھنے کی بنائی ہوئی جگہ، پارچہ، گھاٹ.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مالا مال صف. ۱. بہت ، وافر ، کثیر. ۲. (مجازاً) بھرپور ، بھرا پرا ، معمور. ۳. (مجازاً) خوش حال ، نہال ، دولت مند.

مالتی (سک ل) امث.
۱. ایک پھول جو چنبیلی سے مشابہ لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے ، پھول کے اندر خشخاش کے دانوں کی مانند ذرّے ہوتے ہیں ، چنبیلی ، یاسمین.
۲. جوان عورت ، دوشیزہ. [س].

مالٹا (سک ل) اند.
ایک پھل جو سنگترے کی طرح ہوتا ہے اور اس میں ایک خاص قسم کی خوشبو ہوتی ہے.

مالش (کس ل) امث.
۱. ملنا ، رگڑنا ، سختی. ۲. جی کا متلانا ، متلی. ۳. کسی چیز مثلاً تیل وغیرہ کو جسم پر مل کر جذب کرنا. ۴. (کنایۃً) سرزنش ، سرکوبی ، سزا. [ف].

مالشیا (کس ل ، سک ش) اند.
مالش کرنے والا ، وہ شخص جس کا کام یا پیشہ مالش کرنا ہو.

مالِک (کس ل) اند.
۱. کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا ، شخص ، والی. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. ۳. شوہر ، خاوند. ۴. آقا ، صاحب ، حاکم ، اختیار رکھنے والا ، بااختیار ، صاحب اختیار. ۵. قابض ، متصرف. ۶. ایک فرشتے کا نام جو دوزخ کا نگراں ہے ، دوزخ کا داروغہ. ۷. امام مالک ، فقۂ اہلِ سنت کے چار بڑے اماموں میں سے ایک کا نام جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں ، مسلکِ مالکی کے پیروکار. [ع].

مالک الملک اند. ۱. بادشاہ ، شہنشاہ ، ملک کا مالک. ۲. خداوند تعالیٰ.

مالک مکان اند. گھر کا مالک ، صاحب خانہ ، گھر والا.

مالِکان (کس ل) اند : ج.
مالک کی جمع.

مالِکانہ (کس ل ، فت ن) (الف) صف.
مالک کے طور پر ، مالک کی طرح ، مالک کی مانند ، ملکیت والا ؛ جیسے : مالکانہ اختیار (اختیارات) ، حقوق وغیرہ. (ب) اند. زمین داری کا حق زمین جو کاشت کار سالانہ یا ماہوار نقد یا جنس کی صورت میں زمین دار کو ادا کرے.

مالِکِن (کس ل ، فت ک) امث.
مالک کی تانیث ، مالکہ.

مالکوس / مالکونس (کس ل ، وج / غنہ) اند.
(موسیقی) ایک راگ جو ماگھ یا پھاگن میں گایا جاتا ہے اور اس کا وقت آخر شب ہے. [س].

مالِکہ (کس خف ل ، فت ک) امث.
مالک کی تانیث.

مالِکی (کس خف ل) صف ؛ اند.
امام مالک سے منسوب (امام مالک کا پیرو) ، اہلِ سنت کا وہ طبقہ جو فقہ میں امام مالک کا پیرو ہے.

مالَن / مالنی (فت ل) امث.
مالی کی بیوی ، مالی قوم کی عورت ، پھول بیچنے والی.

مالُوف / مالوفہ (وم) صف.
۱. مانوس ، ہلا ملا. ۲. عزیز ، پیارا. [ع].

مالی (۱) اند.
باغبان ، باغ کی دیکھ بھال کرنے والا. [س].

مالی کے پھول ڈالی میں کہاوت. جو چیز جہاں کی ہو وہیں اچھی معلوم ہوتی ہے.

مالی (۲) صف.
۱. مال سے منسوب یا متعلق ، مال کا. ۲. مال گزاری سے منسوب ، محکمۂ مال سے منسوب. ۳. دولت مند ، مال دار.

مالیات (کس ل) امث.
۱. (معاشیات) کسی ادارے کے آمد و خرچ کا انتظام و حساب کتاب ، اقتصادی صورت حال. ۲. وہ علم جس میں آمد و خرچ کے مسئلے پر غور و خوض کیا جاتا ہے ، اقتصادیات. ۳. محصول ، ٹیکس.

مالیاتی (کس ل) صف.
"مالیات" سے منسوب ، مالیات کا.

مالیّت (کس ل ، شد ی مع فت) امث.
۱. دھن ، دولت ، خزانہ ، مال ہونے کی حالت ، مال ہونا. ۲. لاگت ، قیمت. ۳. ملکیت. ۴. وقعت ، حیثیت.

مالیخُولیا (ی مع ، ومع ، سک ل) اند :- مالی خولیا.
(طب) ایک مرض جس میں مریض کے خیالات خراب اور منتشر ہو جاتے ہیں اور وہ گوناگوں تفکرات اور غم و اندوہ میں مبتلا رہتا ہے ، خفقان ، جنون ، خلل دماغ ، سودا ، خیال خام . [یو].

مالیدہ (ی مع ، فت د) (الف) صف.
۱. چورا کیا ہوا ، ملیدہ ، ملا ہوا . ۲. بگایا ہوا . (ب) م ف . مل کر . (ج) اند.
۱. روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو شکر اور گھی میں ملا کر حلوا سا بناتے ہیں ؛ (کنایۃً) ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کر کے مل کر ڈالی گئی ہو ، ملیدہ . ۲. الوان کی قسم کا چوڑے پنے اور سنگین بنائی کا چپل پشمینہ سادہ اور چھپا ہوا دونوں قسم کا ہوتا ہے اس کا تار کچھ ملا ہوتا ہے اور نہایت احتیاط سے نمدے کی وضع پر تیار کیا جاتا ہے ، ملیدا .

مالیکیول (ی مع ، ومع) اند :- مالی کیول.
(طبیعیات) عنصر کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو ایک عنصر کی تمام خصوصیات کو ظاہر کرے . [انگ].

مالیہ (کس ل ، فت ی) اند.
۱. وہ آمدنی جو سرکار کو مختلف ٹیکسوں سے وصول ہوتی ہے ، محاصل .
۲. (زراعت) مال گزاری ، لگان .

مام اند.
۱. مقدرت ، استطاعت ، بساط . ۲. طاقت ، بل ، بوتا . [س].

ماما (۱) اند.
(ہندو) ماں کا بھائی ، ماموں . [س].

ماما (۲) مث.
۱. والدہ ، ماں ، اماں ، ماتا . ۲. کھانا پکانے والی عورت ، باورچن ، گھریلو ملازمہ ، خادمہ .

ماما چھو مث. گھر کا کھانا پکانے والی عورت ، دائی ، کھلائی ، انا ، خادمہ .

ماما گری / گیری مث. عورت کی کھانا پکانے کی ملازمت ، باورچن کا پیشہ . [ف].

مامائی مث.
دایہ گری.

مامتا (سک م) مث.
ماں کی محبت ، اُلفتِ مادری ، ماں کا پیار . [س].

مامتا ٹھنڈی رکھے / رہے دعائیہ فقرہ. (دعائیہ) اولاد خوش رہے ، اولاد کی عمر دراز ہو ، اولاد کی خوشیاں دیکھنا نصیب ہو .

مامَن (فت م) اند.
۱. امن کا گہوارہ ، جائے پناہ ، محفوظ جگہ . ۲. بچاؤ ، حفاظت کا طریقہ ، علاج . [ع].

مامُور (ومع) صف.
۱. جس کو حکم ملا ہو . ۲. آسیب زدہ . [ع].

مامور کرنا ف مر. متعین کرنا ، مقرر کرنا .

مامور ہونا ف مر. ۱. حکم ہونا ؛ مراد : امرِ الٰہی ہونا . ۲. مقرر ہونا . ۳. بند ہونا رک جانا ، رکاوٹ پیدا ہونا .

مامُوم (ومع) اند.
امام کے پیچھے نماز پڑھنے والا ، مقتدی . [ع].

مامُون (ومع) صف.
محفوظ ، خطرے سے باہر ، امن میں . [س].

مامُوں (ومع) اند.
۱. ماں کا بھائی . ۲. (سلینگ) بے وقوف . [س].

ماموں بنانا محاورہ. بے وقوف بنانا.

مامی مث.
ماموں کی بیوی ، ممانی .

مان (۱) اند.
۱. عزت ، وقار . ۲. خاطر تواضع ، آؤ بھگت ، عزت افزائی . ۳. غرور ، گھمنڈ ، تکبر ، نخوت ، ناز ، نخرہ . ۴. (کنایۃً) اختیار ، بس . ۵. ارمان ، تمنا ، چاہت ، شوق . ۶. فخر ، ناز ، تمکنت . ۷. بھروسا ، اعتبار . [س].

مان رکھنا محاورہ. ۱. عزت قائم رکھنا ، بات رکھنا ، پت رکھنا . ۲. تعظیم و تکریم کرنا ، خاطر مدارات کرنا . ۳. تمنا پوری کرنا ، مراد بر لانا .

مان کا ہان اند : فقرہ. کوئی چیز جو دی جائے خواہ وہ تھوڑی اور معمولی ہی ہو مگر عزت و توقیر کے ساتھ ملے تو قابلِ قدر ہے ، وہ تھوڑی چیز بھی جو عزت کے ساتھ ملی ہو بہت ہے .

ماں کا (تو) ہاں بھی بہت ہوتا ہے / کا ہاں بھی غنیمت کہاوت. عزت کے ساتھ تھوڑا ملنا بھی بہت ہوتا ہے؛ تھوڑا سا پوچھ لینا بھی غنیمت ہے.

مان کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. خاطر مدارات کرنا، آؤ بھگت کرنا، تعظیم و تکریم کرنا. ۲. غرور کرنا، تکبر کرنا، گھمنڈ کرنا.

مان(۲) امر.
ماننا کا فعل امر، تسلیم کر، قبول کر، اقرار کر، راضی ہو، اجازت دے (تراکیب میں مستعمل).

مان جانا محاورہ. منظور کر لینا، تسلیم کر لینا، راضی ہو جانا، اقرار کر لینا، آمادہ ہو جانا.

مان لینا محاورہ. منظور کرنا، قبول کرنا.

مان نہ مان میں تیرا مہمان کہاوت. بے بلائے کسی کے یہاں جانے، خواہ مخواہ کسی کی بات میں دخل دینے یا زبردستی کسی کام میں شریک ہونے والے کے لیے بولتے ہیں.

ماں مث :- ما.
ا. عورت جس کے اولاد ہو، اُم، والدہ. ۲. (عو) کلمۂ تخاطب، والدہ کو پکارنے کا لفظ، اماں. ۳. (کنایۃً) جڑ، بنیاد، منبع، سرچشمہ.

ماں باپ مذ. والدین، ماتا پتا، مادر پدر.

ماں بیٹی دو ذات، پھوپی بھتیجی ایک ذات کہاوت. لڑکی میں ماں کے بجائے زیادہ تر پھوپی کی عادتیں ہوتی ہیں.

ماں ٹینی باپ کلنگ بچے نکلے / ہوویں / دیکھو رنگ برنگ کہاوت. دوغلے خاندان کی اولاد ایک سی نہیں ہوتی، کوئی کیسا ہے کوئی کیسا ہے.

ماں جائی مث. سگی بہن، بہن جو ماں کے پیٹ سے ہو، ایک ہی ماں کی جنی ہوئی دو بہنیں.

ماں سے زیادہ / سوا، چاہے، سو پھاپھا کٹنی کہلائے کہاوت. ماں سے زیادہ محبت جتلانا غرض سے خالی نہیں ہوتا.

ماں جایا / جائے مذ. سگا بھائی، برادر حقیقی.

ماں کے پیٹ سے سیکھ کر / (لے کر) کوئی نہیں آتا کہاوت. سیکھا سکھایا کوئی نہیں پیدا ہوتا، کام سیکھنے ہی سے آتا ہے.

ماں مارے اور ماں ہی (ماں) پکارے کہاوت. اپنوں کی سختی بھی بری نہیں معلوم ہوتی، اپنا کتنی ہی سختی کرے پھر اپنا ہی کہلاوے گا.

ماں مرے موسی جیے کہاوت. ماں اور خالہ کی محبت میں کوئی فرق نہیں، ماں مر جائے تو خالہ بچوں کی پرورش کرتی ہے.

مانا(۱) ماضی.
(بیشتر ”کر“ کے ساتھ) تسلیم کیا، فرض کیا، ماننا کا فعل ماضی مطلق.

مانا(۲) صف.
مشابہ، مانند، مثل. [ف].

مانپنا (فتہ، سک پ) ف م.
ناپنا، پیمائش کرنا، ماپنا کا ایک املا.

مانٹیسوری (سک ن، ی مع، و مج) مث.
بہت چھوٹے بچوں کو تعلیم دینے ایک طریقہ یا نظام جس میں ان کی فطری سرگرمیوں کو سختی سے کنٹرول کرنے کے بجائے ان کی رہنمائی کی جاتی ہے. [انگ].

مانجا (مغ) مذ :- مانجھا.
پتنگ کی ڈور کو سوتنے کا مسالا جو چاولوں کی لیدی میں پسا اور کپڑا چھان کیا ہوا شیشہ اور رنگ ملا کر بناتے ہیں.

مانجنا (فتہ، سک ج) ف م :- مانجھنا.
ا. اُجالنا، جلا کرنا، صیقل کرنا، برتن مل کر صاف کرنا. ۲. (کنایۃً) کسی کام کی مشق کرنا. [س].

مانجے / مانجھے بیٹھنا محاورہ.
دولھا اور دلہن کا شادی سے دو چار دن پہلے گوشے میں بیٹھ جانا، مائیوں بیٹھنا.

مانجھا(۱) (مغ) مذ.
پتنگ لڑانے کی ڈور سوتنے کا مسالا جو کانچ کا سفوف چاولوں کی لیدی میں ملا کر اور رنگ ڈال کر بنایا جاتا ہے.

مانجھا(۲) (مغ) مذ.
ا. وہ زرد پوشاک جو مائیوں میں دولھا دلہن کو پہنائی جاتی ہے. ۲. دولھا دلہن کا شادی سے دو چار روز پہلے باہر کی آمد و رفت موقوف کر کے گوشے میں بیٹھنا، مائیوں.

سانجھا(۳) (مخ) اند.
چارپائی ، پلنگ . [پن] .

سانجھنا (غنہ ، سک جھ) ف م.
دیکھیے : مانجنا .

سانجھی (مخ) اند .
ناؤ یا کشتی چلانے والا ، ملاح ، کشتی بان ، ناخدا .

ماند(۱) (غنہ) صف (الف).
۱. (i) چمک دمک سے عاری ، بے آب و تاب ، بے رونق ، مدھم ، پھیکا ، اُترے ہوئے رنگ کا . (ii) چمک دمک ، آب و تاب یا حسن وغیرہ میں مقابلۃً دوسرے سے کمتر یا فروتر . ۲. (مجازاً) کمزور ، جوش سے خالی . (ب) اند . غار ، کھو ، بھٹ . [س] .

ماند(۲) (غنہ) صف.
تھکا ہوا ، مضمحل ، بیمار ، روگی .

ماندا(۱) (مخ) صف مذ.
۱. بیمار ، علیل ، مریض ، روگی ، مضمحل . ۲. تھکا ہوا ، مضمحل ، عاجز .

ماندا(۲) (مخ) صف.
بے رونق ، مدھم ، پھیکا .

ماندگی (مخ ، فت نیز سک د) امث.
۱. تھکن ، تکان ، کسل ، خستگی ، اعضا شکنی . ۲. بیماری ، علالت ، روگ ، آزار .

ماند و بُود (مخ ، وج ، ومع) امث.
رہنے سہنے کا طرز ، طریق بود و باش ، رہن سہن ، رہنا سہنا . [ف] .

ماندہ (مخ ، فت د) صف.
۱. تھکا ہوا ، مضمحل ، خستہ . ۲. باقی بچا ہوا ، پیچھے رہا ہوا . ۳. بچا ہوا ، رہا ہوا (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل) . [ف] .

ماندی (مخ) صف مث.
تھکی ہوئی ، مضمحل ؛ علیل ، بیمار ؛ کمزور .

مانڈ (غنہ) اند.
۱. اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ، مانڈی ، پیچ . ۲. اہار ، کلف . [س] .

مانڈا (مخ) اند.
(i) ایک قسم کی پتلی اور بڑی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے ، ایک طرح کا شیرمال ، مانڈہ . (ii) بہت پتلی اور چوڑی چکلی روٹی جو عام طور پر پلاؤ وغیرہ کی قابوں پر ڈھکنے کو پکائی جاتی ہے . [س] .

مانڈنا/ مانڈھنا (غنہ) (الف) ف م.
۱. قائم کرنا ، آغاز کرنا ، شروع کرنا ، چالو کرنا . ۲. (کھیل وغیرہ) جمانا ، رچانا . ۳. پانو کے نیچے روندنا ، کچلنا ، مسلنا . ۴. گوندھنا ، سانتا ، سوندنا ، لکھنا ، تحریر کرنا ، رقم کرنا ؛ ٹھاننا ، مصمم ارادہ کرنا ، عزم بالجزم کرنا .
(ب) ف ل . واقع ہونا ، رونما ہونا ، ظہور میں آنا ، آپڑنا . [س] .

مانڈہ (مخ ، فت ڈ) اند .
دیکھیے : مانڈا .

مانڈی (مخ) امث .
پیچ ، کانجی ، کلف ، ماوا .

مانس (ضم نیز فت ن) اند .
آدمی ، انسان ، منش . [س] .

مانس مورت امث . انسان کی صورت یا پیکر .

مانس(۱) (غنہ) اند : – ماس .
گوشت . [س] .

مانس(۲) (غنہ) اند.
مہینہ . [س] .

مانع (کس ع ن) (الف) صف.
منع کرنے والا ، روکنے والا ، رکاوٹ ڈالنے والا ، مزاحم ، سدراہ .
(ب) اند . اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام . [ع] .

مانع آنا محاورہ . روکنا ، مزاحم ہونا ، سدّراہ ہونا .

مانع ہونا ف مر : محاورہ . مزاحم ہونا ، سدّراہ ہونا ، معترض ہونا .

مانگ(۱) (غنہ) امث .
۱. سر کے بالوں کے بیچ کی سیدھی لکیر جو بالوں کو دائیں بائیں تقسیم کرتی اکثر درمیان میں (سیدھی مانگ) اور گاہے ایک طرف ہوتی ہے جو آڑی مانگ کہلاتی ہے . ۲. (مجازاً) خاوند ، شوہر ، سر کا وارث . ۳. ایک وضع کا موتیوں کا زیور جو بالوں کی مانگ پر پہنا جاتا ہے . [س] .

مانگ اُجڑنا محاورہ. بیوہ ہونا ، رانڈ ہونا .

مانگ بھرنا محاورہ. مانگ کو موتی یا سیندور سے بھر دینا (اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں).

مانگ پٹی/ چوٹی امث. بالوں کی درستی ، کنگھی چوٹی. اف : کرنا.

مانگ میں سیندور/ صندل/ موتی بھرنا محاورہ. مانگ میں سیندور یا صندل لگانا یا اس میں موتی بھرنا (سہاگن ہونے کی علامت یا برائے آرائش).

مانگ(۲) (غنہ) امث.
(i) طلب ، ضرورت ، حاجت . (ii) مطالبہ .

مانگ بڑھنا ف مر. کسی چیز کی طلب یا ضرورت میں اضافہ ہونا.

مانگ تانگ کر/ کے کام چلانا محاورہ. اِدھر اُدھر سے لے کر، قرض یا اُدھار لے کر، لوگوں سے مستعار لے کر، ضرورت پوری کرنا.

مانگ کرنا ف مر. مطالبہ کرنا.

مانگا (مغ) صف.
عاریۃً لیا ہوا ، مستعار لیا ہوا ، قرض لیا ہوا ، اُدھار لیا ہوا .

مانگا تانگا صف. عاریۃً لیا ہوا ، مستعار لیا ہوا ، قرض لیا ہوا، اُدھار لیا ہوا.

مانگتا (غنہ، سک گ) صف مذ ؛ ← منگتا.
بھکاری ، مانگنے والا .

مانگنا (غنہ، سک گ) ف م.
۱. سوال کرنا ، درخواست کرنا . ۲. طلب کرنا . ۳. بھیک لینا ، گدائی کرنا . ۴. تقاضا کرنا . ۵. دعا کرنا ، التجا کرنا . ۶. نسبت کی درخواست کرنا.

مانگنے والا (غنہ، سک گ) اند.
بھکاری ، سوالی .

مانگی (مغ) صف ؛ امث .
وہ چیز جو طلب کی جائے ، طلب کی ہوئی (چیز) ؛ منگیتر (لڑکی) .

مانگی تانگی (ہوئی) صف مث . عاریۃً لی ہوئی ، مستعار لی ہوئی .

مانگے (مغ) م ف.
مستعار یا ادھار لیا ہوا ، مانگا ہوا ؛ مانگا کی جمع مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل.

مانگے تانگے کا صف مذ (مث: مانگے تانگے کی). مانگا ہوا ، قرض یا اُدھار لیا ہوا ، مستعار لیا ہوا .

ماننا (سک ن) ف م.
۱. تسلیم کرنا ، درست یا ٹھیک سمجھنا ، قبول کرنا ۲. تعظیم و تکریم کرنا ، بڑا ماننا ادب کرنا، عقیدت رکھنا ۳. فرض کرنا، قیاس کرنا ۴. اثر لینا، اثر قبول کرنا محسوس کرنا . ۵. استادی یا مہارت کا قائل ہونا، کسی کے تفوق یا کمال کا اقرار کرنا . ۶. ایمان رکھنا ، اعتقاد رکھنا ، یقین رکھنا . ۷. رضامند ہونا راضی ہونا . ۸. اعتراف کرنا ، اقبال کرنا ، معترف ہونا . ۹. (i) کہا کرنا حکم بجالانا ، کہے پر عمل کرنا ، تعمیل کرنا ، تابع داری کرنا . ۱۰. درخواست یا التجا قبول کرنا . ۱۱. جاننا ، محسوس کرنا ، سمجھنا . ۱۲. معتبر سمجھنا ، بھروسا کرنا ، اعتماد کرنا ، لحاظ کرنا . ۱۳. ٹھہرنا ، رکنا ، چین سے بیٹھنا ۱۴. خفگی اور ناراضگی کو دور کرنا ، من جانا ، منا ، پروا کرنا ، خاطر میں لانا . [س] .

مانِنْد (فت نیز کس ن ، سک ن) (الف) حرف تشبیہ.
مثل ، طرح ، جیسا ، سا ، مشابہ (اضافت یا حرف اضافت (کے یا کی) کے ساتھ مستعمل) . (ب) اند. ۱. نظیر، جواب ، مثل، ہم سر. ۲. شبیہ، عکس ، ہیولیٰ، پرتو . [ف] .

مانو (مع) (الف) اند.
۱. انسان ، آدمی ، نسلِ انسانی . ۲. لڑکا ، نوجوان . (ب) صف . انسانی ، انسان کا . [س] .

مانو (وغ) حرف تشبیہ.
گویا ، جیسا ، تراکیب میں مستعمل .

مانو تو دیوتا/ دیوی/ ایشر/ ٹھاکر نہیں/ نہ مانو تو پتھر کہاوت . اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حرمت کی جاتی ہے ، اگر اعتقاد نہیں تو کچھ بھی نہیں .

مانو نہ مانو فقرہ. تسلیم کیجیے یا نہ کیجیے .

مانو (وغ) امث .
بلی . [پ : س] .

مانوٹائپ (وغ ، کس ،) اند ؛ امث .
(طباعت) یک حرفی ، ایسی دھات کی پلیٹ سے چھپائی جس پر تصویر پینٹ ہو ؛ (بڑے M سے) ایسی مشین جو الگ الگ حروف ڈھالتی بھی ہے اور جوڑتی بھی ہے . [انگ].

مانُوس (و مع) صف.
۱. جس سے اُنس ہو، خوگر، ہلا ملا، شیر و شکر. ۲. جانا پہچانا، آشنا. [ع].

مانوگرام (و مج، س ع گ) اند.
نام وغیرہ کے ابتدائی حروف کا سیٹ جسے کسی ڈیزائن کی شکل دی گئی ہو، طغرا. [انگ].

مانی(۱) اند.
ایک قدیم رومی نقاش و مصور، ارژنگ نامی کتاب اس کی تصنیف بتائی جاتی ہے، عموماً بطور تلمیح مستعمل.

مانی(۲) صف.
تسلیم کی گئی.

مانی ہوئی بات مث. تسلیم شدہ بات، یقینی بات، امر بدیہی.

مانیٹر (ی مع، فت ٹ) اند.
۱. جماعت میں نظم و ضبط رکھنے پر مامور طالب علم، طالب علم جسے استاد جماعت میں سے چن کر دوسرے ساتھیوں کی نگرانی اور رہنمائی کے لیے مقرر کرے. ۲. کسی کارروائی یا عمل پر نظر رکھنے اور بروقت آگاہ کرنے والا کارکن یا پرزہ. [انگ].
مانیٹر کرنا ف مر. مسلسل جانچنا، نگرانی کرنا.

ماوا(۱) اند.
۱. اصل، جوہر، مادہ؛ (مجازاً) نطفہ. ۲. (i) سامان، مصالح. (ii) وہ گودا یا مسالا جس سے کاغذ تیار کیا جاتا ہے. ۳. آگ پر پکا کر گاڑھا اور بھون کر لگدی بنایا ہوا دودھ جس سے پیڑا اور قلاقند بناتے ہیں، کھویا. [س].

ماوا(۲) اند؛ ← ماویٰ.
جائے بازگشت، جائے پناہ، ٹھکانا، گھر. [ع].

ماوا و ملجا اند. جائے پناہ، پناہ گاہ، ٹھکانا، پناہ لینے کی جگہ.

ماہ اند.
۱. (i) چاند، قمر، ماہتاب. (ii) (مجازاً) حسین، محبوب، معشوق. ۲. مہینا، شمسی سال کے حساب سے ۲۸، ۲۹، ۳۰ یا ۳۱ دن کی مقررہ مدت اور قمری سال کے حساب سے ایک چاند کے دیکھنے سے دوسرے چاند کے دیکھنے تک کا عرصہ جو کبھی ۲۹ اور کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے. ۳. چاند کے موکل کا نام؛ شمسی مہینے کے بارھویں دن کا نام؛ کوئی کام جو بارھویں تاریخ کو کیا جائے. ۴. (پہلوی) شہر، ملک؛ معشوقہ، محبوبہ. [ف].

ماہ انور اند. چمک دار چاند، نورانی چاند، بہت زیادہ روشن چاند، بدر.

ماہ بماہ م ف. ہر مہینے، ماہوار، ماہانہ.

ماہ بِینی مث. چاند کو پلک جھپکائے بغیر تکنے کی مشق.

ماہ پارا/ پارہ اند. چاند کا ٹکڑا؛ (مجازاً) خوب صورت، حسین؛ معشوق؛ محبوب، بہت پیارا اور دل نشیں.

ماہ تاب اند. ۱. چاند، قمر؛ چاند کی روشنی؛ چاندنی. ۲. گنجفے کا وزیر. ۳. ایک وضع کی آتش بازی.

ماہ تاباں اند. چمکنے والا چاند، روشن چاند، پورا چاند، ماہِ تمام؛ مراد: محبوب.

ماہ تابی مث. ۱. ایک قسم کا کپڑا جس پر اجرامِ فلکی کی سنہری یا روپہلی شکلیں بنی ہوتی ہیں. ۲. ایک قسم کی آتش بازی جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے؛ اونچا کھلا ہوا پکا چبوترا سا جو دالان یا صحن خانہ یا صحنِ باغ میں رات کو بیٹھ کر چاندنی کی بہار دیکھنے کے واسطے بنا دیتے ہیں؛ وہ چیز جس تک چاندنی پہنچی ہو، ایک قسم کا تربوز؛ چکوترہ.

ماہ تمام اند. پورا چاند؛ چودھویں رات کا چاند، بدر.

ماہ جبیں صف. چاند جیسی پیشانی والا، ماہ سیما؛ حسین، محبوب.

ماہ چاردہ/ چہاردہ اند. چودھویں رات کا چاند، پورا چاند، بدر، ماہِ تمام؛ (مجازاً) حسین محبوب.

ماہ رُخ صف. ۱. جس کے رخسار چاند کی طرح روشن ہوں؛ مراد: حسین، محبوب. ۲. ایک قسم کی لکڑی جس کی چرائی کے بعد اس میں چاند جیسے حلقے پڑے ہوئے نظر آتے ہیں. ۳. شیرازی، سفید رنگ کا کبوتر.

ماہ رو صف؛ اند. چاند کی طرح خوب صورت، چاند سے چہرے والا؛ مراد: حسین، محبوب.

ماہ سے تا ماہی / سے ماہی تک فقرہ؛ م ف. چاند سے پاتال کی مچھلی تک؛ مراد: کل عالم میں، ہر جگہ؛ تمام دنیا میں، سارے جہاں میں.

ماہ عسل اند. وہ زمانہ جو دولھا دلہن کسی نئی جگہ جا کر تفریح میں بسر کرتے ہیں، ماہِ عروسی، ہنی مون، شادی کے بعد ابتدائی ایام.

ماہ کامل امذ. ماہِ تمام، پورا چاند، چودھویں کا چاند؛ مراد: خوب صورت، ترقی یافتہ، کامل شے.

ماہ لقا صف. ماہ پیکر، ماہ رُو؛ (مجازاً) حسین، خوب صورت، محبوب.

ماہ مبین امذ. روشن چاند، کھلا ہوا چاند، چمکتا ہوا چاند.

ماہ نو امذ. ۱. قمری مہینے کی پہلی رات کا چاند، ہلال، نیا چاند، بڑھتا ہوا چاند. ۲. (مجازاً) ترقی پذیر، نو آموز (ماہِ کامل کے مقابل).

ماہ وار (الف) م ف؛ صف. ماہ بہ ماہ، ماہانہ، مہینے کے مہینے، ماہ در ماہ، ہر مہینے، مہینے میں، فی ماہ. (ب) امذ. درماہہ، مشاہرہ، تنخواہ.

ماہ و سال (الف) امذ. مہینے اور برس؛ وقت، زمانہ، دَور. (ب) م ف. ہمیشہ، مدام.

ماہ وش صف. چاند سا حسین، خوب صورت؛ (مجازاً) معشوق، محبوب.

ماہا صف؛ ~ ماہہ.
مہینے کا، مہینوں کا، جو ایک یا زیادہ مہینوں پر مشتمل ہو (عدد کے ساتھ تراکیب میں مستعمل).

ماہانَہ (فت ن) (الف) امذ.
ماہ سے متعلق یا منسوب، مہینے کی تنخواہ؛ وظیفہ. (ب) م ف؛ صف. مہینے کا، ماہوار.

ماہْتاب (سک ہ) (الف) امذ.
۱. چاند کی روشنی، چاندنی نیز چاند. ۲. گنجفے کا وزیر. (ب) امث. ایک آتش بازی جو رات میں چھوڑی جائے تو چاند کی سی روشنی بنتی ہے.

ماہْتابی (الف) امث.
۱. اونچا اور بے چھت کا پکا چبوترا جو صحنِ خانہ یا باغ میں چاندنی کی سیر دیکھنے اور سردی کے دنوں میں دھوپ کھانے کے لیے بنایا جاتا ہے. ۲. ایک وضع کی آتش بازی جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے. ۳. ایک قسم کا تربوز؛ چکوترا؛ کپڑے کی ایک قسم جس پر اجرامِ سماوی کی سنہری یا روپہلی شکلیں منقوش ہوتی ہیں. (ب) صف. چاند کا، چاند جیسا، چاندنی سے منور.

ماہِر (کس ہ) صف.
۱. واقف، آگاہ، جاننے والا، باخبر. ۲. کسی علم یا فن میں کامل، اُستاد، ہنرمند، تجربہ کار، مشّاق. [ع].

ماہر تعلیم امذ. درس و تدریس میں ماہر، تعلیم کے شعبے میں مہارت رکھنے والا عالم.

ماہر لسانیات امذ. زبانوں کا عالم، زبانوں سے متعلق علم میں ماہر.

ماہِرانَہ صف؛ م ف.
مہارت سے، ماہر کی طرح، استادانہ، ہنرمندانہ.

ماہِرین (کس ہ، ی مع) امذ؛ ج.
ماہر لوگ، کامل فن لوگ.

ماہْنامَہ (سک ہ، فت م) امذ.
ہر مہینے شائع ہونے والا رسالہ، ماہوار رسالہ.

ماہْوار (سک ہ) (الف) امث.
ماہانہ تنخواہ یا مشاہرہ، ماہانہ وظیفہ. (ب) م ف؛ صف. ہر مہینے، ماہ بماہ مہینے کے مہینے، مہینے بھر میں، ہر مہینے کا.

ماہْواری (سک ہ) (الف) امث.
۱. ماہانہ تنخواہ یا وظیفہ. ۲. خونِ حیض جو ہر مہینے حائضہ عورت کو معمولاً وقت پر آتا ہے. (ب) امذ. وہ ملازم جو ماہ بہ ماہ تنخواہ لے. (ج) صف؛ م ف. ۱. مہینے کا، پورے مہینے کا. ۲. مہینے کے مہینے، ہر مہینے. ۳. مہینے کے حساب سے.

ماہی (۱) امث.
۱. مچھلی. ۲. زیرِ زمین وہ روایتی مچھلی جس کی نسبت خیال تھا کہ اس کی پشت پر ایک گائے اور اس گائے کے سینگ پر زمین قائم ہے. ۳. (ہیئت) بارہ بُرجوں میں ایک بُرج کا نام جسے مچھلی کا ہم شکل خیال کیا جاتا ہے، حوت. ۴. (ٹھگی) کسّی، کدال. [ف].

ماہی بے آب امث. وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکلی ہو؛ (مجازاً) نہایت بے تاب، بے چین.

ماہی پشت صف. ۱. جو مچھلی کی پشت کی طرح درمیان سے اونچا اور کناروں سے نیچا ہو، محدّب، کوہان نما، قبّہ دار. ۲. ایک وضع کا کارچوب کا یا کڑھائی کا کام جو مچھلی کی پیٹھ کے جال سے مشابہ جال ہوتا ہے.

ماہی گیر امذ. مچھلیاں پکڑنے والا پیشہ ور، مچھیرا، مچھوا، ماچھی.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک = سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ماہی گیری مث. مچھلی پکڑنے کا کام یا پیشہ، مچھیرے کا کام، مچھلی پکڑنے اور بیچنے کا کام یا پیشہ.

ماہی مَراتِب اند. وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر لے کر چلتے تھے اور سات شکلوں پر مشتمل ہوتے تھے جو سات سیاروں کی نسبت سے حسبِ ذیل ہوتی تھیں: ہیکل آفتاب (سورج کا نشان)، نشان پنجہ، نشان میزان، اژدہا پیکر، سورج مُکھی، مچھلی، گولہ یعنی کرہ نیز وہ اعزازی نشانات جو دربار شاہی سے وزرا و امرا کو عطا ہوتے تھے.

ماہی (۲) صف.
ماہ سے منسوب یا متعلق، قمری (جیسے شش ماہی).

ماہی (۳) اند.
محبوب، ساجن (عموماً گیتوں میں مستعمل). [پن].

ماہیا (کس ہ) اند.
۱. پنجابی لوک گیتوں کی ایک مشہور صنف جس میں عورت اپنے محبوب سے خطاب کرتی ہے. ۲. پیارا، محبوب، معشوق.

ماہِیَّت (کس ہ، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
۱. کسی امر یا شے کی حقیقت، اصلیت، اصل کیفیت. ۲. خصوصیت، جوہر، مغز. ۳. حقیقتِ حال. [ع].

ماء اند.
۱. پانی، آب، جل. ۲. (طب) نزول ماء، موتیا بند. ۳. عرق، جوشاندہ؛ خیساندہ. [ع].

ماءُ اللَّحم اند. (طب) گوشت کا عرق جو کشید کر کے نکالا جائے.

مائدَہ (کس ء، فت د) اند.
۱. دسترخوان یا میز وغیرہ جس پر کھانا چنا ہوا ہو. ۲. قرآن پاک کی ایک سورت کا نام. ۳. وہ بھرا ہوا خوان جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر آسمان سے نازل ہوا تھا اس میں ایک تلی ہوئی مچھلی، نمک، سرکہ اور بارہ گردے نان کے اور پانچ انار اور چند خرمے تھے اور بعض کے نزدیک پانچ روٹیاں تھیں، ایک پر روغنِ زیتون، دوسری پر شہد، تیسری پر گھی، چوتھی پر پنیر، پانچویں پر خشک گوشت اور چند قسم کے بقولات بھی تھے. [ع].

مائِس (کس ء) صف: اند.
جو غرور سے چلے، جو شانے ہلا کر چلے، اکڑ کر چلنے والا شخص، شانے ہلا کر چلنے والا شخص. [ع].

مائع (کس ء) صف: اند.
مادہ کی بہنے والی حالت، ہر رقیق شے، جیسے پانی، تیل وغیرہ، رقیق، بہنے والا، سیّال. [ع].

مائک (کس ء) اند.
مکبّر الصوت، دیکھیے: مائکرو فون جس کی یہ تخفیف ہے (عموماً بول چال میں مستعمل). [انگ].

مائکا (کس ء) اند.
(عور) ماں باپ کا گھر؛ میکہ، میکا.

مائکرو (کس ء، سک ک، و مج) صف.
(طبیعیات) چھوٹا، خرد. [انگ].

مائکرو اسکوپ اند. (طبیعیات) وہ بصری آلہ جس کے ذریعے آنکھ سے نظر نہ آنے والی چھوٹی چیزیں بھی نمایاں ہو کر نظر آتی ہیں، خردبین. [انگ].

مائکرو فون اند. وہ آلہ جو آواز کو نشر کرنے کے لیے صوتی لہروں کو برقی لہروں میں تبدیل کرتا ہے، آواز کو بلند اور واضح کرنے والا آلہ. [انگ].

مائکہ (کس مج ء، فت ک) اند: — مائکا، میکہ.
عورت کے ماں باپ کا گھر.

مائل (کس ء) صف.
۱. متوجہ، راغب، آمادہ. ۲. کسی ایک طرف کو خمیدہ، جھکا ہوا. ۳. عاشق، فریفتہ. ۴. کسی ایک طرف رجحان یا میلان رکھنے والا؛ جس کے دل یا طبیعت کا جھکاؤ کسی ایک سمت ہو. ۵. ڈھلوان. ۶. تھوڑا سا رنگ لیے ہوئے جیسے: سیاہی مائل، سرخی مائل، زردی مائل وغیرہ. [ع].

مائل بہ کرم م ف: صف. کرم پر راجع ہونا، (مہربانی پر) آمادہ یا تیار ہونا، مہربان ہونا.

مائل بپرواز م ف: صف. سفر پر؛ زیرِ عمل، تکمیل پذیر.

مائل کرنا ف مر؛ محاورہ .۱. راغب کرنا ، رغبت دلانا ، متوجہ کرنا .۲. عاشق کرنا .۳. جھکانا ، خمیدہ کرنا ، خم کرنا ، سلامی دار بنانا .

مائل ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. راغب ہونا ، رجوع ہونا ، متوجہ ہونا .۲. مفتوں ہونا ، فریفتہ ہونا ، عاشق ہونا .۳. آمادہ ہونا .۴. ڈھلنا ؛ جھکنا ؛ پھسلنا .

ماؤتھ آرگن (دمع ، سک تھ ، سک ر ، فت گ) اند .
چھوٹا سا ایک باجا جس میں بہت سے خانے بنے ہوتے ہیں اور مُنھ سے بجایا جاتا ہے . [انگ] .

ماؤف (دمع) صف .
(وہ عضو وغیرہ) جس کو صدمہ پہنچا ہو ، بے حس ، معطل . [ع] .

ماؤف کر دینا/ کرنا ف مر؛ محاورہ . سوچنے سمجھنے کے قابل نہ چھوڑنا ، (دماغ کو) معطل کر دینا .

ماؤف ہونا ف مر؛ محاورہ . ماؤف کرنا کا لازم ، سوچنے سمجھنے کے لائق نہ ہونا ، بے حس ہو جانا .

مائی مث .
۱. ماں ، اماں ، والدہ ، مادر .۲. ضعیفہ ، بڑھیا ، بڑی بی ، (غیر اور محترم عورت سے خطاب کرنے کا کلمہ ؛ گاہے خادمہ کے لیے بھی مستعمل) .

مائی باپ اند . (عور) ماں اور باپ ، والدین ؛ (مجازاً) خداوند نعمت ، ولیِ نعمت ؛ پرورش کرنے والا ؛ اَن داتا ؛ حاکم ، سردار ، سرپرست .

مائی کا بھلا فقرہ . (گداگری) گداگروں کی صدا ، گھر والی کا بھلا ہو .

مائی کا لال اند . ماں کا پیارا بیٹا ، ماں کا لاڈلا بیٹا ؛ مراد : طاقت ور ، بہادر ، سورما (نیز طنزاً مستعمل) .

مائیات (کس ء ، شدی مع نیز بلا شد) مث .
پانی کی طرح رقیق چیزیں ؛ بہنے والے مادّے ؛ پانی کے خواص اور اس کی حرکت اور بہاؤ وغیرہ سے متعلق علم .

مائیت (کس ء ، شدی مع نیز بلا شد) مث .
پانی کی طرح ہونے کی خاصیت ، پانی کی مانند ہونے کی کیفیت ، چلا پن جو پانی وغیرہ کے باعث ہو .

مائیک (ی مع) اند .
دیکھیے : مائک جو زیادہ مستعمل ہے . [انگ] .

مائیکا (ی مع) اند .
عورت کے ماں باپ کا گھر ، مائکا ، میکا .

مائیکرو (ی مع ، سک ک ، وج) صف .
دیکھیے : مائکرو ؛ (مرکبات میں مستعمل) . [انگ] .

مائیوں (کس ء ، وج) ؛ ~ مایوں .
شادی بیاہ کی ایک رسم جس میں شادی سے چند دن پیشتر دلہن کو ابٹن وغیرہ مل کر زرد کپڑے پہنا کے گھر میں بٹھا دیتے ہیں ، مانجھا [مقامی] .

مائیوں بٹھانا ف مر؛ محاورہ . بطور رسم شادی سے چند روز پہلے دولھا اور دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر اپنے اپنے گھر میں بٹھانا .

مائیوں بیٹھنا ف مر؛ محاورہ .۱. مائیوں بٹھانا کا لازم .۲. گھر سے باہر نہ نکلنا .

مایا(۱) مث ؛ اند .
۱. روشنی ، جلوہ .۲. عقل و دانش ؛ قدرت .۳. کرشمہ ، کرامت ، معجزہ .۴. خدا کی قدرت .۵. فطرت ، نیچر .۶. جس کی کوئی حقیقت نہ ہو ، دھوکا ، فریب ، سراب ؛ وہم .۷. رحم ، کرپا ، مہربانی .۸. دھن ، دولت ، پونجی .۹. کائنات ، دنیا (جو فانی اور غیر حقیقی سمجھی جاتی ہے) .۱۰. سامان ، اسباب . [س] .

مایا جال اند . دولت کا چکر ، دنیوی اسباب کا سلسلہ ؛ دھوکے اور فریب کا کھیل .

مایا سے مایا ملے ، ملے نیچ سے نیچ ، پانی سے پانی ملے ، ملے کیچ سے کیچ کہاوت . ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے ، جو جیسا ہوتا ہے ویسے کے پاس جاتا ہے .

مایا کو مایا ملے کر کے لمبے ہات ، تلسی داس غریب / گریب کی کوئی نہ بوجھے بات کہاوت . امیر سے امیر بہت اچھی طرح ملتا ہے مگر غریب آدمی کو کوئی پوچھتا بھی نہیں .

مایا کے تین نام ، پرسا ، پرسو ، پرسرام کہاوت . انسان کی عزت دولت کی وجہ سے ہوتی ہے ، جب غریب تھا تو لوگ پرسا کہتے تھے ، جب ذرا حیثیت بنی تو پرسو کہنے لگے ، جب دولت مند ہوگیا تو پرسرام کہلانے لگا .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، وج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مابا مری نہ من مرے مر مر گئے سریر ، آسا ترشنا نا مرے کہہ گئے داس کبیر کہاوت . نہ تو قدرت مرتی ہے نہ دل نہ خواہش نہ امید ، بدن مر جاتا ہے امیدوار پیاسا رہ جاتا ہے .

مایا (۲) اند : امث .
۱. ابھار ، لئی . ۲. (رنگائی) ایک طرح کا کلپ جو رنگ ریز کپڑا رنگنے میں استعمال کرتے ہیں . ۳. (نان بائی) گندھے ہوئے آٹے کو کچھ دیر گرمی میں رکھنے سے ابھار یعنی پھولا پن پیدا ہو اور چپکاؤ کم کر دے ، خمیر ، ایسے بنائے ہوئے آٹے کی روٹی زود ہضم ہوتی ہے .

مایُوس (وع) صف .
جس کی اُمید منقطع ہو گئی ہو ، جسے کوئی آرزو نہ ہو ، نا اُمید ، نا مراد ، بے آس ، نراس ؛ شکستہ دل ، ناکام . [ع] .

مایوس کرنا ف مر ؛ محاورہ . آس توڑنا ، نا اُمید کرنا ، نراس کرنا ، ناکام کرنا ، دل شکستہ کرنا ؛ مایوس کرنا ، نا مراد کرنا ، توقعات پر پورا نہ اترنا .
مایوس کن صف . نا اُمید کر دینے والا ، آس توڑنے والا ، دل شکستہ کرنے والا .
مایوس ہونا ف مر ؛ محاورہ . نا اُمید ہونا ، دل شکستہ ہونا ، نراس ہونا ، ہمت ہارنا .

مایُوسانَہ (وع ، فت ن) صف ؛ م ف .
مایوسی کے انداز کا ، نا اُمیدی سے پُر ، مایوسی لئے ہوئے .

مایُوسی (وع) امث .
نا اُمیدی ، ناکامی ، شکستہ دلی .
مایوسی پھیلنا ف مر ؛ محاورہ . نا اُمیدی ظاہر ہونا ، بددلی پھیلنا ؛ حوصلہ نہ رہنا .
مایوسی کا شکار ہونا ف مر ؛ محاورہ . نا اُمید ہو جانا ، مایوس ہو جانا ، ہمت ہار جانا .

مایوں (وغ) امث .
دیکھیے : مائیوں جو زیادہ مستعمل ہے . اف : بٹھانا / بیٹھنا .

مایَہ (فت ی) اند : امث .
۱. کسی چیز کا مادّہ یا جوہر ، اصل . ۲. سامان ، ذخیرۂ معدنیات . ۳. اثاثہ ، اصل مال ، سرمایہ ، پونجی ، مال و دولت . ۴. سبب ، باعث ؛ اساس ، بنیاد ، بنا ؛ خمیر . ۵. مقدار ، اندازہ ، مقدار و کیفیت . [ف] .
مایۂ افتخار صف . فخر کا باعث ، فخر کی بات ؛ قابلِ فخر . اف : ہونا .
مایۂ ناز صف . ۱. فخر و ناز کا سبب ، قابلِ فخر . ۲. (مجازاً) معشوق .

مآب (فت م ، مد) اند .
۱. وہ جگہ جہاں انسان یا کوئی چیز لوٹ کر جائے ، واپسی کی جگہ ، جائے بازگشت ، مرجع ، ٹھکانا . ۲. تراکیب میں بطور جزوِ دوم مستعمل ، بمعنی ، والا ، ذوی وغیرہ ، جیسے : عزت مآب ، رسالت مآب ، عفت مآب ، حشمت مآب وغیرہ . [ع] .

مآبی (فت م ، مد) امث .
مآب کا اسم کیفیت ، بطور جزوِ دوم مستعمل .

مآثِر (فت م ، مد ، کس ث) اند ؛ ج .
۱. عظیم آثار ، کارہائے عظیم ، علامات و نشانات . ۲. نشانیاں ، یادگاریں ، آثار . ۳. حدیثیں ، تاریخیں . ۴. مرکبات میں بطور جزوِ دوم مستعمل ، جیسے : ظفر مآثر بہ معنی فتح مند . [ع] .

مآثِم (فت م ، مد ، کس ث) اند ؛ ج .
بہت سے گناہ . [ع] .

مآخِذ (فت م ، مد ، کس خ) اند ؛ ج .
اخذ کرنے کے اصل ذریعے ، بہت سے ماخذ ، سرچشمے . [ع] .

مآل (فت م ، مد) اند .
مرجع ؛ نتیجہ ، انجام ، اخیر ، خاتمہ . [ع] .
مآل اندیش صف . ہر بات کے نتیجے کو سوچنے والا ، دُور اندیش .
مآل اندیشی امث . انجام پر نظر رکھنا ، نفع نقصان کے بارے میں سوچ بچار ، دور اندیشی .
مآل کار (الف) م ف . آخر کو ، انجام کار ، آخرکار . (ب) اند . نتیجہ ، نتیجۂ کار .

مُباح (ضم م) صف .
۱. شریعت کے موافق ، جس کی شرع میں اجازت ہو ، جائز ، روا ، حلال . ۲. ٹھیک ، مناسب ، درست ، نا قابلِ اعتراض ، رسم و رواج یا دستور کے مطابق . ۳. (مجازاً) معاف (خون وغیرہ کے لیے مستعمل) . ۴. مذبوح ، ذبیحہ ، ذبح کیا گیا . [ع] .

مباح کام اند. ایسا کام جس سے شریعت نے منع نہ کیا ہو، جائز کام یا بات.

مباح کرنا ف مر؛ محاورہ. جائز کرنا، جائز قرار دینا، حلال ٹھہرانا.

مَباحِث (فت م، کس ح) اند؛ ج.
بحث کے مقامات، بحث کے موضوعات، بحث طلب امور و نکات، بحثیں. [ع].

مُباحَثَه (ضم م، فت ح، ث) اند.
باہمی بحث، سوال و جواب؛ کسی معاملے پر زبانی تکرار، مناظرہ. [ع].

مَبادا (فت م) م ف؛ فقرہ.
۱. خدا نہ کرے، خدانخواستہ، دور پار؛ ایسا نہ ہو کہ، کہیں ایسا نہ ہو. ۲. کبھی، کہیں، اتفاقاً. [ف].

مُبادَلَه (ضم م، فت د، ل) اند.
معاوضہ، ادل بدل، باہمی تبادلہ؛ مال کے بدلے مال. [ع].

مَبادی (فت م) اند.
۱. شروعات، ابتدا، آغاز، بنیادیں. ۲. (کسی موضوع یا علم کے) ابتدائی امور، بنیادی باتیں، جیسے: مبادیٔ سائنس، مبادیٔ تجارت، مبادیٔ فلسفہ وغیرہ. [ع].

مبادی العلوم اند. ابتدائی باتیں جن پر علوم کا جاننا موقوف ہو، مبادیات.

مُبادی (ضم م) صف.
شروع کرنے والا، جو شروع کرے، جو شروع یا ابتدا سے ہو. [ع].

مَبادِیات (فت م، کس د) مث نیز اند؛ ج.
مبادی کی جمع الجمع، ابتدائی امور، بنیادی باتیں. جیسے: مبادیاتِ اقلیدس، مبادیات سائنس وغیرہ.

مُبارِز (ضم م، کس ر) صف.
جنگ کے لیے تیار ہو کر آنے والا، مقابلے پر چڑھ کر لڑنے والا، جنگ جو، لڑاکا، جنگی، بہادر. [ع].

مُبارَزَت (ضم م، فت ر، ز) مث.
مقابلے یا لڑائی کے لیے صف سے باہر آنا، لڑائی، جنگ. [ع].

مُبارَک (ضم م، فت ر) (الف) صف.
۱. باعثِ برکت و رحمت، برکت والا؛ (مجازاً) متبرک، مقدس، اعلیٰ ارفع. ۲. سازگار، موافق، مناسب، لائق، جس کے لیے فضا ہموار ہو نیک، سعید (ساعت وغیرہ). ۳. مژدہ، خوش خبری، تہنیت؛ بطور فجائیہ بہ معنی مبارک ہو. (ب) کلمۂ دعائیہ. ۱. خدائے تعالیٰ برکت دے، نیک اور سعید کرے. ۲. (طنزاً) منحوس. [ع].

مبارک باد/ مبارکباد. (الف) مث. ۱. کسی کو مبارک کہنا، بدھائی، تہنیت، خوش خبری، اچھی اور دل کو مسرور کر دینے والی بات، مژدہ. ۲. دعائے خیر، آشیرباد. ۳. خوشی کا گیت جو شادی وغیرہ کے موقع پر گایا جائے اور اس میں تہنیت کا مضمون ہو. (ب) کلمۂ دعائیہ. مبارک ہو، خدا برکت دے، برکت نصیب ہو، نیک اور سعید ہو، سازگار آئے.

مبارک بادی مث. دیکھیے: مبارک باد (معنی نمبر ۱).

مبارک سلامت مث. (کسی کو یا ایک دوسرے کو) مبارک باد دینے کا عمل، ایک دوسرے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرنا، خیر سگالی کے جذبات کا باہمی اظہار، باہمی مبارک باد، تہنیت کے رسمی الفاظ.

مبارک سلامت ہونا ف مر؛ محاورہ. ایک دوسرے کو مبارک باد دی جانا، مبارک باد اور سلامت باشد کے الفاظ کہنا، اظہار مسرت کیا جانا.

مبارک قدم صف. ۱. وہ شخص جس کا آنا باعثِ برکت ہو، خوش قدم، خوش پیرا، مبارک پیرا. ۲. (احتراماً) قدم، تشریف آوری.

مبارک گھڑی مث. نیک ساعت، خوشی کا وقت، شبھ گھڑی، اچھا وقت.

مبارک ہو فقرہ. (دعائیہ کلمہ) خدا نیک کرے، راس آئے (تہنیت، کامیابی، خوش خبری یا خوشی کے موقع پر اظہار کے لیے مستعمل).

مُبارَکی (ضم م، فت نیز سک ر) مث.
۱. مبارک باد، مبارک بادی، تہنیت. ۲. مسرت، انبساط. ۳. خوبی، نیکی، سعادت. ۴. ایک مرض کا نام جس میں نیند بہت آتی ہے.

مبارکی دینا ف مر؛ محاورہ. مبارک باد دینا، تہنیت کا اظہار کرنا.

مُباشِر (ضم م، کس ش) صف.
۱. خود کوئی کام کرانے والا؛ نگراں، منیجر، منتظم. ۲. مباشرت کرنے والا، جماع کرنے والا. [ع].

مُباشَرَت (ضم م، فت ش، ر) مث.
۱. عورت کے ساتھ صحبت، ہم بستری، جماع، جنسی ملاپ. ۲. لمس، چھونا، ہاتھ ٹکرانا، قریب ہونا. [ع].

مُباف (ضم م) اند: مث: ~ مُوباف.
دھجی، پٹی یا فیتہ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں، چوٹی باندھنے کا کپڑا، پراندا.

مُبالَغہ (ضم م، فت ل، غ) اند.
۱. حد سے بڑھ کر تعریف یا بُرائی کرنا، بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، اعتدال سے بڑھی ہوئی بات، یاوہ گوئی. ۲. (i) حد سے حد، زیادہ سے زیادہ (قدیم). (ii) حد سے زیادہ بڑھ جانا، اعتدال سے بڑھ جانا. ۳. تاکید کرنا، اصرار کرنا. ۴. سخت کوشش کرنا، سعیِ بلیغ کرنا، کوئی کام بڑھا چڑھا کر کرنا. ۵. (عربی قواعد) مشتق کلمہ جو مبالغے کے معنی دے، عموماً فعّال یا فعال کے وزن پر ہوتا ہے. ۶. (بدیع) مدح یا ہجو میں اتنی زیادتی جو فعل یا عادت یا دونوں کی رُو سے ممکن نہ ہو. [ع].

مبالغہ آرائی مث. بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، حد سے بڑھ کر تعریف یا بُرائی کرنا.

مبالغہ آمیز صف. بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہوا، حد سے بڑھا ہوا.

مبالغہ آمیزی مث. بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، حد سے زیادہ تعریف یا برائی کرنا.

مبالغہ کرنا ف مر: محاورہ. ۱. حد سے زیادہ تعریف یا بُرائی کرنا، اصل کے خلاف کہنا، بڑھا چڑھا کر بیان کرنا. ۲. حد سے بڑھ جانا، شدت اختیار کرنا. ۳. تاکید کرنا، اِصرار کرنا. ۴. کوئی کام بہت بڑھا چڑھا کر کرنا، سخت کوشش کرنا.

مُباہات (ضم م) مث.
۱. فخر، ناز، بڑائی، شیخی. ۲. شان وشوکت. [ع].

مُباہِل (ضم م، کس ہ) صف.
مباہلہ کرنے والا، فریق مخالف کے لیے دعائے بد کرنے والا. [ع].

مُباہَلَہ (ضم م، فت ہ، ل) اند.
ایک دوسرے کو لعنت کرنا، ایک دوسرے کے حق میں بد دعا کرنا، (شریعت) کسی متنازعہ فیہ مسئلے کا فیصلہ خدا پر چھوڑتے ہوئے یہ بد دعا کرنا کہ جو فریق جھوٹا ہو وہ برباد ہو جائے. [ع].

مُبتَدا (ضم م، سک ب، فت ت) اند: ~ مبتدی.
۱. جہاں سے ابتدا کی جائے، ابتدا، شروع، آغاز، اوّل، منبع، سرا. ۲. (نحو) جملہ اسمیہ کے دو حصوں میں سے پہلا جز جس کے متعلق کچھ کہا جائے (دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں یعنی مبتدا کے متعلق جو کچھ کہا جائے). [ع].

مبتدا و خبر مث. ۱. (نحو) جملۂ اسمیہ کے دونوں جز یعنی جس کے متعلق کچھ کہا جائے اور جو کچھ کہا جائے، مسند الیہ و مسند. ۲. ابتدا و انتہا، اوّل و آخر.

مُبتَدی (ضم م، سک ب، فت ت) صف.
ابتدا کرنے والا، سیکھنے کا آغاز کرنے والا؛ مراد: نو آموز، نومشق، ابجد خواں (منتہی کے مقابل). [ع].

مُبتَذَل (ضم م، سک ب، فت ت) صف.
۱. حقیر، ذلیل، ادنیٰ، گھٹیا. ۲. وہ شے یا لفظ جو روزمرہ استعمال کیا جائے اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے اس کی قدر گھٹ جائے، بہت عام اور معمولی. [ع].

مُبتَذِل (ضم م، سک ب، فت ت، کس ذ) صف: اند.
حقیر و ذلیل کام کرنے والا، چھچھوری باتیں یا روش اختیار کرنے والا؛ (مجازاً) گھٹیا، حقیر، معمولی. [ع].

مُبتَسِم (ضم م، سک ب، فت ت، کس س) صف.
مسکرانے والا، آہستہ ہنسنے والا، کھلنے والا. [ع].

مُبتَلا (ضم م، سک ب، فت ت) صف.
۱. گرفتار، پھنسا ہوا، گھرا ہوا. ۲. کسی کام میں مصروف، مشغول. ۳. فریفتہ، عاشق، مفتوں، والہ و شیدا. [ع].

مبتلا رہنا ف مر: محاورہ. کسی بلا یا آفت میں پڑا رہنا، گرفتار رہنا.

مبتلا کرنا ف مر: محاورہ. ۱. گرفتار کرنا، اُلجھانا، پھنسانا، مصیبت میں ڈالنا. ۲. شیدا کرنا، فریفتہ کرنا، عاشق کرنا.

مبتلا ہونا ف مر: محاورہ. ۱. گرفتار ہونا، پھنسنا، مصیبت میں پڑنا؛ (مبتلا کرنا کا لازم). ۲. فریفتہ ہونا، عاشق ہونا، عشق میں گرفتار ہونا.

مَبحُوث (فت م، سک ب، و مع) صف.
بحث کیا گیا، موضوع بحث؛ ترکیبات میں مستعمل. [ع].

مَبدا/مَبداء (فت م، سک ب) اند: ~ مبدء.
۱. شروع ہونے کی جگہ، جائے ظہور، منبع؛ آغاز، ابتدا، اصل، بنیاد، جڑ، اساس. ۲. (تصوّف) ذاتِ واجب تعالیٰ اور اسمائے کلّی کو کہتے ہیں. [ع].

مبدا/ مبداء اعلیٰ صف. مراد: خدائے تعالیٰ.

مبدا/ مبداء فیض اند. نہایت فیض رساں، بانیِ کل؛ مراد: ذاتِ الٰہی.

مُبدِع (ضم م، سک ب، کس د) صف.
نئی چیز پیدا کرنے والا، ایجاد کرنے والا، موجد؛ خالق، بے مادّہ بنانے والا، دفعۃً پیدا کرنے والا؛ مراد: خدا تعالیٰ. [ع].

مُبدَعات (ضم م، سک ب، فت د) اند؛ ج.
پیدا کردہ چیزیں، ایجادات؛ (تصوّف) وہ اشیا جنھیں اللہ تعالیٰ نے بغیر مادّے کے پیدا کیا.

مُبَدَّل (ضم م، فت ب، شد د بفت) (الف) صف.
بدلا ہوا، تبدیل شدہ، متغیر. (ب) اند. (قواعد) مبدل منہ، وہ اسم جس کے بعد ایک اسم اس کا بدل واقع ہو. [ع].

مُبَدِّل (ضم م، فت ب، شد د بکس) صف؛ اند.
بدل دینے والا، تبدیل کرنے والا؛ ایک برقی رو سے دوسری مختلف قوت کی رو پیدا کرنے کا آلہ (انگ: Transformer). [ع].

مَبدَء (فت م، سک ب، فت د) اند.
دیکھیے: مبدا. [ع].

مُبدِی (ضم م، سک ب، کس د) صف؛ اند.
اِبتدا کرنے والا، دنیا بنانے والا، ایجاد کرنے والا؛ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مَبذُول (فت م، سک ب، و مع) صف.
خرچ کیا ہوا، صرف کیا ہوا؛ استعمال میں لایا ہوا؛ منعطف، متوجہ، مائل، ملتفت. [ع].

مبذول کرانا ف مر؛ محاورہ. موڑنا، منعطف کرانا (توجہ وغیرہ).

مبذول کرنا ف مر؛ محاورہ. صرف کرنا؛ منعطف کرنا (توجہ وغیرہ).

مُبَرّا (ضم م، فت ب، شد ر) صف.
۱. کسی گناہ، تہمت یا صفتِ مذموم وغیرہ سے بری، پاک و صاف، ناآلودہ. ۲. ذمہ داری یا بوجھ وغیرہ سے آزاد، یک سو، بے فکر. ۳. دور بعید. [ع].

مُبَرِّد (ضم م، فت ب، شد ر بکس) صف.
۱. (طب) طبعاً سرد تاثر رکھنے والی دوا یا غذا، سردی پہنچانے والی دوا. [ع].

مَبرَز (فت م، سک ب، فت ر) اند.
۱. پاخانہ نکلنے کی جگہ، مقعد، دُبر. ۲. پاخانہ کرنے کی جگہ، کھڈی. [ع]

مُبرَم (ضم م، سک ب، فت ر) صف.
مضبوط، محکم، مستحکم، استوار، اٹل. [ع].

مَبرُور (فت م، سک ب، و مع) صف.
۱. برگزیدہ، پاک، مقدس، گناہوں سے بری. ۲. مرحوم، مغفور کی جگہ مستعمل. ۳. مقبول (بیشتر حج کے ساتھ). [ع].

مَبسُوط (فت م، سک ب، و مع) صف.
پھیلا ہوا، کشادہ، فراخ، وسیع، محیط؛ بسیط، مفصل. [ع].

مُبَشَّر (ضم م، فت ب، شد ش بفت) صف.
بشارت یافتہ، جس کی خوش خبری دی گئی ہو، جس کو بشارت ملی ہو. [ع].

مُبَشِّر (ضم م، فت ب، شد ش بکس) صف.
بشارت دینے والا، خوش خبری سنانے والا. [ع].

مُبَشَّرہ (ضم م، فت ب، شد ش بفت، فت ر) صف.
جن کو زندگی ہی میں جنتی ہونے کی خوش خبری دی گئی ہو، بشارت یافتہ (بالعموم دس صحابہؓ). [ع].

مُبَشِّرَہ (ضم م، فت ب، شد ش بکس، فت ر) صف.
خوش خبری دینے والے؛ (مجازاً) بشارت دینے والے؛ سچے خواب، حقیقت پر مبنی خواب. [ع].

مُبصَر (ضم م، سک ب، فت ص) صف.
جس کو دیکھا جائے، جس پر نظر ڈالی جائے؛ (مجازاً) صاف، نمایاں، چمک دار، تاب ناک. [ع].

مُبَصِّر (ضم م، فت ب، شد ص بکس) صف؛ ج: مبصرین.
۱. دیکھنے والا، بینائی رکھنے والا، بصارت رکھنے والا، صاحبِ بصر.

۲. پرکھنے والا، کھرا کھوٹا دیکھنے والا، صراف، اچھائی برائی جانچنے والا، اہل نظر، دانا، سیانا، عقل مند. ۳. مندوبین، نگراں بطور ثالث.
۴. (نشریات) تبصرہ نشر کرنے والا. [ع].

مُبَصِّرانہ (ضم م، فت ب، شد ص بکس، فت ن) صف؛ م ف.
اچھائی برائی میں تمیز رکھتے ہوئے، کھرا کھوٹا پرکھنے کی صلاحیت سے، عقل مندی کے ساتھ، مبصر جیسا، مبصر کی طرح.

مُبَصِّرین (ضم م، فت ب، شد ص بکس، ی مع) اند: ج.
مبصر جس کی یہ جمع؛ نگراں؛ مندوبین.

مَبعُوث (فت م، سک ب، و مع) صف.
اُٹھایا ہوا، بھیجا ہوا؛ مراداً: نبوت یا رسالت کے لیے بھیجا یا مقرر کیا ہوا. [ع].

مُبلَغ (ضم م، سک ب، کس نیز فت ل) صف؛ اند.
۱. کامل، کھرا، پرکھا ہوا؛ (مجازاً) مال، نقد رقم، روپیہ. ۲. نقد روپے وغیرہ کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے رقم سے پہلے مستعمل جیسے: مبلغ پچاس ہزار روپیہ.

مُبَلِّغ (ضم م، فت ب، شد ل بکس) صف.
تبلیغ کرنے والا، پہنچانے والا. [ع].

مُبَلِّغانہ (ضم م، فت ت، شد ل بکس، فت ن) صف؛ م ف.
مبلغ جیسا، مبلغ کی مانند، مبلغ کے انداز کا؛ تبلیغی، ناصحانہ.

مَبنیٰ (فت م، سک ب، اشکل ی) اند.
۱. بنیاد، اساس، اصل. ۲. عمارت. [ع].

مَبنی (فت م، سک ب) صف؛ — تحتی.
بنا کردہ، قائم، منحصر، موقوف. [ع].

مبنی بر انصاف م ف؛ صف. عدل و انصاف پر مبنی، سچا، کھرا.

مُبہَم (ضم م، سک ب، فت ہ) صف.
۱. وہ بات جس کا مطلب صاف نہ ہو اور سمجھ میں نہ آئے، جس میں ابہام ہو، غیر واضح، گول مول. ۲. چھپا ہوا، پوشیدہ، نامعلوم. ۳. شک میں پڑا ہوا، مشکوک. [ع].

مَبہُوت (فت م، سک ب، و مع) صف.
۱. حیران، متحیر، ہکا بکا، بھونچکا. ۲. نشے میں چور، مخمور، مدہوش، سرشار؛ دیوانہ. [ع].

مبہوت رہ جانا ف مر؛ محاورہ. حیرت زدہ رہ جانا، مبہوت ہو جانا.

مبہوت کر دینا ف مر؛ محاورہ. حیرت میں ڈالنا، تعجب میں ڈالنا.

مُبِین (ضم م، ی مع) صف.
۱. روشن، صاف، صریح؛ ظاہر، آشکارا. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک اسمِ صفاتی ۳. سورۂ یٰسین کی ہر وہ آیت جس میں لفظ مبین استعمال ہوا ہے. [ع]

مُبَیَّن (ضم م، فت ب، شد ی بفت) صف.
بیان کیا گیا، ظاہر کیا گیا، جتایا گیا؛ مشرح، واضح، روشن. [ع].

مُبَیِّن (ضم م، فت ب، شد ی بکس) صف.
بیان کرنے والا، ظاہر کرنے والا، شرح کرنے والا. [ع].

مُبَیَّنہ (ضم م، فت ب، شد ی بفت) صف.
بیان کیا ہوا، بتایا ہوا، ظاہر کیا ہوا.

مَت (۱) (فت م) کلمۂ نفی.
نہ یا نہیں کے معنی میں بطور نہی و ممانعت. [س].

مت پُوچھ / پُوچھو فقرہ. اتنا اچھا ہے کہ بیان سے بالاتر ہے نیز اتنا بُرا ہے کہ کہنے کے لائق نہیں، ایسی مصیبت ہے کہ بیان سے باہر ہے (اکراہ و رغبت دونوں حالتوں میں مستعمل).

مت کر ساس بُرائی، تیرے آگے بھی جائی کہاوت. ساس کو نصیحت کہ بہو کے ساتھ اچھا سلوک کرے جیسا کہ وہ اپنی بیٹی کے ساتھ چاہے گی؛ کسی کے ساتھ برائی کرنے کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے، ساس جیسا اپنی بہو کے ساتھ کرے گی ویسا ہی اس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا.

مَت (۲) (فت م) (الف) امث.
۱. سمجھ بوجھ، عقل، فہم، دانائی، ادراک. (ب) اند؛ امث. ۱. دین، مذہب دھرم، عقیدہ، اعتقاد. ۲. طریقہ، اُصول، دستور، عادت. [س].

مت مارنا (مار دینا) ف مر؛ محاورہ. عقل زائل کر دینا، ہوش کھو دینا.

مت ماری صف. بے وقوف، کم عقل.

مت ماری پڑنا / جانا محاورہ. عقل کا خبط ہو جانا، عقل زائل ہونا، عقل کھو جانا، بے وقوف بننا.

مِت (کس ت) اند.
دوست، ساتھی، متر، ہم راز.

مُتابِع (ضم م، کس ب) (الف) صف.
پیروی کرنے والا، پیروکار، متابعت کرنے والا، چیلا، فرماں بردار. (ب) مث. (حدیث) ایک راوی کوئی حدیث بیان کرے اور دوسرا راوی اس کے موافق دوسری حدیث بیان کرے تو دوسری حدیث کو متابع کہیں گے. [ع].

مُتابَعَت (ضم م، فت ب، ع) مث.
پیروی، اتباع، تابع داری. [ع].

مُتَأثِّر (ضم م، فت ت، ا، شد ث بکس) صف.
اثر پذیر، اثر لینے والا، اثر قبول کرنے والا، جس پر اثر پڑے. [ع].

متاثر کرنا ف م: محاورہ. اثر ڈالنا، تاثر دینا، اثر میں لینا.

مُتَأثِّرہ (ضم م، فت ت، ا، شد ث بکس، فت ر) صف.
اثر پذیر، متاثر ہونے والا (فریق، فرد، جگہ، علاقہ وغیرہ)

مُتَأثِّرِین (ضم م، فت ا، شد ث بکس، ی مع) امذ؛ ج.
متاثر کی جمع، متاثر ہونے والے، متاثرہ لوگ.

مُتَأخِّر (ضم م، فت ت، ا، شد خ بکس) صف.
پیچھے آنے والا، بعد کا، آخر کے زمانے کا. [ع].

مُتَأخِّرِین (ضم م، فت ت، ا، شد خ بکس، ی مع) امذ؛ ج.
بعد میں آنے والے لوگ، اخیر زمانے کے لوگ، بعد کے اشخاص (متقدمین کے مقابل).

مُتَأسِّف (ضم م، فت ت، ا، شد س بکس) صف.
تاسف یا افسوس کرنے والا، رنجیدہ. [ع].

متاسف ہونا ف م: محاورہ. رنجیدہ ہونا، افسوس کرنا، تاسف کرنا.

مُتَأسِّفانَہ (ضم م، فت ت، ا، شد س بکس فت ن) صف؛ م ف.
افسوس کرتے ہوئے، افسوس سے، تاسف کے ساتھ، رنجیدگی سے.

مَتاع (فت م) مث نیز امذ.
وہ چیز جس سے نفع حاصل ہو جیسے تجارت کا مال، مال و اسباب، پونجی، اسباب، سرمایہ. [ع].

متاع بے بہا مث. بیش قیمت چیز، قیمتی اثاثہ یا مال.

متاع جاں مث. جان جو قیمتی متاع ہے، نقدِ جان، متاع حیات.

متاع چشم مث. دیکھنے کی صلاحیت یا قوت، بصارت.

متاع حیات مث. زندگی کی پونجی، سرمایہء زندگی؛ مراد: زندگی جو قیمتی شے ہے، نقد جان.

متاع زندگی/ زیست مث. زندگی کی دولت، قیمتی زندگی، متاع حیات.

متاع عَزیز مث. عزیز دولت؛ مراد: قیمتی شے.

متاع گُم گشتہ مث. کھوئی ہوئی دولت، سرمایہ جو ہاتھ سے جاتا رہا ہو.

متاع ہستی مث. زندگی کی متاع، دولتِ حیات؛ عزیز چیز.

مَتاعِب (فت م، کس ع) امذ.
تکالیف، مصائب، مشکلات. [ع].

مُتالی (ضم م) مث.
۱. (i) وہ جگہ جو گھوڑے کے پیشاب کرنے کے لیے مخصوص ہو، گھوڑے کے موتنے کی جگہ؛ طویلے کی وہ گھاس پھوس وغیرہ جس پر گھوڑوں نے پیشاب کیا ہو؛ آخور، کوڑا کرکٹ. (ii) اصطبل میں گھوڑے کے پیشاب کے گڑھے کی طرف جانے والی نالی. ۲. (مجازاً) پیشاب (گھوڑوں کا).

مُتَأمِّل (ضم م، فت ت، ا، شد م بکس) صف.
تامل کرنے والا، غور کرنے والا، سوچنے والا، متفکر. [ع].

مُتانا (ضم م) ف م.
پیشاب کرانا (بچے یا مریض وغیرہ کو)، کسی جانور کو مدر ادویات سے پیشاب کرانا.

مَتانَت (فت م، ن) امذ.
۱. استحکام، مضبوطی، پختگی، استواری. ۲. زبان کا بے ہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا، سنجیدگی، تہذیب. [ع].

مُتَأہِّل (ضم م، فت ت، ا، شد ہ بکس) صف.
بیاہا ہوا، شادی شدہ؛ اہل و عیال والا، بیوی بچوں والا، عیال دار؛ کنبہ دار. اف: ہونا. [ع].

مُتَأہِّلانَہ (ضم م، فت ت، ا، شد ہ بکس، فت ن) صف؛ م ف.
گھر بار سے متعلق، گھر بار والا، ازدواجی، گھریلو.

مُتَبادِل (ضم م، فت ت، کس د) صف؛ امذ.
بدلے میں آنے والا، باری سے آنے یا کام کرنے والا، بدل. [ع]

متبادل ذرائع امذ؛ ج. دوسرے ذریعے، دیگر ذرائع.

متبادل صورت امث. دوسری صورت یا ذریعہ، ملتی ہوئی صورت۔

مُتَبادِلَہ (ضم م، فت ت، کس د، فت ل) اند۔

دیکھیے: متبادل: (اقلیدس) دو خطوط متوازی پر گرے ہوئے تیسری خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے بہ شرط یہ کہ وہ متصلہ نہ ہوں۔

مُتَبَدِّل (ضم م، فت ت، ب، شد د بکس) صف۔

بدلنے والا، تبدیل شدہ، تبدیل ہونے والا، تبدیل۔ [ع]۔

مُتَبَدِّی (ضم م، فت ت، ب، شد د) صف۔

شروع کرنے والا، مبتدی: وہ جو سامنے نظر آئے: جنگل میں رہنے والا، بادیہ نشین۔ [ع]۔

مُتَبَذِّل (ضم م، فت ت، ب، شد ذ بفت) اند: ج۔

ذلیل، حقیر، ذلت آمیز۔ [ع]۔

مُتَبَرَّک (ضم م، فت ت، ب، شد ر بفت) صف۔

برکت والا، بابرکت، مُبارک، پاک، مقدس۔ [ع]۔

مُتَبَرَّکَہ (ضم م، فت ت، ب، شد ر بفت، فت ک) صف۔

برکت والی (چیز)، پاک چیز نیز بابرکت، پاک، مقدس۔

مُتَبَسِّم (ضم م، فت ت، ب، شد س بکس) صف۔

مُسکرانے والا، تبسم کرنے والا، آہستہ ہنسنے والا: زیرِ لب مسکرانے والا۔ [ع]۔

مُتَّبِع (ضم م، شد ت بفت، کس ب) صف۔

۱. اتباع کرنے والا، پیروی کرنے والا، تقلید کرنے والا، پیرو، تابع، فرماں بردار، مقلد۔ ۲. جو بڑے شوق سے متلاشی ہو: جو محافظت میں ہو: موکل: متقاضی: اڑیل۔ [ع]۔

مُتَبَنّیٰ (ضم م، فت ت، ب، شد ن، ا بشکل ی) صف: اند۔

گود لیا ہوا (بچہ) لے پالک، بیٹا بنایا ہوا: لے کر پالا ہوا (بچہ)۔

مُتَتابِع (ضم م، فت ت، کس ب) صف۔

یکے بعد دیگرے، آگے پیچھے، مسلسل، پے در پے۔ [ع]۔

مُتَجانِب (ضم م، فت ت، کس ن) صف۔

ایک دوسرے سے الگ رہنے والا، دور رہنے والا، ہٹنے والا: جُدا، دور۔ [ع]۔

مُتَجانِس (ضم م، فت ت، کس ن) صف۔

ہم جنس، ایک جنس کا، ایک نوع کا، یکساں۔ [ع]۔

مُتَجاوِز (ضم م، فت ت، کس و) صف۔

حد سے آگے بڑھنے والا، اپنی حد سے گزر جانے والا، تجاوز کرنے والا۔ [ع]۔

مُتَجَسِّس (ضم م، فت ت، ج، شد س بکس) صف۔

۱. تجسس رکھنے والا، جستجو کرنے والا، ڈھونڈنے والا، کسی چیز کو پانے کی کوشش کرتا، جویا، تلاش کرنے والا۔ ۲. ٹوہ لینے والا، جاسوس۔ [ع]۔

مُتَجَلّی (ضم م، فت ت، ج، شد ل) صف۔

۱. ظاہر، جلوہ دکھانے والا، جلوہ آرا: روشن، درخشاں۔ ۲. وہ جس نے صورت بدلی ہو یا ہیئت تبدیل کی ہو۔ [ع]۔

مُتَحارِب (ضم م، فت ت، کس ر) صف۔

ایک دوسرے سے لڑنے والا یا والے، باہم جنگ کرنے والا یا والے (فریق، اشخاص، گروہ وغیرہ)۔ [ع]۔

مُتَّحِد (ضم م، شد ت بفت، کس ح) صف۔

اِتحاد رکھنے والا، متفق، مِلا ہوا، مخلوط، یکساں۔ [ع]۔

مُتَحَدِّث (ضم م، فت ت، ح، شد د بکس) صف: اند۔

حدیث بیان کرنے والا، محدث، روایت کرنے والا، راوی: مورخ: کوئی چیز جو نئی واقع ہو۔ [ع]۔

مُتَّحِدَہ (ضم م، شد ت بفت، کس ح، فت د) صف۔

متحد، کی تانیث، متحد سے منسوب یا متعلق۔

متحدہ قومیت امث. مجموعی حیثیت سے قوم ہونا، قومیت کا تصور اجتماعی طور پر۔

مُتَحَرِّک (ضم م، فت ت، ح، شد ر بکس) (الف) صف۔

حرکت کرنے والا، چلتا پھرتا، ہلنے والا، رواں، جاری: (مجازاً) سرگرم عمل۔ (ب) اند. وہ حرف جس پر کوئی حرکت لفظی زبر، زیر یا پیش ہو (ساکن کے مقابل)۔ [ع]۔

مُتَحَکِّم (ضم م، فت ت، ح، شد ک بکس) اند۔

شہنشاہ، بادشاہ، فرماں رواں۔ [ع]۔

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مُتَحَمِّل (ضم م، فت ت، ح، شد م بکس) صف.
(بوجھ) اٹھانے والا ؛ برداشت کرنے والا، تحمل کرنے والا ؛ بردبار، مستقل مزاج. [ع].

مُتَحَمِّل بمزاج صف. جس کے مزاج میں تحمل اور بردباری ہو، مزاجاً بردبار.

مُتَحَمِّل نہ ہونا ف مر: محاورہ. برداشت نہ کر سکنا، اہل نہ ہونا.

مُتَحَمِّل ہونا ف مر: محاورہ. برداشت کر سکنا، بوجھ اٹھا سکنا، اہل ہونا.

مُتَحَیِّر (ضم م، فت ت، ح، شد ی بکس) صف.
حیران، حیرت زدہ، دنگ، حواس باختہ، سراسیمہ، ہکا بکا، مبہوت. [ع].

مُتَحَیِّرہ (ضم م، فت ت، ح، شد ی بکس، فت ر) صف : امث.
ا. متحیر کی تانیث. ۲. (ہیئت) یہ پانچ ستارے خمسۂ متحیرہ کہلاتے ہیں عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل : یہ ستارے کبھی کبھی اپنی معمولی رفتار سے پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں اور پھر اپنی رفتار پر چلنے لگتے ہیں اس وجہ سے متحیرہ نام ہوا.

مُتَخاصِم (ضم م، فت ت، کس ص) صف.
باہم خصومت رکھنے والے، ایک دوسرے سے جھگڑنے والے، آپس میں دشمن. [ع].

مُتَخاصِمَین (ضم م، فت ت، کس ص، ی لین) امذ.
جھگڑا یا بحث کرنے والے فریقین، باہم مخالف فریقین، مدعی اور مدعا علیہ.

مُتَخالِف (ضم م، فت ت، کس ل) صف.
ایک دوسرے کا مخالف، ایک دوسرے کے خلاف، مدمقابل. [ع].

مُتَّخِذ (ضم م، شد ت بفت، کس خ) صف.
لینے والا، منتخب کرنے والا، شروع کرنے والا. [ع].

مُتَخَلِّص (ضم م، فت ت، خ، شد ل بکس) صف.
ا. تخلص (وہ نام جو شعراً عام طور پر کلام کے مقطع میں استعمال کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ کس کا کلام ہے) رکھنے والا (عموماً بہ کے ساتھ)، تعلیم یافتہ طبقہ المتخلص بہ فلاں استعمال کرتا ہے. ۲. بچا ہوا، چھڑایا ہوا. [ع].

مُتَخَیِّر (ضم م، فت ت، خ، شد ی بکس) صف.
خیر خیرات کرنے والا، جی کھول کر نیک کام میں خرچ کرنے والا. [ع]

مُتَخَیِّل (ضم م، فت ت، خ، شد ی بکس) صف.
ا. خیال میں لانے والا، تصور کرنے والا. ۲. خیال، وہمی.

مُتَخَیِّلَہ (ضم م، فت ت، خ، شد ی بکس، فت ل) امذ : امث.
ایک دماغی صلاحیت و قدرت جس کے سبب سے انسان نئی بات سوچتا اور غیر حاضر چیزوں کا نقش خیال میں بناتا ہے، خیال میں لانے کی طاقت، قوتِ تخیل.

مُتَداوِل (ضم م، فت ت، و نیز کس) صف.
دست بہ دست پہنچا ہوا، جس کا چلن ہو، مروج، رائج، عام، زیر گردش [ع].

مُتَداوَلَہ (ضم م، فت ت، فت نیز کس و، فت ل) صف.
متداول کی تانیث.

مُتَذَبذِب (ضم م، فت ت، ذ، سک ب، کس ذ) صف.
تذبذب میں پڑنے والا یا پڑا ہوا، متردد، گومگو کی کیفیت یا شش و پنج میں مبتلا. [ع].

مُتَذَبذِب ہونا ف مر: محاورہ. تذبذب میں پڑنا، گومگو کی کیفیت میں ہونا.

مُتَذَکِّرہ (ضم م، فت ت، ذ، شد ک بفت نیز بکس، فت ر) صف.
بیان کیا گیا، بیان کیا ہوا، جس کا ذکر کیا گیا ہو، مذکورہ. [ع].

مُتَذَکِّرَہ بالا صف. جو پہلے بیان کیا جا چکا ہے، جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، مذکورہ بالا.

مِتْر (کس م، سک نیز فت ت) امذ.
ا. دوست، رفیق، یار ؛ خیر خواہ، ساتھی. ۲. سورج، آفتاب. [س].

مُتَرادِف (ضم م، فت ت، کس د) صف.
ایسے الفاظ جن کے معنی ایک ہوں، ہم معنی، ہم ردیف. [ع].

مُتَرادِفات (ضم م، فت ت، کس د) امذ : ج.
مترادف کی جمع ؛ ہم معنی الفاظ یا ملتے جلتے معنی رکھنے والے الفاظ مماثل.

مُتَرجَم (ضم م، فت ت، سک ر، فت ج) صف.
ترجمہ کیا گیا، ترجمہ کیا ہوا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُتَرْجِم (ضم م، فت ت، سک ر، کس ج) صف مذ.
ایک زبان کی بات دوسری زبان میں بیان کرنے والا، ایک زبان کے الفاظ یا عبارت کا مفہوم دوسری زبان میں منتقل کرنے والا، ترجمہ کرنے والا، ترجمان؛ شارح. [ع].

مُتَرْجَمَہ (ضم م، فت ت، سک ر، فت ج، م) صف.
ترجمہ کی گئی، ترجمہ کی ہوئی.

مُتَرْجِمَہ (ضم م، فت ت، سک ر، کس ج، فت م) صف مث.
مترجم کی تانیث، ترجمہ کرنے والی، ترجمانی کرنے والی.

مُتَرَحِّم (ضم م، فت ت، ر، شد ح بکس) صف.
رحم کرنے والا، ترحم آمیز. [ع].

مُتَرَدِّد (ضم م، فت ت، ر، شد د بکس) صف.
۱. فکرمند، متفکر، پریشان، مضطرب. ۲. پس و پیش کرنے والا، تذبذب میں پڑنے والا، تردد میں مبتلا. [ع].

مُتَرَشِّح (ضم م، فت ت، ر، شد ش بکس) صف.
۱. ٹپکنے والا، رسنے والا. ۲. (مجازاً) ظاہر ہونے والا، ظاہر، آشکار، عیاں. [ع].

مترشح ہونا ف مر: محاورہ.
ظاہر ہونا، عیاں ہونا، آشکارا ہونا.

مُتَرَقَّب (ضم م، فت ت، ر، شد ق بفت) صف.
جس کا احتمال یا امکان ہو، جس کا انتظار کیا جائے، جس کی امید کی جائے، متوقع. [ع].

مُتَرَقَّبَہ (ضم م، فت ت، ر، شد ق بفت، فت ب) صف.
انتظار کیا ہوا، اُمید کی ہوئی (چیز)، متوقع.

مُتَرَنِّم (ضم م، فت ت، ر، شد ن بکس) صف.
گانے والا، نغمہ سرا؛ (مجازاً) سریلا. [ع].

مَتْرُوک (فت م، سک ت، و مع) صف.
۱. جسے چھوڑ دیا جائے، چھوڑا ہوا، ترک کردہ، منقطع. ۲. (قواعد) وہ لفظ یا محاورہ وغیرہ جو پہلے مستعمل ہو مگر اب غیر فصیح سمجھ کر ترک کر دیا گیا ہو. ۳. (حدیث) وہ راوی جس پر کذب کا الزام ہو یا جس کی روایت شریعت کے قواعد معلومہ کے خلاف ہو نیز ایسے راوی کی حدیث. [ع].

متروک استعمال صف. جو استعمال میں نہ ہو، جس کا استعمال ترک کر دیا گیا ہو.

مَتْرُوکات (فت م، سک ت، و مع) امذ: ج.
متروکہ کی جمع؛ چھوڑی ہوئی چیزیں؛ متروک الفاظ وغیرہ.

مَتْرُوکَہ (فت م، سک ت، و مع، فت ک) صف.
وراثت میں چھوڑا ہوا مال و جائداد وغیرہ.

متروکہ اِملاک امث. چھوڑی ہوئی جائداد؛ تقسیم ہند کے بعد ہندوستان اور پاکستان میں تارکین وطن کی چھوڑی ہوئی جائداد.

متروکہ جائداد امث. مرنے والے کی چھوڑی ہوئی جائداد.

مُتَزَلْزَل (ضم م، فت ت، ز، سک ل، فت ز) صف.
جو زلزلے سے ہل رہا ہو. [ع].

مُتَزَلْزِل (ضم م، فت ت، ز، سک ل، کس ز) صف.
ڈگمگانے والا، جنبش کرنے والا، کانپنے والا، لرزاں. [ع].

مُتَساوی (ضم م، فت ت) صف.
ایک دوسرے کے مساوی، برابر. [ع].

متساوی الاضلاع صف. (اقلیدس) مثلث جس کے اضلاع برابر ہوں؛ آپس میں برابر ضلعوں والا.

مُتَسَلْسَل (ضم م، فت ت، س، سک ل، فت س) صف.
سلسلہ وار، مسلسل؛ تواتر سے، متواتر. [ع].

مُتَسَلَّط (ضم م، فت ت، س، شد ل بفت) صف.
شخص جس پر غلبہ پائیں؛ مقرر کیا ہوا. [ع].

مُتَسَلِّط (ضم م، فت ت، س، شد ل بکس) صف.
غلبہ پانے والا، غالب؛ قبضہ کرنے والا، قابض. [ع].

مُتَشابِک (ضم م، فت ت، کس ب) صف.
ایک دوسرے میں داخل، مختلط. [ع].

مُتَشابِہ (ضم م، فت ت، کس ب) صف.
مشابہ، ہم شکل، ہم صورت، ملتا جلتا. [ع].

مُتَشابِہاً (ضم م، فت ت، کس ب، تن و بفت) م ف.
متشابہ طور پر، ملتے جلتے انداز میں.

مک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مُتشابہات (ضم م، فت ت، کس ب) امث : ج.
جن کے معنی مخفی ہوں ؛ (اصطلاحاً) قرآنی آیتیں جن کے حقیقی معنی سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا.

مُتشاکی (ضم م، فت ت) صف.
آپس میں جھگڑنے والے، ایک دوسرے کی شکایت کرنے والے. [ع].

مُتَشَدِّد (ضم م، فت ت، ش، شد د بکس) صف.
۱. سختی یا شدت اختیار کرنے والا، کسی بات کی سختی سے پابندی کرنے والا، کٹر. ۲. دوسروں پر تشدد کرنے والا، ظالم، پرتشدد، سختی کرنے والا. [ع].

مُتَشَدِّدانہ (ضم م، فت ت، ش، شد د بکس، فت ن) صف : م ف.
شدید، تشدد آمیز ؛ پرتشدد انداز سے، تشدد والا.

متشددانہ رویہ اند : صف. شدت والا برتاؤ، سخت گیری.

مُتَشَرَّح (ضم م، فت ت، ش، شد ر بفت) صف.
مشرح، واضح، ظاہر، نمایاں. [ع].

مُتَشَرِّع (ضم م، فت ت، ش، شد ر بکس) صف.
۱. شرع کا پابند، دین کے احکام پر عمل کرنے والا، شریعت کے مطابق عمل کرنے والا، دین دار، پارسا، پرہیزگار. ۲. جو شرع کا عالم ہو. [ع].

مُتَشَفّی (ضم م، فت ت، ش، شد ف) صف.
شفا پانے والا، مرض سے نجات پانے والا ؛ (دشمن سے) انتقام لینے والا. [ع].

مُتَشَکِّر (ضم م، فت ت، ش، شد ک بکس) صف.
شکرگزار، شکر ادا کرنے والا. [ع].

مُتَشَکِّرانہ (ضم م، فت ت، ش، شد ک بکس، فت ن) صف : م ف.
شکرگزاری کا، شکرگزاری کے طور پر، تشکر آمیز انداز میں.

مُتَشَکِّک (ضم م، فت ت، ش، شد ک بکس) صف.
۱. شک کرنے والا، شبہ میں مبتلا یا پڑنے والا. ۲. لاادری عقیدے کا پیرو یا قائل. [ع].

مُتَشَکِّل (ضم م، فت ت، ش، شد ک بکس) صف.
شکل اختیار کرنے والا، کوئی صورت اختیار کرنے والا، صورت پذیر. [ع].

مُتَشَکّی (۱) (ضم م، فت ت، ش، شد ک) صف.
شکایت کرنے والا، گلہ شکوہ کرنے والا، شاکی، جھگڑنے والا. [ع].

مُتَشَکّی (۲) (ضم م، فت ت، ش، شد ک) صف.
شک کرنے والا، شبہ کرنے والا، شک میں مبتلا. [ع].

مُتَصادِم (ضم م، فت ت، کس د) صف.
ایک دوسرے سے ٹکرانے والا، ٹکرا جانے والا ؛ (مجازاً) غیر موافق متضاد. [ع].

مُتَصادِم ہونا ف مر : محاورہ. ٹکراؤ ہونا، ٹکرانا، مقابل ہونا.

مُتَصَرَّف (ضم م، فت ت، ص، شد ر بفت) صف.
تصرف یا ردّوبدل کیا گیا ؛ قبضے میں لیا گیا، مقبوضہ ؛ کام میں ہاتھ ڈالا گیا. [ع].

متصرف فیہ صف. جس میں تصرف کیا گیا ہو، جو قبضے میں ہو.

مُتَصَرِّف (ضم م، فت ت، ص، شد ر بکس) (الف) صف.
اپنے صرف یا استعمال میں لانے والا، تصرف کرنے والا، قابض (ب) اند. مال گزاری کا حاکم، صوبہ دار انتظامی، کلکٹر. [ع].

مُتَصَرَّفات (ضم م، فت ت، ص، شد ر بفت) امث : ج.
مقبوضات، جائیدادیں.

مُتَّصِف (ضم م، شد ت بفت، کس ص) صف.
جس میں کوئی وصف پایا جائے، کوئی صفت رکھنے والا، موصوف. [ع]

مُتَّصِل (ضم م، شد ت بفت، کس ص) صف.
ملا ہوا، نزدیک، پاس، قریب، برابر. [ع].

متصل رہنا ف مر : محاورہ. متواتر رہنا ؛ لاحق رہنا.

متصل ہونا ف مر : محاورہ. منسلک ہونا، ملحق ہونا.

مُتَّصِلاً (ضم م، شد ت بفت، ک ص، تن ل بفت) م ف.
نزدیک، ملا ہوا، ساتھ میں.

مُتَّصِلَہ (ضم م، شد ت بفت، کس ص، فت ل) (الف) صف.
ملا ہوا، لگا ہوا، پاس کا، نزدیک کا، قریبی. (ب) اند. (منطق) قضیۂ شرطیہ کی ایک قسم جس میں ایک شے کے ثبوت یا عدم ثبوت کا حکم کریں دوسری شے کے ثبوت کی تقدیر پر. [ع].

مُتَصَوَّر (ضم م، فت ت، ص، شد و بفت) صف.
جس کا تصور یا خیال کیا جائے، جو صورت پذیر ہو، جو قابل امکان ہو، خیال کیا ہوا، خیال میں لایا ہوا، تصور کیا ہوا، سوچا گیا. [ع].

مُتَصَوِّف (ضم م، فت ت، ص، شد و بکس) صف.
۱. تصوف کا طریقہ اختیار کرنے والا، طریقت پر عقیدہ رکھنے والا، طریقت پر عمل پیرا، علم باطن سے تعلق رکھنے والا؛ صوفی ۲. مشتبہ، مبہم، جو واضح نہ ہو. [ع].

مُتَصَوِّفانہ (ضم م، فت ت، ص، شد و بکس، فت ن) صف: م ف.
تصوف سے متعلق یا منسوب، صوفیانہ، تصوف آمیز، درویشانہ.

متصوفانہ عقائد اند. تصوف کے مسالک، تصوف سے متعلق مختلف عقیدے.

متصوفانہ کلام اند. تصوف کے مضامین پر مبنی شاعری.

مُتَضاد (ضم م، فت ت) صف.
۱. ایک دوسرے کی ضد، برعکس، الٹا، مخالف، برخلاف، متناقض. ۲. (شاعری) ایک صنعت کا نام جس میں مخالف اور متضاد معانی کے الفاظ لائے جاتے ہیں (جیسے: زمین آسمان، ٹھنڈا گرم وغیرہ). [ع].

مُتَطابِق (ضم م، فت ت، کس ب) صف.
ایک دوسرے سے مطابقت رکھنے والا، باہم مطابق، یکساں. [ع].

مُتَطَہِّر (ضم م، فت ت، ط، شد ہ بکس) صف.
صاف ستھرا؛ دھویا ہوا؛ پاک، طاہر، پوتر. [ع].

مُتَطَیِّب (ضم م، فت ت، ط، شد ی بکس) صف.
جسے خوشبو دی جائے؛ خوشبودار مسالا لگایا ہوا؛ خوشبو لگایا ہوا. [ع].

مُتَعادِل (ضم م، فت ت، کس د) صف.
مساوی، برابر. [ع].

مُتَعادی (ضم م، فت ت) صف.
ایک دوسرے کے برخلاف. [ع].

مُتَعارِض (ضم م، فت ت، کس ر) صف.
ایک دوسرے کے سامنے آنے والے، خبر یا بات وغیرہ جو ایک دوسرے کے برخلاف ہو. ایک دوسرے کی ضد یا مخالف، برعکس. [ع].

مُتَعارَف (ضم م، فت ت، ر) صف.
معروف، مشہور، جانا پہچانا. [ع].

متعارف کرانا/ کروانا ف مر: محاورہ. روشناس کرانا؛ پیش کرنا.

متعارف ہونا ف مر: محاورہ. جانا پہچانا جانا، واقف ہونا.

مُتَعارِف (ضم م، فت ت، کس ر) صف.
باہم تعارف رکھنے والا، ایک دوسرے کو جاننے پہچاننے والا، ایک دوسرے سے واقف. [ع].

مُتَعال (ضم م، فت ت) صف.
۱. بہت عالی، بلند، بزرگ، برتر ۲. خدائے تعالیٰ کے لیے مستعمل. [ع].

مُتَعالی (ضم م، فت ت) صف.
۱. بہت عالی، بلند، بزرگ، برتر ۲. خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مُتَعامِل (ضم م، فت ت، کس م) صف: اند.
ایک دوسرے پر اثر کرنے والا، آپس میں عمل کرنے والا؛ (کیمیا) کیمیائی تعامل میں حصہ لینے والا مادّہ، کوئی ایسی شے یا مادّہ جو اپنی اثر پذیری کے باعث کیمیائی تجزیے میں استعمال کیا جائے (انگ: Reagent). [ع].

مُتْعَہ (ضم م، سک ت، فت ع) اند.
دیکھیے: متعہ (تراکیب میں مستعمل). [ع].

متعۃ النکاح اند. کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کرلینا، میعادی نکاح، متعہ.

مُتَعَجِّب (ضم م، فت ت، ع، شد ج بکس) صف.
تعجب کرنے والا، حیران، متحیر، ششدر، حیرت زدہ. [ع].

مُتَعَدِّد (ضم م، فت ت، ع، شد د بکس) صف.
۱. کئی، بہت سے، زیادہ ۲. مختلف، متفرق، جدا جدا. [ع].

مُتَعَدّی (ضم م، فت ت، ع، شد د) صف.
۱. حد سے تجاوز کرنے والا، ظلم کرنے والا ۲. (i) اُڑ کر لگنے والا، ایک دوسرے کو لگنے والا، پھیل جانے والا (مرض)، چھوت کی بیماری. (ii) ایک سے دوسرے پر اثر کرنے والا، پھیل جانے والا (خیال، عقیدہ وغیرہ). ۳. (قواعد) فعل جسے فاعل اور مفعول دونوں کی ضرورت ہو، فعل جس کا اثر فاعل سے گزر کر مفعول تک پہنچے. [ع].

۳. (قواعد) فعل جسے فاعل اور مفعول دونوں کی ضرورت ہو، فعل جس کا اثر فاعل سے گزر کر مفعول تک پہنچے. [ع].

متعدی المتعدی مف. (قواعد) متعدی فعل جو دوسرے متعدی فعل سے بنایا گیا ہو (جیسے: بلانا سے بلوانا، دینا سے دلوانا وغیرہ) یعنی وہ فعل جسے دو مفعولوں کی ضرورت ہو.

متعدی بیماری مث. (طب) چھوت کی بیماری، ایک سے دوسرے کو لگنے والا مرض، متعدی مرض.

مُتَعَرِّض (ضم م، فت ت، ع، شد ر بکس) مف.
روکنے والا، مخالفت کرنے والا، مانع، مزاحم. [ع].

مُتَعَصِّب (ضم م، فت ت، ع، شد ص بکس) مف.
تعصب برتنے والا، اپنے حلقے، گروہ یا عقیدۂ خیال خصوصاً مذہبی خیال کی پچ کرنے والا، اپنے خلاف عقیدہ رکھنے والے سے دُشمنی کرنے والا، کٹر، ہٹ دھرم. [ع].

مُتَعَصِّبانَہ (ضم م، فت ت، ع، شد ص بکس، فت ن) مف: م ف.
تعصب سے بھرا ہوا، تعصب آمیز، تعصب کرتے ہوئے.

مُتَعَفِّن (ضم م، فت ت، ع، شد ف بکس) مف.
جس سے سڑاند آئے، عفونت رکھنے والا، سڑا ہوا، بدبودار. [ع].

مُتَعَلِّق (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس) (الف) مف.
۱. تعلق رکھنے والا، لگاؤ رکھنے والا. ۲. شامل، منسلک، وابستہ. (ب) م ف. بارے میں، بابت. [ع].

متعلق فعل مذ. (قواعد) کلمہ جو جملے میں فعل کی کیفیت، جگہ یا وقت وغیرہ ظاہر کرے، تابع فعل، تمیز.

متعلق کرنا ف مر: محاورہ. ۱. لگانا، ملانا، وابستہ کرنا، جوڑنا. ۲. ملحق کرنا، الحاق کرنا. ۳. سپرد کرنا، سونپنا.

متعلق ہونا ف مر: محاورہ. ۱. وابستہ ہونا. منسلک یا منسوب ہونا. ۲. سپرد ہونا، سونپا جانا: ملنا، شامل ہونا.

مُتَعَلِّقات (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس) مذ: ج.
۱. ذیلی یا ماتحت علاقے یا اضلاع. ۲. چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ یا منسلک ہوں، متعلقہ امور یا اشیا. ۳. (قواعد) الفاظ جو کسی جملے میں متعلق فعل یا متعلق خبر واقع ہوں.

مُتَعَلِّقَہ (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس، فت ق) مف.
متعلق، وابستہ، تعلق رکھنے والا: مذکورہ.

مُتَعَلِّقِین (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس، ی مع) مف: ج.
اہل خانہ، بال بچے، رشتہ دار: دوست، احباب.

مُتَعَلِّم (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس) مف مذ.
تعلیم پانے والا، طالب علم. [ع].

مُتَعَلِّی (ضم م، فت ت، ع، شد ل بکس) مف.
اونچا، بلند: جو آہستہ آہستہ چڑھے. [ع].

مُتَعَمِّد (ضم م، فت ت، ع، شد م بکس) مف.
ملتفت، متوجہ: سرگرم، مشتاق. [ع].

مُتْعَہ (ضم م، سک ت، فت ع) مذ.
۱. ایک معین وقت کے لیے عورت سے نکاح کرلینا. ۲. نفع، فائدہ (مجازاً) نان ونفقہ اور لباس جو مطلقہ کو دیا جائے. ۳. عورت جس سے متعہ کیا جائے. [ع].

مُتَعَیَّن (ضم م، فت ت، ع، شد ی بفت) مف مذ.
۱. مقرر، تعینات، تعین کیا ہوا. ۲. یقینی، طے شدہ. [ع].

متعین کرنا ف مر: محاورہ. مقرر کرنا، تعینات کرنا، نامزد کرنا.

متعین ہونا ف مر: محاورہ. تعینات یا نامزد ہونا، مامور ہونا: ملازم ہونا.

مُتَعَیَّنَہ (ضم م، فت ت، ع، شد ی بفت، فت ن) مف.
جو متعین کیا جائے، متعین کیا ہوا، مقرر کیا ہوا، قرارداده.

مُتَغَزِّل (ضم م، فت ت، غ، شد ز بکس) مف.
(ادب) غزل کہنے والا، غزل گو شاعر. [ع].

مُتَغَزِّلِین (ضم م، فت ت، غ، شد ز بکس، ی مع) مذ: ج.
غزل کہنے والے، غزل گو شعرا.

مُتَغَیَّر (ضم م، فت ت، غ، شد ی بفت) مف.
بدلا ہوا، تبدیل شدہ، جس میں تغیر ہوا ہو: دگرگوں. [ع].

مُتَغَیِّر (ضم م، فت ت، غ، شد ی بکس) مف.
۱. ایک حالت سے دوسری حالت اختیار کرنے والا، بدل جانے والا،

فت = فتح (زبر)، بکس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، بج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تبدیل ہونے والا. ۲. بے ثبات، غیر مستقل: (ریاضی) مقدار جس کی قیمت متعین نہ ہو بلکہ بدلتی رہے. ۳. (مجاز) مکدر، ناراض، پریشان. [ع].

متغیر ہونا ف مر: محاورہ. دگرگوں ہونا: بدل جانا.

مُتَغَیَّرہ (ضم م، فت ت، غ، شدی بفت، فت ر) صف.

بدلنے والا، تبدیل ہونے والا، تبدیل شدہ، تغیر پذیر.

مُتَفاوَت (ضم م، فت ت، و) صف.

تفاوت کیا گیا، فرق کیا گیا، بعید، دور دراز: متبائن، متضاد: نیارا: مخالف. [ع].

مُتَفاوِت (ضم م، فت ت، کس و) صف.

باہم فرق رکھنے والا، جدا، مختلف، دُور. [ع].

مُتَفاوِتَہ (ضم م، فت ت، کس و، فت ت) صف.

دیکھیے: متفاوت: باہمی فرق رکھنے والا، جدا.

مُتَفَرِّجَہ/مُتَفَرِّجَة (ضم م، فت ت، ف، شد ر بفت، فت ج) صف.

(اقلیدس) زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو. [ع].

مُتَفَرِّد (ضم م، فت ت، ف، شد ر بکس) صف.

۱. اکیلا، تنہا، فرد. ۲. یکتا، منفرد، یگانہ. [ع].

مُتَفَرِّس (ضم م، فت ت، ف، شد ر بکس) صف.

علامت اور نشان سے بات سمجھنے والا، قیافہ شناس. [ع].

مُتَفَرِّع (ضم م، فت ت، ف، شد ر بکس) صف.

۱. شاخ کی طرح کسی اصل سے پھوٹنے، نکلنے، نمودار ہونے والا/ والی (چیز، بات، نکتہ وغیرہ)، کسی امر سے پیدا ہونے والا دوسرا امر، کسی چیز پر (شاخ کی طرح) قائم یا منحصر. ۲. جڑ یا شاخ سے پھوٹنے والا، اُگنے والا. ۳. (مجاز) مشتمل، منقسم. ۴. جسے فرصت ہو، خالی. [ع].

مُتَفَرِّق (ضم م، فت ت، ف، شد ر بکس) صف.

۱. کئی، مختلف. ۲. الگ الگ، جدا جدا. ۳. منتشر، تتر بتر، پراگندہ، بکھرا ہوا. ۴. (ریاضی) چھوٹی مدیں یا رقمیں، خوردہ رقم، مختلف. ۵. پھیل جانا (کرنا، ہونا کے ساتھ). [ع].

مُتَفَرِّقات (ضم م، فت ت، ف، شد ر بکس) اند: ج.

۱. مختلف تحریریں، مختلف چیزیں یا امور. ۲. حساب کی مختلف چھوٹی مدیں یا رقمیں: زمین کے جدا جدا اور مختلف حصے جو ایک گانو یا املاک میں شامل ہوں.

مُتَّفَق (ضم م، شدت بفت، فت ف) صف.

یکجا کیا ہوا، مجتمع: اتفاق کیا ہوا. [ع].

متفق علیہ صف. جس امر پر سب کا اتفاق ہو، جو بات سب کی رائے کے مطابق ہو.

مُتَّفِق (ضم م، شدت بفت، کس ف) (الف) صف.

۱. متحد، ایک ساتھ، یکجا، ملا جلا. ۲. اتفاق کرنے والا، رضامند، ہم خیال، موافق. اف: ہونا. (ب) م ف (قدیم). اتفاق کے ساتھ، ہم خیال ہو کر. [ع].

متفق الرائے صف. ایک سی رائے رکھنے والے، ہم خیال، ہم صلاح.

مُتَّفِقَہ (ضم م، شدت بفت، کس ف، فت ق) صف.

جس پر اتفاق ہو، جس پر اتفاق رائے ہو، اتفاق کیا ہوا، متحدہ.

متفقہ رائے مث. کسی بات یا امر پر ایک رائے ہونا، رائے جس پر سب کا اتفاق ہو.

متفقہ طور پر م ف. ایک ساتھ، مل کر، ہم خیال ہو کر.

مُتَفَکِّر (ضم م، فت ت، ف، شد ک بکس) صف.

۱. فکر مند، غم گین، اُداس. ۲. سوچ میں ڈوبا ہوا، تفکر میں غرق، غور و فکر میں محو. [ع].

مُتَفَکِّرَہ (ضم م، فت ت، ف، شد ک بکس، فت ر) صف: مث.

سوچنے اور غور و فکر کرنے کی قوت جو عقل کے زیر حکم ہو، سوچنے والی، سوچنے کی صلاحیت.

مُتَفَکِّرِین (ضم م، فت ت، ف، شد ک بکس، ی مع) صف: ج.

متفکر کی جمع، سوچنے اور غور و فکر کرنے والے.

مُتَقابِل (ضم م، فت ت، کس ب) صف.

باہم مقابلہ کرنے والا، حریف. [ع].

مُتَقارِب (ضم م، فت ت، کس ر) صف.

جو ایک دوسرے کے نزدیک واقع ہو، باہم قریب ہونے والا، قریبی، قریب. [ع].

مُتَقارِبَہ (ضم م، فت ت، کس ر، فت ب) صف.
ایک دوسرے سے نزدیک، باہم قریب (معنی وغیرہ کے لحاظ سے).

مُتَقاضی (ضم م، فت ت) صف.
تقاضا یا طلب کرنے والا، مطالبہ کرنے والا. [ع].

متقاضی ہونا ف مر؛ محاورہ. کسی سے چیز مانگنا، مطالبہ کرنا، تقاضا ہونا.

مُتَقاطِع (ضم م، فت ت، کس ط) صف.
ایک دوسرے کو کاٹنے والا، ایک دوسرے سے کٹنے والا؛ خطوط جو ایک دوسرے کو کاٹتے ہوئے گزریں. [ع].

مُتَقَدِّم (ضم م، فت ت، ق، شد دبکس) صف.
آگے بڑھنے والا؛ اگلا، پہلے زمانے کا، سابق کا. [ع].

مُتَقَدِّمِین (ضم م، فت ت، ق، شد دبکس، ی مع) اند؛ ج.
پہلے زمانے کے لوگ، لوگ جو پہلے گزر چکے ہیں، پہلے دور کے، دورِ اول سے تعلق رکھنے والے.

مُتَقَرِّب (ضم م، فت ت، ق، شد ربکس) صف.
قربت رکھنے والا، تقرب حاصل کرنے والا. [ع].

مُتَّقی (ضم م، شدت بفت) صف.
خدا سے ڈرنے والا، بہت پرہیزگار، گناہوں سے بچنے والا، تقویٰ اختیار کرنے والا، عابد، زاہد، دین دار. [ع].

مُتَّقِیانَہ (ضم م، شدت بفت، کس ق، فت ن) صف؛ م ف.
پرہیزگاروں کا سا، نیکوکاروں کی مانند، تقویٰ کے ساتھ.

مُتَقَیِّد (ضم م، فت ت، ق، شد ی بکس) صف.
خود کو روکنے یا پابند کرنے والا؛ محنت کرنے والا. [ع].

مُتَکَبِّر (ضم م، فت ت، ک، شد ب بکس) صف.
۱. تکبر کرنے والا، اترانے والا، گھمنڈی، مغرور. ۲. (لفظاً) کمال بزرگی والا؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مُتَکَبِّرانَہ (ضم م، فت ت، ک، شد ب بکس، فت ن) صف؛ م ف.
تکبر آمیز، غرور والا، گھمنڈی، مغرورانہ، تکبر کے ساتھ.

مُتَکَلِّف (ضم م، فت ت، ک، شد ل بکس) صف.
تکلف یا بناوٹی طور پر کوئی کام کرنے والا، تکلف کرنے والا. [ع].

مُتَکَلِّم (ضم م، فت ت، ک، شد ل بکس) صف.
۱. کلام کرنے والا، گفتگو کرنے والا، بات کرنے والا، بولنے والا ۲. (قواعد) وہ ضمیر یا صیغہ جو بات کرنے والے کے لیے مستعمل ہو. [ع]

مُتَکَلِّمِین (ضم م، فت ت، ک، شد ل بکس، ی مع) اند؛ ج.
علم کلام کے ماہر، وہ علما جو مذہبی امور کو عقلی دلائل کے ساتھ ثابت کرنے کے ماہر ہوں.

مُتَلاشی (ضم م، فت ت) صف.
ڈھونڈنے والا، تلاش کرنے والا.

مُتَلاطِم (ضم م، فت ت، کس ط) صف.
تلاطم والا، باہم تھپیڑے مارنے والا (عموماً دریا یا سمندر وغیرہ کی صفت میں مستعمل). [ع].

مَتْلانا (فت م، سک ت) ف ل.
طبیعت یا جی ماش کرنا، متلی آنا. [س].

مَتْلاہَٹ/مَتْلائی (فت م، سک ت، فت ہ) امث.
جی متلانے کی کیفیت.

مُتَلَذِّذ (ضم م، فت ت، ل، شد ذ بکس) صف.
لذت حاصل کرنے والا، مزہ پانے والا، لطف اندوز ہونے والا. [ع]

مُتَلَطِّف (ضم م، فت ت، ل، شد ط بکس) صف.
مہربانی کی نظر رکھنے والا، مہربان. [ع].

مُتَلَمِّس (ضم م، فت ت، ل، شد م بکس) صف.
جو بار بار پوچھے. [ع].

مَتْلُو (فت م، سک ت، و مع) صف.
۱. جو پڑھا جائے، پڑھا جانے والا، پڑھا گیا. ۲. جس کی تلاوت کی جائے (قرآن مجید کے لیے مستعمل). [ع].

مُتَلَوِّن (ضم م، فت ت، ل، شد و بکس) صف.
۱. رنگ بدلنے والا، رنگ برنگ ہونے والا؛ جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو، جس کے مزاج میں تلون ہو. ۲. رنگ پکڑنے یا اختیار کرنے والا، رنگ دار ہو جانے والا. ۳. (علم بدیع) ایک صنعت لفظی. [ع].

متلون مزاج صف. وہ جس کا مزاج گھڑی گھڑی بدلتا رہے.

مَتلی (فت م، سک ت) امث.

جی متلانے کی کیفیت، قے، اُبکائی، استفراغ. [س].

متلی آنا ف مر: محاورہ. اُبکائی آنا، طبیعت کا مالش کرنا، جی متلانا.

متلی ہونا محاورہ. ۱. ایسی کیفیت پیدا ہونا جس سے قے ہو، جی متلانا، گھن آنا ۲. کراہت آنا، نفرت ہونا.

مُتَماثِل (ضم م، فت ت، کس ث) صف.

ایک دوسرے کی مانند، مشابہ، مثل، ملتا جلتا. [ع].

مُتَماثِلَہ (ضم م، فت ت، کس ث، فت ل) امذ.

مماثل شے، برابر یا مساوی عدد وغیرہ. [ع].

مُتَمَثِّل (ضم م، فت ت، م، شد ث بکس) صف.

شکل اختیار کرنے والا، شکل پذیر، نقل کرنے والا؛ ہم شکل، مانند، مثل. [ع].

مُتَمَدِّن (ضم م، فت ت، م، شد د بکس) صف.

تمدن سے واقف، شہری تہذیب کے مطابق زندگی بسر کرنے والا، مہذب، شائستہ؛ تراکیب میں مستعمل جیسے: متمدن قوم، متمدن معاشرہ وغیرہ. [ع].

مُتَمَرِّدانَہ (ضم م، فت ت، م، شد ر بکس، فت ن) صف: م ف.

سرکشی والا، نافرمانوں کا سا، باغیانہ. [ع].

متمردانہ سرکشی مث. اطاعت اور حکم سے پھرنے والی بغاوت.

مُتَمَکِّن (ضم م، فت ت، م، شد ک بکس) صف.

۱. جگہ پکڑنے والا، جاگزیں، قائم، مقیم، بیٹھنے والا ۲. صاحب اختیار، طاقت ور ۳. (صرف) فعل جس کی گردان ہو سکے. [ع].

متمکن ہونا ف مر: محاورہ. متعین ہونا، فائز ہونا.

مُتَمَنّیٰ (ضم م، فت ت، م، شد ن، الف ی) صف.

جس چیز یا بات کی تمنا کی جائے، مطلوب. [ع].

مُتَمَنِّی (ضم م، فت ت، م، شد ن بکس) صف.

تمنا کرنے والا، آرزو مند، خواہش مند، مشتاق. [ع].

متمنی ہونا ف مر: محاورہ.

خواہش مند ہونا، طالب ہونا، مشتاق ہونا.

مُتَمَوِّج (ضم م، فت ت، م، شد و بکس) صف.

لہریں مارنے والا، موجزن؛ ابل پڑنے والا. [ع].

مُتَمَوِّل (ضم م، فت ت، م، ش و بکس) صف.

مال دار، دولت مند، امیر. [ع].

متمول خاندان امذ. مال دار گھرانا، کھاتا پیتا کنبہ.

مُتَمَیِّز (ضم م، فت ت، م، شد ی بفت) صف.

الگ، نمایاں، علیحدہ، ممتاز، ممیز، جدا. [ع].

متمیز کرنا ف مر: محاورہ. الگ کرنا، جدا کرنا، کسی چیز سے امتیاز کرنا.

متمیز ہونا ف مر: محاورہ. متمیز کرنا کا لازم، ممتاز ہونا، منفرد ہونا.

مَتْن (فت م، سک ت) امذ.

۱. کسی کتاب، مضمون یا دستاویز وغیرہ کی اصل عبارت؛ کتاب کی وہ عبارت جس کی شرح کی جائے، وہ عبارت جو کتاب کے صفحہ کے بیچ میں ہو، اصل مواد (حواشی یا تعلیقات کے مقابل) ۲. درمیان، وسط، درمیانی حصہ نیز رضائی یا لحاف وغیرہ کا وہ حصہ جو حاشیے کے بیچ میں ہوتا ہے ۳. چٹی، مضبوط، سخت اور اونچی زمین. [ع].

مُتْنا (ضم م، سک ت) صف مذ (مث: متنی).

موتنے والا، وہ بچہ جو بستر پر پیشاب کر دیا کرے.

مُتَنازَع (ضم م، فت ت، ز) صف.

جھگڑا کیا گیا؛ (وہ چیز) جس پر جھگڑا ہو، نزاعی. [ع].

متنازع حیثیت مث. تنازع والی حیثیت جس پر اتفاق رائے نہ ہو.

متنازع فیہ صف. (وہ چیز) جس میں یا جس کے متعلق نزاع یا جھگڑا ہو یا اتفاق رائے نہ ہو.

مُتَنازِع (ضم م، فت ت، کس ز) صف.

ایک دوسرے کے ساتھ خصومت کرنے والا، ایک دوسرے سے جھگڑا یا نزاع کرنے والا؛ وہ جو دونوں مل کر ایک چیز کو پکڑیں. [ع].

مُتَنازَعَہ (ضم م، فت ت، ز، ع) صف.

متنازع؛ (وہ چیز) جس پر جھگڑا ہو، جس کے بارے میں اختلاف یا جھگڑا ہو.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

متنازعہ علاقہ اند. ایسا علاقہ جس کی ملکیت کے بارے میں واضح احکامات نہ ہوں یا جس کے بارے میں جھگڑا ہو.

مُتَناسِب (ضم م، فت ت، کس س) صف.
باہم نسبت رکھنے والا، صحیح تناسب رکھنے والا، ایک دوسرے کے لیے مناسب، موزوں. [ع].

متناسب الاعضا صف. جس کے اعضا باہم موزوں اور خوش نما ہوں، جس کے اعضا کی جسامت اور ساخت ایک دوسرے کے متناسب ہو، جس کے اعضا میں تناسب ہو، سڈول اعضا والا، خوب صورت اعضا والا.

متناسب نُمایَندگی/نُمائِندگی مث. (سیاسیات) ایک انتخابی نظام جس کے ذریعے مجلسِ قانون ساز میں سیاسی جماعتوں کی نمائندگی، انتخابات میں کل ڈالے گئے ووٹوں میں ان کے حاصل کردہ ووٹوں کے تناسب کی بنیاد پر ہوتی ہے.

مُتَناظِر (ضم م، فت ت، کس ظ) صف.
ایک دوسرے پر نظر کرنے والا، جائے وقوع اور فاصلے وغیرہ کے لحاظ سے باہم ظاہری تناسب رکھنے والا، برابر، مقابل. [ع].

مُتَنافی (ضم م، فت ت) صف (ج: متنافین).
ایک دوسرے کی نفی کرنے والا، ایک دوسرے کا منافی. [ع].

مُتَناقِص (ضم م، فت ت، کس ق) صف.
نقص رکھنے والا، ناقص، کم، نا تمام. [ع].

مُتَناقِض (ضم م، فت ت، کس ق) صف.
ایک دوسرے کا نقیض، متضاد، مخالف، برعکس، ایک دوسرے کی ضد. [ع].

مُتَناہی (ضم م، فت ت) صف.
انتہا کو پہنچنے والا، حد تک پہنچا ہوا، محدود. [ع].

مُتَناہِیَت (ضم م، فت ت، کس ہ، فت ی) اسث.
متناہی ہونا، محدود ہونا.

مُتَنَبِّہ (ضم م، فت ت، ن، شد ب بکس) صف.
بتایا گیا، آگاہ کیا گیا؛ متنبہ کیا گیا، خبردار کیا گیا؛ ہوشیار، خبردار، چوکس. [ع].

متنبہ کر دینا/کرنا ف مر؛ محاورہ. آگاہ کرنا، خبردار کرنا، ہوشیار کرنا

متنبہ ہونا ف مر؛ محاورہ. متنبہ کرنا کا لازم، آگاہ ہونا، خبردار یا ہوشیار ہونا

مُتَنَبِّی (ضم م، فت ت، ن، شد ب) صف.
نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا، جھوٹا نبی. [ع].

مُتَنْجَن (ضم م، فت ت، سک ن، فت ج) اند.
ایک پُرتکلف کھانا، میٹھے چاول جن میں خشک میوے؛ جیسے: بادام پستے کے علاوہ گوشت بھی بھون کر ڈالا جاتا ہے. [ف].

مُتَنَفِّر (ضم م، فت ت، ن، شد ف بکس) صف.
نفرت کرنے والا، کراہت کرنے والا، بے زار. [ع].

مُتَنَفِّس (ضم م، فت ت، ن، شد ف بکس) صف؛ اند.
(لفظاً) سانس لینے والا؛ جاندار، زندہ شخص، نفر، انسان، آدمی بشر. [ع].

مُتَنَوِّع (ضم م، فت ت، ن، شد و بکس) صف.
مختلف نوع، قسمیں رکھنے والا، قسم قسم کا، طرح طرح کا. [ع].

متنوع الالوان صف. طرح طرح کے، رنگ رنگ کے.

مَتْنی (فت م، سک ت) صف.
متن سے منسوب یا متعلق، متن کا، کتاب کی اصل عبارت کے متعلق.

متنی تشریح مث. کتاب کے اصل جزو یا عبارت پر شرح.

متنی نقاد اند. کلاسیکی کتابوں پر تنقید کرنے والا.

مُتَواتِر (ضم م، فت ت، کس ت) صف؛ م ف.
۱. پے درپے، یکے بعد دیگرے، لگاتار، مسلسل، پیہم. ۲. (حدیث) وہ حدیث جو کئی اسناد سے منقول ہو، راویوں کی تعداد ہر مرحلے میں اتنی رہے جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عقلاً محال ہو اور جس کی صحت کے متعلق کبھی کوئی اعتراض نہ ہوا ہو. ۳. (عروض) وہ رکن جس میں ایک متحرک حرف دو ساکن حروف کے درمیان آئے، جیسے: مفاعلین میں ع اور ل. [ع].

مُتَواتِرات (ضم م، فت ت، کس ت) اند؛ ج.
(منطق) وہ قضایا ہیں جن کی تصدیق کسی شے ممکن پر اتنے آدمیوں کی شہادت سے ہو جن کا جھوٹ پر اتفاق کر لینا عند العقل محال ہو

جیسے : سب آدمی حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں .

مَتْوارا (فت م ، سک ت) صف مذ (قدیم).

متوالا ، مست ، مدہوش ، نشے میں چور ، مخمور .

مُتوارِد (ضم م ، فت ت ، کس ر) صف .

۱. ایک جیسا مضمون یا شعر جو دو اشخاص نے جدا جدا لکھا ہو اور ایک کو دوسرے کے مضمون یا شعر کا حال معلوم نہ ہو ، خیال ، مضمون یا شعر جس میں توارد ہو ، لڑ جانے والا مضمون یا شعر ، ایک ہی مضمون جسے دو شاعروں نے باندھا ہو . ۲. ایک دوسرے کے بعد آنے والا ، پے در پے ، مسلسل ، یکے بعد دیگرے آنے والا . [ع] .

مَتْواری (فت م ، سک ت) صف .

متوارا کی تانیث ، نشیلی ، مست .

مُتَوازِن (ضم م ، فت ت ، کس ز) صف .

۱. وزن میں برابر ، جس میں توازن ہو ، معتدل ، متناسب ، موزوں .

۲. (مجازاً) ہموار ، پُرسکون . [ع] .

مُتوازن غِذا امث . ایسی غذا جس میں تمام غذائی عنصر مناسب مقدار میں شامل ہوں .

مُتوازی (ضم م ، فت ت) صف .

۱. ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر آنے والا ، برابر برابر ، باہم مقابل ، باہم برابر ہونے والا . ۲. (ہندسہ) وہ خطوط جو برابر فاصلے پر ہوں اور جن کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی بڑھائیں وہ آپس میں نہ ملیں اور برابر فاصلے پر رہیں . ۳. (مجازاً) مطابقت رکھنے والا ، ساتھ ساتھ چلنے والا ، مشابہ ، مماثل . [ع] .

متوازی الاضلاع اند . (ہندسہ) وہ چوکون جس کے مقابل کے اضلاع متوازی ہوں ؛ کھیت برابر کون .

متوازی خطوط اند : ج . خطوط جن کا فاصلہ برابر ہو اور آپس میں کبھی نہ ملیں .

مُتَواضِع (ضم م ، فت ت ، کس ض) صف .

تواضع کرنے والا ، خاطر مدارات کرنے والا ؛ عاجزی کرنے والا ، انکسار برتنے والا ، منکسر المزاج . [ع] .

مَتْوالا (فت م ، سک ت) (الف) صف مذ .

۱. مست ، مدہوش ، نشے میں چور ، مخمور ، سرشار . ۲. گھمنڈ کرنے والا ، اِترانے والا ، فخر کرنے والا (جیسے : جیجا کے مال پر سالا متوالا) .

(ب) اند . وہ بڑا گول پتھر جو دشمن کو دفع کرنے کے لیے پہاڑ یا دیوار قلعے کے اوپر سے لڑھکاتے ہیں ؛ (مجازاً) کوئی بڑا گول پتھر . [س] .

متوالا ہونا ف ل . مست ہونا ، مخمور ہونا .

مَتْوالی صف مث .

متوالا کی تانیث .

متوالی کودوں امث . ایک قسم کی کودوں (چاول جیسا ایک سخت اور باریک غلہ) جس میں سمیت آجاتی ہے اور اس کا کھانے والا باؤلا ہو جاتا ہے .

متوالی گھٹا امث . گھنگھور گھٹا ، مست کالے بادل .

مُتْوالی (ضم م ، سک ت) م ف .

۱. ایک دوسرے کے بعد آنے والا ، پے در پے ، مسلسل ، پیہم .

۲. (ریاضی) وہ عدد جو بار بار آئے . [ع] .

مُتَوَجِّہ (ضم م ، فت ت ، و ، شد ج بکس) صف .

۱. توجہ کرنے والا ، دھیان دینے والا ، مائل . ۲. مہربان ، نگاہِ عنایت رکھنے والا ، التفات کرنے والا . ۳. مخاطب . [ع] .

متوجہ ہونا ف مر : محاورہ .

مائل ہونا ، مخاطب ہونا ، توجہ کرنا .

مُتَوَحِّش (ضم م ، فت ت ، و ، شد ح بکس) صف .

۱. وحشت میں ڈالنے والا ، وحشت انگیز ، بھیانک ، ہول ناک .

۲. کراہت کرنے والا ، نفرت کرنے والا ، متنفر . ۳. وحشت میں پڑنے والا ، وحشت زدہ ، گھبرانے والا ، پریشان . ۴. غیر مانوس . [ع] .

مُتَوَرِّم (ضم م ، فت ت ، و ، شد ر بکس) صف .

ورم کرنے والا ، سوجنے والا ؛ سوجا ہوا ، ورم زدہ . [ع] .

مُتوڑا (ضم م ، غ) صف مذ . (صف مث متوڑی) .

بہت پیشاب کرنے والا ؛ سوتے میں بستر پر پیشاب کرنے والا .

مُتَوَسِّط (ضم م ، فت ت ، و ، شد س بکس) صف .

۱. (i) جو دو چیزوں کے درمیان واقع ہو ، درمیانی ، بیچ میں واقع ،

وسط میں واقع . (ii) وہ جو دو شخصوں یا معاملوں کے درمیان واسطہ اور ذریعہ ہو، درمیانی واسطہ .۲. کسی وصف ، حالت یا درجے وغیرہ کے اعتبار سے درمیان کا ، درمیانی، اوسط درجے کا .۳. (مالی لحاظ سے) درمیانی حیثیت کا . [ع].

متوسط طبقہ اند. معاشرے کا درمیانی طبقہ (جو امرا یا بہت دولت مند طبقے اور مزدور طبقے کے درمیان ہوتا ہے) ، اس طبقے میں چھوٹے تاجر، پیشہ ور لوگ ، سفید پوش کارکن اور خوش حال کسان وغیرہ شامل ہیں.

متوسط گھرانہ اند. اوسط درجے کی حیثیت کا خاندان، مالی طور پر درمیانے درجے کا گھرانا.

مُتَوَسِّطِین (ضم م، فت ت، و، شد س بکس، ی مع) اند: ج.

۱. متوسط کی جمع : درمیانی حالت کے لوگ جو نہ زیادہ غریب ہوں نہ زیادہ امیر، وہ لوگ جن کی مالی حالت اوسط درجے کی ہو .۲. درمیانی زمانے کے لوگ خصوصاً کسی علم یا فن کے حوالے سے ، متقدمین اور متاخرین کے درمیان کا طبقہ.

مُتَوَسِّل (ضم م، فت ت، و، شد س بکس) صف.

۱. وسیلہ ڈھونڈنے والا، توسل رکھنے والا، باریابی یا قربت رکھنے والا، متعلقین میں شامل.۲. وسیلہ ہونے والا یعنی مربی. [ع].

مُتَوَطِّن (ضم م، فت ت، و، شد ط بکس) صف.

۱. (i) وطن بنا کر رہنے والا ، کسی ملک میں سکونت اختیار کرنے والا ، باشندہ ، رہنے والا . (ii) (جدید اصطلاح) وہ غیر ملکی جسے کسی ملک کی شہریت حاصل ہوگئی ہو .۲. کسی خاص خطے میں رہنے یا پایا جانے والا (جانور یا پودا) .۳. جس کا دل کسی امر پر لگا ہو، آمادہ . [ع].

مُتَوَفّیٰ (ضم م، فت ت، شد ف، ا بشکل ی) صف مذ.

وفات یافتہ ، جو مر گیا ہو، آنجہانی . [ع].

مُتَوَفِّی (ضم م، فت ت، و، شد ف بکس) صف.

وفات دینے والا ، مارنے والا . [ع].

مُتَوَفِّیہ (ضم م، فت ت، و، شد ف بفت، فت ی) صف: مث.

مری ہوئی ، وفات پائی ہوئی ، مرنے والی.

مُتَوَقَّع (ضم م، فت ت، و، شد ق بفت) صف.

جس کی توقع ہو، توقع کیا گیا (امر، شے وغیرہ) . [ع].

مُتَوَقِّع (ضم م، فت ت، و، شد ق بکس) صف.

اُمید رکھنے والا ، توقع کرنے والا ، امیدوار . [ع].

مُتَوَکِّل (ضم م، فت ت، و، شد ک بکس) صف.

توکل کرنے والا ؛ (صرف خدائے تعالیٰ پر) بھروسا کرنے والا مرضی الٰہی پر صابر و شاکر ہو کر رہنے والا . [ع].

متوکل بِاللّٰہ صف. صرف اللہ پر توکل کرنے والا ، راضی بہ رضا

متوکل عَلَی اللّٰہ صف. صرف اللہ پر توکل کرنے والا.

مُتَوَکِّلِین (ضم م، فت ت، و، شد ک بکس، ی مع) اند: ج.

متوکل کی جمع ، توکل کرنے والے.

مُتَوَلِّد (ضم م، فت ت، و، شد ل بکس) صف.

پیدا ہونے والا ، تولد ہونے والا . [ع].

مُتَوَلِّی (ضم م، فت ت، و، شد ل) صف.

۱. انتظام کرنے والا ، مہتمم .۲. کسی امانت ، جائداد یا وقف وغیرہ کا منتظم، ٹرسٹی .۳. والی ، حاکم ، گورنر .۴. نگرانِ کار ، سرپرست . [ع].

مُتُون (ضم م، و مع) اند: ج.

متن کی جمع ، بہت سے متن . [ع].

مُتَوَہَّم (ضم م، فت ت، و، شد ہ بفت) صف.

جس بات کا وہم یا خیال کیا جائے ، وہم کیا گیا ، سوچا گیا ، فرض کیا گیا. [ع].

مُتَہَیِّج (ضم م، فت ت، و، شد ی بکس) صف.

برانگیختہ ، ہیجان میں آیا ہوا، حرکت کرنے والا ، متحرک . [ع].

مَتیٰ (فت م، ا بشکل ی) اسم استفہام (ظرف زماں).

کب ، کس وقت ؛ (منطق) نو اعراض میں سے ایک عرض ، نسبت زمانی . [ع].

مَتی (فت م) حرف نفی.

مت ، نہیں . [س].

مِتی (کس م) امث.

۱. تاریخ ، تتھ .۲. سُود ، کمیشن ، دستوری ؛ وہ تاریخ جس سے سُود لگایا

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد= تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جائے. ۳. روپیہ ادا کرنے کا وقفہ ؛ جیسے : اس ہنڈی میں دس دن کی متی ہے. [س].

مَتّیٰ (فت م، شدت بکس نیز اشکل ی) اند.
حضرت عیسیٰ کے ایک حواری کا نام جن کی انجیل مشہور ہے. [عبر].

مَتِیرا (فت م، ی مع) اند.
ایک قسم کا چھوٹا تربوز. [مقامی].

مَتِین (فت م، ی مع) صف.
۱. مضبوط، مستحکم، استوار، پکا. ۲. (i) سنجیدہ، گمبھیر (شخص). (ii) ابتذال سے پاک، بزرگی کے شایان شان، سنجیدہ (بات، امر الفاظ وغیرہ). ۳. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. ۴. رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا صفاتی اسم گرامی. [ع].

مِتھ (کس م) اند.
اسطور، دیوتاؤں کی کہانی، مذہبی رہنماؤں کے قصے ؛ خیالی قصہ یا فسانہ. [انگ].

مَتّھا (فت م، شد تھ) اند.
ماتھا، پیشانی.

متھا پھوڑی مت. سر ٹکرانا، پیشانی پھوڑنا ؛ (مجازاً) بے دلی یا بغیر خلوص نیت سے سجدہ کرنا.

مَتھانی (فت م) مت.
لکڑی یا لوہے وغیرہ کا وہ آلہ جس سے دودھ یا دہی یا کوئی اور سیال شے بلوتے ہیں، مدھانی، متھنی، رئی. [س].

مَتھِت (فت م، کس تھ) صف : مت : اند.
متھا ہوا، بلویا ہوا ؛ چھاچھ ؛ بلویا ہوا دہی. [س].

متھ جانا ف مر : محاورہ. (کسی مائع کا) جوش میں آ جانا.

مَتھن (فت م، تھ) اند.
متھنے کا عمل، بلونے کا کام ؛ بار بار سوچنا، سوچ بچار. [س].

مَتھنا (فت م، سک تھ) ف م.
۱. مکھن یا مسکہ نکالنے کے لیے دودھ یا دہی کو متھنی یا کسی اور آلے سے بلونا، رئی پھیرنا نیز کسی بھی مائع کو بلونا. ۲. خوب ہلا کر ملانا، گھنگولنا. ۳. (مجازاً) دل میں کسی بات کو مسلسل یا بار بار سوچنا، کسی بات کو کھود کھود کر پوچھنا ؛ بار بار کہنا ؛ چھان بین کرنا. ۴. آلودہ کرنا. ۵. بار بار کرنا، دہراتے رہنا. ۶. گوندھنا ؛ دبانا. [س].

مَتھنی (فت م، سک تھ) مت.
دودھ، دہی یا کسی اور مائع کو بلونے کی لکڑی یا کسی دھات کی بنی ہوئی رئی، متھانی. [س].

مَتّھے (فت م، شد تھ نیز بلا شد) اند.
متھا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ مرکبات میں مستعمل.

متھے پڑنا محاورہ. (کسی کے) ذمے آنا، سر پڑنا.

متھے لگنا محاورہ. مڈھ بھیڑ ہونا، آمنا سامنا ہونا ؛ ٹکراؤ ہونا ؛ سابقہ پڑنا، سر پڑنا.

متھے مارنا محاورہ. ۱. (کسی کے) ذمے ڈال دینا، کسی کے سر ڈالنا. ۲. خفا ہو کر واپس کر دینا.

مَٹ (فت م) مت.
مٹی کی تخفیف ؛ مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل ؛ جیسے : مٹیالا.

مِٹ (کس م) ف ل.
مٹنا سے فعل امر نیز مادہ ؛ مرکبات میں مستعمل.

مٹ جانا محاورہ. ۱. برباد ہو جانا، تباہ ہو جانا، مر جانا. ۲. (i) دور ہونا، ختم ہونا، جاتا رہنا. (ii) محو ہو جانا، زائل ہو جانا. (iii) فنا ہو جانا، معدوم ہو جانا. ۳. عاشق ہو جانا، فریفتہ ہو جانا، نثار ہو جانا، صدقے ہونا.

مُٹاپا (ضم م) اند : ← موٹاپا.
فربہی، موٹا پن، جسم پر چربی چڑھ جانا، جسم پر گوشت چڑھنے کی حالت، جسم بھاری ہونا، جسم بھاری ہونے کی حالت.

مٹاپا چڑھنا ف مر : محاورہ. فربہ ہونا، موٹا ہونا، جسم کا پھول جانا.

مُٹام (ضم م) اند : ← موٹام.
(بیل داری) کھدے ہوئے گڑھوں کے بیچ میں مٹی کا وہ تودہ جو کھودتے وقت وسط یا درمیان میں چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ صحیح گہرائی معلوم ہو سکے، برجی.

مُٹان (ضم م) امث.
(عو) موٹائی، چوڑان، چکلان.

مِٹانا (کس م) ف م.
۱. تحریر، داغ یا نشان وغیرہ کو صاف کرنا، کھرچنا، چھیلنا. ۲. دور کرنا، ختم کرنا. ۳. تباہ کرنا، برباد کرنا، نابود کرنا، محو کرنا، زائل کرنا. ۴. ضائع کرنا، اپنی محنت و کوشش کو رائگاں کرنا. ۵. منسوخ کرنا، رد کرنا، مسترد کرنا.

مِٹا ہوا (کس م، ضم ہ) صف.
۱. عاشق، فریفتہ. ۲. تلا ہوا، آمادہ. ۳. محو کیا ہوا، اُڑا ہوا.

مُٹائی (ضم م) امث.
موٹا پن، فربہی، جسامت، دبیز پن، دَل، موٹان.

مِٹائے نہ مِٹنا ف مر؛ محاورہ.
مٹانے سے بھی نہ مٹنا، کسی طرح زائل نہ ہونا، کسی طرح محو نہ ہونا.

مُٹ بھیڑ (ضم م، سک ٹ، ی ع) امث؛ ← منھ بھیڑ؛ مُٹھ بھیڑ.
۱. آمنا سامنا، اتفاقیہ ملاقات. ۲. (i) مقابلہ، دوبدو لڑائی. (ii) دنگل میں پہلوانوں کا آمنے سامنے کھڑا ہونا، مقابلے کے لیے دو بدو آجانا.

مَٹر (فت م، ٹ) امذ.
ایک پودا نیز اس کی پھلی جس میں گول دانے چنے کے برابر ہوتے ہیں، ایک قسم کی پھلی دار سبزی، ترکاری اور غلے کی طور پر مستعمل. [س].

مٹر سی آنکھیں/سے دیدے امث؛ امذ. چھوٹی چھوٹی آنکھیں.

مٹر گشت امث؛ امذ. بے کار چلنا پھرنا، گھومنا، آوارہ گردی، چہل قدمی، ہوا خوری، سیر سپاٹا.

مٹر گشت کرنا ف مر؛ محاورہ. بغیر مقصد پھرنا، بے فکرے انداز میں پھرنا، آوارہ گردی کرنا، گھومنا پھرنا، چہل قدمی کرنا، ٹہلنا، سیر کرنا.

مَٹْرا (فت م، سک ٹ) امذ.
مٹر؛ بڑا مٹر؛ ایک قسم کا (گول گول نشان والا) ریشمی کپڑا.

مُٹْرُو مُٹْرُو (ضم م، ٹ، سک ر، ضم م، ٹ) م ف.
۱. چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کے لیے مستعمل. ۲. چپکے پڑے ہوئے، چپکے سے.

مٹر مٹر دیکھنا محاورہ. چھوٹے بچوں کا بھولے پن، حیرت یا تعجب سے دیکھنا، چپکے پڑے ہوئے دیکھنا، مسلسل دیکھتے رہنا.

مٹر مٹر کام کرنا محاورہ. چھوٹی لڑکی یا بچے کا اپنی بساط کے موافق جلد جلد کام کرنا.

مَٹَک (فت م، ٹ) امث.
ناز نخرہ، چوچلا، عشوہ گری، ادا سے اٹھلا کر چلنے کا انداز.

مٹک مٹک کر چلنا محاورہ. ناز سے اٹھلاتے ہوئے چلنا، خاص ادا سے اٹھلا کر چلنا، تھرک کے چلنا، کولھوں کو مٹکا کے چلنا.

مَٹْکا (فت م، سک ٹ) امذ.
پانی رکھنے کا بیضوی شکل کا مٹی کا بنا ہوا بڑا گھڑا جو بڑے منھ کا ہوتا ہے؛ گگرا. [س].

مَٹْکانا (فت م، سک ٹ) ف م.
۱. گھمانا، پھرانا، گردش دینا، چمکانا (عموماً آنکھوں وغیرہ کے لیے مستعمل). ۲. ہلانا، حرکت دینا؛ نچانا. ۳. دکھاوے کے لیے کوئی لباس پہننا، کوئی لباس زیب تن کرنا، کوئی چیز پہن کر اترانا. ۴. ناز سے اٹھلا کر چلنا، ناز و ادا سے اعضا یا جسم کو حرکت دینا. ۵. (قدیم) لے لینا. ۶. کسی کے ساتھ تمسخر آمیز حرکتیں کرنا، استہزا، کسی کو بے وقوف بنانا، کسی کو چٹکیوں پر اڑانا. ۷. نرت کے بھاؤ بتانا.

مَٹْکَن (فت م، سک ٹ، فت ک) امث.
مٹکنے کی کیفیت یا عمل، مٹک.

مَٹَکْنا (فت م، ٹ، سک ک) ف ل.
۱. (ناز و ادا کے ساتھ) سر یا اعضا کا حرکت کرنا. ۲. ناز نخرہ کرنا، معشوقانہ ناز و انداز دکھانا، اِٹھلا کر چلنا، ہاتھوں کو نچانا، غمزہ دکھانا. ۳. حرکت کرنا، تھرکنا، ناچنا. ۴. زنانہ یا تمسخر آمیز حرکتیں کرنا. ۵. بھدکنا. ۶. نکھرنا، چمکنا.

مُٹْکُنا (ضم م، سک ٹ، ضم نیز فت ک) صف مذ.
چھوٹا اور بہت خوب صورت، میانہ، چھوٹا، پستہ.

مُٹْکُنا سا قد امذ. بوٹا سا قد، پستہ قد، ننھا سا قد، چھوٹا سا قد؛ میانہ

اور موزوں قد.

مٹکو (فت م، ٹ، شد ک، وج) امث.
مٹکنے والی عورت، ناز نخرے کرنے والی، مٹک مٹک کر چلنے والی، ناز سے اِترا کر چلنے والی؛ ہاتھ نچا نچا کر یا آنکھیں مٹکا کر باتیں کرنے والی؛ اعضا کو مٹکانے والی.

مٹکی (فت م، سک ٹ) امث.
۱. چھوٹا گھڑا، چھوٹا مٹکا، ٹھلیا، گھڑیا (پانی، دودھ وغیرہ ڈالنے یا رکھنے کے لیے) ۲. شراب کا گھڑا، خم شراب، برتن جس میں شراب بھری ہو ۳. مٹی کا وہ برتن جس میں دہی بلوتے ہیں، دہی جمانے کا برتن، چاٹی.

مٹکیلا (فت م، سک ٹ، ی مع) صف مذ.
مٹک چٹک والا، ناز نخرے والا.

مٹ گیا (کس م، سک ٹ، فت گ) صف.
اُجڑا، خانہ خراب، نیواں ناس گیا، مرنے جوگ، مرنے جوگا، موا؛ جیسے: مٹ گیا روز آ آ کر ستاتا ہے، مٹ گئے مان جا وغیرہ.

مُٹلو (ضم م، فت ٹ، شد ل، وج) صف مث.
دیکھیے: مٹلی، موٹی، بھدی.

مُٹلی (ضم م، فت ٹ، شد ل) صف مث.
موٹے جسم کی عورت، بھدی عورت، موٹی، فربہ.

مِٹنا (کس م، سک ٹ) ف ل.
۱. معدوم ہونا، محو ہونا، بے نشان ہونا؛ ناپید ہونا، نیست و نابود ہونا، فنا ہونا، ختم ہونا ۲. (نشان وغیرہ کا) زائل ہونا، چھلا جانا، کھرچا جانا. ۳. فرو ہونا، بجھنا، جاتا رہنا ۴. برباد ہونا، تباہ ہونا، اُجڑنا، خاک میں ملنا ۵. فریفتہ ہونا، مفتون ہونا، عاشق ہونا ۶. مستعد ہونا، آمادہ ہونا ۷. منسوخ ہونا، رد ہونا ۸. کم ہونا، زائل ہونا. [س].

مٹول (فت م، وج) (الف) صف.
دیکھیے: گول کا تابع. (ب) امث. ٹال کا تابع.

مٹولا (فت م، وج) امذ.
مٹی کا تودہ، مساحت میں بطور نشان کھڑا کیا جانے والا مٹی کا ستون یا تودہ.

مٹولنا (فت م، ولین، سک ل) امذ.
(زنانوں کی اصطلاح) حقنہ. [مقامی].

مِٹّی (کس نیز فت م، شد ٹ) (الف) امث.
زمین کی بالائی تہ، وہ مادّہ جو زمین پر بچھا ہوا ہے (مختلف مادوں کے باریک ذروں کا مرکب)؛ زمین. (ب) صف ۱. ٹھنڈا، سرد ۲. میلا، گرد آلود ۳. برباد ۴. بے رونق، بے کار، بے فائدہ، ہیچ. ۵. (مجازاً) مردہ دل، افسردہ طبیعت.

مِٹّی اُٹھنا محاورہ. مر جانا، جہاں سے اٹھنا، دنیا سے چلے جانا.

مِٹّی پاؤ فقرہ. کسی جگہ پر خاک ڈالنا؛ کسی چیز کو چھپانا، پردہ پوشی کرنا؛ لعنت بھیجنا، ٹالنا.

مٹی پکڑے سونا ہو جائے کہاوت. خوش قسمت کو ہر کام میں فائدہ ہوتا ہے.

مٹی پلید کرانا محاورہ. مٹی پلید کرنا کا متعدی المتعدی.

مٹی پلید کرنا محاورہ. ۱. ذلیل و خوار کرنا، دُرگت بنانا، برا حال کرنا، برباد کرنا، جینا دشوار کرنا ۲. ستانا، دِق کرنا، ہنسی اُڑانا، تضحیک کرنا. ۳. بے عزتی کرنا؛ خلاف ورزی کرنا ۴. لاش نہ اٹھانا، لاش کی بری گت کرنا، تجہیز و تکفین نہ کرنا، کریا کرم نہ کرنا.

مٹی پلید ہونا محاورہ. ۱. ذلیل ہونا، بے عزت ہونا، دُرگت ہونا، برا حال ہونا، برباد ہونا ۲. کسی چیز کا بگڑنا، خراب ہونا.

مٹی خراب کرنا محاورہ. ۱. اچھی طرح تجہیز و تکفین نہ کرنا ۲. رسوا کرنا، ذلیل کرنا، بدنام کرنا، بے قدری کرنا ۳. ستانا. تکلیف دینا، سرگرداں کرنا، حیران و پریشان کرنا ۴. ہنسی اُڑانا، تضحیک کرنا، احمق بنانا ۵. برباد کرنا، ضائع کرنا، تباہ کرنا ۶. بے سلیقگی سے کوئی کام کرنا، کام بگاڑنا، ستیاناس کرنا ۷. دُرگت بنانا، پامال کرنا، حالت خراب کرنا.

مٹی دینا محاورہ. قبر میں دفن کرنا، دفنانا، دفن کرتے وقت مٹی ڈالنا، میت کو قبر میں اتارنے کے بعد حاضرین کا تین تین مٹھی مٹی لے کر قبر کے پٹاؤ پر ڈالنا.

مٹی ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. خاک کا کسی جگہ ڈالنا، قبر پر مٹی ڈالنا، میت دفنانے کے بعد قبر پر مٹی ڈالنا ۲. کسی بات کو چھپانا، درگزر کرنا،

پردہ پوشی کرنا ، معاف کرنا .۳. لعنت بھیجنا ، خاک ڈالنا .

مٹی ڈھونا ف مر؛ محاورہ. ۱. مٹی کو ٹوکری میں بھر کر سر پر لادنا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ پر پہنچانا .۲. مٹی اٹھانے کی مزدوری کرنا ؛ سخت مصیبت اٹھانا ؛ بے منفعت کام کرنا ، ایسا کام کرنا جس میں کوئی مالی فائدہ نہ ہو .

مٹی ڈھے جانا محاورہ. جسم کی سکت جاتی رہنا ، بدن قابو میں نہ رہنا ، مرنے کے دن قریب آجانا ، جسم کا دم نکل جانا ، جسم کا گوشت مر جانا .

مٹی سے بھول کھلانا محاورہ. (بہت محنت سے) کوئی مشکل کام سرانجام دینا .

مٹی سے جڑے رہنا ف مر؛ محاورہ. اپنے وطن یا جنم بھومی سے واسطہ رکھنا .

مٹی عزیز ہونا محاورہ. ۱. دفن کیا جانا ، دفن ہونا ، مٹی ٹھکانے لگنا ؛ عزیز و اقارب یا کسی پسندیدہ شخص کے ہاتھوں سے دفن کیا جانا .۲. کسی مرے ہوئے کی خاک کا پسندِ خاطر ہونا .

مٹی کا صف. خاک کا بنا ہوا ، گِلی ، خاکی (مرکبات میں مستعمل) .

مٹی کا بنا ہونا ف مر؛ محاورہ. مٹی سے تعلق ہونا ، بے حس ہونا .

مٹی کا پتلا اند. خاک کا پیکر ، جسم خاکی ؛ (مجازاً) انسان ، آدمی .

مٹی کا تیل اند. کوئلے ، تارکول یا پٹرولیم سے کشید کیا ہوا تیل جو لالٹین ، چولھے وغیرہ میں بطور ایندھن استعمال ہوتا ہے ، گیس کا تیل ، گھاس لیٹ .

مٹی کا تھوا/ تھوپا اند؛ صف. مٹی کا ڈھیر یا مٹی کا ڈھیلا ؛ (مجازاً) بے حس و حرکت شے ، ناکارہ شخص .

مٹی کا قرض اند. وطن یا وطن کی زمین کا مطالبہ یا حق ؛ حق زمین .

مٹی کا کھینچ کر لانا/لے چلنا محاورہ. تقدیر کا کسی کو اس جگہ دفن ہونے کے لیے لانا جہاں کا خمیر ہو ، موت کا کسی جگہ لانا یا لے جانا .

مٹی کا گھروندا اند. (مجازاً) ناپائدار چیز ، بے ثبات شے ؛ کچا مکان .

مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں کہاوت. ہر چیز چاہے کیسی ہی کم قیمت کیوں نہ ہو پوری احتیاط اور دیکھ بھال کر کے لینا چاہیے ، جو کام بھی کرنا چاہیے سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے .

مٹی کا مادھو صف مذ (مث: مٹی کی مادھو) . بے عقل ، احمق ، بے وقوف آدمی .

مٹی کر دینا/کرنا محاورہ. ۱. خراب کر دینا ، بگاڑنا ، خاک میں ملانا کرکرا کرنا .۲. خاک کی طرح بے وقعت کر دینا ، بے قدر کر دینا .۳. میلا کرنا ، مٹی کے رنگ کا کر دینا .۴. ٹھنڈا کرنا ، بے لطف کرنا ؛ جیسے کھانا مٹی کرنا .۵. برباد کرنا ، لٹانا : جیسے : روپیہ مٹی کرنا یا کر دینا .

مٹی کو ہاتھ لگاؤ/لگائیں تو سونا (زر) ہو جائے کہاوت. دیکھیے مٹی میں ہاتھ ڈالے تو سونا ہو جائے .

مٹی کی مورت مث. ۱. مٹی کا پتلا ، قالب خاکی ؛ جسم ، کایا ، دیہہ بدن ؛ (مجازاً) انسان ، آدمی .۲. کٹھ پتلی ، معمولی صورت کا آدمی ، بے جان پیکر یا بت ؛ بھولا بھالا شخص .

مٹی کے ساتھ مٹی ہونا محاورہ. مرنے کے بعد جسم کا مٹی میں مل جانا پیوند خاک ہونا ؛ مر جانا .

مٹی کے مادھو اند. (ہندو) مورکھ ، مودھو ، کندۂ ناتراش ، بیوقوف جیسے : تم بھی نرے مٹی کے مادھو ہو .

مٹی کے مول/مولوں صف. نہایت ارزاں ، بہت سستا ، کوڑیوں کے مول .

مٹی میں جان ڈالنا محاورہ. جینے کی قوت یا طاقت پیدا کرنا .

مٹی میں ملا دینا/ملانا محاورہ. ۱. مٹانا ، ناپید کرنا ، بے نشان کرنا دفن کرنا .۲. ضائع کرنا ، برباد کرنا ، گنوانا .۳. ناقدری کرنا ، بے قدر کرنا لیاقت اور قابلیت کو کام میں نہ لانا ، لیاقت اور قابلیت سے فائدہ اٹھانا .۴. بے لطف کرنا ، بے مزہ کرنا ، کرکرا کرنا .

مٹی میں ہاتھ ڈالے تو سونا ہو جائے کہاوت. نہایت خوش نصیب ہے ، جو کام کرتا ہے اس سے بے انتہا نفع ہوتا یا بہت پیسہ کماتا ہے خوش نصیب کو ہر کام میں فائدہ ہوتا ہے .

مٹی نصیب ہونا ف مر؛ محاورہ. اپنی خواہش کے مطابق یا پسند کی جگہ پر انتقال ہونا یا مرنا .

مٹی ہو جانا/ہونا محاورہ. ۱. خاک ہو جانا ، خاک میں ملنا ، جسم کا خاک بن جانا .۲. خراب ہونا ، ضائع ہونا ، بے کار ہونا ، برباد ہونا .۳. گلنا سڑنا ، بوسیدہ ہونا .۴. ختم ہو جانا ، مٹ جانا .۵. موت ہونا .۶. ماند ہونا بے رونق ہونا ، آب و تاب ختم ہونا .۷. بے وقعت ہونا ، بے قدر

ہونا ، حقیر ہونا . ۸. کھانے کا رکھے رکھے ٹھنڈا اور بدمزہ ہو جانا .
۹. طبیعت کا افسردہ ہونا . ۱۰. شرمندہ ہونا .

مَٹّیا (فت م ، شدت بکس تیز بلا شد ، سک ٹ) (الف) صف .
۱. مٹی کا ، مٹی سے بنا ہوا ، گلی ، سفالی ، مٹی ملا ہوا ، مٹی کے رنگ کا ، مٹی سے منسوب ، عموماً مرکبات میں مستعمل . ۲. کمزور ، بودا ، ناپائدار .
(ب) امث . ۱. چکنی مٹی کی زمین جس میں اکثر دھان پیدا ہوتے ہیں ، چکنوٹ ، دھانی . ۲. مٹی . (ج) اند . ایک قسم کا مٹی کے رنگ کا سانپ جس پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں .

مِٹیا (کس م ، سک ٹ) امث .
مٹی کا چھوٹا برتن یا ہانڈی جس میں دودھ دہی اور گھی وغیرہ رکھا جائے .

مُٹیا (ضم م ، سک ٹ) صف : ← مونیا .
سامان اُٹھانے والا ، اسباب ڈھونے والا ، مزدور ، قلی .

مَٹیار (فت م ، سک ٹ) (الف) صف : امث نیز اند .
۱. چکنی مٹی کی زمین جس میں اکثر دھان پیدا ہوتے ہیں ، وہ زمین جس میں ریت نہ ہو اور اعلیٰ درجے کی ہو . ۲. (پورب) گدلا ، مکدر .
(ب) امث . ۱. (کمھاری) وہ جگہ جہاں برتن بنانے کی مٹی تیار کی جائے . ۲. وہ لڑکی جس کا آغاز شباب ہو ، دوشیزہ ، کنواری لڑکی ، نوجوان عورت .

مَٹیارا/مَٹیارَہ/مَٹیاری (فت م ، سک ٹ / کس ر) صف ، اند نیز امث .
دیکھیے : مٹیار (الف) معنی نمبر ۱ ، چکنی مٹی کی زمین .

مَٹیال (فت م ، سک ٹ) (الف) اند .
گڑھا جس میں سے مٹی کھودی جائے . (ب) صف دیکھیے : مٹیالا .

مَٹیالا (فت م ، سک ٹ) (الف) صف .
۱. مٹگجا ، خاکستری ، میلا ، مٹی کے رنگ کا ، مٹی جیسا ، بھونسلا ، بھورا ، خاکی .
۲. مٹی کا بنا ہوا ، مٹی کا : مٹی بھرا ہوا ، مٹی میں لتھڑا ہوا . (ب) اند . ایک قسم کا سانپ جس کا رنگ بھونسلا اور جلد پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں ، مٹیار .

مٹیالا پن اند . گدلا ہونا ، گدلا پن .

مٹیالا رنگ صف : اند . مٹی کی سی رنگت ، گدلا پن .

مَٹیالی (فت م ، سک ٹ) صف امث .
مٹیالا کی تانیث ، مٹی کے رنگ کی ، مٹی جیسی .

مٹیالی رنگت صف : امث . مٹی کی سی رنگت ، گدلا پن .

مَٹیانا (فت م ، سک ٹ) (الف) ف ل .
۱. سن کر ٹال جانا ، تغافل کرنا : اغماض کرنا ، سون کھینچنا ، چپ باندھنا ؛ چراغ گل ہوجانا ، بجھ جانا ، بجھنا . ۲. مٹی ہو جانا : برابر ہونا ، ہموار ہو جانا . ۳. سہنا ، جھیلنا ، برداشت کرنا . (ب) ف م . مٹی سے ملنا یا صاف کرنا : مٹی کا پلاستر کرنا : مٹی چھڑکنا .

مَٹھ (۱) (فت م) اند .
۱. ہندو فقیروں کی جھونپڑی ، کٹیا ، گسائیوں کے رہنے کا گھر ، جوگیوں اور سادھوؤں کا ٹھکانا . ۲. (i) دھرم شالا ، بت خانہ ، مندر ، عبادت گاہ ، خانقاہ . (ii) مذہبی مدرسہ ، دینی درس گاہ ، پاٹ شالا . [س] .

مَٹھ (۲) (فت م) صف .
ساکت : سست ، کاہل ، ٹھس .

مِٹھ (کس م) (الف) صف .
دیکھیے : میٹھا : مرکبات میں مستعمل . (ب) اند . میٹھا لیموں نیز اس کا درخت .

مٹھ بول صف . جس کی بولی میٹھی اور دل کش ہو ، شیریں گفتار .

مُٹھ (ضم م) اند .
۱. موٹھ جو لاٹھی وغیرہ کے اوپر والے سرے پر ہوتی ہے ، دستہ ، قبضہ ؛ گرفت .
۲. گٹھی ، ٹیلا وغیرہ . ۳. مٹھی ، مٹھا ، گڈی : جو مٹھی بھر کی ہو . ۴. مکا ، گھونسا .
۵. مٹھی ، مشت پنجہ ، چنگل . ۶. (پنجاب) جلق ، مشت زنی .

مٹھ بھیڑ امث . ۱. آمنا ، سامنا : مقابلہ ، جھڑپ ، دوبدو لڑائی . ۲. اتفاقیہ ملاقات ، سرراہ ملاقات .

مٹھ بھیڑ ہونا ف مر : محاورہ . آمنا سامنا ہونا ، سرراہ ملاقات ہونا ، مقابل ہونا .

مَٹّھا (۱) (فت م ، شد ٹھ نیز بلا شد) اند .
پتلا دہی جو مسکہ نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے ، چھاچھ ، مکھن نکالا ہوا پتلا دہی ، بلویا ہوا پتلا دہی . [س] .

مَٹّھا (۲) (فت م ، شد ٹھ) صف مذ .
۱. سست ، کاہل ، لدھڑ ، ڈھیلا : گھنا . ۲. کند ذہن ، غبی ، موٹی سمجھ کا . ۳.

کند دھار کا ، کُٹھل ، بترا ، گھسا ہوا . ۴. (i) وہ گھوڑا جو تیز نہ چلے ، سست رفتار گھوڑا . (ii) سست اور آہستہ چلنے والا جانور . [س] .

مٹھا بیل اند. سست بیل ؛ (مجازاً) کاہل اور نکما آدمی .

مِٹّھا (کس م ، شد ٹھ) (الف) صف ؛ ~ میٹھا.
میٹھا ، شیریں . (ب) اند . میٹھا لیموں .

مُٹّھا (ضم م ، شد ٹھ) اند.
۱. جو ایک مٹھی میں آجائے ، جو مٹھی میں بھرا ہوا ہو ، لپ ، مٹھی .
۲. (i) گٹھا ، گڈی ، پشتارہ ، پلندہ . (ii) بنڈل ؛ گچھا . (iii) (پٹواری) ڈھولی کا آدھا یعنی ایک سو پان کی جٹ . ۳. قبضہ ، دستہ ، موٹھ ، گرفت . ۴. نداقوں (دُھنیوں) کا وہ چوبی اوزار جسے تانت پر مار مار کر روئی دھنتے ہیں . ۵. کپڑے کی گدی جو اکثر پہلوان بازوؤں پر فربہی دکھانے اور جسم کے خوش نما معلوم دینے کے لیے باندھتے ہیں .
۶. (کاشت کاری) ہل کا وہ حصہ جس جگہ سے اسے پکڑے رہتے ہیں . ۷. (باجا سازی) ستار کی ڈانڈ کا اوپر کا خوش نما بنا ہوا سرا جس میں باج کی کھونٹیاں لگی ہوتی ہیں . ۸. (گورکنی) لاش کے اوپر لپٹی ہوئی چادروں کے سروں کا بند جو سر اور پیر کی طرف دھجی سے باندھ دیا جاتا ہے . ۹. (چھتری سازی) چھتری کی تانوں کے سرے پھنسا کر بندش کرنے کی شام (آہنی حلقہ) . [س] .

مَٹھار (فت م) امث .
۱. ٹھہر ٹھہر کر یا مزے لے لے کر باتیں کرنے کا انداز ؛ (مجازاً) ترنم .
۲. آواز ، جھنکار .

مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا محاورہ . ۱. چبا چبا کر باتیں کرنا ، مزے لے لے کر باتیں کرنا . ۲. تمکنت کے ساتھ بولنا .

مَٹھارنا (فت م ، سک ر) ف ل.
۱. چبا چبا کر بات کرنا . ۲. (i) باتیں بنا کر بے وقوف بنانا ، بناوٹی باتوں میں لگانا ، بہلانا ، پھسلانا . (ii) مزے لے لے کر باتیں کرنا ، بنا بنا کر باتیں کرنا ، باتیں بگھارنا . ۳. گول کرنا ، مدوّر بنانا ؛ لیس پیدا کرنا ، آٹے کو لوچ دینا ، لگی دینا ، متھنا ؛ پھیلانا ، چوڑا کرنا ، وسعت دینا ، فراخ کرنا ؛ کور دبانا ، کور یا دھار مارنا ، کند کرنا ، بترا کرنا ؛ شرح کرنا ، تفسیر کرنا ، مفصل بیان کرنا . ۴. (ظروف سازی) برتن کی سطح ہتھوڑے کی ضرب سے حسب ضرورت موزوں یعنی سڈول بنانا .

مِٹھاس (کس م) امث .
۱. شیرینی ، حلاوت ، میٹھا مزہ ، میٹھا پن (کھٹاس کا نقیض) ؛ اچھا تاثر
۲. مٹھائی وغیرہ .

مٹھاس گھولنا ف مر ؛ محاورہ . اچھا تاثر دینا یا پیدا کرنا .

مِٹھائی (کس م) امث .
۱. مقررہ طریقوں سے آٹے یا میدے اور چینی دودھ وغیرہ سے بنائی ہوئی میٹھی اشیا جو عموماً حلوائی بناتے ہیں ، شیرینی ؛ (جیسے : لڈو ، پیڑ جلیبی اور گلاب جامن وغیرہ) نیز میٹھی چیز ۲. مٹھاس ، میٹھا پن ۳. گڑ قندِ سیاہ ، راب ، مٹکے کا گڑ ، چپلا گڑ ۴. (مجازاً) انعام ، شکرانے کی نذر .

مُٹھریاں/مُٹھڑیاں (ضم م ، سک ٹھ ، کس ر) امث : ج.
ہچکیاں جو دودھ پیتے بچوں کو فطری طور پر انتڑیوں میں دودھ کی گنجائش پیدا ہونے کے واسطے آتی ہیں . اف : آنا . [مقامی] .

مِٹھلونا (کس م ، سک ٹھ ، وج) صف مذ.
جس میں سلونا پن کی بجائے کچھ مٹھاس ہو ، کم نمک کا ، پھیکا ، سیٹھا

مِٹّھو (کس م ، شد ٹھ ، ومع) اند .
۱. میٹھی باتیں کرنے والا ، شیریں گفتار ؛ طوطا خصوصاً برصغیر کا طوطا خوب بولتا اور باتیں کرتا ہو . ۲. (مجازاً) پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ ، دل لبھانے والی باتیں کرنے والا معصوم بچہ . [س] .

مَٹھور (فت م ، وج نیز لین) امث .
۱. (i) تیل یا رنگ وغیرہ رکھنے کا بڑا تغار یا حوض . (ii) شراب کا خم . (iii) (آب کاری) شراب بنانے کا گھڑا ۲. اناج رکھنے کا بڑا سا مٹکے کی شکل کا مٹی کا برتن جس میں نیچے سے اناج نکالنے کے لیے سوراخ ہوتا ہے نیز بڑا مٹکا . [س] .

مَٹھوس (فت م ، ومع) صف .
۱. وہ شخص جو چپ ہو اور اپنے دل کی بات کسی سے نہ کرے ، گھنا ، سست ، کاہل ۲. مغموم ، رنج و غم کی وجہ سے خاموش . [مقامی] .

مُٹھوسا (فت م، و مج) صف مذ.
وہ شخص جو فکر یا رنج کی وجہ سے خاموش رہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے، دل کی بات دل میں رکھنے والا.

مٹھوسا پن امذ. مٹھوسا ہونے کی کیفیت یا صورت حال، وہ شخص جو فکر و رنج میں رہے.

مُٹھولا (ضم م نیز فت م، و مج) امذ.
مشت زنی، جلق، ہتھ رس، ہاتھ سے منی نکالنا.

مَٹھی (فت م، شد ٹھ) صف مث.
ست، کاہل، کند ذہن (عورت).

مُٹھی (ضم م، شد ٹھ) امث.
۱. بند ہاتھ، چنگل، مشت. ۲. سمیٹا ہوا ہاتھ کا پنجہ، مکی. ۳. ایک ہاتھ میں سما جانے والی مقدار، ایک مشت کے برابر مقدار، لپ بھر کی مقدار. ۴. (i) گرفت، پکڑ. (ii) قبضہ، اختیار. ۵. جسم کی مالش، جسم دبانے کا عمل، چپی. [س].

مٹھی باندھے آئے، ہاتھ پسارے جائے کہاوت. جیسے خالی ہاتھ آئے ویسے ہی خالی ہاتھ گئے، دنیا میں جیسے آتا ہے ویسے ہی خالی ہاتھ جاتا ہے.

مٹھی بھر م ف: صف. ۱. جتنا ایک مٹھی میں آجائے، ایک لپ کے برابر، ایک مشت مقدار کے برابر. ۲. چند، تھوڑے سے، قلیل تعداد یا مقدار.

مٹھی چاپی / چپی امث. ۱. چپی کرنے کا عمل، پانو دبانا، بدن کی مالش کرنا؛ (مجازاً) خوشامد کرنا. ۲. (مجازاً) خدمت، خدمت گزاری.

مٹھی گرمانا محاورہ. ۱. رشوت دینا، منھ بھرائی دینا، چپکے سے بخشش یا انعام دینا. ۲. ہاتھ میں رقم آنا، روپیہ قبضے میں آنا.

مٹھی گرم کرنا محاورہ. ۱. رشوت دینا، منھ بھرائی دینا، انعام دینا. ۲. رشوت لینا، ناجائز فائدہ اٹھانا.

مٹھی گرم ہونا محاورہ. ۱. رشوت یا انعام دیا جانا یا ملنا. ۲. ہاتھ میں پیسے ہونا، دولت مند ہونا.

مٹھی مٹھی م ف. ایک ایک مٹھی، تھوڑا تھوڑا.

مٹھی میں م ف. قبضے میں، قابو میں؛ مرکب افعال و محاورات میں مستعمل.

مٹھی میں آجانا/آنا محاورہ. قبضے میں آنا، قابو میں آنا، مسخر ہو جانا، تابع ہو جانا.

مٹھی میں کر لینا/کرنا محاورہ. قابو میں کرنا، قبضے یا اختیار میں لے لینا، مسخر کرنا، مطیع بنانا، رام کرنا.

مٹھی میں لے لینا/لینا محاورہ. قابو میں کر لینا، قبضے میں لے لینا، مسخر کر لینا، مطیع بنا لینا.

مٹھی میں ہونا محاورہ. قابو میں ہونا، قبضے میں ہونا، اختیار میں یا زیر اثر ہونا.

مُٹھیا (ضم م، سک ٹھ) امث. ۱. ہل کی موٹھ، ہل کا دستہ، مٹھا، مقدم. ۲. کمان کی وہ جگہ جہاں پر ہاتھ رہتا ہے، قبضہ، کمان. ۳. (i) تلوار وغیرہ کا قبضہ، دستہ، موٹھ. (ii) چھڑی کا دستہ.

مُٹھیاں (ضم م، شد ٹھ بکس) امث: ج.
مٹھی کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

مٹھیاں بھر بھر کر م ف. بہت زیادہ تعداد یا مقدار میں، بہ کثرت، بہت سا.

مٹھیاں بھنچ جانا/بھنچنا ف مر: محاورہ. مٹھیاں بند ہو جانا (غصے وغیرہ کی وجہ سے).

مٹھیاں بھینچنا ف مر: محاورہ. زور سے مٹھیاں بند کرنا (غصے وغیرہ کی وجہ سے).

مُٹھیانا (ضم م، سک ٹھ) ف م.
۱. مٹھی میں پکڑنا، ہاتھ میں لینا، کسی چیز کا مٹھی میں رکھنا. ۲. مٹھی میں رکھنا؛ جیسے: بٹیر کو مٹھیانا، موٹھ کرنا بٹیر کا. ۳. قبضے میں لانا، ہتھیانا. ۴. جلق مارنا، جلق لگانا، مٹھ مارنا.

مِثال (کس م) (الف) امث. (قدیم: امذ).
۱. نظیر، عدیل، تمثیل. ۲. (i) تصویر، عکس، پرتو، صورت، تمثال، شبیہ. (ii) کسی چیز کا وہ خاکہ جو ذہن میں ہو، تصوراتی شکل، ہیولا. ۳. (i) مشابہت، تشبیہ، شباہت، روپ، مورت. (ii) وہ شے یا بات جو بطور نظیر پیش کی جائے، وہ واقعہ یا امر جس سے کسی اصول کی توضیح ہوتی ہو. ۴. نمونہ. ۵. اخلاقی حکایت کا وہ قصہ جس میں تمثیل یا استعارے کے

پیرائے میں کوئی بات بیان کی جائے ، حکایت ، کہانی . ۶. کہاوت ، مَثَل ، مقولا . (ب) حرفِ تشبیہ . طرح ، مثل ، مانند ، جیسا . [ع] .

مِثالی (کس م) صف .

۱. مثال سے منسوب یا متعلق ؛ مثال کا ، مشابہ . ۲. تصوراتی ، خیالی . ۳. بہترین نمونے کا ، معیاری ، آئیڈیل ، آدرشی ، کامل . ۴. کسی مخصوص گروہ ، طبقے یا اشیا کی مثال یا نمونے کی حیثیت رکھنے والا ، امتیازی .

مثالی کردار/ نمونہ امذ . قابل تقلید مثال یا نظیر ، ایسا کردار جس کی تقلید کی جا سکے ، جو دوسروں کے لیے نمونہ یا مثال ہو .

مِثالِیَّت (کس م ، ل ، شدی بفت نیز بلا شد) امث .

۱. (ادب) فن یا ادب میں زندگی کو اس طرح پیش کرنے کے بجائے جیسی کہ وہ ہے اس طرح پیش کرنا جیسی کہ اسے ہونا چاہیے ، آدرش پرستی ، حقیقت کو مثال کے ذریعے سمجھنے یا پیش کرنے کا رویہ ، مجاز پسندی ، کامل بینی ، کمال نمائی . ۲. (فلسفہ) یہ نظریہ کہ مادہ حقیقی نہیں بلکہ خیال یا ذہن ہی حقیقی ہے اور مادّہ تو محض اس کا عکس ہے یا یہ کہ مادّی کائنات ذہن ہی کی پیداوار ہے اور ذہن سے الگ اس کا کوئی وجود نہیں ہے ، تصوریت ، عینیت ، آئیڈیل ازم .

مِثالِیَہ (کس م ، ل ، شدی بفت نیز بلا شد) (الف) صف .

۱. مثالی ، تصوراتی . ۲. نمونے کا ، بطور مثال پیش کیا جانے والا . ۳. (شعر یا نظم) جس میں شاعر پہلے کوئی دعویٰ کرتا ہے اور پھر اسے شاعرانہ دلیل سے ثابت کرتا ہے ، فارسی میں اس رنگ کی شاعری میں صائب کا خاص مقام ہے . (ب) امذ . ۱. وہ چیز یا شخص جو کسی کے اعلیٰ معیار یا تصور کے مطابق ہو ، کامل یا مثالی چیز یا شخص ، آدرش . ۲. نمونہ ، مثال ، نظیر . ۳. تصور ، آئیڈیل .

مثالیہ شاعری امث . وہ شاعری جس میں شاعر پہلے دعویٰ کرتا ہے اور پھر اسے شاعرانہ دلیل سے ثابت کرتا ہے .

مَثانَہ (فت م ، ن) امذ .

پیڑو کے اندر تھیلی نما عضو یا پھکنا جس میں پیشاب جمع رہتا ہے ، پیشاب کی تھیلی . [ع] .

مُثْبَت (ضم م ، سک ث ، فت ب) صف .

۱. (i) جس سے کسی کام کا ہونا پایا جائے ، جس سے بہتری ، ترقی اضافہ ظاہر ہو . (ii) اثباتی ، ایجابی (سلبی یا منفی کی ضد) . (iii) تعمیری ٹھوس . ۲. (دلیل وغیرہ سے) ثابت شدہ ، مصدقہ ، ثابت کیا ہوا واقعات اور مشاہدات سے ثابت کردہ (فکر یا فلسفہ) . ۳. ثبت یا نقش کیا ہوا ، لکھا ہوا . ۴. وہ عدد یا مقدار جو صفر سے زیادہ ہو . ۵. (i) (برقیات) اس قسم کی بجلی جو شیشے کو ریشم سے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے (ii) (فوٹوگرافی) فلم کے منفی عکس سے تیار کیا ہوا پرنٹ یا فوٹو . [ع] .

مثبت انداز امذ . تعمیری انداز یا طریقہ ، موافقت کا راست طریقہ .

مثبت پہلو امذ . اچھا رخ ، راست سمت .

مثبت رویہ امذ . اچھا طریقہ ، تعمیری انداز .

مثبت قدم امذ . اچھا عمل ، نیک اقدام ، راست قدم .

مثبت نتائج امذ ؛ ج . اچھے نتیجے ، اچھا بدل یا صلہ .

مِثْقال (کس م ، سک ث) امذ .

۱. ساڑھے چار ماشے کا وزن . ۲. سونے کے ایک سکّے کا نام جو عرب میں رائج تھا . [ع] .

مثقال ذرہ/ذرۃ امذ . بہت چھوٹی چیز ، بہت قلیل مقدار ، ذرہ برابر .

مَثَل (فت م ، ث) امث .

۱. کہاوت ، ضرب المثل ، مقولہ . ۲. مانند ، نظیر ، ہم سر . ۳. مثال . [ع] .

مِثْل (کس م ، سک ث) (الف) امذ .

تمام صفات میں برابر ، ہم سر ، ہم رتبہ ، ملتی جلتی شے یا بات ، نظیر (ب) امث . ۱. قسم وار کاغذات کا مجموعہ جو ایک جگہ مرتب کیا جائے اور جن کا تعلق کسی مقدمے یا خاص معاملے سے ہو ، مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں ، روئداد مقدمہ ، مقدمے کی فائل (اس معنی میں ایک عموماً املا سین سے (مسل) بھی ہے) ۲. تصویر ، عکس ، پرتو . (ج) حرفِ تشبیہ . طرح ، مانند ، متشابہ . [ع] .

مثل خواں امذ . کسی دفتر یا عدالت میں مثلیں پڑھ کر حاکم کو سنانے والا ، پیش کار .

مثل ہونا ف مر ؛ محاورہ . ۱. جواب ہونا ، ثانی ہونا ، مانند ہونا . ۲. برابر ہونا مساوی یا مترادف ہونا .

مَثَلاً (فت م، ث، تن ل بفت) م ف.
مثال کے طور پر، مثلاً، گویا، جیسے.

مُثَلَّث (ضم م، فت ث، شد ل بفت) (الف) صف.
۱. تین کونوں والا، تکونا، سہ گوشا، تکون. ۲. جو تین اجزا سے مرکب ہو، جس کے تین جزو ہوں. (ب) اند. ۱. (اقلیدس) تین ضلعوں کی شکل، تین خطوط مستقیم سے گھری ہوئی سطح. ۲. (عروض) وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرع ہوں اور بند اول کے تینوں مصرعوں کا ایک ہی قافیہ ہو، باقی بندوں میں دو مصرع جداگانہ قافیے میں ہوں اور تیسرے مصرع کا قافیہ بند اول کے مطابق ہو، تین تین مصرعوں کے بندوں پر مشتمل نظم. ۳. (علم تکسیر) ایک قسم کا تعویذ یا نقش جس میں سہ در سہ نو خانے ہوتے ہیں. ۴. تین اشخاص کا گروپ. [ع].

مُثَلَّثہ (ضم م، فت ث، شد ل بفت، فت ث) امث.
مثلث کی تانیث؛ (ہیئت) دوسرے ستارے سے ثلث دائرے کا بعد رکھنے والا ستارہ.

مُثْلَہ (ضم م، سک ث، فت ل) اند.
(بطور سزا یا انتقام وغیرہ) ناک کان کاٹ ڈالنا، نعش کو مسخ کرنا. [ع].

مُثْمِر (ضم م، سک ث، کس م) صف.
۱. پھل دینے والا، پھل دار، ثمردار. ۲. (مجازاً) نتیجہ خیز، فائدہ بخش، نتیجہ لانے والا. [ع].

مُثْمَن (ضم م، سک ث، فت م) صف.
وہ چیز جو قیمت کے عوض ملے. [ع].

مُثَمَّن (ضم م، فت ث، شد م بفت) (الف) صف.
جس کے آٹھ پہلو ہوں، ہشت پہلو، آٹھ ضلعوں کا، آٹھ حصے کیا ہوا، اٹھ کونیا، اٹھ کونا. (ب) اند. ۱. (ہیئت) آٹھ ضلعوں کی شکل، ہشت پہلو شکل. ۲. (i) (عروض) وہ بیت جس میں آٹھ رکن ہوں، ہشت رکنی بحر. (ii) وہ نظم جو آٹھ مصرعوں والے بندوں پر مشتمل ہو، جس کے پہلے بند میں آٹھوں مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں اور باقی بندوں میں ہر آٹھویں مصرع کا قافیہ پہلے بند کے مطابق ہوتا ہے، آٹھ ارکان والی بحر. [ع].

مُثَنّا (ضم م، فت ث، شد ن) اند.
دیکھیے: مثنیٰ جو اس کا درست اور رائج املا ہے.

مِثْنات (کس م، سک ث) امث.
تہ، شکن؛ بیت؛ گانا؛ یہودیوں کی ایک مقدس کتاب علاوہ توریت کے. [ع].

مُثَنّاۃ (ضم م، فت ث، شد ن) صف.
دو والا؛ دو نقطے والا، جس کے دو نقطے ہوں. [ع].

مثناۃ تحتانی/تحتانیہ صف. (حرف) جس کے نیچے دو نقطے ہوں.

مثناۃ فوقانی/فوقانیہ صف. (حرف) جس کے اوپر دو نقطے ہوں.

مَثْنَوی (فت م، سک ث، فت ن) امث.
مسلسل ہم وزن اشعار کی نظم جس کی ہر بیت کا قافیہ جدا اور بیت کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں، کل مثنوی ایک ہی وزن میں ہوتی ہے اور اس کے اشعار کی تعداد مقرر نہیں، مثنوی بحر ہزج، رمل، سریع خفیف، متقارب، متدارک وغیرہ بحروں میں کہی جاتی ہے. [ع].

مثنوی معنوی امث. مولانا روم کی مثنوی کا نام.

مُثَنّیٰ (ضم م، فت ث، شد ن، ابجکل ی) اند.
تحریر کی ہو بہو نقل، نقل مطابق اصل، دوسری کاپی، رسید وغیرہ کا دوسرا پرت جو پہلے سے جڑا ہوا ہو. [ع].

مثنی بہ اند. جس سے نقل کی گئی ہو، منقول عنہ، اصل.

مَج (۱) (فت م) صف.
نرم، ملائم، پکا ہوا. [س].

مَج (۲) (فت م) امث.
بھینس. [پن].

مَج (۳) (فت م) صف.
کج مج کے ساتھ بطور تابع مستعمل.

مُج (ضم م) ضمیر (قدیم).
مجھ.

مُجاب (ضم م) صف.
جواب دیا گیا، مقبول، مقبول کیا ہوا. [ع].

مجاب الدَّعوات اند. وہ شخص جس کی دعائیں قبول کی گئی ہوں.

مُجادِل (ضم م، کس د) صف.
جنگ و جدل کرنے والا، لڑنے والا، جھگڑنے والا، لڑاک ؛ بحث و اختلاف کرنے والا . [ع].

مُجادَلَہ (ضم م، فت د، ل) امذ.
۱. لڑائی ، جنگ ، ہنگامہ ، باہمی جھگڑا ؛ حجت ، تکرار ، مباحثہ ، نزاع ، بحث و مناظرہ . ۲. قرآن پاک کی ایک سورۃ کا نام . [ع].

مَجاری (فت م) امث ؛ امذ ؛ ج.
۱. پانی بہنے کی جگہیں یا راستے ، نالیاں . ۲. (طب) جسم میں خون وغیرہ کی نالیاں ، رگیں . [ع].

مَجارِیَہ (فت م، کس ر، فت ی) صف.
اجرا یافتہ ، جاری شدہ یا جاری کردہ ، مروجہ ، نافذ ، مجریہ .

مَجاز (فت م) صف.
۱. (i) گزرنے کی جگہ ، راہ . (ii) اصلی کے بجائے اعتباری وجود ، جو حقیقت نہ ہو ، حقیقت کے برعکس ؛ مراد : عالم ظاہر یا مادّی دنیا . ۲. (علم معانی) وہ کلمہ یا لفظ یا صورتِ اظہار جو اپنے حقیقی معنی کے علاوہ کسی اور معنی میں مستعمل ہو اور دونوں معنوں میں تشبیہ کا یا اور کسی قسم کا تعلق ہو ، کسی شے یا حقیقت کا بطور تمثیل ، تشبیہ یا بطور استعارہ اظہار . [ع].

مجاز رکھنا محاورہ. کسی بات کا حق یا اختیار رکھنا .

مجاز مرسل امذ. (علم بیان) مجاز کی وہ قسم جس میں کوئی لفظ اپنے حقیقی معنی کی بجائے کسی اور معنی میں مستعمل ہو اور دونوں معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو ، اس میں سبب سے مسبب ، ظرف سے مظروف ، کل سے جزو ، وغیرہ مراد لے سکتے ہیں ، مثلاً : پرنالہ سے پانی یا بادل سے بارش مراد لینا ، اگر حقیقی اور مجازی معنی میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے استعارہ کہیں گے .

مُجاز (ضم نیز فت م) صف.
۱. جسے اجازت دی گئی ہو ، جس کو حق یا اختیار دیا گیا ہو ، مختار . ۲. (فقہ) جسے روایت ، امامت یا بیعت کی اجازت دی گئی ہو . [ع].

مجاز ٹھہرنا/ ٹھیرنا ف مر ؛ محاورہ. بااختیار ہونا ، اختیار والا ہونا .

مجاز مطلق صف. قطعی اجازت یا اختیار رکھنے والا .

مجاز ہونا ف مر ؛ محاورہ. اختیار والا ہونا ، مستحق ہونا .

مجازاً (فت م، تن ز بلفت) م ف.
مجاز یا استعارے کے طور پر ، فرضی یا غیر حقیقی طور پر ، مجازی معنوں میں

مَجازی (فت م) صف.
مجاز سے منسوب یا متعلق ، جو استعارے یا مجاز مرسل کے طور پر نیز مادّی ، دنیائے ظاہر کا ، مرادی ، فرض کیا ہوا ، نقلی ، ساختہ ، جعلی مصنوعی ، غیر حقیقی ، فرضی .

مجازی خدا امذ. شوہر ، خاوند .

مجازی عشق امذ. دنیاوی معشوق کی محبت (عشق حقیقی کا نقیض) .

مجازی معنی امذ. لفظ کے غیر حقیقی معنی جو حقیقی معنی کے ساتھ تشبیہ وغیرہ کا تعلق رکھتے ہوں .

مَجال (فت م) امث.
(لفظاً) جولانگاہ ، گھومنے پھرنے کا میدان ، چوگان پھرانے کا میدان ، چکر دینے کا میدان ؛ مراد : قدرت ، طاقت ، بساط ، حوصلہ ، مقدور ہمت ، تاب . [ع].

مجال ہونا ف مر ؛ محاورہ. تاب و طاقت ہونا ، جرأت و ہمت ہونا .

مجال ہے پرندہ پر مار جائے فقرہ. کسی کی جرأت نہیں کہ دخل اندازی کر سکے .

مَجالِس (فت م، کس ل) امث ؛ ج.
۱. وہ جگہیں جہاں لوگ آ کے بیٹھیں ؛ لوگوں کا اجتماع ، سبھائیں مجلسیں ، محفلیں ، انجمنیں ، جلسے . ۲. ذکر فضائل و مصائب کی مجلسیں شہدائے کربلا کا ذکر اور ان کی یاد میں جلسے ، عزائے شہیدان کربلا کے اجتماعات . [ع].

مَجامِع (فت م، کس م) امذ ؛ ج.
۱. مجمع کی جمع ، بہت سے ہجوم ؛ مجلسیں ، جلسے . ۲. کئی چیزوں یا اوصاف کے مجموعے . [ع].

مُجامَعَت (ضم م، فت م، ع) امث.
جنسی ملاپ ، مباشرت ، ہم بستری ، جماع . [ع].

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُجانِس (ضم م ، کس ن) صف .
ہم جنس ، جو ایک جنس یا ذات سے ہوں . [ع] .

مُجانَست (ضم م ، فت ن ، س) امث .
ہم جنس ہونا ، ہم جنسی ؛ ایک نوع یا ایک قبیلے سے ہونا ، ہم قومی ، ہم رنگی ، مطابقت ، مشابہت ؛ مانوس ہونا . [ع] .

مُجاوِر (ضم م ، کس و) (الف) صف .
نزدیک کا ، قریبی . (ب) اند . ۱. پاس رہنے والا ، پڑوسی ، ہم سایہ . ۲. عبادت گاہوں ، درگاہوں ، خانقاہوں اور متبرک مقامات کا جھاڑو دینے والا یا خادم . [ع] .

مجاور بننا ف مر : محاورہ . درگاہوں اور مقدس مقامات کا خادم ہونا ، درگاہوں ، روضوں اور مزاروں کی صفائی اور دیکھ بھال کرنا .

مُجاوَرت (ضم م ، فت و ، ر) امث .
۱. قربت ، نزدیکی ، ہمسائگی . ۲. پاس بیٹھنا ، ہم نشینی ، صحبت . ۳. (مجازاً) مسجد ، درگاہ یا مزار کے خادم کا منصب یا کام ، کسی مقدس مقام پر عبادت یا خدمت کے لیے رہنا ؛ کسی پیر یا بزرگ یا محترم کے مزار پر مجاور کی طرح رہنے لگنا . ۴. بے تکلفی . [ع] .

مُجاوِز (ضم م ، کس و) صف .
۱. حد سے بڑھنے والا ، اپنی حد سے تجاوز کرنے والا . ۲. (قواعد) متعدی . [ع]

مُجاہِد (ضم م ، کس ہ) صف .
کوشش یا جدوجہد کرنے والا ؛ مراد : کافروں سے جہاد کرنے والا ، دین کی حمایت میں جنگ کرنے والا ، غازی ، بہادر ، دلیر . [ع] .

مُجاہَدَہ (ضم م ، فت ہ ، د) اند .
۱. جدوجہد ، جاں فشانی ، محنت ، مشقت ، نفس کشی ، ریاضت . ۲. دین کے لیے کافروں سے لڑنا ، جہاد کرنا . [ع] .

مُجاہِدین (ضم م ، کس ہ ، ی مع) اند : ج .
مجاہد کی جمع ، کافروں سے جہاد کرنے والے ، دین کے لیے لڑنے والے ، مردانِ غازی .

مَجبُور (فت م ، سک ج ، و مع) صف .
جبر کیا گیا ؛ دبا ہوا ، جسے خود کچھ کرنے کا اختیار نہ ہو ، بے بس ، لاچار ، تنگ ، عاجز . [ع] .

مجبور محض صف . کلی طور پر بے اختیار ، بالکل بے بس ، قطعاً عاجز .

مجبور ہونا ف مر : محاورہ . عاجز یا بے بس ہونا ، معذور ہونا .

مَجبُوراً (فت م ، سک ج ، و مع ، تن ربفت) م ف .
جبر سے ، مجبور ہو کر ، چار و ناچار ، عاجز آ کر ، تنگ آ کر ، بے اختیاری کی حالت میں ، کوئی دوسری صورت نہ ہوتے ہوئے . [ع] .

مَجبُوری (فت م ، سک ج ، و مع) امث .
مجبور ہونے یا جبر میں ہونے کی حالت ، عاجز ہونا ، بے بسی ، لاچاری ، معذوری . [ع] .

مُجتَبائی (ضم م ، سک ج ، فت ت) صف
حضرت محمد مجتبیٰ ﷺ سے منسوب یا متعلق ، مجتبیٰ کا ، مصطفوی .

مُجتَبیٰ (ضم م ، سک ج ، فت ت ، ا بشکل ی) صف .
خاص طور پر انتخاب کردہ ، چنا ہوا ، منتخب کردہ ، پسندیدہ ، برگزیدہ ؛ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب . [ع] .

مُجتَمَع (ضم م ، سک ج ، فت ت ، م) صف .
جمع یا فراہم کیا گیا ، اکٹھا کیا گیا ، جمع ، مجموع . [ع] .

مُجتَمِع (ضم م ، سک ج ، فت ت ، کس م) صف .
۱. اکٹھا ہونے والا ، جمع ہونے والا . ۲. جمع کرنے والا . [ع] .

مُجتَنَب (ضم م ، سک ج ، فت ت ، ن) صف .
جس سے اجتناب کیا جائے ، جس سے پرہیز کیا جائے . [ع] .

مُجتَنِب (ضم م ، سک ج ، فت ت ، کس ن) صف .
اجتناب کرنے والا ، پرہیز کرنے والا ، بچنے والا ، علیحدگی اختیار کرنے والا ، دور رہنے والا . [ع] .

مُجتَہِد (ضم م ، سک ج ، فت ت ، کس ہ) صف : اند .
۱. کوشش کرنے والا ، جد و جہد کرنے والا . ۲. امامیہ مذہب کا فقیہ یا وہ عالم جو درجۂ اجتہاد پر پہنچ گیا ہو ، پیشوائے مذہب . [ع] .

مجتہد اعظم اند . بڑا مجتہد ، مذہبی عالم ، برگزیدہ .

مجتہد العصر والزمان اند . (اہل تشیع) اپنے زمانے کا مجتہد ، بہت بڑا مجتہد (مجتہد کے لیے تعظیماً بولتے ہیں) .

مُجتَہِدانَہ (ضم م ، سک ج ، فت ت ، کس ہ ، فت ن) صف : م ف .
مجتہدوں کی طرح ، مجتہدوں کا سا یا جیسا ، مجتہدوں کے شایانِ شان ،

مجتہدوں کے طریقے پر ؛ غیر معمولی تخلیقی صلاحیت سے پُر ، غیر معمولی طور پر نیا یا منفرد .

مَجْد (فت م ، سک ج) اند .
ا. بزرگی ، بڑائی ، عظمت ، شان .۲. عزت جو بزرگوں کی وجہ سے ہو ؛ ایک قبیلے کی جدہ کا نام . [ع] .

مُجْدا (ضم م ، سک ج) امث .
ایک قسم کی مٹی جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی ہوتی ہے . [س] .

مُجَدَّد (ضم م ، فت ج ، شد د بفت) صف .
از سر نو پیدا کیا ہوا ، نیا ، جدید ، تجدید کیا گیا . [ع] .

مُجَدِّد (ضم م ، فت ج ، شد د بکس) صف .
پرانے کو نیا کرنے والا ، از سر نو کوئی کام کرنے والا ، تجدید کرنے والا ، مُصلح خصوصاً دین کی بنیادی باتوں کا از سر نو احیا کرنے والا ، نکھارنے والا ، سنوارنے والا . [ع] .

مجدد الف ثانی اند . سنہ ہجری کے دوسرے ہزار برس کے مجدد شیخ احمد سرہندیؒ کا لقب (ولادت ۹۷۱ھ وفات ۱۰۳۴ھ) ، ان کی تصانیف میں مکتوبات بہت مشہور ہیں .

مجدد وقت صف . اپنے زمانے کا مجدد ؛ وہ ولی کامل جو ہر سو برس کے بعد شروع صدی میں پیدا ہوتا ہے .

مُجَدِّدی (ضم م ، فت ج ، شد د بکس) اند .
حضرت مجدد الف ثانیؒ سے منسوب سلسلہ یا اس سلسلے کا فرد یا پیروکار .

مَجْذُوب (فت م ، سک ج ، و مع) صف ؛ اند .
ا. (لفظاً) کھینچا گیا ، جذب کیا گیا ؛ مراد : محبت الٰہی میں مدہوش ، یاد الٰہی میں غرق ، صاحب جذب ؛ (خدا کے عشق میں) مست و بے خبر ، حواس گم کردہ ، خدا کی یاد میں ایسا ڈوبا ہوا کہ اسے دنیا کی باتوں کا ہوش باقی نہ رہے اسی لیے محض دنیا والوں کے نزدیک مخبوط الحواس ، فضل و توفیق الٰہی کی جانب کھینچا ہوا .۲. مجنوں ، پاگل ، دیوانہ . [ع] .

مجذوب کی بڑ امث . وہ بے معنی اور غیر مربوط باتیں جو اکثر مجذوب یا مست فقیر کرتے رہتے ہیں .

مَجْذُوبانہ (فت م ، سک ج ، و مع ، فت ن) صف ؛ م ف .
مجذوب کا سا ، مجذوب کی مانند ، مجذوب کی طرح کا .

مَجْذُوبِیَت (فت م ، سک ج ، و مع ، کس ب ، فت ی) امث .
ا. مجذوب ہونے کی حالت ، درجہ یا مرتبہ ، مجذوبی .۲. مجذوب کی سی کیفیت یا انداز .

مَجْذُوم (فت م ، سک ج ، و مع) صف .
جسے جذام کی بیماری ہو ، کوڑھی ، جذامی . [ع] .

مَجْرا (فت م ، سک ج) اند .
ا. جاری ہونے کی جگہ ، دریا وغیرہ کے بہنے کا مقام ، دریا کا راستہ .۲. نہر ، نالی ؛ بدرو . [ع] .

مجرائے آب اند . ا. پانی جاری ہونے کی جگہ ، پانی کے بہنے کی جگہ ، نہر نالی .۲. پیشاب کا راستہ . [ع] .

مُجْرا (ضم م ، سک ج) اند .
ا. حساب میں منہا ، کٹوتی ، منہا .۲. مؤدبانہ سلام ، بندگی ، آداب ، تسلیمات کورنش .۳. ناچنا گانا ، طبلے اور سارنگی وغیرہ کے ساتھ طوائف کا ناچنا گانا ناچ گانا جو بطور سلام امرا وغیرہ کے روبرو یا شادی بیاہ میں کیا جائے ' ناچنے گانے والوں کا محفل میں بیٹھ کر گانا ؛ رقص و سرود ؛ آدھا ناچ صرف صبح یا شام کا ناچ . [ع] .

مجرا طلبی امث . دعویٰ بالمقابل ، الٹا دعویٰ ، باز دعویٰ .

مجرا کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا. حساب میں سے کاٹ لینا ، وضع کرنا ، منہا کرنا ، کاٹ لینا .۲. طوائف کا کسی امیر یا نوشہ وغیرہ کے روبرو یا محفل میں ناچنا گانا ، طوائف کا سازندوں کے ساتھ کسی کے روبرو یا کسی محفل میں ناچنا گانا .

مُجْرائی (ضم م ، سک ج) اند .
ا. وہ شخص جو آقا یا خداوند نعمت کو آداب بجا لاتا ہو ، مجرا بجا لانے والا سلام کرنے والا ، کورنش کنندہ .۲. وظیفہ خوار جسے صرف سلام کرنے یا حاضر خدمت ہونے کی تنخواہ ملے ، منصب دار ، درباری نیز دربار میں باریاب ہونے والا ، وہ خاص خاص امرا جنھیں بادشاہ کے استقبال اور سلام کا منصب حاصل ہو ، امتیازی .۳. منہائی ، کٹوتی ، کمی .۴. مرثیے کا سلام یا مجرا کہنے یا پڑھنے والا شاعر ، وہ شاعر جو سلام نظم میں کہے ، مرثیہ خواں .۵. تماش بین ، دیکھنے کے لیے میلہ لگانے والا .۶. حاضری ، باریابی .۷. گھاٹ جمع یا لگان .۸. الاؤنس . [ع] .

مُجَرَّب (ضم م، فت ج، شد ر بفت) صف.
آزمایا ہوا، آزمودہ، تجربہ کیا ہوا؛ (اصطلاحاً) کارگر، موثر، تیر بہ ہدف (نسخہ وغیرہ). [ع].

مجرب نسخہ اند. (طب) آزمودہ نسخہ جس سے فائدہ یقینی ہو؛ (مجازاً) کارگر ترکیب یا طریقہ.

مُجَرَّبات (ضم م، فت ج، شد ر بفت) اند؛ ج.
۱. (طب) تجربہ کی ہوئی دوائیں، آزمائے ہوئے نسخے. ۲. (طب) وہ کتاب یا بیاض جس میں مجرب دوائیاں اور نسخے درج ہوں؛ جیسے: مجربات بوعلی سینا، مجرباتِ سیوطی.

مُجَرَّد (ضم م، فت ج، شد ر بفت) صف.
۱. اکیلا، تنہا، جریدہ ۲. بن بیاہا، غیر شادی شدہ، آزاد ۳. جو دنیا سے الگ تھلگ رہتا ہو، تارک الدنیا، سنیاسی. [ع].

مجرد رہنا ف مر؛ محاورہ. شادی نہ کرنا، کنوارا رہنا، بن بیاہا رہنا، تجرد کی زندگی گزارنا؛ آزاد رہنا.

مجرد سب سے اعلیٰ جس کے (سسرا نہ سالا) لڑکا نہ بالا / مجرد سب سے اعلیٰ ہے نہ سسرا ہے نہ سالا ہے کہاوت. بن بیاہا آدمی بہت اچھا ہوتا ہے، آزاد ہوتا ہے اور دنیا کے بکھیڑوں سے بچا رہتا ہے.

مُجْرِم (ضم م، سک ج، کس ر) صف؛ اند.
جرم کرنے والا؛ جس نے جرم کیا ہے، قصوروار، خطاوار، گنہ گار. [ع].

مُجْرِمانَہ (ضم م، سک ج، کس ر، فت ن) صف؛ م ف.
مجرموں کی طرح، مجرموں کے انداز سے؛ جرم والا یا قابلِ سزا، قصوروار، گناہ گار.

مجرمانہ حملہ اند. (قانون) حملہ جو کسی عورت پر زنا کی نیت سے کیا جائے.

مجرمانہ طور پر / سے م ف. قصوروارانہ، گناہ گاری کی طرح، مجرموں کی طرح.

مجرمانہ غفلت امث. (قانون) ایسی بے پروائی جو سزا کے قابل ہو، قابلِ سزا غلطی.

مُجْرِمَہ (ضم م، سک ج، کس ر، فت م) امث.
مجرم کی تانیث، جرم کرنے والی، عورت جس پر جرم ثابت ہو جائے.

مَجْرُوح (فت م، سک ج، و مع) صف.
زخمی، گھائل؛ جسے زخم پہنچا ہو یا لگا ہو، چوٹ کھایا ہوا؛ (مجازاً) محبت میں مبتلا. [ع].

مجروح کرنا ف مر؛ محاورہ. خراب کرنا یا بگاڑنا، بدہیئت بنانا، مسخ کرنا، گزند پہنچانا.

مجروح ہونا ف مر؛ محاورہ. مجروح کرنا کا لازم، خراب ہونا، بگڑنا، مسخ ہونا.

مَجْرُور (فت م، سک ج، و مع) صف.
(لفظاً) کھینچا ہوا؛ (قواعد) وہ اسم یا ضمیر جس پر جملے یا فقرے میں حرفِ جار اثر انداز ہو؛ (قواعدِ عربی) وہ اسم جس سے پہلے حرفِ جار آئے اور اس لیے اس اسم کے آخری حرف پر زیر آئے یا جس اسم کے آخری حرف پر اس کے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے زیر ہو. [ع].

مَجْریٰ (فت م، سک ج، ابشکل ی) اند.
۱. (i) جاری ہونے کی جگہ، ندی یا دریا کا راستہ؛ نہر، نالی؛ (اجرام فلکی کا) مدار، دائرۂ گردش. (ii) سانس وغیرہ کے گزرنے کا راستہ، مثلاً: حلق ۲. (عروض) حرفِ روی کی حرکت، قافیے کی حرکات میں سے ایک یعنی حرفِ وصل سے پہلے روی کی حرکت. [ع].

مَجْرِیَہ (فت م، سک ج، کس ر، فت ی) صف.
جاری، رائج، نافذ، جاری کردہ، نافذ کیا گیا. [ع].

مَجْزُوم (فت م، سک ج، و مع) صف؛ اند.
۱. کٹا ہوا، ٹوٹا ہوا ۲. کوڑھی، جذامی، وہ جسے جذام ہو گیا ہو. ۳. جس پر جزم ہو، حرف جس پر ساکن کی علامت ہو. ۴. مانا گیا، یقین کیا گیا. [ع].

مَجِسْٹریٹ (فت م، کس ج، سک س، ٹ، ی مج) اند.
(قانون) ضلعے یا اس کے کسی حصے کا وہ حاکم جسے مجرموں کو سزا دینے کے اختیارات حاصل ہوں، حاکم فوجداری (مجسٹریٹ کئی قسم کے ہوتے ہیں). [انگ].

مَجِسْٹریٹی (فت م، کس ج، سک س، ٹ، ی مج) امث.
مجسٹریٹ کا عہدہ، کام، اختیار یا عمل داری نیز مجسٹریٹ کی عدالت. اف: کرنا.

مجسٹریٹی ملنا ف مر: محاورہ. مجسٹریٹ کا عہدہ ملنا، مجسٹریٹ بننا.

مُجَسَّم (ضم م، فت ج، شد س بفت) صف.

۱. (وہ چیز) جس میں طول و عرض و عمق ہو، صورت پذیر، مادّی، جسمانی، جسم والا ۲. سر سے پانو تک، سراپا. [ع].

مجسم انتظار صف: م ف. انتظار میں، شدت سے انتظار میں ہونا.

مجسم قیامت صف. سراپا قیامت یا آفت.

مُجَسَّمَہ (ضم م، فت ج، شد س بفت، فت م) اند.

بُت جو پتھر، دھات یا مٹی وغیرہ سے بنایا گیا ہو، مورت؛ خیالی پیکر یا مادّی شبیہ.

مجسمہ ساز صف. مٹی اور پتھر وغیرہ کے بُت بنانے والا، مورت بنانے والا، سنگ تراش.

مجسمہ سازی مث. مورت بنانا، بُت تراشی، بُت بنانے کا فن.

مُجْھکو (ضم م، سک ج، وج) ضمیر.

دیکھیے: مجھ کو کا مخفف، مجھے، میرے تئیں.

مُجَلّا (ضم م، فت ج، شد ل) صف.

جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا، صیقل کیا ہوا، صاف، روشن. [ع].

مجلا کاغذ اند. روغن چڑھایا ہوا کاغذ.

مجلا و مصفا صف. صاف و شفاف.

مجلا ہونا ف مر: محاورہ. صاف و شفاف اور چمک دار ہونا، واضح ہونا.

مُجَلَّد (ضم م، فت ج، شد ل بفت) صف.

۱. جس کی جلد بندھی ہوئی ہو، جلد سمیت، جلد باندھا ہوا. ۲. (i) نسخہ، کتاب؛ جلد بندھی ہوئی کتاب. (ii) کتاب کا حصہ یا جلد. [ع].

مُجَلِّد (ضم م، فت ج، شد ل بکس) صف.

جلد بنانے والا، جلد ساز. [ع].

مَجْلِس (فت م، سک ج، کس ل) اند.

۱. بیٹھنے کی جگہ، جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو، محفل، بزم، نشست ۲. وہ محفل جس میں شہدائے کربلا کے فضائل اور مصائب کا ذکر نظم یا نثر میں بیان کیا جائے، شہدائے کربلا کے ماتم یا فاتحہ کا جلسہ ۳. نشست، بیٹھک، صحبت، ملاقات ۴. ادارہ. [ع].

مجلس ادارت مث. کسی اخبار یا رسالے کا ادارہ تحریر یعنی مدیر و معاونین.

مجلس انتظامیہ مث. انتظام چلانے والی جماعت، مجلس انتظامی.

مجلس خواں صف. شہدائے کربلا کی یاد میں کیے جانے والے جلسے میں شہادت کا بیان کرنے والا، دینی اور اخلاقی موضوعات پر ایسی تقریر کرنے والا جو اس تقریر میں ذکر حسینؓ اور شہدائے کربلا کا بیان بھی شامل کر دیتا ہو کہ مجلس کی اصل غایت پوری ہو جائے، ذاکر.

مجلس دستور ساز مث. آئین ساز اسمبلی، آئین بنانے والی کمیٹی.

مجلس سماع مث. قوالی کی مجلس، محفل سماع.

مجلس شوریٰ مث. ۱. وہ مجلس جس میں انتظام کے متعلق صلاح و مشورہ کیا جائے، مجلس مشاورت. ۲. ماہرین کی وہ مجلس جو امیرالمومنین/ خلیفۃ المسلمین کو اہم امور میں مشورہ دیتی تھی.

مجلس عاملہ مث. منتخب ارکان کی جماعت جو عملی طور پر تنظیم کی کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے، کسی بڑی تنظیم کے ارکان کی خاص کمیٹی جو تفویض کی ہوئی ذمے داریوں کی انجام دہی کے لیے قائم کی جائے، ورکنگ کمیٹی.

مجلس عزا مث. امام حسینؓ کے ذکر فضائل و مصائب کی محفل جو نظم میں ہو یا نثر ہو، مجلس عزاداری یا غم کی محفل.

مجلس عزاداری مث. مجلس عزا، غم کی محفل.

مجلس کرنا محاورہ. ۱. بیٹھنا؛ دربار یا جلسہ منعقد کرنا ۲. امام حسینؓ کے ذکر کی مجلس منعقد کرنا ۳. مرثیہ خوانی کرنا ۴. کسی کی موت پر یا سوگ میں جمع ہونا، تعزیت کے لیے مجلس منعقد کرنا.

مجلس قانون ساز مث. دستور یا قانون بنانے والے لوگ، قانون سازی کا ادارہ، مقننہ.

مَجْلِسی (فت م، سک ج، کس ل) صف؛ اند. ۱. لوگوں سے زیادہ ملنے والا، جسے محفلوں میں شرکت کا شوق ہو؛ اہلِ مجلس، ساتھی. ۲. معاشرے سے تعلق رکھنے والا، معاشرتی، سماجی.

مجلسی آداب اند؛ ج. مجلس کے طور طریقے، آداب معاشرت.

مجلسی تبسم اند. لوگوں کے درمیان مسکرا کر ملنا، ظاہری خوشی.

مَجَلّہ (فت م، ج، شد ل بفت) اند.
کتابچہ، رسالہ، جریدہ، میگزین. [ع].

مُجَلّیٰ (ضم م، فت ج، شد ل، اشکل ی) صف.
جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا، صیقل کیا ہوا، صاف و شفاف، روشن. [ع].

مَجْمَع (فت م، سک ج، فت م) اند.
۱. جمع ہونے کی جگہ؛ مجلس، جلسہ. ۲. بہت سے لوگوں کا ہجوم، انبوہ، بھیڑ. ۳. کثرت یا زیادتی. [ع].

مجمع البحرین اند. ۱. وہ جگہ جہاں دو دریا یا سمندر ملیں، دو دریاؤں کا ملاپ، سنگم. ۲. دو یا متعدد علوم کا عالم، مختلف اوصاف سے متصف.

مجمع عام اند. عام لوگوں کا ہجوم، عوام کی بھیڑ؛ ہنگامۂ عام، کثیر مجمع.

مَجْمَعَہ (فت م، سک ج، فت م، ع) اند.
بڑا طباق، سینی، گول تانبے کی سینی. [ع].

مُجْمَل (ضم م، سک ج، فت م) صف.
۱. اجمال کیا گیا، جو تفصیل کا محتاج ہو، جو مفصل بیان کیے بغیر واضح نہ ہو، (مفہوم یا مضمون وغیرہ) جو تھوڑے لفظوں میں بیان کیا گیا ہو، مختصر، خلاصہ، انتخاب. ۲. مبہم، غیر واضح، گڈ مڈ. ۳. سرسری، روا داری، ملا ہوا، ملا جلا. [ع].

مَجْمُوع (فت م، سک ج، و مع) صف.
۱. اکٹھا کیا ہوا، جمع کیا گیا، اشیا یا اشخاص پر مشتمل، یک جا کیا گیا، شامل کیا گیا. ۲. سب، تمام و کمال، کل. ۳. میزان، حاصل جمع.
۴. ترتیب دینا، سنوارنا، بنانا؛ تحریر کرنا، تصنیف کرنا، تالیف کرنا؛ (طباعت) حرفوں کا جمانا، بٹھانا؛ فہرست مضامین، مضمون، کتاب، مافیہ، سمائی، گنجائش؛ ضخامت اشیاء کی؛ پرسکون، پراطمینان، جسے اضطراب نہ ہو، ساکن، جس میں تموج نہ ہو. [ع].

مَجْمُوعاً (فت م، سک ج، و مع، تن ع بفت) م ف.
کل، سب کے سب، مجموعی طور پر، کلی حیثیت سے.

مَجْمُوعَۃً (فت م، سک ج، و مع، فت ع، تن ت بفت) م ف.
یک جا ہو کر، بطور مجموعہ، مجموعی طور پر.

مَجْمُوعہ (فت م، سک ج، و مع، فت ع) اند.
۱. ذخیرہ، خزانہ، مخزن. ۲. (i) مجموعی تعداد. (ii) گروہ، زمرہ، اجتماعِ کثیر. (iii) سیٹ (Set) وصف یا اوصاف مشترک رکھنے والی معیّن اور ممیّز اشیا کے مجموعے کو سیٹ کہتے ہیں. ۳. جمع کردہ کلام یا تحریروں پر مشتمل کتاب، کلیات، گلدستہ.

مجموعہ ضابطۂ دیوانی اند. دیوانی ضابطوں کا مجموعہ، سول کوڈ، دیوانی مضامین کا مجموعہ.

مجموعہ ضابطۂ فوج داری اند. فوج داری ضابطوں کا مجموعہ، پینل کوڈ، فوج داری قانون کی کتاب.

مجموعہ کلام اند. جمع کردہ کلام کا ذخیرہ؛ وہ کتاب جس میں کسی شاعر کی منظومات جمع کر دی گئی ہوں.

مَجْمُوعی (فت م، سک ج، و مع) صف.
جو کل صورتِ حال پر مشتمل ہو، اجمالی، تمام، جملگی، کلی.

مجموعی حیثیت مث. اجتماعی کیفیت، بحیثیت مجموعی.

مجموعی طور پر م ف. اجمالی حیثیت سے، کلی طور پر، مجملاً، اختصار سے، مختصراً.

مجموعی قیمت مث. (معاشیات) اکٹھی قیمت، مجموعی قومی پیداوار، مجموعی قومی دولت، کل مالیت.

مَجِنْٹھا (فت م، کس ج، سک ن) صف.
(شاذ) شوخ گلابی یا آتشی گلابی رنگ کا. [انگ].

مَجْنُوں/ مَجْنُون (فت م، سک ج، و مع، ن بالاعلان نیز غنہ) صف؛ اند.
۱. (i) جس پر جن یا آسیب وغیرہ کا سایہ ہو. (ii) جس کو جنون ہو، دیوانہ، پاگل، خبطی، سودائی. ۲. (عرب کی پرانی کہانیوں میں) قیس عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا اور عشق کی دیوانگی کے باعث اس نام سے مشہور ہوا. ۳. عاشق، شیدا، والہ و فریفتہ، دل دادہ. ۴. (مجازاً) نہایت دبلا پتلا اور کمزور آدمی. ۵. (مجازاً) کسی مقصد یا کام کے لیے خود کو پورے طور پر وقف کر دینے والا، کسی کام میں مستغرق. [ع].

مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا کہاوت. جس سے محبت ہوتی ہے، اس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے.

مجنوں کی بڑ مث. بکواس، مہمل بات، اول فول باتیں، دیوانے کی بڑ.

مجنوں ہونا ف مر: محاورہ. عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، دیوانہ ہونا، سودائی ہونا.

مَجْنُونانَہ (فت م، سک ج، و مع، فت ن) صف؛ م ف.
دیوانوں یا پاگلوں کی طرح کا، بے عقلی کا، دیوانوں کی مانند.

مجنونانہ حرکات مث. مجنونانہ انداز؛ دیوانے پن کی باتیں.

مُجَوِّد (ضم م، فت ج، شد و بکس) اند.
علم تجوید کا ماہر، علم تجوید کا عالم، قرآن کو ایک خاص لحن اور انداز سے پڑھنے والا، پڑھنے لکھنے کا شوقین، مصنف یا مقرر جو شستگی اور خوش اسلوبی سے لکھے یا تقریر کرے؛ گانے والا، موسیقی کے آلات میں سے کسی ساز کا بجانے والا. [ع].

مُجَوَّز (ضم م، فت ج، شد و بفت) صف.
تجویز کیا ہوا، جائز رکھا ہوا. [ع].

مُجَوِّز (ضم م، فت ج، شد و بکس) صف.
۱. تجویز کرنے والا، رائے دینے والا، مسودۂ قانون وغیرہ پیش کرنے والا، کسی قرارداد کا محرک ۲. جائز رکھنے والا، جائز قرار دینے والا. [ع].

مُجَوِّزات (ضم م، فت ج، شد و بکس) صف: اند.
تجویزیں، تجاویز.

مُجَوَّزَہ (ضم م، فت ج، شد و بفت، فت ز) صف.
تجویز کیا ہوا، تجویز کیا گیا، تجویز شدہ، پیش کیا گیا؛ معینہ، مقررہ. [ع].

مجوزہ اصلاحات مث: ج. تجویز کردہ اصلاحات، ایسی اصلاحات جن کے بارے میں تجویز یا مشورہ دیا گیا ہو.

مَجُوس (فت م، و مع) اند.
زروشت کے پیرو، آتش پرستوں کی قوم جو زروشت کی تابع ہے، سورج اور آگ کو پوجنے والے، آتش پرست. [ع].

مَجُوسی (فت م، و مع) اند.
آتش پرست، زرتشت کا پیرو نیز چاند سورج کی پوجا کرنے والا. [ع].

مَجْہُول (فت م، سک ج، و مع) (الف) صف.
۱. نامعلوم، غیر معروف ۲. جاہل، بے وقوف، نالائق ۳. کاہل، سست
(ب) اند. ۱. (قواعد) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو ۲. وہ "واو" جس سے پہلے ضمہ خالص یا ی جس سے پہلے کسرۂ خالص نہ ہو؛ جیسے: کو میں "و" یا کے میں "ی". [ع].

مجہول النسب صف. وہ شخص جس کا حسب و نسب معلوم نہ ہو، جس کی اصل و نسل میں شبہ ہو، جس کے باپ، دادا یا خاندان کا کچھ نہ ہو.

مَجْہُولَہ (فت م، سک ج، و مع، فت ل) صف.
مجہول کی تانیث، دیکھیے: مجہول.

مَجْہُولِیَّت (فت م، سک ج، و مع، شد ی مع نیز بلا شد) مث.
۱. مجہول ہونا، نامعلوم ہونا ۲. کاہلی، سستی، بے عملی.

مُجِیب (ضم م، ی مع) صف.
۱. (i) جواب دینے والا. (ii) قبول کرنے والا ۲. جواب دینے اور قبول کرنے والا؛ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام. [ع].

مجیب الدعوات اند. دعائیں قبول کرنے والا، دعاؤں کو قبول کرنے والا؛ مراد: خدائے تعالیٰ.

مَجِیٹھ (فت م، ی مع) اند.
ایک پودا جس کی جڑ سے اعلیٰ قسم کا سرخ رنگ بنایا جاتا ہے جو بہت پختہ ہوتا ہے. [س].

مَجِید (فت م، ی مع) اند.
۱. بزرگ، گرامی، بزرگوار، بزرگی والا ۲. خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مُجِیر (ضم م، ی مع) صف.
دست گیر، پناہ دینے والا؛ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مَجِیرا/ مَجِیرَہ (فت م، ی مع، فت ر) اند.
پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں، چھوٹے چھوٹے جھانجن. [س].

مُجھ (ضم م، سک ج) ضمیر.
(قواعد) میں کی مجہول حالت، بجائے "میں" حرف مغیرہ سے پہلے بولا جاتا ہے، اپنی ذات سے خطاب.

مجھ سا سے م ف. ۱. میری مانند، میرے جیسا میرے جیسے. ۲. میری ذات سے.

مجھ سے برا کوئی نہیں (ہوگا) فقرہ. میں بہت ناراض ہوں گا، بہت برا مانوں گا، جو سزا یا آزار دے سکتا ہوں دوں گا.

مجھ کو م ف: - مجکو. میری ذات کو، مجھے، میرے تئیں.

مجھ وال صف: م ف. مجھ سا، میری طرح کا، میرے جیسا، جیسا میں ہوں.

مَجھار (فت م) امذ: م ف.
بیچ، وسط، درمیان؛ وسط میں، درمیان میں، منجدھار. [س].

مَجھْدھار (فت م، سک ج) (ج: مجھ دھاراں) امث.
سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار یا دھارا.

مَجْھلا (فت م، سک ج) صف مذ.
درمیانی، وسطی، مجھولا. [س].

مَجھولا (فت م، وج) (الف) صف مذ.
(عمر، حجم، طول وغیرہ کے اعتبار سے) بیچ کا، درمیانی، وسطی، منجھلا، میانہ، متوسط. (ب) امذ. بڑا دیگچہ، چھوٹی دیگ؛ ایک قسم کا دیگچہ جو دیگ سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس میں دیگ کی مقدار سے نصف چاول یا سالن آتا ہے. [س].

مَجھولی (فت م، وج) (الف) صف مث.
وسطی، منجھلی، درمیانی. (ب) امث. چھوٹی بیل گاڑی؛ ڈولی جسے کہار اُٹھاتے ہیں.

مُجھی (ضم م) صف.
دیکھیے: مجھ ہی کا مخفف.

مجھی سے صف: م ف. مجھ جیسے، میرے ہی جیسے، میری ہی طرح کے، میری ہی مانند.

مُجھے (ضم م) ضمیر.
مجھ کو، میرے تئیں، میری ذات کے لیے، میرے لیے.

مجھے اور، نہ تجھے ٹھور کہاوت. دیکھیے: مجھے اور نہیں تجھے ٹھور نہیں.

مجھے اور نہیں تجھے ٹھور نہیں کہاوت. ۱. مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں، نہ تو مجھ کو ہی تیرا سا ملے گا اور نہ تجھ کو ہی دوسری جگہ پسند آئے گی. ۲. نہ تجھے برداشت نہ مجھے برداشت یعنی دونوں غصہ ور ہیں.

مجھے بڑھیا نہ کہو کوئی، میں نے جوانوں کی بھی عقل کھوئی کہاوت. چالاک ضعیف اپنے متعلق کہتا ہے کہ وہ جوانوں کو انگلیوں پہ نچا سکتا ہے؛ ضعیف چالاک عورت کا قول ہے کہ میں بڑھیا ہوں تو کیا ہوا میں نوجوانوں کو بھی فریفتہ کرلیتی ہوں؛ بزرگوں کی بہ نسبت جوان ناپختہ کار ہوتے ہیں، جوان بزرگوں سے علم وشعور حاصل کرتے ہیں.

مجھے پیٹو / گاڑو فقرہ. مرا مردہ دیکھو (کسی کام سے روکنے کے لیے قسم کے طور پر مستعمل).

مَجھیلا (فت م، ی ج) امذ.
لڑائی، جھگڑا، ٹنٹا، قضیہ، جھمیلا.

مَچ (فت م) امث.
بھول، چوک، فراموشی، غفلت؛ جہالت؛ بے توجہی؛ بے پروائی؛ نیند کا خمار. [س].

مُچّا (ضم م، شد چ) امذ.
گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو، بوٹی جو معمول سے بڑی ہو؛ لوتھڑا. [س].

مَچامچ (فت م، م) (الف) صف: م ف.
لبریز، کھچا کھچ، بھرپور، لبالب. (ب) امث. چارپائی کے چرچرانے یا چوں چوں کرنے کی آواز.

مَچان (فت م) امذ: امث.
۱. وہ لکڑیاں یا تختے جو دیوار میں اونچی جگہ سامان وغیرہ رکھنے کے لیے لگا دیتے ہیں، ٹانڈ. ۲. عموماً درخت پر وہ اونچی جگہ جہاں شیر کے شکاری بیٹھ کر نشانہ لگاتے ہیں. ۳. وہ لکڑیاں یا تختے جو کھیت یا باغ میں اونچی جگہ لگا دیتے ہیں تاکہ اس پر بیٹھ کر کھیت یا باغ کی رکھوالی کریں. ۴. پرندوں کے بیٹھنے کے لیے تختوں وغیرہ سے بنائی ہوئی اونچی جگہ یا

اڈا. ۵. بھاری چیزوں کو اٹھانے کے لیے استعمال کیا جانے والا لکڑی کا پلیٹ فام یا ڈھانچا. [س].

مَچانا (فت م) ف م.
برپا کرنا، عمل میں لانا، کرنا، رچانا، مرکبات میں مستعمل، مثلاً اودھم مچانا، غل مچانا، راڑ مچانا، لوٹ مار مچانا.

مَچاہِندی (فت م، و سک ن) صف.
مُردہ مچھلی کی بُو جیسی سڑاہند، (سڑاند) والی بُو.

مَچاؤ (فت م، و مع) صف.
مچانے والا، کرنے والا، مرکبات کے آخر میں.

مِچْرانا (کس م، سک چ) ف م.
خوراک کو اُلٹ پلٹ کرنا، بغیر بھوک کے کھانا. [س].

مُچَرّب (ضم م، فت چ، شد ر بفت) صف.
۱. چربی والا، موٹا. ۲. غذا، کھانا وغیرہ جس میں زیادہ چربی ہو، چربی دار، چرب کیا گیا، بہت چکنا. [ف].

مَچْرْمَچْر (فت م، چ، سک ر، فت م، چ) امث.
جوتے وغیرہ کی چرچراہٹ. [حکایت الصوت].

مُچْرُوس (ضم م، سک چ، و مع) امذ.
ایک جانور کا نام جس کی دم بڑی ہوتی ہے؛ ایک دوا کا نام. [س].

مُچْڑا ہوا صف مذ.
سکڑا ہوا، شکنیں پڑا ہوا.

مَچَک (فت م، چ) امث.
لچک، لرزش.

مَچْکا (فت م، سک چ) امذ.
۱. سستا پن، ارزانی. ۲. فرق، تفاوت؛ وقفہ، ڈھیل. [س].

مَچْکانا (فت م، سک چ) ف م.
لچکانا، ہلانا، جھٹکانا، جنبش دینا، لرزاں کرنا؛ جھکانا.

مِچْکانا (کس م، سک چ) ف م.
جلدی جلدی آنکھیں کھولنا اور بند کرنا، جھپکانا؛ آنکھ مارنا. [س].

مَچَکْنا (فت م، چ، سک ک) ف ل.
۱. لچکنا، لرزنا، کانپنا، تھرانا. ۲. چارپائی کا چوں چوں کرنا. [س].

مَچَل (فت م، چ) صف.
دیکھیے: مچلا، ضد، ہٹ. [س].

مچل پڑنا ف مر: محاورہ. ۱. ضد پر آجانا، ہٹ پر آجانا، اڑجانا، کسی چیز کے لیے ضد کرنا. ۲. چھلک پڑنا.

مچل جانا محاورہ. لوٹ جانا، ضد پر آجانا، ضد کر بیٹھنا، ہٹ پر آجانا، اڑ جانا، سر ہو جانا، کسی چیز کے لینے کے لیے ہٹ کرنا.

مَچْلا (فت م، سک چ) صف مذ.
گھنا، ڈھیٹ، ہٹی، ہٹیلا، ضدی؛ نٹ کھٹ، شوخ. [س].

مچلا پن امذ. ہٹ، ضدی پن، گھنا پن؛ تلون مزاج، ڈھٹائی، نکھرا پن.

مَچْلانا (فت نیز کس م، سک چ) ف ل.
متلانا، طبیعت کا مالش کرنا، اُبکائی آنا، قے آنا.

مَچْلاہَٹ (فت م، سک چ، فت ہ) امث.
مچلانے کی کیفیت، مچلائی.

مَچْلائی (فت م، سک چ) امث.
ہٹ، ضد، ڈھیٹ پن؛ شوخی.

مُچَلْکا/مُچَلْکہ (ضم م، فت چ، سک ل/ فت ک) امذ.
کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد جو مجرم کی طرف سے ہو؛ عہد نامہ، قول و قرار، کسی کام کے نہ کرنے کا اقرار نامہ کسی حاکم کو لکھ کر دینا. [ت].

مچلکا/ مچلکہ دینا محاورہ. کسی کام کے نہ کرنے کا اقرار نامہ لکھ دینا، عہد نامہ لکھ دینا نیز قول دینا.

مچلکا / مچلکہ لکھانا / لکھوانا ف مر: محاورہ. عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا، کسی کام سے باز رہنے کا تحریری اقرار لے لینا.

مچلکا/ مچلکہ لے لینا/ لینا ف مر: محاورہ. کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد لینا، تحریری قول یا اقرار لینا نیز حفظِ امن کا اقرار لینا.

مَچَلْنا (فت م، چ، سک ل) ف ل.
۱. ہٹ کرنا، کسی بات پر اڑنا، ضد کرنا، ڈھٹائی کرنا، ضد سے لوٹنا، کسی چیز کے لیے ضد کرنا. ۲. رونا، بلکنا، گریہ کرنا؛ مضطرب ہونا. ۳. تڑپنا. [س].

مَچْمَچاتی (فت م، سک چ، فت م) صف مث.
مچلتی، تھرکتی، حرکت کرتی ہوئی؛ چچ چچ کی آواز سے، چرچراتی.
مچمچاتی کھاٹ نکلے فقرہ. (کوسنا) عورتوں کے اس کوسنے میں مندرجہ بالا مفہوم (چوں چوں کرنا) ہے یعنی جوان، موٹا تازہ، ہٹا کٹا مر جائے لاش اتنی بھاری ہو کہ جس کھاٹ (چارپائی) پر ڈال کر اٹھائی جائے وہ بوجھ سے لچکے اور چرچرائے.

مَچْمَچانا (فت م، سک چ، فت م) ف ل.
۱. مرد یا عورت کا جوشِ جوانی کے باعث مست اور پُرشہوت ہونا، شہوت کے جوش میں آکر کچکچی باندھنا، گرمانا، مستی پر آنا، مستانا. ۲. (چارپائی وغیرہ کا) چُرمرانا، چرچرانا، چوں چوں کرنا (وزن پڑنے کی وجہ سے). ۳. جوانی سے بھرپور ہونا، ہٹا کٹا ہونا. ۴. نہایت تیز ہونا، تمتمانا.

مِچ مِچانا/مِچْمِچانا (کس م، سک چ، کس م) ف ل.
(آنکھوں کا) بند ہونا، مُندنا.

مَچْمَچاہٹ (فت م، سک چ، فت م، ہ) امث.
مستی یا شہوت کے جوش میں دانت پیسنا؛ جانور کا مستی پر آنا، زورِ شہوت، مستی؛ چارپائی کی چوں چوں.

مِچ مِچی (کس م، سک چ، کس م) صف مث.
بند کی ہوئی، مندی ہوئی (آنکھیں).

مَچْنا (فت م، سک چ) ف ل.
۱. کیا جانا، ہونا، برپا ہونا، عمل میں آنا، واقع ہونا. ۲. رچنا، بسنا؛ جیسے: گھی کے برتن کا مچنا یعنی چکنا جانا، رچ جانا، اس چیز میں اس کی بو بس گئی.

مِچْنا (کس م، سک چ) ف ل.
(آنکھوں کا) بند ہونا، مندنا.

مُچْنا (ضم م، سک چ) امذ.
بال اکھاڑنے کا آلہ، بال چننے کا اوزار، موچنا.

مِچْوانا (کس م، سک چ) ف م.
آنکھیں بند کرانا، مندوانا، میچنا کا متعدی المتعدی.

مِچولی (کس م، و مج) امث.
آنکھیں بند کرنا (آنکھ اور آنکھ مچولی کی ترکیب میں مستعمل).

مُچیٹا (ضم م، ی مج) امذ.
۱. زبانی جھگڑا، تکرار، تلخ کلامی، تو تو میں میں. ۲. لڑائی، جھگڑا.

مَچھ (فت م) امذ؛ امث.
۱. بڑی مچھلی، مچھلی. ۲. (ہندو) جو پانچواں اوتار مچھلی کی صورت میں ظاہر ہوا تھا. ۳. وشنو کے دس اوتاروں میں سے پہلا اوتار، وشنو جی کا پہلا اوتار. [س].

مُچّھا (ضم م، شد چھ) امذ.
گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو، لوتھڑا، گوشت کی بہت بڑی بوٹی.

مَچّھر (فت م، شد چھ) امذ.
ایک چھوٹا اُڑنے والا کیڑا جو اپنے ڈنک کے ذریعے انسانوں اور جانوروں کا خون چوستا ہے ملیریا کی بیماری پھیلاتا ہے اس کے اڑتے وقت بھنبھناہٹ کی آواز آتی ہے. [س].
مچھر دانی امث. باریک جالی دار کپڑے کا بنا ہوا تمبو نما غلاف جو مچھروں سے بچنے کے لیے پلنگ پر لگایا جاتا ہے.

مَچْھراند (فت م، سک چھ، ن) امث.
مچھلی کی بو.

مُچّھڑ (ضم م، شد چھ بفت) امذ.
بڑی بڑی مونچھوں والا.

مَچْھلی (فت م، سک چھ) امث.
۱. ایک آبی جانور جو بالعموم لمبوترا ہوتا ہے، اس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں مگر عموماً سیاہی مائل سفید ہوتا ہے، بعض کے بدن پر گول چھلکے ہوتے ہیں، اس کا گوشت کھایا جاتا ہے، اس کے پھیپھڑے نہیں ہوتے اور یہ گلپھڑوں کے ذریعے سانس لیتا ہے، ٹانگوں کے بجائے پر ہوتے ہیں اور دم کے ذریعے مڑتا ہے، یہ پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا، ماہی، حوت. ۲. انسان کے بازو، ران کا گوشت جو کسی قدر ابھرا ہوا ہوتا ہے، ساعد کا گوشت. ۳. وہ گوشت جو رانوں کے جوڑ میں ہوتا ہے. ۴. چھوٹا سا بہت خوش نما مچھلی کی شکل کا سفید کیڑا عام طور سے کاغذ میں پیدا ہوتا ہے. [س].

مچھلی بازار اند. مچھلیوں کی خرید و فروخت کی منڈی ؛ (مجازاً) وہ جگہ جہاں بہت شور غل ہو۔

مچھلی بندر اند. ماہی گیری کے کام کے لیے بنائی گئی بندرگاہ جہاں مچھیروں کو مختلف سہولتیں حاصل ہوں۔

مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی کہاوت. اکثر بیٹی کی شادی کی نسبت بولتے ہیں جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ جب تک اچھا گھر اور اچھا بر نہیں ملے گا ہم شادی نہیں کریں گے، بیٹی ہے مچھلی تو نہیں ہے کہ سڑ کر بگڑ جائے گی۔

مچھلی خانہ اند. مچھلیاں رکھنے اور پالنے کی جگہ یا مچھلیوں کی نمائش کا شیشے کا ظرف، ماہی خانہ۔

مچھلی کا کانٹا اند. ۱. مچھلی کی ہڈیاں جو خاردار ہوتی ہیں، استخوانِ ماہی، خار ماہی. ۲. ایک مخصوص سلائی جو چادر یا کھیس پر کرتے ہیں۔

مچھلی کانٹا اند. ۱. ایک مخصوص سلائی جس میں سے جانے والے حصوں کے بیچ میں ایک طرح کی پتلی جالی سی بن جاتی ہے. ۲. (جلد سازی) جزو بندی کی سلائی جو مضبوط ہوتی ہے. ۳. ہتھیلیوں پہ مہندی سے لگایا گیا مچھلی کے قتلے نما مہندی کا ڈیزائن۔

مچھلی کی طرح تڑپنا محاورہ. ازحد تڑپنا ؛ بے حد بے قرار ہونا، بے چین ہونا، لوٹا لوٹا پھرنا۔

مچھلی کی مانند پھڑکنا ف مر ؛ محاورہ. عضلات میں حرکت ہونا، صحت مندی کے سبب اعضا میں مچھلی کی طرح حرکت ہونا۔

مچھلی کے بچے کو پیرنا/تیرنا کس نے سکھایا / مچھلی کے جائے/بچے، کو تیرنا کون سکھائے کہاوت. اپنے آبائی یا خاندانی کام سے ہر شخص ازخود بہ خوبی واقف ہوتا ہے، اسے کسی سے سیکھنے کی ضرورت نہیں۔

مچھلی مارکیٹ مث. مچھلیاں بکنے کی جگہ، مچھلی بازار ؛ (مجازاً) وہ جگہ جہاں بہت شور غل ہو۔

مچھلی مچھلی کتنا/کتنا پانی فقرہ. جب بچہ پیٹ کے بل رینگنے لگتا ہے اور آگے بڑھنے کا قصد کرتا ہے تو اس کا دل بڑھانے کو کہتے ہیں نیز بچوں کا ایک کھیل بھی ہے ؛ دیکھیے : بول میری مچھلی کتنا پانی۔

مَچھلیاں مث ؛ ج.
دیکھیے : مچھلی کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل۔

مچھلیاں ابھرنا محاورہ. کسرت کی وجہ سے ڈنڑوں کا اُبھر آنا، ورزش کے باعث رانوں یا بازوؤں کا ابھر جانا۔

مچھلیاں پڑنا محاورہ. ڈنڑ بازوؤں کے عضلات کا اُبھر آنا، کثرت ورزش کے باعث رانوں یا بازوؤں کا ابھر جانا۔

مچھلیاں پھڑکنا ف مر ؛ محاورہ. بازوؤں کے اُبھرے ہوئے گوشت عضلات کا حرکت کرنا۔

مُچھَندَر (ضم نیز فت م، فت چھ، سک ن، فت د) اند.
۱. بڑی بڑی مونچھوں والا. ۲. چوہا، موش. ۳. بے ہودہ آدمی، یاوہ گو مسخرا. ۴. ریچھ یا بندر نچانے والا، ریچھ یا بندر کا تماشا دکھانے والا مداری. [س]

مَچھوا (فت م، سک چھ) اند.
۱. مچھلیاں پکڑنے والا، مچھلیاں بیچنے والا، ماہی گیر. ۲. چھوٹی کشتی، ڈونگا

مَچّھی (فت م، شد چھ) مث.
بوسہ، چوما، چُمّی، پپّی. [مقامی : ف].

مَچھیارا (فت م، سک چھ) اند. دیکھیے : مچھیرا.

مَچھیرا (فت م، ی مج) صف ؛ اند.
ماہی گیر، مچھلیاں پکڑنے اور فروخت کرنے والا۔

مَچھیرَن (فت م، ی مج، فت ر) مث.
دیکھیے : مچھیرا کی تانیث، ماہی گیر کی بیوی، ماہی گیر عورت۔

مُحابا (ضم م) اند.
۱. ڈر، خوف. ۲. مروت، لحاظ ؛ فروگزاشت ؛ صلح ؛ اعانت، نگہ داشت

مُحابات (ضم م) مث.
کسی کی جانب میل کرنا، مروت، لحاظ۔

مُحاذ (ضم م) (الف) م ف.
سامنے، مقابل. (ب) اند. وہ علاقہ جہاں حریف فوجیں جنگ کے لیے روبرو موجود ہوں، مقابلے کی جگہ، میدانِ کارزار. [ع].

محاذ آرا صف. مقابلے پر آمادہ، جنگ کے لیے صف بستہ۔

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

محاذ آرائی مث. مقابلہ، لڑائی.

محاذ بنانا ف مر؛ محاورہ. مورچہ قائم کرنا، ہدف قرار دینا؛ میدانِ عمل چننا.

محاذ پر ڈٹنا محاورہ. مقابلے پر اڑے رہنا، کوشش میں ثابت قدم رہنا.

محاذ جنگ مذ. لڑائی کا میدان، جنگ کرنے کی جگہ.

محاذ سنبھالنا ف مر؛ محاورہ. دیکھیے: محاذ قائم کرنا.

محاذ قائم کرنا محاورہ. کسی کے مقابلے کے لیے ساز و سامان تیار کرنا، مورچہ بندی کرنا؛ مخالفت کرنا.

محاذ قائم ہونا محاورہ. دیکھیے: محاذ قائم کرنا کا لازم.

محاذ کھول دینا/کھولنا ف مر؛ محاورہ. جنگ کی ابتدا کرنا، علانیہ مخالفت و مخاصمت کی بنیاد ڈالنا.

مُحاذات (ضم م) مذ.
۱. آمنا سامنا ہونا، مقابلہ کرنا، رُوبرو ہونا، ایک چیز کا دوسری چیز کے قریب یا برابر ہونا. ۲. مقابلے کی جگہ، جنگ کے میدان.

مُحاذِی (ضم م، کس ذ) صف؛ م ف.
۱. آمنے سامنے، رُوبرو، مقابل. ۲. برابر ہونے والا، برابر.

مُحارِب (ضم م، کس ر) صف.
لڑنے والا، جنگ کرنے والا. [ع].

مُحارَبات (ضم م، فت ر) مذ؛ ج.
جنگیں، لڑائیاں، معرکے.

مُحارَبَہ (ضم م، فت ر، ب) مذ.
باہم جنگ کرنا، لڑائی، جنگ، معرکہ، مجادلہ. [ع].

مَحارِم (فت م، کس ر) مذ؛ ج.
۱. کسی کے ایسے قریبی رشتے دار جن سے اس کا نکاح کبھی جائز نہیں، محرم لوگ. ۲. اللہ تعالیٰ کی حرام کی ہوئی چیزیں یا حدود. [ع].

مَحارِیب (فت م، ی مع) مث؛ ج.
محرابیں.

مُحاس (ضم م) مذ.
وہ حساس عضو جو کیڑوں اور قشریوں کے سروں پر پائے جاتے ہیں اور جن سے وہ ٹٹولتے ہیں. [ع].

مُحاسِب (ضم م، کس س) صف.
۱. علمِ حساب سے واقف، حساب دان. ۲. حساب کرنے والا، پڑتال کرنے والا، جانچنے والا. ۳. اکاؤنٹینٹ. ۴. حساب لینے والا، محاسبہ کرنے والا، باز پرس کرنے والا. [ع].

مُحاسَبات (ضم م، فت س) مذ؛ ج.
حساب کتاب، حسابات.

مُحاسَبَہ (ضم م، فت س، ب) مذ.
۱. حساب کتاب، جانچ پڑتال، کسی سے حساب لینا یا کرنا، تنقیح. ۲. حساب کے متعلق پوچھ گچھ، باز پرس، مواخذہ. [ع].

محاسبہ کرنا ف مر؛ محاورہ. حساب طلب کرنا، حساب مانگنا، حساب کی پوچھ گچھ کرنا، باز پرس کرنا.

محاسبہ ہونا ف مر؛ محاورہ. حساب مانگا جانا.

مَحاسِن (فت م، کس س) مذ؛ ج.
۱. بھلائیاں، خوبیاں، نیکیاں، اچھائیاں. ۲. خصائل.

محاسن اخلاق مذ؛ ج. اخلاقی خوبیاں، کردار کی اچھائیاں.

محاسن شعری مذ؛ ج. محاسنِ کلام، شاعری کی خوبیاں، محاسنِ سخن.

محاسن کلام مذ؛ ج. شاعری کی خوبیاں، محاسنِ سخن.

محاسن و معائب مذ. خوبیاں اور خامیاں، اچھائیاں اور عیوب، حسن و قبح.

مُحاصِر (ضم م، کس ص) صف.
گھیرنے والا، گھیرا ڈالنے والا، محاصرہ کرنے والا. [ع].

مُحاصَرَہ (ضم م، فت ص، ر) مذ.
چاروں طرف سے بند کر دینا، گھیرا ڈالنا، ناکہ بندی، قلعہ بندی، گھیراؤ. [ع].

محاصرہ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. چاروں طرف سے گھیر لینا، ناکہ بندی کرنا. ۲. احاطہ کرنا.

محاصرہ ہونا ف مر؛ محاورہ. چاروں طرف سے گھر جانا.

مُحاصَرے (ضم م، فت ص، ی مج) مذ؛ ج.
دیکھیے: محاصرہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

محاصرے کو توڑنا ف مر: محاورہ. گھیرا توڑنا، ناکہ بندی توڑنا، گھیرا ڈالنے والی فوج یا گروہ کی قلعہ بندی سے آزاد ہونا.

محاصرے میں لے لینا ف مر: محاورہ. گھیرے میں لے لینا.

مُحاصَرِین (ضم م، فت ص، ی مع) اند: ج.
قلعہ بند لوگ، محاصرہ کرنے والے لوگ.

مُحاصِل (ضم م، کس ص) اند.
۱. آمدنی؛ نفع؛ محصول؛ پیداوار کا محصول. ۲. خراج، مال گزاری، لگان. ۳. حاصل، پھل، نتیجہ.

مُحاضَرات (ضم م، فت ض) اند.
۱. گزشتہ زمانے سے متعلق حکایات، یاد رکھی ہوئی باتیں، یادداشتیں نیز تاریخ. ۲. (جدید) خطبات، لکچرز.

مُحاضَرَت/ مُحاضَرَہ (ضم م، فت ض، ر) امث: اند.
۱. گزشتہ زمانے سے متعلق حکایات. ۲. کسی کے مقابلے میں پیش ہونا؛ قاضی کے روبرو کسی کے برخلاف دعویٰ کرنا یا کسی پر کوئی الزام لگانا؛ بادشاہ کے سامنے گستاخی کرنا. ۳. سوال و جواب؛ دوڑ میں برابری کرنا. [ع].

مُحافِظ (ضم م، کس ف) صف.
۱. حفاظت کرنے والا، رکھوالی کرنے والا، پاسبان، نگہبان، سپاہی. ۲. ولی، مربی، سرپرست. ۳. امین، مہتمم. [ع].

مُحافَظَت (ضم م، فت ف، ظ) امث.
۱. حفاظت، رکھوالی، پاسبانی، نگرانی، نگہبانی. ۲. کوئی کام پابندی کے ساتھ کرنا. ۳. خیال، لحاظ. ۴. سرپرستی. ۵. چوکیداری، اہتمام، سرپرستی. [ع].

مَحافِل (فت م، کس ف) امث: اند: ج.
محفلیں، مجلسیں، انجمنیں.

مُحافَہ (ضم م، فت ف) اند.
۱. ایک پردے دار سواری جس میں عموماً عورتیں بیٹھتی تھیں اور کہار اسے اٹھا کر چلتے تھے؛ ایک قسم کی بڑی اور عمدہ ڈولی، پالکی، پینس، ڈولا. ۲. اسٹریچر. [ع].

مُحاق (کس نیز فت نیز ضم م) اند.
۱. چاند کے گھٹنے کے دن جن کی ابتدا پندرھویں رات سے ہوتی ہے، چاند کا گھٹنا. ۲. قمری مہینے کی آخری تین راتیں جن میں چاند چھپ جاتا ہے؛ قمری ماہ کے وہ آخر کے دن جن میں چاند نظر نہیں آتا. [ع]

مُحاکات (ضم م) امث.
۱. آپس میں بات چیت کرنا، باہم حکایت کرنا؛ کسی کے قول و فعل نقل کرنا، نقالی، باہم داستان گوئی؛ مثل ہونا، مانند ہونا. ۲. (شاعری) بیان میں کسی واقعے، منظر یا امر کی تصویر کشی یا منظر کشی کرنا، شاعری میں واقعات کی صورت گری، امیجری. ۳. مضبوط گانٹھ باندھنا. [ع].

مَحاکِم (فت م، کس ک) اند: ج.
انصاف کرنے کی جگہیں، عدالتیں، کچہریاں، دربار؛ سررشتے، صیغے دفاتر، محکمے، ڈپارٹمنٹ.

مُحاکِم (ضم م، کس ک) اند.
محاکمہ کرنے والا. [ع].

مُحاکَمانَہ (ضم م، فت ک، ن) صف: م ف.
منصف بن کر فیصلہ کرنے کا انداز، فیصلہ کرنے کے قابل، ماہرانہ قدرت

مُحاکَمَہ (ضم م، فت ک، م) اند.
۱. قضیہ طے کرانے یا کسی بات کے فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا انصاف طلبی. ۲. منصف یا حاکم بن کر جھگڑا نپٹانا یا فیصلہ صادر کرنا ۳. (تنقید) مقابلہ و موازنہ، تقابلی مطالعہ. [ع].

محاکمہ کرنا ف مر: محاورہ. موازنہ کرنا، تقابلی مطالعہ یا مقابلہ کرنا.

مَحال (فت م) اند.
۱. مقامات، مکانات، منازل، فرودگاہیں. ۲. اراضی کا وہ رقبہ جس میں متعدد پٹیاں ہوں اور جس پر مال گزاری علیحدہ تشخیص ہو (اس معنی میں بطور مفرد مستعمل)، جاگیریں، پرگنے. ۳. محکمہ. ۴. شہد مکھیوں کا چھتا. ۵. ضلع؛ جائداد غیر منقولہ؛ وہ زمین یا مال یا اشیا کا ذخیرہ جو سرکاری آمدنی کا ذریعہ ہو.

مُحال (ضم م) صف.
ان ہونی، خلاف عقل، جس کا ہونا ممکن نہ ہو، ناممکن؛ سخت دشوار کٹھن، مشکل؛ بعید از قیاس، بے سروپا. [ع].

محال اندیش صف. ۱. ناممکن یا مشکل باتوں کے متعلق سوچنے اور

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (ملفوظہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کرنے والا ، مشکل پسند ، خوب غور و خوض اور کاوش کرنے والا .۲. خواب دیکھنے والا ؛ خیال پرست ؛ غیر عملی شخص ؛ ناقابل عمل منصوبے گھڑنے والا ؛ ناممکن کی تلاش کرنے والا ؛ صاحبِ کشف .

محال اندیشی مث . ناممکن یا مشکل باتوں کے متعلق غور و خوض کرنا ، مشکل پسندی .

مَحالات (فت م)اند ؛ ج .
جاگیریں ، پرگنے ، ضلعے .

مُحالات (ضم م)اند ؛ ج .
وہ کام یا باتیں جن کا ہونا ممکن نہ ہو ، ناممکنات ، ناممکن امور .

مُحالِف (ضم م ، کس ل)اند .
حلف اٹھانے والا ، حلف اُٹھا کر شریک بننے والے ، اتحادی ، حلیف ، عہد کرنے والا [ع] .

مَحالّہ (فت م ، ل)اند .
۱. علاج ، چارہ ، تدبیر .۲. چیٹھ کی گریا .۳. ہم منزل ہونا ، کسی کے ساتھ ٹھہرنا .[ع] .

مَحامِد (فت م ، کس م)اند .
تعریفیں ، اچھائیاں ، نیک خصلتیں ، اوصافِ حمیدہ . [ع] .

مَحامِل (فت م ، کس م)اند ؛ ج .
۱. محملیں ؛ ہودجیں .۲. مفاہیم ، مضمرات ..

مُحاوَرات (ضم م ، فت و) اند ؛ ج .
محاورہ کی جمع ، وہ کلمہ یا کلام جسے معتبر لوگوں نے لغوی معنی کی مناسبت سے یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لیے مخصوص کرلیا ہو .

مُحاوَراتی (ضم م ، فت و)صف .
محاورے سے متعلق یا منسوب ، محاورے کا .

مُحاوَرَۃً (ضم م ، فت و ، ر ، تن ۃ بلفظ)م ف .
(قواعد) محاورے کے طور پر ، محاورے کے مطابق .[ع] .

مُحاوَرَہ (ضم م ، فت و ، فت ر)اند .
۱. رواج ، عادت ، مشق ، مہارت .۲. (قواعد) وہ کلمہ یا کلام جسے معتبر لوگوں نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لیے مخصوص کر لیا ہو (حقیقی معنوں کی جگہ مجازی معنوں میں استعمال) .۳. کسی خاص گروہ کی بول چال یا لفظوں کی ترکیب .۴. ہم کلامی ، باہمی گفتگو ، بول چال ، بات چیت ، سوال جواب . [ع] .

محاورہ باندھنا ف مر ؛ محاورہ . کوئی محاورہ نظم کرنا ، شعر میں کوئی محاورہ استعمال کرنا .

محاورہ بندی مث . محاورے باندھنا ، محاورے کا بہ کثرت استعمال .

مُحاوَرے (ضم م ، فت نیز سک و)اند ؛ ج .
محاورہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

محاورے کے ہاتھ منھ توڑنا محاورہ . (بطور طنز مستعمل) محاورے صحیح استعمال نہ کرنا ، زبان کو بول چال یا روزمرہ کے خلاف بولنا یا لکھنا .

مُحِب (ضم م ، کس ح)اند .
۱. چاہنے والا ، محبت کرنے والا ، یار ، دوست ، مشفق .۲. (تصوف) صاحب محبت کو کہتے ہیں عام اس سے کہ طلب اوس کی مقارن اس پایہ کی ہو یا نہ ہو . [ع] .

محب اللہ اند . اللہ سے محبت رکھنے والا ، اللہ کا دوست .

محب الوطن صف . وہ جسے اپنے وطن سے بہت محبت ہو ، وطن دوست ، محبِ وطن .

محب الوطنی مث . وطن سے محبت ، وطن دوستی ، حب وطن ، وطن کی محبت .

محب گرامی اند . (احتراماً) محترم دوست ، مشفق ، محترم .

محب وطن اند . وطن سے محبت کرنے والا ، وطن دوست .

مُحِبّان (ضم م ، کس ح ، شد ب)اند ؛ ج .
محبّ (رک) کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ، چاہنے والے .

مُحَبَّت (فت نیز ضم م ، فت ح ، شد ب بفتح)مث .
۱. پیار ، پریم ، پریت ، الفت ، چاہ ، عشق .۲. خلوص ، اخلاص ، یارانہ ، دوستی .۳. لگن ، لو ، لگاؤ ، تعلق خاطر ، میلان ، توجہ . [ع] .

محبت انگیز / آمیز صف . پیار سے لبریز ، محبت بھرا ، پُر محبت ، الفت آمیز .

محبت آنا محاورہ . الفت کا جوش ہونا ، پیار آنا ، پیار کرنے کو دل چاہنا .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

محبت بھری نظروں/نگاہوں سے دیکھنا ف مر؛ محاورہ. شفقت سے دیکھنا، شفقت کی نظر کرنا.

محبت جتانا ف مر؛ محاورہ. اظہارِ محبت کرنا، الفت ظاہر کرنا، دوستی کا دعویٰ کرنا.

محبت دینا محاورہ. محبت کرنا، محبت سے پیش آنا.

محبت ڈالنا ف مر؛ محاورہ. پیار و محبت کا جذبہ پیدا کرنا.

محبت شعار صف. جس کی طبیعت اور عادت میں محبت پڑی ہوئی ہو، جس نے محبت اختیار کرلی ہو، پیار کرنے والا، چاہنے والا، محبت گزار.

محبت کا دم بھرنا محاورہ. کسی کی دوستی اور محبت کا دعویٰ کرنا، عشق جتانا، اظہارِ عشق کرنا.

محبت کرنا محاورہ. پیار کرنا، چاہنا، الفت رکھنا، محبت رکھنا.

محبت کی زبان امث. دنیائے محبت، عشق کا دائرہ، پیار کی حدود.

محبت کی قینچی امث. محبت کو قطع کرنے والی شے؛ (مجازاً) اُدھار (عموماً اُدھار محبت کی قینچی ہے کا فقرہ مستعمل ہے).

محبت میں اندھا ہونا محاورہ. محبت کی وجہ سے نیک و بد کی تمیز نہ رہنا، محبت میں سوجھ بوجھ کھونا.

محبت نامہ اند. محبت کی چٹھی، پریم پتر، محبت بھرا خط؛ (مجازاً) کسی دوست کا خط.

محبت و یگانگت امث. اتفاق و اتحاد، میل محبت، یک جہتی.

محبت یزداں امث. خدا کی محبت، حب الٰہی، ربِ کائنات سے الفت.

مُحَبَّتانَہ (ضم م، فت ح، شد ب بفت، فت ن) صف؛ م ف.
محبت آمیز، پیار بھری، محبت سے پر، اخلاص کے ساتھ.

مَحَبَّتی (فت نیز ضم م، فت ح، شد ب بفت) صف.
محبت رکھنے والا، محبت کرنے والا، محبت والا.

مَحْبَس (فت نیز م، سک ح، فت ب) اند.
۱. قید خانہ، زنداں، جیل خانہ. ۲. (i) باڑا، مویشی گھر. (ii) احاطہ، گھیری ہوئی جگہ، بند جگہ. (iii) کارخانہ. ۳. (مجازاً) غلاف، خول. [ع].

مُحْبَس (ضم نیز م، سک ح، فت ب) صف.
قیدی، اسیر، محبوس، بند کیا ہوا، قید کیا ہوا. [ع].

مَحْبُوب (فت نیز م، سک ح، و مع) (الف) صف؛ اند.
۱. جس سے محبت ہو، جسے چاہا جائے، معشوق، دلبر، چہیتا، پیارا. ۲. پسندیدہ، دل پسند، ہر دلعزیز، پیارا. ۳. (تصوف) تجلی صفات کو کہتے ہیں، بعض جمال کو کہتے ہیں. (ب) امث (شاذ). (مراداً) محبوبہ معشوقہ. [ع].

محبوب الٰہی اند. ۱. خدا کا پیارا؛ مراد: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. ۲. حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کا لقب.

محبوب ترین صف. نہایت پسندیدہ، سب سے زیادہ پسند خاطر بہت عزیز.

محبوب خدا/کبریا اند. خدا کا پیارا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب.

محبوب سبحانی اند. ۱. خدا کا پیارا، محبوب خدا، محبوب کبریا؛ مراد: حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ وآلہ علیہ وسلم. ۲. حضرت نظام الدین اولیاؒ کا ایک لقب. ۳. حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرۃ العزیز کا ایک لقب.

محبوب مشغلہ اند. پسندیدہ کام یا فعل، دل پسند مشغلہ.

مَحْبُوبانَہ (فت نیز م، سک ح، و مع، فت ن) صف؛ ف م.
محبوب کے مانند، پیارا، معشوقانہ، پسندیدہ، مرغوب.

مَحْبُوبَہ (فت نیز م، سک ح، و مع، فت ب) صف مث؛ امث.
محبوب کی تانیث، معشوقہ، پیاری، حسین عورت.

مَحْبُوبِیَّت (فت نیز م، سک ح، و مع، ی مع شد بفت نیز بلا شد) امث.
دیکھیے: محبوبی؛ محبوب ہونے کی کیفیت، معشوق ہونا، پیارا پن.

مَحْبُوس (فت نیز م، سک ح، و مع) صف؛ اند.
۱. قید کیا گیا، قیدی، اسیر، مقید، بند. ۲. مقید، اسیری کا پابند، قید میں بند. ۳. (طبیعیات) بند کیا ہوا، روکا ہوا، جذب کیا ہوا (گیس وغیرہ).

محبوس رکھنا ف مر؛ محاورہ. قید میں رکھنا، اسیر رکھنا.

محبوس کرنا ف مر؛ محاورہ. قید کرنا، زندان میں ڈالنا، قیدی بنانا، کسی کو کسی جگہ بند کر دینا.

محبوس ہونا ف مر: محاورہ. قیدی ہونا، مقید ہونا، کسی جگہ میں بند ہو جانا، حبسِ بے جا میں ہونا.

مُحِبّی (ضم م، کس ح، شد ب) صف.
میرا محب، میرا دوست (خطوط میں القاب کے لیے بھی مستعمل).

مُحْتاج (ضم ج م، سک ح) صف: امذ.
۱. ضرورت مند، حاجت مند، خواہاں، طلب گار، متقاضی. ۲. دوسرے کا ہاتھ تکنے والا، دست نگر، دوسروں کے رحم و کرم پر جینے والا. ۳. غریب، مفلس، نادار نیز بھکاری، فقیر، منگتا. ۴. ناقص الخلقت، وہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص آ گیا ہو؛ جیسے: لنگڑا، لولا، اندھا. ۵. پابند، وابستہ، منحصر، موقوف. [ع].

محتاج الیہ صف: امذ. وہ (شخص) جس کا کوئی دست نگر ہو؛ وہ چیز جس کا کوئی خواہاں ہو.

محتاج خانہ امذ. وہ جگہ جہاں غریب لاوارث اور معذور رکھے جاتے ہیں، غریب خانہ، وہ مکان جہاں غریب پرورش پائیں.

محتاج کرنا ف مر: محاورہ. غریب کرنا، مفلس بنانا نیز کسی عضو سے بے کار کر دینا.

محتاج ہونا محاورہ. ۱. حاجت مند ہونا، ضرورت مند ہونا. ۲. دست نگر ہونا، غریب ہونا. ۳. اپاہج ہونا، کونڈا ہونا. ۴. کنگال یا تنگ دست ہونا. ۵. طلب گار ہونا. ۶. پابند ہونا، وابستہ ہونا.

مُحْتاجگی (ضم ج م، سک ح، ج) امث.
۱. ضرورت، حاجت، احتیاج، دست نگر ہونا. ۲. غربت، افلاس، تنگ دستی، محتاج ہونا.

مُحْتاجی (ضم ج م، سک ح) امث.
۱. ضرورت، حاجت، احتیاج. ۲. افلاس، مفلسی، غربت، غریبی، تنگ دستی. ۳. ناچاری، مجبوری. ۴. دست نگری، دوسرے کا ہاتھ تکنا.

مُحْتاط (ضم ج م، سک ح) صف.
۱. وہ جو بہت احتیاط برتے، احتیاط کرنے یا رکھنے والا، ہوشیار. ۲. احتیاط کیا ہوا، احتیاط سے کیا ہوا. [ع].

محتاط انداز میں م ف. احتیاط سے، محتاط ہو کر.

محتاط روی امث. احتیاط سے چلنا، سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا، احتیاط ہوشیاری.

محتاط رویہ امذ. احتیاط کا طرز عمل یا برتاؤ، محتاط طریقہ.

محتاط رہنا ف مر: محاورہ. احتیاط سے کام لینا، محتاط طریقہ استعمال کرنا.

مُحْتال (ضم ج م، سک ح) صف: امذ.
۱. حیلہ گر، مکار، دغا باز، فریبی، مکر و حیلہ کرنے والا. ۲. (قانون) وہ شخص جو کسی شخص کے مطالبے کی ذمے داری اپنے سر لے.

مُحْتَذِر (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس ذ) صف.
محتاط، ہوشیار.

مُحْتَرِز (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس ر) صف: امذ.
اپنے تئیں بچانے والا، پرہیز کرنے والا، احتراز کرنے والا، بچنے والا، محتاط رہنے والا.

محترز ہونا ف مر: محاورہ. احتراز برتنا، بچنا، اجتناب کرنا.

مُحْتَرِف (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس ر) صف.
اہل حرفہ، پیشہ ور.

مُحْتَرَم (ضم ج م، سک ح، فت ت، ر) صف.
وہ جس کی عزت کی گئی ہو، وہ جس کی عزت کی جائے، احترام کیا گیا، قابل تعظیم، معزز، بزرگوار، لائق تعظیم و تکریم، حرمت کیا گیا صاحب احترام.

محترم ہونا ف مر: محاورہ. قابل احترام ہونا، باوقار ہونا.

مُحْتَرِم (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس ر) صف.
وہ جو اپنی عزت قائم رکھے. [ع].

مُحْتَرَمَہ (ضم ج م، سک ح، فت ت، فت خف نیز سک ر، فت م) صف مث.
۱. محترم کی تانیث، قابل احترام (شے). ۲. قابل احترام، معزز (خاتون).

مُحْتَرَمی (ضم ج م، سک ح، فت ت، فت خف نیز سک ر) امذ.
میرے محترم، مکرمی (عموماً خط میں مخاطب کے لیے احتراماً لکھا جاتا ہے).

مُحْتَسِب (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس س) امذ.
۱. حساب لینے والا، احتساب کرنے والا. ۲. وہ حاکم جو خلاف شرع

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

خلاف قانون باتوں (عموماً شراب نوشی اور قمار بازی وغیرہ) کی باز پرس کرے؛ مفتی، قاضی، شیخ، مجسٹریٹ، کوتوال. ۳. بازار میں ناپ تول پر نظر رکھنے والا شخص، جانچ کرنے والا افسر.

محتسب اعلیٰ اند. سب سے بڑا محتسب؛ (جدید) وہ اعلیٰ عہدے دار جو سرکاری اداروں اور اہل کاروں کے خلاف لوگوں کی شکایات کی تحقیقات کے لیے مقرر ہو.

محتسب شہر اند. قاضی شہر، کوتوال.

مُحْتَسِبانَہ (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس س، فت ن) صف؛ م ف.
محتسب کی مانند، روک ٹوک کرتے ہوئے؛ حساب کتاب والا، محاسبے والا، احتساب کا.

مُحْتَشِم (ضم ج م، سک ح، فت ت، فت نیز کس ش) صف.
احتشام رکھنے والا، جاہ و جلال والا، لاؤ لشکر والا، بہت سے نوکروں والا، دولت مند، صاحب حشم و خدم، امیر، رئیس.

مُحْتَضَر (ضم ج م، سک ح، فت ت، ض) صف.
قریب المرگ، جو مرنے کے قریب ہو. [ع].

مُحْتَقَر (ضم ج م، سک ح، فت ت، ق) صف.
محقر، حقیر، ذلیل، کم حیثیت.. [ع].

مُحْتَکِر (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس ک) صف.
وہ غلہ فروش جو غلے کو گرانی کی اُمید پر بند رکھے، ذخیرہ اندوز.

مُحْتَمَل (ضم ج م، سک ح، فت ت، م) صف.
گمان کیا گیا، احتمال کیا گیا، ظنی، مشتبہ، قیاس کیا ہوا، جس میں شک ہو، مشکوک، امکانی، ممکنہ. [ع].

مُحْتَمِل (ضم ج م، سک ح، فت ت، کس م) صف؛ اند.
بوجھ اٹھانے والا؛ جو ذمہ داری لے؛ قیدی کو خریدنے والا؛ صابر، برداشت کرنے والا؛ لائق، موزوں؛ گنجائش رکھنے والا؛ جس کی امید ہو، ممکن. [ع].

مُحَجَّر (ضم ج م، فت ح، شد ج بفت) صف؛ اند.
پتھر سے بنایا ہوا، پتھر کا بنا ہوا؛ جالی دار دیوار، چاردیواری، احاطہ، جنگلہ (خصوصاً) احاطہ قبر. [ع].

مَحْجُوب (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
۱.(i) جو حجاب میں ہو، مخفی، پنہاں، چھپا ہوا، پردے میں (ii). (مجازاً) پردہ نشیں، برقع پوش. ۲. وہ جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو یا کم حصہ پائے. ۳. اپنے کیے پر شرمندہ، پشیمان، خجل، منفعل نادم، جھینپا ہوا، جھجکا ہوا. ۴. نابینا، وہ جو پیدائشی اندھا ہو؛ وہ جسے داخل ہونے کی ممانعت ہو. ۵. (تصوّف) وہ شخص جو خدا سے بالکل غافل ہو، یادالٰہی سے غفلت برتنے والا. [ع].

محجوب کرنا ف مر؛ محاورہ. نادم یا شرمندہ کرنا، شرم سار کرنا.

محجوب ہونا ف مر؛ محاورہ. محجوب کرنا کا لازم، شرمندہ ہونا، شرم سار یا نادم ہونا.

مَحْجُور (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
روکا ہوا، منع کیا ہوا، حرام، ممنوع؛ (فقہ) جس کے تصرف قولی کا نفاذ ممنوع ہو. [ع].

مُحَدَّب (ضم م، فت ح، شد د بفت) (الف) صف.
بیچ میں سے اُبھرا ہوا، اُبھرواں، قبہ دار، گنبدنما، ماہی پشت، مرغ سینہ مقعر کا نقیض. (ب) اند. (تشریح) کسی عضو کا وہ حصہ جو اُوپر کو اُبھرا ہوا ہو. [ع].

محدب شیشہ/عدسہ اند. (طبیعیات) بیچ میں سے اُبھرا ہوا گول شیشہ جس میں سے چیزیں بڑی اور صاف نظر آتی ہیں، اگر اسے سورج کے سامنے کیا جائے تو سورج کی کرنیں اس میں سے گزر کر ایک مرکز پر جمع ہو جاتی ہیں اور اگر وہاں کوئی نازک جلنے والی چیز رکھی ہوئی ہو تو فوراً جل اُٹھتی ہے، آتشی شیشہ.

مُحَدِّث (ضم م، فت ح، کس د بشد) صف؛ اند.
۱. ایجاد کرنے والا، اختراع کنندہ؛ (فقہ) حدیث کا علم جاننے والا احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راوی یا عالم، فقیہ. ۲. خبر دینے والا، بیان کرنے والا، خبر رساں. [ع].

مُحْدِث (ضم م، سک ح، کس د) صف؛ اند.
معدوم ہونے کے بعد موجود کرنے والا، نیا پیدا کرنے والا، نئی چیز نئی بات پیدا کرنے والا، مبدع. [ع].

مُحَدِّثَہ (ضم م، فت ح، شد د بکس، فت ث) امث.
محدث کی تانیث، علم حدیث کی ماہر.

مُحَدِّثِین (ضم م، فت ح، شد د بکس، ی مع) اند: ج.
محدث کی جمع، علم حدیث کے جاننے والے یا ماہر لوگ، ماہرین علم حدیث.

مَحْدُود (فت نیز م، سک ح، و مع) (الف) صف.
ا. رُکا ہوا، حد بندی کیا گیا، احاطہ کیا گیا؛ (مجازاً) محصور، مقید، گھرا ہوا، پابند .۲. مقرر کردہ، مقررہ، معیّنہ. (ب) اند. (شاعری) وہ قصیدہ جس میں تمہید کے بغیر مدح شروع ہو جائے. [ع].

محدود تر صف. کم سے کم زیادہ محدود.

محدود کرنا محاورہ. حد باندھنا، حدبندی کرنا، احاطہ بندی کرنا، روکنا.

محدود ہونا محاورہ. محدود کرنا کا لازم، محصور ہونا، پابند ہونا، رکا ہوا ہونا، حد میں ہونا، آگے نہ بڑھنا.

مَحْذُور (فت نیز م، سک ح، و مع) اند.
جس سے اجتناب یا پرہیز کیا جائے. [ع].

مَحْذُوف (فت نیز م، سک ح، و مع) (الف) صف.
ا. حذف کیا گیا، خارج کیا گیا، گرایا گیا؛ وہ (لفظ یا حرف) جو گرا دیا گیا ہو .۲. جو ظاہر نہ ہو، مقدر. (ب) اند. (عروض) وہ رکن جس کے سبب خفیف یا دو حرف گرا دیے جائیں جیسے فعولن سے فعل. [ع].

مِحْراب (کس نیز م، سک ح) امث.
ا. (i) (عموماً) مسجد میں وہ قوس یا کمان نما قبلہ رُخ جگہ جہاں منبر کے ساتھ امام کھڑے ہو کر نماز پڑھاتا ہے. (ii) قوس یا کمان کی شکل کی کوئی چیز نیز قوس، کمان .۲. طاق، طاقچہ، گول دروازہ .۳. (معماری) دروازے کی اُوپری چوکھٹ اور محراب کے بیچ کی جگہ نیز روکار کی تکونی لوح .۴. کلام مجید جو حافظ تراویح میں پڑھتا ہے (عموماً سنتا سنانا کے ساتھ مستعمل) تراویح میں قرآن مجید کی قرأت .۵. کمرے میں سب سے اونچی یا خاص بیٹھنے کی جگہ؛ وہ جگہ جہاں بادشاہ یا بڑے آدمی بیٹھتے ہیں. [ع].

محراب ابرو امث. (مجازاً) محبوب کے ابرو (شعراً ابروئے معشوق کو قوس نما ہونے کی وجہ سے محراب سے تشبیہ دیتے ہیں).

محراب دار صف. کمان کے مانند، قوس نما، گول، گنٹی دار.

محراب نُما اند. محراب کی شکل کا، قوس نما.

مِحْرابی (کس نیز م، سک ح) (الف) صف.
ا. محراب سے منسوب یا متعلق، محراب دار، محراب والا، قوس نما، محراب کے مانند .۲. محراب کی شکل میں کٹی ہوئی (ڈاڑھی) .۳. مسجد سے منسوب یا متعلق، عبادت کا؛ محترم و معظم. (ب) امث. ایک قسم کی تلوار جو خم دار ہوتی ہے.

مُحَرَّر (ضم م، فت ح، شد ر بفت) صف.
ا. جسے آزاد کیا گیا ہو، آزاد، حُر .۲. لکھا ہوا، تحریر شدہ، مرقوم. [ع].

مُحَرِّر (ضم م، فت ح، شد ر بکس) صف: اند.
ا. تحریر کرنے والا، لکھنے والا، کاتب، نویسندہ، راقم، منشی .۲. (i) (ایک عہدہ) منشی، کلرک. (ii) تھانے میں رپورٹوں کا اندراج کرنے والا متفرق کام اور اشیا کو رجسٹر میں درج کرنے کی خدمت انجام دینے والا، پولیس والوں کی آمد و روانگی لکھنے والا. (iii) وکیل کے ساتھ کام کرنے والا منشی، کچہری کے متفرق کام کرنے والا، فائلوں کو درست کرنے اور ترتیب دینے والا، پیش کار. [ع].

مُحَرَّف (ضم م، فت ح، شد ر بفت) صف.
ا. ٹیڑھا، کجی والا، ترچھا، الٹا؛ مقام سے ہٹا ہوا .۲. جس میں تحریف کی گئی ہو، پھیرا گیا، راستی سے پھرا ہوا .۳. (قواعد) شکل بدلا ہوا بدلا ہوا، خراب کیا گیا (حرف، زبان وغیرہ) .۴. (اخلاقیات) راستے سے ہٹی ہوئی طبیعت جس میں رذیل صفتوں کی خواہش رغبت غالب ہو. [ع].

مُحَرِّف (ضم م، فت ح، شد ر بکس) صف: اند.
بدلنے والا، تحریف کرنے والا؛ (مجازاً) جو مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنائے. [ع].

محرف نویس اند. (محرری) ترچھے خط کی قلم سے محرف لکھنے والا لکھیا. [ف].

مُحَرَّفَہ (ضم م، فت ح، شد ر بفت، فت ف) (الف) صف.
ا. تحریف کیا گیا، جس میں تحریف کی گئی ہو. (ب) اند. وہ ٹیکس جو

تجارت اور دیگر پیشوں پر یا کاری گروں پر یا اُن کے اوزاروں یا مال پر یا گھروں پر لگایا جائے.

مُحَرِّق (ضم م، فت ح، شد ر بکس) (الف) امذ.
جلنے والا؛ تیز (بخار). (ب) امذ. آگ لگانے والا، وہ شخص جو آتش زدگی کا مرتکب ہو. [ع].

مُحْرِق (ضم م، سک ح، کس ر) (الف) صف.
ا. (مجازاً) جلانے والا؛ بھڑکانے والا، اشتعال انگیز؛ جلتا ہوا، خاکستر کرنے والا؛ حرارت پہنچانے والا. ۲. (مجازاً) تیز صفراوی بخار. (ب) امذ. (طب) وہ دوا جو اپنی حرارت اور نفوذ کی قوت سے عضو کی رطوبتوں کو بخار بنا کر اڑا دے اور اخلاط سوختہ کو بطور خاکستر تہ نشین کر دے. [ع].

مُحْرِقَہ (ضم م، سک ح، کس ر، فت ق) صف؛ امذ.
ا. جلا دینے والا؛ (مجازاً) نہایت گرم، دہکا ہوا. ۲. (طب) ایک قسم کا بخار جس میں ایک مخصوص جرثومے سے آنتوں میں سوزش اور ورم آجاتا ہے، یہ ایک خاص میعاد تک رہتا ہے اگر مہلک ثابت نہ ہو تو میعاد پوری ہونے کے بعد خود بخود اُتر جاتا ہے، تپ محرقہ. ۳. ایک قسم کے پانسے کا نام.

مُحَرِّک (ضم م، فت ح، شد ر بکس) صف.
ا. ہلانے والا، جنبش دینے والا، تحریک کرنے والا، حرکت دینے والا. ۲. اُکسانے والا، اُبھارنے والا، باعث، بہکانے والا. ۳. نفسانی خواہش کو اُبھارنے والا، جنسی ترغیب دینے والا. [ع].

محرک اولین امذ. اول محرک، اصل محرک؛ مراد: اللہ تعالیٰ.

محرک بننا ف مر؛ محاورہ. تحریک دینے کا سبب بننا، محرک ہونا.

محرک عمل امذ. عمل کی ترغیب دینے والا، عمل کے لیے آمادہ کرنے والا

محرک کرنا ف مر؛ محاورہ. حرکت دینا، جنبش دینا، ترغیب دینا.

مُحَرِّکانَہ (ضم م، فت ح، شد ر بکس، فت ن) صف؛ م ف.
اُبھارنے والا، ترغیب دلانے والا؛ تحریک کے ساتھ، تحریک کے لیے.

مُحَرِّکات (ضم م، فت ح، شد ر بکس) امذ؛ ج.
تحریک دینے یا اُبھارنے والے اُمور یا واقعات، مہیجات، وجوہات، اسباب. [محرکہ کی جمع].

مُحَرِّکَہ (ضم م، فت ح، شد ر بکس، فت ک) (الف) صف؛ مؤنث.
محرک، حرکت دینے والا. (ب) امث. (طب) قوت نفسانی کی ایک قسم جو اعضا کو حرکت دیتی ہے.

مَحْرَم (فت م، سک ح، فت ر) (الف) صف؛ امذ.
ا. حرام کیا گیا، ممنوع. ۲. وہ مرد جس سے شادی جائز نہ ہو جیسے باپ، بھائی، چچا، تایا، نانا، دادا وغیرہ، وہ شخص جس سے پردہ جائز نہ ہو جیسے: خاوند. ۳. ہم راز، راز دار، واقف، روشناس، صورت آشنا. (ب) امث. انگیا کی کٹوری، انگیا، عورتوں کا سینہ بند، چھوٹا کپڑا. [ع].

محرم اَسرار / راز صف؛ امذ. راز داں، ہم راز، بھید جاننے والا، راز دار دوست، دلی دوست.

محرم کار صف؛ امذ. ا. کسی کے کام سے واقف؛ (مجازاً) شریک کار، کام کرنے والا، کام میں ہاتھ بٹانے والا.

محرم ہونا محاورہ. واقف ہونا، جاننا؛ رازداں ہونا.

مُحْرِم (ضم م، سک ح، کس ر) صف؛ امذ.
احرام باندھنے والا، جو احرام باندھے ہوئے ہو، جس کے لیے بعض افعال ممنوع ہوں کیونکہ وہ احرام باندھے ہوئے ہونے کی حالت میں ہے اور جو خود بھی عبادت وغیرہ میں مشغول ہو. [ع].

مُحَرَّم (ضم م، فت ح، شد ر بفت) (الف) صف.
حرام کیا ہوا، حرام کیا گیا، ممنوع. (ب) امذ. ا. قمری یا اسلامی سال کا پہلا مہینہ، وہ مہینہ جس میں امام حسینؓ شہید ہوئے؛ (مجازاً) غم و الم کا مہینہ. ۲. خانہ کعبہ کی چاردیواری. [ع].

محرم الحرام امذ. احترام والا، محترم؛ مراد: محرم.

محرم کی پیدائش امث. وہ شخص جو ماہ محرم یعنی غم و الم کے مہینے میں پیدا ہوا ہو؛ (مجازاً) وہ شخص جو ہمیشہ رنجیدہ اور اُداس دکھائی دے، روتی صورت، ماتمی شکل والا.

محرم منانا محاورہ. محرم میں ماتم کرنا، سوگ منانا.

مُحَرِّم (ضم م، فت ح، شد ر بکس) صف.
کسی چیز کو حرام قرار دینے والا، کسی چیز سے منع کرنے والا. [ع].

مَخْرَمات (فت ج م، سک خ، فت ر) است.
۱. ایک قسم کا کپڑا جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں، گوٹے گوکھرو، لہریا اور ستارے سے مرصع کپڑا، ایک ریشمیں کپڑا؛ وہ کپڑا جس پر اوّل سے اخیر تک گوٹے کا پشت ماہی جال بنا ہوا اور گوکھرو، لہریا، سلما ستارا وغیرہ لگا ہوا ہو. ۲. پشمینے کی ایک قسم. [ع].

مُحَرَّمات (ضم م، فت ح، شد ر بفت) است نیز اند، ج.
۱. حرام چیزیں، ممنوع اشیا یا کام، وہ باتیں جن سے روکا گیا ہو. ۲. وہ عورتیں جن کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے.

محرمات شرعی/شرعیہ است؛ ج.
وہ چیزیں جنھیں شریعت میں حرام قرار دیا گیا ہو.

مَخْرَماتی (فت ج م، سک خ، فت ر) صف.
مخرمات کا بنا ہوا، ریشمی کپڑے کا.

مَحْرَمان (فت ج م، سک ح، فت ر) صف؛ اند؛ ج.
محرم کی جمع، جاننے والے، واقف کار لوگ، تراکیب میں مستعمل: جیسے: محرمان اسرار، محرمان راز وغیرہ.

مَحْرَمانہ (فت ج م، سک ح، فت ر، ن) صف؛ م ف.
راز والا، رازدارانہ، واقف کارانہ، رازداں کی طرح.

مُحَرَّمی (ضم م، فت ح، شد ر بفت) صف.
محرم والا، سوگ والا، محرم کا، سیاہ رنگ والا (ماتمی لباس).

مَحْرُور (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
گرم نیز گرم مزاج والا، خشم ناک؛ بخار میں مبتلا.

مَحْرُوس (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
۱. حراست میں لیا گیا، زیر نگرانی. ۲. نگہبانی کیا گیا، حفاظت کیا گیا، محفوظ، دیکھ بھال کیا ہوا، نگہ داشت کیا ہوا. [ع].

مَحْرُوسات (فت ج م، سک ح، و مع) اند؛ ج.
زیر حفاظت علاقے، ماتحت علاقے.

مَحْرُوسہ (فت ج م، سک ح، و مع، فت س) (الف) صف.
جس کی نگہبانی کی جائے، ماتحت کیا گیا، وہ (ملک) جو کسی بادشاہ کے زیر حفاظت ہو، ماتحت، زیر حفاظت (جیسے ممالک محروسہ).
(ب) اند. محفوظ جگہ، قلعہ بند جگہ، قلعہ یا شہر کی محافظ فوج.

مَحْرُوم (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
۱. حرام کیا گیا، باز رکھا گیا، منع کیا گیا، ممنوع، روکا گیا. ۲. (شاذ) پاک، معصوم، بے گناہ. ۳. بے بہرہ، نامراد، ناکام نیز مایوس ناأمید، بے نصیب، بدبخت، ابھاگی. ۴. انکار یا منع کیا ہوا، نامنظور کردہ (تحفہ، کامیابی وغیرہ)؛ خارج کیا گیا، باہر کیا ہوا (حمایت وغیرہ سے) جسے لوٹا گیا ہو. جس سے زندگی کا سہارا چھینا گیا ہو؛ بدقسمت بدنصیب؛ غریب، محتاج؛ جو کچھ کمانے کے قابل نہ ہو. [ع].

محروم رکھنا محاورہ. بے بہرہ رکھنا، مایوس رکھنا، ناامید کرنا نیز رکھنا، روک رکھنا، ناکام رکھنا، حق نہ دینا.

محروم رہنا محاورہ. ناکام رہنا، مطلب حاصل نہ ہونا، فائدہ نہ اُٹھا سکنا، خالی رہنا، ناامید رہ جانا.

محروم کر دینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. حق مار لینا، حق نہ دینا؛ کسی کام سے روکنا، باز رکھنا.

محروم ہو جانا/ہونا ف مر؛ محاورہ. کچھ نہ ملنا، نامراد ہونا، حق نہ ملنا کسی کام سے باز رہنا.

مَحْرُومی (فت ج م، سک ح، و مع) است.
محروم رہنے کی حالت، نامرادی، بدنصیبی، ناأمیدی، مایوسی، ناکامی.

محرومی قسمت است. قسمت سے محرومی، بدنصیبی، بدقسمتی.

مَحْرُومِیَّت (فت ج م، سک ح، و مع، کس م، شد ی بفت) است.
محروم ہونا، محروم رہ جانا، محرومی، ناأمیدی، مایوسی.

مَحْزُون (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
جسے رنج پہنچا ہو، غمگین، رنجیدہ، آزردہ، مغموم. [ع].

مَحْزُونِیَّت (فت ج م، سک ح، و مع، کس ن، شد ی مع بفت نیز بلا شد) است.
محزوں ہونا، محزونی، غم گینی، مغمومی.

مُحْسِن (ضم م، سک ح، کس س) صف.
۱. احسان کرنے والا، بھلائی کرنے والا؛ سخی، فیاض. ۲. مربی سرپرست، مدد کرنے والا. [ع].

محسن اعظم (الف) صف. سب سے بڑا احسان کرنے والا. (ب)

اند. انسانیت پر احسانات کی رو سے آپ کے اسمائے صفاتی میں شامل، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لقب.

محسن کش صف: اند. وہ جو اپنے محسن کے ساتھ برائی یا دشمنی کرے، ناشکر گزار، ناشکرا، ناسپاس؛ احسان فراموش شخص.

مُحَسِّن (ضم م، فت ح، شد س بکس) اند.
تعریف کرنے والا؛ (طب) وہ چیز جو حسن کو بڑھائے جیسے غازہ اور اُبٹن وغیرہ. [ع].

مُحْسَنات (ضم مج م، سک ح، فت س) امث: ج.
نیکیاں، بھلائیاں، خوبیاں؛ عمدہ چیزیں یا باتیں.

مُحْسَنَہ (ضم م، سک ح، فت س، ن) صف.
نیک، خوب، عمدہ، نیکی والا، خوبی والا. [ع].

مُحْسِنَہ (ضم م، سک ح، کس س، فت ن) صف مث نیز امث.
احسان کرنے والی؛ نیکی کرنے والی عورت، نیک عورت.

مُحْسِنِین (ضم م، سک ح، کس س، ی مع) صف: اند. ج.
احسان کرنے والے؛ سرپرست اور مربی لوگ.

مَحْسُوب (فت مج م، سک ح، و مع) صف.
ا. کسی حساب یا شمار میں لایا ہوا، شمار کیا گیا، گنا گیا، گنا ہوا ۲. حساب میں لگا لیا گیا، وضع کیا گیا، مجرا کیا گیا. [ع].

مَحْسُود (فت مج م، سک ح، و مع) صف.
جس کے ساتھ حسد کیا جائے، جس سے حسد کیا گیا ہو. [ع].

مَحْسُوس (فت مج م، سک ح، و مع) صف.
وہ جو حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے معلوم ہو، حس کے ذریعے ادراک کیا گیا، معلوم، آشکارا، ظاہر. [ع].

محسوس کرنا ف مر: محاورہ. احساس کرنا، حواس سے جاننا.

محسوس ہونا ف مر: محاورہ. محسوس کرنا کا لازم.

مَحْسُوسات (فت مج م، سک ح، و مع) اند: امث: ج.
وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں، وہ اشیا جو حواس کے ذریعے معلوم ہو سکیں.

مُحَشّا (ضم م، فت ح، شد ش) صف: ← محشی.
دیکھیے: مُحشّٰی.

مَحْشَر (فت مج م، سک ح، فت ش) اند.
ا. وہ میدان جہاں قیامت برپا ہوگی، قیامت کے دن لوگوں کے اُٹھ کر جمع ہونے کی جگہ؛ (مجازاً) روز قیامت، حشر. ۲. (مجازاً) وہ جگہ جہاں بہت سے لوگ جمع ہوں، ہجوم کی جگہ. ۳. بڑا ہنگامہ، شور و غوغا، ہلچل، آشوب. [ع].

محشر اُٹھانا محاورہ. حشر اُٹھانا، ہنگامہ برپا کرنا، قیامت جیسا منظر پیش کرنا، قیامت برپا کرنا.

محشر بپا رکھنا محاورہ. ہنگامہ برپا رکھنا، ہلچل مچائے رکھنا، شورش برپا رکھنا.

محشر بپا/برپا ہو جانا/ہونا محاورہ. حشر بپا ہونا، قیامت برپا ہونا، ہنگامہ ہونا، شورش مچنا.

محشر خیال اند. ا. خیالات کی شورش یا ہجوم کی جگہ، خیالات کے اکٹھا ہونے کی جگہ. ۲. (مجازاً) دماغ.

محشر کی گھڑی امث. قیامت کا وقت، قیامت خیز وقت.

محشر میں م ف. قیامت کے دن، حشر کے روز.

محشر ہونا محاورہ. ا. حشر برپا ہونا، قیامت جیسا ہنگامہ پیدا ہونا، شورش و ہلچل ہونا ۲. حشر ہونا، انجام ہونا.

مَحْشُور (فت مج م، سک ح، و مع) صف.
ا. جمع کیا گیا، قیامت کے میدان میں یا قیامت کے دن جمع کیا گیا، میدان حشر میں اٹھایا گیا، حشر کیا گیا، مرنے کے بعد زندہ کیا گیا. ۲. (مجازاً) حشر زدہ، مصیبت میں مبتلا. [ع].

مُحَشّٰی (ضم م، فت ح، شد ش، الف ی) صف.
جس کے متن کے کنارے یا نیچے حاشیے لکھے گئے ہوں یا مزیّن کے گئے ہوں، حاشیہ چڑھایا ہوا؛ حاشیہ لکھا ہوا، حاشیے پر شرح لکھا ہوا، جس کے حاشیے پر تشریحین درج ہوں. [ع].

مُحَشّی (ضم م، فت ح، شد ش) صف.
ا. حاشیہ لکھنے والا، حاشیہ نگار. ۲. وہ جو کپڑے پر جھالر یا لیس لگائے. [ع].

مُحَصِّل (ضم م، فت ح، شد ص بکس) صف.
ا. حاصل کرنے والا، تحصیل کرنے والا، طالب علم ۲. محصول وصول کرنے والا، کرایہ یا ٹیکس جمع یا وصول کرنے والا، تحصیل کا سپاہی، تحصیل دار.

۳. ٹیلی فون کا ریسیور جس میں سے آواز سنائی دیتی ہے، آواز گیر. ۴. برقی لہریں وصول کرنے والا آلہ (ایریل، انٹینا وغیرہ). [ع].

مُحْصَن (ضم ج م، سک ح، فت ص) صف.
۱. بیوی والا مرد، شادی شدہ مرد. ۲. جس کی حفاظت کی جائے، جسے بچایا جائے؛ جس کے گرد دیوار بنائی جائے؛ پاک دامن، نیک، پارسا. [ع].

مُحْصِن (ضم ج م، سک ح، کس ص) صف.
بچانے والا، حفاظت کرنے والا؛ پارسا، پاک دامن؛ وہ جو کسی کے گرد دیوار بنائے یا حفاظت کرے، محافظ، داروغہ. [ع].

مُحْصَنات (ضم ج م، سک ح، فت ص) امث: ج.
شوہردار عورتیں؛ نیک، پارسا یا عفیفہ بیبیاں.

مُحْصَنَہ (ضم ج م، سک ح، فت ص، ن) صف: امث.
شوہر دار عورت، وہ عورت جس کی شادی ہو گئی ہو، زنِ پارسا. [ع].

مُحْصَنِین (ضم ج م، سک ح، فت ص، ی مع) صف: ج.
محصن کی جمع، شادی شدہ مرد.

مَحْصُور (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
وہ جسے گھیرے میں لے لیا گیا ہو، گھِرا ہوا، گھیرے میں آیا ہوا، گھرا ہوا. [ع].

محصور ہونا ف مر: محاورہ. بند ہونا، حصار میں ہونا، محدود ہونا.

مَحْصُورِین (فت ج م، سک ح، و مع، ی مع) اند: ج.
گھرے ہوئے، قلعہ بند لوگ.

مَحْصُول (فت ج م، سک ح، و مع) (الف) صف.
پایا ہوا، حاصل کیا ہوا. (ب) اند. ۱. لگان، مال گزاری، خراج، ٹیکس. ۲. کرایہ، اُجرت، کام کا صلہ، معاوضہ، مزدوری. ۳. (کاشت کاری) آمدنی، حاصل، پیداوار. [ع].

محصول ادا کرنا ف مر. (کاشت کاری) ٹیکس دینا، لگان یا مال گزاری ادا کرنا.

محصول آمدنی اند. آمدنی پر لگایا جانے والا محصول یا لگان، انکم ٹیکس.

محصول دینا محاورہ. محصول یا لگان ادا کرنا، ٹیکس یا چنگی دینا.

محصول گزار اند. محصول ادا کرنے والا، ٹیکس دینے والا، ٹیکس گزار.

محصول لگانا محاورہ. ٹیکس عائد کرنا، چنگی یا محصول وصول کرنا.

مَحْصُولات (فت ج م، سک ح، و مع) اند: ج.
لگان، مال گزاریاں، محاصل، ٹیکسز.

مَحْصُولی (فت ج م، سک ح، و مع) (الف) امث.
(کاشت کاری) وہ زمین جس کی سرکار میں مال گزاری ادا کی جاتی ہے، خراجی. (ب) صف. ۱. محصول دینے یا لینے کے قابل، محصول ادا کرنے کا، جس پر لگان عاید کیا جا سکے.

مَحْض (فت ج م، سک ح) (الف) صف.
۱. خالص، نرا. ۲. مطلق. (ب) م ف. ۱. (حصر یا خصوصیت کے لیے مستعمل) فقط، صرف. ۲. بالکل، سراسر، تمام. [ع].

محض فقرہ بازی امث. صرف باتیں ہی باتیں، بالکل دھوکے بازی یا فریب.

مَحْضَر (فت ج م، سک ح، فت ض) (الف) اند.
۱. حاضر ہونے کی جگہ. ۲. وہ کاغذ جو قاضی کی مہر سے مزیّن کیا گیا ہو قبالہء شرعی، حکم نامہء شرعی. ۳. وہ نوشتہ جس پر کسی دعوے کے ثابت کرنے کے لیے لوگ اپنی مہریں لگائیں یا دستخط کریں، وہ کاغذ جس پر لوگ کسی بات کی شہادت لکھیں، عرض داشت. (ب) صف: م ف. روبرو، سامنے، حضور میں، بالمواجہ (فارسی میں اس معنی میں آیا ہے). [ع].

محضر خون اند. وہ محضر جس پر کسی کے واجب القتل ہونے کی تصدیق کی گئی ہو یا جس سے کسی کا قتل کیا جانا ثابت کیا جائے، خون کا شہادت نامہ.

محضر نامہ اند. معتبر لوگوں کی مہروں اور دستخطوں سے تصدیق کیا ہوا نوشتہ یا عرض داشت.

مَحْظُوظ (فت ج م، سک ح، و مع) صف.
۱. بہرہ مند، حصہ پانے والا صاحبِ نصیب. ۲. حصے سے ملنے والا، حاصل ہونے والا. ۳. خوش، مسرور، شاداں، لطف اندوز، جسے لطف حاصل ہو. [ع].

محظوظ کرنا محاورہ. ۱. لطف اندوز کرنا، خوش کرنا، مسرور کرنا. ۲. مزہ چکھانا،

خبر لینا، پٹائی کرنا.

محظوظ ہونا محاورہ. محظوظ کرنا کا لازم، حظ اُٹھانا، لطف اندوز ہونا؛ خوش ہونا.

مَحْفِل (فت مع م، سک ح، کس ف) امث.

۱. لوگوں کے ملنے یا جمع ہونے کی جگہ، آدمیوں کا مجمع، مجلس، انجمن، بزم، سبھا. ۲. ملنے یا جمع ہونے کا وقت، محفل رقص. [ع].

محفل آراستہ ہونا ف مر؛ محاورہ. محفل آراستہ کرنا (دیکھیے) کا لازم، جلسہ یا تقریب منعقد ہونا، جلسہ ہونا.

محفل آرائی امث. مجلس آراستہ کرنا، محفل سجانا، جلسہ منعقد کرنا، بزم آرائی.

محفل جمانا محاورہ. مجلس منعقد کرنا، مجلس گرم کرنا، محفل آراستہ کرنا.

محفل جمنا / جم جانا محاورہ. مجلس منعقد ہونا، محفل گرم ہونا، بزم سجنا.

محفل سجانا محاورہ. محفل آراستہ کرنا؛ جلسہ یا تقریب منعقد کرنا.

محفل سماع امث. ایسی محفل جس میں عارفانہ کلام گایا جائے، قوالی کا انعقاد.

محفل کرنا محاورہ. ۱. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ خیر کرنے اور سننے کے لیے لوگوں کو بلانا یا جمع کرنا. ۲. رقص و سرود کی تقریب میں لوگوں کو جمع کرنا، ناچ گانے کی محفل کرنا.

محفل کی جان امث. تقریب میں سب سے نمایاں حیثیت کا مالک، جلسہ کا روحِ رواں، محفل کی رونق. اف: بننا / رہنا / ہونا.

محفل کی رونق امث. محفل کی جان، لوگوں میں ہنسنے بولنے اور ملنے والا.

محفل میلاد امث. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کی محفل، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یوم پیدائش پر منعقد ہونے والی تقریب یا جلسہ.

مَحْفُوظ (فت مع م، سک ح، و مع) صف.

۱. (i) حفاظت کیا گیا، خطرے یا نقصان سے بچایا گیا، مامون. (ii) حفاظت سے یا سنبھال کر رکھا ہوا. (iii) (مجازاً) راسخ، درست، صحیح. ۲. وہ جو حافظے میں موجود رہے، حفظ، یاد. ۳. (مجازاً) مضبوط، مستحکم. ۴. کسی کے لیے مختص کیا ہوا، خاص طور پر مخصوص. [ف].

محفوظ ترین صف. جو خطرے اور نقصان سے بہت بچا ہوا ہو، بہت محفوظ.

محفوظ رکھنا ف مر؛ محاورہ. بچا کے رکھنا، ضرر یا نقصان وغیرہ سے بچانا.

محفوظ رکھے فقرہ. (دعائیہ کلمہ) امن میں رکھے، سلامت رکھے.

محفوظ ہونا ف مر؛ محاورہ. حفاظت میں ہونا، نقصان یا ضرر سے بچا ہوا ہونا.

مَحْفُوظات (فت مع م، سک ح، و مع) امذ؛ ج.

محفوظ کی ہوئی اشیا؛ حیوانات وغیرہ کی حفاظت کے لیے مختص کی ہوئی جگہیں.

مِحَفَّہ (کس م، فت ح، شد ف بفت) امذ.

لکڑی کا دو ستونی خیمہ جو سواری کے وقت دو اونٹوں پر باندھا جاتا ہے، محافہ، ڈولی، قفس. [ع].

مُحِق (ضم م، کس ح) صف.

۱. (i) جو استحقاق رکھتا ہو، حق دار، مستحق، حق رکھنے والا. (ii) حق پر عمل کرنے والا. ۲. یقینی طور پر جاننے والا؛ مقرر کرنے والا، قائم کرنے والا. [ع].

مُحَقَّر (ضم م، فت ح، شد ق بفت) صف.

۱. حقیر سمجھا گیا، ذلیل کیا گیا؛ حقیر، ذلیل، کم حیثیت. ۲. کم، تھوڑا، قلیل. [ع].

مُحَقَّق (ضم م، فت ح، شد ق بفت) (الف) صف.

تحقیق کیا گیا، دلیل سے ثابت کیا گیا، ثابت، یقینی. (ب) امذ. ابن مقلہ کے وضع کردہ خطوں میں سے ایک خط کا نام. [ع].

مُحَقِّق (ضم م، فت ح، شد ق بکس) صف؛ امذ.

تحقیق کرنے والا، کسی شے کی حقیقت دریافت کرنے والا، بات کو دلیل سے ثابت کرنے والا؛ (مجازاً) فلسفی، حکیم. [ع].

مُحَقِّقانہ (ضم م، فت ح، شد ق بکس، فت ن) صف؛ م ف.

محقق کی مانند؛ تحقیق پر مبنی، ازروئے تحقیق و صداقت، تحقیقی.

مُحَقِّقِین (ضم م، فت ح، شد ق بکس، ی مع) امذ؛ ج.

محقق کی جمع، تحقیق کرنے والے.

مِحْقَنَہ (کس م، سک ح، فت ق، ن) امذ.

(طب) حقنہ کرنے کا آلہ، دُبر یا مقعد میں پچکاری کرنے کا آلہ. [ع].

مِحَک (کس نیز فت م، فت ح) امث؛ امذ.

وہ پتھر جس پر سونا گھس کر اس کا کھرا کھوٹا معلوم کرتے ہیں، کسوٹی، عیار. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُحْکَم (ضم ح م، سک ح، فت ک) صف.
۱. پکا، پائدار، مضبوط، مستحکم؛ ثابت قدم. ۲. (قرآن مجید کی وہ آیت) جس کے معنی صریح ہوں، جس کا مطلب صاف ہو. [ع].

محکم اساس صف. جس کی بنیاد پائدار ہو، بہت مضبوط (عمارت وغیرہ).

محکم و مستحکم امذ. مضبوط، پکا، پائدار.

مُحْکِم (ضم ح م، سک ح، کس ک) صف.
مضبوط بنانے والا، استحکام بخشنے والا، پختہ کرنے والا. [ع].

مُحَکَّم (ضم ح م، سک ح، شد ک بفت) صف؛ امذ.
(فقہ) وہ جسے حکم بنایا گیا ہو، پنچ، حکم، ثالث. [ع].

مُحْکَمات (ضم ح م، سک ح، فت ک) امث؛ ج.
۱. قرآن مجید کی وہ آیتیں جن کے معنی صریح ہوں اور ان میں تاویل کی ضرورت نہ ہو. ۲. صاف و صریح امور یا باتیں.

مَحْکَمانَہ (فت ح م، سک ح، فت ک، م) صف؛ م ف.
محکمے جیسا، محکمے کا، دفتری، شعبہ جاتی، محکمہ جاتی.

مَحْکَمَہ (فت ح م، سک ح، فت ک، م) امذ.
۱. حکم کرنے کی جگہ، انصاف کرنے کی جگہ، کچہری، عدالت؛ دربار.
۲. سررشتہ، صیغہ، دفتر، شعبہ. [ع].

محکمۂ اوقاف امذ. (قانون) وہ محکمہ جو وقف جائدادوں اور عبادت گاہوں کا انتظام کرتا ہے؛ سرکاری افسروں کی جماعت جو اوقاف کی حفاظت کے واسطے مقرر ہو.

محکمۂ آبکاری امذ. وہ محکمہ جو ناجائز شراب کی کشید یا منشی اشیا کی تیاری کو روکنے کے لیے بنایا گیا ہے.

محکمۂ آثار قدیمہ امذ. وہ سرکاری محکمہ جو قدیم اور تاریخی اہمیت کی عمارتوں اور یادگاروں کی حفاظت، نگرانی اور کھدائی کا کام کرتا ہے.

محکمۂ برید امذ. ڈاک کا محکمہ، شعبۂ ترسیل ڈاک.

محکمۂ جات امذ؛ ج. محکمہ کی جمع، محکمے.

محکمۂ جاتی صف. محکمہ جات سے منسوب یا متعلق؛ محکمہ جات کا، محکماتی، محکمانہ.

محکمۂ خارجہ امذ. وزارت خارجہ کا تحتی محکمہ جو دوسرے ممالک سے تعلقات قائم کرتا ہے اور دیگر متعلقہ معاملات کی دیکھ بھال کرتا اور پالیساں بناتا ہے، محکمۂ خارجیہ.

محکمۂ داخلہ امذ. وزارت داخلہ کا تحتی محکمہ جو ملک کے اندرونی معاملات کا انتظام کرتا ہے اور امن و امان قائم کرتا ہے اور اندرونی مسائل سے نمٹتا ہے.

محکمۂ موسمیات امذ. حکومت کا موسم کے متعلق پیش گوئی کرنے والا ادارہ.

مَحْکُوم (فت ح م، سک ح، و مع) صف؛ امذ.
۱. حکم دیا یا کہا گیا؛ (مجازاً) زیر فرمان، ماتحت، تابع. ۲. (مجازاً) نوکر، غلام؛ رعیت، رعایا. ۳. (طب) زیر اثر، متعلق. [ع].

محکوم بنانا ف مر؛ محاورہ. غلام بنانا، مطیع کرنا.

محکوم بہ صف؛ امذ. (منطق و فلسفہ) جس کی وجہ سے حکم لگایا جائے.

محکوم علیہ صف مذ. ۱. (منطق و فلسفہ) وہ جس پر حکم لگایا جائے. ۲. (منطق) موضوع، مبتدا.

محکوم ہونا ف مر؛ محاورہ. مطیع و فرماں بردار ہونا، غلامی میں ہونا.

مَحْکُومانَہ (فت ح م، سک ح، و مع، فت ن) صف؛ م ف.
محکوموں کی طرح، غلاموں کی طرح، غلاموں جیسا، غلامانہ.

مَحْکُومی (فت ح م، سک ح، و مع) امث.
محکوم (رک) کا اسم کیفیت، غلامی.

مَحْکُومِیَّت (فت ح م، سک ح، و مع، کس م، فت ی نیز شد ی مع بفت) امث.
محکوم ہونا، محکومی، غلامی.

مَحَلّ (فت ح م، فت ح، سک نیز شد ل) امذ.
۱. اُترنے کی جگہ، مقام، منزل، ٹھہرنے کی جگہ، ٹھکانا. ۲. موقع، وقت، جگہ. ۳. بادشاہوں، راجاؤں یا نوابوں کا عالی شان مکان، ایوان، قصر نیز بادشاہوں وغیرہ کا زنانہ مکان، حرم. ۴. (i) (مجازاً) ملکہ، رانی، بیگم، کسی بڑے آدمی کی بیوی. (ii) ملکاؤں کے لقب میں بطور لاحقہ مستعمل، جیسے: ممتاز محل، زینت محل وغیرہ. ۵. (مجازاً) قدر و منزلت. [ع].

محل حوائج امذ. حاجتوں کی جگہ، احتیاج خانہ، ضرورتوں کی جگہ؛

(مجازاً) دنیا.

محل خاص اند. سب رانیوں یا بیگموں میں سے اہم یا چہیتی بیگم، بڑی رانی، ملکہ، سب بیگموں میں افضل و سردار.

محل دار اند؛ مث. محل کا پاسبان، محل کی حفاظت کرنے والا؛ والی؛ شاہی زمانے کا ایک عہدے دار جس کے ذمے محل کا انتظام اور حفاظت کا کام ہوتا تھا؛ خواجہ سرا، ملازم.

محل سرا مث: اند: ۱. بادشاہوں، نوابوں اور رئیسوں کا زنان خانہ، حرم سرا؛ محل. ۲. زنانہ مکان کی پاسبان، محل دار.

محل شاہی اند: ج. شاہی محلات، بادشاہوں کے قصر.

محل نظر اند. فکر و تامّل کا مقام، جائے اعتراض، جس میں اختلاف کی گنجائش ہو.

محل وقوع اند. واقع ہونے کی جگہ، وہ مقام جہاں کوئی شے واقع ہو، جائے وقوع کسی جگہ کا صحیح پتا یا نشانیاں.

محل ہونا محاورہ. ۱. موقع ہونا، وقت ہونا. ۲. بیاہ ہونا، شادی ہونا، بیوی بننا.

مُحِلّ (ضم م، کس ح، شد ل) صف.
۱. لائق تعزیر، سزا کے قابل. ۲. وہ جو جامۂ احرام اتار لے، احرام سے باہر آیا ہوا. [ع].

مَحَلّاً (فت نیز ضم م، فت ح، شد ل) اند: - محلّہ.
۱. فوج کے اترنے یا ٹھہرنے کی جگہ، پڑاؤ، کیمپ. ۲. مکانوں کے درمیان آمد و رفت کا مشترکہ راستہ، گلی کوچہ. [ع].

مَحَلّات (فت مج م، فت ح، شد ل) اند: ج.
۱. محل (قصر، ایوان یا دولت سرا) کی جمع، عالی شان عمارتیں. ۲. محل (ملکہ، رانی یا بیگم) کی جمع، بیگمات، رانیاں، ملکائیں. ۳. محلّہ (دیکھیے) کی جمع.

مَحَلّاتی (فت م، ح، شد ل) صف.
محلات سے متعلق یا منسوب، قصر، ایوان، محلوں کا، حکومتی (تراکیب میں مستعمل).

محلاتی سازش مث. وہ سازش یا منصوبہ جو اندرون خانہ بنایا جائے (بالعموم حصول اقتدار کے لیے).

مُحَلِّل (ضم م، فت ح، کس ل بہ شد) صف: اند.
۱. حل کر دینے والا، گلا دینے یا گھلا دینے والا، تحلیل کرنے والا، اخلاط غلیظہ و ریاح وغیرہ کو تحلیل کرنے والا (مرہم یا دوا وغیرہ). ۲. وہ (چیز) جس میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے، وہ دوا جو دوسری دوا کو حل کر دے. [ع].

مَحْلُول (فت مج م، سک ح، و مع) (الف) صف.
گھلا ہوا، حل کیا ہوا؛ مائع، رقیق. (ب) اند. دو یا دو سے زیادہ اشیا کا یکساں آمیزہ جو مائع کی صورت میں ہو. [ع].

مَحَلّہ (فت م، ح، شد ل بفت) اند.
۱. شہر کا کوئی حصہ، آبادی یا مکانات کا ایک مخصوص نامزد حصہ، پاڑہ، ٹولہ، بستی. ۲. خاکروب کا علاقہ. ۳. فوج کے اترنے یا ٹھہرنے کی جگہ، پڑاؤ، چھاؤنی، کیمپ، فرودگاہ، منزل، ٹھکانا. [ع].

محلہ دار صف: اند. ۱. (i) محلے والا؛ (مجازاً) محلے کا چودھری یا مکھیا، میر محلّہ، محلے کا بڑا آدمی. (ii) انگریزی شہروں میں میر بلدہ سے دوسرے درجے کا عہدہ دار. ۲. کسی محلے کا رہنے والا، ایک محلے کا رہنے والا، ہم محلّہ، جس کا گھر بار ہو.

محلہ داری مث. محلّہ دار ہونا، ایک محلے کے رہنے والوں کا باہمی تعلق.

مَحَلّی (فت م، ح، شد ل نیز بلا شد) (الف) اند.
۱. خواجہ سرا جو شاہی حرم سرا میں رہتا ہے اور خدمت نظارت پر مامور ہوتا ہے، ناظر، وہ نامرد یا مخنث آدمی جو بادشاہوں کے محلوں میں آنے جانے کا مجاز ہوتا ہے، خواجہ سرا. (ب) صف. محل کے متعلق.

مَحَلّے (فت نیز ضم م، فت ح، شد ل) اند: ج.
محلّہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

محلّے میں آئی برات، پڑوسن کو لگی گھبراہٹ کہاوت. بے وجہ یا خواہ مخواہ گھبراہٹ ظاہر کرنے کے موقعے پر بولتے ہیں نیز وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی غیر زیادہ خیر خواہی جتائے.

مُحَمَّم (ضم م، فت ح، شد م) صف.
۱. تپتی ہوئی (زمین). ۲. بخار کا سبب بننے والا، (پانی کو) گرم کرنے

والا ؛ حرارت کی زد میں آیا ہوا ، وبائی بخار میں مبتلا ، بخار کا ہدف بنا ہوا ، بخار میں مبتلا ؛ رشتے دار عزیز ، خون کا رشتہ رکھنے والا ۔ [ع] ۔

مُحَمَّد (ضم م ، فت ح ، شدم بفت) صف ؛ اند ۔

۱۔ بے حد تعریف والا ، حمد کیا گیا ، بہت تعریف کیا گیا ، نہایت سراہا گیا ؛ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ کا اسم گرامی (اسلامی ناموں کے ساتھ برکت کے لیے مستعمل) ۔۲۔ قرآن مجید کی ایک مدنی سورت کا نام جو خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی سے موسوم ہے ۔ [ع] ۔

محمد شاہی مث ۔ ایسی بادشاہت جس کی تعریف کی جاسکے ، بہت اچھی بادشاہت ۔

مُحَمَّد شاہی مہر ہے فقرہ ۔ بے کھوٹی ، سب عیبوں سے پاک ۔

مُحَمَّد عَرَبی اند ۔ مراد: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔

مُحَمَّد مُصطَفیٰ / مُصْطفےٰ اند ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لقب ۔

مُحَمَّدَن / مُحَمَّڈَن (ضم م ، فت ح ، شدم بکس فت د رڈ) اند ۔

مسلمانوں کے لیے اہل یورپ کا لفظ ، محمدی ، مسلم ، مسلمان ؛ تراکیب میں مستعمل ۔ [ع] ۔

مُحَمَّدی (ضم م ، فت ح ، شد بفت) صف مذ ۔

۱۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق یا منسوب ، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ، اسلامی ۔۲۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیرو ، مسلمان ۔۳۔ تاریخ جس کا آغاز سن عیسوی سے یعنی پانچ سو اکہتر سال بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارک سے کیا جاتا ہے ۔

مَحْمِل (فت ج م ، سک ح ، کس م) اند ؛ مث ۔

۱۔ ایک قسم کی ڈولی جو اونٹ پر باندھتے ہیں ، اونٹ کا ہودہ ، اونٹ پر کسی جانے والی کاٹھی ، چھتری دار کجاوہ جسے رحل بھی کہتے ہیں ۔ ۲۔ کسی معنی کے صادق آنے کا محل ، معنی ۔ [ع] ۔

محمل نشین صف ۔ محمل میں بیٹھنے والا ، عماری میں سوار ہونے والی ، (لیلیٰ) ؛ محبوب جس کی تلاش کی جاتی ہو ۔

مَحْمُود (فت ج م ، سک ح ، و مع) صف ؛ اند ۔

۱۔ سراہا گیا ، تعریف کیا گیا ، قابل تعریف ، لائق ستائش ، جس کی سب تعریف کریں ۔۲۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک صفاتی گرامی و خطاب ۔۳۔ (مجازاً) مقام محمود ۔ [ع] ۔

مَحْمُودَہ (فت ج م ، سک ح ، و مع ، فت د) صف مث ۔

تعریف کی گئی ، سراہی گئی ، لائق تعریف ، پسندیدہ ۔

مَحْمُول (فت ج م ، سک ح ، و مع) صف ۔

۱۔ جو لادا گیا ہو ، جو اٹھایا گیا ہو ، لدا ہوا ، اٹھایا ہوا ۔۲۔ خبریہ جملے کا جزو جو خبر کی تعریف میں آئے (منطق) وہ خبر جو موضوع یعنی مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے ۔۳۔ مبنی ہونا ، منحصر ہونا ۔

محمول علیہ صف ۔ جس پر قیاس کیا جائے ۔

محمول فیہ صف ۔ جس میں لادا گیا ہو ۔

محمول کرنا ف مر ؛ محاورہ ۔ منحصر کرنا ، قیاس کرنا ۔

مِحَن (کس م ، فت ح) امث ؛ ج ۔

بلائیں ، تکلیفیں ، مصیبتیں ۔ [ع] ۔

مِحْنَت (کس ج م ، سک ح ، فت ن) امث ؛ اند ۔

۱۔ دکھ ، رنج ، تکلیف ، زحمت ، پریشانی ۔۲۔ مشقت ، ریاضت ، سخت کوشش ، جان فشانی ، تن دہی ، سرگرمی ۔۳۔ کام کاج ، مزدوری ؛ دست کاری ۔۴۔ کام کی اُجرت ، روزینہ ۔ [ع] ۔

محنت اکارت جانا ف مر ؛ محاورہ ۔ محنت رائیگاں جانا ، محنت برباد ہو جانا ۔

محنت پر پانی پھیر دینا ف مر ؛ محاورہ ۔ محنت ضائع کر دینا ، کوشش مشقت برباد کر دینا ۔

محنت شاقہ امث ۔ سخت محنت ، نہایت مشقت ، دشوار کام ، سعی بلیغ ۔

محنت طلب صف ۔ (وہ کام) جس میں بہت مشقت کرنے کی ضرورت ہو ، دشوار ، مشکل ۔

محنت کرنا ف مر ؛ محاورہ ۔۱۔ بہت کوشش کرنا ، مشقت سے کام کرنا ، سعی بلیغ کرنا ۔۲۔ مزدوری کرنا ، محنت سے کام کرنا ۔۳۔ قلبہ رانی کرنا ، کاشت کرنا ، ہل چلانا ۔

محنت کش صف ؛ اند ۔ بہت محنت کرنے والا ، مزدور ، جفاکش ، محنتی ۔

محنت کو راحت ہے کہاوت ۔ محنت کرنے سے آرام ملتا ہے ، بغیر محنت ترقی نہیں ہوتی ۔

محنت مزدوری کرنا محاورہ. معاش کے لیے محنت کا کام کرنا، مزدور کا کام کرنا، بہت کوشش کرنا، مشقت کرنا، کام کاج کرنا.

مِحْنَتانَه (کس ج م، سک ح، ن، فت ن) اند.
۱. اُجرت، مزدوری، محنت کا معاوضہ. ۲. فیس، وکیل کی فیس؛ کمیشن. [ع].

مِحْنَتی (کس ج م، سک ح، فت ن) صف.
۱. محنت کرنے والا، کام میں مصروف رہنے والا. ۲. جفاکش، مزدور، کمیرا، قلی، محنت کش. ۳. محنت سے تعلق رکھنے والا، محنت کی طرف منسوب.

مَحْو (فت ج م، سک ح) صف.
۱. (i) مٹایا ہوا، چھیلا ہوا، کھرچا ہوا، دھویا ہوا، (حرف و نقش وغیرہ). (ii) مٹا ہوا، زائل، معدوم، ناپید. ۲. شیفتہ، فریفتہ، عاشق. ۳. گم، کھویا ہوا، غائب، حیران، کسی خیال یا کسی کے خیال میں گم، مستغرق. ۴. (تصوف) نابود ہونے اور عادات و اوصاف بشری کے زائل کرنے کو اور اپنے افعال فعل حق میں فنا کر دینے کو کہتے ہیں. [ع].

محو استراحت صف. آرام سے لیٹا ہوا، سویا ہوا، استراحت میں ہونا.

محو تماشا صف. تماشا دیکھنے میں منہمک یا مشغول؛ مصروف زندگی.

محو حیرت صف؛ م ف. حیرانی میں غرق، حیران، ششدر، متعجب.

محو رہنا محاورہ. مستغرق رہنا، ڈوبا رہنا.

محو ہو جانا/ہونا محاورہ. ۱. مٹنا، فنا ہونا، نیست و نابود ہونا. ۲. نہایت عاشق اور فریفتہ ہو جانا، متحیر ہو جانا، بھونچکا ہو جانا، بت ہو جانا، مبہوت ہو جانا، کچھ خبر نہ رہنا، گم صم ہونا.

مِحْوَر (کس ج م، سک ح، فت و) امث.
۱. وہ دھرا جس پر پہیا گھومتا ہے، کیلی جس کے گرد کوئی چیز گھومتی ہو؛ (مجازاً) مرکز. ۲. وہ فرضی خط جس کے گرد زمین گھومتی ہے اور جو زمین کے مرکز سے گزرتا ہے، اس کا ایک سرا قطب شمالی اور دوسرا سرا قطب جنوبی کہلاتا ہے اور دونوں کو قطبین کہتے ہیں. [ع].

محور پر گھومنا محاورہ. مرکز کے گرد چکر لگانا؛ (زمین کا) اپنے محور کے گرد چکر لگانا.

مُحَوَّل (ضم م، فت ح، شد و بفت) صف مذ.
۱. سپرد کیا گیا، وہ جو حوالے کیا گیا ہو، تفویض کیا گیا. ۲. تحویل کیا گیا، تبدیل کیا گیا، جس کی تحویل کی جائے. ۳. بدلا گیا، عطا کیا گیا. ۴. محول وہ شے ہے جو کسی عنصر یا مرکب کے سالمے میں برقی منفی جوہروں یا گروہوں کے تناسب کو گھٹا دے. [ع].

مُحَوِّل (ضم م، فت ح، شد و بکس) صف.
۱. حوالے کرنے والا، سپرد کرنے والا، سپردگی میں دینے والا. ۲. بدلنے والا، حال میں تغیر پیدا کرنے والا.

مُحَوَّلَه (ضم م، فت ح، شد و بفت، فت ل) صف.
جس کا حوالہ دیا گیا ہو.

مَحْوِیَّت (فت ج م، سک ح، کس و، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
گہری سوچ میں ہونا، محو ہونا، خیال میں گم ہونا، خود فراموشی؛ کسی کام میں منہمک ہونا. [ع].

مُحَیّ (ضم م، فت ح، شد ی) ف؛ اند؛ ← مُحیی.
۱. زندہ کرنے والا، جلانے والا. ۲. خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

محی الدین صف. دین کو زندہ کرنے والا؛ غوث اعظم، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا ایک لقب.

مُحَیَّر (ضم م، فت ح، شد ی بفت) صف.
جسے حیران کر دیا گیا ہو، حیرت زدہ. [ع].

مُحَیِّر (ضم م، فت ح، شد ی بکس) صف.
وہ جو حیران کر دے؛ حیران کرنے والا. [ع].

محیر العقول صف. عقلوں کو حیران کر دینے والا، حیرت انگیز، نہایت عجیب، نادر.

مُحِیط (ضم م، ی مع) (الف) صف.
گھیرنے والا، احاطہ کرنے والا، چھایا ہوا، گھیرے ہوئے، احاطہ کیے ہوئے. (ب) اند. ۱. (اقلیدس) دائرہ، دائرے کا دور، گھیرا، احاطہ. ۲. بڑا دریا، بحر بے کراں، زخار سمندر. ۳. چکر، گھیرا، احاطہ. ۴. پورے عالم پر چھایا ہوا؛ (مجازاً) خداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. ۵. آسمان جسے زمین اور سیاروں وغیرہ پر محیط خیال کیا جاتا تھا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

محیط ہونا ف مر: محاورہ. حاوی ہونا، غالب ہونا (ابر وغیرہ کا) چھانا.

مُحِیطی (ضم م، ی مع) صف. (الف) صف.
محیط سے منسوب یا متعلق، محیط کا، دائرے کا، محیط میں واقع، بیرونی حاشیے پر واقع، (تشریح) سطح سے نزدیک جلد سے قریب خصوصاً دورانِ خون یا نظام اعصاب کے تعلق سے. (ب) امث. محیط (دیکھیے) کا اسم کیفیت، محیط ہونا، انحصار ہونا.

مُخ (ضم م) امذ.
بھیجا، سر کا مغز، گودا، مقدم دماغ نیز کسی چیز کا خلاصہ یا جوہر. [ع].

مَخارِج (فت م، کس ر) امذ.
۱. (i) نکلنے کی جگہیں، خارج ہونے کی جگہیں، جڑ، نکاس. (ii) (تجوید) منھ اور حلق وغیرہ کے وہ حصے جہاں سے حروف ادا ہوتے ہیں. ۲. اخراجات (عموماً مداخل کے ساتھ مستعمل). [ع].

مَخازِن (فت م، کس ز) امذ.
۱. جمع کردہ ذخیرے، ذخیرے، خزانے، جمع کرنے کی جگہیں، مال خانے. ۲. اطلاع و ابلاغ کے وہ ذخیرے یا جگہیں جہاں خبریں یا معلومات جمع ہوتی ہیں.

مُخاصِم (ضم م، کس ص) صف.
مخالف، دشمن، خصومت رکھنے والا، جھگڑا کرنے والا. [ع].

مُخاصِمانَہ (ضم م، کس ص، فت ن) صف: م ف.
مخاصمت سے پُر، دشمن جیسا؛ دشمنی سے، مخالفانہ.

مُخاصَمَت (ضم م، فت ص، م) امث.
دشمنی، عداوت، خصومت، مخالفت، جھگڑا، بیر. [ع].

مُخاطَب (ضم م، فت ط) صف.
۱. وہ جس سے بات کی جائے یا کہی جائے، جس سے خطاب کیا جائے، خطاب کیا ہوا ۲. خطاب دیا گیا، ملقب، موسوم ۳. (قواعد) وہ ضمیر جو اس شخص کے لیے استعمال ہو جس سے بات کی جائے، ضمیر حاضر.

مُخاطِب (ضم م، کس ط) صف.
۱. کلام کرنے والا، کسی سے بات کرنے والا، سامنے بولنے والا، خطاب کرنے والا؛ متوجہ. ۲. عتاب کرنے والا، غصہ ہونے والا. [ع].

مخاطب کرنا ف مر: محاورہ. بات کرنا، خطاب کرنا، کلام کرنا.

مخاطب ہونا ف مر: محاورہ. خطاب کرنا، متوجہ ہونا.

مُخالِف (ضم م، کس ل) صف.
۱. دشمن، بَیری، عدو، مخالفت کرنے والا، ناموافق، برخلاف ۲. برعکس، برخلاف، اُلٹا. [ع].

مُخالِفانَہ (ضم م، کس ل، فت ن) صف: م ف.
۱. دشمنی پر مبنی، معاندانہ، مخالفت آمیز، مخالف کی طرح. ۲. برخلاف ناموافقانہ.

مُخالَفَت (ضم م، فت ل، ف) امث.
۱. دشمنی، عداوت، ضد، ہٹ، کشیدگی، تضاد. ۲. اختلاف، خلاف کرنا. [ع].

مُخالِفِین (ضم م، کس ل، ی مع) امذ: ج.
مخالف کی جمع، دشمنی یا عداوت رکھنے والے.

مُخْبِر (ضم م، سک خ، کس ب) صف.
۱. خبر دینے والا، اطلاع دینے والا. ۲. (i) جاسوس. (ii) خفیہ نویس رپورٹر. [ع].

مخبرِ صادق امذ. ۱. سچی خبر دینے والا؛ سچا پیغمبر؛ مراد: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم. ۲. حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا لقب.

مُخْبِری (ضم م، سک خ، کس ب) امث.
مخبر کا کام، خبر رسانی، جاسوسی، خفیہ نویسی، خفیہ اطلاع، خفیہ اطلاع دینا (خصوصاً پولیس وغیرہ کو).

مخبری کرنا ف مر: محاورہ. خفیہ طور پر رپورٹ دینا، جاسوسی کرنا.

مَخْبُوط (فت م، سک خ، و مع) صف.
بھٹکا ہوا، گم راہ، بدحواس، خبطی، مجنوں، پاگل، سودائی. [ع].

مخبوط الحواس صف. وہ شخص جس کے حواس مختل ہو گئے ہوں یا جس کے حواس بجا نہ ہوں، باؤلا، سڑی، پاگل، سودائی، خبطی.

مُخْتار (ضم م، سک خ) صف.
۱. اپنے قول و عمل میں آزاد، اختیار رکھنے والا، مجاز، مالک، کرتا دھرتا. ۲. (i) سربراہ کار، سرپرست، ولی، کارکن، تمام اختیارات جس کے

حوالے کر دیے جائیں ، اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے میں آزاد . (ii) گاؤں کا مکھیا ، سردار . ۳. (i) وکیل ، پیشۂ وکالت سے منسلک ، جسے عام طور سے عدالت میں مقدمے کی پیروی کا حق حاصل ہو ، عدالت دیوانی کا وکیل . (ii) گماشتہ ، ایجنٹ ، جسے قانونی اختیار دیا گیا ہو ، جسے کسی کام کا اختیار سونپا گیا ہو ، جو دوسرے کے بدلے کام کرنے کے لیے مقرر کیا جائے ، نائب کارندہ ، قائم مقام کارندۂ مجاز . ۴. چنا گیا ، چھانٹا گیا ، منتخب کیا گیا ، نامزد کیا گیا ، پسند کیا گیا ، اختیار دیا گیا ، ترجیح دیا گیا . [ع] .

مختار عام اند . وہ شخص جس کے نام مختار نامۂ عام ہو اور جسے سب باتوں کا اختیار دیا گیا ہو ، وہ گماشتہ جسے عام باتوں کا اختیار دیا گیا ہو .

مختار کار اند . ۱. کسی کام کے کرنے کا مجاز ، سربراہِ کار ، مہتمم ، متولی ، منصرم . ۲. ڈائرکٹر ، سپرنٹنڈنٹ ، منیجر ، کمشنر ، وکیل .

مختار کل اند . وہ جسے مکمل اختیار حاصل ہو ، پورا با اختیار ، مدار المہام ، جسے قطعی اختیار حاصل ہو ، جسے پورا پورا اختیار دے دیا گیا ہو .

مختار نامہ اند . (قانون) وہ تحریر یا دستاویز جس کے ذریعے سے کسی شخص کو مختار یا مجاز بنایا گیا ہو ، وہ نوشتہ جس کے ذریعے سے اختیار دیا گیا ہو .

مُختار ہونا ف مر : محاورہ . مجاز ہونا ، با اختیار ہونا ، مالک ہونا ، کسی کا گماشتہ یا ایجنٹ ہونا .

مُختاری (ضم م ، سک خ) مث .
۱. سربراہی . ۲. مختار کا کام یا پیشہ ، مختار کے کام یا پیشے کی تعلیم جس کی سند حاصل کی جاتی تھی . ۳. با اختیار یا مختار ہونا ، آزاد ہونا (مجبوری کی ضد) .

مُختَتَم (ضم م ، سک خ ، فت ت ، ت نیز فت رخ ، سک ت ، فت ت) صف .
ختم کیا گیا ، جس پر بات ختم کی گئی ہو ، قطعی ، حتمی ، جس سے اور جہاں پر کوئی شے یا بات ختم ہو ، خاتمہ یا حدِ آخر . [ع] .

مُختَتِم (ضم م ، سک خ ، فت ت ، کس ت) صف .
کام مکمل کرنے والا ، ختم کرنے والا . [ع] .

مُختَتَمہ (ضم م ، سک خ ، فت ت ، ت ، شد م ہلت) صف .
ختم کیا گیا ، جس کا اختتام ہوا ہو .

مُختَر (ضم م ، سک خ ، فت ت) صف .
ایجاد کرنے والا .

مُختَرَع (ضم م ، سک خ ، فت ت ، فت ر) صف .
ایجاد کیا ہوا ، اختراع کیا ہوا ، نئی نکالی ہوئی چیز یا بات . [ع] .

مُختَرِع (ضم م ، سک خ ، فت ت ، کس ر) صف .
نئی بات یا نئی چیز نکالنے یا پیدا کرنے والا ، اختراع کرنے والا ، ایجاد کرنے والا ، موجد . [ع] .

مُختَص (ضم م ، سک خ ، فت ت) صف .
۱. خاص کیا گیا ، مخصوص ، خاص کیا ہوا . ۲. خاص ، نج کا ؛ منتخب ، چنا گیا . [ع] .

مُختَصَر (ضم م ، سک خ ، فت ت ، ص) اند (الف) صف .
(i) خلاصہ کیا گیا ، اختصار کیا گیا ، جس میں طوالت نہ ہو ، کم ، تھوڑا ، ذرا سا . (ii) چھوٹا ، چھوٹے قد کا ، جو لمبا نہ ہو . (ب) اند . خلاصہ ، انتخاب . [ع] .

مختصر کشی مث . کسی شخص ، جانور یا شے کو ظاہر کرنے کے لیے چند لکیروں سے کام لینا ، مختصر تصویر بنانا .

مختصر نویس صف : اند . اختصار کے ساتھ لکھنے والا ، اختصار کی غرض سے الفاظ کو مقررہ علامتوں میں لکھنے والا ، اسٹینوگرافر .

مختصر نویسی مث . مختصر نویس کا کام ، الفاظ کو اختصار کی غرض سے مقررہ علامتوں میں لکھنا ، شارٹ ہینڈ .

مختصر یہ کہ فقرہ . خلاصہ یہ کہ ، المختصر ، قصہ کوتاہ .

مُختَصَراً (ضم م ، سک خ ، فت ت ، ص ، ر ، تن الف) م ف .
اختصار کے ساتھ ، خلاصۃً .

مُختَفی (ضم م ، سک خ ، فت ت) صف .
۱. پوشیدہ ، خفیہ ، چھپا ہوا ، نہفتہ ، غیر محسوس . ۲. (قواعد) وہ ہائے ہوز جو تلفظ میں نہیں آتی محض حرکت کے اظہار کے لیے ہوتی ہے . [ع] .

مُختَل (ضم م ، سک خ ، فت ت) صف .
خلل سے بھرا ہوا ، جو درست نہ ہو ، نا درست ، بگڑا ہوا ، درہم برہم ،

پریشان، خلل پذیر، خلل والا. [ع].

مُخْتَلِط (ضم م، سک خ، فت ت، کس ل) صف.

۱. اختلاط کرنے والا، ہم آغوش، ہم بغل، مہربانی کرنے والا، میل جول رکھنے والا. ۲. نامعلوم، غیر مشہور، گم نام (شجرۂ نسب)، گڈمڈ (کاروبار). [ع].

مُخْتَلَف (ضم م، سک خ، فت ت، ل) صف.

اختلاف کیا ہوا. [ع].

مُخْتَلِف (ضم م، سک خ، فت ت، کس ل) صف.

۱. جدا، جو یکساں نہ ہو، الگ، علیحدہ. ۲. طرح طرح کے، قسم قسم کے، الگ الگ، جدا جدا، متفرق، ناموافق، بے میل، بے جوڑ، اختلاف کرنے والا. [ع].

مختلف فیہ صف؛ م ف. متنازعہ، اختلاف والا، متنازع فیہ.

مَخْتُوم (فت م، سک خ، ومع) صف.

۱. مہر لگایا گیا؛ (مجازاً) آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم. ۲. بند کیا ہوا، سربہ مہر، مقفل. ۳. وہ جو ختم یا تمام ہو گیا ہو. [ع].

مَخْتُومَہ (فت م، سک خ، ومع، فت م) صف.

دیکھیے: مختوم کی تانیث، مُہر لگا ہوا، سربند.

مَخْتُون (فت م، سک خ، ومع) صف مذ.

ختنہ کیا گیا؛ جس کی ختنہ کی گئی ہو. [ع].

مُخَدَّر (ضم م، فت خ، شد دبفت) صف.

۱. پردہ نشین، پردہ دار، برقعہ پوش؛ چھپا ہوا. ۲. سن کیا ہوا، بے حس و حرکت کیا ہوا، سلایا ہوا، ست اور سن ہوا بدن. [ع].

مُخَدِّر (ضم م، فت خ، شد دبکس) صف.

(طب) سن کر دینے والی، بے حس و حرکت کر دینے والی، نیند لانے والی، خواب آور (دوا وغیرہ) بدن کو ست اور سن کرنے والی چیز، بے ہوش کر دینے والی دوا وغیرہ. [ع].

مُخَدَّرات (ضم م، فت خ، شد دبفت) امث؛ ج.

پردے میں بیٹھنے والیاں، پردہ نشین خواتین، مستورات، پارسا عورتیں، نیک بیبیاں.

مُخَدِّرات (ضم م، فت خ، شد دبکس) امث؛ ج.

سن کر دینے والی یا بے حس و حرکت کر دینے والی دوائیں، خواب آور دوائیں.

مُخَدَّرَہ (ضم م، فت خ، شد دبفت، فت ر) صف؛ امث.

پردے میں بیٹھنے والی، پردہ نشین خاتون، نیک بی بی، پارسا خاتون

مُخَدِّرَہ (ضم م، فت خ، شد دبکس، فت ر) صف.

سُن کر دینے والا، بے حس و حرکت کر دینے والا.

مَخْدُوش (فت م، سک خ، ومع) صف.

جس میں نقصان کا اندیشہ ہو، وسوسہ کیا ہوا؛ (مجازاً) خطرناک. [ع]

مخدوش حالت امث. پُرخطر صورتِ حال، نقصان کے اندیشے کی کیفیت

مخدوش ہونا ف مر؛ محاورہ. خدشات و خطرات میں ہونا، خطرے میں پڑنا

مَخْدُوم (فت م، سک خ، ومع) صف؛ امذ.

جس کی خدمت کی جائے، آقا، مالک، قابلِ تعظیم شخص. [ع].

مَخْدُومَہ (فت م، سک خ، ومع، فت م) صف امث.

۱. دیکھیے: مخدوم کی تانیث، مالکہ، قابلِ تعظیم خاتون؛ والدہ، ماں ۲. نباتات کی ایک قوت کا نام جو چار قسم کی ہوتی ہے، غازیہ، نامیہ، مولدہ اور قوت مصورہ وغیرہ.

مَخْدُومی (۱) (فت م، سک خ، ومع) امث.

دیکھیے: مخدوم کا اسم کیفیت، مالک یا آقا ہونا، آقائی.

مَخْدُومی (۲) (فت م، سک خ، ومع) امذ.

میرے مخدوم، میرے آقا، خط میں مکتوب الیہ کے لیے احتراماً مستعمل.

مِخْراج (کس م، سک خ) امذ.

خارج کرنے والا آلہ. [ع].

مُخَرِّب (ضم م، فت خ، شد ربکس نیز بلا شد) صف.

بگاڑنے والا، خراب کرنے والا، ویران کرنے والا، برباد کرنے والا. [ع].

مخرب اخلاق/مخرب الاخلاق صف. اخلاق بگاڑنے والا، اخلاق خراب کرنے والا.

مَخرَج (فت م، سک خ، فت ر) صف.
ا.(i) نکلنے یا خارج ہونے کی جگہ، منبع. (ii) جڑ، اصل، مادّہ. (iii) منھ اور حلق وغیرہ کی وہ جگہ جہاں سے کسی حرف کی آواز ادا ہو. ۲. (ریاضی) نسب نما، کسر کے نیچے کا ہندسہ، وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصے کیے گئے. ۳. صرف، خرچ. [ع].

مُخرِج (ضم م، سک خ، کس ر) صف.
باہر نکالنے والا، خارج کرنے والا. [ع].

مَخرُوج (فت م، سک خ، و مع) صف.
نکالا گیا، نکلا ہوا. [ع].

مَخرُوط (فت م، سک خ، و مع) (الف) صف.
ا. خراد/ خراط کیا گیا، چھیلا گیا، تراشا گیا. ۲. گاؤ دم. (ب) اند. ا. وہ چیز جس کا پیندا چوڑا اور سرا بتدریج پتلا ہوتا چلا گیا ہو، گاؤ دم شکل یا چیز. ۲. چوپہل مینار، اہرام. ۳. کچ دھات کو بھٹی میں جھونکنے کے لیے لگایا جانے والا ایک آلہ جو مخروطی شکل کا ہوتا ہے اور زنجیر سے لٹکا ہوا ہوتا ہے. [ع].

مخروط نما صف: اند. گاؤدم، ہرم، قبہ، مخروطی.

مَخرُوطَه (فت م، سک خ، و مع، فت ط) اند.
گاؤدم چیز یا شکل.

مَخرُوطی (فت م، سک خ، و مع) صف.
گاؤدم، گاجر کی شکل کا.

مَخزَن (فت م، سک خ، فت ز) اند.
ا. ذخیرہ کرنے کی جگہ، خزانے کی جگہ، گودام. ۲. رسالہ، میگزین. ۳. پرندوں میں گردن کے نیچے کا پوٹا جس میں کھانا معدے میں ہاضمے کے لیے جانے سے پہلے نرم ہوتا ہے، پوٹا، اوجھ. [ع].

مخزنُ الادویات اند. (طب) وہ کتاب جس میں دواؤں کی فہرست، ان کے خواص اور استعمال کا ذکر ہو، کتاب الادویہ.

مَخصُوص (فت م، سک خ، و مع) صف: اند.
ا. خاص کیا گیا، نامزد کیا گیا، خاص، خصوصی، جداگانہ، یکتا. ۲. وہ دن جو کسی خاص ولادت یا برکت کا موجب ہو. [ع].

مخصوص اعضا اند: ج. خاص حصے: جسم کے چھپے ہوئے حصے، مرد اور عورت کے جسم کے وہ حصے جن کو شرع نے چھپانے یا ڈھانکنے کا حکم دیا ہے.

مخصوص ایام اند. خاص ایام: (مجازاً) حیض کے دن، حیض کا زمانہ یا عرصہ.

مخصوص کرانا ف مر: محاورہ. مختص کرانا، پیشگی محفوظ کرانا، نامزد کروانا (کوئی نشست جگہ وغیرہ).

مخصوص کرنا ف مر: محاورہ. مختص کرنا، خاص کرنا، نامزد کرنا.

مَخصُوصَه (فت م، سک خ، و مع، فت ص) صف.
ا. دیکھیے: مخصوص کی تانیث، مخصوص کی ہوئی (چیز). ۲. (منطق) وہ قضیہ جس میں موضوع معین اور مخصوص ہو. [ع].

مُخَطَّط (ضم م، فت خ، شد ط بفت) صف.
ا. لکیروں والا، جس پر لکیریں پڑی ہوں، دھاری دار، خط دار. ۲. داڑھی آیا ہوا (چہرہ)، خط دار، سبزہ آغاز شخص. ۳. خوب صورت، حسین. [ع].

مَخطُوط (فت م، سک خ، و مع) صف.
ا. جس پر لکیریں پڑی ہوں، لکیروں والا، دھاری دار، جھری دار. ۲. ہاتھ سے لکھا ہوا، قلمی. [ع].

مَخطُوطات (فت م، سک خ، و مع) اند: ج.
قلمی تحریریں، غیر مطبوعہ کتابیں یا رسالے وغیرہ.

مَخطُوطَه (فت م، سک خ، و مع، فت ط) اند.
قلمی تحریر، قلمی نسخہ، غیر مطبوعہ کتاب یا رسالہ وغیرہ. [ع].

مخطوطہ شناسی امث. قدیم قلمی تحریروں، کتابوں یا نسخوں کو پڑھنے اور سمجھنے کی قابلیت اور مہارت.

مُخَفَّف (ضم م، فت خ، شد ف بفت) صف.
ا. گھٹایا گیا، ہلکا کیا گیا، تخفیف کیا گیا، اختصار کیا گیا: وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف یا حروف کم کیے جائیں. ۲. وہ حرف صحیح جس پر بجائے لمبے اعراب کے چھوٹا اعراب دیا جائے یا تشدید رفع کی جائے، غیر مشدد. [ع].

مُخَفَّفات (ضم م، فت خ، شد ف بفت) اند : ج.
مخفف کیے ہوئے الفاظ، الفاظ کی مختصر کردہ صورتیں یا حروف، اختصارات.

مَخفی (فت م، سک خ) صف.
چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ، گپت. [ع].

مخفی رکھنا محاورہ. خفیہ رکھنا، چھپانا، پوشیدہ رکھنا.

مُخِل (ضم م، کس خ) صف : مذ.
ا. رخنہ ڈالنے والا، خلل انداز، حارج. ۲. ایک آلہ، بیرم، جرثقیل میں لوہے یا لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بھاری چیز کو سرکاتا اور سنبھالتا ہے، کسی مشین میں پرزوں کا وزن سنبھالنے والا حصہ. [ع].

مخل ہونا محاورہ. حارج ہونا، خلل انداز ہونا.

مُخَلّا (ضم م، فت خ، شد ل) صف.
دیکھیے : مخلّی/مخلّے کا ایک املا. [ع].

مُخَلَّد (ضم م، فت خ، شد ل بفت) صف.
ہمیشگی کا، دائمی، ہمیشہ رہنے والا. [ع].

مُخْلَص (ضم م، سک خ، فت ل) صف.
خلاصہ کیا گیا، خالص کیا گیا، بے داغ، پاک کیا گیا. [ع].

مُخْلِص (ضم م، سک خ، کس ل) صف.
ا. خالص، راست باز، کھرا، سچا، باوفا، وفادار. ۲. سچا دوست، پکا دوست، وفادار، دوست. ۳. خلوص والا؛ اخلاص کیش (مکتوب نگار خط کے آخر میں اپنے نام کی بجائے یا نام سے پہلے استعمال کرتا ہے). [ع].

مُخْلِصانہ (ضم م، سک خ، کس ل، فت ن) صف : م ف.
پر خلوص، خلوص کے ساتھ، سچے دل سے.

مَخْلَصی (فت م، سک خ، فت ل) مث.
چھٹکارا، رہائی، آزادی، خلاصی، نجات. اف : پانا/دینا/ہونا.

مُخَلَّط (ضم م، فت خ، شد ل بفت) صف.
اچھی طرح ملا ہوا، ملایا گیا. [ع].

مُخَلَّع (ضم م، فت خ، شد ل بفت) صف.
خلعت دیا گیا، خلعت سے نوازا گیا، خلعت پہنایا گیا، جو خلعت پہنے ہوئے ہو، جسے لباسِ اعزاز دیا گیا ہو، خلعت سے آراستہ، خلعت سے سرفراز. [ع].

مخلع بالطبع صف. جسے اس کی طبیعت پر چھوڑ دیا جائے، بے تکلف، آزاد.

مُخْلِف (ضم م، سک خ، کس ل) صف.
(فقہ) حکم کے خلاف کرنے والا، خلاف ورزی کرنے والا. [ع].

مُخَلَّف (ضم م، فت خ، شد ل بفت) صف.
ا. پیچھے چھوڑا ہوا. ۲. ایسی جائدادیں جن کا کوئی دعوے دار اور وارث نہ ہو (مخلفات، متروکات)، مفرور غلام اور بھٹکے ہوئے مویشی ..... بھی اس ضمن میں آتے ہیں. [ع].

مَخْلُوط (فت م، سک خ، و مع) (الف) صف.
مُرکب جس میں ایک سے زائد جزو ہوں، ملا جلا، گڈ مڈ؛ ملا ہوا، شیر وشکر. (ب) اند. (دوا سازی) وہ سیال مرکب جو دو یا دو سے زیادہ دواؤں کی ترکیب سے تیار ہوا ہو. [ع].

مخلوط تعلیم مث. لڑکے اور لڑکیوں کی یک جائی تعلیم، لڑکے اور لڑکیوں کی ایک ساتھ تعلیم و تدریس.

مخلوط حکومت مث. کسی ایک پارٹی کی حکومت کے بجائے کئی سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں پر مشتمل حکومت.

مخلوط زبان مث. ایسی زبان یا تحریر جس میں دوسری زبانوں کے الفاظ بھی کثرت سے شامل ہوں.

مخلوط طرز / طریقۂ تعلیم اند. لڑکے اور لڑکیوں کی ایک ساتھ تعلیم و تدریس کا نظام، مخلوط تعلیم کا طریقہ.

مَخْلُوق (فت م، سک خ، و مع) (الف) صف.
پیدا کیا ہوا، پیدا کیا گیا، خلق کی ہوئی یا بنائی ہوئی شے. (ب) مث.
ا. دنیا کے لوگ، دنیا والے. ۲. (مجازاً) بہت سے لوگوں کا مجمع، جم غفیر، خلقت. [ع].

مَخْلُوقات (فت م، سک خ، و مع) مث : ج.
ہر قسم کی مخلوق، مخلوق، دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے، کائنات اور تمام اشیا جو کائنات میں ہیں، دنیا و مافیہا.

مُخَلّیٰ/ مُخَلّے (ضم م، فت خ، شد ل، ا بشکل ی) امت.
خالی کیا گیا، آزاد کیا گیا، رہا کیا گیا.

مُخَمَّر (ضم م، فت خ، شد م بفت نیز بلا شد) صف: م ف.
ا.خمیر اٹھایا ہوا، خمیر کیا گیا، گوندھا ہوا کسی کے خمیر میں، طینت میں (ہونا).
۲.نیم متوالا، خمار والا. اف: ہونا. [ع].

مُخَمِّر (ضم م، فت خ، شد م بکس) صف.
ا.شراب بنانے والا، خمیر اٹھانے یا کرنے والا. ۲.خمیری روٹی پکانے والا. [ع].

مُخَمَّس (ضم م، فت خ، شد م بفت) (الف) صف.
پانچ کونوں والا، پنج گوشہ، پانچ ضلعوں والی اقلیدی (شکل)، پنج کونیا.
(ب) اند. وہ مسلسل نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو، خمسہ. [ع].

مُخَمَّسَہ (ضم م، فت خ، شد م بفت، فت س) اند.
(فقہ) ماں، بہن یا دادا کے متعلق تقسیم جائیداد کا مسئلہ جس پر پانچ صحابہ حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زیدؓ اور حضرت ابن عباسؓ میں اختلاف تھا.

مَخمَصَہ (فت م، سک خ، فت م، ص) اند.
ا.بھوک، گرسنگی، بھوک کی شدت، بھوک کی بے چینی. ۲.(مجازاً) بے قرار اور مضطرب کر دینے والا غم. ۳.فکر، اضطراب انگیز غم، بکھیڑا، الجھن، جھنجھٹ، پیچیدہ معاملہ، تردّد. [ف].

مَخمَصے (فت م، سک خ، فت م) اند: ج.
دیکھیے: مخمصہ کی جمع نیز مغیرہ حالت: تراکیب میں مستعمل.
مخمصے میں پڑنا محاورہ. ا.کسی جھگڑے، بکھیڑے یا جھمیلے میں پھنسنا، کسی مشکل میں یا عذاب میں مبتلا ہونا. ۲.تذبذب میں ہونا، فکر یا پریشانی میں ہونا، گومگو کی کیفیت میں ہونا.
مخمصے میں ڈال دینا/ ڈالنا محاورہ. بکھیڑے میں الجھانا، جھگڑے میں مبتلا کرنا، تذبذب میں ڈالنا، گومگو میں ڈالنا.

مَخمَل (فت م، سک خ، فت م) امت: اند.
ا.(پارچہ بافی) ایک نہایت نرم اور ملائم روئیں دار ریشمی کپڑا جو سوتی بانے پر تیار کیا جاتا ہے اور نوعیت کے لحاظ سے رُواں چھوٹا بڑا رکھا جاتا ہے. ۲.(مجازاً) نرم گھاس. ۳.(مجازاً) بہت نرم اور ملائم. ۴.ایک سرخ رنگ کے پھول کا نام جو روئیں دار اور بہت ملائم ہوتا ہے، گل مخمل. [ف]
مخمل پوش صف: م ف. مخمل پہنے ہوئے: (مجازاً) ظاہری طور پر خوش وضع. [ف].
مخمل زربفت امت: اند. سنہری تاروں سے بُنی ہوئی مخمل، مخمل جس کی بُناوٹ میں ریشم اور سونے کے تار شامل ہوں.
مخمل سا/ سی صف مذ/ (مت: ی). بہت نرم و ملائم، روئی کی مانند گدگدا، گداز، گالا سا.
مخمل کا اند. مخمل سے بنا ہوا: (مجازاً) نرم و ملائم.
مخمل کا بستر اند. نرم ملائم اور آرام دہ بستر: (مجازاً) سہل، آسان کام.
مخمل کی امت. مخمل کا کی تانیث، مخمل سے تیار کی ہوئی: (مجازاً) نرم اور ملائم.
مخمل کی سی مت. مخمل کی طرح نرم و ملائم.
مخمل میں ٹاٹ کا پیوند کہاوت. کسی اعلیٰ چیز کے ساتھ ادنیٰ کا جوڑ ہو یا کوئی بے جوڑ، ناموزوں چیز ہو تو اس کے متعلق کہتے ہیں. اف: لگانا/ لگنا/ ہونا.

مَخمَلی (فت م، سک خ، فت م) صف.
مخمل سے منسوب یا متعلق، مخمل سے بنا ہوا، مخمل جیسا، مخمل کی طرح نرم اور ملائم، روئیں دار: (مجازاً) بہت نرم و گداز چیز.
مخملی قالین اند. گھنے اور بڑے روئیں کا قالین جو قدرے ملائم اور گداز ہوتا ہے.

مَخمَلِیَّہ (فت م، سک خ، فت م، شد ی مع بفت) اند.
قرنفل یا لونگ کی ایک قسم. [ع].

مُخَمِّن (ضم م، فت خ، شد م بکس) صف.
اندازہ لگانے والا، تخمینہ کرنے والا. [ع].

مَخمُور (فت م، سک خ، ومع) صف.
ا.نشے میں چور، مست، متوالا، مدہوش، شراب پیا ہوا. ۲.وہ شرابی جسے شراب کی طلب ہو، وہ شرابی جو نشے کے سرور کے بعد خمار کی کیفیت میں ہوں، وہ جس کا نشہ اتر رہا ہو اور طلب ہو، صاحب خمار. ۳.(مجازاً) اپنی دھن میں سرشار، مگن. [ع].

مخمور آنکھیں مث. آنکھیں جن میں خمار ہو، نشے میں چڑھی ہوئی آنکھیں، نشیلی آنکھیں.

مخمور کرنا ف مر: محاورہ. مست و مخمور بنا لینا، متوالا کر لینا.

مخمور نظریں مث. خمار بھری نگاہیں، مستی بھری نگاہیں، خواب آلود نظریں، نشے سے سرشار یا متوالی نگاہیں.

مخمور ہونا ف مر: محاورہ. مست ہونا، نشے میں ہونا.

مَخمُوری (فت م: سک خ، و مع) (الف) صف.
(قدیم) خمار آلود، مخمور، نشے میں چور. (ب) مث. نشے میں ہونے کی حالت یا کیفیت، مستی، مدہوشی، خمار کی حالت، سرشاری، نشہ.

مَخمُول (فت م، سک خ، و مع) صف (قدیم).
۱. نڈھال، افسردہ، پژمردہ. ۲. گم نام. [مقامی].

مُخَنَّث (ضم م، فت خ، شد ن بفت) صف.
۱. ایسا شخص جو رجولیت سے محروم ہو، نامرد، زنانہ، زنخا، ہیجڑا. ۲. (طب) وہ عورت جس میں مخالف جنس کے آثار نمایاں ہوں. ۳. ایسا شخص جس میں مرد و عورت دونوں کی صفات ہوں، دو جنسیا. [ع].

مَخَنجُو (فت م، خ، سک ن، و مع) صف.
بے وقوف، احمق. [مقامی].

مَخنُوق (فت م، سک خ، و مع) صف.
۱. گلا گھونٹا ہوا، پھانسی دیا ہوا، دم گھٹا ہوا. ۲. (طب) آنت، رگ وغیرہ میں اختناق ہو جانا، رکاوٹ پڑ جانا، دبنے سے دورانِ خون رک جانا. ۳. (طب) خناق کا مریض. [ع].

مَخُوف (فت م، و مع) صف.
جس سے ڈرا جائے، خطرناک، خوف ناک، مہیب، دہشت ناک، ڈراؤنا. [ع].

مُخَوَّف (ضم م، فت خ، شد و، بفت) صف.
جسے ڈرایا گیا ہو، خوف زدہ، دہشت زدہ. [ع].

مُخَوِّف (ضم م، فت خ، شد و بکس) صف.
ڈرانے والا، خوف زدہ کرنے والا. [ع].

مَخول (فت م، و لین) مث.
ہنسی، مذاق، ٹھٹھا، چھیڑ خانی، مزاح. [پنجا].

مخول بازی مث. ہنسی مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا.

مخول کرنا ف مر: محاورہ. ہنسی مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا، ہنسی اڑانا، چھیڑ خانی کرنا.

مَخولِیا (فت م، و لین، کس ل) صف.
مسخرا، ظریف، ہنسوڑ، ٹھٹھول، ہنسی مذاق کرنے والا، ٹھٹولی، دل لگی کرنے والا.

مخولیا بن / پنا اند. مخول کرنا، دل لگی کرنا، ہنسی مذاق کرنا، تفریح کرنا.

مُخِّی (ضم م، شد خ بکس نیز بلا شد) صف.
۱. مخ سے متعلق یا منسوب، دماغ کا، دماغی، گودے والا. ۲. (لسانیات) ایسے حروف جن کے ادا کرنے میں زبان کی نوک تالو سے لگتی ہے.

مِخیانا (کس م، سک خ) ف م.
مارنا، پیٹنا؛ مطیع بنانا، قابو میں لانا.

مُخَیَّر (ضم م، فت خ، شد ی بفت) صف.
بے پروا، اختیار دیا گیا. [ع].

مخیر بازاد اند. کسی چیز کی فروخت اس شرط پر کہ اگر خریدار چاہے تو مقررہ وقت کے اندر چیز واپس کر دے.

مُخَیِّر (ضم م، فت خ، شد ی بکس) صف مذ.
۱. نیکی کرنے والا، خیر خیرات کرنے والا، سخی، فیاض. ۲. کسی کو اختیار دینے والا. [ع].

مُخَیِّل (ضم م، فت خ، شد ی بفت) صف.
خیال کرنے والا، سوچنے والا، فکر کرنے والا. [ع].

مُخَیَّلات (ضم م، فت خ، شد ی بفت) اند: ج.
وہ باتیں یا چیزیں جو خیال میں لائی جائیں، خیال میں لائی گئی باتیں یا امور.

مُخَیِّلَہ (ضم م، فت خ، شد ی بکس، فت ل) صف.
خیال کرنے یا سوچنے کی حس، قوت خیالی، خیال کی طاقت. [ع].

مَد (فت م) مث: ← مدھ.
۱. کوئی نشہ آور یا کیف آور مشروب، شراب، بادہ، مدرا، دارو، صہبا، مے، مُل. ۲. نشہ، مستی، مدہوشی، خمار، سرشاری، بدمستی، کیف، متوالا پن. ۳. خواہش نفسانی، شہوت، جوش، جذبہ، ولولہ، شدت.

۴. منی ، نطفہ . ۵. وہ رطوبت جو درختوں سے رستی ہے . ۶. شہد ، انگبیں . ۷. گھمنڈ ، غرور ، خود بینی ، تکبر . ۸. دیوانگی ، جنون ، سودا . ۹. سمندر ، دریا ، ندی ، رود ، جو . ۱۰. کوئی خوب صورت جسم . [س] .

مد بھرا صف مذ (مث : مدبھری). سرور اور مستی کی کیفیت سے پُر ، نشیلا ، مست ، مخمور ؛ رسیلا ، شراب سے پُر .

مد ماتا صف مذ (مث : مدماتی). ۱. متوالا ، نشے میں چور ، بدمست ، مدہوش . ۲. گھمنڈی ، مغرور ، خودبیں . ۳. جوبن پر آیا ہوا ، بہار پر آیا ہوا ، پُرشباب ، جوان .

مد مالتی مث . موٹی اور لمبی بیل جو بڑے بڑے درختوں پر پھیلتی ہے ، پتے اس کے گولر کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں ، پھول گول ہوتا ہے جب کھلتا ہے تو اوندھا ہو جاتا ہے تین پتیاں ملی ہوئی ہوتی ہیں اور ایک پتی تینوں کے آگے ہوتی ہے اور ان پر باریک ریشے ہوتے ہیں یہ پھول کسی قدر کلغی سے مشابہت رکھتا ہے .

مَدّ (فت م ، سک نیز شد د) اند ؛ مث .

۱. دریا کے پانی کی افزونی ، کشش ، سمندر کے پانی کا چڑھاؤ ، جوار ، (بھاٹا کی ضد) . ۲. وہ لمبا خط جو حساب یا عرضی میں کھینچا جاتا ہے اور اس کے نیچے سے حساب یا مضمون شروع کیا جاتا ہے . ۳. نوکری کا صیغہ ، صیغۂ ملازمت ، دفتر ، محکمہ ، سررشتہ . ۴. سرنامہ ، سرخی ، عنوان . ۵. وہ لکیر جو ایک مضمون کے ختم ہونے پر دوسرے مضمون کے شروع ہونے سے پہلے کھینچ دیتے ہیں . ۶. (محاسبی) رقم کی شق یا عنوان جس میں خرچ کیا جائے . ۷. رقم . ۸. خانہ ، فصل ، باب . ۹. (i) لمبا کرنا ، کھینچنا ؛ (تجوید) کھینچ کر پڑھا جانا ، حروف مدہ یا لین پر آواز کو دراز کرنا . (ii) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (~) . [ع] .

مد فاضل مث . وہ شق جو بے کار ہو ، جو ضرورت سے زائد ہو ؛ فضول اور بے کار چیز .

مد کھینچنا ف مر ؛ محاورہ . کسی حرف پر خط یا لکیر کھینچنا ، الف ممدودہ پر مد کا نشان لگانا .

مد مقابل (الف) اند . ۱. برابر کا خط ؛ (محاسبی) جمع اور خرچ کی مد جو ایک دوسرے کے محاذی ہوتی ہے . ۲. مخالف ، حریف ؛ (مجازاً) رقیب ، دشمن . ۳. برابر کی جوڑ یا چوٹ ، ہم پلہ ، ہمسر . ۴. دو سوداگروں کا باہمی کھاتا . (ب) م ف . رُوبرو ؛ مقابلے میں .

مد میں م ف . حساب میں ، شمار میں ، گنتی میں جیسے اس مد میں یعنی اس شق میں .

مد نظر (الف) صف ؛ م ف . ۱. نظر کے سامنے ، نظر کی پہنچ تک ، پیش نظر سامنے . ۲. منظور ، مطلوب ، مقصود ، منشا . ۳. منظور نظر ، محبوب ، وہ چیز جو آنکھوں میں کھبی ہوئی ہو . (ب) اند . ۱. حدِ نگاہ ، جہاں تک نظر کی پہنچ ہو . ۲. ارادہ ، قصد ، منصوبہ .

مد نظر رکھنا محاورہ . آنکھوں کے سامنے رکھنا ، پیش نظر رکھنا ، ملحوظ رکھنا .

مد و جزر اند . سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ ، جوار بھاٹا ؛ (مجازاً) زمانے کا سرد و گرم ، اتار چڑھاؤ .

مَدّ (۳) (فت م ، شد د بفت) ف م .

پھیلنا ، لمبا ہونا ؛ لمبا کرنا ؛ دراز ہوا ؛ مراد : دراز ہو جائے ؛ تراکیب میں مستعمل . [ع] .

مدّ ظلّہ دعائیہ فقرہ . اس کا سایۂ عاطفت دراز ہو یعنی قائم رہے (بزرگوں کے ناموں کے ساتھ مستعمل) .

مُدّ (ضم م ، شد د نیز بلا شد) اند .

خشک جنس اور غلہ وغیرہ ناپنے کا ایک پیمانہ جس کا وزن دو رطل کے برابر یا اس سے کچھ کم ہوتا ہے ؛ وزن کا پیمانہ جو سوا سیر کے برابر ہوتا تھا . [ع] .

مُدا ضم م حرف .

مگر ، لیکن .

مَدّاح (فت م ، شد د) صف .

۱. مدحت یا تعریف کرنے والا ، مدح کرنے والا ، قصیدہ گو ، ثناخواں . ۲. خوشامدی ؛ بھٹئی کرنے والا ، بھاٹ . [ع] .

مَدّاحانَہ (فت م ، شد د ، فت ن) م ف .

تعریف و توصیف سے پُر ، مدح آمیز ، تعریفی انداز کا ، مدح کرتے ہوئے .

مَدّاحی (فت م ، شد د) مث .

مدح کرنا ، تعریف کرنا ، مدح سرائی ، ثناخوانی ، تعریف و توصیف .

مَدّاحِیَّت (فت م ، شد ، شد ی مع بفت) مث .

مداح ہونا ، تعریف کرنا .

مَدّاحِین (فت م، شد د، ی مع) اند: ج.
مداح کی جمع: مدح سرا؛ پسند کرنے والے.

مَداخِل (فت م، کس خ) اند.
۱. آمدنی، محاصل، حاصلات خراج. ۲. لباس وغیرہ پر کیا ہوا اطلائی کام جو اکثر آستینوں اور مونڈھوں پر خوش نمائی کے واسطے ٹانک دیتے ہیں، زین کے گوشوں وغیرہ پر بھی اس قسم کا کام بنایا جاتا ہے.

مداخل و مخارج اند: ج. ۱. آمد و خرچ، آمدنی اور اخراجات. ۲. محاصل کی آمدنی اور اخراجات کا حساب رکھنے والا محکمہ یا شعبہ.

مُداخَلَت (ضم م، فت خ، ل) امث.
۱. دخل دینا، دست اندازی، مزاحمت، تعرض. ۲. قبضہ، قابو، درک، رسائی، واقفیت. [ع].

مداخلت بیجا/ بے جا امث. ۱. (قانون) کسی دوسرے کی زمین پر بغیر اس کی اجازت کے کوئی جرم کرنے یا کسی کو بے عزت کرنے یا رنج دینے کے لیے جانا، ناروا دخل اندازی. ۲. دخل در معقولات.

مِداد (کس م) امث.
۱. دوات کی سیاہی، لکھنے کی روشنائی. ۲. پھیلاؤ؛ کھاد؛ نمونہ؛ مشابہت؛ رستہ، سڑک؛ مذہبی فرقہ؛ رسد. [ع].

مَدار (۱) (فت م) اند.
۱. گردش کی جگہ، پھرنے کا مقام؛ چاند یا سیاروں وغیرہ کے گردش کرنے کی جگہ. ۲. جس پر کسی بات یا چیز کا انحصار یا قیام ہو، بنیاد، اساس. ۳. دائرہ، دَور، حلقہ. ۴. ٹھیراؤ، ٹکاؤ، قیام، قرار. ۵. (مجازاً) مقررہ راستہ یا طرز، ڈگر، ڈھرّا. [ع].

مدار المہام اند. ۱. وہ شخص جس پر امور سلطنت کا دار و مدار ہو؛ وہ حاکم اعلیٰ جو سلطنت کے کاروبار میں مرکزی حیثیت رکھتا ہو، رکن سلطنت، وزیر اعظم کا منصب یا عہدہ. ۲. منتظم، ناظم. ۳. عامل، حاکم، فوج کا حاکم.

مدار المہامی امث. ۱. مدار المہام کا کام یا عہدہ. ۲. محکمۂ وزارت عظمیٰ، وزیر اعظم کا دفتر.

مدار شمسی اند. ستاروں میں وہ دَور جس سے سورج گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے.

مَدار (۲) (فت م) اند.
۱. ایک بزرگ کا نام جن کا مزار مکھن پور میں ہے. ۲. شاہ مدارؒ کا میلہ یا عرس. ۳. (عور) جمادی الاوّل کا مہینہ. [علم].

مَدار (۳) (فت م) اند.
ایک صحرائی درخت کا نام جس میں سے دودھ نکلتا ہے اور اس کے ڈوڈوں میں سے روئی کی مانند روئیں نکلتے ہیں، آکھ کا درخت، اکوں کا پیڑ. [پ/ س].

مدار کی بُڑھیا امث. درخت آکھ کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے روئیں جو ہوا میں اُڑتے ہیں.

مُدارا (ضم م) امث.
صلح، آشتی، خاطرداری، خاطر تواضع، آؤ بھگت.

مُدارات/ مُداراۃ (ضم م) امث: ~ مداراۃ.
۱. رعایت؛ صلح، آشتی. ۲. خاطر داری، آؤ بھگت، خاطر تواضع.

مدارات کرنا ف مر: محاورہ. آؤ بھگت یا خاطر داری کرنا، مہمان نوازی کرنا.

مَدارِج (فت م، کس ر) اند.
مرحلے، درجے؛ رُتبے، مراتب، مناصب. [ع].

مَدارْچہ (فت م، سک ر، فت چ) اند.
چھوٹا مدار؛ (سائنس) وہ حالت یا عمل جو ایٹمی مرکز کے گرد برقیے (الیکٹران) کی ممکنہ حرکت کی علامت ہوتا ہے.

مَدارِس (فت م، کس ر) اند.
مدرسے، مکاتب، اسکول، درس گاہیں.

مدارس حِرفَہ ای اند. صنعت و حرفت کے اسکول، صنعتی درس گاہیں.

مدارس عالی اند. اونچے درجے کی درس گاہیں، انٹرمیڈیٹ کالج.

مَدارِک (فت م، کس ر) اند.
ادراک کی صلاحیت یا حس، فہم، سوچ. [ع].

مَداری (۱) (فت م) اند.
ہاتھ کے کرتبوں سے طرح طرح کے کھیل کرنے والا، ریچھ اور سانپ یا بندر وغیرہ کا تماشا دکھانے والا، بازی گر، بھان متی، شعبدہ باز. [س].

مداری کی پٹاری امث. وہ ٹوکری جس میں مداری اپنا متفرق سامان رکھتا ہے؛ (مجازاً) ایسا ذخیرہ جس میں سے عجیب و غریب چیزیں برآمد ہوں.

مَداری (۲) (فت م) صف.
شاہ مدارؒ سے منسوب، شاہ مدار کے سلسلے سے تعلق رکھنے والا.

مُدافِع (ضم م، کس ف) صف.
۱. دفع کرنے والا، ہٹانے والا، مزاحمت کرنے والا. ۲. دفاع کرنے والا، حمایتی. [ع].

مُدافِعانَہ (ضم م، کس ف، فت ن) صف؛ م ف.
دفاع کرتے ہوئے، دفاعی انداز یا نوعیت کا، دفاعی، مدافعتی.

مُدافَعَت (ضم م، فت ف، ع) امث.
۱. دفع کرنا، دفعیہ، دفاع، روک، بچاؤ، مزاحمت. ۲. تائید، حمایت. ۳. صفائی پیش کرنا، عذر خواہی. [ع].

مُدافَعَتی (ضم م، فت ف، ع) صف.
مدافعت کرنے والا (امر یا شے)، دفاعی.

مدافعتی قوت امث. (نباتیات) مقابلہ کی طاقت، کسی بیماری کو رفع کرنے کی صلاحیت.

مدافعتی نظام اند. (طب) امراض عضویوں کے خلاف جسم کا مزاحمتی عمل، دفاعی نظام.

مُدام (ضم م) (الف) صف؛ م ف.
ہمیشہ، دائم، متواتر، مسلسل، لگاتار. (ب) امث؛ اند. شراب. [ع].

مُدامی (ضم م) (الف) امث.
ہیشگی، دوام، مدامیت. (ب) صف. ۱. ہمیشہ کا، ہیشگی والا، دائمی، مستقل. ۲. (نباتیات) سدابہار (ایسے پودے جو کئی سال تک کئی کئی مرتبہ پھول لاتے ہیں).

مُدامِیَت (ضم م، کس م، فت ی) امث.
ہمیشہ رہنا یا ہونا، ہیشگی، دائمیت.

مُداوا (ضم م) اند.
۱. دوا دارو، درماں، علاج، معالجہ. ۲. اصلاح کرنے یا ٹھیک کرنے کی تدبیر، چارہ.

مداوا کرنا ف مر؛ محاورہ. علاج کرنا، تدارک کرنا.

مداوا ہونا ف مر؛ محاورہ. مداوا کرنا کا لازم.

مُداوَمَت (ضم م، فت و، م) امث.
۱. ہیشگی، دوام، ثبات، بقا، استمرار، قیام. ۲. ورد، ہمیشہ کا معمول. ۳. ہمیشہ کرنا، کسی عمل پر قائم رہنا، پابندی سے کرنا. [ف].

مُداہِن (ضم م، کس ہ) صف.
چکنی چپڑی باتیں کرنے والا، خوشامدی، چاپلوس؛ جھوٹا، منافق. [ع].

مُداہَنَت/مُداہَنَۃ (ضم م، فت ہ، ن) امث.
۱. جو دل میں ہو اس کے برخلاف ظاہر کرنا، نفاق. ۲. سستی، کاہلی، تساہل. ۳. جھوٹ بولنا، چرب زبانی. ۴. خوشامد کرنا، چکنی چپڑی باتیں کرنا. [ف].

مُدَبَّر (ضم م، فت د، شد ب بفت) صف.
۱. اچھی طرح کیا ہوا، قابلیت سے انصرام کیا ہوا. ۲. (طب) وہ دوا وغیرہ جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو تاکہ ضرر نہ کرے. ۳. وہ غلام جس کا آقا یہ وعدہ کرے کہ اس (آقا) کی موت کے بعد اسے آزاد کر دیا جائے گا. ۴. (طب) اصلاح و درستی کرنے والا. [ع].

مُدَبِّر (ضم م، فت د، شد ب بکس) صف.
۱. عقل مند، زیرک، صاحب تدبّر، دانش ور. ۲. امور سلطنت میں مہارت رکھنے والا، مشیر، صلاح کار. [ع].

مُدْبَر (ضم م، سک د، فت ب) صف.
پشت دیا گیا؛ (مجازاً) وہ شخص جن کو اس کے فیصلے نے پیٹھ دکھائی ہو، بدبخت، بدنصیب. [ع].

مُدْبِر (ضم م، سک د، کس ب) صف.
۱. پیٹھ پھیرنے والا، منھ موڑنے والا. ۲. پشت دیا گیا یعنی وہ شخص جس کو اس کے نصیب نے پیٹھ دکھائی ہو، واژوں بخت، بدنصیب، برگشتہ بخت، ادبار والا. [ع].

مُدَبِّرات (ضم م، فت د، شد ب بکس) اند، ج.
تدبیر کرنے والے فرشتے، کارکنانِ قضا و قدر، مدبران؛ تراکیب میں مستعمل.

مُدَبِّرانہ (ضم م، فت د، شد ب بکس، فت ن) صف : م ف.
مدبّر کا، دانش مندانہ، عاقلانہ : تدبیر کے ساتھ، عقل مندی سے.

مُدَبِّرہ (ضم م، فت د، شد ب بکس، فت ر) صف.
دانش مند عورت، انتظام و تدبیر میں ماہر، منتظمہ. ۲. پرورش کرنے والی.

مُدَبِّری (ضم م، فت د، شد ب بکس) امث.
مدبر کا کام یا منصب، انتظام و انصرام.

مُدَّت (ضم م، شد د بفت) امث : ~ مدۃ.
۱. دیر، عرصہ، عرصۂ دراز. ۲. میعاد، وقفہ، دورانیہ. ۳. مہلت، ڈھیل.
۴. وقت، زمانہ، کال، اوسر، قرن، جگ. [ف].

مدت الحضانت امث. جانوروں کے انڈے سینے کا زمانہ : (طب) مادۂ مرض یعنی جراثیم کے جسم میں پرورش پانے کا زمانہ یا کسی مرض کی چھوت لگنے سے اس کے ظاہر ہونے تک کا وقت.

مدت العمر امث : م ف. ساری زندگی، زندگی بھر، تمام عمر، تابہ زیست، تاحیات.

مدت ایلا امث. (فقہ) وہ عرصہ جس میں کسی مرد نے یہ قسم کھائی ہو کہ وہ اپنی عورت کے پاس نہیں جائے گا.

مدت سے م ف (قدیم : مدت سوں). برسوں سے، عرصۂ دراز پہلے سے، طویل زمانے سے.

مدت گزرنا ف مر : محاورہ. ۱. عرصہ گزرنا، زمانہ بیتنا، دیر ہونا. ۲. میعاد گزرنا.

مدت مدید امث. عرصۂ دراز، طویل زمانہ، ایک طویل عرصہ.

مدت ہو جانا / ہونا ف مر : محاورہ. عرصہ گزر جانا، بہت دن ہو جانا، ایک زمانہ گزر جانا، عرصہ گزرنا، دیر ہونا.

مُدَّتوں (ضم م، شد د بفت، و ج) م ف : ج.
عرصۂ دراز تک : بہت مدت تک.

مُدَّتیں (ضم م، شد د بفت، ی ج) امث : ج.
مدت کی جمع : تراکیب میں مستعمل.

مُدَّتیں گزر جانا / گزرنا ف مر : محاورہ. عرصۂ دراز گزر جانا، اک زمانہ بیت جانا.

مُدَّثِّر (ضم م، فت د، شد ث بکس) صف.
کپڑا اوڑھنے والا، کمبل لپیٹنے والا، قرآن مجید کی ایک سورت کا نام جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے. [ع].

مَدْح (فت م، سک د) امث.
۱. تعریف، توصیف، ستائش، ثنا. ۲. (شاعری) وہ نظم جس میں کسی کی تعریف ہو، منظوم تعریف، کسی کی تعریف میں لکھا ہوا قصیدہ. [ع].

مَدْح خواں صف. مدح کرنے والا، تعریف کرنے والا، ثناخواں.

مَدْح سَرا صف. مدح کرنے والا، مدح خواں، تعریف و توصیف کرنے والا.

مَدْح سَرائی امث. مدح، تعریف و توصیف، مدح خوانی.

مَدْح و سَتائِش امث. تعریف و توصیف، مدح و ثنا، مدحت، بڑائی، حمد و ثنا.

مِدْحَت (کس م، سک د، فت ح) امث.
تعریف و توصیف، ثنا، ستایش، مدح (عموماً نظم میں).

مَدْحِیَہ (فت م، سک د، کس ح، فت ی) صف.
مدح سے منسوب یا متعلق، جس میں کسی کی تعریف و توصیف ہو، تعریفی مدح و ستائش پر مشتمل نظم یا قصیدہ وغیرہ.

مَدْخَل (فت م، سک د، فت خ) امذ.
۱. (i) داخل ہونے کی جگہ، دخول کا مقام. (ii) دروازہ، در، پھاٹک، ڈیوڑھی. ۲. آمدنی، محاصل. ۳. (i) داخل ہونا، داخلہ. (ii) دخل ہونا، دخل، اثر، رسائی، طاقت. ۴. ٹیلی فون سیٹ میں ریسور کا وہ آلہ جو منھ کے قریب بات کرنے کے لیے ہوتا ہے، چونگا. [ع].

مُدْخَل (ضم م، سک د، فت خ) صف.
۱. داخل کیا گیا، وہ جو داخل کیا جائے. ۲. داخل دفتر کیا گیا. [ع].

مَدْخُول (فت م، سک د، و مع) صف.
داخل کیا گیا. [ع].

مَدْخُولَہ (فت م، سک د، و مع، فت ل) صف مث : ~ مدخولا.
وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو : ایسی عورت جس سے صحبت کی گئی ہو. [ع].

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مَدَد (فت م، د) امث.
۱. سہارا، حمایت، اعانت، امداد. ۲. مددگار فوج، کمک. ۳. رسد، خوراک، راتب وغیرہ. ۴. راج مزدور. ۵. (مجازاً) راج مزدوروں کا کام، تعمیر کا کام. ۶. (مجازاً) قلی یا ملازم کی اُجرت، مزدوری. [ع].

مدد پہنچانا ف مر؛ محاورہ. دست گیری کرنا، سہارا دینا؛ کمک پہنچانا، رسد پہنچانا.

مدد دینا ف مر؛ محاورہ. دست گیری کرنا، سہارا دینا، معاونت کرنا، کمک یا رسد پہنچانا.

مدد کرنا محاورہ. ۱. امداد کرنا، دست گیری کرنا، سہارا دینا؛ اعانت کرنا. ۲. براز یا مواد کا دفع ہونا.

مددگار صف. مدد کرنے والا، حمایتی، معاون، پُشت پناہ.

مدد لینا ف مر؛ محاورہ. امداد حاصل کرنا، اعانت چاہنا.

مدد ملنا ف مر؛ محاورہ. معاونت حاصل ہونا؛ امداد ملنا، کارآمد و مددگار ہونا.

مَدَدے (فت م، د) فقرہ.
(شاعری) مدد کیجیے، پشت پناہی کریں، دست گیری کریں.

مُدِرّ (ضم م، کس د، شد ر تیز بلا شد) صف (ج: مدرات).
(طب) جاری کرنے والا، بہانے والا (عمل یا اثر وغیرہ)، پیشاب یا رطوبت وغیرہ کو جاری کرنے والی (دوا)، وہ دوا جو مواد یا رطوبات کو پیشاب وغیرہ کی راہ خارج کرے. [ع].

مُدِرّ البَول صف. پیشاب لانے والا عمل (اثر وغیرہ)، پیشاب جاری کرنے والی (دوا).

مَدِرا (فت م، کس د) امث.
۱. شراب، نشہ آور چیز. ۲. مولا، جھانپو. ۳. ایک بحر یا وزن.

مُدْرا (ضم م، سک د) امث.
۱. (i) انگوٹھی، چھلا، مہردار انگوٹھی مُندری (ii) چھاپ، مہر. ۲. وہ حلقۂ چوبیں جسے جوگی لوگ اپنے کان میں پہنے رہتے ہیں، جوگیوں کے کانوں کے کنڈل، آویزہ. ۳. (i) سندھیا پوجا میں انگلیوں کو آپس میں ملانا جیسے دھنو مدرا، یونی مدرا وغیرہ. (ii) عقد انامل، انگلیوں پر گننا. ۴. (i) سکہ، سونے کا سکہ. (ii) چاندی کا ایک قدیم سکہ. ۵. تمغہ. ۶. بھنا ہوا اناج جو بعض رسومات میں استعمال ہوتا ہے. ۷. ایک قسم کا ناچ. ۸. کالر؛ پٹا، پروانہ راہ داری جس پر مہر ہو، آنکھوں کو کھولنا اور بند کرنا؛ قفل، تالا، کھٹکا؛ چیزوں کو درست نام سے پکارنا. [س].

مُدِرّات (ضم م، کس د، شد ر) امذ؛ امث؛ ج.
(طب) وہ دوائیں جن سے پیشاب سہولت سے آئے یا رکا ہوا پیشاب جاری ہوجائے، پیشاب اور دیگر رطوبات کو جاری کرنے والی دوائیں.

مَدْراسی (فت م، سک د) امذ.
۱. مدراس (علم) سے منسوب یا متعلق؛ تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: مدراسی لڈو، مدراسی لنگی، مدراسی ٹوپی، مدراسی شہری وغیرہ. ۲. ریشم کے کیڑوں کی ایک قسم.

مُدَرَّج (ضم م، فت د، شد ر بفت) صف؛ امذ.
۱. درجہ بدرجہ بڑھنے والا، زینے کی شکل کا، زینے دار شکل. ۲. وہ بیضوی یا مدور عمارت جس میں چاروں طرف ایک کے پیچھے ایک اور ایک دوسرے سے بلند نشستیں ہوتی ہیں، اسٹیڈیم. [ع].

مُدَرَّس (ضم م، فت د، شد ر بفت) صف.
تجربہ کار، اچھا تعلیم یافتہ، طالب علم. [ع].

مُدَرِّس (ضم م، فت د، شد ر بکس) صف مذ.
درس دینے والا، پڑھانے والا، معلّم، اُستاد. [ع].

مَدْرَسَہ (فت م، سک د، کس مج ر، فت س) امذ.
درس دینے یا پڑھانے کی جگہ، تعلیم گاہ، مکتب، اسکول، پاٹ شالا، دبستان. [ع].

مدرسہ عمل امذ. وہ مدرسہ یا اسکول جہاں تعلیم میں مشاہدے اور عملی کام پر زور دیا جائے.

مُدَرِّسی (ضم م، فت د، شد ر بکس) امث.
پڑھانے کا کام یا پیشہ، مدرس کا کام یا عہدہ، معلّمی.

مُدَرِّسِین (ضم م، فت د، شد ر بکس، ی مع) امذ؛ ج.
مدرس کی جمع، معلّمین، اساتذہ.

مُدْرِک (ضم م، سک د، کس ر) صف.
۱. ادراک کرنے والا، سمجھنے والا، بات کی تہ کو پانے والا، دانا، ذہین زیرک. ۲. صفات ثبوتیہ باری تعالیٰ میں ایک صفت کا نام، ادراک

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کرنے والا .۳. (فقہ) وہ نمازی جس کو امام کے ساتھ پوری نماز ملی ہو . [ع].

مُدْرَکات (ضم م ، سک د ، فت ر) اند ؛ ج.
وہ چیزیں جن کا ادراک کیا جائے یا کیا گیا ہو ، محسوسات .

مُدْرَکَہ (ضم م ، سک د ، فت ک) صف .
(وہ شے) جس کا ادراک کیا جائے ، ادراک میں آنے والی (چیز) .

مُدْرِکَہ (ضم م ، سک د ، کس ر ، فت ک) صف .
۱. وہ قوت جس سے انسان چیزوں کی حقیقت دریافت کر سکے ، قوت فہم ، ذہن ، عقل .۲. ادراک کرنے والا آلہ .

مُدْرَہ (ضم م ، سک د ، فت ر) اند .
کانوں میں پہننے کی ایک وضع کی بالی ؛ جوگیوں کے کانوں کے کنڈل .

مُدْرِی (ضم م ، سک د) امث .
ایک وضع کی کان میں پہننے کی بالی .

مَدَّظِلُّکُم / مَدَّظِلُّکُمُ العالیٰ (فت م ، شد د بفت ، کس ظ ، شد ل بضم ، ضم ک / فت م ، شد د بفت ، کس ظ ، شد ل بفت ، ضم ک م ، ضم ا ، ل ، بمد) دعائیہ فقرہ .
خدا آپ کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے (بزرگوں سے خطاب کی صورت میں مستعمل) . [ع].

مَدَّظِلُّہٗ (فت م ، شد د بفت ، کس ظ ، شد ل بضم ، ضم ہ معکوس (مثل وبع)) دعائیہ کلمہ .
خدا آپ کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے (بزرگوں کے القاب میں مستعمل) .

مَدَّظِلُّہُم (فت م ، شد د بفت ، کس ظ ، شد ل بضم ، ضم ہ) دعائیہ کلمہ .
خدا ان کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے . [ع] .

مُدَّعا (ضم م ، شد د بفت) اند .
۱. مقصود ، مقصد ، غرض ، مطلب ؛ مراد : منشا ، خواہش .۲. (i) وہ چیز جس پر دعویٰ ہو ، ملکیت مال . (ii) (قانون) مالِ مسروقہ .۳. کلمۂ خلاصۂ کلام ، حاصل کلام ، الغرض .۴. مرکز مدعی . [ع].

مدعا بر آنا محاورہ. مقصد پورا ہونا ، آرزو پوری ہونا .

مدعا بیان کرنا ف مر؛ محاورہ. اپنی بات کا اظہار کرنا ، مقصد بیان کرنا .

مدعا پکڑنا محاورہ. چوری پکڑنا ، مالِ مسروقہ برآمد کرنا .

مدعا علیہ اند ؛ - مُدعیٰ علیہ . (قانون) وہ شخص جس کے خلاف نالش کی گئی ہو یا مقدمہ دائر کیا گیا ہو ، وہ شخص جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ، فریق ثانی .

مدعا کھلنا محاورہ. مقصد ظاہر ہونا ، مطلب معلوم ہو جانا .

مدعا نکلنا محاورہ. ۱. مقصد حاصل ہونا ، مراد پوری ہونا .۲. (قانون) چوری کا سامان برآمد ہونا ، مال مسروقہ پکڑا جانا .

مُدَّعائِیَہ (ضم م ، شد د بفت ، شد ی مع بفت) صف .
(قواعد) ایسا جملہ جس میں مطلب بیان کیا گیا ہو .

مَدْعُو (فت م ، سک د ، و مع) صف .
بلایا گیا ، دعوت دیا گیا ؛ جسے دعوت دی گئی ہو ، جسے بلایا گیا ہو . [ع].

مَدْعُو کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی تقریب میں بلانا ، دعوت میں بلانا ؛ آنے کی دعوت دینا .

مَدْعُو ہونا ف مر؛ محاورہ. کسی دعوت میں بلایا جانا ، دعوت دے کر بلانا .

مَدْعُوِین (فت م ، سک د ، و مع ، ی مع) اند ؛ ج.
کسی تقریب یا دعوت میں بلائے گئے لوگ ، وہ لوگ جنھیں آنے کی دعوت دی گئی ہو .

مُدَّعی (ضم م ، شد د بفت) صف .
۱. (i) (قانون) عدالت میں دعویٰ دائر کرنے والا ، نالش کرنے والا ، مستغیث ، دادخواہ ، فریادی . (ii) جھوٹا دعویٰ کرنے والا ، جھوٹا دعوے دار . ۲. کسی بات کا دعویٰ کرنے والا ، دعوے دار ، دعویٰ رکھنے والا .۳. (مجازاً) دشمن ، عدو ، بدخواہ ، مخالف .۴. رقیب ، حریف .۵. غیر . [ع] .

مدعی علیہم صف ؛ ج. جن پر دعویٰ کیا گیا ہو .

مدعی ہونا محاورہ. ۱. نالشی ہونا .۲. دعویٰ رکھنا ، دعوے دار ہونا .۳. دامن گیر ہونا ، کسی معاملے کا پرساں ہونا .

مُدَّعِیَت (ضم م ، شد د بفت ، کس ع ، شد ی مع بفت نیز بلا شد) امث .
مدعی بننا ، مدعی یا دعوے دار ہونے کی حالت یا عمل ، اِدّعا ، دعوے داری .

مُدْغَم (ضم م ، سک د ، فت غ) صف .
۱. (تجوید) جو تشدید کے ذریعے باہم ادغام کیے گئے ہوں (دو ہم جنس یا ہم مخرج حرف) .۲. پیوست کیا ہوا ، جو دوسری چیز میں ضم ہو کر ایک ہو جائے . [ع] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

مُدْغِم (ضم م، سک د، کس غ) صف.
ادغام کرنے والا، دو حرفوں کو ملانے والا. [ع].

مَدْفِن (فت م، سک د، فت نیز کس ف) اند.
دفن کرنے کی جگہ، وہ گڑھا جس میں مردہ دفن کیا جائے، قبر، گور، مقبرہ، مزار. [ع].

مَدْفُوع (فت م، سک د، و مع) صف.
دفع کیا گیا؛ (مجازاً) منع کیا گیا. [ع].

مَدْفُون (فت م، سک د، و مع) صف.
دفن کیا ہوا، گاڑا ہوا، پوشیدہ، مخفی. [ع].

مُدَقَّق (ضم م، فت د، شد ق بفت) صف.
۱. کٹا ہوا، باریک کیا ہوا؛ وہ جو تحقیقات کے بعد ثابت ہو گیا ہو. ۲. دقیق، سخت. [ع].

مُدَقِّق (ضم م، فت د، شد ق بکس) صف.
باریک بیں، باریک نکتے پیدا کرنے والا، دقیقہ رس، محقق، وہ جو بات کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے. [ع].

مَدْقُوق (فت م، سک د، و مع) صف؛ اند.
۱. (i) جسے دق کا مرض ہو گیا ہو، جسے دق ہو گئی ہو، دق کا مریض. (ii) (مجازاً) زرد رنگت کا، زرد رنگ والا، زرد. ۲. (مجازاً) کمزور، نحیف، دبلا. [ع].

مِدَقَّہ (کس م، فت د، شد ق بفت) اند.
کوٹنے کا آلہ، موسل، دستۂ ہاون. [ع].

مَدَک (فت م، د) امث.
ایک نشہ آور مرکب جو افیم کے ست میں باریک کترا ہوا پان پکانے سے بنتا ہے اور اسے چنے کے برابر خشک گولیاں بنا کر چلم پر رکھ کر دم لگاتے ہیں. [س].

مُدَّل (ضم م، شد د بفت نیز بلا شد) اند.
۱. سرمایہ، پونجی، اصل زر، اصل سرمایہ. ۲. ذخیرہ، گودام، کھتا، اسٹور. [پ: س].

مُدَلَّل (ضم م، فت د، شد ل بفت) صف.
دلیل سے ثابت کیا ہوا، جس پر دلیل قائم کی گئی ہو؛ (مجازاً) معقول، ٹھیک، درست، مناسب، موزوں. [ع].

مُدَلِّل (ضم م، فت د، شد ل بکس) صف.
دلیل سے ثابت کرنے والا؛ عاشقانہ ناز و نیاز یا اشارے کنائے کرنے والا، عشق باز؛ لبھانے والا، پھسلانے والا؛ للوچپو کرنے والا. [ع].

مَدْماتا (فت م، سک د) صف مذ.
۱. مست، سرشار، مخمور. ۲. مغرور، گھمنڈی، خود بیں؛ شگفتہ، پھولا ہوا؛ جوبن پر آیا ہوا، بہار پر آیا؛ جوان؛ بالغ؛ پُرشہوت، نفس پرست، پُرشوق؛ خواہش مند؛ عاشق.

مَدْماتی (فت م، سک د) صف مث.
دیکھیے: مدماتا کی تانیث، نشیلی، سرشار، مست.

مُدَمَّغ (ضم م، فت د، شد م بفت) صف؛ اند.
۱. مغرور، متکبر، گھمنڈی. ۲. احمق، بے وقوف، نازک مزاج. ۳. مغلوب شیطانی. [ع].

مُدَمِّل (ضم م، فت د، شد م بکس) (الف) صف.
زخم بھرنے والا، مندمل کرنے والا. (ب) امث. (طب) زخم کو بھرنے والی دوا، زخم کو خشک کرنے والی دوا. [ع].

مَدَن (فت م، د) اند.
۱. محبت، عشق، جوشِ جوانی، شہوت؛ مست و سرخوش کرنے کا فعل. ۲. مہادیو جی اور کام دیو کا لقب، عشق کا دیوتا، موکلِ شہوت. ۳. شراب، نشہ آور چیز. ۴. جوانی. ۵. کئی پودوں کے نام یعنی مین پھل، دھتورا، کھیر، مولسری وغیرہ. ۶. بہار کا موسم؛ شہد کی مکھی؛ شہد کی مکھی کا موم. [س].

مَدَن بان/ بھان/ سان اند. ۱. کام دیو کا تیر، عشق کا تیر. ۲. (مجازاً) نگاہ، نظر؛ آنکھ. ۳. ہم بغل ہونے کا ایک انداز. ۴. چنبیلی کی ایک قسم. ۵. ایک پودا.

مدن مورت صف. پیار کی مورت، محبت کا پیکر.

مدن موہن صف؛ اند. (ہنود) کام دیو کو فریفتہ کرنے والا؛ مراد: بھگوان نیز کرشن جی کا لقب.

مَدَنی (فت م، د) صف.
۱. مدینہ سے منسوب یا متعلق، شہر کا، شہری، متمدن. ۲. مدینۂ منورہ سے

منسوب یا متعلق: مدینے سے متعلق، مدینے کا، مدینے والا ؛ (مجازاً) حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم.

مَدَنِیّات (فت م، و، شد ی مع بفت) امث : ج.
علم جو شہریت اور تمدن کے بارے میں بحث کرتا ہے.

مَدَنِیَّت (فت م، و، شد ی مع بفت) امث.
مدنی یا شہری ہونے کی حالت و کیفیت، شہریت، شہری زندگی، معاشرت، تمدن.

مَدّو (فت م، شد د، و مع) امذ.
ا. اونٹ یا سانڈنی کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ یا فراز، کوہان. ۲. (مجازاً) وہ زخم جو گھوڑے کی پیٹھ پر ہو، چار جامہ کے اوپر کی طرف کا زخم.
مدو آنا/ پکنا ف مر: محاورہ. گھوڑے کے کندھے پر زخم ہو جانا.
مدوساہی پیسا امذ. ایک قسم کا پرانا موٹا پیسا جو تانبے کا چوکور ٹکڑا ہوتا تھا.

مَدّو جَزر (فت م، شد د، و مج، فت ج، سک ز) امذ.
ا. مد کا تحتی، جوار بھاٹا. ۲. اُتار چڑھاؤ، نشیب و فراز ؛ مشکلات.

مُدَوَّر (ضم م، فت د، شد و بفت) صف.
ا. (i) گول، دائرہ نما. (ii) کروی شکل کا، کروی (Spherical).
۲. ایک محور کے گرد گھومنے والا، چکر کاٹنے والا، گردا گرد پھرنے والا.
۳. (مجازاً) تراشیدہ ؛ سڈول ؛ پروقار. ۴. (مجازاً) لڑھکنے والا، آگے بڑھنے والا، متحرک. ۵. (علم تشریح) بواب سے متعلق (Pyloric).
[ع].

مُدَوَّن (ضم م، فت د، شد و بفت) صف.
تدوین کیا ہوا، جمع کیا ہوا، تالیف کیا ہوا، مرتب. [ع].

مُدَوِّن (ضم م، فت د، شد و بکس) صف.
جمع کرنے اور ترتیب دینے والا، مرتب کرنے والا. [ع].

مَدّہ (فت م، شد د بفت) امذ.
ا. الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت، مد. ۲. وہ حروف جو اپنے پہلے حرف کی حرکت کو کھینچتے ہیں یعنی ا، و اور ی. [ع].

مِدّہ (کس م، شد د بفت) امذ.
زخم کا مواد، پیپ، ریم. [ع].

مَدہوش (فت م، سک د، و مج) صف.
ا. (i) دہشت زدہ، خوف زدہ. (ii) ہکا بکا، بھونچکا، حیران، سرگشتہ متحیر. ۲. (مجازاً) بے ہوش، بے سدھ ؛ متوالا، بدمست، مخمور، سرشار [ع].
مدہوش کن صف. مست کر دینے والا، مخمور کر دینے والا.
مدہوش ہونا ف مر: محاورہ. بدمست ہو جانا، متوالا ہو جانا.

مَدہوشی (فت م، سک د، و مج) امث.
مدہوش ہونا، بے ہوشی، بدمستی، متوالا پن.
مدہوشی چھانا محاورہ. بے ہوشی طاری ہونا، نشہ سوار ہونا، بدمستی ہونا

مَدِیح (فت م، ی مع) (الف) امث.
تعریف، ستائش، مدح. (ب) صف. ا. جس کی تعریف و ستائش کی گئی ہو، ممدوح. ۲. تعریف کرنے والا، ستائش کرنے والا، مدّاح. [ع].
مدیح خواں صف. مدحت سرا، تعریف و ستائش کرنے والا، مدح خواں

مَدِیحَت (فت م، ی مع، فت ح) امث.
تعریف و توصیف، مدح سرائی، مدحت.

مَدِید (فت م، ی مع) (الف) صف.
ا. (i) کھینچا ہوا ؛ (مجازاً) دراز، طویل، زیادہ (عموماً مدت کے لیے مستعمل). (ii) زیادہ مدت کا، طویل مدت رکھنے والا، زمانوں پر محیط ۲. (i) وسیع، فراخ ؛ لمبا (قد و قامت کا). (ii) (مجازاً) عمیق، گہرا
(ب) امث. (عروض) ایک بحر کا نام جس کے رکن سباعی میں اول و آخر وتد مجموع کے ایک ایک سبب کھینچا ہوا ہے، اس کا وزن ہے فاعلاتن فاعلن، فاعلاتن فاعلن (دو بار). [ع].

مُدِیر (ضم م، ی مع) (الف) صف.
گھمانے والا ؛ (مجازاً) دائرے دار، چکر والا. (ب) امذ. ا. (i) کسی ادارے کا مہتمم، نگراں، منیجر. (ii) کسی صوبے کا حاکم، گورنر. ۲. اخبار یا رسالے وغیرہ کا ایڈیٹر. [ع].
مدیر اعلیٰ امذ. سب سے بڑا مدیر، چیف ایڈیٹر.

مَدِینَہ/ مدینۃ (فت م، ی مع، فت ن) امذ.
ا. شہر، نگر، نگری، بلدہ. ۲. حجاز کے ایک مشہور اور مقدس شہر کا نام جہاں

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روضۂ مبارک ہے اس کا قدیم نام یثرب تھا۔ [ع].

مدینہ/ مدینۃ الحکما اند. حکیموں کا شہر؛ مراد: شہر ایتھنز جو ملک یونان کا دارالحکومت ہے، افلاطون، ارسطو، سقراط، بقراط یہیں ہوئے ہیں۔

مدینہ/ مدینۃ العلم اند. علم کا شہر؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لقب۔

مدینہ/ مدینۃ منورہ اند. شہر مدینہ کا ایک وصفی معروف نام۔

مَدھ (فت م) امث: اند.
۱. کوئی نشہ آور چیز، شراب ۲. مستی، نشہ، خمار ۳. وہ رطوبت جو درختوں سے رستی ہے؛ جیسے: نیم کا مدھ ۴. پھولوں کا رس، شہد ۵. غرور، تکبر، گھمنڈ؛ موسم بہار، عنفوان شباب؛ فریفتگی۔

مدھ بھرا صف مذ. مست، مخمور، سرشار۔

مدھ بھری صف مث. ۱. مست، مخمور، نشیلی ۲. سُریلی، میٹھی۔

مدھ ماتا صف مذ. جوانی یا شراب کے نشے میں مست، مدہوش، مخمور، سرشار۔

مدھ ماتی صف مث. نشہ میں مست، متوالی۔

مدھ مالتی امث. مالتی نام کی بیل جس کے پھول پیلے رنگ کے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

مَدھانی (فت م) امث.
دودھ یا دہی بلونے اور مکھن نکالنے کا آلہ، متھانی، بلونی۔

مَدُھر (فت م، ضم دھ) صف.
۱. میٹھا، خوش گوار؛ رسیلا، شیریں، مزے دار ۲. (i) سریلا، لے دار، شیریں (آواز). (ii) نرم، ملائم ۳. دل کش، خوب صورت، پیارا، مرغوب، لبھانے والا ۴. خراماں، مٹک چال، لچک چال ۵. دھیما، درمیانی درجے کا۔ [س].

مَدُھرتا (فت م، ضم دھ، سک ر) امث.
۱. مٹھاس، شیرینی، سریلا پن، خوش الحانی ۲. خوب صورتی، دل کشی، رعنائی۔

مَدُھری (فت م، ضم دھ) صف: امث.
ایک ساز؛ مٹھاس؛ زہر؛ رانگا؛ دوستانہ طریقۂ اخلاص؛ خلق کی حالت جس کی وجہ سے میٹھی آواز نکلتی ہے؛ میٹھی، رسیلی، سہانی، لبھانی، مرغوب۔ [س].

مَدّھم (فت م، شد دھ بفت) صف.
۱. دھیما، دھیرج، آہستہ ۲. اوسط درجے کا، میانہ، معتدل، درمیانے درجے کا، متوسط، بیچ کی راس کا، اچھا نہ برا ۳. نیچا، کم، اونچا کا نقیض ۴. (i) ہلکا، خفیف. (ii) بے آب، پھیکا، ماند، دھندلا ۵. گرا ہوا، گھٹا ہوا، مندا ۶. (i) سست، کاہل، ڈھیلا، مجہول. (ii) سست رو، آہستہ چلنے والا ۷. کم قیمت سونا یا چاندی۔ [س].

مدھم پڑنا محاورہ. ۱. دھیما ہونا، کم ہونا، سست ہو جانا ۲. بے جان ہونا، بے دم ہونا ۳. ماند ہونا، آب و تاب کم ہونا، بے رونق ہونا۔

مدھم سا اند. ہلکا، سریلا، خوش گوار۔

مدھم کرنا ف مر. ۱. آہستہ کرنا، کم کرنا، گھٹانا، دھیما کرنا ۲. پھیکا اور بے روپ کرنا۔

مدھم ہو جانا/ ہونا ف مر: محاورہ. ہلکا پڑنا، غیر موثر ہو جانا، دھیما ہونا۔

مَدُھو (فت م، و مع نیز ضم دھ، فم و) (الف) اند.
۱. شہد ۲. انگبیں، پھولوں کا رس ۳. شراب، انگوری شراب؛ موسم بہار، چیت کا مہینہ. (ب) صف. میٹھا، شیریں۔ [س].

مدھو ماکھی امث. شہد کی مکھی، نحل۔

مَدُھوری (فت م، و مع) صف.
خوب صورت، من موہنی۔

مَدّھی (فت م، شد دھ) صف مث.
ہلکی، مدھم۔

مَدھیہ (فت م، سک دھ، فت ی) (الف) صف.
۱. بیچ کا، درمیانی، وسطی ۲. دو کے درمیان کھڑا ہوا؛ جو کسی کا طرف دار نہ ہو؛ بے غرض؛ اوسط درجے، قسم، قد یا خاصیت کا؛ کم درجے کا، بہت برا. (ب) امث. عورت کی کمر؛ درمیانی حالت؛ گھوڑے کی بکھی یا کوکھ. (ج) اند. (ریاضی) سلسلے کا درمیانی عدد، ایک خاص وزن یا بحر، گانے میں اوسط وقت؛ ایک بہت بڑا عدد؛ (موسیقی) ایک سپتک کا نام۔ [س].

مَڈ (فت م) مث (شاذ).
گیلی مٹی، کیچڑ، کیچ، گندگی. [انگ].

مڈ گارڈ اند. گاڑی کے پہیوں کے اوپر لگایا ہوا سخت ڈھکنا جو کیچڑ کو اوپر اچھلنے سے روکتا ہے.

مِڈ (کس م) صف.
وسطی، درمیانی؛ نیم، نصف؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

مڈ آف اند. (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے داہنی جانب کھڑا ہوتا ہے نیز وہ جگہ جہاں وہ کھڑا ہوتا ہے.

مڈ آن اند. (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے بائیں جانب کھڑا ہوتا ہے نیز وہ جگہ جہاں وہ کھڑا ہوتا ہے.

مڈ ٹرم مث. درمیانی مدت، وسطی زمانہ، تعلیمی سال یا عہدے کی مدت کا وسطی زمانہ، وسط مدتی.

مڈ ٹرم انتخابات اند؛ ج. درمیانی مدت کے انتخابات؛ ٹرم یا مدت پوری ہونے سے پہلے ہونے والے انتخاب.

مُڈاسا (ضم م) اند.
سر پر باندھنے کا پھینٹا؛ پگڑی، دستار، صافہ؛ دوپٹہ.

مُڈبھیڑ (ضم م، سک ڈ، ی ج) مث.
مقابلہ، آمنا سامنا، دو بدو ہونا، گتھ جانا؛ اتفاقیہ ملاقات.

مڈبھیڑ ہو جانا/ ہونا ف مر: محاورہ. سامنا ہو جانا، سر راہ ملاقات ہو جانا.

مِڈَل (کس ج م، فت ج ڈ) اند.
تمغا، میڈل. [انگ].

مِڈل (کس م، ڈ) صف؛ اند.
۱. درمیانی، وسطی، وسط، درمیانہ درجہ؛ آٹھویں جماعت. ۲. (مجازاً) وہ جس نے آٹھویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہو. [انگ].

مڈل کلاس مث. ۱. درمیانی طبقہ، متوسط طبقہ. ۲. آٹھویں جماعت.

مِڈلچی (کس م، ڈ، سک ل) اند.
(تحقیراً) وہ شخص جس نے صرف مڈل کا امتحان پاس کیا ہو؛ مراد: کم تعلیم یافتہ.

مَڈّی (فت م، شد ڈ) (الف) مث.
وہ چیز جو مائعات کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے، تلچھٹ. (ب) صف. بے وقوف، احمق. [س].

مڈّی پنا اند. بیوقوفی، حماقت.

مُڈّی (ضم م، شد ڈ) (الف) مث.
(قصاب) قسائی کی گھیردار وزنی لکڑی جس پر رکھ کر وہ گوشت کاٹتا یا قیمہ بناتا ہے. (ب) اند. مُڈے کا ٹکڑا یا حصہ.

مُڈھ (ضم م، سک ڈھ) اند.
۱. سرخیل، سرگروہ، چودھری، سردار، سرغنہ. ۲. جڑ، بنیاد، کسی چیز کا نچلا حصہ. ۳. مردِ معمر، بوڑھا آدمی.

مڈھ بھیڑ مث. مقابلہ ہونا، اچانک ملاقات، اتفاقیہ آمنا سامنا ہو جانا. دیکھیے: مڈبھیڑ.

مُڈھا (ضم م، سک ڈھ) اند.
۱. پتنگ کا سرا، کنکوے کا سر، پتنگ کا دایاں یا بایاں کونا. ۲. مونڈھا؛ پٹھا، سرین. [س].

مُڈھی (ضم م، شد ڈھ) مث.
۱. لکڑی کا کندا. ۲. (کاشت کاری) جڑ کے قریب کی سالم لکڑی. ۳. وہ موٹی اور ٹیڑھی بکھری لکڑیاں جو اکثر و بیشتر دیگ کے نیچے جلائی جاتی ہیں. [س].

مَذ (فت م) اند.
ایک وزن؛ ایک بحر؛ (تجوید) مد، ایسے حروف جو دوسرے حروف کی آوازوں کو لمبا کر دیں "ا، و، ی" ماقبل مفتوح، مضموم. [ع].

مُذ (ضم م) اند.
مالک، حاکم، آقا. [ع].

مَذابح (فت م، کس ب) اند.
مذبح کی جمع. [ع].

مَذاق (فت م) اند.
۱. چکھنا، چکھنے کی جگہ یا محل ذائقہ. ۲. قوتِ ذائقہ، چکھنے کی طاقت یا

جس. ۳. (i) کسی بات کا چسکا، چاٹ، دلچسپی. (ii) مزہ، ذائقہ، لذت. ۴. آپس کی چہل، باہمی اختلاط. ۵. رجحان، میلان، رغبت، ذوق. ۶. پرکھنے کی صلاحیت، سلیقہ. ۷. ہنسی، ٹھٹا، دل لگی، ظرافت، تمسخر، مزاح. [ع].

مذاق اڑانا محاورہ. ہنسی اُڑانا، تمسخر کرنا، کسی کی تضحیک کرنا.

مذاق بنا دینا / بنانا محاورہ. دیکھیے: مذاق اُڑانا.

مذاق سے م ف. ٹھٹھول بازی سے، ہنسی یا دل لگی سے، مذاق کے طور پر، ظرافتاً، مزاحاً.

مذاق میں اڑانا محاورہ. ہنسی میں ٹالنا؛ ٹھٹھول کرنا.

مَذاقاً (فت م، تن ق بفت) م ف.
ہنسی مذاق سے، دل لگی سے، مذاق میں، ٹھٹھول سے.

مَذاقِیَہ (فت م، کس ق، فت ی) (الف) صف.
ہنسی مذاق کرنے والا، ظریف، دل لگی باز. ۲. ٹھٹھول والا، تمسخر آمیز، مزاحیہ. (ب) م ف. ۱. ہنسی سے؛ مذاق کے طور پر. ۲. تفریحاً، تفنن طبع کے لیے.

مُذاکَرات (ضم م، فت ک) اند؛ ج.
مذاکرہ کی جمع، بات چیت، مباحثے.

مُذاکَرَہ (ضم م، فت ک، ر) اند.
کسی مسئلے یا معاملے پر آپس میں بات چیت یا بحث کرنا، کسی امر پر باہمی گفتگو، مباحثہ. [ع].

مَذاہِب (فت م، کس ہ) اند؛ ج.
بہت سے مذہب، ادیان.

مَذْبَح (ضم م، سک ذ، فت ب) اند.
۱. ذبح کرنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں جانوروں کو ذبح کیا جائے، کمیلا. ۲. قربان گاہ (ان معنوں میں بطور تانیث). [ع].

مذبح خانہ اند. وہ جگہ جو جانوروں کو ذبح کرنے کے لیے مخصوص ہو، کمیلا.

مَذْبَحَہ (فت م، سک ذ، فت ب، ح) اند.
ذبح کرنا، قتل کرنا، قتل عام. [ع].

مُذَبْذَب (ضم م، فت ذ، سک ب، فت ذ) صف.
۱. وہ جسے ایک حال اور ایک جگہ پر قرار نہ ہو، ڈانوا ڈول، وہ شخص جس کا ارادہ مصمم نہ ہو، کشش و پنج میں مبتلا، متردد، غیر مستقل مزاج. ۲. مشتبہ، غیر یقینی، مشکوک. ۳. لٹکا ہوا، اِدھر اُدھر حرکت کرتا ہوا، آویزاں. [ع].

مَذْبُوح (فت م، سک ذ، و مع) صف.
ذبح کیا ہوا، حلال کیا ہوا؛ قتل کیا ہوا، مقتول. [ع].

مَذْبُور (فت م، سک ذ، و مع) صف.
لکھا ہوا، تحریر کردہ، نوشتہ. [ع].

مَذْخُور (فت م، سک ذ، و مع) صف.
(طب) ذخیرہ کیا ہوا. [ع].

مَذْخُورَہ (فت م، سک ذ، و مع، فت ر) صف.
ذخیرہ کیا ہوا.

مُذَکَّر (ضم م، فت ذ، شد ک بفت) اند.
۱. نر (مادہ کی ضد)، مردانہ جنس رکھنے والا. ۲. (قواعد) وہ لفظ جس کا استعمال بہ صورت تذکیر ہو، وہ لفظ جس میں تذکیر کا صیغہ استعمال ہو. [ع].

مُذَکِّر (ضم م، فت ذ، شد ک بکس) صف؛ اند.
۱. (i) ذکر کرنے والا؛ (مجازاً) نصیحت کرنے والا، تنبیہ کرنے والا، واعظ، ذاکر. (ii) خدا کا ذکر کرنے والا، خدا کی یاد میں مشغول ہونے والا. ۲. (طب) وہ علامت جو امور گزشتہ پر دلالت کرے. [ع].

مُذَکَّرانَہ (ضم م، فت ذ، شد ک بفت، فت ن) صف؛ م ف.
نر کی طرح کا، مرد کی طرح، مردانہ، نروں کی طرح، مردانہ وار.

مَذْکُور (فت م، سک ذ، ضم ک) (الف) صف.
جس کا ذکر کیا گیا ہو، ذکر کیا گیا، بیان کیا گیا، متذکرہ. (ب) اند. ۱. ذکر، بات، تذکرہ. ۲. ظہور پذیر، واقع، عیاں، نمایاں. ۳. (مجازاً) پتا، نام، نشان. [ع].

مذکور الذکر/ الصدر صف. جس کا پہلے یا اوپر ذکر کیا جا چکا ہو، مذکورۂ بالا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مذکور ہونا ف مر: محاورہ. مذکور کرنا کا لازم، ذکر ہونا، تذکرہ ہونا.

مَذْکُورَہ (فت م، سک ذ، و مع، فت ر) صف.
جس کا ذکر کیا گیا ہو، ذکر کیا ہوا.

مذکورہ بالا صف. جس کا ذکر اوپر (کی عبارت میں) آچکا ہو، اوپر ذکر کیا ہوا.

مَذْکُورِی (فت م، سک ذ، و مع) اند.
(عدالت) وہ بلا تنخواہ سپاہی یا چپراسی جو مال گزاری وصول کرنے پر مقرر ہو اور جس کا نام رجسٹر ملازمت میں درج نہیں ہوتا حکام سے صرف ذکر کر دینا کافی ہوتا ہے، اسے طلبانہ سے اجرت دی جاتی ہے، پیادہ، عدالت کا سمن وغیرہ تعمیل کرانے والا سپاہی.

مُذِلّ (ضم م، کس ذ، شد ل) صف.
ا. ذلیل کرنے والا، جو ذلت کا باعث ہو. ۲. ذلت دینے والا؛ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مَذَلَّت (فت م، ذ، شد ل بفت) مث.
ذلت، رسوائی، بدنامی، خواری، اہانت، تحقیر. [ع].

مَذَمَّت (فت م، ذ، شد م بفت) مث.
ا. برائی، عیب گیری، توہین. ۲. الزام، تہمت، ملامت نیز الزام لگانا. ۳. حقارت، ذلت. ۴. ہجو نیز دشنام، گالی؛ بدکلامی. ۵. وہ چیز یا شخص جو ملامت کے لائق ہو. ۶. لائق ملامت یا ناپسندیدہ کام یا کیفیت.
اف: کرنا / ہونا. [ع].

مذمت کرنا ف مر: محاورہ. لائق ملامت ٹھہرانا، برا بھلا کہنا.

مَذْمُوم (فت م، سک ذ، و مع) صف.
مذمت کیا گیا، جس کی برائی کی جائے، قبیح، برا، بد، خراب. [ع].

مذموم اثرات صف: اند: ج. بُرے اثرات، خراب یا قابلِ مذمت اثرات.

مَذْمُومَہ (فت م، سک ذ، و مع، فت م) صف مث.
ہجو کی گئی، بُری، خراب، بد، زشت. [ع].

مُذْنِب (ضم م، سک ذ، کس ن) صف: اند.
گناہ کرنے والا، گنہ گار، عاصی نیز مجرم. [ع].

مُذْنِبِین (ضم م، سک ذ، کس ن، ی مع) اند: ج.
مذنب کی جمع، گنہگار لوگ، عاصی لوگ.

مَذْہَب (فت م، سک ذ، فت ہ) اند.
ا. (لفظاً) گزرنا، جانے کی جگہ؛ (مجازاً) راستہ، راہ (کسی شخص یا گروہ کا) مسلک، آئین، طریق. ۲. عقیدہ، دین، دھرم. ۳. کیش، مشرب، مت. ۴. رائے، نظریہ. [ع].

مذہب پرست صف. مذہب پر بہت عمل کرنے والا، اپنے مذہب کی بہت پاس داری کرنے والا، نہایت مذہبی.

مذہب پرستی مث. مذہب پر سختی سے عمل کرنا، اپنے مسلک کی پاسداری کرنا، اپنے مذہب کی حمایت کرنا.

مُذَہَّب (ضم م، فت ذ، شد ہ بفت) صف.
وہ جس پر سونا چڑھا ہوا ہو، سونے کا ملمع کیا ہوا، مطلاّ، سنہرا. [ع].

مَذْہَباً (فت م، سک ذ، فت ہ، تن ب بفت) م ف.
مذہب کے لحاظ سے، مذہب کی رو سے، مذہبی طور پر، مذہبی طریقے سے.

مُذَہَّبَہ (ضم م، فت ذ، شد ہ بفت، فت ب) صف مث.
ا. مذہب کی تانیث، سونا چڑھی ہوئی؛ (مجازاً) وہ زرد گائے جسے موسیٰ علیہ السلام کے حکم پر ذبح کیا گیا اور اس کی ران یا دم کی ہڈی مارنے سے ایک مقتول اٹھ کھڑا ہوا اور اپنے قاتل کی شناخت کرا دی. ۲. وہ پسندیدہ نظم یا نثر جسے دورِ جاہلیت میں عرب جانوروں کی کھالوں یا ابریشمی کپڑوں پر سنہرے حرفوں میں لکھ کر کعبے کی دیواروں پر آویزاں کرتے تھے. [ع].

مَذْہَبِی (فت م، سک ذ، فت ہ) صف.
ا. مذہب سے منسوب یا متعلق، مذہب کا، دینی. ۲. مذہب پر سختی سے عمل کرنے والا، امورِ دینی کو پابندی سے انجام دینے والا، دین دار.

مذہبی امور اند: ج. کسی دین کے معاملات، مذہب کے بارے میں کام.

مذہبی پیشوا اند. مذہبی معاملات میں رہنمائی کرنے والا عالم، مقتدائے دین، مذہبی رہنما، پروہت، پادری.

مذہبی تعصب اند. اپنے مذہب کی بے جا طرف داری، اپنے مذہب کے سوا دوسرے مذاہب کے خلاف ناپسندیدگی کا جذبہ.

مَذہَبِیَّت (فت م، سک ذ، فت ہ، شدی مع ہلت) امث.
مذہبی ہونے کا عمل، مذہب کو ماننا، مذہب سے تعلق یا عقیدت؛ مذہب پرستی کا جذبہ.

مَذی (فت م) امث.
(طب) وہ رطوبت جو شہوت کے جوش میں (انزال سے پہلے) نکلتی ہے. [ع].

مُذِیب (ضم م، ی مع) صف؛ اند.
پگھلانے والا، حل کرنے والا، محلل؛ (کیمیا) وہ چیز جو کسی چیز کو پگھلائے یا حل کرے. [ع].

مَر (فت م) امر.
مرنا سے فعل امر؛ تراکیب میں مستعمل: جیسے: مرمٹنا، مرکر وغیرہ میں.

مر بھکا/ بھوکا صف؛ اند. بھوک کا مارا، بہت بھوکا، کنگال؛ وہ شخص جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو، پیٹو.

مر بھکی/ بھوکی صف مث؛ امث. مربھکا/ بھوکا کی تانیث، بھوکوں ماری، پیٹو عورت.

مر ہٹ کر/ کے م ف. بڑی محنت سے، نہایت کوشش سے، بہ مشکل تمام.

مرجانا (الف) ف مر؛ محاورہ. ۱. انتقال کر جانا، فوت ہو جانا، دنیا سے گزر جانا. ۲. کہیں جا کے بیٹھ جانا، (کہیں) چلا جانا، غائب ہو جانا، لاپتہ ہو جانا. ۳. نہایت افسردہ ہو جانا، غمگین ہو جانا. ۴. عاشق ہو جانا، فریفتہ ہو جانا. ۵. پھول پتے وغیرہ کا مرجھا جانا، پژمُردہ ہو جانا. ۶. نہایت شرمندہ ہو جانا، شرم سے پسینے پسینے ہو جانا. ۷. تباہ ہو جانا، برباد ہو جانا. ۸. بے دم ہو جانا، بے حال ہو جانا، طاقت نہ رہنا. ۹. (i) ختم ہو جانا، باقی نہ رہنا. (ii) (بھوک) زائل ہو جانا. (iii) (پیاس) بجھ جانا، فرو ہو جانا. ۱۰. کوئی تعلق نہ رہنا، تمام رشتے ختم ہو جانا. (ب) صف؛ اند. جس میں جان نہ ہو، مریل، وہ شخص جو مرتے مرتے بچا ہو، ادھ موا شخص.

مر جائیں تو مکھی اور نکل جائیں تو شیر کہاوت. اگر کوئی قیدی جیل میں مرجائے تو ایک مکھی کے مرجانے سے زیادہ اہمیت نہیں دی جائے گی لیکن اگر کوئی قیدی بھاگ نکلنے میں کامیاب ہوا تو اسے ایک شیر کے کٹہرے سے نکل جانے کے برابر اہم واقعہ سمجھا جائے گا.

مر جھلا صف. (عور) نہایت ضعیف، کمال لاغر، کمزور، نحیف.

مرچکنا محاورہ. ۱. انتقال کر جانا، زندہ نہ ہونا. ۲. ختم ہو جانا، باقی نہ رہنا، مٹ جانا.

مر چلنا محاورہ. مرنے کے قریب ہونا، مرنے لگنا، مرنے سے قبل کمزور اور ضعیف ہو جانا؛ مرجانا.

مر کر/ کے م ف. ۱. مرنے کے بعد، مردہ ہو کر موت کے بعد. ۲. مشکل سے، دقت سے، مرنے کے قریب پہنچ کر.

مر کر/ کے، بچنا محاورہ. ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچ جانا، مشکل سے بچنا.

مر کر جی اٹھنا محاورہ. دوبارہ زندہ ہونا، نئی زندگی پانا؛ مرتے مرتے بچنا.

مر کر/ کے (ہی) نکلنا محاورہ. مرتے دم تک کسی جگہ سے نہ نکلنا، مرتے دم تک پڑا رہنا.

مر کہیں فقرہ. ۱. (کلمۂ تنفر) دُور ہو، دفان ہو. ۲. (بد دعا) مَر بھی چک، کسی طرح مر بھی جا، غارت ہو، ناپید ہو، خدا کرے مرجائے، اُجڑ جا.

مر کے م ف. مرنے کے بعد، موت آ جانے پر.

مر کے زندہ ہونا ف مر؛ محاورہ. دوبارہ زندہ ہونا.

مر گر کر/ کے م ف. بڑی مشکل سے جوں توں کر کے، جیسے تیسے.

مر گر کر/ کے کاٹنا محاورہ. جیسے تیسے گزر بسر کرنا.

مر گئے مردود جن کی فاتحہ نہ درود کہاوت. نکمّے اور بے نام و نشان شخص کے بارے میں مستعمل، بدمعاش اور بُرے آدمی کو کوئی دعائے خیر سے یاد نہیں کرتا.

مر گیا فقرہ. ۱. چوٹ لگنے یا تکلیف کی شدت کے وقت مستعمل. ۲. (کوسنا) مرجانے والا، غارت ہونے والا.

مرمٹا صف مذ. ۱. جو فنا ہو گیا ہو، جو مٹ گیا ہو، برباد ہو گیا ہو، ختم ہو گیا ہو، جو بے نام و نشان ہو گیا ہو؛ تباہ و برباد، بدنصیب.
۲. (مجازاً) عاشق، شیفتہ.

مرمٹ کے م ف. نہایت محنت و مشقت کر کے، سخت تکلیفیں اُٹھا کر، انتہائی کوشش کر کے.

مرمٹنا محاورہ. ۱. مر جانا، قتل ہونا، جان دینا، قربان ہونا. ۲. (i) محنت و مشقت برداشت کرنا، سخت کوشش کرنا. (ii) بہت نڈھال ہو جانا، تھک کر مرنے کے قریب ہونا، تھک ہار جانا. ۳. (i) عاشق ہونا، کسی پر جان دینا، فریفتہ ہونا، شیدا ہونا. (ii) فدا ہو جانا، اش اش کرنا.
۴. تباہ ہونا، برباد ہونا، فنا ہونا.

مرمٹی صف مث. جو فنا ہو گئی ہو؛ بدنصیب.

مرمُونے فقرہ. دعائے بد و کلمۂ تنفر جو حالت اکراہ و معشوقانہ وغیرہ کے موقعے پر عورتیں کہتی ہیں، غارت ہو، کم بخت، موئے نابکار، تجھے خدا کی مار.

مُرّ (ضم م، شدر نیز بلا شد) مذ.
(طب) ایک درخت کا گوند جو اس کے تنے میں شگاف دینے سے حاصل ہوتا ہے مُرکی (مکہ کا مُر) سب سے عمدہ ہوتا ہے بطور دوا اور خوشبو کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، بول. [ع].

مَرا(۱) (فت م) صف مذ.
مرا ہوا، مردہ (عموماً تراکیب میں مستعمل).

مرا تو شہید مارا تو غازی کہاوت. جہاد کرنے والا اگر مر گیا تو شہید کہلایا اور اگر کسی کافر کو مار ڈالا تو غازی کہلاتا ہے.

مرا جاتا محاورہ. بہت بے تاب ہونا، کسی کام کے لیے جلدی کرنا، بے چین ہوا جانا.

مرا سوتا برابر کہاوت. مُردے اور سوئے ہوئے شخص میں کوئی فرق نہیں ہوتا.

مرا مرا صف؛ م ف. کمزور سا نیز دھندلا، غیر واضح.

مرا منھ دیکھو فقرہ (عموماً) سخت قسم کی جگہ مستعمل.

مرا ہاتھی بھی سوا لاکھ کا ہوتا ہے کہاوت. کارآمد اور قیمتی چیز کی نسبت کہتے ہیں، اچھی اور مفید چیز کی قدر ہمیشہ رہتی ہے.

مرا ہوا صف؛ مذ. ۱. فوت شدہ؛ خشک، مرجھایا ہوا؛ غریب؛ بدنصیب
۲. (مجازاً) (کسی پر) عاشق، فریفتہ.

مَرا(۲) (فت م) ضمیر.
مجھ کو، مجھے. [ف].

مِرا (کس ج م) ضمیر.
میرا کا مخفف (عموماً ضرورتِ شعری کی وجہ سے شاعری میں مستعمل).

مرا سر فقرہ. کسی نام یا بات کی ناپسندیدگی کے اظہار کے لیے جواباً مستعمل؛ کچھ نہیں.

مرا مردہ دیکھو/ دیکھے فقرہ. (عو) ایک قسم، جب کسی کو کسی کام سے روکنا ہو تو کہتے ہیں.

مُرابِط (ضم م، کس ب) صف.
باہمی ربط رکھنے والے، دشمن کی سرحد پر متعین. [ع].

مِرْآت/ مِرْآة (کس م، سک ر، فت ا) مذ.
دیکھیے: مرأت/مراۃ، آئینہ، آرسی، منھ دیکھنے کا شیشہ. [ع].

مَراتِب (فت م، کس ت) مذ؛ ج.
۱. مرتبے، درجے، رُتبے، مدارج، مناصب. ۲. مناصب، عہدے.
۳. مراحل، امور، معاملات، نکات. ۴. واقعات؛ اوقات.

مراتب ادا ہونا محاورہ. مراحل طے ہونا، امور انجام پانا، معاملات ختم ہونا.

مراتبِ الٰہیہ مذ؛ ج. (تصوف) احدیت، وحدیت اور واحدیت کے مرتبے.

مَراثی (فت م) مذ؛ ج.
مرثیے. [ع].

مِیراثی (کس م) مذ.
۱. میراثی جو اس کا اصل املا ہے. ۲. میراث میں ملا ہوا، موروثی.

مُراجَعَت (ضم م، فت ج، ع) مث.
۱. واپس آنا، لوٹنا، واپسی، بازگشت؛ اعادہ کرنا. ۲. کسی چیز کی طرف رجوع کرنا. ۳. (مجازاً) نظرثانی کرنا، تنقیح کرنا. [ع].

مَراحِل (فت م، کس ح) اند: ج.
منازل، منزلیں، درجے؛ ٹھہرنے اور کوچ کرنے کے مقامات.

مراحل طے کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. منزلوں سے گزرنا، منازل قطع ہونا. ۲. کام بہ تدریج آگے بڑھانا، مدارج سے گزرنا، معاملات نمٹانا. ۳. مشکلات پر قابو پا لینا. ۴. سارے امتحان پاس کر لینا؛ ہر قسم کے تجربے حاصل کر لینا.

مراحل طے ہونا ف مر؛ محاورہ. مراحل طے کرنا کا لازم، مرحلے گزرنا، مدارج ختم ہونا.

مراحل میں ہونا محاورہ. کسی کام وغیرہ کا درمیانی مرحلوں میں ہونا.

مَراحِم (فت م، کس ح) اند: ج.
عنایتیں، نوازشیں، مہربانیاں، شفقتیں نیز بخششیں.

مراحم خسروانہ اند: ج. شاہانہ بخششیں، عطیاتِ شاہی، عنایاتِ شاہی؛ (مجازاً) انتہائی فیاضی.

مُراد (ضم م) امث (اند: قدیم، شاذ).
۱. جس کی خواہش یا ارادہ کیا گیا ہو، وہ چیز جس کا ارادہ کیا گیا ہو، مقصود. ۲. مطلب، غرض، منشا، مقصد نیز مفہوم، معنی. ۳. خواہش، تمنا، آرزو، حاجت. ۴. (عور) منت؛ نذر؛ قسم؛ ایک اسم خاص. [ع].

مراد بر آنا محاورہ. خواہش پوری ہونا، مقصد حاصل ہونا.

مراد پانا محاورہ. مقصد پورا ہونا، دلی مدعا حاصل ہونا؛ منت پوری ہونا.

مراد پوری ہونا محاورہ. مقصد حاصل ہونا، مدت پوری ہونا.

مراد کو پہنچنا / پہونچنا محاورہ. مقصد میں کامیاب ہونا، مطلب حاصل ہونا، آرزو پوری ہونا، فائز المرام ہونا.

مُرادِف (ضم م، کس د) صف.
کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا؛ (مجازاً) ہم معنی، مترادف. [ع].

مُرادِفات (ضم م، کس د) اند: ج.
ہم معنی الفاظ، مترادفات.

مرادوں (وج) امث: ج. مراد کی جمع، (تراکیب میں مستعمل).

مرادوں کے دن اند. خواہشوں کے دن، شباب کا زمانہ، بہار کے دن.

مرادوں والی صف مث. ۱. کوئی عورت یا لڑکی جو بہت سے ارمانوں اور تمناؤں کا حاصل ہو. ۲. منت یا مراد ماننے والی عورت جس کی کوئی مراد پوری ہو گئی ہو.

مُرادی (ضم م) (الف) صف.
۱. مراد کے موافق، جو منشا کے مطابق ہو، حسب دل خواہ. ۲. اصطلاحی، فرضی، مجازی، ثانوی (عموماً معنی کے لیے مستعمل). (ب) امث. آنوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے بجائے موازی بعض جگہ مستعمل نیز چھوٹے سکے.

مرادی معنی اند. لغوی معنی کے علاوہ مراد لئے جانے والے معنی یا مطلب، مجازی معنی، اصطلاحی معنی.

مُرادیں (ضم م، ی ج) امث.
مراد کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

مرادیں بر آنا محاورہ. آرزوئیں پوری ہونا.

مرادیں پوری ہونا محاورہ. آرزوئیں پوری ہونا، دعائیں قبول ہونا.

مُراسَلات (ضم م، فت س) اند: ج.
۱. وہ چٹھیاں یا خطوط جو برابر کے لوگوں کو لکھے جائیں. ۲. سرکاری چٹھیاں، مراسلے.

مُراسَلَت (ضم م، فت س، ل) امث.
۱. باہمی خط کتابت یا نامہ و پیام. ۲. (قانون) اطلاع نامہ، طلبِ سمن.
اف: کرنا / ہونا. [ع].

مُراسَلہ (ضم م، فت س، ل) اند. برابر والے یا ہم رتبہ آدمی کا خط، چٹھی، خط، نامہ. [ع].

مراسلہ نگار صف: اند. خط لکھنے والا.

مَراسِم (فت م، کس س) امث: اند.
۱. رسمیں، رسومات، دستور، معمولات، قاعدے. ۲. باہمی میل جول، تعلقات.

مراسم ہونا ف مر؛ محاورہ. تعلقات ہونا، روابط ہونا، میل جول ہونا.

مُراعات (ضم م) امث.
۱. (لفظاً) جانوروں کا باہم مل کر چرنا. ۲. نگاہ رکھنا، کن آنکھیوں سے

دیکھنا. ۳. رعایت رکھنا، لحاظ کرنا، رعایت، خاص سلوک، مروّت، لحاظ، توجہ. [ع].

مراعات النظیر مث. (بدیع) ایک شعری صنعت جس میں باہم مناسبت رکھنے والی چیزوں کا ایک جگہ ذکر کرتے ہیں مثلاً ایک شعر میں چمن، پھول، سبزے وغیرہ کا ذکر کرنا، اس کو صنعت تناسب بھی کہتے ہیں.

مراعات یافتہ صف. وہ جسے کوئی حق، رعایت، استثنا وغیرہ ملا ہو.

مُراعت (ضم م، فت ع) مث.
رعایت، سلوک.

مُرافعہ (ضم م، فت ف، ع) اند.
(قانون) حاکم کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا، استغاثہ، ایک حاکم کے فیصلے پر مطمئن نہ ہو کر اس سے بڑے حاکم کے پاس عذر خواہی کرنا، اپیل. [ع].

مُرافقت (ضم م، فت ف، ق) مث.
باہمی میل جول، سنگت، یاری، مددگاری، ہم راہی، رفاقت باہمی. [ع].

مِراق (کس م) اند.
(طب) ایک جھلی کا نام جو شکم کی جلد کے نیچے اور عضلات شکم کے اوپر ہوتی ہے، ایک مرض جو اکثر دماغی محنت، خوف، جریان یا کسی ناکامی کی وجہ سے عارض ہو جاتا ہے؛ مالیخولیا، جنون، سودا. [ع].

مُراقِب (ضم م، کس ق) صف؛ اند.
۱. مراقبہ کرنے والا. ۲. نگہبان، رکھوالا. ۳. نگاہ رکھنے والا. ۴. خبر دار، ہوشیار. [ع].

مُراقَبہ (ضم م، فت ق، ب) اند.
(تصوف) دل کو حق تعالیٰ کے ساتھ حاضر رکھنا اور قلب کو حضوریٔ حق میں ایسا رکھنا کہ خطرات دوئی اور خودی نہ آنے پائیں اور اگر آئیں تو دفع کرے؛ گردن جھکا کر غور و فکر کرنا، اللہ کے ماسوا کو چھوڑ کر محض اللہ کی طرف دل لگانا، استغراق، گیان، دھیان، تصور. [ع].

مُراقبے (ضم م، فت ق) اند.
مراقبہ کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

مراقبے میں جانا محاورہ. اور چیزوں کا دھیان چھوڑ کر خدا کی طرف دل لگانا، حضوری دل سے خدا کا دھیان کرنا، خیال میں مستغرق ہو جانا.

مِراقی (کس م) صف.
۱. مراق کے اثر والا، جنونی، پاگل پن والی (کیفیت وغیرہ). ۲. وہ جو مراق کے مرض میں مبتلا ہو، مالیخولیا کا مریض.

مَراکِز (فت م، کس ک) اند؛ ج.
بہت سے مرکز، ٹھکانے.

مُراکوچمڑا/ لیدر (ضم ع م، فت ج، سک م/ ی لین، فت د) اند.
مراکشی چمڑا، عمدہ چکیلا اور دانے دار چمڑا جو بکری کی کھال سے مراکش میں بنتا تھا، اس کی دباغت میں سماق کی چھال استعمال ہوتی تھی، ایک قسم کا عمدہ اور قیمتی چمڑا.

مَرام (فت م) اند.
مراد، مطلب، مقصد، خواہش، آرزو. [ع].

مِرآت/ مِرآۃ (کس م، سک ر، مد ا) اند.
منھ دیکھنے کا شیشہ، آئینہ، آرسی، درپن. [ع].

مُرَبّا (ضم م، شد ر) اند؛ ← مربّہ.
پروردہ شدہ، میوہ جو مقررہ ترکیب سے گلا کر گڑ، قند یا شکر کے شیرے میں ڈالا گیا ہو، جام. [ع].

مُرَبّع (ضم م، فت ر، شد ب بفت) اند.
۱. (اقلیدس) وہ چوکور شکل جس کے چاروں ضلعے آپس میں برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمہ ہوں. ۲. چوکور چیز جس کی لمبائی اور چوڑائی برابر ہو، چوگوشہ، چوپہل، چوکور شکل. ۳. وہ نظم جو چار چار مصرعوں کے بندوں کی شکل میں لکھی جائے، اس کے پہلے بند کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے تین مصرعے الگ قافیہ رکھتے ہیں یعنی آپس میں متحد القوافی ہوتے ہیں اور چوتھا مصرع بند اول کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے. ۴. (کاشت کاری) زمین کا ایک قطعہ جو پانچ ایکڑ لمبا اور پانچ ایکڑ چوڑا ہو یعنی جس کا رقبہ ۲۵ ایکڑ ہو. [ع].

مُرَبَّعَہ (ضم م، فت ر، شد ب بفت، فت ع) امذ.
دیکھیے: مربع معنی نمبر۴.

مَربُوط (فت م، سک ر، و مع) صف.
۱. (i) ربط کیا گیا، وابستہ، لگا ہوا، پیوستہ، بندھا ہوا. (ii) (مجازاً) مسلسل، رواں (تحریر و تقریر وغیرہ). ۲. (نباتیات) آپس میں ملی ہوئی پھول پتیاں وغیرہ. ۳. منحصر (پر کے ساتھ). [ع].

مُرَبَّہ (ضم م، فت ر، شد ب بفت) امذ.
دیکھیے: مربّا.

مُرَبّی (ضم م، فت ر، شد ب) صف؛ امذ.
پالنے پوسنے والا، پرورش کرنے والا، تربیت کرنے والا؛ سرپرست، حامی. [ع].

مربی بیار و مربہ بخور کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل)
کوئی مددگار ہو تو زندگی مزے میں گزرتی ہے، کامیابی اس وقت ہوتی ہے جب کوئی مددگار ہو.

مُرَبِّیانَہ (ضم م، فت ر، شد ب بکس، فت ن) صف؛ م ف.
مربی کی طرح یا مانند، سرپرستانہ.

مَربُھکّا (فت م، سک ر، ضم بھ، شد ک) صف مذ.
وہ شخص جو کھانے سے سیر نہ ہو، بہت زیادہ کھانے والا، جس کو ہر وقت بھوک لگی رہے، جو کھانے کو دیکھ کر بری طرح ٹوٹ پڑے.

مَرتا (فت م، سک ر) صف مذ.
نیم جاں، جاں بہ لب، وہ جو مرنے کے قریب ہو؛ تراکیب میں مستعمل.

مرتا کیا نہ کرتا کہاوت. جس کی جان پر آ بنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے، بے بسی کی حالت میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے.

مُرتاب (ضم م، سک ر) صف.
شک کرنے والا، شک و شبہ میں مبتلا، شکی مزاج. [ع].

مُرتاض (ضم م، سک ر) صف مذ.
ریاضت کرنے والا، کسی علم، فن یا عبادت میں ریاضت کرنے والا، تپسی، نفس سرکش کو تابع دار بنانے والا. [ع].

مُرَتَّب (ضم م، فت ر، شد ت بفت) صف.
۱. قاعدے قرینے سے لگایا گیا، آراستہ، درست کیا گیا، باقاعدہ. ۲. تیار، مکمل. ۳. اکٹھا کیا گیا، تالیف کیا گیا. [ع].

مُرَتِّب (ضم م، فت ر، شد ت بکس) صف؛ امذ.
۱. ترتیب دینے والا، مرتب کرنے والا. ۲. باقاعدہ چلنے والا. [ع].

مَرتَبا (فت م، سک ر، فت ت) امذ.
دیکھیے: مرتبہ؛ درجہ، رُتبہ (عموماً ضروریاتِ شعری کے تحت مستعمل).

مَرتَبان (فت م، سک ر، فت ت) امذ.
چینی یا مٹی کا برتن جس پر لاکھ کا روغن کیا گیا ہو اور جس میں مربا یا اچار وغیرہ رکھا جاتا ہے. [ع+ف].

مَرتَبَت (فت م، سک ر، فت ت، ب) امث.
مرتبہ، درجہ، پایہ، رُتبہ. [ع].

مَرتَبَہ (فت م، سک ر، فت ت، ب) (الف) امذ.
۱. درجہ، رُتبہ، منصب، عہدہ. ۲. (مجازاً) اُونچا درجہ، بلند رتبہ. ۳. دفعہ، بار، باری. (ب) صف. درجے کا، حد کا. [ع].

مرتبۂ امکاں امذ. (تصوف) اللہ تعالیٰ کے سوا، عدم وجود سے عبارت عالم.

مُرَتَّبَہ (ضم م، فت ر، شد ت بفت، فت ب) صف.
ترتیب دیا ہوا، درست کیا ہوا. [ع].

مُرَتِّبِین (ضم م، فت ر، شد ت بکس، ی مع) امذ؛ ج.
دیکھیے: مرتب کی جمع؛ مرتب کرنے والے، مؤلفین.

مُرتَد (ضم م، سک ر، فت ت) امذ.
اسلام سے پھرا ہوا، دین سے منحرف، مردود. [ع].

مرتد ہو جانا/ہونا ف مر؛ محاورہ. دین سے پھر جانا، ملحد ہو جانا، کافر بن جانا، بے دین ہونا، کافر ہونا.

مُرتَسِیم (ضم م، سک ر، فت ت، کس س) صف.
نقش بنانے والا، لکھنے والا، نقش کرنے والا، منقش، چھاپنے یا بنانے والا. [ع].

مُرتَشی (ضم م، سک ر، فت ت) صف مذ.
رشوت لینے والا، رشوت خور، رشوت ستاں، جسے رشوت دی جائے۔ [ع].

مُرتَضَوی (ضم م، سک ر، فت ت، ض) صف.
مرتضیٰ (حضرت علی کرم اللہ وجہہ) سے منسوب یا متعلق، علی کا، علوی.

مُرتَضیٰ/مُرتَضے (ضم م، سک ر، فت ت، ابخل ی) اند.
۱. پسندیدہ، مقبول. ۲. حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب. [(علم)].

مُرتَعِش (ضم م، سک ر، فت ت، کس ع) صف مذ.
لرزاں، کپکپانے والا، رعشے کا شکار یا مریض. [ع].

مُرتَفَع (ضم م، سک ر، فت ت، ف) صف.
۱. (i) اُٹھایا گیا، رفع کیا گیا، اُبھرا ہوا. (ii) ہٹایا گیا، جگہ سے دور کیا گیا. ۲. اُونچا، بلند. [ع].

مُرتَکِب (ضم م، سک ر، فت ت، کس ک) صف.
کسی فعل کا کرنے یا اختیار کرنے والا؛ کسی بات کا پسند کرنے والا؛ (مجازاً) قصور کرنے والا، مجرم، قصور وار. [ع].
مرتکب ہونا محاورہ. کسی جرم کا ارتکاب کرنا، کوئی ایسی بات کرنا جو نہیں کرنا چاہیے تھی، جرم سرزد ہونا.

مُرتَکِز (ضم م، سک ر، فت ت، کس ک) صف مذ.
۱. جاگزیں، ثابت، برقرار، مستقل، مضبوط. ۲. زیادہ طاقت ور (انگ: Concentrate). ۳. غیر ضروری مواد علیحدہ کر کے کیمیاوی عمل کو شدید تر زیادہ طاقت ور اور خالص بنانا. [ع].

مَرتے (فت م، سک ر) صف.
۱. مرتا بہ معنی مرتا ہوا کی جمع. ۲. حروفِ مغیرہ کے آ جانے سے الف کے یائے مجہول سے بدلے جانے کی صورت. ۳. صفت "مرنے" کی حالت میں؛ تراکیب میں مستعمل.
مرتے جاتیں ملہاریں گاتیں کہاوت. مشکلوں میں بھی زندگی سے لطف لیں.
مرتے دم تک م ف. آخر وقت تک، تا دمِ مرگ.
مرتے کو ماریں (مارے) شاہ مدارؒ کہاوت. ہمیشہ غریب ہی کی شامت آتی ہے، جس وقت غریب آدمی پر کوئی مصیبت پڑتی ہے اس موقعے پر بولتے ہیں.
مرتے کے ساتھ مرا نہیں جاتا کہاوت. موت میں کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا، کسی عزیز کی موت کی وجہ سے دنیا کے دھندے نہیں چھوٹتے مصیبت کے وقت کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا.
مرتے کیا نہ کرتے فقرہ. (دیکھیے: مرتا کیا نہ کرتا جس کی یہ جمع ہے) بے بسی کی حالت میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے.

مَرثِیَہ (فت م، سک ر، کس ث، فت ی) اند.
۱. نظم یا اشعار جن میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال یا اس کے ساتھ اس کی مصیبتوں کا ذکر ہو؛ خاص طور پر وہ نظم یا اشعار جن میں حضرت امام حسینؓ اور دوسرے شہدائے کربلا کی مظلومی اور شہادت کے مصائب بیان کیے جائیں. ۲. (مجازاً) ماتم، رونا پیٹنا؛ مایوس ہونا یا مایوسی کا ذکر کرنا. [ع].
مرثیہ خواں صف. مرثیہ پڑھنے والا اور اسے اپنے مستقل شغل کے طور پر اپنانے والا، نوحہ کرنے والا.

مَرَج (فت م، فت نیز سک ر) اند.
بگاڑ، تباہی، خرابی، بے آرامی، بے چینی (ہرج مرج میں جزوِ دوم کے طور پر مستعمل).

مَرَجُ البَحرَین (فت م، ر، ضم ج، غم ا، سک ل، فت ب، ح، ی لین) صف؛ ج.
دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ، سنگم؛ (مجازاً) دو متضاد و مختلف علوم کا مرکز یا منبع.

مَرجان (فت م، سک ر) اند.
۱. ایک قسم کا سمندری درخت جسے سمندری کیڑے بناتے ہیں، یہ اکثر سرخ یا سفید رنگ کا ہوتا ہے، یہ بہ یک وقت نبات اور سنگ میں شامل ہے جب پانی سے باہر لاتے ہیں تو پتھر ہو جاتا ہے ورنہ بڑھتے بڑھتے چٹان کی شکل اختیار کر لیتا ہے. ۲. چھوٹا موتی، مونگا (Coral). [ع].
مرجان رَقم صف. (مجازاً) عمدہ لکھنے والا، کاتبوں کا ایک خطاب.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مُرَجَّح (ضم م، فت ر، شد ج بفت) صف مذ.
وہ جسے فوقیت یا ترجیح دی گئی ہو، مترجح رکھنے والا، ترجیح دیا ہوا. [ع].

مَرْجَع (فت م، سک ر، فت ج) امذ.
۱. جائے بازگشت، پھر کے آنے کی جگہ؛ ٹھکانا، پناہ گاہ. ۲. (قواعد) وہ لفظ جس کی جگہ پر ضمیر لائی جائے. [ع].

مرجع خلائق امذ. وہ شخص یا جگہ جس کی طرف زیادہ خلقت رجوع ہوتی ہو، ساری خلقت کا ٹھکانا یا مرکز.

مَرْجِیا (فت م، سک ر، کس ج) صف.
۱. مرمر کر بچنے والا، وہ شخص جو مر کر بچا ہو. ۲. وہ شخص جو مردہ دل، نہایت ضعیف، سست اور کاہل ہو.

مَرْجِیوڑا (فت م، سک ر، ی مع، سک و) امذ.
مرجیا، نحیف، لاغر.

مَرْجِیونا (فت م، سک ر، ی مع، سک و) امذ.
بہت دبلا، لاغر، جو مرمر کے بچا ہو.

مَرْجِیونی (فت م، سک ر، ی مع، سک و) صف مث.
۱. بہت لاغر، مریل عورت. ۲. عورتوں کا ایک کوسنا؛ مراد: مردار.

مُرْجھانا (ضم م، سک ر) ف ل.
۱. پھول پتوں وغیرہ کا پژمردہ ہونا، کمھلانا. ۲. پھل وغیرہ کا سوکھنا، خشک ہونا. ۳. رنگ کا پھیکا پڑ جانا یا اُڑ جانا. ۴. اُداس ہونا، افسردہ ہونا، غمگین ہونا. ۵. دُبلا ہونا، لاغر ہونا.

مِرْچ (کس م، سک ر) امث.
۱. ایک پودا جس کا پھل عام طور پر سرخ ہوتا ہے مگر اس کے علاوہ پیلا، کالا اور سفید بھی ہوتا ہے اس کا مزہ بہت تیز ہوتا اور زبان کو جلاتا ہے اسے نمک کے ساتھ سالن میں استعمال کرتے ہیں. ۲. (مجازاً) نہایت تیز، نہایت تند، بدزباں عورت. [س].

مرچ تتیا امث. مرچ کی ایک قسم جو عام مرچ سے چھوٹی اور مزے میں نہایت تیز ہوتی ہے، تتیا مرچ.

مرچ سفید امث. سفید مرچ، یہ کالی مرچ کی طرح گول ہوتی ہے اور رنگ سفید ہوتا ہے، اس کو دکنی مرچ بھی کہتے ہیں.

مرچ مسالا لگانا ف مر؛ محاورہ. بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا.

مَرْچَنْٹ (فت م، سک ر، فت چ، سک ن) امذ (شاذ).
تجارت کرنے والا، سوداگر، تاجر. [فرانسیسی؛ لاط].

مُرْچَنْگ (ضم م، سک ر، فت چ، غنہ) امذ.
منھ میں پکڑ کر بجانے کا ایک چھوٹا باجا جس سے جھینگر کی آواز سے مشابہ آواز نکلتی ہے، اور اسے انگلیوں سے بجاتے ہیں. [س].

مِرْچی (کس م، سک ر) امث.
(عو) مرچ.

مِرْچیں (کس م، سک ر، ی مج) امث؛ ج.
مرچ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مرچیں اتارنا ف مر؛ محاورہ. اگر نظر لگ جائے تو اس کا اثر دور کرنے لیے دہلیز کی مٹی اور ثابت سرخ مرچیں لے کر انھیں مغرب کے وقت سات بار بچے پر سے اتارنے کے بعد آگ میں ڈال دیتے ہیں جو ایک ٹوٹکا ہے.

مرچیں چبانا محاورہ. تیز وتند باتیں کرنا؛ تیز وتند لہجہ رکھنا.

مرچیں لگانا ف مر؛ محاورہ. دل جلانا، کسی کے دل میں آگ لگانا، فتنہ برپا کرنا.

مرچیں لگنا محاورہ. ۱. کسی بات کا نہایت ناگوار گزرنا، آگ سی لگ جانا، بُرا لگنا، ناگوار گزرنا. ۲. جلن محسوس ہونا.

مَرْحَب (فت م، سک ر، فت ح) امذ.
کشادہ یا فراخ ہونا، فراخی، کشادہ جگہ، فراخ جگہ، چوڑی، وسیع. [ع].

مَرْحَبا (فت م، سک ر، فت ح) کلمۂ تحسین.
شاباش، آفرین، واہ واہ، خوش آمدید. [ع].

مَرْحَلَہ (فت م، سک ر، فت ح، ل) امذ.
۱. کوچ کی جگہ، سفر کی جگہ یا منزل. ۲. وہ مقام جہاں مسافر سفر کے بعد کچھ دیر ٹھہریں. ۳. دن بھر کی مسافت، بارہ میل کی مسافت یا فاصلہ، منزل. ۴. ایک وضع کی عمارت جو کسی جنگی قلعے کے گرداگرد بناتے ہیں اور اس پر بیٹھ کر حریف سے جنگ کرتے ہیں. ۵. اہم کام، مشکل مہم یا معاملہ. ۶. درجہ، مرتبہ. [ع].

مرحلہ وار صف : م ف .۱. بالترتیب ، بہ تدریج .۲. درجہ بہ درجہ ، آہستہ آہستہ .

مَرْحَمَت (فت م ، سک ر ، فت ح ، م) امث .
۱. مہربانی ، عنایت ، رحم و کرم ، نوازش ، کرپا ، دَیا .۲. معافی ، بخشش . [ع] .

مرحمت فرمانا ف مر ؛ محاورہ . (تپاک اور احترام کے لیے) بڑے کا چھوٹے کو کچھ دینا یا بھیجنا ، عطا کرنا ، دینا ، بخشنا ، کسی کا ازراہ نوازش کسی کو کچھ دینا .

مرحمت کرنا ف مر ؛ محاورہ .۱. مہربانی یا کرم کرنا ، نوازش کرنا ؛ رحم کرنا . ۲. عطا کرنا ، بخشنا ، دینا .

مَرْحُوم (فت م ، سک ر ، و مع) صف مذ .
۱. جس پر رحمت کی گئی ہو ، جس پر رحم کیا گیا ہو ، بخشا گیا ، مغفور ، جنتی . ۲. مرا ہوا ، متوفی (عام طور پر مسلمان کے لیے مستعمل) .۳. (i) (مجازاً) مردہ ، بے جان ؛ ختم ہو جانے والا ، گزرا ہوا . (ii) (مجازاً) بے کار ، فضول ، بے فائدہ ، ضائع شدہ . [ع] .

مرحوم و مغفور صف مذ . رحمت و مغفرت کیا گیا ، مرا ہوا ، متوفی (عام طور پر مسلمان کے لیے مستعمل) .

مَرْحُومَہ (فت م ، سک ر ، و مع ، فت م) صف مث .
مرحوم کی تانیث ، رحمت کی گئی ، بخشی ہوئی ؛ مری ہوئی .

مَرْحُومی (فت م ، سک ر ، و مع) صف .
قابلِ احترام مرحوم . [ع] .

مُرَخَّم (ضم م ، فت ر ، شد خ بفت) صف .
۱. (لسانیات) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو (جیسے : حارث سے حار) .۲. نرم کیا گیا نیز سنگ مرمر کا ، سنگ مرمر سے سجایا ہوا . [ع] .

مَرْد (فت م ، سک ر) (الف) مذ .
۱. نر (عورت کا نقیض) .۲. آدمی ، بشر ، شخص ، آدم زاد ، مانس .۳. شوہر ، پتی ، خاوند .۴. بہادر ، دلیر ، سورما ؛ حوصلہ مند ، غیرت مند آدمی . ۵. شریف آدمی . (ب) صف .۱. حریف .۲. اہل ، لائق ، شایاں .۳. شریف ، عالی خاندان ، خاندانی . [ف] .

مرد آہن مذ . فولادی طاقت رکھنے والا آدمی ، نہایت قوی آدمی ، بہت بہادر آدمی .

مرد بننا محاورہ . حوصلہ کرنا ، جرأت اختیار کرنا ، بہادری دکھانا .

مرد خدا مذ .۱. عارف ، پارسا ، خدا شناس ، خدا رسیدہ ، ولی .۲. (i) (مجازاً) بھلا مانس ، شریف آدمی ، بندۂ خدا ، بزرگ شخص . (ii) حسنِ کلام کے واسطے نیز طنزاً . (iii) کسی کو باتیں کرتے ہوئے خطاب کے لیے بندۂ خدا یا خدا کے بندے کی جگہ .

مرد درویش مذ . دنیا سے بے نیاز شخص ، اللہ کی خاطر درویشی اختیار کرنے والا ، فقیر آدمی ، بے پروا آدمی ، سالک ؛ تارک الدنیا .

مرد ذات امث . مرد کی جنس نیز مرد (عورت کے مقابل) .

مرد ساٹھا اور پاٹھا فقرہ ؛ کہاوت . مرد ساٹھ سال کا ہو جانے پر بھی جوان رہتا ہے ، مرد پر بڑھاپا دیر سے آتا ہے .

مرد قلندر مذ . مرد آزاد یا بے پروا آدمی ، مست فقیر ، دنیا سے بے نیاز آدمی (تصوف) ، درویشی کی راہ میں قلندری کے درجے کی صفات رکھنے والا .

مرد کا دکھایا نہ کھائیے ، مرد کا لایا کھائیے کہاوت . ممکن ہے کہ مرد اپنی شان دکھلانے کو کچھ بڑھ کر بتائے اُس کا اعتبار نہ کریں ؛ عورتوں کے لیے نصیحت ہے کہ مرد کے سامنے کھانا نہیں چاہیے جو کچھ وہ لے آئے وہ کھانا چاہیے .

مرد کا نہانا ، عورت کا کھانا برابر ہے کہاوت . دونوں ان کاموں میں جلدی کرتے ہیں یعنی مرد نہاتا جلد ہے اور عورت کھاتی جلد ہے .

مرد کا ہاتھ بھرا (لگا) اور (عورت) ابھری کہاوت . مرد کے ہاتھ لگنے سے عورت جلد بڑھتی اور جوان ہوتی ہے .

مرد کو گرد ضرور (ضروری) ہے کہاوت . مرد کو محنت کرنی پڑتی ہے .

مرد کی موت نامرد کے ہاتھ کہاوت . کبھی کمزور آدمی طاقت ور آدمی کو مار لیتا ہے .

مرد مار صف . وہ عورت جو مردوں کے کان کاٹے ، وہ عورت جس سے مرد بھی پناہ مانگیں ، نہایت ڈھیٹ اور بے حیا عورت نیز مردوں جیسے مضبوط جسم کی عورت ، چرب زبان اور جھگڑالو عورت .

مرد مجاہد اند. جہاد کرنے والا آدمی ، جری اور بہادر مرد ، جنگجو .

مرد مجہول اند. غیر معروف آدمی .

مرد مرداں اند. مردوں کا مرد ، نہایت اعلیٰ طاقت اور حوصلے والا شخص .

مرد مومن اند. ۱. دین اسلام کی پیروی اور استقامت کی وجہ سے غیر معمولی صلاحیتوں کا حامل شخص ، اسلام پر صحیح ایمان و ایقان رکھنے والا آدمی . ۲. بندۂ خدا ، پارسا ، عارف .

مرد میدان صف ند. بہادر ، دلیر ، سورما ؛ حریف ، مقابل .

مُرْدار (ضم م ، سک ر) (الف) اند.

۱. (i) وہ جانور جو خود مر گیا ہو ، مردہ جانور ، (ذبیحہ کے مقابل) . (ii) مری ہوئی چیز ، نعش ، لاش . (ب) صف . ۱. (i) مردہ ، مرا ہوا ، بے جان ؛ بے حس و حرکت . (ii) کمزور ، نحیف ، لاغر . (iii) (کنایۃً) بے وقعت ، بے معنی ، بے کار . (iv) (مجازاً) بدقسمت ، بدنصیب ، منحوس . ۲. (مجازاً) ناپاک ، حرام ، غیر مباح ، ناجائز . ۳. (عور) نابکار ، نالائق ، جاہل ، ان پڑھ . (ج) امث . کلمۂ تحقیر جو غصے اور ناراضی کی حالت میں عموماً عورت سے کہا جاتا ہے ، فاحشہ ، بدبخت ، پلید و نیز مطلق کمبخت ، ذلیل (دنیا کے لیے بھی مستعمل) . [ف]

مردار بھی حلال ہونا محاورہ. سب کچھ جائز ہونا .

مردار خوار/ خور صف . ۱. وہ جو مردہ جانوروں کو کھائے ؛ جیسے : عموماً ، گدھ ، چیل وغیرہ . ۲. حرام چیزیں کھانے والا ، غیر مباح یا شرعاً ممنوع چیزیں کھانے والا.

مردار کھانا ف مر ؛ محاورہ. مردہ جانور کھانا ، حرام کھانا ؛ ناجائز طریقے سے مال حاصل کرنا یا دولت کمانا .

مَرْدان (فت م ، سک ر) اند ؛ ج.

مرد کی جمع ؛ بہادر ، دلاور جوان ، پہلوان (تراکیب میں مستعمل) .

مردان حق اند ؛ ج. مرد حق کی جمع ؛ خدا کے نیک بندے ، پارسا لوگ ؛ بہادر آدمی .

مَرْدانا (فت م ، سک ر) (الف) اند.

۱. وہ جگہ جہاں مرد جمع ہوتے ہوں ، نامحرم لوگوں کا مجمع ؛ دیوان خانہ ، مردانہ نشست گاہ ، بیٹھک . ۲. مرد ، آدمی ، نسائی صفات کے برخلاف مردوں کے اوصاف رکھنے والا . (ب) صف . مردوں کا ، مردوں سے منسوب ، مردوں جیسا ، مردوں کی مانند .

مَرْدانگی (فت م ، سک ر ، فت ن) امث .

۱. جرأت ، بہادری ، جواں مردی ، شجاعت . ۲. مرد پن ، مردوں کے طور طریقے .

مردانگی دکھلانا محاورہ. بہادری دکھانا ، جرأت آزمانا ، بہادری سے لڑنا .

مَرْدانہ (فت م ، سک ر ، فت ن) (الف) صف .

۱. مرد (رک) کی طرف منسوب یا متعلق ، مرد سے نسبت رکھنے والا ، مردوں کا سا . ۲. مردوں کی سی ہمت رکھنے والا ، جری ، دلیر . ۳. حریف ، مدمقابل . (ب) م ف . ۱. مرد کی مانند ، مردانگی یا دلیری سے . ۲. مرد کا سا ، مردوں کی طرح کا . (ج) اند . ۱. وہ جگہ جہاں مرد جمع ہوں ؛ دیوان خانہ ، مردانا ، نشست گاہ ، بیٹھک . ۲. (مجازاً) شوہر.

مردانہ پن/ پنا اند. مرد ہونے کی حالت ، مردانگی ؛ بہادری ، دلیری ، جرأت کا .

مردانہ کام اند. ہمت کا کام .

مردانہ وار م ف ؛ صف . مردوں کے مانند ، بہادرانہ ، دلیرانہ ، جرأت کے ساتھ .

مَرْدانی (فت م ، سک ر) (الف) امث .

بہادر عورت ، مردوں کے سے کام کرنے والی عورت نیز چالاک عورت . (ب) صف مث . مرد سے نسبت رکھنے والی ، مردوں کی ، مردوں جیسی ، مردوں والی .

مردانی آواز مث . مرد کی آواز ، رعب دار اور باوقار صدا یا صوت .

مُرَدَّف (ضم م ، فت ر ، شد و بفت) صف .

۱. ردیف بنایا گیا ہو ، وہ (نظم ، غزل یا عبارت) جس میں ردیف پائی جاتی ہو ، ردیف رکھنے والا . ۲. پیچھے کیا گیا . [ع]

مُرَدَّفَہ (ضم م ، فت ر ، شد و بفت ، فت ف) صف ؛ اند.

(شاعری) ردیف والا (قافیہ) حرف روی کے قبل حروف مدہ میں سے کوئی حرف جو بغیر کسی واسطے کے ہو نیز حرف قید جو روی کے ساتھ آئے .

مَردَک (فت م، سک ر، فت د) امذ.
مرد کی تصغیر، ٹھگنا مرد، بونا، پستہ قد انسان؛ (مجازاً) ذلیل یا حقیر آدمی.

مَردُم (فت م، سک ر، ضم د) امذ.
عام لوگ، مرد، منش، مانس، انسان (واحد اور جمع دونوں صورتوں میں مستعمل).

مردم آزار صف. لوگوں کو ستانے یا اذیت پہنچانے والا، موذی، ظالم.

مردم آزاری امث. لوگوں کو ستانے یا اذیت پہنچانے کا عمل، اذیت دینا، ظلم وستم.

مردم بیزار صف. لوگوں سے دور رہنے والا، لوگوں سے اُکتایا ہوا، تنہائی پسند.

مردم بیزاری امث. لوگوں سے الگ رہنا، تنہائی پسندی.

مردم خیز صف. (وہ علاقہ یا خطہ) جہاں لائق اور قابل لوگ پیدا ہوں.

مردم شماری امث. ملک کے باشندوں کو گننے کا عمل، آبادی کی تعداد کا شمار یا گنتی (یہ عمل بالعموم ہر دس سال کے بعد کیا جاتا ہے).

مردم شناس صف. آدمی کی خوبی یا خامی پہچان لینے والا، آدمی یا آدمیوں کی فطرت یا خاصیت جاننے والا، لوگوں کا مزاج شناس یا قدر دان.

مردم شناسی امث. خوبی یا خامی کو پہچاننے کا عمل، اچھے بُرے آدمی کی پہچان.

مردم گزیدہ صف. (مجازاً) وہ جسے انسان سے نقصان یا تکلیف پہنچی ہو.

مُردَن (ضم م، سک ر، فت د) ف ل؛ امذ.
مرنا، مرجانا نیز موت، مرگ؛ تراکیب میں مستعمل. [ف].

مِردَنگ (کس م، سک ر، فت د، غنہ) امث؛ امذ.
۱. لمبوتری طرح کی ڈھولک جو دونوں طرف سے بجتی ہے، پکھاوج.
۲. ایک وضع کا شیشے کا فانوس جو مردنگ سے مشابہ ہوتا ہے اور شمع کے اوپر رکھا جاتا ہے. [س].

مُردَنی (ضم م، سک ر، فت د) امث.
قریب المرگ ہونے کی علامت جو چہرے پر ظاہر ہوتی ہے، چہرے کی زردی یا بے رونقی.

مردنی چھا جانا/ چھانا محاورہ. چہرے پر موت کی علامت ظاہر ہونا، چہرے کا رنگ زرد پڑنا.

مَردُوا (فت م، سک ر، ضم د) امذ.
(عور) مرد (تحقیراً) مرد خصوصاً بیگانہ مرد.

مَردُود (فت م، سک ر، و مع) صف.
۱. کسی جگہ سے باہر کیا گیا، نکالا گیا نیز بے عزت کیا گیا، ملعون. ۲. رد کیا گیا، رد کیا ہوا؛ رد کر دینے کے قابل. [ع].

مردود خدا امذ. خدا کا رد کیا ہوا، بارگاہ خدا سے نکالا ہوا؛ (مجازاً) شیطان، ابلیس.

مردود ہو جانا محاورہ. ۱. رد ہو جانا، باہر کیا جانا، نکالا جانا. ۲. ملعون ہو جانا.

مُردوں (ضم م، سک ر، و ج) امذ.
مردہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مردوں پر کفن ہے اور زندوں پر قبا کہاوت. تہی دستی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل.

مردوں سے شرط باندھ (بد) کر (کے) سونا محاورہ. بہت گہری نیند سونا، نہایت بے خبر ہو کر سونا.

مِردَہ (کس م، سک ر، فت د) امذ.
گانو کا چودھری یا افسر؛ جریب کش مزدور، پیمائش کرنے والا.

مُردَہ (ضم م، سک ر، فت د) (الف) صف.
۱. مرا ہوا، بے جان (زندہ کا نقیض). ۲. (تحقیراً) بزدل، ڈرپوک نیز کاہل. ۳. بہت بوڑھا، نہایت عمر رسیدہ. ۴. (i) سوکھا، مرجھایا ہوا، پژمردہ، کملایا ہوا (پھول، پان وغیرہ). (ii) افسردہ، اداس، افسردہ دل، پژمردہ دل. (iii) جو مٹ گیا ہو، جو ختم ہو گیا ہو (ارمان؛ آرزو وغیرہ).
۵. (کاشت کاری) وہ زمین جس میں کوئی چیز نہ اُگے، بنجر یا ویران زمین، اُجاڑ نیز بے رونق. (ب) امذ. لاش، لاشہ، میت، جنازہ. [ف].

مردہ باد فقرہ. تباہ ہونا، مردہ ہونا، ایک نعرہ نیز بد دعا، مرتا رہے، مرجائے.

مردہ بدست زندہ کہاوت. جب مرنے والا مرگیا تو زندہ لوگ اس کا جو چاہیں سو حال کریں وہ بے بس ہوتا ہے ؛ غریب اور کمزور ظالم کے ہاتھوں لاچار ہے.

مردہ بھائی کا گوشت کھانا محاورہ. غیبت کرنا.

مردہ خانہ اند. وہ جگہ جہاں لاشیں رکھی جائیں (عموماً ہسپتال وغیرہ میں).

مردہ دل صف ؛ اند. جس کا دل مر چکا ہو، جس کے دل میں جینے کی اُمنگ نہ ہو، پژمردہ، اُداس، دل گیر ؛ بے حس آدمی، غم گین (زندہ دل کے مقابل).

مردہ دلی مث. مُردہ دل ہونا، جینے کی اُمنگ نہ ہونے کی کیفیت، افسردگی، اُداسی، یاسیت.

مردہ شوئی مث. ۱. مردہ شو کا اسم کیفیت، مردے کو غسل دینے کا کام یا پیشہ. ۲. (مجازاً) قدیم مصنفین یا کتابوں پر تحقیق کا کام، قدیم سے متعلق ایسی تحقیق جس کا حال سے تعلق باقی نہ رہے (بطور طنز مستعمل).

مُردے (ضم م، سک ر) اند.
مردہ کی جمع نیز : تیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل.

مردے اکھیڑنا/ اوکھیڑنا محاورہ. پرانی باتوں کا ذکر چھیڑنا، پرانے قصوں کو اس طرح بیان کرنا جس میں طنز ہو.

مردے ہو/ بہ تین دن بھاری فقرہ. مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ مُردے سے قبر میں تین دن تک سوال و جواب ہوتے ہیں اور یہ تین دن مردے پر سخت گزرتے ہیں.

مَرز (فت م، سک ر) اند ؛ مث.
۱. حد، سرحد، سوانا. ۲. کھیتی کے قابل زمین ؛ دو کھیتوں کے درمیان کی مینڈ جس پر راستہ چلتے ہیں. ۳. ضلع، علاقہ یا حلقہ ؛ سرزمین. [ف].

مِرزا (کس م، سک ر) اند.
۱. سردار زادہ، امیر زادہ، شہزادہ، راج کمار نیز مرشد زادہ، ملک زادہ. ۲. مغلوں کا لقب جو غیر سید ہوتا ہے، مغل زادہ، مغلوں کے نام کا اکثر اول جز کبھی اخیر جیسے مرزا غالب، سلطان مرزا نیز ایران میں زمانۂ شاہی سیدوں کو دیگر خطابات کے ساتھ مرزا کا خطاب دیا جاتا تھا. ۳. پیارا، منظورِ نظر (یہ لفظ پیار سے اخیر میں لگایا جاتا ہے). ۴. خاندان تیموریہ کے شہزادوں کا لقب، صاحب عالم (نام کے بعد لگایا جاتا ہے). ۵. نازک، نازک طبع. ۶. شریف یا تعلیم یافتہ آدمی کا خطاب، جناب (جب نام سے پہلے آئے).

مرزا پھویا / پھویا اند. لاغر، دبلا پتلا، نازک بدن، آرام طلب، تن آسان آدمی.

مرزا صاحباں اند. پنجاب کی ایک منظوم عشقیہ لوک داستان جو گائی جاتی ہے.

مِرزائی (کس م، سک ر) (الف) مث.
۱. مرزا کا اسم کیفیت، شہزادگی، نازک مزاجی. ۲. سرداری، حاکمیت، حکومت. ۳. بزرگی، عظمت ؛ (مجازاً) اُستادی (مرزا سودا کے حوالے سے). ۴. غرور، تکبر، بوئے حکومت، حاکمانہ مزاج. ۵. اوپر سے پہننے کا ایک پیرہن جو کمر تک ہوتا ہے، مغلوں کے دور سے استعمال ہو رہا ہے، واسکٹ، آدھی یا پوری آستینوں کی کمری، صدری ؛ نیم آستین (مردوں کا ایک قسم کا لباس). (ب) صف. مرزا سے متعلق، نازک مزاج.
(ج) اند. ۱. مرزا غلام احمد کا پیرو، احمدی، قادیانی. ۲. (مجازاً) دربان نیز مصاحب.

مَرزبوم (فت م، سک ر، ز، و مع) اند.
۱. سرزمین، علاقہ. ۲. پیدائش کی جگہ، جنم بھومی، وطن مالوف. [ف].

مَرزبومیت (فت م، سک ر، ز، و مع بفت) مث.
جنم بھومی ہونا، وطن ہونا، وطنیت.

مِرزَم (کس م، سک ر، فت ز) اند.
(لفظاً) وہ رسی وغیرہ جس سے گٹھری باندھی جائے. [ع].

مِرزَئی (کس م، سک ر، فت ز) مث.
آدھی آستینوں والی بند گلے کی روئی دار کمری، واسکٹ.

مُرسَل (ضم م، سک ر، فت س) صف ؛ اند.
۱. بھیجا گیا یا بھیجا ہوا، روانہ کیا گیا (خصوصاً پیغام کے ساتھ)، ارسال کیا گیا. ۲. وہ نبی جو صاحب کتاب ہو، رسول، پیغمبر ؛ مراد : آخری نبی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. ۳. لٹکنے والا (جیسے ریش مرسل). [ع].

مرسل الیہ صف. وہ جس کی طرف بھیجا جائے.

مُرسِل (ضم م، سک ر، کس س) (الف) صف.
بھیجنے والا، ارسال کرنے والا. (ب) اند. آلۂ ترسیل (ٹیلیفون، لاسلکی وغیرہ کا). [ع].

مُرسَلات (ضم م، سک ر، فت س) مث؛ ج.
مرسلہ کی جمع، خطوط؛ بھیجی ہوئی عورتیں.

مُرسَلہ (فت م، سک ر، ومع، فت ل) صف.
بھیجا ہوا، ارسال کیا ہوا.

مُرسَلِین (ضم م، سک ر، فت س، ی مع) اند؛ ج.
مرسل کی جمع، بہت سے رسول.

مَرسُوم (فت م، سک ر، ومع) صف.
جس کی رسم ہو، جس کا رواج ہو، رسم ڈالا گیا، قاعدہ جس پر عمل کیا جائے، مروج. [ع].

مَرسُومہ (فت م، سک ر، ومع، فت م) (الف) صف.
رسم کیا گیا، رائج، مروجہ. (ب) اند. وہ دستاویز جس میں کوائف پُر کرنے کے لیے خالی جگہیں چھوڑ دی گئی ہوں.

مُرشَد (ضم م، سک ر، فت ش) اند.
سیدھا راستہ؛ پکا ارادہ نیز مرشد (رہنما) کی جگہ مستعمل. [ع].

مُرشِد (ضم م، سک ر، کس ش) اند.
۱. سیدھا راستہ بتانے والا، ہدایت کرنے والا، پیر، ہادی، گرو نیز ولی.
۲. (طنزاً) استاد، چالاک، عیار، فریبی، گرو گھنٹال، بدمعاش. [ع].

مِرصاد (کس م، سک ر) مث.
۱. گزرگاہ، تنگ راستہ. ۲. گھات؛ اُمید گاہ. [ع].

مُرَصَّع (ضم م، فت ر، شد ص، بفت) صف.
۱. (i) نگینے جڑا ہوا، جواہرات جڑا ہوا، جڑاؤ، جواہرات ٹنکا ہوا. (ii) آراستہ، مزین (عموماً زیورات یا پھولوں وغیرہ سے)، سجا ہوا (سونے وغیرہ سے). ۲. خوش بیانی سے آراستہ (عموماً غزل وغیرہ). ۳. وہ (نظم یا نثر) جس میں لفظوں کے مقابل میں دوسرے الفاظ اسی وزن اور قافیے کے آئے ہوں، وہ معیاری نظم یا نثر جو موزوں الفاظ پر مشتمل ہو اور جس میں الفاظ نگینے کی طرح جڑے ہوئے ہوں. [ع].

مرصع کار صف. ۱. زیور وغیرہ میں نگینے یا جواہرات جڑنے والا ۲. جس پر جڑاؤ کام ہو، نگینے جڑا ہوا. ۳. سجی ہوئی نثر یا نظم لکھنے والا خوش بیان.

مرصع کاری مث. ۱. نگینے یا جواہر جڑنے کا کام؛ مرصع کار کا پیشہ ۲. (مجازاً) لفظوں کی آراستگی، خوش بیانی؛ سجی ہوئی نثر یا نظم لکھنا.

مرصع نگار صف. نگینے یا جواہرات جڑنے والا؛ (مجازاً) باکمال خوش نویس؛ نہایت خوب صورتی سے لکھنے والا، مرصع عبارت یا شعر لکھنے والا.

مرصع ہونا محاورہ. مرصع کرنا کا لازم، آراستہ ہونا، سجا ہوا ہونا.

مَرَض (فت م، ر) اند.
۱. (طب) کسی عضو کی ساخت یا فعل میں فرق پڑ جانا، بیماری، آزار ۲. بری عادت، لت، روگ. [ع].

مرض الموت اند. وہ مرض جس سے آدمی مر جائے، ایسی بیماری جس کا نتیجہ موت ہو.

مرض النوم اند. (طب) وہ بیماری جس میں بیمار عرصے تک گہری نیند سوتا رہتا ہے یہ بیماری ایک خاص قسم کی مکھی کے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے، نیند کی بیماری.

مرض کا توتا/ طوطا پالنا محاورہ. بکھیڑے میں پڑنا.

مرض کی دوا ہونا محاورہ. کسی کام کا ہونا، کسی مصرف کا ہونا (عموماً کسی کے ساتھ مستعمل).

مرض متعدی اند. (طب) وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے، اڑکنی بیماری.

مرض موروثی اند. (طب) وہ مرض جس کے اثرات ماں باپ سے پہنچیں.

مرض مہلک اند. ہلاک کرنے والی بیماری، خوف ناک بیماری، وہ بیماری جس میں جان کا خطرہ ہو.

مَرضی (فت م، سک ر) مث.
۱. خوشی، رضا، پسند، پسندیدگی. ۲. منظوری، اقرار؛ اجازت. ۳. خواہش ضرورت. [ع].

مرضی کی مالِک ہونا محاورہ. (عورت کا) خود مختار ہونا، اپنی پسند پر چلنا، جو دل چاہے وہ کرنا.

مُرَطِّب (ضم م، فت ر، شد ط بکس) صف.

۱. (طب) رطوبت پیدا کرنے والا، تری پیدا کرنے والا (مادّہ، غذا یا دوا وغیرہ). ۲. (طب) اعضاء کو تر کرنے والا (بطور دوا). [ع].

مَرطُوب (فت م، سک ر، و مع) صف مذ.

گیلا، تر، بھیگا ہوا، سیلا ہوا؛ جہاں ہوا میں نمی زیادہ ہو (مقام وغیرہ). [ع].

مَرعُوب (فت م، سک ر، و مع) صف.

رعب میں آیا ہوا، ڈرا ہوا، ڈرنے والا، ڈر یا خوف کے ساتھ کسی شے یا شخص سے متاثر ہونے والا؛ کسی کے دبدبے میں آیا ہوا. [ع].

مرعوب کر لینا/ کرنا محاورہ. رعب میں لانا، ڈرانا؛ متاثر کرنا.

مرعوب ہو جانا/ ہونا محاورہ. مرعوب کرنا کا لازم، رعب میں آنا، متاثر ہونا.

مَرغ (فت م، سک ر) امث.

ایک قسم کی گھاس، ہری گھاس؛ دوب. [ف].

مرغ زار امذ. وہ جگہ جہاں پر بہت سبزہ یا گھاس اُگی ہو، سبزہ زار.

مُرغ (ضم م، سک ر) امذ.

پرند، اڑنے والا جانور (جو کچھ جثّہ بھی رکھتا ہو)، طائر، پرندہ؛ مرغا، خروس. [ف].

مرغ باد نما امذ. ۱. (مجازاً) وہ آدمی جو ہوا کا رخ دیکھ کر بدل جاتا ہو، ابن الوقت؛ وقت اور حالات کے ساتھ بدل جانے والا شخص. ۲. ہوا کے چلنے کی سمت ظاہر کرنے کا آلہ جو مخصوص عمارتوں پر مرغ کی شکل کا نصب ہوتا ہے.

مرغ بانگ نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہو گی کہاوت. کوئی کام کسی کی ذات خاص پر موقوف نہیں، دنیا کا کام وقت پر ہوتا رہے گا.

مرغ بسمل امذ. وہ مرغ جو ذبح ہونے کے بعد تڑپے.

مرغ بسمل کی طرح پھڑکنا/ تڑپنا محاورہ. ذبح کیے ہوئے پرندے کی طرح تڑپنا، نہایت تکلیف میں ہونا؛ بہت بے چین ہونا.

مرغ خوش الحان/ مرغ خوش نوا امذ. وہ پرند جس کی آواز سریلی ہو، خوش آواز پرند؛ (مجازاً) بلبل.

مرغ زریں امذ. ۱. تیتر اور مور سے مِلتا جُلتا مرغی کے برابر کا ایک خوب صورت پرندہ جس کے پر سونے کی طرح چمکتے ہیں، اس کا رنگ سبز یا سبزی مائل ہوتا ہے اور سر پر کلغی ہوتی ہے؛ (استعارۃً) مرغ. ۲. (مجازاً) وہ شخص جس نے خوب چمک دمک والے کپڑے پہن رکھے ہوں؛ (طنزاً) وہ شخص جو نہایت آراستہ و پیراستہ ہو.

مرغ کی ایک (ہی) ٹانگ (ہے) کہاوت. اپنی بات کی ہٹ، اپنے غلط یا جھوٹے قول کی پچ (اس وقت کہتے ہیں جب کوئی اپنی بے جا بات پر اَڑا ہوا ہو).

مرغ مسلم امذ. سالم پکایا ہوا مرغا، وہ مرغ جو ثابت پکایا جائے.

مُرغا (ضم م، سک ر) امذ.

۱. مرغی کا نر، خروس. ۲. (تحقیراً) نامعقول، مردک، کمینہ (انسان کے لیے مستعمل).

مرغا بنانا محاورہ. ہاتھوں کو دونوں ٹانگوں کے نیچے سے نکلوا کر دائیں ہاتھ سے دایاں اور بائیں ہاتھ سے بایاں کان پکڑوانا، عموماً بچوں کو اس طرح سزا دی جاتی ہے.

مرغا بننا محاورہ. مرغا بنانا کا لازم.

مرغا پھانسنا محاورہ. اسامی پکڑنا، کسی شخص سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے اُسے جھانسا دینا، کسی کو لوٹنے یا تفریح لینے کے لیے فریب میں لانا.

مرغا پھنسنا محاورہ. مرغا پھانسنا کا لازم، کسی شخص کا دھوکے میں آجانا یا پھنس جانا.

مُرغابی (ضم م، سک ر) امث.

پانی میں رہنے والا ایک مشہور پرند، قاز، جل ککڑ.

مُرغان (ضم م، سک ر) امذ؛ ج.

مرغ کی جمع، بہت سے پرند، طیور؛ تراکیب میں مستعمل.

مرغان سحر امذ. صبح کے پرندے، وہ پرندے جو صبح کو خوش الحانی کرتے ہیں.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، معد = معدولہ، مع = معروف، مج = مجہول، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُرَغِّبات (ضم م، فت ر، شد غ بکس) صف مذ نیز مث : ج.
ترغیب دینے والے، رغبت پیدا کرنے والے ؛ ترغیب دینے والی چیزیں. [ع].

مَرْغزار (فت م، سک ر، ع) مذ.
جہاں سبزے کی کثرت ہو، سبزہ زار، چراہ گاہ.

مُرَغَّن (ضم م، فت ر، شد غ بفت) صف.
گھی یا چکنائی میں تربتر (کھانا وغیرہ)، وہ جس میں بہت گھی ڈالا گیا ہو. [ف].

مرغن غذا مث. پُرتکلف خوراک، مرغن کھانا.

مَرْغُوب (فت م، و مع) صف مذ.
۱. جس سے رغبت ہو، جو دل پسند ہو، پسندیدہ، من بھاتا، (شاذ) مزے دار، لذیذ. ۲. دل کش، دل فریب، پیارا، خوب صورت. ۳. محبوب، دلبر، دلربا، پیارا. ۴. (قدیم) راغب. [ع].

مرغوب الطبع صف. دل پسند، جو دل کو بھائے ؛ وہ (چیز) جس پر دل راغب ہو ؛ منظورِ نظر ؛ محبوب.

مرغوب ہونا ف مر ؛ محاورہ. پسند ہونا، پسندیدہ ہونا، اچھا لگنا.

مَرْغُول (فت م، سک ر، و مع نیز مج) (الف) صف.
خم دار، ٹیڑھا، مڑا ہوا، بل کھایا ہوا، گھونگر والا، پیچ دار. (ب) مذ.
۱. (معماری) کنگرے دار محراب، ڈنڈی دار محراب، مدور بنا ہوا کھم، گول کھم، محراب کی ترشی ہوئی پیشانی یا روکار جس کے نادر نمونے دہلی کی جامع مسجد اور تاج محل آگرہ میں خاص طور پر ملتے ہیں. ۲. کنگری، پیچیدہ آواز، لہراتی آواز. ۳. (موسیقی) چہچہانا، گانا، کنگری لینا ؛ آواز میں لہر یا کپکی پیدا ہونا. ۴. گھنگریالے بال. [ف].

مَرْغُولہ (فت م، سک ر، و مع نیز مج، فت ل) (الف) صف.
۱. خم دار، پیچ دار، گھنگریالا. ۲. چکر دار یا تو ایک سطح میں (جیسے گھڑی کی کمانی) یا اوپر کو گھومتے ہوئے (مخروطی شکل میں) ایسے چکر لگا لگا کر (گویا اسطوانے کے گرد) آگے بڑھنے والا جیسے پیچ کا سوت. (ب) مذ. ۱. گھوم واں، بل کھائی ہوئی یا پیچ چیز، لچھا، دائرہ نما دھواں وغیرہ. ۲. کنگرے دار محراب، مدور بنا ہوا کھم. ۳. (i) زلف، کاکل، حلقہ دار بال. (ii) پیچ، بل، حلقہ. ۴. لوہے کا خمیدہ لچکیلا حلقہ جو گاڑیوں اور گھڑیوں وغیرہ میں اور بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں یہ عموماً کمان کی شکل کا تار کا پیچ دار بنا ہوا ہوتا ہے، کمانی (Spring).

مُرْغی (ضم م، سک ر) مث.
مرغے کی مادہ.

مرغی اپنی جان سے گئی کھانے والوں (والے) کو سواد / مزا (مزہ) نہ آیا کہاوت. ایک آدمی تو دوسرے کے لیے کوشش کرتا مرگیا، اس نے قدر نہ کی (ناقدری کے موقع پر مستعمل).

مرغی انڈے کی بحث مث. بے نتیجہ گفتگو یا بحث (پہلے مرغی تھی یا انڈا)، فضول تکرار، بے کار حجت.

مرغی خانہ مذ. مرغی کا دڑبا یا جگہ جس میں بہت سی مرغیاں رکھی جاتی ہیں ؛ مرغیاں پالنے کی جگہ.

مرغی کو تکلے کا گھاؤ / داغ، بس / بہت / کافی ہے کہاوت. غریب اور مفلس آدمی کے لیے تھوڑا نقصان ہی بہت ہے.

مرغی کی اذان / بانگ مث. وہ اذان جو خلافِ فطرت مرغی دے بیٹھتی ہے اور لوگ اس بات کو منحوس خیال کر کے اُسے ذبح کر ڈالتے ہیں.

مرغی کی اذان اور عورت کی گواہی کا اعتبار نہیں کہاوت. مرغی کا اذان دینا خلافِ فطرت ہے اور عورت کی گواہی معتبر نہیں.

مرغی کی بانگ روا نہیں کہاوت. عورتوں کی مردوں میں قدر نہیں، عورتوں کی بات کی اہمیت نہیں ہوتی ؛ کمزور کی بات کی اہمیت نہیں ہوتی.

مرغی کے خواب میں دانہ ہی دانہ کہاوت. انسان ہر وقت اپنے ہی مطلب کی بات سوچتا ہے.

مرغی گلانا محاورہ. مرغی کا گوشت گلانا ؛ اپنا مطلب حاصل کرنے کے لیے کسی کو آمادہ یا راضی کرنے کی کوشش کرنا.

مُرْغے (ضم م، سک ر) مذ ؛ ج.
دیکھیے : مرغ نیز مرغا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل.

مرغے کی (وہی) ایک (ہی) ٹانگ کہاوت. اُس موقع پر مستعمل جب کوئی اپنی غلط بات پر اڑا رہے یا ہٹ دھرمی دکھائے.

سک = سکون ... (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، فم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

مُرَفَّع (ضم م، فت ر، شد ف بفت) صف.
بلند کیا ہوا ؛ (مجازاً) بلند درجے والا، قدر والا. [ع].
مرفع الحال صف. وہ جس کی زندگی فارغ البالی میں گزرتی ہو، خوش حال، آسودہ حال، دولت مند.
مرفع حالی مث. آسودہ حالی، خوش حالی، دولت مندی.

مَرْفُوع (فت م، سک ر، و مع) صف.
۱. بلند کیا گیا، اُٹھایا گیا، اُٹھایا ہوا، بلند کیا ہوا. ۲. رفع کیا گیا، دُور کیا گیا، مٹایا ہوا. ۳. (قواعد) وہ (حرف) جس پر پیش کی حرکت ہو، مضموم. ۴. وہ (حدیث) جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے، وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے. [ع].
مرفوع القلم صف. وہ (شخص) جس کا گناہ قابلِ گرفت یا تحریر نہ ہو، لکھنے سے باز رکھا گیا، جس کا جرم باز پرس کے قابل نہ ہو، ناقابلِ ذکر، بے محاسبہ.

مُرَفَّہ (ضم م، فت ر، شد ف بفت) صف.
آسودہ، خوش حال، دال روٹی سے خوش، خوش معاش. [ع].
مرفہ الحال صف. خوش حال، فکرِ معاش سے آزاد، آسودہ حال ؛ امیر، دولت مند.
مرفہ الحالی مث. دیکھیے : مرفہ الحال کا اسمِ کیفیت، خوش حالی.

مَرْقَد (فت م، سک ر، فت ق) مذ.
خواب گاہ، سونے کی جگہ، آرام گاہ ؛ (مجازاً) قبر، مزار. [ع].

مُرَقَّع (ضم م، فت ر، شد ق بفت) مذ.
۱. تصویروں کی کتاب، رنگ برنگ تصویروں کا مجموعہ ؛ البم. ۲. تصویر، فوٹو نیز منظر. ۳. خاکہ، لفظی تصویر ؛ (مجازاً) مسودہ. [ع].
مرقع آرائی مث. دیکھیے : مرقع اُتارنا.
مرقع بن جانا / بننا محاورہ. ۱. حیران ہو جانا، متحیر ہو جانا، ششدر رہ جانا. ۲. مظہر بن جانا، آئینہ بن جانا، آئینہ دار ہونا.
مرقع بیانی مث. مرقع بیان کرنا، تصویر کشی کرنا، کسی چیز کا منظر پیش کرنا.
مرقع تصویر مذ. تصویروں کی کتاب، البم.
مرقع کشی مث. کسی واقعہ یا صورتِ حال کو اس طرح لکھنا کہ اُس کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے، تصویر کھینچنا، منظر نگاری کرنا.
مرقع نگار صف؛ مذ. تصویر بنانے والا، منظر کھینچنے والا، مصور ؛ (مجازاً) کسی واقعے یا منظر کا ہو بہو خاکہ اُتارنے والا یا شخصیت کے اوصاف لکھنے والا.
مرقع نگاری مث. منظر نگاری، نقشہ کھینچنا ؛ خاکہ اُتارنا.

مَرْقُوم (فت م، سک ر، و مع) صف مذ.
۱. لکھا گیا، نوشتہ، لکھا ہوا، رقم کیا گیا. ۲. مہر لگا ہوا ؛ تاریخ ڈالا ہوا (خط). [ع].

مَرْقُومَۃ (فت م، سک ر، و مع، فت م) صف.
لکھا ہوا، تحریر کردہ ؛ تراکیب میں مستعمل.

مَرْقُومَہ (فت م، سک ر، و مع، فت م) صف.
لکھا گیا، لکھا ہوا، تحریر کیا ہوا.

مُرْکانا (ضم م، سک ر) ف م ؛ ف ل.
مروڑنا ؛ بل دینا ؛ موڑنا نیز مڑنا، بل کھانا.

مَرْکَب (فت م، سک ر، فت ک) مذ.
سواری کی چیز، کوئی جانور یا کشتی جس پر سوار ہوں (عموماً) گھوڑا. [ع].

مُرَکَّب (ضم م، فت ر، شد ک بفت) (الف) صف.
کئی اجزا یا چیزوں سے مل کر بنا ہوا، آمیختہ، مخلوط، ترکیب دیا ہوا، ملایا ہوا. (ب) مذ. ۱. کئی چیزوں سے مل کر بنی ہوئی چیز یا دوا. ۲. (قواعد) ترکیب جس میں کئی مفرد فقرے ہوں. [ع].
مرکب اضافی مذ. (قواعد) وہ مرکب ترکیب جو مضاف اور مضاف الیہ سے مل کر بنے یا جس میں ایک اسم کو دوسرے اسم سے نسبت دیں.
مرکب اعداد مذ. (ریاضی) وہ اعداد جن کو تقسیم کرنے والے اعداد کی تعداد دو سے زیادہ ہو.
مرکب توصیفی مذ. (قواعد) وہ مرکب ترکیب جو صفت اور موصوف سے مل کر بنے.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = (ملفوظ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)، مج = مجہول، معد = معدولہ، مع = معروف

مرکب ساز اند. سیاہی بنانے والا، روشنائی بنانے والا شخص.

مرکب سازی مث. تراکیب سازی، تراکیب ایجاد یا اختراع کرنا.

مرکب عدد اند. (ریاضی) وہ عدد جو دو عددوں سے مل کر بنے یا جس کو تقسیم کرنے والے اعداد کی تعداد دو سے زیادہ ہو (جیسے ۴، ۶، ۸، ۹، ۱۰، اور ۱۲ وغیرہ).

مرکب لفظ اند. وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں سے مل کر بنا ہو.

مرکب ہونا محاورہ. مخلوط ہونا، ملا ہوا ہونا، گڈمڈ ہونا، باہم ملا ہوا ہونا، آمیختہ ہونا.

مُرَکَّبات (ضم م، فت ر، شد ک بفت) اند.

دیکھیے: (طب) مرکب کی جمع، دو یا زیادہ چیزوں سے ترکیب پائی ہوئی چیزیں یا دوائیں.

مَرْکَری (فت م، سک ر، فت ک) اند.

دیکھیے: پارہ. [انگ].

مرکری بلب اند. برقی قمقمہ جس کی روشنی پارے یا چاندی جیسی سفید یا دودھیا ہوتی ہے.

مُرْکُری (ضم م، سک ر، ضم ک) صف مث.

چخ جانے والی، ٹوٹ جانے والی، کرکری تیلی (ہڈی) جو چبائی جا سکے.

مَرْکَز (فت م، سک ر، فت ک) اند

۱. کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ، نوک دار چیز جیسے نیزہ وغیرہ کے گاڑنے کی جگہ. ۲. کسی چیز کا درمیانی حصہ، بیچوں بیچ، عین وسط، منجھ، درمیان، قلب. ۳. ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار نیز کسی چیز، خیال یا مقصد وغیرہ کا مرکزی مقام، جائے سکونت. ۴. (i) وفاق، مرکزی حکومت نیز دارالحکومت. (ii) اہم مقام، صدر مقام، ہیڈکوارٹر. [ع].

مرکز اعظم اند. وہ جگہ جہاں سب لوگ اکٹھے ہوں، سب سے بڑا مرکز، بنیادی ٹھکانا، صدر مقام.

مرکز ثقل اند. (طبیعیات) کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزا برابر تلے رہیں اور وہ جسم گرنے نہ پائے (Centre of Gravity)؛ مرکز.

مرکز نظر/ نگاہ اند. وہ جس پر نظر ٹھہر جائے، توجہ کا حامل، لائق دید، قابلِ توجہ چیز.

مرکز و محور اند. جس کے اطراف یا جس پر کوئی چیز گھومے، کسی چیز خیال یا جذبے وغیرہ کا مرکزی مقام.

مَرْکَزَہ (فت م، سک ر، فت ک، ز) اند.

مرکزی حصہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں، نباتی اور حیوانی خلیے وغیرہ کا مرکزی حصہ.

مَرْکَزی (فت م، سک ر، فت ک) صف.

۱. مرکز سے منسوب یا متعلق؛ مرکز کا، درمیانی، وسطی، بیچ کا. ۲. (مجازاً) بنیادی، نمایاں، خاص، ممتاز.

مرکزی اعصابی نظام اند. (علم تشریح) اعصابی ریشوں کا وہ مجموعہ جو کسی جاندار کی حرکات کا ذمے دار ہوتا ہے اور ان میں ربط قائم رکھتا ہے فقاری جانداروں میں سے دماغ اور ریڑھ کی ہڈی پر مشتمل ہوتا ہے، دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کا نظام (Central Nervous System).

مرکزی پالیسی صف مث. اہم لائحہ عمل، خاص اہمیت کی حکمت عملی.

مرکزی حیثیت مث. خاص مقام، اہمیت والی حیثیت.

مرکزی خیال اند. (ادب) وہ خاص معنی جسے ادبی اظہار کا روپ دینا فن کار کا مقصد ہوتا ہے، اس کے لیے ادب پارے کو ایک دائرہ فرض کیا جاتا ہے اور مقصد کو مرکز قرار دیا جاتا ہے (Central Idea).

مرکزی شہر اند. وہ شہر جو کسی خطے یا علاقے میں (تجارت وغیرہ کے باعث) مرکز کی حیثیت اختیار کر گیا ہو یا صدر مقام بن گیا ہو؛ (مجازاً) بڑا شہر، اہم شہر.

مرکزی کردار اند. کہانی وغیرہ کا سب سے اہم کردار، بنیادی کردار جس کے گرد کہانی گھومتی ہو.

مَرْکَزِیَت (فت م، سک ر، فت ک، کس ز، فت ی) مث.

۱. مرکز پر ہونے کی کیفیت، مرکز ہونا. ۲. کسی چیز، خیال، مفاد یا مقصد کا مرکزی یا اہم ہونا.

مُرکُل (ضم م، سک ر، ضم ک) اند.
(دکن) ہلکے ناشتہ کی چیز جیسے چاولوں کو بھٹی میں بھون کر مرمرے بناتے ہیں۔ [مقامی].

مُرکنا (ضم م، فت ر، سک ک) ف ل.
۱. مرکانا کا لازم، ٹوٹنا، مڑنا، بل کھانا. ۲. موچ آنا؛ منھ پھیر لینا، جھینپنا، شرمانا. [پ: س].

مَرکنٹائل (فت م، سک ر، فت ک، سک ن، کس ء) صف.
تجارتی، تاجرانہ، کاروبار کے متعلق. [انگ].

مَرکُوز (فت م، سک ر، ومع) صف.
۱. گڑا ہوا، محکم کیا ہوا، ایک جگہ رُکا ہوا، مرکز کیا ہوا. ۲. (مجازاً) ٹھہرا ہوا، محدود؛ مخصوص. [ع].

مرکوز رکھنا محاورہ. مبذول کرنا، ٹھہرانا، ایک نقطے پر جمع رکھنا (توجہ وغیرہ).

مُرکی (ضم م، سک ر) مث.
کان کی پھول دار کیل، کان کا ایک زیور، گوکھرو. [مقامی].

مَرکھنا (فت م، سک ر، فت کھ، شد ن نیز بلا شد) صف مذ.
۱. سینگ مارنے والا (جانور)، (عموماً) بیل، بھینسا وغیرہ. ۲. (مجازاً) خواہ مخواہ مارنے پیٹنے والا، چڑچڑا، جھگڑالو.

مرکھنا بیل جی کا جلاپا کہاوت. مراد یہ ہے کہ نہ تو اس کا کوئی خریدار ہوتا ہے اور نہ ہی اس کو کوئی پال سکتا ہے.

مَرکھنی (فت م، سک ر، فت کھ، شد ن نیز بلا شد) صف مث.
۱. سینگ مارنے والی (بھینس، گائے). ۲. بات بات پر اُلجھنے والی، مارنے پیٹنے والی، جھگڑالو (عورت).

مَرگ (فت م، سک ر) مث.
موت، اجل، قضا. [ف].

مرگِ انبوہ مث. ہجوم اجتماعی کی موت، بہت سوں کی موت، سب کا ایک ساتھ مر جانا؛ (مجازاً) عام مصیبت.

مرگِ پیش از مرگ مث. موت سے پہلے کی موت؛ (مجازاً) بے بسی کی موت، لاچاری کی موت.

مرگِ مفاجات مث. اچانک موت، ناگہانی موت، بے وقت کی موت؛ مراد: موت.

مرگِ ناگہاں/ ناگہانی اند. اچانک موت، بے وقت موت.

مرگِ نو/ تازہ مث. نئی موت؛ (مجازاً) نیا حادثہ، فتنۂ تازہ؛ نیا عشق.

مِرگ (کس م، سک ر) اند.
ہرن، چکارا، آہو. [س].

مرگ چھال/ چھالا اند. ہرن کے بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر جوگی یا درویش عبادت کرتے ہیں.

مَرگَل (فت م، سک ر، فت گ) اند.
(معماری) کسی تعمیر کا وہ حصہ جو ستون کے بالکل اوپر ہو، دروازے یا دریچے وغیرہ کی اوپر کی تزئین کاری (عموماً مستطیل شکل کی)، مرغول، شہتیر گرونہ (Architrave).

مَرگِلا/ مَرگِلّہ (فت م، سک ر، کس گ، شد ل/شد ل بلا شد) صف.
بہت کمزور، لاغر، ادھ موا، نیم جاں؛ (مجازاً) مرجھایا ہوا.

مَرگِلّی (فت م، سک ر، کس گ، شد ل) مث.
نہایت لاغر، کمزور (عورت).

مِرگی (کس م، سک نیز کس ر) مث.
وہ اعصابی بیماری جس میں آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے اور منہ سے جھاگ نکلنے لگتا ہے، صرع. [س].

مَرگھٹ (فت م، سک ر، فت گھ) اند.
وہ جگہ جہاں ہندو اپنے مردے جلاتے ہیں، شمشان.

مَرگِھلا (فت م، سک ر، کس گھ، شد ل) صف.
دیکھیے: مرگلا؛ کمزور، لاغر، بہت دبلا پتلا.

مَرلا / مَرلَہ (فت م، سک ر/ فت ل) اند.
تیس مربع گز زمین، تو مربع ناپ کی جگہ، زمین کی پیمائش کا ایک پیمانہ. [پن].

مُرلی (ضم م، سک ر) مث.
بانسری، نے. [س].

مرلی بجانا ف مر: محاورہ. بانسری بجانا، خوشی کے گیت گانا.

مُرَلِیا (ضم م، فت ر، سک ل) امث.
چھوٹی بانسری؛ مرلی کی تصغیر.

مُرَم (ضم م، فت ر) امث.
۱. سنگ ریزوں کی مٹی جو برتن بنانے کے کام نہیں آتی، وہ چکنی مٹی جو چھتوں پر بارش کے دنوں میں درزیں بھرنے کے واسطے ڈالتے ہیں، کنکریلی مٹی، کنکروں کی چھنن. ۲. بھربھری چٹان نیز ٹوٹے ہوئے پتھر، روڑی. [س].

مَرَمَّت (فت م، ر، شدم بفت) امث.
۱. ٹوٹی ہوئی، ناقص چیز یا پھٹے پرانے کپڑے یا ٹوٹی ہوئی عمارت، مکان وغیرہ کی درستی، کسی چیز کو ٹھیک ٹھاک کرنا. ۲. (مجازاً) مار پیٹ، گوش مالی، جسمانی سزا، پٹائی. [ع].

مرمت شدہ صف. جو درست ہو گیا ہو، ٹھیک کیا ہوا، جس کی مرمت ہو چکی ہو.

مرمت کرنا ف مر: محاورہ. ۱. (کسی چیز کو) ٹھیک کرنا، درست کرنا. ۲. مارنا، پیٹنا، گوشمالی کرنا.

مرمت ہونا محاورہ. ۱. (کسی چیز کا) ٹھیک ہونا، درستی. ۲. مرمت کرنا کا لازم، پٹائی ہونا، گوشمالی ہونا.

مَرْمَر (فت م، سک ر، فت م) امذ.
ایک عمارتی عمدہ سفید پتھر جو بعض دوسرے رنگوں میں بھی ملتا ہے مثلاً نیلگوں یا سبز جو زیادہ چمکیلا ہوتا ہے. [یو].

مَرْمَرا (فت م، سک ر، فت م) صف.
کھاری، تراکیب میں مستعمل. [مقامی].

مُرْمُرا (ضم م، سک ر، ضم م) امذ.
۱. بھاڑ کا بھنا ہوا کرارا چاول، مکئی یا اناج کا دانہ جس کے چبانے سے مرمر کی آواز نکلتی ہے. ۲. دوپٹہ یا کسی کپڑے کی بیل کی کور پر (چاندی یا سونے کا) بنا ہوا باریک کنگورا.

مُرْمُرے (ضم م، سک ر، ضم م) امذ؛ ج.
مرمرا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مرمرے کے برابر صف. چھوٹا، ناتواں کمزور، ہلکا پھلکا.

مَرْمَرِیں (فت م، سک ر، فت م، ی مع) صف.
مرمر سے منسوب یا متعلق، مرمر کا بنا ہوا؛ (مجازاً) شفاف اور نازک شے.

مرمریں پیکر صف: امذ. سنگ مرمر کا تراشا ہوا جسم یا شکل نیز نہایت خوب صورت جسم یا جسم والا؛ (مجازاً) محبوبہ.

مَرْمُوز (فت م، سک ر، و مع) صف مذ.
۱. جس میں رمز پایا جاتا ہو، رمزیہ، جس میں پوشیدہ بات کہی گئی ہو ۲. (خطاطی) ایک خط کا نام جو اب متروک ہے. [ع].

مَرَن (فت م، ر) امث: امذ.
۱. موت، قضا، مرنا، جان دینا؛ شرم سے مرنا؛ مرنے کا وقت. ۲. آفت مصیبت، تباہی، بربادی. [س].

مرن بِرت امذ. جان دینے کے لیے کھانا پینا چھوڑ دینے کا عمل بھوک ہڑتال جو مرنے تک جاری رکھی جائے.

مرن ہار/ ہارا صف: امذ. جو مر گیا ہو؛ مرنے جوگا، فانی، مٹ جانے کے قابل.

مرن ہونا محاورہ. مصیبت ہونا، آفت ہونا، شامت آنا.

مَرْنا (فت م، سک ر) ف ل.
۱. دم نکلنا، موت آنا، وفات پانا، جان دینا. ۲. تکلیف یا مشقت برداشت کرنا، دکھ جھیلنا، اذیت سہنا. ۳. (پر کے ساتھ) عشق ہونا کسی پر فدا ہونا. ۴. (i) (پر کے ساتھ) کسی چیز کا بے حد شوق رکھنا (ii) کسی بات کی خواہش رکھنا، کسی چیز کی بہت حرص کرنا. ۵. مرجھانا کملانا، سوکھنا، نمو کی قوت یا تازگی ختم ہونا. ۶. سو جانا، (کہنے والا اپنے لیے یا دوسرے کے لیے ناخوشی اور آزردگی کی کیفیت میں اس لفظ کا اس معنی پر اطلاق کرتا ہے). ۷. کسی بات، شے یا شخص کی آرزو یا خواہش میں بے قرار ہونا. ۸. جان جوکھوں میں ڈالنا، کوشش کرنا افسوس کرنا، رونا پیٹنا. ۹. انتہائی بے زاری اور خفگی کے لیے؛ جیسے جاؤ مرو. ۱۰. مردار ہونا، جان نہ رہنا؛ جیسے: جسم کی کھال مرنا.

مرنا برحق ہے فقرہ. ہر ذی روح کو موت ضرور آنی ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

مرنا جینا سب کے ساتھ کہاوت. دنیا کے جھگڑے بکھیڑے کسی کو نہیں چھوڑتے.

مَرنجاں مَرنج (فت م، ر، سک ن، فت م، ر، سک ن) صف؛ اند.
وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے اور کسی کا دل نہ دکھائے. [ف].

مُرنڈ (ضم م، فت ر، سک ن) صف.
سوکھا ہوا، چرمر؛ (مجازاً) بے جان، غیر متحرک.

مُرنڈا (ضم م، فت ر، سک ن) اند.
۱. بھنے ہوئے گیہوں، گھی اور گڑ سے بنائے ہوئے لڈو (عموماً بچوں کے دانت نکلنے پر تقسیم کیے جاتے ہیں). ۲. مکئی کے اُبلے ہوئے دانے جو بھاڑ میں بھون کر کرارے کر لیے گئے ہوں، یعنی جو کھیل نہ بن سکیں. [مقامی].

مُرنڈہ (ضم م، فت ر، سک ن، فت ڈ) صف مذ.
سوکھا ہوا؛ (مجازاً) نحیف، کمزور، بے جان.

مَرنے (فت م، سک ر) اند؛ ج.
مرنا کی مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مرنے پر تلا ہونا محاورہ. مرنے کے لیے آمادہ ہونا، جان دینے کو تیار ہونا.

مرنے تک کی (بھی) فرصت نہیں فقرہ. بہت کم فرصت ہے دم بھر کی بھی مہلت نہیں (کام کی زیادتی اور شدید مصروفیت کے اظہار کے لیے مستعمل ہے).

مرنے جائیں، ملاریں گائیں کہاوت. ایسے بے فکر آدمی ہیں کہ مرنے کو بھی کھیل سمجھ کر گیت گاتے ہیں، بے پروا اور آزاد طبع نیز شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں.

مرنے جوگا صف مذ. مٹ جانے کے قابل، مرنے کے قابل، مرن ہار؛ (مجازاً) نہایت لاغر، کمزور (عورتیں خفگی کی حالت میں بولتی ہیں).

مرنے جوگی صف مث. دیکھیے: مرنے جوگا جس کی یہ تانیث ہے (تحقیراً مستعمل).

مرنے سے بدتر ہو جانا محاورہ. موت سے بھی زیادہ تکلیف اُٹھانا، نہایت مضمحل ہو جانا، بہت زیادہ تکلیف اُٹھانا.

مرنے کی بھی فرصت نہیں فقرہ. دیکھیے: مرنے تک کی فرصت نہیں.

مرنے کی فرصت نہ ہونا محاورہ. بے حد مصروف ہونا، کام کی کثرت کے باعث ذرا بھی مہلت نہ ملنا.

مرنے مارنے پر اتر آنا محاورہ. لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہونا، دنگا فساد کرنا، لڑنے لگنا، جھگڑا کرنا.

مرنے مارنے پر تل جانا محاورہ. دیکھیے: مرنے مارنے پر اُتر آنا.

مرنے والا اند. وہ شخص جو مر گیا ہو، متوفی.

مَرو فقرہ.
(عور) دفع ہو جاؤ، چلے جاؤ (غصے کی حالت میں مستعمل).

مَروارِید (فت م، سک ر، ی مع) اند.
وہ گول گول دانے جو سیپی کے اندر سے نکلتے ہیں، موتی، دُر، گوہر؛ زیورات میں اور دواءً مستعمل. [ف].

مَروانا (فت م، سک ر، فت و) ف م.
ہلاک کروانا، قتل کرانا.

مُروّت (ضم م، فت ر، فت و بشد) امث.
۱. لحاظ، پاس؛ انسانیت. ۲. سخاوت، فیاضی، کشادہ دلی. [ع].

مروت آشنا صف. مروت سے واقف، مروت کرنے والا، لحاظ دار، نیک نہاد، خوش اخلاق.

مروت آنا محاورہ. دل میں لحاظ کی کیفیت پیدا ہونا.

مروت برتنا محاورہ. آدمیت سے پیش آنا، انسانیت کا برتاؤ کرنا؛ رعایت اور لحاظ رکھنا.

مروت کا مارا صف. بہت لحاظ کرنے والا، انسانیت سے پیش آنے والا، خلیق، کشادہ دل، لحاظ کی وجہ سے خود پریشان ہونا یا تکلیف اُٹھانے والا.

مُروّتاً (ضم م، فت ر، شد و بفت، تن ت بفت) م ف.
مروت کے طور پر، اخلاقاً، لحاظ سے.

مُروّتی (ضم م، فت ر، شد و بفت) صف.
بااخلاق؛ مروّت سے پیش آنے والا، رحم دل؛ ملاحظہ کا، لحاظ کرنے والا.

مُرَوَّج (ضم م، فت ر، فت و بشد) صف مذ.
رواج دیا گیا، رائج الوقت؛ جاری، مستعمل. [ع].

مُرَوِّج (ضم م، فت ر، شد و بکس) صف.
رائج کرنے والا، رواج دینے والا، جاری کرنے والا. [ع].

مُرَوَّجَہ (ضم م، فت ر، شد و بفت، فت ج) صف.
مروج، جو رائج یا جاری ہو.

مروجہ رسم الخط اند. رسم الخط جو رائج ہو، وہ رسم الخط جس کا رواج عام ہو.

مروجہ زبان مث. رائج یا زندہ زبان، زبان جو جاری یا رائج ہو.

مروجہ قوانین اند؛ ج. قوانین جاریہ، روبہ عمل قوانین.

مُرُور (ضم م، و مع) (الف) اند.
۱. گزرنا، چلا جانا، بیت جانا، پورا ہونا، منقضی ہونا، انقضا. ۲. گزر. ۳. عبور؛ راستہ، سڑک، درّہ. (ب) صف. گزراں، گزرتا ہوا، حالیہ، موجودہ. [ع].

مَروڑ (فت م، و مج) مث؛ اند؛ — مڑوڑ.
۱. پیچ، خم، بل. ۲. پیٹ میں اینٹھن کی تکلیف، پیچش کی بیماری. ۳. بے چینی، تکلیف.

مروڑ اٹھنا محاورہ. ۱. (پیٹ میں) پیچ ہونا، آنتوں میں اینٹھن ہونا؛ درد ہونا، قراقر ہونا. ۲. بے چین ہونا.

مروڑ تروڑ مث. ہاتھ پانو کج کرنا؛ کپڑے کو پچھ کرنا؛ زبان کو کج کرنا.

مروڑ دینا/ ڈالنا محاورہ. بل دینا، موڑ توڑ دینا، پھیر دینا.

مروڑ ہونا ف مر؛ محاورہ. اینٹھن یا تشنج ہونا، پیٹ میں درد ہونا.

مروڑا (فت م، و مج) اند.
ہاتھ پانو یا گردن کو کج کرنا، توڑ موڑ. ۲. پیچش، اینٹھن، تشنج.

مروڑنا (فت م، و مج) ف م؛ — مڑوڑنا.
(i) بل دینا. (ii) اینٹھنا، اینٹھنا. (iii) موڑنا، پھیرنا. ۲. ہاتھ پانو گردن کو کج کرنا. ۳. کھانا (جیسے مفت کی روٹیاں مروڑنا). [س].

مروڑی (فت م، و مج) (الف) مث؛ — مڑوڑی.
(i) وہ سخت آٹا وغیرہ جس کو روٹی پکانے میں ہاتھ سے مل کر بتی کی صورت میں ہتھیلی اور انگلیوں سے چھڑاتے ہیں. (ii) بدن کا میل جو ہاتھ سے بل دے کر چھڑاتے ہیں. ۲. بل، پیچ. ۳. (i) بل کھائی ہوئی یا مڑی تڑی چیز، گرہ. (ii) چوڑی دار چیز، پیچ دار چیز (جیسے کیل وغیرہ). (ب) صف. بل دار ٹیڑھا، خم کھایا ہوا.

مروڑی دینا محاورہ. بل دینا، موڑ دینا، نچوڑنا.

مَروڑے (فت م، و مج) اند؛ ج؛ — مڑوڑے.
مروڑا کی جمع؛ بدن کا میل جو بتی کی صورت میں نکالتے ہیں، بتیاں جو ہاتھ پر آٹے وغیرہ کی مالش سے بن جاتی ہیں.

مَرْوَہ (فت م، سک ر، فت و) اند.
مکۂ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام جو مذہبی حرمت رکھتی اور تاریخی اہمیت کی حامل ہے (جہاں حضرت ہاجرہ علیہا السلام نے پانی کی تلاش میں سعی کی تھی). [ع].

مَرْوِی (فت م، سک ر) صف.
روایت کیا گیا، منقول، مذکور، بیان کیا گیا، روایت کیا ہوا. [ع].

مَرْہَٹّا/ مَرْہَٹّہ (فت م، سک ر، فت ہ، شد نیز بلا شد ٹ) اند.
مہاراشٹر (بھارت) کی رہنے والی ایک بہادر قوم کا نام، مہاراشٹر کا باشندہ، مرہٹا قوم کا آدمی. [س].

مَرْہَٹی (فت م، سک ر، فت ہ) صف.
مرہٹا سے منسوب یا متعلق، مرہٹوں کا. [س].

مَرْہَم (فت م، سک ر، فت ہ) اند.
ایک مرکب دوا جو علاج کے لیے زخموں پر لگائی جاتی ہے، پھایا، لیپ؛ (مجازاً) علاج. [ف].

مرہم پٹی مث. زخم کا علاج معالجہ، زخم کی دوا دارو، زخم کی درستی.

مرہم پٹی کرنا ف مر؛ محاورہ. مرہم لگا کر پٹی باندھنا؛ زخموں پر دوا لگانا؛ زخمی کا علاج معالجہ کرنا.

مرہم رکھ دینا/ مرہم رکھنا ف مر؛ محاورہ. زخم پر لیپ کرنا، زخم پر مرہم لگانا، پھایا رکھنا؛ تسلی و تشفی کرنا، تکلیف دُور کرنا.

مَرْہُون (فت م، سک ر، و مع) صف مذ.
۱. گرو رکھا گیا، رہن کیا گیا، رہن کیا ہوا. ۲. (مجازاً) احسان مند، ممنون، شکر گزار. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

مرہون منت صف. احسان مند، احسان کے بدلے میں گرو، ممنون.

مرہون منت ہونا ف مر؛ محاورہ. احسان مند ہونا، محتاج ہونا.

مِرءَ ت (کس م، سک ر، فت ء) اند.
منھ دیکھنے کا شیشہ، آئینہ. [ع].

مَرْئی (فت م، سک ر) صف مذ.
جو دیکھنے میں آئے، وہ جسے دیکھ سکیں، دیکھا ہوا. [ع].

مَری (فت م) (الف) صف.
مردہ، کشتہ؛ مردہ ہوئی، ماری گئی؛ (مجازاً) زبوں، خستہ؛ دبی، آہستہ، ہلکی. (ب) مث. مری ہوئی عورت، مردہ عورت.

مری مٹی کی نشانی مث. کسی مرنے والے کی یادگار.

مری مری صف مث. نہایت مردہ، بہت بے جان؛ (مجازاً) پھیکی، بے اثر (مسکراہٹ، آواز وغیرہ).

مری ہوئی آواز مث. مردہ آواز، وہ آواز جو خوف دہشت کے باعث ہلکی ہو گئی ہو نیز بے تاثیر آواز.

مِری (کس مج م) مث.
مرا (میرا) کی تانیث، میری.

مری بلا فقرہ؛ مث. بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں.

مری جان مث؛ فقرہ. میری جان کا مخفف، جان من، عزیز من، میرے پیارے، کلمۂ محبت.

مَرے (فت م) صف.
مرا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مرے ہو سو درے کہاوت. پہلے ہی مصیبت تھی اس پر ایک اور مصیبت آ گئی، مصیبت پر مصیبت.

مرے تو شہید، مارے تو غازی کہاوت. ہر حالت میں اچھائی ہے.

مرے جانا محاورہ. ۱. مضطرب ہونا، فکر مند ہونا نیز جلدی کرنا. ۲. فریفتہ ہونا، محبت کا اظہار کرنا، نثار ہونا، حد درجہ خاطر مدارات کرنا.

مرے دل سے م ف. بے دلی سے، بے زاری سے، اکتاہٹ کے ساتھ، ناگواری سے.

مرے کا کوئی نہیں، جیتے جی کے سب لاگو ہیں کہاوت. دوستی، رشتہ داری سب زندگی کے ساتھ ہے، موت کے بعد کوئی ساتھ نہیں دیتا.

مرے کو مارے/ ماریں شاہ مدار/ مندار کہاوت. غریب کے سب بدخواہ ہوتے ہیں یا مصیبت زدہ پر ایک اور مصیبت.

مرے ماں، جیوے ماسی کہاوت. اگر ماں مر جائے اور خالہ جیتی رہے تو بچے پل جاتے ہیں کیونکہ اس کی محبت بھی ماں کے برابر ہوتی ہے.

مِرے (کس م) ضمیر.
میرے کا متبادل؛ عموماً شاعری میں مستعمل.

مَرْیادا (فت م، سک ر) مث.
۱. عزت و ناموس نیز تعظیم، قدر. ۲. حد، سیما، قانونی حد، حد میں رہنا. [س].

مِرّیخ (کس م، شد ر، ی مع) اند.
۱. منگل ستارہ؛ (قدیم ہیئت) ایک آتشیں سیارے کا نام جو نویں فلک پر ہے اس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے، جلاد فلک، بہرام، یاقوت. ۲. (کیمیا) لوہا، فولاد. [ع].

مُرید (ضم م، ی مع) صف.
۱. ارادت رکھنے والا، کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا، دینی یا روحانی شاگرد، باطنی شاگرد. ۲. چیلا، شاگرد، پیرو. ۳. مطیع، فرماں بردار، معتقد. ۴. (مجازاً) گرویدہ. ۵. ارادہ کرنے والا، صاحب ارادہ. [ع].

مَریض (فت م، ی مع) صف.
بیمار، روگی، علیل، مرض رکھنے والا. [ع].

مَریضانَہ (فت م، ی مع، فت ن) صف؛ م ف.
مریضوں جیسا، بیماروں والا؛ (مجازاً) غیر صحت مند.

مریضانہ ذہنیت مث. مریضانہ ذہن کی حالت، بیماری کی کیفیت.

مَریضَہ (فت م، ی مع، فت ض) مث.
مریض عورت، عورت جسے کوئی بیماری ہو، بیمار عورت.

مَرْیَل (فت م، سک نیز کس ر، فت ی) صف.
۱. بہت دبلا پتلا، کمزور، ناتواں. ۲. ادھ موا، نیم جان. ۳. سست، سست رفتار. [س].

مریل ٹٹو (الف) صف. (تحقیراً) نہایت ست. (ب) مذ. ڈبلا پتلا چھوٹا گھوڑا.

مَرْیَم (فت م، سک ر، فت ی) (الف) صف.
کنواری، دوشیزہ، باکرہ؛ (مجازاً) پارسا، باعصمت، پاک دامن، اچھوتی، عابدہ. (ب) مث. حضرت عیسیٰؑ کی والدۂ ماجدہ کا نام نیز عورتوں کا ایک نام. [ع].

مریم صفت صف. مریم جیسی صفت رکھنے والا؛ (مجازاً) پاک دامن، پارسا، باعصمت.

مریم کا پنجہ مذ. (طب) شکل میں پنجے سے مشابہ ایک گھاس کا نام جس پر ازروئے روایت حضرت مریم نے حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے وقت اپنا پنجہ مارا تھا، یہ گھاس پانی میں بھگو کر حاملہ عورتوں کے پاس رکھتے ہیں جس سے بچہ جننے میں آسانی ہوتی ہے، پنجۂ مریم، بی بی کا پنجہ.

مَرِینا/ مَرِینَہ (فت م، ی مع / فت ن) مث.
ایک بھیڑ کا نام نیز اس کی اون جو نہایت ملائم اور چمک دار ہوتی ہے؛ اُس اون سے بنایا ہوا عمدہ کپڑا. [انگ].

مُڑ (ضم م) امر.
مڑنا سے فعل امر؛ تراکیب میں مستعمل.

مڑ جانا ف مر: محاورہ. ا. دیکھیے: مڑنا، واپس ہونا، پھر جانا. ۲. منقبض ہونا. ۳. بل کھانا، خم ہو جانا، ٹیڑھا ہونا.

مڑ کر م ف. پلٹ کر، پھر کر، منھ موڑ کر.

مڑ کر / کے، (بھی) نہ دیکھنا محاورہ. منھ موڑ کر نہ دیکھنا، دوبارہ نہ دیکھنا؛ توجہ نہ کرنا، رخ نہ کرنا؛ بات نہ پوچھنا، خاطر میں نہ لانا.

مُڑا (ضم م) صف مذ.
مڑا ہوا، پھرا ہوا، خم کھایا ہوا.

مڑا تڑا صف مذ. ٹیڑھا میڑھا، کج مج، خراب خستہ (عموماً کاغذ وغیرہ).

مَڑَک (فت م، ڑ) مث.
ا. کجی، ٹیڑھ، بل. ۲. اکڑ، تمکنت، زعم، آن بان. ۳. کلیہ، قاعدہ، نتیجہ کلی؛ گر. ۴. حکمت عملی، داؤ، گھات، توڑ جوڑ، ساز باز، چال. [مقامی].

مَڑْکنا (فت م، ڑ، سک ک) ف ل.
ا. چٹکنا، ٹوٹنا، چٹ چٹ ٹوٹنا. ۲. کپڑے کا چیچ جانا. ۳. ہاتھ یا پانو ٹیڑھا ہونا. ۴. اکڑنا، اینٹھنا، تمکنت دکھانا.

مُڑْنا (ضم م، سک ڑ) ف ل.
ا. بل کھانا، خم کھانا، گھومنا. ۲. ایک طرف سے منھ پھیر کے دوسری طرف کا رخ کرنا، گھومنا. ۳. پھرنا، واپس ہونا، لوٹنا، پلٹنا. ۴. تلوار کی دھار کا خمیدہ ہونا. ۵. چیچک یا خسرہ وغیرہ کے دانوں کا مُرجھانا، مُرکنا ۶. (مجازاً) نرم پڑنا، گداز ہونا، پگھل جانا (دل کے لیے مستعمل).

مَڑور/ مَڑوڑ (فت م، و ج) مث.
دیکھیے: مروڑ جو فصیح ہے؛ (عو) بل، اینٹھن وغیرہ.

مڑور اٹھنا ف مر: محاورہ. دیکھیے: مروڑ اُٹھنا جو اس کا فصیح املا ہے.

مَڑوڑنا (فت م، و ج) ف م.
دیکھیے: مروڑنا جو فصیح ہے: بل دینا، ٹیڑھا کرنا وغیرہ.

مَڑوڑی (فت م، و ج) مث.
ا. مروڑی، آٹے کی بتی. ۲. گلجھٹی، گنجلک، گرہ جیسے ڈوری میں پڑ جاتی ہے. ۳. پیچ کسنے یا بٹھانے کا ایک خاص قسم کا اوزار جو عام طور سے بڑے بڑے کارخانوں میں استعمال کیا جاتا ہے. ۴. بھانج، پیچ، بل؛ تاگے کے دوسروں کو عارضی طور پر جوڑنا یا آدھی گرہ لگانا، آنٹ. ۵. ڈوری کی ٹکن، ریشمیں اک رنگی یا دو رنگی یا سہ رنگی بٹی ہوئی ڈور جو خوش نمائی کے لیے کور پر ٹانک یا کاڑھ دی جائے. ۶. بٹیر لڑانے میں ایک بٹیر کا دوسرے بٹیر کی کھال کو پکڑ کر مڑوڑ دینا.

مُڑی (ضم م) صف مث.
مڑا دیکھیے کی تانیث، بل کھائی ہوئی، خمیدہ، پلٹی ہوئی.

مڑی تڑی صف مث. ا. ٹیڑھی میڑھی. ۲. (کنایۃً) گنجلک، اُلجھی ہوئی، بے معنی، مہمل (بات وغیرہ).

مَڑْھنا (فت م، سک ڑھ) ف م.
ا. کھال چڑھانا، کپڑا یا کاغذ چڑھانا، طبلے وغیرہ پر کھال چڑھانا، ملمع کرنا،

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

قیمتی مسالا یا دھات آرائش کے لیے چڑھانا؛ پوشش کرنا، غلاف چڑھانا۔ ۲. کسی کے سر منڈھنا، زبردستی کسی کے حوالے کرنا، ذمے داری ڈالنا، تھوپنا۔ [مقامی]۔

مَزا (فت م) اند؛ ~ مزہ۔
دیکھیے: مزہ۔

مزا چکھا دینا/ چکھانا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ چکھا دینا/ چکھانا۔

مزا چکھنا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ چکھنا۔

مزا دینا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ دینا۔

مزا کرکرا کرنا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ کرکرا کرنا۔

مزا کرکرا ہوجانا/ ہونا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ کرکرا ہو جانا/ ہونا۔

مزا کرنا محاورہ۔ دیکھیے: مزے کرنا۔

مزا لگنا محاورہ۔ دیکھیے: مزہ پڑنا۔

مزا لوٹنا ف مر؛ محاورہ۔ دیکھیے: مزہ لوٹنا۔

مِزاج (کس م) اند۔
۱. ملانے کی چیز، آمیزش۔ ۲. (طب) وہ کیفیت جو عناصر اربعہ کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔ ۳. انسان کی طبیعت، ذہن کی حالت، جسمانی کیفیت۔ ۴. سرشت، فطرت، خمیر۔ ۵. خاصیت، اثر، خاصہ۔ ۶. عادت، خصلت۔ ۷. غرور، تکبر؛ ناز، نخرہ، بدمزاجی، چوچلا۔ [ع]۔

مزاج بننا ف مر؛ محاورہ۔ ۱. مزاج کا تیار ہونا، طبیعت کا تکمیل پانا۔ ۲. عادت یا فطرت بن جانا۔ ۳. طبیعت کی اصلاح ہونا۔

مزاج پرسی مث۔ ۱. طبیعت کا حال پوچھنے کا عمل، خیریت معلوم کرنے کا عمل۔ ۲. سزا دینے کا عمل، خبر لینے کا عمل۔

مزاج پوچھنا ف مر؛ محاورہ۔ ۱. طبیعت کا حال معلوم کرنا، خیریت پوچھنا۔ ۲. (طنزاً) سزا دینا، خبر لینا، طبیعت درست کرنا۔

مزاج پہچاننا محاورہ۔ مزاج شناس ہونا، کسی کی طبیعت، روش اور عادات سے بہ خوبی آگاہ ہونا۔

مزاج ٹھکانے لگانا محاورہ۔ (مار پیٹ کر) طبیعت کی اصلاح کرنا، دماغ صحیح کر دینا، اکڑ نکالنا، طبیعت کی تیزی یا غصہ دور کرنا۔

مزاج ٹھکانے ہو جانا/ ہونا محاورہ۔ طبیعت کا ٹھیک حال پر لانا، دماغ صحیح ہو جانا

مزاج چوتھے آسمان/ فلک پر ہونا محاورہ۔ بہت مغرور ہونا، دماغ دار ہونا۔

مزاج دار صف۔ دماغ دار، مغرور، خودپسند، نازک طبع۔

مزاج دشمناں ناساز ہونا محاورہ۔ کسی کی طبیعت کی خرابی، ناہمواری یا نادرستی کو دشمنوں پر منتقل کرنا؛ (دوستوں یا واقف کاروں کے لیے بطور طنز یا بطور خیرخواہی مستعمل)۔

مزاج ساتویں آسمان پر ہونا محاورہ۔ بہت مغرور ہونا، بڑا گھمنڈ کرنا

مزاج شریف میں آنا محاورہ۔ (تعظیماً) سمجھ میں آنا، خیال میں آنا نیز طنزاً مستعمل، دماغ میں آنا۔

مزاج شناس صف۔ ۱. طبیعت کو پہچاننے والا، مزاج داں، نیک اور بداطوار سے واقف؛ نباض۔ ۲. (علم و فن کا) شعور رکھنے والا، سمجھنے والا۔

مزاج عالی، نہ توشک نہ نہالی کہاوت۔ جب کوئی شخص مفلسی و تہی دستی میں نازک مزاجی دکھاتا ہے تو اس کی نسبت طنزاً بولتے ہیں مزاج تو امیرانہ رکھتے ہیں مگر بچھانے کے لیے توشک یا نہالچہ تک میسر نہیں، غریبی میں امیرانہ مزاج رکھنے والے پر طنزاً بولا جاتا ہے۔

مزاج نازک ہونا محاورہ۔ نازک دماغی ہونا، ذرا ذرا سی بات کا برا ماننا، مزاج میں نزاکت ہونا، ذرا ذرا سی بات میں دل کو ٹھیس پہنچنا۔

مزاج والا صف مذ۔ مغرور، گھمنڈی؛ متکبر آدمی۔

مزاج والی صف مث۔ مزاج والا کا مونث، گھمنڈی عورت۔

مِزاجاً (کس م، تن ج بفت) م ف۔
۱. ازروئے مزاج، طبیعت کے مطابق، طبعاً۔ ۲. خاصیت کے اعتبار سے، بالخواص، بالخاصیت۔

مِزاح (کس نیز ضم م) اند؛ مث۔
ظرافت، خوش طبعی، مذاق، دل لگی، ہنسی ٹھٹھا، چہل۔ [ع]۔

مزاح نگار اند۔ مزاح لکھنے والا، ظریفانہ تحریر لکھنے والا۔

مِزاحاً (کس م، تن ح بفت) م ف۔
بطور مزاح، ہنسی مذاق کے طور پر۔

مُزاحِم (ضم م، کس ح) صف۔
۱. روکنے والا مانع، حائل، مزاحمت کرنے والا۔ ۲. تکلیف دہ، دق کرنے والا۔ ۳. روک، رکاوٹ۔ [ع]۔

مُزاحَمَت (ضم م، فت ح، م) امث.
روکنے کا عمل، روک ٹوک، رکاوٹ، ممانعت، تعرض، کسی پر تنگی کرنا. [ع].

مِزاحِیَہ (کس م، کس ح، فت ی) صف مذ.
ظرافت، شوخی یا ہنسی مذاق سے تعلق رکھنے والا (کلام یا تحریر وغیرہ).
مزاحیہ رنگ امذ. ظریفانہ اسلوب، مزاحیہ انداز تحریر یا تقریر.
مزاحیہ کلام امذ. طنز و مزاح سے پر اشعار، ظریفانہ شاعری.

مَزار (فت م) امذ؛ امث.
۱. زیارت کرنے کی جگہ؛ بزرگوں کا مقبرہ، درگاہ، آستانہ، بزرگوں کا مرقد؛ (عموماً) قبر، گور، مرقد. ۲. (طنزاً) ٹھکانا، مسکن، مکان. [ع].

مَزارات (فت م) امذ؛ ج.
مزار کی جمع؛ بہت سے مزار، قبریں.

مَزارِع (فت م، کس ع ر) امذ.
(کاشت کاری) بہت سے کھیت، وہ جگہیں جہاں کاشت کاری کی جائے اور کھیتی باڑی ہو.

مُزارِع (ضم م، کس ع ر) امذ.
۱. (کاشت کاری) زراعت کرنے والا، کھیتی باڑی کرنے والا، کسان، کاشت کار. ۲. (قانون) کوئی قابض اراضی جو اُس کی بابت لگان ادا کرنے کا ذمہ دار ہو، وہ شخص جس کو حق قبضہ حاصل ہو. ۳. (مجازاً) نوکر، ملازم. [ع].

مُزارِعَہ (ضم م، کس ع ر، فت ع) صف مذ.
(کاشت کاری) مزارع، کسان. [ع].

مَزامِیر (فت م، ی مع) امث.
منھ کے باجے، مرلیاں، عبرانی بانسریاں یا سارنگیاں، الغوزے وغیرہ؛ (مجازاً) مطربوں کے سب ساز.

مَزْبُور (فت م، سک ز، و مع) صف.
لکھا ہوا، نوشتہ بالا، مرقوم الصدر، اوپر درج کیا ہوا. [ع].

مُزَخْرَف (ضم م، فت ز، سک خ، فت ر) (الف) امث.
جھوٹی یا فریب آمیز بات جو سچ کی طرح بنا سنوار کر پیش کی گئی ہو، ملمع کی ہوئی بات، لغو بات. (ب) صف. لغو، واہیات، نامعقول (بات وغیرہ). [ع].

مُزَخْرَفات (ضم م، فت ز، سک خ، فت ر) امث؛ امذ.
جھوٹی یا واہیات باتیں، لغو یا ظاہری ٹیپ ٹاپ کی باتیں نیز چکنی چپڑی باتیں، خرافات.

مُزْد (ضم م، سک ز) امث؛ امذ.
۱. (i) مزدوری، اُجرت، اجر. (ii) تنخواہ، معاوضہ، مشاہرہ. ۲. بدلہ، صلہ، انعام. [ف].
مزد کار امث. کام کی مزدوری، محنت کا اجر.

مُزْدَلِفَہ (ضم م، سک ز، فت د، کس ل، فت ف) امذ.
(فقہ) ایک مقام کا نام جو مکے کے قریب عرفات اور منیٰ کے درمیان واقع ہے جہاں حاجی ۹ اور ۱۰ ذی الحجہ کی درمیانی شب میں قیام کرتے ہیں اور یہیں شیطان کو مارنے یا رمی کے لیے کنکریاں چنتے ہیں. [ع].

مُزْدَوِج (ضم م، سک ز، فت د، کس نیز فت و) صف.
۱. باہم ملا ہوا؛ (ریاضی) دگنا کیا ہوا، دگنا، دہرا (جیسے دو نقطے یا مقداریں جنھیں بعض خصوصیات کے اعتبار سے آپس میں بدلا جا سکے). ۲. (مجازاً) آپس میں ہم نشیں، قرین یا جفت ہونے والا؛ بغل گیر یا ہم بستر. [ع].

مُزْدُور (ضم م، سک ز، و مع) صف؛ امذ.
۱. اُجرت پر محنت و مشقت کا کام کرنے والا، تجارت اور صنعت کے شعبوں میں جسمانی محنت کا کام کرنے والا، دوسروں کے کھیتوں میں اجرت پر کام کرنے والا. ۲. وہ شخص جو معمار کو اینٹ گارا لا لا کر دیتا ہے.
مزدور پیشہ صف. محنت مزدوری کرنے والا، جو مزدوری کر کے پیٹ پالے؛ درمیانے طبقے کے لوگ، محنت کش.

مَزْدُوری (فت م، سک ز، و مع) امث.
۱. کام کا معاوضہ، اُجرت، محنت کا صلہ. ۲. محنت، مشقت، کام، (خصوصاً) بوجھ اٹھانے کا کام، قلی گیری؛ خدمت، حمالی. ۳. (مجازاً) اجر، بدلہ، صلہ.
مزدوری کرنا محاورہ. اُجرت پر محنت مشقت کا کام کرنا، محنت کرنا، کام کرنا.

مَزْرَع (فت م، سک ز، فت مج ر) اند: امث.
۱. (کاشت کاری) کھیتی کی جگہ، کھیت یا کھیتی، کشت، وہ زمین جو قابلِ کاشت ہو. ۲. چھوٹا گانو. [ع].

مزرعِ آخرت اند: امث. ۱. آخرت کی کھیتی، نیکی کمانے کی جگہ (دنیا کے لیے مستعمل). ۲. (مجازاً) دنیا. ۳. نیکی، بھلائی، باقیاتِ صالحات، کارِ عقبیٰ.

مَزْرَعَةُ الْآخِرَة (فت م، سک ز، فت ر، ع، ضم ت، غم ا، سک ل، مد ا، کس خ، فت ر) اند.
دیکھیے: مزرعِ آخرت: نیکی کمانے کی جگہ (مجازاً) دنیا.

مَزْرَعَہ (فت م، سک ز، فت ر، ع) امث: اند.
دیکھیے: مزرع: کھیتی، کھیت. [ع].

مَزْرُوع (فت م، سک ز، و مع) صف: اند.
۱. بویا ہوا، جوتا ہوا، کاشت کیا ہوا نیز جس چیز کی کاشت کی جائے.
۲. کھیت میں بوئی ہوئی چیز. [ع].

مَزْرُوعَہ (فت م، سک ز، و مع، فت ع) صف.
دیکھیے: مزروع: بویا ہوا.

مُزَعْفَر (ضم م، فت ز، سک ع، فت ف) (الف) صف.
زرد، زعفرانی، نارنجی. (ب) اند. ایک نوع کا میٹھا پلاؤ جو زعفران کا رنگ اور خوشبو دے کر پکایا جاتا ہے. [ع].

مُزَکّٰی (ضم م، فت ز، شد ک، ا بشکل ی) صف.
۱. پاک کیا گیا، پاکیزہ، پاک وصاف: (مجازاً) خالص، کھرا. ۲. زکوٰۃ دیا گیا، وہ (مال) جس میں سے زکوٰۃ نکال دی گئی ہو. [ع].

مَزِلَّت (فت م، کس ز، شد ل بفت) امث. (شاذ).
لغزش، پھسلنا. [ع].

مِزْمار (کس م، سک ز) امث.
۱. منھ کا باجا، بانسری، نے: ہر ساز. ۲. قدیم اور وسطی زمانے کا باجا جو انگشت مضراب کے ذریعہ بجتا تھا، سرود، ستار وغیرہ. [ع].

مُزَمِّل (ضم م، فت ز، شد م بکس) صف: مذ.
۱. چادر میں لپٹا ہوا، اپنے آپ کو کپڑے سے ڈھانپنے والا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک خطاب. ۲. قرآن شریف کی ۷۳ ویں سورت المزمل. [ع].

مُزْمِن (ضم م، سک ز، کس م) صف.
(طب) پرانا، دیرینہ، کہنہ (خصوصاً مرض) (Chronic). [ع].

مَزْمُور (فت م، سک ز، و مع) اند: امث.
۱. مناجات، ثنا، بھجن: گیت (خصوصاً یہودیوں کے): بربط پر گایا جانے والا نغمہ: نغمۂ داؤد. ۲. بانسری. [ع].

مُزَمَّہ (ضم م، فت ز، شد م بفت) اند.
۱. گھوڑے کی باگ: وہ چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے کی موٹھ میں پچھاڑی کی رسی کے ساتھ باندھتے ہیں تاکہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے گھوڑے کے گٹوں پر حفاظت کے لیے باندھا جانے والا تسمہ یا گدی
۲. اونٹ کی مہار. [ع].

مَزہ (فت م، ز) اند: ~ مزا.
۱. وہ کیفیت جو قوتِ ذائقہ کے ذریعے محسوس ہوتی ہے، لذت، ذائقہ، سواد. ۲. لطف، حظ. ۳. خوشی. ۴. لت، خو، عادت، لپکا، چسکا، چاٹ [ف].

مزہ اٹھانا محاورہ. لطف لینا، لذت حاصل کرنا.

مزہ اُڑانا محاورہ. عیش منانا، لطف حاصل کرنا: بہار یا جوبن لوٹنا.

مزہ آجانا/ آنا ف مر: محاورہ. ۱. لطف حاصل ہونا، لذت ملنا. ۲. ہوش ٹھکانے لگنا، بدحواس ہونا، ہوش اُڑ جانا (مصیبت یا آفت یا پٹائی سے)

مزہ پڑ جانا/ پڑنا ف مر: محاورہ. چاٹ لگنا، چسکا پڑنا: عادت پڑنا خوگر ہونا.

مزہ تو یہ ہے فقرہ. لطف اس میں ہے، لطف کی یہ بات ہے، عجیب بات یہ ہے.

مزہ چکھانا محاورہ. کیفرِ کردار کو پہنچانا، سزا دینا، بدلہ لینا، کسی امر سزا دینا.

مزہ چکھنا محاورہ. ۱. ذائقہ لینا، ذائقہ دیکھنا، لذت معلوم کرنا: لطف اُٹھانا. ۲. خمیازہ بھگتنا، سزا بھگتنا، دکھ تکلیف یا رنج سہنا، تکلیف اُٹھانا

مزہ دے جانا/ دینا محاورہ. لطف دینا، محظوظ کرنا، لذت پہنچانا ذائقہ بخشنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (ملفوظ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مزہ کرکرا کر دینا/کرنا محاورہ. لطف غارت کرنا، لطف کھو دینا، رنگ میں بھنگ ڈالنا.

مزہ کرکرا ہونا محاورہ. رنگ میں بھنگ پڑنا، بے لطفی ہونا.

مزہ لُوٹنا محاورہ. ۱. حظ اُٹھانا، لذت حاصل کرنا؛ جوبن لوٹنا (عموماً جمع میں مستعمل). ۲. عیش منانا، عیش و عشرت کرنا.

مزہ لینا محاورہ. حظ یا لطف اُٹھانا، لذت حاصل کرنا؛ چٹخارے بھرنا.

مَزے (فت م) اند.
دیکھیے: مزہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مزے اُڑانا محاورہ. لطف اُٹھانا، عیش کرنا؛ ہوس نکالنا، ہوس پوری کرنا.

مزے دار صف: ~ مزیدار. لذت بھرا، لذیذ، خوش ذائقہ. [ف].

مزے داری امث: ~ مزیداری. مزے دار ہونا، لذت، لطف، حظ.

مزے سے م ف. لطف یا لذت کے ساتھ، عیش و عشرت کے ساتھ، آرام و اطمینان کے ساتھ.

مزے کا صف مذ. ۱. لذیذ، خوش مزہ. ۲. تماشے کا، دل چسپ؛ خوش آیند، خوش گوار.

مزے کرنا محاورہ. لطف اُڑانا، عیش کرنا؛ خوش فعلیاں کرنا، تماشے کرنا.

مزے کی صف مث. مزے کا کی تانیث، پُر لطف، دل چسپ، اچھی.

مزے کی بات امث. لطف کی بات، دل چسپ یا ہنسی کی بات، تماشے کی کیفیت، عجیب معاملہ.

مزے لوٹنا محاورہ. لطف اُٹھانا، حظ اُٹھانا، لذت حاصل کرنا.

مزے لے لے کر/کے م ف. لطف کے ساتھ، دل چسپی سے، ذائقہ اور لذت کے ساتھ.

مزے مزے کی باتیں امث. انوکھی باتیں، دل چسپ باتیں.

مزے میں کشتار گزرنا محاورہ. عیش و آرام میں بسر ہونا، راحت و مسرت میں وقت گزرنا، خوش حالی ہونا.

مزے نکلنا ف مر: محاورہ. لطف آنا، لذت حاصل ہونا.

مُزَیَّب (ضم م، فت ز، شدی بفت) صف.
زیبا، مزین، زیب دیتا ہوا.

مَزِید (فت م، ی مع) (الف) صف.
۱. زیادہ کیا ہوا، بڑھایا ہوا، زیادہ، اور بھی، افزوں. ۲. فاضل، فالتو، اضافی. (ب) اند. ۱. افزونی، زیادتی، بیشی، بڑھوتری، اضافہ. ۲. منفعت، فائدہ، مفاد وغیرہ. ۳. (قواعد) وہ حرف جو بعد خروج بلا فصل آئے [ع].

مزید برآں م ف. اس کے علاوہ، ماسوا، اس سے بڑھ کر، علاوہ ازیں.

مَزیدار (فت م، ی مع) صف.
دیکھیے: مزے دار؛ پُرلطف، دل چسپ؛ خوش طبع، ظریف، خوش مزاج، ہنسنے ہنسانے والا.

مُزَیَّن (ضم م، فت ز، شدی بفت) صف.
زینت دیا ہوا، سجایا ہوا، سنوارا ہوا، آراستہ. [ع].

مزیّن کرنا محاورہ. زینت دینا، سجانا، آراستہ کرنا.

مزیّن ہونا محاورہ. مزین کرنا کا لازم، سجا ہوا ہونا.

مُزَیِّن (ضم م، فت ز، شدی بکس) صف.
۱. زینت دینے والا؛ (مجازاً) رونق بخشنے والا، رونق افروز. ۲. (مجازاً) حجام، نائی. [ع].

مُژدَہ (ضم م، سک ژ، فت د) اند.
۱. خوش خبری، نوید، بشارت. ۲. تہنیت، مبارک باد. [ف].

مژدۂ جاں فزا اند. زندگی بڑھانے والی خوش خبری، بہت بڑی خوش خبری.

مژدہ سنانا محاورہ. اچھی خبر پہنچانا، خوش خبری دینا.

مِژگاں (کس نیز ضم م، فت نیز سک ژ) امث: ج.
پلکیں.

مَس (۱) (فت م) اند.
کسی چیز کے چھونے کا عمل، کسی چیز کو ہاتھ لگانے کا عمل، چھونا، ہاتھ پھیرنا. [ع].

مس کرنا ف مر: محاورہ. کسی چیز کو ہاتھ لگانا، چھونا، ہاتھ پھیرنا، ہاتھ سے چھونا.

مَس (۲) (فت م) امث.
مونچھوں کا رُواں، مونچھوں کا پھٹاؤ، سبزے کا آغاز (واحد غیر مستعمل). [مقامی].

بِس (۱) (کس م) اند.
ایک معدنی جوہر کا نام جس کے برتن وغیرہ بنائے جاتے ہیں، تانبا. [ف].
مسِ خام اند. وہ تانبا جو کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا گیا ہو، کچا تانبا.
مِس (۲) (کس م) صف مث.
۱.(i) بن بیاہی، کنواری، دوشیزہ، آنسہ نیز جوان لڑکی. (ii) بن بیاہی لڑکیوں کو ان کے باپ کے نام سے پہلے یہ لفظ لگا کر مخاطب کیا جاتا ہے. ۲. (مجازاً) استانی. [انگ].
مس ورلڈ مث. حسینۂ عالم، اُس لڑکی یا خاتون کا خطاب جو مقابلۂ حسن میں دنیا بھر میں اوّل آئے.
مَسا (۱) (فت م) مث.
شام کا وقت، شام. [ع].
مَسا (۲) (فت م) م ف.
بہ مشکل، مشکل سے (اُردو میں صرف مسا کر یا کرکے، کے ساتھ تراکیب میں مستعمل). [س].
مَسّا (فت م، شد نیز بلا شد س) اند؛ ــ مسّے.
۱. جلد پر ابھرا ہوا سیاہ یا سرخی مائل پیدائشی دانہ، گاہے پیدائش کے بعد بھی اُبھر آتا ہے، بعض بیماریوں کے علامت کے طور پر قدرے پھیل بھی جاتا ہے. ۲. وہ بدگوشت جو بواسیر کے باعث مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے. [س].
مِسّا (کس م، شد س) (الف) اند.
(کاشت کاری) غریبوں کے کھانے کا اناج، خاص کر موٹھ، مونگ، چنے، لوبیے، مٹر وغیرہ جو اکثر نمک کے ساتھ کھائے جاتے ہیں؛ سستا اناج، موٹا اناج. (ب) صف. مِلا جُلا. [س].
مِسّا کُسّا صف؛ اند. مِلا جلا؛ مرکب؛ مخلوط؛ سستا (اناج) موٹا جھوٹا اناج؛ کوڑا کرکٹ، ناکارہ (چیز)؛ (مختلف چیزوں کا) مِلا جُلا ذخیرہ یا مجموعہ: متفرق چیزیں.

مُسابَقت (ضم م، فت ب، ق) مث.
مقابلے پر دوڑنا، دوڑنے میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا. [ع].
مسابقت ہونا ف مر؛ محاورہ. ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا مقابلہ ہونا، سبقت لے جانے کی کوشش میں ہونا.
مُسابَقتی (ضم م، فت ب، ق) صف.
مسابقت کا؛ سبقت کی دوڑ والا.
مسابقتی دور اند. مقابلے کا زمانہ.
مَساج (فت م) اند.
ہاتھوں سے جسم کو ملنا یا سہلانا، مُشت مال، جسم کی مالش. [انگ].
مساج کرنا ف مر؛ محاورہ. ہاتھوں سے جسم کو ملنا؛ ہاتھ پانو کو دبانا مالش کرنا، چپی کرنا.
مَساجِد (فت م، کس ج) مث؛ ج.
مسجدیں، سجدہ گاہیں، نماز پڑھنے کی جگہیں.
مَسّاح (فت م، شد س) اند.
بہت پیائش کرنے والا، قطعات اراضی کی پیائش کرنے والا، عام مساحت کا عالم، مہندس. [ع].
مِساحَت (کس نیز فت م، فت ح) مث.
۱. زمین کی پیائش نیز اس سے متعلق علم، پیائش. ۲. علم ہندسہ، جیومیٹری ۳. (جبر و مقابلہ) ابعاد. ۴. (ریاضی) لمبائی، رقبہ اور جسامت یا مقدار حجم معلوم کرنے کے اصول (Mensuration). [ع].
مِساحَتی (کس نیز فت م، فت ح) صف.
مساحت (دیکھیے) سے متعلق، مساحت کا، پیائش کا، ماپ والا، پیائشی
مَساس (فت نیز کس م) اند.
۱.(i) جسم کے کسی حصے کو شہوت ابھارنے کے لیے چھونا یا ملنا یا چوسنا جھت پھیری، ہاتھ سے مسلنا. (ii) ہاتھ سے چھونا، مس کرنا (کسی چیز وغیرہ کو). ۲. چھیڑ چھاڑ، ساتھ لیٹ کر لپٹنا چمٹنا. ۳. جماع، بھوگ بلاس [ع].
مساس کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. شہوت اُبھارنے کے لیے بدن پر ہاتھ پھیرنا، سہلانا، جھت پھیری کرنا، ہاتھ سے مسلنا نیز جماع کرنا. ۲. چھونا مس کرنا.

مُساعِد (ضم م، کس ع) صف.
معاون، مددگار، یاور؛ (مجازاً) موافق، سازگار. [ع].

مُساعَدَت (ضم م، فت ع، د) اند.
مساعد ہونے کی کیفیت، یاوری، معاونت، مددگاری. [ع].

مَساعِی (فت م) مث: اند: ج.
کوششیں، دوڑ دھوپ، محنتیں. [ع].
مساعی جمیلہ مث. نیک یا اچھی کوششیں، بھرپور کوششیں.

مَسافَت (فت م، ف) مث.
فاصلہ، دوری، بعد، عرصہ (درمیانی)؛ (مجازاً) سفر. [ع].
مسافت اٹھانا محاورہ. سفر کی تکان برداشت کرنا.
مسافت طے کرنا محاورہ. فاصلہ طے کرنا، سفر کرنا.
مسافت طے ہونا محاورہ. سفر ہونا، فاصلہ طے ہونا.

مُسافِر (ضم م، کس ف) اند.
سفر کرنے والا، راہ گیر، پردیسی. [ع].
مسافر بردار صف. مسافروں کو اٹھانے والا، مسافروں کو لے جانے والا (عموماً جہاز کے لیے مستعمل).
مسافر خانہ اند. مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ، سرائے، کارواں سرائے، ہوٹل.
مسافر گاڑی مث. مسافروں کی گاڑی، ٹرین جس میں لوگ سفر کریں.
مسافر نواز صف. مسافروں کو ٹھہرانے والا، مسافروں کا خیال رکھنے والا یا آرام پہنچانے والا.

مُسافِران (ضم م، کس ف) اند: ج.
مسافر کی جمع؛ سفر کرنے والے لوگ.
مسافران عدم اند: ج. مرے ہوئے لوگ، مُردے.

مُسافِرانَہ (ضم م، کس ف، فت ن) صف: م ف.
۱. مسافر کی طرح، مسافر کی حیثیت سے، مسافرت کی حالت میں.
۲. مسافروں والا، مسافروں کی طرح کا.

مُسافَرَت (ضم م، فت ف، ر) مث.
۱. مسافر ہونے کی حالت، حالتِ سفر، سفر؛ سیاحی، سفر کرنا. ۲. پردیس.

مُسافِری (ضم م، کس ف) مث.
۱. سفر کرنے یا سفر میں ہونے کی حالت، سفر. ۲. پردیس. ۳. سفر کا ساز سامان، سرائے کا سامان.

مَساکِن (فت م، کس ک) اند.
سکونت کی جگہیں، مسکن کی جمع، رہنے یا قیام کرنے کی جگہیں.

مَساکِین (فت م، ی مع) اند: ج.
فقرا، حاجت مند لوگ جن کے پاس سال بھر کھانے کو نہ ہو مسکین کی جمع.

مَسالا (فت م) اند.
۱. چونا، گچ اور سرخی وغیرہ جو تعمیر میں کام آئیں. ۲. گوٹا کناری، ٹھپا وغیرہ جن سے کپڑوں کی چمک دمک زیادہ ہو. ۳. چیزیں جو کھانے میں ذائقے کے لیے ڈالی جائیں (مثلاً: لونگ، الائچی، ہلدی، دھنیا نمک و مرچ وغیرہ). ۴. ایک مرکب جسے چکنی ڈلی، الائچی، لونگ وغیرہ سے تیار کرتے اور چونے کے ساتھ پان کے عوض کھاتے ہیں، گنگا.
مسالا ٹانکنا محاورہ. کپڑوں میں گوٹا، ٹھپا یا بنت کناری ٹانکنا یا لگانا.

مَسالِک (فت م، کس ل) اند.
مسلک کی جمع، راہیں، طریقے؛ (مجازاً) اذکار اور اعمال کے طریق.

مُسالَمَہ (ضم م، فت ل، م) اند.
۱. سلام کرنا، باہم صلح و آشتی. ۲. شعرا کا سلام سنانا نیز وہ محفل جہاں شعرا سلام سنائیں. [ع].

مَسالے (فت م) اند: ج.
مسالا (دیکھیے) کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.
مسالے دار صف. جس میں مسالہ پڑا ہو، وہ چیز جس میں مسالا ملا ہوا ہو؛ (مجازاً) چٹپٹا، مزے دار.

مَسام (فت م) اند.
۱. جلد کے مہین سوراخ جن سے پسینہ نکلتا ہے. ۲. کسی سطح پر مہین قدرتی سوراخ جن میں سے کوئی سیال یا ہوا سرایت کر سکے یا خارج ہو سکے، منفذ، چھید. [ع].
مسام بند ہو جانا ف مر: محاورہ. سردی یا میل کی وجہ سے بدن کے

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

چھوٹے سوراخوں کا بھر جانا ، کسی سطح کے بہت باریک سوراخوں کا بند ہو جانا .

مسام دار صف ؛ ~ سامدار . جس میں مسام پائے جائیں ، باریک باریک سوراخوں والا (جسم یا سطح) .

مَسامات (فت م) امذ .
مسام (دیکھیے) کی جمع ؛ ایک سے زیادہ یا بہت سے مسام .

مسامات کا کھل جانا ف مر . (طب) گرمی یا نہانے کی وجہ سے بدن کے چھوٹے سوراخوں کے منھ صاف ہو جانا .

مُسامَحَت (ضم م ، فت م ، ح) امث .
۱. کسی چیز کی طرف سے غفلت کرنا ، بے توجہی ، جھوٹ ، فروگزاشت ، کسی شے کو حقیر سمجھ کر اس کی طرف خیال نہ کرنا . ۲. چشم پوشی ، درگزر ، نرمی برتنا یا طرح دینا ، کسی کا عیب نہ ظاہر کرنا . [ع] .

مَسان (فت م) امث .
۱. (i) ہندوؤں کے مردے جلائے جانے کی جگہ ، مرگھٹ ، مردہ گھاٹ ، شمشان . (ii) قبرستان . ۲. (i) بچوں کی ایک بیماری کا نام جو پرانے عام خیال کے مطابق خبیث روح کے حلول کرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی تھی جس میں ہاتھ پانو ٹیڑھے ہو جاتے ہیں نیز پسلی کا خلل ، ام الصبیان ، سوکھے کی بیماری (Rickets) . (ii) (بچوں کی) کالی کھانسی . ۳. خبیث روحوں کو تابع کرنے کا ایک سفلی علم ، بھوت بدیا . ۴. خبیث روح جو بچوں کو پریشان کرتی ہے ، بھوت . ۵. (شاذ) مردہ جسم . [س] .

مُساوات (ضم م) امث .
برابری ، یک سانی (قدر ، مرتبے وغیرہ میں) برابر ہونا یا کرنا ، یک ساں حالی ، یگانگی ، ہم سری ، تعدیل . [ع] .

مساوات ہو جانا/ ہونا محاورہ . ۱. عادت ہونا ، عادی ہو جانا ، معمول ہونا . ۲. یک ساں ہونا ، برابر ہونا .

مُساوی (ضم م) صف .
(درجے ، حالت یا خصوصیت وغیرہ میں) برابر ، یک ساں ، ہم سر ، ہم قیمت .

مساوی الاضلاع صف . (اقلیدس) وہ (شکل) جس کے تمام اضلاع برابر ہوں .

مساوی حقوق امذ ؛ ج . برابری کے حقوق ، حق برابری .

مساوی درجہ امذ . برابر کا درجہ ، یک ساں مرتبہ یا حیثیت .

مُساویانہ (ضم م ، کس و ، فت ن) صف ؛ م ف .
برابر کا ، یک ساں ؛ یک سانی کے ساتھ ، برابری سے .

مَسائِل (فت م ، کس ء) امذ ؛ ج .
مسئلے ، پوچھی ہوئی باتیں ، دریافت طلب امور ؛ (مجازاً) مشکلات مصائب .

مسائل تصوف امذ ؛ ج . تصوف کے مسائل ، رمز کی باتیں ، رموز .

مسائل کھڑے کردینا/ کرنا محاورہ . مشکلات پیدا کرنا ، رکاوٹیں ڈالنا مصائب سے دوچار کر دینا .

مُسَبَّب (ضم م ، فت س ، شد ب بفت) صف ؛ امذ .
۱. سبب کیا گیا ، سبب کا نتیجہ ۲. باعث ، سبب . [ع] .

مُسَبِّب (ضم م ، فت س ، شد ب بکس) صف مذ .
سبب پیدا کرنے والا ، سبب قائم کرنے والا ، وجہ نکالنے والا ؛ مراد خدا تعالیٰ . [ع] .

مسبب الاسباب صف مذ . اسباب کا سبب پیدا کرنے والا ؛ مراد خدا تعالیٰ .

مُسَبِّح (ضم م ، فت س ، شد ب بکس ح) صف .
تسبیح (سبحان اللہ) پڑھنے والا ، تسبیح خواں ، ذاکر ، خدا تعالیٰ کو پاکی سے یاد کرنے والا . [ع] .

مُسَبِّحَہ (ضم م ، فت س ، شد ب بکس ح ، فت ح) امث .
کلمے کی انگلی ، انگشت شہادت ، سبابہ . [ع] .

مُسَبَّع (ضم م ، فت س ، شد ب بفت) (الف) صف .
سات حصے کیا گیا ، سات پہلوؤں والا . (ب) امذ . ۱. (اقلیدس) وہ شکل جس میں برابر کے سات ضلعے اور زاویے ہوں . ۲. (شاعری) وہ نظم جس کے ہر بند میں سات مصرعے ہوں . [ع] .

مَسْبُوق (فت م ، سک س ، و مع) صف ؛ امذ .
۱. (i) جس پر سبقت لی جا چکی ہو ، پیچھے رہ جانے والا . (ii) گزرا ہوا گزشتہ ، سابق . ۲. (فقہ) ایسا شخص جو ایک یا دو رکعت ختم ہونے کے بعد نماز باجماعت میں شریک ہوا ہو . [ع] .

مسبوق الذکر صف. جو پہلے بیان ہو چکا ہو، جس کا سابق میں ذکر آ چکا ہو.

مَست (فت م، سک س) صف.

۱. (i) نشے میں چور، متوالا، مدھ ماتا، مخمور. (ii) سرشار، بے خود، مدہوش. ۲. بے قابو. ۳. مجذوب، دیوانہ، مجنوں، صاحب حال.
۴. بے پروا، مستغنی. ۵. سرور اور نشے والا، مست کر دینے والا (جیسے آواز، ہوا وغیرہ). [ف].

مست الست اند. اس دن کا مست جس روز خدا نے تمام روحوں سے پوچھا تھا کہ الست بربکم یعنی کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ہوں تو سب نے جواب دیا تھا "بلیٰ" یعنی ہاں، مست ازلی، خدا تعالیٰ کی محبت میں کامل مست؛ (مجازاً) ہمیشہ کا مست، سرشار.

مست خرام صف. مستی میں چلنے والا، اتراہٹ کی چال میں مستغرق.

مست خرامی امث. مستی یا ناز و انداز سے چلنے کا عمل، اِترا اِترا کے چلنا.

مست رہنا ف مر؛ محاورہ. مخمور ہونا، نشے میں رہنا؛ مگن رہنا.

مست قلندر صف؛ اند. درویش صفت، جو اپنی دھن میں مگن ہو اور کسی کی پروا نہ رکھتا ہو، بے نیاز، بے پروا، فقیر، درویش مستغنی، یادِ الٰہی میں محو دیوانہ شخص.

مست ملنگ صف؛ اند. دیکھیے: مست قلندر؛ آزادطبع، بے پروا، درویش.

مست مولا اند. آزادطبع، بے پروا آدمی، لاابالی شخص، بے سدھ آدمی.

مست ہو جانا/ہونا محاورہ. ۱. مخمور ہونا، متوالا ہونا، نشے میں چور ہونا. ۲. مستغرق ہونا، مگن ہونا، کھویا ہوا ہونا. ۳. بے قابو ہو جانا، جوش میں آنا. ۴. دیوانہ ہونا، مجنوں ہونا، مجذوب ہونا.

مُستاجِر (ضم م، سک س، کس ج) اند.

۱. کاشت کار، زمین دار، پٹی دار. ۲. ٹھیکے دار، اجارہ دار. ۳. وہ کسان جس کو زمین دار یا مالک لگان وصول کرنے کو مقرر کرے. [ع].

مُستاجری (ضم م، سک س، کس ج) (الف) امث.

مستاجر کا کام یا پیشہ، ٹھیکا، اجارہ، ٹھیکے داری، ٹھیکے پر تجارت (عموماً سرکاری). (ب) صف. مستاجر (دیکھیے) سے منسوب، ٹھیکے دار کا.

مُستاخِر (ضم م، سک س، کس خ) صف.

جو پیچھے رہ جائے. [ع].

مُستاخِرین (ضم م، سک س، کس ج خ) اند؛ ج.

پیچھے رہ جانے والے؛ تاخیر کرنے والے لوگ.

مَستان (فت م، سک س) صف؛ اند.

دیکھیے: مست؛ دیوانہ، مجذوب.

مستان شاہ اند. مست فقیر، گدائے مجذوب.

مَستانا(۱) (فت م، سک س) ف ل.

۱. مست ہونا، مستی میں بھرنا، مدھ پر آنا، گرما جانا، نشے میں لڑکھڑانا
۲. عیش و آرام کرنا نیز سونا.

مَستانا(۲) (فت م، سک س) صف مذ.

مست، مجذوب، دیوانہ.

مَستانَہ (فت م، سک س، فت ن) (الف) صف.

۱. سرشار، مست، مخمور. ۲. مجذوب، ملنگ، درویش. ۳. مست کر دینے والا، مستی سے بھرا ہوا. (ب) م ف. مست کی مانند، مست ہو کر مستانہ وار، دیوانوں کا سا.

مستانہ چال امث. ناز و ادا کی چال، جھومتی چال، مستانہ رفتار.

مستانہ وار (الف) صف. مستوں کی طرح کا، نشے بازوں والا. (ب) م ف. بے خود ہو کر، مستانوں کی طرح جھومتے ہوئے، لڑکھڑاتے ہوئے نیز بے پروائی سے.

مَستانی (فت م، سک س) (الف) امث.

۱. مستانہ کی تانیث. ۲. (مجازاً) مجذوب عورت، ملنگ عورت. (ب) صف مث.
۱. (i) جس میں کیف و مستی کی کیفیت پائی جائے. (ii) شراب پینے والی، مست. ۲. (مجازاً) پگلی، باؤلی، دیوانی.

مُستَبِد (ضم م، سک س، فت ت، کس ب) صف.

استبداد کرنے والا، وہ جو اکیلا کام کرے یا وہ جو کسی حق کا بلاشرکت غیرے مدعی یا مستحق ہو؛ (مجازاً) جابر، مطلق العنان. [ع].

مُسْتَبِدانَه (ضم م، سک س، فت ت، کس ب، فت ن) صف؛ م ف.
مستبد سے منسوب، جس میں جبر و خودرائی پائی جائے، جابرانہ، خودمختارانہ.

مُسْتَثْنیٰ/مُسْتَثْنے (ضم م، سک س، فت ت، سک ث، اجتماع ی) صف.
۱.منتخب، برگزیدہ، منفرد، خاص. ۲.عام حکم سے الگ، علیٰحدہ، جُدا. ۳.(مراداً) متبادل، بدل، توڑ. [ع].

مستثنیٰ/ مستثنے قرار دیا جانا/ دینا محاورہ. حکم سابق سے الگ یا خارج ٹھہرانا.

مستثنیٰ/ مستثنے کرنا محاورہ. حکم سابق سے الگ یا خارج کرنا، کسی کو جدا کرنا، کئی اشخاص یا چیزوں میں سے علیٰحدہ کرنا.

مستثنیٰ/ مستثنے ہونا ف مر؛ محاورہ. مستثنیٰ کرنا (دیکھیے) کا لازم، حکم سابق سے الگ ہونا، جدا ہونا.

مُسْتَثْنِیات (ضم م، سک س، فت ت، سک ث، کس ن) اسم؛ اند؛ ج.
۱.امور جو الگ کیے گئے ہوں، خارج کی ہوئی چیزیں. ۲.(مجازاً) ممتاز لوگ، خاص اشخاص.

مُسْتَجاب (ضم م، سک س، فت ت) صف.
جواب دیا گیا؛ (مجازاً) جسے قبول کیا جائے، جسے مان لیا جائے (عموماً دعا). [ع].

مستجاب الدعوات صف. جس کی دعائیں مقبول ہوں، مقبول الدعا.

مستجاب ہونا ف مر؛ محاورہ. دعا قبول ہونا، دعا کا بارياب ہونا.

مُسْتَجار (ضم م، سک س، فت ت) صف؛ اند.
پناہ یا امان مانگنے والا؛ ایک مقام جو رکن یمانی اور خانۂ کعبہ کے غربی دروازے کے بیچ میں ہے، یہاں لوگ کھڑے ہو کر دیوار کعبہ پر ہاتھ رکھ کر دعا کرتے ہیں. [ع].

مُسْتَجَب (ضم م، سک س، فت ت، ج) صف.
چنا ہوا، پسندیدہ، منتخب. [ع].

مُسْتَجیب (ضم م، سک س، فت ت، ی مع) صف.
دعا قبول کرنے والا؛ جواب دینے والا. [ع].

مُسْتَحَب (ضم م، سک س، فت ت، ح) صف؛ اند.
(فقہ) ایسا فعل جس کے کرنے پر ثواب ہو اور نہ کرنے پر کچھ عذاب نہ ہو؛ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ فعل کبھی خود کیا ہو یا اس کے کرنے پر ثواب کا ذکر کیا ہو. [ع].

مُسْتَحَبات (ضم م، سک س، فت ت، ح) اند؛ ج.
چیزیں جو مستحب ہیں، وہ افعال جن کے کرنے پر ثواب اور نہ کرنے پر عذاب نہ ہو.

مُسْتَحْسَن (ضم م، سک س، فت مج ت، سک ح، فت س) (الف) صف.
پسندیدہ، خوب، نیک، بہتر، اچھا. (ب) اسم. (فقہ) وہ عبادت جسے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہتر فرمایا ہو. [ع].

مُسْتَحَق (ضم م، سک س، فت ت، ح) صف مذ.
حق رکھنے والا، حق دار، استحقاق رکھنے والا. [ع].

مستحق ٹھہرانا محاورہ. اہل ٹھہرانا، لائق تجویز کرنا.

مستحق ٹھہرنا محاورہ. مستحق ٹھہرانا (دیکھیے) کا لازم، سزاوار ہونا.

مستحق ہونا ف مر؛ محاورہ. حق دار ہونا، سزاوار ہونا، لائق ہونا.

مُسْتَحْکَم (ضم م، سک س، فت مج ت، سک ح، فت ک) صف.
جسے استحکام حاصل ہو، مضبوط، پائیدار، پختہ؛ قائم رہنے والا، اٹل. [ع].

مُسْتَخْرِج (ضم م، سک س، فت ت، سک خ، کس ر) صف مذ.
استخراج کرنے والا، نکالنے والا؛ (مجازاً) ایجاد کرنے والا، معلوم کرنے والا. [ع].

مُسْتَدْرَک (ضم م، سک س، فت ت، سک د، فت ر) صف؛ اند.
۱.ادراک کیا ہوا؛ (مجازاً) قیاس یا اجتہاد سے اخذ کیا ہوا کام، بات وغیرہ نیز قیاس سے کام لینے والا شخص. ۲.ماحصل، خلاصہ، ضمیمہ، تتمہ. [ع].

مُسْتَدْعی (ضم م، سک س، فت ت، سک د) صف مذ.
استدعا کرنے والا، خواہش مند، درخواست کرنے والا، مدعی. [ع]

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مِسْتَر (کس م ، سک س ، فت ت) اند.
(معماری) استرکاری کی سطح کو ہموار کرنے کی چلتی ، لمبی چوبی تختی ، تعمیری گز.

مُسْتَرَد (ضم م ، سک س ، فت ت ، ر) صف ، مذ.
رد کیا ہوا ، لوٹایا ہوا ، واپس کیا ہوا . [ع].

مسترد شدہ صف . جو رد ہو چکا ہو ، لوٹایا ہوا ، رد کیا ہوا .

مسترد کردینا / کرنا محاورہ . واپس لینا ("سے" کے ساتھ).

مسترد ہونا محاورہ . مسترد کرنا (دیکھیے) کا لازم ؛ نامنظور ہونا .

مِسْتَرِی (کس م ، سک س ، فت ت) اند.
اہل حرفہ کا استاد ، دست کاروں کا سردار ، بڑھئیوں کا یا معماروں وغیرہ کا استاد ؛ (مجازاً) ماہر کاریگر .

مُسْتَزاد (ضم م ، سک س ، فت ت) (الف) صف .
بڑھایا ہوا ، زیادہ کیا ہوا ، طرّہ افزوں ، مزید . (ب) اند . (عروض) وہ شعر جس کے ہر مصرع کے بعد ایسا ٹکڑا لگا ہو جو اس مصرع کے رکن اوّل اور رکن آخر کے برابر ہو اور اگر اسے نکال دیا جائے تو بالکل نقص نہ پیدا ہو . [ع].

مُسْتَزاد ہونا محاورہ . بڑھنا ، اضافہ ہونا .

مُسْتَزادَہ (ضم م ، سک س ، فت ت ، د) صف .
اضافہ کیا ہوا ، زائد ، بڑھایا ہوا .

مُسْتَشْرِق (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک ش ، کس ر) صف .
مشرقی تاریخ ، تہذیب ، زبان یا علوم وغیرہ کا مغربی ماہر . [ع].

مُسْتَطِیل (ضم م ، سک س ، فت ت ، ی مع) صف .
(ہندسہ) چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمہ ہوں اور مقابل کے دو دو ضلعے برابر اور متوازی ہوں . [ع].

مُسْتَعار (ضم م ، سک س ، فت ت) صف .
اُدھار لیا ہوا ، عارضی طور پر یا عاریۃً لیا ہوا ، مانگا ہوا . [ع].

مستعار الخدمت صف . وہ جو دوسرے شخص کی جگہ یا کسی کے عہدے پر عارضی طور پر دوسرے دفتر کے شخص کی بجائے کام کرے .

مُسْتَعِد (ضم م ، سک س ، فت ت ، کس ع) صف ؛ اند .
١. آمادہ ، تیار ، کمربستہ ، ہر وقت حاضر . ٢. چست ، پھرتیلا ، چاق و چوبند ، چوکس . ٣. لائق ، قابل ، پڑھے لکھے . [ع].

مستعد ہونا محاورہ . آمادہ ہونا ، تیار ہونا ، کمربستہ ہونا ، تیز تر یا فعال ہونا ، سرگرم ہونا .

مُسْتَعِدی (ضم م ، سک س ، فت ت ، کس ع) (الف) امث .
١. استعداد ، تیاری ، آمادگی . ٢. سرگرمی یا چابک دستی . (ب) صف . مستعد تیار ، آمادہ .

مُسْتَعْفی (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک ع) صف .
نوکری چھوڑنے والا ، استعفا دینے والا . [ع].

مستعفی ہونا ف مر ؛ محاورہ . نوکری سے استعفیٰ دینا ، ملازمت چھوڑنا .

مُسْتَعْمَل (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک ع ، فت م) صف .
استعمال ہونے والا ، استعمال میں لایا جانے والا ، جو استعمال میں ہو (مجازاً) رائج ، مروّج ، برتا ہوا (عموماً لفظ وغیرہ) . [ع].

مُسْتَغْرَق (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک غ ، فت ر) صف .
ڈوبا ہوا ، غرق شدہ ؛ (مجازاً) حد درجہ محو ، گم (کسی کام یا خیال وغیرہ میں). [ع].

مستغرق ہونا ف مر ؛ محاورہ . مصروف و مشغول ہونا ، منہمک ہونا .

مُسْتَغْنی (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک غ) صف .
بے پروا ، بے نیاز ، جسے کسی چیز کی خواہش یا حاجت نہ ہو ؛ بے فکر ، صاحبِ استغناء . [ع].

مُسْتَغِیث (ضم م ، سک س ، فت ت ، ی مع) صف ؛ اند .
داد خواہ ، فریادی ؛ نالشی ، استغاثہ دائر کرنے والا . [ع].

مُسْتَفاد (ضم م ، سک س ، فت ت) صف .
استفادہ کیا گیا ، فائدہ حاصل کیا ہوا ، جو (چیز) فائدے میں حاصل ہو ، فائدے کے طور پر حاصل ہونے والا . [ع].

مُسْتَفْسِر (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک ف ، کس س) صف .
استفسار کرنے والا ، پوچھنے والا ، کسی امر کی تحقیق کرنے والا . [ع].

مُسْتَفْسِرانَہ (ضم م ، سک س ، فت ت ، سک ف ، کس س ، فت ن) صف ؛ م ف .
مستفسر جیسا ، جس میں استفسار ہو ، تحقیق طلب .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

مُسْتَفِید (ضم م، سک س، فت ت، ی مع) صف.
استفادہ کرنے والا، فائدہ چاہنے والا، فیض اُٹھانے والا، فیض یافتہ. [ع].

مُسْتَفِیض (ضم م، سک س، فت ت، ی مع) صف.
فیض چاہنے والا، فیض کا طالب، فیض اُٹھانے والا. [ع].

مُسْتَقْبِل (ضم م، سک س، فت ت، سک ق، کس ب) صف؛ اند.
ا. سامنے آنے والا، آگے آنے والا، آنے والا زمانہ، آنے والا وقت، آئندہ زمانہ. ۲. (قواعد) آئندہ زمانے کے لحاظ سے فعل کی گردان، ایک صیغہ جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ فعل کا صدور آنے والے زمانے میں ہوگا، فعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے. [ع].

مستقبل تاریک ہونا محاورہ. کامیابی وغیرہ کا امکان ختم ہونا.

مستقبل قریب اند. ا. آئندہ زمانہ جو قریب ہو. ۲. (قواعد) فعل کی ایک گردان جس میں مستقبل کی علامت ہوگا سے پہلے تا لگاتے ہیں (جیسے: وہ آتا ہوگا).

مُسْتَقَر (ضم م، سک س، فت ت، ق) اند.
جائے قرار، ٹھہرنے کی جگہ، مقام. [ع].

مُسْتَقِل (ضم م، سک س، فت ت، کس ق) (الف) صف.
ا. (i) استقلال والا، ثابت قدم، پائیدار، پکا، مستحکم، استوار. (ii) اپنی جگہ باقی رہنے والا، ہمیشہ موجود، برقرار، قائم، دائمی (عارضی کا نقیض).
(ب) م ف. ا. مسلسل، متواتر، لگاتار، بغیر رکے. ۲. مدام، ہمیشہ. [ع].

مستقل ارادہ اند. پکا ارادہ، عزم بالجزم.

مستقل جگہ امث. وہ ملازمت جو عارضی نہ ہو، پکی نوکری.

مستقل طور پر/سے م ف. ا. تسلسل کے ساتھ، تواتر سے. ۲. ہمیشہ کے لیے.

مستقل مزاج صف. جس کی طبیعت میں استقلال اور ثابت قدمی ہو؛ بردبار (شخص).

مستقل ہو جانا محاورہ. نوکری کا پکا ہو جانا، عارضی ملازم نہ رہنا، ملازمت کا ضابطے کے مطابق پائیدار ہونا.

مُسْتَقِلاً (ضم م، سک س، فت ت، کس ق، تن بعد ل) م ف.
ہمیشہ کے لیے، مستقل طور پر، باضابطہ، باقاعدہ، علیحدہ اور اپنی جگہ.

مُسْتَقِیم (ضم م، سک س، فت ت، ی مع) صف.
ا. (i) سیدھا، راست (منحنی کا نقیض). (ii) سیدھا کھڑا ہوا، عمود دار (خط وغیرہ). (iii) (مجازاً) سیدھے راستے پر چلنے والا، ہدایت یافتہ.
۲. (مجازاً) ہموار، درست، صحیح، ٹھیک. [ع].

مَسْتَک (فت م، سک س، فت ت) امذ.
ا. ماتھا، پیشانی. ۲. ہاتھی کا ماتھا. ۳. (مجازاً) کھوپڑی، سر. [س].

مُسْتَلْزَم (ضم م، سک س، فت ت، سک ل، فت ز) صف.
ضروری گردانا گیا، لازم پکڑا ہوا، لازمی، ضروری. [ع].

مُسْتَلْزِم (ضم م، سک س، فت ت، سک ل، کس ز) صف.
جو اپنے اوپر کسی کام کو لازم کر لے، لزوم چاہنے والا، التزام سے کام لینے والا؛ سزاوار، مستوجب. [ع].

مُسْتَنَد (ضم م، سک س، فت ت، ن) صف.
سند یا تصدیق پایا ہوا، معتبر، مصدقہ، استناد کے قابل. [ع].

مُسْتَوْجِب (ضم م، سک س، ولین، کس ج) (الف) صف.
کسی بات کا سزاوار، لائق، قابل. (ب) اند. موجب، وجہ، باعث سبب. [ع].

مستوجب سزا صف. جس پر سزا لازم آتی ہو، لائق سزا.

مَسْتُور (فت م، سک س، و مع) صف.
چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی، خفیہ؛ چھپایا ہوا. [ع].

مَسْتُورات (فت م، سک س، و مع) امث؛ ج.
پردہ نشین عورتیں، پردے والی بیبیاں، مخدرات؛ عورتیں، خواتین.

مَسْتُول (فت م، سک س، و مع) اند.
ا. جہاز یا کشتی کا ستون جس پر بادبان باندھا جاتا ہے جو بلند ہونے کی وجہ سے دور سے دیکھنے والے کو جہاز سے پہلے نظر آ جاتا ہے.
۲. (مجازاً) بلند اور موٹا لوہے یا لکڑی کا کھمبا جس پر جھنڈا نصب کیا جائے. [پُر].

مُسْتَوِی (ضم م، سک س، فت ت) صف.
برابر، ہموار، مسطح. [ع].

مستوی آئینہ اند. (طبیعیات) وہ آئینہ جس میں اُبھار نہ ہو، مسطح آئینہ، عام آئینہ.

مَستی (فت م، سک س) مث.
۱. وہ کیفیت جو مسکرات سے حاصل ہو، سکر، کیف و سرور، نشہ. ۲. مدہوشی، بدمستی، متوالا پن. ۳. کسی جذبے کی شدت یا جوش، خوشی کی حرکتیں، نشاط، ترنگ.

مستی پر (پہ) آنا محاورہ. مست ہو جانا، سرشار ہو جانا.

مستی کرنا محاورہ. مست ہو جانا، ترنگ میں آنا، اٹکھیلیاں کرنا.

مُسْٹَنڈا (ضم م، سک س، فت ٹ، سک ن) صف مذ.
دیکھیے: مشٹنڈا؛ (تحقیراً) موٹا اور فربہ (آدمی)، ہٹا کٹا، موٹا تازہ.

مُسْٹَنڈے (ضم م، سک س، فت ٹ، سک ن) اند؛ ج.
(تحقیراً) ہٹے کٹے اور فربہ لوگ.

مَسْجِد (فت م، سک س، کس ج) مث.
سجدہ کرنے کی جگہ، نماز پڑھنے کی جگہ، مسلمانوں کی عبادت گاہ. [ع].

مسجد اقصیٰ مث. بیت المقدس کی ایک تاریخی مسجد، وہ مسجد جو حضرت سلیمان علیہ السلام نے بنوائی تھی، مسلمانوں کا قبلۂ اوّل.

مسجد الحرام مث. مکۂ مکرمہ میں خانۂ کعبہ کے چاروں طرف کی مسجد، اس چار دیواری میں چاہِ زمزم اور مقامِ ابراہیمی بھی ہیں.

مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی کہاوت. کل میں سے جزو باقی ہے؛ اعلیٰ جاتا رہے ادنیٰ رہ جائے، اصلی جاتا رہے اور نام رہ جائے تو کہتے ہیں.

مسجد شہید کرنا محاورہ. (احترام کا کلمہ) مسجد گرانا یا منہدم کرنا.

مسجد قبلتین مث. ہجرت سے سولہ سترہ ماہ بعد ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صحابہ کے ساتھ اس مسجد میں نماز ظہر ادا کر رہے تھے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت تک دو رکعت نماز ادا کر چکے تھے اس حکم کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مقتدیوں کے ساتھ اپنا رُخ کعبے کی طرف کر کے باقی دو رکعتیں ادا کیں، اسی وجہ سے یہ دو قبلوں والی مسجد کہلائی.

مسجد کا مُلاّنا اند. وہ ملا جو مسجد کی روٹیوں پر پڑا ہو، مسجد کی روٹیاں کھانے والا، مفت خورا.

مسجد نبوی ﷺ مث. وہ مسجد جو حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہجرت کے بعد مدینہ شریف میں تعمیر فرمائی.

مُسَجَّع (ضم م، فت س، شد ج بفت) صف.
(ادب) وہ نثری عبارت جس کے جملے ہم قافیہ ہوں، وہ عبارت مضمون جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ یا ہم وزن ہوں. [ع].

مسجع و مقفیٰ صف. سجی ہوئی اور با قافیہ عبارت.

مُسَجَّل (ضم م، فت س، شد ج بفت) صف.
(وہ کاغذ یا دستاویز) جس پر حاکم یا قاضی یا جج وغیرہ کی مہر ثبت ہو مہر کردہ، تصدیق کیا ہوا، درست، رجسٹری کیا ہوا. [ع].

مُسَجِّل (ضم م، فت س، شد ج بکس) صف مذ.
تصدیق کرنے والا؛ مراد: رجسٹرار. [ع].

مَسْجُود (فت م، سک س، و مع) صف.
سجدہ کیا گیا، جسے سجدہ کریں یا کیا جائے. [ع].

مَسْح (فت م، سک س) اند.
۱. ہاتھ پھیرنا، ملنا. ۲. وضو میں دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر ناک سے سر تک لگانا اور گردن پر ہاتھ پھیرنا. [ع].

مَسْحُور (فت م، سک س، و مع) صف.
جس پر جادو کیا گیا ہو، جادو سے متاثر ہونے والا، سحر زدہ، جس پر سحر کیا گیا ہو؛ مخبوط الحواس. [ع].

مسحور کن صف. جادو کرنے والا؛ سحر کرنے والا، زبردست اثر ڈالنے والا.

مَسْخ (فت م، سک س) (الف) صف.
۱. شکل یا حلیے کا بگاڑ، اچھی شکل سے بری شکل میں آنا، آدمی کی صورت سے بندر یا حیوان کی صورت میں ہو جانا. ۲. (مجازاً) بگڑا ہوا، بدلا ہوا.
(ب) اند. کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کے الفاظ یا معنی وغیرہ اس طرح تبدیل ہو جانا جو پہلے کے مقابلے میں خراب ہوں. [ع].

مسخ شدہ صف. بگڑی ہوئی حالت میں، خراب حالت میں.

مسخ کر دینا/کرنا محاورہ. ۱. کسی چیز کی شکل بگاڑ کر تبدیل کر دینا، بدشکل بنا دینا. ۲. کتاب کے متن یا مضمون اور معنوں میں ردّ و بدل کرنا، تبدیل کر دینا، بگاڑنا.

مُسَخَّر (ضم م، فت س، شد خ بفت) صف.
(شخص یا ملک وغیرہ کے لیے) تسخیر کیا گیا، تسخیر کیا ہوا، تابع کیا ہوا، مطیع، مغلوب، فتح کیا ہوا. [ع].

مَسخرا (فت م، سک س، فت خ) اند؛ ~ مسخرہ.
دیکھیے: مسخرہ.

مَسخَرہ (فت م، سک س، فت خ، ر) صف؛ اند.
وہ شخص جس پر لوگ اس کی حرکات و ہیئت کذائی اور حاضر جوابی وغیرہ کی بنا پر ہنسیں، ظریف جو کہ عموماً درباری ملازم ہوتا تھا، ٹھٹھے باز، مذاقیہ، ہنسوڑ، بھانڈ. [ع].

مسخرہ پن اند. ہنسی، ٹھٹھول، سفلہ پن.

مَسخَری (فت م، سک س، فت خ) امث.
۱. ہنسی مذاق، ایسی صورت، حالت یا عمل جس پر لوگ ہنسیں، مسخرہ پن، ٹھٹھول، تمسخر. ۲. مسخرا کی تانیث.

مُسَدَّس (ضم م، فت س، شد د بفت) صف؛ اند نیز امث.
۱. شش جہتی، شش پہلو، چھ کونیا، چھ پہلو والی چیز. ۲. مرکب؛ مکعب.
۳. (شاعری) نظم کی ایک قسم جس میں ہر بند چھ مصرعوں کا ہوتا ہے اور پہلے بند کے تمام مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور بعد میں آنے والے ہر بند کے پہلے پانچ مصرعے الگ قافیہ رکھتے ہیں اور چھٹا مصرع پہلے بند کے ساتھ ہم قافیہ ہوتا ہے، ایسے چھ مصرعے جن میں چار ایک وزن اور قافیہ کے اور دو مصرعے اسی وزن اور دوسرے قافیے کے بطور گرہ کے ایک مطلع کی طرح واقع ہوں. [ع].

مَسدُود (فت م، سک س، و مع) صف.
رُکا ہوا، بند، بند کیا ہوا، روکا ہوا، موقوف. [ع].

مسدود کر دینا/کرنا ف مر؛ محاورہ. بند کر دینا، مزاحمت ڈال دینا، رکاوٹ پیدا کر دینا.

مَسَرَّت (فت م، س، شد ر بفت) امث.
خوشی کی کیفیت جو کسی بات سے پیدا ہو جائے، انبساط، خوشی، فرحت نشاط، شادمانی، خرمی، خرسندی. [ع].

مسرت افزا صف. مسرت بڑھانے والا، خوشی میں اضافہ کرنے والا.

مَسرُور (فت م، سک س، و مع) صف.
خوش، شاد، شاداں. [ع].

مَسرُوقہ (فت م، سک س، و مع، فت ق) صف.
سرقہ کیا گیا، چوری کیا ہوا.

مسروقہ مال اند. چرایا ہوا مال، چوری کا مال.

مِسطَر (کس م، سک س، فت ط) اند.
وہ آلہ جس سے خطوط یا سطریں بنائی جائیں، سطریں درست کرنے کا آلہ، فٹا. [ع].

مَسعُود (فت م، سک س، و مع) صف.
مبارک، سعید، نیک، نیک بخت، سعد کیا ہوا، سعادت کیا ہوا سعادت پایا ہوا. [ع].

مَسَک (فت م، س) امث.
۱. تنگ ہونے، دباؤ یا زور پڑنے سے کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا چر جانا. ۲. بدن کو بار بار لچکانے کا عمل (خصوصاً رقص میں).

مسک جانا ف مر؛ محاورہ. کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا، چر جانا، چرنا

مَسکا (فت م، سک س) اند.
دیکھیے: مسکہ جو زیادہ مستعمل ہے.

مَسکارا (فت م، سک س) اند.
(عور) پلکوں کو سیاہ کرنے کی آرائشی چیز جس کے لگانے سے پلکیں لمبی گھنی اور سیاہ نظر آتی ہیں. [انگ].

مُسکان (ضم م، سک س) امث.
ہلکی، مصنوعی یا الھڑپن کی مسکراہٹ، جھینپی ہوئی مسکراہٹ، شرمیلی مسکراہٹ.

مُسکانا (ضم م، سک س) ف م.
دیکھیے: مسکرانا.

مُسکُرانا (ضم م، سک س، ضم نیز فت ک) ف ل.
اس طرح ہنسنا کہ آواز نہ ہو، چہرے سے مسرت کا اظہار کرنا، تبسم کرنا، ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا.

مُسکُراہٹ (ضم م، سک س، ضم نیز فت ک، فت ہ) امث.
مسکرانے کی حالت، دبی دبی ہنسی، تبسم، خفیف ہنسی.

مسکراہٹ آنا ف مر: محاورہ. ہنسی ظاہر ہونا.

مَسکَن (فت م، سک س، فت نیز کس ک) امذ.
۱. جائے سکونت، رہنے کی جگہ، ٹھکانا. ۲. مکان، گھر. [ع].

مُسَکَّن (ضم م، فت س، شد ک بفت) صف نیز امذ.
۱. آرام دیا ہوا، تسکین دیا ہوا. ۲. (عروض) وہ رکن جس میں تسکین ہو، متحرک کو ساکن کرنے والا رکن. [ع].

مُسَکِّن (ضم م، فت س، شد ک بکس) صف.
(خصوصاً دوا) سکون دینے والا، تسکین پہنچانے والا، تسکین دینے والا، آرام پہنچانے والا. [ع].

مَسکنا (فت م، س، سک ک) ف ل.
تنگ ہونے یا دباؤ یا زور پڑنے سے کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا، چاک ہونا، جھر جانا، چرنا. [س].

مِسکُوٹ (کس یا ج م، سک س، و مع) امذ: امث.
۱. خفیہ صلاح و مشورہ، رازدارانہ گفتگو، خفیہ سازش. ۲. باورچی خانے کی کچہری، طعام گاہ؛ وہ جگہ جہاں بڑی اور بحری سپاہی باہم بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں. [انگ: Messcourt کی تارید].

مسکوٹ کرنا محاورہ. صلاح و مشورہ کرنا، رازدارانہ گفتگو؛ پنچایت جوڑنا یا خفیہ سازش کرنا.

مَسکَہ (فت م، سک س، فت ک) امذ.
تازہ نکلا ہوا کچا گھی، مکھن. [ف].

مسکہ باز صف. چکنی چپڑی باتیں بنا کر کام نکالنے والا، خوشامدی، چاپلوس.

مسکہ پالش کرنا ف مر: محاورہ. خوشامد کی باتیں کرنا، مسکہ لگانا.

مسکہ لگانا محاورہ. چکنی چپڑی باتیں بنانا، خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا.

مِسکِین (کس م، سک س، ی مع) صف: امذ.
۱. عاجز، لاچار، ناتواں، بالکل بے قوت، خاکسار. ۲. مفلس، غریب محتاج، نادار. ۳. بھولا، سیدھا سادا؛ حلیم، بردبار. [ع].

مسکین صورت صف. وہ جس کی صورت پر مسکینی اور غربت برستی ہو، وہ (شخص) جس کی صورت پر بھولا پن برستا ہو.

مِسکِینی (کس م، سک س، ی مع) امث.
۱. مفلسی، ناداری، غربت. ۲. عجز، عاجزی، فروتنی، انکسار. ۳. بھولا پن.

مِسکِینِیَّت (کس م، سک س، ی مع، شد ی مع بفت) امث.
مسکینی کی حالت، عاجزی، فروتنی، انکسار؛ نڈھال پن؛ غریبی.

مَسَل (فت م، س) امر.
مسلنا سے ماخوذ؛ تراکیب میں مستعمل.

مسل دینا ف مر: محاورہ. توڑنا، مروڑنا، روند دینا.

مسل کر م ف. پس پسا کر، توڑ مروڑ کر، کچل کر، مل کر.

مِسَل (کس م، فت نیز سک س) امث: ← مثل.
مقدمے کی روئداد، مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں.

مَسلا (فت م، سک س) صف مذ.
مسلنا کا ماضی (تراکیب میں مستعمل).

مُسلاّ (ضم م، سک نیز فت س، شد ل) امذ.
(تحقیراً) مسلمان.

مُسَلَّح (ضم م، فت س، شد ل بفت ح) صف.
جس کے جسم پر لڑائی کے ہتھیار سجے ہوں، ہتھیار بند، کمر بستہ، اسلحہ سے آراستہ، اسلحہ لیے ہوئے. [ع].

مسلح ہونا ف مر: محاورہ. ہتھیار بند ہونا، اسلحہ سے لیس ہونا.

مُسَلسَل (ضم م، فت س، سک ل، فت س) (الف) صف.
زنجیر میں بندھا ہوا، پابہ زنجیر، زنجیر بند. (ب) م ف. متواتر، رکاوٹ کے بغیر، لگاتار، پے در پے، تسلسل کے ساتھ، پیہم. [ع].

مُسَلَّط (ضم م، فت س، شد ل بفت) صف.
وہ جو کسی پر غالب کر دیا جائے، حاوی، غالب؛ پیچھے پڑا ہوا، پیچھے پڑنے والا؛ مقرر، متعین حاکم. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مسلط رہنا محاورہ. حاوی رہنا ، چھایا رہنا ، غالب رہنا .

مسلط کر دینا / کرنا ف مر: محاورہ. حاوی یا غالب کرنا : جبری سوار کرنا .

مُسَلَّط (ضم م ، فت س ، شد ل ، بکس) صف .

۱. تسلط کرنے والا ، قبضہ کرنے والا ، قابض ، غالب ، زور آور . ۲. محیط ، پھیلا ہوا .

مَسْلَک (فت م ، سک س ، فت ل) اند .

۱. راہ ، راستہ ، چلنے کی جگہ . ۲. (مجازاً) مذہب ، عقیدہ . ۳. طور ، طریقہ ، چلن . ۴. (مجازاً) نظریہ ، مکتبۂ فکر . [ع] .

مسلک حیات اند. زندگی گزارنے کا طریقہ .

مُسْلِم (ضم م ، سک س ، کس ل) اند .

مذہب اسلام کا پیرو ، مسلمان . [ع] .

مُسَلَّم (ضم م ، فت س ، شد ل بفت) صف : م ف .

۱. تسلیم شدہ ، مانا ہوا : مقبول . ۲. پورا ، ثابت ، سب کا سب . ۳. صحیح سلامت ، سالم . [ع] .

مسلم الثبوت صف. ثبوت کے ساتھ تسلیم شدہ ، جس کے ثبوت کی ضرورت نہ ہو (عموماً استاد کے لیے مستعمل) .

مسلم ہونا ف مر: محاورہ. مانا ہوا ہونا ، تسلیم شدہ ہونا : مقبول ہونا .

مُسْلِمات (ضم م ، سک س ، کس ل) امث : ج .

مسلمان عورتیں .

مُسَلَّمات (ضم م ، فت س ، شد ل بفت) اند : امث : ج .

تسلیم شدہ خیالات ، عقائد وغیرہ ، طے شدہ باتیں : جن کے بارے میں ردّ و قدح کی گنجائش نہ ہو .

مُسَلْمان (ضم م ، فت س ، سک ل) اند .

دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر چلنے والا ، اُمتِ مسلمہ کا فرد ، اسلام کا پیرو ، مسلم .

مسلمان کرنا ف مر: محاورہ. غیر مذہب کے انسان کو کلمہ پڑھا کر دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں شامل کرنا .

مسلمان ہونا ف مر. اسلام لانا ، دین اسلام قبول کرنا .

مُسَلْمانی (ضم م ، فت س ، سک ل) امث .

۱. مسلمان ہونا ، اسلامیت . ۲. ختنہ : ختنہ کی تقریب .

مُسْلِمَہ (ضم م ، فت س ، سک ل ، فت م) صف مث نیز امث .

مسلم کی تانیث ، مسلمان عورت .

مُسَلَّمَہ (ضم م ، فت س ، شد ل بفت ، فت م) صف .

تسلیم شدہ ، مانا یا مانی ہوئی ، مسلم .

مَسَلْنا (فت م ، س ، سک ل) ف م .

۱. ہاتھوں سے رگڑنا ، کسی چیز کا ہاتھ سے مل ڈالنا . ۲. کچلنا ، روندنا پامال کرنا (پیروں سے) روندنا . ۳. دبانا ، دبوچنا ، پیسنا . [س] .

مَسْلُوب (فت م ، سک س ، و مع) صف .

سلب کیا گیا ، چھینا یا مٹایا گیا . [ع] .

مُسَمّاۃ (ضم م ، فت س ، شد م) صف مث نیز امث .

۱. موسومہ ، مسمیٰ کی تانیث . ۲. عورت ، خاتون ، وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے ، علامت تانیث . [ع] .

مِسْمار (کس م ، سک س) صف .

منہدم ، تہس نہس ، تباہ و برباد . [ع] .

مسمار کرنا ف مر: محاورہ. منہدم کرنا ، گرانا ، ڈھانا .

مِسْمْریز (کس مج م ، سک س ، م ، ی مج) اند .

کسی پر قوت ارادی کا اثر ڈال کر تابع بنانا ، مسمریزم کرنا : مسمریزم سے متاثر کرنا .

مِسْمْرِیزَم (کس مج م ، سک س ، کس مج م ، ی مج ، فت ز) اند .

جرمن طبیب کے نام پر جس نے اس نظریے کی بنیاد رکھی ، غنودگی کی حالت جو عامل اپنے معمول پر اس کی قوت ارادی ، نظام عصبی ، اپنے ارادے یا خیال کی قوت سے طاری کرے ، تنویم ، ہپناٹزم . [انگ]

مُسْمُسا (ضم م ، سک س ، ضم م) صف .

گھنا ، مسکین صورت ، چپ شریر .

مُسْمُسانا (فت نیز ضم م ، سک س ، فت نیز ضم م) ف ل .

۱. بڑبڑانا . ۲. مشکل سے سانس لینا جیسا کہ گھبراہٹ یا جوش میں ہوتا ہے : آہستہ آہستہ یا چپکے چپکے رونا : نہایت ناراض ہونا ، سخت تنگ آنا ڈر کے مارے اپنے خیالات کا اظہار نہ کرنا .

مُسْمُسی (ضم م، سک س، ضم م) صف مث.
(عورت نیز شکل وصورت) گھنی، دیکھنے میں غریب اور مسکین، چپ.

مسمسی صورت / شکل مث. دیکھنے میں بھولی بھالی مگر شریر، غریب صورت، وہ صورت جس سے مسکینی نمایاں ہو.

مُسَمَّط (ضم م، فت س، شد م بلفت) مث.
۱. (لفظاً) لڑی میں پروئے ہوئے موتی. ۲. (عروض) ایسی نظم جو (کئی) بندوں پر مشتمل ہو خواہ بصورت مربع، مخمس، مسدس، مثمن وغیرہ جس میں ہر ہر بند کے مصرعے سوائے مصرع آخر کے ہم قافیہ ہوں اور بندوں کے آخری مصرعے پہلے بند کے مصرع آخر کے تابع ہوں. [ع].

مَسْمُوع (فت م، سک س، و مع) صف.
سنا گیا، قبول کیا گیا، قابل قبول، شنیدہ.

مَسْمُوم (فت م، سک س، و مع) صف.
۱. زہر دیا گیا، جس نے زہر کھایا ہو؛ مراد: حضرت امام حسنؑ. ۲. زہر آلود، زہر ملا، زہریلا. [ع].

مسموم ہونا ف مر؛ محاورہ. زہر آلود یا سمیت زدہ ہونا؛ مکدر ہونا.

مَسْمُومِیَت (فت م، سک س، و مع، کس خف نیز سک م، فت ی) مث.
زہریلا ہونے کی کیفیت، زہریلا پن.

مُسَمّٰی (ضم م، فت س، شد م، الف بشکل ی) صف.
موسوم، جو پکارا گیا یا جس کا نام رکھا گیا، وہ (وجود) جس پر کسی خاص اسم کا اطلاق ہوتا ہو. [ع].

مُسَمّٰی (ضم م، فت س، شد م) صف.
ایک کلمہ جو اسم خاص سے پہلے آتا ہے (مردوں کے ناموں میں). [ع].

مِسَن (کس م، فت س) مث.
ایک قسم کی زمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی ہوتی ہے. [س].

مُسِن (ضم م، کس س) صف.
۱. عمر رسیدہ، معمر، بوڑھا. ۲. (مجازاً) تجربہ کار، دانا بینا. [ع].

مَسْنَد (فت م، سک س، فت ن) مث.
۱. تکیہ، گاؤ تکیہ. ۲. تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ، تکیہ گاہ، امیرانہ گدی، چار بالش، نہالی، ایک قسم کا مکلف بستر جس پر امیر لوگ پشت اور دونوں پہلوؤں میں تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں. ۳. گدی، تخت، سنگھاسن ۴. عہدہ. [ع].

مسند آرا صف. مسند کو رونق دینے والا، گدی نشین، تخت نشین.

مسند نشین صف. مسند پر بیٹھنے والا، صدر نشین، صاحب مرتبہ فرماں روا.

مُسْنَد (ضم م، سک س، فت ن) صف؛ امذ.
۱. دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا؛ سہارا دیا گیا. ۲. جو کچھ کسی کے متعلق کہا جائے، حکم. ۳. (حدیث) ایسی حدیث جس کا راوی یہ بیان کرے کہ یہ بات خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمائی خود کی یا اوروں نے ان کے روبرو کی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فیصلہ فرمایا. [ع].

مسند الیہ صف مذ. (قواعد) جس پر حکم کیا جائے، جس کے متعلق کچھ کہا جائے، مبتدا.

مَسْنُون (فت م، سک س، و مع) صف.
وہ (فعل یا طریقہ) جو سنت رسول ہو یعنی جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اختیار کیا ہو یا کرنے کا حکم دیا ہو. [ع].

مَسْنُونَہ (فت م، سک س، و مع، فت ن) صف.
مسنون کی تانیث.

مِسْوَاک (کس م، سک س) مث.
دانت صاف کرنے کی ریشہ دار پتلی لکڑی، یہ لکڑی عموماً نیم، کیکر یا پھلاہی کی ہوتی ہے. [ع].

مُسَوَّدات (ضم م، فت س، شد و بفت) امذ؛ ج.
مسودہ کی جمع، مسودے، مخطوطات، غیر مطبوعہ مجموعے.

مُسَوَّدَہ / مُسْوَدَہ (ضم م، فت س، شد و بفت، فت د / فت م، سک س، فت و، د) امذ.
۱. لکھا ہوا، سیاہ کیا گیا، وہ عبارت جو بطور خاکہ لکھی ہو، ابتدائی تحریر جس میں اصلاح و ترمیم کی گنجائش ہو نیز اصل تحریر کسی مضمون یا کتاب کی جو مصنف کے قلم کی ہو. ۲. منصوبہ، ارادہ؛ مدعا، مطلب، مضمون. [ع].

مَسُور (فت م، و مع) مث.
ایک (اناج) غلّہ جو پکا کر غذا کے طور پر کھایا جاتا ہے، مسور کی دال،

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

چھلکے سمیت کھڑی مسور یا ثابت مسور اور چھلی ہوئی ملکہ مسور کہلاتی ہے۔

[س].

مَسُورھی / مَسُوری (فت م، و مع) امث.

پنڈلی میں پہننے کا ایک زیور جو نقش دار ہوتا ہے۔ [مقامی].

مَسُوریا (فت م، و مع، سک ر) امذ.

۱. ایک قسم کی چیچک، دانے نکلنا. ۲. رنڈی، فاحشہ، طوائف، دلالہ، کٹنی.

[س].

مَسُوڑا / مَسُوڑھا (فت م، و مع) امذ.

جبڑے میں گوشت کا وہ سخت حصہ جس میں دانت جمے ہوتے ہیں، دانتوں سے ملا ہوا گوشت، لثہ، جائے دنداں، گوشت بن دنداں.

[س].

مَسُوس (فت م، و مع) امذ.

(طب) مروڑ، پیچ، بل. [ع].

مسوس کر رہ جانا ف مر: محاورہ. رنج و غم کو ضبط کرنا، خون کے گھونٹ پی کے رہ جانا، افسوس کر کے رہ جانا (عموماً دل کے ساتھ مستعمل).

مَسُوسْنا (فت م، و مع، سک س) ف م.

۱. دبانا، بھینچنا؛ بل دینا، مروڑنا. ۲. جذبے یا ولولے کو ضبط کرنا، روکنا، تھامنا؛ شکوہ شکایت نہ کرنا؛ دل ہی دل میں رنج کرنا، کڑھنا، غم کرنا؛ مجبوراً برداشت کرنا. ۳. (صدمے کے باعث) دل پر ہاتھ رکھنا، افسوس کرنا، پچھتانا.

مَسَّہ (فت م، شد س بفت) امذ.

جسم پر پیدائشی ابھرا ہوا تل (گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے).

مَسْہَری (فت م، فت ہ س، سک ہ) امث.

ایک وضع کا پلنگ جس کی پٹیاں چوڑی اور نقشین، پائے کرسی کے پایوں کی طرح بلند ہوتے ہیں، ہر پائے کی چوٹی پر ایک آہنی حلقہ بھی نصب ہوتا ہے تاکہ اس میں ڈنڈے لگا کر چھپر کھٹ بنا سکیں، سرہانے اور پائنتی بالشت بھر کا اونچا کٹہرا بنا ہوتا ہے، آج کل کی مختلف وضع کی مسہریاں خوبصورت انداز میں بنائی جاتی ہیں. [س].

مُسْہِل (ضم م، سک س، کس ہ) صف؛ امذ.

(طب) جو اسہال لائے، دست آور، وہ دوا جس سے دست آئیں جلاب. [ع].

مسہل دینا ف مر: محاورہ. (طب) دست آور دوا استعمال کرانا یا جلاب کے ذریعے علاج کرنا، جلاب دینا.

مَسْئَلَہ (فت م، سک س، فت ء، ل) امذ.

(امور دینی و دنیاوی، علمی، عقلی وغیرہ سے متعلق) ہر وہ بات جس سے متعلق سوال کیا جائے، حل طلب معاملہ، پوچھی ہوئی بات، سوال [ع].

مسئلہ اٹھانا ف مر: محاورہ. کوئی سوال اُٹھانا، کوئی بات یا کسی پیچیدہ معاملے کی طرف متوجہ کرنا.

مسئلہ بنانا محاورہ. کسی بات کو بلاوجہ پیچیدہ بنا دینا، الجھا دینا.

مسئلہ پیش آنا محاورہ. اُلجھن یا پیچیدگی کا سامنا ہونا.

مسئلہ چھیڑنا محاورہ. (امور دینی و دنیوی یا علمی و عقلی وغیرہ سے متعلق) کوئی بات یا معاملہ سامنے لانا، کوئی سوال اُٹھانا.

مسئلہ حل کرنا محاورہ. معاملہ سلجھانا، عمیق غور و فکر سے معاملے کی تہ تک پہنچنا.

مسئلہ لاینحل کس صف، امذ. حل نہ ہونے والا مسئلہ، مشکل بات یا امر

مسئلہ ہونا ف مر، محاورہ. کسی معاملے میں پیچیدگی یا دشواری ہونا الجھاؤ یا ابہام ہونا.

مَسْئَلے (فت م، سک س، فت ء) امذ؛ ج.

مسئلہ کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

مسئلے مسائل امذ؛ ج. اُمور دین اور فقہ سے تعلق رکھنے والے مسئلے دینی مسائل.

مسئلے میں ٹانگ اڑانا ف مر. کسی معاملے میں حائل ہونا، بیچ میں آنا، معاملے میں پڑنا.

مَسْئُول (فت م، سک س، و مع) صف.

جس سے سوال کیا جائے، جواب دہ. [ع].

مَسْئُولَہ (فت م، سک س، و مع فت ل) صف.

جواب دہ؛ مانگا یا مانگی ہوئی.

مَسْئُولِیت (فت م، سک س، و مع، شد ی مع ہلت) امث.
مسئول ہونے کی حالت، جواب دہی، پوچھ گچھ، ذمے داری.

مَسْنُون (فت م، سک س، و مع) صف.
(دیکھیے: مصون جو اس کا درست املا ہے) محفوظ، حفاظت کیا گیا.

مِسّی (کس م، شد س) امث.
ایک سیاہ منجن یا پاؤڈر جسے عورتیں سنگار کے لیے اپنے دانتوں اور ہونٹوں پر ملتی ہیں، اس سے دانتوں کی ریخیں اور مسوڑے سیاہ اور دانت اور ہونٹ چمک دار ہو جاتے ہیں. [س].

مَسِیح (فت م، ی مع) صف: امذ.
۱. مبارک. ۲. تیل کی مالش کیا ہوا. ۳. (مجازاً) جلانے والا؛ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب جو معجزے کے طور پر مردے کو زندہ اور اندھے اور کوڑھی کو اچھا کر دیتے تھے. [ع].

مَسِیحا (فت م، ی مع) امذ.
۱. مراد: حضرت عیسیٰ علیہ السلام. ۲. (مجازاً) معشوق، محبوب، دلبر، دلربا. ۳. بیمار کو اچھا کرنے والا، طبیب حاذق. ۴. مردہ یا بیمار قوم میں نئی زندگی کی روح پھونکنے والا رہنما یا مفکر.

مسیحا دم صف. ۱. جس میں مسیحا (عیسیٰ) کی سی صفات یا اعجاز ہو یعنی مردوں کو زندہ کرنے والا؛ مراد: حکیم حاذق. ۲. (مجازاً) معشوق، محبوب.

مسیحا صفت صف. دیکھیے: مسیحا دم.

مَسِیحائی (فت م، ی مع) (الف) صف.
مسیحا سے منسوب یا متعلق؛ حضرت عیسیٰؑ کے معجزے والی صفت کا.
(ب) امث. مسیحا ہونے کی حالت، مردہ جلانے اور بیمار کو شفا دینے کا اعجاز، حیات بخشی.

مَسِیحی (فت م، ی مع) صف.
حضرت عیسیٰؑ مسیح سے منسوب یا متعلق، عیسوی (س).

مَسِیحِیَّت (فت م، ی مع، شد ی مع ہلت) امث.
عیسائی ہونا، عیسائی مذہب کے عقائد و افکار، عیسویت.

مَسِیں (فت م، ی مج) امث: ج.
وہ روئیں جو مونچھیں نکلنے سے پہلے نمودار ہوں، مونچھوں کے وہ بال جن کی نمود کا آغاز ہو.

مسیں بھیگنا محاورہ. مونچھوں کا آغاز ہونا، سبزے کا آغاز ہونا، مونچھوں کا رُواں نکلنا، مونچھوں کی علامت نمایاں ہونا کہ یہ بلوغت کی علامت ہوتی ہے، جوانی کی ابتدا ہونا.

مُشابِہ (ضم م، کس ب) صف: امذ.
ملتا جلتا، مانند، مثل، مطابق، ہم شکل، یکساں. [ع].

مُشابَہت (ضم م، فت مج ب، فت ہ) امث.
مشابہ ہونے کی حالت، مطابقت، مماثلت؛ نسبت؛ شکل، شبیہ، تشبیہ. [ع].

مشابہت رکھنا ف مر: محاورہ. مطابقت رکھنا، مانند ہونا، دوسری چیز کے مثل یا مانند ہونا؛ نظیر یا جواب ہونا.

مشابہت ہونا ف مر. مثل ہونا، مطابقت ہونا.

مُشاجَرہ (ضم م، فت ج، ر) امذ.
آپس کا اختلاف، جھگڑا، نزاع. [ع].

مُشار (ضم م) صف: امذ (شاذ).
اشارہ کیا گیا؛ بتایا گیا، محترم، ذی عزت.

مَشارِب (فت م، کس ر) امذ: ج.
مشرب کی جمع؛ پینے والی چیزیں، مشروبات؛ (مجازاً) راستے، مسالک، مذاہب.

مُشارِک (ضم م، کس ر) صف.
شرکت کرنے والا، شریک ہونے والا، شریک.

مُشارَکت (ضم م، فت ر، ک) امث.
آپس میں شریک ہونے یا باہم شرکت کرنے کا عمل، شرکت، شمولیت، حصہ داری، ساجھا، شرکت مشارکہ. [ع].

مَشّاطگی (فت م، شد ش، فت ط) امث.
۱. مشاطہ کا فن، کام یا پیشہ، بناؤ سنوارنا. ۲. (مجازاً) سنوارنا؛ بناؤ سنگھار.

مَشّاطہ (فت م، شد ش، فت ط) امث.
۱. وہ عورت جو دلہن کے سر میں کنگھی چوٹی کر کے سرمہ لگائے، ابٹنا ملے، وہ عورت جس کا پیشہ لوگوں کے گھروں میں جا کر کنگھی کرنے کا ہو، سنگھار کرنے والی عورت. ۲. وہ عورت جو مرد و زن کی نسبت تلاش کرے،

وہ عورت جو بیاہ شادی کرانے کا پیشہ رکھے، نائن، دلالہ، عورت مرد کو ملانے والی عورت، بیچ والی۔ [ع].

مَشاعِر (فت م، کس ع) اند؛ ج.
۱. حواس خمسہ. ۲. موضعات، جگہیں، خصوصاً وہ جگہیں جہاں مذہبی رسومات، قربانی وغیرہ ادا کی جائیں، مناسک حج. [ع].

مُشاعَرہ (ضم م، فت ج ع، فت ر) اند.
ایک دوسرے کو شعر سنانا، شعرا کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا؛ باہم شعر پڑھنا؛ مجلس شعر خوانی. [ع].

مشاعرہ لوٹنا محاورہ. مشاعرے میں اچھے اشعار پڑھ کر لوگوں کی داد وصول کرنا، بہت زیادہ واہ واہ کرانا.

مَشاغِل (فت م، کس غ) اند؛ ج.
مشغلے، بہت سے شغل، بہت سے کام.

مُشافَہہ (ضم م، فت ش، ف، ہ) اند.
ایک دوسرے کے روبرو یا آمنے سامنے ہونا؛ مصاحبہ، دوبدو گفتگو. [ع].

مَشّاق (فت م، شد ش) صف.
کسی کام کی بہت مشق یا مہارت رکھنے والا، بہت مہارت رکھنے والا، ماہر، تجربہ کار، خوب واقف، آزمودہ کار. [ع].

مَشّاقی (فت م، شد ش) امث.
مشاق ہونے کی حالت، اعلیٰ مہارت، مشق، تجربہ.

مَشاکِل (فت م، کس ک) اند؛ ج.
مشکلات، الجھے ہوئے مسائل، (عقدے).

مُشاکَلَت (ضم م، فت ک، ل) امث.
مانند یا شکل ہونا، مشابہت، موافقت.

مَشام (فت م) اند.
قوتِ شامہ، وقتِ شامہ، جائے شامہ؛ (مجازاً) دماغ. [ع].

مشام جان اند. (مجازاً) دماغ.

مُشاوَرَت (ضم م، فت و، ر) امث.
باہمی صلاح و مشورہ، آپس میں مل کر مشورہ کرنا. [ع].

مُشاہَد (ضم م، فت ہ) صف.
مشاہدہ کیا ہوا، جس کا مشاہدہ کیا جا سکے، مرئی. [ع].

مُشاہِد (ضم م، کس ہ) صف.
مشاہدہ کرنے والا، تجربہ یا معائنہ کرنے والا، دیکھنے والا. [ع].

مُشاہَدات (ضم م، فت ج ہ) اند.
مشاہدہ کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

مُشاہَدَہ (ضم م، فت ج ہ، فت د) اند.
۱. دیکھنا؛ (مجازاً) دید، نظارہ، درشن. ۲. کسی دریافت کے لیے بغور دیکھنا، معائنہ، غور و خوض، تجربہ. [ع].

مشاہدۂ حق اند. (تصوف) اشیا کو دور کر کے نظر باطن کو ذاتِ حق پر محکم رکھنا.

مشاہدہ کرنا ف مر؛ محاورہ. دیکھنا، ملاحظہ کرنا.

مُشاہَرَہ (ضم م، فت ہ، ر) اند.
ماہانہ تنخواہ، ماہیانہ، مقررہ وظیفہ یا یافت. [ع].

مَشاہِیر (فت م، ی مع) اند؛ ج.
بزرگ اور نامور لوگ، بڑے لوگ، مشہور اشخاص، معروف اشخاص.

مشاہیر ادب اند؛ ج. مشہور ادبی شخصیات، ادب کے معروف لوگ نامورانِ ادب.

مَشائِخ (فت م، کس ء) اند؛ ج.
(تصوف) وہ لوگ جو صاحب حال ہوں، خواجگاں، پیرانِ طریقت متقی اور پرہیزگار لوگ، بزرگ، اکابرین، صوفیا، علماء.

مُشَبَّہ (ضم م، فت ش، شد ب بفت) صف.
وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے؛ (نحو) تشبیہ دیا گیا نسبت دیا گیا، مثال دیا گیا. [ع].

مشبہ بہ صف. (بیان) وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے، وہ جس سے نسبت دیں، جسے مماثل کہا جائے.

مُشت (ضم م، سک ش) امث.
۱. پنجے کی انگلیاں جب بند ہوں، مٹھی. ۲. (مجازاً) مٹھی بھر مقدار تھوڑی چیز، وہ مقدار جو ایک مٹھی میں آئے. [ف].

مشت استخوان مذ. مٹھی بھر ہڈیاں ؛ (مجازاً) نہایت لاغر جس کے جسم پر گوشت برائے نام ہو، ہڈیاں ہی ہڈیاں ہوں، بہت دبلا پتلا شخص.

مشت بھر صف : م ف. مٹھی بھر، بہت قلیل، تھوڑا سا.

مشت خاک مث. مٹھی بھر خاک، خاک کی مٹھی، خاک کی چٹکی.

مشت زنی مث. ۱. گھونسے بازی، گھونسم گھونسا، مکوں سے لڑنا، مکے مارنا؛ پہلوانی. ۲. جلق لگانا، مشت مالی.

مشت مالی مث. وہ مالش جو حمامی بدن کا میل چھڑانے کے لیے جسم پر کرتے ہیں، ملنے دلنے کا عمل ؛ وہ مالش جو پہلوان جسم کے سخت ہوجانے کے لیے کرتے ہیں.

مُشْتاق (ضم م، سک ش) صف.

۱. اشتیاق رکھنے والا، شائق، آرزو مند، طالب، خواہش مند. ۲. انتظار کرنے والا، راہ دیکھنے والا، منتظر. [ع].

مُشْتاقانہ (ضم م، سک ش، فت ن) صف : م ف.

آرزو مندی کے ساتھ ؛ اشتیاق کے ساتھ، مشتاق ہونے کی کیفیت میں.

مُشْتَبَہ (ضم م، سک ش، فت ت، ب) صف.

۱. جس کی صحت (بات، یا معاملہ) میں شک ہو، جس کے بارے میں یقین نہ ہو، مشکوک، غیر یقینی. ۲. جس پر بعض حالات یا واقعات کی بنا پر کسی جرم کے ارتکاب کا شبہ ہو، شبہے والا. ۳. (امر، بات یا معاملہ) جس میں تذبذب یا ابہام پایا جائے، غیر واضح، مبہم. [ع].

مُشْتَرَک (ضم م، سک ش، فت ت، ر) صف.

۱. اشتراک کیا گیا، شریک کیا گیا، ایسی چیز جس میں دو یا اس سے زیادہ شریک ہوں. ۲. ایسا لفظ جس کے کئی معنی ہوں. [ع].

مُشْتَرَکہ (ضم م، سک ش، فت ت، ر، ک) صف.

شریک کیا ہوا، ساجھے کا، شراکت کا.

مشترکہ اِعلامیہ مذ. اعلامیہ جو دو یا زائد فریقوں کی جانب سے ہو.

مُشْتَری (ضم م، سک ش، فت ت) مذ : مث.

(ہیئت) نظام شمسی میں سورج کے بعد سب سے بڑا ستارہ، اہل نجوم کے نزدیک فلک ششم کے ایک ستارے کا نام جو سعد اکبر سمجھا جاتا ہے، گیارہ چاند مشتری کے گرد محوِ طواف ہیں. [ع].

مشتری ہوشیار باش کہاوت. اس موقعے پر کہتے ہیں جب خریدار سودا دیکھ بھال کر نہ لے اور نقصان اُٹھائے.

مُشْتَعِل (ضم م، سک ش، فت ت، کس نیز فت ع) صف.

(جذبے کے شدت سے کوئی شخص یا آگ وغیرہ) بھڑکتا ہوا، بھڑکنے والا، شعلہ زن، سوزاں، لو دینے والا ؛ (مجازاً) غصے میں بھرا ہوا، سخت غضب ناک. [ع].

مشتعل ہونا ف مر : محاورہ. غصے میں آنا، اشتعال میں آنا.

مُشْتَق (ضم م، سک ش، فت ت) صف.

۱. اخذ کیا ہوا، ماخوذ نکلا ہوا. ۲. (قواعد، لسانیات). وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو، مصدر سے بنایا گیا صیغہ. [ع].

مُشْتَمِل (ضم م، سک ش، فت ت، کس م) صف.

شامل ہونے والا، شریک ہونے والا، محیط ہونے والا. [ع].

مُشْتَہَر (ضم م، سک ش، فت ت، ہ) صف.

شہرت دیا گیا، مشہور، شہرت یافتہ، اعلان یا اشتہار کردہ. [ع].

مشتہر ہونا ف مر : محاورہ. مشہور ہونا، اعلان ہونا.

مُشْتَہِر (ضم م، سک ش، فت ت، کس ہ) صف.

مشہور کرنے والا، اشتہار دینے والا، شہرت دینے والا (اشتہارات میں عموماً المشتہر لکھ کر اس کے نیچے اشتہار دینے والے کا نام درج ہوتا ہے)، منادی کرنے والا، ڈھنڈورا پیٹنے والا. [ع].

مُشْتَہِرین (ضم م، سک ش، کس خف ت، ہ، ی مع) مذ : ج.

اشتہار دینے والے، شہرت دینے والے یا مشہور کرنے والے لوگ.

مُشْٹَنڈا (ضم م، سک ش، فت ٹ، سک ن) صف مذ : ← مسٹنڈا.

ہٹا کٹا، موٹا تازہ.

مُشَجَّر (ضم م، فت ش، شد ج بفت) صف : مذ.

۱. درختوں کی شکل میں نقش کیا ہوا ؛ وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوں، پھول دار کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوں، تصویروں دار ریشمی کپڑا، ایک قسم کا پھول دار کپڑا، اطلس کی ایک قسم. ۲. موٹا بنا ہوا کپڑا یا قالین جو آرائش کے لیے دیواروں پر لٹکاتے ہیں اور اس پر درختوں کی

تصویر یا بیل بوٹے بنے ہوتے ہیں. ۳. ایک قسم کا پتھر (خصوصاً جس پر درخت، جھاڑیوں، انسانوں وغیرہ کی تصویر بنی ہوئی ہو). [ع].

مُشَخَّص (ضم م، فت ش، شد خ بفت) صف.
۱. (قیمت وغیرہ) تخمینہ کیا گیا، تعین کیا گیا، متعین، مقرر، اندازہ کیا گیا. ۲. تجویز کیا گیا، منسوب، مخصوص؛ معروف. ۳. قابلِ تعین، متعین. [ع].

مُشَدَّد (ضم م، فت ش، شد د بفت) صف.
تشدید کیا گیا؛ (وہ حرف یا لفظ) جس پر تشدید ہو، دو دفعہ پڑھا جانے والا (حرف)؛ باندھا گیا، مضبوط کیا گیا. [ع].

مَشْرَب (فت م، سک ش، فت ر) امذ.
۱. گھاٹ، پانی پینے کی جگہ، چشمہ یا حوض، جھیل، تالاب. ۲. دین، مذہب؛ ملت؛ آئین، مسلک، طریق، طریقہ. ۳. ذوق، میلان؛ مزاج، طور، ڈھنگ، اُصول. [ع].

مَشْرَبی (فت م، سک ش، فت ر) صف.
مشرب سے متعلق، مذہبی، دینی، دین سے متعلق، مسلکی.

مُشَرَّف (ضم م، فت ش، شد ر بفت) صف.
شرف یافتہ، معزز، بزرگ، سرفراز، عزت دیا گیا، بزرگی دیا ہوا. [ع].

مشرف بہ اسلام کرنا ف مر؛ محاورہ. مسلمان ہونے کی عزت بخشنا، مسلمان کرنا، دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں داخل کرنا.

مشرف بہ اسلام ہونا ف مر؛ محاورہ. مسلمان ہونے کا شرف حاصل کرنا، مسلمان ہونے کی عزت حاصل ہونا، دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قبول کرنا.

مُشْرِف (ضم م، سک ش، کس ر) صف؛ امذ.
۱. بلندی سے چاروں طرف نگاہ ڈالنے والا، بلندی پر چڑھنے والا، بلند ہونے والا. ۲. بلند جگہ، اونچی جگہ جہاں سے نیچے کی چیزیں نظر آئیں، بلندی پر واقع. ۳. مشاہدہ کرنے والا، نگران، پاسبان، ناظر، میرمنشی نیز خزانے کا نگران؛ وہ شخص جو اپنے ماتحت محرروں کے حال کی خبر رکھے. ۴. کسی بُرے یا بھلے کام کے قریب پہنچنے والا؛ قریب، نزدیک. [ع].

مَشْرِق (فت م، سک ش، کس ر) امذ.
وہ سمت جدھر سے سورج نکلتا ہے، جائے شرق یعنی روشنی نکلنے کی جگہ پورب مغرب کی مقابل سمت. [ع].

مشرق و مغرب امذ؛ م ف. مشرق اور مغرب؛ مراد: پوری دنیا، سارا عالم؛ دنیا بھر میں.

مَشْرِقی (فت م، سک ش، کس ر) صف.
مشرق سے منسوب یا متعلق، مشرق کا، مشرق کی سمت واقع، پوربی مراد ایشیائی (چونکہ ایشیا یورپ سے مشرق کو ہے).

مشرقی روایات امث؛ ج. مشرقی تہذیب و اقدار، مشرقی قدریں (مغربی روایات کے مقابل).

مَشْرِقِیَّت (فت م، سک ش، کس ر، شد ی مع بفت نیز بلا شد) امث.
۱. مشرق میں واقع ہونا، مشرقی ہونا (مغربیت کے مقابل). ۲. اہلِ مغرب کے برعکس کسی ایشیائی قوم یا فرد کی اپنے ماحول کے مطابق تہذیبی علمی و ثقافتی نشو و نما.

مُشْرِک (ضم م، سک ش، کس ر) صف؛ امذ.
۱. شرک کرنے والا، اللہ کی ذات یا اُن صفات میں جو اس سے مختص ہیں کسی کو شریک ٹھہرانے والا، خدائے واحد کے ساتھ دوسروں کو بھی معبود ماننے والا. ۲. (مجازاً) کافر؛ بت پرست؛ قبر پرست. [ع].

مُشْرِکانَہ (ضم م، سک ش، کس ر، فت ن) صف؛ م ف.
شرک کا سا، مشرک کی طرح کا؛ شرک والا.

مُشْرِکِین (ضم م، سک ش، کس ر، ی مع) امذ؛ ج.
خدا کی وحدانیت میں کسی کو شریک ٹھہرانے والے؛ مراد: کفار.

مَشْرُوب (فت م، سک ش، و مع) صف؛ امذ.
پینے کے لائق رقیق چیز، پینے کی چیز؛ شربت وغیرہ. [ع].

مَشْرُوبات (فت م، سک ش، و مع) امذ؛ امث؛ ج.
وہ چیزیں جو پی جاتی ہیں، پینے کے لائق چیزیں.

مَشْرُوط (فت م، سک ش، و مع) صف.
۱. شرط کیا گیا، کسی شرط پر مبنی یا موقوف، مقید، جس کے ساتھ کوئی شرط ہو، محدود. ۲. (کاشت کاری) دس فی صدی مال گزاری جو زمین داروں کی معاف کی جائے. [ع].

مَشرُوع (فت م، سک ش، و مع) (الف) صف.
۱. شرع کے مطابق یا موافق نیز شرعاً جائز. ۲. (شریعت کی رو سے) متعین، مقرر. (ب) اند. ایک وضع کا کپڑا جس میں ریشم اور سوت ملا ہوتا ہے، یہ شرعاً مرد کو بھی پہننا جائز ہے اس سے نماز ہو سکتی ہے.
[ع].

مَشعَل (فت م، سک ش، فت ع) مث.
۱. شعلے کی جگہ، بڑا چراغ دان. ۲. کپڑے کی بڑی گول بتی جسے تیل میں تر کر کے لکڑی کے سرے پر کپڑا لپیٹ کر جلاتے ہیں، بڑی موٹی بتی یا فلیتہ نیز شمع. [ع].

مشعل راہ مث. ۱. وہ مشعل جس سے راستہ دیکھتے ہیں، راستے کی روشنی، راہ میں جلتی ہوئی شمع والی روشنی. ۲. (مجازاً) رہبر، رہنما؛ رہ نما اُصول، راستہ دکھانے والی روشنی.

مَشعَلچی (فت م، سک ش، فت ع، سک ل) اند.
مشعل جلانے والا، مشعل دکھانے والا، وہ شخص جو مشعل لے کر آگے آگے چلتا ہے، مشعل بردار.

مَشغَلَہ (فت م، سک ش، فت غ، ل) اند.
۱. کسی کام میں مصروف ہونا، شغل، کام، مصروفیت. ۲. دل بہلاوا، تفریح، دل بستگی، کھیل، تماشا، ہنسی مذاق، چہل. ۳. پیشہ یا کاروبار.
[ع].

مَشغُول (فت م، سک ش، و مع) صف.
کسی کام میں انہماک سے لگا ہوا، مصروف. [ع].

مَشغُولِیَت (فت م، سک ش، و مع، کس نیز سک ل، فت ی) مث.
کسی کام میں مشغول ہونا، شغل، مصروفیت.

مُشفِق (ضم م، سک ش، کس ف) صف.
۱. شفقت کرنے والا، مہربان، شفیق. ۲. دوست، رفیق، پیارا (خط میں بزرگ اور ہم مرتبہ کے لیے القاب کے طور پر مستعمل). ۳. ترس کھانے والا، رحم دل، دردمند. [ع].

مشفق من صف. خطوں میں القاب کا کلمہ، میرے مہربان، میرے دوست، میرے پیارے، مہربان بندہ.

مُشفِقانَہ (ضم م، سک ش، کس ف، فت ن) صف؛ م ف.
دوستانہ، ہمدردانہ، دردمندانہ.

مَشق (فت م، سک ش) مث.
۱. کسی کام کو کرتے رہنا، کسی کام کی مداومت کرنا، کسی کام کو لگاتار کرنا تاکہ رواں ہو جائے، مزاولت محنت سے حاصل کردہ مہارت.
۲. (خوش نویسی) تختہ یا کاغذ جس پر مشق کی ہو، وصلی، تختی. ۳. لگاتار پینا، پیاپے دوڑنا، متواتر کھانا. [ع].

مشق ستم مث. جور و جفا روا رکھنا، مسلسل ستم کرتے رہنا.
مشق سخن مث. شعر و سخن کی مشق و مہارت، شعر کہنا، شعر گوئی.

مَشَقَّت (فت م، ش، شد ق بفت) مث.
۱. محنت، ریاضت، جاں فشانی. ۲. محنت بطور سزا. ۳. دکھ، تکلیف، دقت. ۴. کام، کاج، مزدوری. [ع].

مشقت طلب صف. بہت محنت اور مشقت والا، تھکا دینے والا.

مَشک (فت م، ش نیز سک) مث.
پانی بھرنے اور لے جانے کے لیے کسی جانور کی سالم کھال کا بنا ہوا تھیلے کی شکل کا ظرف جس کا منھ چھوٹا ہوتا ہے، وہ بکری یا بھیڑ کی سلی ہوئی کھال جس سے سقے پانی بھرتے ہیں. [ف].

مُشک (ضم نیز کس م، سک ش) مث؛ اند.
ہرن کے نافے کی خشک شدہ رطوبت جس کے دانے سیاہ سرخی مائل اور خوشبو نہایت تیز ہوتی ہے، کستوری، مسک. [ف].

مشک بار/ مشکبار صف. مشک بکھیرنے والا، مشک کی جیسی خوشبو والا، معطر. [ف].

مشک بو صف. مشک کی سی بو والا؛ وہ جس میں سے مشک کی بو آتی ہے، نہایت، خوش بودار، معطر.

مُشکا (ضم م، سک ش) اند.
سرمئی مچھلی کی ایک قسم. [مقامی].

مُشکِل (ضم م، سک ش، کس ک) (الف) صف.
۱. دُشوار، سخت دوبھر، کٹھن، تکلیف دہ. ۲. پیچیدہ، دقت طلب، اُلجھا ہوا، دقیق، مبہم. (ب) مث. دشواری، مصیبت، دقت، پریشانی، سختی، پیچیدگی. [ع].

مشکل آ پڑنا محاورہ. وقت پیش آنا، مصیبت پڑنا، مشکل درپیش ہونا، دشواری کا دفعتہً پیش آنا.

مشکل آسان ہونا محاورہ. ۱. مشکل حل ہونا، مصیبت دور ہونا، سختی سے نجات پانا، عذاب سے چھوٹنا. ۲. جان نکلنا، جان کنی سے نجات پانا، مرنا، دم نکلنا.

مشکل پسند صف. ۱. جسے دقتوں کا سامنا کرنے اور مشکلوں کو حل کرنے میں خوشی حاصل ہو؛ نظم، نثر میں مشکل اور ادق الفاظ استعمال کرنے والا. ۲. مراد: مبہم، پیچیدہ.

مشکل پسندی امث. دقت پسندی، سختی یا دشواری کو آسان یا سہل سمجھنا.

مشکل زمین امث. (شاعری) ایسی بحر جس میں شعر موزوں کرنا مشکل ہو.

مشکل سے م ف. دشواری کے ساتھ، دقت سے، بہ دقت، بہ مشکل.

مشکل سے مشکل م ف. بہت مشکل، بہت پیچیدہ، دقت طلب.

مشکل کشا (الف) صف. مشکل حل کرنے والا، دشواری، مصیبت، پریشانی دور کرنے والا، دکھ دور کرنے والا، بپتا میں کام آنے والا.
(ب) اند. حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب.

مشکل گھڑی/ وقت اند. کٹھن گھڑی، مصیبت کا یا آڑا وقت.

مُشْکِلات (ضم م، سک ش، کس ک) امث؛ ج.
مشکلیں، دقتیں، مصیبتیں، الجھنیں، دشواریاں.

مِشْکوٰۃ (کس م، سک ش، ابشکل و) (الف) اند.
وہ طاق جس میں چراغ رکھا جائے، فانوس، چراغ دان. (ب) امث. حدیث کی مشہور کتاب، مشکوٰۃ شریف، مشکوٰۃ المصابیح کا مخفف. [ع].

مَشْکُور (فت م، سک ش، و مع) صف.
۱. جس کا شکر ادا کیا جائے، جس نے احسان کیا ہو. ۲. مقبول، پسندیدہ، شکر کیا ہوا. ۳. احسان مند، شکر گزار، ممنون (اردو صرف). [ع].

مَشْکُوک (فت م، سک ش، و مع) صف.
۱. جس پر شک کیا جائے، جس کے بارے میں ایک سے زیادہ رائے ہوں اور صحت میں شبہ ہو، شک کیا گیا. ۲. مبہم، غیر واضح. ۳. (شخص) جس پر کسی جرم یا برائی کا الزام یا شبہ ہو، مشتبہ. [ع].

مشکوک نظر/ نگاہ سے دیکھنا ف مر؛ محاورہ. شک کرنا، شبہ ظاہر کرنا

مُشْکی (ضم م، سک ش) (الف) صف.
مشک کے رنگ کا، سیاہ، کالا. (ب) اند. مشکی گھوڑا، سیاہ رنگ کا گھوڑا

مَشْکِیزَہ (فت م، سک ش، ی مع، فت ز) اند.
چھوٹی مشک نیز چمڑے کی بوتل. [ف].

مُشْکِیں (ضم م، سک ش، ی مع) صف؛ ج.
مشک سے منسوب یا متعلق، مشک کے رنگ کا، سیاہ؛ معطر، بہت خوش بو دار.

مُشْکیں (ضم م، سک ش، ی مج) امث؛ ج.
ہاتھ کی کہنی سے اوپر کے حصے، کہنیاں، بازو.

مشکیں کسنا محاورہ. کسی کے دونوں بازوؤں کو پشت کی جانب رسی وغیرہ سے باندھنا تاکہ ہاتھوں کو حرکت نہ دے سکے، گرفتار کرنا مجبور کرنا.

مَشْمُول (فت م، سک ش، و مع) صف.
شامل کیا ہوا، شریک کیا گیا، سب طرف سے گھیرا گیا، شمار میں کیا ہوا. [ع].

مَشْمُولَہ (فت م، سک ش، و مع، فت ل) صف.
شامل، شریک، شامل کیا ہوا، شمار میں لیا ہوا؛ ملا ہوا، ملحق.

مِشَن (کس م، فت ش) اند.
۱. مقصد، (مشن) پورا کرنے سے متعلق کام، مقصد سے متعلق چیزیں فرائض، مقصد حیات، مخصوص فرائض منصبی. ۲. رسالت، پیغمبری ۳. عیسائیوں کی تبلیغی جماعت، دینی تبلیغ کا کام یا مرکز. ۴. وفد، کمیشن ۵. پادریوں کے رہنے کی جگہ. [انگ].

مِشَنَری (کس م، سک ش، فت ن) اند.
مشن (عیسائیت کی تبلیغ) سے متعلق یا منسوب، پادری لوگ جو مذہب پھیلانے کے واسطے بھیجے جاتے ہیں، پادریوں کا گروپ جو عیسائیت کی تعلیم دیتا ہے، عیسائی مبلغ. [انگ].

مَشْوَرَت (فت م، سک ش، فت و، ر) امث.
۱. آپس میں سوچ بچار، صلاح یا رائے کا تبادلہ کرنا، صلاح، مشورہ

باہمی تجویز. ۲. مشاورت کی کونسل، پنچایت کمیٹی؛ سازش، مسکوٹ. [ف].

مَشْوَرَہ (فت م، سک ش، فت و، ر) اند.
کسی معاملے میں دوسرے کی صلاح یا رائے معلوم کرنے کا عمل، باہمی تجویز، منصوبہ. [ع].

مشورہ دینا ف مر؛ محاورہ. صلاح دینا، رائے دینا.

مَشْہَد (فت م، سک ش، فت ہ) اند؛ امث.
۱. حاضر ہونے کی جگہ، وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں خاص طور پر دینی رسوم ادا کرنے کے لیے، وہ مقام جہاں لوگوں کا اجتماع ہو. ۲. شہادت گاہ، شہید ہونے کی جگہ نیز شہیدوں کا قبرستان، میدانِ کارزار جہاں لوگ شہید ہوتے ہیں. [ع].

مَشْہُود (فت م، سک ش، و مع) صف.
۱. مشاہدہ کیا گیا، جس کے وجود کی گواہی دی گئی، موجود، جو سب کے سامنے واقع یا رونما ہو، ثابت کیا گیا، محقق (صوفیا مشہود سے وجود واحد یعنی ذات خداوندی مراد لیتے ہیں). ۲. ظاہر، واضح. [ع].

مَشْہُور (فت م، سک ش، و مع) صف.
(اچھائی یا برائی کے لیے) شہرت دیا گیا، جسے اکثر لوگ جانتے پہچانتے ہوں، نامور یا بدنام، معروف، نامی. [ع].

مشہور زمانہ صف. عالمگیر شہرت رکھنے والا، دنیا بھر میں مشہور.

مشہور کرنا ف مر؛ محاورہ. شہرت دینا، منادی کرنا، اعلان کرنا.

مَشْہُور و معروف صف. بڑی شہرت والا، نام دار جسے سب جانتے ہوں.

مشہور ہونا محاورہ. ۱. زبان زد خلائق ہونا، شہرت پانا، نام پانا، ناموری حاصل ہونا. ۲. ظاہر ہونا، طشت از بام ہونا. ۳. مانا جانا؛ تسلیم کیا جانا؛ ضرب المثل ہونا.

مشہور ہے فقرہ. افواہ ہے، چرچا ہے، کہتے ہیں.

مَشْہُوری (فت م، سک ش، و مع) امث.
مشہور ہونے کی حالت یا کیفیت، مشہور ہونا، شہرت، ناموری.

مَشِیّت (فت م، ی مع، شد ی مع مت) امث.
۱. خواہش، مرضی، ارادہ. ۲. خدا تعالیٰ کی مرضی و خواہش، ارادۂ الٰہی. ۳. قسمت، تقدیر. [ع].

مشیت اِلٰہی امث. خدا کی مرضی.

مَشِیخَت (فت م، ی مع، فت خ) (الف) اند.
بوڑھے آدمی، بوڑھا ہونا، عمردراز ہونا. (ب) امث. ۱. بزرگی، بڑائی. ۲. شیخی، غرور، جھوٹا دعویٰ، گھمنڈ. [ع].

مُشِیر (ضم م، ی مع) صف.
مشورہ یا رائے دینے والا، تدبیر بتانے والا؛ صلاح دینے والا.

مَشِین (فت م، ی مع) امث؛ اند.
۱. کل (آلہ) جس کے ذریعے کوئی کام آسانی سے اور جلدی کیا جائے، اس میں کئی پرزے ہوتے ہیں اور ہر پرزہ اپنا اپنا کام کرتا ہے، کلیں چھوٹی بڑی ہوتی ہیں اور مختلف صورتوں میں کام آتی ہیں، محرک پرزہ یا کل. ۲. سینے کی کل، کپڑے سینے کا آلہ، سلائی مشین. ۳. (طباعت) چھاپنے کی کل، چھپائی کی مشین. ۴. (مجازا) متحرک جسم، انسانی یا حیوانی ڈھانچا. [انگ].

مشین بن جانا ف مر؛ محاورہ. مسلسل کام کرنا، مصروف رہنا، تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنا.

مشین کی طرح کام کرنا محاورہ. تیز، باقاعدہ اور متواتر کام کرتے رہنا.

مشین گن امث. چھوٹی توپ جس سے مسلسل گولیاں چلائی جاتی ہیں، کل دار توپ.

مشین مین اند. مشین پر کام کرنے والا، مشین چلانے والا (طباعت)، وہ آدمی جو چھاپے خانہ کی مشین چلائے.

مَشِینَری (فت م، ی مع، فت ن) امث.
۱. مشینوں (کلوں) کا مجموعہ، بڑی مشین جس کے بہت سے کل پرزے ہوں. ۲. اداروں کا کوئی امتزاج یا نظام جس کے ذریعے عمل کو جاری و ساری رکھا جا سکے، سسٹم، نظام کار. [انگ].

مَشِینی (فت م، ی مع) صف؛ م ف.
مشین سے متعلق یا منسوب، مشین کا سا، مشین کی طرح.

مشینی دور اند. مشین سے کام کرنے کا زمانہ، وہ دور جس میں مشینوں سے زیادہ کام لیا جاتا ہو.

مُصاحِب (ضم م، کس ح) صف: اِمذ.
۱. ہم صحبت، ہم نشین، رفیق، دوست، ساتھی، جلیس، خاص دوست.
۲. ایک عہدہ خصوصاً سلاطین یا امرا کی صحبت میں رہنے والا شخص، عموماً ذہانت اور خوش رکھنے کی صفت کا حامل ہوتا ہے، خاص خدمت گار.
[ع].

مُصاحَبَت (ضم م، فت ح، ب) امث.
ایک دوسرے کے ساتھ رہنا، ہم نشینی، میل جول، پاس اٹھنا بیٹھنا، سنگت، ساتھ.

مَصادِر (فت م، کس د) امذ: ج.
۱. صادر ہونے کی جگہیں، نکلنے کی جگہیں، نکلنے کے مقامات، ذرائع، اسباب، بنیادیں، جڑیں. ۲. (قواعد) وہ کلمے جن سے مختلف افعال اور الفاظ نکلتے ہیں اور جو کسی کام کے وقوع کو بے قید زمان ظاہر کرتے ہیں. ۳. (اصطلاح تحقیق) کتب حوالہ اور ماخذ.

مَصارِف (فت م، کس ر) امذ: ج.
رقم استعمال میں لانا، اخراجات، خرچ کی مختلف مدیں. [ع].

مُصافَحہ (ضم م، فت ف، ح) امذ.
ملتے یا جدا ہوتے وقت یا کسی مبارک یا خوشی کے موقعے پر، کوئی ارادہ یا عہد و پیمان کرتے وقت یا رفع نزاع کے بعد میل کرتے وقت باہم ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا عمل. [ع].

مَصالَح (فت م، ل) امذ: ~ مسالا.
دیکھیے: مسالہ.

مَصالِح (فت م، کس ل) امذ: ج.
وہ باتیں یا معاملے جن سے بھلائی ہو، مصلحتیں، نیکیاں. [مصلحت کی جمع].

مُصالِح (ضم م، کس ل) کصف.
(فقہ) وہ وارث یا شریک جو دین مشترک یا ترکے میں سے کسی شے معلوم کو لے کر علیحدہ ہو جائے اور دوسرے وارث یا شریک اس پر راضی ہوں، صلح کرنے والا. [ع].

مُصالِحانَہ (ضم م، کس ل، فت ن) صف: م ف.
جس میں صلح صفائی یا میل ملاپ ہو، صلح آمیز، دوستی کا، دوستانہ.

مَصالِحَت (فت م، کس ل، فت ح) امث.
نیک صلاح، اچھا مشورہ، مناسب تجویز.

مُصالَحَت (ضم م، فت مج ل، فت ح) امث.
باہمی صلح صفائی، میل ملاپ، آپس میں صلح کرنا.

مصالحت کرانا ف مر: محاورہ. دوستی کرانا، صلح صفائی یا میل ملاپ کرانا

مَصالِحَتی (فت م، کس ل، فت ح) صف.
مصلحت سے متعلق یا منسوب، بہتری سے متعلق، مصلحتی.

مَصالِحَہ (فت م، کس ل، فت ح) امذ.
دیکھیے: مسالا جو صحیح املا ہے. ۱. سالن کے لوازمات، نمک، مرچ، لہسن پیاز اور گرم مصالحہ وغیرہ. ۲. (معماری) چونا، گچ وغیرہ جو عمارتوں کی تعمیر کے کام آتا ہے. ۳. گوٹا کناری، لیس، گوٹا جو کپڑوں کی زینت بڑھانے کے لیے ٹانکا جاتا ہے.

مصالحہ لگانا ف مر: محاورہ. کسی بات کو موجب توجہ، چٹپٹا یا مزے دار بنانے کے لیے حاشیہ چڑھانا.

مَصائِب (فت م، کس ء) امذ: امث: ج.
۱. تکلیفیں، مصیبتیں، آفتیں، بلائیں. ۲. شہدائے کربلا کے آلام کا تذکرہ

مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑنا محاورہ. بہت زیادہ مصیبتیں نازل ہونا سخت تکلیفیں آنا.

مصائب و آلام امذ: ج. بہت زیادہ پریشانیاں اور تکلیفیں.

مِصْباح (کس م، سک ص) امذ.
۱. چراغ، شمع. ۲. صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ، جام صبوحی. [ع

مُصْحَف (فت نیز ضم م، سک ص، فت ح) صف: امذ.
۱. جمع کیا گیا؛ وہ چیز جس میں لکھے ہوئے کاغذوں کے ٹکڑے جمع کیے جائیں، وہ چیز جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں، طبلق، کتاب جلد؛ صفحہ، لکھا ہوا ورق. ۲. (مجازاً) قرآن مجید. ۳. (مجازاً) عارض رخسار رخ (شعرا محبوب کے رخسار یا چہرے کو مصحف سے تشبیہ دیتے ہیں جیسے؛ مصحف رخ، مصحف رو وغیرہ). [ع].

مصحف پاک صف: امذ. (احتراماً) قران پاک.

مُصَحَّف (ضم م، فت ص، شد ح بفت) صف : اند.
تصحیف کیا گیا : ایسا لفظ جو نقطے یا زبر و زیر وغیرہ کے فرق سے کچھ اور پڑھا جائے، وہ حرف جس کے نقطے بدل دیے گئے ہوں، تصحیف شدہ. [ع].

مُصْحَفی (ضم م، سک ص، فت ح) صف.
مصحف سے نسبت رکھنے والا : قرآن پاک کا، قرآنی.

مِصْداق (کس م، سک ص) اند.
۱. وہ شے جس پر کوئی معنی منطبق ہو سکے یا جس پر کوئی مضمون صادق آئے، وہ چیز جس کا مفہوم کسی دوسری چیز پر صادق آئے. ۲. وہ چیز جو کسی کی صفائی ثابت کرے، آلۂ تصدیق، ثبوت صداقت، ثبوت کنندہ. ۳. تصدیق کرنے والا، گواہ، موافق : گواہی، شہادت. ۴. وہ بات جسے آدمی سچ سمجھیں، دلیل، راستی سخن. [ع].

مُصَدَّر (ضم م، فت ص، شد د بفت) اند.
۱. صادر ہونے یعنی نکلنے یا شروع ہونے کی جگہ : منبع، اصل، بنیاد. ۲. وہ جگہ جہاں کوئی جائے یا پہنچے، نکلنے بڑھنے اور پھر کے آنے کی جگہ : سبب، باعث. ۳. (قواعد) وہ کلمہ جس سے بلاقید زمانہ کے کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے اور فعل اور صیغے مشتق ہوں، وہ کلمہ جو جملہ افعال کی اصل بہ اعتبار اشتقاق ہو. [ع].

مُصَدَّق (ضم م، فت ص، شد د بفت) صف.
تصدیق کیا ہوا، آزمایا یا تجربہ کیا گیا، تصدیق شدہ. [ع].

مُصَدِّق (ضم م، فت ص، شد د بکس) صف.
۱. سچ جاننے والا نیز سچائی کی تصدیق کرنے یا گواہی دینے والا، سچ ثابت کرنے والا، ثابت کرنے والا، جو تصدیق کرے. ۲. صدقہ لینے والا، صدقہ جمع کرنے والا. [ع].

مُصَدَّقہ (ضم م، فت ص، شد د بفت، فت ق) صف.
جس کی تصدیق کی گئی ہو، خصوصاً سرکاری طور پر تصدیق شدہ : مصدق کی تانیث.

مِصْر (کس م، سک ص) اند (ج : امصار).
۱. شہر، قصبہ، دیار، نگر، نگری : شہر مرکزی، بڑا شہر، ملک. ۲. افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک کا نام جو حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی وجہ سے مشہور ہے.

مُصِر (ضم م، کس ص) صف.
اصرار کرنے والا، کسی بات یا کام پر اڑنے والا، ہٹیلا، ضدی. [ع].
مصر ہونا ف مر : محاورہ. بہت اصرار کرنا، بہت زور دینا.

مِصْرَع (کس م، سک ص، فت ر) اند : ← مصرعہ.
۱. دروازے کا ایک تختہ، کواڑ کا پٹ، ایک طرف کا کواڑ. ۲. آدھا شعر، پد، بیت یا فرد کا نصف حصہ. [ع].
مصرع اٹھانا محاورہ. ۱. گانے یا غزل کے بول کو اونچا پڑھنا یا دہرانا. ۲. مجلس شعر میں سامعین میں سے ایک یا چند کا شاعر کے مصرع کی تعریفی انداز میں تکرار کرنا.
مصرع طرح اند. (شاعری) وہ مصرع جو بحر، قافیہ اور ردیف بتانے کے لیے بطور طرح غزل کے لیے تجویز کیا جائے.
مصرع لگانا محاورہ. کسی ایک مصرعے پر اپنی جانب سے دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا، گرہ لگانا.

مِصْرَعَہ (کس م، سک ص، فت ر، ع) اند.
آدھا شعر، بیت کا نصف حصہ، پد.

مَصْرَف (فت م، سک ص، فت ر) اند.
۱. کسی چیز کے استعمال یا خرچ کرنے کی جگہ، خرچ کرنے کا موقع، خرچ کی مد، خرچ. ۲. کام، مطلب، غرض. [ع].

مُصْرِف (ضم م، سک ص، کس ر) صف.
فضول خرچ، بے حساب خرچ کرنے والا. [ع].

مَصْرُوف (فت م، سک ص، و مع) صف.
۱. صرف کیا ہوا، صرف کیا گیا، پھیرا گیا. ۲. کام میں لگا ہوا، مشغول، دھیان لگایا ہوا. [ع].
مصروف ہو جانا/ ہونا محاورہ. مشغول ہونا، کام میں لگا ہونا : خالی نہ رہنا.

مَصْرُوفِیات (فت م، سک ص، و مع، کس نیز سک ف) امث : ج.
مصروفیت کی جمع : بہت سارے کام، بہت سے مشغلے، مختلف کام.

مَضْرُوفِیَّت (فت م، سک ض، وُمع، شدی مع ہفت) امث.
مصروف ہونے کی حالت، شغل، مشغولی، مشغولیت، کسی کام میں لگا ہونا.

مِصْری (کس م، سک ص) (الف) صف: اذ.
۱. مصر (علم) سے تعلق یا نسبت رکھنے والا، مصر سے منسوب، مصر کا. ۲. مصر کا رہنے والا، مصر کا باشندہ. ۳. مصر کا بنا ہوا ایک قیمتی کپڑا. (ب) امث. نہایت شیریں اور مصفا قند جو بطور خاص ڈلی یا کوزے کی شکل میں تیار کی جاتی ہے، شیرے کی مقدار سے زائد مٹھاس یعنی کھانڈ یا قند جو زائد مقدار میں پانی میں حل کر دیا گیا ہو شیرے میں جم جاتا ہے اس کو اصطلاحاً مصری کہتے ہیں جو بطور خاص تیار کی جاتی ہے، قند کی ٹھوس بلوری قلم یا ڈلی. [ع].
مصری کی ڈلی (الف) امث. مصری کا ٹکڑا. (ب) صف. (مجازاً) نہایت شیریں، قند کے مزے کی؛ (کنایۃً) پُرلطف، دلچسپ (بات، کلام وغیرہ).

مُصْطَفائی (ضم م، سک ص، فت ط) صف.
مصطفیٰ (علم) سے منسوب یا متعلق، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرز زندگی کا یا ان کا بتایا ہوا (نظام)؛ (مجازاً) شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیرو، مسلمان، مصطفوی.

مُصْطَفَوی (ضم م، سک ص، فت ط، ف) صف.
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منسوب یا متعلق، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کی پیروی کرنے والا؛ (مجازاً) مسلمان.

مُصْطَفیٰ / مُصْطَفے (ضم م، سک ص، فت ط، الف بشکل ی) صف: اذ.
برگزیدہ، مقبول، چنا ہوا؛ (خداوند تعالیٰ کا) انتخاب کیا ہوا، پسندیدہ، منظور نظر، ممتاز، بدخصلتوں سے پاک صاف کیا گیا؛ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک لقب. [ع].

مَصْطَکی / مَصْطَگی (فت م، سک ص، فت ط) امث.
(طب) ایک درخت کا خوش بودار گوند جس کا رنگ سفید زردی مائل شفاف اور مزے میں کسی قدر شیریں ہوتا ہے، مختلف امراض میں دوا کے طور پر مستعمل. [یو].

مُصْطَلَحات (ضم م، سک ص، فت ط، ل) اذ: ج.
کسی خاص شعبۂ علم و فن یا پیشے کے لیے وضع کردہ الفاظ، اصطلاحیں.

مُصَغَّر (فت م، ص، شد غ بفت) صف: اذ.
چھوٹا کیا گیا، تصغیر کیا ہوا؛ (قواعد) وہ اسم جس میں چھوٹا پن پایا جائے، جیسے: کمان سے کمانچہ، کتاب سے کتابچہ وغیرہ. [ع].

مُصَفّا / مُصَفّیٰ / مُصَفّے (ضم م، فت ص، شد ف) صف.
صاف کیا گیا، پاک، صاف، صاف کیا ہوا، نتھرا ہوا، پاکیزہ. [ع]
مصفا / مصفیٰ / مصفے پانی اذ. مقررہ طریقے سے صاف یا تقطیر کیا ہوا پانی، غیر ضروری اجزا یا کدورت سے پاک نیز روشن.

مُصَفّی (ضم م، فت ص، شد ف) (الف) صف.
صاف کرنے والا، نتھارنے والا. (ب) امث. (طب) گردے کی ورید جو خون سے مائیت بول کو صاف کرتی ہے. [ع].

مُصَلّا (ضم م، فت ص، شد ل) اذ: ~ مصلیٰ / مصلے.
۱. نماز پڑھنے کی جگہ، مسجد، عبادت گاہ، عبادت خانہ. ۲. وہ مقام جہاں عیدین و استسقا کی نمازیں ادا کی جائیں، عیدگاہ، خصوصاً عیدگاہ شیراز جو نہایت پرفضا میدان میں ہے. ۳. مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ، جب فقہ کے چار مسلک بن گئے تو مسجد الحرام میں بھی چار مصلے قائم کیے گئے جہاں پر حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی امام فرائض امامت انجام دیا کرتے تھے مگر آج کل وہاں چار مصلوں کی جگہ صرف ایک حنبلی امام جماعت کراتا ہے. ۴. دری، کپڑا یا چٹا وغیرہ جس پر نماز پڑھی جائے، جانماز. [ع].

مُصْلِح (ضم م، سک ص، کس ع ل) صف.
۱. اصلاح حال کرنے والا، درست کرنے والا، برائیاں دور کرنے والا نیکی کی طرف لانے والا، نقص دور کرنے والا، عیوب دور کرنے والا ریفارمر. ۲. (طب) کسی دوا یا غذا کے مضر اثرات سے بچانے والا ضرر سے بچانے والا. [ع].

مَصْلَحَت (فت م، سک ص، فت ع ل، فت ح) امث.
۱. صلاح مشورہ. ۲. بہتری، بھلائی، خیر و خوبی، عمدگی. ۳. حکمت مشیت، مرضی، ارادہ. ۴. بہتر اور مناسب اقدام، اچھا کام یا بات

۵. حکمت عملی، تدبیر، پالیسی. ٦. مناسبت حال، حکمت و دانائی، دور اندیشی. ۷. غرض، مقصدیت. [ع].

مصلحت اندیش صف. مصلحت سے کام لینے والا، مناسب اور معقول بات سوچنے والا، مقتضائے وقت اور عواقب کا سمجھنے والا، حالات کے مطابق طرز عمل رکھنے والا.

مصلحت اندیشی امث. موقع و محل سے سوچنا، مصلحت سے کام لینا، موقع و عواقب کی مناسبت سے سوچنے اور عمل کرنے کی صلاحیت.

مصلحت پسند صف. مناسب اور معقول بات سوچنے والا، وقت اور حالات کو سامنے رکھ کر اپنے رویے کا تعین کرنے والا، نرم روش اختیار کرنے والا، نتائج کے ڈر سے سچ کی پاس داری نہ کرنے والا.

مصلحت پسندی امث. مصلحت پسند کا کام، مصلحت اندیشی، وقت اور حالات کو پیش نظر رکھنے کا رجحان، مناسبت حالات کے لیے سچ بات کہنے یا صحیح عمل سے گریز کرنے کا رویہ.

مَصْلَحَتاً (فت م، سک ص، فت بع ل، فت ح، تن الف) م ف: ~ مصلحۃً.
مصلحت سے: حالات کے تقاضے کے مطابق، مصلحت کی بنیاد پر، از روئے مصلحت.

مَصْلُوب (فت م، سک ص، و مع) صف.
صلیب پر چڑھایا گیا، جسے سولی دی گئی ہو، دار پر کھینچا گیا، جس کو پھانسی دی گئی ہو، مراداً حضرت عیسیٰ.

مُصَلّیٰ (ضم م، فت ص، شد ل، الف بشکل ی) اند: ~ مصلے.
نماز پڑھنے کی جگہ، جائے نماز، بوریا، دری وغیرہ جس پر نماز پڑھی جائے.

مُصَلّی (ضم م، فت ص، شد ل) صف: اند.
۱. صلوٰۃ ادا کرنے والا، نماز پڑھنے والا، نمازی نیز مومن، مسلمان؛ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے والا. ۲. چھوٹی مسجد، نماز پڑھنے کی چھوٹی جگہ. ۳. نو مسلم، خاکروب جو میلا اٹھانا چھوڑ دیتے ہیں اور صرف صفائی کا کام کرتے ہیں. [ع].

مُصَلّے (ضم م، فت ص، شد ل) اند: ج.
دیکھیے: مصلا، مصلی کی جمع نیز ~ مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل؛ جانمازیں، مسجد کی چھوٹی چٹائیاں.

مُصَمِّت (ضم م، فت ص، شد م بکس) صف.
خاموش کرنے والا، زبان بند کر دینے والا، چپ کرانے والا. [ع].

مُصَمَّم (ضم م، فت ص، شد م بفت) صف.
۱. (عہد، عزم وغیرہ) پختہ، مضبوط، مستحکم، استوار، محکم. ۲. پختہ طور پر، پختہ ارادے کے ساتھ، ضرور بالضرور. [ع].

مصمم ارادہ اند. پکا ارادہ، عزم بالجزم، پختہ ارادہ، مضبوط اور مستحکم ارادہ.

مُصَنِّف (ضم م، فت ص، شد ن بکس) اند.
اپنے ذہن یا معلومات وغیرہ کی مدد سے کتاب، کتابچہ، مضمون وغیرہ لکھنے والا، تصنیف کرنے والا، نظم یا نثر کی کتاب تالیف کرنے والا، دیوان جمع کرنے والا. [ع].

مصنف تجزیہ کارڈ اند. کتب خانے کی فہرست کا وہ کارڈ جس میں مصنف کا نام جلی افقی لکیر پر دوسری عمودی لکیر سے شروع کیا جاتا ہے اور اگلی سطر میں عنوان تیسری عمودی لکیر سے درج کیا جاتا ہے، عنوان کے بعد علامت سکتہ لگا کر صفحات کے لیے ص لکھ کر وقف لازم اس کے بعد وقف لازم سے تین گنی لکیر درمیان میں ڈال کر صفحات کی تعداد درج کی جاتی ہے.

مُصَنَّفَہ (ضم م، فت ص، شد ن بفت، فت ف) صف امث.
تصنیف کی ہوئی (کتاب یا رسالہ، تصنیفیں اور لکھی ہوئی کتابیں).

مُصَنِّفَہ (ضم م، فت ص، شد ن بکس، فت ف) امث.
مصنف کی تانیث، لکھنے والی، تصنیف کرنے والی، مصنف عورت.

مُصَنِّفِین (ضم م، فت ص، شد ن بکس، ی مع) اند: ج.
مصنف کی جمع، تصنیف کرنے والے، کتابیں لکھنے والے لوگ.

مَصْنُوع (فت م، سک ص، و مع) (الف) صف.
۱. بنایا ہوا، کاری گری سے پیدا کیا ہوا؛ تخلیق کیا ہوا. ۲. (کنایۃً) مخلوق. (ب) اند. شاعری میں ایسا بیان جس میں محاسن لفظی و معنوی سے کام لیا جائے، تصنع سے پُر کلام. [ع].

مَصْنُوعات (فت م، سک ص، و مع) امث: ج.
۱. بنائی ہوئی چیزیں، تیار کردہ اشیا. ۲. بناوٹیں، تصنعات، بناوٹی چیزیں.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مَصْنُوعی (فت م، سک ص، و مع) صف.
۱. بنایا ہوا، تیار کیا ہوا، خود ساختہ، جو قدرتی نہ ہو، ہاتھ یا مشین کا تیار کردہ. ۲. غیر حقیقی، جعلی؛ بناوٹی، نقلی، دکھاوے کا.

مصنوعی تنفس امذ. (طب) کسی زہر کے اثر، پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے دم گھٹ کر عمل تنفس بند ہو جاتا ہے اس کو بحال کرنے کا مصنوعی طریقہ جس میں معالج مریض کی کمر اور پیٹ پر سارا وزن دونوں ہاتھوں سے ڈالتا ہے اور آہستہ آہستہ دباتا ہے اس طرح ازسرنو تنفس جاری ہو جاتا ہے یا پھر مریض کے منہ پر منہ رکھ کر تنفس دیتا ہے.

مصنوعی سیارہ امذ. ایک وضع کا راکٹ جو خلائی سفر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، روس اور امریکہ نے یہ مصنوعی سیارے ایجاد کیے ان کا مقصد یہ تھا کہ ان سیاروں کے ذریعے زمین کی بیرونی فضا اور کائنات کے اسرار کا کھوج لگایا جائے تاکہ چاند اور دیگر اجرام فلکی تک انسان کی رسائی ممکن ہو سکے.

مصنوعی قلت امث. (معاشیات) قلت جو غیر حقیقی ہو، حالات کی تبدیلی کے ذریعے پیدا کی ہوئی قلت.

مصنوعی کھاد امث. (کاشت کاری) مختلف کیمیاوی مرکبات سے تیار کردہ کھاد، نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم مہیا کرنے والی کھاد، کیمیاوی کھاد.

مُصَوَّتَہ (ضم م، فت ص، شد و بکس، فت ت) امذ.
(لسانیات) جن آوازوں کے لیے منھ کو نسبتاً زیادہ وا کرنا پڑتا ہے اور جن کی ادائیگی کے وقت مرتعش ہوا کے لیے رکاوٹ نہیں ہوتی بلکہ راستہ نسبتاً صاف ہوتا ہے وہ مصوتے کہلاتے ہیں.

مُصَوِّر (ضم م، فت ص، شد و بکس) صف؛ امذ.
۱. صورت بنانے والا، خالق، اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات میں شامل ایک اسم. ۲. تصویر بنانے یا کھینچنے والا، سراپا کا نقش اتارنے والا، انسانی چہرے کے نقش و نگار کاغذ پر ابھارنے والا فن کار، نقاش، آرٹسٹ. ۳. رنگ بھرنے والا، بیل بوٹے بنانے والا؛ مراد: خداوند تعالیٰ. [ع].

مُصَوِّری (ضم م، فت ص، شد و بکس) امث.
مصور کا کام یا پیشہ، تصویر کشی، تصویر کھینچنا، نقاشی.

مَصُون (فت م، سک ص، و مع) صف.
نگہبانی کیا گیا، محفوظ، بچا ہوا. [ع].

مُصِیبَت (ضم م، ی مع، فت ب) امث؛ ج.
۱. رنج، دکھ، تکلیف، سختی، آفت، بلا، عذاب. ۲. حادثہ، صدمہ، نحوست، ادبار، بداقبالی. ۳. دقت، مشکل، دشواری. ۴. وبال، جنجال، نہایت تکلیف دہ صورت حال.

مصیبت بن جانا / بننا ف مر؛ محاورہ. مبتلائے آفت ہو جانا، عذاب جان ہو جانا، دوبھر ہو جانا.

مصیبت بننا ف مر؛ محاورہ. باعث تکلیف و اذیت بننا، پریشانی کا سبب بن جانا.

مصیبت جھیلنا محاورہ. ۱. دکھ یا سختی برداشت کرنا، دکھ اٹھانا. ۲. تنگی سے گزر بسر کرنا، سخت محنت و مشقت کرنا، دقت سے گزر ہونا.

مصیبت زدہ صف. دکھ تکلیف یا آفت کا مارا، بدنصیب، پریشان حال، تباہ حال، مفلس، خستہ حال، مفلوک، آفت زدہ، بدبخت.

مصیبت کبھی تنہا نہیں آتی کہاوت. کہتے ہیں کہ انسان پر جب کوئی برا وقت آئے تو پریشانیاں اور بڑھ جاتی ہیں.

مصیبت گلے پڑنا محاورہ. دکھ، تکلیف، پریشانی میں مبتلا ہونا، از خود مصیبت میں پڑنا.

مصیبت مول لینا محاورہ. خواہ مخواہ یا بیٹھے بٹھائے کوئی آفت یا جھگڑا وغیرہ اپنے ذمے لینا.

مصیبت میں پڑنا ف مر؛ محاورہ. کسی آفت یا جھگڑے میں مبتلا ہونا، بلا میں پھنسنا، مشکل یا دقت میں مبتلا ہونا.

مصیبت میں گرفتار ہونا محاورہ. کسی آفت، مشکل یا پریشانی میں مبتلا ہو جانا.

مصیبت میں مبتلا کر دینا ف مر؛ محاورہ. کسی آفت یا جھگڑے میں ڈال دینا، پریشانی میں مبتلا کر دینا.

مصیبت نازل ہونا محاورہ. یکایک مصیبت میں گرفتار ہونا.

مُضارِب (ضم م، کس ر) صف.

(فقہ) کاروبار میں وہ شریک جو صرف محنت کرے اور مال دوسرے شریک کا ہو. [ع].

مُضارَبت (ضم م، فت ر، ب) امث.

(فقہ) کاروبار میں ایسی شرکت کہ مال ایک کا ہو اور محنت دوسرے کی، نفع میں شریک بنا کر کسی کو تجارت کے لیے مال دینا، کسی اور کی تجارت میں شریک ہونا. [ع].

مُضارِبَہ (ضم م، کس ر، فت ب) امذ.

شراکت کا کاروبار، کاروبار میں شریک ہونا. [ع].

مُضارِع (ضم م، کس ع ر) صف: امذ.

۱. مشابہ، مانند. ۲. (قواعد) ایسا فعل جس میں زمانۂ حال یا مستقبل میں کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے؛ جیسے: آئے، جائے ہو، کرے وغیرہ. ۳. (عروض) ایک بحر کا نام جو بحر منسرح اور بحر ہزج سے مشابہ ہے، منسرح سے اس لیے مشابہ ہے کہ دونوں بحروں میں جزو دوم وتد مفروق پر مشتمل ہے اور ہزج سے اس لیے مشابہ ہے کہ ان دونوں بحروں کے ارکان میں اوتاد اسباب پر مقدم ہیں، وزن، مفاعیل فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن. [ع].

مُضاعَف (ضم م، فت ع) صف، امذ.

۱. دوگنا، دوچند، دونا؛ دُہرا، زیادہ، وافر. ۲. (عربی صرف) وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں. [ع].

مُضاف (ضم م) صف، امذ.

۱. اضافہ کیا گیا، افزوں، زیادہ (شاذ) ۲. (قواعد) وہ اسم جسے اضافت یا نسبت دی جائے، متعلق یا منسوب کیا جائے؛ وہ اسم جو دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے. ۳. جڑا ہوا، پیوستہ، ملا ہوا، نسبت کیا گیا. [ع].

مضاف الیہ صف: امذ. (قواعد) وہ اسم جس کی طرف کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے؛ ترکیب اضافی کا وہ جز جس کی طرف کوئی بات منسوب کی جائے؛ جیسے: "دن کا اجالا" میں "دن".

مُضافات (ضم م) امذ: امث: ج.

۱. وہ باتیں یا چیزیں جو کسی سے علاقہ یا نسبت رکھتی ہوں، تتمہ؛ ضمیمہ جات؛ متعلقات، منسوبات. ۲. کسی شہر یا بڑی بستی یا علاقے کے آس پاس کی چھوٹی بستیاں، علاقہ یا گانو، گرد و نواح، قرب و جوار، مفصلات.

مُضافاتی (ضم م) صف.

مضافات سے منسوب یا متعلق؛ نواحی، آس پاس، قرب و جوار.

مَضامِین (فت م، ی مع) امذ: ج.

۱. وہ عبارتیں یا تحریریں جو کسی خاص موضوع یا عنوان پر لکھی جائیں آرٹیکل، مقالہ. ۲. بہت سے مضمون، معانی، مطالب، نفس مضمون ۳. درس گاہوں کے نصاب میں شامل علوم.

مُضائقَہ/مُضایَقہ (ضم م، فت ء، ق/فت ی، ق) امذ.

۱. ہرج، قباحت، پروا، نقصان، برائی، خرابی. ۲. تنگی، تامل، کوتاہی دشواری. ۳. ڈر، خوف. [ع].

مَضبُوط (فت م، سک ض، و مع) صف.

۱. ضبط کیا گیا، قبضہ کیا گیا. ۲. مستحکم، غیر متزلزل. ۳. (i) پائیدار، دیرپا، پکا. (ii) سخت گٹھا ہوا. ۴. (مجازاً) ثابت قدم، قائم، کربستہ، مستقل مزاج، متین. ۵. قوی، توانا، طاقت ور، شہ زور. [ع].

مضبوط دلائل امذ: ج. مستند اور ٹھوس دلیلیں.

مضبوط کاٹھی صف. سخت گٹھا ہوا، تناور جسم.

مَضبُوطی (فت م، سک ض، و مع) امث.

۱. پائداری، استواری، استحکام. ۲. (مجازاً) سختی، پختگی. ۳. استقلال، ہمت، جرات. ۴. طاقت، توانائی. ۵. تقویت، اطمینان، تسلی، اطمینان خاطر، دل جمی.

مُضحَک (ضم م، سک ض، فت ح) امذ.

ہنسی، ٹھٹھا، مذاق، تمسخر. [ع].

مُضحِک (ضم م، سک ض، کس ح) صف.

۱. (واقعہ) یا چیز جس پر ہنسا جائے یا جس کا مذاق اڑایا جائے؛ مضحکہ خیز. ۲. نقال، مسخرہ، جس کو دیکھ کر ہنسی آئے. [ع].

مُضحِکات (ضم م، سک ض، کس ح) امذ: ج.

لطیفے یا باتیں جنھیں سن کے یا پڑھ کر ہنسی آئے، ہنسانے والی باتیں، مضحکہ خیز لطائف و حکایات.

مَضحَکہ (فت م، سک ض، فت ح، ک) اِمذ.
۱. ہنسی اُڑانے کا عمل، تمسخر، ٹھٹھا، مذاق. ۲. (i) دل لگی کی بات، ایسی بات جس پر لوگ ہنسیں. (ii) لطیفہ. ۳. ایسی چیز جو تمسخر کا باعث ہو، تماشا، کھیل.

مضحکہ انگیز صف. ہنسانے والا، مضحکہ خیز (چیز یا بات).

مضحکہ خیز صف. جس پر ہنسی آئے، قابلِ تمسخر، مذاق میں ڈالنے والا امر؛ ہنسی لانے والی بات.

مُضِر (ضم م، کس ض) صف.
۱. غیر مفید، زبوں. ۲. (طب) نقصان پہنچانے والا، نقصان دہ دوا وغیرہ. [ع].

مضر اثرات اِمذ؛ ج. نقصان پہنچانے والے اثرات، بُرے اثرات.

مضرِ صحت صف. صحت کے لیے نقصان دہ، صحت کو نقصان پہنچانے والا

مِضراب (کس م، سک ض) اِمث؛ اِمذ.
(موسیقی) انگلی کی مدد سے ساز خصوصاً ستار وغیرہ بجانے کا ایک چھوٹا سا آلہ، زخمہ، ناخنہ، ڈنکا. [ع].

مَضَرَّت (فت م، ض، شد ر بفت) اِمث.
۱. ضرر، نقصان، زیاں، خسارہ. ۲. جسمانی تکلیف، گزند.

مضرت رساں صف. ضرر پہنچانے والا، نقصان دینے والا، زیاں کار.

مَضرُوب (فت م، سک ض، و مع) صف؛ اِمذ.
۱. وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو، چوٹ کھایا ہوا، ضرب کھایا ہوا، زخمی. ۲. مسکوک، جس پر سکہ (ٹھپا) لگا ہوا ہو؛ ڈھالا ہوا (سکہ). ۳. (ریاضی) ضرب دیا گیا، جس عدد کو ضرب دیں مثلاً ۲ سے ۵ کو ضرب دیں تو عدد (۲) مضروب فیہ اور ۵ مضروب ہے، وہ عدد جسے ضرب دینا ہو. [ع].

مضروب فیہ صف، اِمذ. (ریاضی) وہ عدد جس سے ضرب دیں، مثلاً ۲ سے ۵۰ کو ضرب دیں تو ۲ مضروب فیہ ہے.

مضروب ہونا ف مر؛ محاورہ. زخمی ہونا، چوٹ کھایا ہوا ہونا.

مُضطَر (ضم م، سک ض، فت ط) صف.
بے چین، بے تاب، پریشان، بے قرار. [ع].

مُضطَرِب (ضم م، سک ض، فت ط، کس ر) صف.
جس میں اضطراب پایا جائے، بے چین، بے قرار، بے تاب، بے کل. [ع].

مضطرب رہنا ف مر؛ محاورہ. بے قرار رہنا، بے چین ہونا، تڑپتا رہنا، بے تاب رہنا.

مضطرب ہونا ف مر؛ محاورہ. بے چین ہونا، بے قرار ہونا.

مُضطَرِبانَہ (ضم م، سک ض، فت ط، کس ر، فت ن) صف؛ م ف.
پریشان حال؛ بے چینی کے ساتھ، مضطرب ہو کر، بے قرار ہو کر، انتہائی اضطراب کی حالت میں.

مُضغَہ (ضم م، سک ض، فت غ) اِمذ.
۱. گوشت کا ٹکڑا، لوتھڑا. ۲. ماں کے پیٹ میں وہ بچہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو، کچا بچہ، جنین، لوتھڑا. [ع].

مُضمَحِل (ضم م، سک ض، فت م، کس ح) صف.
۱. ہیچ، ناچیز. ۲. محو یا نابود ہونے والا، گم ہونے والا. ۳. جس میں ضعف پیدا ہو جائے، سست، تھکا ہوا. ۴. (i) (مجازاً) بودا؛ ضعیف؛ ناپائیدار؛ کمزور، دبلا، لاغر. (ii) خفیف، ہلکا، مٹا مٹا. ۵. اداس، غم گین، دل گرفتہ، پژمردہ. [ع].

مضمحل ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. کمزور ہونا، ناتواں ہونا، نڈھال ہونا. ۲. خفیف ہونا، مٹا مٹا ہونا.

مُضمَر (ضم م، سک ض، فت م) صف.
پوشیدہ رکھا گیا، پنہاں، چھپا ہوا. [ع].

مَضمُوم (فت م، سک ض، و مع) صف.
۱. پیش لگایا گیا، ضمہ دیا گیا؛ وہ (حرف) جس پر پیش ہو. ۲. (مجازاً) منسلک، شامل. [ع].

مَضمُون (فت م، سک ض، و مع) صف؛ اِمذ.
۱. ضمن میں لیا ہوا؛ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز،، درمیان میں ڈالا ہوا. ۲. (i) معنی، مطلب، مفہوم، بیان، تقریر، متن، نفسِ مضمون. (ii) بات، نکتہ، سخن، قول. ۳. وہ عبارت یا تحریر جو کسی خاص مسئلے پر لکھی جائے، کسی سلسلے میں رقم کی جائے، انشائیہ. ۴. معاملہ، مسئلہ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (ملفوظہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۵.(i) تقریر یا تحریر کا موضوع. (ii) وہ موضوع یا علم وفن کا کوئی شعبہ جو طلبہ کے نصاب میں شامل ہو. [ع].

مضمون آفرینی امث. ذہن سے نئی بات یا نیا خیال پیدا کرنا، کسی پرانے مضمون میں نیا پہلو نکالنا، کسی پرانے مضمون کو نئے ڈھب سے بیان کرنا.

مضمون باندھنا محاورہ. خیال کو شعر میں نظم کرنا.

مضمون لکھنا محاورہ. کوئی تحریر لکھنا، کسی موضوع پر کوئی شذرہ یا تحریر لکھنا.

مضمون نگار صف. انشا پرداز، مقالہ یا مضمون لکھنے والا.

مضمون نویس صف. مضمون لکھنے والا، انشا پرداز.

مضمون نویسی امث. مقالہ لکھنے کا عمل، انشا پردازی.

مُطابِق (ضم م، کس ب) (الف) صف.
مانند، مشابہ، یک ساں، موافق، برابر، ہم صورت، ہم رنگ.
(ب) م ف. بہ موجب، بہ لحاظ، بہ مناسب، کی مناسبت سے.
(ج) امذ. وہ کاپی جو تصحیح کرنے کے بعد چھاپی جائے، مقابلہ کردہ (مسودہ). [ع].

مطابق کرنا ف مر: محاورہ. اصل سے ملانا، موافق یا یک ساں کرنا، مقابلہ کرنا

مُطابَقَت (ضم م، فت ب، ق) امث.
یک سانی، برابری، موافقت، مشابہت، تطابق، موزونی، مناسبت.

مطابقت پیدا کرنا محاورہ. یک سانی یا برابری پیدا کرنا.

مطابقت رکھنا ف مر: محاورہ. مشابہت رکھنا، مثیل ہونا.

مَطاف (فت م) امذ.
گرداگرد پھرنے کی جگہ، طواف کرنے کی جگہ؛ (فقہ) مکہ معظمہ، کعبے کے گرد وہ جگہ جو طواف کرنے کے لیے مقرر ہے. [ع].

مَطالِب (فت م، کس ل) امذ؛ ج.
۱. خواہشات، مقاصد، مرادیں. ۲. مفاہیم، تشریحات.

مُطالبات (ضم م، کس ل) امذ؛ ج.
مطالبہ کی جمع، مطالبے، درخواستیں.

مُطالَبَہ (ضم م، کس ل، فت ب) امذ.
۱. مانگنا، تقاضا کرنا، طلب کرنا. ۲. دعویٰ، درخواست. ۳. اپنا حق چاہنا. [ع].

مطالبہ کرنا محاورہ. مانگنا، اپنے حق کا مطالبہ کرنا؛ تقاضا کرنا.

مَطالِع (فت م، کس ج ل) امذ؛ ج.
۱. طلوع ہونے کی جگہیں، ستاروں کے چڑھنے کے مقامات. ۲. غزل قصیدے کے شروع کے اشعار جس کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں؛ مطلع.

مُطالِعات (ضم م، کس ل) امث؛ ج.
مطالعے، کسی موضوع پر تحقیقی کام کرنا نیز مقالہ یا کتاب تحریر کرنا

مُطالِعَہ (ضم م، کس ج ل، فت ع) امذ.
۱. کسی چیز کو اس سے واقفیت حاصل کرنے کی غرض سے دیکھنا، کسی چیز سے آگاہ ہونا، غور، توجہ، دھیان. ۲. کتب بینی، پڑھائی. [ع].

مطالعہ کرنا ف مر: محاورہ. ۱. کتاب پڑھنا، آگے سبق نکالنا، کتب بینی کرنا. ۲. غور کرنا، توجہ، دھیان دینا، کسی چیز سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اس پر غور وفکر کرنا.

مَطاہِر (فت م، کس ہ) امث؛ ج.
پاک وصاف چیزیں (پانی وغیرہ).

مُطاہِر (ضم م، کس ہ) صف.
پاک صاف کرنے والا، طاہر، طہارت والا؛ (مجازاً) پاک وصاف. [ع].

مَطَب (فت م، ط) امذ.
وہ مکان جہاں طبیب بیماروں کا علاج معالجہ کرے؛ حکیم کا دیوان خانہ. [ع].

مَطْبَخ (فت م، سک ط، فت ب) امذ.
کھانا پکانے کی جگہ، باورچی خانہ. [ع].

مَطْبَع (فت م، سک ط، فت ب) امذ.
کتاب، رسالہ یا اخبار وغیرہ چھاپنے کی جگہ، چھاپہ خانہ، پریس. [ع].

مَطْبُوع (فت م، سک ط، و مع) صف.
چھاپا ہوا، طبع شدہ. [ع].

مَطْبُوعات (فت م، سک ط، و مع) امث؛ ج.
طبع کی ہوئی یا چھاپی ہوئی چیزیں، کتابیں، اخبار، رسالے وغیرہ.

مَطْبُوعَه (فت م، سک ط، و مع، فت ع) صف : مث.

۱. چھپا ہوا، طبع شدہ. ۲. پسند خاطر : طبیعت کے موافق، پسندیدہ محبوب.

مُطْرِب (ضم م، سک ط، کس ر) صف : مذ.

۱. دل خوش کرنے والا. ۲. گویا، گانے والا ؛ مغنی، قوال، ڈوم، موسیقار. [ع].

مطرب خوش نوا صف : مذ. خوش گلو، اچھی آواز میں گانے والا شخص

مُطْرِبانَه (ضم م، سک ط، کس ر، فت ن) صف : م ف.

مطربوں کی طرح کا، مترنم ؛ (مجازاً) رواں.

مُطْرِبَه (ضم م، سک ط، کس ر) صف : مث.

۱. گانے والی (عورت)، گلوکارہ. ۲. گانے والی ؛ (مجازاً) طوائف.

مَطْرُوح (فت م، سک ط، ضم ر) صف.

۱. مردود، کافر. ۲. پھینکا ہوا، نکالا ہوا، رد کیا ہوا، الگ کیا ہوا. ۳. (طب) ناپسند، فاسد. ۴. (کنایۃً) خاک میں ملا ہوا، حقیر، ناپسندیدہ. [ع].

مَطْرُوحات (فت م، سک ط، و مع) مذ : ج.

(ارضیات) تیل اور کوئلے کی طرح کے معدنیاتی ذخائر جو پانی، ہوا، کثاؤ یا دیگر قدرتی عوامل سے جمع ہوئے ہوں.

مَطْرُوحَه (فت م، سک ط، و مع، فت ح) صف.

مسترد شدہ، منسوخ شدہ.

مَطْرُود (فت م، سک ط، و مع) صف.

دھتکارا ہوا، نکالا ہوا، رد کیا ہوا، مردود.

مَطْعُون (فت م، سک ط، و مع) صف.

طعنہ دیا گیا، ملامت کیا گیا ؛ بدنام، رُسوا. [ع].

مطعون ٹھہرنا ف مر : محاورہ. بدنام ہونا، رسوا ہونا، لعنت ملامت کیا جانا.

مُطَلّا (ضم م، فت ط، شد ل) صف.

سونے کا کام کیا ہوا، طلائی، سنہرا، زریں، نقشین. [ع].

مَطْلَب (فت م، سک ط، فت ل) مذ.

۱. مفہوم، مضمون، معنی، مدعا. ۲. مقصد، منشا، خواہش، مطلب کی جگہ. ۳. غرض، سروکار، فائدہ، واسطہ. ۴. شرح، تفسیر، خلاصہ. [ع].

مطلب براری مث. حصول مدعا، حاجت روائی ؛ کام نکالنا.

مطلب پر آنا ف مر : محاورہ. تمہید کے بعد اپنے مقصد کی بات کہنا یا لکھنا.

مطلب پرست صف. کام نکالنے والا، اپنا فائدہ دیکھنے والا، خود غرض، مطلبی.

مطلب رکھنا محاورہ. غرض رکھنا، واسطہ رکھنا، کام رکھنا.

مطلب کا صف. ۱. کارآمد، کام کے قابل، کام کا. ۲. خود غرضی کا، مطلب پر مبنی، غرض کا.

مطلب کی بات مث. ۱. مقصد کی بات، مدعا ؛ (کنایۃً) وصل کی خواہش. ۲. کارآمد بات، کام کی بات، مفید بات.

مطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں کہاوت. غرض نکالنے کے لیے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرتے ہیں.

مطلب نکالنا ف مر : محاورہ. ۱. معنی اخذ کرنا، مطلب ڈھونڈنا. ۲. غرض پوری کرنا.

مَطْلَبی (فت م، سک ط، فت ل) صف.

خود غرض، ابن الوقت ؛ مطلب پرست، مطلب کا یار.

مُطَّلِبی (ضم م، شد ط بفت، فت ل) صف : مذ.

۱. حضرت عبدالمطلب کے خاندان کا نیز حضرت عبدالمطلب کی اولاد ۲. مراد : حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

مَطْلَع (فت م، سک ط، فت ل) مذ.

۱. طلوع ہونے کی جگہ ؛ مراد : مشرق، چاند یا سورج نکلنے کی جگہ. ۲. فضا، آسمان (بادل ہونے یا نہ ہونے کی کیفیت). ۳. (شاعری) غزل قصیدے کے شروع کے بیت یا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ لازمی ہوتا ہے. ۴. (عروض) پہلے مصرع کا پہلا رکن، صدر. [ع].

مطلع ابر آلود رہنا ف مر. آسمان پر گرد و غبار یا بادل چھائے رہنا مطلع صاف نہ ہونا.

مطلع صاف ہونا ف مر : محاورہ. ۱. آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا آسمان پر گرد و غبار نہ ہونا. ۲. کسی کا مانع نہ ہونا، کچھ روک ٹوک نہ ہونا ۳. داڑھی مونچھ کا نہ ہونا، سبزہ کا آغاز نہ ہونا. ۴. دشمنوں سے مقام خالی ہونا. ۵. کسی جگہ ایک آدمی بھی نہ ہونا. ۶. کسی چیز کا اپنی جگہ نہ ہونا.

مطلع ہونا ف مر: محاورہ. (شاعری) مطلع نظم ہو جانا، مطلع موزوں ہونا، شاعر کے ذہن میں مطلع آ جانا.

مُطَّلَع (ضم م، شد ط بفت، فت ل) صف.
اطلاع دیا گیا، واقف، خبردار کیا گیا، آگاہ کیا گیا.

مطلع کرنا ف مر: محاورہ. اطلاع دینا، خبردار کرنا، آگاہ کرنا، واقف کرنا.

مطلع ہونا ف مر: محاورہ. مطلع کرنا کا لازم: خبردار ہونا، واقف ہونا.

مُطْلَق (ضم م، سک ط، فت ل) صف.
۱. جو پابند نہ ہو، آزاد، بے قید، خود مختار، غیر مشروط. ۲. بالکل، قطعی، قطعاً، یکسر. ۳. کامل، محض، نرا، خالص. [ع].

مطلق العنان صف. ۱. جس کی لگام چھوٹ گئی ہو، بے لگام، بے مہار. ۲. حاکم مطلق، مختار کل، آمر، خودسر، بے باک. ۳. (مجازاً) آزاد، خود مختار.

مُطْلَقاً (ضم م، سک ط، فت ل، ق، تن ابفت) م ف.
یکسر، بالکل، قطعی، اصلاً؛ کاملاً؛ کلیۃً.

مُطَلَّقَہ (ضم م، فت ط، شد ل بفت، فت ق) صف.
(فقہ) وہ عورت جس کو طلاق دی گئی ہو، طلاق دی ہوئی عورت، وہ عورت جسے خاوند نے بقاعدۂ شرعی چھوڑ دیا ہو.

مطلقہ ثلاثہ امث. (فقہ) وہ عورت جس کو تین طلاقیں دی گئی ہوں.

مُطَلِّقَہ (ضم م، فت ط، شد ل بکس، فت ق) صف.
آزادی دینے والا، طلاق دینے والا.

مَطْلُوب (فت م، سک ط، و مع) صف؛ امذ.
۱. طلب کیا گیا، مانگا گیا، خواہش کیا گیا، مقصود. ۲. جس کو طلب کیا جائے. ۳. (کنایۃً) محبوب، معشوق (طالب کے مقابل). [ع].

مَطْلُوبَہ (فت م، سک ط، و مع، فت ب) (الف) صف.
مطلوب سے منسوب یا متعلق، حسب خواہش. (ب) امث. معشوقہ، محبوبہ.

مطلوبہ جواب امذ. توقع کے مطابق جواب، وہ جواب جس کی اُمید ہو.

مَطْمَح (فت م، سک ط، فت م) امذ. مقصود. [ع].

مطمح نظر امذ. ۱. مرکز نگاہ. ۲. مقصد اصلی، مقصود، نقطۂ نظر.

مُطْمَئِن (ضم م، سک ط، فت م، کس ء) صف.
اطمینان پانے یا رکھنے والا؛ بے فکر، آسودہ. اف: رہنا / کرنا / ہونا. [ع].

مُطَوَّل (ضم م، فت ط، شد و بفت) صف.
۱. طول دیا گیا، لمبا، دراز، طویل. ۲. مفصل، تفصیلی. [ع].

مُطَہَّر (ضم م، فت ط، شد ہ بفت) صف.
پاک کیا گیا، مبرا، صاف؛ مراد: معصوم. [ع].

مُطَہِّر (ضم م، فت ط، شد ہ بکس) صف.
پاک یا صاف کرنے والا، طاہر. [ع].

مُطَہَّرات (ضم م، فت ط، شد ہ بفت) امث؛ ج.
معصوم، پاک و پاکیزہ (عورتیں).

مُطَہَّرہ (ضم م، فت ط، شد ہ بفت) صف.
پاکیزہ، پاک باز، معصوم، پاک کیا گیا.

مُطَیَّب (ضم م، فت ط، شد ی بفت) صف.
خوش بو دیا گیا، خوشبو میں بسایا گیا، پاک کیا گیا، طیب. [ع].

مُطَیِّب (ضم م، فت ط، شد ی بکس) صف.
خوش بودار کرنے والا، خوش بو دینے والا، معطر، خوش بودار. [ع].

مُطِیع (ضم م، ی مع) صف.
اطاعت کرنے والا، فرماں بردار، حکم بردار، ماتحت؛ خادم. [ع].

مطیع بنانا / بنالینا / کرنا محاورہ. فرماں بردار بنانا، زیر کرنا، ماتحت بنانا، مغلوب کرنا.

مَظالِم (فت م، کس ل) امذ؛ ج.
ظلم و ستم، سختیاں؛ ناانصافیاں، جفاکاریاں. [ع].

مظالم توڑنا ف مر: محاورہ. ظلم کرنا، سختیاں کرنا، طرح طرح سے پریشان کرنا.

مَظاہِر (فت م، کس ہ) امذ.
ظاہر ہونے کی جگہیں یا مقامات، ظاہر چیزیں یا نظارے؛ مشاہدات. [ع].

مُظاہِر (ضم م، کس ہ) صف.
۱. مظاہرہ کرنے والا. ۲. مدد یا حمایت کرنے والا، معاون، مددگار، پشت پناہ. [ع].

مُظاہَرہ (ضم م، فت ہ، ر) اند.
۱. اظہار کرنا، باہم ظاہر ہونا؛ (لفظاً) وہ جو برتن میں رکھا یا چھوڑ دیا گیا ہو. ۲. کسی خاص امر کی تائید یا اس سے اختلاف ظاہر کرنے کے لیے مجمع کرنا، مجمع کرکے گشت کرنا یا بازاروں میں پھرنا، کہیں پر جمع ہو کر گشت کرنا. اف: کرنا، ہونا. [ع].

مُظَفَّر (ضم م، فت ظ، شد ف بفت) صف.
ظفریاب، منصور، کام یاب، فتح مند، غالب. [ع].

مُظْلِمَہ (ضم م، سک ظ، کس ل، فت م) صف.
تاریک؛ (مجازاً)، غیر مہذب، غیر متمدن (زمانہ). [ع].

مَظْلُوم (فت م، سک ظ، و مع) صف.
جس سے ناانصافی کی گئی ہو، ظلم رسیدہ، ستایا ہوا، ستم رسیدہ. [ع].

مظلوم صورت صف. شکل سے مظلوم نظر آنے والا؛ صورت کا مظلوم

مَظْلُومانَہ (فت م، سک ظ، و مع، فت ن) صف؛ م ف.
مظلوموں جیسا، مظلوم کی طرح کا، مظلومیت سے پر.

مَظْلُومِیَّت (فت م، سک ظ، و مع، کس م، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
ستم رسیدہ ہونا، مظلوم ہونا.

مظلومیت طاری کرنا محاورہ. مظلوم بن جانا، مظلوم یا ستم زدہ ہونے کی اداکاری کرنا.

مَظْہَر (فت م، سک ظ، فت ہ) اند.
۱. (i) ظاہر ہونے کی جگہ، جائے ظہور. (ii) نشانی، دلیل، نمونہ. ۲. ظہور، اظہار، ظاہری رُخ، آشکارا صورت. ۳. جلوہ، نظارہ، مثل، ثانی. [ع].

مظہر العجائب صف. ۱. عجائبات کے ظہور کا مظہر؛ جس سے واقعات رونما ہوں، (غیر معمولی یا عجیب معاملہ پیش آنے کے موقع پر مستعمل). ۲. (مراداً) اللہ تعالیٰ.

مظہر کل اند. مراد: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم.

مظہر ہونا ف مر؛ محاورہ. دلیل یا نشان ہونا، نشانی قرار پانا.

مَع (فت م) م ف.
ساتھ، ہمراہ، سمیت، سنگ؛ شامل کرتے ہوئے، بہ شمول. [ع].

مع الخیر م ف. خیریت سے؛ بخیر و عافیت، سلامتی کے ساتھ.

مع اہل و عِیال م ف. گھر کے افراد یا گھر والوں کے ساتھ، بیوی اور بچوں سمیت.

مع ہٰذا م ف؛ فقرہ. علاوہ بریں، اس کے باوجود؛ ساتھ اس کے.

مَعاً (فت م، ع، تن بفت) م ف.
۱. فوراً، فی الفور، اسی وقت؛ یک بارگی، دفعۃً، ایک ہی وقت میں اچانک. ۲. ساتھ ہی، ایک ساتھ مل کر، باہم دگر، بہ یک وقت.

مَعابِد (فت م، کس ب) اند؛ ج.
عبادت خانے، عبادت گاہیں؛ مسجدیں، آتش کدے، شوالے مندر، گرجا وغیرہ. [ع].

مَعاد (فت م) اند.
۱. واپس جانے کی جگہ، پلٹنے کا مقام. ۲. (مجازاً) آخرت، قیامت عقبیٰ. [ع].

مُعادَلَت (ضم م، فت د، ل) امث.
برابری، مساویت، مطابقت، مساوات. [ع].

مَعادِن (فت م، کس د) امث؛ ج.
وہ جگہیں جہاں زمین کھود کر دھاتیں، کوئلہ، نمک وغیرہ نکالیں، معادنی کانیں.

مَعاذ (فت م، ع) امث.
بچاؤ کی جگہ، جائے پناہ، محفوظ ٹھکانا. [ع].

معاذ اللّٰہ فقرہ؛ کلمہ. ۱. کلمۂ استغفار، جب کوئی بات گستاخی کی کہتے ہیں تو اس وقت بولتے ہیں یعنی خدا اس گستاخی کو معاف کرے ۲. (کسی کام یا فعل کی کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے موقع پر) اللہ کی پناہ، خدا محفوظ رکھے. ۳. توبہ توبہ.

مُعارِض (ضم م، کس ر) صف.
۱. مقابل، برابری کرنے والا؛ مخالف، حریف، مدعی. ۲. جھگڑا کرنے والا، مخالف، معترض، دنگا فساد کرنے والا. [ع].

مُعارَضَہ (ضم م، فت ر، ض) اند.
۱. جھگڑا، مناقشہ، قضیہ، ٹنٹا. ۲. مقابلہ، برابری، دعوے داری ۳. اعتراض، تعرض. [ع].

مَعارِف (فت م، کس ر) اند : ج نیز واحد.
۱. (تصوف) علم الٰہی ، قانون قدرت یا فطری اشیا کی واقفیت ، معرفت ذات خداوندی کے مسائل. ۲. نام ور لوگ ، اہل علم وفضل. ۳. خدا شناسی. ۴. وہ کلام جس میں معرفت کے مضامین ہوں. ۵. علم و فضل ؛ علوم. ۶. محکمہ تعلیم. [ع].

مَعاش (فت م) امث.
۱. رزق ، روزی ، روزگار. ۲. وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے. ۳. جائے پناہ ، جاگیر ، اراضی ، زمین ، جائیداد. ۴. زندگی ، زندہ رہنا ؛ وہ جگہ جہاں کوئی رہے ، دنیا. [ع].

مُعاشَرت (ضم م، فت ش، ر) امث.
۱. (i) مل جل کر زندگی بسر کرنا ، اوقات بسری ، اجتماعی زندگی گزارنے کا ڈھنگ. (ii) طرز زندگی ، ماحول ، اقدار ، رہن سہن. ۲. کسی کے ساتھ عیش کرنا ، رفاقت ، صحبت ، ساتھ. ۳. سنگت ، محبت ، میل جول. [ف].

مُعاشَرتی (ضم م، فت ش، ر) صف.
معاشرت سے متعلق یا منسوب ، رہن سہن سے متعلق ، سماجی ، اجتماعی.

معاشرتی علوم اند : ج. وہ علوم جو معاشرت سے متعلق ہوں ، اجتماعی رہن سہن سے متعلق علوم.

مُعاشَرہ (ضم م، فت ش، ر) اند.
۱. باہم مل جل کر رہنا ، انسانی ماحول ، جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے اور اپنی ترقی و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے ، سماج. ۲. ماحول.

مُعاشَقہ (ضم م، فت ش، ق) اند.
عشق ، عاشقی ، محبت. [ع].

مُعاشی (ضم م) امث.
اقتصادی ، معاشیاتی ، کسی معیشت کے یا کسی صنعتی یا تجارتی تنظیم کے نظام یا اس کی عمل کاری سے متعلق.

معاشی ارتقا اند. معاشی ترقی ، روپے پیسے سے متعلق عروج.

معاشی بحران اند. اقتصادی بحران ، اشیا کی پیداوار اور آمدنی کے حصول کی کمی.

معاشی حالات اند : ج مخصوص اور متعین حالات میں معاش کی کیفیت ، گزر بسر کے سلسلے ، روزی رزق وغیرہ.

معاشی نظام اند. پیداواری صلاحیت کے لحاظ سے ، وسائل اور زر کے خرچ میں ملکی وسائل کا نظم ونسق.

مُعاشِیات (ضم م، کس ش) امث.
اقتصادیات سے متعلق علم جس میں دولت کی پیداوار اور صرف یا نوع بشر کی مادی فلاح و بہبود کا مطالعہ کیا جاتا ہے.

مُعاصِر (ضم م، کس ص) صف.
ہم عصر ، ہم زمانہ ، ہم عہد ، ایک ہی زمانے کا. [ع].

معاصر ادب اند. ہم عصر ادب ، ایک ہی زمانے کا ادب.

معاصر ہونا محاورہ. ہم عصر ہونا ، ہم زمانہ ہونا.

مُعاصِرانَہ (ضم م، کس ص، فت ن) صف : م ف.
معاصر سے منسوب یا متعلق ؛ ہم زمانہ ، ایک ہی عہد کا انداز وطریق

معاصرانہ چشمک امث. اپنے ہم عہد کے ساتھ رنجش یا رقابت.

مُعاصِرِین (ضم م، کس ص، ی مع) اند : ج.
معاصر کی جمع ، ہم عصر ، ہم زمانہ لوگ ، بہت سے ہم عصر یا ہم عہد.

مَعاصی (فت م، کس ص) امث : ج.
معصیت کی جمع ، بہت سے گناہ ، عصیان. [ع].

مُعاصِیَّت (ضم م، شدی مع فت) امث.
گنہ گار ہونے کی حالت یا کیفیت ، گنہ گاری.

مُعاف (ضم م) (الف) صف.
۱. چھوڑا گیا ، بخشا گیا. ۲. عفو ، بری ، درگزر. (ب) فقرہ. درگزر کر د چھوڑ دے ، معافی چاہتا ہوں. [ع].

معاف کرنا ف مر : محاورہ. ۱. بخشنا ، واپس کرنا. ۲. گناہ یا غلطی پر درگزر کرنا ، درگزر کرنا. ۳. پیچھا چھوڑنا ، تشریف لے جانا ، رخصت ہونا. ۴. دام دے کر کام نہ لینا.

معاف کرو فقرہ. ۱. جاؤ ، رخصت ہو ، سدھارو (فقیر کی صدا کے جواب میں). ۲. پیچھا چھوڑو.

مُعافی (ضم م) امث.
رہائی ، خلاصی ، نجات ؛ عفو ، مغفرت ، بخشش.

معافی چاہنا ف مر؛ محاورہ. معذرت کرنا، عفو چاہنا.

معافی کا خواستگار ہونا محاورہ. قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا؛ معافی مانگنا.

مُعافی نامہ اند. معافی کی درخواست، معافی مانگنے کی تحریر.

مُعالِج (ضم م، کس ل) صف.
علاج معالجہ کرنے والا، حکیم، طبیب، وید، ڈاکٹر. [ع].

مُعالَجہ (ضم م، فت ل، ج) اند.
علاج، دوا دارو. [ع].

مُعامَلات (ضم م، فت م) اند؛ ج.
معاملہ کی جمع، کام کاج، کاروبار، دھندے؛ واقعات، باتیں، قضیے؛ مسائل.

مُعامَلَت (ضم م، فت م، ل) مت.
۱. آپس میں لین دین، کاروبار، خرید و فروخت. ۲. کوئی بات، وہ بات جو عمل میں آئے. ۳. باہم کوئی فیصلہ کرنا، قول و قرار. ۴. برتاؤ، سلوک. ۵. بات، معاملہ، جھگڑا، قضیہ. ۶. نسبت، تعلق. [ع].

مُعامَلَہ (ضم م، فت م، ل) اند.
۱. باہم مل کر کوئی کام کرنا، دھندا، کاروبار. ۲. لین دین، خرید و فروخت، بیوپار. ۳. وہ بات جو عمل میں آئے، واقعہ. ۴. قول و قرار، فیصلہ کرنا، باہم مل کر فیصلہ کرنا. ۵. مسئلہ. ۶. بات؛ جھگڑا، قضیہ. ۷. تعلق، واسطہ، برتاؤ. ۸. مقدمہ، قضیہ. [ع].

معاملہ اٹھانا محاورہ. کسی بات کے لیے یا کسی کام کے لیے آواز بلند کرنا، مسئلہ اٹھانا.

معاملہ بندی مت. ۱. (شاعری) بیتی ہوئی باتوں کو نظم کرنا. ۲. معاملاتِ عشق کو نظم کرنے کا فعل، کسی حقیقت کو نظماً یا نثراً معرضِ تحریر میں لانا، کسی واقعے کو حسن و خوبی سے نظم یا نثر میں بیان کرنا.

معاملہ پڑنا محاورہ. کام پڑنا، واسطہ ہونا، سابقہ پڑنا.

معاملہ دبا دینا محاورہ. کسی بات کا اثر زائل کر دینا، جھگڑا ختم کر دینا.

معاملہ فہم صف. تجربہ کار، دانا، نکتہ رس، تجربہ کار، بات کی تہ کو پہنچنے والا.

معاملہ فہمی مت. بات کی تہ تک پہنچنا؛ کاروبار سے پوری واقفیت رکھنا.

معاملہ کھٹائی میں پڑنا محاورہ. بات طے ہونے میں دیر ہونا، فیصلہ دیر طلب ہو جانا، معاملے میں الجھاؤ پیدا ہونا، معاملہ بگڑنا.

مُعانَقَہ (ضم م، فت ن، ق) اند.
باہم بغل گیری، گلے ملنا؛ گلے سے لگانا. [ع].

معانقہ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گلے ملنا، بغل گیر ہونا. ۲. (کنایۃً) ملنا، ملحق ہونا، اتصال ہونا، مدغم ہونا.

مَعانی (فت م) اند؛ ج.
۱. مطالب، مفاہیم، معنے؛ تفسیریں، تشریحات. ۲. وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح محل استعمال اور معنوں کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے، ایک علم کا نام جس پر بلاغتِ کلام منحصر ہے.

مُعاوَضہ (ضم م، فت و، ض) اند.
۱. تبادلہ (عموماً کسی شئے کا)؛ چیز کے بدلے چیز کا لین دین، عوض، بدلا، پلٹا. ۲. وہ رقم جو کسی کام یا جائیداد کے عوض میں دی جائے. ۳. اُجرت، مزدوری، مشاہرہ. ۴. قیمت، زرِ ثمن، مول. ۵. محصول، چنگی، ٹیکس. ۶. ڈنڈ، تاوان، ہرجہ. ۷. (مجازاً) انتقام، بدلا. ۸. (i) تلافی، تدارک. (ii) اجر، جزا، نیک صلہ. [ع].

مُعاوِن (ضم م، کس و) صف.
۱. اعانت کرنے والا، مددگار. ۲. (مجازاً) حمایت کرنے والا، پشت پناہ، دست گیر؛ ساتھ دینے والا. ۳. (مجازاً) ہاتھ بٹانے والا، شریک کار، ماتحت. [ع].

معاون کار صف؛ اند. کام میں مدد دینے والا، رفیقِ کار؛ شریکِ کار؛ ماتحت.

معاون و مددگار صف. مدد کرنے اور ہاتھ بٹانے والا.

مُعاوَنَت (ضم م، فت و، ن) مت.
۱. مدد، حمایت، تائید، دست گیری. ۲. شرکت، آپس میں سہارا دینا ہاتھ بٹانا. ۳. رفیقِ کار ہونا، نائب ہونا. [ع].

معاونت کرنا ف مر؛ محاورہ. حصہ لینا، شریک ہونا، مدد کرنا مددگار ہونا.

مُعاوِنِین (ضم م، کس ج و، ی مع) اند: ج.
بہت سے معاون، مددگار لوگ، نائبین.

مُعاہِد (ضم م، کس ہ) صف: اند.
۱. معاہدہ کرنے والا، قول و قرار کرنے والا؛ وفاداری کا عہد کرنے والا شخص. ۲. غیر مسلم (یہودی، عیسائی وغیرہ) جو اسلامی حکومت کے ماتحت رہتا ہے اور شرط کے مطابق خراج دیتا ہے، باج گزار، ذمی. [ع].

مُعاہَدہ (ضم م، فت ہ، د) اند.
۱. وہ قرارداد جو فریقین کے مابین ہو اور جس کی رو سے ہر فریق کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا اقرار کرے، باہمی عہد و پیمان، عہدنامہ. ۲. تحریری عہد نامہ، معاہدے کی دستاویز. [ع].

معاہدہ توڑنا محاورہ. فریقین میں سے کسی ایک یا دونوں کا معاہدے کی پابندی ختم کرنا؛ وعدہ توڑنا.

مُعایَنہ (ضم م، کس ج و نیز فت، فت ن) اند.
۱. دیکھنے کا عمل؛ اپنی آنکھوں سے دیکھنا، خود دیکھنا. ۲. ملاحظہ، جانچ پڑتال، دیکھ بھال. ۳. مطالعہ، مشاہدہ. ۴. کسی چیز کے اجزاء کا مشاہدہ کرکے نتیجہ نکالنا، تجزیہ. ۵. (طب) مریض کو دیکھنے کا عمل، بیماری کا پتا لگانا، مرض کی تشخیص کرنا.

مَعْبَد (ضم م، سک ع، فت ب) اند.
۱. عبادت کرنے کی جگہ، گرجا، کلیسا، مندر، مسجد یا شوالا وغیرہ. ۲. زیارت گاہ. [ع].

معبد گاہ اند. عبادت کرنے کی جگہ، معبد خانہ.

مَعْبُود (ضم م، سک ع، و مع) صف: اند.
عبادت کیا گیا، جس کی بندگی کی جائے؛ مراد: اللہ تعالیٰ، خدا.

معبود حقیقی صف. اصلی خدا؛ مراد: اللہ تعالیٰ.

مَعْبُودِیَت (فت م، سک ع، و مع، کس ج د، فت ی) امث.
۱. معبود ہونا، خدا ہونا، خدائی، کبریائی، حقانیت. ۲. وہ عقیدہ جس میں خدا کے وجود کا اقرار مگر وحی اور نبوت سے انکار ہو، مذہب فطرت. [ع].

مُعْتَبَر (ضم ج م، سک ع، فت ت، ب) (الف) صف.
۱. اعتبار کیا گیا، قابل اعتماد، بھروسے کا؛ (مجازاً) راز کے کام کرنے والا شخص. ۲. لائق احترام، معزز. ۳. بلند مرتبہ. ۴. (i) (مجازاً) مستحسن پسندیدہ، لائق تعریف. (ii) (کنایۃً) ارفع، بلند، وقیع (کسی کام کے لیے مستعمل). ۵. (کنایۃً) سچا، درست، ٹھیک؛ مستند. (ب) اند. مستند راوی. [ع].

مُعْتَدِل (ضم ج م، سک ع، فت ت، کس د) صف.
۱. (i) (لفظاً) سیدھا، مستقیم؛ (مجازاً) اعتدال والا، درمیانی درجہ کا پرسکون، ٹھہرا ہوا. (ii) (مجازاً) موافق، نہ گرم نہ سرد؛ خوش گوار (iii) درمیانہ، اوسط عرض و طول والا. ۲. معیار و مقدار میں اوسط درجے کا، معمولی. ۳. مساوی المزاج، جس میں افراط و تفریط نہ ہو، اعتدال پسند، محتاط. ۴. قابل برداشت، جو سہا جا سکے. ۵. ایک ہی قاعدے اصول کے مطابق، یکساں. ۶. مقدار میں برابر، ہم وزن. [ع].

معتدل مزاج صف. جس کے مزاج میں سردی گرمی درمیانہ درجے کی ہو؛ (مجازاً) اعتدال پسند، محتاط.

مُعْتَرِض (ضم ج م، سک ع، فت ت، کس ر) صف.
۱. اعتراض کرنے والا، روک ٹوک کرنے والا، مزاحم؛ (مجازاً) گرفت کرنے والا، زبان پکڑنے والا. ۲. جو عبارت کے بیچ میں داخل کیا جائے، جو بات کاٹ کر کہا جائے (جملے کے لیے مستعمل). [ع].

معترض ہونا ف مر: محاورہ. اعتراض کرنا، روکنا، سدِ راہ ہونا، مزاحمت کرنا

مُعْتَرِف (ضم م، سک ع، فت ت، کس ر) صف.
۱. اعتراف کرنے والا، اقرار کرنے والا. ۲. خاطر میں لانے، پسند کرنے والا. ۳. ماننے والا، تسلیم کرنے والا، قائل. [ع].

معترف ہونا ف مر: محاورہ. ماننا، اقبال کرنا، اقرار کرنا، قائل ہونا.

مُعْتَصِم (ضم ج م، سک ع، فت ت، کس ص) صف.
۱. پناہ مانگنے والا؛ (مجازاً) بھروسا رکھنے والا، سہارا پکڑنے والا، توکل کرنے والا. ۲. (مجازاً) خدا کا بندہ، بندۂ خدا. ۳. (تاریخ) خلیفہ ہارون الرشید کے چوتھے بیٹے اور آٹھویں عباسی خلیفہ معتصم باللہ کا خطاب. [ع].

مُعْتَقِد (ضم مع م، سک ع، فت ت، کس ق) (الف) صف.
۱. اعتقاد رکھنے والا، ماننے والا، دل سے بھروسا رکھنے والا، قائل.
۲. کسی فرقے یا جماعت کا ماننے والا، عقیدت مند، پیرو. (ب) اند.
(قدیم) اعتقاد. [ع].

مُعْتَقَدات (ضم مع م، سک ع، فت ت، ق) اند؛ ج.
عقائد؛ عقیدتیں.

مُعْتَقِدِین (ضم مع م، سک ع، فت ت، کس ق، ی مع) اند؛ ج.
عقیدت مند لوگ، بہت سے معتقد؛ پیروکار.

مُعْتَکِف (ضم م، سک ع، فت ت، کس ک) صف اند.
۱. (i) اعتکاف کرنے والا، خصوصاً ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں مسجد کے کسی گوشے میں عبادت کے لیے اعتکاف میں بیٹھنے والا.
(ii) مزار یا مسجد وغیرہ میں بیٹھنے اور وہاں سے نہ نکلنے والا. ۲. مراد: گوشہ نشیں، دنیا سے کنارہ کرنے والا. [ع].

مُعْتَمَد (ضم مع م، سک ع، فت ت، م) صف؛ اند.
۱. اعتبار کیا گیا، بھروسا کیا گیا، قابلِ اعتبار؛ (مجازاً) وفادار.
۲. (مجازاً) نائب، نمائندہ. ۳. (مجازاً) ایک عہدہ، سیکرٹری. [ع].

معتمد اعزازی صف. بلاتنخواہ معتمد (سیکرٹری) کے عہدے پر خدمت انجام دینے والا (عموماً ایسے اداروں کا جن کا مقصد نفع کمانا نہیں).

معتمد اعلی صف؛ اند. انتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عہدہ، چیف سیکریٹری.

معتمد خاص صف. ذاتی معتمد، پرائیوٹ سیکریٹری، مشیرِ خاص.

مُعْتَمِر (ضم مع م، سک ع، فت ت، کس م) صف.
۱. زائر؛ (فقہ) عمرہ کرنے والا. ۲. بقول الزجاج سر پر عمامہ باندھنے والے کو معتمر کہا جاتا ہے. [ع].

مَعْتُوب (فت م، سک ع، و مع) صف.
جس پر عتاب نازل ہوا ہو، جس پر ملامت اور غصہ کیا جائے. [ع].

معتوب ٹھہرانا ف مر؛ محاورہ. غضب میں مبتلا کرنا، عتاب میں رکھنا.

مُعْجِز (ضم مع م، سک ع، کس ج) (الف) صف.
عاجز کرنے والا؛ طاقتِ بشری سے باہر، فوق العادت. (ب) اند.
۱. خرقِ عادت جو نبی سے ظاہر ہو، معجزہ. ۲. وہ کام جو انسانی قوت سے باہر ہو، غیر معمولی کام، کارنامہ. [ع].

مُعْجِزات (ضم مع م، سک ع، کس ج) امث؛ ج.
کام جو طاقتِ بشری سے باہر ہوں، معجزے.

مُعْجِزاتی (ضم مع م، سک ع، کس ج) صف.
معجزات سے منسوب یا متعلق؛ معجزات کا، معجزے والا، جس پر معجزے کا گمان ہو، ماورائی.

معجزاتی طور پر/سے م ف. ماورائی انداز میں، معجزانہ طریقے سے.

مُعْجِزانَہ (ضم مع م، سک ع، کس ج، فت ن) صف؛ م ف.
معجزے والا، معجزے جیسا، معجزے پر مبنی.

مُعْجِزَہ (ضم مع م، سک ع، کس ج، فت ز) اند.
۱. وہ حیرت انگیز بات جو صرف نبی سے ہی ظاہر ہو، خرقِ عادت جو نبی سے صادر ہو. ۲. عاجز کر دینے والا، وہ کام جو انسانی طاقت سے باہر ہو، قانونِ قدرت سے بڑھ کر واقعہ؛ (مجازاً) کرشمہ، کرامت وغیرہ. [ع].

معجزہ دکھانا محاورہ. کسی نبی یا پیغمبر کا وہ کام کر دکھانا جو انسانی طاقت سے باہر ہو؛ کرشمہ یا کرامت دکھانا، اعجاز دکھانا، حیرت انگیز کام کرنا.

معجزہ ہونا محاورہ. معجزہ ظہور میں آنا، معجزے کا ظاہر ہونا.

مُعَجَّل (ضم م، فت ع، شد ج بفت) (الف) صف.
۱. (i) فوراً، جلد، عجلت والا، ہاتھوں ہاتھ، جلدی کیا گیا. (ii) فوراً ادا کیا جانے والا، عندالطلب (عموماً مہر کی رقم کے لیے مستعمل)
۲. (مالیات) عندالطلب، بدل پذیر، ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں جانے والا روپیہ، اثاثہ وغیرہ. ۳. نہایت ضروری، نہایت تاکیدی، فوری تعمیل طلب. (ب) اند. وہ مہر جس میں مہلت نہ ہو یعنی نکاح کے بعد فوراً ادا کیا جائے. [ع].

مُعَجِّل (ضم م، فت ع، شد ج بکس) صف.
جلدی کرنے والا، جلد باز تعجیل کرنے والا. [ع].

مُعْجَم (ضم مع م، سک ع، فت ج) صف.
۱. (قواعد) جس پر نقطے ہوں، منقوطہ، نقطہ والا حرف. ۲. لغت کی ایک قسم، لغت، قاموس. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُعَجَّم (ضم م، فت ع، شد ج بفت) صف: اند.
وہ لفظ جو عربی ہو مگر عجمی اپنے روزمرہ میں استعمال کرتے ہوں۔ [ع]۔

مَعْجُون (فت م، سک ع، و مع) (الف) صف.
گوندھا ہوا؛ خمیر کیا ہوا؛ مرکب، باہم آمیختہ، ملا ہوا۔ (ب) امث۔
۱. (طب) کوئی مرکب پسی ہوئی دوا جو شہد یا قند کے قوام میں گوندھ کر بنائی جائے اور عموماً جس میں بھنگ، افیم یا کسی نشہ آور چیز کے اجزائے ترکیبی شامل ہوں۔ ۲. دیکھیے: معجون مرکب۔ ۳. (مجازاً) مسالا، مواد (کہانی وغیرہ کے لیے مستعمل)۔ [ع]۔

معجون مرکب امث: اند. مختلف چیزوں سے ترکیب پائی ہوئی چیز یا آمیزہ؛ (مجازاً) انوکھی یا مضحکہ خیز چیز، ملغوبہ۔

مُعَدِّل (ضم م، فت ع، شد د بکس) (الف) صف.
۱. اعتدال پر لانے والا، برابر کرنے والا، ٹھیک کرنے والا۔ ۲. (مجازاً) فیصلہ دینے والا، پنچ، ثالث۔ ۳. (طب) اخلاط کو اعتدال پر لانے والا۔
(ب) اند. ۱. (طبیعیات) وہ مادہ (گریفائٹ) جو نیوٹرونوں کو آہستہ یا معتدل رکھتا ہے۔ ۲. (ہندسہ) وتر خاص۔ [ع]۔

معدل النہار اند. (جغرافیہ) آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خط استوا کی سیدھ میں ہے، سورج جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

مَعْدِلَت (فت م، سک ع، فت نیز کس د، فت ل) امث.
عدل، انصاف۔

مُعَدِّلانَہ (ضم م، فت ع، شد د بکس، فت ن) صف: م ف.
برابری کا، مساوات پر مبنی، مساویانہ، عادلانہ۔

مَعْدِن (فت م، سک ع، کس نیز فت د) اند.
۱. وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں، کوئلہ وغیرہ نکالیں، کسی دھات کے نکلنے کی جگہ، کان، کھان۔ ۲. کان سے نکالی ہوئی خام دھات، کچی دھات جو ابھی صاف نہ کی گئی ہو۔ [ع]۔

مَعْدِنی (فت م، سک ع، کس نیز فت د) صف.
معدن سے منسوب یا متعلق؛ معدن کا، فلزاتی، دھاتی، کان سے نکلی ہوئی (دھات)۔

معدنی دولت امث. زمین کے اندر سے حاصل ہونے والی اشیا، پٹرول، جواہرات وغیرہ، معدنیات۔

مَعْدِنیات (فت م، سک ع، کس نیز فت د، کس ی ن) امث: ج.
وہ چیزیں جو کان سے نکلیں مثلاً جواہرات، دھاتیں، فلزات وغیرہ ان کا علم۔

مَعْدُود (فت م، سک ع، و مع) صف.
۱. گنا گیا، شمار میں لایا ہوا، حساب کیا ہوا۔ ۲. چند، گنتی کے، تھوڑے، کچھ، کم۔ [ع]۔

معدود چند صف. مراد: گنتی کے، بہت تھوڑے، نہایت قلیل۔

مَعْدُودَہ (فت م، سک ع، و مع، فت د) صف.
دیکھیے: معدود؛ بہت کم، تھوڑا سا۔

مَعْدُولَہ (فت م، سک ع، و مع، فت ل) صف: اند.
(قواعد) وہ حرف جو لکھنے میں تو آئے لیکن پڑھنے میں نہ آئے عموماً واؤ کے لیے مخصوص جیسے خود، خواب وغیرہ۔

مَعْدُوم (فت م، سک ع، و مع) صف.
مٹایا گیا، فنا کیا گیا، ناپید، عنقا، کالعدم۔ [ع]۔

مِعْدَہ (کس نیز م، سک ع، فت د) اند.
پیٹ کے اندر ایک تھیلی کی طرح کا عضو جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے۔ [ع]۔

معدہ خراب رہنا/ہونا محاورہ. معدے کا ٹھیک کام نہ کرنا، نظام ہضم درست نہ ہونا۔

مَعْذِرَت (فت م، سک ع، فت نیز کس ذ، فت ر) امث.
عذر، حیلہ، بہانہ؛ معافی، درگزر۔ [ع]۔

معذرت خواہ صف. معذرت چاہنے والا، معافی کا طلب گار، عذر خواہ۔

مَعْذِرَتاً/مَعْذِرَۃً (فت م، سک ع، کس ذ، فت ر، تن ت بفت) م ف.
معذرت کے طور پر، معذرت کے ساتھ، عذر خواہانہ۔

مَعْذُور (فت م، سک ع، و مع) صف.
۱. عذر کیا گیا، معافی چاہا ہوا؛ (مجازاً) مجبور، ناچار، بے بس۔ ۲. اپاہج ناقص الخلقت؛ محتاج۔ [ع]۔

معذور ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. مجبور ہونا، بے بس ہونا، لاچار ہونا. ۲. اپاہج ہو جانا.

مَعْذُوری (فت م، سک ع، و مع) امث.
۱. عذر، معذرت؛ مجبوری، بے چارگی، بے کسی. ۲. اپاہج پن.

مُعَرّا (ضم م، فت ع، شد ر) (الف) صف؛ ~ معرّیٰ.
۱. ننگا، برہنہ، عریاں. ۲. (i) خالی، عاری، بغیر کسی چیز کے. (ii) سادہ، بغیر کسی آرائش کے، غیر آراستہ (کتاب، چہرہ وغیرہ). ۳. بری، پاک صاف، منزہ. ۴. آزاد، کھلا ہوا؛ جو پابند نہ ہو. ۵. (ادب) جس میں قافیہ نہ ہو، غیر مقفّیٰ. (ب) امذ. ۱. وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو. ۲. بلا ترجمہ قرآن شریف. ۳. سادہ نثر، وہ نثر جو مقفّیٰ نہ ہو. [ع].

مِعْراج (کس مج م، سک ع) امث.
۱. اوپر چڑھنے کی چیز، سیڑھی، زینہ. ۲. حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا بہ سواریٔ براق عرشِ الٰہی تک جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا نظارہ کرنا، اسرار ربانی کے انکشاف سے عروج پانے کا وقت، معراجِ مصطفےٰ، معراج النبی ﷺ. ۳. (مجازاً) وہ درجہ جس سے زیادہ تصور میں نہ آسکے، انتہائی عروج یا ترقی، درجۂ اعلیٰ، بلند رُتبہ. [ع].

مُعَرَّب (ضم م، فت ع، شد ر بفت) (الف) صف.
۱. عربی بنایا گیا، عربی کیا ہوا نیز عربی زبان کا. ۲. جس میں عربی الفاظ کثرت سے استعمال ہوئے ہوں (تحریر وغیرہ). ۳. زیر زبر یا پیش دیا ہوا، اعراب لگایا گیا. (ب) امذ. وہ لفظ جو دراصل کسی اور زبان کا ہو اور اس کو تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ عربی بنا لیا ہو؛ جیسے: پیل سے فیل. [ع].

مَعْرِض (فت م، سک ع، فت نیز کس ر) امذ.
۱. کسی چیز کے ظاہر کرنے کی جگہ، پیش کرنے کی جگہ، نمائش گاہ. ۲. دوران، زمانہ، وقت. ۳. ملاقات کی جگہ؛ وقوع، ماجرا؛ موقع، محل؛ اتفاق یا اتفاقی واقعہ. [ع].

معرض وجود میں آنا محاورہ. ۱. ظاہر ہونا، وقوع پذیر ہونا. ۲. تشکیل پانا، پیدا ہونا، وجود میں آنا.

مُعْرِض (ضم مج م، سک ع، کس ر) صف.
روگردانی کرنے والا، منھ پھیرنے والا، روگرداں. [ع].

مُعَرِّض (ضم م، فت ع، شد ر بکس) صف؛ امذ.
(مجازاً) معترض، اعتراض کرنے والا. [ع].

مُعَرَّف (ضم م، فت ع، شد ر بفت) (الف) صف.
۱. جتلایا گیا، تعریف کیا گیا. ۲. نشان کیا گیا؛ ظاہر کیا گیا. (ب) امذ ۱. (قواعد) وہ حرف جو معرفہ بنایا گیا ہو. ۲. (منطق) کسی شے کی حقیقت اور حد نیز وہ معلومات تصوریہ جس سے مجہولات تصوریہ حاصل ہوں. [ع].

مُعَرِّف (ضم م، فت ع، شد ر بکس) صف؛ امذ.
۱. تعریف کرنے والا، مداح، معترف. ۲. پہچاننے والا، شناخت کرنے والا نیز تعارف کرانے والا. ۳. وہ شخص جو دربار امرا و سلاطین میں ہر ایک درباری کو اس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہو، وہ شخص جو مجہول الحال آدمی کو بادشاہ کے روبرو پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہو. [ع]

مَعْرِفَت (فت م، سک ع، کس ر، فت ف) (الف) امث.
۱. (i) شناخت، پہچان. (ii) (مجازاً) جان پہچان، آشنائی، تعارف. ۲. (i) علم الٰہی، قانون قدرت یا فطرتی اشیا سے واقفیت، خدا شناسی اوراکِ حقیقت اولیٰ. (ii) (تصوف) ذات کو ذات اور صفات کو صفات پھر ذات کو صفات کے ساتھ اور صفات کو ذات کے ساتھ پہچاننا ۳. توسط، وسیلہ، ذریعہ، سبب. ۴. وہ کلام جس میں عرفان کے مضامین ہوں، وہ کلام جس میں معرفت الٰہی کا اظہار ہوا ہو. (ب) م ف. ذریعہ سے، وسیلہ سے، بتوسل، بوساطت، ہاتھ سے. [ع].

معرفت الٰہی/ الٰہیہ امث. علم الٰہی، خدا شناسی.

مَعْرِفَه (فت م، سک ع، کس ر، فت ف) امذ.
(قواعد) اسم کی ایک قسم، وہ اسم جو ایک معین شے کے لیے وضع کیا گیا ہو؛ جیسے: زید، بکر وغیرہ (اسم نکرہ کے مقابل). [ع].

مَعْرَکَت/ مَعْرَکَة (فت م، سک ع، فت ر، ک) امذ؛ ~ معرکہ.
وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں؛ میدانِ جنگ؛ لڑائی. [ع].

معرکت/ معرکۃ الآرا صف. ۱. جس میں رائے کا اختلاف پایا جائے، اختلافی؛ اختلافِ رائے کا مقام. ۲. (مجازاً) زبردست، پرزور، بڑا عظیم، غیر معمولی.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مَعْرَکَہ (فت م، سک ع، فت ر، ک) اند.

۱. وہ جگہ جہاں لوگ اکٹھے ہوں؛ (مجازاً) ہجوم، بھیڑ، انبوہِ خلائق. ۲. میدانِ جنگ، رزم گاہ، لڑائی کی جگہ. ۳. (i) لڑائی، جنگ، جدل، مجادلہ. (ii) نزاع، جھگڑا، قضیہ، تنازعہ، اختلاف. ۴. (i) مقابلہ، نزاع کا فیصلہ کرنے کے لیے وہ اشخاص یا فریقین کی لڑائی (عموماً تلوار، پستول وغیرہ سے). (ii) ایک قسم کی کشتی، داؤ پیچ کا ایک مقابلہ، پہلوانی. (iii) مقابلہ (انتخاب وغیرہ کے لیے). ۵. مہم. ۶. بحث، مباحثہ. [ع].

معرکہ آرا صف. ۱. میدانِ جنگ میں لڑنے والا، جنگجو؛ (مجازاً) بہادر، دلیری سے لڑنے والا. ۲. (مجازاً) زبردست، پرزور، لاجواب، منتخب، غیر معمولی، عظیم. ۳. (مجازاً) دست و گریباں، مدِ مقابل.

معرکہ آرا ہونا محاورہ. جنگ کرنا، لڑنا، مقابلہ کرنا.

معرکہ آرائی امث. ۱. ایک دوسرے کے مقابل ہونا، دو بدو لڑنا، جنگ کرنا، لڑائی، جنگ. ۲. چپقلش، محاذ آرائی، جھگڑا؛ مقابلہ.

معرکہ جنگ اند. میدانِ جنگ.

معرکہ سر ہونا محاورہ. مقابلہ میں فتح حاصل ہونا؛ کسی اہم کام کا انجام کو پہنچنا.

معرکہ گرم ہونا محاورہ. ۱. جنگ شروع ہونا، لڑائی کا زوروں پر ہونا. ۲. سخت جھگڑا یا ہنگامہ ہونا؛ زوروں کا مباحثہ ہونا.

معرکہ مار لینا/ مارنا محاورہ. ۱. میدان مارنا، جنگ جیتنا، فتح حاصل کرنا. ۲. کسی سخت مقابلے یا امتحان میں کامیاب ہو جانا، مہم سر کرنا، میدان جیتنا، کارنامہ انجام دینا.

مَعْرُوض (فت م، سک ع، و مع) (الف) صف.

۱. عرض کیا گیا، پیش کیا ہوا. ۲. (مجازاً) خارجی؛ بیرونی، باہر کا. ۳. تسلیم کیا ہوا؛ متعلق. ۴. لکھا گیا، تحریر کیا ہوا. (ب) اند. ۱. (i) عرض، گزارش، التجا، التماس. (ii) عرضی؛ بیان، وجہ موجہ. ۲. (فلسفہ) خارجی شے نیز محسوس یا مادی شے، چیز. ۳. بیان نیز بیان کی ہوئی چیز یا واقعہ، ظاہر چیز. [ع].

مَعْرُوضات (فت م، سک ع، و مع) اند؛ ج.

۱. (انکسار سے) عرض کی ہوئی چیزیں، گزارشات، درخواستیں؛ بیانات. ۲. (فلسفہ) خارجی اشیا، محسوس یا مادی چیزیں.

مَعْرُوضَہ (فت م، سک ع، و مع، فت ض) صف؛ اند.

۱. عرض کیا ہوا؛ گزارش، عرضی، درخواست. ۲. لکھا ہوا، تحریر کیا ہوا.

مَعْرُوضی (فت م، سک ع، و مع) صف.

جس میں اپنے نفس یا انا کو دخل نہ ہو، بے لاگ، بے تعصب، خارجی واقعی (Objective).

مَعْرُوضِیَّت (فت م، سک ع، و مع، شد ی، مع بلت) امث.

۱. معروضی ہونا، خارجیت؛ (ادب) واقعیت (Objectivity).

مَعْرُوف (فت م، سک ع، و مع) (الف) صف.

۱. پہچانا ہوا، مشہور. ۲. معلوم، ظاہر. ۳. (i) (قواعد) وہ حرف جو خوب کھینچ کر پڑھا جائے (جیسے: خوب میں واؤ اور پیر میں ی). (ii) (قواعد) وہ (فعل) جس کا فاعل معلوم ہو. ۴. درست، صحیح، جائز؛ شرعی (منکر کی ضد). (ب) اند. ۱. (تصوف) حق تعالیٰ. ۲. نیکی، نیک بات اللہ تعالیٰ کی تابع داری. ۳. وہ حدیث جس کی روایت مخالف اس حدیث کے ہو جسے ثقات نے روایت کیا ہو. [ع].

مُعَرّیٰ (ضم م، فت ع، شد ر، ا بشکل ی) (الف) صف.

۱. عاری، خالی. ۲. سادہ، ہموار؛ آسان (زبان کے لیے مستعمل) ۳. (ادب) جس میں قافیے نہ ہوں، غیر مقفیٰ. ۴. پاک، صاف، خالص بغیر سجاوٹ کا. ۵. آزاد، کھلا. (ب) اند. ۱. (عروض) کسی بحر کا تسبیغ، ازالہ اور ترفیل سے بچا ہوا رکن. ۲. وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ ہو؛ بلا ترجمہ قرآن شریف. ۳. سادہ نثر. ۴. وہ نظم جس میں قافیہ نہ ہو. [ع].

مُعَز (ضم م، فت ع) صف.

عزت کیا گیا، صاحبِ توقیر، بخشا ہوا؛ تراکیب میں مستعمل. [ع].

مُعِز (ضم م، کس ع) صف.

۱. عزت دینے والا؛ (مجازاً) عزت دار. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

مُعَزَّز (ضم م، فت ع، شد ز بفت) صف.

عزت دار، باوقعت، بزرگ؛ شریف؛ بڑا. [ع].

معزز خاندان/ گھرانا اند. صاحبِ عزت و باوقار خاندان.

مُعَزّزِین (ضم م، فت ع، شد ز بفت، ی مع) اند؛ ج.
عزت دار لوگ، صاحبانِ توقیر؛ (مجازاً) سرکاری افسران.

مَعزُول (فت م، سک ع، و مع) صف.
(لفظاً) جدا کیا گیا؛ (مجازاً) برطرف؛ تخت، گدی یا منصب سے ہٹایا گیا. [ع].
معزول شدہ صف. جسے معزول کیا گیا ہو، معزولی کا شکار، جو برطرف ہو گیا ہو.

مَعشُوق (فت م، سک ع، و مع) صف؛ اند.
عشق کا مفعول، وہ شخص جس پر کوئی فریفتہ ہو؛ (مجازاً) محبوب، پیارا، دلبر، دلربا (عاشق کی ضد). [ع].

مَعشُوقہ (فت م، سک ع، و مع، فت ق) امث.
وہ عورت جس پر کوئی شخص عاشق ہو، محبوب، دلربا عورت.

مَعصُوم (فت م، سک ع، و مع) (الف) صف.
۱. محفوظ کیا ہوا، باز رکھا ہوا؛ (مجازاً) پاک، صاف (عموماً گناہ سے). ۲. (مجازاً) بے گناہ، بے قصور، پاک دامن. ۳. (مجازاً) بھولا بھالا، سیدھا سادہ. (ب) اند. ۱. ننھا بچہ، کم سن بچہ نیز یتیم بچہ. ۲. (مراداً) شہدائے کربلا؛ خصوصاً حضرت امام حسینؓ کے چھوٹے فرزند علی اصغرؓ. [ع].
معصوم صفت صف. بے گناہ، نیک مزاج؛ (کنایۃً) احمق، بے وقوف، نادان.

مَعصُومانہ (فت م، سک ع، و مع، فت ن) صف.
معصوموں کا سا؛ پاک و پاکیزہ؛ سیدھا سادہ، بے ساختہ، جس میں بناوٹ نہ ہو.

مَعصُومہ (فت م، سک ع، و مع، فت م) صف مث نیز امث.
عصمت والی، پاک دامن، پاکیزہ؛ (مجازاً) حضرت امام حسینؓ کی چھوٹی صاحبزادی سکینہؓ.

مَعصُومِیَت (فت م، سک ع، و مع، کس م، فت ی) امث.
۱. بے گناہی، عصمت، پاک دامنی. ۲. بھولا پن، لڑکپن، بچپنا. ۳. سادگی.

مَعصُومِین (فت م، سک ع، و مع، ی مع) اند؛ ج.
معصوم کی جمع؛ بہت سے معصوم؛ گناہوں سے پاک لوگ (اہلِ تشیع) چودہ اماموں کا ایک لقب.

مَعصِیَت (فت م، سک ع، کس ع ص، فت ی) امث.
۱. نافرمانی، حکم عدولی، انحراف (اطاعت کی ضد). ۲. گناہ، قصور، خطا، پاپ.

مُعَطّر (ضم م، فت ع، شد ط بفت) صف؛ اند.
عطر میں بسا ہوا، خوش بودار، مہکتا ہوا. [ع].

مُعَطّل (ضم م، فت ع، شد ط بفت) صف.
۱. کام سے خالی، بے شغل، جسے فرصت ہو، بے کار. ۲. کچھ دنوں کے لیے چھٹا ہوا (کوئی کام وغیرہ)، موقوف. ۳. نکما. ۴. کچھ دنوں کے لیے کام سے علیحدہ، عہدے سے عارضی طور پر ہٹایا ہوا؛ ایام مقررہ تک بے کار. ۵. علیحدہ، الگ. [ع].
معطل کرنا محاورہ. ۱. چھڑا دینا، الگ کر دینا، بے کار کر دینا. ۲. کچھ عرصے کے لیے کسی کو کسی عہدہ سے ہٹا دینا. ۳. سُست کر دینا، نکما کرنا، کاہل بنا دینا. ۴. ختم کرنا، منسوب کر دینا، رد کر دینا، کالعدم کر دینا.

مُعَطّلی (ضم م، فت ع، شد ط بفت) امث.
۱. معطل ہونا، معزولی، برطرفی، بے کاری، کام سے علیحدگی. ۲. چند روز کے لیے ختم کیا جانا، التوا میں ڈالنا، معطل ہونا، موقوف ہونا، روک دیا جانا.

مَعطُوف (فت م، سک ع، و مع) (الف) صف.
پھیرا گیا، پلٹا ہوا، موڑا ہوا، جھکایا ہوا، خم کھایا ہوا. (ب) اند. (نحو) کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو. [ع].
معطوف الیہ صف؛ اند. (قواعد) وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو اور جس پر عطف کیا جائے.

مُعَظّم (ضم م، فت ع، شد ظ بفت) صف.
۱. عظمت والا، بزرگی دیا گیا، بزرگ، واجب التعظیم، باعظمت؛ شریف ۲. (مجازاً) بڑا، مجرب، قابلِ اعتماد. [ع].

مُعَظّمہ (ضم م، فت ع، شد ظ بفت، فت م) (الف) امث.
بزرگ یا عظمت والی عورت، محترم خاتون. (ب) صف ۱. بزرگی دیا گیا واجب التعظیم (متبرک و قابلِ احترام ہستی یا مقام خصوصاً کے ساتھ مستعمل). ۲. بزرگ، بڑا؛ قابلِ احترام، قابلِ تعظیم.

مَعْقُول (فت م، سک ع، ومع) صف.
۱. جسے عقل کے ذریعہ سمجھا جا سکے، جو عقل کو پسند ہو، سمجھ میں آنے والا، عقل میں لایا گیا. ۲. (i) مناسب، واجب، ٹھیک، پسندیدہ. (ii) بجا، درست، اطمینان کے قابل. ۳. (i) مہذب، شائستہ، سمجھ دار. (ii) قابل، لائق، تعلیم یافتہ. ۴. حسبِ اطمینان؛ خاطر خواہ. ۵. (i). موزوں، زیبا، شایاں، پھبتا ہوا، عمدہ. (ii) قائل، ماننے والا، تسلیم کرنے والا. [ع].

مَعْقُولات (فت م، سک ع، ومع) امث؛ ج.
معقول کی جمع، اچھی باتیں، حکمت و فلسفہ و منطق کی باتیں، علم عقلی، فلسفہ و سائنس.

مَعْقُولِیَّت (فت م، سک ع، ومع، شدی مع بفت) امث.
۱. مناسب ہونا، معقول ہونا. ۲. (فلسفہ) اوّلیت، اوّلیت کی بحث. ۳. انسانیت، سمجھ بوجھ، سنجیدگی، مناسبت. [ع].

مَعْکُوس (فت م، سک ع، ومع) صف.
۱. اُلٹا، اوندھا، ٹیڑھا، برعکس، اُلٹ، پلٹا ہوا. ۲. قابل منسوخی، جس کو اُلٹا یا بدلا جا سکے. ۳. برا، خراب، منحوس (طالع یا نصیب). ۴. (کسی شخص یا کتاب وغیرہ کا) مظہر، مرقع، آئینہ. [ع].

مُعَلَّق (ضم م، فت ع، شد ل بفت) صف.
۱. (i) آویزاں، درمیان میں لٹکا ہوا. (ii) بیچ میں اٹکا ہوا، رکا ہوا، جس کا کوئی فیصلہ نہ ہو سکا ہو. ۲. التوا میں پڑا ہوا، وقتی طور پر رکا ہوا. [ع].

معلق رہنا ف مر؛ محاورہ. ۱. لٹکا رہنا. ۲. بے یقینی کی حالت میں رہنا، حالتِ امید و بیم میں رہنا.

معلق ہو جانا / ہونا محاورہ. ۱. لٹکا رہ جانا، دعا کا اوپر تک نہ پہنچنا، بیچ میں رہ جانا؛ دعا قبول نہ ہونا. ۲. رک جانا، تھم جانا، ٹھہر جانا.

مُعَلِّم (ضم م، فت ع، شد ل بکس) صف؛ اند.
۱. پڑھانے والا؛ تعلیم دینے والا، سکھانے والا، استاد، مدرّس. ۲. (فقہ) وہ شخص جو زائرین مکۂ معظمہ و مدینۂ منورہ میں حجاج کرام کو زیارتیں اور دعائیں اور دیگر ارکان بتاتا یا پڑھاتا ہو، وہ شخص جو کسی گروہ کو علم دین سکھانے پر مامور ہو. [ع].

معلم انسانیت اند. تمام انسانوں کے استاد، کوئی نبی؛ مراد: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

معلم دین اند. دینِ اسلام کی تعلیم دینے والا، دینی تعلیم کا اُستاد.

مُعَلِّمات (ضم م، فت ع، شد ل بکس) امث، ج.
پڑھانے والی عورتیں، استانیاں.

مُعَلِّمَہ (ضم م، فت ع، شد ل بکس، فت م) امث.
تعلیم دینے والی عورت، پڑھانے والی یا تربیت دینے والی عورت، استانی.

مَعْلُول (فت م، سک ع، ومع) صف.
۱. (وہ چیز) جس کا کوئی سبب ہو، علت کیا ہوا، (وہ بات) جس کے لیے دلیل دی گئی ہو، وہ جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں، سبب سے رونما ہونے والا. ۲. نتیجہ، ثمرہ، پھل، حاصل. ۳. (فلسفہ) کسی شے یا کسی وجود سے پیدا ہونے والا نتیجہ. ۴. (قواعد) وہ جملہ جس میں کوئی نتیجہ اخذ کیا گیا ہو. [ع].

مَعْلُوم (فت م، سک ع، ومع) صف.
۱. جانا ہوا، جس کا علم ہو؛ جانا گیا، تمیز کیا گیا. ۲. ظاہر، عیاں، روشن. ۳. ناممکن، دشوار. ۴. مشہور، معروف. [ع].

مَعْلُومات (فت م، سک ع، ومع) امث؛ ج.
۱. واقفیت، تجربہ، علمی لیاقت. ۲. جانے ہوئے امور، علم، آگاہی، اطلاعات، خبریں. ۳. کسی چیز کے بارے میں تحقیقات، پوچھ گچھ.

معلومات عامہ امث؛ اند. ۱. عام باتوں کا علم، ہر طرح کا علم یا واقفیت عام معلومات، عام باتوں سے متعلق واقفیت، علمیت. ۲. وہ مضمون جس کا تعلق کسی خاص شعبے یا مخصوص علاقے تک محدود نہ ہو بلکہ عمومی ہو

مُعَلّیٰ (ضم م، فت ع، شد ل، الف بشکل ی) صف؛ ← معلےٰ.
۱. بڑے مقام یا بڑی عظمت والا، عالی، بلند، بزرگ، بڑے درجے کا. ۲. اونچا، بلند. ۳. شاہی. [ع].

مُعَمّا (ضم م، فت ع، شد م) اند؛ ← معمی.
۱. اندھا کیا گیا، نابینا کردہ شدہ، کور؛ (مجازاً) پوشیدہ بات، مخفی بات، پیچیدہ امر، پہیلی. ۲. (مجازاً) الجھا ہوا مسئلہ، پیچیدہ مسئلہ. ۳. عقدہ، راز جس کا راز کسی کی سمجھ میں نہ آئے. ۴. کتابوں، اخباروں یا رسائل وغیرہ میں شائع ہونے والا ذہانت کی جانچ کے لیے بنایا ہوا سوال یا مسئلہ جس کے لفظوں کے درمیان کے حروف غائب ہوتے ہیں اور معمہ حل کرنے والا اس کو بھرتا ہے صحیح حل پر اس کو انعام دیا جاتا ہے. [ع].

مِعْمار (کس مج م، سک ع) صف : امذ.
ا.عمارت بنانے والا، مستری، عمارت کا کاری گر، راج.۲.(کسی ادارے یا ملک کو) بنانے والا، بانی، بنیاد رکھنے والا، نشو و نما کرنے والا؛ (کنایۃً) قائد، رہنما.[ع].

مُعَمَّر (ضم م، فت ع، شدم بفت) صف.
ا.عمر رسیدہ، بوڑھا، بڑی عمر کا، کہن سال.۲.(مجازاً) پرانا، کہنہ، بوسیدہ.
۳.آباد کرنے والا، معمار.[ع].

مَعْمُور (فت م، سک ع، و مع) صف.
ا.بھرا ہوا، پُر؛ لبریز، مملو.۲.آباد، بسا ہوا.۳.مزین، آراستہ، سجا ہوا.[ع].

مَعْمُول (فت م، سک ع، و مع) امذ.
ا.وہ عمل جو تقریباً روز کیا جائے، مسلسل کیا جانے والا عمل، وہ بات جو روزمرہ کی جائے.۲.عادت، ربط، محاورہ.۳.دستور، قاعدہ، رواج.
۴.وہ شخص جو اپنے عامل یا اُستاد کا حکم بجا لائے؛ جس شخص پر عمل کیا جائے.۵.(کنایۃً) وہ رقم جس کے دینے کا دستور ہو، معاوضہ.[ع].
معمول بنا لینا/ بنانا محاورہ.ا.اشاروں پر چلانا، مطیع کر لینا.۲.روزمرہ کرنے کا عادی ہو جانا، کوئی کام ہمیشہ کرنا.

مَعْمُولات (فت م، سک ع، و مع) امذ؛ ج.
وہ کام جو آدمی روز انجام دیتا ہو، روزمرہ کے امور؛ وہ باتیں جن کی عادت ہو.

مَعْمُولی (فت م، سک ع، و مع) (الف)؛ صف.
ا.معمول سے منسوب یا متعلق؛ معمول کا، حسبِ معمول، رواج کے مطابق.۲.کم قیمت، جو خاص نہ ہو، عام سی.۳.غیر اہم، رسمی.۴.ادنیٰ، کم حیثیت اور کم درجے کا.۵.مقررہ، معینہ.۶.تھوڑا، بہت کم، برائے نام.(ب) امث.معمول کے مطابق ہونے کی حالت یا کیفیت.

مُعَمَّہ (ضم م، فت ع، شدم بفت) امذ.
معما جو اس کا درست املا ہے، مخفی، پوشیدہ؛ وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے.
معمہ حل کرنا محاورہ.ا.پیچیدہ یا مشکل بات کو آسان کرنا؛ پہیلی بوجھنا.
۲.اخبارات یا رسائل میں آئے ہوئے معمہ کو بھرنا.

مُعَمّیٰ (ضم م، فت ع م، شدم بفت، الف بشکل ی) امذ.
دیکھیے: معما جس کا یہ صحیح املا ہے.

مَعْناً (فت م، سک ع، تن ابفت) م ف.
معنی کے اعتبار سے، از روئے معنی، معنی کے مطابق.[ع].

مُعَنْبَر (ضم م، فت ع، سک م بشکل ن، فت ب) صف.
ا.عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا، وہ چیز جس میں عنبر ملایا گیا ہو، خوش بودار، معطر، خوشبو سے بسا ہوا.۲.سیاہ رنگ.[ع].

مُعَنْوَن (ضم م، فت ع، سک ن، فت و) صف.
عنوان کیا ہوا، (کتاب، دیوان وغیرہ) کسی دوست یا بزرگ یا کسی شخص کے نام انتساب کیا ہوا، نام زد کیا گیا.[ع].
معنون کرنا ف مر.کسی کے نام منسوب کرنا، انتساب کرنا.

مَعْنَوِی (فت م، سک ع، فت ن، ی مع) (الف) صف.
ا.اصلی، واقعی، حقیقی (ظاہری کے مقابل).۲.معنیٰ سے منسوب متعلق، تشریحی.۳.اندرونی، باطنی، ذاتی، روحانی.(ب) امذ.(علمِ بدیع) کی دوسری قسم جس میں صنعتِ ایہام، حسنِ تعلیل، لف و نشر، تلمیح مراعات النظیر وغیرہ صنعتیں داخل ہیں.

مَعْنَوِیّات (فت م، سک ع، فت ن، شدی مع بفت) امث؛ ج.
ا.معنی کی جمع.۲.(لسانیات) مفہوم الفاظ کا مطالعہ (خصوصاً معنوی تبدیلیوں کے حوالے سے) اشارات و علامات کے باہمی تعلق کا مطالعہ اور ان کا جن کی وہ ترجمانی کرتے ہیں، علم المعانی.۳.ایک ذہنی رویہ (جیسے سپاہیوں کا) جس سے حوصلے، جوش اور جذبۂ امید اور اعتماد کا اظہار ہو، حوصلہ، ہمت، عزم.

مَعْنَوِیَّت (فت م، سک ع، فت ن، شدی مع بفت) امث.
ا.معنی، مطلب، مفہوم، مقصد.۲.مفہومیت.۳.حقیقت، اصلیت.

مَعْنیٰ/ مَعْنی (فت م، سک ع، الف بشکل ی) امذ.
ا.ہر لفظ کا وہ محل جہاں وہ استعمال کیا جائے، مطلب، مفہوم، منشا.
۲.(شاذ) مضمون.[ع: معنیٰ؛ ف: معنی].
معنیٰ/ معنی آفریں صف.(ادب) معنی پیدا کرنے والا، معنی دینے والا؛ بامعنی.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

معنی / معنی پہنانا محاورہ . نئے مفہوم اور مطلب دینا .

معنی / معنی خیز صف . بہت گہرا ، پہلودار ، (وہ بات ، جملہ یا کلمہ) جس میں بہت سے معنی نکلیں ، پُر معنی .

معنی / معنی خیز مسکراہٹ مث . ایسی مسکراہٹ جس میں کوئی خاص یا اہم بات پوشیدہ ہو ، رمزیت سے پُر مسکراہٹ .

مُعَوِّذَتَین (ضم م ، فت ع ، شد و بکس ، فت ذ ، ی لین) اند .
قرآن مجید کی آخری دو سورتیں ، سورۂ فلق اور سورۃ الناس .

مَعَہ (فت م ، ع) اند .
دیکھیے : مع جو اس کا درست املا ہے ، ساتھ ، ہمراہ ، سمیت ، سنگ .

معہ اہل و عیال م ف . دیکھیے : مع اہل و عیال .

مِعیار (کس ع م ، سک ع) اند .
۱. پیمانہ ، ناپ ، اعمال و افعال کی پرکھ ، نصاب . ۲. پرکھ یا جانچ پڑتال کا طریقہ ، کسوٹی ، محک . ۳. اصول ، ضابطہ . [ع] .

مِعیاری (کس ع م ، سک ع) صف .
کسوٹی پر پرکھا ہوا ، معیار کے مطابق ، مقررہ سطح یا معیار پر پورا اترنے والا ؛ (مجازاً) بہتر ، عمدہ .

معیاری وقت اند . عالمی مقرر کردہ گھڑیوں کا وقت جو معیاری وقت مانا گیا ہے .

مَعِیَّت (فت م ، کس ع ، شد ی مع بفت) مث .
ساتھ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ ہم راہی میں ہونا ، ساتھ ہونا ، موجودگی . [ع] .

معیت میں م ف . کسی کی موجودگی میں ، ہم راہی میں ، ساتھ ساتھ .

مُعِید (ضم م ، ی مع) صف .
اعادہ کرنے والا ، کام کو بار بار کرنے والا ؛ اللہ تعالی کا ایک صفاتی نام . [ع]

مَعِیشَت (فت م ، ی مع ، فت ش) مث .
۱. وہ چیزیں جن سے زندگی گزاریں ، گزر بسر کا ذریعہ ، روزگار ، روزی ، معاش . ۲. زندگی ، زندگانی یا زیست کرنا ، گزر اوقات . ۳. رزق ، معاش . ۴. عیش و عشرت ، زندگی گزارنے کا سلیقہ . ۵. معاشی صورت حال . [ع] .

مُعِین (ضم م ، ی مع) صف .
۱. مدد کرنے والا ، اعانت کرنے والا ، معاون ، مددگار . ۲. اللہ تعالی کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام . [ع] .

مُعَیَّن (ضم م ، فت ع ، شد ی بفت) (الف) صف .
مقرر کیا گیا ، ٹھہرایا گیا ، مقررہ ، مفروضہ . (ب) اند . (ہندسہ) علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمہ نہ ہوں . [ع] .

معین اوقات اند : ج . مقررہ وقت ، طے شدہ وقت .

مُعَیَّنَہ (ضم م ، فت ع ، شد ی بفت ، فت ن) صف .
مقررہ ، مقرر کیا ہوا ، طے شدہ .

مَعْیُوب (فت م ، سک ع ، و مع) صف .
۱. عیب دار ، عیبی ، نقص والا . ۲. خراب ، باعثِ شرم ، باعثِ خفت و شرمندگی . [ع] .

مُغَالَطَہ (ضم م ، فت غ ل ، فت ط) اند .
۱. غلطی میں مبتلا ہونا ، بھول چوک ، غلط فہمی . ۲. دھوکا ، فریب ، جھانسا . [ع] .

مغالطہ انگیز صف . غلط فہمی پر مبنی ؛ مغالطے میں ڈالنے والا .

مُغَائِر (ضم م ، کس ء / کس غ ی) صف : ← مُغَایر .
برعکس ، اُلٹا ، برخلاف ، مختلف . [ع] .

مُغَائِرَانَہ (ضم م ، کس ء ، فت ن) صف : م ف .
مخالفانہ ، مخالفت والا ؛ مختلف انداز کا ؛ غیریت والا .

مُغَائِرَت / مُغَایَرَت (ضم م ، فت نیز کس ء ، فت ر / فت ی ، ر) مث .
۱. باہم غیر ہونا ، اجنبیت ، غیریت ، بے گانگی ، ناموافقت . ۲. مخالفت ، دشمنی . ۳. جدائی ، مفارقت ، فراق . ۴. خرید و فروخت میں تبادلہ کرنا ، تبادلۂ لین دین ، لین دین کرنا . [ع] .

مُغْتَنَم (ضم م ، سک غ ، فت ت ، ن) صف .
جس کا وجود غنیمت ہو ، جس کا نہ ہونے سے ہونا بہتر ہو ، غیر مترقبہ ، غنیمت ؛ (مجازاً) قابلِ قدر . [ع] .

مَغْرِب (فت م ، سک غ ، کس ر) (الف) اند : مث .
۱. غروب ہونے کی جگہ ، چار سمتوں میں سے ایک سمت ، سورج چھپنے

کی جگہ، پچھم ۔۲۔ یورپ نیز وہ ممالک جو کرۂ ارض کے پچھم کی طرف واقع ہیں ۔۳۔ سورج ڈوبنے یا غروب ہونے کا وقت، شام ۔(ب) امث۔ (فقہ) پانچ فرض نمازوں میں سے ایک نماز جو سورج ڈوبتے ہی پڑھی جاتی ہے (تین رکعت فرض نماز)؛ نماز مغرب۔ [ع]۔

مغرب پرستی امث۔ مغربیت کا دل دادہ ہونا، مغربی افکار و خیالات کو پسند کرنا (مشرقیت کے بالمقابل)۔

مغرب زدہ صف۔ مشرقی ملکوں میں یورپ والوں کے طور یا طریق وضع وغیرہ اختیار کرنے والا، مغربی افکار و اطوار سے متاثر۔

مَغرِبی (فت م، سک غ، کس مج ر) صف۔
۱۔(i) مغرب سے متعلق یا منسوب، مغرب کا، پچھم کا، مغرب کی سمت والا۔ (ii) مغرب کا رہنے والا شخص، یورپ، افریقہ یا مراکو کا باشندہ۔

مَغرِبِیّت (فت م، سک غ، کس مج ر، شد ی مع بفت) امث۔
۱۔ مغربی ہونا، یورپ وغیرہ کا طور طریقہ، وضع قطع اور تہذیب، یورپ کے انداز و اطوار ۔۲۔ اجنبیت، غیریت۔

مُغَرَّق (ضم م، فت غ، ، شد ر بفت) صف۔
۱۔ غرق ہونے والا، پانی میں ڈوبا ہوا ۔۲۔ سونے چاندی یا جواہرات میں لدا (لباس یا عمارت وغیرہ)، جگمگاتا ہوا، چمکتا ہوا۔ [ع]۔

مَغرُور (فت م، سک غ، و مع) صف۔
غرور والا، گھمنڈی، متکبر، خودبیں، خود پسند، شیخی خورا، اترانے والا۔ [ع]۔

مَغز (فت م، سک غ) اند۔
۱۔ جانداروں کے کاسۂ سر کے اندر بھرا ہوا گودا، بھیجا، دماغ ۔۲۔ کسی چیز کا اندرونی گودا، گری یا بیج ۔۳۔ (مجازاً) عقل، سمجھ، فہم و فراست (تراکیب میں مستعمل) ۔۴۔ (کسی بات کا) ماحصل، انجام یا نتیجہ؛ اصل، خلاصہ، اصلیت، جڑ۔ [ف]۔

مغز پچی کرنا ف مر؛ محاورہ۔ ۱۔ دیر تک بے ضرورت بکتے رہنا، بحث و تکرار کرنا، بک بک کرنا ۔۲۔ سر مارنا، دماغ پاشی کرنا، سر کھپانا۔

مغز چاٹ لینا/ چاٹنا ف مر؛ محاورہ۔ دماغ کھانا، باتوں سے دق کرنا، بک بک سے دماغ پریشان کرنا، دماغ خالی کر دینا، جان کھانا۔

مغز چل جانا/ چلنا ف مر؛ محاورہ۔ ۱۔ اترانا، مغرور ہونا ۔۲۔ دماغ خراب ہونا، دیوانہ ہونا، پاگل ہونا، بے عقلی کی باتیں یا کام کرنا۔

مغز کھپانا محاورہ۔ بہت زیادہ غور و خوض کرنا، سمجھانے کی کوشش کرنا کسی دماغی کام میں محنت کرنا۔

مغز مارنا ف مر؛ محاورہ۔ سمجھانے کی بہت کوشش کرنا، سر کھپانا، مغز پاشی کرنا۔

مَغزی (فت م، سک غ) (الف) امث۔
پتلی گوٹ جو لباس میں گردا گرد لگاتے ہیں، پتلی گوٹ، کور، دھرے کپڑے یا دُلائی کے کناروں کے جوڑ میں دی ہوئی پٹی، دھجی یا گوٹ (ب) صف۔ مغز سے منسوب یا متعلق، دماغی، مغز والا، گودے کا۔

مَغزِیات (فت م، سک غ، کس ز) اند؛ ج۔
مغز کی جمع؛ مغز یا گودے والی چیزیں؛ مراد: پستہ، بادام، چار مغز وغیرہ۔

مَغضُوب (فت م، سک غ، و مع) صف۔
جس پر غضب یا عتاب ہو، جس پر غصہ ہو؛ جو عذاب میں ہو، غضب میں آیا ہو، زیر عتاب۔ [ع]۔

مَغفِرَت (فت م، سک غ، کس مج ف، فت ر) امث۔
آخرت کی نجات یا بخشش، عفو، تقصیر یا خطا کی معافی، گناہ کی بخشش نجات (عموماً خدائے تعالیٰ کی طرف سے)۔ [ف؛ ع]۔

مَغفُور (فت م، سک غ، و مع) صف۔
۱۔ جو بخش دیا جائے، جس کی مغفرت ہو گئی ہو، مغفرت کیا گیا (مجازاً) جنتی، بہشتی، مرحوم، مرحومہ ۔۲۔ (احتراماً) متوفی، فوت شدہ (علاوہ انسان کے اور چیزوں کے واسطے بھی کہتے ہیں) ۔۳۔ بخشا ہوا معاف کیا ہوا، (گناہ، تقصیر وغیرہ)۔ [ع]۔

مُغُل (ضم م، فت غ نیز ضم) (الف) اند۔
۱۔ ترکوں کی ایک اعلیٰ ذات کا نام، تاتاری، تاتاریوں کا ایک قبیلہ منگولی (خصوصاً وہ شاخ جس نے برعظیم پاک و ہند پر حکومت کی) ۔۲۔ (مجازاً) مسلمان (خصوصاً اہلِ ہنود کے نزدیک)۔ (ب) صف۔ سادہ دل۔ [ف]۔

مغل اعظم اند۔ مغلوں میں سب سے بڑا؛ (تاریخ) مغلیہ خاندان کے مسلمان فرماں روا شہنشاہ اکبر کا لقب۔

مغل بچہ اند۔ مغل کی اولاد، مغل کا لڑکا، رئیس زادہ، شہزادہ، تیموری نسل کا فرد۔

مغل کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت کہاوت . پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا اور گھڑی میں بھوت جو زیادہ مستعمل ہے ؛ (پٹھان بہت متلون مزاج ہوتے ہیں ان کا کچھ اعتبار نہیں ، ذرا سی بات میں ناراض اور ذرا سی بات میں خوش ہو جاتے ہیں) ؛ متلون مزاج ، سخت مزاج کا آدمی .

مُغلانی (ضم م ، سک غ) امث .
۱. مغل خاندان کی عورت ، مغل قوم کی عورت . ۲. (مجازاً) کپڑے سینے والی عورت ، درزن نیز حرم سرائے میں رہنے والی خادمہ ؛ امرا کے ہاں بیگمات کی مصاحبت میں رہنے اور لباس سنگار میں مدد کرنے والی عورت ، ملازمہ ، ماما .

مُغَلَّظ (ضم م ، فت غ ، شد ل بفت) صف .
۱. گاڑھا ، جما ہوا . ۲. میلا ، گدلا ، گندہ ، آلودہ . ۳. (مجازاً) نجس ، ناپاک ، غلیظ ، فحش . [ع] .

مُغَلِّظ (ضم م ، فت غ ، شد ل بکس) صف .
غلیظ کرنے والا ، غلاظت پیدا کرنے والا ؛ گاڑھا کرنے والا ؛ (طب) وہ دوا جو اپنی کثافت کے سبب رطوبات خصوصاً مادہ منویہ کو گاڑھا کرے (تلطف اور محلل کی ضد) . [ع] .

مُغَلَّظات (ضم م ، فت غ ، شد ل بفت) امث ؛ ج . بہت فحش باتیں ، گندی گندی باتیں ؛ موٹی موٹی گالیاں .

مغلظات بکنا ف مر ؛ محاورہ . گالیاں بکنا ، فحش باتیں زبان پر لانا ، مادرخواہی کرنا ، رذالی باتیں کرنا .

مُغَلِّظَہ (ضم م ، فت غ ، شد ل بکس ج ، فت ظ) امث .
(فقہ) طلاق کی ایک قسم جس میں تینوں طلاقیں واقع ہو جائیں اور رجوع یا نکاح کی گنجائش نہ رہے ، عورت اپنے سابقہ شوہر پر صرف حلالہ کی صورت میں حلال ہو سکے .

مَغلُوب (فت م ، سک غ ، و مع) صف .
جس پر غلبہ پا لیا گیا ہو ، دبایا ہوا ؛ ہارا ہوا ، مفتوح ، شکست خوردہ . [ع] .

مغلوب العتاب/ الغضب صف . غصے کے بس میں آیا ہوا ، جسے بہت جلد (بات بات پر) غصہ آئے ، جس کی ناک پر غصہ دھرا ہو ، جو اپنے غصے کو قابو میں نہ رکھ سکتا ہو ، تند مزاج ، غصیل ، تیز مزاج ، جو معمولی معمولی باتوں پر غصے میں آجاتا ہو .

مُغْلئی (ضم م ، سک غ ، فت ل) صف .
۱. مغل یا مغلوں سے منسوب یا متعلق ، مغلوں کے رنگ یا انداز کا ، مغل سلطنت یا دور حکومت کا . ۲. لیس دار ، جس پر لیس لگی ہو .

مُغْلِیَّہ (ضم م ، سک غ ، شد ی مع بفت) (الف) صف .
مغل سے منسوب یا متعلق ، مغلوں کا ، مغلوں کے طرز کا ، مغلوں کے دور حکومت سے متعلق . (ب) امذ . مغل قوم کا آدمی .

مَغمُوم (فت م ، سک غ ، و مع) صف .
غم گین ، رنجیدہ ، آزردہ خاطر ، اداس ، غم زدہ ، فکرمند ، پریشان . [ع] .

مَغنُونَہ (فت م ، سک غ ، و مع ، فت ن) صف ؛ امث .
(لسانیات) غنہ کیا گیا ، وہ حرکت یا علت جس میں غنہ ہو ، ناک سے نکلنے والا نون .

مُغنی (ضم م ، سک غ) صف .
غنی کر دینے والا ، بے نیاز کر دینے والا ، حاجت سے آزاد کرنے والا ؛ (مجازاً) بے پروا ، بے نیاز نیز خدائے تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک (اسم) . [ع] .

مُغَنّی (فت م ، فت غ ، شد ن) صف ؛ امذ .
۱. گانے والا ، سُر والا ، گویا ، موسیقار . ۲. بربط کی قسم کا ایک ساز ، عود . [ع] .

مُغَنِّیَہ (ضم م ، فت غ ، شد ن بکس ، فت ی) صف مث .
گانے والی ، ڈومنی ، میراثن .

مَغوی (فت م ، سک غ) صف .
جسے اغوا کیا گیا ہو . [ع] .

مَغوِیَہ (فت م ، سک غ ، کس و ، فت ی) امث .
وہ عورت جس کو اغوا کیا گیا ہو ، اغوا شدہ .

مُغِیث (ضم م ، ی مع) صف .
فریاد رس ، فریاد سننے والا ، مدد کرنے والا . [ع] .

مُغَیِّرَہ (ضم م ، فت غ ، شد ی بکس ، فت ر) صف .
۱. (قواعد) وہ حروف جن کے پہلے قابل امالہ (الف یا ہائے مختفی پر ختم

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

ہونے والے) اسما اور صفات میں امالہ واقع ہو جاتا ہے جیسے برقع سے برقعے ، اجالا سے اجالے . ۲. وہ قوت جو غذا میں تغیر کر کے اس کو جزو بدن ہونے کے قابل بناتی ہے .

مَفاتِح (فت م، کس ج ت) اند ؛ ج.
کنجیاں ، چابیاں .

مفاتح الغیب اند ؛ ج. غیب کی کنجیاں ، غیب کی باتیں بتانے والا .

مُفاجات (ضم م) صف.
جو ناگاہ یا اچانک ہو ، ناگہاں آنے والا (عموماً موت یا مرگ کے لیے مستعمل) . [ع] .

مَفاد (فت م) اند.
فائدہ ، نفع ، بھلائی ، بہتری . [ع] .

مفاد پرست صف. اپنے فائدے سے غرض رکھنے والا ، مطلبی ، خود غرض.

مفاد پرستی مث. مفاد پرست ہونا ، خود غرضی ، مطلب پرستی .

مُفارَقَت (ضم م، فت ج ر، ق) مث.
باہم جدا ہونا ، بچھڑنا ، ہجر ، علیحدگی ، فراق ، جدائی ، فرقت . [ع] .

مفارقت دائمی مث. قطعی علیحدگی ، ہمیشہ کے لیے جدا ہو جانا ؛ مراد : موت.

مَفاسِد (فت م، کس س) اند ؛ ج.
خرابیاں ، برائیاں ، فتنے ، جھگڑے ، فسادات .

مَفاصِل (فت م، کس ص) اند ؛ ج.
۱. بدن کے جوڑ ، جسمانی ہڈیوں کے جوڑ ، ہاتھ پانو کے بند . ۲. (مجازاً) سلسلے ، متعلقات . [ع] .

مَفاعِلُن (فت م، کس ج ع، ضم ل) اند.
(عروض) بحر ہزج مثمن مقبوض کا وزن ، مفاعیلن جس میں "ی" حذف ہو گئی . [ع] .

مَفاعَلَہ (فت م، ع، ل) صف.
(عروض) شاعری کی بحر کا ایک وزن . [ع] .

مَفاعِیلُن (فت م، ی مع، ضم ل) اند.
(عروض) اشعار کے اوزان میں سے ایک وزن نیز ایک رکن جس سے بحر ہزج ترکیب پاتی ہے نیز بحرِ طویل کا دوسرا اور بحرِ مضارع کا پہلا اور تیسرا رکن . [ع] .

مُفاہَمَت (ضم م، فت ف، ہ، م) مث.
باہم کسی معاملے پر سمجھوتا .

مفاہمت پرست صف. مفاہمت کرنے والا ، موقع سے فائدہ اٹھانے والا موقع کی تاک میں رہنے والا .

مَفاہِیم (فت م، ی مع) اند ؛ ج.
مفہوم کی جمع ، مطالب ، معانی ، تفاسیر ، تشریحات . [ع] .

مفاہیم و محاسن اند ؛ ج. مطالب اور خوبیاں .

مُفت (ضم م، سک ف) صف ؛ م ف.
۱. بلا قیمت ، بلا معاوضہ ، بغیر داموں کے ، بلا عوض ، پھوکٹ میں ۲. بے فائدہ ، بے سود ، بے مقصد ، لاحاصل ، خواہ مخواہ ، یونہی ، ناحق ۳. بلا وجہ ، بے مقصد ، بے ضرورت . ۴. بے محنت ، بلا مشقت . ۵. ضائع اکارت ، رائیگاں . [ف] .

مفت خور صف. قیمت دیے بغیر مال کھا جانے والا ، دام ادا کیے بغیر کھانے والا ، بلا خرچ کے مزے اڑانے والا ، طفیلی ، نیبو نچوڑ .

مفت خورا / خورہ اند. مفت خوری کرنے والا ، قیمت ادا کیے بغیر مال کھانے والا ، طفیلی ، مفت خور .

مفت خوری مث. اُجرت دیے بغیر مال کھانا ، بے محنت کے کھانا کمانا

مفت کا درد سر اپنے سر لیا ہے کہاوت. یعنی دوسرے کی زحمت خود اوڑھ لی ہے .

مفت کی روٹیاں توڑنا محاورہ. بلا محنت و مشقت کھانا ، کام کیے بغیر اُجرت حاصل کرنا .

مفت کی (شراب) قاضی کو بھی حلال / روا ہے کہاوت. مفت کی چیز حاصل کرنے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا .

مفت کی لڑائی مول لینا ف مر ؛ محاورہ. بلا وجہ کا جھگڑا ، بلا سبب جھگڑا کر لینا .

مفت کھونا محاورہ. موقع ضائع کرنا ، بلا سبب یا بلا وجہ حاصل چیز کو ضائع کرنا .

مفت میں م ف. ۱. بلا وجہ ، بے سبب ، خواہ مخواہ ، ناحق . ۲. قیمت کے بغیر ، بے قیمت . ۳. ضائع ، اکارت .

مفت ہاتھ لگنا محاورہ. بلا داموں حاصل ہونا، بغیر محنت و مشقت کے ملنا.

مُفْتا (ضم م، سک ف) امذ.
مفت سے منسوب یا متعلق؛ مفت کی کھانے والا.

مِفْتاح (کس م، سک ف) امث.
۱. چابی جس سے قفل کھولا جاتا ہے، قفل کھولنے کا آلہ، کنجی، کلید. ۲. (مجازاً) کھولنے، واضح کرنے یا شرح کرنے کا ذریعہ؛ حل. [ع].

مُفَتِّح (ضم م، فت ف، شدت بکس ح) (الف) صف.
(لفظاً) کھولنے والا، انشراح کرنے والا؛ (طب) نرم کرنے والا، قبض دور کرنے والا؛ گھلانے والا، سدوں کو خارج کرنے والا (غذا یا دوا وغیرہ).
(ب) امذ. (مجازاً) شرح کرنے والا نیز عقدے حل کرنے والا. [ع].

مفتح الابواب صف؛ امذ. بند دروازے کھولنے والا؛ مراد: مشکلات کو دور کرنے والا، خدائے تعالیٰ.

مُفْتَخَر (ضم م، سک ف، فت ت، خ) صف.
جس پر گھمنڈ کیا جائے، قابلِ فخر (کام یا شخص وغیرہ)، جس پر فخر کیا جائے، جس پر ناز کرنا بجا ہو. [ع].

مُفْتَری (ضم م، سک ف، فت ت) صف.
افترا کرنے والا، بہتان باندھنے والا، الزام لگانے والا؛ (مجازاً) شریر، مفسد، دغا باز، جھوٹا. [ع].

مُفَتِّش (ضم م، فت ف، شدت بکس) صف.
۱. تفتیش اور تحقیقات کرنے والا، دریافت کرنے والا؛ ڈھونڈنے والا. ۲. (i) تجزیہ کرنے والا، ملاحظہ کرنے والا. (ii) ممتحن، سپرنٹنڈنٹ، سنسر. [ع].

مَفْتُوح (فت م، سک ف، و مع) صف.
۱. کھولا ہوا، کشادہ کیا ہوا، کھلا (خصوصاً دروازے کے لیے مستعمل). ۲. فتح کیا ہوا، جیتا ہوا، شکست دے کر حاصل کیا ہوا، مغلوب. ۳. فتحہ دیا ہوا، جس پر زبر ہو؛ وہ حرف جس پر زبر کی حرکت ہو، منصوب. [ع].

مَفْتُوحَہ (فت م، سک ف، و مع، فت ح) صف.
۱. فتح کیا ہوا، مفتوح، مغلوب. ۲. حرف جس پر زبر کی حرکت ہو، فتحہ لگا ہوا.

مَفْتُون (فت م، سک ف، و مع) صف.
فتنے میں ڈالا یا پڑا ہوا، دیوانہ؛ مراد: عاشق، فریفتہ، فدائی، شیدا. [ع].

مفتون ہونا محاورہ. پاگل ہونا، دیوانہ بنانا، عاشق ہونا، شیدا ہونا، فدا ہونا، فریفتہ ہونا، شیفتہ ہونا.

مُفْتی (ضم م، سک ف) صف؛ امذ.
(فقہ) کسی مسئلے پر شریعت کی روشنی میں رائے دینے والا، مستند عالم، دینی مسائل سے متعلق فتویٰ یا حکم شرعی دینے والا، عالم فقیہہ، ماہر شریعت، قاضی سے اوپر کا عہدے دار؛ (مجازاً) قاضی، جج، سرکاری مشیر قانونی. [ع].

مُفْتیٰ بِہٖ (ضم م، سک ف، اجتل ی، کس ب، ہ) صف.
جس کی صحت پر کسی بڑے مفتی یا مفتیوں کی جماعت نے فتویٰ دیا ہو.

مُفْتِیان (ضم م، سک ف، کس ج ت) امذ؛ ج.
مفتی کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

مَفَر (فت م، فت نیز کس ف) امذ؛ امث.
بھاگنے کی جگہ، جائے فرار؛ (مجازاً) کسی امر سے نجات ملنے کی صورت، چارہ کار، بچ نکلنے کی سبیل، بچاؤ، چھٹکارا. [ع].

مفر نہیں فقرہ. نجات حاصل نہیں ہوسکتی، چھٹکارا نہیں.

مُفَرِّح (ضم م، فت ف، شد ر بکس ج) (الف) صف.
فرحت دینے والا، فرحت بخش، دل و دماغ کے لیے طراوت، سرور اور طاقت بہم پہنچانے والا (امر یا شے). (ب) امث. نشہ آور شے مثلاً بھنگ وغیرہ جس میں مشک و عنبر وغیرہ کی آمیزش ہو. [ع].

مفرح قلب صف. دل کو تازگی یا قوت پہنچانے والا؛ (طب) دل کی بیماریوں میں مفید، (عموماً) دوا معجون وغیرہ.

مُفَرِّحات (ضم م، فت ف، شد ر بکس ج) امث؛ ج.
۱. (طب) وہ دوائیں جو طبیعت کو فرحت، خوشی اور قوت بخشیں (عموماً کسی بیماری کے بعد طبیعت کی بحالی کے لیے مستعمل). ۲. (مجازاً) کھانے پینے کی لذت بخش چیزیں خصوصاً چائے کے ساتھ کھائی جانے والی چیزیں یا لوازمات.

مُفْرَد (ضم م، سک ف، فت ر) صف.
۱. فرد کیا ہوا؛ (مجازاً) تنہا، اکیلا، علیحدہ، الگ. ۲. (قواعد) وہ لفظ جو تنہا ایک معنی پر دلالت کرے. ۳. حروف تہجی میں سے کوئی حرف. [ع].

مُفْرَدات (ضم م، سک ف، فت ر) امذ؛ ج.
۱. مفرد کی جمع، وہ چیزیں جو بہ اعتبار شناخت الگ اور اصلی ہوں (مرکبات کے مقابل). ۲. حروف تہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں. ۳. (طب) کوئی چیز جو اپنی اصل حالت میں بطور دوا استعمال کی جائے، مفرد دوائیں وہ نسخے یا کتابیں جن میں مفرد دواؤں سے بحث کی جائے. ۴. اشعار جن میں سے ہر ایک فرد ہو.

مُفَرَّس (ضم م، فت ف، شد ر بفت) صف.
(لسانیات) کسی دوسری زبان کے لفظ کو فارسی انداز میں ڈھالا ہوا، فارسی کیا ہوا، کسی اور زبان کا لفظ فارسی زبان میں شامل کیا ہوا (خواہ اصل شکل میں شکل بدل کر فارسی لب و لہجہ کے مطابق) جیسے ٹیلفون سے تلفون، ریڈیو سے رادیو. [ع].

مُفْرَط (ضم م، سک ف، فت ر) صف.
حد سے بڑھا ہوا، جو بہ افراط ہو، بہت زیادہ، بے حد. [ع].

مُفْرِط (ضم م، سک ف، کس ر) صف.
افراط کرنے والا؛ (مجازاً) زیادتی میں حد سے گزرنے والا، مبالغہ اور زیادتی کرنے والا. [ع].

مَفْرُور (فت م، سک ف، و مع) صف؛ امذ.
۱. بھاگا ہوا (شخص)، جو بھاگ گیا ہو، فرار ہونے والا. ۲. (قانون) شخص جو کوئی جرم کر کے بھاگ جائے اور اس کا نام رجسٹر مفروراں میں درج ہو. [ع].

مَفْرُوض (فت م، سک ف، و مع) (الف) صف.
۱. فرض کیا ہوا، فرضی، قیاسی. ۲. کسی پر جو فرض ہو، واجب کیا گیا، لازم کیا گیا؛ (خصوصاً) خدا کی طرف سے فرض کیا گیا. (ب) امذ. (ریاضی) عدد جو کسی اور عدد کے مساوی مانا گیا ہو. [ع].

مَفْرُوضات (فت م، سک ف، و مع) امذ؛ ج.
فرض کی ہوئی باتیں یا امور جن کی کچھ اصلیت نہ ہو، وہ امور جو محض مان لیے گئے ہوں، مفروضے.

مَفْرُوضَہ (فت م، سک ف، و مع، فت ض) صف؛ امذ.
۱. فرض کیا ہوا، تسلیم کیا ہوا. ۲. (ریاضی) لیا ہو، حاصل کیا ہوا (عدد)، جو کسی عدد کے مساوی مانا گیا ہو. ۳. بات جو استدلال کی بنیاد پر مان لی جائے نیز فرض کیا ہوا واقعہ یا بات. ۴. (سائنس) بے دلیل دعویٰ، نظریہ (Hypothesis).

مفروضہ قائم کرنا محاورہ. کوئی بات فرض کر لینا، کسی استدلال کی بنیاد پر کوئی غیر حقیقی بات تصور یا تسلیم کر لینا.

مُفْسِد (ضم م، سک ف، کس س) صف.
۱. فساد برپا کرنے والا، جھگڑا کرنے والا، فسادی؛ (مجازاً) دو یا دو سے زیادہ اشخاص یا جماعت کو لڑا دینے والا، شریر. ۲. (مجازاً) شورش پھیلانے والا، باغی، سرکش، منحرف. ۳. کسی نیک عمل (مثلاً نماز وغیرہ کو) باطل کرنے یا توڑنے والا (امر). [ع].

مَفْسَدات (فت م، سک ف، فت ج س) امث؛ ج.
تباہ کن چیزیں، مضر چیزیں، خرابیاں، برائیاں، (فقہ) (نماز وغیرہ میں) خرابی پیدا کرنے والی باتیں.

مُفْسِدانَہ (ضم م، سک ف، کس ج س، فت ن) صف؛ م ف.
فسادیوں کی طرح، فتنہ پردازی کے ساتھ، باغیانہ.

مَفْسَدَہ (فت م، سک ف، فت ج س، فت د) صف.
۱. تباہی، فساد کی جڑ، وہ امر جو خلاف مصلحت ہو، خرابی، بدی. ۲. بلوہ دنگا فساد، شورش، ہنگامہ، جھگڑا، بگاڑ. ۳. بغاوت، سرکشی، غدر. [ع].

مُفْسِدِین (ضم م، سک ف، کس ج س، ی مع) صف؛ ج.
فتنہ و فساد برپا کرنے والے، بغاوت کرنے والے لوگ، سرکش لوگ.

مُفَسِّر (ضم م، فت ف، شد س بکس) صف.
تفسیر کرنے والا، معنی یا مطلب واضح کرنے والا، کسی قول کے ابہامات کو دور کرنے والا (خصوصاً) قرآن کی شرح احادیث کی روشنی میں کرنے والا. [ع].

مُفَسِّرِین (ضم م، فت ف، شد س بکس، ی مع) امذ؛ ج.
تفسیر کرنے والے، بالخصوص قرآن پاک کی تفسیر کرنے والے علماء.

مُفَصَّل (ضم م، فت ف، شد ص بفت) (الف) صف.
ا. تفصیل وتشریح کے ساتھ بیان کیا ہوا، کھول کر بیان کیا گیا، واضح، غیرمبہم ۲. (مجازاً) مکمل، پورا، تفصیلی ۳. جدا کیا گیا، تقسیم کیا ہوا؛ کسی دیوار یا اوٹ کے ذریعہ الگ کیا ہوا. (ب) م ف. بالتفصیل، تفصیل وار، کھول کر، صاف صاف. [ع].

مُفَصَّلاً (ضم م، فت ف، شد ص بفت، تن ل بفت) م ف.
تفصیل وتشریح کے ساتھ، وضاحت سے، بالتفصیل، صاف صاف.

مُفَصَّلَه (ضم م، فت ف، شد ص بفت، فت ل) صف.
مفصل، تفصیل کیا گیا، کھول کر بیان کیا گیا، (عموماً بالا اور ذیل کے ساتھ مستعمل).

مَفعُول (فت م، سک ف، و مع) (الف) صف.
فعل کیا گیا، کیا ہوا، کردہ شدہ؛ جس پر کام کیا جائے. (ب) اند. ا. (قواعد) اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو، وہ کلمہ جس پر فعل کا اثر ہوا ہو. ۲. (فحش) بدفعلی یا اغلام کرانے والا شخص، مابون، جسے علت اُبنہ ہو. [ع].

مَفقُود (فت م، سک ف، و مع) صف؛ اند.
ا. کھویا ہوا، غائب، ندارد، ناپید، گم شدہ، جو پایا نہ جائے. ۲. (فقہ) شخص جو گھر سے چلا جائے اور اس کے مرنے جینے کی خبر نہ ہو، مفقود الخبر. [ع].

مفقود ہونا محاورہ. ا. گم ہونا، کھو جانا، لاپتا ہونا، بے نشان ہونا، سراغ نہ ملنا. ۲. معدوم ہو جانا، ختم ہو جانا، مٹ جانا. ۳. غائب ہو جانا، روپوش ہو جانا، چھپ جانا، اوجھل ہو جانا.

مُفَكِّر (ضم م، فت ف، شد ک بکس) اند.
بہت غور وفکر کرنے والا، قوت فکر سے کام لینے والا، سوچنے والا؛ (مجازاً) فلسفی، شاعر (جو نئی سے نئی تخلیق کرے). [ع].

مُفَكِّرِین (ضم م، فت ف، شد ک بکس، ی مع) اند؛ ج.
تفکر کرنے والے، غور وفکر کرنے والے، بہت سے مفکر.

مَفلَر (فت م، سک ف، فت ل) اند.
عموماً اون سے بنا ہوا گلوبند جو سردی کے موسم میں گلے اور کانوں پر لپیٹا جاتا ہے. [انگ].

مُفلِس (ضم م، سک ف، کس ل) صف.
جس کے پاس پیسا اور مال نہ ہو، غریب، مسکین، نادار، تہی دست؛ فاقہ کش. [ع].

مُفلِسی (ضم م، سک ف، کس ل) امث.
مفلس ہونا، ناداری، تہی دستی، افلاس.

مفلسی میں آٹا گیلا کہاوت. ناداری میں زیادہ خرچ ہونا، حالتِ افلاس میں ایسے مصارف کا پیش آنا جس سے گریز محال ہو.

مَفلُوج (فت م، سک ف، و مع) صف.
ا. فالج زدہ نیز فالج کا مریض. ۲. (مجازاً) معطل، بے کار، ایک حالت پر ساکن، ناکارہ. [ع].

مفلوج بنانا ف مر؛ محاورہ. ناکارہ بنانا، بے عمل بنانا، بے حس وحرکت کر دینا.

مفلوج کر دینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. کمزور کر دینا، بے حس کر دینا. ۲. ناکارہ کرنا، ایک حالت پر ساکن کرنا، معطل کرنا.

مَفلُوک (فت م، سک ف، و مع) صف.
مفلس، غریب، محتاج، خستہ حال، غریبی کا شکار. [ع].

مفلوک الحال صف. خستہ حال، تباہ حال؛ مفلس، قلاش، غریب.

مَفهُوم (فت م، سک ف، و مع) صف؛ اند.
(لفظاً) سمجھا ہوا، معلوم، جو سمجھ میں آئے؛ (مجازاً) مطلب، مقصد، منشا، مدعا، معنی، مضمون. [ع].

مفہوم اخذ کرنا ف م؛ محاورہ. معنی اخذ کرنا، مضمون نکالنا.

مفہوم ادا کرنا محاورہ. مطلب ادا کرنا، عندیہ ظاہر کرنا، بات کی معنویت ظاہر کرنا.

مفہوم بتانا محاورہ. اندرونی مطلب بتانا، کسی عبارت کا خلاصہ کر کے سمجھانا، منشا واضح کرنا.

مُفِید (ضم م، ی مع) صف.
فائدہ مند، سود مند، جس سے کوئی مقصد یا غرض پوری ہو. [ع].

مَقابِر (فت م، کس ب) اند؛ ج.
مقبرہ کی جمع، وہ جگہ جہاں بہت سے مقبرے یا قبریں ہوں، قبرستان.

دیکھیے: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مُقابِل (ضم م ، کس ب) صف ؛ م ف.
ا. روبرو ، سامنے ، آمنے سامنے ؛ مقابلے میں ، محاذ میں .٢. مخالف ، دشمن ، حریف ، مدمقابل .٣. برابر کا ، مساوی ، جوڑ کا ، ٹکر کا ، مثل ، نظیر . [ع].

مقابل آنا محاورہ. ا. کشتی ، جنگ یا ایذا رسانی کے لیے آمادہ ہونا ، دو بدو ہونا ؛ بحث یا مناظرے وغیرہ کے لیے تیار ہونا .٢. برابر آنا ، آمنے سامنے ہونا .

مُقابِلتاً/ مقابلۃً (ضم م ، سک ب ، فت ل ، تن ت بلت) م ف.
مقابلے کے طور پر .

مُقابَلَہ (ضم م ، فت ب ، ل) اند.
ا. آمنا سامنا ، مڈ بھیڑ .٢. برابری ، ہم سری .٣. مخالفت ، باہم اختلاف ، ٹکراؤ .۴. (i) ایک چیز کا دوسری چیز سے تطابق ، باہم ملانا ، موازنہ . (ii) تحریر اصل و نقل کو باہم مطابق کر کے جانچ پڑتال کرنا .
۵. دو جماعتوں یا گروہوں کا کسی بحث و تکرار کے یا ایک دوسرے پر ترجیح کے لیے آمنے سامنے ہونا .٦. بحث و تکرار ، ضدم ضدّا . [ع].

مقابلہ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا. سامنے آنا ، برابری کرنا ، ہم سری کرنا .
٢. جنگ و جدل کرنا ، دو فوجوں کا باہم لڑنا ، مجادلہ .٣. ایک چیز کا دوسری چیز سے تطابق کرنا ، تطبیق کرنا ، مطابقت کرنا ؛ موازنہ کرنا .
۴. گستاخی کرنا ، ضد کرنا ، بحث کرنا ، مخالفت کرنا ، اڑنا ، ہٹ کرنا .
۵. کسی چیز کا سامنا کرنا .

مُقابِلے (ضم م ، سک ب) اند ؛ ج.
مقابلہ کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

مقابلے کا امتحان اند . ترجیح کی غرض سے ، مسابقت لے جانے کے لیے دیا جانے والا امتحان ، اعلیٰ سرکاری ملازمتوں کے لیے منعقد کیا جانے والا امتحان جو بالعموم پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ ہوتا ہے .

مُقارَبَت (ضم م ، فت ر ، ب) امث.
ا. باہم قربت ، نزدیکی ، آپس میں ملنا .٢. (مجازاً) مجامعت ، ہم بستری ، صحبت کرنا . [ع].

مَقاصِد (فت م ، کس ص) اند ؛ ج.
ا. مطالب ، اغراض ، مرادیں ، غایتیں .٢. ارادے . [ع].

مُقاطِع (ضم نیز فت م ، کس ط) اند ؛ ج.
ا. کاٹنے والا ، قطع کرنے والا .٢. لفظ کے وہ ٹکڑے جو ایک بار میں ادا ہو سکیں ؛ اجزائے کلمہ . [ع].

مُقاطَعہ (ضم م ، فت ط ، ع) اند.
ا. قطع کرنا ، قطع تعلق ، ترک تعلق ، عدم تعاون ؛ ہر قسم کے سماجی تعلقات اور لین دین بند کر دینے کا فیصلہ ، تعلق نہ رکھنا ، علیحدہ علیحدہ کرنا .٢. ترک ، کسی امر کو بالکل چھوڑ دینا ، علیحدگی . [ع].

مقاطعہ کرنا محاورہ . ترک تعلق کرنا ، تعلق نہ رکھنا .

مَقال (فت م) اند ؛ امث.
گفتگو ، بات چیت ، قول ، بات ، کلام . [ع].

مَقالات (فت م) اند ؛ ج.
مقالہ کی جمع ؛ اقوال ، مقالے ، خاص مضامین .

مَقالَہ (فت م ، ل) اند.
ا. قول ، مقولہ ، کہی ہوئی بات ، کلام .٢. کسی موضوع پر علمی ، ادبی تحریر یا اور کسی نوعیت کا تفصیلی مضمون ، کسی خاص موضوع پر علمی و تحقیقی انداز میں تحریری اظہار خیال جو کسی سند حاصل کرنے کے لیے طالب علم کی جانب سے پیش کی جائے ، تحقیقی مقالہ .٣. کسی بڑی تصنیف و تالیف کا جزو جس میں کسی ایک موضوع پر بحث ہو ؛ کسی کتاب کا باب ، فصل یا حصہ . [ع].

مقالہ پڑھنا ف مر ؛ محاورہ . کسی موضوع پر لکھی ہوئی تحقیقی و تفصیلی تحریر سنانا .

مَقام (فت نیز ضم م) اند.
ا. جائے قیام ، ٹھہرنے کی جگہ ، مکان ، مسکن ، ٹھکانا ، گھر ، ٹھور ٹھکانا .
٢. اترنے کی جگہ ، پڑاؤ ، منزل ، قیام .٣. موقع ، محل ، وقت ، لمحہ ؛ جیسے : گفتگو کا مقام .۴. تقریر یا تحریر کا کوئی جزو ، حصۂ کلام .۵. درجہ ، مرتبہ ، رتبہ ، حیثیت . [ع].

مقام اشاعت اند . (کتب خانہ) وہ جگہ جہاں سے کوئی اخبار ، رسالہ یا کتاب وغیرہ شائع ہو اس جگہ کا نام پتا .

مقام بنانا ف مر ؛ محاورہ . جگہ بنانا ، مرتبہ حاصل کرنا .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مقام دینا محاورہ. جگہ دینا، بلند مقام دینا، عزت و توقیر کرنا.

مقام قاب قوسین اند. بہت قریب کا مقام، دو کمان کا فاصلہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شبِ معراج میں حاصل ہوا، قربِ الٰہی.

مقام محمود اند. پسندیدہ مقام؛ مراد: اعلیٰ و ارفع مقام، مرتبۂ شفاعت جس کا وعدہ خدائے تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا.

مقام مخصوص اند. (کنایۃً) پیخانہ کا مقام، مبرز، مقعد، شرم گاہ، جائے مخصوص.

مَقامات (فت م) اند؛ ج.
۱. مراتب، مدارج، رتبے. ۲. جگہیں، مواقع، محل. ۳. وہ مدارج یا جگہیں جہاں معراج کی شب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جایا گیا. ۴. مرحلے، منزلیں.

مَقامی (فت م) صف.
۱. (فقہ) جو سفر میں نہ ہو، ایک جگہ رہنے والا، مقیم (مسافر کا نقیض). ۲. (i) کسی ایک مقام یا خاص ضلعے یا علاقے تک محدود، کسی ایک جگہ سے تعلق رکھنے والا، کسی خاص نسل یا قوم سے وابستہ. (ii) کسی جگہ سے منسوب (جب نام ظاہر کرنا مقصود نہ ہو مثلاً: مقامی ہوٹل، مقامی کلب وغیرہ).

مقامی وقت اند. کسی جگہ کا وہ وقت جو طلوع و غروب آفتاب کی مناسبت سے مقرر کیا گیا ہو، کسی جگہ کا رائج وقت.

مَقبَرہ (فت م، سک ق، فت ب، ر) اند.
عمارت جو قبر پر بنائی جائے، قبر، قبر کی جگہ، مزار، روضہ، مرقد. [ع].

مَقبرے (فت م، سک ق، فت ب) اند؛ ج.
مقبرہ کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

مَقبُوض (فت م، سک ق، و مع) صف.
۱. قبض کیا گیا، منقبض، ملول، دل گرفتہ. ۲. جس پر قبضہ کیا گیا ہو، قبضہ میں لیا گیا، جو قبضے میں ہو؛ پکڑا گیا. [ع].

مَقبُوضات (فت م، سک ق، و مع) اند؛ ج.
اراضی یا علاقے جو قبضے میں ہوں یا جن پر قبضہ کیا گیا ہو.

مَقبُوضہ (فت م، سک ق، و مع) صف.
قبضہ کیا گیا، زیر تصرف یا ہاتھ میں آیا ہوا، فتح کیا ہوا.

مَقبُول (فت م، سک ق، و مع) (الف) صف.
۱. قبول کیا ہوا، مانا ہوا، پسند کیا گیا، مرغوب، پسندیدہ، عام طور پر پسند کیا جانے والا. ۲. عزیز، پیارا. ۳. شہرت پایا ہوا، مشہور، معروف. ۴. جس کا چلن یا مانگ ہو. (ب) اند. قبول، پسند، منظور. [ع].

مقبول عام ہونا ف مر؛ محاورہ. بہت مشہور ہو جانا، نام ور ہو جانا، پسندیدہ ہو جانا.

مقبول ہونا محاورہ. ۱. قبول ہونا، منظور ہونا. ۲. مشہور ہونا.

مَقبُولِیَت (فت م، سک ق، و مع، کس ل، فت ی) امث.
قبولیت، اجابت، منظوری، پسندیدگی، پسند عام، شہرت قابل قبول یا منظور ہونا.

مُقتَدا (ضم م، سک ق، فت ت) صف مذ.
جس کی پیروی کی جائے، جو پیروی کے قابل ہو، پیشوا، رہ نما، پیش امام. [ع].

مُقتَدِر (ضم م، سک ق، فت ت، کس د) صف.
۱. اقتدار رکھنے والا، صاحب مقدرت یا اقتدار، اختیار رکھنے والا؛ (مجازاً) طاقتور، قوی. ۲. خداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، خدائے تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام. ۳. شہرت یافتہ، مشہور، معروف، نامور. [ع].

مُقتَدِرہ (ضم م، سک ق، فت ت، کس د، ر) صف؛ اند.
۱. اقتدار رکھنے والا، بااختیار. ۲. بااختیار ادارہ.

مُقتَدیٰ (ضم م، سک ق، فت ت، ا بشکل ی) صف؛ اند.
پیروی کرنے والا، پیرو، اقتدا کرنے والا؛ امام جماعت کے پیچھے کھڑا ہونے والا. [ع].

مُقتَضا (ضم م، سک ق، فت ت) صف ؛ اند.
خواہش کیا گیا ؛ حالات جس بات کی خواہش کریں ، تقاضا ، خواہش وقت ، موقع ، محل ، مصلحت ؛ مراد : مطلب ، چاہا ہوا ، موقع کے مطابق .

مُقتَضی (ضم م، سک ق، فت ت، ض) صف.
جس کی ضرورت محسوس ہو ، خواہاں ، موقع محل کے لحاظ سے کسی امر کی خواہش کرنے والا ، چاہنے والا ، تقاضا کرنے والا (وقت ، صورت حال یا کسی امر کے لیے مستعمل) . [ع] .

مَقتَل (فت م، سک ق، فت ت) اند.
قتل کیے جانے کی جگہ ، مارے جانے کا مقام ، قتل گاہ . [ع] .

مَقتُول (فت م، سک ق، و مع) صف.
۱. جو قتل کیا گیا ، کشتہ ، مارا ہوا . ۲. (مجازاً) (معشوق کا) ستایا ہوا ، مارا ہوا ، عاشق . [ع] .

مَقتُولہ (فت م، سک ق، و مع، فت ل) مث.
مقتول عورت ؛ قتل کی جانے والی عورت .

مَقتُولِین (فت م، سک ق، و مع، ی مع) اند ؛ ج.
مقتول کی جمع ، جنھیں قتل کیا گیا ہو .

مِقدار (کس م، سک ق) مث.
۱. تخمینہ ، اندازہ ، شمار ، تعداد ، مجموعہ ، وزن ، ناپ ، گنتی ، پیمائش . ۲. (ریاضی) قیمت ، قدر . ۳. رقم ، دولت . ۴. گنتی یا پیمائش (مجازاً) قدر و قیمت ، مجموعہ ، میزان ، جوڑ ، حاصل . [ع] .

مُقَدَّر (ضم م، فت ق، شد د بفت) (الف) صف.
پہلے سے قسمت میں لکھا ہوا ، خالق ازلی کا حکم کردہ . (ب) اند. ۱. (قواعد) وہ کلمہ جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لیے جائیں ، کلمہ محذوف ، وہ کلمہ یا کلام جو عبارت نہ ہو لیکن اس کے معنی وہاں لیے جائیں . ۲. مقسوم ، قسمت کا لکھا ، نصیب ، تقدیر . [ع] .

مقدر آزمانا محاورہ. کوئی کام جس میں ناکامی کا زیادہ امکان ہو پھر بھی اس کی تدبیر کرنا ، کامیابی کی امید پر قسمت کا امتحان کرنا ، نصیبے کی آزمائش کرنا .

مقدر بدلنا محاورہ. ۱. تقدیر بدلنا ، قسمت بدل جانا ، بگڑا ہوا نصیب سنور جانا ، حالات پھر جانا. ۲. حالات بہتر کر دینا ، خوش قسمت بنا دینا .

مقدر بنانا محاورہ. ۱. اپنا نصیب خود بنانے کی کوشش کرنا ، نصیب جگانے کی کوشش کرنا ، قسمت بنانے کی تدبیر کرنا . ۲. قسمت میں لکھ دینا ، ہمیشہ کے لیے قبول کر لینا .

مقدر کا سکندر اند. بہت خوش نصیب ، حد سے زیادہ اچھی قسمت والا ، تقدیر کا دھنی .

مقدر ہونا ف مر ؛ محاورہ. قسمت میں ہونا ، تقدیر میں ہونا ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقسوم میں لکھا ہونا ؛ ہونے والی بات ہو کے رہنا ، ٹل نہ سکنا ، اٹل ہونا .

مُقَدَّرات (ضم م، فت ق، شد د بفت) اند ؛ ج.
قسمت میں لکھی ہوئی باتیں یا چیزیں ، نوشتہ ہائے تقدیر ، اٹل حقیقتیں .

مَقدِرَت (فت م، سک ق، کس د، فت ر) مث.
۱. مال و دولت پر قدرت ہونے کی صورت حال ، استطاعت ، حیثیت . ۲. قدرت ، طاقت ، قوت . [ع] .

مَقدِس (فت م، سک ق، کس د) (الف) اند.
پاک جگہ ؛ (مجازاً) عبادت گاہ . (ب) صف . پاک (جیسے بیت المقدس) . [ع] .

مُقَدَّس (ضم م، فت ق، شد د بفت) صف مذ.
۱. پاک ، طاہر ، مطہر (شے ، جگہ یا مقام وغیرہ) . ۲. پارسا . ۳. (مجازاً) بزرگ ، گرامی ، لائق احترام ، ذی حیثیت ، عالی مرتبت . ۴. مادّی خصوصیات سے بالاتر ، منزہ ، مبرا . ۵. معصوم ، بے گناہ . [ع] .

مقدس کتاب مث. محترم اور پاک کتاب ، کوئی آسمانی کتاب جو کسی رسول پر نازل ہوئی ہو ؛ جیسے : توریت ، انجیل ، زبور اور قرآن شریف ؛ کوئی مذہبی کتاب ؛ جیسے : اوستا ، وید وغیرہ .

مُقَدَّسہ (ضم م، فت ق، شد د بفت، فت س) صف مث.
۱. پاک کیا ہوا ، پاک مقامات ، مقامات مقدسہ . ۲. معبد کا اندرونی حصہ ، حرم ، مقام مقدس ، عبادت کدہ ؛ (مجازاً) باطن .

مَقدَم (فت م، سک ق، فت د) اند.
۱. ورود ، آمد ، آنا ، تشریف آوری ، قدم رنجہ فرمائی . ۲. آنے کا وقت یا

جگہ ، قدم رکھنے کا مقام یا ساعت ۔۳. (مجازاً) پیشوائی ، استقبال ۔۴. مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل (جیسے : خیر مقدم) ۔ [ع] ۔

مُقَدَّم (ضم م ، فت ق ، شد د بفت) (الف) صف ۔

۱. پہلا ، افضل ، پہلے وارد ہونے والا ۔۲. پہلے ، آگے ، سبقت لیے ہوئے ۔۳. برتر ، اونچا ، اعلیٰ ، معزز ، بزرگ ۔۴. اہم تر ، ضروری ، لازم ، فرض ، واجب ، لائق فوقیت ، قابل ترجیح ۔ (ب) اند ۔۱. مراد : خدائے تعالیٰ (موخر کی ضد) ۔۲. ملازم جو ہر وقت کی ضرورت کا سامان لانے لے جانے پر مامور ہو ، آگے پیش ہونے والا ، پیش خدمت ، نوکر ، چپراسی ۔ [ع] ۔

مقدم رکھنا محاورہ ۔ فوقیت یا برتری دینا ، زیادہ اہمیت دینا ۔

مقدم ہونا محاورہ ۔ کسی کام کا پہلے فرض ہونا ، قابل ترجیح ہونا ، افضل ہونا ۔

مُقَدَّمات (ضم م ، فت ق ، شد د بفت) اند ؛ ج ۔

مقدمہ کی جمع ، مقدمے ، معاملات ، مسائل ، واقعے ۔

مُقَدَّمَہ (ضم م ، فت ق ، شد د بفت ، فت م) اند ۔

۱. (i) مضمون جو کتاب وغیرہ میں متن سے پہلے فہم مطالب میں آسانی کی غرض سے بطور پیش لفظ بیان کیا جائے ، دیباچۂ کتاب ؛ عنوان ۔ (ii) وہ امر جو اصل مقصد سے پہلے تمہیداً ہو ، پیش خیمہ ۔۲. وہ بات یا مسئلہ جس کے جانے بغیر زیر نظر بحث سمجھ میں نہ آ سکے ، وہ امر جس پر زیر بحث موضوع کا سمجھنا سمجھانا منحصر ہو ، مبادی ۔ ۳. (قانون) وہ مسئلہ جو فیصلے کے لیے عدالت مجاز میں پیش ہو ، نالش ، دعویٰ ، فریاد ، استغاثہ نیز دعوے کی پیشی ، عدالتی کارروائی ۔ ۴. باہمی جھگڑا ، نزاع ؛ مقابلہ ۔ [ع] ۔

مقدمہ باز صف ۔ بہت مقدمہ لکھنے یا لڑنے والا ، (طنزاً) مقدمے بازی کرنے کا عادی ، جسے مقدمہ لکھنے کی عادت ہو ۔

مقدمہ بازی امث ۔ بہت مقدمہ لکھنے یا لڑنے والا ، دو اشخاص کا یا فریقوں کا عدالت میں مدعی و مدعا علیہ کی حیثیت سے مقدمہ لڑنا ۔

مقدمہ بنانا ف مر ؛ محاورہ ۔ جھوٹا دعویٰ بنانا ، جھوٹا مقدمہ دائر کرنا ۔

مقدمہ لڑنا محاورہ ۔ معاملے کی پیروی کرنا ، کسی کے خلاف مقدمہ دائر کر کے اس کی پیروی کرنا ۔

مقدمہ نگار اند ۔ کسی کتاب وغیرہ پر مقدمہ یا تقریظ تحریر کرنے والا ۔

مَقْدُور (فت م ، سک ق ، و مع) اند ۔

۱. تاب ، طاقت ، زور ، قوت ، قدرت ؛ حوصلہ ، ہمت ۔۲. مال و دولت ، ثروت ؛ گنجائش ، مالی استطاعت و حیثیت ۔۳. بس ، قابو ، رسائی ، پہنچ ۔۴. بساط ، حیثیت ۔۵. مقدر ، قسمت ، نصیب ۔۶. وسیلہ ، ذریعہ ، سہارا ۔ (ب) صف ۔ جس پر دسترس یا قدرت حاصل ہو ۔ [ع] ۔

مقدور بھر م ف ۔ جہاں تک قابو ہو ، تا بہ امکان ، حتی الوسع ، تا بہ مقدور ، جہاں تک بس چلے ۔

مَقَرّ (فت م ، ق ، سک ر (شد ر بحالت اضافت)) اند ۔

جائے قرار ، ٹھہرنے کی جگہ ، مسکن ، آرام گاہ ، جائے بود و باش ، ٹھکانا یا مرکز ۔ [ع] ۔

مُقِر (ضم م ، کس ق) صف ؛ اند ۔

۱. اقرار کرنے والا ، تسلیم کرنے والا ، اعتراف کرنے والا ، ماننے والا ، اقراری ، معترف ، قائل ۔۲. (قانون) دستاویز یا اقرار نامہ لکھنے والا ، فریق ، بیان دینے والا ۔ [ع] ۔

مِقْراض (کس م ، سک ق) امث ۔

کترنے کا یا کاٹنے کا دو پلکا آلہ ، کپڑا وغیرہ کاٹنے کا دھار دار آلہ ، قینچی ، کترنی ۔ [ع] ۔

مُقَرَّب (ضم م ، فت ق ، شد ر بفت) صف مذ ۔

۱. جسے قربت حاصل ہو ، مصاحب (منھ چڑھا ، محرم راز یا ہم راز) ۔ ۲. قریب کیا گیا ، نزدیک کیا گیا ، بزرگی دیا گیا ، تقرب یافتہ ۔ [ع] ۔

مقرب بارگاہ صف ۔ جس کو دربار میں آنے کی اجازت ہو ، بادشاہ کے پاس رہنے والا معزز درباری ، قربت یا نزدیکی کا فخر رکھنے والا ، خدا کا مقبول بندہ ۔

مُقَرَّبِین (ضم م ، فت ق ، شد ر بفت ، ی مع) اند ؛ ج ۔

مقرب کی جمع ، جنھیں قربت حاصل ہو (عموماً بادشاہ یا حاکم کے دربار سے وابستگی رکھنے والے لوگ ؛ جنھیں بزرگی دی گئی ہو) ۔

مُقَرَّر (ضم م ، فت ق ، شد ر بفت) (الف) صف ۔

۱. اقرار کیا گیا ؛ ٹھہرایا ہوا ، قرار پایا ہوا ، طے شدہ ، معین ۔۲. مامور ،

تعینات ، متعینہ . (ب) م ف . ضرور بالضرور ، بلاشبہ ، یقیناً ، بالتحقیق ، لاکلام ، شرطیہ . [ف] .

مقرر شده صف . مقرّرہ ، مقرر کردہ ، طے شدہ ، متعین .

مقرر کردہ صف . طے شدہ ، متعین .

مقرر کرنا ف مر : محاورہ . ا . ٹھہرانا ، معین کرنا . ۲ . وظیفہ یا تنخواہ وغیرہ باندھنا یا جاری کرنا . ۳ . معمول یا دستور قرار دینا . ۴ . طے کر کے عمل میں لانا ، مخصوص کرنا .

مُقَرِّر (ضم م ، فت ق ، شد ر بکس) صف .
تقریر کرنے والا ، واعظ ، خطیب . [ع] .

مُقَرَّرَہ (ضم م ، فت ق ، شد ر بفت ، فت ر) صف .
ا . قرار دیا گیا ، معینہ ، مجوزہ ، طے شدہ . ۲ . جو حسب دستور یا معمول ہو ، مروجہ ، لگا بندھا .

مَقْرُوض (فت م ، سک ق ، و مع) صف .
جس پر کسی کا قرض آتا ہو ، قرض دار ، وہ شخص جس نے اُدھار لیا ہو . [ع] .

مقروض ہونا ف مر : محاورہ . قرض دار ہونا ، مالی طور سے زیر بار ہو جانا .

مَقْسُوم (فت م ، سک ق ، و مع) (الف) صف .
ا . (i) تقسیم ہونے والا ، تقسیم شدہ یا تقسیم کیا جانے والا ، بانٹا ہوا یا جو بانٹا جائے . (ii) قسمت میں لکھا ہوا . (ب) اند . ا . (ریاضی) وہ عدد جس کو تقسیم کیا جائے . ۲ . حصہ ، بخرہ . ۳ . قسمت ، تقدیر ، نصیب ، مقدر . [ع] .

مَقْصَد (فت م ، سک ق ، فت ص) اند .
ا . قصد کی جگہ یا ٹھکانا ، مطلب ، غرض ، مقصود ، مطلوب ؛ مراد : ارادہ . ۲ . (کنایۃً) نصب العین . [ع] .

مقصد براری/برآری مث . مقصد برآنا ، مراد پوری ہونا ، مطلب پورا ہونا .

مقصد فوت ہو جانا / ہونا محاورہ . مدعا جاتا رہنا ، غرض پوری نہ ہونا .

مَقْصَدِیَت (فت م ، سک ق ، فت ص ، کس د ، فت ی) مث .
مقصد ہونا ، غرض و غایت رکھنے کا اصول یا عمل .

مَقْصُود (فت م ، سک ق ، و مع) صف : اند .
جس کا قصد یا ارادہ کیا گیا ہو ، مقصد کی جگہ یا ٹھکانا ؛ (مجازاً) غرض ، مدعا ، مطلب . [ع] .

مقصود بالذات اند . (تصوف) شے جو بذاتِ خود مقصود ہو ، مقصد اصلی .

مَقْصُور (فت م ، سک ق ، و مع) صف نیز اند .
ا . منحصر ، موقوف ، محدود . ۲ . (i) کوتاہ ، چھوٹا کیا ہوا ، چھانٹا ہوا ، کم کیا ہو . (ii) قاصر ، عاجز . [ع] .

مَقْصُورَہ (فت م ، سک ق ، و مع ، فت ر) (الف) مث .
مقصور کی تانیث . (ب) اند . مسجد میں صفوں سے آگے امام کے لیے کھڑے ہونے کی جگہ جس میں منبر بنا ہوتا ہے .

مُقَطَّر (ضم م ، فت ق ، شد ط بفت) صف .
ا . (طب) قطرہ قطرہ کر کے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا پانی یا مائع (بیشتر قرانبیق کے ذریعے) . ۲ . (مجازاً) صاف ستھرا ، پاکیزہ ، ملاوٹ سے پاک . [ع] .

مَقْطَع (فت م ، سک ق ، فت ط) اند .
ا . (شاعری) غزل یا نظم وغیرہ کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص نظم کرتا ہے . ۲ . خاتمے کا نقطہ ، منتہا ، انتہا و اختتام کی جگہ ، آخر . [ع] .

مُقَطَّع (ضم م ، فت ق ، شد ط بفت) صف .
ا . قطع کیا ہوا ، تراشا ہوا ، کاٹا ہوا یا ترشا ہوا ، تراشیدہ . ۲ . تراش کے درست کیا ہوا ، آراستہ کیا ہوا . ۳ . مہذب ، شایستہ ، سنجیدہ ، ثقہ . [ع] .

مُقَطَّعات (ضم م ، فت ق ، شد ط بفت) اند ؛ ج .
ا . کلمات جو کلام پاک کے بعض سوروں کے شروع میں آئے ہیں ، ان کے حروف کو الگ الگ پڑھا جاتا ہے اور ان کے معنی اور تفسیر نہیں بتائی گئی ؛ جیسے : الٓمٓ ، یٰسٓ ، الٓمٓصٓ ، حٰمٓ عٓسٓقٓ ، کٓھٰیٰعٓصٓ وغیرہ ، حروف مقطعات . ۲ . کلمے کے وہ حروف جو الگ الگ لکھے جائیں ؛ جیسے : ق ص ی د ہ (= قصیدہ) . ۳ . (کسی شے کے) الگ الگ قطع کیے ہوئے اجزا .

مَقْطُوع (فت م ، سک ق ، و مع) صف .
قطع کیا ہوا ، کاٹا ہوا ، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا . ۲ . ناقص ، منقطع . [ع] .

مِقْعَد (کس م ، سک ق ، فت ع) مث .
پاخانہ پھرنے کا جسم کا سوراخ ، گانڈ . [ع] .

مُقَعَّر (ضم م ، فت ق ، شد ع بفت) صف .
گہرا ، گڑھے دار ، کھودا ہوا ، بیچ میں سے دبا یا بیٹھا ہوا (محدب کی ضد) . [ع] .

مُقفَل (ضم م، فت ق، شد ف بفت) صف.
۱. قفل لگایا ہوا، تالے میں بند کیا ہوا، قفل یا تالے میں بند. ۲. (مجازاً) معطل، بے کار، بند کی ہوئی چیز ہو. [ع].

مُقفّیٰ/مُقفّے (ضم م، فت ق، شد ف، اشکل ی) صف.
(ادب) ہم قافیہ (نثر یا نظم)، قافیے دار، جس میں قوافی ہوں. [ف : ع].

مقفّیٰ/ مقفّے الفاظ اند: ج. ایسے لفظ جو بطور قافیے کے استعمال ہوتے ہوں، ہم قافیہ الفاظ.

مقفّیٰ/ مقفّے و مسجع صف. ایسا بیان یا تحریر جس میں ہم قافیہ اور ہم آہنگ الفاظ استعمال کیے گئے ہوں (عموماً قدیم دور کی نثر ایسی پرتکلف اور رنگین عبارت میں لکھی جاتی تھی).

مُقلِّب (ضم م، فت ق، شد ل بکس) صف.
منقلب کرنے والا، حالت، کیفیت یا صورت کو بالکل بدل دینے والا، پلٹ دینے والا. [ع].

مقلّب القلوب صف نیز اند. دلوں کو پھیر دینے والا، ارادوں اور نیتوں میں انقلاب لانے والا؛ مراد: خدائے تعالیٰ.

مُقلِّد (ضم م، فت ق، شد ل بکس) صف؛ اند.
۱. (کسی کی) تقلید کرنے والا، نقش قدم پر چلنے والا؛ بغیر دلیل کے کسی کے قول یا فعل کی پیروی کرنے والا، پیروکار، مرید، معتقد. ۲. (فقہ) سواد اعظم، چاروں اماموں میں سے کسی کو ماننے والا (غیر مقلد کی ضد). [ع].

مَقلُوب (فت م، سک ق، و مع) صف؛ اند.
۱. جو الٹ دیا گیا ہو، الٹا ہوا، منقلب کیا ہوا، الٹا. ۲. کھوٹا (سکہ)، جعلی، بناوٹی. ۳. (بدیع) اس صنعت کا نام کہ لفظ، عبارت یا مصرعے وغیرہ میں ایسے جمع کیے گئے حروف کہ جنھیں الٹ کر بھی پڑھا جا سکے، صنعت مقلوب. [ع].

مُقلَه (ضم م، سک ق، فت ل) اند.
آنکھ کا ڈھیلا. [ع].

مِقناطِیس (کس م، سک ق، ی مع) اند.
ایک وضع کا معدنی پتھر (یا مصنوعی مقنایا ہوا لوہے کا ٹکڑا) جو اپنی کشش سے لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، سنگ آہن ربا، چمک پتھر، چکماک، چقماق پتھر؛ (کنایۃً) مرکز کشش؛ اپنی جانب کھینچ لینے کی صلاحیت رکھنے والا. [ع، یو].

مِقناطِیسیَّت (کس م، سک ق، ی مع، شد ی مع بفت نیز بلا شد) امث.
مقناطیس کی کیفیت یا صفت؛ مراد: کشش یا جذب، جاذبیت.

مِقنَع (کس م، سک ق، فت ن) اند.
باریک چادر جو عربستانی عورتیں منھ چھپانے کے لیے چہرے پر ڈالتی ہیں؛ وہ باریک کپڑا جو دلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں؛ (مجازاً) برقعہ، نقاب، گھونگھٹ، منھ پر ڈالنے کا کپڑا. [ع].

مُقنِّن (ضم م، فت ق، شد ن بکس) صف؛ اند.
قانون بنانے والا، قانون ساز؛ قانون داں. [ع].

مُقنِّنه (ضم م، فت ق، شد ن بکس، فت ن) امث.
ملک کا قانون ساز ادارہ، قانون ساز جماعت، قانون ساز اسمبلی.

مَقُولَه (فت م، و مع، فت ل) اند.
۱. کسی دانا کا قول، ارشاد، بات؛ دوسرے کی کہی ہوئی بات، کہن. ۲. کہاوت، ضرب المثل، مثل. [ع].

مُقوّی (ضم م، فت ق، شد و) (الف) صف.
قوت دینے والا، قوت اور طاقت بہم پہنچانے والا. (ب) امث. (طب) قوت دینے والی، طاقت بخشنے والی دوا یا غذا. [ع].

مُقوِّیات (ضم م، فت ق، شد و بکس) امث؛ ج.
(طب) دل و دماغ یا دیگر اعضائے رئیسہ کو قوت دینے والی دوائیں یا غذائیں.

مَقہُور (فت م، سک ق، و مع) صف.
قہر کیا گیا، جس پر کسی کا غضب نازل ہو، سزا وار قہر و عذاب؛ معتوب، مبتلا. [ع].

مِقیاس (کس م، سک ق) اند.
۱. وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ لگایا جا سکے، پیمانہ یا ترازو وغیرہ. ۲. اندازہ؛ معیار؛ حیثیت. ۳. موسم کا حال یا درجۂ حرارت. ۴. رصدگاہ

جس سے موسم کا حال معلوم ہو سکے ، جنتر منتر ، موسم کا حال معلوم کرنے کا آلہ .۵. گھڑی کی سوئی . [ع].

مقیاس الحرارت اذ. حرارت یا بخار کی مقدار ناپنے کا آلہ ، اس آلہ میں پارہ استعمال ہوتا ہے ، گرمی کی وجہ سے پارہ گرم ہو کر پھیلتا ہے اور سردی کی وجہ سے سکڑتا ہے اس کے اتار چڑھاؤ ہی سے درجۂ حرارت معلوم کیا جاتا ہے ، حرارت پیما ، تھرمامیٹر.

مُقِیت (ضم م ، ی مع) اذ.
ا. روزی بہم پہنچانے والا ، قوت دینے والا ، حفاظت کرنے اور نگاہ رکھنے والا ، قدرت رکھنے والا ؛ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام .۲. توانا ، قوی ؛ گواہ ؛ حاضر نیز نگہبان . [ع].

مُقَیَّد (ضم م ، فت ق ، شد ی بفت) صف.
ا. قید کیا ہوا ، قیدی ، اسیر ، نظر بند .۲. پابندی لگایا ہوا ، پابند ، مشروط . [ع].

مُقَیَّش (ضم م ، فت ق ، شد ی بفت) اذ.
ا. (زردوزی) سونے چاندی سے بنا ہوا چپٹا تار ، بادلہ (روپہلی خواہ سنہری) نیز بادلے کے تاروں سے کیا گیا کڑھائی کا کام .۲. سونے چاندی کے تاروں (بادلے) کی مدد سے بنا ہوا کپڑا ، زربفت ، تاش ، تمامی . [ع].

مُقَیَّشی (ضم م ، فت ق ، شد ی بفت) صف.
چاندی یا سونے کے دبکے ہوئے تاروں کا ، بادلے کا ، زری کا ، تمامی کا ، تاش یا مقیش سے مشابہ ، چمک دار.

مُقِیم (ضم م ، ی مع) صف.
ا. اقامت کرنے والا ، عارضی یا مستقل طور سے ٹھہرنے یا قیام کرنے والا ، قیام پذیر .۲. قائم ، جا پذیر ، ثابت .۳. (فقہ) جو اپنے گھر ہو اور سفر میں نہ ہو .۴. کسی محفل ، مجلس یا جماعت میں شامل .۵. کسی کے اٹھنے کے بعد اس کی جگہ پر بیٹھنے والا ، جانشین . [ع].

مُک مُکا اذ.
ملی بھگت سے کوئی غیر قانونی یا ناجائز کام یا معاملہ طے کر لینا.

مکّا (فت م ، شد نیز بلا شد ک) امث : ~ مکہ.
(کاشت کاری) بڑی جوار ، مکئی . [س].

مُکّا (ضم م ، شد ک) اذ.
بند مٹھی ، بند مٹھی کی ہیئت کذائی ، گھونسا ، ڈک ، مُشت ، دھموکا.

مکا / مکہ بازی امث. مکوں سے لڑنا (جس میں ہار جیت ہوتی ہے) ؛ گھونسا بازی (Boxing).

مکا مارنا محاورہ. ا. گھونسوں یا مکوں سے مارنا ، گھونسا لگانا .۲. دل کو اچانک صدمہ پہنچانا .۳. مشت زنی کرنا ، مٹھی مارنا.

مَکاتِب (فت م ، کس ت) اذ ؛ ج.
ا. مدارس ، مکتبے .۲. آزادانہ اور مختلف سوچ اور تصورات رکھنے والے گروہ ، فرقے یا جماعتیں .۳. ہم خیال ، ہم مشرب یا ہم عقیدہ حلقے.

مکاتب فکر اذ ؛ ج. مختلف فکر کے مکتب ، ایک مخصوص سوچ رکھنے والے حلقے.

مَکاتِیب (فت م ، ی مع) اذ ؛ ج.
خطوط ، مراسلے ، رقعات ، بہت سے مکتوب . [ع].

مَکّار (فت م ، شد ک) صف.
مکر کرنے والا ، فریبی ، دھوکے باز ، ٹھگ ، عیار . [ع].

مَکّارانَہ (فت م ، شد ک ، فت ن) صف ؛ م ف.
مکاری کے ساتھ ، مکر سے ، عیارانہ.

مَکارِم (فت م ، کس ر) اذ ؛ ج.
ا. اوصاف حمیدہ ، خوبیاں ، محاسن ؛ بزرگی کے افعال .۲. مہربانیاں ، عنایتیں . [ع].

مکارم اخلاق اذ ؛ ج. اخلاق کی خوبیاں ، اچھے برتاؤ ، بزرگی کے سلوک ، اعلیٰ اخلاق.

مَکارِہ (فت م ، کس مج ر) اذ ؛ ج.
(لفظاً) کراہت کی باتیں یا امور ؛ مراد ؛ مکروہات ، مشکلات ، مصائب ، تکالیف ، زحمتیں . [ع].

مَکّارَہ (فت م ، شد ک ، فت ر) صف مث.
مکار کی تانیث ، دھوکے باز عورت.

مَکّاری (فت م ، شد ک) امث.
فریب ، دھوکا ، مکر ، دغا بازی.

مُکاشِف (ضم م، کس ش) صف.
آشکارا کرنے والا ، بھید کھولنے والا ، کشف کے ذریعے امور غیبی ظاہر کرنے والا (کوئی ولی وغیرہ) . [ع].

مُکاشَفات (ضم م، فت ش) اند ؛ ج.
مکاشفہ کی جمع ، وجدان سے متعلق ، کشف سے منسوب ، غیبیات .

مُکاشَفَہ (ضم م، فت ش ، ف) اند.
۱. انکشاف راز ، تجربے یا اور کسی حساب کے ذریعے کی پوشیدہ بات کا علم ؛ (اصطلاحاً) ولی اللہ کو غیبی اور آئندہ کی خبروں کا علم ، خدا سے وجدانی تعلق کے ذریعے حاصل کردہ علم ، کشف و کرامات . ۲. (تصوف) تجلی صفات کا مشہود . [ع].

مُکافات (ضم م) مث.
۱.عوض ، بدلہ ، اجر ، پاداش ، جزا یا سزا. ۲. باہم برابر ہونا. [ع].

مکافات عمل مث. عمل کا بدلہ ، (عموماً) گناہ کی سزا.

مُکالَمَہ (ضم م، فت ل، م) اند.
دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی گفتگو جو انہیں کے الفاظ میں لکھی گئی ہو ، دو شخصوں کے مابین بات چیت یا سوال جواب ؛ جیسے : ڈرامے میں ، باہم گفتگو ، ہم کلامی . [ع].

مکالمہ نویسی مث. دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی گفتگو کو انہیں کے الفاظ میں تحریر کرنا (عموماً افسانے یا ڈرامے وغیرہ) ، مکالمہ نگاری .

مَکان (فت م) اند.
۱. جگہ ، مقام ، ٹھکانا ؛ وسعت جس میں کوئی وجود سما سکے یا سمایا ہو (زمان کے برخلاف) . ۲. رہنے کے لیے بنی ہوئی عمارت یا جگہ ، مسکن ، حویلی ، گھر ، مقام بود و باش. ۳. (قدیم) مقام ، رتبہ ، درجہ . [ع].

مکان دار اند. گھر کا مالک یا گھر کی مالکن ، گھر کرائے پر دینے والا (کرایہ دار کے بالمقابل) ؛ وہ خادم جو گھر کی دیکھ بھال پر نوکر ہو .

مَکانی (فت م) صف.
مکان سے منسوب یا متعلق ؛ حصار میں ، محدود ، باعتبار جگہ ، علاقائی ، مقامی .

مُکَبَّر (ضم م، ک، شد ب بفت) صف ؛ اند.
۱. بڑا کیا ہوا ، جسامت میں بڑھا ہوا. ۲. (مسجد میں) تکبیر یا اذان کہنے کی جگہ. [ع].

مُکَبِّر (فت نیز ضم م، فت ک، شد ب بکس) صف ؛ اند.
تکبیر کہنے والا ، خصوصاً وہ شخص جو نماز جماعت میں بلند آواز سے تکبیر کہتا ہے تاکہ مقتدی آخری صف تک افعال نماز کے آغاز و انجام سے آگاہ ہو جائے ، آواز کو بلند کرنے والا (آلہ یا شخص) . [ع].

مکبر الصوت صف ؛ اند. آواز کو بڑا یا بلند کرنے والا ، آواز کو بلند کر کے سامعین تک پہنچانے والا آلہ ، لاؤڈ اسپیکر ، توسیع پا جانے کے بعد.

مُکْت (ضم م، سک ک) (الف) مث.
مغفرت ، نجات ، آزادی ، رہائی (خاص کر آواگون یا گناہ سے) .
(ب) صف. آزاد ، نجات یافتہ ، گناہوں سے نجات پایا ہوا ، وجود جسمانی کی قید سے رہائی پایا ہوا. [س].

مَکْتَب (فت م، سک ک، فت ت) اند.
۱. درس گاہ ، پڑھنے لکھنے کی جگہ ، تعلیم گاہ جس میں بچوں کو (ابتدائی) تعلیم دی جائے ، اسکول نیز کالج وغیرہ. ۲. حلقۂ تدریس. ۳. مخصوص فکر و نظر یا سوچ رکھنے والوں کا حلقہ ، ہم خیال ، اہل فکر لوگوں کا گروہ. ۴. وہ خوشی کی تقریب جو بچے کو پڑھانے کی ابتدا کرانے یا الف بے شروع کرانے کے موقعے پر منائی جاتی ہے ، بسم اللہ ، تسمیہ خوانی.
اف : کرنا ، ہونا. [ع].

مکتب خیال / مکتب فکر اند. کسی مخصوص خیال یا نظریے کے لوگوں کا گروہ یا حلقہ ، (School of thought).

مَکْتَبَہ (فت م، سک ک، فت ت ، ب) اند.
۱. کتب خانہ ، لائبریری یا کتابوں کی دکان یا اشاعت گاہ. ۲. دفتر ، ادارہ. ۳. طباعت کتب کا ادارہ یا دفتر. ۴. ہم خیال لوگوں کا حلقہ یا گروہ.

مَکْتُوب (فت م، سک ک، و مع) (الف) صف.
لکھا گیا ، لکھا ہوا ، تحریر شدہ ، تحریری ، مرقوم . (ب) اند. ۱. (i) خط ، مراسلہ ، چٹھی ، رقعہ ، نامہ . (ii) مطبوعہ مراسلہ. ۲. خطوں کا طومار یا لمبا

کاغذ جس میں بہت سے خطوط جوڑ دیے جائیں، خطوں کا البم (بیشتر پرانے ڈھنگ کے مکتبوں میں بچوں کو قلمی تحریر پڑھنے کی مشق کرانے کے لیے رائج اور مستعمل) .۳. (اصطلاح انشا) جو تحریریں وزراء و امراء سے علاقہ رکھتی ہیں ان کو مکتوب کہتے ہیں چھوٹا بڑے کو لکھے تو عریضہ اور بڑا چھوٹے کو لکھے تو رقعہ. [ع].

مکتوب الیہ/الیہم اند: مث. جس کے/جن کے نام خط لکھا جائے، جس کے/جن کے پاس چٹھی بھیجی جائے.

مَکْتُوبات (فت م، سک ک، و مع) اند: ج.
مکتوب کی جمع، رقعات، خطوط، مراسلے، مکاتیب.

مَکْتُوبَہ (فت م، سک ک، و مع، فت ب) صف.
لکھا ہوا، تحریر کردہ، مکتوبی شکل میں، ترسیمہ.

مَکْتُوبی (فت م، سک ک، و مع) صف.
جو تحریر میں آیا ہو، جسے لکھا گیا ہو. لکھائی کا، مکتوب یا تحریر میں استعمال شدہ، لکھا ہوا، جو لکھا جائے، جس کی کتابت کی جائے.

مَکْتُوم (فت م، سک ک، و مع) صف.
پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی. [ع].

مُکْتی (ضم م، سک ک) مث.
نجات، مغفرت، چھٹکارا، رہائی. [س].

مکتی ملنا ف مر: محاورہ. نجات ملنا یا حاصل ہونا، چھٹکارا یا آزادی ملنا.

مُکُٹ/مُکَٹ (ضم م، ک/فت ک) اند.
(ہندو) کلاہ یا تاج جو دولھا یا بادشاہ کو پہناتے ہیں، تاج نیز دستار کی زریں سجاوٹ. [س].

مُکْدَر (ضم م، سک ک، فت د) اند.
دیکھیے: مگدر.

مُکَدَّر (ضم م، فت ک، شد د بفت) صف.
۱. کدورت آمیز، کدورت سے پُر، غبار سے پُر، غبار آلودہ، دھندلا، گندگی والا، میلا. ۲. (مجازاً) منغض، بغض یا بیر رکھنے والا: ملول، ناراض، غم گین، رنجیدہ (دل، طبیعت، مزاج وغیرہ). [ع].

مَکْر (فت م، سک نیز فت ک) اند.
۱. دھوکا، فریب، چالاکی، عیاری، دغا بازی: بہروپ، ریا کاری، بناوٹ، بہانہ بازی، حیلہ. ۲. مکاری. [ع].

مکر کرنا ف مر: محاورہ. فریب سے کام لینا، دھوکا دینا، پاکھنڈ کرنا.

مُکَر (ضم م، فت ک) اند.
مکرنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

مکر جانا ف مر: محاورہ. ۱. وعدے یا قول سے پھر جانا. ۲. منکر ہو جانا، کہی ہوئی بات سے انکار کر دینا، بات بدل دینا. ۳. غلط بیانی کرنا، جھوٹ بولنا. ۴. دھوکا دینا، پاکھنڈ کرنا. ۵. لوٹ ہو جانا، مال مار لینا، بے ایمانی کرنا، امانت میں خیانت کرنا.

مُکَرَّر (ضم م، فت ک، شد ر بفت) صف: م ف.
۱. (ایک دفعہ واقع ہونے کے بعد فوراً): جو دوبارہ واقع ہو، دوبارہ، بار دگر، پھر سے. ۲. اکثر، بارہا، بار بار، تکرار کے ساتھ. [ع].

مکرر ارشاد فقرہ. پھر فرمایئے، دوبارہ، ایک بار پھر پڑھیے (دوبارہ پڑھنے کی فرمائش مشاعرے وغیرہ کے موقع پر مستعمل).

مُکَرَّم (ضم م، فت ک، شد ر بفت) صف.
جس کی تکریم کی گئی ہو، معزز، محترم، قابل تعظیم، عزت دیا گیا، بزرگ (خطوط میں بھی بطور القاب مستعمل).

مُکَرَّمی (ضم م، فت ک، شد ر بفت) اند.
میرے بزرگ اور شفیق (دوستوں یا برابر والوں کے لیے بطور القاب مستعمل).

مُکَرْنا (ضم م، فت ک، سک ر) ف ل.
اپنی بات سے پھرنا، ہاں کہہ کے انکار کرنا، قول سے پھرنا، امر واقع سے انکار کرنا.

مُکَرْنی (ضم م، فت ک، سک ر) مث.
حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کی ایجاد کردہ ایک قسم کی چہار مصرعی پہیلی جس کے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں، یہ بالعموم دو سہیلیوں کے درمیان گفتگو کی صورت میں ہوتی ہے.

مَکرونی (فت ج م، ک، و ج) مث.
آٹے اور گاجر وغیرہ سے بنی موٹی سویاں جو اندر سی کھوکھلی ہوتی ہیں اور پکا کر کھائی جاتی ہیں. [انگ].

مَکْرُوہ (فت م، سک ک، و مع) (الف) صف.
۱. جس سے کراہت آئے، کریہہ، نفرت دلانے والا؛ گھناؤنا. ۲. ناپسند، برا، نامرغوب، ناگوار، بدنما، بھونڈا. (ب) مذ. ۱. (فقہ) صریحی احکام ممانعت نہ ہونے کے باوجود جسے معیوب سمجھا جائے؛ جسے شرعاً حرام تو نہیں لیکن ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہو، وہ امر جو بعض اماموں کے نزدیک جائز اور بعض کے نزدیک ناجائز یا کریہہ ہو. [ع].

مَکْرُوہات (فت م، سک ک، و مع) مذ نیز مث؛ ج.
۱. مکروہ کی جمع، وہ چیزیں جن سے کراہت آئے، نفرت دلانے والی یا گھناؤنی چیزیں. ۲. واہیات یا بے ہودہ کام یا باتیں. ۳. (مجازاً) دنیا کے کھٹے اور الجھیڑے، مشکلات، مصائب، موانعات. ۴. ممنوع، ناپسند اور نامقبول کام یا باتیں، وہ کھانے کی چیزیں جو کسی مسلک میں منع ہوں.

مکّڑ (فت م، شد ک بفت نیز بلا شد) مذ.
۱. ایک ہشت پایہ حشرہ جو دیواروں اور چھتوں وغیرہ پر اپنے لعاب سے باریک باریک تاروں کا جالا تان کر رہتا اور کھیاں بھنگوں وغیرہ کو پھنسا کر کھاتا ہے، مکڑی کا نر، بڑی مکڑی، مکڑا. ۲. (مجازاً) مکڑ سے مشابہ چہرے کی جھریاں. ۳. (مجازاً) لمبی ٹانگوں والا دبلا پتلا آدمی.

مکْڑا (فت م، سک ک) مذ.
دیکھیے: مکڑ.

مکْڑی (فت م، سک ک) مث.
مکڑ کی مادہ، مادہ مکڑ.

مِکْس (کس م، سک ک) صف (شاذ).
ملا جلا، مخلوط، ملا ہوا یا ملایا ہوا، مرکب؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

مِکْسچَر (کس م، سک ک، س، فت چ) مذ.
۱. آمیزہ. ۲. (طب) دواؤں کا ایک سیال مرکب. [انگ].

مَکْسُوب / مَکْسُوبَہ (فت م، سک ک، و مع / فت ب) صف.
(کسب یا اکتساب سے) حاصل کیا ہوا، کمایا ہوا (مال: علم یا رخصت وغیرہ). [ع].

مَکْسُور (فت م، سک ک، و مع) مذ.
۱. ٹوٹا ہوا، شکستہ؛ (ٹکڑے کر کے) جدا کیا ہوا؛ (طب) کوئی عضو یا ہڈی جو ٹوٹ گئی ہو. ۲. (ریاضی) جس میں کسر واقع ہو (اعداد صحیح کے مقابل). ۳. (قواعد) وہ حرف جس کے نیچے زیر کی حرکت یا علامت ہو، زیر دیا ہوا، زیر سے پڑھا جانے والا. [ع].

مَکْسُورَہ (فت م، سک ک، و مع، فت ر) صف.
زیر دیا ہوا، کسرہ والا.

مَکْسُوف (فت م، سک ک، و مع) صف.
گہن لگا ہوا، ماند، پوشیدہ؛ (عروض) وہ رکن جس کا ساتواں حرف حذف کردیا جائے؛ جیسے: مفعولات سے مفعولا جس کی جگہ مفعولن مستعمل ہے. [ع].

مُکَعَّب (ضم م، فت ک، شد ع بفت) (الف) صف.
چار گوشیا، چار گوشیہ کیا گیا، لمبائی، چوڑائی اور اونچائی یکساں رکھنے والا (جسم، عمارت وغیرہ). (ب) مذ. ۱. (ریاضی) وہ عدد جو کسی عدد کو (آپس میں) تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو نیز حاصل ضرب میں ضرب دیئے ہوئے اعداد کا حاصل ضرب. ۲. وہ مجسم شکل جس کی چھ مربع و متوازی سطوح ہوں. [ع].

مُکْلاوَہ (ضم م، سک ک، فت و) مذ.
۱. بہوڑا، چالا. ۲. دلہن کی رخصتی جو شادی کے بعد ہو، شادی کے بعد دولھا کا اوّل مرتبہ دلہن کو اپنے گھر لے جانا، نیز شادی کے بعد میکے آ کر دوسری دفعہ دلہن کا سسرال جانا. [مقامی].

مُکَلَّف (۱) (ضم م، فت ک، شد ل بفت) صف؛ ج.
۱. (i) پرتکلف، بھڑکیلا، مزین، آراستہ، سجا سجایا، خوش اسلوب. (ii) خوش لباس، خوش وضع، صاف ستھرا رہنے والا. ۲. تکلیف دیا گیا؛ مشغول؛ اچھی طرح بنا ہوا، احتیاط سے کیا ہوا. [ع].

مُکَلَّف (۲) (ضم م، فت ک، شد ل بفت) صف.
کلف والا، کلف دیا ہوا، کلف دار (کپڑا وغیرہ).

مُکَلِّف (ضم م، فت ک، شد ل بکس) صف.
۱. تکلیف پہنچانے والا، تکلیف دینے والا، ایذا رساں. ۲. ترغیب دینے والا، دعوت دینے والا، تقریب میں شرکت کی تکلیف دینے والا، بلانے والا، داعی (دعوت نامے میں المکلف لکھ کر اپنا نام لکھتا ہے). [ع].

مُکَلَّل (ضم م، فت ک، شد ل بفت) صف.
جس میں موتی یا جواہر جڑے ہوئے ہوں؛ زر و جواہر وغیرہ سے مزین، آراستہ، زرین، کلغی لگا ہوا؛ (مجازاً) بھڑکیلا، چمکیلا.

مُکَلِّم (ضم م، فت ک، شد ل بکس) صف.
کلام کرنے والا، بات کرنے والا، مخاطب، متکلم. [ع].

مُکْمُکا (ضم م، سک ک، ضم م) اند.
(عو) رشوت لے کر بات ختم کر دینا، ملی بھگت سے کوئی ناجائز کام یا معاملہ طے کرلینا. اف: کرنا/ہونا.

مُکَمَّل (ضم م، فت ک، شد م بفت) (الف) صف.
۱. تکمیل کیا گیا، پورا کیا ہوا، جس میں نقص نہ ہو، کل پر حاوی (ناقص کی ضد). ۲. خالص، قطعی (پورا). (ب) م ف. پورے طور پر، پوری طرح، کاملاً. [ع].

مکمل اعتماد اند. جس میں شک یا وسوسے کا شائبہ نہ ہو، کامل یقین، پورا بھروسا، مکمل اطمینان.

مکمل طور سے م ف. کامل طریقے سے، پوری طرح، اچھی طرح، مکمل طور پر، مکمل طریقے سے.

مکمل کرنا ف مر؛ محاورہ. پایۂ تکمیل کو پہنچانا، پورا کرنا، تمام کرنا.

مَکْنا (فت م، سک ک) اند؛ ~ مکھنا.
ایک قسم کا بڑا ہاتھی جس کے دانت چھوٹے یا بالکل نہیں ہوتے اور جھوم جھوم کر چلتا ہے، مستانہ رفتار کا بڑا ہاتھی، بے دانت کا ہاتھی.

مُکْنا (ضم م، سک ک) ف ل.
ختم ہونا، کسی بات کا ختم ہونا؛ طے پانا، تکمیل پانا، پورا ہونا، حل ہونا. [پنجا].

مَکو (فت م، و مج) است ~ مکوہ.
(نباتیات) چھوٹے چھوٹے پتوں والی ایک بوٹی جو بہ طور ساگ پکا کر کھائی جاتی ہے نیز اس کا پھل جس میں مٹر کے دانوں سے کسی قدر چھوٹے مٹیلے بھورے رنگ کے گول گول پھل لگتے ہیں، پتے اور پھل دونوں ورم کی تحلیل اور پرانے بخار کے ازالے کے لیے دواءً مستعمل. [ف].

مَکوڑا (فت م، و مج نیز لین/ فت ڑ) اند ~ مکوڑہ.
بڑا چیونٹا، بڑا کیڑا، مکڑ. [غالباً؛ س].

مَکّہ (فت م، شد ک بفت) اند.
۱. (لفظاً) زائل کرنا، نکال پھینکنا، دور کرنا. ۲. عرب کا ایک مشہور اور نہایت مقدس شہر جس میں خانۂ کعبہ واقع ہے اور جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی، صاحب استطاعت مسلمان ہر سال فریضۂ حج ادا کرنے وہاں جاتے ہیں، مکہ شریف، مکہ معظمہ (بطور تلمیح مستعمل). [ع].

مکہ معظمہ/ مکرمہ اند. (احتراماً) مکہ معنی نمبر۲، عظمت یا بزرگی والا مکہ.

مُکّہ (ضم م، شد ک بفت) اند.
دیکھیے: مکا؛ بند مٹھی، دھموکا.

مَکئی (فت م، ک) است.
بڑی جوار کا پودا جس کے بھٹے بھون کر کھائے جاتے ہیں، مکا. [مقامی].

مَکّی (فت م، شد ک) صف.
۱. عرب کے مشہور شہر مکہ سے منسوب کوئی شے، اس شہر کا رہنے والا. ۲. (فقہ) وہ شخص جو آفاقی نہ ہو خواہ مکہ شریف کا رہنے والا یا عین میقات پر یا میقات کے اندر.

مکی آیات است؛ ج. وہ قرآنی آیات جو مدینہ منورہ کو ہجرت سے پہلے مکہ شریف میں نازل ہوئی تھیں (مدنی آیات کے مقابل).

مُکّی (ضم م، شد ک) است.
۱. ہتھیلی پر بند کی ہوئی انگلیاں، مٹھی، مشت؛ تراکیب میں مستعمل. ۲. بند مٹھی کی ہلکی ضرب جو چپی میں لگائی جائے. ۳. آٹے وغیرہ کو گوندھنے کا عمل، انگلیوں کی پشت آٹے پر رکھ کر پے در پے دباؤ اور حرکت دینا.

مُکّیاں (ضم م، شد ک بکس) امث : ج.
ا. مکی کی جمع نیز مغیرہ حالت، گھونسے، مکے (تراکیب میں مستعمل). ۲. مکی کی شکل کی بنی ہوئی چیز.

مکیاں لگانا ف مر: محاورہ. چپی مکی کرنا، جسم دبانا.

مکیاں مارنا ف مر: محاورہ. ا. گیلے آٹے کو گوندھنے کے لیے بار بار مکیوں سے دبانا. ۲. مکی چپی کرنا، مکیوں سے جسم دبانا.

مکِین (فت م، ی مع) صف.
ا. مکان میں رہنے والا، جو رہائش پذیر ہو. ۲. ٹھہرا ہوا، قیام پذیر، ساکن، مقیم، استقلال سے ٹھہرا ہوا. ۳. صاحب خانہ، مکان دار. [ع].

مکین و مکان اند: ج. گھر اور گھر میں رہنے والے؛ مراد: آبادی، رونق.

مکین ہونا محاورہ. ٹھہرنا، رہنا، قیام کرنا، بسنا، آباد ہونا.

مِکینک (کس ج م، ی لین، کس ن) اند.
مشینوں کا کاری گر، کاری گر جو مشینوں کی مرمت اور دیکھ بھال کرتا ہے، مشین چلانے والا مستری. [انگ].

مُکھ (ضم م، سک کھ) اند.
ا. چہرہ، منھ، صورت. ۲. (مجازاً) شروع، آغاز، کسی چیز کا سرا یا نوک. [س].

مکھّا (فت م، شد کھ) اند.
نیلے رنگ کی بڑی مکھی، نر مکھی، خانگی مکھی کا نر.

مکھانا (فت م) اند: ← کھانہ
کنول گٹے کا بیج (پھل) جو خاص طریقے سے ریت میں بھوننے سے پھول جاتا ہے (قوت بخش غذا اور دوا کے طور پر گوند کے ساتھ کھاتے ہیں). [س].

مُکھڑا (ضم م، سک کھ) اند.
ا. خوب صورت چہرہ؛ پیارا چہرہ، رخ زیبا. ۲. چہرہ، منھ، رُخ، رُو (مکھ کی تصغیر گا ہے طنز سے). ۳. (موسیقی) گیت کے ابتدائی بول.

مکّھن (فت م، شد کھ بفت) اند.
دودھ یا دہی کو بلو کر نکالی ہوئی چکنائی جسے تایا نہ گیا ہو، اسے کھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے عموماً ناشتے میں توس پر لگا کر کھاتے ہیں، کچا گھی، مسکہ. [پ؛ س].

مکھن باز صف: اند. کسی کی خوشامد اور چکنی چپڑی باتیں کر کے اپنے کام نکالنے والا، خوشامدی، کاسہ لیس.

مکھن لگانا ف مر: محاورہ. روغن قاز ملنا، دل خوش کرنے کے لیے جھوٹی تعریفیں کرنا، خوشامد کرنا.

مکھنا (فت م، سک کھ/ک) اند.
دیکھیے: مکنا.

مکھّنی (فت م، شد کھ بفت) صف (شاذ).
مکھن سے منسوب یا متعلق؛ مکھن سا سفید اور ملائم، مکھن جیسا.

مکّھی (فت م، شد کھ) (قدیم بلاشد) امث.
ا. بے ڈنک کا عام چھوٹا اُڑنے والا کیڑا جو بستیوں میں منڈلاتا اور اپنی بال جیسی ٹانگوں میں مختلف قسم کی متعدی بیماریوں کے جراثیم کو اڑا کر اِدھر سے اُدھر پھیلانے کا سبب بنتا ہے. ۲. مکھی سے مشابہ ڈنک رکھنے والا ایک حشرہ جو شہد بناتا ہے، شہد کی مکھی، مگس. ۳. بندوق کی نالی کے سرے پر وہ ابھرا ہوا چھوٹا سا نشان جو صحیح نشانہ لینے کی غرض سے بنایا جاتا ہے، بندوق کی شست. [س].

مکھی اُڑانا ف مر: محاورہ. ا. بیٹھی ہوئی مکھی کو دور کرنا. ۲. چاپلوسی کرنا، خوشامد سے مکھیاں جھلنا (سرپرست وغیرہ کی)؛ جسم پر زخم ہونا: (جو مکھی اڑانے کا سبب ہوتے ہیں)؛ وقت ضائع کرنا، سستی یا آرام طلبی میں ضائع کرنا؛ خالی رہنا، بے کار رہنا، کمینے یا رذیل کام کرنا.

مکھی پر مکھی بٹھانا محاورہ. بے سوچے سمجھے پوری طرح نقل کرنا.

مکھی پر (پہ) مکھی مارنا محاورہ. لکھنے پڑھنے یا کسی ہنر میں بے سوچے سمجھے جوں کی توں دوسرے کی نقل اُتار دینا، بے سوچے سمجھے پوری طرح نقل کرنا.

مکھی چوس صف. نہایت کنجوس اور بخیل (کہ اگر سالن میں مکھی گر پڑے تو اسے بھی چوس کر پھینکے) (عموماً کنجوس کے ساتھ مستعمل).

مکھی کی طرح نکال پھینکنا / ڈالنا محاورہ. کچھ لحاظ نہ کرنا، بالکل بے تعلق کر دینا، کوئی واسطہ باقی نہ رکھنا، کسی معاملے سے بالکل الگ کر دینا.

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دینا محاورہ. بہت نازک مزاج ہونا، بڑا صاحب غیرت ہونا، نہایت بے دماغ ہونا، کسی کا احسان نہیں اٹھانا.

مکھی نگل جانا؛ نگلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (لفظاً) مکھی کھا جانا. ۲. غلط معلوم ہوتے ہوئے بھی کوئی کام کرنا. ۳. آفت میں پھنسنا، عذاب مول لینا، جان بوجھ کر کوئی نامعقول یا بے جا حرکت کرنا، اپنے کو بلا میں ڈالنا.

مُکھیا (ضم م، کس نیز سک کھ) صف؛ اند؛ ہ- مکھیہ.
۱. سردار، چودھری، سرگروہ (خصوصاً گانو کا). ۲. خاص رہبر، پیشوا، سرکردہ. [س].

مَکّھیاں (فت م، شد کھ بکس) امث؛ ج.
مکھی کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

مکھیاں بھنکنا ف مر؛ محاورہ. کسی چیز پر مکھیوں کا بھن بھن کرنا، مکھیوں کا ہجوم ہونا؛ قابل نفرت اور گھناؤنا ہونا، گندہ اور میلا ہونا، صفائی ستھرائی نہ ہونا.

مکھیاں مارنا ف مر؛ محاورہ. ۱. مکھیوں کو ہلاک کرنا. ۲. ہاتھ پر ہاتھ دھرے بے کار بیٹھے رہنا، خالی رہنا، بے شغل ہونا.

مَگ (فت م) اند. پانی پینے کا بڑا گلاس، عموماً دستے یا ہینڈل والا گلاس مگا، ڈونگا، ایک قسم کا ڈونگا جس میں کنڈا لگا ہوتا ہے، چائے کی پیالی کی طرح کا ایک ظرف جس کا منھ اور پیندا برابر ہوتے ہیں اور جو اوپر سے نیچے تک سڈول ہوتا ہے. [انگ].

مُگْدَر (ضم م، سک گ، فت د) اند.
بھاری لکڑی کی کوئی گز بھر لمبی مخروطی شکل کی موگری جسے پہلوان بازوؤں کی ورزش کے لیے پتلے حصے کی طرف سے ہاتھ میں پکڑ کر گھماتے ہیں. [س].

مَگَر (۱) (فت م، گ) (الف) حرف استثناء.
لیکن، پر، ماسوا، سوائے، علاوہ، بجز، الا. (ب) حرف اشتباہ. ۱. (i) شاید، غالباً. (ii) پھر بھی، اس پر، بہ ایں ہمہ. ۲. کیا، کی جگہ. (ج) حرف ایجاب. ۱. ہاں، البتہ، اب تک، بے شک، ضرور. ۲. مطلق، بالکل (بیشتر نفی کے ساتھ).

مگر (۲) (فت م، گ) اند.
۱. دیکھیے: مگرمچھ. ۲. عورتوں کے کانوں میں پہننے کا ایک زیور جو مگرمچھ کی شکل کا ہوتا ہے. [س].

مگرمچھ اند. چھپکلی سے مشابہ لیکن بہت بڑا ایک خطرناک دریائی جانور جو عموماً پانی یا دلدل میں رہتا ہے اور خشکی پر بھی آ جاتا ہے، نہنگ، گھڑیال، ناکہ.

مگرمچھ سے بیر باندھنا محاورہ. اپنے سے بڑے یا بڑی حیثیت والے سے دشمنی مول لینا.

مگرمچھ کے آنسو اند؛ ج. بناوٹی رونا، دکھاوے کے آنسو جو دل سے نہ ہوں.

مگرمچھ کے آنسو بہانا محاورہ. مکر سے کام لینا، دکھاوے کا رونا رونا.

مَگْرا (فت م، سک گ) صف مذ.
جو اپنے غرور کے باعث کسی کی بات نہ سنے، متکبر، خودپسند. [س].

مگرا پن/ پنا اند. ۱. جان بوجھ کر بے پروائی کرنا، سنی ان سنی کرنا، جان بوجھ کر انجان بننا، ڈھٹائی، سرکشی. ۲. چپ سادھ لینا، جواب نہ دینا؛ بن کے پڑ جانا. ۳. غرور، گھمنڈ، تکبر. ۴. گھنا پن، مکاری، عیاری.

مَگْری (فت م، سک گ) امث.
۱. (چھپر بندی) دو پلیا چھپر یا کھپریل کے پلوں کا جوڑ، مانگ کی شکل دونوں پلوں کے ملنے کی جگہ، چھپر کا وہ حصہ جو سب سے اوپر اور ماہی پشت ہوتا ہے. ۲. دیوار کا اوپر کا سرا، منڈیر. ۳. باغ کے تختے میں پودوں کی قطار. ۴. پانی کی اونچی نالی جو بلندی پر پانی پہنچانے کے لیے بنائی جائے؛ دریا کا اونچا کنارا. [پ: س].

مَگَس (فت م، گ) امث.
(ادبیات) مکھی نیز شہد کی مکھی. [ف؛ س].

مگس راں (الف) اند. مکھیاں جھلنے یا اُڑانے کی چونری وغیرہ، مورچھل.
(ب) صف. مکھیاں اڑانے والا، مکھیاں جھلنے والا، وہ خادم جو مورچھل لے کر مکھیاں جھلنے پر مامور ہو.

مَگَسی (فت م، گ) (الف) صف.
۱. مگس سے منسوب، مکھی جیسا، مکھیوں سے نسبت رکھنے والا؛ (مجازاً)

بھکتا ہوا ؛ گھناؤنا. ۲. (i) وہ رنگ جو مکھیاں بھنکنے سے مکھیوں جیسا نظر آئے. (ii) سیاہی مائل، ملگجا (رنگ). (iii) جس کا رنگ مکھیوں جیسا ہو، مکھی کے رنگ والا (گھوڑا). (ب) اند. وہ گھوڑا جس کا رنگ سفید، سارے بدن پر سرخی کا چھینٹا اور دُم اور ایال ہم رنگ ہوں.

مَگَن (فت م، سک نیز فت گ) صف.
۱. کسی خیال، (بات یا کام میں) ڈوبا ہوا، مستغرق، منہمک. ۲. بے خود، مست، سرشار. ۳. بہت خوش، مسرور، شاداں. ۴. کسی کام میں محو، نہایت مشغول. [س].

مگن ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. (کسی خیال کام یا بات میں) گم ہونا، کھو جانا. ۲. خوش ہونا، مسرور ہونا.

مُگھّم (ضم م، شد گھ بفت) صف.
۱. مبہم، مخفی، پوشیدہ، چھپی یا ذو معنی، گول مول (بات). ۲. (قمار بازی) ہار نہ جیت، برابر سرابر.

مگھم بات امث. مبہم یا پوشیدہ بات، گول مول بات، پہلو دار گفتگو.
اف : کرنا، کہنا، ہونا.

مَل (۱) (فت م) اند.
۱. میل، گندگی، غلاظت. ۲. جھاگ، میل جو اوپر آجائے؛ دھاتوں کا میل، زنگار. ۳. کوئی گندی چیز جو بدن سے نکلے، موت، آنسو، تھوک، کان کا میل، خون، منی، فضلہ، پیخانہ وغیرہ. ۴. تلچھٹ، گاد. ۵. گناہ، عصیاں. ۶. استخوان ماہی (جو مصیقل کے کام آتی ہے). [س].

مَل (۲) (فت م) (الف) اند.
۱. (ہندو) اعزازی خطاب کے طور پر (عموماً) جیسے بقال اور بیشتر وشنو کے نام کا دوسرا جزو؛ جیسے : لالہ بہاری مل، بربھول وغیرہ. ۲. ایک پیشہ ور پہلوان یا مکا باز، مکا کشتی لڑنے والا (عموماً) پہلوان، کشتی گیر. (ب) صف ۱. بہادر، شجاع، سورما. ۲. عمدہ، اچھا، بہتر، اعلیٰ، فائق، برگزیدہ. (ج) بطور لاحقہ. کلمات کے آخر میں نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے کھٹمل. [س].

مَل (۳) (فت م) اند.
ملنا کا فعل امر؛ تراکیب میں مستعمل.

مل دینا ف مر؛ محاورہ. مسل ڈالنا؛ کچھ حالت نہ چھوڑنا، بگاڑ دینا.

مل ڈالنا ف مر؛ محاورہ. مل دینا، مسل دینا؛ روند دینا، برباد کر دینا.

مل مل کر / کے م ف. ہاتھ سے گھسا گھسا کر یا مسل کر.

مل مل کے دھونا ف م؛ محاورہ. خوب ہاتھ کو رگڑے دے کر کسی چیز کو دھونا، خوب مل کے دھونا اور صاف کرنا.

مِل (۱) (کس م) اند.
بڑا کارخانہ جس میں سب کام مشینوں سے ہو، کپڑے یا کاغذ وغیرہ بنانے کا کارخانہ نیز آٹا وغیرہ پیسنے کی مشین سے چلنے والی چکی. [انگ].

مِل (۲) (کس م) (الف) ف ل.
مصدر ملنا کا فعل امر؛ مرکبات میں مستعمل؛ جیسے : مل بیٹھنا، مل بانٹ کے وغیرہ. (ب) م ف. مل کر کی تخفیف (قدیم).

مل بانٹ کر کھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. مل جل کے اور اتفاق اور میل محبت سے کھانا. ۲. نفع میں شریک کرنا، رقم آپس میں تقسیم کرنا.

مل بیٹھنا محاورہ. ۱. متحد ہو جانا، سر جوڑنا، باہم سلوک اور محبت سے برتاؤ کرنا، دل سے دل مل جانا، محبت میں یک جا ہونا. ۲. صحبت کرنا.

مل جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی دوسرے مقام سے آکر صورت دکھا جانا، ملاقات کر کے چلا جانا. ۲. صلح ہو جانا، صفائی ہو جانا، من جانا. ۳. شامل ہو جانا، شریک ہو جانا. ۴. حاصل ہو جانا، وصول ہو جانا، دستیاب ہو جانا. ۵. سازش کر جانا، ایک کو چھوڑ کے دوسرے کا ہو جانا، مخالف سے جا ملنا. ۶. دوچار ہونا، ملاقات ہونا، سامنا ہونا، میسر ہونا. ۷. مشابہ ہو جانا، مثل ہونا. ۸. جڑ جانا، پیوستہ ہو جانا. ۹. ضم ہو جانا، مدغم ہو جانا. ۱۰. گلے لگ جانا، بغل گیر ہونا. ۱۱. آمیز ہو جانا، گڈمڈ ہو جانا.

مل جل کر / کے م ف. ۱. باہمی امداد سے، دوسروں کو ملا کر. ۲. میل ملاپ کے ساتھ، باہم اتحاد کے ساتھ. ۳. مل ملا کر، متفق ہو کر، اکٹھے ہو کر، شریک ہو کر، سر جوڑ کر.

مل گئی تو روزی ورنہ روزہ کہاوت. اگر مزدوری یا کام سے اجرت حاصل ہوگئی تو گزارا ہو جائے گا ورنہ بھوکا رہنا پڑے گا.

مَل (ضم م) امث.
۱. انگوری شراب ، شراب ، دارو ، بادہ ، مے .۲. (مجازاً) ایک قسم کا زہر. [ف].

مَلا(۱) (فت م) (الف) صف.
۱. بھرا ہوا ، لبریز .۲. ظاہر ، آشکارا . (ب) اند . ۱. پُر ہونے کی حالت ، بھری ہوئی جگہ (خلا کی ضد) .۲. (مجازاً) صحبت ، جلوت ، انجمن ، محفل (خلوت کی ضد) .۳. اشراف کا گروہ ، اشراف کی جماعت ؛ جیسے : (ملاء اعلیٰ = عالم بالا کے اشراف کا گروہ یعنی فرشتے) .۴. خلق ، عادت ؛ جنگل .۵. (تصوف) عالم تشبیہ کو کہتے ہیں . [ع].

مَلا(۲) (فت م) صف.
ملنا کا امر تیز ملنا کا ماضی بطور صفت تراکیب میں مستعمل.

مِلا (کس م) (الف) مذ.
ملنا سے فعل ماضی ؛ ترکیبات میں مستعمل ؛ جیسے : مِلا جُلا ، ملا دینا .
(ب) صف . ملا ہوا ، متصل .

ملا جلا صف مذ . ۱. ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ، متحد ، قریب قریب .۲. گڈمڈ ، مخلوط .۳. مشترک ، باہم آمیختہ .

ملا جلا رجحان اند . (معاشیات) تیزی اور مندی کی مساوی کیفیت .

ملا دینا ف مر: محاورہ . ۱. دو مختلف چیزوں کا ایک کر دینا ، مخلوط کرنا .
۲. ملاوٹ کر دینا ، اصل شے میں کسی ناقص چیز کو شامل کر دینا .
۳. (i) متصل کر دینا ، بھڑا دینا ، جوڑ دینا . (ii) ملاقات کرانا .

ملا ہوا صف . جڑا ہوا ، متصل .

مُلّا (ضم م ، شد ل) اند .
۱. (i) لکھا پڑھا ، عالم (عموماً) عربی علوم کا عالم فاضل ، مولوی ، فقیہہ . (ii) شدید قسم کے مذہبی خیالات رکھنے والا عالم .۲. مسجد میں نماز پڑھانے ، اذان دینے اور اس کی حفاظت و خدمت پر مامور شخص .
۳. مکتب میں یا گھر پر بچوں کو پڑھانے والا استاد (عموماً عربی کی تعلیم کے لیے) .۴. (عرب کے بعض علاقوں کے) گروہ یا جماعت کا مکھیا ، قائد ، لیڈر ، سردار .

مُلّا جی اند . ملا کے لیے تعظیم یا تخاطب کا کلمہ .

ملا دو پیازہ اند . دربار اکبری کا ایک خوش طبع اور ظریف کردار جس کا نام ابوالحسن (۱۵۴۰ء تا ۱۶۰۰ء) تھا . [علم].

ملا کی داڑھی تبرک میں گئی کہاوت . کسی چیز کے ضائع ہونے یا بے فائدہ اور بے کار خرچ کے موقع پر کہتے ہیں .

ملا کی دوڑ مسجد / مسیت (تک) کہاوت . ہر شخص کی کوشش اسی حد تک ہوتی ہے کہ جہاں تک اس کی رسائی ہو ، اپنے حوصلے اور مقدور کے مطابق کام کیا جاتا ہے .

ملا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی کہاوت . کسی خاص آدمی کے نہ ہونے سے اس سے متعلق کام رُکا نہیں رہتا ، دنیا کے کام کسی کے ہونے یا نہ ہونے سے بند نہیں ہوتے .

مِلاپ (کس م) اند .
۱. تعلقات ، میل جول ، ربط ضبط ، اتفاق ، اتحاد ، ایک .۲. لڑائی کے بعد دوستی ، صلح ، مصالحت ، آشتی .۳. (i) ملاقات ، وصال یا یکجائی ہونا ، ملنا جلنا ؛ معانقہ ، گلے لگنا . (ii) صحبت ، جماع ، ہم بستری .۴. تنصیب وغیرہ کے ذریعے رابطہ یا براہ راست رسائی .۵. (i) (کنایۃً) سنگم . (ii) ایک چیز کے کنارے کا دوسری چیز کے سرے سے ملنا ، جوڑ ، اتصال .۶. (دو چیزوں کی) آمیزش ، ایک دوسرے میں مخلوط ہونا .

ملاپ کرانا / کروانا ف مر: محاورہ . ۱. صلح کرانا ، باہم ملوانا ، تصفیہ کرانا ، گلے ملوانا .۲. ربط ضبط قائم کرانا ، تعلق جوڑنا ، ہم آہنگی پیدا کروانا .

مَلّاح (فت م ، شد ل) اند .
کشتی کھینے یا ناؤ چلانے والا ، کشتی بان ، کھویا ، (پانی میں) جہاز چلانے والا ، ناخدا ؛ مانجھی ؛ مچھیرا . [ع].

مَلاحت (فت م ، ح) امث .
۱. نمکین ہونا ، نمکینی ، سلونا پن .۲. سانولا پن ، چہرے کے سانولے پن کا حسن یا خوب صورتی ، سانولا رنگ روپ ، پھبن .۳. (مجازاً) تحریر کی ایک خوبی ، خوش نمائی (شوخی کے برعکس) . [ف : ع].

مُلاحظات (ضم م ، فت نیز کس ح) اند ؛ ج .
دیکھنے یا غور کرنے کی باتیں یا چیزیں ؛ نظریات ، مشاہدات ، مطالعات وغیرہ وغیرہ .

مُلاحَظَہ (ضم م، فت ح، ظ) اند.
ا. کن انکھیوں سے دیکھنا ؛ مراد : دیکھنا (احتراماً مستعمل). ۲. (i) غور و فکر اور دھیان سے دیکھ بھال، توجہ، التفات. (ii) مشاہدے اور معائنے کے بعد زیر نظر امر سے متعلق جو اثر مرتب ہو اس کی کیفیت، معائنہ رپورٹ. (iii) معائنہ، جانچ. ۳. پیش، سامنے، روبرو، زیر نظر. [ع].

ملاحظہ کرنا ف مر؛ محاورہ. ا. دیکھنا، نظر ڈالنا. ۲. پڑھنا، غور کرنا. ۳. معائنہ کرنا، تشخیص کرنا. ۴. لحاظ کرنا، پاس کرنا، طرف داری کرنا.

مَلاحی (فت م، شد ل) امث.
ا. کشتی چلانے کا کام، جہازرانی، ملاح کا کام یا پیشہ. ۲. ناؤ یا کشتی کا کرایہ، پار اُترائی کی مزدوری. ۳. (پیراکی) ملاحوں سے منسوب لمبے لمبے ہاتھ مار کر پیرنے کا ایک طریقہ یا انداز.

مَلار (فت م) اند.
(موسیقی) برسات کے موسم کا ایک گیت نیز میگھ راگ کی چوتھی راگنی جو ساون بھادوں میں الاپی جاتی ہے؛ ملہار. [س].

مُلازِم (ضم م، کس ز) (الف) صف.
پیوستہ رہنے والا، ساتھ رہنے والا، وابستہ، منسلک. (ب) اند. ملازمت کرنے والا، (تنخواہ یا اُجرت پر) نوکر، خادم، خدمت گار، پیش خدمت (عموماً) دفتر میں کام کرنے والا. [ع].

مُلازَمَت (ضم م، فت ز، م) امث.
ا. (کسی سے) وابستگی، نزدیکی، ملاقات، بڑے آدمی کی خدمت میں حاضر ہونا، خدمت میں حاضر رہنا. ۲. نوکری چاکری، خدمت گاری، خدمت. [ع].

مُلازِمَہ (ضم م، کس مج ز، فت م) امث.
ملازمت کرنے والی عورت، خادمہ، نوکرانی.

مُلازِمِین (ضم م، کس ز، ی مع) اند: ج.
ملازم کی جمع، نوکر، خادم، کارندے، کارکنان.

مُلاقات (ضم م) امث.
ا. (i) واقفیت، جان پہچان، شناسائی. (ii) میل ملاپ، ربط ضبط آنا جانا. ۲. (i) باہم ملنا، ایک دوسرے سے ملنا، میل محبت (ii) بات چیت، میل ملاپ، گفتگو، مکالمہ. ۳. بے تکلف ہونا ہم جلیسی، ہم نشینی، مجالست. ۴. بے تکلفی کی صحبت، صحبت داری (شاذ) ہم بستری، مباشرت، وصل. [ع].

ملاقات کروانا محاورہ. ا. شناسائی کروانا، باہم ملوانا، دوستی کرانا، ربط کرانا ۲. مرد و عورت کو باہم ملوانا، مجامعت کی دلالی کرنا.

ملاقات ہو جانا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. ا. آمنا سامنا ہونا، مڈبھیڑ ہو جانا ۲. تعلقات ہونا، راہ و رسم ہونا. ۳. بالمشافہ ملنا، کسی سے مل کر گفتگو ہونا

مُلاقاتی (ضم م) صف نیز اند.
ا. ملاقات سے منسوب یا متعلق : ملنے والا، دوست، جس سے جان پہچان ہو، یار، آشنا، اکثر ملنے والا. ۲. کسی سے ملنے کے لیے آنے والا، ملاقات کے لیے آنے والا. ۳. جس سے ملاقات کرنی مقصود ہو

مَلاگِیر (فت م، ی مع) اند.
ا. صندل کی قسم کی ایک لکڑی جسے پیس کر سرخی ملا کر اس میں کپڑے (خصوصاً دوپٹے) رنگتے ہیں جو خوش بودار بھی ہوتے ہیں، صندلی زرد، اعلیٰ درجے کا صندل. ۲. ایک پہاڑی پرند کا نام جو صندل کے رنگ کا ہوتا ہے.

مَلاگِیری (فت م، ی مع) (الف) صف.
ملاگیر سے منسوب، جوگیا، گیروا، صندل کے رنگ کا، صندلی رنگ میں رنگا ہوا. (ب) اند. صندل کے رنگ سے مشابہ ایک رنگ جو خوش بودار ہوتا ہے.

مَلال (فت م) اند.
رنج و غم، افسوس. [ع].

مَلامَت (فت م، م) امث.
لعن طعن، بُرا بھلا کہنا، ڈانٹ پھٹکار، سرزنش، فضیحت. [ع].

ملامت آمیز صف. مذمت سے پُر، ملامت والا.

ملامت کرنا ف مر؛ محاورہ. بُرا بھلا کہنا، جھڑکنا، دھتکارنا، ڈانٹنا ڈپٹنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مَلامَتی (فت م، م) (الف) صف.
قابل ملامت، مذمت کے قابل (مجازاً) بڑا بدنصیب، کم بخت، گناہ گار، مردود، لعنتی. (ب) امث. لعنت ملامت.

مِلانا (کس م) ف م.
۱. (i) اجزا کو باہم مخلوط یا مربوط کرنا، مخلوط کرنا، آمیز کرنا، ترکیب دینا، گڈمڈ کرنا. (ii) ملاوٹ کرنا، آمیزش کرنا (کوئی نقصان دہ چیز). ۲. ایک چیز کو دوسری سے متصل کرنا، جوڑنا، منسلک کرنا. ۳. ملاپ کرنا، جھگڑا چکا کے اتحاد کرانا، اختلافات دور کرانا، گلے ملوانا. ۴. ملاقات کرانا، واقفیت یا شناسائی کرانا، متعارف کرانا. ۵. شامل کرنا، ملحق کرنا، شریک کرنا؛ نتھی کرنا، منسلک کرنا؛ جیسے: کاغذ مسل میں لگانا. ۶. وصل کرنا، جوڑنا؛ چپکانا، چسپاں کرنا. ۷. ایک گھڑی کا وقت دوسری صحیح گھڑیوں کے مطابق کرنا.

مُلّانی (ضم م، شد ل) (الف) امث.
۱. مُلا کی تانیث، ملا کی بیوی. ۲. دینی تعلیم دینے والی اُستانی، معلمہ.
(ب) صف مث. مُلا سے منسوب، ملا کی سی، مُلاؤں جیسی.

مِلاوَٹ (کس م، فت و) امث.
۱. ایک چیز میں کسی دوسری چیز کا ملنا، آمیزش. ۲. کسی خالص چیز میں غیر خالص یا اعلیٰ چیز میں ادنیٰ چیز کی آمیزش، کھوٹ.

ملاوٹ کرنا ف مر: محاورہ. آمیزش کرنا، کھوٹ ملانا.

مَلائِک (فت م، کس ء) اند: ج.
ملک کی جمع: فرشتے، ملائکہ، کرّوبیاں.

مَلائِکَہ (فت م، کس ء، فت ک) اند: ج.
بہت سے فرشتے، ملائک.

مُلائِم (ضم م، کس ء) صف.
۱. مناسب، موافق، سزاوار، زیبا. ۲. (i) (مجازاً) نرم، گداز؛ گدگدا؛ پلپلا. (ii) اتنا نرم کہ آسانی سے مڑ جائے، خم پذیر، مڑ جانے والا (دھات وغیرہ). (iii) (کنایۃً) خستہ، (مراداً) اچھا، بہتر. ۳. (i) جس میں سختی نہ ہو، نرمی، مروت اور رعایت سے پیش آنے والا، رحم دل (شخص)؛ کیفیات سے متاثر ہونے والا (دل، مزاج وغیرہ). (ii) جو ناگوار نہ گزرے، جو دل پر گراں نہ ہو دل کش اور دل گداز (تحریر، گفتگو وغیرہ). [ع].

ملائم لہجہ اند. ۱. نرمی سے بولنے کا انداز، مناسب اور گوارا لہجہ، نرم لہجہ. ۲. ہمدردانہ لہجہ، شفقت بھرا لہجہ.

مُلائِمَت (ضم م، کس ء، فت م) امث.
۱. مزاج یا طبیعت وغیرہ سے موافقت، مناسبت یا نرمی؛ نرم مزاجی. ۲. نرم یا لچک دار ہونے کی حالت. ۳. مزاج کی نرمی، دھیما پن، مہربانی. ۴. نرمی، لچک، جذباتیت کا نہ ہونا. [ع].

مُلائِمِیَت (ضم م، کس ء، م، فت ی) امث.
نرم یا لچک دار ہونا، ملائی، نرمی.

مَلائی (۱) (فت م) امث.
چکنائی کی نرم پرت جو دہی یا دودھ کی سطح پر جھلی یا پپڑی کی شکل میں جم جاتی ہے مزے دار اور مقوی ہوتی ہے، بالائی. [مقامی].

مَلائی (۲) (فت م) امث.
۱. ملنے دَلنے کا عمل یا کام؛ مسلنا (گھوڑے وغیرہ کی) مالش کرنا، رگڑائی.
۲. ملنے دَلنے یا مالش کرنے کی اُجرت.

مَلایِک (فت م، کس ی) اند: ج.
ملائک جس کا یہ ایک املا ہے.

مُلایِم (ضم م، کس ی) صف.
ملائم، جو فصیح ہے، نرم، گداز، پلپلا.

مَلْبا (فت م، سک ل) اند: ~ ملبہ.
۱. گرے ہوئے مکان یا عمارت کی مٹی، اینٹوں وغیرہ کے اجزا کا ڈھیر، کوڑا کرکٹ، مٹی کوڑا، خس و خاشاک وغیرہ. ۲. کسی منہدم ہوئی عمارت کی اینٹیں، پتھر اور مٹی، پرانا مسالا وغیرہ. [س].

مَلْبُوس (فت م، سک ل، و مع) (الف) اند.
سلا ہوا کپڑا، پہننے کا کپڑا، پیراہن یا لباس. (ب) صف. (کپڑے وغیرہ میں) لپٹا ہوا، لباس پہنا ہوا نیز آراستہ، مزین. [ع].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مَلْبُوسات (فت م، سک ل، و مع) اند؛ ج.
۱. پہننے کے کپڑے، لباس، پوشاکیں، جوڑے. ۲. (مجازاً) سامانِ آرائش، آرائشی کپڑے.

مَلْبَہ (فت م، سک ل، و مع) اند.
دیکھیے: ملبا، گرے ہوئے مکان کی اینٹیں، مٹی، پتھر وغیرہ.

مَلْبے (فت م، سک ل) اند؛ ج.
ملبہ کی مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل.

ملبے کا ڈھیر اند. منہدم مکان کے آثار، کوڑا کرکٹ؛ (کنایۃً) ناکارہ چیز.

مِلَّت (کس م، شد ل بفت) امث.
۱. دین، مذہب، شریعت. ۲. مسلمانوں کی جماعت، گروہ مسلمین. [ع].

ملت ابراہیمی امث. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت یا مذہب نیز اُمت مسلمہ.

ملت احمد مرسل امث. حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت، ملت اسلامیہ.

ملت اسلام / اسلامیہ امث. شریعت اسلام، دین اسلام، اُمتِ مسلمہ، مسلمین، مسلمان قوم.

مِلْتا (کس م، سک ل) صف مذ.
مشابہ، ہم شکل، مماثل؛ تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: ملتا جلتا، ملتا ہوا وغیرہ.

ملتا جلتا صف. شکل یا اوصاف میں مشابہ، یکساں، مماثل، ہم شکل.

مُلْتانی (ضم م، سک ل) (الف) صف.
پاکستان کے شہر ملتان (جو سندھ سے متصل صوبۂ پنجاب میں واقع ہے) سے منسوب یا متعلق (کوئی شخص، چیز یا باشندہ وغیرہ). (ب) امث.
۱. پنجابی اور سرائیکی کی لطیف آمیزش سے بنی زبان جو شہر ملتان کے علاقے میں بولی جاتی ہے. ۲. پیلے رنگ کی چکنی مٹی جو عموماً لکھنے کی تختی پوتنے، سر دھونے یا گرمی دانوں کی وجہ سے یا جلد کی صفائی کے لیے جسم پر ملنے کے کام آتی ہے اور شہر ملتان میں زیادہ پائی جاتی ہے، گاجنی، ملتانی مٹی.

مُلْتَجِیانَہ (ضم م، سک ل، فت ت، کس مج ج، فت ن) صف؛ م ف.
انکسار سے پُر، جس میں درخواست، انکسار پایا جائے، انکسار کا، التجا کرنے والا (انداز)، درخواست کرنے والا (لہجہ).

مُلْتَزَم (ضم م، سک ل، فت ت، ز) صف.
لازم پکڑا ہوا؛ (مجازاً) لازم یا ضروری قرار دیا ہوا، لازمی.

مُلْتَزِم (ضم م، سک ل، فت ت، کس ز) (الف) صف.
۱. (لفظاً) التزام کرنے والا؛ (مجازاً) اپنے لیے کوئی چیز یا فعل لازم قرار دینے والا؛ (کنایۃً) ساتھ رہنے والا، لازم و ملزوم کی طرح ساتھ ساتھ، وابستہ. ۲. پیچھے آنے والا، ملا ہوا؛ سزا یافتہ؛ مجبور (ب) اند. ۱. (فقہ) خانۂ کعبہ میں وہ حصہ جو دروازۂ کعبہ اور حجر اسود کے درمیان واقع ہے، مقام جہاں پر طواف سے ہو کر دعا کی جاتی ہے اور جہاں کی گئی دعا شرعاً مقبول بتائی گئی ہے اسے ملتزم اس لیے کہتے ہیں کہ یہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لپٹ کر دعا مانگی تھی اسی لزوم کے باعث اسے ملتزم کہتے ہیں. [ع].

مُلْتَفِت (ضم م، سک ل، فت ت، کس ف) صف.
التفات کرنے والا، توجہ دینے والا، متوجہ؛ (مجازاً) مہربان. [ع].

مُلْتَمِس (ضم م، سک ل، فت ت، کس م) صف.
التماس کرنے والا، عرض کرنے والا، ملتجی؛ طالب، خواہش مند. [ع]

مُلْتَوی (ضم م، سک ل، فت ت) صف مذ.
۱. (i) آئندہ کے لیے ٹالا یا اُٹھا رکھا ہوا، التوا میں ڈالا ہوا. (ii) التوا کرنے والا، دیر کرنے والا. ۲. (i) موقوف، برخاست کیا گیا (ii) توقف کرنے والا، ٹھہرنے والا. [ع].

ملتوی کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کچھ عرصہ کے لیے موقوف رکھنا، ٹھہرانا روکنا. ۲. ترک کر دینا، باز آنا (ارادہ وغیرہ سے).

مِلْتی جُلْتی (کس م، سک ل، ضم ج، سک ل) صف مث.
جس میں یکسانیت یا مشابہت ہو، مشابہ، یکساں.

مِلْتے جُلْتے (کس م، سک ل، ضم ج، سک ل) صف؛ ج.
ملتا جلتا کی مغیرہ حالت نیز جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

مِلِٹْری (کس م، کس مج ل، سک نیز فت مج ٹ) (الف) صف.
فوج کا، فوجی، عسکری، فوج سے متعلق (سول کے مقابل) (ب) امث. فوج. [انگ].

مُلَیٹھی (ضم م، کس مج ل) امث.
(نباتیات) گھونگچی درخت کی جڑ جس کا سفوف کھانسی کے ازالے اور بلغم کے اخراج کے لیے مفید ہوتا ہے اور بہت سی یونانی ادویہ کا جزو بنتا ہے؛ پان میں ڈال کر بھی کھاتے ہیں، ملیٹھی، بیخ سوس.

مَلْجا (فت م، سک ل) اند.
۱. جائے پناہ، پناہ ملنے کی جگہ، پشت پناہ. ۲. (تصوف) دل کا اعتماد رکھنا حق تعالیٰ پر حصولِ مراد کے لیے. [ع].

ملجا و ماوا / ماویٰ اند. پناہ ملنے کی جگہ، پشت پناہ.

مَلیچ / مَلیچھ (فت م، کس ل) صف.
۱. ادنیٰ، نجس کا، ناپاک، نیچ (ہندوؤں کے نظریے کے مطابق). ۲. ناپاک، نجس، میلا، گندہ؛ (مجازاً) قابلِ نفرت. ۳. مسلمان (ہنود کی نظر میں). [س].

مِلْح (کس م، سک ل) اند؛ امث.
۱. لون، نمک، کھار، شور. ۲. ایک طرح کا پانی جو اجزائے شور سے مل کر اجزائے خاکی میں مل جاتا ہے. ۳. خوش ذائقہ ہونا، لذیذ ہونا؛ خوش گواری؛ خوبصورتی، ملاحت. [ع].

مُلْحِد (ضم م، سک ل، کس ح) اند.
الحاد کرنے والا، صحیح راستے سے پھرا ہوا، دین سے پھر جانے والا، بے دین، منکرِ الٰہی، کافر؛ (مجازاً) مشرک؛ فاسق و فاجر. [ع].

مُلْحِدانَہ (ضم م، سک ل، کس مج ح، فت ن) صف؛ م ف.
ملحدوں جیسا، کافر اور بے دین سے مشابہ، کفر اور بے دینی پر مبنی، منکروں یا مشرکوں کا سا.

مُلْحِدِین (ضم م، سک ل، کس مج ح، ی مع) اند؛ ج.
ملحد کی جمع، الحاد کرنے والا، بے دین، منکرِ الٰہی.

مُلْحَق (ضم م، سک ل، فت ح) صف.
۱. جڑا ہوا، ملا ہوا، جوڑا یا ملایا ہوا، لگا ہوا؛ (مجازاً) متصل، منسلک، پاس پاس، نزدیک. ۲. شامل، داخل، شریک. ۳. ملانے والا. [ع].

ملحق کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. الحاق کرنا، شامل کرنا، ملا لینا، داخل کرنا، ضمیمہ بنانا. ۲. تسخیر کرنا، فتح کرنا.

مُلْحَقَہ (ضم م، سک ل، فت ح، ق) صف.
۱. ملا ہوا، ساتھ لگا ہوا، شامل، متصل. ۲. منسلک، وابستہ، ماتحت، ذیلی.

مَلْحُوظ (فت م، سک ل، و مع) صف.
جس کا پاس کیا جائے، جس کی رعایت کی جائے، جس کا خیال یا لحاظ رکھا جائے، جو دھیان میں رہے؛ مراد: پیشِ نظر. [ع].

ملحوظ خاطر اند. دلی خیال، دلی توجہ، دل میں یاد رکھنا، خیال میں رکھنا.

ملحوظ خاطر رکھنا ف مر؛ محاورہ. توجہ دینا، خیال کرنا.

مَلْحُوظات (فت م، سک ل، و مع) اند؛ ج.
قابلِ لحاظ امور، سوچی سمجھی یا اہم باتیں نیز مشاہدات، خیالات. [ع].

مُلَخَّص (ضم م، فت ل، شد خ بفت) صف؛ اند.
۱. خلاصہ کیا ہوا، اختصار، لب لباب، تلخیص کردہ، وہ جو خالص کیا جائے، پاک و صاف؛ (مجازاً) واضح. ۲. (مجازاً) مختصر، اختصار، تلخیص.

مِلْز (کس م، سک ل) اند؛ ج.
مل کی جمع، چکیاں، مشینیں، کارخانے؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

مُلْزِم (ضم م، سک ل، کس ز) صف؛ اند.
۱. موردِ الزام؛ کام میں گردن پھانسنے والا. ۲. (قانون) وہ شخص جسے کسی جرم کا الزام لگا کر عدالت میں پیش کیا جائے (سزا ہو جائے تو مجرم کہلاتا ہے). [ع].

مُلْزِمانَہ (ضم م، سک ل، کس ز، فت ن) صف؛ م ف.
ملزموں کی طرح، مجرموں کی مانند، قصور واروں کا سا.

مُلْزِمَہ (ضم م، سک ل، کس ز، فت م) صف مث؛ امث.
الزام لگائی ہوئی؛ (قانون) عورت جس پر الزام ہو، ملزم عورت.

مَلْزُوم (فت م، سک ل، و مع) صف.
۱. جو لازم کیا گیا ہو، جس کے لیے کوئی بات لازم یا ضروری ہو (لازم کا مدمقابل). ۲. (منطق) وہ امر جس کی تصدیق سے دوسرے امر کا یقین یا ظن حاصل ہو. [ع].

مُلَطِّف (ضم م، فت ل، شد ط بکس) صف؛ امث.
جو لطافت دے، لطافت بخش؛ (طب) مادّے کو لطیف، رقیق یا پتلا کرنے والی دوا، تلیین کرنے والی دوا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مَلْعُون (فت م، سک ل، و مع) صف مذ.
جس پر لعنت کی گئی ہو، پھٹکارا ہوا، قابل لعنت، مردود، لعین، دھتکارا ہوا؛ (مجازاً) شیطان نیز ظالم (بطور دشنام مستعمل). [ع].

مَلْغوبا/ مَلْغوبَہ (فت م، سک ل، و مع / فت ب) اند.
۱. گوشت، دہی، گھی، پیاز، ادرک وغیرہ سے مقررہ ترکیب سے پکا ہوا ایک کھانا. ۲. (کھٹومر، اچار سازی) اچار بنانے کے لائق چیزوں کا پھل مسل کر تازہ بہ تازہ اور چٹ پٹا تیار کیا ہوا اچار جو اسی وقت کھانے کے لائق ہو جائے، کچومر. ۳. (i) کھانے پینے کی چند مخلوط کی ہوئی چیزوں کا مجموعہ، بیشتر وہ جس میں چیزیں مل کے ملائی جائیں، مختلف قسم کے کھانے. (ii) مختلف چیزوں کا مجموعہ جو آپس میں گڈمڈ اور گاڑھی ہو گئی ہوں، الم غلم. ۴. کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک. [ف].

مَلْفُوظ (فت م، سک ل، و مع) صف.
۱. (قواعد) جو لفظوں میں ادا ہو، جو پڑھنے میں آئے، جو پڑھا جائے، الفاظ میں ادا شدہ. ۲. وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات ان کی زبانی لکھے گئے ہوں، بزرگوں کا کلام، حدیث بزرگانِ اولیا اللہ کا کلام، اقوال. [ع].

مَلْفُوظات (فت م، سک ل، و مع) اند؛ ج.
کسی بزرگ کے ارشادات، اولیا اللہ یا دوسرے بزرگوں کا کلام نثر، کتابی صورت میں حدیث بزرگاں (اس معنی میں بیشتر جمع مستعمل).

مَلْفُوظی (فت م، سک ل، و مع) صف.
۱. وہ (حرف) جو ملفوظ ہو، جو زبان سے ادا کیا جائے، حروف جو پڑھے جائیں؛ (قواعد) لفظ یا کلمے کا تلفظ جو علامت (مکتوبی) کی بجائے الفاظ (عبارت) میں لکھا جائے. ۲. (قواعد) حروف جو لکھنے پڑھنے میں آتے ہیں، یہ تیرہ ہیں: الف، جیم، دال، ذال، سین، شین، صاد، ضاد، عین، غین، قاف، کاف، لام. ۳. (عروض) جو پڑھنے میں ظاہر ہو مگر لکھنے میں نہ آئے (جیسے طاؤس اور کاؤس کہ اہل عروض تقطیع میں دو لکھتے ہیں اور حقیقتاً دو واؤ ہیں لیکن کتابت میں ایک واؤ لکھا جاتا ہے)، معدولہ کی ضد.

مَلْفُوف (فت م، سک ل، و مع) صف.
۱. لفافے میں بند کیا ہوا، سربند. ۲. لپیٹا ہوا. ۳. (کنایۃً) پوشیدہ، چھپایا ہوا نیز مبہم. [ع].

مُلَقَّب (ضم م، فت ل، شد ق بفت) صف.
لقب دیا ہوا، لقب سے پکارا جانے والا، لقب والا، خطاب یافتہ، اپنے اصل نام کے علاوہ کسی عرفیت سے معروف، مشہور. [ع].

مَلَک (فت م، ل) اند.
۱. خدائے تعالیٰ کی وہ مقدس اور معصوم مخلوق جس کو نور سے پیدا کیا گیا فرشتہ. ۲. (شاذ) قاصد، پیغام بر، (خصوصاً خدا کا بھیجا ہوا) رسول. [ع].

ملک الموت اند. ۱. موت کا فرشتہ، روح قبض کرنے والا فرشتہ، ایک فرشتہ جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے قبض روح پر مامور ہے، حضرت عزرائیلؑ یم دوت؛ مراد: موت، وقت آخر. ۲. (مجازاً) نہایت سخت گیر رویہ رکھنے والا جس سے خوف آتا ہو. [ع].

مَلِک (فت م، کس ل) اند.
۱. (i) بادشاہ، سلطان، فرماں روا، راجا. (ii) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (iii) قبائل میں سردار یا امیر؛ ایک سرکاری عہدہ، گورنر. ۲. مسلمانوں میں ایک ذات کا نام نیز ایک خطاب جو راجپوتوں اور زمین داروں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے. [ع].

ملک الشعرا اند. شاعروں کا بادشاہ یا سرتاج، سب سے بڑا شاعر (ایک خطاب جو شاہی دربار سے بہترین شاعر کو دیا جاتا تھا).

مِلْک (۱) (کس م، سک ل) مث.
۱. اپنی چیز جس پر قبضہ ہو، ملکیت، جاگیر، جائیداد، مال، اسباب وغیرہ. ۲. حق، حقیقت؛ جاگیر یا معافی جو خاص خاص جماعتوں کو دی جائے. [ع].

مِلْک (۲) (کس م، سک ل) اند.
دودھ، شیر. [انگ].

ملک شیک اند. دودھ، پھل (عموماً آم، کیلا) یا خشک میوہ جات وغیرہ سے تیار کردہ ایک مشروب. [انگ].

مُلْک (ضم م، سک ل) اند.
۱. خطۂ زمین جو جغرافیائی یا سیاسی لحاظ سے ایک وحدت سمجھا جائے،

مملکت ، علاقہ ، قلمرو ، اقلیم ؛ عمل داری ، سلطنت ، بادشاہی .۲. وطن ، دیس ، شہر ، نگر . [ع] .

ملک بدر صف ؛ م ف . جسے وطن یا کسی شہر یا علاقے وغیرہ سے نکال دیا جائے ، جلا وطن .

ملک بدر کرنا ف مر ؛ محاورہ . بہ طور سزا یا جبراً کسی کو ملک سے نکال دینا .

ملک خدا تنگ نیست ، پائے گدا / مرا ، لنگ نیست کہاوت . (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) دنیا بہت وسیع ہے اور فقیر چلنے پھرنے سے معذور نہیں ، ایک جگہ سے محرومی ہوئی تو کیا فکر اللہ تعالیٰ دوسری جگہ سے دے دے گا، فکر وہ کرے جو جدوجہد سے گھبراتا ہو .

ملک عدم کو سدھارنا ف مر ؛ محاورہ . دنیا سے سدھارنا ، مرجانا ، زندہ نہ رہنا .

ملک گیر صف .۱. تمام ملک میں پھیلا یا چھایا ہوا ؛ جیسے : ملک گیر پیغام ، ملک گیر تحریک وغیرہ .۲. ملک فتح کرنے والا ، فاتح ، علاقہ چھین لینے والا ، ملک لینے والا ، ملک کا انتظام کرنے والا .

ملک گیر شہرت امث . ملکی سطح پر مشہور ، سارے ملک میں مقبول ہونا .

ملک گیری امث .۱. ملک پر تسلط قائم کرنا ، علاقے فتح کرنا ، سلطنت کی حدود بڑھانا ، ملک لینا .۲. حکومت ، سلطنت ؛ فتوحات ؛ سیاسی معاملات .
۳. بادشاہ کا ملک میں نظم و بندوبست کے لئے دورہ کرنا .

مَلَکُوت (فت م ، ل ، و مع) امذ .

۱. بادشاہی ، سلطنت ، حکمرانی ، قبضہ ، تسلط .۲. فرشتوں کے رہنے اور عبادت کرنے کا مقام ، عالم ملائکہ ، عالم بالا ، عالم علوی ، عرش ؛ مراد : فرشتے .۳. (تصوف) عالم ارواح ، غیب کی دنیا . [ع] .

مَلَکُوتی (فت م ، ل ، و مع) صف .

ملکوت سے منسوب یا متعلق ، عالم قدس یا عالمِ ارواح کا ، قدسیانہ ، عالم غیب کا ؛ مراد : پاکیزہ ، نیک ، معصومانہ .

ملکوتی حسن امذ . فرشتوں جیسا حسن ، معصومیت ؛ بے پناہ خوب صورتی .

مَلَکہ (فت م ، ل ، ک) امذ .

۱. (i) علم و ہنر اور تجربے وغیرہ سے حاصل کردہ مہارت یا چابک دستی ، کسی نامعلوم شے کے حصول کی باطنی قوت ، لیاقت و استعداد ، ہنر میں استادی ، تجربہ ؛ وہبی قوت . (ii) سمجھ ، فہم ، ادراک ؛ احساس یا ادراک کی تیزی ؛ وہبی عادت یا طریقہ نیز قبضہ یا دخل .۲. سرشت ، فطرت ، جوہر .

ملکہ حاصل ہونا ف مر ؛ محاورہ . قدرت یا مہارت حاصل ہونا ، کمال تجربہ ہونا ، کسی چیز کی شناخت کا کمال ہونا .

مَلِکَہ (فت م ، کس ل ، فت ک) امث .

۱. (i) وہ عورت جو تخت حکومت پر متمکن ہو ؛ بادشاہ کی بیوی ، رانی ، سلطانہ . (ii) (مجازاً) کسی خوبی یا صلاحیت میں سب سے ممتاز اور برگزیدہ عورت . (iii) شہزادی ، بادشاہ زادی .۲. مہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ اور مکھیاں بطور پیش خدمت رہتی ہیں ، شہد کی مکھیوں کی رانی .

ملکہ سبا امث . مُلکِ سبا کی ملکہ جو ایمان لاکر حضرت سلیمانؑ کی زوجہ بنیں (بطور تلمیح مستعمل) .

ملکہ مَسُور امث . ایک گول چپٹی گلابی رنگ کی دال جو کتھئی رنگ کے چھلکے والی کھڑی مسور کے اندر ہوتی ہے ، سالم مسور ، بغیر چھلکے کی ثابت مسور .

ملکہ معظمہ امث . (احتراماً) بڑی ملکہ ، قیصرہ ، بزرگ ملکہ .

مُلْکی (ضم م ، سک ل) صف ؛ امذ .

۱. مُلک سے منسوب ، دیس ، وطن یا اس کے باشندوں سے تعلق رکھنے والا ، کسی مُلک یا علاقے کا باشندہ یا کسی مُلک یا علاقے کی چیز .
۲. سلطنت یا حکمرانی سے منسوب ، سیاسی ، شہری نظم و نسق سے تعلق رکھنے والا .

مِلکِیَّت (کس م ، سک ل ، کس ک ، شد ی مع بفت) امث .

۱. اثاثہ یا مال جو تصرّف یا قبضہ میں ہو ، مملوکہ جائداد ، زمین داری .
۲. مالک ہونا ، تصرف ، قبضہ ، مالکانہ حق ، حقیت . [ع] .

ملکیت ہونا ف مر ؛ محاورہ . مال و دولت یا اثاثہ ہونا ؛ مِلک میں ہونا ، قبضے میں ہونا .

مَلْگِجا (فت م ، سک ل ، فت نیز کس گ) صف مذ .

۱. مٹی کے رنگ کا سا میلا ، کچھ میلا کچھ اُجلا ، نہ بہت اُجلا نہ میلا ،

غبار آلود، مٹیالا ؛ وہ (کپڑا) جسے ملنے دلنے یا بے احتیاطی سے استعمال کرنے سے شکنیں پڑ جائیں، (کنایۃً) دھندلا.

مَلْگِجی (فت م، سک ل، فت نیز کس گ) صف مث.
ملگجا کی تانیث، غبار آلود، مٹیالے رنگ کی (عموماً کوئی پہننے کی چیز) نیز دھندلی.

مُلَمَّع (ضم م، فت ل، شدم بفت) (الف) صف.
۱. سونا چاندی چڑھا ہوا (زیور یا ظرف وغیرہ)، چمک دار، چمکایا ہوا، جس پر سونے یا چاندی کا پانی پھیرا گیا ہو یا چڑھایا گیا ہو. ۲. دکھاوے کا، ظاہری، ٹیپ ٹاپ کا، نمائشی. ۳. چمکایا گیا، روشن کیا گیا، صیقل شدہ. (ب) امذ. ۱. سونے یا چاندی کا جھول، گلٹ، قلعی، وہ ملمع جو آگ کے بغیر چاندی یا سونے کو تیزاب میں محلول کر کے چڑھایا جائے. ۲. (بدیع) وہ نظم جس میں ایک مصرع یا شق ایک زبان (فارسی) میں ہو اور دوسرا دوسری زبان (عربی) میں. [ع].

ملمع ساز صف؛ امذ. ۱. سونے چاندی وغیرہ کا ملمع چڑھانے کا کام کرنے والا کاریگر. ۲. جس کا ظاہر کچھ باطن کچھ اور ہو، منافق. ۳. بناوٹی، جعلی.

ملمع سازی امث. ملمع ساز کا کام یا پیشہ، ملمع چڑھانے کا کام: (مجازاً) بناوٹی فعل، ظاہری ٹیپ ٹاپ؛ دکھاوا، ریاکاری.

ملمع کاری امث. (قلعی گری) ملمع کرنے کی صنعت، ملمع کار کا کام، سونا یا چاندی چڑھانے کا فن.

مَلْمَل (فت م، سک ل، فت م) امث.
ایک نہایت باریک کپڑا جس کے عموماً دوپٹے اور کرتے بنائے جاتے ہیں. [س].

مَلْمَلانا (فت م، سک ل، فت م) ف ل.
بے چین ہونا، بے قرار ہونا، اُداس ہونا، افسوس کرنا، تڑپنا، پچھتانا.

مِلَن (کس م، فت ل) امذ.
ملاقات، وصل، ملنا، ملاپ.

مَلْنا (فت م، سک ل) (الف) ف م.
۱. (i) چٹکی سے مسلنا، دونوں ہاتھوں یا ایک ہاتھ سے رگڑنا، بھینچنا. (ii) پھیرنا، ہاتھ کو ہلکا سا مس کرنا. (iii) کسی شے کو سخت چیز پر رکھ کر کچلنا، دبانا، پچکانا. (iv) کسی شے کو کسی چیز سے رگڑنا، گھسنا (میل چھڑانے یا چکانے کے لیے جیسے صابن وغیرہ لگا کے ملنا) صیقل کرنا. ۲. کسی مائع چیز میں کوئی ٹھوس چیز ٹکڑے یا باریک کر کے حل کرنا تاکہ نرم ہو جائے. ۳. لیپ کرنا، اوپر اوپر لگا دینا، لتھیڑنا ۴. مروڑنا، اینٹھنا؛ جیسے: کان ملنا. ۵. ایک شے کو دوسری سے مس کرنا چھونا. ۶. (افسوس کرنے یا پچھتانے کے موقع پر) ایک ہتھیلی کو دوسری ہتھیلی پر رگڑنا. (ب) ف ل. ملا جانا، مسلا جانا.

ملنا دلنا ف مر؛ محاورہ. ملنا یا مسلنا نیز کچلنا، پامال کرنا.

مِلْنا (کس م، سک ل) (الف) ف ل.
۱. شامل ہونا، ضم ہو جانا. ۲. ملاقات کرنا، میل جول رکھنا. ۳. حاصل ہونا دستیاب ہونا، ہاتھ میں آنا، میسر آنا، ہتّے چڑھنا. ۴. فائدہ پہنچنا نفع ہونا. ۵. کھوج لگنا، پتا چلنا، دریافت ہونا، سمجھ میں آنا، معلوم ہونا پایا جانا. ۶. موقع بہم پہنچنا، مہلت ہونا. ۷. ہم شکل ہونا، شباہت پائی جانا ۸. دیا جانا، عطا کرنا، عنایت ہونا. ۹. مجتمع ہونا، اکٹھا ہونا. ۱۰. ٹکرانا ٹکراؤ ہونا. ۱۱. گلے لگنا، معانقہ کرنا، بغل گیر ہونا. ۱۲. دکھائی دینا نظر آنا. (ب) ف م. ۱. ملاقات کرنا، کسی سے تعارف یا رسم و راہ پیدا کرنا ۲. سازش کرنا، ساز باز رکھنا، ملی بھگت کرنا. ۳. مباشرت کرنا، جماع کرنا ہم بستر ہونا، صحبت کرنا. ۴. مَس کرنا، چُھو ہونا، ہم آغوش ہونا (ج) امذ ۱. ملاقات، راہ و رسم. ۲. میل جول، ربط ضبط، دوستی. [س].

ملنا جلنا ف مر. میل جول رکھنا، ملاقات کرنا، راہ و رسم یا ربط ضبط رکھنا.

ملنا ملانا ف مر؛ محاورہ. ۱. ملاقات کرنا، تعلق رکھنا، صحبت گرم کرنا بغل گیر ہونا. ۲. کچھ وصول ہونا، حاصل ہونا، فائدہ ہونا، نفع ہونا.

مِلَنْسار (کس م، فت ل، سک ن) صف.
ہر ایک سے ملنے جلنے والا، خوش اخلاق، خلیق؛ (مجازاً) متمدن سماج میں مقبول.

مِلَنْساری (کس م، فت ل، سک ن) امث.
ملنا جلنا، ہر ایک سے میل جول رکھنا، خوش اخلاق، خلیق ہونا.

مَلَنگ (فت م، ل، مغنہ) (الف) صف.
بے خود، بے ہوش، از خود رفتہ، اپنے آپے سے باہر، اپنی ذات میں

مست . (ب) اند . آزاد فقیر ، آزاد فقیروں کی جماعت کا رکن ، فقیر ، درویش . [مقامی] .

مِلْوان (کس م ، سک ل) صف .
۱. ملا ہوا ، مخلوط ؛ مرکب ، ملا جلا . ۲. متصل ، لگا ہوا ، ملا ہوا ، ملحقہ . ۳. ایک ساتھ پیدا شدہ ، ایک ماں کے دو بچے ، جڑواں ، توام .

مَلْوانا (فت م ، سک ل) ف م .
مالش کروانا ؛ صاف کروانا ؛ پامال کرانا ؛ صیقل کرانا ، مسلوانا ، کچلوانا .

مِلْوانا (کس م ، سک ل) ف م .
۱. شریک کرانا ؛ میل ملاپ یا صلح کرانا . ۲. ملاقات کرانا ، معانقہ کرانا ، گلے ملوانا . ۳. مدغم کرانا ، چیزوں کو یکجا کرنا ، آمیز کرانا .

مَلْوائی (فت م ، سک ل) امث .
ملوانے کا فعل ، ملوانے کی اُجرت .

مُلَوَّث (ضم م ، فت ل ، شد و بفت نیز بکس) صف .
۱. آلودہ ، لتھڑا ہوا ، (خصوصاً) کسی گندگی میں مبتلا ؛ (مجازاً) ناپاک ، نجس ، پلید . ۲. شامل ، شریک . ۳. مقدمہ میں ماخوذ ہونا ؛ گنہ گار ، قصور وار . [ع] .
ملوث ہونا ف مر ؛ محاورہ . لتھڑنا ، شامل ہونا ، شریک ہونا (عموماً کسی برے کام میں) .

مُلُوک (ضم م ، و مع) اند ؛ ج .
سلاطین ، بہت سے بادشاہ .

مُلُوکانَہ (ضم م ، و مع ، فت ن) (الف) صف .
بادشاہوں کا ، بادشاہوں کا سا ، خسروانہ ، قیصرانہ ، شاہانہ ، امیرانہ .
(ب) م ف . بادشاہ کے موافق یا مطابق . [ف] .

مُلُوکِیَّت (ضم م ، و مع ، شد ی مع بفت نیز بلا شد) اند .
بادشاہت ، شہنشاہیت ، شخصی حکومت ؛ (مجازاً) آمرانہ حکومت (جمہوریت کی ضد) .

مَلُول (فت م ، و مع) صف .
غمگین ، رنجیدہ ، اُداس ، مکدر ، ملال والا .

مَلُولا/مَلُولہ (فت م ، و مع ، فت ل) اند .
۱. پچھتاوا ، افسوس ، خلش . ۲. رنج و غم ، ملال ، اداسی .

مَلْہار (فت م ، سک ل) اند .
(موسیقی) ایک راگ کا نام جو خصوصاً برسات کے موسم میں گایا جاتا ہے . [مقامی] .

مُلَہْٹی/مُلہٹھی (ضم م ، فت نیز ل ، سک ہ) امث ؛ — ملیٹھی .
(نباتات) چرمٹی یا گھونچی کے درخت کی جڑ ، جس کا ذائقہ کسی قدر میٹھا اور زبان پر جھلاہٹ پیدا کرنے والا ہوتا ہے ، کھانسی اور گلے کی سوزش کے لیے دوا میں مستعمل . [س] .

مِلی (کس م) امث .
ملا کی تانیث ، ملی ہوئی ؛ تراکیب میں مستعمل .
ملی بھگت اند . سازش ، گٹھ جوڑ .
ملی جلی صف مث . مرکب ، دو چیزوں سے مل کر بنی ہوئی .

مِلی (کس م) سابقہ .
(ریاضی) ہزارواں حصہ ۰۰۱. ؛ تراکیب میں مستعمل . [انگ] .
ملی گرام اند . ایک گرام کا ہزارواں حصہ جو ایک مکعب ملی میٹر یا انگریزی گرین (نصف رتی) ۱۵۴ ویں حصے کے برابر ہوتا ہے .
ملی میٹر اند . پیمائش یا مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے ، میٹر کا ایک ہزارواں حصہ .

مِلّی (کس م ، شد ل) صف .
ملت سے منسوب یا متعلق ، قومی ؛ (مجازاً) اسلامی . [ع] .
ملی ترانہ اند . ملی نغمہ ، قوم و ملک سے والہانہ جذبات پر مبنی نغمہ .

مَلْیامیٹ (فت م ، سک ل ، ی مج) صف .
۱. ملا ، مسلا اور مٹایا ہوا ، پامال شدہ ، تباہ و برباد ، نیست و نابود ، روندا ہوا ، غارت ، تلپٹ . ۲. (کنایۃً) جو ظاہر نہ ہو ، گم .
ملیامیٹ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. برباد کرنا ، تلپٹ کرنا ، مسمار یا منہدم کرنا . ۲. ہمیشہ کے لیے ہٹا دینا ، بالکل ختم کرنا (عموماً حکومت وغیرہ) .
ملیامیٹ ہونا ف مر ؛ محاورہ . ۱. نیست و نابود ہونا ، ناپید ہونا ، معدوم ہونا . ۲. تلپٹ ہونا ، برباد ہونا .

مِلّیَّت (کس م ، شد ل ، شد ی مع بفت) امث .
ملی ہونے کی حالت ، ملت کا ہو جانا (مراداً) بین الاقوامیت .

مُلَیٹھی (ضم م، ی لین نیز ج) امث.
دیکھیے: ملیٹھی.

مَلیچ/ مَلیچھ (فت م، ی ج) صف: امذ.
جو ایسے افعال کرے جن سے لوگوں کو گھن آئے، ناپاک، میلا، غلیظ، ہندوؤں کے نزدیک ہر وہ شخص جو ہندو نہ ہو بالخصوص مسلمان. [س].

مَلیح (فت م، ی مع) صف.
۱. نمکین، سلونا، کھارا. ۲. جس کا رنگ قدرے میلا اور دل کش ہو، سانولا؛ (مجازاً) حسین، دل کش؛ (کنایۃً) معشوق. ۳. جس کو سن کر مزہ آئے، پرلطف، دلچسپ (کلام). ۴. نمکین پانی کا (کنواں)؛ نمک زدہ، نمکین (مچھلی). [ع].

مَلیحہ (فت م، ی مع، فت ح) امث.
ملیح کی تانیث، دلکش عورت.

مَلیدا/ مَلیدَہ (فت م، ی مع/ فت د) امذ.
شکر یا گڑ میں چوری ہوئی روغنی روٹی؛ (مجازاً) ریزہ ریزہ کی ہوئی کوئی چیز. [ف].

مَلیرِیا (فت م، ی ج، کس نیز سک ر) امذ.
(طب) ایک متعدی بیماری (بخار) جو ایک خاص قسم کا زہریلا کرم انافیلس نامی مچھر کے ذریعے جسم انسان میں داخل ہونے سے پیدا ہوتی ہے جس سے بخار وقفے وقفے سے ہوتا ہے یا گھٹتا بڑھتا ہے، کپکپی، بخار اور پسینہ اس کی خاص علامتیں ہیں نیز موسمی بخار. [انگ].

مِلیشیا (کس ج م، ی ج، کس ج ش) امذ.
۱. کسی قدر موٹے ہلکے سیاہ رنگ کے سوت، موٹی بناوٹ کا ایک کپڑا جس میں ایک تار میلا سفید ہوتا ہے (عموماً سخت مشقت یا مشینری وغیرہ کا کام کرنے والے لوگوں کا پہناوا). ۲. رضا کار فوج: شہریوں کی فوج جسے ہنگامی حالت میں قومی دفاع کی تربیت دے کر فوجی ٹکڑیوں کے انداز میں بھرتی کیا جاتا ہے، بے قاعدہ فوج. ۳. وہ پیشہ ور یا شاہی وظیفہ خوار جو لڑائی کے وقت سپاہی کا کام دے؛ عارضی فوج، نیم فوجی تنظیم. [انگ].

مِلیَن (کس م، سک نیز کس ج ل، فت ی) امذ.
دس لاکھ (عموماً) دس لاکھ مالی اکائیوں پر مشتمل رقم؛ (مجازاً) بہت بڑی تعداد یا مقدار. [انگ].

مُلَیَّن (ضم م، سک نیز کس ج ل، فت ی) (الف) صف.
جو سخت نہ ہو، بستہ اور سیال کے درمیان، نرم، ملائم. (ب) امذ (طب) وہ دوا یا غذا جس سے قبض دور ہو اور پاخانہ بآسانی جائے. [ع].

مُلَیِّن (ضم م، فت ل، شدی بکس) صف.
مزاج یا مادے وغیرہ کو ملائم، پتلا یا نرم کرنے والا، قبض کشا، دافع قبض (دوا، غذا وغیرہ). [ع].

مِلینیَم (کس ج م، ی ج، کس ج ن، فت ی) امذ.
ایک ہزار سال کا مجموعہ یا زمانہ، ایک ہزار سال کی مدت، الف ہزارہ. [انگ].

مَم/ مَمّا (فت م/ شدم) امذ.
(کم سن بچوں کی زبان میں) پانی. [مقامی].

مَمّا (فت م/ شدم) امث.
ماں سے خطاب کا کلمہ، امی، ممی. [انگ].

مَمات (فت م) امث.
موت کا زمانہ، موت کا وقت، موت، مرگ، مرنا. [ع].

مُماثِل (ضم م، کس ث) صف.
مانند، مثل؛ نظیر، مشابہ، ملتا جلتا، ہم شکل؛ مترادف. [ع].

مُماثَلَت (ضم م، فت ث، ل) امث.
باہم مثل و مانند ہونا، ملتا جلتا ہونا، مشابہت. [ع].
مماثلت رکھنا ف مر؛ محاورہ. ملتا جلتا ہونا، مطابقت رکھنا.
مماثلت ہونا ف مر؛ محاورہ. مشابہت ہونا، مثل و مانند ہونا، یکسانیت پائی جانا.

مُمارَست (ضم م، فت ر، س) امث.
مشق؛ مہارت، تجربہ، تجربہ کاری. [ع].

مُماس (ضم م) صف: امذ.
۱. چھونے والا، چھوتا ہوا؛ (مجازاً) متصل، قریب، ملا ہوا

۲. (اقلیدس/ ہیئت) سطح کو ایک نقطے پر چھونے والا (خط) جو متقاطع نہ ہو؛ خط مستقیم، جو کسی قوس، خم یا سطح کو چھوتا ہو نیز کوئی تماس، قوس یا سطح (Tangent). ۳. مماسہ. [ع].

مَمالِک (فت م، کس ل) اند؛ ج.
مملکتیں، علاقے، بہت سے ملک؛ مقامات؛ صوبے.

مَمالِیا (فت م، کس مج ل) اند؛ ج.
(حیوانیات) دودھ پلانے والے جانور، تھن رکھنے والے جانور. [انگ].

مُمانَعَت (ضم م، فت ن، ع) امث.
روک ٹوک، بندش، روک. [ع].

مُمانی (ضم م) امث.
ماموں (ماں کے بھائی) کی بیوی.

مِمْبَر (۱) (کس م، سک م، فت ب) اند.
۱. کسی جماعت، مجلس یا کمیٹی کا رکن. ۲. خاندان، گھرانے یا کسی نجی گروہ کا فرد. ۳. حصہ دار، پتی دار، شریک. [انگ].

مِمْبَر (۲) (کس م، سک م، فت ب) اند - منبر.
واعظ کے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کا سطح زمین سے حسب ضرورت بلند مختصر مگر خوش نما بنا ہوا چبوترہ.

مِمْبَران (کس م، سک م، فت ب) اند؛ ج.
ممبر کی جمع؛ کسی کمیٹی کے ارکان.

مَمْتا (فت م، سک م) امث.
۱. اُنس، محبت، خصوصاً ماں کی محبت یا شفقت، الفت مادری، ماں کا پیار. ۲. کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے. [س].

ممتا اُبل پڑنا ف مر؛ محاورہ. ماں کی محبت کا جوش میں آنا.

ممتا بھرا اند. پیار بھرا، محبت سے بھرپور، شفقت سے لبریز.

مُمْتاز (ضم م، سک م) صف؛ اند.
۱. (i) جسے کوئی خاص امتیاز دیا جائے، نمایاں، یگانہ؛ چیدہ؛ (مجازاً) بلند، معزز، عالی مرتبہ (اوصاف میں). (ii) جدا، الگ، مختلف. ۲. اعلیٰ، افضل، برگزیدہ انسان. ۳. نامی، نام ور، غیر معمولی حیثیت والا؛ باعزت. [ع].

مُمْتَحِن (ضم م، سک م، فت ت، کس ح) صف.
۱. امتحان لینے والا، جانچنے والا نیز آزمانے والا، پرکھنے والا. ۲. محاسب، آڈیٹر. [ع].

مُمْتَنِع (ضم م، سک م، فت ت، فت مج ن) اند.
۱. جس سے روکا جائے، جو ممنوع ہو، جس کا وجود ناممکن ہو، محال، دشوار. ۲. (منطق) جس کا نہ ہونا ضروری ہو (واجب کا مقابل). [ع].

مُمْٹی (ضم م، سک م) امث؛ - ممٹی.
۱. گمٹی، چھوٹا گنبد، برجی. ۲. (معماری) زینے کا پٹاؤ جو سیڑھیوں کے چڑھاؤ کے حساب سے اوپر کو اُٹھا ہوا بنایا جاتا ہے.

مُمِدّ (ضم م، کس م (شدد بحالت ترکیب)) صف.
مدد کرنے والا، سہارا دینے والا، معاون، مددگار. [ع].

ممد و معاون صف. مدد کرنے اور ساتھ دینے والا، اعانت کرنے والا.

مَمْدُوح (فت م، سک م، و مع) صف.
۱. جس کی تعریف کی جائے، جس کی مدح میں شعر کہا گیا ہو. ۲. جس کو تعریف سے یاد کیا گیا ہو، جس کا نظم و نثر میں اور تعریف سے ذکر آیا ہو یا آنے والا ہو. ۳. قابل تعریف، پسندیدہ، اچھا. [ع].

مَمْدُوحِین (فت م، سک م، و مع، ی مع) اند؛ ج.
۱. ممدوح کی جمع، وہ لوگ جن کی تعریف کی جا چکی ہو یا کی جائے.
۲. (مجازاً)، قابل تعریف، پسندیدہ لوگ، معززین.

مَمْدُود (فت م، سک م، و مع) صف.
۱. جو طول و عرض میں پھیلایا یا تانا جائے، کھینچا ہوا، وسیع کیا گیا، طول دیا ہوا. ۲. (مجازاً) لمبا، دراز. [ع].

مَمْدُودَہ (فت م، سک م، و مع، فت د) صف.
(لسانیات) وہ (الف) جس کی آواز کو دو الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جائے، لکھنے میں جس کے اوپر مد ہو.

مُمْسِک (ضم م، سک م، کس س) صف.
۱. خرچ کرنے میں تنگ دلی کرنے والا، تنگ دل، کنجوس، بخیل. ۲. (طب) دیر میں خارج کرنے والا (خصوصاً جماع کے وقت منی کو) امساک یا رکاوٹ والا (نسخہ، دوا وغیرہ). ۳. پکڑنے والا، رکھنے والا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُمْکِن (ضم م، سک م، کس ک) (الف) صف.
۱. جس کا امکان ہو، جو ہو سکے، قابلِ امکان، شدنی؛ (مجازاً) آسان، سہل. ۲. (منطق) جو اپنے وجود میں اور اجزائے وجود میں دوسرے کا محتاج ہو، جو معرضِ زوال و فساد میں ہو، قائم بالغیر؛ (خدا کے سوا) کل موجودات؛ (کنایۃً) مخلوق و انسان (واجب کی ضد) ۳. مقدور، مجال، امکان. [ع].

ممکن الحصول صف. جس کا حاصل کرنا ممکن ہو، قابلِ حصول، جو حاصل ہو سکے؛ (مجازاً) جس کا ملنا آسان ہو.

ممکن العمل صف. جس پر عمل ممکن ہو، جس کو عملی جامہ پہنایا جا سکے، عمل درآمد کے قابل.

مُمْکِنات (ضم م، سک م، کس خف ک) اند: ج.
۱. ممکن کی جمع، ہو سکنے والی باتیں یا امور؛ (منطق) جن باتوں کا ہونا یا نہ ہونا ضروری نہ ہو. ۲. وجود، ہستی، مخلوق ۳. کل موجودات، عالم امکاں، کائنات (خدائے تعالیٰ کی ذات کے سوا).

مُمْکِنَہ (ضم م، سک م، کس خف ک، فت ن) صف.
جو ہو سکتا ہو نیز جو کچھ موجود ہے، جو کچھ خیال میں آ سکتا ہے.

مَمْلَکَت (فت م، سک م، ضم نیز فت ل، فت ک) است.
۱. بادشاہت، حکم رانی، راج، حکومت، سلطنت نیز وہ علاقہ جو کسی کے زیرِ نگیں ہو. ۲. جاہ و جلال، شان و شوکت، کرّ و فر. [ع].

مَمْلُو (فت م، سک م، و مع) صف.
بھرا ہوا، بھرا پُرا؛ پُر، لبریز. [ع].

مَمْلُوک (فت م، سک م، و مع) (الف) اند.
۱. غلام، بندۂ زرخرید، نوکر، ملازم. ۲. وہ سامان جو کسی کی ملکیت میں ہو، ملکیت، مملوکہ. (ب) صف. جو کسی کے قبضے یا تصرف میں ہو. [ع].

مَمْلُوکہ (فت م، سک م، و مع، فت ک) (الف) است.
مملوک کی تانیث، کنیز، لونڈی. (ب) صف. وہ جو کسی کی ملکیت ہو، مقبوضہ، قبضہ کیا گیا، خریدا گیا، متصرفہ.

مَمْنُوع (فت م، سک م، و مع) (الف) صف.
۱. منع کیا ہوا، جس سے منع کیا یا روکا جائے، جس کی بندش ہو، ممتنع، منع. ۲. جسے کسی بات سے روکا جائے. ۳. قانوناً یا شرعاً ناروا، خلافِ قانون، خلافِ شرع، ناجائز، غیر قانونی. (ب) اند. (فقہ) وہ شخص جس کو میراث یا ترکہ دیا جانا منع ہے. [ع].

مَمْنُوعات (فت م، سک م، و مع) است: ج.
قانوناً یا شرعاً ناجائز چیزیں یا باتیں، ممنوعہ باتیں.

مَمْنُوعَہ (فت م، سک م، و مع، فت ع) صف.
منع کیا گیا، روکا گیا، منع کیا ہوا.

ممنوعہ علاقہ اند. وہ علاقہ جہاں جانے کی ممانعت کی گئی ہو، وہ جگہ جہاں سے گزرنے کی اجازت نہ ہو.

مَمْنُون (فت م، سک م، و مع) صف.
احسان رکھا گیا، وہ جس پر احسان کیا گیا ہو، احسان مند شکر گزار. [ع].

مَمْنُونِیَت (فت م، سک م، و مع، کس مج ن، فت ی) است.
ممنون ہونا، احسان مندی، شکر گزاری.

مَمولا (فت م، و مج) (الف) اند: ← ممولہ.
۱. چڑیا کے برابر میلے رنگ اور نیلی آنکھوں کا ایک پرندہ جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں، دم اُوپر سے سیاہ اور نیچے سے سفید ہوتی ہے جسے زمین پر مارتا رہتا ہے اور پھدک کر چلتا ہے. ۲. مراد: محبوب. ۳. (کنایۃً) پیارا بچہ. ۴. غلام قوم کا فرد، کم زور فرد (بطور استعارہ). (ب) صف (شاذ). (کنایۃً) نفیس؛ نازک؛ پیارا، خوب صورت. [ف].

مَمی (فت م) است.
لاش جو مصالحہ لگا کر محفوظ کی جائے (خصوصاً فراعنۂ مصر کی حنوط کردہ لاشیں). [انگ].

مَمّی (فت م، شد م) است.
امی، اماں، اماں جان؛ (خصوصاً انگریز) بچے ماں کو کہتے ہیں. [انگ].

مَمیا (فت م، کس م) اند.
ماموں سے منسوب؛ علیٰحدہ استعمال نہیں ہوتا بطور سابقہ تراکیب میں مستعمل.

مما ساس مث. شوہر یا بیوی کی ممانی، موس.

مما سسر اند. خاوند یا بیوی کا ماموں.

ممیانا (فت نیز کس م، کس نیز سک م) ف ل.
بھیڑ، بکری اور دوسرے جانوروں کا بولنا، بکری کا میں میں کرنا؛ خوشامد کرنا.

مَمیرا (فت ج، ی ج) صف: اند.
ماموں سے متعلق یا منسوب، ماموں کا، ماموں زاد؛ ماموں کا بیٹا؛ بطور سابقہ تراکیب میں مستعمل.

مُمیَّز (ضم م، فت م، شدی بفت) صف: اند.
۱. (i) تمیز کیا گیا، امتیاز کیا گیا، جدا کیا گیا، ممتاز کیا گیا؛ (مجازاً) ممتاز، جدا، نمایاں، منتخب. (ii) وہ شے جس سے تمیز ہوتی ہو. ۲. (مجازاً) واضح، صاف. [ع].

مُمَیِّز (ضم م، فت م، شدی بکس) صف: اند.
۱. اچھے بُرے میں تمیز کرنے والا، ایک دوسرے میں امتیاز کرنے والا. ۲. (ریاضی) فرق کرنے والا عدد یا علامت. [ع].

مَن (۱) (فت م) اند.
۱. دل، جی؛ خاطر. ۲. ارمان، خواہش، مرضی. ۳. جان، روح، نفس. ۴. عقل، سمجھ، شعور؛ مطلب، منشا، طبیعت، ضمیر؛ رجحان. [پ: س].

من بھاتا صف مذ. جو دل کو پسند ہو، مرغوب خاطر، دل پسند، خوش گوار.

من بھاتا کھائیے، جگ بھاتا پہنیے کہاوت. کھانا وہ کھائیے جو دل کو مرغوب ہو اور لباس وہ پہننا چاہیے جو دوسروں کو پسند ہو؛ دیکھیے: کھائے من بھاتا، پہنے جگ بھاتا.

من بھاوے / بھائے / منڈیا ہلاوے / ہلائے کہاوت. دل تو چاہتا ہے مگر اوپری دل سے انکار ہے، ظاہراً نفرت باطناً رغبت، دیکھیے: مَن چاہے منڈیا ہلائے، جو زیادہ مستعمل ہے.

من پسند صف. جو دل کو پسند آئے، پسندیدہ، دل پسند نیز محبوب، پیارا.

من چاہے (اور) منڈیا ہلائے کہاوت. دل تو چاہتا ہے مگر اوپری دل سے انکار ہے، ظاہراً نفرت باطناً رغبت.

من چلا صف: اند. ۱. نڈر، بے باک، باہمت، بہادر (سپاہی وغیرہ). ۲. (مجازاً) رنگین طبع، شوقین مزاج آدمی، بانکا شوخ شخص. ۳. (مجازاً) محنتی، کسی کام میں جت جانے والا، مستقل مزاج؛ پھرتیلا، مستعد؛ سرگرم، پُر جوش.

من چلی (الف) صف مث. بہادر، دلیر عورت؛ شوخ؛ شوقین مزاج، رنگین طبع (عورت). (ب) امث. بہادری، دلیری؛ دل کا شوق؛ فیاضی، سخاوت؛ دیوانگی، پاگل پن.

من گھڑت صف. دل کا گھڑا ہوا؛ (مجازاً) فرضی، جعلی.

من مانی (الف) صف مث. من چاہی، اپنی مرضی کی، دل پسند. (ب) امث. ۱. ضد، ہٹ؛ خود مختاری. ۲. معشوقہ، بیوی. ۳. شوخی، چنچلتا؛ دلی خواہش، پسند.

من مانی کرنا محاورہ. اپنی مرضی یا حکم چلانا، خود مختاری کرنا، چودھراہٹ رکھنا، مطلق العنانی کرنا.

من مانے اند: ج. ۱. من مانا یا من مانی کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل، دل چاہے، دل میں آئے؛ حسب منشا، خاطر خواہ. ۲. جو دل کے یا مرضی کے موافق ہو، بے قاعدہ، دل سے گھڑے ہوئے.

من موجی صف. خوش، مسرور، من مگن، زندہ دل، خوش طبع؛ (مجازاً) اپنی مرضی کرنے والا.

من موہن صف: اند: ~ منموہن. ۱. دل کو موہ لینے والا، فریفتہ کرنے والا؛ مراد: دلربا، معشوق، سری کرشن جی کا ایک لقب. ۲. (مجازاً) اچھا، خوش گوار، سہانا، پُرلطف (وقت کے لیے مستعمل). ۳. پیارا، لاڈلا، عزیز. ۴. مراد: اللہ تعالیٰ.

من موہنی (الف) صف مث. ۱. من موہ لینے والی، حسینہ، دلربا. ۲. پیاری، خوب صورت، حسین. (ب) امث. دل کش.

من میں سمانا محاورہ. خیال میں آنا، دھن سمانا، مصمم ارادہ کرنا.

من میں لڈو پھوٹنا محاورہ. دل میں بہت خوش ہونا.

مَن (۲) (فت م) اند.
۱. ایک بہت قیمتی جواہر کا نام جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ سانپ کے منھ میں سے نکلتا ہے، (سانپ اسے اندھیری رات میں اپنے منھ سے نکال کر باہر رکھ دیتا اور پھر اس کی روشنی میں دور تک پھرا کرتا

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہے) ، یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ ایک سبز یا خاکستری رنگ کا پتھر ہوتا ہے جس پر تین دھاریاں ہوتی ہیں جو اکثر بڑے سانپ کے مغز یا کھوپڑی سے نکلتا ہے اور دافع زہر سمجھا جاتا ہے ، مار مہرہ ، زہر مہرہ . ۲. جواہر ، قیمتی پتھر ، نگ .

مَن (۳) (فت م) اند.

چالیس سیر یا آٹھ دھڑی کا وزن (بعض جگہ کم یا زیادہ بھی ہوتا ہے) نیز وہ باٹ جو چالیس سیر کا ہو .

من بھر صف. پورا چالیس سیر ، چالیس سیر وزنی ، چالیس سیر کا ؛ (مجازاً) بہت بڑا (ضخامت میں) ، بہت وزنی .

مَن مَن بھر کے پانوں/پاؤں/پیر ہو جانا/ہونا محاورہ. پانو کا تھک کر بھاری محسوس ہونے لگنا .

مَن (۴) (فت م) ضمیر.

میں (خود متکلم) ؛ مجھ ، میرا . [ف] .

من آنم کہ من دانم فقرہ. (فارسی فقرہ اردو میں مستعمل) اپنے حال کو میں آپ ہی خوب جانتا ہوں کہ کیسا ہوں ، جیسا میں ہوں اسے میں ہی سمجھتا ہوں دوسرا نہیں سمجھتا (تعریف کے موقع پر بطور انکسار مستعمل) .

من تُرا حاجی بگویم / بگوئم ، تو مَرا حاجی / مُلّا بگو کہاوت. (فارسی کہاوت اردو میں مستعمل) . میں تمہاری تعریف کروں تم میری تعریف کرو (طنزاً) جب دو شخص ایک دوسرے کو نیک اور پاک باطن کہتے ہوں .

من و تو اند. میں اور تو ؛ مراد : اپنے پرائے ، اپنے اور دوسرے میں تفاوت کا احساس ، امتیاز ، دوئی .

مَن (۵) (فت م) اند.

۱. ترنجبین جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے اُن کی قوم پر شام کے ایک دشت پُر خار میں پیاس کی شدت کے وقت نازل کی گئی تھی ، دھنیے کے بیج کی طرح سفید غذا جس کا مزہ شہد سے بنے پوئے کا تھا اور بنی اسرائیل کو سلویٰ (بٹیر) کے ساتھ کچھ مدت تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے غذا میں عطا کی جاتی تھی .۲. احسان (عموماً) تراکیب میں مستعمل) . [ع] .

من (و) سلویٰ/سلوےٰ اند. ۱. ترنجبین اور بٹیر ؛ (مجازاً) خوانِ نعمت (جو اللہ کی طرف سے بنی اسرائیل کو بھیجا گیا تھا) .۲. (کنایتہً) کھانا پینا ، اچھی غذا ، خوراک .

من (۶) (فت م) اند.

منا کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل .

من جانا محاورہ. مان جانا ، راضی ہو جانا ، خفگی دور کرنا .

من منوتی امث .

منانے کا کام ، صلح صفائی .

مِن (کس م) حرف جار.

۱. سے ، کی بجائے نیز کا ، پر ، اوپر (ابتدا یا مخرج و سرچشمہ ظاہر کرنے کے لیے) .۲. میں سے ، کی بجائے (کل میں سے بعض کو جدا کرنے کے لیے) ؛ جیسے : یہ بھی من قبیل حیوانات ہے (۔ یہ بھی حیوانات کی قسم میں سے ایک ہے) . [ع] .

من جانب اللّٰہ م ف ؛ فقرہ. اللہ تعالیٰ کی طرف سے ، خدائے تعالیٰ کی جانب سے ، باری تعالیٰ کی رحمت و عنایت سے . [ع] .

من جملہ م ف ؛۔ منجملہ. کل میں سے ، ان میں سے جو بعد میں مذکور ہوں ، (مضاف الیہ کی) فہرست یا ذیل میں شامل ، سب کا سب ، کل

من حیث م ف. (مضاف الیہ کے) لحاظ سے ، حیثیت سے ، اعتبار سے ، طور پر (جیسے : من حیث القوم) .

من حیثُ القَوم م ف. ایک قوم کی حیثیت سے ، اجتماعی طور پر من حیث المجموع .

من و عن م ف. ہو بہو ، جوں کا توں ، حرف بحرف ، حقیقت کے مطابق مفصل و مشرح .

مَنا (۱) (فت م) امر.

منانا کا امر نیز منا کا ماضی ؛ تراکیب میں مستعمل .

منا لینا محاورہ. ۱. روٹھے کو راضی کر لینا ، رضامند کرنا ، رنجیدہ کو خوش نود کرنا .۲. (عیش ، جشن وغیرہ) رچانا ، کرنا ، عمل میں لانا .

مُنّا (ضم م ، شدن) صف ؛ اند.

۱. لاڈلا ، پیارا ، عزیز ، چہیتا .۲. چھوٹا بچہ ، پیارا اور ننھا سا لڑکا ، دُلارا بیٹا نیز بیٹا .۳. ننھا کے ساتھ بطور تابع مستعمل . [مقامی] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

منا سا صف مذ. چھوٹا سا، ذرا سا.

مَنات (فت م) اند.

زمانہ جاہلیت کے تین مشہور بتوں میں سے قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کا ایک دیوی کا بت جو مدینہ منورہ سے تقریباً سات میل کے فاصلے پر نصب تھا.

مُناجات (ضم م) امث.

۱. طلب نجات کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا، التجا ۲. (ادب) نظم ونثر کے وہ الفاظ یا اشعار جن میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دعا اور التجا کی جائے. [ع].

مَنادی (فت م) امث.

۱. (کسی امر کے لیے آواز لگانے کا عمل) ڈھنڈورا، اعلانِ عام، تبلیغ.
۲. سرکاری حکم سے مخالفت، ممانعت کا اعلانِ عام. [ع].

مُنادی (ضم م) اند.

اعلانِ عام کے لیے اس طرح آواز لگانے والا کہ سب سن لیں، ڈھنڈورا پیٹنے والا، ڈھنڈورچی، کسی پیغامِ عام کا مبلغ. [ع].

مَنازِل (فت م، کس ز) امث: اند: ج.

اترنے کی جگہیں؛ (مجازاً) مقامات، مکانات، منزلیں، مرحلے.

مُناسِب (ضم م، کس س) صف.

نسبت رکھنے والا، مشابہ؛ (مجازاً) موزوں، لائق، شایاں، زیبا، لازم، روا، جائز، ٹھیک، معقول، درست. [ع].

مُناسَبَت (ضم م، فت س، ب) امث.

باہم نسبت، لگاؤ، علاقہ، تعلق. [ع].

مَناسِک (فت م، کس س) اند: ج.

۱. ارکان؛ (فقہ) ارکانِ حج ۲. (مجازاً) عبادات ۳. حاجیوں کی عبادات کے مقامات. [ع].

مناسک حج اند: ج. (فقہ) حج کے ارکان، حج کے فرائض و واجبات اور اعمال.

مَناظِر (فت م، کس ظ) (الف) اند: ج.

چیزیں جو نظر آئیں، نظارے، تماشے، بہت سے منظر. (ب) بطور واحد. دیکھیے: علم مناظر، عکسی تصویریں لینے کا علم.

مناظر فطرت/ قدرت اند: ج. قدرت کے نظارے، جنگل، پہاڑ، وادیاں وغیرہ.

مُناظِر (ضم م، کس ظ) صف: اند.

۱. مناظرہ و مباحثہ کرنے والا (خصوصاً مذہبی مسائل میں)؛ (مجازاً) عالم ۲. مانند، مثل؛ جھگڑا کرنے والا، مخالف. [ع].

مُناظَرہ (ضم م، فت ظ، ر) اند.

۱. استدلال سے دوسرے کی بات کو رد اور اپنی بات کو صحیح ثابت کرنے کا عمل، مباحثہ، خصوصاً مذہبی امور یا مسائل سے متعلق بحث، تقریر کا جواب تقریر سے (بطور مقابلہ) ۲. (مجازاً) کج بحثی، جھگڑا، تکرار. ۳. وہ علم جس میں مباحثہ کے قوانین درج ہیں. ۴. (شاعری) مکالمے کی ایک قسم جس میں محض دو مخالفوں کی گفتگو ایک کا کلام باطل کرنے کی غرض سے ہوتی ہے. ۵. کسی کی مانند ہونا: مشابہ ہونا؛ باہم نظر کرنا؛ آنکھ لڑانا، نظر لڑانا، آنکھ میں آنکھ ڈالنا؛ جدائی کرنا؛ کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا. [ع].

مَناظِری (فت م، کس ظ) صف.

مناظر سے منسوب یا متعلق؛ نظری، بصری، بصریات کا.

مُنافَرت (ضم م، فت ف، ر) امث.

۱. باہم نفرت کرنا ۲. (مجازاً) دوری، عدم موانست، بے تعلقی؛ (کنایۃً) تنافر.

منافرت پھیلانا محاورہ. نفرت پھیلانا، منافرت پیدا کرنا.

مُنافَع (ضم م، فت ف) اند.

۱. نفع، منفعت، فائدہ (رقم کی صورت میں). ۲. (i) کاروبار میں ہونے والی بچت. (ii) سرمائے پر ملنے والا سود.

منافع بخش اند: ج. نفع بخش، فائدہ دینے والا، سود مند.

منافع خور اند: صف. منافع کی رقم کھانے والا؛ (مجازاً) سود خور؛ حرام خور.

منافع خوری امث. منافع خور کا کام یا عمل، سود خوری.

مُنافِق (ضم م، کس ف) صف: اند.

۱. دل میں کینہ رکھنے والا، ظاہر میں دوست باطن میں دشمن، ریاکار. ۲. (ہیئت) ستارہ عطارد جو سعد کے ساتھ سعد اور نحس کے ساتھ نحس

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہے . ۳. جو ظاہر میں مسلمان اور باطن میں کافر ہو، جو دھوکا دینے کے لیے ظاہراً ایمان لایا ہو؛ (مجازاً) دشمن اسلام . [ع] .

منافقانہ (ضم م، کس ج ف، فت ن) صف؛ م ف.
منافقوں والا، منافقوں کی طرح کا؛ ریاکاری یا مکاری کے ساتھ، دکھاوے کی غرض سے .

منافقانہ پالیسی امث. مکاری کی حکمت عملی، ریاکاری، منافقت .

مُنافقت (ضم م، فت ف، ق) امث.
ظاہر میں محبت کرنے کی حالت اور دل میں کینہ اور ریاکاری، ظاہر میں دوستی اور باطن میں دشمنی، دل میں کفر زبان پر ایمان کی باتیں؛ مراد: ظاہرداری، نمائشی عمل . [ع] .

مُنافِقِین (ضم م، کس ف، ی مع) اند؛ ج.
منافق کی جمع؛ (عموماً) جن کا ظاہر کچھ ہو اور باطن کچھ اور؛ وہ لوگ جو بہ ظاہر مومن اور بہ باطن کافر ہوں یا دل سے عمل کرنے والے نہ ہوں .

مَناقِب (فت م، کس ق) (الف) امث نیز اند؛ ج.
منقبتیں، حمد و ثنا، توصیف (خصوصاً اہل بیت و صحابہ کرام یا بزرگان دین کی) . (ب) بطور واحد . بزرگان دین سے دعا و التجا پر مشتمل نظم (عموماً) بطور مسدس .

مُناقَشہ (ضم م، فت ق، ش) اند.
۱. باہمی لڑائی جھگڑا، قضیہ، نزاع . ۲. (ادب) بحث و تکرار مکالمے کی شکل میں (خواہ نظم ہو یا نثر) . [ع] .

مُناکَحت (ضم م، فت ک، ح) امث.
بیاہ، شادی، نکاح، ازدواج، باہم نکاح کرنا، باہم نکاح ہونا، نکاح پڑھا جانا. [ع] .

مَنال (فت م) اند.
۱. پایا ہوا سرمایہ؛ (مجازاً) مال و دولت نیز جاگیر وغیرہ (عموماً مال کے ساتھ مستعمل) . ۲. کسی چیز کے حاصل ہونے کی جگہ، جائے یافت؛ وہ چیز جس سے فائدہ حاصل ہو؛ طریقہ، طرز . [ع] .

مُنال (ضم م) امث.
حقے کی نے کے منھ میں لیے جانے والے سرے میں لگانے کی پتلی؛ (لکڑی یا کسی دھات کی) عموماً مخروطی نلکی .

مَنّان (فت م، شد ن) صف؛ اند.
بہت نعمت عطا کرنے والا، بہت احسان یا نیکی کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام . [ع] .

مَنانا (۱) (فت م) ف م.
۱. روٹھے کو راضی کرنا، رضامند کرنا؛ رنجیدہ کو خوش کرنا، غم گین کا دل ہاتھوں میں لینا . ۲. اہتمام اور دھوم دھام کے ساتھ عمل میں لانا، رچانا (عید، خوشی، جشن وغیرہ) .

مَناہی (فت م) (الف) امث؛ اند؛ ج.
وہ باتیں یا کام جن کی شرع میں ممانعت کی گئی ہے، ناجائز امور باتیں (اردو میں اس کی جگہ عموماً، نواہی مستعمل ہے؛ جیسے: اوامر نواہی) . (ب) امث. روک ٹوک، ممانعت، قدغن .

مُنَبَّت (ضم م، فت ن، شد ب بفت) (الف) صف.
۱. اُگایا ہوا، نشو و نما دیا ہوا . ۲. (نقاشی) اُبھارا ہوا، اُبھرے ہوئے نقش و نگار والا، سطح سے اُبھرا ہوا، منقش (جیسے سکے کے حروف) (ب) امث. اُبھری ہوئی نقاشی . [ع] .

منبت کار (الف) صف. جس پر اُبھرے ہوئے نقوش بنے ہوں (ب) اند. اُبھری ہوئی نقاشی کا کام کرنے والا شخص .

منبت کاری امث. اُبھرے ہوئے نقوش کی نقاشی .

مِنبَر (کس م، سک م بشکل ن، فت ب) اند.
۱. لکڑی یا اینٹوں وغیرہ کی وہ سیڑھی جیسی کرسی جس پر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر امام یا واعظ خطبہ پڑھتا، تقریر کرتا اور شاعر مرثیہ، حمد، نعت منقبت وغیرہ کے شعر پڑھتا ہے (بیشتر مسجد یا امام باڑے میں) ۲. چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر تقریر کی جائے . [ع] .

منبر بنائے، مسجد ڈھائے کہاوت. چھوٹی چھوٹی باتوں میں دین داری اور ضروری امور میں اس کے خلاف طرزِ عمل .

مَنْبَع (فت م، سک م بشکل ن، فت ب) اند.
زمین کے اندر سے پانی نکلنے کی جگہ، سوتہ یا چشمے کا سرا، سوتا سرچشمہ؛ (مجازاً) مصدر، جائے صدور، مقامِ ظہور، نکلنے کی جگہ مخرج، سرا، اصل . [ع] .

مَنّت (فت م، شدن بفت) مث.
کوئی مراد پوری ہونے کے لیے نذر چڑھاوے وغیرہ کا کیا ہوا عہد جو عموماً اللہ تعالیٰ سے یا کسی بزرگ دین کی روح سے کیا جائے یا کسی مسجد یا مزار یا کسی متبرک مقام وغیرہ پر اس عہد کے پورا کرنے کی نیت ہو.

منت پوری کرنا محاورہ. کیے ہوئے عہد کے مطابق نذر نیاز دلانا، مراد برلانا.

منت پوری ہونا محاورہ. منت پوری کرنا کا لازم، مانگی ہوئی مراد حاصل ہونا.

منت چڑھانا محاورہ. مراد بر آنے پر عہد کے مطابق مسجد یا کسی بزرگ کے مزار پر چادر چڑھانا، نذر نیاز دلانا.

منت مانگنا محاورہ. کسی نذر نیاز، چڑھاوے یا کار خیر وغیرہ کا عہد کر کے دل کی مراد طلب کرنا.

منت ماننا محاورہ. کسی بزرگ کے نام کی کوئی نذر یا چڑھاوا ماننا، عہد کرنا، نیت کرنا.

مِنّت (کس م، شدن بفت) مث.
۱. خوشامد، چاپلوسی، بنتی، التجا، عاجزی. ۲. احسان کرنا، احسان، نیکی، بھلائی، اچھا سلوک. [ع].

منت سماجت مث. خوشامد درآمد، للو پتو، گڑگڑانا.

منت کرنا ف مر؛ محاورہ. عاجزی کرنا، ہا ہا کرنا، گڑگڑانا، التجا کرنا.

منت کش صف. احسان اُٹھانے والا، احسان مند، ممنونِ احسان، شکرگزار.

مُنتَج (ضم م، سک ن، فت ت) صف.
جو کسی بات کے نتیجے میں ہو، نتیجہ دیا ہوا، جو کسی امر کا نتیجہ ہو، نتیجہ خیز، بطور نتیجہ. [ع].

مُنتَخَب (ضم م، سک ن، فت ت، ر خ) صف.
۱. انتخاب کیا ہوا، چیدہ، برگزیدہ، پسندیدہ؛ عمدہ. ۲. (سیاست) انتخاب کردہ، انتخابات کے ذریعہ چنا ہوا. ۳. نایاب، یگانہ، طرفہ، عجیب. ۴. خال خال؛ مجرد؛ (کنایۃً) حسین ترین، نہایت خوب صورت. ۵. خلاصہ، لب لباب. [ع].

منتخبِ روزگار صف. بہت اعلیٰ پائے کا، بے مثل، لاجواب، یکتائے زمانہ.

مَنتَر (فت م، سک ن، فت ت) مذ.
۱. وہ پُراثر مقررہ کلمات جو روایتی طور پر کسی کو موہنے یا نقصان پہنچانے یا زہریلے جانور کا اثر اُتارنے کے لیے پڑھ کر پھونکے جائیں، جادو، سحر، ٹونا، افسوں، ٹوٹکا. ۲. (i) جادو اثر بات یا کام وغیرہ. (ii) جادو کے بول یا الفاظ. [س].

منتر پھونکنا محاورہ. منتر کے کلمات جادو کے لیے پڑھ کر پھونک مارنا، کوئی منتر کسی پر دم کرنا، جادو کرنا، کوئی ایسی بات کہنا جو دوسرے کو مسحور یا بالکل بے بس اور مطیع کر دے.

منتر جنتر مذ. منتر کے بول؛ جادو؛ تعویذ گنڈا، جھاڑ پھونک.

مُنتَشِر (ضم م، سک ن، فت ت، کس ش) صف.
۱. بکھرنے والا، پھیلنے والا، پراگندہ، بے ترتیب، تتر بتر. ۲. (مجازاً) جس کے حواس جمع نہ ہوں، بدحواس، پریشان. [ع].

مُنتَظِر (ضم م، سک ن، فت ت، کس ظ) صف.
انتظار کرنے والا؛ راہ دیکھنے والا، آس لگانے والا. [ع].

مُنتَظِم (ضم م، سک ن، فت ت، کس ظ) (الف) صف.
۱. انتظام یا اہتمام کرنے والا، بندوبست کرنے والا، سلیقے اور اصول سے کاروبار کو انجام دینے والا. ۲. سلیقے سے یا تنظیم کے ساتھ خرچ کرنے والا؛ کفایت شعار. (ب) مذ. سربراہ کار؛ گماشتہ، مہتمم، منیجر وغیرہ. [ع].

مُنتَظِمَہ (ضم م، سک ن، فت ت، کس مج ظ، فت م) (الف) صف.
منتظم، انتظامی. (ب) مث. مجلس انتظامیہ، انتظامی کمیٹی.

مُنتَظِمین (ضم م، سک ن، فت ت، کس ظ، ی مع) مذ؛ ج.
منتظم کی جمع؛ انتظام کرنے والے لوگ.

مُنتَقِل (ضم م، سک ن، فت ت، کس ق) صف.
۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹ جانے والا، ایک حیثیت یا حالت سے دوسری حیثیت یا حالت میں لایا جانے یا بدلنے والا. ۲. مکان بدلنے والا؛ موسی یا ہجرت کرنے

والے پرندے (چڑیاں مچھلیاں وغیرہ) .۳. (طب) لگنے والا، پھیلنے والا، متعدی (بخار وغیرہ). [ع].

منتقل کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا، حوالے کرنا، دینا، سونپنا .۲. کسی کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا (جائداد، حقوق وغیرہ) .۳. (کسی زبان سے کسی دوسری زبان میں) تبدیل کردینا، ترجمہ کرنا.

مُنْتَقِلی (ضم م، سک ن، فت ت، کس ج ق) امث.
۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا یا پہنچنا، منتقل ہونا، انتقال .۲. ایک ہاتھ سے دوسرے کے حوالے کرنا (عموماً اقتدار کے لیے مستعمل).

مُنْتَقِم (ضم م، سک ن، فت ت، کس ق) صف.
۱. برائی کے بدلے برائی کرنے والا، بدلہ یا انتقام لینے والا؛ مراد: کینہ پرور جو بدلہ لینے کی تاک میں رہے .۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

منتقم مزاج صف. جس کا مزاج انتقام لینے کی طرف مائل ہو، بدلہ لینے کا میلان رکھنے والا.

مُنْتَقِمانَہ (ضم م، سک ن، فت ت، کس ج ق، فت ن) صف؛ م ف.
منتقم کی طرح کا، انتقام کا، انتقامی.

مُنْتَہا (ضم م، سک ن، فت ت) (الف) صف.
انتہا کو پہنچا ہوا، انتہائی، پورا پورا، کامل، مکمل (عموماً تراکیب میں مستعمل). (ب) امذ. ۱. انتہائی حد، آخری حد، عروج .۲. نتیجہ، انجام، ثمر، پھل. [ع].

مُنْتَہی (ضم م، سک ن، فت ت) صف.
۱. انتہا کو پہنچنے والا، علم و ہنر میں کامل .۲. جسے کسی علم یا فن کی سب سے بڑی سند مل چکی ہو، کسی علم یا فن وغیرہ میں آخری حد، درجے تک پہنچا ہوا، علم و فضل وغیرہ میں کامل، جس کے دستار بندھ چکی ہو، مستند، جسے سب سے بڑی سند مل چکی ہو، کامل، لائق، عالم، فاضل (مبتدی کی ضد). [ع]

مُنْتَہیٰ (ضم م، سک ن، فت ت، اشکل ی) امذ.
آخری حد، انتہا، اختتام. [ع].

مِنَّتیں (کس م، شد ن بفت، ی ج) امث؛ ج.
منت کی جمع نیز مغیرہ صورت؛ تراکیب میں مستعمل؛ عاجزیاں انکساریاں، التجائیں، خوشامدیں.

منتیں کرنا محاورہ. انتہائی عاجزی سے کوئی درخواست کرنا، عاجزیاں کرنا، خوشامدیں کرنا، ہاتھ جوڑنا.

مِنَٹ (کس م، فت ن) امذ.
۱. ایک گھنٹے کا ساٹھواں حصہ، ۶۰ سکنڈ کی مدت، لمحہ، دقیقہ .۲. (مجازاً) وقت کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ، پل، گھڑی. [انگ].

مِنٹوں (کس م، سک ن، و ج) امذ؛ ج.
منٹ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

منٹوں کا مہمان صف. چند لمحوں کا مہمان، قریب المرگ، بہت جلد مرنے والا.

منٹوں میں م ف. تھوڑی سی دیر میں، بہت کم وقت میں، فوراً.

مَنْجا (فت م، سک ن) امذ.
۱. مسہری، پلنگ، چارپائی، گدی وغیرہ .۲. اونچی کرسی، تخت. [س].

مَنْجا (فت م، مغ) امر؛ صف.
۱. رگڑا ہوا، صاف کیا ہوا .۲. ماہر، مشاق، تجربہ کار.

مُنَجِّم (ضم م، فت ن، شد ج بکس) امذ.
علم نجوم کا ماہر، ستاروں کی رفتار کے مقررہ حساب سے زائچہ بنا کر آنے والے واقعات کے متعلق پیش گوئی کرنے والا، فال وغیرہ کا کاروبار کرنے والا، نجومی، جوتشی، اختر شناس. [ع].

مُنْجَمِد (ضم م، سک ن، فت ج، کس م) صف.
۱. (i) (سردی سے) جما ہوا، ٹھٹھرا ہوا، یخ بستہ .(ii) مائع سے ٹھوس حالت میں آیا ہوا، ٹھوس .۲. (مجازاً) بے حس، بے عمل، ایک نقطے پر قائم و ثابت یا غیر متحرک؛ خشک .۳. ایک خاص حد پر ٹھہرایا ہوا، مخصوص، قائم (قیمت ایجنٹ وغیرہ کے لیے). [ع].

منجمد اکاؤنٹ امذ. (بینکاری) وہ کھاتا جس میں سے رقم نکالنے پر حکومت/عدالت یا اس کے کسی ادارے وغیرہ نے پابندی لگا دی ہو.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

مِنجُملہ (کس م، سک ن، ضم ج، سک م، فت ل) م ف.
دیکھیے: مِن جُملہ سب میں سے، کل میں سے.

مَنجَن (فت م، سک ن، فت ج) امذ.
دانتوں کو صاف کرنے کا سفوف، دانت مانجھنے کی باریک پسی ہوئی دوا. [س].

مَنجَنیق (فت نیز کس نیز م، سک ن، فت ج، ی مع) امث.
(جدید آتشیں آلات کی ایجاد سے پہلے کی لڑائیوں میں) بڑے بڑے پتھر دور تک پھینکنے یا مار کر قلعوں کی دیوار توڑنے کی ایک کل، کمان کی شکل کی ایک بڑی گوپیا یا فلاخن جس سے بڑے بڑے پتھر پھینک کر (جرِثقیل کے اصول کے مطابق) قلعے وغیرہ کی دیوار پر مارتے اور اسے توڑتے تھے.

مَنجی (فت م، سک ن) امث.
کھاٹ، چارپائی.

مَنجیرا (فت م، سک ن نیز مغ، ی مع) امذ.
(موسیقی) پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں سے بجائی جاتی ہیں. [س].

مَنجھ (۱) (فت م، سک ن، جھ) صف؛ امذ.
درمیان کا، بیچ کا؛ درمیان، وسط، بیچ عموماً مرکبات میں مستعمل؛ جیسے (منجھدھار وغیرہ).

منجھ دھار امث. ۱. دریا کا بیچ، جہاں پانی کا بہاؤ بہت تیز ہوتا ہے. ۲. (مجازاً) گرداب، بھنور؛ مراد: مصیبت.

مَنجھ (۲) (فت م، سک ن، جھ) امذ.
منجھنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

منجھ جانا محاورہ. کسی علم و ہنر میں مشاق ہونا، پختہ کار یا تجربہ کار ہونا.

مَنجھا (فت م، مغ) صف.
۱. رگڑا ہوا، صاف کیا ہوا (برتن وغیرہ). ۲. کسی فن وغیرہ میں ماہر، مشاق، تجربہ کار. ۳. تجربے اور مہارت سے شائستہ، مہذب، صاف؛ (مجازاً) اُستادانہ.

منجھا ہوا صف. ۱. مشاق، تجربہ کار، ماہر. ۲. (مجازاً) آزمودہ، مجرب.

۳. تجربے اور مہارت سے صاف، اُستادانہ.

مَنجھدھار (فت م، سک ن، جھ) امث.
دریا کا بیچ، دریا کے بیچ کا دھارا جو بہت تیز رو ہوتا ہے.

مَنجھلا (فت م، سک ن، سک نیز کس ج جھ) صف؛ امذ.
۱. بیچ کا، درمیان کا، وسطی، درمیانی. ۲. ایک ہی رشتے کے تین رشتہ داروں میں بڑے سے چھوٹا اور چھوٹے سے بڑا؛ بڑے اور چھوٹے کے درمیان پیدا ہونے والا لڑکا.

مَنجھلی (فت م، سک ن، جھ) صف مث.
۱. بیچ کی، درمیانی، وسطی. ۲. وہ جو بڑی سے چھوٹی اور چھوٹی سے بڑی ہو.

مَنجھنا (فت م، سک ن، جھ) ف ل.
۱. (i) کسی ظرف وغیرہ کا مانجھ کر صاف کیا جانا، دھل کر اُجلا یا ستھرا ہونا، صیقل ہونا. (ii) (مجازاً) شستہ یا شائستہ ہونا. ۲. (i) (مجازاً) کسی فن وغیرہ میں ماہر، مشاق یا تجربہ کار ہونا. (ii) مشق سے شائستہ یا مہذب ہونا، نکھرنا.

مَنچ (فت م، سک ن) امذ.
۱. تختوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی اونچی جگہ؛ (مجازاً) تھیٹر کا اسٹیج. ۲. مچان، چبوترا، چارپائی؛ کرسی؛ کھیتوں میں بانسوں کا بنایا ہوا سائبان یا چوکی (جہاں چوکیدار پرندوں اور جانوروں سے کھیت کو بچانے کے لیے نگہبانی کرتا ہے). [س].

مَنچَلا (فت م، سک ن، فت چ) صف مذ.
شوخ، شریر.

مَنچَلی (فت م، سک ن، فت چ) صف مث.
بانکپن یا شوخی شرارت کی، چلبلی والی؛ (کنایۃً) متحرک.

مُنحَرِف (ضم م، سک ن، فت ح، کس ر) صف.
۱. خم کھایا ہوا، پھرا ہوا، ٹیڑھا، ترچھا ہو جانے والا، ترچھا. ۲. پھر جانے والا، برگشتہ، سرکش؛ (مجازاً) باغی، غدار. [ع].

مُنحَصِر (ضم م، سک ن، فت ح، کس ص) صف.
۱. ہر گوشے اور پہلو سے حد بندی شدہ یا محدود، احاطہ کیا ہوا، گھرا ہوا،

حصار بند. ۲. کسی شرط سے مشروط، موقوف، مبنی، متعلق، وابستہ. [ع].

مُنْحَنی (ضم م، سک ن، فت ح) صف.

۱. خمیدہ، ٹیڑھا، ترچھا، لہریا دار (مستقیم کی ضد). ۲. (مجازاً) کبڑا. ۳. (کنایۃً) دبلا، لاغر، کمزور، پتلا. ۴. معمولی، نازک، باریک، لطیف، خفیف. ۵. (شاذ) چھوٹا (بہ اعتبار قد). ۶. (اقلیدس) قوس نما، خمیدہ (خط کے لیے مستعمل). [ع].

منحنی آواز مث. باریک یا پتلی آواز، مہین یا ہلکی آواز.

مَنْحُوس (فت م، سک ن، و مع) صف.

۱. جس کی نحوست کا کسی کے حالات پر برا اثر پڑ سکے، نامبارک، شوم، نحس. ۲. برا، بد، مکروہ، گھناؤنا، جس سے نفرت ہو (گاہے بطور گالی). ۳. بدقسمت، بدنصیب. [ع].

منحوس گھڑی مث. نامبارک ساعت، برا وقت یا زمانہ.

مَنْحُوسِیَت (فت م، سک ن، و مع، کس س، فت ی) مث (شاذ).

منحوس ہونا، نحوست.

منحوسیت پن اند. منحوس ہونا، نحوست.

مَنْد (فت م، سک ن) (الف) صف (قدیم).

۱. آہستہ چلنے یا حرکت کرنے والا، سست رفتار، دھیما ۲. ماندہ، مضمحل، بیمار، کم زور، لاغر. ۳. کم، خفیف؛ ارزاں؛ کساد؛ بے پروا، سہل انگار؛ احمق، بے وقوف؛ کاہل؛ مدھم (روشنی، آواز، بارش وغیرہ)؛ کم زور (ہاضمہ وغیرہ)؛ نرم؛ خراب؛ مدہوش، شرابی؛ بردبار (ب) اند. ۱. (ہیئت) ستارہ زحل کا ایک نام ۲. ہاتھی کی چار اقسام میں سے ایک جو سیاہ فام، زرد چشم اور شوخ ہوتی ہے ۳. سیارہ سنیچر نیز ہفتہ (دن)؛ قیامت. [س].

... مَنْد (فت م، سک ن) لاحقہ.

رکھنے والا، ذی یا صاحب کا مترادف (جیسے: خرد مند، احسان مند وغیرہ) تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل. [ف].

مُنْد (ضم م، سک ن) امر.

مندنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

مَنْدا (فت م، سک ن) (الف) صف؛ = مندہ.

۱. دھیما، سست؛ تھوڑا؛ (مجازاً) بے رونق، اُجاڑ (خصوصاً کام، کاروبار وغیرہ). ۲. ارزاں، سستا؛ مراد: کساد بازاری میں مبتلا. (ب) اند. ۱. سست رفتاری، دھیما پن، بے رونقی. ۲. سستا پن، ارزانی. ۳. وہ کساد بازاری جو نقصان رساں ہو. [س].

مندا پڑ جانا/ پڑنا محاورہ. ۱. بے رونق ہونا، ماند ہونا، ارزاں یا سستا ہونا. ۲. نقصان ہونا ۳. دھیما ہونا، سست رفتار ہونا.

مندا ہونا محاورہ. ۱. دھیما ہونا، سست رفتار ہونا، کم ہونا (کام یا کاروبار وغیرہ). ۲. کساد بازاری ہونا.

مَنْدِر (فت م، سک ن، کس نیز فت د) اند.

۱. (i) وہ جگہ جہاں ہندو اپنے دیوتاؤں کی مورتیاں رکھتے ہیں اور پوجا پاٹ کرتے ہیں، ہندوؤں کا عبادت خانہ، سادھوؤں کے رہنے کی جگہ؛ (مجازاً) غیر مسلم کی عبادت گاہ، معبد، صنم کدہ، بت خانہ (ii) شوالہ، شیوجی کی مورت رکھنے کی مندر کے اندر بنی ہوئی محراب یا طاق. ۲. مکان، گھر، دربار، محل. [س].

مُنْدِرا (ضم م، مغ نیز سک ن، سک نیز کس مج د) اند.

۱. کان میں پہننے کا شیشے کا بُندا (خصوصاً جوگیوں کے کان کا)؛ جڑاؤ بالیاں. ۲. انگوٹھی، انگشتری. [س].

مُنْدَرِج (ضم م، سک ن، فت د، کس نیز فت ر) صف.

۱. درج ہونے والا، درج شدہ، لکھا ہوا، اندراج کیا گیا؛ (فہرست میں) شامل. ۲. داخل؛ (مجازاً) ملفوف. [ع].

مُنْدَرِجات (ضم م، مغ، فت د، کس مج ر) اند؛ ج.

درج شدہ باتیں، تحریریں؛ تفصیلات.

مُنْدَرِجَہ (ضم م، سک ن، فت د، کس مج ر، فت ج) صف.

درج کیا گیا؛ (مجازاً) چھاپا ہوا، مطبوعہ.

مندرجہ بالا صف. اوپر لکھا ہوا؛ (مجازاً) اوپر بیان کردہ، متذکرہ بالا

مُنْدَری (ضم م، مغ نیز سک ن، د) اند.

۱. مندرا کی تانیث، بالی، چھلا (جو جوگی کان میں پہنتے ہیں). ۲. انگلی میں پہننے کا چھلا یا انگوٹھی.

مُنْدَیل (ضم م، سک ن، فت د، کس م) صف.

بھرا ہوا، بھرنے والا، ٹھیک ہونے والا (عموماً زخم). [ع].

مُنْدْنا (ضم م، فتہ، سک د) ف ل.
۱. آنکھ، دروازے یا کھلے منھ کی کسی چیز وغیرہ کا بند ہونا. ۲. چھپنا، غائب ہونا.

مَنْدُوب (فت م، سک ن، و مع) (الف) صف.
۱. وہ (لفظ) جو کسی پر نوحہ کرتے وقت زبان سے نکلے نیز جس پر رویا جائے یا گریہ کیا جائے، مرحوم. ۲. اچھا، مستحسن (عمل وغیرہ)؛ (فقہ) مستحب، سنت. (ب) امذ. نمائندہ جسے حکومت یا ادارہ کی طرف سے مخصوص اختیار دے کر کہیں بھیجا جائے، طلب کیا ہوا، کسی کانفرنس وغیرہ میں شریک نمائندہ. [ع].

مَنْدُوبِین (فت م، سک ن، و مع، ی مع) امذ؛ ج.
مندوب کی جمع، نمائندے، گماشتے، ایلچی.

مَنْدَہ (فت م، سک ن، فت د) امذ.
دیکھیے: مندا، دھیما، سُست، تھوڑا.

مَنْدی (فت م، سک ن) صف مث.
۱. مندا کی تانیث، دھیمی، ست نیز کم. ۲. سستی، ارزاں.

... مَنْدی (فت م، سک ن) لاحقہ.
مند کی تانیث: بمعنی کیفیت بطور جز دوم تراکیب میں مستعمل، جیسے: اقبال مند.

مُنْدی (ضم م، مغ) صف مث.
۱. بند (خصوصاً آنکھ). ۲. نیم وا، ادھ کھلی.

مُنْڈ (ضم م، سک ن) صف.
سر منڈا ہوا، جس کے سر پر بال نہ ہوں؛ بلا سینگ؛ جس کے پتے گر گئے ہوں؛ کند، کھنڈا؛ کند ذہن؛ کمینہ، رذیل (عموماً ٹنڈ کے ساتھ مستعمل). [س].

مُنْڈا (ضم م، سک ن) امذ.
۱. بغیر نوک کا جوتا، نکا جوتا، انگریزی وضع کا جوتا، (عموماً سپاہی پہنتے ہیں). ۲. لڑکا، چھوکرا، چھورا. ۳. چیلا، شاگرد، مرید. [س].

منڈانا (ضم م، مغ) ف م.
اُسترے سے بال صاف کرانا، مونڈن کرانا، سر یا داڑھی وغیرہ گھٹوانا.

مَنْڈَپ (فت م، سک ن، فت ڈ) امذ.
پھولوں وغیرہ سے آراستہ عارضی کمرہ، خیمہ، شامیانہ، جھگی وغیرہ جہاں شادی کا کام کاج ہو، وہ چھپر یا لکڑی کا سائبان جس پر بیل چڑھاتے ہیں. [س].

مَنْڈَل (فت م، سک ن، فت ڈ) امذ.
۱. ہر وہ چیز جو گولائی لیے ہو، دائرہ، گھیرا، چکر، حلقہ؛ جیسے: سورج کا منڈل (گھیرا)، چاند کا منڈل (ہالہ)، شامیانہ. ۲. گول مکان، خیمہ وغیرہ؛ (کنایۃً) آسمان. [س].

منڈلاتے (سنڈلاتے) پھرنا محاورہ. ڈانواں ڈول پھرنا، اِدھر اُدھر مارے مارے پھرنا؛ اردگرد چکر کھانا، کہیں پہنچنے کی امید میں بار بار جانا مگر ملاقات سے محروم رہنا.

مَنْڈلانا (فت م، فتہ، فت نیز سک ڈ) ف ل.
۱. (i) پرند یا پرندوں کا کسی چیز یا اردگرد حلقہ باندھ کر اڑنا نیز طیاروں کا چکر کاٹنا. (ii) آدمی یا جانور وغیرہ کا پھیرے لگانا یا ہجوم کرنا؛ روح وغیرہ کا وارد ہونا. ۲. گھر کر آنا، چھا جانا، پھیلنا (بادل وغیرہ کا).

مَنْڈلی (فت م، سک ن، فت نیز سک ڈ) امث.
۱. ٹولی، گروہ، جتھا، جماعت، جھنڈ. ۲. وہ غلہ جس پر بیل چلائے جاتے ہیں. ۳. اناج کا بندھا ہوا ڈھیر، کھلیان، غلے کا انبار. ۴. کمپنی؛ گلہ؛ گھونسلا؛ مندر، معبد، فرقہ؛ نے کی قسم کی گھاس، نرسل گھاس.
۵. منڈل بجانے والا.

مُنْڈَن (ضم م، مغ، فت ڈ) امذ.
سر منڈوانے کا عمل نیز بچے کی پہلی دفعہ سر منڈوانے کی تقریب، مونڈن، عقیقہ. [س].

مُنْڈنا (ضم م، مغ، سک ڈ) ف ل.
۱. بال مونڈے جانا، حجامت بننا، بالوں کا کٹنا. ۲. گنجا ہونا؛ (کنایۃً) لٹنا، صفایا ہونا، چوری ہو جانا نیز دھوکے یا غلط فہمی میں سخت نقصان اٹھانا.

مُنْڈوانا (ضم م، فتہ، سک ڈ) ف م.
سر کے بال اُتروانا، بال صاف کروانا، حجامت کرانا.

مَنْڈی (فت م، سک ن) امث.
۱. (i) بڑا بازار جس میں ہر متعلقہ شے اور ہر جنس کی اشیاء بہ افراط

آ کر جمع ہو اور لوگ خرید کر دوسرے بازاروں میں بیچنے کے لیے لے جائیں ، تھوک کا بازار . (ii) بڑا تجارتی مرکز (Emporium) . (iii) بڑا میلا جہاں گائے گھوڑے وغیرہ بکنے یا نمائش کے لیے لائے جائیں .۲. (کنایۃً) آماج گاہ ، مرکز ، جہاں کثرت سے کوئی چیز پائی جائے . [س] .

مُنڈی (ضم م ، سک ن ، نیز مغ) امث .

۱. گردن سے اوپر کا جسم .۲. ایک نبات کا پھول جو دوا میں استعمال ہوتا ہے . [س] .

مُنڈی (ضم م ، سک ن) امذ .

حجام . [س] .

مُنڈیا (ضم م ، مغ ، کس نیز سک ڈ) امث .

۱. دیکھیے : منڈی ، منڈی کی تصغیر ، سر .

منڈیا ہلانا محاورہ . ۱. سر ہلا کر انکار کرنا ، سر ہلا کر منع کرنا .۲. سر ہلا کر اشارہ کرنا ، اقرار کرنا .

مُنڈیر (ضم م ، مغ ، ی ج) امث .

دیوار کا وہ بالائی حصہ جو ڈھلواں بنا ہوتا ہے تاکہ پانی اوپر سے دیوار کے اندر سرایت نہ کرے ؛ (کاشت کاری) کیاری یا کھیت کی اونچی حد ، پشت ، مینڈ ، ڈولا . [س] .

مُنڈیری (ضم م ، مغ ، ی ج) امث .

چھوٹی منڈیر جو زیادہ اونچی نہ اٹھائی گئی ہو .

مَنڈھ (فت م ، سک ن ، ڈھ) .

منڈھنا کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل .

منڈھ جانا محاورہ . ۱. کسی کام پر جٹ جانا ، پوری ہمت سے کام شروع کر دینا .۲. چڑھ جانا ، طاری ہونا .

منڈھ دینا محاورہ . ۱. لپیٹ دینا ، مڑھنا ، چڑھانا ، چپکنا .۲. کسی کے سر ڈال دینا ، ذمے ڈال دینا ، تھوپ دینا .

مَنڈھنا (فت م ، سک ن ، ڈھ) ف م .

۱. پوشش کرنا ، تانا چھانا ، مڑھنا ، ابری کے طور پر چپکانا ، کاغذ یا کپڑا وغیرہ ، کسی چیز کے اوپر چڑھایا ، لپیٹا ، کپڑا ، کاغذ ، موم وغیرہ کسی چیز کے اوپر چڑھانا ، کسی فریم میں کوئی چیز کسنا یا چپکانا .۲. ڈھولک یا طبلے پر کھال چڑھانا .۳. ڈالنا ، پہننا ، اوڑھنا (سر پر دوپٹہ ، ٹوپی وغیرہ) .۴. ڈھانپنا ، ڈھانکنا .۵. سر ڈالنا ، ذمے ڈالنا ، تھوپنا ، چپکنا .

مَنڈھوانا (فت م ، غنہ ، سک ڈھ) ف م .

چڑھوانا ، مڑھوانا .

مَنڈھے چڑھنا محاورہ . دیکھیے : بیل منڈھے چڑھنا ، عروج تک پہنچنا کامیاب ہونا .

مِنرل واٹر (کس م ، سک ن ، فت ر ، ٹ) امذ .

معدنی پانی ، قدرتی چشموں کا پانی جس میں کوئی معدنی جزو ملا ہو نیز کیمیاوی طریقوں سے صاف کیا ہوا پانی جو آج کل بوتلوں میں فراہم کیا جاتا ہے . [انگ] .

مُنَزّا (ضم م ، فت ن ، شد ز) (الف) صف .

دیکھیے : منزہ جو فصیح ہے . (ب) امذ . پاکیزگی ، تقدیس (قدیم) .

مَنزِل (فت م ، سک ن ، کس ز) امث .

۱. (i) اُترنے کی جگہ ، نازل ہونے کا مقام ؛ (مجازاً) ٹھہرنے کی جگہ ، پڑاؤ ، مرحلہ . (ii) وہ جگہ جہاں مسافر ٹھہرتے ہوں ، مسافر خانہ ، سرائے (iii) مقامِ مقصود .۲. مرحلہ ، ایک دن کا سفر ، وہ سفر جو ایک دن میں اوسطاً طے کیا جائے (تقریباً ۴۸ میل کی مسافت) نیز اتنا فاصلہ .۳. (i) گھر ، مسکن ، جگہ ، مقام . (ii) جس مکان کی چھت پر یا گاہے تہ خانے میں دوسرا مکان اور پھر تیسرا یا اس سے بھی زیادہ بنا ہوا ہو ، اس کا ہر ایک درجہ ، مالا .۴. (i) کسی کام کے سلسلے کا کوئی نقطہ ، مرحلہ ، موقع اہم کام . (ii) زینہ ، اسٹیج ، حد . (iii) دور ، زمانہ .۵. مسافت ، بڑی مسافت نیز راستہ ، راہِ عمل .۶. قرآن مجید کو سات حصوں میں تقسیم کیا ہے (تقسیم بلحاظ تلاوت) ہر حصہ ایک منزل کہلاتا ہے . [ع] .

منزل پر پہنچانا محاورہ . ۱. اصل مقام یا مقامِ مقصود پر پہنچانا ، ٹھکانے پہنچانا .۲. (کسی امر کا) ثابت کر دینا .

منزل دشوار ہونا محاورہ . سخت مرحلہ ہونا ، منزل سخت ہونا .

منزل قریب آنا محاورہ . منزل کے قریب پہنچنا ، ٹھکانے سے کچھ دور ہونا موت سے ہم کنار ہونا .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع

منزل کھوٹی کرنا محاورہ. چلنے میں دیر کرنا، دیر سے چلنا یا راستے میں رُکنا جس سے بروقت پڑاؤ پر نہ پہنچ سکیں.

منزل مقصود امث. وہ جگہ جہاں جانے یا پہنچنے کا ارادہ کیا گیا ہو، جس جگہ پہنچنے کا ارادہ ہو، وہ مقام یا نکتہ جو مقصود ہو، اصل مراد یا مطلب.

منزل ہونا ف مر؛ محاورہ. پڑاؤ ہونا، ٹھہرنا.

مَنْزِلَت (فت م، سک ن، کس ج ز، فت ل) امث.
۱. قدر، توقیر، مرتبہ، حیثیت، درجہ، مقام، قدر افزائی. ۲. (مجازاً) عزت، ناموس. [ع].

مَنْزِلَہ (فت م، سک ن، کس ج ز، فت ل) (الف) صف.
۱. منزل کا، درجوں کا یا چھت والا (جیسے: دومنزلہ، سہ منزلہ مکان). ۲. قائم مقام، مساوی، برابر ("ب" کے ساتھ). (ب) امذ. ۱. کئی منزل کا مکان، کئی سطح یا چھتوں والی عمارت. ۲. کسی شے کی دوسری یا تیسری یا زیادہ منزل، مالا (عموماً عمارت کے لیے مستعمل) (Floor).

مُنَزَّہ (ضم م، فت ن، شد ز بفت) صف.
۱. بے عیب، خالص، پاک. ۲. مقدس، متبرک، پاکیزہ. ۳. نہایت صاف، نتھرا ہوا، شفاف. [ع].

منزہ کرنا محاورہ. صاف کرنا، ستھرا بنانا.

مُنْسَلِک (ضم م، سک ن، فت س، کس ل) صف.
سلک (ڈوری یا لڑی) میں پرویا ہوا، نتھی کیا ہوا، ساتھ لگایا ہوا؛ (مجازاً) شامل، وابستہ، جڑا ہوا. [ع].

مَنْسُوب (فت م، سک ن، و مع) صف.
۱. جسے نسبت دی گئی ہو، نسبت کیا گیا، نسبت رکھنے والا، متعلق. ۲. جس سے یا جس کی نسبت یا منگنی ہوئی ہو، منگیتر. ۳. موسوم، ملقب. ۴. جڑا ہوا، منسلک نیز مخصوص. [ع].

منسوب ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. نسبت ہونا، نسبت دینا، تعلق ہونا. ۲. منگنی یا سگائی ہونا؛ نکاح ہونا.

مَنْسُوبَہ (فت م، سک ن، و مع، فت ب) (الف) صف.
نسبت دیا ہوا، نسبت یا تعلق رکھنے والا، متعلقہ. (ب) امث. وہ لڑکی یا عورت جس سے نسبت ٹھہری ہو، منگیتر.

مَنْسُوخ (فت م، سک ن، و مع) صف.
رد کیا ہوا؛ مسترد، قلم زد؛ (مجازاً) متروک، باطل، کالعدم. [ع].

مَنْسُوخی (فت م، سک ن، و مع) امث.
تنسیخ، مٹانا، مٹایا جانا، مسترد کرنا یا ہونا.

مَنِش (فت م، کس ن) امث.
۱. طبیعت، مزاج، خصلت، افتاد، عادت، قماش (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل). ۲. فطرت؛ ساخت وغیرہ. ۳. (مجازاً) دماغ؛ دل؛ روح؛ خواہش؛ عالی ظرفی؛ سخاوت؛ خود بینی؛ غرور؛ عظمت؛ وقار؛ غیرمعمولی ذہانت؛ اچھی فطرت؛ خوش مزاجی؛ قناعت. [ف].

مَنُش (فت م، ضم نیز فت ن) امذ.
مانس، آدمی، مرد، انسان. [س].

مَنْشا(ء) (فت م، سک ن) امذ.
۱. ظہور میں آنے کا مقام، پیدا یا شروع ہونے کی جگہ، نشو و نما پانے کی جگہ، بڑھنے اور پھلنے پھولنے کی جگہ، (عموماً مولد وغیرہ کے ساتھ). ۲. (مجازاً) غرض و غایت، سبب، باعث. ۳. مرضی، مقصد، مدعا، عندیہ. ۴. (مجازاً) معنی، مطلب، مفہوم. [ع].

منشا(ء) خداوندی امث. دیکھیے: منشائے الٰہی؛ مرضی خداوندی، اللہ تعالیٰ کی رضا.

مَنْشُور (فت م، سک ن، و مع) امذ.
۱. نافذالعمل تحریر، وہ دستاویز جو معاہدے پر مشتمل ہو؛ شاہی فرمان، پروانہ، حکم نامہ. ۲. (i) وہ بنیادی تحریر جس میں کسی جماعت وغیرہ کے اصول اور مقاصد درج ہوں، اعلان، محضر. (ii) دستور، قاعدہ، ضابطہ، اصول. ۳. (طبیعیات) بلور کی قلم یا تکونا عدسہ جس سے گزر کر روشنی کی شعاع بنیادی رنگوں کی مختلف شعاعوں میں بٹ جاتی ہے. [ع].

مُنْشی (ضم م، سک ن) امذ.
۱. آغاز کرنے والا، پیدا کرنے والا، نشو و نما کرنے والا، خالق، موجد. ۲. تحریر میں ادائے مطالب پر قدرت رکھنے والا، مضمون نگار، انشا کا فن جاننے والا، انشا پرداز. ۳. (i) (دفتر یا تھانے وغیرہ میں) قبالہ نویس، ریکارڈ یا حساب کتاب رکھنے والا، کلرک، محرر، پیش کار. (ii) وکیلوں

کا ملازم جو کاغذات وغیرہ رکھنے کے علاوہ مقدمے بھی لاتا ہے. ۴. ایک خطاب جو عموماً اُردو فارسی کے تعلیم یافتہ اشخاص یا اہل قلم کے نام کے ساتھ اضافہ کیا جاتا ہے. ۵. پنجاب یونیورسٹی و الہ آباد بورڈ کے مقرر کردہ علوم شرقیہ میں فارسی کی ابتدائی جماعت کا نام نیز اس کی سند. [ع].

منشی فاضل اند؛ مث. ۱. پنجاب یونیورسٹی و الہ آباد بورڈ کے مقرر کردہ علوم شرقیہ میں فارسی کی تیسری اور آخری سند کا نام جو منشی اور منشی عالم سے بڑی ہوتی ہے. ۲. وہ شخص جس نے منشی فاضل کی سند حاصل کی ہو، فارسی زبان کا عالم؛ (مجازاً) نہایت پڑھا لکھا شخص.

منشی گری / گیری مث. ۱. (i) ادنیٰ منشی کا کام یا پیشہ، لکھنے کا کام، کتابت؛ اخبار نویسی، انشاپردازی. (ii) کسی تھانے یا دفتر میں لکھنے پڑھنے کا کام، محرری، کلرکی. (iii) وکیلوں کا محرر ہونا. ۲. (مجازاً) بچوں کی معلمی.

مُنَشّی (ضم م، فت ن، شد ش) صف؛ اند.
نشہ یا نیند لانے والا، نشہ آور، وہ چیز جو نشہ لائے، وہ چیز جس سے نشہ آئے. [ع].

مُنَشّیات (ضم م، فت ن، شد ش بکس) اند؛ ج.
نشہ آور چیزیں، مسکرات.

مَنْصَب (فت م، سک ن، فت نیز کس ص) اند.
۱. (i) نصب یا قائم ہونے کی جگہ؛ مراد: عہدہ، ملازمت، عہدۂ جلیلہ، حکومت یا امرا کا دیا ہوا بڑا عہدہ جو خاص خاص ملازمین کو عطا کیا جاتا تھا. (ii) وظیفہ، جائداد یا اعزاز وغیرہ جو قدر شناسی یا کام کے اعتراف میں حکومت کی جانب سے مقرر ہو (بیشتر نسلاً بعد نسلٍ) دوامی وظیفہ. (iii) جاگیر. ۲. (i) (حیثیت موجودہ اور ضابطۂ اخلاق کے اعتبار سے) حق، حیثیت، رتبہ، درجہ، مجال، کسی بات یا کام کی حد (جو کسی کو حاصل ہو). (ii) فرض، دائرۂ کار، ذمہ داری. [ع].

منصب اعلیٰ اند. بڑا منصب، بڑا عہدہ یا فرض.

منصب دار / منصبدار اند. ۱. (i) کسی عہدہ یا منصب پر مامور، عہدہ دار، کوئی سرکاری افسر. (ii) دفتر میں کام کرنے والا؛ افسر یا افسر کے درجے کا شخص. ۲. حاکم فوجداری، مجسٹریٹ. ۳. نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا، رئیس شخص. ۴. سپہ سالار، فوج کا کمانڈر.

منصب داری مث. ۱. منصب دار کا عہدہ یا کام؛ (مجازاً) منصب داروں کی امتیازی دستار یا پگڑی. ۲. وظیفہ مقرر کرنا یا دینا؛ وظیفہ. ۳. سپہ سالاری.

منصب کار اند. کام کی نوعیت یا عمل، طریقۂ عمل.

مُنْصَرِم (ضم م، سک ن، فت ص، کس ر) صف؛ اند.
۱. انتظام سنبھالنے والا، انتظام کرنے والا، سربراہ کار، مہتمم یا منیجر کا عہدہ، پیش کار، گماشتہ. ۲. محکمۂ بندوبست کا بڑا منشی؛ جج کا سر دفتر ۳. پٹواریوں کی تربیت کرنے والا افسر جو تحصیل دار کے ماتحت ہوتا ہے ۴. وہ کارکن جو کسی کارکن کی عدم موجودگی میں اس کا کام انجام دینے پر مامور کیا جائے، قائم مقام عہدہ دار یا افسر. [ع].

مُنْصِف (ضم م، سک ن، کس ص) (الف) صف.
۱. انصاف کرنے والا، ہر امر میں عدالت سے کام لینے والا، عادل ۲. (مجازاً) بیچ میں پڑ کر تصفیہ کرا دینے والا، پنچ. ۳. (مجازاً) پرکھنے والا کھرا کھوٹا الگ کرنے والا؛ ناقد. (ب) اند. (قانون) محکمۂ دیوانی ایک عہدہ دار جو مقرر رقم کی حد تک مقدمات طے کرنے کا حق رکھتا ہے؛ جج. [ع].

منصف مزاج صف. جس کی طبیعت میں انصاف ہو، عدل سے کام لینے والا؛ (مجازاً) صاف گو، آزاد طبع.

مُنْصِفانَہ (ضم م، سک ن، کس ج ص، فت ن) صف؛ م ف.
جو انصاف پر مبنی ہو اور اس میں مطلق جانب داری نہ کی جائے انصاف سے، ازروئے انصاف، عادلانہ.

مُنْصِفی (ضم م، سک ن، کس ص) مث.
۱. انصاف، انصاف کے ساتھ فیصلہ، فیصلہ، تصفیہ. ۲. عدالت دیوانی ایک عہدہ؛ کچہری، عدالت، عدالت دیوانی.

مَنْصُوب (ضم م، سک ن، و مع) صف؛ اند.
۱. نصب کیا ہوا، گاڑا ہوا، جمایا ہوا، قائم کیا ہوا، کھڑا کیا گیا یا کیا ہوا ۲. (کسی عہدے وغیرہ پر) قائم، متعین، مقرر، متمکن. ۳. (قواعد) حروف جس پر زبر لگایا گیا ہو، جس پر زبر ہو، مفتوح (حرف). [ع]

مَنصُوبَہ (فت م، سک ن، و مع، فت ب) اند.
وہ کام جس کا ارادہ کیا گیا ہو، مقصود و منشا، کوئی اہم کام جس کا خیال یا تدبیر ذہن یا کاغذ وغیرہ میں محفوظ ہو، منشائے دل، مقصد، ارادہ، تدبیر، جوڑ توڑ .۲. شطرنج کی ساتویں بازی کا نام. [ع].

منصوبہ بندی امث. غور و فکر کے بعد لائحہ عمل مرتب کرنا.

منصوبہ ساز صف. منصوبہ بنانے والا؛ کسی کام یا ارادے کی تکمیل کا لائحہ عمل مرتب کرنے والا.

منصوبہ سازی امث. منصوبہ ساز کا کام، لائحہ عمل تیار کرنا.

مَنصُور (فت م، سک ن، و مع) صف.
۱. جس کی (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) مدد کی گئی ہو، فتح مند، کامیاب، نصرت مند .۲. جسے حمایت یا مدد ملی ہو، جسے تائید ملی ہو. [ع].

مَنصُوص (فت م، سک ن، و مع) صف؛ اند.
نہایت تحقیق کیا ہوا؛ (فقہ) وہ بات جو واضح طور پر قرآن یا حدیث میں بیان کی گئی ہو. [ع].

مَنَصَّہ (فت م، ن، شد ص بفت) اند.
۱. کسی چیز کے ظاہر ہونے یا نمائش کی کوئی جگہ، تماشا گاہ، منظر عام. ۲. دلہن کے جلوے کی جگہ؛ سجا ہوا حجلۂ عروسی یا پلنگ یا تخت .۳. چوکی جس پر اشیاء کو (امتحان کی غرض سے) گرم کرتے ہیں. [ع].

منصۂ شہود اند. ظاہر ہونے کی جگہ، وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے؛ مراد: دنیا، عالم وجود.

مُنضَبِط (ضم م، سک ن، فت ض، کس ب) صف.
۱. باضابطہ، باقاعدہ، مرتب، طے شدہ، ضابطے میں لایا ہوا .۲. (مجازاً) قابو میں کیا ہوا، مضبوط، مستحکم .۳. (کنایۃً) پختہ، مکمل، چست (Compact) .۴. رہنما، رہنمائی پر مبنی .۵. (حیاتیات) ڈھکا ہوا، مربوط، پیوستہ، ملحق. [ع].

منضبط کرنا محاورہ. ۱. مرتب کرنا، باضابطہ بنانا، باقاعدہ کر دینا .۲. ضبط میں لانا، بڑھنے سے روکنا.

مُنضِج (ضم م، سک ن، کس ض) صف؛ اند.
پکا دینے والا (پھوڑے وغیرہ کو)؛ (طب) جسم کے زخم، خلط یا مادوں کو پکا کر قابل اخراج بنانے اور معدے میں جمع کرنے والی دوا، جلاب سے پہلے کی دوا. [ع].

مُنطَبِق (ضم م، سک ن، فت ط، کس ب) صف.
۱. (ہندسہ) برابر، یکساں، مناسبت باہمی رکھنے والا (زاویہ)، ایک دوسرے پر ٹھیک ٹھیک آنے والا .۲. مطابق کیا گیا، چسپاں .۳. منتھی، منسلک. [ع].

منطبق کرنا/ ہونا صف. چسپاں کرنا، موافق بنانا، متعلق کرنا.

مَنطِق (فت م، سک ن، کس ط) اند.
۱. گویائی، گفتگو، بات چیت، بول چال؛ لہجہ، تلفظ، زبان .۲. فصاحت، خوش کلامی، طلاقت لسانی، معقول اور مؤثر گفتگو .۳. (i) وہ اصول جو ذہن کو خطائے فکر سے بچاتے ہیں، صحیح فکر سکھانے والا علم، عملی دلیلوں سے استدلال کے قاعدوں اور ضابطوں کا علم. (ii) دلیل و حجت سے استدلال کرنا. [ع].

منطق جھاڑنا محاورہ. باتیں بگھارنا، اِدھر اُدھر کی کہنا، بہت باتیں بنانا.

مَنطِق (کس نیز فت م، سک ن، فت نیز کس ط) اند.
کمر میں باندھنے کا پٹکا یا پیٹی، تراکیب میں مستعمل. [ع].

مِنطَقَہ (کس م، سک ن، فت ط، ق) اند.
۱. کمر میں باندھنے کا پٹکا، پیٹی، کمر بند .۲. (جغرافیہ) خطۂ زمین جو دو فرضی خطوط کے درمیان واقع ہے. [ع].

منطقۃ البروج اند. (ہیئت) ایک فرضی آسمانی بڑا دائرہ جس پر بارہ بروج واقع ہیں، راس منڈل، راس چکر.

مَنطِقی (فت م، سک ن، کس ق ط) صف.
۱. منطق سے منسوب یا متعلق؛ علم منطق، دلیل یا حجت والا، مدلل. ۲. علم منطق کا ماہر، منطق عالم .۳. (مجازاً) حجتی، جھگڑالو، بات بات پر تقریر جھاڑنے والا، بحث کرنے والا .۴. (مجازاً) خوش کلام، خوش تقریر، فصیح، خوش گو.

منطقی انجام اند. کسی شئے یا عمل کا مقررہ اصولی اختتام یا نتیجہ؛ فطری انجام.

منطقی جواز اند. فطری یا اصولی جواز.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مِنْظار (کس م، سک ن) اند.
۱. (طبیعیات) دیکھنے کا آلہ، دوربین نیز خردبین. ۲. آئینہ؛ (طب) عینک نیز جسم کی کسی نالی کو کشادہ کر کے دیکھنے کا آلہ. ۳. ایک آلہ جس سے کسی جسم یا شئے کے دو مختلف منظر ایک ہی تصویر میں اتار لیے جاتے ہیں اور تصویر ٹھوس معلوم ہوتی ہے، تجسم بین.

مَنْظَر (فت م، سک ن، فت ظ) اند.
۱. چکی؛ مراد: آنکھ. ۲. (i) نظر پڑنے کی جگہ، حدِنگاہ جو کچھ نظر میں آئے؛ (مجازاً) سماں، نظارہ، تماشا. (ii) (کنایۃً) سیرگاہ، تماشا گاہ، نمائش گاہ. ۳. وہ مقام جہاں سے نظارہ کیا جائے، جھروکا، روشن دان، کھڑکی وغیرہ. ۴. (کنایۃً) طلوع ہونے کی جگہ، مطلع، افق. ۵. (i) صورت، شکل، چہرہ. (ii) دیکھنے کا پہلو یا رُخ؛ دیدار، درشن. ۶. (کنایۃً) مشاہدے کی قوت یا صلاحیت، زاویۂ نگاہ، دائرۂ نظر. ۷. (شاذ) قبضہ دار ڈھکن جو قطب نما (کمپاس) کے شیشے کی حفاظت کے لیے لگایا جاتا ہے. ۸. بلند مقام جہاں سے دور تک دیکھ سکیں، مینار، لاٹھ یا اُونچی عمارت وغیرہ. [ع].

منظر عام پر آجانا/ آنا محاورہ. ۱. کھلی جگہ پر ہونا؛ سب کے سامنے آنا، گوشہ گیر نہ ہونا. ۲. عام لوگوں کے لیے جاری ہونا، اشاعت پذیر ہونا، طبع ہونا (عموماً کتاب وغیرہ)، مشہور ہونا.

منظر کشی/نگاری امث. الفاظ میں نقشہ کھینچنا یا بیان کرنا، منظر نگاری.

منظر نامہ اند. ۱. کہانی یا ڈرامے وغیرہ کی روداد کا مختصر خاکہ جس میں مناظر (سین) کی ترتیب، ڈرامے کے کرداروں کی آمد و شد کی اطلاع وغیرہ کے متعلق ہدایات ہوتی ہیں. ۲. کسی فن، ادب یا تاریخ وغیرہ کے جائزے کا تحریری خاکہ، وقتی صورت حال. ۳. (i) (مجازاً) قدرتی مناظر یا ان کا تصویری خاکہ. (ii) (کنایۃً) صورت حال.

مُنَظَّم (ضم م، فت ن، شد ظ بفت) صف.
۱. دھاگے یا لڑی میں مسلسل پرویا ہوا؛ مراد: وہ (چیز) جو مرتب ہو، تنظیم سے، ترتیب دیا ہوا (کام یا سامان وغیرہ). ۲. (مجازاً) متحد، اکٹھا؛ متفق. [ع].

منظم طور پر م ف. ترتیب سے، سلیقے کے ساتھ، مربوط.

منظم کرنا/ہونا ف مر؛ محاورہ. کسی چیز میں نظم پیدا کرنا، مربوط بنانا.

مَنْظُور (فت م، سک ن، و مع) (الف) صف.
۱. جو نظر آئے، جو پیش نظر ہو، دیکھا ہوا، نظر کیا ہوا؛ مراد: پسند مقبول، خواہش کے مطابق، مقصود، مطلوب. ۲. جس پر رضا مندی کا اظہار کیا گیا، جس کی اجازت دی گئی، تسلیم. (ب) فقرہ. تسلیم ہے قبول ہے، منظور ہے. [ع].

منظور شدہ صف. جس کی اجازت مل گئی ہو، مانا ہوا، منظور کیا ہوا تسلیم شدہ.

منظورِ نظر صف. ۱. جس پر نظرِ عنایت ہو، عنایتِ خاص کا مرکز، محبوب مرغوب، بہت پیارا، پسندیدہ. ۲. پسند، مقبول؛ تسلیم. ۳. پیشِ نگاہ نصب العین، (کسی کام کی) غرض و غایت.

مَنْظُوری (فت م، سک ن، و مع) امث.
۱. رضامندی، قبولیت؛ اجازت، پروانگی، پسندیدگی. ۲. کمر پر باندھنے کی پیٹی، پٹکا.

منظوری دے دینا ف مر. اجازت دے دینا، منظور کر لینا.

منظوری ملنا ف مر. اجازت ملنا، رضا مندی حاصل ہونا.

مَنْظُوم (فت م، سک ن، و مع) صف.
۱. ایک لڑی میں پرویا ہوا، منسلک کیا ہوا؛ (ادب) مقررہ وزن یا میں نظم کیا ہوا (موزوں کلام) شعر کی صورت میں مرتب کیا ہوا ۲. (مجازاً) جس میں ترتیب، نظم یا باقاعدگی ہو، باضابطہ طور پر ترتیب دیا ہوا، جڑا ہوا، مرتب و منظم. [ع].

منظوم ترجمہ اند. (ادب) ایک زبان سے دوسری زبان میں کیا ترجمہ جو نظم میں ہو (خواہ نظم سے نظم میں کیا جائے یا نثر سے نظم میں)

مَنْظُومَہ (فت م، سک ن، و مع، فت م) (الف) صف.
نظم کیا ہوا، ترتیب دیا ہوا، موزوں کیا ہوا. (ب) اند. ۱. شعر/نظم شکل دی ہوئی کتاب یا رسالہ. ۲. (مراداً) نظم، اشعار. ۳. منظوم (سیاروں یا ستاروں کا) نظام.

مَنْع (فت م، سک ن نیز فت ن) (الف) صف (قدیم).
۱. جس کی ممانعت ہو، ممنوع، روک، ممانعت، عدم اجازت. ۲.

نامبارک ، نادرست ، بے جا ، خلافِ حکمت و قانون ۔(ب) اند ۔۱۔ باز رکھنا ، روکنا ۔۲۔ (تصوف) خدا کی طرف سے بخشش نہ ہونا ، عطا کی ضد ۔ ۳۔ (مناظرہ ، منطق) کسی مقدمے (صغریٰ یا کبریٰ) پر دلیل طلب کرنا ، مخالف کے کسی مقدمے کو تسلیم نہ کرنا ۔ [ع] ۔

منع کرنا/ ہونا محاورہ ۔۱۔ باز رکھنا ، روکنا ، ممانعت کرنا ۔۲۔ (مناظرہ) مخالف کے دعوے یا مقدمے کو تسلیم نہ کرنا ۔۳۔ انکار کر دینا ، صاف جواب دینا ۔

مُنْعَطِف (ضم م ، سک ن ، فت ع ، کس ط) صف ۔

(ایک طرف سے دوسری طرف) مڑنے والا ، لوٹنے والا ؛ مراد : متوجہ ، ملتفت ، مبذول (توجہ وغیرہ کے لیے مستعمل) ۔ [ع] ۔

منعطف کرنا محاورہ ۔ موڑنا ، پھیرنا ، مبذول کرنا (عموماً توجہ یا خیال وغیرہ) ۔

مُنْعَقِد (ضم م ، سک ن ، فت ع ، کس ق) صف ۔

۱۔ بندھنے والا ، انعقاد پانے والا ؛ مراد : مقرر ، قائم ، برپا ، جو واقع ہو یا جو عمل میں لایا جائے ۔۲۔ (گرہ کی شکل میں) بستہ ، بندھا ہوا ؛ مراد : منجمد ۔۳۔ (قانون) جمع ہونے والا ، انعقاد پذیر ۔ [ع] ۔

منعقد کردہ صف ۔ برپا کیا ہوا ، قائم کیا ہوا ، عمل میں لایا ہوا ، منعقدہ ۔

منعقد کرنا ف مر ؛ محاورہ ۔۱۔ برپا کرنا ، قائم کرنا (جلسہ یا تقریب وغیرہ) ۔۲۔ باندھنا ؛ عقد پڑھا دینا ، تزویج کرنا ، رشتۂ ازدواج میں منسلک کرنا ۔

مُنْعَقِدَہ (ضم م ، سک ن ، فت ع ، کس مج ق ، فت د) صف ۔

منعقد کیا گیا ، برپا ہونے والا ۔

مُنْعَکِس (ضم م ، سک ن ، فت ع ، کس ک) صف ۔

۱۔ (طبیعیات) کسی شفاف چیز پر عکس کی صورت میں نظر آنے والا ، وہ (شعاع یا صورت) جو شفاف چیز میں الٹ کر آئی ہو ، پرتو انداز ؛ عکس ڈالنے والا ۔۲۔ عکس قبول کرنے والا ، پرتو گیر ۔۳۔ (مجازاً) اُلٹا ، برعکس ، برخلاف ، معکوس ۔ [ع] ۔

منعکس شعاع امث ۔ (طبیعیات) شعاع جو کسی چمک دار سطح سے ٹکرا کر واپس آئے ۔

منعکس کرنا محاورہ ۔ لوٹانا ؛ عکاسی کرنا ، ظاہر کرنا ، اظہار میں لانا ۔

منعکس ہونا امث ۔۱۔ (روشنی کا) ٹکرا کر لوٹنا ، پلٹنا یا واپس آنا ۔۲۔ عکس کا لوٹنا ؛ نظر آنا ، ظاہر ہونا ۔

مُنْعَم (ضم م ، سک ن ، فت ع) صف ۔

جسے فائدہ یا انعام حاصل ہو ؛ تراکیب میں مستعمل ۔ [ع] ۔

مُنْعِم (ضم م ، سک ن ، کس ع) صف ۔

۱۔ نعمت دینے والا ، مربّی ، ولی نعمت ؛ آقا ؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔ ۲۔ دولت مند ، مال دار ، تونگر ، غنی ۔۳۔ (مجازاً) فیاض ، سخی ۔ [ع] ۔

مُنْفَرِج (ضم م ، سک ن ، فت ف ، کس ر) صف ۔

۱۔ کھلا ہوا ، کشادہ ، وسیع ۔۲۔ (مجازاً) فرحت پانے والا ؛ فکر یا غم سے آزاد ؛ آسودہ ، خوش و خرم ، شاد ۔۳۔ (طبیعیات) ایک مرکز سے منتشر ہونے والا ۔۴۔ مختلف ، الگ ، جدا ۔۵۔ (جراحیات) موٹا ، دبیز ، دل دار ۔۶۔ پھیلانے یا منتشر کرنے والا ۔ [ع] ۔

مُنْفَرِجَہ (ضم م ، سک ن ، فت ف ، کس مج ر ، فت ج) صف ؛ — منفرجہ ۔

۱۔ دیکھیے : منفرج ؛ کشادہ ؛ الگ کیا ہوا ؛ منتشر ۔۲۔ (ہندسہ) زاویہ قائمہ سے بڑا زاویہ ۹۰ درجے سے زائد زاویے والا ، منفرجۃ الزاویہ (مثلث وغیرہ) ۔

مُنْفَرِد (ضم م ، سک ن ، فت ف ، کس ر) (الف) صف ۔

۱۔ یکتا ، فرد ، بے مثل ۔۲۔ جس کے ساتھ یا جس میں کوئی دوسرا شریک نہ ہو ، تنہا ، اکیلا ؛ الگ ۔۳۔ (کنایۃً) پختہ ، حقیقی (زبان) ۔۴۔ (معماری) پتھر ، سیمنٹ وغیرہ کا مرکب ، ٹھوس ۔(ب) اند ۔۱۔ (فقہ) بغیر اقتدا کی نیت سے نماز پڑھنے والا شخص ، اکیلا نماز پڑھنے والا ۔۲۔ (ادب) غزل کی ہیئت میں لکھا جانے والا مرثیہ ۔ [ع] ۔

منفرد ہونا ف مر ؛ محاورہ ۔ ممتاز ہونا ، یکتا ہونا ۔

مُنْفَرِداً (ضم م ، سک ن ، فت ف ، کس مج ر ، تن دبلت) م ف ۔

الگ الگ ، ایک دوسرے سے الگ ، تنہائی کی حالت میں ، انفرادیت کے ساتھ ۔

مُنْفَرِدَہ (ضم م ، سک ن ، فت ف ، کس مج ر ، فت د) (الف) صف ۔

۱۔ منفرد ، تنہا ، یکتا ، اکیلا ۔۲۔ پتھر ، کنکر وغیرہ سے مرکب ، ٹھوس ۔(ب) اند ۔

۱. اجزائے جسمی کی ایک قسم کا نام جو غیر مرکب ہوتی ہے. ۲. (i) (شاعری) تخلیقی اور موضوعی طور پر غزل اور قصیدہ سے مختلف غزل کی ایک قسم. (ii) غزل کی ہیئت میں لکھا جانے والا مرثیہ، مفردہ. ۳. (i) (عروض) ایک قسم کا زحاف جس کے تحت کسی رکن میں ایک ہی تغیر واقع ہوتا ہے. (ii) (عروض) ایک ہی رکن (فعولن) اور ایک ہی بحر (متقارب) پر مبنی عروضی دائرہ.

مُنفَصِل (ضم م، سک ن، فت ف، کس ص) صف.
۱. جدا، الگ، علیحدہ، دو ٹکڑے، فاصلے پر (متصل کے مقابل). ۲. فیصل ہونے والا، فیصلہ شدہ، فیصل. [ع].

مَنفَعَت (فت م، سک ن، فت ف، ع) امث.
نفع، فائدہ، یافت. [ع].

منفعت بخش صف. جو فائدہ دے، فائدہ دینے والا، فائدہ مند.

مُنفَعِل (ضم م، سک ن، فت ف، کس ع) صف.
۱. شرمندہ، شرمسار، خجل. ۲. بے چین، مضطرب، پریشان. ۳. اثر پذیر، متاثر. ۴. کیا ہوا، پورا کیا ہوا، بنایا ہوا. ۵. (ادب) انفعالی، غیر متحرک، جامد. ۶. (کنایۃً) ماند؛ بے حیثیت، بے قدر. [ع].

مَنفی (فت م، سک ن) صف.
۱. نفی کیا گیا، رد کیا ہوا، تردیدی، انکاری (مثبت کی ضد). ۲. (منطق) اس امر سے انکار کہ ایک قسم کی نوع کا جزو یا کل دوسری نوع میں موجود ہے. ۳. (i) (ریاضی) گھٹانا یا تفریق کو ظاہر کرنے والا، تفریقی، منہائی. (ii) نفی کیا گیا، منہا کیا ہوا، خارج کیا ہوا. ۴. جدا کیا ہوا. ۵. (قواعد) وہ جملہ جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے، انکاریہ. ۶. (برقیات) جس (تار وغیرہ) میں برقی رو جاری نہ ہو یا کم مقدار میں ہو، (بجلی کی تقسیم کی ایک اکائی) ٹھنڈا تار. ۷. (فلسفہ) انفعالی، غیر رجائی، مایوسی کا. ۸. (طبیعیات) نفی کے طور پر، سلباً (Negatively). ۹. اُلٹا، معکوس تیز معکوس رُخ (عکس؛ ردِ عمل وغیرہ). [ع].

منفی رویہ امذ. مخالف رویہ، ناموافق عمل.

مُنقّا / مُنقّی / مُنقّے (ضم م، فت ن، شد ق) امذ.
ایک قسم کی بڑی کشمش.

مِنقار (کس م، سک ن) امث.
(پرند کی) چونچ، ٹھونگ. [ع].

منقار زیر پر صف. ۱. پروں میں منھ چھپانے والا؛ (مجازاً) بزدل، کم ہمت، کم حوصلہ. ۲. (کنایۃً) خاموش، چپ. ۳. (کنایۃً) چھپا ہوا، پوشیدہ.

مَنقَبَت (فت م، سک ن، فت ق، ب) امث.
تعریف و توصیف، مدح و ثنا؛ مراد: بزرگانِ دین، اولیاء اللہ کی مدح کے اشعار. [ع].

منقبت نگار صف: امذ. (ادب) منقبت لکھنے والا؛ بزرگانِ دین کا قصیدہ لکھنے والا شخص.

مُنقَبِض (ضم م، سک ن، فت ق، کس ب) صف.
۱. بھنچا ہوا، سکڑا ہوا، کس کر بندھا ہوا. ۲. (مجازاً) مکدّر، ناراض، افسردہ رنجیدہ، ناخوش. [ع].

مُنقَسَم (ضم م، سک ن، فت ق، س) صف.
تقسیم شدہ، تقسیم کیا گیا، بانٹا ہوا. [ع].

مُنقَسِم (ضم م، سک ن، فت ق، کس س) صف.
۱. تقسیم ہونے والا، تقسیم کیا گیا، بانٹا ہوا. ۲. مختلف قسم کا، قسم قسم کا (بلحاظ معیار و مقدار) وقفے وقفے سے ہونے والا، غیر مسلسل. [ع

مُنقّش (ضم م، فت ن، شد ق بفت) صف.
۱. جس پر نقش و نگار ہوں، نقشین، بیل بوٹے دار؛ جس پر نقوش کندہ اُبھرے ہوئے ہوں. ۲. (مجازاً) (وہ بات) جو ذہن یا حافظے وغیرہ ثبت ہو جائے. [ع].

مُنقَصِب (ضم م، سک ن، فت ق، کس ص) صف.
کاٹا گیا، جدا کیا گیا؛ جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے (سیارہ یا ستارہ). [ع].

مُنقَطِع (ضم م، سک ن، فت ق، کس ط ع) صف.
(i) قطع ہونے والا، جو کاٹ دیا گیا ہو؛ مراد: قطع، جدا، ٹوٹا (عموماً رابطہ، سلسلہ وغیرہ). (ii) ختم، اختتام کو پہنچا ہوا؛ فیصل شدہ تصفیہ شدہ. (iii) (جراحت) رُکا ہوا، بند (خون کے لیے مستعمل).

منقطع کر دینا / کرنا محاورہ. ۱. قطع کرنا، توڑ دینا، درمیان سے ترک کر دینا. ۲. ختم کر دینا، مٹا دینا، باقی نہ چھوڑنا. ۳. بند کر دینا، روک دینا

منقطع ہونا محاورہ ۔۱۔ جاتا رہنا، ٹوٹنا، کٹنا، قطع ہونا، ختم ہونا، محو ہونا ۔ ۲۔ فیصل ہونا، تصفیہ ہونا، انجام کو پہنچنا ۔

مُنْقَلِب (ضم م، سک ن، فت ق، کس ل) صف ۔
۱۔ اُلٹنے والا، پھر جانے والا، متغیر، بدلنے والا، بدلا ہوا، پھرا یا پلٹا ہوا ۔۲۔ اوندھا، اُلٹا، جس کا منھ یا سر نیچے اور پشت یا پاؤں اوپر ہو ۔ [ع] ۔

مَنْقُوش (فت م، سک ن، و مع) صف ۔
۱۔ نقش کیا ہوا؛ ثبت، جس کے نشانات موجود ہوں، منقش ۔۲۔ لکھا ہوا، مرقوم نیز کندہ ۔ [ع] ۔

مَنْقُوط (فت م، سک ن، و مع) (الف) صف ۔
جس پر نقطہ ہو، نقطہ دار (حرف)، نقطوں والا؛ ہنکیوں والا نیز دانے دار ۔ (ب) اند ۔ (معانی) وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے ہر حرف پر نقطہ ہو (غیر منقوط کے مقابل) ۔ [ع] ۔

مَنْقُوطَہ (فت م، سک ن، و مع، فت ط) (الف) صف ۔
منقوط، نقطہ دار (غیر منقوط کے مقابل) ۔ (ب) اند ۔ (معانی) ایک صنعت کا نام جس میں عبارت یا اشعار کے تمام حروف نقطہ دار آئیں ۔

مَنْقُول (فت م، سک ن، و مع) (الف) صف ۔
(کسی شخص سے) نقل یا روایت کیا گیا ۔ (ب) اند ۔۱۔ نقل کی ہوئی عبارت نیز تصویر ۔۲۔ وہ علم جو عقل کی بجائے نقل یا بیان کی ہوئی باتوں سے بحث کرتا ہے (حدیث، فقہ وغیرہ) ۔ [ع] ۔

منقول کرنا ف مر؛ محاورہ ۔ نقل کرنا، روایت کرنا، حوالہ دینا ۔

منقول ہونا ف مر؛ محاورہ ۔ روایت ہونا، بیان کیا جانا ۔

مَنْقُولَہ (فت م، سک ن، و مع، فت ل) صف ۔
۱۔ نقل کیا ہوا، دہرایا ہوا ۔۲۔ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا سکے (عموماً مال، جائداد) ۔

منقولہ جائداد مث ۔ وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں جیسے مال، اسباب، نقدی وغیرہ ۔

مُنَقّٰی/مُنَقّے (ضم م، فت ن، شد ق، ا بشکل ی) (الف) صف؛ ← منقا ۔
صاف کیا گیا، صاف کیا ہوا، مصفا نیز بیج نکالا ہوا ۔ (ب) اند ۔ خشک کیا ہوا بڑا انگور؛ بڑی کشمش (مویز منقیٰ تھا صرف منقی رہ گیا) ۔ [ع] ۔

مَنْکا (۱) (فت م، سک ن) اند ۔
۱۔ (مالا یا تسبیح کا) سونے یا چاندی کا دانہ، بیضوی شکل کا لمبوترا نگینہ، ہر قسم کے چھوٹے گھونگے، وہ مہرہ جو فقیر گلے میں ڈالتے ہیں؛ (مجازاً) تسبیح یا مالا ۔ [س] ۔

مَنْکا (۲) (فت م، سک ن) اند ۔
۱۔ گردن کے عین پیچھے ریڑھ کا پہلا جوڑ، گردن کے پیچھے کی ہڈی جو ریڑھ کے بالکل اوپر ہوتی ہے اور جس پر گردن قائم رہتی ہے، فقرہ؛ مہرۂ گردن نیز مہرۂ پشت ۔۲۔ گردن کی ہڈی کا اُبھار جو جوان ہونے پر گلے میں نکلتا ہے، تفاح آدم ۔ [س] ۔

منکا ٹوٹنا ف مر؛ محاورہ ۔ گردن کا مہرہ ٹوٹ جانا، گردن ناکارہ ہو جانا ۔

منکا ڈھلکنا/ ڈھلنا محاورہ ۔ مرتے وقت گردن کا ایک طرف کو بے سکت ہو کر جھک جانا، مرنے کے قریب ہونا نیز دم توڑ دینا ۔

مُنْکَر (ضم م، سک ن، فت ک) صف؛ اند ۔
۱۔ انکار کیا گیا، مکروہ، معیوب، زبوں؛ (فقہ) نامشروع کام، برا کام ۔ ۲۔ (اُصول حدیث) وہ روایت جس میں صدق راوی کے شرائط نہ پائے جائیں، وہ حدیث جس کا ضعیف راوی، قوی راوی کی مخالفت کرے، قابل انکار، نادرست ۔۳۔ ایک فرشتہ جو نکیر (دوسرے فرشتے) کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا ۔ [ع] ۔

منکر (و) نکیر اند؛ ج ۔ (فقہ) وہ دو فرشتے جو قبر میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مردے سے حساب کتاب کے لیے آتے ہیں، نکیرین ۔

مُنْکِر (ضم م، سک ن، کس ک) (الف) صف ۔
انکار کرنے والا، نہ ماننے والا؛ مکر جانے والا ۔ (ب) اند ۔ خدا کے وجود سے انکار کرنے والا، کافر ۔ [ع] ۔

منکر ہو جانا/ ہونا محاورہ ۔ مکرنا، انکار کرنا، نہ ماننا، قول سے پھرنا، قائل نہ ہونا ۔

مُنْکِرِین (ضم م، سک ن، کس ک، ی مع) اند؛ ج ۔
منکر کی جمع، انکار کرنے والے لوگ؛ خدا، رسول اور قرآن کے احکام کا انکار کرنے والے، کفار ۔

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

منکرین حدیث اند: ج. حدیث سے انکار کرنے والے لوگ.

مُنْکَسِر (ضم م، سک ن، فت ک، کس س) صف: اند.
۱. (i) انکسار برتنے والا، متواضع، خاکسار. (ii) (کنایۃً) حقیر، گھٹیا، اونی. ۲. (i) شکستہ، ٹوٹا ہوا؛ (کنایۃً) شکستہ حال، مسکین، عاجز. (ii) شکست کھایا ہوا، ہارا ہوا. [ع].

منکسر المزاج/ منکسر مزاج صف: اند. جس کے مزاج میں انکسار ہو؛ مسکین طبع، خاکسار، متواضع شخص.

منکسر المزاجی/ منکسر مزاجی امث. منکسرالمزاج ہونا، مزاج میں انکسار ہونا، خاک ساری، تواضع.

مُنْکَشِف (ضم م، سک ن، فت ک، کس ش) صف.
کھلنے والا، کھلا ہوا، ظاہر، آشکارا، واضح، اِلقا کیا ہوا. [ع].

مَنْکُوح (فت م، سک ن، و مع) صف.
جس کا نکاح کیا گیا ہو، جو نکاح میں آ گیا ہو، (وہ لڑکا یا لڑکی) جس کا عقد ہو گیا ہو. [ع].

مَنْکُوحَہ (فت م، سک ن، و مع، فت ح) صف: امث.
جس سے نکاح ہوا ہو (عورت)، نکاحی؛ (کنایۃً) بیوی، زوجہ.

منکوحہ ہونا ف مر. نکاحی بیوی ہونا، شرعی بیوی ہونا.

مَنْکِہ (فت م، سک ن، کس ہ ک) ضمیر.
میں کہ، میں، جس کا نام ونشان یہ اور پتا یہ ہے (عدالتی دستاویزات، رسید وغیرہ کے آغاز میں مسمی یا مسماۃ کے ساتھ اپنے نام سے پہلے مستعمل).

مَنگ (فت م، غنہ) ف م.
۱. (پنجاب) مانگ، منگیتر. ۲. اُمنگ، خواہش.

مَنگانا (فت م، مغ) ف م.
حکم یا فرمائش کر کے طلب کرنا، باہر سے (کوئی چیز) طلب کرنا؛ کسی کو بلوانا.

مَنگائی ہِسّی، لے آیا بِھڑ کہاوت. حکم یا فرمائش کے خلاف کام کرنے والے کے بارے میں کہتے ہیں کہ نہایت بے وقوف ہے.

مَنگتا (فت م، غنہ، سک گ) اند.
بھیک مانگنے والا، بھکاری، فقیر، گدا.

مَنگتی (فت م، غنہ، سک گ) امث.
۱. مانگنے والی، فقیرنی، بھکارن. ۲. مانگنا، بھکاری پن؛ (مجازاً) فقیری، گداگری. ۳. درخواست.

مُنگچی/مُنگچھی (ضم م، غنہ، سک گ/ضم م، غنہ، سک چ) امث.
پسی مونگ کی دال کی پھلکی (جسے تیل یا گھی میں تل کر شوربے اور سالن کے طور پر بھی پکاتے ہیں) نمکین پھلوری، بڑیاں یا پکوڑیاں.

مَنگل (فت م، غنہ، فت گ) (الف) اند.
۱. ہفتے کے دنوں میں سے ایک دن، پیر کے بعد اور بدھ سے پہلے کا دن، سہ شنبہ. ۲. (i) خوشی کا گیت. (ii) (قدیم) شادیانہ، شادی کی نوبت، ڈھول تاشے. ۳. (i) خوشی، جشن؛ سامان عیش ونشاط؛ چہل پہل، رونق، آبادی. (ii) خوش قسمتی، خوش طالعی؛ کامیابی؛ خوشی کا موقع؛ پرانی اچھی رسم، کوئی مذہبی رسم یا تقریب؛ قربانی جو آگ پر کی جائے (خوشی کے موقعوں پر) تیوہار. (ب) صف. ۱. سعد، نیک، مبارک، شبھ. ۲. خوش، شاداں، مسرور. [س].

منگل چار اند. کسی کی خوش بختی کے لیے دعائیہ تقریب یا عبارت؛ جشن. [س].

منگل سُتَر/ سُوتَر اند. (ہندو) نیک فال کا تاگا؛ (عموماً) وہ تاگا جو بیاہ کے وقت (دولھا) دلہن کے گلے میں منتر پڑھ کر باندھا جاتا ہے، وہ تاگا یا سکری جو (سہاگن) عورتیں گلے میں پہنتی ہیں (اس کی عدم موجودگی بیوگی کا اظہار ہوتی ہے).

منگل گانا محاورہ. ۱. خوشی یا مبارک باد کے گیت گانا، خوشی میں گانا، خوشی منانا، خوشی کرنا. ۲. کسی کی تعریف یا اعزاز میں گانا.

منگل وار اند. سہ شنبہ، منگل کا دن.

مَنگنی (فت م، غنہ، سک گ) امث.
بیاہ کا پیام، نسبت، سگائی.

مَنگوانا (فت م، غنہ، سک گ) ف م.
۱. منگانا، کسی کے ذریعہ طلب کرانا. ۲. کسی سے کوئی چیز عاریۃً طلب کرنا؛ سوال کرانا؛ جیسے: بھیک منگوانا؛ کرانا؛ جیسے: دعا منگوانا.

مُنگوچی/ مُنگوچھی (فت نیز ضم م، مغ، و لین) امث.
مونگ کی بھیگی دال کو پیس کر اور تل کر پکائی ہوئی بڑیاں یا پکوڑیاں،

چھلکیاں جن سے ہانڈی پکا کر بطور سالن استعمال کی جاتی ہے .

مُنگوری/ مُنگوڑی (فت م، مغ، و لین) امث.
ماش کی پھلوری، پھلکی.

مَنگول (فت ج م، مغ، و مج) امذ.
دیکھیے: مغل. [ف].

مَنگیتَر (فت م، مغ، ی مج، فت ت) صف مذ نیز مث.
جس کی منگنی ہوگئی ہو، وہ (لڑکا یا لڑکی) جس کے ساتھ منگنی ہوئی ہو.

مِنْ مِن (کس م، سک ن، کس م) (الف) م ف: ← منمن.
آہستگی سے، سستی سے، ڈھیل سے، دیر سے؛ جیسے: من من کھانا نیز موہوم طور پر. (ب) صف. وہ جو آہستہ ناک میں بولے، جو بہت آہستہ بولے؛ دھیما، مدھم (جلنے والا)، جھلملانے والا (روشنی). [حکایت الصوت]

من من کرنا محاورہ. ۱. ناک میں بات کرنا. ۲. آہستہ آہستہ کام کرنا، سستی سے کام کرنا.

مِنْمِنا (کس م، سک ن، کس م) (الف) صف.
جو ناک میں بات کرتا ہو. (ب) م ف. دیکھیے: من من، آہستہ سے.

مُنْمُنا (ضم م، سک ن، ضم م) صف.
چھوٹا، پستہ قد، چھوٹا سا، ننھا سا. [مقامی].

مِنْمِنانا (کس م، سک ن، کس م) ف ل.
۱. ناک میں بولنا، صاف نہ بولنا؛ (کنایۃً) بڑبڑانا. ۲. آہستہ سے کھانا، سستی سے کھانا، جوئیں سی مارنا.

مِنْمِناہَٹ (کس م، سک ن، کس م، فت ہ) امث.
ناک میں بولنے کی کیفیت، ہلکی سی ناک سے نکلی ہوئی آواز.

مَنْنا (فت م، سک ن) ف ل.
۱. من جانا، راضی ہونا. ۲. (قدیم) تسلیم ہونا، قبول ہونا، مستجاب ہونا (درخواست، دعا وغیرہ).

مَنُو (فت م، و مع) (الف) صف.
عقل مند، دانا، دانش مند. (ب) امذ. ۱. (ہندو) پہلا آدمی جس سے انسانی نسل کا آغاز ہوا، آدم، برہما کا بیٹا (منو ۱۴ بتائے جاتے ہیں). ۲. سوچنے والی مخلوق، انسان. ۳. فعل، عمل. [س].

مُنّو (فت م، شد ن بضم) امذ.
چھوٹے بچوں کے لیے پیار کا نام، منا.

مَنوا (۱) (فت م، سک ن) امر.
منوانا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

منوا کے چھوڑنا محاورہ. اپنی بات تسلیم کرا کے راضی ہونا، اقرار کرا لینا، کہلوا کے چھوڑنا، اپنی بات تسلیم کرائے بغیر پیچھا نہ چھوڑنا.

منوا لینا محاورہ. تسلیم کرا لینا، اقرار کرا لینا.

مَنوا (۲) (فت م، سک ن) امذ.
من، دل، جان، روح نیز اے دل.

مَنوانا (فت م، سک ن) ف م.
تسلیم کرانا، اقرار لینا، کہلوا چھوڑنا، قبول کرانا، ہامی بھروانا، منظور کرانا.

مِنُوچِہر (کس م، و مع، کس ج چ، سک ہ) (الف) صف.
آسمان جیسے چہرے والا؛ اعلیٰ درجے کا. (ب) امذ. قدیم فارس کے مشہور بادشاہ ایرج کا فرزند جسے فریدون نے پرورش کیا تھا (عموماً داستانوں اور نظموں میں مستعمل). [ف].

مُنَوَّر (ضم م، فت ن، شد و بفت) صف.
۱. روشن، نورانی؛ اجاگر، چمکیلا، درخشاں، تاباں. ۲. (کنایۃً) واضح صاف، غیر مبہم. [ع].

منور کرنا محاورہ. روشن کرنا، چمکانا؛ پاک و صاف کرنا.

مُنَوَّرہ (ضم م، فت ن، شد و بفت، فت ر) صف.
دیکھیے: منور؛ روشن (عموماً مدینہ کے ساتھ مستعمل).

مُنَوِّم (ضم م، فت ن، شد و بکس) صف.
نیند لانے والا، سلا دینے والا؛ نشہ آور، خواب آور (غذا یا دوا وغیرہ) [ع].

مَنوں (فت م، و مج) صف؛ م ف.
من کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل؛ (مجازاً) ڈھیروں، بہت سے، بہت زیادہ (وزن میں).

منوں خاک کے نیچے م ف. (کنایۃً) قبر میں، لحد کے اندر.

منوں مٹی تلے سونا محاورہ. قبر میں ہونا؛ مرجانا، انتقال کر جانا.

منوں من م ف. منوں کے حساب سے ، ڈھیروں ، بہت زیادہ ، بے حساب

مُنَوَّن (ضم م ، فت ن ، شد و بفت) صف.
جس پر تنوین (دو زبر ، دو زیر یا دو پیش کے ذریعے نون کی آواز پیدا کرنا) ہو ، تنوین رکھنے والا (حرف جو عموماً عربی حروف تہجی میں سے ہوتا ہے ؛ جیسے : فوراً ، عمداً ؛ نسلاً بعد نسلاٍ وغیرہ میں ر ، د ، اور ل پر تنوین ہے). [ع].

مَنوہَر (فت م ، و مج ، فت ہ) صف.
من کو موہ لینے والا ، دل کو لبھانے والا ، خوب صورت ، حسین و جمیل ؛ (مجازاً) معشوق. [س].

مَنَوی (فت م ، ن) صف.
منی (مادۂ تولید) سے منسوب و متعلق ، منی کا ، نطفے کا ؛ تراکیب میں مستعمل.

مِنہ (کس مع م ، مغ) اند :- مینہہ ، مینھ.
بارش ، برکھا ، باراں.

مِنْہُ (کس م ، سک ن ، ضم ہ) ضمیر.
اُس سے ؛ جب کوئی شعر مضمون یا حاشیہ مولف کا ہو تو منہ لکھ دیتے ہیں.

مُنہ (ضم م ، مغ) (الف) اند :- منھ ، مو ، موں ، موند ، مونھ :- موہ.
۱. ماتھے سے ٹھوڑی تک دونوں کنپٹیوں کے درمیان کا حصہ (کل یا جزو) ، چہرہ ، صورت. ۲. دونوں ہونٹوں کے بیچ کا سوراخ جس سے کھاتے ہیں ، دہن ، دہانہ. ۳. (i) زبان ، حلق. (ii) ہونٹوں سے حلق تک پورا خلا ؛ قعر ، گہراؤ ، گہرائی. ۴. وجود ، دم ، ذات ، ہستی ، شخصیت. ۵. کسی چیز میں داخل ہونے کا سوراخ یا اس کا ابتدائی حصہ ، دہانہ. ۶. (طب) زخم وغیرہ کا وہ حصہ جہاں سے وہ رستا ہے ، پھوڑے یا زخم کا سوراخ. ۷. کھلے ہوئے ظرف وغیرہ کے اوپر کے کنارے. ۸. ڈاٹ ، ڈھکن لگانے کا سوراخ / جگہ. ۹. پاس ، لحاظ ، ملاحظہ ، مروت ، طرف داری. ۱۰. حوصلہ ، مقدرت ، جرأت ، ہمت ، طاقت ، مجال ، تاب. ۱۱. دروازہ ، در ، دوارا. (ب) م ف. ۱. منھ بھر ، جتنا منھ میں آئے ، لقمہ وغیرہ. ۲. تھوڑا بہت ، کچھ ، ذرا سا. ۳. سبب ، باعث ، وجہ ، واسطہ ، کارن.

منہ اتر جانا / اترنا / اوترنا محاورہ. ۱. چہرے پر اضمحلال کی کیفیت ہونا ، رنج و ملال ، خوف یا شرمندگی سے رنگ اُڑ جانا. ۲. دُبلا ہو جانا ، چہرے سے نقاہت عیاں ہونا ، رنگ روپ بگڑ جانا (عموماً بیماری سے).

منہ اتنا سا نکل آنا / ہو جانا محاورہ. مرض ، خوف ، شرم ، رنج و ملال ، فکر وغیرہ کے باعث چہرہ دُبلا اور بے رونق ہو جانا.

منہ اٹھا کر کہنا محاورہ. بے سوچے سمجھے کہنا.

منہ اٹھائے آنا محاورہ. بے دھڑک آنا ، بلا جھجک داخل ہونا.

منہ اٹھے م ف. صبح سویرے ، تڑکے ، علی الصباح ، دن نکلے.

منہ اندھیرے م ف. علی الصباح ، صبح سویرے ، تڑکے.

منہ اوندھا کر / کے / اوندھائے م ف. ۱. رنج ، فکر یا خفگی میں منھ لپیٹ کر ، ناراض ہوکر ، اٹوائی کھٹوائی لے کر. ۲. نیچے کی طرف منھ لٹکا کر ، سامنے کے حالات سے بے خبر ہوکر (چلنا کے ساتھ مستعمل).

منہ آجانا / آنا محاورہ. ۱. زبان اور منھ کے اندر آبلے پڑ جانا ، منھ میں زخم ہونا. ۲. طعن و طنز کرنا ، برا بھلا کہنا ، آوازہ کسنا ؛ گستاخ ہونا ، سر ہونا ، مقابل ہونا ، دوبدو ہونا.

منہ بسورنا محاورہ. منھ کی ہیئت بگاڑ کر رونے کی سی شکل بنانا ، رونی صورت بنانا.

منہ بگاڑ دینا / بگاڑنا محاورہ. ۱. (i) تھپڑ یا جوتوں سے مار مار کر منھ سُجا دینا ، مارتے مارتے چہرے کو زخمی کر دینا ، بہت مارنا. (ii) بدشکل کر دینا ، چہرے کو خراب یا ٹیڑھا میڑھا کر دینا. ۲. ذلیل کرنا ، ذلّت دینا ، شرمندہ کرنا. ۳. منھ کا ذائقہ خراب کر دینا. ۴. تیوریوں پر اس طرح بل ڈالنا جس سے ناراضی ، نفرت یا کراہت وغیرہ ظاہر ہو ، غصہ کرنا. ۵. منھ ٹیڑھا کر کے ہنسنا.

منہ بنا کر م ف. بگڑ کر ، ناراض ہوکر ، خفا ہوکر ، تیوری چڑھا کر.

منہ بنانا محاورہ. ۱. رونی صورت بنا کر تکلیف کا اظہار کرنا. ۲. رنجیدہ ہونا ، ناخوش یا ناراض ہونا ، مکدّر ہونا ، تیوری پر بل ڈالنا. ۳. بدذائقہ چیز منھ میں جانے کے وقت چہرے کی ہیئت بدلنا ، (کسی کھانے کی چیز سے) بدمزگی یا بے رغبتی کا اظہار کرنا. ۴. داڑھی مونچھوں کی حجامت بنانا. ۵. تھپڑ مارنا ، دھپے سے منھ کی ہیئت بدل دینا ، لپڑ مار کر سیدھا کرنا. ۶. منھ کھول دینا ، (زخم پھوڑے وغیرہ میں) چھید کرنا ، سوراخ بنانا.

منہ بن جانا محاورہ. ۱. تیوری چڑھنا، خفگی ہونا، خاطر میں نہ آنا، ناپسند ہونا. ۲. منھ ٹیڑھا ہونا، صورت بگڑنا.

منہ بند (الف) صف. ۱. (i) لب بستہ، خاموش. (ii) بن کھلا (پھول)، شگوفہ. (iii) جس میں ڈاٹ لگی ہوئی ہو، جس کا سوراخ بند ہو (شیشہ، بوتل وغیرہ). ۲. جس کا بالائی کھلا ہوا سرا یا کنارے بھینچے ہوئے ہوں، ڈھکا ہوا، بند کیا ہوا. ۳. (کنایۃً) کنواری، دوشیزہ، باکرہ. (ب) اند. وہ ڈھانا یا جالی دار چیز جو چوپایوں کے منھ پر باندھتے ہیں، منھ چھیکا.

منہ بند کردینا/ کرنا محاورہ. ۱. (i) بولنے پر پابندی لگانا، خاموش کردینا، چپ کرادینا. (ii) خاموش ہو جانا، چپ رہنا. ۲. شخص کی بات یا اعتراض کا مثبت جواب دینا، مباحثے میں شکست دینا. ۳. (i) کچھ دے دلا کر مخالفت کرنے سے باز رکھنا. (ii) رشوت دے کر سچ بولنے یا گواہی دینے سے روکنا. ۴. دہانے یا سوراخ کو بند کردینا، کھدی ہوئی جگہ کو مٹی وغیرہ سے پاٹنا.

منہ بننا محاورہ. ۱. صورت بگڑ جانا، بری طرح مار کھانا (اثبات و نفی دونوں میں مستعمل). ۲. ترش روئی، خفگی یا ناپسندیدگی سے تیوری پر بل پڑنا.

منہ بولا (الف) صف. ۱. بنایا ہوا، حقیقی کے خلاف، جو سگا نہ ہو. ۲. زبانی، بے اصل، ظاہری، اندازے پر مبنی. (ب) اند. منھ بولا بیٹا، گود لیا ہوا بیٹا.

منہ بولتی تصویر امث. ۱. ایسی تصویر جس کو دیکھ کر یہ محسوس ہو کہ اب بول پڑے گی، نہایت عمدہ اور حسین تصویر. ۲. وہ شخص یا چیز وغیرہ جس کے خال و خد یا نقش و نگار دوسرے سے بالکل یا بہت ملتے ہوں، نہایت مشابہ تصویر، ہو بہو عکس. ۳. (مجازاً) سچی تصویر، اصلی یا خالص خاکہ.

منہ بولی صف مث. غیر حقیقی، جو سگی نہ ہو (ماں یا بیٹی وغیرہ).

منہ بھرنا محاورہ. ۱. بہت زیادہ نوازنا، بخشنا. ۲. (کسی کو) بہت سا روپیہ، سامان یا کچھ اور دینا (عموماً امداد، نذرانے یا رشوت کے طور پر). ۳. رشوت یا نذرانہ ملنا. ۴. کثرت سے کوئی چیز کھلانا یا پلانا، سیر کرنا، سیراب کرنا. ۵. کسی چیز سے گڑھے، سوراخ وغیرہ کی گہرائی پاٹنا، لبالب کردینا. ۶. منھ میں لقمہ دینا، منھ پر کرنا. ۷. اتنا دینا کہ سائل وغیرہ پھر نہ مانگے. ۸. چپ کرانا، اپنے خلاف کہنے سے باز رکھنا، منھ بند کرنا. ۹. تھوڑا سا کھانا پینا.

منہ پر/ پہ م ف. ۱. سامنے، روبرو، بالمقابل، موجودگی میں : بالمواجہ. ۲. زد پر، مقابلہ پر، مقابلہ میں. ۳. (i) زبان پر، لب پر، ہونٹوں پہ. (ii) دہانہ یا ناک پر. (iii) چہرے پر، رخساروں پر. ۴. ظاہر میں، بہ ظاہر، دیکھنے میں. ۵. کسی چیز کے کناروں پر، دھار پر، دہانے پر. ۶. (شاذ) واسطے، کے لیے، خاطر.

منہ پر/ پہ، اور، پیٹھ پیچھے اور فقرہ. ظاہر میں دوست باطن میں دشمن، منافق ہے.

منہ پر/ پہ، آنا محاورہ. ۱. زبان پر آنا، (بات وغیرہ) زبان سے نکلنا، کہہ دینا. ۲. (i) مقابل ہونا، مقابلہ کرنا، دوبدو ہونا. (ii) زد پر آنا، نشانہ پر آنا. ۳. پیش آنا، آگے آنا، نمودار ہونا، ظاہر ہونا. ۴. برابری کرنا، ہم سر ہونا. ۵. چہرے پر آنا، چہرے پر نمودار ہونا.

منہ پر بارہ بجنا محاورہ. چہرہ بے رونق ہونا، چہرے سے رنج و ملال ظاہر ہونا.

منہ پر/ پہ، خاک (سی) اڑنا محاورہ. چہرے کا بے رونق ہو جانا، آب و تاب جاتی رہنا، منھ فق ہو جانا، چہرہ اتر جانا، ہوائیاں اڑنا.

منہ پر دے مارنا ف مر: محاورہ. ۱. منھ پر مارنا، کسی چیز کو پھینک کر منھ پر ضرب لگانا. ۲. حقارت سے لوٹانا، تحقیر کے ساتھ واپس کرنا.

منہ پر/ پہ کہنا محاورہ. بلا رو رعایت کہنا، صاف صاف صاحب معاملہ کی موجودگی میں کہنا، سامنے بیان کرنا.

منہ پھاڑنا محاورہ. ۱. چیخنا، چلانا، زور کی آواز سے بولنا، گانا یا ہنسنا، زبان درازی کرنا. ۲. (کھانے یا پھاڑنے کے لیے) منھ پھیلانا، منھ کھولنا. ۳. بے شرم بن کر مانگنا، مانگنے میں لحاظ نہ کرنا (عموماً روپیہ پیسا). ۴. کھسیانی ہنسی ہنسنا.

منہ پھٹ صف. ۱. بدتمیز، بے خوف و بے لحاظ، زبان دراز، بے مروّت، بد لحاظ. ۲. (مجازاً) بے لاگ گفتگو کرنے والا : نڈر، بے باک. ۳. (مجازاً) موقع بے موقع بولنے والا، بڑبولا.

منہ پھلانا محاورہ. ناراض ہونا، منھ سجانا، خفگی کی صورت بنانا، روٹھنا.

منہ پھیرنا محاورہ. ۱. رخ بدل دینا، چہرہ دوسری جانب کرنا نیز بیزار ہو جانا، متنفر یا ناراض ہونا. ۲. (ڈر کر یا شرم وغیرہ کی وجہ سے)

بھاگ جانا ، پست ہمت ہو جانا ، ہتھیار ڈال دینا ، مقابلے سے ہٹ جانا .۳. توجہ یا التفات سے کسی طرف مائل ہونا، کسی طرف رخ کرنا. ۴. التفات میں کمی لانا ، کشیدہ خاطر ہونا ، توجہ نہ کرنا ، برگشتہ ہونا ، روگرداں ہونا .۵. شرم کرنا ، حیا کرنا ، شرمانا ، لجانا .

منہ تکنا محاورہ .۱. خاموشی سے منھ دیکھتے رہنا؛ حسرت و یاس سے دیکھنا ، بے بسی سے نظر کرنا .۲. ہکا بکا رہ جانا ، حیران و ششدر رہ جانا ، حیرت کا اظہار کرنا .۳. نگاہِ طلب سے دیکھنا ، (کسی سے کسی شئے کا) امیدوار ہونا ، مدد کا محتاج ہونا ، آگے ہاتھ پھیلانا .۴. (i) منتظر ہونا ، انتظار کرنا ، راہ دیکھنا. (ii) جواب کا منتظر رہنا .۵. جواب نہ دے سکنا ، لاجواب ہو کر دیکھتے رہ جانا ، لاجواب ہو جانا .۶. کرنے کے موقع پر کچھ نہ کرسکنا ، ہاتھ پر ہاتھ دھر کے بیٹھے رہنا ، معاملے کی طرف سے بے پروائی برتنا ، خاموش اور بے عمل رہنا .۷. دیکھ کر رہ جانا اور کچھ نہ سمجھ پانا .

منہ توڑ جواب امذ. ایسا جواب دینا کہ پھر اس کا جواب ممکن نہ ہو ، حریف کو بالکل خاموش کر دینے والا جواب ، دانت کھٹے کر دینے والا یا دنداں شکن جواب .

منہ توڑنا ف مر؛ محاورہ .۱. چہرے یا منھ کو مجروح کرنا ، سخت سزا دینا ، بہت مارنا .۲. لاجواب کرنا ، شرمندہ کرنا ، بات کی گرفت کرنا .

منہ چڑانا محاورہ .۱. (چھیڑنے کے لیے) بُرا منھ بنا کر دانت نکالنا ، شوخی کرنا ، چھیڑنا .۲. بدنمائی سے نقل کرنا؛ (کسی صفت میں) مقابلے کی مہارت نہ ہوتے ہوئے مقابلہ کرنا ، کسی ایسی بات کا مدعی ہونا جو اپنے میں نہ پائی جاتی ہو .۳. تحقیر کرنا، تضحیک کرنا، مضحکہ اُڑانا ، رسوائی کرنا .

منہ چھپانا محاورہ .۱. (i) منھ کو اوٹ میں کرنا ، منھ ڈھانپنا ، منھ پر نقاب ڈالنا . (ii) شرمانا ، پردہ کرنا ، حیا کے مارے سامنے نہ آنا . ۲. (i) کنارہ کرنا ، بچنا (اس طرح کہ کوئی نہ دیکھ پائے) ، پہلوتہی کرنا . (ii) چشم پوشی کرنا ، نظر بچانا ، اغماض کرنا .۳. شرمندہ ہونا ، شرمسار ہونا ، خجل ہونا ، خجالت یا شرمندگی سے منھ سامنے نہ کرنا . ۴. روپوش ہونا ، مفرور ہونا ، چھپ جانا ، دبکنا .۵. چھوڑ کر چلا جانا ، مرجانا .۶. خوف سے دبک جانا ، دبکی لگانا .

منہ خراب کرنا محاورہ .۱. ذائقہ بگاڑنا ، بدمزہ ہونا ، بے کیف ہونا .

منہ خشک ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. غیر معمولی طور پر زبان خشک ہونا گرمی یا پیاس کی شدت سے زبان کا سوکھ جانا .۲. بات کرتے کرتے منھ سوکھ جانا ، زیادہ کہنا ، کوئی بات بہت کہنا ، کسی بات کو بار بار کہتے رہنا (عموماً اچھی بات کے لیے مستعمل) .۳. (خوف ، گھبراہٹ ندامت وغیرہ سے) چہرہ زرد پڑنا ، گھبرانا ، ڈرنا ، شرمندہ ہونا .

منہ در منہ م ف .۱. روبرو ، سامنے ، آنکھیں چار کر کے ، آمنے سامنے ہو کر ، منھ پر ، بے باکانہ .۲. مقابلے پر .

منہ دکھانا ف مر، محاورہ .۱. صورت دکھانا ، چہرہ سامنے لانا ، جھلک دکھانا .۲. سامنا کرنا ، سرخ رو ہونا ، ندامت سے بچنا ، مقابل ہونا .۳. ملنا جلنا ملاقات کرنا ، دیدار کرنا ، آنکھیں چار کرنا .۴. ظاہر ہونا .۵. سرخ رو ہونا .۶. واپس آنا ، بہ خیر لوٹنا .۷. پیش آنا ، واقع ہونا ، گزرنا .

منہ دکھانا مشکل ہو گیا فقرہ. سخت شرمندگی ہے جس کے سبب سامنا نہیں ہو سکتا ، ندامت ہے .

منہ دکھائی امث .۱. وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو دلہن کو پہلی دفعہ منھ دیکھنے کی رسم کے موقع پر دیا جائے ، رُونمائی کا نیگ .۲. دلہن کا منھ پہلی دفعہ عزیزوں کو دکھانے کی رسم .

منہ دیکھے کی تعریف امث. کسی کے سامنے اس کی تعریف جو نمائشی ہو، خوشامدانہ تعریف .

منہ دھو رکھو فقرہ. (اس کام کی) امید نہ رکھو ، تم اس کام کے قابل نہیں ہو .

منہ زبانی صف نیز م ف .۱. زبانی جو درست اور رائج ہے .۲. باہم زبانی گفتگو ، اپنی زبان سے .۳. جو زبانی یاد ہو ، نوک زبان ، ازبر ، حفظ .۴. زبان سے کہا ہوا ، جو تحریر کی شکل میں نہ ہو ، جو درج نہ ہو ، بے لکھا

منہ زور صف .۱. (i) منھ پھٹ ، دریدہ دہن ، بد زبان ، جو کچھ منھ میں آئے بلا پاس و لحاظ کہہ دینے والا نیز نڈر ، بے باک . (ii) (کنایتہً) بدتمیز ، گستاخ ، بے تکلف .۲. بہت بولنے والا ، بکی ، بکواسی ، گرجنے والا .۳. جو سوار کے کہنے میں نہ ہو ، سرکش ، بدکا ہوا ، بے لگام گھوڑا .۴. (i) مراد : پرزور ، بھرپور ، شدت کا ؛ بدلحاظی پر مبنی . (ii) شدید

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع

انتہائی ۔ (iii) غضب ناک ، بپھرا ہوا ۔ (iv) زور آور ، نہایت طاقت ور ، قوی ۔

منہ سر لپیٹے پڑے رہنا ف مر؛ محاورہ. شرمندگی یا بے زاری کے باعث چھپ کر پڑے رہنا؛ غم کے مارے منہ پر کپڑا وغیرہ ڈال کر لیٹے رہنا ۔

منہ سے پھول جھڑنا محاورہ. ۱. خوش گفتار و فصیح ہونا ، شیریں کلام ہونا ۔ ۲. (طنزاً) بد زبان ہونا ، بازاری باتیں کرنا ، گالیاں سنانا ، بدگوئی کرنا ۔

منہ سے نکلی پرائی ہوئی (بات) کہاوت. جو بات زبان سے ادا ہوجائے وہ راز نہیں رہتی ، راز منھ سے نکلتے ہی مشہور ہوجاتا ہے ۔

منہ فق ہونا محاورہ. چہرے کا رنگ اڑنا ، چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا ، رنگ زرد پڑ جانا ۔

منہ کالا کرنا محاورہ. ۱. دفعان ہونا ، شرمندہ ہوکر چلا جانا ، کسی طرف کو نکل جانا. ۲. بدفعلی کرنا یا کرانا ، زنا یا اغلام کا مرتکب ہونا (اکثر "سے" "یا ساتھ" کے ساتھ) ۔ ۳. کلنک لگانا ، رسوائی کا کام کرنا ، معصیت کرنا ۔ ۴. بہ طور سزا منھ پر سیاہی ملنا اور گدھے پر بٹھا کر بازار میں پھرانا ۔

منہ کو لگنا محاورہ. ۱. مزہ پڑنا ، چسکا پڑنا ، زبان کو چاٹ پڑنا. ۲. خوش ذائقہ معلوم ہونا ، زبان کو ناگوار نہ گزرنا ۔

منہ کی کھانا محاورہ. ۱. (i) ہار ماننا ، شکست کھانا ، ناکام ہونا ۔ (ii) خفت اٹھانا ، شرمندہ ہونا ، ذلیل ہونا. ۲. منہ پر چوٹ کھانا (عموماً گر کر). ۳. جان کر دھوکے میں آنا ، دھوکا فریب کھانا ۔

منہ کُھلا (کا کھلا) رہ جانا محاورہ. حیرت سے تکنے لگنا اور زبان سے کچھ نہ کہنا ، ہکا بکا ہوکر رہ جانا ۔

منہ کھولنا محاورہ. ۱. (i) دہن وا کرنا ، منھ کشادہ کرنا ، کسی انسان یا جانور کا کاٹنے یا کھانے کے لیے منھ کو فراخ کرنا ۔ (ii) کسی چیز کے نکالنے کے لیے بند شے کو کھولنا ، کسی بند چیز بوتل ، بوری وغیرہ کو کھولنا. ۲. (i) زبان کھولنا ، کچھ کہنا ، بات کرنا ، بولنا ، تقریر کرنا ۔ (ii) زبان چلانا ، گالیوں پر اُتر آنا ، برا بھلا کہنے کو آمادہ ہونا ، باتیں سنانا. ۳. حیرت کا اظہار کرنا ، حیران ہونا. ۴. لالچ یا حرص کرنا ، خواہش مند ہونا. ۵. نقاب اٹھانا ، گھونگھٹ کھولنا ، چہرے پر سے کپڑا ہٹانا ۔

منہ لگنا محاورہ. ۱. سر چڑھنا ، گستاخ بننا ، بے تکلف ہوکر باتیں کرنا. ۲. حجت کرنا ، تکرار کرنا ، الجھنا ، بحث کرنا. ۳. کسی کھانے پینے کی چیز کا عادی ہوجانا ، چاٹ لگنا ، چسکا پڑنا. ۴. متوجہ ہونا ، عنایت اور مہربانی سے پیش آنا ، مخاطب ہونا ، اخلاص سے پیش آنا. ۵. برابری کرنا ، مقابلہ کرنا. ۶. ہم کلام ہونا ، ہم سخن ہونا ، بات کرنا. ۷. قرب حاصل کرنا ، ہم صحبت ہونا ، ہم نشیں بننا ، یار بننا ۔

منہ مانگے دام پانا محاورہ. حسب خواہش قیمت حاصل ہونا ، اپنی مرضی کی رقم پانا ۔

منہ موتیوں سے بھر دینا/ بھرنا محاورہ. انتہائی خوش ہوکر یا خوش خبری سن کر کسی کو کثیر انعام دینا ، مالا مال کرنا ، نوازنا ۔

منہ میٹھا کرانا محاورہ. (خوشی میں) مٹھائی کھلانا ۔

منہ میٹھا کرنا محاورہ. ۱. شیرینی کھانا یا کھلانا ، مٹھائی سے تواضع کرنا (خصوصاً کسی خوشی کے موقع پر). ۲. نذرانے ، شکرانے ، عطیے یا رشوت کے طور پر کچھ دینا. ۳. منگنی یا نسبت پکی کرنا ، رشتہ کی بات پکی کرنا. ۴. غم یا غصے کی تلخی دور کرنا ، ہڑپ کر جانا ، کھا لینا. ۵. بخشنا ، نوازنا ، دینا (عموماً بوسہ) ۔

منہ میں بواسیر ہوجانا / ہونا محاورہ. بہت زیادہ بولنا ، ہر وقت بک بک کرنا ۔

منہ میں پانی ، بھر/ بھرا ، آنا محاورہ. ۱. کسی چیز کو دیکھ کر یا سن کر جی للچانا ، کسی چیز کی خواہش میں بیتاب ہونا ، دل چاہنے لگنا ، کسی چیز پر رال ٹپک پڑنا. ۲. اس بات کا افسوس ہونا کہ ہم بھی ایسے کیوں نہ ہوئے ، رشک ہونا ، جلن یا حسد ہونا ۔

منہ میں چاندی کا چمچا لے کر پیدا ہونا محاورہ. نہایت امیر گھرانے میں پیدا ہونا ، نسلاً دولت مند ہونا ، پوتڑوں کا رئیس ہونا ۔

منہ میں خاک/ دھول فقرہ. کسی نازیبا یا بری بات سن کر ، کبھی گستاخانہ کلمے کے جواب میں ، کبھی لعنت پھٹکار کے معنی میں یا جب مانگنے والے کو دینا منظور نہ ہو ا کبھی خود کوئی ایسی بات کہنے کے وقت جس میں بدشگونی وغیرہ ہوتی ہو کے موقع پر مستعمل ۔

منہ میں دانت نہ/نہیں ، پیٹ میں آنت نہیں کہاوت. کہن سال ہونا ، نہایت بڑھاپے کی حد پر ہونا ۔

منہ میں دہی جمانا محاورہ. بولنے کے محل پر بھی خاموش رہنا.

منہ میں گھنگنیاں / گھنگھنیاں ڈال کر بیٹھنا / ڈالنا محاورہ. چپ رہنے کا عزم رکھنا، خاموش رہنا.

منہ میں گھی شکر فقرہ. خدا تمھارا کہنا مبارک کرے، خدا کرے ایسا ہی ہو، سبحان اللہ کیا موافق مراد بات کہی خدا تمھیں جزائے خیر دے (آپ، تیرے، تمھارے کے ساتھ مستعمل).

منہ میں لگام دینا/ لگانا محاورہ. زبان سنبھال کر بولو، سنجیدگی سے بات کرو، بد زبانی سے باز آؤ، منھ کو لگام دینا جو صحیح ہے.

منہ نہ کھولنا محاورہ. ۱. شرم، رعب یا حفظ مراتب سے کچھ کہہ نہ سکنا، کچھ کہنے کی جرات نہ ہونا. ۲. مقابلے میں نہ آسکنا. ۳. ظلم یا زیادتی پر خاموش رہنا، منھ سے کچھ نہ کہنا.

منہ نہ لگانا ف مر: محاورہ. ۱. کھانے پینے کے لیے منھ تک نہ لانا، منھ کو کسی چیز کے قریب نہ لے جانا. ۲. رخ دے کر نہ بولنا، محبت سے بات نہ کرنا، خاطر میں نہ لانا، خیال میں نہ لانا، اخلاص سے پیش نہ آنا. ۳. بے عزت یا بے توقیر سمجھ کر بات نہ کرنا، بات نہ پوچھنا، حقیر جاننا، توجہ نہ کرنا، بے وقار اور ذلیل سمجھنا، التفات کے لائق نہ سمجھنا. ۴. یار نہ بنانا، مصاحب نہ بنانا، صحبت سے نفرت کرنا. ۵. سر نہ چڑھانا، گستاخ نہ بنانا، بے ادب نہ کرنا.

منہ ہی منہ میں بڑبڑانا ف م: محاورہ. زیر لب باتیں کرنا، خود سے باتیں کرنا.

مِنْہا (کس م، سک ن) اند: صف.
تفریق، وضع، کمی؛ کٹا ہوا (تراکیب میں مستعمل). [ع].

منہا کرنا ف مر: محاورہ. گھٹانا، کٹوتی کرنا، وضع کرنا.

مِنْہاج (کس م، سک ن) اند: امث.
۱. راستہ، روشن اور واضح راستہ، کھلی سڑک، شاہراہ. ۲. طریقہ، روش. ۳. قاعدہ، اصول، ضابطہ. ۴. مثال یا خاکہ جس پر عمل یا سوچ کا نظام یا منصوبہ ترتیب دیا جائے. [ع].

منہاج اعلیٰ اند. مثالی طریقہ یا اصول؛ مراد: قرآن و سنت.

مُنْہال (ضم، سک ن) امث.
دھات وغیرہ کی بنی ہوئی چھوٹی سی نلی (شام) جسے حقہ پینے کی جگہ لگا دیتے ہیں.

مُنْہَدِم (ضم م، سک ن، فت ہ، کس د) صف.
گرا ہوا، مسمار (عمارت وغیرہ). [ع].

مِنْہدی (کس رج م، مغ) امث: ← مہندی.
دیکھیے: مہندی جو مستعمل ہے.

مُنْہَضِم (ضم م، سک ن، فت ہ، کس ض) صف.
(طب) جو پیٹ میں پچ جائے، ہضم ہونے والا، پچنے والا، ہضم شدہ [ع].

مَنْہَل (فت م، سک ن، فت ہ) اند.
۱. وہ جگہ جہاں پانی پینے کو ملے، گھاٹ، چشمہ، پانی کے نکلنے پھوٹنے کی جگہ. ۲. صحرا میں قیام کرنے اور ٹھہرنے کی وہ جگہ یا مقام جہاں پانی ہوتا ہو، گھاٹ. ۳. جانوروں کے پانی پلانے تالاب؛ کھیتوں میں پانی دینے کی جگہ. [ع].

مُنْہَمِک (ضم م، سک ن، فت ہ، کس م) صف.
کامل توجہ سے کسی کام میں لگا ہوا، کسی کام میں بہت مصروف. [ع

مَنْہِیّات (فت م، سک ن، شد ی مع) اند: ج.
(فقہ) وہ افعال بد جن کا کرنا شرعاً منع ہے، شرعاً ممنوع اعمال حرام افعال.

مَنْہار (فت م، سک ن، ہ) اند.
منھیار، چوڑیاں بنانے والا.

مَنْہاری (فت م، سک ن، ہ) امث.
منہیار کی تانیث، چوڑیاں بنانے اور بیچنے والی.

مَنی (۱) (فت م) امث.
وہ سفید لیس دار مادّہ (رطوبت) جو بوقتِ انزال عضو تناسل سے نکلتا مرد کا مادۂ تولید. [ع].

مَنی (۲) (فت م) امث.
نقدی، روپیہ، رقم، دولت؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

مَنی آرڈر انگ. ڈاک کے ذریعے نقد روپیہ بھیجنے کا طریقہ، ڈاک کے ذریعے ترسیل زر نیز وہ روپیہ جو ڈاک خانہ کے ذریعہ کسی کو بھیجا جائے۔ [انگ].

منی پلانٹ انگ. پانی میں نمو پانے والی ایک بیل اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کے بڑھنے سے روپیہ پیسا بھی بڑھتا ہے، گھروں میں آرائش کے لیے عموماً بوتلوں میں پانی بھر کر لگا دیتے ہیں یہ مٹی میں بھی لگائی جاتی ہے۔ [انگ].

مِنیٰ (کس م، ا بشکل ی) امذ؛ ~ ملے.
اقصائے مکۂ معظمہ میں ایک مقام کا نام جہاں حجاج کرام زمانۂ حج میں قیام کرتے ہیں اور عبادت و قربانی کرتے ہیں۔ [ع].

مُنی (ضم م) امذ.
۱. دیوتاؤں جیسی خصوصیات کا حامل، تارک الدنیا، وہ جسے الہام ہو، ولی، رشی، اونچے مرتبے کا عالم اور زاہد. ۲. (ہندو) سب سے اونچے درجے کا برہمن یا رشی، تپسی. [س].

مُنّی (ضم م، شد ن) (الف) امث.
(پیار سے) چھوٹی بچی. (ب) صف. چھوٹی (بچی یا چیز وغیرہ).

مُنیب (ضم م، ی مع) صف؛ امذ.
۱. حق کی طرف لوٹنے والا. ۲. نائب مقرر کرنے والا، نائب بنانے والا، نائب رکھنے والا، وہ آدمی جس کا کوئی نائب ہو. ۳. ساہوکار کا منشی اور خزانچی، حساب کتاب رکھنے والا، محاسب، منیم. [ع].

مَنیجَر (فت مج م، ی مج، فت ج) امذ؛ ~ منیجر.
(کسی ادارے یا شخص کا) مہتمم، منتظم، کارندہ.

مُنیر (ضم م، ی مع) صف.
روشنی دینے والا، چمکنے والا؛ (مجازاً) خوش نما، روشن، روشن کرنے والا. [ع].

مُنیف (ضم م، ی مع) صف.
۱. بلند، اونچا ۲. شریف، عالی خاندان. [ع].

مُنیم (ضم م، ی مع) امذ.
حساب کتاب رکھنے والا، محاسب، محرر، منیب. [مقامی].

مُنہ (ضم م، غنہ) امذ.
دیکھیے: منہ مع تحتی الفاظ. [س].

مُو (و مع) امذ.
۱. بال، کیس، رونگٹا. ۲. (مجازاً) (شیشے وغیرہ میں) ہلکے سے شگاف کا نشان، وہ خط جو چینی یا مٹی کے ظرف یا موتی میں پڑ جاتا ہے دراڑ. ۳. عیب، نقص. [ف].

مُوباف امذ؛ ~ مو باف. وہ کپڑے کی پٹی جو عورتیں کنگھی کر کے چوٹی میں گوندھ لیتی ہیں.

موئے تراش صف؛ امذ. ۱. بال کاٹنے والا، حجامت کرنے والا. ۲. بال مونڈنے کا استرہ، بال کاٹنے والا استرہ.

موئے زہار امذ؛ ج. وہ بال جو اندام نہانی یا عضو تناسل کے گرد ہوتے ہیں، پیڑو کے بال، جھانٹ، جھانٹیں.

موئے قلم امذ. نرم بالوں سے تیار کردہ برش، باریک نوک کا برش مصوروں کا باریک قلم، مصور کا باریک برش.

موئے مبارک امذ. ۱. رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سر یا ریشِ مبارک کے بال. ۲. کسی بزرگ ہستی کے متبرک بال جو بطور تبرک رکھے جاتے ہیں.

مُوا / مُوآ (ضم نیز و مع مد) صف مذ.
۱. مُردہ، مرا ہوا، بے جان. ۲. (عو) نگوڑا، خانہ خراب، کم بخت بدنصیب، ناشاد، نامراد (عورتیں بحالت تنفر یا ناز سے یہ لفظ کہتی ہیں).

مَوّاج (فت م، شد و) صف.
موجیں مارنے والا، متلاطم خیز، تند و تیز، طوفان خیز. [ع].

مُواجب (فت م، کس ج) صف؛ امذ.
۱. مقرر کیا گیا، لازم کیا گیا؛ (مجازاً) تنخواہ، مشاہرہ، طلب، وظیفہ؛ واجب الادا رقم؛ مزدوری، کسی مد کی مقررہ رقم. ۲. ضروری اُجرت. ۳. حقوق.

مُواجَہ/مُواجَہہ (ضم م، فت ج / ہ) امذ؛ م ف.
۱. روبرو ہونا، آمنے سامنے ہونا، مقابل میں. ۲. زبانی امتحان، انٹرویو، رسمی ملاقات. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مُواخات (ضم م) اند ؛~ مواخاۃ.
باہم بھائی چارہ ، بھائی بندی ، ایک شخص کا دوسرے کو بھائی بنانا ، باہم رشتہ اخوت قائم کرنا ، باہم بھائیوں کی طرح برتاؤ . [ع] .

مُواخَذہ (ضم م ، فت خ ، ذ) اند.
۱. گرفت ، باز پُرس ، جواب طلبی ، جواب دہی ، پکڑ ۲. بدلہ ، عوض ، مکافات . [ع] .

مَواد (فت م) اند.
۱. زخم یا پھوڑے وغیرہ کی رطوبت ، پیپ ؛ مراد : غلاظت ، کثافت ، آلائش زخم ۲. (مجازاً) کسی چیز کی تیاری سے پہلے اس کے خام اجزا جس سے وہ چیز بنے گی ، کسی شے کی تیاری کا بنیادی سامان ، کسی چیز کے اجزائے ترکیبی ، ضروری اجزا ؛ لوازم ، اسباب . [ع] .

مواد اخذ کرنا ف مر ؛ محاورہ . کسی موضوع سے متعلق متداول تحریریں جمع کرنا .

مواد مہیا کرنا ف مر ؛ محاورہ . کسی منصوبے وغیرہ کے لیے ضروری لوازمات جمع کرنا .

مُوازَنہ (ضم م ، فت ز ، ن) اند.
۱. وزن کرنا ، جانچنا ، اندازہ کرنا ، ہم وزن ہونا ، دو چیزوں کا ہم وزن ہونا ، برابری ۲. کسی صوبہ ، ادارے یا محکمے کی پورے سال کے آمد وخرج کا تخمینہ ، میزانیہ ، بجٹ ۳. کسی تحریر کی نقل کا اصل تحریر سے ملانا ، مقابلہ کرنا .

موازنہ کرنا محاورہ . ۱. ایک بات کی کمی دوسری بات سے پوری کر دینا ، وزن کی کمی کا تدارک کر دینا ، وزن کرنا ، جانچنا ۲. دو یا دو سے زیادہ چیزوں کا آپس میں جانچنا ، وزن کرنا ، باہم مقابلہ کرنا .

مُواصَلات (ضم م ، فت ص) امث ؛ اند ؛ ج .
رابطے کے ذرائع ، ذرائع نقل وحمل ، ذرائع آمد و رفت و ترسیل ، تار اور ٹیلیفون وغیرہ کا نظام نیز ان سے متعلقہ محکمہ (برقی مواصلات ، ٹیلی ویژن ، ٹیلی پرنٹر ، فیکس اور ای میل وغیرہ) . [ع] .

مُواصَلاتی (ضم م ، فت ص) اند.
مواصلات سے متعلق یا منسوب ؛ تراکیب میں مستعمل .

مواصلاتی رابطہ اند . وہ رابطہ یا تعلق جو ذرائع نقل وحمل ، ذرائع آمد ورفت وترسیل ، تار یا ٹیلی فون وغیرہ سے ہو ، مواصلت .

مُواصَلَت (ضم م ، فت ص ، ل) امث .
۱. وصل ، ملاقات ، ملنا ۲. میل جول ، ربط ، تعلق ۳. پیوستگی ، پیوستہ کاری . ۴. (مجازاً) ملاپ ، مباشرت ، جنسی ملاپ .

مواصلت پیدا کرنا محاورہ . میل جول بڑھانا ، میل ملاپ رکھنا .

مُواصَلَہ (ضم م ، فت ص ، ل) اند .
خط وکتابت یا فون وغیرہ پر رابطہ . [ع] .

مَواعِظ (فت م ، کس ع) اند ؛ ج .
۱. نصیحتیں ، ہدایتیں ۲. علما کی تقریریں جو پند و نصائح یا مسائل دینی پر مشتمل ہوں ، وعظ .

مُوافِق (ضم م ، کس ف) (الف) صف .
۱. حیثیت یا شان وغیرہ کے مطابق ، مساوی ، یکساں ، مناسب . ۲. مشابہ ، مشاکل ۳. مزاج یا طبیعت وغیرہ کے مناسب ، لائق سزاوار ، ایک دوسرے سے میل رکھنے والا ۴. جو تائید یا فائدے میں ہو ، اتفاق کرنے والا ، موافقت رکھنے والا ، حامی ، ہمدرد ، ہم خیال .

موافق ہونا محاورہ . ۱. ٹھیک ہونا ، درست ہونا ، مطابق ہونا ۲. راضی ہونا ساتھ دینا ، مزاج یا طبیعت کے مطابق ہونا ، حامی ہونا .

مُوافَقت (ضم م ، فت ف ، ق) امث .
۱. مطابقت ، حیثیت یا شان وغیرہ میں باہم یکسانیت ، برابری ، ساتھ . ۲. رضامندی ، قربت ۳. اتحاد و اتفاق ، دوستی ۴. مزاج یا طبیعت وغیرہ کی مناسبت ، ہم آہنگی ۵. حمایت . [ع] .

مَواقِع (فت م ، کس ع ق) اند ؛ ج .
جگہیں ، مقامات نیز (کسی کام کے) خاص اوقات یا منزلیں ، موقع محل

مُوالاتی (ضم م) صف ؛ اند .
دوستی رکھنے والا ، شریک کار ، خصوصاً وہ گروہ جو ہندوستان کی تحریک آزادی کے دور میں انگریز حکومت کے ساتھ تھا .

مَوالی (فت م) اند ؛ ج .
۱. بادشاہ ، سردار ؛ آقا ، مالک ۲. دوستی رکھنے والے ، یار دوست

حلیف نیز نوکر چاکر. ۳. لونڈی ، آزاد کردہ غلام ؛ لگاتار کام کرنے والا. ۴. بدمعاش ، بے گھر ، بے در. [ع].

موالی تحریک مث. (تاریخ) غلاموں کی تحریک.

موالید (فت م ، ی مع) اند ؛ ج.
۱. پیدا کی ہوئی چیزیں؛ بچے ، لڑکے بالے ۲. مخلوق یعنی جمادات ، نباتات اور حیوانات.

موباف (و مع) اند.
وہ کپڑے کی پتلی دھجی یا پٹی جو عورتیں کنگھی کر کے چوٹی کے آخر میں آرائش کے لیے گوندھ لیتی ہیں تا کہ چوٹی کھل نہ سکے ، چوٹی باندھنے کا فیتہ (دیکھیے ، مو کے تحت). [ف].

موبائل (و مج ، کس ء) اند.
۱. متحرک ، قابل حرکت ، آسانی سے حرکت کے قابل ؛ جیسے : موبائل ٹیم ، موبائل ڈسپنسری ، موبائل شفا خانہ ؛ گشتی ٹیلی فون جو کسی بھی جگہ یا مقام سے استعمال کر سکتے ہیں ، لاسلکی ٹیلی فون ۲. متحرک پولیس کی گاڑی ، سفری ، گشتی. [انگ].

موبائل فون اند. بے تار برقی فون جسے ہر وقت اور ہر مقام پر اپنے ساتھ رکھ سکتے اور استعمال کر سکتے ہیں ، گشتی فون.

موبائل ہونا ف مر ؛ محاورہ. متحرک ہونا ، گشت میں ہونا.

موبد (و مج نیز مع ، فت نیز کس ب نیز ولین ، فت ب) اند.
۱. (i) مذہبی پیشوا خصوصاً پارسیوں اور آتش پرستوں کا مذہبی پیشوا ، پارسی عالم دین ، مجوسیوں کا دینی رہ نما نیز مجوسی ، پارسی. (ii) یہودیوں کا پادری. ۲. دانش مند ، حکیم ، فلسفی. ۳. وزیر ، مشیر. [ع].

موت (ولین) مث (قدیم : اند).
۱. جسم سے روح نکل جانے کی صورت حال ، انتقال ، وفات ، رحلت ، مرگ ، اجل (زندگی کے مقابل). ۲. (مجازاً) شامت ، خرابی ، برائی ، مشکل ، پریشانی. ۳. تباہی ، فنا ، فنا کا باعث ، بربادی ، نیستی ، نابودی ، زوال. [ع].

موت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں کہاوت. مرنے کے لیے ہر وقت تیار رہنا چاہیے معلوم نہیں کس وقت موت آ جائے یہی حال گاہک کا ہے لہٰذا دکان دار کو بھی ہر وقت دکان پر موجود رہنا چاہیے.

موت آنا محاورہ. ۱. قضا آنا ، انتقال کر جانا ، مر جانا ، دنیا سے گزر جانا ۲. سخت ناگوار یا شاق گزرنا ، جان سی نکلنا ، مارے ڈالنا ، دم نکلنا. ۳. شامت یا بدنصیبی آنا ، آفت آ پڑنا ، خرابی آنا ، بدحالی کا ظاہر ہونا. ۴. مردنی چھانا ، پژمردہ ہو جانا.

موت سے کھیلنا محاورہ. موت سے پنجہ کشی کرنا ، خطرات سے نہ ڈرنا ، مرنے کی پروا نہ کرنا.

موت کا پروانہ اند. ۱. اجل کا پیغام ؛ (مجازاً) موت کا باعث. ۲. پھانسی کا پروانہ ، سزائے موت دینے کا خط یا پرچہ.

موت کا فرشتہ اند. ۱. ملک الموت ، فرشتۂ اجل ، عزرائیل علیہ السلام جو روح قبض کرنے پر مامور ہیں. ۲. (کنایۃً) جانی دشمن.

موت کا کنواں اند. ۱. مصنوعی گول چوبی کنواں جس کی دیواروں پر سرکس میں تماشا دکھانے والے موٹر سائیکل یا گاڑی چلاتے ہیں. ۲. (مجازاً) خطرے کی جگہ.

موت کو گلے لگانا محاورہ. موت کو خوشی سے قبول کرنا ، مرنے کے لیے تیار رہنا.

موت کے گھاٹ اتار دینا / اتارنا محاورہ. مار ڈالنا ، قتل کر دینا ، ہلاک کر دینا.

موت کے منھ میں جانا محاورہ. بڑے خطرے میں پڑنا ، بڑی مصیبت یا خطرے کا سامنا کرنا ، بڑی مہم پر جانا.

موت ہونا محاورہ. ۱. موت واقع ہونا ، مرنا ، میت ہو جانا ۲. مصیبت پیش آنا ، خرابی ہونا ، شامت ہونا.

مُوت (و مع) اند.
۱. پیشاب ، بول. ۲. (مجازاً) ؛ منی ، آب پشت ، نطفہ ؛ جیسے : حرامی موت ۳. (مجازاً) بدچلن اولاد ، بدچلن لڑکا ، بُری اولاد.

موت نکلتا ہے فقرہ. خوف یا رعب کے مارے پیشاب نکل جاتا ہے ، نہایت ڈرنا ، خوف زدہ ہونے کے موقع پر کہتے ہیں.

موت نکل پڑنا / نکل جانا / نکلنا محاورہ. بے قصد پیشاب خارج ہونا ؛ خوف کے مارے مُوت دینا ؛ نہایت خائف ہونا.

مَوتا (و لین) امث .
ا میّت ، مرا ہوا ، مردہ ، موتی . ۲. (مجازاً) تقریبِ میت ، رسمِ میت .

موتَمر (و ج ، فت ت ، م) امث .
کانفرنس ، مجلس شوریٰ ، مشاورت کی مجلس ، اجتماع ، اجلاس . [ع] .

مؤتمن (و ج ، فت ت ، کس م) صف .
جو کسی کے مال میں خیانت نہ کرے ، امانت دار ، امین ، معتبر . [ع] .

مُوتنا (و ع ، سک ت) (الف) ف م .
ا. پیشاب کرنا . ۲. (مجازاً) توجہ کرنا ، نظر ڈالنا ، (عموماً نفی میں " بھی " کے ساتھ جیسے : ہم اس پر موتتے بھی نہیں . (ب) اند . (مرد کا) عضو تناسل ، ذکر .

مَوتی (و لین ، اخفل ی) (الف) امث : ← موتا .
ا. موت ، مرگ . ۲. کسی کی موت پر ہونے والی تقریب . (ب) اند ؛ ج .
مردے نیز مردہ ، مردگان ، مرے ہوئے لوگ .

موتی (و ج) (الف) اند .
ا. ایک سفید چمک دار گول دانہ جو سیپی میں سے نکلتا ہے بطور جواہر اور دواء مستعمل ، روایت ہے کہ سمندر میں ایک قسم کا کیڑا ہوتا ہے جو اپنے رہنے کے لیے سیپی بناتا ہے اگر سیپی کے اندر ریت یا کسی اور چیز کا ذرہ داخل ہو جائے تو وہ اسے چبھتا ہے اس لیے یہ کیڑا اس پر اپنا لعاب دہن لگاتا رہتا ہے اور وہ ذرہ بڑا ہو کر موتی بن جاتا ہے ، مروارید ، گوہر ، دُر ، لولو . ۲. مصنوعی چمک دار دانے جو شیشے وغیرہ سے بنائے جاتے ہیں . ۳. (کنایۃً) ستارہ (جو گول اور چمک دار ہوتا ہے) . ۴. (کنایۃً) آنسو . ۵. کتوں کا نام (جو اکثر لوگ رکھتے ہیں) . ۶. (کنایۃً) (حکمت و دانش کے) قول ، اقوال زریں . ۷. قطرہ (پسینہ کا یا اوس وغیرہ کا ، نہایت گول اور مدوّر چیز) . (ب) صف .
شفاف ، آب دار ، بیش قیمت . [س] .

موتی برسانا محاورہ . ا. گہر پاشی کرنا ، موتی لٹانا ، گہر بخشنا . ۲. بارش برسانا .
۳. اعلیٰ قسم کی گفتگو کرنا .

موتی ہاک اند . ا. ایک قسم کی مٹھائی . ۲. ایک قسم کی کلائی یا پنڈلی میں پہننے کا زیور جس میں چاندی یا سونے کے موتی سے ہوتے ہیں .

موتی پرونا ف مر ؛ محاورہ . ا. (i) موتیوں کے سوراخ میں تاگا ڈالنا ، موتیوں کی لڑی بنانا . (ii) بالوں یا کپڑے وغیرہ میں سجاوٹ کے لیے موتی ٹانکنا . ۲. فقروں یا شعروں میں بڑی عمدگی سے لفظوں کی بندش کرنا ، بندش چست ہونا (نثر یا نظم میں) ، دلکش دل آویز باتیں کرنا ، خوش کلامی کرنا ، خوش بیانی کرنا ، خوش سلیقگی سے گفتگو کرنا ، مسلسل تقریر کرنا ؛ ناز و ادا سے پیاری پیاری باتیں کرنا .
۳. (خطاطی) حرفوں کی نہایت خوب صورت کرسی بنا کر بہت دیدہ زیب لکھنا ، بہت موزونیت سے حروف لکھنا . ۴. بہت باریک کام کرنا ، خوش سلیقگی سے کوئی کام انجام دینا . ۵. مسلسل یا لگاتار ٹپ ٹپ آنسو برسانا ، لگاتار رونا ، آٹھ آٹھ آنسو رونا
. ۶. شیرازہ بندی کرنا ، متحد کرنا .

موتی جڑنا محاورہ . ا. موتی ٹکنا ، موتی لگے ہونا . ۲. نہایت خوش خط لکھنا .
۳. (کنایۃً) نہایت خوش خط لکھنا .

موتی چور (الف) صف . ا. موتی کے چورے کی طرح چمک دار ، خوش نما ، نور افشاں ؛ مراد : خوب صورت ، سفید ، چمک دار ، آب دار (خصوصاً آنکھیں) . ۲. جس میں قیمتی موتی پاس پاس جڑے ہوں .
(ب) اند . باریک نکتیوں سے تیار کردہ لڈو .

موتی سی آب مث . موتی کی طرح کی چمک ، ایسی چمک اور خوش نمائی اور صفائی جیسی کہ موتیوں پر ہوتی ہے ، چمک دمک ، نازک چیز ؛ مراد عزت ، آبرو .

موتی سی آبرو مث . موتی کی طرح صاف و شفاف آبرو یا عزت ، ایسی عزت جس میں کوئی عیب نہ لگا ہو .

موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں فقرہ . نہایت خوب صورت اور چمک دار آنکھیں ہیں .

موتی لٹانا ف مر ؛ محاورہ . ا. گوہر افشانی کرنا ، خوب صورت الفاظ برتنا .
۲. آنسو بہانا .

موتیا (و ج ، سک نیز کس ی ج ت) (الف) صف .
موتی کی مانند ، موتی سے مشابہ ، مثل گوہر ، موتی کی طرح چمکیلا ، موتی

کے رنگ کا. (ب) اند: مث. بیلے کی عمدہ قسم کا ایک سفید خوشبودار پھول جو چنبیلی سے موٹا اور زیادہ پنکھڑیوں کا ہوتا ہے اور جس کی منھ بند کلی موتی سے مشابہ ہوتی ہے. (ج) اند. ایک قسم کی آنکھوں کی بیماری جس میں نزلے کا پانی پتلیوں میں اتر آتا ہے اور اس کی وجہ سے بصارت رفتہ رفتہ کم یا زائل ہو جاتی ہے یا بقول بعض رطوبت جلیدیہ مکدر اور میلی ہوجاتی ہے، موتیا بند.

موتیا بند اند. (طب) آنکھ میں پانی اتر آنے کا مرض جس میں بینائی جاتی رہتی ہے.

موتیوں (وج، سک نیز کس ی ج ت، وج) اند: ج.
موتی کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

موتیوں سے منھ بھرنا محاورہ. خوش گفتاری یا خوش خبری و مدح سرائی کے انعام میں جواہرات سے مالامال کردینا، دولت مند بنا دینا، مستغنی عن المال کر دینا، عطا اور بخشش کرنا، نہال کر دینا.

موتیوں کی آب مث. موتی کی سی چمک، موتی کی سی آب و تاب.

موتیوں کے دانت صف مذ. موتیوں جیسے بہت خوب صورت اور چمک دار دانت.

موتیوں میں تولنا محاورہ. ۱. بہت گراں قدر سمجھا جانا، موتیوں کا ہم وزن سمجھا جانا؛ بہت قیمتی جاننا. ۲. نہایت عزت کرنا، نہایت آبرو دار سمجھنا کہ ہم وزن ہیرے جواہرات میں تولا جائے یا ہیرے جواہرات اس پر سے نچھاور کر دیے جائیں.

مُوٹ (وج) اند.
جھوٹ کا تابع.

موٹ (وج) مث.
۱. گٹھڑی، پوٹلی، بنڈل. بندھا ہوا بوجھ. ۲. ڈول، چرسا، چمڑے کا بڑا ڈول. ۳. مٹھی، مشت. ۴. مٹھی یا مٹھ جو مردے کو کفن پہنانے کے بعد سر یا پیر کے اوپر باندھ دیتے ہیں. ۵. (مجازاً) قبضہ، دستہ، گرفت. ۶. لنگوٹ (جو گرہ دے کر باندھا جاتا ہے). ۷. (مجازاً) رسی. [س].

موٹا (وج) صف.
۱. (ا) معتدل جسامت سے زیادہ، بھیم شحیم، فربہ، تنومند، بھاری جسم والا (دبلا کی ضد). ۲. دبیز، گاڑھا، تہہ دار. ۳. گھٹیا، ادنیٰ درجے کا (جیسے: موٹا کپڑا). ۴. (مجازاً) سخت ناگوار، بڑا بھاری، نہایت فحش. ۵. قوی، سخت، مضبوط، کلا. ۶. نمایاں، جلی (خفی کا نقیض). ۷. (مجازاً) مال دار، دولت مند، امیر. ۸. کم فہم، کند، بھدا، ٹھس (ذہن وغیرہ کے لیے مستعمل). ۹. آسان، واضح اور صاف کھلی ہوئی (بات)؛ جیسے: موٹی بات. [مقامی].

موٹا آدمی اند. ۱. بھیم شحیم شخص، پُرگوشت شخص. ۲. (مجازاً) امیر آدمی.

موٹا بھیس صف. دیکھنے میں موٹا اندر سے کھوکھلا (آدمی کے لیے مستعمل).

موٹا جھوٹا صف. ادنیٰ قسم کا، گھٹیا، ادنیٰ درجے کا، معمولی (کپڑے اور اناج یا دست کاری وغیرہ کے لیے مستعمل).

موٹا جھوٹا پہننا ف مر؛ محاورہ. غریبوں کی طرح گزارہ کرنا، گزی گاڑھا پہننا؛ دن کاٹنا.

موٹا جھوٹا کھانا ف مر؛ محاورہ. غریبوں کا سا کھانا کھانا.

موٹاپا (وج) اند: ~ مٹاپا.
۱. فربہی، تنومندی، موٹا ہونے کی حالت. ۲. جسامت، حجم.

موٹائی (وج) مث.
موٹا پن، موٹا ہونے کی حالت، موٹا ہونا.

موٹر (وج، فت ٹ) مث: اند.
۱. بجلی یا ڈیزل سے حرکت میں آنے والا خاص قسم کا انجن جس سے پٹے کے ذریعے مشینیں چلائی جاتی ہیں، کسی مشین کا انجن. ۲. انجن سے چلنے والی گاڑی، ایک چار پہیوں کی تیز رفتار سواری کا نام، کار. [انگ].

موٹر بیلٹ مث. موٹر کا بیلٹ، بند یا فیتہ جو موٹر کو چلنے میں مدد دیتا ہے یا اس کو گھماتا ہے. [انگ].

موٹر سائیکل/سیکل مث. ۱. دو پہیوں والی گاڑی جو درون احتراقی انجن سے چلتی ہے جس پر ایک یا دو افراد کی نشست ہوتی ہے، موٹر بائیکل. ۲. بھاپ سے چلنے والی گاڑی.

موٹر کار مث. دیکھیے: موٹر معنی نمبر ۲.

موٹر وے اند: مث. بہت کشادہ طویل سڑک جو بالخصوص شہروں کے درمیان نہایت تیز رفتاری سے لمبے فاصلے طے کرنے کے لیے بنائی گئی

ہو، اس میں داخلہ اور اخراج صرف مخصوص مقامات ہی سے ہوسکتا ہے.

موٹل (وج، کس خف ٹ) اند.
سستی قسم کی قیام گاہ، اس میں انفرادی اقامت گاہوں کے ساتھ مسافروں کی گاڑیوں کے لیے احاطہ بھی ہوتا ہے. [انگ].

موٹی (وج) صف مت.
۱.فربہ، تنومند، بھیم شحیم. ۲.(i) ضخیم، زیادہ حجم والی. (ii) تہ در تہ، دبیز. ۳.سخت، فحش (گالی). ۴.قوی، مضبوط (گرہ، ٹہنی، وغیرہ). ۵.جلی (خفی کا نقیض). ۶.(i) بھاری، وزنی. (ii) بھاری، بھدی (آواز وغیرہ کے ساتھ). ۷.واضح، عام فہم، سمجھ میں آنے والی (بات)، سامنے کی بات. ۸.جس میں نفاست یا نزاکت نہ ہو؛ بے ہنگم، بے ڈھنگی، بے ڈول. ۹.سخت، فاش، بڑی (غلطی). ۱۰.معمولی، غیر معیاری، کم قیمت، کم تر درجے کی. ۱۱.دھندلی، کمزور، سرسری، سطحی، اُچٹتی ہوئی (نظر، بینائی وغیرہ کے لیے مستعمل).

موٹی آسامی/ آسامی اند، مت. دولت مند آدمی، بڑا شخص، مال دار، دھنی، دھن دولت والا.

مُوٹھ (وج) مت.
۱.مٹھی، مُشت، بند مٹھی. ۲.دستہ، قبضہ. ۳.لاٹھی یا چھڑی وغیرہ کے کنارے پر چڑھی شام یا لٹو. ۴.منتر، جادو، ٹونا، سحر، جپ کر پھینکا ہوا (جادوگروں کا قاعدہ ہے کہ دوالی میں ایک ہانڈی میں جادو کی چند چیزیں بند کر کے اس شخص کی طرف پھینکتے ہیں جس پر جادو کرنا ہوتا ہے)، سفلی عمل، پون. ۵.ہتھا، بائیسکل کا ہتھا جو سوار کے ہاتھ میں رہتا ہے. ۶.(قمار باز) بند مٹھی، چھ کوڑیوں سے کھیلا جانے والا کھیل. [مقامی].

مُوٹھ (وج نیز وج) مت.
ایک قسم کا غلہ یا اناج جو سرخ رنگ کا مونگ کے برابر ہوتا ہے، موٹ. [مقامی].

مُؤثَّر (ضم م، فت، بشکل و، شدث بفت) صف.
کسی چیز پر نشان چھوڑا ہوا، اثر کیا ہوا، تاثیر کیا گیا. [ع].

مُؤثِّر (ضم م، فت، بشکل و، شدث بکس) صف.
اثر کرنے والا، اثر انداز، کارگر، تاثیر والا، پُر تاثیر. [ع].

مؤثر ترین صف. انتہائی اثر انگیز، پُر تاثیر، بہت فائدہ مند.

مَوج (ولین) مت.
۱. پانی کے ذخیرے مثلاً تالاب، ندی، دریا، سمندر وغیرہ کی سطح چھوٹی یا بڑی شکن جو ہوا کے اثر یا کسی چیز کے دباؤ سے پیدا ہو، لہر. ۲.(i) (مجازاً) طبیعت کی لہر، اُمنگ، ترنگ. (ii) (مجازاً) نشے کی ترنگ. ۳.خیال، وہم، سوچ. ۴.(طبیعیات) آواز کی لہر یا آواز کا تعدد. ۵.کثرت، فراوانی، فارغ البالی. [ع].

موج بہ موج صف؛ م ف. ایک لہر کے ساتھ دوسری لہر، موج در موج (مجازاً) مسلسل.

موجِ تبسم مت. (کنایۃً) وہ لکیر جو مسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے، ہنسی کی لہر، خفیف ہنسی جس میں لب اس طرح پھیلیں حرکت محسوس ہو.

موج زن صف؛ م ف. لہریں مارنے والا، اُبلتا ہوا، متلاطم، جوش ہوا؛ (مجازاً) بہتا ہوا، رواں.

موج کرنا محاورہ. مزے سے بسر کرنا، خوش رہنا.

موجِ کوثر مت. کوثر کی لہر، جنت کی نہر کی لہر؛ مراد: جنت کی آسائش

موج میلا اند. سیر و تماشا، تفریح، دل بہلاوا.

موج میں م ف. ترنگ میں، اُمنگ اور جوش کے ساتھ، مزے میں

موجِ نسیم مت. ٹھنڈی ہوا کا جھونکا، بھینی بھینی خوش بودار صبح کی لہر.

مُوجِب (وج، کس ج) (الف) اند.
۱. باعث، سبب، وجہ. ۲.مطابق، بموجب. (ب) صف. واجب کرنے والا، لازم کرنے والا، مقرر کرنے والا. [ع].

مُوجِد (وج، کس ج) اند.
۱.ایجاد کرنے والا، بنانے والا، پہلی بار پیدا کرنے والا، بانی. ۲.شے یا امر کی ابتدا کرنے والا، نمونے کے بغیر اپنی طبیعت سے کوئی بنانے والا، اختراع کرنے والا. [ع].

مُوجدات (وج، کس ج) مت: ج.
ایجاد کی ہوئی چیزیں، تمام اشیا اور اسباب. [ع].

مَوجْزَن (ولین، سک ج، فت ز) صف.
موج مارنے والا، ٹھاٹھیں مارنے والا، لہریں مارتا ہوا، متلاطم.

مُؤَجَّل (ضم خف م، فت و، شد ج بفت) صف؛ اند.
ا. مہلت دیا گیا، فرصت دیا گیا، کسی وقت پر موقوف رکھا گیا، جس کے لیے مہلت دی گئی ہو؛ مراد: ادھار. ۲. (فقہ) مہر کی ایک قسم جس کی مدت مقرر ہو اور فوری طور پر ادائیگی ضروری نہ ہو، (معجّل کے مقابل).
۳. (بینکاری) بینک میں رکھی جانے والی رقم کی وہ قسم جو ایک خاص مدت کے لیے رکھی جائے. [ع].

مَوجُود (ولین، و مع) صف.
ا. وجود میں لایا ہوا، پیدا شدہ، عالمِ وجود میں آیا ہوا. ۲. (i) وجود رکھنے والا، وجودی. (ii) (تصوّف) ذاتِ حق کو کہتے ہیں جو خود بخود موجود ہے اور ہمیشہ سے قائم اور اپنی موجودیت میں کسی کی محتاج نہیں اور تمام اشیا اسی سے موجود ہوئیں اور موجودِ مطلق سے اوّل جو شے موجود ہوئی ہے وحدت ہے، پھر موجود دو قسم پر ہے ایک واجب الوجود دوسرا ممکن الوجود. ۳. (i) حاضر، سامنے، روبرو، آگے. (ii) زندہ، قائم، برقرار. ۴. تیار، مستعد، آمادہ. ۵. حاصل، میسر، نصیب، دستیاب. ۶. اس وقت کا، اب یا اس وقت (زمانۂ حال کے لیے).
۷. پاس، قبضے میں، ڈب میں. [ع].

مَوجُودات (ولین، و مع) امث؛ ج.
ا. موجود چیزیں، مخلوقات، کائنات، وہ کل چیزیں جو خدا تعالیٰ نے پیدا کی ہیں. ۲. وہ چیزیں یا اشخاص جو کسی جگہ موجود یا تعینات ہوں، موجود سامان یا ملازمین، اسٹاک نیز اسٹاف کا معائنہ یا حساب کتاب، حاضری، موجودگی، گنتی، شمار، معائنہ، موجود چیزیں. [ع].

موجوداتِ عالم امث؛ ج. دنیا اور اس کے موجودات؛ مراد: دنیا، کائنات.

مَوجُودْگی (ولین، و مع، سک نیز فت د) امث.
موجود ہونا، حاضر باشی، ہست، حضوری، سامنا.

مَوجُودَہ (ولین، و مع، فت د) صف.
ا. زمانۂ حال کا، اب کا، اس وقت کا، حاضر. ۲. فی الوقت، جاری، رائج.

مَوجَہ (ولین، فت ج) اند.
بڑی موج، بڑی لہر.

موجۂ بحر اند. پانی کی بڑی لہر، سمندر کی موج جس میں جوار بھاٹا کشش قمر کی وجہ سے ہوتا ہے.

مُوَجَّہ / مُوَجَّہَہ (ضم م، فت و، شد ج بفت / فت ہ) صف؛ اند.
ا. قابلِ توجہ، مقبول، مدلّل، پسندیدہ، پائے کا، کسی خوبی کی وجہ سے مشہور، خوب، مرغوب، عمدہ، جس کی طرف منھ کیا جائے، وجہِ موجہ
۲. (قانون) ضوابط اور استحقاق سے متعلق جن پر عمل درآمد عدالت فریضہ ہوتا ہے. [ع].

مَوجی (ولین) صف.
ا. زندہ دل، خوش طبع، جو دل چاہے وہ کر گزرنے والا، دل کا رسیا
۲. موج سے مشابہ، موج کی طرح، لہر دار. ۳. (طب) نبض کی ایک قسم کی حرکت جو پھیپھڑوں کے اندر ڈھیلا پن اور رطوبت پیدا ہونے سے موج کی مانند آگے پیچھے، جلدی یا دیر سے حرکت کرتی ہے.

مَوجیں (ولین، ی مع) امث.
موج کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

مَوجیں اٹھنا ف مر. پانی کا لہریں لینا، تلاطم پیدا ہونا.

موجیں مارنا محاورہ. عیش کرنا، خوشیاں منانا.

موچ (و مج) امث.
ا. کسی پٹھے یا عطلے کا بے طرح زور پڑنے سے مڑ جانا، جوڑوں خاص کر گھٹنے یا ٹخنے وغیرہ پر کسی صدمے سے ساخت کے ریشے پھٹ جانا جس سے کسی جوڑ کا فعل بند ہو کر شدید درد محسوس ہوتا ہے اور جوڑ ورم ہو جاتا ہے. (ii) کسی چیز کی نوک. ۲. (کنایۃً) لکنت، ہکلاہٹ کجی، خرابی. [مقامی].

موچ آنا محاورہ. ا. مڑ جانا، کج ہو جانا (خصوصاً پانو یا کلائی کا)، پانو کے پٹھے کا بھڑک جانا، بے جا پانو پڑ جانے سے عضلات کو صدمہ پہنچنا ہاتھ یا پیر کی ہڈی کے جوڑ کا اپنی جگہ سے سرکنا. ۲. زبان میں لکنت ہکلاہٹ پیدا ہونا.

مُوچْنا (ا) (و مج نیز مع، سک چ) اند.
ا. بال اکھاڑنے کا اوزار، چمٹی نیز چھوٹا چمٹا یا پکڑنے کا اوزار (Forcep). ۲. تانبے، پیتل یا کسی دوسری دھات کے برتن (جس

میں ضرب لگنے سے گڑھا پڑ جائے) اُسے ٹھیک کرنے کا اوزار، موچ درست کرنے کا ٹھٹھیرے کا اوزار جو سبری کی قسم سے ہوتا ہے۔ [ف].

مُوچْنا (۲) (وج نیز مع، سک چ) ف م.

۱. میچنا، بند کرنا. ۲. ڈھیلا کرنا: رہا کرنا، چھوڑنا، گرانا، اُتارنا: بجھانا، اکھاڑنا. [س].

موچی (وج) اند.

۱. کفش دوز، جوتے کی سلائی کا کام کرنے والا. ۲. (مجاز) پوستین دوز، زین ساز، گھوڑے کا سامان بنانے والا، چمڑے کا کام کرنے والا. [س].

مُوچھ (وج) امث: ~ مونچھ.

وہ بال جو مردوں کے اوپر کے ہونٹ پر ہوتے ہیں، اوپر کے ہونٹ اور ناک کے درمیان دائیں اور بائیں جانب کے بال؛ شیر یا بلی یا کسی اور حیوان کے منھ پر چند بال جو منھ کے کونوں کے پاس ہوتے ہیں. [پ؛ س].

مُوچھ کا بال اند. ۱. بے لاگ کہنے والا، سچا یا کھرا آدمی، کھرا، منھ پر صاف کہہ دینے والا شخص؛ منھ پر کہے سو موچھ کا بال. ۲. مقرب، بارسوخ آدمی، ناک کا بال.

مَوحَد (ولین، فت ح) صف.

۱. اکیلا، تنہا؛ علیحدہ، الگ. ۲. (عروض) ایک رکن کی بیت جس میں مصرع اول قائم مقام مصرع دوم ہوتا ہے. [ع].

مُوَحِّد (ضم م، فت و، شد ح بکس) اند.

خدا کو ایک ماننے والا اور کسی کو اس کا شریک نہ گرداننے والا شخص، سچا مسلمان، ایک خدا کو ماننے والا. [ع].

مُوَحَّدَہ (ضم م، فت و، شد ح بفت، فت د) صف.

ایک نقطے والا (حرف کے لیے مستعمل). [ع].

مُؤَخَّر (ضم م، فت ہبشکل و، شد خ بفت) (الف) صف.

۱. اخیر کا، پچھلا (مقدم کا نقیض). ۲. الگ، علٰحدہ، جدا. ۳. جس پر دوسرے کو ترجیح حاصل ہو، جو مرتبے یا ضرورت کے اعتبار سے بعد میں ہو. (ب) اند. چاند کی آخر منزل کا نام. [ع].

مؤخر الذکر صف. جس کا ذکر بعد میں کیا جائے، جس کا نام بعد میں لیا گیا ہو.

مؤخر کرنا محاورہ. ۱. پیچھے کرنا (مقدم کرنا کا نقیض). ۲. چھوڑ دینا، ملتوی کرنا.

مُؤَخِّر (ضم م، فت ہبشکل و، شد خ بکس) صف.

۱. اللہ کا ایک صفاتی نام، سب سے آخر. ۲. چیزوں کو پیچھے چھوڑنے والا؛ ہر چیز کو اس کی جگہ رکھنے والا. [ع].

مُؤَدَّب (ضم م، فت ہبشکل و، شد د بفت) صف: م ف.

۱. ادب سکھایا ہوا، نشست و برخاست اور آداب مجلس سے واقف، تربیت یافتہ. ۲. باادب، ادب کے ساتھ، باقرینہ. [ع].

مُؤَدِّب (ضم م، فت ہبشکل و، شد د بکس) صف.

ادب اور تہذیب سکھانے والا، تربیت دینے والا، تعلیم دینے والا. [ع].

مُؤَدَّبانَہ (ضم م، فت ہبشکل و، شد د بفت، فت ن) صف: م ف.

تہذیب اور ادب کے ساتھ، باادب لوگوں کا سا، مہذبانہ، سلیقے سے.

مودی (وج) اند.

۱. اناج کا سوداگر، پرچونیا، بقال، احتیاج پر سودا دینے والا؛ کھانے کی چیزیں بیچنے والا، دکان دار؛ روسا کے یہاں توشہ خانے کا مہتمم. ۲. آدمیوں کو نوکر رکھنے والا، نوکروں کو بھرتی کرنے والا؛ حلوائی. [س].

مودی خانہ اند. ذخیرہ رکھنے کی جگہ، بھنڈار، گودام گھر، گودام، نعمت خانہ.

مُوڈ (وج) اند.

کسی کام کے لیے طبیعت کا موزوں یا ناموزوں ہونا، کیفیت مزاج، حالت، (طبیعت کی) لہر، موج، ترنگ. [انگ].

مَوڈَرن (ولین نیز مع، سک نیز فت ڈ، فت ر نیز سک) صف.

عہد جدید کا یا اس کی خصوصیات کا حامل، جدید، روشن خیالی کا. [انگ].

مُوڈَن (وج، فت ڈ) اند.

ایک رسم اور تقریب جس میں مسلمان ساتویں دن نوزائدہ بچے کے بال منڈاتے ہیں، عقیقہ.

مُؤَذِّن (ضم خف م، فت ہبشکل و، شد ذ بکس) اند.

اذان دینے والا؛ اعلان کرنے والا. [ع].

مُوذی (وم ع) (الف) صف.

۱. (i) ایذا دینے والا ، دکھ پہنچانے والا ، ظالم ، تکلیف پہنچانے والا . (ii) ہلاک کرنے یا پھاڑ کھانے والا (جانور ، پرندہ) . (iii) جان کے لیے خطرناک ، زہریلا .۲. (i) (مجازاً) بخیل ، کنجوس ، کھکھ . (ii) شریر ، بدذات ، نٹ کھٹ ، جابر ، ظالم . (ب) اسث. تکلیف ، ایذا . [ع] .

موذی مرض اند. جان لیوا بیماری ، نقصان پہنچانے والی بیماری .

مَور (۱) (ولین) اند.

آم کا پھول ، مول ، بور ، شگوفہ ، کلی ، شاخوں پر پھل سے پہلے پھوٹنے والا شگوفہ ، آم کی منجری . [س] .

مَور (۲) (ولین) اند.

ایک قسم کا تاج جسے دولھا کے سر پر رکھ کر اوپر سہرا باندھتے ہیں ، مکٹ ، تاج ، جیغہ ، کلغی ؛ دیکھیے : موڑ ، نوشہ کا تاج .

مور (۱) (وج) اسث : اند.

چیونٹی ، چیونٹا . [ف] .

مور ضعیف اند. دیکھیے : مور ناتواں ، چیونٹی ؛ (کنایۃً) چیونٹی کی طرح کمزور انسان .

مور (۲) (وج) اند.

۱. ایک نیلے پیلے ہرے اور سنہرے خوب صورت پروں والا پرندہ جو مرغ کے برابر اور اس سے قدرے لمبا اور سریلی آواز کا ہوتا ہے ، طاؤس .۲. (مجازاً) چور کے گھر چوری کرنے والا ، چوروں کا چور .۳. ایک آتش بازی جس کو تماشا دکھانے کے بعد رنگ برنگی چنگاریاں مور کی دم کے پنکھے کی شکل بنا دیتی ہیں . [س] .

مور پنکھ اند. ۱. مور کے پر .۲. ایک قسم کا متوسط قد کا درخت جس کے پتے مور کی دم کے سے ہوتے ہیں .

مور چھل اند. مور کے پروں کا چنور جو اس کی پھیلی ہوئی دم سے مشابہ ہوتا ہے اور مکھیاں جھلنے کے لیے استعمال ہوتا ہے .

مور ناچتا ہے جب اپنے پانو دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے / ناچتا ہے (پیروں کو) دیکھ کر جھر جاتا ہے کہاوت . ساری اُمنگیں ، حوصلے ، خوشیاں ، لذتیں ، نعمتیں ، اوصاف ذرا سے عیب کے باعث تکلیف و تکدر بن جاتے ہیں ، عیب ذرا سا بھی بُرا .

مورا (وج) ضمیر : مذ (مث : موری) (قدیم).

میرا (عموماً گیتوں میں مستعمل) .

مُورَت (وم ع ، فت ر) اسث.

۱. (i) پتھر یا دھات وغیرہ کی بنی ہوئی شبیہ ، کوئی ٹھوس بدن یا شکل صورت ، مجسمہ . (ii) مورتی ، بت ، لعبت جو مندر میں رکھی جاتی ہے ہندو اس کی پرستش کرتے ہیں .۲. تصویر ، تمثال ، شبیہ .۳. نفر ، آدمی ، متنفس ، فرد . [س] .

مُورتی (وم ع ، سک ر) اسث.

۱. پتھر یا دھات وغیرہ کی بنی ہوئی شبیہ ، بت ، صنم ، پتلی ، مجسمہ .۲. اوتار ، ظہور .

مُورِث (وم ع ، کس ر) صف : اند.

۱. سلف جس کی طرف خلف کی نسبت ہو ، وہ جس سے ورثہ یا ترکہ ملے ، وہ متوفی شخص جس کا ورثہ یا ترکہ ملے ، جد امجد .۲. (مجازاً) پہنچانے والا ؛ سرچشمہ ، باعث ، سبب . [ع] .

مورث اعلیٰ اند. کسی خاندان کے سلسلۂ نسب کا وہ بزرگ جس سے اخلاف کو نسبت دی جائے یا جس سے سلسلہ پہچانا جائے ، آباو اجداد .

مورچا / مورچَہ (وج ، سک ر / فت چ) اند.

۱. وہ گڑھا جو قلعے کے گرد کھودتے ہیں ، خندق ، کھائی .۲. (i) وہ آڑ یا محفوظ مقام جو جنگ میں نشانہ بازی یا دفاع وغیرہ کی غرض سے سپاہیوں کے لیے مقرر کی جائے . (ii) وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے واسطے رہتی ہے .۳. سڑکوں پر بنائے گئے چیک پوسٹ ، وہ مقام جہاں گاڑیوں کی آمد و رفت روک کر معائنے کے بعد آگے بڑھنے کی اجازت دی جاتی ہے یا وہ پولیس والے جو سڑکوں پر ٹریفک کی خلاف ورزی کرنے والوں کو روک کر تفتیش کرتے ہیں .۴. (کنایۃً) محاذ ، مصیبت یا سختی کا مقام .

مورچہ بند صف. وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے واسطے رہتی ہے . مورچے پر رہنے والی فوج .

مورچہ بندی مث. جنگ کے لیے خندق کا کھودا جانا، مورچا سنبھالنا.

مورچہ مضبوط ہونا محاورہ. رائے عامہ ہموار ہونا، کسی موقف پر بہت سے لوگوں کا اکٹھا ہونا.

مُورْچھا (و مع، سک ر) امث.

غشی، بے ہوشی؛ بے خودی؛ جس میں حس باقی نہ رہے. [س].

مورْچَھل (و مج، سک ر، فت چھ) امذ.

مور کے پروں کا چنور جو اس کی پھیلی ہوئی دم سے مشابہ ہوتا ہے. [س].

مُؤَرَّخ (ضم م، فت، بشکل و، شد ربفت) امذ.

لکھا گیا، مع تاریخ، جس کی تاریخ معلوم ہو یا جس پر تاریخ درج ہو. [ع].

مُؤَرِّخ (ضم م، فت، بشکل و، شد ربکس) امذ.

۱. تاریخ کی کتاب لکھنے والا، تاریخ نویس، تاریخی کتابیں لکھنے والا، تاریخ کے فن سے واقف، سیرت نگار، وقائع نویس. ۲. (شاعری) قاعدۂ جمل سے تاریخ نکالنے والا، تاریخ گو. [ع].

مُؤَرَّخہ (ضم م، فت، بشکل و، شد ربفت، فت خ) صف.

تاریخ ڈالا ہوا، جس پر تاریخ ڈال دی گئی ہو، مرقومہ یا محررہ.

مُؤَرِّخِین (ضم م، فت، بشکل و، شد ربکس، ی مع) امث.

تاریخ مرتب کرنے والے، تاریخ کے مصنفین.

مَورِد (ولین، کس ر) امذ.

۱. آنے، اترنے یا پہنچنے کی جگہ، فروکش ہونے یا وارد ہونے کی جگہ، جائے ورود. ۲. پہنچ، رسائی؛ داخلہ. ۳. مقام، رہنے کی جگہ. ۴. بوجھ اٹھانے والا، کسی چیز کا بار برداشت کرنے والا شخص. ۵. انسانوں اور حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ، تالاب، چشمہ وغیرہ. ۶. وہ چیز جس کی تلاش کی جائے. [ع].

مورد الزام ٹھہرانا محاورہ. کسی پر الزام لگانا، کسی کو ملزم قرار دینا.

مورد عتاب صف. وہ جس پر قہر و غضب نازل ہو، سزاوار عتاب.

مُؤَرَّد (ضم م، فت، بشکل و، شد ربفت) صف.

(ادب) کسی دوسری زبان سے بہ تغیر و تحریف اردو بنایا ہوا لفظ.

مُورَکھ (و مع، فت ر) صف.

بے وقوف، نادان، نا سمجھ، کم عقل. [س].

مورْنی (و مج، سک ر) امث.

۱. مور کی مادہ، یہ نر کی طرح خوب صورت نہیں ہوتی اس کی آواز بھی نر سے مختلف ہوتی ہے؛ (مجازاً) بہت خوبصورت عورت. ۲. عورتوں کے کان کا ایک زیور. ۳. (معماری) پتھر لکڑی یا لوہے کے ٹکڑے جو دیوار سے آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں تاکہ ان پر چھجا یا سائبان رکھا جائے، موٹھی، توڑا، کڑی.

مَورُوث (ولین، و مع) صف.

میراث یا ترکے میں دیا یا ملا ہوا نیز جسے وارث بنایا جائے. [ع].

مَورُوثی (ولین، و مع) صف.

۱. موروث دیکھیے سے منسوب یا متعلق؛ باپ دادا یا اسلاف کے ترکے میں پایا ہوا، میراث یا ورثے میں ملا ہوا. ۲. جدی پشتی، پشتینی خاندانی، ازلی.

موروثی پیشہ امذ. جدی پشتی، خاندانی کام، آباؤ اجداد کا پیشہ.

مَورُوثِیَت (ولین، و مع، کس ث، فت ی) امث.

۱. موروثی ہونا، وراثت دار ہونا، نسب کو ظاہر کرنا. ۲. (حیاتیات) حیوانات و نباتات کی اقسام یا انواع کی اصل اور ان کا ارتقا نسلی ارتقا.

مَورُود (ولین، و مع) امث.

۱. ورد کیا ہوا؛ (مجازاً) جو پہنچ گیا ہو، وارد ہونے والا، حاضر ہونے والا.

موری (۱) (و مج) امث.

۱. پانی کے نکاس کی جگہ، موہری، نالی. ۲. (مجازاً) روزن، سوراخ. ۳. منھ، دہانہ. ۴. پائجامے، شلوار یا پتلون کے پائینچے کی چوڑائی یا گولائی.

موری کا کیڑا امذ. ۱. مراد: کم حیثیت، ذلیل، کمینہ. ۲. (مجازاً) بچہ جو پیدا ہوتے ہی مرجائے.

موری (۲) (و مج) ضمیر (قدیم) املا.

میری.

موڑ (و مج) امذ.
۱. گھماؤ ، خمیدگی ، خمیدہ ہونا ، مڑا ہونا ؛ راستے میں وہ جگہ جہاں ایک طرف سے دوسری طرف رستہ مڑے ، گھماؤ . ۲. چکر ، پھیر . ۳. (کنایۃً) مرحلہ ، منزل ؛ بدلاؤ ؛ تبدیلی .

موڑ دینا محاورہ. ۱. پھیر دینا ، ایک سمت سے دوسری سمت کر دینا . ۲. شکست دینا ، دشمن کو ہٹا دینا ، پھیر دینا . ۳. جھکا دینا ، خمیدہ کر دینا ، بل یا خم دینا ، ٹیڑھا کر دینا . ۴. رخ بدل دینا ، پھیر دینا . ۵. (کاغذ وغیرہ کے صفحے کو) پلٹ دینا ، کونے کو الٹا کر دینا .

موڑنا (و مج ، سک ڑ) ف م.
۱. رُخ پھیرنا ، رُخ اِدھر سے اُدھر کرنا ؛ (کسی شے کا) رخ بدلنا . ۲. بل دینا ، پیچ دار بنانا ، خم دینا . ۳. (i) واپس کرنا ، لوٹانا ، اُلٹا پھیرنا ؛ چھوڑنا . (ii) (گاڑی یا گھوڑے وغیرہ کو) اُلٹا پھیرنا ، واپس لانا . ۴. (i) تہ کرنا ، الٹ دینا ، پلٹ دینا (ورق وغیرہ) . (ii) خم دار بنانا ، گولائی دینا . [س] .

موڑھا (و مج) امذ : ~ مونڈھا.
۱. سرکنڈوں سے بنائی اور بانوں سے بنی ہوئی بے تکیے کی یا تکیے دار کرسی جس کی بیٹھک کا گھیرا بھی بانوں سے بنا ہوتا ہے نیز اس وضع کی کسی اور چیز سے بنی ہوئی نشست گاہ ، مونڈھا . ۲. دیکھیے : مونڈھا ، کندھا ، شانہ . [س] .

مَوز (ولین) امذ.
کیلا ، کیلے کی پھلی ، ایک قسم کا کیلا جسے امرت بان کہتے ہیں . [ع] .

موزائِک / موزائیک (و مج ، کس ز خف ء / ی مع) امذ : ~ موزاِیک.
(معماری) سیمنٹ کے مسالے میں رنگا رنگ روغنی مٹی ، شیشوں ، قیمتی پتھروں کے ٹکڑوں کو بچھا کر ان سے کی گئی پچی کاری . [انگ] .

مَوزُوں (ولین ، و مع) صف.
۱. تلا ہوا ، وہ چیز جو وزن ہو کے فروخت ہوتی ہے . ۲. نپا تلا ، وزن کے مطابق ؛ پھبتا ہوا ، لائق حال ، توقع کے لحاظ سے مناسب ، درست ، جیسا یا جتنا چاہیے ویسا یا اتنا ؛ معتدل ، افراط و تفریط سے پاک . ۳. (مجازاً) مقبول ، پسندیدہ . ۴. (i) (عروض) جو تقطیع میں ٹھیک ہو ، بحر و اوزانِ عروضی کے مطابق درست ، بحر کے وزن کے مطابق ، منظوم (شعر ، بحر وغیرہ) . (ii) جسے شاعری اور وزن شعر سے مناسبت اور لگاؤ ہو . [ع] .

موزوں ترین صف . نہایت موزوں ، سب سے زیادہ موزوں ، بہترین ، مناسب ، درست .

موزوں طبع صف : امذ . جس کی طبیعت ، شاعری اور شعر کے وزن وغیرہ سے مناسبت اور لگاؤ رکھتی ہو ، شعر کو عروضی وزن کے اندر پڑھنے اور یاد رکھنے کی طبعی / فطری صلاحیت .

موزوں کرنا محاورہ. (شعر) نظم کرنا ، (کسی خیال کو) شعر میں باندھنا ، کسی بحر کے وزن کے مطابق کرنا.

مَوزُونِیَّت (ولین ، و مع ، شدی مع بفت) امث.
۱. نظم یا موزوں کرنے کی صلاحیت ، موزوں طبع ہونا . ۲. حسب حال ہونا ، موزوں ہونا ، درستی ، مناسبت ، قابل عمل ہونا .

موزَہ (و مج ، فت ز) امذ : ~ موزا.
پاؤں میں پہننے کی ایک قسم کی سوتی ، اونی یا ریشمی پوشش جس میں پاؤں ڈالنے کا حصہ پنڈلیوں کے کچھ حصے تک چڑھایا جاتا ہے ، جراب . [ف] .

موزے (و مج) امذ : ج.
موزہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پانو / پاؤں کہاوت . خانگی معاملات سے آدمی خود ہی خوب واقف ہوتا ہے ، اپنی تکلیف کو انسان آپ ہی اچھی طرح سمجھ سکتا ہے ؛ راز رازدار ہی کو معلوم ہوتا ہے .

مَوسا (ولین) امذ.
ماں کی بہن (ماسی) کا شوہر ، خالو . [س] .

مُوسَل (و مع ، فت س) امذ : ~ مُوصَل .
اناج چھڑنے کا ایک لمبا چوبیں آلہ ، سونٹا جس سے (اوکھلی میں) غلہ کوٹتے ہیں نیز پتھر یا لوہے کی موگری . [س] .

مُوسلا (و مع ، سک س) (الف) امذ : امث .
۱. دیکھیے : موسل ، موسل جیسی ، موسل کی طرح . ۲. جڑ ، اصلی جڑ ، موٹی

جڑ ، مول جڑ (بیشتر سیٹھل کی جڑ کے لیے مستعمل) . ۳. پچکاری کی ڈنڈی ، لوہے کی پتلی سلاخ یا ڈنڈی . ۴. چھڑ ، چھڑی ، بید ، تیلی . ۵. جریب ، عصا . ۶. (شکر کے کارخانے وغیرہ کا) کھڑا کھمبا یا شہتیر .

(ب) صف . موسل سے نسبت رکھنے والا ، موسل کی طرح کا . [س] .

موسلا دھار (الف) صف : م ف . موٹی دھار والا ، موٹی دھار کی صورت میں ، بہ کثرت اور لگاتار (برسنے والا بادل ، بارش کا پانی وغیرہ) .

(ب) امث . وہ زور شور کی بارش جو دیر تک رہے ؛ بارش کے بڑے بڑے قطروں کا متواتر پڑنا .

مُوسلی (و مع ، سک س) امث .

۱. (i) دیکھیے : موسل ، وہ ڈنڈا جس سے اوکھلی میں اناج وغیرہ کوٹتے ہیں .

(ii) ڈنڈی (لوہے یا سیسے وغیرہ کی) ، پتلی سلاخ . ۲. اصل ، جڑ ، بیخ ، گول جڑ (عموماً) سیٹھل کی جڑ . ۳. (نباتیات) پھول کے وسط میں پتا یا پتے کی شکل کا ایک پتلا عضو جس سے بیج پیدا ہوتا ہے ، تیلچہ ، گل .

مَوسِم (ولین ، کس نیز فت س) اند .

۱. (i) سماں ، زمانہ ، رُت ، فصل ، وقت (کسی چیز کا) . ۲. کسی مقام کی سردی ، گرمی ، نمی وغیرہ اور اس سے پیدا ہونے والی فضائی کیفیت ، آب و ہوا . ۳. سال کی چار فصلوں میں سے ایک (سردی ، گرمی ، خزاں ، بہار) . [ع] .

مَوسَمبی (ولین ، فت س ، سک م) امث .

نارنجی رنگ کا ایک خوش ذائقہ پھانک دار پھل .

مَوسِمی (ولین ، کس نیز سک س) صف .

فصل کا ، رُت کا ، وقت کا ، زمانے کا ، موقع کا ؛ (مجازاً) وقتی ، عارضی .

مَوسِمیات (ولین ، کس نیز فت س ، کس خف م) امث : ج .

موسم اور آب و ہوا کا علم (Meteorology) .

مَوسِمیاتی (ولین ، کس نیز فت س ، کس خف م) (الف) صف .

موسمیات سے منسوب یا متعلق ، موسمی . (ب) اند . موسمیات کے شعبے کا فرد ؛ ماہر موسمیات ، موسمیات داں .

مَوسُوم (ولین ، و مع) صف .

۱. نام دیا گیا ، ملقب ؛ مخاطب ؛ مشہور و معروف . ۲. (کسی کی طرف) منسوب . [ع] .

موسوم بہ صف . (کسی) سے موسوم ، (کسی کے) ساتھ منسوب .

موسوم کرنا/کیا جانا ف مر : محاورہ . نام دینا ، نام رکھنا .

مُوسَوی (و مع ، فت نیز سک س) صف .

۱. (حضرت) موسیٰ علیہ السلام سے منسوب ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا . ۲. امام موسیٰؒ (رک) سے منسوب یا متعلق ؛ امام موسیٰ کاظمؒ کی اولاد .

مَوسی (ولین) امث .

ماں کی بہن ، خالہ ، ماسی . [س] .

مُوسیٰ (و مع ، ابشکل ی) اند : ~ موسیٰ/موسے (بحالت اضافت بلا) .

ایک جلیل القدر پیغمبر جو مصر میں فرعون کے عہد میں پیدا ہوئے اور فرعون کے گھر میں پرورش پائی ، آپؑ کوہ طور پر جا کر اللہ تعالیٰ سے کلام کرتے تھے آپ کا نام بطور تلمیح ادبیات میں بھی مستعمل ہے یہودی ان ہی کی اُمت ہیں . [ع/علم] .

مُوسیقار (و مع ، ی مع) اند .

۱. (مجازاً) موسیقی کا ماہر ، گانے والا ، گویا ، گلوکار . ۲. موسیقی ترتیب دینے والا ، دُھن تیار کرنے یا ساز بجانے والا . [یو] .

مُوسیقی (و مع ، ی مع) امث .

گانے بجانے کا فن یا علم ، وہ اصول و ضوابط جن میں سُروں کی ترکیب اور ان کے اوقات و موسم سے بحث کی جاتی ہے ، گائن ودیا گانا بجانا . [یونانی] .

مُوسیقِیّت (و مع ، ی مع ، شدی مع بلفت نیز بلا شد) امث .

ترنم ، سریلا پن .

مُوش (و مع) اند .

۱. چوہا . ۲. باجرا (جوار ، مکئی وغیرہ کے باریک ریشے ؛ زردانہ) . [ف]

مُوشِگاف (و مع ، کس ج ش) صف .

باریک بیں ، نکتہ رس ، بال کی کھال کھینچنے والا . [ف] .

مُوشِگافی (و مع ، کس ج ش) امث .

نکتہ چینی ، باریک بینی .

مُوصِل (و مع، کس ص) صف : اند.

(طبیعیات) (کسی توانائی یا کیفیت وغیرہ کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے والا، رسائی مہیا کرنے والا، کوئی مادّہ یا جسم جو حرارت، برق یا آواز جذب کرکے منتقل کرنے کی اہلیت یا خصوصیت رکھتا ہو، جسم جس میں سے برقی رو گزر سکے، (Conductor). [ع].

مُوَصَّل (ضم م، فت و، شد ص بفت) صف : اند.

۱. وصل کیا ہوا، ملایا یا جوڑا ہوا، پیوند کیا ہوا. ۲. (قواعد) عطفی، وہ لفظ جو الفاظ، فقرات، ذیلی جملوں یا جملوں کو مربوط کرنے کے لیے بطور عطف استعمال کیے جائیں : ربط ساز. [ع].

موصْلی (و مج، سک ص) است.

(طب) ایک روئیدگی کی جڑ جس کی دو قسمیں سفید اور سیاہ ہوتی ہیں، مقوی باہ ہوتی ہے، بطور دوا مستعمل، موسلی.

مَوصُوف (ولین، و مع) (الف) صف.

۱. (i) جس کا ذکر پہلے کیا گیا ہو، مذکور. (ii) (شخص) جس کا وصف بیان کیا گیا، ممدوح : مراد : مذکور، جس (شخص) کا ذکر (پہلے) کیا گیا : جناب (بطور ضمیر غائب). ۲. جس میں کوئی وصف پایا جائے، وصف رکھنے والا، متصف. (ب) اند. (نحو) وہ لفظ جس کی کسی جملے میں صفت بیان کی گئی ہو : جیسے : سرخ کپڑا، ہلکا برتن وغیرہ (کپڑا اور برتن موصوف ہیں)، مضاف. [ع].

مَوصُوفَہ (ولین، و مع، فت ف) صف : است.

جس کا ذکر کسی صفت کی بنا پر کیا گیا ہو نیز وصف رکھنے والی : مراد : صاحبہ (نام لیے بغیر).

مَوصُول (ولین، و مع) (الف) صف.

۱. وصل کیا گیا، جسے ملایا جائے، ملایا ہوا، جڑا ہوا. ۲. وہ حدیث جس کا سلسلہ بیچ سے منقطع نہ ہو. (ب) اند. (قواعد) وہ اسم ناتمام جو اکیلا کسی جملے میں معنی نہیں دیتا اس کا صلہ اس کے بعد آتا ہے : جیسے : جو، جس، جن وغیرہ، جملۂ خبریہ کا وہ ٹکڑا جو صلے کے ساتھ مل کر بنتا ہے. [ف].

موصول شدہ صف. وصول کیا ہوا، پایا ہوا، حاصل کردہ.

موصول ہونا محاورہ : ف مر. ۱. (کسی چیز یا خط وغیرہ کا) ملنا، پہنچنا، آنا، حاصل ہونا، وصول ہونا. ۲. (وراثت یا ترکہ میں) ملنا، حاصل ہونا. ۳. ملنا، وصل ہونا (معشوق سے)، ملاقات ہونا.

مَوصُولَہ (ولین، و مع، فت ل) (الف) صف.

پہنچا ہوا، ملا ہوا (خط وغیرہ). (ب) اند. (عروض) وہ قافیہ جس میں روی کے ساتھ کوئی ایسا حرف (وصل فروج، مزید یا فائدہ) شامل ہو.

مُوصیٰ (و مع، ا بشکل ی) صف : اند.

۱. (فقہ) جس کے لیے وصیت کی گئی ہو، وصیت کیا گیا : وصیت کردہ شخص. ۲. وہ چیز جو وصیت کی گئی ہو، جس بات کی وصیت کی جائے. [ع].

مَوضِع (ولین، کس ع نیز فت ع ض) اند.

۱. (کسی شے کے) رکھے جانے کی جگہ : (مجازاً) مقام، محل، موقع ۲. گاؤں، دیہات، ضلع. [ع].

مَوضُوع (ولین، و مع) (الف) صف.

وضع کردہ، وضع کیا گیا : مراداً : (کسی امر کے لیے) بنا ہوا، ٹھہرایا ہوا (ب) اند. اصل مقصود جس سے کسی علم پر بحث کی جائے، وہ شے جس کا ذکر اس علم میں ہو، وہ علم جس میں کسی علم کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے، مقصد کلام، مضمون، مبحث، مدعا : (ادب) کسی نثر یا نظم میں بحث و بیان کا مرکزی خیال. [ع].

موضوع سخن/ کلام اند. کسی بات کا موضوع، وہ مسئلہ یا امر بیان جس پر بحث مطلوب ہو.

مَوضُوعات (ولین، و مع) اند : ج.

۱. موضوع کی جمع، بیانات، عنوانات. ۲. جھوٹی روایتیں یا حدیثیں.

مَوضُوعاتی (ولین، و مع) صف.

کسی موضوع سے متعلق یا منسوب، موضوع کا.

مَوضُوعی (ولین، و مع) صف.

۱. وہ جس کا تعلق سوچ سے ہو، داخلی، باطنی، روحانی : مصنوعی، فرضی، خیالی. ۲. موضوع سے منسوب یا متعلق، کسی موضوع یا عنوان کا.

مَوطِن (ولین، کس ط) اند.

۱. وطن، رہنے کی جگہ، گھر، مکان، جنم بھومی، پیدائش کی جگہ. ۲. لڑائی

کا میدان ، میدان جنگ . ۳. پڑاؤ ، لشکر گاہ . [ع] .

مَوعِظانَہ (ولین ، کس خف ع ، فت ن) م ف ؛ صف .
پندونصیحت سے پُر ، واعظانہ ، جس میں نصیحتیں بیان کی گئی ہوں .

مَوعِظَت (ولین ، کس خف ع ، فت ظ) امث .
پند و نصیحت ، تلقین ؛ (مجازاً) وہ بیان یا تقریر جو مذہبی بحث یا اصلاح وغیرہ پر مبنی ہو ، وعظ ، اچھی باتوں کی ہدایت . [ع] .

مَوعِظَہ (ولین ، کس خف ع ، فت ظ) امث .
۱. پند و نصیحت کی باتیں . ۲. (مجازاً) مثال ، نظیر . [ع] .

مَوعُود (ولین ، ومع) صف .
وعدہ کیا گیا ، جس کا وعدہ ہو ، اقرار کردہ . [ع] .

مُوَقَّت (ضم م ، فت و ، شد ق بفت) صف .
کسی وقتِ خاص پر مقرر کیا ہوا ، وقتِ معیّن پر ہونے والا . [ع] .

مُوَقَّتی (ضم م ، فت و ، شد ق بفت) صف .
وقت کے مطابق ، وقتی ، میعادی ، عارضی (دائمی کے مقابل) .

مُوقَر (ومع ، فت ق) صف .
لدا ہوا ؛ بوجھ اٹھانے والا ؛ حاملہ (عورت) ؛ دبا ہوا ؛ (مجازاً) مظلوم ؛ غریب کیا گیا ، مفلس بنایا گیا . [ع] .

مُوَقَّر (ضم م ، فت ، بشکل و ، شد ق بفت) صف .
باوقار ، توقیر والا ، عزت دار ، معزز ، عزت دیا گیا . [ع] .

مَوقَع (ولین ، فت ق) امذ ؛ ~ موقعہ .
۱. مقام ، جگہ ، محل ؛ (مجازاً) راستہ . ۲. (کسی امر کے) واقع ہونے کی جگہ ، جائے وقوع . ۳. (قواعد) محل استعمال . ۴. (i) (کسی کام یا چیز کے لیے) مناسب وقت ، محل موزوں ، خاص وقت ، خاص مقام . (ii) جائے مخصوصہ ، فرج . [ع] .

موقع بَموقَع / بہ مَوقَع م ف ؛ ~ موقع بموقع . ۱. مختلف موقعوں پر ، وقتاً فوقتاً . ۲. وقفے وقفے سے ، موقع محل سے . ۳. کبھی کبھی ، گاہے گاہے .

موقع بے مَوقَع م ف . خلاف محل ، نامناسب وقت پر ، ہر وقت چاہے موقع ہو نہ ہو ، وقت بے وقت .

موقع پانا محاورہ . موقع دیکھنا ، وقت کا منتظر رہنا ، موقع ہاتھ لگنا .

موقع پَرَست صف . مناسب وقت دیکھ کر کام کرنے والا ، مفاد پرست

موقع پَرَستی صف . موقعے سے فائدہ اٹھانا ، مفاد سے مطلب رکھنا .

موقع ڈھونڈنا محاورہ . موقع تلاش کرنا ، موقعے کی تلاش میں رہنا ، مناسب وقت کی تلاش میں رہنا .

موقع شِناس صف . کسی کام کے لیے موزوں اور مناسب وقت پر فیصلہ کرنے والا .

مَوقِف (ولین ، کس ق) امذ .
۱. کھڑے ہونے کی جگہ ، مقام . ۲. (مجازاً) نقطۂ نظر ، زاویۂ نگاہ ، اندازِ فکر . ۳. (فقہ) وہ مقام جہاں حج کے دنوں میں وقوف کرنا یعنی ٹھہرنا لازمی ہوتا ہے یعنی مزدلفہ اور عرفات . ۴. وہ مقام جہاں قیامت کے دن لوگوں کو جمع کیا جائے گا ، میدانِ حشر . [ع] .

موقف پر قائم رہنا ف مر ؛ محاورہ . نظریے یا ارادے پر ڈٹے رہنا ، قائم رہنا

مَوقِفَین (ولین ، کس ق ، ی لین) امذ ؛ ج .
(فقہ) عرفات اور مزدلفہ دو مقام جہاں حج کے دنوں میں قیام لازمی ہوتا ہے ؛ مواقف .

مُوقَلَم (ومع ، فت ق ، ل) امذ .
مُو (۱) کا تختی ، نرم بالوں سے تیار کردہ برش .

مَوقُوف (ولین ، ومع) (الف) صف .
۱. ٹھہرایا گیا ، کھڑا کیا گیا . ۲. ملتوی کیا گیا ، منسوخ کیا گیا ، عارضی یا مستقل طور پر ترک یا منسوخ . ۳. ملازمت سے برطرف یا برخاست کیا ہوا ، معطل کیا ہوا . ۴. ملکیت سے خارج کر کے خدا کے نام پر یا کارِخیر کے لیے چھوڑا ہوا (مال یا جائیداد) . ۵. (i) (مجازاً) منحصر ، مبنی ، انحصار کیا گیا . (ii) جس کی حد بندی کی گئی ہو ، مقرر ، معیّن ، محدود . (ب) امذ . ۱. (قواعد) حرف ساکن جس کا ماقبل بھی ساکن ہو ؛ جیسے دوست اور گوشت میں ت . [ع] .

موقوف رکھنا محاورہ . ۱. کسی بات پر منحصر رکھنا ، مشروط رکھنا .

موقوف عقد امذ . (فقہ) ایسا معاہدہ جو کسی نابالغ نے ، جو سن تمیز کو پہنچ چکا ہو اپنے جائز ولی کی مرضی کے بغیر کرلیا ہو .

موقوف کرنا محاورہ . ۱. ملتوی کرنا ؛ ٹھہرا دینا ، روک دینا . ۲. منسوخ

کرنا، کسی کام یا سلسلے کو ترک کرنا . ۳. (i) بند کرنا ، کالعدم قرار دینا .
(ii) ختم کرنا . ۴. نوکری سے علیٰحدہ کرنا ، معطل کرنا . ۵. ترک کرنا ،
چھوڑنا . ۶. منحصر کرنا ، مبنی کرنا . ۷. خارج کرنا ، نکالنا .

موقوف ہونا محاورہ . ۱. نوکری سے برطرف ہونا ، برخاست ہونا ، معطل ہونا . ۲. منحصر ہونا ، مبنی ہونا ، مشروط ہونا . ۳. ختم ہونا ، بند ہونا . ۴. ترک ہونا . ۵. بند ہونا ، رکنا، ٹھہر جانا .

مَوقُوفی (ولین ، وмع) امث .
۱. برطرفی ، برخاستگی ، معزولی . ۲. التوا ، منسوخی ، توقف .

مَوکِب (ولین ، کس ک) اند .
۱. اردلی کے سوار اور پیادے ، سواروں یا پیدل چلنے والوں کی جماعت، لشکر، سپاہ ، فوج . ۲. سواری کا جلو (باجا گاجا ، گھوڑا وغیرہ) .
۳. علم اور ذوالجناح کا جلوس . [ع] .

مُؤَکَّد (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بفت) صف .
جس کی تاکید کی جائے ، جس کو زور دے کر کہا جائے : (مجازاً) مضبوط ، محکم . [ع] .

مُؤَکِّد (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بکس) صف .
تاکید کرنے والا ، کسی بات پر زور دینے والا . [ع] .

مُؤَکَّدَہ (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بفت ، فت د) صف مث نیز امث .
تاکید کی گئی : (فقہ) نماز کی وہ سنتیں جن کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی ادا کیا ہو اور دوسروں کو بھی تاکید فرمائی ہو . [ع] .

موکل (وج ، سک ک) صف (قدیم) .
کھلا ہوا ، آزاد ، جس پر کوئی بندش نہ ہو .

مُؤَکَّل (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بفت) صف : اند .
۱. وکیل کیا ہوا ، جس کے کوئی کام سپرد کیا جائے ، رکھوالا ، محافظ . ۲. وہ فرشتہ یا جن جو کسی کام پر مقرر ہو ، پیر . ۳. روح جس کو عامل مسخر کرلیتے ہیں ، تسخیر شدہ (جن یا) روح . [ع] .

مُؤَکِّل (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بکس) صف : اند .
کام سپرد کرنے والا ، تفویض کنندہ : مقدمہ دینے والا ، وکیل بنانے والا ، اسامی جو وکیل مقرر کرے . [ع] .

مُؤَکِّلَہ (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بکس ، فت ل) صف مث : اند .
وکیل بنانے والی ، وکیل کرنے والی عورت .

مُؤَکِّلِین (ضم م ، فت ، بشکل و ، شدک بکس ، ی مع) اند : ج .
وکیل کرنے والے ، وکیل بنانے والے لوگ ، بہت سے موکل .

مُوکھ (ومع ، سک کھ) اند (قدیم) .
مکھ ، منھ ، چہرہ . [س] .

موکھا (وج) اند .
۱. بڑا سوراخ ، روزن . ۲. دیوار میں کیا جانے والا سوراخ یا روزن
۳. کسی برتن کا کھلا ہوا منھ . ۴. روشن دان ، ہوا کا روزن ، ہوا دان .
۵. کپڑے وغیرہ میں کیا جانے والا سوراخ . ۶. نہر کا سوراخ جس میں سے پانی نکل کر نالیوں میں جاتا ہے . ۷. کبوتروں کا خانہ : کابک .
۸. دیوار کی منڈیر : چھت کے چھپر کے اوپر کا کنارہ . [س] .

مُوگرا (وج نیز مع ، سک گ) اند .
۱. بڑا موتیا ، دوہرا موتیا، بیلے کی قسم کا ایک پھول ، بڑا بیلا . ۲. کڑے کی دو گول گھنڈیوں میں سے ہر ایک . ۳. (دھلائی پارچہ) کندی کرنے کا چوبی اوزار جس کو مجازاً کندی کہتے ہیں . ۴. کوٹنے کا بڑا موسل ، بڑی موگری . [س] .

مُوگری (وج نیز مع ، سک گ) امث .
لکڑی کی ہتھوڑی نما موسلی جس سے ڈھول وغیرہ یا اسکول میں گھنٹہ بجایا جاتا ہے ، لکڑی کا بنا گھن . [س] .

مُول (ومع) اند .
۱. (i) درخت کی جڑ ، بیخ . (ii) آم کا پھول ، بور . (iii) اصل ، ضروری بات ، اصل حقیقت ، حیثیت . ۲. کاروبار میں لگایا ہوا یا قرضے میں لیا ہوا اصل سرمایہ ، زر اصل ، اصل پونجی (سود یا نفع وغیرہ کے علاوہ) . ۳. جدِ اعلیٰ ، مورث اعلیٰ . [س] .

مول بیاج / بیاز اند . اصل روپیہ اور سود ، سرمایہ یا پونجی منافع کے ساتھ ، اصل زر مع سود .

مول (وج) اند .
۱. بھاؤ ، نرخ ، شرح . ۲. ثمن ، دام ، قیمت ، بہا . [س] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اختصارات)

مول تول اند. سودا ہونے کے لیے بھاؤ گھٹا بڑھا کر طے کرنے کا عمل، سودا کرنا، بھاؤ یا قیمت کا تعین.

مول چکانا ف مر؛ محاورہ. قیمت متعین کرنا، معاوضہ طے کرنا، مول تول کرنا، سودا کرنا.

مول لینا ف مر.
۱. پیسہ یا رقم دے کر لینا، خریدنا، کسی چیز کا سودا کرنا. ۲. غلام بنانا، غلام سمجھ لینا. ۳. (بالعموم مصیبت، پریشانی، دردِ سر جیسے الفاظ کے ساتھ مستعمل) اپنے ذمے (بلاوجہ) لے لینا، خواہ مخواہ کوئی ایسی بات یا حرکت کرنا جس سے کوئی ذمے داری، رنج یا مصیبت گلے پڑ جائے.

مَولا (ولین) اند؛ ← مولیٰ.
۱. آقا، مالک، سردار، خداوند؛ ولی نعمت، والی. ۲. (مجازاً) سلطان، شہنشاہ، بادشاہ، حاکم. ۳. مراد: اللہ تعالیٰ. ۴. مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اولیا میں سے کوئی اور نیز ائمہ اثنائے عشر وغیرہ کے لیے مستعمل. [ع].

مولا بخش اند. ۱. بادشاہ جلال الدین اکبر کے عہد میں ایک بڑے جوتے کا نام جو سزا کے لیے استعمال ہوتا تھا نیز بڑا ڈنڈا یا لاٹھی وغیرہ جو ڈرانے دھمکانے یا سزا دینے کے لیے استعمال ہو.

مولائے کل اند. سب کا آقا، سب کا سردار، کُل کا مولا؛ (مجازاً) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

مَولانا (ولین) اند.
۱. ہمارے مولا؛ مراد: عالم دین، مشرقی علوم کے فاضل اور متشرع بزرگوں کا اعزازی خطاب نیز خطاب کرنے کا تعظیمی کلمہ.

مَولائی (فت م، سک و نیز ولین) (الف) امث.
۱. خداوندی، سرداری، امارت. (ب) صف نیز ضمیر. مولا سے منسوب یا متعلق، میرے مولا، میرے آقا.

مَولِد (ولین، کس ل) اند.
۱. جائے پیدائش، ولادت کی جگہ؛ مراد: وطن. ۲. پیدائش نیز پیدائش کی تقریب یا جلسہ، مولود یا میلاد؛ (خصوصاً) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کا بیان نیز میلاد کی کتاب. [ع].

مُوَلَّد (ضم م، فت و، شد ل بفت) صف؛ اند.
۱. دوغلا، دونسلا، مخلوط النسل (عموماً لفظ کے لیے مستعمل). ۲. وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو. ۳. وہ عجمی (لفظاً) جس کو اہل عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو. ۴. (لسانیات) ایسے الفاظ جن کی شکل و صورت کو ہم نے کسی صرفی قاعدے سے بدل کر اپنی زبان میں شامل کر لیا ہو. [ع].

مَولسَری (ولین، سک ل، فت نیز کس س) امث.
۱. ایک درخت جس کا پھل اور بھینی بھینی مہک کا پھول جو برسات میں عجب عالم دکھاتا ہے، پھل میٹھا، کسیلا، بیر سے کسی قدر چھوٹا اور کھرنی سے مشابہ ہوتا ہے. [س].

مُؤَلَّف (ضم م، فت، بشکل و، شد ل بفت) صف.
تالیف کیا گیا، ترتیب یا ترکیب پایا ہوا، جمع کیا ہوا. [ع].

مُؤَلِّف (ضم م، فت، بشکل و، شد ل بکس) صف.
۱. متفرق کتابوں کی امداد سے ایک نئی کتاب مرتب کرنے والا، مختلف مضامین یا اقوال وغیرہ ایک جگہ جمع کرنے والا؛ مختلف اجزا سے کوئی نئی چیز ترتیب دینے والا؛ (مجازاً) مصنف، مدیر، مرتب. ۲. دل جمعی کرنے والا اطمینان بخشنے والا (عموماً ترکیب میں مستعمل؛ جیسے: مولف القلوب). [ع].

مُؤَلَّفات (ضم م، فت، بشکل و، شد ل بفت) امث؛ اند.
تالیف کی ہوئی کتابیں یا مضامین، تالیفات.

مُؤَلَّفَۃُ القُلوب اند. (تاریخ) وہ مسلمان جو سب سے زیادہ ہمدردی اور اعانت کے مستحق ہوں (خصوصاً مسلمان جو، مہاجرین و انصار کے علاوہ بہت زیادہ ہمدردی کے مستحق تھے یا وہ نو مسلم جن کے معاشی تنگ دستی کے باعث اسلام سے پھر جانے کا خدشہ تھا).

مُؤَلَّفَہ (ضم م، فت، بشکل و، شد ل بفت، فت ف) صف.
مولف سے منسوب یا متعلق، تالیف کردہ، مرتبہ.

مُؤَلِّفَہ (ضم م، فت، بشکل و، شد ل بکس، فت ف) صف مث.
مولف کی تانیث، تالیف کرنے والی، مرتبہ، مدیرہ، مصنفہ.

مُؤَلِّفِین (ضم م، فم و، فت وبشد ل و، شد ل بکس، ی مع) اند ؛ ج.
مولف کی جمع، تالیف کرنے والے، مرتبین.

مَولُود (ولین، و مع) صف ؛ اند.
۱. پیدا شدہ، جو پیدا ہوا ہو، زائیدہ، تولد شدہ. ۲. (i) پیدائش کا دن، وقتِ ولادت، پیدا ہونے کا زمانہ ؛ پیدائش. ۳. بیٹا، لڑکا، بچہ. ۴. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کا دن. [ع].

مولود شَرِیف اند. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے ذکر کی محفل یا بیان، میلادِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جلسہ.

مَولوِی (ولین، فت ل) اند.
۱. دین کا خاصا علم رکھنے والا، پڑھا لکھا آدمی، مسائل دین سے واقف، عالم دین، فقیہہ، فاضل. ۲. پابند شریعت، بزرگ شخصیت، متشرع. ۳. مشرقی علوم اور زبانوں کا معلم، مدرس. ۴. (طنزاً) عالم بے عمل. [ع].

مولوی زادہ اند. مولوی کا بیٹا ؛ اُستاد کا لڑکا.

مولوی فاضل اند. علوم عربیہ کا تیسرا اور آخری درجہ اور سند.

مولوی مَدن اند. (ادب) نکتہ داں مولوی (ایک روایتی کردار).

مَولوِیانَہ (ولین، فت نیز سک ل، کس و، فت ن) صف ؛ م ف.
مولویوں جیسا، مولویوں کی طرح کا.

مَولیٰ / مَولے (ولین، ابشل ی) صف مذ.
مولا، آقا، مالک. [ع].

مُولی (و مع) مث.
ایک لمبی گاؤدم شکل کی سفید رنگ سبزی (جڑ) جس میں شلجم کی طرح ڈنٹھل اور کسی قدر چوڑے پتے ہوتے ہیں، کچی اور بطور سلاد یا پکا کر بھی کھائی جاتی ہے، بہت ہاضم ہوتی ہے. [مقامی].

مولی اپنے (ہی) پتوں بھاری کہاوت. جس سے اپنا بوجھ نہیں سنبھل سکتا وہ دوسروں کا بوجھ کیا بٹائے گا، جو اپنی مشکل دور نہیں کرسکتا وہ کسی کی کیا مدد کرے گا.

مولی گاجر مث. (کنایۃً) ارزاں، بے قیمت، بے قدر، بہت زیادہ

مولی گاجر کی طرح م ف. نہایت بے قدری یا بے دردی کے ساتھ.

مولی گاجر کی طرح کاٹ دینا/کاٹنا محاورہ. نہایت بے دردی سے قتل کرنا.

موم (و مع) (الف) اند.
۱. چکنا، نرم اور سفید مادّہ جو شہد کی مکھیوں کے چھتے میں سے شہد کے ساتھ نکلتا ہے، شہد کے چھتے کا روغن جو شمع اور دیگر اشیا کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے نیز دواءً مستعمل. (ب) صف. (مجازاً) نرم، ملائم. [ف].

موم بتی مث. ڈورا لگا کر موم سے بنائی ہوئی بتی جو روشنی کے لیے جلائی جاتی ہے، شمع.

موم بن جانا ف مر؛ محاورہ. نرم ہوجانا، گداز ہونا، ملائم ہونا، پسیج جانا.

موم جامہ اند. وہ کپڑا جسے پانی وغیرہ کی نمی سے محفوظ رکھنے کے لیے موم کا روغن دیا گیا ہو، ترپال، مومی کپڑا، مجرب کپڑا.

موم دل صف. جس کا دل بہت نرم ہو، ترس کھانے والا، نرم دل.

موم کا صف. موم سے بنا ہوا ؛ (مجازاً) نہایت نازک، بہت ملائم یا نرم، موم کے مانند، کمزور.

موم کا پتلا اند. نرم و نازک ؛ انتہائی نازک.

موم کی طرح پگھل جانا / پگھلنا ف مر؛ محاورہ. نرم دل ہوجانا، پسیج جانا.

موم کی مریم صف مث نیز مث. (مجازاً) نہایت نازک (لڑکی) جسے ہاتھ لگانے کی بھی سہار نہ ہو، چھوئی موئی، جو ہاتھ لگانے سے میلی ہو ؛ (کنایۃً) نازک اندام عورت.

موم کی ناک مث. مراد: وہ شخص جس کے ارادے کا اعتبار نہ ہو، جسے جو چاہے جس طرف کرلے، متلون مزاج، غیر مستقل مزاج؛ نرم مزاج.

موم ہوجانا / ہونا محاورہ. ۱. نرم ہوجانا، ملائم ہوجانا ۲. پگھلنا، پانی ہونا. ۳. رحم دل ہونا، سنگ دلی دور ہوجانا، رحم آنا.

موم پھلی مث. دیکھیے: مونگ پھلی جو اس کا درست املا ہے.

مومِن (و مع، کس م) اند. ۱. زبان سے اسلام کا کلمہ پڑھنے اور قلب و عمل سے تصدیق کرنے والا، خدا اور رسولوں پر اور آخرت پر ایمان لانے والا، اسلام کی پیروی کرنے والا سچا اور پکا مسلمان. ۲. خدا تعالیٰ کا نام، امن مہیا کرنے والا. ۳. (تحقیراً) مسلمان جولاہا. ۴. (اہل تشیع)، شیعہ فرقے کا فرد. [ع].

مومنات (و مع، کس خف) مث ؛ ج.
مومنہ کی جمع ؛ مومن عورتیں.

مُومِنَہ (و مع ، کس خف م ، فت ن) امث .
مومن کی تانیث ، مومن عورت .

مومِنِین (و مع ، کس خف م ، ی مع) امذ : ج .
مومن کی جمع ، مسلمان مرد ، مومنان ، مسلمین .

مومی (و مع) صف .
۱. موم سے منسوب یا متعلق ، موم کا بنا ہوا ، موم کا رنگ یا خصوصیات رکھنے والا ، موم کی طرح نرم ، جس پر موم کا روغن وغیرہ ملا ہوا ہو ، چکنا . ۲. موم سے محفوظ یا تیار کردہ (چھینٹ کے پھول وغیرہ تاکہ اس پر دوسرے رنگ چڑھ کر انھیں خراب نہ کر دیں) . ۳. (مجازاً) نرم ، گداز ، پگھلا ہوا .

مومی لفظ امذ . (کنایۃً) نرم الفاظ ، میٹھے بول .

مومی مُجَسَّمَہ امذ . موم کا تراشا یا ڈھالا ہوا مجسمہ ، مومی مورت .

مومیا (و مع ، کس م) امث .
۱. ایک سیاہ چکنی دوا جو پہاڑوں سے نکالی جاتی اور ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے اور ضرب کی تکلیف دور کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ، پہاڑ کا مد ، سلاجیت : (مجازاً) مسالا جس سے لاش حنوط کی جائے .

مومیات (و مع ، کس م) امث : ج .
مومیا کی جمع ، موم یا مسالا لگی چیزیں یا لاشیں .

مُومیٰ (و مع ، ابشکل ی) صف .
اشارہ کیا گیا ، ایما کیا گیا .

مومیانا (و مع ، کس م) م ف .
حنوط کرنا ، لاش کو دوائیں یا مسالے لگا کر محفوظ رکھنا .

مومیائی (و مع ، کس م) (الف) صف .
حنوط شدہ لاش کا یا اس کی طرح کا . (ب) امث . پہاڑ سے نکلی ہوئی ایک سیاہ رنگ دوا جو اکثر سخت چوٹ یا ہڈی ٹوٹ جانے کے موقع پر دودھ وغیرہ میں ملا کر پلائی جاتی ہے اور اس کے لیے مفید بتائی جاتی ہے ، مومیا پہاڑ کا مد ، سلاجیت .

مُومَینٹَم (ضم م ، غم و ، ی لین ، سک ن ، فت ٹ) امذ : ـــ مومنٹم .
۱. (میکانیات) کسی متحرک جسم کے حجم اور رفتار کے حاصل ضرب کے طور پر حاصل ہونے والی مقدار . ۲. زور یا قوت جو حرکت سے حاصل ہو یا حرکت سے بڑھے ، زورِ حرکت . [انگ] .

مُؤَنَّث (ضم م ، فت ، بشکل و ، شد ن بفت) صف .
۱. مادہ نیز عورت ، زن ، استری ، زنانہ . ۲. (قواعد) جو تانیث ہو ، تانیث ، مادہ جنس (نر کی ضد) . [ع] .

مُونج (و مع ، غنہ) امث .
ایک قسم کی گھاس جسے شکھا کر بان اور رسیاں وغیرہ بٹتے ہیں . [س] .

مُونچھ (و مع ، غنہ ، سک چ) امث .
بالغ مرد کے اوپر کے لب پر اُگنے والے بال ، بروت ، لب ، مُوچھ .

مونچھ اُونچی رَکھنا محاورہ . بڑائی ظاہر کرنا ، فتح حاصل کرنا .

مونچھ کا بال بَننا ف مر : محاورہ . اہم آدمی بن جانا ، قریبی ساتھی ہو جانا .

مونچھ مُنڈوانا محاورہ . اپنی غلطی ماننا ، ہار تسلیم کرنا .

مُونْد (و مع ، سک ن) امث .
بند کرنے یا میچنے کا عمل .

مونـد لینـا ف مر . میچ لینا ، بند کرنا ، موندنا (بالعموم آنکھ کے ساتھ مستعمل) .

مُونْدنا (و مع ، غنہ سک د) ف م .
بند کرنا ، میچنا (آنکھیں) ؛ ڈھانپنا ؛ بھیڑنا (دروازہ) .

مُونْڈ (و مع ، سک ن) امث .
سر ، منڈیا ، ماتھا . [مقامی] .

مونڈ دینا ف مر . مونڈھنا ، حجامت کرنا .

مونڈ لینا محاورہ . لوٹ لینا ، دھوکے سے لوٹ لینا .

مُونْڈَن (و مع ، مغ ، فت ڈ) امذ : امث .
۱. مونڈنے کا عمل ، نوزائیدہ بچے کے بال سر پر سے منڈوانے اور ذبیحہ کرنے کی رسم (جو عموماً پیدائش کے ساتویں دن ہوتی ہے) ، عقیقہ . ۲. (ہندو) لڑکے کو پہلے پہل دیوتا کے منھ میں لے جا کر اس کا سر منڈوانے کی رسم . ۳. استرے سے بال صاف کرنا ؛ نیت یا ارادے کو بدل دینا . ۴. کٹہرے کی اوپر کی لکڑی جس میں جالی پھنسائی جاتی ہے .

مُونڈنا (و مع ، غنہ ، سک ڈ) ف م.
۱. استرے وغیرہ سے بال صاف کرنا. ۲. کسی کو گرو کا چیلا بنانا ، مرید بنانا / کرنا. ۳. (مجازاً) لوٹنا کھسوٹنا ، دھوکا دے کر یا بہلا پھسلا کر کسی کا مال کھانا ، تباہ و برباد کر دینا.

مُونڈھا (و مج نیز مع ، مغ) اند.
۱. سرکنڈوں کی تیلیوں اور بان وغیرہ سے بنی ہوئی ایک قسم کی گول کُرسی جس کے اوپر کے کنارے گولائی لیے ابھرے اور گٹھیلے بنے ہوئے ہوتے ہیں ، عموماً بے تکیے کی اور بعض میں سرکنڈوں وغیرہ ہی کا تکیہ بھی ہوتا ہے. ۲. (i) شانہ ، کندھا ، دوش. [س].

مُونِس (و مع ، کس ن) صف (مث : مونسہ).
۱. معاون ، مددگار ، ہم دم ، دوست ، یار ، ساتھی ، انیس ، جس سے انسیت ہو. ۲. انس رکھنے ولا ، میل جول رکھنے والا. ۳. غم خوار ، ہم دم.

مونس جاں اند. زندگی کا ساتھی ، ہم دم.

مُونِسانَہ (و مع ، کس ن ، فت ن) صف : م ف.
مونسوں کی طرح ، ہمدردوں کی طرح ، دوستانہ طور پر.

مَونْ سُون/مَونْسُون (ولین ، سک ن ، و مع) مث.
(جغرافیہ) بحر ہند اور جنوبی ایشیا کی موسمی ہوا جو اپریل سے اکتوبر تک جنوب مغرب سے اور سال کے باقی حصے میں شمال مشرق سے چلتی ہے. [انگ].

مُونگ (و مع ، غنہ) مث.
ماش سے چھوٹا ہلکے ہرے چھلکے کا ایک غلہ ، اس کا دانہ پھلی سے نکلتا ہے اس پھلی میں متعدد دانے ہوتے ہیں ان دانوں سے دلی ہوئی دال عموماً پکائی جاتی ہے. [س].

مونگ بَرابَر صف. مونگ کے دانے کی مقدار بھر ؛ (مجازاً) بہت تھوڑا تھوڑا سا ، بہت کم.

مونگ دَلنا ف مر ؛ محاورہ. دیکھیے : چھاتی پر مُونگ دلنا جو زیادہ مستعمل.

مونگ کی پھلی / پھلیاں مث ؛ ج. وہ پھلی جس میں مُونگ کے دانے ہوتے ہیں ؛ (مجازاً) نازک اور پتلی انگلیاں.

مُونگ پَھلی مث. مونگ پھلی ، ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کی طرح دانے نکلتے ہیں. ۲. مراد : کوئی حقیر ، معمولی چیز نیز

مُونگا (و مع ، مغ) اند.
ایک سخت مادہ جو بعض سمندری جانوروں یا کیڑوں کے ڈھانچے سے بنتا ہے ، مرجان ، بیخ مرجان [مقامی].

مُونگُچھی (و مع ، مغ ، ضم گ) مث.
(کھانا پکانا) پسی ہوئی مونگ کی دال کی پھلکی جو تیل یا گھی وغیرہ میں تل کر پکائی جاتی ہے اور بطور سالن بھی استعمال کی جاتی ہیں ، مونگ کی بڑیاں.

مونگرا (و مج ، غنہ ، سک گ) اند.
چھوٹی چھوٹی پھلیاں جو بطور ترکاری پکا کر استعمال کی جاتی ہیں. [مقامی].

مُونگِیا (۱) (و مع ، مغ ، کس گ) صف ؛ اند.
مونگ کے رنگ کا نیز سیاہی مائل سبز رنگ کا.

مُونگِیا (۲) (و مع ، مغ ، کس گ) صف ؛ اند.
مرجانی ، مرجان کے رنگ کا ، سرخ مرجان کے رنگ کا نیز مرجان کا رنگ.

مونو ٹائپ (و مج ، و مج ، کس ی مع) اند.
(طباعت) ایسی مشین جو کمپوز بھی کرتی ہے اور ساتھ ہی ٹائپ بھی ڈھالتی ہے جس سے پورا صفحہ تیار ہو جاتا ہے اور اس کمپوز شدہ صفحے سے طباعت ہو جاتی ہے. [انگ].

مونوگراف (و مج ، و مج ، کس ی گ) اند.
کسی شخصیت پر مخصوص نوعیت کا مقالہ یا دستاویز ، ایک موضوعی رسالہ. [انگ].

مونوگرام (و مج ، و مج ، کس خف گ) اند.
نام کا طغرا (دو یا چند حروف پر مبنی آرائشی تحریر). [انگ].

مُونہہ (و مع ، مغ) اند.
منھ کا ایک املا ؛ تراکیب میں مستعمل.

مُووی (و مع) صف ؛ مث.
متحرک فلم. [انگ].

موہ (وج) امث.

۱. پیار، محبت، عشق. فریفتگی، پریت. ۲. خواہش، لالچ، حرص. ۳. غیر واقع کا تصور. ۴. بال، مو. ۵. رحم، مہربانی؛ دلکشی؛ گھبراہٹ؛ پندار. [س].

مَوہِب (ولین، کس ب) (الف) صف.

بخشنے والا، عطا کرنے والا، خیر خیرات کرنے والا، جو ہبہ کرے. (ب) امذ. عطیہ، بخشش، تحفہ. [ع].

مَوہِبَت (ولین، کس و، فت ب) امث.

۱. عطا، بخشش، نذر، تحفہ. ۲. روحانی فیض. ۳. وہ چیز یا صفت جو عطیے کے طور پر ملی ہو. [ع].

موہَن (وج، فت ب) صف؛ امذ.

۱. دل فریب یا نہایت خوب صورت، حسین؛ مراد: محبوب یا محبوبہ. ۲. دل موہ لینے والا، لبھا لینے والا، خوب صورت، حسین دوست، محبوب، فریفتہ کرنے والا. ۳. (ہندو) کرشن جی کا لقب. ۴. دھتورا. [س].

موہْنا (وج، سک ہ) (الف) ف م.

۱. فریفتہ کرنا، شیفتہ کرنا، عاشق بنانا. ۲. سحر کرنا، جادو کرنا، پُر تاثیر ہونا. (ب) صف. لبھانے والا، حسین، خوب صورت، دل کش.

موہِنی (وج، فت نیز کس ہ) (الف) صف مث.

دل کش؛ خوب صورت. (ب) امث. ۱. دل لبھانے والی عورت؛ (مجازاً) حسینہ و جمیلہ، نہایت خوب صورت عورت؛ مراد: محبوبہ. ۲. دل فریبی، دل ربائی، دلبری، افسوں گری، غیر معمولی کشش یا خوبی.

مَوہُوم (ولین، وج) صف.

وہم کیا گیا، خیالی، تصوراتی، فرضی، قیاسی، وہمی، غیر اصلی. [ع].

موہی (وج) (الف) صف.

ناداں، غافل، جاہل نیز دماغ کو مختل کر دینے والا؛ حیران پریشان کر دینے والا، اُلجھانے والا. (ب) امث. عشق، فریفتگی، محبت.

موہے (وج) ضمیر.

(گنوار) مجھے، مجھ کو، میرے تئیں.

مُوئِد (وج، کس و) صف.

تائید کرنے والا؛ حمایت کرنے والا، کسی بات کو تسلیم کرنے والا. [ع].

مُوئی (ضم م، غم و) امث.

۱. نگوڑی، کم بخت، بدنصیب، اُجڑی، خانہ خراب. ۲. مری ہوئی، مردہ.

موئی مٹی (الف) امث. نعش، لاش، میت. (ب) صف. ۱. (مجازاً) مرا ہوا، مُردہ اور بے حس؛ سست اور کاہل جسے کام کے نام سے موت آئے. ۲. (مجازاً) مرحوم، متوفیٰ.

موئی مٹی کی نشانی امث. مرے ہوئے شخص کی یادگار، مرے ہوئے عزیز کی اولاد.

مُوئے (ضم م، غم و) (الف) صف، امذ: ج نیز واحد.

۱. مُوا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل؛ مردے نیز مردہ. ۲. نگوڑے، بدنصیب، کم بخت. (ب) بطور ماضی. مرے، مرمٹے، تباہ ہوئے (تراکیب میں مستعمل).

موئے پر سو دُرّے کہاوت. آفت پر آفت، ایذا پر ایذا.

موئے پر سو دُرّے لگانا محاورہ. مصیبت زدہ کو اور تکلیف پہنچانا.

مُؤَیَّد (ضم م، فت ء بشکل و، شدی بفت) صف.

۱. جس کی تائید کی جائے، جس کو مدد پہنچائی جائے، جس کی حمایت کی جائے. ۲. جس کی تاکید کی جائے، موکد. [ع].

مُؤَیِّد (ضم م، فت ء بشکل و، شدی بکس) صف.

۱. تائید کرنے والا. ۲. مددگار، معاون، حمایتی، قوت دینے والا، ساتھی. [ع].

مَوِیز (فت م، ی مع) امذ.

بڑے بڑے سوکھے انگور، ایک طرح کی بڑی کشمش؛ منقیٰ / منقا. [ف].

مَویشی (فت و، ی مج) امذ: ج.

۱. ڈھور ڈنگر، گائے بھینس بھیڑ بکری وغیرہ کا مجموعی نام، پالتو چوپائے. ۲. (گلہ بانی) کاشت کاری میں ڈھور یا چوپائے جو کھیتی باڑی یعنی کاشت کاری کے کام آئیں. [ع].

مَہ (فت نیز فت ہ ج م) امذ.

۱. ماہ کی تخفیف، چاند، قمر، چندرما، مہتاب. ۲. مہینہ، ماہ.

مہ پارہ صف : اِمذ. چاند کا ٹکڑا ؛ (مجازاً) حسین ، محبوب ، عزیز ترین اولاد ؛ مراد : معشوق .

مہ تاب اِمذ :~ مہتاب. چاند ، قمر .

مہ تاباں کس صف : اِمذ. روشن چاند ، چودھویں کا چاند ، پورا چاند ؛ مراد : محبوب .

مہ تابی صف مت .۱. مہتاب کا ، مہتاب سے متعلق ، چاند کی طرح ، چاند کی طرح روشن .۲. چبوترہ جو محل کے سامنے یا باغ میں چاندنی کی بہار دیکھنے کے لیے بناتے ہیں .۳. ایک قسم کی آتش بازی جس کی روشنی نیلگوں ہوتی ہے ، پھول جھڑی .

مہ جبیں صف : اِمذ. چاند کی سی روشن پیشانی والا ؛ (مجازاً) حسین ، خوب صورت ؛ مراد : معشوق یا معشوقہ .

مہ رخ صف : اِمذ. جس کا چہرہ چاند کی طرح روشن ہو ، حسین ، خوب صورت ؛ مراد : معشوق (عموماً جمع میں مستعمل) .

مہ کامل اِمذ. پورا چاند ، چودھویں کا چاند ، بدر ؛ مراد : کامیاب ، کامران .

مہ لقا صف : اِمذ. چاند کی سی روشن صورت والا ؛ حسین ، خوب صورت ؛ مراد : معشوق ، معشوقہ .

مہ و انجم اِمذ. چاند اور ستارے .

مہ و سال اِمذ : ج. مہینہ اور سال ؛ مراد : وقت ، زمانہ .

مہ و مہر اِمذ : ج. چاند اور سورج .

مہ و نجوم اِمذ : ج. چاند اور ستارے .

مہ وش / مہوش صف نیز اِمذ :~ مہوش. چاند جیسا ؛ (مجازاً) خوب صورت ، حسین ؛ مراد : معشوق .

مَہا (فت م) (الف) صف.
۱. بڑا ، کلاں ، بزرگ ، عظیم ؛ (مجازاً) اعلیٰ ، معزز ، بطور سابقہ تراکیب میں مستعمل .۲. شریف ، خاندانی شریف .۳. بہت بڑا ، سب سے بڑا ، سب سے زیادہ .۴. اہم ، نہایت ضروری . (ب) م ف. بہت ، انتہائی ، بہت زیادہ ، سب سے بڑھ کر . [س] .

مہابَل صف : اِمذ .۱. بہت طاقت ور اور شجاع ، بہت قوی ، نہایت زبردست ؛ شہنشاہ اکبر کا خطاب .۲. سدا کی ایک قسم جس میں پیلے پھول لگتے ہیں .۳. ہوا ، طوفان ، مہاگا ؛ بدھ .

مہابلی صف : اِمذ .۱. بہت طاقت ور اور شجاع ، بہت قوی ، نہایت زبردست ؛ شہنشاہ اکبر کا خطاب .۲. (مجازاً) ہنومان .

مہابیر / بیرجی اِمذ .۱. (ہندو) بڑا پہلوان اور سورما ، شیر ببر ؛ مراد : بہت بہادر ؛ ہنومان جی کا خطاب جو مہاراجا رام چندر کے لشکر کے پہلوان تھے .۲. جین مت کے بانی جن کا اصل نام وردھمان تھا ، مہاویر .

مہابھارت مت .۱. قدیم بھارت کی وہ بڑی جنگ جو کوروں پانڈوں کے درمیان کروچھتر کے مقام پر ہوئی تھی اور اٹھارہ روز جاری رہی تھی .۲. (مجازاً) بہت ثقیل اور گراں بار (شے) ؛ کوئی بہت بڑی جنگ .۳. (کنایۃً) جنگ عظیم جو یورپ میں لڑی گئی .۴. ایک رزمیہ منظوم کتاب جس میں کوروں اور پانڈوں کے درمیان لڑی گئی ایک عظیم جنگ کا ذکر ہے اس کے مصنف بیاس جی ہیں .

مہاتم اِمذ .۱. بڑائی ، عظمت ؛ (مجازاً) آؤ بھگت .۲. (ہندو) گیتا کے ہر باب (ادھیائے) کے اختتام پر درج عبارت .۳. اجر عظیم بہت زیادہ ثواب ، اجر ، نیک بدلہ .

مہاتما اِمذ .۱. بزرگ ، قابل احترام ہستی ؛ اعلیٰ اصولوں والا ، اعلیٰ خیالات کا ، عالی دماغ ؛ ایک خطاب ؛ مقدس اور نیک آدمی ، ولی اللہ سعید .۲. گاندھی کا خطاب .

مہاتما بدھ / بودھ اِمذ. مراد : گوتم بدھ .

مہا جال اِمذ .۱. بڑی اور وزنی مچھلیوں کے پکڑنے کا بہت بڑا اور مضبوط جال .۲. بڑا دام ، دنیائے دنی .۳. کاغذ کا جال .

مہاجن اِمذ .۱. بڑا دولت مند ، سیٹھ ، مال دار ، صراف ، خزانچی ، ہنڈی والا .۲. روپیہ کا لین دین کرنے والا ، سود پر قرض دینے والا ، سود خور .۳. ساہوکار ، بنیا .۴. بڑا آدمی ، بزرگ ؛ سادھو .

مہادیو اِمذ .۱. سب سے بڑا دیوتا ، ربّ الارباب ، شیو جی کا لقب .۲. حضرت آدم علیہ السلام ، ابوالبشر .

مہاراج اِمذ .۱. بڑی سلطنت کا مالک ، سب سے بڑا راجا ، راجاؤں کا راجا ، شہنشاہ .۲. (تعظیماً) خطاب کا کلمہ بمعنی جناب ، حضور ، صاحب ، استاد وغیرہ .۳. (مجازاً) گھر میں کام کاج کرنے والا مہرا یا غلام .

مہارانی امث. ١. راجہ یا رانا کی بڑی استری، بڑی رانی؛ مراد: بڑے مرتبے کی عورت. ٢. وہ رانی جو خود حکومت کرتی ہو. ٣. عزت سے ہندو عورتوں کو کہتے ہیں.

مَہابَت (فت م، ب) امث.
١. ڈر، خوف، رعب، وحشت، ہیبت. ٢. جاہ و حشم؛ شان و شوکت، عظمت. ٣. غصہ، غیظ و غضب. ٤. سنجیدگی، متانت، بھاری بھرکم پن، حکمت، توقیر. [ع].

مُہاجِر (ضم م، کس ج) صف؛ اند.
اپنے وطن کو چھوڑ کر دوسری جگہ جا بسنے والا، تارکِ وطن، ہجرت کرنے والا، خصوصاً وہ مسلمان یا جماعت مسلمین جنھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے اتباع میں مکّے سے مدینے کی طرف ہجرت کی تھی. [ع].

مہاجر کیمپ اند. کیمپ (وہ جگہ) جہاں ہجرت کرنے والے لوگ آ کر پناہ لیں.

مُہاجِرِین (ضم م، کس ج، ی مع) اند؛ ج.
اپنے وطن کو چھوڑ کر دوسری جگہ جا بسنے والے لوگ، خصوصاً وہ مسلمان یا جماعت مسلمین جنھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے اتباع میں مکّے سے مدینے ہجرت کی تھی.

مُہار (فت نیز کس م رج م) امث.
١. وہ لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس میں رسی باندھتے ہیں، اونٹ کی نکیل میں بندھی ہوئی رسی نیز نکیل، زمام. ٢. ایک تمیز کا لفظ جو اونٹ کے ساتھ گنتی کے لیے استعمال ہوتا ہے (بالکل اسی طرح جیسے روپے کے ساتھ "مبلغ" ہاتھی کے ساتھ "زنجیر" اور گائے بیل وغیرہ کے ساتھ "راس" مستعمل ہے). ٣. (مجازاً) روک، آڑ. [ف].

مَہارَت (فت م، ر) امث.
١. (کسی کام، فن یا پیشہ وغیرہ میں) کمال ہنرمندی، استادی، تجربہ کاری؛ چابک دستی. ٢. استعداد، لیاقت، قابلیت، دسترس، عبور، واقفیت، شعور. ٣. کسی کام کو بار بار کرنا، ربط، مشق، ریاضت. ٤. سلیقہ، ڈھب. ٥. ہوشیاری، چالاکی. ٦. دخل رسائی، پہنچ، مداخلت. ٧. عادت، سبھاؤ. [ع].

مُہاڑنی (ضم رج م، سک ر) امث.
پہاڑے اور گنتی جو مدرسے کا خلیفہ (مانیٹر) بیچ میں کھڑا ہو کر پہلے خود کہتا ہے بعد میں سب بچے دہراتے ہیں، رٹ، گردان. [مقامی].

مُہاسا (ضم م) اند.
چھوٹی پھنسی جو ایامِ شباب میں نوجوانوں کے رخساروں پر نکل آتی ہے وہ دانہ جو گال یا چہرے پر زیادہ تر عنفوانِ شباب میں جوشِ خون سے نکل آتا ہے؛ (مجازاً) دوسرے اعضائے جسم کا چھوٹا سا دانا. [س].

مُہال (ضم م) اند.
١. شہد کی مکھیوں کا چھتا (جس میں شہد ہو). ٢. (شکر سازی) شکر کے اجزا جو راب نتھرنے کے بعد تھیلے کے اندر آپس میں چپک کر گلی یا ڈلے کی شکل بن جائیں. ٣. (سنگ تراشی) پتھر کی بنی ہوئی روکار، درشنی پٹیا جو بندش میں سامنے رہے، دیدار و رخ. [مقامی].

مَہام (فت م) اند؛ ج.
خطرناک اور دشوار امور، معاملاتِ عظیمہ، بڑے اور اہم کام.

مہام سلطنت اند؛ ج. امورِ سلطنت، حکومت کے کام، کارہائے سرکاری.

مَہان (فت م) صف.
١. بڑا، بہت، بزرگ تر، اعلیٰ. ٢. عظیم. [س].

مَہاوَت (فت م، و) اند.
ہاتھی چلانے والا، ہاتھی کی رکھوالی کرنے والا، فیل بان، فوج دار. [س].

مَہاوَٹ (فت م، و) امث.
وہ بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے، جاڑے کی بارش (عموماً جمع مستعمل). ٢. وہ لکڑی جو چھت پاٹنے میں اس غرض سے ڈالتے ہیں کہ عرض میں پڑی ہوئی لکڑیوں کے سرے چھپ جائیں. [س].

مہاوٹ برسی اور ساڑھی سرسی کہاوت. ماگھ کے مہینے میں بارش ہو تو ربیع کی فصل بہت بڑھتی ہے.

مَہاوَر (فت م، و) اند.
ایک سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے (عموماً شادی شدہ عورتیں اسے پاؤں یا ہاتھ کے اردگرد لگاتی ہیں). [س].

مَہْتاب (فت رج م، سک ہ) (الف) اند.
چاند، قمر، ماہ. (ب) امث. ۱. چاند کی روشنی، چاندنی. ۲. آتش بازی کی ایک قسم جس کا شعلہ بالکل سفید براق مہتابی ہوتا ہے. ۳. وہ گول دائرہ جس کے وسط میں فلیتہ لگا کر توپ کو داغتے ہیں. ۴. چاندنی کا پھول نیز اس کا پودا، گل چاندنی. ۵. بایاں نتھنا. (ج) صف. روشن (اندھیری کے مقابل). [ف].

مَہْتابی (فت رج م، سک ہ) (الف) امث.
۱. (معماری) ایک اونچا بڑا کھلا ہوا کٹہرے دار چبوترہ جو اکثر محل وغیرہ میں چاندنی کی بہار دیکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے؛ صحن کے آگے بیچ میں نکلا ہوا چبوترہ. ۲. ایک وضع کی آتش بازی جس کا شعلہ سفید نیلگوں ہوتا ہے، انار. (ب) صف. ۱. روشنی، چمک دمک، چاند کی طرح چمکنا. ۲. دودھ کی طرح سفید، شفاف. ۳. مہتاب (چاند) سے منسوب، چاند کی شکل، چاند جیسا؛ (کنایۃً) گول (چہرے کے لیے مستعمل).

مہتابی چھٹنا / چھوٹنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آتش بازی کے چلنے سے پھول جھڑنا؛ آتش بازی کا مظاہرہ ہونا، مہتابی کا چلنا. ۲. (چہرے پر) چمک دمک پیدا ہونا، چمک اُٹھنا.

مُہْتَدِین (ضم رج م، سک ہ، فت ت، ی مع) اند؛ ج.
مہتدی کی جمع، ہدایت یافتہ لوگ.

مِہْتَر (کس رج م، سک ہ، فت ت) (الف) صف.
عظیم، اعلیٰ، برتر، زیادہ بڑا، مہ تر (کہ تر کا متضاد)؛ بزرگ، عمر میں بڑا. (ب) اند. ۱. قوم کا بزرگ، مالک و مخدوم، آقا، سردار. ۲. (مجازاً) خاکروب، بھنگی، حلال خور. ۳. (مجازاً) سرائے کا بھٹیارا، چمار، قسائی وغیرہ کا تعظیمی نام. [ف].

مِہْتَرانی (کس رج م، سک ہ، فت ت) امث.
۱. مہتر کی تانیث، سڑکوں پر جھاڑو دینے اور صفائی کرنے والی، بھنگن. ۲. ہندوؤں میں نچلی ذات کی عورت جو عموماً شریف گھرانوں میں چھوٹے موٹے کاموں کے لیے رکھی جاتی ہے، بھٹیاری.

مُہْتَم (ضم رج م، سک ہ، فت ت) صف.
۱. پریشان، متفکر، تشویش میں مبتلا. ۲. غم گین ہونے والا؛ ہمدردی کرنے والا. ۳. اہتمام کیا ہوا. [ع].

مُہْتَمِم (ضم رج م، سک ہ، فت ت، کس م) صف؛ اند.
۱. اہتمام کرنے والا، سربراہ کار، منتظم، نگراں، پیش کار، منصرم، منیجر، کمشنر. ۲. غم گین، غم خوار؛ بے قرار. [ع].

مُہْتَمِمِین (ضم رج م، سک ہ، فت ت، کس م، ی مع) اند؛ ج.
مہتمم کی جمع، اہتمام کرنے والے لوگ، ناظمین.

مَہْجُور (فت رج م، سک ہ، و مع) صف.
۱. ہجر زدہ، جو جدائی کے غم میں مبتلا ہو، بچھڑا ہوا، فرقت زدہ؛ (مجازاً) محروم. [ع].

مَہْد (فت رج م، سک ہ) اند.
۱. بچے کا بستر، بچھونا، گہوارہ، جھولا، ہنڈولا، پالنا، پنگوڑا. ۲. (مجازاً) سکھپال، ڈولا، پالکی وغیرہ پردے کی سواریاں نیز چھپر کھٹ، مسہری. [ع].

مہد سے لحد تک م ف؛ فقرہ. پیدائش سے لے کر موت تک، زندگی بھر، کسی بھی وقت میں، بچپن سے مرتے دم تک، اول تا آخر.

مَہْدی (فت رج م، سک ہ) (الف) اند.
۱. امام مہدی؛ شیعہ مسلمانوں کے بارھویں امام جن کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا. (ب) صف. ہدایت یافتہ؛ (کنایۃً) رہنما، پیشوا، ہادی، رہبر. [ع].

مہدی آخرالزّماں اند. حضرت امام مہدی جن کا ظہور قیامت کے قریب ہوگا.

مُہَذَّب (ضم م، فت ہ، شد ذ بفت) صف.
۱. (i) تہذیب یافتہ، متمدن، تربیت یافتہ، شائستہ، جس کو تہذیب سکھائی گئی ہو، باسلیقہ. (ii) جو تہذیب کے دائرے میں ہو. ۲. ترقی یافتہ لوگوں کی سی سوچ اور تمدن رکھنے والا فرد یا معاشرہ وغیرہ. ۳. غلطیوں یا برائیوں سے پاک اور خوبیوں سے آراستہ سجا ہوا، تنقیح کردہ؛ (مجازاً) مغرب زدہ، نئی تہذیب کا دل دادہ. [ع].

مہذب ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. تہذیب یافتہ ہونا، ترقی یافتہ ہونا. ۲. تہذیب کے دائرے میں ہونا، شائستہ ہونا.

مُہذّبانہ (ضم م، فت ہ، شد ذ بفت، فت ن) صف؛ م ف.
شائستہ انداز سے، تہذیب و شائستگی کے انداز سے.

مَہر(۱) (فت بج م، سک ہ) اند.
وہ مقررہ رقم جو مسلمان مرد اپنے نکاح کے عوض اپنی منکوحہ کو ادا کرتا ہے یا ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے. [ع].

مہر باندھنا محاورہ. مہر کی رقم متعین کرنا، تعین مہر، مہر کی رقم مقرر کرنا.

مہر شرعی اند. (فقہ) وہ مہر جو شرع محمدی ﷺ کے مطابق ہو اور مرد کے مقدور پر منحصر ہو، اس کی کم سے کم مقدار آئمۂ فقہ کے نزدیک مختلف ہے اور زیادہ سے زیادہ اتنا جس کے ادا کرنے پر مرد کو قدرت حاصل ہو.

مہر فاطمی اند. حضرت بی بی فاطمہؓ بنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مہر جو چار سو مثقال چاندی (تقریباً ڈیڑھ سو روپے) تھا؛ مراد: مہر قلیل یا سادہ مہر شرعی.

مہر مُعَجّل اند. (فقہ) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جاتا ہے.

مہر مُؤجّل/ مؤجل اند. (فقہ) وہ مہر جو نکاح کے وقت ادا نہ کیا جائے بلکہ کسی وقت بھی ادا کیا جانا قرار پائے.

مَہر(۲) (فت بج م، سک ہ) امث.
بیوی، عورت. [س].

مِہر (کس بج م، سک ہ) (الف) اند.
۱. (i) سال شمسی کا ساتواں مہینہ جس میں آفتاب برج میزان میں رہتا ہے. (ii) اتوار کا دن. ۲. سورج، خورشید، شمس، آفتاب. (ب) امث. محبت؛ مروت؛ مہربانی، عنایت. [ف].

مہر نیم روز اند. دوپہر کا سورج جو پوری آب و تاب دیتا ہے.

مہر و وفا اند. محبت و عنایات، مروت و رواداری، محبت استواری کے ساتھ.

مُہر (ضم بج م، سک ہ) (الف) امث.
۱. کسی چیز (بالعموم ربر) پر الٹی کھدی ہوئی تحریر یا نقش جسے سیاہی میں تر کر کے کاغذ وغیرہ پر اُتارا جا سکے، ٹھپا، سیل جو خطوط وغیرہ کو سربند کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے. ۲. (مجازاً) اشرفی (سونے کا مشہور سکہ) کا اصطلاحی نام جو عام طور پر گول اشرفی کے لیے بولا جاتا تھا. ۳. (مجازاً) انگوٹھی، خاتم نیز انگوٹھی کا نگینہ. ۴. مستند ہونے کا نشان یا علامت. (ب) صف. پابندی، بندش، ممانعت؛ مجازاً خاموشی. [ف].

مہر بہ لب صف. خاموش، چپ، جس کے لبوں پر مہر لگی ہو، مہر بلب.

مہر لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. دستاویز وغیرہ کی تصدیق کرنا، توثیق کرنا، شہادت دینا. ۲. بند کرنا، سر بند کرنا، مہر بستہ کرنا، نشان زد کر دینا.

مہر نبوت امث. وہ نقش جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شانے پر تھا، مستدیر شکل جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بائیں شانے کے پاس پیدا ہوگئی تھی روایت ہے کہ اس میں کلمہ طیبہ درج تھا.

مِہران (کس بج م، سک ہ) اند.
۱. دریائے سندھ نیز وہ علاقہ جو اس دریا کے ساتھ ساتھ ہے، سندھ کا علاقہ. ۲. ایک عالم؛ ایک بادشاہ؛ دریائے اٹک.

مِہربان (کس بج م، سک ہ، ر) صف.
۱. محبت یا شفقت کرنے والا، ہمدردی سے پیش آنے والا، شفیق رحم دل، حلیم. ۲. عنایت، توجہ، کرم یا نوازش کرنے والا، کریم. ۳. دوستوں اور بزرگوں کے القاب کا جزو. [ف].

مِہربانی (کس بج م، سک ہ، ر) امث.
۱. شفقت، نوازش، ہمدردی، تلطف، کرم. ۲. توجہ، التفات، عنایت ۳. شکریے کے اظہار کے لیے مروج، اظہار تشکر کے موقع پر مستعمل.

مِہرگان (کس بج م، سک ہ، ر) اند.
۱. (ایران) وہ دن جب ضحاک پر فتح پا کر فریدوں تخت نشیں ہوا. ۲. ماہ مہر کا سولھواں دن بعض جگہ اکیسواں دن درج ہے جس میں پارسی جشن مناتے ہیں جو چھ دن تک جاری رہتا ہے، مہر جان. [ف].

مُہرہ (ضم بج م، سک ہ، فت ر) اند.
۱. صیقل، پالش یا صاف شفاف کرنے کا آلہ؛ وہ اوزار جس سے گھسائی کر کے کسی چیز یا کاغذ کو چمکیلا کریں. ۲. شطرنج کی پٹی یا گوٹ جسے چال چلنے میں ایک خانے سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھتے ہیں شطرنج کھیلنے کا پیلا، گھوڑا، وزیر، بادشاہ، رُخ، پیادہ وغیرہ؛ (مجازاً) شخصیت، فرد. ۳. ایک مشہور پتھر جس سے سانپ کا زہر دور کیا جاتا

ہے ، تریاق ، زہر مار دوا یا شے ۔۴. سانپ کا من ، سانپ کا منکا ۔۵. (i) گردن اور پیٹھ کی گول ہڈیوں میں سے کوئی فقرہ ؛ (مجازاً) گردن یا ریڑھ کی ہڈی ۔(ii) ریڑھ کی ہڈی کے فقرے کے سرے پر بنی ہوئی گوٹڑی جو دوسری ہڈی میں پھنس کر جوڑ یا گرہ کا کام کرتی ہے ۔ ۶. (مجازاً) کسی خاص مقام پر موزونیت کے ساتھ جم جانے یا بیٹھ جانے والی چیز یا شخص ، (کسی جگہ کے لیے) موزوں شخص ، کارندہ نیز آلۂ کار ۔۷. شعبدہ ، چال ۔۸. ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے ۔[ف].

مہرہ پٹنا محاورہ. شطرنج کی گوٹ پٹ جانا ؛ کسی شخص یا تدبیر کا ناکام ہونا .

مَہْری (فت نیز کس رج م ، سک ہ) امث .
۱. کہاری (ڈولی یا پالکی اُٹھانے والے) کی بیوی ۔۲. پانی بھرنے یا برتن وغیرہ دھونے پر ملازم عورت ۔۳. بیوی ، گھروالی.

مِہْری (کس رج م ، سک ہ) امث .
۱محبت ، الفت ، تراکیب میں جزو آخر کے طور پر مستعمل ؛ جیسے : سرد مہری .

مُہْری (ضم رج م ، سک ہ) امث.
۱. موری ، نالی ۔۲. بندوق وغیرہ کی نال ۔۳. آستین یا پائینچے کا کھلا ہوا حصہ جو عموماً ٹخنے یا کلائی کے قریب ہوتا ہے .

مُہْرے (ضم رج م ، سک ہ) امذ ؛ ج.
مہرہ کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل ؛ شطرنج کی گوٹیں .

مہرے پٹنا محاورہ . بازی ہار جانا ، شکست ہو جانا ، ہار ہونا .

مِہْرِیا (کس رج م ، سک ہ ، کس ر) امث .
مہرارو ، استری ، عورت نیز بیوی .

مُہَزِّل (ضم م ، فت ہ ، شد ز بکس) صف .
(طب) دبلا کرنے والی . [ع].

مَہْزُوم (فت رج م ، سک ہ ، و مع) صف .
شکست دیا گیا ، شکست پایا ہوا . [ع].

مَہَک (فت نیز رج م ، فت ہ) امث .
پھولوں کی خوشبو ، تیز مہکاتی یا میٹھی میٹھی بو ، بوباس ؛ (استعارۃً) اثر . [ع].

مہک جانا محاورہ. خوش بو میں بس جانا ، مع ہو جانا.

مَہْکار (فت رج م ، سک ہ) امث .
مہکنے کی کیفیت ، خوش بو یا لپٹ ، مہک .

مَہْکارْنا (فت رج م ، سک ہ ، ر) ف م.
خوش بو پھیلانا ، مہکانا .

مَہْکانا (فت رج م ، سک ہ) ف م.
خوش بو سے بسانا ، خوش بو پھیلانا ، معطر کرنا ، خوش بو دار بنانا ؛ (مجازاً) تازہ کرنا (زخم کو).

مَہَکْنا (فت نیز فت رج م ، فت ہ ، سک ک) ف ل.
۱. خوش بو میں بسنا ، خوش بو دار ہونا ، معطر ہونا ۔۲. خوش بو پھیلانا ، خوش بو دینا ۔۳. بدبو پھیلنا .

مُہْلَت (ضم رج م ، سک ہ ، فت ل) امث .
کسی کام کے انجام دینے کے لیے وقت یا موقع ، وقفہ ؛ ڈھیل ؛ وقت .

مہلت دینا ف مر. موقع یا اجازت دینا ، رعایت دینا ، چھوٹ دینا .

مہلت ملنا ف مر. موقع ملنا ، وقت یا فرصت حاصل ہونا سہولت ملنا : چھٹی پانا .

مُہْلِک (ضم رج م ، سک ہ ، کس ل) صف .
۱. ہلاک کرنے والا ، مار ڈالنے والا ، ہلاکت خیز قاتل ؛ (مجازاً) ضرر رساں ۔۲. خطرناک ؛ (مجازاً) ہنگامہ خیز . [ع].

مہلک ترین صف. انتہائی نقصان دہ ، بہت خطرناک .

مہلک زخم امذ. ایسا زخم جس سے جان کو خطرہ ہو : (کنایۃً) ناسور .

مہلک ہتھیار امذ. جان لینے والا ہتھیار ، نہایت تباہ کن ہتھیار .

مہلک ہونا ف مر. بہت خطرناک یا نقصان دہ ہونا ، شدید ضرر رساں ہونا ، ہلاکت خیز ہونا : موت کا باعث ہونا .

مُہَلِّل (ضم م ، فت ہ ، شد ل بکس) صف .
تہلیل کرنے والا : (اصطلاحاً) لاالہ الااللہ کہنے والا ، کلمہ طیبہ کا ورد کرنے والا ، حمد و ثنا کرنے والا . [ع].

مُہِم (ضم م ، کس ہ) (الف) صف .
صعوبت و غم میں ڈالنے والا ؛ (مجازاً) اہم ترین . (ب) امذ نیز امث .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، رج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (ملفوظ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۱. مراد : بڑا بھاری یا دُشوار گزار کام ، جان جوکھوں کا کام ، ضروری کام ، کار نمایاں نیز کسی پہاڑی چوٹی کو سر کرنے کے لیے کی جانے والی کوشش یا عمل ۔۲. جنگ ، لڑائی ، معرکہ ، جدال و قتال ، جنگی کارروائی ۔۳. جنگی لشکر ، فوج ۔۴. (مجازاً) کسی مقصد کے لیے اجتماعی اور مربوط لائحہ عمل ، تحریک ؛ جیسے : اشتہاری مہم ۔ [ع] .

مہم جو صف. مشکلات کا مقابلہ کرنے والا ، مشکل پسند ، خطرات سے کھیلنے والا .

مہم جوئی مث ۔۱. قسمت آزمائی ، سرگرمی ۔۲. محاذ آرائی ، جنگ و جدال ۔۳. کار نمایاں کرنا ، کارنامہ انجام دینا ، بڑا یا اہم کام کر دکھانا .

مہم چلانا محاورہ. نہایت زور شور سے کسی منصوبہ پر کام کرنا ، کسی مربوط پروگرام پر عمل درآمد کرنا ، تحریک چلانا نیز سیاسی کاموں بالخصوص انتخابات کے سلسلے میں کسی منصوبے پر عمل کرنا.

مہم سر کرنا ف مر. کوئی بڑا کام انجام دینا ، کسی دشوار کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا ، معرکے کا کام کرنا ، کسی اہم امر میں کامیابی حاصل کرنا .

مُہِمّات (ضم خف م ، کس ہ ، شد م) امث ؛ ج.
۱. کسی امر کے مہتم بالشان پہلو ، اہم امور ، عظیم کام ، دشوار یا ضروری کام ، مشکلات ، معرکے ۔۲. جنگیں ، لڑائیاں .

مِہْمان (کس بج م ، سک ہ) (الف) امذ ؛ ← مہماں.
کسی کے ہاں ضیافت یا دعوت میں یا عارضی قیام کے لیے آنے والا شخص ، وہ شخص جو عارضی قیام کے لیے کسی کے گھر یا مہمان خانے میں آکر اترے ، ضیف ۔ (ب) صف ۔۱. (مجازاً) عارضی ، بہت جلد رخصت یا ختم ہونے والا ، بے ثبات ۔۲. (مجازاً) بچہ جو حمل میں ہو . [ف] .

مہمان اور بخار کو اگر کھانا نہ دو تو پھر نہیں آتے کہاوت. فاقے سے بخار میں فائدہ رہتا ہے اور مہمان کو کھانا نہ ملے تو بار بار نہیں آتا .

مہمان خصوصی امذ. خاص طور پر مدعو کیا ہوا مہمان ، معزز مہمان ، بڑا مہمان ، مہمانِ اعلیٰ .

مہمان داری مث. مہمانوں کی آؤ بھگت ، خاطر تواضع ، مہمان نوازی دعوت ، ضیافت .

مہمان نواز صف. مہمان کی بہت خاطر مدارات کرنے والا ، وہ شخص جو مہمان کی راحت و آرام کا بہت خیال رکھے ، مہمان پرور .

مہمان نوازی مث. مہمان کی خاطر تواضع ، مہمان کی آؤ بھگت ، دعوت ، ضیافت ، مدارات .

مہمان ہونا ف مر ؛ محاورہ. کسی کے ہاں قیام کرنا ، عارضی طور پر کہیں ٹھہرنا ؛ ناپائیدار ہونا ، عارضی ہونا ، بے ثبات ہونا.

مِہْمانی (کس بج م ، سک ہ) امث.
۱. مہمان داری ، دعوت ، ضیافت ، مدارات ، میزبانی ۔۲. خاطرداری استقبال ، آؤ بھگت ۔۳. (مجازاً) لوازمات کے ساتھ غذا ، خوراک کھانا پینا ۔۴. خوشی ، شادی ، تقریب .

مُہْمَل (ضم بج م ، سک ہ ، فت م) صف ؛ امذ.
۱. چھوڑا ہوا ، ترک کیا ہوا ؛ متروک الاستعمال ، فرسودہ ؛ (مجازاً) مطلب ، بے مفہوم ، بے معنی ، مبہم ، لایعنی ۔۲. بے ہودہ ، پوچ ، لغو بے سروپا ۔۳. سست ، مجہول ، کاہل ، احدی ۔۴. بے کار ، نکما ، ناکارہ فضول ، عضو معطل یا زائد ۔۵. (قواعد) ایسا لفظ جس کے کوئی معنی ہوں ، جو کسی لفظ کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے جیسے کھانا وانا روٹی ووٹی میں وانا اور ووٹی ۔۶. لفظ یا حرف جو نقطہ دار نہ ہو ، مہملہ . [ع

مِہْمیز (کس بج م ، سک ہ ، ی بج نیز مع) امذ ؛ امث.
۱. لوہے کا کانٹا جو سواروں کی ایڑی پر لگا ہوتا ہے اور اس سے گھوڑے کو ایڑ دیتے ہیں ۔۲. (مجازاً) تحریک ، ترغیب ، تازیانہ .

مُہْنال (ضم بج م ، سک ہ) امث .
۱. وہ دھات پیتل ، چاندی کی مخروطی نلکی جو حقے کی نے کے آگے لگی ہوتی ہے ، منہ نال ۔۲. سگریٹ ہولڈر ۔۳. ٹیلی فون کا وہ حصہ جس میں بولا جاتا ہے .

مُہَنَّد (ضم م ، فت ہ ، شد ن بفت) (الف) امذ .
۱. ہند کا ، ہندی بنایا ہوا نیز اردو بنایا ہوا ، مؤرد (عموماً لفظ) ۔۲. (ہندوستان) میں بنا ہوا ، ہند میں تیار کردہ (خصوصاً تلوار) ۔۳. ہندوستان

کا ، ہندوستانی ، ہندوستان میں پیدا ہونے والا .۴. کسی غیر زبان کا لفظ جو تصرف لفظی یا معنوی کر کے ہندی میں بنا لیا گیا ہو نیز اردو بنایا ہوا لفظ.(ب) مث . ہندوستان میں بنائی ہوئی ایک تلوار جو اپنی تیزی کے لیے مشہور تھی ، (خصوصاً عربی میں مستعمل) . [ع] .

مُہَنْدِس (ضم م ، فت ہ ، سک ن ، کس د) مذ .
۱.علم اقلیدس یا جومیٹری کا ماہر ، اشکال ہندسہ کا عالم ؛ جبر و مقابلہ جاننے والا .۲.منجم ، جوتشی ، اختر شناس .۳.انجینئر ؛ ماہر تعمیرات ؛ نقشہ نویس . [ع] .

مِہْنْدی (کس مج م ، سک ہ ، مغ) مث .
۱.ایک پودے کی چھوٹی چھوٹی سبز پتیاں جنھیں پیس کر ہاتھ پاؤں اور بالوں میں لگائی جاتی ہے جس سے خوبصورت سا سرخ رنگ آجاتا ہے ، حنا.۲.شادی کے موقع کی ایک رسم ، رسم حنا بندی.۳.محرم کی ساتویں کو رنگین کاغذ سے مڑھ کر ایک ڈھانچا بناتے ہیں اور حضرت قاسم کی مہندی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں .

مَہْنْگا (فت مج م ، سک ہ ، مغ)(الف) صف مذ .
اعتدال سے زیادہ مول کا ؛ (مجازاً) زیادہ قیمت کا ، گراں ، بیش بہا ، قیمتی.(ب) مذ .۱. مہنگائی کا زمانہ ، مہنگا سماں .۲.(مجازاً) بڑا بھاری جسم .

مہنگا روئے ایک بار ، سستا روئے بار بار کہاوت دیکھیے : سستا روئے بار بار ، مہنگا روئے ایک بار .

مہنگا سودا مذ .۱.قیمتی چیز ، زیادہ قیمت کی چیز ؛ ایسا معاملہ جس میں نقصان ہو یا جو ناگوار ہو .۲. گھاٹے کا سودا .

مَہْنْگائی (فت مج م ، سک ہ ، مغ) مث .
مہنگا ہونے کی کیفیت ، گراں ہونے کی حالت ، گرانی .

مَہْنْگی (فت مج م ، سک ہ ، مغ)(الف) صف مث .
دیکھیے : مہنگا جس کی یہ تانیث ہے .(ب) مث . مہنگائی ، گرانی .

مَہْنْگے (فت مج م ، سک ہ ، مغ) مذ .
مہنگا کی مغیرہ حالت : تراکیب میں مستعمل .

مہنگے داموں صف ؛ م ف . مہنگا ، گراں قیمت ، اصل سے زیادہ قیمت پر .

مَہوا/مَہوَہ (فت مج م ، سک ہ/فت و) مذ .
ایک اونچا درخت جس کے پتے سرخ ، زردی مائل ، پھول کافوری ، کھانے میں لذیذ اور خوش بودار ہوتے ہیں ، اس سے شراب بھی کشید کی جاتی ہے ، پھل گول چھوہارے کی مانند ہوتا ہے جسے گلونda کہتے ہیں نیز اس کا پھول . [مقامی] .

مَہوت (فت م ، ولین) مذ .
ہاتھی کو ہنکانے والا ، فیل بان ، مہاوت .

مُہُورَت (ضم نیز فت م ، و مع ، سک نیز فت ر) مث (شاذ : مذ) .
۱.(i) دن کا تیسواں حصہ ، بارہ چھن ، دو گھڑی یا اڑتالیس منٹ کے برابر وقفہ .(ii) تھوڑا سا وقفہ ، منٹ ، لحظہ .۲. (ہیئت) ستاروں کی چال کے موافق مبارک اور مسعود وقت ، علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت ، نیک شگون ، مبارک گھڑی ، شبھ گھڑی .۳.اجرا ، ابتدا ، افتتاح . [س] .

مہورت دیکھنا محاورہ . کسی کام کے واسطے ستاروں کی چال کے موافق نجوم کے زائچے سے وقت مسعود نکالنا ، شبھ لگن دیکھنا .

مہورت نکلوانا ف مر : محاورہ . کسی نجومی سے مہورت دکھوانا ، شبھ گھڑی معلوم کرانا .

مَہُوک (فت م ، و مع) مذ .
شہد ، مدھو . [س] .

مَہی (فت م) مث .
مکھن نکالے ہوئے دہی کا باقی جزو جو دودھ کی طرح پتلا ہوتا ہے ، چھاچھ . [س] .

مُہَیّا (ضم م ، فت ہ ، شد ی) صف .
فراہم ، حاضر ، میسر ، دستیاب نیز تیار ، موجود ، آمادہ . [ع] .

مہیا کرنا ف مر .۱. فراہم کرنا ، دینا ؛ حاضر کرنا ، بہم پہنچانا .۲. تیار کرنا یا رکھنا .

مُہِیب (فت نیز ضم م ، ی مع) صف .
۱. ہیبت ناک ، خوف ناک ، خطرناک ، ڈراؤنا ، بھیانک .۲. (مجازاً) ظالم ، جابر ، بے رحم ؛ سخت ، سنگین ؛ معظم ، محترم . [ع] .

مُہَیِّج (ضم م ، فت نیز کس ہ ، شد ی بکس) صف .
برافروختہ کرنے والا ، ہیجان خیز ؛ شورش پیدا کرنے والا ؛ مرتعش

کرنے والا ؛ تحریک دینے والا . [ع] .

مُہَیِّجات (ضم م ، فت نیز کس و ، شدی بکس) اند : ج.
دیکھیے : مہیج کی جمع ، ہیجان پیدا کرنے والی باتیں یا چیزیں ، محرکات .

مَہیش (فت م ، ی ج) اند .
ا . سب سے بڑا ایشور ، مہا دیوتا نیز شیوجی کا لقب . ۲ . ہلاک کرنے والا دیوتا .

مَہیشری (فت م ، ی ج ، فت ش) صف .
(ہندو) مہیش سے متعلق یا منسوب ، ایک فرقہ جو مہیش کی پرستش کرتا ہے نیز اس فرقے کا کوئی فرد : مہیش کا پجاری .

مَہیشوَر (فت م ، ی ج ، سک ش ، فت و) اند .
دیکھیے : مہیش . [س] .

مَہیشوَری (فت م ، ی ج ، سک ش ، فت و) امث .
درگا یا پاربتی دیوی ، شیوجی کی بیوی .

مَہیلا/مَہیلہ (فت م ، ی ج رفت ل) اند .
اُبلے ہوئے موٹھ اور گڑ کا مرکب جو گھوڑوں اور بیلوں کو کھلاتے ہیں .

مَہیلا (فت م ، ی مع نیز ج) امث .
عورت ، زن ، مہلا .

مُہَیمِن (ضم م ، ی لین ، فت نیز کس م) صف : اند .
ا . خوف اور خطرے میں حفاظت کرنے والا ، اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم . ۲ . گواہ صادق . [ع] .

مَہین (فت م ، ی مع) صف .
ا . باریک (خصوصاً آواز ، بھاری کے برخلاف) . ۲ . بہت چھوٹا ، ذرّے کی مانند . ۳ . باریک ، آر پار نظر آنے والا (دبیز کے برخلاف) ؛ نفیس (کاغذ یا کپڑا وغیرہ) . ۴ . نازک ، کومل ، سبک . ۵ . رقیق ، پتلا . ۶ . دُبلا پتلا ، کمزور ، لاغر ، نحیف . ۷ . خفی (جلی کے برعکس) باریک (کتابت کے لیے مستعمل) . ۸ . لاغر ، ضعیف (عربی میں مستعمل) . [ع] .

مَہینا/مَہینہ (فت م ، ی مع/فت ن) اند .
ا . تیس یا اس سے کم و بیش دنوں کی مدت ، سال کا بارھواں حصہ ، ماہ ، ماس ، شہر .

مہینا/مہینہ باندھنا محاورہ . وظیفہ مقرر کرنا ، ماہ بہ ماہ مقررہ رقم حاصل ادا کرنا .

مہینا/مہینہ بھر صف : م ف . پورا مہینا نیز تمام مہینے ، ایک مہینے تک .

مَہینے (فت م ، ی مع) اند : ج .
مہینا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

مہینے سے ہونا محاورہ . (عور) حیض سے ہونا ، ایام سے ہونا ، میلے سر یا کپڑوں سے ہونا .

مَئی (فت م) امث .
عیسوی تقویم کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے ، اپریل کے بعد اور جون سے پہلے کا مہینہ . [انگ] .

مَے (فت م) امث : ~ ے / ی .
ا . انگور (یا کسی اور شے) سے تیار کردہ نشہ آور مشروب ، شراب ، دارو خمر ، دختِ رز ، صہبا ، بنت العنب : نشہ آور رقیق شے . ۲ . عرق گلاب نیز ساغر ، جام ، قدح . [ف] .

مئے ارغوانی امث . سرخ رنگ کی شراب .

مئے خواری امث . بادہ نوشی ، شراب پینا .

مے کدہ اند : ~ میکدہ . ا . شراب پینے کی جگہ ، مے خانہ ، بادہ خانہ . ۲ . (تصوف) باطن عارف کامل کہ اس میں ذوق اور شوق اور معارف الٰہی بہت ہوتے ہیں اور بعض حسنِ ظاہری کو کہتے ہیں .

مے کش/ میکش صف مذ . شراب پینے والا ، شرابی ، بادہ خوار .

مے نوش صف مذ . شراب پینے والا ، شراب خور ، شرابی ، شراب نوش .

مَیا (فت م) امث (اند) .
ا . کرم ، مہربانی ، عنایت ، رحم . ۲ . محبت ، چاہت .

مَیّا (فت م ، شدی) امث .
ماں کی تصغیر جو محبت اور تحقیر دونوں موقعوں کے واسطے آتی ہے ، اماں والدہ ، مہتاری . [س] .

مِیان (کس م ، نیز کس م ی ج) (الف) اند .
ا . وسط ، بیچ ، کسی چیز کا درمیانی حصہ . ۲ . کمر ، صلب . ۳ . نیام ، غلافِ شمشیر کوئی آلہ یا اسلحہ وغیرہ رکھنے کا لکڑی ، چمڑے یا کسی دھات کا بنا

غلاف. ۴. جہاز یا کشتی کا اُبھرواں اور آگے کو نکلا ہوا نکیلا حصہ، گز گج، ماتھا. (ب) م ف. بیچ میں، درمیان، وسط میں، اندر، میں. [ف].

میاں سے باہر ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. تلوار کا غلاف سے نکل آنا، تلوار کا کھنچ جانا. ۲. غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا، آپے میں نہ رہنا، غصے سے بدحواس ہونا.

میاں (۱) (کس م نیز کس م ی ج) امذ.

۱. آقا، مالک؛ حاکم، سردار، بزرگ، والی وارث. ۲. شوہر، خاوند، خصم. ۳. (i) کلمہ محبت و شفقت برائے اطفال، صاحبزادے، ننھے، منا، پیارے، بیٹا، جانی. (ii) بزرگ اپنے سے کم عمر کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں. ۴. صاحب، جناب کی جگہ، ایک کلمہ ہے جس سے برابر والوں یا اپنے سے کم مرتبہ شخص کو خطاب کرتے ہیں. ۵. پیارے، محبوب، دلبر، دل ربا، جاناں (عموماً قدیم شعرا معشوق کے لیے استعمال کرتے تھے). ۶. آقا زادہ، مخدوم زادہ، امیر زادہ، شہزادہ، صاحب عالم، کنور. ۷. (لکھنؤ) ماہر فن موسیقی، پکا گویا، کلاونت، مراثی، ڈوم. ۸. (طنزاً) صاحب، جناب (خطاب کا کلمہ). ۹. (i) (تعظیماً) بزرگ ہستی؛ پیرانِ طریقت اور پیرزادوں کے نام سے پہلے. (ii) (مجازاً) مرشد، پیر. (iii) عام درویشوں، فقیروں کے لیے مستعمل. (iv) معمولی گداگروں کے لیے مستعمل. ۱۰. (تعظیماً) سادات کے نام کے بعد. ۱۱. مراد: اللہ تعالیٰ. [س].

میاں بی بی / بیوی راضی (تو) کیا کرے گا قاضی کہاوت. جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کچھ نہیں کرسکتا.

میاں جی امذ. ۱. مکتب میں پڑھانے والا، اُستاد، مُعلّم، مُدرّس (عموماً) قرآن شریف پڑھانے والا، مُلا. ۲. (تعظیماً) باپ، والد صاحب. ۳. (مجازاً) خاوند.

میاں مٹھو صف؛ امذ. ۱. جو میٹھی میٹھی باتیں کرے، عموماً پیارے طوطے کو کہتے ہیں؛ (مجازاً) جو زیادہ بولے. ۲. جانور، احمق، گاؤدی، سادہ لوح، بھولا بھالا آدمی.

میانہ (کس م، فت ن) (الف) صف.

۱. بیچ کا، وسطی، درمیان کا؛ درمیانی درجے کا. ۲. نہ چھوٹا نہ بڑا، بیچ کے ناپ کا، منجھلا. ۳. (مجازاً) متوسط حیثیت کا، نہ اچھا نہ بُرا، متوازن.
(ب) امذ. بیچ، وسط، درمیان.

میانہ رَوی امث. اعتدال، توسط، کفایت شعاری، نبھنے والی چال، اوسط درجہ کی چال، افراط تفریط سے بچنا، زیادتی اور کمی سے بچنا.

میانی (کس م نیز کس م ی ج) (الف) صف؛ امذ.

درمیان کا، بیچ کا وسطی. (ب) امث نیز امذ. ۱. پاجامے کا وہ کپڑا جسے دونوں پائنچوں کے بیچ میں سی دیتے ہیں، دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا، رومالی. ۲. دھرا، بلی، کیل وغیرہ جس پر چکی گھومتی ہے.

میاؤں (کس م، ی ج، مع نیز ج) امث.

بلی کی آواز، غُرش، غُرانا. [حکایت الصوت].

میت (ی مع) امث.

۱. دوست، یار، ساتھی، رفیق، مشفق، شفیق. ۲. عاشق، محبوب، ساجن. [س].

مَیّت (فت م، شد ی بکس نیز بفت) (الف) امث.

لاش، نعش، مردہ جسم. (ب) صف. جو مرگیا ہو، مردہ (خصوصاً انسان). [ع]

میت کو کندھا دینا محاورہ. میت کو کاندھے پر اُٹھا کر دفنانے کے لیے لے جانا، جنازہ اُٹھا کر چلنا.

متھ / مائتھ (ی ج) امث؛ ← متھ.

کوئی روایتی داستان جس کا مصنف نامعلوم ہو اور جو بظاہر تاریخی ہو لیکن اس کا اصل مقصد فطری یا غیر فطری مظاہر کی توضیح و تاویل ہو، اسطور، دیوتاؤں کی کہانی، خیالی یا فرضی قصہ یا شخص؛ (مجازاً) خرافات، غلط عقیدہ، توہم. [انگ].

میتھالوجی / متھالوجی / مائیتھولوجی (ی ج، ی ج) امث.

وہ علم اور روایات جن میں انسانی جذبات کو ایک مجسم دیوی یا دیوتا سے تعبیر کرتے ہیں، دیومالا، قدیم قصے کہانیوں اور روایتوں کی ترجمانی کا علم، علم الاصنام، علم الاساطیر. [انگ].

میتھی (ی ج) امث.

ایک چھوٹے چھوٹے پتوں والی سبزی جو بطور ساگ پکائی جاتی ہے اس میں خوشبو ہوتی ہے مختلف نمکین کھانوں میں استعمال بھی کی جاتی

ہے ، سکھا کر کے بھی استعمال آتے ہیں اس کے بیج زرد رنگ کے ہوتے ہیں جو میتھی دانے کہلاتے ہیں ؛ دوا بھی مستعمل . [س] .

مَیٹَر (ی لین ، فت ٹ) اند .
۱. مواد ، مسالا ، لوازمہ (عموماً تحریر) .۲. معاملہ ، مسئلہ ، امر ؛ بات .۳. (طبیعیات) جنسِ خام ، وہ مادّہ جس سے اشیا بنتی ہیں ، مواد ، ریم ، پیپ ، راد ، ہیولیٰ ، مادّہ ، جوہر مادّی ، مادّی یا جسمانی شے خواہ وہ ٹھوس حالت میں ہو یا مائع یا گیس ، جگہ گھیرنے والی چیز ، ہیولیٰ ، جوہر مادّی . [انگ] .

میٹَر (۱) (ی مع ، فت ٹ) اند .
۱. پیمائش کا آلہ خاص طور پر وہ جو گیس ، بجلی وغیرہ کی خرچ ہونے یا اس میں سے گزرنے والی مقدار کو از خود رقم اور محفوظ کرتا ہے ، شمار کرنے کا آلہ ، عداد .۲. ٹیکسیوں ، رکشاؤں وغیرہ میں فاصلے کے مطابق کرائے کو بتانے والا آلہ .۳. لکڑی یا لوہے وغیرہ کی سلاخ ؛ سارنگی کا گز . [انگ] .

میٹر گھومنا محاورہ . (عوام) غصے کی وجہ سے ہوش و حواس کھو بیٹھنا ، آپے سے باہر ہو جانا ، دماغ گھومنا ، شدید غصہ آنا ، طیش میں آجانا .

میٹَر (۲) (ی مع ، فت ٹ) اند .
۱. اعشاری نظام میں لمبائی کا ایک پیمانہ جو ایک گز ۳ ۱/۳ انچ (سوسینٹی میٹر) کے برابر ہوتا ہے .۲. شعر کا وزن ، بحر ، (مجازاً) توازن . [انگ] .

میٹَر (۳) (ی مع ، فت ٹ) اند .
(نشریات) آلۂ ترسیل (ٹرانسمیٹر) ، حد یا متعین فاصلہ .

مَیٹرِک (ی ع ، سک ٹ ، کس ر) اند .
دسویں جماعت . [انگ] .

میٹرِک (ی لین ، سک ٹ ، کس ر) اند .
وزن اور پیمائش کا اعشاری نظام ، اعشاری نظام سے متعلق ، طریق پیمائش کے متعلق . [انگ] .

میٹرَن (ی ع ، سک ٹ ، فت ر) امث .
شفاخانے ، مدرسے یا جیل وغیرہ کی منتظمہ . [انگ] .

میٹرنٹی / میٹرنیٹی (ی ع ، فت ٹ ، سک ر ، کس ن) امث .
زچگی ، ماں ہونا ، تراکیب میں مستعمل . [انگ] .

میٹرنٹی / میٹرنیٹی ہوم اند . شفاخانۂ زچگی ، زچگی کا ہسپتال .

مَیٹرو (ی لین ، سک ٹ ، و ج) صف .
بڑا ، مرکزی عموماً تراکیب میں شہر کے لیے مستعمل ، کسی ملک کا بڑا شہر یا دارالحکومت ، میٹرو پولس (Metropolis) کا مخفف نیز کسی بڑے شہر بالخصوص یورپی شہروں میں قائم بجلی سے چلنے والا زیر زمین ریلوے کا نظام جسے امریکا میں سب وے کہا جاتا ہے ، میٹرو پولیٹن ڈسٹرکٹ ریلوے کی تخفیف شدہ صورت . [انگ] .

میٹَل (ی ع ، فت ٹ) اند .
دھات ، فلز ، تراکیب میں مستعمل . [انگ] .

میٹنا (ی ع ، سک ٹ) ف م .
۱. مٹانا ، ناپید کرنا ، خاک میں ملانا ، نیست و نابود کرنا .۲. قلم پھیرنا ، دل سے بھلانا ، دُور کرنا .۳. ربڑ وغیرہ سے صاف کرنا .۴. کھونا ، ضائع کرنا .۵. چھپانا .۶. ختم کر دینا ، ہٹا دینا ، نکال دینا ، منسوخ کرنا .۷. روندنا کچلنا نیز کچلا جانا ، مٹنا .

میٹنگ (ی مع ، کس ٹ ، غنہ) امث .
۱. اجلاس ، ملاقات ، دو یا دو سے زیادہ افراد کا باہم ملنا ، مجلس ، جلسہ .۲. اکھاڑا ، پنچایت ، کمیٹی ، مجلس شوریٰ ، جمگھٹا . [انگ] .

میٹِنی (ی ع ، کس ع ٹ نیز سک) اند .
تھیٹر یا فلم وغیرہ کی سہ پہر کی نمائش ، سہ پہر کا تماشا (تھیٹر (عموماً) سینما کا) ، تراکیب میں مستعمل . [انگ] .

میٹیرِیَل (کس ع م ، ی ع ، کس خف ٹ) اند .
خام اشیا جو کسی مادّی چیز کی تیاری میں استعمال ہوتی ہیں ؛ اجزائے ترکیبی ، مواد ، سامان ، مسالا ، لوازمہ . [انگ] .

میٹھا (ی مع) الف (صف) .
۱. ذائقے میں شہد یا چینی جیسا ، شیریں (پھیکا اور کڑوا کے مقابل) ۲. (مجازاً) مزے کا ، مزے دار ، لذیذ ، خوش ذائقہ .۳. (مجازاً) پیارا اچھا ، خوش گوار ، دل خوش کن .۴. (کنایۃً) معتدل ، متوازن .۵. نرم ہلکا ، دھیما .۶. (مجازاً) اٹھارھواں ؛ آٹھواں جیسے میٹھا برس .۷. (مجازاً) منافقانہ ، منافقوں والا ، منافقت کا . (ب) اند .۱. شیرینی ، حلاوت

مٹھاس ، گڑ ، چینی ملی ہوئی کوئی چیز .۲. مٹھائی ، حلوا ، روے کا بنا ہوا حلوہ .۳. حلیم الطبع ، بُردبار ، دھیمے مزاج کا آدمی ، وہ شخص جسے غصہ نہ آئے . [س].

میٹھا برس اند. (عور) عمر کا اٹھارھواں برس (بعض تیرھواں بعض آٹھواں سال بھی کہتے ہیں ؛ چونکہ آٹھویں اور اٹھارویں سال کو عورتیں منحوس خیال کرتی ہیں اس وجہ سے بہ لحاظ وہم وشگون نیک یہ نام رکھ لیا) ؛ (مجازاً) جوانی میں بھر جانے کا زمانہ.

میٹھا بول اند. نرم بات ، اچھا کلام ، پیار بھرے الفاظ ، نرمی اور ملائمت کی بات ، مہربانی اور شفقت سے پُر گفتگو ، پیار بھری بات.

میٹھا پان اند. وہ پان جس میں خوش ذائقہ مسالے جیسے سونف ، پسا ہوا کھوپرا ، گل قند ، میٹھی یا سادی چھالیہ اور خوشبویات وغیرہ پڑی ہوں.

میٹھا پانی اند. ۱. انسانی صحت کے لیے مناسب پانی ، خوش ذائقہ پانی ، پینے کے لیے مناسب پانی ، آب شیریں ، کھاری پانی کا نقیض (عموماً) پینے کا پانی .۲. لیمونیڈ ، وہ پانی جو نیبو ، عرق اور شیرہ ڈال کر مشین سے بوتل میں بھرا جاتا ہے.

میٹھا سوڈا اند. ایک قسم کا سوڈا جو خوش ذائقہ ہوتا ہے اور بعض کھانوں کی چیزوں (عموماً) چنے وغیرہ کو ہاضم اور نرم کرنے یا گلانے اور آٹے کو خمیر کرنے کے لیے ڈالا جاتا ہے ، کھانے کا سوڈا.

میٹھا سیٹھا اند. کچھ میٹھا کچھ پھیکا ؛ (مجازاً) متوازن ، نہ بہت خراب نہ بہت اچھا غنیمت.

میٹھا کدو اند. ایک بیل کا گول اور بڑا پھل جو باہر سے سبز اور زرد اندر سے سفید اور مزہ پھیکا نیز قدرے میٹھا ہوتا ہے ، بطور سبزی ، ترکاری استعمال کیا جاتا ہے ، گول گھیا ، کاشی پھل. [س].

میٹھا لہجہ اند. نرم اور ملائم طرز تکلم ، بات کرنے کا پیارا انداز.

میٹھا میٹھا صف. ۱. کم کم ، خفیف خفیف ، ہلکا ہلکا ، خفیف سا ، تھوڑا تھوڑا (عموماً درد کے لیے مستعمل) .۲. موزوں ؛ ہلکا ہلکا ، دلکش ، خوبصورت. ۳. اچھا اچھا ، پسندیدہ ، رغبت والا (عموماً کھانا).

میٹھا میٹھا درد اند. درد خفیف ، کم کم درد ، وہ درد جو سہا جا سکے ؛ درد جس کے سہنے میں لذت محسوس ہو.

میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو تھو کہاوت. اچھی چیز سے رغبت بری سے نفرت ، خوش حالی کے دن مزے سے گزارنا اور مصیبت کے زمانے کی شکایت کرنا ، شہرت کا طالب ہونا لیکن بدنامی یا تنقید برداشت کرنے سے گریز کرنا.

میٹھی (ی مج) صف مث.

۱. شیریں ، شکر بن ، خوش مزہ .۲. ست ، مجہول ، مٹھی .۳. (i) نرم ، کم ، دھیمی (جیسے : میٹھی میٹھی آنچ) . (ii) ہلکی ، خفیف سی .۴. حلیم الطبع ، بردبار ، نرم لہجے والی ؛ دھیمے مزاج کی (عورت) . (ب) مث .۱. (مجازاً) پُر سکون ، آرام دہ .۲. (مجازاً) سریلی ، پُر تاثیر (عموماً آواز) .۳. پیاری ، خوب صورت ، من موہنی .۴. شستہ ، صاف ، فصیح (زبان).

میٹھی آواز مث. خوش گوار آواز ، وہ آواز جو بھلی معلوم ہو ، اچھا لحن.

میٹھی چھری مث. ۱. (مجازاً) دشمنِ دوست نما ، وہ شخص جو دوستی کے پیرائے میں دشمنی کرے ، وہ شخص جو بہ ظاہر دوست اور بہ باطن دشمن ہو ، ظاہر میں خوش نما اور اصل میں مضرت رساں .۲. (مجازاً) چکنی چپڑی بات ، بہلانے پھسلانے والی گفتگو یا تحریر.

میٹھی عید مث. وہ عید جس میں سویاں اور شیر خرما وغیرہ پکاتے ہیں ؛ مراد : عیدالفطر.

میٹھی نظر / نظروں سے دیکھنا محاورہ. پیار بھری نظر سے دیکھنا ، محبت سے دیکھنا.

میٹھی نیند مث. اچھی نیند ، پُرسکون نیند ، سکون کی نیند ، خواب خوش ، خواب راحت ، سکھ کی نیند ، بے فکری کی نیند.

میٹھی نیند سونا محاورہ. سکھ کی نیند سونا ، بے فکری سے سونا.

میٹھے (ی مج) صف : اند : ج.

۱. میٹھا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل ، شیریں نیز شیرینیاں ، شیریں پکوان وغیرہ .۲. حلیم الطبع ، بُردبار ، خوش مزاج.

میٹھے چانول/چاول اند : ج. شکر یا گڑ میں پکے ہوئے چاول ؛ زردہ.

میٹھے سے مرے تو زہر (ماہر) کیوں دے کہاوت. اگر میٹھی میٹھی باتوں سے کام نکل سکتا ہے تو زبردستی نہیں کرنی چاہیے.

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

میثاق (ی مع) اند.
ا.عہد نامہ ، عہد و پیماں ، قول و قرار ، اقرار مدار ، وعدہ ؛ معاہدہ (عموماً سیاسی) .۲.وعدۂ ازل ، میثاقِ ازل .۳.مضبوطی . [ع] .

میثاق مدینہ اند. (تاریخ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عہد نامہ جو ان کی مدینہ تشریف آوری کے آغاز میں قریش اور مدنی مسلمانوں کے درمیان طے پایا ، یہ معاہدہ واضح طور پر دو حصوں میں تقسیم ہے پہلے حصے میں صرف مسلمانوں کے باہمی تعلقات اور حقوق و فرائض کی نشان دہی کی گئی ہے جبکہ دوسرے حصے میں اہل اسلام اور یہود اور دیگر اہلِ مدینہ کے باہمی تعلقات ، حقوق و فرائض اور دیگر اہم امور کا ذکر ہے .

میجَر (ی مج ، فت ج) (الف) اند.
فوجی عہدے دار جو کپتان سے بڑا اور لفٹننٹ کرنل سے چھوٹا ہوتا ہے .
(ب) صف. بڑا ؛ (مجازاً) اہم ، خاص الخاص ، بنیادی یا مرکزی اہمیت کا حامل . [انگ] .

میجِسٹرَیٹ (ی مج ، کس ج ، سک س ، فت ٹ ، ی مج) اند.
(قانون) ضلع یا اس کے کسی حصے کا وہ حاکم جسے مجرموں کو سزا دینے کے اختیارات حاصل ہوں ، حاکم فوج داری . [انگ] .

میجِسٹی (ی مج ، کس خف ج ، سک س) امث .
حاکمیت ، بادشاہت ؛ بادشاہ یا ملکہ کا خطاب جس سے پہلے ہز اور ہر وغیرہ آتے ہیں بہ معنی جہاں پناہ ، حضرت ، حضور (بطور القاب) . [انگ] .

میَچ (ا) (ی لین) اند.
ا.کھیل ، مقابلہ ، کھیل کا مقابلہ (عموماً) دو ٹیموں یا افراد کے درمیان مقابلہ .۲.شرط ، بازی ، ہوڑ .۳.ملتی جلتی شے (رنگ ، مقدار ، صفت وغیرہ میں) ، جوڑ ؛ موزوں ، میل کھاتا ہوا .۴.مقابل ، حریف ؛ ہم پلہ ، ہم سر . ۵.مناسب رشتہ ، موزوں بَر ، جوڑا . [انگ] .

میچ (ی مج) امث .
میچنا کا امر ، بند کرنا (آنکھ کا) ؛ تراکیب میں مستعمل .

میچنا (ی مع ، سک چ) ف م.
ا.بند کرنا ، موندنا (عموماً آنکھوں کے لیے) .۲.بھینچنا ، سکیڑنا .۳.(مجازاً) دروازہ بند کرنا ، بھیڑنا . [س] .

میَچنگ (ی لین ، کس چ ، غنہ) امث .
ہم رنگ ہونا ، صفت یا مقدار وغیرہ میں ملنا یا موزوں ہونا . [انگ]

میخ (ی مج نیز مع) امث .
ا.کیل ، چوبا ، کھونٹی .۲.کھونٹی ، کھونٹا ، تراشی ہوئی چوب .۳.(خیمہ سازی) خیمے کی طنابیں باندھنے کی چوبی کھونٹیاں . [ف] .

میخ اکھاڑنا ف مر؛ محاورہ. سواروں کا ایک کرتب جس میں بھالے برچھے سے گڑی ہوئی میخ گھوڑا دوڑا کر اکھیڑ لے جاتے ہیں ، کھونٹا اکھاڑنا .

میخ اکھڑنا ف مر؛ محاورہ. میخ اکھاڑنا کا لازم ، گڑی ہوئی میخ کا نکل آنا

میخ ٹھوکنا/ ٹھونکنا ف مر؛ محاورہ. ا.کیل جڑنا ، ٹھونکنا ، کھونٹی گاڑنا. ۲.سخت ایذا پہنچانا ؛ سزائے سخت دینا .

میَخانہ (ی لین ، فت ن) اند.
دیکھیے : مے خانہ مع تحتی الفاظ .

میَخوار (ی مج ، و معد) اند.
دیکھیے : مے مع تحتی الفاظ .

مید (ی مج) امث .
ایک خوشبو جو روغن کی صورت میں ایک جانور کے خشک نافوں کو مے میں جوش دینے سے حاصل ہوتی ہے . [مقامی] .

میَدا (ی لین) (الف) اند.
دیکھیے : میدہ ، نہایت باریک چھنا ہوا آٹا . (ب) صف. سفید ، (رنگ کے لیے مستعمل) .

میَدان/ میدان (ی لین) اند.
ا.(i) چٹیل زمین ، صاف اور وسیع سطح زمین جہاں پہاڑ اور عمارات وغیرہ نہ ہوں ؛ ہموار زمین ؛ اکھاڑا ؛ کھیت ؛ چوگان یا کوئی اور کھیل کھیلنے کی جگہ . (ii) (کنایۃً) بیابان ، صحرا .۲.جائے سرگزشت ، واردات ؛ رزم گاہ .۳.شعبہ ؛ فن یا ہنر جس میں مہارت ہو .۴.لڑائی مقابلہ ، جنگ ، صف آرائی ؛ جنگ گاہ ، رزم گاہ .۵.وہ جگہ جہاں گھوڑے دوڑاتے ہیں (عموماً فارسی میں مستعمل) .۶.(خطاطی) قلم کی تراش

چوڑائی ، قلم کا وہ حصہ جسے تراشا جاتا ہے ، کسی حرف کی افقی لکیر کی چوڑائی جو قلم کی نب کی چوڑائی کے برابر ہوتی ہے ، قلم کا دستہ نیز قلم کی نب . ۷. جگہ ، علاقہ . [ع] .

میدانِ جنگ اند .۱. جنگ کا میدان ، جنگاہ ، لڑائی کی جگہ ، معرکہ ، موقعِ جنگ ، رزم گاہ .۲. بحث و مباحثہ کی جگہ .

میدانِ جنگ بنانا محاورہ. کسی جگہ یا علاقے کو لڑائی کے لیے مخصوص کر دینا ؛ شدید شور غل کرنا ، بحث و تکرار کرنا .

میدانِ جیت لینا / جیتنا محاورہ. کسی جگہ کو فتح کرنا ، فتح یاب ہونا ، معرکہ جیتنا نیز مقابلہ جیتنا ؛ مخالف کو ہرا دینا ، کامیاب ہونا .

میدان چھوڑ کر بھاگنا محاورہ. پسپا ہونا ، پیٹھ دکھانا ، لڑائی یا مقابلے کا موقع چھوڑ کر بھاگنا ؛ بزدلی دکھانا .

میدان چھوڑنا محاورہ .۱. جگہ خالی کرنا ، جگہ چھوڑنا ، پرے ہٹ جانا ، جگہ فراخ کرنا ، قبضہ ختم کرنا .۲. پسپا ہونا ، لڑائی یا مقابلے سے دستبردار ہونا .

میدان حشر اند .۱. وہ جگہ یا مقام جہاں قیامت کے دن تمام خلقت حساب کتاب کے لیے جمع ہوگی ؛ حشر کا میدان ؛ (مجازاً) نہایت وسیع علاقہ .۲. (مجازاً) وہ جگہ جہاں لوگ بہ کثرت جمع یا سکونت پذیر ہوں ؛ جنگ و جدال یا فسادات کی جگہ یا علاقہ .

میدان خالی کر جانا / کر دینا محاورہ. جگہ چھوڑنا ، پرے ہٹ جانا ؛ دستبردار ہونا (عموماً مقابلے سے) .

میدان خالی ہو جانا/ ہونا محاورہ .۱. سارا مجمع چھٹ جانا ، سب کا چلا جانا ، کوئی موجود نہ رہنا .۲. کوئی مدمقابل نہ ہونا ، حریف کا مقابلے سے دستبردار ہونا .۳. تخلیہ ہونا ، خلوت ہونا .

میدان صاف ہونا محاورہ .۱. بھیڑ چھٹ جانا ، ہجوم منتشر ہو جانا ، کوئی بھی باقی نہ رہنا .۲. کوئی روکنے ٹوکنے والا نہ ہونا ؛ کوئی خوف و اندیشہ نہ ہونا . ۳. خالی ہونا ، کچھ بھی نہ ہونا .۴. امکانات ختم ہو جانا .

میدان عرفات اند. مکے کے قریب واقع میدان جہاں دوران حج حجاج وقوف کرتے ہیں ، یہ وقوف حج کا جزو اعظم ہے .

میدان عمل اند. عمل کی جگہ ، جائے واردات ؛ (مجازاً) دنیا .

میدان قلم اند. (خوش نویسی) زبانِ قلم کی لمبان جو حسب ضرورت اور محرّروں کی مشق کے بموجب بڑی یا چھوٹی بنائی اور وسیع یا تنگ میدان سے موسوم کی جاتی ہے ، خانۂ قلم ، مقدار تراش قلم .

میدان کارزار اند .۱. جنگ کا میدان ، لڑائی کی جگہ ، رزم گاہ ، معرکہ . ۲. (کنایۃً) لڑائی ، جھگڑا (غیر مستعمل) .

میدان مار لینا/ مارنا محاورہ. لڑائی جیتنا ، فتح کرنا ، پالا مارنا ، معرکہ جیتنا ؛ مباحثے میں غالب آنا ، مقابلہ جیتنا .

میدان ہاتھ آنا محاورہ .۱. فتح پانا ، میدان فتح ہونا ، میدان جیتنا .۲. موقع ملنا .

مَیدانی (ی لین) صف.
۱. میدان سے متعلق ، میدان سے نسبت رکھنے والا ، میدان کا .۲. مسطح ، ہموار .

میدانی علاقہ اند. وہ علاقہ جو میدان پر مشتمل ہو ، ہموار علاقہ (پہاڑی علاقے کے مقابل) .

مَیدَہ (ی لین ، فت د) (الف) اند .
نہایت باریک کئی بار چھنا ہوا آٹا ، آٹا ، : سوجی سے میدہ آٹا (ب) صف. سفید ، اجلا (رنگ کے لیے مستعمل) . [ف] .

مَیڈَل (ی لین ، فت ڈ) اند .
کسی دھات کا بنا ہوا عموماً سکے کی شکل کا تمغا جو کسی شخص کو بطور اعزاز (عموماً کھلاڑیوں اور طالب علموں کو نمایاں کامیابی پر بطور انعام) دیا جاتا ہے ، بلا ، نشان . [انگ] .

مَیڈَم (ی لین ، فت ڈ) امث .
مادام ، خاتون ، خانم ، محترمہ (عورتوں کو بطور احترام مخاطب کرنے کا کلمہ) . [فرانسیسی] .

میڈِن (ی مع ، کس نیز فت ڈ) صف.
کنواری لڑکی ؛ غیر شادی شدہ ؛ اولین ، ابتدائی ، پہلے پہل کی کوئی بات ؛ (کرکٹ) وہ اوور جس میں کوئی رن نہ بن سکے (اوور (over) کے ساتھ مستعمل) . [انگ] .

میڈِیا (ی مع ، سک نیز کس ڈ) امث ؛ ج .
۱. ابلاغ نشر و اشاعت کے ذرائع (مثلاً اخبار ، ریڈیو ، ٹیلیوژن وغیرہ) .

۲. (حیوانیات) مخصوص غذائیں جو جراثیم کی پرورش کے لیے استعمال ہوں. [انگ].

میڈیکل (ی لین، ی مع، فت ک) صف.
طب سے متعلق، طبی، علم طب کا؛ (عموماً) طبِ مغرب کا نیز دواؤں سے متعلق. [انگ].

میڈیم (ی مع، کس خف ڈ، فت ی) امذ.
۱. (فنون لطیف) ذریعہ، (عموماً) ذریعۂ اظہار، وسیلہ، اظہار نیز وہ ہیئت یا مواد جو فن کار استعمال کرتا ہے. ۲. (تعلیم) ذریعۂ تعلیم، زبان تدریس و جوابات. ۳. درمیانی درجہ یا منزل، درمیانی چیز؛ اوسط نیز درمیانی ناپ یا جسامت، درمیانی سائز. ۴. واسطہ، وسیلہ. ۵. (برقیات) ٹرانسمیٹر کی برقی قوت کی اکائی نیز پیمانہ. [انگ].

میر (ی مع) امذ.
۱. (i) حاکم، افسر، سردار، سرگروہ، سالار، سرخیل نیز بادشاہ. (ii) صدر، مسند نشین (عموماً کسی محفل میں). ۲. بادشاہ زادہ، شاہزادہ، سردار زادہ، خان زادہ. ۳. امام، پیشوا، ہادی، رہنما، پیشوائے دین. ۴. (تاش) بادشاہ، گنجفہ یا تاش کا سر، تاش یا گنجفے کا اعلیٰ درجے کا پتا. ۵. سبقت لے جانے والا، آگے رہنے والا شخص نیز جیتنے والا. ۶. سیدوں کا اعزازی لقب، سیدوں کا خطابی لفظ.

میر کارواں امذ. قافلے کا سردار، مسافروں کی جماعت کا رہنما.

میر مجلس، محفل امذ. ۱. (i) صدر مجلس، صدر نشین، صدر انجمن، (عموماً) کسی علمی یا ادبی محفل یا ادارے وغیرہ کا صدر؛ منتظم اعلیٰ نیز میزبان. (ii) (خصوصاً) صدرِ مشاعرہ. ۲. صدر مدرسہ، پرنسپل. ۳. (سیاست) مجلس شوریٰ کا صدر. ۴. صدر مملکت، ملک کا سربراہ.

میرا (ی مع) ضمیر مذ نیز صف.
ضمیر مضاف الیہ متکلم (مذکر کے لیے)، میں (مذکر) کی حالت اضافی جو حالت توصیفی کے طور پر مستعمل ہے، میں (مذکر) سے منسوب یا متعلق، واحد متکلم مذکر سے نسبت یا تعلق یا ملکیت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل، اپنا، اپنی ذات کا. [س].

میرا تیرا امذ. تفرقہ، نفاق، یہ میرا وہ تیرا.

میراث (ی مع) امث.
۱. وہ جائیداد جو کسی شخص کے مرنے کے بعد اس کے وارثوں کو ملے، مُردے کا مال جو وارثوں کو دیا جائے، ترکہ، ورثہ. ۲. جاگیر. [ع].

میراثن (ی مع، فت ث) امث.
۱. گانے والی لڑکی، مطربہ، ڈومنی نیز ایک ذات کی لڑکی یا عورت صرف عورتوں کے سامنے گاتی ہے.

میراثی (ی مع) (الف) صف.
۱. میراث سے متعلق نیز موروثی، جدی پشتی، آبائی، میراث میں ہوئی چیز، عادت یا خصوصیت وغیرہ. ۲. میراث پانے والا، وارث. ۳. میراث تقسیم کرنے والا. (ب) امذ. ۱. وہ شخص جس کا موروثی پیشہ گانے کا ہو، گویا، ڈوم، مطرب. ۲. وہ شخص جس کے باپ دادا سے کوئی کام چلا آتا ہو.

میراں (ی مع) امذ (عموماً خطاب کے ساتھ مستعمل).
۱. (لفظاً: میر کی جمع) بہت بڑا امیر، سرداروں کا سردار، بزرگوں بزرگ اور مقدس آدمی؛ جیسے میراں شاہ عبداللہ، میراں صدر جہاں. ۲. سید کے بیٹے کو کہتے ہیں. ۳. خواجہ عبدالقادر محی الدین غوث اعظمؒ کا ایک لقب جن کی گیارہویں مشہور ہے. ۴. خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا ایک لقب. ۵. (عور) ربیع الآخر کا مہینہ (عموماً میراں مستعمل). ۶. ماتحتوں کی وصول کی ہوئی رقم کا وہ حصہ جو افسر کو ملے. ۷. ایک مشہور عامل کا نام جس کی قبر امروہہ میں واقع ہے اور بعض لوگ اس کی کرامات کے قائل و معتقد ہیں، شیخ سدو.

میراں جی امذ. ۱. (عور) بارہ وفات کے بعد کا مہینہ، ربیع الآخر، گیارھویں کا مہینہ. ۲. حضرت غوث الاعظمؒ کا لقب نیز خواجہ اجمیریؒ کا لقب.

میراں جی کا چاند امذ. عورتوں کا چوتھا مہینہ، ربیع الآخر.

میرِٹ (ی لین، کس ر) امث.
اہلیت، قابلیت، لیاقت، جوہر. [انگ].

میرٹھ کی قینچی امث.
میرٹھ شہر کی مشہور اور عمدہ قسم کی قینچی نیز (کنایۃً) تیز زبان، پھٹ؛ (مجازاً) بدقماش.

میرْزا (ی مع ، سک ر) اند.
میر کے تحتی الفاظ ، شہزادوں ، امیرزادوں اور مغلوں نیز ایرانیوں کا لقب ، شہزادہ ، کسی امیر یا سردار کا بیٹا ، مرزا.

میرزائی (ی مع) امث.
ا. شہزادگی ، امیری : بزرگی ، عالی نسبی ، شرافت ، نجابت. ۲. تکبر ، نازک مزاجی ، ناز ، گھمنڈ. ۳. صدری ، کرتی ، واسکٹ.

میری (ی مع) صف امث.
ضمیر مضاف الیہ متکلم (مؤنث کے لیے) ، میں (مؤنث) کی حالت اضافی جو حالت توصیفی کے طور پر مستعمل ہے ، میں (مؤنث) سے منسوب یا متعلق ، واحد متکلم مؤنث سے نسبت یا تعلق یا ملکیت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ، اپنا ، اپنی ذات کا.

میری بلّی اور مُجھی سے میاؤں کہاوت. میرا مطیع اور مجھ ہی سے مقابلہ کرے (زیادہ تر ہماری بلی اور ہمیں سے میاؤں بولتے ہیں).

میرے (ی مع) ضمیر : صف ، ج : ~ مرے.
میرا کی جمع نیز مغیرہ حالت ، اپنے ، خود کے ، تراکیب میں مستعمل.

میرے لال کے سو سو یار ، دھنیا ، جلاہے اور منہار کہاوت. میرے بیٹے کے دوست تو بہت ہیں مگر ہیں سب نکمے اور کمینے ، جس کے دوست نالائق ہوں اس کے متعلق کہتے ہیں.

میز (ی مع) امث (قدیم).
ناپ ، تول.

میز (ی مع) امث.
ا. چار پایوں پر کھڑا تختہ جو کھانا کھانے ، لکھنے پڑھنے یا کسی اور کام کے لیے استعمال ہو : عموماً ہموار سطح اور چار پائے رکھنے والا ایک قسم کا فرنیچر جس میں درازیں بھی ہوں ، ڈیسک. ۲. ضیافت ، سامانِ ضیافت. [ف].

میز لگانا محاورہ. میز چننا ، میز پر کھانا رکھنا ، میز کو کھانے سے سجانا ، میز پر سامان مثلاً رکابی ، چھری ، کانٹا ، چمچے وغیرہ رکھنا ، کھانا لگانا.

میزاب (ی مع) امث.
ا. پرنالہ ، کوٹھے کا پرنالہ ، چھت کا پرنالہ. ۲. کسی عضو کی نالی یا جوف یا نشیب. [ع].

میزاب رحمت اند. مراد : وہ پرنالہ جو خانۂ کعبہ کی چھت پر لگا ہوا ہے اور جس سے بارش کا پانی کعبے کی چھت سے حطیم میں گرتا ہے.

میزان (ی مع) امث : ~ میزاں.
ا. (i) ترازو ، دو پلڑوں والا وزن معلوم کرنے کا آلہ ، تکڑی ، تلا. (ii) (اسلامیات) وہ پیمانے جن پر قیامت کے دن انسان کے اعمال کو تولا جائے گا اور ان کے مطابق سزا اور جزا دی جائے گی. ۲. (فلکیات) آسمان کے ساتویں برج کا نام ۳. (ریاضیات) جمع ، جوڑ ، مجموعہ ، ٹوٹل ، حساب. ۴. عروض ، قافیہ ، بحر ، نظم وغیرہ. ۵. تعداد. ۶. (شاذ) حکمت عملی ، پالیسی. ۷. پیمائش ، عمل تسطیح ، سطح کی جانچ. [ع].

میزانِیّہ (ی مع ، کس ع ن ، فت ی) اند.
کسی خاص مدت کے لیے آمد و خرچ کا تخمینہ ، منصوبہ بندی کے مطابق آمد و خرچ کا گوشوارہ (جسے انگریزی میں بجٹ کہتے ہیں).

میزائِل (ی مع ، کس ع ء) اند.
(حرب) ایک قسم کا تباہ کن ہتھیار جو لانچر یا کسی اور تکنیک کے ذریعے کسی مخصوص ہدف پر گرایا جاتا ہے. [انگ].

میزْبان (ی مع ، سک ز) اند.
مہمان دار ، ضیافت کرنے والا.

میزْبانی (ی مع ، سک ز) امث.
ضیافت ، دعوت ، مہمانی کا کام یا عمل ، مہمانوں کی خاطر داری.

مَیس (ی مع) امث.
ا. کھانا ، طعام ، خوراک : کھانا کھانے والے. ۲. (فوجیوں یا طلبہ کا) ساتھ مل کر کھانا کھانا ، ایک جگہ بیٹھ کر کھانا. ۳. (i) طعام گاہ ، کھانے کی جگہ (عموماً فوجیوں کی) : کیفے ٹیریا. (ii) (شاذ) مطبخ ، کھانا پکانے کی جگہ. ۴. قیام گاہ ، ہاسٹل (عموماً فوجیوں کی). [انگ].

میسِج (ی مع ، فت نیز کس ع س) اند.
پیغام ، پیام ، خبر ، اطلاع. [انگ].

مَیسِر (ی لین ، کس س) اند.
ا. ہر وہ جُوا جسے اسلام نے ممنوع قرار دیا ہو ، جوا ، قرعہ اندازی ، لاٹری. ۲. تیروں کا جوا ، عربوں کی رسم کے مطابق اونٹ ذبح کر کے

اور اس کے دس یا اٹھائیس حصے کر کے تیروں سے قرعہ ڈالتے جس کے نام پر بے نشاں تیر نکلتا اس کو ذبح شدہ کی تمام قیمت دینی پڑتی۔ ۳. وہ ذبح شدہ جانور جس پر جوا کھیلا جائے۔ [ع]۔

مُیَسَّر (ضم م، فت ی، شد س بفت) صف: امذ۔
۱. (لفظاً) آسان کیا گیا؛ وہ (شے) جو آسانی سے ہاتھ لگ جائے، چیز جو آسانی سے مل سکے؛ (مجازاً) حاصل، دستیاب (عموماً ہونا کے ساتھ مستعمل)۔ ۲. ممکن، ممکن الحصول ۳. حاضر، موجود ۴. تیار، آمادہ۔ [ع]۔

مَیسَرَہ (ی لین، فت س، ر) امث: امذ۔
۱. بائیں طرف نیز فوج کا بایاں بازو، وہ فوج جو لڑائی کے وقت بادشاہ یا سپہ سالار کے دست چپ پر ہو۔ میمنہ کا نقیض ۲. آرام سے ہونا، خوش قسمت ہونا۔ [ع]۔

مِیش (ی مع، نیز مج) امذ۔
۱. بھیڑ، بھیڑی، گوسفند ۲. برج میکھ یا حمل، پہلے برج فلکی کا نام۔
میش چشم صف. بھیڑ کی سی آنکھوں والا؛ نیچی نظروں والا؛ (مجازاً) شرمالو، لجالو۔

مِیعاد (ی مع) امث۔
۱. وعدے کا وقت، وقتِ معہودہ، وقتِ معاہدہ، قرارِ باہمی ۲. وقتِ مقررہ، ایامِ مقررہ، مدت، متی، وقتِ معینہ نیز مخصوص مدت جس کے بعد کسی دستاویز وغیرہ کی تجدید کرانی پڑتی ہے، غیر مختتم مدت۔ ۳. زمانہ قید، ایامِ اسیری؛ (مجازاً) قید ۴. (جنگلات) وہ مقرر کردہ چند سالہ مدت جو جنگل کی کٹائی کے کام کے لیے مخصوص کر دی جائے۔ ۵. (مالیات) سود پر رکھی گئی رقم کی مدت۔ [ع]۔

مِیعادی (ی مع) (الف) صف۔
۱. مقررہ مدت کا، معین وقت والا، محدود زمانے کا، خاص مدت کا۔ ۲. مدتی، دوری: میعادی الشیوع (عموماً رسالہ وغیرہ)۔ (ب) امذ: امث۔
قیدی، بندھوا، کاٹتی سزا ہوا، سزایاب۔

مِیقات (ی مع) امذ۔
۱. وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا جائے نیز وہ جگہ جہاں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا جائے، وعدہ گاہ، وعدے کی جگہ ۲. (i) کسی کام کے کرنے یا ہونے کا وقت، ہنگام کار، کام کا مخصوص زمانہ نیز وقت زمانہ، فصل (جو محدود و مخصوص ہو)؛ موسم۔ (ii) دورانیہ، مدتِ معینہ، انتہائی مدت (خصوصاً) مدرسے کی تعلیم کا زمانہ نیز عدالت کے اجلاس کا زمانہ۔ (iii) ملازمت کی محدود مدت ۳. وہ مقام جہاں سے گزرتے وقت عازم حج یا عازم عمرہ کا احرام میں ہونا ضروری ہے، مختلف مقامات سے مکے کے سفر کا آغاز کرنے والوں کے لیے میقات بھی مختلف ہوتا ہے، مقام احرام، حدود حرم ۴. وقت کا علم۔ [ع]۔

میک (ی مج) امذ۔
۱. بناوٹ، ساخت ۲. سرشت، افتادِ طبع، فطرت۔ [انگ]۔
میک اپ امذ. ۱. عورتوں کے چہروں کو خوبصورت بنانے کا عمل آرائش جمال (خصوصاً) چہرے کا سنگھار نیز اس کے لوازمات غازہ پوڈر، سرخی وغیرہ ۲. چہرے پر غازہ ملنا؛ (تھیٹر) ایکٹر کا روپ بھرنا نیز بھیس، بہروپ ۳. سجاوٹ، آرائش نیز تیار کرنا۔

مَیکا (ی لین) امذ۔
دیکھیے: میکہ۔ [پ: س]۔

میکانِزْم (ی مج، کس ن، سک ز) امث۔
۱. کسی مشین یا اس سے مشابہ آلے کے پرزوں کی ترتیب و ترکیب ساخت اور عمل وغیرہ نیز پرزے بہ حیثیت مجموعی ۲. میکانکی عمل یا فن۔ ۳. مشینری یا نظام۔ [انگ]۔

میکانِکی (ی مج، کس ن) امث۔
مشینی، مشین جیسا؛ (مجازاً) جس میں اُپج یا لچک بالکل نہ ہو، بندھا ٹکا، طے شدہ؛ (کنایۃً) غیر فطری، مصنوعی، غیر تخلیقی۔

میکائیل (ی مع، ی مع) امذ۔
چار بڑے فرشتوں میں سے اس فرشتے کا نام جو خلق کی رزق رسانی پر مامور ہے۔

مَیکَدَہ (ی لین، فت ک، د) امذ۔
دیکھیے: مے کدہ، شراب خانہ۔

میکسی (ی مج، سک ک) امث.
عورتوں کا کرتے جیسا مغربی انداز کا لباس جو کرتے جیسا ڈھیلا ڈھالا اور ٹخنوں تک دراز ہوتا ہے. [انگ].

میکہ (ی لین، فت ک) امذ.
عورت/بیوی کے ماں باپ کا گھر.

میگزین (ی مج، فت نیز سک گ، ی مع) امذ.
۱.(i) سامانِ جنگ اور رسد وغیرہ کا گودام، اسلحہ خانہ، فوجی سامان رکھنے کا کمرہ، مخزن. (ii) بارود، اسلحہ وغیرہ. ۲. بندوق میں کارتوس ڈالنے کی جگہ. ۳. میعادی رسالہ، جریدہ، صحیفہ، مجلّہ. [انگ].

میگنیٹ (ی مج، سک گ، کس خف ن) امذ.
مقناطیس، سنگِ مقناطیس، آہن ربا نیز موٹر انجن میں ایک خاص دباؤ کا کرنٹ یا شعلہ پیدا کرنے والی مشین یا آلہ. [انگ].

میگنیشیم (ی مج، سک گ، ی مج، کس ج ش، فت ی) امذ.
ایک دھاتی عنصر، یہ ہلکا، تہ دار، ورقی، لچک دار نقرئی عنصر ہے اسے جلایا جائے تو اس کی روشنی آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہے اسے ہلکے وزن کے بھرت میں استعمال کیا جاتا ہے. [انگ].

میگنیفائر (ی مج، سک گ، ی مع، کس ج و) امث.
چیزوں کی ظاہری جسامت کو بڑھا کر یا بڑا کر کے دکھانے والا آلہ، کلاں نما، مکبر. [انگ].

میگنیفائنگ گلاس مث. وہ عدسہ گلاس جس کو آنکھ پر لگا کر باریک الفاظ کو پڑھا جاتا ہے.

میگھ (ی مج) امذ.
۱. ابر، بادل، بدلی، گھٹا، میغ. ۲. مینھ، بارش، برکھا، باراں. ۳. پانچ سُروں کا ایک راگ جو ساون بھادوں میں رات کے پچھلے پہر گایا جاتا ہے. [س].

میگھ ملار/ملہار امذ. کافی ٹھاٹھ کا ایک اوڈو (پانچ سروں کا) راگ جو سہ پہر دن اور پچھلی رات کو گایا جاتا ہے. [س].

میگھا (ی مج) امذ.
دیکھیے: میگھ، بادل.

مَیل (۱) (ی لین) امذ؛ امث.
۱. گندگی، غلاظت، کیچڑ، چرک جو جسم، ناک، کان، آنکھ وغیرہ میں جم جاتی ہے نیز فضلہ، گاد. ۲. کسی مائع یا سیال پر جمنے والی چیز، تیل وغیرہ کے نیچے بیٹھ جانے والی مٹی، تلچھٹ. ۳. (کنایۃً) خرچ یا ضائع ہو جانے والی چیز (عموماً روپے پیسے کے لیے مستعمل). ۴. (مجازاً) رنج جو دل میں کسی کی طرف سے ہو، کدورت، کینہ. ۵. (کنایۃً) مادی خواہشات، ضرورتیں یا بکھیڑے. [س].

میل خورا (الف) امذ. ۱. (i) صابن، کپڑے صاف کرنے کا مسالا. (ii) (کنایۃً) کپڑے دھونے والا شخص، دھوبی. ۲. (i) رنگین لباس جس میں میل چھپ جائے، خاکی یا سیاہ رنگ کا کپڑا. (ii) میل کو چھپا لینے والا رنگ؛ جیسے: خاکستری، خاکی. (ب) مف. ۱. میلے پن کی طرف مائل، میلے رنگ کا؛ (مجازاً) سیاہ، خاکستری، خاکی. ۲. میل کھایا ہوا، گندہ، آلودہ، میلا، ملگجا.

میل کا بیل امذ. بات کا بتنگڑ، پر کا کوا، چھوٹی بات کو بڑا کر دینا.

میل کا بیل بنانا محاورہ. چھوٹی سی بات کو بڑا سا کر کے دکھانا، بات کا بتنگڑ کرنا، رائی کا پربت بنانا، سوئی کا پھاوڑا کرنا، پر کا کاگ بنانا؛ بہت جھوٹ بولنا، ازحد مبالغہ کرنا.

میل کاٹنا محاورہ. میل دُور کرنا، اُجلا کرنا، صاف کرنا، میل سے پاک کرنا، کثافت دُور کرنا؛ (مجازاً) طبیعت صاف کرنا، کینہ دور کرنا.

میل کٹنا محاورہ. میل کاٹنا کا لازم، گندگی کا دھل جانا، صاف ہونا، کثافت دور ہونا.

میل کچیل امذ. ۱. (i) میل، کثافت، گندگی وغیرہ نیز گرد وغبار جو جم گیا ہو، کوڑا کرکٹ. (ii) کھوٹ، آمیزش (کھانے یا کسی دھات میں). ۲. (مجازاً) نقائص، عیوب، خامیاں. ۳. (مذہبیات) بری باتیں یا عادتیں، کمینگیاں، بد اعمالیاں. ۴. بے اصل یا غیر متعلق باتیں، موضوع سے ہٹی ہوئی باتیں. ۶. فضول یا زائد چیزیں، پھینکی ہوئی یا ضائع کردہ چیزیں، گھٹیا چیزیں (عموماً ہاتھوں کے ساتھ مستعمل).

میل نہ آنا محاورہ. ناگوار نہ گزرنا، دُوبھر نہ ہونا، بُرا نہ معلوم دینا (یہ محاورہ دل یا آنکھ کے ساتھ آتا ہے).

میل نہ لانا محاورہ. بُرا نہ ماننا، رنجیدہ نہ ہونا.

مَیل (۲) (ی لین) اند.

۱. (i) (لفظاً) پیدائشی کج ہونا، جھکاؤ، خیدگی. (ii) (ہیئت) ترچھا پن نیز انحراف (انگ : Obliquity). ۲. (مجازاً) رغبت، فطری میلان، توجہ، التفات، رُجحان. ۳. خواہش، شوق، اُلفت. ۴. طرف داری، پاسداری، رعایت. ۵. (ہیئت) بُعد، فاصلہ جو اجرام فلکی اور اُفق کے درمیان ہو؛ وہ تفاوت جو کسی سیارے یا ثابتے کو معدل النہار سے شمال یا جنوب کی طرف ہوتا ہے. ۶. (طبیعیات) جذب، کشش، کسی جسم کی دوسرے جسم کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت. [ع].

میل کرنا محاورہ. ۱. کسی کی طرف جھکنا یا مائل ہونا، کسی چیز کا میلان رکھنا یا ظاہر کرنا. ۲. (i) خواہش رکھنا، شوق رکھنا، راغب ہونا. (ii) (فقہ) رجوع ہونا. ۳. توجہ دینا، التفات کرنا. ۴. (ہیئت) جھکنا، مڑنا، کج ہونا، (سیارے کا) غروب ہونا. ۵. جانب داری برتنا؛ محبت کرنا؛ کسی کے نزدیک آنا یا گھیرنا.

میل ہونا محاورہ. میلان ہونا، توجہ ہونا، رغبت ہونا، التفات ہونا؛ خواہش ہونا.

مِیل (۱) (ی مع) اند.

۱. (i) ۱۷۶۰ گز کی لمبائی یا فاصلہ، آٹھ فرلانگ کا فاصلہ (سابقہ میل کی مقدار چار ہزار گز یا چار ہزار قدم نیز اہل روما کے نزدیک دو ہزار قدموں کے برابر فاصلہ). (ii) (مجازاً) فاصلہ، مسافت. ۲. کوس یا میلوں کے نشان کے پتھر جو رستے میں بنائے جاتے ہیں، سنگ میل. ۳. ستون، تھم، کھم، لاٹھ. [انگ].

میل راہ اند. فاصلوں کے نشان کا پتھر جو راستے میں لگا ہو؛ (مجازاً) رہنما.

مِیل (۲) (ی مع) اند.

۱. (i) وہ سلائی جس سے سرمہ لگاتے ہیں نیز سلاخ. (ii) زخم کی گہرائی معلوم کرنے کا جراحی آلہ. (iii) وہ سلائی جو گرم کر کے آنکھوں پر پھیر کر (بطور سزا) اندھا کر دیتے تھے. ۲. (i) بندوق کی نالی. (ii) بندوق کی مار. [ع].

میل (۱) (ی مج) اند (مت : قدیم).

۱. دوستی، ملاپ، راہ و رسم، اتحاد. ۲. (i) جوڑ، تعلق، ساتھ، سنگت سنجوگ. (ii) دو چیزوں کا جوڑ، تار وغیرہ سے بندھنے یا ملنے کا سلسلہ (انگ : Connection). ۳. صلح صفائی، مصالحت. ۴. رشتے داری قرابت، رشتہ ناتہ. ۵. مطابقت، موافقت، مناسبت، مشابہت، یکساں ہونا، جوڑ (مقدار، صفت، رنگ وغیرہ میں). ۶. جفتی، جنسی اختلاط جنسی ملاپ. ۷. (شاذ) قران، نزدیکی، ستاروں کی یک جائی. ۸. ترکیب، اختلاط، آمیزش. (ii) ایک (بیش قیمت) چیز میں کسی (کم قیمت) چیز کی ملاوٹ، کھوٹ، آمیزش. [س].

میل جول اند. ملنا جلنا، ربط وضبط، راہ و رسم، پیار اخلاص، میل ملاپ اتحاد، اختلاط، ارتباط.

میل رکھنا محاورہ. ۱. ملاپ رکھنا، پیار اخلاص رکھنا، راہ و رسم رکھنا مناسبت رکھنا، مطابق یا موافق ہونا.

میل کا صف. ۱. اپنی جنس یا قسم کا، جوڑ کا، ملتا ہوا، اسی ڈھنگ کا (رنگ صفت وغیرہ میں)، میل کھاتا ہوا. ۲. برابر کا، یکساں حیثیت کا، ایک درجے یا رتبے والا. ۳. ہم خیال، ہم جنس، ہم مذہب. ۴. دوستانہ؛ ملنسار.

میل کرانا محاورہ. مصالحت کرانا، لڑائی کے بعد آپس میں ملوانا، اختلاف دور کرانا، اتحاد کرانا.

میل کرنا محاورہ. ۱. ملانا، ملونی کرنا، آمیزش کرنا، ملاؤ کرنا، ملاوٹ کرنا. ۲. ربط پیدا کرنا، ارتباط بڑھانا، اخلاص کرنا، ملاپ کرنا. ۳. مصالحت کرنا، لڑائی ختم کرنا، کسی سے اختلاف اور قطع تعلق ختم کر کے دوبارہ دوستی کر لینا. ۴. (i) جفتی کرانا نیز جوڑ کھانا. (ii) ملنا، ہم بستر ہونا صحبت کرنا. ۵. جوڑنا، ملانا، اک نوع کی چیز کو دوسری نوع کی کے مطابق کرنا. ۶. گٹھ جوڑ کرنا، سازش کرنا.

میل کھانا محاورہ. ۱. مناسب یا مطابق ہونا، موزوں ہونا، رنگ، صفت انداز وغیرہ میں یکساں ہونا، ملتا جلتا ہونا، ہم آہنگ ہونا. ۲. سازگار ہونا، کارآمد ہونا. ۳. متفق ہونا، متحد ہونا، راضی ہونا. ۴. ملنا، گھل جانا ایک چیز کا دوسری چیز میں مل جانا، آمیزہ ہو جانا.

میل ملاپ اند. ۱. ملنا جلنا، میل جول، اتحاد، ارتباط، ربط ضبط، دوستی

صحبت .۲.ایک جنس یا قسم کی چیز کا دوسری جنس کے مشابہ یا مطابق ہونے کا عمل ، آمیزش ، اختلاط نیز امتزاج .۳. (شاذ) صحبت ، جماع ، ہم بستری ، وصال .

میل ہونا محاورہ .ا.تعلق ہونا : ملاقات ہونا ، دوستی ہونا : صحبت ہونا ، ہم بستری ہونا .۲.ایک دوسرے کے مطابق ہونا ، مطابقت یا موافقت نیز مسابقت ہونا .

میل (۲) (ی مج) امث .

ا.ڈاک ، ڈاک کا تھیلا ، خطوط اور چٹھیوں کا تھیلا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے .۲.گاڑی ، ٹرین ، مسافر گاڑی . [انگ] .

میل گاڑی امث .ا.وہ ریل گاڑی جس میں خطوط لے جائے جاتے ہیں ، ڈاک لے جانے والی ٹرین نیز مسافر ٹرین .۲.ڈاک گاڑی (عموماً میل اس گاڑی کو کہتے ہیں جو صرف جنکشنوں اور بڑے اسٹیشنوں پر رکے) .

مَیلا (ی لین) (الف) صف .

ا.(i) گندہ ، چرک آلودہ ، چکٹ ، غبار آلود ، گدلا ، خاک ، دھول میں بھرا ہوا . (ii) غلیظ ، ناپاک ، نجس ، پلید . (iii) بے آب ، نامصفا ، غیر شفاف ، چمک سے عاری . (iv) زنگ کھایا ہوا ، زنگ آلودہ . ۲.مٹی کے رنگ کا ، خاکی .۳. (i) مکدر ، رنجیدہ ، ملول ، پریشان . (ii) بگڑا ہوا ، خراب ، بُرا (سلوک ، تیور وغیرہ) .۴.ملگجا ، سیاہی مائل ، سیاہ (رنگ کے لیے مستعمل) . (ب) اند .ا.(i) بدوضع ، بدچلن ، اوباش ، سفلہ ، کمینہ . (ii) چور اُچکا ، اٹھائی گیرا .۲.فضلہ ، گوہ ، بول و براز . ۳.کوڑا ، کرکٹ ، گھورا ، کچرا نیز میل ، گندگی .۴. رنجش ، بدگمانی ، کدورت ، کینہ .

میلا پن اند .ا.میلا ہونے کی حالت ، گندگی ، نجاست ، آلودگی .۲.ملگجا پن ، دھندلاہٹ ، سیاہی ، اندھیرا .۳.(i) کدورت ، رنجش وغیرہ . (ii) (شاذ) فریب ، عیاری ، چالاکی .۴. تلچھٹ ، رذی یا نکمی چیز ، میل کچیل .

میلا تکیہ اُجلا غلاف کہاوت .اوپر سے صاف اندر سے گندہ ، بہ ظاہر کچھ بہ باطن کچھ ؛ منافق .

میلا چکٹ/چیکٹ صف .جس میں زیادہ میل ہونے کے سبب چپچپاہٹ پیدا ہو جائے ، گرد اور چکنائی سے لتھڑا ہوا ، نہایت گندہ (عموماً کپڑے کے لیے مستعمل) .

میلا کچیلا صف : اند .ا. بہت میلا ، چکٹ ، خاک دھول میں بھرا ہوا ، نہایت گندہ .۲. (کنایۃً) عاشق ، دیوانہ ، مجنوں نیز فقیر ، ملنگ .

میلا کرنا ف مر : محاورہ .ا.گندہ کرنا ، خراب کرنا ، غبار آلودہ کرنا ، آب و تاب میں فرق لانا ، بے آب بنانا ، ملگجا یا سیاہ کر دینا .۲. غلیظ کرنا ، ناپاک کرنا .۳. ہگنا ، براز کرنا ، پیخانہ پھرنا .۴. رنجیدہ کرنا ، پریشان کرنا نیز ملال ہونا ، تکدر ہونا (عموماً دل کے ساتھ مستعمل) .

میلا ہونا ف مر : محاورہ .ا.گندہ ہونا ، غبار آلودہ ہونا ، خراب نیز دھندلا ہو جانا .۲. (دل کا) رنجیدہ ہونا ، پریشان ہونا ، بدگمان ہونا ، ملال ہونا ، تکدر ہونا .۳. ناپاک ہونا ، نجاست سے آلودہ ہونا ، پلید ہونا.

میلا (ی مج) اند : ~ میلہ .

ا.(i) مجمع عام ، ازدحام ، انبوہ ، ہجوم ، ٹھیلا . (ii) کسی خاص جگہ پر عام لوگوں کا باہم اکٹھا ہونا نیز وہ مقام جہاں تاریخ معینہ پر سال میں ایک بار لوگوں کا اجتماع ہو اور اس میں بالعموم خرید و فروخت اور کھیل تماشوں کا بھی اہتمام ہوتا ہے : (مجازاً) وہ جگہ جہاں بہت سارے لوگ یا عام لوگ جمع ہوں .۲.سیر ، تماشا ، تفریح .۳.فقرا کا جلسہ ، فقیروں کی پنچایت . ۴.عرس : کسی مندر یا تیرتھ پر لوگوں کا اجتماع : جانوروں کی منڈی ، وہ جگہ جہاں خاص خاص تاریخوں پر لوگ جانور یا دیگر اشیا برائے فروخت یا نمائش لے جائیں . [س] .

میلا ٹھیلا اند .سیر تماشا ، بھیڑ بھاڑ .

میلا لگنا محاورہ .ا.کسی مقام معین پر روز مقررہ کو سیر و تماشا کے لیے سال میں ایک بار لوگوں کا جمع ہونا .۲.ہجوم ہونا ، لوگوں کا بھاری تعداد میں اکٹھا ہونا (کچھ دیکھنے یا خریدنے وغیرہ کے لیے) ؛ ٹھٹ لگنا .

میل میلا کر رہی میلے کے دن گھر رہی کہاوت .موقع پر غافل ہے .

میلا ہونا محاورہ .ا.ہجوم ہونا ، لوگوں کا بھاری تعداد میں اکٹھا ہونا ، مجمع ہونا ، ہجوم ہونا ، بھیڑ بھاڑ ہونا (کچھ دیکھنے یا خریدنے وغیرہ کے لیے) . ۲.(دکان داری) میلے میں بکری ہونا ، خوب خرید و فروخت ہونا .

میلاد (ی مع) اند .

ا.(i) پیدائش ، ولادت نیز پیدا ہونے کا وقت یا زمانہ ، پیدائش کا وقت .

(ii) پیدائش رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم .۲. ذکر پیدائش رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ؛ مراد : محفل میلاد ، وہ محفل جس میں نظماً یا نثراً رسول خدا کے فضائل اور ان کا ذکر ولادت ہو . [ع].

میلادُ النَّبی ﷺ اند . آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ولادت نیز ولادت کا دن .

میلاد آدم اند . حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش ؛ مراد : نوع انسانی کا آغاز .

میلاد شریف اند . ا. محفل میلاد ، محفل ذکر ولادتِ رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی پیدائش کا ذکر مبارکہ . ۲. مراد : میلاد نامہ ، میلاد النبی ﷺ کی کتاب جو عموماً منظوم ہوتی ہے .

مَیلان (ی لین) اند .
ا. جھکاؤ ، رجحان نیز التفات ، توجہ .۲. (ہندسہ) خمیدگی ، ٹیڑھا پن ، جھکاؤ (زاویے وغیرہ کا) .۳. رغبت ، خواہش .۴. (ارضیات) ڈھلواں ہونا ، ڈھال . [ع].

میلان طبع اند . طبیعت یا مزاج کا رجحان ، توجہ ، میل طبع ، فطری رغبت .

مَیلاہَٹ (ی لین ، فت ہ) اند .
میلا ہونے کی حالت ، میلاپن ، ملگجا یا کثیف ہونا ، گندگی .

میلوں (ی مع ، وغ) (الف) اند ؛ ج .
میل کی جمع نیز مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل . (ب) م ف . کئی میل تک ، دور تک .

میلہ (ی مج فت ل) اند .
دیکھیے میلا .

مَیلی (ی لین) صف مث .
گندی ، ناپاک نیز غبار آلود ، گدلی .

مَیلی آنکھ مث . (کنایۃً) بُرے ارادے سے دیکھنے والی آنکھ ، بری نظر ، چشم بد .

مَیلی آنکھ سے دیکھنا محاورہ . برے ارادے سے دیکھنا ، نظر بد ڈالنا ، بری نیت رکھنا .

میلی کچیلی صف مث . گندگی ، چرک آلودہ ، جس پر میل بہت جم گیا ہو ؛ (مجازاً) بری ، خراب .

میلی نظر دیکھنا محاورہ . بُرے ارادے سے دیکھنا ، نیت خراب رکھنا .

مَیلیا (ی لین ، کس خف ل) صف .
میل صاف کرنے والا ، بطور لاحقۂ کن (= کان) کے ساتھ مستعمل .

میم (ی مع) (الف) اند .
ا. حرف م کا تلفظ .۲. (تشبیہاً) دہن معشوق . (ب) بطور حرف انکاریہ ، نہیں .

میم (ی مج) امث .
ا. بیگم ، خانم ، خاتون ، بانو ، مادام ، میڈم ؛ (عموماً مغربی خاتون ؛ نیز گوری چٹی عورت یا مغرب زدہ عورت .۲. انگریز کی بیوی ؛ بڑے آدمی کی بیوی .۳. مالکن . [انگ].

میمَل (ی مج ، فت م) اند .
فقاریہ جانوروں کی وہ نوع جس کی مادہ کے ، بچوں کے تغذیے کے لیے دودھ بنانے والے غدود ہوتے ہیں ، دودھ پلانے والے جانوروں کی نوع کا کوئی فرد . [انگ].

مَیمَن (ی لین نیز مج ، فت م) اند .
الوہانہ نسل (سندھ) سے تعلق رکھنے والا مسلمانوں کا ایک طبقہ جو تجارت پیشہ ہے اور پاک و ہند میں آباد ہے نیز اس قوم کا فرد ، (مراداً) تاجر . [ع].

میمنا (ی مج ، فت نیز سک م) اند .
بکری کا بچہ ، حلوان ، بزغالہ ، پہاڑی بکرا .

مَیمَنَت (ی لین ، فت م ، ن) امث .
ا. سعادت ، برکت ، مبارکی ، فجستگی (عموماً قدوم کے ساتھ مستعمل) .۲. اقبال مندی ، خوش قسمتی ، کامیابی ، کامرانی .۳. خوشی ، آسودہ حالی فلاح ، خوش حالی . [ع].

مَیمَنَہ (ی لین ، فت م ، ن) اند .
فوج کا وہ حصہ جو لڑائی کے وقت بادشاہ یا سپہ سالار کے دائیں ہاتھ ہو ، دائیں بازو کی فوج . [ع].

میمو (ی مج ، وغ) اند .
دیکھیے : میورنڈم جو فصیح ہے ، یادداشت (بول چال میں مستعمل) . [انگ]

میمورَنڈَم (ی مج ، وغ ، فت خف ر ، سک ن ، فت ڈ) اند ؛ ~ میمورینڈم .

ا. یادداشت ، روداد ، کوئی تحریر جو یاد دہانی کے لیے ہو نیز کوئی پیغام (خصوصاً کاروباری یا سفارتی معاملات میں) . ۲. (i) منشور ، پیغام . (ii) فرمانِ شاہی ، فرمان . [انگ] .

میموری (ی مج ، وج) امث .
ا. یاد رکھنے یا کرنے کی دماغی صلاحیت ، یاد داشت ، حافظہ نیز حافظے میں محفوظ باتیں . ۲. ٹیلی ویژن ، کمپیوٹر وغیرہ کی مشینری کا وہ حصہ یا آلہ جو رنگوں ، تصویروں اور خاص معلومات کو فوری رسائی کے لیے محفوظ کرتا ہے . [انگ] .

میموریَل (ی مج ، وج ، کس خف ر ، فت ی) امذ .
کسی شخص ، واقعے یا ماضی کی کسی چیز یا یاد کو محفوظ رکھنے والی چیز ، یادگار . [انگ] .

مَیمُون (ی لین ، ومع) صف .
ا. مبارک ، سعد ، بابرکت ، خجستہ . ۲. بہرہ مند ، کامیاب ؛ بخت آور ، خوش نصیب . ۳. سرسبز ؛ آسودہ حال . [ع] .

مَیمُونَہ (ی لین ، ومع ، فت ن) امث .
میمون کی تانیث ، مبارک ، سعد ، بابرکت نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ کا نام . [علم] .

میمیانا (ی مع ، کس خف م) ف ل .
بکری کا بولنا ، میں میں کرنا ، ممیانا .

مَین (ا) (ی لین) امذ .
آدمی ، انسان ، مرد ، مردانہ اوصاف کا حامل (عموماً تراکیب میں مستعمل) . [انگ] .

مَین ہول (ی لین ، وج) امذ .
گٹر کا بڑا سا سوراخ جس میں آدمی اتر کر صفائی وغیرہ کر سکتا ہے ، آدم اُتار سوراخ .

مَین (۲) (ی لین) امذ .
جھوٹ ، دروغ ، کذب ، دھوکا ، ریا . [ع] .

مَیں (ی لین) (الف) ضمیر واحد متکلم .
وہ کلمہ جس سے اپنی ذات پر اطلاق کیا جاتا ہے ، خود ، من ، آپ . (ب) امث . ہما ہمی ، انا ، غرور کے لیے مستعمل . (ج) حکایت الصوت . بکری کے بولنے کی آواز . [س] .

میں بھی رانی، تو بھی رانی، کون بھرے ندّی سے (گا) پانی کہاوت . کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں ، جب دونوں کاہل ہوں اور کام سے جی چرائیں تو کہتے ہیں .

میں خوش میرا خدا خوش فقرہ . کسی بات کی منظوری یا حالات سے مطمئن ہونے پر یہ فقرہ بولا جاتا ہے ، میں خوشی کے ساتھ اجازت دیتا ہوں ، میری عین خوشی ہے ، میں ہر طرح راضی ہوں .

میں ڈال ڈال، تو (وہ) پات پات کہاوت . میں تجھ سے کم چالاک نہیں ، مجھ سے بچ کر نہیں جاسکتا .

میں میں (الف) کلمۂ غرور . ا. انانیت . خودی ، کلمۂ غرور ونخوت ، خودی کا دعوئی . (ب) امث . بکری کی آواز ، بکری کی بولی . [حکایت الصوت] .

میں نہیں یا (تم) وہ نہیں فقرہ . کمال غصہ کا اظہار یعنی یا تو آج میں اُنھیں کو مار ڈالوں گا یا خود ہی مارا جاؤں گا .

میں واری (الف) امث . ایسے مرد کے لیے بولتے ہیں جو لباس ، گفتگو اور حرکات میں عورتوں سے مشابہ ہو . (ب) فقرہ . میں صدقے ، میں قربان .

میں ہارا (ہاری) تُم (جیتیں) جیتے فقرہ . بحث میں عاجزی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں نیز طنزاً بھی کہتے ہیں جب کوئی فضول بحث کرے .

مین (ی مع) امث .
ا. مچھلی ، حوت ، ماہی ، سمک . ۲. نکتہ چینی ، عیب . [س] .

مین میخ / میکھ امث . عیب ، قباحت .

مین میکھ نکالنا محاورہ . نکتہ چینی کرنا ، عیب نکالنا ، خامیاں نکالنا ، برائیاں بیان کرنا .

مین میکھیا صف مذ . نکتہ چیں نیز عیب تلاش کرنے والا ، باریک بین .

میں (ی مج) حرف جر وظرف .
اندر ، بھیتر (ظرفِ زماں اور مکان دونوں کے لیے مستعمل) .

مَینا (ی لین) امث .
ا. کبوتر سے قدرے چھوٹا سیاہی مائل ایک خوش الحان پرندہ جس کے پیر ، چونچ اور پروں کا نچلا حصہ زرد ہوتا ہے . ۲. (عو) پیار سے ان بچوں کو کہتے

ہیں جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں یا بہت زیادہ بولتے ہیں ۔ [س] ۔

مینا (ی مع) اِمذ ۔

۱. رنگ برنگ شیشہ ، آبگینہ ۔۲. ایک قسم کے پتھر کا ، نام سبز رنگ کے پتھر کا سیاہ جوہر ۔۳. نقاشی کا سبز کام جو شیشے اور چاندی سونے کے ظروف پر بناتے ہیں ۔۴. مرصع کاری ، رنگ برنگ شیشے اور پتھروں کا جڑاؤ جو چھت اور مٹی کے ظروف وغیرہ پر کیا جاتا ہے ۔۵. (مینا کاری) ایک قسم کی مصنوعی مرصع کاری ، کچ لون ، کندن کا کام ۔۶. گنبدِ نیل گوں ؛ (کنایۃً) آسمان ۔۷. ساغر ، شراب کی بوتل ، پیمانہ ، جام ؛ (کنایۃً) شراب ۔۸. (کنایۃً) سرخی ، سرخ رنگ ۔۹. شطرنج کے کھیل کی وہ گوٹ جس پر نقش و نگار ، موتی وغیرہ جڑے ہوئے ہوں ۔

مینا بازار اِمذ ۔۱. بازار جہاں صرف خواتین ہی دکان دار اور خواتین ہی خریدار ہوں ۔۲. حکم شاہی کے تحت قائم کیا جانے والا عارضی بازار جو صرف شاہی خاندان کے افراد ، نوابین ، امرا اور روسا کی دل بستگی کے لیے ہوتا تھا ؛ (کنایۃً) عیش و عشرت کی جگہ ۔۳. صنعت و حرفت کے فروغ کے لیے لگایا جانے والا بازار جہاں ہمہ اقسام کی اشیا فروخت ہوتی ہوں ۔

مینا فام صف ۔ نیلا یا سبز رنگ ۔

مینا کار صف ۔۱. زیور کی سطح پر کانچ کے مسالے سے رنگ برنگ کے پھول پتے اور نقش بنانے والا کاری گر ، جڑاؤ کام کرنے والا ، مینا کا کام کرنے والا ، مرصع ساز ۔۲. جس پر مینا کا کام کیا گیا ہو ۔

مینا کاری اِمث ۔۱. (i) سونے اور چاندی کے زیورات پر رنگین مسالے اور شیشوں کا کام ، کندن کاری ، نگینے کا کام ۔ (ii) لکڑی ، پتھر ، دھات اور چھت وغیرہ پر منقش کام ؛ نقاشی ۔۲. مرصع نگاری ، خوب صورت اندازِ تحریر ۔۳. (مجو) باریکی ، باریک بینی ، دیدہ ریزی ؛ دیدہ ریزی کا کام ، باریک کام ۔

مینار (ی مع) اِمذ ۔

۱. اونچا ستون نما مخروطی کھمبا جو بالعموم اینٹ گارے سے بنا ہوتا ہے اور اس کی بلندی اور گھیر حسبِ منشا رکھے جاتے ہیں ، لاٹھ ۔۲. بلند ستون جو مسجد کے دو یا چار کونوں پر بنائے جاتے ہیں اور جس میں بالعموم چھوٹی چھوٹی محرابیں یا بالکنی بنی ہوتی ہے ، اذان دینے کا ستون ۔۳. بطور یادگار ، نمائش یا علامت ، مخروطی شکل کی بنی ہوئی عمارت جس کی بلندی اور گھیر ضرورت اور موقعے کے لحاظ سے مختلف جسامت ہوتا ہے ۔۵. سمندروں میں بحری جہازوں کی رہنمائی کے لیے بنائی گئی ستون نما عمارت جس پر روشنی کا اہتمام ہوتا ہے ۔۶. وہ بلند جگہ جہاں چراغ روشن کریں ؛ نشانی جو راہ پر بناتے ہیں ، رہنمائی کے لیے بنائی گئی میل یا منزل کی علامت ۔ [ع] ۔

مینارِ پاکستان اِمذ ۔ اس مقام پر بنایا گیا مینار جہاں مسلمانوں کے ایک علیحدہ وطن پاکستان کے وجود میں آنے کے لیے قرارداد منظور کی گئی تھی [(علم)] ۔

مینارَہ (ی مع ، فت ر) اِمذ ۔

دیکھیے : مینار ۔ [ع] ۔

مینارۂ نور اِمذ ۔ مینارِ نور ، روشنی کا مینار ، روشنی کی علامت ؛ مراد : رہنمائی کرے ۔

مینائی (ی مع) صف ۔

۱. مینا سے منسوب ؛ شیشے کا بنا ہوا ؛ سبز رنگ کا ۔۲. (احشائیات) دا کی چمک دار پالش جو اس کا سخت اور سب سے زیادہ ٹھوس حصہ ہے ، دانتوں پر چڑھی ہوئی چینی کی سی جلد دار تہ ؛ مینا (Enamel) سے منسوب یا متعلق ۔

مَینٹِل (۱) (ی لین ، سک ن ، کس خف ٹ) اِمذ ۔

۱. وہ ریشمی جالی دار ٹوپی جو گیس لیمپ میں جلنے کے مقام پر چڑھادی جاتی ہے اور خاکستر ہونے کے بعد گیس یا تیل کی پھوار پڑنے پر ہے اور روشنی دیتی ہے ۔۲. جالی دار حاشیہ ، ٹوپی ، جالی دار تہہ ۔ [انگ

مَینٹِل (۲) (ی لین ، سک ن ، کس خف ٹ) اِمذ ۔

آتش دان کے اوپر کا مچان ؛ دیوار گیر الماری ؛ تختۂ آتش داں ۔ [انگ

مَینٹَل (ی لین ، سک ن ، فت ٹ) صف ۔

ذہنی ، دماغی ؛ دماغی خلل یا اس سے متعلق یا اس سے متاثر ؛ دماغی

کا شکار ، تنگی . [انگ] .

مَینجو (ی لین ، کس خف ن ، فت ج) امذ .
دیکھیے : مینیجر ، جو کسی دفتر وغیرہ میں انتظامی امور کا نگران ہو ، منتظم ، مہتمم ، نگران کار . [انگ] .

مَینجنگ ڈائریکٹر (ی لین ، کس ن ، ج ، غنہ ، کس ہ ، ی مع ، سک ک ، فت ٹ) امث .
کسی ادارے کا انتظامی سربراہ ، ادارے کا منتظم اعلیٰ . [انگ] .

مینڈ (ی مج ، غنہ) امث .
۱. کھیت کی منڈیر ، سرحد جو قطعاتِ اراضی کو ایک دوسرے سے الگ کرے ، حد بندی ، کنارہ ، پشتہ . ۲. کنوئیں کی منڈیر ، پشتہ چاہ ، پنگھٹ .

مینڈک (ی مج ، مغ ، فت ڈ نیز ضم) امذ .
۱. ایک قسم کا چھوٹا آبی جانور جو خشکی پر بھی رہ سکتا ہے ، اکثر تالابوں جوہڑوں وغیرہ کے کناروں پر ٹرایا کرتا ہے ، غوک . ۲. افریقہ میں پایا جانے والا ایک قسم کا شجری جانور جو مینڈک سے مشابہ ہوتا ہے جس کے پنجوں کے سروں پر چپٹنے والے اعضا ہوتے ہیں جن سے وہ درخت پر چڑھ سکتا ہے . [س] .

مینڈکی (ی مج ، غنہ ، سک ڈ) امث .
۱. ایک قسم کا چھوٹا مینڈک ، مینڈک کی مادہ ، غوکچہ ، مادہ مینڈک . ۲. گھوڑے کی پیٹھ کے اوپر والا حصہ جو وسط میں ہوتا ہے .

مینڈکی کو (بھی) زکام ہوا کہاوت . اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی نسبت بولتے ہیں .

مینڈی (ی مج ، مغ) امث .
۱. مانگ کے دونوں طرف ماتھے کے کنارے کنارے گوندھ کر جمائے ہوئے پیشانی کے ایسے بال جو چوٹی میں شریک نہ ہوسکیں اور چہرے پر لٹک آئیں ، بالوں کی لٹ ، مینڈھی ، بینڈی . ۲. برتن تیار کرنے کو پانی سے گوندھ کر لوچ دار بنائی ہوئی مٹی ؛ خمیر کی ہوئی مٹی ، کھویا ، گوندا .

مینڈیاں (ی مج ، غنہ ، سک ڈ) امث .
مینڈی کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

مینڈیاں گوندھنا ف مر . بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا ، بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا .

مَینڈیٹ (ی لین ، سک ن ، ی مج) امذ .
(سیاسیات) سیاسی امور کے متعلق ہدایات جو انتخاب کرنے والے پارلیمنٹ کے رُکن کو دیں ؛ حق حکومت جو رائے دہندگان ووٹوں کے ذریعے کسی پارٹی کو تفویض کریں . [انگ] .

مینڈھ (ی مج ، غنہ) امث .
۱. کھیت کی منڈیر ، پشتہ ، ڈولا ، باڑ ، مینڈ . ۲. کنویں کی منڈیر ، پشتہ . ۳. کسی چیز کا کنارہ یا حد .

مینڈھا (ی مج ، مغ) امذ ؛ — میڈھا .
۱. بھیڑ کا نر ، دُنبہ . ۲. (تحقیراً) چھوٹا اور موٹا آدمی ۳. برج حمل ، سیکھ راس ، آسمان کا بارھواں برج . ۴. بڑی موج ، تلاطم ، لہر . [س] .

مینڈھا لڑانا ف مر ؛ محاورہ . (بازاری) ساجھا کرنا ، شراکت کرنا ؛ دو کو لڑانا ، دو آدمیوں میں لڑائی کرانا .

مینڈھی (ی مج ، مغ) امث .
۱. بالوں کی چھوٹی لٹ جسے چوٹی کی طرح گوندھا گیا ہو ، مینڈی . ۲. (قصاب) کمر کا گوشت .

مینڈھیاں (ی مج ، غنہ ، سک ڈھ) امث ؛ ج .
(عور) چھوٹے بالوں کی گندھی ہوئی لٹیں .

مَینشَن (ی لین ، سک ن ، فت ش) امذ ؛ — منشن .
۱. بڑی عمارت جس کی ہر منزل پر الگ الگ رہائشی کمرے ہوں ، محل نما عمارت ، بڑا اور وسیع مکان ، حویلی ، شاندار مکان . ۲. سرکاری اقامت گاہ . [انگ] .

مینگ (ی مع ، غنہ) امث .
مغز ، گودا ، گری .

مینگنی (ی مج نیز مع ، غنہ ، سک گ) امث .
چوہے ، اونٹ ، بکری ، خرگوش وغیرہ کی بینگال ، وہ گول گول گولیاں جو حیوانات مذکورہ براز کے بجائے ہگتے ہیں ، بیٹ . [س] .

مینگنی سی م ف . (تحقیراً) بہت چھوٹی سی .

مینگنیوں (ی مج ، غنہ ، سک گ ، کس خف ن ، وج) امث ؛ ج .
مینگنی کی م مغیرّ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

مینگنیوں بھرا دودھ فقرہ. ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی اچھے کام میں بڑی خامی رہ جائے .

مِینُو (ی مع ، و مع) اند .

وہ دنیا یا وہ جہان جہاں پاک روحیں رہتی ہیں ، عالمِ انوار ، عالمِ ارواح . ۲. بہشت ، فردوس ، جنت . ۳. فلک ، آسمان ، اکاس ، چرخ . ۴. رنگ دار شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے ، مینا ، سبز یا لاجوردی رنگ کا آبگینہ . ۵. سفید یا نیلا شیشہ ، شیشے کا بنا ہوا نگینہ یا منکا . [ف] .

مینو اساس صف . جس کی اصل و بنیاد جنت ہو ، جنت کی طرح پُر بہار ؛ (مجازاً) انتہائی خوب صورت ، زیبا .

مینو سواد صف . جنت نظیر ، جنت جیسا .

مِینْہ (ی مع نیز ی مع ، غنہ) اند ؛ ~ مینھ .

وہ پانی جو بادلوں سے قطرہ قطرہ گرتا ہے ، بارش ، برکھا ، باراں ، مینھ . [س] .

مینہ برسنا ف مر . ۱. بارش ہونا ، پانی پڑنا . ۲. کسی چیز کی بہتات ہونا ، کثرت ہونا .

مینہ کی بوچھاڑ مت . بہت تیز بارش .

مینہ کھلنا ف مر . بارش کا رُکنا ، آسماں کا کھل جانا ، بادل ہٹ جانا .

مَینی فِسْٹو (ی لین ، کس خف ن ، کس خف ف ، سک س ، و مع) اند .

حکومت یا سیاسی جماعت کے اصولوں ، مقاصد اور آرا کا اعلان ، منشور ، اعلان . [انگ] .

مِینْھ (ی مع ، غنہ) اند ؛ ~ مینھ ، منہ .

دیکھیے : مینہ .

مینھ برسانا محاورہ . کسی چیز کی بہتات کر دینا ، کسی چیز کا اوپر سے لگاتار گرانا .

مینھ کی جھڑی لگنا محاورہ . مسلسل بارش ہونا ، متواتر بارش ہونا .

مِیُوزِک (کس خف م ، و مع ، کس ز) اند .

ساز و آواز کی مدد سے نغمہ و لے پیدا کرنے کا عمل ، موسیقی ، راگ ، نغمہ ، سرود ، لے . [انگ] .

مِیُوزِیَم (کس خف م ، و مع ، کس خف ز ، فت ی) اند .

وہ عمارت جس میں ادب ، فنون ، سائنس ، تاریخ یا فطرت وغیرہ سے متعلق دلچسپ ، نادر اور قدیم اشیا کو محفوظ رکھا جاتا ہے اور ان کی نمائش کی جاتی ہے ، عجائب گھر ، عجائب خانہ . [انگ] .

مِیُونِسِپَل/مِیُونِسِپَل (کس م ، و مع ، کس خف نیز سک ن ، کس ج س ، فت پ / ی مع ، فت پ) صف .

بلدیاتی ، شہری نظم و نسق سے متعلق . [انگ] .

مِیُونِسِپلِٹی (کس خف م ، و مع ، کس خف نیز سک ن ، سک س ، کس پ ، سک ل) اند .

وہ محکمہ جو شہر کی صفائی ، پانی اور روشنی وغیرہ کا انتظام کرتا ہے ، بلدیہ . [انگ] .

مَیُّوں مَیُّوں (فت م ، شد ی ، و ج ، فت م ، شد ی ، و ج) م ف .

پیدل ، آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے (چھوٹے بچے جب نیا نیا چلنا شروع کرتے ہیں تو کہا جاتا ہے) ، پیوں پیوں ، پیاں پیاں . [مقامی] .

مِیوَہ (ی ج ، فت و) اند .

۱. خشک یا تر گودے یا گری والے خول میں محفوظ درختوں پر لگنے والا پھل یا فصل ، پھل ، ثمر جیسے انگور ، انار ، پستہ ، بادام وغیرہ . ۲. خشک میوہ مثلاً اخروٹ ، بادام پستے خوبانی وغیرہ . ۳. پھل ، نتیجہ ، انعام . [ف] .

میوہ جات اند ؛ ج . میوہ کی جمع ، میوے ، فواکہ .

میوہ دار صف . ثمر دار ، پھل والا ، پھل دار ، وہ درخت جس میں پھل آتا ہو یا لگا ہوا ہو .

مِیئر (ی ج ، کس ء) اند .

رئیس بلدیہ ، بلدیہ عظمیٰ کا اعلیٰ افسر . [انگ] .

مھ

مَھ حرف ؛ مذ . صوتی اعتبار سے اُردو حروفِ تہجی کا چھیالیسواں حرف ہے جو م اور ھ کی ملی ہوئی آواز کو ظاہر کرتا ہے ، کسی لفظ کے شروع یا آخر میں نہیں آتا الفاظ کے وسط میں واقع ہوتا ہے ، مثلاً کمھار ، تمھارا ، تمھاری .

ن

ن (نُون) حرف ؛ مذ .

۱. اُردو حروفِ تہجی کا سینتالیسواں ، فارسی کا انتیسواں ، عربی کا پچیسواں اور دیوناگری کا (   ) بیسواں حرف ، حساب جمل میں اس کے

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مت = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

پچاس عدد فرض کیے گئے ہیں. شفوی حروف ب ، بھ ، پ ، پھ کے ساتھ کسی کلمے کے وسط میں ملا ہوا آتا ہے تو وہاں ادغام ہو کر میم سے بدل جاتا ہے ؛ جیسے : منبر ، لنبا ، سنبھالنا وغیرہ دیوناگری میں ایسے مقام پر عموماً میم ہی لکھا جاتا ہے ، بہ اعتبار صوت 'ن' کی دو قسمیں ہیں ، پہلی نون بالاعلان جس کی آواز رومن (N) اور دیوناگری ( ) کی طرح پیدا ہوتی ہے ، اردو تحریر میں یہ نون نقطے کے ساتھ لکھا جاتا ہے ؛ جیسے : جان ، زمین ، کفن ، بندر وغیرہ میں ، دوسری قسم نون بہ اخفا یہ ناک میں بولا جاتا ہے یعنی گنگناہٹ پیدا کر دیتا ہے .

نَ (فت ن) : ~ نا ، سابقہ ، علامت نفی.

۱. (نفی کے لیے بطور سابقہ مستعمل) پرانی تحریروں میں عموماً ملا کر لکھا جاتا ہے ؛ جیسے : امیر خسرو کے یہاں : نجیا آہ ترے تیر کا مارانجیا. ۲. (صفات کے شروع میں) ندیدہ ، ندیدی ، نگفتہ . ۳. (اسما کے ساتھ) نہوت (غریبی) . ۴. (متعلقات فعل کے ساتھ) نکچھ ، نہیں وغیرہ . ۵. (فارسی کے افعال کے ساتھ بطور سابقہ نفی) یک نشد دو شد ، ندارد .

نِ (کس ن) سابقہ.

اندر ، میں ، نیچے ، پیچھے اور پرے ، اوپر کے معنوں میں آتا ہے نیز بطور سابقہ نفی ؛ جیسے : نڈر ، نکما ، نہتا ، نسوہا ، نگھرا ، نبل وغیرہ میں . [س] .

••• ن لاحقہ.

۱. مندرجہ ذیل صورتوں میں مستعمل (علامت تانیث) ناگن ، جوگن ، دھوبن وغیرہ میں . ۲. (علامت نسبت) جیسے : برہمن ، سہاگن وغیرہ میں . ۳. (اسم آلہ) ٹکن ، جھاڑن وغیرہ . ۴. (علامت اسم) ان صفات کے آخر میں لگایا جاتا ہے جن کے آخر میں الف ہو ؛ جیسے : اونچان ، لمبان ، چوڑان وغیرہ میں . ۵. بطور علامت حاصل مصدر ؛ جیسے : چلن ، جلن ، مرن ، اُلجھن ، سڑن ، کھولن وغیرہ میں . ۶. (علامت ظرفیت) پھسلن ، (پھسلنے کی جگہ) رہٹن ، (رہٹنے کی جگہ) . ۷. (علامت فاعلیت) لوٹن ، (لوٹنے والا) جھولن ، (جھولنے والا) . ۸. (علامت مفعول) بھرن (بھری ہوئی چیز ؛ مراد : بارش) جھرن (جھری ہوئی چیز) . ۹. (علامت جمع) برج بھاشا میں . ۱۰. (فارسی میں) علامت مصدر دن یا تن کا جزو آخر ؛ جیسے : مردن ، دویدن شگفتن ، بستن .

نا (۱) کلمہ نفی : م ف.

۱. آخر ، انجام کار ، حسب توقع . ۲. (استفہام کے لیے) کیا ، کیوں کہو ، جواب دو . ۳. (i) نہ ، نہیں کا مترادف . (ii) انکار ، عدم قبول نامنظوری ، تردید . ۴. (تخصیص ، تاکید ، زور کے لیے) ، ضرور ، یقیناً ۵. تکیہ کلام کے طور پر بجائے "ہے نا" جب بات کرنے والا سوچنے کے لیے کچھ وقت چاہتا ہے . ۶. (تصدیق کرانے کے لیے) سچ سچ بتاؤ ، تصدیق کرو ، کیا ایسا نہیں ہے ، ہے کہ نہیں . ۷. خوشامدانہ اٹھلانے کے انداز میں ، مہربانی کر کے ، براہ کرم . ۸. شکایتاً یا توجہ مبذول کرانے کے لیے . ۹. مکرر آ کر عطف کے معنی دیتا ہے (نفی میں) ، نے ، یہ نا وہ ، نہ یوں نہ ووں .

نا بابا فقرہ. انکار یا گریز کے موقع پر مستعمل.

نا کرنا ف مر. نہیں کہنا ، انکار کرنا .

نا کر تند بُرائی تُو بھی کسی کی بھوجائی کہاوت . بدی کا نتیجہ بدی ہے .

نا (۲) سابقہ نفی.

بن ، بلا ، بنا ، بے ، بغیر کے معنی میں (فارسی اور اردو مرکبات میں مستعمل) ؛ جیسے : نا آشنا ، نادان ، نا اہل ، ناواقف وغیرہ میں .

نااِتفاقی امث. اختلاف ، اَن بَن ، مخالفت ، دشمنی ، عداوت ، نزاع ، کشیدگی ، بگاڑ ، پھوٹ .

نااُمیدی امث. امید نہ رہنے کی حالت یا کیفیت ، مایوسی ، ناکامی ، نراس.

ناانصافی امث. انصاف سے کام نہ لینا ، بے انصافی ، نا منصفی ، ظلم انیائے ، اندھیر .

ناانصافی کرنا ف مر. بے انصافی کرنا ، انصاف پر نہ رہنا ، ظلم کرنا ہٹ دھرمی کرنا .

نا اہل صف. ۱. وہ (شخص) جو کوئی کام کرنے کی اہلیت نہ رکھتا ہو ، نا قابل

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ناموزوں ، نامناسب (کسی کام کے لیے) .۲. کسی مخصوص معیار پر پورا اُترنے والا (عموماً انتخابات وغیرہ میں) .۳. (مجازاً) جاہل ، کمینہ ، ناشائستہ ، نامہذب .۴. (مجازاً) نامعقول ، فضول ، بے کار .

نااہلی مث .۱. اہل نہ ہونے کی حالت یا کیفیت ، عدم قابلیت . ۲. سفلہ پن ، ناشائستگی ، بدتہذیبی .

ناآشنا صف .۱. ناواقف ، لاعلم ، بے خبر ، انجان .۲. جس سے جان پہچان نہ ہو ، بیگانہ ، اجنبی ، غیر ، نامحرم ؛ (مجازاً) بے مروت ، بے وفا. ۳. تیز مزاج ، بداخلاق ؛ جس کا کوئی دوست نہ ہو ؛ وہ شخص جو تیرنا جانتا ہو.

نابالغ صف .۱. لڑکا یا لڑکی جو سن بلوغ کو نہ پہنچا ہو ، کم سن ، کم عمر. ۲. (مجازاً) بالغ ہونے کے بعد بھی جس کی دماغی قوتیں افسردہ رہیں ، نادان ، ناپختہ ، خام ، ناتجربہ کار .۳. (فقہ) مکلف ہونے کی عمر تک نہ پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی ، اسلام نے لڑکے کے لیے ۱۲ سال اور لڑکی کے لیے ۹ سال کی حد مقرر کی ہے .۴. (قانون) وہ شخص جس کی عمر کسی ایکٹ کی مقرر کردہ حد بلوغ تک نہ پہنچی ہو ، عموماً مرد کی عمر ۱۸ سال اور عورت کی ۱۶ سال مقرر ہے لیکن مختلف ایکٹ میں یہ حد مختلف ہوجاتی ہے .اقوام متحدہ نے ۱۸ سال کی عمر تک کے لڑکے اور لڑکیوں کو 'بچے' کی تعریف میں شامل کیا ہے .

نابکار صف .۱. جو کارآمد نہ ہو، بیکار ، بے مصرف ، جو کسی کے کام میں نہ آئے .۲. نکما ، ناکارہ ، جو کوئی کام نہ کر سکے ، نااہل ، نالائق .۳. (بطور دشنام) بدطینت ، بدمعاش ، بدچلن ، کمینہ ؛ ملعون .۴. گھٹیا ، ذلیل .

نابلد صف ؛ اند .۱. نہ جاننے والا ، ناآشنا ، ناواقف ، لاعلم ، انجان .۲. (مجازاً) گنوار ، اُجڈ ، جاہل شخص .۳. اجنبی ، پردیسی ، غریب ، غیر ملکی .

نابود (الف) صف .۱. فنا ہونے والا ، فانی ، ناپائیدار ، جس کو بقا نہ ہو. .۲ غائب ، غیر موجود ، مفقود ، ناپید ، معدوم .۳. ضائع ، برباد ، تباہ ، فنا ، نیست .۴. (کاشت کاری) ضبط شدہ اراضی . (ب) اند .عدم ، نیستی ، فنا (بود کی ضد) .

نابود ہونا ف مر. غارت ہونا ، مٹ جانا ، نابود کرنا کا لازم .

نابینا صف .جس کو بجھائی نہ دیتا ہو ، کورچشم ، اندھا .

ناپاک صف .۱. (i) گندہ ، کثیف ، نجس ، پلید ، خواہ شرعی اعتبار سے ؛ جیسے : جنبی ، حائضہ ، مردار ، کتا، سور ، کافر اور مشرک یا غیر شرعی اعتبار سے یعنی ہر وہ چیز جس سے اس کی گندگی اور غلاظت کے باعث کراہیت محسوس ہو . (ii) وہ شخص جس پر غسل واجب ہو گیا ہو .۲. (مجازاً) گنہ گار ، حرام کار ، شہوت پرست ، عیاش .

ناپاکی مث .نجاست ، گندگی ؛ (فقہ) نجاست کی حالت ، ایسی حالت جس میں غسل واجب ہوتا ہے .

ناپید صف .۱. نظروں سے اوجھل ، غائب ، مفقود ، گم .۲. برباد ، مٹنے والا ، مردہ .۳. جس کا وجود نہ ہو ، معدوم ، غیر موجود .۴. عنقا ، نادرالوجود .

ناتجربہ کار صف .جس کو تجربہ نہ ہوا ہو ، تجربے سے عاری ، خام ، کچا، اناڑی ، ناواقف .

ناتمام صف .۱. نامکمل ، ناقص ، ادھورا ؛ (مجازاً) کچا ، خام ، ناپختہ .۲. جس کی دماغی یا جسمانی نشو ونما مکمل نہ ہوئی ہو ، ناقص العقل ، نابالغ .

ناتواں صف .۱. جس میں اُٹھنے کی سکت نہ ہو ، ضعیف ، کمزور ، نحیف ، بے طاقت ، نزبل .۲. آہ کی صفت میں بھی مستعمل .

ناجائز صف .۱. شریعت یا قانونِ ملکی کے خلاف ، قانون کے برعکس ، اصول وقواعد کے برعکس ، بے قاعدہ ، بلا جواز .۲. جس کے لیے کوئی قانونی استحقاق نہ ہو ، جس کی اجازت شرع یا قانون نہ دیتا ہو . ۳. شریعت یا قانون کی رو سے غلط ، باطل ، مسترد ، ناقابل قبول . ۴. حرام ، گناہ کا ، زنا کا ، حرام کاری والا .

ناچار (الف) صف .۱. بے یار و مددگار ، مجبور ، بے بس .۲. اپاہج ، معذور ، مفلس ، نادار ، غریب ، محتاج . (ب) م ف . مجبوری سے ، مجبور ہوکر ، مجبوراً ، میلانِ طبیعت کے خلاف ، بالضرور .

ناچاقی مث .۱. اسستی ، خرابیِ صحت .۲. اَن بن ، بگاڑ ، رنجش ، بدمزگی ، شکر رنجی ، اختلاف ، ناموافقت .۳. (مجازاً) دُشمنی ، عداوت .

ناچیز صف .۱. جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ، جو کسی شمار قطار میں نہ آئے ، بے حقیقت ، بے وقعت ، ہیچ .۲. (مجازاً) حقیر ؛ بے فائدہ ، بے کار ؛ گھٹیا .۳. معدوم ، نابود ، فنا ، کالعدم ، ضائع ، برباد .۴. (خود اپنی ذات

کے اظہار انکسار اور عاجزی کے) ؛ مراد : بے وقعت ، ذلیل .

ناحق اند (الف). غلطی ، عدم صداقت ، جھوٹ ، کذب ، دروغ ؛ ظلم ، زیادتی . (ب) صف . ۱. خلاف قانون؛ غیر منصفانہ، شرعاً ناجائز. ۲. بے جا، ناروا، نادرست، غیر صحیح، ناجائز، جھوٹا. ۳. (شاذ) محروم، ناحقدار . (ج) م ف . ۱. بلا وجہ ، بے سبب ، کسی سبب کے بغیر . ۲. خواہ مخواہ ، یوں ہی ، بیٹھے بٹھائے ، جھوٹ موٹ . ۳. ناجائز طور پر ، معقول عذر کے بغیر ، بلاوجہ ، بے خطا ، ضابطے اور قانون کے خلاف ، ظلم سے ، ناانصافی سے . ۴. ناروا طور پر ، نامناسب انداز سے ، اخلاقیات کو نظر انداز کر کے . ۵. بے فائدہ ، فضول ، عبث ، بلاضرورت ، لاحاصل ، بے کار .

ناخُدا صف . ملاح ، کشتی راں ، کشتی کا مالک .

ناخلف صف : اند . ۱. وہ بیٹا جو باپ کے اوصاف نہ رکھتا ہو ، نالائق لڑکا یا اولاد . ۲. نالائق ، نااہل ، ذلیل ، کمینہ ، بداطوار ، بدذات .

ناخواستہ (الف) صف . نہ چاہا ہوا ، ناپسندیدہ ، غیر ارادی ، اضطراری. (ب) م ف . بغیر چاہے ؛ غیر ارادی طور پر ، نہ چاہتے ہوئے

ناخواندہ (الف) صف . ۱. اَن پڑھ ، بے علم ، جاہل ، غیر پڑھا لکھا . ۲. بن بلایا ، جس کو دعوت نہ دی گئی ہو ، طفیلی جو مدعو مہمان کے ساتھ آئے . (ب) م ف . بغیر پڑھے ہوئے ، مطالعے کے بغیر .

نادار صف : اند . ۱. جس کے پاس کوئی ساز و سامان ، مال و دولت یا ملکیت نہ ہو ؛ غریب ، مفلس ، کنگال ، محتاج آدمی ؛ (مجازاً) دیوالیہ . ۲. گنجفہ کی وہ بازی جس میں کسی کے پاس کوئی حکم کا پتا نہیں آتا ، گنجفہ کی بے میر یا بے رنگ بازی .

ناداری است . نادار ہونے کی حالت ، مفلسی ، تنگ دستی ، غریبی ، تہی دستی ، عسرت .

نادان صف . ۱. ناواقف ، لاعلم ، بے خبر ، انجان ، ناآشنا ، کم سمجھ بوجھ رکھنے والا ، کم عقل . ۲. سادہ لوح ، بھولا بھالا ، سیدھا سادھا . ۳. احمق ، بے عقل ، گھامڑ ، بے وقوف . ۴. کم عمر کا ، ناسمجھ (بچہ) ، الھڑ .

نادان دوست سے دانا دشمن اَچھّا/بَھلا/بہتر ہے کہاوت . دانا دشمن سے اتنا ضرر نہیں ہو سکتا جتنا نادان دوست سے ہو سکتا ہے ، بے وقوف دوست عقل مند دشمن سے زیادہ نقصان پہنچاتا ہے .

نادانستہ م ف ؛ صف . بے جانے بوجھے ، ناواقفیت سے ، بھولے سے ، سہواً ؛ انجان پن میں .

نادانی است . ۱. نادان ہونے کی کیفیت ، بے خبری ؛ بے وقوفی ، لاعلمی ، ناواقفیت ، جہالت ، بے عقلی. نادانی کی بات نہ کرے . ۲. کم سنی ، ناسمجھی ، بچپن .

نادہندہ صف : اند . (معاوضے وغیرہ کی) ادائی میں ٹال مٹول کرنے والا ، قرض لے کر واپس نہ کرنے والا ، بد معاملہ شخص نیز دیوالیہ .

نادِیدَہ (الف) صف . ۱. جو دیکھا نہیں گیا ، اَن دیکھا ، بن دیکھا . ۲. وہ (شخص) جس نے کوئی چیز یا واقعہ نہ دیکھا ہو ، لاعلم ، ناواقف ، انجان . ۳. (i) غیر مرئی ، مجرد ، غیر مادّی . (ii) غیر منکشف ، مخفی ، جو ظاہر نہ ہوا ہو ، نامعلوم ، نادریافت . ۴. ندیدہ ، لالچی ، حریص ، مشتاق . (ب) م ف . ۱. بغیر دیکھے ہوئے ، جانے بغیر . ۲. پوشیدہ ہو کے ، چھپ کے ، اس طرح کہ کوئی دیکھ نہ پائے ، تصور کی آنکھ سے .

ناراض صف . ناخوش ، خفا ، برہم ، آزردہ .

ناراضگی/ناراضی است . ناراض ہونا ، ناخوشی ، خفگی ، برہمی .

نارِسائی است . منزل تک نہ پہنچ سکنا ، پہنچ نہ ہونا ، نامرادی ، ناکامی .

نارَوا (الف) صف . ۱. شریعت کے خلاف ، غیر مباح ، ممنوع ، ناجائز . ۲. شان یا مرتبے کے خلاف ، نامناسب ، نازیبا ، ناسزوار ، ناشائستہ . ۳. غیر مروّج ، جو رائج نہ ہو (سکے اور جنس وغیرہ کے لیے) . ۴. (i) ناپسندیدہ ، نامقبول ، نامطبوع ، ناگوار . (ii) نالائق ، پاجی ، فرومایہ ، بُرا . ۵. ناکام ، نامراد ، بے بہرہ ، بدنصیب ، محروم . (ب) م ف . غلط طریقے سے ، بے جا طور پر ، بے سبب ، بلاوجہ ، بلا کسی دلیل کے .

نازیبا صف . ۱. جو زیب نہ دیتا ہو ، جو اچھا نہ لگتا ہو ، نہ پھبنے والا ، ناموزوں ، نامناسب ، ناپسندیدہ . ۲. (مجازاً) غیر مہذب ، ناموزوں ، ناشائستہ ؛ گندہ ، برا ، غیر اخلاقی ، فحش .

ناساز صف . ۱. جو راس نہ آئے ، جو میل نہ کھاتا ہو ، ناموافق ؛ مراد : مخالف ، دشمن . ۲. (مجازاً) خراب ، بگڑا ہوا ، غیر صحت مند ، ناتندرست ، بیمار . ۳. بیزار ، خفا ، ناخوش ، ناراض . ۴. جو کسی سے موافقت نہ کرے ، جو کسی سے میل جول نہ رکھے ، جس سے کسی کی

نہ سمجھے .

ناسازگار صف .ا.جو میل نہ رکھتا ہو، اَن مِل ، نا موافق ، مخالف ، جو راس نہ ہو، ناساز .۲.منحوس ، بدنصیب ، بد بخت .

ناسازی امث .ا. ناساز ہونے کی حالت ، ناموافقت ؛ مراد : دشمنی ، مخالفت .۲. بیماری، علالت .

ناسپاس صف ؛ امذ . ناشکرا، حق نا شناس ، ناشکر گزار آدمی نیز احسان فراموش .

ناشاد (الف) صف .ا.غم گین ، افسردہ دل ، پژمردہ خاطر ، دل گیر ، رنجیدہ، غم زدہ، سوگوار ؛ نامراد ، ناکام ، محروم .۲.منحوس ، بُرا ، بدبخت ، کم نصیب، مکروہ .۳. مصیبت زدہ، آفت رسیدہ ، برباد . (ب) امذ (شاذ). ناشادی ، غمگینی ، رنج و الم .

ناشُدَنی صف .ا.(بطور دشنام) جس کا وجود ناگوار ہو .۲.ناممکن ، ناقابل ظہور ، بہت مشکل یا محال ، جس کا واقع ہونا بہت مشکل ہو ، ناممکن الوقوع .۳.مرنے والا ، مٹ جانے والا ، فنا ہونے والا ، فانی ، بے ثبات. ۴.خاندان کو بدنام کرنے والا ، ناخلف ، نالائق ، نااہل . ۵.جس سے کسی بھلائی کی امید نہ ہو ، بدکردار ، بداطوار ، کمینہ ، کم ظرف ۶.کم بخت ، بد نصیب ، مصیبت زدہ . ۷.منحوس ، نامبارک ، نامسعود .

ناشکر/شکرا صف ؛ امذ . احسان کا منکر، نعمتوں سے انکاری ، جو خدا کی نعمتوں کا شکر ادا نہ کرے ، احسان فراموش .

نافرمان صف . حکم نہ ماننے والا ، سرکش ، باغی .

نافرمانی امث .ا. حکم نہ ماننے کا عمل ، سرکشی ، بغاوت .۲. (قانون) توہین عدالت . صف . نافرمان (پھول) سے منسوب ، نافرمان (پھول) کے رنگ کا ، اُودے رنگ کا .

ناقابل صف .ا. جس میں کسی کام کے کرنے کی لیاقت نہ ہو ، صلاحیت سے محروم ، قابلیت سے عاری ، نا اہل ، نالائق .۲. (مجازاً) جاہل (علم سے) بے بہرہ ، بے استعداد .۳. (کنایۃً) جس میں جنسی صلاحیت نہ ہو ، نامرد .۴. ناہنجار ، ناشائستہ ؛ ناموزوں ، ناموافق ، نامناسب .

ناقدر صف . قدر ناشناس ، جو کسی کی اہمیت ، اہلیت یا مرتبہ نہ پہچانے .

ناقدرا صف مذ . (ع) ناقدر ، قدر ناشناس .

ناکارہ صف .ا. غیر کار آمد ، بے کار ، خراب ، ردّی .۲. جو کوئی کام نہ کر سکے ، کاہل ، سست ، نکما .

ناکام (الف) صف .ا. جس کا مقصد پورا نہ ہوا ہو، محروم ، نامراد ، ناکامیاب ، ناکامران .۲. مایوس ، ناامید ، نراس .۳. ہارا ہوا ، شکست کھایا ہوا ، ہزیمت خوردہ .۴. بے بس ، لاچار ، بے آس . (ب) م ف . ناچار ہو کر ، مجبوراً ، بادلِ ناخواستہ ، چار و ناچار .

ناکامی امث . محرومی ، ناکامیابی ، نامرادی .

ناکتخدا (الف) صف .ا. بن بیاہا ، کنوارا ، کنواری ، غیر شادی شدہ ، مجرد .۲. (مجازاً) نوشگفتہ ، نوخیز ، تازہ کھلا ہوا . (ب) امذ . ناتجربہ کار ، جسے مہارت نہ ہو ، ناپختہ .

ناکردہ (الف) صف . نہ کیا ہوا ، نہ کیا گیا . (ب) امذ . وہ شخص جس نے کوئی کام نہ کیا ہو ، جس سے کوئی فعل سرزد نہ ہوا ہو .

ناکس صف .ا. جس میں انسانیت نہ ہو ، ہیچ ، کمینہ ، ذلیل ، اوچھا ، کم ظرف ، غیر مہذب .۲. (i) (مجازاً) بے حقیقت ، ناچیز ، بے اہمیت ، جو کسی شمار قطار میں نہ ہو . (ii) بے ہنر ، بے لیاقت ، نالائق ، نااہل .

ناگاہ م ف .ا. یکا یک ، ایکا ایکی ، دفعتہً ، ایک دم .۲. بے خبری میں ، اچانک ، ناگہاں .۳. بے سان و گمان ، غیر متوقع طور پر ، خلافِ توقع ، ناوقت .

ناگزیر (الف) صف .ا. جس کے علاوہ چارہ کار نہ ہو ، جس کے سوا اور کوئی تدبیر نہ ہو ، اٹل ، ضروری .۲. جس کا ہونا یقینی ہو ، وہ واقعہ جو ہو کر رہے گا ؛ حتمی اور لابدی چیز ؛ (کنایۃً) موت .۳. مجبور ، بے اختیار ، لاچار . (ب) م ف . اضطراری طور پر ، بے اختیارانہ ، لازمی طور پر ، مجبوری سے .

ناگوار صف .ا. جو گوارا نہ ہو (مجازاً) ناخوش گوار ، ناپسند ، خلافِ طبیعت ، اس قدر برا کہ قابل برداشت نہ ہو .۲. (مجازاً) بُرا ، نامناسب ، نازیبا .۳. بدمزہ ، بدذائقہ ؛ مکروہ .

ناگواری امث . ناگوار ہونے کی حالت ، ناخوش گواری ، ناپسندیدگی ، نامرغوبیت ، نامقبولیت .

نا لائق / لایق صف .۱. نااہل ، بے لیاقت ، بے استعداد ، بے ہنر . ۲. (مجازاً) جو شادی کا اہل نہ ہو ، جس میں مباشرت کی اہلیت نہ ہو . ۳. (مجازاً) کمینہ ، سفلہ ، نیچ ، کم ظرف ، پاجی ، بدذات . ۴. ناشائستہ ، غیر مہذب ، خلاف تہذیب ، برا ، قبیح .

نا لائقی / لایقی مث .۱. رک : نالائق پن ، نااہلی . ۲. ناشائستگی ، بدتہذیبی ، بے ادبی ، بدتمیزی .

نا محرم صف .۱.(i) اجنبی ، ناآشنا ، انجان ، غیر . (ii) ناواقف ، لاعلم ، بے خبر . ۲. بھید سے ناواقف (راز داں کی ضد) . ۳. (فقہ) وہ مرد جس سے عورت کو پردہ واجب ہو ، وہ شخص جس سے نکاح جائز ہو ، جس کی طرف دیکھنا شرعاً ممنوع ہو .

نامراد صف .۱. جس کی مراد پوری نہ ہو ، جو فائز المرام نہ ہو ، محروم ، ناکام . ۲. مایوس ، ناامید . ۳. بدنصیب ، بدقسمت . ۴. (بطور دشنام) بدبخت ، کم بخت . ۵. (کنایۃً) جس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو ، مہلک ، خطرناک .

نا مرد صف مذ .۱. زنخا ، ہجڑا ، زنانہ . ۲. جنسی اعتبار سے کمزور شخص ؛ وہ مرد جو مباشرت پر قادر نہ ہو ، قوت مردانگی سے محروم شخص ، رجولیت سے محروم مرد . ۳. (مجازاً) بزدل ، ڈرپوک ، بے حوصلہ .

نا مردی مث .۱. کمزوری ، کم ہمتی ، ڈر اور خوف کی حالت ، بزدلی ؛ اوچھا پن ، کم ظرفی . ۲. قوت مردی سے محرومی ، رجولیت نہ ہونے کی حالت .

نامساعد صف . ناسازگار ، ناموافق (حالات وغیرہ) .

نامعقول صف .۱. جسے عقل تسلیم نہ کرے ؛ (مجازاً ناموزوں ، نامناسب ، ناموافق ، بدزیب . ۲. ناشائستہ ، ناپسندیدہ ، قابل اعتراض ، بے ہودہ . ۳. بے وقوف ، بدعقل ، احمق .

ناممکن صف . جو ممکن نہ ہو ، خارج از امکان ، جو نہ ہو سکے ؛ مراد : بہت دشوار .

ناموزوں صف .۱. جو موزوں نہ ہو ، نازیبا ، ناموافق ، بے میل ، بے جوڑ . ۲. (عروض) جو عروض بحور پر قادر نہ ہو نیز جو عروض یا بحور کے مطابق نہ ہو (نظم وغیرہ) ؛ (موسیقی) بے سرا ، بے تالا .

ناواقف صف .۱. انجان ، بے خبر ؛ ناتجربہ کار . ۲. اجنبی ، غیر ، ناآشنا .

نا وقت (الف) مذ . ایسا وقت جب کسی کام کے کرنے سے کسی کی راحت میں خلل واقع ہو ، نامناسب وقت ؛ (مجازاً) دیر ، تاخیر ، بے وقت ، غیر وقت . (ب) صف . اپنے وقت پر نہ ہونے والا ، بعد از وقت (ج) م ف . صحیح وقت گزر جانے کے بعد ، نامناسب وقت پر ، بے محل بے موقع .

نا ہنجار صف .۱. بے راہ رو ، کج رفتار ، گم راہ ، کج روش . ۲. جو کسی قاعدے قانون کا پابند نہ ہو ، بے دین ، لامذہب ، بے مسلک نیز خودسر ، سرکش . ۳. بے ادب ، نالائق ، غیر مہذب ، بد اطوار . ۴. (بطور دشنام) بدبخت ، شقی ، نابکار ، ظالم ، بدکار وغیرہ . ۵. (مجازاً) ناپسندیدہ ناگوار ، ناشائستہ .

نا یاب صف .۱. جو عام طور سے میسر نہ آئے ، ناپید ؛ مراداً : جو بڑی زحمتوں سے دستیاب ہو ، جو نہایت کم یاب ہو . ۲. (مجازاً) بیش قیمت ، قابل قدر ، نادر (کمیاب ہونے کی وجہ سے) .

نا یافت (الف) صف . غیر موصول ، غیر حاصل شدہ ، نہ پایا ہوا ، نہ حاصل کردہ . (ب) مث . حاصل نہ ہونا ، عدم حصول .

نا (۳) لاحقہ .

لاحقۂ ضمیر کے طور پر مستعمل ، عربی الفاظ کے ساتھ ضم ہو کر ضمیر (ہم) کے معنی دیتا ہے ؛ جیسے : مولانا ، سیدنا ، اولانا وغیرہ . [ع] .

••• **نا** لاحقہ .

۱. مندرجہ ذیل علامات کے طور پر مستعمل ، بطور علامت اسم ؛ جیسے چاند سے چاندنا . ۲. بطور علامت اسم آلہ ، مثلاً بیلنا ، پیٹنا (آنکس) ، پھکنا ، قرنا وغیرہ . ۳. بطور علامت تصغیر ؛ جیسے : ڈھولنا (ڈھول سے) بھتنا (بھوت سے) . ۴. بطور علامت ظرف ؛ جیسے : رمنا ، جھرنا . ۵. بطور علامت فاعلیت ؛ جیسے : گھر گھسنا ، کٹ کھنا ، مرکھنا . ۶. بطور علامت مصدر ؛ جیسے : چلنا ، بدلنا ، کھانا ، قبولنا وغیرہ . ۷. بطور علامت وصف ؛ جیسے : نچنا ، مومنا (موم سے) ، پھسلنا وغیرہ .

ناب (۱) صف .

۱. جس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو ، خالص ، بے آمیزش ، پانی کے بغیر (شراب) . ۲. (مجازاً) پاک ، شدھ ؛ مخلص ، صادق ، راسخ . [ف] .

ناب (۲) اند.
نہر، نالی، جھری، لکیر، ریکھاری. ۲. نالی سے مشابہ وہ گہری لکیر جو تلوار وغیرہ کے قبضے سے نوک تک بنی ہوتی ہے. ۳. (i) (معماری) وہ نالی جو کھپریل یا آہنی چادروں میں پانی بہنے کے لیے بنی ہوتی ہے. (ii) ستون کے اوپر کا ایک ٹکڑا جو وسطی کڑی اور اندر کی کنگنی کے درمیان ہوتا ہے. (iii) دیوار پر یا دو ستونوں کی درمیان ایک رائشی حاشیہ جس پر سنگ تراشی کا کام ہو یا دوسرے قسم کے نقش و نگار بنے ہوں، کانس، کنگنی، نگر. [ف].

نابغہ (کس ب، فت غ) صف.
نہایت اعلیٰ ذہنی صلاحیتوں کا مالک، غیر معمولی، اختراعی اور تخلیقی قدرت رکھنے والا، غیر معمولی ذہین، عبقری.

نابغۂ روزگار/عصر صف. اپنے زمانے کا سب سے ذہین و فطین (شخص).

نابُود (و مع) صف.
(دیکھیے: نا (۲) کا تحتی) جو معدوم یا ناپید ہو، تباہ.

ناپ مث: اند.
۱. کسی چیز یا جسم کی جسامت (طول و عرض)، ماپ. ۲. ناپ تول کرنے یا پیمائش کرنے کا آلہ، پیمانہ یا ظرف. [س].

ناپ تول مث. ۱. پیمائش اور وزن، پیمائش یا وزن کرنے کا عمل. ۲. (مجازاً) سمجھ بوجھ، دیکھ بھال، احتیاط.

ناپائیدار (ی مج) صف. دیکھیے: نا (۲) کے تحت.

ناپنا (سک پ) ف م.
کسی پیمانے سے جسامت (طول و عرض وغیرہ) کی پیمائش کرنا نیز جائزہ لینا، جانچنا.

ناپید (ی لین) صف.
(دیکھیے: نا (۲) کا تحتی) معدوم.

ناتا اند: ~ تا.
۱. رشتہ، خونی و نسلی تعلق، سسرالی یا سمدھیانے کا رشتہ. ۲. علاقہ، تعلق، واسطہ. ۳. سلسلہ، ذریعہ، توسل. ۴. رشتہ داری، رشتہ داروں کا طبقہ. ۵. (صرف و نحو) اسم موصول: (ہندی منطق میں) لازم ملزوم. [س].

ناتِن (کس ت) مث.
بیٹی کی بیٹی، نواسی.

ناتی (۱) اند.
بیٹی کا بیٹا، نواسا. [س].

ناتی (۲) مث.
بیٹی کی بیٹی، نواسی. [س].

ناتے (ی مج) (الف) اند: ج.
ناتا کی مغیرہ حالت: تراکیب میں مستعمل، رشتے. (ب) م ف. تعلق سے، رشتے سے، واسطے سے.

ناتے دار اند: ج. رشتے دار، اقارب.

ناتھ (۱) اند.
۱. (i) آقا، مالک، سرپرست، خداوند، پربھو، رام. (ii) پناہ، سہارا، مدد. ۲. (مجازاً) شوہر، خاوند، پتی. ۳. ہندو درویشوں کا لقب، گورکھ پنتھی، سادھوؤں کی ایک پدھری جو ان کے نام ساتھ لگی رہتی ہے نیز سالک، سوامی. [س].

ناتھ (۲) مث.
۱. وہ رسی جو بیلوں یا بھینسوں کی ناک میں ڈالی جاتی ہے تاکہ وہ قابو میں رہیں، نکیل. ۲. ڈورا جس سے زخم کھلا رہے. ۳. (مجازاً) ناک کا سوراخ جس میں رسی ڈالی جاتی ہے، نتھنا. ۴. (معماری) چھپر یا کھپریل کے ٹھاٹ کی عرضی چھڑوں کے سربند جو رسّی کے پھندے یا چوبی میخوں کے ہوتے ہیں. [س].

ناتھنا (سک تھ) ف م.
۱. بیل کو قابو میں رکھنے کے لیے اس کی ناک چھید کر اس میں رسّی ڈالنا. ۲. (مجازاً) بس میں کرنا، قابو میں لانا، مطیع بنانا. ۳. تعلیم و تربیت سے رام کرنا، قابو میں کر لینا. ۴. ملوث کرنا، منتھی کر دینا.

ناث (۱) مث.
۱. لکڑی کا لٹھا جو چھلا ہوا یا کڑیوں کی شکل میں کٹا ہوا نہ ہو، شہتیر یا کڑی. ۲. پتھر کا مربع یا مستطیل مینار جس کی چوٹی مخروطی ہو، لاٹھ، ستون، مینار.

ناٹ (۲) اند.
اگرہ، گانٹھ، عقدہ، بل. ۲. سمندری فاصلہ ناپنے کی ایک اکائی جو خشکی کے میل سے ۸۰۰ فٹ زیادہ یعنی ۶۰۸۰ فٹ کے برابر ہوتی ہے، سمندری میل. [انگ].

ناٹا صف نیز اند.
۱. (i) پستہ قد، کوتاہ قامت، ٹھگنا. (ii) (مجازاً) شریر، بُرا نیز بُرا آدمی، شریر لڑکا. ۲. بونا یا پست قد اور سرکش جوان بیل جس کو عموماً ناقص الخلقت سمجھا جاتا ہے. [س].

ناٹک (فت ٹ) اند.
۱. عملی تمثیل (ڈراما) جس میں ایک کہانی، مکالمے اور اداکاری کے ذریعے سے تماشائیوں کے سامنے پیش کی جاتی ہے اور لباس، مناظر، احساسات اور جذبات سے کہانی کے عہد کی اصلی زندگی کی عکاسی کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، نقل. ۲. (i) کہانی جس کے اجزا میں ڈرامے کی طرح ربط ہو اور جو بالآخر کسی (طربیہ یا المیہ) نتیجے پر اختتام پذیر ہو. (ii) بناوٹی عمل، سوانگ. ۳. (مجازاً) تھیٹر کمپنی، کھیل دکھانے والوں کی منڈلی، تھیٹر، تماشا گاہ. [س].

ناٹک بازی مث. ڈراما یا ناٹک کھیلنے کا عمل، ناٹک دکھانا؛ (مجازاً) تماشا کرنا، سوانگ رچانا.

ناٹی صف مث.
چھوٹے قد والی، ٹھگنی، کوتاہ قامت (عورت).

ناٹیہ (سک ٹ، فت ی) (الف) اند.
گیت، ناچ، نقل اور سازینہ کی مجموعی پیشکش، رقص یا اداکاری کا فن یا علم، ناچ گانے کا علم، فن تمثیل. (ب) صف. ناٹک کا، تمثیلی، ڈرامے کی شکل میں. [س].

ناٹھا صف مذ.
جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو، جس کا کوئی عزیز یا رشتہ دار نہ ہو، مجرد، تنہا. [س].

ناج اند.
دیکھیے: اناج.

ناجی صف.
نجات پانے والا، جس کا گناہ معاف کر دیا گیا ہو، رستگار، مغفور. [ع]

ناجِیَہ (کس ج، فت ی) اند.
نجات پانے والا گروہ، اسلام کا ایک فرقہ جس کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ واحد فرقہ ہوگا جو نجات پائے گا. [ع].

ناچ اند.
۱. پاکوبی جس کے ساتھ ساتھ موسیقی کی دھن پر اعضائے جسم کی متناسب و مقررہ دلکش حرکات سے نرت کیا جائے یا بھاؤ بتائے جائیں رقص، ناٹ، ترت، تھرکنا. ۲. رقص سے ملتا جلتا وہ نشاط آگیں عمل جو کوئی شخص فرطِ مسرت سے وجد میں یا شعر یا نغمہ سے متاثر ہو کر شروع کر دے خواہ اس کی حرکات ہم آہنگ ہوں یا نہ ہوں، وجد عالم، وجد کی کیفیت. ۳. مراد: محفل رقص و سرود. [س].

ناچ رنگ اند. راگ رنگ، گانا بجانا، رقص و نغمہ؛ سامان عیش و نشاط دھوم دھڑکا، رنگ رلیاں.

ناچ گانا اند. ناچ رنگ، رقص و سرود، گانا بجانا.

ناچ نچانا ف مر؛ محاورہ. ۱. رقص کروانا. ۲. کسی کو بہت ستانا، دق کرنا زچ کر دینا.

ناچ نہ جانوں/جانوں/جانے آنگن ٹیڑھا کہاوت. جب کوئی بے لیاقت آدمی اپنی نالائقی کو حیلے بہانے سے چھپانا چاہے تو اس کے متعلق کہتے ہیں.

ناچنا (سک چ) ف ل.
۱. تھرکنا، رقص کرنا، ناچ سے مطابقت رکھنے والی حرکاتِ جسمانی سے کام لینا. ۲. خفگی یا غصے میں تلملانا، تنکنا یا بگڑنا. ۳. (مجازاً) کسی کے اشارے پر چلنا، کسی کے مفاد کے لیے کام کرنا، آلۂ کار بننا.

ناحق (فت ح) صف. دیکھیے نا (۲) کے تحت.

ناخ اند.
سیب سے مشابہ قدرے لمبوترا گرمی کے موسم میں پکنے والا ایک پھل ناشپاتی، بگوگوشہ، ناکھ، ناک. [مقامی].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ناخُدا (ضم خ) امذ.
کشتی بان ، جہاز کا افسر اعلیٰ ، کپتان نیز ملاح .۲.(i) کشتی پار لگانے والا ، معاون ، مددگار .

ناخُن (ضم خ) امذ.
۱. انگلیوں کے سروں پر ہڈی کی مانند سخت حصہ جو بڑھتا رہتا ہے اور کھجانے یا نوچنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، نکھ ؛ جانوروں کا سم یا کھر .۲. (خوش نویسی) ایک خط جس کے لیے قلم و سیاہی کا کام خوش نویس اپنے انگوٹھے کے ناخن اور درمیانی انگلی کے ناخن سے لیتا ہے اور اُبھرے ہوئے حروف بخط جلی بنا دیتا ہے (یہ خط نہ چھپ سکتا ہے نہ اس کی تصویر اس کی خوبی کو ظاہر کرسکتی ہے) .

ناخن پالش مث . روغن جو خواتین اپنے ناخنوں پر تزئین کے لیے لگاتی ہیں ؛ (مجازاً) سنگھار ، سجاوٹ .

ناخن تراش امذ . وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں ، نہرنی یا نہرنا وغیرہ .

ناخن تیز کرنا محاورہ . تدبیر کرنا ، حکمت عملی تیار کرنا .

ناخن سے گوشت جدا کرنا محاورہ . اپنوں سے رشتہ توڑنا ، عزیزوں کو جدا کرنا ، رشتہ داری ختم کرنا .

ناخن سے گوشت جدا ہونا محاورہ . ناخن سے گوشت جدا کرنا کا لازم ، عزیزوں کا جدا ہونا .

ناخُون (دع) امذ.
دیکھیے : ناخن جو زیادہ مستعمل املا ہے .

ناخُونَہ (دع ، فت ن) امذ ؛ ~ ناخنہ.
۱. آنکھ کی ایک بیماری .۲. ناخن بویا ، ناخن پریاں ، ناخن خرس .۳. ایک روئیدگی کا پھل جو ٹہنیوں کے سروں پر چتر کی طرح ہلالی شکل مثل ناخن کے ہوتا ہے .

ناد (۱) امذ ؛ مث.
۱. آواز ، صدا ، گونج . [س] .

ناد (۲) ف م.
بلاؤ ، آواز دو ، بلانا.

ناد علی مث . ۱. علی کرم کو بلاؤ یا ان سے مدد طلب کرو .۲. ایک دعا جو پتھر اور تانبے وغیرہ کے پترے پر لکھ کر بطور تعویذ بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں نیز حفظ و سلامتی کے لیے اسے بازو پر بھی باندھتے ہیں (عموماً اہل تشیع میں مستعمل) .

نادِر (کس د) صف.
۱. جو بہت کم پایا جائے ، تھوڑا ، قلیل ، کم یاب .۲. نایاب ، شاذ .۳.(مجازاً) عمدہ ، اعلیٰ ، بیش قیمت .۴. (مجازاً) انوکھا ، نرالا ، الگ ، عجیب . [ع] .

نادر روزگار صف . دنیا میں بہت کم پایا جانے والا ، نایاب زمانہ .

نادر شاہ امذ . ایران کے ایک سخت گیر اور جابر بادشاہ کا نام (بطور تلمیح مستعمل) .

نادر شاہی (الف) صف . نادر شاہ سے منسوب یا متعلق ؛ مراد : آمرانہ ، ظالمانہ ، ظلم کا . (ب) مث .۱. (i) نادر شاہ کی حکومت کا زمانہ ؛ (مجازاً) اندھیر کا زمانہ . (ii) نادر شاہ کے زمانے کا سا ظلم ، اندھیر ، آمریت .

نادر نسخہ امذ . کسی کتاب کا نایاب یا کم یاب نسخہ .

نادِرات (کس د) مث ؛ ج.
عجیب و غریب چیزیں ، کمیاب اور بیش قیمت چیزیں ، نوادرات ؛ غیر معمولی اور شاذ باتیں .

نادِرَہ (کس د ، فت ر) (الف) امذ.
۱. کوئی عجیب یا نایاب چیز ، شہ پارہ . (ب) صف . انوکھا ، نرالا ، کمیاب ، غیر معمولی .

نادِم (کس د) صف.
شرمندہ ، خجل ، پشیمان ، جسے ندامت ہو . [ع] .

نادم ہونا ف مر . شرمندہ یا خجل ہونا ، پچھتانا ، پشیمان ہونا .

نادِیَہ (کس د ، فت ی) امذ.
اجتماع ، مجلس ، کانفرنس ، اجلاس . [ع] .

نار (۱) مث.
۱. آگ ، آتش ، اگنی .۲. دوزخ کی آگ ؛ (مجازاً) دوزخ ، جہنم . [ع] .

نار (۲) امذ.
دیکھیے : انار (ایک مشہور پھل) .

نار (۳) مث.
۱.عورت، زن، استری نیز مادہ، مؤنث .۲. (مجازاً) بیوی، زوجہ. [س].

نارائِن (کس ء) اند؛ ~ نارایَن.
۱. ہمیشہ رہنے والا؛ قدیم .۲. (ہندو) خدا، ایشور، بھگوان .۳. (ہندو) وشنو کا لقب. [س].

نارْتھ (سک ر) اند (شاذ).
شمال، اُتر نیز شمالی. [انگ].

نارْجِیل (سک ر، ی مع) اند (شاذ).
ناریل، کھوپرا، گری، جوز الہند. [ف].

نارَد (فت ر) اند (شاذ).
۱.قدیم ہندو روایت کے مطابق ایک مہارشی کا نام جو برہما کے چار بیٹوں میں ایک تھے نیز دس دیو رشیوں میں سے ایک، نارد کی دیوتاؤں میں اپنی چغل خوری سے اکثر جھگڑا کرا دینے کی بھی شہرت ہے؛ (مجازاً) لڑائی کرا دینے والا، دو کو لڑوا دینے والا، لترا، اِدھر کی اُدھر لگانے والا.
۲. بین. [س].

نارَنْج (فت ر، سک ن) اند.
۱. نارنگی، سنگترہ، کولا .۲. نارنگی سے مشابہ جادو کا ایک گولا. [ع].

نارَنْجی (فت ر، سک ن) صف، مث.
۱. نارنج سے منسوب یا متعلق، سرخی مائل زرد (رنگ کے لیے مستعمل) .۲. نارنجی رنگ کا، سرخی مائل زرد رنگ کا.

نارَنْگ (۱) (فت ر، غنہ) (الف) اند.
نارنج، سنگترہ نیز اس کا پودا. (ب) صف (قدیم) سرخی مائل، زرد، نارنجی. [ف].

نارَنْگ (۲) (فت ر، غنہ) اند.
بدچلن، عیاش آدمی؛ جاندار؛ حیوان؛ مرچ کے پودے کا رس؛ توام؛ گاجر. [س].

نارَنْگی (فت ر، غنہ) (الف) مث.
۱. ترشاوہ پھلوں سے ایک خوش رنگ پھل جو عموماً کھٹ مٹھا ہوتا ہے (سنگترے سے چھوٹا) .۲. (کنایۃً) عورت کی چھاتی، پستان. (ب) صف (شاذ). نارنگ سے منسوب یا متعلق، سرخی، مائل زرد رنگ کا.

ناری (۱) صف.
۱. نار (۱) سے متعلق یا منسوب، آگ سے بنا ہوا، آتشی .۲. سرخ لال بھبھوکا، آگ کے رنگ کا، آگ کا سا (رنگ کے لیے) .۳. سخت گرم، تپتا ہوا، آگ کی طرح سرخ .۴. سزا کا مستحق، گنہ گار، پاپی دوزخی، جہنمی.

ناری (۲) مث.
عورت، استری؛ (مجازاً) بیوی نیز مؤنث، مادّہ. [س].

نارِیَل (کس ر، فت ی) اند.
۱. تاڑ کی قسم سے ایک بہت اونچا اور مشہور درخت جس پر بڑے اور بیضوی و گول پھل لگتے ہیں، کھوپرے (ناریل کی گری) کا درخت، نارجیل جوز ہندی .۲. ناریل کے درخت کا پھل جو بڑا اور گول ہوتا ہے، جس کی گری کچی اور سکھا کر کھائی جاتی ہے اور سکھا کر تیل بھی نکالا جاتا ہے .۳. ناریل کے پھل کی گری نکال کر اس کے خالی خول سے بنایا ہوا حقہ نریلی، گڑگڑی .۴. (مجازاً) انسان کی کھوپڑی، سر. [س].

ناریل کا تیل اند. وہ تیل جو ناریل کی گری کو سکھا کر نکالتے ہیں، کھوپرے کا تیل.

ناڑ مث.
۱.نبض، ناڑی .۲. سانس لینے کی نلی، حلق، زخرہ، گردن .۳. زخم، پھوڑا گھاؤ .۴. (کھنساری) وہ رسی جو کولھو کے بیل کے ساتھ بطور جوت بندھی ہو، ناڑی. [س].

ناڑا اند.
۱. (عور) کمربند، شلوار یا پاجامے کے نیفے میں ڈالی جانے والی ڈوری ازار بند .۲. نوزائیدہ بچے کی آنول نال. [س].

ناڑی مث. ۱. بیل گاڑی کے جوئے کو بم سے باندھنے کی مضبوط اور موٹی رسی، ناڑ .۲. کلائی کی ایک شریان جس سے نبض دیکھی جاتی ہے، نبض .۳. نس، رگ، خون کی نالی؛ انتڑی .۴. پونگی، نلی، نلکی یا کھوکھلا بانس. [س].

ناڑی دیکھنا محاورہ. ۱. (طب) مریض کی نبض پر ہاتھ رکھ کر اس کی حالت کا اندازہ لگانا جس سے قلب اور شریانوں کے سکڑنے اور پھیلنے

کی رفتار کا پتا چلتا ہے اور یوں مرض کی کیفیت معلوم ہوتی ہے، نبض دیکھنا .۲. سزا دینا (قدیم).

ناز اند.

۱. لاڈ، پیار، اٹھلاہٹ، چونچلا، ادا، نخرہ، شوخی، چلبلاہٹ .۲. غرور، گھمنڈ، مان، نخوت، پندار .۳. تغافل، بے نیازی، بے پروائی .۴. (مجازاً) شان، تمکنت، ٹھسا .۵. بڑائی، عزت، فخر، افتخار .۷. لبھانا، منانا؛ فریب دینا .۸. کسی کی نظر میں اپنے آپ کو یا کسی اور کو مقبول و عزیز بنانے کا انداز. ۹. (تصوف) خدا کی ایک صفت .۱۰. نزاکت (قدیم). [ف].

ناز اُٹھانا محاورہ. ناز نخرے برداشت کرنا، بدمزاجی سہنا، خوشامدیں کرنا، چونچلے گوارا کرنا.

ناز آفریں صف؛ اند. ۱. ناز یا حسن کو پیدا کرنے والا، خالقِ عالم، محبوبِ حقیقی .۲. نئے نئے ناز و انداز ایجاد کرنے والا، ناز و انداز دکھانے والا؛ مراد: معشوق.

ناز بردار صف. ناز اٹھانے والا، نخرے برداشت کرنے والا؛ مراد: عاشق، چاپلوس.

ناز برداری مث. نخرے سہنا، ناز اٹھانے کا عمل، چونچلے برداشت کرنا، لاڈ پیار نیز خوشامد، چاپلوسی.

ناز پرور صف. ناز و نعم کا پروردہ، لاڈ پیار میں پلا ہوا، اللہ آمین سے پرورش کیا ہوا.

ناز کرنا محاورہ. ۱. فخر کرنا، اِترانا، گھمنڈ کرنا، غرور کرنا .۲. نخرہ کرنا، چوچلا کرنا، لاڈ کرنا.

ناز و نعم اند. ناز برداری، عیش و عشرت، لاڈ پیار، چاؤ چوچلا.

نازاں صف.

ناز کرتا ہوا، اِتراتا ہوا؛ (مجازاً) ناز کرنے والا، فخر کرنے والا، اِترانے والا، مغرور.

نازش (کس ز) مث.

۱. ناز، فخر، گھمنڈ، رشک .۲. بے پروائی، بد دماغی. [ف].

نازُک (ضم ز) صف.

۱. (i) دبلا پتلا، ورق سا، ہلکا، کم وزن. (ii) (مجازاً) کومل، کانچی، نزاکت بھری .۲. مشکل، کٹھن، دشوار، پیچیدہ .۳. خطرناک، پُر خطر، احتیاط کا متقاضی .۴. کمزور، ضعیف، بودا .۵. نفیس، عمدہ، قابلِ تعریف، پُرلطف، لطیف .۶. باریک، مہین .۷. ناز پروردہ، عیش و عشرت میں پلا ہوا .۸. حساس، جلد اثر قبول کرنے والا، ذرا سی بات پر بُرا مان جانے والا، زُود رنج. [ف].

نازک اندام صف. جس کا جسم نازک ہو، دُبلا پتلا، چھریرے جسم کا، بہت نازک؛ (مجازاً) معشوق.

نازک ترین صف. نہایت نازک، سب سے زیادہ نازک؛ بہت ہی پیچیدہ یا خطرناک.

نازک خیال صف. جس کے خیالات عمدہ ہوں؛ باریک اور دقیق باتیں لکھنے والا.

نازک خیالی مث. نازک خیال ہونے کی حالت، دقیقہ رسی، باریک باتوں تک پہنچنے کا عمل، دقیق باتیں لکھنا.

نازک مزاج اند، صف. نازک طبع، نازک دماغ، تنک مزاج.

نازک وقت اند. نازک زمانہ، بُرا وقت، مصیبت کی گھڑی؛ مصیبت کا وقت؛ امتحان کا وقت.

نازُکی (ضم ز) مث.

نرم و لطیف ہونے کی حالت، نازک پن، نزاکت، لطافت، نفاست، نرماہٹ، ملائمت.

نازِل (کس ز) صف.

۱. اُترنے والا، نیچے آنے والا، گرنے والا .۲. وارد، پہنچنے والا، آنے والا، پیش آنے یا ہونے والا. [ع].

نازل شدہ صف. (آسمان سے) اُترا ہوا، نیچے آیا ہوا.

نازل ہونا ف مر. ۱. اُترنا، نیچے آنا (بالخصوص آسمانی کتابوں اور فرشتوں وغیرہ کا) .۲. (کسی آسمانی یا زمینی بلا یا مصیبت کا) واقع ہونا، وارد ہونا .۳. (i) پہنچنا، حاضر ہونا، آنا. (ii) (طنزاً) ایک دم آ جانا، یکا یک پہنچ جانا، اچانک وارد ہونا، ٹپک پڑنا.

نازلی (سک ز) صف مث.

ناز والی؛ (مجازاً) لاڈلی، پیاری نیز محبوبہ.

نازنین (فت نیز سک ز، ی مع) صف.
ناز و ادا والا، نازوں کا پلا، خوب صورت، دل رُبا؛ (مجازاً) محبوب، معشوق.

نازوں (و مج) اند؛ ج.
ناز کی جمع نیز مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

نازوں کا پالا / پلا صف مذ. لاڈ پیار سے پالا ہوا؛ عیش و عشرت میں پلا ہوا.

ناس (۱) اند؛ مث.
۱. دیکھیے: ناک. ۲. (مجازاً) تمباکو کا پسا ہوا سفوف جو سونگھا جاتا ہے، ہلاس، نسوار. [س].

ناس کی چٹکی مث. نسوار (تمباکو کا سفوف) جو انگوٹھے اور انگلی کے ساتھ اُٹھا کر ناک میں چڑھائی جائے.

ناس (۲) مث.
خرابی، تباہی، بربادی، ویرانی، فنا، نیستی. [س].

ناس پیٹی صف مث. عورتوں کا ایک کوسنا، نگوڑی، ناشی، بدبخت، تباہ برباد.

ناس کرنا / مارنا محاورہ. خراب کرنا، بگاڑنا، اُجاڑنا، تباہ و برباد کرنا، ستیاناس کرنا.

ناس (۳) اند؛ ج.
لوگ، انسان، آدمی، مانس. [ع].

ناساز صف.
نا کے تحت، جو راس نہ آئے، جو میل نہ کھاتا ہو؛ مخالف، برخلاف؛ خراب

ناسازگار (سک ز) صف.
نا (۲) کا تحتی، جو سازگار نہ ہو، ناموافق.

ناسازی مث.
مخالفت، ناموافقت.

ناستِک (سک س، کس ت) صف.
خدا اور پرلوک کو نہ ماننے والا، منکر، دہریہ. [س].

ناسِخ (کس س) صف.
۱. رد کرنے والا، منسوخ کرنے والا، مٹانے والا، نیست کرنے والا. ۲. لکھنے والا، کاتب، کتاب نقل کرنے والا، کاپی نویس. ۳. (فقہ) کسی سابقہ آیت کے بدل کے طور پر نازل ہونے والی آیت یا نص قرآنی ۴. پچھلے حکم کو منسوخ یا کالعدم کرنے والا حکم. [ع].

ناسِق (کس س) صف.
دُرست کرنے والا، مربوط کرنے والا، منظم کرنے والا، ایک لڑی میں پرونے والا. [ع].

ناسَمجھ (فت س، م) صف.
دیکھیے: نا (۲) کے تحت، نادان، کند ذہن، غبی.

ناسَمجھی (فت س، سک م) مث.
دیکھیے: نا (۲) کے تحت، بے وقوفی، نادانی.

ناسُوت (و مع) اند.
۱. (تصوف) انسانی فطرت، نوعِ انسانی؛ انسانیت؛ (مجازاً) شریعت، ظاہری عبادت. ۲. عالم اجسام، دنیا، عالم شہادت. [ع].

ناسُور (و مع) اند.
۱. سوراخ دار زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے اور جو کبھی اچھا نہ ہو. ۲. (مجازاً) دائمی ذریعہ یا سوراخ، چھید، روزن. ۳. (مجازاً) صدمہ، سخت رنج، قلق، غم، تکلیف دہ چیز. [ع].

ناسور بھرنا ف مر. پرانے زخم کا مندمل ہونا، ناسور کو اچھا کرنا، ناسور کو بند کرنا.

ناش اند.
۱. بربادی، فنا، تباہی، زوال، نقصان، ناس. ۲. برباد، تباہ، نیست و نابود. [س].

ناشاد صف.
دیکھیے: نا (۲) کا تحتی، ناخوش، رنجیدہ.

ناشپاتی/ناسپاتی (سک ش) مث.
ایک پھل دار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا، اس کی جڑوں سے نئے پودے پھوٹتے ہیں اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے نیز اس درخت کا پھل جو شکل میں امرود سے مشابہ مگر کھٹ مٹھا ہوتا ہے اور سیب کا سستا بدل خیال کیا جاتا ہے. [ف].

ناشِتا (سک نیز کس ش) اند.
صبح کی غذا، وہ غذا جو صبح نہار منھ کھائی جائے. [ف].
ناشتا دان اند. ناشتہ رکھنے کا برتن، کھانے کی چیزوں کا برتن جو سفر وغیرہ میں ساتھ لے جایا جائے.
ناشتا کرنا محاورہ. صبح کو کچھ کھانا، نہار توڑنا، کوئی چیز نہار منھ کھانا پینا.
ناشتَہ (سک ش، فت ت) اند.
دیکھیے: ناشتا.
ناشِر (کس ش) صف: اند.
پھیلانے والا، نشر کرنے والا، بکھیرنے والا. ۲. (طباعت) کتاب چھاپ کر فروخت کرنے والا، نشر و اشاعت کا ذمے دار. [ع].
ناشِرِین (کس ش، ی مع) صف: اند؛ ج.
ناشر کی جمع، چھاپنے والے نیز نشر کرنے والے لوگ.
ناشُکر (ضم ش، سک ک) صف.
نا(۲) کا تحتی، جو شکر نہ کرے.
ناشُکرا (ضم ش، سک ک) صف.
دیکھیے: نا (۲) کے تحت، جو شکر نہ کرے.
ناشُکری (ضم ش، سک ک) صف مث.
دیکھیے: نا(۲) کے تحت، ناشکرا کی تانیث، شکر نہ کرنے والی نیز ناشکر گزار.
ناصِح (کس ح ص) صف.
نصیحت کرنے والا، اچھی باتیں بتانے والا، نیک صلاح دینے والا، خیر خواہ. [ع].
ناصِحانَہ (کس ح ص، فت ن) صف: م ف.
ناصح جیسا نیز نصیحتوں پر مبنی.
ناصِر (کس ص) صف: اند.
مدد کرنے والا، فتح و نصرت بخشنے والا، مددگار، معاون. [ع].
ناصِیَہ (کس ص، فت ی) اند.
۱. پیشانی کے بال؛ (مجازاً) پیشانی، جبیں، ماتھا. ۲. لکھے یا چھپے ہوئے کاغذ یا خط کا ابتدائی یا اوپری حصہ، سرنامہ، ابتدا، تمہید. [ع].
ناصیہ فرسائی امث. پیشانی رگڑنے کا عمل، سجدہ ریزی.

ناطِق (کس ط) صف.
۱. صاحب نطق، گویائی رکھنے والا، بولنے والا، بات کرنے والا؛ بولتا ہوا. ۲. (مجازاً) جزئیات و کلیات کا ادراک رکھنے والا، عقل و شعور کا مالک. ۳. واضح، صاف، غیر مبہم ۴. مضبوط، مستحکم، اٹل. ۴. (قانون) پابند کرنے والا، لازم، واجب الاذعان، وہ حکم جس پر عمل کرنا ضروری ہو. ۵. (ریاضیات) وہ (عدد) جس کا جذر صحیح اعداد میں نہ نکل سکے، غیر اصم. [ع].
ناطِقَہ (کس ط، فت ق) اند.
۱. بولنے والا، گفتگو کرنے والا (مرکبات میں مستعمل). ۲. گویائی، بات چیت کا ملکہ، بولنے کی صلاحیت.
ناطقہ بند کرنا محاورہ. بولتی بند کرنا، بولنے کی مجال نہ رہنے دینا، عاجز کر دینا، دم نہ لینے دینا.
ناطَہ (فت ط) اند.
دیکھیے: ناتا، رشتہ.
ناطے اند؛ ج.
ناتے، ناطہ کی جمع نیز مغیرہ حالت.
ناظِر (کس ظ) (الف) صف مذ.
۱. دیکھنے والا، مشاہدہ کرنے والا، نظر ڈالنے والا. ۲. (مجازاً) کتاب، رسالے یا اخبار وغیرہ کا قاری. ۳. (i) جانچ پڑتال کرنے والا. (ii) (کنایۃً) ناقد، تبصرہ نگار. ۴. محافظ، نگہبان، حفاظت کرنے والا.
(ب) اند. عدالت کا ایک اہل کار جو چپراسیوں کا نگراں اور افسر ہوتا ہے. [ع].
ناظِرَہ (کس ظ، فت ر) صف.
دیکھنے سے متعلق، دیکھنے کے عمل سے منسوب، دیکھ کر پڑھا جانے والا (حفظ یا زبانی کے مقابل) نیز دیکھنے والی، نظر کرنے والی (ناظر کی تانیث).
ناظرہ پڑھانا ف مر. حروف شناسی کے ذریعے پڑھانا؛ (عموماً قرآن شریف) عبارت دیکھ کر سکھانا (حفظ کے مقابل).
ناظِرِین (کس ظ، ی مع) صف.
ناظر کی جمع، دیکھنے والے، تماشائی.

ناظِم (کس ظ) صف ؛ اند.

۱. ترتیب دینے والا ، مرتب کرنے والا .۲. نظام قائم کرنے والا ، تنظیم کرنے والا ، متحد و منظم کرنے والا .۳. منتظم ، انتظام کرنے والا ؛ کسی ادارے ، محکمے یا شعبے کا افسر اعلیٰ ، سربراہ .۴. ملک کا والی ، کسی علاقے یا صوبے کا حاکم اعلیٰ ، صوبہ دار ، گورنر . [ع] .

ناظم اعلیٰ صف اند ؛ صف . سب سے بڑا ناظم ، سب سے بڑا منتظم یا سربراہ ، افسر اعلیٰ .

ناظمُ الامور اند . سفارتی محکمے کا اعلیٰ افسر ، غیر ممالک میں اپنے ملک کی رعایا اور تجارت کے حقوق کی نگرانی کرنے والا ، سفیر سے کم درجے کا عہدہ دار .

ناعِم (کس ع) صف .

۱. نرم ، نازک ، ملائم ، سادہ (مزاج کے لیے) ترو تازہ ، بشاش (چہرے کے لیے) .۲. جس کی پرورش ناز نعمت میں ہو . [ع] .

ناعِمَہ (کس ع ، فت م) صف مث ؛ امث .

۱. ناز و نعم میں پلی ہوئی .۲. نازک بدن عورت .

ناغَہ (فت غ) (الف) اند .

۱. خالی جگہ یا وقت ، وقفہ .۲. تعطیل ، غیر حاضری . (ب) صف . غائب ؛ موقوف ، معطل .

ناف امث .

۱. جاندار کے جسم کے وسط میں پیٹ پر واقع آنول نال کا نشان ، ٹنڈی .
۲. (قبالت) دیکھیے : آنول نال ، نال .۳. (مجازاً) پہیے کے بیچوں بیچ وہ چھوٹا سا خالی گھیرا جس میں دھرا رہتا ہے ، گول گڑھا .۴. (مجازاً) کسی چیز کا وسط ، درمیان ، بیچوں بیچ ، مرکز . [ف] .

ناف ٹلنا/سرکنا ف مر ؛ محاورہ . (طب) بوجھ اُٹھانے کے باعث ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ، مشقت کے قابل نہ رہنا .

نافِذ (کس ف) صف .

۱. رواں ، جاری ، صادر ہونے والا ، جاری ہونے والا ، جس کا نفاذ ہو .
۲. مؤثر ، اثر انداز ہونے والا ، سرایت کرنے والا .۳. لاگو ، منطبق ، واجب العمل .۴. جاری کرنے والا ، عمل درآمد کرانے والا ، نفاذ کرنے والا . [ع] .

نافذ الامر صف . حکم منوانے والا ، حکم کی تعمیل کرانے والا .

نافِذُ العَمَل صف . لاگو ، منطبق ، واجب العمل ، مروّج .

نافَرمان (فت ف ، سک ر) صف .

نافرمانی کرنے والا ؛ باغی .

نافَرمانی (فت ف ، سک ر) امث .

نافرمان ہونا ، حکم نہ ماننا ، بغاوت .

نافِع (کس ع ف) صف .

۱. فائدہ پہنچانے والا ، نفع بخش ، مفید .۲. نفع دینے والا ، اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں میں سے ایک نام . [ع] .

نافِلَہ (کس ف ، فت ل) اند .

۱. (فقہ) وہ عبادت جو فرض نہ ہو اور اپنے طور پر کی جائے ، نفل
۲. بچوں کے بچے ؛ مال غنیمت . [ع] .

نافَہ (فت ف) اند .

مشک کی تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ (ناف) سے برآمد ہوتی ہے ، کستوری کی پوٹلی .

ناقِد (کس ق) صف ؛ اند .

۱. روپے اور اشرفی وغیرہ کی کھوٹ اور کھرا پن پرکھنے والا ، پارکھ ؛ کسی فن کا عیب و ہنر دیکھنے والا ، خوبی و خامی جانچنے والا .۲. کارکردگی میں ماہر و مستعد ، کام کرنے میں نہایت ہوشیار . [ع] .

ناقِدانَہ (کس ق ، فت ن) صف ؛ م ف .

ناقد جیسا ، ناقد کی طرح ، خوبی و خامی دکھانے والا ، عیب و ہنر جانچنے والا کھوٹ اور کھرا پن پرکھنے والا .

ناقدانہ نظر ڈالنا محاورہ . ناقد کی طرح جائزہ لینا ، تنقید کرنا .

ناقَدری (فت ق ، سک د) امث .

دیکھیے : نا(۴) کا تحتی ، بے قدری ، بے وقعتی .

ناقِدِین (کس ق ، ی مع) صف ؛ ج .

ناقد کی جمع ، عیب و ہنر جانچنے والے .

ناقِص (کس ق) صف.
۱. ادھورا، نامکمل، ناتمام، وہ جس میں کچھ کمی رہ جائے. ۲. عیب دار، عیبی، داغ دار، بد. ۳. کھوٹا، ناسرہ، نخالص، غیر خالص. ۴. نکما، ناکارہ، خراب، غیر مفید، بے مصرف. ۵. نادرست، غیر صحیح. ۶. کچا، خام، ناپختہ. ۷. غیر متناسب، وہ جس میں تعدیل و تناسب نہ پایا جائے. [ع].

ناقص العقل صف. کم عقل، کند ذہن، بے وقوف، کوتاہ اندیش؛ (مجازاً) عورت.

ناقُوس (دمع) اند.
وہ سنکھ جو ہندو یا دوسرے غیر مسلم یا مشرک پوجا کے وقت بجاتے ہیں، ایک قسم کی بہت بڑی کوڑی، گھونگا، گھنٹا. [ع].

ناقَہ (فت ق) اند؛ امث.
اونٹنی، مادۂ شتر. [ع].

ناک(۱) امث.
۱. جانداروں کے جسم کا ایک عضو جس سے وہ سانس لیتے اور سونگھتے ہیں، بینی، ناسکا. ۲. (مجازاً) عزت، آبرو، شرف، وقار، بزرگی، عظمت. ۳. ساکھ، بھرم، اعتبار. ۴. چوٹی، انتہائی بلندی، عروج. ۵. باعثِ فخر، باعثِ افتخار، وجہِ نازش، غرور کا سبب. ۶. سب سے اچھی چیز؛ نمود کی چیز، ممتاز ترین شے. ۷. زیب و زینت، آرائش، سجاوٹ، تزئین. ۸. سردار، امیر، افسر، سرگروہ. ۹. آسمان، فلک؛ فضا؛ جنت. ۱۰. (مجازاً) ناک سے بہنے والی رطوبت، رینٹ، آلائش بینی. [س].

ناک اُونچی رکھنا محاورہ. عزت قائم رکھنا، سرخ رُو رہنا، آن بان سے رہنا.

ناک بھوں چڑھانا ف مر محاورہ. ناراض ہونا، بے زاری ظاہر کرنا، رنجیدہ ہونا، ناپسند کرنا.

ناک پر غصہ دھرا ہونا محاورہ. تنک مزاج ہونا، ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا، بہت جلد خفا ہونا.

ناک پر مکھی (تک) نہ بیٹھنے دینا محاورہ. نہایت تنک مزاج ہونا، کسی کی ذرا سی بات بھی برداشت نہ کرنا، کسی کا ذرا سا بھی احسان نہ لینا، خودداری پر حرف نہ آنے دینا.

ناک پکڑے دم نکلنا محاورہ. نہایت ناتواں و کمزور ہونا، بالکل بے جان ہونا، از حد بے دم اور بے سکت ہونا، بہت لاغر ہونا.

ناک رگڑنا ف مر محاورہ. ۱. سجدے کرنا، زمین پر سر رکھنا. ۲. منت و زاری کرنا، عجز و انکساری دکھانا، خوشامد درآمد کرنا، گڑگڑانا.

ناک کا بال اند. نہایت عزیز اور مقرب دوست، منھ چڑھا آدمی، مصاحب خاص.

ناک کا بانسا (بانسہ) پھرنا محاورہ. دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا؛ (مجازاً) علامت مرگ ظاہر ہونا.

ناک کاٹنا محاورہ. بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، رُسوا کرنا، بدنام کرنا.

ناک کی سیدھ (ہو/میں) م ف.
آگے، ٹھیک سامنے، سیدھے خط میں، بالکل سیدھے، بغیر دائیں بائیں مڑے ہوئے.

ناک میں دم اند. پریشانی.

ناک میں دم کرنا محاورہ. پریشان کرنا، عاجز کرنا، ستانا.

ناک میں دم ہونا محاورہ. حالت خراب ہونا، پریشانی کی کیفیت ہونا، عاجز ہونا.

ناک میں نکیل پڑنا محاورہ. آزادی ختم ہونا، پابند ہو جانا (عموماً شادی کے موقع پر مستعمل).

ناک نہ ہو تو گو/گہ کھائیں کہاوت. آبرو کی پروا نہ کریں (عورتوں کی بدعقلی کے اظہار کے لیے مستعمل).

ناک نیچی ہونا محاورہ. پہلو دینا، پہلو کمزور ہونا.

ناک والا صف مذ. باعزت، غیرت مند، غیور، آن بان والا.

... ناک لاحقہ. ۱. لتھڑا ہوا، سنا ہوا، آلودہ؛ جیسے: نم ناک، زہرناک وغیرہ. ۲. پُر، معمور، لبریز، اثر پذیر؛ جیسے: دردناک، آتش ناک، شرم ناک، افسوس ناک، حیرت ناک وغیرہ. [ف].

ناکا اند؛ ~ ناکہ.
۱. وہ مقام جہاں سے کسی مکان، محلے یا شہر میں داخل ہوتے یا اس

سے باہر جاتے ہیں ، دروازہ ، پھاٹک ، مدخل ، مخرج ۔ ۲. راستے کا ابتدائی سرا ۔۳. گلی یا راستے کا آخری سرا ، نکڑ ، حد ، سرحد ۔۴. چنگی کی چوکی ، محصول ، راہ داری وصول کرنے کا مقام ، کانسٹیبل اور چوکی دار وغیرہ کے کھڑے رہنے کی جگہ ، تھانا ۔۵. سوئی کا چھید ، سوئی کی آنکھ ، سوراخ ۔ [س].

ناکا بندی امث :~ ناکہ بندی ۔۱. ناکا روکنے کا عمل ، دروازے یا گزر گاہ سے آمد و رفت کی بندش ، آنے جانے کی روک ، (مجازاً) پابندی ۔۲. چنگی یا محصول کے واسطے جگہ جگہ چوکی بٹھانا ۔

ناکارَہ (فت ر) صف ۔
دیکھیے: نا (۲) کے تحت ، بے کار نیز ضائع ، نکما ، جو کام کا نہ ہو ؛ خراب ۔

ناکام صف ۔
نامراد ، مایوس ، محروم ؛ مجبور ، ناگزیر ۔

ناکامی امث ۔
ناامیدی ، مایوسی ، محرومی ۔

ناک آؤٹ (مد ، و مع) (الف) صف ۔ (کھیے بازی) شکست خوردہ ، ہارا ہوا ، خارج ، پالے باہر ؛ (مجازاً) پست ، مغلوب ، عاجز ۔ (ب) امذ ۔ (کھیے بازی) حریف کو شکست دے دینا ؛ شکست ، ہار نیز ایسا مقابلہ جس میں ہارنے والے فریق خارج ہوتے جاتے ہیں ۔
اف : کرنا / ہونا ۔ [انگ].

ناکِح (کس ح ک) صف ۔
۱. نکاح کرنے والا ، وہ جس کا نکاح پڑھا جائے ، بیاہ کرنے والا ۔
۲. چھید کرنے والا ۔ [ع].

ناکوں (۱) (و مج) امث ، ج نیز م ف ۔
انسان اور جانوروں کا ایک عضو جس سے وہ سانس لیتے ہیں ، تراکیب میں مستعمل ، ناک سے ؛ جیسے : ناکوں ناک ۔

ناکوں چنے چبوانا محاورہ (شاذ) ۔ عاجز کرنا ، بہت تنگ کرنا ۔

ناگ امذ ۔
۱. سانپ ، مار ۲. کالا سانپ ، مارسیاہ ، افعی ۔ [س].

ناگ پھن / پھنی امث ۔ ایک قسم کا تھوہر جس کا پتا سانپ کے پھن کی طرح موٹا اور چوڑا ہوتا ہے اور اس پر ببول کے سے لمبے لمبے کانٹے نکلے ہوتے ہیں ، ایک قسم کا پودا ۔

ناگاہ م ف ۔
دیکھیے: (نا (۲) کے تحت) یکایک ۔

ناگری (سک گ) امث ۔
۱. ایک لپی کا نام جس میں آج کل ہندی لکھی جاتی ہے ، وہ لپی ہندوستان کے ایک قدیم شہر دیونگر سے منسوب ہے ، دیوناگری ، ہندی کا رسم الخط ۔۲. (مجازاً) دیوناگری رسم الخط میں لکھی ہوئی زبان ، ہندی زبان ۔۳. شہر کی بولی یا زبان ، چالاک عورت ؛ ایک پودا ۔ [س].

ناگُزِیر (ضم گ ، ی مع) صف ؛ م ف ۔
دیکھیے : نا کے تحت ، لازم ، ضرور ۔

ناگِن (فت نیز کس گ) امث ۔
۱. ناگ کی مادہ ، سانپن ۔۲. (مجازاً) آزار رساں عورت ، سخت ظالم عورت ۔۳. گھونگھر والے بالوں کی لٹ ، زلف سیاہ کو تشبیہاً کہتے ہیں ۔۴. ناگ قوم کی عورت نیز جنی ۔ [س].

ناگوار (فت گ) صف ۔
ناپسند ، خلاف طبع ۔

ناگواری (فت گ) امث ۔
ناپسند ، خلاف طبع ۔

ناگِہاں (فت گ) صف ؛ م ف ۔
اچانک ، دفعتہً ؛ بے خبری میں ۔

ناگہانی (فت گ) امث ؛ صف ؛ م ف ۔
اتفاقی ، اچانک ۔

نال امث ؛ امذ ۔
۱. بندوق ، تمنچے یا توپ کی لمبی اور گول نلی جس میں سے گولی نکلتی ہے ۔۲. مویشیوں کو دوا وغیرہ پلانے کا بانس کا ایک ٹکڑا جس کا ایک سرا بند اور دوسرا سلامی دار کٹا ہوتا ہے ۔۳. آنت کی مانند وہ نلی جو ایک طرف آنول (جنین کے لپٹنے کی جھلی) سے اور دوسری جانب بچے کی ناف سے جڑی رہتی ہے اور جسے ولادت کے بعد بچے کی ناف سے کاٹ

کر الگ کر دیا جاتا ہے ۔۴.(i) بتالا یا بانا ڈالنے کا آلہ ، شکل میں چھوارے کی گٹھلی کے مشابہ ، آہنی ، چوبی اور حسب ضرورت چھوٹا بڑا ہوتا ہے ، دھڑکی ، ماکو یا کو ، تیری .(ii) نال کے اندر کی وہ نلی جس بتالا لپٹا رہتا ہے ، اُریا . [س] .

نال گاڑنا ف مر. بچے کا نال کاٹ کر زمین میں دبا دینا .

نال گڑنا/گڑی ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. نال زمین میں دبایا جانا .۲. تعلق اور خصوصیت ہونا ، دعویٰ یا استحقاق ہونا .۳. پیدا ہونا ، جنم لینا ، پیدائش ہونا ، جنم ہونا .

نالا (۱) اند.

چھوٹی ندی ، برساتی نہر ، پانی بہنے کا راستہ .۲. رنگین گنڈے دار سوت، ازار بند. [س] .

نالا (۲) اند.

دیکھیے : نالہ ( ) فریاد .

نالاں صف.

ا روتا ہوا ، نالہ کرتا ہوا .۲. شاکی ، فریادی ، عاجز ، تنگ . [ف] .

نالش (کس ل) مت.

.گریہ و زاری . ۲ . شکایت .۳ . فریاد ، دہائی ، احتجاج ، استغاثہ .
۴. عدالت میں حق طلبی کا دعویٰ، حاکم سے چارہ جوئی، مقدمہ. [ف] .

نالشی (کس ل) صف؛ اند.

نالش سے منسوب یا متعلق ، مدعی ، فریادی ، شاکی ، نالش (دعویٰ) کرنے والا .

نالہ (فت ل) اند.

فریاد ، زاری ، نوحہ ، گریہ ، آہ و بکا ؛ شور غل. [ف] .

نالہ زار اند. مسلسل فریاد ، لگاتار رونا .

نالی مت.

۱. (i) زمین کا گہرا اور لمبا گڑھا . (ii) دھات وغیرہ میں ڈھلا ہوا سوراخ ، خانہ ، مرد کے سینے کے درمیان کا حصہ جو گہرا ہوتا ہے .۲. (i) موری ، پانی باہر نکالنے کے لیے کم عرض کا راستہ ، بدرو . (ii) کھیت میں پانی لے جانے کا راستہ .۳. (i) رگ ، نس ، نبض ، انتڑی ، حلق سے غذا نیچے اُترنے کا راستہ .(ii) (نباتیات) کسی پودے کا تنا یا زَرِسل .۴. توپ یا بندوق کی نال ، نلی .۵. نلکی ، پائپ . [س] .

نالی کا کیڑا اند . وہ کیڑا جو نالی میں پیدا ہوتا ہے ؛ (مجازاً) گندہ شخص، حرامی ، ولدالزنا ، بازاری نیز حقیر ، گھٹیا آدمی .

نالے (۱) ( ) .

نالے (۲) (ی ع) اند؛ ج.

نالہ کی جمع اور مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل) .

نام (الف) اند.

۱. وہ لفظ جس سے کسی ذات یعنی انسان ، شے وغیرہ کا علم ہو، کسی کو پکارنے کے لیے ایک مخصوص لفظ ، اسم .۲. شہرہ ، شہرت ، دھاک .
۳.عزت ، آبرو ، ساکھ ، بھرم .۴. نسل ، اولاد ، خاندان .۵ . یاد ، یادگار، نشان ، آثار .۶ . تذکرہ ، بیان ، چرچا ، ذکر ، کہنا .۷ . ذات ، وجود .۸ . مترادف ، ہم معنی .۹. قسم ، مد ، جنس ، زمرہ ، قبیل . (ب) م ف. ذمے ، متعلق ، لیے ، واسطے ، نام پر ، نام زد ، منسوب . [ف] .

نام اچھالنا محاورہ .۱. بدنام کرنا ، تشہیر کرنا ، رسوا کرنا.۲.شہرت دینا ، نام روشن کرنا ، عزت دلانا ، نیک نامی میں مشہور کرنا .

نام آنا محاورہ . نام زبان پر جاری ہونا یا تذکرہ ہونا ، بیان ہونا ، ذکر ہونا نیز نام شامل ہونا .

نام آوری مت. شہرت ، نام وری ، نیک نامی .

نام بدنام کرنا محاورہ. رسوا کرنا ، تہمت دھرنا ، الزام لگانا.

نام بَڑا اَور دَرْشَن تھوڑے / چھوٹے کہاوت. جتنا نام ہے اتنا کام نہیں ، شہرت کے مطابق سامان نہیں ، نمود و نمائش تو بہت کچھ مگر اصلیت کچھ نہیں .

نام بڑا یا دام فقرہ. نیک نامی دولت سے بہتر ہے ، عزت روپے پیسے سے بڑھ کر ہوتی ہے .

نام بلند کرنا محاورہ. مشہور کرنا ، شہرت دینا ، چرچا کرنا .

نام بنام م ف. ہر ایک کو ، ہر ایک کے نام ، نام کی ترتیب کے ساتھ ، ایک ایک کر کے ، نام وار.

نام پانا محاورہ : ف مر. ۱. پکارا جانا ، کہلانا ، موسوم ہونا . ۲. نیک نامی حاصل کرنا ، نام ور ہونا ، شہرت پانا .

نام پر/ پہ م ف. ۱. (i) لیے ، واسطے. (ii) نام کا فائدہ اٹھا کر ، نام استعمال کر کے .

نام پر بیٹھنا محاورہ. ۱. بھروسے پر بیٹھنا ، آسرے یا سہارے پر قائم رہنا ، توکل کرنا . ۲. نام کا لحاظ کر کے کوئی ایسا کام نہ کرنا جو بے عزتی کا باعث ہو ؛ محفوظ اور وابستہ ہو جانا .

نام پر جان دینا محاورہ. ۱. نام پر مرنا ، شہرت پر مرنا ، شہرت حاصل کرنے کی ازحد کوشش یا خواہش کرنا ، اپنی شہرت کا عاشق یا شیدا ہونا . ۲. کسی چیز کو حاصل کرنے کی کوشش یا خواہش کرنا.

نام پیدا کرنا محاورہ. ۱. شہرت حاصل کرنا ، مشہور ہونا . ۲. (طنزاً) بدنام ہونا .

نام چلنا محاورہ. ۱. نام کی یادگار رہنا ، نام باقی رہنا ، نام قائم رہنا . ۲. نسل کا سلسلہ جاری رہنا . ۳. نام کا اثر ہونا ، کوئی کام کر کے شہرت حاصل کرنا .

نام ڈبونا محاورہ. رُسوا کرنا ، نام بدنام کرنا ، عیب لگانا ؛ عزت گنوانا ، بے آبرو ہونا ، عزت کھونا . ۲. ذلیل کرنا ، نیچا دکھانا ، شرمندہ کرنا ؛ گھٹانا . ۳. برباد کرنا ، بے نشاں کرنا ، مٹانا .

نام روشن کرنا محاورہ. ۱. نام چمکانا ، نام کو شہرت دینا ، نام پھیلانا . ۲. (طنزاً) رُسوا کرنا ، نام بدنام کرنا .

نام زد صف :~ نامزد . ۱. موسوم ، معروف . ۲. جس کی منگنی ہو چکی ہو ، منسوب . ۳. معین ، مخصوص . ۴. مقرر ، تعینات ، مامور . ۵. مشہور ، شہرت یافتہ ، نامور ، نام آور ، نمایاں . ۶. منتخب ، مجوزہ ، تجویز کردہ .

نام زد گی امث :~ نامزدگی. منسوب ہونے کی حالت ، منتخب کرنا .

نام کا صف مذ. ۱. موسوم ، منسوب ، متعلق . ۲. صرف تذکرے کے لیے ، صرف نام کی حد تک ، دکھاوے کا ، نام نہاد ، نام لینے کے لیے . ۳. ذرا سا ، یوں ہی سا . ۴. قسم کا ، قبیل کا ، نسل کا . ۵. آفت کا پرکالا ، بہت چالاک .

نام کا کلمہ پڑھنا محاورہ. بہت عزت سے نام لینا ، حد درجہ احترام یا تعریف کرنا .

نام کر جانا محاورہ. ۱. (جائیداد وغیرہ) کسی کے نام لکھ جانا ، دے جانا حوالے کر دینا . ۲. شہرت حاصل کرنا ، یادگار چھوڑ جانا .

نام کرنا محاورہ. ۱. (i) شہرت پانا ، مشہور ہونا ، نام پیدا کرنا نیز بدنام ہونا ، رسوا ہونا . (ii) نام مشہور کرنا ، نام کو شہرت دینا ، ڈھنڈورا پیٹنا ۲. کار نمایاں کرنا ، کارنامہ انجام دینا . ۳. یادگار چھوڑ جانا ، نشانی چھوڑ جانا یاد چھوڑ جانا ، ذکر باقی رکھنا . ۴. کسی سے مخصوص یا وابستہ کرنا ، کسی کے سپرد کرنا ، کسی کو دے ڈالنا .

نام کمانا محاورہ. ۱. شہرت حاصل کرنا ، مشہور ہونا ، نام پیدا کرنا .

نام کو م ف. ۱. بہت کم ، برائے نام ، ذرا سا . ۲. صرف کہنے کو ، ذکر کرنے کے لیے . ۳. قطعی ، بالکل ، ہرگز ، مطلق . ۴. نشانی کے لیے یادگار کے طور پر ، ظاہر میں ، دکھاوے کو . ۵. اصلیت میں ، حقیقت میں ۶. شہرت کے لیے ، عزت کے لیے .

نام کی تسبیح پڑھنا محاورہ. زبان پر کسی کا نام مسلسل لانا ، لگاتار کسی کو یاد کرنا ، ہر وقت ذکر کرنا .

نام لکھوانا ف مر : محاورہ. دفتر یا رجسٹر میں نام درج کرانا ، شمار کرانا کسی زُمرے میں اپنے کو شامل کرانا (نام لکھوا کر یا حرکات وسکنات سے)

نام لگانا محاورہ. ۱. الزام دینا ، قصور کسی دوسرے کے ذمے ڈالنا ، کسی جرم میں ماخوذ کرنا ، دوش لگانا . ۲. نام کرنا ، منسوب کرنا ؛ حصہ دینا .

نام لینے والا/ لیوا صف : مذ. ۱. (i) نام لینے والا ، ماننے والا ، عقیدت مند ، پیرو . (ii) یاد کرنے والا ، دعویٰ کرنے والا ، فخر کرنے والا ۲. دلچسپی رکھنے والا ، ذکر کرنے والا . ۳. یادگار ، وارث ، بیٹا .

نام نہاد صف. ۱. نام کا ، دیکھنے کا . ۲. نامزد ، موسوم نیز طے شدہ مقررہ ، فطری . ۳. اندازے پر مبنی ، تخمینی . ۴. (فلسفہ/ نفسیات) شعوری ، ادراکی ، ذہنی .

نام ور/ نامور صف. مشہور ، نامی .

نام وری امث :~ ناموری. شہرت ، نیک نامی .

نام نہیں فقرہ. ۱. پتا نہیں ، سراغ نہیں ، بے نشاں ہے ، لامکاں ہے ۲. اسم بامُسمّٰی نہیں (اپنی بات پر زور دینے کے لیے کہتے ہیں). ۳. (i) شہرت نہیں ، ذکر نہیں ، تذکرہ نہیں ، نام تک نہیں . (ii) نام نہیں لیا گیا

ہے ، کسی کا نام لے کر کچھ نہیں کہا گیا .۴. ارادہ نہیں ، نیت نہیں .
۵.وجود نہیں ، بالکل نہیں ، بالکل باقی نہیں ہے ، ذرا بھی نہیں ہے .

نام و نشان اند .۱. علامت ، آثار ، یادگار .۲. وجود ، ہستی .۳. اَتا پتا ، نام اور پتا ، ٹھور ٹھکانا .۴.شہرت ، نام وری .

نام و نمود امث .۱. ظاہری شان، دکھاوا، ٹیپ ٹاپ .۲.شان و شوکت ، شہرت ، عظمت .

نام ہو جانا/ہونا محاورہ .۱. نام پر لکھا جانا ، کسی کی ملکیت بن جانا ، کسی کے نام پر جاگیر وغیرہ چڑھ جانا .۲.شہرت ہونا، واہ وا ہونا، مشہور ہونا .
۳. بہانہ ہونا ، حیلہ بن جانا ؛ تذکرہ ہونا.۴ .نام رکھا جانا ، لقب دیا جانا ، موسوم ہونا ، کسی نام یا لقب سے پہچانا جانا ، اسم ہونا نیز کہا جانا ، سمجھا جانا .۵ . نام لگنا ، سر لگنا ، ذمے پڑنا ، ذمہ داری ٹھہرنا نیز تہمت لگنا .
۶.قرار پانا ، تسلیم ہونا .۷.شریک ہونا ، شامل ہونا .

نا مُراد (ضم م) صف .
نا (۴) کا تحتی ، جس کی مراد بہت کم پوری ہو ، ناکام .

نامَرد (فت م ، سک ر) صف .نا (۴) کا تحتی ، بزدل ؛ جنسی اعتبار سے کمزور .

نامُوس (و مع) اند ؛ امث .
۱. (i) آبرو ، عزت ، حرمت ؛ قدر ، منزلت .(ii) عصمت ، پارسائی ، عفت .۲.(i) حرم سرا .(ii) اہلِ حرم ، اہلِ خانہ ، مستورات ، خواتین .
(iii) بیوی ، زوجہ ، عزت .۳.شرم ، لاج ، حیا ؛ جھجک ، لحاظ ، خیال .
۴.راز ، بھید ؛ قانون ، شریعت ، حکمِ الٰہی .۵.(i) رازدار فرشتہ ، حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب .(ii) رازداں . [ع] .

نامُوسِ رِسالت اند .حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رسالت کی عزت و منزلت .

نامَہ (فت م) (الف) اند .
۱. خط ، چٹھی ، پتر ، مکتوب .۲. نامۂ اعمال .۳. رجسٹر ، دفتر ، طومار .
۵. دستاویز ، تحریر ، نوشتہ ، تمسک (اقرار نامہ ، بیع نامہ ، رہن نامہ ، ہبہ نامہ وغیرہ) .(ب) صف (شاذ) .نام کا ، نام والا ، نام سے موسوم یا مشہور ، نامی .[ف] .

نامۂ اعمال اند .۱. وہ رجسٹر یا کاغذ جس میں فرشتے ہر آدمی کے کل نیک و بد عمل لکھتے ہیں ، اعمال نامہ .۲. (مراداً) وہ سرکاری نیز غیر سرکاری رجسٹر جس میں ملازموں وغیرہ کا چال چلن اور کارگزاری درج ہوتی ہے .

نامہ بر صف .خط پہنچانے والا ، چٹھی رساں ، ڈاکیا نیز پیغام لانے لے جانے والا .

نامہ نگار صف ؛ اند .۱ .خبر نویس ، پرچہ نویس ، خبر دہندہ نیز اخبار کا مضمون نگار ، کارسپانڈنٹ .۲. خط لکھنے والا ، مراسلہ نگار .

نامہ نگاری امث .۱. (i) خط لکھنے کا کام ، چٹھی لکھنا .(ii) خط کتابت ، پیام سلام .۲.اخبار کی خبر نویسی ، اخباروں کے لیے رپورٹیں لکھنے کا کام .

نامی (۱) امث .
۱.مشہور ، معروف ، نام ور ، شہرت یافتہ .۲. نام سے موسوم یا منسوب ، نام والا ، کے نام سے ، کے نام کا .۳. نام کا ، نام سے متعلق . [ف] .

نامی گرامی صف .مشہور ، معروف ، جانا بوجھا ؛ نہایت تعظیم والا ، معزز .

نامی (۲) صف ؛ اند .
قوتِ نامیہ رکھنے والا ، بڑھنے والا ، نمو پانے والا ، بالندہ ؛ مراد : نباتیات . [ع] .

نامیات (کس م) امث .جسم حیوانی و نباتاتی کی نشو و نما یا بالیدگی سے متعلق علم ؛ مراد : پودوں کی اقسام و افزائش وغیرہ کے بیان کا علم ؛ نباتیات . [ع] .

نامیاتی (کس م) صف .
۱. نامیات سے متعلق یا منسوب ، ارتقائی ، بتدریج آگے بڑھتے رہنے یا نشو و نما پانے والا ، بڑھتے رہنے والا .۲.خلقی یا بنیادی ، اساسی .

نامیاتی کیمیا اند .علم کیمیا کی ایک شاخ جو پودوں اور جانوروں میں موجود یا ماخوذ مرکبات کے علاوہ اب کاربن کے دیگر مرکبات سے بھی بحث کرتی ہے .

نامیاتی مادہ اند .وہ مادّہ جو بڑھتے رہنے کی خصوصیت کا حامل ہو .

نامِیَہ (کس م ، فت ی) (الف) صف مث .
بڑھنے والی ، بڑھانے والی ، نمو کرنے والی (قوت کے لیے مستعمل) .
(ب) امث . بڑھنے یا بڑھانے والی قوت ، نمو کرنے والی قوت . (ج) اند .

دیکھیے := رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

ا.جسم، چھوٹا جاندار، جرثومہ، امیبا.۲.(انگور کا) ڈنٹھل. [ع].

نان (ا) (کس م) مث؛ مذ.
ا.(i) عموماً گندم کے آٹے سے بنائی اور پکائی ہوئی روٹی.(ii) ایک قسم کی خمیری روٹی جو تندور میں لگائی جاتی ہے، تندوری روٹی، موٹی روٹی جو میدے سے بناتے ہیں.۲.کھانا، غذا، رزق، خوراک. [ف].

نان بائی مذ،- نان وائی.ا.روٹی بیچنے والا، عموماً تندوری روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا کاری گر.۲.جنوبی امریکہ کے ایک پرندے کا نام.

نان پاؤ مث.عموماً مغربی طرز کے تنور میں پکی ہوئی ایک قسم کی نرم اور خاصی دبیز خمیری روٹی، ڈبل روٹی.

نان پز صف.روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا.

نان جویں مث.ا.جو کے آٹے کی روٹی.۲.غریبانہ کھانا، روکھی سوکھی، دال دلیا.

نان ختائی مث،- نان.ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ، میدے اور گھی سے سمندر جھاگ کا خمیر دے کر پکاتے ہیں.

نان شبینہ مث.رات کی رکھی ہوئی روٹی، باسی روٹی، روکھی سوکھی؛ (مجازاً) معمولی کھانا.

نان نفقہ مذ.روٹی کپڑا، گھر بار یا بیوی بچوں کا خرچ، یومیہ اخراجات ضروریہ کے لیے رقم.

ناں حرف.
نہیں، نہ، نا.

ناں ناں کرنا محاورہ.انکار کرنا، نفی میں جواب دینا نیز بہت منع کرنا، روکنا، باز رکھنا.

نانا مذ.
ماں کا باپ. [پ].

نانا دادا مذ.آباؤ اجداد، خاندان کے بزرگ؛ (مجازاً) گرو، اُستاد.

ناند (غنہ) مذ؛ مث.
ا.مٹی کا ایک بہت بڑا کونڈا جو آٹا گوندھنے، کپڑے دھونے، کپڑے رنگنے اور مویشیوں کو چارہ دینے وغیرہ میں مستعمل ہے، کھرلی. [س].

ناندا (مغ) مذ.
ا.بڑا ناند، مویشیوں کو چارہ دینے کا لکڑی یا مٹی کا بڑا برتن.۲.مٹی، تام چینی، لکڑی یا کسی دھات کا بڑا گملا جس میں مٹی بھر کے پھول اُگاتے ہیں. [س].

نانک (فت ن) مذ.
ایک مشہور خدا پرست درویش جو تلونڈی ضلع گورداس پور (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے اور جنھوں نے سکھ مت کی بنیاد ڈالی، بابا گرو نانک. [مقامی].

نانہال (کس ن) مث؛- ناٹھیال.
نانا کا گھر یا گھرانا، نانکا، ننھیال.

نانی (الف) مث.
ماں کی ماں.(ب) صف مث.کسی سے چالاکی میں بڑھی ہوئی، نہایت ہوشیار، بہت چالاک (عموماً عورت کے لیے مستعمل).

نانی کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے کہاوت.فائدہ کہیں سے اُٹھائے اور خدمت کسی کی کرے، خرچ کوئی کرے نام کسی کا ہو نیز کرے کوئی بھرے کوئی.

نانی مر جانا / مرنا محاورہ.ا.نہایت خوف زدہ ہونا، ہیکڑی ختم ہو جانا، رعب داب جاتا رہنا.۲.کام سے جی چرانا.

نانی مری ناتا ٹوٹا کہاوت.نانی کے مرنے پر انسان کی قدر ننھیال میں نہیں رہتی.

نانی یاد آ جانا محاورہ.نہایت پریشان ہو جانا، گھبرا جانا، ناک میں دم آ جانا، مصیبت میں پھنس کر راحت کا زمانہ یاد آ جانا.

ناو (وج) مث؛- ناؤ.
چھوٹی کشتی، ڈونگی.

ناوَک (فت و) مذ.
ا.ایک لکڑی (بیچ سے خالی) جس میں تیر رکھتے ہیں.۲.چھوٹا تیر، خدنگ.۳.ایک قسم کی کمان جس میں تیر یا پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں؛ نالی، نلکی نیز وہ نالی جو بیج ڈالنے کے لیے ہل سے کھیت میں بنائی جاتی ہے. [ف].

ناوک افگن صف.تیر چلانے والا، تیر انداز.

ناوِل (کس نیز کس مج و) (الف) اند.
ایک فرضی نثری قصہ جس میں حقیقی زندگی کی تصویر خصوصاً انسانوں کی جذباتی کشمکش تسلسل کے ساتھ پیش کی گئی ہو، پلاٹ اور کردار نگاری اس کے بنیادی اور اہم ترین عناصر سمجھے جاتے ہیں. (ب) صف. (لفظاً) نیا (جو پرانے سے قدرے مختلف ہو)، عجیب اور انوکھا. [انگ].

ناول نگار صف؛ اند. ناول لکھنے والا، ناول کا مصنف.

ناولٹ (کس نیز کس مج و، کس مج ل) اند.
مختصر یا چھوٹا ناول، معتدل طوالت پر مبنی ناول. [انگ].

ناونوش (و مج، و مج) امث؛ — ناؤ نوش.
نغمہ سننا اور شراب پینا؛ (مجازاً) رنگ رس، عیش و طرب، نشاط و عشرت.

ناہی صف.
روکنے والا، منع کرنے والا؛ باز رکھنے والا. [ع].

ناہید (ی مع) امث.
ایک سیارے کا نام جو تیسرے آسمان پر چمکتا ہے، زہرہ، وینس (Venus)، (اسے محبت کی دیوی اور مطربۂ فلک کا خطاب دیا گیا ہے) نیز عورتوں کا ایک نام. [ف].

ناہیں (ی مع) کلمۂ نفی.
نہیں.

نائِب (کس ء) صف مذ؛ — نایب.
قائم مقام، مددگار، مختار، وکیل، نمائندہ، ایجنٹ، پیش کار نیز خلیفہ. [ع].

نائب سلطنت اند. دیکھیے: نائب السلطنت، بادشاہ کا قائم مقام حاکم جو شاہانہ اختیارات رکھتا ہو، صوبے دار.

نائب قاصد اند. قاصد کا مددگار، قاصد سے چھوٹا عہدہ دار، سرکاری ڈاک لے جانے والے ہرکارے کا معاون.

نائب ناظم اند. ناظم کا مددگار، ناظم کا قائم مقام.

نائِبَہ (کس ء، فت ب) صف مث؛ امث.
۱. نائب کی تانیث؛ قائم مقام عورت؛ (قانون) بیوی جو شوہر کی جانب سے طلاق تفویض کی بنا پر خود کو طلاق دینے کی مختار ہو. ۲. حادثہ، واقعہ، سانحہ؛ بدبختی، شامت (خصوصاً عربی میں مستعمل).

نائِبِین (کس ء، ی مع) صف؛ اند؛ ج.
نائب کی جمع؛ افسران سرکاری.

نائٹ (کس خف ء) امث.
رات (محض تراکیب میں مستعمل). [انگ].

نائٹ بلب اند. دھیمی روشنی یا کم برقی توانائی کا چھوٹا اور (عموماً) رنگین قمقمہ جو سوتے وقت روشن کرتے ہیں.

نائٹ سوٹ اند. رات کو سوتے وقت پہنا جانے والا لباس، لباس شب خوابی (خصوصاً مردوں کا).

نائٹ کوچ امث. رات کی سواری، طیارہ، بس وغیرہ جو مسافروں کے لیے رات کو چلتی ہے.

نائٹروجن (کس ء، سک نیز کس خف ٹ، و مج، فت ج) امث.
ایک بے رنگ و بو اور بے ذائقہ گیس یا غیر متعامل گیسی عنصر جو ہوا کا ۴/۵ حصہ ہے اور لحمیات اور نیوکلائی ترشوں اور دیگر حیاتیاتی سالموں میں موجود ہے، شورین. [انگ].

نائٹی (کس ء) امث.
بچوں یا عورتوں کا شب خوابی کا لباس. [انگ].

نائِک (کس ء) اند؛ — نائیک / نایک.
سردار، سرگروہ، مربی، سرتاج. ۲. قافلہ سالار، سردار قافلہ. ۳. پولس اور فوج کا ایک عہدے دار جو سب سے چھوٹا افسر ہوتا ہے. ۴. ایک شاہی لقب جو بہادروں کو دیا جاتا ہے. ۵. فن موسیقی کا اُستاد، بڑا گویا یا گنیا، گویوں کا سردار. [س].

نائکا / نائکہ (کس ء / کس ء، فت ک) امث.
۱. نائک (ہیرو) کا مؤنث، ناٹک کا زنانہ مرکزی کردار، ہیروئن. ۲. وہ عورت جس کے پاس کئی نوچیاں ہوں، رنڈیوں کے گھر کی سردار؛ کٹنی، دلالہ، قحبہ خانے یا کوٹھے کی مالکہ. ۳. عورت، استری. ۴. معشوقہ، محبوبہ. ۵. گانے والی عورتوں یا رقاصاؤں کی سردار.

نائِل (کس ء) (الف) صف.
(مطلوب تک) پہنچنے والا، مقصد کو پانے والا؛ جو حاصل کرلے. (ب) اند. وہ چیز جو حاصل کی جائے، تحفہ، عطا، دین، خیرات. [ع].

دیکھیے: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

نائِلون (کس ء، ولین) اند :- نائیلون.
ایک قسم کا پلاسٹک جو تپانے سے کسی کیمیائی تبدیلی کے بغیر نرم ہو جاتا ہے اور جس سے کئی اشیاء تیار کی جاتی ہیں، ایک جدید مصنوعی مرکب جو کپڑا اور دوسری چیزیں بنانے کے کام آتا ہے. [انگ].

نائِلَہ (کس ء، فت ل) امث.
ا.قریش کے ایک بُت کا نام ۲. نائل کی تانیث.

نائِم (کس ء) صف.
سونے والا ؛ (مجازاً) خفتہ، سویا ہوا نیز اونگھتا ہوا. [ع].

ناؤ (وج) امث.
چھوٹی کشتی، ڈونگی. [س + پ].

ناؤ خشکی میں نہیں چلتی کہاوت. داد و دہش کے بغیر نام وری حاصل نہیں ہوتی ؛ کچھ خرچ کیے بنا مقصد حاصل نہیں ہوتا.

نائی (الف) صف.
جھکا ہوا، خمیدہ. (ب) اند. ا. (شاذ) جُھکانے والا (سر کو). ۲. بال کاٹنے والا، مُوتراش، حجامت کرنے والا، حجام. [مقامی].

نائے امث :- نَے.
ا. نلی، نکی، نرسل. ۲. نفیری، قرنا. ۳. بانسری، نے. ۴. نالی ؛ گلے سے کھانا پانی اُترنے کی نالی. ۵. نہر، زمین یا پانی کا ایک پتلا لمبا ٹکڑا، علاقہ ؛ راستہ یا گزر گاہ ؛ نل، نلکا. ٦. ایک بوٹی جو زمین سے ایک بالشت اونچی ہوتی ہے، جس کی شاخیں باریک اور گرہ دار، پھول سفید اور پھل جو کے دانے کے برابر ہوتا ہے جس میں خشخاش کے سے دانے بھرے ہوتے ہیں، بیت، بید (لاط).

نائے و نوش اند. عیش و طرب، رنگ رلیاں.

نایاب صف.
نادر، کمیاب ؛ بیش قیمت، قابل قدر. ۲. (مجازاً) عمدہ، بہترین. [ف].

نِب (کس ن) اند نیز امث.
قلم کی زبان جو دھات کی ہوتی ہے، قلم کا سرا یا نوک جس سے لکھا جاتا ہے. [انگ].

نَبا (فت ن) امث :- نبأ.
ا.خبر، آگہی. ۲. وہ تلوار جو مقابل کو الگ کر لوٹے (عربی میں مستعمل).

نَبات (۱) (فت ن) امث.
سبزہ، روئیدگی، بُوٹی، گھاس پات، بناسپتی، ترکاری. [ع].

نَبات (۲) (فت ن) (الف) امث.
قند، مصری. (ب) صف. (مجازاً) شیریں، میٹھا، نہایت لذیذ. [ف].

نَباتات (فت ن) امث ؛ اند ؛ ج.
ا. وہ چیزیں جو زمین سے اُگتی ہیں، گھاس، جڑی بوٹیاں، پودے، سبزیاں، ترکاریاں ۲. وہ علم جس میں ان چیزوں کا ذکر ہو جو زمین سے اُگتی ہیں. [ع].

نَباتاتی (فت ن) صف.
نباتات سے متعلق یا منسوب، پودوں وغیرہ کا، جڑی بوٹیوں والا.

نباتاتی روغن/گھی اند. پودوں کے بیجوں اور سبزیوں وغیرہ سے نکالا ہوا گھی یا تیل جو کھانوں میں استعمال ہوتا ہے، بناسپتی گھی.

نَباتِیات (فت ن، کس ت) امث.
سبزیوں اور پودوں کا علم، نباتات کا علم (انگ : Botany).

نَبّاض (فت ن، شد ب) صف.
ا. (طب) نبض دیکھنے والا، نبض شناسی میں مہارت رکھنے والا ؛ (مجازاً) طبیب، حکیم. ۲. (مجازاً) اندازہ لگانے والا، قرائن سے سمجھ جانے والا، آثار سے معلوم کر لینے والا ؛ (کنایۃً) ماہر، مہارت رکھنے والا. [ع].

نِباہ (کس ن) اند نیز امث.
ا. گزارا، گزران، بسر اوقات. ۲. ساتھ، ہم راہی، سنگت، دوستی، رفاقت. ۳. تکمیل، پورا کرنے کا عمل، تسلسل، تعلقات کا تسلسل. ۴. وفا، وفاداری، ایفائے عہد. ۵. موزونیت، سازگاری، مناسبت. ٦. خیال، لحاظ، پاس، رُو رعایت. [س].

نباہ کرنا/ ہونا محاورہ. ا. تعاون کرنا، رفاقت رکھنا، ساتھ دینا، میل جول کر رہنا. ۲. ایفا کرنا، وعدہ وفا کرنا، عملی اظہار کرنا نیز پاس داری کرنا، لحاظ رکھنا.

نِباہْنا (کس ن، سک ہ) ف م :- نبھانا.
قائم رکھنا، باقی رکھنا، جاری رکھنا. ۲. پیش نظر رکھنا، ملحوظ رکھنا، پاس داری کرنا، عملی اظہار کرنا. ۳. سہارا دینا، سنبھالنا. ۴. ادا کرنا، چکانا. پورا کرنا، ایفا کرنا، تکمیل تک پہنچانا. ۶. گزارنا، کاٹنا، انجام کو پہنچانا، مکمل کرنا. ۷. ساتھ دینا، رفاقت کرنا، دوستی رکھنا. ۸. گزر کرنا، وقت کاٹنا، بسر اوقات کرنا ؛ (عموماً) جوں توں گزارہ کرنا. ۹. اُٹھانا، برداشت کرنا، سہنا. ۱۰. ایمان رکھنا، بروئے کار لانا، برتنا.

نباہ (فت ن) امث.
۱. اطلاع، آگاہی، خبر. ۲. ایک سورۃ کا نام، سورۃ نباہ. [ع].

نِبْٹانا (کس ن، سک ب) ف م.
۱. طے کرنا، فیصل کرنا، چکانا، بھگتانا، بے باق کرنا. ۲. نابود کرنا، باقی نہ رکھنا. ۳. ختم کرنا، بھگتانا، پورا کرنا، انجام دینا. ۴. سہنا، برداشت کرنا.

نِبَٹ (کس ن، فت ب) امر.
نبٹنا کا امر. [س].

نبٹ جانا محاورہ. ۱. بے باق ہونا، پورا ہونا، ختم ہونا، جھگڑا طے ہونا نیز فرصت پانا، چھٹکارا پانا، فارغ ہونا، فیصلہ ہو جانا، تکرار باقی نہ رہنا. ۲. فنا ہو جانا.

نبٹ لینا ف مر؛ محاورہ. مقابلہ کرنا، جھگڑا چکانا، جھگڑا طے کرنا.

نِبَٹْنا (کس ن، فت ب، سک ٹ) (الف) ف ل.
۱. ختم ہونا، باقی نہ رہنا. ۲. فارغ ہونا، چھوٹ جانا، چھٹکارا پانا. ۳. مقابلہ ہونا، جھگڑا طے ہونا، فیصلہ ہونا، سابقہ پڑنا. (ب) ف م. مقابلہ کرنا، بھگتنا، ٹکرانا، لڑنا.

نَبَرْد (فت ن، ب، سک ر) امذ.
۱. لڑائی، جنگ، رزم ؛ کار زار. ۲. ایک دوسرے سے لپٹنا، گتھم گتھا ہونا. [ف].

نبرد آزما صف. ۱. جنگ آزمودہ، جنگی، دلاور، شجاع، سورما. ۲. لڑائی لڑنے والا، جنگ کرنے والا، مقابلہ کرنے والا، برسرِ پیکار.

نبرد آزمائی امث. ہتھیاروں سے لڑنے کا عمل، لڑائی، جنگ نیز سامنا، مقابلہ ؛ جھگڑا، بحث، مناظرہ.

نبرد آزما ہونا ف مر.
لڑنا، برسرِ پیکار ہونا، جنگ کرنا.

نِبَڑ (کس ن، فت ب) امر.
نبڑنا کا امر، تراکیب میں مستعمل. [پ].

نِبَڑْنا (کس ن، فت ب، سک ڑ) ف ل.
۱. ختم ہونا، باقی نہ رہنا، نہ بچنا ؛ (مجازاً)، مرنا، فنا ہونا. ۲. تمام ہونا، آخر ہونا، انجام کو پہنچنا، بیتنا، بسر ہونا، گزرنا. ۳. منقطع ہونا، ٹوٹنا، کٹنا. ۴. مکمل ہونا، تکمیل پانا، پورا ہونا. ۵. زائل ہونا، مٹ جانا. ۶. بجھنا، گل ہونا. ۷. فیصل ہونا، چکنا، تصفیہ ہونا. ۸. گھٹنا، کم ہونا (قدیم). ۹. مقابلہ کرنا، سامنا کرنا، چکوتا کرنا، جھگڑا طے کرنا ؛ جھگڑنا.

نَبْض (فت ن، سک ب) امث.
کلائی کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے نیز (طب) رگ کی حرکت یا رفتار، شریان کی تڑپ یا دھڑکن (یعنی اُس کا سکڑنا اور پھیلنا). [ع].

نبض پر ہاتھ رکھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نبض کو انگلیوں سے ٹٹولنا، نبض کی حرکت محسوس کرنا، نبض دیکھنا، بیمار کی حالت کا اندازہ لگانا، بیماری یا صحت کا جائزہ لینا. ۲. فطرت معلوم کرنا، مزاج سمجھنا، میلان طبع کو سمجھنا.

نبض دیکھنا محاورہ. ۱. طبیب کا بیمار کی نبض پر ہاتھ رکھ کر اُس کی رفتار معلوم کرنا، نبض کی حرکت سے بیمار کی حالت کا اندازہ لگانا، مرض کی تشخیص کرنا، صحت یا بیماری کا اندازہ کرنا. ۲. تاڑنا، سمجھ جانا. ۳. کسی شئے کے کارآمد یا بند ہو جانے کا جائزہ لینا ؛ خرابی معلوم کرنا. ۴. (بازاری) خبر لینا (جیسے ذرا اِن کی بھی نبض دیکھنا).

نبض شناس صف. ۱. نبض پہچاننے والا، نبض دیکھنے میں ماہر، نبّاض. ۲. (مجازاً) سمجھنے والا، حقیقت سے واقف ؛ مہارت یا تجربہ رکھنے والا.

نَبْضیں (فت ن، سک ب، ی مج) امث ؛ ج.
نبض کی جمع نیز مغیرہ حالت، بہت سی رگیں یا ان کی حرکتیں (تراکیب میں مستعمل).

نبضیں چھٹنا/ چھوٹنا محاورہ. ۱. نبضوں کا ساقط ہو جانا، نبضوں کی حرکت بند ہو جانا، مرنے کے قریب ہونا، نزع کا عالم طاری ہونا، مر جانا. ۲. خوف زدہ ہو جانا، ڈر جانا، سہم جانا، گھبرا جانا، حواس باختہ ہو جانا ؛

دیکھیے :- رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

مایوس ہو جانا ، اُمید منقطع ہونا .۳. خبر نہ رہنا ، بے ہوش ہو جانا ، غش کھا جانا .۴. نہایت قلق ہونا ، صدمہ پہنچنا ، ازحد غم ہونا ، حالت غیر ہونا .۵. ختم ہونا ، زائل ہو جانا ، خاتمہ ہو جانا .

نبُوّت (ضم ن ، ب ، شد و بفت) امث .
خبر دینا ؛ پیغمبری ، پیغام رسانی ، نبی کا فرض یا منصب جو وہبی ہوتا ہے ، رسالت ، خدا کی طرف سے انسانوں کی رہنمائی اور نفاذِ احکامِ الٰہیہ کے لیے پیغمبر بنا کر بھیجے جانے کی حالت یا کیفیت . [ع] .

نِبُولا (کس ن ، و مع) امذ .
(ہیئت) ہلکی سی دھند ، آسمان پر نظر آنے والا ایک باریک غبار جو بہت دور واقع ستاروں کے جھرمٹ سے یا تحلیل شدہ گیس سے بنتا ہے ، سحابیہ . [انگ] .

نِبَولی (کس نیز فت ن ، و مج نیز لین) امث .
۱. نیم کے درخت کا پھل جو بکائن کے پھل سے ملتا ہے ، نمکولی ، نبوری .۲. (شاذ) بکائن کا پھل .۳. نیم کے درخت کا بیج . [س] .

نَبَوی (فت ن ، ب) (الف) صف .
نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منسوب یا متعلق (خصوصاً) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نسبت رکھنے والا ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا . (ب) امذ . (تقویم) سالِ ہجری کے آغاز سے قبل کے واقعات کا حوالہ دینے کے لیے مستعمل ، سال / تقویم جس کا آغاز حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو نبوت ملنے کے سال سے شمار کیا جاتا ہے . [ع] .

نَبی (فت ن) صف مذ .
۱. (i) (لفظاً) خبر دینے والا ؛ مراداً : پیغمبر ، خدا کے احکام بندوں تک پہنچانے والا ، خدا کا بھیجا ہوا ، انسانوں کی رہنمائی اور نفاذِ احکامِ الٰہیہ کے لیے اللہ کا فرستادہ خواہ کتاب رکھتا ہو خواہ نہ رکھتا ہو ، جس پر وحی آئے . (ii) مراد : حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم .۲. پیش گو ، واقعات آئندہ کی خبر دینے والا . [ع] .

نبی آخرُالزّماں امذ . آخری زمانے کا نبی ، آخری نبی ، وہ نبی جس کے بعد کوئی اور نبی نہیں آئے گا ؛ مراداً : حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم .

نَبیذ (فت ن ، ی مع) (الف) صف .
پھینکا ہوا ، ہاتھ سے پھینکا ہوا ، دست انداختہ . (ب) امث ؛ امذ . کھجوروں چھوہاروں یا جَو ، گیہوں ، چاول وغیرہ سے الگ الگ تیار کیا ہوا نشیلا مشروب ، (خصوصاً) انگور کے سوا دوسرے میووں یا غلوں سے تیار کی ہوئی شراب ، (عموماً) انگوروں یا کھجوروں کا رس ، شراب . [ع] .

نِبیڑا (کس نیز فت ن ، ی مج) امذ .
۱. (i) فیصلہ ، انجام ، خاتمہ ، تکمیل ، اختتام . (ii) (مجازاً) انصاف منصفی .۲. گزارا ، گزران ، بھگتان .۳. نجات ، اصلاحِ احوال .

نِبیڑنا (کس نیز فت ن ، ی مج ، سک ڑ) ف م .
۱. نبٹنا ، اختتام کو پہنچنا ، مکمل کرنا ، پورا کرنا ، تمام کرنا .۲. ختم کرنا ، باقی نہ رکھنا (عموماً کھانے پینے کی کوئی چیز) .۳. فنا کرنا ، مٹانا .۴. چکانا ، فیصل کرنا ، طے کرنا .۵. کاٹنا ، بسر کرنا .۶. بھگتنا ، سہنا ، اُٹھانا ، برداشت کرنا .
۷. خالی کرنا . [س] .

نَبِیل (فت ن ، ی مع) صف مذ .
۱. (i) ہوشیار ، زیرک ، دانا ، سمجھ دار ، عقل مند نیز ماہر . (ii) اچھا ، خوب صورت .۲. شریف ، بزرگ ؛ عظیم ؛ صاحبِ فضیلت .۳. بڑا ؛ بڑے جسم والا ؛ موٹا . [ع] .

نِبھ (کس ن) امر .
نبھنا کا امر .

نِبھانا/نِبھاہنا کس ن/کس ن ، سک ہ) ف م .
انجام کو پہنچانا ، پورا کرنا ، ادا کرنا نیز گزارا کرنا .

نِبھنا (کس ن سک بھ) (الف) ف ل .
۱. نبھانا کا لازم ، انجام کو پہنچنا ، فیصل ہونا ؛ بسر ہونا ، باہم گزرنا .۲. چلنا ، جاری رہنا (کاروبار وغیرہ) . (ب) ف م . نبھانا ، گزارہ کرنا ، بسر اوقات کرنا . [س] .

نَپا (فت ن) صف مذ .
اندازہ کیا ہوا ، وہ (چیز) جس کی پیمائش ہو چکی ہو ، ناپا ہوا ، معین ، محدود ، طے شدہ ، پیمائش کے مطابق ، ناپ کی رُو سے صحیح و قطعی . [س] .

نپا تلا صف مذ .۱. (i) ناپا تولا ہوا ، جانچا ہوا ، نہ کم نہ زیادہ ، متوازن ؛

مجازاً) ٹھیک ٹھیک، قطعی، درست. (ii) (مجازاً) سنجیدہ؛ محتاط، سنبھلا، سمجھا بوجھا. ۲. (کنایۃً) مقررہ، معینہ، طے شدہ. ۳. محدود، تنگ، جچی، کم.

شوربا اور تلی/کتنی بوٹی کہاوت. غربت کی حالت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں، تنگ دستی، کس مپرسی.

نپائی (فت ن) امث.
پیمائش، ناپ.

نپٹ (کس ن، فت پ) م ف.
ٹھیٹھ، بالکل، محض، نرا، مطلق. ۲. قطعی، ٹھیک ٹھیک، پورا پورا، سرتا سر، مکمل طور پر، پوری طرح سے. [س].

نپٹانا (کس ن، سک پ) ف م.
فیصل کرنا، طے کرنا، چکانا. ۲. مکمل کرنا، پورا کرنا، ختم کرنا، انجام کو پہنچانا.

نپٹنا (کس ن، فت پ، سک ٹ) ف ل.
ا. ختم ہونا، چکنا، فیصل ہونا، طے ہونا. ۲. فارغ ہونا، چھوٹنا، فراغت پانا، ذمے داری سے سبک دوش ہونا، عہدہ برآ ہونا. ۳. لڑنا، مدمقابل ہونا، سمجھنا، دیکھنا. ۴. بھگتنا، گزارنا. [س].

نپکن (فت ج ن، سک پ، کس ک) امذ.
کپڑے یا کاغذ کا بنا ہوا مربع یا لمبا کپڑا جو کھانے کے دوران ہاتھ منھ پونچھنے اور کپڑوں کو محفوظ رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے نیز شیرخوار بچوں کا رومال یا تولیہ، دست پاک، چھوٹا تولیہ. [انگ].

نپل (کس ن، کس ج پ) امذ.
ا. (تشریح الابدان) پستان کی نوک، کچ، بھٹنی. ۲. شیرخوار بچوں کے دودھ پینے کو ربر کی چسنی جو دودھ کی بوتل کے منھ پر لگائی جاتی ہے. ۳. (میکانیات) دھات وغیرہ کا بنا ہوا کچ کی شکل کا ایک پرزہ، پائپ کا چھوٹا چوڑی دار سرا (جوڑ ملانے کے لیے)، کوئی گھنڈی نما اُٹھا ہوا حصہ. [انگ].

نت (کس ن) م ف.
ا. روز، روزانہ. ۲. سدا، ہمیشہ، علی التواتر، لگاتار. [س].

نئی (فت ن) صف مث.
تازہ، بدلتی، ہوئی نو بہ نو، ہر روز نئی.

نتائج (فت ن، کس ء) امذ؛ ج.
انجام، کسی کام کا آخیر؛ تراکیب میں مستعمل.

نتیجتاً/نتیجتۃً (فت ن، ی مع، فت ج، تن ا/تن ت) م ف.
نتیجے کے طور پر.

نتیجہ (فت ن، ی مع، فت ج) امذ.
ا. فائدہ، غرض، مطلب. ۲. بدلہ، پھل، بدل، عوض. ۳. انجام، انتہا، خاتمہ، انت، اخیر. ۴. اثر، تاثیر؛ پیدائش، پیداوار. ۵. حاصل، ماحصل. ۶. (منطق) وہ قول جو صغریٰ و کبریٰ کے جزوں کو ملانے سے بوسیلۂ حدِ اوسط حاصل ہو (حدِ اوسط)؛ قیاس کی تین حدوں میں سے آخری حد. ۷. امتحان کی کارکردگی، کسی امتحان میں طالب علم یا امیدوار کی کارکردگی کا ثمرہ، کسی کھیل یا امتحان میں حاصل کردہ نمبر. [ع].
نتیجہ خیز صف. جس کا کوئی نتیجہ اور اثر ہو، اثر انگیز، پُر تاثیر، مؤثر.
نتیجہ نکلنا محاورہ. ا. اثر ہونا، فائدہ یا نقصان پہنچنا، بدلہ ملنا، کچھ حاصل ہونا. ۲. نتیجہ شائع ہونا، امتحان کا فیصلہ سنایا جانا، کسی امتحان کا نتیجہ ظاہر ہونا، نتیجے کا اعلان ہونا. ۳. فیصلہ ہونا، انجام نظر آنا، طے ہونا.

نتھ (فت ن) امث.
ا. ناک میں پہننے کا چاندی یا سونے کا حلقہ، حلقۂ بینی. ۲. (کنایۃً) سہاگ. ۳. جانوروں کے ناک کی رسّی. [س].
نتھ اُتارنا ف مر؛ محاورہ. ا. ناک کے سوراخ سے نتھ نکالنا، ناک سے نتھ الگ کرنا؛ سہاگ کی نشانی دور کرنا. ۲. کنوار پن دور کرنا، بکارت زائل کرنا؛ کنواری رنڈی سے پہلی بار کسی گاہک کا ہم بستر ہونا.
نتھ چوڑی برقرار (سلامت) رہے دعائیہ فقرہ. (عورتوں کی ایک دعا) تو سہاگن رہے، شوہر سلامت رہے، تو آباد رہے.

نتھارنا (کس ن، سک ر) ف م.
ا. کسی گدلے محلول سے خالص اور صاف پانی/محلول الگ کرنا، پانی کو اس طرح الگ کرنا کہ رسوبات نیچے رہ جائیں، ذرات وغیرہ کے نیچے بیٹھ جانے پر اوپر سے پانی نکال لینا، تلچھٹ نیچے بٹھانا، چھاننا.

۲. صاف کرنا ، خالص کرنا ؛ (کنایۃً) کدورت دور کرنا .۳. الگ کرنا ، جدا کرنا ، دور کرنا . [س] .

نِتْھرا (کس ن ، سک تھ) صف مذ .
صاف ، زلال ، نرمل ، بے میل ، شفاف ، خالص ، پاک .

نِتَھرْنا (کس ن ، فت تھ ، سک ر) ف ل .
۱. دیکھیے : نتھارنا ، جس کا یہ لازم ہے ، پانی کا صاف ہونا ، میل دور ہونا ، تلچھٹ نیچے بیٹھ جانا .۲. واضح ہو کر ، کھُل کر .

نِتْھری (کس ن ، سک تھ) صف مث .
صاف کی ہوئی ، میل دور کی ہوئی ، مصفا .

نَتْھنا (فت ن ، سک تھ) مذ .
۱. ناک کا سوراخ جس سے سانس لی جاتی ہے ، ناک کا ایک سوراخ ، منخر .۲. ملوث ہونا ، پھنسنا ، شامل ہونا ، شریک کر لیا جانا . [س] .

نَتْھنی (فت ن ، سک تھ) مث .
۱. چھوٹی نتھ جو اکثر کنواری لڑکیاں پہنے رہتی ہیں .۲. تلوار کے قبضے کی کڑی ؛ ناتھ ، نکیل ، مہار ، بیل کے ناک کی رسی .

نَتْھنے (فت ن ، سک تھ) مذ ؛ ج .
۱. نتھنا کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .۲. نتھنا کی مغیرہ صورت ، بطور واحد مستعمل .

نتھنے پھلانا محاورہ . ۱. ناخوش ہونا ، غصہ کرنا ، خفا ہونا ، ناگواری ظاہر کرنا . ۲. جلد جلد سانس لینا .۳. غرانا ، بلی ، کتے وغیرہ کا غصے میں آواز نکالنا .

نَتّھو خَیرا (فت ن ، شد تھ ، مع و ، ی لین) مذ .
(تحقیراً) معمولی حیثیت کا ، غیر اہم آدمی ، حقیر یا غیر متعلق شخص (بالعموم ایرا غیرا کے ساتھ مستعمل) . [مقامی] .

نَتّھی (فت ن ، شد تھ) (الف) مث .
۱. کاغذ ٹانکنے کی ڈور ، تاگا یا تار ، وہ ڈورا جو کاغذ میں ڈالا جاتا ہے . ۲. وہ تمام کاغذ جو ایک تاگے میں پروئے ہوئے ہوں ، مسل ، فائل . ۳. کاغذ کو پروئے ہوئے کاغذ میں شامل کر دینا . (ب) صف . جڑا ہوا ، شامل ، منسلک ؛ ساتھ پرویا ہوا ، ساتھ سلا ہوا . [س] .

نتھی کر دینا/ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. منسلک کرنا ، جوڑ دینا ، کاغذوں میں ڈور یا تار ڈال کر دوسرا کاغذ/ کاغذات شامل کرنا .۲. منسوب کرنا ، ساتھ ملا لینا ، متعلق کر لینا . [س] .

نَٹ (فت ن) مذ ؛ مث .
۱. بازی گر ، قلاباز ، وہ شخص جو بانس اور رسی پر چڑھ کر تماشا دکھاتا ہے خصوصاً رسے پر ناچنے والا ، جسمانی کرتب دکھانے والا ؛ رقاص ۲. ایک ذات کا نام ، قلابازوں کی برادری نیز اس برادری کا فرد ہندوستانی خانہ بدوش . [س] .

نٹ کھٹ صف : مذ . ۱. چنچل ، شوخ ، شریر .۲. چالاک ، عیار ، مکار ، دغاباز .۳. کرتبی ، شعبدہ باز ، بازی گر .

نَٹْنی (فت ن ، سک ٹ) مث .
۱. بازی گرنی ، نٹ کی جورو ، نٹ کی بیوی ، نٹ ذات کی عورت ؛ رقاصہ ، ناچنے والی لڑکی .۲. گانے بجانے والی عورت .

نِثار (کس ن) مذ .
۱. (لفظاً) بکھیرنا ؛ (کنایۃً) نقد یا جنس بطور صدقہ کسی کے سر پر سے پھینکنا ، نچھاور کرنا ، صدقہ کو اتارنا .۲. صدقے ، قربان ، واری ؛ تصدق . ۳. پیش کرنا ؛ ہدیہ ، تحفہ وغیرہ ؛ قربانی . [ع] .

نَثّار (فت ن ، شد ث) مذ .
۱. نثر لکھنے والا ، انشا پرداز ، مصنف (شاعر کے مقابل) .۲. وہ نثر نگار جو اپنی تحریر میں بیچ بیچ اشعار بھی لکھتا ہو اور عبارت مقفٰی و مسجع لکھتا ہو . [ع] .

نَثْر (فت ن ، سک ث) مث .
۱. (لفظاً) بکھری ہوئی چیز ، بکھیرنا ، چھنکانا .۲. (ادب) سخنِ پاشیدہ ، وہ عبارت جو نظم نہ ہو ، غیر منظوم تحریر یا تصنیف . [ع] .

نثر پارہ مذ . نثر کا ایک ٹکڑا یا ایک حصہ ، مختصر ادبی مضمون .

نثر نگار مذ . نثر لکھنے والا ، ادیب ، انشا پرداز .

نثر نگاری مث . غیر منظوم تحریر لکھنے کا کام ، انشا پردازی ، نثر لکھنے کا عمل .

نَثْری (فت ن ، سک ث) صف .
نثر سے منسوب یا متعلق ، نثر کا .

نِج (کس ن) (الف) صف۔
اپنا، خاص، ذاتی؛ خود سے متعلق، اپنی ذات سے منسوب۔ (ب) امث۔ تنہائی، خلوت، پردہ، پوشیدگی، آڑ، مکان، گھر، جائے سکونت۔ [س]۔

نج کاری امث۔ نجی ملکیت میں دینا، نجیانا، نجیانے کا عمل، کسی سرکاری شعبے یا صنعت کو عام خریدار کے ہاتھ بیچنے کا عمل، پرائیویٹائزیشن۔

نَجابَت (فت ن، ب) امث۔
اصالت، بزرگواری، شرافت، عالی خاندانی۔ [ع]۔

نِجات (فت نیز کس ن) امث۔
۱۔ مخلصی، رہائی، آزادی، بریت، چھٹکارا ۲۔ معافی، عفو، گناہ، رستگاری، نروان۔ [ع]۔

نجات دہندہ صف۔ نجات دینے والا، آزاد کرانے والا، چھڑانے والا۔

نجات مل جانا/ ملنا ف مر؛ محاورہ۔ نجات حاصل ہونا، بچنا، گناہوں سے معافی ملنا؛ چھوٹنا، رہا ہونا، آزادی ملنا۔

نَجّار (فت ن، شد ج) صف۔
بڑھئی، لکڑی کا کام کرنے والا، ترکھان۔ [ع]۔

نَجّاری (فت ن، شد ج) (الف) امث۔
بڑھئی کا پیشہ، لکڑی کی چیزیں بنانے کا فن، بڑھئی کا کام۔

نِجاسَت (فت نیز کس ن، فت س) امث۔
۱۔ ناپاکی، گندگی، آلائش، غلاظت؛ (فقہ) گندگی، ناپاکی (جو حدث اور خبث دونوں میں شامل ہے)۔ ۲۔ گھورا، کھاد؛ بول و براز، پاخانہ، گوموت۔ [ع]۔

نَجاشی (فت ن) اند۔
پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد میں حبشہ کے مسیحی بادشاہوں کا لقب۔ [علم]۔

نَجد (فت ن، سک ج) اند۔
۱۔ (لفظاً) سخت اور اونچی زمین، درختوں سے خالی زمین، ملک عرب میں حجاز اور عراق کے درمیان ایک مقام، ایک روایت کے مطابق مجنوں یہیں سرگرداں رہتا تھا۔ [ع]۔

نَجَس (فت ن، ج) امث۔
نجاست، پلیدی، گندگی، غلاظت۔ [ع]۔

نَجِس (فت ن، کس ج) صف۔
گندہ، ناپاک، پلید، غلیظ۔ [ع]۔

نَجَف (فت ن، ج) اند۔
۱۔ وہ اونچی زمین جس تک پانی نہ چڑھ سکے، دریا کے خشک دامن کے بیچ میں اُبھرا ہوا ٹیلا، چھوٹی سی پہاڑی، زمین کی سطح سے اُبھری یا اُٹھی ہوئی کوئی چیز ۲۔ عراق کا ایک شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا مزار ہے۔ [ع]۔

نِجْکاری (کس ن، سک ج) امث۔
نجی ملکیت میں دینا، دیکھیے نج کے تحت الفاظ۔

نَجْم (کس ن، سک ج) اند۔
۱۔ ستارہ، کوکب، تارا ۲۔ قسمت، نصیبہ؛ ستاروں کو دیکھ کر پیش گوئی کرنا؛ زائچہ، جنم پتری۔ [ع]۔

نجم الثاقب اند۔ چمکیلا ستارہ، روشن ستارہ۔

نجم السَّحر اند۔ صبح سویرے نظر آنے والا روشن ستارہ؛ مراد: زہرہ۔

نُجُوم (ضم ن، ج) اند؛ ج۔
۱۔ ستارے، کواکب، تارے ۲۔ ستاروں کی مدد سے پیش گوئی کرنے کا علم، وہ علم جس میں ستاروں کی چال اور انسانوں اور حالات و واقعات پر ان کے سعد و نحس اثرات سے بحث کی جاتی ہے، جوتش۔

نُجُومی (ضم ن، ج) (الف) صف۔
علم نجوم کا ماہر، جوتشی، ستاروں کی چال پڑھ کر حالات بتانے والا شخص، منجم۔ (ب) امث۔ ستاروں کے متعلق علم، تنجیم۔ (ج) صف۔ نجوم سے متعلق، ستاروں کا۔

نَجی (فت ن) (الف) صف۔
ہم راز، بھیدی، رازدار، رازگو، معتمد جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ (ب) ف م نیز اند۔ راز کہنا، بھید بتانا نیز راز، بھید۔ [ع]۔

نجی اللہ صف۔ اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

نِجی (کس ن) صف۔
۱۔ نج کا، اپنا، ذاتی، انفرادی نیز خانگی، گھریلو ۲۔ غیر سرکاری، پرائیویٹ۔ ۳۔ خاص، اہم ۴۔ غیر رسمی، بے تکلف۔

نجی ملکیت امث. ذاتی ملکیت، غیر سرکاری ملکیت، پرائیویٹ ملکیت.

نَجِیب (فت ن، ی مع) صف.
۱. بزرگ، محترم، معزز نیز شریف، بھلا مانس، خاندانی، اصل نسل کا.
۲. (تصوف) وہ بزرگ یا ولی جن کو خدا نے خلائق کے احوال کی اصلاح کے لیے مقرر فرمایا ہے. [ع].

نجیب الطرفین صف. دیکھیے: نجیب الجانبین، جس کے ماں باپ دونوں اچھے حسب نسب کے ہوں.

نُچ (ضم ن) امذ.
نچنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

نچ جانا ف مر. نچنا، نوچا جانا، پھٹ جانا، چھلنا.

نُچا (ضم ن).
نچنا کا ماضی؛ تراکیب میں مستعمل.

نَچانا (فت ن) ف م.
۱. رقص کرانا، گھمانا، چکر دینا، ناچ کرانا نیز مجرا کرانا. ۲. ستانا، دق کرنا، تنگ کرنا، ناک میں دم کرنا. ۳. نمایاں کرنا، مشتہر کرنا، چہرے یا آنکھوں کے آگے زور زور سے ہلانا؛ (مجازاً) لہرانا.

نِچڑا (کس ن، سک چ).
نچڑنا کا ماضی، تراکیب میں مستعمل. [س].

نچڑا ہوا صف. ۱. رس نکالا ہوا، بے رس، جس میں عرق نہ ہو.
۲. ستا ہوا، کمزور اور ناتواں. ۳. نچوڑا ہوا، جس میں تروتازگی نہ ہو؛ (مجازاً) بے رونق؛ افسردہ.

نِچُڑْنا (کس ن، ضم نیز فت چ، سک ڑ) ف ل.
۱. پانی یا عرق کا ٹپکنا، تراوش ہونا، قطرہ قطرہ ہو کر نکلنا، نچوڑا جانا.
۲. دبنے یا بھچنے کے باعث پانی عرق یا خون وغیرہ سے خالی ہونا، ستنا، دب کر عرق نکلنا. ۳. افسردہ ہونا؛ تر و تازگی نہ رہنا؛ دبلا ہونا، لاغر ہونا. ۴. (کنایۃً) کوئی بات صاف صاف ظاہر ہونا، آشکارا ہونا.

نِچَلا (۱) (کس ن، فت نیز سک چ) صف مذ.
۱. نیچے کا، نیچے کی طرف کا. ۲. کم حیثیت، معاشی و معاشرتی لحاظ سے کم ترین، غریب اور نادار، مفلوک الحال.

نِچَلا (۲) (کس ن، فت نیز سک چ) صف مذ.
خاموش، چپ چاپ، ساکت، ساکن، بے حرکت، جو شریر و چلبلا نہ ہو، پُرسکون، جو بے قرار نہ ہو.

نچلا بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. چپکا بیٹھنا، بے حس و حرکت ہو کر بیٹھنا، سکون سے بیٹھنا.

نچلا نہ بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. چپکا نہ بیٹھنا، بے چین اور حرکت میں رہنا، چپ نہ رہنا.

نِچْلی (۱) (کس ن، سک چ) صف مث.
نیچے کی، تراکیب میں مستعمل.

نچلی ذات امث. نہایت حقیر یا چھوٹی ذات، ادنیٰ ذات، ہندو طبقاتی نظام کا ادنیٰ ترین درجہ.

نِچْلی (۲) (کس ن، سک چ) صف مث.
خاموش، چپ چاپ؛ جو چلبلی نہ ہو، جو بے قرار نہ ہو.

نَچْنا (فت ن، سک چ) (الف) صف مذ.
ناچنے والا، رقاص، رقص پیشہ، نچنیا. (ب) ف ل. ناچنا.

نُچْنا (ضم ن، سک چ) ف ل.
۱. نوچا جانا، کھسوٹا جانا، اکھڑنا. ۲. چھلنا، دریدہ ہونا.

نِچِنْت (کس ن، کس نیز فت چ، سک ن) صف.
۱. بے فکر، مطمئن، پُرسکون، بے پروا. ۲. فارغ، آزاد، جسے کوئی کام نہ ہو. ۳. ناپختہ، خام. [س].

نچنت ہو جانا / ہونا محاورہ. بے فکر ہو جانا، مطمئن ہو جانا.

نَچْنِیا (فت ن، چ، سک نیز کس ن) صف مذ.
ناچنے والا لڑکا، زنخا، بھانڈ، بھگتیا، زنانہ.

نَچْوانا (فت ن، سک چ) ف م.
ناچنا کا متعدی المتعدی، ناچ کرانا، رقص کرانا.

نِچوڑ (کس ن، و مع) امذ.
۱. رس، عرق، افشردہ، افشرہ. ۲. خلاصہ، لب لباب؛ نتیجہ، حاصل.
۳. جوہر، اصل، ست، عطر، قوت، جان، تت. ۴. اخیر، انجام کار، کسی کام کی انتہا، انتہائے کار نیز انتہائے وقت. ۵. صلہ، ثمر. [س].

نچوڑ دینا ف مر؛ محاورہ. ا. کسی شے کو دبا کر اور بل دے کر اس سے عرق یا پانی نکالنا. ۲. نچوڑنا. ۳. ختم کر دینا.

نچوڑ کر رکھ دینا محاورہ. لاغر کر دینا، کمزور کر دینا (عموماً مشقت کروا کر).

نچوڑ لینا ف مر. ا. دبا کر کوئی مائع چیز نکالنا، فشردہ کر لینا، عرق نکالنا. ۲. کپڑے وغیرہ کو بھینچ کر پانی نکال دینا.

نِچوڑنا (کس ن، وج، سک ڑ) ف م؛ محاورہ.
. دبا کر یا بھینچ کر عرق یا پانی کا نکالنا (ہاتھوں سے بل دے کے یا بھینچ کر)، پانی یا رس نکالنا (کسی مشین یا آلے وغیرہ سے). ۲. مفلس بنا دینا، سب کچھ لے لینا، کچھ نہ چھوڑنا. ۳. (i) لاغر کر دینا، کمزور کر دینا، (خون) چوس لینا، طاقت سلب کر دینا. (ii) ختم کرنا، زائل کرنا. ۴. (مراداً) حظ اٹھانا، لطف اٹھانا، لذت حاصل کرنا.

نِچھاوَر (کس ن، فت و) امث؛ اند.
ا. صدقے کا عمل، صدقہ خیرات، بکھیر، وہ شے جو قربان یا صدقہ کی جائے، اتارے کی چیز، خیرات، وہ نقدی یا جنس جو بطور صدقہ کسی کے اوپر سے بکھیری جائے، خیرات یا صدقے کے طور پر دولھا یا کسی عزیز ہستی وغیرہ کے سر پر واری جانے والی نقدی. ۲. نذر، ہدیہ، نیگ، انعام. [س].

نچھاور کر دینا/ کرنا محاورہ؛ ف مر. وارنا، تصدق کرنا، نثار کرنا، خیرات یا صدقے یا تعظیم کے طور پر دولھا دلھن یا کسی عزیز یا محترم ہستی کے سر پر سے نقدی وغیرہ وارنا، سر کے اوپر سے بکھیرنا، بکھیر کرنا، ڈھیر لگانا، بہت زیادہ تعداد یا مقدار میں پھینکنا.

نچھاور ہونا محاورہ. ا. کسی عزیز کے صدقے یا تعظیم کے طور پر پھول وغیرہ بکھر جانا نیز نچھاور کیا جانا، صدقے ہونا، صدقہ اترنا، واری ہونا. ۲. تصدق ہونا، قربان ہونا، فدا ہونا.

نَچھتّر (فت نیز کس ن، فت چھ، شدت بفت) اند.
(نجوم) ہندوؤں نے منطقۃ البروج کو بارہ خانوں کے علاوہ ستائیس حصوں میں بھی تقسیم کیا ہوا ہے، یہ نچھتر کہلاتے ہیں، چاند کے راستے میں پڑنے والا تاروں کا مجموعہ یا گچھا، نکشتر، چاند کی منزلیں، منازلِ قمر؛ راس کا حصہ، ستارہ، سیارہ، اختر، کوکب؛ (مجازاً) طالع.

نَحر (فت ج ن، سک ح) اند.
ا. سینے کے اوپر کا حصہ، سرسینہ؛ وہ جگہ جہاں سے گردن سینے سے جڑی ہوتی ہے. ۲. ذبح کرنا، گلا کاٹنا (خصوصاً اونٹ کا)؛ (کنایۃً)، اللہ کی راہ میں جانور ذبح کرنے کا عمل، قربانی. [ع].

نحر کرنا ف مر. اونٹ کو ذبح کرنا (جس میں اُسے کھڑا کھا جاتا ہے اور اسی حال میں اس کے سینے کے بالائی حصے پر نیزہ مارا جاتا ہے) نیز قربان کرنا، اللہ کی راہ میں کوئی جانور (بالخصوص اونٹ) قربان کرنا.

نَحس (فت ج ن، سک ح) (الف) صف.
ا. نامبارک، بدشگون، نامسعود؛ منحوس، بدبخت. ۲. (نجوم) منحوس، (ستارے یا برج کے لیے مستعمل) جس کے اثرات نجومیوں کے خیال میں نامبارک ہوں. (ب) اند. ا. برا شگون. ۲. (مراداً) نحوست. [ع].

نَحل (فت ج ن، سک ح) امث؛ ج.
ا. شہد کی مکھیاں (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل). ۲. قرآن شریف کی ایک سورت. [ع].

نَحو (فت ج ن، سک ح) امث.
ا. ایک طرف جانا یا جھکنا، جھکاؤ؛ جانب. ۲. طور، طریقہ، ڈھنگ، راہ، انداز. ۳. جملے میں الفاظ کی صحیح ترتیب اور ان کے باہمی ربط کا علم. [ع].

نُحُوسَت (ضم ن، ومع، فت س) امث.
ا. نامبارکی، بدشگونی، ناسازگاری، ناموافقت، بُرا اثر؛ منحوس ہونا. ۲. مصیبت، ادبار، ولدر، بدطالعی، بدقسمتی، کم بختی، شامت. [ع].

نحوست برسنا محاورہ. نحوست چھانا، بُرا اثر پڑنا، منحوس ہونا.

نحوست پھیلانا ف مر. افسردگی پھیلانا، بدشگونی پھیلانا.

نَحوی (فت ج ن، سک ح) صف.
ا. نحو سے متعلق یا منسوب، جملے کی ساخت سے متعلق، قواعد نحوی کے مطابق. ۲. علم نحو کا ماہر.

نحوی اصول اند. اجزائے کلام کے اُصول، علم نحو کے اصول.

نَحِیف (فت ن، ی مع) صف.
ا. کمزور، ناتواں (جسمانی طور پر)، دُبلا پتلا، لاغر، نازک. ۲. (i) ہلکا یا

ہلکی (آواز وغیرہ کے لیے). (ii) کمزور، بے جان، بے مزہ (عبارت یا اصناف میں مستعمل). [ع].

نحیف و نزار صف. بہت زیادہ کمزور اور لاغر.

نَخ (فت ن) امذ.

۱. باریک یا پتلی چوڑی (لاکھ یا کانچ کی). ۲. ڈور، ڈورا، پتنگ کی ڈور. ۳. ریشم کے سوت کا تار، کچا ریشم، ریشم کا باریک تاگا جو موتیوں کی لڑی بنانے اور زردوزی کے کام کے لیے تیار کیا جاتا ہے. [ف].

نَخّاس (فت ن، شد خ) امذ.

۱. بردہ فروشی کا بازار. ۲. (i) گھوڑوں اور مویشیوں کی خرید و فروخت کی منڈی. (ii) غلاموں اور کنیزوں کی خرید و فروخت کی منڈی. ۳. ایک بازار کا نام جس میں کباڑخانے کی نئی پرانی ٹوٹی پھوٹی چیزیں بکتی ہیں. ۴. ہفتے کے ہفتے لگنے والا بازار، منڈی. ۵. چوک، چوراہا. [ع].

نَخْچِیر (فت ن، سک خ، ی مع) امذ.

۱. جنگلی جانور، وحشی جانور، جانور صحرائی. ۲. شکار، مارا ہوا (شکار)، تیر میں چھدا ہوا شکار. ۳. شکار، صید، گرفتار، ادھ موا؛ (مجازاً) اسیر، قیدی نیز زخمی، گھائل. [ف].

نَخْرا (فت ن، سک خ) امذ؛ - نخرہ.

۱. عورتوں اور معشوقوں کی حرکات و سکنات، خصوصاً ایسی حرکات جن میں بناوٹ اور حیلے بہانے شامل ہوں، عشوہ، ناز، ادا، غرور، بناوٹی غصہ، ناز برداری کرانے کا حیلہ. ۲. دھوکا، مکر، چال، فریب. [ف].

نَخْرے (فت ن، سک خ) امذ؛ ج.

نخرا کی جمع یا م۔ غیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

نخرے باز صف. بہانے بنانے والا، نخرے کرنے والا، چونچلے بگھارنے والا، عشوہ گر.

نخرے کرنا ف مر. ناز و ادا دکھانا، اِترانا، بہانے کرنا، حیلے کرنا.

نَخْرِیلا (فت ن، سک خ، ی مع) صف مذ.

بہت زیادہ نخرے کرنے والا، نخرے باز.

نَخْرِیلی (فت ن، سک خ، ی مع) صف مث.

بہت زیادہ نخرے کرنے والی.

نَخْشَب (فت ن، سک خ، فت ش) امذ.

ترکستان کا وہ شہر جہاں روایتاً حکیم عطا ابن مقنع نے طلسم سے ایک چاند نکالا تھا نیز دیکھیے: ماہِ نخشب، چاہِ نخشب. [علم].

نَخْل (فت ن، سک خ) امذ؛ ج.

۱. درخت، شجر، پیڑ. ۲. کھجور کا درخت، چھوارے کا درخت نیز کھجور کے درخت کا نر جو پھل نہ دے. [ع].

نخل امید/تمنا امذ. امید کا درخت؛ (کنایۃً) خواہش یا آرزو کا شجر.

نَخْلِسْتان (فت ن، سک خ، کس ل، سک س) امذ.

۱. کھجور کے درختوں کا باغ. ۲. خشک مقام پر باغ، صحرا میں سرسبز جگہ کا قطع (پانی کی موجودگی کی وجہ سے). [ف].

نَخْوَت (فت ن، سک خ، فت و) امث.

۱. غرور، گھمنڈ، تکبر، خودبینی، اکڑ، بددماغی، خود پسندی. ۲. بزرگی؛ بہادری؛ مروت. [ع].

نُخُود (ضم ن، و مع نیز معد) امذ.

ایک مشہور غلہ جس سے دال اور بیسن بناتے ہیں، چنا. [ف].

نِدا (کس ن) امث.

۱. آواز، صدا، پکار نیز آسمانی آواز، غیبی آواز. ۲. (قواعد) اسم کی ایک حالت، بُلائے جانے کی حالت، تخاطب کی حالت، پکارنے کا لفظ (جیسے او، ارے، اے وغیرہ). ۳. بلاوا، دعوت. [ع].

نَدارَد (کس ن، ر) صف.

۱. (لفظاً) نہیں رکھتا ہے؛ مراد: غائب، غیر موجود، گم نیز خالی، کورا. ۲. بے خود، مدہوش، حواس باختہ. [ف].

نَدّاف (فت ن، شد د) امذ.

روئی دھنکنے والا، دھنکیا، دُھنا، پنجا. [ع].

نَدامَت (فت ن، م) امث.

۱. شرمندگی، خجالت، انفعال، شرمساری. ۲. پچھتاوا، افسوس، حسرت، پشیمانی. [ع].

نِدائی (کس ن) صف.

(قواعد) ندا سے متعلق یا منسوب، وہ جملہ جس میں کسی کو بلایا یا پکارا جائے، ندائیہ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد= تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نِدائیہ (کس ن ، شد ی مع بفت) صف .
(قواعد) وہ لفظ جو کسی کو پکارنے کے لیے استعمال ہو ؛ جیسے : اے ، او ، ارے ؛ (وہ جملہ یا فقرہ) جس میں کوئی حرف ندا ہو ، (وہ جملہ یا فقرہ) جو کسی کو ندا دینے کے لیے استعمال ہو ؛ حالت ندا سے منسوب یا متعلق ، ندائی .

نُدرَت (ضم ن ، سک د ، فت ر) امث .
۱. نادر ہونے کی کیفیت ، یکتائی ، انوکھا پن ، نیا پن ، اچھوتا پن نیز جدت ، اختراع ، صناعی ؛ عجیب پن .۲. لطافت ، عمدگی ، خوبصورتی ، خوبی .۳. سنسان پن ، تنہائی . [ع] .

ندرت بیان امث . بیان کی خوب صورتی ، عمدگی اور خوبی کے ساتھ بات کہنے کا ڈھنگ .

ندرت پیدا کرنا محاورہ . کسی فن یا ہنر میں انوکھا پن دکھانا ، کسی کام کو نئے انداز سے کرنا .

نَدوَہ/ نَدوَۃ (فت ن ، سک د ، فت و) امذ .
۱. مجلس ، مجمع ، اجتماع ، انجمن ؛ علمی مجلس ، وہ جگہ جہاں کوئی مباحثہ یا مذاکرہ کیا جائے .۲. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قبل کے عرب میں ایک عہدہ جو دارالندوہ (قومی مجلس) کی صدارت کے برابر تھا .
۳. ندوۃ العلماء (لکھنؤ) کا مخفف . [ع] .

ندوہ/ ندوۃ العلماء امذ . عالموں کی مجلس ؛ مراد : لکھنؤ کی ایک مشہور علمی انجمن .

نَدوِی (فت ن ، سک د) صف .
ندوۃ العلماء سے فارغ التحصیل ، ندوۃ العلماء سے پڑھا ہوا نیز ندوۃ العلماء سے متعلق یا منسوب ، ندوہ سے تعلق رکھنے والا .

نَدی/ نَدّی (فت ن/ فت ن ، شد د) امث .
دریا ؛ جل دھارا ، نہر کلاں ، نالا ، چھوٹا دریا جو بارش کے زمانے میں طغیانی کرے ، چھوٹا دریا . [پ + س] .

ندی چڑھنا محاورہ . ندی میں پانی زیادہ آجانا ، ندی میں پانی کی سطح بلند ہوجانا ، ندی میں طغیانی آنا ، ندی کا پانی معمول کی حد سے بڑھنا .

نَدِّیاں (فت ن ، شد د بکس) امث ؛ ج .
ندی کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

ندیاں بہانا محاورہ . (کنایۃً) بہت زیادہ رونا ، کثرت سے آنسو بہانا .

نَدِید (فت ن ، ی مع) صف .
مثل ، مانند ، ہم سر ؛ حریف .

نَدِیدا/ نَدِیدَہ (فت ن ، ی مع / فت د) صف .
۱. (لفظاً) ان دیکھا ، جو (کبھی) نہ دیکھا گیا ہو .۲. وہ جسے کچھ میسر نہ ہو ، جس نے کبھی عمدہ کھانا وغیرہ دیکھا یا کھایا نہ ہو ، للچایا ہوا ، کھانے پینے کو ترسا ہوا نیز بھوکا ، فاقہ زدہ .۳. مشتاق ، طالب ، خواہش مند .۴. بخیل ، کنجوس ، تنگ دل ، حریص ، لالچی .

ندیدا/ ندیدہ پن امذ . عموماً کھانے پینے کی حرص ، لالچ ، کسی شے کے لیے ترسنے کی حالت .

نَدِیدی (فت ن ، ی مع) صف مث .
لالچی ، اشیا کے لیے ترسی ہوئی ، حریص ، للچائی نظروں سے گھورنے والی ، فاقہ زدہ ، بھوکی (عموماً عورت کے لیے مستعمل) .

نَدِیم (فت ن ، ی مع) صف ؛ امذ .
۱. کھانے پینے کا ساتھی ، زندہ دل ساتھی ، ہردم ساتھ رہنے والا ، ہم نشیں ، گہرا دوست ، رفیق ، مصاحب .۲. بادشاہ کے دربار کا مصاحب شاہی دربار کا ایک عہدہ دار ، مقرب خاص ؛ درباری شخص .۳. بادشاہ کے ساتھ رہنے والا مسخرہ . [ع] .

نِڈَر (کس ن ، فت ڈ) صف .
جسے کوئی ڈر نہ ہو ، بے خوف ، بے جھجک ، بہادر ، دلیر . [س] .

نڈر ہونا امذ . بے خوف ہونا ، بہادر ہونا ، کسی کا ڈر نہ ہونا .

نِڈھال (کس ن) صف .
۱. (i) ناتواں ، کمزور . (ii) تھکا ماندہ ، سست ، مضمحل ، تھکا ہارا نیز شدت غم سے مضمحل .۲. غشی کی حالت میں ، بے ہوش .۳. بدحال ، غیر مستحکم ، غیر متوازن ، بے حال .۴. مضطرب ، بے چین .۵. کمھلایا ہوا ، پژمردہ ، سوکھا ہوا ، خشک (پھول یا پودا وغیرہ) .۶. بے حس و حرکت ، ساکت و جامد . [س] .

نَذر (فت ن ، سک نیز فت ذ) (الف) امث .
۱. تحفہ جو بڑے لوگوں یا بادشاہوں وغیرہ کی خدمت میں پیش کیا جائے

نیز کوئی سرکاری جاگیر ملنے یا کوئی عہدہ سنبھالنے پر حکومت یا اس کے نمائندوں کو ادا کی جانے والی رقم ۔۲. انعام ، بخشش ، عطیہ ، نذرانہ ۔ ۳. پیش کش ، پیش کرنے کا عمل ، دینے کا کام ۔۴. رشوت ۔۵. (i) قربان ، وقف ، نثار ، نچھاور ، بھینٹ ۔ (ii) سپرد ، حوالے ۔۶. کسی کے نام کی جانے والی شے ، نام زد چیز ۔۷. نیاز ، فاتحہ ، چراغی ۔۸. منت ، عہد ، قرار ، پیمان ، اپنے اوپر کوئی کام یا چیز واجب کر لینا ۔ (ب) م ف ۔ تحفے میں ، نذر کے طور پر ، سوغات کے طریقے پر ۔ [ع] ۔

نذر آتش مث ۔ آگ کے حوالے ، آگ کی نذر ؛ آگ کی وجہ سے ضائع یا تباہ ۔

نذر دلانا ف م ۔ نذر و نیاز کرنا ، نذر کا انتظام کرنا ؛ شیرینی پر دعا پڑھنا یا فاتحہ وغیرہ دلانا ۔

نذر ماننا محاورہ ۔۱. منت ماننا ، مراد مانگنا ، کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر واجب کرنا ، عہد کرنا کہ فلاں مراد پوری ہونے پر فلاں چیز بطور چڑھاوا چڑھائی جائے گی ۔۲. نقدی پیش کرنا (کسی امیر یا رئیس یا رتبے میں کسی بڑے کے سامنے) ۔

نذر (و) نیاز مث ۔۱. درود و فاتحہ ۔۲. وہ مٹھائی یا وہ رقم جو کسی بزرگ دین کے نام پر دی جائے یا قبر پر چڑھائی جائے ۔۳. وہ رقم جو کسی کو خوش ہو کر دی جائے ۔۴. بھینٹ ، پیش کش ۔

نذر ہونا/ہو جانا محاورہ ۔۱. صرف ہونا ، خرچ ہونا ، لگنا ، اٹھنا ، کام میں آنا ، استعمال ہونا ۔۲. بھینٹ چڑھنا ، نثار ہونا ، کام آجانا ، فنا ہو جانا ، نابود ہونا ، مٹ جانا ، ضائع ہو جانا ۔

نَذْرانَہ (فت ن ، سک ذ ، فت ن) مذ ۔
۱. تحفہ ، ہدیہ یا نقدی وغیرہ جو پیش کش کے طور پر کسی بڑے کو دی جائے ، پیش کی ہوئی چیز یا رقم ۔۲. رشوت ، گھونس ۔۳. خراج ، نعل بندی ، ٹیکس ، محصول ۔۴. فیس ، اُجرت ، معاوضہ ۔۵. صدقہ ، بھینٹ ، قربانی ، نچھاور ۔۶. بخشش ، عطیہ ، انعام ۔ [ع] ۔

نذرانہ عقیدت مذ ۔ کسی کی عزت و احترام میں کہے گئے الفاظ ۔

نَذِیر (فت ن ، ی مع) صف ۔
۱. ڈرانے والا ، بُرے اعمال کی سزا کا خوف دلانے والا ، بُرے اعمال کے بُرے نتائج سے آگاہ کرنے والا ، آخرت کے عذاب سے ڈرانے والا ؛ مراد : نبی ، رسول ۔۲. عہد کرنے والا ، نذر ماننے والا ، اپنے آپ کو خدا کی نذر کر دینے والا ۔ [ع] ۔

نَر (۱) (فت ن) صف مذ ۔
وہ جانور یا انسان یا درخت جس میں قوتِ رجولیت ہو ، مرد ، مذکر ، پرش (مادہ کا نقیض) ۔ [ف] ۔

نَر (۲) (فت ن) مذ ۔
۱. مرد ، مذکر ، انسان ، شخص ۔۲. قوی ، جری ، بہادر ، حوصلہ مند ، شجاع ، طاقت ور ۔ [س] ۔

نِر (کس ن) سابقۂ نفی ۔
سنسکرت الفاظ کی ابتدا میں نس ، بغیر ، بن ، بے ، نہیں یا نفی کے معنوں میں آتا ہے ؛ الگ ، باہر ۔ [س] ۔

نربَل صف ۔ بے طاقت ، کمزور ، ضعیف ، بودا ۔

نِرجَل (الف) صف ۔ بے آب ، پانی کے بغیر ، خشک ۔ (ب) مذ ۔ وہ برت جس میں پانی تک نہ پیا جائے ؛ وہ جگہ جہاں بالکل پانی نہ ہو ۔

نِردوش صف ۔ بے خطا ، بے گناہ ، بے قصور ، معصوم ۔

نردھن صف ۔ بے زر ، مفلس ، غریب ، نادار ، کنگال ، محتاج ، جس کے پاس دھن دولت نہ ہو ۔

نرمل صف ۔۱. بے میل ، گندگی یا کثافت سے دور ، پاک ، صاف شفاف ۔ ۲. بے داغ ، بے عیب ، کورا ، صاف ۔

نِرا (کس ن) (الف) صف مذ ۔
۱. اکیلا ، تنہا ، واحد ۔۲. خالص ، یکسر ، بے ملاوٹ ، بے میل ، نرمل ۔ ۳. نرالا ، الگ ۔ (ب) م ف ۔۱. بالکل ، سراسر ؛ پورا ؛ مطلق ؛ قطعی ؛ مکمل طور پر ۔۲. صرف ، فقط ، محض ، خالی خولی ۔۳. بہت ، بہ کثرت ، کثیر ۔ [پ] ۔

نرا بس کی گانٹھ ہے کہاوت ۔ ازحد شرارتی ہے ۔

نِراج (کس ن) مذ ۔
۱. سیاسی افراتفری ، طوائف الملوکی ، لاقانونیت ۔۲. گڑ بڑ ، انتشار ، لامرکزیت ، بدنظمی ، آزمائش ، مصیبت ، افتاد ۔

نِراس (کس ن) (الف) صف.
ناامید، مایوس. (ب) اند. نکالنا، اخراج، نکاس؛ کوئی لفظ یا آواز گرا دینا؛ قے کرنا. (ج) مث. ناامیدی، مایوسی.

نراس ہونا محاورہ. ناامید ہونا، محروم ہونا.

نِراسا (کس ن) (الف) صف مذ.
۱. ناامید، مایوس. ۲. کم بخت، بدنصیب. ۳. محروم، خالی، خارج، باہر. (ب) مث. مایوسی، ناامیدی، یاس.

نِراش (کس ن) صف.
نراس، ناامید، مایوس. [س].

نِراشا (کس ن) مث.
مایوسی، ناکامی، ناامیدی.

نِرالا (کس ن) (الف) صف مذ.
۱. الگ، علیحدہ، جدا، دور. ۲. ممتاز، نمایاں، امتیازی. ۳. مختلف، ان میل، بے جوڑ. ۴. عجیب وغریب، غیر معمولی، انوکھا، نادر، اچھوتا. ۵. سنسان، ویرانہ، خالی، سونا. (ب) اند. تنہائی، خلوت، تنہائی کا مقام، کھلی جگہ.

نرالا پن اند. نرالا ہونے کی حالت، علیحدگی، اختلاف، ندرت، خصوصیت، اختصاص.

نِرالی (کس ن) صف مث.
۱. (i) الگ، علیحدہ، جدا. (ii) عجیب وغریب، غیر معمولی. ۲. ممتاز، نمایاں. ۳. حیران، بھونچکا، دنگ. ۴. نئی، انوکھی، نادر. [س].

نِرانا (کس نیز فت ن) ف م.
۱. کھیت کو گھاس وغیرہ سے صاف کرنا. ۲. اتلاف کاغذات ناکارہ دفتر، دفتر کی چھانٹ.

نِرائی (کس نیز ن) مث.
تلائی، نکائی، خود رو گھاس پودے وغیرہ صاف کرنے کا کام.

نِرت (کس ن، سک نیز فت ر) اند.
۱. ناچ، رقص، جس میں پاؤں سے زیادہ کام لیا جائے، علم موسیقی کے تال اور گت کے مطابق ہاتھ پاؤں ہلانا، اُچھلنا کودنا. ۲. بھاؤ، انداز، راگنی کا روپ سروپ. [س].

نرت بھاؤ اند. وہ ناچ جس میں جسم یا اعضا کی حرکت سے گیت کے مضمون یا کسی جذبہ کا نقشہ کھینچ کر دکھایا جاتا ہے.

نِرتَک (کس نیز فت ن، سک ر، فت ت) اند.
اداکار؛ رقاص؛ مداری. [س].

نَرتَکی (فت ن، سک ر، فت ت) (الف) اند.
ناچنے والا، رقاص، استاد، کرتب باز، مداری. (ب) مث. ناچنے والی، رقص کرنے والی، گانے والی (لڑکی). [س].

نَرجِس (فت ن، سک ر، کس ج) مث.
دیکھیے: نرگس.

نِرخ (کس ن، سک ر) اند.
۱. بھاؤ، شرح، در، قیمت، مول بھا. [ف].

نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) اور قیمت بڑھا کیونکہ یہ قیمت بہت کم ہے، بہت باوقعت ہے، بیش قیمت چیز ہے (بالعموم بطور طنزاً مستعمل).

نَرخَرا (فت ن، سک ر، فت خ) اند. ← نرخرہ.
ٹینٹوا، حلقوم، گلے کی نالی، گلے کی وہ نالی جس سے سانس آتی جاتی ہے، حنجرہ (حلق کی نالی کا بیرونی حصہ).

نَرد (فت ن، سک ر) (الف) مث.
چوسر یا شطرنج کی گوٹ یا مہرہ، شطرنج کے کھیل کا پیادہ جو صرف آگے چلتا ہے پیچھے نہیں چلتا؛ مراد: سبقت، پیشوائی. (ب) اند.
۱. چوسر کا کھیل. ۲. (دھلائی) کپڑے کے بٹنے نکالنے کے کارگاہ کا بیلن. [ف].

نَردبان (فت ن، سک ر، د نیز ضم) اند؛ مث.
۱. سیڑھی، زینہ، بلند کرنے والا، اونچا اٹھانے والا، آگے لے جانے والا. ۲. (کنایۃً) بلندی، اونچائی. ۳. (مراداً) کسی چیز کو اُٹھانے اور بڑھانے کا ذریعہ، وسیلہ، واسطہ. [ف].

نَرس (فت ن، سک ر) مث.
۱. دایہ، دائی، انا، دودھ پلانے والی عورت، بچوں کی پرورش کرنے والی عورت. ۲. بیمار کی دیکھ بھال اور خدمت کرنے والی ملازمہ،

ہسپتال وغیرہ میں بیماروں کی تیمارداری پر مقرر عورت ، وہ عورت جس کا پیشہ بیماروں کی خدمت ہو . [انگ] .

نَرسَری (فت ن ، سک ر ، فت س) مث .

۱. پودگھر ، پودکیاری جس میں پودے ابتدا میں نشو و نما پاتے ہیں ؛ پنیری ، چھوٹے پودوں کا ذخیرہ نیز وہ جگہ جہاں پودے ، گملے اور درخت وغیرہ فروخت کے لیے اُگائے ، تیار کیے اور رکھے جاتے ہیں . ۲. گہوارہ ، پرورش گاہ ؛ مراداً : تربیت گاہ ، تربیتی ادارہ ۳. بچوں کی تربیت گاہ ، چھوٹے بچوں کا اسکول نیز بچوں کے کھیلنے کی جگہ . ۴. بچوں کا کمرہ ، بچوں کی پرورش گاہ . [انگ] .

نَرسَل (فت ن ، سک ر ، فت س) اند .

۱. ایک قسم کا پودا جس کے درمیان میں سرکنڈے کی شکل کی مگر بیچ میں سے خالی اور سخت شاخ نکلتی ہے اس سے حقوں کے نیچے اور چقوں سے چٹائیاں بنتی ہیں . ۲. بانس کی ایک پتلی قسم جس سے قلم بھی بناتے ہیں ، نرکل . [س] .

نَرسِنگ (فت ن ، سک ر ، کس س ، غنہ) (الف) مث .

تیمار داری ؛ مریض کی دیکھ بھال کا عمل . (ب) اند . نرس کا کام یا پیشہ . [انگ] .

نَرسِنگا / نَرسِنگھا (فت ن ، سک ر ، کس س ، غنہ) اند .

۱. پونگی کی وضع کا بہت لمبی اور اونچی آواز کا ساز ، ایک قسم کا باجا ، ایک قسم کا بجانے کا سینگ ، قرنا ، دھوتو ، بگل ، ترئی ، صور ، ترم ، ناقور ، نرسنگھا ، سینگ کی طرح کا بنایا ہوا بگل . ۲. آنکھ کا ایک مرض جس میں آنکھ کی پتلی پر ایک جھلی آ جاتی ہے . [س] .

نَرسوں (فت ن ، سک ر ، و مج) مف .

ترسوں سے پہلے کا دن ، گزرا ہوا چوتھا دن ؛ ترسوں کے بعد کا دن ، آنے والا چوتھا دن ، آج سے اگلا یا پچھلا چوتھا دن . [س] .

نَرغا / نَرغہ (فت ن ، سک ر / فت ن ، سک ر ، فت غ) اند .

۱. آدمیوں کا حلقہ جو شکار کے گھیرنے کے واسطے بنایا جائے ، آدمیوں کا حلقہ ، گھیرا ، احاطہ ، محاصرہ . ۲. بھیڑ ، ہجوم ، انبوہ . ۳. مشکل ، دقت ، دشواری . [ف] .

نَرغے (فت ن ، سک ر) اند .

نرغہ کی مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

نرغے میں لینا مف . محصور کرنا ، گھیرنا ، پھانسنا .

نَرَک (فت ن ، ر) اند .

۱. دوزخ ؛ (ہندو) جہنم ، وہ عذاب کی جگہ جو زمین کے سب سے نچلے طبقے پاتال سے زیادہ غیر معمولی ہے ، یہ تعداد میں اکیس (۲۱) ہیں جہنم ، دوزخ . [س] .

نَرکُل (فت ن ، سک ر ، فت نیز ضم ک) اند .

سرکنڈے کی ایک بڑی قسم جس کے ڈنٹھل لمبے ، پتلے ، مضبوط اور بیچ سے کھوکھلے ہوتے ہیں ، عموماً چٹائی ، مونڈھے اور رسی وغیرہ بنانے میں کام آتے ہیں . نرسل ، نے ، سینٹھا ، کلک . [س] .

نَرَگ (فت ن ، ر) اند .

۱. دیکھیے : نرک . ۲. گندگی ، پاخانہ ، گو .

نَرگس (فت ن ، سک ر ، کس گ) مث .

۱. ایک قسم کے پودے اور اس کے پھول کا نام جس میں صرف چھ پتیاں ہوتی ہیں جو پیالے اور آنکھ سے بہت مشابہ ہوتا ہے نیز اس پودے کا پھول ، نرجس (انگ : Narcissus) . ۲. (ادب) شعرا چشم معشوق سے تشبیہ دیتے ہیں . [ف] .

نرگس بیمار مث . ۱. (مجازاً) مست آنکھ ، چشم مست ، چشم نیم باز ، نیم وا آنکھ سے مشابہ کوئی چیز (خصوصاً) چشم معشوق . ۲. (مراداً) نرگس کا پھول .

نَرگسی (فت ن ، سک ر ، کس گ) (الف) مف .

۱. نرگس سے نسبت رکھنے والا ، نرگس سے مشابہ ؛ (کنایۃً) ہر دلعزیز (آنکھ کے لیے مستعمل) . ۲. خود پسند ، خود پرست . (ب) اند . ایک قسم کا کھانا اور ایک قسم کا تلا ہوا انڈا .

نرگسی آنکھ مث . نرگس کے پھول سے مشابہ آنکھ ، خوب صورت آنکھ .

نرگسی شخصیت مث . وہ شخص جو نہایت خود پسند ہو ، خود پرست .

نرگسی کوفتہ اند . انڈے کو اُبال کر قیمے میں لپیٹ کر پکایا ہوا اور بعد میں بیچ سے کاٹا ہوا کوفتہ ، اسے نرگسی کوفتہ کہتے ہیں .

نَرگسِیت (فت ن، سک ر، کس خف گ، شدی مع بفت نیز کس س، فت ی) امث.
خودپسندی، اپنے آپ کی حد سے زیادہ ستائش اور خود فریفتگی، خود پرستی؛ انانیت (انگ : Narcissism). ۲. (نفسیات) نفسیاتی جنسی شعور کی وہ ابتدائی کیفیت جس میں انسان کی اپنی ذات ہی جنسی دلچسپی کا مرکز و محور ہوتی ہے، کسی شخص کا خود اپنی شخصیت یا جسم سے شہوانی دل چسپی کا ارتکاز.

نَرْم (فت ن، سک ر) (الف) صف.
۱. ملائم، کومل، (سخت کا نقیض) گدگدا. ۲. پلپلا، گلگلا، پھس، پوپلا. ۳. گھل جانے والا. پگھلنے والا، متاثر ہونے والا، گداز نیز لچک دار. ۴. متحمل، حلیم، نیک، ٹھنڈے مزاج کا. ۵. مندا، تیز کا نقیض. ۶. کمزور، بے بس، ڈھیلا، سست، کاہل. ۷. (i) مدھم، آہستہ (آواز کے لیے)، دھیما، ٹھنڈا، شائستہ (لہجہ). (ii) (آنچ کے لیے) کم، مدھم. ۸. سہل، آسان. ۹. کم، تھوڑا سا، واجبی سا. ۱۰. شدت میں کم یا ہلکا. ۱۱. سطحی، غیر معیاری. ۱۲. نازک (طبع)؛ معتدل، سستا (بھاؤ وغیرہ)؛ زود ہضم (خوراک، غذا)؛ ناقص، گھسا ہوا (سکہ). (ب) م ف. نرمی سے، بردباری سے.

نرم پڑجانا / پڑنا ف مر: محاورہ. ۱. پلپلا یا بھربھرا ہو جانا، سختی ختم ہو جانا. ۲. کم ہو جانا، تاثیر یا تیزی میں گھٹ جانا، دھیما پڑ جانا. ۳. نرمی سے پیش آنا، غصہ نہ کرنا، غصہ دھیما کر لینا.

نرم خو صف. نرم مزاج، خوب طینت؛ (مجازاً) نیک مزاج، جسے غصہ کم آتا ہو، رحم دل.

نرم دل صف. رحم دل، رقیق القلب؛ (مجازاً) مہربان، شفیق، دل نرم.

نرم دلی امث. نرم خوئی، رحم دلی، طبیعت کی نرمی.

نرم کرنا ف مر: محاورہ. ۱. ملائم کرنا، پلپلا بنانا، سختی دُور کرنا. ۲. شیشے میں اتارنا؛ کسی کو کسی کام کے لیے تیار کرنا. ۳. (غصہ) دھیما کرنا، (غصہ) ٹھنڈا کرنا. ۴. پگھلانا. ۵. آسان کرنا، قابل برداشت بنانا.

نرم گرم صف. ۱. نہ بہت گرم نہ بہت ٹھنڈا، معتدل حرارت والا؛ نیا اور پرانا نیز انقلابات، نیرنگیاں (خصوصاً زندگی یا قسمت کی). ۲. سخت وسست، بُرا بھلا. ۳. ابھی متحمل، ابھی شدید؛ (مجازاً) معتدل مزاج، مہربان. ۴. گرم و سرد (زمانہ)، رنج و راحت (کا زمانہ). ۵. تلخ و شیریں. ۶. ملائم، آرام دہ، گدگدا (بالعموم بستر کے لیے).

نرم گوشہ اند. ۱. نرمی، نرم دلی، ہم دردی، رحم دلی؛ گنجائش. ۲. صدف نما جانور، گھونگھا، نرم تن، پلپلے جانور اور گھونگھے، بے ریڑھ صدفیوں کی ایک بڑی نوع جن کا نرم اور غیر منقسم جسم ایک دو اور تین حصوں پر مشتمل سخت خول سے ڈھکا ہوتا ہے.

نرم مزاج صف. نرم طبیعت، رحم دل.

نرم مزاجی امث. نرم مزاج ہونے کی حالت، رحم دلی، برد باری.

نرم و ملائم صف. نرم و نازک، کومل، نزاکت بھرا.

نرم و نازک صف. ۱. سہل، آسان؛ (مجازاً) پیار بھرا (کلام بات وغیرہ). ۲. ملائم، کومل، نزاکت بھرا.

نَرْما (فت ن، سک ر) (الف) اند.
۱. سیمل کا درخت، اس کا پھول سرخ ہوتا ہے اور پھل میں سے نہایت نرم روئی نکلتی ہے (لاط : Gossypium relig iosum). ۲. کپاس کی ایک قسم، ایک قسم کی نرم روئی جو امریکہ کی روئی سے ملتی جلتی ہے. ۳. ریشم اور سوت کا ملواں بنا ہوا پھول دار اور چکنی سطح کا کپڑا، ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق خیال ہے کہ اسے روئی (سیمل) سے بنایا جاتا ہے. (ب) صف. ۱. نرم دل، نرم مزاج. ۲. (کنایۃً) نرم و نازک، روئی کی طرح نرم. ۳. سست، کاہل نیز غریب، مسکین، بے سہارا، لاچار.

نرما جانا محاورہ. ۱. نرم ہو جانا، پسیج جانا، گداز ہو جانا، پگھلنا؛ رحم پر مائل ہونا. ۲. نرم کرنا، ملائمت اور نرمی پیدا کرنا، موم کرنا؛ نرم کر دینا، ملائم کر دینا.

نَرْمانا (فت ن، سک ر) (الف) ف م.
۱. نرم کرنا، گداز کرنا، سخت گیری دور کرنا، رحم پر مائل کرنا (عموماً دل کے لیے مستعمل). ۲. پگھلانا، کسی سخت چیز کو نرم کرنا. ۳. (کنایۃً) کم کرنا، دھیما کرنا، گھٹانا (قیمت وغیرہ). (ب) ف ل. نرم ہونا، ہلکا ہونا؛ فرحت بخش ہونا.

نَرْماہَٹ (فت ن، سک ر، فت ہ) امث.
نرم ہونے کی حالت، ملائمت، نرمی نیز لطافت.

نَرمی (فت ن، سک ر) مث.
ا. ملائم ہونے کی حالت، ملائمت، نازکی، نزاکت. ۲. (i) دھیما پن، آہستگی، رسانیت؛ حلم، بردباری. (ii) دھیما پن، آہستگی (چال وغیرہ میں) ۳. گدگداپن، پلپلا پن ۴. (i) مہربانی، رحم دلی. (ii) پیار، شفقت، محبت، گداز پن. ۵. سبک، لطافت، ہلکا پن. ۶. سہولت، آسانی. ۷. بردباری، برداشت، تحمل، سہار. ۸. خوشامد، چاپلوسی، کمی، تخفیف. ۹. لوچ، مڑنے کی خاصیت، عجز، انکسار. ۱۰. چمکیلا پن، اُجلا پن. ۱۱. خوش گواریت، خوش مزاجی.

نرمی ہونا ف مر؛ محاورہ. نرم رویہ رکھنا، نرمی سے پیش آنا، سختی نہ کرنا.

نِرَنْجَن (کس خف ن، فت ر، سک ن، فت ج) (الف) صف.
خیال سے ماورا، بے عیب، بے ریا، منزہ؛ مراد: خدائے تعالیٰ، پرمیشور، پرماتما. [س].

نِروان (کس ن، سک ر) (الف) اند.
ا. بجھایا جانا، بجھا ہوا ہونا. ۲. مادّی حالت سے نجات یا رہائی، نجات اخروی، دنیوی تکالیف، عذاب سے نجات، رہائی، روح کی نجات، معدومیت، فنا فی اللہ. ۳. مزید پیدائش سے نجات، آواگون سے چھٹکارا، مکتی، نجات. (ب) صف. ا. بغیر ہوا کے. ۲. بجھا ہوا؛ جیسے: آگ، دیپک وغیرہ)؛ منقطع؛ غائب، اوجھل؛ وجود سے آزاد، معدوم؛ مردہ، نیست؛ محو نیز مخلصی بخشا ہوا، جسے مادی علائق یا مدے سے نجات دے کر عین وصالِ خدا تعالیٰ عطا کیا گیا ہو. [س].

نَرْوَس (فت ن، سک ر، فت و) صف.
ا. کمزور اعصاب والا، عصبی المزاج، بے چین، مضطرب. ۲. گھبرایا ہوا، ہراساں، پریشان. ۳. متفکر، متردد. [انگ].

نروس بریک ڈاؤن اند. ضعف اعصاب، اعصابی اضمحلال یا کمزوری، دماغی کمزوری، اعصابی ماندگی، اعصاب کا غیر معمولی طور پر کمزور ہو جانا.

نَرّہ (فت ن، شد ر بفت نیز بلا شد) (الف) صف.
ا. مذکر، مردانہ، مرد کا. ۲. بزدل، نالائق. ۳. بدشکل، بھدا. (ب) اند. آلۂ تناسل؛ درخت کا تنا؛ فقیر؛ لہر، موج؛ چابی کا گھر؛ ہیجڑا، مخنث. [ف].

نِری (کس ن) صف.
صرف، محض، خالی، بالکل، خالص، سرتاسر، کل کی کل، سراسر.

نِرے (کس ن) صف.
ا. نرا کی مغیرہ صورت، خالص، محض، صرف، بالکل.

نَرینَہ (فت ن، ی مع، فت ن) صف.
نر سے منسوب، نر سے نسبت رکھنے والا، جنس ذکور سے تعلق رکھنے والا.

نَڑ (فت ن) اند.
ا. ایک قسم کا نرکل. ۲. ایک ذات جو چوڑیاں بناتی ہے، منہار. ۳. ایک طرح کی بانسری جو عام بانسری سے تین گنا لمبی اور اتنی ہی موٹی ہوتی ہے. [س].

نَڑّا (فت ن، شد ڑ نیز بلا شد).
گاجر کے اندر کا سخت حصہ.

نِزار (کس نیز فت ن) صف.
ا. دبلا پتلا، کمزور، نحیف، لاغر. ۲. مفلس، قلاش، بدحال. [ف].

نَزاع (فت ن) مث.
جان کنی کی حالت، غشی، سکرات، نزع، آخری وقت، جان نکلنے کا وقت.

نِزاع (کس ن) مث؛ اند.
ا. جھگڑا، فساد، تکرار. ۲. اختلاف، بحث و مباحثہ. [ع].

نَزاعی (فت ن) مث.
نزاع سے متعلق یا منسوب؛ جان کنی کے وقت کا، نزاع کے وقت کا، (تراکیب میں مستعمل). [ع].

نِزاعی (کس ن) صف.
نزاع (دیکھیے) سے نسبت رکھنے والا، جھگڑے کا، جھگڑے سے متعلق نیز متنازع، جس پر اختلاف ہو، مختلف فیہ.

نَزاکَت (فت ن، ک) مث (نیز مذکر (قدیم)).
ا. نازک سے اسم کیفیت، نازک پن، نازکی. ۲. نازک مزاجی، نفاست. ۳. ناز و ادا، آن و ادا. ۴. سبک روی، ہلکا پن. ۵. باریکی، خوبی، لطافت، نفاست، سلیقہ. ۶. کمزوری، ناتوانی. ۷. (i) (حالات کی) سنگینی، نازک پن، پیچیدگی. (ii) باریکی، مشکل، دشواری، دقت. [ف].

نَزاہَت (فت ن ، ہ) امث .
عیب سے پاک ہونے کی حالت . ۲. بُری باتوں سے دوری . ۳. پاکیزگی ، پاکی وصفائی . [ع] .

نَزْد (کس نیز فت ن ، سک ز) حرف ربط جو اُردو یا فارسی اضافت کے ساتھ آتا ہے .
۱. پاس ، قریب ، نزدیک . ۲. پیش ، آگے . [ف] .

نَزْدِیک (فت ن ، سک ز ، ی مع) صف : م ف .
۱. قریب ، پاس . ۲. ممکن ، قرین قیاس . ۳. (کسی کی) نظر میں ، رائے میں ، سمجھ میں . ۴. (کسی کے) لیے ، واسطے . ۵. وقت (اب غیر فصیح سمجھا جاتا ہے) . [ف] .

نزدیک تر صف . بہت پاس ، مقابلۃً زیادہ .

نزدیک ترین م ف : صف . قریب ترین ، سب سے زیادہ نزدیک .

نَزْدِیکی (فت ن ، سک ز ، ی مع) (الف) صف .
قریبی ، قریب کا ، جو پاس ہو . (ب) امث . ۱. قریب ہونے کی حالت ، دوری یا مغائرت کی ضد ، قربت ، تقرب . ۲. مجامعت ، عورت سے صحبت ، ہم بستری . ۳. (تصوف) عبارت ہے شعور معارف اسماء و صفات و افعال سے .

نَزْع (فت ن ، سک نیز فت ز) امث .
۱. کھینچنا ، اُکھیڑنا ، کھینچ کر نکالنا . ۲. جاں کنی ، جسم سے روح کا نکلنا ، دم ٹوٹنے کا عالم ، نزاع . [ع] .

نزع کا عالم اند . ۱. موت کی سی کیفیت ، جاں کنی کی حالت . ۲. (کسی چیز کے) تباہ ہونے کی حالت .

نَزْعی (فت ن ، سک نیز فت ز) صف .
نزع (دیکھیے) سے منسوب ، نزع کی حالت میں ، نزع کے وقت .

نزعی بیان اند . وہ بیان جو مقتول مرتے وقت دے .

نَزْلَہ (فت ن ، سک ز ، فت ل) اند .
ایک مرض کا نام جس میں حلق اور ناک سے پانی گرتا یا آنکھوں میں اُترتا ہے ، دماغی فضلات کا حلق کی طرف گرنا . [ع] .

نزلہ اتارنا محاورہ . غصہ نکالنا ، برا بھلا کہنا .

نزلہ بر عضو ضعیف (می ریزد) کہاوت . (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) مصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے ، کم زور ہی عتاب کی زد میں آتا ہے ، غصہ کم زور ہی پر نکالا جاتا ہے .

نزلہ گِرانا محاورہ (شاذ) . نزلہ گرنا کا تعدیہ ؛ آفت نازل کرنا ، غصہ نکالنا .

نزلہ گِرنا محاورہ . ۱. نزلے کا اثر کسی خاص عضو پر ہونا . ۲. آفت نازل ہونا ، شامت آنا .

نُزُول (ضم ن ، و مع) اند .
۱. (i) ورود ، وارد ہونا ، اُترنا ، داخل ہونا ، پہنچنا . (ii) عارضی طور پر قیام کرنا ، فروکش ہونا ، پڑاؤ ڈالنا . ۲. (طنزاً) پیدا ہونا ، وجود میں آنا . ۳. اوپر سے نیچے آنا ، صعود (اوپر چڑھنا) کی ضد ، تنزل . ۴. آفتاب وغیرہ کا آسمان پر بلند ہو کر نیچے اترنا ، سورج کا ڈھلنا . ۵. (i) فرشتے یا نبی کا نازل ہونا ، عالم قدس سے زمیں پر آنا . (ii) وحی یا آیاتِ قرآنی وغیرہ کے نازل ہونے کی حالت یا نازل ہونے کا عمل نیز کیفیت . ۶. نازل ہونے کا عمل (رحمت ، عذاب ، بلا ، مصیبت ، حادثے وغیرہ کے لیے مستعمل) . [ع] .

نزول اِجلال اند . کسی صاحب مرتبت کا آنا ، کسی بادشاہ یا امیر وغیرہ کا فروکش ہونا (کسی بزرگ ، صاحب مرتبہ و اقتدار کے آنے کے لیے تعظیماً اور تکریماً کہتے ہیں) .

نزول رحمت اند . اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کرم .

نزول وحی اند وحی آنا ، وحی نازل ہونا ، حکم الٰہی کا کسی پیغمبر پر نازل ہونا .

نُزُولی (ضم ن ، و مع) صف : م ف .
۱. نزول سے متعلق یا منسوب ، نزول کا ، نازل ہونے سے متعلق . ۲. مالک مکان کی اجازت کے بغیر مکان میں اترنا ، قیام کرنا . ۳. مکان جس میں مالک کی اجازت کے بغیر اُترا جائے .

نُزْہَت (ضم ن ، سک ز ، فت ہ) امث .
۱. ترو تازگی ، شادابی ، (خصوصاً کسی جگہ کی) خوشبو ، مہک ؛ (مجازاً) فرحت ، انبساط ، خوشی . ۲. عفت ، پاکیزگی ، لطافت ، بے عیب ہونے کی حالت . ۳. فاصلہ ، دوری (خصوصاً عیب وخرابی سے) ، ناخوشی کی وجہ سے دوری . ۴. عیش و نشاط ، حظِ نفسانی ، لطف و سرور . ۵. کشادگی ، فراخی ؛ کھلی فضا میں چہل قدمی یا سواری ؛ خوشگوار تفریحی سفر ؛ سیر و تفریح ، تماشا ، زیب و زینت . [ع] .

نزہت آگیں صف. ۱. تروتازگی سے بھرا ہوا، شادابی سے پُر. ۲. (مجازاً) فرحت بخش، پرلطف.

نزہت گاہ/گہ امث نیز امذ. پاکیزہ مقام، صاف ستھری، سرسبز اور تروتازہ جگہ، سیر و تفریح کی جگہ.

نَژاد (فت ن) امذ.
۱. اصل، نسب، نسل، حسب و نسب، خاندان. ۲. عموماً مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل لاحقہ؛ جیسے: ہندی نژاد، عالی نژاد. ۳. تخم، نطفہ. [ف].

نَس (فت ن) امث.
۱. جسم کی وہ رگ جس میں خون رہتا اور گردش کرتا ہے. ۲. پٹھا، عصب. ۳. پھول، پتے یا شاخ وغیرہ کا ریشہ یا ان پر بنے ہوئے باریک اُبھار. ۴. لکڑی میں پڑے ہوئے باریک نشان جو لکڑی کی خوبصورتی سمجھے جاتے ہیں. ۵. (عو) آلۂ تناسل. ۶. (حشریات) حشرات کے پروں میں باریک پائی جانے والی رگ یا ورید جس میں خون دوڑتا ہے اس خون کے دوڑنے کی وجہ سے پر پورے طور پر کھل جاتے ہیں اور اڑان کے قابل بن جاتے ہیں. [پ].

نس بندی امث. نس میں جراحی کا وہ عمل جس سے مرد کی تولیدی قوت ختم ہو جاتی ہے.

نس پھڑکنا محاورہ. رگ کا حرکت کرنا، ہونے والی بات سے آگاہ ہونا، شرارت کرنے پر آمادہ ہونا نیز (کسی کام یا حرکت پر) مائل ہونا.

نس چڑھنا محاورہ. نس کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (جس سے سخت درد اور تکلیف کا احساس ہوتا ہے)، پٹھا چڑھنا.

نس کٹا صف. نامرد، ہیجڑا، زنخا، خواجہ سرا، زنانہ (نیز بطور دشنام مستعمل).

نس نس م ف. رگ رگ، ہر ایک نس؛ (بدن کا) ایک ایک حصہ.

نس نس سے واقف ہونا محاورہ. رگ رگ سے آگاہ ہونا، خوب پہچاننا، پوری طرح واقف ہونا.

نِس (کس ن) امث (قدیم).
رات، شب، لیل، رین. [س].

نس دِن م ف. رات دن، چوبیس گھنٹے؛ مسلسل، ہمیشہ؛ ہر وقت.

نَسا (فت ن) امذ.
انسانی جسم کی ایک رگ یا ایک پٹھے کا نام جو کولھے سے ٹخنے تک واقع ہے (عموماً عرق النسا کی ترکیب میں مستعمل). [ع].

نِسا (۱) (کس ن) امث.
رات، شب. [س].

نِسا (۲) (کس ن) امث؛ ج.
نساء، مستورات، عورتیں، خواتین.

نَسّاب (فت ن، شد س) صف.
علم انساب کا جاننے والا، شجرہ سازی کا ماہر و عالم، وہ شخص جو مختلف خاندانوں کی تاریخ، تفصیلات اور مختلف افراد کے متعلق یہ واقفیت رکھتا ہو کہ وہ کس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے آباؤ اجداد کون تھے. [ع].

نَسّاج (فت ن، شد س) امذ.
۱. پارچہ باف، جولاہا، وہ شخص جو کپڑا بننے کا پیشہ کرے، کپڑا بننے والا. ۲. (مجازاً) دروغ گو، جھوٹا سخن ساز. [ع].

نَسّاخ (فت ن، شد س) امذ.
۱. (لفظاً) بہت بڑا ناسخ، منسوخ کرنے والا، پچھلے احکام یا چلن کو ختم یا منسوخ کر دینے والا. ۲. مراد: خط نسخ میں لکھنے والا؛ (کنایۃً) خوش نویس، کاتب. [ع].

نِساء (کس ن) امث؛ ج.
جنسِ اناث، عورتوں کی جنس، عورتیں، خواتین، ناریاں، بیبیاں. [ع].

نِسائی (کس ن) صف.
نساء سے منسوب، عورتوں کا، عورتوں سے متعلق.

نسائی اَمراض امث؛ ج. زنانہ امراض، عورتوں کی بیماریاں.

نِسائیت (کس ن، شد ی مع بفت) امث.
عورت ہونے کی حالت یا خصوصیت، عورت پن، زنانہ خصوصیت نیز نزاکت، کمزوری.

نَسَب (فت ن، س) امذ.
۱. اصل، نسل، سلسلہ، خاندان، خاندان کا سلسلہ (باپ کی طرف سے).

۲. نسبت ، علاقہ . ۳. (ریاضی) تناسب . [ع] .

نسب نامہ اند . وہ تحریر جس میں کسی خاندان کا شجرہ تفصیل سے درج ہو ، خاندان کا شجرہ .

نَسَباً (فت ن ، س ، تن بفت ا) م ف .
بلحاظ نسب ، خاندانی طور پر .

نِسْبَت (کس ن ، سک س ، فت ب) (الف) امث .
۱. کسی چیز کی طرف منسوب ہونا ، منسوب ہونے کی حالت . ۲. لگاؤ ، تعلق ، واسطہ ، علاقہ . ۳. مناسبت ، مطابقت ، مشابہت . ۴. منگنی ، منگنی کا پیام ، سگائی ، پیغام رشتہ ، عقد و مناکحت کا پیغام . ۵. حسب نسب ، نسب . ۶. (تصوف) خدا شناسی ، اللہ تعالیٰ کی معرفت ، تعلق مع اللہ ، اللہ سے لگاؤ ، عرفان نیز روحانی تعلق یا لگاؤ جو غایت محبت اور عقیدت سے پیدا ہو . ۷. (ریاضی) وہ ربط جو ایک مقدار کو اس جنس کی کسی دوسری مقدار کے ساتھ ہو ، اربعۂ متناسبہ ، چار مقداروں کا اس طرح کا تعلق کہ دوسرے سے منقسم شدہ پہلا چوتھے سے تقسیم کیے گئے تیسرے کے برابر ہوتا ہے کسی ایک مقدار کو معلوم کرنے کا طریقہ جبکہ دوسری تین معلوم ہوں . ۸. مقدار ، کمیت ، تناسب . (ب) م ف .
۱. بابت ، متعلق ، بارے میں . ۲. مقابلے میں ، بلحاظ ، بنظر . [ع]

نسبت اِضافی امث . وہ نسبت جو اصلی نہ ہو ؛ وہ تعلق جو دو اسموں میں اضافت کی بنا پر ہو .

نسبت طے ہونا محاورہ . شادی کی بات پکی ہونا .

نِسْبَتاً / نِسْبَۃً (کس ن ، سک س ، فت ب ، تن ت بفت) م ف .
۱. مقابلۃً ، کسی چیز سے مقابلے کے لحاظ سے ، کسی چیز سے نسبت کے لحاظ سے . ۲. بلحاظ تعلق یا رشتہ داری .

نِسْبَتی (کس ن ، سک س ، فت ب) صف .
۱. نسبت سے متعلق ، نسبت کا ؛ نسبت رکھنے والا . ۲. خاندان سے متعلق ، رشتے داری کا . ۳. (رشتے دار) جن سے شوہر یا بیوی کے تعلق سے رشتہ ہو ؛ جیسے : برادر نسبتی . ۴. نسبت سے متعلق ؛ اضافی ، ذیلی ، جو مطلق نہ ہو کسی نسبت کی وجہ سے ہو ؛ باہمی (انگ : Relative) .
۵. لاحقہ کے طور پر استعمال ہونے والا حرف ؛ جیسے : ی ، یائے نسبتی .

نَسَبی (فت ن ، س) (الف) صف .
۱. نسب سے منسوب ، نسب کا ، خاندان اور حسب نسب کا ، خاندانی ، نسلی . ۲. کسی لحاظ سے ، کسی نسبت سے ، اضافی ، باہمی ، نسبتی . (ب) اند .
سگا رشتہ دار ؛ بہن ، بھائی ، بیٹی ، بیٹا ، خالہ زاد ، عم زاد وغیرہ .

نَسْتَرَن (فت ن ، سک س ، فت ت ، ر) امث .
ایک قسم کا گلاب جس کے پھول بہت خوش بودار اور سفید ہوتے ہیں ، سیوتی کا پھول ، گل نسرین نیز اس کا پودا . [ف] .

نَسْتَعْلِیق (فت ن ، سک س ، فت ت ، سک ع ، ی مع) (الف) اند .
ایک مشہور خط جو خط نسخ اور خط تعلیق کو ملا کر بنایا گیا ہے . ۲. خط نستعلیق کا ماہر ، نہایت اچھا کاتب ، ماہر کاتب ، ماہر خطاط ؛ (کنایۃً) اللہ تعالیٰ . (ب) صف . ۱. مہذب ، متین ، شائستہ ، خلیق ، سلجھا ہوا ، عمدہ ، آداب سے واقف . ۲. فصیح ، بلیغ ، خوش گفتار ، خوش کلام . ۳. (i) سڈول ، حسین ، جس کے خط و خال اچھے ہوں . (ii) نفیس : خوش وضع ، خوش نما . (iii) عمدہ ، اچھا (خوش نویس) . [ع] .

نستعلیق خط اند . فارسی رسم الخط جو خوب صورت صاف اور واضح ہوتا ہے ، دائرے والا خط .

نستعلیق زبان امث . مہذب اور شائستہ زبان ، سلجھی ہوئی اور عمدہ زبان یا بول چال .

نَسْج (فت ن ، سک س) اند .
۱. بافت ، بناوٹ ، کپڑا بننا ، بنائی کا کام ، بافندگی . ۲. (طب جدید) اعضا کی بافت و ساخت ، ٹشو ، وہ مختلف ذرات اور لیفات یعنی ریشے وغیرہ جو باہم مل کر مختلف اعضا جسم کی بافت و ساخت بناتے ہیں . [ع] .

نَسْخ (فت ن ، سک س) اند .
۱. منسوخی ، بطلان ، تنسیخ ؛ منسوخ کرنا ، زائل کرنا ، دور کرنا . ۲. (i) ایک عربی خط کا نام . (ii) نقل ، تحریر کی نقل ، عبارت کی نقل ، کاپی ، کتابت ، تحریر . [ع] .

نُسْخَہ (ضم ن ، سک س ، فت خ) اند .
۱. (i) وہ چیز جو لکھی ہوئی ہو ، مکتوب ، کتابت ؛ تحریر . (ii) کتاب ، رسالہ ؛ کسی قلمی یا مطبوعہ کتاب کی ایک جلد . ۲. کسی نظم یا شعر کا مصرع یا

لفظ جو کسی دوسرے ایڈیشن میں مختلف ہو، متبادل متن .۳.(i) کاغذ یا وہ پرچہ جس پر دوائیں ، وزن اور ترکیب استعمال لکھ کر مریض کو دیتے ہیں، طبیب کی مجوزہ ادویہ وترکیب استعمال پر مشتمل ہدایت نامہ . (ii) تجویز کردہ دوا، مرض کا علاج نیز وہ مفردات جو کسی دوا یا مرکبات میں پڑتے ہیں . [ع].

نسخۂ کیمیا اند. ۱. (لفظاً) ادنیٰ دھات کو اعلیٰ دھات میں بدلنے کی ترکیب ، سونا چاندی بنانے کی ترکیب ؛ مراد : ایسا نسخہ جو کیمیا اثر ہو، ایسی کتاب جو غیرمعمولی اثرات یا فوائد یا تعلیمات کی حامل ہو، ناقص کو کامل بنانے والی کتاب ، بالخصوص الہامی کتاب ؛ قرآن کریم .۲. (مجازاً) کارآمد نسخہ ، فائدہ مند تجویز یا مشورہ ، نہایت مفید اور موثر مشورہ .

نَسْر (فت ن ، سک س) اند.
۱. ایک مردار خور پرند کا نام جو چیل کی قسم سے ہے ، کرگس ، گدھ . ۲. عقاب .۳. گدھ کی شکل کے ایک بت کا نام جو عرب میں تھا . ۴. نسر ستاروں کے گچھے کا نام جس کی شکل پر پھیلائے ہوئے اوپر کی طرف اڑنے والے گدھ سے مشابہ ہے ، یہ ستارہ منطقۃ البروج سے جانب شمال ہے . [ع].

نَسْرِین (فت ن ، سک س ، ی مع) اند.
سیوتی کا درخت یا پھول ، ایک قسم کا جنگلی سفید گلاب کا پھول .[ف].

نَسَق (فت ن ، س) اند.
۱. حکم ، فرمان .۲. نظام ، انتظام ، بندوبست .۳. ترتیب ، سیاق وسباق ، مرتب کرنے کا عمل .۴. دستور ، قاعدہ ، روش .۵. (نباتیات) دائرے کی شکل میں ایک ہی سطح پر لگے ہوئے پودوں کے پتوں یا دیگر حصوں کا مجموعہ ، گھیرا ، مرغولہ ، مجموعہ . [ع].

نَسْل (فت ن ، سک نیز فت س) امث.
۱. (i) آدمی یا حیوان کی آل اولاد ، بال بچے ، خاندان ، نژاد ، ذریت . (ii) (نباتیات) حیوانات ، نباتات وغیرہ کا خاندان یا ذات. (iii) قسم ، نوع .۲. پیڑھی ، بزرگوں یا اولاد کا سلسلہ .۳. ذات ، قبیلہ ، قوم .[ع].

نسل آدم اند. نوع انسانی ، انسانوں کی نسل ، تمام انسان جو حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں .

نسل کَشی امث. نسل پیدا کرنے کا عمل ، افزائش نسل ، نسل بڑھانے کا عمل .

نسل کُشی امث. نسل ختم کرنے کا عمل ، نسل کو ختم کرنا ، کسی قوم یا گروہ کو مٹانے کا عمل .

نَسْلاً (فت ن ، سک س ، تن بفت ل) م ف.
باعتبار نسل ، نسل کے لحاظ سے ، وراثت سے .

نَسْلی (فت ن ، سک س) صف.
۱. نسل سے منسوب ، نسل سے متعلق ، جو چیز نسل سے چلی آرہی ہو پشتینی ، آبائی ، نسبی ، موروثی .۲. اصیل ، اعلیٰ نسل کا ، اچھے حسب ونسب کا اچھی نسل کا ، اعلیٰ نوع کا .

نسلی امتیاز اند. نسلی فرق ، خاندان کی بنیاد پر برتری کا احساس نیز خاندان یا نسل کی بنیاد پر تعصب .

نَسْلِیَت (فت ن ، سک س ، کس خف ل ، فت ی) امث.
(بُرے معنوں میں) نسل پرستی ، نسلی تفوق اور عصبیت کا تصور .

نَسْوار (فت نیز کس ن ، سک س) امث.
پیس کر تیار کیا ہوا سونگھنے یا دانتوں میں رکھنے کا تمباکو ، سونگھنے کی ایک چیز جو دماغ کی صفائی کے واسطے بنائی جاتی ہے ، ناس ، ہلاس ، نست نیز چھینک لانے کی دوا . [س].

نَسْواری (فت نیز کس ن ، سک س) صف.
نسوار کے رنگ کا ، نسوار جیسے رنگ والا ، سرخی مائل گہرا بھورا (رنگ) کشمشی (رنگ) .

نِسْواں (کس ن ، سک س) امث.
عورتیں ، مستورات ، زنان ، خواتین . [ع].

نِسْوانی (کس ن ، سک س) صف.
نسواں سے منسوب ، نسواں کا ، عورتوں کا ، عورتوں سے متعلق ، زنانہ .

نِسْوانِیّت (کس ن ، سک س ، شد ی مع بفت) امث.
عورت پن ، عورت ہونے کا خاصہ ، عورت ہونے کی حالت یا کیفیت

نِسُوت (کس ن ، و ج نیز مع) (الف) صف.
۱. نِتھرا ہوا ، خالص ، بے میل ، صاف ، شفاف (خصوصاً پانی) .۲. پتلا

پانی جیسا شوربہ ، جس میں بوٹی نام کو نہ ہو ۔ ۳. (کنایۃً) نااہل ، بے صلاحیت ، اناڑی . (ب) امث . ایک نبات کی جڑ اور تنے کی خشک لکڑیاں جس کی رنگت اوپر سے بھوری ہوتی ہے اور چھیلنے پر سفید نکلتی ہے اس کی جڑ جلاب دینے کے کام آتی ہے . [س] .

نَسیاً (و) مَنْسِیاً (فت ن ، سک س ، تن ی بفت ، شدم بفت ، سک ن ، کس س ، تن ی بفت) صف .
فراموش کردہ ، بہت بھولا ہوا ، ازیاد رفتہ ، بُھلایا ہوا . [ع] .

نِسْیان (کس ن ، سک س) اند .
۱. بھول چوک ، سہو ، فراموشی ۲. فراموشی اور بُھول کا مرض جس میں قوتِ حافظہ زائل ہو جاتی ہے ، یادداشت کا مستقلاً جاتے رہنا . [ع] .

نَسیج (فت ن ، ی مع) اند .
۱. (سونے کے تاروں سے) بنا ہوا کپڑا ، (زرتار) کپڑا ؛ ایک طرح کا ریشمی کپڑا ؛ بنا ہوا کپڑا ۲. اعضاء کی بافت و ساخت نیز وہ مختلف ذرات اور ریشے وغیرہ جو کثیر تعداد میں باہم مل کر مختلف اعضائے جسم کی بافت و ساخت بناتے ہیں (انگ : Tissue) . [ع] .

نَسیجی (فت ن ، ی مع) امث .
نسیج سے متعلق ، ریشے کا یا اس سے متعلق .

نَسیجیات (فت ن ، ی مع ، کس ج) (الف) امث : (بطور جمع) .
نسیجہ کی جمع ، اندرونی ساختیں ، نسیجوں کی بافتیں (ب) اند . ایک علم جس میں پودوں اور جانوروں کے نسیجوں کا مطالعہ ہوتا ہے ؛ خصوصاً ان کے خردبینی ڈھانچوں کا ، نسیجوں کی بافت کا مطالعہ ، بافت شناسی . (انگ : Histology) .

نَسیم (فت ن ، ی مع) امث : ج .
خنک اور آہستہ چلنے والی ہوا ، نرم رو اور خوش بودار ہوا ، ٹھنڈی ہوا ، تازہ ہوا ہلکی اور لطیف ہوا . [ع] .
نسیم بحری امث . وہ ہوا جو سمندر کی جانب سے خشکی کی سمت آتی ہے .
نسیم بری امث . وہ ہوا جو خشکی کی جانب سے سمندر کی سمت جاتی ہے ، سمندر کی ہوا گرم ہو کر اوپر اٹھتی ہے اور اس کی جگہ زمین کی ٹھنڈی ہوا لیتی ہے .
نسیم سحر / سحری امث . صبح کی خنک اور خوش گوار ہوا ، صبا ، پچھلی رات کی ہوا .
نسیم صبح / صبح گاہی امث . نسیم سحر ، صبح کے وقت کی ٹھنڈی ہوا .

نَشات/نَشاۃ (فت ن) امث : ۔ نشأت/نشأۃ .
۱. اُگنا ، ظاہر ہونا ، پھوٹنا ۲. پیدائش ، تخلیق ؛ وجود ۳. نشو و نما ، پھلنا ، پھولنا ، پنپنا ، بڑھنا ۴. وہ چیز جو اُگے یا پیدا ہو ، روئیدگی . [ع] .
نشاۃ ثانیہ امث . ۱. نئی زندگی ، نئی پیدائش ، حیاتِ نو ؛ (اصطلاحاً) احیائے علوم کا دور ؛ تحریک احیائے علوم ۲. زوال کے بعد دوبارہ عروج ، دوبارہ ترقی ، ترقی نو ؛ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا .

نِشاسْتَہ (کس نیز فت ن ، سک س ، فت ت) صف : اند .
۱. (نباتیات) ایک سفید ، بے ذائقہ ، کثیر شکری مادّہ جو چھوٹے چھوٹے دانوں کی شکل میں بیجوں ، پھلوں اور درختوں کے دوسرے حصوں میں پایا جاتا ہے یہ کاربوہائیڈریٹ مادّے سے معمور ہوتا ہے اور انسانی غذا کا اہم جزو ہے (Starch) ۲. (کیمیا) قوت بخش کوئی غذائی شے ؛ آکسیجن ، کاربن اور ہائیڈروجن کا مرکب ، کاربوہائیڈریٹ (Carbohydrate) . ۳. گیہوں کا ست یا دودھ ، سمنک ، مغز گندم ۴. (i) لہار ، مانڈی ، کلف . (ii) لئی . [ف] .

نِشاط (فت نیز کس ن) اند : امث .
۱. خوشی ، شادمانی ؛ (مجازاً) عیش وعشرت ، لطف اندوزی ۲. کیف و سرور . ۳. جولانی ، اُمنگ ، شوق ۴. رقص و موسیقی ، گانا بجانا (تراکیب میں مستعمل ؛ جیسے : ارباب نشاط) . [ع] .
نشاط کار امث . کام کی اُمنگ ، کام کرنے کی خوشی ، کارگزاری کا شوق .

نِشان (کس ن) اند .
۱. کسی قدیم چیز کے باقی رہنے والے آثار ، کھنڈر ۲. کھوج ، سراغ . ۳. چربہ ، نقش ، چھاپ ، نقش جو مٹی وغیرہ پر چلنے سے پڑ جاتا ہے . ۴. علامت ، شناخت . ۵. یادگار . ۶. لشکر کا جھنڈا ، علم ، پرچم . ۷. اتا پتا ، نام ، پتا . ۸. جگہ کا پتا ، مقام ، جائے قیام . ۹. چوٹ یا زخم کے اثر سے ہونے والا دھبا ؛ کھرونچ ، رگڑ ، نیل وغیرہ . ۱۰. اثر ، تاثیر . ۱۱. جہاں نشانہ تاکا جائے ، تیر یا گولی مارنے کی جگہ ، ہدف ، نشانہ . ۱۲. شناخت یا

امتیاز کے لیے مقرر کردہ علامت ؛ اعزازی یا امتیازی تمغہ یا بلا ۔ ۱۳. (خیاطی) گریباں کا تعویذ جہاں دونوں پٹ جڑے ہوتے ہیں ۔ ۱۴. ٹھپا ، مہر ، ٹریڈ مارک ۔ ۱۵. نشانی ، شناخت ، اشارہ ۔ ۱۶. وہ لکیر یا پھول وغیرہ جو ان پڑھ لوگ دستخط کی جگہ کاغذ پر بناتے ہیں ۔ ۱۷. خوبیاں ، خصوصیات ۔ ۱۸. نشان منزل ۔ ۱۹. وہ انگوٹھی یا چھلا جو منگنی یا ساچق کے روز دولھا والے دلہن کو اور دلہن والے دولھا کو پہناتے ہیں ۔ [ف] ۔

نشان امتیاز اند ۔ ۱. اختصاص ، خصوصیت ، خصوصی پہچان ، خاص علامت ۔ ۲. پاکستان کا ایک شہری اعزاز ۔

نشان باقی نہ رہنا محاورہ ۔ مٹ جانا ، نیست و نابود ہو جانا ، یادگار نہ رہنا ۔

نشان پڑ جانا/ پڑنا محاورہ ۔ دھبا پڑنا ؛ نقش بن جانا ؛ چوٹ کی علامت باقی رہنا ۔

نشان حیدر اند ۔ ۱. پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز جو غیر معمولی جرأت و بہادری کے مظاہرے پر دیا جاتا ہے ۔ ۲. غیر معمولی جرأت کا حامل شخص ۔

نشان دہی امث ؛ ~ نشاندہی ۔ ۱. سراغ رسانی ؛ پتا بتانا ، ٹھکانا بتانا ، نشان یا پتا بتانے کا عمل ۔ ۲. کسی چیز کی جانب توجہ دلانا ، زبانی یا تحریری اشارہ کرنا ۔ ۳. اظہار کرنا ۔ ۴. محل وقوع بتانا ۔

نشان ڈالنا ف مر ؛ محاورہ ۔ ۱. پیمائش کر کے خط کھینچنا ، حد بندی کرنا ، نشان زد کرنا ۔ ۲. کوئی علامت بنانا ، مہر لگانا ، نقش بنانا ۔

نشان راہ اند ۔ وہ پتھر جو مسافت کا تعین کرنے اور رہنمائی کے لیے راستوں کے ساتھ لگائے جاتے ہیں ، سنگ میل ۔

نشان زد صف ۔ وہ چیز ، لفظ یا عبارت جس کے اوپر یا نیچے لکیر کھینچی ہوئی ہو یا کوئی علامت وغیرہ ہو (بالعموم واضح کرنے یا توجہ مبذول کرانے کے لیے) ۔

نشان عبرت بنا دینا/بنانا محاورہ ۔ ایسا بنا دینا جسے دیکھ کر انسان نصیحت پکڑے ؛ بہت برا حال کرنا ، سخت سزا دینا ۔

نشان لگانا ف مر ؛ محاورہ ۔ نمایاں کرنا ، نشانی کے طور پر کوئی علامت یا خط وغیرہ لگانا نیز عبارت میں رموز اوقاف استعمال کرنا ۔

نشان مٹانا محاورہ ۔ یادگار مٹانا ، نام و نشان نہ چھوڑنا ؛ نیست و نابود کر دینا ۔

نِشانَہ (کس ن ، فت ن) اند ؛ ~ نشانا ۔

۱. تیر یا گولی وغیرہ مارنے کی جگہ ، وہ علامت جو تیر وغیرہ مارنے کے لیے بنائی جائے ، ہدف ۔ ۲. گولی یا تیر وغیرہ چلانے کی مہارت ۔ ۳. جس پر وار کیا جائے یا ضرب لگائی جائے یا جسے دکھ دیا جائے ۔ ۴. ٹھہرنے کی جگہ ، ٹھکانا ، مقام ، نازل ہونے کی جگہ جیسے نشانۂ ستم ۔

نشانہ باز اند ۔ نشانہ لگانے والا ، قدر انداز ؛ نشانے کی مہارت رکھنے والا ، ٹھیک نشانہ لگانے والا ۔

نشانہ باندھنا محاورہ ۔ نشانہ تاکنا ، نشانہ لگانا ، ٹھیک نشانہ لینا ۔

نشانہ بنا دینا/ بنانا ف مر ؛ محاورہ ۔ ۱. تیر و تفنگ چلانا ، تیر یا گولی سے مار ڈالنا ؛ ہدف علامت بنانا ۔ ۲. ہدف بنانا ، زد پر رکھنا ۔

نشانہ بننا ف مر ؛ محاورہ ۔ ۱. نشانہ بنانا کا لازم ؛ ہدف ہونا ۔ ۲. زد میں آنا ، شکار ہونا ، مار ڈالنا ۔

نشانہ بیٹھنا ف مر ؛ محاورہ ۔ نشانہ موقعے پر پڑنا ، گولی یا تیر وغیرہ کا صحیح نشانے پر لگنا ۔

نشانہ چوکنا محاورہ ۔ نشانہ ہدف پر نہ لگنا ، گولی یا تیر وغیرہ کا نشانے سے بچ کر نکل جانا ، تیر یا گولی کا وار خالی جانا ۔

نشانہ لگانا محاورہ ۔ تیر و تفنگ سے وار کرنا ، شست باندھ کر تیر یا بندوق سے نشانہ لینا ۔

نشانہ لینا محاورہ ۔ نشانہ تاکنا ، شست باندھنا ، نشانہ لگانا ۔

نِشانی (کس ن) امث ۔

۱. (i) وہ چیز جو کسی کے پاس بطور یادگار ہو ۔ (ii) کوئی علامت جو کسی بات کی تصدیق کرے ؛ شناخت ، پہچان ۔ ۲. منفرد نشان یا غیر معمولی چیز ؛ جیسے : معجزہ ۔ ۳. آثار ، باقیات ۔ ۴. کسی چیز کے پائے جانے یا آئندہ وجود میں آنے کی علامت ۔ ۵. (مجازاً) نسل ، خاندان ، پشت ؛ اولاد ۔ ۶. دستخط ۔ ۷. وہ گرہ جو کسی کپڑے (رومال ، کمر بند وغیرہ) میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ بھولی ہوئی بات یاد آ جائے ۔ ۸. وہ چھلا یا انگوٹھی جو منگنی یا ساچق کے دن دولھا والے دلہن کو اور دلہن والے دولھا کو پہناتے ہیں ۔ ۹. کاغذ کا ٹکڑا یا کوئی اور چیز جو کتاب میں یادداشت کے لیے رکھ دیتے ہیں کہ جب چاہیں وہاں سے آگے پڑھنا شروع کر دیں (انگ : Book Mark) ۔ ۱۰. نقش ، ٹھپا ۔

نشانی دینا محاورہ . ۱. نشان و علامت بتانا ، اتا پتا دینا . ۲. یادگار کے طور کوئی چیز دینا ، کوئی چیز بطور نشانی عطا کرنا .

نشانی ہونا محاورہ . ۱. یادگار ہونا . ۲. علامت ہونا ، نشان ہونا .

نِشانے (کس ن) امذ ؛ ج .
نشانہ کی جمع اور مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

نشانے پر آنا محاورہ . زد میں آنا ، نشانے کی زد میں آنا .

نشانے پر رکھنا محاورہ . ہدف بنانا ، تنقید کرنا ، اعتراض کرنا ، تنقید کا نشانہ بنانا .

نشانے پر لگنا ف مر ؛ محاورہ . زد پر لگنا ، گولی یا تیر ٹھیک نشانے پر لگنا ؛ تدبیر کارگر ہونا ؛ مقصد بر آنا .

نشانے پر ہونا محاورہ . ہدف بننا .

نِشتَر (کس نیز فت ن ، سک ش ، فت ت) امذ .
۱. پھوڑوں وغیرہ کو چیرنے کا آلہ ، فصد کھولنے یا شگاف دینے کا نوک دار آلہ . ۲. (جراحی) نشتر دینا ، پھوڑے کا جراحی کے ذریعے علاج کرنا ، فصد کھولنا ؛ فصد کھولنے کا عمل ، نشتر دینے کا عمل . ۳. (مجازاً) ایسا شعر جو اپنی تاثیر کے اعتبار سے نشتر کی طرح دل پُر اثر کرے ، پُر تاثیر شعر . [ف] .

نشتر چبھونا ف مر ؛ محاورہ . ۱. نشتر کی نوک جسم میں اُتارنا ، نشتر زنی کرنا ؛ (مجازاً) شعر کا انتہائی پُر تاثیر ہونا . ۲. بہت ایذا پہنچانا ، شدید تکلیف پہنچانا ، دلی اذیت پہنچانا .

نشتر چلانا محاورہ . فصد کھولنا ، زخموں کی چیر پھاڑ کرنا ؛ طنز کرنا ، طعنہ وتشنہ دینا .

نشتر زن امذ . ۱. نشتر لگانے والا ، فصد کھولنے والا ، فصاد ، جراح . ۲. (مجازاً) ایذا رساں ؛ تکلیف دہ .

نشتر کا کلم کرنا محاورہ . ایسی بات کہنا جس میں نشتر جیسی تکلیف محسوس ہو ، آزاردہ بات کہنا .

نَشتَرِیَت (فت ن ، سک ش ، فت ت ، سک ر ، فت ی) امث .
نشتر چبھنے کا سا درد ، چبھن ، کھٹک ؛ (شعر یا جملے وغیرہ کا) پُر تاثیر ہونا .

نَشْٹ (فت ن ، سک ش) (الف) صف .
۱. تباہ و برباد ، نیست و نابود ؛ پامال ، خستہ . ۲. خراب ، ضائع شدہ . ۳. کھویا ہوا ، گم شدہ . ۴. جو نظر نہ آئے . ۵. بد معاش . (ب) امث . تباہی ، نقصان ، خسارہ ، ٹوٹا . [س] .

نشٹ ہونا (ہو جانا) محاورہ . تباہ برباد ہونا ، مرنا ، فنا ہونا .

نِشچِت (کس ن ، سک ش ، کس چ) امذ .
۱. معلوم کیا ہوا ، دریافت کیا ہوا ، تحقیق کیا ہوا . ۲. فیصلہ شدہ ، فیصلہ کیا ہوا ، مقرر کیا ہوا . ۳. یقین ؛ فیصلہ ؛ نتیجہ ؛ پختہ ارادہ کیا گیا ، راست ؛ بلا شک ، پکا . [س] .

نَشر (فت ن ، سک ش) (الف) امذ .
۱. پھیلانا ، بکھیرنا ، منتشر کرنا . ۲. مرنے کے بعد زندہ ہونا ، جی اُٹھنا ، مردوں کو زندہ کرنا (عموماً حشر کے ساتھ ؛ جیسے : حشر و نشر) ؛ (مجازاً) زندگی . ۳. پھیلاؤ ، شرح تفسیر ، وسعت ، افشائے جز . ۴. (i) اشاعت ، تبلیغ ، عام کرنا یا ہونا ، تشہیر . (ii) ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعے تشہیر و اشاعت . (ب) صف . مشہور ، مشتہر . [ع] .

نشر کرنا محاورہ . ۱. ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعے ضروری اطلاعات وغیرہ دور دراز مقامات تک پہنچانا ، خبریں وغیرہ شائع یا مشتہر کرنا . ۲. نمائش کرنا ، دکھلانا . ۳. (کسی خیال یا بات وغیرہ کو) پھیلانا ، پہنچانا ، عام کرنا .

نشر و اشاعت امث . ۱. کسی بات ، خبر یا چیز کا زبانی یا تحریری طور پر یا ریڈیو ، ٹیلی وژن یا اخبار و رسائل کے ذریعے شائع کرنا . ۲. تبلیغ و اشاعت ، تشہیر . ۳. پروپیگنڈہ .

نشر ہونا محاورہ . ۱. اعلان ہونا ، مشتہر ہونا ، نشر کیا جانا . ۲. ٹیلی وژن یا ریڈیو کے ذریعے سے کسی پروگرام کا دکھایا یا سنایا جانا .

نَشرَہ (فت ن ، سک ش ، فت ر) امذ .
۱. بچوں کے قرآن شریف ختم ہونے کی خوشی منانے کی رسم . ۲. وہ ابتدائی حروف تہجی جو استاد پہلے روز مدرسے میں نئے طالب علم کی تختی پر مخصوص (بالعموم زعفرانی) روشنائی سے لکھتا تھا . [ع] .

نَشری (فت ن، سک ش) صف.
نشر سے منسوب یا متعلق، ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعے نشر کیا جانے والا پروگرام وغیرہ.

نَشریّات (فت ن، سک ش، شدی مع) امث : ج.
پروگرام جو ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعے نشر کیے جائیں ؛ کسی خاص موقع یا موضوع کی مناسبت سے پیش کیا جانے والا طویل دورانیے کا پروگرام یا پروگرام کا مجموعہ (انگ : Transmission) کا ترجمہ).

نَشریّاتی (فت ن، سک ش، شدی مع) صف.
نشریات سے منسوب یا متعلق، نشری، نشریات کا، تشہیری، اشاعتی.

نشریاتی ادارے اند : ج. نشر و اشاعت کرنے کے ادارے مثلاً، ریڈیو، ٹیلی وژن، اخبارات و رسائل وغیرہ.

نشریاتی رابطہ اند . ٹی وی یا ریڈیو کا برقی لہروں کا نظام جس کے ذریعے پروگرام مختلف مقامات پر بہ یک وقت دیکھے یا سنے جا سکتے ہیں

نَشرِیّہ (فت ن، سک ش، شدی مع ہلت) اند.
ریڈیو یا ٹیلی وژن وغیرہ کے ذریعے سے عام اشاعت کے لیے پیش کیا جانے والا پیغام، پروگرام، نشری تقریر وغیرہ، ریڈیائی پیغام، وہ پروگرام وغیرہ جو نشر کیا جائے (Broadcast).

نِشَسْت (کس ن، کس نیز فت ش، سک س) امث.
۱. بیٹھنے کی حالت، بیٹھک .۲. صحبت، ساتھ اُٹھنا بیٹھنا، ہم نشینی .۳. دو یا زائد افراد کا مل کر بیٹھنا اور باہم گفتگو یا تبادلۂ خیالات کرنا، جلسہ، مجلس نیز صحبت یا مجلس کا ایک دورانیہ یا وقفہ .۴. بیٹھنے کا طور یا طریقہ، حالت، انداز، ٹھاٹھ ؛ جیسے : ان کی نشست دو زانو تھی .۵. بیٹھنے کی جگہ، گدی، کرسی وغیرہ .۶. کسی لفظ یا فقرے کا کسی ترکیب یا سیاق و سباق میں استعمال .۷. (i) (خوش نویسی) حرفوں کے دائروں کی موزونی اور تناسب . (ii) الفاظ کا درست استعمال .۸ . جم کر بیٹھنے کی حالت، جماؤ، قبضہ .۹. تیر، تفنگ وغیرہ کے نشانے پر بیٹھنے کی حالت .۱۰. (معماری) چنائی کے پتھروں یا اینٹوں کی زیریں سطح، تہ ؛ اینٹوں وغیرہ کی چنائی کا عمل یا ترتیب .۱۱. پیوستگی، جوڑ .۱۲. کام یا لکھنے پڑھنے کا دورانیہ یا وقفہ . [ف].

نشست برخاست/ برخواست امث . اُٹھنا بیٹھنا، حرکات و سکنات، انداز، چال ڈھال، صحبت کے مجلسی طور طریقے.

نِشَستَہ (کس ن، کس نیز فت ش، سک س، فت ت) صف.
۱. (جو کرسی وغیرہ پر) بیٹھا ہوا ہو .۲. جما ہوا، پڑا ہوا، جو کسی چیز پر بیٹھا یا پڑا ہوا ہو (مثلاً مٹی).

نِشَستیں (کس ن، کس نیز فت ش، سک س، ی مج) امث : ج.
۱. نشست کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل، بیٹھنے کی جگہیں، کرسیاں وغیرہ.
۲. (مجازاً) رکنیت، نمائندگی ؛ اسمبلی (وغیرہ) کی سیٹ.

نشستیں حاصل کرنا ف مر ؛ محاورہ . انتخاب میں کامیاب ہونا، کامیابیاں حاصل کرنا، نمائندے مقرر ہونا.

نَشْو (فت ن، سک ش) اند نیز امث.
پیدا وار بڑھنے اور اُگنے کی حالت، روئیدگی، بالیدگی، نمو (عموماً نما کے ساتھ، جیسے : نشو و نما). [ع].

نشو و نما امث ؛ اند . ۱. پیدا ہونا، بڑھنا، اُگنا، پرورش پانا، پنپنا، بالیدگی .۲. ترقی، عروج، ارتقا، فروغ .۳. رونق، زیب و زینت .
۴. پرورش، پرورش پانے کا عمل.

نُشُور (ضم ن، و مع) اند.
۱. وہ دن جب صور پھونکا جائے گا، قیامت کا دن، حشر .۲. قیامت کے دن دوبارہ پیدا ہونا . [ع].

نَشّہ (فت ن، ش نیز شد ش ہلت) اند.
۱. سُرور، خمار، مدہوشی، بے ہوشی، کیف، مستی، از خود رفتگی ؛ غفلت.
۲. (مجازاً) غرور، گھمنڈ، نخوت، تکبر .۳. (مجازاً) جوش، ولولہ، ترنگ.
۴. ایسی عادت جس سے جان چھڑانا مشکل ہو، لت، ٹھرک . [ف].

نشہ اتارنا محاورہ . نشہ زائل کرنا ؛ نشے کے اثرات ختم کرنا ؛ کسی جذبے یا احساس کی شدت ؛ جیسے : غفلت، غرور یا غصہ مٹانا.

نشہ اترنا محاورہ . نشہ اُتارنا کا لازم، خمار جاتا رہنا نیز غرور ٹوٹنا، فخر ختم ہو جانا.

نشہ آور صف . ۱. وہ شے جو نشہ پیدا کرے، بے ہوشی اور مستی یا خمار لانے والی چیز ؛ جیسے : بھنگ، شراب وغیرہ .۲. کیف آور، سرور آگیں، مست کرنے والا.

نشہ باز صف؛ اند. نشہ آور چیزوں (شراب، بھنگ، گانجا وغیرہ) کے نشے کا عادی، شرابی، افیونی، بھنگی، مدکی، چنڈو باز.

نشہ ٹوٹنا محاورہ. ا. نشہ اُترنا، نشے کے اثرات ختم ہونا. ۲. غرور ختم ہونا، اصلی حالت پر آنا، ہوش میں آنا.

نشہ ہرن کر دینا/ کرنا محاورہ. نشہ (شراب، تکبر وغیرہ کا) اتارنا، نشہ دور کرنا، ہوش میں لانا، غفلت و بے ہوشی دور کرنا.

نشہ ہرن ہو جانا محاورہ. گھمنڈ دور ہو جانا؛ ہوش ٹھکانے آ جانا.

نَشئی (فت ن، ش، کس ء) صف.
نشہ کرنے کا عادی، بہت نشہ کرنے والا، نشے باز.

نَشے (فت ن، ی مج) اند؛ ج.
نشہ کی مغیرہ حالت نیز جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

نشے میں بہکنا محاورہ. خمار کی وجہ سے بدحواس ہونا، نشے میں بدحواسی کی باتیں یا حرکتیں کرنا؛ بدمست ہو کر بے ہودہ باتیں کرنا.

نشے میں چور/ مدہوش صف؛ م ف. نشے میں دُھت؛ نہایت سرشار، بدمست.

نِشیب (فت نیز کس ن، ی مج) اند.
ا. پستی، ڈھلان، اُترائی. ۲. سطح زمین جو نسبتاً نیچی ہو، پہاڑی، میدان، دریا وغیرہ کا وہ مقام جہاں ڈھلان ہو، گڑھا. ۳. (i) رتبے وغیرہ کے لحاظ سے کمتر ہونے کی حالت (فراز کے بالمقابل). (ii) اتار، نزول، تنزل. ۴. (جدید سائنس) لمبا اور تنگ خلا جو دو لہروں کے درمیان ہو. ۵. گہرائی یا تہ. [ف].

نشیب و فراز اند. ا. (سطح زمین کے لحاظ سے) نیچی اور بلند جگہ؛ پست اور بلند مقام؛ پستی و بلندی ۲. (مجازاً) اونچ نیچ، اُتار چڑھاؤ؛ نفع نقصان؛ اچھائی برائی، دکھ سکھ؛ حالات میں تبدیلی.

نِشید (فت نیز کس ن، ی مج) اند.
ا. (موسیقی) الاپ، لَے، نغمہ، گیت، ترانہ. ۲. (لے کے ساتھ) نظم یا غزل پڑھنا؛ (ترنم سے) شعر خوانی، نغمہ سنجی. ۳. باری باری ترنم اور لحن سے پڑھے جانے والے اشعار؛ شاعری کی ایک صنف. [ع].

نِشیلا (فت نیز کس ن، ی مع) صف مذ.
نشہ لانے والا؛ مست کر دینے والا، نشہ آور، جس سے نشہ ہو؛ نشہ میں بھرا ہوا، نشے میں سرشار. [ف].

نَشیلی (فت ن، ی مع) مث.
ا. نشیلا کی تانیث؛ جس میں نشہ پایا جائے، نشہ آور. ۲. نشے میں بھرپور، مست، متوالی، خمار آلود، مستانی.

نَشیمَن (فت ن، ی مج، فت م) اند.
ا. مسکن، مکان، محل سرا. ۲. پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ. ۳. گھر میں بیٹھک، شہ نشیں. ۴. خلوت گاہ، آرام گاہ. ۵. (i) آماج گاہ، ٹھکانا. (ii) (مجازاً) رتبہ، مقام. [ف].

نِشین (فت نیز کس ن، ی مع) صفت.
مرکبات میں بطور جزو دوم، بیٹھنے والا کے معنی میں مستعمل؛ جیسے: خاک نشیں، گدی نشیں، پردہ نشیں، گوشہ نشیں وغیرہ. [ف].

نَشینی (فت ن، ی مع) مث.
نشین سے اسم کیفیت؛ بیٹھنے کا عمل، بیٹھنے کی حالت؛ مرکبات میں مستعمل؛ جیسے: تخت نشینی، گوشہ نشینی وغیرہ. [ف].

نَص (فت ن) مث (مضاف ہونے کی صورت میں بہ تشدید ص).
ا. متن، عبارت، رقم، تحریر. ۲. ظاہر کرنا، واضح کرنا، دکھانا، اوپر اٹھانا نیز وہ چیز جو ظاہر اور واضح ہو. ۳. چھان بین، تحقیقات. ۴. (فقہ) ایسی آیت قرآنی یا حدیث جو صریح ہو یعنی جس میں کوئی تاویل کی گنجائش نہ ہو، قرآن کی واضح آیت نیز واضح حدیث. ۵. حکم قطعی، مذہبی حکم کے مطابق نیز صریح عبارت، معتبر کلام، ایسا واضح کلام (قانونی یا مذہبی) جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو. [ع].

نِصاب (کس ن) اند.
ا. زر، سرمایہ، پونجی. ۲. (فقہ) اس قدر مال (چاندی، سونا، رقم، مالِ تجارت، زرعی پیداوار یا مویشی وغیرہ) جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہے. ۳. جڑ، بنیاد، اصل؛ آغاز، شروع، سرا. ۴. (تعلیم) مضامین یا مخصوص کتب یا عملی کام جو کسی تعلیمی یا تربیتی درجے کے امتحان کو پاس کرنے کے لیے مقرر ہو، پڑھائی کا کورس، مقررہ تعلیم، درس.

۵. (i) کسی اجلاس کے لیے ارکان کی کم سے کم مقررہ تعداد، کورم. (ii) (فقہ) گواہوں کی مقررہ تعداد، گواہی کا کورم. ۶. کسی چیز کی مقررہ یا مطلوبہ مقدار یا تعداد. ۷. (طب) کسی خاص دوا یا علاج کے جاری رہنے کی مدت، کورس. ۸. جانچ پڑتال کا طریقہ، معیار، کسوٹی. ۹. ترازو کی موٹھ؛ محور (Fulcrum)؛ ٹیک یا سہارا. ۱۰. چاقو کا دستہ، تلوار کا قبضہ. ۱۱. درجہ، مرتبہ. ۱۲. قسمت، نصیب. [ع].

نصاب زکوٰۃ اند. (فقہ) اس قدر مال مویشی یا سونا چاندی یا مال تجارت وغیرہ جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہے.

نِصابی (کس ن) صف.
۱. نصاب سے منسوب یا متعلق. ۲. معیار کے مطابق، معیاری.

نَصارٰی (فت ن، ابجل ی) اند؛ ج.
نصرانی، عیسائیت کے ماننے والے، عیسائی. [ع].

نَصائح (فت ن، کس ء) امث؛ اند؛ ج.
نصیحتیں، اچھی صلاح، نیک مشورہ.

نَصْب (فت ن، سک ص) (الف) اند.
۱. (i) خیمے، جھنڈے یا کھمبے وغیرہ کے کھڑا کرنے یا گاڑنے کا عمل. (ii) کسی چیز کے سیدھا کرنے یا کھڑا رکھنے کا عمل. ۲. جما کر رکھنے یا لگانے کا عمل (کوئی مشینری وغیرہ)، تنصیب کرنا، لگانا. ۳. بڑا پتھر وغیرہ گاڑنا یا کھڑا کرنا نیز شیشہ، نگینہ یا کیل وغیرہ کسی جگہ جڑنے یا لگانے کا عمل. ۴. (قواعد) زبر، زبر کی حرکت، فتحہ. ۵. حکومت یا عہدے دار وغیرہ کا تقرر، کسی عہدے پر فائز کرنا (عزل کی ضد). ۶. ناصبی ہونا، ناصبیت. ۷. درخت لگانا، بونا، اُگانا. ۸. کسی سمت کا قصد کرنا یا نشانہ لینا. ۹. قائم کرنا؛ برپا کرنا. ۱۰. عداوت، دشمنی.
(ب) صف. لگا ہوا، جڑا نیز کھڑا ہوا، استادہ. [ع].

نصب العین اند. پیشِ نظر مقصد، اصلی منشا، مقصدِ اصلی.

نصب کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کھڑا کرنا، گاڑنا، لگانا، قائم کرنا؛ جڑنا (کوئی قیمتی پتھر یا نگینہ وغیرہ). ۲. (قواعد) زبر یا فتحہ لگانا.

نَصْر (فت ن، سک ص) (الف) امث.
۱. مدد، کمک، تائید، یاری، حمایت. ۲. فتح، ظفر، کامیابی، کامرانی. ۳. قرآن پاک کی ایک سورت کا نام. ۴. مدد دینا، کمک پہنچانا یا حمایت کرنا. (ب) صف. مدد دینے والا. [ع].

نَصْرانی (فت ن، سک ص) صف؛ امث.
عیسائیت کو ماننے والا، عیسائی.

نَصْرانیّت (فت ن، سک ص، شد ی مع فت) امث.
نصرانی ہونے کی حالت؛ عیسائیت، عیسائی مذہب.

نُصْرَت (ضم ن، سک ص، فت ر) امث.
۱. مدد، معاونت، کمک. ۲. فتح، کامیابی، ظفرمندی. [ع].

نصرت الٰہی / خداوندی امث. اللہ کی مدد؛ مراد: غیبی امداد؛ تائیدِ غیبی.

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیب فقرہ. (آیت قرآنی جو کسی کو رخصت کرنے اور ہمت بڑھاتے وقت زبان سے ادا کرتے ہیں) ترجمہ: "نصرت اللہ کی جانب سے ہے اور فتح قریب ہے".

نِصْف (کس ن، سک ص) اند؛ صف.
کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک حصہ (خواہ نصف اول یا نصف آخر)، کسی چیز کا آدھا حصہ یعنی ۱/۲ جزو؛ آدھا، نیم. [ع].

نصف الملاقات امث. آدھی ملاقات؛ مراد: خط کتابت، مراسلت.

نصف النہار اند. ۱. (جغرافیہ) دنیا کے نقشے پر شمالاً جنوباً عمودی فرضی خط جو طول بلد کہلاتا ہے. ۲. (مجازاً) کسی شخص یا چیز کا انتہائی عروج، بلندی. ۳. دوپہر کا وقت (جب سورج عین سر پر ہوتا ہے) آدھا دن، عین دوپہر کا وقت، عروج آفتاب کا وقت.

نصف بہتر اند. بیوی، بیگم، جورو؛ مراد: خاتون (انگریزی کے Better Half کی جگہ مستعمل).

نصف قطر اند. (اقلیدس) خط جو دائرے کے مرکز سے نکل کر محیط دائرے تک پہنچے؛ دائرے کے مرکز سے اس کے محیط تک کا فاصلہ.

نصف کرنا ف مر. آدھا کرنا، آدھوں آدھ کرنا، دو برابر حصوں میں بانٹنا.

نِصْفَت (کس ن، سک ص، فت ف) امث.
۱. انصاف، عدل. ۲. اصولِ عدالت کا ضابطہ جس کی جانب رجوع کرکے قانون کی خامی کی اصلاح کی جائے، اصولِ عدالت رواج اور قانون نافذ العمل کے مقابلے میں مرجح خیال کیا جاتا ہے. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نَصُوح (فت نیز ضم ن ، و مع) صف .
. خالص ، صاف ، پاک ، خلوص ، خالص ہونا .۲. سچی اور پکی توبہ .
.۳ (مجازاً) پکی توبہ کرنے والا . [ع] .

نُصُوص (ضم ن ، و مع) مث : ج .
(فقہ) نص کی جمع ؛ دلیلیں ، قطعی دلائل ، واضح براہین . [ع] .

نَصِیب (فت ن ، ی مع) مذ (الف) بطور واحد .
ا. قسمت ، تقدیر ، حصہ جو مقدر ہو چکا ہو .۲. خوش قسمتی ، مقدر کی خوبی ، خوش بختی .۳. بد قسمتی ، مقدر کی برائی .۴. حاصل ، میسر ؛ ممکن الحصول .
(ب) بطور جمع .ا. قسمت ، مقدرات .۲. مرکبات میں جزوِ دوم کے طور پر قسمت کے معنوں میں مستعمل ؛ جیسے : حرماں نصیب ، خوش نصیب ، بدنصیب وغیرہ . [ع] .

نصیب جاگنا محاورہ . قسمت اچھی ہونا ، بخت یاور ہونا ، قسمت کھلنا ؛ کامران ہونا نیز اچھا رشتہ ملنا .

نصیب دشمناں فقرہ . کلمۂ دعا . ایسا دشمنوں یا بُرا چاہنے والوں کو نصیب ہو ، جب کسی دوست یا قابلِ احترام شخصیت کی مزاج پُرسی یا عیادت کرتے ہیں تو یہ کلمہ اس شخصیت کے نام کے بجائے کہتے ہیں .

نصیب کا صف ؛ م ف . قسمت میں لکھا ہوا ، مقدر کا لکھا ، مقسوم کا .

نصیب کو رونا / کوسنا محاورہ ؛ ف مر . بدنصیبی پر افسوس کرنا ؛ تقدیر کا گلہ کرنا .

نصیب کے بلیا ، پکائی تھی کھیر ہوگیا دلیا کہاوت . کسی کام کے بگڑ جانے پر کہتے ہیں .

نصیب کھلنا محاورہ . قسمت کا یاور ہونا ، قسمت جاگنا ، قسمت اچھی ہونا ، حالات کا بہتر ہونا ؛ شادی ہونا (بالخصوص لڑکی کی) .

نصیب میں لکھا ہونا محاورہ . نوشتۂ تقدیر ہونا ، مقدر میں تحریر ہونا ، قسمت میں ہونا .

نَصِیبا / نَصِیبہ (فت ن ، ی مع) مذ .
نصیب ، قسمت ، مقدر ، تقدیر .

نَصِیبوں (فت ن ، ی مع ، و مع) مذ : ج .
نصیب کی جمع اور مغیرہ صورت ؛ تراکیب میں مستعمل .

نَصِیبوں جَلا مذ . کم بخت ، بدنصیب ، بدقسمت ، بدبخت .

نَصِیبوں جَلی مث . بدبخت عورت ، بدقسمت عورت .

نَصِیبی (فت ن ، ی مع) مث .
نصیب ، قسمت ؛ مرکبات میں مستعمل ؛ جیسے : خوش نصیبی .

نَصِیحَت (فت ن ، ی مع ، فت ح) مث .
ا. عبرت کے لیے بھلائی کی بات بتانا ، نیک صلاح مشورہ ، اچھی رائے یا بات .۲. تنبیہ ، فہمائش ، گوشمالی ، سمجھانا .۳. (تصوّف) بلانا اس طرف جس میں بھلائی ہو اور منع کرنا جس میں فساد ہو . [ع] .

نصیحت آموز / آمیز صف . وہ بات جس میں نیک مشورہ یا صلاح شامل ہو ؛ وہ بات یا کام جو عبرت دلانے والا ہو ، سبق آموز .

نصیحت پکڑنا محاورہ . نیک صلاح کو ماننا ، سبق حاصل کرنا ، عبرت پکڑنا .

نصیحت کرنا محاورہ . سمجھانا ، نیک بات بتانا ، بھلی بات کہنا ؛ کوئی نہایت تجربے کی عمدہ بات بتانا ، تنبیہ کرنا .

نَصِیر (فت ن ، ی مع) صف .
ا. ناصر ، نصرت والا ، کامیاب ، ظفرمند .۲. مدد کرنے والا ، دوست ، معاون ، حمایت کرنے والا .۳. اللہ تعالیٰ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک صفاتی نام . [ع] .

نَضاوَت (فت ن ، ر) مث ؛ ~ نضارۃ .
ا. تراوٹ ، تازگی ، آب داری ، چمک دمک .۲. خوب صورتی ، حسن . [ع] .

نُضج (ضم ن ، سک ض) مذ .
ا. پکنا ، پختگی ؛ (طب) مواد کا معتدل القوام ہو کر اخراج ہوجانا ؛ زخم یا کسی مادّے یا کسی خلط کا پکنا .۲. میوے کا پکنا .۳. غذا کا پکنا ، معدے میں غذا کا پک کر نرم اور قابلِ ہضم ہو جانا .۴. گوشت وغیرہ کا پکنا یا تیار ہونا . [ع] .

نَضِیج (فت ن ، ی مع) صف .
پکا ہوا ، پختہ جیسے میوہ ؛ اچھی طرح پکا ہوا گوشت ؛ نرم ، گداز . [ع] .

نَضِیر (فت ن ، ی مع) صف .
زر ، سونا ، چاندی نیز آب دار ، تازہ . [ع] .

نِطَع (کس نیز فت ن، سک نیز فت ط) اند ؛ امث.
۱. چمڑے کا دسترخوان ، چمڑے کا بچھونا .۲. (i) دباغت کیے ہوئے چمڑے کا فرش جو واجب القتل شخص کے لیے بچھایا جائے .(ii) (طب) چمڑا جس پر فصد وغیرہ لینے کے لیے بٹھاتے ہیں .۳. (مجازاً) فرشِ زمیں .
۴. (تجوید) سقفِ دہن اور تالو کی شکنیں ؛ تالو کا اگلا حصہ .

نِطَعِیَّہ (کس نیز فت ن، سک نیز فت ط، شد ی مع ہفت) صف .
نطع سے منسوب یا متعلق ؛ (تجوید) نوک زبان یا سامنے کے ، اوپر والے دونوں دانتوں کی جڑ سے ادا کیے جانے والے الفاظ .

نُطْفَہ (ضم ن، سک ط، فت ف) اند.
۱. دھات جو نر کے انزال میں خارج ہو کر مادہ کے رحم میں استقرارِ حمل کا باعث ہوتی ہے ، مادۂ منویہ ، دھیرج ، (نر کی) منی ، آبِ پشت .
۲. اولاد ، جنا ، زائیدہ ؛ پشت و صلب ، نسل .۳. آبِ صاف ، شفاف .
[ع].

نطفہ حرام اند .۱. (بطور دشنام) ایسا شخص جس کے بارے میں تحقیق نہ ہو کہ کس کا نطفہ ہے .حرامی اولاد ، ولدالزنا ، ناجائز بچہ .۲. (مجازاً) کمینہ ، ذلیل ، بدذات ، شریر .

نطفہ قرار پانا محاورہ .نطفہ قائم ہونا ، حمل ٹھہرنا .

نُطْق (ضم ن، سک ط) اند.
۱. بات کرنے کی طاقت یا معنی ، لفظ بولنے کی قوت ، گویائی .۲. (مجازاً) زبان سے نکلی ہوئی بات ، بول ، بامعنی لفظ ، گفتگو .۳. (مجازاً) زبان (بول چال کی) . [ع].

نُطُول (ضم ن، و مع) اند ؛ (ج : نطولات).
۱. (طب) کنکنا پانی یا دوا کا جوشاندہ جس سے کسی ماؤف عضو پر تریڑا کریں ، دھرائی .۲. (طب) کنکنا یا نیم گرم پانی یا دوا کا جوشاندہ کسی ٹونٹی دار برتن میں بھر کر کسی قدر فاصلے سے مریض کے عضو پر دھارنا یا گرانا . [ع].

نِظارَت (کس نیز فت ن، فت ر) امث.
۱. دیکھنا ، نظر ڈالنا ؛ ملاحظہ کرنے کی صلاحیت یا طاقت .۲. معائنہ ، نگرانی ، نگہبانی .۳. پولیس کے محکمے کا ایک شعبہ جہاں لاوارث ، مسروقہ یا زیرِ تصفیہ اشیا رکھی جاتی ہیں ، وہ محکمہ ادارہ جو نگرانی یا انتظام کے لیے قائم کیا جائے ، ناظر کا دفتر . [ع].

نَظّارگی (فت ن، شد ظ نیز بلا شد، فت ر) (الف) امث .
نظر کرنا ، نظر ، دیدہ بازی ، دیدار بازی ، نظارہ بازی . (ب) صف .
نظرباز ، نگاہ کرنے والا ، مشاہدہ کرنے والا ، نظر ڈالنے والا ، دیکھنے والا .

نَظّارَہ (فت ن، شد ظ نیز بلا شد، فت ر) اند.
۱. نظر ڈالنا ، دیکھنا ، دیدار کرنا ؛ نظر بازی .۲. وہ چیز جو دیکھی جائے ، منظر جو دکھائی دے ؛ تماشا ، سیر .۳. ڈرامے کا ایک جزو ، سین .۴. نظر ، نگاہ ، چتون ، چِت .۵. محبوب حقیقی کا دیدار (جو قیامت میں ہوگا) . [ع].

نظارہ باز صف .محبوب یا معشوق کو دیکھ کر لطف اٹھانے والا ، نظر لڑانے والا ، آنکھ لڑانے والا ، دیکھنے والا ، تاڑنے والا ، نظربازی کرنے والا ، دید باز .

نظارہ بازی امث .۱. نظارہ کرنا .۲. نظر بازی ، دید بازی ، حسینوں کو دیکھنا .

نظارہ کرنا محاورہ .۱. غور سے یا محبت سے گھورنا ، دیکھتے رہنا ، تکنا .
۲. مشاہدہ کرنا ، نظر سے گزارنا ؛ دیکھنا .۳. نظربازی کرنا ، دید بازی کرنا .

نَظافَت (فت ن، ف) امث .
پاکیزگی ، نفاست ، طہارت ، لطافت ، صاف ستھرا ہونا ، ستھراپن ، صفائی . [ع].

نِظام (کس ن) اند.
۱. ترتیب ، سلسلہ ، تسلسل ، قاعدہ ، قرینہ .۲. بندوبست ، انتظام ، اہتمام .
۳. تنظیم ، نظم و ضبط ، باقاعدگی .۴. مربوط ادارہ ، ضابطۂ کار .۵. فکر یا عمل کا ضابطہ جو باقاعدہ مرتب ہو ، طور ، طریقہ ، سسٹم ، دستور ، ڈھنگ .
۶. جسم یا مشین کی ساخت ؛ اعضا یا پرزوں کی ترتیب و ترکیب ، سلسلۂ ترتیب .۷. موتیوں کی لڑی ، تاگے میں پروئے ہوئے جواہر وغیرہ .۸. عمدہ نظم و ضبط ؛ مراد : ناظمِ اعلیٰ ، امرا و وزرا کے خطاب کے طور پر مستعمل ؛ جیسے : نظام الملک ، نظام الاولیاً .۹. آراستگی . [ع].

نظام الاوقات اند .۱. کام کے لحاظ سے وقت کی تقسیم ، نظام العمل ، ٹائم ٹیبل .۲. ترتیب ، لائحۂ عمل .

نظام تعلیم اند .طریقۂ تعلیم ، تعلیم کا نظام ، تدریس کا طریقہ .

نظامِ تنفس اند .(طب) سانس لینے اور باہر نکالنے کا عمل (تنفس) (Respiratory System).

نظام چلانا محاورہ .انتظام کرنا ، بندوبست کرنا ، دیکھ بھال کرنا .

نظامِ حکومت اند .حکومت کا انتظام ، سرکاری طریقۂ کار .

نظام رائج کرنا محاورہ .کسی چیز کی بنیاد ڈالنا .

نظام سنبھالنا محاورہ .انتظام سنبھالنا ، انتظام یا بندوبست ہاتھ میں لینا .

نظامِ شَمسی اند .سورج اور اس کے گرد گھومنے والے سیاروں اور ان سیاروں کے گرد گھومنے والے ذیلی سیاروں کا مجموعہ جس میں عطارد ، مریخ ، زہرہ ، پلوٹو ، نیپچون ، مشتری ، زمین اور یورینس شامل ہیں .

نظامِ فلکی اند .(ہیئت) سیاروں کا نظام ، نظامِ شمسی .

نظامِ قدرت اند .نظامِ طبعی.

نظامِ ہضم اند.(طب) غذا کو چبانے ، معدے میں پہنچانے اور جزوِ بدن بنانے کا نظام ، ہاضمے کا نظام ، نظامِ انہضام (Digestive System).

نِظامَت (کس ن ، فت م) امث .

١. ناظم کا عہدہ یا منصب ، ناظم کا کام ، دیکھ بھال ، انتظام .٢.کسی جلسے یا مشاعرے وغیرہ میں مقررین یا شعرا کو پڑھنے کے لیے بلانے کی خدمت ، معلن کا کام .٣. ناظم کا محکمہ یا دفتر ؛ ناظمین کے دفاتر کا مجموعہ ، ڈائرکٹریٹ .٤. انتظامی حدود ، تحصیل یا صوبہ وغیرہ .

نِظامیّہ (کس ن ، شدی مع بفت) صف .

١. ـــ سے منسوب یا متعلق ؛ درسِ نظامی سے متعلق .٢. (تصوف) نظامی سلسلۂ طریقت .

نَظائِر (فت ن ، کس ء) اند ؛ ج ؛ ـــ نظیر .

١.نظیریں ، مثالیں ، نمونے .٢. (قانون) عدالت کے کیے ہوئے اہم فیصلے ، مقدمات کے فیصلوں کی مثالیں ، عدالتی نظیریں .

نَظَر (فت ن ، ظ) امث .

١.کسی چیز کو یا کسی کی طرف دیکھنا ، دیدار ، نگاہ ، دید .٢.(i) نگاہ ، چشم ، آنکھ ؛ (مجازاً) پہنچ ، رسائی ؛ ادراک .(ii) بصارت ، روشنی ، بینائی . ٣. تیور ، نگاہ کا انداز .٤. غور ، تامل ، فکر .٥.(i) بھوت پریت وغیرہ کا اثر .(ii) کسی حاسد یا بدخواہ کی آنکھ کا اثر ، نظرِ بد ، چشمِ بد .٦. نگرانی ، دیکھ بھال .٧. پرکھ ، تمیز ، شناخت ، جانچ ، حقیقت تک پہنچنے والی نگاہ ، چشمِ حقیقت ، جانچنے کی مہارت ، بصیرت .٨.(i) نیت ، قصد ، منشا ، ارادہ .(ii) (مجازاً) نسبت ، تعلق .٩. توجہ ، عنایت ، مہربانی ، التفات ؛ جیسے : آپ کی نظر چاہیے .١٠. کسی چیز پر غور کرنا ، دیکھنا ، معائنہ ، مشاہدہ ، ملاحظہ . [ع] .

نظر اتارنا محاورہ. کسی عمل ، ٹوٹکے یا صدقے وغیرہ سے نظر لگ جانے کا اثر دور کرنا ، چشمِ بد کا دفعیہ کرنا .

نظر اُٹھا کر/کے دیکھنا محاورہ .آنکھ اٹھا کر دیکھنا ، نگاہ ڈالنا ، توجہ کرنا ؛ گستاخی کرنا .

نظر افروز صف .نگاہ کو روشن کرنے والا ؛ مراد : دل کش ، جاذبِ نظر.

نظر التفات امث .مہربانی ، عنایت یا محبت کی نظر ، شفقت کی نگاہ ، پسندیدگی کی نگاہ .

نظر انتخاب امث .پسندیدگی کی نظر ، کسی کام کے لیے منتخب کرنا .

نظر انداز صف .١.نظروں سے گرا ہوا ، ناپسند ، نامنظور .٢. ناقابلِ اعتنا ، پس پشت ڈالنا نیز چشم پوشی کرنا.٣. جس پر نظر پڑ چکی ہو ، جو نظر میں آچکا ہو ؛ جو ذہن میں آچکا ہو .

نظر انداز کرنا محاورہ .درگزر سے کام لینا ، چشم پوشی کرنا .

نظر آنا محاورہ .١. دکھائی دینا ، سوجھنا ؛ ملنا ، پانا .٢. خاطر میں لانا .٣.لگنا ، محسوس ہونا ، دھیان میں آنا ، معلوم ہونا .

نظر باز صف .١. پہچان اور پرکھ رکھنے والا ، نیک و بد کا پہچاننے والا ، صاحبِ نظر ، مردم شناس .٢.. حسن پرست ، تاک جھانک کرنے اور گھورنے والا ، عاشق مزاج نیز وہ شخص جو صرف دیکھنے کا مزہ اُٹھائے . ٣. (کنایۃً) چالاک ؛ تیز طرار ؛ دھوکے باز .٦. کرتب دکھانے والا مداری ؛ وہ جو تماشا دکھائے .

نظر باندھنا محاورہ .١. منتر یا ہاتھ کی صفائی سے عجیب کرتب دکھانا ، جادو کے زور سے ایسی چیزیں دکھانا جن کا کوئی وجود نہ ہو ، نظر بندی کرنا. ٢. اُمید رکھنا ، بھروسا کرنا .٣. نظر جمائے رکھنا ، نظر کو نشانے پر جمانا ؛ نشانہ لگانا (شاذ) .

نظر بٹو اند .سیاہ داغ وغیرہ جو نظرِ بد سے بچانے کے لیے لگایا جائے ، نظر وٹو .

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

نظر بچا کر/کے م ف. آنکھ چرا کے، کترا کر، چھپ کر، چشم پوشی کر کے.

نظر بچانا محاورہ. ۱. چوری چوری دیکھنا، آنکھ چرانا، نگاہ نہ ملانا، کترانا. ۲. دوسروں کی نظر سے خود کو بچانا، بچ کر نکلنا. ۳. ٹالنا، اغماض کرنا، چشم پوشی کرنا.

نظر بد مث. بری نظر؛ چشم بد.

نظر بند اذ. ۱. قیدی، گرفتار، محبوس، مقید، حوالاتی جس پر نظر رکھی جائے؛ (قانون) وہ شخص جسے کسی عدالت میں باقاعدہ مقدمہ چلائے بغیر اور سزا کا اعلان کیے بغیر کسی جیل میں، کسی ریسٹ ہاؤس میں، اس کے گھر میں یا کسی خاص علاقے کے اندر رہنے کا حکم دیا گیا ہو، اسیر.
۲. وہ شعبدہ جس سے عجیب و غریب چیزیں نظر آئیں، نظر بندی.

نظر بندی مث. ۱. حراست، قید، سخت نگرانی؛ نظر بند رکھنے کا عمل. ۲. کسی پر نظر رکھی جانا، نگرانی میں رکھنا، نظر بندی میں ہونا. ۳. جادو وغیرہ سے نظروں کو متاثر کرنے کا عمل، سحرکاری، شعبدہ بازی، جادوگری، نظر کا دھوکا. ۴. (قانون) مقامی قیدی جو ایک احاطے یا مقام میں سوائے معمولی جیل کے محفوظ رکھا جاتا ہے، نظر بند.

نظر بھٹکنا محاورہ. اِدھر اُدھر دیکھنا، تلاش کرنا، ڈھونڈنا.

نظر پتھر کو توڑ دیتی ہے کہاوت. نظر بد کا اثر پتھر جیسی سخت چیز کو بھی توڑ دیتا ہے.

نظر پھسلنا محاورہ. ۱. کسی چیز کی شفاف اور چمک دار سطح پر نظر نہ ٹھہرنا، بہت زیادہ شفاف چمکیلا اور چکنا ہونا. ۲. کسی چیز کا ایسا خوب صورت اور صاف و شفاف ہونا کہ نگاہ نہ ٹھہر سکے، دیکھنے کی تاب نہ لا سکنا، نگاہ نہ ٹھہرنا.

نظر پھیر لینا/ پھیرنا محاورہ. ۱. پلٹ کر دیکھنا، اِدھر اُدھر نگاہ دوڑانا. ۲. بے توجہی کرنا، بے مروّتی کرنا.

نظر ثانی مث. ۱. دوبارہ غور و فکر، دوسری دفعہ یا مکرر غور کرنا. ۲. تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا، پڑتال کرنا، ترمیم و تنسیخ، حک و اضافہ. ۳. (قانون) کسی فیصل شدہ مقدمہ کی مسل کو پھر دیکھنا، از سرِ نو مقدمہ دائر کرنا.

نظر چُرانا محاورہ. ۱. آنکھ بچانا یا چرانا، نظر نہ ملا سکنا. ۲. انجان بننا؛ اغماض برتنا. ۳. شرم، غصے یا نفرت سے نظر نہ ملانا. ۴. کترانا، کنیانا چھپنا. ۵. نظر انداز کرنا، خاطر میں نہ لانا. ۶. کسی کام سے پہلوتہی کرنا

نظر دوڑانا ف م؛ محاورہ. ۱. اِدھر اُدھر دیکھنا، دور تک نظر ڈالنا، نظروں سے تلاش کرنا؛ ڈھونڈنا، جستجو کرنا. ۲. چاروں طرف نظر رکھنا؛ دور اندیشی اختیار کرنا. ۳. جائزہ لینا، غور کرنا، سوچنا.

نظر رکھنا محاورہ. ۱. میلان رکھنا، دھیان دینا؛ محبت سے دیکھنا، عاشقانہ نظر ڈالنا. ۲. پروا کرنا، دھیان دینا، سوچنا. ۳. نگرانی کرنا، (حفاظت احتیاط کے خیال سے) دیکھتے رہنا. ۴. اُمید لگانا، آس رکھنا، توقع کرنا ۵. خیر خبر رکھنا، خبر گیری کرنا. ۶. شناخت رکھنا، تمیز رکھنا، پرکھ رکھنا ۷. مدِنظر رکھنا، بطور مثال رہنا نیز مطالعے یا مشاہدے میں رکھنا ۸. توجہ دینا، دھیان میں رکھنا. ۹. دانت رکھنا، بری نیت رکھنا.

نظر سے گرا دینا محاورہ. ذلیل یا بے قدر کرنا، بے وقعت کر دینا التفات ختم کر دینا، توجہ اور عنایت ختم کر دینا.

نظر سے گر جانا/ گرنا محاورہ. ذلیل ہو جانا، دل سے اُترنا، بے عزت ہونا.

نظر سے گزرنا ف م؛ محاورہ. ۱. تجربے میں آنا. ۲. دیکھنے میں آنا مشاہدے میں آنا. ۳. پڑھنے میں آنا، مطالعے میں آنا.

نظر شناس صف. موقع محل سمجھنے والا؛ تیور پہچاننا، (طنزاً) ابن الوقت.

نظر عنایت مث. مہربانی اور محبت کا رویہ، چشم کرم، نظر التفات.
اف: فرمانا/کرنا/ہونا.

نظر کا ٹیکا/ ٹیکہ اذ. کاجل یا سرمے کا ٹیکا جو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لیے (خصوصاً بچوں کے) ماتھے یا چہرے پر یا کان کے نیچے لگا دیتے ہیں.

نظر کا دھوکا/ دھوکہ اذ. نظر کا فریب؛ نظر بندی.

نظر کرم مث. مہربانی یا عنایت کی نظر، التفات، نگاہِ لطف.

نظر کرنا محاورہ. ۱. (i) نگاہ ڈالنا، دیکھنا. (ii) مشاہدہ کرنا، غور سے دیکھنا. ۲. انجام سوچنا، عبرت کی نظر ڈالنا. ۳. توجہ کرنا، التفات کرنا، مہربانی کرنا.

نظر کمزور ہونا ف م؛ محاورہ. بصارت کمزور یا خراب ہو جانا، بینائی کم ہونا، کم نظر آنا.

نظر لگانا ف مر؛ محاورہ ۔ بد یا بری نظر سے دیکھنا ؛ ٹوکنا ۔۲۔ ندیدوں کی طرح دیکھنا ۔

نظر لگنا محاورہ ۔۱۔ نظر بد کا اثر ہو جانا ، ٹوک لگ جانا ؛ آسیب کا اثر ہوجانا ۔

نظر میں م ف ۔۱۔ نگاہ میں ، دیکھنے میں ۔۲۔ دھیان میں ، تصور میں ۔ ۳۔ دانست میں ، نزدیک ۔۴۔ مشاہدے میں ۔

نظر میں آنا محاورہ ۔۱۔ دکھائی دینا ، نظر آنا ؛ معلوم ہونا ، علم میں ہونا ۔ ۲۔ خیال میں آنا ، دھیان میں آنا ۔۳۔ ٹوک میں آنا ، نظر بد کا اثر ہونا ۔

نظر میں رکھنا ف مر؛ محاورہ ۔۱۔ آنکھوں کے سامنے رکھنا ، آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا ؛ زیرنگرانی رکھنا ۔۲۔ بہت زیادہ محبت کرنا ، عزیز رکھنا ۔ ۳۔ جانچ پرکھ کرنا ، بھانپ لینا ۔

نظر میں ہونا محاورہ ۔۱۔ توجہ کا مرکز ہونا ، مرکز نگاہ ہونا ۔۲۔ خیال میں ہونا ، دھیان میں ہونا ۔۳۔ علم میں ہونا ، معلوم ہونا ، جاننا ۔

نظر نہ لگے فقرہ ۔ اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے محفوظ رکھے ، چشم بددور (بالعموم کسی کی تعریف کے وقت بولا جاتا ہے) ۔

نظر ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ ۔۱۔ نظر لگ جانا ، نظر بد کا اثر ہونا ۔۲۔ جن یا پری وغیرہ کا سایہ ہو جانا ، آسیب کا اثر ہو جانا ۔۳۔ توجہ ہونا ، خیال یا دھیان ہونا ۔۴۔ دانت ہونا ، للچائی نظر ہونا ۔

نَظْرانا (فت ن ، سک ظ) ف ل ۔
نظر بد کا اثر ہوجانا ، نظر لگنا ، ٹوک لگنا ، نظرا جانا ۔

نَظْروں (فت ن ، سک ظ) امث ؛ ج ۔
نظر کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) ۔

نظروں میں آجانا/آنا ف مر؛ محاورہ ۔۱۔ ظاہر ہو جانا ، سامنے آجانا ، مشتبہ یا خطرناک وغیرہ خیال کیا جانا ، نگرانی میں آجانا ، راز فاش ہونا ۔۲۔ توجہ کے لائق سمجھا جانا ، عزت پانا ، باوقعت ہونا ۔

نظروں میں کھٹکنا محاورہ ۔ ناپسند ہونا ، برا معلوم ہونا ، ناگوار ہونا ۔

نَظَری (فت ن ، ظ) صف ۔
۱۔ نظر سے منسوب یا متعلق ، آنکھوں کا ، نگاہ کا ۔۲۔ صاحب نظر ، شناخت یا پرکھ والا ، بصیرت رکھنے والا ۔۳۔ (i) (تدریس) نصاب کی تعلیم ، اسباق اور لیکچر کے ذریعے ، علمی (عملی کی ضد) ، جو اطلاقی نہ ہو ۔ (ii) (فلسفہ) جو فکر و نظر پر مبنی ہو ، جس کی بنیاد تجربے پر نہ ہو ۔

نَظَرے خُوش گُزرے فقرہ ۔
(فارسی فقرہ اُردو میں مستعمل) جلد ہی گزر جانے والی نگاہ ، سرسری نظر ، اجمالی نظر ۔

نَظَرِیات (فت ن ، ظ ، شدی مع نیز بلا شد) اند ؛ ج ۔
نظریہ کی جمع ؛ اصول ، قاعدے ، خیالات ، آرا ، تبصرے ۔

نَظَرْیاتی (فت ن ، ظ ، سک ر) صف ۔
نظریات سے منسوب یا متعلق ؛ کسی نظریے کا ، کسی نظریے کی بنیاد پر ۔

نَظَریں (فت ن ، ظ ، ی مج) امث ؛ ج ۔
نظر کی مغیرہ صورت نیز جمع ؛ تراکیب میں مستعمل ، نگاہیں ، آنکھیں ۔

نظریں چار ہونا محاورہ ۔ (اچانک) نظر مل جانا ؛ سامنا ہونا ، مڈبھیڑ ہونا ۔

نظریں چرا جانا/ چرانا محاورہ ۔۱۔ آنکھیں چرانا ، نگاہیں بچانا ۔۲۔ سامنا نہ کرسکنا ، آنکھیں نہ ملا سکنا ۔

نَظَرِیَّہ (فت ن ، ظ ، شدی مع بفت) اند ۔
۱۔ نظر سے منسوب یا متعلق ؛ نظری ، فکری ۔۲۔ خیال یا قیاس جس کے لیے ثبوت لائے جائیں ، کوئی واقعہ یا حقیقت جس کی توجیہ کے لیے دلائل پیش کیے جائیں ۔۳۔ کسی مسئلے میں نظری اور فکری اختلاف مخصوص نقطۂ نظر ۔۴۔ (فلسفہ) وہ تصور یا ادراک جو ایک نوع کے کل افراد پر حاوی ہو ، تصور کلی ، فکری مسئلہ ۔

نظریۂ حیات اند ۔ زندگی کے بارے میں نقطۂ نظر زندگی گزارنے کا طریقۂ کار یا نظام ، ضابطۂ حیات ۔

نَظْم (فت ن ، سک ظ) (الف) امث ۔
۱۔ (i) لڑی ، سلک ، مالا ، موتیوں کو تاگے میں پرونا ۔ (ii) ترتیب ربط و ضبط ، تسلسل ۔ (iii) (ادب) عبارت کا ربط ، ترتیب ، جملے کی ساخت ، اسلوب ، انداز بیان ۔۲۔ موزوں کلام ، شاعری ، شعرگوئی شعر (نثر کے بالمقابل) ۔۳۔ شاعری کی وہ صنف جو کسی ایک موضوع پر ہوتی ہے اور اس میں مسلسل اسی پر اظہار خیال ہوتا ہے برخلاف غزل کے اس میں ہر شعر بالعموم ہم قافیہ ہوتا ہے بعض صورتوں میں

ہم ردیف بھی ہوتا ہے. (ب) امذ. ۱. انتظام، بندوبست، اہتمام، انصرام؛ تدبیر مملکت، حکمرانی کا قاعدہ؛ تنظیم (عموماً نسق کے ساتھ مستعمل؛ جیسے: نظم ونسق). [ع].

نظم کردینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. شاعری (کلام موزوں) میں اظہار خیال کرنا، شعر میں ڈھالنا، منظوم کرنا.

نظم معرا/معریٰ امث. (شاعری) کلام موزوں جس میں قافیہ اور ردیف نہ ہو لیکن بحر ہو، نظم کی ایک قسم، نظم آزاد، نظم سفید، بے قافیہ نظم، نظم عاری (Blank Verse).

نظم و ضبط امذ. دیکھیے: نظم ونسق.

نظم و نسق امذ. ۱. نظم اور ترتیب، انتظام و انصرام، سرکاری یا دفتری امور کا بندوبست. ۲. حکومت چلانے کا قاعدہ، دستور. ۳. حسن انتظام، ترتیب.

نُظَماً (ضم ن، فت ظ) امذ؛ ج.
۱. متعدد ناظم، ناظمین. ۲. (قانون) عادل، جج، سربراہ عدالت. [ع].

نَظْمانا (فت ن، سک ظ) ف م.
نظم کرنا، اشعار میں ڈھالنا.

نَظْمی (فت ن، سک ظ) صف.
۱. نظم سے منسوب یا متعلق، نظم و ترتیب دینے والا. ۲. نظم کرنے والا، شاعر.

نَظْمِیَّہ (فت ن، سک ظ، شدی مع بفت) صف.
۱. (ادب) نظم سے منسوب یا متعلق؛ منظوم، نظم، والا، نظم میں، شعری. ۲. انتظامیہ؛ پولیس کا محکمہ.

نَظِیر (فت ن، ی مع) (الف) صف.
مثل، مانند، طرح، جیسا. (ب) امث. ۱. مثال، تمثیل؛ نمونہ، ثانی؛ جواب نیز حوالہ. ۲. (قانون) کسی عدالت یا حاکم مجاز کا فیصلہ یا حکم، مثالی سند یا حوالہ؛ (اہم نظائر میں سے کوئی). ۳. (ہیئت) کسی کرۂ سماوی میں ناظر کے قدموں کی سمت کا آخری حصہ یا نقطہ، سمت القدم، نظیر الراس. [ع].

نظیر دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. تمثیل پیش کرنا، مثال کے طور پر سامنے لانا یا حوالہ دینا. ۲. (قانون) گزشتہ فیصلے یا حکم کا حوالہ دینا تاکہ اس کی روشنی میں موجودہ مقدمے کا فیصلہ کیا جاسکے.

نظیر ہونا محاورہ. جواب ہونا، ثانی یا مثال ہونا؛ مثالی نمونہ ہونا روایت پائی جانا.

نَظِیف (فت ن، ی مع) صف.
پاک و پاکیزہ، ستھرا. [ع].

نَعْت (فت ن، سک ع) امث.
۱. وصف، تعریف بیان کرنا. ۲. (ادب) موزوں کلام جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مدح و تعریف کی گئی ہو آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اوصاف و شمائل کا بیان ہو نیز حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ذات یا ان سے منسوب کسی چیز سے محبت و عقیدت کا اظہار ہو. [ع].

نعت خواں صف. لحن سے نعت پڑھنے والا، نعت خوانی کرنے والا.

نعت خوانی امث. نعتیہ اشعار پڑھنا، نعت پڑھنا، نعت پڑھنے کا عمل.

نَعْتِیَہ (فت ن، سک ع، کس ت، فت ی) صف.
نعت سے منسوب یا متعلق، جس میں تعریف و توصیف ہو خصوصاً حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی توصیف ہو.

نَعْرَہ (فت ن، سک ع، فت ر) امذ.
۱. زور کی آواز جو کسی مطالبے یا جوش یا جذبے کی شدت کی بنا پر ہو؛ ساتھیوں کو جوش میں لانے، جلسوں میں عوام کو ہوشیار و بیدار کرنے کی زوردار آواز. ۲. غم و غصے میں نکلنے والی درد انگیز آواز، آہ و فریاد. ۳. کوئی نئی بات یا فقرہ جو کشش اور دل کشی رکھتا ہو اور شہرت پائے. ۴. شور جنگ، صدا جو میدان جنگ میں مخالفین کو للکارنے کے لیے بلند کی جاتی تھی. [ع].

نعرہ بازی امث. ۱. نعرہ لگانے کا عمل؛ مراد: محض باتیں، بے عملی. ۲. (ادب) شاعری یا نثر میں کسی سیاسی یا سماجی نظریے کو براہ راست پیش کر دینا، تحریر میں شعری لطافت اور ادبی کنائے کا نہ ہونا، شعر و ادب کا پروپیگنڈے کی سطح پر آجانا.

نعرہ تکبیر امذ. دیکھیے: زور کی آواز سے اللہ اکبر پکارنا؛ صدا جس کے جواب میں زور کی آواز سے "اللہ اکبر" کہا جاتا ہے.

نعرہ رسالت اند. رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے نام کا نعرہ، رسول اللہ زور سے پکارنے کا عمل؛ جیسے: تقریر کے دوران میں بار بار نعرۂ رسالت ''یارسول اللہ'' کا شور بلند ہوتا ہے.

نَعْش (فت ن، سک ع) مث.

۱. انسان کا مردہ جسم، لاش، میت. ۲. (ہیئت) سات ستارے، عقد ثریا، سات سہیلیوں کا جھمکا، بنات النعش. [ع].

نَعْل (فت ن، سک ع) اند.

۱. جوتی، جوتا، پاپوش، کفش. ۲. لوہے کا حلقہ جو جوتے کے تلے میں ایڑی پر مضبوطی کے واسطے لگا دیتے ہیں. ۳. محرابی شکل کا آہنی حلقہ جو گھوڑوں، خچروں اور بیلوں وغیرہ کے کھروں پر لگاتے ہیں تاکہ ان کے کُھر گھسنے سے محفوظ رہیں. ۴. وہ نذرانہ یا خراج جو ماتحت بادشاہ یا ریاست اپنے سے زبردست بادشاہ کو دے، باج. [ع].

نعل بندی مث. ۱. بیل، خچر اور گھوڑوں کے سموں میں نعل جڑنا، نعل باندھنے کا کام. ۲. خراج یا نذرانہ یا محصول جو بادشاہ کو ادا کیا جائے نیز اطاعت گزاری.

نَعْلَین (فت ن، سک ع، ی لین) مث؛ ج.

۱. دونوں جوتیاں، جوتیوں کا جوڑا، جوتے کا جوڑا. ۲. (بطور واحد) حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی جوتی کا نقش جو گھروں میں برکت کے لیے رکھا جاتا ہے، نعلین پاک.

نِعَم (فت ن، ع) مث؛ ج.

نعمتیں، آسائشیں. [ف].

نِعْمَ (کس ن، سک ع) کلمۂ تحسین.

کیسا اچھا، اچھا، نیک (بطور مدح مستعمل) (تراکیب میں مستعمل).

نعم البدل اند. ۱. کسی نقصان کے بدلے میں ہونے والا فائدہ، عمدہ، اچھا بدلہ، نیک عوض یا معاوضہ. ۲. کسی ہنرمند یا تجربہ کار کا بدل، کسی چیز کا مناسب بدل.

نِعْمَت (کس ن، سک ع، فت م) مث.

۱. مال، دولت، ثروت، پونجی؛ عطا، بخشش، عطیہ (خصوصاً جو خدا کی طرف سے ملے). ۲. لذیذ چیز، مزے دار کھانا نیز آرام و آسائش. ۳. ناز، لاڈ (عموماً ناز و نعمت مستعمل). ۴. عزت کا مقام، مرتبہ یا منصب. [ف].

نعمت خانہ اند. ۱. لکڑی یا لوہے کی چادر سے بنی ہوئی چھوٹی الماری، گنجینہ. ۲. وہ مکان جس میں کھانا اور کھانے کی چیزیں رکھی ہوں، وہ جگہ جہاں امرا کھانا کھاتے ہیں، عشرت کدہ، توشہ خانہ.

نعمت عظمیٰ مث. بہت بڑی نعمت، غیر معمولی چیز یا عطیہ (عموماً جو خدا کی طرف سے عطا ہو).

نعمت غیر مترقبہ مث. وہ نعمت جس کے ملنے کا سان گمان نہ ہو، وہ نعمت جو محنت کے بغیر مل جائے، وہ نعمت جو خلافِ توقع ہاتھ آجائے، وہ دولت جو بغیر محنت کے حاصل ہو جائے، دولتِ خداداد.

نَعُوذ (فت ن، و مع) اند؛ فقرہ.

ہم پناہ مانگتے ہیں (صیغۂ جمع متکلم). [ع].

نعوذ باللہ فقرہ. پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی؛ اللہ کی پناہ، خدا بچائے، اللہ محفوظ رکھے؛ مراد: ہرگز نہیں، حیرت ہے، افسوس ہے، توبہ توبہ، میں بَری ہوں (بیزاری، تعجب، نفرت یا خوف ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں).

نَعِیم (فت ن، ی مع) (الف) مث.

۱. انعام میں دی ہوئی چیز، عطا شدہ چیز، دولت، ثروت، آرام. ۲. بہشت کے سات درجوں میں سے چھٹا درجہ، جنت، نعمتوں والی بہشت. (ب) صف. نعمت والا، صاحب نعمت، پُرمسرت، پُرآسائش؛ آسائش رکھنے والا، فیض والا، کرامت والا، نعمتوں والا. [ع].

نَغْز (فت ن، سک غ) صف.

۱. حسین، خوب صورت. ۲. عمدہ، خوب، اچھا؛ (کنایۃً) شیریں. ۳. افضل، اعلیٰ، فائق. ۴. (i) انوکھا، نرالا، الگ، عجیب، خوب. (ii) نایاب، نادر. [ف].

نَغْمات (فت ن، سک غ) اند؛ ج.

نغمہ کی جمع؛ بہت سے نغمے، گیت، سریلی آوازیں.

نَغْمَگی (فت ن، سک غ، فت م) مث.

غنائیت، موسیقیت، سُریلا پن، ترنم.

نَغْمَہ (فت ن، سک غ، فت م) اند.

۱. آواز جو گلے یا کسی آلۂ موسیقی سے باقاعدہ لے اور ترنم کے ساتھ نکلے؛ موسیقی کی بندش کی طرز پر گائے گئے الفاظ یا بول، موسیقی کے لیے ڈھالے ہوئے بول، گانا، ترانہ، گیت. ۲. راگ یا دھن جس میں کوئی گیت یا ترانہ ترتیب دیا گیا ہو؛ سُر، تال اور موسیقی کے اوزان کا مجموعہ. ۳. اچھی آواز، سریلی آواز، میٹھی آواز، ترنم نیز پرندے کی چہکار، چہچہاہٹ. [ع].

نغمہ سرا صف. گانے والا، گویا.

نغمہ نگار صف. گیت لکھنے والا، شاعر، گیت نگار، نغمہ ساز.

نَغْمے (فت ن، سک غ) اند؛ ج.

نغمہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ متعدد نغمے، نغمات، گانے، گیت، ترانے (تراکیب میں مستعمل).

نَفّاخ (فت ن، شد ف) اند.

۱. (طب) نفخ کرنے والا، پیٹ میں اپھارا پیدا کرنے والا، بادی کا مرض. ۲. (طب) سانس کا مرض، تنفسی بیماری، ضیق النفس، پھیپھڑوں کے ہوائی کیسوں کے پھیل جانے کا مرض جس سے تنفس دشوار ہو جاتا ہے. [ع].

نَفاذ (فت نیز کس ن) (الف) اند.

۱. کسی فرمان یا حکم نامے یا قانون کا عائد یا نافذ ہونا، لاگو ہونا، اجرا، رواج. ۲. کسی چیز کا دوسری چیز میں سے گزرنا یا پار ہونا، سرایت کرنا. ۳. (عروض) حرف وصل اور خروج مزید کی حرکت. (ب) صف. پہنچا ہوا، آیا ہوا (خط) صادر شدہ حکم، تعمیل شدہ. [ع].

نِفاس (کس نیز فت ن) اند.

بچہ جننے کے بعد زچہ کے جسم سے جاری رہنے والا خون. [ع].

نَفاسَت (فت ن، س) امث.

۱. صفائی ستھرائی، نظافت؛ پاکیزگی، طہارت. ۲. خوش سلیقگی؛ خوبی، عمدگی، اچھائی، بھلائی. ۳. خوب صورتی؛ نزاکت، لطافت. [ع].

نفاست پسند صف. اچھائی اور خوبی کو عزیز رکھنے والا، اعلیٰ اور عمدہ ذوق رکھنے والا.

نِفاق (کس ن) اند.

۱. ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ہونا، منافقت، دوغلا پن؛ (فقہ) دل میں کفر رکھنا اور زبان سے اظہار ایمان کرنا. ۲. دشمنی، عداوت نفرت، بیزاری. ۳. نااتفاقی، پھوٹ، ناچاقی، اختلاف؛ بگاڑ. ۴. بغض کینہ؛ تعصب؛ حسد، جلن. [ع].

نفاق پھیلانا/ ڈالنا محاورہ. نفاق ڈالنا، نااتفاقی پیدا کرنا، آپس میں بگاڑ پیدا کرانا، اختلاف پیدا کرانا.

نِفاق کا بیج بونا ف مر؛ محاورہ. ایسی بات کرنا جو اختلاف اور بگاڑ کا سبب بنے، اختلاف پیدا کرانا.

نَفْخ (فت ن، سک ف) اند.

۱. (طب) خلل معدہ، پیٹ کا پھولنا، معدہ میں ریح پیدا ہونا، اپھارہ ہونا، ریح. ۲. (چیزوں پر) پھونک مارنا، پھونکنا، دم کرنا. [ع].

نَفْخَہ (فت ن، سک ف، فت خ) اند.

۱. ایک مرتبہ منھ سے ماری جانے والی پھونک، نفخ، صور. ۲. (فقہ) صور پھونکا جانا؛ مراد؛ قیامت واقع ہونا. [ع].

نَفَر (فت ن، ف) اند.

۱. شخص، آدمی، متنفس نیز فرد واحد. ۲. کام کرنے والا شخص، نوکر چاکر خادم، خدمت گزار؛ قلی، مزدور؛ ادنیٰ ملازم. ۳. آدمیوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے بطور لاحقہ مستعمل. ۵. عام سپاہی، فوجی. [ع].

نَفْرَت (فت ن، سک ف، فت ر) امث.

۱. کسی چیز سے بھاگنا، بیزاری، انتہائی ناپسندیدگی (محبت کی ضد). [ع].

نفرت کرنا ف مر؛ محاورہ. گھن کھانا، کراہت کرنا، حقارت کی نظر سے دیکھنا، ذلیل سمجھنا، بیزاری سے کام لینا.

نفرت ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. نفرت کرنا کا لازم؛ کراہت ہونا، بیزاری ہونا. ۲. ناپسند ہونا، ناگوار ہونا.

نَفْری (فت ن، فت نیز سک ف) (الف) امث.

۱. افراد عملہ، عملہ (افسر کے مقابل). ۲. فوج یا پولیس کے افراد، سپاہی. ۳. افراد کا ہدف، مقررہ تعداد، ملازمین کی تعداد. (ب) صف. نفر سے منسوب یا متعلق؛ تعدادی، عددی، عدد والا.

نفرین (فت ن ، سک ف ، ی مع) امث .
ملامت ، مذمت ، پھٹکار ؛ کوسنا ، بددعا . [ف] .

نفس (فت ن ، ف) اند .
سانس ، تنفس ، دم ، ہوا جو پے در پے منھ سے نکلتی اور اندر جاتی ہے ، پھونک . [ع] .

نفس (فت ن ، سک ف) اند .
وجود ، اپنا آپ ، ذات ، ہستی .۲. (i) فرد ، شخص ، انسان ، بشر ، ذکر. (ii) مرد کا عضو تناسل ، خواہش نفسانی ؛ شہوت .۳. اصل ، حقیقت ، اصلیت ، لب لباب ، کسی کتاب یا تحریر کا موضوع یا مضمون ، مادّہ ، جوہر ، روح ، آتما ، جان ، عورت کا جسم ، تن ، بدن .۴. خودی ، انا ، انانیت .۵. دل ، باطن ، ضمیر ؛ ذہن .۶. مادیت ؛ نفس امارہ . [ع] .

نفس الامر اند ؛ م ف . اصل حقیقت ، امر واقعی ؛ درحقیقت ، دراصل ، جو واقعی میں موجود ہو اور فرض نہ کیا گیا ہو .

نفس امارہ اند . (اصطلاحاً) شر کی جانب مائل کرنے والا نفس ، گناہوں پر آمادہ کرنے والا قلب ، شہوات پر اُکسانے والا دل .

نفس انسانی کس صف . انسانی نفس ، روح انسان ، نفس ناطقہ .

نفس پرست صف . نفسانی خواہشات کا غلام ، شہوت پرست ، بوالہوس ، عیاش .

نفس کا بندہ اند . اپنی خواہشات کا تابع ، خواہشوں کا غلام ، اپنے نفس کے پیچھے چلنے والا .

نفس مضمون اند . مضمون کا اصل مطلب ، اصل حقیقت ، متن .

نفس مطمئنہ کس صف ، اند . (تصوف) بری عادتوں سے مبرا نفس ، صلحا اور انبیا کی روح جیسا پاکیزہ نفس ، اخلاق حمیدہ سے آراستہ خدا رسیدہ نفس .

نفس نفیس اند . خدا کی ذات پاک ؛ (مجازاً) ذات خاص ، خود ذاتی طور پر ، اپنے آپ بہ ذات خود (بڑے آدمیوں کے متعلق بہ ترتیب بنفس نفیس استعمال ہوتا ہے) .

نفسانفسی (فت ن ، سک ف ، فت ن ، سک ف) امث .
سب کو اپنی اپنی پڑنا ، خود غرضی کا دور دورہ ، اپنے مفاد اور مطلب سے غرض رکھنا ، خود غرضی .

نفسا نفسی کا عالم اند . سب کو اپنی اپنی پڑی ہونا ، آپا دھاپی ، خود غرضی کا وقت یا زمانہ .

نفسانی (فت ن ، سک ف) صف .
نفس سے متعلق یا منسوب ، نفس کا ، نفسی .

نفسانیّت (فت ن ، سک ف ، کس ن ، شد ی بفت) امث .
خود غرضی ، غرور ، نخوت ؛ شرارت نیز خواہشِ نفس .

نفسیات (فت ن ، سک ف ، کس س) اند ؛ امث .
۱. علم جس میں انسانوں اور جان داروں کے نفس کی حقیقت اور عمل سے بحث کی جاتی ہے بالخصوص خاص حالات و واقعات کے تناظر میں ، نفس سے متعلق باتوں کا علم ، علم النفس (Psychology) .۲. کسی فرد یا گروہ کا ذہنی رویہ اور ذہنی خصوصیات ؛ دماغی اور ذہنی اسباب ؛ نفسی میلانات .

نفسیاتی (فت ن ، سک ف ، کس س) صف .
۱. نفسیات سے منسوب یا متعلق ؛ تحت الشعور سے متعلق .۲. دماغی الجھنوں کا شکار ، ذہنی مریض ، (مراداً) پاگل .

نفسیاتی جنگ امث . وہ جنگ جو ذرائع ابلاغ سے لڑی جائے ، مخالف کے خلاف پروپیگنڈہ ، سرد جنگ (Psyhological Warfare) .

نفسیاتی حربہ اند . مخالف کو زچ کرنے اور حوصلہ پست کرنے کے لیے ذہنی حملہ کرنے کا طریقہ ، نفسیاتی جنگ میں ذہن پر حملہ یا وار کرنے کا طریقہ ، نفسیاتی اثر ڈالنا .

نفسیاتی مریض اند . خراب ذہنی حالت کا حامل شخص ، ذہنی مریض .

نَفع (فت ن ، سک نیز فت ف) اند .
۱. حاصل ، نتیجہ ، ثمرہ ، پھل ، فائدہ (نقصان کی ضد) .۲. مالی منفعت ، منافع ، سود . [ع] .

نفع بخش صف . منفعت دینے والا ، سود مند ، فائدہ پہنچانے والا ، مفید .

نفع دینا ف مر ؛ محاورہ . ۱. فائدہ پہنچانا ، فیض پہنچانا ؛ (روحانی طور پر) فائدہ مند ہونا .۲. مالی منفعت پہنچانا .

نفع نقصان اند . ۱. فائدہ اور گھاٹا ؛ برائی بھلائی ، اونچ نیچ .

نَفَقہ (فت ن ، سک ف ، فت ق) اند .
(فقہ) گزر اوقات کے لیے واجبی اخراجات جو شوہر کے ذمے ہوں ،

بیوی کا روٹی ، کپڑا ، ضروریات زندگی (عموماً نان و نفقہ کی ترکیب سے مستعمل) . [ع] .

نَفْل (فت ن ، کس نیز سک ف) اند .
عبادت جو واجب نہ ہو ؛ وہ نماز جو فرض ، واجب اور سنت نماز کے علاوہ شکرانے یا اللہ تعالیٰ کی خوش نودی کے لیے پڑھی جائے . [ع] .
نفل ماننا ف مر ؛ محاورہ . منت ماننا کہ کام ہونے پر اتنے نفل پڑھوں گا .

نَفْلی (فت ن ، سک ف) صف .
(فقہ) نفل سے منسوب یا متعلق ؛ جو فرض یا واجب نہ ہو ، رضاکارانہ (عبادت یا کام وغیرہ) .

نُفُوذ (ضم ن ، و مع) اند .
۱. سرایت کرنا ، داخل ہونا ، جذب ہونا . ۲. احکام جاری ہونا ، اجرا . ۳. اثر قائم ہونا ، اثرات پڑنا . [ع] .

نَفُور (فت ن ، و مع) صف .
نفرت کرنے والا ، متنفر ، بیزار ، بھاگنے والا ، کراہت کرنے والا . [ع] .

نُفُور (ضم ن ، و مع) اند .
نفرت کرنا ، کراہت کرنا ، بھاگنا ، نفرت ، گریز ، تنفر . [ع] .

نُفُوس (ضم ن ، و مع) اند ؛ ج .
افراد ، اشخاص ، لوگ ، شخصیتیں . [ع] .
نفوس قدسیہ اند ؛ ج . پاک روحیں ، بزرگانِ دین ، نیک لوگ ؛ پاک روحوں والے برگزیدہ اشخاص .

نَفی (فت ن) مث .
۱. کسی چیز کے وجود سے انکار ؛ تسلیم نہ کرنا (اثبات کی ضد) . ۲. انکار کر دینا ، رد ، نہیں ، انکار . ۳. (ریاضی ؛ الجبرا) تفریق کرنا ، گھٹانا ، نکال دینا ، کم کر دینا . [ع] .
نفی کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. تفریق کرنا ، گھٹانا ؛ نکالنا ، دور کرنا ، اخراج کرنا . ۲. انکار کرنا ، نامنظور کرنا ، رد کرنا .
نفی و اثبات اند ؛ ج . (تصوف) انکار اور اقرار ، ہاں اور نہ ، رد و قبول (ہر فانی الہٰ کی نفی اور صرف اللہ تعالیٰ کا اقرار) ؛ مراد : کلمہ طیبہ ، لا إلٰہ الا اللہ کا ورد ، ذکرِ نفی و اثبات .

نَفِیر (فت ن ، ی مع) اند ؛ مث .
۱. ایک باجا ، ترئی ، بگل ، شہنائی ، بانسری . ۲. شور ، چیخ و پکار ، واویلا نالہ و فریاد . [ف] .

نَفِیری (فت ن ، ی مع) مث .
بانسری کی قسم کا ایک ساز ، شہنائی ، بانسری ، الغوزہ ، تُرئی ، قرنا .

نَفِیس (فت ن ، ی مع) صف .
۱. اچھا ، عمدہ ، اعلیٰ پائے کا ، پسندیدہ . ۲. خوب صورت ، حسین ، خوش نما . ۳. قیمتی ، بیش قیمت . ۴. (مجازاً) پاک ، صاف ، پاکیزہ . [ع] .

نِقاب (کس نیز فت ن) اند ؛ مث .
۱. جالی دار کپڑا جو چہرہ چھپانے کے لیے عورتیں منہ پر ڈالتی ہیں ، چہرہ ڈھانپنے یا چھپانے کا پردہ ، پردے کا برقع ، گھونگھٹ . ۲. سوانگ بھرنے یا تفریحاً ڈرامے کے لیے بنایا جانے والا بناوٹی چہرہ (Mask) خول . [ع] .
نقاب اترنا ف مر ؛ محاورہ . پردہ فاش ہونا ، راز کھلنا .
نقاب الٹ دینا / الٹنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. چہرے سے نقاب اٹھانا . ۲. راز فاش کرنا . ۳. پوشیدہ چیز ظاہر ہونا یا نئی باتیں یا چیزیں آشکار ہونا .
نقاب پوش صف . (وہ شخص) جو منہ پر نقاب ڈالے رہے ، جس کے چہرے پر نقاب پڑا ہوا ہو ؛ جس کا چہرہ پردہ میں ہو ، پوشیدہ .
نقاب کشائی مث . ۱. نقاب یا پردہ ہٹانا ، راز کھولنا . ۲. کسی یادگاری تختی یا سنگِ بنیاد وغیرہ سے پردہ ہٹا کر افتتاح کرنا .

نَقابَت (فت ن ، ب) مث .
نقیب کا کام ؛ تعریف کرنا ، سراہنا ، بآوازِ بلند القاب و آداب سے پکارنا جیسے کسی دربار میں آواز لگائی جاتی تھی .

نَقّاد (فت ن ، شد ق) صف .
۱. جو کھرے کھوٹے سکوں کو پرکھے ، کھرا کھوٹا خوب پرکھنے والا ، صراف . ۲. شعر و ادب کو پرکھنے والا ، کسی تحریر یا کتاب وغیرہ کو جانچنے والا ، ماہر ، اُستادِ فن ، تنقید نگار . [ع] .

نَقّار (فت ن ، شد ق) اند .
نقارہ کی تخفیف ؛ مرکبات میں مستعمل .

نقار چی صف : اند. ا. نقارہ بجانے والا، نوبت بجانے والا، نوبت نواز شاہی زمانے کا ایک عہدہ). ۲. (مجازاً) ڈھنڈورچی، اعلان کرنے والا۔

نقار خانہ اند. ا. جگہ جہاں نوبت، نقارے وغیرہ بجاتے ہیں، نوبت خانہ۔ (مجازاً) جگہ جہاں بہت شور غل ہو اور کان پڑی آواز سنائی نہ دے۔

نقار خانے میں طوطی کی آواز مث : فقرہ. بڑے آدمیوں کی رائے میں چھوٹے آدمی کا دخل؛ معمولی چیز، بے اثر بات۔

نقار خانہ/ خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے کہاوت. بڑے دمیوں میں چھوٹے کی آواز بے اثر رہتی ہے؛ بہت سے آدمیوں کے آگے ایک کی نہیں چلتی؛ طاقت وروں میں کمزوروں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔

نقارا/ نَقّارَہ (فت ن، شد ق/ فت ر) اند.
ایک بڑا تاشہ جو لکڑی کے بہت بڑے پیالے کی طرح کا ہوتا ہے اور اس کی چوڑی طرف چمڑہ منڈھتے ہیں، جب لکڑی سے اس پر ضرب لگاتے ہیں تو ڈھول کی طرح بہت اونچی آواز دیتا ہے، طبل، نوبت۔ [ف]۔

نقارہ بجنا ف مر : محاورہ. شہرہ ہونا، دھوم مچنا؛ اعلان ہونا۔

نقارۂ خدا اند. مراد : عام طور پر قبول کی جانے والی بات، سچی سمجھی جانے والی بات۔

نَقّارے (فت ن، شد ق) اند : ج.
نقارہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل۔

نقارے بجنا ف مر : محاورہ. طبل بجنا؛ شہرت ہونا۔

نَقّاش (فت ن، شد ق) صف : اند.
نقش و نگار بنانے والا، گل بوٹے بنانے والا، مصور، نقش کار۔ [ع]۔

نقاش ازل اند. کائنات کا پیدا کرنے والا، کائنات کو عدم سے وجود میں لانے والا؛ مراد : خدائے تعالیٰ، خالق کائنات۔

نَقّاشی (فت ن، شد ق) مث.
ا. نقاش کا پیشہ، نقش کھینچنا، نقش کرنے کا فن یا عمل. ۲. مصوری؛ گل کاری، پھول بوٹے بنانا، پتھر یا لکڑی وغیرہ پر نقش و نگار بنانے کا کام۔

نُقاط (ضم ن) اند : ج.
ا. بہت سے نقطے. ۲. دو خطوط کے تقاطع پر دیے جانے والے نشان۔

۳. کسی چیز کے بنیادی اجزائے ترکیبی جن پر اس کے وجود کا دار و مدار ہو؛ ایسا مقام جہاں سے کوئی چیز شروع ہو. ۴. شق، تفصیل، امر، معاملہ، نکتہ۔ [ع]۔

نَقّال (فت ن، شد ق) صف : اند.
ا. نقل کرنے والا، نقل اُتارنے والا، جو دوسرے کی نقل اتارتا یا کرتا ہو، نقالی کا ماہر. ۲. بھانڈ، مسخرا، بہروپیا۔ [ع]۔

نَقّالی (فت ن، شد ق) مث.
ا. کسی دوسرے کی نقل کرنا، نقل کرنے کی حالت، نقال کا کام. ۲. نقل کرنے کا پیشہ، بھانڈپن، سوانگ بھرنا۔

نِقاہَت (فت نیز کس ن، فت ہ) مث.
وہ کمزوری جو بیماری سے اٹھنے کے بعد رہے، مرض کے بعد کی کمزوری و ناتوانی؛ ضعف، ناطاقتی۔ [ع]۔

نقاہت زدہ صف. کمزور، ناتواں، ضعف کا مارا ہوا۔

نَقائِص (فت ن، کس ء) اند : ج.
نقص کی جمع، عیوب، بُرائیاں، کھوٹ۔ [ع]۔

نَقب (فت ن، سک نیز فت ق) مث.
ا. وہ سوراخ جو چور دیوار میں بناتے ہیں، سیندھ. ۲. شگاف، سوراخ۔ [ع]۔

نقب زن اند : صف. سیندھ لگانے والا، نقب لگانے والا، چوری کی نیت سے دیوار میں شگاف کرنے والا۔

نقب زنی مث. ا. نقب دینا، سیندھ لگانا، سرنگ کھودنا، چوری، لوٹ مار. ۲. نقب لگانا، رخنہ اندازی کرنا، چپکے سے کسی کام کی راہ نکالنا۔

نقب لگانا محاورہ. ا. خفیہ طریقے سے دیوار میں شگاف کر کے یا سرنگ بنا کر گھس آنا، دیوار شق کرنا. ۲. قطع کرنا، کاٹ دینا. ۳. درز ڈالنا، شگاف ڈالنا؛ گھس آنا؛ غلبہ پانا. ۴. گھات لگانا، تاک میں رہنا۔

نَقد (فت ن، سک ق) اند.
ا. وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے، ادھار کے برخلاف، سکۂ سیم و زر، روپیہ پیسا، نوٹ. ۲. نقدی، روکڑ، کھرا روپیہ، موجود رقم. ۳. پونجی، سرمایہ۔ [ع]۔

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، قم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

نقد جان اند. (کنایۃً) جان و دل ، روح ، عزیز ترین چیز ، آتما .

نقد سودا اند. ایسا سودا جو فوراً طے ہو جائے .

نقد و نظر مث. جانچ ، پرکھ ، کھرا کھوٹا پہچاننا نیز ادبی محاسن کو جانچنا ، کسی تحریر کو پرکھنے کا عمل ، تنقید و تبصرہ .

نَقداً (فت ن ، سک ق ، تن ا بفت) م ف.
بالفعل ، فوراً ، فی الفور ، ابھی ؛ ہاتھوں ہاتھ .

نَقدا نَقد (فت ن ، سک ق ، فت ن ، سک ق) م ف.
ہاتھوں ہاتھ ، دست بہ دست ، سر دست ، ترت ، ہاتھ کے ہاتھ ، فوراً ایک ہاتھ لینا دوسرے ہاتھ دینا ، فوراً قیمت دینا ؛ اُدھار نہ کرنا .

نَقدی (فت ن ، سک ق) مث.
نقد روپیہ ، زر نقد ، دولت ، دھن ، مال و زر ، روپیہ پیسہ ، سرمایہ بصورت سکہ ، رقم ، پونجی .

نُقرَہ (ضم ن ، سک ق ، فت ر) (الف) اند ؛ مث.
۱. چاندی ، سیم ، رُوپا ، فِضہ ۲. چاندی کا سکہ ، روپیہ . (ب) صف . (کنایۃً) ہر چیز جو سفید ہو ، گورا چٹا ، سفید . [ف] .

نُقرَئی (ضم ن ، سک ق ، فت ر) صف.
۱. چاندی کا ، چاندی سے بنا ہوا ۲. سفید ، چاندی کے رنگ کی طرح .
۳. روپہلی ، چاندی کی سی چمک لیے ہوئے ۴. چاندی کے ٹکڑوں کے مسلسل کوٹنے سے بنایا جانے والا باریک ورق جو چاندی کا ورق کہلاتا ہے اور یہ ورق ادویات کے علاوہ مربوں ، مٹھائیوں اور مختلف میٹھے اور نمکین کھانوں پر سجاوٹ کے لیے لگائے جاتے ہیں .

نَقش (فت ن ، سک ق) (الف) اند.
۱. (i) (قلم یا رنگوں سے کھینچا ہوا) خاکہ ، نگار ، نقشہ ، مصوری ، تصویر ، مصوری کا نمونہ ؛ شبیہ ، مورت . (ii) کندہ کاری یا سنگ تراشی کا نمونہ .
(iii) پھول پتی کا کام ، منبت کاری ، بیل بوٹے کا کام ۲. وہ نشان جو مہر لگانے سے پڑ جائے ، کسی چیز کے دبانے سے پڑنے والا نشان نیز نشان جو اُبھرا ہوا ہو ؛ چھاپ ، مہر ، چھاپا ، ٹھپا ، عکس ، طبع ۳. وہ کاغذ جس میں خانے کھینچ کر ہندسے بھرتے ہیں یا اسمائے تبرکہ لکھتے ہیں ، تعویذ ۴. تصور ، خیال . (ب) صف . لکھا ہوا ، رقم کیا ہوا ، مرقوم ، منقوش . [ع] .

نقش ابھرنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. نقش کا سطح سے اونچا یا نیچا ہو جانا ۲. صورت ظاہر ہونا ، صورت نکلنا ، علامت یا نشان ظاہر ہونا .

نقش اول اند. ۱. بہترین نمونہ ، بہترین تخلیق ۲. پہلی تحریر ، پہلا نمونہ نیز کسی کتاب وغیرہ کا پہلا ایڈیشن .

نقش بدیوار/ بر دیوار/ بہ دیوار صف؛ اند. وہ نشان یا تصویر جو دیوار پر ہو ؛ (کنایۃً) چپ چاپ ، ساکت ؛ ہکا بکا ؛ گم صم .

نقش بٹھانا/ بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نشان بن جانا ، نقش کا جم جانا ۲. کسی کے دل میں جگہ کر لینا ، دل پر اثر ہو جانا ، قائم ہو جانا .

نقش ثانی اند. کوئی تصویر یا کوئی فنی کاوش جو دوسری بار پیش کی جائے دوسرا نقش جو پہلے نقش سے بہتر سمجھا جاتا ہے .

نقش دوام اند. ہمیشہ قائم رہنے والا نشان .

نقش قدم اند. پیر کا نشان ، نقشِ پا ؛ (کنایۃً) رہنما اُصول .

نقش قدم پر چلنا محاورہ. پیروی کرنا ، تقلید کرنا ، کسی کے پیچھے چلنا ، کسی کی پوری پوری پیروی کرنا .

نقش لکھنا ف مر؛ محاورہ تعویذ لکھنا ، مراد پوری کرنے کی غرض سے تعویذ بنانا ، نقش بنانا تاکہ بطور تعویذ استعمال کیا جا سکے .

نقش مٹا دینا/ مٹانا محاورہ. تحریری یا تصویری نشانات کو صاف کرنا نشانات مٹانا یا بگاڑ دینا نیز دل سے کسی خیال یا نظریے کا نکال دینا .

نقش و نگار اند. پھول پتی کا آرائشی کام ، بیل بوٹے ، خوش نما نقش .

نقش ہو جانا محاورہ. دل نشین ہو جانا ، کسی بات کا دل و دماغ میں جم جانا .

نقش ہونا محاورہ. ۱. کندہ ہونا ، کھودا جانا ، کھدنا ۲. دل پر جمنا ، بیٹھنا دل نشین ہونا .

نَقشَہ (فت ن ، سک ق ، فت ش) اند.
۱. تصویر ، شبیہ ، روپ ، عکس ۲. صورت ، شکل ، چہرہ مہرہ ، حلیہ ، خط خال ، چہرے کی خوش نمائی ۳. سج دھج ، وضع قطع ؛ حالت ، کیفیت صورت حال ؛ طرز ، انداز ۴. (i) کرۂ زمین یا اس کے کسی حصے کا خاکہ جو کاغذ یا کسی سپاٹ سطح پر بنایا جائے اور اس میں خشکی ، سمندر ، پہاڑ اور ملک وغیرہ کی نشان دہی ہو ، سطح زمین کی تصویر ، دنیا کی تصویر یا خاکہ .

(ii) کسی ملک ، براعظم ، شہر وغیرہ کی تصویر ؛ کسی جگہ کی طبعی کیفیت ، وہاں کے خدوخال اور عمارات وغیرہ . (iii) (معماری) وہ خاکہ جو مکان (وغیرہ) کی تعمیر سے پہلے کاغذ پر بنایا جاتا ہے ؛ تعمیری منصوبہ یا تجویز (Plan) .۵. کسی قسم کے ورق یا تختے جن پر قاعدے سے یا جدول کی شکل میں معلومات لکھی ہوں ، فہرست اعداد و شمار ؛ جدول ، گوشوارہ . .درگت ، بُرا درجہ ، حال بد . [ف / ع] .

نقشہ بگاڑ ڈالنا/ بگاڑنا محاورہ. حال سے بے حال کرنا ، کھنڈت ڈالنا ، سابقہ ہیئت یا حالت قائم نہ رکھنا ، کسی جگہ کی صورتِ حال خراب کر دینا نیز حلیہ بگاڑ دینا ، بدشکل کر دینا ، شکل خراب کر دینا .

نقشہ بگڑنا محاورہ. ا. شکل مسخ ہو جانا، شکل خراب ہو جانا ، بدشکل ہو جانا ، بدہیئت ہونا .۲. حال خراب ہونا ؛ صورت بگڑ جانا ، بدانتظامی ہونا .

نقشہ پھر جانا/ پھرنا محاورہ. تصویرِ نظر کے سامنے پھرنے لگنا ، چہرہ سامنے آ جانا ، منظر نگاہوں میں گھوم جانا .

نقشہ کھینچنا محاورہ. ا. تصویر اتارنا ، عکس لینا ، فوٹو لینا ، تصویر بنانا . ۲. خاکہ بتانا، حلیہ بتانا ، حالت بیان کرنا ، حالت یا کیفیت واضح کرنا .

نَقْشِیں (فت ن ، سک ق ، ی مع) (الف) صف.
جس پر نقش و نگار بنے ہوں ، نقش کیا ہوا ، نقش بنایا ہوا ، گل کاری کیا ہوا ، نقش دار ، منقش ، نقشی . (ب) اند. مٹی کا ظرف جس پر نقش و نگار بنے ہوں .

نَقْص (فت نیز ضم ن ، سک ق) اند.
ا. کمی ، کوتاہی ، کسر ، ادھورا پن ، ناتمامی .۲. عیب ، داغ ، دھبا ، کھوٹ ، سقم ، برائی ، خرابی . [ع] .

نقص نکالنا محاورہ. عیب نکالنا ، اعتراض کرنا ، کھوٹ یا خرابی ظاہر کرنا .

نُقْصان (ضم ن ، سک ق) اند.
ا. (i) کمی ، کوتاہی . (ii) (کنایۃً) بُرائی ، خرابی ، عیب ، نقص .۲. ضرر ، دُکھ ، تکلیف ، گزند ، زیاں .۳. خسارہ ، گھاٹا .۴. حرج ، قباحت ، مضائقہ . [ع] .

نقصان اُٹھانا محاورہ. خسارہ برداشت کرنا ، ٹوٹا یا گھاٹا برداشت کرنا .

نقصان بھرنا محاورہ. خسارہ پورا کرنا ، گھاٹا اُٹھانا ، نقصان کی تلافی کرنا .

نقصان دہ صف. مضر، ضرر رساں، مضرت رساں، نقصان پہنچانے والا .

نقصان کرنا محاورہ. ا. فائدہ نہ ہونے دینا ، کام میں خلل ڈالنا ، خرابی پیدا کرنا ، رخنہ پیدا کرنا .۲. تکلیف دینا ؛ ضرر پہنچانا ، بگاڑ کرنا . ۳. ضائع کرنا ، کھونا ، رائیگاں کرنا ، برباد کرنا ، تباہ کرنا .

نَقْض (فت ن ، سک ق) اند.
ا. توڑنا ، ٹوٹ پھوٹ ، شکستگی ، ٹوٹنے کا عمل .۲. بگاڑ ، خرابی .۳. (منطق) دلیل کے تمام ہونے کے بعد اس کا باطل کرنا ، دلیل کے جاری ہونے کے باوجود دعوئی ثابت نہ ہونے دینا ، دلیل کو توڑ دینا . [ع] .

نقض امن اند. امن عامّہ کا بگاڑ ، امن و امان میں خلل ، جھگڑا ، فساد ، بلوہ .

نُقَط (ضم ن ، فت ق) اند ؛ ج.
بندیاں ، نقطے بطور (واحد بھی مستعمل) .

نُقْطَہ (ضم ن ، سک ق ، فت ط) اند.
ا. (ریاضی) وہ نشان جس کی نہ چوڑائی نہ موٹائی نہ لمبائی ہو ، قلم کی نوک کاغذ پر رکھنے سے جو نشان بنے ، بندی ، صفر کا نشان .۲. (ہندسہ) وہ جگہ جہاں دو خطوط ایک دوسرے کو کاٹیں یا ملیں .۳. مرکز ، بنیاد . ۴. بنیادی بات ، خیال ، تہ کی بات ، باریک بات .۵. بندی کا نشان جو کسی چیز کے انتخاب کو ظاہر کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے (شعر وغیرہ پر) ، نقطۂ انتخاب .۶. دائرے کے وسط کا وہ مقام جس سے خط دائرہ تک خطوط کھینچے جاتے ہیں (اور طوالت میں برابر ہوتے ہیں ، نقطۂ پرکار) .۷. چھوٹا سا دھبا یا نشان ، داغ .۸. وہ صفر کا نشان جو بعض حروف پر دیا جاتا ہے جیسے ب کے نیچے ایک نقطہ ، ت کے اوپر دو نقطے . [ع] .

نقطۂ اعتراض اند. (قانون) مجالس یا پارلیمنٹ میں کسی تقریر یا حوالے کے درمیان اُٹھایا جانے والا سوال (Point of Order)، نکتۂ اعتراض .

نقطۂ انجماد اند . (طبیعیات) وہ درجۂ حرارت جہاں کوئی مائع خصوصاً پانی جم جائے (Freezing Point)؛ انتہائی سرد موسم جب پانی جم جاتا ہے ، شدید سردی .

نقطۂ آغاز اند. کسی بات یا کام کے شروع ہونے کا مقام ، کسی بات یا کسی کام کی ابتدا ، بنیاد ، اصل .

نقطۂ جوش/کھولاؤ اند. (طبیعیات) وہ درجۂ حرارت جس پر کوئی مائع ابلنے لگے، نقطۂ اُبال (Boiling Point).

نقطۂ عروج اند. وہ مقام جہاں کوئی چیز بلندی کی انتہا پر پہنچ جائے، منتہائے کمال، حدِ عروج.

نقطہ لگانا محاورہ. کسی حرف پر صفر لگانا، نقطے کا نشان بنانا.

نقطۂ موہوم اند. ۱. فرضی نقطہ، نقطہ جو اصل میں وجود نہ رکھتا ہو مثلاً وہ نقاط جو آسمان میں فرض کر لیے ہیں؛ جیسے: نقطۂ اوج، نقطۂ حضیض وغیرہ ۲. وہ نقطہ جو ظاہر میں محسوس نہ ہو، وہ باریک نقطہ جو نظر نہ آئے، بہت باریک نقطہ یا چیز، ذرّہ؛ مراد: نہایت معمولی اور غیر اہم چیز.

نقطۂ نظر/ نگاہ اند. دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ نیز نظریہ، اندازِ نظر، اندازِ فکر؛ مرکزِ نگاہ.

نَقل (فت ن، سک ق) مث.

۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، کوچ، روانگی، منتقلی؛ تبدیلی ۲. ایک کاغذ سے دوسرے کاغذ پر اُتاری ہوئی چیز، کاپی، مثنیٰ، منقول، چربہ، عکس؛ (اصل کی ضد) ۳. امتحان میں طالب علموں کا ناجائز طریقے سے ایک دوسرے کے پرچے دیکھ کر جواب تحریر کرنے کا عمل، پوچھ کر جوابات لکھنے یا کسی کتاب یا کاپی سے حل شدہ سوالات اُتارنے کا عمل؛ کسی تحریر کو دوسری جگہ لکھنے یا اتارنے کا عمل، سرقہ، چوری. [ع].

نقل اتارنا محاورہ. ۱. اپنی صورت کسی کی صورت کے مشابہ کرنا، اپنی شکل دوسروں کی طرح بنانا (بہ غرضِ تمسخر)، کسی کا مذاق اڑانے کے لیے یا ہنسانے کے لیے منہ یا چہرے کے خدوخال بگاڑنا، مضحکہ اڑانا، مذاق اڑانا ۲. کسی تحریر وغیرہ کو مضحکہ خیز انداز میں ازسرِنو پیش کرنا؛ کسی دوسرے کی بنائی ہوئی چیز یا تحریر کا چربہ تیار کرنا.

نقل را چہ عقل کہاوت. نقل کرنے کے لیے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں، کسی دوسرے کی کسی چیز کا خاکہ اُتارنے میں کوئی زحمت نہیں.

نقل کرنا ف مر. ۱. کسی تحریر یا عبارت کو بہ جنسہٖ دوسرے ورق یا کسی اور چیز پر لکھنا، لفظ بہ لفظ اتارنا، کتاب وغیرہ سے دیکھ کر لکھنا ۲. سوانگ یا روپ بھرنا، بھانڈوں کا روپ بھرنا اور ہنسانے والی باتیں کرنا، ہنسی اُڑانا، تمسخر کرنا ۳. (i) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، حرکت کرنا. (ii) انتقال کر جانا، فوت ہو جانا، مر جانا ۴. طالب علموں کا ایک دوسرے کی نقل کرنا، امتحان میں ایک دوسرے سے پوچھنا یا کتاب دیکھ کر سوالات حل کرنا.

نقل مکانی مث. تبدیلیٔ مکان، ایک مکان چھوڑ کر دوسرے مکان میں جانا.

نقل نویس صف. عدالتوں کے فیصلے اور دستاویزوں کی نقل تحریر کرنے والا، منشی، محررِ عدالت نیز کسی تحریر یا عبارت کو کہیں اور اتارنے والا، نقل تیار کرنے والا، کاپی نویس.

نقل و حرکت مث. آنا جانا، ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (سامان یا افواج کا) فوج یا فوجی سامان کو جنگی چال کے مطابق ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا.

نقل و حمل اند؛ مث. ۱. بار برداری، سامان اٹھانے، لے جانے کا کام، سامان وغیرہ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کا عمل ۲. ایسا وسیلہ جس سے اُٹھانے اور لے جانے کا کام لیا جائے، ٹرانسپورٹ.

نُقل (ضم ن، سک ق) اند.

۱. وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے کھانے یا پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائی جائے، گزک یا خشک میوہ یا کباب وغیرہ، وہ چیز جو شراب پینے یا افیون کھانے کے ساتھ یا اس کے بعد استعمال کی جاتی ہے ۲. قند کا تار بند قوام چڑھے ہوئے الائچی چنے، کسی قسم کے میوے کے دانے جو بطور شیرینی تیار کیے جاتے ہیں، بڑی قسم کا کھانڈ کا لڈو جو الائچی دانے کی طرح بنایا جاتا ہے نیز ایک قسم کی شیرینی جو ساچق میں جاتی ہے ۳. وہ چیز جو یارانِ ہم صحبت محفل میں کھائیں. [ع].

نَقلی (فت ن، سک ق) صف.

۱. نقل سے متعلق یا منسوب، جو اصل نہ ہو (اصل کے برعکس) ۲. جھوٹا؛ مصنوعی، جعلی، کھوٹا، بناوٹی، غیر اصلی.

نَقلیا (فت ن، سک ق، کس یج ل) اند.

بھانڈ، نقال.

نِقمت (کس ن، سک ق، فت م) مث.

۱. سزا، عذاب، عتاب، عقوبت ۲. تکلیف، مصیبت، دُکھ. [ع].

نُقُوش (ضم ن، و مع) اند؛ ج.
۱. علامات، نشانات، (بالعموم تراکیب میں مستعمل) .۲. چہرہ مہرہ، چہرے کے نمایاں نقش .۳. نقش و نگار، بیل بوٹے.

نَقُوع (فت ن، و مع) اند.
۱. (طب) بھگوئی ہوئی دوا کا پانی وہ دوا جو پانی یا عرق میں بھگوئی جائے اور پھر چھان کر استعمال کی جائے، خیسانده (Infusion).
۲. بھیگا ہوا میوہ. [ع].

نَقی (فت ن) صف.
پاک، خالص، صاف، بے میل، صاف ستھرا. [ع].

نَقِیب (فت ن، ی مع) اند.
۱. کسی قوم یا گروہ کا بڑا آدمی؛ سردار، سربراہ .۲. وہ لوگ جو امرا، وزرا یا بادشاہ کی سواری کے آگے آگے تادیب کے لیے آواز لگاتے ہیں یا دربار میں کسی کی باریابی کے موقعے پر صاحب دربار اور ملاقاتیوں کے القاب اور عہدے با آواز بلند پکارتے ہیں؛ چوب دار، دربان، حاجب.
۳. ہوٹل یا کلب کا وردی پوش دربان یا خدمت گار (جو مہمان اور اس کے اسباب کو کمرے میں پہنچاتا ہے). [ع].

نَقِیض (فت ن، ی مع) صف؛ اند.
۱. توڑنے والا، عمارت گرانے والا .۲. مخالف، الٹا، برعکس؛ متضاد، متبائن. [ع].

نَک (۱) (فت ن) امث.
ناک کی تخفیف، تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: نک توڑا، نکسیر وغیرہ.

نک چڑھا صف مذ (صف مث: نک چڑھی). بد دماغ، مزاج دار، مغرور، دماغ دار، کسی سے سیدھے منھ بات نہ کرنے والا.

نک چھکنی مث. ایک بوٹی کا نام جس کے سونگھنے سے بہ کثرت چھینکیں آتی ہیں.

نک کٹا، نکٹا صف مذ. وہ شخص جس کی ناک کٹی ہوئی ہو، کٹی ناک والا، بینی بریدہ.

نَک (۲) (فت ن) اند.
نکھ، ناخن؛ (کنایۃً) پاؤں کا انتہائی نچلا حصہ، ایڑی یا تلوا.

نک سک اند. (مجازاً) شکل و صورت، قد و قامت؛ بناؤ سنگھار، حسن و خوبی.

نک سک سے م ف. ہر طرح سے، سب طرح سے، اوّل تا آخر، تمام تر.

نُک (ضم ن) امث.
نوک کا مخفف، تراکیب میں مستعمل.

نَکّا (فت ن، شد ک) (الف) صف.
ناک کے متعلق؛ وہ جو ناک میں بولے. (ب) اند. کوڑی، چھوٹا، سکہ، خرمہرہ؛ دانہ، پانسا، کعبتین.

نِکّا (کس ن، شد ک) اند.
۱. چھوٹا، خرد، ننھا؛ مختصر، کم؛ ناقص؛ نازک، باریک، ناتمام، ادھورا؛ پستہ قد، ٹھگنا، قلیل القامت، کوچک؛ خفیف، ادنےٰ .۲. چھوٹا بچہ، چھوٹا لڑکا. [مقامی].

نُکّا (ضم ن، شد ک) اند.
۱. نوک دار (لکڑیاں اور چھڑی)، نکیلا .۲. نوک سے منسوب، نوک دار چیز کی نوک.

نِکات (کس ن) اند؛ ج.
نکتے، باریکیاں، لطیف باتیں نیز بذلہ سنجی، بذلہ گوئی، وہ نفیس اور پرلطف و بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے. [ع].

نکات اُٹھانا محاورہ. اختلافی پہلو زیر بحث لانا، نئے اور نازک پہلو بیان کرنا.

نِکاتی (کس ن) صف.
نکات سے متعلق یا منسوب؛ نکات پر مشتمل.

نِکاح (کس ن) اند.
ملانا، جمع کرنا؛ مجامعت، صحبت، ہم بستری، جنسی ملاپ. [ع].

نکاح باطل ہونا ف مر. نکاح ٹوٹ جانا، نکاح ختم ہو جانا.

نکاح پڑھانا محاورہ. ۱. عقد کرانا، شادی کرانا .۲. قاضی کا عورت اور مرد کو رشتۂ ازدواج میں منسلک کرنا، نکاح خوانی کرنا، نکاح جاری کرنا.

نکاح خواں صف مذ. نکاح پڑھانے والا، قاضی جو نکاح پڑھائے.

نکاح میں آنا محاورہ عقد میں آنا، بیوی بننا، بیاہ میں آنا.

نکاح نامہ اند. وہ دستاویز جس پر دولھا دلہن کے کوائف، نکاح کی شرائط، انعقاد کی تاریخ و مقام، مہر کی مقدار، گواہوں کے نام اور دیگر تفصیلات درج کی جاتی ہیں.

نِکاحی (کس ن) مت.
بیاہی عورت، نکاح کی ہوئی، نکاح کر کے لائی ہوئی عورت، منکوحہ، بیوی.

نِکاس (کس ن) اند؛ مت.
۱. نکاسنا کا امر، نکالنا، خارج کرنا؛ خارج ہونے کا عمل؛ صدور، ظہور. ۲. (i) وہ مقام جہاں سے کوئی چیز نکلے، باہر جانے کی راہ، اخراج کی جگہ، مخرج، نکلنے کا مقام، ماخذ؛ نالی وغیرہ جس سے پانی خارج ہو سکے؛ چشمے یا دریا کے نکلنے کی جگہ. (ii) شہر یا آبادی سے باہر جانے کی راہ؛ آباد زمین سے باہر کی حد، وہ قطعۂ زمین جو شہر یا آبادی سے ذرا ہٹ کے ہو. [س].

نِکاسی (کس ن) (الف) مت.
۱. خروج، اخراج (پانی کا)؛ پانی کے باہر نکلنے کا عمل. ۲. چھٹکارا، نجات، خلاصی. (ب) صف. ۱. پانی کے اخراج سے متعلق، پانی نکالنے والا. ۲. نکالا ہوا، خارج کیا ہوا.

نکاسی آب مت. پانی کا اخراج.

نَکال (فت ن) اند.
۱. دکھ، تکلیف، رنج. ۲. عذاب، سزا، عقوبت، مثالی سزا، ایسی سزا جس سے لوگ عبرت حاصل کریں. ۳. بری تشہیر، رسوائی، بدنامی. ۴. روک تھام، روک ٹوک، مخالفت. [ع].

نِکال (کس ن) اند.
۱. نکلنے کی جگہ، نکاسی کا مقام، مخرج؛ باہر نکلنے کا راستہ. ۲. کوئی چیز کسی چیز میں سے علیحدہ یا جدا کرنا؛ خارج کرنا. ۳. چھٹکارا، نجات، گلو خلاصی نیز تدبیر، جوڑ توڑ.

نکال باہر کر دینا/کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نکال دینا، جدا کر دینا، کسی جگہ سے بھگا دینا. ۲. موقوف کر دینا، برطرف کر دینا.

نکال لے جانا محاورہ. کسی خطرے کی جگہ سے بچا لانا، کسی شخص کو کسی جگہ سے نکال کر لے جانا، نجات دلانا.

نِکالا (کس ن) اند.
۱. خارج کرنا، اخراج، خروج، کسی مقام یا تنظیم سے اخراج. ۲. کسی شہر ملک یا کسی مقام سے نکالنے کا عمل، جلاوطنی، شہر بدر کرنا. ۳. بطور لاحقہ (دیس نکالا).

نِکالنا (کس ن، سک ل) ف م.
۱. (i) کوئی چیز اندر سے باہر لانا، باہر کرنا، خارج کرنا، نکاسنا (ii) کوئی رقیق چیز کسی چیز میں سے باہر نکالنا، اخراج کرنا. ۲. رس عرق وغیرہ نچوڑنا. ۳. (i) جدا کرنا، الگ کرنا. (ii) کسی جگہ سے رہائی دلانا. ۴. کسی پھنسی ہوئی چیز کو کھینچ کر باہر نکالنا. ۵. منہا کرنا تفریق کرنا، گھٹانا. ۶. زیادہ کرنا، بڑھانا، پروان چڑھانا (بالعموم قد کے ساتھ مستعمل). ۷. (تازیانہ یا تلوار وغیرہ) نیام سے اوپر لانا باہر لانا، برآمد کرنا. ۸. کسی کام یا خدمت سے موقوف کرنا؛ ملازمت سے جواب دینا، برطرف کرنا، چھڑانا. ۹. دانت ظاہر کرنا. ۱۰. کوئی خاص آواز نکالنا؛ زبان سے کسی جملے کی ادائیگی کرنا، (کوئی بات) کہنا؛ منھ سے کوئی تلفظ ادا کرنا. ۱۱. غصہ اُتارنا، (غصے، جلن، بھڑاس وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۱۲. عوض لینا، بدلہ لینا، کسر نکالنا (بیر کے ساتھ مستعمل). ۱۳. جاری کرنا، شائع کرنا، چھاپنا (بالعموم اخبار یا رسالے وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۱۴. خواہش پوری کرنا، حاصل کرنا (تمنا یا ارمان کے ساتھ مستعمل). ۱۵. وقت بچانا، کسی کام کے لیے وقت حاصل کرنا. ۱۶. (تدبیر وغیرہ) بروئے کار لانا، حل نکالنا، سوچنا.

نِکائی (کس ن) مت.
۱. (کاشت کاری) کھیتوں کی گھاس اور جنگلی بوٹیاں نکالنا، نلائی. ۲. کھیتوں سے گھاس پھونس اور جنگلی بوٹی نکالنے کی مزدوری.

نَکْبَت (فت ن، سک ک، فت ب) مت.
غربت، افلاس، مفلسی، فلاکت، عسرت، بدحالی، ذلت، خواری. [ع].

نُکْتَہ (ضم ن، سک ک، فت ت) اند.
۱. (i) وہ بات جسے ہر ایک نہ سمجھ سکے، علمی یا فلسفیانہ بات، باریک یا

ت کی بات ، دقیق و بلیغ اور پاکیزہ بات . (ii) راز ، بھید ، عقدہ . ۲.کام کی بات ؛ عقل کی بات .۳. رائے ، نقطۂ نظر ؛ خیال ، فلسفہ ، فکر ، نظریہ .۴. دھبا ، داغ . [ع] .

نکتہ آفرینی مث . باریک بینی سے کام لینا ، نئے مفہوم اور معنی پیدا کرنا .

نکتہ چیں صف . گرفت کرنے والا ، عیب ڈھونڈنے والا ، نقص نکالنے والا ، عیب گیر ، عیب جو ، اعتراض کرنے والا .

نکتہ داں صف . باریک بیں ، دقیقہ رس ، نکتہ رس ، سخن فہم ، سخن شناس ؛ ذہین ، دانا ، زیرک .

نکتہ شناس صف . باریک بات سمجھنے والا ، نکتے کی بات پہچاننے والا ؛ (مجازاً) تیز فہم ، ذہین ، دانا ، سیانا ، عقل مند .

نکتہ نکالنا محاورہ . کوئی پتے کی بات کہنا ؛ گر کی بات اخذ کرنا .

نُکتی (ضم ن ، سک ک) مث .

۱. بیسن کی بوند کی شکل کی ایک تلی ہوئی مٹھائی جس کو شیرے میں پرورد کر کے میٹھا کر لیا جاتا ہے اور اس سے لڈو اور موتی پاک بھی بناتے ہیں ، ٹکتیاں ، بوندی (عام طور پر جمع کی صورت میں مستعمل) .۲. مزار شریف پر ملنے والا تبرک جو الائچی دانے کی شکل کا ہوتا . [مقامی] .

نَکٹا (فت ن ، سک ک) صف .

۱. (i) ناک کٹا ، بینی بریدہ (نک کٹا) .۲. (مجازاً) بے غیرت ، بے شرم ، بے لحاظ .۳. چپٹی ناک کا ، بیٹھی ہوئی ناک والا .

نکٹا بوچا سب سے اونچا کہاوت . عیب دار ہونے کے باوجود بڑا دعویٰ .

نِکٹائی (فت نیز کس ب ن ، سک ک) مث .

گلے میں باندھنے کی کپڑے کی پٹی جو مغربی لباس کا حصہ ہے ، کپڑے کا لمبا ٹکڑا جو قمیص کے اوپر گلے میں باندھتے ہیں ، ٹائی . [انگ] .

نَکٹی (فت ن ، سک ک) مث .

ناک کٹی ہوئی عورت ؛ (کنایۃً) بدصورت عورت .

نَکٹے (فت ن ، سک ک) صف .

نکٹا کی مغیرہ صورت ؛ تراکیب میں مستعمل ؛ ناک کٹا ہوا ، بینی بریدہ .

نکٹے کا کھائے اکٹے (اوچھے) کا نہ کھائے / کھلائے کہاوت . کمینے کا احسان مند نہیں ہونا چاہیے ، اوچھے کا احسان اٹھائے کم ظرف کا نہیں .

نکٹے نے بادا گھر گھر بھا گا کہاوت . بے وقوف اور بے شرم آدمی اپنی بُری بات بھی سب کو فخر سے بتاتا ہے .

نِکَر (کس ن ، فت ک) اند ؛ ~ نیکر .

گھٹنوں سے اوپر تک کا پاجامہ یا پتلون ، گھٹنوں سے اوپر کا ستر پوش ، کچھا ؛ زیر جامہ . [انگ] .

نَکِرَہ (فت ن ، کس ب ک نیز سک ک ، فت ر) اند .

(قواعد) وہ اسم جو کسی نوع یا جنس کے کسی ایک فرد یا نمائندہ اکائی کو ظاہر کرے ، وہ اسم جو کسی غیر معین شے کے لیے استعمال کیا جائے ، اسم معرفہ کی ضد مثلاً گھوڑا ، شہر وغیرہ . [ع] .

نُکّڑ (ضم ن ، شد ک بفت) اند .

۱. نوک کی تصغیر ، سرا ، راس ، نوک ، اخیر ، انتہا .۲. وہ جگہ جہاں ایک راہ تمام ہو کر دوسری راہ شروع ہو ، کونا ، گوشہ ، کنارا ، موڑ ، سرا ، اخیر کسی کوچے یا راستے کی انتہا ، راستے کا موڑ .

نِکَسنا (کس ن ، فت ک ، سک س) ف ل .

نمودار ہونا ، نکلنا ، ابھرنا ، باہر نکل جانا ؛ ظاہر ہونا . [س] .

نَکسِیر (فت ن ، سک ک ، ی مع) مث .

ناک سے خون گرنا ، ناک سے خون بہنا ، ایک مرض جس میں ناک سے خون جاری ہوتا ہے ، رعاف . [س] .

نکسیر پھوٹنا محاورہ . ناک سے خون آنا ، مرض رعاف کا پیش آنا .

نِکِل (کس ن ، کس ب ک) (الف) مث .

(کیمیا) ایک کیمیائی عنصر جس کی علامت (Ni) اور جوہری وزن ۵۸٫۷۱ ہے . (ب) اند . (دھات کاری) سفیدی مائل سیاہ رنگ کی ایک سخت دھات جسے مختلف بھرتوں کی ملمع کاری ، کرنسی کے سکوں ظروف سازی اور برقیاتی حلقوں میں استعمال کیا جاتا ہے ، نکل کی دھات کا بنا ہوا سکہ ، امریکا میں رائج پانچ سینٹ کا سکہ . [انگ] .

نِکَلنا (کس ن ، فت ک ، سک ل) ف ل .

۱. اُگنا ، پھوٹنا (پودے یا جڑ وغیرہ کا) ، نمو ہونا ، اوپر آنا ، زمین سے اُبھرنا .۲. (i) کسی مقام سے باہر آنا ، برآمد ہونا ، باہر نکلنا نیز کسی جگہ کو چھوڑ کر جانا . (ii) روانہ ہونا ، جانا ، چلنا ، گزرنا ، کسی سفر کا آغاز کرنا نیز کسی کی تلاش میں جانا .۳. ٹپکنا ، بہنا ، جاری ہونا ، رِسنا ، رواں ہونا

(آنسو یا قطرۂ خون کے لیے مستعمل) . ۴. پیدا ہونا ، جنم لینا ، پیٹ یا انڈے سے باہر آنا ؛ بطن یا رحم سے باہر آنا . ۵. (i) اُبھرنا ، نمودار یا عیاں ہونا ، ظاہر ہونا ، نمایاں ہونا . (ii) پھوڑے پھنسی کا نمایاں ہونا ، کسی بیماری کا ظاہر ہونا . ۶. طلوع ہونا ، بلند ہونا ، اُٹھنا (چاند ، سورج یا ستارے وغیرہ کے لیے) . ۷. پھٹ جانا ، مسکنا ، دریدہ ہونا ، چاک ہونا (کپڑے وغیرہ کے لیے مستعمل) . ۸. بر آنا ، حاصل ہونا ، پورا ہونا ، (مدعا یا آرزو یا ارمان) . ۹. کسی کے ذمے کوئی رقم ہونا ، واجب الادا ہونا (رقم یا قرض وغیرہ کے ساتھ مستعمل) . ۱۰. زیادہ ہونا (قد و قامت کا) ، بڑا ہونا . ۱۱. کسی کام کا وقت جاتا رہنا . ۱۲. بے اختیار زبان سے ادا ہو جانا (کوئی لفظ یا کلمہ وغیرہ) . ۱۳. کسی چیز کا پھسل کر گرنا ؛ نکل کر باہر آنا . ۱۴. پیلا جانا ، نچڑنا (رس یا تیل نکلنا) ، کشید ہونا ، عرق نکلنا . ۱۵. شائع ہونا ، چھپنا ، طبع ہو کے منظر عام پر آنا ، جاری رہنا اخبار یا رسالے کا نیز مضمون کی اشاعت ہونا . ۱۶. کسی جگہ یا مقام کا کسی دوسری جگہ سے راستہ ہونا ، سڑک یا گلی وغیرہ کا کسی طرف جانا نیز دروازے یا کھڑکی کا کسی طرف کھلنا ، راستے کا گزرنا . ۱۷. ظاہر ہونا ، ثابت ہونا (کسی چیز یا شخص کے سامنے آنے پر پتا چلنے پر کہتے ہیں) . ۱۸. جاری ہونا ، بنایا جانا (نہر وغیرہ کا) . ۱۹. بڑھا ہونا ، آگے کی جانب ہونا ، کسی چیز کا اپنے اصل مقام سے تھوڑا سا بڑھ جانا یا باہر آ جانا (ہڈی یا دانت وغیرہ کا) بڑھ جانا . ۲۰. دم ، جان یا روح کا جسم سے باہر آنا ، جان کھنچنا . ۲۱. (i) فارغ ہونا ، تعلیم مکمل کر کے درس گاہ سے جانا . (ii) فارغ ہونا ، نمٹ لینا کسی مرحلے کو طے کر لینا . [س] .

نِکلیس (کس ن ، سک ک ، ی مج) اند : ~ نیکلس .
ایک زیور جسے عورتیں گلے میں پہنتی ہیں ، کنٹھا ، مالا ، گلوبند ، نکلس . [انگ] .

نِکَمّا (کس ن ، فت ک ، شد م) صف مذ .
۱. (i) بے کار ، ناکارہ ، بے مصرف ، بے فائدہ . (ii) زائل ، بے اثر . (iii) معذور ، اپاہج . ۲. خالی ، بے کار ، بے شغل ، جو کوئی کام نہ کرے ، بے روزگار . ۳. جو کام سے جی چرائے ، جو کسی کام کے قابل نہ ہو ، نابکار و ہیچ کارہ (خصوصاً آدمی) ، نالائق .

نِکَمّی (کس ن ، فت ک ، شد م) امث .
۱. جو کسی کے کام نہ آسکے ، بے کار ، ناکارہ ، بے مصرف ، بے فائدہ فضول . ۲. خالی ، بے کار ، بے شغل ، معطل ، بے روزگار . ۳. خراب ناقص ، بری . ۴. حقیر ، ناچیز ، فالتو ؛ کم قیمت . ۵. جو کام سے جی چرائے جو کسی قابل نہ ہو ، نالائق ، بے وقوف .

نکو (فت ن ، وج) حرف نفی (قدیم) .
(دکن) نہیں ، مت ، نکیں ، نہ . [مقامی] .

نَکّو (۱) (فت ن ، شد ک ، و مع) صف : اند .
۱. بڑی ناک والا ، لمبی ناک والا ؛ وہ شخص جس کی ناک لمبی ہو ، بڑنکو بڑنکا . ۲. (مجازاً) ناک والا ، عزت والا ، تمکنت والا ، صاحبِ غیرت

نَکّو (۲) (فت ن ، شد ک ، و مع) اند .
رُسوا ، بدنام ، معیوب ، داغی ، بُرا ، مطعون . [س] .
نکو بنانا محاورہ . بد نام کرنا ، رُسوا کرنا .
نکو بننا محاورہ . انگشت نمائی کا نشانہ بننا ، رسوا ہونا ، بدنام ہونا ؛ نام نکلنا

نِکو (کس ن ، وج) صف .
نیکو کا مخفف ؛ اچھا ، نیک ، خوب ، عمدہ ، لاجواب . [ف] .
نِکوکار صف . وہ شخص جس کے کام اچھے ہوں ، نیک چلن ، نیک .

نَکُوا (فت ن ، ضم نیز سک ک) اند .
۱. ناک . ۲. سوئی کا ناکا ، سوئی کا سوراخ . ۳. (پیشہ کانٹا سازی) ترازو کے پلڑے کی ڈوریوں کو ڈنڈی کے سرے سے باندھنے کا بند ، ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ .

نِکوٹِین (کس ن ، وج ، ی مع) اند .
ایک بے رنگ زہریلا ، نشہ آور القلی مادہ جو تمباکو میں پایا جاتا ہے ، تمباکو کا زہر . [انگ] .

نِکوسنا (کس ن ، وج ، سک س) ف م .
جانوروں کی طرح دانت ظاہر کرنا ، دانت نکالنا . [س] .

نَکہَت (فت ن ، سک ک ، فت ہ) امث .
خوش بو ، مہک ، بوئے خوش . [ع] .

نِکّی (کس ن ، شد ک) امث .
چھوٹی ، ننھی .

نکیر (فت ن ، ی مع) اند .
۱.اعتراض ، انکار ، عذاب .۲.ان دو فرشتوں (نکیرین) میں سے ایک کا نام جو مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق قبر میں مردے سے سوال کرتے ہیں . [ع].

نکیرَین (فت ن ، ی مع ، ی لین) اند ؛ ج.
(فقہ) وہ دو فرشتے جو قبر میں ایمان کی بابت سوال کرنے پر مامور بتائے جاتے ہیں ، (منکر نکیر) .

نَکیل (فت ن ، ی ج) امث .
۱.اونٹ کی ناک کے نتھنے کو چھید کر اس میں ڈالی ہوئی ایک چھوٹی سی چوبی میخ ، وہ لکڑی یا لوہے کی کیل جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس میں رسی باندھ دیتے ہیں تاکہ قابو میں رہے ؛ (مجازاً) لگام ؛ قابو . ۲.ناک میں پہنے جانے والی چھوٹی بالی.

نکیل ڈالنا ف مر ؛ محاورہ .۱.ناک میں نتھ یا تار ڈالنا ؛ لگام دینا .۲.قابو میں کرنا.

نکیل ہاتھ میں ہونا محاورہ .قابو ہونا ، قبضہ ہونا ، لگام ہاتھ میں ہونا ، کسی کے اختیار میں ہونا .

نکیلا (فت ن ، ی مع) اند .
ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینے والا ، کسی کا ادنیٰ احسان بھی قبول نہ کرنے والا ؛ ذی آبرو شخص ، غیرت مند .

نُکیلا (ضم ن ، ی مع) اند .
۱.نوک دار ، مخروطی ، چونچ دار ؛ اُبھرا ہوا .۲.(کنایۃً) خوب صورت ، خوش وضع ، بانکا ، وضع دار ، طرح دار شخص ، خوش قطع و خوب طرز .
۳.چبھتا ہوا ، چبھ جانے والا .

نکیلا پن اند .خوش وضعی ، رعنائی ، دلربائی ، بانک پن .

نُکیلی (ضم ن ، ی مع) امث .
۱.نوک دار ، مخروطی ، اُبھری ہوئی ، اُبھرواں ، چونچ دار .۲. وضع دار ، طرح دار ، خوش وضع ، خوب صورت ، خوش شکل ، بانکی .۳.طنز و ظرافت سے بھری ہوئی ، چبھ جانے والی ، چبھنے والی .

نکیلی وضع امث . بانکی وضع ، نوکیلا پن ، طرح داری .

نُکیلے (ضم ن ، ی مع) اند ؛ ج.
نکیلا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ خوب صورت ، حسین ، بانکا .

نَکھ (فت ن ، سک کھ) اند .
۱.(i) پیر یا ہاتھ کے ناخن ، ناخن . (ii) ۲۰ کا مجموعہ یا ایک کوڑی (ہاتھ اور پاؤں کے ناخنوں کی رعایت سے) ؛ پنجہ ، چنگل .۲.سیپ کے مانند کسی دریائی کیڑے کا خوشبودار خول ، یہ سیپی اور ناخن سے نہایت مشابہ ہوتا ہے جسے روغن زرد میں ملا کر گرم کرنے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے ، اظفار الطیب ، ناخن بویا .۳.ابریشم ، کچا ابریشم . [س].

نکھ سکھ سے (کی) درست صف .سر سے پاؤں تک خوب صورت ، سب طرح سے ٹھیک ؛ بے عیب و بے نقص ، اول سے آخر تک ، عمدہ اور خوب موزوں .

نِکھار (کس ن) اند .
۱.تازگی ، شادابی ، صفائی ، اُجلا پن .۲.(مجازاً) زیب و زینت ، بناؤ سنگار .
۳.رونق ، روپ ، حسن . [س].

نکھار آنا محاورہ .رونق آنا ، روپ آنا ، حسن پیدا ہونا .

نکھار پیدا کرنا محاورہ .جِلا پیدا کرنا ، خوبصورتی پیدا کرنا .

نِکھارا (کس ن) اند .
(کھنساری) اس بڑے کڑھاؤ کو کہتے ہیں جس میں گنے کے رس کو پہلی مرتبہ گرم کر کے صاف کیا جاتا ہے .

نِکھارْنا (کس ن ، سک ر) ف م .
۱.صاف کرنا ، میل دور کرنا (چہرے وغیرہ سے) .۲.تزئین کرنا ، آرائش کرنا .۳.(مجازاً) اُجاگر کرنا ، روشن کرنا .۴.(نیارا گری) سونے چاندی کی کھوٹ نکالنا ؛ زیورات کا میل صاف کرنا ، اُجالنا .

نِکھٹُّو (کس ن ، فت کھ ، شد ٹ ، و مع) صف .
۱.وہ شخص جو کچھ نہ کمائے (کماؤ کی ضد) .۲.(مجازاً) ناکارہ ، نکما .
۳.(مجازاً) کام چور ، کاہل ، سست ، بے کار ، احدی ، خالی پڑا رہنے والا .

نکھٹو پن اند .نکھٹو ہونا ، نکما پن ، ناکارہ ہونا .

نِکھر آنا ، جانا محاورہ .۱.صاف ہونا ، اُجلا ہونا ، چمک جانا .۲.روپ آنا ، اُجاگر ہونا .۳.رونق پر ہونا ، بڑھ جانا .۴.واضح ہو جانا ، عیاں ہو جانا .

نِکھرا (کس ن، سک کھ) صف.
صاف ستھرا، پاکیزہ.
نکھرا ہوا صف. صاف ستھرا، پاکیزہ، نکھرا.
نِکھَرنا (کس ن، فت کھ، سک ر) ف ل.
۱. صاف ہونا، اجلا ہونا، میل دور ہونا. ۲. چمکنا، واضح ہونا، روشن ہونا. ۳. (مجازاً) بننا، سنورنا، سنگار کرنا، نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا، پُرکشش بن جانا. ۴. نمایاں ہونا، اُجاگر ہونا. ۵. زیب دینا، پھبنا، اچھا لگنا. ۶. سرسبز و شاداب ہونا. ۷. رونق آنا، روپ آنا، جوبن آنا. ۸. پاک صاف ہونا، پاکیزہ ہونا، لطیف ہونا. [س].
نِکھری (کس ن، سک کھ) امث.
۱. صاف، ستھری، خالص، صاف شدہ، نکھاری ہوئی. ۲. چمک دار، بارونق.
نِکھوڑا (کس ن، وج) (الف) صف.
بے مروت، بے رحم، سنگ دل، ظالم، سفاک. (ب) امذ. جلاد. [س].
نَگ (فت ن) امذ.
۱. انگوٹھی وغیرہ میں جڑنے کا پتھر، نگینہ. ۲. (کنایۃً) قیمتی چیز. [س].
نگ جڑنا ف مر. انگوٹھی یا زیور میں نگینہ لگانا. ۲. خوب صورت الفاظ کا استعمال ہونا.
نِگار (کس ن) امذ.
۱. دل نواز، حسین، خوبرو، خوب صورت آدمی؛ معشوق، محبوب. ۲. بت، مورت، مورتی. ۳. تصویر بنانے والا، سجانے والا، آراستہ کرنے والا. ۴. وہ نقش جو عورتیں مہندی سے اپنے ہاتھوں پر بنالیتی ہیں، حنا، مہندی. [ف].
نگار خانہ امذ. ۱. (i) وہ مکان جو مختلف قسم کی تصویروں سے سجایا ہوا ہو یا جس میں مختلف قسم کی تصویریں بنی ہوئی ہوں، تصویر خانہ، تصویر گھر (Picture gallery). (ii) وہ جگہ جو نقش و نگار سے آراستہ ہو، نقاشی کیا ہوا گھر. ۲. (کنایۃً) دنیا. ۳. آراستہ، سجا ہوا گھر، مکان یا مقام؛ (کنایۃً) خوشیوں کا گہوارہ، وطن. ۴. وہ جگہ جہاں فلموں کی عکس بندی کی جاتی ہو، فلم اسٹوڈیو.

نِگاراں (کس ن) امذ؛ ج.
خوب صورت لوگ، حسین لوگ.
نِگارِستان (کس ن، ر، سک س) امذ.
جہاں بہت سے خوب صورت نقش یا تصویریں ہوں، وہ جگہ جو نقش نگار سے آراستہ ہو، سجی ہوئی اور آراستہ جگہ.
نِگارِش (کس ن، ر) امث.
۱. تحریر، لکھا ہوا، لکھنا. ۲. ادبی تحریر، ادبی تخلیق، شعر و سخن. ۳. قوتِ خیال تخیل؛ نقشہ کشی. [ف].
نِگارِشات (کس ن، ر) امث؛ ج.
تحریرات، لکھی ہوئی چیزیں، تحریریں نیز ادبی تخلیقات، شعر و سخن ادبی تحریریں.
نِگاری (کس ن) امث.
۱. تصویر؛ مصوری کا نمونہ، زینت، آرائش، زیبائش. ۲. بطور لاحقہ مستعمل جیسے: مضمون نگاری.
نِگاہ (کس ن) امث.
۱. نظر، چتون نیز چشم، آنکھ. ۲. آنکھوں کی روشنی، بصارت، بینائی ۳. توجہ، التفات، عنایت، مہربانی. [ف].
نگاہ التفات امث. توجہ کی نظر، مہربانی کی نگاہ، نظرِ عنایت.
نگاہ بان/ نگاہبان صف. دیکھیے: نگہبان.
نگاہ بد امث. بدنیتی پر مبنی نظر، بُری نظر، بُری نگاہ؛ بُرا ارادہ.
نگاہ بدلنا محاورہ. ۱. نظریں پھیرنا، توجہ نہ کرنا، توجہ میں کمی آنا، بے وفائی کرنا، بے مروت ہو جانا. ۲. تیور بدلنا، بے اعتنائی برتنا.
نگاہ داشت/ نگہداشت امث. نگرانی، حفاظت، بچاؤ، دیکھ بھال محافظت.
نگاہ دوڑانا ف مر؛ محاورہ. ۱. نظر کو تیزی سے اِدھر اُدھر ڈالنا، مختلف سمتوں میں نظر ڈالنا. ۲. خیال کرنا، سوچنا، خیال میں تلاش کرنا، غور کرنا، نظر دوڑانا، جائزہ لینا.
نگاہ ڈالنا محاورہ. دیکھنا، نظر ڈالنا، نظر دوڑانا.
نگاہ شوق امث. مراد: آرزومندی، اشتیاق، دید کا شوق؛ طلب.

نگاہ کرم مث. مہربانی کی نگاہ ، توجہ کی نگاہ ؛ (کنایۃً) التفات.

نگاہ نہ ٹھہرنا محاورہ. کسی چیز کی چمک کی وجہ سے نظر نہ جمنا ، روشنی کی تیزی کی وجہ سے آنکھوں میں چکا چوند ہونا.

نگاہ نیچی کرنا محاورہ. شرم و حیا یا لحاظ سے آنکھ نیچی کرنا ؛ خاص معشوقانہ انداز کے ساتھ نظریں جھکا لینا.

نِگاہوں (کس ن ، و ج) مث ؛ ج.

نگاہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ مرکبات میں مستعمل.

نگاہوں سے اوجھل ہو جانا/ ہونا محاورہ. غائب ہو جانا ، نظر نہ آنا ، سامنے سے ہٹنا.

نگاہوں سے گرانا محاورہ. حقیر جاننا ، رتبے اور عزت میں کمی کر دینا.

نگاہوں سے گر جانا /گرنا محاورہ. بے قدر ہونا ، بے وقعت ہونا ، ذلیل ہونا ، رُسوا ہونا.

نِگاہی (کس ن) مث.

۱. نگاہ سے منسوب یا متعلق ؛ دیکھنے والا. ۲. بطور لاحقہ ، تراکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل.

نِگاہیں (کس ن ، و ج) مث ؛ ج.

نگاہ کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ؛ نظریں ، آنکھیں.

نگاہیں پھیر لینا/ پھیرنا محاورہ. رخ پھیر لینا ، توجہ نہ دینا ، بے التفاتی کرنا ، بے رخی برتنا.

نگاہیں چار ہونا محاورہ. آمنا سامنا ہونا ، ملاقات ہونا ، روبرو ہونا ؛ آنکھیں چار ہونا ، نظر سے نظر ملنا.

نگاہیں چرانا محاورہ. پہلوتہی کرنا ، نظریں نہ ملانا ، چشم پوشی کرنا ، کترانا ، آنکھیں چرانا.

نگر(۱) (فت ن ، گ) اند.

شہر ، بلدہ ، قصبہ ، بڑی بستی ، بڑا گاؤں ، بڑی آبادی. [س].

نگر نگر م ف. جگہ جگہ ، شہر شہر ، ایک شہر سے دوسرے شہر ، ہر ایک شہر ، سارے شہر ، بہت سے شہر.

نِگراں/ نِگران (کس ن ، فت نیز سک گ) صف.

۱. (لفظاً) دیکھنے والا ، ناظر نیز جائزہ لینے والا. ۲. (مجازاً) حفاظت کرنے والا ، چوکسی کرنے والا ، نگہبانی کرنے والا ، محافظ ، پاسبان. ۳. (مجازاً) (کسی ادارے وغیرہ کا) سربراہ ، حاکم ، افسرِ اعلیٰ. ۴. منتظر ، چشم براہ. ۵. کسی اخبار یا رسالے وغیرہ کا سرپرست. ۶. امتحان دینے والے طلبا کی نگرانی کرنے والا ، کمرۂ امتحان کا ناظر (Invigilator). [ف].

نگراں/ نگرانِ اعلیٰ اند. نگرانی اور نگہبانی کرنے والا بڑا افسر ، بڑا سرپرست ، محافظ ، پاسبان نیز حاکم ، سربراہ.

نِگرانی (کس ن ، سک گ) مث.

۱. (i) دیکھنا ، زیرِ نظر رکھنے کا عمل. (ii) محافظت ، حفاظت ، نگہبانی ؛ نگہ داشت ، خبر گیری ، دیکھ بھال. ۲. اہتمام ، انتظام ، معاونت. ۳. انتظار ، چشم براہی. ۴. (قانون) کسی فیصل شدہ دعوے کو دوبارہ سماعت کے لیے برتر عدالت یا حاکم مجاز کے روبرو پیش کرنا ، اعلیٰ عدالت میں اپیل دائر کرنے کا عمل ، مقدمے کی دوبارہ سماعت کی درخواست ، مقدمے کے فیصلے پر نظرِثانی کی درخواست ، اپیل.

نگرانی کرنا محاورہ. ۱. معمولات اور رویے پر نظر رکھنا ، خیال رکھنا ، توجہ رکھنا. ۲. کسی مشتبہ شخصیت کے معمولات کو نظر میں رکھنا ، کڑی نظر رکھنا.

نگری (فت ن ، گ نیز سک) (الف) مث.

نگر کی تصغیر ، چھوٹی بستی ، چھوٹا شہر ، گاؤں نیز علاقہ ؛ ملک. (ب) صف. شہر کا ، شہری ، شہر کا باشندہ ، نگر کا ، نگر سے متعلق یا منسوب.

نگریا (فت ن ، گ ، سک ر) مث.

(نگر کی تصغیر) ، چھوٹی بستی ، چھوٹا شہر ، نگری.

نِگل (کس ن ، فت گ) امر.

نگلنا کا امر ؛ تراکیب میں مستعمل. [س].

نگل جانا ف مر ؛ محاورہ. ۱. کسی چیز کو حلق سے نیچے اُتارنا خصوصاً ٹھوس چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے جب اسے بغیر چبائے کھا لیا جائے ، کھا جانا ، ہڑپ کر جانا. ۲. غبن کرنا ، ہڑپ کر لینا ، کسی کا مال مار لینا.

نگل لینا ف مر ؛ محاورہ. ۱. بغیر چبائے ہوئے جلدی جلدی کھا لینا ، کھا جانا ، ہڑپ کر لینا. ۲. پی جانا ، سڑپ لینا. ۳. ہضم کر لینا ؛ سمجھ لینا ، کسی بات کو سمجھ کر اپنے اندر اُتار لینا ، ذہن نشین کر لینا.

نِگلنا (کس ن ، فت گ ، سک ل) ف ل.

۱. بغیر چبائے ہوئے کھانا ، کسی چیز کو حلق کے نیچے اُتار لینا (ٹھوس چیز

کے لیے مستعمل) .۲. (مجازاً) جبراً کھانا ، زہر مار کرنا . [س] .

نِگَندنا (کس ن ، فت گ ، سک ن ، سک د) امذ .
لمبا ٹانکا ، نگندہ .

نِگَندَہ (کس ن ، فت گ ، سک ن ، فت د) امذ .
۱. لمبا ٹانکا ، بخیہ .۲. رضائی یا لحاف میں روئی کے نہ پھٹنے کے واسطے ڈالی جانے والی سیون . [ف] .

نِگوڑ (کس ن ، و ج) امذ .
نگوڑا کا مخفف ؛ تراکیب میں مستعمل . [س] .

نگوڑ مارا صف . عام طور سے عورتیں بولتی ہیں بیزاری اور نفرت ظاہر کرنے کے لیے ؛ (کنایۃً) کم بخت ، منحوس ، نامراد ، نگوڑا .

نِگوڑا (کس ن ، و ج) صف : امذ .
۱. (لفظاً) جس کے گوڈے یعنی گھٹنے یا پیر نہ ہوں ، نگوڑا ؛ چلنے سے عاجز ؛ (کنایۃً) کم نصیب ، بدبخت ، بدقسمت .۲. نکما ، ناکارہ ، دُشٹ ، چنڈال .۳. نامراد : منحوس (عورتوں کا تکیۂ کلام ؛ بے تکلفی یا بیزاری کے موقعے پر) . [س] .

نِگوڑی (کس ن ، و ج) صف : امث .
۱. بدنصیب ، بدبخت ، بدقسمت .۲. ایک کلمہ جو کسی چیز سے بیزاری یا نفرت ظاہر کرنے کے لیے عورتیں بولتی ہیں .

نِگُوں (کس ن ، و مع) صف .
۱. اوندھا ، اُلٹا .۲. خمیدہ ، جھکا ہوا ، سر جھکائے ہوئے ، سر افگندہ .
۳. لٹکا ہوا ؛ نیچا (ہتھیار وغیرہ) .۴. مرکبات میں مستعمل ؛ جیسے : سرنگوں ، نگوں سار وغیرہ . [ف] .

نِگہ (کس ن ، فت گ) امث .
نگاہ کا مخفف ، نظر . [ف] .

نگہ بان / نگہبان صف . حفاظت کرنے والا ، محافظ ، پاسبان .

نگہ داشت / نگہداشت امث . محافظت ، نگہبانی ، نگرانی .

نِگَہْبان (کس ن ، فت گ ، سک ہ) امذ .
محافظ ، پاسبان ، نگرانی کرنے والا .

نِگَہْبانی (کس ن ، فت گ ، سک ہ) امث .
حفاظت ، پاسبانی ، نگرانی .

نَگْہَت (فت نیز کس ن ، سک گ ، فت ہ) امث .
خوشبو ، مہک . [ف] .

نِگَہْداشت (کس ن ، فت گ ، سک ہ ، ش) امث .
نگرانی ، حفاظت ، دیکھ بھال ، محافظت .

نِگیٹِو (کس ن ، ی ج ، کس ٹ) امذ .
(فوٹوگرافی) معکوس تصویر (سیاہ و سفید یا رنگین) یا اس کی حامل فلم جس سے تصویر چھاپی جاتی ہے . [انگ] .

نَگِین / نَگیں (فت ن ، ی مع) امذ .
۱. جواہرات کا قیمتی ٹکڑا جو انگوٹھی وغیرہ میں جڑا ہوتا ہے ، نگ ، نگینہ ، ہیرا ، گوہر .۲. (i) انگوٹھی (حضرت سلیمان علیہ السلام کی جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس کی طاقت سے تمام مخلوقات اور ہر چیز جن و دیو ، پری آپ کے تابع تھے) ؛ (کنایۃً) طاقت و قوت . (ii) شاہی انگوٹھی .
۳. کوئی چیز جو اچھی طرح جڑی ہو . [ف] .

نَگِینَہ (فت ن ، ی مع ، فت ن) امذ .
جواہرات کا وہ ترشا ہوا ٹکڑا جو انگوٹھی میں جڑا جاتا ہے ، نگ ، قیمتی پتھر ، جواہر . [ف] .

نگینہ جڑنا محاورہ . زیورات میں نگ بٹھانا .

نگینہ ساز صف . جواہرات تراشنے والا ، قیمتی پتھروں کو تراشنے والا پیشہ ور شخص .

نِگھرا (کس ن ، فت گ) امذ .
جس کا کوئی گھر نہ ہو ، بے گھر ، خانہ بدوش ، بے خانماں ؛ خانہ ویراں ، خانہ خراب . [س] .

نَل (فت ن) امذ .
۱. ڈنڈے سے مشابہ عموماً لوہے ، جست وغیرہ کی بنائی ہوئی ایک لمبی اور کھوکھلی چیز جو گھروں میں پانی اور گیس کی ترسیل کے لیے استعمال ہوتی ہے اور اس کے ایک سرے پر ٹونٹی لگی ہوتی ہے ؛ (کنایۃً) ٹونٹی .
۲. دھات ، لکڑی ، مٹی یا سیمنٹ وغیرہ کی بنی ہوئی قدرے کھوکھلی گول ،

چوڑی اور لمبی نالی جو ایک جگہ سے دوسری دور دراز جگہ تک پانی ، گیس وغیرہ پہنچانے کے کام آتی ہے ، پائپ ، نلی .۳. دھات ، شیشے یا ربر وغیرہ کی بنی ہوئی عموماً کھوکھلی نلکی جو مائع چیزوں کو رکھنے یا ٹھوس چیزوں کے لیے سانچے کا کام دیتی ہے ، نلی (Tube) . [س] .

نَلا (فت ن) امذ.

۱. لمبا نل یا نلکی .۲. گردے سے مثانے تک جانے والی پیشاب کی دو نالیوں میں سے کوئی ایک ، کوکھ کے پاس کی انتڑی ، پیشاب کی نالی ، موت کی ناڑی ؛ پیڑو کی دونوں جانب خصیۃ الرحم کو رحم سے ملانے ملانے والی نالی .۳. ناف کی مانند ایک پٹھے کا نام جس میں خلل ہونے سے آدمی بیمار پڑ جاتا ہے ، پیٹ کا ایک پٹھا .۴. (i) پاؤں کی ایک ہڈی ، پنڈلی کی ہڈی ؛ بڑی کھوکھلی ہڈی ، بازو کی ہڈی جسے عام طور پر نلی کہتے ہیں . (ii) کھوکھلا بانس ، جوف دار بانس کا ٹکڑا جس میں ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے کے لیے رکھ کر باندھی جائے .۵. ایک قسم کی آتش بازی . [س] .

نِلانا (فت نیز کس ن) ف م.

کھیت میں گھاس پھوس صاف کرنا ، نرانا (عموماً فصل بونے کے بعد) .

نِلائی (فت نیز کس ن) امث.

۱. کھیت نلانے کا کام ، صفائی ، کھیت کو خود رَو نباتات سے صاف کرنا ، کھیت کو نرم کر کے قابلِ کاشت بنانا .

نَلکا (فت ن ، سک ل) امذ.

۱. پانی وغیرہ کا چھوٹا نل ؛ (مجازاً) ٹونٹی .۲. لوہے کا بنا ہوا چوڑے منھ کا قدرے اونچا نل جس میں زمین سے پانی کھینچنے کے لیے ایک دستی پمپ لگا ہوتا ہے ، ہینڈ پمپ .۳. بڑی نلکی ، نلی (کسی دھات یا شیشے وغیرہ کی) . [س] .

نَلکا چلانا محاورہ. پانی کھینچنے کے لیے ہتھی والے نلکے کا پمپ اوپر نیچے کرنا .

نَلکی (فت ن ، سک ل) امث.

دھات ، شیشے یا ربر وغیرہ کی بنی ہوئی نالی نما ، سخت یا لچک دار پتلی چیز جو گیس یا کوئی سیال شے بھرنے یا گزارنے کے لیے استعمال ہوتی ہے (اکثر کوئی ٹھوس شے محفوظ رکھنے کے لیے بھی مستعمل) ، چھوٹی نلی .

نَلوا (فت ن ، سک نیز ضم ل) امذ : ~ نلوہ.

۱. چھوٹا سا نل یا چونگا .۲. بانس کا ٹکڑا (جس میں خط وغیرہ بھیجا کرتے تھے) ، بانس کی دو گانٹھوں کے بیچ کا ٹکڑا ؛ کاغذات رکھنے کا ٹین وغیرہ کا گول خول .۳. بانس کا مجوف ٹکڑا (قیف نما) جس سے مویشی کو گھی یا دوا وغیرہ پلاتے ہیں ؛ وہ آلہ جس سے دوا چوپائے کے منھ میں ڈالتے ہیں .۴. ڈنٹھل ، ڈنڈی ؛ ٹھنٹھ یا کھونٹی جو فصل کے کٹنے کے بعد باقی رہ جائے ؛ سرکنڈے یا نرسل کی خول والی پور نیز پتلی نلکی نما چیز (عموماً مشروبات پینے کے لیے) .۵. چوپایوں کی ایک بیماری جس میں سوجن ہو جاتی ہے .

نَلوانا (فت ن ، سک ل) ف م.

نلائی کرانا ، کھیت کی صفائی کرانا .

نَلوائی (فت ن ، سک ل) امث.

نلوانے کی اُجرت ، گھاس پھوس کھیت سے دور کرنے کی اجرت .

نِلوہ (کس ن ، وج)(الف) صف.

۱. بغیر کسی خطا یا خرابی کے ، بغیر کسی (اخلاقی یا جسمانی) نقص یا عیب کے ؛ بے نقص ، بے عیب ، بے داغ ؛ کھرا ، اچھی ساکھ والا نیز اصلی ، خالص ؛ نرا ، خالص (نفع) بعد منہائی (اخراجات وغیرہ) .۲. صاف ، بغیر صدمے یا نقصان کے ؛ (مجازاً) محفوظ ، بے گزند .۳. مفت ، بغیر تکلیف و تکلف کے . (ب) امذ. کام جو بے اعانت و شرکت غیرے کیا جائے ؛ وہ روپیہ جو دوسرے سے ملے اور اس میں سے کچھ بھی صرف نہ ہو . [س] .

نَلی (فت ن) امث.

نل (پائپ) جس کے ذریعے سے پانی ، گیس وغیرہ پہنچائی جائے ؛ (مجازاً) ٹونٹی .۲. پیشاب کی نالی نیز آنت ، انتڑی ؛ (مجازاً) قوی .۳. پنڈلی کی ہڈی ، ٹانگ کی ہڈی ؛ نلی دار ہڈی یا گودے والی ہڈی .

نَم (الف) (فت ن) امذ.

۱. تھوڑی سی رطوبت ، تری ، سیلن ، گیلا پن ، نمی ؛ (کنایتہً) آنسو .۲. (مراداً) شبنم ، اوس . (ب) صف. رطوبت سے بھرا ہوا ، تر ، گیلا ، مرطوب ، سیلا ہوا . [ف] .

نَم آلُود صف . ۱. نمی والا ؛ پانی سے تر ہوا ، گیلا . ۲. (کنایۃً) جس میں آنسو بھرے ہوں ، آنسوؤں سے تر ، آنسو بھرا ، نمناک .

نَم دِیدَہ صف ؛ م ف : ~ نمدیدہ . ۱. سیلا ہوا ، تر ، بھیگا ہوا ، جس پر تَرّی کا اثر ہوگیا ہو . ۲. جس کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہوں ، نہایت گریہ کناں ، نمناک آنکھوں سے .

نَم گِیر صف . رطوبت جذب کرنے والا ، نمی جذب کرنے والا ، جاذب .

نَم گِیرا / گِیرَہ امذ . (خیمہ سازی) شبنم سے بچاؤ کا کپڑے کا چھوٹا سا سائبان جو عموماً شامیانے کی وضع کا ہوتا ہے ، چھجی ؛ (مجازاً) سائبان ، شامیانہ .

نَم ناک صف : ~ نمناک . ۱. نمی سے بھرا ہوا ، گیلا ، بھیگا ہوا ؛ (مجازاً) آنسوؤں سے تر . ۲. (کنایۃً) ابر آلود ، مرطوب موسم یا بارشوں والا (ملک ، علاقہ وغیرہ) .

نَم ہو جانا / ہونا ف مر ؛ محاورہ . تر ہونا ، گیلا ہو جانا نیز آنسوؤں سے بھیگ جانا .

نَما (فت ن) امث .
۱. بالیدگی ، بڑھنا ، بڑھواڑ ، نمو ، افزائش (عام طور سے نشو و نما کی ترکیب سے مستعمل) . ۲. زیادتی ، اضافہ ، بڑھنا یا چڑھنا (پانی ، نرخ ، منافع وغیرہ) . [ع] .

نُما (ضم ن) صف .
۱. دکھانے والا ، ظاہر کرنے والا ، بتانے والا نیز خود کو ظاہر کرنے والا ؛ تراکیب میں بطور لاحقہ مستعمل ؛ جیسے : بد نما ، خوش نما ، سمت نما ، قبلہ نما وغیرہ . ۲. شکل کا ، مشابہ ، طرح کا ، مثل ، جیسا . ۳. فہرست ، اشاریہ . [ف] .

نَماز (فت ن) امث .
۱. اہلِ اسلام کی ایک فرض عبادت اور اہم رکن کا نام جو دن میں پانچ وقت مقررہ رکعات اور طریقے سے پابندیِ وقت کے ساتھ ادا کی جاتی ہے ، صلوٰۃ . ۲. (مجازاً) اظہارِ بندگی و خدمت ، عاجزی ؛ بندگی ، پرستش ، عبادت ، پوجا نیز سجدہ . [ف] .

نماز ادا کرنا ف مر ؛ محاورہ . نماز پڑھنا ، عبادت ، نماز کا فریضہ بجا لانا .

نماز بخشوانے آئے / گئے ، روزے گلے پڑے کہاوت . ایک کام سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کی ، دوسرا اس سے مشکل ذمے آ پڑے کہتے ہیں .

نماز ٹوٹنا محاورہ . نماز پڑھتے پڑھتے کوئی ایسا فعل سرزد ہو جانا جس سے نماز کا جاری رکھنا ازروئے فقہ ممکن نہ ہو ، نماز مکمل نہ ہونا ، نماز فاسد ہونا

نماز جمعہ امث . وہ مخصوص فرض نماز جو جمعے کو دو رکعت پڑھی جاتی اس کا وقت زوال سے شروع ہو جاتا ہے (یہ جمعے کے دن ظہر کا بدل ہے)

نماز جنازہ امث . نماز جو مُردے کی دعائے مغفرت کے لیے پڑھی جائے اس میں نہ رکوع ہے نہ سجود صرف قیام و دعا ہے ، یہ فرض کفایہ ہے .

نماز قصر امث . فرض نماز جو حالت سفر میں کم کر کے (چار کے بجائے دو فرض رکعت) پڑھی جاتی ہے .

نماز قضا ہونا ف مر ؛ محاورہ . ۱. فرض نماز کا وقت مقررہ پر ادا نہ ہو سکنا نماز کا اصل وقت نکل جانا . ۲. حالت حیض میں ہونا ، ایام کی حالت میں ہونا ؛ بے نماز ہونا .

نَمازی (فت ن) (الف) امذ .
نماز پڑھنے والا ؛ باقاعدگی سے نماز پڑھنے والا شخص ؛ (مجازاً) پارسا شخص عبادت گزار ، دین دار آدمی . (ب) صف . نماز سے متعلق ؛ نماز نماز کے لیے موزوں ، عبادت کے لیے مناسب .

نَمّام (فت ن ، شدم) صف ؛ امذ .
بہت چغلی کھانے والا ، چغل خور ، لترا ، ادھر کی ادھر کرنے والا ، بدگو مخبر ، سرگوشی کرنے والا ؛ (مجازاً) بہتان لگانے والا ، افترا پرداز . [ع]

نِمانا (کس ن) صف مذ .
۱. غریب ، مسکین . ۲. (طنزاً) ، بزدل ، ڈرپوک . ۳. (i) کمزور ، ناتواں ضعیف . (ii) (مجازاً) سیدھا سادہ ، بھولا بھالا ، معصوم آدمی جو عیّا نہ ہو ؛ وہ جسے کوئی ناز اور غرور نہ ہو . [س] .

نِمانی (کس ن) صف مث .
۱. غریب ، مسکین ؛ بھولی بھالی . ۲. معصوم عورت ، بھولی بھالی عورت .

نُمائش (ضم ن ، کس ء) امث .
۱. ظہور ، اظہار ، نمود ؛ تماشا . ۲. (i) دکھانے کا عمل ، دکھانا نیز نظر آ

(ii) دکھاوا ، تصنع ، ظاہرداری . (iii) (مجازاً) دھوم دھام ، شان و شوکت نیز سجاوٹ ، زیبائش .۳. وہ میلہ جس میں مختلف فنون ، اقسام ، مقامات یا ممالک کی چیزیں خاص و عام کے دیکھنے کے لیے رکھی جاتی ہیں ، فن پاروں تصویروں یا مصنوعات وغیرہ کو عام ملاحظے یا فروخت کے لیے ترتیب دینا ، سجانا . [ف] .

نُمائِش کرنا ف مر؛ محاورہ. دکھانا ، ظاہر کرنا ، ہر ایک کو دکھانا ، کسی سے چھپا کر نہ رکھنا .

نُمائِش گاہ امث. جگہ جہاں نمائش لگائی جائے ، تماشے کی جگہ خصوصاً وہ جہاں مال و اسباب ، مصنوعات اور فن پاروں کو دکھانے یا فروخت کے لیے رکھا جائے نیز سیر کی جگہ .

نُمائِش لگنا محاورہ. کسی جگہ نمائش یا فروخت کے لیے چیزوں کا رکھا جانا ، نمائش کا انعقاد ہونا .

نُمائِشی (ضم ن ، کس ء) صف.

۱. نمائش سے منسوب یا متعلق ؛ دکھاوے کا ، ظاہری ، جعلی ، مصنوعی ؛ (مجازاً) نام نہاد ، نام کا .۲. جسے نمائش گاہ میں رکھا گیا ہو ، جس کی میلے وغیرہ میں فروخت کے لیے نمائش کی جائے ؛ (کوئی چیز) جسے نموتاً پیش کیا جائے .۳. وہ (چیز) جسے ناکارہ ہو جانے پر کسی عام جگہ پر لوگوں کی دلچسپی یا تاریخی اہمیت کے پیش نظر رکھا جائے ؛ جیسے : توپ ، ہوائی جہاز وغیرہ) .۴. شان و شوکت کا ، زیب و زینت والا ، ظاہری سجاوٹ والا ، چمکیلا .۵. نمائش کرنے والا ، جھوٹی شان و شوکت میں مبتلا ، ریاکار ، ظاہر دار .

نُمائِندگان (ضم ن ، کس ء ، سک ن ، فت د) امذ ؛ ج.

نمائندہ کی جمع ، کسی ادارے ، جماعت یا مجلس وغیرہ کے منتخب نمائندے .

نُمائِندگی (ضم ن ، کس ء ، سک ن ، فت د) امث .

نمائندے کا کام یا حیثیت ، کسی شخص یا گروہ کی طرف سے (حاکم کے روبرو) پیش ہونا یا عرض ، حال کرنا ؛ کسی ایوان وغیرہ میں رکن ہونا ، رکنیت .

نمائندگی کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی اور کی طرف سے اظہار خیال کرنا ، کسی اور کی طرف سے پیش ہونا .۲. ترجمانی کرنا ؛ عکاسی کرنا .

نُمائِندَہ (ضم ن ، کس ء ، سک ن ، فت د) (الف) صف .

۱. دکھانے والا ، ظاہر کرنے نیز پیش کرنے والا ، ملانے والا .۲. ترجمانی کی علامت یا نشان بن جانے والا ، منتخب مثال یا نمونہ ، علم بردار . ۳. فکر و عمل ، کردار یا حالات وغیرہ کی مکمل ترجمانی کرنے والا ، ترجمان . ۴. مثال یا نمونے کے طور پر پیش کیا جانے والا ؛ منتخب (کلام کے لیے مستعمل) . (ب) امذ . (i) وہ شخص جو کسی شخص ، جماعت ، فرقے یا طبقے وغیرہ کی طرف سے کسی حاکم کے پاس پیش ہو کر عرض حال کرے ، قائم مقام شخص (خصوصاً) کسی ایوان کے لیے منتخب ہونے والا شخص جو عوام کی نمائندگی کرے . (ii) شخص جسے کسی کا ترجمان بنا کر بھیجا جائے نیز وہ شخص جو اوروں کی نیابت یا وکالت کرے ، مندوب ، نائب ، عوضی . [ف] .

نُمائی (ضم ن) امث .

نما کا اسم کیفیت ، اظہار ، ظہور ، اعلان ، اشاعت ؛ مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ؛ جیسے : خود نمائی ، رہ نمائی . [ف] .

نُمایاں (ضم ن) صف .

۱. ظاہر ، کھلا ، فاش ، عیاں ، نمودار .۲. اُبھرا ہوا ، نکلا ہوا ؛ (مجازاً) واضح ، آشکار ، صاف صاف نظر آنے والا .۳. جدا ، منفرد ، الگ ، ممتاز ؛ خاص ، اہم .۴. مشہور ، معروف . [ف] .

نُمایاں کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ظاہر کرنا ، فاش کرنا ، دکھانا .۲. واضح کرنا ، اُبھارنا .

نُمایاں ہونا محاورہ. ۱. واضح ہونا ، ظاہر ہونا ؛ اُبھرا ہوا ہونا .۲. مشہور و معروف ہونا نیز پیدا ہونا .

نَمْبَر (فت ن ، سک م ، فت ب) امذ .

۱. نشان ؛ ہندسہ ، عدد ؛ تعداد ، گنتی .۲. (i) باری ، نوبت . (ii) ترتیب . (iii) (کنایۃً) درجہ ، رُتبہ ، حیثیت .۳. کسی اخبار یا رسالے کا خصوصی شمارہ جو کسی معزز ، بزرگ یا نامور شخص کی خدمات کے اعتراف میں یا کسی خاص موضوع یا موقع پر شائع کیا جائے ، کسی رسالے کی خصوصی موضوعاتی اشاعت .۴. وہ عدد یا نشانات جو امتحان کے سوالوں کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں (بالعموم جمع میں مستعمل) (Marks) .۵. کوئی

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

مخصوص عدد جو سٹے باز یا لاٹری والے ہر شامل ہونے والے کو دیتے ہیں. ۶. ناپ ، پیمانہ ، پیمائش کا عدد (خصوصاً جوتے ، کپڑے وغیرہ کا). ۷. زمین کا کوئی مخصوص ٹکڑا ؛ زیرِ کاشت زمین کا قطعہ. [انگ].

نمبر بڑھ جانا/ بڑھنا محاورہ. درجے یا حیثیت میں اضافہ ہونا ، مقابلے میں سبقت حاصل ہونا.

نمبر بڑھانا محاورہ. ۱. کسی امتحان میں کسی امیدوار کو ناجائز طور پر زیادہ نمبر دینا ؛ درجے یا حیثیت میں اضافہ کرانا ، دوسروں سے خود کو بہتر ثابت کرانا ، سبقت حاصل کرنا. ۲. چاپلوسی کرنا ، کسی نظروں میں مرتبہ حاصل کرنے کے لیے خوشامد کرنا.

نمبر بنانا محاورہ. اپنی حیثیت یا درجے میں اضافہ کرنا (کسی بڑے کے سامنے) ، خود کو دوسروں سے بہتر ثابت کرنا (خصوصاً فائدے حاصل کرنے کے لیے).

نمبر پلیٹ مث. دھات وغیرہ کا ایک ہموار اور عموماً مستطیل ٹکڑا جس پر (گاڑی کے سرکاری اندراج کے) نمبر درج ہوتے ہیں ، اسے خصوصاً موٹر گاڑیوں پر لگایا جاتا ہے.

نمبر دار مذ. (کاشت کاری) کھیا سے بڑا ایک عہدے دار جو خود بھی زمیندار ہوتا ہے (یہ خصوصاً انگریزی دورِ حکومت میں رائج تھا) ؛ (مجازاً) سردار ، چودھری.

نمبر ڈالنا محاورہ. ۱. کوئی نشان شناخت کے لیے لگانا ، کوئی معینہ نمبر علامت کے طور پر کسی شے پر ڈالنا ، نمبر لکھ دینا. ۲. ترتیب دینا.

نمبر شمار مذ. گنتی میں ترتیب کا عدد ، گنتی کا عدد ، سیریل نمبر ؛ گنتی.

نمبر گھمانا محاورہ. ٹیلی فون کے نمبر ملانا ، ٹیلی فون کرنا ، ٹیلی فون کے نمبر ڈائل کرنا.

نمبر لگانا محاورہ. ۱. ترتیب سے نمبر دینا ، ترتیب دینا ، نشان لگانا ، سربند چیزوں یا مال وغیرہ پر نمبر شمار لکھنا. ۲. امتحان کے مقررہ نمبروں کے مطابق جانچ کر نمبر دینا ، امتحانی کاپیاں جانچنا.

نمبر لے جانا محاورہ. بازی لے جانا ، سبقت رکھنا ، سب سے بڑھ جانا (رتبے یا حیثیت میں).

نمبر نکالنا محاورہ. کسی اخبار ، رسالے وغیرہ کا خاص شمارہ نکالنا ؛ خصوصی رسالہ شائع کرنا ، کسی خاص موضوع یا موقعے مناسبت سے رسالے اخبار کا کوئی شمارہ شائع کرنا.

نمبر وار م ف ؛ صف. از روئے ترتیب ، بالترتیب ، گنتی کے حساب سے باری باری ، نوبت بہ نوبت ، ترتیب سے ، نمبر سے.

نمبر ون صف. ۱. نمبر ایک ؛ (مجازاً) سب سے بہتر ، بہترین ، عمدہ ۲. مقابلے میں سبقت لے جانے والا ، بازی جیتنے والا ، اوّل نمبر آنے والا

نَمبَری (فت ن ، سک م ، فت نیز سک ب) صف.
۱. نمبر سے متعلق یا نسبت رکھنے والا ، نمبر والا ، نمبر کردہ (خط ، نوٹ بلٹی وغیرہ). ۲. (مجازاً) بے حد شریر ، چالاک ، شوخ ، تیز ، ذہین ۳. (مجازاً) مشہور ، بہت زیادہ شہرت رکھنے والا ؛ (کنایۃً) بہت بدنام چھٹا ہوا (خصوصاً بدمعاش).

نِمٹانا (کس ن ، سک م) م ف.
۱. بھگتانا ، چکانا ، بیباق کرنا. ۲. پورا کرنا ، انجام کو پہنچانا ، ختم کرنا.

نِمٹنا (کس ن ، فت م ، سک ٹ) ف ل.
۱. کسی جھگڑے قضیے سے فارغ ہونا ، فرصت پانا ، آزاد ہونا. ۲. بھگتنا کام مکمل کرنا. ۳. بھگتان کرنا ، جھگڑا چکانا.

نَمَد (فت ن ، م) مذ.
۱. دبیز کپڑا جو پشم کو صابن وغیرہ کی لاگ سے جما کر بناتے ہیں ؛ نرم بالوں کا بچھونا یا قالین وغیرہ جس پر لوگ بیٹھتے ہیں. [ف].

نمد پوش صف. وہ (شخص) جو پٹو یا پوستین پہنے ہو ، کمبل پوش ؛ (مجازاً) فقیر ، صوفی منش.

نَمدا (فت ن ، سک م) مذ ؛ ~ نمدہ.
۱. موٹا کپڑا جو بھیڑ بکری کے بالوں ، پشم یا اون کو صابن وغیرہ کی لاگ سے جما کر بناتے ہیں ، موٹا اونی کپڑا نیز ٹوپی. ۲. بانات کی وضع پر تیار کیا ہوا موٹا اور گھٹیا قسم کا کپڑا جو عموماً فرش پر یا گھوڑوں کی زین کے نیچے بچھانے کے کام آتا ہے اور بعض اعلیٰ صنعتوں میں چمڑے اور کاغذ کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے.

نمدا باندھنا محاورہ. دیوالیہ نکلوا دینا ، مفلس بنا دینا ، لوٹ لینا ، محتاج کر دینا (عموماً دُم کے ساتھ مستعمل).

نَمدَہ (فت ن، سک م، فت د) امذ.
بھگویا ہوا، نم کیا ہوا؛ (پارچہ بافی) اَن بُنا گرم کپڑا جسے اون، بال یا پشم وغیرہ کو تہ بہ تہ جما کر دباؤ، نمی، یا حرارت کے ذریعے یک جان کر کے بنایا جاتا ہے. [ف].

نَمدِیدَہ (فت ن، سک م، ی مع، فت د) صف.
دیکھیے: نم کے تحت.

نَمرُود (فت ن، سک م، و مع) امذ.
۱. (لفظاً) طاقت ور معبود؛ (تاریخ) ایک نہایت متکبر کافر بادشاہ کا نام. ۲. (کنایۃً) کافر، نہایت ظالم و جابر؛ بہت متکبر. [عبرانی].

نَمَستے فقرہ.
(ہندو) آپ کو نمسکار ہے، آپ کو سلام ہے، پرنام، بندگی، تسلیمات، آداب. [س].

نَمسکار (فت ن، م، سک س) امذ.
(ہندو) آداب، تسلیم، رام رام، پرنام، بندگی، ڈنڈوت.

نَمط (فت ن، م) امث؛ امذ.
۱. طریقہ، روش، ڈھنگ، طرز، طور، طرح، انداز. ۲. مثل، مانند، مشابہت، مطابقت. [ع].

نَمک (فت ن، م) امذ.
۱. چمک دار پتھر کی صورت میں کانوں سے نکالا جانے والا یا سمندر اور کھاری جھیلوں کے پانی سے حاصل کیا جانے والا نیز کیمیاوی طریقے سے ترکیب پایا سوڈیم اور کلورائیڈ کا مرکب جو سالنوں اور کھانوں میں ذائقے کے لیے ڈالا جاتا ہے، نون، لون، کھار. ۲. کھاری پن، شوریت، کھار. ۳. (i) ملاحت، سانولا پن. (ii) (مجازاً) آب و تاب، دل کشی، کشش. ۴. کھانا، روٹی، کھایا پیا. ۵. (کلام کا) لطف نیز شوخی؛ شوخیٔ کلام. ۶. تھوڑی سی مقدار؛ کسی بات کے معمولی یا قلیل ہونے کے لیے اشارۃً مستعمل (جیسے کھانے میں نمک). ۷. وہ شخص یا چیز وغیرہ جس سے دنیا کی رونق قائم ہو یا نیکی پروان چڑھتی ہو؛ وہ لوگ جو قلیل تعداد میں ہیں لیکن دنیا کا حسن ہیں، منتخب لوگ. [ف].

نمک افشانی امث. نمک چھڑکنے کا عمل، نمک پاشی؛ (مجازاً) کسی دُکھی کو اور دُکھی کرنا، اذیت بڑھانا، زخموں پر نمک چھڑکنا.

نمک پارے امذ؛ ج. (حلوائی) گندھے ہوئے میدے کو بیل کر اور لوزات ٹکڑیوں کی شکل میں تراش کر تلا ہوا نمکین پکوان.

نمک پاش (الف) صف. (لفظاً) نمک چھڑکنے والا؛ (کنایۃً) ایذا دینے والا، دکھ دینے والا، تکلیف دہ. (ب) امذ. نمک دان، نمک چھڑکنے کا برتن.

نمک پاشی امث. ۱. نمک چھڑکنے کا عمل نیز کسی چیز، گوشت وغیرہ کو محفوظ کرنے کے لیے نمک لگانا یا بھرنا. ۲. (کنایۃً) سخت تکلیف دینے کا عمل، اذیت میں اور اذیت دینا نیز کڑوی کسیلی باتیں کرنا.

نمک چھڑکنا ف مر؛ محاورہ. ستانا، تنگ کرنا، ایذا دینا، تکلیف میں اضافہ کرنا.

نمک حرام صف؛ امذ. ۱. اپنے آقا کا بدخواہ؛ نیکی کے عوض بدی کرنے والا؛ (مجازاً) نافرمان، غدار، باغی، وہ شخص جو کسی بادشاہ، جماعت یا تحریک سے بے وفائی کرے. ۲. ناشکر گزار، ناشکرا، ناسپاس.

نمک حرامی امث. نمک حرام کا کام؛ کفرانِ نعمت، کور نمکی؛ (مجازاً) ناشکر گزاری، ناسپاسی؛ نافرمانی، محسن کشی، بے وفائی، بغاوت.

نمک حرامی کرنا محاورہ. بے وفائی کرنا، احسان فراموشی کرنا، دھوکا دینا؛ مربی یا آقا کا مال وغیرہ ہڑپ کر جانا.

نمک حلال صف؛ امذ. (مجازاً) احسان مند، شکر گزار، ممنون، حق شناس، فرماں بردار، وفادار؛ آقا کا خیر خواہ؛ آجر کے حقوق پوری طرح بجا لانے والا.

نمک حلالی امث. آقا کی خیر خواہی، وفاداری، تابع داری؛ شکر گزاری؛ احسان مندی.

نمک کا حق ادا کرنا محاورہ. مالک کی خیر خواہی کرنا، وفاداری یا نمک حلالی کرنا، احسان ماننا، احسان کا بدلہ چکانا.

نمک کھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا نیز دوسروں کے ٹکڑوں پر پلنا، ساختہ و پرداختہ ہونا؛ نوکری کرنا، ملازم ہونا. ۲. کھانا تناول کرنا، کھانا کھانا.

نمک مرچ امث. (مراداً) کھانے میں ذائقے کے لیے ڈالے جانے والے مسالے.

نمک مرچ چھڑکنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نمک مرچ ڈالنا. ۲. بہت ایذا دینا، بہت تکلیف دہ باتیں کرنا؛ آگ لگانا، بڑھا چڑھا کر بیان کرنا.

نمک مرچ لگا کر م ف. بڑھا چڑھا کر، مبالغے کے ساتھ.

نمک مرچ لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. نمک اور مرچ ڈالنا، مسالحہ لگانا نیز مزے دار بنانا، چٹخارے دار بنانا، لذیذ اور پر ذائقہ بنانا. ۲. مبالغہ کرنا، بات بڑھا کر بیان کرنا، حاشیہ چڑھانا. ۳. چھیڑنا، جلانا، بھڑکانا، اُکسانا، جلے کو جلانا. ۴. بد دل کرنا، کسی کا دل میلا کرنا.

نمک ہونا محاورہ. ۱. کلام یا آواز میں چاشنی ہونا، شوخیِ کلام کا لطف ہونا. ۲. ملاحت ہونا، جاذبیت ہونا، کشش ہونا، پھبن ہونا.

نِمکو (کس ن، سک م، وج) اند.
مختلف نمکین اشیا کا مجموعہ یا کوئی نمکین پکوان.

نِمکول (کس ن، سک م، وج) اند.
نمکیاتی اجزا سے تیار کردہ ایک دوا کا نام جو اسہال کے مریض کو پلائی جاتی ہے.

نَمکیات (فت ن، م، کس ک) اند؛ ج.
۱. (کاشت کاری) مٹی، چونے وغیرہ کے نمکین مادّے، نمکین اجزا (زمین کے). ۲. (طب). نمکین مادّے جو جسم میں ہوتے ہیں اور زندگی کے لیے ناگزیر ہوتے ہیں.

نَمکِین (فت ن، م نیز سک م، ی مع) صف.
۱. نمک سے منسوب یا متعلق؛ نمک والا، نمک لگا، جس پر نمک چھڑکا گیا ہو، چٹپٹا، ذائقے دار. ۲. سانولا، سلونا، گندمی، سیاہی مائل؛ (مجازاً) پُر کشش، پھبن والا، ملیح، خوب صورت. ۳. کھاری، شور زدہ (میٹھے کے مقابل). ۴. (کنایۃً) بامزہ، پُرلطف، دلچسپ (خصوصاً بات، کلام وغیرہ). ۵. چرپرا، تیکھا، تیز، کڑوا؛ (مجازاً) غیر دلچسپ، بدمزہ.

نَمکِینی (فت ن، م نیز سک م، ی مع) امث.
۱. نمک پن، نمک ہونے کی کیفیت، نمکین ہونا، نمک والا ہونا، نمکینیت. ۲. (کلام کا) مزہ، لطف، لذت، عمدگی. ۳. ملاحت، سلونا پن، پھبن.

نَمگِیرا (فت ن، سک م، ی مع) اند.
دیکھیے: نم کے تحت.

نَمل (فت ن، سک م) امث.
چیونٹی (فارسی شعرا نے بفتح اوّل و دوم استعمال کیا ہے) نیز چیونٹیاں (اُردو میں بطور واحد اور بطور جمع بھی مستعمل). [ع].

نَمناک (فت ن، سک م) صف.
دیکھیے: نم کی تحت.

نُمو (ضم نیز فت ن، و مع) اند.
بڑھنے کی کیفیت، بڑھنے کا عمل، بڑھوتری، اُگنا، افزائش، بڑھنا، بالیدگی. [ع].

نمو پانا ف مر؛ محاورہ. بالیدگی حاصل کرنا، پیدا ہونا، بڑھنا، افزائش ہونا.

نمو پذیر صف. (لفظاً) بالیدگی قبول کرنے والا؛ (کنایۃً) بڑھنے والا، جس میں افزائش کی صلاحیت ہو.

نُمود (ضم نیز فت ن، و مع) امث.
۱. (i) ظاہر ہونا، عیاں ہونا، دکھائی دینا، معلوم ہونا، ظہور، اُبھار. (ii) نمائش، دکھاوا، دکھاوٹ؛ (مجازاً) ریاکاری، خود نمائی. (iii) (کنایۃً) بالیدگی، اُگنے کا عمل، اُگنا، پیدا ہونا، اُبھرنا. (iv) طلوع، نکلنا، چمکنا. ۲. نشان، آثار، علامت. ۳. (i) حرمت، عزت، فروغ. (ii) حیثیت، درجہ، پایہ، مرتبہ. ۴. شان و شوکت، کروفر، ٹھاٹ باٹ. ۵. شہرت، ناموری، نیک نامی، چرچا، اعلان. ۶. شیخی، ڈینگ، تعلّی. [ف].

نمود پانا محاورہ. ظاہر ہونا، ظہور میں آنا؛ پرورش پانا، مقام حاصل کرنا.

نمود و نمائش/ نمایش امث. ۱. (مجازاً) تشہیر و تبلیغ؛ فروغ، شہرت. ۲. شان و شوکت، دھوم دھام، ٹھاٹ باٹ، رونق.

نُمودار (ضم نیز فت ن، و مع) صف.
۱. ظاہر، آشکار، عیاں، نظر آنے والا، نکلا ہوا. ۲. واضح، نمایاں. ۳. اُگا ہوا، بالیدہ؛ (مجازاً) تازہ، شاداب (درختوں کے لیے مستعمل).

نمودار ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. ظہور ہونا؛ برآمد ہونا؛ طلوع ہونا. ۲. ظاہر ہونا، عیاں ہونا، سامنے آنا، نظر آنا.

نِیمولی (کس ن، وج، کس ل) امث.
نیم کے درخت کا پھل.

نَمُونَتاً / نَمُونَۃً (فت ن، و مع، فت ن، تن ت بفت) م ف.
نمونے کے لیے، بطور نمونہ.

نَمُونَہ (فت ن، و مع، فت ن) امذ.
۱. (i) وہ چیز جو دکھانے (پسند کروانے) کے واسطے آئے یا بھیجی جائے، بانگی. (ii) کسی چیز کا تھوڑا سا ٹکڑا یا حصہ جس سے کسی چیز کی اصلیت، آثار، تاریخ اور زمانہ وغیرہ معلوم ہو. ۲. قالب، سانچا (جس کے مطابق یا اُس میں ڈھال کر اس جیسی کوئی چیز بنائی جائے). ۳. نظیر، مثال، مثل، تمثیل. ۴. نقشہ، خاکہ، نقل، عکس، شبیہ، صورت. ۵. (i) (مجازاً) وہ شخص جس کو دیکھ کر ہنسی آئے؛ مراد: مسخرہ. (ii) وضع قطع، بناوٹ، ہیئت. [ف].

نمونہ بنانا محاورہ. مثال بنانا، مثال کے طور پر پیش کرنا.

نمونہ دکھانا محاورہ. اصل کا خاکہ دکھانا، نقشہ دکھانا، نقل دکھانا؛ مثالاً نظیر پیش کرنا.

نمونہ ہونا محاورہ. ۱. نقشہ ہونا، نقل ہونا؛ (طنزاً) عجیب شخص ہونا. ۲. مثال ہونا؛ مطمع نظر ہونا.

نَمُونیا/ نَمُونِیَہ (فت ن، و مع، کس ن/ فت ی) امذ.
(طب) ایک مرض جس سے پھیپھڑے میں ورم ہو جاتا ہے (اگر دونوں پھیپھڑوں میں ورم ہو تو اسے ڈبل نمونیہ کہتے ہیں) ذات الجنب، ورم شُش. [انگ].

نَمی (فت ن) امث.
نم ہونے کی حالت، تری، رطوبت، گیلا پن، سیلن؛ (مجازاً) آنسو. [ف].

نِمّی (کس ن، شدم) صف مث.
ہلکی، تھوڑی سی (عموماً مسکراہٹ کے لیے مستعمل). [پنا].

نمی نمی صف مث. ہلکی ہلکی (مسکراہٹ کے لیے مستعمل).

نَمِیدَہ (فت ن، ی مع، فت د) صف.
نم خوردہ، بھیگا ہوا، تر؛ (مجازاً) آنسو بھرا.

نَمِیقَہ (فت ن، ی مع، فت ق) امذ.
خط، نامہ، مکتوب؛ تحریر. [ع].

نَن (فت ن) امث.
عیسائی عورت جو مذہبی حلف کے تحت دوسری ایسی ہی عورتوں کے ساتھ سدا کنواری رہ کر عبادت و ریاضت میں زندگی گزارے، راہبہ. [انگ].

نَنّا (فت ن، شدن) (الف) صف مذ؛ - ننھا.
۱. (جسامت میں) بہت چھوٹا نیز چھوٹی قسم کا. ۲. چھوٹا، ٹھنگنا، کوچک، کوتاہ قامت، پستہ قد؛ (مجازاً) بچہ، نادان، ناسمجھ نیز لاڈلا، پیارا. (ب) امث. نانی، ماں کی ماں (ننا امی بھی زبانوں پر ہے).

نِنّانوے (کس ن، شدن، سک ن) صف.
ایک کم سو، نوے اور نو (۹۹).

ننانوے فی صد صف؛ م ف. اکثر و بیشتر، زیادہ تر؛ تقریباً تمام.

ننانوے کا پھیر امذ. روپیہ بڑھانے کی مستقل فکر، ہوس کا چکر، بے جا لالچ، شدید طمع، بے جا لالچ اور طمع.

ننانوے کے پھیر میں پڑجانا/ پڑنا محاورہ. ۱. لالچ کے سبب مصیبت میں پڑنا، جھگڑے میں پھنسنا، فکر میں مبتلا رہنا. ۲. لالچ میں مبتلا ہونا، دولت کمانے کی فکر میں رہنا، شدید ہوس کرنا.

نِنّانویں (کس ن، شدن، سک ن، ی مج) صف.
ترتیب کے لحاظ سے اٹھانوے کے بعد کا اور سو سے پہلے کا (عدد)، ننانوے نیز ننانواں کی مغیرہ صورت.

نِناوِیں (کس ن، ی مع) (الف) صف مث.
(چیز) جس کا نام لینا برا یا بدشگونی خیال کیا جائے؛ منحوس. (ب) امث. ۱. منحوس نیز بخیل عورت؛ (مجازاً) چڑیل، بھتنی، پھکل پائی.

نَنْد (فت ن، سک نیز فت ن) امث.
شوہر کی بہن. [س].

نِنْداسی (کس ن، مع) صف مث.
۱. نیند بھری، اونگھتی ہوئی، خواب ناک، غنودہ (خصوصاً آنکھیں). ۲. (مجازاً) نیند لانے والی، سلانے والی، خواب آور (فضا، آواز وغیرہ).

نَنْدوئی (فت ن، سک ن، و مج) امذ.
نند کا شوہر.

نِنْدیا (کس ن، مغ، کس ج د) امث.
نیند (خصوصاً لوریوں میں).

نَنگ (۱) (فت ن، غنہ) (الف) اند؛ امث.
۱. عار، عیب، شرم نیز بے عزتی، رسوائی، ذلت. ۲. ساکھ، اعتبار، نیک نامی نیز عزت، تعظیم، ناموس. (ب) صف. بدنام کرنے والا، باعث رسوائی (خصوصاً تراکیب میں مستعمل؛ جیسے؛ ننگ اسلاف، ننگ وطن وغیرہ). [ف].

ننگ اسلاف صف؛ اند. پرکھوں کی رسوائی کا باعث، خاندان کو رُسوا کرنے والا شخص (اپنے لیے انکساری ظاہر کرنے کا کلمہ).

ننگ و ناموس اند. ۱. شرم و حیا؛ عفت و عصمت. ۲. عزت و حرمت، غیرت و حمیت نیز شہرت و نیک نامی.

نَنگ (۲) (فت ن، غنہ) صف.
۱. ننگا، عریاں، برہنہ؛ کپڑوں کے بغیر (ننگ دھڑنگ کی ترکیب سے مستعمل). ۲. ننگا پن، عریانی، برہنگی؛ (مجازاً) مفلسی، ناداری، غربت. [س].

ننگ دھڑنگ صف مذ. ۱. جس کے تن پر کوئی کپڑا نہ ہو یا جس کے اوپر کا دھڑ ننگا ہو؛ بالکل ننگا، برہنہ. ۲. (کنایۃً) مفلس، قلاش. ۳. فرش جس پر کچھ بچھا ہوا نہ ہو، چٹائی چادر وغیرہ سے عاری (زمین کے لیے مستعمل). ۴. (مجازاً) خالی، بے اسباب، جس میں کچھ نہ ہو (گھر دفتر وغیرہ)؛ اجاڑ.

نَنگا (فت ن، غنہ) صف؛ اند.
۱. جس کے بدن پر کوئی کپڑا نہ ہو، برہنہ؛ عریاں. ۲. (i) بے حیا، بے شرم، بے غیرت، رُسوا. (ii) شرمناک. ۳. جس کے پاس لنگوٹی تک نہ ہو؛ (مجازاً) مفلس، قلاش، غریب؛ خراب حال. ۴. (کنایۃً) بغیر غلاف، جو ڈھکا ہوا نہ ہو (خصوصاً پاؤں، سر وغیرہ) جو ٹوپی جوتے وغیرہ سے عاری ہو. ۵. جس میں کوئی زیور نہ پہنا گیا ہو (ہاتھ، گلا وغیرہ)؛ خالی، عاری، زیور کے بغیر. ۶. بے نیام (تلوار، خنجر وغیرہ). [س].

ننگا بھوکا اند. نہایت مفلس، بہت ہی غریب؛ (مجازاً) پریشان حال؛ محتاج.

ننگا پن اند. ۱. عریاں ہونے کی حالت، عریانی، برہنگی، بے لباسی ۲. بے حیائی، بے غیرتی، بے شرمی نیز فحاشی.

ننگا دھڑنگا صف مذ. ۱. جس کے بدن پر کوئی کپڑا نہ ہو، بالکل ننگا عریاں، برہنہ. ۲. بالکل کنگال، قلاش، مفلس، غریب. ۳. جسے اپنے تن بدن کا ہوش نہ ہو، وہ (شخص) جو سرعام برہنہ گھومتا ہو.

ننگا کر دینا/کرنا محاورہ. ۱. کپڑے اُتار لینا یا اُتار دینا، برہنہ کر دینا. ۲. (مجازاً) عیوب ظاہر کرنا، اصل حقیقت سامنے لانا، برسرعام لاتا دکھانا؛ تشہیر کرنا. ۳. (مجازاً) لوٹ لینا، مال و اسباب چھین لینا؛ کنگال کر دینا، سب کچھ لے لینا نیز نہتا کر دینا.

نَنگی (فت ن، غنہ) صف مث؛ امث.
۱. عورت جس کے بدن پر کپڑے نہ ہوں، برہنہ، عریاں. ۲. (مجازاً) مفلس، قلاش، نادار (عورت). ۳. زیور وغیرہ سے عاری، خالی (عموماً کلائی). ۴. نیام یا غلاف سے باہر، بے نیام (تلوار). ۵. گندی، فحش (گالی، باتیں). ۶. جو ڈھکی ہوئی نہ ہو، زمیں جس پر پردہ بچھونا وغیرہ نہ ہو. ۷. (مجازاً) بے باک، غیر مہذب، بے حیائی پر مبنی. ۸. (مجازاً) بے حیا، بے شرم، لچی.

ننگی بچی صف مث. ۱. (i) عورت جس کے پاس کپڑا لتا نہ ہو، غریب، مفلس (عورت). ۲. زیورات وغیرہ سے عاری، عورت جس کے پاس زیورات نہ ہوں، خالی. ۳. کسی آرائشی چیز یا سامان وغیرہ سے عاری، دیوار جو آراستہ نہ ہو، غیر مکلّف.

ننگی نہائے گی کیا (اور) نچوڑے گی کیا کہاوت. مفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا؛ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی بے سروسامانی یا مفلسی میں کسی بات کی جرأت یا کسی کام کی ہمت کرے.

نَنگے (فت ن، غنہ) اند؛ ج.
ننگا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ننگے بھوکے اند؛ ج. ننگا بھوکا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ جن کے پاس کھانے اور پہننے کو نہ ہو، قلاش؛ خالی ہاتھ، لٹ لٹا کر.

ننگے سر ننگے پاؤں م ف؛ صف. سر و پا برہنہ؛ (مجازاً) سراسیمہ، پریشاں حال.

نَنَند (فت ن، ن، سک ن) امث.
دیکھیے : نند.

نَنہال (فت ن، کس ن) اند؛ امث.
نانی یا نانا کا گھر یا گھرانا، ننھیال. [س].

نَنّی (فت ن، شد ن) صف مث.
چھوٹی؛ کم عمر؛ (مجازاً) معصوم، بھولی، نادان.

نَنیا (فت ن، کس ن) صف.
نانا نانی سے منسوب یا متعلق (تراکیب میں مستعمل).

نَنّھا فت ن، شد نھ) (الف) صف مذ.
۱. (i) بہت چھوٹا (بلحاظ جسامت یا حجم). (ii) کم، تھوڑا سا. ۲. کم سن، کم عمر نیز نوجوان. ۳. بھولا، نادان؛ ناواقف، ناتجربہ کار، کم علم. ۴. (مجازاً) ادنیٰ، معمولی، حقیر (کام). (ب) اند. ۱. بچہ، لڑکا نیز چھوٹا بیٹا. ۲. چھوٹی سی چیز؛ لڑکا یا بچہ (پیار سے پکارنے کا کلمہ). [س].

ننھا بننا محاورہ. انجان بننا، خود کو بھولا ظاہر کرنا، معصوم بننا.

ننھا سا صف مذ. ۱. بہت چھوٹا، نہایت خورد؛ (مجازاً) تھوڑا سا، کم نیز نازک. ۲. (مجازاً) بہت حقیر، نہایت بے وقعت.

ننھا منا (الف) صف مذ. ۱. بہت چھوٹا، نہایت خورد (حجم جسامت وغیرہ میں). ۲. بہت مختصر. (ب) اند. بچہ؛ اولاد.

ننھا مہمان اند. نومولود، بچہ.

نَنّھی (فت ن، شد نھ) (الف) صف مث.
۱. چھوٹی، کم عمر؛ (مجازاً) نادان، ناسمجھ. ۲. (مجازاً) تھوڑی سی، نہایت کم، بہت چھوٹی، منی، ذرا سی (جسامت یا حجم کے لیے مستعمل). (ب) امث. بچی، لڑکی؛ بیٹی.

ننھی سی جان امث. ۱. چھوٹی، کم سن، کم عمر بچی یا بچہ. ۲. چھوٹی، خورد، چیز جو جسامت میں بہت کم ہو نیز نہایت نازک.

نَنّھے (فت ن، شد نھ) صف مذ؛ ج.
ننھا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل، چھوٹے؛ (مجازاً) ادنیٰ. ۲. (مجازاً) کم عمر، کم سن. ۳. نادان، ناسمجھ، بھولے، انجان.

ننھے منے اند؛ ج. ۱. نہایت چھوٹے (قد و قامت میں)؛ ادنیٰ، معمولی، غیر اہم. ۲. کم سن، کم عمر.

ننھے ننھے اند؛ ج. ۱. چھوٹے چھوٹے، نہایت چھوٹے. ۲. بھولے بھالے، معصوم.

نَنھیال (فت ن، کس نھ) اند.
ماں کے باپ کا گھر، ماں کا خاندان، نانا کا گھر یا کنبے رشتے والے.

نَنھیالی (فت ن، کس نھ) صف.
ننھیال سے منسوب یا متعلق، ننھیال کا، نانی یا نانا کا، نانا کے گھرانے یا رشتے داروں کا.

نَو (۱) (ولین نیز ج نیز فت ن، سک و) اند.
گنتی میں آٹھ اور دس کے درمیان کا عدد، آٹھ سے ایک زیادہ اور دس سے ایک کم، ایک کم دس، ۹. [س].

نو دو گیارہ ہونا محاورہ. دیکھتے ہی دیکھتے بھاگ جانا، چلتا ہونا، فرار ہو جانا.

نو رتن اند. ۱. نو طرح کے جواہرات، موتی، ہیرا، زمرد، لعل، نیلم، پکھراج، مونگا، لاجورد، گومید (یاقوت). ۲. ایک قسم (عموماً نو جواہر) کا زیور جو خصوصاً بازوؤں پر پہنا جاتا ہے نیز قیمتی ہار. ۳. (مجازاً) نو قابل اور یکتا آدمیوں کی مجلس، اکبر بادشاہ کے نو خاص درباری. ۴. ایک وضع کا کھانا جس میں نو ترکاریاں ہوتی ہیں.

نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی کہاوت. ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بہت سے گناہ کر کے تائب ہو جائے، ساری عمر گناہ کر کے آخر میں پارسا بن بیٹھے.

نو گزا / گزہ صف مذ. پیمائش میں نو گز کے برابر، نو گز لمبا، نو گز کا؛ مراد : بہت لمبا، بہت طویل.

نو لکھا صف. (لفظاً) نو لاکھ روپے کی قیمت کا؛ (مجازاً) بیش بہا، نہایت قیمتی (ہار کے لیے مستعمل).

نو ماسا/ ماسہ اند. ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے میں ادا کی جاتی ہے، سسرال والے پنجیری بنا کے تقسیم کرتے ہیں اور دلہن والے نو چیزیں دولھا کے گھر لے جاتے ہیں بعض جگہ نو ماسا کی گود بھری جاتی ہے.

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

نو مہینے اند : ج. نو ماہ کی مدت ؛ (خصوصاً) حمل کا زمانہ جو عام طور پر نو مہینے ہوتا ہے .

نو نقد نہ تیرہ ادھار کہاوت. قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے ؛ جو سردست مل جائے وہ بہتر ہے ، جو فوراً مل جائے غنیمت ہے .

نَو (۲) (ولین نیزنج نیز فت ن ، سک و) صف.
۱. نیا ، جدید .۲. تازہ ، ابھی کا . [ف] .

نو ایجاد صف. نیا ایجاد کیا ہوا ، حال ہی میں ایجاد کیا ہوا ؛ (مجازاً) بالکل نیا.

نو آباد صف .۱. حال کا بسایا ہوا ، تازہ آباد کیا ہوا .۲. جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو ، نوتوڑ ، نو کاشت .

نو آبادی امث. نیا آباد کیا ہوا ملک یا جو کسی دوسرے زیادہ طاقت ور ملک کے سیاسی قبضے یا اثر میں ہو (بالخصوص جو بہت دور ہو) نیز کوئی مقبوضہ علاقہ ، کالونی .

نو آبادیاتی صف .۱. طاقت ور ملک کے سیاسی قبضے اور اثر سے متعلق مقبوضہ علاقوں یا ملکوں کا .۲. مقبوضہ بنا دینے والا .

نو آموز صف :اند. جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو ؛ (مجازاً) ناتجربہ کار ، کچا ، ناآزمودہ کار ، مبتدی ؛ اناڑی شخص .

نو بنو / بہ نو صف. تازہ تازہ ؛ حال کا ، ابھی کا .

نو بہار (الف) اند .۱. موسم بہار کا شروع ؛ (مجازاً) بسنت کا موسم ، موسم بہار ، پھولوں کے کھلنے کی فصل نیز عروج کا وقت ، عروج کا دور . ۲. (کنایۃً) معشوق ، محبوب .۳. وہ چیز جس پر نئی نئی رونق آئی ہو ، رونق تازہ . (ب) صف . (کنایۃً) تازہ کھلا ہوا ، شگفتہ ، شاداب نیز پررونق .

نو بیاہتا صف. نئی شادی شدہ ، جس کی ابھی ابھی شادی ہوئی ہو .

نوجوان صف :اند. جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو ، نوخیز ، نوعمر ، گبرو.

نوجوانی امث. نوجوان ہونا ، شباب ، بلوغ ، عالم شباب .

نو چند اند (قدیم) .۱. نیا چاند ، پہلی کا چاند ، ہلال .۲. (کنایۃً) نیا نیز چھوٹا (فرزند) .

نو چندی صف مث. نئے چاند سے منسوب یا متعلق (تاریخ) .

نوخیز صف ؛ اند .۱. تازہ نمودار ؛ تازہ اُگا ہوا ، شاداب ، تازہ . ۲. (i) (مجازاً) نیا بنا ہو (خط وغیرہ) . (ii) نیا ، حال کا .۳. نوجوان ، نوعمر؛ (مجازاً) معشوق .۴. (i) ناتجربہ کار ، ناسمجھ ، نادان . (ii) ناپختہ ، کچا ، خام (ذہن ، دماغ وغیرہ) .

نو دولتیا اند. جسے اچانک دولت ملی ہو ؛ وہ شخص جو دفعتاً امیر ہوگیا ہو اور جو خاندانی امیر نہ ہو ، نیا مال دار ؛ (مجازاً) اوچھا ، کم ظرف .

نو رس صف .۱. (لفظاً) نیا آیا ہوا یا پہنچا ہوا ؛ (مجازاً) نیا کھنچا ہوا یا اُبھرا ہوا ، تازہ بتازہ ، (نقش وغیرہ) .۲. جس کا رس نیا یا تازہ ہو ، نیا پکا ہوا ؛ تازہ (عموماً پھل میوہ وغیرہ) نیز تازہ کھلا ہوا ، نوشگفتہ .

نو روز اند. پارسیوں میں نئے سال (فروردیں) کا پہلا دن ؛ (مجازاً) خوشی کا دن ، عیش وعشرت کا دن ، تہوار کا دن (خصوصاً آتش پرستوں کا) .

نو زائیدہ (الف) صف .۱. جو ابھی پیدا ہوا ہو ، نیا جنا ہوا ، نومولود . ۲. (کنایۃً) بالکل نیا ، نیا اختراع کیا ہوا ، تازہ ، جدید تر ، حالیہ . ۳. (مجازاً) نیا آزاد ہونے والا (خصوصاً ملک) . (ب) اند. ابھی ابھی پیدا ہونے والا بچہ (خصوصاً انسان کا) .

نو شاہ/ نوشہ اند .۱. جو ابھی بادشاہ بنا ہو ، نیا بادشاہ .۲. شخص جس کی ابھی ابھی شادی ہوئی ہو نیز دولھا .

نو عمر صف ؛ اند. کم عمر ، نابالغ ، کم سن نیز نوجوان .

نو عمری امث. نوعمر کا اسم کیفیت ، کمسنی ، بچپنا نیز نوجوانی .

نو مسلم صف ؛ اند. شخص جو حال ہی میں مسلمان ہوا ہو ، شخص جس نے اپنا مذہب چھوڑ کے تازہ تازہ اسلام قبول کیا ہو .

نو مشق صف. نو آموز ؛ (مجازاً) ناتجربہ کار ، اناڑی .

نو مولود صف .۱. (بچہ) جو ابھی پیدا ہوا ہو ، جس کی ابھی ابھی ولادت ہوئی ہو ، نوزائیدہ .۲. (کنایۃً) نیا وجود میں آیا ہوا ، نیا نیا آزاد ہونے والا (ملک) .

نونہال (الف) صف .۱. نوعمر ، نوجوان ، نوخیز ، کمسن ، کم عمر ؛ (مجازاً) تازہ. ۲. نوزائیدہ ، نومولود بچہ . (ب) اند. کم عمر بچہ ، لڑکا نیز بیٹا .

نو وارد صف. نیا آنے والا ؛ جو تازہ وارد ہوا ہو یا شامل ہوا ہو ؛ (مجازاً) ناواقف ، انجان ، اجنبی .

نَوا (فت ن) امث.
۱. آواز، صدا، ندا. ۲. (مجازاً) نغمہ، لے، سُر، راگ، سریلی آواز، آہنگ. [ف].
نوا سنج/ گو صف. مطرب، گانے والا، خوش آواز.

نَوّا (و لین، شد و) امذ.
نائی، خط تراش، حجام.

نَوّاب (فت ن، شد نیز بلا شد و) صف.
۱. (لفظاً) بہت نیابت کرنے والا؛ قائم مقام، نائب؛ (مجازاً) نائب سلطان، وائسرائے، گورنر. ۲. شہزادہ؛ بادشاہ، راجا نیز برطانوی ہند میں مسلم ریاستوں کے فرمانرواؤں کا ایک خطاب. ۳. (i) (مجازاً) دولت اُڑانے والا، فضول خرچ نیز شیخی میں آجانے والا؛ نو دولتیا. (ii) خاندانی امیر، دولت مند شخص، بڑا جاگیردار. [ع].
نواب بنے پھرنا محاورہ. اپنے آپ کو بہت امیر یا بڑا سمجھنا، امیرانہ ٹھاٹ دکھانا، مغرور ہو جانا، کسی کو خاطر میں نہ لانا.
نواب زادہ امذ. نواب کی اولاد (نواب کے لڑکے کے نام کے ساتھ مستعمل)؛ نہایت امیر شخص کا بیٹا؛ (مجازاً یا طنزاً).

نَوّابی (فت ن، شد و) (الف) امث.
۱. نواب ہونے کی حالت، نواب پنا، قائم مقامی، نیابت، نظامت؛ برطانوی ہند میں ایک شاہی عہدہ. ۲. فرماں روائی، حکمرانی، سربراہی، شاہی. ۳. (کنایۃً) شان و شوکت، کروفر، امیرانہ ٹھاٹ، طمطراق.
(ب) صف. نوابوں کا، امرا کا، امیر لوگوں کا.

نَواح (فت ن) امذ.
اردگرد کا علاقہ، قرب و جوار، مضافات؛ (مجازاً) علاقہ، حصہ.

نَواحی (فت ن) (الف) امث؛ ج.
آس پاس، اطراف، مضافات، اضلاع. (ب) صف. جو نواح میں ہو، مضافاتی، اطراف کے، اردگرد کے (علاقے، آبادیاں وغیرہ).

نَوادِر (فت ن، کس د) امذ؛ ج.
عجیب و غریب چیزیں، عجائبات، نادر چیزیں، قیمتی اشیا.

نَوادِرات (فت ن، کس د) امذ؛ ج.
نوادر کی جمع، عجیب و غریب چیزیں، عجائبات.

نِواڑ (کس نیز فت ن) امث.
(بنائی) موٹے ڈوروں کی عموماً گرہ سوا گرہ (ڈھائی تین انچ) چوڑی بنی ہوئی لمبی پٹی جو پلنگ بننے کے لیے تیار کی جاتی ہے، سوت کا موٹا اور چوڑا فیتہ. [ف].

نَواز (فت ن) (الف) امر.
نوازنا، عزت دینا. (ب). (لاحقہ فاعلی). ۱. سرفراز کرنے والا نیز نوازنے والا، بخشنے والا، عطا کرنے والا، دینے والا (جیسے: بندہ نواز، مہمان نواز). ۲. بجانے والا (جیسے: طبلہ نواز وغیرہ). ۳. حلیف، حمایتی، کسی ملک کے نظریے کا ماننے والا؛ (جیسے: امریکہ نواز وغیرہ). [ف].

نَوازِش (فت ن، کس ز) (الف) امث.
۱. بجنے یا بجانے کا عمل. ۲. سرفراز کرنا، مہربانی، عنایت، لطف، کرم، شفقت، مروت. (ب). فقرہ (بطور تشکر یا طنز اردو میں مستعمل)، عنایت ہے، شکریہ، بڑی مہربانی کی.

نَوازِشات (فت ن، کس ز) امث؛ ج.
نوازش کی جمع، عنایتیں، مہربانیاں.

نَوازْنا (فت ن، سک ز) ف م.
۱. مہربانی کرنا، عنایت کرنا؛ عطا کرنا، دینا، مالا مال کرنا. ۲. عزت بخشنا، سرفراز کرنا، سربلند کرنا.

••• **نَوازی** (... فت ن) امث.
۱. دینے یا عطا کرنے کا عمل، مہربانی کرنا، مرکبات میں (بطور لاحقہ مستعمل) (جیسے: مہمان نوازی وغیرہ). ۲. بجانے کا عمل (مثلاً ستار نوازی).

نَواس (فت ن) صف.
نواسا کی تخفیف؛ تراکیب میں مستعمل (جیسے: نواس بہو، نواس داماد وغیرہ).

نَواسا/ نواسَہ (فت ن) امذ.
بیٹی کا بیٹا، سبط، ناتی. [ف].

نَواسی (فت ن) امث.
بیٹی کی بیٹی، دختر زادی، نتنی.

نَوَاسی (فت ن، شد نیز بلا شد و) صف.
اَسی اور نو کا مجموعہ (۸۹) ایک کم نوے. [س].

نَوافِل (فت ن، کس ف) اند؛ ج.
(فقہ) نمازیں جو سنت اور فرض کے علاوہ زائد پڑھی جاتی ہیں؛ تراکیب میں مستعمل.

نَوال (فت ن) (الف) اند؛ امث.
مہربانی، احسان، بخشش، عطا. (ب) صف (بطور لاحقہ) بخشنے والا، عطا کرنے والا؛ (مجازاً) فیاض، سخی (عموماً دریا کے ساتھ مستعمل). [ع].

نِوالا (کس ن) اند.
دیکھیے: نوالہ.

نِوالَہ (فت نیز کس ن، فت ل) اند.
۱. کھانے کی چیز کی وہ مقدار جو انگلیوں سے پکڑ کر منھ میں رکھیں، لقمہ. ۲. ذرا سی چیز، کھانے کی ذرا سی مقدار. ۳. (کنایۃً) آسان کام، سہل معاملہ (عموماً منھ کا نوالہ رائج ہے). [ع].

نوالہ بنانا ف مر؛ محاورہ. ۱. روٹی وغیرہ کے ٹکڑے کو لقمے کی شکل دینا، کسی غذا کا تھوڑا سا حصہ کھانے کے لیے الگ کرنا. ۲. کھا جانا، ہڑپ کر لینا.

نوالہ بن جانا/ بننا محاورہ. منھ میں جانا؛ (عموماً) کسی جانور کی غذا بن جانا، لقمہ بننا، شکار ہو جانا.

نوالہ چھیننا ف مر؛ محاورہ. خوراک لے لینا، دوسرے کو کھانے نہ دینا نیز دوسرے کے روزگار پر قابض ہونا.

نِوالے (فت ن) اند؛ ج.
نوالہ کی جمع نیز مغیرہ صورت؛ بہت سے لقمے (تراکیب میں مستعمل).

نوالے گننا محاورہ. کسی کو کھانا کھاتے ہوئے (حسرت سے) دیکھنا.

نَواں (فت ن) صف مذ.
نو سے نسبت رکھنے والا، آٹھویں کے بعد کا یا دسویں سے پہلا.

نِوانا (فت نیز کس ن) ف م.
۱. نیچا کرنا، جھکانا، خمیدہ کرنا (عموماً سر، کمر وغیرہ)؛ (مجازاً) سر تسلیم خم کرنا، مان جانا، مطیع ہو جانا. ۲. دہرا کرنا، لپیٹنا. [س].

نَواہی (فت ن) اند؛ ج.
(فقہ) امور شرع نے جن سے منع کیا ہے، ممنوعات، غیر شرعی باتیں. [ع].

نَوائی (فت ن) امث.
آواز یا سُر نکالنے کا عمل، کہنے یا گانے کی حالت (عموماً تراکیب میں بطور لاحقہ مستعمل؛ جیسے: تلخ نوائی وغیرہ).

نَوبَت (ولین، فت ب) امث.
۱. کسی بات کا وقت، کسی کام کا معینہ وقت، مرتبہ، باری. ۲. مدت، وقت، عرصہ، زمانہ. ۳. (i) حالت، کیفیت، عالم. (ii) درگت، بری حالت. ۴. نقارہ، طبل، دہل، ڈنکا نیز امیروں اور بادشاہوں کی ڈیوڑھی پر مقررہ اوقات میں بجائے جانے والے باجوں کا مجموعی نام جو نقارے، طبل اور نفیری پر مشتمل ہوتا ہے. [ع].

نوبت آجانا/آنا محاورہ. ۱. باری آنا، نمبر آنا، وقت آنا. ۲. کسی کام کے ہونے کا وقت آنا، موقع آنا. ۳. ضرورت پیش آنا. ۴. حالت ہونا، افتاد پڑنا. ۵. دقت پیش آنا، تکلیف ہونا، پریشانی ہونا.

نوبت بایں جا/بہ ایں جا رَسید/بہ ایں رَسید کہاوت. یہاں تک نوبت پہنچی، منزل یہاں تک آگئی، بات یہاں تک پہنچی، یہ وقت آگیا؛ یہ مرحلہ آگیا.

نوبت بجنا ف مر؛ محاورہ. ۱. نقارہ بجنا، نقارے پر چوب پڑنا (صبح کے وقت، عموماً پانچوں وقت). ۲. شہرہ ہونا نیز شور ہونا. ۳. بیاہ رچنا، شادی ہونا، خوشی ہونا، شادیانے بجنا.

نوبت کو پہنچنا محاورہ. حالت کو پہنچنا، حالت ہونا، گت ہونا.

نَو بَہ نَو (ولین، فت ب، ولین) صف.
نیا نیا، نت نئے (عموماً جمع میں مستعمل).

نَوبیاہْتا (ولین، کس ب، سک ہ) صف.
نیا شادی شدہ، جس کی شادی نئی نئی ہوئی ہو.

نَوتا (ولین) اند؛ (ج: نوتاں).
شادی یا کسی تقریب کا بلاوا، نیوتا، دعوت، بلاوا. [س].

نَوتَہ (ولین، فت ت) امذ.
۱. (دیکھیے: نوتا) نیوتا، دعوت، بلاوا. ۲. وہ نقدی یا تحفہ وغیرہ جو شادی وغیرہ کی تقریبات میں دیا لیا جاتا ہے. ۳. دعوت نامہ.

نوٹ (وج) امذ.
۱. (i) کسی حکومت (مرکزی بنک) کا جاری کردہ کاغذی سکہ (عموماً کاغذ کا چھوٹا ورق جس پر بادشاہ وقت یا بانی ملک یا کسی اور چیز کی تصویر ہوتی ہے اور لکھا ہوتا ہے کہ حکومت کی ضمانت سے جاری ہوا، کرنسی نوٹ. (ii) (مجازاً) روپیہ پیسہ، نقد رقم. ۲. حاشیہ، تشریح، تفسیر تفصیل (کتاب وغیرہ میں) نیز کوئی توجہ طلب بات جو خط وغیرہ کے حاشیے میں لکھی جائے. ۳. (i) مختصر یادداشت، مختصر تحریر. (ii) لکھنا، قلم بند کرنا، درج کرنا. ۴. واقعات، موضوعات، خیالات وغیرہ کے اہم نکات، اشارات جو تقریر یا تحریر میں کام آسکیں. ۵. (موسیقی) سر نیز سر تحریر کرنے کی علامت، سر کی سطح یا وقفے یا طول کی علامت. [انگ].

نوٹ بنانا ف مر؛ محاورہ. ۱. دولت کمانا، مال بٹورنا. ۲. تحریری، رائے دینا، اہم نکات درج کرنا.

نوٹ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. یادداشت کے لیے لکھ لینا، تحریر کرنا، لکھنا، درج کرنا. ۲. خاص طور پر خیال رکھنا، توجہ دینا. ۳. جائزہ لینا، نظر رکھنا، بغور دیکھنا.

نوٹری (وج، فت ج نیز سک ٹ) امذ.
(قانون) جسے تمسکات کی رجسٹری وغیرہ کا اختیار ہو، ناظر رجسٹری، دستاویزات پر مہر تصدیق لگانے والا افسر. [انگ].

نوٹری پبلک امذ. (قانون) حکومت کی طرف سے وہ اجازت یافتہ شخص جو دستاویزات کی تصدیق کرتا ہے اور معاہدات یا ذمے داریوں یا دوسرے نوشتہ جات وغیرہ کا خلاصہ لکھتا ہے یا توثیق کرتا ہے.

نوٹس (وج، کس ٹ) امذ.
۱. تحریری اطلاع یا اعلان، سرکاری اطلاع نامہ، حکم نامہ؛ (عموماً) قبل از وقت اطلاع نیز اشتہار. ۲. دفتری حکم نامہ جس میں کسی امر کے واقع ہونے کے اسباب پوچھے جائیں؛ تنبیہ. [انگ].

نوٹس بورڈ امذ. جگہ یا تختہ جس پر اطلاع نامہ (نوٹس) لگایا جائے، تختۂ اطلاعات.

نوٹس دینا محاورہ. ۱. پیشگی تحریری اطلاع دینا، حکم نامہ جاری کرنا. ۲. خبر کرنا، آگاہ کرنا، ہشیار کرنا.

نوٹس لینا محاورہ. خیال کرنا، لحاظ کرنا، قابل غور سمجھنا، توجہ دینا (عموماً نہ/نہیں کے ساتھ مستعمل).

نوٹس (وج، سک ٹ) امذ.
کسی مضمون کے متعلق توضیحی یا تنقیدی نوعیت کی عبارت، مختصر تحریر جس میں مناسب معلومات فراہم کی جاتی ہیں، مشاہدات یا تاثرات کا خلاصۂ کتاب، تقریر کے اہم نکات، خلاصہ. [انگ].

نَوٹنکی (ولین، فت ٹ، غن) (الف) امث.
ایک طرح کا ناٹک یا ڈراما پیش کیا جاتا ہے، دیہاتی ناٹک، کھیل تماشا.
(ب) صف. (مجازاً) ڈراما باز، جھوٹی ادائیں دکھانے والا، بہروپیا؛ ریاکار، فریبی. [مقامی].

نَوج (ولین) کلمہ؛ فقرہ.
۱. (عور) خدا نہ کرے، ایسا نہ ہو؛ مبادا، خدانخواستہ، نعوذ باللہ. ۲. تنفر یا خفگی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل کلمہ.

نَوجَوان (ولین، فت ج) صف.
نوخیز، نوعمر.

نَوجَوانی (ولین، فت ج) امث.
بلوغ، عالم شباب، نوعمر ہونا، نوجوان ہونا.

نوچ (وج) (الف) امذ.
۱. نوچنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل. ۲. نوچ لینے یا چھیننے کا عمل؛ کئی جانب سے کئی آدمیوں کا چھیننے یا لینے کا عمل؛ لوٹ. (ب) امث. خراش.

نوچ کھسوٹ امث. ۱. بدن پر ناخنوں سے خراش ڈالنے کا عمل؛ (کنایۃً) لڑائی، ہاتھا پائی. ۲. (مجازاً) لوٹ مار، غارت گری، چھینا جھپٹی.

نوچ لینا محاورہ. ۱. کسی کو زخمی کر دینا، بدن پر ناخنوں سے خراش ڈالنا (عموماً غصے کی حالت میں منھ کے ساتھ مستعمل). ۲. جدا کر دینا، الگ کر دینا (شاخ وغیرہ سے پتے پھول وغیرہ).

نوچ نوچ کر کھانا ف مر: محاورہ. ۱. پنجوں یا ناخنوں سے گوشت کو جدا کرنا یا کھانا. ۲. خوب لوٹنا نیز بہت مال بٹورنا. ۳. بوٹی بوٹی کر کے کھانا، نیز تباہ و برباد کر دینا.

نوچا ناچی / نوچی امث. چھینا جھپٹی.

نوچْنا (وِ مج، سک چ) ف م.
۱. (i) گوشت کو پنجوں سے بوٹی بوٹی کرنا، پنجہ مارنا، ناخن مارنا، کھرچنا نیز ناخن سے خراشیں ڈالنا. (ii) دانت یا چونچ سے کھسوٹنا (گوشت، روٹی وغیرہ). (iii) پھاڑ کھانا (خصوصاً) شکاری پرند کا چونچ یا ناخنوں سے گوشت اکھاڑنا. ۲. (i) اُکھاڑنا، کھینچ لینا (بال، پر، گھاس، پتیاں، وغیرہ). (ii) (مجازاً) توڑ لینا (خصوصاً پھول پتیاں، ستارے وغیرہ). ۳. کھینچ کر الگ کرنا، علیحدہ کرنا؛ (مجازاً) زبردستی جدا کرنا. ۴. لوٹنا، زبردستی چھین لینا. ۵. اذیت دینا، تکلیف پہنچانا. ۶. خراب کرنا، بگاڑ دینا. [س].

نوچنا کھسوٹنا محاورہ. ۱. پنجہ مارنا، پنجوں سے بوٹی بوٹی کر دینا، پھاڑ کھانا. ۲. چھینا جھپٹی کرنا، لوٹنا، غارت گری مچانا. ۳. کھینچنا، کھینچ کر الگ کرنا. ۴. توڑنا، مسل دینا (پھول پتے وغیرہ) نیز اجاڑ دینا.

نَوچَنْدی (وِلین، فت چ، سک ن) (الف) صف.
نئے چاند کا. (ب) امث. قمری مہینے کا پہلا پنج شنبہ، قمری مہینے کی پہلی جمعرات.

نَوچی (ولین نیز مج) امث.
(بازاری) نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کراتی ہیں، بازاری عورتوں کی لونڈی یا بیٹی جس سے وہ پیشہ کرا کے کاروبار چلاتی ہیں.

نُوح (و مع) اند.
۱. اللہ کے ایک جلیل القدر نبیؑ، آپ کی التجا پر طوفان کی صورت میں عذاب الٰہی آیا تھا اور تمام قوم عراق ڈوب کر ہلاک ہوگئی تھی، صرف آپؑ اور آپؑ کے ہمراہی جو اللہ کے حکم سے ایک کشتی میں سوار ہوگئے تھے دوبارہ زمین پر قدم رکھ سکے اور نسل انسانی کی تجدید کا باعث ہوئے اسی لیے آپ کو آدم ثانی کہا جاتا ہے. ۲. قرآن شریف کے انتیسویں (۲۹) پارے کی مکی سورۃ کا نام. ۳. (مجازاً) نوحہ کرنے والا، رونے والا. ۴. (کنایۃً) نئی زندگی دینے والا؛ کسی فن وغیرہ کو دوبارہ زندہ کرنے والا، سرخیل.

نَوحَہ (ولین، فت ح) اند.
۱. بین کرنا، ماتم کرنا، مُردے پر چلا کے رونا؛ ماتم. ۲. (i) (مجازاً) گریہ و زاری، رونا پیٹنا. (ii) (کنایۃً) رونے کی آواز، شور ماتم. ۳. (i) شاعری کی ایک صنف جس میں امام حسینؓ یا شہدائے کربلا کے مصائب نظم کیے جائیں اور اشعار میں بین کا خصوصیت سے اہتمام ہو (نوحہ عموماً ماتم یا سینہ زنی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے) (ii) دُکھ بھرے اشعار پر مشتمل کوئی نظم، غزل یا کوئی نثر پارہ جو کسی عزیز کی موت یا کسی افسوس ناک صورت حال پر کہا جائے. [ع].

نوحہ خواں صف: اند. نوحہ یا مرثیہ پڑھنے والا؛ (مجازاً) رونے والا ماتم کرنے والا، مردے کا بیان کر کے رونے اور رُلانے والا، درد ناک حالات سنانے والا.

نوحہ کرنا محاورہ. ۱. مردے پر چیخ چیخ کے رونا، ماتم کرنا، بین کرنا مصیبت میں واویلا کرنا. ۲. ملال کرنا.

نُوڈْلز (و مع، فت ڈ نیز کس، سک ل) امث؛ ج.
میدے اور دیگر اجزا سے تیار کردہ سویوں کی طرح کی لڑیاں جو عموماً چینی کھانوں میں استعمال ہوتی ہیں اور مخصوص تیلیوں یا کانٹوں سے کھائی جاتی ہیں. [انگ].

نُور (و مع) اند.
۱. سورج، چاند یا کسی منبع سے پیدا ہونے والی روشنی جو زمین اور اس میں موجود اشیاء پر پڑتی ہے اور ہمیں اشیاء نظر آتی ہیں، اُجالا. ۲. اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک شفاف و لطیف شے جس سے اس نے ایک مخلوق (فرشتے) پیدا کیے (خاک اور نار کے مقابل). ۳. نیکی، خیر، نیک ہدایت، بصیرت. ۴. آنکھ کے دیکھنے کی قوت، آنکھ کی روشنی، بینائی، بصارت. [ع].

نور الہُدا / الہُدیٰ اند. نورِ ہدایت، ہدایت کی روشنی، نجات کا راستہ؛ (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک.

نور باف اند. جولاہا، کولی، پارچہ باف.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نورِ بصیرت اند. شعور کی روشنی، ادراک، سمجھ، بینائی دل، عقل فہم.

نورِ جہاں (الف) اند. دنیا کا نور. (ب) مث. مغل شہنشاہ جہانگیر کی ملکہ کا خطاب (بطور تلمیح مستعمل).

نورِ چشم اند. نورِعین، آنکھوں کی روشنی، بینائی، بصارت؛ (کنایتہً) بیٹا، فرزند، نور العین.

نورِ چشمی مث. آنکھوں کی روشنی، نور عینی؛ مراد: بیٹی یا بیٹا (دونوں کے لیے مستعمل).

نورٌ علیٰ/ علےٰ نور فقرہ. ا. نور پر نور، نہایت روشن. ۲. ایک سے بڑھ کر ایک، ایک خوبی پر مستزاد دوسری خوبی، سب سے بہتر اور اعلیٰ.

نورِ عین اند. ا. آنکھوں کی روشنی، نورِ چشم؛ (کنایتہً) بیٹا، فرزند. ۲. بہت عزیز، محبوب.

نورِ مجسم اند. ا. از سرتا پا نور، نور کا مجسمہ؛ (کنایتہً) بہت سی خوبیوں کا مالک، نیکیوں کا مجموعہ. ۲. (کنایتہً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ پاک.

نُورا کُشتی (و مع، ضم ک، سک ش) مث.

(کشتی) ملی بھگت کی کشتی، وہ کشتی جو آپس میں ساز باز کر کے دکھاوے کے لیے لڑی جائے؛ مراد: ملی بھگت.

نُورانی (و مع) صف.

ا. نور سے متعلق یا منسوب؛ نور کا، جس میں نور ہو، نور والا، روشن، منور. ۲. روحانی؛ آسمانی، ملکوتی.

نورانی پیکر اند. روشنی کا پیکر، نور کا مجسمہ، نور کا بنا ہوا.

نُورانِیَّت (و مع، شد ی مع بفت) مث.

نورانی قوت یا خاصیت.

نَوَرْد (فت ن، و، سک د) صف.

ا. ← ؛ پیچ. ۲. طے کرنے والا، لپیٹنے والا (بطور لاحقہ)؛ جیسے: صحرا نورد، دشت نورد. [ف].

• • • نَوَرْدی (فت ن، و، سک ر) مث.

(بطور لاحقہ) طے کرنے کا عمل یا کیفیت، لپیٹنے کی حالت؛ جیسے: دشت نوردی، صحرا نوردی. [ف].

نَورَس (و لین، فت ر) صف.

نورسیدہ، میوۂ تازہ، نیا پکا ہوا پھل، ترت کا پکا ہوا پھل؛ نوخاستہ، نوخیز، نوجوان، گبرو.

نُوری (و مع) صف.

ا. نور سے منسوب یا متعلق؛ نور والا، نور کا بنا، جس کی تخلیق نور سے ہوئی ہو؛ مراد: فرشتہ. ۲. منور، روشن، چمک دار، پرنور. ۳. فرشتہ صفت، نیک کردار، نیک نہاد، (کنایتہً) جنتی. ۴. (طبیعیات) نور (روشنی) سے متعلق، روشنی کا. ۵. ملکوتی، آسمانی، روحانی.

نوری سال اند. (طبیعیات) وہ فاصلہ جو روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے.

نوری نستعلیق اند. (طباعت) کمپیوٹر کی مدد سے ترسیموں کو جوڑ کر خطِ نستعلیق میں بنایا گیا اردو کمپوزنگ کا نظام جس کی بنیاد مونو فوٹو نظام پر رکھی گئی ہے، مشینی کتابت.

نُورَین (و مع، ی لین) اند؛ ج.

دو نور؛ مراد: سورج اور چاند. ۲. دونوں آنکھیں.

نُوریں / نُورِین (و مع، ی مع) صف؛ ← نوری.

نور سے منسوب یا متعلق، نورانی، روشن، چمک دار.

نَوزائیدَہ (و لین، ی مع، فت د) صف.

جو تازہ پیدا ہوا ہو (تو مع تحتی الفاظ).

نُوزْدَہ (و مع نیز فت ن، و، سک ز، فت د) صف.

گنتی یا شمار میں انیس، ایک کم بیس. [ف].

نُوزْدَہُم (و مع نیز فت ن، و، سک ز، فت د، ضم م) صف.

گنتی یا ترتیب میں انیسواں، اٹھارہ کے بعد اور بیس سے پہلے آنے والا؛ نوزدہ سے منسوب یا متعلق. [ف].

نَوسَر (و لین، فت س) اند.

دھوکا، چال بازی. [مقامی].

نوسر باز صف. ہاتھ چالاک، دھوکے باز، چال باز.

نوش (و مج) (الف) اند.

ا. پینا نیز پینے کی کوئی چیز؛ کھانے پینے کے قابل اشیا. ۲. دافع زہر

دوا. (ب) صف. پینے والا (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل) ؛ جیسے : مے نوش، بلا نوش، بادہ نوش. [ف].

نَوشا (ولین) اند.
وہ شخص جس کی شادی حال ہی میں ہوئی ہو، نوشہ، دولھا، نوشاہ.

نَوشادَر (ولین، فت نیز ضم د) اند.
(طبعیات) المونیم اور کلورین سے مرکب ایک ہاضم، کھٹا مادہ (دوائ مستعمل). [ف].

نَوشت (فت ن، کس و، سک ش) مث.
۱. تحریر، لکھائی، کتابت ؛ نگارش ۲. دستاویز، تحریری سند ۳. خط، چٹھی، نامہ ۴. بطور لاحقہ بھی مستعمل ؛ جیسے : خود نوشت. [ف].

نَوشتہ (فت ن، کس و، سک ش، فت ت) صف ؛ اند.
۱. لکھا ہوا، سند، دستاویز، چلکہ، تحریر شدہ ۲. تقدیر، قسمت، نصیب، سرنوشتہ، مقدر ۳. خط، چٹھی، نامہ. [ف].

نوشتہ دیوار اند. ۱. غیبی وعید، خدا کی طرف سے تنبیہ، قسمت کا لکھا. ۲. جلی تحریر یا علامات خصوصاً وہ جو آئندہ کے لیے خبردار کریں، مستقبل کے حالات کا واضح اشارہ، سامنے کی بات.

••• **نوشی** (وج) مث.
پینا، مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل ؛ جیسے : بادہ نوشی، شراب نوشی.

نوشیرْواں (وج، ی مع نیز ج، سک ر) اند.
ایران کے ایک مشہور و معروف عادل بادشاہ کا نام، یہ بادشاہ اپنے عدل و انصاف کی وجہ سے مشہور تھا، کسریٰ. [علم].

نوشِیں / نوشین (وج، ی مع) صف.
۱. شیریں، میٹھا، شہد جیسا، قند کی مانند، مصری کی مانند ۲. خوش گوار، خوش مزہ. [ف].

نَوع (ولین) مث.
۱. قسم، جنس، طرح (مختلف اور مشترک خصوصیات کے لحاظ سے). ۲. (منطق) وہ افراد یا وہ اشیا جن کی خصوصیات آپس میں ملتی ہوں ؛ ایک جیسی خصوصیات اور خوبیاں رکھنے والے افراد کا گروہ یا چیز ؛ جماعت جس کا ہر فرد اس نام سے پکارا جا سکتا ہو ؛ جیسے : انسان جو حیوان ناطق کی ایک نوع ہے. ۳. (i) وضع، طور، طریقہ، ڈھنگ، روش، انداز، طرز. [ع].

نوع اِنسان مث. بنی آدم، نسل انسان، انسانی نسل کے افراد.

نَوعِیَّت (ولین، شد ی مع فت) مث.
۱. نوع ہونے کی حالت یا کیفیت، نوعی فرق کے لحاظ سے حیثیت. ۲. (i) صورت حال، کیفیت، حالت. (ii) تفصیل ۳. طرح، انداز. ۴. قسم، قبیل.

نوک (وج) مث.
۱. (i) کسی چیز کا چبھنے والا باریک سرا ؛ چھری، خنجر اور نیزے، سوئی وغیرہ کا سرا جو چبھ سکے، کسی چیز کا چھیل کر پتلا کیا ہوا سرا، انی. (ii) کسی چیز کا انتہائی اوپری یا اگلا حصہ (خواہ گول ہو یا مخروطی)، چوٹی، پھننگ. (iii) پنسل یا قلم وغیرہ کا سرا ؛ نب. (iv) کونہ ۲. (مجازاً) زور، زبردستی (عموماً تلوار، بندوق کے ساتھ مستعمل). [ف].

نوک پلک مث. ۱. ناک نقشے کی موزونیت، دلکش وضع ۲. (کتابت) موزونیت، مناسبت، عمدگی.

نوک پلک درست کرنا محاورہ. اصلاح کرنا، عیوب نکالنا، ہر طرح سے ٹھیک کرنا، کانٹ چھانٹ کرنا (عموماً کسی مضمون، غزل وغیرہ کی).

نوک پلک سنوارنا محاورہ. تراشنا، عمدہ بنانا نیز عیوب دور کرنا، آخری اصلاح کرنا، تکمیلی عمل انجام دینا.

نوک جھونک مث. ۱. طعن و طنز کی باتیں، چھیڑ چھاڑ، چھیڑ خوانی نیز شوخی و شرارت. ۲. آن بان، انداز و ادا، شان و شوکت، بانکپن.

نوک دار صف ؛ ~ نوکدار. ۱. نوک رکھنے والا، نکیلا، چبھنے والا، جس کا سرا تیز نوک والا ہو ۲. چوٹی والا، جس کا نکیلا سرا اوپر کی طرف نکلا ہوا ہو، اونچے شملے کا، (عمامہ، پگڑی وغیرہ کے لیے مستعمل). ۳. چبھتا ہوا ؛ (کنایۃً) طنزیہ، طعن و تشنیع سے بھرا ہوا (فقرہ بات وغیرہ). ۴. نوک کی شکل کا، نیزے کے پھل جیسا (دروازہ، طاقِ وغیرہ).

نوک زباں مث. ۱. زبان کی نوک ؛ (مجازاً) منھ سے نکلی ہوئی بات. ۲. زبانی، ازبر، حفظ.

نوک قلم مث. قلم کا سرا، نب ؛ مراد : لکھنے کی قوت، تحریر کی کاٹ.

نَوکا (ولین) مث : اند.
کشتی کی ایک قسم ، چھوٹی کشتی ، ڈونگی ، بجرا . [س].

نوکا جھوک مث . چھیڑ چھاڑ ، آوازہ توازہ ، شوخی و شرارت ؛ طعن و طنز .

نوکدار (وج ، سک ک) صف .
دیکھیے : نوک کے تحت .

نَوکَر (ولین ، فت ک) اند.
۱. گھریلو یا دفتری ملازم ، خدمت گار ، خادم . ۲. کام کرانے کے لیے تنخواہ پر رکھا ہوا آدمی ، وہ شخص جو تنخواہ پر کام کرے . ۳. خادمہ ، ملازمہ . [ف].

نوکر آگے چاکر ، چاکر آگے نوکر کہاوت . دماغ دار نوکر کی نسبت کہتے ہیں ؛ بہت سے نوکر ہوں تو کام ایک دوسرے پر ٹالتے ہیں ؛ نوکر کے آگے چاکر ، چاکر کے آگے نوکر .

نوکر چاکر اند : ج . ۱. ملازمان ، خدمت گاران ، خدمت گزار ، (عموماً) گھریلو ملازمین . ۲. (مجازاً) سرکاری ملازمین یا ملازم .

نوکر شاہی (الف) مث . (تحقیراً) حکومت کے اعلیٰ سرکاری افسران جو پس پردہ حکومت چلاتے ہیں ، بیورو کریسی . (ب) صف . سرکاری ، اعلیٰ سرکاری افسران کا (عموماً منفی معنوں میں مستعمل) .

نَوکَرانی (ولین ، فت نیز سک ک) مث .
نوکر کی تانیث ، گھریلو ملازمہ ، خادمہ ، ماما .

نَوکَرنی (ولین ، فت ک ، سک ر) مث .
نوکرانی جو زیادہ مستعمل ہے .

نَوکَری (ولین ، فت نیز سک ک) مث .
۱. نوکر کا کام یا پیشہ ؛ گھریلو خدمت ، چاکری ؛ خدمت گزاری .
۲. (i) بطور پیشہ خدمات پر مامور ہونا ، تنخواہ ، اُجرت یا منافع کی خاطر کیا جانے والا کام ، کار منصبی ، ملازمت (تجارت کے مقابل) .
(ii) کار منصبی کی انجام دہی ، کام جس پر کوئی آدمی تعینات کیا جائے ، تعیناتی (Duty) .

نوکیلا (وج ، ی مع) صف .
۱. نوک دار ، گاؤدم ، مخروطی ، چونچ دار نیز چبھنے والا . ۲. (مجازاً) خوش وضع ، خوش قطع ، خوب طرز ، بانکا ، ترچھا ، طرح دار ، وضع دار . ۳. (کنایۃً) اذیت رساں ، تکلیف دہ ؛ چبھنے والا . ۴. (مجازاً) طنزیہ ، لعن طعن پر مبنی .

نوکیلی (وج ، ی مع) صف مث .
۱. نوک دار ، مخروطی سرے والی ؛ چبھنے والی . ۲. بانکی ، البیلی ، چھبیلی . ۳. دلکش ، دل میں اُتر جانے والی (وضع قطع کے لیے مستعمل) . ۴. (کنایۃً) اذیت رساں ، تکلیف دہ .

نَوَل (فت ن ، و نیز ولین) (الف) صف.
۱. نیا ، اچھوتا ، تازہ ؛ (کنایۃً) نیا نویلا . ۲. نوجوان ، نوخیز (مرد یا عورت) . ۳. خوب صورت ، دلکش ، حسین ، دلربا . ۴. عجیب و غریب ، انوکھا ، نرالا . ۵. کمیاب ، بے مثل ، نادر . (ب) اند . چھوٹا درخت ، نیا پودا . [س].

نَول (ولین) مث .
۱. عطا ، بخشش (نوال کا مفرد) ۲. ڈھنگ ، طور طریق ؛ تحفہ ؛ فرض ؛ کار منصبی ، کام جو لازماً کیا جائے ؛ رودبار رواں ، آبی قطعہ جس میں پانی بھرا ہوا ہو ؛ بھیجا ہوا سامان . [ع].

نَوم (ولین) مث .
نیند ، خواب ، سکون کی نیند ؛ (مجازاً) آرام . [ع].

نَوَمبَر (فت ن ، و ، سک م ، فت ب) اند.
انگریزی سال کا گیارھواں مہینہ ، عیسوی تقویم کا گیارھواں مہینہ . [انگ].

نَوِید (ولین ، ی مع) صف .
ناامید ، مایوس ، نراش . [ف].

نَویدی (ولین ، ی مع) مث .
ناامیدی ، مایوسی .

نُون (وج نیز مع نیز فت ن ، و نیز ولین) اند.
نمک ، لون ، ملح ، کھار .

نون تیل اند . گھر کا سودا سلف ، کھانے پینے کی چیزیں ؛ (کنایۃً) ضروریات زندگی ، ضروری سامان معاشرت .

نُون (و مع) اند.
۱. حرف ن کا تلفظ جو اُردو کے حروف تہجی کا سینتالیسواں ، فارسی انتیسواں (۲۹) اور عربی کا پچیسواں حرف ہے . ۲. قرآن کریم کی وہ سورۃ جو نٓ والقلم سے شروع ہوتی ہے . ۳. (کنایۃً) گول مٹول چھوٹے قد کا آدمی .

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، مج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

نُون غُنّہ اند. وہ 'ن' جو ناک میں بولا جاتا ہے، یہ بغیر حرکت کے ہوتا ہے اور علیحدہ لکھا جائے تو اس میں نقطہ نہیں لکھتے.

نون قطنی اند. (تجوید) وہ چھوٹا ن جو عربی میں ساکن یا مشدد حرف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے اس سے پہلے جہاں کہیں الف آئے وہ پڑھا نہیں جاتا.

نَونہال (ولین، کس ن) اند.

درخت کا نیا پودا؛ (کنایۃً) کم عمر، نوخیز، نوجوان لڑکا (عموماً بچوں کے لیے مستعمل).

نُونی (وَمع) مث.

بچے کا عضوِ تناسل. [س].

نُونی (وج نیز مع) مث.

۱. وہ مٹی جو کھار یا شورے کے سبب دیواروں سے جھڑتی ہے. ۲. شور یلی زمین جو کھیتی کے کام نہ آئے، وہ قطعہ اراضی جس میں نمک کے اجزا زیادہ ہوں اور ناقابل کاشت رہے. ۳. ایک ٹھوس نمک کا نام جو زہر کے اثر کو زائل کرتا ہے. [س].

نَوی (فت ن) صف مث.

نئی، جدید، تازہ، نو.

نَوّے (فت ن، شد و نیز بلا شد) صف.

عدد ۹۰، دس کم سو.

نُوید (فت نیز ضم ن، ی مع نیز مج) مث.

۱. خوش خبری، بشارت، مژدہ، اچھی خبر. ۲. تقریب میں شرکت کا پیام (خصوصاً) شادی کی دعوت نیز وہ چٹھی جس میں دعوت لکھ کر بھیجی جائے، دعوت نامہ، نمنترن پتر. ۳. ہر وہ چیز جو خوشی کا باعث ہو. [ف].

نَویلا (فت ن، ی مج) صف.

۱. نیا، تازہ؛ جدید، ایجاد کیا ہوا (عموماً نیا کے ساتھ کے ساتھ مستعمل). ۲. تیز، طرح دار؛ بانکا، چنچل؛ سب سے الگ، یکتا. ۳. جس کی حال ہی میں شادی ہوئی ہو؛ نیا شادی شدہ. [س].

نَویلی (فت ن، ی مج) صف مث.

۱. نویلا کی تانیث، نئی، جدید، حال کی. ۲. نو بیاہتا، جس کی ابھی شادی ہوئی ہو.

نَویں (فت ن، ی مع) (الف) مث.

۱. کسی مہینے کی نو تاریخ. ۲. عدد نو، ۹ مراد: محرم الحرام کی نو تاریخ (ب) صف مث. ۱. نو کے عدد سے متعلق، عدد نو (۹) کی مغیرہ حالت (برائے تانیث). ۲. نہم، نواں (عموماً درجہ یا جماعت کے لیے مستعمل)

نَہ (فت ن) حرف نفی؛ ~ تا.

۱. نہیں؛ مت، (انکار کا کلمہ). ۲. انکار، عدم قبول (نامنظوری یا تردید کے موقعے پر). ۳. کیوں نہیں کی جگہ، ضرور، بے شک. ۴. تاکید اور کبھی افضلیت ظاہر کرنے کے لیے. ۵. (وضاحت کلام کے لیے) ۶. برائے امتناع (باز رکھنے کے لیے محبت سے بولا جاتا ہے). [س]

نہ اِدھر کا، نہ اُدھر کا فقرہ. جس کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہو؛ نامراد ناکام؛ کسی کام کا نہیں، بیکار.

نہ آدم / آدمی، نہ آدم زاد فقرہ. ہو حق، سناٹا، کسی کا موجود نہ ہونا (عموماً قصہ گوئی میں مستعمل).

نہ پائے رفتن، نہ جائے ماندن کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) سخت مجبوری، نہ جا سکتے ہیں نہ ٹھہر سکتے ہیں، جب کوئی ایسا موقع آ پڑے کہ کچھ کرتے دھرتے نہیں بنتا.

نہ تین میں، نہ تیرہ میں کہاوت. کسی گنتی یا شمار میں نہیں (کسی کو بے وقعت یا لاتعلق ظاہر کرنے کے موقعے پر کہتے ہیں).

نہ تھوکنا محاورہ. اہمیت نہ دینا؛ توجہ نہ دینا؛ خواہش نہ کرنا، رغبت نہ کرنا.

نہ جان نہ پہچان، بڑی خالہ سلام کہاوت. (عور) کسی سے خواہ مخواہ یک جہتی جتانا یا تعلق ظاہر کرنا.

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم، نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے کہاوت. ایسا کام کیا گیا کہ ہر طرح نقصان ہوا، کوئی کام پورا نہیں ہوا

نہ دیکھا نہ بھالا صدقے گئی / گئیں خالہ کہاوت. دکھاوے کی محبت

نہ رہے بانس، نہ بجے بانسری کہاوت. فساد یا پریشانی کی جڑ کاٹ دینا، بنیاد ہی کو مٹا دینا بہتر ہے؛ جب جھگڑے والی چیز ہی نہ رہے گی تو پھر جھگڑا کیسا؛ اصل شے ہی نہ ہوگی تو کچھ نہ ہوگا.

نہ کر ساس برائیاں کہ تیرے آگے بھی جائی/جائیاں کہاوت. کسی کی بُرائی نہ کرنا چاہیے ممکن ہے کہ ہم پر بھی ویسا وقت آ پڑے.

نہ لینے میں ، نہ دینے میں کہاوت. جب کوئی کسی کے اچھے بُرے میں نہ ہو تو کہتے ہیں.

نہ نومن تیل ہوگا ، نہ رادھا ناچے گی کہاوت. نہ وہ شرط پوری ہوگی اور نہ وہ کام ہوگا ؛ ایسے موقع پر مستعمل ہے جب کسی کام میں ایسی شرطیں لگائی جائیں جو پوری نہ ہو سکیں.

نِہاد (کس ن) امث.

۱. خصلت ، سرشت ، طینت ، طبیعت ، مزاج ، سیرت .۲. اصل ، بنیاد ، بیخ ، جڑ ، نیو .۳. بطور لاحقہ : تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل ؛ (جیسے : نام نہاد ، نیک نہاد وغیرہ) . [ف].

نَہار (فت ن) اند.

۱. صبح ، تڑکا ؛ روشنی پھیلنا .۲. دن (از طلوع تا غروب آفتاب) ؛ صبح سے شام تک کا زمانہ ، روز ، یوم . [ع].

نَہار (فت نیز کس ن) (الف) اند.

تھوڑا سا کھانا جس سے ناشتہ کریں ، ناشتہ .(ب) صف. بغیر ناشتہ کیے ، خالی پیٹ ، جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو . [ف].

نہار منھ صف. صبح کو (رات سے) کچھ نہ کھائے ہوئے ، خالی پیٹ ، ناشتے کے بغیر.

نِہارْنا (کس ن ، سک ر) ف م.

۱. غور سے دیکھنا ، نظر ڈالنا .۲. خیال رکھنا ، حفاظت کرنا ، نگہبانی کرنا ، نظر رکھنا . [س].

نَہاری (فت ن) امث.

۱. نہار سے منسوب یا متعلق ؛ (باورچی گری) وہ کھانا جو صبح بطور ناشتہ کھایا جائے .۲. گوشت اور گودے دار ہڈیوں کا خاص ترکیب سے تیار کردہ چٹ پٹا سالن جسے عموماً صبح کے وقت خمیری روٹی سے کھاتے ہیں.

نِہال (کس ن) اند.

۱. پودا ، پیڑ ، درخت .۲. (مجازاً) خوش ، شادماں .۳. (مجازاً) بامراد ، کامیاب .۴. (مجازاً) مالامال ، فارغ البال . [ف].

نہال کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. خوش کرنا ، مسرور کرنا .۲. مالا مال کرنا ، دولت مند بنانا ، نوازنا ، عطا کرنا .۳. سرسبز کر دینا ، شاداب کر دینا ؛ تراوٹ دینا .۴. فیض یاب کرنا ؛ سرفراز کرنا ، ممتاز کرنا ، توقیر دینا.

نہال ہونا ف مر ؛ محاورہ . ۱. خوش ہونا ، مسرور ہونا .۲. مالا مال ہونا ؛ فیض یاب ہونا.

نِہالْچَہ (کس ن ، سک ل ، فت چ) اند.

شیر خوار بچوں کے نیچے بچھانے کا گدا ، چھوٹی توشک.

نِہاں (کس ن) صف.

چھپا ہوا ، پوشیدہ ، مخفی ، پنہاں . [ف].

نَہانا (فت ن) ف م.

۱. جسم کو پانی سے دھونا ، غسل کرنا ، بدن دھونا ؛ ندی ، دریا ، تالاب یا سمندر وغیرہ میں غوطہ لگانا ، اشنان کرنا .۲. (مجازاً) شرابور ہونا ، تر ہونا ؛ جیسے پسینوں یا خون میں نہانا .۳. غسل واجب ہونا ؛ نہانے کی حاجت ہونا ، حیض سے فارغ ہونا ، پاک صاف ہونا . [س].

نِہانی (۱) (کس ن) صف.

نہاں سے منسوب یا متعلق ؛ پوشیدہ ، خفیہ ، چھپا ہوا.

نِہانی (۲) (کس ن) امث.

۱. وہ اوزار جس پر لوہار رکھ کر کوٹتے ہیں ، لوہے کی نہائی جس پر لوہار، لوہا اور سنار سونا چاندی کوٹتے ہیں ، سنداں لوہا کاٹنے کا اوزار .۲. (نجاری) لکڑی میں چول کا ڈول بنانے کا پٹا سی کی قسم کا اوزار جو موٹا اور سکڑے منھ کا ہوتا ہے اور جس سے چول کی ابتدائی اور معمولی چھدائی کا کام کیا جاتا ہے ، بعض کاری گر نہانی کہتے ہیں جو لفظ نہرنی کا بگڑا ہوا ہے ؛ روکھانی.

نِہائی (کس ن) امث.

۱. (آہن گری) لوہے اور دیگر دھات کی اشیا کی گھڑائی اور کٹائی کا نکیلا اوزار جو چھوٹی قسم کا اور نکیلی شکل کا ہوتا ہے ، شام دان ، سندان . ۲. (نجاری) لکڑی کی چھلائی کا نوکیلا اوزار ، چُول بنانے کا اوزار.

نِہایَت (کس ن ، فت ی) (الف) امث.

۱. حد ، کنارا ، انتہا ، غایت .۲. انجام ، انتہا ، غایت ، آخر . (ب) م ف. (مجازاً) بے انتہا ، بے حد ، بہت زیادہ ؛ بہ کثرت . [ع].

نِہَتّا (کس ن، فت و، شدت) امذ.
۱. وہ شخص جس کے ہاتھ میں ہتھیار نہ ہو، غیر مسلح، بغیر ہتھیار کے.
۲. (مجازاً) اکیلا، بے سہارا، تنہا. ۳. بے بس، لاچار، مجبور.

نِہتّے (کس ن، فت و، شدت) امذ: ج.
نہتا کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل. (جیسے: نہتے آدمی، نہتے عوام، نہتے لوگ وغیرہ).

نَہْج (فت ن، سک و نیز فت) امث.
ا طور، طریقہ، انداز، روش، طرز؛ ڈھنگ، مثال. ۲. قاعدہ، اصول، ضابطہ. [ع].

نَہْر (فت مع ن، سک و) امث.
پانی کی گزرگاہ جو دریا، جھیل وغیرہ سے آب پاشی کے لیے نکالی جائے، کسی دریا کی شاخ، آب جو، ندی. [ع].

نَہْرنی (فت ن، و، سک ر) امث.
وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں، ناخن تراش، ناخن گیر. [س].

نِہُفتَہ (کس ن، ضم و، سک ف، فت ت) صف.
پوشیدہ، چھپا ہوا، سربستہ، نہاں، مخفی. [ف].

نَہْلا (فت مع ن، سک و) امذ.
تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر نو نشان ہوں، دہلے سے کم قیمت. [س].

نَہْلانا (فت نیز کس ن، سک و) ف م.
۱. سارے بدن کو دھو ڈالنا، غسل دینا؛ دھونا، صاف کرنا. ۲. (مجازاً) شرابور کر دینا، پسینے یا لہو میں تربتر کر دینا. ۳. میت کو غسل دینا، مردے کو غسل کروانا.

نِہَلْچَہ (کس ن، فت و، سک ل، فت چ) امذ.
بچے کا بستر یا گدا.

نَہْلے (فت مع ن، سک و) امذ: ج.
نہلا کی مغیرہ حالت نیز جمع، تراکیب میں مستعمل.

نہلے پر دہلا فقرہ. بڑھی ہوئی یا جیتنے والی چال یا فقرہ وغیرہ، بڑھ چڑھ کر چوٹ لگانا، سبقت لے جانا.

نُہُم (ضم نیز فت ن، ضم و) صف.
عدد نو سے منسوب یا متعلق، ترتیب میں آٹھ کے بعد آنے والا نواں. [ف].

نِہَنگ (۱) (کس نیز فت ن، فت و، غنہ) امذ.
۱. ننگا، برہنہ، عریاں، بے حیا، بے شرم، بے عزت. ۲. تن تنہا، ناتھا نگوڑا، آزاد، اکیلا. ۳. بے پروا.

نہنگ ہونا محاورہ. مال و متاع کچھ نہیں رکھنا، اکیلا، تنہا ہونا.

نِہَنگ (۲) (کس نیز فت ن، فت و، غنہ) امذ.
مگرمچھ، گھڑیال، نہاکا، ناکا. [ف].

نِہوڑانا (کس ن، و مج) ف م.
۱. جھکانا، خمیدہ کرنا، خم کھانا، سرنگوں کرنا، نیوڑانا. ۲. مطیع بنانا، فرماں بردار بنانا.

نَہِی (فت ن، کس و) امث.
۱. روک، ممانعت. ۲. (فقہ) وہ حکم جو کسی کام کو روکنے کے لیے دیں
۳. (قواعد) وہ فعل جس میں کسی کام سے انکار ہو. [ع].

نہی عن المنکر ف م. (فقہ) ان چیزوں کے کرنے سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہے، ممنوعہ یا ناپسندیدہ باتوں سے روکنا.

نَہیں (فت ن، ی مع) حرف نفی.
۱. (انکار کا کلمہ)، امتناع؛ نہ، نا، نفی، مت. ۲. (حرف شرط) ورنہ وگرنہ، نہیں تو. ۳. معدوم، بالکل نہیں.

نہیں نہیں فقرہ. قطعی نہیں، بالکل نہیں، ہرگز نہیں (انکار کی تاکید کے لیے).

نَئی (فت ن) صف مث.
۱. نو، جدید، تازہ. ۲. غیر استعمال شدہ، اچھوتی (پرانی کی ضد)
۳. انوکھی، نرالی، عجیب. ۴. اجنبی، انجان، ناواقف، نووارد.

نئی پود امث. نوجوان نسل، نئی نسل، نئی تانتی.

نئی چال چلنا محاورہ. نئی راہ اختیار کرنا نیز نئی ترکیب لڑانا.

نئی روح پھونک دینا / پھونکنا محاورہ. رونق پیدا کرنا، جان ڈالنا تروتازگی لانا؛ نیا جذبہ پیدا کرنا.

نئی روشنی مث .زمانۂ حال کی شائستگی ، جدید علوم وفنون ، تہذیب جدید ، نئی روش نیز مغربی تہذیب .

نئی زندگی ملنا ف مر؛ محاورہ .ازسرِنو جان پیدا ہونا ؛ حوصلہ اور توانائی پانا نیز موت سے بال بال بچنا .

نئی سوجھی فقرہ .انوکھی بات یا ترکیب خیال میں آئی .

نئی نسل مث .نوجوان طبقہ ، نئی پود ، نئی تانتی ، نوجوان نسل .

نئی نویلی مث .١.نئی نئی ، بالکل نئی نیز نو بیاہتا .٢.(مجازاً) نوجوان عورت ناتجربہ کار ، بالی بھولی .٣.غیر استعمال شدہ .

نَئے (فت ن ، ی مج) امذ ؛ ج .

١.نیا کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .٢.نئے آنے والے لوگ ، نووارد (پرانے کی ضد) .٣.(مجازاً) انجان ، اجنبی ، ناواقف لوگ .

٤.نومشق ؛ نوآموز ، نوسیکھ (کہنہ مشق کے مقابل) .٥.جدید ، اچھوتے .

٦.غیر استعمال شدہ ، جو پہلی بار استعمال میں آرہے ہوں .

نئے سرے سے م ف .ازسرِنو ، دوبارہ .

نَئیں (فت ن ، ی مع) امث (قدیم) .

دیکھیے : نہیں جو فصیح ہے .

نی امث .

(موسیقی) سات بنیادی سروں (سپتک) میں سے ایک (نکھاد) سُر ، آواز . [حکایت الصوت] .

••• نی لاحقہ .

١.لاحقۂ تانیث ؛ الفاظ کے آخر میں ملحق ہو کر اسم کو مونث بناتا ہے ؛ جیسے : اونٹ سے اونٹنی ، اُستاد سے اُستانی وغیرہ .٢.علامتِ مصدر ''نا'' کی تانیث ؛ جیسے : کرنا سے کرنی ، بھرنا سے بھرنی وغیرہ .٣.لاحقۂ آلہ ؛ جیسے : دھونکنی ، چکنی وغیرہ .٤.لاحقۂ وصفیت ؛ جیسے : چھنی ہڈی ، سوکھنی وغیرہ .٥.لاحقۂ اسمیت ؛ جیسے : چاند سے چاندنی وغیرہ .

نَے (١) (ی لین) امث .

١.پتلا کھوکھلا بانس ، سرکنڈا ، نرکل .٢.بانسری ، بانسلی ، مُرلی .٣.حقے کی وہ نلکی جسے منہ میں لے کر دم لگاتے ہیں . [ف] .

نے نواز صف مذ .بانسری بجانے والا ، مُرلی بجانے والا .

نَے (٢) (ی لین) حرف .

(کلمۂ نفی) نہ ، نہیں ، مت . [ف] .

نے (ی مج) حرف .

(قواعد) حروفِ مغیرہ کا ایک حرف ، علامتِ فاعل جو متعدی فعل سے پہلے آکر کلام میں ربط پیدا کرتا ہے . [مقامی] .

نَیا (فت ن) امذ .

١.جدید ، تازہ ، نو ، ابھی کا (پرانے کے مقابل) .٢.انوکھا ، نرالا ، عجیب .٣.اجنبی ، انجان ، ناواقف .٤.نووارد .٥.غیر استعمال شدہ . [س] .

نیا پن امذ .نیا ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ جدت ؛ تروتازگی ؛ حسن .

نیا زمانہ امذ .بدلا ہوا زمانہ ، موجودہ (پُرفریب) زمانہ .

نیا کام امذ .انوکھی بات ، انوکھا کام ، جدید کام .

نیا گل کھلانا محاورہ .عجیب وغریب کام کرنا ، تازہ فتنہ اٹھانا ، نیا صدمہ پہنچانا .

نیا نو دن پرانا سو دن کہاوت .١.نئے کی نسبت پرانے کا زیادہ اعتبار ہوتا ہے .٢.نئی چیز کی بھڑک چند روز ہوتی ہے اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے .

نیا نویلا امذ .١.نوجوان ؛ نوخیز .٢.وہ جس نے کبھی کوئی کام نہ کیا ہو .

نَیّا (فت ن ، شد ی لین) (الف) امث .

کشتی ، ناؤ .(ب) امذ .ناؤ چلانے والا ، کشتی راں ، ملاح ، کھیون ہار .

نیا پار اترنا ف مر؛ محاورہ .مصیبت سے نجات ملنا ؛ کامیابی حاصل ہونا .

نِیابَت (کس ن ، فت ب) امث .

١.نائب کا کام ، نائب ہونا ، خلافت ؛ جانشینی ، قائم مقامی .٢.نمائندگی ، ایلچی گری ، ترجمانی ، سفارت ، منیمی ، مندوبی ، تفویض .٣.رائے دہی میں نمائندگی کا اجازت نامہ یا اس کے ذریعے دیا جانے والا ووٹ ، ووٹ کا حق ، رائے دہی کا حق . [ع] .

نِیار (کس ن) امذ .

(بیل بانی) قوت بخش غذا جو صبح بیل کو کام پر لگانے سے پہلے دی جاتی ہے ، گھاس ، چارہ ، روزمرہ کا معمولی چارہ .٢.(سنھیاری) چوڑی ہار کی بھٹی کا منہ جس میں پگھلا ہوا کانچ صاف ہو کر آتا ہے اور نکالا جاتا ہے . [س] .

نیارا (کس ن) (الف) صف.
۱. جدا، علیحدہ، الگ، مختلف. ۲. انوکھا، نرالا، منفرد؛ نادر. ۳. چھانٹا ہوا، انتخاب کیا ہوا، منتخب، ممتاز؛ پسندیدہ. (ب) اند ۱. سناروں کے کارخانے کی مٹی جس میں سونے چاندی کے ذرّات موجود ہوتے ہیں. ۲. کان کی ریت سے ملے ہوئے جدا جدا اور بکھرے ہوئے دونے یا چاندی کے ذرّے. [س].

نیارنا (کس ن، سک ر) ف م.
۱. (نیارا گری) سونے یا چاندی کے ذروں کو ریت یا مٹی سے جدا کرنا، سودھنا. ۲. قدرتی سونا اور سونے کی اینٹوں میں اکثر چاندی اور پلاٹینم وغیرہ باقی رہ جاتے ہیں جن کو کیمیائی طریقوں سے علیحدہ کرنا چاہیے اس کو اصطلاحاً نیارنا کہیں گے.

نیارہ (کس ن، فت ر) اند.
دیکھیے: نیارا.

نیاز (کس ن) امث؛ اند.
۱. حاجت، احتیاج، طلب؛ آرزو، خواہش. ۲. محبت، انس. ۳. منت، عاجزی، انکسار، مسکینی، فروتنی؛ درخواست، گزارش، التماس، التجا. ۴. فاتحہ، درود. ۵. نذر، ہدیہ، بھینٹ، قربانی، چڑھاوا، نذرانہ. ۶. ہدیہ، تبرک، پرشاد، چڑھاوے کی شیرینی، نذر نیاز کی چیز یا توشہ. ۷. (تصوف) اظہار عاجزی کرنے والا عاشق. ۸. ملاقات، واقفیت، شناسائی، جان پہچان، راہ و رسم، صاحب سلامت، رسائی. [ف].

نیاز حاصل کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی بڑے یا نئے آدمی سے ملاقات کرنا، ملنا، میل جول بڑھانا.

نیاز دلا دینا/ دلانا ف مر؛ محاورہ. کھانے یا شرینی وغیرہ پر سورۂ فاتحہ اور چند آیات قرآنی اور اوّل و آخر درود پڑھ کر اس کا ثواب (بزرگ) کسی کی نذر کرنا، فاتحہ دلانا، فاتحہ کرنا.

نیاز مند صف. ۱. ارادت گزار، خاکساری برتنے والا (متکلم اپنی نسبت یہ کلمہ کہتا اور لکھتا ہے). ۲. آرزو مند، ملتجی، مشتاق؛ چاہنے والا. ۳. فرماں بردار، مطیع، حکم ماننے والا.

نیاز مندی امث. ۱. فروتنی، عاجزی، مسکینی، انکسار، اطاعت، فرماں برداری. ۲. آرزو مندی، حاجت مندی. ۳. ملازمت، خدمت گزاری. ۴. مفلسی، افلاس، تنگ دستی. ۵. کسی کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل ہونا، ملاقات، واقفیت.

نیام (کس ن) امث؛ اند.
خنجر یا تلوار وغیرہ رکھنے کا خول، غلاف شمشیر، میان. [ف].

نیام میں رکھنا / کرنا ف مر؛ محاورہ. تلوار وغیرہ کو میان میں رکھنا، خنجر یا تلوار اس کے خول میں رکھنا؛ جنگ بندی کرنا، امن پر آمادہ ہونا.

نیائش / نیایَش (کس ن، و/ فت ی) امث.
۱. وہ دعا جو نہایت عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کی جائے. ۲. خدا کی حمد و ثنا. ۳. (مجازاً) تعریف، تحسین، آفرین. ۴. مہربانی، دیا. [ف].

نیاؤ (ی تحت، و مج) اند.
۱. انصاف، عدل. ۲. (مجازاً) فیصلہ، تصفیہ. [س].

نیائے (کس ن) اند.
۱. طریقہ، رستہ، ذریعہ. ۲. انصاف، عدل؛ سچائی. ۳. قانون. [س].

نیبُو (ی مع، و مع) اند.
دیکھیے: لیموں. [س].

نیبو نچوڑ صف. ۱. نیبو نچوڑنے والا؛ بن بلایا مہمان، طفیلیا، مفت خورا. ۲. (مجازاً) خوشامدی، موقع شناس. ۳. کنجوس.

نیبُولا (ی مج، و مع) اند.
(ہیئت) ستاروں کے درمیان نظر آنے والا مدھم روشن اور گیسوں یا چھوٹے ذرات سے بنا ہوا بین الکواکبی بادل (اس کی عام مثال جوزا میں گھوڑا نما سحابیہ ہے)؛ گیس اور غبار کا بادل جو گاہے روشن اور گاہے تاریک ہوتا ہے، سحابیہ، سدیم؛ نبولا. [انگ].

نیپام (ی مج) اند.
ایک آتش گیر کیمیائی مادہ نیز اس سے بنایا جانے والا، جیلی نما پیٹرول جو آتش خیز بموں میں استعمال ہوتا ہے؛ مراد: نیپام بم (جو نہایت آتش خیز ہوتا ہے).

نیپام بم اند. آتش گیر مادہ (نیپام) سے تیار کیا گیا ایک آتش خیز اور تباہ کن بم.

نیپچون (ی مج ، سک پ ، و مع) اند .
نظامِ شمسی کا ایک بعید سیارہ ، سورج سے آٹھواں جو ۱۸۴۶ء میں ریاضی کی تخمین سے دریافت ہوا .

نَیپکن (ی لین ، سک پ ، کس ک) اند .
۱. کپڑے یا کاغذ کا ایک چوکور پارچہ جو کھانے کی میز پر ہاتھ منھ پونچھنے کے کام آتا ہے ؛ زانو پوش . ۲. کپڑے یا چمڑے کا ٹکڑا جسے کھانا کھانے سے قبل گلے میں پہن لیا جاتا ہے کہ کپڑے گندے نہ ہوں ، ایپرن . ۳. چھوٹا تولیہ ، دستی رومال . ۴. بچوں کے گلے میں باندھنے کا بالاپوش جو عموماً کھانا کھلاتے وقت باندھا جاتا ہے . [انگ] .

نِیَّت (کس ن ، شدی بفت نیز بلا شد) امث .
۱. ارادہ ، عزم ، قصد . ۲. مرضی یا منشا ، مراد : مطلب ، مقصد ، خواہش ، طبیعت . [ع] .

نیت باندھنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. (فقہ) اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنے سے پہلے دل میں یا زبان سے کہنا کہ کتنی رکعت نماز اور کس وقت کی نماز ادا کر رہا ہوں ، نماز شروع کرنا . ۲. منصوبہ بنانا ، پکا ارادہ کرنا . ۳. خاموشی اختیار کرنا ، بالکل چپ ہو جانا .

نیت بدل جانا/ بدلنا ف مر ؛ محاورہ . دل ڈانوا ڈول ہو جانا ؛ بدنیت ہو جانا .

نیت بھرنا ف مر ؛ محاورہ . دل بھرنا ، جی چھکنا ، سیر چشم ہونا .

نیت توڑنا محاورہ . ۱. ارادہ بدل دینا . ۲. (فقہ) نماز کے درمیان کسی وجہ سے نماز کو نامکمل چھوڑ دینا .

نیت کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. ارادہ کرنا ، عزم کرنا ، منصوبہ باندھنا ، دل میں ٹھاننا . ۲. (فقہ) نماز کا ارادہ کرنا . ۳. احرام باندھنا ؛ عہد باندھنا .

نیت لگی رہنا ف مر ؛ محاورہ . خیال لگا رہنا ؛ دھیان رہنا .

نیت میں فتور آنا محاورہ . ارادہ بدل جانا ، نیت میں خرابی پیدا ہونا .

نیتا (ی مج) اند .
سربراہ ، رہنما ، سردار ، حاکم ، قائد . ۲. مالک ، آقا ، پیشوا . [س] .

نیتر (ی مج ، سک نیز فت ت) (الف) اند .
۱. آنکھ ، چشم ، نین . ۲. وہ رسی جس سے (دودھ وغیرہ کو بلونے کے لیے) رئی گھمائی جاتی ہے ، نیتی . ۳. درخت کی جڑ . (ب) م ف . ۱. انہیں تو ، ورنہ . ۲. دو کے عدد کا علامتی اظہار . [س] .

نِیتی (ی مع) امث .
۱. (i) علم اخلاق ، حکمت ، تدبیر . (ii) ایمان ، رہنمائی ، قاعدہ ، دستور . ۲. اچھا چلن ، اخلاقی چال چلن . ۳. انصاف ، قانون . [س] .

نِیَّتی (کس ن ، شدی مع بفت) امث .
ارادہ ، قصد ؛ منشا ، مرضی مرکبات میں مستعمل (جیسے : نیک نیتی ، بدنیتی ؛ بہ نسبت سے منسوب) . [ع] .

نیٹ (ی مج) امث .
۱. جال ، ڈوریوں ، رسیوں ، تاگوں سے بنا ہوا خانہ دار پارچہ جو مچھلیوں یا جانوروں کے پکڑنے میں استعمال ہوتا ہے . ۲. (i) بیڈمنٹن کے لیے تانا جانے والا جال . (ii) ایک قسم کا کپڑا جس میں سوراخ ہوتے ہیں ، بہت باریک ، جالی . (iii) (کمپیوٹر) عالمی پیمانے پر باہم رابطہ رکھنے والے کمپیوٹروں کا سلسلہ ، انٹرنیٹ . [انگ] .

نیٹ کیفے اند . وہ جگہ جہاں لوگ معاوضہ دے کر انٹرنیٹ کا استعمال کریں .

نیٹ ورک اند . نہروں یا سڑکوں وغیرہ کا سلسلہ ؛ مشینوں یا کمپیوٹروں کا باہمی مربوط سلسلہ یا رابطہ نیز ذرائع ابلاغ یا معلومات اور رابطوں کا مربوط نظام .

نِیچ (ی مع) صف .
۱. کمینہ ، ذلیل ، سفلہ . ۲. پستی ، نشیب . ۳. گھٹیا ، کم حیثیت ، کم ذات ؛ ادنیٰ ، معمولی . ۴. معاشی طور پر کم تر ، کم رتبہ . [س] .

نیچ پن اند . سفلہ پن ؛ کم ذات ہونا .

نیچ ذات/ قوم امث . طبقاتی طور پر ادنیٰ درجے کے لوگ ، معاشرتی طور پر کم تر افراد .

نِیچا (ی مع) اند .
۱. زیر ، تلے (اونچا کی ضد) . ۲. (مجازاً) کم تر ، ادنیٰ ، کم حیثیت . ۳. کم بلند ، کم اونچا . ۴. عمیق ، گہرا . ۵. (موسیقی) مدھم ، دھیما ، نرم (سر) . [س] .

نیچا دکھانا محاورہ. ۱. شرمندہ کرنا ؛ غرور ڈھانا ، خفیف کرنا. ۲. شکست دینا ، ذلیل کرنا ، زیر کرنا ، مغلوب کرنا. ۳. کم تر ثابت کرنا.

نیچائی (ی مع) امث.
نشیب ، اترائی ، پستی.

نیچَر (ی مع ، فت چ) امث.
۱. طبیعی طاقت جو اس عالم مادّیت کو چلاتی ہے ، قدرت ، قانونِ الٰہی ، دستورِ فطرت. ۲. کسی شخص یا شے کی فطری خصوصیات ، فطرت ، خلقت ، سرشت ، پیدائش ، افتاد. ۳. طبیعت جو پیدائشی ہو اور خارجی اثر سے پیدا نہ ہو ، خمیر ، سرشت ، خاصہ ، مزاج. [انگ].

نیچْرَل (ی مع ، سک چ ، فت ر) صف.
۱. نیچر سے متعلق یا منسوب ، قدرتی ، فطری ، معمول کا ، منطقی. ۲. اصلیت کے مطابق ، حقیقی. ۳. جو فحش نہ ہو ؛ بلند اخلاقی اقدار. ۴. عادت یا فطرت وغیرہ کے عین مطابق ، خلقی ، جبلی. ۵. بے ساختہ ، برجستہ ، تصنع سے پاک. ۶. اصلی ، قدرتی ؛ سادہ (مصنوعی کے مقابل). [انگ].

نیچْری (ی مع ، سک چ) امذ ؛ صف.
۱. خدا کی بجائے فطری مظاہر اور مادّے کو کائنات میں کارفرما ماننے والا ، خدا کی بجائے صرف ان قوانینِ فطرت کو کائنات میں کارفرما ماننے والا جو عقل اور سائنس سے ثابت ہوتے ہیں ؛ فطرت پرست ، مظاہرِ فطرت کی پرستش کرنے والا. ۲. دہریہ ، خدا کا منکر ، بے دین. [انگ].

نَیچَہ (ی لین ، فت چ) امذ.
۱. حقّے کی نے یا نلی. ۲. نے (نلی) جس کے ذریعے سے عرق کھینچتے ہیں. ۳. (مزاحاً) نہایت دبلا آدمی. [ف].

نیچہ تازہ کرنا ف مر ؛ محاورہ. حقّہ تازہ کرنا ، نیچے پر پانی ڈالنا اور نے سے پانی گزارنا.

نیچی (ی مع) صف مث.
۱. پست ، (اونچی کی ضد). ۲. (مجازاً) شرم و حیا یا شرمندگی کے سبب جھکی ہوئی (آنکھیں). ۳. (مجازاً) رذیل ، اوچھی ، کمینی ، گھٹیا. ۴. مدھم ، ہلکی ، دھیمی.

نیچے (ی مع) م ف.
۱. تلے ، تحت ، زیر ، نگوں (اوپر کی ضد). ۲. نشیب میں ، پستی میں. ۳. ماتحت ، زیرنگیں ، زیرِ فرماں. ۴. تہ میں ، اوپری سطح کے تلے. ۵. کم ادنیٰ ، گھٹیا.

نیچے اُوپر ہو جانا / ہونا ف مر ؛ محاورہ. اوپر تلے ہو جانا ، تہ و بالا ہو جانا ، الٹ پلٹ ہو جانا ؛ انقلاب ہو جانا.

نیچے سے م ف. سطحِ زمین سے ؛ تلے سے ؛ نچلی سطح یا بنیاد سے سرہانے سے.

نیچے سے اُوپر تک م ف. ۱. سر تا پا ؛ اول تا آخر. ۲. ہر ایک ، سب کے سب ؛ ادنیٰ ملازم یا چپراسی سے لے کے حاکمِ اعلیٰ تک.

نیچے گرنا ف مر ؛ محاورہ. گر جانا ، پھسل پڑنا. ۲. کوئی گھٹیا حرکت کرنا ، وقار کے منافی کوئی بات یا حرکت کرنا.

نیچے لانا ف مر ؛ محاورہ. کشتی میں گرا لینا یا گرا کر اوپر چڑھ بیٹھنا ، دبا لینا ، پچھاڑنا ، چت کرنا ، قابو میں کر لینا.

نِیر (ی مع) امذ.
۱. پانی ، جل ، آب. ۲. (مجازاً) آنسو. [س].

نَیِّر (فت ن ، شدی بکس نیز بفت) (الف) صف.
بہت نور دینے والا ؛ نہایت روشن ، ازحد چمکتا ہوا. (ب) امذ. نہایت روشن ستارہ ؛ ازحد چمکتا ہوا ستارہ ؛ (کنایۃً) آفتاب ، سورج. [ع].

نیرِ اعظم امذ. ۱. بڑا نیر ؛ مراد : سورج ، آفتاب ، خورشید. ۲. ہدایت کا نور پھیلانے والا ؛ (کنایۃً) محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم. ۳. (کنایۃً) علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ.

نَیرَنگ (ی لین نیز ی مع ، فت ر ، غنہ) امذ.
۱. جادوگری ، طلسم ، سحر ، فسوں. ۲. دھوکا ، دغا ، مکر و فریب. ۳. خیال ، وہم ، لہر. ۴. کوئی نئی یا عجیب چیز ، عجوبہ ، شعبدہ. ۵. انقلاب ؛ نیا رنگ. [ف].

نیرنگِ زمانہ امذ. زمانے کا فسوں اور شعبدہ ؛ (مجازاً) روزگار.

نَیرَنگی (ی لین ، فت ر ، غنہ) امث.
۱. شعبدہ بازی ، جادوگری نیز سحر ، افسوں. ۲. تماشا ، طلسم ، کرشمہ پن. ۳. انقلاب ، تبدیلی ، رنگ بدلنے کی کیفیت ، تغیر.

نیرُو (ی مع نیز ج ، و مع نیز ج) اند.
قوت ، طاقت ، زور ، بل . [ف] .

نیڑے (ی ج) م ف.
نزدیک ، قریب ، پاس ، متصل . [س] .

نیز (ی مع) م ف.
بھی ، مزید ، دیگر ، ایضاً ، علاوہ ازیں ؛ ساتھ ہی . [ف] .

نیزَہ (ی ج ، فت ز) اند.
ایک ہتھیار جس کے آگے لوہے کا ایک نوک دار پھل ہوتا ہے اور پیچھے ایک بہت لمبا بانس ہوتا ہے ، اسے ہاتھ سے پکڑ کر یا دور سے پھینک کر دشمن یا جانور وغیرہ کو مارتے ہیں ، برچھا ، بھالا ، بلم ؛ (مجازاً) کوئی نکیلی چیز . [ف] .

نیزہ باز اند. نیزہ مارنے کی مہارت رکھنے والا ، نیزے سے لڑنے والا ؛ نیزہ بازی کا ماہر ، بھالا بردار .

نیزہ بازی مث . نیزہ پھینکنے یا مارنے کا عمل نیز ایک کھیل جس میں (عموماً) زمین میں گاڑی ہوئی چوبی میخ وغیرہ کو گھوڑا دوڑاتے ہوئے نشانہ کر اُٹھایا جاتا ہے ؛ زیادہ سے زیادہ فاصلے تک نیزہ پھینکنے کا مقابلہ .

نیزہ بردار صف ؛ اند. ۱. جو نیزہ اُٹھائے ہوئے ہو ، بھالا بردار سپاہی . ۲. راجاؤں کا نشان (جھنڈا) لے کر چلنے والا (سپاہی) .

نیساں (ی لین) اند.
قدیم رومی تقویم کا ساتواں مہینہ ؛ فارسی میں فروردین اور ہندی میں بیساکھ کے لگ بھگ کا مہینہ عیسوی تقویم میں اپریل ، مئی ، نیز اس مہینے کا ابر یا بارش . [ف] .

نیست (ی ج نیز مع ، سک س) (الف) صف .
معدوم ، نابود ؛ (مجازاً) تباہ (ہست کی ضد) . (ب) مث . عدم ، نیستی ، ہونا . [ف] .

نیست سے ہست کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. عدم سے وجود میں لانا ، پیدا کرنا ، (وجود میں لانا ، پیدا کرنا) .

نیست و نابود صف . معدوم ، تباہ و برباد .

نیست و نابود کر دینا / کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. فنا کر دینا ، نام و نشان مٹا دینا ، غارت کر دینا . ۲. جڑ سے کھودنا ؛ ختم کر دینا ، تباہ و برباد کرنا .

نَیَستاں (فت ن ، ی ، سک س نیز ی ج ، سک س) اند.
جگہ جہاں بانس اور سرکنڈے بہ کثرت اُگے ہوں ، نرکل کے پودوں کا جنگل نیز وہ جگہ جہاں شیر چھپا ہو . [ف] .

نیستی (ی ج نیز مع ، سک س) مث.
۱. نہ ہونے کی حالت یا کیفیت ، معدومیت ، فنا ، ناپید ہونا . ۲. (عور) نحوست ، بدنصیبی ، بداقبالی . [ف] .

نیستی پھیلانا ف مر ؛ محاورہ . نحوست پھیلانا ؛ (دن کو) بہت سونا .

نیستی چھانا ف مر ؛ محاورہ . نحوست چھانا ، دلدر آنا ، ساڑستی آنا ، بدنصیبی اور بداقبالی کا سامنا ہونا .

نیستی میں برخورداری کہاوت . مفلسی میں اولاد ، تنگ دستی میں خرچ کا موقع ، مفلسی میں آٹا گیلا .

نیش (ی ج) اند.
۱. سانپ ، بچھو یا بھڑ وغیرہ کا ڈنک ؛ (مجازاً) ایذا رسانی . ۲. کسی دھاردار آلے کی نوک نیز نوک کی تیزی یا دھار ؛ (مجازاً) تکلیف دہ شے . ۳. زہر ، سم . [ف] .

نیش زن صف . ۱. ڈنک مارنے والا ، چبھنے والا ؛ (مجازاً) اذیت دینے والا ، خلش پیدا کرنے والا ، کسی کے حق میں بُرائی کرنے والا . ۲. (مجازاً) نشتر چبھونے والا ، تیکھا ، تیز (طرز تحریر کے لیے مستعمل) .

نیش زنی مث . ۱. ڈنک مارنے کا عمل نیز کسی کے حق میں بُرائی کرنا ، عیب جوئی . ۲. طنز کا نشانہ بنانا ؛ تکلیف پہنچانا .

نیشتَر (ی ج ، سک ش ، فت ت) اند.
فصد کھولنے کا ایک دو دھاری اور نوک دار آلہ ، (دیکھیے : نشتر) .

نَیشکَر (ی لین ، فت ش ، ک) اند ؛ ← نے شکر.
گنا ، پونڈا ، اوکھ .

نیشَن (ی ج ، فت ش) مث .
قوم جو عموماً ، مشترک تاریخ اور زبان وغیرہ کی حامل ہو اور ایک ملک میں آباد ہو ، ملت . [انگ] .

نیشنَل (ی مج، سک ش، فت ن) صف۔
(قوم) سے متعلق یا منسوب، قومی، قوم کی خصوصیات سے تعلق رکھنے والا۔ [انگ]۔

نیشنَلِٹی (ی مج، سک ش، فت ن، کس ل) مث۔
شہریت کا استحقاق یا اجازت نامہ، کسی ملک کا باشندہ، شہریت نامہ، شہریت، قومیت، وطنیت۔ [انگ]۔

نیفَہ (ی مج، فت ف) مذ۔
پاجامے یا شلوار وغیرہ کا اوپری سرا جس میں ازار بند ہوتا ہے۔ [ف]۔

نیفے (ی مج) مذ؛ ج۔
نیفہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل۔

نیفے میں اڑسنا ف مر؛ محاورہ۔ ۱. پہنی ہوئی شلوار یا پاجامے کے نیفے میں (روپے وغیرہ) مڑوڑ کر رکھ لینا۔ ۲. پائنچہ اونچا کرنے کے لیے شلوار یا پاجامے کے اندر گھرس لینا یا پھنسا لینا۔

نیک (ی مج) (الف) صف۔
۱. اچھا، عمدہ، خوب، بہتر، بھلا۔ ۲. دین دار، پارسا، پرہیزگار، عبادت گزار۔ ۳. شریف، بھلا مانس، شائستہ، مہذب۔ [ف]۔

نیک اختر صف۔ خوش قسمت، خوش نصیب، بختاور، خوش طالع، اقبال مند، سعد، سعید، مسعود، نیک بخت، بھاگوان۔

نیک اندر بد، بد اندر نیک کہاوت۔ اچھوں کے یہاں برے اور بروں کے یہاں اچھے ہوتے ہیں۔

نیک بخت صف۔ ۱. خوش نصیب۔ ۲. سعادت مند، شریف۔ ۳. عورت (خصوصاً بیوی) کو مخاطب کرنے کا کلمہ (عموماً بفت خ کے ساتھ مستعمل)۔

نیک بختی مث۔ ۱. نیک بخت ہونا، اقبال مندی، خوش نصیبی۔

نیک پروین مث۔ پارسا عورت، سیدھی سادی شریف عورت؛ (طنزاً) وہ عورت جو بظاہر نیک بنے، دکھاوے کی نیک عورت۔

نیک خیال ہے فقرہ۔ اچھی رائے ہے؛ اچھا ارادہ ہے۔

نیک سیرت صف۔ اچھے کردار کا حامل، نیک اطوار۔

نیک راہ مث۔ بھلائی کا راستہ؛ اچھی روش، اچھا رویہ۔

نیک کام میں دیر کیوں فقرہ۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کسی سے بھلائی کرنے کے لیے پوچھے، نیک کام میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں۔

نیک نام صف۔ جسے لوگ بھلائی سے یاد کریں؛ جس کی شہرت اچھی ہو؛ نامی، نامور۔

نیک نامی مث۔ ۱. ناموری، اچھی شہرت نیز ساکھ، عزت و آبرو۔ ۲. کارگزاری۔

نیک نیت صف۔ ۱. اچھے ارادے والا، جس کی نیت اچھی ہو، جو کسی کو خواہ مخواہ نقصان نہ پہنچائے۔ ۲. (قانون) وہ جو کام کو پوری احتیاط اور توجہ سے کرے۔

نیک نیتی مث۔ نیت میں فتور نہ ہونا؛ اچھی نیت، خوش نیتی، دیانت داری۔

نیک نیتی سے م ف۔ اچھی نیت سے؛ (قانون) احتیاط اور توجہ سے۔

نیک و بد مذ۔ برا بھلا، اچھے اور برے اعمال، بھلائی برائی؛ مراد: کسی امر کے تمام پہلو۔

نیکَر (ی مج، نیز مع، فت ک) مذ نیز مث۔
گھٹنے تک کا ستر پوش، ہاف پینٹ۔ [انگ]۔

نیکُو (ی مج، و مع) (الف) صف۔
۱. اچھا، عمدہ، شریف، بھلا، نیک۔ ۲. تحفہ، خوب۔ ۳. موہنا، خوبصورت، سندر، روپ ونت، ملوک۔ (ب) م ف۔ ٹھیک طور پر، آسانی سے، بہتر طور پر، نہایت شان سے۔

نیکو کار صف۔ اچھے کام کرنے والا؛ خوش اطوار، نیک نیز پارسا، دین دار۔

نیکی (ی مج) مث۔
۱. نیک کام، نیک عمل۔ ۲. کارِ خیر، فلاحی کام۔ ۳. پارسائی، پرہیزگاری۔ ۴. خوبی، بھلائی، عمدگی، اچھائی۔ ۵. احسان، اچھا سلوک، اچھا برتاؤ۔ [ف]۔

نیکی اور پوچھ پوچھ فقرہ۔ نیک کام کرنے میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں ہوتی (کسی اچھی پیشکش کے موقعے پر مستعمل)۔

نیکی برباد گناہ / گنہ لازم کہاوت۔ جب نیکی کرنے کے بدلے الٹی برائی حاصل ہو تو کہتے ہیں۔

نیکی کا زمانہ نہیں (ہے) فقرہ. نیکی کی قدر نہیں، اب نیکی کرنے سے کچھ حاصل نہیں.

نیکی کر (اور) دریا میں ڈال کہاوت. ا. نیکی کرکے بھول جانا، احسان کرکے بھلا دینا ؛ بھلائی کر اور صلے کی اُمید نہ رکھ (جس نیکی کا کچھ عوض نہ ملے یا بے فائدہ ہو اس کی نسبت کہتے ہیں).

نیگ (ی ج) اند.

ا. حصّہ، مخصوص حق، بھلائی، مالی سلوک. ۲.(i) شادی بیاہ کی رسموں (جوتا چھپائی، سہرا بندھائی وغیرہ) پر جو نقدی کی شکل میں ادا کیا جاتا ہے. (ii) (ہنود) وہ پیسے جو بہن، بھائی کے راکھی باندھنے پر لیتی ہے.

۳. پرانا رواج، مقررہ دستور، رسم. [س].

نیگرو (ی ج، سک گ، وج) اند.

سیاہ جلد کی نسل کا آدمی اصلاً افریقی ؛ زنگی، حبشی، سیاہ فام. [انگ].

نَیل (ی لین) اند.

ا. لینا، حاصل کرنا، مقصد حاصل کرنا یا پانا ؛ حصول، پہنچ، دست رس، رسائی. ۲. (تصوف) مقصد حاصل ہو جانا، مراد مل جانا، حق تعالیٰ تک پہنچ جانا. [ع].

نیل مرام اند. کامیابی، حصول مراد، مطلب براری، حصول مقصد.

نِیل (۱) (ی مع) (الف) اند.

ا. (کاشت کاری) ایک درخت نیز اس درخت کی پتیاں جن سے نیلا رنگ تیار کیا جاتا ہے (کپڑوں کی سفیدی اجالنے کے لیے مستعمل).

۲. (i) جلایا ہوا اسپند جو نظر بد سے بچنے کے لیے کم عمر بچوں کی پیشانی پر لگاتے ہیں. (ii) نظر بد سے بچنے کے لیے تعویذ یا ٹیکا.

۳. ضرب یا چوٹ کا نشان ؛ کچل جانے یا دب جانے سے پڑنے والا نشان. (ب) صف. نیلے رنگ کا، آسمانی، نیلا سیاہی مائل نیلا. [س].

نیل پڑ جانا/ پڑنا محاورہ. جسم پر چوٹ، ضرب یا خون جم جانے سے نیلا نشان پڑ جانا.

نیل ڈالنا محاورہ. ا. چٹکی یا بوسے وغیرہ سے جسم پر نیلے نشان ڈالنا.

۲. بہت مارنا، تشدد کرنا، اتنا مارنا کہ جسم پر نشانات پڑ جائیں.

نیل کنٹھ اند ؛ ← نیلکنٹھ. ا. گلے کا اُبھرا ہوا حصہ، گلے پر پڑا قدرتی نیلا نشان یا دھاری. ۲. فاختہ کے برابر کوے کی قبیل کا ایک خوش رنگ پرندہ جس کی گردن پر نیلی دھاری ہوتی ہے، سبزک. ۳. (جواہر) ایک قیمتی پتھر، نیلم.

نیل کی سلائی پھیرنا ف مر؛ محاورہ. بطور سزا آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا جس سے بینائی چلی جاتی ہے، اندھا کر دینا، بینائی ختم کر دینا.

نیل گاے/ گائے مث نیز اند. ایک جنگلی سیاہی مائل نیلا چوپایہ جو ہرن سے مشابہ اور قد میں گائے کے برابر ہوتا ہے بالوں کی چوٹی لگتی ہوتی ہے، روجھ، گاوِ وحشی.

نیل گوں صف. نیلے رنگ کا، نیلا، ازرق، آسمانی رنگ کا.

نِیل (۲) (ی مع) اند.

مصر کے مشہور دریا کا نام (بطور تلمیح مستعمل). [ع].

نیلا (ی مع) صف.

ا. نیلے رنگ کا، آسمانی، لاجوردی. ۲. جس پر چوٹ یا مار پڑنے سے نیلاہٹ پیدا ہو گئی ہو، چوٹ والا، چوٹ سے پڑنے والا نشان، نیل.

۳. زہر سے جس کی رنگت سیاہی مائل ہو گئی ہو (جسم وغیرہ). ۴. (کنایۃً) سڑا ہوا خراب، بدبودار (گوشت). [س].

نیلا پڑ جانا/ پڑنا ف مر؛ محاورہ. نیلگوں ہو جانا، (چوٹ لگنے سے) نیلا سا رنگ ہو جانا، کالا پڑ جانا.

نیلا پیلا ہونا ف مر؛ محاورہ. غصے کی حالت میں چہرے کے رنگ میں تغیر آنا ؛ بہت غصے ہونا، جز بز ہونا، نہایت خفا ہونا.

نیلا تھوتھا/ تھوتہ/ تھوتھ اند. نیلے رنگ کا قلم دار نمک ؛ (طب) ایک دوا جو تانبے کو سفید پھٹکری کے ساتھ جلا کر تیار کرتے ہیں، ایک قسم کا زہر.

نیلام (ی مع) اند.

فروخت کا ایک طریقہ جس میں کسی چیز کی قیمت باآواز بلند بتائی جاتی ہے اور خواہش مند بولی لگاتے ہیں اور سب سے زیادہ بولی دینے والے کے ہاتھ وہ شے فروخت کی جاتی ہے، ہراج، لیلام. [پر].

نیلام کر دینا/ کرنا ف مر؛ محاورہ. بولی یا نیلام کے ذریعے فروخت کرنا، ہراج کرنا ؛ نہایت ارزاں یا بے توقیری سے فروخت کر دینا.

نیلام گھر اند. جگہ یا مقام جہاں نیلام ہوتا ہو، نیلامی کی جگہ.

نیلام ہونا ف مر: محاورہ. ۱. نیلام کے ذریعے بکنا، بولی پر فروخت ہونا. ۲. کسی بیش قیمت چیز کی ناقدری ہونا؛ بے عزت ہونا.

نیلامی (ی مع)(الف) مث.
نیلام کا عمل. (ب) صف. نیلام سے منسوب یا متعلق، نیلام کرنے والا.

نیلاہَٹ (ی مع، فت ہ) مث.
۱. نیلاپن، نیلے رنگ کا اثر، نیلگوں ہونا. ۲. چوٹ کا نشان جو خون کے جم جانے سے نیلا یا سیاہ پڑ جاتا ہے. ۳. مرد کے چہرے پر شیو کے بعد کا سبزی مائل نیلاپن.

نیلگُوں (ی مع، سک ل، و مع) صف.
دیکھیے: نیل کے تحت.

نیلَم (ی مع، فت ل) اند.
نیلے رنگ کا قیمتی پتھر، یاقوتِ کبود. [س].

نیلم پری مث. (افسانوی کردار بطور تلمیح مستعمل) اندر سبھا میں راجا اندر کی محبوبہ حسین نیلے رنگ کی پری جس کے پروں میں نیلم اور جواہر جڑے ہوتے تھے؛ (مجازاً) نہایت خوبصورت عورت.

نیلوفَر (ی مع، و مج، فت ف) اند.
ایک بیل جس پر سرخی مائل سیاہ پھول نکلتے ہیں، کنول کی ایک قسم؛ نیلے رنگ کا کنول. [ف].

نیلی (ی مع) صف.
نیلے رنگ کا، نیلگوں، آسمانی.

نیلی (۲) (ی مع) (الف) صف مث.
نیلے رنگ کی نیز نیلم جیسی. ۲. سیاہی مائل نیلا، جس میں کالا پن ہو. (ب) مث. ۱. نیل، نیل کا درخت. ۳. عمدہ نسل کی ایک بھینس جو بہت دودھ دیتی ہے.

نیلی پیلی صف مث. ۱. تیور بدلتی ہوئی، غصے سے گھورتی ہوئی. ۲. رنگین، مختلف رنگوں کی. ۳. (مجازاً) بدوضع، بدرنگ، معمولی شکل و شباہت کی (عورت کے لیے مستعمل).

نیلے (ی مع) صف.
نیلا کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

نیلے پیلے صف: ج. ۱. (نیلا پیلا کی مغیرہ صورت یا جمع) رنگ برنگے کئی رنگ کے. ۲. بدوضع، بدرنگ نیز متغیر (غصے کی حالت میں).

نِیَم (کس ن، فت ی) اند.
۱. (ویدانت) یوگ کی آٹھ قسموں میں سے دوسرا جس میں حواس درونی کو ضبط یا خواہش نفسانی کو ترک کیا جاتا ہے، ضبط حواس، ضبط نفس.
۲. قاعدہ قانون، رسم و رواج، مقررہ اصول، طریقہ، چلن. [س].

نیم (۱) (ی مع) اند.
ایک گھنا درخت جس کے پتے آری کی شکل کے دندانے دار اور کڑوے ہوتے ہیں، اس کا پھل (نبولی) زرد کھرنی کے برابر ہوتا ہے جس میں ہلکی سی مٹھاس ہوتی ہے. [س].

نیم کی طرح کڑوا اند. کڑوا کسیلا؛ (مجازاً) بد مزاج، سخت جواب دینے والا.

نیم (۲) (ی مع) صف نیز اند.
(i) آدھا، نصف، اَدھ؛ ادھورا. (ii) (کنایۃً) ٹکڑا، حصہ (عموماً دو کے سابقے کے ساتھ مستعمل). [ف].

نیم باز صف. اَدھ کھلا، آدھا کھلا آدھا بند.

نیم بے ہوشی مث. تھوڑا سا ہوش، تھوڑی سی بے ہوشی، آدھی بے ہوشی، بیماری یا سکتے کی سی حالت.

نیم جان / جاں صف. ۱. ادھ موا، مرنے کے قریب؛ نہایت خراب، خستہ حالت میں. ۲. (کنایۃً) عاشق.

نیم حکیم اند. ناتجربہ کار حکیم، اتائی، ان پڑھ طبیب.

نیم حکیم خطرہ جان، نیم ملا خطرہ ایمان کہاوت. ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے، جب کوئی کم علم اپنے علم کا اپنے انداز میں اظہار کرتا ہے تو کہتے ہیں.

نیم خوابی مث. کچی نیند کی حالت، غنودگی؛ سستی.

نیم دراز صف. جو پوری طرح دراز نہ ہو، لیٹنے کے انداز میں ترچھا بیٹھا ہوا، (گاؤتکیے وغیرہ سے) ٹیک لگا کر پاؤں پھیلایا ہوا.

نیم رضا مندی مث. کسی قدر آمادگی، کچھ کچھ رضامندی، تھوڑی سی رضامندی.

نیم گرم صف. جو بہت زیادہ گرم نہ ہو؛ گرم جیسا، ہلکا گرم، شیر گرم، سسم، کنکنا (پانی وغیرہ).

نیم وا صف. ۱. اَدھ کھلا، آدھا کھلا آدھا بند. ۲. کم کم کھلا ہوا؛ (کنایۃً) نو شگفتہ (کلی کے لیے مستعمل).

نِیمْچَہ (ی مع، سک م، فت چ) (الف) اند.
چھوٹی تلوار یا خنجر. (ب) صف. (کنایۃً) چھوٹا، پست (بلحاظ قد).

نِیمَہ (ی مع، فت م) (الف) صف.
۱. نیم (۱) سے منسوب یا متعلق؛ آدھا، نصف. ۲. (i) (مجازاً) چھوٹا، کم (جسامت کے اعتبار سے). (ii) تھوڑا سا (مقدار کے حساب سے).
(ب) اند. ۱. ایک وضع کا ملبوس (نیمۂ آستین) نیز سونے یا چاندی کے تاروں سے بنا ہوا بغیر آستین کا ایک پہناوا جو عورتیں پوشاک کے اوپر پہنتی ہیں. ۲. اُنگا پاجامہ یا لمبا جانگھیا، نیم جامہ.

نَین (ی فت ن، ی لین) اند.
آنکھ؛ نظر، نگاہ (عموماً بطور جمع مستعمل). [س].

نین سکھ اند. ۱. نگاہوں کے لیے آرام. ۲. اندھوں کا لقب. ۳. ایک قدیم کپڑے کا نام، نرم سفید اور سوتی پھول دار کپڑا.

نَیناں (ی لین) اند؛ ج.
نین کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل؛ آنکھ، نظر، نگاہ.

نِیند (ی مع، غنہ) امث.
۱. وہ غفلت جو فطری تقاضے سے اعضا کو سکون پہنچانے کے لیے طاری ہوتی ہے، خواب، خوابیدگی؛ سونے کی کیفیت یا حالت. ۲. (مجازاً) موت، ہمیشہ کی نیند. [س].

نیند اچاٹ ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. نیند اڑ جانا، نیند نہ آنا، آنکھ کھل جانا.

نیند اچٹ/ اوچٹ جانا/ اچٹنا محاورہ. کسی آہٹ یا شور غل یا پریشاں خیالی سے نیند میں خلل پڑنا، نیند خراب ہونا، نیند نہ آنا.

نیند اڑ جانا / اڑنا ف مر؛ محاورہ. فکر، پریشانی یا بیماری کی وجہ سے نیند میں خلل پڑ جانا.

نیند آور صف. (طب) جس سے نیند آنے لگے؛ نیند لانے والا، خواب آور (دوا یا غذا وغیرہ).

نیند حرام کر دینا / کرنا محاورہ. ۱. نیند اُڑا دینا، نیند نہ آنے دینا؛ بلاوجہ جگائے رکھنا. ۲. جاگنا (خصوصاً) بلاوجہ جاگنا.

نیند سولی پر بھی آتی / آجاتی ہے کہاوت. نیند ایک فطری عمل ہے جو ہر حالت میں آ جاتی ہے؛ عادت کبھی نہیں رکتی.

نِینْدیں (ی مع، مغ، ی ع) امث؛ ج.
نیند کی جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

نیندیں حرام کر دینا/ کرنا محاورہ. نیند اُڑا دینا؛ بہت زیادہ پریشان کرنا، نہایت دق کرنا.

نیندیں حرام ہونا محاورہ. نیندیں حرام کرنا کا لازم؛ کسی تکلیف کی وجہ سے نیند نہ آنا؛ پریشان ہونا.

نَینُو (ی لین، و مع) اند.
نرم سوتی کپڑا، بیل بوٹے دار کپڑا، پھول دار کپڑا، نین سکھ.

نِیو (کس ن، ی ح نیز ی ع، سک و) امث.
۱. (معماری) دیوار یا عمارت کا پایہ، جڑ جو سطح زمین سے نیچے مقررہ حد تک بنائی جاتی ہے، بنیاد (خصوصاً دیوار کی). ۲. (i) بنیاد، بنا، اساس؛ (مجازاً)، آغاز، ابتدا. (ii) (کنایۃً) خمیر، فطرت. ۳. (مجازاً) قیام، استحکام، مدار، انحصار. [پ + س].

نیو پڑنا ف مر؛ محاورہ. بنیاد ڈالی جانا؛ کسی کام کا آغاز ہونا.

نیو ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. مکان یا کسی تعمیر کی بنیاد رکھنا. ۲. شروع کرنا، کسی نئے سلسلے کا آغاز کرنا یا پرانے کام کی تجدید کرنا. ۳. تمہید باندھنا.

نِیوْتا (ی ع، سک و، نیز کس ن، ی ح) اند؛ ~ نوتا.
۱. بلاوا، دعوت. ۲. کسی تقریب میں تقسیم ہونے والی شیرینی یا کھانے کا حصہ جو کسی کے گھر بھجوایا جائے نیز فاتحہ کی دعوت نیز ضیافت. [پ].

نیوٹران (کس ن، ی ح، سک نیز فت ع ٹ) اند.
ذیلی جوہری ذرہ جس کی کمیت پروٹون کے تقریباً برابر ہوتی ہے تمام ایٹمی مرکزوں میں موجود ہوتا ہے ماسوائے عام ہائڈروجن کے. [انگ].

نیوٹران بم اند. ایک بم جو نیوٹرون ذرّے اور گاما شعاعیں پیدا کرتا ہے ایا ۲ کلوٹن کا ایک چھوٹا بم جو ۲ کلو میٹر تک کے دائرے میں شدید نقصان کا باعث بن سکتا ہے.

نیوش (کس ن، و مج) صف.
سننے والا، نیک صلاح پر کان دھرنے والا (بالعموم مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل).

نیوْلا (ی مج، سک و) اند.
چوہے کی قسم کا ایک سوردار سیاہی مائل رنگ چار پاؤں کا گوشت خور جانور جس کی پیٹھ پر سفید لکیریں ہوتی ہیں اور دم لمبی ہوتی ہے (سانپ کو مار ڈالنے کے لیے بہت مشہور ہے). [پ + س].

نیہَ (ی مج، سک نیز فت ہ) مث: اند.
محبت، عشق، پیار، موہ، پریت نیز دوستی. [س].

نیہ لگانا محاورہ. محبت کرنا؛ عشق کرنا.

نیہا (ی مج) اند.
۱. محبت، عشق، پیار، موہ، پریت؛ دیکھیے: نیہ ۲. چکنائی، تیل. [س].

نیہوڑانا (ی مج، و مج) ف م.
سر جھکانا؛ جھک جانا. [مقامی].

(نَھ)

نَھ اند: حرف.
صوتی اعتبار سے اُردو حروفِ تہجی کا اڑتالیسواں حرف صحیح (مصمتہ) جو "ن" اور "ھ" کی ملی ہوئی آواز کو ظاہر کرتا ہے اور عموماً الفاظ کے درمیان میں آتا ہے؛ جیسے: اِنھوں، اُنھوں، اِنھیں، اُنھیں، جنھوں، جنھیں، پنھیاری، منھیار، ننھا، ننھی، ننھیال وغیرہ میں؛ جمل میں اس کے ۵۵ (ن + ہ) اعداد شمار ہوتے ہیں.

(و)

و (واؤ) حرف مذ: مث.
۱. اردو حروفِ تہجی کا (بشمول ہائیہ) انچاسواں، فارسی کا تیسواں، سنسکرت کا انتیسواں اور عربی کا چھبیسواں حرف، بطور مصوتہ یا حرف علت ضمہ کی معروف آواز (مثلاً خون)، مجہول آواز (مثلاً ہوش) اور لین آواز (جیسے: اور، خوف، غور) بھی دیتا ہے؛ بعض الفاظ کے میں شامل لیکن غیر ملفوظ رہتا ہے، جیسے: خود، خواب، خورشید، خوش خویش وغیرہ میں، اس حالت میں اسے واو معدولہ اور واو اشمام ضمّہ بھی کہتے ہیں. ۲. (قرابادین) وزن کی علامت، لفظ وزن کا مخفف ۳. (املا) ضمّہ (یعنی پیش) کی علامت، (ایسی صورت میں یہ حرف کے اوپر بہت چھوٹا سا بنایا جاتا ہے).

وَ (فت و) اند.
۱. بطور حرفِ عطف "اور" یا "نیز" کے معنی میں؛ جیسے: جان و دل گل و بلبل وغیرہ میں؛ ایسی صورت میں اس کی آواز میں تخفیف جاتی ہے اور یہ ضمہء مجہول کی آواز رہ جاتی ہے یعنی اسے اپنے ماقبل سے مخلوط پڑھا جاتا ہے البتہ عربی اسماء اور نثر کے دو جملوں کے درمیان واؤ مفتوح پڑھا جاتا ہے، جیسے: اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِین ۲. اُردو میں مستعمل عربی لفظ کے شروع میں عموماً بطور حرف قسم آتا ہے جیسے: واللہ (اللہ کی قسم)، والشمس وغیرہ میں. ۳. بطور واؤ زائد جیسے: وَلیکن، وگر.

والسّلام فقرہ. خدا حافظ؛ سلام کے ساتھ؛ (عموماً اختتام تحریر پر لکھتے ہیں یا رخصت ہوتے وقت کہتے ہیں).

وَاللہ فقرہ. اللہ کی قسم نیز اظہار حیرت کے لیے مستعمل؛ اپنی بات کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے یا اپنی بات پر زور دینے کے لیے بھی مستعمل؛ بے شک، یقیناً، درحقیقت.

واللّٰہُ اعلم بالصواب م ف: فقرہ. اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ دُرست کیا ہے، خدا کو خوب معلوم ہے کہ سچ کیا ہے.

وعلیکم السّلام فقرہ نیز اند. (عربی فقرہ اُردو میں مستعمل) اور تم بھی سلامتی ہو (کسی مسلمان کے سلام کا جواب دوسرے مسلمان کی طرف سے)، السلام علیکم کا جواب.

وما توفیقی الاباللّٰہ فقرہ. (عربی فقرہ اُردو میں مستعمل) مجھے توفیق نہیں ہے مگر خدا کی طرف سے (بالعموم انکسار اور مجبوری کے اظہار کے طور پر مستعمل).

وا (۱) ضمیر.
(برائے اشارۂ بعید) وہ ، اُس .

وا (۲) (الف) صف.
کشادہ ، کھلا ہوا ؛ پھیلا ہوا نیز جدا ، الگ . (ب) م ف . پیچھے ، دوبارہ ، پھر ، بعد ؛ جیسے : وابستہ ، واپس . [ف] .

وابستگی امث .۱. تعلق ، نسبت ، لگاؤ ؛ منسلک ہونا .۲. بندھا ہوا ہونے کی حالت ، بندش .

وابستہ (الف) صف . بندھا ہوا نیز بند ؛ منسلک ، متعلق ، پیوستہ .
(ب) امذ ؛ ج . رشتہ دار یا عزیز جس کا کسی پر انحصار ہو ، ملازم شخص .

واپس صف . لوٹایا ہوا ، مسترد ؛ اُلٹا پھرا ہوا ، ہٹا ہوا ، پھرا ہوا ، پیچھے ، اُلٹا .

واپسی امث .۱. کہیں جا کر لوٹ آنے کا عمل ، بازگشت ، واپس ہونے کی حالت ، پھرنا ، لوٹنا .۲. کوئی چیز واپس کرنا ، لوٹانا ، پھیر دینا ، واپس بھیجنا .

وارفتگی امث . بے خودی ، شیفتگی ؛ عشق .

وارفتہ صف . آپے سے باہر .

واشگاف صف . صاف ، کھلا ہوا .

واگذار صف . چھوڑا ہوا ، چھڑایا ہوا ؛ (مال گزاری) چھوٹ دیا ہوا ؛ بے لگان (زمین) .

واگذاشت امث . پیچھے چھوڑنا ، چھوڑ دینا ، دے دینا نیز قبضہ دے دینا ، رہائی ، چھوٹ .

واماندگی امث . ٹھہرے رہنے یا پیچھے رہ جانے کی حالت (خصوصاً تھکاوٹ کے باعث) ؛ تھکان ، تھکن ؛ (مجازاً) عاجزی ، ناچاری .

واماندہ صف . تھک کر پیچھے رہا ہوا ، باقی رہا ہوا ، پس ماندہ ؛ (مجازاً) وارث .

وا (۳) ند ؛ - فجائیہ .
حرف ندبہ ، کلمۂ تاسف ، افسوس ، آہ ؛ ہائے ، وائے نیز اظہار تعجب کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (بالعموم مرکبات میں مستعمل) .

واحسرتا فقرہ . ہائے افسوس ، حیف (نہایت ملال کے موقع پر مستعمل) .

واویلا / ے ویلا م ف . ماتم ، رونا پیٹنا ، دہائی ، فریاد ، افسوس (انتہائی افسوس کے موقعے پر مستعمل) .

واویلا مچانا محاورہ . فریاد کرنا ، دہائی دینا ، ماتم کرنا .

واٹر (فت ٹ) امذ (شاذ) .
آب ، پانی ، جل (تراکیب میں مستعمل) . [انگ] .

واٹر پروف صف .۱. وہ جس پر پانی اثر نہ کرے (مثلاً کپڑا ، لباس ، موم جامہ وغیرہ) ، جس میں نمی سرایت نہ کرے نیز پانی کے اثر کو روکنے والا ، پانی کے نفوذ کے خلاف رکاوٹ ڈالنے والا ، پن روک ، سیل روک .

واٹر پمپ امذ . برقی قوت سے چلنے والا پمپ ، پانی کو منتقل کرنے کی مشین .

واٹر کلر امذ ؛ امث .۱. (مصوری) رنگ جو پانی میں حل کر کے مصوری کے لیے استعمال ہوتا ہے ، آبی رنگ ، آب رنگ .۲. آب رنگ تصویر نیز آب رنگ مصوری .

واثِق (کس ث) صف .
مضبوط ، پکا ، مستحکم نیز مستقل . [ع] .

واجِب (کس ج) صف .
۱. لازم ، ضرور .۲. مناسب ، درست ، صحیح ، ٹھیک ، موزوں .۳. (فقہ) وہ (فعل) جس کا بلا عذر چھوڑنے والا عذاب یا مواخذے کا مستحق ہو ؛ فرض کے بعد جس کا درجہ ہو . [ع] .

واجب الاحترام صف . لائق احترام ، عزت دیے جانے کے قابل .

واجب الادا صف . جس کا ادا کرنا ضروری ہو ، جس کا ادا کرنا لازم ہو .

واجب العمل صف . عمل درآمد کے قابل ، بروئے کار لانے کے لائق ؛ عملاً لازم ، عمل کے لیے ضروری ؛ جس کی تعمیل ضروری ہو .

واجب القتل صف . جس کا قتل واجب ہو ، قتل کرنے کے لائق ، مستحق قتل .

واجِبات (کس ج) امذ ؛ ج .
۱. ایسے احکام شرعی جن پر عمل کرنا ضروری ہو ، فرض اُمور ، لوازم شرعیہ .
۲. ضروریات ، ضروری چیزیں ، لازمی چیزیں یا باتیں ، لوازمات .

۳. (معاشیات) لازمی اخراجات ، ناگزیر خرچ .۴. روپیہ جو واجب الادا ہو ، رقم وغیرہ جو کسی کو دینی ضروری ہو .

واجبی (کس نیز سک ج) صف.
۱. جو واجب ہو ، ضروری ، لازمی ؛ درست ، ٹھیک ، معقول .۲. لائق ، مناسب ، سزاوار .۳. نہ کم نہ زیادہ ، تھوڑا ، کسی قدر ، معمولی .

واجبی سا صف مذ. ۱. قلیل ، تھوڑا سا ، یونہی سا .۲. معمولی ، کم قدر و قیمت والا .

واجِد (کس ج) امذ.
۱. وجود دینے والا ، ایجاد کرنے والا ، خالق ؛ مراد: اللہ تعالیٰ .۲. جس کے پاس ضرورت کا تمام سامان ہو ؛ غنی ، تونگر .۳. پانے والا ، ڈھونڈنے والا ، جو حالت وجد میں ہو ، جس پر جذب یا کیفیت طاری ہو . [ع].

واحِد (کس ح) صف ؛ امذ.
۱. اپنی نوعیت کا ایک ، منفرد ، اکیلا ، تنہا .۲. جس کا کوئی حصہ یا جزو نہ ہو ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام .۳. تعداد میں ایک ، فرد مفرد . [ع].

واد امث.
پہاڑوں کے درمیان میں نشیبی جگہ جو دریا کے بہنے سے بنے ، وادی ؛ ایسا دریا جو موسم گرما میں خشک ہو جائے . [ع].

وادی امث نیز امذ.
۱. (i) دریا کے کناروں یا پہاڑوں کے درمیان پایا جانے والا علاقہ نیز نشیبی ہموار زمین جہاں کم درخت ہوں ، گھاٹی ، ترائی . (ii) ریگستان میں سرسبز مقام ، نخلستان. ۲. (مجازاً) جنگل ، صحرا ، بیابان ، دشت (خصوصاً جو ہول ناک ہو) .۳. (کنایۃً) راستہ ، گزرگاہ .

وادی پر خار امث. کانٹوں بھری وادی ؛ (مجازاً) مشکلوں اور آزمائشوں کا راستہ یا میدان .

وار (۱) امذ نیز لاحقہ.
۱. برائے صفت و نسبت بہ معنی صاحب ، والا ؛ جیسے : امیدوار ، بزرگوار ، سوگوار ، قصوروار .۲. (بطور م ف) طرف ، رخ ، جانب ، سمت ؛ جیسے : اندروار ، عمودوار ، ہموار .۳. (برائے اسمیت) پیداوار وغیرہ .۴. (برائے تشبیہ) بہ معنی طرز ، مانند ، کی طرح (مثلاً دیوانہ وار ، بے گانہ وار) . [ف].

وار (۲) امذ.
۱. حملہ ، حربہ نیز ضرب تیغ و خنجر وغیرہ ، چوٹ ، زخم ، گھاؤ .۲. الزام بہتان ؛ بھاری یا تکلیف دہ بوجھ . [س].

وار چل جانا / چلنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. ہتھیار کی ضرب پڑنا ، چوٹ لگنا .۲. کسی بات کا صحیح نشانے پر اثر انداز ہونا ، داؤ چلنا ، چال کارگر ہونا .

وار کرنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. حملہ کرنا ، چوٹ کرنا ، ضرب لگانا .۲. طنز کرنا فقرہ کسنا .

وار (۳) امذ.
۱. ہفتے کا کوئی دن ، روز ؛ جیسے : منگل وار ، بدھ وار .۲. گنتی میں باری (تعداد کے اعتبار سے) ، مرتبہ ، دفعہ . [س].

وار (۴) امذ.
نچھاور ، صدقہ ؛ کسی پر کوئی چیز نچھاور کرنا .

وار پھیر امث. نچھاور یا صدقہ کرنے کا عمل نیز وہ نقدی جو دولھا دلھن کے سر سے وار کر دی جائے ، نچھاور ، صدقہ ، بھینٹ .

وار دینا ف مر ؛ محاورہ. قربان کر دینا ، صدقہ کر دینا ، نچھاور کرنا .

وارا امذ.
۱. صدقے ، نچھاور ، تصدق ؛ بھینٹ ، قربانی .۲. (i) نفع ، فائدہ ، منافع . (ii) بچت ، کفایت ، افاقہ ؛ برکت ؛ دولت ، مال ؛ ارزانی .

وارِث (کس ر) امذ.
۱. مرنے والے کے مال کا حق دار ، میراث میں جائز حصے دار ، میراث لینے والا ، وراثت کا حق دار ، ترکہ دار .۲. (i) مددگار ، معاون ، حامی . (ii) سرپرست ، مالک ، آقا ، والی .۳. (عو) شوہر ، خاوند .۴. وہ ذات جو مالکوں کے فنا ہونے کے بعد تمام چیزوں کی مالک ہو ؛ مراد : اللہ تعالیٰ ، اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ایک .۵. محافظ ، نگہبان ، رکھوالا ، امین .۶. کسی کی جگہ لینے والا ، جانشیں نیز علمی یا دینی وراثت پانے والا . [ع].

وارث ہونا ف مر ؛ محاورہ. ۱. مرنے والے کی جائداد کا حق دار یا مستحق ہونا. ۲. ورثہ دار ہونا (خواہ مال و دولت یا صفات اور خصوصیات کا) امین ہونا .۳. ولی نعمت ہونا ، آقا ہونا ، سرپرست ہونا ، مالک ہونا ؛ مددگار ہونا ، حامی ہونا .

وارِد (کس ر) صف.
ا. ورود کرنے والا ، آنے والا ، پہنچنے والا .۲. موجود ، حاضر ، نازل . [ع] .

وارْدات (کس نیز سک ر) امث ؛ ج.
ا. سرگزشت ، ماجرا ، حال احوال ، حالات ، حالت جو کچھ دل پر بیتی ہو ، پیش آنے والی باتیں (اردو میں بطور واحد بھی مستعمل) .۲. سانحہ ، حادثہ ، دنگا فساد ، ہنگامہ ، ناگہانی آفت ، اہم وقوعہ ، واقعہ .۳. وقوع جرم .۴. (تصوف) وہ روحانی کیفیت جو صوفی یا سالک پر وہبی طور پر گزرتی ہے ، باطنی مشاہدہ ، قلبی کیفیت .

واردات قلب/ قلبی امث . دلی کیفیات ، داخلی کیفیات ؛ صوفیا کے نفس پر وارد ہونے والی باتیں یا کیفیت ، ذہن و دل پر گزرنے والی کیفیات .

واردات ہونا ف مر؛ محاورہ . ا. حالات پیش آنا ، سانحہ گزرنا .۲. باطنی مشاہدہ یا روحانی تجربہ ہونا .۳. جرم کا وقوع ہونا ، چوری ، نقب زنی وغیرہ ہونا .

وارْڈ (سک ر) امذ .
ا. نابالغ جو کسی ولی کی حفاظت اور نگرانی میں ہو ؛ وہ نابالغ جس کی ذات یا جائیداد یا دونوں کے لیے عدالت سے کوئی اور منتظم مقرر ہو .
۲. میونسپلٹی کا وہ علاقہ جس میں سے ایک ممبر منتخب ہو ، شہر کا حلقہ ، محلہ .۳. کسی اسپتال یا جیل کا ایک حصہ یا شعبہ ، ہال .۴. نگہبان ، چوکیدار . [انگ] .

وارْڈن (سک ر ، کس ج ڈ نیز فت ج ڈ) امذ ؛ امث .
کسی کالج یا یونیورسٹی ، ہسپتال کا ناظم ، نگران ، پاسبان نیز سربراہ . [انگ] .

وارَفْتہ (فت ر ، سک ف ، فت ت) صف .
ا. دیکھیے وا (۲) .۲. عاشق ، شیدا ، دیوانہ .۳. مراد : عاشقانہ ، بے خودی والا (انداز ادا وغیرہ) .

وارْنا (سک ر) ف م .
صدقے کی کوئی چیز سر وغیرہ کے گرد پھرانا ، اُتارنا ، صدقہ کرنا ، قربانی کرنا ، بھینٹ دینا ، نثار کرنا ، نچھاور کرنا .

وارَنْٹ (فت نیز کس ج ر ، سک ن) امذ .
افسر مجاز کا تحریری حکم ، مجسٹریٹ کا حکم نامہ ؛ پروانۂ گرفتاری ، عدالتی حکم نامۂ گرفتاری ؛ طلب نامہ . [انگ] .

وارَنْٹی (فت نیز کس ج ر ، سک ن) امث .
کسی فروخت کی ہوئی چیز کے معیار کے حوالے سے دی گئی ضمانت یا اسے ٹھیک کرنے یا بدلنے کی ذمے داری . [انگ] .

وارْنِش (سک ر ، کس ن) امذ .
ا. ایک مرکب مائع یا مسالا جو اسپرٹ سے تیار کیا جاتا ہے اور لکڑی لوہے وغیرہ پر پالش کرنے میں کام آتا ہے .۲. (مجازاً) لیپا پوتی ، مصنوعی چمک دمک ، ملمع ، دکھاوا ، ظاہری ٹیپ ٹاپ . [انگ] .

واری م ف .
صدقے ، قربان ، نثار .

واری جانا محاورہ . صدقے جانا ، قربان ہونا ، نثار ہونا .

واری جاؤں فقرہ . (عور) صدقے جاؤں ، قربان ہوں ، نچھاور ہو جاؤں .

... واری (۱) لاحقہ .
(برائے وصفیت) جیسے : بنواری (جنگل کا رہنے والا) ، پٹواری وغیرہ .

... واری (۲) لاحقہ .
بطور صفت تراکیب میں مستعمل ؛ جیسے : ماہواری ، فرقہ واری .

وارے امذ ؛ ج .
ا. وارا کی جمع نیز مغیرہ حالت ، فائدے .

وارے نیارے لذ ؛ ج . بہت فائدے ؛ (مجازاً) عیش ، تراکیب میں مستعمل .

وارے نیارے ہونا محاورہ . ا. بہت منافع ہونا ، بہت سا فائدہ ہونا .۲. عیش ہو جانا .

واڑا/ واڑہ (/فت ڑ) (الف) امذ .
ا. جگہ نیز وہ جگہ جہاں ایک پیشے کے لوگ بستے ہوں ، (جیسے کمہار واڑا وغیرہ) محلہ ، ٹولہ ، کوچہ ؛ ملک ، ریاست ؛ بطور لاحقہ بھی مستعمل (جیسے رجواڑا) .۲. گنے کے اوپر کا حصہ جو پھیکا ہوتا ہے . (ب) لاحقہ . (برائے ظرفیت) اگواڑا ، پچھواڑا . [س] .

واژگوں (سک ژ، و مع) صف.
۱. اُلٹا، اوندھا، منھ کے بل گرا ہوا. ۲. (مجازاً) نامبارک، منحوس، نحوست زدہ، برگشتہ، نامسعود. [ف].

واسطہ (کس نیز سک س، فت ط) اند.
۱. (i) رشتہ، تعلق، نسبت نیز سروکار، غرض، کام. (ii) کسی قسم کا خاص تعلق جو دوستی، آشنائی یا محبت سے ہو، لگاؤ، مودت، نسبی تعلق.
۳. جو دو چیزوں یا دو شخصوں کے درمیان ہو، ایک کا اثر دوسرے تک پہنچانے والی چیز، وسیلہ، ذریعہ. ۴. ایلچی، درمیانی شخص، قاصد، وکیل، دلال. ۵. طفیل، صدقہ. [ف].

واسطے (سک نیز کس س) (الف) م ف.
۱. واسطہ کی جمع مغیرہ حالت (کے لیے کی جگہ ترکیب میں مستعمل).
۲. وجہ، سبب، خاطر، کارن، وجہ سے. (ب) اند. واسطہ کی جمع.

واسِع (کس ع س) صف.
۱. وسعت رکھنے والا، پھیلنے والا، کشادہ؛ گھیرنے والا، وسیع، فراخ، محیط. ۲. اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک نام بہ معنی بہت عطا کرنے والا، ہر شے کو محیط نیز تمام مخلوقات کو رزق دینے والا. [ع].

واسکٹ (سک س، کس ع ک) امث.
کمر تک کی فتوحی یا بنڈی جو قمیص اور پتلون اور قمیص و پاجامے وغیرہ کے اوپر پہنی جاتی ہے، انگریزی وضع کا بغیر آستین کا کوٹ، مرزائی، صدری. [انگ].

واسوخت (و مج، سک خ) اند.
وہ اشعار جو بطور مسدس لکھے جائیں اور ان میں معشوق کی مذمت اور اپنے رنج والم کا حال بیان کر کے اپنی بے زاری ظاہر کی جائے.

واشَر (فت ش) اند.
۱. ربر، لوہے، تانبے، چمڑے وغیرہ کا (بیشتر گول) استر یا چھلا جسے جوڑ میں پھنسا یا لگا دیتے ہیں تاکہ ہوا، گیس وغیرہ کا اخراج نہ ہو اور جوڑ کسا رہے. ۲. وہ چپٹا چھلا جو ڈھبری کے ساتھ کس دیتے ہیں تاکہ مضبوطی رہے. [انگ].

واشگاف (سک ش) اند.
وا (۲) کے تحت؛ ظاہر، عیاں.

واصِف (کس ص) اند.
صفت بیان کرنے والا، تعریف کرنے والا، وصف ظاہر کرنے والا، ثنا خواں (خصوصاً حمد گو)؛ (مجازاً) مدّاح. [ع].

واصِل (کس ص) صف.
۱. لگا ہوا، جڑا ہوا، ملا ہوا، ملحق، متصل؛ پیوست ہونے والا، پیوستہ
۲. (i) (مجازاً) پہنچا ہوا (بزرگ)، پہنچنے والا (خصوصاً ذات باری تک) نیز، متمکن، کسی مقام یا درجے پر فائز ہونے والا. (ii) (تصوف) سالک جو ماسوا اللہ سے بے نیاز ہو کر صرف اللہ کی ذات میں محو ہو گیا ہو کامل صوفی جو اللہ تک پہنچ گیا ہو. ۳. ملنے والا، ملاقات کرنے والا ملاقاتی؛ شامل ہونے والا، وصل کرنے والا؛ جسے معشوق کا وصل حاصل ہو. [ع].

واصل بحق ہونا محاورہ. خدا سے مل جانا، خدا کے پاس پہنچ جانا رحلت فرمانا، مر جانا، فوت ہونا.

واصل جہنم کرنا محاورہ. دشمن کو قتل کرنا، مار ڈالنا، ختم کرنا، فنا کرنا (کسی ناپسندیدہ شخص کے لیے مستعمل).

واصِلِین (کس ص، ی مع) اند؛ ج.
دیکھیے: واصل جس کی یہ جمع ہے؛ (تصوف) عارف باللہ لوگ.

واضِح (کس ع ض)(الف) صف.
۱. مفصل، شرح کیا ہوا، تفسیر کیا ہوا. ۲. جس میں کوئی ابہام یا شک ہو، غیر مبہم، صاف، صریح؛ کھلا ہوا؛ نمایاں، کھلا، آشکار. ۳. جلی قلم سے لکھا ہوا، صاف لکھا ہوا، جس کے پڑھنے میں تکلیف نہ ہو روشن، تاباں. (ب) م ف. بہ ظاہر؛ صاف طور پر، کھول کے. [ع]

واضح تر/ ترِین صف. سب سے زیادہ صاف، سب سے زیادہ نمایاں بہت ہی نمایاں؛ جو ذرا بھی مبہم نہ ہو.

واضح کرنا ف مر. ظاہر کرنا، تفصیل سے بتانا، اچھی طرح سمجھا دینا صاف صاف کہنا.

واضِع (کس ع ض) صف؛ اند.
وضع کرنے والا، بنانے والا، موجد، پیدا کرنے والا، مخترع، ایجاد کنندہ قائم کرنے والا، بانی؛ مرتب، مصنف. [ع].

واعِظ (کس ع) امذ.
وعظ کرنے والا، نصیحت کرنے والا؛ (احکاماتِ دین کی) تلقین کرنے والا، اخلاق کا درس دینے والا، ناصح، پند گو. [ع].

وافِر (کس ف) صف امذ.
زیادہ، کثیر، با افراط، کثرت سے، بہت. [ع].

واقِع (کس ق) صف.
۱. رونما ہونے والا، درپیش، وقوع پذیر، وقوع میں آنے والا؛ یقینی طور پر ہونے والا. ۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. ۳. جغرافیائی طور پر موجود، حاضر، قائم. [ع].

واقع نِگار صف. ۱. روئداد لکھنے والا، حقائق و حالات لکھنے والا، رپورٹر، خبر رساں. ۲. مؤرخ، تاریخ نویس.

واقع نِگاری امث. حقائق و حالات قلم بند کرنا، رونما ہونے والے گرد و پیش کے واقعات تحریر کرنا، احوال و آثار تحریر کرنا، واقع نگار کا کام.

واقِعات (کس ق) امذ؛ ج.
۱. واقعہ کی جمع؛ یقینی طور پر رونما ہونے والی باتیں، حقیقی حالات. ۲. کربلا کے واقعات؛ مرثیے. ۳. سانحات، حادثات.

واقِعہ (کس ق، فت ع) امذ.
۱. وہ امر جو پیش آئے، جو ہوا ہو، جو کچھ گزرا ہو، جو بیتا ہو؛ (مجازاً) وقوعہ؛ سانحہ، حادثہ. ۲. حقیقت، صحیح بات یا امر، سچی بات، اصلی بات. ۳. (i) کہانی، ماجرا، واردات (خصوصاً ڈرامے میں). (ii) کیفیت حال، روداد، حال، سرگزشت. [ع].

واقعہ کربلا امذ. کربلا کا واقعہ، سانحۂ کربلا؛ مراد: شہادت حضرت حسینؓ.

واقعہ معراج امذ. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معراج پر جانے کا واقعہ جو قرآن میں بھی مذکور ہے.

واقِعۃً (کس ق، فت ع، تن ت بفت) م ف.
اصل میں، واقعی، درحقیقت.

واقِعی (کس نیز فت ق) م ف.
حقیقتاً، حقیقت میں، فی الحقیقت، دراصل، سچ مچ.

واقِف (کس ق) صف.
۱. آگاہی رکھنے والا، جاننے والا، شناسا، آگاہ، ہوشیار، خبردار، باخبر، مطلع. ۲. ماہر، تجربہ کار، چابک دست. ۳. عوام کی فلاح کے لیے کسی عمارت یا جائیداد (مثلاً مسجد، مدرسہ، پُل یا مسافر خانہ وغیرہ) کو وقف کرنے والا. [ع].

واقف کار صف. ۱. جس کو کسی چیز یا کام سے آگاہی ہو، باخبر؛ شناسا نیز جان پہچان والا، ملاقاتی. ۲. (مجازاً) ماہر، تجربہ کار، آزمودہ کار، جہاں دیدہ، کام اچھی طرح جاننے والا.

واقف ہونا ف مر. ۱. جاننا، شناسا ہونا؛ سمجھنا، علم رکھنا. ۲. ہم بستر ہونا، مجامعت کرنا، صحبت کرنا.

واقِفِیّت (کس نیز سک ق، کس ف، فت ی نیز شدی مع بفت) امث.
۱. علم، آگاہی، معلومات، خبر. ۲. (مجازاً) علمیت، استعداد، صلاحیت، درک. ۳. جان پہچان، شناسائی، تعارف. ۴. عملی پہچان.

واک امث.
۱. تفریح (وغیرہ) کے لیے پیدل چلنا، چہل قدمی کرنا، ٹہلنا، پیدل سیر کرنا، چلنا. ۲. کسی خاص مقصد کے لیے پیدل جلوس نکالنا تاکہ لوگ متوجہ ہوں اور اس مقصد کی اہمیت جان سکیں. [انگ].

واک آؤٹ امذ. احتجاجاً اپنی نشست چھوڑ کر چلا جانا؛ اجلاس وغیرہ میں شرکت نہ کرنا، احتجاج.

واکر (فت ک) امذ.
بچوں کو چلنا سکھانے کا گڈولنا نیز معذوروں یا مریضوں کو چلانے کا گڈولنا. [انگ].

واکی ٹاکی امذ.
ٹرانسسٹر کی طرح کا قدرے فاصلے سے گفتگو کرنے کا بیٹری سے چلنے والا آلہ، ایک دو طرفہ ریڈیو نما چیز جو بولنے اور سننے کے لیے بالخصوص پولیس والوں یا محافظوں کے پاس ہوتا ہے. [انگ].

... والا لاحقہ.
۱. نسبت رکھنے والا (کسی شہر یا جگہ سے). ۲. (برائے فاعلیت)؛ جیسے: مرنے والا، کاٹنے والا وغیرہ. ۳. کسی خوبی یا صلاحیت کا حامل، قابل، لائق. [س].

والا صف.
بلند، اونچا، بزرگ، بڑا، عالی. [ف].
والا صِفات صف. اعلیٰ خوبیوں والا، بڑی، خوبیوں کا مالک.
والا نَسَب صف. اعلیٰ خاندان کا؛ بڑی بزرگی والا، بلند مرتبہ؛ شریف النسل.
والِد (کس ل) امذ.
اب، ابا، باپ، پدر. [ع].
والِد ماجِد امذ. (لفظاً) والد بزرگوار؛ (تعظیماً) باپ، پدر.
والِدَہ (کس ج ل، فت د) امث.
ماں، مادر، اُم. [ع].
والِدَین (کس ج ل، ی لین) امذ؛ ج.
ماں اور باپ، مادر و پدر (دونوں).
وَالسَّلام فقرہ.
دیکھیے: و کے تحت.
وَاللّٰہ فقرہ.
دیکھیے: و کے تحت.
واللّٰہ اعلم بالصواب فقرہ. (عربی فقرہ اُردو میں مستعمل) دیکھیے: و کے تحت.
والِہ (کس نیز فت ل) صف.
فریفتہ، عاشق، شیدا، مفتوں. [ع].
والِہ و شَیدا صف. عاشق، فریفتہ، مفتوں.
والِہانَہ (کس ل، فت ن) (الف) صف؛ م ف.
۱. عاشقوں کی طرح کا، عاشقوں جیسا ۲. جذباتی لگاؤ والا، دلی، گہرا (تعلق نسبت وغیرہ). (ب) م ف شیفتگی کے ساتھ، عاشقوں کی طرح سے.
والہانہ پن امذ. والہانہ انداز، بے اختیارانہ عمل.
والی صف؛ امذ.
۱. آقا، مالک، سرتاج نیز بادشاہ؛ مراد: خداوند تعالیٰ ۲. (i) حاکم، اولی الامر، حکم دینے والا؛ فرماں روا: امیر، حکمراں. (ii) کسی خاندان کا سربراہ. (iii) مدینے کا حاکم ۳. دوست، حمایتی، مددگار؛ محبّ، عزیز ۴. محافظ، نگہبان، نگراں ۵. گورنر، صوبے دار، حاکم صوبہ ۶. رشتہ دار، مربی، سرپرست، ولی. [ع].

والی وارث صف؛ امذ. ۱. مربی، حمایتی، پشت پناہ، سرپرست، مددگار نگراں ۲. (i) (مجازاً) نام لیوا، پوچھنے والا، حق دار، پُرسانِ حال ہم دَرد. (ii) ذمے دار، ذمے داری قبول کرنے والا.
... والی بطور لاحقہ صفت، امث.
والا کی تانیث، نسبت رکھنے والی عورت یا لڑکی، عورت جسے تعلق ہو
وامُصِیبَتا / وامُصِیبَتاہ (ضم م، ی مع، فت ب) کلمۂ افسوس.
ہائے مصیبت، کلمۂ تأسف.
وامِق (کس م) صف؛ امذ.
۱. عاشق، شیدا، مفتون ۲. دوست رکھنے والا. [ع].
واں صف.
"وہاں" کی بجائے مستعمل؛ اُدھر، اس طرف.
... واں بطور لاحقہ.
۱. (i) اعداد کی نسبت ظاہر کرنے کے لیے جیسے پانچواں، ہزارواں (ii) برائے (صفت مصادر سے) ڈھلواں، پھسلواں، جیٹھواں، رپٹواں جڑواں، ستواں، کترواں، گتھواں، کٹواں وغیرہ. (iii) علامت ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے یہ معنی والا ۲. کنواں. [مقامی].
واو حرف.
حرف "و" کا ملفوظی املا، واؤ. [ع].
واو عطف امذ. وہ واو جو دو لفظوں کے درمیان ان کو ملانے کے لیے آئے یہ "اور" کا مفہوم دیتا ہے، اسے واو مجہول کی طرح پڑھا جاتا ہے
واو لین امذ. وہ واؤ جس کے پہلے ہمیشہ زبر ہوتا ہے یہ درمیان لفظ اور آخر لفظ میں آتا ہے مثلاً پودا، موج، فوج وغیرہ.
واو مجہول امذ. وہ واو جس سے پہلے ضمہ خالص نہ ہو؛ جیسے: چور مور وغیرہ میں.
واو معدولہ امذ. وہ واو جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھا نہ جائے جیسے خود اور خواب وغیرہ میں (خصوصاً فارسی زبان میں)، واو غیر ملفوظی واو اشمام ضمہ.
واوِ مَعْرُوف امذ. وہ واو جس سے پہلے ضمہ خالص ہو؛ جیسے: نور حور، مشہور وغیرہ میں.

واوَیلا (ی لین) (الف) اند.
۱. رونا پیٹنا، آہ و زاری، گریہ و بکا، ہائے وائے، نوحہ و ماتم. ۲. شور غل، ہنگامہ، چیخ پکار. (ب) فقرہ. حیف، ہائے افسوس، وادریغا، ہائے ہائے.

واوَین (ی لین) اند: ج.
دو واؤ، حرف و سے مشابہ علامتِ وقف جو عموماً اقتباس تحریر کے شروع اور آخر میں لگائی جاتی ہے نیز کسی خاص لفظ یا نام، شعر، مصرع وغیرہ کی وضاحت کے لیے بھی مستعمل.

واہ کلمۂ تحسین: امست.
۱. تعریف و توصیف کے لیے مستعمل؛ کیا خوب، کیا کہنے، مرحبا، شاباش، چہ خوش، بہت عمدہ. ۲. (کلمۂ طنزاً) کیا خوب، چہ خوش (یعنی خوب نہیں). [ف].

واہ وا فقرہ. کلمۂ تحسین و تعریف و توصیف، کیا کہنا، کیا بات ہے، کیا خوب نیز حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کے لیے، خوب، اچھا (طنزاً بھی مستعمل).

واہ واہ کرنا محاورہ. تعریف کرنا، سراہنا، داد دینا.

واہِمہ (کس ہ، فت ب) اند.
وہ قوت جو اپنے گزشتہ (یعنی خیال میں) محفوظ خزانۂ مدرکات نیز محسوسات کا بار بار جائزہ لیتی رہتی ہے اور اس پر احکام جاری کرتی رہتی ہے، قوتِ واہمہ جس سے دیکھے، ان دیکھے، سچے جھوٹے سب طرح کے نقوش یا صورتیں ذہن میں آتی ہیں. ۲. وہم، خیال، گمان (خصوصاً) خیال باطل نیز ذہنی شبیہ.

واہی صف: اند.
۱. ٹوٹا ہوا؛ دریدہ؛ جو آسانی سے ٹوٹ یا گھل جائے. ۲. بے ہودہ، لغو، فضول، بے معنی، بے سروپا. [ع].

واہی تباہی صف. ۱. دربدر، آوارہ، خراب و خستہ، پریشان حال. ۲. فضول، بے معنی، لغو، بے ہودہ (بات).

واہی تباہی بکنا محاورہ. فضول باتیں کرنا، اوّل فول بکنا، بیہودہ باتیں کرنا، ڈینگ ہانکنا، گالیاں دینا نیز دروغ گوئی کرنا.

واہِیات (کس ہ، شد ی مع فت نیز بلا شد) (الف) امست: ج.
بے ہودہ باتیں، لغو باتیں یا بات؛ اوباشی، خرافات (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل). (ب) صف. ۱. بے ہودہ، لغو، غیر مہذب؛ فحش. ۲. فضول، بے سروپا، بے معنی؛ غلط. ۳. گھٹیا، اوچھا، خراب.

وائپَر (کس ء، فت پ) اند.
۱. موٹر گاڑی کے ونڈ اسکرین کو بارش، دھند وغیرہ سے صاف رکھنے کی ڈنڈیاں جن میں ربر کی دھار ہوتی ہے اور گول گھومتی ہیں. ۲. فرش دھوکر پانی کو ہٹانے کا ڈنڈا جس میں ربر کی دھار ہوتی ہے جس کی رگڑ سے پانی زمین سے ہٹایا جاتا ہے. [انگ].

وائٹ پیپَر (کس ء، ی مج، فت پ) اند.
سرکاری رپورٹ جو کسی مسئلے پر معلومات فراہم کرے یا تجاویز پیش کرے، قرطاس ابیض. [انگ].

وائرَس (کس ء، فت ر) اند.
۱. (i) (طب) متعدی امراض کا سبب بننے والا زہر یا جراثیم سے بھی نہایت چھوٹا کوئی عنصر جو عام خوردبین سے نظر نہیں آتا. (ii) (زراعت) فصل کی ایک بیماری جو فصل کے کیڑے تیلے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے فصل کی پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے. ۲. کوئی بڑا جذبہ یا احساس جس سے شخصیت اور معاشرے وغیرہ میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے. ۳. وہ چیز جو کسی شے کی پیدائش کا باعث ہو؛ مراد: جرثومہ. [انگ].

وائِس (کس ء) صف مذ.
قائم مقام، نائب، کسی کی جگہ کام کرنے والا، مرکبات میں مستعمل. [انگ].

وائس پرنسپل اند. جامعہ یا کالج یا کسی تعلیمی ادارے کے صدر مدرس کے نائب، مددگار صدر مدرس. [انگ].

وائس چانسلر اند. جامعہ (یونیورسٹی) کا ایک عہدہ جو سب سے بڑا اور چانسلر سے چھوٹا ہوتا ہے، وہ عہدے دار جو جامعہ کے تمام انتظامی کاموں کا ذمے دار ہوتا ہے (خصوصاً برطانوی جامعات میں انتظامی امور انجام دینے والا) شیخ الجامعہ، نائب امیر جامعہ.

وائل (کس ء) امث .
ایک طرح کا باریک نیم شفاف سوتی ، ریشمی یا اونی کپڑا . [انگ] .

وائلِن (کس ء ، ل) امث ؛ امذ .
ایک ولایتی ساز جس میں کھوکھلے جسم پر ایک کھونٹی کے ذریعے چار تار کے ہوتے ہیں اور جو ٹھوڑی کے نیچے اور کندھے پر رکھ کر ایک گز سے بجایا جاتا ہے ، بیلا ولایتی سارنگی . [انگ] .

واؤ (و مع) امذ ؛ ~ واو .
حرف "و" کا ملفوظی املا (دیکھیے : واو) .

وائے (۱) صف فقرہ ؛ ~ واے .
کلمۂ افسوس ہائے ، افسوس وغیرہ ، آزار یا رنج والم کے اظہار میں زبان پر آتا ہے . [ع] .

وائے تقدیر فقرہ . قسمت کا گلہ کرنے کے لیے مستعمل ہے ، ہائے قسمت ، ہائے مقدر .

وائیوا (ی مع نیز مع) امذ ؛ ~ وائی وا ، وائے وا .
امتحان جس میں اُمیدوار کو سوالات کے جوابات زبانی دینے ہوتے ہیں ، زبانی امتحان ، بالمشافہ امتحان . [لاط] .

وَبا (فت و) امث ؛ ~ وباء .
۱. وہ بیماری جو بہ کثرت پھیلے ؛ متعدی بیماری ؛ جیسے : طاعون ، ہیضہ وغیرہ . ۲. (مجازاً) ایسی بیماری یا مصیبت جو انسانوں کی تباہی و بربادی کا باعث ہو ، بلائے آسمانی ۳. (i) (مجازاً) خرابی ، علت . (ii) برائی یا عیب جو معاشرے میں سرایت کر جائے ، اجتماعی برائی ، برا رجحان جو عام ہو .

وبا پھوٹ پڑنا / پھوٹنا ف مر ؛ محاورہ . متعدی بیماری پھیلنا نیز کسی رجحان ، میلان یا رویے کا عام ہو جانا .

وبائے عام امث . ۱. بہت پھیلی ہوئی وبا جس میں کثرت سے ہلاکتیں ہوں ؛ مرگ عام . ۲. عام رجحان یا میلان (برے معنوں میں مستعمل) .

وَبال (فت و) (الف) امذ .
۱. گرانی ، بوجھ ، بار ؛ عذاب ، مصیبت و سختی . ۲. جرم کی پاداش ؛ کیے کی سزا (خصوصاً) وہ سزا جو خدا کی طرف سے دی جائے ، عذاب الٰہی ، قہرِ خدا . (ب) صف . ۱. بہت دشوار ، نہایت مشکل نیز بہت تکلیف دہ . ۲. مصیبت کا باعث (کوئی چیز یا بات) ؛ مضر صحت (آب و ہوا موسم وغیرہ) . [ع] .

وبال اٹھنا محاورہ . مصیبت آنا ، بپتا پڑنا .

وبال بن جانا ف مر . مصیبت کا باعث ہو جانا ، تکلیف دہ ہونا .

وبال پڑنا محاورہ . (کسی جرم یا خطا کی) سزا ملنا ، صبر پڑنا ، ظلم وستم بدلہ ملنا ، قہر الٰہی نازل ہونا .

وبال جان صف . زندگی کے لیے تکلیف دہ ؛ جو نہایت مصیبت باعث ہو .

وبال جان ہونا محاورہ . مصیبت یا پریشانی کا باعث ہونا ، عذاب جان ہونا ناگوار طبع ہونا .

وَبائی (فت و) صف .
وبا سے منسوب و متعلق ، وبا کا ، وبا کی صورت میں یا ہوا کی خرابی سے پھیلنے والا (مرض ، میلان وغیرہ) .

وبائی صورت اختیار کرنا محاورہ . خطرناک حد تک پھیل جانا ، معمول بن جانا .

وِتر (کس نیز فت و ، سک ت) امذ .
۱. وہ تین واجب رکعتیں جو نماز عشا کے آخر میں پڑھتے ہیں اور جن کی آخری رکعت میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھی جاتی ہے ۲. وہ عدد جو طاق ہو . [ع] .

وَتیرہ (فت و ، ی مع ، فت ر) امذ ؛ ~ وطیرہ .
طور ، طریقہ ، برتاؤ ، چلن ، ڈھنگ ، روش ، شیوہ ؛ (مجازاً) عادت . [ع]

وَٹّا (فت و ، شد ٹ) امذ .
۱. کوتی ، کمی ، زر کے مبادلے میں کمی ، نقصان ، گھاٹا . ۲. رشتے کے عوض رشتہ ، بدلہ ، عوضانہ . ۳. ادلا بدلی .

وٹا سٹا امذ . تبادلے میں ایک شے کے بدلے دوسری شے لینا ، مال کے بدلے مال ، مبادلہ ، ادلا بدلا .

وِٹامِن (کس و ، م) امذ .
وہ نامیاتی مرکبات جو اکثر حیوانی اور نباتاتی غذاؤں میں پائے جاتے ہیں اور صحت کے لیے بہت ضروری ہوتے ہیں ، حیاتین . [انگ] .

وَثَّہ سَٹَّہ (فت و، شد ث بفت، فت س، شد ٹ بفت) اند.
وٹا سٹا جو درست املا ہے.

وِثاق (کس نیز فت و) امث (قدیم).
۱. قید، بندش، حبس؛ رسی، بندھن، پٹی؛ زنجیر نیز باندھنے کی چیز.
۲. معاہدہ کرنا، عہد کرنا، شرط لگانا، مقرر کرنا. ۳. وفاق. [ع].

وُثُوق (ضم و نیز فت، و مع) اند؛ ج.
۱. قید، بند؛ باندھنے کی چیز (رسی یا زنجیر وغیرہ)، بندھن، بیڑی.
۲. بھروسا، اعتماد، اعتبار، یقین. ۳. مضبوطی، پختگی، استواری، استقلال، استحکام، ثابت قدمی. [وثاق کی جمع].

وَثِیقَہ (فت و، ی مع، فت ق) اند؛ ج.
۱. (i) معاہدہ نامہ، اقرار نامہ، عہد نامہ، دستاویز، سند، تمسک، لکھت.
(ii) عہد، پیمان نیز اُستواری؛ اعتماد، بھروسا. ۲. وہ رقم یا جائداد جو کسی فرمان کے ذریعے سے مقرر کی گئی ہو، وظیفہ، مشاہرہ. ۳. (تجارت) کسی کمپنی یا حکومت کا جاری کردہ تمسک یا صداقت نامہ، مقررہ سود کی ادائی کا اقرار نامہ، ہنڈی، تمسک، پرونوٹ، سند قرضہ، بونڈ.
۴. (سیاسیات) وہ کاغذ جو کسی مجلس میں شرکت کے اجازت نامے یا انتخاب میں نامزدگی قبول کرنے کے لیے لکھا گیا ہو. ۵. ایک سرکار سے دوسری سرکار کو بھیجا جانے والا رسمی مراسلہ یا یادداشت. [ع].

وَجاہَت (فت و، ہ) امث.
۱. خوب صورتی، چہرے کی رونق، خوب روئی، خوش وضعی، حسن. ۲. توقیر، وقار، رعب، دبدبہ. [ع].

وَجْد (فت و، سک ج) اند.
۱. خوشی یا ذوق و شوق سے بے خود ہو کر جھومنے کی کیفیت یا حالت؛ سرخوشی، سرمستی نیز بے خودی؛ شیفتگی، آشفتگی. ۲. (تصوف) ایک کیفیت؛ وہ سرمستی کی کیفیت جو سماع سے بعض سماع کے شوقین یا صوفیا پر وارد ہو جاتی ہے، حال، کیف. [ع].
وجد آجانا/ آنا ف مر؛ محاورہ. وجد طاری ہونا، بے خودی چھانا؛ حال آنا.

وِجْدان (کس و، سک ج) اند.
۱. (i) جاننے اور دریافت کرنے کی قوت جو فطری طور پر ودیعت ہوتی ہے، ادراک، آگہی، شعور، بوجھ. (ii) (منطق) اپنی حالت یا کیفیت کا وہبی ادراک، ایک قسم کی اندرونی بصیرت جس میں حقیقت بلا کسی تحلیل و تجزیے کے پیش ہوتی ہے، قلبی احساس. ۲. قوت یا حس جو غیبی حقائق کے ادراک کا ذریعہ ہوتی ہے، حواس خمسہ یا عقل کی مدد کے بغیر کسی چیز کو دیکھ یا جان لینے کی صلاحیت، چھٹی حس، کشف، الہام، القا. [ع].

وِجْدانی (کس و، سک ج) صف.
۱. وجدان سے منسوب یا متعلق؛ جس کا ادراک وجدان سے ہو؛ فطری؛ وہبی (اکتسابی کے مقابل)؛ الہامی. ۲. (شاعری) الہامی، غیبی.

وِجْدانِیَت (کس و، سک ج، کس ن، فت ی) امث.
(فلسفہ) یہ نظریہ کہ بنیادی حقائق خصوصاً اخلاقی اور مابعدالطبیعیاتی براہِ راست القا ہوتے ہیں.

وُجُوب (ضم و، و مع) اند؛ ج.
کوئی کام جس کا ترک کرنا شرعاً باعث عذاب ہو، جس کے انکار سے کفر لازم ہو؛ لازم، ضروری، فرض. [ع].

وُجُود (ضم و، و مع) اند.
۱. ہستی، حیات، زندگی، موجود ہونا (عدم کا نقیض). ۲. ذات کی موجودگی، ہونے کی حالت، موجود ہونا؛ ذات، شخصیت. ۳. (تصوف) ذاتِ باری تعالیٰ. [ع].
وجود نہ ہونا محاورہ. کسی چیز کی ابتدا نہ ہونا؛ نہ پایا جانا، نہ ملنا.
وجود و عدم برابر فقرہ. ہونا نہ ہونا برابر، ہوا نہ ہوا یکساں.

وُجُودی (ضم و، و مع) صف.
۱. (i) جو سامنے موجود ہو، جس کا وجود ہو، وجود سے متعلق، ہستی سے متعلق، وجود کا. (ii) وجوبی، ایجابی، اثباتی (سلبی کی ضد). ۲. وجودیت کے فلسفے سے متعلق یا منسوب. ۳. نظریۂ وحدت الوجود کو ماننے والا، عقیدۂ ہمہ اوست کا قائل، شہودی کا مقابل. ۴. (فلسفہ) اشیا کو ان کی معروضی شکل میں دیکھنے والا، اشیا کو حقائق کی بنیاد پر دیکھنے والا، حقیقت پرست نیز یہ عقیدہ رکھنے والا کہ مجرد تصورات معروضی وجود رکھتے ہیں.

وُجُودِیَت (ضم و، و مع، کس د، فت ی) مث.
ا. بیسویں صدی میں اختراع کیا گیا کرک پیٹرک اور ژاں پال سارتر سے منسوب یہ فلسفیانہ نظریہ کہ دنیا بے مقصد، لایعنی اور غیر یقینی ہے لیکن انسان اپنے افعال اور اختیار میں کلی طور پر آزاد ہے وجودیت کے فلسفے کی بنیاد یہ دعویٰ ہے کہ وجود بہت اہم ہے اور جوہر پر مقدم ہے خاص طور پر وہ عمل جو آدمی کلی طور پر اپنی مرضی سے کرے؛ فلسفۂ وجودیت، نظریۂ وجودیت (Existentialism). ٢. موجود ہونے کی کیفیت یا حالت، موجودیت.

وُجُوہ (ضم و، و مع) اند؛ ج.
اسباب، وجہیں.

وُجُوہات (ضم و، و مع) اند؛ ج.
وجہ کی جمع الجمع، دلیلیں، سبب.

وَجْہ (فت و، سک ج) اند.
ا. (i) صورت، شکل، چہرہ، رُو، منھ. (ii) مراد: مدینہ شریف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضے کی جالی جہاں کھڑا آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو ہو جاتا ہے، مواجہہ شریف. ٢. سبب، علت، باعث، موجب. ٣. طریقہ، طور، ڈھنگ، اسلوب، انداز، طرز. ۴. ذریعہ. ۵. دلیل؛ برہان؛ دلائل. [ع].

وجہ تسمیہ اند. نام رکھنے کا سبب، کسی کا کوئی نام پڑنے کی وجہ، اسم کی توجیہ.

وَجِیہ/ وَجِیہہ (فت و، ی مع / سک ہ) صف.
ا. خوش نما، خوب صورت، خوش وضع، حسین، خوش شکل. ٢. عزت والا، معتبر، معزز، صاحبِ جاہ. [ع].

وِچار (کس و) اند.
ا. عقل، تمیز، سمجھ، شعور. ٢. خیال، رائے. ٣. فکر، سوچ، غور، تدبر؛ بچار. ۴. دریافت. [س].

وَچَن (فت و، ج) اند.
ا. لفظ، سخن، گفتگو، بولنا. ٢. قول، عہد، پیمان، وعدہ، قسم، بچن. [س].

وَحْدانی (فت مج و، سک ح) صف.
ا. واحد (ایک) سے نسبت یا تعلق رکھنے والا؛ اکیلا، وحدت رکھنے والا، جس کے اجزا یا حصے نہ ہوں، جو اکائیوں سے مل کر نہ بنا ہو. ٢. توحیدِ الٰہی کا قائل، موحد.

وحدانی طرزِ حکومت مث. وہ طرزِ حکومت جس میں صوبے یا ریاستیں مل کر وفاق بناتے ہیں لیکن تمام اختیارات مرکز کو حاصل ہوتے ہیں وفاقی طرزِ حکومت، وحدانی حکومت.

وَحْدانِیَّت (فت مج و، سک ح، کس ن، فت ی مع بعد نیز بلا شد) مث.
ا. (i) اکیلا ہونے کی حالت، اکیلاپن، واحد ہونا، یکتائی. (ii) (سیاسیات) مختلف صوبوں یا ریاستوں کا اتحاد، متحد ہونے کی حالت. ٢. (خصوصاً) خدا کی یکتائی، احدیت، توحید.

وَحْدَت (فت مج و، سک ح، فت د) مث.
ا. ایک ہونا، واحد ہونا، فرد ہونا (کثرت کا نقیض). ٢. اللہ تعالیٰ کا ایک ہونا، توحید، احدیت، یکتائی؛ (مجازاً) اللہ تعالیٰ، ذاتِ باری تعالیٰ. ٣. اجماع، مرکزیت، اتحاد، متحد ہونے کی حالت، ایک ہونے کی کیفیت، یک جہتی؛ (مجازاً) ہم آہنگی. [ع].

وحدت الوجود اند. (تصوف) یہ نظریہ کہ جو کوئی شے وجود رکھتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کا صرف مظہر نہیں بلکہ جزو ہے اور تمام اشیا ایک وجود کے مظاہر اور اس کی شاخیں ہیں، ہمہ اوست کا نظریہ.

وَحْدَہٗ فقرہ.
وہ (اللہ) ایک ہے (عربی فقرہ اُردو میں مستعمل).

وحدہٗ لاشریک فقرہ. (اللہ تعالیٰ) ایک ہے اور اس کا کوئی شریک یا ساتھی نہیں؛ مراد: اللہ تعالیٰ.

وَحْدِیَت (فت مج و، سک ح، کس د، فت ی) مث.
ا. وحدت کی حالت، ایک ہونے کی کیفیت، یکتائی، یگانگت نیز (فلسفہ) یہ نظریہ کہ حقیقت بنیادی طور پر ایک ہی ہے اور اشیا کا ظہور محض فریبِ نظر ہے (کثرتیت کی ضد). ٢. (نفسیات) یہ نظریہ کہ ذہن اور جسم بنیادی طور پر ایک ہی چیز کے دو پہلو ہیں اور ان میں کوئی تفاوت نہیں ہے.

وَحْشَت (فت مج و، سک ح، فت ش) مث.
ا. رمیدگی، بھاگنا؛ (خصوصاً) آدمیوں سے ڈر کر بھاگنا، بھڑک،

بدک .۲. سودا ، خبط ، خفقان ؛ جنون ، دیوانگی .۳. حیوانیت ، درندگی ، بہیمیت ؛ جہالت ، غیر متمدن حالت ، غیر مہذب حالت .۴. اُداسی ، ویرانی ؛ تنہائی .۵. خوف ، ڈر ، ہیبت ، گھبراہٹ ، دہشت . [ع].

وحشت برسنا محاورہ . بہت وحشت کے آثار ہونا ، نہایت خوف ظاہر ہونا ، گھبراہٹ نمایاں ہونا (عموماً چہرے پر).

وحشت زدہ صف : اند . وحشت کا مارا ہوا ، وحشت میں مبتلا ، ہیبت زدہ ، خوف زدہ ؛ حواس باختہ ، گھبرایا ہوا ؛ خبطی ، سودائی ، پاگل ، مجنوں ؛ (کنایۃً) عاشق.

وحشت ناک صف . بہت ڈراؤنا ، خوف سے پُر ، ڈر ، خوف پیدا کرنے والی ، خوف ناک ، بھیانک ، گھبرا دینے والی ، دہشت ناک.

وَحْشی (فت ج و ، سک ح) صف .
ا . جنگلی جانور جو آدمیوں سے بھاگ جائے ، جو انسانوں سے مانوس نہ ہو . ۲. (i) صحرائی ، جنگلی ، جنگل کا باسی . (ii) بھڑکنے والا ، گھبرانے والا ، ایک حال پر نہ رہنے والا .۳. (i) اجنبی ، غیر مانوس . (ii) دیوانہ ، سودائی ، خبطی .۴. غیر مہذب ، غیر متمدن ، ناتراشیدہ ؛ اجڈ ، ان گھڑ ، بدسلیقہ . [ع].

وَحْشِیانہ (فت ج و ، سک ح ، کس ش ، فت ن) صف : م ف .
وحشت والا ، وحشیوں کے طرز ، طریقے ، انداز کا ، بربریت پر مبنی نیز غیر مہذبانہ .

وَحی (فت و) امث .
ا . (شریعت) وہ حکم یا پیغام جو اللہ تعالیٰ نے کسی نبی یا رسول پر اپنے خاص فرشتے (جبرئیل علیہ السلام) کے ذریعے اپنی مخلوق کی ہدایت کے لیے نازل فرمایا ہو ، کلام الٰہی جو آسمان سے نازل ہوتا رہا ہے اور یقینی اور قطعی علم پر مشتمل ہے ، حکم شرعی .۲. (i) (شریعت) وہ ذریعۂ غیبی جس کے سبب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کسی نبی یا رسول کو کوئی علم حاصل ہوتا ہے اور اس حصول علم میں نبی یا رسول کی اپنی کسی صلاحیت کا دخل نہیں ہوتا . (ii) مکالمۂ الٰہی ، اللہ کی بات ، اللہ کا کلام .۳. دل میں ڈالنا یا جو کچھ کسی دوسرے کے خیال میں ڈالا جائے ، الہام . [ع].

وحی غیر متلو امث . وحی جو پڑھی نہ جائے ، جس کی تلاوت نہ کی جائے ؛ مراد : سنت رسول ، حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم .

وحی متلو امث . اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ کلام ، جس کی تلاوت کی جاتی ہو ، مثلاً قرآن مجید ؛ وحی کے الفاظ جن کی تلاوت کی جاتی ہے ؛ مراد : قرآن مجید ، کلام اللہ ، کتابِ الٰہی .

وحی نازل ہونا ف مر . وحی اُترنا ، وحی آنا ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہونا ، القا ہونا .

وَحِید (فت و ، ی مع) صف .
ا . تنہا ، اکیلا ، یکتا ، یگانہ .۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام .۳. بنیادی ، اصلی ؛ واحد . [ع].

وَداع (فت نیز کس و) امث .
ا . رخصت ، روانگی نیز ترک کرنا ، چھوڑنا .۲. دلہن کی اپنے گھر سے رخصت نیز دلہن کی رخصتی کی تقریب یا رسم . [ع].

وِداعی (کس و) (الف) صف .
وداع سے متعلق یا منسوب ، وداع کا ، الوداعی ، رخصت کے وقت کا ، روانگی کے وقت کا ؛ آخری ، اختتامی . (ب) امث . جدائی ، رخصت ، خیرباد .

وِدْواہ (کس ج و ، سک د) امث : ← ودھوا .
عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو چکا ہو ، بیوہ . [س].

وَدُود (فت و ، و مع) صف .
اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات میں سے ایک ، جو تمام مخلوقات پر احسان کرے اور ان کی بھلائی چاہے ، بہت رحم کرنے والا ، بھلا چاہنے والا ، محبت کرنے والا ، شفیق ؛ دوست . [ع].

وِدْیا (کس و ، سک نیز شد و بکس) امث .
ا . (i) علم ، بدیا ، فلسفہ . (ii) غائب کا علم ، علم نجوم نیز جادوئی صلاحیت . ۲. دانش ، سمجھ ، عرفان ، واقفیت ؛ آگہی .۳. ہنر ، کمال ، فن .۴. استعداد طاقت ، قوت . [س].

ودیا ساگر صف اند . علم کا سمندر ؛ مراد : بہت بڑا عالم ، بہت علم رکھنے والا ، علامہ .

وَدِیع (فت و، ی مع) صف.
۱. دینے والا، عطا کرنے والا. ۲. امانت رکھنے والا شخص. [ع].

وَدِیعَت (فت و، ی مع، فت ع) مث.
کسی کی تحویل میں دی ہوئی چیز؛ امانت، سپردگی. [ع].

ودیعت ہونا ف مر. عطا ہونا؛ (قدرت کی طرف سے) ملنا.

وِدھاتا (کس و) (الف) صف.
۱. خالق مطلق؛ برہما. ۲. منتظم، بندوبست کرنے والا. (ب) اند.
۱. ودھاتا چھند. ۲. قسمت نیز کام دیو کا ایک لقب. [س].

وِدْھوا (کس و، فت نیز سک دھ) مث.
عورت جس کا شوہر مر گیا ہو، بیوہ. [س].

وَڈیرا / وَڈیرَہ (فت و، ی مج / فت ر) اند.
۱. (کاشت کاری) زمین دار، جاگیر دار (بالخصوص صوبہ سندھ کا).
۲. مراد: بہت امیر کبیر شخص، نہایت بارسوخ آدمی، عام آدمیوں سے بڑھ کر. [سندھی].

وِڈیو (کس، ڈ، و مج) مث: ← ویڈیو.
بصری شبیہوں کو مقناطیسی فیتے یا قرص یا تھالی پر ریکارڈ کرنے، ان کی نقلیں تیار کرنے یا نشر کرنے کا عمل نیز اس عمل کے ذریعے تیار کردہ فلم. [انگ].

وڈیو فلم مث. ویڈیو کیمرے سے بنائی گئی فلم جو ویڈیو فیتے پر ریکارڈ کی گئی ہو.

وَر (۱) (فت و) صف.
۱. حاوی، غالب، بھاری؛ جیتا ہوا؛ فائق؛ بالادست؛ نہایت اچھا؛ بڑھا ہوا. ۲. اوپر، والا، صاحب، خداوند؛ سینہ؛ گرمی، حرارت؛ وہ تختہ جس پر لڑکوں کو لکھنا سکھایا جاتا ہے. [س].

ور رہنا محاورہ. غالب رہنا؛ برتر رہنا، فتح یاب ہونا، بازی لے جانا.

ور ہونا محاورہ. غالب ہونا، برتر یا زبردست ثابت ہونا؛ جیت جانا؛ بازی لے جانا.

وَر (۲) (فت و) صف: اند.
۱. چاہنے والا؛ عاشق (بر (۲) مع تحتی الفاظ). ۲. رشتہ (بالخصوص ازدواج کا)، شوہر یا دولھا. ۳. بزرگ، بڑا، سب سے بڑا؛ نامی، نامور. [س].

ور مالا مث. (ہندو) ہار جو لڑکی کے گلے میں شادی کے لیے پسند کی علامت کے طور پر ڈالا جاتا ہے.

وَر (۳) (فت و) لاحقہ (الف) اند.
لاحقۂ فاعلی بہ معنی والا (جیسے: ہنرور، دانش ور، دیدہ ور وغیرہ)
(ب) لاحقۂ برائے وصفیت. بہ معنی والا، رکھنے والا. [ف].

وَرا / وراء (فت و) صف؛ م ف.
۱. پس، پیچھے، عقب، پس پشت. ۲. ماورا، باہر، آزاد، عاری. ۳. سوا، علاوہ؛ ماسوا اللہ، مراد: دنیا، مخلوق. [ع].

وِراثَت (کس و، فت ث) مث.
مرنے والے کے مال کا وارث ہونا، ارث، ترکہ، میراث، ورثہ. [ع].

وِراثتاً / وِراثۃً (کس و، فت ث، تن ت بفت) م ف.
ازروئے وراثت؛ بطور ترکہ، وراثت سے، ورثے میں. [ع].

وَرّاق (فت و، شد ر) صف مذ.
۱. سونے چاندی کو کوٹ کر باریک ورق بنانے والا؛ ورق ساز، پنی ساز، پنی والا. ۲. (i) ہاتھ سے لکھ کر کتابیں بیچنے والا نیز ناشر نیز کتب فروش. (ii) لکھنے والا، محرر، کاتب نیز مصنف. ۳. کاغذ بیچنے والا، کاغذ فروش، جلد ساز؛ قلم اور دوات وغیرہ بیچنے والا، اسٹیشنری فروخت کرنے والا. [ع].

وِرانڈا / وَرانڈہ (فت و، سک ن / فت ڈ) اند: ← برانڈا.
برآمدہ. [انگ].

وُرَثا / وُرَثاء (ضم و، فت ر / فت ر، ر) اند؛ ج.
میراث پانے والے؛ ورثے کے مستحق؛ قانونی وارث.

وَرَثَہ (فت و، ر، ث) اند؛ ج.
وارث کی جمع؛ ورثا، میراث پانے والے لوگ. [ع].

وِرْثَہ (کس نیز فت و، سک ر، فت ث) اند.
مردے کا مال، میراث، ترکہ. [ع].

وَرْد (فت و، سک ر) اند.
۱. گل، پھول، گلاب کا پھول. ۲. مراد: شیر. ۳. مراد: سیاہی مائل سرخ گھوڑا. ۴. پھول کی پتی، پنکھڑی. ۵. کوئی درخت یا پودا جس میں پھول آرہے ہوں. [ع].

وِرْد (کس نیز فت و، سک ر) امذ.
۱. (مجازاً) ہر روز کا معمول ؛ وہ کام جو روزانہ بلا ناغہ کیا جائے .۲. کسی بات کو یا کسی نام کو بار بار دہرانے کا عمل ، جاپ ، رٹ .۳. قرآن کی کوئی آیت یا دعا کے کلمات کا بطور وظیفہ پڑھنا ، اسمائے ربانی یا قرآن شریف کی کسی آیت یا سورۃ یا کسی دعا وغیرہ کی بار بار تلاوت .
۴. پہنچ ، رسائی ، آمد . [ع].

ورد زباں صف. زبان پر چڑھا ہوا ، ازبر ، نوکِ زباں.

ورد کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (کسی کام کا) معمول باندھنا ، عادت ڈالنا.
۲. بار بار پڑھنا ، دہراتے رہنا ، جپنا .۳. یاد کرنا ، ازبر کرنا.

وِرْدان (فت و، سک ر) امذ.
دلی خواہش کا پورا ہونا ؛ خوش خبری ، نوید ، پیغام الہامی ، تائید غیبی نیز دعا ، دعا دینا ؛ انعام ؛ صلہ . [س].

وَرْدی (فت و، سک ر) امث.
۱. پولیس یا فوج یا کسی ادارے کا مخصوص اور مقررہ لباس جس سے اس ادارے ، عہدے یا جماعت کی پہچان ہو ، یونیفارم .۲. مقررہ رنگ کا لباس ، ایک ہی طرح کے رنگ کی پوشش . [س].

وَرْزِش (فت و، سک ر، کس ز) امث.
۱. مہارت حاصل کرنے کے لیے کسی کام کو بار بار کرنے کا عمل ، مشق ، ریاضت .۲. ڈنڈ پیلنا یا اور کوئی جسمانی محنت کا کام جس سے بدن چاق اور چست رہے ، صحت کی بحالی کے لیے جسمانی قوت کا استعمال ، ہاتھ ، پانو ، گردن وغیرہ کو ایک خاص انداز میں حرکت دینا ، کسرت نیز جسمانی حرکت .۳. جسمانی یا ذہنی محنت ، مشقت .

وَرْطہ (فت و، سک ر، فت ط) امذ.
۱. چکر ، گردش ، الجھن ، پریشانی .۲. (مجازاً) کوئی مشغلہ یا تحریک یا ادارہ جو انسان کی ساری توجہ کو جذب کرلے اور وہ اس میں غرق ہو کر رہ جائے . [ع].

ورطہ حیرت میں ڈال دینا ف مر. نہایت حیران کر دینا.

وَرَع (فت و، ر) امث.
(اصطلاحاً) نفس کا نیک اعمال اور پسندیدہ افعال پر کاربند ہونا اور اُن کے کرنے میں عمداً کوتاہی اور سستی ظاہر نہ کرنا ، گناہوں سے بچنا ، ممنوعاتِ شرعی سے باز رہنا ، مذہبی لحاظ سے مشکوک کاموں سے بچنا ، پرہیز گاری ، تقویٰ ، نیکی ، پارسائی ، زہد . [ع].

وَرْغلانا (فت و، سک ر، فت غ) ف م.
۱. بھٹکانا ، گمراہ کرنا ، بہکانا نیز اغوا کرنا .۲. لڑائی پر آمادہ کرنا نیز دھوکا دینا ، فریب دینا . [ع].

وَرَق (فت و، ر) امذ.
۱. (i) درخت کا پتا ، پات ، برگ . (ii) پھول کی پنکھڑی ، پھول کی پتی . (iii) سونے یا چاندی کا باریک کوٹا ہوا پترا جس کو فارسی میں ورق زر نگیں کہتے ہیں . (iv) ایک نہایت نفیس طلائی کاغذ جو پان اور مٹھائی وغیرہ پر خوب صورتی کے لیے چڑھاتے ہیں .۲. کتاب یا کاغذ کے دونوں صفحوں کا مجموعہ ، کاغذ کا ٹکڑا ، کاغذ کا پرچہ ، کتاب یا رسالے وغیرہ کا صفحہ .۳. بیل کرتیلی کی ہوئی روئی یا روئی جیسی کوئی چیز .۴. پترا یا پٹی ، پنی (انگ : Foil) . [ع].

ورق الخیال امذ. ۱. بھنگ ، حشیش .۲. (مجازاً) گورکھ دھندا.

ورق کے ورق سیاہ کرنا محاورہ. بہت کچھ لکھنا ؛ بے کار تحریر کرتے رہنا ، غیر ضروری تفصیلات بیان کرنا.

ورق گردانی کرنا ف مر؛ محاورہ. کتاب وغیرہ کے اوراق اُلٹنا ، کتاب پڑھنا نیز سرسری پڑھنا ، غور سے نہ پڑھنا ، کسی کتاب وغیرہ کو لفظاً لفظاً نہ پڑھنا ، سرسری طور پر پڑھ کر صفحات پلٹنا.

وَرَقہ (فت و، سک نیز فت ر، فت ق) صف.
۱. ورق سے منسوب ، ورق والا ، ورق کا .۲. (نباتیات) پتے کا بالائی سبز پھیلا ہوا پتلا حصہ ، بڑا سا برگہ یا دو برگہ جو خوشے یا گچھے کو ڈھانپے لپیٹے ہوئے ہو ، کنچۂ گل ، غلاف گل (انگ : Spathe) .۳. ورق خصوصاً ایک ورق نیز آسمانی کتاب کا ورق نیز صحیفہ ، آسمانی کتاب .

وَرْقی (فت و، فت نیز سک ر) صف.
۱. ورق سے منسوب ، ورق کا ؛ ورق والا (جیسے : دو ورقی) ؛ (مجازاً) پرت دار ، تہوں والا .۲. پتے جیسا ، پتے کی ساخت والا ؛ (مجازاً) پتلا ، باریک ، جھلی نما .

وَرَم (فت و، ر) اند.
سوجن، بیماری یا چوٹ کے سبب جسم کے کسی حصے کا پھول جانا. [ع].

وَرنَہ (فت و، سک ر، فت ن) حرف شرط.
نہیں تو، پھر، وگرنہ. [ف].

وُرُود (ضم و، ومع) اند.
۱. آنا، اترنا، وارد ہونا، ظاہر ہونا ۲. رونق افروزی، تشریف آوری، نزول، آمد ۳. موصول ہونا، پہنچنا، ملنا (خط وغیرہ). [ع].

وَرِید (فت و، ی مع) مث.
(لفظاً) گردن کی رگ؛ وہ رگ جو گندہ خون پھیپھڑوں میں پہنچاتی ہے اور وہاں صاف ہوکر وہ خون شریانوں کے ذریعے جسم میں پھیل جاتا ہے، رگ (انگ: Vein). [ع].

وِزَارَت (کس نیز فت و، فت ر) مث.
۱. وزیر کا عہدہ، وزیر کا کام، وزیر ہونے کی حالت یا کیفیت ۲. ریاست کے وزیر کا دفتر، وزیر کا محکمہ، مدارالمہامی ۳. کابینہ؛ حکومت. [ع].

وِزارت عظمیٰ مث. وزیراعظم کا منصب، وزیراعظم کا عہدہ.

وِزَارَتی (کس نیز فت و، فت ر نیز سک) صف؛ اند.
وزارت سے متعلق یا منسوب، وزارت کا.

وُزَرا/ وُزَراء (ضم و، فت ز) اند؛ ج.
۱. بہت سارے وزیر؛ وزیر کی جمع ۲. صوبے دار ۳. (کنایتہً) انصار، مدینے کے وہ مقامی صحابہ جنہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور مہاجرین کی ہر طرح مدد کی اور اپنے بھائی بنا کر اپنی جائداد میں حصہ دیا.

وَزن (فت و، سک ز) اند.
۱. (لفظاً) پلڑا، پیمانہ؛ اندازہ ۲. (i) (انسانی جسم کا) بوجھ، بار. (ii) ناگوار کیفیت، تکلیف دہ صورت ۳. ترازو کے ایک پلڑے میں تولنے کے لیے رکھے جانے والے باٹ ۴. ایک لفظ کے متحرک اور ساکن حروف کا دوسرے لفظ کے متحرک اور ساکن حروف کے مطابق ہونا، دو کلموں کی حرکات وسکنات کا برابر ہونا ۵. (عروض) شعر کے متحرک اور ساکن حروف کا ارکان سے ملاپ، مصرعے یا شعر کے موزوں ہونے کی حالت، بحر، شعر (کی تقطیع) کا پیمانہ. [ع].

وزن دار صف. (مجازاً) بوجھل، بھاری، وزنی؛ ثقیل.

وزن رکھنا محاورہ. ۱. بھاری ہونا، وزن دار ہونا، وزنی ہونا ۲. باوقعت ہونا، قدر رکھنا؛ اہم ہونا.

وَزنی (فت و، سک ز) (الف) مث.
۱. وزن دار، بھاری، بوجھ والا ۲. شے جو تل کر بکے، چیز جس کا وزن کرکے بیچا جائے (نہ کہ عدد گن کر) ۳. (مجازاً) باوقعت، معتبر مؤقر، اہم؛ مؤثر. (ب) صف. وزن سے متعلق یا منسوب، وزن کا.

وَزِیر (فت و، ی مع) اند.
۱. (لفظاً) بوجھ اُٹھانے والا، وہ شخص جو بوجھ اُٹھانے میں کسی کا شریک ہو ۲. بادشاہ کے ساتھ کام کرنے والا، نائبِ سلطان، دیوان، مشیرِ سلطان ۳. تاش کا ایک پتا، گنجفے کا پتا جسے غلام بھی کہتے ہیں. [ع].

وزیراعظم اند. پارلیمانی نظام حکومت کا سربراہ جو پارلیمنٹ کے نمائندۂ ایوان میں اکثریتی جماعت کا قائد ہوتا ہے، وفاقی کابینہ کا سربراہ جو وزیروں کو نامزد اور برطرف کرنے کا اختیار رکھتا ہے، وفاقی حکومت کا سربراہ، پردھان منتری (انگ: Prime Minister).

وِژن (کس و، فت ژ) اند.
۱. جو کچھ نظر آئے، منظر، نظارہ تیز نظر، بینائی، بصارت ۲. مدبرانہ نظر تیز سیاسی بصیرت، ژرف نگاہی، تدبر، نقطۂ نظر ۳. تخیل، سوچ، خیال ۴. خواب یا کشف کے عالم میں دیکھا ہوا منظر، کشف، وجدان، الہام القا. [انگ].

وِس (کس و) ضمیر.
اِس.

وُس (ضم و) ضمیر.
اُس.

وَساطَت (فت نیز کس و، فت ط) مث.
۱. وسیلہ، توسط، توسل؛ بیچ ۲. ذریعہ، واسطہ. [ع].

وَساوِس (فت و، کس و) اند؛ ج.
۱. وہ خیالات یا خدشات جو کسی کام کو کرنے سے پہلے دل میں پیدا ہوتے ہیں، خوف، خدشات ۲. برے خیالات، برائی پر اُبھارنے والے خیالات، گناہ کے خیالات، نفسانی خیالات.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

وَسائِل (فت و، کس ء) اند ؛ ج.
ذرائع، واسطے، وسیلے. [ع].

وَسْط (فت و، سک س) اند.
۱. کسی چیز کے بیچ کا حصہ، درمیان، میان. ۲. درمیانی، نہ بہت کم نہ بہت زیادہ، متوسط، معتدل. [ع].

وَسْطی (فت و، سک س) صف.
درمیانی، بیچ کا، وسط کا، وسط سے متعلق یا منسوب.

وُسْطیٰ/ وُسْطے (ضم و، سک س، ا بشکل ی) صف.
۱. بیچ کا، درمیانی؛ اوسط. ۲. فوج کے دستوں کی ترتیب میں درمیان کا حصہ جو یسار و یمین کے بیچ میں ہوتا ہے؛ قلب. ۳. ہاتھ کی درمیانی انگلی، ہاتھ کی بیچ کی انگلی. [ع].

وُسْعَت (ضم و، سک س، فت ع) امث.
۱. پھیلاؤ، کشادگی، فراخی؛ چوڑائی. ۲. گنجائش، سمائی. ۳. افراط، بہتات؛ شدت. [ف + ع].

وسعت پذیر صف. فروغ پانے والا، پھیلنے والا یا پھیلتا ہوا؛ اضافہ شدہ.

وسعت نظر امث. وسیع النظری؛ فراخ دلی؛ حوصلہ مندی؛ بصیرت، نظر کی گہرائی، فراست.

وَسْمَہ (فت و، سک س، فت م) اند.
نیل کی پتی سے بنا ہوا سیاہی مائل سرخ مرکب (خضاب) جس سے بالوں کو رنگتے ہیں. [ع].

وَسْواس (فت و، سک س) اند.
۱. برا خیال جو دل میں آئے، وہم، شک و شبہ؛ گمان، ظن؛ الجھن، تردد. ۲. خوف، اندیشہ، ڈر، ہراس، دہشت، ہول. [ع].

وَسْوَسَہ (فت و، سک س، فت و، س) اند.
شیطانی خیال جو کفر اور گناہ کا باعث ہو، برا خیال جو دل میں گزرے، وہم، وسواس، شک، شبہ، بدگمانی، جھوٹا خیال. [ع].

وَسیع (فت و، ی مع) صف.
چوڑا، کشادہ، عریض؛ فراخ، گنجائش والا. [ع].

وسیع و عریض صف. جو بہت لمبائی اور چوڑائی رکھتا ہو، بہت لمبا چوڑا، بہت وسیع، کشادہ، فراخ.

وسیع و عمیق صف. بہت چوڑا اور گہرا.

وَسیلَہ (فت و، ی مع، فت ل) اند.
۱. ذریعہ، واسطہ، وساطت، توسط؛ سبب. ۲. سہارا، آسرا. ۳. وہ شخص جو سفارش یا شفاعت کرے، وہ چیز جو کسی حد تک پہنچنے کا ذریعہ ہو. [ع].

وَسیم (فت و، ی مع) صف.
(لفظاً) نشان والا، نشان کیا ہوا؛ مراد: خوب صورت، حسین، خوب رو، خوش وضع. [ع].

وَش (فت و) صف؛ اند.
۱. اچھا، خوب، خالص. ۲. بطور لاحقہ (حرف تشبیہ) جیسا، مانند، مثل، نظیر، شمائل؛ تراکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل؛ جیسے: پری وش، ماہ وش. [ف].

وِشال (کس و) صف.
۱. بہت بڑا، چوڑا اور پھیلا ہوا، عظیم، وسیع و عریض. ۲. مشہور، نامی، نام ور. [س].

وِشْنُو (کس و، سک ش، و مع) اند.
۱. (لفظاً) سرایت کرنے والا، نفوذ کرنے والا. ۲. ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک. [س].

وِشْواس (کس و، سک ش) اند.
۱. اعتبار، بھروسا، اعتماد، یقین. ۲. عقیدہ، ایمان، اعتقاد. [س].

وِصال (کس و) اند.
۱. (لفظاً) آپس میں مل جانا؛ (مجازاً) دو چیزوں کا ایک ہوجانا، ملاپ، ملنا، قرب، ملن. ۲. (کنایۃً) وصل، ہم بستری، جماع، مباشرت. ۳. (i) موت، انتقال، وفات (بالخصوص کسی نیک ہستی کے لیے مستعمل) (ii) (تصوف) تعین کا اٹھ جانا اور ہستی مجازی سے جدائی کا واضح ہونا (نیک ہستیوں کی رحلت، بزرگان دین کا انتقال). [ع].

وَصْف (فت و، سک ص) اند.
تعریف نیز خوبی، اچھی بات، صفت، خاصیت؛ خو، خصلت؛ کمال ہنر، جوہر؛ سلیقہ، پہچان. [ع].

وَصْفیّت (فت و، سک ص، شد ی مع بفت) امث.
خاصیت، صفت ہونا، تعریف کرنے کا فعل یا حالت، کسی صفت کی کیفیت یا بیان.

وَصْل (کس و، سک ص) امذ.
۱.میل ملاپ، ملاقات (خصوصاً) عاشق و معشوق کا ملنا (ہجر کا نقیض).
۲.جسمانی ملاپ، صحبت، ہم بستری، مجامعت.۳.ملنا، چسپاں ہونا، پیوست ہونا، جوڑ سے جوڑ ملنا.۴.(تجوید) عبارت قرآن مجید کو ملا کر یعنی سانس روکے بغیر پڑھنا. [ع].

وَصْلی (فت و، سک ص) صف.
۱.ملنے والا، وصل حاصل کرنے والا.۲.(کنایۃً) دو نسلوں کا، دوغلا، مختلف النسل لوگوں کے ازدواج سے پیدا ہونے والا.

وُصُول (ضم و، و مع) امذ.
۱.پانا، حاصل کرنا، لینا، حصول (اردو میں کرنا اور ہونا کے ساتھ مستعمل).
۲.رسیدہ چیز، پہنچا ہوا روپیہ یا مال. [ع].

وصول کنندہ صف. وصول کرنے والا؛ پانے والا؛ حاصل کرنے والا.

وصول یابی امث.۱.رقم وصول کرنا، لینا، حاصل کرنا، بقایا وصول کرنا.
۲.ملنا، حاصل ہونا، آنا. [ف].

وُصُولنا (ضم و، و مع، سک ل) ف م.
وصول کرنا، حاصل کرنا، پانا، لینا؛ اُگاہی کرنا.

وُصُولی (ضم و، و مع) صف.
قابلِ وصول (روپیہ)، وصول طلب؛ وصول شدہ، وصول پائی ہوئی (رقم).

وَصی (فت و) امذ.
۱.(فقہ/قانون) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو، وصیت پر عمل کرنے والا؛ جسے کوئی کام یا منصب دیا گیا ہو، مختار، منصرم؛ جانشین، متولی.
۲.یتیم بچوں کا محافظ، والی یا سرپرست. [ع].

وَصیّت (فت و، شد ی مع بفت) امث.
۱.(لفظاً) ایک شے کا دوسری شے سے ملنا، اتصال.۲.ورثے وغیرہ سے متعلق کسی کو نصیحت کرنا یا ہدایت دینا.۳.کسی بات کا عہد لینا؛ کسی بات کی ہدایت کرنا.۴.وہ چیز جس کے بارے میں وصیت کی جائے موصی بہ. [ف: ع].

وصیت کرنا ف مر؛ محاورہ. سفر کو جاتے ہوئے یا مرتے وقت وارثوں کو کچھ سمجھانا یا نصیحت کرنا.

وصیت نامہ امذ. وہ تحریر جس میں سفر کو جاتے وقت یا مرتے وقت ہدایت لکھی جائے کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا یا نہ کرنا.

وَصِیلَہ (فت و، ی مع، فت ل) صف.
وصل کرانے والا، دو چیزوں کے درمیان میل اور جوڑ پیدا کرنے والا ملانے والا. [ع].

وَضاحَت (فت و، ح) امث.
(لفظاً) صاف ظاہر کرنا، نمایاں کرنا؛ مبہم بات کو کھول کر بیان کرنا روشن کرنا؛ تشریح کرنا، تفصیل کے ساتھ بیان کرنا؛ توضیح، تفصیل [ف+ع].

وَضاءَت (فت و، ء) امث.
حسن؛ پاکیزگی؛ خوبی؛ رنگ کی خوب صورتی، چہرے کی روشنی. [ع]

وَضْع (فت و، سک ض) (اردو میں بالعموم بالفتح دوم مستعمل ہے) امث.
۱.(لفظاً) ترتیب دینا، جگہ پر رکھنا.۲.شکل، صورت، حلیہ.۳.ساخت بناوٹ.۴.طرز، روش، انداز، دستور، طور طریق، رواج، رنگ ڈھنگ ۵.تفریق، منہا، گھٹانا، کم کرنا، کاٹ لینا.۶.قسم، نوع، طرح ۷.جنم دینا، جننا (بالعموم حمل کے ساتھ مستعمل).۸.تراش، کاٹ [ع].

وضع اصطلاحات امث. اصطلاحات بنانے کا کام، علمی اور فنی الفاظ کو خاص معنی دینے کا عمل، اصطلاح سازی.

وضع دار صف.۱.خوش وضع، طرح دار، خوب صورت، حسین، بانکا نیز نستعلیق، شائستہ، باسلیقہ، مہذب.۲.ایک سا چلن رکھنے والا، اپنے انداز پر قائم رہنے والا، روایتی طور طریق پر قائم رہنے والا، وضع کا پابند، پرانی وضع نباہنے والا.

وضع داری امث.۱.وضع دار ہونے کی حالت یا کیفیت؛ روایتی وضع پر قائم رہنے کا طریق، پرانے چلن کی پابندی، اختیار کیے ہوئے طریقے

پر رہنے کا طور نیز طرح داری، خوب صورتی، خوش وضعی ۔۲۔ سلیقہ، ڈھنگ، سگھڑاپا۔

وضع قطع امث. طور طریقہ، انداز؛ شکل صورت، ساخت، بناوٹ۔

وُضُو (ضم و نیز فت، و مع) اند.
۱. مسلمانوں کا طہارت حاصل کرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں چند فرائض، چند واجبات، سنتیں اور مستحبات ہیں، مسلمانوں میں نماز کے واسطے ہاتھ منھ اور پاؤں وغیرہ دھونے کا طریقہ ۔۲۔ (لفظاً) روشن رو ہونا ۔۳۔ وضو کی حالت میں، باوضو؛ پاک صاف۔ [ع]۔

وَطن (فت و، ط) اند.
وہ جگہ جہاں کوئی شخص پیدا ہوا ہو؛ ولادت گاہ، مولد، پیدائش کی جگہ، جنم بھوی؛ مستقل سکونت کی جگہ (خواہ وہاں پیدا ہوا ہو یا نہ ہوا ہو)؛ اپنا دیس، (اپنا) ملک۔ [ع]۔

وطن پرست صف. وطن سے بے انتہا محبت کرنے والا، محبِ وطن، ملک کا خیرخواہ نیز قوم پرست۔

وَطَنِیَّت (فت و، ط، شد ی مع بفت) امث.
۱. حب الوطنی، وطن پرستی کا جذبہ، ملک سے محبت کا جذبہ ۔۲۔ کسی ملک کا باشندہ ہونے کی حالت یا قانونی حیثیت، شہریت۔

وَطی (فت و) (الف) اند.
(لفظاً) پائمال کرنا، روندنا؛ ٹھوکر مارنا۔ (ب) صف. پاؤں سے روندا ہوا؛ اچھی طرح سدھا ہوا۔ [ع]۔

وَظائِف (فت و، کس ء) اند؛ ج.
۱. وظیفہ کی جمع؛ وہ دعائیں یا سورتیں یا آیات وغیرہ جو روز پڑھی جائیں، روزانہ پڑھی جانے والی دعائیں نیز وہ دعائیں یا آیات وغیرہ جو مخصوص تعداد میں صرف ایک دن یا مخصوص دنوں تک پڑھی جائیں، اوراد، تسبیحات، اذکار ۔۲۔ وہ رقوم جو نادار طالب علموں کو اُن کے علمی و دیگر اخراجات کے لیے عموماً سرکار کی جانب سے دی جائے، اسکالرشپ ۔۳۔ سالانہ یا ماہانہ مقرر کردہ امدادی رقم جو ناداروں یا کسی حادثے یا جنگ میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کو دی جائے۔
۴۔ مخصوص رقم جو ضروریات پوری کرنے کے لیے مخصوص مدت تک یا مقررہ وقت پر دی جائے، تنخواہ۔

وَظِیفَہ (فت و، ی مع، فت ف) اند.
۱. کام جو روز کیا جائے، معمول ۔۲۔ کسی بات کی رٹ ۔۳۔ تنخواہ، گزارے کی رقم یا سامان، خوراک، رزق ۔۴۔ وہ روپیہ جو طالب علم کو پڑھائی جاری رکھنے کے لیے دیا جائے، ایام طالب علمی میں وہ رقم جو طالب علم کی امداد کے لیے مقرر کی جائے، اسکالرشپ ۔۵۔ (i) وہ مخصوص رقم جو کسی خدمت کے اعتراف کے لیے ماہ بہ ماہ مقرر کر دی جائے نیز ملازمت سے سبک دوش ہونے پر ہر ماہ ملنے والی رقم، پنشن۔ (ii) ماہانہ امدادی رقم جو حکومت کی جانب سے مستحق یا مخصوص افراد کو دی جائے ۔۶۔ کسی دُعا یا اسم متبرک کا ہر روز وقت معین پر ورد کرنا، ورد، ذکر، تسبیح۔ [ع]۔

وَظِیفَہ خوار صف؛ اند. وظیفہ پانے والا، وظیفہ لینے والا، پنشن پانے والا، مالی مدد لینے والا۔

وَعْدَہ (فت و، سک ع، فت د) اند.
۱. اقرار، قول و قرار، عہد، پیمان، بچن، وچن ۔۲۔ ملنے یا ملاقات کرنے کا اقرار۔ [ع]۔

وعدہ خلاف صف؛ اند. وہ (شخص) جو اپنے وعدے کا پورا نہ ہو وعدہ پورا نہ کرتا ہو، اقرار کا جھوٹا، قول کا جھوٹا، بے وفا۔

وعدہ خلافی امث. وعدہ خلاف سے اسم کیفیت، عہد شکنی، اقرار کے برخلاف کرنا، بے وفائی۔

وعدۂ فردا اند. کل کا عہد، آنے والی کل کا اقرار، وہ عہد جو عموماً پورا نہ کیا جائے یا ٹالنے کے لیے کیا جائے۔

وعدہ معاف گواہ اند. (قانون) وہ مجرم جس سے کسی کے خلاف گواہی دینے یا اصل حقیقت پوری کی پوری بتا دینے پر معاف کر دینے کا وعدہ کیا جائے اور بعد ازیں اس کا جرم معاف کر دیا جائے، سلطانی گواہ

وَعْظ (فت و، سک ع) اند.
۱. نصیحت، پند، تلقین، ہدایت ۔۲۔ مذہبی تقریر، مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے۔ [ع]۔

وعظ دینا ف مر. وعظ بیان کرنا، نصیحت کرنا، تلقین کرنا نیز تقریر کرنا

وَعَلَیکُم السّلام فقرہ.
(عربی فقرہ اُردو میں مستعمل) دیکھیے: "و" کی تحتی.

وَعِید (فت و، ی مع) امث.
۱. دھمکی، تنبیہ، تہدید، سرزنش. ۲. (فقہ) عذاب کا ڈراوا، سزا دینے کا وعدہ، عذاب کا وعدہ. [ع].

وَغَیرَہ (فت و، ی لین، فت ر) م ف نیز اند.
اور اس کے علاوہ، اور اس طرح کے دیگر، اسی طرح کے اور بھی. [ع].

وَفا (فت و) امث.
۱. ایفائے عہد، وعدے کو پورا کرنے کا عمل، پیمان نبھانے کا کام. ۲. نباہ کرنا، ساتھ دینا، دوستی کا پورا کرنا. نباہ، نبھاؤ، ساتھ. [ع].

وفا دار صف. (لفظاً) وفا رکھنے والا؛ (مجازاً) بامروت، خیرخواہ، مخلص.

وفا داری امث. وفا کرنے کا عمل، وعدہ نبھانا نیز دیانت داری، نمک حلالی، خیرخواہی، اخلاص، مروت.

وفا شعار صف. وہ جس کی طبیعت میں وفاداری ہو، وہ جس کا شعار وفا کرنا ہو، وفا دار.

وفا کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ساتھ نبھانا، ساتھ دینا. ۲. پیمان پورا کرنا، عہد پورا کرنا، عہد پر قائم رہنا؛ خیر خواہی کرنا؛ نمک حلالی کرنا.

وَفات (فت و) امث؛ اند.
موت، مرگ، اجل، انتقال، قضا، مرن، رحلت. [ع].

وِفاق (کس و) اند.
۱. سازگاری، اتفاق، اتحاد، ہم آہنگی؛ صلح. ۲. (سیاسیات) ایک نظام حکومت جس میں دو یا زیادہ ریاستیں یا صوبے ایک مرکزی حکومت کو اپنے بعض اختیارات سونپ کر ایک مشترکہ ریاست قائم کرتے ہیں، اس نظام میں ایک اساسی دستور کے ذریعے دائرۂ کار اور اختیارات طے کیے جاتے ہیں. [ع].

وِفاقی (کس و) صف.
وفاق سے منسوب یا متعلق، وفاق سے تعلق رکھنے والا، وفاق کا.

وفاقی حکومت امث. وفاقیت کے اصولوں کے تحت قائم کی گئی مرکزی حکومت (صوبائی یا ریاستی حکومت کے مقابل).

وَفْد (فت و، سک ف) اند.
۱. نمائندوں کی جماعت یا چند اشخاص جو کوئی پیغام لے کر کسی سربراہ مملکت یا کسی افسر یا حاکم کے پاس جائیں، کوئی جماعت جسے کسی خاص معاملے میں نمائندگی کے لیے مقرر کیا جائے، نمائندہ جماعت ۲. ایلچی، سفیر. [ع].

وُفُود (ضم و، و) اند.
۱. وفد کی جمع؛ کسی مخصوص کام کے لیے بھیجی جانے والی نمائندہ لوگوں کی جماعتیں. ۲. کسی ملک کے نمائندوں کی جماعتیں جو دوسرے ملک میں اپنے ملک کے مفادات کی نگرانی یا پیغام رسانی کے لیے بھیجے جائیں؛ ایلچی، سفراء.

وُفُور (ضم و، و مع) اند.
۱. افراط، کثرت، زیادتی، بہتات. ۲. اُبال، جوش، جذبہ، شدت. [ع]

وَقار (فت و) اند.
۱. قدر و منزلت، جاہ و مرتبت، شان، ساکھ، عزت، توقیر، عظمت وقعت. ۲. حلم، بردباری؛ استقلال، ثابت قدمی، متانت، سنجیدگی. [ع]

وَقائع/ وقایع (فت و نیز کس ئ، ی، کس ع) اند؛ ج.
۱. حادثات، سانحات، وارداتیں، مصیبتیں، تکلیفیں، لڑائیاں. ۲. خبریں حالات، واقعات؛ لڑائی کے واقعات. [ع].

وقائع/ وقایع نگار اند؛ صف. ۱. اخبار نویس، نامہ نگار، خبر رساں ۲. تذکرہ نویس، مؤرخ، سوانح نگار.

وَقت (فت و، سک ق) اند.
۱. ماضی و حال و مستقبل کے واقعات کا بحیثیت مجموعی تسلسل، عہد، زمانہ، قرن، عصر، دور، زمان، ایام، جگ. ۲. وہ عرصہ جو کسی کام میں صرف ہو، مدت، وقفہ، میعاد. ۳. (مجازاً) موت کا وقت، وقت مرگ، موت. [ع].

وقت آجانا/ وقت آنا محاورہ. ۱. موسم آجانا، رت آنا. ۲. (کسی مخصوص

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کام کی گھڑی آ پہنچنا ، موقع آ جانا .۳. مصیبت آ جانا ، عیش و آرام جاتا رہنا .۴. موت کا لمحہ آ جانا ، موت کی گھڑی یا ساعت آ پہنچنا .

وقت بے وقت م ف. ۱. کسی بھی وقت ، موقع بے موقع ، ہر وقت ، چاہے مناسب موقع ہو یا نہ ہو نیز ہمیشہ ، پے در پے ، مدام ، سدا ، مسلسل .۲. اچانک ، ناگاہ ، یکا یک نیز برے وقت میں ، پریشانی میں .

وقت پر (پہ) کام آنا محاورہ. ضرورت پر کام آنا ، موقعے پر کام دینا ، مصیبت میں مددگار ہونا ، تکلیف یا تنگی میں مدد دینا .

وقت پر گدھے کو باپ بناتے / بنا لیتے ہیں فقرہ. مصیبت یا ضرورت پر بے وقوف سے بے وقوف کی خوشامد کرنی پڑتی ہے ، ضرورت کے موقعے پر ادنیٰ کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے .

وقت کاٹنا محاورہ. وقت گزارنا نیز دن پورے کرنا (عموماً) مشکل یا تکلیف میں بسر کرنا نیز دل بہلانا .

وقت گزارنا محاورہ. وقت صرف کرنا ؛ وقت کاٹنا ، وقت بسر کرنا نیز دل بہلانا .

وقت گزاری امث. وقت گزارنے کا عمل ، وقت کاٹنے کا عمل .

وقت معین امذ. طے شدہ زمانہ ، وقت مقررہ ؛ (مجازاً) موت کی ساعت .

وقت نزع امذ نیز م ف. جاں کنی کا وقت ، موت کا وقت ، وقت آخر نیز موت کے وقت ؛ مرتے وقت .

وقت وقت کی بات ہے کہاوت. حالات تبدیل ہوتے رہتے ہیں ؛ اتفاقات زمانہ ہیں ؛ اچھا برا وقت آتا جاتا رہتا ہے ، (کسی بڑی تبدیلی کے موقعے پر یا عموماً برے وقت پر کہتے ہیں) .

وقت ہاتھ سے نکل جانا/ نکلا جانا محاورہ. موقع نکل جانا ؛ وقت ضائع ہو جانا .

وقت ہو جانا / ہونا محاورہ ۱. کسی بات کا موقع ہونا ؛ مقررہ وقت آ پہنچنا نیز کسی کام کی فرصت یا مہلت ہونا .۲. بہت عرصہ ہونا ، بہت مدت ہونا.

وَقتاً (فت و ، سک ق ، تن ت بفت) م ف.

وقت پر ؛ کسی وقت .

وقتاً فوقتاً م ف. کبھی کبھی ، کسی کسی وقت ، گاہے گاہے ؛ حسب موقع ، اپنے اپنے موقعے پر .

وَقْتہ (فت و ، سک ق ، فت ت) (الف) صف.

وقت کا (عموماً بطور لاحقہ مستعمل) . (ب) م ف. مقررہ وقت پر .

وَقْتی (فت و ، سک ق) صف.

۱. وقت سے منسوب یا متعلق ؛ وقت کا ، زمانے کا ؛ زمانہء موجودہ کا .

۲. (مجازاً) عارضی .

وقتی طور پر م ف. عارضی طور پر ، تھوڑی دیر کے لیے نیز حسب موقع .

وَ قِس عَلیٰ ہٰذا فقرہ.

(عربی فقرہ اردو میں مستعمل) اور قیاس کرو اسی پر ، اور اسی پر مزید قیاس کیجیے .

وَقْعَت (فت و ، سک ق ، فت ع) امث.

۱. عزت ، مرتبہ ، قدر ، عظمت ، بزرگی .۲. شان و شوکت ؛ حیثیت . [ع] .

وقعت دینا محاورہ. اہمیت دینا ، اہم سمجھنا ؛ قدر کرنا .

وَقْف (فت و ، سک ق) امذ.

۱. (i) (لفظاً) کھڑا ہونا ، ٹھہرنا ، قیام کرنا ، رکنا ، توقف ، ٹھہراؤ ، سکون . (ii) روکنا ، روک رکھنا ؛ باز رکھنا .۲. (i) (تجوید) قرآن مجید پڑھنے میں کلمے کے آخری حرف پر آواز اور سانس کو روک کر ٹھہرنا اور اگر وہ آخری حرف متحرک ہے تو اس کو ساکن کرنا . (ii) (قواعد) تحریر میں کسی جملے یا کلمات کے درمیان وقفہ جسے نقطے یا شوشے وغیرہ سے ظاہر کیا جاتا ہے .۳. جائیداد وغیرہ اچھے مقاصد کے لیے مخصوص کر دینا ، خیرات کے طور پر نفع یا رقم یا عمارت وغیرہ عام مفاد کے لیے دینا نیز کسی جائیداد یا ذریعہ آمدن کو اس طرح تصرف میں رکھنا کہ اس کا نفع رفاہ عامہ کے لیے مخصوص ہو . [ع] .

وقف کر دینا / کرنا محاورہ. ۱. مصروف کر دینا ، مشغول کر دینا ، محو کرنا . ۲. مخصوص کر دینا ، خاص قرار دینا .۳. کسی کے لیے چھوڑنا ؛ (فقہ) خدا کے نام پر عام لوگوں کے فائدے کے لیے کوئی چیز چھوڑنا ، رفاہ عام کے واسطے چھوڑنا یا مباح کرنا .۴. ٹھہرنا ، رکنا ؛ (تجوید) قرآن مجید پڑھنے میں آواز اور سانس کو روک کر ٹھہرنا .

وقف ہونا محاورہ. ۱. مفاد عامہ کے لیے مخصوص ہونا .۲. (کسی خاص مقصد کے لیے) مشغول ہونا ، مصروف ہونا ، محو ہونا .

وَقفَہ (فت و، سک ق، فت ف) اند.
۱. کسی کام کے دوران رک جانے کا عمل، قیام، سکون، ٹھہراؤ؛ آرام. ۲. (تجوید) قرآن مجید میں وہ مقام جہاں دوران تلاوت رکنا چاہیے، وقف. ۳. تھوڑی سی دیر، دم لینے کا وقت نیز مہلت؛ تامل، توقف، فرصت. ۴. وقف ناقص جسے ایک نقطے اور واو سے ظاہر کرتے ہیں جب سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت پڑے تو یہ علامت (؛) استعمال کرتے ہیں. (Semicolon). ۵. دو کاموں کی درمیانی مدت؛ دورانیہ، زمانہ، عرصہ، دیر؛ زمانی فاصلہ. [ع].

وقفہ دینا محاورہ. ۱. موقع دینا؛ مہلت دینا، فرصت دینا. ۲. آرام دینا، دم لینے کی مہلت دینا. ۳. دو چیزوں کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھنا.

وَقفے (فت و، سک ق) اند؛ ج.
وقفہ کی جمع نیز مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل).

وقفے وقفے سے م ف. تھوڑی تھوڑی دیر بعد؛ ٹھہر ٹھہر کر؛ رہ رہ کے.

وُقُوع (ضم و، و مع) اند.
۱. کسی واقعے یا بات کے ہونے یا پیش آنے کا عمل، برپا ہونا، صدور، ظہور. ۲. (لفظاً) اپنی جگہ سے گرنا، (پرندے کا) نیچے آنا.

وقوع پذیر ہونا ف مر؛ محاورہ. عمل میں آنا، ظہور میں آنا؛ واقع ہونا، (واقعہ) پیش آنا، سرزد ہونا.

وُقُوعَہ (ضم و، و مع، فت ع) اند.
۱. واردات؛ سانحہ، حادثہ؛ صدمہ؛ واقعہ. ۲. ہنگامہ؛ دنگا فساد.

وُقُوف (ضم و، و مع) اند.
۱. (لفظاً) ٹھہراؤ، قیام. ۲. آگاہی؛ علم، واقفیت؛ فہم، سمجھ، شعور؛ اطلاع، خبر. ۳. (فقہ) (دورانِ حج عرفات میں قیام جو) حج کا رکن اعظم وقوف عرفات. [ع].

وَقِیع (فت و، ی مع) صف.
۱. تیز (تلوار). ۲. باوقار، بلند مرتبے والا، باوقعت، معزز. ۳. گراں قدر، معتبر. [ع].

وَکالَت (فت نیز کس و، فت ل) امث.
۱. کسی کی طرف سے کسی کام میں ترجمانی کرنا، کسی دوسرے شخص کا کام اپنے ذمے لینا. ۲. (مجازاً) کسی کی طرف سے بولنا، سفارش، حمایت، مدافعت، طرف داری. ۳. وکیل کا پیشہ، قانونی مشیر کا کام.

وکالت کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی کی حمایت اور ہمدردی میں بولنا، کسی کی طرف داری کرنا. ۲. وکالت کا پیشہ اختیار کرنا، وکالت کو ذریعۂ معاش بنانا. ۳. نمائندگی کرنا؛ کسی دوسرے کے کام کی پیروی کرنا، نیابت کام کرنا نیز ایلچی گری کرنا.

وکالت نامہ اند. وکیل مقرر کرنے کا تحریری اقرار نامہ، مختار نامہ.

وِکٹ (کس و، کس ج ک) امث.
۱. (کرکٹ) لکڑی کا گول ڈنڈا جس کا ایک سرا نوکیلا ہوتا ہے اور جو اٹھائیس انچ اونچا ہوتا ہے اور ایسے تین ڈنڈے زمین میں گاڑے جاتے ہیں جن پر گیند لگنے سے بلے باز آؤٹ ہو جاتا ہے. ۲. (کرکٹ) زمین کی سطح کی کیفیت جہاں میچ ہو، پچ (Pitch). ۳. (کرکٹ) بلے بازوں کی تعداد (آؤٹ یا ناٹ آؤٹ)؛ آؤٹ ہونے والے بلے بازوں کی تعداد. [انگ].

وِکٹوریا (کس و، سک ک، و ج، کس ر) امث.
۱. (لفظاً) فتح یاب، اقبال مند نیز برطانیہ کی ایک ملکہ کا نام. ۲. چار پہیوں پر مشتمل گھوڑا گاڑی. [انگ].

وُکَلا / وُکَلاء (ضم و، فت ک) صف؛ ج.
بہت سے وکیل، بہت سے قانونی پیروکار، بہت سے قانون داں نمائندے، ترجمان؛ نائبین.

وَکِیل (فت و، ی مع) صف؛ اند.
۱. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (خدا کے ننانوے ناموں میں سے ایک)؛ روزی دینے والا، کفایت کرنے والا؛ کام بنانے والا، کارساز؛ نگہ بان. ۲. وہ شخص جس کا پیشہ وکالت ہو، قانون داں جو عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہو، قانونی مشیر، قانونی پیروکار. ۳. وہ شخص جو نکاح کے وقت لڑکی کے باپ کی نیابت کرے. ۴. کسی کی حمایت یا وکالت کرنے والا. [ع].

وِگ (کس و) امث.
مصنوعی بال یا مصنوعی بالوں کی ٹوپی جو گنجا پن چھپانے یا بھیس بدلنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے. [انگ].

وگرنہ م ف : فقرہ.
ورنہ ، اور اگر نہیں تو .

وِلا (۱) (کس و) امث.
محبت ، اُلفت ، دوستی .

وِلا (۲) (کس و) امذ.
بنگلہ (عموماً نواحِ شہر میں) ، دیہاتی محل یا مکان . [انگ] .

وِلادَت (کس و ، فت د) امث.
۱. پیدائش ، تولید ، جنم .۲. اصل ؛ شروع ، ابتدا ، آغاز . [ع] .

وِلایَت (کس نیز فت و ، فت ی) امث.
۱. مالک ہونا ، قابض ہونا ، حکومت ہونا .۲. (i) ایک بادشاہ کی حکومت ، وہ ملک یا ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو ، اقلیم ؛ ملک ، صوبہ ، ریاست ، حکومت ، سلطنت . (ii) انگلستان ؛ یورپ ، فرنگ .۳. (فقہ) ایسا شرعی حق جو ایک شخص کو دوسرے شخص پر حاصل ہو اور وہ اس کے تحت جو تصرف کرے وہ درست ہو ، اختیار ، تصرف ، ولی (سرپرست) ہونے کی حالت یا کیفیت .۴. (i) خدا تعالیٰ سے تقرب ، بندۂ نیک کا خدا کے ساتھ قرب ، بزرگی . (ii) ولی اللہ کا منصب یا مرتبہ ، ولی اللہ ہونا ، ولی ہونے کی حالت یا کیفیت . [ع] .
ولایت پلٹ صف . ولایت (انگلستان) سے آیا ہوا ؛ لندن پلٹ .

وِلایَتی (کس و ، فت نیز کس ی ج ی) صف.
۱. ایران یا افغانستان یا ترکستان سے متعلق یا منسوب ، ایران یا افغانستان یا ترکستان کا ، ایرانی ، افغانی ، کابلی ، ترکستانی پٹھان ، مغل نیز پردیسی ، غیر ملکی ؛ اجنبی ، ناواقف ، انجان .۲. یورپ کا ، یورپی ، انگلستان کا ، انگلستانی ، دساوری ؛ (مجازاً) بہت عمدہ قسم کا ؛ نفیس . [ع] .

وَلَد (فت و ، فت نیز سک ل) امذ.
بیٹا ، لڑکا ، پسر ، فرزند ، پوت ، ابن ، خلف . [ع] .
ولد الحرام صف . بچہ جس کی ولادت عورت اور مرد کے شرعی اور قانونی ملاپ سے نہ ہوئی ہو ، بچہ جو منکوحہ عورت سے نہ ہو ، ولدالزنا ، حرام زادہ .

وَلدِیَّت (فت و ، فت نیز سک ل ، شد ی مع بفت نیز بلا شد) امث.
۱. باپ کا نام ، اسم پدر .۲. اصل نسل ، حسب نسب ، خاندان ، نژاد .

وِلَن (کس و ، فت ل) امذ.
کسی فلم ، ڈرامے یا کہانی وغیرہ کا برا کردار جس کی بُری حرکات یا ناپاک مقاصد پلاٹ میں اہم ہوں ؛ ہیرو کی ضد ، بد ذات ، خبیث ، بدمعاش ، شریر . [انگ] .

وَلَندیز (فت و ، ل ، سک ن ، ی ج) صف.
۱. یورپی ملک ہالینڈ کا قدیم نام ، ولندستان (Holland) .۲. ہالینڈ کا باشندہ ، ولندیزی . [فر] .

وَلَندیزی (فت و ، ل ، سک ن ، ی ج) صف.
ہالینڈ سے متعلق یا منسوب ؛ ہالینڈ کا نیز ہالینڈ کا باشندہ یا زبان . [انگ]

وَلوَلہ (فت و ، سک ل ، فت و ، ل) امذ.
۱. جوش ، خروش ، اُمنگ ، شوق ، جذبہ ، ترنگ .۲. غل ، شور ، غوغا ، ہنگامہ ، نالہ ، فریاد ، واویلا . [ع] .
ولولہ انگیز صف : امذ . ولولہ اُٹھانے والا ، جوش پیدا کرنے والا .
ولولہ پیدا کرنا محاورہ . اُمنگ پیدا کرنا ، جوش و خروش پیدا کرنا .

وَلی (فت و) (الف) امذ.
۱. (لفظاً) نزدیک .۲. آقا ، مخدوم ، مالک ، صاحب (اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک) .۳. نابالغ بچے کا قانونی سرپرست یا نگران ، مربی ، متولی ، کفیل ؛ ذمے دار .۴. وہ شخص جو بہ لحاظ میراث مردے سے زیادہ قریبی رشتہ رکھتا ہو .۵. (تصوف) اللہ کا نیک بندہ ، خدا رسیدہ ، خدا کا مقرب ، محبوبِ الٰہی ، اللہ کا دوست ؛ عابد و زاہد ، پارسا . (ب) صف
۱. محافظ ، مددگار ، حمایتی ، ناصر ، یار ، دوست .۲. (طنزاً) بھولا ، سیدھا سادہ . [ع] .
ولی اللہ صف مذ . خدا کا دوست ، خدا رسیدہ ، مقرب خدا ؛ عابد ، زاہد ، پارسا ، بندۂ نیک ؛ سالک ، مجذوب ، درویش .
ولی عہد امذ .۱. (لفظاً) متصرف ، حاکم وقت .۲. بادشاہ اپنی زندگی میں جس شخص کے بارے میں حکم دے کہ میرے بعد یہ بادشاہ یعنی وارث تخت و سلطنت ہوگا ، وارثِ ملک ؛ بادشاہ کا جانشین .۳. (قانون)

ولی عہد ، یعنی ایسا وارث جس کا حق توریث ناقابلِ تنسیخ ہو بشرطیکہ وہ مورث کی وفات کے بعد تک زندہ رہے ۔

ولی کے گھر (میں) شیطان فقرہ ۔ نیک آدمی کی بری اولاد (شریفوں کی اولاد ناخلف ہو تو کہتے ہیں) ، نیک کے گھر بد ۔

ولی کھنگر اند ۔ ۱. (طنزاً) حمایتی ، مددگار ، حامی ، معاون ؛ بزرگ ، مربی ، سرپرست ۔ ۲. بناوٹی فقیر بگلا بھگت ، جعلی پیر ۔

وَلے (فت و) حرفِ استثنا ۔
مگر ، لیکن ، ولیکن ، پر ۔ [ع] ۔

ولے با ایں ہمہ فقرہ ۔ (فارسی فقرہ اردو میں مستعمل) لیکن ان سب باتوں کے باوجود ، یہ بات ہوتے ہوئے بھی ، اس بات کی موجودگی میں ، اس کے باوجود ۔

وَلید (فت و ، ی مع) اند ؛ صف ۔
۱. (لفظاً) جس کی ولادت ہوئی ہو ؛ مراد : تخلیق نیز نومولود بچہ ۔ ۲. لڑکا ، غلام لڑکا ۔

وَلیک (فت و ، ی مج) حرفِ استدراک ۔
ولیکن کا مخفف ، لیکن ، مگر ۔

وَلیکن (فت و ، ی مج ، کس ک) حرفِ استدراک ۔
مگر ، لیکن ۔ [ع] ۔

وَلیمہ (فت و ، ی مع ، فت م) اند ۔
شادی کے دوسرے روز کی دعوت جو دولھا کی طرف سے دوستوں اور رشتے داروں کو دی جائے ، دولھا کی طرف سے شادی کی دعوت ، ضیافتِ نکاح ، بیاہ کی دعوت ، طعام عروسی ۔ [ع] ۔

وَنجھلی (فت و ، سک ن ، جھ) امث ۔
پنجاب کا ایک ساز ، ایک قسم کی بانسری ۔ [پن] ۔

وِنڈ (کس و ، سک ن) امث ۔
ہوا ، باد ، تراکیب میں مستعمل ۔ [انگ] ۔

ونڈ اسکرین امث ۔
موٹر کار وغیرہ کے سامنے کا ہوا روک بڑا شیشہ ۔

وَنیلا (فت و ، ی مع) اند ۔
ایک طرح کی خوشبو جو کھانوں میں ذائقے کے لیے استعمال ہوتی ہے ایک پھلی سے حاصل ہونے والا ایک مادہ جو تالیفی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے اور جسے آئس کریم یا چاکلیٹ وغیرہ کا ذائقہ بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ [انگ] ۔

ووٹ (و مج) اند ۔
۱. کسی معاملے کے فیصلے کے لیے رائے دینا ، رائے دہی ؛ رائے ۲. عوامی نمائندوں کے انتخاب کے لیے تحریری اظہارِ رائے کی پرچی بیلٹ پیپر ۔ [انگ] ۔

ووٹ بینک اند ۔ ووٹ کی طاقت ، کسی سیاسی جماعت کے بارے میں مثبت عوامی رائے ، کسی جماعت کی عوام میں مقبولیت ۔

ووٹ پاس کرنا محاورہ ۔ کسی سلسلے میں رائے منظور کرنا ۔

ووٹ دینا محاورہ ۔ ۱. انتخابات میں کسی امیدوار کے حق میں رائے دینا ووٹ ڈالنا ، رائے دینا ۔ ۲. کسی تجویز کے خلاف یا موافقت میں رائے دینا ۔

ووٹر (و مج ، فت ٹ) صف مذ ۔
رائے دینے والا ، ووٹ دینے والا ، وہ جو ووٹ دینے کا اہل ہو رائے دہندہ ۔ [انگ] ۔

وولٹ (و مج ، سک ل) اند ۔
برقی حرکی قوت کی معیاری بین الاقوامی اکائی ۔ [انگ] ۔

وولٹیج (و مج ، سک ل ، ی مج) اند ۔
بجلی کی قوتِ متحرکہ ، برقی قوت کا فرق جو وولٹ میں ناپا جاتا ہے برق کو چلانے والی قوت ۔ [انگ] ۔

وُوں (و مع) م ف ۔
ویسے ، اُس طرح (یوں کا نقیض) ۔

ووں ووں م ف ۔ ویسے ویسے ، توں توں ۔

ووں ہی م ف ۔ فوراً ، اسی وقت ۔

وُوئی (و مع) کلمۂ تعجب ۔
(عور) اوئی ، ہائے ۔

وُہ (ضم ہ و) ضمیر غائب.
ا. (واحد و جمع ضمیر غائب کے لیے مستعمل) غائب یا بعید کے اشارے کے لیے مستعمل؛ کسی چیز یا شخص کی نشان دہی کے لیے؛ کثرت یا شدت یا ہجوم کی طرف اشارہ. ۲. ایسا، اس قسم کا، اس طرح کا. ۳. (کنایۃً) پوشیدہ بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے. ۴. کثرت ظاہر کرنے کے لیے، اس قدر، اتنا، ایسا، ایسی. ۵. جب ایسے واقعے کا یاد دلانا مقصود ہو جس سے مخاطب ناواقف ہو. ۶. درجہ یا مرتبہ ظاہر کرنے کے لیے، اس درجہ کا، اس حد تک. ۷. پہلا سا، سابق کی حالت کا، پہلے جیسا. ۸. اشارے سے محبوب یا معشوق کے لیے، معشوق. ۹. (عور) (اشارے سے) خاوند نیز بیوی کے لیے بھی مستعمل. [س].

وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی کہاوت. (ادب) بالعموم اس وقت مستعمل جب یہ کہنا ہو کہ وہ خاص بات یا تاثیر نہیں ہے جو کسی اور کی بات میں ہے.

وہ جانے اور اس کا ایمان جانے فقرہ. کسی معاملے کو دوسرے کے ایمان اور نیت پر چھوڑ دینے کے موقعے پر مستعمل ہے.

وہ جو م ف. جو کچھ، جس طرح کا.

وہ دن (اور) آج کا دن فقرہ. اس دن سے آج تک، تب سے لے کر اب تک، جب سے اب تک (بالعموم یہ ظاہر کرنے کے لیے مستعمل کہ فلاں وقت سے اب تک وہی روش ہے یا کوئی تبدیلی نہیں ہوئی).

وہ دن گئے فقرہ. وہ زمانہ گزر گیا، وہ وقت نہیں رہا.

وہ دن گئے جب (کہ) خلیل خان فاختہ اڑایا / مارا کرتے تھے کہاوت. اقبال مندی اور خوش حالی کا زمانہ گزر گیا.

وہ زمانے لد گئے فقرہ. وہ وقت جاتا رہا.

وہ سیر تو ہم سوا سیر کہاوت. سیر کو سوا سیر موجود ہے؛ یہ ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں.

وہ شاخ ہی نہ رہی جس پہ آشیانہ تھا کہاوت. وہ چیز ہی باقی نہ رہی جس کے لیے سب ولولے تھے، مایوسی کی حالت کا اظہار.

وہ کاٹا فقرہ. ا. پتنگ بازوں کا مخصوص فقرہ جب ایک پتنگ باز دوسرے کی پتنگ کو کاٹ دیتا ہے. ۲. کامیابی اور فتح کے موقعے پر وہ مارا کی بجائے بولتے ہیں.

وہ کُچھ م ف. ا. (کنایۃً) بہت کچھ، بہت، بے حد. ۲. ایسا کچھ.

وہ مارا فقرہ. (کلمۂ تحسین) اچانک کامیابی کے موقعے پر نعرۂ تحسین کے طور پر بولتے ہیں.

وہ وقت آ گیا ہے فقرہ. وہ زمانہ ہے، ایسا خراب اور بدتر وقت ہے.

وہ وقت گیا فقرہ. وہ زمانہ گزر گیا، اب وہ زمانہ نہیں رہا.

وَہّاب (فت و، شدہ) صف.
ا. بہت بخشنے والا، بہت عطا کرنے والا. ۲. (مجازاً) خدا تعالیٰ، خدائے کریم، اللہ کا ایک صفاتی نام. [ع].

وَہّابی (فت و، شدہ نیز بلا شد) صف.
(لفظاً) وہاب سے نسبت رکھنے والا؛ مراد: شیخ عبدالوہاب نجدی کا پیرو؛ ایک مذہبی گروہ جو خود کو موحد اور اہلِ سنت کہتا ہے، اہلِ حدیث؛ خالص توحید پرست نیز پیری مریدی کا مخالف.

وَہّابِیَت (فت و، شدہ نیز بلا شد، کس ب، فت ی) امث.
وہابی ہونے کی حالت یا کیفیت؛ خالص توحید پرستی؛ نیز وہابی تحریک.

وَہّابِیَہ (فت و، شدہ نیز بلا شد، کس ب، فت ی) امذ.
ا. لوگ جو محمد بن عبدالوہاب کے عقائد و نظریات کو مانتے ہوں.
۲. ایک اسلامی جماعت جو تیسری صدی ہجری کے بعد منظر عام پر آئی.

وَہّاج (فت و، شدہ) صف.
بہت چمکتا ہوا، نہایت روشن، چمکیلا، منور. [ع].

وِہار (کس و) امذ: ~ بہار.
ا. سیر یا تفریح کے لیے چلنا، ٹہلنا، ہوا کھانا، سیر کرنا، تفریح، پھرنا، تفریح کی جگہ، پارک؛ کھیل، تماشا، بہار؛ محل؛ شانہ، مونڈھا؛ صوبہ بہار. ۲. بدھوں یا جین مت کا مندر، محل، مکان، بدھوں کا معبد. ۳. بدھوں کا معبد اور خانقاہ، وہ غار جو راجہ اشوک نے پہاڑوں کو کھود کر بدھ مت کے ماننے والوں کے لیے بنائے تھے، آشرم، سادھوؤں کے رہنے کی جگہ. [س].

وِہاری (کس و) صف.
تفریح کرنے والا، سیر کرنے والا، مزے اڑانے والا؛ کھیلنے والا، کھلاڑی نیز خوب صورت.

وَہاں (فت و) م ف.
ا. اُس جگہ ، اُس مقام پر ، اُدھر ، اُس طرف ، جگہ پر ، بر مقام .
۲. (اُس کے) یہاں (اُس کے) ہاں (اُس کے) گھر پر یا شہر وغیرہ میں .۳. اُسی طرح ، اُسی صورت سے ؛ اُسی کے ساتھ ساتھ . [س].

وہاں سے م ف. اُس جگہ سے ، اُدھر سے .

وہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں کہاوت . اُس جگہ کوئی نہیں جاسکتا، ان کا اتنا رعب ہے کہ وہاں جانے کی کوئی جرأت نہیں کرسکتا.

وہاں گردن مارے جہاں پانی نہ ملے/ ہو کہاوت . اس کو نہایت سخت اور سنگین سزا دینی چاہیے .

وَہْب (فت و ، سک نیز فت ہ) اند.
بخشش ، عطا ؛ دَین ؛ سخاوت نیز تحفہ . [ع].

وَہْبی (فت و ، سک ہ) (الف) صف.
قدرت کا عطا کردہ ، عطائے الٰہی عطیۂ خداوندی (خصوصاً) خدا کا دیا ہوا ، خدا داد (صفت ، استعداد وغیرہ) ، عطیۂ قدرت ، بخشا ہوا ، عطا کیا ہوا ، دیا ہوا ، بخشی ہوئی (چیز) جو ذاتی کوشش سے حاصل نہ کیا گیا ہو . (ب) اند. (ادب) وہ ہنر یا استعداد یا خصوصیت جو اللہ کی عطا ہو اور جسے کوشش سے حاصل نہ کیا جا سکے .

وِہسکی (کس و ، مع ہ ، سک س) امث.
اناج یا آلو وغیرہ سے کشید کیا ہوا نشہ آور انگلش مشروب ، ایک قسم کی شراب جو زیادہ تر اسکاٹ لینڈ میں بنتی ہے ، شراب . [انگ].

وَہْلہ (فت مع و ، سک ہ ، فت ل) اند.
ا. نوبت ؛ باری ، دفعہ .۲. گھبراہٹ ، ڈر ، خوف .۳. حملہ ، دھاوا . [ع].

وَہْم (فت مع و ، سک ہ) اند.
ا. احتمال ، گمان ، شک ، وسوسہ .۲. سوچ یا دھیان کی کیفیت ، تخیل ، خیال ، تصور ؛ قیاس ، رائے ؛ سمجھ .۳. (نفسیات) ایک نفسیاتی مرض جس میں کسی چیز کا ایسا تصور یا خیال بندھ جاتا ہے جو اس میں حقیقتاً موجود نہ ہو ، وہ چیز جس کی کوئی حقیقت نہ ہو ، موہوم شے ، خیالی چیز ، واہمہ ، تخیل .۴. غلط خیال ، بے بنیاد خیال ، بدگمانی نیز خوش گمانی . [ع].

وہم آنا محاورہ. گمان ہونا ، وسوسہ پیدا ہونا ، برے خیال آنا نیز خوف طاری ہونا ، ڈر لگنا .

وہم کا علاج (تو) حکیم لقمان کے پاس بھی نہیں کہاوت . وہم کوئی علاج نہیں ، وہم لا علاج مرض ہے .

وہم کرنا ف مر. ا. سوچنا ، خیال کرنا ، گمان کرنا .۲. وسواس کرنا ، بات سوچنا .

وہم میں پڑنا ف مر. شک میں مبتلا ہونا ، وہم کرنا .

وہم و گمان اند. ا. سوچ خیال ، تخیل ، تصور .۲. فرضی بات ، اندازہ قیاس ، (یقین اور حقیقت کے برعکس) .

وَہْمَن (فت مع و ، سک ہ ، فت م) امث.
وہم کرنے والی عورت ، وہمی عورت نیز توہم پرست عورت ؛ وہمی کی تانیث

وَہْمی (فت مع و ، سک ہ) صف ؛ اند.
ا. وہم سے منسوب ، خیالی ، قیاسی ، فرضی .۲. جو وہم کرے ، وہ جس وہم ہو ، شبہات میں مبتلا رہنے والا شخص نیز توہم پرست .

وُہی (ضم مع و نیز فت) صف.
ا. وہ ہی ، اُس ہی ؛ خاص کردہ ، خصوصیت سے وہ .۲. اسی طرح مثل سابق ، پہلے جیسی ، ہمیشہ کی طرح ، پہلے کی طرح .

وہی ڈھاک کے تین پات کہاوت. اس موقعے پر بولتے جب کوئی شخص اپنی بات پر بہرحال اڑا رہتا ہے ؛ نتیجہ حسب سابق نکلنا ، توقع کے مطابق نتیجہ نہ نکلنا .

وہی مُرغ / مُرغی / مُرغے کی ایک (ہی) ٹانگ کہاوت . ہر پھر کے ایک ہی بات کہنا ، گھڑی گھڑی کہی ہوئی بات کہنا ، ایک ہی رٹ لگانا ، ایک ہی بات کی پچ کیے جانا .

وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے فقرہ . (مصرع بطور فقرہ مستعمل) قسمت کی بات ہر حال میں واقع ہو کر رہتی ہے ، مقدر کا لکھا ٹلتا نہیں

وِہیل (و مج ، ی مع) امث ؛ ~ وہیل.
ایک بہت بڑا آبی ممالیہ جسے عرف عام میں مچھلی کہا جاتا ہے ، ویل [انگ].

وہیل (و مج ، ی مع) اند ؛ ~ وہیل.
ا. پہیا ، ویل .۲. کوئی پہیے نما شے ، خصوصاً گاڑیوں میں استعمال ہونے والا اسٹیئرنگ ویل . [انگ].

وہیل چیئر/ چیئر مث. پہیے دار کرسی، وہ کرسی جس میں پہیے لگے ہوں عموماً اپاہجوں اور معذوروں کے استعمال میں آتی ہے. [انگ].

وہیں (فت و، ی مع) م ف.
اسی جگہ، اسی مقام پر (مخصوص جگہ کے لیے). ۲. اسی وقت، فی الفور، راً، اسی ساعت، اسی موقعے پر.
وہیں کا وہیں م ف. اُسی جگہ پر؛ اُسی ایک حالت پر، ویسا ہی جیسے پہلے تھا نیز ساکت، جما ہوا (مذکر کے لیے).
وہیں کے ہو جانا/ ہو رہنا محاورہ. جس جگہ جانا اُدھر ہی رہ جانا، کسی جگہ جا کر بس جانا، کہیں جا کر واپس نہ آنا.

وہیں (فت و، ی مع) م ف.
فوراً، فی الفور، اُسی وقت، ترت، ووں ہی؛ جونہی کا نقیض.

وی (V) اند.
انگریزی حرف تہجی v نیز حرف "وی" کی شکل کا نیز فتح (victory) کی علامت؛ بہت (very) کا مخفف. [انگ].
وی آئی پی (الف) اند. بہت اہم شخصیت (بالخصوص اعلیٰ حکام یا اہم غیر ملکی مہمان وغیرہ). (ب) صف. اعلیٰ درجے کا، شان دار، نہایت اعلیٰ پیمانے کا Very Important Person کا مخفف. [انگ].

وے ضمیر (قدیم).
وہ، ان؛ وہ والے، پہلے جیسے نیز یہ، اس (اشارۂ بعید؛ عموماً بطور جمع مستعمل).

ویب (ی مج) اند.
۱. (لفظاً) جال؛ (مشین میں) کوئی پتلا چپٹا پُرزہ جو مشینری وغیرہ کے زیادہ دبیز یا ٹھوس حصوں کو جوڑے رکھے، جوڑ پٹی. ۲. (کمپیوٹر) کمپیوٹروں کا باہمی رابطہ جو عام لوگوں کی رسائی میں ہے، ورلڈ وائڈ ویب (World Wide Web) کا مخفف. [انگ].
ویب سائٹ/سائیٹ مث. (کمپیوٹر) انٹرنیٹ پر ایک سرور جہاں سے کسی خاص چیز، شعبے یا موضوع وغیرہ کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں، کمپیوٹر کے ذریعے معلومات حاصل کرنے کا ذریعہ. [انگ].

ویٹر (ی مج، فت ٹ) اند.
ہوٹل یا ریستوران کا ملازم جو گاہکوں کی خدمت کے لیے حاضر رہے، خدمت گار، بیرا. [انگ].

ویٹرس (ی مج، سک ٹ، کس ر) مث.
عورت جو ہوٹل یا ریستوران وغیرہ میں گاہکوں کو کھلانے پلانے کی خدمت پر مامور ہو (ویٹر کی تانیث). [انگ].

ویٹرنری (ی مج، سک ٹ، کس ر، فت نیز سک ن) صف.
جانوروں کے علاج کا، مویشیوں کے علاج سے متعلق، بیطاری کا نیز جانوروں کا ڈاکٹر وٹرنری. [انگ].

ویٹو (ی مع، و مج) اند.
کسی قانون ساز ادارے کے قانون کو مسترد کرنے کا آئینی حق، حق تنسیخ؛ حکم نامنظوری (جو عموماً بڑی طاقتوں کو حاصل ہوتا ہے)؛ آخری فیصلے کا اختیار، حتمی اختیار. [انگ].
ویٹو کرنا محاورہ. نامنظور کرنا، کسی قانون یا قرار داد کو رد کرنا، مسترد کر دینا.

وَید (ی لین) اند.
۱. حکیم، طبیب، ہندی طریق پر علاج معالجہ کرنے والا، بید. ۲. عالم، ودیا دان، پڑھا لکھا آدمی. [س].

وید (ی مج) صف؛ اند.
۱. ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام. ۲. وید کا عالم، پنڈت جس نے وید پڑھا ہو نیز علم صحیح؛ خدا کا علم؛ گیان نیز الہام. ۳. مقدس، پوتر. ۴. عالم، دنیا. ۵. (مراداً) علم طب، آیوروید. ۶. ہندو مذہب سے متعلق. [س].

ویدانْت (ی مج، سک ن) اند.
(لفظاً) گیان کی انتہا؛ (ہندومت) وید کا آخری حصہ جس میں تصوف کا بیان ہے، الٰہیات (جس کے مؤلف ویاس ہیں)؛ (مجازاً) تصوف، وحدت الوجود کا نظریہ، بیدانت. [س].

وَیدک (ی لین، فت د) اند.
علم طب، علم حکمت، علم ابدان، بیدک. [س].

ویدِک (ی مج، کس د) صف.
۱. وید کی مذہبی رسومات میں بیان کیا ہوا، وید کی تعلیم یا طریق کے مطابق.
۲. وید سے متعلق یا منسوب؛ وید کے دور کا یا ہندو مذہب کے آغاز کا.
۳. برہمن؛ وید کا عالم (پنڈت جس نے وید پڑھا ہو؛ معلوم کرانے والا؛ آگاہ کرنے والا. ۴. مقدس، پوتر، الہامی، آسمانی. [س].

وِیڈیو (ی مع، کس ج ڈ، و مج) اند؛ صف.
دیکھیے: وڈیو. [انگ].

وَیر (ی لین) اند.
۱. بیر، دشمنی، عداوت، مخالفت. ۲. بہادری، دلیری، شجاعت. [س].

وِیر (ی مع) (الف) صف.
۱. ہمت والا اور طاقت ور، بہادر، دلیر، شجاع، بیر. ۲. مشہور، معروف.
(ب) اند؛ امث. ۱. بھان متی؛ بہادری؛ آگ؛ بھینٹ کی آگ. ۲. بیٹا، پسر، لڑکا. ۳. بھائی. ۴. راکشس کے بیٹے کا نام. [س].

وِیرا (ی مع) امث.
۱. بہادر (لڑکے) کی بیوی اور ماں؛ عورت جس کا شوہر اور بیٹا ہوں؛ بہادر عورت. ۲. اے بھائی نیز بھائی (عموماً بھائی کو پکارتے وقت مستعمل).
۳. جدا، الگ. [س].

وَیراگ (ی لین) اند.
خواہشاتِ دنیوی و نفسانی کو زیر کرنے کا عمل یا حالت؛ ترک، قطعِ تعلق، ترک دنیا، سنیاس، ترک علائق، بیراگ.

وَیراگی (ی لین) صف؛ اند.
دنیوی و نفسانی خواہشات ترک کرنے والا، بیراگی، سادھو، زاہد، عابد، مرتاض، سنیاسی، تارک الدنیا، جوگی.

وِیران (ی مع نیز مج نیز لین) (الف) صف.
۱. اُجڑا ہوا، غیر آباد؛ (مجازاً) خراب؛ اُجاڑ، پامال، تباہ نیز سنسان (عموماً تراکیب میں ویراں مستعمل). ۲. اداس، پریشان، پراگندہ.
۳. بے رونق، کم آباد. ۴. بے کاشت، غیر مزروعہ، بنجر، افتادہ، زرجوت (زمین). (ب) اند (قدیم). ویرانہ؛ اُجڑی ہوئی جگہ. [ف].

ویران ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. اُجڑ جانا، تباہ و برباد ہو جانا؛ خراب ہونا؛ بے آباد ہونا. ۲. ویرانے کی طرح ہونا، سنسان ہونا، بے رونق ہو جانا.
۳. گرنا، پامال ہونا، مسمار ہونا. ۴. بنجر ہونا، بے کاشت ہونا. ۵. تتر بتر ہونا، بکھرنا.

ویرانگی (ی مع، فت ن نیز سک) امث.
دیکھیے ویرانی.

ویرانَہ (ی مع، فت ن) (الف) اند.
غیر آباد جگہ؛ (کنایۃً) صحرا، جنگل، بیابان (بستی کا مقابل).

ویرانی (ی مع) امث.
۱. ویران ہونے کی حالت، اجاڑپن، غیر آباد ہونے کی حالت یا کیفیت؛ سناٹا (بطور لاحقہ بھی مستعمل؛ جیسے: خانہ ویرانی). ۲. (کنایۃً) تباہی، بربادی، خرابی. ۳. (مجازاً) انتشار، اُداسی.

ویرانے (ی مع) اند؛ ج.
ویرانہ کی جمع نیز مغیرہ حالت؛ غیر آباد علاقے (تراکیب میں مستعمل).

ویزا (ی مع) اند؛ ~ وزہ.
کسی ملک میں داخلے کا اجازت نامہ جو اس ملک کا سفارت خانہ جاری کرتا ہے، پروانۂ راہداری. [انگ].

وَیزلِین (ی لین، سک ز، ی مع) امث.
ایک قسم کی چکنی نرم چیز کا نام جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا پر نرمی پیدا کرنے کے لیے لگاتے ہیں، دیکھیے: ویسلین. [انگ].

ویژَن (ی مع، فت ژ) اند.
دیکھیے: وژن.

وَیسا (ی لین) صف؛ م ف.
۱. اُسی طرح کا، اُس کے مانند، اُس جیسا، اُس قسم کا؛ (کنایۃً) بہت زیادہ. ۲. مرضی کے مطابق، خواہش کے مطابق، حسبِ منشا. [س].

وَیسلِین (ی لین، سک س، ی مع) امث.
ایک قسم کی پیٹرولیم جیلی جو مرہم یا چکنانے والے مادے کے طور پر مستعمل ہے. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد= تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

وَسی (ی لین) صف مث: م ف.
ویسا کی تانیث ؛ اُس جیسی ، اُس کی مانند ، اُس انداز کی ، اُس طرح کی ، پہلے جیسی .

وَیسے (ی لین) م ف ؛ صف.
۱. اُس طرح ، اُسی طرح ؛ اس لحاظ سے ؛ یوں تو (ویسا کی مغیرہ حالت) . ۲. عموماً ، عام طور سے ؛ دوسرے پہلوؤں سے . ۳. مفت ، یونہی ، بلاقیمت ، بے قیمت . ۴. جیسے ؛ طرح کا ، اُس طرح کا ؛ جیسے پہلے تھا ؛ جو خیال یا خواہش کے مطابق ہو .

ویسے کا ویسا صف. جیسا تھا اُسی طرح ، جوں کا توں ، ہو بہو ، بالکل ویسا .

ویسے ویسے صف نیز م ف . ۱. اُس جیسے ، اس طرح کے ، اس سے ملتے جلتے ، ایسے ایسے . ۲. توں توں (بالعموم جیسے جیسے کے بعد مستعمل) .

ویسے ہی م ف . اسی طرح ، اسی ڈھنگ پر ، اسی کی مانند ، اسی حالت میں ، جوں کے توں ، بغیر کسی تبدیلی کے .

وَیش (ی لین) اند.
ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے تیسری ذات جس کا پیشہ تجارت اور زراعت ہے ، تاجر طبقہ . [س] .

ویش (ی مج) اند.
پوشاک ، لباس ؛ بھیس ؛ سجاوٹ ؛ بناؤ سنگار ؛ دروازہ ؛ مکان ، گھر ؛ طوائفوں کا مکان . [س] .

وَیشیا (ی لین ، سک ش) امث.
۱. جیسوا ، طوائف ، رنڈی ، کسبی ، کنچنی . ۲. رنڈیوں کے رہنے کی جگہ ، چکلہ ، طوائف کا گھر . [س] .

وَیفَر (ی لین ، فت ف) اند.
۱. سکھائی ہوئی لئی کی ٹکیا جس سے کسی زمانے میں لفافے بند کرنے یا کاغذ وغیرہ جوڑنے کا کام لیا جاتا تھا ، لفافہ جوڑنے کی ٹکیا ، ٹکلی . ۲. دوا کی بڑی ٹکیا . ۳. ایک قسم کا نہایت پتلا ، خستہ ، ہلکا اور میٹھا بسکٹ ، کاغذی بسکٹ ، رقاقہ . [انگ] .

وَیکسِین (ی لین ، سک ک ، ی مع) امث.
خاص تدبیر سے تیار کیے ہوئے ضد جسمے جن کا ٹیکا لگانے سے انسان اور جانور کسی بیماری یا متعدی امراض سے محفوظ رہتے ہیں . [انگ] .

وَیکسِی نیشَن (ی لین ، سک ک ، ی مع ، ی مج ، فت ش) امث.
ٹیکا لگانے کا عمل ، ٹیکا لگائی ؛ چیچک کا ٹیکا لگانے کا عمل یا کام . [انگ] .

وَیکیُوم (ی لین ، سک ک ، و مع) اند.
۱. (طبیعیات) جگہ یا ظرف جس میں سے مشین کے ذریعے ہوا نکال کر اسے بالکل یا جزوی طور پر خالی کر دیا گیا ہو ، جگہ یا ظرف جہاں ہوا کا دباؤ یا مادّہ بالکل نہ ہو ؛ خلا . ۲. مراد : ویکیوم بریک ؛ بریک جو ہوا کے جزوی اخراج سے وجود میں آنے والے دباؤ کی وجہ سے لگے . [انگ] .

ویکیوم کلینر اند. قالین یا فرش وغیرہ کو صاف کرنے کے لیے بجلی سے چلنے والی ایک مشین جو گرد اور کوڑے کو اپنے اندر کھینچ لیتی ہے ، صفاکار مشین .

وَیگَن (ی لین ، فت گ) امث.
بڑے حجم کی ایک موٹر کار جس میں سواری کے علاوہ سامان لادنے کی بھی گنجائش ہو . [انگ] .

ویلا (ی مج) امث ؛ اند.
۱. بیلا ، وقت ، زمانہ ، سمے ، کال ؛ موسم نیز وقت کا کوئی حصہ ، رات اور دن کا چوبیسواں حصہ ، ایک گھنٹہ . ۲. (مجازاً) بُرا وقت . ۳. موقع ، محل ؛ طرف ، سمت ، جانب ، وقفہ ؛ سمندر کی لہر ؛ بہاؤ ، دھار ؛ ساحل ، سمندر کا کنارہ ؛ حد ، حدود . ۴. آواز ؛ زبان ؛ گفتگو ؛ خواہش ، رغبت ، لگاؤ ؛ موت کا وقت ، نزع . [س] .

ویلڈ (ی مج ، سک ل) اند.
(آہن گری) گرم کر کے اور کوٹ کر یا دبا کر جوڑنا ، لوہے یا کسی اور دھات کے ٹکڑوں کو عموماً آگ میں تپا کر اس طرح جوڑنا کہ وہ یک جان ہو جائیں . [انگ] .

ویلڈر (ی مج ، سک ل ، فت ڈ) اند.
۱. لوہے کو تپا کر جوڑنے والا کاری گر ، ٹانکا لگانے والا شخص ، آہن گر ، لوہار . ۲. ٹانکا لگانے یا جوڑنے والا آلہ . [انگ] .

ویلڈِنگ (ی مج، سک ل، کس ڈ، غنہ) امث.
لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو گرم کر کے اور کوٹ کر یا دبا کر جوڑنے کا کام. [انگ].

وَیلفیئر (ی لین، سک ل، ی مج، فت ء) (الف) امث.
(کسی فرد یا معاشرے وغیرہ کی) فلاح، بہبود، قانون سازی کے ذریعے یا سماجی کوشش سے افراد کی بہبود کا بندوبست نیز مالی سہارا جو اس مقصد کے لیے دیا جائے. (ب) صف. فلاحی نیز خوش حال. [انگ].

وَین (ی لین) امذ.
۱. مال بردار گاڑی، ایک قسم کا چھوٹا ٹرک. ۲. ڈبے کی مانند ایک بڑی کار جس میں بہت سے لوگ بیٹھ سکتے ہوں، بڑی موٹر گاڑی. [انگ].

ویں (ی مج) ضمیر (قدیم).
(دکن) وہ.

وِینا (ی مع) امث.
ایک (عموماً) چار تاروں والا ساز جس کے سروں پر کھونٹیاں اور تونبی ہوتی ہے (یہ کئی قسموں اور کئی تاروں پر مشتمل ہوتا ہے). [س].

وینٹیلیٹر (ی مج، سک ن، ی مع، ی مج، فت ٹ) امذ: ~ وینٹی لیٹر.
کمرے یا کسی بھی چیز کو ہوا دار کرنے کا آلہ یا روزن، ہوا دان نیز مریضوں کو مصنوعی تنفس دینے کا آلہ. [انگ].

(ہ)

ہ حرف امث.
۱. اُردو حروفِ تہجی کا پچاسواں حرفِ صحیح یا مصمتہ، ہندی یا دیو ناگری میں ہ سے ہم آواز. اس کا تلفظ "ہے" اور "ہا" ہے، اسے ہائے ہوز بھی کہتے ہیں. ۲. فارسی میں علامت صفت و مفعولیت ہے اور ماضی کے لیے مصدر کے آخر سے نون ہٹا کر اسے لگاتے ہیں اور بطور لاحقۂ فاعلی اور بطور حاصل مصدر بھی استعمال کرتے ہیں؛ جیسے: آزمودہ، سوختہ، آشفتہ وغیرہ میں. ۳. عربی میں تانیث اور مصدر کی علامت تائے مدورہ (ۃ) جو بہ حالت وقف بہ شکل "ہ" آتی ہے اور اُردو میں بھی "ہ" بن گئی ہے. ۴. بطور لاحقۂ ظرفیت. ۵. عربی میں "وا" "یا" (ندبہ) کے آخر میں تاسف کے اظہار میں زیادتی کے لیے یا اضافی آتی ہے مثلاً یا حسرتاہ، وا اسفاہ. ۶. فارسی الاصل الفاظ میں تسمیہ کے لیے بطور لاحقہ مستعمل؛ (جب کسی چیز کا نام اس کی کسی اور چیز سے ظاہری مشابہت کی وجہ سے رکھا جائے) جیسے: دندان سے دندانہ. ۷. کسی لفظ کے آخر میں آ کر تشبیہ کا مفہوم دیتی ہے اسے ہائے شبہ کہتے ہیں، مثلاً دوستان سے دوستانہ، مردان سے مردانہ، شاہان سے شاہانہ، زنان سے زنانہ. ۸. فارسی میں تعین مدت کے لیے استعمال ہوتی ہے مثلاً یک سالہ، دو روزہ، دوبارہ وغیرہ میں.

ہا (۱) حرف: ~ ہاء.
حرف "ہ" کا تلفظ اور نام. [ع].

ہا / ہاء (۲) فجائیہ.
۱. (کلمہ تاسف) افسوس، حیف، آہ، یہ کیا ہوگیا. ۲. (اظہار حیرت یا تردید کے لیے مستعمل). ۳. (کلمہ تنبیہ و ممانعت) کسی امر سے روکنے اور منع کرنے کے لیے مستعمل (عموماً بچوں کو سمجھاتے وقت کہتے ہیں) بری بات، ایسا نہیں کہتے.

ہا (۳) امث: ~ ھا.
فارسی اسما میں علامت جمع کے طور پر مستعمل؛ جیسے: چمن ہا، بارہا، ہزارہا وغیرہ میں.

ہا (۴) ضمیر.
عربی میں ضمیر غائب واحد مؤنث بمعنی اس (مؤنث) کا (یہ ضمیر متصل کہلاتی ہے اور الفاظ کے ساتھ ملا کر اس طرح لکھی جاتی ہے کہ ایک ہی لفظ معلوم ہوتا ہے).

ہابڑ تابڑ (فت ب، سک ڑ، فت ب) م ف.
ہبڑ دبڑ، جلدی جلدی، کم سے کم وقت میں، کسی نہ کسی طرح.

ہابِیل (ی مع) امذ.
حضرت آدم علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام جسے قابیل نے مار ڈالا تھا، تاریخ انسانی کا پہلا مقتول.

ہاتِف (کس ت) (الف) امذ.
(i) پوشیدہ آواز دینے والا، جس کی آواز سنائی دے اور وہ دکھائی نہ

دے ، پکارنے والا جو غیر مرئی ہو ؛ سروش ؛ غیب کی اواز دینے والا فرشتہ . (ii) مراد : وجدان ؛ تصوّف اور شاعری میں جو خیالات بلا کاوش ذہن میں آئیں ہاتف سے منسوب کیے جاتے ہیں. (ب) امث. غیب کی آواز ، آسمانی آواز .۲. ٹیلی فون ؛ الہاتف .

ہاتف غیب امذ. غیب سے آواز دینے والا فرشتہ .

ہاتھ امذ.

انسان کے بازو کا اگلا حصہ جس کے سرے پر انگلیاں ہوتی ہیں (کلائی سے لے کر انگلیوں کے سرے تک) دست ؛ پنجہ ، ید .۲. (مجازاً) پہنچ ، رسائی ، دسترس ، تقریباً آدھے گز کی لمبائی (سرانگشت سے لے کر کہنی تک کا حصہ) .۳. (مجازاً) بس ، قابو ، اختیار ، قبضہ نیز ذمہ .
۴. حربہ ، حملہ ، چوٹ ، وار ، داؤ (تلوار یا لاٹھی وغیرہ کا یا پٹے اور بانک کا) .۵. (تیراکی) تیرنے میں ہاتھ مارنا .۶. ہم راہ ، ساتھ ؛ ذریعے سے ، وساطت سے ، بہ معرفت .۷. دخل ، کوشش ؛ تعلق .
۸. سہارے پر ، بھروسے پر ، مدد سے ، رحم و کرم پر . [س] .

ہاتھ اتر جانا / اترنا ف مر ؛ محاورہ .۱. ہاتھ کے کسی جوڑ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ؛ ہاتھ کی کسی ہڈی کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا .۲. تنگ دستی ہونا ، افلاس ہونا .

ہاتھ اٹھا اٹھا کر م ف. شدت سے ، نہایت جذبے سے ؛ آسمان کی طرف ہاتھ کر کے .

ہاتھ اٹھا اٹھا کر کوسنا محاورہ. دلی دکھ کے ساتھ برا بھلا کہنا ، بری طرح کوسنا ، شدت کے ساتھ بددعا کرنا ، آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے بددعا دینا .

ہاتھ اٹھانا ف مر ؛ محاورہ .۱. ہاتھ بلند کرنا .۲. نماز کی نیت کے بعد تکبیر کے لیے ہاتھ بلند کرنا .۳. کسی کو دعا دینا ، دعائے خیر کرنا نیز دعا مانگنا (اپنے لیے) ، خدا کے سامنے ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا .۴. (کنایۃً) ہاتھ اٹھا کر سلام کرنا ؛ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر آداب بجا لانا ، تسلیم کرنا .
۵. بددعا یا کوسنے کے لیے آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کرنا ، بُری طرح سے کوسنا ، بددعا دینا .۶. فاتحہ کے لیے ہاتھ اونچے کرنا ، دعائے مغفرت پڑھنا .۷. کسی کام سے دست بردار ہونا ، کنارہ کش ہونا ، باز آنا ، ترک کرنا .۸. (i) مارنے کا قصد کرنا یا دھمکانا ، مارنے کے لیے ہاتھ اونچا کرنا ، مارنا پیٹنا (بالعموم ''پر'' کے ساتھ مستعمل) . (ii) کسی محفل یا کسی مجلس میں اپنا موقف ظاہر کرنے کے لیے ہاتھ اونچا کرنا ، کچھ کہنے کی اجازت لینا .۹. ناچ میں بھاؤ بتانے کے لیے ہاتھ اُٹھانا .
۱۰. چھوڑ دینا ؛ (کنایۃً) طلاق دے دینا .۱۱. ہاتھ پھیلانا ، مدد مانگنا .
۱۲. (قسم کھانے یا شاہد بنانے کے) واسطے کسی مقدس جگہ کی طرف ہاتھ اٹھا کر اشارہ کرنا .۱۳. ہاتھ علیحدہ کرنا ، ہاتھ الگ کرنا ، ہاتھ سرکانا ، ہاتھ جدا کرنا .

ہاتھ باندھ دینا محاورہ. بے اختیار کر دینا ، بے بس کر دینا .

ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا محاورہ .۱. ادب کے ساتھ حاضر ہونا ، احترام کا اظہار کرنا ؛ مطیع ہونا ، فرماں بردار ہونا ، اطاعت کا اظہار کرنا ، اطاعت کے لیے تیار رہنا ، حکم کا منتظر رہنا نیز التجا کرنا .۲. نماز پڑھتے وقت ہاتھ ناف کے قریب یا سینے پر باندھ کر کھڑا ہونا .

ہاتھ بڑھانا ف مر ؛ محاورہ .۱. ہاتھ لمبا کرنا ؛ (کسی کام کے لیے) ہاتھ آگے لانا .۲. (مجازاً) پہل کرنا ، ابتدا کرنا ، کام شروع کرنے کے لیے آگے بڑھنا .۳. مصافحے کے لیے ہاتھ آگے لانا .۴. پاس بلانا .
۵. حاصل کرنے کی کوشش کرنا (جائیداد وغیرہ) .۶. سوال کرنا ، مانگنا ، کوئی چیز بہ طور خیرات یا بخشش لینا .۷. معمول سے زیادہ لینا ؛ اپنی حد سے بڑھنا .۸. دخل بڑھانا .

ہاتھ بہک جانا/ بہکنا محاورہ .۱. نشانہ چوکنا ، نشانہ خطا ہونا ، صحیح نشانے پر نہ لگنا .۲. ہاتھ بے قابو ہونا ، ہاتھ قابو میں نہ رہنا (مہارت کی کمی یا نومشقی کے سبب) کوئی کام درست نہ ہونا ، غلطی ہو جانا .

ہاتھ بیچا ہے (کونی/کچھ) ذات نہیں بیچی کہاوت. (خدمت گاروں کا مقولہ) نوکری کی ہے لیکن بے عزتی برداشت نہیں کریں گے ، کام کریں گے مگر گالی نہیں کھائیں گے .

ہاتھ بھاری پڑنا محاورہ. زوردار ہاتھ پڑنا ، پورا وار پڑنا.

ہاتھ بھر صف .۱. ایک ہاتھ کے برابر تقریباً آدھے گز یا ڈیڑھ فٹ کے قریب ، دو بالشت بھر .۲. (کنایۃً) بڑا ، اونچا نیز بہت لمبا ، بہت طویل .
۳. مراد : ذرا سا ، تھوڑا سا ، معمولی سا ؛ بہت کم نیز بہت قریب .

ہاتھ پاؤں پھول جانا / پھولنا ف مر؛ محاورہ ؛- پانو. ۱. ہاتھ پانو سوج جانا ، دست و پا پر ورم آ جانا ؛ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا . ۲.گھبرا جانا ، سٹپٹا جانا ، ہوش اڑ جانا ، بدحواس ہونا ، حواس باختہ ہونا (خوشی یا غم یا خوف سے) .

ہاتھ پاؤں (پانو) ٹھنڈے ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. سردی کی وجہ سے ہاتھ پانو ٹھنڈے ہو جانا ، بے جان ہو جانا ۲. ہاتھ پانو سرد پڑ جانا (کسی بیماری کے سبب ، خوف یا نزع کے وقت) .

ہاتھ پاؤں جواب دے جانا/ دے دینا محاورہ. ہاتھ پانو ناکارہ ہو جانا ، ہاتھ پانو میں طاقت نہ رہنا ، چلنے پھرنے یا کام کرنے سے معذور ہو جانا .

ہاتھ پاؤں چومنا ف مر؛ محاورہ. ہاتھ پانو کو بوسہ دینا ؛ مراد : بہت تعظیم وتکریم کرنا ، عزت وتوقیر دینا .

ہاتھ پاؤں چھوڑ بیٹھنا محاورہ. ہمت ہار بیٹھنا ، حوصلہ کھو دینا .

ہاتھ پاؤں مارنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ پانو چلانا ، دست و پا کو حرکت دینا ، ہاتھ پانو پٹکنا . ۲. بہت کوشش کرنا ، سعی کرنا ، جان مارنا ؛ خوب محنت و مشقت کرنا . ۳. (تکلیف کی وجہ سے) ہاتھ پانو چلانا ؛ تڑپنا ، بے قرار ہونا ؛ جاں کنی کی کیفیت ہونا ، نزع کے عالم میں ہونا . ۴.تلاش کرنا ، تجسس کرنا ؛ کسی کام میں فکر کرنا . ۵. تیرنے کی کوشش کرنا ، تیراکی کے لیے ہاتھ پاؤں چلانا .

ہاتھ پاؤں ہلانا ف مر؛ محاورہ ؛- پانو/ پانوں. ۱. ہاتھ پانو کو حرکت دینا ، ہاتھ پانو چلانا . ۲. کوشش کرنا ، دوڑ دھوپ کرنا ، جدوجہد کرنا . ۳. بے کار نہ بیٹھنا ، کچھ نہ کچھ کرتے رہنا ، مصروف رہنا ؛ محنت مزدوری کرنا ، کام کاج کرنا .

ہاتھ پر اسلام/ ایمان لانا محاورہ. کسی کے ذریعے ایمان لانا ، کسی کے زیر ہدایت اسلام قبول کرنا .

ہاتھ پر / پہ ہاتھ دھر کر/ کے بیٹھ رہنا / بیٹھنا محاورہ. بیکار رہنا ، کام نہ کرنا ، نکما بیٹھنا ، کاہلی کا ثبوت دینا .

ہاتھ پر (پہ) ہاتھ مارنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دو یا چند افراد کا دوستی یا ہم آہنگی یا تائید یا مسرت کا اظہار کرنے کے لیے ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ، ہتھیلی پر ہتھیلی مارنا . ۲. وعدہ کرنا . ۳. شرط بدنا ، بازی لگانا . ۴. کسی سے دھوکے فریب سے کوئی چیز ہتھیا لینا . ۵. خوب رشوت لینا . ۶. (کشتی) پہلوان کا اپنے حریف پہلوان کے ہاتھ پر ہاتھ مار کر مقابلے پر آمادگی ظاہر کرنا . ۷. تالی بجانا (کسی کو داد دینے کے لیے کسی پرندے یا جانور کو ڈرانے کے لیے) .

ہاتھ پڑ جانا / پڑنا ف مر. ۱. ہاتھ کی ضرب لگنا ، ہاتھ کا وار پڑنا ۲. ہاتھ لگنا ؛ مفت حاصل ہونا ؛ آسانی سے مل جانا ، بغیر کوشش کے مل جانا . ۳. گرفت میں آنا ، قبضے میں آنا ، قابو چڑھنا ، بس میں آنا ، ہتھے چڑھ جانا . ۴. ہاتھ میں آ جانا ، مٹھی میں آنا . ۵. تصرف میں ہونا .

ہاتھ پکڑتے/ پکڑ کے پہنچا / پہونچا پکڑنا محاورہ. تھوڑی سی رعایت سے بے تکلف ہو جانا ؛ تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا .

ہاتھ پکڑ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ میں ہاتھ لینا ؛ ہاتھ تھامنا . ۲. مدد کرنا دست گیری کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ بچانا.

ہاتھ پہ ہاتھ دھرنے/ رکھ کے بیٹھنا محاورہ. کوئی کام نہ کرنا ، بے کار بیٹھنا ، کاہلی کا ثبوت دینا .

ہاتھ پیر جوڑنا محاورہ. خوشامد کرنا ؛ منت سماجت کرنا ، عاجزی کرنا نہایت عاجزی سے درخواست کرنا نیز معافی مانگنا .

ہاتھ پیلے کرنا محاورہ. بیاہ کرنا ، شادی کرنا (لڑکی کی) ؛ سادگی سے شادی کرنا .

ہاتھ تاپنا محاورہ. ۱. آگ کے آگے ہاتھ رکھ کر گرم کرنا . ۲. فائدہ اُٹھانا

ہاتھ جما دینا / جمانا محاورہ. ہاتھ جڑنا ؛ تھپڑ رسید کرنا .

ہاتھ جم جانا / جمنا محاورہ. کسی کام میں ہاتھ بیٹھنا ؛ مشق ہونا مہارت پیدا ہونا .

ہاتھ جوڑ کر / کے م ف. دست بستہ ، ہاتھ باندھ کر ؛ عاجزی سے انکسار کے ساتھ ، تعظیم سے ، منت و سماجت سے ، خوشامد سے .

ہاتھ جوڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (لفظاً) دونوں ہاتھوں کو باہم ملانا یا باندھنا نہایت تعظیم و ادب کا اظہار کرنا ، تعظیم کے لیے ہاتھ باندھنا. ۲. منت سماجت کرنا ، التجا کرنا ، عاجزی ظاہر کرنا . ۳. معافی مانگنا ، غلطی یا گناہ کی بخشش چاہنا . ۴. ہار ماننا ، مقابلے سے دست بردار ہونا نیز پناہ مانگنا

(ہندومت) پوجا کے وقت دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو ملانا ، عبادت کرنا . ۶. (ہندوؤں میں) دور سے سلام کرنا ، آداب کرنا ؛ سلام کرنا . ۷. استادی کا اعتراف کرنا .

ہاتھ جھاڑ کے پیچھے پڑنا محاورہ. بری طرح کسی بات کے درپے ہوجانا ، کسی طرح پیچھا نہ چھوڑنا ، ٹالے نہ ٹلنا .

ہاتھ جھاڑنا محاورہ .۱. ہاتھ جھٹکنا ، ہاتھ کو جھٹکا دینا .۲. (i) دست بردار ہونا ، کسی کام سے باز آجانا . (ii) جھگڑا ختم کرنا .۳. ضرب لگانا ، وار کرنا ، تلوار کا ہاتھ مارنا .۴. تھپڑ لگانا ، مارنا ، پیٹنا .۵. مایوس ہونا ، ناامید ہو جانا .۶. کنگال ہو جانا .

ہاتھ چلانا محاورہ .۱. کسی کو ہاتھ سے یا کسی چیز سے مارنا ، مارنے کو ہاتھ بڑھانا ، مارنا .۲. ہاتھ ہلانا ، ہاتھ کو حرکت دینا ؛ (کھیل وغیرہ میں) ہاتھ کے پینترے دکھانا ؛ ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا .۳. ہاتھ نچلا نہ رکھنا ، ہاتھ سے شرارت کرنا ، ایک ایک چیز کو چھیڑے جانا .

ہاتھ چلنا ف مر؛ محاورہ .۱. تلوار وغیرہ کا وار ہونا .۲. بے دھڑک مارنے پر آمادہ ہوجانا ، بے تامل مار بیٹھنا .۳. تونگری ہونا ، فارغ البالی ہونا. ۴. ہاتھ کا مشاق ہونا ، آزمودہ یا سدھا ہوا ہونا ، ہاتھ میں روانی ہونا ، چیرنے پھاڑنے یا توڑنے پھوڑنے میں مشاق ہونا. ۵. ہاتھ کا نچلا نہ رہنا ، ہاتھ کا جلدی جلدی کام یا حرکت کرنا .

ہاتھ چھوڑ بیٹھنا محاورہ. تھپڑ مار دینا ؛ ضرب لگانا.

ہاتھ دکھانا محاورہ . ۱. دست شناس سے مستقبل کے حالات دریافت کرنے کے لیے ہاتھ اس کے آگے کرنا ، ہاتھ کی لکیریں پڑھوانا ، ہاتھ سے قسمت کا حال معلوم کروانا .۲. (i) جوہر دکھانا ، اپنا فن دکھانا ؛ مشاقی ظاہر کرنا . (ii) شعبدہ دکھانا ، فریب دینا ، دھوکا دینا .۳. فنونِ سپہ گری کے جوہر دکھانا ، بہادری کا مظاہرہ کرنا .۴. نبض دکھانا .

ہاتھ دینا محاورہ . ۱. (i) ہاتھ پکڑانا ، ہاتھ تھمانا ، ہاتھ میں ہاتھ دینا . (ii) ہاتھ سے پکڑنا (عموماً گردن) .۲. داد دینا ، تحسین کرنا .۳. ہاتھ ڈالنا (خصوصاً جیب وغیرہ میں) .۴. رُکنے کا اشارہ کرنا (عموماً موٹر گاڑیوں کو) . ۵. حوالے کرنا ، سپرد کرنا ، دینا ، سونپنا .

ہاتھ دھو بیٹھنا محاورہ .۱. ناامید ہو جانا ، مایوس ہو جانا ، امید منقطع کر دینا ، صبر کر بیٹھنا .۲. کھو بیٹھنا ، گنوا دینا ، محروم ہو جانا .۳. قطع تعلق کرلینا ؛ دست بردار ہو جانا .

ہاتھ دھو رکھو / رکھیں / رکھیے / دھو فقرہ. مایوس ہو جاؤ ، اُمید مت رکھو (عموماً اس موقع پر مستعمل جب کوئی کسی نالائق سے کسی کام آنے کی امید رکھے) .

ہاتھ دھو کر / کے پیچھے پڑنا محاورہ .۱. نتیجے کی پروا کیے بغیر کسی کام میں بری طرح منہمک ہو جانا ، سارے کام چھوڑ کر ایک کام میں لگ جانا .۲. درپے آزار ہونا ، اذیت پہنچانا ، سر ہونا ، پیچھے پڑ جانا .

ہاتھ دھو لینا / دھونا ف مر؛ محاورہ .۱. پانی سے ہاتھ صاف کرنا ، ہاتھ پاک کرنا .۲. مایوس ہو جانا ، ناامید ہو جانا ، امید منقطع کرنا .۳. چھوڑ دینا ، دست بردار ہو جانا .۴. کھونا ، گنوانا ، ضائع کرنا ، محروم ہو جانا .

ہاتھ ڈالنا ف مر؛ محاورہ . ۱. (کمر یا گردن میں) ہاتھ حمائل کرنا . ۲. (جیب یا کیسے وغیرہ میں) ہاتھ داخل کرنا .۳. ہاتھ لگانا ، ہاتھ سے چھونا ، ہاتھ مس کرنا .۴. (کوئی کام) اپنے ذمے لینا ، کسی کام میں پڑنا ؛ کوئی کام شروع کرنا .۵. کسی نامحرم کو پکڑنا ، دست درازی کرنا ؛ بے آبرو کرنا ، آبرو ریزی کرنا .۶. پکڑنا ، گرفتار کرنا ، چھاپا مارنا . ۷. منت کرنا ، خوشامد کرنا (عموماً ٹھوڑی یا ٹھڈی کے ساتھ مستعمل).

ہاتھ رکھنا ف مر؛ محاورہ .۱. کسی چیز پر ہاتھ دھرنا .۲. ہاتھ سے روکنا ؛ ہاتھ سے کسی چیز کا منھ بند کرنا ، چپ کرانا ، بات نہ کرنے دینا .۳. ہاتھ سے چھپانا (چہرہ وغیرہ) ، ہاتھ سے کسی چیز کا ڈھانکنا .۴. ہاتھ لگانا ، ہاتھ سے چھونا ، مس کرنا .۵. کسی عزیز شے یا مقدس کتاب پر ہاتھ رکھ کر اس کی سوگند کھانا ، قسم کھانا ، حلف اُٹھانا . ۶. انتخاب کرنا ، پسند کرنا . ۷. (سر پر ہاتھ رکھ کر) مدد کا وعدہ کرنا ، سہارا دینا ، سرپرستی کرنا .

ہاتھ رنگنا ف مر؛ محاورہ .۱. خون یا مہندی یا کسی رنگ سے ہاتھوں کو رنگین کرنا ؛ ہاتھوں کو آلودہ کرنا .۲. ناجائز فائدہ اُٹھانا ، حرام مال کھانا ، غلط طریقے سے دولت کمانا ، رشوت لینا .

ہاتھ روک لینا / روکنا ف مر؛ محاورہ .۱. ہاتھ کو ٹھہرانا ؛ کسی کام سے باز رہنا ، دست کش ہونا ؛ کوئی جاری کام موقوف کر دینا ، مانع ہونا .۲. کم خرچ کرنا ، کفایت شعاری کرنا ، جزرسی دکھانا ، کنجوسی کرنا .۳. فیصلہ کرنے سے باز رہنا ؛ ٹھہرنا ، انتظار کرنا .۴. وار بچانا ، وار روکنا ، حربہ روکنا .

ہاتھ رہ جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کام کرتے کرتے ہاتھ تھک جانا، ہاتھ شل ہو جانا، ہاتھ کی طاقت نہ رہنا کمزوری یا بیماری کے سبب ہاتھ نہ اٹھنا. ۲. ہاتھ پر فالج گرنا؛ ہاتھ سوکھ جانا؛ ہاتھ کا نکما یا بے کار ہو جانا.

ہاتھ رہنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی چیز پر ہاتھ دھرا ہونا. ۲. کسی پر منحصر رہنا، کسی کے اختیار میں رہنا. ۳. کامیابی ہونا، جیتنا. ۴. حصہ ہونا، کسی اچھے کام میں شرکت ہونا.

ہاتھ سو جانا محاورہ. ہاتھ کا سُن ہو جانا، ہاتھ تھک جانا.

ہاتھ سے م ف. ۱. ہاتھوں سے نا کہ کسی مشین یا کل وغیرہ سے، بہ دست، ہاتھ کے ذریعے نیز قلم یا مُوقلم سے. ۲. ذات سے، دم سے، دم قدم سے، خود سے. ۳. سبب سے، کے باعث، کی وجہ سے. ۴. قابو سے، گرفت سے.

ہاتھ سے جانا محاورہ. ۱. قابو سے نکل جانا؛ بس میں نہ رہنا، اختیار سے نکل جانا. ۲. آوارہ ہونا، بے راہ ہونا، کہنے میں نہ رہنا، آپے سے باہر ہو جانا. ۳. کھویا جانا؛ ضائع ہونا. ۴. مر جانا، انتقال کر جانا؛ مرنے کے قریب ہونا، حالتِ نزع میں ہونا.

ہاتھ سے نکل جانا/ نکلنا محاورہ. ۱. کسی چیز کا کھو جانا؛ کسی شخص یا شے سے محروم ہو جانا. ۲. (کسی چیز کا) قبضے سے جاتا رہنا، قبضے میں نہ رہنا، قابو سے نکل جانا، تصرف میں نہ رہنا، اختیار میں نہ رہنا. ۳. کسی کام کا ہاتھ سے ہونا، ہاتھ سے انجام پانا، عملاً ہونا، صادر ہونا، خود اپنے ہاتھ سے ہونا نیز بار بار ہونا.

ہاتھ صاف کرنا محاورہ. ۱. مہارت حاصل کرنے کے لیے مشق کرنا، ہاتھ کو رواں کرنا. ۲. ستم کا نشانہ بنانا، ظلم کرنا؛ مارنا، زد و کوب کرنا نیز قتل کرنا، ہلاک کرنا. ۳. لوٹنا، مال مارنا، غبن کرنا، مال اُڑا کر لے جانا، چوری کر لینا. ۴. تصرف میں لانا؛ دست درازی کرنا. ۵. دھوکا دینا، نقصان پہنچانا؛ وار کرنا. ۶. جلدی جلدی کھانا، اُڑانا. ۷. (ادب) سرقہ یا چوری کرنا، کسی تحریر یا شعر کو اپنے نام سے موسوم کر لینا.

ہاتھ قلم ہو جانا / ہونا محاورہ. ہاتھ کٹ جانا نیز کسی شاہ کار تخلیق کے بعد لکھنا یا تصویر کشی ترک کر دینا؛ لکھنے یا مصوری میں کمال کو پہنچ جانا.

ہاتھ کا اند. ۱. ہاتھ سے بنایا ہوا. ۲. ہاتھ کا لکھا ہوا. ۳. ہاتھ سے دیا ہو؛ ہاتھ کا سیا ہوا.

ہاتھ کاٹنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ قلم کرنا؛ بطور سزا ہاتھ کاٹ دینا، قطع ید کی سزا دینا. ۲. نہایت غصے میں اپنے ہاتھ کو دانتوں سے کاٹنا؛ بہت افسوس کرنا؛ غصے اور نفرت کا اظہار کرنا. ۳. (تلمیح) محویت کی وجہ سے اپنا ہاتھ کاٹ لینا (حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعے کی طرف اشارہ).

ہاتھ کا کھیل اند. بہت آسان کام، نہایت سہل کام.

ہاتھ کا میل اند. ۱. میل کچیل جو ہاتھ سے اُترے؛ مٹی یا گرد وغیرہ جو ہاتھ صاف کرتے وقت اُترے. ۲. بے اصل چیز، بے حقیقت چیز، ہیچ، ناچیز، ناقابل قدر؛ (مجازاً) روپیہ پیسا، مال و دولت.

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ہے) کہاوت. (لفظاً) ہاتھ کے کنگن کو دیکھنے کے لیے آئینے کی ضرورت نہیں ہوتی؛ مراد: جو بات ظاہر ہو اس کے دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے، جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کو کیا بیان کرنا.

ہاتھ کو ہاتھ سجھائی/ سوجھائی نہ/نہیں دینا محاورہ. بہت اندھیرا ہونا؛ انتہائی تاریکی ہونا.

ہاتھ کی صفائی مث. ۱. ہاتھ کی مشّاقی، ہاتھ کا ہنر، دستی کام کی مہارت. ۲. کرتب، شعبدہ بازی. ۳. وار کرنے میں مشّاقی.

ہاتھ کی صفائی دکھانا محاورہ. ۱. شعبدے باز کا شعبدہ دکھانا، بازی گر کا کوئی کرتب دکھانا؛ نہایت تیزی اور صفائی سے کوئی کام کرنا؛ مہارت دکھانا. ۲. دھوکا دینا، جل دینا، فریب دینا.

ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا محاورہ. فارغ ہونا، بے کار ہونا، کوئی شغل نہ ہونا، کوئی کام نہ کرنا، کاہلی کا ثبوت دینا.

ہاتھ کے نیچے م ف. (مجازاً) ماتحت، زیردست؛ قابو میں، قبضے میں نیز زیرِ نگرانی.

ہاتھ کے ہاتھ م ف. فوراً، اسی وقت؛ بلا تامّل.

ہاتھ کھجلانا ف مر؛ محاورہ. کسی کو مارنے کی خواہش ہونا.

ہاتھ کھل جانا / کھلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ کا چلنے یا کام دینے لگنا، ہاتھ رواں ہو جانا، ہاتھ کا تیزی دکھانے لگنا. ۲. ہاتھ میں روپیہ آنا، تنگ دستی دور ہونا، کاروبار جاری ہونا. ۳. فیاض ہونا، سخی ہونا، خرچ کرنا. ۴. مار بیٹھنے کی عادت ہونا، ہتھ چھٹ ہونا.

ہاتھ کھینچ لینا / کھینچنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی کام کے کرنے سے رک جانا، کوئی کام روک دینا؛ کسی کام سے علیحدگی اختیار کرنا، باز آنا، دست کش ہونا، ترک کرنا. ۲. اخراجات سے ہاتھ روکنا؛ خرچ بند کرنا؛ مالی امداد بند کر دینا. ۳. ہاتھ پکڑ لینا، ہاتھ تھام کر اپنی طرف گھسیٹنا. ۴. ہاتھ چھڑانا، اپنا ہاتھ کسی کی گرفت سے نکالنا. ۵. کسی کام (بالخصوص کھانا کھانے) میں زیادہ سے بچنا، کم کھانا، کھاتے کھاتے رک جانا.

ہاتھ گھما کر کان پکڑنا ف مر؛ محاورہ. خواہ مخواہ طویل طریقۂ کار اختیار کرنا، آسان طریقے کو چھوڑ کر مشکل طریقہ اپنانا، بات کو گھما پھرا کر کرنا، سیدھی بات نہ کرنا.

ہاتھ لگا لینا / لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. چھونا، مَس کرنا؛ ہاتھ پھیرنا. ۲. تصرف میں لانا، استفادہ کرنا، استعمال میں لانا (کھانے یا کتاب وغیرہ کو). ۳. مارنا، پیٹنا، تھپڑ جڑنا، زدوکوب کرنا. ۴. شروع کرنا، ابتدا کرنا (کسی کام کی) نیز کوئی کام کرنا، کسی کام کو ہاتھ میں لینا. ۵. مدد کرنا؛ بوجھ اٹھوانا، ہاتھ سے سہارا دینا. ۶. حکیم کا نبض دیکھنا، علاج شروع کرنا، طبیب کا علاج کرنا. ۷. دست درازی کرنا، چھیڑنا. ۸. مراداً: مباشرت کرنا، جماع کرنا، صحبت کرنا. ۹. توجہ کرنا، دھیان دینا.

ہاتھ لگ جانا / لگنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ کا چھو جانا، مس ہونا، ہاتھ پھرنا. ۲. ہاتھ آنا، میسر آنا. ۳. قابو میں چڑھنا، قابو میں آنا، بس میں آنا، ہتھے چڑھنا. ۴. کام شروع ہونا.

ہاتھ مارنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ کو کسی چیز پر زور سے ٹکرانا، ہتھیلی سے ضرب لگانا؛ مارنا، پیٹنا. ۲. وار کرنا؛ تلوار مارنا، تلوار کا وار کرنا. ۳. جلد جلد کھانا، خوب کھانا. ۴. مال چرانا، دولت اڑا لینا، غبن کرنا، خیانت کرنا، ناجائز طریقے سے مال حاصل کرنا. ۵. ہاتھ پر ہاتھ مار کر اقرار کرنا، قول دینا، وعدہ کرنا.

ہاتھ مانگنا محاورہ. رشتہ مانگنا، شادی کی درخواست کرنا، شادی کا پیغام دینا.

ہاتھ ملنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہاتھ پر ہاتھ رگڑنا. ۲. (کنایۃً) افسوس کرنا، انتہائی افسوس کرنا، بہت پچھتانا، رنج کرنا. ۳. پیچ و تاب کھانا، غصہ کرنا. ۴. گھبرانا، پریشان ہونا، بے چین ہونا.

ہاتھ میں م ف. ۱. مٹھی میں، بہ دست. ۲. قبضے میں، قابو میں، اختیار میں، تصرف میں.

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پر/ میں مارے جوتی کہاوت. ایسا کم ظرف ہے کہ اگر احسان کرتا ہے تو بار بار بتائے بغیر نہیں رہتا، کم ظرف کا احسان برا ہوتا ہے.

ہاتھ میں شفا ہونا محاورہ. کسی طبیب (ڈاکٹر) کی دوا سے مریضوں کا عموماً جلد ٹھیک ہو جانا.

ہاتھ میں ہاتھ دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. ایک دوسرے کو ہاتھ پکڑانا، ہاتھ میں ہاتھ تھمانا. ۲. کسی کے سپرد کرنا، سونپنا، حوالے کرنا. ۳. دوستی کا اظہار کرنا، اتحاد اور ہم آہنگی ظاہر کرنا؛ تپاک کا مظاہرہ کرنا، محبت جتانا. ۴. بیاہنا، (عورت کی) شادی کر دینا. ۵. ساتھ دینا، حمایت کرنا، میل جول رکھنا، ساتھ رہنا.

ہاتھ نچانا ف مر؛ محاورہ. ۱. عورتوں کا لڑائی میں ہاتھ کو اونچا کر کے حرکت دینا. ۲. ہاتھ سے اشارہ کرنا. ۳. بھونڈے پن سے ہاتھ ہلانا، (خصوصاً) مردوں کا عورتوں کی طرح ہاتھ کو حرکت دینا، غیر ضروری ہاتھ ہلانا.

ہاتھ نہ آنا محاورہ. ۱. حاصل نہ ہونا، میسر نہ ہونا (کسی چیز کا) نہ ملنا ۲. پکڑا نہ جانا، بھاگتے میں ہاتھ نہ لگنا، قابو میں نہ آنا، ہاتھ نہ لگنا.

ہاتھ نہ / نہیں دھرنے / رکھنے دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. چھونے نہ دینا ہاتھ نہ لگانے دینا. ۲. کسی طرح قابو میں نہ آنا، راضی نہ ہونا؛ پروا نہ کرنا خاطر میں نہ لانا، بات سننے کے لیے تیار نہ ہونا، ذرا سی بات پر بدک جانا.

ہاتھ نہ / نہیں لگانا محاورہ. ۱. بالکل نہ چھونا؛ دور رہنا، پرہیز کرنا احتراز کرنا. ۲. زدوکوب نہ کرنا، مارنے سے باز رہنا؛ بچے کو تنبیہ نہ کرنا بچے کو ڈانٹنے سے باز رہنا. ۳. خاطر میں نہ لانا؛ توجہ نہ دینا نیز شروع نہ کرنا.

ہاتھ ہلانا ف مر؛ محاورہ. ا. ہاتھوں کو حرکت دینا، کسی کام کرنے میں ہاتھ کو جنبش دینا. ۲. کوئی کام کرنا، محنت کرنا؛ کوشش کرنا. ۳. رخصت ہوتے ہوئے، کسی کو اللہ حافظ کہتے ہوئے ہاتھ بلند کرنا، الوداع کرنا نیز ہاتھ ہلا کر تپاک یا خیرسگالی کا اظہار کرنا.

ہاتھ ہلا ہلا کر ف مر. ہاتھ سے اشارہ کر کے، ہاتھ لہرا لہرا کر.

ہاتھ ہلکا رکھنا محاورہ. معمولی سی سرزنش کرنا، سختی سے پیش نہ آنا.

ہاتھ ہونا محاورہ. ا. اختیار میں ہونا، قابو میں ہونا، بس میں ہونا، قبضے میں ہونا. ۲. اثر ہونا؛ عمل دخل ہونا. ۳. قبضے میں ہونا.

ہاتھا اند.

ا. ہاتھ؛ تراکیب میں مستعمل. ۲. چمچے کی طرح کی ایک لکڑی کی چیز جس میں بڑا دستہ ہوتا ہے.

ہاتھا پائی مث. ا. مارکٹائی، مارپیٹ، لڑائی بھڑائی، وہ لڑائی جو ہاتھ اور پانو کے ساتھ کی جائے. ۲. زور آزمائی. ۳. مرد کا عورت کو اپنے سے چمٹانا، چھیڑ چھاڑ، بوس و کنار.

ہاتھا پائی کرنا محاورہ. ا. لات کے چلانا، مارکٹائی کرنا، دھینگا مشتی کرنا، کشتم کشتا ہونا. ۲. دست درازی کرنا، چھیڑ چھاڑ کرنا، مرد کا عورت سے چمٹنا.

ہاتھا پائی ہونا محاورہ. دھینگا مشتی ہونا، مارکٹائی ہونا، کشتم کشتا ہونا؛ دست درازی ہونا، لپاڈگی ہونا نیز نوک جھونک ہونا، چھیڑ خانی ہونا، تکرار ہونا؛ جھگڑا ہونا.

ہاتھوں (وج) (الف) اند.

ہاتھ کی جمع، تراکیب میں مستعمل. (ب) م ف. ا. سبب، باعث، وجہ، کارن. ۲. وسیلے سے، ذریعے سے، توسط سے، بہ دست، بہ معرفت، کے ہاتھ سے. ۳. بہت زیادہ (کثرت ظاہر کرنے کے لیے) نیز بہت طویل (فاصلے یا پیمائش کے لیے).

ہاتھوں پر اٹھانا ف مر؛ محاورہ. ا. کسی چیز کو ہاتھوں پر رکھ کر لے جانا یا بلند کرنا. ۲. بہت عزت دینا، خوب پذیرائی کرنا.

ہاتھوں سے م ف. ا. (اپنے یا کسی کے) ہاتھ سے، ہاتھوں کے ذریعے، بہ دست. ۲. (کسی فرد کے) سبب، باعث، وجہ سے، ذات سے. ۳. فعلوں سے، ڈھنگوں سے، حرکات و سکنات سے؛ مراد: ظلم و ستم سے. ۴. کسی کی معرفت، ذریعے سے.

ہاتھوں سے نکل جانا / نکلنا ف مر؛ محاورہ. ا. (i) ہاتھ سے چھوٹ جانا، حاصل نہ ہونا، کسی چیز کا نہ ملنا، ضائع ہو جانا. (ii) قابو سے باہر ہو جانا، بس میں نہ رہنا، اختیار میں نہ رہنا. ۲. (زمین، ملکیت یا کوئی شے) قبضے میں نہ رہنا، تصرف میں بھی نہ رہنا، قبضے سے جاتے رہنا، ہاتھ سے جاتے رہنا. ۳. کسی مجرم کا سپردگی سے بھاگ جانا یا ہاتھ سے چھوٹ جانا.

ہاتھوں کے توتے / طوطے اڑ جانا / اڑنا محاورہ. حواس باختہ ہو جانا، بدحواس ہو جانا، حیرت زدہ ہو جانا.

ہاتھوں ہاتھ م ف. ا. ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں، ایک کے پاس سے ہو کر دوسرے کے پاس، دست بہ دست. ۲. احترام کے ساتھ، عزت سے، قدر کے ساتھ. ۳. فوراً، جلد، چابک دستی سے، جھپٹ کر، لپک کر.

ہاتھوں ہاتھ بک جانا/ بکنا محاورہ. بہت جلد بک جانا، جلد فروخت ہو جانا.

ہاتھوں ہاتھ لیا جانا محاورہ. ا. بہت عزت ہونا، بہت تعظیم ہونا، خوب آؤ بھگت ہونا. ۲. فوراً قبول کرنا، قدر کے ساتھ لیا جانا، فوراً خرید لیا جانا، بہت شوق سے خریدا جانا (عموماً کتاب وغیرہ).

ہاتھی اند.

ا. خشکی کا سب سے بڑا جانور جس کی سونڈ ہوتی ہے اور سونڈ کے دونوں جانب سفید سینگ نما دانت ہوتے ہیں جو نہایت قیمتی ہوتے ہیں (مگر کھانے کے کام نہیں آتے). ۲. شطرنج کا مہرہ جو ترچھا چلتا ہے، فیل. [مقامی].

ہاتھی بھرے گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں کہاوت. ہاتھی کہیں بھی جائے لوگ یہی کہیں گے کہ فلاں کا ہاتھی ہے. یعنی جس کی چیز ہو اسی کا نام ہوتا ہے، اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے.

ہاتھی جھولنا محاورہ. دروازے پر ہاتھی بندھا ہونا؛ بہت امیر ہونا، بہت دولت مند ہونا.

ہاتھی دانت اند. ہاتھی کے تقریباً ہاتھ ڈیڑھ ہاتھ بڑے دانت جو ٹھوس مضبوط اور چمکیلے ہوتے ہیں اور جس سے مختلف قسم کی سجاوٹ کی چیزیں بنائی جاتی ہیں (یہ دانت محض دکھانے کے ہوتے ہیں) دندانِ فیل، عاج.

ہاتھی سا صف. ہاتھی کی طرح کا، ہاتھی کی مانند؛ (کنایۃً) بڑا اور جسیم، نہایت قوی اور مضبوط، بڑے ڈیل ڈول کا نیز بے ڈول.

ہاتھی کے دانت کہاوت. ۱. ہاتھی کے خصوصاً وہ بڑے دانت جو باہر نکلے رہتے ہیں، دندان فیل، عاج. ۲. محض دکھاوے کی چیز، وہ چیز جو بہ ظاہر فائدہ رساں ہو مگر کسی کو فائدہ نہ پہنچائے، بہ ظاہر کچھ بہ باطن کچھ.

ہاتھی کے دانت کھانے کے اَور (ہوتے) (ہیں) دِکھانے کے اَور (ہوتے ہیں) کہاوت. دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے اور کام میں لانے کی اور، دکھاوا اور چیز ہے برتاؤ اور چیز، دنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ہوتے ہیں.

ہاتھی مر کر بھی سوا لاکھ کا (ہوتا ہے) کہاوت. امیر آدمی غریب ہونے پر بھی بے قدر نہیں ہوتا.

ہاتھی نکل گیا (ہے) دم (اٹکی) رہ گئی کہاوت. بڑا مرحلہ طے ہو گیا ہے بالکل تھوڑا سا کام رہتا ہے (جہاں سارا کام ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جائے وہاں بولتے ہیں).

ہاٹ (۱) اند (شاذ مث).
۱. دکان، سودا بیچنے کی جگہ، لین دین کی جگہ. ۲. سودا بکنے کی جگہ، منڈی، بازار. ۳. مقررہ دن اور جگہ کا عارضی بازار جو عام طور پر آٹھویں روز لگتا ہے، پینٹھ. ۴. راہ، راستہ. [س].

ہاٹ لگنا محاورہ. بازار لگنا؛ میلہ لگنا.

ہاٹ (۲) صف.
حرارت والا، تپتا ہوا، گرم. [انگ].

ہاٹ لائین اند. ہنگامی ضرورت کے لیے اعلیٰ حکام کے براہِ راست رابطے کا ٹیلی فونی یا تار برقی سلسلہ، ہر وقت جاری رہنے والا ٹیلی فونک سلسلہ.

ہاجی صف؛ اند.
۱. ہجو کرنے والا، ہجو گو، ہجو نگار. ۲. ہجو پر مبنی، جس میں کسی کی برائی بیان کی گئی ہو، ہجویہ (شعر و ادب وغیرہ). [ع].

ہاج ہاج صف.
ملغوبہ، چوں چوں کا مربہ؛ مراد: مہمل، لایعنی؛ گھٹیا. [انگ].

ہادی صف؛ اند.
۱. (i) آگے رہنے والا؛ ہدایت دینے والا، پیشوا، پیر و مرشد، رہبر، رہنما. (ii) رستہ دکھانے والا؛ (خصوصاً) وہ شخص جو سیاحوں کو کسی مقام یا علاقے کی سیر کرائے. ۲. اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام. ۳. پیغمبر، نبی؛ مراد: رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی ذات بابرکت. [ع].

ہادی برحق صف مذ. ۱. سچا رہنما. ۲. مراد: حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم.

ہار (۱) مث.
۱. شکست، ہزیمت، مات، زک. ۲. تھکاوٹ، ماندگی، راستے کی تھکن؛ نقصان. [س].

ہار جیت مث. شکست و فتح، کامیابی اور ناکامی.

ہار جھک مار کر م ف. تنگ آ کر، ناچار ہو کر، مجبور ہو کر، عاجز ہو کر.

ہار کر / کے م ف. ۱. تھک کر؛ مجبور ہو کر، مجبوراً، آخرکار. ۲. قربان کر کے، نچھاور کر کے.

ہار (۲) اند. گردن میں پہننے کا زیور جو سونے، چاندی یا جواہرات یا پھولوں وغیرہ کا بنا ہوا ہوتا ہے، مالا، لڑی. [س].

ہار پھول اند. پھولوں کی مالا اور پھول جو خوشی کے موقعے پر اور موت کے موقع پر ڈالے جاتے ہیں.

ہار ڈالنا محاورہ. ہار گلے میں پہنانا، مالا گلے میں ڈالنا.

ہار سنگار/سنگھار اند. آرائش، زیب و زینت، سجاوٹ؛ بناؤ سنگھار کا سامان، پھولوں کی لڑیاں یا گجرے جو سنگھار کے لیے بنائے جائیں نیز زیور وغیرہ.

ہار سنگھار کرنا محاورہ. چہرے یا جسم کی آرائش کرنا، سجنا سنورنا، پھولوں کے ہار یا زیورات سے خود کو سجانا.

ہار میں پرویا جانا ف مر؛ محاورہ. ترتیب دیا جانا؛ متحد کیا جانا.

ہار ہونا محاورہ. گلے کا ہار بننا ؛ مراد : دامن گیر ہونا نیز کسی کے ساتھ ہر وقت رہنا (بالعموم گلے کا ہار ہونا مستعمل ہے).

... ہار لاحقہ.
(مرکبات میں بطور لاحقۂ فاعلی مستعمل) کرنے والا ؛ جیسے : لکھن ہار، کرن ہار، کھیون ہار، دیون ہار، پالن ہار وغیرہ. [س].

ہارا امذ.
۱. جو ہار گیا ہو، مات کھایا ہوا. ۲. تھکا ہوا، تھکا ماندہ.

... ہارا لاحقہ.
مرکبات میں بطور لاحقہ صفت مستعمل، بہ معنی کرنے والا (جیسے : لکڑ ہارا). [س].

ہارٹ (سک ر) امذ.
(طب) وہ عضو رئیس جو خون کو رگوں میں دوڑاتا ہے، دل، قلب. [انگ].

ہارٹ اٹیک امذ. (طب) دل کی کارکردگی میں خلل پڑنے کا عمل، دل کا دورہ.

ہارٹ فیل امذ. (طب) قلب کی حرکت بند ہو جانے کی حالت (جس سے موت واقع ہو جاتی ہے).

ہارِج (کس ر) صف.
حائل ہونے والا، رکاوٹ ڈالنے والا ؛ جس سے ہرج واقع ہو ؛ دخل دینے والا، روکنے والا نیز ممنوع. [ع].

ہارج ہونا ف مر ؛ محاورہ. دخل انداز ہونا، رکاوٹ بننا.

ہارڈ (سک ر) صف.
(مادّہ) جو دبانے سے نہ دبے، سخت، ٹھوس نیز مشکل، کڑا، کٹھن. [انگ].

ہارڈ بورڈ امذ. سخت اور ٹھوس تختہ جو کیمیائی عمل کے ذریعے لکڑی کو کوٹ اور پیس کر بنایا جاتا ہے.

ہارڈ ڈسک مث. (کمپیوٹر) کمپیوٹر کے اندر لگا ہوا (ایک چھوٹے مستطیل تشت کی شکل کا) آلہ جو درحقیقت کمپیوٹر کی یادداشت ہے اور جس میں کمپیوٹر تمام معلومات کا ذخیرہ رکھتا ہے.

ہارڈ ویر/ ویئر امذ. ۱. دھات سے بنے ہوئے اوزار یا گھریلو سامان نیز بھاری مشینری یا ہتھیار. ۲. کمپیوٹر کا وہ حصہ جو آلات اور پرزوں وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے، کمپیوٹر کے مشینی اجزاء (سوئچ اور تار وغیرہ) (سوفٹ ویر کے برعکس).

ہارْس (سک ر) امذ (شاذ).
سواری اور بار برداری کے لیے استعمال کیا جانے والا چوپایہ، گھوڑا اسپ، فرس. [انگ].

ہارس پاور مث. (برطانوی انجینئری) طاقت یا کام کی رفتار ناپنے کی ایک اکائی جو ۵۵۰ فٹ پاؤنڈ فی سیکنڈ کے مساوی ہو ؛ اسپی طاقت فرسی طاقت نیز کسی انجن کی طاقت ظاہر کرنے کی اکائی کے طور پر بھی مستعمل ہے.

ہارس ٹریڈنگ مث. (سیاسیات) سیاست دانوں اور اسمبلی کے اراکین کی وفاداری رشوت کے عوض حاصل کرنے کا عمل ؛ لالچ سے کسی کی وفاداری مول لینے کا عمل.

ہارْمون (سک ر، وج) امذ.
(طب) مادّہ جو کسی عضو یا غدود میں پیدا ہوتا ہے اور خون یا رطوبت کے ذریعے خلیوں میں سرایت کر کے انھیں فعال رکھتا ہے، مہیجہ. [انگ].

ہارْمونِیَم (سک ر، وج، کس ن، فت ی) امذ.
(موسیقی) ایک صندوق نما بڑا دھونکے والا ساز جس کے پردوں کو ہاتھ سے دبا کر بجایا جاتا ہے. [انگ].

ہارَن (سک نیز فت ر) امذ.
موٹر گاڑیوں اور دیگر گاڑیوں میں لگایا جانے والا آواز کا آلہ نیز ایک باجا، قرنا، بھونپو. [انگ].

ہارْنا (سک ر) ف ل.
۱. شکست کھانا ؛ جنگ میں مات کھانا ؛ جوئے میں ہارنا ؛ شرط ہارنا، بازی میں ناکام ہونا. ۲. بے سکت ہونا ؛ تھکنا. ۳. مغلوب ہونا ؛ ناکام ہو جانا بے بس ہونا. ۴. جی چھوڑنا، پست ہمت ہونا، حوصلہ چھوڑ دینا ؛ گھبرا جانا ۵. نذر کرنا، صدقہ کرنا ؛ وار دینا. [س].

ہارُوت (ومع) امذ.
دو فرشتوں (ہاروت و ماروت) میں سے ایک کا نام جن کا ذکر قرآن میں ہے. [علم].

ہاروت و ماروت اند. دو فرشتے جو دنیا میں بھیجے گئے جو لوگوں کو جادو سکھاتے تھے.

ہارُون (و مع) اند.
ایک جلیل القدر پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی اور مددگار کا نام جو خود بھی نبی تھے. [عبر؛ علم].

ہاری اند.
(سندھ) ہل چلانے والا ، کسان ، دوسروں کی زمین معاوضے پر کاشت کرنے والا ، مزارع.

ہاڑ (۱) اند.
۱. ہڈی ، استخواں .۲. ڈھانچا ، پنجر .۳. جسم کی چوڑائی اور لمبائی ، قد کاٹھ ؛ قد وقامت ، جثہ ، کاٹھی ، جسامت. [س].

ہاڑ (۲) اند.
(ہندی تقویم) ساون سے پہلے اور جیٹھ کے بعد کا مہینہ ، جون کے مساوی مہینہ آشاڑ. [مقامی].

ہاڑنا (سک ر) ف ل.
۱. ترازو کو ٹھیک کرنا ؛ باٹوں کی درستی کی پڑتال کرنا .۲. ایک باٹ سے دوسرا باٹ تول کر بنانا ؛ وزن سے وزن کا مقابلہ کرنا ، وزن برابر کرنا ، اندازہ کرنا ، جانچنا ، امتحان کرنا.

ہاسپِٹَل (سک س ، کس پ ، فت ٹ) اند.
دواخانہ ، ہسپتال ، شفاخانہ. [انگ].

ہاسٹِل (سک س ، کس ٹ نیز فت ٹ) اند.
عموماً طلبہ کے رہنے کی جگہ جو درس گاہ سے قریب ہوتی ہے ، طلبہ (یا نرسوں وغیرہ) کی اقامت گاہ. [انگ].

ہاشِم (کس ش) مذ ؛ صف.
(لفظاً) توڑنے والا ، چورا کرنے والا ؛ مراد : آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پردادا کا لقب. [ع].

ہاشِمی (کس نیز سک ش) صف.
ہاشم سے منسوب یا متعلق ؛ ہاشم کی طرف نسبت رکھنے والا ، قریش کا ایک خاندان جو ہاشم کی اولاد سے تھا ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی اسی خاندان سے تعلق رکھتے تھے.

ہاضِم (کس ض) صف.
(لفظاً) ہضم کرنے والا ؛ پچانے والا ؛ (طب) جو غذا کو ہضم کرنے میں مدد دے ، تحلیل کرنے والا ، ملین. [ع].

ہاضِمَہ (کس نیز سک ض ، فت م) اند ؛ امث.
تحلیل غذا ، غذا کا پچاؤ ، انہضام ؛ ہضم کرنے کی قوت ؛ ہضم کا نظام ؛ معدہ.

ہاضمہ خراب ہو جانا/ہونا ف مر ؛ محاورہ. نظام ہضم کا کام نہ کرنا ؛ غذا ہضم نہ ہونا ؛ بدہضمی ہونا.

ہاف اند.
۱. کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک حصہ ، آدھا ، نصف ، نیم .۲. (کھیل) فٹ بال یا ہاکی وغیرہ میں مقررہ دورانیے کا نصف. [انگ].

ہاف بائل/ بوائل صف مذ. نصف اُبلا ہوا ، آدھا کچا آدھا پکا ، نیم ابلا ہوا (پانی یا انڈا وغیرہ).

ہاف ٹائم / ٹائیم اند. ۱. (کھیل) فٹ بال اور ہاکی وغیرہ کے مقابلے کے دوران میں کیا جانے والا وقفہ ، کھیل کا درمیانی وقفہ .۲. اسکول کے تدریسی دورانیہ کا وقفہ ، تدریس وتعلیم کا آدھا وقت گزر جانے کے بعد کا وقفہ.

ہاکَر (فت ک) صف مذ.
۱. گلی کوچوں میں آواز لگا کر بیچنے والا ، گھوم پھر کر بیچنے والا ، دست فروش ، پھیری والا نیز اخبار فروش ، اخبار بیچنے والا. [انگ].

ہاکی (الف) اند.
خاص قسم کی خم دار لکڑی اور گیند سے کھلے میدان میں کھیلا جانے والا ایک کھیل جس کی ایک ٹیم میں گیارہ کھلاڑی ہوتے ہیں .(ب) امث. خم دار لکڑی جس سے ہاکی کا کھیل کھیلا جاتا ہے ، ہاکی کھیلنے کی اِسٹک. [انگ].

ہال (۱) امث.
۱. جنبش ، حرکت ؛ جھٹکا ، ہچکولا .۲. چال ، رفتار ؛ گردش ، چکر.

ہال (۲) اند. ۱. بڑا کمرہ ، بڑا دالان .۲. بڑا کمرہ جس میں عام جلسے یا تقریبات وغیرہ ہوتی ہیں .۳. سینما ہال ، تھیٹر [انگ].

ہالا (۱) اند ؛ ~ ہالہ.
دیکھیے : ہالہ جو اس کا درست املا ہے.

ہالنا (سک ل) ف ل.
۱.حرکت کرنا ، ہلنا ، ڈولنا ،جنبش کرنا .۲.لرزنا ، کانپنا . [پ].

ہالوں (وج) امذ.
سرسوں کی شکل کے ایک قسم کے دانوں کا نام جو دوا میں کام آتے ہیں .

ہالَہ (فت ل) امذ ؛ ~ ہالا.
۱.روشنی کا دائرہ جو چاند کے ارد گرد دکھائی دیتا ہے (اور بعض لوگ اسے اگلے دن موسم خراب ہونے کی علامت سمجھتے ہیں) .۲. دائرہ جو موم بتی یا کسی اور روشنی کے گرد محسوس ہوتا ہے ، حلقہ ، کنڈل .۳.کان کی لو میں پہننے کا سونے یا چاندی کے تار سے بنا ہوا حلقہ نما زیور ، بالا ، ہالا . ۴.(کنایۃً) عاشق . [ف].

ہالہ بن دینا/ بننا محاورہ. زیادہ تاب ناک بنا دینا ، رفعت دینا ، شان بڑھانا ، زیادہ شان دار بنانا .

ہالہ بننا محاورہ. دائرہ بننا ، حلقہ بن جانا .

ہالہ کرنا محاورہ.گھیرنا ،گھیرا ڈالنا .

ہالی صف: مذ.
ہل چلانے والا ، کسان، کاشت کار، مزدور کسان، زراعتی مزدور . [س].

ہالی موالی امذ ؛ ج. دوست ، احباب ؛ مصاحبین ، ہم راہی ، ساتھی ؛ متعلقین ،متوسلین نیز نوکر چاکر .

ہامان امذ.
فرعون کے ایک وزیر یا مشیر کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں تھا ؛ (مجازاً) سرکش ؛ مغرور ؛ ظالم ؛ مشرک . [علم].

ہامُون (مع) امذ.
جنگل ، بیابان ؛ دشت ، میدان ؛ ریگستان ،صحرا . [ع].

ہامی امث.
۱. ہاں ، اقرار ، ہلے ، آرے ، اثبات (بالعموم بھرنا کے ساتھ مستعمل).
۲.یقین دہانی ، ضمانت .

ہاں (۱) (غنہ) م ف.
۱.گھر پر ، مکان میں .۲.خیال میں ، رائے میں ، نزدیک .

ہاں (۲) (الف) کلمہ؛ م ف.
۱.(کسی استفسار وغیرہ کے اثباتی جواب میں) ہوں ، جی (اقرار قبولیت کا کلمہ) نہیں کا نقیض .۲.حکم کا اشارہ ، کسی بات کا حکم دینے کلمہ .۳.(کلمۂ تنبیہ و تاکید) آگاہ ہو جاؤ ، جان لو ، دیکھو ، ہوشیار خبر دار .۴. مجبوراً بات ماننے کا کلمہ ، بہ مجبوری اقرار کرنے کا کلمہ ۴.کلمۂ تحسین و آفرین ، سبحان اللہ (شوق یا حوصلہ بڑھانے کے لیے شاباش ، مرحبا) .۵.کلمۂ ندا ، آواز دینے کا کلمہ ، پکارنے کا کلمہ .۶.البتہ مگر ، لیکن .۷.اصرار اور ضد کے موقعے پر .۸.استفسار اور سوال کرنے کے موقعے پر .(ب) امث .(کسی بات کی) رضامندی ، منظوری ، اقرار

ہاں تو فقرہ. سلسلۂ کلام منقطع ہونے کے بعد پھر سلسلہ قائم کرنے کے موقعے پر مستعمل ، ربط کلام کے لیے .

ہاں جی امث ،کلمۂ ایجاب. ۱.(تعظیم کے لیے ہاں کی جگہ) جی ہاں بے شک ، بجا ہے (نیز کسی سوال کے جواب میں) .۲.طعن و طنز کے موقعے پر .۳. ہر بات میں اقرار .

ہاں جی کا نوکر ہونا محاورہ. ہر بات میں ہاں میں ہاں ملانا ، بات اور ہر حال میں آقا یا افسر کی مرضی کے تابع ہونا ، ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا .

ہاں کر لینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ماننا ، اقرار کرنا ، قبول کرنا ، منظور کرنا ، اقبال کرنا .۲.لڑکی کا اپنے منہ سے ہاں کہہ کے نکاح قبول کرنا، ایجاب کرنا ، قبول کرنا .

ہاں کہہ دینا / کہنا محاورہ. زبان سے اقرار کرنا ؛ رضامند ہو جانا کسی معاملے میں رضامندی ظاہر کرنا .

ہاں میں ہاں ملانا محاورہ. ۱. جی ہاں جی ہاں کرنا ، دوسرے کی رائے سے پورا اتفاق کرنا ، ہر بات کی تائید کرنا نیز خوشامد کرنا ؛بے سمجھے بوجھے مان لینا .۲. بڑھانا ، اضافہ کرنا .

ہاں ناں / ناںہہ / ناہ امث. اقرار و انکار ، قبولیت و عدم قبولیت منظور و نامنظور ؛ ردّ و کد ، بحث و تکرار .

ہاں ناں کرنا محاورہ. ۱. واضح ، جواب دینا ، اقرار یا انکار کرنا .۲. ٹال مٹول کرنا ، ہاں ہوں کرنا ، ہچر مچر کرنا ، ہچکچانا ؛ تذبذب ہونا .

ہاں ہاں کلمۂ ایجاب ۔ ۱. (زور دینے کے لیے یا اتفاق ظاہر کرنے کے لیے مستعمل) بے شک، یقیناً، ضرور ۔ ۲. کلمہ جو کسی امر کی ممانعت یا تنبیہ کے لیے زبان پر لاتے ہیں، نہ نہ، ہرگز نہیں، ہیں ہیں، نہیں نہیں، رکو رکو ۔

ہاں ہاں کرنا محاورہ ۔ ہامی بھرنا، اقرار کرنا، تسلیم کرنا، جی جی کرنا، ہاں ہاں کہنا ۔ ۲. روکنا، باز رکھنا، منع کرنا، نہیں نہیں کرنا ۔

ہاں ہوں امث ۔ ۱. کلمۂ ایجاب و قبول، اشارۂ قبولیت؛ اقرار، منظوری ۔ ۲. غیر یقینی اقرار، غیر واضح جواب، مبہم بات، صرف ہنکارا ۔ ۳. لیت و لعل، وعدہ وعید، ٹال مٹول ۔ ۴. بحث و تکرار، حجت، انکار ۔

ہاں ہوں کرنا محاورہ ۔ ۱. اقبال کرنا، اقرار کرنا ۔ ۲. بولنا، دم مارنا، ہنکارا بھرنا ۔ ۳. غیر واضح اور مبہم جواب دینا، ٹال مٹول کرنا، ٹالنے کے لیے کچھ کہہ دینا؛ بے دلی سے جواب دینا ۔ ۴. (بچے کا) بولنے لگنا، (بچے کا) غوں غاں کرنا ۔

ہانپتا (غنہ، سک پ) صف ۔
جو ہانپ رہا ہو، سانس چڑھا ہوا؛ تھکا ہوا ۔

ہانپتا کانپتا صف ۔ ہانپتا ہوا، جو ہانپ اور کانپ رہا ہو؛ (کنایۃً) بدحواس، پریشان؛ بہت تھکا ہوا ۔

ہانپنا (غنہ، سک پ) ف ل ۔
۱. جلدی جلدی سانس لینا، کمزوری کے باعث یا دوڑنے یا جلدی چلنے یا بوجھ اٹھانے کے باعث تیز تیز سانس لینا ۔ ۲. ہمت ہار جانا؛ گھبرا جانا ۔ ۳. کتے کا زبان باہر نکال کر سانس لینا جس سے ایک مخصوص آواز پیدا ہوتی ہے ۔ ۴. دم ٹوٹنا، سانس اکھڑنا ۔

ہانڈی (مغ) امث ۔
۱. کھانا وغیرہ پکانے کے لیے مٹی کا بنا ہوا خاص وضع کا گول برتن، مٹی کی دیگچی ۔ ۲. (مجازاً) دال یا سالن وغیرہ نیز دیگر کوئی کھانا، پکوان ۔ ۳. (مجازاً) گول چیز؛ دائرہ، حلقہ ۔ [س] ۔

ہانس (غنہ) امذ ۔
۱. ہڈی کا وہ گول حلقہ جو گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہوتا ہے، ہنسلی، ہنسلی کے حلقے کا ایک حصہ، کنٹھ ۔ ۲. گلا، گردن ۔ ۳. گلے میں پہننے کا سونے یا چاندی کا ایک زیور، ہنسلی، حلقہ، کنٹھا ۔ [س] ۔

ہانک (غنہ) امث ۔
۱. آواز، صدا، پکار ۔ ۲. للکار، ڈپٹ؛ ہول ناک صدا، شور غل، چیخ ۔ ۳. چرچا، شہرہ، شہرت ۔ ۴. بڑ، اول فول بات، بے پر کی ۔ ۵. مویشی کو چلانا؛ تیز رفتار کرنا ۔ [س] ۔

ہانک دینا محاورہ ۔ ۱. پکارنا، بلانا، آواز دینا، چلانا ۔ ۲. (کوئی بات) زبان سے سوچے سمجھے بغیر نکالنا، بغیر سمجھے بوجھے کوئی بات کہنا ۔ ۳. چلانا، ہانکنا، تیز رفتار کرنا (جانور وغیرہ کو)؛ (مجازاً) سلوک کرنا، پیش آنا ۔

ہانک لگانا محاورہ ۔ ۱. (i) لگاتار خاص طرح کی آواز لگانا، دیر تک ایک ہی آواز سے پکار لگانا، چیخ چلا کر کچھ کہنا، بلند آواز سے کہنا؛ نعرہ مارنا ۔ (ii) تنبیہ کے طور پر زور سے کہنا (منع کرنے یا روکنے یا ڈپٹنے کے لیے)؛ آگاہ کرنا ۔ ۲. بڑ ہانکنا، شیخی بگھارنا ۔ ۳. بے سوچے سمجھے بولنا؛ بے پر کی ہانکنا ۔

ہانکا (مغ) امذ ۔
۱. جانور کو شکار کرنے کے لیے شور مچا کر جھاڑیوں وغیرہ سے باہر نکالنے کا عمل، ہانکنے کا فعل؛ (مجازاً) کسی کو پھانسنے کی تدبیر ۔ ۲. وہ حلقہ یا گھیرا جس میں شکاری جانور کو گھیر کر لایا گیا ہو، شکار کا حلقہ ۔

ہانکنا (غنہ، سک ک) ف م ۔
۱. (i) چلانا، رواں کرنا؛ دوڑانا، تیز رفتار کرنا ۔ (ii) (جانور کو) تیز چلانا، آگے بڑھانا، (جانور کو) کسی خاص سمت میں چلانا ۔ ۲. نکالنا، چلتا کرنا، بھگا دینا ۔ ۳. (شور مچا کر) بھگانا، اُڑانا، دوڑانا ۔ ۴. بلا سمجھے بوجھے زبان سے کوئی بات نکالنا؛ لن ترانی کرنا؛ شیخی بگھارنا؛ بکنا، دون کی لینا، اَنٹ کی سنٹ اُڑانا، بولنا، کہنا ۔ [س] ۔

ہانکے (مغ) م ف؛ امذ ۔
ہانکتے ہوئے نیز ہانکا کی جمع اور مغیرہ شکل ۔

ہانکے پکارے م ف ۔ (لفظاً) ہانکتے پکارتے؛ مراد: علانیہ، کھلم کھلا، ڈنکے کی چوٹ پر، کھلے بندوں، علی الاعلان ۔

ہانکے جانا محاورہ ۔ بغیر سوچے سمجھے بولے جانا؛ لن ترانی کرنا ۔

دیکھیے: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

باوَن (فت و) اند.
دوا یا مسالا وغیرہ کوٹنے کا لوہے یا پتھر کا بنا برتن ، کوٹنے کا آہنی یا سنگین ظرف ، اوکھلی ، کھرل . [ف].

باون دستہ اند. کسی دھات کا بنا ہوا دوائیاں وغیرہ کوٹنے کا برتن اور موسلی ؛ (عوام) ہمام دستہ .

ہاہا امث.
ا. ٹھٹھے یا خوشی کی آواز ، ہنسی کی آواز ، ہی ہی ، ٹھی ٹھی ، کھی کھی ، ہو ہو .۲. (کلمۂ افسوس) ہائے ، آہ ، افسوس ، حیف .

ہاہا کار امث ؛ اند. شور وغوغا، چیخ پکار، چیخنے چلانے کا عمل؛ واویلا، کہرام.

ہاہا کار مچانا محاورہ. ہاہا کار مچنا کا تعدیہ ، شور وغوغا ، چیخ پکار ، چیخنے چلانے کا عمل ، واویلا ، کہرام.

ہائڈروجن (کس ہ ، سک ڈ ، وج ، فت ج) اند.
ایک کیمیائی عنصر جو سب سے ہلکا ہوتا ہے اور تمام نامیاتی مرکبات میں پایا جاتا ہے نیز ایک بے بو اور بے مزہ گیس ، ہائیڈروجن. [انگ].

ہائکو/ہائیکو (کس ج ، وج نیز مع) امث.
جاپانی صنفِ شاعری جس میں تین غیر مقفّیٰ مصرع ہوتے ہیں جو بالترتیب پانچ سات اور پانچ ارکان کے وزن پر مشتمل ہوتے ہیں. [جاپانی].

ہاؤ (وج) اند.
ا. پکار ، آواز ؛ ناز ، نخرہ ، غمزہ .۲. ہندی ادب کی معنوی خوبیوں میں سے ایک ، ہندی کے صنائع کی ایک قسم. [س].

ہائی صف.
اونچا ، بلند نیز بلند مرتبے والا ، اعلیٰ نیز زیادہ . [انگ] .

ہائی کورٹ اند. صوبے کی سب سے بڑی عدالت ، عدالت عالیہ.

ہائے (۱) ندائیہ.
ا. اظہارِ تاسّف کے لیے ، افسوس صد افسوس ، حیف ، دریغ .۲. درد یا تکلیف ظاہر کرنے کے لیے ، (بیماری میں) کراہنے کی حالت کے اظہار کے لیے .۳. کسی خواہش یا حسرت کے اظہار نیز مایوسی کے موقعے پر مستعمل .۴. ندا یا ماتم کے لیے ، اے ، وائے (غم اور آہ وزاری کے موقعے پر مستعمل) .۵. سراپ ، بد دعا ؛ صبر ، (جیسے : غریب کی ہائے مت لو) کے موقعے پر مستعمل .

ہائے پڑنا محاورہ. بد دعا لگنا ، آہ کا اثر ہونا ، خدا کی مار پڑنا

ہائے لینا محاورہ. بد دعا لینا ، آہ لینا .

ہائے (۲) (ی ج) امث.
حرف "ہ" ، ہا ، ہاہ (تراکیب میں مستعمل) ، (دیکھیے : ہا(ا) مع تحتی الفاظ وتراکیب) .

ہائے مُختَفی امث. وہ ہ جو لفظ کے آخر میں ہو لیکن کھل کر پڑھی جائے ، جیسے : جامہ ، فسانہ ، دیوانہ .

ہائے ہوز امث. ہ جو لفظ ہوز میں آتی ہے اسے چھوٹی ہ بھی کہا جاتا ہے. دیکھیے : ہا(ا) مع تحتی الفاظ.

ہائیڈروجن (ی مع ، سک ڈ ، وج ، فت نیز کس ج ج) اند ؛ ← ہائڈروجن.
(کیمیا) ایک بے رنگ و بے بو آتش گیر گیس ، عموماً یہ گیسی عنصر آکسیجن کاربن نائٹروجن اور گندھک کے مرکبات کی شکل میں پایا جاتا ہے اور اس کا سب سے اہم مرکب پانی ہے . [انگ].

ہائیں (ی ج) کلمہ ؛ امث.
ا. (تاکید یا تہدید کے لیے مستعمل) ، دیکھو ، ہوشیار ؛ خبردار ، ایسا مت کہو .۲. استفہام یا تعجب کے موقعے پر.

ہائیّہ (کس ہ ، شدی بہ فت) صف ؛ امث.
حرف "ہ" سے متعلق ، ہا / ہاہ سے منسوب (حرف یا آواز وغیرہ) ہائے ہوز (ہ) والا ، "ہ" کی مخلوط آواز والا حرف ، جس میں ہائے ہوز (ہے) ہو نیز حرف "ہ" کی مخلوط آواز (جو بھ ، پھ ، تھ وغیرہ میں سنائی دیتی ہے) .

ہَبڑ دَبڑ / ہَبڑ دَھبڑ (فت ہ ، ب ، سک ڑ ، فت د ، ب بفت دھ ، ب) امث.
گڑ بڑ ، بے ڈھنگی روش ، بھیڑ بھاڑ نیز بھاگ دوڑ ، افراتفری. [مقامی]

ہُبَل (ضم ہ ، فت نیز ضم ب) اند ؛ ← ہبل.
دورِ جاہلیت کا سب سے بڑا بت جو کعبے میں رکھا ہوا تھا. [ع].

ہبُوط (ضم ہ ، وج مع) اند
ا. (i) نیچے اترنا ، نازل ہونا ؛ کسی بلند جگہ سے نیچے آنا . (ii) آسمان سے اُترنے کا عمل ؛ نزول .۲. زوال ، پستی ، تنزل . [ع].

ہِبَہ (کس ہ، فت ب) امذ.
۱. (فقہ) حق ملکیت کی منتقلی (عموماً بلاقیمت)، انتقال ملکیت (باختیارات کلی)، موجودہ جائداد منقولہ و غیر منقولہ کا انتقال. ۲. عطیہ؛ بخشش، عطا، انعام، تحفہ. ۳. وقف، دان، پن، خیرات. [ع].

ہَپّا / ہَپّہ (فت ہ، شد پ/ شد پ بفت) امذ.
(عور) بچوں اور پوپلوں کی غذا، کوئی نرم و ملائم خوراک، کھچڑی.

ہِپناٹائزڈ / ہِپناٹائیزڈ (کس ہ، سک پ، کس ئ ج ہ، سک ز) صف.
توجہ سے حالت نوم میں لایا ہوا؛ (مجازاً) غنودہ نیز مسحور. [انگ].

ہِپناٹزم (کس ہ، سک پ، کس ئ ٹ، سک ز) امذ.
عمل جس میں عامل معمول پر نیند کی سی حالت طاری کر دیتا ہے، عمل تنویم، تنویم مقناطیسی، عمل توجہ، مسمریزم. [انگ].

ہِپّی (کس ہ، شد نیز بلا شد پ) صف؛ امذ.
لاابالی وضع کا فرد اور گروہ (خصوصاً یورپ میں ۱۹۶۰ء کی دہائی میں) جو لمبے بالوں، تنگ مہری کی پتلون اور گلے میں منکوں کی مالا وغیرہ سے پہچانا جاتا ہے یہ منشیات کا عادی روایتی اقدار سے بے پروا اور خانہ بدوش ہوتا ہے؛ آزاد منش، آزاد خیال. [انگ].

ہَت (۱) (فت ہ) کلمۂ تنفر.
چل دور ہو، پرے ہٹ، الگ ہو، دفع ہو، چلتا پھرتا نظر آ. [مقامی].

ہَت تری / تیرے کی کلمۂ نفرین و تحقیر. (نفرت یا بد دعا کے لیے) تیرا خانہ خراب ہو، تیرا ستیاناس ہو؛ دفع ہو.

ہَت (۲) (فت ہ) امذ.
دیکھیے: ہاتھ کا مخفف: تراکیب میں مستعمل.

ہَت چُھٹ ہونا محاورہ. بات بے بات مارنے کے لیے ہاتھ اٹھانے کا عادی ہونا، مارنے کی عادت والا ہونا.

ہَتّا (فت ہ، شد ت) (الف) امذ؛ ~ ہتھا.
۱. کسی چیز کو پکڑنے کے لیے اس میں لگا ہوا دستہ، ہتھا، موٹھ، قبضہ، گرفت. ۲. دانو، باری. ۳. چکی وغیرہ کی لکڑی جسے پکڑ کر چلاتے ہیں نیز ڈنڈا یا موٹی سلاخ جس پر چرخی گھومتی ہے. ۴. ہاتھ کا قرب، ہاتھ کے پاس (جیسے: ہتے سے اکھڑ گیا). (ب) صف. ہاتھ والا (جیسے: بائیں ہتا). [س].

ہَتَک (فت ہ، سک نیز فت ت) امث.
۱. (i) بے عزتی، بے حرمتی، توہین. (ii) کسی کی شان میں گستاخی، اہانت. ۲. (i) ذلت، رسوائی، بدنامی. (ii) شرمندگی، خجالت، افسوس. [ع].

ہتک عزت امث. بے عزتی، ذلت، رسوائی، بدنامی.

ہتک عزت کا دعوٰی امذ. (قانون) مقدمہ جو بے عزتی، رسوائی یا بھید کھولنے یا الزام لگانے کی سزا یا ہرجانے کے لیے کیا جائے، ازالہ حیثیت عرفی کا دعوٰی.

ہَتکَنڈا / ہَتکھَنڈا (فت ہ، سک ت، فت ک، مغ نیز سک ن) امذ.
دیکھیے: ہتھکنڈا.

ہَتکَنڈوں (فت ہ، سک ت، فت ک، مغ نیز سک ن، و ج) امذ؛ ج.
ہتکنڈا کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

ہتکنڈوں پر آنا محاورہ. چالاکیاں دکھانا، چالبازیاں دکھانا.

ہَتّیا (فت ہ، شد ت بکس نیز سک ت) امث.
۱. قتل کرنے کا عمل، ذبح کرنے کا عمل؛ قتل، جان لینے کا عمل. ۲. گناہ، پاپ، جرم. [س].

ہَتھ (فت ہ) امذ.
ہاتھ کا مخفف؛ تراکیب میں مستعمل.

ہتھ پھول امذ. آتش بازی کی ایک قسم جس میں سے جھڑنے والی چنگاریاں پھول جیسی نظر آتی ہیں؛ پھلجھڑی یا کوئی ایسی آتش بازی جسے ہاتھ میں لے کر چھڑایا جائے.

ہتھ پھیر امذ. شعبدہ بازی، استادی، ہاتھ کی چالاکی، عیاری.

ہتھ چھٹ صف. ذرا سی بات پر مار بیٹھنے والا، مارنے میں بے دھڑک، ہاتھ چلانے والا، بے دھڑک وار کر دینے والا، دست دراز؛ بے قابو شخص، جسے مار بیٹھنے کی عادت ہو.

ہَتّھا (فت ہ، شد تھ) امذ.
۱. کسی چیز میں لگا ہوا وہ حصہ جسے ہاتھ میں پکڑ کر گھماتے یا چلاتے یا سہارتے ہیں، قبضہ، دستہ، موٹھ، گرفت. ۲. کسی چیز میں لگا ہوا یا بنا ہوا

سہارا جس پر ہاتھ ٹکایا جائے ، ہاتھ ٹیکن ، بازو ۔۳. چنگل ، قبضہ ، ہاتھ اور بازو کا درمیانی جوڑ .

ہَتھکَڑی (فت ہ ، سک تھ ، فت ک) امث .
۱. لوہے کا کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھوں میں ڈالتے ہیں ، دست بند .
۲. منت کا کڑا جو محرم میں شیعہ عورتیں پہنتی ہیں .

ہَتھکَنڈا (فت ہ ، سک تھ ، فت ک ، مغ نیز سک ن) اند : ~ ہتکنڈا.
۱. ہاتھ کا کرتب ، ہاتھ کی چالاکی ، بازی گری ۲. داؤ ، پیچ ، گھات ؛ حیلہ ، بہانہ ۔۳. طور ، طریقہ ، ڈھنگ ، طرز ، انداز ، ذریعہ .

ہَتھنی (فت ہ ، سک تھ) امث .
ہاتھی کی مادہ جس کے دانت چھوٹے ہوتے ہیں . [س] .

ہَتھوڑا (فت ہ ، ولین نیز و ج) اند .
لوہے وغیرہ کو کوٹنے پیٹنے یا کیل وغیرہ کو ٹھونکنے کا ایک اوزار ، موگری ، موگرا . [س] .

ہَتھوڑی (فت ہ ، ولین نیز و ج) امث .
چھوٹا ہتھوڑا .

ہَتھوڑے (فت ہ ، ولین نیز و ج) اند : ج .
ہتھوڑا کی جمع نیز مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

ہتھوڑے برسنا محاورہ. مسلسل ضرب پڑنا ؛ بہت اذیت ہونا ، شدید رنج ہونا .

ہتھوڑے پڑنا محاورہ. چوٹ پڑنا ، ضرب لگنا ؛ مراد : کسی بات سے ذہنی اضطراب ہونا .

ہَتّھی (فت ہ ، شد تھ) (الف) امث .
۱. چھوٹا دستہ ، موٹھ ، دستی ۔۲. ترازو کی ڈنڈی کے بیچوں بیچ سوراخ میں لگی ہوئی موٹھ ۔۳. گنّے کے رس کو ہلانے کی ڈنڈی . (ب) م ف .
(ہاتھ سے) متعلق ، دستی .

ہَتّھے (فت ہ ، شد تھ) اند .
۱. ہتھا کی جمع اور مغیرہ شکل ، تراکیب میں مستعمل .

ہتھے چڑھ جانا / چڑھنا محاورہ . ۱. قابو میں آنا ، قبضے میں آنا ، دسترس میں آنا ، ملنا ، ہاتھ لگنا ۔۲. داؤ میں آنا ، جھانسے میں آنا .

ہتھے سے اکھڑ جانا / اکھڑنا ف مر : محاورہ ۱. (پتنگ بازی) ڈور کا ہاتھ کے پاس سے ٹوٹ جانا ۔۲. شروع ہی میں بے قابو ہونا ، بدلحاظ ہو جانا ؛ معاملہ بگڑ جانا ؛ بہت خفا ہو جانا ، جھلا جانا .

ہَتّھیا (فت ہ ، سک تھ نیز شد تھ کس) امث .
قتل کرنے کا عمل ، قتل ؛ آزار ؛ گناہ .

ہَتھیار (فت ہ ، سک نیز کس ی ج تھ) اند .
۱. اسلحہ ، آلہ جنگ ، لڑائی کے اوزار ، سامانِ جنگ ۔۲. کام کرنے میں مدد دینے والا آلہ ، اوزار .

ہتھیار اٹھا لینا / اٹھانا محاورہ. جنگ پر آمادہ ہونا ، مقابلے پر آجانا ، جنگ کا ارادہ یا اعلان کرنا .

ہتھیار بند صف : اند. مسلح ، ہتھیار لگائے ہوئے .

ہتھیار ڈال دینا / ڈالنا ف مر : محاورہ . ۱. ہتھیار پھینک دینا ؛ لڑائی یا مقابلہ موقوف کرنا ، (خود کو) دشمن کے حوالے کرنا ، حراست میں دے دینا ، جنگ کا ارادہ ترک کر دینا ۔۲. شکست قبول کرنا ، شکست کا اعتراف کر لینا .

ہَتھیارا (فت ہ ، سک تھ) صف .
(بالعموم لعن طعن کے لیے مستعمل) پاپی ، گناہ گار ، بے انصاف ، فاسق ، ظالم ، ہتیارا .

ہَتھیا لینا / ہَتھیانا (فت ہ ، کس ی ج تھ) ف ل .
قبضہ کرنا ، زبردستی قابض ہو جانا ، دبا لینا ، اپنے ہاتھ میں لینا ، مالک بن جانا .

ہَتھیلی (فت ہ ، ی ج) امث .
ہاتھ کا اندرونی حصہ جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے نیز کف دست ، ہاتھ کا گڑھا .

ہتھیلی پر جان رکھنا محاورہ. دیکھیے : جان ہتھیلی پر رکھنا جو زیادہ مستعمل ہے ، قربانی کے لیے تیار رہنا ؛ ہر وقت جان دینے کے لیے آمادہ رہنا ، مرنے کے لیے تیار رہنا .

ہتھیلی پر جان لیے پھرنا محاورہ. ہر وقت مرنے کے لیے آمادہ رہنا ، جان دینے کے لیے تیار رہنا .

ہتھیلی پر / پہ سرسوں جمانا محاورہ. مشکل کام بہت جلدی کرنا ، دشوار

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

م کو اتنی جلدی کرنا کہ حیرت ہو ؛ مشکل کام بہت آسانی سے کرنا .

ہتھیلی کا پھپولا / پھپھولا اند . ہتھیلی کا چھالا ، ہتھیلی کا آبلہ ؛ (مجازاً) بہت نازک چیز .

ہتھیلی میں چور پڑنا محاورہ . مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا ؛ وزدِ حنا بننا ، مہندی لگنے کے بعد ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا ، ہتھیلی میں مہندی یکساں اور اچھی طرح نہ لگنا .

ہتھیلی میں چھید ہونا محاورہ . بہت فضول خرچ ہونا ؛ روپیہ پیسہ ہاتھ میں نہ ٹکنا .

ہَٹ (۱) (فت ہ) امث .
اپنی بات منوانے پر اصرار ، ضد ، اڑ . [پ : س] .

ہٹ دھرم صف . بے جا ضد کرنے والا ، اپنی بات کی پچ کرنے والا ، ضدی ، ہٹی .

ہٹ دھرمی امث . ۱. ضد کرنے کی حالت ؛ ضد کرنے کا عمل یا کیفیت . ۲. ناانصافی ؛ بدمعاملگی ، بے ایمانی .

ہَٹ (۲) (فت ہ) امث ؛ اند .
۱. لکڑی کا چھوٹا مکان ، لکڑی کے تختوں وغیرہ سے کھڑا کیا ہوا گھر ؛ جھونپڑی ، جھگی ؛ کٹیا . ۲. رہائش گاہ (عموماً چھوٹی اور سادہ ساخت کی) . ۳. سمندر کے کنارے بنایا جانے والا چھوٹا مکان (عموماً تفریح کی غرض سے) . [انگ] .

ہَٹ (۳) (فت ہ) امر .
ہٹنا کا امر ، سرک ، کھسک ؛ تراکیب میں مستعمل .

ہٹ جانا ف مر ؛ محاورہ . ۱. سرک جانا ، پرے ہو جانا ، کھسک جانا ، چلے جانا ؛ دُور ہو جانا ، دیکھیے : ہٹنا . ۲. متنفر ہونا ؛ بیزار ہو جانا .

ہٹّا کٹّا (فت ہ ، شد ٹ ، فت ک ، شد ٹ) اند .
موٹا تازہ ، تن درست و توانا ، فربہ اندام ، تناور ، خنگا ، مضبوط ہاتھ پیروں والا ، قوی ہیکل ، کسرتی بدن کا .

ہَٹانا (فت ہ) ف م .
۱. سرکانا ، پرے کرنا ، کھسکانا ، پرے لے جانا ، دور کرنا . ۲. برطرف نیز تبادلہ کرنا . ۳. ملتوی کرنا ؛ باز رکھنا ، روکنا . ۴. واپس کرنا ، لوٹانا ، پھیرنا ؛ کسی چیز کا دوسری جگہ پر لے جانا . ۵. ایک چیز کی جگہ دوسری چیز لانا ، تبدیل کرنا ، بدلنا . ۶. رُخ تبدیل کرنا (موقف یا روش وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .

ہَٹْنا (فت ہ ، سک ٹ) ف ل .
۱. پرے ہونا ، الگ ہونا ، دور ہونا ، سرکنا ، کھسکنا ؛ ٹل جانا ، چلا جانا ، جگہ خالی کرنا . ۲. واپس ہونا ، پھرنا ، پیچھے ہونا ؛ شکست کھانا ، پسپا ہونا ، (جنگ میں) پشت دکھانا . ۳. ترک کرنا ، چھوڑ دینا . ۴. صحیح راستے سے دور ہو جانا ، انحراف کرنا . ۵. دل سے اُتر جانا (بالعموم جی کے ساتھ مستعمل) . [س] .

ہَٹّی (فت ہ ، شد ٹ) امث .
۱. دکان ، چھوٹی دکان . ۲. چھوٹا میلا یا منڈی ؛ ہاٹ ، بازار .

ہَٹّی کَٹّی (فت ہ ، شد ٹ ، فت ک ، شد ٹ) صف مث .
موٹی تازی ، خوب مضبوط ، تنومند (عورت ، لڑکی وغیرہ) .

ہَٹْیَل (فت ہ ، سک ٹ ، فت ی) صف .
ہٹیلا ، ضد کرنے والا ، ضدی .

ہَٹیلا (فت ہ ، ی مع نیز ی ج) صف .
ضدی ، اڑیل ، ہٹ کرنے والا (برائے تذکیر) .

ہِجا (کس ہ) امث .
لفظ کو حرف حرف کر کے پڑھنا ، حرفوں کا اعراب اور حرکات کے ساتھ اظہار . [ع] .

ہَجْر (فت ہ ، سک ج) ف م نیز امث .
چھوڑنا ، کسی چیز کو رنج و ملال یا بے زاری کے ساتھ ترک کرنا . [ع] .

ہِجْر (کس ہ ، سک ج) اند .
۱. محبوب سے دوری ؛ جدائی ، فراق ، مفارقت ، علیحدگی . ۲. (مراداً) ہجرت ؛ (کنایۃً) ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم . [ع] .

ہجر زدہ صف . جدائی کا مارا ، جدائی کے غم میں مبتلا .

ہِجْراں (کس ہ ، سک ج) اند .
جدائی ، مفارقت ، فراق .

ہجراں نصیب صف ؛ اند . جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو ، فراق کا مارا .

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

ہجراں نصیبی مث. ہجراں نصیب کا اسم کیفیت.

ہِجْرَت (کس ہ، سک ج، فت ر) امث.
ا. کسی علاقے شہر یا ملک کو چھوڑ دینا، (خصوصاً) وطن کو خیرباد کہنا، ترکِ وطن. ۲. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خدا کے حکم اور ہدایت کے تحت مکے کو چھوڑ کر مدینے جانا. ۳. (کنایۃً) ہجر، فراق، جدائی، مفارقت (خصوصاً احباب سے).

ہجرت کرنا ف مر؛ محاورہ. جان یا ایمان کی سلامتی کی خاطر کسی علاقے کو چھوڑ دینا.

ہِجْری (کس ہ، سک ج) صف.
ا. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے منسوب (تاریخ یا سال). ۲. مسلمانوں کا سنہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مکے سے ہجرت کے دن سے شمار ہوتا ہے، تقویم جو ہجرت نبوی ﷺ کے زمانے سے شروع کی گئی.

ہَجْو (فت ہ، سک ج) امث.
ا. (لفظاً) کسی کی برائی کرنا؛ نفرت اور غصے وغیرہ کا اظہار، مذمت، ملامت، برائی، بدگوئی، عیب جوئی، دشنام طرازی. ۲. نظم جس میں کسی کے فرضی یا واقعی عیوب مبالغے کے ساتھ بیان کیے گئے ہوں، شاعری کی ایک صنف جس میں کسی کی مذمت کی جاتی ہے. [ع].

ہجو گو صف؛ امذ. ہجو کہنے والا، مذمت پر مبنی شعر کہنے والا.

ہُجُوم (ضم ہ، وَمع) امذ.
ا. (لفظاً) کسی پر دفعتہً ٹوٹ پڑنا، اچانک حملہ آور ہونا. ۲. بھیڑ بھاڑ، مجمع، انبوہِ کثیر، ٹھٹھ، جمگھٹ، ازدحام، جم غفیر. [ع].

ہِجّے (کس ہ، شد ج نیز بلا شد) امذ؛ ج.
ہجا جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے؛ تراکیب میں مستعمل.

ہجے کرنا ف مر. لفظ کے املا کو ایک ایک حرف کر کے ادا کرنا، لفظ کو حروف اور اعراب سے پڑھنا.

ہِچَرْمِچَر (کس ہ، فت چ، سک ر، کس م، فت چ) امث؛ امذ.
ہچکچاہٹ، جھجک، تامل، تذبذب؛ لیت و لعل، بہانہ، ٹال مٹول، پس و پیش؛ جھگڑا، دھکڑ پکڑ؛ رکاوٹ. [مقامی].

ہِچَک (کس ہ، فت چ) امث.
رکاوٹ، تذبذب، کسمساہٹ، تامل، جھجک، ہچکچاہٹ. [س].

ہِچْکِچانا (کس ہ، سک چ، کس ک) ف ل.
جھجکنا، پس و پیش سوچنا، تامل کرنا، شش و پنج میں ہونا.

ہِچْکِچاہَٹ (کس ہ، سک چ، کس ک، فت ہ) امث.
ہچکچانے کا عمل، تامل؛ سستی. [س].

ہِچْکولا (کس نیز فت ہ، سک چ، وَمع) امذ.
ا. دھچکا، دھکا، جنبش، جھٹکا، جھکولا. ۲. صدمہ، دکھ، اذیت. ۳. زلزلہ، بھونچال.

ہَچْکولے (کس نیز فت ہ، سک چ، وَمع) امذ؛ ج.
ہچکولا کی جمع؛ جھکولے؛ تراکیب میں مستعمل.

ہچکولے کھانا محاورہ. کشتی یا گاڑی وغیرہ کا پانی کے زور سے اِدھر اُدھر یا اوپر نیچے ہونا، لہرانا نیز کسی سواری کا جھٹکے کھانا.

ہِچْکی (کس ہ، سک چ) امث.
ا. گلے سے رک رک کر آواز کے ساتھ نکلنے والی ہوا، فواق. ۲. دم گھٹنے کی حالت جو نزع اور جانکنی کے وقت نیز روتے ہوئے پیش آتی ہے.

ہچکی آجانا/ آنا ف مر؛ محاورہ. آواز کے ساتھ سانس رک رک کر نکلنا.

ہچکی بندھ جانا/ بندھنا ف مر؛ محاورہ. زیادہ رونے سے سانس کا رُک رُک کر نکلنے لگنا، کثرتِ گریہ سے دم کا رُک رُک کر آنا نیز شدید گریہ کرنا؛ شدت سے رونے لگنا.

ہُد (ضم ہ) امذ.
(دیمک کا) گھر؛ ٹھکانا. [مقامی].

ہَدایا (فت ہ) امذ؛ ج.
تحفے، ہدیے. [ع].

ہِدایَت (کس ہ، فت ی) امث.
ا. سیدھا راستہ دکھانے کا عمل، رہنمائی، رہبری نیز نجات کا راستہ. ۲. حکم، فرمان، ارشاد نیز مشورے، خاص اور اچھی باتیں، نیک باتیں. ۳. (i) نیک راہ، صراطِ مستقیم. (ii) راستی، حق، صداقت. [ع].

ہدایت کار/ہدایتکار امذ. ہدایت کرنے والا؛ بالعموم فلم یا ڈرامے وغیرہ کے فن کاروں کے کام کی نگرانی کرنے اور ہدایات دینے والا شخص، فن کاروں سے اپنی مرضی کے مطابق کام لینے والا، ڈائریکٹر.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مج = مجہول، مع = معروف، مغ = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک = سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہدایت یافتہ صف. ہدایت پایا ہوا ؛ سیدھی راہ پر چلنے والا .

ہدف (فت ہ ، د) اند ؛ مث .
نشانہ ، زد ، مار ، چیز جسے نشانہ بنایا جائے ، تیر یا بندوق کی گولی کا نشانہ گاہ ، چورنگ .۲. (مجازاً) کوئی خاص امر جو پیش نظر ہو ، مقصد . [ع] .

ہدف پورا کرنا محاورہ. مقصد کو حاصل کرنا ، کسی خاص امر یا مقررہ کام کو پورا کرنا.

ہُدہُد (ضم ہ ، سک د ، ضم ہ) اند.
ایک خوب صورت پرندے کا نام جس کے سر پر تاج ہوتا ہے اور لمبی چونچ ہوتی ہے جس سے یہ لکڑی میں سوراخ کر دیتا ہے ، کھٹ بڑھئی ، مرغ سلیمان ، مرغ سلیمانی . [ع] .

ہَدی (فت ہ) (الف) اند.
جانور جسے اللہ کی رضا کے لیے ذبح کیا جائے ، جانور جسے عازمینِ حج ذبح کرتے ہیں ، قربانی کا جانور . (ب) مث .۱. قربانی جو خانۂ کعبہ کے سامنے کی جائے ، اللہ کی رضا کے لیے کی جانے والی قربانی .۲. نذرانہ یا تحفہ . [ع] .

ہُدیٰ (ضم ہ ، ا بشکل ی) مث .
ہدایت ، رہنمائی ؛ مراد : سیدھا راستہ ، راستی . [ع] .

ہَدِیَّۃ (فت ہ ، سک د ، فت ی نیز شدی مع ہلت ، تن ت ہلت) م ف .
نذرانے کے طور پر ، ہدیے کے طور پر ، تحفۃً .

ہَدِیّہ (فت ہ ، سک د ، فت ی نیز شدی مع ہلت) اند .
۱. مال جو کسی کو بطور اکرام دیا جائے ، تحفہ ، سوغات ؛ نذرانہ ، نذر .
۲. قرآن مجید یا کسی متبرک چیز کی خریداری کے لیے ادا کی جانے والی رقم ، قرآن مجید کی قیمت .۳. نذرانہ یا پوشاک جو استاد کو بہ وقت ختم قرآن دی جاتی ہے .

ہدیۂ تبریک مث .مبارک باد کا تحفہ ؛ مراد : مبارک باد . [ع] .

ہدیہ کرنا محاورہ. کوئی متبرک چیز فروخت کرنا ، قرآن شریف کی قیمت ہدیۂ لینا ، قرآن مجید بیچنا .

ہَڈ حرام (فت ہ ، ح) صف ؛ اند .
مفت کی کھانے والا ، کام چور ، نکما ، کاہل ، مفت خورا ، حرام خور نیز بدخصلت آدمی ، بد ذات ؛ ڈھیٹ .

ہَڈّا (فت ہ ، شد ڈ) اند ؛ ~ہڈّہ.
۱. بڑی ہڈی .۲. گودو کی ہڈی . [س] .

ہَڈّی (فت ہ ، شد ڈ) مث .
۱. فقاریہ حیوانات کے نسیج کا سخت حصہ جس سے جسم کا ڈھانچا بنتا ہے ، استخواں .۲. (کنایۃً) نسل ، اصل ، خاندان ، حسب نسب .۳. گاجر وغیرہ کے اندر کی سخت چیز ، کسی چیز کا سخت گودا . [س] .

ہڈی بٹھانا محاورہ. جو ہڈی اپنی جگہ سے سرک گئی ہو اس کو اس کے مقام پر لے آنا ، ہڈی چڑھانا .

ہڈی بن کر اٹک جانا محاورہ. کسی چیز کا مصیبت بن جانا نیز کسی عمل کے سبب کسی مصیبت میں پھنس جانا .

ہڈی بوٹی مث .جسم ، بدن ، گوشت پوست ، وجود .

ہڈی پسلی مث .گوشت پوست ، جسم ، وجود نیز جان .

ہڈی پسلی ایک کر دینا / کرنا محاورہ. ۱.سختی سے دبا کر یا بھینچ کر ہڈیوں اور پسلیوں کو جگہ سے ہلا دینا ، ہڈی پسلی توڑ دینا .۲. بری طرح پیٹنا ، مار مار کر ادھ موا کر دینا ، ہڈیاں توڑ دینا .

ہڈی دیکھنا محاورہ. حسب نسب دیکھنا ، خاندان معلوم کرنا ، اصل جاننا .

ہَڈِّیاں (فت ہ ، شد ڈ بکس) مث ؛ ج .
پنجر ؛ عظام ؛ ہڈی کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

ہڈیاں پیلنا محاورہ. سخت جسمانی محنت کرنا ، شدید مشقت کرنا ، بہت زحمت اُٹھانا .

ہڈیاں نکل آنا / نکلنا محاورہ. کمزوری اور لاغری کے سبب جسم کی ہڈیاں نمایاں ہونا ، نہایت کمزور ہونا .۲. بہت زیادہ زخمی ہونے کی حالت میں گوشت کا چھل جانا اور ہڈیاں نمایاں ہو جانا .

ہَڈِّیوں (فت ہ ، شد ڈ) مث ؛ ج .
ہڈیاں کی مغیرہ حالت ؛ تراکیب میں مستعمل .

ہڈیوں کا ڈھانچا/ ڈھانچہ صف .نہایت لاغر اور کمزور ، جس کے بدن پر گوشت نہ ہو صرف ہڈیاں نظر آتی ہوں .

ہٰذا (مد) اسم اشارہ.
یہ ، ایں (مذکر کے لیے لیکن اُردو میں مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے). [ع].
ہٰذا من فضل ربی فقرہ. قرآن مجید کی ستائیسویں سورہ النمل کی آیت ۴۰ کا ایک جزو (یہ میرے رب کا فضل ہے ، یہ میرے رب کے فضل سے ہے) بالعموم انکسار اور اللہ کی نعمتوں کے اظہار کے لیے مستعمل.
ہِذْیان (فت نیز کس ہ ، سک ذ نیز فت ، ذ) اند.
۱. بے معنی باتیں جو سوتے میں یا غفلت میں کی جائیں ، بے ربط باتیں جو بے ہوشی یا مدہوشی میں کی جائیں ؛ بے ہودہ کلام ، بڑ ، بک بک ، بکواس. ۲. ایک مرض جس میں انسان مہمل اور بے ہودہ گفتگو کرتا ہے. [ع].
ہِذْیانی (فت نیز کس ہ ، سک نیز فت ذ) صف.
ہذیان سے متعلق یا منسوب ؛ ہذیان کا.
ہَر (۱) (فت ہ) حرف تعمیم ؛ صف ؛ ضمیر.
کل کے کل، سب کے سب، تمام، سارے، سبھی؛ ایک ایک، فرداً فرداً.[ف].
ہر آن م ف. ہر وقت ، ہمیشہ ، ہر دفعہ ، ہر طرح ، ہر گھڑی ، ہر لمحہ ، ہر ساعت.
ہر پل اند. ہر لمحہ ، ہر آن ، ہر وقت.
ہرجائی صف. ۱. جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے ، مارا مارا پھرنے والا/ والی ، آوارہ گرد. ۲. (کنایۃً) معشوق جو کسی ایک کا پابند نہ ہو ؛ بے مروت ، بے وفا نیز ہر عورت پر ریجھنے والا.
ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی کہاوت. کسی چیز کی ظاہری حالت سے دھوکا نہیں کھانا چاہیے.
ہر چند م ف. ۱. جس قدر ، کتنا ہی ، کیسا ہی ، بہتیرا ؛ جتنا کچھ. ۲. اس کے باوجود کہ ، اگرچہ ، باوجود یہ کہ ، حالانکہ.
ہر حیلے رزق ہر بہانے موت کہاوت. موت اور روزی ہر حال میں آتی ہے ، روزی اور موت کے لیے بہانہ چاہیے ہوتا ہے ، ذرا سی بیماری سے آدمی مر سکتا ہے اور ذرا سی محنت سے روزی مل سکتی ہے.

ہر دل عزیز/دلعزیز صف. جسے ہر ایک عزیز رکھے ، مقبول خلائق محبوب زمانہ ، جسے ہر کوئی پسند کرے ، سب کا پیارا.
ہر دم م ف. مسلسل ، ہر وقت ، ہر گھڑی ، ہر لحظہ ، ہر لمحہ ، ہر دفعہ ، ہر آن ہر وقت ، ہمیشہ.
ہر دن عید ہر رات شب برات/شبرات کہاوت. زندگی مزے سے گزرتی ہے ہر وقت عیش ہی عیش ہے.
ہر سو م ف. ہر طرف ، ہر سمت.
ہر فرعون/ فرعونے را موسی / موسائے کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) ہر فرعون کے لیے موسیٰ ہے ؛ ہر ایک پر کوئی نہ کوئی غالب ہے.
ہر فن مولا/مولیٰ صف. ہر کام کا ماہر ، ہر فن جاننے والا ، ہر کام میں طاق ، جگت استاد ، سب باتوں میں کامل (طنزاً بھی مستعمل).
ہر قیمت پر فقرہ. ہر طرح ، چاہے کچھ ہو جائے (کسی خاص چیز یا اہم مقصد کو حاصل کرنے کے موقعے پر بولتے ہیں).
ہر کارہ اند. ۱. ہر کام کرنے والا. ۲.(i) قاصد، نامہ بر، چٹھی رساں. (ii) جاسوس، مخبر، خفیہ نویس.
ہر کس و ناکس اند. ہر ایک ، ہر کوئی ، ہر چھوٹا بڑا ، ہر ادنیٰ و اعلیٰ.
ہر کمالے را زوال کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) ہر کمال کو زوال ہوتا ہے ، عروج کے بعد زوال شروع ہوتا ہے.
ہر گام م ف. ہر قدم ، ہر جگہ.
ہر گھڑی م ف. ہر آن ، ہر وقت.
ہر ممکن م ف. جہاں تک ہو سکے ، حتی الامکان ، ممکن حد تک ، ہر طرح سے.
ہَر (۲) (فت ہ) اند.
ہل.
ہر کارہ اند. (زراعت) ہل کار ، کھیتی باڑی کے ہر قسم کے کام کی چوکسی کرنے والا ملازم. [س].
ہُو (ضم ہ) امث.
۱. پرندے کی تیز پرواز ؛ آواز جو پرندے کے اُڑنے سے پیدا ہوتی ہے.

ہو جانا / ہونا محاورہ. اُڑ جانا، غائب ہو جانا.

ہرا (فت ہ) صف.
. سبز رنگ کا، سبز، اخضر، دھانی، کاہی. ۲. تازہ، گیلا (زخم). ۳. شاداب، تر و تازہ، سرسبز (درخت، باغ وغیرہ). [س].

ہرا بھرا صف. ۱. (i) سرسبز و شاداب، تر و تازہ (باغ وغیرہ کے لیے)، پُربہار. (ii) بہت گھنا، پتوں سے ڈھکا ہوا نیز خوش نما. ۲. (مجازاً) (مکان کے لیے) آباد. ۳. (انسان کے لیے) صاحبِ اولاد، اہل و عیال والا. ۴. خوش و خرم نیز مالا مال (انسان کے لیے).

ہرا دھنیا / دھنیہ اند. چھوٹی چھوٹی پتیوں والی سبزی جو عموماً سالن وغیرہ میں خوشبو اور ذائقے کے لیے ڈالتے ہیں.

ہرا رہنا محاورہ. تازہ رہنا، شاداب رہنا؛ باقی رہنا.

ہرا ہرا سوجھنا ف مر؛ محاورہ. سبزہ دکھائی دینا؛ اپنے حال کے مطابق سوچنا.

ہُرّا (ضم ہ، شد ر) فجائیہ.
مرحبا، کیا خوب، آفرین، کیا کہنا ہے، کیا بات ہے، واہ واہ (خوشی کا نعرہ، خوشی کی آواز عموماً ہپ ہپ کے بعد استعمال ہوتا ہے). [انگ].

ہِراس (کس ہ) اند.
۱. ڈر، خوف، ہول، دہشت. ۲. ناامیدی، مایوسی؛ افسردگی، غم، اُداسی. [ف].

ہِراساں (کس ہ) صف.
۱. ڈرا ہوا، دہشت زدہ، خوف زدہ؛ پریشان. ۲. نااُمید، مایوس، غم زدہ. ۳. ڈرپوک، بزدل.

ہراساں کر دینا / کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. خوف زدہ کر دینا؛ بدحواس کر دینا. ۲. نااُمید کر دینا.

ہراساں ہونا ف مر؛ محاورہ. خوف زدہ ہونا، ڈر جانا، گھبرا جانا، پریشان ہونا، بدحواس ہونا؛ نااُمید ہونا.

ہَرانا (فت ہ) ف م.
جتانا کا نقیض، مات دینا (کسی کھیل میں)، شکست دینا، مغلوب کرنا، پسپا کرنا.

ہِرانْد (کس ہ، غنہ) امث؛ ~ ہراہند.
۱. (i) سالن کے کچے مسالے کی بو، مسالا کچا رہ جانے کی بو. (ii) بو جو کچے پھل میں ہوتی ہے، ہلدی کی بو جب وہ سالن کے مسالے میں مقدار سے زیادہ ہو گئی ہو. [مقامی].

ہَراوُل (فت نیز کس ہ، فت نیز ضم و) اند.
۱. (عسکری) فوج کا وہ دستہ جو باقی لشکر سے آگے روانہ ہوتا ہے، لشکر کا پیش خیمہ، مقدمۃ الجیش. ۲. آگے کی فوج کا سردار؛ فوج کا سردار؛ سپہ سالار. ۳. (مجازاً) کسی چیز کا اولین دستہ یا گروہ، پیش خیمہ، پیش رو. [ف].

ہراول دستہ اند. ۱. (عسکری) فوج کا وہ دستہ جو باقی فوج سے آگے آگے چلے؛ لشکر جو آگے بھیج دیا گیا ہو، مقدمۃ الجیش. ۲. مشعلِ راہ، روشنی دکھانے والا، رہبر.

ہَڑبَڑی (فت ہ، سک ر، فت ب) امث.
دیکھیے: ہڑبڑی جو زیادہ رائج ہے؛ گھبراہٹ، بے قراری، بے چینی.

ہَربوم (فت ہ، سک ر، و مج) امث؛ اند.
افراتفری، بدانتظامی.

ہَربونگ (فت ہ، سک ر، و مج، غنہ) امث (شاذ: اند).
شورش، ہنگامہ، افراتفری، شور شرابا، ہڑبونگ. [علم].

ہربونگ مچنا ف مر؛ محاورہ. (ہربونگ مچانا کا لازم) شور مچنا، بلڑ ہونا، ہنگامہ ہونا؛ افراتفری ہونا.

ہِربھر (کس ہ، سک ر، کس بھ) م ف (قدیم).
دیکھیے: ہر پھر کے.

ہر پھر کر / کے م ف. ۱. چکر لگانے کے بعد، اِدھر اُدھر چل پھر کر، گھوم گھام کر، گھوم پھر کر. ۲. آخر کار، آخر کو. مجبوراً.

ہَرج (فت ہ، سک نیز فت ر) اند.
۱. نقصان، گھاٹا، خسارہ. ۲. بے ترتیبی، بدنظمی، بے قاعدگی، فساد، رخنہ، رکاوٹ، تعطل، خلل. ۳. وقفہ، ڈھیل، دیر، تاخیر (وقت کی) بربادی. [ع].

ہرج مرج اند. ۱. نقصان، گھاٹا، خسارہ. ۲. ہنگامہ، آفت، بدنظمی. ۳. ضرر، تکلیف، مصیبت، پریشانی.

ہَرجانَہ (فت ہ، سک ر، فت ن) اند.
رقم جو کسی کام میں تاخیر کی وجہ سے یا کسی کام میں نقصان کی وجہ سے بطور تاوان دینا پڑے، زرِ نقصان. [مقامی].

ہرجانہ ادا کرنا ف مر. نقصان پورا کرنے کے لیے رقم ادا کرنا ؛ جرمانہ ادا کرنا.

ہَرجائی (فت ہ، سک ر) صف.
جو ایک جگہ نہ ٹھہرے اور مارا مارا پھرے ؛ (کنایۃً) جو کسی کا پابند نہ ہو، بے مروت محبوب، بے وفا معشوق. دیکھیے : ہر معنی (ا) کے تحت.

ہَرچَند (فت ہ، سک ر، فت چ، سک ن) م ف.
دیکھیے : ہر (ا) کے تحت. ۱. کتنا ہی، خواہ کیسا ہی ؛ بہت کچھ. ۲. باوجود یہ کہ، اگرچہ، گو کہ.

ہَردِل عَزِیز (فت ہ، سک ر، کس د، فت ع، ی مع) صف.
جسے ہر آدمی پسند کرے ؛ سب کا پیارا (ہر (ا) کے تحت).

ہردم م ف. دیکھیے : ہر (ا) کے تحت. ہر لحظہ ؛ ہر وقت، ہر گھڑی، ہر لحہ، ہر پل.

ہَرزہ (فت ہ، سک ر، فت ز) صف ؛ اند.
فضول، بے ہودہ، لغو، لایعنی، نامعقول نیز آوارہ. [ف].

ہرزہ سرا صف. بے ہودہ گو، یاوہ گو، لغو گفتار.

ہرزہ سرائی مت. بکواس، ژٹل، بے ہودہ گوئی.

ہِرَقل (فت، کس ہ، سک ر، فت ق) اند.
روم کے قدیم بادشاہوں کا لقب.

ہَرکارا / ہَرکارَہ (فت ہ، سک ر) صف ؛ اند.
دیکھیے : ہر (ا) کے تحت. قاصد ؛ جاسوس ؛ مخبر.

ہَرگِز (فت ہ، سک ر، کس گ) حرف تاکید.
زنہار، مطلقاً (نہیں) (نفی کی تاکید کے لیے آتا ہے). [ف].

ہَرَم (فت ہ، ر) (الف) صف.
بڑھاپا، بوڑھا ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ کہولت، قدامت، کہنگی.
(ب) اند. ۱. مخروطی شکل کی شے ؛ کسی چیز کا چوٹی دار ڈھیر ؛ کوئی مخروطی تعمیر. ۲. مصر کی قدیم مخروطی مینار نما عمارات میں سے کوئی جو مصر کے فرعونوں نے اپنے مقبروں کے لیے تعمیر کرائی تھیں. [ع].

ہِرَن (فت نیز کس ہ، فت ر) اند.
ایک نہایت تیز رفتار خوب صورت جنگلی جانور جس کا رنگ عموماً بھورا اور قد بکری سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور جس کی آنکھوں کی خوب صورتی مشہور ہے.

ہرن ہو جانا / ہونا محاورہ. ہرن کی طرح تیز بھاگ جانا ؛ دوڑ جانا غائب ہو جانا، فرار ہو جانا.

ہِرنی (فت ہ، سک ر نیز فت ہ، کس ر نیز کس ہ، سک ر) مت.
ہرن کی مادہ.

ہَرنِیا (فت ہ، سک ر، کس ن) اند.
(طب) ایک بیماری جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں، فتق. [انگ].

ہَری (۱) (فت ہ) اند.
وشنو، بھگوان نیز ہری کشن کا ایک نام. [پالی].

ہری اوم فقرہ. بھگوان کو یاد کرنے کے بول.

ہَری (۲) (فت ہ) (الف) صف.
سبز ؛ سرخی مائل بھوری ؛ (کنایۃً) تازہ، شاداب ؛ (مجازاً) نئی
(ب) مت. برسات کی نئی پھوٹی ہوئی ہری اور نرم گھاس جو ڈھوروں کے لیے مفید نہیں ہوتی، ہریائی.

ہری بھری صف. ۱. ہرا بھرا کی تانیث ؛ مکمل سبز رنگ کی نیز تر و تازہ شاداب. ۲. آباد ؛ پُر رونق.

ہری جھنڈی دکھانا ف مر ؛ محاورہ. ۱. ریل گاڑی کو روانہ کرنے کے لیے سبز جھنڈی لہرانا ؛ روانہ ہونے یا کسی کارروائی کا اشارہ اجازت دینا ؛ حالات سازگار ہونے کا اشارہ کرنا. ۲. دھوکا دینا بے وفائی کرنا، انکار کرنا (مدد سے)، چلتا کرنا.

ہری مرچ مت. سبز رنگ کی چھوٹی بڑی دو اقسام کی مرچ، عموماً چھوٹی ہری مرچ جو کھانے میں بہت تیز ہوتی ہے اور زیادہ استعمال ہوتی ہے

ہری ہری سوجھنا محاورہ. سبزہ دکھائی دینا، اپنے حال کے مطابق سوچنا.

ہَرے (فت ہ) صف ؛ ج.
۱. سبز ؛ ہرا کی مغیرہ حالت اور جمع. ۲. تازہ.

ہرے بھرے صف ؛ ج. ۱. ہرا بھرا کی جمع نیز مغیرہ صورت، سرسبز، شاداب ۲. تازہ، پکے ہوئے. ۳. تازہ گیلا (زخم وغیرہ).

ہَرِیالا (فت ہ، کس نیز سک ر) صف.
۱. ہرا، ہرے رنگ کا. ۲. سرسبز، شاداب. ۳. خوش و خرم، تر و تازہ، شاد

کام ، بامراد ؛ (کنایۃً) نوجوان ، نو عمر ، شگفتہ (جیسے : ہریالا بنا دولھا کی تعریف میں)) . [س] .

ہر یالا بنا/بنوا امذ . نو عمر نوشہ ؛ خوش و خرم دولھا؛ (مجازاً) خوب صورت دولھا .

ہَریالی (فت ہ ، کس نیز سک ر) امث .
ا. ہرا ہونے کی حالت ، ہرا پن ، سرسبزی ، شادابی ، تراوٹ ، تروتازگی .
۲.سبزہ ، دوب نیز ایک قسم کی عمدہ باریک گھاس ، سبزہ زار ، تروتازہ گھاس

ہَریجَن (فت ہ ، ی مع ، فت ج) امذ .
ا. ہری جن ، اچھوت کہلانے والی ذات کا فرد ، شودر نیز اچھوت قوم .
۲. وشنو جی کے معتقد ؛ بھگوان یا ایشور کا بھگت .

ہُریرَہ (ضم ہ ، ی لین ، فت ر) امث .
بلی کا بچہ ؛ چھوٹی سی بلی ، ہرّہ کی تصغیر . [ع : ہریرہ کا مفرس] .

ہَریسَہ (فت ہ ، ی مع ، فت س) (الف) امذ .
ایک کھانا جو گیہوں کے آٹے ، گوشت اور دودھ سے ملا کر پکاتے ہیں .
(ب) صف . نہایت گلا ہوا ، گھلا ہوا . [ع : ہریسہ کا مفرس] .

ہَریَل (فت ہ ، سک نیز کس ر ، فت ی) امذ .
کبوتر کی قسم کا کبوتر سے کسی قدر چھوٹا سبزی مائل رنگ کا پرندہ اس کے بارے میں مشہور ہے کہ یہ کبھی زمین پر نہیں بیٹھتا ، کبھی مار (لاط) . [مقامی] .

ہَڑ (۱) (فت ہ) امذ .
ہڈی ، استخواں .

ہَڑ واڑ امث . ا. ہندوؤں کا قبرستان ، شمشان ، مرگھٹ نیز قبرستان جہاں کسی کنبے کے لوگ دفن ہوں ، خاندانی قبرستان . ۲. جگہ جہاں ہڈیاں جمع ہوں .

ہَڑ (۲) (فت ہ) امث .
(طب) ایک بہت بڑے درخت کا چھوٹا لمبوترا اور کسیلا پھل جسے خشک کر کے بطور دوا استعمال کرتے ہیں ، ہلیلہ . [س] .

ہَڑبَڑ (فت ہ ، سک ڑ ، فت ب) امث .
بڑبڑی ، گڑبڑ ، افراتفری ؛ بدنظمی . [مقامی] .

ہَڑبَڑانا (فت ہ ، سک ڑ ، فت ب) ف ل .
ا. گھبرانا ؛ چونک جانا ؛ مضطرب ہونا ، بے قرار ہونا . ۲. جلدی میں ہونا ، جلدی کرنا ، بوکھلانا . ۳. نیند سے گھبرا کر اٹھنا ، بے آرام ہونا .

ہَڑبَڑاہَٹ (فت ہ ، سک ڑ ، فت ب ، ہ) امث .
عجلت ، جلدی ؛ گھبراہٹ ، پریشانی ، افراتفری ، بدنظمی .

ہَڑبَڑی (فت ہ ، سک ڑ ، فت ب) امث .
ا. افراتفری ، بدنظمی . ۲. بے آرامی ، بے چینی ، ہلچل ؛ گھبراہٹ .
۳. جلدی ، عجلت .

ہَڑبوم (فت ہ ، سک ڑ ، و ج) امث ؛ امذ .
دیکھیے : ہربونگ .

ہَڑبَونگ (فت ہ ، سک ڑ ، و لین نیز ج ، غنہ) امث (شاذ : امذ) .
دیکھیے : ہربونگ .

ہڑبونگ مچ جانا/مچنا ف مر ؛ محاورہ . افراتفری ہونا ، ہنگامہ کرنا ، اُدھم مچانا .

ہَڑَپ (فت ہ ، ڑ) امذ ؛ امث .
ا. بغیر چبائے نگل جانے کا عمل ، خوراک نگلنے کا عمل ، نوالہ ایک ہی دفعہ اتارنے کا عمل . ۲. لوٹ لینے کا عمل ، غبن ؛ اپنے حق سے زیادہ لینے کا عمل . [س] .

ہڑپ کر جانا / کر لینا / کرنا محاورہ . ا. نگل جانا ، کھا جانا ، حلق سے اتار جانا . ۲. غبن کر لینا ، مال دبا لینا ، اپنے حق یا حصے سے زیادہ لینا . ۳. غصب کرنا ، چھین لینا ، قبضہ کر لینا .

ہَڑَپنا (فت ہ ، ڑ ، سک پ) ف م .
ہڑپ کرنا ، کھا جانا ؛ ختم کر دینا ؛ لوٹ لینا ، غبن کر لینا ، مال یا جائیداد وغیرہ بغیر حق کے لے لینا .

ہَڑتال (فت ہ ، سک ڑ) امث .
کسی حادثے یا غیر معمولی واقعہ پیش آنے پر احتجاجاً کاروبار بند کرنے کا عمل . [س] .

ہَڑتالی (فت ہ ، سک ڑ) صف .
ہڑتال سے منسوب یا متعلق ؛ (تراکیب میں مستعمل) شخص ، لوگ یا

ادارہ جس نے ہڑتال کر دی ہو ؛ جو ہڑتال پر ہو ؛ ہڑتال کرنے والا .

ہُڑدَنگا (ضم ہ ، سک ڑ ، فت د ، غنہ) صف : اند.

۱. ہنگامے والا ، ہلچل والا ، شور غل والا ؛ (کنایۃً) بے ہودہ ؛ دنگئی ، فسادی .۲. مارا مارا پھرنے والا ، آوارہ .۳. بدسلیقہ ، پھوہڑ ، ہولا ، خبطا ، بے ڈھنگا .۴. اچھل کود ، اچھلنے کودنے کا عمل ، شرارت ، بدتمیزی . [س].

ہُڑدَنگی (ضم ہ ، سک ڑ ، فت د ، غنہ) امث .

۱. لڑاکا ، فتنہ پرداز ، جھگڑالو ، شریر عورت ، شور غل مچانے والی عورت ، شرارتی عورت .۲. آوارہ ، ہرزہ گرد ، بے ہودہ ، بدتمیز ، بدتہذیب .
۳. (مجازاً) پھوہڑ ، بدسلیقہ .

ہَڑَک (فت ہ ، ڑ) امث .

پاگل کتے یا گیدڑ کے کاٹنے کا اثر ، اس میں انسان باؤلے کتے کی طرح بولتا اور کاٹنے کو دوڑتا ہے ، کیفیت جو سگ گزیدہ کو پانی دیکھ کر یا جلتی ہوئی آگ کو دیکھنے سے وارد ہوتی ہے . [مقامی].

ہُڑَک (ضم نیز فت ہ ، فت ڑ) امث .

۱. کسی چیز کی شدید خواہش ، شدید طلب ؛ اُمنگ ، ولولہ ، شوق ، دھت ، ٹھرک .۲. پختہ عادت ، لت ، دھت . [مقامی].

ہڑک اٹھنا ف مر : محاورہ. کسی چیز کی شدید طلب ہونا ، جی چاہنا ، شوق ہونا ، امنگ ہونا .

ہُڑُّک (ضم ہ ، شد نیز فت ڑ) اند : = ہڑک.

۱. ایک قسم کا باجا جسے اکثر کہار بجاتے تھے ، ایک چھوٹا ڈھول یا ڈگڈگی جو ریت گھڑی سے مشابہ ہوتا ہے .۲. آدمی جو نشے میں ہو ؛ ایک آبی پرندہ ؛ لاٹھی جس پر لوہا چڑھا ہو ؛ دروازے کا کھٹکا ؛ شیر کی دھاڑ . [س].

ہُڑکا (ضم نیز فت ہ ، سک ڑ) اند.

رنج یا محرومی کا احساس جو بچوں کو والدین یا کسی چیز کی جدائی سے لاحق ہو جائے ، جدائی کا صدمہ ، محرومی کا غم ، ہڑک .۲. (کنایۃً) کٹ کھنا پن ، چڑچڑا پن ؛ تنک مزاجی .

ہُڑکنا (ضم ہ ، فت ڑ ، سک ک) ف ل.

کسی چیز سے جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں ، بچوں کی ماں ، دایہ یا کوئی اور (جس سے مانوس ہوں) کی جدائی میں غم کرنا بے چین ہونا ، تڑپنا ، یاد کرنا .

ہَڑوار / ہَڑواڑ (فت ہ ، سک ڑ) اند نیز امث .

قبرستان جہاں عزیزوں ، بزرگوں کی ہڈیاں گڑی ہوں نیز آبائی قبرستان ، خاندانی قبرستان نیز قبرستان کے اندر وہ حصہ جہاں کسی کی خاندانی قبریں ہوں ؛ (بالعموم) ہندوؤں کا قبرستان ، شمشان .

ہَزار (فت ہ) (الف) صف : اند.

۱. (عدد) دس سو ، ۱۰۰۰ .۲. نہایت ، کثیر ، بہت (کثرت ظاہر کرنے کے لیے) . (ب) م ف . ہر چند ، کتنا ہی ، بہتیرا . [ف].

ہزار بار م ف . بہت دفعہ ، بے شمار موقعوں پر ، بارہا ، ہزار دفعہ ، اکثر کئی دفعہ .

ہزار داستان اند . بلبل ، عندلیب ، گلدم (کیونکہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ بہت سی بولیاں بولتا ہے اور نہایت خوش الحان ہوتا ہے) .

ہزار شکر اند . (کلمہ فجائیہ) بے انتہا شکر ، شکر کی کثرت کے لیے .

ہزار ہا صف : ج . ہزار کی جمع ، بہت ، بے حد ، بکثرت .

ہَزارا / ہزارہ (فت ہ / فت ر) اند.

۱. ہزارہ ؛ ایک بڑے قسم کے لالے یا گیندے کا پھول جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی پتیاں ہوتی ہیں ، گل صد برگ .۲. ٹین یا جست کا بنا ہوا ایک بڑا ظرف جس کے منہ پر سوراخ دار ڈھکنا لگا ہوتا ہے اور جو درختوں اور پودوں کو پانی دینے کے کام آتا ہے . [ف].

ہَزارہا (فت ہ ، سک ر) صف : ج.

ہزار کی جمع ؛ (کنایۃً) لاتعداد ، بہت ، بے حد ، بہ کثرت ، بے شمار بہت سے .

ہَزاری (فت ہ) صف : اند.

۱. ہزار سے متعلق یا منسوب ؛ مراداً : بلند منصب ، اعلیٰ ، معزز .۲. شاہی زمانے کا ایک عہدے دار جسے ہزار آدمیوں پر اختیار ہوتا تھا ، ایک ہزار سپاہ کا سردار .

اری بزاری صف ؛ امذ. ۱. امیر غریب ، ادنیٰ و اعلیٰ ؛ فوجی اور شہری ؛ او : ہر قسم کے لوگ ، خاص و عام ۲. (کنایۃً) کمینہ ، لچا ، شہدہ ؛ ناقابل اعتبار.

رِیَہ (فت ہ ، سک نیز کس خف ر ، فت ی) امذ.

ایک ہزار سال کی تقویمی مدت ، ایک ہزار سال کا عرصہ ، دس صدیاں.

ہزال (ضم ہ) امذ.

جسم کی لاغری ، دبلاپن نیز ضعف ، نقاہت ، کمزوری. [ع].

ہَزّال (فت ہ ، شد ز بفت) صف.

مسخرا ، ٹھٹھے باز ، خوش مزاج نیز بہت بڑا پھکڑ. [ع].

ہِزَبر (کس ہ ، فت نیز سک ز ، فت نیز سک ب) (الف) امذ.

(لفظاً) شیر ببر ، پھاڑ ڈالنے والا شیر. (ب) صف. (کنایۃً) بہادر ، شجاع ، جری. [ع].

ہَزل (فت ہ ، سک نیز فت ز) امث.

۱. بے ہودہ کلام یا باتیں ، ٹھٹھول ، بے ہودہ مذاق ، گالی گلوچ ، فحش باتیں ؛ تمسخر ؛ ہنسی مذاق. ۲. نظم کی ایک قسم جس میں نہایت لچر اور بے ہودہ باتیں ، گالی گلوچ ، مذاق اور تمسخر کے مضامین ہوتے ہیں ، غیر سنجیدہ بات نیز فحش اشعار ، نظم جس میں مزاحیہ یا مسخرے پن کے مضامین ہوں. [ع].

ہزل گو صف ؛ امذ. بے ہودہ کلام کہنے والا ، بے ہودہ باتیں کرنے والا ، ہزل کہنے والا ، تمسخر کرنے والا ، ٹھٹھول کرنے والا.

ہزل گوئی امث. بے ہودہ باتیں کرنے کا عمل ، ہزل کہنے کا عمل یا کیفیت ؛ تمسخر یا ٹھٹھول پر مبنی شاعری کرنے کا عمل یا حالت.

ہَزلیات (فت ہ ، سک ز ، کس مج ل) امث ؛ ج.

ہزل کی جمع ؛ بے ہودہ باتیں یا چیزیں ؛ گالیاں نیز ہزلیہ نظمیں ، ہزلیہ ادب

ہَزلِیَہ (فت ہ ، سک ز ، کس مج ل ، فت ی) صف.

ہزل سے متعلق و منسوب ؛ ہزل کا ، ہزل والا ، بے ہودہ گوئی پر مبنی.

ہَزِیمَت (فت ہ ، ی مع ، فت م) امث.

شکست ، ہار ، پسپائی ؛ بھگدڑ ، فرار. [ع].

ہزیمت اٹھانا محاورہ. جنگ میں ہار جانا ، شکست کھانا ؛ جنگ میں بھاگنا ، پسپا ہونا.

ہَژدَہ (فت ہ ، سک ژ ، فت مج د) امذ.

اٹھارہ. [ف].

ہژدہ ہزار عالم امذ. اٹھارہ ہزار عالم ؛ مراد : کل دنیا ، کائنات.

ہَسْپَتال (فت ہ ، سک س ، فت پ) امذ.

اسپتال ، شفاخانہ ، دواخانہ. [انگ].

ہَسْت (فت ہ ، سک س) (الف) امث.

(لفظاً) ہے ؛ مراد : ہستی ، وجود ، قیام ، موجودگی ؛ جان ، زندگی ، حیات. (ب) صف. جو موجود ہو ، جس کا وجود ہو ، موجود. [ف].

ہست و بود امذ نیز امث. (لفظاً) ہے اور تھا ؛ مراد : وجود اور ہستی ؛ (کنایۃً) زندگی ؛ دنیاوی زندگی.

ہست و نیست امذ. ہاں اور نہیں ، ہاں اور نہ ؛ مراد : اقرار اور انکار.

ہَسْتی (فت ہ ، سک س) امث.

۱. (لفظاً) ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ وجود ؛ قیام ؛ موجودگی (نیستی کی ضد). ۲. کائنات ، عالم ، دنیا ۳. موجود ، مخلوق ، ذی روح ؛ جس کا وجود ہو. ۴. حیات ، زندگی ، زیست ؛ (خصوصاً) دنیاوی زندگی. ۵. بساط ، حیثیت ، مجال ، تاب ، طاقت. ۶. ذات ، شخصیت. [ف].

ہِسٹری (کس ہ ، سک س ، سک نیز کس مج ٹ) امث.

۱. اہم یا عام دلچسپی کے واقعات کی تاریخ وار دستاویز ، تذکرہ ، وقائع. ۲. گزشتہ واقعات کا سلسلے وار یا تنقیدی مطالعہ ، علم تاریخ ، فن تاریخ. ۳. (طب) مرض کی تفصیل ، مریض کی گزشتہ سے پیوستہ جسمانی ، ذہنی اور غذائی کیفیات کا مفصل حال. [انگ].

ہسٹری شیٹر صف. بدمعاش یا ملزم جس کے چال چلن کے حالات اور دیگر کوائف تھانے میں درج ہوں ، مشہور غنڈہ ، بڑا بدمعاش.

ہِسْٹیریا (کس ہ ، سک س ، ی مج ، کس خف ر) امذ.

ایک مرض جس میں شدت جذبات سے اعصابی نظام میں خلل واقع ہو جاتا ہے اور مریض پر بے ہوشی کے دورے بھی پڑنے لگتے ہیں (یہ مرض بالعموم عورتوں کو لاحق ہوتا ہے) ، شدید جذباتی ہیجان. [انگ].

دیکھیے : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

ہُش (ضم نیز فت ہ)امث .

۱. بھگانے یا اُڑانے وغیرہ کے لیے منھ سے نکالی جانے والی آواز ، جانوروں کو بھگانے کی آواز ؛ پرندوں کو اُڑانے کی آواز ۲. دھتکارنے یا منع کرنے اور بے زاری ظاہر کرنے کے لیے مستعمل . [حکایت الصوت] .

ہش ہش امث . ۱. دھتکارنے یا منع کرنے کی آواز نیز بیزاری ظاہر کرنے کی آواز ۲. (ندا) اونٹ کے بٹھانے کی آواز ؛ بلانے کی آواز آ آ ۳. تنبیہ کا کلمہ ، ممانعت کا کلمہ .

ہَشّاش (فت ہ ، شد ش)صف .

۱. ہنستا ہوا ، خنداں رو ، ہنس مکھ ؛ (کنایۃً) خوش ، شاداں ۲. (کنایۃً) تروتازہ ، شاداب . [ع] .

ہشاش بشاش صف . خوش اور ہنستا ہوا ، خوش وخرم ، باغ باغ ، نہایت خوش ؛ تروتازہ .

ہَشت (فت ہ ، سک ش)صف .

(عدد) آٹھ ، سات اور ایک کا مجموعی عدد ، ۸ کا ہندسہ . [ف] .

ہشت پا اند . سیپ کی قسم کا ایک کیڑا جس کے منھ پر آٹھ ڈنک ہوتے ہیں

ہشت پایہ اند . (حیوانیات) جنس اوکٹوپس میں پایا جانے والا جانور ، اس کے گول جسم کے ایک طرف بڑا سا سر اور دوسری طرف آٹھ بازو ہوتے ہیں یہ بازو جزوی طور پر سر کی طرف سے آپس میں بطخ کے پنجوں کی طرح جڑے ہوتے ہیں .

ہشت پہل صف . ۱. آٹھ پہلو کا ، جس میں آٹھ کونے ہوں نیز آٹھ سمتیں ظاہر کرنے والا ۲. مراداً : ہمہ جہت ، کثیر جہتی ، متنوع .

ہشت پہلو صف . ۱. آٹھ پہلو کا ، چیز جس میں آٹھ کونے بنے ہوں ، ہشت اضلاع ، مثمن (عموماً تعمیرات میں اصطلاحاً مستعمل) ۲. (مجازاً) کئی اطوار یا اسلوب کا ، کئی زاویوں یا شکلوں والا ؛ ہمہ جہت ، کئی پہلوؤں کا حامل ؛ جامع .

ہِشت (کس ہ ، سک ش)(الف) اند .

آواز جس سے ناپسندیدگی یا نفرت کا اظہار کرتے ہیں . (ب) فقرہ . بھاگ جا ، دفع ہو جا ، دفع دور (حقارت کے موقعے پر مستعمل) . [حکایت الصوت] .

ہُشت (ضم ہ ، سک ش)کلمہ .

کسی امر سے روکنے یا جھڑکنے یا نفرت کے اظہار کے لیے بولا جانے والا کلمہ نیز ہشت . [ف] .

ہشت مشت امث . ہاتھا پائی ، لات گھونسا ، مارکٹائی ، دھینگا مشتی جوتی پیزار ، لڑائی ؛ ڈانٹ ڈپٹ .

ہَشتاد (فت ہ ، سک ش)صف .

(عدد) اَسّی ، ہندسوں میں ۸۰ . [ف] .

ہَشتُم (فت ہ ، سک ش ، ضم ت)صف .

آٹھواں نیز آٹھویں . [ف] .

ہُشکارنا (ضم ہ ، سک ش ، ر)ف م .

۱. کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا ، کتے کو شکار کے پیچھے دوڑانا ، مشتعل کرنا ، اکسانا ، کسی جانور کو دھکیلنا ۲. پرندوں کو دور بھگانا

ہُشیار (ضم ہ ، سک ش)(الف) صف .

۱. ہوشیار کا مخفف ، باہوش ۲. چالاک ، عیار ، کائیاں ، سیانا ۳. عقل مند ، باشعور ، سمجھ دار نیز بالغ ۴. خبردار ، آگاہ ، چوکس ، چوکنا ۵. لائق ، فائق ، قابل ، مستعد . (ب) کلمہ . خبردار ، ہوش کر ، آگاہ ہو مستعد رہو .

ہُشیاری (ضم ہ ، سک ش)امث .

۱. چالاکی ، عیاری ۲. عقل مندی ، دانائی ، سمجھ داری ، احتیاط ۳. چوکسی ، مستعدی ، خبردار ہونے کی حالت .

ہَضم (فت ہ ، سک ض)اند .

۱. (لفظاً) شکستگی ، ٹوٹنا ، چور چور ہونا ؛ (مجازاً) غذا کے جزو بدن بننے کا عمل ، (غذا کا) پچنا ، معدے میں غذا کا خاص طریقے سے پک کے جزو بدن ہونے کے قابل ہو جانا ۲. حق سے زیادہ لینے کا عمل کھا جانے کا عمل ، غبن ، چوری ، تغلب ، غصب ، خیانت ۳. راس سازگار ۴. ضبط ، (کنایۃً) برداشت ، قبول . [ع] .

ہضم کر جانا / کر لینا / کرنا محاورہ . ۱. پچانا ، تحلیل کرنا (غذا کا) ۲. کسی کا مال مار لینا یا کھا جانا ، خیانت کرنا ؛ غبن کر لینا ۳. چھپا لینا ، لینا نیز اغماض برتنا ، چشم پوشی کرنا ۴. برداشت کرنا ، سہارنا ؛ قبول کرنا

سلیم کرنا. ۵. کسی کتاب یا فلسفے یا علم کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا، ذہن اور دل میں اتارنا، پوری طرح سمجھنا، اپنے اندر جذب کر لینا.

ہفت (فت ہ، سک ف) صف؛ اند.
عدد) سات، ۷، چھ اور ایک کا مجموعہ ۲. کثرت سے، کثیر، بہت زیادہ. [ف].

ہفت اقلیم اند. قدیم زمانے کی جغرافیائی تقسیم کے مطابق سات ملک؛ مراد: عرب، ایران، توران، ہند، چین، مصر، یونان)؛ (کنایۃً) کل دنیا، ساری دنیا.

ہفت آسمان اند. سات آسمان، ساتوں فلک؛ مراد: بلند و بالا، سب سے اونچا.

ہفت پہلو صف. ۱. سات گوشوں یا کونوں والا؛ سات اضلاع پر مشتمل (کوئی شکل). ۲. ہمہ جہت، بہت سے پہلو رکھنے والا؛ (کنایۃً) ہر موضوع پر لکھنے والا.

ہفت خواں / خوان (الف) اند. ۱. (لفظاً) سات تھال؛ (مجازاً) ایران اور توران کے مابین سات مقامات جو رستم سات دن میں طے کر کے کیکاؤس کو چھڑانے کے لیے ماژندران پہنچا تھا. ۲. (کنایۃً) نہایت مشکل مرحلہ یا کٹھن کام؛ دشوار گزار راستہ. ۳. (کنایۃً آسمان) (ب) صف. سات مقامات یا مراحل طے کرنے والا؛ (کنایۃً) نہایت بہادر.

ہفت رنگ (الف) اند. ۱. سات رنگ جو سات ستاروں کے متعلق ہیں (۱) سیاہ زحل کے (۲) بادامی مشتری کے (۳) سرخ مریخ کے (۴) زرد سورج کے (۵) سفید زہرہ کے (۶) نیلا عطارد کے (۷) سبز قمر کے. (ب) صف. ۱. (مجازاً) کئی رنگوں کا، رنگا رنگ، منقش، آراستہ. ۲. سات طرزوں یا اسالیب والا؛ مراداً: کئی انداز کا.

ہفت رنگی صف. ۱. سات رنگوں والا، جس میں ساتوں رنگ شامل ہوں؛ بہت سے رنگوں کا مرکب یا مجموعہ نیز رنگ برنگ. ۲. (مجازاً) سات انداز یا اداؤں والا، بہت پہلوؤں والا، متنوع، ہمہ جہت.

ہفت روزہ صف. ۱. سات روز کا، سات دنوں پر مشتمل، سات دنوں تک جاری رہنے والا (کوئی منصوبہ یا کام وغیرہ). ۲. جو ہفتے میں ایک بار نکلتا ہو (اخبار رسالہ وغیرہ) جو سات دنوں کے وقفے سے چھپتا ہو.

ہفت زبان / زبان صف؛ اند. سات زبانیں جاننے والا، شخص جو سات زبانوں کا ماہر ہو، مراد: جو بہت سی زبانیں جانتا ہو.

ہَفْتاد (فت ہ، سک ف) صف.
(عدد) ستر، ۶۰ اور ۱۰ کا مجموعہ؛ ۷۰. [ف].

ہَفْتُم (فت ہ، سک ف، ضم ت) صف.
(عدد ترتیبی) سات سے نسبت رکھنے والا، ساتواں، ساتویں. [ف].

ہَفْتوں (فت ہ، سک ف، ودج) م ف.
کئی ہفتوں تک، طویل مدت تک (ہفتہ کی جمع)؛ مراد: خاصے عرصے تک.

ہَفْتَہ (فت ہ، سک ف، فت ت) اند.
ا.ہفت یعنی سات سے منسوب، سات سے نسبت رکھنے والا، سات دن، ساتواں دن، سات دن کی مدت. ۲. سنیچر، شنبہ، جمعے کے بعد کا اور اتوار سے پہلے کا دن. ۳. ہر ہفتے دی جانے والی رشوت، بھتا (خصوصاً دینا، لینا کے ساتھ مستعمل).

ہفتہ عشرہ اند. سات سے دس دن کی مدت، تھوڑی سی مدت، چند روز، قلیل مدت؛ (کنایۃً) بہت جلد.

ہفتہ منانا محاورہ. کسی اہم امر کی طرف خصوصی توجہ دلانے کے لیے کسی کام (صفائی وغیرہ) کو سات دن تک کرنا، شہر یا ملک میں خصوصیت کے ساتھ مہم کے طور پر کوئی کام کرنا.

ہَفْہَف (فت ہ، سک ف، فت ہ) اند.
ا. کتے کی آواز، عوعو؛ کتے کے ہانپنے کی آواز. ۲. ریل کے انجن کی آواز جو چلتے وقت بھاپ کی وجہ سے نکلتی ہے. [حکایت الصوت].

ہَق دَق (فت ہ، سک ق، فت د) صف.
حیران، ششدر، سراسیمہ.

ہَک (فت ہ) صف.
حیران، گھبرایا ہوا، سراسیمہ، حواس باختہ (تراکیب میں مستعمل).

ہک دک صف. ہکا بکا، نہایت حیران، نہایت پریشان، متعجب، جو سکتے کے عالم میں ہو، گھبرایا ہوا، حواس باختہ.

ہُک (ضم ہ) اند.
ا. آہنی خم دار میخ، آنکڑا، مچھلی پکڑنے کا کانٹا. ۲. آنکڑے کی طرح کی

وہ کیل جس میں مختلف اشیا یا تصاویر لٹکائی جائیں۔ ۳. اچکن، شیروانی یا قمیص میں گھنڈی کی جگہ لگانے کا آنکڑا۔ [انگ]۔

ہگا بگا (فت ہ، شد گ، فت ب، شد گ) صف؛ امذ۔
۱. حیران، متحیر، متعجب، حیرت زدہ، مبہوت، ششدر۔ ۲. حواس باختہ، سراسیمہ، گھبرایا ہوا۔ [س]۔

ہگا بگا رہ جانا / رہنا ف مر؛ محاورہ۔ حیران ہونا، متحیر رہنا؛ متعجب ہونا؛ ششدر رہ جانا۔

ہکار (فت ہ) امث۔
(لسانیات) کسی لفظ کے تلفظ یا املا میں ھ کی شمولیت؛ مکتوبی شکل میں "دوچشمی ہا" کے ساتھ لکھا جانے والا حرف یا آواز، ہائیہ۔

ہکانا (فت ہ) ف م۔
ہانکنا، ہنکانا، چلانا، بھگانا، دوڑانا؛ نکالنا۔

ہکلا (فت ہ، سک ک) صف؛ امذ۔
اٹک اٹک کر بات کرنے والا، جس کی زبان میں لکنت ہو، زبان گرفتہ شخص۔ [س]۔

ہکلانا (فت ہ، سک ک) ف ل۔
بات کرتے وقت اٹکنا، لکنت ہونا، اٹک اٹک کر بولنا یا بات کرنا؛ زبان کا لڑکھڑانا۔

ہکلاہٹ (فت ہ، سک ک، فت ہ) امث۔
ہکلانے کا عمل؛ اٹک اٹک کر بولنے کی حالت یا کیفیت، لکنت۔

ہگ (فت ہ) (الف) امذ۔
پاخانہ، براز۔ (ب) امر۔ ہگنا کا امر؛ (تراکیب میں مستعمل)۔ [س]۔

ہگ دینا ف مر؛ محاورہ۔ ۱. پیخانہ پھر دینا، پیخانہ کر دینا، براز کر دینا۔ ۲. خوف سے پاخانہ نکل جانا، بہت خوف زدہ ہو جانا، بدحواس ہو جانا۔

ہگنا (فت ہ، سک گ) ف ل۔
پاخانہ پھرنا، براز کرنا، گو کرنا۔ [س]۔

ہگنا موتنا ف ل۔ پیشاب پیخانہ کرنا، بول و براز کرنا۔

ہگّو (فت ہ، شد گ، و مع) (الف) صف۔
بار بار ہگنے والا، بہت ہگنے والا۔ (ب) امذ۔ (بچوں کی زبان میں) پیخانہ، گو، ہگا۔ اف: کرانا/کرنا/لگنا۔ [پ]۔

ہگّی (فت ہ، شد گ) امث۔
(بچوں کی زبان) پاخانہ، گو، براز نیز ہگنے کا عمل یا حاجت (تراکیب میں مستعمل)۔

ہگے گا (فت ہ) فقرہ۔
(عو) یہ فقرہ ایسے محل پر بولتے ہیں جب کسی کی بات کا مضحکہ اڑانا مقصود ہو۔

ہَل (فت ہ) امذ۔
(کاشت کاری) کھیت کی زمین کھودنے اور مٹی پلٹنے کا آلہ جو ایک لکڑی اور لوہے کے نوک دار بھالے پر مشتمل ہوتا ہے (اس کے آگے ایک آڑی لکڑی لگا کر اس میں بیل وغیرہ جوتتے ہیں)۔ [س]

ہل بیل امذ۔ زمین کی کاشت کے لیے جوتے جانے والا ہل اور بیل؛ کاشت کے لیے ضروری اشیاء؛ کاشت کاری کا ساز و سامان۔

ہل پھرنا ف مر؛ محاورہ۔ ہل چلنا؛ (مجازاً) بربادی ہو جانا، تباہی پھیلنا

ہل جوتنا امذ۔ (کاشت کاری) کھیت میں ہل چلانا، ہل کے ذریعے زمین کو جوت کر کاشت کے قابل بنانا؛ کاشت کرنا۔

ہل چلا دینا/چلانا ف مر؛ محاورہ۔ (کاشت کاری) کھیت میں ہل چلانا، ہل کے ذریعے زمین کو جوت کر کاشت کے قابل بنانا؛ کاشت کرنا۔

ہِل (کس ہ) امر۔
ہلنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل۔

ہل جانا ف مر؛ محاورہ۔ ۱. کانپ جانا، لرز جانا، تھرا جانا، دہل جانا نیز بہت بے چین ہو جانا، مضطرب ہو جانا۔ ۲. حرکت میں آنا، جنبش کرنا ۳. مانوس ہو جانا، سدھ جانا، عادی ہونا۔ ۴. متزلزل ہو جانا، تذبذب کا شکار ہونا، پائے استقامت میں لرزش آنا؛ جگہ سے ہٹ جانا۔

ہل جل امث۔ جنبش، حرکت۔

ہل کر / کے پانی نہ / نہیں پینا محاورہ۔ ۱. اپنے ہاتھ سے کوئی کام کرنا؛ نہایت آرام طلب ہونا۔ ۲. سخت کم زور یا ناتواں ہونا۔

ہل ہل کر م ف۔ حرکت کر کے؛ آگے پیچھے جنبش کرتے ہوئے۔

ہِلا (کس ہ) (الف) امر.
کا ماضی نیز ہلانا کا امر ؛ (تراکیب میں مستعمل) . (ب) صف.
مانوس ، پالتو ، ہلا ہوا .

ہلا جلا کر دیکھنا ف مر؛ محاورہ. حرکت دے کر دیکھنا ؛ (عموماً) جھنجھوڑ کر زندہ یا مردہ ہونے کا اندازہ کرنا .

ہلا دینا محاورہ. ١.جنبش دینا ، حرکت دینا .٢.جھنجھوڑ دینا ، زیر و زبر کر دینا ؛ ہوش میں لانا .٣.لرزا دینا ، زلزلہ ڈال دینا .٤. بے چین کر دینا ، مضطرب کر دینا ، دہلا دینا .

ہلا کر رکھ دینا محاورہ. ١. زیر و زبر کر دینا ، جھنجھوڑ دینا ؛ حرکت دینا . ٢. پریشان کر دینا ؛ ستا مارنا .

ہَلّا (فت ہ ، شد ل) امذ ؛ ~ہلہ .
١. میدانِ کارزار میں دشمن کی سپاہ پر چڑھائی ، دھاوا ؛ حملہ ، یورش . ٢. ہجوم ، مجمع ، جمگھٹا .٣. حملہ (بالخصوص کسی مرض کا) .٤. (کسی کام کا) مرحلہ ؛ رو ؛ روانی .٥. شور و غوغا ، غل غپاڑا نیز چرچا . [س] .

ہلا بولنا محاورہ. دھاوا بولنا ، حملہ کرنا .

ہلا گلا امذ. شور غل ؛ غل غپاڑا ؛ اُچھل کود ؛ (مجازاً) خوش طبعی .

ہِلارا (کس ہ) امذ.
جنبش ، حرکت ، جھولے کی حرکت یا جھوٹا .

ہَلاک (فت ہ) صف ؛ امذ.
١. ہلاکت ؛ موت ، مرگ ، قتل .٢. (مجازاً) ضائع ، تلف ، تباہ و برباد ، فنا .٣. مقتول ، کشتہ ، جو مارا گیا ہو . [ع] .

ہَلاکَت (فت ہ ، ک) امث.
١. فنا ہونے کا عمل ، موت ، مرنے کی حالت ؛ فنا ، مرگ .٢. تباہی ، بربادی . [ع] .

ہلاکت خیز صف. ہلاکت میں ڈالنے والا ؛ تباہ کن ؛ تباہی و بربادی کا باعث ، موت کا سبب .

ہلاکت میں ڈالنا ف مر؛ محاورہ. جان خطرے میں ڈالنا ، پریشانی میں مبتلا کرنا ، خود کو تباہی کی طرف لے جانا ؛ مرنے کی پروا نہ کرنا .

ہَلاکُو (فت ہ ، ومع) صف.
١. ہلاک کرنے والا .٢. (کنایۃً) انتہائی ظالم ، سفاک ، نہایت سنگ دل .
٣. ایک تاتاری بادشاہ کا نام جو سفاکی اور ظلم کے لیے مشہور ہے .

ہِلال (کس ہ) امذ.
١. (i) قمری مہینے کی پہلی سے تیسری رات کا چاند ، نیا چاند ، ماہِ نو ؛ بڑھتا ہوا چاند نیز آخری دو راتوں کا چاند . (ii) چاند ، قمر .٢. اُبھرتا ہوا چاند بطورِ علامت اسلام یا مسلمان . [ع] .

ہلال امتیاز امذ. حکومت پاکستان کی طرف سے دیا جانے والا ایک اعلیٰ اعزاز جو کسی شعبے میں نمایاں کارگردی کرنے والوں کو دیا جاتا ہے .

ہلال عید امذ. عید کا چاند ؛ ماہِ شوال کی پہلی تاریخ کا چاند ؛ (کنایۃً) خوش خبری ، خوشی کی نوید .

ہِلانا (١) (کس ہ) ف م.
١.حرکت دینا ، جنبش دینا .٢. جگہ سے بے جگہ کر دینا ، ہٹا دینا .٣. جھلانا ، جھلانا ، دائیں بائیں حرکت دینا (پنکھے وغیرہ کو) .٤. متزلزل کر دینا ، متغیر کر دینا ، بالکل بدل دینا ، تبدیلی لانا ؛ کمزور کرنا . [س] .

ہلانا جلانا ف مر؛ محاورہ. جنبش دینا ، حرکت دینا ؛ جگہ سے ہٹانا نیز ملانا .

ہِلانا (٢) (کس ہ) ف م.
مانوس کرنا ، خوگر کرنا ، پرچانا ، ڈھب پر لانا ؛ سدھانا .

ہَلاہِل (فت ہ ، کس نیز فت ہ) (الف) امذ.
(طب) زہرِ قاتل جس کا علاج نہ ہو سکے ، سم ، بس . (ب) صف. ١. مہلک ، قاتل ، مار ڈالنے والا .٢. (مجازاً) نہایت کڑوا ، تلخ .٣. (مجازاً) بہت تیز (نمک مرچ کے لیے مستعمل) . [ع] .

ہَلْچَل (فت ہ ، سک ل ، فت چ) امث.
١. گھبراہٹ ؛ بے قراری ، اضطراب ، بے چینی .٢. دنگا فساد ، بکھیڑا ، بلوا شورش .٣. حرکت ، عمل .٤. افراتفری ، درہم برہم ہونے کا عمل یا حالت ، تہ و بالا ہونے کی کیفیت ؛ بھگدڑ . [س] .

ہلچل مچا دینا / مچانا ف مر؛ محاورہ. ١. انتشار پیدا کرنا ، کھلبلی مچا دینا . ٢. دھوم مچانا ، مقبول بنانا .٣. تحریک پیدا کرنا ، حرکت پر اُبھارنا ، سرگرم کرنا .٤. ہنگامہ برپا کرنا ؛ افراتفری مچانا .

ہَلْدی (فت ہ ، سک ل) امث.
١. ایک چھوٹا سا پودا نیز اس کی جڑ ایک بالکل پیلی اور دوسری لال یا

سرخی مائل ، دال ، ترکاری وغیرہ میں ڈالی جاتی ہے .۲. اُبٹن ؛ اُبٹنے کی رسم . [س] .

ہلدی چونا لگانا ف مر: محاورہ. چوٹ لگنے پر ہلدی اور چونے کا لیپ کرنا نیز شدید چوٹیں لگنا.

ہلدی کی گانٹھ / گرہ (الف) امث .۱. ہلدی جو جڑ کی شکل میں ہو ، ہلدی کے پودے کی جڑ جسے کاٹ کر اور جوش دے کر سکھا لیتے ہیں اور پیس کر سالن وغیرہ میں ڈالتے اور اس کا چوٹ پر لیپ کرتے ہیں ؛ مراد : نہایت فربہ .۲. آسانی سے ملنے والی چیز ، مفت کی چیز ؛ (مجازاً) آسان کام . (ب) صف مث . ناقص ، تھوڑی سی (عقل کے لیے مستعمل).

ہلدی کی گانٹھ ہاتھ لگی تو چوہا پنساری بن بیٹھا کہاوت. تھوڑی سی پونجی پر نازاں ہونا ، عموماً اس محل پر بولتے ہیں جب کوئی ناقص اپنے آپ کو کامل جانے ، کمینے کو تھوڑی سی چیز مل جائے تو وہ اس پر بہت ناز کرتا ہے .

ہلدی لگی نہ پھٹکری/ پھٹکڑی (الف) کہاوت . آسانی سے اور وقت میں کام ہوگیا ، بے مشقت اور بے خرچ کچھ حاصل ہونے کے موقعے پر مستعمل .

ہلدی لگی/ لگے نہ پھٹکری (اور) رنگ چوکھا آوے/ آئے کہاوت. بے مشقت یا بلا کوشش کام بن گیا ، بغیر محنت یا کوشش کے مطلب حاصل ہوگیا ، بن خرچ کام بن جانا.

ہلدی مل دینا ف مر: محاورہ. ہلدی لگانا ؛ رنگت زرد کردینا ، بہت کمزور کردینا.

ہلدی ہو جانا محاورہ. زرد ہو جانا ، عموماً چہرے کی رنگت پیلی پڑ جانا (خوف یا کم زوری سے).

ہُلَّڑ (ضم ہ ، شد ل بفت) امذ.
۱. شور غل ، شور وغوغا ، غل غپاڑا ، ہنگامہ ، چیخ پکار ؛ آدمیوں کی کثرت اور بھیڑ کا غلغلہ .۲. جھگڑا ، فساد .۳. ڈر ، خوف نیز کھلبلی ، افراتفری . [س] .

ہلڑ بازی امث . ۱. ہنگامہ آرائی ، غل غپاڑا ، شور شرابہ .۲. (مجازاً) جلد بازی ، عجلت .

ہلڑ مچا دینا / مچانا ف مر: محاورہ .شور مچانا ، شور غل کرنا ، ہنگامہ برپا کرنا.

ہُلْسانا (ضم ہ ، سک ل) ف م.
۱. خوش کرنا ، شاد کرنا ؛ جی بہلانا ، دل بہلانا .۲. بھڑکانا ، اُکسانا ، بہکانا اشتعال دلانا .۳. للچانا ، شوق دلانا ، ترغیب دینا .

ہَلْکا (فت ہ ، سک ل) صف .
۱. (i) جو وزن میں کم ہو ، سبک ، خفیف ، کم وزن ، لطیف ، (بھاری کا نقیض) . (ii) جو گاڑھا نہ ہو ، پتلا (گاڑھے کا نقیض) ؛ جو موٹا نہ ہو مہین ، باریک (دبیز کا نقیض) .۲. کم قیمت ، سستا ، گھٹیا ، ارزاں .۳. جس میں بڑا پن نہ ہو ، کم ظرف ، اوچھا ، چھچھورا .۴. ذلیل ، حقیر بے عزت ، بے قدر ، نچلے درجے کا ، کم تر ، کم حیثیت .۵. کثافت سے پاک (لہو ، خون) جلد اثر قبول کرنے والا ، جسے نظر بد جلدی اثر کرے .٦. (i) کم ، معمولی ، تھوڑا سا ؛ (تیز کے مقابل) . (ii) تھوڑا ، قلیل (زیادہ یا کثیر کے مقابل) .۷. پھیکا ، جو شوخ نہ ہو (رنگ وغیرہ) (گہرے کے مقابل) .۸. کم ، اُٹھانے کے لائق ، برداشت کے قابل (سختی یا مشکل) .۹. کم مقدار ، زود ہضم ، آسانی سے ہضم ہونے والی (خوراک وغیرہ) .۱۰. جو آسانی سے برداشت ہو سکے ، جو کرنے میں سہج ہو ، آسان (کوئی کام یا عمل) .۱۱. جس کی شدت یا زور کم پڑ گیا ہو (طوفان ، تھپیڑا وغیرہ) .۱۲. جس پر کسی فرض یا ذمے داری کا بوجھ نہ ہو بے فکر .۱۳. تازہ ، بشاش ، (بدن) جس کی گرانی جاتی رہی ہو .۱۴. کسی بات کو برداشت نہ کرسکنے والا ، کسی بات یا راز کو مخفی نہ رکھ سکنے والا (عموماً پیٹ کے ساتھ) . [س] .

ہلکا پن امث .۱. سبک ہونے کی حالت یا کیفیت ، بھاری کا نقیض لطیف ، کم وزن .۲. (مجازاً) سطحیت ، عامیانہ پن ؛ غیر سنجیدگی (گہرائی کے برعکس) .۳. کم ظرفی ، چھچھورا پن ، کمینگی ، اوچھا پن .

ہلکا پھلکا صف .۱. (i) بہت ہلکا ، کم وزن ، نہایت سبک . (ii) نہایت زود ہضم ، جس میں گرانی نہ ہو ، جس سے معدے پر کوئی بوجھ نہ ہو .۲. لطافت رکھنے والا ، بہت لطیف ، نازک (احساس ، خیال وغیرہ) .۳. جو پیچیدہ نہ ہو ، جس میں فکری گہرائی نہ ہو ، آسانی سے سمجھ میں آنے والا ، تفریحی (ادب وغیرہ) .۴. آسانی سے کیا جانے والا ، جس میں زیادہ طاقت یا فہم کی ضرورت نہ ہو (کوئی کام) .۵. بے غم ، بے فکر

ہلکا خون اند. ۱. خون جس پر نظر بد کا اثر جلدی ہو، جلد بیمار کر دینے والا خون. ۲. جو دوسرے کا خون دیکھ کر غش کھا جائے، وہ شخص جو دوسرے کا خون نہ دیکھ سکے.

ہلکا کر دینا/ کرنا محاورہ. ۱. بوجھ اتارنا، بوجھ کم کرنا، سبک دوش کرنا. ۲. آسان کرنا، برداشت کے قابل بنانا. ۳. آزاد کرنا، نجات دینا، بے فکر بنانا. ۴. دھیما کرنا، زور کم کرنا، شدت میں کمی لانا.

ہلکا ہاتھ رکھنا محاورہ. تکلیف نہ دینا، نرمی برتنا؛ سختی سے نہ پیش آنا (عموماً جانچ پڑتال وغیرہ میں).

ہلکا ہونا محاورہ. ۱. کم وزن ہونا، سبک ہونا، بوجھ اُترنا. ۲. آسان ہونا، قابل عمل ہونا. ۳. جماع کرنا، جماع سے فارغ ہونا. ۴. کم ہو جانا، بخار اترنا، (بیماری میں) افاقہ ہونا. ۵. گر جانا، حقیر ہونا، بے وقعت ہونا.

ہَلْکان (فت ہ، سک ل) صف.
۱. تھکا ماندہ، مضمحل، نیم جان، مشقت کے باعث بے حال. ۲. سخت حیران، نہایت پریشان. [ع].

ہلکان کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. مضمحل کرنا، پریشان کرنا، حیران کرنا، عاجز کرنا. ۲. نیم جان کرنا، بری حالت کرنا، خود کو نڈھال کرنا (عموماً رو رو کر).

ہَلْکَٹ (فت ہ، سک ل، فت ک) صف.
کمینہ، گھٹیا، نیچ، پست. [س].

ہِلْکورا /ہِلْکورَہ (کس نیز فت ہ، سک ل، وج / فت ر) اند.
۱. لہر، موج، ترنگ؛ جھونکا. ۲. ہلنا، جھولنا. [س].

ہِلْکورے (کس نیز فت ہ، سک ل، وج) اند؛ ج.
موجیں، لہریں، ہلکورا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ہلکورے کھانا محاورہ. ہلنا، لرزنا، ہچکولے لینا، لہرانا؛ اوپر سے نیچے کی طرف گرنا.

ہلکورے لینا محاورہ. ۱. پانی کا لہریں مارنا، موج زن ہونا، لہرانا. ۲. ہلنا، لرزنا. ۳. جوش مارنا، شوق پیدا ہونا.

ہَلْکی (فت ہ، سک ل) صف مث.
۱. سبک، خفیف، کم وزن، بھاری کا نقیض. ۲. جو آسانی سے برداشت ہو سکے، قابل برداشت، آسان. ۳. باریک، پتلی، مہین (کوئی لباس). ۴. وہ (رنگ) جو گہرا نہ ہو. ۵. دھیمی، مدھم. ۶. کم، تھوڑی، معمولی. ۷. ہشاش بشاش، تازہ دم. [س].

ہلکی پھلکی صف مث. ۱. سبک، خفیف، کم وزن نیز جسامت میں کم، چھوٹی سی. ۲. (بات یا نظم وغیرہ) جو بہت سنجیدہ نہ ہو، لطیف نیز پُر لطف شگفتہ. ۳. معمولی سی، بہت تھوڑی، بغیر کسی لوازمات کے (چائے وغیرہ کے لیے).

ہِلْگانا (کس ہ، سک ل) ف م.
۱. لٹکانا، آویزاں کرنا، معلق کرنا. ۲. کسی کام میں الکا دینا، کسی کام سے لگا دینا. ۳. اٹکانا، پھنسانا، اڑانا؛ جیسے تیسے پہننا (پیروں میں جوتا یا جسم پر کپڑے وغیرہ).

ہِلْنا (کس ہ، سک ل) ف ل.
۱. (i) متحرک ہونا، ڈولنا، حرکت کرنا، جنبش کرنا. (ii) علیٰحدہ ہونا، کسی جگہ کو چھوڑنا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا، کسی جگہ سے ٹلنا، سرکنا. (iii) (بیماری یا بڑھاپے یا کمزوری کے سبب) اعضا کا تھرتھرانا یا لرزنا، کانپنا. ۲. مانوس ہونا، سدھنا، عادی ہونا. [س].

ہلنا جلنا محاورہ. حرکت میں آنا، جنبش کرنا.

ہَلَّہ (فت ہ، شد ل بفت) اند.
۱. حملہ، چڑھائی، دھاوا. ۲. شور، غل. [س].

ہلہ بول دینا/ بولنا اند. حملہ کرنا، یورش کرنا، چڑھائی کرنا.

ہلہ گلہ اند. شور شرابا، ہنگامہ.

ہُلْہُلا (ضم ہ، سک ل، ضم ہ) اند.
۱. عجیب یا انوکھی بات، حیرت انگیز یا فتنہ انگیز بات، شگوفہ. ۲. بہتان، جھوٹ؛ بے سروپا بات؛ شوق، اُمنگ. [مقامی].

ہلہلا اٹھنا اند. ۱. جھگڑا کھڑا ہونا. ۲. شوق چرانا، دفعتہً کسی بات کو دل چاہنا؛ جوش، ترنگ ہونا.

ہلہلا کر/کے بخار چڑھنا محاورہ.
کپکپی کے ساتھ بخار چڑھنا، ایسا بخار چڑھنا جس کی شدت سے بیمار کانپنے لگے.

ہُلہُلہ (ضم ہ، سک ل، ضم ہ، فت ل) اند.
۱. فتنہ انگیز بات .۲. جوش، ترنگ، ہڑک، شوق. اف: اٹھانا / اٹھنا.

ہَم (۱) (فت ہ) ضمیر متکلم مع الغیر.
۱. جمع متکلم کا صیغہ یعنی میں اور میرے ساتھ اور لوگ نیز متکلم اور مخاطب ملا کر .۲. میں، آپ خود، میں کی جگہ مستعمل (عموماً بطور تعظیم ادنیٰ کے مقابل). [س].

ہم بھی ہیں (پانچوں) پانچویں سواروں میں کہاوت. شیخی خورے کی نسبت کہتے ہیں جس کی کچھ حقیقت نہ ہو اور وہ خود کو خواہ مخواہ بڑے لوگوں میں شامل کرے.

ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے کہاوت. ہم خود تو پھنسے ہیں تم کو بھی پھنسائیں گے، اس وقت مستعمل جب یہ کہنا ہو کہ کوئی شخص خود تو مصیبت میں مبتلا ہے دوسروں کو بھی اس میں مبتلا کرے گا.

ہم نے کیا گھاس کھودی ہے فقرہ. کیا ہم کو بے وقوف سمجھتے ہو، ہم بے وقوف نہیں ہیں تمہاری چال سمجھتے ہیں.

ہَم (۲) (فت ہ) (الف) م ف.
نیز، بھی، ماسوا، اور اس کے علاوہ. (ب) سابقہ. ساتھی، شریک، ساجھی نیز آپس میں، باہم دگر. [ف].

ہم آغوش صف؛ اند. ۱. بغل گیر، باہم گلے ملنے والا .۲. جڑا ہوا، وابستہ، منسوب.

ہم آغوشی مث. ۱. ساتھ رہنے کی حالت، وابستہ ہونے کی کیفیت، بغل گیری نیز وصل .۲. (کنایۃً) ہم بستری، صحبت.

ہم آواز صف. ۱. جن کی ایک جیسی آواز ہو، ہم صوت (لفظ وغیرہ). ۲. سر یا راگ میں شریک .۳. (کنایۃً) متفق الرائے، ہم خیال، ہم نوا؛ رفیق، ساتھی.

ہم آہنگ صف؛ اند. ۱. (i) ایک ساتھ، یک جا؛ باہم مربوط. (ii) متحد. ۲. ہم آواز گانے والے جن کی ایک جیسی آواز یا سر ہو .۳. ساتھی، رفیق، ہم رائے، متفق الرائے، ہم نوا؛ ایک ہی رائے رکھنے والے، ایک جیسے خیالات رکھنے والے.

ہم آہنگی مث. ہم آہنگ ہونے کی حالت یا کیفیت؛ (مجازاً) ایک دوسرے کے خیالات سے متفق ہونے اور ساتھ دینے کی کیفیت، باہمی ربط ضبط، اتحاد، یگانگت.

ہم بستر صف. ایک بستر پر سونے والا؛ نہایت قریب بیٹھنے والا؛ (مجازاً) صحبت کرنے والا، جماع کرنے والا.

ہم بستری مث. زوجین کی باہمی مباشرت نیز کسی کے ساتھ مباشرت کی حالت، جماع کا عمل، صحبت.

ہم پایہ صف. ایک ہی درجہ یا رتبہ رکھنے والے، ہم رتبہ نیز ہم قدم؛ ساتھی.

ہم پلہ صف. برابر کا؛ برابر کی ٹکر کا، ہم رتبہ.

ہم پلہ ہونا محاورہ. برابر ہونا، جوڑ کا ہونا، مساوی حیثیت کا ہونا.

ہم پیالہ (و) ہم نوالہ صف؛ اند. ایک ساتھ شراب پینے والے، ایک ساتھ کھانے والے، ساتھ کھانے پینے والا؛ (کنایۃً) بہت گہرا دوست.

ہم جلیس صف. پاس بیٹھنے اٹھنے والا، دوست، رفیق، ہم نشین، مصاحب؛ ہم راز.

ہم جماعت صف؛ اند. ایک ہی درجے میں پڑھنے والا، ہم سبق، جماعت کا ساتھی.

ہم جنس صف؛ ~ ہمجنس. ۱. ایک ہی نوع یا جنس کا، جنس میں یک ساں، ہم زاد، ہم نژاد، ہم ذات .۲. ہم رتبہ؛ ہم پیشہ نیز اپنی ہی صنف کے فرد میں جنسی دل چسپی رکھنے والا.

ہم جنس پرست صف. اپنی ہی صنف کی طرف جنسی کشش محسوس کرنے والا، ہم جنسیت کا رجحان رکھنے والا، مرد یا عورت جس کا جنسی میلان اپنی ہی صنف کی طرف ہو؛ اپنی ہی جنس کے افراد سے جنسی یا شہوانی رغبت رکھنے والا.

ہم جولی (الف) صف؛ ~ ہمجولی. ہم عمر جو ساتھ کھیل کر بڑے ہوئے ہوں، بچپن کے ساتھی، ہم سن؛ دوست، یار .۲. برابر کا، ہم پایہ، ہم رتبہ. (ب) صف مث. کم سن لڑکی جو دوسری خرد سال لڑکی کے ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے، ساتھ کی کھیلی.

ہم خیال صف؛ ~ ہمخیال. یک ساں سوچ رکھنے والا، ایک ہی نظریے کے ماننے والے.

ہم درد صف :- ہمدرد. کسی کا دکھ محسوس کرنے والا ، دکھ درد کا ساتھی ، درد مند ، غم خوار ، دکھ درد کا شریک .

ہم دردی امث :- ہمدردی. غم خواری ، درد مندی ، ہم درد ہونے کی حالت یا کیفیت .

ہم دم صف :- ہمدم. ہر دم کا ساتھی ؛ شریک کار ؛ (مجازاً) گہرا دوست ، پکا یار ، قریبی رفیق .

ہم راز صف :- ہمراز. رازداں ، محرمِ اسرار ، بھید سے واقف ، راز جاننے والا .

ہم راہ صف :- ہمراہ. ساتھ چلنے والا ، سفر کا ساتھی ، ہم سفر.

ہم راہی صف :- ہمراہی. ساتھ چلنے والا ، ساتھی ، رفیق .

ہم رکاب صف. سواری کے ساتھ سوار ؛ مراد : ہم سفر ، ہمراہ ؛ ساتھ .

ہم زاد صف ؛ امذ :- ہمزاد. ا. جو ساتھ پیدا ہو ، توام ، جڑواں بچہ ، ایک ساتھ پلا ہوا ، جڑا ہوا ؛ جڑواں ، ایک دوسرے سے منسلک . ۲. ہم سن ، ہم عمر نیز ہم عصر ؛ ساتھ کھیلنے والا .

ہم زبان صف :- ہمزبان. ایک زبان میں بات کرنے والے ، جن کی زبان یا بولی ایک ہو ، ہم قول ؛ ساتھ بولنے والا ، آواز میں آواز ملانے والا نیز متفق ، ہم خیال ، ہم صلاح ؛ ہم کلام ، باہم مخاطب .

ہم زلف امذ :- ہمزلف. سالی کا شوہر ، ساڑھو ، بیوی کی بہن کا شوہر.

ہم سایہ صف ؛ امذ :- ہمسایہ/ ہمسایا. ایک ہی سائبان میں رہنے والے (خصوصاً) ساتھ کے گھر میں رہنے والا ، پڑوس کا ، پڑوسی ، ہم دیوار .

ہم سخن /سُخن صف. باہم بات کرنے والے ، باہم مخاطب ، ساتھ کلام کرنے والا ؛ ہم زبان ، ہم کلام ؛ (کنایۃً) ساتھی شاعر.

ہم سر امذ ؛ صف :- ہمسر. ا. برابر کا ، ہم رتبہ ، ہم چشم ، برابر والا ؛ مدمقابل ، حریف . ۲. برابر ، مساوی ، یکساں .

ہم سفر صف :- ہمسفر. ا. سفر کا ساتھی ، ساتھ سفر کرنے والا . ۲. زندگی کا ساتھی ، بیوی یا شوہر.

ہم شکل صف. - ہمشکل. ایک شکل کا ، ہم صورت ، ایک دوسرے سے مشابہ ، ملتے جلتے .

ہم شیر صف ؛ نیز امذ ، امث :- ہمشیرہ. جنہوں نے ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو ، دودھ شریک بھائی یا بہن ، رضاعی یا حقیقی بھائی بہن (عموماً بہن کے لیے مستعمل) .

ہم شیرہ امث :- ہمشیرہ. دودھ شریک بہن ، حقیقی بہن .

ہم عصر صف :- ہمعصر. ایک زمانے یا وقت کا ، ہم عہد ، ہم زمانہ ، معاصر.

ہم عمر صف :- ہمعمر. برابر کی عمر کا ، ہم سال ، ہم سن .

ہم قافیہ صف. شعر یا مصرع جس میں ایک جیسی آواز والے الفاظ آئے ہوں .

ہم قدم صف ؛ امذ :- ہمقدم. ساتھ ساتھ چلنے والا ؛ ساتھی ، رفیق ؛ ہم راہی ، ہم سفر .

ہم قلم صف. منصب میں برابر ، مرتبے میں برابر ؛ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں ؛ ہم عصر لکھنے والا ، معاصر ادیب .

ہم کلام صف :- ہمکلام. باہم گفتگو کرنے والا ، آپس میں بات کرنے والا ، ہم سخن ؛ گفتگو میں مصروف .

ہم کلام ہونا ف مر. بات کرنا ، بولنا .

ہم کنار صف :- ہمکنار. ہم آغوش ، بغل گیر ؛ گود میں لیے ہوئے ؛ بہت قریب ، ملا ہوا نیز رتبے میں برابر .

ہم کنار ہونا ف مر ؛ محاورہ. بغل گیر ہونا ، قریب ہونا ، مل جانا نیز رتبے وغیرہ میں برابر ہونا .

ہم مشرب صف. ایک ہی انداز کا ، ایک مذہب کا نیز ایک نظریے کے حامل ، ہم خیال ، ہم مزاج .

ہم مکتب صف. ایک ہی مکتب میں پڑھنے والا ، ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا ، ہم دبستان .

ہم نام صف ؛ امذ :- ہمنام. ا. ایک ہی نام کا ، ہم اسم نیز عرفیت یا نسب میں ایک . ۲. وہ شخص جس کا نام خاص طور پر کسی کے نام پر رکھا گیا ہو.

ہم نشیں صف :- ہمنشیں. ساتھ بیٹھنے والا ، مصاحب ، ہم صحبت ، رفیق ، ہم خیال ، دوست ؛ ہم جولی ، ساتھی .

ہم نفس صف. ایک ساتھ سانس لینے والا ، ساتھ زندگی بسر کرنے والا ؛ مراد : ہم دم ، رفیق ، دوست ، یار ، مصاحب نیز ہم کلام .

ہم نوا صف :- ہمنوا. ہم صفیر ؛ ساتھ گانے والا ، گانے میں ساتھ دینے والا ؛ ہم آواز ؛ (مجازاً) ساتھی ، رفیق ، دوست ، یار ، ہمدم نیز ہم خیال ؛ حامی .

ہم نوالہ صف. ساتھ کھانے والا ؛ (مجازاً) بے حد قریبی دوست .

ہم وطن صف ؛ امذ. ایک ہی دیس کا ، ایک ملک کا ، اپنے وطن کا باشندہ .

ہَما (فت ہ) ضمیر.
ہم ؛ تراکیب میں مستعمل.

ہما ہمی مث. ۱.خود پسندی ، انانیت ؛ بڑا بول بولنے کی حالت.

ہما ہمی کرنا ف مر. سرزوری کرنا ، اپنا زور دکھانا ، زبردستی ، خودستائی کرنا.

ہُما (ضم ہ) مذ.
ایک خیالی پرند جس کے متعلق مشہور ہے کہ فضا میں اڑتا رہتا ہے اور کبھی زمین پر نہیں اترتا اور جس شخص کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے. [ف].

ہَمارا (فت ہ) ضمیر مذ ؛ ج.
۱. ہم سب کا ، تمام لوگوں کا. ۲. میرا ، میری ذات کا ؛ اپنا ، اپنی ذات کا. ۳. خصوصیت اور یگانگت ظاہر کرنے کے لیے ؛ جیسے : ہمارا دوست ، ہمارا عزیز.

ہمارا تمہارا صف. آپس کا ؛ اپنا ؛ ذاتی.

ہمارا تمہارا خدا بادشاہ / ہمارا تمہارا خدا بادشاہ اور خدا کا بنایا رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بادشاہ فقرہ. کسی حکایت کے آغاز میں کسی بادشاہ کا ذکر کرنے سے پہلے یہ حمدیہ فقرہ کہتے ہیں.

ہَماری (فت ہ) ضمیر نیز صف مث.
ہمارا کا مؤنث ، اپنی ، ذاتی ، نجی ، ہم سب کی.

ہماری بلی (اور) ہمیں سے میاؤں کہاوت. ہمارا مطیع اور ہمیں سے مقابلہ کرے ، ہمارا کھائے اور ہمیں پہ غرائے (احسان فراموش کے بارے میں کہتے ہیں).

ہماری کیا بساط فقرہ. ہماری کیا حیثیت ، ہماری کیا مجال (عاجزی کے موقع پر مستعمل).

ہَمارے (فت ہ) ضمیر ؛ ج.
ہمارا کی جمع نیز مغیرہ حالت.

ہمارے بھی منھ میں زبان ہے فقرہ. ہمیں بھی جواب دینا آتا ہے.

ہمارے لیے م ف. ہماری خاطر ؛ ہمارے واسطے.

ہمارے ہاں م ف. (ہمارے یہاں (دیکھیے) کی تخفیف اور فصیح صورت) ہمارے گھر میں ، ہمارے علاقے یا ماحول میں.

ہمارے یہاں م ف. ہمارے علاقے یا ملک میں ؛ ہمارے معاشرے میں ؛ ہمارے ماحول میں.

ہِمالَہ (کس ہ ، فت ل) مذ.
۱. (لفظاً) برف کا گھر ؛ برصغیر پاک و ہند کے شمالی پہاڑوں کا سلسلہ. ۲. (کنایۃً) بہت اونچا ، بہت بلند. [مقامی].

ہِمالَیہ (کس ہ ، فت م ل نیز مع ل ، فت ی) مذ.
۱. (لفظاً) برف یا سردی کا گھر ، برفستان. ۲. ایک بہت بڑا اور اونچا پہاڑ جس کی چوٹیاں ہمیشہ برف سے ڈھکی رہتی ہیں.

ہمالیہ پہاڑ مذ. ۱. دیکھیے : ہمالیہ. ۲. (کنایۃً) بہت مضبوط اور مستحکم شے. ۳. (مجازاً) بہت مشکل کام ، نہایت دشوار امر.

ہَماہَمی (فت ہ ، ہ) مث.
۱. خود پسندی ، انانیت ، بڑا بول. ۲. دھکا کی ، شورش ؛ زور ، زبردستی. ۳. رونق ، چہل پہل ، گہما گہمی. ۴. زور شور ، چڑھاؤ ، شدت ، زیادتی. ۵. شور شرابا ، شہرت ، ہنگامہ آرائی.

ہُمایُوں (ضم ہ ، مع) (الف) صف.
۱. خوش قسمت ، خوش نصیب ، بلند اقبال ؛ (مجازاً) مبارک ، مسعود ، مقدس. ۲. شاہانہ. (ب) مذ. خاندان مغلیہ کے دوسرے بادشاہ کا نام.

ہِمّت (کس ہ ، شدم بفت) مث.
۱. قوت ، طاقت ، حوصلہ. ۲. (i) عزم ، ارادہ ، قصد. (ii) خواہش ، تمنا ، مراد. ۳. بہادری ، شجاعت ، دلیری ، سورما پن ، جرأت ، اولوالعزمی ، سخاوت. [ع].

ہمت افزا صف. حوصلہ بڑھانے والا ، عزم و ارادے میں اضافہ کرنے والا ، امید افزا.

ہمت افزائی مث. ڈھارس بڑھانے کی کیفیت ، حوصلہ بڑھانے کا عمل ، قوت و عزم اور امیدوں کو زیادہ کرنے کی حالت.

ہمت افزائی کرنا ف مر. عزم و ارادے کو تقویت دینا ، حوصلہ بڑھانا.

ہمت باندھنا محاورہ. حوصلہ کرنا ، عزم کرنا ، مصمم ارادہ کرنا.

ہمت پکڑنا محاورہ. حوصلہ کرنا ، جرأت پیدا کرنا.

ہمت ٹوٹ جانا / ٹوٹنا محاورہ. حوصلہ نہ رہنا ، حوصلہ جاتا رہنا ، حوصلہ ختم ہو جانا.

ہمت جواب دے جانا / دینا محاورہ. حوصلہ پست ہو جانا، عزم و ارادہ کمزور ہو جانا، مایوسی کی کیفیت پیدا ہو جانا.

ہمت دکھانا محاورہ. حوصلہ ظاہر کرنا، دلیری اور جرأت کا مظاہرہ کرنا.

ہمت دلانا محاورہ. حوصلہ دینا، ڈھارس بندھانا.

ہمت کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دلیری کرنا، جرأت کرنا، حوصلہ کرنا نیز کوشش کرنا. ۲. سخاوت کرنا.

ہمت کی داد دینا محاورہ. جرأت و حوصلہ مندی کو سراہنا، عزم و ارادے کی تعریف کرنا.

ہمت مرداں مث. مردوں کی ہمت؛ مراد: بہادر آدمیوں کی ہمت، جرأت مندوں کا حوصلہ، دلیری، بہادری.

ہمت مرداں مدد خدا کہاوت. کام میں کوشش شرط ہے، خدا ضرور مدد کرتا ہے.

ہمت ہارنا محاورہ. پست ہمت ہونا، جی چھوڑنا، حوصلہ نہ رہنا.

ہَمجولی (فت ہ، سک م، و مع) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمدَرد (فت ہ، سک م، فت د، سک ر) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہمدردانہ (فت ہ، سک م، فت د، سک ر، فت ن) صف؛ م ف.
ہمدردوں جیسا؛ ہمدردوں کا سا، ہمدردی سے متعلق، ہمدردی کا.

ہَمدَردی (فت ہ، سک م، فت د، سک ر) امث.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمدَم (فت ہ، سک م، فت د) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمراز (فت ہ، سک م) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمراہ (فت ہ، سک م).
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمراہی (فت ہ، سک م) (الف) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمرَنگ (فت ہ، سک م، فت ر، غنہ) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمرَہ (فت ہ، سک م، فت ر) صف؛ امذ؛ = ہم رہ.
ہم راہ؛ ساتھ چلنے والا، ساتھی، رفیق نیز ساتھ، سنگ، ہم سفر.

ہَمزاد (فت ہ، سک م) امذ.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمزَبان (فت ہ، سک م، فت نیز ضم ز) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمزَہ (فت ہ، سک م، فت ز) امذ؛ امث.
۱. حرف (ء)، الف متحرک اردو حروف تہجی کا ۵۲ واں حرف، الف مصمتہ یا حرف صحیح کا نام، وہ الف جو کھینچ کر پڑھا جائے. ۲. (حساب میں) چھٹانک کا نشان. [ع].

ہَمسائی (فت ہ، سک م) صف مث؛ امث.
پڑوس میں رہنے والی، پڑوسن، دیوار بیچ رہنے والی عورت.

ہَمسایَہ (فت ہ، سک م، فت ی).
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہمسایہ ماں (کا) جایا کہاوت. پڑوسی سگے بھائی کی طرح ہوتا ہے.

ہَمسَر (فت ہ، سک م، فت س).
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمسَری (فت ہ، سک م، فت س) امث.
ہم سر ہونے کی حالت یا کیفیت، برابری، رتبے میں برابر ہونا.

ہَمسَفَر (فت ہ، سک م، فت س، ف) صف.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمشِیر (فت ہ، سک م، ی مع) صف؛ امذ نیز امث.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمشِیرَہ (فت ہ، سک م، ی مع، فت ر) (الف) امث.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہَمعَصر (فت ہ، سک م، فت ع، سک ص) صف؛ = ہم عصر.
دیکھیے: ہم (۲) کے تحت.

ہُمَک (ضم ہ، فت م) اِمْد.

۱. ہمکنا کا امر، تراکیب میں مستعمل : اچھل کود. ۲. (کنایۃً) منھ بند غنچوں یا کلیوں کے کھلنے کی حالت، کلی کے شگفتہ ہونے کی کیفیت.

۳. (کنایۃً) خواہش، تمنا، آرزو.

ہمک کر م ف. ۱. اُچھل کر، لپک کر، آگے بڑھ کر. ۲. مٹک کر، سینے کو مٹکا کر.

ہَمْکلام صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْکلامی (فت ہ، سک م، فت ک) اِمث.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہُمَکْنا (ضم ہ، فت م، سک ک) ف ل.

۱. بچے کا ہاتھ پانو مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کے لیے ارادہ ظاہر کرنا : بچے کا چلنے میں کوشش کرنا، پھدکنا، اُچکنا، کودنے کی کوشش کرنا : بچے کا اپنی جگہ سے جست کرنا، بچے کا گود میں اُچکنا، آگے کی طرف لپکنے یا بڑھنے کے لیے حرکت کرنا.

۲. چڑھائی کرنا، حملہ کرنا، تاخت کرنا، یورش کرنا. ۳. (کنایۃً) خواہش کرنا، تمنا کرنا. [س].

ہَمْکِنار (فت ہ، سک م، کس ک) صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْنَشیں (فت ہ، سک م، فت ن، ی مع) صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْنَوا (فت ہ، سک م، فت ن) صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْوار (فت ہ، سک م) صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْواری (فت ہ، سک م) اِمث.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمْوَزْن (فت ہ، سک م، فت و، سک ز) صف.

دیکھیے : ہم (۲) کے تحت.

ہَمَہ (فت ہ، م) صف.

سب، کل، سارا، جملہ، تمام. [ف].

ہمہ تن م ف؛ صف. ۱. سر سے پانو تک، پورے وجود کے ساتھ، سراپا، تمام، سربسر. ۲. ہر حال میں، ہر وقت.

ہمہ تن گوش صف. پوری توجہ اور انہماک سے سننے والا، کمال متوجہ.

ہمہ رنگ صف. مختلف رنگوں کا حامل، مختلف المزاج، طرح طرح کا

ہمہ صفت صف. بہت ساری خصوصیات کا حامل، ہر خوبی رکھنے والا.

ہمہ گیر صف. ہر چیز پر حاوی، ہر چیز پر چھایا ہوا، ہر چیز یا موضوع کو گرفت میں لینے والا.

ہمہ گیری امث. سب پر چھائے ہوئے ہونے کی کیفیت یا حالت؛ (کنایۃً) وسعت، پھیلاؤ.

ہمہ وقت (الف) اِمْد؛ م ف. ہمیشہ؛ ہر وقت، تمام وقت؛ مراد : بہت کثرت سے. (ب) صف. ہر وقت کا، جو ہر وقت موجود ہو.

ہَمَہ شُما / شُمَہ (فت ہ، م، ضم ش/ فت م) صف؛ اِمْد؛ ج.

خاص و عام، ہر کس و ناکس، ادنیٰ و اعلیٰ، رذیل و شریف، ہزاری بزاری، تمام لوگ.

ہَمْہَمَہ (فت ہ، سک م، فت ہ، م) اِمْد؛ اِمث.

۱. (لفظاً) ہر وہ آواز یا پوشیدہ کلام جس میں بھاری پن پایا جاتا ہو؛ دھاڑ، زوردار آواز؛ (مراداً) گھوڑے، بیل یا شیر وغیرہ کی آواز.

۲. جلال، غیظ؛ دبدبہ، رعب. ۳. رومانی شاعری، غزل، قصیدہ، گیت؛ قصہ، چرچا. ۴. ہنگامہ، شور، غل. [ع].

ہَمْہَمی (فت ہ، سک م، فت ہ) اِمث.

۱. دھاڑ، زوردار آواز (گھوڑے بیل یا شیر وغیرہ کی). ۲. گہما گہمی، ہلچل، شور، غل.

ہَمَہ ہَمی (فت ہ، م، ہ) اِمث.

دیکھیے : ہمہمی؛ زور، شور، ہنگامہ خیزی.

ہَمی (فت ہ) حرف حصر.

ہم ہی، ہمیں.

ہِمْیانی (فت ہ، سک م نیز کس ہ، سک م نیز کس ہ، کس م).

روپے پیسے رکھنے کی پتلی سی تھیلی جو کمر سے باندھ لیتے تھے، نقدی رکھنے کی لمبی تھیلی جو کمر پر باندھ لی جائے.

ہَمیش (فت ہ، ی ج) م ف.
ہمیشہ، دائم، سدا.

ہَمیشگی (فت ہ، ی ج، فت نیز سک ش) مث.
۱. ہدایت، قدامت، دوام، قیام، بقا، مداومت. ۲. پیوستگی.

ہَمیشَہ (فت ہ، ی ج، فت ش) (الف) م ف.
۱. ہر مرتبہ، دائم، مدام، سدا. ۲. آئے دن؛ سدا. (ب) صف. ابدی، غیر فانی، لازوال. [ف].

ہَمِیں (فت ہ، ی مع) حرف حصر.
۱. ہم ہی، صرف ہم، ہم ہی کا مخفف. ۲. ہمارا.

ہمیں ہم ضمیر نیز فقرہ. صرف ہم، ہم ہی ہم، کوئی اور نہیں.

ہَمیں (فت ہ، ی ج) ضمیر جمع متکلم نیز واحد کے لیے بھی مستعمل.
ہم کو، ہم تمام آدمیوں کو نیز مجھے.

ہُن (ضم ہ) مذ.
۱. قدیم زمانے میں رائج خالص سونے کا سکہ، اشرفی؛ ریزۂ زر، سونے کے ذرّات؛ سونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے. ۲. دولت، مال. [س].

ہُن برسانا محاورہ. ۱. بہت دولت عطا کرنا، کثرت سے مال و اسباب دینا. ۲. فراخ دلی سے خرچ کرنا، دولت لٹانا.

ہُن برسنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آسمان سے سونے کے ذرّات برسنا، ریزۂ زر کی بارش ہونا. ۲. دولت کی ریل پیل ہونا، خوب آمدنی ہونا، دولت میں کھیلنا، بہت زیادہ کمائی ہونا.

ہَنٹر (فت ہ، سک ن، فت ٹ) مذ. ۱. چابک، کوڑا. ۲. شکار میں سواری کا گھوڑا. ۳. شکاری. [انگ].

ہَنٹر بیف (فت ہ، سک ن، فت ٹ، ی) مذ.
گائے کا خشک اور گلایا ہوا نمکین گوشت. [انگ].

ہَنجار (فت ہ، سک ن) مذ.
۱. (i) راہ، راستہ؛ سیدھا راستہ؛ (مجازاً) طریق، انداز، طرز، روش، اصل قاعدہ، طور طریقہ نیز اسلوب. (ii) قریب کا رستہ نیز پگ ڈنڈی. ۲. رنگ، لون. ۳. معماروں کا شاقول؛ کوئی تار یا آلہ جو معمار پتھروں کو سیدھا رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں. ۴. عادت؛ چال چلن، اخلاقی اطوار. [ف].

ہِند (کس ہ، سک ن) مذ (مث).
۱. غیر منقسم ہندوستان، بھارت (تقسیم سے قبل) برصغیر، پاک و ہند. ۲. باشندہ. ۳. (مجازاً) محبوب (قدیم). ۴. (قدیم) شمالی ہند، بنارس سے ستلج کے درمیان کا علاقہ. [ف].

ہند و پاک مذ. بھارت اور پاکستان، برصغیر.

ہِنْدِسَہ (فت ہ، سک ن، فت د، س نیز کس ہ، سک ن، کس نیز سک د، فت س) مذ.
۱. (لفظاً) اراضی کی پیمائش؛ عمارت کا اندازہ کرنا اور خاکہ کھینچنا. ۲. (ریاضی) علم ریاضی کی ایک شاخ، اقلیدس کا علم جس میں اشیاء کی اشکال و مقادیر معلوم کی جاتی ہیں؛ نقاط خطوط زاویوں سطحوں اور ٹھوس اجسام کے خواص رابطوں اور پیمائش سے متعلق علم (انگ: Geometry). ۳. گنتی کا عدد یا اس کی شکل؛ رقم. [ع].

ہندسہ دان صف؛ مذ. علم ہندسے کا جاننے والا، مہندس، علم ہندسہ کا واقف، اقلیدس کے علم کا جاننے والا شخص نیز محاسب، حساب دان.

ہِنْدُو (کس ہ، سک ن، و مع) صف؛ مذ.
۱. (i) (قدیم) ہندوستان کا رہنے والا. (ii) ویدک دھرم کا پیرو، ہندو مذہب کا پیرو. ۲. زنگی، حبشی، شیدی، سیاہ رنگ کا آدمی، کالا آدمی نیز سیاہ؛ کالا رنگ. ۳. (شاذ) چور، ڈاکو نیز غلام. [ف].

ہندو دیومالا مث. ہندو اساطیر، ہندومت کے قدیم قصے ہندو علم الاصنام

ہندو دھرم مذ. ہندو مذہب، ہندومت.

ہندو مت مذ. ۱. ہندو مذہب، ہنود کا دھرم. ۲. ہندو دھرم کے ماننے والے.

ہِنْدُوانَہ (کس ہ، سک ن، ضم د، فت ن) صف.
ہندوؤں کی طرح کا، ہنود جیسا، ہندوؤں جیسا.

ہِنْدُوانی (کس ہ، سک ن، ضم د) (الف) صف.
ہندو نیز ہند سے منسوب، ہندوؤں کا نیز ہندوستان کا، ہندوؤں جیسا. (ب) مذ. ہندوستان کا باشندہ. (ج) مث. ۱. ہندو عورت. ۲. سنسکرت، زبان

ہِنْدُوسْتان (کس ہ، و مع، سک س نیز ضم د، ضم و، سک س) مذ.
ایک ملک کا نام جو کوہ ہمالیہ کے جنوب اور پاکستان کے مشرق میں واقع ہے. [علم].

ہِنْدُوسْتانی (کس ہ ، سک ن ، و مع ، سک س رکس ہ ، سک ن ، ضم د ، و غم ، سک س) (الف) صف : اند .

ا. ہندوستان سے منسوب یا متعلق ، ہندوستان کا نیز ہندوستان کا باشندہ . ۲. (تقویم) ہندوستان میں رائج فصلی سن کے لحاظ سے : ہندوستانی تاریخ .(ب) امث . ہندوستانی زبان.

ہِنْدُوکُش (کس ہ ، سک ن ، و مع ، ضم ک) اند .

پاکستان اور افغانستان کے درمیان واقع نہایت بلند پہاڑوں کا سلسلہ جو مغربی جانب ہمالیہ کی توسیع ہے .

ہِنْدْوی (کس ہ ، سک ن ، و نیز و مع) (الف) امث .

ا. ہندوستان کی زبان ، اُردو ، اُردو کا ایک قدیم نام ۲. کالا پن ، سیاہی (بالوں وغیرہ کی) .(ب) صف : اند . ہندوستان کا ، ہندوستانی نیز ہندوستان کا باشندہ .

ہِنْدی (کس ہ ، سک ن) (الف) صف : اند .

ا. ہند سے منسوب ، ہند کی زبان کا ، ہندوستانی زبان کا .۲. ہندوستان کا نیز ہندوستانی باشندہ .(ب) امث .ا. اُردو زبان کا ایک قدیم نام ، ہندوستان کی زبان نیز وہ زبان جو دیوناگری حروف میں لکھی جاتی ہے اور جس میں سنسکرت الاصل الفاظ زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں ۲. ہندوستان کی تلوار .

ہندی الاصل صف .جس کی اصل ہندوستانی ہو ، جو اصل میں ہندوستانی ہو ، جو ہندوستان میں بنا یا پیدا ہوا ہو .

ہندی النسل صف .جو نسلاً ہندوستانی ہو ، جس کی اصل ہندی ہو ، جو ہندوستان میں پیدا ہوا ہو ، جس کے اجداد ہندوستانی ہوں .

ہندی بول/ بھاشا امث .مراد : اُردو زبان نیز دیوناگری میں لکھی جانے والی زبان جس میں سنسکرت کے الفاظ زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں .

ہندی رسم الخط اند .ہندی زبان کے حروف تہجی لکھنے کی لپی ، دیوناگری

ہندی زبان امث . ہندوستان یا ہندوؤں کی زبان ، ہندی بھاشا نیز اُردو زبان اور سنسکرت ، ہندوستان میں بولی جانے والی زبان ؛ مراد : اُردو .

ہندی کی چندی امث .تشریح ، چھان بین ، بال کی کھال نکالنے کا عمل ، نکتہ چینی .

ہندی کی چندی نکالنا محاورہ. بال کی کھال نکالنا ، حجت کرنا ، حقیقت معلوم کرنے کے لیے خوب بحث کرنا ، بہت چھان بین کرنا .

ہندی نژاد صف : اند .نسلاً ہندوستان کا ، ہندوستانی ؛ وہ جو ہند کا اصلی باشندہ ہو ؛ ہندوستان میں پیدا ہونے والا شخص .

ہَنْڈولا / ہِنْڈولہ (کس نیز فت ہ ، مغ ، و مج / فت ل) اند .

ا. نیچے اوپر گھومنے والا ایک جھولا جس میں لوگوں کے بیٹھنے کے لیے چھوٹی چھوٹی نشستیں بنی ہوتی ہیں (بالعموم ساون کے مہینے میں اس پر جھولا جاتا ہے) ، کھٹولیوں کا بنا ہوا جھولا ؛ چرخ ، چکر . پالنا ، گہوارہ بچوں کا جھولا . [س] .

ہَنْڈولْنا (کس نیز فت ہ ، مغ ، و مج ، سک ل) اند .

پالنا ، گہوارہ ، پنگوڑا ، جھولا ، جھولنا .

ہَنْڈہ (فت ہ ، سک ن ، فت ڈ) اند .

گیس کا بڑا لیمپ ، گیس بتی ، بجلی کا لیمپ . [س] .

ہُنْڈی (ضم ہ ، سک ن) امث .

وہ رقعہ جو کرنسی کا کاروبار کرنے والے تاجر ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے لیے دیتے ہیں ، بیوپاری کا نوٹ ، وہ رقعہ جو کسی کے نام روپیہ دینے کے لیے دیا جائے ، چیک ، منی آرڈر ، بنک ڈرافٹ کی قدیم شکل . [س] .

ہَنْڈے (فت ہ ، سک ن) اند : ج .

ا. ہنڈا کی جمع ، مٹی کی بڑی ہانڈی ، مٹکا .۲. گیس کے لیمپ .

ہَنْڈِیا (فت ہ ، غنہ ، سک نیز کس ڈ) امث .

ا. پتیلی کی طرح کا ایک مٹی کا بنا برتن جس میں کھانا پکاتے ہیں ، ہانڈی مٹی کی دیگچی .۲. (کنایۃً) ترکاری ، سالن ، لادن وغیرہ ، پتیلی میں پکایا ہوا کھانا .۳. مٹی اور شیشے کا بنا برتن جس میں موم بتی یا چراغ وغیرہ جلاتے ہیں . [س + پ] .

ہنڈیا پکانا ف مر : محاورہ .ا. سالن ترکاری وغیرہ پکانا ، کھانا پکانا .۲. منصوبے بنانا ؛ خیالی پلاؤ پکانا نیز سازش کرنا .

ہَنْڈِیاں (فت ہ ، غنہ ، سک نیز کس ڈ) امث ، ج .

ہنڈیا کی جمع ، ہانڈیاں ، مٹی کی دیگچیاں .

ہُنَر (ضم ہ، فت ن) اند.
ا. گن؛ ذاتی وصف؛ خوبی؛ اچھائی، سلیقہ (عیب کے مقابل) ۲. تدبیر، حکمت، دانائی ۳. عمدہ صلاحیت؛ کسی کام میں مہارت، کاری گری، فن کاری. [ف].

ہنر دکھانا/ دکھلانا ف مر. اپنی مہارت یا کمال دکھانا، فن کا مظاہرہ کرنا؛ کاری گری کے جوہر دکھانا.

ہنر دینا محاورہ. ہنر سے نوازنا، صلاحیت عطا کرنا، صاحب فن بنانا، سلیقہ سکھانا، بے ہنر کو ہنر مند کرنا.

ہنر مند صف؛ اند. ا. کسی کام یا فن میں ماہر؛ صاحب جوہر، باہنر؛ باکمال، گنی؛ ماہر ۲. کاری گر، دست کار، صناع؛ کسی پیشے میں تربیت یافتہ.

ہنر مندی امث. ا. خوبی؛ فنی صلاحیت؛ مہارت، چابک دستی، فن کاری، ہنر مند ہونے کی حالت یا کیفیت ۲. سلیقہ مندی، سگھڑپن، لیاقت.

ہَنْس (فت ہ، غنہ نیز سک ن) اند.
لمبی ٹانگوں لمبی گردن پتلی چونچ والا بطخ سے مشابہ ایک سفید آبی پرندہ جس کے بازو پر چند سرخ پر بھی ہوتے ہیں عموماً بڑی بڑی جھیلوں میں رہتا ہے. [س].

ہنس راج اند. بڑی جھیلوں میں رہنے والی سفید بڑی بطخ جس کی چونچ اور پر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں؛ راج ہنس.

ہنس کی چال چلنا محاورہ. نقالی کرنا، بے سوچے سمجھے نقل کرنا (عموماً کوے کے ساتھ مستعمل).

ہَنْس (فت ہ، غنہ) اند.
ہنسنا کا امر (تراکیب میں مستعمل). [س].

ہنس بولنا ف مر. ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا.

ہنس کر ٹال جانا/ ٹالنا ف مر؛ محاورہ. بات کو ہنسی مذاق میں ختم کر دینا؛ بات نظر انداز کر دینا.

ہنس کھیل کے م ف. آسانی کے ساتھ؛ محنت اور مشقت کے بغیر.

ہنس مکھ صف؛ اند. شگفتہ رو؛ خوش اخلاق، خوش مزاج، وہ شخص جو ہنس کر ملے، ملنسار.

ہنس ہنس کر پیٹ میں بل پڑنا محاورہ. ہنستے ہنستے دہرا ہو جانا، بہت ہنسنا.

ہَنْسانا (فت ہ، مغ) ف م.
ایسی بات یا حرکت کرنا جس سے ہنسی آئے نیز بہلانا، محظوظ کرنا.

ہَنْسائی (فت ہ، مغ) امث.
ا. ہنسنے کی کیفیت، ہنسی، ٹھٹھا ۲. (مجازاً) مذاق اڑنے کی حالت؛ بدنامی، رسوائی. [س].

ہَنْسْتا (فت ہ، غنہ، سک س) صف مذ.
ہنسنے کی حالت میں، جو ہنس رہا ہو؛ تراکیب میں مستعمل.

ہنستا کھیلتا صف. ہنسی ٹھٹھا کرتا ہوا؛ خوش وخرم.

ہَنْسْتی (فت ہ، غنہ، سک س) صف مث.
ہنستا کی تانیث؛ جو ہنس رہی ہو؛ تراکیب میں مستعمل.

ہَنْسْتے (فت ہ، غنہ سک س) م ف.
ہنستا کی مغیرہ حالت اور جمع؛ تراکیب میں مستعمل؛ ہنستے ہوئے، ہنسی کی حالت میں؛ خوشی سے.

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑجانا/ پڑنا محاورہ. لوٹ پوٹ ہو جانا؛ اس قدر ہنسنا کہ پیٹ دکھنے لگے؛ بہت ہنسی آنا.

ہنستے ہی گھر بستے ہیں کہاوت. ناخوش گوار باتوں کو ہنسی میں ٹالنے سے گھریلو زندگی خوش گوار رہتی ہے نیز ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں، باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے.

ہَنْسُلی (فت ہ، غنہ، سک س نیز فت س، مغ، ضم س) امث.
ا. انسانی سینے پر اُبھری ہوئی ہڈی جو گردن کے نیچے دونوں شانوں کے درمیان ہوتی ہے. ۲. ایک قسم کا زیور، یہ زیور عورتوں اور چھوٹے بچوں کی گردن میں بالعموم گلے کی ہڈی پر رہتا ہے، پرگر. [س].

ہَنْسْنا (فت ہ، غنہ، سک س) ف ل.
ا. انبساط یا مسرت یا تضحیک کے جذبے کے اظہار کے لیے چہرے کے عضلات کو اس طرح حرکت دینا کہ ہونٹوں کے گوشے پھیل جائیں اور دانت نظر آنے لگیں (اس میں اکثر منھ سے آواز بھی نکلتی ہے)، کھلکھلانا، قہقہہ لگانا ۲. خوش ہونا، بشاش ہونا ۳. ہنسی مذاق کرنا دل لگی کرنا؛ چھیڑخانی کرنا، ٹھٹھول کرنا. [س].

دیکھیے: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

ہَنسوڑ (فت ہ، مغ، و ج) صف؛ امذ.
بہت ہنسنے بولنے والا، زندہ دل، خوش طبع، خوش مزاج، ہنس مکھ آدمی. [س].

ہَنسی (فت ہ، مغ) امث صف.
۱. ہنسنے کی کیفیت یا عمل، خندہ، قہقہہ، ٹھٹھا ۲. ہنسی مذاق، خوش طبعی، دل لگی، ظرافت، مزاح ۳. تضحیک، استہزا، تمسخر ۴. (مجازاً) کھیل، نہایت آسان کام.

ہنسی اڑانا/اوڑانا ف مر؛ محاورہ. تمسخر کرنا، ذلیل کرنا، تضحیک کرنا؛ مذاق بنانا.

ہنسی تو پھنسی کہاوت. ہنسی رضا مندی کی علامت ہے، اگر عورت غیر مردوں کے ساتھ ہنسے تو خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ان کے ساتھ راضی ہوگئی ہے اور بدچلن خیال کی جاتی ہے.

ہنسی چھوٹنا محاورہ. بے اختیار ہنسی آنا، اچانک ہنسی آجانا، بے ساختہ ہنسنے لگنا.

ہنسی مذاق امذ. ۱. بذلہ سنجی، ٹھٹھول؛ ہنسنا بولنا؛ تفریح، چھیڑ چھاڑ. ۲. کوئی کام جس کے کرنے میں معمولی سی محنت بھی نہ ہو، آسان کام، سہل کام.

ہنسی میں پھنسی ہو جانا محاورہ. (عو) مذاق مذاق میں ناچاقی پیدا ہو جانا، دل لگی میں شکر رنجی ہو جانا.

ہَنْسِیا (فت ہ، مغ، کس ج نیز سک س) امث.
ایک اوزار جو فصل اور گھاس وغیرہ کی کٹائی کے کام آتا ہے، بے دندانوں کی درانتی. [س].

ہُنکار (ضم ہ، مغ نیز سک ن) امث؛ امذ.
۱. ہاں کی آواز، ہوں کہنے کی آواز، ایسی آواز جس سے ہاں مراد لی جائے ۲. دھاڑنے کی آواز؛ غرانے کی آواز. [س].

ہُنکارا (ضم ہ، مغ) امذ.
۱. ہاں کی آواز، ہوں، کسی بات کے اقرار و اقبال کا کلمہ، ایسی آواز جس سے ہاں مراد ہو ۲. وہ آواز جو کسی بات کی طرف توجہ دلانے کے لیے نکالی جاتی ہے، کہ کیا کہا گیا ہے.

ہنکارا بھرنا محاورہ. ۱. جواب دینا، ہامی بھرنا، ہاں کہنا، ہوں کی آواز نکالنا ۲. کراہنا، زخم کے درد یا مرض کی تکلیف سے آہ نکلنا.

ہَنکارنا (فت ہ، مغ، سک ر) ف م.
۱. ہانکنا، شیخی بگھارنا ۲. بلانا، پکارنا، اپنے پاس آنے کو کہنا، آواز دے کر یا نام لے کر بلانا، زور سے پکارنا ۳. تیزی سے چلانا، (جانور کو) ہانکنا ۴. بھگا دینا، جانے کے لیے کہنا، باہر نکال دینا. [س].

ہُنکارنا (ضم ہ، مغ، سک ر) ف م.
ہنکارا بھرنا، ہوں کرنا؛ بہکانا، اشارہ کرنا.

ہُنکاری (ضم ہ، مغ) امث.
ہاں کی آواز، ہامی بھرنے کا عمل.

ہنکاری بھرنا محاورہ. ایسی آواز نکالنا جس سے ہاں مراد ہو، آواز سے رضا مندی ظاہر کرنا، اقرار کرنا، ہامی بھرنا، ہاں کہنا.

ہَنکانا (فت ہ، مغ) ف م.
۱. پاس سے دور کرنا، بھگانا، چلانا، کسی خاص سمت میں لے جانا؛ (انسان یا حیوان کو) ہٹانا، دوڑانا، تیزی سے بھگانا، ہانکنا ۲. ایک جگہ سے کسی دوسری جگہ منتقل کرنا.

ہَنگام (فت ہ، غنہ، سک گ) امذ.
۱. وقت، زمانہ، موقع، دوران ۲. افراتفری، ہلچل ۳. گروہ، جماعت، مجمع، بھیڑ؛ معرکہ. [ف].

ہَنگامَہ (فت ہ، غنہ، فت م) امذ.
۱. لوگوں کا ہجوم، بھیڑ، مجمع؛ ازدحام، ٹھٹ ۲. ہلچل، شور، غل، افراتفری، واویلا، غل غپاڑا ۳. لڑائی، شورش، بلوہ، جھگڑا، فساد، دنگا، ہلڑ، گڑبڑ ۴. (مجازاً) شہرہ، شہرت، آوازہ، شور. [ف].

ہنگامہ آرائی امث. ۱. فتنہ و فساد پیدا کرنے کا عمل، فساد پھوٹ پڑنے کی کیفیت یا صورت حال، لڑائی، جھگڑا، شورش، بلوہ ۲. شور، غل، واویلا، ہائے ہو، غل غپاڑا.

ہنگامہ برپا کرنا محاورہ. شور، غل کرنا، ہلچل مچانا، فساد برپا کرنا، لڑائی جھگڑا کرنا، جنگ کرنا.

ہنگامہ خیز امذ. ہنگامہ برپا کرنے والا، شور، غل والا، پُرشور، چہل پہل والا، پُر رونق.

ہَنگامی (فت ہ، غنہ، سک گ) صف.
کسی خاص وقت یا موقعے تک کا، عارضی، وقتی، چند روز کا؛ ناگہانی،

اچانک، کسی پُر خطر یا غیر متوقع یا حادثاتی صورتِ حال سے متعلق نیز ہنگامی والا.

ہنگامی بنیاد / بنیادوں پر م ف. اُسی وقت، فوری طور پر، انتہائی جلد، تاخیر کے بغیر.

ہنگامی حالات اند : ج. غیر متوقع اور سنگین حالات اور فوری اقدامات کے متقاضی ہوں (خواہ ملک میں یا کسی ادارے یا گھر میں)؛ کسی ملک کو درپیش پُر خطر حالات (اس میں معمول کی آئینی کارروائیاں معطل ہو جاتی ہیں).

ہُنُود (ضم ہ، و مع) اند : ج.
ہند کے رہنے والے، ہندو قوم کے افراد؛ (مجازاً) ہندو. [س].

ہَنُوز (فت ہ، و مج نیز مع) م ف.
ابھی؛ اب تک، اس وقت تک. [ف].

ہنوز دلی (دہلی) دور است (ست) کہاوت. (فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل) ابھی منزل بہت دور ہے، ابھی وہی ابتدائی معاملہ ہے، ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے.

ہَنُومان (فت ہ، و مع) اند : صف.
۱. ہندوؤں کا دیوتا، ہندو دیومالا میں بندر کی شکل کا دیوتا، مہابیر جو سری رام چندر جی کے قاصد تھے. ۲. بندر، بوزنہ. [س].

ہِنہِنانا (کس ہ، سک ن، کس ہ) ف ل.
گھوڑے کا اپنی قدرتی آواز نکالنا نیز گھوڑے کی طرح کی آواز نکالنا. [مقامی].

ہِنہِناہَٹ (کس ہ، سک ن، کس ہ، فت ہ) امث.
گھوڑے کی قدرتی آواز، ہنہنانے کی آواز.

ہَنی (فت ہ) اند.
(لفظاً) شہد؛ (مجازاً) محبوب کو پیار سے پکارنے کا کلمہ نیز محبوب؛ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

ہنی مون اند. شہد جیسی حلاوت والا مہینہ: مراد: شادی کے فوراً بعد بالعموم پہلا مہینہ جس میں دولھا دولھن گھومنے پھرنے جاتے ہیں (عموماً شہر یا ملک سے باہر)، ماہِ زفاف.

ہُنھ (ضم ہ، غنہ) کلمۂ استعجاب :~ ہونہہ.
حیرت یا حقارت کے عالم میں زبان سے نکلنے والا لفظ یا کلمہ. [حکایت الصوت].

ہُوَ (ضم ہ، فت و نیز و مع) اند نیز ضمیر غائب مذکر.
۱. (لفظاً) وہ (ایک مرد) نیز وہ ہے؛ اللہ تعالیٰ کا اسم ذات؛ مراد: اللہ. ۲. (تصوف) اللہ تعالیٰ کی ذات بلا اعتبارِ صفات وظہور. ۳. مطلق اشارہ، اشارتِ مطلق. ۴. صوفیوں، مستوں اور ملنگوں کا نعرہ یا ورد، اللہ ہُو کا مخفف. ۵. برکت کے لیے سرنامے، خط، کتاب کی پیشانی وغیرہ پر لکھتے ہیں. [ع].

ہوالشافی فقرہ. وہ (اللہ تعالیٰ) شفا دینے والا ہے (طبیب نسخے کی پیشانی پر لکھتے ہیں).

ہُو (۱) (و مع) امث.
۱. (حرفِ ندا) بلانے کی آواز. ۲. تحکن، حقارت یا بے زاری ظاہر کرنے کے لیے مستعمل. [س].

ہُو (۲) (و مع) امث.
وہ؛ وہ ہے، اللہ ہُو کا مخفف؛ مراد: اللہ تعالیٰ. ۲. وہ آہ یا آواز جو حالتِ شوق اور مستی میں منھ سے نکلے، نعرۂ مستانہ. ۳. غل، شور، ہنگامہ. ۴. خوف، ڈر؛ ویرانی؛ اُداسی؛ سناٹا.

ہو بَہو / بہ ہو م ف. وہ بعینہٖ، بالکل اسی کی مانند، بالکل اسی طرح، کسی تبدیلی یا فرق کے بغیر، جوں کا توں، بالکل ٹھیک ٹھیک، بجنسہٖ.

ہو حق امث. ۱. نعرۂ مستانہ جو وجد یا حال یا سرور کی حالت میں منھ سے نکل جائے نیز اوراد و وظائف پڑھنے کی آواز، ہو اور حق کے نعرے. ۲. (کنایۃً) شور و غوغا، ہنگامہ، اُدھم.

ہو کا عالم اند. خوف ناک اور وحشت بھری سنسان جگہ نیز بالکل سناٹا نہایت تنہائی نیز (تصوف) عالم لاہوت.

ہو ہا امث. غل، شور، غل غپاڑا، چیخ پکار، چیخم دھاڑ.

ہو (و مج) کلمہ.
ہونا کا امر نیز بطور فعل امدادی ماضی شرطیہ، فعل حال احتمالی اور دیگر افعال میں مستعمل. [س].

ہو آنا ف مر. کسی جگہ پھیرا لگا کر آنا ، کہیں جا کر واپس پلٹ آنا ، کسی سے مل کر آنا .

ہو رہنا محاورہ. ۱. ہونا ، ہو جانا نیز وابستہ ہو جانا. ۲. کہیں رہ پڑنا ، مستقلاً گھر بنا لینا ، بس جانا. ۳. کسی کا ہو جانا (عموماً ہمیشہ کے لیے) .

ہوگا کلمۂ اشتباہ. ۱. شاید ، شک کے مقام پر بولتے ہیں. ۲. کسی بات کے ٹالنے کے لیے مستعمل ، ہوتا رہے گا ، ہو جائے گا. ۳. کسی بات کے یقین کرنے کے موقع پر مستعمل .

ہَوا (فت و) امث .

۱. (کیمیا) کرۂ ارض کے گرداگرد اس کی فضا بنانے والا مختلف گیسوں (نائٹروجن ، آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائڈ) کا ایک مرکب ، باد ، پون. ۲. ہوس ، حرص ، لالچ نیز آرزو ، اشتیاق ، خواہش ، ارمان ، تمنا ، طلب ، شوق. ۳. پاد ، ریح ، باد شکم. ۴. (کنایۃً) ہلکی اور لطیف شے ، سبک چیز. ۵. فنا ، نیست ، معدوم ، نظروں سے غائب ، ختم. ۶. رخ ، میلان ، انداز ، وضع ، رنگ ڈھنگ ، رفتار. ۷. غرور ، تکبر ، سرکشی ، گھمنڈ. ۸. تیز رفتار ، نہایت تیز کوئی سواری. ۹. (i) فضا ، ماحول . (ii) (مراداً) بالائی فضا ، خلا ، ہوا کی سطح سے اوپر کی جگہ. [ع].

ہوا الٹی چلنا محاورہ. حالات تبدیل ہونا ، زمانے کا رخ بدلنا ، ساکھ جاتی رہنا .

ہوا باز صف ؛ امذ. ہوائی جہاز چلانے والا (انگ : Pilot) نیز ہوائی جہاز کے عملے کا فرد (خصوصاً فضائیہ میں) ، ہوائی جہاز اڑانے کا تکنیکی ماہر ، طیارہ بان (انگ : Airman) .

ہوا بازی امث . ۱. طیارہ رانی ، ہوا باز کا کام ، ہوا باز کا مشغلہ یا پیشہ ، ہوائی جہاز اُڑانے کا عمل یا مہارت .

ہوا بھرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی چیز میں منھ یا پچکاری یا دھونکنی سے ہوا پہنچانا تاکہ پھول جائے. ۲. ہوا سے پھول جانا ، کسی چیز میں ہوا سمانا . ۳. مغرور ہونا ، اترانا ، گھمنڈ کرنا. ۴. دھن سمانا ، خواہش پیدا ہونا. ۵. خواہش کرنا ، ارمان رکھنا ، آرزو کرنا .

ہوا پیما امذ. ۱. ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ ، مقیاس الہوا (انگ: Barometer) . ۲. ہوائی جہاز کا مسافر ، فضائی مسافر .

ہوا تک نہ دینا محاورہ. ذرا بھی نہ دکھانا ، پاس تک نہ پھٹکنے دینا ، بھاپ تک نہ لگنے دینا .

ہوا تک نہ لگنا محاورہ. کسی بات یا چیز کی بھاپ تک نہ لگنا ، احساس تک نہ ہونا ، خبر تک نہ ہونا .

ہوا چلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہوا کا حرکت کرنا ، ہوا کا جنبش میں آنا ، ہوا کی حرکت کا محسوس ہونا. ۲. رواج ہونا ، رسم پڑنا ، روش عام ہونا. ۳. (شاذ) ہوا بدلنا ، تبدیلی آنا ، انقلاب برپا ہونا.

ہوا خوری امث. ہوا کھانے کا عمل ، سیر کرنے کا عمل یا کیفیت ، کھلی ہوا میں جا کر سیر و تفریح کرنے کا عمل یا حالت ، سیر سپاٹا ، چہل قدمی .

ہوا دار صف. (جگہ ، مکان یا کمرہ) جس میں اچھی طرح ہوا پہنچے ؛ (مقام) جہاں ہوا کا گزر اچھی طرح ہو ؛ کھلا ، فراخ ، کشادہ .

ہوا دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. پنکھے یا دامن وغیرہ سے ہوا پہنچانا ؛ (آرام پہنچانے یا ہوش میں لانے کے لیے) ہوا کرنا ، پنکھا جھلنا. ۲. ہوا میں رکھنا ، کسی چیز کو ہوا کھلانا ، ہوا میں سکھانا. ۳. پنکھے یا دھونکنی وغیرہ سے آگ سلگانا یا بھڑکانا ، آگ سلگانے یا بھڑکانے کے لیے ہوا پہنچانا . ۴. اشتعال دینا ، بڑھاوا دینا ، بہکانا ، برافروختہ کرنا ، اکسانا نیز فساد کرانا ، لڑنے کے واسطے ابھارنا. ۵. ابھارنا ، نمایاں کرنا. ۶. بخار یا اثر وغیرہ کو زائل کرنے کے لیے قرآن پاک کے اوراق سے ہوا پہنچانا (بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اس طرح افاقہ ہوتا ہے) .

ہوا سے باتیں کرنا محاورہ. ۱. نہایت تیزی سے آگے بڑھنا ، سرعت اور جلدی میں ہوا سے مقابلہ کرنا ، تیز رفتار ہونا ؛ بہت تیز دوڑنا نیز نہایت جلد باز ہونا. ۲. گھوڑے یا سواری وغیرہ کا نہایت تیز رفتار ہونا ، کسی چیز کا بہت تیز چلنا یا اونچا اڑنا ، نہایت چست یا پھرتیلا ہونا .

ہوا سے لڑنا محاورہ. سخت بدمزاج ہونا ، بہت غصیلا ہونا ، بات بات پر جھگڑنا ، بے وجہ لڑنا .

ہوا کا رخ بدل جانا / بدلنا محاورہ. حالات بدل جانا ، زمانے کے سازگار یا ناسازگار ہونے کی کیفیت کا تبدیل ہو جانا .

ہوا کی طرح نکل جانا / نکلنا محاورہ. تیزی سے گزرنا ، جلدی گزر جانا ، (وقت ، دن وغیرہ کا) جلد بیت جانا .

ہوا کے گھوڑے پر / پہ سوار ہونا محاورہ. ۱. نہایت جلدی کرنا، نہایت تیز رفتار، تند و چست و چالاک ہونا، زود رفتار و پر اضطرار ہونا، جلد باز ہونا، جلدی مچانا. ۲. متکبر ہونا، غرور کرنا، گرم مزاج ہونا، تکبر میں ہونا.

ہوا کھانا محاورہ. ۱. سیر و تفریح کے لیے کھلی جگہ یا باغ میں جانا، ہوا خوری کرنا، چہل قدمی کرنا، سیر کرنا. ۲. زندہ رہنا، وقت گزارنا، (دنیا میں) بسنا، رہنا، بسر کرنا، زندگی کاٹنا، دن پورے کرنا (دنیا کے ساتھ مستعمل). ۳. ہوا میں سانس لینا، ہوا جذب کرنا. ۴. (شاذ) براجمان ہونا، کسی جگہ رہنا، رہائش پذیر ہونا نیز کسی شہر وغیرہ میں زندگی گزارنا، بسر کرنا. ۵. دور ہونا، دفان ہونا، رخصت ہونا، چمپت ہونا.

ہوا کھاؤ فقرہ. دور ہو، دفان ہو نیز جاؤ، رخصت ہو، چمپت بنو، بھاگ جاؤ، چلتے بنو.

ہوا لگ جانا / لگنا محاورہ. ۱. ہوا محسوس ہونا، ہوا کا کسی چیز سے ٹکرانا، ہوا چھو جانا، ہوا کا جھونکا لگنا. ۲. ہوا کے اثر سے جسم اکڑ جانا، منھ بھر بھرا جانا. ۳. (i) فالج یا لقوہ ہو جانا؛ گٹھیا ہو جانا. (ii) کسی صحبت یا ماحول وغیرہ کا اثر ہونا؛ (عموماً برا) اثر پڑنا نیز کسی جگہ جانے کی عادت پڑ جانا. ۴. (i) خبر ہو جانا، اطلاع ہونا، پتا لگنا، سن گن ملنا. (ii) واقف ہونا، جاننا، کسی جگہ کبھی جانا. ۵. لت پڑنا، عادت ہو جانا، چسکا پڑنا. ۶. مغرور ہو جانا، اترانا، دماغ چل جانا، نسو میں آنا، اڑنے لگنا، مزاج کا متغیر ہو جانا.

ہوا میں اڑا دینا / اڑانا محاورہ. ضائع کر دینا، بے فائدہ خرچ کر دینا، عیش و عشرت میں گنوانا.

ہوا میں ہونا محاورہ. ۱. گھمنڈ میں ہونا، فخر میں مبتلا ہونا. ۲. غلط خیال میں مبتلا ہونا، گمان میں ہونا.

ہوا نکال دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی چیز کو ہوا سے خالی کر دینا، ہوا خارج کر دینا. ۲. ساکھ ختم کرنا، بھرم کھولنا.

ہوا نکل جانا / نکلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی سوراخ وغیرہ سے ہوا باہر آنا، ہوا کا خارج ہو جانا، کسی کھڑکی یا رخنے وغیرہ سے ہوا کا برآمد ہونا. ۲. گوز نکلنا، ریاح نکلنا. ۳. غرور جاتا رہنا، ہماہمی نکلنا، گھمنڈ باقی نہ رہنا، فخر ختم ہونا.

ہوا نہ دینا محاورہ. خبر نہ کرنا، معلوم نہ ہونے دینا، بالکل ظاہر نہ ہونے دینا (کوئی بات، چیز وغیرہ).

ہوا و ہوس امث. ۱. حرص اور لالچ. ۲. عیاشی، شہوت پرستی، نفس پرستی، دنیا طلبی، لذائذ نفسانی کا غلبہ، عیش و نشاط.

ہوا ہو جانا محاورہ. ۱. تیز رفتار ہونا، ہوا کی طرح تیز ہونا، فوراً روانہ ہو جانا، اسی وقت چل پڑنا، ہوا کی رفتار سے اڑنا. ۲. کافور ہونا، غائب ہو جانا، بھاگ نکلنا، آناً فاناً چلا جانا. ۳. (i) فنا ہونا، معدوم ہو جانا، گزر جانا، بیت چکنا. (ii) ختم ہو جانا، زائل ہو جانا، باقی نہ رہنا، رخصت ہو جانا. ۴. بھاپ بن کر اڑ جانا، بھاپ بن جانا (پانی کا).

ہوا ہونا محاورہ. ۱. تیز رفتار ہونا، ہوا کی طرح تیز دوڑنا، جلد روانہ ہونا، ہوا کی سی حالت ہونا. ۲. کافور ہونا، رفو چکر ہونا، جاتا رہنا، دفعتاً نظر سے غائب ہونا، بھاگ جانا، اک دم نظروں سے چھپ جانا. ۳. فنا ہونا، نابود ہونا، راہی ملک بقا ہونا، رحلت کرنا، نکلنا (جان، روح وغیرہ کا). ۴. ہوا کی طرح تیز چلنا، بے قرار ہونا؛ (دل کی) رفتار کا تیز ہونا (گھبراہٹ یا پریشانی کی وجہ سے). ۵. روانہ ہونا، کوچ کرنا جانا. ۶. گزر جانا، بیتنا (وقت زمانہ وغیرہ). ۷. ہوا کا بدل جانا، ایک حالت سے دوسری حالت پہ آ جانا، رخ بدل جانا.

ہُوا (ضم و) کلمہ.

۱. ہونا کا ماضی نیز قواعدی حیثیت میں حالیہ تمام اور ناتمام کے لیے مستعمل ہو چکا، ہو گیا. ۲. مستعد، تیار، آمادہ. ۳. پیدا ہوا، وجود میں آیا.

ہوا سو ہوا فقرہ. (گزشتہ پر صبر یا افسوس ظاہر کرنے کے لیے مستعمل) جو کچھ ہو گیا ہو گیا، جانے دو، خیال نہ کرو، بھول جاؤ.

ہوا کرے / کریں فقرہ. کچھ پروا نہیں، بلا سے، ہمیں کیا، بے نیازی یا بے پروائی یا بے زاری ظاہر کرنے کے لیے.

ہوا یوں / یہ کہ فقرہ. ایسا ہوا کہ (کسی بات یا واقعے کے بیان سے پہلے مستعمل).

ہَوّا (فت و، شد و) امذ.

بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت، لولو، جن، بھوت پریت نیز قصے کہانیوں کا آدم خور دیو، چھلاوا، (کنایۃً) کوئی ڈراؤنی ہیئت، صورت

یا چیز ، خوف کی کوئی چیز یا علامت . ۲. نامعقول شے یا صورت حال ، ناپسندیدہ شے جس سے چڑ یا وحشت ہو جائے . ۳. (کنایۃً) ہیبت ، ہول ، واہمہ ، خوف ، ڈر . [س] .

ہوا بنا دینا / بنانا محاورہ. ۱. مہیب یا خطرناک چیز بنا دینا ، خطرناک آدمی بنا دینا ، دیو کا روپ دینا یا دھار لینا . ۲. مسئلہ بنانا .

ہُواں (ضم ہ ، شد و نیز بلا شد) م ف.
(ع) وہاں ، ادھر ، اس جگہ .

ہَواؤں (فت ہ ، و ج) امث : ج.
ہوا کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

ہواؤں میں اڑنا ف مر : محاورہ. فضا میں بلند ہونا ؛ فخر کرنا ، اترانا ؛ مغرور ہونا نیز نہایت خوش ہونا .

ہَوائی (فت ہ) (الف) صف : اند.
۱. (i) ہوا سے منسوب یا متعلق ، ہوا سے نسبت رکھنے والا ، ہوا کا ، ہوا جیسا ، ہوا والا . (ii) (مجازاً) ناپائدار ، عارضی ، بے ثبات . ۲. جو ہوا میں موجود ہو یا حرکت کرتا ہو ، ہوا میں چلنے والا (جیسے : ہوائی جہاز) نیز ہوائی جہاز کا ، فضائی . ۳. آوارہ ، واہی ، ڈانواڈول پھرنے والا . ۴. (حیاتیات) گیس سے بھرا ہوا ، گیس سے مملو ، اڑی . ۵. دبلا پتلا ، نازک ، مہین . ۶. شوخ ، چنچل (عموماً دیدہ کے ساتھ) . (ب) امث .
۱. (i) ایک قسم کی آتش بازی جو ہوا میں اڑ کر شرارے چھوڑتی ہوئی اوپر کو جاتی ہے . (ii) ایک قسم کا تیر جس میں بارود بھر کر اور آگ لگا کر ہوا میں پھینکتے تھے (اسے بطور اسلحہ جنگ میں بھی استعمال کرتے تھے) . ۲. افواہ ، جھوٹی خبر ، اڑی ہوئی بات . ۳. آمدنی جو کسی خاص ذریعے سے نہ ہو ؛ غیر معین محصول . ۴. باریک کترے ہوئے بادام اور پستے یا ادرک وغیرہ ، کترن . ۵. ایک قسم کی ربڑ کی بنی ہوئی چپل .

ہوائی اڈا اند. ہوائی جہاز کے اترنے ، ٹھہرنے اور ان کی دیکھ بھال اور بندوبست کی مخصوص جگہ ، ہوائی مستقر .

ہوائی بات امث . بے سروپا بات ، موہوم یا غیر حقیقی بات ، خیالی قصہ .

ہوائی جہاز اند. مشینی قوت سے اڑنے والا ہوا سے بھاری طیارہ جس پر پر لگے ہوں نیز بغیر پر کے بھی .

ہوائی چکی امث . ۱. ہوا کے زور سے چلنے والی چکی جس سے آٹا پیستے ہیں ، پون چکی . ۲. ہوا کے زور سے چلنے والی چرخی خصوصاً جس سے بجلی پیدا کی جائے : پون چکی .

ہوائی دیدہ (الف) صف . ۱. بے مروّت ؛ بے حیا ، بے شرم نیز شوخ دیدہ ؛ (مجازاً) چنچل ، شوخ . ۲. ڈھیٹ ، گستاخ . ۳. (مجازاً) ایسی چیز جس کا اصل معیار ختم ہو گیا ہو ، بے ہنگم ، بے ٹھور . (ب) اند. آنکھ جو چاروں طرف پھرے اور ایک سے نہ لڑے ، ایک جگہ آرام و قرار نہ پکڑنے والی طبیعت .

ہوائی ڈاک امث . ۱. ہوائی جہاز کے ذریعے جانے والی ڈاک یا چٹھی وغیرہ ، وہ خط کتابت جو فضائی ذریعے سے ہو . ۲. (قیدیوں کی اصطلاح) حکام کی اطلاع کے بغیر جیل سے کی جانے والی خط کتابت .

ہوائی سفر اند. ۱. ہوائی جہاز کے ذریعے آمد و رفت . ۲. ہوا میں سفر ہوا میں اڑنے کی حالت .

ہوائی فوج امث . دفاعی افواج کا وہ شعبہ جو فضائی دفاع کرتا ہے فضائیہ ، ایئر فورس .

ہوائی قلعہ اند. ایسا منصوبہ جس کی کوئی حقیقت نہ ہو ، ناقابل حصول منصوبہ ، جھوٹا یا خیالی منصوبہ ، مفروضہ (خصوصاً دل خوش کن) ، خیالی پلاؤ (عموماً جمع میں مستعمل) .

ہَوائِیاں (فت ہ ، کس ہ) امث : ج.
۱. ہوائی کی جمع ؛ آتش بازی کے تیر وغیرہ ، تراکیب میں مستعمل ۲. پستے اور بادام وغیرہ کی کترنیں ، باریک کترے ہوئے بادام اور پستے وغیرہ جو حلوے یا مٹھائیوں پر یا شربت وغیرہ میں ڈالتے ہیں . ۳. چہرے کی پھیکی رنگتیں ، چہرے کا اڑا ہوا رنگ اور خشک لب (بالعموم جمع میں مستعمل) .

ہوائیاں اڑنا محاورہ. ۱. آتش بازی چلنا ؛ آتش بازی چھوٹنا . ۲. چہرے کا رنگ فق ہونا ، منھ سفید پڑ جانا ، بدحواس ہونا ، چہرے سے پریشانی برسنا . ۳. جھوٹی خبریں مشہور ہونا ، افواہیں پھیلنا .

ہوت (و ج) امث .
۱. ہونا ، ہونے کی حالت ، موجودگی ، ہوتے ہوئے ؛ ہستی ، وجود ۲. دولت ، ثروت ، پونجی ، مایہ . ۳. مقدور ، حیثیت . [س] .

ہوت کو جوت ہے فقرہ. روپے کے ساتھ ساری رونق ہے، روپیہ ہو تو جنگل میں منگل ہے.

ہوتا (وج)(الف) فل.

ا. ہونا کا ماضی ناتمام (برائے مذکر). ۲. ہونا کا ماضی شرطیہ یا ماضی تمنائی (برائے مذکر). ۳. میرے امکان میں نہیں تھا، نہیں ہو سکتا تھا کی جگہ مستعمل. (ب) صف: اند. ہونے والا: رشتے دار، قرابت دار.

ہوتا آیا ہے فقرہ. زمانۂ قدیم سے ایسا ہوا ہے، ہمیشہ سے ایسا ہو رہا ہے، رواج ہے، دستور ہے.

ہوتوں سوتوں صف: ج. اقربا، رشتے دار، نیتو یار، حمایتی وغیرہ (طنزاً مستعمل).

ہوتی (وج) امث.

ہوتا کی تانیث.

ہوتی آئی ہے فقرہ. ہمیشہ سے ایسا ہوتا ہے، پرانی رسم ہے، پہلے سے یہ رسم چلی آتی ہے.

ہوتے (وج)(الف) اند.

ا. ہونا کا ماضی ناتمام. ۲. ہونا کا ماضی شرطیہ/ تمنائی (برائے جمع). ۳. ہوتا کی جمع، رشتے دار، عزیز و اقارب، خویش و اقربا (عموماً طنزاً مستعمل). (ب) م ف. ہوتے ہوئے، موجودگی میں، سامنے، جیتے جی، زندگی میں.

ہوتے سوتوں/ سوتے اند: ج. ہوتا سوتا کی جمع نیز مغیرہ حالت، خویش و اقارب، عزیز، رشتے دار؛ حمایتی.

ہوتے ہوتے م ف. ا. آہستہ آہستہ، رفتہ رفتہ، دھیرے دھیرے. ۲. ہوتے ہوئے، گزرتے ہوئے، آتے جاتے. ۳. جاری ہوتے ہوتے، بنتے بنتے، (کسی کام کے) عمل میں آتے آتے. ۴. نمودار ہونے تک (عموماً صبح کے ساتھ). ۵. بالآخر، مآل کار، آخرکار.

ہوتے ہوتے رہ جانا محاورہ. کسی بات کا شروع ہونے سے ذرا پہلے ختم جانا؛ کسی عمل کا ہوتے ہوتے رک جانا، واقع ہونے کے قریب ہو کر ہوتا.

ہوتے ہی م ف. ا. فوراً، اُسی وقت. ۲. (عموماً صبح کے) نمودار یا ظاہر ہونے کے فوراً بعد. ۳. پیدائش کے فوراً بعد.

ہُوٹَر (وج، فت ٹ) اند.

ا. (مشاعرے یا جلسے وغیرہ میں) اظہار ناپسندیدگی کے لیے شور کرنے والا، ہلڑ مچانے والا، آوازہ کسنے والا شخص. ۲. ہارن، بحری جہاز یا انجن وغیرہ کی سیٹی (کی آواز)، اوقات کار کے شروع یا ختم ہونے پر بطور اعلان کارخانے وغیرہ کی سیٹی یا گھگو. [انگ].

ہوٹَل (وج، فت ٹ) اند.

جگہ جہاں رہنے کا انتظام ہو، مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ، مسافر خانہ (اردو میں طعام خانے کے معنی میں بھی مستعمل ہے). [انگ].

ہوجَمالو (وج، فت ج، وج) اند.

ا. خوشی کا کلمہ، سندھی نعرہ (خوشی کے موقعے پر لگایا جاتا ہے). ۲. ایک سندھی لوک رقص کا نام. [مقامی].

ہُود (وج) اند.

ا. ایک پیغمبر جو قوم عاد کی طرف مبعوث ہوئے تھے. ۲. قرآن کے گیارھویں سورہ کا نام جو ۱۲۳ آیات پر مشتمل ہے.

ہَودا/ہودَہ (ولین/فت د) اند.

پلنگ نما چوکھٹا جو ہاتھی کی پیٹھ پر سواریوں کے بیٹھنے کی غرض سے رکھتے ہیں اور جو اوپر سے کھلا ہوتا ہے، بغیر چھتری کی عماری، ہودج؛ ہودہ. [ع].

ہَودَج (ولین، فت د) اند.

ہودہ؛ اونٹ کا کجاوہ، محمل (جس میں عرب خواتین سفر کرتی تھیں). [ع].

ہَوَّز (فت ہ، شد و بفت) امث.

حساب جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ جس کی مدد سے تاریخ نکالی جاتی ہے؛ مراد: ابتدائی کے بعد کا سبق. [ع].

ہَوَس (فت ہ، و) امث (قدیم: اند).

ا. شدید خواہش، آرزو، تمنا، شوق، امنگ، اشتیاق نیز حسرت. ۲. لالچ، حرص، ہوکا. ۳. رغبت، شہوت، خواہش نفسانی. ۴. حوصلہ، جرأت، دلیری؛ ہر چیز کو چاہنا. ۵. خبط؛ جنون. [ع].

ہوس پرست صف: اند. لالچی، حریص نیز نفسانی خواہشات سے مغلوب شخص.

ہوس پرستی امث. ہوس پرست کا اسم کیفیت ، لالچ پنا ، حرص ؛ شہوت پرستی .

ہوس کا شکار / نشانہ بنانا محاورہ. شہوانی خواہش کا نشانہ بنانا ، عصمت دری کرنا ، عزت لوٹ لینا .

ہوس ناک امذ. ۱. خواہش مند ، آرزومند ۔۲. حریص ، لالچی ۔۳. پُرشہوت ، نفسانی خواہشات سے پُر .

ہوسٹل (وج ، سک س ، کس ج ٹ) امذ.
طلبہ و طالبات کے رہنے کی جگہ ، دارالاقامہ ، بورڈنگ ہاؤس . [انگ] .

ہُوش (وج) صف ؛ امذ.
جو آدمیت سے خارج ہو اور حرکات ناشائستہ کرے ؛ غیر مہذب ، غیر شائستہ نیز وحشی صفت ، کم عقل ، نادان شخص . [ع] .

ہوش (وج) امذ.
۱. عقل ، سمجھ ، دانائی ، فہم ، تمیز ، شعور ، دانش ، سدھ بدھ ۔۲. آگاہی ، واقفیت ، خبر ۔۳. بیداری ، جاگنے کی حالت ، بے ہوشی کی حالت سے باہر ہونے کی کیفیت ۔۴. شعور ، سمجھ داری ، بلوغت کی حالت . [ف] .

ہوش اُڑا دینا / اُڑانا ف مر ؛ محاورہ. ۱. بدحواس کر دینا ، حواس باختہ کرنا ، گھبرا دینا ۔۲. بے خود کر دینا ، متحیر کر دینا ، ازخود رفتہ کرنا ، حیرت میں ڈال دینا .

ہوش آنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. عقل آنا ، غفلت دور ہونا ، سمجھنا ، ہوشیار ہونا ۔۲. بے ہوشی سے نکلنا ، آپے میں آنا ، سنبھلنا ، غشی دور ہونا ، غنودگی رفع ہونا .

ہوش ٹھکانے آنا / لگنا محاورہ. حواس درست ہونا ، عقل ٹھیک ہونا ، اوسان بحال ہونا نیز ناز نخرہ ختم ہونا .

ہوش ربا / ہوشربا صف. ہوش اُڑانے والا ، ہوش لے جانے والا نیز بے خود کر دینے والا .

ہوش سنبھالنا محاورہ. ۱. بڑا ہونا ، سیانا ہونا ، بالغ ہونا ، سن تمیز کو پہنچنا . ۲. غفلت سے نکلنا ، حواس میں آنا ، عقل حاصل کرنا .

ہوش کے ناخن / ناخون لو فقرہ. شعور سیکھو ، سمجھو ، ہوش میں آؤ .

ہوش کھو بیٹھنا محاورہ. حواس باختہ ہونا ؛ بے ہوش ہو جانا نیز بے خود ہو جانا .

ہوش مند صف. عقل مند ، ذی شعور ، ہوش والا ، عقل والا ، ہوشیار ، خبردار .

ہوش مندی امث. عقل مندی ، دانائی ، ہوشیاری ، سمجھ ، شعور ، وقوف ، تمیز .

ہوش میں م ف. ۱. حواس میں ، ہوش ہوتے ہوئے ۔۲. سمجھ داری کی عمر میں ، بلوغت کے زمانے میں .

ہوش میں آجانا / آنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. حواس میں آنا ، ہوشیار ہونا ، آپے میں آنا ، سنبھلنا ؛ عبرت پکڑنا ، عقل سیکھنا ۔۲. غشی کی کیفیت سے نکلنا ، بے ہوشی دور ہونا ۔۳. باشعور ہونا ، بالغ ہونا .

ہوش میں ہونا ف مر. حواس میں ہونا ، آپے میں ہونا ، عقل ٹھکانے سے ہونا ، بے ہوشی و بے خودی کی کیفیت میں نہ ہونا .

ہوش و حواس امذ. عقل و تمیز ، شعور و ادراک ، سدھ بدھ .

ہوش و حواس کھو بیٹھنا محاورہ. حواس باختہ ہو جانا ، دیوانہ ہو جانا ، عقل و فہم سے بالکل عاری ہو جانا .

ہُوشیار (وج نیز ضم و ، و معد ، سک ش) (الف) صف ؛ امذ.
۱. ہوش مند ، دانا ، سیانا ، ذہین ، تیز ۔۲. بالغ ، باشعور ۔۳. خبردار ، چوکنا . ۴. (i) چالاک ، عیار . (ii) ماہر ، تجربہ کار . (ب) فقرہ. خبردار ، آگاہ ہو جاؤ . [ف] .

ہوشیار باش (الف) کلمہ. خبردار رہو ، چوکنا رہو ، بیدار رہو ؛ متوجہ رہو (ب) صف نیز م ف. (فوجی) سیدھا ، مستعد انداز میں .

ہُوشیاری (وج نیز ضم و ، و معد ، سک ش) امث.
۱. دانائی ، عقل مندی ، دانش مندی ، عاقبت اندیشی ، دور اندیشی ، زیرک ہونا ۔۲. عیاری ، چالاکی .

ہُوک (ومع) امث.
۱. (لفظاً) وہ (درد) جس کی وجہ سے ہو کی آواز نکلے ، درد یا تکلیف کی وجہ سے نکلنے والی کراہ یا آواز ، درد بھری آواز ، پکار ، فریاد ، چیخ ۔۲. (کنایۃً) کسی دُکھ یا تکلیف کے باعث سینے یا دل میں اُٹھنے والا شدید درد ، پیڑ ، پیڑا ، سول ؛ (مجازاً) صدمہ ، تکلیف ، الم ۔۳. پسلی کا درد ، ذات الریہ ، ذات الجنب ، نمونیا ۔۴. (i) درد میں ڈوبی ہوئی آواز (خصوصاً گانے وغیرہ کی) ، پرسوز آواز یا تان . (ii) آواز ، کسی جانور کی آواز . [س] .

ہوک سی اُٹھنا/اُوٹھنا محاورہ. ٹیس اُٹھنا، گھبراہٹ ہونا، (دل یا جگر میں) شدید درد ہونا.

ہَوکا (ولین) اند.
ا. طمع، لالچ، مطلق حرص. ۲. قناعت اور سیری نہ ہونے کی حالت، کسی چیز کے کھانے کی بے انتہا ہوس، غلبۂ اشتہا، ہلکٹ پنا نیز کھانے کی حرص جو کسی بچے یا بیمار کو ہوتی ہے. ۳. اشتیاق، شوق، لپکا، کسی چیز کی بے انتہا خواہش. [س].

ہوکا ہو جانا/ہونا ف مر. اشتیاق ہونا، شدید شوق ہونا؛ ایسی خواہش ہونا جس سے طبیعت سیر نہ ہو نیز زیادہ کھانے کی ہوس ہونا، سیری نہ ہونا.

ہوگا (وج) کلمہ.
ا. ہونا کا فعل مستقبل برائے واحد متکلم. ۲. بجائے ہے؛ کیا ایسا ہے (شک کے مقام پر بولتے ہیں).

ہَول (ولین) اند.
ا. ڈر، خوف دہشت، اندیشہ، ہیبت. ۲. اضطراب، گھبراہٹ، بے چینی. [ع].

ہول اُٹھنا محاورہ. خوف پیدا ہونا، دہشت ہونا، گھبراہٹ ہونا.

ہول کھانا محاورہ. کسی اندیشے کے سبب آپ ہی آپ خوف کھانا، دہشت میں مبتلا ہونا، مضطرب رہنا، گھبرانا، ڈرنا، دہلنا.

ہول نــاک صف. جس کے دیکھنے، سننے، پڑھنے یا محسوس کرنے سے دل میں خوف و ہراس پیدا ہو، بھیانک، خطرناک، دہشت ناک، ڈراؤنا، مہیب.

ہول (وج) صف.
کل (مقدار) پورے کا پورا، سارا، مکمل (انگریزی تراکیب میں مستعمل اُردو میں بھی رائج). [انگ].

ہول سیل اند. تھوک، تجارتی مال جو مقدار یا تعداد میں زیادہ اور یک مشت بیچا یا خریدا جائے، سربند مال، اکٹھا مال، تھوک فروشی.

ہَولا (ولین) صف.
سبک، ہلکا، کم وزن (کنایۃً) ہلکی ضرب والا. [پن].

ہُولا (ومع) اند.
اغلاف سمیت بھنے ہوئے سبز چنے جنھیں بطور سبزی پکایا بھی جاتا ہے. ۲. تیاری پر آیا ہوا اناج کا دانہ یا بالیں وغیرہ جس کی کٹائی شروع کی جائے اور جو بھون کر کھانے کے قابل ہوگیا ہو، گدرا، خام. [س].

ہَولانا (ولین) ف م.
ڈرانا، گھبرا دینا، بوکھلاہٹ طاری کر دینا.

ہولڈال (وج، سک ل) صف.
موٹے کپڑے یا زین کا بنا ہوا بستر بند جس میں مسافر اپنے اوڑھنے بچھونے کا سامان رکھ کر سفر کرتے ہیں. [انگ].

ہولڈر (وج، سک ل، فت ڈ) اند.
ا. قلم رکھنے کی چیز، قلم نما سانچہ جس کے سرے پر نب لگائی جاتی ہے نیز نب لگا قلم ۲. کسی چیز کے پکڑنے یا رکھنے کا ظرف؛ بلب لگانے کا کھانچہ. [انگ].

ہَولنا (ولین، سک ل) ف ل.
گھبرانا، ڈرنا، دہشت زدہ ہونا، مضطرب ہونا.

ہُولنا (ومع، سک ل) ف ل.
(بیل یا ہاتھی) چلانا، آنکس لگانا، آر لگانا، پینا چبھو کے جانور کو آگے بڑھانا.

ہَولناک (ولین، سک ل) صف؛ ← ہول ناک.
جس کے دیکھنے سے خوف پیدا ہو، دہشت ناک، ڈراؤنا، مہیب خوف ناک.

ہَولُو (ولین، ومع) صف.
بے وقوف؛ گاؤدی، ہونق؛ متلون مزاج. [مقامی].

ہولی (وج) امث.
ا. ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں خوشی؛ جشن. ۲. لکڑی کا ڈھیر جسے ہولی کے روز جلاتے ہیں. [س]

ہولی کھیلنا محاورہ. ہولی میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا، عبیر اور گلال وغیرہ کا اڑانا نیز خوشی منانا.

ہَولے (ولین) م ف.
آہستہ، بہ تدریج، ہلکے، دھیمے پن سے، سہج سہج؛ تراکیب میں مستعمل.

ہولے ہولے م ف. ۱. آہستہ آہستہ، بہ تدریج، دھیرے دھیرے، رفتہ رفتہ. ۲. ایک کے بعد ایک، وقفے وقفے سے. ۳. ہلکی آواز میں، مدھم سروں میں.

ہوم (وج) امذ.
ایک ہندوانہ رسم، گھی کی بھینٹ جو پوتر آگ پر ڈالی جائے، منتر وغیرہ پڑھ کر گھی آگ پر ڈالا جانا. [مقامی].

ہومیو (وج، کس ج م، وج) امذ.
یونانی لفظ جو کسی اور لفظ کے ساتھ بطور سابقہ اور بہ معنی "ہم" یا "یکساں" مستعمل ہے؛ جیسے: ہومیو پیتھک، ہومیو پیتھی وغیرہ وغیرہ. [یو].

ہومیو پیتھ امذ. علاج بالمثل کا معالج، ہومیو پیتھی طریقہ علاج کا ماہر.

ہومیو پیتھک صف: امذ. ہومیو پیتھی سے منسوب، علاج بالمثل کا نیز ہومیو پیتھی طریقۂ علاج.

ہومیو پیتھی امث. ایک طریقۂ علاج جس میں قلیل مقدار میں ایسی ادویات دی جاتی ہیں کہ اگر وہی ادویات زیادہ مقدار میں صحت مند شخص کو دی جائیں تو بیماری کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں، علاج بالمثل.

ہَوَن (فت ہ، و) امذ.
ہندوؤں کی ایک رسم کا نام جس میں آگ جلا کر وید کے منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی، جو اور تل وغیرہ ڈالتے جاتے ہیں، قربانی، یگیہ، جگیہ. [س].

ہُوں (۱) (ومع) امث: کلمۂ ایجاب.
۱. اقرار یا اقبال کے موقعے پر کہتے ہیں، ہاں. ۲. (اجازت کے موقع پر مستعمل) ہاں، بلاؤ.

ہوں ہاں کلہ. کلمۂ ایجاب و قبول، اشارۂ قبولیت، اقرار، منظوری.

ہوں ہاں کرنا ف مر: محاورہ. ۱. بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا، غوں غاں کرنا. ۲. بولنا، کہنا، جواب دینا. ۳. ٹال مٹول کرنا، صاف جواب نہ دینا، ہاں ہاں کر کے ٹالنا.

ہوں (۲) (ومع) ضمیر.
ضمیر متکلم واحد (زمانہ حال کے لیے).

ہوں (وج) م ف.
ہونا کا ماضی تمنائی نیز ماضی احتمالی (بصیغہ جمع).

ہوں تو ہوں فقرہ. شاید ہوتے ہوں یا پائے جاتے ہوں (غیر یقینی صورت حال کے موقعے پر مستعمل).

ہوں گے فقرہ. جمع متکلم اور جمع غائب کے ساتھ زمانہ مستقبل ظاہر کرنے کے لیے مستعمل نیز ماضی احتمالی کے لیے نیز شاید ہوں، ہمیں کیا (بے دلی یا رقابت سے کہتے ہیں).

ہونا (وج) ف ل.
۱. (قواعد) امدادی فعل جو اسماء و صفات کو افعالی معنی دیتا ہے؛ جیسے آباد ہونا، برباد ہونا، پشیمان ہونا، شادمان ہونا وغیرہ. ۲. عدم سے وجود میں آنا، ظہور میں آنا، ظاہر ہونا، پیدا ہونا (عموماً کائنات کا) ۳. موجود ہونا، حاضر یا باریاب ہونا. ۴. پیش آنا، وقوع پذیر ہونا وقوع میں آنا (کسی واقعے یا بات کا). ۵. واقع ہونا (کسی جگہ کی کسی حالت کے لیے مستعمل). ۶. (آزار یا مرض) لاحق ہونا، جان کے درپے ہونا. ۷. زندہ ہو جانا، جسم میں روح آنا. ۸. کسی کا بن جانا کسی سے منسوب ہونا، نسبت ہو جانا. ۹. انجام دیا جانا، کیا جانا نیز پورا ہونا، انجام کو پہنچنا، مکمل ہونا، تمام ہونا (کام، منصوبہ وغیرہ) ۱۰. شامل ہونا، شمار ہونا، داخل ہونا. ۱۱. معمول ہونا، عادت ہونا ۱۲. پڑنا، برسنا. ۱۳. رچنا (عموماً شادی)، رچائی جانا.

ہونٹ (وج، غنہ) امذ.
منھ کے دہانے پر اوپر اور نیچے بنے پرگوشت حصوں میں سے کوئی ایک، لب. [مقامی].

ہونٹ اودے پڑ جانا محاورہ. سردی یا چوٹ کے باعث ہونٹوں کا نیلا پڑ جانا.

ہونٹ پھٹ جانا / پھٹنا ف مر: محاورہ. کسی بیماری میں یا خشکی یا سردی کی شدت سے یا کسی اور سبب سے ہونٹوں میں شگاف پڑ جانا نیز ہونٹوں کا خشک ہو جانا.

ہونٹ چبانا ف مر: محاورہ. ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا، غصے، رشک حسرت یا افسوس کا اظہار کرنا.

چکر نیز عموماً ابتدائی یا آزمائشی مقابلے (آخری مقابلے سے پہلے) . ۳. گرم مزاجی ، غصہ ، تاؤ ، اشتعال . [انگ] .

ہیٹ اسٹروک ؟. شدید گرمی ، تراقہ والی گرمی .

ہیٹ (ی مج) م ف .
نیچے ، زیر ، تحت ، پست ، نیچا ، ادنیٰ ؛ تہ میں . [س] .

ہیٹا (ی مج) صف ؛ امذ .
۱. (i) مقابلتاً کم تر ، کم رتبہ ، چھوٹا ، ادنیٰ ، کم درجے کا ، (مجازاً) گھٹیا ، ناقص . ۲. (i) کمینہ ، سفلہ ، رذیل ، ذلیل . (ii) (نسب یا رتبہ میں) کم درجہ ، کم نسب ، کم ذات ، نیچ ذات . ۳. بودا ، بزدل ، ڈرپوک ، نامرد ، کمزور . ۴. خراب ، برا ، بگڑا ہوا (عموماً مقدر) . [س] .

ہیٹر (ی مع ، فت ٹ) امذ .
۱. کمرے یا گاڑی میں حرارت پیدا کرنے والا آلہ ، برقی آتش دان ، بجلی کی انگیٹھی یا چولھا ، فضا کو گرم رکھنے کا آلہ ، گرمالہ . ۲. پانی یا کھانا گرم کرنے کا ایک آلہ . ۳. کسی برقی مشین میں گرم کرنے کا کوئی پرزہ . [انگ] .

ہیٹی (ی مج) (الف) صف ؛ امث .
۱. ہیٹا کی تانیث ، ذلت ، سبکی ، بے عزتی ، بدنامی ، رسوائی ، بے قدری ، تحقیر ، خفت . ۲. سفلہ پن ، کمینگی ، رذالت . (ب) صف مث . ۱. بے وقعت ، کم درجہ ، کمتر ، مقابلے میں پیچھے ، ادنیٰ ، حقیر . ۲. (تقدیر) خراب ، بگڑی ہوئی . [س] .

ہَیِّج (فت ہ ، شدی بکس) صف .
برانگیختہ کرنے والا ، اٹھانے والا . (لغات ہیرا ؛ فرہنگ عامرہ) . [ع] .

ہَیَجان (فت ہ ، ی نیز ی لین) امذ .
۱. جوش ، اُبال . ۲. (نفسیات) ایک عارضی ذہنی کیفیت جو کچھ دیر بعد ختم ہوجاتی ہے (مثلاً : غصہ ، حیرت ، شہوت وغیرہ) کوئی شدید احساس ، جذبہ . ۳. (طبیعیات) برانگیختگی ، مشتعلی جوش آفرینی . ۴. سرکشی ، مفسدہ پردازی ، شورش ، فساد . ۵. شہوت کا جوش ، جنسی جذبات کا زور . [ع] .

ہیجان انگیز صف . ہیجان اُٹھانے والا ، غصے وغیرہ کے جذبات پیدا کرنے والے ، طبیعت میں شدت لانے والا ، ہلچل ڈالنے والا .

ہیَجانی (ی لین) صف .
ہیجان سے منسوب یا متعلق ، جوشیلا ، شدت کا ، پرزور . ۲. اضطرابی ، جذباتی ؛ جو وقتی جذبات کے تحت ہو ، جو سوچا سمجھا نہ ہو .

ہیجانی کیفیت مث . اضطرابی کیفیت ، بے چینی ، گھبراہٹ ، اضطرار نیز برانگیختگی کی حالت ، بھڑک اُٹھنے کی کیفیت .

ہیجڑا (ی مع ، سک ج) (الف) امذ .
وہ شخص جس کے خصیے اور آلہ تناسل کاٹ دیا گیا ہو ، اختہ ، خصی ، فوطے نکالا ہوا آدمی ؛ (مجازاً) مخنث ، زنخا ، خواجہ سرا . (ب) صف . وہ شخص جو بہادر نہ ہو ، بزدل نیز زن صفت ، زنانہ خصوصیات کا حامل ، نسوانی صفات والا . [ہیز کا مہز] .

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا کہاوت .
ناممکن بات ہوگئی ، اچنبھے کی بات ہوگئی (ناممکن بات کے واقع ہونے پر مستعمل) .

ہیچ (ی مج) صف .
۱. (i) جس کا وجود نہ ہو یا باقی نہ رہ سکے ، ناچیز ، برطرف ، لاشے ، نابود . (ii) بے اصل ، بے حقیقت ، معمولی ، ادنیٰ ، کم حیثیت . (iii) فانی ، باقی نہ رہنے والا ، مٹ جانے والا . ۲. ناکارہ ، نکما ؛ بے کار ، ناقابل ، بے مصرف . ۳. (مقابلتاً) کم زور ، (کسی فن میں) کم تر . ۴. تھوڑی سی ، کم ، قلیل ، اَندک (مقدار ، رقم وغیرہ) . [ف] .

ہیچ بوچ (الف) صف . ۱. باقی نہ رہنے والا ، فانی ؛ (کنایۃً) گھٹیا ، ناقص . ۲. نادرست ، جو صحیح یا ٹھیک نہ ہو . ۳. کم درجہ ، کم تر ، سطحی ، (مقابلتاً) کم حیثیت کا ، معمولی . (ب) امذ . ۱. گھٹیا آدمی ، معمولی حیثیت کا آدمی ، نکما شخص ؛ ناکارہ لوگ .

ہیچ مَداں/ ہیچمداں صف ؛ امذ . ۱. بے علم ، کچھ نہ جاننے والا ، نادان ، ناواقف ، انجان ؛ (کنایۃً) بے وقوف . ۲. متکلم اپنے متعلق اشارتاً عاجزی سے کہتے ہیں ، میں ، راقم الحروف .

ہیچ نظر آنا محاورہ . حقیر نظر آنا ، بے حقیقت معلوم ہونا .

ہیڈ (ی مج) امذ .
۱. سر ، مونڈ ، کھوپڑی ، ماتھا ؛ سرگروہ ، پیشوا ، سردار ، میر ؛ افسر اعلیٰ

۲. (گھر یا خاندان کا) سربراہ، سرپرست. ۳. نگراں، میر منشی. ۴. اوپر کا سرا، بالائی حصہ، سلنڈر وغیرہ کا اوپر کا حصہ جو گیس کے اخراج کو روکنے کے لیے لگاتے ہیں. ۵. دریا یا نہر پر وہ مقام جہاں سے بند باندھ کر نہر یا نہریں نکالی جائیں اور پانی کے بہاؤ کو حسبِ منشا روکا یا موڑا جائے. [انگ].

ہیڈ آفس اند. صدر دفتر، کسی ادارے کا مرکزی یا بڑا دفتر.

ہیڈ فون اند. سر پر ٹکنے والی قوس نما پٹی کے دونوں سروں پر لگے ہوئے ریڈیو وغیرہ کی آواز تنہا سننے کا مختلف اقسام کا ایک آلہ، سرفون، کن فون نیز لاسلکی یا ٹیلی فون سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لگا دیتے ہیں.

ہیڈ کوارٹر اند. کسی ادارے کا انتظامی مرکز، صدر دفتر، صدر مقام، مرکزی دفتر نیز (مجازاً) مرکز، گڑھ، جمع ہونے کی جگہ.

ہیڈ لائٹ/ لائٹس مث: ج. کسی موٹر گاڑی یا ریلوے انجن کی سامنے والی بڑی روشنی یا بتی.

ہیڈ ماسٹر اند. صدر مدرّس، مدرسے کا افسرِ اعلیٰ، ابتدائی یا ثانوی مدرسے کے اساتذہ کا نگراں استاد.

ہیڈ محرر اند. تھانے میں روزنامچہ لکھنے والوں کا نگراں، میر منشی.

ہیڈ مسٹرس/ مسٹریس مث. ہیڈ ماسٹر کی تانیث؛ صدر مدرّس، بڑی استانی، مدرسے کی سربراہ خاتون، اسکول کی خاتون سربراہ.

ہیر (ی مع) مث.

۱. جھنگ کے سیال خاندان کی ایک عورت جس کے عشق کا قصہ رانجھے کے ساتھ مشہور صوفی شاعر وارث شاہ نے پنجابی زبان میں نظم کیا ہے. ۲. صوفی شاعر وارث شاہ کی منظوم لوک کہانی، قصہ ہیر رانجھا نیز پنجاب کا لوک گیت جو عموماً راگ بھیرویں میں گایا جاتا ہے. [علم].

ہیر رانجھا/ رانجھہ اند. مشہور صوفی شاعر وارث شاہ کی عشقیہ کہانی کے دو مرکزی کردار نیز وارث شاہ کے لکھے ہوئے قصے کا نام.

ہیرا (ی مع) (الف) اند.

ایک نہایت مشہور قیمتی اور بے شمار اقسام کا حامل پتھر جو خصوصاً بلوری رنگ کا اور صاف شفاف ہوتا ہے اس کی چمک دمک رنگت خوب صورتی اور سختی اس کا طرۂ امتیاز ہے، الماس. (ب) صف. ۱. عمدہ، نفیس؛ (مجازاً) نیک، عادات و اطوار کا اچھا، پیارا، نیک خو، لائق، قابلِ تعریف. ۲. سب سے اعلیٰ، نمایاں، یکتا، یگانہ، بے مثل (عموماً باصلاحیت کے لیے مستعمل). [س].

ہیرا بنا دینا محاورہ. تربیت یا اصلاح کر کے لائق فائق بنا دینا، اچھا یا قابلِ قدر بنا دینا.

ہیرا مَن توتا/ طوطا اند. ایک قسم کا بولنے والا توتا، عمدہ قسم کا توتا، ایک افسانوی توتا.

ہیرا منڈی مث. مراداً: طوائفوں کے رہنے اور دھندا کرنے جگہ؛ (خصوصاً) لاہور کا بازارِ حسن.

ہیرا ہونا محاورہ. باعثِ فخر ہونا، وقار کا سبب ہونا، قابلِ ستائش ہونا.

ہیرا پھیر (ی مع، ی مع) اند نیز مث.

دیکھیے: ہیرا پھیری؛ آمد و رفت.

ہیرا پھیری (ی مع، ی مع) مث.

۱. بار بار آنے جانے کا عمل، آمد و رفت، آر جار، آہر جاہر، گھومنے پھرنے یا چکر لگانے کی حالت. ۲. (i) اِدھر اُدھر کرنا، اوپر نیچے کرنا اول بدل (کوئی چیز وغیرہ) بدلنے کا عمل، تبدیلی (عموماً منفی معنوں میں) (ii) (دکان داری) کسی جنس کا باہمی تبادلہ، کسی ایک جنس کے بدلے میں دوسری جنس کا باہمی لین دین، ایرا پھیری، آر جار، سودے بازی ۳. جوڑ توڑ، فریب کاری، نوسر بازی، دھوکا، چال بازی؛ مکاری، چالاکی ۴. (کنایۃً) حیرانی، کشمکش، شش و پنج. ۵. اُلٹ پھیر، رد و بدل (خصوصاً لفظوں کا).

ہیر پھیر (ی مع، سک ر، ی مع) اند.

۱. آمد و رفت، آنے جانے کا عمل؛ (مجازاً) گردش، چکر، دورہ، انقلاب ۲. ایک کو دوسرے کی جگہ پر رکھنے کا عمل، باری باری، گھما پھرا کر اُلٹ پھیر، لفظوں وغیرہ کی تبدیلی کا عمل. ۳. خریدنا اور واپس کرنا بیوپار، تجارتی مال کو بار بار خریدنے اور بیچنے کا عمل. ۴. کمی، کوتاہی کسر. ۵. (i) مکاری، مکر و فریب، دھوکا، اینچ پینچ، داؤ پیچ، دھاندلی (ii) گھپلا، غبن، خرد برد. ۶. کسی مخصوص خیال کو ظاہر کرنے کے جتنے الفاظ ضروری ہوں ان سے زیادہ الفاظ کا استعمال، تطویلِ کلام، پھیر کی بات نیز چرب زبانی. ۷. تفاوت، فرق، تفریق.

ہیر پھیر کرنا ف مر: محاورہ. الٹ بدل کرنا، تبدیل کرنا، بدلنا، بدلاؤ لانا، تبدیلی لانا.

ہیرو (ی مع، و ج) صف: اند.
۱. بطل، بہادر، سورما، فاتح شخص. ۲. وہ شخص یا نمایاں مردانہ کردار جس پر قصہ، ناٹک یا نظم کا دار و مدار یا پلاٹ کی اصل دلچسپی کا انحصار ہوتا ہے، قصے کی جان، مرکزی کردار. ۳. (i) اہم ترین چیز، مرکزی حیثیت والی بات، مقبول یا نمایاں چیز، نمونہ، خوبی. (ii) عالی ظرفانہ کارناموں یا خصوصیات کی وجہ سے تکریم کیے جانے والا شخص، غیر معمولی صفات اور صلاحیتوں کا مالک لوگ جس کی طرح کا بننا پسند کریں، مشہور یا مثالی شخص. [انگ].

ہیروئن (ی مع، و ج، کس ء) امث: ~ ہیروئین.
ہیرو کی تانیث، کسی نظم، تمثیل یا کہانی کا مرکزی نسائی کردار، دیوی جیسی غیر معمولی عورت. [انگ].

ہیرَوئن (ی مع نیز ی ج، و ج، کس ء) امث.
ایک نشہ آور قدرے مہنگی چیز جو سفید سفوف کی صورت میں ہوتی، ایک نشے کا نام نیز ایک دوا. [انگ].

ہیروئنچی (ی مع، و ج، کس ء، سک ن) اند.
ہیروئن پینے والا، ہیروئن کے نشے کا عادی شخص.

ہیرے (ی مع) اند: ج.
ہیرا کی جمع، بہت سے الماس، بہت سے ہیرے؛ (مجازاً) نفیس لوگ.

ہیرے جیسی صف مث. ہیرے کی طرح کا؛ (مجازاً) قیمتی؛ عمدہ، نفیس؛ بے داغ.

ہیرے کی پرکھ (قدر) جوہری جانے کہاوت. اہل ہنر کی قدر قدردان ہی کرسکتا ہے، اہل ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے، ہر ایک واقف نہیں ہوتا.

ہیرے کی کنی امث. ۱. ہیرے کا چھوٹا ٹکڑا، ریزۂ الماس، ہیرے کی کرچ، خردۂ الماس.

ہیڑا (ی ج نیز مع) اند.
چکی چلانے کا دستہ. [مقامی].

ہیژدَہ (ی ج، سک ژ، فت د) اند: ~ ہیودہ.
(عدد) اٹھارہ، ہژدہ، ہجدہ، ۱۸.

ہیژدَہُم (ی ج، سک ژ، فت د، ضم ہ) صف.
(عددِ ترتیبی) اٹھارھواں، اٹھارھویں، سترھویں کے بعد آنے والا / والی، ہژدہم، ہجدہم. [ف].

ہیزُم (ی لین، ی ج نیز ی مع، فت نیز ضم ز) امث.
لکڑی؛ جلانے کی لکڑی، سوکھی لکڑی جو جلانے کے کام آتی ہے، ایندھن کی لکڑی. [ف].

ہیژدَہ (ی ج، سک ژ، فت د) امث.
اٹھارہ، ہجدہ، ۱۸. [ف].

ہیژدَہُم (ی ج، سک ژ، فت د، ضم ہ) صف: ~ ہیزدہم.
(عددِ ترتیبی) دیکھیے: ہیزدہم، اٹھارھواں. [ف].

ہَیضَہ (ی لین، فت ض) اند.
(طب) ایک متعدی بیماری جس میں فاسد اور غیر ہضم ہونے والے اجزا بدن سے معدے میں آجاتے ہیں اور دست و قے کی صورت خارج ہوتے ہیں، فسادِ ہضم نیز پیچش، جلاب. [ع].

ہیضہ ہوجانا / ہونا ف مر: محاورہ. ۱. ہیضے کی بیماری ہونا، ہیضے کی بیماری میں مبتلا ہونا. ۲. خبط ہونا، جنون ہونا.

ہَیک (ی لین) اند.
کمپیوٹر میں ناواجب رسائی کے ذریعے اس میں موجود معلومات اپنے استعمال میں لانے یا خراب کرنے کا عمل. [انگ].

ہیک (ی مع) امث.
۱. پیٹ کی بیماری؛ متلی، مالش. ۲. ایک قسم کی بُو (جو ناگوارِ طبع ہوتی ہے) جو مختلف چیزوں گوشت، دودھ اور اکثر کسی کسی کھانے میں آتی ہے. [س].

ہیکٹر (ی ج، سک ک، فت ٹ) اند.
(پیمائش کے اعشاری طریقہ میں) رقبہ ناپنے کا پیمانہ جو ۲٫۴۷۱ ایکڑ یا دس ہزار مربع میٹر کے برابر ہوتا ہے. [انگ].

ہیکڑ (ی ج، فت ک) صف.
۱. (عوام) خودسر، زبردست، شہ زور، زورآور، شیخی مارنے والا. ۲. بڑے تن و توش کا، موٹا تازہ. [مقامی].

ہیکڑی (ی مج، سک ک) مث.
۱. زبردستی، سرکشی، زور آوری، طاقت نیز اختیار. ۲. شیخی، ڈینگ. ۳. عزت، وضع داری، مرتبہ و مقام.
ہیکڑی دکھانا ف مر. اکڑ دکھانا، دھمکی اور دھونس دینا.
ہیکڑی نکل جانا / نکلنا محاورہ. خودسری جاتی رہنا، شیخی ختم ہونا.
ہَیکَل (ی لین، فت ک) مث: مذ.
۱. شکل و صورت، نقشہ، ہاڑ، ڈھانچا، کالبد نیز سراپا. ۲. بڑا جثہ، بڑا بدن، بڑا ڈیل ڈول، بڑا جسم (عموماً قوی کے ساتھ مستعمل). ۳. (i) بیت المقدس کا وہ معبد جس کی ابتدا حضرت داؤد (علیہ السلام) اور تکمیل حضرت سلیمان (علیہ السلام) نے کی، ہیکل سلیمانی. (ii) عبادت گاہ، خواہ کسی مذہب کے لیے ہو خصوصاً یہود کی عبادت گاہ، مشرکوں کی عبادت گاہ، بت خانہ؛ مندر. [ع].
ہیکل سلیمان / سلیمانی مذ. بیت المقدس کا وہ معبد جس کی ابتدا حضرت داؤد علیہ السلام اور تکمیل حضرت سلیمان علیہ السلام نے کی.
ہیلا (ی مج) مذ.
دھکا پیل، ٹھیلا، دھچکا، ہچکولا؛ صدمہ؛ مختصر وقفہ (شدید محنت یا ریاضت کا)؛ شراب کا ایک دور؛ بیماری کا زمانہ، نزلے کا دورہ؛ کشتی یا کھیل بازی کا مقابلہ. [مقامی].
ہَیلمٹ (ی مج، سک ل، کس مج م) مذ.
آہنی یا پلاسٹک کی بڑی ٹوپی جو سر کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے کلاہ آہنی. [انگ].
ہیلی کاپٹر/ہیلی کوپٹر (ی مج، سک پ، فت ٹ/ و مج، سک پ، فت ٹ) مذ.
ایک پنکھ دار ہوائی سواری جو بالائی پنکھوں کی افقی گردش سے اوپر اٹھی رہتی ہے اور عمودی و افقی حرکت کرسکتی ہے. [انگ].
ہیلیَم (ی مج، کس مج ل، فت ی) مث.
(کیمیا) ایک بے رنگ ہلکی گیس جو قدرتی معدنی گیس سے ملتی جلتی ہوئی ہے، ہوائی جہازوں میں نیز برفانے یا شمسیہ خنک سازی کے لیے استعمال ہوتی ہے. [انگ].

ہیمیا (ی مع، سک نیز کس م) مث.
علم طلسم، طلسم باندھنے کا علم نیز جنات اور سیاروں کی تسخیر کا علم. [ف].
ہَیں (ی لین) کلمہ.
۱. ہے کی جمع، وہ اور ہم اور آپ کے ساتھ زمانۂ حال ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے نیز واحد کے لیے بھی بطور کلمۂ تعظیم مستعمل کلمۂ تنبیہ جو کسی کام کی ممانعت یا روکنے کے لیے آتا ہے نیز ناپسندیدگی یا غصے کے اظہار کے لیے بھی مستعمل. ۳. حیرت و استعجاب کے اظہار کے لیے مستعمل.
ہَینڈ (ی لین، سک ن) مذ.
ہاتھ، دست. [انگ].
ہینڈ پمپ مذ. نل جس کو ہاتھ سے چلا کے پانی نکالیں (عام طور پر اس میں ایک دستی پمپ لگا ہوتا ہے جسے ہتھے سے اوپر نیچے کرکے پانی نکالتے ہیں).
ہَینڈِل (ی لین، مغ، کس نیز فت ڈ) مذ.
موٹھ جس سے کسی چیز کو پکڑا یا اٹھایا جائے نیز گاڑی کا اسٹیرنگ، ہتھا، مٹھی، دستہ، قبضہ. [انگ].
ہینگ (ی مع، غنہ) مث.
ایک درخت کا گوند جو دواؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے اور اعلیٰ قسم کی ہینگ سفید اور خوش بودار ہوتی ہے، مسالے کے طور پر استعمال ہوتی ہے. [س].
ہینگ لگی / لگے نہ پھٹکری (اور) رنگ آئے چوکھا کہاوت. بغیر محنت یا خرچے کے خاطر خواہ کام نکل آنا، کچھ خرچ نہ کرنا پڑے اور کام اچھا بن جائے.
ہَینگا (ی مج نیز ی لین، مغ) مذ.
کھیت کی جڑیں صاف کرنے کا ہل، کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا، سہاگا کسانوں کا گوڑی کرنے کا آلہ، ایک لوہے کا ڈھانچا جس میں کنگھی کی طرح بہت سی نوکیں نکلی ہوتی ہیں اور اسے بیل کھینچتے ہیں اور زمین کو گوڑنے کے کام آتا ہے. [مقامی].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہینگر (۱) (ی لین، غنہ، فت گ) اند.
سائبان جس میں ہوائی اور آبی جہاز رکھے جاتے ہیں، ہوائی اور آبی جہازوں وغیرہ کے ٹھہرنے کے لیے بڑا سا سائبان یا تعمیر، طیران خانہ، طیارہ سائبان، طیارہ گاہ، ہوائی جہازوں کو رکھنے یا مرمت کرنے کے لیے چھت والی جگہ. [انگ].

ہینگر (۲) (ی لین، غنہ، فت گ) اند.
کپڑے لٹکانے کے لیے لکڑی، پلاسٹک یا تار وغیرہ کی بنی ہوئی خم دار چیز. [انگ].

ہیولا / ہیولیٰ (فت ہ، و مع نیز ی لین بعد، و مع) (الف) اند.
۱. مادّہ، (ہر مادّی چیز کی) اصل اور ماہیت. ۲. (i) (تصویر وغیرہ کا) پہلا عکس یا خاکہ، تصور. (ii) شکل، صورت، ڈول. [ع].

ہیہات (ی لین) حرف ندا.
(لفظاً) دور ہو، ہٹ پرے ہو نیز لعنت ہو (اُردو میں) بطور کلمہ افسوس وحسرت وتعجب مستعمل، ہائے ہائے. [ع].

ہَیئَت (ی لین، فت ء) امث.
۱. (i) ظاہری بناوٹ، اوپری ساخت، دھج، ڈول؛ (کنایۃ) صورت، شکل، حلیہ، چہرہ مہرہ، وضع قطع، سراپا. (ii) (ادب) کسی صنف ادب کی ساخت، (بندھی ہوئی یا مقررہ) شکل، عام ضابطہ یا قاعدہ، عام انداز جیسے نظم یا غزل کی ساخت. ۲. کیفیت، حالت، طور، طریق، وضع، انداز، پہلو یا رُخ. ۳. (علم) وہ علم جس میں آسمان اور اجرام فلکی کا ذکر ہوتا ہے، علم الافلاک، فلکیات. [ع].

ہیئت داں اند. اجرام سماوی کا مشاہدہ کرنے والا، ماہر ہیئت، ماہر فلکیات.

ہیئت کذائی امث. عجیب شکل وصورت، نہایت برا حلیہ، موجودہ حالت، جیسی کہ حالت ہے، خصوصاً بری حالت، بے ڈھنگی موجودہ حالت (مذمت یا طنز کے موقع پر مستعمل).

(ء)

ء (ہمزہ) کلمہ: امث، حرف. اُردو حروف تہجی کا (۵۱) اکیاونواں حرف، حلقی مصمتہ یا حرف صحیح، الف ہمزہ کا ہم نام اور ہم آواز جو اُردو میں صرف آخر یا درمیان کلمے میں آتا ہے، حرف الف کے قائم مقام کی حیثیت سے جمل میں "ء" کا عدد ایک شمار کیا جاتا ہے مرکبات میں جو ہائے مختفی پر ختم ہوں کسرہ اضافت کی بجائے استعمال ہوتا ہے.

(ی / ے)

ی / ے امث.
اُردو حروف تہجی کا (۵۲) باونواں، عربی کا (۲۸) اٹھائیسواں اور فارسی کا (۳۲) بتیسواں حرف جس کی اکیلی حالت میں دو شکلیں ہیں: چھوٹی ے (ی) اور بڑی ے (ے). چھوٹی ے یائے معروف اور بڑی ے یائے مجہول کہلاتی ہے. بڑی ے اُردو کا (۵۳) ترپنواں حرف تہجی ہے. حساب جمل اور ابجد میں اس کے عدد دس فرض کیے گئے ہیں. ے حروف علت میں سے تیسرا حرف ہے، لفظ کے شروع اور بیچ میں یہ دو تحتی نقطوں سے شناخت کی جا سکتی ہے اس لیے اس کو یائے تحتانی بھی کہتے ہیں.

یا (۱) حرف ندا.
(کسی کو پکارنے یا متوجہ یا مخاطب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے) اے، جی، ارے، تراکیب میں مستعمل.

یا ارحم الراحمین فقرہ. اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے؛ یا اللہ (بالعموم سخت کرب و بلا کے عالم میں اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے).

یا اللہ فقرہ. ۱. اے خدا، خدایا، دعا مانگنے اور مدد چاہنے کے وقت مستعمل ۲. تعجب اور بیزاری ظاہر کرنے کے لیے مستعمل.

یا اللہ خیر فقرہ. خدا خیر کرے، اللہ سے مدد مانگنے کے لیے کہتے ہیں، بالخصوص کسی ناگہانی مصیبت یا گھبراہٹ یا امکانی خطرے کے وقت مستعمل.

یا الٰہی فقرہ. ۱. (لفظاً) اے میرے معبود، اے اللہ؛ دعا مانگنے کے لیے مستعمل ہے.

یا رب فقرہ. اے پروردگار، اے اللہ، بطور ندا یا استمداد مستعمل.

یا رحمۃ للعالمین فقرہ. اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جو تمام عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے (بطور ندا یا استمداد).

یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم/ رسول اللہ فقرہ. اے اللہ کے رسول (بطور ندا یا استمداد).

یا علیؑ فقرہ. مشکل کے وقت بہ غرض طلب امداد وخیر و برکت کے لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام لینے کے لیے مستعمل نیز ایک نعرہ جو مسلمان لڑائی کے موقع پر لگاتے ہیں.

یا علی مدد فقرہ. (کلمہ دعائیہ) حضرت علیؑ کو نصرت اور مدد کے واسطے پکارنے کے لیے مشکل پیش آنے کے وقت زبان پر لاتے ہیں، اے علیؑ میری مدد کیجیے.

یا قسمت فقرہ. ۱. توکل بہ خدا، ہرچہ بادا باد، تن بہ تقدیر، جو ہونا ہوگا وہ ہوگا، رضا وتسلیم کے مقام پر کہتے ہیں یعنی جو کرے سو مولےٰ، مرضی مولا از ہمہ اولیٰ ۲. جس وقت تقدیر کی شکایت کرتے ہیں تو اس وقت بھی اسے مخاطب بنا کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں جس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ اے تقدیر تجھے ہمارے ساتھ یہی سلوک کرنا تھا، ہائے بدنصیبی.

یا محمد ﷺ فقرہ. اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استمداد کے لیے مستعمل نیز بطور ندا.

یا (۲) حرف عطف: کلمہ تردید.

کلمہ تردید، خواہ، چاہو، بھاویں؛ نیز دو مختلف صورتوں میں سے ایک کو خاص کرنے یا دو خبروں کے جمع ہونے کو روکنے کے لیے مستعمل ہے، یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ دو کے علاوہ تیسرا وہاں نہیں مثلاً میں ہوں یا خدا یعنی تیسرا کوئی نہیں.

یا (۳) امث.

حرف ی/ اے کا تلفظ، حروف تہجی کا آخری حرف، یائے تحتانی، اس کی بہت سی شکلیں ہیں جنھیں حرف اضافت "ے" کے ساتھ لکھا جاتا ہے.

یائے اضافت امث. حرف "ے" جو ترکیب میں کسرہ اضافت کا قائم مقام ہوتا ہے اور دو الفاظ کے مابین تعلق ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جن لفظوں کے آخر میں الف ہوتا ہے اضافت کی صورت میں ان کے آگے یائے مجہول کا اضافہ کیا جاتا ہے (جیسے دنیائے، ابتدائے، تماشائے وغیرہ).

یائے تحتانی امث. کسی لفظ کے درمیان میں لکھی جانے والی "ی" جو شوشے کے نیچے دو نقطے لگا کر ظاہر کی جاتی ہے؛ یائے تحتانی حرف کی اضافت کھینچنے سے نکلتی ہے اور کسرہ اضافی کے لگانے سے بھی یائے تحتانی کی صورت پیدا ہوتی ہے حرف "ی/ اے".

یائے لین امث. ایسی "ی" جو بہ ذات خود تو ساکن ہو لیکن حرف ماقبل پر زبر ہو اور وہ کھینچ کر پڑھی جائے؛ جیسے: سیر، بیر، میل وغیرہ.

یائے مجہول امث. وہ "ے" جو کھینچ کر اور اعلان کے ساتھ نہ پڑھی جائے، 'بڑی ے'.

یائے معروف امث. وہ ی جس سے پہلے کے حرف پر زیر ہو اور جو واضح طور سے اور اعلان کے ساتھ پڑھی جائے.

••• **یا (۵)** لاحقہ. صیغہ امر کے آخر میں آکر اسے فعل ماضی کر دیتا ہے جیسے آیا، لایا، کھایا، پایا وغیرہ؛ اسما کے آخر میں تانیث کا فائدہ دیتا جیسے گڑیا، چڑیا؛ نسبت یا صفت یا فاعلیت کا فائدہ دیتا ہے جیسے بڑھیا، گھٹیا؛ تصغیر کے لیے جیسے انبیا (انب = آم سے) بغیا باغ سے لٹیا (لوٹا سے) فاعلیت کے لیے جیسے فریبیا، چالیا.

یاب صف: لاحقہ.

۱. پانے والا، حاصل کرنے والا، ڈھونڈ لینے والا، بطور لاحقہ اسماء کے آخر میں آکر فاعل کے معنی دیتا ہے؛ جیسے: کامیاب، فتح یاب، نایاب وغیرہ.

یابِس (کس ب) صف: لاحقہ.

جس میں نمی نہ ہو، خشک، روکھا، سوکھا (رطب کی ضد). [ع].

یابو (و مع) لاحقہ.

گھوڑے اور گدھے کی دوغلی نسل کا جانور، ٹانگھن، ٹٹو، چھوٹا گھوڑا. [ع].

••• **یابی** امث. پانے یا حاصل کرنے کا عمل یا کیفیت یا حالت؛ (بطور لاحقہ مستعمل؛ جیسے: کام یابی، کم یابی، باریابی، دیریابی وغیرہ).

یاترا (سک ت) امث.

۱. (لفظاً) جانا، آمد و رفت؛ (کنایۃً) دیوتاؤں کی یادگاروں اور

ہینگر (۱) (ی لین، غنہ، فت گ) اند.
سائبان جس میں ہوائی اور آبی جہاز رکھے جاتے ہیں، ہوائی اور آبی جہازوں وغیرہ کے ٹھہرنے کے لیے بڑا سا سائبان یا تعمیر، طیران خانہ، طیارہ سائبان، طیارہ گاہ، ہوائی جہازوں کو رکھنے یا مرمت کرنے کے لیے چھت والی جگہ. [انگ].

ہینگر (۲) (ی لین، غنہ، فت گ) اند.
کپڑے لٹکانے کے لیے لکڑی، پلاسٹک یا تار وغیرہ کی بنی ہوئی خم دار چیز. [انگ].

ہیولا / ہیولیٰ (فت ہ، و مع نیز ی لین بشد، و مع) (الف) اند.
۱. مادہ، (ہر مادی چیز کی) اصل اور ماہیت. ۲. (i) (تصویر وغیرہ کا) پہلا عکس یا خاکہ، تصور. (ii) شکل، صورت، ڈول. [ع].

ہیہات (ی لین) حرف ندا.
(لفظاً) دور ہو، ہٹ پرے ہو نیز لعنت ہو (اُردو میں) بطور کلمہ افسوس وحسرت وتعجب مستعمل، ہائے ہائے. [ع].

ہَیئت (ی لین، فت ء) امث.
۱. (i) ظاہری بناوٹ، اوپری ساخت، دھج، ڈول؛ (کنایۃ) صورت، شکل، حلیہ، چہرہ مہرہ، وضع قطع، سراپا. (ii) (ادب) کسی صنف ادب کی ساخت، (بندھی ہوئی یا مقررہ) شکل، عام ضابطہ یا قاعدہ، عام انداز جیسے نظم یا غزل کی ساخت ۲. کیفیت، حالت، طور، طریق، وضع، انداز، پہلو یا رُخ ۳. (علم) وہ علم جس میں آسمان اور اجرام فلکی کا ذکر ہوتا ہے، علم الافلاک، فلکیات. [ع].

ہیئت داں اند. اجرام سماوی کا مشاہدہ کرنے والا، ماہر ہیئت، ماہر فلکیات.

ہیئت کذائی امث. عجیب شکل وصورت، نہایت برا حلیہ، موجودہ حالت، جیسی کہ حالت ہے، خصوصاً بری حالت، بے ڈھنگی موجودہ حالت (مذمت یا طنز کے موقع پر مستعمل).

(ء)

ء (ہمزہ) اند؛ امث، حرف.
حرف. اُردو حروف تہجی کا (۵۱) اکیاونواں حرف، حلقی مصمتہ یا حرف صحیح، الف ہمزہ کا ہم نام اور ہم آواز جو اُردو میں صرف آخر یا درمیان کلمے میں آتا ہے، حرف الف کے قائم مقام کی حیثیت سے جمل میں "ء" کا عدد ایک شمار کیا جاتا ہے مرکبات میں جو ہائے مختفی پر ختم ہوں کسرہ اضافت کی بجائے استعمال ہوتا ہے.

(ی / ے)

ی / ے امث.
اُردو حروف تہجی کا (۵۲) باونواں، عربی کا (۲۸) اٹھائیسواں اور فارسی کا (۳۲) بتیسواں حرف جس کی اکیلی حالت میں دو شکلیں ہیں: چھوٹی ے (ی) اور بڑی ے (ے). چھوٹی ے یائے معروف اور بڑی ے یائے مجہول کہلاتی ہے. بڑی ے اُردو کا (۵۳) ترپنواں حرف تہجی ہے. حساب جمل اور ابجد میں اس کے عدد دس فرض کیے گئے ہیں. ے حروف علت میں سے تیسرا حرف ہے، لفظ کے شروع اور بیچ میں یہ دو تحتی نقطوں سے شناخت کی جا سکتی ہے اس لیے اس کو یائے تحتانی بھی کہتے ہیں.

یا (۱) حرف ندا.
(کسی کو پکارنے یا متوجہ یا مخاطب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے) اے، جی، ارے، تراکیب میں مستعمل.

یا ارحم الراحمین فقرہ. اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے؛ یا اللہ (بالعموم سخت کرب و بلا کے عالم میں اللہ تعالی سے رحم طلب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے).

یا اللہ فقرہ. ۱. اے خدا، خدایا، دعا مانگنے اور مدد چاہنے کے وقت مستعمل ۲. تعجب اور بیزاری ظاہر کرنے کے لیے مستعمل.

یا اللہ خیر فقرہ. خدا خیر کرے، اللہ سے مدد مانگنے کے لیے کہتے ہیں، بالخصوص کسی ناگہانی مصیبت یا گھبراہٹ یا امکانی خطرے کے وقت مستعمل.

یا الٰہی فقرہ. ۱. (لفظاً) اے میرے معبود، اے اللہ؛ دعا مانگنے کے لیے مستعمل ہے.

یا رب فقرہ. اے پروردگار، اے اللہ، بطور ندا یا استمداد مستعمل.

یا رحمۃ للعالمین فقرہ. اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جو تمام عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے (بطور ندا یا استمداد).

یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم/ رسول اللہ فقرہ. اے اللہ کے رسول (بطور ندا یا استمداد).

یا علیؑ فقرہ. مشکل کے وقت بہ غرض طلب امداد وخیر و برکت کے لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام لینے کے لیے مستعمل نیز ایک نعرہ جو مسلمان لڑائی کے موقع پر لگاتے ہیں.

یا علی مدد فقرہ. (کلمہ دعائیہ) حضرت علیؑ کو نصرت اور مدد کے واسطے پکارنے کے لیے مشکل پیش آنے کے وقت زبان پر لاتے ہیں، اے علیؑ میری مدد کیجیے.

یا قسمت فقرہ. ۱. توکل بہ خدا، ہرچہ بادا باد، تن بہ تقدیر، جو ہونا ہوگا وہ ہوگا، رضا وتسلیم کے مقام پر کہتے ہیں یعنی جو کرے سو مولےٰ، مرضی مولا از ہمہ اولیٰ ۲. جس وقت تقدیر کی شکایت کرتے ہیں تو اس وقت بھی اسے مخاطب بنا کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں جس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ اے تقدیر تجھے ہمارے ساتھ یہی سلوک کرنا تھا، ہائے بدنصیبی.

یا محمد ﷺ فقرہ. اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استمداد کے لیے مستعمل نیز بطور ندا.

یا (۲) حرف عطف: کلمہ تردید.

کلمہ تردید، خواہ، چاہو، بھاویں؛ نیز دو مختلف صورتوں میں سے ایک کو خاص کرنے یا دو خبروں کے جمع ہونے کو روکنے کے لیے مستعمل ہے، یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ دو کے علاوہ تیسرا وہاں نہیں مثلاً میں ہوں یا خدا یعنی تیسرا کوئی نہیں.

یا (۳) مث.

حرف ی/اے کا تلفظ، حروف تہجی کا آخری حرف، یائے تحتانی، اس کی بہت سی شکلیں ہیں جنھیں حرف اضافت ''ے'' کے ساتھ لکھا جاتا ہے.

یا ے اضافت مث. حرف ''ے'' جو تراکیب میں کسرہ اضافت کا قائم مقام ہوتا ہے اور دو الفاظ کے مابین تعلق ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جن لفظوں کے آخر میں الف ہوتا ہے اضافت کی صورت میں ان کے آگے یائے مجہول کا اضافہ کیا جاتا ہے (جیسے دنیائے، ابتدائے، تماشائے وغیرہ).

یا ے تحتانی مث. کسی لفظ کے درمیان میں لکھی جانے والی ''ی'' جو شوشے کے نیچے دو نقطے لگا کر ظاہر کی جاتی ہے؛ یائے تحتانی حرف کی اضافت کھینچنے سے نکلتی ہے اور کسرہ اضافی کے لگانے سے بھی یائے تحتانی کی صورت پیدا ہوتی ہے حرف ''ی اے''.

یا ے لین مث. ایسی ''ی'' جو بہ ذات خود تو ساکن ہو لیکن حرف ماقبل پر زبر ہو اور وہ کھینچ کر پڑھی جائے؛ جیسے: سیر، بیر، میل وغیرہ.

یا ے مجہول مث. وہ ''ے'' جو کھینچ کر اور اعلان کے ساتھ نہ پڑھی جائے، 'بڑی ے'.

یا ے معروف مث. وہ ی جس سے پہلے کے حرف پر زیر ہو اور جو واضح طور سے اور اعلان کے ساتھ پڑھی جائے.

••• **یا (۵)** لاحقہ. صیغہ امر کے آخر میں آ کر اسے فعل ماضی کر دیتا ہے جیسے آیا، لایا، کھایا، پایا وغیرہ؛ اسما کے آخر میں تانیث کا فائدہ دیتا جیسے گڑیا، چڑیا؛ نسبت یا صفت یا فاعلیت کا فائدہ دیتا ہے جیسے بڑھیا، گھٹیا؛ تصغیر کے لیے جیسے انبیا (انب = آم سے) بغیا باغ سے لٹیا (لوٹا سے) فاعلیت کے لیے جیسے فربیا، چالیا.

یاب صف: لاحقہ.

۱. پانے والا، حاصل کرنے والا، ڈھونڈ لینے والا، بطور لاحقہ اسماء کے آخر میں آ کر فاعل کے معنی دیتا ہے؛ جیسے: کامیاب، فتح یاب، نایاب وغیرہ.

یابِس (کس ب) صف: امذ.

جس میں نمی نہ ہو، خشک، روکھا، سوکھا (رطب کی ضد). [ع].

یابو (مغ) امذ.

گھوڑے اور گدھے کی دوغلی نسل کا جانور، ٹانگھن، ٹٹو، چھوٹا گھوڑا [ع].

••• **یابی** مث. پانے یا حاصل کرنے کا عمل یا کیفیت یا حالت؛ (بطور لاحقہ مستعمل؛ جیسے: کام یابی، کم یابی، باریابی، دیر یابی وغیرہ).

یاترا (سک ت) مث.

۱. (لفظاً) جانا، آمد و رفت؛ (کنایۃً) دیوتاؤں کی یادگاروں اور

تیرتھوں کے مقامات وغیرہ پر زیارت کے لیے جانے کا عمل ، مقدس مقام کا پھیرا ، مذہبی مقام کا دورہ .

یاتری (سک ت)(الف) صف : امذ .
۱. مقام مقدس کی زیارت کو جانے والا ، تیرتھ کے لیے جانے والا ، زائر .
۲. سفر کرنے والا ، مسافر ، راہ رو ، سیاح . (ب) امث .مقدس مقام ، زیارت گاہ .

یا جوج (وع) امذ.
(لفظاً) فساد انگیز ، فسادی، بعض روایات کے مطابق یافت بن نوح کے دو بیٹے اور ان کی قوم و اولاد جو طوفان نوح کے بعد جن کا ذکر انجیل اور قرآن میں آیا ہے ، یہ دامن کوہ الطائی کے شمال میں جا کر آباد ہوئے تھے.

یاجوج ماجوج امذ. (لفظاً) فساد انگیز ، فسادی .بعض روایات کے مطابق یافت بن نوح کے دو بیٹے اور ان کی قوم و اولاد جو طوفان نوح کے بعد جن کا ذکر انجیل اور قرآن میں آیا ہے ، یہ دامن کوہ الطائی کے شمال میں جا کر آباد ہوئے تھے ، اس کی قوم اور اولاد بھی اسی نام سے موسوم تھی ، ان کے متعلق خیال ہے کہ یہ قرب قیامت میں خروج کریں گے .

یاد امث .
۱. قوتِ حافظہ ، یادداشت ، یاد رکھنے کی قوت ، کسی چیز کی قوتِ حافظہ میں محفوظ رہنے کی حالت ، حفظ ۲. کسی واقعے ، چیز یا نام وغیرہ کو حافظے میں دہرانے کا عمل ، گزری ہوئی باتوں یا لمحات کا تصور ؛ کسی شخص کا خیال ، تصور ، دھیان ۳. (تصوف) غیر حق کو فراموش کرنے اور مشغول بہ حق ہونے کی حالت ، تسبیح اور ذکرِ خدا کرنے کی حالت .

یاد الله/الٰہی امث .۱. یادِ خدا ، خدا کی عبادت ، بندگی ۲. سلام ، سلام علیک ؛ آزاد فقیروں کا سلام ۳. روشناسی ، شناسائی ، جان پہچان ، ملاقات ، واقفیت ، صاحب سلامت نیز معمولی شناسائی ، سرسری ملاقات .

یاد ایام / ایامے امث نیز فقرہ. گزشتہ زمانے کی حالت کی یاد ، گزرے ہوئے دنوں کا تصور یا خیال ؛ (گزشتہ زندگی کو یاد کرتے ہوئے مستعمل) .

یاد آنا محاورہ .۱.ذہن میں آنا ، خیال میں آنا ، خیال گزرنا ، کوئی بھولی بسری بات کا ذہن میں آجانا ؛ ہڑ کا ہونا ، ہڑک اٹھنا ، محبت کا جوش اٹھنا ۲. معلوم ہونا ، حقیقت کھلنا ، خبر ہونا ، احساس ہونا .

یاد آور صف. یاد دلانے والا ، خیال ، ذہن یا دل میں کوئی بھولی ہوئی بات پھر سے لانے والا ، (کوئی بات یا شے) جو کسی چیز کی یاد دلائے .

یاد آوری امث . یاد دلانے کا عمل یا حالت ؛ یاد کرنے کا عمل ، یاد فرمائی ، مزاج پرسی ، خیریت طلبی ، بھولی ہوئی چیز یاد کرنا .

یاد تازہ کرنا محاورہ .۱. گزری ہوئی باتوں کو خیال یا دھیان میں پھر سے لانا ، پرانی باتیں یاد کرنا ۲. کوئی ایسی بات یا حرکت کرنا کہ جس سے کوئی ملتا جلتا واقعہ یا بات یاد آجائے ؛ مثال بن جانا (بالخصوص بری) .

یاد تازہ ہونا محاورہ. بھولی ہوئی چیز کا ایک دم سے خیال آجانا ، گزری ہوئی بات کا ذہن میں آجانا ؛ کسی بھولی ہوئی بات کو یاد کرنا ؛ کسی چیز کا ذہن سے نہ نکلنا .

یاد جگانا محاورہ. یاد تازہ رکھنا .

یاد خدا امث .خداوند قدوس کا دھیان ، خدا کی حمد و ثنا ، خدا کی عبادت (کرنا کے ساتھ) .

یاد داشت امث .۱. یاد رکھنے کی قوت ، حافظہ ۲. وہ بات جو یاد رکھنے کے لیے لکھ لی جائے یا یاد رکھنے والی بات ۳. کاغذ یا بیاض وغیرہ جس میں یاد دہانی کے لیے کچھ لکھ لیا جائے ، نوٹ بک ، ڈائری ۴. گزشتہ حالات یا واقعات پر نکالا گیا رسالہ نیز دستاویز وغیرہ گزشتہ باتوں کی تحریر ، روداد ، وقائع ۵. یاد دہانی کی چٹھی ، تاکیدی دوسرا خط ۶. تفصیلی رپورٹ ؛ کارگزاری کی رپورٹ ۷. (کمپیوٹر) کمپیوٹر کا وہ حصہ جو فوری رسائی اور ضرورت کے لیے معلومات ذخیرہ کرتا ہے اسے میموری بھی کہتے ہیں .

یاد داشت کھونا محاورہ. حافظہ جاتا رہنا ، پچھلی باتیں بھول جانا ، کچھ یاد نہ رہنا .

یاد داشت لکھنا/ محفوظ ہونا ف مر. یادداشت رکھنا ، کوئی بات یاد رکھنے کے لیے لکھ لینا ، پرانی باتیں یاد رہنا .

یاد داشتیں امث : ج تحریریں ، روزنامچے .

یاد دلانا محاورہ. بھولی ہوئی بات کو یاد کرانا ، کسی بات کے لیے دوسری دفعہ کہنا یا لکھنا ، خیال کو تازہ رکھنا ، آگاہ کرنا ، جتانا .

یاد دہانی مث . یاد دلانے کا عمل ؛ کسی بھولی ہوئی بات کو یاد دلانے کا عمل ، رسمی طور سے دوبارہ یاد دلانے کا عمل اس خیال سے کہ سہو نہ ہوگیا ہو ، معمولی تقاضا .

یاد دہی مث . یاد دلانے کا عمل ، حالت یا کیفیت .

یاد رفتگاں مث : ج . گزرے ہوئے لوگوں کی باتیں ، مرحومین کا ذکر ، بچھڑے ہوئے لوگوں کا تذکرہ .

یاد رفتہ مث . (لفظاً) ماضی کا خیال ، عہد گزشتہ کی باتوں کا دھیان ؛ (کنایۃً) بھولی ہوئی بات .

یاد رکھنا ف مر . ۱. فراموش نہ کرنا ، بھول نہ جانا ، حافظے میں رکھنا ، دل سے محو اور سہو نہ کرنا . ۲. خیال رکھنا ، دھیان رکھنا ، کسی بات کی تاکید یا تنبیہ کرتے وقت بولتے ہیں .

یاد رہے فقرہ . ۱. دھیان میں رہے ، خیال رہے ، ذہن میں رہے . ۲. جتا دیتا ہوں اس کا بدلہ لے کر چھوڑوں گا ، سمجھوں گا ، سمجھ کر رہوں گا ، آج کی بات کو بھول نہ جانا .

یاد ستانا محاورہ . کسی چیز ، بات یا شخص کا دھیان شدّت سے آنا ، کسی کی یاد پر بے کل اور بے چین ہو جانا ، کسی چیز یا شخص کے بار بار خیال سے دل بے چین ہونا ، کسی چیز کی کمی محسوس ہونا .

یاد سے اُتر جانا/اُترنا محاورہ . دل سے محو ہو جانا ، دھیان سے نکل جانا ، خیال سے مٹ جانا ، بھول جانا .

یاد کر م ف . تاکیداً بھول نہ جا ، دھیان میں رکھ .

یاد کر کے م ف . کسی بات ، واقعے یا کسی شخص کا تصور کر کے ، کسی کا خیال ذہن میں لا کے ، کسی گزری ہوئی بات کو حافظے میں لا کے .

یاد کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. بار بار نام لینا ، رٹنا ، گھڑی گھڑی تذکرہ کرنا . ۲. خیال میں لانا ، بھولی ہوئی بات کو حافظے میں لانا ، گزرے ہوئے واقعات یا لوگوں کا خیال دل میں لانا ۳. ذہن نشین کرنا ، یاد رکھنا ؛ ازبر کرنا ، حفظ کرنا ۴. یاد فرمانا ؛ بلانا (عموماً) بادشاہ ، امیر یا کسی بڑے کا اپنے سے چھوٹے مرتبے والے کو طلب کرنا . ۵. پچھتانا یا انجام نہ بھولنا . ۶. کسی کی کسی خوبی کا خیال کرنا . ۷. تسبیح کرنا ، ذکر ، ورد کرنا . ۸. تاکیداً کہنا . ۹. موسوم کرنا ، نام رکھنا .

یاد کرو گے فقرہ . ۱. کبھی نہ بھولو گے ، یاد رکھو گے (عموماً استفہامیہ کے ساتھ) . ۲. پچھتاؤ گے ، ہاتھ ملو گے ، افسوس کرو گے ، یاد آئے گی

یاد گدگدانا محاورہ . کسی کا بار بار رہ رہ کر یاد آنا ، دل میں یاد اٹھنا .

یاد گُم گشتہ مث . کھوئی یا بھولی ہوئی چیز یا بات کا یاد آنا ، کسی فراموش کردہ بات یا چیز کا ذہن میں پھر سے تازہ ہو جانا ، کوئی بھولی ہوئی بات یا یاد .

یاد ماضی مث . گزرے ہوئے وقت اور اس کی باتوں کا خیال ماضی کا دھیان .

یاد میں م ف . دھیان میں ، خیال میں ، تصور میں .

یاد ہونا ف مر . ۱. حفظ ہونا ، ازبر ہونا ؛ معلوم ہونا ، بھول نہ جانا ۲. گمان گزرنا ، دھیان ہونا ، خیال آنا ، دل میں آنا ۳. یاد کیا جانا بلایا جانا ، طلبی ہونا ؛ نیز یہ پوچھنا کہ فلاں کہاں ہے ؟

یاد ہی رکھے گا / گی فقرہ . کبھی نہ بھولے گا/گی ، دھیان میں رکھے گا/گی (کسی بات کا بدلہ لینے کے لیے جتانے کے لیے بولتے ہیں

یاد ہے م ف . ۱. سوالیہ صورت میں تم بھول تو نہیں گئے یاد ہے جواب میں کہا جاتا ہے بھولے نہیں ہیں یاں یاد ہے . ۲. بہ خوبی معلوم ہے خوب جانتے ہیں ، ذہن پر چڑھا ہوا ہے ، خوب رواں ہے . ۳. (مجازاً) مہارت رکھنا ؛ کوئی کام یا ہنر جاننا . ۴. یاد فراموش کا جواب جو یہ کہہ کر دیا جاتا ہے کہ ہاں یاد ہے ایسی صورت میں جس سے بازی لگائی جاتی ہے وہ جیت جاتا ہے .

یادَش بخیر کلمہ . ۱. ذکر بخیر کا فارسی مرادف ، کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے بطور دعائیہ یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں یعنی ہم اس کا نام بھلائی سے لیتے ہیں اور اس کی ہر بلا سے حفاظت چاہتے ہیں ۲. اگر کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ اتفاق سے آ نکلے تو بھی یہ کلمہ بولتے ہیں .

یادگار (سک د) (الف) مث .

۱. وہ تحفہ یا وہ چیز جو کسی کی نشانی کی طور پر نیز ایسی کوئی چیز یا کوئی شخصیت وغیرہ جس کو دیکھ کر کسی کی یاد تازہ ہو ؛ نشانی ، آثار ، علامت ۲. یاد رکھنے کے لائق ، قابل یادداشت ؛ مراد : نہایت عمدہ ، شاندار

۳. وہ ادبی وفنی خدمت یا تصنیف جو کسی ادیب یا شاعر کی یاد کو باقی رکھے ؛ ادبی شہ پارہ ، علمی یا ادبی کام ۴. وہ عمارت وغیرہ جو کسی متوفی شخص کی خدمات کے صلے یا یاد میں بنائی جائے ، آثار الصنادید ، پرانی عمارتیں ؛ جیسے : مینار ، لاٹھ ، مقبرہ ، عمارت وغیرہ . (ب) صف : اند .
۱. یاد رکھنے والا ، ذہن میں محفوظ رکھنے والا ۲. (مراد) اولاد ، بیٹا ، فرزند ؛ جانشین ۳. مراد : ہم شکل .

یادگار بنانا ف مر. عمارت یا کوئی اور چیز کسی شخص کی خدمات کے صلے میں یا اس کو یاد رکھنے کے لیے تعمیر کرنا ، کسی کے نام پر عمارت تعمیر کرنا نیز ایسا کام کرنا جو محفوظ رہ جائے ، نہایت عمدہ کام کرنا .

یادگار چھوڑنا محاورہ. کوئی چیز نشانی کے طور پر چھوڑ جانا ، کوئی قابل ذکر کارنامہ ، تعمیر ، خدمت نیز اولاد یا وہ چیز چھوڑ جانا جس کو دیکھ کر زمانہ اس شخص کو یاد رکھے .

یادگار دن اند. کسی خاص واقعے یا اہم بات سے منسوب دن ، دن جو کسی خاص وجہ سے یاد رکھا جائے .

یادگار رہنا ف مر. کسی بات یا چیز کا یاد یا نشانی کے طور پر باقی رہنا ، ذہن یا دنیا میں نشانی یا آثار کے طور پر قائم رہنا .

یادگار زمانہ صف. ہمیشہ یا ہر زمانے میں یاد رکھا جانے والا ، ناقابل فراموش (کوئی کام ، چیز یا شخص وغیرہ) ، نیز کسی خاص عہد کی نشانی .

یاد گار قائم کرنا محاورہ. کوئی عمارت یا ادارہ وغیرہ نشانی یا یاد تازہ رکھنے کے لیے تعمیر کرنا ، یادگار بنانا .

یادگاری (سک د) (الف) امث .
۱. یاد ، خیال ، دھیان ۲. نشانی ، علامت ، آثار ۳. (لفظاً) نشانی ؛ (مجازاً) اولاد . (ب) صف. یاد رکھنے کے قابل ، نہ بھولنے والا / والی ، ناقابل فراموش .

یادگاری ٹکٹ اند. ڈاک کا ٹکٹ جو کسی خاص شخص یا ادارے یا واقعے کی یاد میں (عموماً اس کی تصویر کے ساتھ) جاری کیا جائے .

یادیں (ی ع) امث : ج.
یاد کی جمع ؛ تراکیب میں مستعمل .

یادیں تازہ کرنا / ہونا محاورہ. یاد تازہ کرنا ؛ کسی اچھی بات یا روایت کو زندہ کرنا ، کسی تاریخی یا پرانی بات یا عمل کو دوبارہ کرنا ، جس سے پچھلے واقعات یاد آجائیں نیز پرانی باتیں دہرانا ، پرانی باتوں کا تذکرہ کرنا .

یادیں وابستہ ہونا محاورہ. کسی چیز یا شخص سے پرانی باتیں اور قصے منسلک ہونا .

یار صف : اند.
۱. دوست ، ہم صحبت ، ہم نشین ، ساتھی ، سنگی ۲. مددگار ، حمایتی ۳. معشوق ، محبوب ، صنم ، سجن ، پیارا ، من موہن ۴. کسی بے تکلف دوست سے نیز خود سے خطاب کا کلمہ .

یار آشنا اند. دوست ، محبوب ، یار دوست .

یار باش صف : اند. ۱. وہ شخص جو بہت سوں سے یارانہ اور ربط واتحاد رکھتا ہو ، جس کا حلقہ احباب وسیع ہو ، دوست دار ، خوش طبع ۲. نہایت بے تکلف ، کلا ڈلا شخص نیز عیاش ، تماش بین .

یار زندہ (اور) صحبت باقی کہاوت. اگر دوست زندہ ہے تو صحبت باقی ہے ، بالعموم کسی صحبت یا جلسے کے اختتام پر یہ کہا جاتا ہے اور اس سے مراد ہوتی ہے کہ زندگی رہی تو پھر ملاقات ہوگی .

یار غار (الف) اند. ۱. مراداً : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ، سچا ، دوست ۲. اصحاب کہف ، وہ ساتوں یار جو دقیانوس بادشاہ ظالم و کافر کے خوف سے بھاگ کر ایک غار میں جا چھپے تھے ، (قرآن کریم میں یہ قصہ سورۂ کہف میں درج ہے) (ب) صف. یار صادق ، گہرا دوست ، پکا دوست ، مخلص دوست ، خیر خواہ ، رفیق و ہمدم .

یار کرنا محاورہ. ۱. دوست بنانا ، یار بنانا ؛ کسی کو اپنے ڈھب پر لانا یا موافق بنانا ۲. آشنا کرنا ، ڈھگڑا بنانا ، آنکھ لگانا ، آشنائی کرنا .

یار کی یاری سے کام اُس کے فعل (... فعلوں) سے کیا کام / کیا واسطہ کہاوت. دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے افعال سے کیا مطلب ، یہ مثل دوست کے عیبوں کا خیال نہ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں .

یار لوگ (الف) اند : ج. ۱. عیار دوست ، چالاک لوگ ۲. دوست احباب ، ملنے والے ، آشنا . (ب) بطور ضمیر. بجائے ہم یا میں .

یار و مددگار صف : اند. ۱. حمایت کرنے والا ، مدد کرنے والا ، مشکل میں ساتھ دینے والا ، پشت پناہی کرنے والا ؛ ہاں میں ہاں ملانے والا . ۲. جس پر بھروسا کیا جاسکے ، قابل اعتماد شخص .

یار ہو جانا/ ہونا محاورہ. دوست ہونا ، یار بن جانا ، دوستی کرنا ؛ صحبت اختیار کرنا ؛ ڈھب پر لگ جانا ، موافق ہو جانا.

۰۰۰ یار (۲) لاحقۂ صفت.
بطور لاحقۂ صفت مرکبات میں مستعمل بمعنی صاحب ، مالک ، فرماں روا ؛ جیسے : شہریار ، بختیار ، ہوشیار .

یارا (الف) اند.
جرأت ، جسارت ، طاقت ، تاب ، مجال ، قوت ، توانائی ، حوصلہ ، ہمت .
(ب) (ندائیہ). اے یار ، اے دوست .

یاران/ یاراں اند ؛ ج.
یار کی جمع ، دوست ، احباب .

یاران تیزگام اند ؛ ج. تیز چلنے والے احباب ، دوستانِ تیز قدم ، تیز رفتار ساتھی ؛ (مجازاً) دنیا دار لوگ .

یاران رفتگاں اند ؛ ج. یارانِ رفتہ ؛ دنیا سے گزرے ہوئے دوست ، احباب .

یاران رفتہ اند ؛ ج. مردے ، مرے ہوئے لوگ ، بچھڑے ہوئے دوست احباب ، گزرے ہوئے لوگ ، مرحومین ، مرحوم اعزا و اقربا .

یاران طریقت اند ؛ ج. ۱. ایک مسلک کے لوگ ، اہلِ طریقت ، درویش ، ہم مشرب لوگ ، یار دوست .۲. ہم سفر دوست ، وہ لوگ جو قافلے کے ہمراہ ہوں .

یاران وطن اند ؛ ج. ایک ہی دیس کے لوگ ، ہم وطن ؛ (مجازاً) جان پہچان والے لوگ .

یارانہ (فت ن) اند.
دوستی ، آشنائی ، محبت ، اتحاد ، تعلقات .

یارائی امث .
طاقت ، توانائی ، قدرت ، تاب ، مجال ، ہمت .

یارڈ (سک ر) اند.
۱. گز ، لمبائی ناپنے کا پیمانہ ، درعہ ، تین فٹ یا ۳۶ انچ کے برابر ، میل کا ۱۷۶۰ واں حصہ .۲. احاطہ ، صحن ، باڑا ، زمین کا ایک ٹکڑا جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص ہو ، کام کرنے کا احاطہ . [انگ] .

یارو (وَمع) حرف ندا.
اے دوستو ، اے محبو ، اے ہم دمو ، دوستوں کو مخاطب کرنے کا کلمہ (اُردو کا قاعدہ ہے کہ جب کوئی اسم جمع منادیٰ ہوتا ہے تو وہاں نون کو گرا دیتے ہیں) .

یاروں (وَمع) (الف) اند.
دوستوں ، محبوں ، آشناؤں ، لوگوں ، کی جمع نیز مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل . (ب) ضمیر. کبھی یہ بے تکلفی کی گفتگو میں بطور ضمیر متکلم بھی مستعمل ہوتا ہے ؛ جیسے : ہم ، میں وغیرہ .

یاروں کا مال اند. مالِ مفت ، بغیر محنت کے حاصل کی ہوئی چیز دوستوں کی ملکیت .

یاروں کا یار صف. دوستوں سے دوستی نبھانے والا ، دوستوں دوست ؛ دوستوں کا شریک حال ؛ ہر ایک کے موافق ، ہر ایک ساتھی ، دوستوں کا ساتھی ، سب کا ہم راز ، بڑا یار باش ، ملنسار .

یارَہ (۱) (فت ر) اند.
۱. کڑا ، کنگن ؛ کلائیوں کے ایک زیور کا نام .۲. قوت ، (یارا) .۳. دلیر آدمی ، بدتمیز آدمی ، ضرورت ، ضروری چیز ؛ مجبوری .۵. ٹیکس . [ف]

یارَہ (۲) (فت ر) اند.
دوست ، پیارا دوست ، محبوب دوست .

یاری (۱) امث .
۱. دوستی ، آشنائی ، اتحاد ، اخلاص ، ربط و ضبط ، اُنس ، الفت .۲. ساتھ صحبت .۳. مدد ، معاونت ؛ مددگاری ، دست گیری ، تائید ، اعانت حمایت .۴. حصہ جو یار سے اس کے کھانے کی چیز میں سے مانگا جائے

یاری دوستی امث . ربط ضبط ، یارانہ ، اتحاد و ارتباط ، آشنائی .

یاری (۲) امث .
ہمت ، طاقت ، قوت ؛ زور .

۰۰۰ یاری لاحقہ.
بطور لاحقۂ صفت مستعمل .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

یازْدَہ (سک ز، فت ج د) صف.
گیارہ، (۱۱) دس اور ایک، ایک اوپر دس، دس اور ایک کا مجموعی عدد. [ف].

یازْدُہم (سک ز، فت د، ضم ہ) صف.
گیارھواں، یازدہ سے نسبت رکھنے والا. [ف].

یاس مث.
۱. ناامیدی، مایوسی، حرمان، نراشا، حسرت. ۲. خوف، دھڑکا، اندیشہ، خطرہ، ڈبکا. ۳. وہ عمر جس میں عورت کو حیض آنا بند ہو جاتا ہے؛ عورت کی ادھیڑ عمری، بڑھاپے کا آغاز، سنِ یاس. [ع].

یاس انگیز صف. مایوسی اور ناامیدی پیدا کرنے والا، افسردگی اور خوف و اندیشہ اُبھارنے والا.

یاس پسندی مث. مایوسی اور افسردگی سے رغبت رکھنے کی حالت، ناامیدی.

یاس و امید مث. امید و ناامیدی کی ملی جلی کیفیت.

یاسِر (کس س) (الف) مذ.
طرف چپ، بائیں طرف نیز جواری، قمار باز؛ ایک نام. (ب) صف.
۱. آسان، ہم راز، ملائم. ۲. تقسیم کرنے والا. [ع].

یاسَمَن (فت نیز کس نیز سک س، فت نیز کس م) مث.
سفید اکہری پتیوں کا بھینی خوشبو والا پھول، چنبیلی، یاسمین.

یاسْمِین (فت نیز سک س، ی مع) مث.
دیکھیے: یاسمن. [ف].

یاسِیَت (سک نیز کس س، فت ی) مث.
یاس کا اسم کیفیت، مایوس ہونے کی کیفیت، قنوطیت. [ع].

یاسِین (ی مع) مث :- یاسیں، یسین.
یٰس کا تلفظ (لفظاً) اے سید، یا سید البشر یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم. ۲. قرآن مجید کی چھتیسویں سورت، لفظ "یٰسین" کا شمار حروف مقطعات میں ہوتا ہے جس کے معنی اسرار وحی سے تعلق رکھتے ہیں علمائے کرام نے "یٰسین" سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی مراد لی ہے عام طور پر جاں بلب مریض کے سرہانے اس کی تلاوت کی جاتی ہے تاکہ جاں کنی کی تکلیف کم ہو. [ع].

یاسین پڑھنا ف مر؛ محاورہ. حالت نزع اور موت کے وقت سورۂ یاسین پڑھنا، جاں بلب مریضوں کے سامنے سورۂ یٰسین کی تلاوت کرنا تاکہ جان آسانی سے نکل جائے؛ پیغام موت سنانا.

یاسین دم کرنا محاورہ. سورۂ یاسین پڑھ کر کسی پر پھونکنا.

یاسین سنانا ف مر؛ محاورہ. جاں بلب مریض کے سامنے سورۂ یٰسین پڑھنا تاکہ آسانی سے دم نکل جائے؛ اشارہ کرنا کہ موت قریب ہے، پیغام موت سنانا.

یافت (سک ف) مث.
۱. پانے کا عمل؛ آمدنی، فائدہ، منافع، کمائی. ۲. بالائی آمدنی، منفعت، رشوت، پیدا. ۳. دریافت، نئی چیز کا انکشاف، ظہور، نمود. ۴. دستوری، کمیشن، بندھیج. [ف].

یافت ہونا ف مر. ۱. حاصل ہونا، آمدنی یا کمائی ہونا، فائدہ ہونا؛ ظاہر ہونا.

یافتگی (سک ف، فت ت) مث.
حاصل ہونے کا عمل، پانے کی حالت یا کیفیت (عموماً بطور لاحقہ مستعمل).

••• **یافتہ** (سک ف، فت ت) (الف) صف نیز لاحقہ.
پایا ہوا، حاصل کیا ہوا (خصوصاً مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل؛ جیسے: سزا یافتہ، سند یافتہ). (ب) مذ. وارد شدہ شخص؛ تلاش کرنے والا؛ حصول، تحصیل؛ وصولی، وصول یابی؛ محصول یا لگان سے استثناء کا استحقاق؛ ایک بوٹی کا نام.

یاقُوت (و مع) مذ.
۱. ایک قسم کا قیمتی پتھر جو سرخ، نیلا، زرد یا سفید رنگ کا ہوتا ہے، کہیں کہیں سیاہ بھی پایا گیا ہے لیکن سرخ رنگ کا سب سے بہتر سمجھا جاتا ہے، لعل، پنا، مانک، لالڑی، چنی. ۲. ایک قسم کا پلاؤ جس کے چاول سرخ ہوتے ہیں. ۳. خلیفہ معتصم باللہ خلفائے عباسیہ کا غلام جو خوش نویسی میں ید طولیٰ رکھتا تھا. [ف].

یاقوت رنگ صف. یاقوت کے رنگ کا (کنایۃً) سرخ.

یاقُوتی (و مع) (الف) صف.
۱. یاقوت سے نسبت رکھنے والا، یاقوت سے متعلق نیز یاقوت سے

مزین ، جس میں یاقوت جڑے ہوں . (ب) امث (اند) .۱. ایک قسم کی مقوی معجون جس کا جزوِاعظم یاقوت ہے یہ دماغ اور دیگر اعضائے رئیسہ کے لیے قوت بخش خیال کی جاتی ہے .۲. ایک قسم کا عمدہ پکوان .

یاں م ف.
یہاں کا مخفف (زیادہ تر شعروں میں استعمال ہوتا ہے)، اس جگہ.

یاں تک م ف. یہاں تک ، اس قدر ؛ اس حد تک بھی.

یاوَر (فت و) صف ؛ اند.
۱. مدد کرنے والا ، حمایتی ، حامی ، معاون ، دست گیر ، مددگار (مجازاً) دوست ، یار ، ساتھی .۲. پانے والا ، کامیاب ، فتح مند ؛ (مجازاً) خوش نصیب .۳. (مجازاً) خدا تعالیٰ . [ف].

یاور ہونا محاورہ. مددگار ہونا ، حمایتی ہونا نیز ساتھی یا دوست ہونا.

یاوَری (فت و) (الف) امث.
۱. مدد ، معاونت ، دست گیری ، اعانت ، تائید ، کمک ، حمایت ، رہنمائی ، سہارا ؛ باطنی امداد جو خدا کی طرف سے ہو .۲. فتح مندی ، کامیابی ؛ طاقت ، توانائی ؛ زخم . (ب) اند. گروہ ، جماعت ؛ (خصوصاً) منصب دار سپاہیوں کا گروہ نیز ایک خطاب ، کمکی .

یاوری کرنا محاورہ .۱. مدد کرنا ، مددگار ہونا ، ساتھ دینا .۲. (قسمت کا) سازگار ہونا ، حالات کا موافق ہونا ، اچھا ہو جانا (عموماً قسمت کے ساتھ مستعمل).

یاوَہ (فت و) صف.
بے ہودہ ، لغو ، نامعقول ، فضول ، بے معنی ، پوچ ، لچر ، بعیدالقیاس . [ف].

یاوہ سرا صف. بے ہودہ بکنے والا ، بکواس کرنے والا ، فضول گو .

یاوہ گوئی امث. بے ہودہ یا فضول باتیں کرنے کا عمل ، واہیات ، بکواس ، لغویات ، ہرزہ سرائی .

یاہُو (و مع) اند.
۱. خداوند تعالیٰ کا اسم .۲. اے خدا ، فقیروں ، قلندروں اور مجذوبوں وغیرہ کا نعرہ جو خدا کی یاد میں لگاتے ہیں . [ع].

یاہُوت (و مع) اند.
(تصوف) معرفت و سلوک کے مقامات و منازل میں سے چھٹا درجہ [ع].

یُبُوسَت (ضم ی ، و مع ، فت س) امث.
۱. خشکی (مزاج ، موسم وغیرہ کی) ، سوکھا پن ، روکھا پن ، رکھائی . ۲. (طب) قبض .۳. (کنایۃً) بے لطف ہونے کی حالت یا کیفیت ، دلچسپی سے خالی ہونے کی حالت ؛ بے مزگی ، بے ذوقی نیز تقشف . [ع].

یَتامیٰ (فت ی ، اشکل ی) صف مذ ؛ ج.
بہت سے یتیم ، بے ماں باپ کے بچے ، یتیم لڑکے اور یتیم لڑکیاں . [ع].

یَتیم (فت ی ، ی مع) صف ، اند.
۱. (لفظاً) تنہا رہ جانے والا یا ایسا شخص جس کی طرف سے غفلت برتی جائے ، اکیلا ، لاوارث ، بے آسرا .۲. (بچہ) جس کی ماں یا باپ یا دونوں مرگئے ہوں ، بے پدر ، اناتھ ؛ بن باپ کا بچہ .۳. بڑا آب دار موتی جو سیپی میں اکیلا ہوتا ہے ، نہایت قیمتی جواہر ؛ نہایت قیمتی موتی ؛ (عموماً کوئی جواہر پارہ) بے نظیر ؛ یکتا ، بیش قیمت .۴. (مجازاً) عظیم ترین شخص ، یکتا اور بے مثل شخص ؛ مراد : آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم . [ع].

یتیم خانہ اند. یتیم بچوں کے رہنے کی جگہ یا عمارت ، بے پدر و بے مادر بچوں کا مسکن .

یتیم و یسیر صف ؛ اند. وہ جس کے ماں اور باپ کا انتقال ہو چکا ہو ، بن ماں باپ کا بچہ یا شخص .

یتیم ہونا ف مر. بن باپ کا ہونا ، باپ کا سر سے اٹھ جانا ، لاوارث ہونا ، بے پدر و بے سہارا ہونا .

یَتیمانَہ (فت ی ، ی مع ، فت ن) صف.
یتیموں جیسا ، لاوارثوں کی طرح کا ، بے آسرا .

یَتیمی (فت ی ، ی مع) امث.
یتیم ہونے کی حالت ، بے پدری کا عالم ، عالم بے وارثی ؛ بے سروسامانی ، بے آسراپن ، لاوارثی .

یَثْرِب (فت ی، سک ث، کس نیز فت ر) اند.
۱. (لفظاً) خارزار، ویرانہ. ۲. مدینہ منورہ کا قدیم نام (جس کا استعمال اہل ایمان کو ممنوع قرار دے دیا گیا)، عرب کے ایک مقدس شہر کا نام. [ع].

یَحْیٰی (فت ی، سک ح، ا بشکل ی) اند.
(لفظاً) جیتا ہے، زندہ ہے؛ ایک پیغمبر کا نام جو حضرت عیسیٰؑ کے آنے کی خوش خبری لائے تھے. [ع].

یَخ (فت ی) (الف) امث.
۱. (i) جما ہوا پالا، پانی جو سردی سے جم جائے، قدرتی برف، آسمانی برف جو بارش کی طرح برستی ہے. (ii) پانی کو ٹھنڈا کر کے جمائی گئی برف. ۲. (قدیم) موسم سرما. (ب) صف. نہایت سرد، بہت ٹھنڈا، برف کی مانند سرد. (ج) امث. ٹھنڈک. [ف].

یخ آلود صف. ۱. برف سے لتھڑا ہوا یا ڈھکا ہوا، برف کی طرح جما ہوا نیز جس پر برف جم گئی ہو. ۲. (مجازاً) سرد مہری والا، بے رخی پر مبنی.

یخ بست / بستہ صف. ۱. سردی سے برف کی طرح جما ہوا، برفیلا، برف سے ڈھکا ہوا، منجمد؛ (کنایۃً) نہایت سرد، بہت ٹھنڈا. ۲. (مجازاً) افسردہ، بجھا ہوا، اُداس.

یخ ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. نہایت ٹھنڈا ہونا، بہت سرد پڑ جانا. ۲. بے حس ہونا، کسی چیز کی حس نہ رہنا، (جذبات) سرد پڑ جانا.

یَخْنی (فت ی، سک خ) امث.
گوشت اور گڈیوں کا اتنا اُبالا ہوا پانی کہ گوشت اور گڈیوں کا ذائقہ اس میں آ جائے، اُبالے ہوئے گوشت کا پانی جو لہسن، پیاز، دھنیا، نمک وغیرہ ڈال کر پکایا جاتا ہے، اکثر لوگ بیماری میں مریضوں کو طاقت کے لیے بھی پلاتے ہیں. [ف].

یخنی پلاؤ اند. بغیر مسالے کا وہ پلاؤ جس میں خوشبو کے لیے معمولی گرم مسالا ڈالا جاتا ہے، قلیہ پلاؤ، گوشت کے اُبالے ہوئے پانی میں پکے ہوئے چاول (قورمہ پلاؤ کا نقیض).

یَد (فت ی) اند.
۱. بازو کا وہ حصہ جو کلائی سے نیچے ہوتا ہے اور جس میں ہتھیلی، انگلیاں اور انگوٹھا شامل ہیں، ہاتھ، کف، دست. ۲. قبضہ (Possession). ۳. مدد، تعاون؛ تحفظ، حمایت. ۴. طاقت، قوت. [ع].

یَدُاللہ اند. ۱. خدا کا ہاتھ؛ مراد: اللہ کی ذات، اللہ کی قدرت. ۲. (کنایۃً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب.

ید بیضا اند. (کنایۃً) معجزہ، خرق عادت، کرامت.

یدطولیٰ اند. (لفظاً) لمبا ہاتھ، دستِ طویل؛ (کنایۃً) دسترس، کمال مہارت، زبردست ملکہ.

یدِ قدرت اند. قدرت کا ہاتھ؛ (کنایۃً) خدا تعالیٰ کی شان اور طاقت، خدا کی قدرت، خدائی کام.

یُدّھ (ضم ی، شد نیز بلا شد دھ) اند.
لڑائی، جنگ، جدھ، معرکہ، جھگڑا. [س].

یدھ لڑنا ف مر. جنگ کرنا، لڑائی لڑنا.

یَراق (فت ی) اند.
گھوڑے کا سازوسامان آرائش، گھوڑے پر لگانے یا سجانے کا سامان. [ف].

یَرْغَمال (فت ی، سک ر، فت غ) اند.
۱. دو بادشاہوں میں صلح ہونے پر فاتح مفتوح کے بچوں یا قریبی رشتہ داروں کو بطور ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا تھا کہ پھر فساد نہ کرے، ضمانت. ۲. وہ شخص جسے شرائط منوانے کے لیے بطور ضمانت قید رکھا جائے. [ت].

یرغمال ہونا ف مر. ۱. کسی کے قبضے میں ہونا، قید ہونا. ۲. کسی دوسرے کی تحویل میں چلا جانا، کسی دوسرے کے قبضے میں ہونا.

یَرْغَمالی (فت ی، سک ر، فت غ) اند.
شرائط یا مطالبات منوانے کے لیے تحویل میں لیا ہوا فرد یا افراد؛ قیدی.

یَرْقان (فت ی، سک نیز فت ر) اند.
(طب) خون میں صفرا کی زیادتی کے سبب یا جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والا مرض جس میں تمام جسم عموماً اور دونوں آنکھیں اور چہرہ خصوصاً زرد ہو جاتا ہے اور پیشاب تک زرد آتا ہے، پیلیا (ع).

یرقان زدہ صف. جسے یرقان ہوگیا ہو نیز یرقان کے رنگ کا، پیلا، زرد رو.

یَرقانی (فت ی، سک ر) صف؛ اند.

ا. جو یرقان میں مبتلا ہو، یرقان کا مریض. ۲. زرد رنگ، پیلا؛ (مجازاً) خزاں رسید. ۳. یرقان سے متعلق یا منسوب، یرقان والا؛ (کنایۃً) بیمار، غیر صحت مند.

یَزداں (فت ی، سک ز) (الف) اند.

پارسیوں کے عقیدے کے مطابق اچھائیوں کا کرنے والا خدا، اہرمن کی ضد؛ خدا؛ خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام. (ب) مث. قدرتِ کاملہ؛ قادرِ مطلق ہونے کی حالت. [ف].

یزداں پاک اند. خدا، اللہ تعالیٰ.

یَزدانی (فت ی، سک ز) اند.

ا. مراد: یزداں، خدا. ۲. خدا پرست، رحمانی نیز آتش پرست یا پارسی لوگ جو ایک خیر کا اور دوسرا شر کا خالق مانتے ہیں وہ لوگ پہلے کو یزداں اور دوسرے کو اہرمن کہتے ہیں.

یَزید (فت ی، ی مع) اند.

ا. امیر معاویہ کا بیٹا اور جانشین جس نے خلافت کا دعویٰ کر کے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شمر ذوالجوشن کے ہاتھ سے شہید کرایا تھا. ۲. یزید کی طرح تکلیف دینے والا شخص، ظالم آدمی؛ مراد: رقیب، دشمن، سنگ دل، بے رحم. [ع].

یَزیدی (فت ت، ی مع) (الف) صف.

یزید سے منسوب، یزید بن معاویہ جیسا، یزید کا ساتھی؛ (کنایۃً) سفاک، بے رحم شخص نیز یزید کے پیروکار، یزید جیسے. (ب) مث. یزید کا کام یا حرکت، سنگ دلی، بے رحمی، سفاکی.

یَسار (فت ی) (الف) اند.

ا. بایاں ہاتھ (یمین کی ضد). ۲. بائیں جانب، جانب چپ، بائیں طرف، اُلٹے ہاتھ کی طرف. ۳. لشکر کا بایاں بازو، فوج کا دستہ یا سپاہیوں کی ٹولی جو میدان جنگ میں بائیں طرف ہوتی ہے اور حکمت عملی کے تحت بائیں طرف سے حملہ آور ہوتی ہے، میسرہ. (ب) صف. بایاں (ہاتھ)، بائیں طرف کا. [ع].

یَسَع (فت ی، س) اند:- الیسع.

حضرت عیسیٰؑ کے چچا زاد بھائی جو اُن کے آسمان پر جانے کے بعد پیغمبر مقرر ہوئے، وہ پانی پر چلتے اور اندھوں اور کوڑھیوں کا علاج کرتے تھے. [علم].

یَسُوع (فت ی، و مع) اند.

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک نام. [علم].

یسوع مسیح اند. حضرت عیسیٰ علیہ اسلام جنھیں خدا نے مردے زندہ اور اندھے اور کوڑھی کو چھو کر اچھا کردینے کا معجزہ عطا کیا تھا اور وہ مسیح کے لقب سے مشہور ہوئے.

یٰسین / یٰسٓ (مد ی، ی مع) (الف) اند.

ا. تلفظ یا سین، قرآن مجید کی ایک مکی سورت کا نام، حروف مقطعات میں سے ایک. ۲. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک اسم گرامی (ب) حرف ندا. اے انسان، اے شخص نیز سید البشر. [ع].

یٰسین/یٰسٓ پڑھنا ف مر. ا. نزع کے وقت سورۂ یٰسین سنانا (تاکہ روح نکلنے میں آسانی ہو). ۲. سورۂ یٰسین کو بطور حاجت یا بطور وظیفہ پڑھنا

یَشب (فت ی، کس نیز سک ش) اند.

ایک قیمتی پتھر جو مائل بہ سبزی ہوتا ہے، سنگ سلیمانی، سنگ مردار کی ایک قسم، عموماً سرخ، زرد یا بھورا نگینہ، یشم (انگ: Jasper). [ف].

یَعسُوب (فت ی، سک ع، و مع) اند.

ا. شہد کی مکھیوں کی ملکہ؛ نر شہد کی مکھی، شہد کی مکھیوں کا سردار. ۲. قوم کا سردار، رہنما، بادشاہ. ۳. (کنایۃً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ.

یَعقُوب (فت ی، سک ع، و مع) اند.

ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام، بنی اسرائیل قوم کے جدِ اعلیٰ جنھیں اسرائیل (یعنی اللہ کا بندہ) بھی کہتے ہیں.

یَعنی (فت ی، سک ع) م ف.

ا. مراد یہ ہے کہ، مطلب یہ ہے، (کسی بات کی توضیح کے لیے مستعمل). ۲. کیونکہ، اس لیے کہ.

یعنی چہ فقرہ. کیا معنی، اس کا مطلب ہے، کیا مراد ہے، کیوں، کس وجہ سے، کس لیے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

یَغُوث (فت ی، و مع) اند.
۱. (لفظاً) فریاد رسی، فریاد کو پہنچنے کا عمل .۲. ایک بت کا نام جو قوم نوحؑ میں پوجا جاتا تھا اور شیر درندے کی صورت کا تھا اور اس کے ماننے والوں کے مطابق یہ مظہر داد رسی اور مشکل کشائی کا بت تھا. [ع].

یَقِین (فت ی، و مع) اند.
۱. وہ اعتبار یا اعتماد جو کسی کے شک ڈالنے سے زائل نہ ہو، بھروسا، اطمینان؛ اعتقاد، ایمان؛ پکا عقیدہ .۲. بلاشبہ، بلاشک، ضرور، ٹھیک، تحقیق، درست، سچ .۳. (تصوف) خدا کی ذات پر ایسا کامل یقین گویا سالک خود خدا کو دیکھ اور محسوس کر رہا ہو. [ع].

یقین اٹھ جانا/ اٹھنا اند. اعتماد نہ رہنا، بھروسا نہ رہنا، اعتبار ختم ہو جانا.

یقین آنا ف مر. اعتبار آنا، بھروسا ہونا.

یقین دہانی مت. اعتبار دلانے کی حالت یا عمل، سچ ثابت کرنے کی حالت.

یقین رکھنا ف مر؛ محاورہ. سچ جاننا، اعتبار کرنا، سچ ماننا، تسلیم کرنا.

یقین کامل اند. مکمل اعتماد اور بھروسا، راسخ عقیدہ، مکمل تیقن.

یقین کرنا ف مر. اعتبار کرنا، سچ ماننا، ٹھیک اور درست خیال کرنا، کسی بات کو بالکل صحیح سمجھنا.

یقین محکم صف. پختہ اعتماد، پکا بھروسا.

یقین ہو جانا/ ہونا ف مر؛ محاورہ. اعتبار آنا، اطمینان ہونا، باور آنا، کسی بات کا پورا بھروسا ہونا.

یقین ہے کہ فقرہ. اس بات کا اعتبار ہے، اس پر اعتماد ہے، یہ امر قابل اطمینان ہے کہ.

یَقِیناً (فت ی، ی مع، تن ن بفت) م ف.
از روئے یقین، بالضرور، ضرور، بے شک، بلاشبہ.

یَقِینی (فت ی، ی مع) صف؛ م ف.
بے شبہ، شک سے مبرا، یقین کیا ہوا، لازمی، ضروری، شک و شبہ سے بالاتر، بالضرور، بلاشبہ، بالتحقیق، البتہ. (ب) مت. یقین؛ قطعیت؛ سچ.

یَک (۱) (فت ی) (الف) اسم عدد.
ایک، واحد. (ب) صف. اکیلا، تنہا، فرد.

یک انار (و) صد بیمار کہاوت. دیکھیے: ایک انار سو بیمار، چیز تھوڑی اور ضرورت مند زیادہ نیز اس وقت بھی مستعمل جب کسی ایک شخص کو بہت سے لوگ چاہنے لگیں.

یک بار/ یکبار صف. ۱. ایک بار، ایک دفعہ، ایک مرتبہ .۲. دفعتاً، ناگہاں، اچانک.

یک بارگی/ یکبارگی م ف. ۱. یکا یکی، ایک دفعہ ہی؛ ایک دم، فوراً، یکا یک، اچانک؛ ناگہاں، دفعتہً .۲. کل کا کل، سب کا سب، یک مشت.

یک بستگی مت. ایک ساتھ بندھے ہونے کی حالت، ایک ہی سلسلے کی کڑی، مختلف پہلوؤں کا باہم مربوط ہونا، کسی نقطے پر اکٹھا ہونا؛ مراد: ہم آہنگی.

یک بہ یک/ بیک م ف. یک بارگی؛ دفعتہً، یکا یک، ناگہاں، یک مشت، ایکا ایکی، اچانک، معاً، فوراً، متواتر .۲. ایک ایک کر کے، ایک کے بعد ایک.

یک پیری و صد عیب کہاوت. بڑھاپا سو برائیوں کی ایک برائی، ایک ضعیفی اور سیکڑوں بیماریاں.

یک جا م ف (الف)؛ - یکجا. ایک مقام پر، ایک ساتھ مل کر، باہم، اکٹھے. (ب) اند. ایک جگہ؛ دوست.

یک جان صف؛ اند؛ - یکجان. ۱. (i) (لفظاً) ایک دل .۲. (کنایۃً) یکساں، نہایت، آمیختہ، خوب ملا ہوا .۳. ہم آہنگ، ہم رنگ .۴. اکٹھا، ایک ساتھ، متحد.

یک جان (و) دو قالب صف؛ اند. ۱. یکساں، نہایت آمیختہ، ملا ہوا، ایک دوسرے میں مدغم .۲. جگری دوست، ہم راز، نہایت گہرے دوست.

یک جان ہو جانا/ ہونا محاورہ. نہایت آمیز ہونا، مل جانا، یکساں ہو جانا.

یک جائی مت؛ - یکجائی. ایک جگہ یا ایک ساتھ رہنے کی حالت، ملا جلا ہونے کی حالت، اکٹھے ہونا؛ (مجازاً) دوستی، ربط ضبط.

یک جہت صف؛ - یکجہت. ۱. ایک جہت کا، متفق، متحد، متفق الرائے، ہم آہنگ .۲. یک دل، سچا؛ مخلص .۳. یک سمتی، یک رخا، ایک موضوع یا اسلوب کا حامل نیز محدود، معین.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، مت = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

یک دم صف ؛ ~ یکدم. ایک سانس کا ؛ (مجازاً) بے ثبات ، فانی (غیر مستعمل) . (ب) م ف . ۱. بے توقف ، فوراً ، متواتر . ۲. ایک دم ، اچانک ؛ فی الفور ، اسی وقت .

یک رنگ (الف) صف : اند . ۱. ایک رنگ ؛ سچا ، بے ریا ، مخلص ، ظاہر و باطن کا یکساں ، صاف دل ، صادق ، بے نفاق نیز (مجازاً) وحدت پسند . ۲. ایک رنگ کا ، ایک وضع یا ایک انداز کا ، ایک روش پر چلنے والا . (ب) م ف . بالکل ، سراسر .

یک رنگی امث ؛ ~ یکرنگی. ایک رنگ یا طرح کا ہونے کی حالت ؛ (مجازاً) ، یکجہتی ، اتحاد ؛ یکسانی نیز اخلاص .

یک زباں (الف) صف . بات کا پکا ، ثابت قدم ، صادق القول نیز متفق ، متحد . (ب) م ف . ہم آواز ہو کر ، متفق ہو کر ، ایک ساتھ مل کر .

یک زبان ہونا ف مر . متفق ہونا ، ہم آواز ہونا .

یک شنبہ اند ؛ ~ یکشنبہ . اتوار ، اتوار کا دن نیز پہلا دن .

یک طرفہ صف ؛ ~ یکطرفہ . ۱. ایک طرف کا جس میں دوسری طرف کا لحاظ نہ کیا جائے (جیسے : یک طرفہ محبت وغیرہ) نیز جانب دارانہ ، غیر منصفانہ (رائے یا فیصلہ) . ۲. دیکھیے : یکسو : الگ ، ہٹا ہوا ؛ (مجازاً) منہمک . ۳. یکسانیت والا ، سپاٹ ، بور .

یک لخت (الف) صف . ایک ٹکڑے یا قطعے کا ؛ ایک چڑے کا (جوتا وغیرہ) . (ب) م ف . ۱. قطعاً ، بالکل ، سارا ، سب ، تمام و کمال ، محض ، سرتا سر ؛ فوراً ، معاً ، ایک دم ؛ بلاتوقف . ۲. بیک وقت ، ایک ساتھ . ۳. ساتھ ساتھ ، اکٹھے ، ملے یا جڑے ہوئے .

یک مشت اند ؛ م ف . ایک مٹھا ؛ ایک دفعہ ، اکٹھا ، ایک ہی دفعہ میں ، فی الفور ، اسی وقت ، تمام و کمال ، سب (عموماً روپیہ وغیرہ ادا کرنا یا حاصل ہونے کے موقع پر مستعمل) .

یک نہ شد (نشد) دو شد کہاوت . ایک مصیبت سے جان چھوٹی تھی کہ ایک اور مصیبت آ گئی ، ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑی ، ایک امر عجیب کے بعد دوسرے امر عجیب کے واقع ہونے پر بھی بولتے ہیں .

یَک (۲) (فت ی) (الف) اند .
("ایک" کا عام بول چال کا تلفظ) ؛ ۲ سے پہلے کا عدد .

یَکایَک (فت ی ، ی) م ف .
دفعتاً ، یکبارگی ، ناگہاں ، یک بیک ، فوراً ، ایک دفعہ ہی .

یکتا (فت ی ، سک ک) صف .
۱. جس کا کوئی ثانی نہ ہو ، بے بدل ، جس کی کوئی مثال نہ ہو ، منفرد ترین لاجواب ، بے نظیر . ۲. (کنایۃً) خدا تعالیٰ ، پروردگار عالم . [ف] .

یکجا (فت ی ، سک ک) امث .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکجان (فت ی ، سک ک) اند ؛ م ف .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکجائی (فت ی ، سک ک) امث .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکجَہتی (فت ی ، سک ک ، کس ج ، فت ہ) امث .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکساں (فت ی ، سک ک) صف .
۱. ایک جیسا ، ایک سا ، برابر . ۲. ایک ہی قسم یا طرح کا . ۳. مانند ، ملتا جلتا ، ہم شکل ، ہم صورت . ۴. ہموار سطح ، جس میں اونچ نیچ نہ ہو .

یکسانِیّت (فت ی ، سک ک ، کس ن ، شدی مع بلت نیز بلا شد) امث .
۱. ایک جیسا ہونے کی حالت ، ایک جیسی کیفیت یا ایک سی حالت ؛ ہمواریت ؛ (مجازاً) سپاٹ پن . ۲. مماثلت ، مشابہت ، ملتی جلتی صورت .

یکسَر (فت ی ، سک ک ، فت س) م ف .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکسُو (فت ی ، سک ک ، ومع) (الف) صف .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکسو ہونا محاورہ . ۱. طے ہو جانا ، نمٹنا ، چکنا . ۲. متوجہ ہونا ، منہمک ہو جانا . ۳. ایک جگہ ہونا ، بحال ہونا ، ٹھکانے پر آنا .

یکسُوئی (فت ی ، سک ک ، ومع) امث .
دیکھیے : یک (۱) کے تحت .

یکلخت (فت ی ، سک ک ، فت ل ، سک خ) م ف .
دیکھیے : یک (ا) کے تحت .

یکم (فت ی ، ضم ک) (الف) صف .
پہلا ، اوّل . (ب) ست نیز است . پہلی (عموماً) ہر مہینے کی پہلی ، پہلی تاریخ .
[ف] .

یکمشت (فت ی ، سک ک ، ضم م ، سک ش) (الف) اند .
دیکھیے : یک (ا) کے تحت .

یکہ (فت ی ، ک) (الف) صف .
ایک ، واحد ؛ تنہا؛ تنہائی پسند ، یکتا ، مختلف ؛ منفرد . (ب) م ف . فوراً ،
اسی وقت ؛ باہم ، ایک ساتھ . [ف] .

یکّہ (فت ی ، شد ک بفت) (الف) صف .
ا. ایک سے نسبت رکھنے والا ، اکیلا ، تنہا . ۲. یکتا ، بے مثل ، بے نظیر .
(ب) اند . ا. تانگہ ، اِکا ، دو تین آدمیوں کے بیٹھنے کی ہلکی پھلکی چھتری دار دو پہیے کی سواری جس میں ایک ٹٹو یا گھوڑا جوڑا جاتا ہے . ۲. تاش کا پتا ، تاش اور گنجفے کا ایک پتا جس پر اس بازی کے رنگ کا ایک نشان ہوتا ہے جس سے وہ بازی موسوم ہوتی ہے (یہ بازی کا سب سے بڑا میر شمار کیا جاتا ہے) . ۳. ایک وزنی اور لمبا مگدر جس کو پہلوان زور یا قوت بڑھانے کے لیے اٹھاتے اور گھماتے ہیں .
یکہ بان اند . یکہ چلانے والا ، تانگے والا .
یکہ تاز صف : اند . ا. جو اکیلا حریف کے مقابلے پر نکل آئے ؛ جری اور بہادر جو کسی کی مدد کے بغیر مقابلہ کرے . ۲. شہ سوار جو گھوڑا دوڑانے میں بے مثل ہو . ۳. (مجازاً) یکتا ، بے نظیر ، پورا ماہر .
یکہ و تنہا صف . بالکل اکیلا ؛ (مجازاً) نہتا ، بے یار و مددگار . ۲. تن تنہا ، کسی کی مدد کے بغیر .

یکے (فت ی) صف .
کوئی ایک ، ایک نیز پہلا .
یکے از صف . بہت سی چیزوں ، باتوں یا لوگوں میں سے ایک .
یکے بعد دیگر/ دیگرے فقرہ . ایک کے بعد دوسرا ، ایک دوسرے کے بعد ، لگا تار .

یُگ (ضم ی) اند .
جگ ، زمانہ ، زمانہء دراز جو چار ہیں (ست جگ ، تریتا جگ ، دواپر جگ ، اور کلجگ) نیز وقت ، عہد ، موسم .

یگانگت (فت ی ، سک نیز فت ن ، فت گ) است .
ایک ہونے کی حالت ، اتحاد ، یک جہتی ، اتفاق ، میل جول . ۲. ہم آہنگی ، مشابہت . ۳. اخلاص ، ہمدردی ، اپناپن . ۴. (i) ندرت ، انوکھا پن ، انفرادیت . (ii) (ادب) وحدتِ تاثر ، کسی صنفِ سخن میں ایک کیفیت یا فضا کا ہونا . [ف] .

یگانہ (فت ی ، ن) صف : اند .
ا. قرابتی رشتہ دار ، سگا ، ایک گھرانے کا ، ایک خاندان کا ، اپنا .
۲. (i) منفرد ، بے مثل ، بے نظیر ، لاثانی . (ii) اکیلا ، تنہا ، مجرد ، یکتا .
۳. مخلص دوست ، گہرا دوست ، ہمدرد . [ف] .

یگانے (فت ی) صف : اند ، ج .
یگانہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ؛ عزیز و اقارب ، دوست احباب ، رشتہ دار .

یَل (فت ی) صف : اند .
بڑے تن و توش کا ، مضبوط ، توانا پہلوان نیز بہادر ، دلیر ، شجاع . [ف] .

••• **یَل** لاحقہ .
یہ صیغہء امر وغیرہ کے ساتھ فاعلیت مفعولیت اور نسبت وغیرہ کے معنی دیتا ہے جیسے اڑیل ، سڑیل ، کڑیل وغیرہ .

یِلدِرِم (کس ی ، سک ل ، کس د ، ر) (الف) است .

یَلدا (فت ی ، سک ل) است .
سال کی سب سے طویل رات جو سردیوں کے موسم میں ۲۲ دسمبر کو ہوتی ہے ؛ (مجازاً) اندھیری رات ، نہایت طویل رات جسے اہلِ فارس منحوس سمجھتے ہیں (عموماً شب کی ترکیب کے ساتھ مستعمل) . [ف] .
روشنی ؛ بجلی کی کڑک ، برق رفتاری . (ب) اند . ایک حکمران بایزید کا خطاب جو تیزی میں روشنی کی طرح بے مثل تھا . [ت] .

یَلغار (فت ی ، سک ل) اند نیز است .
حریف کی سپاہ کا حریف کی سپاہ پر حملہ ، ہلہ ، دھاوا ، چڑھائی . ۲. انبوہِ کثیر ، جمگھٹا ، جم غفیر ، اشخاص کی بڑی تعداد . [ت] .

یلغار کرنا محاورہ. ۱. حملہ کرنا، دھاوا بول دینا، چڑھائی کرنا. ۲. ہجوم کرنا، کثرت سے وارد ہونا.

یَم (۱) (فت ی) اند.
بڑا دریا، بحر، سمندر؛ (کنایۃً) دریا. [ع].

یَم (۲) (فت ی) اند.
۱. اپنے آپ کو قابو کرنا، قابو میں رکھنا، روکنا، سدھانا، حبسِ دم، روک، ممانعت؛ بندش. ۲. موت کا دیوتا، قابض الارواح، ملک الموت وہ فرشتہ جو جان نکالتا ہے. ۳. عدد ۲ کا علامتی اظہار؛ جوڑے یا توام میں سے ایک؛ جسم؛ موت؛ وقت.

یُمن (ضم ی، سک م) اند.
سعادت، اقبال مندی، نیک شگون، برکت، کامیابی. [ع].

یُورَپ (مع، فت ر) اند.
ایک براعظم جو ایشیا کے مغرب میں واقع ہے، مغربی ممالک. [انگ].

یُورِش (مع، کس ر) مت.
دھاوا، چڑھائی، حملہ، یلغار، لشکر کشی. [ف].

یورِک (مع، کس ر) صف.
بولی، پیشاب سے متعلق یا اس سے حاصل کیا گیا. [انگ].

یُوریا (مع، کس مج ر) مت.
۱. (کیمیا) ایک حل پذیر بے رنگ قلمی نائٹروجنی مرکب جو خاص کیمیائی طور پر ادویات اور صنعت میں استعمال ہوتا ہے. ۲. (حیاتیاتی کیمیا) جان داروں سے حاصل شدہ پیشاب، ممیل جانوروں کے پیشاب میں موجود ایک مرکب جو زراعت میں استعمال کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے نیز ایک قسم کی کھاد. [انگ].

یُورینَم/ یُورینِیَم (مع، ی مج، فت ن/ ی مج، کس مج ر، فت ی) مت.
(کیمیا) ایک بھورا بہت ٹھوس تابکار دھاتی عنصر جس کا انشقاق ہو سکتا ہے اور جو ایٹم بنانے اور ایٹمی توانائی حاصل کرنے کے کام آتا ہے. [انگ].

یُوسُف (مع، ضم س) اند.
۱. ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت یعقوبؑ کے فرزند تھے اور حسن و جمال میں اپنی نظیر نہیں رکھتے تھے. ۲. (مجازاً) نہایت حسین، بہت خوب صورت [عبر].

یوسف ثانی کس صف، صف. (لفظاً) دوسرا یوسف؛ (مراداً) حضرت یوسفؑ کا سا حسین.

یوگ (وج) اند.
۱. ہنود کی ایک قسم کی عبادت جس میں مراقبے، دھیان، تپیا اور حبسِ دم وغیرہ سے خدا تعالیٰ کا جلوہ اپنے آپ میں تلاش کیا جاتا ہے، معرفت ریاضت، مراقبہ، استغراق. ۲. قابل، لائق. ۳. دو یا زیادہ چیزوں کے آپس میں ملنے کی حالت یا کیفیت، وصل، ملاپ، میل، پیوستگی، جوڑ، جوگ. ۴. ورزش، کسرت. ۵. جوا رکھنا، زین کسنا. ۶. سلوک، محبت؛ مبارک وقت یا موقع؛ ساعتِ نیک، مکر، دھوکا؛ نجوم کی رو سے سورج اور چاند کا کسی نیک برج میں منتقل ہونا. ۷. اُپائے، ترکیب؛ دوا؛ دھن دولت؛ لالچ؛ فائدہ؛ وہ جو کسی کا بھروسا توڑے، دغاباز؛ چھکڑا، بیل گاڑی. [س].

یوگا (وج) اند.
ہندوؤں میں مراقبے اور ریاضت کا ایک خاص طریقہ جو انسان کو قوتِ عرفان عطا کرتا ہے اور جس کا مقصد یہ ہے کہ عابد کی روح کائنات کی روحِ حقیقی سے متحد ہو جائے، ریاضت باطنی نیز ورزش. [س].

یوگی (وج) اند.
۱. (جوگی) یوگ کرنے والا، یک سوئی قلب کے ساتھ تصور کرنے والا، زاہد، عابد. ۲. یوگا سکھانے والا.

یَوم (ولین) اند.
۱. عرصہ جو چوبیس گھنٹوں پر محیط ہوتا ہے اور آدھی رات سے آدھی رات تک وقت کی ایک اکائی کے طور پر شمار کیا جاتا ہے، وہ عرصہ جو زمین اپنے محور پر مکمل طور پر ایک چکر گھومنے کے لیے لیتی ہے نیز طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب کا درمیانی وقت، دن، روز. ۲. دن جب کوئی اہم یا تاریخی واقعہ پیش آیا ہو نیز معرکہ. [ع].

یوم آزادی مت. غلامی سے نجات کا دن؛ (عموماً) کسی ملک کی آزادی کا دن.

یوم حساب اند. روزِ جزا، قیامت کا دن، حساب کتاب کا دن.

یوم سیاہ اند. (لفظاً) کالا دن؛ مراداً، برا دن، بدترین دن؛ کسی غم کے موقعے پر یا احتجاج کے طور پر منایا جانے والا دن جس میں سیاہ جھنڈے وغیرہ لہرائے جاتے ہیں یا بازوؤں پر سیاہ پٹی باندھی جاتی ہے.

یوم عاشور/ عاشورہ اند. محرم کا دسواں دن، (خصوصاً) ۱۰ محرم الحرام جو اہل تشیع حضرت امام حسینؓ اور ان کے اعزا و رفقا کی کربلا کے مقام پر شہادت کی یاد میں مناتے ہیں؛ (کنایۃً) سخت مصائب کا دن یا سخت مصیبتوں کا زمانہ.

یوم ولادت اند. پیدائش کا دن، سالگرہ کا دن.

یَومِیَہ (ولین، کس م، فت ی) (الف) صف.

روزانہ، ہر دن، روز کے روز، ہر روز. (ب) اند. ۱. عطیہ نقدی جو بہ عوض خدمت یا بلا کسی خدمت کے کسی شخص کے نام بہ ذریعہ سند جاری ہوتا ہے اس کا تعین بحساب فی یوم ہوتا ہے. ۲. رشوت، بھتا.

(ج) م ف. ہر روز کا، ہر دن کا، معمول کا.

یَومِیّہ (ولین، شدی مع بفت) اند.

روزانہ کی محنت، دن بھر کی اُجرت جو اسی دن مل جائے، روزینہ.

یُوں (و مع نیز ج) م ف.

۱. اس طرح، ایسا، اس طرز سے، اس ڈھنگ سے. ۲. اشارے کے واسطے، یہ کی جگہ. ۳. بے کار، یونہی، بغیر وجہ بتائے. ۴. اس لیے، اس وجہ سے.

یوں بھی م ف. ایسے بھی، اس طرح بھی.

یوں بھی سہی فقرہ. اس طرح بھی منظور ہے، یہ بھی درست ہے، ہم اس میں بھی خوش ہیں، ہمیں اس طرح بھی قبول ہے.

یُوں تو م ف. ۱. اِس طرح تو، اس ڈھنگ سے، اس طریق سے، اس عنوان سے. ۲. کسی چیز کی حقیقت اور اصلیت ظاہر کرنے کے لیے، دراصل، یعنی، حقیقت میں تو. ۳. برائے نام، دیکھنے میں، کہنے کو تو.

یوں ہی م ف :- یونہی. ۱. اسی طرح، ایسے ہی، اس ڈھنگ سے، ہمیشہ اسی طریقے سے، اسی انداز پر. ۲. آپ ہی، ازخود. ۳. بلاوجہ، بے سبب، بغیر کسی مقصد کے، بے کار؛ بے سوچے سمجھے، ناحق، خوامخواہ، بے جا.

یوں ہی سہی فقرہ. اس طرح بھی منظور ہے، یہ بھی قبول ہے، اس میں بھی انکار نہیں، ہم یوں بھی خوش ہیں؛ اسی طرح ٹھیک ہے.

یُونان (و مع) اند.

یورپ کے ایک مشہور ملک کا نام جسے یونان بن یافث بن نوح علیہ السلام نے آباد کیا تھا یہاں بڑے بڑے مشہور حکیم گزرے ہیں. [ع].

یُونانی (و مع) (الف) صف.

۱. یونان سے منسوب؛ یونان سے تعلق رکھنے والا؛ یونان کا بنا ہوا. ۲. نہایت عقل مند. (ب) اند. ۱. یونان کا باشندہ. ۲. طریقِ علاج جسے یونانی حکما نے رائج کیا اور مسلمانوں نے اختیار کر کے اسے بہت ترقی دی (عموماً طب کے ساتھ مستعمل)، طب یونانی. (ج) امث. ملک یونان کی زبان.

یُونِٹ (و مع، کس ن) اند.

۱. اکائی، وحدت، ایک چیز، شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل سمجھا جائے. ۲. (عسکری) فوجیوں کا ایک دستہ جن سے مل کر ذیلی ڈویژن بنتا ہے، چار کمپنیوں یا ایک ہزار فوجیوں کی پیدل رجمنٹ. ۳. فلم یا اشتہار کے گیت کی عکس بندی اور ریکارڈنگ کرنے والا عملہ. ۴. سیاسی اکائی جو کسی وفاق کا حصہ ہو، صوبہ، ریاست. [انگ].

یُونْہی (و مع، مغ) م ف :- یوں ہی؛ یوں ہیں.

۱. اسی طرح، اسی طریقے سے، اسی ڈھنگ سے یوں ہی. ۲. بلا سوچے سمجھے، بلا ارادہ، کچھ مقرر یا طے کیے بغیر؛ بلا مقصد، غیر ضروری طور پر. ۳. ویسے ہی، پہلے سے، ایک تو (کی جگہ) ۴. مفت، بلا قیمت. ۵. بے فائدہ، ناحق، بلاوجہ. ۶. بلاوقت، آسانی سے، بے ارادہ، جھٹ پٹ تیز فوراً.

یُونیفارْم (و مع، ی مع، سک ر) اند :- یونی فارم.

یکساں وضع اور رنگ کا لباس جو کسی تعلیمی ادارے یا مسلح افواج وغیرہ کے اراکین کو پہننا پڑتا ہے، وردی. [انگ].

یُونِیَن (و مع، کس ن، فت ی) امث.

تنظیم یا جماعت جو اپنے حقوق کے دفاع کے لیے بنائی جاتی؛ (خصوصاً) محنت کشوں کی تنظیم، مزدوروں کی انجمن، طلبہ انجمن. [انگ].

یُونیوَرسِٹی (ومع، ی مع، فت و، سک ر، کس س) امث.
اعلیٰ تعلیم کی درس گاہ جہاں علوم و فنون کی تعلیم و تحقیق اور امتحان کا انتظام ہو اور سندیں عطا کی جاتی ہوں (جیسے: بی اے، ایم اے، اور ڈاکٹریٹ وغیرہ کی) دانش گاہ، جامعہ. [انگ].

یہ (کس ج ی) کلمہ.
۱. (کلمۂ اشارہ، قریب کے لیے) اس؛ سامنے کا، حاضر، موجودہ. ۲. ایسا، اس طرح کا. ۳. اتنا، اس قدر، اس درجہ، اس حد تک. ۴. بطور ضمیر، فرد یا شخص کی جگہ مستعمل، یہ لوگ. ۵. برائے اظہار کثرت، مبالغہ، افراط و تعجب، اس کثرت سے، اس قدر، یہاں تک. ۶. (عور) اشارہ بہ طرف خاوند یا شوہر، میاں.

یہ بیل منڈھے چڑھتی /چڑھتے معلوم نہیں ہوتی / نظر (نہ) نہیں آتی کہاوت. اس بات کا انجام اچھا نہیں اور یہ بات سرسبز ہوتی نہیں دکھائی دیتی، یہ کام پورا ہوتا ہوا نہیں دکھائی دیتا، یہ مراد حاصل ہونی دشوار ہے.

یہ تو م ف. کسی صورت حال کی وضاحت یا اصل بتانے کے لیے مستعمل.

یہ جا (اور) وہ جا فقرہ. تیزی سے چلا گیا، ذرا کی ذرا میں نکل گیا، کسی کے فوراً اور جلدی چلے جانے پر مستعمل.

یہ کہیے فقرہ. ۱. بڑی خیر ہوئی، بہت اچھا ہوا؛ اچھا ایسی بات ہے. ۲. یہ بتاؤ، یہ بتائیے (طنزاً کہتے ہیں) ۳. اب سمجھ میں آیا، اب معلوم ہوا، خوب پتا چلا.

یہ کیا فقرہ. ۱. یہ کس قدر بے موقع بات ہے، کیوں یہ عجیب بات ہے، افسوس، حیرت و تعجب کے موقع پر نیز کسی خلاف معمول بات یا کام کے ہونے پر کہتے ہیں. ۲. خفگی، ناگواری یا ناپسندیدگی کے موقع پر مستعمل.

یہ منھ اور مَسور کی دال کہاوت. اس لائق نہیں، اس کام یا بات کے قابل نہیں، یعنی اس منصب اور کام کے لائق یا مستحق نہیں ہے، یہ حیثیت یا اوقات نہیں ہے.

یہ ہے کہ فقرہ. کسی بات پر توجہ دلانے یا وضاحت سے بیان کرنے کے لیے کہتے ہیں.

یہ یا وہ فقرہ. کوئی سا، ایک نہ ایک، دونوں میں سے کوئی ایک کوئی نہ کوئی (انتخاب کرنے کے موقع پر کہتے ہیں).

یَہاں (فت ی) م ف.
۱. اس جگہ، اس مقام پر، اس طرف، اِدھر، یاں نیز اس مرحلے اس موقع پر. ۲. اس دنیا میں، اس جہان میں. ۳. ہم سے؛ ہم کو ہمیں کی جگہ.

یہاں الٹی گنگا بہتی ہے کہاوت. یعنی یہاں رسم و رواج کی پابندی نہیں ہے خلاف دستور بھی کام کیا جاتا ہے، معمول کے خلاف قاعدے کے برعکس ہونا ان کے نزدیک کچھ بات نہیں ہے، یہاں کام الٹا ہوتا ہے، یہاں کا ہر کام الٹا ہے.

یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا فقرہ. یہاں تک کوئی نہیں آ سکتا.

یہاں تک/تلک/(کہ /کے) م ف؛ ~ یہاںتک. اس جگہ تک؛ اب تک اس وقت تک نیز اس حد تک، اس قدر.

یہاں تمھاری دال نہیں گلنے کی کہاوت. الخ اس جگہ تمھارا کام نہیں بنے گا، یہاں تم سے کچھ نہ ہو سکے گا.

یہاں سے م ف. ۱. اس جگہ سے، اس علاقے یا مقام سے. ۲. طرف سے جانب سے. ۳. اس بات سے، اس حقیقت سے.

یہاں سے وہاں تک م ف. ایک جگہ سے دوسری جگہ تک نیز دور دور تک

یہاں کا صف. اس جگہ کا، اس علاقے یا مقام کا.

یہاں کہاں فقرہ. ۱. ادھر کیسے (کسی کے غیر متعلق جگہ پر اچانک ملنے پر کہتے ہیں). ۲. یہاں نہیں، کوئی چیز اپنے پاس میسر یا دستیاب نہ ہو تو کہتے ہیں.

یہاں وہاں م ف. اِدھر اُدھر، کئی جگہ، ہر جگہ، آس پاس، قرب و جوار میں، اردگرد؛ (مجازاً) دنیا و آخرت میں.

یَہُود (فت ی، ومع) امذ؛ ج.
یہودی کی جمع؛ حضرت یعقوب کی اولاد اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت، عبرانی. [ع].

یہود و نصاریٰ امذ. یہودی اور عیسائی، مراد: دشمنانِ اسلام.

یہُودَن (فت ی، و مع، فت د) صف مث.
یہودی کی تانیث : یہودی قوم کی عورت نیز یہودی کی بیوی.

یہُودی (فت ی، و مع) (الف) اند.
ایک قوم جو حضرت یعقوب کی اولاد اور حضرت موسیٰ کی اُمت ہے نیز اس قوم کا فرد، عبرانی، یہودیت کا پیروکار. (ب) صف. (تحقیراً) کنجوس، بخیل، خسیس. [ع].

یہودی کا بچہ فقرہ. حقارت کا ایک کلمہ، مسلمان میں بطور گالی مستعمل.

یہُودِیّت (فت ی، و مع، شد ی مع بلت نیز بلا شد) امث.
یہودی ہونے کی حالت یا کیفیت، قوم یہود کا مذہب، کردار وغیرہ.

یَہی (فت نیز کس ی ج ی) (الف) ضمیر نیز صف.
۱. یہ ہی، خاص کر یہ (خصوصیت ظاہر کرنے کے لیے). ۲. اس جیسا ہی، ایسا ہی، اسی طرح کا، اسی قسم کا. ۳. یہ کی بجائے (قریب کی شے کی طرف اشارہ کرنے کے لیے). (ب) م ف. صرف کی جگہ، محض، فقط.

یہی تو فقرہ. توثیق یا تصدیق کا کلمہ، کسی بات کی تصدیق کرنے کے پر مستعمل.

یہی تو مسئلہ ہے فقرہ. اصل مسئلہ یہ ہے.

یہی سہی فقرہ. اسی طرح منظور ہے، یوں ہی ٹھیک ہے، یوں ہی سہی.

یہی نہیں فقرہ. صرف یہ نہیں (کسی بات یا واقعہ میں اضافے کے موقع پر مستعمل).

یَہیں (فت ی، ی مع) م ف.
۱. یہاں کی تاکید، اِسی جگہ، اِسی مقام پر. ۲. اِدھر ہی، اِسی طرف، اِسی جانب. ۳. اِسی دُنیا میں، اِسی جہان میں.

یہیں تک/ تلک م ف. اسی جگہ تک : اسی مرحلے تک.

یہیں سے م ف. اسی جگہ سے، اسی مقام سے نیز اسی موقع یا مرحلے سے.

یہیں کہیں فقرہ. اِدھر اُدھر، قریب ہی، اسی جگہ کے آس، پاس، کسی مقام پر.

یَئیں یَئیں (فت ی، ی مع) فقرہ.
۱. ٹالنے یا بے توجہی کے موقع پر مستعمل، ٹالم ٹول. ۲. خوشامد، منت، سماجت. ۳. منھ چڑانے کا عمل.

یے (۱) اسم اشارہ.
۱. یہ کا قدیم املا. ۲. بہت : وہ (بہت کے لیے مستعمل).

یے (۲) اند.
یائے، حرف ی کا تلفظ.

مختصر اُردو لغت

دو جلدوں پر مشتمل مختصر اردو لغت کی اشاعت، اردو لغت بورڈ کے ایک اور وعدے کی تکمیل ہے۔

۲۰۱۰ء میں جب باون سال کی مسلسل محنت کے بعد بائیس جلدوں پر مشتمل اردو لغت (تاریخی اصول پر) کی اشاعت مکمل ہوئی تو اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی کہ عام قارئین اور طلبا و طالبات کے استفادے کے لیے ان بائیس جلدوں کا ملخص تیار کیا جائے جس میں اردو کے تمام بنیادی الفاظ اور ان کے معانی شامل ہوں۔

یہ کام ۲۰۱۰ء ہی میں شروع کر دیا گیا تھا مگر ۲۰۱۱ء سے ۲۰۱۶ء تک اردو لغت بورڈ میں کسی مستقل مدیر اعلیٰ کے نہ ہونے کے باعث یہ کام تاخیر کا شکار ہوتا چلا گیا۔ بالآخر ۲۰۱۶ء میں جب اس ادارے میں مستقل مدیر اعلیٰ کا تقرر ہوا تو سب سے پہلے اس مختصر اردو لغت کی تکمیل کی جانب توجہ دی گئی اور مسلسل دو ڈھائی سال کی محنت کے بعد ادارہ اس کام کو آپ کے سامنے پیش کرنے میں کام یاب ہو گیا۔ اس دو جلدی مختصر لغت کی ترتیب و تدوین میں جو اصول پیش نظر رہے ہیں، ان کا تذکرہ دیباچہ میں بالتفصیل کر دیا گیا ہے۔

مختصر اردو لغت کی اشاعت کے ساتھ ساتھ بائیس جلدوں پر مشتمل اردو لغت (تاریخی اصول پر) کو انٹرنیٹ اور موبائل ایپ پر بھی تلفظ سے ہم آہنگ کر کے پیش کیا جا چکا ہے۔ امید ہے کہ اہل علم و دانش حسب سابق اس باب میں بھی اپنی حوصلہ افزائی سے نوازتے رہیں گے۔

Printed by: New Door Solutions

ISBN 978-969-113-062-3

9 789691 130623 >

Rs. 3000/-

اردو لغت بورڈ

قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان

ST-18-A، بلاک نمبر 5،

گلشن اقبال، کراچی